UNIVERSAL
LIBRARY
OU_232782
UNIVERSAL
LIBRARY

الحمد للّٰہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

درین روزہا کتاب با برکت خطاب جامع جمیع حالات و معجزات از ابوالبشر آدم تا خاتم الانبیاء و شہادت حضرت حسنین علیہم التحیۃ والثناء
از روی آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ و اقوال اولیاء کہ در کتب سیر و تواریخ و ملفوظات صحیحہ علماء و مشائخین یافتہ شدہ

مسمّیٰ بہ

# احوال الانبیاء فی
# تفریح الاذکیاء

جلد اول

از تالیف منیف زبدۃ علما اسوۃ عرفا سوختہ آتش جمال مصطفوی مولوی ابو الحسن صاحب مرحوم کاکوری

بتصحیح جناب مولوی محمد ابو الحسن صاحب و جناب حکیم سید مولوی محمد احسن صاحب

در مطبع منشی نولکشور بحسن طبع رونق یافت

# فہرست کتاب تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام مع فوائد ضروریہ جلد اول


| صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|---|
| ۳ | خطبۂ کتاب بزبان عربی۔ | ۴۹ | فائدہ اقسام ملائکہ |
| ۴ | خطبۂ فارسی و درین ست نام کتب کہ ماخذ این کتاب ست۔ | ۵۰ | فائدہ بیان صورت صور۔ |
| ۱۱ | خطبۂ اردو و درین ست فہرست نسب نامہ مؤلف | 〃 | فائدہ تولید جن و ملائک۔ |
| | و تفریحات وغیرہ۔ | ۵۲ | فائدہ بیان سالہا کہ از خلقت عالم تا آدم علیہ السلام |
| ۱۵ | مقدمۃ الکتاب و درین ست فوائد بسیار ہمچو خلقت | ۵۳ | فائدہ اسماے انبیا علیہم السلام کہ متفق علیہ اند |
| | نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم و زمین و آسمان وغیرہ۔ | ۵۴ | تفریح اول در احوال ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام |
| ۲۰ | فائدہ در بیان حکم صوم و صلوٰۃ بارض تسعین۔ | ۶۱ | فائدہ مردود ہونا ابلیس کا۔ |
| ۲۶ | فائدہ در بیان حکمت ہفت طبق آسمان و زمین۔ | ۶۳ | فائدہ معزولی ملائکہ |
| ۲۹ | بیان اقسام رجال الغیب۔ | ۶۹ | فائدہ وجہ تسمیہ ملک الموت۔ |
| ۳۰ | بیان مسافت و گندگی سموات۔ | 〃 | فائدہ بیان شرافت خاک۔ |
| 〃 | بیان ملائکہ حاملین عرش الٰہی کہ چہار اند و روز حشر | ۷۵ | فائدہ وجہ تسمیۂ آدم |
| | ہشت خواہند شد۔ | ۷۷ | فائدہ دخول روح بقالب آدم۔ |
| ۳۱ | بیان جواہر آسمانہا و نام ہر یک از آسمان و زمین۔ | ۷۸ | فائدہ بیان حقیقت روح۔ |
| ۳۳ | بیان سبعہ سیارہ۔ | ۸۱ | فائدہ اطلاع حیوانات بر عذاب قبر |
| 〃 | بیان آنکہ تغائر سبعہ سیارہ بدلائل قطعیہ ثابت نمی شود | 〃 | فائدہ تحقیق عالم برزخ۔ |
| 〃 | فائدہ در بیان درجات بہشت۔ | ۸۴ | فائدہ اقسام قیامت۔ |
| ۳۴ | فائدہ کیفیت و رنگ سبعہ سیارہ۔ | 〃 | فائدہ ثبوت عالم برزخ۔ |
| ۳۷ | فائدہ کیفیت بروج آسمان | ۸۶ | فائدہ قصۂ آدم۔ |
| ۳۸ | بیان حکمت تعین آفتاب۔ | ۸۷ | فائدہ دعا کردن و زاری عمر داؤد علیہ السلام۔ |
| ۳۹ | فائدہ سیر آفتاب۔ | ۸۸ | فائدہ فضیلت یوم جمعہ۔ |
| 〃 | حکمت تعین ماہتاب بر فلک اول۔ | 〃 | فائدہ اقرار و میثاق۔ |
| ۴۰ | فائدہ حکمت اختلاف شب و روز۔ | ۹۱ | فائدہ فضیلت ملکیہ۔ |
| ۴۱ | فائدہ عموم حرکت ارض۔ | ۹۲ | فائدہ معلوم ہونا شرط خلافت نہیں۔ |
| ۴۲ | فائدہ خلقت جبال بر ارض۔ | 〃 | فائدہ سجدہ ملک علوی و سفلی۔ |
| ۴۳ | فائدہ احوال خلقت دوزخ۔ | ۹۳ | فائدہ مغالطہ ابلیس۔ |
| ۴۴ | فائدہ در بیان ساکنین دوزخ۔ | ۹۴ | فائدہ بیان اختلاف در حقیقت ابلیس۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۹۶ | بیان اشکال در کفر ابلیس۔ |
| 〃 | فائدہ بیان سوالات درمقدمہ ابلیس۔ |
| ۹۸ | فائدہ بیان نکتہ قصر حیات حضرت۔ |
| ۱۰۰ | فائدہ بیان ماہیت جن و شیطان۔ |
| 〃 | فائدہ بیان کیود شیاطین۔ |
| ۱۰۲ | فائدہ قصہ برصیصا۔ |
| ۱۰۳ | فائدہ فرق مابین نماز اہل کتاب ومسلم وسوسہ ہو۔ |
| ۱۰۴ | فائدہ بیان سوالات ابلیس۔ |
| ۱۰۹ | فائدہ سجدہ فرشتگان۔ |
| 〃 | فائدہ خلقت حوا ام البشر۔ |
| ۱۱۰ | فائدہ اختلاف بہشت کا۔ |
| ۱۱۱ | فائدہ اختلاف در شجرہ۔ |
| ۱۱۲ | فائدہ تدبیر شیطان در وسوسہ۔ |
| ۱۰۸ | فائدہ التماس شیطان۔ |
| ۱۱۳ | فائدہ بیان اعتقاد در قصۂ آدم باکل شجر یعنے محمول برنسیان باید کرد۔ |
| ۱۱۸ | فائدہ بیان تعریف آدم در بہشت۔ |
| ۱۱۹ | فائدہ شعار ایام مفارقت آدم وحوا گریہ وزاری۔ |
| ۱۱۲ | فائدہ رفع شبہہ۔ |
| ۱۱۳ | فائدہ قبولیت دعا وتوبہ۔ |
| ۱۲۵ | فائدہ بیان بیت المعمور۔ |
| ۱۲۶ | فائدہ ملاقات آدم وحوا علیہ السلام۔ |
| 〃 | فائدہ بیان بیت المعمور۔ |
| ۱۲۸ | فائدہ تشریف آوری حضرت آدم وحوا بسراندیب بعد قبول توبہ |
| ۱۲۹ | فائدہ اکثر انبیا علیہم السلام اہل حرفہ ہوئے ہیں۔ |
| 〃 | فائدہ وجہ تسمیہ جمعہ |
| ۱۳۴ | فائدہ مناظرہ آدم وموسیٰ علیہما السلام۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۳۴ | فائدہ قد آدم۔ |
| ۱۳۶ | فائدہ حل شبہہ۔ |
| ۱۳۷ | فائدہ بیان معنی عید۔ |
| 〃 | فائدہ قصہ ہابیل وقابیل۔ |
| ۱۳۹ | فائدہ قتل ہابیل۔ |
| ۱۴۰ | فائدہ ذکر اطلاع یابی آدمؑ |
| ۱۴۱ | فائدہ نصائح آدم۔ |
| ۱۴۲ | فائدہ اولاد حضرت آدم۔ |
| ۱۴۴ | فائدہ ذکر وفات آدمؑ۔ |
| 〃 | فائدہ تکفین حضرت آدمؑ۔ |
| ۱۴۵ | فائدہ وفات حضرت حوا۔ |
| ۱۴۶ | فائدہ سراپائے حضرت حوا۔ |
| ۱۴۸ | فائدہ فضیلت علم رمال۔ |
| ۱۵۱ | تفریح دوم در احوال شیث علیہ السلام۔ |
| ۱۵۴ | تفریح سوم در احوال حضرت ادریس علیہ السلام۔ |
| ۱۵۵ | فائدہ قصۂ رفع ادریس۔ |
| ۱۵۶ | نصائح حضرت ادریس۔ |
| ۱۵۸ | فائدہ رسم عمارت۔ |
| ۱۵۹ | فائدہ نگاہ ادریس۔ |
| ۱۶۰ | فائدہ خبر حضرت م۔ |
| 〃 | فائدہ قصہ ہاروت وماروت۔ |
| ۱۶۱ | فائدہ تحقیق اسم اعظم۔ |
| ۱۶۷ | فائدہ بیان انکار از قصۂ ہاروت وماروت بنسبت امام رازی وبیضاوی۔ |
| ۱۶۹ | فائدہ جواب از دلائل متکلمین۔ |
| ۱۷۰ | فائدہ بیان ممسوخات۔ |
| ۱۷۰ | فائدہ اختلاف در ممسوخات۔ |
| ۱۷۲ | جواب اعتراض متکلمین۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۷۴ | فائدہ طلسمات شکمار بابل - |
| ۱۷۵ | فائدہ طلسم شہر مدائن - |
| ۱۷۷ | فائدہ بیان حقیقت سحر - |
| ۱۸۰ | فائدہ بیان احکام - |
| ۱۸۱ | فائدہ حل شبہ |
| 〃 | **تفریح چہارم در احوال حضرت نوح علیہ السلام -** |
| ۱۸۲ | فائدہ معجزات نوح - |
| ۱۸۴ | فائدہ احوال تبنیہ - |
| ۱۸۶ | فائدہ مقدمہ ثانیہ - |
| ۱۸۷ | فائدہ مواعظ و نصائح - |
| ۱۸۹ | فائدہ تقریر بلیغ حضرت نوح علیہ السلام - |
| ۱۹۱ | فائدہ مایوسی حضرت نوح علیہ السلام - |
| ۱۹۵ | فائدہ ذکر عوج بن عنق - |
| ۱۹۶ | فائدہ دلیل عذاب قبر - |
| ۱۹۸ | فائدہ بیان عمر نوح علیہ السلام - |
| ۱۹۹ | فائدہ پوشیدہ کردن شیطان تابان را بزیر زمین - |
| ۲۰۰ | فائدہ بیان نکتہ باریک - |
| ۲۰۱ | فائدہ معنی رشتہ انبیا - |
| ۲۰۳ | فائدہ بیان مناسبت نوح با خاتم انبیا - |
| ۲۱۰ | **تفریح پنجم در احوال حضرت ہود علیہ السلام -** |
| ۲۱۴ | فائدہ بیان بعض قوم کا بابر دعا مقام کعبہ پر - |
| ۲۱۶ | فائدہ تحقیق نزد عجوز - |
| ۲۱۷ | فائدہ قصہ شداد |
| ۲۱۸ | فائدہ تعمیر بہشت - |
| ۲۱۹ | فائدہ بیان تاسف در وقت حضرت عزرائیل - |
| ۲۲۰ | فائدہ بیان حقیقت شداد - |
| ۲۲۱ | فائدہ تائب ہونا آدم کا - |
| ۲۲۴ | **تفریح ششم در احوال حضرت صالح علیہ السلام -** |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۲۲۶ | فائدہ وجہ تخصیص معجزہ ناقہ بقوم صالح - |
| ۲۲۷ | فائدہ معجزہ خاتم المرسلین - |
| ۲۳۰ | فائدہ غلبہ شہوت و غضب - |
| ۲۳۱ | فائدہ جس مقام پر عذاب نازل ہوا ہو وہاں سے بھاگنا چاہیے |
| ۲۳۲ | فائدہ حال ابن ملجم ملعون - |
| ۲۳۳ | **تفریح ہفتم در احوال حضرت ابراہیم علیہ السلام -** |
| ۲۴۷ | فائدہ اختلاف مفسرین در معنی ہذا ربی - |
| ۲۴۸ | فائدہ قول اہل تحقیق - |
| ۲۵۰ | فائدہ حل شبہہ - |
| ۲۵۳ | فائدہ بیان [illegible] ابو مسلم - |
| ۲۵۴ | فائدہ بیماری خفیہ - |
| ۲۵۷ | فائدہ حال دختر نمرود - |
| ۲۵۹ | فائدہ احوال خواب ہمسر و رفتن حضرت سارہ نزد بادشاہ مصر |
| ۲۶۱ | فائدہ ہجرت حضرت جانب بابل - |
| ۲۶۵ | فائدہ تولد حضرت اسمعیل علیہ السلام - |
| ۲۶۷ | فائدہ حضرت اسمعیل و ہاجرہ - |
| ۲۶۸ | فائدہ وجہ سعی بین الصفا - |
| ۲۶۹ | فائدہ تعظیم تبرکات اولیا - |
| ۲۷۱ | فائدہ قصہ ذبح اسمعیل علیہ السلام - |
| ۲۷۴ | فائدہ والدہ حضرت اسمعیل علیہ السلام - |
| ۲۷۷ | فائدہ بشارت پیدائش آنحضرت صلعم - |
| ۲۸۳ | فائدہ ذکر حجر اسود - |
| ۲۸۴ | فائدہ بیان شبہہ و جواب در حجر اسود - |
| ۲۹۰ | فائدہ روئیت پرستان - |
| ۲۹۶ | فائدہ مقامات مقبولیت - |
| ۲۹۸ | فائدہ بیان تفضیل کعبہ بر بیت المقدس - |
| ۳۰۰ | فائدہ تحقیق زمزم - |
| ۳۰۳ | فائدہ ذکر دعاے ابراہیم علیہ السلام - |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۳۰۶ | فائدہ رفع شبہہ۔ |
| ۳۰۷ | آداب حج۔ |
| ۳۰۸ | فائدہ بیان کفارہ جنایات حج۔ |
| ۳۱۰ | فائدہ بیان فرائض و واجبات حج۔ |
| ۳۱۱ | فائدہ طریق احرام۔ |
| ۳۱۷ | فائدہ اسماے مکہ مبارکہ۔ |
| ۳۱۸ | فائدہ بیان طول و عرض مکہ۔ |
| ۳۲۰ | فائدہ بیان کلمات تلبیہ۔ |
| ۳۲۲ | فائدہ تفصیل خصائل سہام الاسلام۔ |
| ۳۲۴ | فائدہ ختنہ سنت ہے۔ |
| ۳۲۵ | فائدہ بیان کلمات تلبیہ۔ |
| ۳۲۶ | فائدہ امامت فرشتگان۔ |
| ۳۳۵ | فائدہ بیان مراد از ملت ابراہیم نزد بعض مفسرین۔ |
| ۳۴۲ | فائدہ رفع شبہہ یہود و نصاریٰ۔ |
| ۳۴۴ | فائدہ ثبوت نبوت حضرتؐ از کتب بنی اسرائیل۔ |
| ۳۵۱ | **تفریح ہشتم در احوال حضرت لوط علیہ السلام۔** |
| ۳۵۲ | فائدہ وجہ تسمیہ موتفکات۔ |
| ۳۵۴ | فائدہ بیان حرمت وطی فی الدبر نزدیک اہل سنت و جواز عند الشیعہ۔ |
| ۳۶۰ | فائدہ ضرر اتیان فی الدبر۔ |
| ۳۶۵ | **تفریح نہم در احوال حضرت اسمعیل علیہ السلام۔** |
| ۳۶۷ | **تفریح دہم در احوال حضرت اسحٰق علیہ السلام۔** |
| ۳۶۹ | **تفریح یازدہم در احوال یعقوب علیہ السلام۔** |
| ۳۷۲ | **تفریح دوازدہم در احوال حضرت یوسف علیہ السلام** |
| ۳۷۷ | فائدہ بیان حقیقت خواب و رؤیا۔ |
| ۴۲۱ | فائدہ تحقیق لفظ شرا۔ |
| ۴۵۳ | فائدہ حکمت صد تازیانہ۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۴۵۴ | فائدہ در بیان معنی آیہ لقد ہمت بہ۔ |
| ۴۵۶ | فائدہ بیان برہان کہ حضرت یوسفؑ را بنظر آمد۔ |
| ۴۶۹ | فائدہ بیان تعظیم والدین۔ |
| ۴۷۱ | فائدہ بیان حسنات خدمت۔ |
| ۴۷۳ | فائدہ بیان معنی حسن در آیہ کریمہ۔ |
| ۴۷۴ | فائدہ بیان فرق در مذاہب و حسن خلق۔ |
| ۴۷۵ | فائدہ حال تشریف بری یوسف بمجلس۔ |
| ۴۷۸ | فائدہ تعبیر خواب۔ |
| ۴۸۶ | فائدہ اقوال نفس و اقسام آن۔ |
| ۴۹۲ | فائدہ تقرر در نوکری کفار۔ |
| " | فائدہ بیان لقاے الٰہی۔ |
| ۴۹۳ | فائدہ احوال زلیخا۔ |
| ۵۰۹ | فائدہ در بیان اثر عین۔ |
| ۵۱۰ | فائدہ بیان شبہہ۔ |
| ۵۱۸ | فائدہ رفع شبہہ۔ |
| ۵۳۶ | فائدہ در بیان سنت مصافحہ و معانقہ۔ |
| ۵۴۱ | فائدہ ملاقات بشر با مادر خود۔ |
| ۵۵۴ | فائدہ ذکر یعقوب علیہ السلام۔ |
| ۵۶۲ | **تفریح سیزدہم در احوال حضرت ایوب علیہ السلام** |
| ۵۶۹ | **تفریح چہاردہم در احوال حضرت شعیب علیہ السلام** |
| ۵۷۲ | فائدہ رفع شبہہ |
| ۵۷۳ | فائدہ مدت دعوت شعیبؑ۔ |
| ۵۷۴ | **تفریح پانزدہم در احوال حضرت موسیٰ علیہ السلام** |
| ۵۸۴ | فائدہ مثال نمازیان امت محمدیہ |
| " | فائدہ تعلیم قرآن و فقہ پر مزدوری لینا درست ہے۔ |
| ۵۸۷ | فائدہ زندہ ہونا بچہ گوسفند کا۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۵۸۸ | فائدہ ذکر قتل قبطی۔ |
| ۵۸۹ | فائدہ وجہ رفتن بمدینہ۔ |
| ۵۹۱ | فائدہ ہجرت موسیٰ مصر سے۔ |
| ۵۹۲ | فائدہ جلوہ فرمائی حضرت موسیٰ کنارہ چاہ مدین۔ |
| ۵۹۵ | فائدہ مسئلہ اصول فقہ۔ |
| ۵۹۷ | فائدہ اختلاف در اسمائے عصائے موسیٰ و بیان معجزات موسےٰ۔ |
| ۵۹۹ | فائدہ روانگی حضرت موسےٰ از مدین جانب مصر |
| ۶۰۲ | فائدہ داشتن عصا در دست راست سنت است۔ |
| ۶۰۳ | فائدہ حکمت در قلب ماہیت عصا۔ |
| " | فائدہ وجہ ترس موسےٰ از مہر |
| ۶۰۴ | فائدہ اختلاف در آیہ کبرےٰ۔ |
| ۶۰۷ | فائدہ رسیدن حضرت موسےٰ بخانہ۔ |
| ۶۱۹ | فائدہ چہار طفل شیرخوارہ کلام کردہ اند۔ |
| ۶۲۰ | فائدہ قصہ مرد چہارم۔ |
| ۶۳۵ | فائدہ مقبول ہونا ایمان یاس کا۔ |
| ۶۳۶ | فائدہ یہ قصہ حال سالک سے مشابہ ہے۔ |
| ۶۴۲ | فائدہ نکتہ تفسیری۔ |
| " | فائدہ وجہ تخصیص اربعین۔ |
| ۶۴۳ | فائدہ گوسالہ پرستی بنی اسرائیل۔ |
| ۶۴۴ | فائدہ وجہ معرفت جبرئیل علیہ السلام۔ |
| ۶۴۶ | فائدہ معنی خلیفہ۔ |
| ۶۵۲ | فائدہ رفع شبہہ۔ |
| ۶۵۶ | فائدہ سوال رویت بار دوم۔ |
| ۶۶۰ | فائدہ توجیہ دیدار خدا۔ |
| ۶۶۳ | فائدہ بیان اشکال مع جواب۔ |
| ۶۶۷ | فائدہ بیان اختلاف در بقرہ کہ نر بود یا مادہ۔ |
| ۶۷۰ | فائدہ بیان نکتہ۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۶۷۳ | **قصہ حضرت خضر علیہ السلام** |
| ۶۷۵ | فائدہ بیان عجائبات حضرت خضر ع۔ |
| ۶۷۹ | فائدہ تحقیق لفظ خضر۔ |
| ۶۸۰ | فائدہ مصاحبت حضرت خضر با حضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ |
| ۶۸۲ | **قصہ ہلاک قارون۔** |
| ۶۸۸ | فائدہ عوج بن عوق |
| ۶۹۲ | فائدہ بیان نعمائے الٰہی۔ |
| ۶۹۳ | فائدہ بیان من وغیرہ۔ |
| ۶۹۶ | فائدہ بیان معجزات دیگر از حضرت موسیٰ۔ |
| ۶۹۷ | فائدہ بیان بے ادبی بنی اسرائیل۔ |
| ۶۹۹ | فائدہ دخول اریحا۔ |
| ۷۰۵ | فائدہ وفات موسےٰ علیہ السلام۔ |
| ۷۰۷ | فائدہ حال قبر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم۔ |
| " | **تفریح شانزدہم در احوال حضرت یوشع علیہ السلام** |
| ۷۱۱ | فائدہ جہاد یوشع علیہ السلام۔ |
| ۷۱۲ | فائدہ وفات یوشع علیہ السلام۔ |
| " | فائدہ اختلاف در قبر یوشع علیہ السلام۔ |
| ۷۱۳ | **تفریح ہفتدہم در احوال حضرت حزقیل علیہ السلام** |
| ۷۱۵ | فائدہ وجہ تسمیہ ذوالکفل۔ |
| ۷۱۶ | **تفریح ہیژدہم در احوال حضرت الیاس علے نبینا وعلیہ السلام۔** |
| ۷۲۲ | فائدہ ملاقات الیاس وخضر در روانہ۔ |
| ۷۲۳ | **تفریح نوزدہم در احوال حضرت الیسع علیہ السلام** |
| ۷۲۵ | **تفریح بستم در احوال حضرت شموئیل علیہ السلام** |

| صفحہ | مضمون |
| --- | --- |
| ۷۲۸ | فائدہ تابوت سکینہ با قوال مختلفہ۔ |
| ۷۳۰ | فائدہ وجہ تسمیہ تابوت سکینہ۔ |
| ۷۳۱ | فائدہ دربیان آنکہ تعظیم تبرکات انبیا و اولیا از کتاب وسنت ثابت ست۔ |
| ۷۳۳ | فائدہ بیان تابوت سکینہ بقول اہل تصوف۔ |
| ۷۴۰ | **تفریح بست ویکم در احوال حضرت داؤد علیہ السلام** |
| ۷۵۲ | فائدہ ابتدائے تعمیر بیت المقدس۔ |
| ؍؍ | بیان واقعۂ دکس دہقانی کہ روبروے حضرت داؤد آمدہ وحکم حضرت سلیمان دران درست شدہ کما در روح البیان۔ |
| ۷۵۳ | فائدہ دربیان آنکہ خداوند کبریا مراصابت رائے حضرت سلیمان درکلام خود مدح فرمودہ۔ |
| ۷۵۴ | واقعہ دوم از بخاری ومسلم کہ دران ہم اصابت رائے حضرت سلیمان واضح میشود۔ |
| ۷۵۴ | واقعہ سوم پیرزالے برہوا دادخواہ شد درانہم حاکم حضرت سلیمان صحیح شدہ۔ |
| ۷۵۶ | واقعہ چہارم بعض از قاضی شہر وزنے حسینہ کہ براصابت رائے حضرت سلیمان دلیل ست۔ |
| ۷۵۷ | بیان سوالات کہ حضرت جبرئیل وقت وفات حضرت داؤد آوردند کہ حضرت سلیمان جواب آنہا دادہ اند۔ |
| ۷۵۸ | فائدہ دربیان قصہ مسخ گروہ بنی اسرائیل بسبب شکار ماہیان بروز شنبہ۔ |
| ۷۶۲ | فائدہ دربیان آنکہ مسخ بنی اسرائیل مسخ صوری بود نہ معنوی در دخول معرکہ قائل مسخ صوری بودہ اند۔ |
| ؍؍ | تنبیہ درآنکہ مسخ معنوی درامت مرحومہ میتواند شد نہ مسخ صوری۔ |
| ۷۶۳ | فائدہ احوال حضرت لقمان حکیم۔ |
| ۷۶۴ | فائدہ درنصائح حضرت لقمان۔ |
| ۷۶۸ | فائدہ دربیان نصائح دیگر۔ |
| ۷۷۵ | **تفریح بست ودوم در احوال حضرت سلیمان علیہ السلام** |
| ۷۷۷ | فائدہ دربیان آوازہائے بعض طیور در بیان معجزات۔ |
| ۷۷۸ | فائدہ دربیان آنکہ تسخیر ہوا معجزۂ حضرت سلیمان وطی ارض کرامت اولیا امت مرحومہ۔ |
| ؍؍ | فائدہ بیان ثبوت حرمت تصاویر در دین اسلام وجواز این بود در عہد سلیمان ؑ۔ |
| ۷۸۰ | فائدہ بحضور حضرت سرور کائنات قوم جن بشوق تمام حاضر شدہ ایمان مے آوردو بحضور سلیمان بخوف۔ |
| ۷۸۱ | فائدہ قصۂ دعوت مخلوقات الٰہی۔ |
| ۷۸۳ | فائدہ قصۂ نملہ سلیمان علیہ السلام وبیان نصائح نملہ بحضور جناب۔ |
| ۷۸۷ | فائدہ قصۂ ہدہد وبلقیس۔ |
| ۷۹۰ | فائدہ دربیان نسبت بلقیس۔ |
| ۷۹۳ | فائدہ دربیان وجوہ طلب درحق بلقیس۔ |
| ۸۰۲ | تنبیہ دربیان بے انصافی نصاری کہ الزام کثرت زوجات بہ نسبت حضرت صلعم میکنند۔ |
| ۸۰۷ | فائدہ قصہ گم گشتگی خاتم سلیمان علیہ السلام۔ |
| ۸۱۰ | فائدہ بشارت حضرت سلیمان بہ نبوت حضرت خاتم المرسلین۔ |
| ۸۱۳ | فائدہ ذکر سلطنت رحبعم ابن سلیمان۔ |
| ۸۱۵ | **تفریح بست وسوم در احوال حضرت شعیا وارمیا علیہ السلام** |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۸۱۸ | فائدہ در اختلافات با حوال بخت نصر۔ |
| ۸۱۹ | فائدہ در بیان بشارات حضرت شعیا و ارمیا کہ بہ نبوت حضرت صلعم دادہ اند۔ |
| ۸۲۱ | فائدہ در ذکر دانیال اکبر و دانیال اصغر۔ |
| ۸۲۳ | فائدہ بشارت حضرت دانیال بہ نبوت حضرت صلعم |
| ۸۲۶ | فائدہ در ذکر خرابی یہود کہ دو مرتبہ واقع شد۔ |
| ۸۳۱ | **تفریح بست و چہارم در احوال حضرت عزیر علیہ السّلام** |
| ۸۳۶ | **تفریح بست و پنجم در احوال حضرت یونس علیہ السّلام** |
| ۸۴۰ | فائدہ در بیان نکات کریمہ فاصبر لحکم ربک الخ۔ |
| ۸۴۴ | فائدہ در طرق خواندن لا الٰہ الا انت سبحانک کہ اسم اعظم است۔ |
| ۸۴۶ | فائدہ در تحقیق این امر کہ حضرت معدود در انبیاء اولو العزم ہستند۔ |
| ۸۴۸ | فائدہ بعد دیدن عذاب یقین یا گمانی آمدہ الا قوم یونس را بکار آمد |
| ۸۴۹ | احوال ذوالقرنین۔ |
| ۸۵۱ | فائدہ در بیان آنکہ آنہ وجدہا تغرب فی عین حمئۃ و رفع شبہہ نصاریٰ۔ |
| ۸۵۴ | ذکر دخول سکندر در شہر سبا۔ |
| ۸۵۶ | ذکر سد سکندری۔ |
| ۸۶۰ | **تفریح بست و ششم در احوال حضرت زکریا و یحیٰی و عیسےٰ علیہم السّلام۔** |
| ۸۶۲ | فائدہ در بیان آنکہ در امت زکریا علیہ السلام دستور بود کہ فرزندان را نذر بخدمت معبد و در مسجد بگذاشتند۔ |
| ۸۶۶ | فائدہ از برکت دعاے مادر مریم شیطان حضرت عیسےٰ و مریم را مس نکردہ۔ |
| ۸۶۸ | فائدہ در مراد کریمہ فتقبلہا ربہا بقبول حسن و بیان فوائد کریمہ انی لک ہذا۔ |
| ۸۷۰ | فائدہ بیان نکات تفسیریہ کہ در دعاے حضرت زکریا اہل تفسیر بیان کردہ اند۔ |
| ۸۷۴ | قصہ حضرت مریم علیہ السّلام۔ |
| ۸۷۷ | فائدہ در بیان آنکہ سواے سہ کس از اطفال در حالت شیر خوارگی کلام نکرد۔ |
| ۸۸۰ | ذکر شہادت حضرت زکریا علیہ السّلام۔ |
| ۸۸۴ | فائدہ اختلاف در آنکہ حضرت یحیےٰ روبروے حضرت زکریا شہید ند یا بعد وفات یا شہادت جناب موصوف۔ |
| ۸۸۷ | تنبیہ در بعض حالات حضرت یحیےٰ علیہ السّلام۔ |
| ۸۹۷ | ذکر حضرت عیسےٰ علیہ السّلام۔ |
| ۹۰۲ | تعداد عمر حضرت عیسےٰ۔ |
| 〃 | حال تحریف کتب قدیمہ |
| ۹۰۷ | حال کتب جدیدہ۔ |
| ۹۱۰ | بیان اسباب خرابی انجیل۔ |
| ۹۱۳ | تقریر نسخ احکام توریت۔ |
| ۹۳۶ | قصۂ اصحاب کہف۔ |
| ۹۵۷ | احوال ہلاکت اصحاب فیل۔ |
| ۹۶۱ | ختم جلد اول۔ |


تمت

الحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفى

درین روزہا کتاب برکت خطاب جامع جمیع حالات و معجزات از ابو البشر آدم تا خاتم الانبیا و شہادت حضرت حسنین علیہم التحیۃ والثنا
از روی آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ و اقوال اولیا که در کتب سیر و تواریخ و ملفوظات صحیحۂ علما و مشائخین یافته شده

مسمّٰی بہ

# تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا

جلد اوّل

از تالیف منیف زبدۂ علما اسوۂ عرفا سوختۂ آتش جمال مصطفوی مولوی ابو الحسن صاحب مرحوم کاکوروی
بتصحیح جناب مولوی محمد ابو الحسن صاحب حسب حکم مولوی محمد احسن صاحب ... خلف الرشید جناب ... مغفور

در مطبع نامی منشی نولکشور بحسن طبع رونق یافت

بسم الله الرحمن الرحيم

سبحان الذی خلق الانسان و جعله خليفة الارض بالفضل و الاحسان و فضله على المخلوقات بالعلم و العرفان ثم امرهم بالسجود له الملائكة
فسجدوا كلهم الا الشيطان فالحمد لك يا من نفخت روحك فی الماء و الطين و ارسلت اليه رسولك بالوحی المتين انت
خالق الارواح فالق الاصباح مالك الملك و الملكوت و مالك الجبروت و اللاهوت لا تحصى مقدورآتك و لا تتناهى
معلوماتك انت ذو العرش المجيد و فعال لما يريد و الصلوٰة على نبيك المصطفى و رسولك المرتضى الملك المقام المحمود مالك
الحوض المورود افصح فصحاء العرب و العجم و ابلغ من نادت نعام جامع الاحسان و العناية و موجب الامن و الامان فی
يوم القيامة خاتم الانبياء و المرسلين قال الله تعالى فی شانه وما ارسلناك الا رحمة للعالمين و على آله الكاملين و اصحابه العالمين
بالقوة النظرية رموز الاحاديث و الفرقان القاطعين عن رقاب المنكرين قلائد الكفر و الخذلان و على ازواجه امهات المؤمنين
و على سائر الفرق من المهاجرين و الناصرين و بعد فيقول العبد الضعيف الجانی المشغوف بتذكير اصحاب الحی الربانی
ابو المحسن الحسن بن ملك العلماء و سند الفضلاء تاج الفصحاء سراج البلغاء ميزان المعقول و المنقول منقح اغصان
الفروع و الاصول صاحب المناقب الفاخرة فی الدنيا و الآخرة حامل السر المرتضوی مولانا ابو الحسن الحسين الشهيد
العلوی بن رئيس الاتقياء حبيب الاصفياء قطب الولاية و الارشاد غوث العارفين و الاوتاد دليل الشرع
المصطفوی الشيخ الكامل العارف العامل شاه مير محمد العلوی الحنفی القلندری الكاكوروی طاب ثراهما

جعل الفردوس مکانهما انی لما بلغت سن الشعور ومیزت بین النار والنور وفرقت الصبا من الدبور شمرت ذیلی علی
طلب العلم والکمال واشتغلت بالتحصیل من اوائل الحال فتلمذت علی مولای اخی ابن عمی وحید عصره فی المعقول
والمنقول وفرید دهره فی التصوف والاصول الذی یحکی محامده بلسان الادانی والافاضل ویروی مدائحه فی المجالس
والمحافل المتوکل علی الله الکفیل والقائل بالصدق حسبی الله ونعم الوکیل المتفرد بالعلم الخفی والجلی مولانا مقتدانا شاه
حیدر علی العلوی واخیه الفاضل العلامة والنحریر الفهامة الحامی لحمی الشریعة الغراء والحارس لبیضة الملة البیضاء المدرس
المتوکل والمتصوف الموحد الجامع بین الفروع والاصول الحافظ للمعقول والمنقول مولانا تقی علی العلوی سلمهما الله العلی
واخذت منهما النحو والصرف والفقه والاصول واکثر کتب المعقول وبلغت بمیامن تربیتهما الی المقصد الاعلی وارتقیت
ببرکات فیوضهما فی السماء الاعلی ثم احرمت لطواف الکعبة المعنویة ملبیا وارتحلت من الوطن حامدا ومصلیا الی
کعبة العلماء الربانیین وقبلة الکملاء الرحمانیین المدار علیه الافاضل من الفقهاء الکاملین والمشار الیه لاهل
من بین العرفاء الفاضلین المفسر المحترم والمحدث المعظم الذی جدد درس الحدیث فی تلک الدیار بعد ما اندرس من ظهر
آثار السلف فی هذا الامصار بعد ما انطمس الجوهر الثمین ظهر من معدن الرسالة والکوکب المضیئ طلع من سماء الجلالة
المحیط بالعلوم احاطة السماء بالنجوم الشیخ الهمام مولانا محمد حسن علی الهاشمی العربی ثم اللکهنوی خیر مقتدی امام من عاصره
فرید العصر فی کشف اسرار الاحادیث والتنزیل مصداق علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل کیف لا وانه عالم لم یکن عدیله
وفاضل لم یوجد بدیله وان کان فهو الشافعی او النعمان قدس الله سره وفوض الینا بره فتشرفت بموقفه الاعلی وتقبلت سنده العلیا
وقرأت علیه الهدایة والمسلم والبیضاوی وفرغت عن التحصیل المعمولی ثم ترکت العتبة العلیة بالعوارض الدنیویة الدینیة
فی سنة الف ومائتین وثمانیة واربعین من الهجرة النبویة ولحقت فی الوطن بالاهل والعیال مع توزع الخاطر بالحال
والاستقبال ثم ذهبت وسافرت الی الکانفور لتحصیل ما لابد منه للبشر من الضرور وتمت فیه عامین کاملین ثم قصدت الی اماداو
وینفع ربی من نواحی اکبرآباد صانهما الله من الفتنة والفساد ثم لما اتفقت لی الاقامة فی المین فرغت بفضل الله التمس منی
بعض الاحباب تبیینا وترصیفا فی قصص الانبیاء وجمعا وتالیفا فی احوال الاتقیاء فبالغت فی الانکار واکثرت الاعذار لکن لم یسعنی مخالفته
فشرعت علی المسئول واجهدت فی المامول فی سنة احدی وستین بعد الالف ومائتین من الهجرة النبویة علی صاحبها السلام والتحیة
مستعینا بفضله القدیم ومستفیضا لفیضه العمیم فانه ولی تیسیر العظائم وهو نعم المرجو وسمیت الرسالة بتفریح الاذکیاء
فی احوال الانبیاء فالمامول من اهل الطبائع الزاکیة والمرایا الصافیة ان یلتفتوا الی ذلک المکتوب بلحاظ القبول
ولا ینظروا الی هذا الظلوم والجهول فانی قلیل البضاعة وغیر اهل هذه الصناعة وتوکلت علی الله وهو حسبی ونعم الوکیل
اللهم اجعل آخر کلامی اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا رسول الله صلی الله علیه وآله واصحابه وسلم

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد جمیع السنه معبودی را سزاوار است که بهدایت صراط مستقیم و ارشاد مناهج دین قویم لقبضهٔ اقتدار او ست انعام اولین و آخرین از ارباب کمال و انتقام مستحقان غضب از اصحاب غوایت و اضلال بخیر اختیار او متصف است بصفات قدیم و کمال منزه است از سمات حدوث و زوال متکلم است بکلام قدیم متعلم است بکتاب کریم و ستایش صانعی را در کار است که صورت صنع بدیعش لوح فطرت آدم را به نقوش و علم آدم الاسماء کلها آراسته کرد و ادب آموز فیضش نفس ناطقه را در مدرسهٔ علم من البیان ما لم یعلم تعلیم داد و سپاس جهان آفرینی را واجب که از عرش تا ثری همه بر وحدت وجودش دال و از ذره تا بیضا جمله بر الوهیتش هم مقال و شکر منعمی الایق که عقد تکریم لقد کرمنا بنی آدم در گردن من انداخت و در زمرهٔ کنتم خیر امة اخرجت للناس بعنایت خویش منسلک ساخت و صلوة بیحد و تسلیمات بعید و تحیات بی احصا و دعوات لا انتها بر حضرت رسالت پناه سلطان تختگاه لی مع الله نکته دان و علمک ما لم تکن تعلم روشن بیان انا افصح العرب و العجم خاتم انبیا رسول مجتبی محمد مصطفی ماه آسمان جلالت مهر فلک رسالت شفیع یوم محشر که رایت شفاعت کبری بکف کفایت او داده اند و عاصیان دست درین دار ناپایدار بامید عنایت او فرستاده اند چه اگر مرهم امید شفاعت تدارک ریش دلهای گنهگاران نکردی پیداست که حال خستگان بیمارستان جرم و عصیان بکجا کشیدی ؎ همه را از که شفیع توئی + اصل جمعیت جمیع توئی + گرچه اندک بضاعتی داریم + از تو چشم شفاعتی داریم + از جناب او ست ابتدای موجودات که هنوز حضرت واجب الوجود بمقتضای کرم و جود قرعهٔ اختیار بر صفحهٔ ایجاد نگردانیده و قابلهٔ رحمت اطفال معدم را از ارحام قضا بفضای تکوین نرسانیده بود که شاه بلند پرواز نور مقدسش بجناح نجاح در هوای هویة طیران می نمود ؎ کلک عنایت چو رقم ساز کرد + از همه پیش آن رقم ایجاد کرد + روزی که در جامه خانهٔ غیب خلعت پیغمبری بر بالای والایش میدوختند و منشیان دیوان عنایت طغرای عزای نبوت در دبیرستان هدایت منشور پر نور رسالت بنام نامیش رقم میزدند آدم علیه السلام سر از بالش خاک برداشته بود ؎ شد گشاده ز بهر تا بهشتیر ز آدم و آبوت او + چون ز احمد زمانه لبت فطیر + گل آدم هنوز بود خمیر + پیغمبریست که اوصاف جمیله اش در کتب آدم و شیث مذکور و اخلاق حمیده اش در صحائف

ادریس مرقوم و مسطور اوراق صحف ابراهیم بذکر تعظیمش مزین الواح کلیم بشرح تبجیلش و تکریمش مبین زبور داود
بر دقائق محمد نعتش شامل و صحیفهٔ حقیقت بر حقائق تکریمش مشتمل کتاب شعیا بشرح انوار مناقبش و انجیل عیسی
مطلع انوار آثار مراتبش سیما من اقوال و افعالش را جوامع الکلم آیات قرآن جامع و مفاخر اوصاف و احوالش
از مطالب اغلب کلمات فرقان طالع سوره والشمس وصف چهرهٔ رخشان اوست + ذکر واللیل از پی گیسوی
مشک فشان اوست + سبحان الذی اسری شان قرب او + جاهد الکفار در میدان دین جولان اوست +
قاب قوسین ابرو و ما زاغ چشم دل فریب + رب زدنی جلوه های حسن بی پایان اوست + هر چه آن بر
صفحهٔ امکان رقم زد دست غیب + از کمالات و فضائل جملگی در شان اوست + بلکه حق سبحانه جل شانه
در کلام مجید کریم از سر تا قدم آن محترم یاد میکند و از اکثر صفات صوری و معنوی خبر میدهد سر مبارک آن
سرور را که زیبندهٔ افسر کرامت بود در لفظ لعمرک باز نمود و نرگس دیدهٔ حق دیدش را که چشم فلک ورد
شدی در روضهٔ لا تمدن عینیک نشو و نما داد و گوش باهوشش را که مخزن جواهر اسرار حقیقت بود در قعر
بحر کنایهٔ قل اذن خیر لکم جای قرار مقرر فرمود و آفتاب روی دل فریبش را براوج عنایت قد نری تقلب
وجهک از آفت زوال مامون و مفتاح زبان گوهر بارش در درج عزت فانما یسرناه بلسانک از تعرف
طبع و نفس محفوظ و مصئون و شرح سینهٔ بی کینه اش در دفتر الم نشرح لک صدرک مذکور و سر دل
بی غل آنحضرت صلی الله علیه و آله و اصحابه در صحیفهٔ نزل به الروح الامین علی قلبک محرر و مسطور ذکر
دستش که بحر محیط از رشک سخاوت اوکف بر روز نانست در آیهٔ و لا تجعل یدک مبین و از صفائی گرد
که بستهٔ فرمان مالک المنان است رمز الی عنقک نشانی معین فحوای القدس طهرک بر صفت پشت و
اساسش که پشتی اولیا ازو باشد مشتمل و مضمون انک لقوم وصف پای بلند پایه اش را که فوق عرش
فرش او سر و متکفل سه ای ز سر تا پا چو چشم خویش عین مردمی + چون تواند بود چندین حسن در یک
آدمی ولنعم ما قال الشاعر لب لعل و خط سبز و رخ زیبا داری + حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
شیوه و شکل و شمائل حرکات و سکنات + آنچه خوبان همه دارند تو تنها داری + ای محب اگر ابراهیم
خلیل بود و اتخذ الله ابراهیم خلیلا آنحضرت صلی الله علیه و سلم حبیب رب جلیل است خلیل را بعد از
ابتلا خلعت خلت دادند و اذ ابتلی ابراهیم حبیب را از اول بکسوت محبت بیاراستند و رتبه تخلیق
بالایثار و بیختار ملکوت آسمان انظرگاه خلیل ساختند و کذلک نری ابراهیم ملکوت السموات نظرگاه
تماثیل را قدمگاه حبیب گردانیدند ثم دنی فتدلی خلیل بخود متوجه کعبهٔ وصال شد انی ذاهب الی ربی
حبیب بخود بارگاه جلال راه یافت اسری بعبده لیلا خلیل طلب هدایت کرد سیهدین حبیب را طلب

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۵۸۸ | فائدہ ذکر قتل قبطی۔ |
| ۵۸۹ | فائدہ وجہ رفتن بمدینہ۔ |
| ۵۹۱ | فائدہ ہجرت موسیٰ مصر سے۔ |
| ۵۹۲ | فائدہ جلوہ فرمائی حضرت موسیٰ کنارہ چاہ مدین۔ |
| ۵۹۵ | فائدہ مسئلہ اصول فقہ۔ |
| ۵۹۷ | فائدہ اختلاف در اسمائے عصائے موسیٰ و بیان معجزات موسے۔ |
| ۵۹۹ | فائدہ روانگی حضرت موسئے از مدین جانب مصر |
| ۶۰۲ | فائدہ داشتن عصا در دست راست سنت است۔ |
| ۶۰۳ | فائدہ حکمت در قلب ماہیت عصا۔ |
| 〃 | فائدہ وجہ ترس موسئے از سحر |
| ۶۰۴ | فائدہ اختلاف در آیہ کبرے۔ |
| ۶۰۷ | فائدہ رسیدن حضرت موسے بخانہ۔ |
| ۶۱۹ | فائدہ چہار طفل شیر خوارہ کلام کردہ اند۔ |
| ۶۲۰ | فائدہ قصہ مرد چہارم۔ |
| ۶۳۵ | فائدہ مقبول ہونا ریاں باس کا۔ |
| ۶۳۶ | فائدہ یہ قصہ حال سالک سے مشابہ ہے۔ |
| ۶۴۲ | فائدہ نکتہ تفسیری۔ |
| 〃 | فائدہ وجہ تخصیص اربعین۔ |
| ۶۴۳ | فائدہ گوسالہ پرستی بنی اسرائیل۔ |
| ۶۴۴ | فائدہ وجہ معرفت جبرئیل علیہ السلام۔ |
| ۶۴۶ | فائدہ معنی خلیفہ۔ |
| ۶۵۲ | فائدہ رفع شبہہ۔ |
| ۶۵۶ | فائدہ سوال رویت بار دوم۔ |
| ۶۶۰ | فائدہ توجیہ دیدار خدا۔ |
| ۶۶۲ | فائدہ بیان اشکال مع جواب۔ |
| ۶۶۷ | فائدہ بیان اختلاف در بقرہ کہ نربود یا مادہ۔ |
| ۶۷۰ | فائدہ بیان نکتہ۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۶۷۳ | **قصہ حضرت خضر علیہ السلام** |
| ۶۷۵ | فائدہ بیان عجائبات حضرت خضر ع |
| ۶۷۹ | فائدہ تحقیق لفظ خضر |
| ۶۸۰ | فائدہ مصاحبت حضرت خضر با حضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ |
| ۶۸۲ | **قصہ ہلاک قارون۔** |
| ۶۸۸ | فائدہ عوج بن عوق |
| ۶۹۲ | فائدہ بیان نعمائے الٰہی۔ |
| ۶۹۳ | فائدہ بیان من وغیرہ۔ |
| ۶۹۶ | فائدہ بیان معجزات دیگر از حضرت موسیٰ۔ |
| ۶۹۷ | فائدہ بیان بے ادبی بنی اسرائیل۔ |
| ۶۹۹ | فائدہ دخول اریحا۔ |
| ۷۰۵ | فائدہ وفات موسے علیہ السلام۔ |
| ۷۰۷ | فائدہ حال قبر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم۔ |
| 〃 | **تفریح شانزدہم در احوال حضرت یوشع علیہ السلام** |
| ۷۱۱ | فائدہ جہاد یوشع علیہ السلام۔ |
| ۷۱۲ | فائدہ وفات یوشع علیہ السلام۔ |
| 〃 | فائدہ اختلاف در قبر یوشع علیہ السلام۔ |
| ۷۱۳ | **تفریح ہفتدہم در احوال حضرت حزقیل علیہ السلام** |
| ۷۱۵ | فائدہ وجہ تسمیہ ذوالکفل۔ |
| ۷۱۶ | **تفریح ہیژدہم در احوال حضرت الیاس علے نبینا وعلیہ السلام۔** |
| ۷۲۲ | فائدہ ملاقات الیاس وخضر در وائلہ |
| ۷۲۳ | **تفریح نوزدہم در احوال حضرت الیسع علیہ السلام** |
| ۷۲۵ | **تفریح بستم در احوال حضرت شمویل علیہ السلام** |

| صفحہ | مضمون |
| --- | --- |
| ۷۲۸ | فائدہ تابوت سکینہ باقوال مختلفہ۔ |
| ۷۳۰ | فائدہ وجہ تسمیہ تابوت سکینہ۔ |
| ۷۳۱ | فائدہ دربیان آنکہ تعظیم تبرکات انبیا و اولیا ازکتاب وسنت ثابت ست۔ |
| ۷۳۳ | فائدہ بیان تابوت سکینہ بقول اہل تصوف۔ |
| ۷۴۰ | **تفریح بست ویکم دراحوال حضرت داؤد علیہ السلام** |
| ۷۵۲ | فائدہ ابتداء تعمیر بیت المقدس۔ |
| " | بیان واقعہ دکس دہقانی کہ روبروے حضرت داؤد آمدہ وحکم حضرت سلیمان دران درست شدہ کما ورد فے الرمل۔ |
| ۷۵۳ | فائدہ دربیان آنکہ خداوند کبریا مراصابت رائے حضرت سلیمان درکلام خود مدح فرمودہ۔ |
| ۷۵۴ | واقعہ دوم از بخاری ومسلم کہ دران ہم اصابت رائے حضرت سلیمان واضح میشود۔ |
| ۷۵۴ | واقعہ سوم پیرزالے برہوا داد خواہ شد دراینہم حاکم حضرت سلیمان صحیح شدہ۔ |
| ۷۵۶ | واقعہ چہارم شخص از قاضی شہروزنے حسینہ کہ براصابت رائے حضرت سلیمان دلیل ست۔ |
| ۷۵۷ | بیان سوالات کہ حضرت جبرئیل وقت وفات حضرت داؤد آوردند کہ حضرت سلیمان جواب آنہا دادہ اند۔ |
| ۷۵۸ | فائدہ دربیان قصہ مسخ گروہ بنی اسرائیل بسبب شکار ماہیان بروز شنبہ۔ |
| ۷۶۲ | فائدہ دربیان آنکہ مسخ بنی اسرائیل مسخ صوری بود نہ معنوی در دخول معرکہ قائل مسخ صوری بودہ اند |
| " | تنبیہ درآنکہ مسخ معنوی در امت مرحومہ میتوانند شد نہ مسخ صوری۔ |

| صفحہ | مضمون |
| --- | --- |
| ۷۶۳ | فائدہ احوال حضرت لقمان حکیم۔ |
| ۷۶۴ | فائدہ درنصائح حضرت لقمان۔ |
| ۷۶۸ | فائدہ دربیان نصائح دیگر۔ |
| ۷۷۵ | **تفریح بست ودوم دراحوال حضرت سلیمان علیہ السلام** |
| ۷۷۷ | فائدہ دربیان آوازہاے بعض طیور در بیان بیان معجزات۔ |
| ۷۷۸ | فائدہ دربیان آنکہ تسخیر ہوا معجزہ حضرت سلیمان وطی ارض کرامت اولیاء امت مرحومہ۔ |
| " | فائدہ بیان ثبوت حرمت تصاویر در دین اسلام وجواز این بود در عہد سلیمان ع۔ |
| ۷۸۰ | فائدہ بحضور حضرت سرور کائنات قوم جن بشوق تمام حاضر شدہ ایمان مے آوردو بحضور سلیمان بخوف۔ |
| ۷۸۱ | فائدہ قصہ دعوت مخلوقات الٰہی۔ |
| ۷۸۳ | فائدہ قصہ نملہ سلیمان علیہ السلام و بیان نصائح نملہ بحضور جناب۔ |
| ۷۸۷ | فائدہ قصہ ہدہد وبلقیس۔ |
| ۷۹۰ | فائدہ دربیان نسبت بلقیس۔ |
| ۷۹۳ | فائدہ دربیان وجوہ ثلب درحق بلقیس۔ |
| ۸۰۲ | تنبیہ دربیان بے انصافی نصاری کہ الزام کثرت زوجات بنسبت حضرت صلعم میکنند۔ |
| ۸۰۷ | فائدہ قصہ گم گشتگی خاتم سلیمان علیہ السلام۔ |
| ۸۱۰ | فائدہ بشارت حضرت سلیمان بہ نبوت حضرت خاتم المرسلین۔ |
| ۸۱۳ | فائدہ ذکر سلطنت رحبعم ابن سلیمان۔ |
| ۸۱۵ | **تفریح بست وسوم دراحوال حضرت شعیا وارمیا علیہ السلام** |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۸۱۸ | فائدہ در اختلافات با حوال بخت نصر۔ |
| ۸۱۹ | فائدہ در بیان بشارات حضرت شعیا و ارمیا کہ بنبوت حضرت صلعم دادہ اند۔ |
| ۸۲۱ | فائدہ در ذکر دانیال اکبر و دانیال اصغر۔ |
| ۸۲۳ | فائدہ بشارت حضرت دانیال بہ بنبوت حضرت صلعم |
| ۸۲۶ | فائدہ در ذکر خرابی یہود کہ دو مرتبہ واقع شد۔ |
| ۸۳۱ | **تفریح بست وچہارم در احوال حضرت عزیر علیہ السلام** |
| ۸۳۶ | **تفریح بست وپنجم در احوال حضرت یونس علیہ السلام** |
| ۸۴۰ | فائدہ در بیان نکات کریمہ فاصبر لحکم ربک الخ۔ |
| ۸۴۴ | فائدہ در طرق خواندن لا الہ الا انت سبحانک کہ اسم اعظم ست۔ |
| ۸۴۶ | فائدہ در تحقیق این امر کہ حضرت معدود در انبیاء اولو العزم ہستند۔ |
| ۸۴۸ | فائدہ بعد دیدن عذاب یقینی یکا تنی بیداالا قوم یونس یکار آمد |
| ۸۴۹ | احوال ذو القرنین۔ |
| ۸۵۱ | فائدہ در بیان آنکہ آمدہ وجدہا تغرب فی عین حمئۃ ورفع شبہہ نصاری۔ |
| ۸۵۴ | ذکر دخول سکندر در شہر سبا۔ |
| ۸۵۶ | ذکر سد سکندری۔ |
| ۸۶۰ | **تفریح بست وششم در احوال حضرت زکریا ویحیٰے وعیسے علیہم السلام۔** |
| ۸۶۲ | فائدہ در بیان آنکہ در امت زکریا علیہ السلام دستور بود کہ فرزندان را نذر بعبادت میکردند و در مسجد بیگذاشتند۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۸۶۶ | فائدہ از برکت دعاے مادر مریم شیطان حضرت عیسے و مریم را مس نکردہ۔ |
| ۸۶۸ | فائدہ در مراد کریمہ فتقبلہا ربہا بقبول حسن وبیان فوائد کریمہ انی لک ہذا۔ |
| ۸۷۰ | فائدہ بیان نکات تفسیریہ کہ در دعاے حضرت زکریا اہل تفسیر بیان کردہ اند۔ |
| ۸۷۴ | قصہ حضرت مریم علیہ السلام۔ |
| ۸۷۷ | فائدہ در بیان آنکہ سواے کس از اطفال در حالت شیر خوارگی کلام نکرد۔ |
| ۸۸۰ | ذکر شہادت حضرت زکریا علیہ السلام۔ |
| ۸۸۴ | فائدہ اختلاف در آنکہ حضرت یحیے روبروے حضرت زکریا شہید شدند یا بعد وفات یا شہادت جناب موصوف۔ |
| ۸۸۷ | تنبیہ در بعض حالات حضرت یحیے علیہ السلام۔ |
| ۸۹۷ | ذکر حضرت عیسے علیہ السلام۔ |
| ۹۰۲ | تعداد عمر حضرت عیسےٰ۔ |
| ״ | حال تحریف کتب قدیمہ |
| ۹۰۷ | حال کتب جدیدہ۔ |
| ۹۱۰ | بیان اسباب خرابی انجیل۔ |
| ۹۱۳ | تقریر نسخ احکام توریت۔ |
| ۹۳۶ | قصہ اصحاب کہف۔ |
| ۹۵۷ | احوال ہلاکت اصحاب فیل۔ |
| ۹۶۱ | ختم جلد اول۔ |

تمت

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

درین روزنامہ کتاب برکت خطاب جامع جمیع حالات و معجزات از ابو البشر آدم تا خاتم الانبیاء و شہادت حضرت حسنین علیہم التحیۃ و الثنا
از روی آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ و اقوال اولیا کہ در کتب سیر و تواریخ و ملفوظات صحیحہ علما و مشائخین یافتہ شدہ

مسمیٰ بہ

# تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا

جلد اول

از تالیف منیف زبدۂ علما اسوۂ عرفا سوختۂ آتش جمال مصطفوی مولوی ابو الحسن صاحب مرحوم کاکوروی
بتصحیح جناب مولوی محمد ابو الحسن صاحب تحصیلدار و جناب مولوی محمد احسن صاحب ڈپٹی بہادر خلف الرشید جناب مصنف مرحوم و مغفور

در مطبع نامی منشی نولکشور بحسن طبع رونق یافت

۲۲۷۰۱۹

بسم الله الرحمن الرحیم

سبحان الذی خلق الانسان وجعله خلیفة الارض بالفضل والاحسان وفضله علی المخلوقات بالعلم والعرفان امرهم بسجوده للملائکة
فسجدوا کلهم الا الشیطان فالحمد لک یا من نفخت روحک فی الماء والطین وارسلت الیه رسولک بالوحی المتین انت
فالق الارواح فالق الاصباح مالک الملک والملکوت ذات الجبروت واللاهوت لا تحصی مقدوراتک ولا تتناهی
معلوماتک انت ذو العرش المجید وفعال لما یرید والصلوة علی نبیک المصطفی ورسولک المرتضی الملک المقام المحمود مالک
الحوض المورود افصح فصحاء العرب والعجم وابلغ من تادب بتعلم جامع الاحسان والعنایة وموجب الامن والامان فی
یوم القیامة خاتم الانبیاء والمرسلین قال الله تعالی فی شانه وما ارسلناک الا رحمة للعالمین وعلی آله الکاملین واصحابه العالمین
بالقوة النظریة رموز الاحادیث والفرقان القاطعین عن قلب المنکرین قلائد الکفر والخذلان وعلی ازواجه امهات المؤمنین
وعلی سائر الفرق من المهاجرین والناصرین وبعد فیقول العبد الضعیف الجانی المشغوف بتذکیر اصحاب الحی الربانی
ابو المحسن الحسن بن ملک العلماء وسند الفضلاء تاج الفصحاء سراج البلغاء میزان المعقول والمنقول منقح اغصان
الفروع والاصول صاحب المناقب الفاخرة فی الدنیا والآخرة حامل السر المرتضوی مولانا ابو الحسن الحسین الشهید
العلوی بن رئیس الاتقیاء حبیب الاصفیاء قطب الولایة والارشاد غوث العارفین والاوتاد ودلیل الشرع
المصطفوی الشیخ الکامل العارف العامل شاه میر محمد العلوی الحنفی القلندری الکاکوروی طاب ثراهما

جعل الفردوس مكانهما أني لما بلغت سن الشعور وميزت بين النار والنور وفرقت الصبا من الدبور شمرت ذيلي على
طلب العلم والكمال واشتغلت بالتحصيل من اوائل الحال فتلمذت على مولاي اخي ابن عمي حيد عصره في المعقول
والمنقول وفريد دهره في التصوف والاصول الذي يحكي محامده بلسان الادني والافاضل ويروي مدائحه في المجالس
والمحافل المتوكل على الله الكفيل والقائل بالصدق حسبي الله ونعم الوكيل المتفرد بالعلم الخفي والجلي مولانا مقتدانا شاه
حيدر علي العلوي واخيه الفاضل العلامة والنحرير الفهامة الحامي لحمى الشريعة الغراء والحارس لبيضة الملة البيضاء المدرس
المتوكل والمتصوف الموحد الجامع بين الفروع والاصول الحافظ للمعقول والمنقول مولانا تقي علي العلوي سلمهما الله العلي
واخذت منهما النحو والصرف والفقه والاصول واكثر كتب المعقول وبلغت بسعيهما من تربيتهما الى المقصد الاعلى ورقيت
ببركات فيوضهما في السماء الاعلى ثم احرمت لطواف الكعبة المعنوية ملبياً وارتحلت من الوطن حامدا ومصليا الى
كعبة العلماء الربانيين وقبلة الكملاء الروحانيين المدار عليه الافاضل من الفقهاء الكاملين والمشار اليه لاهل
من بين العرفاء الفاضلين المفسر المحترم والمحدث المعظم الذي جدد درس الحديث في تلك الديار بعد ما اندرس من ظهر
آثار السلف في هذه الامصار بعد انطمس الجوهر الثمين ظهر من معدن الرسالة والكوكب المضيء طلع من سماء الجلالة
المحيط بالعلوم احاطة السماء بالنجوم الشيخ الهمام مولانا محمد حسن علي الهاشمي العربي ثم اللكهنوي خير مقتدى امام من هو
فريد العصر في كشف اسرار الاحاديث والتنزيل مصداق علماء امتي كانبياء بني اسرائيل كيف لا وانه عالم لم يكن عديله
وفاضل لم يوجد بديله وان كان فهو الشافعي او النعمان قدس الله سره وفوض الينا بره فقد شرفت بموقفه الاعلى وتقبلت سنده العليا
وقرأت عليه الهداية والمسلم والبيضاوي وفرغت عن التحصيل المعمولي ثم تركت العتبة العلية بالعوارض الدنيوية الدنية
في سنة الف ومائتين وثمانية واربعين من الهجرة النبوية ولحقت في الوطن بالاهل والعيال مع توزع الخاطر بالحال
والاستقبال ثم ذهبت وسافرت الى الكانفور لتحصيل ما يد للبشر من الضرور واقمت فيه عامين كاملين ثم قصدت الى اماواو
وفيروزپور من نواحي اكبرآباد صانهما الله من الفتنة والفساد ثم لما اتفقت لي الاقامة في المين فرجي بفضل الله التمس مني
بعض الاحباب تبيينا وترصيفا في قصص الانبياء وجمعا وتاليفا في احوال الاتقياء فبالغت في الانكار وانكرت بالاصرار لكن لم ينبغي مخالفته
فشرعت على المسئول واجهدت في المامول في سنة احدى وستين بعد الالف ومائتين من الهجرة النبوية على صاحبها السلام والتحية
مستعينا بفضله القديم ومستفيضا بفيضه العميم فان الله يحيي العظام وهي رميم وسميت الرسالة بتشريح الاذكيا
في احوال الانبياء فالمأمول من اهل الطبائع الزاكية والمرايا الصافية ان يلتفتوا الى ذلك المكتوب بلحاظ القبول
ولا ينظروا الى هذا الظلوم والجهول فاني قليل البضاعة وغير اهل هذه الصناعة وتوكلت على الله هو حسبي ونعم الوكيل
اللهم اجعل آخر كلامي اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا رسول الله صلى الله عليه وآله واصحابه وسلم

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد جمیع السنه معبودی را سزاوار است که بهدایت صراط مستقیم و ارشاد مناهج دین قویم بقبضهٔ اقتدار اوست انعام
اولین و آخرین از ارباب کمال و انتقام مستحقان غضب از اصحاب غوایت و اضلال بمجرد اختیار او متصف
است بصفات قدیم و کمال منزه است از سمات حدوث و زوال متکلم است بکلام قدیم متعلم است بکتاب کریم
و ستایش صانعی را در کار است که صورت صنع بدیعش لوح فطرت آدم را بنقوش و علم آدم الاسماء کلها آراسته
کرد و ادب آموز فیضش نفس ناطقه را در مدرسهٔ علم من البیان ما لم یعلم تعلیم داد و سپاس جهان آفرینی را واجب
که از عرش تا ثری همه بر وحدت وجودش دال و از ذره تا بیضا جمله بر الوهیتش هم مقال و شکر منعمی لایق که عقد
تکریم لقد کرمنا بنی آدم در گردن من انداخت و بزمرهٔ کنتم خیر امة اخرجت للناس بعنایت خویش منسلک ساخت
و صلوة بیحد و تسلیمات بیعد و تحیات بی احصا و دعوات لا انتها بحضرت رسالت پناه سلطان تختگاه
لی مع الله نکته دان و علمک ما لم تکن تعلم روشن بیان انا افصح العرب و العجم خاتم انبیا رسول مجتبی محمد مصطفی ماه آسمان
جلالت مهر فلک رسالت شفیع یوم محشر که رایت شفاعت کبری بکف کفایت او داده اند و عاصیان امت را
درین دار ناپایدار بامید عنایت او فرستاده اند چه اگر مرهم امید شفاعت تدارک ریش دلهای گنهگاران
نکردی پیداست که حال خستگان بیمارستان جرم و عصیان بکجا کشیدی ۵ همه را از گنه شفیع توئی + اصل
جمعیت جمیع توئی + گرچه اندک بضاعتی داریم + از تو چشم شفاعتی داریم + از جناب اوست ابتدا موجودات
که هنوز حضرت واجب الوجود بمقتضای کرم وجود قرعهٔ اختیار بر صفحهٔ ایجاد نگردانیده و قابلهٔ رحمت اطفال معدوم را
از ارحام قضا بفضای تکوین نرسانیده بود که شاه بلند پرواز نور مقدسش بجناح نجاح در هوای هویه طیران می نمود
۵ کلک عنایت چو رقم ساز کرد + از همه پیش آن رقم ایجاد کرد + روزی که در جامه خانهٔ غیب
خلعت پیغمبری بر بالای والایش میدوختند و منشیان دیوان عنایت طغرای عزای نبوت و دیوان
دبیرستان هدایت منشور پر نور رسالت بنام نامیش رقم میزدند آدم علیه السلام سر از بالش خاک
برنداشته بود ۵ شد گشاده دهن تا بیشتر ز آدم و ابوت او + چون ز احمد زمانه لبست فطیر + گل آدم هنوز
بود خمیر + پیغمبریست که اوصاف جمیله اش در کتب آدم و شیث مذکور و اخلاق حمیده اش در صحائف

ادریس مرقوم و مسطور اوراق صحف ابراهیم بذکر تعظیمش مزین الواح کلیم بشرح تبجیل و تکریمش مبین زبور داود
بر دقائق محمد نعتش شامل و صحیفه حیقوق بر حقائق تکرمش مشتمل کتاب شعیا بطرح انوار مناقبش و انجیل عیسی
مطلع آثار مراتبش سیما من اقوال و افعالش را جوامع اکثر آیات قرآن جامع و مفاخر اوصاف و احوالش
از مطالب اغلب کلمات فرقان طالع سوره والشمس صفت چهره رخشان اوست + ذکر واللیل از پی گیسوی
مشک فشان اوست + سبحان الذی اسری اشتر جب او + جاهد الکفار در میدان دین جولان اوست +
قاب قوسین ابرو و مازاغ چشم دل فریب + رب زدنی جلوه های حسن بی پایان اوست + سرچه آن بر
صفحه امکان رقم زد دست غیب + از کمالات و فضائل جملگی در شان اوست + بلکه حق سبحانه جل شانه
در کلام مجید کرم از سر تا قدم آن محترم یاد میکند و از اکثر صفات صوری و معنوی خبر میدهد سر مبارک آن
سرور را که زیبنده افسر کرامت بود در لفظ لعمرک باز نمود و نرگس دیده حق دیدش را که چشم فلک در دو
شدی در روضه لا تمدن عینیک ستود و نما داد و گوش با هوشش را که مخزن جواهر اسرار حقیقت بود و قعر
بحر کنایه قل اذن خیر لکم جای قرار مقرر فرمود و آفتاب روی دل فریبش را بر اوج عنایت قد نری تقلب
وجهک از آفت زوال مامون و مفتاح زبان گوهر بارش در درج عزت فانما یسرناه بلسانک از تصرف
طبع و نفس محفوظ و مصئون و شرح سینه بی کینه اش در دفتر الم نشرح لک صدرک مذکور و سر دل
بی غل آنحضرت صلی الله علیه و آله و اصحابه در صحیفه نزل به الروح الامین علی قلبک محرر و مسطور ذکر
دستش که بحر محیط از رشک سخاوت او کف بر روز نالست در آیه و لا تجعل یدک مبین و از صفائی گردن
که بسته فرمان ملک المنان است رمز الی عنقک نشانی بعین فحوای الغض ظهرک بر صفت پشت قوی
اساسش که پشتی اولیا از و باشد مشتمل و مضمون انک لتقوم وصف پای بلند پایه اش را که فرق عرش
فرش او سر و متکفل ای ز سر تا پا چو چشم خویش عین مردمی + چون تواند بود چندین حسن در یک
آدمی و نعم ما قال الشاعر لب لعل و خط سبز و رخ زیبا داری + حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری
شیوه و شکل و شمائل حرکات و سکنات + آنچه خوبان همه دارند تو تنها داری + ای محب اگر ابراهیم
خلیل بود و اتخذ الله ابراهیم خلیلا آنحضرت صلی الله علیه وسلم حبیب رب جلیل است خلیل را بعد
ابتلا خلعت خلت دادند و اذا ابتلی ابراهیم حبیب را از اول بکسوت محبت بیاراستند و رتبه تخلق
بالیشاء و یختار ملکوت آسمان نظرگاه خلیل ساختند و کذلک نری ابراهیم ملکوت السموات نظرگاه
خلیل را قدمگاه حبیب گردانیدند ثم دنی فتدلی خلیل بخود متوجه کعبه وصال شد انی ذاهب الی ربی
حبیب بخود بارگاه جلال راه یافت اسری بعبده لیلا خلیل طلب هدایت کرد سیهدین حبیب بی طلب

دولت هدایت دادند و یهدیک صراطاً مستقیماً خلیل طلب مغفرت پیش آورد والطمع ان یغفرلی حبیب را
بمطلع این مژده فرستادند لیغفرلک الله خلیل بدعا درخواست که روز جزا مارا رسوا مگردان ولاتخزنی یوم
یبعثون حبیب را بیخواست او همین بشارت رسید یوم لایخزی الله النبی خلیل مطیعان را بخود اضافه کرد
فمن تبعنی فانه منی حبیب عاصیان را بخویش در پناه مرحمت آورد شفاعتی لاهل الکبائر من امتی خلیل منادی کننده
حج و قربان بود واذن فی الناس بالحج حبیب نداد شنیده شرع و ایمان بود سمعنا منادیاً ینادی خلیل
بخدا سوگند خورد تالله لاکیدن خدای جلیل بحبیب قسم یاد کرد لعمرک انهم لفی سکرتهم یعمهون خلیل از
غایت مقام خدمت یافت واتخذوا من مقام ابراهیم مصلی حبیب از محبت رتبه شفاعت یافت ولسوف
یعطیک ربک فترضی واگر موسی علیه السلام نجی بود و قربناه نجیاً مرتبه حبیب علیه الصلوة والسلام ازو
بیفزود اگر نجی را دستی بود چون ماه تابان تخرج بیضاء حبیب را دلی بود چون خورشید رخشان مثل نوره
کمشکوة فیها مصباح نجی بعصای از سنگ برآورد حبیب را چشمه حیات از میان اصابع روان شد نجی
رضای حق طلبید عجلت الیک رب لترضی حق سبحانه جل شانه رضای حبیب دید فلنولینک قبلة ترضیها
نجی بدعا شرح صدر طلب کرد رب اشرح لی صدری حبیب را بی آنکه طلب کند این سعادت عطا
کرد الم نشرح لک صدرک با نجی بر فراز طور در احکام شریعت سخن گفت وکلم الله موسی تکلیماً حبیب را
بر قبه نور بر اسرار خفیه اطلاع داد فاوحی الی عبده ما اوحی ٭ شنید آنجا کلامی بی آواز ٭ معانی در
معانی راز در راز ٭ لباس فهم بر بالای او تنگ ٭ سمند عقل در صحرای او لنگ ٭ ز گفتن برتر است و از
شنیدن ٭ زبان زین گفتگو باید بریدن ٭ ٭ سکیا ثنم که بود شرح کمالش هوسم ٭ کیستم من که در اوصاف
جمالش برسم ٭ من کیم در چه حسابم که صفاتش شمرم ٭ کیستم من که کنم عد خصالش چه کسم ٭ و بر ائمه اهل سعادت
و اجله فلک سیادت ملوک مقعد صدق و صفا سلاطین تخت گاه علم و علی سرافرازان مقام توحید پاکبازان
کوی تجرید ناهجان مناهج صبر و رضا واقفان مواقف حلم و حیا اعنی اولاد کبار و ائمه اطهار و اهل بیت اخیار
که خلعت جلالت انی تارک فیکم الثقلین کتاب الله وعترتی بر قامت با کرامت ایشان راست و تاج
امارت ولیطهرکم تطهیراً بر فرق شرافت ایشان بی کم و کاست می آید و بر اصحاب با اقتدار بل جمله مهاجر و انصار
هداة سبیل ایمانی اعلام طریق آسمانی ارباب صدق و حق اصحاب فضل مطلق تالیان قرآن صاحبان
کرم و احسان شموس آسمان هدی بدور فلک تقی مصاحبان درگاه رسول حاضران وحی یا دان نزول
که اصحابی کالنجوم بر وزارت و کرامت ایشان دلیلی ست ظاهر و الله الله فی اصحابی بر وجاهت و
لیاقت ایشان برهانی ست باهر و بر عشقبازان آخر الزمان که مرکب شهادت در مضمار عبودیت تاختند

وگوی عقیدت در میدان صدق می اندازند و بعد از یکهزار و دو صد و شصت و یکسال دست ارادت بدامن دولت سرور کائنات علیه افضل الصلوات والتسلیمات زده از روی نیاز با آن خواجه کارساز میگویند ع زآفرینش عالم غرض توئی شاها * همه طفیل تو و جملگی برای توایم * تو آفتابی و ما ذره ساهوا دارت * تو بادشاهی و ما بندگان گدای توایم * باشنائیت از بجز غم توان رستن * زهی سعادت وجود که آشنای توایم * نمی خوریم غم از تاب آفتاب عتاب * بروز حشر چو در سایهٔ لوای توایم * اگرچه ما بسیار مجرم کاروئی * امید وار بعفو تو و عطای توایم * والحق فضل و کمال این عاشقان وعزو جلال این از سرحد احصا متجاوز و دبیر خرد در انشار مناقب وابدار علو مناصب شان عاجز و خرد خرده دان از وقوف بر سر حد تقریر آن بعجز و قصور معترف و وهم سریع الفهم در شرح رتبی از ان با نهزار حیرت از بجز قصور معترف ع ستایش تو چه داند زبان قاصر من * که هرچه وصف تو کردم هزار چندانی * مگر ایچه زبان قرآن باثبات آن اقامت شهادت می نماید و لسان ترجمان حضرت ملک حمان اشارت می فرماید بیان را شاید که پدر ملت و صاحب خلت صلوات الله علیه از بارگاه واهب العطایا هیچ تحفه درخواست حق سبحانه دعوات او را مقرون اجابت ساخته مطالب تمسه بد و عطا فرمود والواب همان عطایا و مرامات ناخواسته بر روی امت حبیب علیه السلام بگشود یعنی خلیل از جبار جلیل دولت مغفرت طلبید که اطمع ان یغفرلی خطیئتی و بی نوایان این امت را بیطلب ایشان مژده غفران رسید لا تقنطوا من رحمة الله خلیل سند عا نمود که از رسوائی قیامت ایمن باشد و لا تخزنی یوم یبعثون نیازمندان این امت را بهمان کرامت بشارت دادند یوم لا یخزی الله النبی والذین امنوا معه خلیل مرتبهٔ وراثت جنت را مطمح نظر ساخت واجعلنی من ورثة جنة النعیم مفلسان امت حبیب را نیز بدان وراثت نامزد کردند اولئک هم الوارثون خلیل استشفاع لسائم حمین قبول درخواست فرمود ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم امیدآرزومندان این امت را بروائح قبول معطر ساختند وهو الذی یقبل التوبة عن عباده خلیل در ابتهاج توبه از رفیق توفیق استمداد نمود وتب علینا انک انت التواب الرحیم رهروان سبیل متابعت حبیب را بمدد بدرقهٔ عنایت بسر منزل همین مراد رسانیدند ویتوب الله علی المومنین و عجب تر آنکه حضرت خلیل علیه السلام را به پدری این امت نامزد کردند ملة ابیکم ابراهیم و موسی کلیم را علیه السلام منقبت خوان این جماعه ساختند یا لیت بجانب الطور اذ نادینا و حضرت رسالت پناه را صلی الله علیه وسلم بمهربانی ایشان فرموده اند و اخفض جناحک للمومنین و نیز باید شنید که از ابرای ... خزائن عنایات جاودانی بدین صدر نشینان مجالس هدایت ربانی ارزانی داشتند ...

این امت عالی همت رقم زدند یعنی آوازه خلعت خلیل را باقطار عالم رسانیدند و اتخذ الله ابراهیم خلیلا و از دبدبه
محبت این امت آفاق جهان را بدین صدا پر ساختند که بجهم دیگر خلعت اصطفا در روی پوشانیدند
ولقد اصطفیناه فی الدنیا قبای همان کرامت بر قامت استقامت این امت دوختند ثم اورثنا الکتاب
الذین اصطفینا لوای اجتبا او را در فضای عظمت برافراختند اجتباه و هداه و علم عزت ایشان را نیز بطراز
همین اعزاز مطرز و معزز ساختند هو اجتباکم صفت حنیفیه خلیل را ثابت کردند ولکن کان حنیفا عاشقان حبیب را
نیز از همین مرتبه بهره رسانیدند مخلصین له الدین حنفاء رتبه اسلام او را درجه اشتهار دادند کان حنیفا
مسلما متابعان حبیب را نیز بهمین نام مشهور عالم گردانیدند هو سماکم المسلمین حضرت خلیل را از بشارت
غلام بهره مند ساختند و بشرناه بغلام حلیم است حضرت حبیب را بابشارت اکرام بنواختند و بشر المومنین
و ابواب نجات بمفتاح رحمت بر روی موسی کلیم السلام برگشادند و انجینا موسی و نجات مناجاتیان
این گروه را بدین صورت جلوه دادند فننجیناه کذلک ننجی المومنین اول معالی او را بصفت معیت در سلک
سعادت کشیدند انی معکما اسمع و اری و در منافع معیت جاه حبیب این را در عقد احتشام منتظم گردانیدند و هو معکم
اینما کنتم اساس تقرب او را بر وجه مهر بر ساختند که و قربناه نجیا بنای قرب ایشان را برین قاعده نهادند که
اولئک المقربون او را به تیسیر امر از اقران امتیاز دادند و یسر لی امری بر ایشان نیز بهمین صورت منت
نهادند یرید الله بکم الیسر دعوت او را بهدف اجابت رسانیدند قد اجیبت دعوتکما هدیه نیاز کیشان را
نیز بشرف قبول مشرف گردانیدند و یستجیب الذین آمنوا او را مغفرت پوشانیدند فاغفر لی فغفر له ایشان را
نیز از همین ساغر جرعه نوشانیدند یغفر لکم او را از مهالک خوف بسر منزل امان رسانیدند لا تخف انک
من الآمنین ایشان را نیز بمعاونت فائده امن از خوف و خطر رهانیدند اولئک لهم الامن شرف او را تعظیم
تسلیم بر جهانیان واضح گردانیدند سلام علی موسی حرمت این امت را باکرام سلام بر عالمیان لائح
ساختند سلام قولا من رب رحیم و گلشن کمال حبیب را بگلبن اتمام نعمت بیاراستند و یتم نعمته علیک
چمن اقبال متابعانش را بریحان همین صفت معطر ساختند و اتممت علیکم نعمتی صدای کوس نصرت
آنحضرت را باسماع عالمیان رسانیدند و ینصرک الله نصرا عزیزا و صیت صفت منصوریه پیروانش را
در زوایای آفاق و اقطار جهان ظاهر گردانیدند و کان علینا نصر المومنین لب غنچه فتح مبین را در ریاض
اقبالش به نسیم عنایت خندان کردند انا فتحنا لک فتحا مبینا و شگوفه فتح قریب را در بساتین افضال
مطیعان بشعاع حمایت شگفته نمودند و اثابکم فتحا قریبا تاج و تاج نزول سکینه بر فرق شرف
حبیب خود نهادند فانزل الله سکینته علیه و دواج همین صفت بمتابعت او بر کتف شرف امت او

الحمد للہ ہو الذی انزل السکینۃ فی قلوب المؤمنین ثم رحم اللہ علیہم اجمعین بعد ازین بندۂ مسکین بہزار گناہ خجل و غمگین ننگ دودمان مجد و شرافت بدنام کن سلسلۂ اہل سعادت امیدوار مغفرت ایزدی و سزاوار شفاعت جناب احمدی فقیر حقیر ابو المحسن حسن علوی ابن رئیس اذکیا خاتم اصفیا جامع علم معقول و منقول حاوی فروع و اصول حامل شرع نبوی مولانا ابو الحسن حسین علوی ابن غوث عارفان قطب کاملان متوکل علی اللہ عارف باللہ حامل ولایت مرتضوی عاشق جمال مصطفوی حضرت شاہ تقی محمد قلندری علوی ساکن کاکوری بخدمت اصحاب صدق و صفا و ارباب ذہن و ذکا التماس میسازد کہ بہترین کاری کہ لائق اسافل و اعالی و قابل صرف ایام و لیالی بود دریافت احوال انبیا و استماع قصص اصفیا است کہ در ہر قصہ عبرتی و در ہر حکایت عبرتی و کتاب قصص الانبیاء بزبان فارسی ہرچند جامع حالات انبیاست الا از کسوت صحت عاری و از نکات و لطائف محض خالی شاید این کتاب از دست اہل تحریف باین مرتبہ رسیدہ یا از تصحیف کاتبین و ترسیم ناقلین بدین رتبہ کشیدہ ورنہ مترجم این کتاب بی تعیین و از جملۂ اصحاب صدق و یقین است فلہذا از مدتی بخاطر داشتم کہ قصص انبیا و احوال اصفیا از کتب تفاسیر مستندہ و احادیث معتمدہ و تواریخ و سیر معتبرہ بزبان اردو نویسم تا مفید عوام شود و نکات تفسیریہ و تنبیہات خوش کہ متعلق آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ باشند بیان نمایم تا مقبول نظر خواص افتد الا بسبب انواع تعلق خاطر و اصناف تشتت باطن کہ موانع این عمل اند کار بجائی نرسید درین عرصہ کہ سنہ یکہزار و دوصد و شصت ١٢٦١ و یک ہجریہ علی صاحبہا الف الف تحیہ بودہ است روزی از عالم غیب الہامی کردند کہ مکنون خاطر خود را ظاہر کن و اینچنین وقت را از مغتنمات شمار و بدان کہ زمان روز و شب کہ درین کار خیر صرف خواہی ساخت کاتبین اعمال آنرا در عبادات و مجاہدات خواہند نوشت و بروز قیامت بدستت خواہند داد و دمی کہ بگوشۂ نشستہ فکر تالیف خواہی کرد نقد وقت اینست کہ از گناہان ظاہری بلکہ باطنی ہم محفوظ و بادراک حالات حضرات انبیا علیہم التحیۃ والثنا محظوظ خواہی ماند و اگر از قصص و حکایات این مقبولان درگاہ حضرت حق پیدا خواہی نمود عجب مدار کہ از دنیا و ما فیہا بی تعلقی حاصل گردد و آخر کار بحسن خاتمہ انجامد بہمین تصور بودم کہ بعض احباب خصوص شیخ صاحب مظہر عنایت و کرم منشی الہی بخش سررشتہ دار دیوانی ضلع مین پوری کہ درین عرصہ ترجمۂ مشکوۃ شریف از فقیر میخواہند درینباب تاکیدی شدید و اصراری بلیغ فرمودند ناگزیر با وجود اکثر موانع و عوائق و بہمہ آنچہ مکنون خاطرم بود بر لوح اظہار نقش کردن شروع کردم و نام این کتاب تفریح الاذکیاء فی احوال الانبیا تجویز نمودم

غرض نقشیست کز ما یاد ماند + کہ ہستی را نمی بینم بقائی +

و درین ہنگام کہ تالیف این کتاب میکنم از کتب تفاسیر و احادیث و عقاید و سیر و تصوف و فقہ و اصول و قصص ہمچو معالم التنزیل

تصنیف محی السنہ ابو محمد حسین ابن مسعود البغوی شافعی و مدارک التنزیل تصنیف ابو البرکات حافظ الدین عبد اللہ
نسفی حنفی و تفسیر کبیر تصنیف امام فخر الدین رازی صدیقی شافعی و تیسیر تصنیف ابو القاسم عبد الکریم قشیری
و کشاف تصنیف ابو القاسم محمود جار اللہ زمخشری در عقائد معتزلی و در فقہ حنفی و انوار التنزیل تصنیف ابو محمد
بیضاوی شافعی و رحمانی تصنیف فقیہ علی مہایمی و جواہر القرآن و یاقوت التاویل و تفسیر سورۂ یوسف بحر عشر
تصنیف امام حجۃ الاسلام محمد غزالی و البسیط تصنیف علی واحدی نیشاپوری و بحر مواج از قاضی شہاب الدین
شمس عمر دولت آبادی و احمدی از مولانا غلام مصطفے معروف بملا جیون حنفی امیٹھوی و در منثور از جلال الدین
سیوطی و جلالین از جلال الدین مذکور و جلال الدین محلی و حسینی و جواہر ہر دو از مولانا حسین واعظ کاشفی
و زاہدی از ابو محمد مختار مکنی بہ نجم الدین محمود و قرآن القرآن و اکبر و اسرار الفاتحہ و خازن و سعدان الجواہر و سراج المنیر
و عزیزی تصنیف حضرت قدوۃ المحققین استاذ الاستاذ مولانا عبد العزیز محدث دہلوی و نظم الجواہر تالیف محمد ولی اللہ
حسینی فرخ آبادی باسطی نقشبندی و انیس العاشقین در حال یوسف علیہ السلام و موضح القرآن ترجمہ
شاہ عبد القادر دہلوی و فتح الرحمن ترجمہ قرآن از مولانا ولی اللہ دہلوی و صحیح بخاری و صحیح مسلم و نسائی
و مشارق و ترمذی و مشکوۃ و شروح آن از طیبی و علی قاری و شیخ عبد الحق دہلوی و عین العلم مع شروح آن
و زہرۃ الریاض و تنبیہ الغافلین و منہاج المسترشدین و فتوحات مکی و فصوص الحکم ابن عربی و شروح فصوص
لعلی قاری و ملا جامی و محب اللہ الہ آبادی و نفحات و رشحات و لمعات و تمیمات و اخبار الاخیار و جذب القلوب
مدارج و شواہد و معارج و مواہب و درج الدرر و اخبار الدول و شرح مثنوی مولانا عبد العلی و روضۃ الاحباب
و کتاب الملل و النحل و بہجۃ المحافل و تاریخ یافعی و ابن خلکان و تاریخ فرشتہ و زین القصص و تکملۃ القصص
و شفای قاضی عیاض و لب التواریخ و خلاصۃ التواریخ و فتاوی عالمگیری و در مختار و عینی شرح کنز بشیب
نظر است چشمداشت از صاحب نظران بلند فکرت و ارباب استعداد ارجمند فطرت آنکہ اگر در محلے ازین
کتاب مشکلے پیش آید و از ان زلت قدم و لغزش قلم محرر رو نماید تتبع کتب مذکورہ نمایند و دم باصلاح
زنند و اگر اصلاح و تصحیح دست ندہد دل بغل خود را بر مضمون خذ ما صفا و دع ما کدر داشتہ کار تصحیح
و اصلاح بر دیگران گذارند کہ واللہ ما انا من فرسان ہذا المیدان ولا من حاملی لواء ہذا الشان و از حضرت
واہب العطایا تعالت آلاؤہ چنان میخواہم کہ بکرم وافر و فضل متواتر و احسان قدیم و انعام عمیم این خلعت خانہ
گدائی را بآخر تعمیر رساند و داعی را باتمام آن موفق گرداند و خاص و عام را از فوائد و تنبیہات این رسالہ
تفریح و نفع کامل بخشد و مؤلف بی بضاعت را بحسن نیت و طیب طبیعت جزای جزیل دہد لا الہ الا ہو ربی توکلت
علیہ ہو حسبی و نعم الوکیل و صلے اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ++

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد غیر محدود وستایش مبرا از آلایش اُس درگاہ مے نیاز سے راجع ہے کہ جسنے بیک کلمہ کن بالائے عرش سے زیر فرش تک
پیدا فرمایا وشکر وسپاس تقدس اساس اُس منعم کریم کارساز کولائق ہے کہ اُسنے ابتدا سے انتہا تک انواع
افضال ونعمتون سے ممنون وشاکر کیا نفوس وارواح وجوارح واعضا آفریدہ کو طاقت نہین کہ اپنے
آفرینندہ کی ستایش کرسکے وبندہ بہزاران ہزار گناہ شرمندہ کو کیا لیاقت کہ مدح گوئی ایزد پاک مین بارن راہی
کرسکے ؎ ازدست وزبانِ کہ برآید ✤ کز عہدۂ شکرش بدر آید ✤ والحق سلسلہ انعام واکرام انقطاع پذیر
نہین پس انتہار شکر وسپاس جز عجز وتقصیر نہین ؎ بیچارہ آدمی کہ درین کارخانہ اش ✤ در نیم ذرہ دعوے
قدرت بود وفضول ✤ مشکل تر انکہ گر برسد معترف بعجز ✤ آنہم نبود قدرتِ او کم فتد قبول ✤ ودرود نامعدود از ازل سے
ابد تک اُس جوہر پاک شہنشاہ سریر لولاک پر ؎ جسکی صورت کے تبیین خامۂ نقاشِ ازل ✤ کھینچکر دست مصور
مین پڑا آپ اُچھل ✤ ہزار جان سے نثار ہو کہ اُسنے گم گشتگان بادیہ ضلالت اور بت پرستی اور مستغرقان بیابے
غوایت اور بد مستی کو شمع ہدایت کے نور سے راہ مستقیم دکھلائی اور طالبان دین حقیق وسالکان طریق
توفیق پر یدرواخ نور وسرور کے شاہراہ بنائے کہ جو چاہے بے تکلف مقام قرب وحضور مین چلا جائے اور
جس وقت کوئی ارادہ کرے نُنے تامل محل فرحت سرور مین مقام فرماوے ؎ کون وہ جسکے قدم سے ہوا موجود
عدم ✤ اُسکے مقدم کی بشارت سے ہوا خوش آدم ✤ بلکہ آدم سے لگا تا بہ مسیح مریم ✤ ہر نبی کو یہ بشارت تھی
کہ وہ شاہ امم ✤ عنقریب آتا ہے عالم مین بصد عزو حشم ✤ دیکھیو اُسکی رسالت کی چمک کا عالم ✤ جس جگہ اُسکے
کفِ پا کا نشان ہوویگا ✤ سالہا سجدۂ صاحب نظران ہوویگا ✤ ہر چند فرس زبان کو میدان ثناخوانی مین
اسطرح روکتا ہوا ؏ جسکے رتبہ کو ملک کر نہین سکتے ادراک تو تو خاکی ہے بھلا مدح کریگا کیا خاک لیکن زمام اختیار
اُسکے قبضۂ اقتدار سے نکلی جاتی ہے پھر طوطی شکرین مقال خامہ کو برابر آئینہ بیان کے بٹھلا کے یون کہتا ہون
؎ زین رشتہ شدم گسستہ امید ✤ خاکی چہ کند سپاس خورشید ✤ مگر وہ تو یہ کہتی ہے ؎ حرام دانم با دیگران
سخن گفتن ✤ کجا حدیث تو آید سخن دراز کنم ✤ ہزار گونہ بہ لنگم بہر ہم کہ بربند ✤ سبب کہ آن لب تست ترک و ناز کنم ✤
بالجملہ فرس بیان میدان ثناخوانی مین از خود مطلق العنان ہے اور طوطی فصیح اللسان قفس مدح گوئی مین
بنجود عذب البیان ہو تالی قرآن کہ زیبای ردو مودا لفصحے وافصل از انہے ودلربا ہے جسمت جو

ولسوف یعطیک ربک فترضٰی آیت عزت وتمکنت و لکن رسول اللہ وخاتم النبیین وصحیفہ حشمت
وشوکت وما ارسلناک الا رحمۃ للعٰلمین بیان جلوت انا سنلقی علیک قولا ثقیلا ونشان خلوت
فاسجد لہ وسبحہ لیلا طویلا تخفیف حال ووضعنا عنک وزرک وتشریف کمال ورفعنا لک ذکرک انجاح حاجت
فلنولینک قبلۃ ترضیہا واصلاح وعوت انما انت منذر من یخشیہا قوت عزم فاذا عزمت فتوکل علی اللہ
وغایت صبر واصبر وما صبرک الا باللہ قرب منزلت دنی فتدلی وعلو مرتبت فکان قاب قوسین او ادنےٰ
پاکی جامہ وثیابک فطہر وگرمی ہنگامہ وربک فکبر ثبات قدم لاتکن کصاحب الحوت ورفعت ہمم توکل
علی الحی الذی لایموت وصف ملازمان بارگاہش السابقون الاولون ومدح کشتگان صف باجاہش
بل احیاء عند ربہم یرزقون کمال محبت ما ودعک ربک وما قلی ومال مودت وللآخرۃ خیر لک من الاولیٰ
حوض مورود انا اعطیناک الکوثر ودشمن مردود ان شانئک ہو الابتر رقیمۂ سیادت یٰس والقرآن الحکیم
وقبیلۂ سعادت انک لتہدی الی صراط مستقیم صحیفۂ احکام تنزیل من الرحمٰن لطیفۂ اعلام الرحمٰن علم القرآن
خلق بزرگوار انک لعلی خلق عظیم ولطف بیشمار وبالمؤمنین لرؤف رحیم جہد تمام فاذا فرغت فانصب وتوجہ
و ام الی ربک فارغب معراج کرامت سبحان الذی اسریٰ وتسہیل امت سیجعل اللہ بعد عسر یسرا تحمل محنت
فاصبر صبرا جمیلا وتحمل خدمت قم اللیل الا قلیلا سیامن ارشاد نزلنا علیک القرآن تنزیلا ووظائف اوراد
واذکر اسم ربک بکرۃ واصیلا مسجد پر نور لمسجد اسس علی التقویٰ ومزید ذوق وحضور سنقرئک فلا تنسیٰ قیام
نماز فصل لربک وانحر سند راز فانہ نزلہ علی قلبک دین پسندیدہ ان الدین عند اللہ الاسلام وقبلۂ برگزیدہ
فول وجہک شطر المسجد الحرام اصحاب بزرگوار من المہاجرین والانصار رفیق باتوفیق نیکوکار ثانی اثنین
اذ ہما فی الغار داماد عالیقدر انما ولیکم اللہ واستاد شرح صدر الم نشرح اللہ طہارت خاندان ویطہرکم تطہیرا
وکمالات دودمان ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا طرف جلوات یہدیک صراطا مستقیما و
تحفہ صلوات صلوا علیہ وسلموا تسلیما ؎ ای گفتہ لطف حق بخودی خود ثنا ٭ ما از کجا و مدح وثنای
تو از کجا ٭ ماخود کہ ایم تا زثنای تو دم زنیم ٭ در معرض لعمرک ولولاک والضحیٰ ٭ لطف خدای جملہ کمالات خلق را
بگجز و کردہ وداد بدو نام مصطفیٰ ٭ ای عزیز اگر آدم ابوالبشر علیہ السلام کو علم اسماء سے واقف کیا وعلم آدم الاسماء
کلہا خاتم الانبیا ابوالارواح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اسم اور مسمیٰ کا عالم بنایا وعلمک ما لم تکن تعلم اور اگر آدم علیہ السلام
کو فرشتون نے بطریق تحیہ سجدہ کیا کہ فسجدوا الا ابلیس اولاد آدم کو مومنون اور فرشتون اور اللہ صاحب نے
درود بھیجا امر تحیہ کیا ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما آدم
علیہ السلام نے ملک بہشت پر پیشانی جھکائی خاتم علیہ الصلوٰۃ نے گوشۂ چشم سے بطور ہمت نظر بھی نہ ڈالی

ما زاغ البصر وما طغی اعلیٰ ہذا اکثر انبیاء اولوالعزم کو وقت خطاب بندا سے علامت مخاطب فرمایا کہ یا آدم اسکن و یا نوح اہبط و یا ابراہیم عرض و یا موسیٰ انی انا ربک یا داؤد انا جعلناک خلیفۃ و یا زکریا انا نبشرک و یا یحییٰ خذ الکتاب یا عیسیٰ ابن مریم اذکر نعمتی اور جب نوبت خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پہونچی تو بہ ندا بکرامت یاد کیا یا ایہا النبی انا ارسلناک و یا ایہا الرسول بلغ اور رحمت کاملہ اولاد ابرار و اصحاب اخیار سید مختار پر کہ آنکے باعث سے قواعد کفر و ضلالت و رسوم شرک و جہالت کے معدوم ہوئے اور راہ طریقت و معارف حقیقت طالبین حقائق کو انکے سبب سے معلوم ہوئے آیۂ مباہلہ انکے علو شان پر دال و کتب و صحائف سابقہ انکی حشمت و عزت کے بیان میں ہم مقال خلعت خیر القرون من و کمنی انکے قامت باکرامت پر راست آتا ہے اور راہ جاہ السابقون الاولون انکے اقبال سے نظر پڑتا ہے انہیں کی سعی سے انوار شریعت مکمن غیب سے عرصۂ شہادت میں پہونچے اور رایات کلمۃ اللہ ہی العلیا مرکز خاک سے دائرۂ فلک تک بلند ہوئے بساط شریعت انکے سبب سے مبسوط اور اساس معرفت انکے باعث سے مضبوط بعد انکے تابعین و اتباع تبع پر کہ نادیدہ شوق لقائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں جان عزیز دیتے ہیں اور شرف متابعت اور طاعت پر مباہات اور افتخار کرتے ہیں بعد ازاں فقیر بے بضاعت معروف بصفت غباوت احقر الخلیقۃ بل لا شئ فی الحقیقۃ امیدوار مغفرت ذو المنن ابو المحسن حسن علوی نسب حنفی مذہب قلندری مشرب ساکن کاکوری من مضافات دار الخلافہ لکھنؤ ابن قدوۂ ارباب معرفت و کمال و اسوۂ اصحاب جد و حال خشندہ آفتاب آسمان بلند اختری فروزندہ شمع ایوان سخن گستری جامع فضائل علمی و عملی حاوی مقاصد حکمی و ازلی کاشف غوامض دقائق پردہ کشائے عرائس حقائق فی جمیع العلوم فریدیاً فی علم اللادب التواریخ وحید مولانا ابو الحسین شہید علوی بن قطب کاملان غوث عارفان سردار متوکلان خاتم اہل عرفان آفتاب سپہر ولایت آسمان فضل و کرامت قبلۂ ارادت کیشان عقیدت گزین و کعبۂ سجدہ گزاران فرسودہ جبین حضرت شاہ میر محمد قلندر علوی ابن حضرت شاہ محمد کاشف سبز پوش چشتی ابن حافظ قرآن شیخ خلیل الرحمٰن شہید بن شیخ عبد الرحمٰن بن حافظ غلام محمد بن شیخ سیف الدین بن شیخ ملا ضیاء اللہ بن شیخ مولانا عبد الکریم قادری بن حافظ شیخ شہاب الدین قاری المعروف بشیخ سوندھن و سوندھن صاحب بن مخدوم معظم شیخ نظام الدین قاری قادری معروف بشاہ بھکاری و شیخ بھیکہ بن قاری امیر سیف الدین بن قاری امیر حبیب اللہ نظام الدین معروف بامیر کلان بن قاری امیر نصیر الدین دلیل اللہ بن محمد صدیق معروف بابی محمد خافی قاری بن شیخ عبد اللہ قاری بن شیخ عبد الصمد قاری بن شیخ امیر شمس الدین خرد المعروف بالقاری المحقق صاحب جمع الجوامع الکبیر فی لغات الاحادیث و التفاسیر بن القاری عبد المجید دربان آستانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بن حاج الحرمین سلطان قاری بن امیر ابراہیم قاری نواسہ و خلیفہ سید عبد الرزاق بن حضرت غوث الاعظم عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بن امیر سلطان ابن عبد اللطیف قاری بن امیر عبد اللہ خافی بن امیر مولانا شمس الدین صابر بن امیر مجید الدین خافی قاری بن امیر سلیمان قاری مفسر کلام باری بن مولانا وجیہ الدین احمد قاری بن حافظ احمد قاری بن امیر امام علی

بن امام محمد بن حنفیہ بن امیر المومنین و یعسوب المسلمین ابو تراب علی مرتضے اسد اللہ الغالب بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ یہ التماس کرتا ہے کہ اس ہیچمدان کو ابتداے سن شعور سے علم فقہ و تفسیر و اصول و احادیث رسول مقبول کا شوق دامنگیر اور تواریخ و سیر کا ذوق گلوگیر ہے اور علوم ضالہ مضلہ سے سخت نفرت اور فنون فلسفہ سفسطہ سے نہایت وحشت ہے خصوص چند روز سے قصص انبیا اور حالات اصفیا سے بلحاظ فوائد دینیہ ایک نوع کا عشق ہوگیا ہے کہ جب نوکری سے فرصت ملتی ہے تو صرف اوقات باقیہ اکثر اسی مین کرتا ہون اور بخیال عبرت و تصور بصیرت اسی کی تصحیح مین سرگرم رہتا ہون اس عرصہ مین جو کتاب اس فن کی نظر پڑی فوائد و نکات سے خالی ملی بلکہ بعض تو کسوت صحت سے بسبب خلط روایات کتب بنی اسرائیل کے عاری پائی گئی لہذا اکثر اوقات دل چاہتا تھا کہ اگر فرصت ملے اور اطمینان بھی حاصل ہو تو قصص انبیا علیہم السلام کتب معتبرہ تفاسیر اور حدیث سے نکال کر بالبسط و التفصیل زبان اردو مین لکھون تاکہ فائدہ عام ہو اور جو آیات قرآنیہ متعلق قصہ مندرج ہون انکے بعض نکات و مسائل و فوائد بھی بیان کرون تاکہ فائدہ خاص بھی ہو اسی تصور مین کئی برس گذرے اور خیال اسکا روز و شب رہا اب کہ سنہ ایک ہزار دو سو اکسٹھ ہجری ہے بعض احباب باوفا و اصحاب با صفا اظہار اس سرگذشت پر مصر ہوے خصوص معدن اشفاق و مخزن اخلاق شیخ الہی بخش صاحب سررشتہ دار عدالت دیوانی ضلع مین پوری نے نہایت اصرار کیا ناگزیر با وصف عدم فرصت و قلت بضاعت اس امر جلیل الشان پر بتوقع فضل ایزد منان بسر و چشم مستعد ہوا اور کتب معتبرہ تفاسیر و احادیث و سیر وغیرہ کو روبرو رکھ کر اور عالم کی پیدائش سے بعد تحریر خطبہ عربی فارسی لکھنا شروع کیا اور ائمہ اہل بیت کے حال پر ختم کیا اور منقسم کیا مین نے اس کتاب کو ایک مقدمہ اور چھبیس تفریحات اور ایک خاتمے اور ایک تتمے اور ایک تکملے پر


| | | | |
|---|---|---|---|
| مقدمہ دربیان خلقت عالم | تفریح اول دراحوال حضرت آدم علیہ السلام | تفریح دوم دراحوال حضرت شیث علیہ السلام | تفریح سوم دراحوال حضرت ادریس علیہ السلام |
| تفریح چہارم دراحوال حضرت نوح علیہ السلام | تفریح پنجم دراحوال حضرت ہود علیہ السلام | تفریح ششم دراحوال حضرت صالح علیہ السلام | تفریح ہفتم دراحوال حضرت ابراہیم علیہ السلام |
| تفریح ہشتم دراحوال حضرت لوط علیہ السلام | تفریح نہم دراحوال حضرت اسمعیل علیہ السلام | تفریح دہم دراحوال حضرت اسحق علیہ السلام | تفریح یازدہم دراحوال حضرت یعقوب علیہ السلام |
| تفریح دوازدہم دراحوال حضرت یوسف علیہ السلام | تفریح سیزدہم دراحوال حضرت ایوب علیہ السلام | تفریح چہاردہم دراحوال حضرت شعیب علیہ السلام | تفریح پانزدہم دراحوال حضرت موسیٰ علیہ السلام |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تفریح شانزدہم در احوال یوشع علیہ السلام | تفریح ہفدہم در احوال حزقیل علیہ السلام | تفریح ہیجدہم در احوال حضرت الیاس علیہ السلام | تفریح نوزدہم در احوال الیسع علیہ السلام |
| تفریح بستم در احوال شموئیل علیہ السلام | تفریح بست و یکم در احوال حضرت داؤد علیہ السلام | تفریح بست و دوم در احوال سلیمان علیہ السلام | تفریح بست و سوم در احوال شعیا و ارمیا علیہما السلام |
| تفریح بست و چہارم در احوال عزیر علیہ السلام | تفریح بست و پنجم در احوال یونس علیہ السلام | تفریح بست و ششم در احوال زکریا و عیسیٰ و یحییٰ علیہم السلام | خاتمہ در احوال سید المرسلین و خاتم النبیین صلعم |

تتمہ در احوال شہادت حسنین و تکملہ در بیان بعض حالات
بعض حالات سید ابرار علیہم السلام ائمہ اطہار علیہم السلام


اب امید خدا سے یہ ہے کہ یہ کتاب مقبول نظر اہل دلان و مطبوع طبع طالبان واقع ہو اور توقع طالب علمان با انصاف سے یہ ہے کہ جس جگہ لغزش قلم نظر پڑے وہان قلم اصلاح بہتر ہے اور مجکو بدعاے سلامتی ایمان و حسن خاتمہ یاد فرما دین وما توفیقی الا باللہ وہو حسبی ونعم الوکیل وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ واتباعہ وازواجہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین اللہم اجعل آخر کلامی اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمداً رسول اللہ

مقدمۃ الکتاب علماے اسلام و فضلاے ذوی الاحتشام حسب حدیث حضرت خیر الانام علیہ التحیۃ والسلام کان اللہ ولم یکن معہ شیئا کہتے ہین کہ سواے ذات پاک واجب الوجود کے کوئی شی موجود نہ تھی بلکہ جمیع موجودات بقدرت کاملہ پردۂ عدم سے عرصۂ وجود مین آئی اور تمام اہل ملل بلکہ مجوس بھی اسکے حدوث پر یقین واثق رکھتے ہین مگر اختلاف ہے کہ اول مخلوقات کیا چیز ہے روضۃ الاحباب مین ہے کہ بعضے کہتے ہین عقل ہے اور بعضے اہل تحقیق کہتے ہین کہ سید مخلوقات نور محمدی صلعم ہے اور بعضے کہتے ہین کہ اولین مخلوقات قلم ہے اور منشا اختلاف احادیث خیر الانام علیہ الصلوۃ والسلام واقع ہوئی ہین ایک اول ما خلق اللہ العقل فقال لہ اقبل فاقبل ثم قال لہ ادبر فادبر فقال وعزتی وجلالی بک اعطی وبک امنع وبک اثیب وبک اعاقب دوسری اول ما خلق اللہ القلم تیسری اول ما خلق اللہ نوری لیکن اہل تحقیق جمع بین الاحادیث بر تقدیر صحت یون فرماتے ہین کہ اولیت دو قسم ہے حقیقی و اضافی سو اول حقیقی نور حضرت صلعم ہے اور اول اضافی عقل و قلم ہین یعنی مجردات مین اول مخلوق عقل ہے اور اجسام مین قلم اور بعضے کہتے ہین کہ اولین انوار نور حضرت صلعم ہے اور اولین عقول وہ عقل ہے جسکو حکم اقبال و ادبار دیا گیا اور اسنے قبول کیا کہ مقبول درگاہ ہوئی اور اولین اقلام وہ ہے جسنے بحکم الٰہی تقدیرات اشیا لوح مین لکھے اور بعضے کہتے ہین کہ احادیث ثلثہ سے صرف تعدد اسما پایا جاتا ہے مگر مراد ایک ہی ہے اور تعدد اسما محض باعتبار حیثیات کے واقع ہے

مقدمۃ الکتاب

پس باین حیثیت کہ مبدء ذات خود اور جمیع اشیا کا دریافت کرے اُسکو عقل کہتے ہین اور اِس حیثیت سے
کہ کمالات محمدیہ پرتو نور مطلق ہی ہین نور محمدی کہتے ہین اور باین حیثیت کہ نقوش علوم جمیع مصنوعات
مین بالوح مین بواسطہ اُسکے ہوا قلم کہتے ہین مین کہتا ہون کہ جس طرح ایک شخص کو از روے حیثیات مختلف
دادا نانا باپ چچا بھائی بیٹا کہتے ہین اِسی طرح یہ معاملہ ہے اور بعضے کہتے ہین اولین مخلوقات لوح ہے
اور بعض احادیث سے واضح ہے کہ عرش و پانی قلم سے پیشتر پیدا کیے گئے ہین ولہذا شُرّاح حدیث اول
ما خلق اللہ القلم کو حمل کرتے ہین اِس بات پر کہ بعد خلقت عرش و آب کے اول قلم کو پیدا کیا بعد ازان
لوح کو معالم التنزیل مین ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ لوح محفوظ مروارید سفید کی ہے اور اُسکے
کنارون پر یاقوت کی پٹّیان جڑی ہین اور دونون دفتیان اُسکی یاقوت احمر کی ہین اور
طول مقدار مسافت ما بین السماء والارض اور عرض مقدار ما بین المشرق والمغرب اور قلم نور سے
کلام قدیم اُسمین مندرج ہے اور سر اُسکا عرش کے داہنی طرف لٹکا ہے اور پائین اُسکا ایک فرشتے
جو عرش کے داہنے قائم ہے رکھا ہے اور پیشانی لوح پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ وحدہ دینہ الاسلام ومحمد
عبدہ ورسولہ فمن آمن باللہ عز وجل وصدق بوعدہ واتبع رسولہ ادخلہ الجنۃ اور ثعلبی نے حضرت انس رضی اللہ
عنہ سے روایت کیا ہے کہ لوح محفوظ حضرت اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہے اور سیوطی
نے اتقان مین لکھا ہے کہ از روے حدیث ثابت ہے کہ ایک لوح خدا کے حضور مین ہے اُسمین
ایک سو پندرہ شریعتین لکھی ہین اور اللہ صاحب فرماتے ہین کہ قسم ہے مجکو عزت وجلال کی کہ جو کوئی
ایمان لاوے ایک شریعت کا تو مین اُسکو داخل کرون جنت مین اور بعض کتب حدیث مین حضرت
ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ اللہ نے اول قلم کو پیدا کیا کہ طول اُسکا پانسو برس کی راہ اور عرض چالیس برس کی
راہ تھی بعد اُسکے فرمایا کہ اے قلم لکھ قلم نے کہا کیا لکھون فرمایا لکھ جو کچھ کہ میرے علم مین قیامت تک واسطے
مخلوقات کے مقدر ہے سو لکھا قلم نے جو کچھ مقدر تھا عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مشکوٰۃ مین روایت
ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لکھین اللہ نے تقدیرین قبل پیدا کرنے آسمان و زمین کے
پچاس ہزار برس اور فرمایا کہ تھا عرش رب العالمین پانی پر اخبار الدول مین ہے کہ جس قلم نے تقدیرات
اشیا لکھی ہین اُسمین قط لگا ہے اور بجاے مداد نور ٹپکتا ہے اور عبد اللہ بیضاوی نے انوار التنزیل
مین کریمہ ہو الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام وکان عرشہ علی الماء کی تفسیر مین لکھا ہے کہ قبل
پیدائش آسمان و زمین کے عرش الٰہی پانی پر تھا اور کوئی شے حائل نہ تھی نہ یہ کہ عرش پانی کی پشت پر
تھا یا متصل اُس سے تھا اور اسی آیہ سے استدلال کرتے ہین کہ اول حادث اجرام اقسام عالم مین سے

اور زمخشری نے کہا ہے کہ یہ آیت دلیل ہے اسپر کہ عرش دریائی قبل آسمان و زمین کے پیدا ہوئے ہین
اور شیخ ابن حجر فرماتے ہین کہ مراد آب سے آب دریا نہین ہے بلکہ وہ پانی ہے جسکو خدا نے زیر عرش جسطرح
چاہا پیدا کیا اور احتمال ہے کہ آب دریا مراد ہو کیونکہ جاہین عرش دریا مین ہین اور بعضے کہتے ہین کہ عرش
کا پانی پر ہونا اشارہ ہے قدرت سے واللہ اعلم پوشیدہ نرہے کہ پیدائش نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کی
کیفیت مین روایتین مختلف وارد ہین مگر حاصل سب کا یہ ہے کہ حضرت حق نے کئی ہزار برس پیش از آفرینش
عرش و کرسی و قلم و لوح و آسمان و زمین و ملک و بہشت و دوزخ و حور و قصور و وحوش و طیور و جن و انسان
وغیرہ اشجار و نباتات کے نور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا پھر اُسکو عالم قدس مین تربیت کیا کہ گاہے
سجدہ کرایا اور گاہے صرف تقدیس و تسبیح مین مشغول رکھا اور اُس نور کے قیام کو پردے نے انتہا
بنائے اور ہر ایک پردے مین تسبیح خاص اپنی تعلیم فرمائی پھر اُسکو پردون سے باہر نکالا تو اسمین ایک کیفیت
تنفس کی ظاہر ہوئی کہ اُس سے ارواح انبیا و اولیا و صدیقین و شہدا و مومنین و ملائکہ پیدا ہوئے پھر اُسکو اللہ نے
تقسیم کیا اور عرش و کرسی وغیرہ پیدا کیے اور آسمان و زمین کو سات سات طبق کر کے ایک ایک طبقہ واسطے
استقرار خلق کے معین کیا بعد اُسکے ایک قبضہ خاک سفید و پاک موضع قبر حضرت صلعم سے اُٹھا کر اُسی
نور سے ملایا اور حضرت جبرئیل نے بحکم رب جلیل آب تسنیم سے تخمیر کر کے فوراً انہار جنت مین غوطہ دیا اور
آسمان و زمین و جبال و بحار پر عرض کیا کہ سب نے قبل خلقت آدم ابو البشر علیہ السلام کے بخوبی پہچان
رکھا چنانچہ حدیث مشکوٰۃ المصابیح مین عرباض بن ساریہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے انی عند اللہ
لمکتوب خاتم النبیین وان آدم لمنجدل فی طینتہ یعنی مین لکھا گیا ہون خاتم الانبیاء
یعنے میرے بعد کوئی نبی نہوگا اور البتہ آدم پڑے تھے اپنی مٹی مین ولنعم ما قیل ؎ گسترده در سرای نبوت
بساط او ✿ و آدم ہنوز رخت نیاورده از عدم ✿ حقیقت یہ ہے کہ حضرت حق نے اول تجلی جو اپنی ذات پر فرمائی
وہی تعین اول و حقیقت محمدیہ ہے اور باقی موجودات کے حقائق اُسکے اجزا و تفاصیل ہین اہل معانی فرماتے
ہین کہ روح پاک آنجناب صلعم بنا بر تربیت ارواح عالم ارواح مین رکھی گئی کہ ارواح نے تربیت پائی جسطرح
اس عالم مین مربی اجساد بنکے بھیجا کہ ہدایت کاملہ ہوئے مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات مین امیر المومنین
علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا ہے کہ جب ارادہ الٰہی ایجاد موجودات اور ابداع مخلوقات سے
متعلق ہوا تو ایک نور بصورت حضرت صلعم اپنی ذات سے پیدا فرمایا اور اپنے علم مین اُسکو پوشیدہ کیا
اور بعد مدت کے عالم کو قائم کیا اور زمان کو کھولا اور پانی نکالا اور کف کو جوش دیا اور ہوا چلائی اور عرش کو
پانی پر رکھا اور زمین کو بچھایا اور سب سے اپنی اطاعت قبول کرائی پھر فرشتے پیدا کیے اور توحید حق و نبوت

حضرت کا اقرار لیا اور بعد پیدا کرنے آدم علیہ السلام کے اُس نور کو پیشانی آدم علیہ السلام مین ودیعت فرما کے عہد لیا کہ اسکو اصلاب طاہرہ مین نقل کرتے رہو اور جب نوبت ظہور اُس نور کی پہونچی تو علم دعوت بلند فرمایا سو جو کوئی اوس نور مین در آیا اُسنے ہدایت پائی اور جو ظلمات نور مین رہا وہ اب بھی گمراہ ہے اس جگہ شیخ عبد الجلیل قصری فرماتے ہین کہ علی مرتضیٰ نے اس قول سے آگاہ کر دیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم ارواح مین بھی دعوت فرمائی ہے اور شیخ تقی الدین سبکی فرماتے ہین کہ یہان سے دو حدیثون کے معنی بخوبی ظاہر ہوئے ایک حدیث بعثت الی کافۃ الخلق یعنے مین مبعوث ہوا ہون تمام مخلوقات اولین و آخرین پر نہ صرف اہل زمانہ پر دوسری حدیث کنت نبیاً و آدم بین الروح والجسد یعنی مین نبی تھا اور آدم درمیان روح و جسد کے تھے یعنی مین جانتا تھا کہ یہ بات علم الٰہی مین ہوگی اب معلوم ہوا کہ خارج مین بھی ہے اور ملائکہ و ارواح کو معلوم تھی بخلاف نبوت اور انبیا کے کہ محض مکتوم و مستور بعلم الٰہی تھی اُسی مقام سے یہ بھی ثابت ہوا کہ قبل پیدا کرنے سمٰوات و ارض کے دو چیزین پیدا ہوئی تھین اول پانی دوم عرش اور جب ارادہ حق خلقت ارض سے متعلق ہوا تو پانی سے دھوان اُٹھا اُس سے مادہ سما بنایا کما قال ثم استویٰ الی السماء وہی دخان پھر پانی مین ایک طرح کا تحجر و تیبس ظاہر ہوا اُس سے مادہ زمین بنا پھر زمین کو قطعہ قطعہ فرما کے ہفت طبق کیا بعد ازان مادہ آسمان سے متوجہ ہو کر سات طبق گردانا سُدی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ خالق لایزال نے جب پانی پر ہوا کو مسلط کیا تو پانی مین تموج پیدا ہوا اور جوہر آب مین حرکت امواج سے سخونت حادث ہوئی اُسی سبب سے دھوان اُٹھا قال صاحب خبار الدول قال علماء اللغۃ انما سمیت الارض ارضاً لان الاقدام ترضها وتدقها وفی الصراح کلما سفل فهو ارض اور کلام الٰہی اور احادیث صحیحہ سے واضح ہے کہ خلقت تمام عالم کی چھ روز مین واقع ہوئی ہے چنانچہ سورۃ الم سجدہ مین فرماتے ہین اللہ الذی خلق السمٰوات والارض فی ستۃ ایام اور حم سجدہ مین ارشاد ہے قل ائنکم لتکفرون بالذی خلق الارض فی یومین وتجعلون لہ انداداً ذلک رب العالمین وجعل فیها رواسی من فوقها وبارک فیها وقدر فیها اقواتها فی اربعۃ ایام سواء للسائلین ثم استویٰ الی السماء وهی دخان فقال لها وللارض ائتیا طوعاً او کرهاً قالتا اتینا طائعین فقضٰهن سبع سمٰوات فی یومین واوحیٰ فی کل سماء امرها وزینا السماء الدنیا بمصابیح وحفظاً ذلک تقدیر العزیز العلیم یعنی کہہ تو اے محمد کہ آیا تم کافر منکر ہوتے ہو اُس سے جسنے بنائی زمین دو دن مین اور برابر کرتے ہو اُسکے ساتھ اور ون کو وہی پیدا کرنے والا جہان کا اور اُسی نے پیدا کیا زمین مین بوجھ اوپر سے اور برکت رکھی اُس کے اندر اور ٹھہرائین اُسمین خوراکین چار دن کے اندر بیان واضح کیا گیا واسطے سائلون کے پھر متوجہ ہوا

طرف آسمان کے اور وہ دُھوان ہو رہا تھا پھر کہا اسکو اور زمین کو کہ آؤ دونون خوشی سے یا زور سے
وہ بولے ہم آئے خوشی سے پھر ٹھہرائے سات آسمان دو دن مین اور اُتارا ہر آسمان مین حکم اُسکا اور رونق
دی ہمنے ورلے آسمان کو چراغون سے اور نگاہ رکھا ہمنے شیاطین سے یہ ہے تدبیر زبردست خبردار کی
حاصل یہ کہ دو دن مین زمین بنائی اور دو دن مین پہاڑ اور درخت سبزہ جو خلق کی خوراک ہے پھر
آسمان تمام دُھوان سا تھا اُسکو تقسیم کر کے سات طبق کیا اور ہر ایک کو محیط آسمان زیرین کا بنایا اور
ہر ایک آسمان کا کارخانہ جدا ٹھہرایا پھر آسمان و زمین کو ملایا تاکہ انکے ملاپ سے دنیا بسے اپنی طبیعت سے ملین
یا زور سے وہ دونون اپنی طبیعت سے ملے فائدہ اسکا یہ ہے کہ آسمان کی شعاع سے گرمی پڑے تو ہوا
چلے گرد و غبار چڑھے کہ پانی ہو کر برسے اور چار عنصر زمین پر جمع ہون اور مخلوقات پیدا ہون اور ہر آسمان کا
علم جدا ٹھہرایا اور یہ خدا کو معلوم ہے کہ وہان کون خلق بستی ہے اور اُنکا اسلوب کیا ہے زمین مین ہزاران سو
ہزار کارخانے ہین اسی قدر آسمان کب خالی ہونگے صحیح مسلم مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا
حضرت صلعم نے کہ خلقت مادۂ زمین و آسمان کی یکشنبہ کو ہوئی اور ہفت طبق دوشنبہ کو فرمایا اور سہ شنبہ کو
پہاڑ قائم کیے اور نہرین جاری فرمائین اور چہار شنبہ کو درخت اُگائے اور پنجشنبہ کو مادۂ آسمان کو ہفت طبق
فرمایا اور جمعہ کو ہر ایک آسمان مین ستارے پیدا کیے اور اُنکی گردش معین فرمائی اور فرشتون کو ہر ایک آسمان پر
منصوب کیا اگر کوئی شبہہ کرے کہ اس آیت سے آٹھ دن نکلتے ہین کیونکہ دو جگہ فی یومین ہے اور ایک جگہ
اربعۃ ایام تو رفع اسکا صاحب معالم نے یون فرمایا ہے کہ ان چار دنون مین دو دن پہلے شمار کیے گئے ہین
کما قال رد الآخر علی الاول فی الذکر کما تقول تزوجت امس امرءۃ والیوم ثنتین واحدۃ ما ہی التی تزوجتہا
بالامس علما کو اختلاف ہے کہ ایام سے آخرت کے ایام مراد ہین یا دنیا کے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
و عامۂ اہل علم قائل باول ہین اور ایک روز اُس عالم کا برابر ہزار برس اس جہان کے ہوتا ہے
کما قال اللہ تعالے وان یوما عند ربک کالف سنۃ مما تعدون اس جگہ ایک خدشہ ہے کہ روز و شب
موقوف طلوع و غروب آفتاب پر ہین اور طلوع و غروب وجود آفتاب پر اور وجود آفتاب خلقت آسمان و
زمین پر پس قبل پیدائش آسمان و زمین روز و شب کس طور سے متصور ہو سکتے ہین اور آیات سے واضح ہے
کہ دو دن مین زمین بنائی اور دو دن مین آسمان بنایا پس بعضے اہل علم اس اشکال کے جواب مین
کہتے ہین کہ مراد حقیقت ایام کی نہین ہے بلکہ بیان مدت ہے یعنے تمام خلقت عالم کی اس مدت مین
ہوئی ہے کہ اگر اسکو مدت شب و روز پر قیاس کرین تو چھ روز ہوتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ جس طرح
روز و شب طلوع و غروب سے معلوم ہوتے ہین اسی طرح اور حرکات سے بھی دریافت ہو سکتے ہین پس

سجدہ ۱۲
جلالین ۱۲
سجدہ ۱۲

احتمال قوی ہے کہ قبل خلقت ارض وسما جس وقت نور عرش منتشر ہوتا تھا اُسوقت کو روز اعتبار کرتے تھے اور جب پوشیدہ ہوجاتا تھا تب رات شمار کرتے تھے چنانکہ اب بھی عرض تسعین مین کہ آبادی زیر قطب شمالی کا نام ہے اور گردش فلکی اُس مقام مین رحوی ہے اور طلوع وغروب وہان کا بحرکت اولی نہین ہوتا اسی طرح اعتبار کرتے ہین یعنے طلوع وغروب وہان کا بحرکت خاصہ چھ چھ مہینے کا ہوتا ہے اُسی پر دن رات کا شمار ہے یعنی اول حمل سے آخر سنبلہ تک روز اور اول میزان سے آخر حوت تک رات اعتبار کرتے ہین اور اہل تحقیق قائل ہین کہ روز وشب جس طرح حرکات سابقہ سے محدود ہوسکتے ہین اسی طرح حرکات لاحقہ سے بھی یہ ستہ ایام کہ مدت پیدائش آسمان وزمین کے ہین اِسی خلقت سے محدود ہوئے یعنے جب ایک کام کیا ایک روز ہوا جب دوسرا کام کیا دوسرا روز ہوا گویا چھ روز سے چھ مرتبے مراد ہین کہ دو مرتبہ توجہ آسمان سے ہوا ایکبار واسطے مادہ کے جو کہ پانی ہو دوسری بار واسطے القاء صور بسیطہ کے کہ وجود کواکب اور ترتیب طبقات ہفت آسمان سے عبارت ہے اور صدور حرکات خاصہ اُسی کے طفیل سے ہین اور چار مرتبہ توجہ زمین سے واقع ہوا ایک مرتبہ واسطے بہم پہونچانے مادۂ سفلیات کے دوسری مرتبہ واسطے القاء صور بسیطہ کے تیسری بار واسطے افاضۂ صور معدنیہ کے چوتھی بار واسطے القاء صور نباتیہ کے کہ قوت حیوانات بیشتر اسی سے ہوتا ہے اور یہ جو باوجود قدرت ایجاد کے آفرینش اشیا مین تدریج واقع ہوئی سو یہ دلیل ہے اختیار قادر مختار پر اور اشارہ ہے ترک عجلت واضطراب پر اور ایما ہے نہایت تانّی پر اور مؤید اس قول کا ہے العجلۃ من الشیطان والتانی من الرحمٰن ؎ با تانّی گشت موجود از خدا + تا بشش روز این زمین و چرخ ہا ورنہ قادر بود کز کن فیکون + صد زمین وچرخ آوردی برون + این تانّی از پے تعلیم تست صبر کن در کار دیر آید درست فائدہ عرض تسعین مین حکم ادائے صوم وصلوٰۃ کا یون ہے کہ جب آفتاب بحرکت خاصہ بروج شمالیہ مین ہو یعنی حمل سے آخر سنبلہ تک آوے کہ اس عرصہ مین وہانکے باشندون پر دورہ شبانہ روزی مین غائب نہین ہوتا ہے اور حرکت فلک الافلاک سے ہر روز ایک مدار کو قطع کرتا ہے پس لازم ہے کہ مدار ہر روز کو دو حصہ کرین ایک کو دن اعتبار کرکے نماز فجر وظہر وعصر ادا کرین موافق اوقات نمازکے اور دوسرے حصہ کو رات اعتبار کرکے اول مغرب پڑھین اور جب آفتاب ربع مدار پر پہونچے تو عشا ادا کرین اور جب آفتاب بروج جنوبیہ مین ہو یعنی میزان سے آخر حوت تک داخل ہو تو بھی اسی طرح حساب کرکے مدار کل یوم ولیلہ کو تنصیف کرین یعنی نصف کو رات قرار دین اور نصف کو دن اور طریق اہل صوم کا یہ ہے کہ منطقہ مائل قمر پانچ درجہ منطقۃ البروج سے میلان رکھتا ہے سو جب آفتاب منازل شمالیہ مین ہوگا تو مدار اُسکا وہان کے لوگون پر دائم الظہور رہیگا

پس لازم ہے کہ ہر دار کو نصف نصف کر کے صوم و افطار کرین اور جب منازل جنوبیہ مین جائین پھر یہی
حساب جاری کرین مگر موافق قواعد آسانی شرع کے حکم صوم و صلوٰۃ اور طریق سے بھی نکل سکتا ہے کہ جب
چھ مہینے کا دن اور اسیقدر رات کسی جگہ ہوگی تو بحکم جبلت بشری اتنے دنون تک بیدار رہنا یا سونا
محالات عادیہ سے ہے تو لابد وہان کے باشندے اسقدر مدت مین وقت استراحت و خواب کو وقت کسب و
تلاش سے علیحدہ کرتے ہونگے سو وقت تلاش و تردد کو انکے حق مین روز قرار دینا چاہیے اور ہر روز کی نمازین اسمین پڑھنا
چاہیے اور وقت استراحت و خواب کو شب اور رات کی نمازین اول و اوسط مین پڑھنا لازم ہو اسی طرح روزہ و افطار یہ
طریق نہایت سہل و موافق قواعد فقہیہ کے ہے اور بر ظاہر ہو کہ عرف و عادت کو بعض احکام مین عند الضرورت معتبر رکھتے ہین اور
کلام اللہ مین بھی اس مطلب پر ایما ہے چنانکہ آخر سیپارہ ہفتم مین فرماتے ہین فالق الاصباح وجعل اللیل
سکنا و الشمس و القمر حسبانا ذلک تقدیر العزیز العلیم یعنی پھوڑ نکالنے والا صبح کی روشنی اور رات بنائی آرام کو
اور سورج و چاند حساب یہ اندازہ رکھا ہے زور آور خبردار نے اور سیپارہ ہشتم مین ارشاد ہوتا ہے ومن
رحمتہ جعل لکم اللیل والنہار لتسکنوا فیہ ولتبتغوا من فضلہ یعنی اپنی رحمت و لطف سے گردانا ہے رات
و دن کو سکون و استراحت و تلاش معاش کے واسطے اس عبارت مین لف و نشر ہے یعنے شب
برای سکون و استراحت و روز برای کسب و تلاش معاش اس آیۃ سے یہ بھی مفہوم ہوا کہ وقت
شب وہ حقیقت وقت استراحت ہے کسی طرح کی ہو اور یوم وقت تلاش اور تردد ہے کسی طور کا ہو یعنی موقوف
طلوع و غروب آفتاب و ماہتاب پر نہین مگر بعض فقہ منشون کو اس مقام پر شبہہ پڑیگا کہ موافق کتب
اصول کے سبب وجوب نماز و روزہ کا وقت ہے اور عرض تسعین مین جب وقت نماز نہ ملا یعنی طلوع
غروب و زوال آفتاب جب ہر روز نہوا تو وجوب بھی ساقط ہے کیونکہ سبب بدون مسبب پایا نہین جاتا ہے
اور جواب یہ ہے کہ اہل اصول جو وقت کو سبب وجوب کہتے ہین سو بمعنی علامت ہے اور اصل مین سبب
وجوب حکم خدا ہے اور حکم الٰہی کا بھی ایک سبب ہے یعنی حکمت مقصودہ پس نماز مین سبب وجوب
درحقیقت تنبیہ بذکر و فکر خالق و دفع غفلت ہے اور صوم مین کسر نفس بترک مالوفات تا مدت دراز اور یہ اسباب
وجود نوع انسان کو لازم ہین جہان کہین ہو مخصوص کسی ولایت و شہر سے نہین ہے ہذا ما حققہ زبدۃ المحققین
استاذ الاستاذ فی بعض تقریراتہ اب مخفی نرہے کہ یہ جو کلام الٰہی مین زینا السماء الدنیا بمصابیح واقع ہوا ہے
اُس سے مراد یہ ہے کہ آسمان دنیا کو جسمین ماہتاب ہے ان چراغون سے زینت دی ہے جو اور بڑے
آسمانون مین ہین کیونکہ تزئین مکان کی اسپر موقوف نہین ہے کہ تمام چراغ اُسی مکان مین رکھے
ہون بلکہ طریق تزئین یہی ہے کہ مکان کے اوپر قنادیل آویزان کرتے ہین تا کہ روشنی انکی سب

طول آسمان

بیان شبہ فقہا مع جواب

بیان مراد از آیہ زینا السماء

مکانات مین منتشر ہو اور اگر چراغون کو اُسی مکان مین رکھدین تو انتشار اُسکا اُس مکان مین کم نہنی
ہوگا الغرض اس آیۃ سے کواکب کا سماء دنیا مین قرار دینا خلاف عرف ہی اور در حقیقت تزئین اسی آسمان کی
مقصود تھی کیونکہ یہ آسمان سب کے نیچے اور کل کا منظر انداز ہے علی الخصوص اہل ارض کی نظر مین بسبب شفافیتہ
آسمانون کے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سب ستارے اسی آسمان مین ہین اور زینت مین امر واقعی اعتبار
نہین رکھتا بلکہ وہ معتبر ہی جو کہ موافق نظر بنی آدم کے ہو ولہذا نقرہ کو زر اندود و ملمع کرتے ہین تاکہ نظر مین خوشنظر
آوے اور ایک چراغ کو آئینہ ہزار مین مین دیکھتے ہین تاکہ بہت چراغ دکھلائی پڑین مگر تخصیص آسمان
دنیا کی اسلیے فرمائی کہ تخت گاہ سلطان عالم کا دروازہ ہے تو ایسے دروازے کو آراستہ کرنا اور اُسپر حاجبین
و چوکیدار معین کرنا اور توپ خانہ اُس مقام مین رکھنا تو زک بادشاہی کے مطابق تھا چنانچہ دوسری
جگہ فرماتے ہین وجعلنا ہا رجوما للشیاطین یعنی اُنسے رکھی پھینک مار شیطانون کو کیونکہ وہ چراغ گویا توپ کے
گولے ہین واسطے رجم شیاطین کے جو کہ بنا بر جاسوسی مدبرات عالم بالا کے جاتے ہین اس غرض سے کہ
اہل ارض کو وہان کے اخبار پہونچاوین اور خود عالم الغیب و شریک تدبیرات الٓہیہ کے بنین اور اعمال بنی آدم کو
فاسد و خراب کرین اور طریق رجم یون جاری ہے کہ طائفہ ملکوت شعاع کواکب سے جو سماء دنیا مین جمع ہین
کسیقدر آگ لیکر روشن کرتے ہین اور شیاطین پر پھینکتے ہین اور حکما کہتے ہین کہ حقیقت شہب صرف ادخنہ محرقہ
ہین بااین ہمہ اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ دھوان زمین سے جانب آسمان جاتا ہے جب کرۂ نار کے
متصل پہونچتا ہے تو بسبب لقا و دہنیت کے جل اُٹھتا ہے پھر اگر لطیف ہے تو جلد محو ہو جاتا ہے اور جو غلیظ ہے
تو کبھی ذو ذنب بطور نیزہ یا دُم دار ستارہ وغیرہ کے رہتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ آسمان قمر کے نیچے آگ کا کرہ ہے
اور اس کرہ سے گاہے بکثرت حرکت سے ایک شعلہ بسبب جمع ہونے شعاع کواکب حارہ کے کسی درجہ مین حرارت
فلکیہ سے حاصل ہوتا ہے اوس سے کوئی شی مانند چنگاری کے علیحدہ ہو کے نیچے آتی ہے اور طبقہ دخانی مین
جو مابین کرۂ نار و ہوا صرف کے ہے نمود ہوتی ہے اور ڈورتے ستارے کے مانند نظر آتی ہے اور جب طبقہ زمہریر مین
آتی ہے تو جم جاتی ہے اور نظر سے غائب ہو جاتی ہے اور اِن دونون باتون مین بحث ہے کیونکہ جو نور
اس قسم کے ستارون مین دکھلائی پڑتا ہے اُسکو شعلۂ آتش سے کہ دھوین کے ساتھ مشتعل ہوتا ہے
ہرگز مشابہت معلوم نہین ہوتی بلکہ نور اُسکا مشابہت کاملہ نور آسمانی سے رکھتا ہے چنانکہ ظاہر نظر آتا ہے
اور یہ بھی ہے کہ جہت حرکت اس ستارے کی موقوف تحت و فوق پر نہین ہے تاکہ ادخنہ صاعدہ کا شعلہ یا
انگارے گرنے والے پر حمل کیا جائے اکثر اوقات داہنے سے بائین طرف اور بائین سے داہنی طرف
دوڑتا ہے اور صریح معلوم ہوتا ہے کہ حرکت انکی طبعی نہین ہے بلکہ کوئی زبردست ارادے اور اختیار والا

حقیقت شہب

بیان حقیقت شہب

بیان تخصیص آسمان دنیا

انکو دور اتنا ہے اور تخصیص آسمان دنیا کی اس سبب سے ہے کہ اوپر کے آسمانوں مین کوئی جسم قبول کنندہ تسخین اشعۂ کواکب پایا نہین جاتا کہ شعاعین انکی اُس جسم مین تاثیر کرین اور ظاہر ہے کہ فاعل بدون قابل کے مؤثر نہین ہوتا بخلاف اس آسمان کے کہ ماتحت اُسکے ہوائے لطیفہ اور ادخنۂ صاعدہ قابل اس کیفیت کے موجود ہین اور یہی سبب ہے کہ جب شعاع آفتاب زمین و سنگ کو پہونچتی ہے تو کمال حرارت پیدا کرتی ہے اور اجسام فلکیہ مین بلکہ طبقات کرۂ ہوائیہ مین چندان تسخین ظاہر نہین ہوتی اور جو حکما ادخنۂ محرقہ سے تعبیر کرتے ہین سو معنی اُسکے یہ ہین کہ قابل اس تاثیر کے ادخنۂ محرقہ ہین نہ یہ کہ شعاع کوکبی کی احتیاج نہین یا فرشتون کو اُنکے روشن کرنے مین کچھ دخل نہین ہے اسواسطے کہ اگر ادخنۂ محرقہ از خود بسبب دخول کرۂ ناری کے روشن ہوجاتے ہین تو لازم ہے کہ صعود مین ٹھہرین اور خط مستقیم پر حرکت صاعدہ کرین کیونکہ حرکت اُنکی جانب محیط طبعی ہے حالانکہ ایسا نہین ہے کما ذکرت اس جگہ رفع ایک شبہہ کا ضرور ہوا وہ یہ ہے کہ سورۂ بقرہ مین ارشاد ہوتا ہے ہو الذی خلق لکم ما فی الارض جمیعا ثم استوی الی السماء فسوٰھن سبع سموات یعنی وہی ہے جسنے بنایا تمھارے واسطے جو کچھ زمین مین ہے سب پھر چڑھ گیا آسمان کو تو ٹھیک کیا انکو سات آسمان اس آیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خلقت زمین کی پیش از خلقت آسمان کے ہے بلکہ قائم کرنا پہاڑون کا اور پیدا کرنا قوت حیوانات کا اور علی ہذا القیاس جو کچھ زمین پر ابتداے خلقت سے تا زمان اس خطاب کے موجود ہوا ہے مقدم تسویۂ آسمان اور خلقت آسمان پر ہے اور سورۂ نازعات مین فرماتے ہین رفع سمکہا فسوٰہا واغطش لیلہا واخرج ضحٰہا والارض بعد ذلک دحٰہا یعنی اونچی کی اُسکی بلندی پھر اُسکو صاف کیا اور کھولی اُسکی دھوپ اور زمین کو اُسکے نیچے ہموار کیا اس آیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پیدائش آسمان کی زمین پر مقدم ہے پس رفع تعارض مین بعض اہل تفسیر مثل صاحب کشاف وغیرہ بیان کرتے ہین کہ خلقت جرم زمین کی خلقت آسمان پر مقدم ہے اور بچھانا اور ہموار کرنا خلقت آسمان سے مؤخر ہے لیکن یہ توجیہ پیش نہین جاتی اس سبب سے کہ آیۂ کریمہ حم السجدہ کی دلالت کرتی ہے کہ خلقت زمین و ما فیہا کی مقدم ہے اور کریمہ سورۂ بقرہ صریح ہے کہ جمیع مخلوق ارضی تسویہ آسمان پر مقدم ہین ولہذا ایک جماعت اسطرف مائل ہے کہ خلقت آسمان کی زمین پر مقدم ہے لیکن تسویہ اُسکا زمین سے متاخر ہے مگر اس جماعت کو کریمہ نازعات سے کمال غفلت واقع ہے کیونکہ فسوٰہا واغطش لیلہا صریح ہے کہ تسویۂ آسمان مقدم ہے اور تحقیق ہمارے اساتذۂ کرام کی یہ ہے کہ خلق لکم سورۂ بقرہ مین بمعنی قدر لکم ہے اسیطرح سورۂ سجدہ مین جعل فیہا رواسی بمعنی تقدیر و اندازہ کردن ہے نہ ایجاد بالفعل والا ظاہر ہے کہ تکون معادن و نباتات بلکہ وجود جمیع کائنات الجو کا بلا اشعۂ آسمانی کہ حرکت فلک سے مربوط ہے ممکن نہین چنانچہ حس و بداہۃ عقل اس امر کا شاہد ہے اور دحو زمین کہ متاخر تسویۂ آسمان ہے

واقع ہوا ہے اُس سے مرتبہ قضا و ایجاد مراد ہے گویا کہ زمین کو بصورت باغ آراستہ کیا ہے اور محتمل ہے
کہ اولاً زمین کو غایت خُردی مین پیدا کیا ہو اور اسمین اصول جبال و برکت انہار ودیعت رکھی ہو اور
خوراکین حیوانات کی نباتات و اشجار سے مقرر کی ہون بعد ازان آسمان سے متوجہ ہو کر سات طبق
فرمایا ہو اور اُنکو گردش دیکر یوم و لیل و نور و ظلمت ظاہر کیے ہون پھر زمین کو بچھا کر حقیقت اولی سے زیادہ
فراخ کیا ہو کما نقل عن الحسن البصری اور اس توجیہ سے جمیع آیات باہم مطابق ہوتے ہین اور بنا قض رفع
ہوا جاتا ہے اور مخفی نرہے کہ از روی رصد و حساب کے معلوم ہوا ہے کہ دائرہ عظیمہ کہ زمین پر فرض کرین آٹھ ہزار
فرسخ ہے اور ہر فرسخ تین میل اور ہر میل تین ہزار گز اور ہر گز بتیس ۳۲ انگل مضموم اور ہر انگشت مقدار عرض
چھ جو معتدل کے اور قطر زمین دو ہزار پانسو پینتالیس فرسخ ہے تقریباً کہ سات ہزار چھ سو پینتیس میل ہوتا ہے
اور نزدیک حکماء متاخرین انگلستان کے قطر زمین کا تین ہزار نو سو ستاون کروہ ہے اور ملاحظہ چند کتب
معتبرہ سے واضح ہوتا ہے کہ مساحت تمام کرہ زمین کی چھ کرور بیس لاکھ اور تیس ہزار دو سو بیس میل ہے اور
مساحت معمورہ ربع مسکون ایک کرور چالیس لاکھ تیس ہزار دو سو بیس میل ہے اور بعض ارباب تحقیق
لکھتے ہین کہ تمام دائرہ کرہ ارض کا آٹھ ہزار فرسنگ ہے و بحساب کروہ چوبیس ہزار کروہ اور مسافت ہر کروہ کی
دو میل انگریزی اور طول ربع مسکون مشرق سے غرب تک بارہ ہزار کروہ اور عرض جنوب سے تا شمال نوے
درجہ کہ چھ ہزار کوس ہوتا ہے اور ہر کروہ چار ہزار گز اور ہر گز چوبیس انگشت اور ہر انگشت چھ جو اور ہر جو
چھ بال ایال اسپ اور مساحت معمورہ ارض کہ عبارت ربع مسکون سے ہے چھیالیس لاکھ چھ ہزار
سات سو چالیس فرسنگ ہے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ ہر درجہ زمین کا چھیاسٹھ کروہ دو ہزار چھ سو چھیاسٹھ
گز سولہ انگشت ہے اور ساٹھوین حصہ درجہ کو دقیقہ کہتے ہین اور مساحت ہر دقیقہ زمین کی ایک کروہ
چار سو چوالیس گز ہے اور ہر دقیقہ کے ساٹھ ثانیہ ہوتے ہین اور مسافت ہر ثانیہ کی چوہتر گز ایک انگشت ہے
اور روایات صحیحہ سے ثابت ہے کہ اللہ تعالی نے زمین کو کعبہ معظمہ کے مقام سے پیدا کیا اور اُس جگہ سے
فراخ و منبسط فرمایا ولہذا اس مکان عالیشان کے حق مین وارد ہے ان اول بیت وضع للناس اور
اسیواسطے شہر مکہ کو ام القری کہتے ہین اور جو بعض کہتے ہین کہ موضع بسط ارض بیت المقدس ہے
یہ روایت ضعیف ہے اور حضرت استاذ الاستاذ تفسیر سورہ نون مین لکھتے ہین کہ حضرت ابن عباس
و قتادہ و سدی و مقاتل و کلبی رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ بعد خلقت ارض و سما رخالق کبریا نے ایک
فرشتہ زیر عرش سے بھیجا کہ وہ ساتوین طبق زمین کے نیچے گیا اور اُسنے زمین کو اپنے سر و کندھون پر اُٹھا لیا
ایک ہاتھ اُس فرشتے کا مشرق مین ہے اور دوسرا ہاتھ مغرب مین اور دونون ہاتھ کھلے ہوئے ہین

بیان پیمائش زمین

ابتدائے پیدائش زمین

کہ ساتون طبقے زمین کے انھین دونون پر لیے ہوئے کھڑا ہے اور چونکہ اُسکے پیرون کو جائے قرار درکار تھی اسلیے ایک بیل قدرت کاملہ سے ظاہر فرمایا تاکہ اُسپر قدم فرشتے کو ٹھہراؤ ہو اور ایک زمرد اُسکے کوہان پر رکھدیا تب پیر اُسکے ٹھہرے اور اُس بیل کے چالیس ہزار سینگ اور چالیس ہزار پانوُن ہین اور سینگ اُسکے اطراف زمین سے نکلے ہوئے ہین اور دونون نتھنے دریاے شور ہین ہین کہ جب دم اپنا باہر کو چھوڑتا ہے تو آب دریا مین کیفیت مد کی پیدا ہوتی ہے اور جب دم کو کھینچ لیتا ہے تو جزر شروع ہوتا ہے مگر پیر بیل کے اُکھڑتے تھے اسلیے ایک قطعہ سنگ قدرت کاملہ سے پیدا فرمایا کہ سطبری و غلظ اُسکا مانند غلظ و ثخن ساتون آسمان کے اور پتھر وہی ہے جسکو حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کی نصیحت مین سوا آسمان و زمین کے بیان کیا ہے کہ یا بنی انہا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بہا اللہ یعنی ای بیٹے میرے اگر کوئی چیز ہوگی برابر رائی کے دانی کے پھر وہ پتھر مین ہو یا آسمانون مین یا زمین مین لائیگا اُسکو اللہ الغرض واسطے ٹھہراؤ اس پتھر کے ایک مچھلی عظیم الجثہ پیدا کی اُسکی پشت پر اس پتھر کو رکھا اور تمام بدن خالی ہے اور مچھلی دریا مین ہے اور دریا ہوا پر اور ہوا معلق کھڑی ہے اسمین یہ نکتہ ہے کہ بناے عالم ہمہ بر باد است کذا ذکرہ الثعلبی فی تفسیرہ اور نزدیک ابن عباس و قتادہ وغیرہا مفسرین کے نام اُس مچھلی کا بہموث ہے اور بعض کے نزدیک لوثیا اور بعضون کے نزدیک لہوت اور بعضون کے نزدیک لوثیا نظم الجواہر مین باب چھبیسوین کے فصل دوسری مین حدیث امیر المومنین علی بن ابیطالب سے سورۂ نون کی تفسیر مین منقول ہے کہ نام اُس ماہی کا برہوتا ہے چنانچہ ایک شعر بھی نجباء سے نقل کیا ہے ؎ مالی اراکم کلکم سکوتا ٭ واللہ ربی خالق البرھوتا ٭ بعض اہل تفسیر فرماتے ہین کہ یہ مچھلی وہ ہے جسنے حضرت یونس کو تین دن یا چالیس دن بحکم خدا پیٹ مین رکھا تھا اور بعضون نے کہا کہ یہ وہ مچھلی ہے کہ جسکے خون مین نمرود کا تیر ڈوب کے پھر آیا تھا اسواسطے کہ ان مچھلیون کو اور مچھلیون سے فضیلت ہے کیونکہ ایک نے پیغمبر کو باادب پیٹ مین رکھا دوسری نے خدا پر اپنی جان فدا کی کعب احبار سے روایت ہے کہ ایک روز ابلیس پر تلبیس علیہ اللعنۃ اُس مچھلی کے پاس گیا اور بولا کہ تو نے کس واسطے یہ بار عظیم اپنے سر پر اُٹھایا ہے ایکبار کی جنبش مین سب بار گر پڑتا ہے اور نجات مل جاتی ہے سو مچھلی نے ارادہ کیا کہ حرکت کرے ان بمجرد اس قصد کے حق تعالی نے ایک جانور بھیجا کہ اُسکی ناک مین گھسکر مغز تک پہونچا سو مچھلی اس سبب سے بیتاب ہو کر حضرت پروردگار مین شکایت کرنے لگی حق تعالی نے فرمایا کہ یہ بلا اُس وسوسۂ شیطانی کی ہے جو تو نے قبول کیا بعد اُسکے جانور کو حکم ہوا کہ اُسکے کان سے نکل سامنے بیٹھا رہ جب پھر کبھی ایسا ارادہ کرے تو پھر وہی حال اُسکا کردے یہ قصہ بعد مردود ہونے ابلیس لعین کے

حکمت جفت طبق آسمان

واقع ہوا ہے **تنبیہ** خالق لایزال نے جو اپنی قدرت کاملہ سے سات طبق آسمان کو پیدا کیا سو اسکا سر محققین سے تفسیر جواہر مین لکھا ہے کہ یہ عدد کامل ہے اور دلیل اُسکے کمال کی یہ ہے کہ عدد اصل مین یا جفت ہے یا طاق جفت وہ کہ برابر برابر تقسیم قبول کرے اور طاق یعنی فرد جو کہ مساوی منقسم نہ ہوسکے اور عدد زوج ہے یا زوج الزوج کہ سلسلہ اعداد کے شروع تک بازواج منقسم ہوتا ہے یا زوج الفرد کہ آخر انقسام اُسکا فرد پر ہوتا ہے سو تینون قسمین اس عدد مین پائی جاتی ہین مثلاً تین پانچ فرد ہین چار زوج الزوج اور چھ زوج الفرد اور یہ بھی دلیل ہوسکتی ہے کہ سات کا عدد پہلا ہے اعداد مین اس صفت پر کہ عدد تام اُسکا متقوم ہے یعنی اگر فرد اول کو زوج ثانی سے جمع کرین مثلاً تین کو چار کے ساتھ یا زواج اول کو فرد ثانی سے مثلاً دو کو پانچ سے تو وہی عدد سات کا حاصل ہوتا ہے لہذا اکثر معظمات علوی و سفلی اور بعضے اوضاع شرعی و حکمی اور سر نامہ کلام ربانی سباعی ہین چنانچہ منجملہ علویات کے دو چیزین ذکر کرتا ہون

بیان اکابر ملائکہ

**اول** اکابر ملائکہ علیہم السلام کہ سات طائفے مین پہلا مہیمیہ کہ شہود جمال حضرت ذوالجلال مین خوش حال ہین کہ سوائے اُسکے کچھ بھی خبر نہین رکھتے اور ایسے مستغرق الوصال ہین کہ لذت فراق سے اصلا واقف نہین ؎ از کثرت وصال ندانم وصال چیست + چون باغبان پرست دماغم زبوے گل + یہ فرقہ غریق لجہ عبادت ہے حدیث مین وارد ہے کہ اس قسم کے فرشتے اس کثرت سے ہین کہ آسمانو نمین بالشت بھر جگہ انسے خالی نہین کوئی قیام مین کوئی سجود مین کوئی رکوع مین مشغول ہے دوسرا طائفہ حجاب بارگاہ ربوبیت و وسایط فیض الوہیت کہ روح اعظم اُنکے اول صف ہین اور روح القدس جو عبارت حضرت جبریل علیہ السلام سے ہے آخر صف ہین یہ دونون طائفے کروبیون مین معدود ہین تیسرا حملۂ عرش چوتھا ملکوت اعلی پانچوان ملکوت اسفل یہ دونون طائفے روحانیین مین شمار کیے جاتے ہین چھٹوان ملائکہ سفرہ و بررہ محررین صحائف ساتوان کرام کاتبین کہ آدمیون کے افعال و اقوال لکھتے ہین **دوم** کواکب سبعہ کہ بحکم حکمت الہی منبع فیوض نامتناہی ہین نام اُنکے آسمانون کے نام کے ساتھ بیان ہونگے اور منجملہ سفلیات کے نو چیزین بیان کرتا ہون **ایک** زمین کہ آیہ ومن الارض مثلهن سے ظاہر ہے یعنی زمین مثل آسمانون کے سات ہین **دوم** درکات و ابواب دوزخ لها سبعة ابواب لكل باب منهم جزء مقسوم یعنے اُسکے سات دروازے ہین ہر دروازے کو انمین ایک فرقہ بٹ رہا ہے اور نام اُسکے زمین کے نام کے ساتھ بیان ہونگے **سوم** دریا ہاے مشہور کہ معدن منافع و مجمع عجائب ہین سات ہین چنانچہ ارشاد ہوا ومن بعده سبعة ابحر ایک بحر چین کہ طول اُسکا مشرق سے مغرب تک آٹھ ہزار میل اور عرض دو ہزار سات سو میل کا ہے دوسرا بحر مغرب کہ اُسکو بحر محیط کہتے ہین اور

بیان ہفت دوزخ

دریای ہند سے ملصق ہے طول اورعرض اُسکا کسیکو معلوم نہین تیسرا بحر بنطس کہ لاذقیہ سے قسطنطنیہ تک ہے
طول اُسکا ایک ہزار تین سو میل اورعرض تین سو میل کا ہی چوتھا بحر روم وافریقیہ کہ طول اوسکا پانچ ہزار میل اورعرض
چھ سو میل کا ہے پانچوان بحیرہ زمین شام مین چھٹوان بحر جرجان کہ اُسکو ابسکون بھی کہتے ہین طول اُسکا مشرق
سے مغرب تک تین سو فرسنگ کا ہے ساتوان بحیرہ خوارزم کہ اُسکا دور اسی فرسنگ کا ہے چہارم
اقالیم سبعہ کہ مسکن عالمیان وموطن آدمیان ہے تفصیل اُنکی کتب حکمیہ مین موجود ہے پنجم
جبال کہ قرآن وحدیث مین اُنکا مذکور ہے سات ہین جبل اول بوقبیس کہ تماشا گاہ آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم تھا دوسرا حرا کہ اُسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واسطے خلوت کے تشریف لیجاتے تھے
یہ دونون پہاڑ مکہ شریف مین واقع ہین تیسرا طور سینا کہ ملاقات کلامیہ حضرت کلیم علیہ السلام کی متکلم
قدیم سے وہان ہوئی تھی اور یہ پہاڑ بتحقیق حوالی مصر مین واقع ہے چوتھا طور زنیا پانچوان طور زیبا
کہ بقول بعض مفسرین والتین والزیتون انھین دونون سے اشارہ ہے اور یہ دونون پہاڑ
لاریب ولایت شام مین ہین کہ زہاد وعباد وابدال وزہاد واوتاد اُسمین سکونت پذیر ہین چھٹوان جودی
کہ کشتی حضرت نوح علیہ السلام کی وہان پر ٹھہری تھی چنانچہ واستوت علی الجودی اسی سے
اشارہ ہے اور یہ پہاڑ جزیرہ موصل مین ہے ساتوان جبل احد کہ مزار حضرت سید الشہدا
امیر المومنین حمزہ رضی اللہ عنہ کا وہان واقع ہے اور یہ پہاڑ مدینہ منورہ مین ہے علی صاحبہا الصلوۃ
والسلام ششم جواہر قیمتی کہ معدنیات سے نکلتے ہین سات ہین یاقوت لعل فیروزہ الماس
زبرجد وزمرد مرجان ہفتم فلزات کہ سات ہین سونا چاندی تانبا لوہا سیسا پیتل رانگا ہشتم
نباتات جو ثمردار ہین وہ بھی سات ہین پہلا وہ کہ جسکا پھل کھایا جاتا ہے جس طرح انجیر دوسرا وہ کہ پوست
اُسکا کھایا جاتا ہے جس طرح عناب تیسرا وہ کہ مغز اُسکا کھاتے ہین جس طرح پستہ چوتھا وہ کہ
جسکا وسط کھایا جاتا ہے جس طرح خربزہ پانچوان غذاے دوائی چنانچہ انار چھٹوان وہ کہ محض
دوا ہے جیسے ہلیلجات ساتوان وہ کہ بالکل سقر ہے جس طرح جوز ماثل سم قاتل نہم حیوانات
غیر ناطق کہ سات ہین اول سم شگافتہ چون گاو گوسفند دوم گول سم والے جیسے گھوڑا خچر سوم سباع
چون شیر ببر چہارم طیور ہمچو باز وعقاب پنجم حشرات زمینی مثل موش وکشنف ششم پیٹ کے بل جانے والے
چون سانپ علق ہفتم حیوانات آبی چون حوت سرطان اور اگر عالم انسانی مین تفکر کیا جاے
تو معلوم ہوتا ہے کہ اعضاے مرکبہ ظاہرہ بھی سات ہین سر دونون پانون دونون ہاتھ پشت شکم
اور اعضاے باطنیہ بھی جنکو بزرگی وشرافت ہے سات ہین دل محل حرارت غریزی ومنبع روح حیوانی

تعداد جبال

تعداد جواہر قیمتی

تعداد معدنیات

تعداد نباتات

تعداد حیوانات

و دماغ معدن فہم و موضع روح نفسانی و جگر قاسم اغذیہ و مسکن روح طبعی و انثیان محری منی چار دن بقول صحیح اعضائے رئیسہ ہین ششم شش کہ آلۂ تنفس مروحۂ دل ہے و نخاع کہ اعصاب و دماغ مین متوسط ہے وزبان کہ آلۂ نطق و ترجمان دل ہے وما بین اعضائے ظاہری اور باطنی کے واسطہ ہے اسی طرح سات عضو اور ہین کہ انکی طرف بھی کمال احتیاج ہے اول مری رہگذر طعام دوسرا معدہ مطبخ غذا تیسرا امعا محل فضلات چوتھا زہرہ مادۂ صفرا پانچوان سپرز مستقر سودا چھوان مثانہ کہ ظرف ہے پانی کا جو خون سے صاف ہوکے نکلتا ہے ساتوان کلیہ کہ ستون بدن ہے علی ہذا القیاس اعضائے مفردہ کہ ترکیب بدن انسے ہوئی ہے بھی سات ہین استخوان گوشت پوست رگ پی غضروف رباط اسی طرح اطوار خلقت انسانیہ کہ آیہ لقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین سے مفہوم ہوتا ہے بھی سات ہین سلالۃ طین نطفہ علقہ مضغہ عظام لحم خلق آخر کہ حدیث مین آیا ہے کما خلقتم من سبع رزقتم من سبع اسی طرح اطوار خلقت انسانی بھی سات ہین لترکبن طبقا عن طبق مثلا رضیع یعنے شیر خوارہ فطیم یعنے شیر چھوڑا لڑکا ان دونون حالتون مین نام طفولیت کا انپر بولتے ہین بعد اسکے صبی کودک نارسیدہ پس ازان بالغ اسکے بعد شباب کہ بقولے تینتیس برس تک ہوتا ہے وبقولے چالیس برس تک پیترسن کہولت اور آخر مین شیخوخت اور قواے مدرکۂ انسانی بھی سات ہین باصرہ سامعہ شامہ ذائقہ لامسہ واہمہ کہ ادراک جزئیات اس سے متعلق ہے عاقلہ کہ دریافت کلیات خاصہ اسکا ہے اور قواے نفسانی بھی سات ہین جاذبہ کہ اشتہا کو حرکت مین لاتی ہے ماسکہ کہ غذا کو تصرف کے لیے رکھ چھوڑتی ہے ہاضمہ کہ غذا کو تصرف کرتی ہے دافعہ کہ ثفل کو دفع کرتی ہے غاذیہ کہ غذا کو بدل مایتحلل کردیتی ہے نامیہ کہ اجزا کو بطور مناسب نشو و نما دیتی ہے مولدہ کہ تولید مثل متعلق اس سے ہے اسی طرح سر مین کہ تخت گاہ سلطان عقل کا ہے سات روزن رکھے ہین دو کان دو آنکھین منخرین دہن اسی طرح طبقات آنکھون کے کہ دیدہ بان قصر بدن کے اور جاسوس بادشاہ تن کے ہین بھی سات ہین صلبیہ مشیمیہ شبکیہ عنکبوتیہ عنبیہ قرنیہ ملتحمہ علی ہذا القیاس اصول رنگ کہ باصرہ اس سے فائدہ اٹھاتا ہے سات ہین سفید سبز کہ دونون لباس بہشتیون کے ہین سرخ زرد کہ یہ دونون رنگ موضوع ہین واسطے معشوقون کے سیاہ کہ یہ رنگ دوزخیون کے لباس کا ہے کبود کہ یہ رنگ آسمانی ہے رنگ بنفش کہ یہ رنگ نہایت دلستان ہے اور اگر شرعیات مین ملاحظہ کیا جاے تو بہت ایسی چیزین ہاتھ لگینگی جو سات سات ہین منجملہ انکے نزول قرآن ہے کہ سات حرف پر ہوا ہے ان ہذا القرآن انزل علی سبعۃ احرف اور سرنامۂ کلام الٰہی کہ سبع مثانی سے ہے وعلی ہذا واجبات نماز کہ بقول بعضے ائمہ سات ہین اور کبائر متفق علیہ بھی سات ہین چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہے اجتنبوا السبع الموبقات یعنی شرک

اور سحر اور نفس مومنہ کا ناحق مارنا اور سود کھانا اور یتیم کا مال لینا اور صف جہاد سے بھاگنا اور زن محصنہ کو زنا کی
تہمت کرنا اور محرمات نسبی بھی سات ہین ماں بیٹی بہن عمہ خالہ بھائی کی بیٹی بہن کی بیٹی اور محرمات سببی
بھی سات ہین دودھ کی ماں بہن وساس اور اس عورت کی لڑکی جسکے ساتھ جماع کیا ہو اور
بہو اور شوہر دار عورت وجمع کرنا دو بہنون کا وطی مین اور اگر کوئی شخص کتب تصوف سے مشرف
ہو دیکھے کہ محققین کے نزدیک ایمۂ اسماء الٰہی بھی سات ہین الحی العلیم المرید القادر السمیع البصیر المتکلم اور
فصل تیس اول باب تہتر فتوحات مین لکھا ہے کہ ابدال امت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کہ ہفت اقلیم انکے
تصرف مین ہے بھی سات ہین عبد الحی بر قدم ابراہیم و عبد العلیم قدم بقدم موسیٰ و عبد المرید یا عبد المرید
بر قدم ہارون و عبد القادر بقدم ادریس و عبد الشکور یا عبد الظاہر بر قدم یوسف و عبد السمیع بر قدم عیسےٰ
و عبد البصیر بقدم آدم علیہ و علیہم السلام مراد قدم سے اخلاق ہین یا یہ کہ فیض حق دونون پیر ایک جنس سے ہے
مخفی نہرہے کہ رجال الغیب وارواح مقدسہ کئی قسم ہین ازانجملہ افراد ہین یہ وہ لوگ ہین جنہین قطب کا
تصرف جاری نہین ہے اور افراد بعد وطاق ہین نہ جفت اور قطب جسکو غوث بھی کہتے ہین ایک ہی
ہوتا ہے مسمی بعبد اللہ یہ شخص محل نظر حق ہے و بر سبیل ندرت خلافت ظاہرہ اسکو حاصل ہوتی ہے
جس طرح خلفائے اربعہ و امام حسن و معاویہ ابن یزید و عمر ابن عبد العزیز و متوکل علے اللہ اور قطب بر قلب
اسرافیل علیہ السلام ہوتا ہے اور دو شخص قطب کے یمین و شمال ہوتے ہین ایک عبد الرب ناظر عالم ملکوت
جانب یمین دوسرا عبد الملک یسار غوث ناظر عالم ملک کہ عبد الرب سے فضیلت رکھتا ہے ازانجملہ اوتاد
کہ اطراف عالم مین قیام پذیر ہین عبد الحی مشرق مین عبد العلیم مغرب مین عبد المرید شمال مین عبد القادر
جنوب مین ازانجملہ ابدال ہین کہ مذکور ہوئے ازانجملہ نجبا ہین کہ آٹھ نفر ہین اور حمل اثقال خلائق پر مصروف
رہتے ہین ازانجملہ نقبا ہین کہ یہ بارہ شخص ہین مطلع بر اسرار نفوس ازانجملہ بدلا ہین یہ بھی بارہ شخص ہین
جب کوئی انمین فوت ہوتا ہے تو باقی قائم مقام مجموع رہتے ہین ازانجملہ رجبیین کہ اول رجب مین ایک بار
عظیم انمین ظاہر ہوتا ہے کہ حرکت سے باز رہتے ہین اور روز بروز وہ ثقل خفیف ہوتے ہوتے تا اول
شعبان بالکل زائل ہو جاتا ہے کذا فی الفواتح اور شیخ کمال الدین کہتے ہین کہ نجبا چالیس نفر ہین اور نقبا تین سو
ازانجملہ ایک فرقہ ملامتیہ ہے کہ انکے حال پر کوئی شخص مطلع نہین ہوتا یہ لوگ ریا سے یہان تک احتراز
کرتے ہین کہ عبادات وطاعات کو پوشیدہ بجا لاتے ہین یہ افضل الطائفہ ہین ذلک فضل اللہ یؤتیہ من
یشاء اور اخبار وقصص سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبر صاحب کتاب بھی سات ہین شیث ادریس
ابراہیم موسیٰ داود عیسیٰ محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وعلیہم اسی طرح ثبات ثبات چیزین اکثر ہین اگر کل

لکھی جاوین تو ایک کتاب بر اسہ علیحدہ ہوجاوے اسیقدر واسطے فضیلت عدد سات کے کافی و
وافی ہے فائدہ واضح ہو کہ اہل تفسیر حدیث کے نزدیک مسافت آسمان دنیا کی زمین سے پانسو
برس کی راہ ہے اور اسیقدر ہفت آسمان مین قیاس کرنا چاہیے اور ثخن ہر گنبد کی بھی اسیقدر ہے چنانچہ
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مشکوٰۃ مین روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ درمیان تمہارے
اور آسمان کے پانسو برس کی مسافت ہے اور اسیقدر ہر آسمان مین ہے اور بالاے ہفت آسمان عرش ہے
اسی مسافت پر اور نیچے تمہارے سات طبقے زمین کے ہین ایک طبقے سے دوسرے تک پانسو برس کی
راہ ہے پھر فرمایا قسم ہے پروردگار کی اگر ڈالو تم رسی سب کے نیچے تو پڑتی وہ رسی اللہ پر پھر یہ آیت پڑھی الاول
والآخر والظاہر والباطن وھو بکل شیء علیم انتہی ترجمۃ الحدیث ملخصا وہب ابن منبہ کہتے ہین کہ اسفل عالم
تا اعلاے کنگرۂ عرش پچاس ہزار برس کی راہ ہے اور سطح اعلیٰ آسمان دنیا سے تا زمین ایک ہزار برس کی
مسافت ہے اسلیے کہ میان آسمان دنیا و زمین کے پانسو برس کی مسافت ہے اور ثخن آسمان دنیا پانسو برس کا ہے
اور اہل ہیئت کو ثخن آسمان کے مقدار مین بہت گفتگو ہے کہتے ہین کہ پانسو برس کی راہ جو روایات
شرعیہ مین وارد ہے معین نہین کہ حرکت کس متحرک کی مراد ہے ورا سے ایسکے قطع مسافت صعود نسبت
بقطع مسافت ہموار دشوار تر ہے اور زمانہ قطع اول نسبت بزمانہ قطع دوم دو چند ہے چنانکہ زمین ہموار
پر چلنا اور پہاڑ پر چڑھنا برابر نہین ہے اسی سبب سے وہ لوگ فراسخ اور امیال بطرس بعد کو فرض کرتے
ہین لیکن ایسی حالت مین محتمل ہے کہ روایات شرعیہ اور براہین ہندسیہ منطبق ہون مگر اہل ہیئت سطوح
افلاک متلاصق کہتے ہین اور منکر فرجہ ہین اور اہل شرع اسکے قائل ہین اور بنا اس تلاصق کی نزدیک اہل ہیئت
کے اُسی قاعدہ پر ہے کہ لا فصل فی الکلیات اور وہ قاعدہ محض ظنی ہے کوئی برہان قطعی اسپر
پائی نہین جاتی باین ہمہ اہل اس علم کو اثبات فرجہ کی ضرورت نہین ہے اور ارباب شرع کو سیر و دور ملائکہ
مابین دو آسمانون کے معلوم ہوا ہے تو اُنکو اثبات فرجہ کی ضرور ہوئی لہذا اُنہون نے ثابت کیا پس مخالفت
نہین ہے مگر مخالفت لفظیہ اسواسطے کہ جس مقدار کو اہل ہیئت داخل ثخن آسمان رکھتے ہین شاید اسمین
سے بعض کو اہل شرع فرجہ اعتبار کرتے ہون اور باقی کو ثخن فیرتفع النزاع کذا حققہ استاذ الاستاذ فی
تفسیر العزیزی اور حضرت عباس ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ آسمان ہفتم پر دریا ہے لب اُسکے اللہ تعالیٰ نے عرش پیدا کیا ہے اور اُسپر آٹھ فرشتے
پہاڑی بکرون کی صورت ہین انہین کی پشت پر عرش ہے اور مابین سُم و سُرین اُن فرشتون کی
مسافت اتنی ہے جتنی دو آسمانون کے بیچ مین ہے اور از پائین عرش تا بالاے عرش اسیقدر ہے

اور جو بعض روایات مین وارد ہے کہ وہ فرشتے بزکوہی کی صورت ہین اور انکے سم سے سرین تک لاکھ
برس کی راہ ہے سو یہ اشارہ ہے بزرگی جثہ پر اور چونکہ یہ صورت مناسب تر باربرداری کی ہے بعید نہین کہ
انکو ہمین صورت پیدا کیا ہو اور جو بعض روایات مین ہے کہ ایک فرشتہ بصورت آدمی ہے اور دوسرا بصورت
بیل اور تیسرا بصورت شیر اور چوتھا بشکل کرکس سو اس روایت کے معارض نہین اسلیے کہ ممکن ہے کہ تمام
بدن فرشتون کا ایک وضع پر ہو اور صورت بزکوہی کی ہو اور چہرے مین اس صورت سے تفاوت واقع
ہوا ہو تاکہ اختلاف حقائق پر آگاہ کرین جس طرح حیوانات آبی باوجودیکہ بدن مین تفاوت نہین رکھتے مگر
چہرے مین اختلاف فاحش رکھتے ہین کہ بعض بصورت اسپ بعض بشکل کلب الماء وغیرہ ذلک اور جابر ابن عبداللہ
رضی اللہ عنہ سے مشکوۃ المصابیح مین روایت ہے کہ مابین نرمہ گوش و دوش حاملین عرش کے مسافت
سات سو برس کی ہے اور روایت صحیحہ مین وارد ہے کہ حاملین عرش کے پیر ساتوین زمین کے نیچے تک ہین
اور عرش سر پر رکھا ہے اور وہ سب سر جھکائے تسبیح مین مشغول ہین اور آج کے دن تک حاملین عرش
چار ہین بروز حشر آٹھ ہو نگے کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم الیوم اربعۃ فاذا کان یوم القیامۃ
ایدہم اللہ باربعۃ اخری لیس روایت حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی محمول روز قیامت پر کرنا چاہیے
اور کلام الٰہی بھی اسی پر ناطق ہے کما قال اللہ ویحمل عرش ربک یومئذ ثمانیۃ یعنے اٹھاوینگے عرش
پروردگار تیرے کو سروں پر بروز قیامت آٹھ فرشتون سے فائدہ بالاے سر و دوش اسواسطے
اٹھاوینگے کہ سر پر بوجھ بہت اٹھ سکتا ہے بخلاف ہاتھوں کے اور ثقل عرش بروز حشر اسوقت سے
دوچند ہو جائیگا اور وجہ دوچند ہونے کی یہ ہوگی کہ عرش اعظم الٰہی جل شانہ جہانداری کی صورت ہے
اور جہانداری اس عالم کی چار صفتون سے ہے کہ ہر ذرہ مین ظاہر اور سب کو محیط و شامل ہے اول علم
دوم قدرت سوم ارادہ چہارم حکمت اور بروز حشر اور چار صفتون کی حاجت ہوگی تاکہ عالم اخروی
نشاء دنیوی سے ممتاز ہو جاے اول صفت ظہور و انکشاف حقیقۃ ہر شے دوسری حقیقت شیوع و
کمال تیسری صفت قدس و طہارت چوتھی صفت عدل پس جب کہ آثار چارون صفتون کے
بر سبیل عموم و شمول درکار ہوئے تو گرانی عرش معنوی کی کہ عبارت جہانداری سے ہے بھی مضاعف
ہوگی اور بسبب مطابقت صورت و معنی کے عرش صوری بھی گران ہو جائیگا فائدہ ربیع ابن انس
و سلمان رضی اللہ عنہما کعب احبار سے روایت کرتے ہین کہ آسمان دنیا ہموج آب معلق ہے اور
آسمان دوم چاندی سفید خواہ مروارید کا ہے اور آسمان سوم آہن کا ہے اور چہارم مس کا پنجم سونے کا ہے یا یم کا
اور ششم زمرد یا سونے کا ہے اور ہفتم یاقوت سرخ کا اور تکملہ مین لکھا ہے کہ اول آسمان کا نام رقیعا ہے

اور زمرد سبز کا ہے یہی روایت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے ہے اور دوسرے کا نام دقلون
کہ نقرہ خام کا ہے تیسرے کا نام قیدوم کہ یاقوت سرخ کا ہے چوتھے کا نام صیقا کہ مروارید کا ہے پانچوین کا
نام وفنا کہ زرخالص کا ہے چھٹوین کا نام ماعون کہ یاقوت زرد کا ہے ساتوین کا نام عرنبا یا براخ کہ نور محض ہے
لیکن یہ سب باتین حقیقت مین تشبیہ و تمثیل پر دلالت کرتی ہین یعنی اگر جواہر آسمانی کو جواہر دنیا سے
مطابق کرین تو اس طرح کر سکتے ہین آفتاب کو زرین اور مہتاب کو سیمین اور روز کو اشہب اور شب کو ادہم
خیال کرتے ہین کیونکہ جوہر آسمانی بسیط ہے جواہر عناصر وغیرہ مرکبات عنصریہ سے بالکل علاقہ نہین رکھتے سو
جس طرح اربع عناصر کو نہین کہہ سکتے کہ فلان چیز سے مرکب ہین اسی طرح آسمانون کو نہین کہہ سکتے کہ
فلان جوہر سے مرکب ہین اور جو نام آسمانون کے احادیث معراج سے ثابت ہین اُنکا ذکر مع رباوون کے
قصۂ معراج مین لکھا جایگا اور ابن منذر سے ابن عباس نے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے
کہ سید السموات وہ ہے جسمین عرش ہے اور سید الارضین جسمین تم ہو اور کہا ابن عباس نے کہ فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فکر کرو تم ہر چیز مین اور فکر کرو ذات باری مین اسواسطے کہ درمیان ساتون
آسمان کے کرسی تک سات ہزار نور ہین اور اللہ اُسکے اوپر ہے یعنی بالاتر و محیط و قادر ہے اور تکملۃ القصص
مین ہے کہ اول زمین کا نام رمکا ہے اسمین ہوا بہتی ہے دوسری کا نام خلدہ کہ مسکن عقارب نار ہے
تیسری کا نام عرقہ کہ عناکب دوزخ کا محل ہے چوتھی کا نام حربیا کہ آشیانہ حیات جہنم ہے پانچوین کا نام
ملثا اس مقام مین آتش دوزخ کو روشن کرتے ہین چھٹوین کا نام سجین کہ اہل شرک وغیرہ کافرون کا دفترخانہ ہے
کما قال اللہ تعالی کلا ان کتاب الفجار لفی سجین وما ادریک ما سجین کتاب مرقوم یعنی کوئی نہین لکھا
گنہگارون کا پہونچا بند یجناہ مین اور تجکو کیا خبر ہے کیا ہے بندیخانہ ایک دفتر ہے لکھا ہوا حاصل یہ کہ اس دفتر
مین ہر ایک دوزخی کا نام لکھا ہے اور ہر نام پر رقم و علامت ہے کہ بمجرد ملاحظہ دریافت ہوجاتا ہے کہ یہ شخص
دوزخی ہے جس طرح سوداگرون کا دستور ہے کہ اپنے تھانون پر علامت نشان کردیتے ہین کعب احبار
سے روایت ہے کہ یہ دفتر ساتوین طبقۂ زمین کے نیچے ہے اور وہان ایک سنگ سیاہ نہایت
عفن پڑا ہے جب کہ دوزخی مرتا ہے تو اول روح اُسکی فرشتے آسمان پر لیجاتے ہین مگر دربان فلک دروازہ
بیچ کشادہ نہین کھولتے ناچار واپس لاتے ہین اور اُس پتھر کے نیچے ڈالتے ہین اور شعمدیان دفترخانہ اُسکا نام
اس طرح لکھ لیتے ہین کہ فلان ابن فلان آج کی تاریخ دنیا سے عالم برزخ مین آیا اور یہ عمل ساتھ الایا جزا
نامۂ اعمال کرام کاتبین سے ایک اُسی دفتر مین داخل کرتے ہین بروز حشر وہی کاغذ نکال کر دست چپ
مین دینگے ساتوین کا نام عجیبا کہ یہ مقام ابلیس و اتباع ابلیس کا ہے پوشیدہ نہ رہے کہ حضرت خالق لایزال نے

ہفت طبق آسمان کے واسطے سات ستارے جنکو سبعہ سیارہ کہتے ہین بطور پاسبان مقرر فرمائے ہین اول زحل کہ ساتوین آسمان کا دربان ہے دوسرا مشتری کہ فلک ششم کا چوکیدار ہے تیسرا مریخ کہ پانچوین آسمان کا خزانچی ہے چوتھا شمس کہ فلک چہارم کا افسر و سردار ہے پانچوان زہرہ کہ فلک سوم کا چوبدار ہے چھٹوان عطارد کہ فلک دوم کا شہسوار ہے ساتوان ماہتاب کہ فلک اول کا شعلۂ عذار ہے اور اہل حکمت سوائے افلاک مذکورۂ بالا کے دو فلک اور بھی قرار دیتے ہین ایک فلک الافلاک دوسرا فلک الثوابت مگر سرگاہ ادلۂ قطعیۂ عقلیہ سے ہفت طبق ہونا فلک کا کماینبغی انکے نزدیک بھی ثابت ہو جاتا ہے تو بنا بر مطابقت کلام الٰہی کے کہتے ہین کہ یہ دونون آسمان وہ ہین جنکو اہل شرع عرش و کرسی بولتے ہین حالانکہ جو اوصاف عرش و کرسی کے روایات شرعیہ مین وارد ہین اصلا ان دونون آسمانون سے مطابق نہین ہین اس سے صاف واضح ہوتا ہے کہ یہ سب حکما کا تکلف ہے اور تغایر عرش و کرسی بدلیل قطعی ثابت نہین ہوتا بلکہ اکثر دلائل سے ایسا مستفاد ہوتا ہے کہ ساتوین آسمان کے اوپر بہت فاصلہ پر ایک جسم نورانی ہے کہ اوسکو کاہی عرش کہتے ہین اور گاہی کرسی لیکن وہ جسم تمامی افلاک وارض کو محیط ہے کما قال اللہ تعالی وسع کرسیہ السموات والارض کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی معالم التنزیل مین جعفر ابن محمد سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ مابین ایک قایمۂ عرش کے دوسرے قایمہ تک مسافت تیس ہزار برس کی ہے اور ہر روز عرش کو ستر ہزار لباس پہنائے جاتے ہین کہ اسکو کوئی مخلوق دیکھ نہین سکتا اور مجاہد سے روایت ہے کہ درمیان عرش و فلک ہفتم کے ستر ہزار حجاب ہین نور و ظلمت کے اور وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ عرش کے گرد ستر ہزار صفین فرشتون کی ہین اور طواف مین مصروف اور تکبیر و تہلیل مین مشغول سوائے انکے ایک صف ستر ہزار فرشتون کی اور ہے اسپر ایک لاکھ صفین اور ہین کہ دست راست اپنا دست چپ پر رکھے ہوئے تسبیح و تحمید کر رہی ہین اور حال یہ ہے کہ مابین دونون بازوؤن کے تین سو برس کی راہ ہے اور کانون سے کندھون تک چار سو برس کی اور مابین اس گروہ اور خداوند عالم کے ستر حجاب نار کے اور ستر ظلمت کے اور ستر نور کے اور ستر در ابیض اور ستر یاقوت احمر کے اور ستر زبرجد اخضر کے اور ستر برف کے اور ستر پانی کے اور ستر سردی کے اور ایک چیز اور ہے جسکو سوائے خدا کے کوئی نہین جانتا بالجملہ عرش و فلک اطلس سے کسی طرح مشابہت و مناسبت نہین ہے فائدہ خالق کریم نے بہشت کو ساتوین آسمان پر پیدا کیا ہے قرطبی کے نزدیک اسکے سات درجے ہین دار الجلال دار السلام دار الخلد جنت عدن جنت الماوی جنت نعیم جنت فردوس کذا ذکرہ السیوطی فی البدور السافرہ اور بعض اہل تحقیق کے نزدیک طبقات بہشت کے آٹھ اسطرح لکھے ہین ایک کا نام عدن دوسرے کا جنت الماوی تیسرے کا فردوس چوتھے کا نعیم پانچوین کا دار القرار چھٹے کا دار الخلد ساتوین کا دار السلام آٹھوین کا دار الجلال اور یہ بھی محققین لکھتے ہین کہ سات بنا بر

قرار گاہ مردم اور ہشتم برای بیدار حق کرنگے نام مین اختلاف ہی ابن عباس کے نزدیک علیین نام ہے اور بعض کے
نزدیک مقعد صدق کما قال فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر اور مقام علیین دفتر خانہ اہل جنت کا ہی اور
بندگان خاص کے سپرد ہی کما قال ان کتاب الابرار لفی علیین وما ادراک ما علیون کتاب مرقوم یشہدہ
المقربون یعنی کوئی نہین لکھا نیکون کا ہی اوپر والون مین اور تجھکو کیا خبر ہے کیا ہین اوپر والے دفتر ہے لکھا ہوا
اسکو دیکھتے ہین فرشتے نزدیک والے اور یہ مقام سب آسمانون سے بالا ہی نیچے کا سرا سدرۃ المنتہی کے
پاس ہی اور اوپر کا عرش مجید کے سیدھے پایہ کے قریب ہے انبیاء علیہم السلام واولیاء اللہ وہین ہین اور ہمیشہ
اور ارواح نیکون کی وہان پہونچتی ہین اور عوام صالحین کی روح بعد اسم نویسی اور پہونچنے اعمال نامون
کے گاہے گورستان مین اور گاہے ماء الجواد اور کبھی چاہ زمزم مین رکھی جاتی ہے اور روح کو اپنی
قبر سے ایک نوع کا علاقہ بھی ہوتا ہی کہ جب کوئی شخص زیارت کو آتا ہے تو اسکو اطلاع ہوتی ہے کیونکہ
روح کو قرب بعد مکانی مانع ادراک نہین ہی اور مثال اسکی وجود انسان مین روح بصری ہی کہ کواکب
ہفت آسمان کو اندرون چاہ سے دیکھ سکتی ہی اور صاحب کشاف نے اس ترتیب سے جنات کے نام
بیان کیے ہین اول دار الخلد دوم دار المقام سوم دار السلام چہارم جنت عدن پنجم دار القرار ششم جنت نعیم
ہفتم جنۃ الماوی ہشتم جنت فردوس اور سورۂ ذاریات کی تفسیر مین صاحب کشاف نے لکھا ہے کہ عدن
کو زمرد سبز سے بنایا ہے اسمین سخی وعادل وغازی وزاہد دائمہ مساجد رہینگے اور جنۃ الماوی کو نور سے
تیار کیا ہے شہید حقیقی اور خیرات کرنے والے اور غصہ کھانے والے اور معاف کرنے والے تقصیرون کے
اسمین رہینگے اور فردوس کو جلال کبریائی کے نور سے بنایا ہے اسمین انبیا علیہم السلام رہینگے اور
اسکے درمیان ایک غرفہ نور رضا کا بنایا ہوا ہے اسکو مقام محمود کہتے ہین سرور انبیا علیہ السلام اسمین
تشریف رکھینگے اور نعیم کو زبرجد سبز سے بنایا ہی اسمین شہید حکمی ومؤذن رہینگے اور دار القرار کو مروارید سفید سے
بنایا ہی اسمین جو مومنین عام ہین وہ رہینگے اور دار السلام کو یاقوت سرخ سے بنایا ہی اسمین فقیر صابر
اس امت کے رہینگے اور دار الجلال زر سرخ کا ہے اسکو دار المقام بھی کہتے ہین اسمین اس امت کے
اغنیاء شاکرین رہینگے اور کیفیت طبقات بہشت کی یہ ہے کہ ایک دوسرے طبقہ سے حائل نہین بلکہ جملہ طبقات
گویا پائین باغ ہی اور عرش مجید انکی چھت ہی اور احادیث صحیحہ سے معلوم ہوتا ہی کہ جنۃ الماوی سبکے
نیچے ہے وجنت عدن وسط مین ہی اور جنت فردوس میانہ وبالا ہے اور اعلی درجہ جنت کا علی الاطلاق
وہ ہی جسکا نام وسیلہ ہی اور صاحب اسکا حکم وزیر رکھتا ہی یعنے فیض شاہی کسی کو نہین پہونچتا مگر بطفیل
اسکے اور اسکے ہاتھ سے سو یہ مقام مخصوص ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہے مشکوۃ شریف

عبادہ ابن صامت سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے بہشت کے سو درجے ہین اور ہر درجے کی مسافت مقدار مسافت
ارض وسما ہے اور اعلیٰ درجہ فردوس ہے اُسی پر عرش ہے اور وہ درمیان کی چیز ہے بہشت مین اسی سے چار
نہرین جاری ہین سو جب تم سوال کرو اللہ سے تو فردوس کا سوال کرو اسلیے کہ یہ اعلیٰ درجہ بہشت کا ہے
اور یہ بھی ثابت ہے کہ بنا ے جنت سیم وزر سے ہے اور روشنی اُسمین یاقوت وزمرد کی ہے اور چشمے اُسکے نہایت
مصفا اور اُسمین بجاے سنگریزہ جواہرات بہتے ہین اور اُس باغ مین درخت بیخار دبیخزان باپوست
برگ طلائی ونقرئی قائم ہین اور چار نہرین نہایت صاف جاری ہین کہ ایک کا پانی شیرین وسرد دوسری
دودھ سے پُر تیسری شہد خالص وصاف سے بھری ہوئی چوتھی پُر از شراب خوش رنگ خوشبودار
اور سواے انہار اربعہ مذکورہ کے اور بھی چار چشمے اُس باغ مین جاری ہین جس طرح چشمہ کافوری کہ
تاثیر اُسکی سرد ہے اور زنجبیل جسکو سلسبیل بھی بولتے ہین خاصیت اُسکی گرم ہے اور چشمہ تسنیم کہ بکمال لطافت
ہوا مین جاری ہے تسنیم لغت مین اُس چیز کو کہتے ہین جو شربت پر واسطے خوشبو کے ڈالی جاتی ہے جس طرح
گلاب کیوڑہ وبید مشک سو یہ چشمہ ہے کہ مقربین وسابقین کو اُس سے پلاینگے اور ابرار واصحاب الیمین
کو بطریق گلاب وبید مشک ملاکے دینگے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے ومزاجہ من تسنیم عیناً یشرب بہا المقربون
یعنے آمیزش اُسکی شراب تسنیم سے ہوگی اور وہ چشمہ ہے کہ پیتے ہین اُس سے قریب کے لوگ سر اسکا یہ ہے
کہ چشمہ عشق ومحبت خدا کا نمونہ ہے کہ بے تعیین محل وصورت بلکہ بے تشخیص حال ارواح مقربین کو اُس سے
سیراب کرتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ وہ چشمہ زیر عرش الٰہی جوش زن ہے اور مقربین کے سامنے بہتا ہے اور بعضے
کہتے ہین کہ ہرگاہ مقربین محبت الٰہی کے ساتھ کسیکو نہین ملاتے اور مشغول بماسوی اللہ نہین ہوتے اس
باعث سے چشمہ تسنیم اُنسے مخصوص ہوا بخلاف ابرار کے کہ محبت اُنکی آثار افعال وصفات باری تعالیٰ سے
بھی ملی ہوتی ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مشکوٰۃ شریف مین روایت ہے کہ ہمنے عرض کیا یا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کس چیز سے پیدا کیا اللہ نے خلق کو فرمایا کہ پانی سے پھر کہا ہمنے کہ بنا بہشت کس
چیز سے ہے فرمایا کہ ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی اور مٹی اُسکی مشک خالص ہے اور سنگریزہ
اُسکے مروارید ویاقوت ہین اور خاک اُسکی زعفران ہے جو شخص کہ داخل ہوا بہشت مین بعز وناز ونعمت مین
رہتا ہے اور کچھ رنج ومشقت نہین دیکھتا اور ہمیشہ زندہ رہتا ہے اور کپڑے اُسکے پرانے نہین ہوتے اور جوانی
اُسکی نہین جاتی اور علامۂ ترمذی نے روایت کی ہے کہ درجات بہشت کے سو ہین ہر ایک درجہ کی مسافت
دوسرے درجہ سے سو برس کی راہ ہے اور یہ بھی روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آیۃ
فرش مرفوعۃ کی تفسیر مین فرمایا ہے کہ فرشتے ہین بہشت مین نہایت بلند قامت کہ مقدار اُنکی مقدار مسافت

مابین آسمان وزمین کے ہی اور آیات قرآنیہ سے واضح ہو کہ بہشت مین اونچے اونچے تخت بچھے ہین اور اونپر آبخورے رکھے اور قالیچے برابر پڑے اور مخمل کے نہالچے ادھر اودھر پھیلائے ہوئے ہین چنانچہ سورۂ واقعہ مین ارشاد ہوتا ہے علی سرر موضونۃ متکئین علیہا متقابلین یطوف علیہم ولدان مخلدون باکواب واباریق وکاس من معین لایصدعون عنہا ولاینزفون وفاکہۃ مما یتخیرون ولحم طیر مما یشتہون وحور عین کامثال اللؤلؤ المکنون یعنے بیٹھے ہین پلنگون پر سونے سے بُنے تکیہ دیے اونپر ایک دوسرے کے سامنے لیے پھرتے ہین اُنکے پاس لڑکے سدا رہنے والے آبخورے اور ٹھلیان اور پیالے بھرے شراب کے سرنہ دُکھے جس سے اور نہ بیہوش ہون اور میوہ جونسا چن لین اور گوشت اُڑتے جانورون کا جس قسم کو جی چاہے اور گوریان بڑی آنکھون والیان کئی برابر لیئے موتی کے غرض کہ اوصاف بہشت سے تمام کلام اللہ گویا بھرا ہوا ہے اللہم ادخلنی جنۃ الفردوس **فائدہ** خالق لایزال نے گندگی ہر ایک فلک کی مقدار معین پر رکھی ہی اور ستارون کو اسطرح جڑدیا ہے جس طرح انگوٹھی مین نگین اور ہر ایک فلک کے دو سطحین کہتے ہین ایک سطح محدب اور دوسری سطح مقعر اور اجرام مین سب افلاک متشابہ الاجزا ہین جو کچہ ایک فلک کے جائز ہی وہ دوسرے پر بھی درست ہی پس یہ کیفیت خالی از حکمت نہین کیونکہ یہ امور بمقتضای طبیعت نہین ہین اور دلیل اسکی سورۂ نحل مین مذکور ہی خلق السموات والارض بالحق یعنی مقدر کیا ہی اللہ نے آسمانون اور زمین کو یہ تدبیر درست اور ہر ایک فلک کا دور دو نقطہ پر ہی جسکو قطب کہتے ہین کہ اُسکو جنبش نہین ہی اور ہر دورہ کو ایک زمانہ معین پر قایم کیا ہی مثلا فلک القمر ایک دورہ اٹھائیس دن یا ایک مہینے مین تمام کرتا ہی اور فلک آفتاب و زہرہ و عطارد ایک سال مین کچھ کسرے زیادہ اور فلک مریخ دو برس مین یا ایک برس دس ماہ مین اور فلک مشتری بارہ برس مین اور فلک زحل تیس برس مین اور فلک آٹھوان جسکو حکما تجویز کرتے ہین اور اہل شرع تعبیر کرسی فرماتے ہین چھتیس ہزار یا پچیس ہزار دو سو برس مین اور عرش کہ جسکو حکما فلک نہم کہتے ہین ایک شبانہ روز مین اور ظاہر ہی کہ سرعت بطور کوچکی و بزرگی پر منحصر نہین ہی ورنہ حرکت فلک العرش کی سب سے بطی ہوتی حالانکہ سب سے سریع ہی اور ہر ایک ستارے کی روشنی مختلف ہی اور رنگ علیحدہ مثلا قمر کے مُنہ پر کلف ہی اور عطارد کا رنگ زردی مائل اور زہرہ کا سفید و شفاف اور مریخ کا سرخ اور مشتری کا زرد خالص اور زحل کا فی الجملہ تاریکی لیے ہوئے اور آفتاب پر ایک نقطہ ہی مانند خال سیاہ کے چنانچہ جب ہوا مین غبار ہوتا ہی تو صاف نظر آتا ہی

کیفیت بروج آسمان

**فائدہ** خداوند کبریا نے آسمان مین بارہ برج پیدا کیے ہین کہ والسماءِ ذات البروج وتبارک الذی جعل فی السماء بروجا اسپر دلیل قطعی ہے اور ہر ایک برج کی صورت مختلف ہے اور ہر برج کا حکم نیکی اور بدی مین جدا ہے اور باوجود اختلاف نکے دوران کرتے ہین اور کبھی حکم انکا عالم پر جاری ہوتا ہے اور کبھی زائل ہو جاتا ہے اور پھر عود کرتا ہے پس اعتقاد کرنا ایک جگہ اور ایک شخص کے حق مین نہ چاہیے اسواسطے کہ شاید حالت موجودہ معدوم ہو جاوے اور حالت معدومہ پھر آوے اور حسن مجاہد وقتادہ کے نزدیک بروج سے بڑے بڑے ستارے مراد ہین اور بسبب ظہور کے بروج نام ہوا اور عطا نے ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ بروج سے مراد منازل سبعہ سیارہ ہین اور وہ بارہ ہین حمل ثور جوزا سرطان اسد سنبلہ میزان عقرب قوس جدی دلو حوت اور انکی صورتین مختلف ہین حمل بصورت بچہ گوسفند مرکب تیئیس ستارون سے ہے اور پانچ ستارے اور بھی علاقہ رکھتے ہین گو کہ صورت سے خارج ہین اور سر انکا جانب مغرب اور دنبال طرف مشرق ہی گویا منھ پیچھے پھیرے کسیکو دیکھتا ہے اور ثور بصورت گاے مرکب بتیس ستارون سے سر اسکا جانب مشرق اور دنبال جانب مغرب ہے اور سوا ان ستارون کے اور بھی ستارے بصورت خوشہ انگور ہین الثور والثریا مانند عین ہین کہ اسی صورت سے علاقہ رکھتے ہین اگرچہ خارج از صورت ہین اور جوزا بصورت دو آدمیون کے باہم متصل سر انکے جانب شمال و مشرق اور پیر جانب جنوب و مغرب ترکیب اسکی پچیس ستارون سے ہے اٹھارہ داخل اور سات خارج اور سرطان بصورت خرچنگ نو ستارون سے مرکب ہے اور اسد بصورت شیر ہے ستائیس ستارون سے مرکب اور قلب الاسد وزبرہ وغیرہ بھی اسی سے علاقہ رکھتے ہین اور سنبلہ بشکل عورت ہے کہ داہنے ہاتھ مین ایک خوشہ لیے کھڑی ہے اور چھبیس ستارون سے مرکب ہے ورلے اسکے اور ستارے بھی اس سے علاقہ رکھتے ہین اور ایک ستارہ اور ملا ہوا ہاتھ سے ہے جسکو سماک اعزل بولتے ہین اور میزان مرکب آٹھ ستارون سے بصورت ترازو ہی اور عقرب مرکب اکیس ستارون سے بصورت کژدم ہے اور قلب العقرب اور اکلیل وغیرہ اس سے متعلق ہین اور قوس مرکب اکتیس ستارون سے ہے چہرہ آدمی کا اور تمام بدن مانند اسپ ہاتھ مین تیر و کمان اور جدی بصورت بزغالہ یعنے بھیڑ اٹھائیس ستارون سے مرکب ہے اور سعد ذابح بھی اس سے علاقہ رکھتا ہے اور دلو بشکل آدمی کہ بیالیس ستارون سے گویا ڈول چاہ سے نکالکر ہاتھ مین لیے الٹا کیے ہوئے پانی ڈالتا ہے اور حوت دو مچھلیون کی صورت سے اور مرکب چونتیس ستارون سے ہے اور دونون پیٹھ پیٹھ ملائے ہوئے ہین اور جنوب والی مچھلی کو سمک مقدم کہتے ہین مخفی نرہے کہ حمل اور عقرب دو گھر مریخ کے ہین اور ثور اور میزان زہرہ کے اور

جوزا وسنبلہ عطارد کے اور سرطان قمر کا اور اسد شمس کا اور قوس وحوت گو مشتری کے ہین اور جدی ودلو زحل کے ہین اور یہ بروج اربعہ عناصر پر مقسوم ہین پس حمل واسد وقوس مثلثہ ناریہ ہین اور ثور وسنبلہ وجدی مثلثہ ارضیہ وجوزا ومیزان ودلو مثلثہ ہوائیہ اور سرطان وعقرب وحوت مثلثہ مائیہ کذا فی المعالم والعزیزی اور حقیقت بروج کی یہ ہے کہ گردش آفتاب سے آسمان مین ایک دائرہ پیدا ہوتا ہے اسکو دائرۃ البروج بولتے ہین اور شمس اُس دائرہ کو ایک برس مین تمام کرتا ہے اُس دائرہ کو بارہ قسمین کر کے بارہ برج کہتے ہین اور وجہ حصر کی یہ ہے کہ آسمان کے چار حصہ ٹھہرائے جس ربع پر آفتاب آیا وہ فصل مقرر ہوئی کہ ہوا اور خاصیت اُس فصل کی دوسرے فصل سے مخالف ہوتی ہے جس طرح ربیع وخریف اور گرما وسرما اور ہر ایک فصل کی ابتدا او وسط وانتہا ہے کہ حکم اسکا اُن حالات سے حسب قوت وضعف مختلف ہوتا ہے سو اس حساب سے بارہ قسمین ہوئین اُنکا نام برج ہوا اور دوسری وجہ یہ ہے کہ آفتاب ایک دورہ مین بارہ مرتبہ قمر سے ملتا ہے یعنی دونون ایک مقام مین جمع ہو جاتے ہین سو اس حساب سے بارہ قسم ٹھہرایا اور ہر قسم کو برج کہا پھر ہر ایک برج کو موافق ایام حرکت شمس کی تیس قسمون پر تقسیم کیا اور ہر قسم کا نام درجہ رکھا اور ہر درجہ کو ساٹھ قسم کیا اسکا نام دقیقہ ہوا کہ ہندی مین اسکو گھڑی بولتے ہین اور ہر ایک دقیقہ کو ساٹھ قسم کیا اسکو ثانیہ قرار دیا کہ ہندی مین پل کہلاتا ہے اور ثانیہ کو بھی ساٹھ قسم کیا اسکو ثالثہ کہا اور ہندی مین چھن اور حکمت اسمین یہ ہے کہ رات ودن کی ساعتین دریافت ہون اور حکمت تعین آفتاب کی فلک چہارم پر یہ ہے کہ زمین سے دور وقریب نہ ہے اگر دور ہوتا تو سردی وافسردگی ہوتی اور جو قریب ہوتا تو حرارت وسوختگی ہوتی اور یہ دونون تولید وبقاے نوع حیوان کے مانع ہین لہذا حکمت الٰہی نے تقاضا کیا کہ وسط مین قایم ہوتا کہ حرارت وبرودت معتدل رہے اور سیر ہر روزہ کو بھی معتدل رکھا نہ سریع زیادہ ہے کہ غلبہ برودت پیدا کرے اور نہ بطی زیادہ ہے کہ موجب غلبہ حرارت واقع ہوا اور جو کوئی سلیم العقل حکمت طلوع وغروب وظلمت وبرودت ورطوبت شب مین کہ علت انکی آفتاب سے ہے غور کرے تو اُسپر حال موت وحیات وکیفیت نفخات یوم الحساب باحسن وجہ ظاہر ہو مثلاً ظلمت وبرودت ورطوبت موت کے صفات ہین سو جملہ حیوانات وقت شب گویا مرجاتے ہین لان النوم اخ الموت اور علی الصباح نور آفتاب کے ظاہر ہوتے حرکت کرتے ہین اور جس قدر آفتاب بلند ہوتا ہے قوت حس حرکت مین زیادہ ہوتی ہے اور جب مائل بغروب ہوتا ہے حس حرکت مین نقصان آجاتا ہے یہان تک کہ غروب کے بعد جملہ حیوانات اپنے آشیانون سے آشنا ہو جاتے ہین اور تا وجود شفق بیدار رہتے ہین اور بعد زوال شفق سو جاتے ہین مگر بعارض ولا اعتبار لہ پس سبب ظاہری موت کا گویا آفتاب ہے اسی طرح خیال کرنا چاہیے کہ جب آفتاب غروب ہوتا ہے تو حیوانات ہر ایک نوع کا

خوف غالب ہوتا ہے گویا یہ نفخۂ فزع ہے کما قال اللہ تعالی ونفخ فی الصور ففزع من فی السموات والارض اور جب شفق زایل ہوجاتا ہے سوجاتے ہین گویا یہ نفخۂ صعقہ ہے چنانچہ فرمایا ونفخ فی الصور فصعق من فی السموات والارض اور جب آفتاب طالع ہوتا ہے جملہ حیوانات بیدار ہوکے اوٹھ کھڑے ہوتے ہین گویا یہ نفخۂ قیام ہے کما اشار الیہ ثم نفخ فیہ اخری فاذا ہم قیام ینظرون اسیطرح سیر آفتاب مین بہت حکمتین ہین اور ایک فائدہ بڑا یہ ہے کہ حرکت آفتاب سے سال وماہ واوقات حج بیت اللہ ظاہر ہوتے ہین چنانچہ ارشاد ہوتا ہے ویسئلونک عن الاہلۃ قل ہی مواقیت للناس والحج اور فایدہ یہ بھی ہے کہ شب وروز کی ساعات سے اوقات نماز دریافت ہوتے ہین وراے ان فوائد کے ایک بات اور بھی غور کی ہے کہ انسان اس ورانا پایدار مین کہ مزرعہ دار القرار ہے گویا کاشتکار ہے کہ تخم معرفت لیکر آیا ہے اور کاشتکار کو کئی چیزین ضروریین اول آفتاب ہے کہ زمین اسکی شعاع سے اصلاح قبول کرتی ہے اور باطن زمین مین گرمی پیدا ہوتی ہے کہ موجب ثوران قوت نامیہ ہے تو گویا آفتاب حق زراعت مین قائم مقام حرارت غریزیہ کے ہے کیونکہ جب زمین مین تخم ڈالتے ہین تو خاک وہوا وآب باہم ملکر استعداد حیات نباتیہ پیدا کرتے ہین بسبب طبخ ووقوع عفونت کے کسقدر حرارت کی احتیاج ہوتی ہے سو اگر حرارت عنصر نار سے حاصل کرین تو تخم ڈالا ہوا جل جاوے لہذا حکمت الہیہ نے حرارت شمسیہ کو مسلط فرمایا کہ اس سے منفعت نار حاصل ہے اور مضرت کچھ نہین ہے وراے اسکے اختلاف فصول بھی ضروریات زراعت سے ہے اور یہ امر حرکت آفتاب سے متعلق ہے الغرض منافع شمس شروع زراعت سے آخر تک صاحب علم فلاحت پر پوشیدہ نہین ہین اور حکمت تعین ماہتاب کی فلک اول پر ظاہر تر ہے ادنے فائدہ یہ ہے کہ عمل زراعت مین رطوبت باقی کافی نہ تھی پس رطوبت فوقانیہ کی احتیاج پڑی تاکہ میوہ ودانہ کو پر مغز وگندہ کرے اور یہ حاصل نہین مگر نور قمر سے اور فائدہ اختلاف نور کا یہ ہے کہ رطوبت حیوانات پر مستولی تر ہے کیونکہ اللہ صاحب نے نور قمر کو سبب زیادتی رطوبات کا گردانا ہے یعنی جس قدر نور قمر ناقص ہوتا ہے رطوبت کم ہوتی ہے اور جس قدر زیادہ ہوتا ہے رطوبت زیادہ ہوتی ہے چنانچہ یہ بات جزر ومد دریاؤن سے تجربہ معلوم ہوئی ہے اور جزر ومد دو قسم ہے ایک متعلق بایام کہ جب ماہ افق شرقی سے مل جاتا ہے مد شروع ہوتا ہے اور آب دریا بڑھتا ہے تا نصف النہار بعد اسکے جزر شروع ہوا اور غایت جزر افق غربی ہے اور جب اس سے گذرا تو دوسرا مد شروع ہوا اور یہ زمین کے نیچے ہوتا ہے تا نصف النہار پھر جزر شروع ہوتا ہے یہانتک کہ افق شرقی مین آوے اور دوسرا متعلق بالشہور ہے یعنی ہر ایک ماہ مین پندرہ روز اول مین مد زیادہ ہوتا ہے پندرہ روز آخر سے بسبب قلت وکثرت رطوبت کے

کہ نور قمر سے علاقہ رکھتے ہین اور زیادتی اس رطوبت کی جملہ اجسام مین ظاہر ہوتی ہے جیسے کہ خاک مین بھی یعنے اگر خاک کو نیمۂ اولی مین چھت پر بچھا کرکے آب اندود کرین تو پانی ٹپکیگا بخلاف نیمۂ آخرہ کے تدبیل کلام الٰہی مین رب المشرق والمغرب و رب المشرقین والمغربین و رب المشارق والمغارب اس فائدہ سے واقع ہے کہ ثوابت کا شروق و غروب معین ہے سالہا سال نہین بدلتا لیکن سیارہ کا مختلف ہے مثلاً آفتاب اول سرطان مین نہایت بلند ہوتا ہے اور اول جدی مین نیچا اور جب ان دونون نقطون پر ہوتا ہے تو مشرق و مغرب وہ نقطے ہوتے ہین اور مابین انکے مشارق و مغارب اور ہین باعتبار بروج و مدارج تو جس جگہ ارشاد بلفظ واحد ہے اسیطرف اشارہ ہے اور جس جگہ بلفظ تثنیہ فرمایا ہے وہان مشرق صیف و شتا مراد ہے اور مغرب و مطلع راس سرطان و جدی اور جہان کہین بلفظ جمع ہے وہان جمیع مواضع شروق و غروب مراد ہین پوشیدہ نرہے کہ طلوع و غروب کواکب مین بہت فوائد ہین ازانجملہ پانچ ہر اظاہر ترین اول جب ستارہ نکلتا ہے تو مرتفع ہوتا جاتا ہے اور یہی حال انسان کے نشو و نما مین ہے دوسرا جب سط مین آتا ہے تو ٹھہرا نظر پڑتا ہے گو حقیقۃً ٹھہرا نہین ہے سو یہی حقیقت سن وقوف کی ہے تیسرا جب ستارہ جانب غرب مائل ہوتا ہے تو تھوڑا نقصان مین آتا ہے مگر اثر نقصان ظاہر نہین ہوتا اور یہی حال سن کہولت کا ہے چوتھا جب افق غروب کے قریب پہونچتا ہے تو کانپ کر گرتا ہے اسی طرح انسان حالت شیخوخت موت مین بستر پر گرتا ہے پانچوان بعد غروب عشا کے وقت تک اثر کوکب باقی رہتا ہے اسی طرح عوام انسان کا بعد مرگ چندے اثر رہتا ہے واسطے معبود برحق نے انہین پانچون وقتون مین پانچ نمازین فرض فرمائی ہین کیونکہ انہین وقتون مین آثار عجیبہ ظاہر ہوتے ہین پس انسان کو لائق ہے کہ دل و زبان و جوارح و اعضا کو ان وقتون مین مصروف بعبادت خالق کرے تاکہ عبودیت جسمانی معرفت و حکمت حق سے مضاف ہو جاوے اور استغراق خدمت کماینبغی ظاہر ہو فائدہ اختلاف شب و روز مین انواع حکمتین ہین کہ بیان انکا دشوار ہے الا بمقتضاے مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ چند حکمتین ظاہر لکھی جاتی ہین اول یہ کہ جب روز آتا ہے تو شب پر مستولی ہو جاتا ہے اور اسکو دبا لیتا ہے اور جب رات آتی ہے تو وہ بھی غالب ہوتی ہے اور روز کو مقہور کر دیتی ہے الا اول زمستان سے تا اول تابستان روز کم ہوتا ہے اور شب زیادہ ہوتی ہے اور اول تابستان سے تا اول زمستان روز زیادہ ہوتا ہے اور شب کم ہوتی ہے حکمت اسمین ظاہر ہین لحاظ اعتدال ہے یعنی اگر ہمیشہ روز ہوتا تو خواب نہوتا یا کم ہوتا تو قوتین ضعیف ہو جاتین اور اگر ہمیشہ رات ہوتی تو سردی اور افسردگی مستولی ہوتی اور تمام جہان خراب ہو جاتا دوسری یہ کہ اگر تمام وقت روز ہوتا تو آفتاب ایک جگہ ٹھہرا رہتا پس جہان تک اسکی [illegible]

وہان سوختگی ہوتی اور جہان سے نزدیک ہوتا بلکہ دور ہوتا تو وہان افسردگی ہوتی اور دونون صورت مین
بطلان حیات لازم آتا ہی تیسری یہ کہ دن مین آدمی اپنے کسب معاش مین مشغول رہین اور رات کو
راحت اور سکون پاوین کما قال وجعلنا النهار معاشا اور دوسری جگہ ارشاد ہوا ہی وجعلنا اللیل
سکنا اسواسطے کہ اگر ہمیشہ حرکت کرتے رہتے تو قوی ضعیف ہوجاتے چوتھی یہ کہ روز وشب سے
حشر ونشر کی صحت ہوتی ہی اسواسطے کہ سونا موت سے مشابہ ہی اور بیداری زندگی سے چنانچہ
ارشاد ہوتا ہی الله الذی یتوفی الانفس حین موتها والتی لم تمت فی منامها اور جب رات کو
سوتے ہین اور دن کو اٹھ بیٹھتے ہین کیا عجب ہی اسکی قدرت سے کہ مار ڈالے اور پھر جلادے
فائدہ زمین کو جو الله صاحب نے ساکن پیدا کیا فائدہ اسکا یہ ہی کہ حرکات حیوانات باطل
نہون اور اگر متحرک ہوتی تو حرکت اسکی یا مستقیمہ ہوتی یا مستدیرہ مستقیمہ نہین ہوسکتی ہی
اسواسطے کہ حرکت مستقیمہ یا نیچے ہوگی یا اوپر نیچے کو نہین ہوسکتی کسواسطے کہ اگر ایسا ہو تو چاہئے
کہ حیوان جب زمین سے جست کرے زمین پر نہ پہونچے اسواسطے کہ جب جسم گران زیادہ ہی
حرکت اسکی جانب اسفل کو بھی زیادہ ہی اور بطی الحرکت سریع الحرکت کو نہین پہونچتا ہی اسیطرح
حرکت زمین کی اوپر کی طرف بھی نہین ہوسکتی ہی اسواسطے کہ اگر ایسا ہو تو چاہیے کہ جب کوئی
اوپر کو چلے نیچے نہ آوے خواہ پتھر کو اوپر پھینکے تو نیچے کو نہ آوے اسواسطے کہ جس جسم کی حرکت
قسری ہوتی ہی بعد زائل ہونے قاسر کے حرکت اسکی برخلاف طبیعت نہین ہوتی بلکہ موافق طبیعت
ہوتی ہی پس اگر طبیعت اور اجزاء زمین مین کوئی بھی حرکت اوپر کو کرتا بعد از زوال قاسر پھر نہ آتا
باقی رہی حرکت مستدیرہ وہ بھی نہین ہوسکتی ہی اسواسطے کہ اگر ایسا ہو تو حرکت حیوان بسبب
تخالف حرکت زمین کی ممکن نہو اسواسطے کہ زمین ہوائے محیط کو اپنی طرف حرکت دیتی ہی اور حرکت حیوان
ہوا سے متعلق ہی پس اگر حیوان خلاف اسکے حرکت کرتا تو حرکت نہ کرنے دیتی اس سے ظاہر ہوا
کہ اگر زمین متحرک ہوتی تو حیوانات کی حرکت باطل ہوجاتی لہذا حکمت الٰہی نے اقتضا کیا کہ زمین
ساکن ہو تاکہ یہ قباحت لازم نہ آئے اور اسی پر اشارہ ہی کہ وجعل الارض قرارا اور دوسری جگہ ارشاد
ہوتا ہی وجعل لکم الارض بساطا لتسلکوا منها سبلا فجاجا اور زبور یکصد وچہارم نسخہ ۱۸۲۵ ورس پنجم مین
لکھا ہی کہ زمین کو جنبش نہین ہی اور زبور ایک سو انیس ۱۱۹ ورس نوے مین ہی کہ زمین ٹھہر رہی ہی
اسیطرح حق تعالے نے زمین کو بہت سخت نہین پیدا کیا اسکا فائدہ یہ ہی کہ اگر سخت پیدا کرتے
تو زمستان مین بہت سرد ہوتی اور تابستان مین بہت گرم یہ دونون باتین زراعت کو مانع ہین

اور بہت نرم مانند پانی کے اسواسطے نہ پیدا کیا کہ حیوان اسپر قرار پکڑے اور اگر پانی ہوتی تو کوئی
ٹھہر نہ سکتا لہذا معتدل پیدا کیا اور اُسمین چشمے جاری کیے چنانچہ فرمایا وجعل خلالہا انہارا وفجرنا
الارض عیونا تاکہ بسبب تولید نباتات وغیرہ ہوا اور قوت حیوانات کا اُس سے بہم پہونچے اور انسان
کہ اشرف مخلوقات ہی کمال حاصل کرے فائدہ خالق ذوالجلال نے پہاڑون کو جو زمین پر
پیدا کیا ہی فائدہ اسکا یہ ہی کہ پہاڑون سے معدن طلا و آہن وغیرہ نکلے خصوص لوہے کی کان
کہ اس سے کار زراعت اور لباس اور کارخانہ سکنی اور دفع مضرت دشمنان وغیرہ امور کہ سواے اسکے
دوسرے سے نہین ہو سکتے ہین بہم پہونچین چنانچہ ارشاد ہوتا ہی کہ وانزلنا الحدید فیہ باس شدید
ومنافع للناس علی ہذا القیاس احجار نفیسہ جس طرح فیروزہ اور یاقوت اور زمرد کہ سواے پہاڑون کے
کہین نہین حاصل ہوتے ہین اسواسطے کہ وہ پانی جو اجزاء زمین مین پوشیدہ ہی جب اُسکو حرارت
آفتاب کی پہونچتی ہی تو بخار ہو جاتا ہی اگر پہاڑ نہون تو متفرق ہو کر پھر پانی ہو جائے جیسے دیگ
اگر جوش کرے اور سر اُسکا کھلا ہو تو جو کچھ اُسمین جوش کریگا گر جائیگا اور جب منہ ہوگا نہ گریگا
بلکہ طرف اعلے مین جمع ہو کر بتدریج علی سبیل التقاطر ٹپکیگا اور یہی سبب ہی کہ قرب جبال سے
چشمون کی کثرت ہوتی ہی اور برف و باران کی شدت اور یہ موجب کثرت نباتات ہی وراے اسکے
جبال سے راہین دریافت ہوتی ہین اور دریاؤن مین تفریق ہو جاتی ہی کما قال وجعل بین البحرین
حاجزا اسی طرح اور بھی فوائد ہین فائدہ تولید حوادث سفلیہ حرکت افلاک سے ہوئی اور عناصر
اربعہ اصول مرکبات قرار پائی یعنی جب خالق عالم نے افلاک کو پیدا کیا تو اُنکو حرکت مین لایا اُسی
حرکت سے حوادث سفلیہ ظاہر ہوئے تو جو چیز فلک سے قریب تر تھی وہ لطیف تر اور حار یابس ہوئی
سو وہ آگ ہی اور جو چیز فلک سے بعید زیادہ تھی وہ ثقیل مطلق و سرد و خشک ہوئی کہ وہ زمین ہی
اور جو چیز آگ سے نزدیک تر تھی وہ خفیف مضاف و گرم تر ہوئی کہ ہوا ہی اور جو چیز زمین سے
قریب ہی ثقیل مضاف و سرد تر ہوئی وہ پانی ہی پس خفیف مطلق آگ ہی و لہذا طالب غایت محیط ہی
اور محدب اُسکا مماس مقعر فلک قمر ہی اور خفیف مضاف ہوا ہی کہ طالب جہت محیط ہی اور محدب
اُسکا مماس مقعر نار ہی اور ثقیل مطلق زمین ہی اور طالب غایت مرکز کی اور جملہ ارکان سے فروتر
اور پانی ثقیل مضاف ہی کہ طالب جہت مرکز اور زیر ہوا اور بالاے ارض واقع ہی اور خصوصیت ہر ایک
عنصر کی دو کیفیتون سے بحکم خالق ہی اور عقل اسمین حیران ہی اور حکمتین خلقت عناصر اربعہ کی
بہت ہین ازانجملہ یہ کہ خاک سے مرکب کو ثبات و قرار و تشکل حاصل ہوتا ہی اور پانی سے مرکب مین

ف خلقت جبال بر ارض

ف تولد حوادث سفلیہ یعنی عناصر اربعہ ۱۴۰

نرمی پیدا ہوتی ہو کہ جو صورت چاہین بنالین اسواسطے کہ خاک خالص اشکال کو دیر تر قبول کرتی ہو اور بعد قبول رکھ چھوڑتی ہو اور پانی تشکل قبول کرتا ہو لیکن محفوظ نہین رکھتا مگر جب خاک سے مل جاتا ہو تو البتہ نگاہ رکھتا ہو یعنی خاک پانی کو جاری ہونے سے باز رکھتی ہو اور پانی خاک کو پراگندگی سے منع کرتا ہو اور چونکہ دونون ثقیل ہین تو جب ہوا کہ انکی لسبت لطیف ہو ملائی جاتی ہو اُس سے سبکی پیدا ہوتی ہو اور کثافت دور ہوتی ہو اور آگ مرکب مین سبب پختگی واقع ہوتی ہو اور تلطیف و نضج کی علامت ہوتی ہو اور برودت آب و خاک کو توڑ دیتی ہو اسی طرح ہزارون فوائد ہین کہ بیان اُنکا محال ہو

فائدہ بعد خلقت جنت کے خالق قہار ذو الجلال و الاکرام نے طبقات زمین کے نیچے دوزخ کو پیدا کیا اور اسکے سات دروازے بنائے اول جہنم کہ مقام عذاب و عتاب امت مرحومہ علے صاحبہا الصلوۃ والسلام ہی دوم سعیر کہ مقام نصاری ہو سوم حطمہ کہ مکان جہودان ہی چہارم لظی کہ ماوای ابالیس و دیوان ہی پنجم سقر کہ جاے عقوبت جباران و متکبران ہی ششم جحیم کہ مخزن مشرکان بت پرستان ہی ہفتم ہاویہ کہ مرجع فرعونیان و منافقان ہو اسی طرح مفسرین نے تفسیر کریمہ لہا سبعۃ ابواب مین لکھا ہو اور بعض اس ترتیب سے کہتے ہین کہ اول جحیم دوم جہنم سوم سقر چہارم سعیر پنجم لظی ششم ہاویہ ہفتم حطمہ اور بعض کہتے ہین کہ اول جاے عاصیان امت مرحومہ دوسرا جاے جہودان تیسرا مقام ترسایان چوتھا مسکن مغان پانچوان مقام بت پرستان چھٹوان مرجع مشرکان ساتوان جاے منافقان کما قال ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار اور امام ابو المنصور ماتریدی فرماتے ہین کہ مراد ابواب سے طبقات ہین اور چونکہ مومن ہمیشہ دوزخ مین نرہینگے و لہذا اُنکے نام مزد کوئی طبقہ نہین ہو پس طبقہ اولی دہریون کا ہو او ثانیہ ثنویہ اور مشرکین عرب کا اور ثالثہ براہمہ منکرین نبوت کا اور رابعہ یہود کا اور خامسہ نصاری کا اور سادسہ مجوس کا اور سابعہ منافقون کا اور رسالہ معراجیہ سے معلوم ہوتا ہو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سات دروازے دوزخ کے شب معراج مین دیکھے تھے بعض علے اور بعض سفل ایک دروازے سے دوسرے تک پانسو برس کی راہ تھی اور ہر ایک پر ایک دربان تھا پہلے دروازے پر لکھا ہو فویل للمصلین الذین ہم عن صلوتہم ساہون دوسرے پر ویل المشرکین تیسرے پر ویل للمکذبین چوتھے پر ویل للمطففین پانچوین پر ویل لکل ہمزۃ چھٹوین پر فویل للقاسیۃ قلوبہم من ذکر اللہ ساتوین پر فویل للذین یکتبون الکتاب بایدیہم اور حدیث معراج سے بعضون نے نقل کی ہو کہ اول طبقہ دوزخ کا نام جہنم ہی اور مرحائیل اسکا خازن ہو دوسرے کا نام لظی طوفائیل اُسکا خازن ہو اسمین لباس دوزخیون کے رہتے ہین تیسرے طبقہ کا نام حطمہ خازن اُسکا طرفائیل اسمین سانپ و بچھو ٹھہرے ہین چوتھے طبقہ کا نام سعیر ہو

خازن اسکا شمطائیل پانچوین کا نام سقر موکل اسکا دقمائیل ہو اسمین اعمال نامہ رہیگا رہین چھٹی کا نام جحیم موکل اسکا
قعفرطائیل ساتوین کا نام ہاویہ ہفائیل اسکا موکل ہو اور بعض ارباب سیر نے موکلات کے نام اور بھی
لکھے ہین اور مشکوٰۃ المصابیح مین حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ فرمایا حضرت صلی اللہ
وسلم نے کہ پھونکی گئی آگ دوزخ کی ہزار برس یہان تک کہ سرخ ہوئی پھر تیز کی گئی ہزار برس
یہان تک کہ سفید ہوئی یعنی سپیدہ دوڑ رہی اور سرخی جو آمیزش دود سے تھی جاتی رہی پھر افروختہ کی گئی
ہزار برس یہان تک کہ سیاہ ہوئی سو آگ دوزخ کی سیاہ تاریک ہو کہ ہرگز روشنی اسمین نہین ہو اور بھی
مشکوٰۃ المصابیح مین حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ صعود ایک پہاڑ دوزخ کا ہو جسکا اشارہ آیہ کریمہ سارہقہ صعودا مین ہوا ہو ارتفاع
اس پہاڑ کا پچاس برس کی راہ ہو کافرون کو فرشتے زنجیرون مین کسکر اس پہاڑ پر لیجاوینگے اور عذاب کرینگے
اور پھر وہان سے نیچے ڈالینگے اسیطرح یہ عذاب دایمی انپر ہوا کریگا اللھم احفظ اللھم احفظ
اور علامہ ترمذی رحمہ اللہ نے روایت فرمائی ہو کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ سراپردہ
آتش جہنم کی چار دیوارین ہین اور ہر دیوار کی سطبری چالیس برس کی راہ ہو اور ابن عباس سے
روایت ہو مشکوٰہ شریف مین کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ایک قطرہ زقوم کا کہ
درخت ہو دوزخ مین اور کھانا ہو دوزخیون کا ٹپکے دنیا مین تباہ ہو جائین اہل زمین پر اسباب
زندگانی کے پس کیا ہو حال اسکا جسکی یہ خوراک ہو اور ابو سعید خدری سے ترمذی مین روایت ہو کہ
فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ایک ڈول غساق سے یعنی زرداب سے جو دوزخیون کے
بدن سے ٹپکتا ہو ڈالا جاوے دنیا مین ہر آینہ گندہ ہو جائین تمام اہل دنیا اور ابو بردہ سے روایت ہو
اور یہ ابی بردہ بیٹا ہو ابو موسیٰ اشعری کا کہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ دوزخ مین ایک جنگل ہو کہ اسکو ہبہب کہتے ہین اسمین جبار رہتے ہین یعنی متکبر مکار اور
عبد اللہ ابن حارث ابن جزر سے مشکوٰۃ شریف مین روایت ہو کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ دوزخ مین
سانپ ہین بختی اونٹون کی صورت پر کہ کاٹتا ہو وہ سانپ ایک مرتبہ پس پاتا ہو دوزخی سختی اسکی
چالیس برس تک اور ہر آینہ دوزخ مین بچھو ہین مثل خچرون کے پالان کیے ہوے کہ ایک مرتبہ اسکے
کاٹنے سے چالیس برس تک سختی رہتی ہو فائدہ واضح ہو کہ دوزخ پر انیس فرشتے متعین ہین چنانچہ
ارشاد ہوتا ہو کہ وعلیہا تسعۃ عشر حدیث شریف مین آیا ہو کہ آنکھین انکی مانند برق کے چمکتی ہین
اور آوازین مانند رعد کے اور دانت انکے جیسے شاخین گوزن کی اور بال انکا ایسے بڑے ہین

سلہ فرشتہ یکہزار نہ دراصل فرشتہ بود یعنی معلوم نمود دو فرشتان پس یعنی معلوم باشند بہمہ بدل کردہ و فرشتہ تعبیر ملک ست لہنوز ازاولہ کہ باشند کہ بعضی فرشتان ست و در مرقاۃ نوشتہ کہ فرشتہ در اصل ہر ستہ نفتحین ... گفتہ اند ۱۲ منہ
ف دریبا کہ ... دوزخ

کہ دامن کی طرح اٹھائے ہوئے چلتے ہین اور اُنکے منہ سے فوارے آگ کے جوش زن ہین اور دہیان
دونون کندھون کے مسافت ایک برس کی ہی اور کف دست ہر ایک کا گنجایش لاکھون کی رکھتا ہی
مہربانی اور رقت اُنکے قلوب سے بالکل زائل ہی اور سبب اُنیس ہونے کا اکثر محققین یون بیان
کرتے ہین کہ دوزخ ظہور غضب الٰہی کا محل ہی اور جیسا کہ رحمت الٰہی جب متوجہ کسی امر کے انجام پر
ہوتی ہی تو روحانیات جمیع مخلوقات کی اُس کارخانہ رحمت کی خدمت کرتی ہین اسی طرح غضب
اور قہر الٰہی کسی مہم پر متوجہ ہوتا ہی تو روحانیات تمام مخلوقات کی اُسکی خدمت پر مصروف ہو جاتی ہین
پس اس انتظام مین اُنیس فرشتون کی ضرورت ہوئی اوّل مالک کہ روحانیہ عرش سے علاقہ رکھتا ہی
کہ ہرگز اپنی عمر مین نہین ہنسا اور چہرہ اُسکا کسی نے کبھون کھلا نہین دیکھا اور یہ مثل سلطان
دوزخ ہی اور تمامی فرشتے فرمان بردار دوسرا فرشتہ کہ روحانیت کرسی سے متعلق ہی اور تقسیم
طبقات اور تعیین مقدار عذاب اسکے زیر اختیار ہین ہی گویا کہ یہ فرشتہ دیوان اور دفتر دار کی ہی
تیسرا فرشتہ روحانیہ آسمان ہفتم سے علاقہ رکھتا ہی کہ مسکن ہی زحل کا حفظ ابدان وغیرہ اور بقا
اُس سے متعلق ہین پس یہ بمنزلہ میر عمارت ہی چوتھا فرشتہ کہ روحانیہ چھٹوین آسمان سے جو
محل مشتری ہی متعلق ہی کہ فساد اور مخاصمت ڈال دینا دوزخیون مین کہ جابجا کلام ربانی مین
تخاصم اور اختصام انکا مذکور ہی اسیکا کام ہی تو یہ بمنزلہ قاضی کے ہی پانچوان فرشتہ کہ روحانیت
پانچوین آسمان سے جو مسکن ہی مریخ کا علاقہ رکھتا ہی اور گرفت و گیر اور ضرب اور شلاق اُس سے
متعلق ہی پس یہ بمنزلہ کوتوال اور جلاد کے ہی چھٹوان فرشتہ کہ چوتھے آسمان کی روحانیت سے
جسمین آفتاب ہی علاقہ رکھتا ہی اور بطلان عقائد اور قبح اعمال اہل دوزخ کا اُس سے متعلق ہی
پس یہ بمنزلہ میر تعلیم اور اتالیق کے ہی ساتوان فرشتہ کہ روحانیہ تیسرے آسمان سے کہ مکان ہی
زہرہ کا علاقہ رکھتا ہی کہ دوزخیون کو نوحہ اور زاری کی آوازین سناتا ہی یہ گویا بمنزلہ خنیاگر کے ہی
آٹھوان فرشتہ کہ روحانیہ دوسرے آسمان سے کہ محل عطارد ہی علاقہ رکھتا ہی اور پہونچانا خبر
ایک فریق کی دوسرے کو اسی کا کام ہی پس یہ بمنزلہ جاسوس ہی نوان فرشتہ پہلے آسمان سے کہ
سیرگاہ ماہتاب ہی علاقہ رکھتا ہی اور متعفن کر دینا جراحات کا اور حادث کرنا بدبو کا اُسکا کام ہی
پس یہ بمنزلہ جراح کے ہی دسوان فرشتہ کہ روحانیہ کرہ نار سے علاقہ رکھتا ہی اور جلانا اور
روشن کرنا آگ کا اور پختہ کر دینا دوزخیون کے بدن کا اُس سے متعلق ہی پس یہ باورچی کا حکم
رکھتا ہی گیارھوان فرشتہ کہ تعلق روحانیہ ہوا سے رکھتا ہی کام اُسکا یہ ہی کہ دھوان اُٹھا کے

دوزخیون کے مشام مین پونچاتا ہی تو یہ بمنزلہ فراش کے ہی بارھوان فرشتہ کہ روحانیۂ پانی سے علاقہ رکھتا ہی اور طبقہ زمہریکا آراستہ کرنا اور برودت مفرطہ دوزخیون پر مسلط کرنا کام اُسکا ہی گویا کہ سقاء دوزخ ہی تیرھوان فرشتہ کہ روحانیۂ خاک سے متعلق ہی اور گرانی بدن پیدا کرنا اسکا کام ہی پس یہ گویا پہلوان ہی چودھوان فرشتہ کہ روحانیۂ معدن سے علاقہ رکھتا ہی زنجیر اور طوق درست کرنا اُسی کا کام ہی پس یہ بمنزلہ آہنگر کے ہی پندرھوان فرشتہ کہ تعلق نباتات اور اشجار سے رکھتا ہی زقوم اور اشجار خاردار جمانا اُس سے متعلق ہی پس یہ بمنزلہ فلاح اور مزارع کے ہی سولھوان فرشتہ کہ تعلق روحانیۂ حیوانات سے رکھتا ہی سانپ بچھو وغیرہ پیدا کرنا اُس سے متعلق ہی پس یہ بمنزلہ میر شکار ہی سترھوان فرشتہ روحانیۂ لطیفہ طبیعت سے کہ مقام اُسکا جگر ہی علاقہ رکھتا ہی بھوک اور پیاس وغیرہ دینا کہ العطش العطش پکارین کام اُسکا ہی پس یہ بمنزلہ طبیب عالم کے ہی اٹھارھوان فرشتہ روحانیۂ لطیفہ قلبیہ سے علاقہ رکھتا ہی اور کیفیات الم کا پیدا کرنا اُس سے متعلق ہی پس یہ فرشتہ بمنزلہ مرشد کے ہی اُنیسوان فرشتہ علاقہ لطیفہ عقل سے رکھتا ہی آگاہ کرنا خطاؤن سے کام اُسکا ہی وہ بمنزلہ حکیم اور فیلسوف کے ہی لیکن یہ فرشتے بطور سردارون کے ہین خدام اور اعوان اُنکے کوئی شمار نہین کر سکتا وما یعلم جنود ربک الا ہو اور بعض محققین فرماتے ہین کہ ہر شخص مین اُنیس چیزین آلات کسب کی جمع ہوئی ہین دونون ہاتھ دونون پاؤن زبان دل اعضائے تناسل پیٹ پیٹھ باصرہ سامعہ شامہ ذائقہ لامسہ فکر عقل وہم خیال شہوت غضب اسواسطے اُنیس موکل دوزخ کے مقرر ہوے ہین اور ظاہر ہی کہ کوئی شخص ایسا نہین ہی کہ جسنے انسے تقصیر کی ہو یا انکو غیر محل مین صرف نہ کیا ہو الا انبیا و اولیا من حفظہ اللہ اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ شرائط اور ارکان نماز کے اُنیس ہین طہارت بدن طہارت جامہ طہارت حدث سے استقبال قبلہ ستر عورت قیام رکوع دونون سجدے تعوذ تکبیر تحریمہ با رفع یدین قرأت اذکار تسبیحات تکبیرات تشہد درود دعا حضور دل درنیت سلام اطمینان ارکان مین ترک کلام و عمل منافی یعنی ترک التفات داہنے بائین سے پس جب نماز ترک ہوئی تو یہ سب ترک ہوے لہذا اُنیس موکلین عذاب مقرر ہوے اور یہ بھی وجہ لکھی ہی کہ رکعتین مفروضہ نماز کی اُنیس ہین دو فجر کی اور چار ظہر کی اور چار عصر کی اور تین مغرب کی اور چار عشا کی اور دو رکعتین صلوۃ اللیل کہ سب اُنیس ہوتی ہین اور ایک رکعت بسبب رعایت طاق کے زیادہ کی گئی تب بیس ہوگئین اور چوبیس ساعتین رات اور دن کی مقرر ہین اسمین سے پانچ نمازون کے واسطے معین ہین کہ یہ اُنیس ساعتون کا کفارہ ہین جب اس سے غفلت واقع ہوئی تو اُسکے مقابلے مین اُنیس زبانیۂ دوزخ مقرر ہوئے اور یہ بھی سبب ہی کہ اکثر لوگ

دنیا مین انئیس آفتون مین گرفتار رہتے ہین اول بیہودہ گوئی دوسری نکتہ گیری تیسری نزاع
اور جدال مذاہب مین چوتھی پڑھنا اشعار ہجو اور متضمن جھوٹھی مدح کے پانچوین فحش چھٹوین
سخت گوئی ساتوین دشنام آٹھوین لعنت کرنا غیر مستحق کا نوین مزاح زیادہ قدر انبساط سے
کہ رنجش ہمنشین کا واقع ہوتا ہی دسوین تہمت اور بہتان کرنا بگنا ہون کو امور قبیحہ سے
گیارھوین مسخراپن کرنا اور مسلمانون کی حرکات پہ ہنسنا بارھوین وعدہ خلافی کرنا تیرھوین
جھوٹھ بولنا اور مبالغہ کرنا چودھوین افشا راز کرنا پندرھوین غیبت کرنا سولھوین سخن چینی
کرنا سترھوین مدح کرنا کسی کے منھ پر خوش آمد سے اٹھارھوین فخر انیا اور اپنے بزرگون کا
طمطراق سے بیان کرنا انیسوین دعا بد کرنا اور یہ بھی سبب معلوم ہوتا ہی کہ اکثر لوگ روز جزا کا
انکار کرتے ہین اور قیامت کو آنیس واقعہ ہونگے چھ بعد نفخہ اولی کے اور تیرہ بعد نفخہ ثانیہ کے
لیکن چھ پہلے یہ ہین اول پھٹ جانا آسمانون کا دوسرا زلزلہ زمین کا تیسرا انتشار کواکب کا
چوتھا بے نور ہوجانا ماہتاب اور آفتاب کا پانچوان حرکت کرنا پہاڑون کا چھٹوان آگ روشن ہونا
دریاؤن کا اور وہ تیرہ جو بعد نفخہ ثانیہ کے ہونگے یہ ہین اول زندہ ہونا مُردون کا دوسرا
فوج فوج ہوکے چلنا میدان محشر مین تیسرا دھوان اٹھنا کہ اہل محشر کو محیط ہوجاویگا چوتھا
سیلان کرنا عرق کا آدمیون کے بدن سے پانچوان بالکل سایہ نہونا چھٹوان طول قیام
ساتوان سوال حساب آٹھوان وزن اعمال نوان نامۂ اعمال کا دکھلانا دسوان دینا نامہ
اعمال کا داہنے یا بائین ہاتھ مین گیارھوان روانہ ہونا بہشت یا دوزخ کو بارھوان پل صراط کا
گذرنا تیرھوان دخول جنت یا نار کا فائدہ معلوم ہوتا ہی کہ موت بصورت گوسپند ہی اور حیات
بصورت فرس ابلق چنانچہ حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ حق جل شانہ نے حیات اور
موت کی بھی صورت مثالی پیدا کی ہی یعنی موت عالم مثال مین بصورت گوسفند ہی کہ اسکے خال سیاہ
اور سفید نہایت کثرت سے ہین کہ جب کسی جگہ گذرتی ہی اور کوئی شخص اسکی بو سونگھتا ہی
مرجاتا ہی اور حیات کو بصورت گھوڑی ابلق کے پیدا کیا ہی کہ جب وہ کسی پر گذرتی ہی اور
بو اسکی اسکو پہونچتی ہی زندہ ہوجاتا ہی اور حدیث شریف مین وارد ہی کہ بعد داخل ہونے آدمیون کے
بہشت اور دوزخ مین موت کو بھی بصورت گوسفند لاکر ذبح کرینگے تاکہ دوزخیون کو رنج ہو اور
بہشتیون کو سرور اور قصہ سامری مین واقع ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام گھوڑی پر سوار تھے
تب اسنے اسکے سم کے نیچے سے خاک لیکر گوسالہ بنایا اور اسکو معبود قرار دیا فائدہ تعداد

فائدہ [illegible]

مخلوقات آلہی کی کسیکو نہین معلوم ہی اور حصر اُسکا کوئی نہین کرسکتا اور شمار اُسکا سوا ے آسکے رسول مقبول کے کسی سے نہین ہوسکتا اور جو بعضے کہتے ہین کہ اٹھارہ ہزار عالم ہین مراد اُنکی انواع مخلوقات ہین یعنی ہر نوع مخلوق کی ایک عالم ہی مثلاً عالم ملائکہ اور عالم دیوان اور عالم پریان اور عالم آدمیان اور عالم وحوش اور عالم طیور اور عالم جمادات اور عالم اشجار وغیر ذلک لیکن اس تقریر سے بھی عالم محصور نہین ہوسکتے اب سنا چاہیے اختلاف اس مقام کا پس بعضے کہتے ہین کہ چالیس ہزار عالم ہین بیس ہزار خشکی مین اور بیس ہزار تری مین اور بعضے کہتے ہین کہ اسی ہزار ہین چالیس ہزار بحری اور چالیس ہزار بری بحر مواج مین تفسیر مغنی سے اور تفسیر جواہر ینابیع سے نقل کیا ہی کہ حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ حق سبحانہ تعالے نے چار قسم کے مخلوقات پیدا کیے ہین ملائکہ شیاطین جن انس پھر اُسکو دس جز کیے نو جز فرشتے اور ایک جز کے پھر دس جز کیے نو جز شیاطین اور ایک جز مین جن اور انسان اسی طرح پھر ایک جز کے دس بنائے نو جز جنات اور ایک جز انسان اور اس ایک جز کے ایک سو پچیس جز کیے ایک جز اہل اسلام اور ایک سو چوبیس جز کفار انتہی ناقلین اس حدیث کے کہتے ہین کہ منجملہ ایک سو چوبیس جز کے سو جز کافرون کے ہندوستان مین ہین اور بارہ بلاد روم مین اور چھ جز بلاد مشرق مین اور چھ جز بلاد مغرب مین بعد اُسکے ایک جز مسلمانون مین تہتر فرقے ہین ایک فرقہ ناجی اور باقی ضالہ اور مبتدعہ اور بعضے عالم کو صرف دنیا اور عقبے پر منحصر رکھتے ہین عالم دنیا کو عاجلہ اور اولی اور دار الفنا اور عالم آزمایش کہتے ہین اور عقبے کو آجلہ اور اُخری اور دار البقا اور عالم آسایش کہتے ہین اور بعضے بعبارات مختلفہ دو عالم اور بھی کہتے ہین کہ مآل اُسکا ایک ہی ہی مثلاً عالم ملک اور ملکوت اور غیب اور شہادت یا نورانی اور ظلمانی یا علوی اور سفلی یا اجرام اور اجسام وغیر ذلک اور بعضے کہتے ہین کہ تین سو ساٹھ عالم ہین انمین سے تین سو سر برہنہ کہ اپنے خالق کو نہین پہچانتے ہین اور ساٹھ جامہ پوش کہ اپنے خالق کو پہچانتے ہین اور طوالع مین لکھا ہی کہ ہزار عالم ہین چھ سو دریائی اور چار سو بری مگر مشہور اٹھارہ ہزار عالم ہین اور تفسیر بصایر مین لکھا ہی کہ دنیا و ما فیہا کہ اٹھارہ ہزار عالم ہی ایک ہی عالم ہی اور تفسیر ینابیع مین ہی کہ زمین کے چار گوشے ہین ہر گوشے مین تین لاکھ پانسو عالم ہین اور اگر عالم سے مکلفین مراد ہون تو تین عالم ہین ملائکہ اور جنہ اور آدمی بعد اُسکے ہر عالم اُنسے چندین عالم پر مشتمل ہی چنانچہ فرشتون کی قسمین بہت ہین کہ شمار نہین ہوسکتا لیکن منقول ہی کہ دسوان حصہ جن کا آدمی ہین اور جن اور آدمی دسوان حصہ حیوان کا اور یہ تینون دسوان حصہ طیور کا اور یہ چارون

دسوان حصہ حیوانات بحری کا اور یہ پانچوان دسوان حصہ ملایکہ ایک شامیانہ دسراپردہ عرش کے ہین
اور سرادقات عرش چھ سو ہین مگر طوافین کے مقابلے مین ہیچو قطرہ پیش دریا کعب الاحبار سے
مروی ہی کہ عدد عالم اللہ اعلم کے سوا کسی کو معلوم نہین یہی صحیح ہی اور محققین کے نزدیک عالم
ایک چیز ہی کہ اسکو دفتر خدا کہتے ہین اسکی تجلی سے دو عالم اور پیدا ہوے عالم خلق اور عالم امر الا لہ الخلق
والامر اور عالم اول کی یعنی خلق کی تجلی سے عالم ملک موا لہ ملک السموات والارض اور عالم امر کی
تجلی سے عالم ملکوت بیدہ ملکوت کل شیٔ اس اعتبار سے عالم چار ہوے کہ انپر ایک پانچوان عالم محیط ہی
وہ عالم جبروت ہی پھر یہ مجموع عوالم خمسہ کے دو قسم ہوے ایک عالم عرش کہ نہایت مکان ہی ایک
عالم دہر کہ بدایت زمان ہی پس تمام مکانون کا محیط عرش ہی اور سایر ازمنہ کا محیط دہر پھر عرش کے
نیچے کرسی مخلوق ہوئی اور دہر کے نیچے زمان پھر ایک کرسی اور زمان کے بارہ حصے ہوئے
کرسی کے بارہ حصون کا نام بارہ برج ہوا والسماء ذات البروج اور زمان کے بارہ حصون کا نام
بارہ مہینے اِنّ عدۃ الشہور عند اللہ اثنا عشر شہرا پھر ان بارہ بروج مکانی کے ذریعہ سے چار ارکان
ہوے اور ہفت اقلیم مین ظاہر ہوئے اور بارہ شہور زمانی کی وساطت سے چار فصول ہوئے اور
سات روز مین مشہود ہین یدبر الامر من السماء الی الارض پس اجرام علویہ مین فلک کوکب عنصر
بہشت وغیرہ ایک عالم ہی اور اجرام سفلیہ مین ارض وقلم دوزخ بلاد وغیرہ ایک عالم پھر ان عالمون کے
انواع اقسام ایک عالم ہین اور مفاتیح الغیب مین کہ بیٔہ رب العلمین کی تفسیر مین لکھا ہی کہ
فرشتے کئی قسم ہین اور ہر قسم ایک عالم ہی اول حجاب بارگاہ الوہیتہ کہ معدود کروبیون مین ہین
۲ دوم حملۂ عرش کہ بقول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کعب سے تا اسفل قدم انکے پانسو برس کی
راہ ہی اور نہایت خاشع وخاضع ہین اور تسبیح انکی سبحان ذی العزۃ والجبروت سبحان ذی الملک
والملکوت سبحان الحی الذی لایموت سبوح قدوس ربنا رب الملائکہ والروح ہی اور بقول مجاہد درمیان
حاملین عرش اور عرش کے ستر حجاب نور کے ہین ۳ سوم سکنۂ کرسی ۴ چہارم ملائکہ لوح کہ اتباع اسرفیل
علیہ السلام ہین ۵ پنجم ملائکہ رزق کہ اتباع میکائیل علیہ السلام ہین ۶ ششم ملائکہ قابض ارواح کہ اعوان
عزرائیل علیہ السلام ہین ۷ ہفتم ملائکہ سدرۃ المنتہی کہ انصار جبرئیل علیہ السلام ہین ۸ ہشتم ملائکہ ہفت
آسمان ۹ نہم ملائکہ سفرہ وبررہ وکرام کاتبین ۱۰ دہم ملائکہ خزنۂ بہشت اعوان رضوان علیہ السلام
۱۱ یازدہم ملائکہ کہ خدام اہل جنت ہین ۱۲ دوازدہم ملائکہ زیر فلک اول کہ مسلح پھرتے ہین ۱۳ سیزدہم ملائکہ ہوا
موکلین ابر وباران وبرق ۱۴ چہاردہم ملائکہ بحار ۱۵ پانزدہم ملائکہ روی زمین ۱۶ شانزدہم ملائکہ طبقات ارض

ہفدہم ملائکہ حافظین اہل ایمان از شیاطین ہیجدہم ملائکہ حاضرین مجالس علم و ذکر نوزدہم ملائکہ ارحام بستم ملائکہ الہام بست ویکم ملائکہ حافظین اطفال بست ودوم ملائکہ مقابر مثل منکر ونکیر و مبشر وبشیر بست وسوم ملائکہ اولی اجنحہ بست وچہارم ملائکہ دوزخ اتباع مالک علیہ السلام بست وپنجم ملائکہ زبانیہ دوزخ کہ تعذیب اہل نار پر متعین ہین حضرت استاذ الاستاذ فخر المحدثین وزبدۃ المدققین محدث دہلوی اپنی تفسیر مین فرماتے ہین کہ حدیث شریف مین وارد ہی کہ آواز کرتے ہین سب آسمان اور انکو لائق ہی کہ آواز کرین کسواسطے کہ آسمان مین کوئی جگہ مقدار ایک قدم کے بھی خالی نہین ہی کہ اُس مقام مین فرشتے سجدہ ورکوع مین نہون اور مسلم الارواح سے تفسیر جواہر مین لکھا ہی کہ حضرت صلعم نے معراج مین ایک جماعۂ ملایک مابین عرش وسدرہ افتان وخیزان ووالہ وحیران سرگردان دیکھے توجبرئیل علیہ السلام سے انکی حقیقت پوچھی جبرئیل نے عرض کیا کہ مین آگاہ نہین ہون صرف یہ جانتا ہون کہ مشتاقین جمال آلہی ہین کہ شوق لقا مین مست واز خود رفتہ ہین ؎

ہمہ از فیض نعمت عامش + لقمہ خواران فیض انعامش + آنچنان فیض شان رسد بعموم + کہ زما نند ہیچ یک محروم +

اور مشکوۃ شریف مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب سے اللہ نے اسرافیل کو پیدا کیا ہی تب ہی سے اپنے پانٔون پھیلائے بیٹھے ہین اور آنکھ نہین اُٹھاتے اور ما بین اسرافیل وپروردگار کے ستر پردے نور کے ہین اگر ایک پردے سے نزدیک ہون جلجائین یعنی حضرت اسرافیل کہ نفخ صور پر متعین ہین مستعد ومنتظر بیٹھے ہین دوسری طرف توجہ نہین کرتے اس خیال سے کہ مبادا حکم نفخ اسی وقت پہونچے مخفی نہ رہے کہ صور بصورت شاخ گاو ہی بروایتی درازی اُسکی ہزار برس کی راہ ہی اور اسمین سات درجے ہین اور ہر درجہ علیحدہ جس طرح زمین گر مین اور ہر ایک درجے مین سوراخ مانند خانۂ زنبور بسل بروز حشر ونشر اول درجے مین ارواح فرشتون کی ہونگی دوسرے مین پیغمبرون کی تیسرے مین صدیقون کی چوتھے مین شہیدون کی پانچوین مین مسلمانون کی چھٹوین مین کافرون کی آدمی ہوں یا جن یا شیطان ساتوین مین ارواح دیگر مخلوقات تکملۂ قصص مین ہی کہ اللہ تعالے نے فرشتون کو نور سے بنایا اور جنات کو نار سے اور نام پدر جنات کا جان ہی کہ جس طرح آدمیون کا آدم اور توریت مین ہی کہ جن اصل مین فرشتے تھے مالک عالم نے توبت شہوت وغضبیہ عطا کرکے حکومت ارض پر بھیجا کہ انکی نسل ہوئی اور تفسیر کبیر مین ہی کہ جن اجسام ہوائیہ ہین قادر بر تشکل باشکال مختلفہ اور عاقل وفہیم واحمق وغبی وقوت ونیک وبد وخوب وزشت وغنی

وفقیر بانند نوع انسان کے انمین بھی ہوتے ہین سو جس قسم مین خیریتہ نورانیتہ غالب ہی وہ صالح ہی عرف مین انکو پری بولتے ہین اور جس قسم پر خباثت ظلمت غالب ہی وہ موذی ہی عرف مین انکو دیو کہتے ہین اور اقسام اس نوع کے بھی اکثر ہین ایک قسم خارج از اقالیم سبعہ کوہ قاف مین مقیم ہی انسانون سے نہین ملتے اور ایک قسم کوہ مذکور کے سرے پر رہتے ہین اور اقالیم سبعہ مین آتے جاتے ہین اور آدمیون سے اختلاط رکھتے ہین اور ایک قسم داخل اقالیم ہی مگر سکونت مین مختلف ہی کہ بعضے دریا کے کنارے بود و باش رکھتے ہین اور بعضے باغون مین اور بعضے جنگلون مین اور بعضے ویرانون مین اور بعضے مواضع تیرہ و تاریک مین معالم التنزیل مین ہی کہ جن تین قسم ہین ایک ہوا مین طیران کرتے ہین دوسرے مار و سگ بنتے ہین تیسرے وہ کہ بدن انسان مین حلول کرتے ہین اور برچھیان مارتے ہین اور جواہر التفسیر مین لکھا ہی کہ سب پریان ملک عطشان کی تابع ہین تخت گاہ اسکا وسط کوہ قاف ہی اور جانب شرقی کوہ مذکور میطاش خواہر زادہ عطشان کے تصرف مین ہی اسکے تین لاکھ غلام ہین اور ہر ایک غلام سلطان ہی اور طرف غربی متعلق عبدالرحمن داماد عبدالقادر سے ہی تینتیس ہزار شاہون پر فرمان رسان ہی اور ہر ایک شاہ کے تحت مین جم غفیر حضرت ابن عباس سے منقول ہی کہ یہ دونون نام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکلے تھے بعضے کہتے ہین کہ شیاطین بھی ایک قسم ہین سوائے جنات کے کہ انپر احکام تکلیفی جاری ہین مگر صحیح یہ ہی کہ اشرار جن فرمان بردار ابلیس لعین ہین جائے سکونت انکی جزیرہ اخضر متصل کوہ قاف ہی اسفار مغربی اور تسخیرات سراجی اور معاقد الجن وغیرہا سے معلوم ہوتا ہی کہ جنون کے بادشاہ مسلمان کا نام طلوخوش ہی کہ انکی زبان مین معنی کریم النفس ہی اور اسکی قوم انسان سے محبت رکھتے ہین اور جنون کے بادشاہ نصاری کا نام بسدیوس ہی کہ انکی زبان مین معنی پرستندہ روح ہی اور اسکی قوم انس بسیر الانس ہی اور جنون کے بادشاہ یہود کا نام جلعطوناش ہی یعنی برانداز ندہ سحر اور اسکی قوم نہایت خبیث ہی سارے انسان خصوصا اس امت کے اہل ایمان کے دشمن جان اور کتاب خلقت الاسما مین ہی کہ خالق عالم نے پچاس ہزار برس اس جہان مین مخلوق بصورت گاے رکھے پھر انکو ایک مرتبہ بکلمہ کن امر موت صادر کیا پھر ایک دریا انعام نام ظاہر کیا طول اسکا شرق سے غرب تک اور عرض جنوب سے شمال تک اور عمق زمین سے آسمان تک بنایا اور پانی نہایت سفید و شیرین کیا الغرض پچاس ہزار برس یہ جہان پر آب رہا اور کوئی حیوان نہ تھا پھر ایک گھوڑا نکالا کہ اسنے تمام آب دریا اپنے پیٹ مین لیا اور پچاس ہزار برس وہی عالم مین رہا پھر ایک مخلوق بصورت مگس پیدا فرمائی کہ مگس عسل سے خرد اور مکھی سے بڑی اسنے گھوڑے کو کھایا اور پچاس ہزار برس اس قسم کے

مخلوق عالم مین ہے بعد اُسکے زمین کو پچاس ہزار برس خالی رکھا پھر ایک شہر بنایا چاندی کا اور اسمین ایک قلعہ سونے کا پیدا کیا اور تمام شہر کو دانہ سفید سے بھرا جب پچاس ہزار برس گذر گئے تو ایک مرغ طاوس الملائکہ نام آیا اُسنے سفید دانے کو کھایا اور بزرگی اس مرغ کی پچپن لاکھ برس کی راہ تھی اور ورد اُسکی تسبیح تھی جب اسپر بھی پچاس ہزار برس گذرے تو ہوا سے سرخ رنگ بنا بر تعذیب اہل نار پیدا فرمائی اور اُسکو چار حصہ کیا ایک دوزخ کو بھیجا اور صرصر و عقیم کو زمین پر رہنے دیا اور حصۂ چہارم کو بہشت مین روانہ کیا اُسی کو باد شمال و رحمت بولتے ہین یہ ہوا بروز حشر و نشر ایمان اور پر چلیگی اور اجسام و وجوہ کو ترو تازہ کریگی اور باد صرصر و عقیم دوزخیون پر چلیگی انھین دونون سے قوم عاد ہلاک ہوئی تھی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال جب پچاس ہزار برس اس حال پر گذرے تو عنصر نار سے ایک قسم کے دیو پیدا کیے اور بعد پچاس ہزار برس کے انکو جبل قاف مین مقیم کیا پھر اور طرح کے دیو نکالے جنکی طوالت قد کی لاکھ لاکھ برس کی راہ تھی اُنمین بعضے مومن اور بعضے کافر تھے اور طریق توالد یون قرار دیا کہ ہر دیو کی بائین ران مین ایک سوراخ اور داہنے مین ایک میخ تھی جب وہ دیو تمام رات ران راست کو ران چپ مین رکھکر سوتا تو ایک ہزار دیو پیدا ہوتے اور یہ فعل جب ہزار مرتبہ ہو جاتا تو وہ دیو مر جاتا بالجملہ وہ بھی پچاس ہزار برس عالم مین رہے پھر کوہ قاف کو گئے اور پچاس ہزار برس زمین خالی رہی بعد اُسکے آتش بے دود سے پریان پیدا فرمائین اور انکو پچاس ہزار برس زمین پر مسلط رکھا بعد اُسکے اُنکے دو گروہ فرمانے ایک کو جبل قاف مین بھیجا دوسرے کو ہوا مین رکھا انھین سے جن والجان ہین بعد ازان پچاس ہزار برس زمین کو آب تلخ سے بھر رکھا پھر اُس پانی کو آسمان پر اٹھا لیا اُسی سے طوفان نوح علیہ السلام ظاہر ہوا اور پھر بھی اس جہان کی خرابی اُسی پانی سے ہوگی القصہ پچاس ہزار برس جب اس انتظام پر بھی گذر گئے تب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور شمس العلوم مین لکھا ہے کہ خلقت عالم سے تا وجود حضرت آدم بیتالیس کرور تیئیس لاکھ اٹھہتر ہزار سات سو برس گذرے تھے اور نافع المسلمین مین ہے کہ ابتداے پیدایش عالم سے تا ظہور وجود باجود حضرت ابوالارواح محمد مصطفےٰ صلعم کے دو ارب اور دو کھرب اور ننانوے لاکھ برس گذرے تھے اور اسی کتاب کے حاشیے پر لکھا ہے کہ سی و دو کھرب و دو ارب و نود و نہ لکھ سال گذشتہ بود از ابتداے خلقت افلاک تا دور آنجناب صلعم اور شارح مخزن اسرار نے اس بیت کی شرح مین کہ کیست درین دائرہ دیر پا + کو س من الملک زند جز خدا + تصریح فرمائی ہے کہ بقول حکما و حساب بیجاب ابتداے آفرینش ارض و سما سے یک لکھ و ہشتاد و چہار ہزار و نود و شش سال گذشتہ و بقول حکماے ہند ابتداے پیدایش عالم سے اب تک تئیس کرور پچپن لاکھ چوراسی ہزار نو سو چھبیس برس گذرے ہین اور بعض

بیان سال کہ از خلقت عالم تا آدم علیہ السلام گذشتہ ۱۲

اہل تفسیر بروایت غریب حضرت ابن عباس سے نقل کرتے ہین کہ فرمایا حضرت ابن عباس نے کہ ابتدا سے آفرنیش ارض و سما سے اب تک شصت و دو لکھ و ہشتاد و چہار ہزار سال گذرے ہین اور اسی روایت بعض فرق عالم کے چار قرن قرار دیتے ہین اول قرن چوبیس لاکھ اٹھارہ ہزار برس کا کہ اسمین آبادی جن و دیوون کی تھی دوسرا قرن اٹھارہ لاکھ بیس ہزار کا کہ اسمین فرشتے آباد تھے تیسرا قرن بارہ لاکھ بائیس ہزار سال کا تھا اس قرن مین ایک سو پچاس آدمی بلا توالد و تناسل آباد تھے اور بعضے کہتے ہین معلوم نہین کہ تیسرے قرن مین کون آباد تھا چوتھا قرن آٹھ لاکھ چھبیس ہزار سال کا تھا اس قرن مین آبادی دنیا کی گھوڑون سے تھی بعد گذرنے اس قرن کے حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوے اور براہمہ ہنود کہتے ہین کہ اس عالم فانی مین خدا سے تعالے شانہ نے ینتالیس لاکھ اور بیس ہزار سال شمسی کا ایک دورہ مقرر کیا ہے کہ مشتمل چار قرن پر ہے اول ست جگ مدت اسکی سترہ لاکھ اٹھائیس ہزار برس متعارف کی تھی اس دورے مین وضع کل عالم صلاح پر تھی عمر طبعی اس دورے مین لاکھ برس کی تھی دوسرا ترتیا جگ مدت اسکی بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کی تھی اس وقت مین ایک حصہ وضع عالم کی برخلاف صلاح تھی اور تین حصے صلاح پر اور عمر طبعی اس دورے مین دو ہزار برس کی ہوتی تھی تیسرا دوا پر جگ مدت اسکی آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار برس کی تھی اس دور مین دو حصے روش عالم کی صلاح پر ہی اور عمر طبعی ایک ہزار برس کی تھی چوتھا کلجگ مدت اسکی چار لاکھ بتیس ہزار برس کی ہے اس دورے مین ایک حصہ وضع عالم کی راستی و درستی پر ہے اور تین حصے نا درستی پر اور عمر طبعی سو برس کی ہے بعد ازان مہا پرلے ہوگی اور ہر چیز فانی ہو جاویگی اور پھر ست جگ شروع ہوگا اور کوئی نہین جانتا کہ کتنے مرتبہ مہا پرلے ہوئی ہے انتہی قولہم بالجملہ براہمہ کے حساب سے اب کہ محرم سال یک ہزار و دو صد و شصت و دو ہجری ہے دورہ کلجگ سے چار ہزار نو سو انیس برس گذرے ہین اور چار لاکھ ستائیس ہزار اکاسی برس باقی ہین فائدہ جو کچھ خلقت الاسما و شمس العلوم وغیرہ کتابون سے اس مقام پر نقل کیا گیا اصل اسکی کتب معتبرہ مین نہین پائی جاتی لیکن بعض مفسرین نے تفسیر کریمہ رب العالمین مین بعض روایات نقل کی ہین واللہ اعلم بحقیقۃ الحال فائدہ واضح ہو کہ انبیا علیہم السلام جنکی نبوت مین اختلاف نہین ہے چھبیس ہین آدم[1] علیہ السلام و ادریس[2] علیہ السلام و نوح[3] علیہ السلام و ہود[4] علیہ السلام و صالح[5] علیہ السلام و ابراہیم[6] علیہ السلام و لوط[7] علیہ السلام و اسمعیل[8] علیہ السلام و اسحق[9] علیہ السلام و یعقوب[10] علیہ السلام و یوسف[11] علیہ السلام و ایوب[12] علیہ السلام و شعیب[13] علیہ السلام و موسی[14] علیہ السلام و ہارون[15] علیہ السلام و داود[16] علیہ السلام و سلیمان[17] علیہ السلام

ویونس علیہ السلام والیاس علیہ السلام والیسع علیہ السلام وذوالکفل علیہ السلام وزکریا علیہ السلام ویحیےٰ علیہ السلام
وعیسیٰ علیہ السلام وحضرت خاتم النبیین محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور انھین کا نام کلام اللہ مین
بالقاب نبوت واقع ہوا ہی سوان سب کا مذکور اس کتاب مین کیا جاویگا اور سوا ے انکے حضرت شیث وحضرت آدم علیہ السلام
وحضرت شعیا وارمیا وشموئیل وعزیر خضر علیہم السلام کا اور لقمان حکیم وذوالقرنین وتبع بادشاہون کا بھی مذکور ہوگا

## تفریح اول در احوال ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام

پوشیدہ نرہے کہ بنظر حکمت آفرینش جانداروں کی اس عالم ناپائدار مین ضرور ہوئی اسلیے کہ اگر جاندار عالم مین نہو تو فعل اختیاری نہ ہوسکے اور بدون افعال اختیاریہ کے عالم مین رونق نہین اور نظہر ارادہ واختیار بھی متحقق نہین ہوتا اسی طرح شعور وادراک بھی بدون جاندار کے متصور نہ تھا اور صفت علمیہ بھی بلامظہر رہی جاتی تھی اور جانداروں کو مظہر فعل اختیاری ہونے مین حاجت دوصفتون کی بلاشک ہی ایک خواہش دوسری نفرت سو عنایت کرنا ان دونون کا بھی ضرور ہوا اور حصول نفرت وخواہش بلا ادراک حسن وقبح اس شی کے جسکی خواہش کرتا ہو یا جس سے نفرت رکھتا ہو ممکن نہین ہی لہذا پیدا کرنا شعور وادراک اشیاء جزئیہ کا بھی جاندار مین ضرور ہوا اور چونکہ شعور وادراک اشیاء جزئیہ کا بالاستقلال والاستیفا بمدت قلیلہ مین ممکن نہین ہی تو لاجرم شعور وادراک کلی کہ متعلق امور عامہ سے ہی اور حسن وقبح ہزارون ولاکھون چیزون کا بواسطہ اسکے دریافت کیا جاوے جاندار مین دینا ضرور ولازم ہوا سو بنابر خواہش ونفرت کے قوت شہویہ وغضبیہ پیدا فرمائی اور واسطے دریافت حسن وقبح اشیاء جزئیہ کے وہم وخیال کو مع آلات انکے کہ حواس خمسہ ہین عنایت کیے اور بنابر شعور وادراک کلی کے روح کو آمادہ کیا اور قوت غضبیہ اسکو عطا فرمائی پس ہر جاندار کو شہوت وغضب ووہم وخیال وعقل سے ناگزیر ہوا اور جاندار کیفیت ترکیب امور مذکورہ مین چار قسم ہین اول وہ کہ قوت عقلیہ اسکی وہم وخیال وشہوت وغضب پر ایسی غالب ہی کہ حکم انکا قطعاً قوت عقلیہ مانع نہین ہوتا بلکہ کالمیت فی ید الغسال زیر فرمان ہین اور ہمیشہ مطیع ومنقاد اسی قسم کو فرشتہ وروحانیات بولتے ہین اور زبان ہندی مین دیوا ودیوتا اور زبان فارسی مین سروش اور زبان شرع مین ملائکہ وارواح وملکوت اور یہ قسم خلقاً وکلاً [illegible] سے معصوم وپاک ہی اور محتاج اکل وشرب ومشتاق لباس ومجامع وغیرہ خسایس کے نہین اسلیے کہ انکو بنابر صدور افعال اختیاری کے ایک جسم نورانی عنایت فرمایا ہی کہ اصلاً ومطلقاً اس سے جدائی نہین ہوتی اور انکو بسبب غلبہ قوت عقلیہ کے [illegible] مین ہی کہ جس صورت وہیئت مین چاہین ظاہر ہون اشرف وافضل اس قسم کے

حملہ عرش ہین اُنکے بعد حافّین من حول العرش پہتر ملایک کرسی بعد ازان ملایک افلاک سبعہ بعدہٗ
ملایک کرہ اثیر و نسیم و بخار و کرہ زمہریر کہ رمی شہاب و انزال مطر و سوق ابر و رعد و برق پر موکل ہین
پستہ ازان ملائکہ موکل بحار و جبال پستر ملایک سفلیہ کہ تصرفات اجسام نباتیہ و حیوانیہ و انسانیہ مین
مشغول ہین فتح العزیز مین ہی کہ سارے ملائکہ تین قسم مین منحصر ہین ایک مہیمنہ غریق لجہ عبادت
تسبیح تقدیس جو کہ ذکر آلہی کے سوا کسی طرف توجہ نہین کرتے حدیث مین وارد ہی کہ اس قسم کے
فرشتے اس کثرت سے ہین کہ بالشت بھر جگہ آسمانون مین خالی نہین کوئی قیام مین مشغول کوئی قعود
و رکوع و سجود مین دوسرے مدبر ہین کہ عالم کے عمدہ کام جیسے وحی لانا روزی پہونچانی جان لینا فتح شکست دینا
عزت دینا دولت بخشنا انکی وساطت سے سرانجام پاتا ہی جبرئیل میکائیل اسرافیل عزرائیل اور انکے
اعوان ایسے کامون پر متعین ہین تیسرے وہ جو اجسام کے ساتھ متعلق ہین خواہ با اجسام علویہ جیسے
عرش کے اٹھانے والے کرسی کے رکھوالے بہشت اور دوزخ کے موکل سدرۃ المنتہی اور بیت المعمور کے
متکفل ستارون کے چلانے والے آسمانون کے گھمانے والے خواہ اجسام سفلیہ سے جیسے وہ فرشتے
جو ہوا کو چلاتے ہین ابر کو ابھارتے ہین باران کے ہر قطرہ کے ساتھ نزول فرماتے ہین دریا اور
پہاڑ پر تعینات ہین درخت اور پہاڑ کے نگہبان ہین شب و روز بنی آدم کے نگران حال ہین لیکن یہ سارا
اختیار بحکم مختار ہی وہ سب مجبور ہین بے حکم خدا جو چاہین کرین کیا مقدور فائدہ اس مقام مین
ایک شبہہ ہوتا ہی کہ باوصف اسکے کہ قوت ملکیہ کثرت اعمال و شدت افعال کو وفا کرتی تھی اور
ایک فرشتہ ہزارون بلکہ لاکھون کام کرسکتا تھا پھر خالق کبریا نے ایک ایک کام پر فرشتے علیحدہ علیحدہ
کیونکر معین فرمائے اور رفع اس شبہہ کا یہ ہی کہ اگرچہ قوت و طاقت ملکیہ ان صفات سے موصوف تھی
لیکن با اینہمہ انواع مختلفہ اعمال کو کافی و وافی نہ تھے یعنی ایک فرشتے سے نہین ہو سکتا تھا کہ
دو طرح کے کام کو سرانجام کرے مثلاً ملک الموت نفخ روح نہین کر سکتے ہین کیونکہ نفخ نزع مین
تضاد ہی اور حضرت جبرئیل پانی نہین برسا سکتے اور حضرت میکائیل وحی نازل نہین کر سکتے ہین
جسطور سے انسان مین قوت سامعہ باصرہ کا کام نہین کر سکتی اور باصرہ نہین سن سکتی ہان البتہ کانون کو
ممکن ہی کہ ہزارون آوازین سن لین اور سمجھین اور آنکھون کو ممکن ہی کہ لاکھون رنگ دیکھین اور
سمجھین اور یہ تو ظاہر ہی کہ ایک ایک نوع مین طرح طرح کے اعمال مندرج ہین مثلاً عذاب و غیرہ کہ انواع کثیر
ہوتا ہی پھر اگر ایک فرشتہ اس کام پر مقرر کرتے تو انواع عذاب سرانجام نہ ہو سکتے اور بمقتضائے حکمت یہی
کہ ہر ایک کام پر ایک ایک شخص جدا مقرر کیا جاوے تا کہ بخوبی انتظام ہو قسم دوم وہ جاندار ہی کہ وہ خیال آدمی

عقل پر و نیز شہوت و غضب پر غالب ہی یعنی عقل و شہوت و غضب جمیع افعال اختیاریہ مین تابع وہم و خیال کے ہین اور بدن اس قسم کا اجزاے ہوائیہ و ناریہ کا خلاصہ ہی جسکو کلام باری مین مارج من نار فرمایا ہی کما جاء فی الرحمن وخلق الجان من مارج من نار یعنی بنایا جان کو ایک دہک سے اور ایک مقام پر فرمایا ہی نار السموم لما ورد فی سورۃ الحجر والجان خلقناہ من قبل من نار السموم یعنی جنات کو بنایا ہمنے قبل اس سے لون کی آگ سے کہ لطیف ہوا آمیز ہوتی ہی اور بدن انکا روح ہوائی آدمی کا جو قلب مین پیدا ہوتی ہی حکم رکھتا ہی فرق اسقدر ہی کہ روح ہوائی انسانی عناصر اربعہ کا خلاصہ ہی کہ اسکی غذا مین کام آتی ہین اور بدن اس قسم کا محض اجزاے ناریہ و ہوائیہ سے مرکب ہی اور بدن نسیمی انکا کہ بمنزلہ روح ہوائی آدمی کے ہی اسی جنس لطیف سے ہی کہ اُنکے بدن سے اختلاط و اتحاد پیدا کرکے ہمچو آب و شیر یکرنگ ہی اسی سبب سے قوت وہم و خیال اُنکی اس بدن کو مانند بدن نسیمی کے تغیر دیتی ہی جسطرح آدمی کو بدن نسیمی مین حالت خوف و فزع مین اور کیفیت سرور و نشاط مین تغیر ہوتا ہی آرے یہ قسم کبھی اُسی بدن پر اکتفا کرتی ہی اور مسام انسان مین متصرف ہوتی ہی اور مداخل حقیقہ مین درآمد برآمد رکھتی ہی اور کبھی بقوت وہم و خیال ایک جسم کثیف ترتیب دیکر باشکال مختلفہ ظاہر ہوتی ہی اسی باعث سے اکثر اوقات بدن اس قسم کا نظر نہین آتا ہی مثل ہوا و نار شعاع و باین ہمہ بقوت وہم و خیال افعال شاقہ و ثقیلہ کر سکتی ہی جسطرح ہوا بڑے درخت کو گرا دیتی ہی اور اس قسم کو احتیاج اکل و شرب و جماع و بیتوتت وغیرہ خصایص کی ثابت ہی سو اس قسم کا نام جن ہی اور ہندی مین لفظ دیوتا انکو بھی شامل ہی فرق اسقدر ہی کہ جو گروہ اس قسم کا بیشتر مصروف بشرور و قبایح ہی اُسکو دنیت نامزد کیا ہی اور لغت عرب مین اشرار جن کو شیطان اور غیر شریر کو جن کہتے ہین اور لغت فارسی مین شریر کو دیو اور غیر شریر کو پری حدیث شریف مین وارد ہی کہ یہ قسم بھی باہم اختلاف فاحش رکھتی ہی یعنی بعض پردار کہ مثل ہواے تند اُڑتے ہین اور بعضے بصورت مار و سگ پھرتے ہین اور بعضے بصورت انسان خانہ داری و بیتوتت کرتے ہین اور کوچ و مقام کرتے ہین اور بیشتر مسکن اُنکا صحرا و کوہستان و ویرانہ ہی لیکن یہ سب صورتین ہین کہ ہر فرقے کو ایک صورت سے خصوصیت و رغبت بہم پہونچی ہی والا اصل بدن جنات کا انھین اجزاے ہوائیہ و ناریہ سے مختلط ہی اور یہ قسم گویا عالم ملائکہ و حیوان مین برزخ ہی جسطرح عقل و طبیعت مین وہم و خیال برزخ واقع ہی ولہذا احکام دونون طرف کے اسمین متحقق ہین پس تشکل باشکال مختلفہ و تدبیرات کلیہ و فہم و شعور حسن و قبح امور و دقیقہ مین عالم ملائکہ سے پایا ہی اسی سبب سے قلم تکلیف اُنپر جاری ہی اور اکل و شرب و جماع

وغیرہ خواص حیوانیہ حیوانات سے لیا ہی کہ اتباع شہوت وغضب مثل حیوانات کرتے ہین فرق
اسیقدر ہی کہ حیوانات نے عقل و وہم وخیال کو مغلوب شہوت وغضب کیا ہی اور اس قسم نے
عقل و شہوت وغضب کو مغلوب وہم وخیال قسم سوم وہ جاندار ہی کہ شہوت وغضب اسکی
عقل و وہم وخیال پر غالب ہی بدین حد کہ عقل کالمعدوم ہی اور وہم وخیال شہوت وغضب کے
زیر فرمان ہی اس قسم کو حیوان کہتے ہین وہ دو قسم ہی ایک بہیمہ دوسرا درندہ بہیمہ وہ کہ شہوت
اسکی غضب پر مستولی ہی اور درندہ بالعکس اور یہ دونون جسطرح چرندون مین ہین اسیطرح حشرات الارض
وپرندون مین ہین چنانچہ مگس بہیمہ حشرات ہی اور عنکبوت درندہ ہکذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ
من سورۃ الجن باجمال اقسام ثلثہ مذکورہ بسایط ذی روح ہین کہ ابتداءً تعلق ارواح انھین کے ابدان سے
ہوا ہی قسم اول کو بنابر سکونت افلاک وتدبیر امور منتظمہ عالم خاک اختیار کیا کیونکہ معصومیتہ از خطا ونافرمانی
اس مقام مین مطلوب تھی اور قسم دوم کو بنا بر صدور افعال اختیاریہ جزئیہ کے زمین مین مقرر فرمایا اور
اختیار تصرف کا نباتات ومعادن وحیوانات مین عطا کیا اسلیے کہ ارواح اس قسم کی نہ مرتبہ غلظت و
کثافت بہائم مین تھی اور نہ مرتبہ صفا ولطافت ملکوت مین لاجرم ابدان انکے بھی اجرام عنصریہ لطیفہ سے
کہ خلاصہ ہوائیت وناریت ہین مخلوق کیے تاکہ تحصیل علوم وادراکات وسرعت نفوذ وحرکات مین بین
ہون اور ہرگاہ کہ روح وبدن اس قسم کے قریب ارواح وابدان ملائکہ سے ہوئے تو انکو عالم ملکوت سے بعض
امور غیبیہ کا دریافت کرنا اور مجالس ملکوت مین کہ فوق السما ہی حاضر ہونا جائز ہوا تھا اور قسم سوم کو کہ
حیوان مطلق ہی محض بنا بر خدمت قسم دوم کے پیدا کیا گویا قسم حیوان آلہ کثیفہ قسم ثانی کے تھے قسم چہارم
وہ جاندار ہی کہ عقل و وہم وخیال وشہوت وغضب اسکا قریب باعتدال ہی اور بمنزلہ معجون مرکب انھین
اقسام ثلثہ سے ہی اس قسم کو واسطے سلطنت وخلافت ارض کے تجویز فرمایا ہی اور یہ مرتبہ عنایت کیا
کہ علوم غیبیہ توسط ملائکہ بالتخصیص اسپر نازل فرمائے اور حیوانات ونباتات ومعادن وخزائن کو مجبور
ومسخر اسکا کر دیا تاکہ خلافت کبری باحسن وجہ سر انجام کرے اور جو امور کہ بسائط ذوی الارواح سے
مرجو ومتوقع نہ تھے اسمین ظہور پکڑین اس تحقیق وتدقیق سے سر تقدم جن کی پیدایش کا خلقت انسان پر
واضح ہوا اور نکتہ شرکت جن وانسان کا حمل امانت تکلیف مین ظاہر وہویدا ہوا کما لا یخفے
علے المتدبر لیکن عالم جن گویا سطح سفلانی عالم ملکوت کی ہی اسی وجہ سے کمال انسانی کی راہ کہ
عبارت ترقی عالم غیب سے ہی صاف وشفاف نہین رہی اور اکثر گروہ بنی آدم کے اسی سطح سفلانی مین
مقید وگرفتار ہو گئے ہین یہان تک کہ مدارک وہم انکے اسی سطح سفلانی مین محصور ومنحصر ہو گئے

اور طاقت اسقدر نہین رکھتے کہ تجزیق سطح آگے چلین اور اپنے مرکز سے صعود کرین لہذا بعض
بنی آدم نے اشخاص عمدہ سطح سفلانی کو اپنا معبود و مسجود قرار دیا ہی اور بعضون نے اپنی حاجات
ولابدیات مین انکو مستعان و مددگار گردانا ہی اور بعضون نے حوادث مستقبلہ اور اخبار آتیہ انسے
پوچھنا شروع کیا اور مشرک و بت پرست ہوگئے حتی کہ بعض جاہلون نے اس عالم مین بلا واسطہ
حضرت الوہیت انھین کو مستقل بالذات و قادر مطلق سمجھا اور بعض نے یہ تجویز کیا کہ یہ عباد اولاد
و بنات حضرت خالق کبریا ہین کہ مذاہب ہنود و رسوم مشرکین عرب کے دیکھنے سے یہ بات بخوبی
منکشف ہوتی ہی اور صریح و صاف معلوم ہوتا ہی کہ مبلغ علم و مطمح ہمت ان لوگون کی صرف یہی سطح
سفلانی ہی بلکہ بعض جہال مسلمین بھی اس ورطہ ہلاک مین گرفتار ہین کہ بعض اشخاص اس عالم کو
پرا کہتے ہین اور استعانت و استعلام انھین سے کرتے ہین اور بعض کو پری اور بعض کو پیر
بولتے ہین وہکذا لیکن یہ سد حائل کہ سنگ راہ عالم غیب کی تھی بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے
ٹوٹ گئی اور راہ ترقی و عروج ارواح بشریہ کی صاف ہوگئی کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ اور علامہ
قطب الدین نے درۃ التاج مین لکھا ہی کہ طبقات مخلوقات چار ہین اول طبقہ فرشتون کا جس مین
حکمت ہی شہوت نہین دوسرا بہائم کا جن مین شہوت ہی حکمت نہین تیسرا نباتات و جمادات کا
کہ انمین نہ شہوت ہی نہ حکمت چوتھا وہ کہ جسمین شہوت و حکمت دونون ہین بر سبیل کمال وہ
انسان ہی کہ اسمین عقل و جہل و شہوت موجود اگر عقل و حکمت کے تابع ہوا تو درجہ ملکوت پایا اور جو
شہوت و جہل مین پڑا طبقہ بہایم مین داخل ہوا لیکن اس تقریر سے جنات و شیاطین خارج
رہتے ہین اور بعض کے نزدیک اقسام مخلوق تین ہین روحانی محض ہمچو ملکوت و جسمانی محض
مانند معادن و نباتات وغیرہ و روحانی و جسمانی کہ حضرت انسان ہی سو حکمت حق نے یہ تقاضا کیا
کہ جود و کرم کسی قسم کا معطل نہ رہے اسواسطے اسکو پیدا فرمایا کہ اجتماع حکمت اور شہوت اور
جسم و روح سے جو باہم منافات و تناقض رکھتے ہین میری قدرت کاملہ ظاہر ہو اور بنظر اعتبارات
آخر بھی مخلوقات تین قسم ہین اول کاملین کہ انمین کسی طرح نقصان کو گنجایش نہین اسواسطے
کہ معرفت انکی شبہہ و شک سے معرا و عبادت و طاعت انکی عجب و ریا سے مبرا ہی یہ حال
فرشتون کا ہی کما قال لا یعصون اللہ ما امرہم و یفعلون ما یؤمرون یعنی نہین خلاف کرتے امر اللہ کے
اور کرتے ہین جو حکم دیے جاتے ہین دوسرے ناقصین کہ انکو کمال سے کچھ علاقہ نہین جس طرح
جمادات و نباتات تیسرے کامل و ناقص یعنی گاہے کامل ہین اور گاہے ناقص ہین کہ ترقی کمال

فرشتون سے مقام نحن نسبح بحمدک مین اجلاس فرماکرالی رحمت الخ پڑھتے ہین اور وقت نقصان حکم اولئک کالانعام بل ہم اضل کا مصداق ہوجاتے ہین یہ حضرت انسان ہین المرکب من الخطار والنسیان والقیم فی دار الطاعۃ والعصیان اور ظاہر ہو کہ ہر فرشتے کا ایک مقام ہو کہ اُس سے نہین بڑھتا کما قال وما منا الا لہ مقام معلوم اور جب اُنکے حال مین تغیر نہ ہوا تو مقام شوق نہین پا سکتے کیونکہ شوق کے واسطے دو چیزین بہت ضرور ہین ایک یہ کہ وہ چیز حاصل نہو دوسرے یہ کہ ممکن الحصول ہو اور چال ملائکہ ممکن التغیر نہین تو حصول شوق وذوق بھی محال ہے اگر نوع انسانی نہوتی تو یہ صفت شوقی وعشقی معطل وبیکار رہتی بلکہ مراد امانت سے کریمہ انا عرضنا الامانۃ علی السموات والارض والجبال فابین الخ مین شوق الی اللہ ہو تو عجب نہین ہوگا کہ یہ مقدمہ بالتفصیل بیان کیا گیا تو اب واضح ہو کہ حضرت ابن عباس ودیگر صحابہ مفسرین سے روایت ہے اور حاکم نے اسکی تصحیح کی ہے کہ قبل اسکے کہ علم خلافت آدم علیہ السلام کا عرصہ زمین مین بلند فرماوین اور صفحہ مسطح ارض کو اس بوستان خوش اسلوب سے آراستہ کرین حکومت خطۂ زمین کی متعلق جنات سے تھی کہ اولاد جان ہین اور بعض کہتے ہین کہ نام اُنکا شوما ہے اور لقب جان کعب احبار کے نزدیک ایک گروہ فرشتون کا تھا جسکو اللہ صاحب نے شہوت وخواہش عطا کرکے حکومت زمین پر بھیجا کہ توالد وتناسل اُنسے جاری ہوا اور فرمان برداری واطاعت باری مین روز وشب صبح ومسا ہر ایک لگا ہوا اور ارتکاب منہیات وغیرہ سے ہر شخص ڈرا ہوا ع سالہا ازغایت فرمانبری * آمدہ مشغول پرستش گری * روی تعبد بزمین داشتہ * فرق تعبد ہمہ افراشتہ * جب مدت حکومت دراز ہوئی اتفاقاً ایک زاہد نسک اس قوم کا سیر کنان جنگل مین نکلا تو ایک شاخ گیاہ تروتازہ زمین سے اُگی ہوئی نظر پڑی اور ایک صورت شجر نونہال خوش اندازہ سراسر فائدہ بنا براستفادہ دیکھنے مین آئی ع نہایت گویا باغ بہشت * تروتازہ وپاک وزیبا سرشت * اُس روز دل تو جلوۂ جدید سے خوش بہت ہوا مگر زہد وتقوی نے شاید روک دیا کہ اپنے صومعہ مین پلٹ آیا بعد چندے پھر گیا تو وہ گھاس قوت نامیہ سے نمودار ہو کر شجر میوہ دار ہو شاخین پیش وپس ہمہ بار پیچیدہ وخوشہ ہای رنگین مانند سلک گہر ناسفتہ آویختہ ع زآب ارچہ آیہ جواہر پدید * ولیکن بدین آبداری کہ دید آخر کار ایک دانہ توڑا منھہ مین رکھا تو ذوق حلاوت نے ذائقہ زبان کو نہایت چاشنی دی اور شوق نکاہت نے یبوست دماغ کو طراوت بخشی تب تو یہ اندیشے مین ہوا کہ یہ شی نفیس ہے اسکو بھی ہم کھانا لازم ہے اور حقیقت وماہیت اسکی دریافت کرنا واجب چنانچہ کئی گچھے توڑ کے

اور ایک جام زجاجی مین نچوڑ رکھے اور بنا بر غلیان وہین چھوڑ دے اور آپ تفرجا ادھر ادھر
پھرنے لگا تھوڑی دیر کے بعد آیا تو اسکو بلا آتش جوش کنان پایا سخت پریشان و حیران ہوا اور
حکمت الٰہی سے بالکل غافل یہ سمجھا کہ ع آخر این جوش و بخار تو برآورد رنگے + پھر پلٹ آیا اور
بعد اوسنے توقف پھر گیا تو اب غلیان نہ تھا آب صاف شفاف بے درد باقی تھا چونکہ بمقتضاے
ے وعدۂ وصل چون شود نزدیک + آتش شوق تیز تر گردد + بے تابانہ جام ہاتھ مین لے
نوش فرمایا ایک ساعت مین مدہوش و بیہوش ہوا تمام رات از خود فراموش رہا دوسرے دن
ذوق مستی سے اپنے یارون کو اطلاع دی کہ ایک جماعۂ کثیر اس بلا مین مبتلا ہوئی اور مے نوشی
اس قوم مین رسم ہو گئی اور ام الخبائث کی تاثیر زناکاری و بدکاری دما در خواہر و دست مین رائج
ختم ہوئی اور بجاے ورد و درود دعا حرام و منہیات اور غلغلۂ مناجات کی جگہ زمزمۂ خرابات ظاہر ہوا
ے آنکہ در صومعہ تسبیح زکف نہ نہادے + در خرابات مغان بین قدح بادہ بدست + بالجملہ
شراب خواری نے یہ نوبت پہونچائی کہ خبردار از خود بیخبر ہوے اور بیخبر محض خوف و خطر ہو گئے
ے بیخبر آن شخص کہ جوئی چشید + کش قلم بیخبری در کشید + اس ہنگامہ مین ابلیس نے جسکا نام
حارث تھا اور اس قوم مین بقول بعض اہل تحقیق عالم و فاضل تھا دیکھا کہ یہ قوم بادیۂ ضلالت
و بت پرستی و حادثۂ شرک و خود پرستی مین گمراہ ہوکر برباد و خراب ہوا چاہتی ہے اور قریب تر بلائے عظیم
نازل ہوا چاہتی ہے اپنے آشناؤن کو مطلع کرکے کہا ع زین میان گر توان بہ کنارہ گیرم + اور
ہزار تو رابع اپنے ساتھ لیکر گوشہ گزین ہوا اب زمین غمگین ہو کے حضرت باری مین بگریہ و زاری کہا
یارب اس قوم ولید ناپاک بیحیا و بیباک کو ہلاک کر درگاہ کبریائی سے ارشاد ہوا کہ اے زمین مین منتقم
حلیم ہون عاصیون کی عقوبت مین جلدی و تعجیل نہین کرتا جب تک قطع حجت بخوبی نہین کر لیتا
چند سے اور تامل کر زمین نے سکوت کیا اور حارث کو ارشاد ہوا کہ اپنے تابعدارون سے ایک
شخص کو اس قوم مین ارسال کر کہ اسکو بدید مغفرت و رحمت حق دعوت کرے اور عقوبت
و عذاب پروردگار سے تخویف و انذار کرے شاید کہ شر و فساد سے باز آوین حارث نے ملوث
ابن ملاہت کو بھیجا ہر دا ران قوم جن نے مضمون قصہ سے مطلع ہوکر فوراً قتل کیا پھر حارث نے
بحکم خدا دوسرے کو بھیجا وہ بھی شہید ہوا اسی طرح نو سو ننانوے ۹۹۹ انصار دور نقاسے ابلیس
مارے گئے تب آسنے یوسف ابن یاسف خواہ ہتر یس کو بھیجا کہ اسنے دعوت بلوسد حق شروع کی
قوم جن نے اسکو گرفتار کیا اور ایک دیگ مین بند کیا اسمین تیل ڈالکر آگ پر چڑھایا کہ وہ

خاک ہوگیا تب پھر زمین بیچارہ فریادی ہوئی حضرت خداوند کبریا نے فلک اول کے فرشتون کو
تحت فرمان ابلیس فرماکر بنا بر قلع منیان جنات معین فرمایا کہ فرشتون نے اکثر قوم جن قتل کیا
بقیۃ السیف جبل قاف و جزائر بحر محیط مین بھاگے کہ اسی جگہ مقید ہوے اسی کارگزاری سے
ابلیس حکومت دنیا پہ سرفراز ہوا بعض کہتے ہین ابلیس کو افسر ملائکہ نہین فرمایا بلکہ یہ کمبخت طفل
خردسال ہوشیار و چالاک تھا فرشتون نے جب قوم جنہ پر فتح پائی تو اسکو آسمان پر پکڑ لے گئے
اور پرورش کرنے لگے اسنے عبادت مین نہایت کوشش و سعی شروع کی حتے کہ ملائک پہ سبقت لے گیا
اور بعض روایات مین ہو کہ جب اکثر قوم جنہ مارے گئے اور بعض بچے ہوے جزائر و جبال مین و بارہ
تو ابلیس کہ جنہ مین تھا اور عبادت و طاعت مین سب سے ممتاز تھا فرشتون کے ساتھ آسمان پر
چلا گیا اور فرشتون کو شفیع گردان جناب باری مین یہ عذر پیش کیا کہ مین فساد مین شریک تھا سو اسنے
سند عفو حاصل کی اور فرشتون مین رہنے لگا الا بطمع حکومت دنیا جو کوئی حکم فرشتون کو ہوتا تھا
ابلیس اسکی بجا آوری مین پیش پیش ہو جاتا اور آپ ہی اسکو بجا لاتا الغرض ابلیس ابتدا سے زہد
و طاعت مین بنظر ظاہر مصروف اور ریاضت و مجاہدے پر بڑا مشغول تھا چنانچہ مشہور ہو کہ ساٹھ لاکھ
برس روے زمین پر عبادت کرتا رہا کوئی مقام اسنے نہین چھوڑا کہ سجدہ نہ کیا ہو یہ حال دیکھکر ملائکہ آسمان
و دنیا اسنے مقر کو لے گئے یہان بھی عبادت مین مصروف ہوا اور عابد مشہور ہوا کہ جملہ ملائک سموات
اپنے اپنے مقامات پر لے گئے کہ ہر آسمان پہ اسکا نام جدا ہوا یعنی آسمان اول مین عابد دوسرے مین
زاہد تیسرے مین اواب و بر واسیتے صالح پانچوین مین خاشع ششم مین شاکر ہفتم مین مطیع بہشت مین
گیا اور عزیز خدا بنکر عزازیل کہلایا معالم مین ہو کہ اللہ جل ذکرہ نے ابلیس کو زمین و آسمان کا ملک اور
جنت کا خزانہ و مالخانہ عطا فرمایا تھا کبھی تو زوایاے زمین پہ سجادۂ عبادت بچھاتا تھا اور گاہیے طاقہاے
افلاک مین قنادیل طاعت روشن کرتا تھا اور جب چاہتا بہشت مین مراسم خدمت ادا کرتا اور اکثر
زیر عرش کروبیون کے ساتھ تسبیح و تہلیل مین سرگرم رہتا یہانتک کہ عجب و پندار نے سکھلایا کہ مین
اکرم کروبیان و افضل فرشتگان ہون ؎ اس عجب نے تو کھو دیا اسکو + آخر آخر ڈبو دیا اسکو +
یون جو ڈوبے کہین تو جا نکلے + غرق دریاے کبر کیا نکلے + انھین دنون مین ایک دن دروازہ
بہشت پر گذرا دیکھا کہ حلقۂ در پہ یہ لکھا ہو کہ مقربان دولت خداوندی و نواختگان حضرت سرمدی سے
ایک بندہ عزیز عبادت و ریاضت سے سرفراز بلندی مرتبہ مین ابناے جنس سے بہزاران ہزار درجہ
ممتاز میری فرمان برداری مین قصور اور اپنی طاعت و عبادت پر غرور کریگا کہ مین اسکو مرتبۂ عزت

و تمکنت سے معزول اور دربار خداوندی سے مردود و مخذول کرونگا کہ پھر کبھی مقبول نہوگا ؎ عزیزے
کہ از درگہش سر بتافت ✤ بہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت ✤ یہ بات دیکھکر ابلیس نے التماس کیا کہ الٰہی
مجھے حکم ہو تو مین بھی اُسپر لعنت کرون ارشاد ہوا کہ سب لعنت کرینگے تو بھی لعنت کرینا نکہ ابلیس
ہزار برس کامل لعنت کرتا رہا ؎ مغرور پس پردۂ پندار نشست ✤ می پندارد کہ در کفش خیر ہست ✤
چون پردہ ز پیش کار او بردارند ✤ بیند کہ بجز باد ندارد در دست ✤ روایت ہے کہ ایک دن یہ قصہ حضرت
اسرافیل علیہ السلام کو بھی لوح محفوظ مین نظر پڑا تو خوف سے رونے لگے فرشتے افلاک کے بہت مضطرب ہوئے
اور حضرت اسرافیل علیہ السلام کے پاس حاضر ہوئے اور حقیقت حال سے مستفسر ہوئے جب مطلع
ہوئے تو بہت پریشان ہوئے اور یہ شوریٰ قرار پایا کہ عزازیل فرشتون مین بالفعل بہت معزز ہے اسکے
پاس چلکر درخواست دعا کرین شاید برکت دعا سے ہم لوگ محفوظ رہین سو اکثر فرشتے عزازیل کے
پاس گئے اور استدعا کی اُسنے سب کو تسلی دی اور کمال غرور سے یون دعا مانگی کہ الٰہی یہ تیرے
بندے ہین تو مالک رحیم ہے انکو اُس بلا سے جو مین نے لوح مین مکتوب دیکھی ہے محفوظ رکھ اللہ نے
دعا اُسکی فرشتون کے حق مین قبول فرمائی اور رقم شقاوت اس متکبر کے نام پر قائم کی ؎ ای آنکہ
دلت ز علم برخوردارست ✤ با علم تو زیور عمل ہم یارست ✤ مغرور مشو کہ در پس پردۂ غیب ✤ اسرار
عجائب قضا بسیار ہست ✤ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس واردات سے بارہ ہزار
برس گذرے تھے جب ابلیس ملعون ہوا حسن بصری رح سے تفسیر جواہر مین منقول ہے کہ ابلیس نے
نو لاکھ پچپن ہزار برس خدا کی بندگی کی اور تفسیر ینابیع مین ہے کہ اسکی کرسی عرش کے نیچے بچھی تھی
اور فرشتے طرق عبادات اُسی سے سیکھتے تھے فی الحقیقۃ پادشاہ تھا سو جب بنی الجان نے فساد
شروع کیا تو خداے تعالے نے ابلیس کو کہ یہ بھی اولاد جان مین تھا ستر عالم ہر عالم کے تابع ستر ہزار
ملائک دیکر بنابر اخراج و اہلاک روانہ کیا کہ اُسنے مفسدین جنہ کو نیست و نابود کر دیا پھر حکم ہوا کہ زمین مین
قیام کرو اور سلطنت زمین بھی ابلیس کو تفویض کی گئی اور تمام عالم علوی و سفلی کو تیقن ہوا
کہ بہترین مخلوقات الٰہی عزازیل ہے مگر زبان قضاے ازلی یون پکارتی تھی ع ہیہات از و بتر کسی نیست ✤
جب تین ہزار برس اس حال پر گذرے اور فرشتون کو زمین پر سکونت خوش آئی اور بسبب آسانی
عبادت و طاعت کے دنیا مین آرام ملی تو ارشاد ہوا کہ وقت رحلت و کوچ ہے یہان سے اٹھنے کی
تیاری کرو ؎ چہ بندی دل درین کاخ دل آویز ✤ کہ تا جا گرم کردی گویندت خیز ✤ کسی کو دل درین
گلزار بندد ✤ چو گل زان پیش تو گریہ کہ خندد ✤ اور خطاب ہوا کہ انی جاعل فی الارض خلیفۃ

یعنی

یعنی مجکو بنانا ہی زمین مین ایک نائب بدلے تو مہ نبی الجان کے کہ تعمارت روے زمین و عبادت رب العالمین
خلیفہ تمھارا ہو وا عانت حق و اہانت باطل مین بجا لائے خلیفہ ہو محققین اس آیت کی تفسیر فرماتے ہین
کہ خالق لایزال نے اسلیے اسطرح فرمایا کہ ملائکہ آپکو معزول سمجھین اور اسباب معمورہ آسمان مین رہین
لیکن یہ سخن اسوقت درست ہوتا ہے جبکہ ملائکہ سے صرف سکان ارض مراد ہوون اور اگر مطلب
جمیع فرشتگان آسمان و زمین سے ہو جس طرح روایت صحیح مین ہی تو اس کلام سے یہ مقصد ہی کہ
اس بات مین جو کچھ استفسار کرنا ہو کر لین اور حکمت اسکی بوجھ لین اور فرشتون سے خطاب کرنیکا
یہ سبب ہی کہ منافع مخلوقات در حقیقت ملائکہ سے متعلق ہین اور حفاظت ہر چہ پیدا ہی مخلوق کی
اسی فرقے سے مفوض ہی چنانچہ افلاک و کواکب کا گردش دینا پانی کا برسانا ہوا کا چلانا گھاس کا
اگانا معدنیات کا کوہستان مین قائم کرنا وغیرہ امور یہ انھین کے حوالے ہین گویا تمام عالم منزلہ
قصبہ یا شہر ہی اور یہ فرقہ اسکا عامل و کارکن ہی لاجرم جبتک یہ فرقہ مطیع و فرمانبردار خلیفۃ الارض
نہوگا تصرف اسکا کسی چیز مین جاری نہوگا اور جب کہ ملائکہ مطیع و منقاد ہو جاوینگے تو کوئی شے
نافرمانی نکریگی اور پیش بندی قبول خلافت کی تمام عالم سے منظور تھی اسلیے تجویز ہوا کہ اول
فرشتون کو تابعدار بنایئے تب خلیفہ کو حکومت کی سند دیجیے اور حیوانات وحشی گو کچھ ارادہ
و اختیار رکھتے ہین لیکن فرشتون کے مقابلے مین محض مجبور ہین ولہذا جبکہ خلافت ظاہرہ حضرت
سلیمان علیہ السلام اوج کمال کو پہونچی فرشتون نے جنات و ہوا و طیور و وحوش کو چار و ناچار مسخر
و منقاد کر دیا کہ سب پر حکمرانی واقع ہوئی لیکن ملائکہ اس کلام سے یہ سمجھے کہ جب خلیفہ زمین مین پیدا ہوا
تو عناصر مختلفہ سے مستفید ہوگا ولہذا قوت شہویہ و غضبیہ بوجہ اتم درکار ہونگی تاکہ لذات سفلیہ کی
خواہش قرار واقعی ہو اور اس خواہش مین جو کوئی معارض و مانع ہو اسے دفع کرے اور جب یہ
قوتین مذکورہ بوجہ کمال پائی گئین تو انتظام عالم برہم ہو جائیگا لہذا بطریق استفسار و استکشاف
جناب الٰہی مین ملتمس ہوے کہ پیدا کرنا قائم مقام کا اگر محض واسطے آبادی و صلاحیت زمین کے ہی
تو بدون اسکے کہ یہ خلیفہ محتاج اشیاء ارضیہ کا ہو امکان سے خارج ہی اور جب احتیاج امور سفلیہ کی
ہوئی تو قوت شہویہ جوش کریگی اور جو کوئی اسمین معارض ہوگا تو وہی قوت شہویہ بصورت قوت
غضبیہ متبدل ہو جائیگی کہ نوبت قتل و قتال و جنگ و جدال کی پہونچیگی دوسرے اسکے جب
یہ خلیفہ عناصر مختلفہ سے بنایا جائیگا تو اسکی روح مین نمونہ تیری صفات کا بھی ہوگا اور عناصر
مختلفہ داعی لذات سفلیہ ہین تو غالباً ان صفات کو لذات سفلیہ مین صرف کریگا مثلاً

علم و حکمت کو استیفای لذات بدن و حیل تدبیرات شیطانیہ مین اور قدرت کو افعال ملاہیہ مین اور ارادے و اختیار کو معاصی و قبایح مین اور قوت سامعہ کو سماعت اوتار و غیبت و ملاہی مین اور قوت باصرہ کو مشاہدۂ امارد و نساء مین و معائنہ مکانات خوش فضا مین اور قوت کلامیہ کو مدح متکبرین و ہجو متقدسین و فحش و طعن و مزح و لعن مین پھیر ایسا خلیفہ واسطے اصلاح زمین کے کہ سراسر فساد و خون ریزی کی اُس سے توقع ہے پیدا کرنا ہماری نظر قاصر مین موافق حکمت نہین معلوم ہوتا کما قال اللہ تعالیٰ

قالوا اتجعل فیہا من یفسد فیہا ویسفک الدماء یعنی بولے کیا تو رکھیگا اُسمین جو شخص فساد کرے وہان اور کرے خون اور اگر اِس خلیفہ کے پیدا کرنے سے یہ ارادہ ہے کہ اپنے پروردگار کو متصف بکمالات جانے و منزہ از نقصان و زوال سمجھے تو ہم کیا تصور کرتے ہین بلکہ ہم تیرے ہی واسطے خاص تسبیح و تقدیس کیا کرتے ہین اور کسی کو ہرگز تیرا شریک نہین کرتے بخلاف اس خلیفہ ارضی کے کہ اُسکا مرکب حرص و ہوا و عجب و ریا ہوگا جس طرف اپنے حصول مطلب کی کوئی راہ پاویگا اُسی طرف عنان تسبیح و تقدیس پھیر دیگا اور ملاحظہ آسمان مین ایسا فرد ہوگا کہ سبب سے بالکل غفلت کریگا

اس باعث سے ایسا خلیفہ پیدا کرنا مناسب حکمت نہین ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے نحن نسبح بحمدک و نقدس لک یعنی ہم پڑھتے ہین تیری خوبیان اور یاد کرتے ہین تیری پاک ذات کو تب اللہ صاحب نے جواب دیا انی اعلم ما لا تعلمون یعنی مین جانتا ہون جو کہ تم نہین جانتے ہو اور مجھے معلوم ہے کہ تم خلافت عالم کی لیاقت نہین رکھتے اور اس خلیفہ کو لیاقت ہے مگر تم آگاہ نہین ہو تنبیہ واضح ہو کہ اعتراضات ملائکہ مین کئی باتون کی فروگذاشت ہے کہ وہ اب مناظرے کے خلاف ہے ایک یہ کہ صرف شہوت و غضب ایک ہی سمجھا ہے دوسرے کو خیال نہین کیا حالانکہ مصرف شہوت کے دو ہین اور غضب کے بھی دو ہین ایک وہ جسکو ملائکہ نے بیان کیا دوسرا وہ کہ شہوت و غضب کارخانۂ الٰہی مین صرف ہو پس جب شہوت کارخانۂ الٰہی مین صرف ہوگی تو محبت و عشق الٰہی پیدا ہوگا کہ ملائکہ اسکو اصلا حاصل نہین کر سکتے اسی طرح جب غضب خدا کے کام مین صرف ہوگا تو اس سے جہاد و جان بازی و غیرت و رفعت دینی ظاہر ہوگی پس مقام تبدیل و قتال مین ایک طرف اختیار کرنا دوسری جانب ترک کرنا داب مناظرہ کے خلاف ہے دوم یہ کہ اگر شرور و قبایح عالم مین نمایان نہوین اور فساد و خونریزی نہ پائی جائے تو معنی تکلیف و بعثت رسل و انزال کتب و کارخانۂ وحی و سلسلہ امر و نہی و ترغیب بر طاعات و ترہیب از منہیات و وعدہ مثوبت بر تقوی و وعید مخالفت و معاصی بالکل برہم ہو جاوے و صورت مجازات و مکافات اخروی

وآبادی وار ثواب وعقاب متحقق نہو اور جمیع شیون آدمیہ معطل وبیکار رہجائیں ؎ درکارخانۂ عشق
از کفر ناگزیر است + دوزخ کرا بسوزد گر بولہب نباشد + وصائب گوید ؎ تا تمش نمازی وتشویش
بود صائب شنید + ہیچ کافر را درین دنیا بچشم کم مبین + تیسرے یہ کہ فرشتوں نے لحاظ تسبیح
وتقدیس آپ کو مستحق وسزاوار خلافت سمجھا اور مخلوق ارضی کو نالائق خیال کیا اور یہ نہ جانا کہ حق تعالی
جل شانہ نے جو مخلوقات ارضی وسماوی وعلوی وسفلی پیدا فرمائے ہیں بیکار وبیفائدہ نہو سکے
اور منتفع ہونا بذات خاص منافی استغنا ہے اسلیئے کہ جس چیز سے انتفاع فرض کرینگے اسکی طرف احتیاج
ضرور ہوگی یہ بات منافی صمدیت کے ہے لہذا ضرورت ایسے مخلوق کی ہوئی جو کہ متخلق باخلاق الہی
ومتصف بصفات باری عز اسمہ ہو تاکہ جملہ مخلوقات پر حاکم کیا جائے اور کار تنفیذ اوامر ونواہی خدا
وسیاست دیگر مخلوقات وتدبیر امور انکی اور حفظ نظام اور مشغول کرنا انکو طاعات الہی مین کیا جائے
کہ اس سے گویا خود منتفع ہوا اور بھی اوروں کو نفع پہونچائے یعنی استیفا سے منافع مخلوقات کا
بواسطہ اس خلیفہ کے منظور ہوا کما قیل ؎ ہر کہ عندلیب مست پروای زر ندارد + یارش گل ست
گل را یک مشت زر ضرورست + ورنہ جمیع ما فی الارض معطل وبیکار حکمت کے خلاف رہی جاتی ہے اور
ظاہر ہے کہ گروہ ملائکہ بسبب اسکے کہ شہوت وغضب سے مبرا اور اکثر احتیاجات سے معرا ہے مثلاً
زن وفرزند وخورش وپوشش کی احتیاج نہین رکھتے استیفاے منافع مخلوقات علوی وسفلی نہین کر سکتے
اور لیاقت خلافت کی اصلا نہین رکھتے اسواسطے کہ معنی خلافت الہیہ اور تجلی اوصاف ربانیہ
خواص ہیئت اجتماعیہ ترکیبیہ سے ہے پس ترکیب ایسی چاہیئے کہ جامع دونون عالم کی ہو اور جو کہ تعلق
روح کا دائما بدن کے ساتھ بلا شہوت وغضب پایندہ وباقی نہیں ہو سکتا ہے تو شہوت وغضب کا بھی
اسمین ضروریات سے ہے اور حکایت ما فی الضمیر واکوان کے لیے وانتفاع نظام کل کے واسطے قوت
عقلیہ پاک بھی لازم ہے تاکہ نتائج ترکیبیہ اسکے سب سے حاصل ہون اور ظاہر ہے کہ جو طبقہ ملائکہ کو
صرف اطلاع اپنے کمالات پر حاصل ہے تو حمد انکا بھی مقابل انھین کمالات کے واقع ہوگا نہ مقابل
کمالات فوقانی اور تحتانی کے اسیطرح تسبیح وتقدیس بھی نہوگی مگر مقید ومحصور سو ایسے خلیفہ
جامع کی عدم تقرر مین بحالت مشورت ایسی تقریر کرنا مثل اسکے ہے کہ کسی کے قوی اور جوارح عرض کرین
کہ آپ کو حاجت غلام کی نہین ہے ہم کفایت کرتے ہین حالانکہ نہین جانتے ہین کہ ہمسے بجز ایک ایک
کام کے کچھ بھی سرانجام نہو سکیگا اور غلام کہ پروردہ مالک ہوگا البتہ دریاے جمعیت کمالات سے بھی
آشنا ہوگا اور جو کام مالک سے سرانجام ہوتا ہے غلام سے بھی ہوگا اسیطرح فرقۂ جنات بھی اگرچہ

شہوت و غضب انمین ہی لیکن آئمین خلافت کے سزاوار نہین کیونکہ قوت خیالیہ انکی قوت عقلیہ پر غالب ہی
جس چیز کو خیال کرتے ہین اُسکو حقیقت جانتے ہین جس طرح طفل نی سوار کہ آپ کو حقیقۃً گھوڑے پر
سوار جانتا ہوا ور عیب سواری کو لوازم فرسیت سمجھتا ہی پھر اگر تمام مخلوقات کو انکے منافع مین صرف
کرین تو بمجرد خیالات سکے اور کچھ سرانجام ممکن نہین ہوا ور منظور الٰہی یہ ہی کہ حقیقت ہر منفعت کی
بے کم و کاست ظاہر ہو جاسے قطع نظر اس سے جنات بسبب غلبہ ناریتہ کے متعلق باخلاق الٰہی و
متصف بصفات باری نہین ہو سکتے مثلاً صبر و حلم و رزانت نفس و غیرہ کہ اصلاً یہ اخلاق انمین منفی ہین
اور اکثر مخلوقات کی جانب احتیاج نہین رکھتے مثلاً قلعہ و حویلی و عمارات و اسلحہ و غیرہ بنانا بلکہ
یہ بھی استیفاء منافع جمیع مخلوقات نہین کر سکتے جس طرح متصف بصفات ربانیہ و متخلق باخلاق
الٰہیہ نہین ہو سکتے بالجملہ سوا سے آدمی کے جمیع مخلوق ارضی و سماوی سے کوئی ایسا نہین ہی
کہ منصب خلافت کا سزاوار اور سیاست منزلی و مدنی کا واقف کار ہو و لہٰذا انسان بعد خلقت تمام
انواع کے پیدا کیا گیا تاکہ استیفاء منافع جمیع مخلوقات اُس سے متصور ہو اور وہ مخلوقات مانند مصالح
و اسباب خانگی سمجھے جاتے ہین ؎ آدمی حیثیت برزخ جامع ٭ صورت خلق و حق درو واقع ٭ مشتمل بر
وقائق جبروت ٭ محتوی بر حقائق لاہوت ٭ صورت نیک و بد نشستہ درو ٭ ہیئت دیو و دد سرشتہ
درو ٭ صاحب سلسلۃ الذہب فرماتے ہین ؎ یک صفت نیست از صفات خدا ٭ کہ نہ در ذات او بود پیدا ٭
ہم علیم ست و ہم سمیع و بصیر ٭ متکلم مرید و حی و قدیر ٭ ہمچنین از حقائق عالم ٭ ہمہ چیزی درو بود منضم ٭
ارباب تذکیر فرماتے ہین کہ معنی انی اعلم کے یہ ہین کہ مین جانتا ہون کہ یہ گنہگار رہین اور مین آمرزگار ہون
یا جانتا ہون کہ تم مطیع و فرمان بردار ہو لیکن با مباہات و افتخار اور یہ گنہگار رہین اما با تضرع و انکسار
اور میری درگاہ مین معصیت بعذر بہتر طاعت با فخر ستہ ہی یا جانتا ہون کہ تمہارے مصاحبین سے
ایک مطرود و مردود ابلیس شیطان پیدا ہوگا اور انمین سے ایک شخص مقبول حبیب الرحمٰن محمد مصطفےٰ صلعم
سو سوا ہی بلاتے تمکو یہی فخر بندگی کافی ہی کہ تمہارے گروہ سے ابلیس پر تلبیس علیہ اللعن ہوگا اور آدمی کو
یہی فخر بس وافی ہی کہ انکے فرقے سے احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوگا یا مین جانتا ہون کہ
تمہاری طاعت قائم و دائم ہی اور انکے اعمال گاہ گاہ لیکن تمہاری پرستش بی تکلف و مجاہدہ ہی اور انکی
با ہزاران ہزار دغدغہ اسواسطے کہ تمکو موانع نفس ہوا نہین ہین اور یہ بیچارے دمدمۂ ہوا و دوسوسۂ نفس
و اغوای شیطان و فکر اولاد و نسوان و فتنۂ دنیا مین گرفتار رہین با این ہمہ فرمان حق سے منہ نہین موڑتے
اور رشتۂ طاعت رحیم مطلق کا نہین توڑتے اور جو طاعت با این تکلیف ہو اُس سے کیا نسبت اسکو جو

ف
در معنی انی اعلم

سبب تصدیع ہوا مین بلکہ جانتا ہون کہ تم فرمان برداری کرتے ہو اور گنتے ہو تحمل و درد یہ دائم کاری مین تیسے ہین
اور بولتے ہین انت یا مین جانتا ہون فساد انکے جوارح کا اور تم نہین جانتے محبت انکے دل کی اور محبت دلی
شفیع اعضا ہی و الفت قلبی مقبول بارگاہ کبریا ہے ۵ اگر از دوست یک گنہ آید ۞ صد شفیع از محبتش زاید ۞
یا جانتا ہون کہ گناہ کرتے ہین بدن سے اور دل مین کراہت رکھتے ہین اور تم طاعت کرتے ہو بدن سے
اور دل مین اعتماد رکھتے ہو تمھارا تکیہ عمل پر ہے انکا اعتماد بر کرم ہے ۵ تکیہ بر گوشہ محراب کند زاہد شہر ۞ گر کند
تکیہ چرا بر کرم او نہ کند ۞ اور اہل تحقیق فرماتے ہین کہ سر انی اعلم کا یہ ہے کہ مین جانتا ہون صفائی انکے عقائد کی
عالم محبت مین ہر چند کہ ظاہر انکا معصیت سے آلودہ ہو مگر کچھ خوف نہین اسلیے کہ جب آتش محبت
روشن ہوتی ہے تو جو خس و خاشاک گناہ کا راہ مین پڑتا ہے سب جلکر خاک ہو جاتا ہے اے ملائکہ تم صفائے ظاہر
دیکھتے ہو مین صفائے باطن پر نظر رکھتا ہون تم مخالفت اعضا و جوارح پر نگاہ رکھتے ہو مین موافقت
قلوب کو ملاحظہ کرتا ہون تم آلایش صورت کو نظارہ کرتے ہو مین آرایش معنی کو تماشا کرتا ہون تم نقشہ
آب و گل دیکھتے ہو مین جلوہ جان و دل معاینہ کرتا ہون تمکو لباس طاعت پہنایا انکو کسوت رحمت
تم ریاض عبادت مین چلتے ہو یہ حدائق عنایت مین تم انکو مفسد کہتے ہو مین صالح فرماتا ہون کما قال
یرثہا عبادی الصالحون تم خون ریزی مین تزئیف کرتے ہو مین اشک ریزی مین تعریف کرتا ہون و
اعینہم تفیض من الدمع فائدہ اس بیان مین کئی بحثین ہین کہ خبردار کرنا اُنسے ضرور ہے اول کہ جب ارادہ
الٰہی یون ہوا کہ اس قسم کا مخلوق پیدا کرین اور اُسکو منصب خلافت عطا کرین تو اس مشیت کا ذکر کرنا کیا
ضرور تھا اور ایسے امور کے اخبار سے کیا حاصل تھا کیونکہ ایسی بات مشورے کے مقام مین ہوتی ہے اور
معنی مشورہ یہ ہین کہ ایک دوسرے کی عقل سے استعانت چاہے اور حق تعالے ہر چیز سے مستغنی ہے پس
مشورہ اینجا چہ معنی دارد جواب یہ ہے کہ حقیقت خلافت الٰہیہ کی یہ ہے کہ خلیفہ حق منافع تمام عالم [illegible]
اور منافع مذکورہ فرشتون کے ہاتھ مین رکھے ہین چنانچہ اس قصے مین بیان ہوا پس عامل و کارکن اس دنیا کے
فرشتے ہین اور اشیا دیگر مثل آلات ہین لہذا قبل قائم کرنے خلیفہ کے اطلاع اس امر کی عامل کو ضرور تھی
اسلیے کہ اگر پہلے ہی خلیفہ مقرر ہو جاتا تو استحقاق خلافت مین محل قدح تھا اور امر خلافت کہ اطاعت و
فرمان برداری سے عبارت ہے کما ینبغی مستحکم نہوتا اور جب قبل از پیدایش خلیفہ شبہہ اسکا جاتا رہا تو اطاعت
و متابعت مین کمال رغبت و نشاط سے قدم رکھینگے اور بعضے مفسرین کہتے ہین کہ مقصود اس سے یہ ہے
کہ بندگان الٰہی دریافت کر لین کہ امور عمدہ مین مشورہ نہایت ضرور ہے اسلیے کہ حق تعالے نے باوجود استغنا کے
مشورہ فرمایا ہے دوسرے یہ کہ فرشتون نے کہان سے دریافت کیا کہ یہ خلیفہ زمین مین فساد و خونریزی کریگا

ف [illegible]
ف [illegible]
ف جواب

بعضے علما کہتے ہین کہ فرشتون نے جنات پر قیاس کرکے یہ حکم نکالا چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور کلبی سے یہ بات مروی ہے اور بعضے کہتے ہین کہ جب اللہ نے فرشتون سے انی جاعل فی الارض خلیفہ فرمایا تو فرشتون نے کہا وہ خلیفہ کیسا ہوگا ارشاد ہوا کہ صاحب اولاد وہ احفاد ہوگا انمین حسد و بغض و مقابلہ و مجادلہ و کبر و کینہ و عداوت و فساد بیشتر رہیگا فرشتون نے کہا اتجعل فیہا من یفسد فیہا ہذا ما روی عن عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور بعضے کہتے ہین کہ عمدہ فرشتون کو لوح کی مکنونات پر اطلاع ہوتی تھی اور عوام ملائکہ بعض مکتوبات اسکے انہے اکابر سے دریافت کرلیتے تھے سو خبر پیدایش اس خلیفہ کی اور افعال شنیعہ اسکی اولاد کے اس طرح معلوم ہوئے بلکہ روایات مین وارد ہے کہ جب خالق لایزال جل جلالہ نے عنصر آگ کو پیدا و ظاہر کیا تو ملائکہ اسکی رویت سے خوفناک و ترسناک ہوئے اور درگاہ لاابالی مین ملتمس ہوئے کہ یہ عنصر کسکے واسطے ہے حکم ہوا کہ عاصیون اور شریرون کے واسطے ہے اور اسوقت سواے فرشتون کے کوئی مخلوق ذی شعور و صاحب ارادہ موجود نہ تھا جب انی جاعل فی الارض خلیفہ ارشاد ہوا تو معلوم کر گئے کہ مصدر معصیت یہی مخلوق ہوگا اور بعضے کہتے ہین کہ خلیفہ نائب خدا ہے حکم و قضا مین اور حاکم کی احتیاج نہین ہوتی مگر وقت تنازع و تحاکم سو فرشتون نے لفظ خلیفہ سے بطریق التزام دریافت کیا کہ فساد و بے اعتدالی و قتال و خون ریزی بے شک واقع ہوگی الغرض بعد قیل و قال قدرت ایزد متعال خلقت آدم علیہ السلام سے متوجہ ہوئی اور مشیت قادر ذو الجلال پیدایش اکرم خلق پر آمادہ ہوئی اور مادہ ترکیب کے واسطے ہر چہار عنصر پیش نظر ہوئے لیکن قرعہ اختیار مادہ ترکیب خاک پاک پر پڑا

ــہ کہ بجز خاک نیست مظہر کل ✦ خاک شو خاک تا بروید گل ✦

محدثین و مفسرین حضرت خاتم النبیین سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم سے یون روایت کرتے ہین کہ اول حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ایک قبضہ خاک تمام روی زمین سے لاؤ کہ مین اس سے ایک مخلوق بناؤنگا جبرئیل علیہ السلام بحکم ملک علام قبضہ خاک لینے کو آئے اور چاہا کہ خاک زمین سے لین زمین نے التماس کیا کہ ای محرم وحی ربانی و ای سرخیل مقربان روحانی مین تو ایک مدت سے لگدکوب آفات ہون لیکن ایسا واقعہ عجیبہ کبھی واقع نہین ہوا مجکو مطلع تو فرماؤ کہ اس حکم سے کیا مقصود ہے جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا کہ مین خود اس معاملے مین متردد ہون مگر اتنا معلوم ہے کہ خالق بالکمال تجھسے ایک مخلوق بناکر ظاہر کریگا اور اسکو اپنا نائب و خلیفہ بنائیگا اور وہ مرجع ثواب و عقاب ہوگا زمین نے استغفار کرکے کہا کہ ای جبرئیل مین نہین چاہتی کہ مجھسے ایسا شخص پیدا کیا جاے الٰہ خدا سے پناہ مانگتی ہون ہرگز مجھسے تو خاک اٹھالے جب حضرت جبرئیل نے ایسی پناہ بزرگ کا نام سنا ناچار بے نیل مرام واپس ہوئے

جناب حق مین ملتمس ہوئے کہ زمین نے اسرار سے استغفا دیا اور مین تیرے نام کے ادب سے پھر آیا
تب حضرت میکائیل علیہ السلام بھیجے گئے انکو بھی اسنے منت وسماجت سے ٹالا پھر حضرت اسرافیل
علیہ السلام بحکم رب جلیل آئے انکو بھی تواضع ومدارات سے روکا اب حضرت عزرائیل علیہ السلام کو
ہوا کہ تو جا اور ایک قبضۂ خاک لا نہ پھرنا مگر لیکر سو یہ حضرت خود کاہے کو پھرنے والے تھے اب تو تاکید بھی
ہوگئی الغرض با ہیبت وجلال زمین کے پاس آئے وہ نہایت آہ وزاری والحاح وخاکساری گریہ
وبیقراری سے دست بستہ عرض کرتی رہی وہ کب سنتے ہین یہی جواب دیا کہ اے زمین بگوش ہوش
میرا کلام سن کہ مین حکم خالق ارض وسما وارثا ومالک ما فیہا وما علیہا لایا ہون کچھ اپنے کام کو
نہین آیا ہون ع شنیدہ حکمی کہ ہیچ ہی پہلوان کے روبرو کمزور کی نہین چلتی یعنی وہ چلاتی رہی حضرت
عزرائیل نے قبضۂ خاک لے ہی لیا مطلق رحم نہ فرمایا اسی دن سے عزرائیل قابض ارواح ہوئے اور
ملک الموت کہلائے روایت ہے کہ جب یہ عہدہ انکے نامزد ہوا تو حضرت حی قیوم مین عرض کیا کہ اب
بندگان حضور میرے دشمن وضد ہو جائینگے اسلیے کہ موت ہر جاندار کو مکروہ معلوم ہوتی ہے ارشاد ہوا
کہ مین ایک سبب موت کا ظاہر مین کرونگا کہ خلق اسمین مشغول رہیگی یعنی کسی کو دریا مین غرق
کرونگا اور کسی کو آگ مین جلاؤنگا اور کسی کو کسی بیماری سے مارونگا ایسی صورت مین تیرا دشمن
کوئی بھی نہوگا وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ زمین ہیبت تکلیف سے بگریہ وزاری پیش آئی
اسی روز سے چشمے جاری ہین اہل عرفان فرماتے ہین کہ یہ گریہ وزاری غایت فرح وشادی سے تھا
نہ رنج وبیقراری سے بروایت صحیح یہ ثابت ہے کہ زمین نے حضرت جبرئیل سے کہا تجکو قسم ہے خالق
ذوالجلال کی کہ مجاومت لیجا کیونکہ مین طاقت قربت نہین رکھتی ہون کہ ع نزدیکان را بیش بود حیرانی
اسی لیے مین نے اسقدر بعد اختیار کیا ہے اے جبرئیل مجکو اسی جگہ برقرار رہنے دے سے ذرہ خاکم و
درکوی تو ام وقت خوش ست + ترسم ای دوست کہ بادی ببرد ناگاہم + القصہ جب حضرت عزرائیل
خاک لیکر آئے تو ارشاد ہوا کہ اس موضع پر جہان اب کعبہ ہے ڈالو چنانچہ اسی جگہ تودہ کیا اور ایک روایت ہے
کہ خاک کو آسمان پر لے گئے اور دروازۂ بہشت پر تودہ کیا فائدہ واضح ہو کہ اولین شرافت وبزرگی
خاک آدم کو یہ تھی کہ کئی رسل بزرگوار کے ذریعے سے حضرت کبریا مین طلب ہوئی اور باندازمعشوقان سرافراز
نازکرتی رہی کہ فرشتے عام وخاص متحیر ومتعجب ہوکر باہم تذکرہ کرتے تھے کہ اسکا سر کیا ہے جو اس خاک
ذلیل کو بکمال اعزاز وتکریم حضرت رب جلیل ہین طلب فرماتے ہین اور یہ افتادہ راہ توجہ بارگاہ مین غنج
ودلال کرتی ہے سے یار تو ناز میکنی ناز جہان ترا رسد + حسن نمک ترا رسد ناز دگر کرا رسد + اور زبان حکمت لا ہوتی

بیان ملک الموت

بیان شرافت خاک

یون ارشاد کرتی تھی کہ زاہدان خشک صومعہ نشین کو مردان خرابات نشین سے کیا خبر سلامتیان سلیمہ خو کو ذوق حالت ملامتیان بلاجو سے کیا چاشنی ہے درد دل خستہ دردمندان دانند * نی خوش نشان وخیرہ خندان دانند * اسرار قلندری چہ داند زاہد * سریست درین پردہ کہ رندان دانند * چندے صبر کرو تاکہ مین اس مشت خاک پر دستکاری قدرت دکھلاؤن اور زنگار ظلمت چہرۂ آئینۂ فطرت سے دور کرون ع باش تا پردہ ازین سر نہان بردارم * جب فرشتون کو حکم ہوا کہ اس خاک کو گلابہ کرو اور سحاب پاک کو ارشاد ہوا کہ چالیس روز تک اور ایک روایت مین چالیس برس تک اس خاک پر پانی برسا ابر نے بفرمان ایزد پاک انتالیس روز دریا سے اندوہ و تعب سے اور ایک روز نہر شادی و طرب سے پانی لیکر برسایا اسے بے حکمت غریب و حدیث عجیب نیستا * شادی یک زمان و غم جاودان ما * بعد ازان گلابہ کو خشک کیا یہان تک کہ مثل سفال کوزہ گران ہو گیا کہ جو کہ اسمین سے آواز نکلتی تھی کما قال خلق الانسان من صلصال کالفخار یعنی پیدا کیا انسان کو کھنکھناتی مٹی سے جیسے ٹھیکرا جب گلابہ ایسا ہوا فرشتون کو حکم ہوا کہ اب کہ وطائف داری نعمان مین کہ عرفات سے لاہی ڈالو کہ مین ید قدرت سے اسکو بناؤنگا کہ خمرت طینۃ آدم بیدی اسپر دلیل ہے یعنی خمیر کیا مین نے مٹی آدم کو اپنے ہاتھون چنانچہ چالیس برس اسمین کاریگری فرمائی نہین معلوم کیا کیا اس مین تعبیہ کیا اور کس کس شی کا تزکیہ و تصفیہ ہوا لا یعلم اسرارہ الا ہو اہل عرفان فرماتے ہین کہ ہر ذرہ گل مین ایک دل پنہان کیا اور دل کو محمل جانان گردانا اور اسکو نظر عنایت سے پرورش فرمایا اور الوان نعمت سے نوازش اور توشہ خانہ کرم سے پوشش مرحمت کی اور نعمت خانۂ فضل سے خورش حقائق نجمیہ مین ہی کہ چالیس برس آب و گل آدم مین کمال حکمت سے دستکاری قدرت فرمائی اور اپنی ذات و صفات کاملہ کی نقاشی و رنگ آمیزی سے تصویر بنائی یہان تک کہ ایک ایک صفت اپنی اسمین رکھی بلکہ کل جوہر لطیف و گوہر شریف کہ خزانۂ غیب اور شہادت مین تھا آب و گل آدم علیہ السلام مین دفینہ و خزینہ فرمایا جب نوبت دل کی پہونچی تو غنچۂ دل کو باغ جنت سے لائے اور آب حیات ابدی سے سرشتہ کیا اور تاب آفتاب جہان تاب سے پرورش دیکر منظور نظر عنایت خداوندی فرمایا جب دل بیغل کا کام اتمام کو پہونچا تو ایک گوہر نفیس نفائس مخزونات غیب سے جو انظار ملکوت و جبروت سے پوشیدہ و مخفی رکھا تھا اور سوا سے حضرت باری جل ذکرہ کے اسکی خزانہ داری کسی سے متعلق نہ تھی طلب فرما کر ید قدرت سے خزینۂ دل مین ودیعت رکھا ظاہرا یہ امانت سر النعمت

وہ ہوگی جسکو خواجہ حافظ شیراز واقف اسرار و راز فرماتے ہین ؎ آسمان بار امانت نتوانست کشید
قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند ؎ اور جناب حضرت حق اپنے کلام مین فرماتے ہین انا عرضنا
الامانۃ علی السموات والارض والجبال فابین ان یحملنہا واشفقن منہا وحملہا الانسان انہ کان ظلوما
جہولا یعنی ہمنے دکھائی امانت آسمان کو اور زمین کو اور پہاڑون کو پھر سب نے قبول نہ کیا
کہ اسکو اٹھا دین اور اس سے ڈر گئے اور اٹھا لیا اسکو انسان نے یہ ہے بڑا بے ترس نادان
خلاصہ یہ ہے کہ اپنی جان پر ترس نکیا اور امانت کے معنی یہ ہین کہ پرائی چیز رکھے اپنی خواہش کو
روک کر آسمان و زمین مین اپنی خواہش کچھ نہین ہے اگر ہے تو وہی جسپر قائم ہین یعنی آسمان کی
خواہش پھرنا زمین کی ٹھہرنا اور انسان کی خواہش اور ہے اور حکم خلاف اسکے آئے تو اس چیز کو خلاف
اپنے جی کے تھامنا بہت مشکل ہے اور بڑا زور چاہتا ہے اسکا انجام یہ کہ منکرون کو تقصیر پکڑنا اور
ماننے والون کا تقصیر معاف کرنا اب بھی یہی حکم ہے کہ اگر کسی کی امانت کوئی دیدہ و دانستہ ضائع کرے
تو بدلا دینا آتا ہے اور بے اختیار ضائع کرے تو بدلا نہین مولانا ولی اللہ محدث فرماتے ہین کہ مراد
امانت سے استعداد تکلیف اوامر اور نواہی کی ہے اور ظلوما جہولا سے مراد یہ ہے کہ بالفعل عدالت
اور علم نہین رکھتا ہے لاقابلیت اسکی ہے اور معالم التنزیل مین لکھا ہے کہ امانت سے مراد طاعت
اور فرائض ہین کہ عرض کیا اللہ صاحب نے سموات اور ارض پر یہ قول ہے ابن عباس کا اور
ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ امانت سے مراد ہے اداے نماز اور ایتاء زکوۃ اور صوم
رمضان اور حج کعبہ اور صدق کلام اور قضاے دین اور کیال اور میزان کا پورا کرنا اور مجاہد
کہتے ہین کہ مراد امانت سے فرائض اور حدود دین ہین اور ابو العالیہ کہتے ہین کہ جملہ اوامر
اور منہیات مراد ہین اور زید بن اسلم کہتے ہین کہ صوم اور غسل جنابت مراد ہین اور جو چیزین کہ
پوشیدہ ہین احکام اور شرایع سے اور عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص فرماتے ہین کہ سب سے
پہلے اللہ صاحب نے جب انسان کی فرج پیدا کی اور فرمایا کہ یہ امانت ہے پس فرج امانت ہے
اور آنکھ امانت ہے اور کان امانت ہے اور پانون امانت ہے ولا ایمان لمن لا امانۃ لہ اور بعضے
کہتے ہین کہ دغاے عہود مراد ہین یہ روایت ہے ضحاک کی ابن عباس رضی اللہ سے یعنی فرمایا
اللہ تعالے نے سموات اور ارض سے کہ یہ امانت ہے تم لے سکتے ہو بولے یہ کیا ہے حکم ہوا کہ
یہ وہ چیز ہے کہ اگر اچھی طرح سے اسکو ادا کروگے تو اسکی جزا پاؤگے اور اگر خلاف کروگے
تو عقاب و عذاب اٹھاؤگے تب آسمان اور زمین وغیرہ نے قبول نہ کیا اور خوف سے بولے کہ ہم ہیں

مسخر ہین کچھ ثواب اور معصیت ہمکو درکار نہین ہی یہان سے واضح ہوا کہ یہ حکم بطور تخییر تھا نہ بطور التزام کس واسطے کہ اگر بطور التزام ہوتا تو قبول ہی کرنا پڑتا کیونکہ تمام سموات اور ارض اور ما فیہا خاضع اور مطیع اور ساجد ہین چنانچہ ارشاد ہوتا ہی الم تر ان اللہ یسجد لہ من فی السموات ومن فی الارض والشمس والقمر والنجوم والجبال والشجر والدواب الآیہ

(کیا نہیں دیکھا تو نے کہ اللہ سبحانہ کو سجدہ کرتے ہین جو کوئی بیچ آسمانون اور زمین مین ہین اور آفتاب اور مہتاب اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپایے ۱۲)

اور بعضے اہل علم کہتے ہین کہ جب اللہ صاحب نے امانت عرض کی تھی تب سموات اور ارض مین عقل اور فہم بھی پیدا کیا تھا یہان تک کہ قابل خطاب ہوئے اور جواب دیا جو کچھ کہ بن پڑا اور بعضے کہتے ہین کہ سموات اور ارض سے اہل اسکے مراد ہین غرض کہ جب سب نے عجز ظاہر کیا تب حضرت آدم کو ارشاد ہوا کہ مین نے امانت اپنی عرض کی سموات اور ارض اور جبال پر کسی نے قبول نہ کیا اب تو قبول کرتا ہی یا نہین عرض کیا کہ اے رب اسمین کیا ہی ارشاد ہوا کہ اگر احسان کریگا تو جزا ملیگی اور اگر خلاف کریگا تو عتاب ہوگا پس (حملہا) امانت کو حضرت آدم نے اور ظلم کیا اپنے نفس پر کہ مآل کار نہ سمجھا اور مجاہد کہتے ہین کہ حمل امانت آدم علیہ السلام سے بہشت مین واقع ہوا اور درمیان حمل اور خروج کے بہشت سے اسقدر وقفہ ہوا تھا جیسا ظہر اور عصر مین ہوتا ہے اور نقاش نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ امانت مانند صخرہ کے تھی کہ اٹھا لیا اسکو آدم علیہ السلام نے اور نہ اٹھا سکے اسکو آسمان اور نہ زمین اور جبال اور ملائکہ وغیرہ

فائدہ اہل عرفان فرماتے ہین کہ عظمت شان امانت باین مرتبہ ہی کہ اگر عرض کرین اسکو اجرام عظام پر اور انکو شعور اور ادراک عطا کرین تو اسکے اٹھانے سے انکار کرین اور حق یہ ہے کہ حق سبحانہ تعالے نے اجرام کو ادراک اور شعور عطا کیا تب امانت کو عرض کیا بغرض تخییر نہ بغرض التزام پس انکار کیا خوف سے نہ کہ معصیت سے اور انسان نے قبول کیا از روے ہمت نہ از روے قوت امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ امانت کو سموات وغیرہ پر صرف عرض کیا اور انسان پر فرض کیا جن پر عرض کیا تھا انھون نے سر پھیر لیا اور جسپر فرض تھا اسنے اٹھا لیا اور جنید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ نظر حضرت آدم کی عرض الٰہی پر ہوئی نہ کہ امانت پر سو لذت عرض سے ثقل امانت خفیف ہوگیا اور زبان عنایت سبحانی نے ارشاد کیا کہ اٹھا لینا تیرا کام ہی اور نگاہ رکھنا میرا چونکہ تو نے رغبت سے میرے بوجھ کو اٹھا لیا مین نے بھی تجکو سب سے بلند مرتبہ کیا کہ وحملناہم فی البر والبحر

(یعنی بٹھایا ہم نے انکو جنگل اور دریا مین)

را ما دو بار و توان بار او را بدو توان برداشت ❊ صاحب انوار فرماتے ہین کہ مراد امانت سے عقل اور تکلیف ہی

چونکہ آسمان اور زمین اور جبال کو قوت اور استعداد حمل حاصل نہ تھی انکار کر گئے اور انسان نے
اپنی قابلیت سے قبول کیا اسواسطے کہ بسبب استیلاے قوت غضبیہ کے ظلوم ہی اور
بسبب قوت شہویہ کے جہول اور فائدہ عقل یہ ہی کہ دونون قوتون کو اعتدال پر رکھے
اور حاصل مقصود تکلیفات سے تعدیل قوتین ہی کہ نتیجہ ہین صفت سبعی اور بہیمی کا پس ظلومی اور
جہولی صفت حمل زیبی اور بعضون نے کہا ہی کہ ظلوما اور جہولا شان انسان کی ہی جس طرح سے کہ طہارت
شان ہی پانی کی لیکن چونکہ حامل امانت ہوا بعضون نے ترک ظلم اور جہل کیا اور بعضے اسیر رہگئے
اور حقیقت یہ ہی کہ ظلوم اور جہول نزدیک خلق کے ہی نہ کہ نزدیک خدا کے اور اہل حقیقت فرماتے ہین
کہ حق سبحانہ نے عرض کیا امانت کو اہل سموات اور ارض اور جبال پر پس انکار کیا بسبب ضعف کی
کے اور چونکہ انسان کو اسکی استعداد بالقوہ موجود تھی بے مضائقہ اور مخافت قبول کیا پس ظلوم ہی
اپنے نفس پر کہ فنا کر دیا ہی اپنی ذات کو ہستی مطلقہ مین اور جہول ہی کہ غیر حق کو نہین پہچانتا اپنی
اور بقول لا الہ الا اللہ نفی ما سوی اسکا وتیرہ ہی اور فتوحات مین لکھا ہی کہ امانت کو تعلق
ہوتا ہی اسماء حسنی سے کہ سب موجودات پر عرض کیا حضرت انسان نے قبول کر لیا اور اگر اٹھاتا
تو ظلوم ہوتا اور جہول ہی یعنی عالم ہوا اسواسطے کہ نہایت علم اللہ کا اعتراف بجہل ہی اور عجز
معرفت سے اور عجز درک ادراک سے ادراک ہی اور روح الارواح مین لکھا ہی کہ ظلوما جہولا مدحت
حضرت آدم علیہ السلام کی ہی نہ مذمت یعنی جب بار عظیم کو فوق طاقت سے امانت محبت
اٹھا لیا تب ارشاد ہوا کہ تو نے بڑا ظلم کیا اپنے نفس پر اور تو نہین جانتا تھا کہ یہ بار عظیم
نہایت گران ہی اسی جواب دیا حضرت آدم نے کہ مین غیر حق سے جاہل تھا کہ میرا آوازہ ظلومی
اور جہولی عالم مین ہوگیا اور تمام عالم سے ناواقف عرض تھا اور مواقع مین لکھا ہی کہ امانت سے
مراد عشق ہی کہ عالم بشریت مین ہی اور عالم ملکیت مین اسکا نہین اسواسطے کہ ملائک ہین نور
لطف اور نعمت ہین درد سے واقف نہین اور سبب درد محبت کی قدر نہین جانتے
عاشقی را درد و بدنامی خوش است + عاشقان را سوز و ناکامی خوش است + پس جب
آفتاب امانت برج عرض الوہیت سے چمکا آسمان نے کہا کہ مین بلندی اور رفعت مین
ہون اور زمین نے فریاد کی کہ مین افتادہ راہ ہون اور پہاڑون سے آواز آئی کہ ہم
ثابت قدم ہین تحمل اس بار کا نہین کر سکتے کہ شاید ہمکو کچھ آفت پہونچے کہ
یہ صفات ہمسے جاتی رہین حضرت آدم نے کہا کہ میرے پاس کیا ہی جو مجھ سے لینگے

مردانہ اٹھ کھڑا ہوا اور اس بار کو دوش نیاز پر اٹھا لیا اور نعرۂ ہل من مزید شروع کر دیا تب حکم ہوا کہ ای خاکی تجکو یہ قوت کہاں سے بہم پہونچی تب زبان حال یون بولی کہ بارگران امانت یار مہربان سے اٹھ سکتا ہے ؎ آن بار کہ از بردن او عرش اباکرد ✤ با قوت تو حامل آن بار توان بود ✤ القصہ خلعت حمل امانت اسنے قامت با استقامت انسانی پر کہ منشور انی جاعل فی الارض خلیفہ نام د اسکے ہوا ہو زیبا ہوا تب واسطے چشم زخم شیاطین حاسدین کے اسپند انہ کان ظلوما جہولا آتش غیرت پر ڈالا گیا القصہ چالیس ہزار برس ملاطفات اور عنایات آب و گل آدم سے ظہور مین آئین لیکن کوئی بھی مقربان درگاہ عزت سے اسکا محرم نہوا بلکہ اکثر ملایک قالب آدم پر گذرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ یہ عجب نقشہ ہی کہ تصویر کرتے ہین اور کیسی صورت عجیب اور غریب ہی کہ پردہ حکمت سے نکالتے ہین مگر ہمکو مطلق اس سے اطلاع نہین ہی اور زبان حال حضرت آدم علیہ السلام کی ارشاد فرماتی تھی کہ اگرچہ تم مجکو نہین جانتے مگر مین تمکو بخوبی پہچانتا ہون اسقدر تامل کرو کہ مین بالین خواب سے سر اٹھاؤن اور تمھارے نام تمکو بتلاؤن تفسیر قرطبی مین ابن ثعلبی سے نقل کیا ہی کہ عبد اللہ ابن سلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیفیت خلقت آدم علیہ السلام پوچھی حضرت نے ارشاد کیا کہ روے شریف آدم علیہ السلام خاک کعبہ سے بنا ہی اور سینہ اور پشت زمین بیت المقدس سے اور رانہاے لطیف ارض یمن سے اور ساقہاے عالی تربت مصر سے اور قدمین مطہرین زمین حجاز سے اور دست راست بے کم و کاست خاک مشرق سے اور دست چپ بے رنج و تعب ارض مغرب سے اور تفسیر منیر مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ سر مبارک حضرت آدم علیہ السلام کا خاک بیت المقدس سے بنایا اور پوست اور موی سر خاک بہشت سے اور مژگان اور ابروان تہ بتہ حوض کوثر سے اور دقائق الاخبار مین لکھا ہی کہ فرمایا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ پیدا کیا اللہ نے اسطرح کہ سر بیت المقدس کی مٹی سے بنایا اور منھ تراب جنت سے اور دانت خاک کوثر سے اور دست مین خاک کعبہ سے اور دست چپ تراب فارس سے اور دونون پیر خاک ہند سے اور استخوان تراب جبل سے اور ستر عورت ارض بابل سے اور اہل حکمت لکھتے ہین کہ سر آدم کا پانی سے اور سینہ آگ سے اور شکم خاک سے اور دونون پیر ہوا سے بنائے ہین اسی واسطے سر مین رطوبت ہی اور سینے مین گرمی اور شکم مین نرمی اور پیرون مین چالاکی اور تکملہ مین لکھا ہی

کہ جگہ زمین موصل سے پیدا کیا اور سینہ زمین حجاز سے اور پوست بدن زمین طائف سے اور پیشانی خاک کنعان سے اور عورت زمین بابل سے اور امعا احشا جزائر سے اور استخوان جبال سے پس اختلاف الوان اور اشکال اور تفاوت امزجہ اور طبائع بنی آدم بسبب اختلاف خاک کے واقع ہوا ہے صحاح ستہ وغیرہ کتب حدیث سے واضح ہو کہ حق تعالے نے حضرت آدم کو تمام اجزاے زمین سے پیدا کیا ہے اسی سبب سے بنی آدم رنگ میں مختلف ہوتے ہیں یعنے سرخ سفید سیاہ گندمی اور طبائع اور اخلاق میں متفاوت یعنی نرم اور خشن اور زشت اور طیب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ابن ابی حاتم اور ابن عساکر اپنی تاریخ میں روایت کرتے ہیں کہ خدا تعالے نے حضرت آدم کو تمام روے زمین سے پیدا کیا یعنی شور و شیرین سے پس اگر انکی اولاد میں جزو شیرین غالب ہوتا ہے تو وہ آخر کو نیک بخت ہو جاتا ہے اگرچہ ماں باپ اسکے کافر ہوں اور اگر شور غالب ہوتا ہے آخر کو بدبخت ہو جاتا ہے اگرچہ ولی اور نبی کا لڑکا ہو اور وجہ تسمیہ ابو البشر آدم علیہ السلام کی یہ ہے کہ قالب انکا ادیم زمین سے بنا ہے اسواسطے یہ نام ہوا اور بعضے کہتے ہیں کہ رنگ حضرت آدم کا گیہواں تھا اور لفظ آدم مشتق ادمہ سے ہے یعنی گندم گون اسواسطے آدم نام ہوا روایت ہے کہ ہنوز قالب حضرت آدم کا کامل نہیں ہوا تھا کہ ابلیس دیکھنے کو آیا مشاہدہ آب و رنگ سے عجب کدورت اسکے دل میں پائی گئی کہ دریاے عیب جوئی اور نقص گوئی نے اسکے دل سے جوش مارا پہلے حضرت جبرئیل سے پوچھا کہ یہ خاک کہاں سے آئی ہے حضرت جبرئیل نے نشان ان مقامات کا دیا تو ابلیس ان مقاموں پر گیا کہ شاید حقیقت احوال سے مطلع ہوں سو جہاں کہیں پہنچا غلغلہ تسبیح اور ولولہ تہلیل کریم پایا متحیر ہو کے کہنے لگا کہ یہ عجب ماجرا ہے باوجودیکہ ہنوز اجزاے آدم متفرق ہیں اور حال یہ ہے اب ہیئت مجموعیہ کو دیکھا چاہیے کیا کیا رنگ لاوے چنانچہ ہمیشہ گرد قالب کے طواف کرتا تھا یہاں تک کہ اعضاے شریف حضرت آدم صلے نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے مرتب ہوکے مرتبہ صلصال کو پہونچے ابلیس نے چاہا کہ تفحص احوال کرے انگشت امتحان اس قالب خاک پر رکھی چونکہ بدنا پاک اسکا دست بیگانہ تھا قالب آدم سے ایک آواز نکلی تو یہ تیرہ باطن آواز سنکے خوش ہوا اور ملائکہ سے کہنے لگا کچھ فکر کرنا نہ چاہیے کیونکہ یہ ایک جسم جا بجا کاواک اور مجوف ہے کہ شیر ہر جہت سے سیر نہوگا بلکہ سستی سے زمین پر گر پڑیگا اور جو کبھر جاویگا تو اعصاب متمدد ہو جاوینگے اور حرکات میں

کاہلی کریگا حضرت انس سے صحیح مسلم مین روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جب تصویر کیے گئے آدم تو گرد تصویر پھرتا تھا ابلیس اور دیکھتا تھا کہ یہ کیا چیز ہی
جب دیکھا کاواک تو معلوم کر گیا کہ اپنے نفس پر قادر نہین ہی اب خوش ہوا اور روایت
صحیح مین ہی کہ فرشتون کو ارشاد ہوا کہ تم قالب آدم مین گھسکے ملاحظہ کرو جب فرشتے چلے
تو ابلیس سب کے آگے آگے چلا اور قالب آدم پر پہونچا فرشتون نے بطریق سیران قالب کی
زیارت کی الا قلب مین نجا سکے [illegible] عرشی [illegible] + استوی الرحمن [illegible]
مانع سیران [illegible] گشتہ حجاب جلال [illegible] بعض روایت مین ہی کہ ابلیس دردو
[illegible] قالب آدم مین داخل ہوا تو عجائب اور غرائب قدرت الٰہی سے آراستہ پایا
[illegible] + اور پاس قلب [illegible]
[illegible] متفرق دیکھے تھے جمع پاکر
[illegible] عبرت سے نظر کیا [illegible]
پھر دل پر پہونچا [illegible] تب سخت متحیر ہوا اور کہنے لگا کہ اور تو سب اسل تھا
یہ مقام [illegible] تو اسی موضع سے اور حضرت حق کو اگر کام ہی
تو اسی موضع سے [illegible] بامدا ابلیس زان قلب سلیم + باحسد گفت اینست خطیم
غرض [illegible] پلٹ آیا نزدیک کاتب الحروف کے
[illegible] ہی کہ دل حضرت آدم نے [illegible] ہوا چنانچہ کہتے ہین کہ جو شخص
مردود [illegible] دل سے ہوا بشرطیکہ دل ہو تو وہ تمام دلون سے مردود ہو جاتا ہی جب ابلیس
درون صورت سے باہر نکلا تو اسکے ہمراہیون نے استفسار کیا تب کہنے لگا اور تو سب خیریت ہی
لیکن بائین طرف سینہ کے ایک قصر دربستہ مشحون باسرار سربستہ نظر آیا ہر چند مین نے غور
وتامل کیا مگر اسکی حقیقت سے آگاہ نہوا مجکو اسی مقام سے خوف ہی دیکھون تمکو کیا معاملہ
پڑیگا فرشتون نے کہا کہ اگر مالک عالم ہمکو اسپر حاکم کریگا تو ہم کمال شفقت وعنایت اسکے حال پر
کرینگے اور جو اسکو حاکم فرمائیگا تو اطاعت وفرمان برداری کرینگے اسوقت ابلیس علیہ اللعنۃ نے
اپنے دل مین کہا کہ اگر مجکو مسلط کرین تو مین ہلاک کرون اور جو اسکو مجھ پر حاکم بناوین تو نافرمانی
کرون ع من نہ آنم کہ زبونی کشم از چرخ فلک + بیہقی نے کتاب الاسماء والصفات مین حضرت
عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ جب فرشتے پیدایش خلیفہ سے ترسان

ہو لیکن ابلیس نے قالب آدم علیہ السلام کو عضوا عضوا دیکھا اور بولا کچھ خوف مت کرو
تمہارا رب تمہارا ... پاک ہو اور یہ قالب مجوف دکھائی دیتا ہے اگر مجھے اسپر مسلط فرماوین تو ہلاک
کرون انتہی جب کہ تسویہ جسم شریف حضرت آدم علیہ السلام نے رقم اتمام پایا اور لباس انتظام
پہنا تو روح کو عالم امر سے حکم ہوا کہ قالب آدم مین گھسکر مقامات کاواک کو پر کردے روح بحکم
رب الارباب عالم نور سے آئی اور قالب کو تنگ و تاریک دیکھکر رک رہی اور داخل نہ ہوئی
پھر ارشاد ہوا کہ داخل ہو لیکن اسنے تامل کیا بعد اسکے ارشاد ہوا کہ داخل ہو تب بھی اسنے
توقف کیا پھر حکم ہوا کہ داخل ہو کراہت سے اور نکلیگی بھی کراہت سے یعنی جسطرح داخل
ہونے مین مبالغہ کرتی ہے اسی طرح خارج ہونے مین مضایقہ کریگی بالجملہ بجبر و کرہ اسکو قالب
آدم علیہ السلام مین داخل فرمایا کہ بفور دخول روح حضرت آدم علیہ السلام کو چھینک آئی اور بالہام الٰہی
کلمہ الحمد للہ زبان پر جاری ہوا اللہ تعالے نے جواب دیا یرحمک اللہ کذا رواہ الحاکم عن ابن
عباس رضی اللہ عنہ اور بعض اہل تحقیق فرماتے ہین کہ چونکہ جسم شریف حضرت آدم علیہ السلام کا
ظاہر مین تیرہ و تاریک دکھلائی دیتا تھا اور روح عالم نور سے تھی سو وہ منزل ظلمانی سے خوف کرتی تھی
اور داخل نہین ہوتی تھی اسلیے شمع نور مبارک محمدی صلی اللہ علیہ وسلم لگن ثانی ابو البشر
آدم علیہ السلام مین روشن کرائی گئی کہ ہر ایک زاویہ اس مسکن کا پرتو انوار سے روشن ہوا
تب فی الفور روح مقدس دماغ آدم علیہ السلام مین داخل ہوکے سو برس تک پھرتی رہی
خیاشیم بطون دماغ نے تاثیر روح سے آگاہی پائی بعد ازان آنکھون مین داخل ہوئی تو آنکھین
کھل گئین اور ساق عرش پر نظر پڑی تو دیکھا کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اسپر لکھا تھا ازان
کانون مین داخل ہوئی تو ہوش سامعہ نے ظہور پکڑا پھر بینی مبارک مین اثر روح پیدا ہوا
کہ اسی وقت چھینک آئی پھر دہان و زبان پہ نازل ہوئی اسیدم اثر روح سے زبان آدم پہ
کلمہ الحمد للہ رب العالمین شکرانہ گذرا خداوند عالم نے جواب دیا یرحمک ربک یا آدم و لذلک
خلقت الغرض جس جگہ روح پہونچتی جاتی تھی وہ مقام گوشت ہو جاتا تھا اور اسمین
حس و حرکت پیدا ہوتی تھی اخبار الدول مین ہے کہ جب روح نے بطن آدم علیہ السلام مین
سرایت کی تو انکو کھانے کی خواہش پیدا ہوئی یہ اول حرص حضرت آدم علیہ السلام کی تھی
اور بیہقی نے کتاب الاسماء والصفات مین عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت
کی ہے کہ جب روح نورانی کمر آدم علیہ السلام مین پہونچی تو آدم علیہ السلام جست کرکے جلد ہی سے

اُٹھ بیٹھے ۔ اور کھڑا ہونا چاہا گر پڑے اور سبب یہ تھا کہ ہنوز روح نے جسم کے نیچے میں تاثیر
نہیں کی تھی رانین و پنڈلیان خشک تھی کی تھیں چنانچہ اللہ صاحب فرماتے ہیں خُلق الانسان
من عجل پھر تمام بدن میں روح نے سرایت فرمائی تو حکم ہوا کہ فرشتوں سے سلام علیک کرو
اور انکا جواب سنو سو حضرت آدم نے السلام علیکم فرمایا فرشتوں نے جواب دیا السلام علیک
ورحمۃ اللہ ارشاد الٰہی ہوا کہ یہ کلمات تحیہ قرار پائے تیرے واسطے اور تیری ذریت کے لیے

یعنی بنا ہوا آدمی شتابی کا ہے

**فائدہ** پوشیدہ نہ رہے کہ حضرات صوفیہ علیہم الرحمۃ کے نزدیک روح ایک جوہر ہے مجرد
قائم بالذات نہ عرض ہے اعراض سے نہ جسم ہے اجسام سے نہ متمکن مکان میں نہ مقید ہے
قید جہت و زمان میں نہ متصل ہے بدن سے نہ منفصل نہ داخل ہے بدن اور عالم میں
نہ خارج بلکہ ایک ذات ہے موصوف باوصاف ربوبیت واقرب اشیا سے مقام الوہیت سے
اسی وجہ سے اللہ جل جلالہ نے اپنے رسول مقبول کو کشف ذات اور اظہار صفات
روح سے محروم نا اہل پر امر نہیں فرمایا اور یہ لطیفہ روحانی موصوف باوصاف مختلفہ
اور معروض بعوارض متعددہ ہوتا ہے اور باعتبار ہر وصف کے ایک نام اسپر اطلاق
کرتے ہیں اگر انہماک صفات مذمومہ اور شہوات مردودہ میں کرتا ہے اسکو نفس امارہ
بالسوء کہتے ہیں اور اگر شناعت اعمال اور رذالت افعال پر عامل کو ملامت کرتا ہے
اور طریق توبہ دکھلاتا ہے تو نفس لوامہ کہتے ہیں اور اگر امتثال اوامر و نواہی رب الارباب
میں مصروف رہتا اور جمعیت بالاکلام حاضر رہتا ہے تو وہ نفس مطمئنہ ہے اور نزدیک اس طائفہ
حقہ کی سوا اس روح کے ایک روح اور بھی ہے کہ اسکو حیوانی بولتے ہیں محل اسکا
قلب صنوبری ہے جو پہلوے چپ میں ہے اور شعاع اس روح کی تمام بدن میں ساری ہے
اور حس و حرکت اسی کے سبب سے ہے اور بسبب قطع عضو کے منقطع نہیں ہوتی اور روح
انسانی کو رابطہ محبت اور تعشق اس روح حیوانی سے ہے اور اسکو رابطہ جسم سے ہے تا بقاے
اعتدال و صحت مزاج اور بعد فساد مزاج و رفع کمال اعتدال جسم سے بھاگتی ہے کہ جسم صورت
جماد پیدا کرتا ہے اسی کو موت کہتے ہیں اور تحقیق یہ ہے کہ شکل روح حیوانی کی اور رنگ اور
قامت اسکا مشابہ جسم سے ہوتا ہے اس طرح پر کہ اگر مکان جسم زید میں مثلاً روح حیوانی نکل کر بیٹھے
اور جسم زید کا معدوم ہو جائے تو دیکھنے والا نہ جانے کہ جسم زید کا نہیں ہے و علیٰ ہذا القیاس
روح حیوانی عمرو اور بکر کا اور اسپ اور سائر حیوانات و علیٰ ہذا القیاس روح نباتیہ و جمادیہ

تحقیق
بیان تحقیق روح

اسلیے کہ نزدیک اشراقیین اور صوفیہ کے نباتات اور جمادات کے بھی ارواح ہین کہ وہ روح علم اسنے نفس اور خالق اور مخلوقات اپنے کا رکھتی ہے اور موید اس کلام کی آیہ کریمہ وان من شیء الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقہون تسبیحہم وغیرہ آیات اور احادیث وارد ہین اور اس گروہ کو سواے اس تحقیق کے اور بھی تحقیق عمدہ ہے کہ یہ مقام گنجایش اسکی نہین رکھتا اب ایک بات اور قابل تحریر ہے کہ جمیع علما رحمہم اللہ اگرچہ اس بات پر اتفاق رکھتے ہین کہ بعد فناے ابدان ارواح باقی ہین معدوم نہین ہوتی بقولہ علیہ السلام انکم خلقتم للابد وانکم تنقلون من دار الی دار لیکن اختلاف کرتے ہین ازلیہ روح مین حکما اشراق اور ایک جماعت صوفیہ روح قائل ہین کہ نفس سرمدی ہے یعنی ازلی اور ابدی مگر اعتقاد ازلیہ فقہا کے نزدیک کفر ہے کشف المحجوب مین ہے کہ قول ملاحدہ بقدم روح باطل ہے بلکہ روح مخلوق اور حکم الٰہی ہے لیکن اگر بتعمق نظر دیکھا جائے تو کچھ مابین مشائین اور اشراقیین کے نزاع نہین ہے کہ بمقتضاے فاذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی نسبت مبدء فیاض کی نفوس کے ساتھ مانند نسبت ابر کے قطرون سے ہے اگر ابر قدیم ہے تو میتوان گفت کہ قطرات قدیم اند کیونکہ ابر مین قطرات ہین و توان گفت کہ حادث اند اسلیے کہ صورت قطرہ وقت انفصال ابر کے حادث ہوتی ہے اور شک نہین ہے کہ مبدء فیاض قدیم ہے پس اطلاق قدم اور حدوث نفوس پہ صحیح ہوتا ہے باعتبارات مذکورہ اور امام غزالی اور شیخ مقتول موافق مشائین کے ہین مخفی نرہے کہ نفس نتیجہ روح ہے اور روح نتیجہ امر کہ قل الروح من امر ربی ای من نور ربی اور یہ ظاہر ہے کہ خلیفہ مستجمع اوصاف مختلف ہے لہذا حضرت حق نے لباس اسما اور صفات اپنی کا روح انسانی پہ پہنایا اور تخت بادشاہی پہ بٹھلایا اور فرمایا انی جاعل فی الارض خلیفہ اور دل آدم عبارت اُس نقطۂ لطیفہ سے ہے کہ دائرہ وجود اُس سے متحرک ہوا اور کمال کو پہونچا اور صورت اُسکی عشق سے پیدا ہوئی اور وجود انسان مین یہ دل بمنزلۂ عرش ہے اور صورت اُسکی مضغۂ صنوبری الشکل اور حقیقت اُسکی لطیفۂ ربانی کہ منسوب عشق سے ہے اور عشق ایک صفت ہے صفات خدا سے کہ اشیا مین ظہور پذیر ہے اور محبت ایک شعبہ ہے عشق کا کہ جملہ اشیا اسی سے قائم اور نظام دین و دنیا اسی سے مربوط ہے اہل تحقیق فرماتے ہین کہ نفس اور روح لطائف ہین قالب مین جسطرح شیاطین اور ملائک اور بہشت اور دوزخ عالم مین لیکن ایک محل خیر ہے اور دوسرا محل شر اور اسی طرح نفس محل شرارت اور اوصاف ذمیمہ ہے اور روح محل خیر

اور اوضاع حمیدہ اور صدور سے اول کو خلاصہ عالم واجسام بنایا ہی اور روح دل کو خلاصہ عالم
ارواح تاکہ معلوم ہو کہ خلاصہ دونون عالم کا دل ہی حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے
پوچھا کہ مومن اور منافق کے دل مین کیا فرق ہی فرمایا دل منافق ستر مرتبہ پھرتا ہی اور دل مومن
ستر برس نہین پھرتا آرے دل تین طرح کا ہی ایک بمنزلہ پہاڑ ہی کہ کسی ہوا سے جنبش نہین کھاتا
یہ وہ ہی کہ جسنے حق کو پہچانا اور یقین لایا دوسرا مانند درخت ہی کہ ہوا سے حرکت کرتا ہی
لیکن اپنے مقام سے نہین ہٹتا یہ وہ دل ہی جسکے یقین مین ضعف ہی یہی دل مصیبتون مین
جزع اور نامرادی مین تردد کرتا ہی گو اصل اعتقاد تقدیر اور حکم اور رزاقی مالک حقیقی کا رکھتا ہی
لیکن کامل نہین یہ دل عامہ مومنین کا ہی تیسرا مثل برگ شجر ہی کہ ہر ایک ہوا اسکو حرکت
دے سکتی ہی اور مقام سے جدا کر دیتی ہی یہ صفت قلب منافق کی ہی کہ مانند مرغ اوڑتا
رہتا ہی کسی ہوا مین اسکو سکون و قرار نہین اور سنابل مین مذکور ہی کہ روح انسانی کو صالح ہو
یا فاسق علاقہ اپنے قالب سے بعد موت کے منقطع نہین ہوتا اور تعلق قالب سے
اگرچہ خاک ہو گیا ہو باقی رہتا ہی اور مجمع السلوک مین ہی کہ کلام روح مین بعض کے نزدیک
جائز ہی اور بعض کے نزدیک ناجائز جو لوگ قائل جواز ہین وہ کہتے ہین ہی الحیوۃ وقیل
انہا عرض وقیل جسم لطیف و ہو ریح مخصوص اور ترجمہ احیاء العلوم مین ہی کہ جو چیز دقیق ہی
اور افہام اسکے ادراک سے عاجز ہین خواص پر منکشف ہوتی ہی لیکن خواص کو واجب ہی
کہ غیر مستحق سے بیان نہ کرین واسطے حضرت صلعم نے فرمایا نحن معاشر الانبیاء امرنا ان نکلم الناس
علی قدر عقولہم اسی باعث سے آنجناب نے حقیقت روح کی بیان نہ فرمائی عین القضات
ہمدانی فرماتے ہین کہ قل الروح من امر ربی نہایت مشرح ہی اگر شرع مانع نہوتی تو روح کی
حقیقت بیان کر دیتا مگر غیرت الوہیت مانع ہی کہ ان اللہ غیور اب واضح ہوا کہ اصل اخلاق
نفس کے دس ہین بخل[1] اور کبر[2] اور عجب[3] اور ریا[4] اور حسد[5] اور بی رحمی[6] اور حرص طعام[7] اور
حرص سخن[8] اور دوستی مال[9] اور دوستی جاہ[10] جو شخص اس سے خلاصی پاوے وہ راہ خلاص کی
دریافت کرے اور خلاصی ان سے بلا مخالفت نفس کے ممکن نہین یعنی اگر نفس کو کھانا
خوش آتا ہو فاقہ کرے اگر کلام اچھا لگے تو سکوت کرے اور اگر خاموشی پسند ہو تو
کلام کرے اسی طرح سب چیزون مین خلاف کرے تب سلامتی ہی ورنہ خرابی کیونکہ یہ شریر
وہی طلب کرتا ہی جو خداوند کبریا کے واسطے چاہیے مثلاً خداوند عالم اپنی ستائش اور ثنا

عاجز

عبادت سے طلب کرتا ہی نفس بھی خلق سے اسی کا خواستگار ہی و علے ہذا القیاس دیکھو
فرعون مردود نے انا ربکم الاعلے اسی کے سبب سے کہا اور خراب ہوا اور مشرک جلی
کہلایا آدمی کو لازم ہی کہ اپنی ذات کو دعوی فرعونی سے نکالے اور یہ بلا قلع و قمع نفس
راست نہین آتا پس واجب ہی کہ اسکو ریاضت مین ڈالے تاکہ ادب اور تواضع اور مسکنت و ذلت
اور خشوع اور خضوع کی عادت پکڑے اسلیے کہ خیر بھی عادت اسکی ہی جس طرح شر اوسکی
عادت ہی ولہذا اہل تحقیق فرماتے ہین کہ نفس مین جملہ خصائل ذمیمہ ہین مگر ایک خصلت نیک ہی
کہ جس عادت پر اسکو لاؤ اسی کی عادت پکڑ جاتا ہی اور مطیع ہو جاتا ہی اور بہت دنون خلاف
اسکے نہین کرتا و ذلک رمز لطیف فالزم اور بھی واضح ہو کہ ہر چیز کے لیے روح خاص فایض
پروردگار سے ہی اور حیات خاص مناسب حال کے ظاہر ہوتی ہی اسمین حیات اور توابع
اسکے مانند علم و قدرت و ارادہ وغیرہ کا سجب فراغ سے باد و خاک و آب و آتش بندہ اند +
با من و تو مردہ با حق زندہ اند + پیش تو آن سنگریزہ ساکت ست + پیش احمد او فصیح
ناطق ست + پیش تو استون مسجد کندہ ہست + پیش احمد عاشق بدل زندہ ہست +
جملہ اجزاء جہان پیش عوام + مردہ پیش خدا دانا و رام + مردہ زین سو یند و زان سو
زندہ اند + خامش اینجا و ان طرف گویندہ اند + کوہہا ہم لحن داؤدی کنند + جوہر آہن
بکف مومی کنند + باد حمال سلیمانی شود + بحر با موسی سخندانی شود + ماہ با احمد
اشارت بین شود + نار ابراہیم را نسرین شود + سنگ با احمد سلامی میکند + کوہ
یحیی را پیامی میکند + ما سمیعیم و بصیریم و خوشیم + با شما نامحرمان ما خامشیم +
حضرت شیخ محی الدین عربی فرماتے ہین کہ مین پتھرون سے ذکر خدا سنتا ہون
کہ ہر انسان اسکے ادراک سے عاجز ہی ولہذا حضرات صوفیہ قائل ہین کہ تمام عالم
حی و ناطق ہی حتے کہ جمادات مگر آواز انکی عرفا بسامع حقیقت سنتے ہین عوام بسبب غفلت
بگوش ظاہر بیخبر ہین کما قال اللہ ولکن لا تفقہون تسبیحہم اور یہ گروہ حقہ فرماتے ہین کہ حیوانات
چند چیزین مشاہدہ کرتے ہین کہ سواے اہل کشف اور کوئی بنی آدم اسکو نہین دیکھ سکتے
اسی باعث سے انسان محجوب اسفل السافلین ہی اور اگر انسان اس مقام کو پہونچنا چاہیے
تو حیوان مطلق ہو تاکہ عقل مزاحم نہو اور اکثر آدمی کہ اس مقام پر پہونچتے ہین گنگ ہو جاتے ہین
مثلاً کیفیت عذاب قبر سے حیوانات مطلع ہوتے ہین اور جن اور انس مشاہدہ نہین کر سکتے

ف
اطلاع حیوانات
بعذاب قبر

مگر بعض خواص انسان بخوبی اطلاع پاتے ہین اسی طرح احوال عالم برزخ سے اولیاء اللہ واقف ہین
اور علماے ظاہر بجز بعض ولہذا انکار کرتے ہین اور حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ عنہ نے رسالہ
برزخیہ مین تحقیق مستقر ارواح ابتداے خلقت سے تا حشر اور بعث اور تحقیق عالم برزخ اور بہشت
اور دوزخ برزخیہ ازروی کتاب و سنت بخوبی فرماتے ہین عبارت اس رسالہ کی دقیق عربی ہے

فصل بیان عالم برزخ

لہذا خلاصہ اسکا بعبارت اردو لکھتا ہون کہ خالق کبریا نے اپنے وجود باجود کو تین عالم پر
تقسیم فرمایا ہے دنیا اور برزخ اور آخرت اول عبارت عالم ملک سے ہے اور دوم ملکوت سے اور
سیوم جبروت سے اور انسان کو مجموع عوالم سے پیدا کیا ہے یعنی جسم کو عالم الملک وشہادت سے
اور نفس کو ملکوت سے اور روح کو جبروت سے پھر تا وقتیکہ انسان عالم دنیا مین ہے حکم اسکے
ظاہر جسم پر ہین اور نفس و روح زیر حکم جسم مختفی ہین یعنی امداد غیبی نفس و روح کو بوسیلہ جسم
پہونچتی ہے اور ایک موکل بنا بر نقل روح معین ہے یعنی روح ہمیشہ باقی ہے اور تعیناتی اسکی
دنیا مین بقدر عمر شخص کے ہوتی ہے بعد ازان اس عالم سے اسکو نقل کرتے ہین جانب برزخ
تا روز حشر و نشر اور بعد قیامت جملہ ارواح عالم آخرت کو روانہ ہونگی اور بہشت والے جنت مین
اور دوزخ والے دوزخ مین ابد الآباد رہینگے بالجملہ واسطے لیجانے ارواح کے دنیا سے موت کو
بواسطہ حضرت عزرائیل علیہ السلام موکل فرمایا ہے اور اس نقل مین جسم عنصری جسم مثالی سے
مبدل ہو جاتا ہے کما قال اللہ بلیٰ قادرین علےٰ ان نبدل امثالکم اور عالم برزخ ایک عالم
مستقل ہے مابین دنیا اور آخرت کے کما قال اللہ ومن ورائہم برزخ الیٰ یوم یبعثون جس طرح
شفق بین العشائین اور فجر بین النہارین اور وہ دو قسم ہے اول یہ کہ جملہ ارواح بعد خلقت
ازلی اس عالم مین موجود ہین وہان سے بعد پیدایش جسم بتدریج آکر متعلق اجسام ہوتے ہین
تا حیات دنیا اور برزخ ثانی یہ کہ ارواح اس عالم دنیا سے منتقل ہو کر اس عالم مین جمع ہوتی ہین
تا یوم نشر اور وہان سے عالم آخرت کو جاتی ہین اور اس برزخ مین جنت و نار بھی ہین ورای
جنت و نار آخرت کے اور فرق اسی قدر ہے کہ تعذیب اور تنعیم برزخیہ کا انتہا مادامت السموات
والارض ہے اور بعد فنا ہونے سموات اور ارض کے ارواح کو جنت و نار برزخیہ سے عالم آخرت مین
لیجاتے ہین کما قال اللہ تعالےٰ فی سورۃ ہود واما الذین سعدوا ففی الجنۃ خالدین فیہا مادامت السموات

---

والارض الا ما شاء ربک فاما الذین شقوا ففی النار لہم فیہا زفیر و شہیق خالدین فیہا مادامت السموات
والارض الا ما شاء ربک یعنی جو لوگ نیک بخت ہین بہشت مین ہی رہا کرین اسمین جب تک ہے

آسمان وزمین مگر جو چاہے رب تیرا اور جو لوگ بدبخت ہین وہ آگ مین ہین انکو وہان جلانا ہی اور دہاڑتے رہا کرین اسمین جب تک رہین آسمان وزمین مگر جو چاہے تیرا رب وکذا قال اللہ تعالے النار یعرضون علیہا غدوا وعشیا ولہم رزقہم فیہا بکرۃ وعشیا اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے القبر روضۃ من ریاض الجنۃ او حفرۃ من حفر النیران پس مراد یہان سے جنت ونار برزخیہ ہین نہ اخرویہ مگر علماے ظاہر اسی بہشت اور دوزخ کو اخروی سمجھتے ہین اور برزخیہ انپر منکشف نہین ہوے حضرت شیخ اکبر وغیرہ اہل کشف اس باب مین منفرد ہین اور اہل تحقیق کے نزدیک اس گفتگو مین حق جانب شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کے ہی اسلیے کہ احکام جنت ونار کلام الٰہی مین دو قسم کے ہین اور اجتماع تمام اوصاف کا جنت ونار اخروی مین نہین ہو سکتا کیونکہ آخرت غدواو عشی اور مدت انتہاے مدہ ہی یا مثلاً تعذیب وتنعیم سعید وشقی تا بقاے آسمان وزمین شرط کرنا دلیل ہی اسپر کہ بعد فناے ارض اور سما وہ حکم منقضی ہو جایگا اسی سے واضح ہوا کہ یہ حال برزخ مین ہوگا نہ آخرت مین اسلیے کہ مکث آخرت دائمی ہی اور اُسکی شان ہی لا یرون فیہا شمسا ولا زمہریرا یعنی جنت خلد مین آفتاب اور سردی زمہریر کہ لوازم زمین اور آسمان کے ہین نہونگے صبح اور شام بھی نہوگی اور دلیل قاطع تغایر بہشت اور دوزخ برزخیہ اور اخرویہ پر قصہ حضرت ابو البشر اور ام البشر ہی کہ اول دونون کو حکم سکونت کا ہوا پھر اخراج کا اسی طرح قربت شجرہ کے امتناع اور اسی طرح فاکلا منہا دلالت کرتا ہی کہ یہ جملہ معاملات بہشت ودوزخ آخرت مین نہین ہوے کیونکہ صفت آخرت مین وارد ہی اکلہا دائم ولا مقطوعۃ ولا ممنوعۃ یعنی میوہ اُسکا دائم ہی تمام نہوگا اور اُسکے کھانے سے ممانعت نہوگی اور بعد دخول کے خروج نہوگا اور وہان بول وبراز کی حاجت نہوگی اور شیطان وہان نہ جا سکیگا اور وہ دار الکرامت اور دار الخلد ہی کہ محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے تیار ہوا ہی تا دخول آنجناب اوروں پر حرام ہی اور جو معاملات حضرت آدم سے واقع ہوے سب برخلاف احکام جنت ونار آخرت کے ہین کما یظہر من التفاسیر والاحادیث اور یہ بھی واضح ہوا کہ ایک روز برزخ کا مقدار ایک ہزار برس اس عالم کے ہوتا ہی اور ایک دن آخرت کا مقدار پچاس ہزار برس عالم دنیا کے حاصل کلام کا یہ ہی کہ انسان کی ترکیب عوالم ثلثہ سے ہی جب تک ذہن انسان پر احکام دنیا اور ملک اور اجسام کے غالب ہین اور مقام اُسکا اُسی نشار ملک مین ہی اور مبتلا بلیۂ غیر متناہیہ مین تباہی اور اگر احکام نفوس اور برزخ کے غالب ہین تو منزل ومقام اُسکا عالم ملکوت ہی اور اگر غالب احکام ارواح اور ملائکہ ہین تو منزل مقام اُسکا

عالم جبروت و آخرت ہی اور جو انسان کہ متصف باحکام کتاب حقہ اور سنن صدقہ ہی اور
متخلق باخلاق الٰہیہ ہی تو منزل اور مقام اسکا عالم لاہوت اور غیبیت بالکلیہ انتقادیر ہی
اور یہ پوشیدہ نہ رہے کہ قیامت بھی کئی قسم ہی اول ایک وہ کہ ساعت بساعت تبدیل و تغیر
واضح ہی اور شمار مین نہین آسکتا کما قال اللہ تعالیٰ بل ہم فی لبس من خلق جدید وقال سبحانہ عزوجل
کل یوم ہو فی شان دوسرے موت ارادی کہ موتوا قبل ان تموتوا سے ظاہر ہی تیسرے موت طبعی
لقولہ علیہ السلام من مات فقد قامت قیامتہ کہ اشارت اعراض سے ہی یعنی تمتعات اور لذات
دنیوی سے چوتھے قیامت موعودہ موافق فرمودہ خدا ان الساعۃ لاتیۃ لاریب فیہا
پانچوین وہ قیامت ہی کہ اولیاء اللہ کو حاصل ہوتی ہی انکشاف حقیقت کلیہ اور ظہور وحدت اور
استہلاک کثرت مین اسکو قیامت کبریٰ بولتے ہین اس مقام سے یہ فائدہ جلیلہ نکلا کہ حضرات
صوفیہ علیہم الرحمہ کے نزدیک ایک عالم برزخ مابین عالم اجسام و عالم ارواح بلاشبہ اور شک ہی
اور وہ عالم مشتمل ان صورتون پر ہی جو عالم اجسام مین ہین اور اس حیثیت سے کہ محسوس
مقداری ہی مشابہ باجسام ہی اور اس وجہ سے کہ نورانی ہی مشابہ عالم ارواح سے ہی اسکو
عالم مثال کہتے ہین اور جبال منفصل اور ارض متصل اور جملہ صور محسوسہ عالم شہادت
پرتو صور مثالیہ ہین اسی سبب سے کاملین صورت دیکھکر احوال شخص بفراست معلوم
کر لیتے ہین کما قال صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ حضرات صوفیہ
فرماتے ہین کہ روح بے جسد نہین ہوسکتی اور جب بدن عنصری سے مفارقت کرتی ہی تو جسد
مثالی ابدی عالم برزخ مین پاتی ہی کہ اسکو بدن مکتسب بولتے ہین اور تنعیم و تعذیب قبر وغیرہ
اعمال اور اخلاق ہمارے ہین کہ متجسد ہوتی ہین انما ہی اعمالکم ترد الیکم ؎ گاہ بالطف او گاہ
بالمیسر + صورت اعمال ماست ہرچہ بما میرسد + پس انسان مرید کو لازم ہی کہ افعال اور
اخلاق مذمومہ کو افعال و اعمال نیک سے بدل کرے اس بات کو اہل تصوف گردش
کہتے ہین اور یہ امر مانند وضو کے ہی سو جس کسیکو یہ ہمت ہو کہ عادت اور ہوا پرستی سے
خدا پرستی مین آوے تو وہ صحبت علماء آخرت کی اختیار کرے کہ انکی صحبت مین صفات مذمومہ
مبدل بصفات محمودہ ہونگے اسوقت نفس کافر سے نجات پاویگا اور حضرت وحدہ لاشریک لہ مین
باریاب ہوگا ؎ اوصاف ذمیمہ چون بدل شد + ہر عقدہ کہ در تو بود حل شد + چون ہستی
تو شد محقق + غیر و ہمہ نعرۂ انا الحق + اینجاست نہایت طریقت + اینست خلاصۂ حقیقت

اقسام قیامت

فائدہ بوجود عالم برزخ

فواتح مین لکھا ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الجنۃ قاع صفصف لیس فیہا عمارۃ
فاکثروا من غراس الجنۃ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ما غراس الجنۃ فرمایا التسبیح والتہلیل
اور بھی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دوزخی خود آپ کو آتش دوزخ مین لیجاتا ہی اور
کوئی اس بات کو مستبعد نہ جانے کہ عمل ہمارا تو اس مقام تین عرض ہی اُس مقام مین کیونکر
جوہر ہوجاتا ہی کیونکہ لحاظ کرنا چاہیے کہ صور ذہنیہ جواہر قائمہ بالذہن ہین اور خارج مین قائم لذات
الحاصل یہ سب حال دلالت کرتا ہی کہ حشر خلائق بصورت اعمال ہوگا بعد قیامت صغرے کے کہ وہ
عبارت موت سے ہی کما قال صلی اللہ علیہ وسلم کما تعیشون تموتون وکما تموتون تبعثون اور
دوسری حدیث مین ہی یحشر عشرۃ اصناف من امتی بعضہم علی صورۃ القردۃ وبعضہم علی صورۃ الخنازیر
پس معلوم ہوا کہ حشر بصورت اعمال واقع ہوگا اور یوم ینفخ فی الصور فتأتون افواجا مویّد اس کا
یعنی جیسا بیج ڈالوگے ویسا ہی نکلیگا چنانچہ مولوی معنوی فرماتے ہین ؎ وقت محشر ہر عرض را
صورتیست + صورت ہر یک عرض را نوبتیست + عالم اول جہان امتحان + عالم ثانی جزاے
این وآن + سیرتے کان بر وجودت غالب ست + ہم بران تصویر حشرت واجب ست + حکم آن
چون راست کو غالب تر ست + چون کہ زر بیش از مس آمد آن زر ست + پیشہا و خلقہا ہمچون جہیز
سوی خلق آید روز رستخیز + پس یہ سب امور اسی عالم سے جاتے ہین اُس عالم مین کچھ نہین آتا
اور موتے کو بخوبی اسکا ادراک اور فہم ہی لیکن حکمت الٰہی نے خاموش کردیا ہی تاکہ سلسلۂ معاش
برہم نہوجائے حضرت مولوی فرماتے ہین ؎ خواجہ گفت ای پایمردی بانمک + آنچہ گفتی
من شنیدم یک بیک + لیک پاسخ دادنم فرمان نبود + بے اشارت لب نیارستم گشود +
تاکہ ما افتادہ گشتہ ایم از چون وچند + مُہر بر لبہاے ما بنہادہ اند + تا نہ گردد رازہای غیب فاش +
تا نگردد منہدم عیش ومعاش + تا نہ دررد پردۂ غفلات تمام + تا نماند دیگ محنت نیم خام +
ما ہمہ گوشیم کر شد نقش گوش + ما ہمہ نطق ایم لیکن لب خموش + ہرچہ ما دیدیم دیدیم
این زمان + این جہان پردہ است وغیبست آن جہان + دیکھو اللہ جل شانہ کو میان تک
پوشیدگی احوال اُس عالم کی منظور ہی کہ شب معراج مین حضرت حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
ہزار حاجتین کہ ہر ایک ہمہ ملک سلیمان علیہ السلام تھی برلائے ایک حاجت کے انجاح مین
انکار فرمایا یعنی حضرت نے التماس کیا کہ حساب اُمت میری کا میرے ذمہ چھوڑا جائے وہ قبول نہوا
اور پوچھا گیا کہ اسکا فائدہ کیا ہی حضرت نے عرض کیا اسلیے کہ دوسرا انکے قبائح پر مطلع نہو

خطاب ہوا کہ مین یہ چاہتا ہون کہ آپ بھی انکے قبائح پر مطلع نہون دوسری بات یہ ہی کہ حال امت کا
دو حال سے خالی نہین ہی یا انکا حق تجھپر ہوگا یا تیرا حق آنپر سو تم دونون ادا اسکا نہین کرسکتے
پس رجوع اس آستانہ کرم سے کرنا چاہیے یہی بہتر ہی کہ حساب انکا مجھپر چھوڑ کہ مین اپنے
کرم کے ساتھ حساب کرون خواجہ عالم نے عرض کیا الٰہی مین چاہتا ہون کہ مطلع ہون
کہ حساب میری امت سے کس طرح ہوگا فرمان آیا کہ جسطرح پدر مہربان اپنی اولاد سے باتین کرتا ہی
اور آس سے کلام کرواتا ہوا اور کہتا ہی ای جان پدر تیرے ہاتھ مین کیا ہی حالانکہ عالم ہی
اور پوچھتا ہی اسلیے کہ لڑکا گستاخی کرے سو مین تیری امت سے اسی طرح حساب لونگا
اول انکو پردۂ نور مین لونگا اور آسمان دو پردے ہونگے ایک عام دوسرا خاص پردۂ عام مین
مطیع ہونگے اور پردۂ خاص مین عاصی اور انبیا اور اولیا اور ملائکہ سب بیرون پردہ ہونگے
اور پردے کے باہر سے حضرت محمد مصطفےٰ صلعم عرض کرینگے کہ اجازت ہو تو مین آؤن اور حال
عاصیان امت کا دیکھون فرمان ہوگا کہ ای محبوب اسی مقام مین قائم رہ مین نہین چاہتا کہ
کوئی شخص معاملہ گنہگارون سے واقف ہوتا ایشان گویند من شنوم و ایشان عفو خواہند من
ببخشم ایشان عذر گویند من قبول کنم واللّٰہ اعلم ثم رجعنا الی ما کنا فیہ القصہ حضرت آدم ابو البشر
علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جناب الٰہی جل شانہ مین التماس کیا کہ یارب العرش العظیم
میری ذریت کیا ہی اور کہان ہی فرمان واجب الاذعان صادر ہوا کہ تیری ذریت میرے دونون
ید قدرت مین موجود ہین جس ہاتھ کو اول اختیار کر اسکو کھول کر دکھلاؤن حضرت آدم علیٰ نبینا
و علیہ السلام نے عرض کیا کہ یارب الارباب اول مین نے دست راست اختیار کیا خالق
ذو الجلال نے داہنا ید قدرت پشت آدم پر پھیرا تو نیک بخت ظاہر ہوے کہ قیامت تک
انکی ذریت مین پیدا ہونگے اور انکی صورت تجھے دکھلادی پھر بایان دست قدرت پھیرا تو بدبخت
ظاہر ہوے حضرت آدم نے سب کو ملاحظہ کیا تو باہم تفاوت اور اختلاف پایا گیا یعنے
بعض خوبصورت اور بعض بدہئیت اور بعضے امیر اور بعضے فقیر اور بعض دراز قامت اور
بعضے کوتاہ قد اور بعضے صحیح الخلقت اور بعضے ناقص الخلقت نظر آئے تب التماس کیا کہ
یا خالق العالمین یہ تو سب تیرے بندے ہین انکو ایک طرح کا کیون نہ بنایا ارشاد ہوا کہ اگر
سب کو ایک طرح کا بناتا تو کوئی ہرگز شکر نعمت نہ کرتا بعد ازان انبیا علیہم السلام کو دکھلایا کہ
سب سے عظیم الشان تھے اور انکی آنکھون کے بیچ مین نور چمکتا تھا انمین سے حضرت داؤد کا

[illegible]

نور انکو خوشنما دیکھ پڑا سبب یہ تھا کہ حضرت داؤد علیہ السلام بسبب صدور لغزش قدم توبہ اور
استغفار اور بکا و زاری مین مشغول ہوے سو نور نبوت اُنکا انوار توبہ و ندامت سے مخلوط
ہوکے چمکتا تھا اور حضرت آدم کو بھی بسبب صدور زلت ایسا ہی اتفاق پڑا اس باعث سے
نور داؤدی اور نور آدمی مین مناسبت کاملہ بہم پہونچی اور جسقدر مناسبت زیادہ ہوتی ہے
محبت بھی زیادہ ہوتی ہے لہذا حضرت آدم نے کہا یا الٰہی یہ کون ہے ارشاد ہوا کہ یہ تیرا بیٹا
داؤد ہے کہا اسکی عمر کتنی مقدر ہے فرمایا ساٹھ برس کی عرض کیا کہ میری عمر کس قدر ہے فرمایا ہزار برس کی
تب حضرت آدم نے دعا کی کہ الٰہی میری عمر سے چالیس برس اسکو عنایت ہون حدیث شریف مین
آیا ہے کہ جب عمر آدم سے چالیس باقی رہے تو حضرت عزرائیل تشریف لائے اور کہا کہ آپ کا وقت
وفات آپہونچا آدم نے کہا چالیس برس باقی ہین ملک الموت نے کہا وہ تو تم داؤد کو
دے چکے ہو آدم بولے کہ مجھے یاد نہین اور کوئی شخص اپنی عمر سے کسیکو نہین دیتا ہے حکم
حضرت صلعم فرماتے ہین کہ معاملہ داؤد سے آدم کو آدم بھول گئے کہ یہ رسم اُنکی اولاد مین پڑگئی اسی
وقت سے حکم تحریر ہبہ نامہ کا گواہی گواہان جاری ہوا فائدہ انکار حضرت آدم علیہ السلام محل تردد
نہین ہے کیونکہ ہبہ اور بخشش اُس شی مین جاری ہوتی ہے کہ وہ شی قبض و تصرف اور ملک و اختیار
واہب مین ہو تا کہ ہبہ کرنے والا اُس شی کو اپنے اختیار سے موہوب لہ کو تفویض کرے
اور قابض و متصرف کرادے اور اس معاملے مین کوئی بات ان امور سے پائی نہین جاتی
اور ظاہر ہے کہ ہبہ طلب اور دعا سے جاری ہوتی ہے بخلاف اس مقدمے کے کہ یہان دعا اور
سوال اور طلب اور استدعا حضرت خالق لایزال سے ہویدا ہے چنانچہ مالک دو جہان نے
بعنایت و کرم چالیس برس اور حضرت داؤد علیہ السلام کو دیئے اور حضرت آدم علیہ السلام کی
عمر سے کم نہ فرمائے وذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم اور بخوبی ہویدا ہے
کہ بھول جانا کسی بات کا بسبب درازی زمانہ کے خلاف عقل نہین ہے ہزار برس کی بات
کسکو یاد رہ سکتی ہے اور حضرت آدم آدمی تھے نہ مثل معبودان ہنود کہ سہو و نسیان سے
بعقیدہ ہنود پاک اور عہد شکنی قصداً اور عمداً مین بیباک امام احمد اور ابن ابی شیبہ نے
حسن بصری سے روایت کی ہے کہ وقت دکھلانے ذریت آدم کے فرشتون نے کہا کہ یہ
جماعت زمین مین گنجایش پذیر نہوگی اللہ نے فرمایا اسی واسطے موت مقرر ہے کہا تو زندگی
تلخ ہوجایگی فرمایا رشتہ کبر امید کا لگا دیا ہے کہ اُسمین غافل رہینگے نقل ہے کہ حضرت

آدم کی مصاحبت مین تین جانور بیل کتا بگلا پیدا کیے اور چالیس چالیس برس کی عمر عطا کی وہ آدم کے پاس آئے آدم نے زندگی و درازی عمر و عاجزی و بیکسی انکی بیان فرمائی کہ یہ تینون رونے لگے اور عرض کی یا الٰہی ہماری عمر اس مشقت و دشواری مین کس طرح گذریگی ہماری درخواست یہ ہی کہ عمر ہماری دس دس برس کی ہوا کرے اور آدم کو باقی عمر عنایت ہو ارشاد ہوا کہ منظور ہی اور حضرت آدم علیہ السلام نے بسبب حرص و طمع کے قبول کیا چنانچہ ملاحظہ کیا چاہیے کہ جب آدمی بیل کی عمر مین آتا ہی تو محنت و مشقت مین بسر کرتا ہی چالیس برس تک خوشی و خرمی مین رہتا ہی اور جب کتے کی عمر مین داخل ہوتا ہی تو بخل و خصومت و جنگ و جدال و حرص و طمع مین مبتلا ہوتا ہی اور جمیع عادات کلاب اسمین ظاہر ہوتے ہین پھر جب بگلے کی عمر کو پہونچتا ہی تو بے تقریر و کم سخن ہو جاتا ہی اور دریا سے طمع کے کنارے منتظر رزق بگلون کی طرح حیران و پریشان بیٹھا رہتا ہی کذا فی برہان العارفین اور صحیح مسلم مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین ایام یوم جمعہ ہی کہ اُسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوے اور بہشت مین داخل ہوے اور پھر خارج ہوے اور وفات بھی پائی اور قیامت اُسی دن ہوگی اور مشکوٰۃ المصابیح مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ خداوند تعالےٰ نے جب ذریۃ آدم پشت آدم سے نکالی نعمان مین یعنی مابین مکہ و طایف تو پراگندہ کیا ذریۃ کو آدم کی روبرو جسطرح مور چہ پھر کلام کیا اللہ نے اُنسے بالمواجہہ اور فرمایا مین نہین ہون خدا پروردگار تمہارا سب نے کہا کہ تو ہمارا پروردگار ہی ہم گواہی دیتے ہین تیری ربوبیت پر بعد ازان بدستور پشت آدم مین داخل کیا اور یہ عہد اسواسطے لیا گیا کہ قیامت کو نہ کہین کہ ہم غافل تھے یا ہمارے ان باپ نے شرک کیا تھا ہم ناحق اُنکے فعل سے پکڑے جاتے ہین فقیر مولف کے نزدیک مدعا یہ ہی کہ خدا کے ماننے مین ہر کوئی آپ کفایت کرتا ہی باپ کی تقلید درکار نہین ہی اگر باپ شرک کرے بیٹا چاہیے ایمان لاوے اور جو کسیکو شبہہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہین ہا پھر کیا حاصل یون سمجھے کہ اس کا نشان ہر کسی کے دل مین رہا ہی کہ سب کا خالق اللہ ہی اسکا تمام جہان قائل ہی اور جو کوئی منکر ہی یا شرک کرتا ہی سو اپنی عقل ناقص کے دخل سے پھر آپ ہی جھوٹھا ہوتا ہی فائدہ نعمان ایک جنگل ہی عرفات کے قریب اُسکو نعمان سحاب کہتے ہین اور بعضو نے بطن نعمان بھی تفسیر لباب مین لکھا ہی کہ

تفضیل روز جمعہ

اقرار و میثاق

۱۲

اخذ میثاق دحنا مین ہوا تھا کہ ایک مقام ولایت ہند مین ہی اور بعد نکلنے بہشت سے واقع ہوا اور مدارک التنزیل مین تصریح ہی کہ جمہور مفسرین کہتے ہین کہ اخذ میثاق بعد خلقت آدم قبل دخول جنت دروازۂ جنت کے عین صحن مین جسکی مسافت بیس ہزار برس کی راہ ہی واقع ہوا کہ حق سبحانہ تعالے نے ذریۂ آدم علیہ السلام کو مانند مورچہ ہا سے خرد صلب آدم سے نکالا اور حیات و عقل و قوت ناطقہ عطا کی پھر اپنی ربوبیت کا اقرار لیا اہل معرفت فرماتے ہین کہ تذکیر عہد الست بجیزون غافلون کے واسطے ہی ورنہ ہوشمند بیدار دل ہنوز اسی جواب کو بگوش ہوش سنتے ہین ؎ الست از ازل ہمچنان شان بگوش + بفریاد قالوا بلےٰ در خروش + یعنی کبھی وقت عارفون کو غفلت نہین ہوتی ؎ آنکہ از حق نیست غافل یک نفس + دائمی او مست و قلاش و حال ست و بس + حقیقت یہ ہی کہ اسرار محبت نازک ہین اور جو اپنی حقیقت سے غائب ہی وہ جواب الست کیا دیگا ع ہم خود الست گویم و ہم خود بلےٰ کنم + نفحات مین ہی کہ سہلی بن سہیل سے پوچھا یوم بلےٰ یاد ہی فرمایا کل تو تھا یا دھنو تا عبد اللہ انصاری کے نزدیک اسمین نقصان ہی یعنی دی و فردا چہ ع آن روز را ہنوز شبے در نیامدہ + ابی ابن کعب تفسیر کریمہ اذ اخذ ربک من بنی آدم الخ مین کہتے ہین کہ ذریہ کو جمع کیا اور قسمین کین صورت و نطق بخشا پھر کلام کیا تب اُنسے عہد توحید لیا اور گواہ کیا انہین کو اُنکے نفوس پر اور فرمایا الست بربکم کیا نہین ہون مین تمھارا پروردگار قالوا بلےٰ کہنے لگے کہ ہان ہے تو ہمارا پروردگار ہی پھر فرمایا مین گواہ کرتا ہون آدم اور آسمان و زمین کو تاکہ قیامت کے دن نہ کہو کہ ہم نہین جانتے ہین بخوبی دریافت کرو کہ میرے سوا سے تمہارا معبود کوئی نہین کسی کو میرے وجود اور عبادت مین شریک نہ کرنا اور قریب تر رسل اور کتب بھیجونگا بنا بر یاد دہی عہد کے سب نے بالاتفاق کہا کہ ہم گواہی دیتے ہین تیری ربوبیت کی اور بلاشک تو ہی ہمارا معبود ہی جب سب نے اقرار کیا تب آدم کو مطلع فرمایا اور دکھلایا تو کوئی امیر تھا کوئی فقیر کوئی خوب صورت کوئی بدہیئت عرض کیا الٰہی یہ سب بندے تیرے برابر کیون ہوے ارشاد ہوا کہ اگر سب کو یکسان کرتا تو شکر نہ کرتے اور ذریۂ آدم مین انبیا علیہم السلام مانند چراغ درخشان تھے اُنسے سوا سے عہد و میثاق الوہیت عہد رسالت و نبوت بھی لیا گیا تھا فائدہ چونکہ پیدایش آدم سے خلافت ارض منظور نظر تھی اور خلیفہ کو

دو امر لازم اول علم صفات اور افعال مختلف تاکہ موافق اسکے اپنی طرف سے سرانجام کرسکے
دوسرا علم ان اشیا کا جو زیر فرمان خلافت مندرج ہون تاکہ ہر چیز سے اسکے مناسب معاملہ کرے
لہذا تعلیم اسما کی ضرورت ہوئی تو ہر چیز کے نام دل آدم مین القا فرماے پھر منفعت اور مضرت
ہر ایک شی کے سے مطلع کردیا پھر ان اسما کی تصویرین فرشتون کو دکھلائین اور فرمایا کہ انکی
حقیقت سے واقفیت تو مشکل ہے صرف نامون سے خبر دو کیونکہ نام کمترین ممیزات حقائق سے ہی
اور استحقاق خلافت کے لیے معرفت حقائق شرط ہی اگر تم اسکے نامون سے واقف ہوگے
تو دعوی تمہارا ثابت ہی اور اگر ان سے بے خبر ہو تو عہدہ خلافت کہ عبارت تصرف اشیا سے ہی
ہرگز تم سے سرانجام نہو سکیگا گو تم صاف دعوی خلافت نہین کرتے ہو لیکن تمہارے
کلام سے مفہوم ہوتا ہی پس لازم ہی کہ شرائط ادعا ثابت کرو اگر نحن نسبح بحمدک ونقدس لک
مین سچے ہو اسواسطے کہ معنی اس کلام کے یہ ہین کہ ہماری تسبیح اور تقدیس اور حمد
اور شکر کمال کے مرتبے مین ہی اور یہ ظاہر ہی کہ تقدیس اور تسبیح کا کمال یہ ہی کہ جمیع
اسماے باری اور مقابل ہر کمال اور نعمت الہی کے واقع ہو اور اسکے لیے علم جمیع اسما
و کمالات درکار ہی اور بدون معرفت حقائق عالم بالتفصیل یہ علم حیز امکان سے خارج ہی
اور امتیاز بین الحقائق بوجوہ کثیرہ ہی ادنے امتیاز بالاسم ہی اگر اتنا بھی تمکو حاصل نہوا
تو دعوی تسبیح اور تقدیس علی الاطلاق کیسے درست ہوگا فرشتون نے اپنا عجز
ظاہر کیا اور عرض کیا کہ الٰہی ہمارا سوال صرف ہدایت کے واسطے تھا کہ ہمکو حکمت پیدایش
خلیفہ کی معلوم ہو جاے کہ اس سے ہم ناواقف تھے اور اپنی تقدیس اور تسبیح کو کامل
سمجھے تھے سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم یعنی تو سب سے نرالا ہی ہمکو
معلوم نہین مگر جتنا تو نے سکھایا ہی تو ہی ہی اصل دانا پختہ کار زین القصص مین ہی کہ
فرشتے انی اعلم ما لا تعلمون سنکر سات برس تک عرش کے گرد پھرتے رہے کہ اللہم لبیک
اعتذارا الیک لبیک نستغفرک ونتوب الیک جب خداوند کبریا نے ملائکہ سے تضرع اور
زاری اور اقرار کمال حکمت اور علم باری سنا فرمایا تو آدم کو ارشاد کیا کہ اب خبر دے
فرشتون کو ان اشیا کے نام سے کیونکہ یہ لوگ خواص اور منافع اشیا نہین دریافت
کرسکتے مگر اس عقل سے جو کہ شہوت اور غضب سے مرکب ہو اور یہ بات خاص تیرے ہی
واسطے ہی تب آدم نے حقائق اشیا کا بیان شروع کیا اور ہر چیز کا نام با جمیع خواص

تبصریح تمام کھول دیا کہ ملائکہ اس احاطہ علمی سے متحیر ہوسے اور پروردگار نے واسطے مزید تاکید امر خلافت کے ملائکہ سے فرمایا کہ مین نے قبل خلقت آدم نہین کہا تھا کہ مین جانتا ہون اُس بات کو جو تم نہین جانتے ہو کما قال یا آدم انبئھم باسمائھم فلما انبأھم باسمائھم قال الم اقل لکم انی اعلم غیب السموات والارض واعلم ما تبدون وما کنتم تکتمون یعنی ای آدم بتا دے انکو نام انکے پھر جب اُسنے بتا دیے نام اُنکے کہا کہ مین نے نہ کہا تھا تمکو کہ مجھکو معلوم ہین بھید آسمانون اور زمین کے اور معلوم ہی کہ جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو یعنی غرض میری اس کلام سے یہ تھی کہ مین جانتا ہون اُن چیزون کو جو کہ عالم علوی مین ہین اوضاع کواکب اور حرکات افلاک سے با جمیع خواص اور آثار پوشیدہ ہین اور باوجودیکہ تم عالم علوی مین ہو ہرگز نہین جانتے اور یہ مخلوق کہ عناصر سفلیہ سے پیدا ہوا ہی سب جانتا ہی اسی طرح زمین کا حال تکون نباتات اور خلقت اجسام معدنیہ اور طریق تولید حیوانات عجیبۃ الشکل وغیرہ سے واقف ہون اور یہ مخلوق بھی کمال واقفیت رکھتا ہی اور تم اُنکے اسما سے بھی واقف نہین ہو یا یہ ارشاد ہوا کہ مین جانتا ہون جو تم تقدیس اور تسبیح اور معرفت اسمائ الٰہیہ بقدر استعداد اور حوصلہ خود ظاہر کرتے ہو اور واقف ہون اس سے جو تم مین قوتین اور افعال پوشیدہ ہین اور تم اصلا مطلع نہین تھے مثل تصویر بنی آدم اور خدمت مساجد اور معابد اور اعانت غازیان اور امداد حاجیان اور تماشائے مظہر اسم قہار اور غفار اور انزال وحی وکتب الٰہیہ اور امامت شرائع وادیان ربانیہ اور تبیین طریقۂ ہدایت و رشادت حالانکہ یہ سب امور بالقوہ تم مین سے تھے لیکن مین نے اسکا ظہور وجود آدم پر موقوف رکھا تھا تاکہ بوسیلۂ اس خلیفہ کے تمکو آگاہ کرون اور تم اسکی خدمت مین ان کمالات کو بالفعل حاصل کرو اب آدم وجود مین آیا اور اُسنے تم کو خبردار کیا

فضیلت علمیہ

**فائدہ** اس مقام سے ظاہر ہوا کہ سوائے شرافت اور فضیلت علمیہ کے عالم امکان مین کوئی ایسی چیز نہ تھی جسکو فضیلت آدم مین بیان فرماتے اور اگر کوئی بات ہوتی تو بلاشک اس جگہ ارشاد فرمائی جاتی اور یہ بھی سمجھایا گیا کہ ملائکہ باوصف اسکے کہ متوطنان موطن قدس ہین اور عبادت اور اخلاص انکا آدمیون سے زیادہ اور طہارت اور عصمت جبلی اور بجا آوری امر و نہی انکی ذات کا لازمہ ہی کہ لا یعصون اللہ ما امرھم ویفعلون ما یؤمرون انکے حق مین ارشاد ہی اور طعام و شراب اور نکاح اور سواری وغیرہ حوائج سفلانی اور علائق جسمانی سے علیحدگی خاص انکا ہی اور افعال شاقہ کی قدرت جیسی انکو اللہ نے عطا فرمائی ہی عشر عشیر اسکا نصیب آدم اور

آدمیان ضمین ہی اسی طرح رفع حجاب اور معاینہ تجلیات ربانی اور سماع خطاب الٰہی بلا واسطہ جو انکو حاصل ہی اصلا آدمیون کو میسر نہین لیکن باین ہمہ اوصاف استحقاق خلافت جو انکو حاصل نہوا تو سبب یہی ہو کہ علم حقائق اشیا کا نہ رکھتے تھے اور سیاست رعایا سے کون و فساد نہ کر سکتے تھے **فائدہ** اس مقام سے واضح ہوا کہ معصوم اور پاک ہونا اور خوارق عادات کا ظاہر کرنا اور فنا فی اللہ ہو جانا اور زہد اور ریاضت بکثرت کرنا اور تجلیات ربانیہ سے مشرف ہونا اور عالم غیب کا دیکھنا اور غیب کی آوازین سننا شروط خلافت مین نہین ہی بلکہ شرط خلافت یہ ہی کہ علم سیاست منزلی اور ملکی اور ملی تینون بخوبی رکھتا ہو القصہ جب فضیلت علمیہ حضرت آدم علیہ السلام کو بدلائل اور براہین ثابت ہوئی اور فرشتون پر حق استادی قائم ہوگیا تب واسطے ادا سے اس حق کے سپہ سرے کی تعظیم مطلوب ہوئی وہ یہ ہی کہ سب فرشتون کو حکم ہوا کہ آدم کو سجدہ کرو اس طرح سے کہ اُسکو اپنا قبلہ مسجود گردانو تاکہ دلیل اطاعت میرے احکام کی ثابت ہو جاسے کما قال فی سورۃ البقرۃ اذ قلنا للملائکۃ اسجدوا لآدم فسجدوا الا ابلیس ابی واستکبر وکان من الکافرین یعنی ہمنے فرمایا فرشتون سے کہ سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا سب نے مگر ابلیس نے قبول نہ کیا اور تکبر کیا اور وہ تھا منکرون سے روایت ہو کہ اول حضرت جبرئیل نے سجدہ کیا کہ عہدہ سفارت ملا اور بعض کے نزدیک اول حضرت اسرافیل نے سجدہ کیا کہ لوح محفوظ سے انکی پیشانی پر قرآن شریف لکھا گیا بالجملہ سب فرشتون نے سجدہ کیا کما قال فسجد الملائکۃ کلہم اجمعون اس آیۃ سے صاف ہوگیا کہ تخصیص ملائکہ سفلیین کی غلط ہو اور یہ پتا ہو کہ جیسا ملائکہ سفلیین کو اس خلیفہ کے ہونے سے وسعت کمالات حاصل ہوئی اسی طرح ملائکہ علویین کو بھی ہاتھ لگی ہو کیونکہ کارخانۂ بعثت انبیا اور انزال کتب اور نصب شرائع اور احکام اور عقوبت اور انتقام دنیوی اور مجازات اور ثواب اخروی قبر سے تا جنت اور نار سب ملائکہ علویہ سے متعلق ہو پھر دیکھنا چاہیے کہ جیسا ملائکہ سفلی خادم ہین ویسا ہی ملائکہ علوی بھی خدمت سے بے بہرہ نہین ہین الغرض جمیع ملائکہ علویین اور سفلیین اور توابع آنکے جنات سجدۂ تحیہ مین گرے مگر ابلیس کہ اصل مین فرقہ جن سے تھا اور بہ سبب کثرت اختلاط کے فرشتون مین شمار کیا گیا تھا بے پروہ مخالفت کرکے سجدے سے منکر ہوا اور جب انکار کا سبب پوچھا گیا کہ ما منعک ان لا تسجد اذ امرتک یعنی کس نے منع کیا تجھکو سجدے سے جب مین نے حکم کیا تجھکو کہنے لگا انا خیر منہ خلقتنی من نار وخلقتہ من طین یعنی مین اوس سے

معصوم ہونا شرط خلافت نہین

سجدہ ملائکہ علوی و سفلی

بہتر ہون کہ مجھکو تو نے بنایا آگ سے اور بنایا اسکو خاک سے اصل یہ کہ مین بہت مدت سے طاعت
اور عبادت مین مشغول ہون سو مین ایسے مخلوق کی جو کہ میرے روبرو خاک سے بنایا گیا
اور ہنوز کسی کام کا نہین ہوا اور کوئی جوہر بندگی امتحان مین نہین لایا ہرگز اطاعت نہ کرونگا
کہ صریح خلاف حکمت بلکہ بڑی نا قدر دانی اور اتلاف حق خدمتگذاری ہے حکم ہوا کہ فاخرج منہا فانک
رجیم وان علیک اللعنۃ الی یوم الدین نکل یہان سے تجھپر پھینکا ہے اور تجھپر پھٹکار ہے انصاف کے
دن تک یعنی دن قیامت تک لعنت ہے بعد ازان وہ عذاب ہوگا کہ لعنت کو بھول جائیگا
فائدہ ابلیس نے مغالطہ کھایا کہ فضیلت کو باعتبار عنصر نار خیال کرکے ایسا کلام کیا اگر خلقت بیدی
اور نفخت فیہ من روحی کو ملاحظہ کرتا تو کبھی ایسا قیاس فاسد پیش نہ کرتا اور ظاہر ہے کہ یہ قیاس
بچند وجوہ فاسد ہے اولاً قیاس بمقابلہ نص باطل ہے دوسرے اقرار خالقیۃ الٰہی اور مخلوقیہ اپنی کا
صاف صاف کرتا ہے پھر حکم بجا آوری مین ایستادگی دلیل تکبر ہے تیسرے خاک کو کئی وجہ سے
آگ پر فضیلت ہے اولاً جوہر خاک مین صبر و قرار اور سکون و وقار ایسا ہے کہ دوسرے عنصر مین
اصلا نہین ہے اور جوہر آتش مین طپش اور حدت ایسی ہے کہ کسی عنصر مین نہین بلکہ صفات نار
سبب تکبر اور ترفع واقع ہوئے کہ ہلاکت ابدیہ اسکا ثمرہ ہوا اور صفات خاک سبب توبہ و زاری
اور ندامت و خاکساری واقع ہوئے کہ فائدہ مغفرت اور اجتبا ظاہر ہوا من تواضع للہ رفعہ اللہ
ومن تکبر وضعہ اللہ ثانیاً وصف جنت مین وارد ہے کہ اسکی خاک مشک ہوگی اور نار کا کہین
ذکر نہین ثالثاً نار سبب عذاب ہے اور خاک موجب ثواب رابعاً خاک آگ سے مستغنی ہے اور آگ
خاک سے محتاج خامساً خاک باعث عمارت والتیام ہے اور آگ موجب جدائی و خرابی و آلام
سادساً خاک نقش پذیر ہے جیسا حضرت آدم نے نقش معرفت کو قبول کیا کتب فی قلوبہم الایمان
اور آگ نقش پذیر نہین جیسا ابلیس نے نقش معرفت جلا دیا ففسق عن امر ربہ اسکے حق مین
نازل ہوا سابعاً خاک امین ہے کہ جو کچھ اسے سپرد کرین رکھ چھوڑے اور آتش خائن کہ جو کچھ اسے
تفویض کرین جلا دے اور عقلاً امین خائن سے بہتر ہے جب اس مردود نے یہ قیاس فاسد
یون دلیل پکڑی تو حکم ہوا کہ یہان سے نکل ابلیس نے کہا کہ رب فانظرنی الی یوم یبعثون
یعنی اے پروردگار مجھکو فرصت دے اس دن تک کہ لوگ جی اٹھین ارشاد ہوا انک من المنظرین
الی یوم الوقت المعلوم یعنی تجھکو ڈھیل دی ہے اسی ٹھہرے وقت تک اہل تفسیر فرماتے ہین
کہ غرض ابلیس کی یہی کہ حیات دائمی پاؤن کبھی نہ مرون اسلیے کہ بعد بعث اور نشر

موت نہین ہی درگاہ کبریا سے نفخۂ اولیٰ تک مہلت ملی اس سبب سے کہ اُسمین دفعۃً تمام خلق فنا ہوگی اور نفخۂ ثانیہ مین زندہ اور مابین دونون نفخون کے چالیس برس کا فصل ہی کہ اس عرصہ مین ابلیس کو مارکر پھیر جلاوینگے اور دوزخ مین ڈال دینگے خلاصہ یہ کہ جب تک بنی آدم زندہ ہین تجکو مہلت ہو یعنی اضلال کی بہ نسبت عوام اور ازلال کی بہ نسبت خواص ابلیس نے کہا

کہ فبما اغویتنی لاقعدن لہم صراطک المستقیم ثم لاٰتینہم من بین ایدیہم ومن خلفہم وعن ایمانہم وعن شمائلہم ولا تجد اکثرہم شاکرین یعنی جیسا تونے مجھے بدراہ کیا ہی مین بھی بیٹھونگا انکی تاک مین تیری سیدھی راہ پر یعنی مین تو گمراہ ہوا اب انکی بھی راہ مارونگا پھر انپر آپڑونگا آگے سے اور پیچھے سے اور داہنے اور بائین سے کہ نہ پائیگا تو اکثر کو شکرگزار یعنی مین تو گمراہ ہوا تو اب مین دین اسلام سے کہ راہ راست ہی بہکاؤنگا اور جو آتے ہونگے انکو پھیرونگا کہ ادھر نہ آؤ اور آنے نہ دونگا کہ حشر اور نشر کبھی نہین ہی سب دھوکا ہی ناحق آخرت کے پیچھے پڑے ہو اور دنیا کو خوب آراستہ کرکے دکھلاؤنگا کہ آگے سے پیچھے آئینگے اور جو کوئی کار نیک کرتا ہوگا اسے عجب اور خود پسندی سے اور ریا مین ڈالونگا اور جو بدکار ہونگے انکو سکھلاؤنگا کہ اب تو آرام سے گزرتی ہی توبہ کر لینا پھر ہر کام کو خوب مزہ دار اور شیرین کرکے پیش کرونگا یہان تک کہ شکرگزاری کا نام نہ رہیگا ارشاد ہوا اخرج منہا مذءوما مدحورا لمن تبعک منہم لاملئن جہنم منکم اجمعین یعنی نکل یہان سے مردود کمبخت ہوکر جو کوئی چلیگا ان مین سے تیری راہ مین بھرونگا دوزخ تم سب سے یعنی جو کوئی تیری متابعت کریگا تو تابع اور متبوع دونون کو دوزخ مین ڈالونگا فائدہ اس معاملے کے اسرار مین واقفیت اس سے نہایت دشوار واضح ہو کہ ابلیس مردود کی کنیت ابو مرہ اور نام اسکا سریانی مین عزازیل اور عربی مین حارث اسرار الفاتحہ مین ہی کہ ملعون ہونے سے پیشتر اسکے القاب حمیدہ سات تھے پہلے آسمان مین عابد دوسرے مین راکع تیسرے مین ساجد چوتھے مین خاشع پانچوین مین قانت چھٹے مین مجتہد ساتوین مین زاہد جواہر التفسیر مین ہی کہ ملعون ہونے کے بعد اسکے القاب قبیحہ بہت مقرر ہوئے ازانجملہ شتر لقب قرآن مین مذکور ہین جیسے غرور غوی سواس خناس وغیرہ نظم الجواہر مین ہی کہ بقول علی مرتضی اور ابن مسعود اور ابن عباسؓ ابلیس ملائکہ سے تھا علیہ اکثر المفسرین اور بقول حسن بصری اور قتادہ جنات سے تھا بدلیل کان من الجن اور خلقتنی من نار اور بلحاظ توالد اور تناسل اور عصیان اور جواب اسکا یہ ہی کہ لفظ کان

بیان القاب ابلیس

بیان اختلاف در حقیقت ابلیس

یعنی صادر ہی اور مسخ جیسا بنی آدم مین ہوتا ہی فرشتون مین بھی ہوتا ہی چنانچہ قصۂ ہاروت ماروت سے ظاہر ہی اور ابن عباس سے روایت ہی کہ بعض ملائکہ مین توالد و تناسل بھی جاری ہی اور ممکن ہی کہ توالد و تناسل بعد جنی ہونے کے ظاہر ہوا ہو اور بعضے افاضل کہتے ہین کہ ملک اور جن مین عموم خصوص من وجہ ہی یعنی اجسام لطیفہ مستعد خیر محض ملائکہ ہین جس طرح کروبین اور مستعد شر محض جنات ہین جیسے شیاطین اور مستعد خیر و شر ملک بھی ہین اور جن بھی اور ابلیس اسی گروہ مین تھا اسلیے اطلاق ملک قبل صدور شر ابلیس پر صحیح ہی اور اطلاق شیطان بعد صدور شرارت درست ہی اور ہمارے استاذ الاستاذ رحمہ اللہ تفسیر عزیزی مین لکھتے ہین کہ مفسرین کو اختلاف ہی جنیت اور ملکیت ابلیس مین بعضے کہتے ہین جنات کا باپ تھا جیسے آدم انسان کا اور بعضے کہتے ہین ملائکہ سے تھا اس دلیل پر کہ اگر فرشتون سے نہوتا تو حکم سجدے مین شامل نہ کیا جاتا اور اسکے ترک سے ملام اور معاتب نہوتا کیونکہ حکم سجدے کا خاص تھا فرشتون کو اور استثنا متصل فسجدوا الا ابلیس مین درست نہین ہوتا اگر ملائکہ سے خارج سمجھا جاے کیونکہ استثنا غیر جنس سے متصل نہین کہلاتا اور اصل استثنا مین اتصال ہی مگر یہ دلیل ضعیف ہی اور غلط کیونکہ سورہ کہف مین نص صریح ہی کان من الجن ففسق عن امر ربہ یعنی تھا جن سے سو نکل بھاگا حکم رب سے اسی طرح اور صورتون مین قریب تصریح واقع ہی اور ابلیس کی اولاد بھی ثابت ہی افتتخذونہ و ذریتہ اولیاء من دونی یعنی سو تم پکڑتے ہو اسکو اور اسکی اولاد کو رفیق میرے سواے حالانکہ ملائکہ مین اولاد نہین کیونکہ اولاد کے واسطے ازدواج شرط ہی اور فرشتون مین مادہ نہین وجعلوا الملائکۃ ہم عباد الرحمن اناثا یعنے بنا لیا کافرون نے فرشتون کو جو اللہ رحمن کے بندے ہین عورتین اور اسکے جابجا فرشتونکو بعصمت اور طہارت وصف فرماتے ہین اور ابلیس کو بوقاحت و شرارت اور اگرچہ فرشتون کو خاص سجدے کا حکم تھا لیکن بالاصالۃ تھا اور جنات کو بہ تبعیت اور ابلیس ان مین داخل تھا جس طرح مثلاً کوئی بادشاہ لشکریون کو کوئی حکم فرماوے تو شتربان سائیس فراش وغیرہ سب کو شامل ہوتا ہی نہ خاص سوارون اور سپاہیون کو پس بنا بر اس تبعیت کے استثنا ابلیس کا فرشتون سے بطریق اتصال صحیح ہوتا ہی سواے اسکے ابلیس مخلوق ہی نار سے اور ملائکہ ایجاد ہوے نور سے اور صاحب کشاف نے کہا کہ اگرچہ ابلیس جنات سے تھا لیکن استثنا کو متصل کہنا چاہیے اہل تحقیق فرماتے ہین کہ ابلیس اول سے کافر تھا منافقانہ ایمان

ظاہر کرتا تھا اور خیالات فاسدہ اہلاک آدم پر ہمیشہ باندھتا تھا اور فرشتون کو تحریص اور ترغیب کرتا تھا بعض تفاسیر مین ہے کہ علما کا اتفاق ہے کہ حضرت آدم کے بابت ابلیس مرجوم ملعون یعنی کافر ہوا لیکن اس مین اختلاف ہے کہ سجدہ نہ کرنے سے کافر ہوا یا حسد اور عصیان کے سبب تینون صورتون مین امر مشکل ہے اسواسطے کہ ممتنع السجود اور حاسد اور عاصی کافر نہین ہوسکتے اس ہنگام مین وجہ تفصی یہ ہے کہ وہ لعین اس سبب سے کافر ہوا کہ اسنے خدا کی طرف ظلم اور جور کی نسبت کی جب کہا خلقتنی من نار وخلقتہ من طین اور فقہا کا اجماع ہے کہ جو کوئی اللہ کی طرف ظلم کی نسبت کرے کافر ہے خازن مین ہے کہ چار قسم کا کفر ہے ایک انکاری کہ حق کو پہچانتا ہی نہین فرعون اور ہامان اسی کفر مین گرفتار تھے دوسرا کفر جحودی کہ حق کو دل مین جانے پر زبان سے اقرار نہ کرے اس کفر مین بعض کافر مبتلا ہین اور بعض اہل ہوئے بھی تیسرا کفر عنادی کہ دل اور زبان سے حق کا اقرار کرے پھر کفر سے باز نہ آوے امیہ بن الصلت وغیرہ اسی کفر مین پابند تھے چوتھا کفر نفاقی کہ زبان سے حق کا اقرار کرے اور دل مین انکار رکھے ابی بن خلف اور سایر منافق اسی کفر مین منہمک تھے ان چارون کفر کا انجام خلود فی النار ہے اکبر حین ہے کہ اب علما کا اختلاف ہے کہ ابلیس کا کفر کفر جحودی تھا یا عنادی جنکے نزدیک کفر جحودی تھا وہ کہتے ہین کہ کفر کے وقت ابلیس کا علم مسلوب ہوا اور جنکے نزدیک کفر عنادی تھا وہ کہتے ہین کہ کفر کے وقت اسکا علم باقی تھا ابن عطیہ فرماتے ہین کہ کفر کا باقی رہنا علم کے ساتھ اگرچہ مستبعد ہے لیکن اللہ جسکو رسوا کرے اسکی نسبت کچھ بھی مستبعد نہین اسرار الفاتحہ مین لکھا ہے کہ اس جگہ چند سوال ہین ایک یہ کہ ہرگاہ شیطان مبغوض الرحمن ہے اور مستعاذ منہ انسان تو کیون مخلوق ہوا جواب اسواسطے مخلوق ہوا کہ بندگان خدا خدا کی طرف رجوع لائین نڈر نہ ہوجائین جیسے مادر مہربان اپنے بچے نادان کے واسطے کوئی صورت خوفناک بنا رکھتی ہے کہ جب لڑکا شوخی کرتا ہے اسکو دکھلا دیتی ہے وہ دیکھکر ڈرتا ہے ماں کی طرف رجوع لاتا ہے تسلی پاتا ہے نقل ہے کہ ایک شخص کی جورو خوبصورت تھی مگر ہم آغوش نہوتی بعد مدت ایک شب خود بخود لپٹ گئی شوہر نے پوچھا آج کیا ہے کہا چور آیا اسکے خوف نے یہ وقت دکھلایا شوہر نے کہا ایسے چور مبارک قدم کو اللہ ہر روز میرے گھر مین لاوے اور چور سے کہا کہ جو دل چاہے لیجا کر تیرے سبب سے مجھے وصال محبوبہ نصیب ہوا اسی طرح اللہ مہربان چاہتا ہے کہ میرا بندہ مجھسے رجوع رہے اور یہ

بیان اختلاف در کفر ابلیس

بیان سوالات در مقدمۂ ابلیس

رجوع بلا خوف ممکن نہ تھا اسلیے شیطان کو پیدا کیا کہ اُس سے ڈر کر اللہ کی طرف رجوع لاوین اور
اہل تحقیق فرماتے ہین کہ شیطان کے پیدا کرنے مین یہ حکمت ہو کہ خلق کی نظرون مین
بندے ذلیل اور خوار نہ دکھاوین اسواسطے کہ فرشتون کو اللہ نے بےگناہ خلق کیا لایعصون
اللہ ما امرہم اور انبیا کے سوا تمام آدمی غیر معصوم ہین جب اس نامعصوم سے کوئی گناہ
سرزد ہوتا اُسکو بالکہ بحقارت سے دیکھتے اور ہنستے یہ ذلیل ہوتا اسواسطے شیطان مخلوق ہوا
تا ملائکہ پاکدامن اسکے طغیان کو دیکھکر اسکے عصیان سے چشم پوشی کرین اور انسان کے
حق مین استغفار بجا لاوین قال اللہ ویستغفرون للذین آمنوا دوسرے یہ کہ شیطان خسیس ہو اور
انسان شریف خسیس کو شریف پر کیون مسلط فرمایا جواب تاکہ مومن پر اللہ کی رحمت کا
اظہار ہو کیونکہ اگر عصاة اور عصیان کا وجود نہوتا اللہ کی رحمت کا نمود نہوتا حضرت امام
زین العابدین فرماتے ہین کہ گیارہ چیز کو گیارہ چیز سے سیری نہین ہوتی چشم کو نظر سے زمین کو
مطر سے انثی کو ذکر سے عالم کو اثر سے شیطان کو مکر سے کافر کو کفر سے مومن کو ایمان سے
جنت کو مومن سے نار کو کافر سے مصطفےٰ کو شفاعت سے مولا کو رحمت سے اور ارباب معارف
ارشاد کرتے ہین کہ تسلط اسواسطے ہوا کہ عبد او معبود مین محبت کا علاقہ مستحکم ہو منقول ہو کہ
مجنون لیلی کے دروازے پر آتا لیلی کتے چھوڑتی مجنون کو کاٹتے اور جب مجنون نہ آتا
لیلی بیتاب ہوتی اور کوٹھے پر کھڑی ہوکر مجنون کی راہ دیکھتی اور راہگیرون سے
پوچھتی کسی نے کہا اے نادان یہ عجب بات ہو کہ جب مجنون آتا ہو تو کتے چھوڑتی ہو
اور جب نہین آتا تو دیوانہ وار پتھر سے سر پھوڑتی ہو کہا ای ناواقف عشق ظاہر مین
مذلت ہو اور باطن مین معزت معشوق عاشق کو یون ہی جانچتا ہو اگر اس امتحان مین
ٹھہر گیا تو عاشق صادق ہو اُسوقت معشوق عاشق ہوتا ہو اور عاشق معشوق تیسرے
یہ کہ شیطان باوجود رذالت انسان کو دیکھتا ہو اور انسان باوصف جلالت شیطان کو
کیون نہین دیکھتا جواب تاکہ مومن کو دشمن نامرئی کے محاربے سے اجر عظیم حاصل ہو
اسلیے کہ مسلمان کے دشمن دو قسم ہین ایک مرئی وہ کفار ہین بحکم قاتلوا الذین لا یؤمنون
باللہ جب مومن نے انسے محاربہ کیا ملائکہ مدد کو پہونچتے ہین قال اللہ تعالیٰ
یمددکم ربکم بخمسة آلاف من الملائکة مسومین دوسرا غیر مرئی وہ شیاطین ہین بحکم
ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوا جب مومن اسکے قتل کو چلا خداوند عزشانہ مدد کو

پہونچتا ہی اِنّ عِبَادِی لَیسَ لَکَ عَلَیہِم سُلطَان لیکن دشمن غیر مرئی کا محاربہ عدو مرئی کی نسبت
اجر مین زیادہ ہی اسواسطے کہ عدو مرئی دنیا ہی کا نقصان کرتا ہی باوجود اسکے مومن ماجور اور
شہید ہوتا ہی اور عدو غیر مرئی دین کا نقصان کرتا ہی باوجود اسکے مومن معذور اور طرید ہوتا ہی
اور ارباب حقیقت فرماتے ہین کہ اہل ایمان جو شیطان کو نہین دیکھتے اسمین یہ حکمت ہی
کہ اللہ مومنون کا حبیب ہی اور شیطان مومنون کا دشمن ہرگاہ رحمٰن حبیب نے آپکو دنیا مین
نہ دکھلایا شیطان عدو کا منہ کیونکر دکھاوے حبیب کو نہ دیکھنا الم ہی اسکے ساتھ عدو کا
دیکھنا الم عظیم ہی اسی سبب سے اللہ نے مومن کے دل پر دو الم نہ رکھے جیسے اسکے
دل پر دو خوف اور دو امن نہین رکھے دیکھو جب بھائیون نے حسد کرکے یوسف کو باپ سے
دور ڈالا تاکہ ہمہ تن توجہ باپ کی انکی طرف رہے اللہ نے یعقوب علیہ السلام کو نابینا کر دیا
کہ یوسف کا نہ دیکھنا ایک الم تھا اور دشمنان یوسف کا دیکھنا الم دیگر تا یوسف کا اشتیاق
زیادہ رہے اور بااینہمہ ایک حکمت یہ ہی کہ شیطان ظلمت کفر مین ہی اور مسلمان نور ایمان مین
اور دستور ہی کہ تاریکی والا روشنی والے کو دیکھتا ہی اور روشنی والا تاریکی والے کو نہین دیکھتا
نور قمر اور نور چراغ مین یہ بات ظاہر ہی جو سمجھے یہ کہ شیطان نے عمر طویل پائی حالانکہ عدو اللہ ہی
اور مومن نے عمر قصیر باوجودیکہ دوست اللہ ہی جواب دنیا سجن ہی محبوب کی شان سے نہین کہ
سجن مین بند رہے بخلاف عدو کہ سجن اسکے مناسب ہی اور اہل تدقیق کہتے ہین کہ اس
مقام سے قصر حیات حضرت رسالت مآب صلعم کا نکتہ ظاہر ہوا کہ آپ اول سے
درگاہ حق مین پہونچکر امت کی عذر خواہی فرمائین تاکہ وقت پر شیطان کی نہ چلے
اسکی نظیر یون دیکھنا چاہیے کہ ایک فقیر ہی اسکا ایک دوست ہی اور ایک
دشمن اور وقت کے بادشاہ کو فقیر کی رعایت منظور ہی تو قبل وقوع خصومت
دشمن اسکے دوست کو اپنے پاس ٹھہرا رکھتا ہی تا اسکی شفاعت فقیر کے حق مین
منظور کرے اور دشمن کے دعوی پر کان نہ دھرے پس ہرگاہ اللہ تعالے کو
اس امت پر عنایت کی نظر ہی اس لیے انکے شفیع روز جزا کو اپنے پاس
بٹھا رکھا کہ قیامت کے دن جب شیطان بدنیت اس امت سے خصومت کرے
مارا پڑے پانچوین یہ کہ شیطان کی دعا فی الفور قبول ہوئی کہ انک من المنظرین
اور اہل ایمان کی دعا بدیر قبول ہوتی ہو یا قبول ہی نہین ہوتی اسکا کیا سبب

ف: جو برابر ... بمنزلہ مین ... نہین ۱۲

بیان نکتہ قصر حیات حضرت

جواب یہ سبب ہی کہ مومنون کو اپنی دعا سے یاس او رہراس نہو بایکہ جانین کہ شیطان کی دعا
قبول ہوگی تو ہماری کیونکر قبول نہوگی ہان البتہ یہ بات ہی کہ کبھی مومن دعائین کرتا ہی اور
اصلا اجابت کا اثر نہین دیکھتا اُسکا یہ باعث ہی کہ دنیا مین اُسکی قبولیت کی مصلحت
نہین عقبی مین یقیناً اجابت کا اثر ظاہر ہوگا انشاء اللہ تعالی مادر مہربان بھی جب جانتی ہی
کہ بچے کو شیرینی ضرر کرتی ہی نہین دیتی گو بچہ ضد کیا کرے معہذا عرفا فرماتے ہین کہ
المنع خیر من البذل ندینا دینے سے بہتر ہی اسواسطے کہ اعطا دلیل ہی پاکر پھر نہ آنے کی اور
منع دلیل ہی نہ پاکر ٹھہر جانے کی پیچھے لگے شیطان ہرگاہ نار سے مخلوق ہی تو اُسکو نار کا کیا خوف
ہوگا جواب یہ ہی کہ لوہا لوہے سے کٹتا ہی ویل ایک وادی ہی جہنم مین کہ ہر روز ناری اور
نار ستر بار اُس سے پناہ مانگتے ہین اگر شیطان ناری کو اُسی نار مین وعید اور عذاب شدید ہو
کیا بعید ہی باانیمہ شیطان مرکب ہی جسم ناری اور روح سے تو اِس ترکیب کے سبب
اگر اُسکو نار کا الم ہو کچھ دور نہین جیسے انسان مرکب ہی جسم خاکی اور روح سے اِس ترکیب کے
باعث اگر معذب خاک سے ہو تو کیا مضائقہ قارون کا دھنسنا زمین مین اسپر دلیل ہی اور جسکو
اسمین شبہہ ہو تو اُسکو ایک بڑا ڈھیلا مٹی کا مارا جاے اور پوچھا جاے کہ کچھ چوٹ لگی یا نہین
تفاسیر معتبرہ سے ظاہر ہی کہ باتفاق ارباب ملل ونحل عقلاے مکلفین تین عدد مین محصور ہین
ملائکہ بشر جن اور ید دلیل کان من الجن شیطان جن کی قسم مین داخل ہی لیکن جن اور
شیطان کے وجود مین فلاسفہ کو کلام ہی یہ کہتے ہین کہ اگر جنات اور شیاطین موجود ہون تو
دو حال سے خالی نہین یا اجسام لطیفہ ہونگے یا کثیفہ بصورت اولی افعال شاقہ کے متحمل
نہین ہوسکتے بلکہ ہوا کے جھونکون سے اُنکے اجزا مین تفریق او رتمزیق پیدا ہوگی اور بصورت
ثانیہ لازم ہی کہ دیکھ پڑین جسطرح پہاڑ نظر آتے ہین یا رعد وبرق کی روشنی اور آواز مرئی اور مسموع ہوتی ہی
اور دفعیہ یہ ہی کہ ما نحن فیہ مین لطافت بمعنی سرعۃ الانتقال اور رقۃ القوام نہین بلکہ بمعنی
تشفیف ہی اور کثافت بالضد اِس ہنگام مین عدم تحمل افعال شاقہ اور تفریق وتمزیق کو
لطافت مستلزم نہین جائز ہی کہ اجسام اپنی ذات مین سخت ہون اور ترکیبات مین
نرم اسیطرح کثافت باین معنی مرئی ہونے کو مستلزم نہین کیونکہ افلاک باوجودیکہ
اجسام کثیفہ ہین فلاسفہ کے مذہب پر مرئی نہین وراے اسکے افعال شاقہ کے
تحمل یا عدم تحمل اور قوام کی رقت یا عدم رقت مین ملازمت نہین بلکہ دونون مین جدائی ظاہر ہی

بیان حصر عقلاے مکلفین

دیکھو انسان کا قوام سنگ وآہن کے قوام سے کہین رقیق ہی باوجود اسکے آدمی لوہے کے کواڑ اور زنجیرین توڑ ڈالتا ہی اور متحمل ایسے افعال شاقہ کا ہوتا ہی کہ سنگ وآہن باوصف غلظ وکثافت اُسکے متحمل نہین ہوسکتے اس تقریر سے فلاسفہ کے شبہے دفع ہوے اور جن اور شیطان کا وجود ثابت ہوا ہی مذہب اہلسنت کا اور نص قرآنی اسکی مؤید ہی قولہ تعالی واذ صرفنا الیک نفرا من الجن وقولہ تعالی واتبعوا ما تتلوا الشیاطین علی ملک سلیمان اور حضرت نے فرمایا کہ مدینے کے جن مجہپر ایمان لائے اور فرمایا وما من احد الا ولہ الشیطان یہ ہین ادلہ نقلیہ اور ادلہ عقلیہ بہت ہین عمدہ دلیل یہ ہی کہ جب کسی پر جن یا شیطان مسلط ہوتا ہی رقی اور عزائم سے دفع ہوتا ہی کذا فی تبصر الرحمن اور ماہیت جن اور شیطان کی یہ ہی معدن الجواہر مین ہی کہ جن اور شیطان علی القول الاصح جسم ناری ہین مخلوق عناصر سے قال اللہ تعالی والجان خلقناہ من قبل من نار السموم وقال حکایۃ عن ابلیس خلقتنی من نار وخلقتہ من طین اور لفظ شیطان کا ماخوذ ہی شیط الشی احترق سے کیونکہ شیطان جلانے والا ہی دنیا مین فرقت کی آگ سے اور عقبی مین عقوبت کی چنگاری سے اس تقدیر پر لفظ شیطان غیر منصرف ہی وفیہ الانظار یا ماخوذ ہی شطن سے بمعنی رسن طویل کیونکہ جیسا وہ طغیان مین بڑھا ہوا ہی ویسا ہی عصیان مین پیش قدم ہی اس تقدیر پر شیطان کا لفظ منصرف ہی وہو المختار ابو عبیدہ نے کہا کہ ہر متمرد کو شیطان کہتے ہین خواہ جن کی جنس سے ہو خواہ انس کی جنس سے خواہ اور حیوانات سے قال اللہ تعالی وان الشیاطین لیوحون الی اولیائہم ای یشیرون واذا خلوا الی شیاطینہم ای الی اصحابہم وطلعہا کانہ رؤس الشیاطین ای الحیات تفسیر کبیر مین ہی کہ حضرت عمر کو ایک مرتبہ کہین مرکب پر سواری کا اتفاق ہوا وہ شوخی کرنے لگا اُتر پڑے اور فرمانے لگے ما حملتمونی الا علی شیطان تمنے مجکو سوار کیا ایک شیطان سرکش پر اکبر مین ہی کہ شیطان کا اطلاق کبھی صفات مذمومہ پر بھی آیا ہی چنانچہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ الغضب شیطان واضح ہو کہ ابلیس شیطان جنی کے مکر اور فریب دو طور پر ہین ایک بہ نسبت خواص کہ اُسکو لغزش قدم اور ازلال کہتے ہین چنانچہ مشہور ہی کہ ایکبار جناب سید ابرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورہ نجم پڑھتے تھے اثناء قرات مین شیطان نے ومنات الثالثۃ الاخری کے بعد تلک الغرانیق العلی پڑھ دیا مشرکون نے سنا اور خوش ہوے حالانکہ آنجناب کی زبان سے ہرگز یہ کلمہ نہین نکلا تھا اور جو کوئی اس کلمہ کا نکلنا حضرت کی زبان سے بیان کرتا ہی شیعہ ہو یا سنی سراپا غلط ہی تفسیر کبیر وغیرہ مین صاف لکھا ہی کہ یہ قصہ سراسر باطل اور موضوع ہی قاضی عیاض نے اس قصہ کو ایسا محل

اور بے اصل ٹھہریا کہ نہ بعد کے تصحیح کی مجال باقی نہیں اور طبری شیعی جامع مجمع البیان بھی
اس قصے کو غلط کہتا ہی زہرۃ الریاض میں ہی کہ ایک مرتبہ حضرت موسی علیہ السلام مشغول مناجات تھے
اور ستر ہزار فرشتے گرد شیطان نے مداخلت چاہی درآمد کی راہ نپائی زمین میں گھس گیا اور
زیر قدم آ بیٹھا اور کہا موسی تم کس سے کلام کرتے ہو فرمایا دور ہو تو جس واسطے آیا وہ مرام
نہ پائیگا کہا مین نے مراد پائی کہ تم مناجات سے باز رہے تنبیہ الغافلین مین ہی کہ ایک روز
ابلیس مرود عیسی بن مریم سے کہنے لگا کہ تم بیشک مردون کو زندہ کرتے ہو اور اندھون کو بینا
اور کوڑھی کو چنگا تمھارے دم پھونکنے سے مٹی کی چڑیا بنتی ہی اگر زمین مین دعوی خدائی کرو
تو بجا ہی میرا لشکر اعانت کریگا فرمایا اخزا لعون یہ معجزے از خود مجھ مین نہیں آسکتے صرف
اللہ کی عنایت سے ہین تیرے فریب مین نہ اونگا بولا خیر اگر تو میری راہ پر نہیں آتا تو تیرے سبب سے
اکثر لوگون کو گمراہ کرونگا اُن سے تجھے خدا کا بیٹا کہلاؤنگا اور تیری مان کو خدا کی جورو تجکو صلیب پر
کھچواؤنگا اُنسے صلیب پجواؤنگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ روم مین بارہ ہزار فرسخ تک نصاری
اسی بلا مین مبتلا ہین دوسرے عوام کی نسبت اسکو اضلال کہتے ہین تفسیر مین ہی کہ ابلیس کی
ہمت انسان کے گمراہ کرنے مین مصروف رہتی ہی کہ ذات وصفات الوہیت مین اور اسرار
وغوامض نبوت مین لگاتا ہی اور امور یقینیہ معاد کی بحث مین فکر کراتا ہی بتون کی عبادت مین
تقرب الہی بتاتا ہی مصلی کو دام مد وریا مین پھنساتا ہی زکوۃ دینے والے کو فقر سے ڈراتا ہی
طاعت کو گرانبار دکھاتا ہی معصیت کو سبکبار بتاتا ہی وعلی ہذا القیاس بعض تفسیرون مین ہی
کہ جس دم نماز کا وقت آتا ہی اپنی ذریت کو ابلیس پھیلاتا ہی وہ نمازیون کو کام مین
بہلاتے ہین اگر وقت جاتا رہا فہو المراد والا تنگ وقت مین نماز پڑھتے ہین بہ سبب
جلدی کے رکوع وسجود دعوات تسبیحات قیام قعود ہمگین ارکان نماز بخوبی ادا نہین ہوتے
منہاج المسترشدین مین ہی کہ جب انسان پیدا ہوتا ہی تو اُسکے ہمراہ دس شیطان پیدا
ہوتے ہین جب وہ مرتا ہی تو دم واپسین ستر ہزار شیطان آگھیرتے ہین اگر مشرف
بالموت سنت وجماعت کے اعتقاد پر ہی تو ہزار ہزار شیطان کے مقابل دس دس فرشتے
مقرر ہوتے ہین خاتمہ بخیر ہوتا ہی اور اگر مبتدع اور اہل ہوا ہی تو ہر دس فرشتون کے
مقابل ہزار ہزار شیطان مسلط ہوتا ہی خاتمہ بشر ہوتا ہی والعیاذ باللہ آسرار الفاتحہ
مین ہی کہ ابوزکریا زاہد کے احتضار کا وقت آیا حاضرین نے کلمہ طیبہ کی تلقین کی اُسنے

دو مرتبہ اعراض کیا تیسری بار کہا لا اقول لوگون کو اندیشہ ہوا کہ اسکا ایمان گیا زاہد نے آنکھین کھولین اور فرمایا اسوقت ابلیس پر تلبیس آب سرد لایا اور اصرار کرتا تھا کہ اِسے نوش کر کلیجے کو ٹھنڈک ہوگی اور سکرات موت آسان ہین نے نہ پیا کہنے لگا کہ مین عیسی بن مریم ہون مجکو ابن اللہ کہ مین نے انکار کیا اور کہا استغفر اللہ تیسری دفعہ کہا اگر مجکو ابن اللہ نہین کہتا تو لا الہ پڑھ مین نے کہا لا اقول کیونکہ یہ آدھا کلمہ ہے اسمین الوہیت کی نفی نکلتی ہے نہ وحدانیت کا اثبات یہ سنکر ہاتھ ملتا ہوا چلتا ہوا اب تم شاہد رہو کہ مین کلمۂ شہادت پڑھتا ہون اشہد ان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور جان بحق تسلیم کی انا للہ وانا الیہ راجعون تاج المذکرین مین مذکور ہے کہ بنی اسرائیل مین برصیصا نامے ایک زاہد تھا دوسو بیس برس سے عبادت حق کرتا تھا سا ٹھ ہزار شاگرد اس کمال کے تیار کیے تھے کہ پانی پر چلتے اور ہوا مین اُڑتے تھے ابلیس کو اسپر حسد ہوا ایک عابد کی صورت بنا کر حجرے مین آیا تین دن کچھ نہ کھایا نہ پانی پیا برصیصا فریفتہ ہوا اور کہا مجھے بھی اپنا شاگرد بنا بولا یہ تو آسان ہے حق تعالی کو غافر الذنوب ساتر العیوب سمجھ اور مصروف گناہ ہو پھر خوف کھا کر مشغول عبادت ہو برصیصا نے کہا کونسا گناہ کرون کہا قتل کر یا زنا کاری لیکن میخواری بہتر ہے برصیصا نے میخواری قبول کی ابلیس خوش ہوا کہ اسمین دونون مطالب حاصل ہونگے پس شراب کی تلاش مین چلا ایک عورت جمیلہ شراب بیچتی تھی اُس سے شراب لی اور پیٹ بھر پی نشے مین آیا عورت سے ہنتا ہوا بدنامی کے خیال سے اُسکے شوہر کو قتل کیا ماجرا آشکار ہوا حاکم نے پکڑا میخواری کی جزا اور زنا کاری کی سزا ملی خون کے بدلے سولی چڑھانے لے چلے ابلیس اُسی لباس مین آیا کہنے لگا کہ اگر مجکو سجدہ کرے تو ابھی بچا لیتا ہون برصیصا جاہل بے وقوف نے سجدہ کیا جب تو فاجر ہی تھا اب کافر بھی ہوا تب ابلیس نے کہا مین نے دوسو برس بعد تجھپر قابو پایا میری ضلالت کا یہ ادنی دام ہے اب تو جان اور تیرا کام آخر برصیصا دار پر چڑھا ابلیس بے حیا صحرا کو بڑھا حق تعالی نے اِس قصے کو قرآن شریف مین پڑھا کمثل الشیطان اذ قال للانسان اکفر فلما کفر قال انی بری منک انی اخاف اللہ رب العالمین یعنے جیسے کہاوت شیطان کی جب کہے انسان کو تو منکر ہو پھر جب وہ منکر ہوا کہے مین الگ ہون تجھسے مین ڈرتا ہون اللہ سے جو رب سارے جہان کا ہے فائدہ علما رحمہم اللہ نے فرمایا

کہ طریق اضلال مین ابلیس کے دو طریق عمدہ ہین اول وسواس نفسانی احیاء العلوم مین لکھا ہی کہ جو چیز دل مین خطور کرتی ہی یا داعی الی الشر ہی کہ اسمین عقبیٰ کی مضرت متصور اسکو وسوسہ بولتے ہین اسکا سبب شیطان پڑتا ہی یا داعی الی الخیر ہی کہ اسمین عقبیٰ کی منفعت متصور اسکو الہام کہتے ہین اسکا سبب ملک ہوتا ہی پس جس دل مین شر کی استعداد ہی اسکا نام خذلان ہی اور جس دل مین خیر کی استعداد ہی اسکا نام توفیق ہی اس تحقیق سے واضح ہوا کہ انسان کا دل ہمیشہ ملک اور شیطان کے اینچ کھینچ مین رہتا ہی اسی معنی کا اشارہ حدیث مین آیا ہی کہ القلب بین اصبعین من اصابع الرحمن اور یہ کنایہ ہی سرعت تقلیب سے اسواسطے کہ لغت مین اصبع وہ شی ہی کہ جس سے کسی شی کی تقلیب حاصل ہو پس ملک اور شیطان کی وساطت سے حق تعالیٰ مقلب القلوب ہی اور وسوسے سے اکثر آدمی خالی نہین مگر مقام شکر ہی کہ اس امت کے وسوسے پر گرفت وگیر نہین ہی بلکہ اسکو ایمان کا نشان بتایا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ لوگون نے شکایت کی یا رسول اللہ ہمکو نماز مین وسوسہ ستاتا ہی فرمایا ذلک محض الایمان یہی ہی خالص ایمان اسواسطے کہ چور وہین جاتا ہی جہان مال ہو کذا فی معدن الجواہر جناب مرتضوی سے ماثور ہی کہ ہماری اور اہل کتاب کی نماز مین وسوسے کا فرق ہی کہ ہمکو نمازون مین وسوسہ ہوتا ہی اور انکو نہوتا تھا ابوبکر وراق نے فرمایا اسکی وجہ یہ ہی کہ شیطان کو کفار سے موالفت ہوتی ہی انسے خوش رہتا ہی اور ایماندار سے مخالفت انسے ناخوش رہتا ہی اور شک نہین کہ محاربہ مخالف ہی کے ساتھ ہوتا ہی نہ موالف کے ساتھ طریق دوم جہل انسانی ہی چنانچہ اسرار الفاتحہ مین ہی کہ ایک زاہد جاہل سے شیطان نے کہا کہ تو کیسا زاہد ہی کہ تجھمین عقبیٰ کی خو نہین دنیا کی بو ہی تیرا زہد جب پورا ہوگا کہ تو اپنی داڑھی مونچھ کو گرد وغبار سے آلودہ رکھ اور جسم کو اشیاے گندہ سے آگندہ تاکہ ریا کا خیال نہ آوے آنکھون پر بھبوت لگا مٹی چڑھا کہ دنیا کی چیز اچھی نہ دیکھ پڑے زاہد نے بالاتحاشی اپنی یہی وضع تراشی کسی عالم نے پوچھا ماہذا یا بطال زاہد نے اپنا ماجرا بیان کیا عالم نے فرمایا ایہا الاحمق الانحق وہ شیطان بر ہزن خانہ ایمان تھا جا غسل کر اور جو نمازین ادا کی ہین انکو ازسرنو قضا کر علما رحمہم اللہ فرماتے ہین کہ وسوسے نفسانی کے مرض کا عمدہ علاج ذکر خدا ہی اور عدم فکر ماسوا قال اللہ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب اور حدیث شریف مین ہی کہ شیطان رکھتا ہی اپنے لشکر کو اولاد آدم کے دل پر پس اگر اسمین

علاج وسوسہ

یاد کیا اُسنے اللہ کو تو پیچھے ہٹ رہتا ہی شیطان اور جو بھول گیا اللہ کو تو آگے بڑھتا ہی
اور نگل لیتا ہی دل کو محققین کا اختلاف ہی کہ ذکر الٰہی کے وقت شیطان کا وسوسہ
بالکلیہ منقطع ہوجاتا ہی یا نہین کسی کا میلان بجانب اول ہی اور کسی کا رجحان جانب
ثانی اور بعضے قائل ہین کہ ذکر کے وقت وسوسے کا غلبہ جاتا رہتا ہی اور اثر باقی رہتا ہی
اور بعضون کا یہ مذہب ہی کہ ذکر قلبی کے وقت دم بھر وسوسہ منقطع ہوتا ہی اور بسبب
وسوسے کے دم بھر ذکر حق منقطع ہوتا ہی علی التعاقب واللہ اعلم کعب احبار سے
منقول ہی کہ ایک شیطان بصورت انسان ایک عالم باایمان کے پاس آیا کہا کچھ مسئلے
پوچھا چاہتا ہون فرمایا پوچھ کہا وہ کون ایک ہی کہ دو نہین ہوسکتا فرمایا اللہ وحدہٗ
لاشریک لہ کہا وہ کون دو ہی کہ تین نہین ہوسکتا فرمایا بدن اور روح کہا وہ کون چار
چیز ہی جو مخلوق نہین فرمایا کلام اللہ یعنے کتب منزلہ اربعہ توریت زبور انجیل فرقان
کہا وہ کون پانچ چیز ہی کہ جمعہ کے دن پیدا ہوئی فرمایا بہشت دوزخ آفتاب ماہتاب
ستارے کہا وہ کون سات چیز ہی جسکے سات سات حصے ہین فرمایا آسمان زمین دوزخ
دریا طواف ایام قرآن کہا کس دن زمین آسمان بنے فرمایا یکشنبہ کو کہا وہ
کون ہی جو پیٹ مین بیٹھا اور نکلا باوجود اسکے اُن دونون مین نسبت نہین فرمایا وہ
یونس بن متی ہین کہا وہ کون ہی کہ تیس برس کا تھا اور بیٹا اسکا اکیس برس کا
فرمایا وہ عزیر علیہ السلام تھے کہا کس کس چیز کے جوڑے ہین فرمایا آسمان کا زمین آفتاب کا
مہتاب نہار کا لیل جنت کا نار عقبیٰ کا دنیا آدم کا حوا ذکر کا انثیٰ غنا کا فقر ضحک کا بکا
عافیت کا بلا سرور کا غم صعود کا ہبوط شیرین کا تلخ خیر کا شر ثواب کا عذاب امن کا
خوف رضا کا غضب ایمان کا کفر حیات کا موت جوڑا ہی کہا سب انبیا کتنے ہوے
اور انمین رسول کتنے اور مرسل کتنے فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار انمین تین سو تیرہ رسول
اور چار مرسل کہا ان تینون مین کیا فرق ہی فرمایا نبی وہ جسکو سچا خواب ہو اور رسول
وہ جسنے آواز سنی اور مرسل وہ جسمین یہ دونون باتین جمع ہوئین کہا آدم حوا
ابلیس حیہ طاؤس کس کس زمین مین گرے ہین فرمایا ہند جدہ بابل سجستان اقصائے ہند
کہا کیا سبب کہ بعضے آدمی کی داڑھی پہلے سفید ہوتی ہی اور سر کے بال پیچھے اور بعضون کے
بالعکس فرمایا کہ اول کی یہ وجہ ہی کہ ریش موضع ملامت ہی اور دوسرے کی یہ وجہ

بیان سوالات ابلیس

کہ سر دس برس ڈاڑھی سے بڑا ہی کہا کیا باعث عورت کے ڈاڑھی نہین نکلتی فرمایا نامردون کو اُن سے نفرت نہ ہو کہا جب گرمی آتی ہی جاڑا کہان جاتا ہی اور جب جاڑا آتا ہی گرمی کہان جاتی ہی فرمایا زمین کے نیچے اور زمین کے اوپر اسلیے کہ جاڑون مین کوئین کا پانی گرم ہوتا ہی اور گرمیون مین سرد کہا سب سے زیادہ کسکا قلب سخت ہی فرمایا کافر کا کہا سب سے زیادہ کس کا نرم ہی فرمایا مومن کا کہا تلخ تر کون چیز ہی اور شیرین تر کون فرمایا حیات باذلت اور ممات باعزت کہا اقل کون چیز ہی اور اکثر کون فرمایا اقل یقین ہی آدمی مین اور آدمی بے غم اور اکثر اسماے الٰہیہ مین دنیا مین اور رشک بنی آدم کہا بہت محتاج کون ہی فرمایا جو اللہ کو نہ پہچانے کہا بہت غنی کون چیز ہی فرمایا فصل کا باران کہا بنی آدم مین کتنے پانی ہین فرمایا نو شیرین آب دہن ہی تلخ آب گوش شور آب چشم تفہ آب بینی ترش آب عرق نتن آب بول غلیظ آب منی رقیق آب مذی جیپا آب ودی ان تینون کو آب مرد کہتے ہین جب لعین نے جواب صاف پایا بھاک کر ایک چھوٹی شیشی نکالی اور پوچھا کہ آیا اللہ قادر ہی کہ اسمین ہفت زمین اور ہفت آسمان ومافیہما کو داخل کرے فرمایا لا حول ولا قوۃ یہ تو کیا اللہ قادر ہی کہ ایسے سات سو عالم کو اسمین داخل کرکے تیری دہنی آنکھ مین ڈالے اور بائین آنکھ سے نکالے یہ بات کہی اور اُسکی آنکھ مین اُنگلی ماری آنکھ پھوٹ گئی شیطان پھوٹی پھوٹی کہتا بھاگا عالم خدا کا شکر بجا لایا معلوم ہوا کہ ابلیس کے شر سے علم بچاتا ہی اور جہل انسانی کے مرض کا بہترین علاج علم ہی بعض کتب مین اہل تجربہ سے منقول ہی کہ شیطان بدمآل سے نجات کی صورت یہ ہی کہ اُسکے محبوب الاشیا اور محبوب الاشخاص کو مبغوض رکھے اور بالعکس کو محبوب حضرت یحییٰ علیہ السلام نے شیطان سے پوچھا تو مجھ پر بھی کبھی قابو پاتا ہی کہا نہین مگر اُس وقت کہ تو بھر پیٹ کھاتا ہی کہ نماز اور ذکر مین گونہ کاہلی ہوتی ہی فرمایا قسم بخدا کہ آج سے پیٹ بھر نہ کھاؤنگا معلوم ہوا کہ پُری شکم محبوب الاشیا ہی حضرت سلیمان علیہ السلام نے شیطان سے پوچھا کہ محبوب تر تیرے نزدیک اور مبغوض تر کیا ہی کہا چلا کے ذکر کرنا دکھلانے کو اور نماز پڑھنا حضرت موسیٰ ع نے اس ملعون سے پوچھا کہ کس گناہ کے سبب تو بنی آدم پہ غالب آتا ہی کہا جب کوئی خودنمائیان کرتا ہی اور عمل خیر قلیل کو کثیر جانتا ہی اور اپنے گناہون کو

بھول جاتا ہی ابن ابی الدنیا نے مکائد الشیطان مین ابن عمر سے روایت کیا کہ ایکدن
ابلیس موسیٰ کے پاس آیا اور کہا کہ اے موسیٰ تم کلیم اللہ ہو اور مین اثیم اللہ اگر تم میری
شفاعت کرو تو مین توبہ کرون حضرت موسیٰ نے کہا کہ مین دعا کرتا ہون ارشاد الٰہی
ہوا کہ تمھاری شفاعت سے توبہ ابلیس کی قبول ہو گی مگر اُس سے کہو کہ آدم کی قبر کو
سجدہ کرے حضرت موسیٰ نے ابلیس سے فرمایا اُسنے کہا اب مُردے کو کیا سجدہ
کرون جب زندہ تھے تب تو مین نے سر نہ جھکایا بعد اُسکے ابلیس آیا اور کہا اے موسیٰ
شفاعت کے سبب تمھارا حق مجھپر ہی اسلیے مین تمکو نصیحت کرتا ہون کہ اپنی اُمت کو
تعلیم کرو وہ یہ کہ مجھسے تین وقتون مین خبردار رہے ایک حالت غضب مین دوسرے
حالت جنگ وجدل مین تیسرے خلوت زن نامحرم مین کیونکہ وقت غضب مین آدمی کے
بدن مین گھس جاتا ہون اور لڑائی مین خیال زن وفرزند دل مین ڈال کر
بھگاتا ہون اور خلوت زن نامحرم مین مشاطہ بنتا ہون حضرت نوح علیہ السلام نے
جب طوفان سے نجات پائی ابلیس سے ملاقات ہوئی آپ نے استفسار کیا کہ بنی آدم مین
بدترین اخلاق کون ہی اُسنے کہا حسد حرص کبر بخل دیکھیے جب اللہ تعالےٰ نے
حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو سب فرشتے سجدے مین گرے مین بسبب حسد کے
محروم رہا کہ شیطان کہلایا اور درگاہ خداوند کبریا نے آدم کو بہشت مین جا دی جملہ
نعمت عطا کی ایک درخت سے نہی فرمائی آدم حرص کو کام مین لائے اُسے کھا لیا
نکالے گئے اور جب مالک الملک والملکوت نے جنت کو پیدا کیا تو فرمایا انت محرمۃ
علیٰ کل جبار وبخیل اس مقام سے واضح ہوا کہ یہ ہین ابلیس کی محبوب چیزین اور
اُسکی مبغوض چیزین اسکے خلاف مین متصور ہی اور اُس ملعون کے مبغوض الاشخاص
بہت ہین وہب بن منبہ کہتے ہین کہ ابلیس ایک دن حضرت سید ابرار کے دربار مین
حاضر ہوا آنجناب نے فرمایا اے پرفن تیرے دشمن کتنے ہین عرض کیا کہ اول سبکے
سردار میرے عارج کار آپ ہین بعد ازان بادشاہ عادل غنی متواضع تاجر
صادق عالم متخشع مومن ناصح عاصی تائب حافظ صلوٰۃ متورع عن الحرام دائم الطہارۃ
کثیر الصدقات حسن الخلق حامل القرآن قائم اللیل اور نافع الخلق پھر حضرت نے
فرمایا تیرے دوست کتنے ہین التماس کیا کہ ان پندرہون گروہ کے خلاف والے

اور شارب الخمر زناکار یتیم کا مال کھانے والے سود خوار مانع الزکوۃ طول امل والے
حدیث شریف مین وارد ہی کہ مسلمان پانچ بلا مین گرفتار رہتا ہی ایک یہ کہ دوسرا مومن
اُسپر حسد کرتا ہی دوسرے یہ کہ منافق اُس سے بغض رکھتا ہی تیسرے یہ کہ دشمن اُس سے
مقابلہ کرتا ہی چوتھے یہ کہ شیطان اُسکو گمراہ کرتا ہی پانچوین یہ کہ نفس اُسکو فریب دیتا ہی
پس بحکم اِس حدیث کے مومن اغواے نفس اور اضلال شیطان مین اگرچہ ہمیشہ
گرفتار ہی اور اُسکے دفیعے کی تدبیر بھی ارشاد و اتقا [illegible] ہی باین ہمہ بدرقۂ فضل الٰہی
درکار ہی اسرار الفاتحہ مین لکھا ہی کہ شیطان مردود یہ سمجھتا ہی کہ کئی جہتون مین میری
خوشنودی ہی حالانکہ نظر بفضل خدا وہ اُسکے حق مین موجب ندامت اور نابہبودی ہی
ازانجملہ ایک یہ کہ شیطان جانتا ہی کہ مین مومن کو اُسکے نقد ایمان کے ساتھ
لے بھاگتا ہون اور یہ خبر نہین رکھتا کہ اُسکی یہ سفر [illegible] ہی فقہ مین صاف مصرح ہی کہ
جو کوئی کسی کے غلام کو مع مال بھگا لیجائیگا جہان جائیگا غلام اور مال مولیٰ کی ملک سے
نہ نکلیگا پھر گرفتاری کے بعد سزایاب ہوگا اسی طرح شیطان مارا جائیگا اور مالک الملک اپنے
بندے کو مع ایمان مسترد فرمائیگا دوسرے یہ کہ وہ جانتا ہی کہ مین نے انسان کو نجاست عصیان مین
آلودہ کیا لیکن یہ خبر نہین کہ اُسمین اور انسان مین یہی سبب ہوگا جدائی کا فقہ مین
مذکور ہی کہ حربیہ اگر دار الحرب مین مسلمان ہو جاے اور تین حیض گذر جائین تو اُسمین اور
اُسکے شوہر مین جو اول تھا مفارقت ہو جائیگی اور شوہر ثانی سے یہ حیض موجب طہارت
پڑیگا۔ تیسرے یہ کہ وہ مغرور ہی کہ مین نے انسان کو دام عصیان مین لیا اور یہ نہین سمجھا
کہ یہی باعث ہی اُسکی رہائی اور عتق کا حتی کہ فقہ مین لکھا ہی کہ آدمی مسلمان کو مول لیکر
خوش ہوتا ہی کہ مین نے اہل اسلام کو غلام بنایا حالانکہ وہ غلام نہین آزاد ہی کیونکہ فقہ مین
مذکور ہی کہ مسلم کافر کے ذل مین نہین رہ سکتا چوتھے یہ کہ وہ بغلین بجاتا ہی کہ مین نے
بندے کو گمراہ کیا اور یہ خبر نہین کہ یہی وسیلہ ہی اُسکی نجات کا فتاوی ظہیریہ مین
موجود ہی کہ اگر کسی کا کتا بورایا ہوا راہ چلتون کو کاٹتا ہو یا کپڑے پھاڑتا ہو تو راہ گیرون کو
جائز ہی کہ اُسکو مارین اور جو نہ مارین اور اُس کتے نے کسیکو کاٹا یا کپڑا پھاڑا اور
بھاگ کر اپنے مالک کے پاس پناہ لی تو مالک پر غرمان اور ڈانڈ ہی پس اِس حکم کے موافق
شیطان ایک سگ گزندہ ہی کہ تعوذ کے سبب سے اپنے مالک کے پاس پناہ لیتا ہی

اِس ہنگام مین اگر کسیکو بدندان اغوا کاٹیگا یا بعنوان عصیان کسی کے لباس تقوی کو
پھاڑیگا تو بحکم شرع مالک کے ذمۂ کرم پر ضمان ہی پانچوین یہ کہ کبھی شیطان بے ایمان
لوگون کو گناہ پر اکراہ کرتا ہی مگر اِس سے آگاہ نہین کہ وبال اِس گناہ کا شیطان ہی پر
پڑتا ہی مسئلہ فقہیہ ہی کہ مکرَہ کا فعل جانب مکرِہ منسوب ہوتا ہی یہی سبب ہی جب حضرت آدم
اور حوا باغواے شیطان شجرہ منہیہ کے مرتکب ہوے تو اللہ صاحب نے اس فعل کو جانب
شیطان نسبت فرمایا کہ فازلہما الشیطان اور یوسف نے بھائیون کی نسبت کہا کہ من بعد
ان نزغ الشیطان بینی وبین اخوتی اور موسیٰ علیہ السلام نے جب قبطی کو مارا فرمایا ھذا من
عمل الشیطان اور یوشع نے جب مچھلی تلی ہوئی کو بھلایا فرمایا ما انسانیہ الا الشیطان اور ایوب کو جب
شیطان نے ستایا فرمایا انی مسنی الشیطان بنصب وعذاب اسی طرح احد کی لڑائی مین جب
صحابہ کو لغزش قدم ہوئی تو اللہ سبحانہ نے اِس زلت کو شیطان کی طرف نسبت فرمایا
انما استزلہم الشیطان ببعض ما کسبوا وعلی ہذا القیاس بعض کتب تذکیر مین مرقوم ہی کہ ہرگاہ التماس شیطان
ایسی عنایت ایزدی بندون پر مبذول ہی تو اسی کا مقتضا ہی کہ بعض اخبار مین وارد ہی
کہ قیامت کے دن جب یہ مردود واصل جہنم ہونے لگیگا عرض کریگا اَی خدا تو عادل ہی
ظالم نہین امیدوار ہون کہ جن لوگون نے میری اطاعت اور فرمانبرداری کی ہی
وہ بھی میرے ساتھ ہون تب علماے محمدیہ کو خطاب ہوگا کہ اگر کسی زمین کو ایک فضولی
غصب کیا اور کچھ اُسمین بو دیا غلہ پیدا ہوا شریعت کے موافق اس غلہ اور زمین کا
مالک کون ہی علما بالاتفاق التماس کرینگے کہ الٰہی تو عالم ہی تجھ سے زیادہ کسکو
علم ہی ہم یہ جانتے ہین کہ غلہ بونے والے کا اور زمین مع ضمان مالک کی ہی حکم ہوگا
یا معشر الاولین والآخرین آگاہ ہو کہ یہی میرا حکم ہی شیطان اور بندون کے درمیان
کیونکہ بندون کے دل میری ملک ہین بمنزلۂ زمین مالک شیطان غاصب نے اُسمین
وسوسے کا تخم بویا عصیان کا غلہ پیدا ہوا اب مین نے وہ غلہ شیطان کو دیا اور اپنی
زمین یعنی دلہاے مومنین کو اُسکے قبضۂ غصب سے چھڑایا اور لعنت کا ضمان اُسپر
بڑھایا پس مومنین اہل عصیان کے تمام گناہ شیطان پر لادکر دوزخ مین لیجائینگے
اور اُنکو گناہون سے پاک کرکے جنت مین پہونچائینگے جواہر التفسیر مین مرقوم ہی کہ ایک
عارف کامل نے ابلیس ملعون سے پوچھا تو نے آدم کو کس لیے سجدہ نہ کیا کہا مین آدم سے

بہتر ہون اُسکے سجدے سے مجھے ننگ آیا عارف نے فرمایا ای بدبخت تو دو شخصون مین دلاگی
کرکے زنا کروانا ہی اسمین تجھے شرم نہین آتی اور ایسے شخص کے سجدے مین جسے خدا نے
اپنے ید قدرت سے بنایا اور اپنی روح اُسمین پھونکی اور تجکو اُسکے سجدے کا حکم دیا ننگ کرتا ہی
آدم کا کچھ نہین بگڑا تو ہی نخوت اور کبر کے سبب برباد ہوا

بود عکس جمال حضرت پاک
اگر ابلیس بے نبرد چہ باک
گر نہ آئینۂ الٰہی بود
از چہ روشد فرشتہ را مسجود

بیان سجدہ فرشتگان

بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ سنو برس تک اور بعض روایات مین پانسو برس تک سب فرشتے سجدۂ تحیہ مین گرے رہے اور ابلیس مردود کھڑا کھڑا دیکھتا رہا جب فرشتون نے سر سجدے سے اُٹھایا تو اُسکو مردود مطرود کھڑا ہوا دیکھا اور پھر سجدے مین گرے یہ سجدہ شکر کا ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمکو اِس بلاے نافرمانی سے بچایا حدیث شریف مین ہی کہ جب مسلمان آیہ سجدہ پڑھتا ہی اور سجدہ مین گرتا ہی تو ابلیس ایک کنارے جاکر روتا ہی اور افسوس کرتا ہی کہ بنی آدم کو حکم سجدہ ہوا وہ بجا لایا بہشت اُسکی جگہ ہوئی اور مجکو حکم ہوا مین نے نہ مانا دوزخ میری جگہ ہوئی تفسیر جواہر مین ابن المنذر سے روایت ہی کہ اول اِس عالم مین گناہ جو ہوا وہ حسد ہی ابلیس مردود کا بالجملہ بعد مردود ہونے ابلیس کے آخر یوم جمعہ حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتے تخت شاہانہ پر بٹھاکر بہشت مین لے گئے جب آنجناب بہشت مین آئے تو ہوا کے خوش اور فضاے دلکش اور میوہ ہاے لطیف اور شربتہاے ظریف آمادہ پائے تو بمقتضاے

ہزار شربت شیرین و میوۂ مشموم
چنان مفید نباشد کہ بوے صحبت یار

انیس جلیس رفیق باتوفیق کی تلاش مین پریشان اور حیران ہوے خالق لایزال نے رحم فرماکر بائین پہلو سے حوّا کو پیدا کیا یہی سبب ہی کہ عورتین آرام مین رہتی ہین اور مرد ہموم و آلام مین کیونکہ خلقت حوّا جنت مین ہوئی اور خلقت آدم سنگستان مین یہ مقام تکلیف و عُسرت ہی اور وہ محل راحت و عشرت

بیان پیدایش حوا

تفسیر جواہر مین تفسیر طبری سے نقل کیا ہی کہ اِس واقعے مین آدم علیہ السلام مابین خواب و بیداری کے تھے اِسلیے کہ خواب بہشت مین نہین ہی اور حکمت یہ تھی کہ اگر آدم جاگتے ہوتے تو پہلو کے چاک کرنے سے رنج پہونچتا اور حوّا سے دشمنی ہو جاتی اور جو خواب خالص ہوتی تو حقیقت حوّا سے ناواقف رہتے اور مہربانی نہ کرتے یہ اشارہ ہی اِسطرف کہ ای آدم تیرا مقصود اور مطلوب تجھی مین ہی تو اپنے عالم وجود مین

نظارہ کر کہ جمیع مقاصد اسی وجود سے حاصل ہونگے سے اندر شکر نیابی ذوق نبات عشق ٭ این
چاشنی ہم از لب و دندان خویش جوے ٭ مقصود ہر دو عالم و مطلوب ہر دو کون ٭ از آن و این
مجوے ہم از جان خویش جوے ٭ اور حضرت استاد الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ تفسیر عزیزی مین
لکھتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام زمین پر تنہا پھرتے تھے اور حیوانات ارضی کو غیر جنس
دیکھکر متوحش تھے اور یہ آرزو کرتے تھے کہ اگر کوئی ہم جنس ہوتا تو اُسکی صحبت سے اُنسیت حاصل
ہوتی خالق لایزال نے اِس خواہش پر رحمت فرمائی اور دوسرے دن روز جمعہ حالت خواب مین
فرشتون سے بایان پہلو چاک کرا کے ایک عورت خوبصورت پیدا کی اور پہلو کو پھر ملایا
مگر کسی طرح کی تکلیف نہین ہوئی جب آدم علیہ السلام جاگے تو دیکھا کہ پہلو مین ایک ہم جنس
موجود ہی پوچھا تو کون ہی ندا ہوئی کہ یہ ہماری کنیز ہی حوا نام تیری اُنسیت کے واسطے
پیدا کی گئی ہی حضرت آدم علیہ السلام نے ہاتھ لگانا چاہا ارشاد ہوا کہ بلا ادا ے مہر اِسے
ہاتھ نہ لگانا التماس کیا کہ اِسکا مہر کیا ہی حکم ہوا کہ محمد مصطفےٰ اور اُسکی آل پر دس مرتبہ درود بھیج
عرض کیا محمد کون ہین ارشاد ہوا کہ خاتم الانبیا اگر اُسکی پیدایش منظور نہ ہوتی تجکو پیدا
نہ کرتا الحاصل آدم نے دس مرتبہ درود بھیجا اور فرشتون کی گواہی سے عقد نکاح منعقد
ہوا اور اُسی دن آخر روز جمعہ فرشتون کو حکم ہوا کہ آدم کو لباس شاہانہ توشک خانے
خاص سے پہنا کر اور حوا کو زیورات بہشتی سے آراستہ کر کے ایک تخت زرین پر مانند بادشاہان
بٹھلا کر بہشت مین داخل کرو اور جواہر التفسیر مین کعب احبار سے روایت ہی کہ حوا کو ما بین مکہ
و طائف ظاہر کیا ہی اور بعض کے نزدیک دروازے بہشت پر اور بروایت ابن عباس رض
اور ابن مسعود صورت حوا بہشت مین ظاہر ہوئی ہی اور بہشت مین بھی اختلاف ہی بعضے کہتے ہین اختلاف جنت
کہ درمیان یمن اور فلسطین زمین پر تھی اور بعضے ما بین فارس و کرمان کہتے ہین اور دلائل
اسکے آیندہ بیان ہونگے بالجملہ حضرت آدم اور حوا کو ارشاد ہوا کہ بہشت مین رہو کما قال
فی سورۃ البقرۃ قلنا یا آدم اسکن انت وزوجک الجنۃ یعنی کہا ہم نے ای آدم بس تو اور تیرا
جوڑا جنت مین یعنی ہر چند کہ ہمنے تجکو خلافت زمین کے واسطے پیدا کیا ہی لیکن وضع
خلافت اور آئین ریاست اور طریق عمارت اور طرز زراعت بلا سکونت جنت غیر ممکن ہی
اب لازم ہی کہ باغبان کی طرح سکونت اختیار کر کے زمین افتادہ کے جوتنے اور
بونے کا طریق اور درخت جمانے اور پھیلانے کی وضع اور پانی پہونچانے اور سینچنے

اور گوڑنے کا طور اور نادشے بنانے کا انداز دریافت کر اور اپنی قوت خیالیہ مین بخوبی محفوظ کر
کہ عمارت زمین مین کام آویگا مگر یہ کام تنہا تجھسے انجام نہوسکیگا تیری عورت بھی تیرے ساتھ ہو
دو وجہ سے ایک یہ کہ جو باتین خانہ داری کی مثل آرایش وصفائی مکان وغیرہ سے ہین وہ
دریافت کرے اور زمین پر اُسکے مطابق کاربند ہو تاکہ تعمیر ذکور اور انوثی دونون متحقق ہون
کیونکہ اگر وہ اِن امور سے واقف نہوگی تو زمین ایسی نظر آویگی جسطرح گھر بے عورت کے
یا گھر مع زن بے عقل کیونکہ عورت کا کام مرد سے بخوبی سرانجام نہین ہوسکتا دوسرے یہ کہ
آدمی وطن اپنا اُسی مکان کو جانتا ہے جہان زن و فرزند ہون اگر وہ ہمراہ نہوگی تو استقرار
ممکن نہوگا اور جب یہ نہوا تو حقائق عالم معلوم نہونگے اور تم دونون صرف دیکھنے بھالنے کو
نہ ہونگا منہار غدا حیث شئتما کھاؤ اُسمین محظوظ ہو کر جس جگہ چاہو تاکہ منافع و مضار ہر شی کے
معلوم ہو جائین فائدہ ارشاد الہی الحاکم مین ہے کہ بہشت ایک باغ تھا ہندوستان مین پس
اس قول پر ہبوط آدم علیہ السلام گویا انتقال مکانی ہوا اور میلان قاضی بیضاوی کا اسطرف ہے
اور دلیل یہ ہے کہ جو کوئی بہشت مین جاتا ہے پھر نہین آتا کما جاء وما ہم عنہا بخارجین اور یہی امر
نہی آدم پر صادر ہوئی اور یہ دونون دنیا مین ہین اور جمہور علماے اہل سنت فرماتے ہین کہ
بہشت اُس عالم کی مراد ہے اور عدم خروج سے یہ مراد ہے کہ جب جزا کے واسطے جاے ورنہ خازنان
بہشت ہمیشہ نکلتے پیٹھتے رہتے ہین اور شب معراج مین حضرت صلعم تشریف لے گئے تھے کذا فی الجو
اور امر و نہی خازنان بہشت پر صادر ہوتی ہین بالجملہ بعد صدور حکم دخول بہشت و توسع اکل فی سبیل
وطریق اباحت ارشاد ہوا ولا تقربا ہذہ الشجرۃ فتکونا من الظالمین یعنی نہ جاؤ پاس اس درخت کے
پھر تم ہوگے بے انصاف یعنی باوصف اِس وسعت کے نزدیک نہو جیو اس درخت کے اور
اگر اُسکے قریب گئے یا کچھ اُسمین سے کھایا تو مخالفت حکم سے ظالم ہو جاؤ گے کیونکہ ظلم نام حق تلفی
کا ہے اور حق مالک کا مملوک پر یہ ہے کہ مالک کے حکم سے سر مو تجاوز نکرے اور وہ درخت موافق
اکثر روایات درخت گندم تھا چنانچہ مختار اکثر صحابہ مفسرین کا یہی ہے اور عبد اللہ ابن مسعود
و سعید ابن جبیر و سدی کے نزدیک انگور ہے اور ایک روایت علی مرتضیٰ مین کافور ہے اور قتادہ
و ابن جریج کے نزدیک انجیر اور یزید ابن عبد اللہ ابن قسط سے ابو الشیخ نے ترنج روایت کیا ہے
اور کلبی و دینوری سے روایت ہے کہ ایک درخت معین تھا وسط جنت مین جسکو شجرۃ العلم
بولتے تھے کہ جو اُسکو کھاتا تھا اُسکا علم بڑھتا تھا کذا فی الزاہدی و المغنی لیکن مشہور گندم ہے

دخول ابلیس شیطان در بہشت

واللہ اعلم الغرض آدم و حوا ریاض بہشت مین آرام کرنے لگے اور شیطان دخول بہشت سے محروم ہوا اور چونکہ دوری ومہجوری شیطان صرف انکار سجدۂ آدم سے تھی اس باعث سے عداوت قاطبہ دل مین رکھتا تھا اور اس گھات مین رہتا تھا کہ کسی طرح اُنکے کارخانے مین دخل کرون اور سنگ تفرقہ معرکہ جمعیت مین ڈالون اور بسبب اِسکے کہ بیشتر خزانچی بہشت تھا اہل بہشت اُسکو چاہتے تھے تو گاہ گاہ دروازے پر جاتا یا حوالی بہشت مین گذر کرتا اور اپنے ملاقاتیون سے کیفیت آدم و حوا پوچھا کرتا یہان تک کہ اُسکو یہ خبر ملی کہ ایک درخت کے کھانے سے ممانعت ہوئی ہی تب سوچا کہ اب تک کسی نوع کی تکلیف نہ تھی ہرطرف سے اطلاق واباحت کی دھوم تھی میرا مکر وحیلہ کارگر نہوا اب البتہ یہ جملہ مدنظر ہوا کہ نافرمانی وزلت تنگی واحتیاج مین زیادہ ہوتی ہی تب یہ تدبیر سوچا کہ اول طاؤس کو سکھلایا کہ تو آپ کو آراستہ کرکے آدم و حوا کے روبرو رقص شروع کر اور اپنے فعل و تماشے مین لگا کر دیوار بہشت تک اُسنے شیطان کے دم مین آکر ایسا ہی کیا تب یہ مردود سانپ کے پاس آیا اور سانپ دواب بہشتی مین بوضع شتر خوبصورت تھا اُس سے کہا اگر مجھے بہشت مین جانے دے تو مین تجھے بنی آدم سے بچاؤنگا لہذا ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ جہان کہین سانپ کو دیکھو مارو تاکہ عہد ابلیس ٹوٹ جاے چنانچہ ابلیس سانپ کے مُنہ مین داخل ہوکر داخل جنت ہوا بعض کہتے ہین کہ دربانان بہشت نے روکا تھا مگر اُنکو حکم قطعی پہونچا کہ منع نکرو بہر دو تقدیر ابلیس بہشت مین در آیا اور اغواے آدم و حوا پر مستعد ہوا چنانچہ ایک وقت آدمؑ تخت عزت پر بیٹھے تھے حور و غلمان حاضر تھے زبان پر جاری ہوا کیا خوب مکان ہی اگر دار الخلد ہو ابلیس نے یہ بات غنیمت جانی اور ایک درخت کے سایہ مین بیٹھکر رونے لگا حورون نے آواز گریہ بہشت مین نہ سنی تھی پریشان دوڑ پڑین حضرت آدم و حوا بھی متعجب دوڑے جب اُس مجمع مکر و فریب کو دیکھا پوچھا کون ہی بولا ملک مقرب ہون تمھارے حال پر روتا ہون تم اپنا مآل کار نہین جانتے ہو فرمایا نہین کہا اِس تعظیم پہ مغرور نہو آخر موت ہی فرمایا موت کیا چیز ہی اُسی وقت جانور مردہ کی صورت بن گیا اور مانند محتضر تڑپنے لگا بمجرد معاینہ حالت موت خوفناک ہوے اور پوچھنے لگے کہ علاج اسکا کیا ہی جو اِس حالت سے محفوظ رہین ابلیس نے کہا ھل ادلک علی شجرۃ الخلد وملک لایبلی یعنی مین نشان دون تمکو درخت ابدی کا اور ملک باقی کا کہ جو کوئی اُسے کھائے ہرگز نہ مرے اور بادشاہت اُسکی فانی نہو فرمایا وہ درخت کون ہی اُسنے شجرۂ ممنوعہ کا نشان دیا فرمایا یہ تو درخت فنا ہی نہ شجرۂ بقا اللہ تعالی نے اسی کی نزدیکی سے مجھے روکا

اگر اسمین یہ نفع ہوتا تو ہرگز منع نہ فرماتا ابلیس بولا کما جاء فی القرآن وقال ما نهٰكما عن هذه الشجرة الا ان تكونا من الخالدین یعنی بولا تمکو جو منع کیا ہی تمہارے رب نے اس درخت سے مگر یہ کہ کہین ہو جاؤ فرشتے یا ہو ہمیشہ جینے والے یعنی ضرر کے لحاظ سے منع نہین کیا ہی بلکہ اسلیے کہ تم مانند ملک ہو جاؤگے یا دوق مین ہوگے کھانے پینے جورد لڑکون کی خواہش نہ ہیگی اور حالت ملکیہ لائق خلافت نہین اسلیے خدا کو منظور ہی کہ تمکو فکرون مین ڈالے اپنی یاد سے غافل کرے اور کار خلافت تم سے لے درحقیقت ارادہ یہ ہی کہ تمکو دور کرے اور اس درخت کا کھانا موجب قرب ہی سو یہ نہی ایسی ہی جیسے بادشاہ کسی شخص کو مہم پر بھیجے اور خدمات حضور سے منع کردے حاصل یہ کہ یہ نہی تنزیہی ہی اسکی مخالفت واسطے حصول مرتبہ صفوت کے مضائقہ نہین اس تقریر سے آدم و حوا کو تردد ہوا فی الجملہ دونون کی رضا دل مین پائی گئی اسی دم شیطان نے قسم کھائی کما قال اللہ تعالیٰ وقاسمهما انی لكما لمن الناصحین یعنی قسم کھائی اُنسے کہ مین تمہارا دوست ہون خیر خواہ کسلیے کہ میرے ہاتھ سے تمہاری نسبت سوء ادبی ہوئی ہی کہ مین نے تمکو سجدہ نکیا ملعون ہوا اب یہ چاہتا ہون کہ لوث بے ادبی دامن دل سے دھوؤن اور ایسا مرتبہ تمکو حاصل ہو کہ مدت العمر میرے شاکر رہو سو حضرت آدم قسم ابلیس پر مغرور ہوے اور دل کو اتباع سخن پر رکھا تب ابلیس بولا کہ اگر دولت ابدی و ملک سرمدی کی خواہش ہی تو اس درخت سے چند دانے تناول فرماؤ اس کلام سے حضرت آدمؑ کو اندیشہ ہوا نسیان و فراموشی نے غلبہ کیا معاملہ نہی سے غافل ہوے اور زلت مین پڑگئے اسی جگہ سے قیاس کرکے ابوبکر وراق رح فرماتے ہین کہ نصیحت قبول کرنا چاہیے مگر ایسے شخص سے جسکے دین و امانت پر اعتماد ہو اور کچھ نصیحت کرنے مین اُسکو اپنا حظ نفس نہو یعنی کمال احتیاط کرنا لازم ہی نہین تو ایسی ہی بلا مین پڑجائیگا فائدہ اعتقاد صحیح و درست یہ ہی کہ انبیا علیہم السلام کو عصیان سے معصوم جاننا واجب ہی اور قصہ ابو البشر علیہ السلام کو محمول بر نسیان و فراموشی کرنا لازم چنانکہ ارشاد ہوتا ہی ولقد عهدنا الی آدم من قبل فنسی ولم نجد له عزما یعنی ہمنے تقید کردیا تھا آدم کو پیشتر سے پھر بھول گیا اور نہ پائی ہمنے اُسمین کچھ ہمت اور فراموشی کا کچھ تعجب نہین ہی اسلیے کہ حکم نہی قربت شجرہ سے تا اکل پانسو برس گذرے تھے پھر اگر اس مدت دراز مین کوئی بات فراموش ہو جاے تو قریب القیاس ہی باینہمہ حضرت آدم نے اس نہی کو نہی منفعت جانی تھی نہ نہی منقصت یا اُس منع کو راجع بشجرہ معینہ جانتے تھے نہ علی العموم خواہ یہ سمجھے تھے کہ قربت درخت کی ممنوع ہی نہ اُسکا ثمر کھانا چنانکہ مروی ہی کہ آدم علیہ السلام خود درخت کے نزدیک نہین گئے تھے حوا ام البشر جاکر توڑلائی تھین اور طرفہ تر یہ ہی کہ درخت ممنوع القربت تمام اشجار جنت سے زیبا و خوشنما تھا اور جس مقام پر حضرت آدم و حوا اجلاس

بیان اعتقاد در قصہ آدم [illegible]

فرماتے تھے اسی طرف کی کیاریون مین اُگتا تھا اور بزبان حال گویان سے کمن در بن چمنم سرزنش بخود رو کی ❊ چنانچہ پرورشم میدہند پیرویم ❊ الغرض جب حضرت آدم کا توجہ فی الجملہ پایا گیا تو حضرت حوا نے پیشقدمی کر کے چند دانے توڑ کر کھائے اور اُسکے مزہ سے حضرت آدم کو مطلع کیا آنجناب نے بھی حوا کے اصرار سے دو تین دانے تناول فرمائے اور بعض تفاسیر مین ہی کہ سات خوشے حوا نے توڑے ایک کھایا دوسرا رکھ چھوڑا پانچ حضرت آدم کے پاس لائین اُنھون نے انکار کیا حوا نے اُسکے مزے کی نہایت تعریف کی آنجناب نے ملامت کر کے فرمایا ای حوا تو نے عہد خدا فراموش کیا حوا نے کہا ای آدم رحمت آلہی سے امید مغفرت ہی تب حضرت آدم نے کئی دانے کھائے مین کہتا ہون کہ یہ قول کسوت صحت سے عاری ہی اور صحیح یہ ہی کہ بفراموشی عہد خدا باصرار حضرت حوا لغزش قدم واقع ہوئی اور بھی قسم ابلیس سے دھوکھا ہو گیا کما قال اللہ تعالی فازلہما الشیطان عنہا فاخرجہما مما کانا فیہ یعنی لغزش دی اُن دونون کو شیطان نے اُس درخت کے پرہیز سے اور اس تدبیر سے اخراج آدم و حوا مین مصروف ہوا کہ نکال ہی دیا اُس چیز سے جسمین وہ دونون تھے فائدہ فصحا کے کلام مین اسطرح کا ابہام بروجہ تعظیم آتا ہی یعنی جو کچھ کہ بہشت مین اُنکو میسر تھا اُس قسم مین نہین ہی جسکی صفت کوئی کر سکے بالجملہ لبفور اکل حبوب تاج کرامت فرق عزت سے گر گیا اور لباس رضوانی جسم نورانی سے اُتر گیا کما اشار الیہ المولوی سے حلہ ہاے خلد از وے کندہ شد ❊ ہمچو گندم برہنہ افگندہ شد ❊ مدارک مین ہی کہ حلۂ بہشت بصورت ناخن تھے نشان اُنکا اب تک بنی آدم کی انگلیون مین موجود ہی اور اثر اُسکا یہ ہی کہ ہنسی کے وقت جو کوئی اپنا ناخن دیکھتا ہی ہنسی بند ہو جاتی ہی آخر کار حضرت آدم و حوا حالت برہنگی دیکھکر غایت حسرت سے زار زار رونے لگے اور اشجار جنت سے اپنی بے برگی و نوائی بیان کرنے لگے لیکن کسی نے توجہ نہ کیا بلکہ جس درخت کے پاس گئے اُسنے بخوف خدا اپنا سر اُٹھا لیا نا چار جنت مین دوڑتے پھرتے تھے اور نہایت پشیمان تھے دفعتہ حکم رب الارباب پہونچا کہ ای آدم تو مجھسے بھاگتا ہی آدم نے التماس کیا سے کجا روم کہ بغیر از درت پناہم نیست ❊ جز آستانہ لطفت گریز گاہم نیست ❊ بلکہ حیا و ننگ یا رب آخر کار درخت انجیر نے و بروایتے شجر عود نے چار پتّے دیے کہ اُنسے ستر عورت کیا اسی وقت فرمان واجب الاذعان صادر ہوا کہ اب بہشت سے باہر نکلو آدم علیہ السلام نے حضرت حوا کا ہاتھ پکڑ لیا اور باہر کو چلے جب دروازہ بہشت پر پہونچے تو زبان مبارک پر جاری ہوا بسم اللہ الرحمن الرحیم حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا تھوڑا توقف کرو شاید ارحم الراحمین افق غیب سے لمعہ صلح و عفو ظاہر کرے ارشاد ہوا کہ ای جبرئیل اسکو چھوڑ دے کہ چلا جاے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے التماس کیا کہ یا الٰہی اپنے تئین رحیم کہا ہی مقتضاے رحمت یہ ہی کہ رحم فرما اور اُسکے گناہ و زلت سے

درگذر فرمایا درگاہ عزت وجلال مین رحمت وعطوفت کی قلت نہین ہی لیکن اگر آج رحمت کرون تو ایک فرد آدم پر رحمت ہوگی توقف کر کہ فردا ے قیامت بنی آدم کو داخل بہشت کرون اور اس کثرت سے رحمت کے دروازے کھولون کہ ہر گنہگار اُس کا نعمت سے فیضیاب ہو اور ہر مطیع و فرمانبردار اُس خوان عنایت و کرمت سے بہرہ یاب ہو محققین مفسرین لکھتے ہین کہ جب حضرت آدم و حوا علیہما السلام بہشت مین گئے تو انکو لباس بہشتی پہنایا گیا تاکہ ستر عورت ہو اور اہل بہشت سے کسیکو شرمگاہ نظر نہ آوے حتی کہ یہ دونون خود اپنی شرمگاہ نہ دیکھتے تھے ابلیس نے تفرس کیا کہ اگر انسے کچھ نافرمانی صادر ہو تو البتہ یہ لباس اُتر جاے اور فرشتون مین رسوا ہون اور اہل بہشت انکو برہنہ دیکھین کما قال اللہ فی الاعراف فوسوس لہما الشیطان لیبدی لہما ما وری عنہما من سوآتہما یعنی پھر بہکایا انکو شیطان نے تاکہ کھولے اُنپر جو کہ پوشیدہ تھا اُنکی نظر مین شرمگاہ اُنکی سے اور وہ تقریرین دلفریب جو پیشتر مذکور ہوئین کرنے لگا یہانتک کہ جو مقصود تھا حاصل ہوا یعنی بفور چکھنے پھل درخت ممنوع شرمگاہ کھل گئی اور اشجار بہشتی کے پتّے لیکر جوڑنے لگے اور اللہ صاحب نے پکارا کہ مین نے اس درخت سے منع نہ کیا تھا اور کہدیا تھا کہ شیطان تمھارا دشمن ہی کھلا ہوا مین کہتا ہون اس مقام پر عبرت پکڑنا چاہیے یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید شیطان مردود کی کیا تاب و طاقت جو حضرت ہی کو منظور نہوتا مقام ادب ہی دم مارنے کی جگہ نہین نقل ہی کہ اصحاب باصفا نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ آدم نے کتنے دانے کھائے تھے فرمایا ایک خوشے سے ایک دانہ آدم نے اور ایک حوا نے کھایا تھا اور جملہ پانچ دانے تھے مقدار بیضہ مرغ اور تین باقی ماندہ کے تین حصے فرمائے اور آدم کو حکم ہوا کہ اسے جدا کہ اُس سے بحکم خالق مسور و لوبیا و ماش و مونگ و نخود وغیرہ غلات پیدا ہوے معلوم ہوا کہ اصل سب کی حضرت گندم ہین احادیث صحیحہ مین وارد ہی کہ آدم و حوا کو حاجت بول و براز و شہوت کی بہشت مین نہ تھی اور جو لباس پہنے تھے اُنکے اتارنے کی ضرورت نہوتی تھی اس باعث سے واقف اپنے اعضا سے نہ تھے جب زلت و لغزش قدم واقع ہوگئی تو لوازم بشری پیدا ہوے اور حاجت سے واقفیت ہوئی اور اپنے اعضا بھی دیکھے مگر سواے انکے کسی نے اہل بہشت سے انکی شرمگاہ نہین دیکھی مشہور ہی کہ انجیر کے پتے لپیٹے ہوے اِدھر اُدھر پھرتے تھے اہل علم فرماتے ہین کہ اخراج آدم علیہ السلام مین ایک نکتہ ہی بہت صاف یعنی تمیز اہل جنت و نار ہو سکے کہ صلب آدم و ترائب حوا مین نیک و بد و خبیث و طیب بھرے تھے اور ظاہر ہی کہ شریر و ناپاک کو بہشت مین جگہ نہین ہی اسلیے یہان روانہ کیا کہ باہم تمیز ہو جاوے یا واسطے تہذیب و تہذیب بنی آدم کے

تاکہ اپنے دل مین اچھی طرح سمجھ رکھین اور بخوبی غور کر کے سوچ رکھین کہ ہمارے باپ حضرت ابو البشر آدم علیہ السلام باوصف صفوت کے ایک گناہ مین بہشت سے خارج ہوئے ہمارا مآل کار کہ شب و روز عصیان مین گرفتار ہین کیا ہوتا ہو اور اہل عرفان فرماتے ہین کہ بہشت سے خارج کرنا حضرت آدم علیہ السلام کا درحقیقت اظہار اُنکی ہمت کا ہو چنانچہ روح الارواح مین لکھا ہو کہ موجودات سے بڑے عالی ہمت آدم صفی تھے کہ نعمت بہشت کو ہاتھ مین لیکر پھینکدی اور گلستان خلد باانہمہ ناز نعمت وجنت فردوس باجملہ بزرگی وکرامت دو دانہ گندم کے مقابل بیچ ڈالی پھر اگر طالب حق روز قیامت گوشہ چشم سے جانب بہشت نظر کرے تو گویا اُسکی آدمیت مین قصور اور انسانیت مین سخت فتور ہو احمد جام فرماتے ہین ؎ آدم بہشت رابدو گندم اگر فروخت ✤ حقا کہ این گروہ بیک جو نمی خرند ✤ اور بحر الحقائق مین ہو کہ سبب اخراج کا عشق تھا کہ عشق کے واسطے دار الملام چاہیے نہ دار السلام ؎ ای مرد رہ عشق بکش بار ملامت ✤ یا درگذر از عشق برو خوش بسلامت ✤ اور بعض اہل حقیقت فرماتے ہین کہ شجر گندم شجر محبت تھا کہ حقیقت مین حضرت آدم علیہ السلام کے لیے بویا گیا مگر وجہ منع یا عزت وجلال محبوبی تھا یا تحریص و ترغیب طالب و مطلوب کہ الانسان حریص علی مامنع اور یہ ظاہر ہو کہ اگر نہی اس شجرۂ محبت سے متعلق نہوتی تو حضرت آدم کو استیفای مرادات نفسانی و استکمال لذات جسمانی مین میوۂ محبت کی پروا نہوتی کیونکہ محبت غذاے روحانی ہو اور جو کہ تربیت جسم سے تمام تر پرورش روح اُس سے غیر ممکن لہذا حکم ہوا کہ ای آدم اگر آسایش مطلوب ہو تو بہشت مقام ہو جو خواہش دل ہو تناول فرما لا شجر محبت کے گرد نہ جا اسلیے کہ نوش محبت بے نیش محنت حاصل نہین ہو سکتا محبت و محنت باہم متلازم ہین دبلاء ولا اُس مین توام ؎ دوستی چون زر بلا چون آتش است ✤ زر خالص در دل آتش خوش است ✤ عشق چون دعوی جفا دیدن گواہ ✤ چون گواہت نیست دعوی شد تباہ ✤ عاشقان را از بلا صد راحت است ✤ کہ محبت ہمنشین محنت است ✤ حضرت سلطان العارفین سے روایت ہو کہ عشق و محبت قبل وجود آدم اپنا مظہر تلاش کرتے تھے فرشتون کے پاس گئے تو اُنکو استحقاق مظہریت مین کورا پایا ناچار کنج فراغت مین رہنے لگے جب شیطان نے ولولۂ طاعت اور کوس عبادت ملک وملکوت مین بجایا تو عشق نے چاہا کہ دست محبت کو مواصلت مین ڈالے سلطان عزت و تمکنت نے دست قدرت مارا ناگزیر حجاب غیب مین بیٹھ رہا تا آنکہ حضرت آدم علیہ السلام پردۂ عدم سے باہر آکر خیمۂ وجود فضاے شہود مین ایستادہ کیا تب محبوب خوش اسلوب حضرت واجب الوجود نے عشق کو بصورت شجرۂ گندم حضرت آدم کو دکھلایا کہ آنجناب والہ وشیدا ہوے

اور ایسا غلبہ محبت ہوا کہ خواہش عقد وصال اُسی مقام مین بہم پہونچی تب ندا ہوئی کہ یہ بات سراسے خلد مین رست نہین آتی منزل خاص اسکی دل محنت زدگان اور سراسے اسکی روح مصیبت یافتگان ہی اور دار الخلد مین محنت و مشقت مفقود ہی کہ ع بہشت آنجا کہ آزارے نباشد ناچار حضرت آدم ہوا سے محنت مین فضاے بہشت سے تنگنا سے دنیا مین تشریف لائے اور ساحل سلامت سے گرداب بلا مین پڑے اور بوستان نعمت کو خارستان نقمت سے بدلا اور مراتب قربت سے نکل بادیۂ غربت مین گھر بنایا اور درکات کلفت کو درجات الفت پر اختیار کیا اور نقد آرام دل و جان کو طاس الفت مین رکھ عروس محنت و مصیبت پر نثار کیا اور کرامات شادکامی سے گذر خرابات بدنامی مین پڑے کیونکہ عشق و نیکنامی باہم مجتمع نہین ہوتے سے رہا کنید کہ تن در دہیم بہ بدنامی ؛ کہ نام نیک در آئین عاشقان ننگ است ؛ نقل ہی کہ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بعضی حضرت ابراہیم علیہ السلام قصہٗ حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام کے مین ذکر کرتے تھے اور خیال کرتے تھے کہ خداوندا حضرت آدم نے ایک خطا کی اُسپر تو نے اُسکو ایسا ماخوذ کیا اور اتنی شہرت دی کہ قیامت تک کی تفضیح ہوئی حالانکہ کوئی دوست اپنے دوست سے ایسا معاملہ نہین کرتا ہی وحی ہوئی کہ مخالفة الحبیب علی الحبیب شدیدة ابوبکر واسطی سے کسی نے پوچھا انبیا علیہم السلام پر عقوبت بہت جلد ہوتی ہی اسکا کیا سبب ہی فرمایا سوء الادب فی القرب لیس کسوء الادب فی البعد یعنی عادت الٰہی یون جاری ہی کہ اولیاء اللہ و مرسلین سے خطاؤن پر مواخذہ فرماتے ہین اور عوام سے بازپرس نہین ہوتی کیونکہ قرب درگاہ سے یہ لوگ حیران رہتے ہین بخلاف عوام کہ دوری و مہجوری سے قابل توجہ نہین ہوتے القصہ جب ارشاد حق ہوا کہ اہبطوا بعضکم لبعضٍ عدو ولکم فی الارض مستقر و متاع الی حین یعنی اترو ایک دوسرے کے دشمن ہوسے اور تمکو زمین پر ٹھہرنا ہی اور برتنا ہی ایک وقت تک تب حضرت آدم علیہ السلام نے حوّا کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا چلو اب غریبی و بیکسی کا وقت آیا اُسوقت حضرت جبرئیل نے کہا کہ حوّا کا ہاتھ چھوڑ دو تمکو الگ الگ جانا پڑیگا لاچار حضرت آدم نے ہاتھ حوّا کا چھوڑ دیا کہ حضرت حق نے آدم کو سراندیپ مین و حوّا کو جدّے مین و طاؤس کو حبشہ یا مرج الہند مین پھینکا اور سانپ کو خطۂ اصفہان یا سجستان مین صرف منزل شیطان مین اختلاف ہی بعضے اہل کہتے ہین اور بعضے بلسان کہ دونون نواحی بصرہ مین واقع ہین اور تفسیر قرطبی مین ہی کہ شیطان ارض سمنان مین گرا مگر اہل تحقیق فرماتے ہین کہ تعین مسکن ابلیس دشوار ہی کیونکہ وساوس شیطانی عالمگیر ہین ع درہیچ بقعہ نیست کہ تخمے نکشتہ است تفسیر زاہدی مین ہی کہ حضرت حوّا دریا کے کنارے جدّے مین کہ ایک پہاڑ بلند کا نام ہی گرین یہ مقام

سراندیپ سے سات سو فرسنگ واقع ہی ابن عساکر نے حضرت مجاہد سے روایت کی ہی کہ جب اخراج آدم علیہ السلام کا فرمان جاری ہوا تو جبرئیل و میکائیل علیہما السلام نے تاج سلطنت سر مبارک سے اتارا اور کمربند خلافت کھولا حتی کہ برہنہ کر دیا اور درگاہ عزت و جلال سے زبان عربی کے عوض لسان سُریانی عنایت ہوئی مگر بعد قبول توبہ زبان عربی پھر ملی ہی حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ حضرت آدم کو بہشت مین اسقدر توقف ہوا تھا جتنا توقف مابین عصر و مغرب کے ہوتا ہی مگر بحساب یوم اُس عالم کے کہ ہزار برس کا ہوتا ہی اور بعض روایات مین نیم روز توقف کرنا لکھا ہی کہ پانسو برس ہوتے ہین مگر قول اول صحیح ہی اور احادیث صحیحہ سے اسکی سند بہم پہونچتی ہی ابی حاتم نے روایت کی ہی کہ جس وقت حضرت آدمؑ آسمان سے زمین پر تشریف لائے تھے تو یہ کیفیت تھی کہ دونون ہاتھ زانو پر رکھے سر جھکائے مانند شرمساران عاجز تھے اور ابلیس مردود دونون ہاتھون کی انگلیان ملائے تھیگا دپر رکھے اور سر تکبر بلند کیے ہوے مثل حیرت زدگان نخوت سرشت آیا تھا روایت ہی کہ جب حضرت آدمؑ زمین پر آئے تو ایک نوع کا اضطراب و قلق تھا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنجناب کے بشرے کو دیکھکر پوچھا کیا حال ہی فرمایا تمام جسم مین گویا چیونٹیان رینگتی ہین حضرت جبرئیلؑ نے کہا یہ علامت و کیفیت بھوک کی ہی پھر دفعتہً نظر سے غائب ہوے و بعد ادنی توقف قدرے گھانس سرخ و سیاہ ولوہا داہن اور تھوڑی لکڑی اور دھونکنی اور چمٹا لاکر حضرت صفی اللہ کو دیا اور ایک چنگاری آگ کی بھی دوزخ سے اُٹھاکر عنایت فرمائی کہ اُس سے ہاتھ حضرت آدمؑ کا جل گیا اور چنگاری دریا مین جا پڑی پھر حضرت جبرئیلؑ نے دریا سے نکال کر دی پھر وہ دریا مین اُڑ گئی اسیطرح سات مرتبے نوبت پہونچی آخرکار حضرت جبرئیل نے اُس آگ کو آہن و سنگ مین قید کیا پھر حضرت آدم سے آلات حدادی و کشاورزی بنوائے اور تین دانے گیہون کے لائے دو حضرت آدم کو دیے اور ایک حوا کو دیا مورخین نے وزن ہر دانے کا آٹھ سو اٹھاسی درم کا لکھا ہی پھر ایک گائے جنت سے لائے اور کہا کہ اسکو ہل مین جوت کر زمین کو ہموار کرو اور جو دانے تمھارے پاس ہین اُنکو بو دو چنانچہ حضرت آدم و حوا نے بوئے تو حضرت آدم کے حصے مین گیہون جمے اور حضرت حوا کے جو جب درخت کاٹے گئے تو حضرت جبرئیلؑ نے ایک اوکھلی مین کوٹ کر بھوسی کو الگ کیا اور چکی بناکر پیسا اور اُس آٹے کا خمیر کیا اور ایک گڑھا کھود کر اُسمین آگ جلائی اور کئی روٹیان پکائین طول و عرض روٹیون کا پانچ پانچ سو گز کا تھا جب روٹیان تیار ہوئین تو حضرت آدم نے کھانے کا ارادہ کیا حضرت جبرئیلؑ نے کہا کہ حصہ حوا کا علیحدہ کردو کہ مین اُسے پہونچاؤن چنانچہ حضرت آدم نے

بیان توقف آدم در بہشت

چنگاری آدم

حوا کا حصہ نکال دیا بعد اُسکے اپنا حصہ تناول فرمایا جب پیاس لگی تو حضرت جبرئیل ؑ نے ایک کنوان
کھود کر پانی نکالا اور حضرت آدم کو پلایا بعد اس واقعے کے حضرت جبرئیل ؑ نے فرمایا ع این ہمان
گندم کہ خوردی از خطاش ٭ کن بچندین سعی بہر خود معاش ٭ این سزا بہر خطائے سابق است ٭
ہر خطائے را سزائے لاحق است ٭ این مکافاتے بود مافات را ٭ معصیت سے آورد آفات را ٭
معارج النبوت مین ہی کہ نعمت بہشت کی فوت ہونے سے دو سو برس حضرت آدمؑ روئے اور
تین سو برس حضرت حوا سے جدا رہے اور چالیس یوم و شب یا چالیس برس تک کھانا نہین کھایا
اور سو برس تک سر نہین اُٹھایا اور حاکم و بیہقی نے روایت کی ہی کہ اول فریب شیطان مین حوا
آئین پھر بمشورہ اُنکے حضرت آدمؑ جب یہ زلت صادر ہوئی تو ارشاد ہوا کہ الم انہکما علی ان اکلت
من الشجرۃ التی نہیتک عنہا قال یا رب زینتہ لی حوا یعنی ای آدم کس چیز نے تجکو آمادہ کیا اسپر کہ تونے
وہ درخت کھایا جس سے مین نے منع کیا تھا کہا آدم نے خداوندا حوا نے اسکو میری نظر مین آراستہ کیا
اُسی وقت خطاب ہوا کہ ای حوا تو کہان ہی اُسنے بآواز حزین جواب دیا کہ الٰہی اس جگہ برہنہ پڑی ہون
ارشاد ہوا کہ یہ بے ستری اور رغبتی اس سبب سے ہی کہ تونے ایسی حرکت نازیبا کی ای حوا کیا باعث
ہوا جو تونے آدم کو خطا کی راہ دکھائی کہ اُسکو برہنہ کرایا اور خود بے ستر ہوئی حوا نے کہا خدا مجکو
ہرگز یہ گمان نہ تھا کہ ایسی مخلوق بھی تونے پیدا فرمائی ہی کہ وہ تجکو جھوٹی قسم سے یاد کرے فرمان ہوا
کہ تجکو بھی عقوبت مین گرفتار کرونگا کہ حاملہ ہوگی مگر بدشواری اور وضع حمل نہ کریگی الا بسختی اور ہر مہینے مین
حیض مین گرفتار ہوگی اور مرد کو ہمیشہ غالب کرونگا اور تمام مدار شوہر پر رکھونگا تاکہ ہمیشہ محتاج رہے
امیر المومنین عمر رضہ سے روایت ہی کہ جب خون حیض ظاہر ہوا تو حضرت حوا نے ایک شور مچایا آواز غیب
ہوئی کہ تیری اور تیری ذریت کے واسطے کفارہ و طہور ہی عرائس مین لکھا ہی کہ خالق کبریا نے حضرت
حوا کو اور اُنکی بیٹیون کو پندرہ بلاؤن مین بتلا کیا جس سے حشر تک نجات نہین ایک یہ کہ اُنکے پیٹ
و فرج مین نجاست حیض و نفاس کی رکھی دوسرے حمل سے نو مہینے یا گیارہ مہینے تک زیر بار کیا تیسرے
شدت جننے کی ہر مرتبہ عطا فرمائی چوتھے محنت عدت کی پانچوین ہمیشہ محکومی شوہرون کی چھٹے اختیار
طلاق خاوندون کے ہاتھ مین دیا ساتوین نقصان میراث کہ مرد سے حصہ عورت کا کم کیا آٹھوین نقصان
شہادت کہ دو عورتین ایک مرد کی قائم مقام ہوئین نوین نقصان عقل دسوین محرومی سلام
و تحیہ سے گیارھوین بے نصیبی جمعہ و جماعت سے بارھوین محرومی عہدۂ نبوت سے تیرھوین
نقصان دین کا کہ ہر مہینے مین دس دن کی نماز جاتی ہی چودھوین بدقسمتی عہدۂ قضا و سلطنت سے

پندرھوین محرومی جہاد وسفر سے بغیر محرم حدیث بخاری ومسلم مین وارد ہی کہ اگر نہوتے بنی اسرائیل
تو نہ اُبستا گوشت اور جو نہوتی حوا تو نہ خیانت کرتی کوئی عورت اپنے خاوند کی کبھوںؓ اور بیہقی نے
دلائل مین اور خطیب نے اپنی تاریخ مین ابن عمر سے روایت کی ہی کہ حضرت صلعم فرماتے ہین کہ مجکو
آدم پر دو خصلتون سے تفضیل ہی ایک تو میرا شیطان مسلمان ہی اُنکا شیطان کافر تھا دوسرے میری
ازواج دین کی معین تھی اور اُنکی زوجہ معین ہوئی خطا پر اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس رض سے
روایت کی ہی کہ جب حضرت آدم زمین پر آئے تو تیس قسم کے میوے اُنکے ساتھ آئے تھے کہ زمین کے
نہ تھے بعضے ایسے ہین کہ پوست و مغز اُنکا کھایا جاتا ہی اور بعضے وہ کہ مغز اُنکا کھایا جاتا ہی اور پوست
پھینک دیا جاتا ہی روایات صحیحہ مین ہی کہ جب حضرت آدم زمین پر آئے تو سندان ؑ وکلبتان ؑ ومطرقہ
وحجر اسود وطلا ونقرہ وعصاے موسیٰ بھی ساتھ تھے اور بیہقی نے ابن عباس سے روایت کی ہی
کہ حضرت علی مرتضیٰ فرماتے تھے کہ تم لوگون کو کچھ معلوم ہی کہ زمین ہند کس باعث سے خوشبودار
زیادہ ہی اور کس وجہ سے عود وجوز و قرنفل وغیرہ اقسام خوشبو مخصوص ہند مین لوگون نے التماس
کیا آپ ارشاد کرین فرمایا کہ جب آدم زمین پر گرے تو اُنکے بدن سے اشجار جنت کے پتے لپٹے ہوئے تھے
اُنکو ہوا نے پراگندہ کرکے اِس عالم کے درختون پر ڈالا تو جس درخت سے وہ پتے لپٹے اُسمین خوشبو
ہوگئی اسیطرح حذیفہ ابن الیمان نے حضرت رسالت پناہ سے روایت کی ہی اور طبرانی وابو نعیم
وابن عساکر حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت کرتے ہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے
کہ جب آدم بہشت سے زمین پر تشریف لائے تو اُنکو نہایت وحشت تھی حضرت جبرئیل نے باآواز بلند
اذان کہی جب اشہد ان محمدا رسول اللہ پر پہونچے تو حضرت آدم کو اِس نام سے انسیت پیدا ہوئی
اور وحشت دفع ہوئی تفسیر زاہدی مین ہی کہ حضرت آدم کے آنسوؤن سے مرچ سیاہ ولونگ وغیرہ
پیدا ہوئی اور حوا کے اشکون سے جو زمین پر گرے اُنسے حنا وزعفران اور ہر چیز سرخ رنگ اور
جو دریا مین گرے اُنسے جواہر وموتی اور جو پہاڑ پر گرے اُنسے یاقوت وفیروزہ ونقرہ وطلا ہوئے
اِس سبب سے یہ سب چیزین عورتون پر حلال ہوئین اور مردون پر حرام اور ابن ابی حاتم نے
سُدی سے روایت کی ہی کہ جب حضرت ابو البشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام بہشت
جاوید سے تنگناے دنیا مین آئے تھے تو اُنکے ہمراہ ہر قسم کے تخم بھی رب الارباب نے واسطے
خلق کے بھیجے تھے لیکن حضرت آدم علیہ السلام رنج مفارقت خالق کبریا سے بیخبر اور بسبب مشغولی
گریۂ ندامت کے غافل تھے اور اپنے تن بدن کا ہوش نرکھتے تھے اِس فرصت مین ابلیس لعین نے

ف حدیث صحیحین مین ابو ہریرہ سے مروی ہی ۱۲ اسکے معنی خیانت کے ناراستی یعنی کبھی بیس کبھی حضرت حوا کی یہ تھی کہ برخلاف حکم حق ساتھ حضرت آدم کے شجرۂ ممنوعہ سے کھانے کی رغبت دلائی ۱۲

سندان بکسر تیسرا ز آلات آہنگران ... ۱۲ کلبتان ... ۱۲

وقت کو غنیمت سمجھکر اُن بیجون پر اپنا دست عنا پھیر دیا جسپر اُسکا ہاتھ پہونچا بے منفعت وسم ہوگیا اور جسپر اُسکا ہاتھ نہین پہونچا اُسکی منفعت برقرار ہی حضرت ابن عباس سے منقول ہی کہ جب حضرت آدم بہشت کو یاد فرماتے تو بیہوش ہو جاتے اور گر پڑتے تھے اور یہ حضرت جب زمین پر تشریف لائے تو اول فواکہ دنیا سے بھی تناول فرمائے کہ اِس سبب سے رفع حاجت ضروری کی حاجت ہوئی چونکہ بہشت مین اسطرح کا معاملہ پیش نہ آیا تھا نہایت پریشان ہوے پیش وپس یمین ویسار دوڑتے پھرتے اور قضاے حاجت کی وضع نہ جانتے تھے دفعتہ حضرت جبرئیل امین تشریف لائے اور وضع قضاے حاجت تعلیم کر گئے جب بو سے بدنے شامہ کو پریشان کیا تو شتر روز برابر اسی غم مین روتے رہے حقیقۃ الامر یہ ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام بہشت وما فیہا اسکے واسطے نہ روتے تھے بلکہ ہمسایہ خداوند بہشت کے فراق ومہاجرت پر رونا پیٹنا تھا ؎ ہواے یار ودیار م چو بگذرد بخیال ❊ شود منازلم از آب دیدہ مالا مال ❊ اور ضحاک نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ جب حضرت آدم کو فکر توبہ مین دو سو برس روتے گذرے تو ایک دن اپنا ہاتھ ماتھے پر رکھے سر بزانو بیٹھے رو رہے تھے دفعتہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور حضرت آدم کے رونے سے متاثر ہوے یہان تک کہ اُنکو بھی رونا آیا تب پوچھا ای آدم اسقدر رونا پیٹنا کسواسطے ہی فرمایا ای جبرئیل کسطرح نہ روؤن خداوند تعالی شانہ نے شامت معصیت سے مرتبہ اعلی کہ قیام آسمان وبہشت تھا لے لیا اور تحت الثری مین ڈال دیا اور دار مقام سے دار ملام مین بھیجدیا اور خانہ نعمت سے کلبہ رنج وکلفت مین پہونچایا اور مقام بقا سے محل فنا مین گرایا ہی ای جبرئیل اگر شدائد اِس مصائب کے شمار کرون تو کر نہین سکتا تب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت عزت جل جلالہ مین عرض کیا ارشاد ہوا کہ آدم صفی کے پاس جا اور کہہ کہ ای آدم میری نعمتون کو یاد کر کہ اول مین نے تجکو اپنے ہاتھ سے بنایا اور تیرے قالب خاکی مین اپنی روح پھونکی پھر فرشتون کو جو میرے خاص بندے ہین تیرے سجدے کو حکم دیا اور تو نے ان نعمتون کی قدر نجانی اور میرے حکم سے نافرمان ہوا حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ ای پروردگار بیشک مجھ سے قصور ہوا لیکن اُسپر مجکو نہایت ندامت وشرمندگی ہی اور تیری رحمت غضب پر سبقت رکھتی ہی حکم پہونچا کہ فی الحقیقت میری رحمت غضب پر سبقت رکھتی ہی اور اِسی سبب جب مین نے تیری آواز تضرع وزاری کی حقیقی سنی تو مجکو رحم آیا اور تیری تقصیر مین نے معاف فرمائی اب یہ کلمات زبان پر لا لا آلہ الا انت سبحانک وبحمدک رب عملت سوءً وظلمت نفسی

فتب علی انک انت التواب الرحیم اور طبرانی نے معجم صغیر مین اور حاکم و ابونعیم و بیہقی نے حضرت
عمر سے روایت کی ہی کہ حضرت صلعم فرماتے تھے کہ جب حضرت آدم مرتکب گناہ ہو کر معاتب ہوے
تو قبول ہونے توبہ مین پریشان تھے انکو یاد آیا کہ مجکو حق تعالی نے جب پیدا کیا تھا اور روح
اپنی مجھمین پھونکی تھی تب مین نے سر اُٹھا کر دیکھا تھا تو عرش پر لکھا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
اس سے مین نے جانا کہ کسی کی قدر برابر اسکے نہین کیونکہ اللہ صاحب نے اپنے نام کے ساتھ اُسکے
نام کو ملایا ہی اب تدبیر یہ ہی کہ بحق اس شخص کے سوال مغفرت کرون سو یہ دعا کی اللھم انی اسالک
بحق محمد الا غفرت لی حق تعالی نے بخش دیا اور وحی بھیجی کہ محمد صلعم کو تو نے کہان سے جانا آدم نے
تمام ماجرا بیان کیا حکم ہوا کہ ای آدم یہ محمد پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم تیری ذریت مین ہی اگر
اُسکی پیدایش منظور نہوتی تو مین تجکو پیدا نکرتا در مختار وغیرہ کتب فقہ مین لکھا ہی کہ دعا مین
بحق فلان کہنا مکروہ ہی اسلیے کہ کیسیکو خدا پر حق نہین ہوتا پھر حضرت آدم علیہ السلام نے کسطرح
ایسی دعا کی اور جواب اسکا حسب قرارداد علماء ظاہر کے یہ ہی کہ معتزلہ افعال عباد مخلوق عباد
جانتے ہین اور جزا اُسکی حق حقیقی بوجھتے ہین و اہل سنت و جماعت افعال عباد کو مخلوق خدا
سمجھتے ہین اور جزا کو حق جعلی و وعدی جانتے ہین اسلیے کہ حق حقیقی کوئی خدا پر ثابت نہین ہی چنانچہ
حدیث مین وارد ہی کہ جو شخص ایمان اللہ و رسول کا لاوے اور نماز و روزہ ادا کرے اُسکا حق
اللہ پر یہ ہی کہ جنت مین داخل کرے پس لفظ حق جو روایت توبہ حضرت آدم مین واقع ہی محمول
اسی حق جعلی و تفضلی پر ہی اور ممنوع فقہ حق حقیقی ہی لیکن مذہب معتزلہ زمانۂ سابق مین نہایت
رائج تھا اور استعمال اس لفظ کا موہم اُنکے مذہب کا ہوتا تھا اسواسطے فقہا نے مطلقاً استعمال
اس لفظ کا منع کیا تاکہ اس مذہب پر کبھی خیال نجاے اور اہل تحقیق یہ کہتے ہین کہ کاملین بنی آدم کا
باعتبار صورت کمالیہ اسماے الٰہی سے ایک نام ہوتا ہی کہ تربیت اُسکی اُسی نام سے ہوتی ہی پس
سوال کرنا بحق کامل گویا اشارہ اُس اسم الٰہی کا ہی اگر کوئی شخص وقت استعمال اس لفظ کے
معنے مذکور ارادہ کرے قطعاً معاتب نہین ہی کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی اور طبرانی نے
معجم اوسط مین حضرت ام المومنین عائشہ رض سے روایت کی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
فرماتے تھے کہ جب قبول توبہ حضرت آدم علیہ السلام کا وقت آیا تو حضرت آدم نے مقابلہ کعبہ
کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھی اور بالہام الٰہی یہ دعا زبان پر جاری ہوئی اللھم انک تعلم سری
وعلانیتی فاقبل معذرتی و تعلم حاجتی فاعطنی سؤلی و تعلم ما فی نفسی فاغفر لی ذنبی اللھم انی اسالک

مطلب حیا و بکا و زاری

ایمانا یباشر قلبی ویقینا صادقا حتی اعلم انہ لا یصیبنی الا ما کتبت ورضا من المعیشۃ بما قسمت لی تب
اللہ نے وحی بھیجی کہ توبہ تیری قبول ہوئی اور دعا مستجاب اور جو شخص تیری ذریت سے اِس
دعا کو پڑھیگا مدعا اُسکا حاصل ہوگا رواہ الازرقی فی تاریخ مکہ والبیہقی فی کتاب الدعوات عن
بریدۃ الاسلمی علما فرماتے ہین کہ توبہ حضرت آدم علیہ السلام کی تین باتون سے قبول ہوئی حیا و بکا
و دعا سو حیا کا یہ مرتبہ تھا کہ تین سو برس حضرت آدم نے جانب آسمان از روے شرم نہین دیکھا
اور بکا و زاری ایسا کہ اگر تمام اہل دنیا کا رونا جمع کرکے ایک پلہ میزان مین رکھین اور دوسرے مین
گریہ آدم تو گریہ آنجناب غالب آویگا اور جو بکاے اہل دنیا اور بکاے اُود گریہ و نوحہ نوح سے مقابلہ
کرین تو نوح علیہ السلام کا نوحہ وزاری زیادہ ہوگا اور جو اِن تینون کو ملا کر گریہ آدم علیہ السلام سے
وزن کرین تو گریہ آدم زیادہ ہو رواہ البیہقی فی شعب الایمان اور دعا کا حال بیان کیا گیا ہی فائدہ
حقیقت توبہ تین چیزون سے مرکب ہی علم و حال و عمل پس علم یہ ہی کہ گناہ کی مضرت دریافت کرکے
جانے کہ یہ رحمت حق کا حجاب ہی اور جب یہ حال دل مین قائم ہوتا ہی تو فوت محبوب مین ایک
نوع کی بیقراری ہوتی ہی کہ اِسی اضطراب و بیقراری کا نام ندامت ہی اور اِس حال مین تین طرح کے
تعلق ہوتے ہین ایک تعلق زمانۂ گذشتہ سے یعنی تلافی مافات جسطرح کفارہ دینا اور قضا کرنا فرض
و واجب کا بشرطیکہ لائق کفارہ و قضا ہون دوسرا تعلق زمانۂ حال سے یعنی فوراً اُس فعل
ممنوع کو ترک کر دینا تیسرا تعلق زمانۂ استقبال سے یعنی تصمیم عزم اِس بات پر کہ اب ہرگز
ایسا کام نکرینگے اور یہ سب امور بلا توفیق حضرت تواب رحیم حاصل نہین ہوتے اور حضرت
ذوالنون مصری سے کسی نے پوچھا کہ حقیقت توبہ کیا ہی فرمایا توبہ چھ چیزون سے مرکب ہی اول
ندامت گناہ گذشتہ پر دوم عزم مصمم ترک گناہ کا زمانۂ آیندہ مین سوم قضاء فرائض و واجبات
چہارم اداے حقوق عباد پنجم پگھلانا گوشت و خون کا جو کہ مال حرام سے پیدا ہوا ہی ششم طاعات
و عبادات مین مشغول رہنا جب یہ سب باتین جمع ہوئین توبہ نصوح ہوئی چنانچہ یہ سب امور
حضرت آدم مین جمع تھے اور بقول صحیح ثابت ہی کہ دو سو برس تک حضرت آدم ایسا روے تھے
کہ رخسار مبارک سے ندیان جاری ہوئین اور اشکون سے چشمے کہ جانور پرند اُس سے پانی پیتے
اور کہتے کیا اچھا پانی ہی ایک مرتبہ پرندون کا کلام سُنکر حضرت آدم کو گمان ہوا کہ یہ کلام از روے
تشنیع ہی تب آہ سرد لیکر روئے اور کہا بارخدایا مین ایسا ہوگیا کہ مرغ ہوا میرے آب دیدہ پر
مسخراپن کرتے ہین کیونکہ اشک گنہگار مین کیا مزہ ہوگا جسکی تعریف کرتے ہین پس یہ کلام

انکا نہین ہی مگر تمسخر و استہزا تب ارشاد ہوا کہ ای صفی جانور سچ کہتے ہین کہ درحقیقت کوئی جوہر خوش
آب دیدہ سے پیدا نہین کیا گیا اور کوئی درشہوار خوب تر آب ندامت سے نہین بنایا گیا ونعم ما قیل
ع گوہرے بس گران بہا اشک است * سبب آبروے ما اشک است * گریہ میکن گران ثمر باشی
اشک ریزی کنی گہر باشی * ابر تا گریہ در چمن نکند * غنچہ ہم خندہ بر سمن نکند * تیسری دعا یعنی
شفیع گردانا حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ یا الٰہی بحق محمد علیہ السلام میری آمرزش کر
ابن منذر نے حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہی کہ حضرت
آدم علیہ السلام نے اسطرح دعا کی اللھم انی اسألک بجاہ محمد عندک وکرامتہ علیک ان تغفر لی
خطیئتی اُسی وقت حضرت آدم وحوا کی زبان پر جاری ہوا ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا
وترحمنا لنکونن من الخاسرین اور شروع دعا مین اسقدر زیادہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک
لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر اور بعضے اہل تحقیق کا یہ مسلک ہی کہ دعا کے کلمات کو
اصل پر چھوڑنا چاہیے جسطرح حضرت حق نے سربستہ فرمایا ہی فتلقی آدم من ربہ کلمات فتاب
علیہ انہ ہو التواب الرحیم یعنی سیکھ لیے آدم نے بالہام اپنے رب سے کئی کلمے اور رحمت
حق سے رجوع لائے پس قبول ہوئی توبہ اسواسطے کہ اللہ قبول کرنے والا ہی توبہ اپنے بندون کا
اور مہربان ہی کہ بار بار گناہ بخشتا ہی اور حسن بصری وابو سعید خدری ومجاہد وعکرمہ رضی اللہ عنہم
فرماتے ہین کہ وہ کلمات سورۂ اعراف مین ہین یعنی ربنا ظلمنا الخ فائدہ طریق توبہ کا یہ ہی
کہ اول غسل کرے اور پاک کپڑے پہنے اور پڑھے جو اللہ نے فرض کیا ہی پھر اپنا منہ زمین پر رکھے
خلوت مین تا کہ سواے خدا کے کوئی اور نہ دیکھے پھر ڈالے خاک اپنے سر پر اور لتھیڑے منہ کو
خاک مین کہ منہ اور اعضا سے عزیز تر ہی اور بدل حزین اور آواز غمگین سے رووے اور ایک ایک
گناہ کو یاد کرے جسقدر ہو سکے اور اپنے نفس کو ملامت کرے اور کہے کیا نہین شرم کرتا ہی تو
لازم ہی کہ توبہ کر اور رجوع ہو پروردگار کی طرف کیا پسند کرتا ہی گرفتاری عذاب مین
بلاشبہہ تو عاجز ہی اللہ کے غصہ وغضب سے نہ سہار سکیگا اُسکے عذاب کو پھر اٹھا دے
اپنے ہاتھ اللہ کی طرف اور کہے الٰہی عبدک الآبق رجع الی بابک عبدک العاصی رجع الی الصلح
عبدک المذنب اتاک بالعذر فاعف عنی بجودک وتقبلنی بفضلک وانظر الی برحمتک اللھم اغفر لی
ما سلف من الذنوب واعصمنی فیما بقی من الاجل فان الخیر کلہ بیدک وانت بنا رؤف رحیم کذا
ذکرہ الغزالی فی المنہاج اور مرقاۃ مین ہی کہ اگر خطا یا گناہ صادر ہوا اور توبہ کیا چاہیے تو آدمی

بیان بیت المعمور

اور پھیلاوے دونون ہاتھ خدا کی طرف اور کہے اللھم انی اتوب الیک من الذنوب لا ارجع
الیہا ابدا پس اللہ بخشیگا اُسکو جب تک اُس کام کو نہ کریگا روایت کی حاکم نے اسیطرح اور
طبرانی نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہو کہ جب حضرت آدم علیہ السلام
جوار حضرت حق سے دور پڑے تو رفع وحشت کے واسطے خداوند قدیر نے بجاے کعبۂ شریف
بصورت بیت المعمور ایک گھر بنانے کا حکم دیا اور ارشاد کیا کہ جب ایسا گھر مرتب ہو جاے تو
اُسی طرف مثل ملائک نماز پڑھ اور اُسی کا طواف کر تاریخ ابن عساکر و ازرقی مین ہو کہ حضرت
جبرئیل علیہ السلام مع حضرت آدم علیہ السلام مقام کعبہ پر آئے اور اپنا پر مارا کہ ایک بنا متصل
طبقۂ ہفتم زمین کی نکلی اُسی وقت اور ملائکہ نے بڑے بڑے پتھر کہ ایک اُنکا تیس آدمی سے
نہ اُٹھے طور سینا و زیتا و جودی و حرا سے لاکے اُس بنا کو پُر کیا کہ برابر زمین کے ہوگئی اور
حضرت حق نے بیت المعمور نازل فرمایا اُسی جگہ سے محققین فرماتے ہین کہ دو ہزار برس پیش
از خلقت زمین ایک قطعہ خاک صاف شفاف مانند کف پانی پر تھا اور بتدریج بڑھتے بڑھتے
مقدار کعبۂ شریف ہوا تب فرشتون کو ارشاد ہوا کہ اسکے گرد طواف کرو بعد اُسکے زمین کو
اُسکے نیچے سے نکال کر بچھایا جب حضرت ابو البشر زمین پر تشریف لائے اور مفارقت
بہشت مین زار زار رونے لگے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جناب ارحم الراحمین مین
عرض کیا ارشاد ہوا کہ یاقوت سُرخ جسکا نام صراح اور لقب بیت المعمور ہی آسمان سے
زمین پر لیجا اور نقطۂ وسط زمین مین جو مقام کعبہ ہوگا رکھدے اور آدم سے کہو کہ اسکی
زیارت کیا کرے اور دعا کرے کہ اُسکی توبہ قبول ہو روح القدس نے بیت المعمور مقام
معین مین رکھا اور رکن حجر کو کہ ایک یاقوت سرخ تھا روضۂ جنت سے لاکر جس موضع پر
حکم ہوا وہان قائم کیا اور تین قندیلین طلائی لٹکائین اور دو دروازے زمرد کے ایک
جانب شرق دوسرا جانب غرب قائم کیے اور اِس گھر کی یہ کیفیت تھی کہ نہایت صاف
و شفاف اندرون و بیرون بے حجاب نظر آتا تھا اور ایک خیمہ زبرجد کا جسکی طنابین ریشم کی
تھین اُسپر تنا تھا بعد اِس ترتیب کے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بحکم رب جلیل حضرت
آدم علیہ السلام سے فرمایا کہ حج کے واسطے چلو کہ حضرت فی الفور روانہ ہوے اور ایک فرشتہ
راہ بتانے کو ہمراہ ہوا جس جگہ آپ کا قدم مبارک پڑا وہ مقام سر سبز و شاداب ہوگیا
الغرض کعبہ کے مقام پر پہونچے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مناسک حج اور آداب عمرہ

تعلیم فرمائے اور حضرت آدم علیہ السلام نے مطابق اُسکے ادا کیے تب فرشتون نے استقبال کر کے کہا کہ ای آدم علیہ السلام حج آپ کا قبول ہوا اور ہم اس موضع کا طواف دو ہزار برس پہلے سے کرتے ہین حضرت مجاہد سے روایت ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام چالیس یا پینتالیس مرتبہ پا پیادہ ہندوستان سے حج کے واسطے تشریف لے گئے ہین اور ہندے تک جس مقام پہ قدم مبارک پڑا وہ مقام سرسبز و آبادی روایت ہی کہ حضرت آدمؑ کے بین الخطوتین یعنی ایک قدم سے دوسرے قدم تک تین شبانہ روز کی راہ تھی اور ایک روایت مین ہی کہ بچاس فرسنگ کا تھا جب حضرت آدم علیہ السلام نے حج سے فراغت حاصل کی تو باشارہ روح القدس کوہ عرفات پر تشریف لائے اتفاقاً حضرت حوا ام البشر جدہ سے آپکی تلاش مین آتی تھین کہ ملاقات مزدلفہ مین ہوگئی کہ دونون ملے ولہذا وہ مکان مزدلفہ نامزد ہوا کہ مشتق از زلافت بمعنی اقتران ہی اور جب باہم معرفت ہوئی اس سبب سے وہ مقام عرفات ہوا اور وہ دن عرفہ روایت ہی کہ تنو برس کے بعد یہ ملاقات ہوئی ہی پھر فرشتون نے حضرت سے کہا کہ اب تمہاری آرزو کیا ہی کہا توبہ و مغفرت اسی مقام سے وہ مقام منی کہلایا فائدہ بیت المعمور حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی تک اس عالم مین رہا ہی پھر اٹھا لیا گیا تفسیر مدارک مین ہی کہ تیسرے یا چوتھے یا ساتوین آسمان پر مقابل کعبہ رکھا ہی اور ہر روز ستر ہزار فرشتے اُسکا طواف کرتے ہین اور مشہور بین المورخین یہ ہی کہ تا زمان طوفان بیت المعمور موجود تھا اور اُسکی زیارت ہوتی تھی وقت طوفان فرشتون نے اُٹھا لیا تاکہ آب عذاب سے محفوظ رہے اور حجر اسود کو حضرت جبرئیلؑ نے جبل ابو قبیس میں چھپا دیا اور ایک پہاڑ فلسطین سے لا کے اُس مقام پہ رکھا ہکذا فی الزاہدی والمدارک فائدہ خطیب و ابن عساکر حضرت عبداللہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہین کہ جب بفضور ذلت حضرت آدم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے تو جسم آپ کا سیاہ ہوگیا تھا قبول توبہ کے وقت ارشاد ہوا کہ تیرہوین چودھوین پندرھوین روزہ رکھ تاکہ رنگ بدن بحالت اصلیہ آوے چنانچہ ایک روزے مین ایک حصہ بدلا دوسرے مین دو تیسرے مین کل بدن بحالت اصلیہ آگیا پھر یہ روزے حضرت نوح یا حضرت موسیٰ علیہما السلام تک انکی اولاد پر فرض رہے انھین کو ایام بیض بولتے ہین استحباب انکا ہماری شریعت مین باقی ہی عرائس ثعلبی مین ہی کہ پہلے ایک جسم روشن و سفید و مضبوط تھا مانند ناخن کہ اُسکا نمونہ اُنگلیون مین موجود ہی

ملاقات آدم و حوا علیہما السلام

بیان بیت المعمور

ہے

بعد صد و زلت سست و تاریک ہوگیا اور بعض مفسرین نے لکھا ہو کہ حلہ بہشتی جو حضرت
آدم علیہ السلام پہنے تھے وہ بھی ان ناخنون کی شکل تھے کہ اب تک انگلیون کے سر پر موجود ہین
اور انکو انھین حلون کی یادگاری کے واسطے رکھا ہو کہ انکو حضرت آدم علیہ السلام دیکھکر روتے تھے
کذا فی المدارک معلوم ہوتا ہو کہ اسی سبب سے جب کوئی آدمی کسی خوشی سے ہنستا ہو اور نظر
ناخنون پر پڑتی ہو تو ہنسی باقی رہتی ہو القصہ بعد قبول توبہ حضرت آدم علیہ السلام نے
جناب الٰہی مین التماس کیا کہ یا الٰہی ابلیس سے مجھسے عداوت قاطعہ ہولی ہو اگر میری اور
میری اولاد کی اعانت و نصرت غیب سے ہوگی تو مین اُس سے طاقت مقابلہ مین رکھتا
فرمایا تیری اولاد کے ساتھ ایک ایک فرشتہ مقرر کرونگا کہ وہ وسوسہ شیطان سے باز رکھیگا
حضرت آدم علیہ السلام نے کہا اس سے بھی زیادہ چاہتا ہون حکم ہوا کہ جزاے عمل بد ایک دونگا
اور جزاے نیکی دس حضرت آدم علیہ السلام نے کہا الٰہی اس سے بھی زیادہ اعانت درکار ہو
ارشاد ہوا کہ در توبہ و استغفار مفتوح رکھونگا جبتک کہ روح باقی رہے یہ سنکر حضرت نے عرض کیا
الٰہی یہ کافی و بس ہو جب حضرت آدم علیہ السلام نے فراغت حاصل کی تو ابلیس نے کمال زاری
و بیقراری سے عرض کیا کہ یارب تیرا بندہ آدم میرا دشمن ہو اسپر اور اُسکی اولاد پر تو نے اسطرح کی
عنایات و افضال فرمائی پھر مجکو اُسکے اغوا کی قدرت کسطرح ہوگی میری بھی اعانت ضرور ہو
ارشاد ہوا کہ اولاد آدم کے ساتھ ایک ایک تیری اولاد بھی پیدا کرونگا کہ مدت العمر اُسکے
اغوا پر سرگرم رہے ابلیس نے کہا اس سے زیادہ مدد درکار ہو فرمایا کہ تجکو اور تیری ذریت کو یہ
قدرت و طاقت بخشونگا کہ رگ و پوست بنی آدم مین مثل خون درآوین اور اُنکے قلوب پر
اپنا آشیانہ بنادین ابلیس بولا کہ اس سے بھی زیادہ اعانت چاہتا ہون حکم ہوا کہ تجکو اجازت ہو
کہ تو باخیل و حشم بنی آدم پر ہر طرف سے ہجوم کر اور تمام مال و اولاد مین انکا شریک رہ کذا ذکرہ
ابن ابی الدنیا فی مکائد الشیطان اور اسی طرف اشارہ ہو سورۂ بنی اسرائیل مین قال اللہ تعالیٰ

---

واستفزز من استطعت منہم بصوتک واجلب علیہم بخیلک ورجلک وشارکہم فی الاموال والاولاد
وعدہم وما یعدہم الشیطان الا غرورا یعنی اور گھبرالے اُنمین جسکو گھبرا سکے اپنی آواز سے
اور پکار لا اُنپر اپنے سوار اور پیادے اور ساجھا کر اُنسے مال اور اولاد مین اور وعدے دے
اُنکو اور کچھ نہین وعدہ دیتا اُنکو شیطان مگر دغابازی سو دیکھو مال مین شرکت یہ ہو کہ بتون کی
نیاز اپنے مال مین فرض سمجھتے ہین اور اولاد مین یہ کہ ایک کو بتاتے ہین فلانے کا بخشا اور

دوسرے کو فلانے نے بخشا اور محققین مفسرین لکھتے ہین کہ جب توبہ حضرت آدم علیہ السلام کی
قبول ہوئی تو ارشاد ہوا کہ فاما یاتینکم منی ہدًی فمن تبع ہدای فلا خوف علیہم ولا ہم یحزنون
یعنی اگر آوے تمکو میری ہدایت پس جو کہ پیروی کرے میری ہدایت کی پس کچھ ڈر نہین ہی
اُسپر اور نہ غم یہ سُنکر ابلیس نے کہا یا الٰہی تو نے آدم کی اولاد کو کتاب و رسول و علم و جاے
بود و باش و طعام و شراب و آواز خوش وغیرہ عطا کی مجکو بھی عنایت ہو ارشاد ہوا کہ تیری
کتاب وشم ہی یعنی گودنا کہ بدن مین سوئی سے نیلگون کرتے ہین اور قرآن تیرا شعر اور رسول
تیرے کاہن و برہمن اور علم تیرا سحر اور طعام تیرا مردار اور جس جانور پر وقت ذبح بسم اللہ
نہ لیا جاے اور شراب تیری شی مسکر مثل خمر و تاڑی و بنگ و بوزہ و چرس و گانجہ اور مسکن
و ماوا تیرا حمام اور کلام تیرا جھوٹھ اور جھوٹھے قصے اور کہانیان اور موذن تیرے مزامیر و بربط
اور مسجد تیری بازار اور آواز تیری جرس اور سنکھ اور دام شکار تیرا بنی آدم کی عورتین ابلیس نے
کہا اسقدر مجکو کافی و بس ہی اور امام احمد و بیہقی نے سلمان فارسی سے و ابن عساکر نے
حسن بصری سے روایت کی ہی کہ پس از قبول توبہ وحی ہوئی کہ یا رب تین تجکو اور تیری اولاد کو
یاد رکھنا واجب ہین اول حق میرا جو تجھپر واجب و فرض ہو دوسرے تیرے حقوق جو مجھپر
ہون تیسرے وہ معاملہ جو درمیان میرے و تیرے ہی جو تجھے معاملہ جو تیرے و خلق کے
درمیان ہی پس اول سخن یہ ہی کہ تو میری عبادت مین کسیکو میرا شریک نہ کر اور دوسرا
یہ کہ مین تیرے اعمال کی جزا تجھے دون تیسرا یہ کہ تو میرا حکم جیسا چاہیے بجا لا اور مین جزاے
عمل بے کم و کاست عطا کرون کہ ظلم و نقصان اُسمین نہ ہو چوتھا یہ کہ انچہ بر خود نہ پسندی بر
دیگران مپسند اور جس طرح کوئی تجھسے کرے تو بھی اُس سے ویسا ہی کر یعنی اگر احسان کرے
تو احسان کر بالجملہ بعد مقبول التوبہ ہونے کے حضرت آدم علیہ السلام مع حوا ام البشر
سراندیپ مین تشریف لائے اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر آواز کی کہ اے حیوانات
سواکن ارض تمھارے رب نے اپنا خلیفہ بھیجا ہی سو اُسکی اطاعت و فرمان برداری کرو چنانچہ
اس آواز سے اول جانوران بحری نے اپنا سر اُٹھایا اور اطاعت قبول کی پھر جانور
صحرائی حاضر ہوے اور حضرت آدم صفی کے گرد کھڑے ہوے تو حضرت نے ایک ایک کو
اپنے پاس بلایا اور سر و پشت پر دست مبارک پھیرا الغرض جس جانور پر دست شریف
پہونچا وہ جانور اہلی ہوا کہ معاش اُسکی آدمیون مین ہی جس طرح گھوڑا اونٹ گاے بکری

گنتا تھی اور جو حضرت کے پاس نہین آیا اور اُسپر دست مبارک نہین پہونچا وہ وحشی ہی کہ
بنی آدم سے بھاگتا اور نفرت کرتا ہی مانند نیل گاؤ وخر گوش وہرن و بھیڑیا وشیر وچیتا
وگینڈا وغیرہ بعد ازان حضرت آدم نے زراعت شروع کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے
حاکم نے روایت کی ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام حراس تھے یعنی زراعت مین مشغول رہتے تھے
اسیطرح اکثر انبیا اہل حرفہ ہوے ہین چنانچہ حضرت ادریس خیاطی کرتے تھے اور حضرت
ہود وصالح علیہما السلام تجارت کرتے تھے اور حضرت ابراہیم ولوط علیہما السلام زراعت
کرتے تھے اور حضرت شعیب صاحب مواشی تھے کہ اُسی کے دودھ دہی پشم وصوف سے
اوقات بسری فرماتے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام شبانی بکریون کی کرتے تھے اور
حضرت داؤد علیہ السلام زرہ بناتے تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام غواص تھے یعنی
درختون کے پتون سے زنبیل وبوریا وبادکش بنا کر بیچتے تھے باوجودیکہ تمام روے زمین کے
مالک تھے مگر بلا کسب نہین کھاتے تھے اور ہر مہینے مین نو روز روزہ رکھتے تھے تین دن
شروع مین اور تین روز وسط مین اور تین روزے آخر مین اور باوصف اس زہد وریاضت کے
طاقت بشری ایسی تھی کہ سات سو کنیز اور تین سو منکوحہ سے ہم بستر رہتے تھے اور حضرت
خاتم انبیا سرور اصفیا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرفت جہاد تھی اور اللہ جل جلالہ نے
رزق آپ کا سایۂ نیزہ کے تلے رکھا تھا اور مسند فردوس مین حضرت انس سے روایت کی ہی کہ
حضرت صلعم نے فرمایا کہ اول جامہ بافی حضرت آدم علیہ السلام سے جاری ہوئی اور اہل تاریخ نے
کیفیت وقوع اسکی یون لکھی ہی کہ اللہ صاحب نے ایک دُنبہ جنت سے بھیجا اور ارشاد کیا
کہ اِسکو ذبح کرو سو حضرت آدم علیہ السلام نے اُسکو ذبح کیا اور اُسکی پشم کو ایکر حضرت حوا نے
کاتا اور حضرت آدم علیہ السلام نے بُنا پھر اپنے واسطے ایک پیراہن اور حوا کے واسطے اوڑھنا
تیار کی اور دونون اوڑھکر مجتمع ہوے اُسی دن سے جمعہ نام ہوا اور بعضے لکھتے ہین کہ ایک روز
حضرت جبرئیل امین تشریف لاے اور حضرت آدم علیہ السلام سے حال پوچھا آپ نے بسبیل
حکایت نہ براہ شکایت اپنی عریانی کا حال ظاہر کیا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے
عرض کیا تب اُنکے واسطے دو جوڑے بھینس کے اور دو بکری کے اور دو گاے کے بہشت سے
آے اور اُنسے بچے ہوے پھر اُنکے ذبح کا حکم ہوا تب حضرت آدم علیہ السلام نے ایک کو
ذبح کیا اور اُسکی پشم سے سوت کتوایا پھر تقدیر پہننا لباس کا بعد ملاقات حضرت حوا کے

ف تجنس لباس

معلوم ہوتا ہی لیکن ممکن ہی کہ پشمینہ لیکر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت حوا کو پہونچایا ہو
اور ابو الشیخ نے فتادی سے نقل کی ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام نے تمام عمر آب باران پیا
زمین کا پانی نہین پیا اور ابن ابی شیبہ نے کعب احبار سے روایت کی ہی کہ اشرفی و روپیہ کا

ف رواج زر

رواج اول حضرت آدم علیہ السلام نے دیا ہی اور کعب احبار سے روایت ہی کہ حضرت آدم
علیہ السلام جبل ہند سے چالیس مرتبہ پیادہ پا حج کے واسطے تشریف فرما ے مکہ معظمہ ہوے ہین
اور تاریخ طبری مین ہی کہ ہر سال حج کے واسطے جاتے تھے اور پھر جبل ہند پر تشریف لاتے تھے

ف حضرت آدم نے چالیس بار حج کی

معلوم ہوتا ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام نے سراندیپ مین گھر بنایا تھا اور توطن اختیار
کیا تھا فائدہ کنیت حضرت آدم علیہ السلام کی آسمان و جنت مین ابو محمد ہی اور زمین پر
ابو البشر اور شریعت آپ کی خدا پرستی و صوم و صلوٰۃ و قربان و حرمت خمر و خنزیر پر مشتمل تھی
اکیس یا چالیس صحیفے اُنپر نازل ہوے تھے اور یہ صحائف حکمت طبیعہ اور معرفت منافع و مضار

ف کنیت آدم ع

ادویہ اور کیفیت تسخیر جنہ اور علم حساب اور ہندسے پر متضمن تھے اور منجملہ معجزات کے ایک
یہ معجزہ تھا کہ پتھر سے پانی نکلتا تھا دوسرا یہ کہ سنگ ریزے آپ کی نبوت پر گواہی دیتے تھے
اور وحوش و طیور و درندے آپ کے مطیع و فرمانبردار تھے کہ انکو اپنی اولاد کی ایذادہی سے منع فرماتے تھے

ف معجزات آدم ع

اور جنگل اُنکے چلنے مین کم ہو جاتے تھے اور فن ہندسہ اور علم طب و موسیقی انھین کے
زمانے مین ظاہر ہوے اور ایک معجزہ یہ تھا کہ جب گیہون زمین مین بوتے اُسی وقت
درخت ہو جاتا اور خوشہ لاتا کہ حضرت آدم علیہ السلام اُسکو اپنے ہاتھ سے توڑ کر دیگ مین
ڈالتے اور اپنے ہاتھ اُسکے مُنھ پر رکھدیتے تو وہ بقدرت الٰہی بلا آتش و آب پک جاتا
کہ حضرت آدم علیہ السلام اُسکو نکال کر کھاتے اور اپنے لڑکون کو کھلاتے کذا فی
عجائب المخلوقات اخبار الدول مین ہی کہ درخت اور پتھر حضرت آدم علیہ السلام کے

ف بیان نکات

ہمراہ چلتے تھے اور آگ ہاتھ مین لیتے تھے مگر ہاتھ نہ جلتا تھا تنبیہ اِس قصے مین چند
نکتے ضروری البیان ہین اول یہ کہ اللہ جل جلالہ نے سکونت بہشت کو بالاصالۃ
حضرت آدم علیہ السلام کے حق مین فرمایا اور حوا کو تابع اُنکے کیا چنانچہ ارشاد ہوا
اسکن انت و زوجک الجنۃ اور میوہ کھانے مین دونون کو بالاصالۃ حکم دیا
کہ وکلا منہا رغدا حیث شئتما اور منع قربت شجرہ مین دونون کو شریک فرمایا کہ
ولا تقربا ہذہ الشجرۃ فتکونا من الظالمین اسمین یہ نکتہ ہی کہ تعین مکان سکونت

مرد کے اختیار مین ہوتا ہی عورت کو کچھ اسمین دخل نہین جہان چاہے وہان لیجاے اور
کھانے پینے اور پرہیز کرنے مین دونون برابر ہین کوئی تابع دوسرے کا نہین ہوتا ہی
دوسرے یہ کہ توبہ کرنے مین حضرت آدم علیہ السلام کا ذکر ہی کہ فتاب علیہ انہ ہو التواب
الرحیم اور حضرت حوا کا کہین ذکر نہین اسمین یہ نکتہ ہی کہ حوا کی توبہ آدم علیہ السلام کی
توبہ مین مندرج تھی اسواسطے کہ عورتین اکثر امور مین تابع مردون کی ہوتی ہین اور یہ بھی ہی
کہ حال عورتون کا مقتضی ہی پوشیدگی کا پس سکوت اُنکے ذکر سے اولی ہی بلکہ اسی سبب سے
اکثر جگہ قرآن اور حدیث مین ذکر عورتون کا مستور یعنی پوشیدہ ہی تیسرے یہ ہی کہ لاتقربا
نہی ہی اور نہی دو طریق سے وارد ہوتی ہی اول بطریق تحریم شرعی کہ اُسکے ارتکاب مین
مضرت دینی مرتب ہو دوسرے ارشادی کہ پرہیز اور احتیاط مضرات دنیوی پر مشعر ہوتی ہی
سو پہلے طریق مین مخالفت نہی کا موجب گناہ ہوتا ہی اور مرتکب اُسکا محتاج توبہ اور استغفار
ہوتا ہی اور دوسرے مین گناہ لازم نہین آتا ہی بلکہ ترک اولی اور خلاف مصلحت لازم آتا ہی
سو یہ نہی کس قبیل سے تھی آیا قسم اول سے یا قسم ثانی سے بعضے کہتے ہین کہ دوسری
قسم سے تھی لیکن صحیح یہ ہی کہ پہلی قسم سے تھی کیونکہ لاتقربا نزدیک ہونے سے منع کرتا ہی
چہ جاے اکل اور استعمال کہ صرف پرہیز اور احتیاط مین نہین ہوتی ہی لہذا اس
صیغہ کو محرمات شدیدہ مین استعمال کرتے ہین جس طرح لاتقربوا الزنا و لاتقربوا
مال الیتیم اور لفظ فتکونا من الظالمین بھی مؤید اس قول کی ہی علی ہذا اخراج
بہشت اور گریہ و زاری حضرت آدم علیہ السلام کا خوف سے اور تلقین توبہ اور لفظ
فتاب علیہ اسپر دلیل قوی ہی چوتھے یہ کہ جب کھانا درخت ممنوع کا موافق قول ارجح کے
معصیت ہوا تو حضرت آدم علیہ السلام سے وقوع معصیت لازم آیا اور یہ برخلاف
عصمت ہی اسواسطے بعضے مفسرین کہتے ہین کہ یہ معصیت قبل از نبوت صادر ہوئی ہی
اسواسطے کہ بعد نزول زمین کے حضرت آدم کو مرتبہ نبوت حاصل ہوا ہی لیکن یہ جواب قوی نہین ہی
اسواسطے کہ حضرت آدم کو مرتبہ نبوت بمجرد پیدائش کے حاصل تھا باین دلیل کہ تعلیم اشیا بلا واسطہ ہوئی
اور فرشتون کو سجدے کا حکم ہوا اور طبرانی اور ابن ابی شیبہ نے ابوذر سے روایت کی ہی کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جب اللہ تعالی نے اسکن انت وزوجک
الجنۃ فرمایا تھا تب حضرت آدم علیہ السلام نبی تھے و لہذا اکثر محققین کہتے ہین

کہ ارتکاب اِس معصیت کا حضرت آدم علیہ السلام سے بطریق زلت واقع ہوا ہی اور زلت کے یہ معنے ہین کہ ایک شخص امر مباح یا طاعت کا قصد کرے اور بسبب غفلت اور بے احتیاطی کے خلاف شرع اُس سے ظاہر ہو جاوے پس صورت اِس عمل کی صورت معصیت ہی اور معنے اُسکے معنے طاعت یا مباح کے ہین تو حضرت آدم علیہ السلام کو بسبب قسم کھانے ابلیس کے ایسا معلوم ہوا کہ مجھکو اس درخت کے کھانے سے واسطے خلافت زمین کے منع کیا ہی اور بر تقدیر کھانے کے اور ہی مرتبہ بالاتر اس سے حاصل ہوگا اِس سبب سے اقدام کیا جب لباس اور زیور بہشتی اُنسے اُتر گیا تب واقف ہوے کہ یہ فہم میرا خطا تھا اسواسطے توبہ و استغفار مین کوشش کرنے لگے اور یہ بھی شان کاملین کی ہی کہ تھوڑے گناہ کو بہت بڑا جانتے ہین اور ترک اولی یا بے احتیاطی کو خطا سمجھکر جزع و فزع کرتے ہین پانچوین یہ ہی کہ سورۂ اعراف مین مذکور ہی کہ شیطان کو بمجرد انکار سجدے کے بہشت سے نکال دیا تھا اور حضرت آدم علیہ السلام کو بہشت مین داخل کیا پس کسطرح شیطان بہشت مین پہونچا کہ اُسنے حضرت آدم علیہ السلام کو وسوسے مین ڈالا اور درخت ممنوع کے کھانے مین دلیر کر دیا جواب اسکا اِس قصے مین ہو چکا ہی کہ بوساطت مار اور طاؤس کے یہ لعین وہان پہنچا لیکن اہل اسرار و تحقیق یون فرماتے ہین کہ شیطان کمال کوشش اور سعی کرتا ہی کہ آدمی کو نیکی سے دور رکھے اور ضلالت مین ڈالے مگر اسکو یہ مطلب حاصل نہین ہوتا ہی جب تک کہ قوت شہویہ اور غضبیہ اپنے اختیار مین نکرلے اور یہ دونون قوتین نفس آدمی پر غالب ہین طاؤس مظہر ہی قوت شہویہ کا اور سانپ مخزن ہی قوت غضبیہ کا جیسا کہ شیطان سبب ہی قوت وہمیہ کا اور راز یہ کہ تسلط شہوات بیشتر خارج بدن سے ہی اور تسلط غضب داخل بدن سے پس صورت وسوسۂ شیطان نے اسطرح ظہور پکڑا کہ طاؤس کو باہر سے بھیجا اور سانپ کو دیوار بہشت پر لے آنے کا وسیلہ گردانا تاکہ اشارہ ہو کہ قوت غضبیہ اوفق روحانی اور حیز قلبی سے اقرب ہی نہ بسبب قوت شہویہ کے چنانچہ حکیم سنائی اشارہ کرتے ہین سہ خشم و شہوت مار و طاؤس اند در ترکیب تو ٭ دیو را این پایمرد و نفس را این دستیار ٭ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ حضرت موسی علیہ السلام نے جناب رب العزت مین درخواست کی کہ بار خدایا مجھ سے اور آدم سے ملاقات کرا دے تو مین اُنسے پوچھون کہ ہم کو اور

نوع دیگر

فصل محاجۂ آدم و موسی علیہما السلام

آپ کو کس واسطے بہشت سے نکال کر دار بلا مین ڈالا ہو حق تعالیٰ نے ملاقات کرادی تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بطریق اعتراض کہا کہ تم وہی آدم ہو کہ اللہ نے تم مین روح خاص اپنی پھونکی اور ہر چیز کے نام تمکو بتلائے اور فرشتون کو تمھارے سجدے کا حکم دیا اور بہشت مین تمکو رکھا حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ ہان مین وہی آدم ہون تب حضرت موسیٰ نے کہا کہ تمکو کیا سبب ایسا واقع ہوا کہ آپ کو اور ہمکو بہشت سے نکال کر زمین پر ڈال دیا حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ تم کون ہو جواب دیا کہ مین موسیٰ ہون حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ تو وہی موسیٰ ہی کہ اللہ نے تجھ سے کلام کیا اور تجھکو رسول بنایا اور مرتبہ مناجات مین ممتاز کیا اور توریت عطا کی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہان مین وہی موسیٰ ہون حضرت آدم علیہ السلام نے کہا سچ کہو توریت میری خلقت سے کتنی مدت پہلے لکھی گئی تھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا دو ہزار سال پیشتر حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا آیا توریت مین موجود ہی وعصیٰ آدم ربہ فغویٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہان موجود تھا تب حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ پھر مجھکو کیون ملامت کرتے ہو اُس امر پر جو قبل میری خلقت سے دو ہزار برس پیشتر لکھا گیا اس مقام پر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام غالب آئے موسیٰ علیہ السلام پر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام ساکت ہوے یہ بعینہ ترجمہ صحیح بخاری کی حدیث کا ہی تنبیہ قصہ حضرت موسیٰ و آدم علیہما السلام مین عوام الناس کو ایک بڑا شبہہ ہوتا ہی کہ اگر اس قسم کی گفتگو صحیح ہو تو لازم آتا ہی کہ ہر ایک بدکار ناصح کو ساکت کر دے اور باب امر بالمعروف ونہی عن المنکر مطلقاً مسدود ہو جاے کس لیے کہ جو امر شدنی نیک و بد سے ہر قبل پیدا ہونے کے لکھدیا ہی اور تقدیر نیکی و بدی موجب مجبوری صدور اُس فعل مین نہین ہی بلکہ تقدیر تابع وقوع کی ہی جو واقع ہوتا ہی مقدر کیا ہی خواہ باختیار ہو یا بلا اختیار جواب اس شبہہ کا یہ ہی کہ غرض حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یہ تھی کہ حضرت آدم علیہ السلام گناہ سے انکار کرین اسلیے کہ تکلیف کا وقت وقت انکار ہی اور حضرت آدم علیہ السلام اُس وقت مین نہ مکلف تھے نہ مرتکب گناہ اور نہ راضی بر گناہ صادر شدہ اور نہ عزم اپنا اسپر رکھتے تھے اور وجوہ انکار انھین امور مین منحصر ہی بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی غرض اس سوال سے معلوم تفسیر تھی کہ تم سے یہ گناہ کس طرح صادر ہوا سو حضرت آدم علیہ السلام نے اس سوال

تفسیری کو تقدیر پر چھوڑ کر دفع کیا اور یہی ہی طریقہ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کا تائب کو
گناہ شدہ سے پھر تعبیر کرنا بعصیان نہ چاہنیے بلکہ جو گناہ اُس سے صادر ہوچکا ہی تقدیر پر
حوالہ کرے اور ظاہر ہی کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر اوقات تکلیف مین ہین نہ بعد
ازموت اور بھی سرزنش وتعبیر لائق اُس گنہگار کے ہوتی ہی کہ اُسنے گناہ پر ندامت وخجالت
حاصل نہ کی ہو اور اگر مقدور پاوے پھر مرتکب اُس گناہ کا ہووے جہان کوئی امر ایسا
متحقق نہین تو تعبیر وسرزنش اُسکی خطا ہی کیونکہ جب وہ خود نادم وشرمندہ ہی تو پھر غیرت
دلانے سے کیا فائدہ اور سرزنش وتفضیح سے کیا نفع حضرت قدوۃ المحققین عمدۃ المحدثین
اُستاذ الاستاذ مولانا عبد العزیز الدہلوی اپنی تفسیر مین فرماتے ہین کہ ایک عارف سے
سماعت مین آیا کہ زلات انبیا علیہ السلام ہرچند کہ صورت مین ہمرنگ گناہ ہوتے ہین لیکن
معنی مین بحکمت واسرار پیچیدہ ہین پس غیرت دلانا وسرزنش کرنا اُسی شخص کا کام ہی
جو اسرار الٰہی سے واقف نہین نہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واسطے حضرت آدم علیہ السلام نے
اُنکے مدائح واوصاف بیان کرکے یہ الزام دیا کہ افتلومنی علی امر قد قدر من قبل ان اخلق
کیا ملامت کرتا ہی مجھکو اس بات پر جو ٹھہر چکی قبل میرے پیدا ہونے سے
اور حاصل کلام حضرت آدم علیہ السلام کا یہ ہی کہ تمسا شخص کہ مراتب عرفان کے مرتبہ اقصیٰ کو
پہونچا ہوا اُس سے نہایت بعید ہی کہ اِس زلت سراسر حکمت کو مجھ سے نسبت کرے اور فعل
حکیم سے کہ سراسر حکمت تھا غافل ہو جاے معلوم کرو کہ خلقت میری خلافت زمین اور جریان
کن مکن کے لیے ہوئی ہی اگر مین مرتکب احکام اُس گناہ کا نہوتا تو یہ کارخانہ کسطرح صورت
پکڑتا ونعم ما قیل ع کار پاکان را قیاس از خود مگیر + گرچہ ماند در نوشتن شیر شیر + اور حضرت
موسیٰ علیہ السلام پر اس جنس کے مواخذات اکثر ہین مگر یہ بھی مقتضاے کمال معرفت
وایقان ہی نہ دلیل نقصان عرفان ازانجملہ تین حکایتین حضرت خضر علیہ السلام کی ہین
کہ آخر سورہ کہف مین مذکور وموجود ہین اور اس کتاب مین بھی انشاء اللہ تعالیٰ حضرت
موسیٰ علیہ السلام کے قصے مین بالتفصیل مذکور ہونگی فائدہ مشہور مورخین مین یہ ہی کہ جب
حضرت آدم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے ہین تو قد مبارک اُنکا اتنا بلند تھا کہ جب
پہاڑ پر جاتے تو تسبیح ملائکہ سنتے اللہ تعالیٰ نے ساٹھ گز کا کر دیا مگر یہ سخن مخالف ظاہر حدیث
صحیح بخاری کے ہی جو کہ حضرت ابوہریرہ نے روایت کی ہی خلق اللہ آدم وطولہ ستون ذراعا
یعنے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور قد شریف اُنکا طول مین ساٹھ ہاتھ کا تھا

قد آدم علیہ السلام

عمر

شراح حدیث کو اختلاف ہی کہ ذراع ستہ ذراع آدم مراد ہی یا ذراع متعارف بعض قائل باول ہین اور بعض مائل ثانی مگر قول اول ارجح ہی کذا فی فتح الباری صحیحین مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے آدم کو اور اُسکا قد ساٹھ ہاتھ کا تھا پھر خدا نے کہا آدم سے کہ جا ان فرشتون کو سلام کر پھر سُن کیا جواب دیتے ہین کہ وہی سوال وجواب تیرا اور تیری اولاد کا ہی آدم نے فرشتون سے کہا کہ السلام علیکم فرشتون نے جواب دیا السلام علیکم ورحمۃ اللہ فرشتون نے رحمۃ اللہ کی لفظ زیادہ کی اور جو کوئی بہشت مین داخل ہوگا آدم کی صورت ہوگا یعنی ساٹھ ہاتھ کا قد ہوگا حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ لوگون کے قد کم ہوتے گئے اب تک یعنی حضرت آدم سے جتنا زمانہ بعید ہوتا گیا آدمیون کے قد بھی گھٹتے گئے بہشت مین سب برابر ہوجاوینگے ہرچند ساٹھ ہاتھ کا قد اسوقت خوشنا نہین کیونکہ ہمارے قد چھوٹے ہین مگر بہشت مین خوشنا ہونگے اسلیے کہ سب برابر ہوجائینگے اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ السلام علیک کرنا اور جواب مین وعلیک السلام ورحمۃ اللہ کہنا حضرت آدم علیہ السلام کی سنت ہی جو سلام علیک چھوڑ کر بندگی اور مجرا یا آداب یا کورنش کرتے ہین درحقیقت ناخلف ہین اِس لیے کہ اُسنے اپنے خاندان کی راہ چھوڑی ہکذا فی ترجمہ مشارق الانوار بالجملہ حضرت آدم علیہ السلام نے ہند مین قیام فرمایا اور اولاد ہونے لگی معالم مین ہی کہ دستور پیدائش یون قرار پایا کہ حضرت حوا ایک بیٹا دوسری بیٹی بطن واحد مین جننے لگین کہ بیس بار مین چالیس اولاد ہوگئی اول قابیل مع اقلیمیا بالکسر بایاہمزہ پیدا ہوے اور آخر عبدالمغیث توام امۃ المغیث اور مقام تولد قابیل اور اقلیمیا اور ہابیل اور لبوذا مین اختلاف ہی بعض کہتے ہین کہ جب زمین پر حضرت آدم اور حوا علیہما السلام سو برس بعد ملے تب قابیل با اقلیمیا پیدا ہوے پھر ہابیل مع لبوذا پیدا ہوے اور نزدیک محمد اسحٰق کے قبل صدور زلت بہشت ہی مین قابیل اور اقلیمیا ظاہر ہوے تھے اور کچھ رنج والم نہ ہوا بلکہ خون نفاس بھی نظر نہ پڑا تھا اور جب زمین پر آگئے تو ہابیل مع لبوذا ہوے اور دردزہ کی تکلیف ہوئی اور نفاس مین تخفیف نہوئی اور تفسیر زاہدی مین ہی کہ جمیع اولاد آدم علیہ السلام کی صلبی توام ہوئی ہی مگر حضرت شیث اور کلبی سے روایت ہی کہ فصل بین الحملین دو برس کا ہوتا تھا فائدہ تفسیر حسینی مین بقول ضعیف لکھا ہی کہ جب حضرت حوا کے آثار حمل ظاہر ہوے تو شیطان نے حوا کو بصورت مجہول آکر ڈرایا کہ تیرے پیٹ مین

کوئی بلا ہی حضرت آدم علیہ السلام نے بھی سنا دونون خوفناک دعا مین مشغول ہوے تب
اُسنے کہا اگر تم کہو مین نہ مین اسم اعظم جانتا ہون دعا کرونگا یہ بلا بدل جائیگی اور تم سا بشر پیدا ہوگا
بشرطیکہ نام عبدالحارث رکھو اور نام ابلیس کا فرشتون مین حارث تھا جب بیٹا ہوا تو عبدالحارث
نام رکھا شاید اسی کا اشارہ سورۂ اعراف مین ہو فلما تغشٰہا حملت حملاً خفیفاً فمرت بہ فلما اثقلت دعوا اللہ
ربہما لئن اتیتنا صالحاً لنکونن من الشاکرین فلما آتاہما صالحاً جعلا لہ شرکاء فیما آتاہما فتعالی اللہ
عما یشرکون یعنے جب مرد نے عورت کو ڈھانپا حمل رہا ہلکا سا پھر چلتی گئی اُس سے پھر جب
بوجھل ہوئی دونون نے پکارا اللہ اپنے رب کو اگر تو بخشے چنگا بھلا تو ہم شکر کرین پھر جب دیا
اُنکو چنگا بھلا ٹھہرانے لگے اُسکے شریک اُسکی بخشی ہوئی چیز مین سو اللہ اوپر ہی اُنکے شریک بنانے سے
پس اس حکایت سے جو تفسیر حسینی مین بتوسط کرکے لکھی ہی پیغمبرون سے شرک ثابت ہوتا ہی
اور حل اس شبہہ کا یہ ہی کہ اول تو یہ قصہ غلط ہی اور یہ روایت ضعیف ہی مفسرین کا اسپر
اتفاق نہین اور ظاہر ہی کہ آیت مین ایک مرد و عورت کا مذکور ہی نہ کہ آدم اور حوا کا گو اول ذکر
اُنکا ہو چکا ہی ثانیاً بر تقدیر تسلیم یہ کہہ سکتے ہین کہ جو کچھ تقی آدم مین مقدر کیا تھا وہ حضرت
آدم علیہ السلام مین ظاہر ہوا اسمین وہ نمونہ تقدیر یہ تھا کہ اولاد کے گناہ اُنمین نظر آئے جسطرح
آئینہ مین صورت نظر آتی ہی چنانچہ نفس کی خواہش اور حکم الٰہی کا وجوبی نہ سمجھنا اور بات
کہکر بھول جانا اور دوسرے کر منکر ہونا یہ سب اولاد کی اوضاع انمین منظر پڑ چکی ثالثاً تفسیر بیضاوی
اور کشاف مین لکھا ہی کہ یہ آیت قصی بن کلاب کی شان مین وارد ہی یعنے جب اُسنے عورت
قریشیہ عربیہ سے نکاح کیا تو باہم یہ شرط کی کہ اگر لڑکا شائستہ پیدا ہوگا تو خدا کا شکر کرینگے
سو اللہ نے چار بیٹے عنایت کیے انھون نے ناشکری کی اور خدا کا شریک پیدا کیا اور
عبدالعزیٰ اور عبد مناف اور عبد قصی اور عبد الدار نام رکھا بالجملہ اہل تفسیر کو شان نزول
اس آیت مین اختلاف ہی بعض کے نزدیک حضرت آدم اور حوا نے فریب کھایا اور سہواً نہ عمداً
اور قصداً مصدر شرک فی الاسم ہوے یعنی لفظ عبداللہ کے مقام مین عبدالحارث نام رکھدیا
اور اگر یہ سمجھے ہون کہ حارث خدا کا نام ہی تو بھی عجب نہین اور بعض نے کہا یہ خطاب بنی آدم
سے ہی یہ قول عکرمہ اور اُسکے توابع کا ہی اور بعض کے نزدیک مخاطب قصی بن کلاب ہی اور
اُسکی عورت یہ قول ابن کیسان اور اُسکے توابع کا ہی اور بعض کہتے ہین کہ نسبت شرک
آدم و حوا سے بطریق مجاز ہی اور مراد اُنکی اولاد ہی اور تحقیق یہ ہی کہ محاورۂ اہل عرب

یون جاری ہی کہ اولاد کو وقائع اجداد سے اور اجداد کو سوانح اولاد سے نسبت کرتے ہین
چنانچہ کلام ربانی مین بھی ایسا محاورہ واقع ہی سورۂ بقرہ مین اکثر بخطاب ثم اتخذتم العجل
اور یسومونکم سوء العذاب اور یذبحون ابنائکم حالانکہ یہ تینون واقعے بنی اسرائیل سے اجداد
کے ہین اسی طرح اور آیات بھی ہین اور کاتب کے نزدیک سچ تو یہ ہی کہ قرآن شریف اس
امر کو ارشاد فرماتا ہی کہ مراد اس سے شرک اولاد ہی کیونکہ اللہ صاحب جعلا لہ شرکاء فرمایا ہی نہ
بلفظ جمع اور اگر قصہ حارث مراد ہوتا تو جعلا لہ شریکا نازل ہوتا کیونکہ اس قصے مین ایک شریک سے
زیادہ نہ تھا پھر شرکا کمان سے کو دپڑے اور ما بعد اس کلام کا بھی اسی پر دال ہی فتعالی اللہ
عما یشرکون اسلیے کہ اگر شرک آدم وحوا مراد ہوتا تو ارشاد ہوتا فتعالی اللہ عما اشرکا لہ
اور اگر فرض کیا جاسے کہ یہ قصہ صحیح ہی تو ہرگز کوئی ثابت نہین کرسکتا کہ حضرت آدم علیہ السلام
معلوم تھا کہ یہ شیطان ہی اور نام اسکا آسمان مین حارث ہی بلکہ الفاظ حکایت مذکورہ سے
واضح ہوتا ہی کہ نام شیطان کا زمین مین حارث نہ تھا پس ممکن ہی کہ جب وہ مردود بہ تبدیل
صورت بنا بر فریب دہی آیا اور یہ کہا کہ عبد الحارث نام رکھنا تو حضرت آدم علیہ السلام نے
جانا ہو کہ یہ نام خدا کا ہی لہذا عبد الحارث رکھدیا قطع نظر اس سے عبد کی لفظ کئی معنون پر
مستعمل ہی ایک معنی مملوک از روے خلق وتکوین دوسرا مملوک بالکسبین تیسرے معنی
نیازمند و حاجت روا و منت پذیر اہل عرب بولتے ہین فلان عبد الضیف یعنی حاجت روا
مہمان اور الانسان عبید اہل الاحسان یعنی انسان منت پذیر اہل احسان ہی اور شاگرد بھی
اپنے استاد سے کہتا ہی انا عبدک یعنی مین تیرا نیازمند ہون پس معنی اول سواے
خدا کے دوسرے کی نسبت تصور کرنا عین شرک ہی نہ اور معنے اور ظاہر ہی کہ حضرت آدم
اور حوا نے شیطان کو بہ تبدیل صورت از قسم خواص جانا اور نام بیٹے کا عبد الحارث رکھا
یعنی نیازمند حارث اور منت پذیر حارث تو کیا قباحت ہوئی اور عتاب جو ہوا سو ترک
آداب پر ہوا اور یہ عتاب ترک ادب پر پیغمبرون سے موجب نقصان نہین بالجملہ جب
حضرت آدم علیہ السلام کے اولاد ہوئی تو شریعت بضرورت یہ جاری ہوئی کہ آنجناب
ایک بطن کے مرد کو دوسرے بطن کی عورت سے نکاح کردیتے تھے چنانچہ اقلیمیا کہ
خوبصورت تھی اور قابیل سے توام پیدا ہوئی تھی ہابیل کے واسطے تجویز کی اور لبوذا نہ اوہ
یہودا جو کریہ منظر تھی قابیل کے لیے ٹھہرائی قابیل نے کہا مین اقلیمیا کو لونگا حضرت آدم نے

بیان معنی عبد

بیان نکاح ہابیل وقابیل

فرمایا جو حکم الٰہی ہوا ہے مین اُسکو بجا لاتا ہون تو اسے قبول کر قابیل نے کہا مین نہین مانتا تم ہابیل کو زیادہ پیار کرتے ہو اس باعث سے یہ بات کہتے ہو حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا تم دونون قربانی کرو جسکی قربانی قبول ہو وہ اقلیمیا کو پاوے چنانچہ ہابیل ایک بکری نہایت اچھی لایا اور پہاڑ پر چھوڑ گیا اور کہا کہ اگر میری قربانی قبول نہوگی تو مین اقلیمیا کو نہ لونگا اور قابیل زراعت پیشہ تھا وہ ایک دستہ گیہون کا لایا کم دانہ اور اسکو پہاڑ پر رکھکر یہ عہد کیا کہ میری قربانی قبول ہو یا نہو اقلیمیا کو ضرور لے لونگا اور اُس زمانہ مین یہ دستور تھا کہ قربانی رکھدیتے تھے آگ اُسے لیجاتی تھی اسی سے دریافت ہوتا تھا کہ فلان شخص کی قربانی قبول ہوئی سو اس معرکہ مین یہ ہوا کہ جب قابیل اور ہابیل اپنی اپنی قربانیان رکھ آئے تو ایک آتش بلا دود آسمان سے نازل ہوئی اور ہابیل حق شناس کی قربانی کو کہ ایک بکری بہت اچھی تھی اُٹھا لے گئی اور قابیل ناحق شناس کی قربانی کو جو ایک دستہ گندم بلا دانہ تھا نہ لے گئی تب حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا ای قابیل تو نے دیکھا خبردار ہو کہ اقلیمیا ہابیل کا حق ہے اور اُسی کی روزی حلال ہے تجکو تعرض کرنا نہین جائز اس بات سے آتش حسد قابیل کے دل مین بھڑکی اور دود حسرت نے چشم بصیرت کو تیرہ و تاریک کر دیا تو کہنے لگا واللہ ای ہابیل تجھے مار ڈالونگا اسلیے کہ تیری قربانی مقبول ہوئی اور میری مردود ہابیل نے کہا پرہیزگارون کی قربانی خلوص نیت سے قبول ہوتی ہے اگر تو ہاتھ چلاویگا مجھپر مارنے کو مین ہاتھ نہ چلاؤنگا تجھپر مارنے کو مین اللہ سے ڈرتا ہون کہ وہ سارے جہان کا صاحب ہے مین چاہتا ہون کہ تیرے گناہ عمر کے ثابت رہین اور میرے خون کا گناہ اور چڑھے اور میری عمر کے گناہ اُترین سبحان اللہ بحمدہ اگرچہ ہابیل قابیل سے زور مین دونا تھا لیکن اُسنے خوف رب العالمین سے تسلیم و رضا کا شیوہ اختیار کیا اور بسبب حق برادری کے کہا کہ تو اگر ماریگا تو مین نہ مارونگا مگر قابیل نے بشرارت نفسانی ارادہ قتل مین مضبوطی پیدا کی اور فکر مین پڑا کہ جب موقع ملے مار ڈالون الا طریق قتل مین متحیر تھا کیونکہ اُس وقت تک کہین یہ معاملہ واقع نہوا تھا ایک روز ابلیس پر تلبیس علیہ اللعن والعذاب بصورت انسان آیا اور ایک مار خوار مرغ ہاتھ مین لایا اور اُسکو ایک پتھر پر مار کر دوسرے پتھر سے کچل ڈالا قابیل نے یہ طریق اپنے ذہن مین محفوظ رکھا یہان تک کہ ایک روز ہابیل جنگل سے سیر کرکے آیا

اور درخت بید کے نیچے لیٹ کر سو گیا قابیل اپنے وقت کی راہ دیکھتا تھا سوتے سے ایک
سنگ گران لیکر سر ہابیل پر مارا کہ سر پھٹ گیا بعض کہتے ہین کہ پیشتر درخت بید ثمردار تھا
اُسی دن سے اُسمین ثمر نہین لگتا بعضے کہتے ہین کہ عمر ہابیل کی بیس برس کی ہوئی بالجملہ
جب یہ واقعہ ہو گیا تو اب قابیل متحیر ہوا کہ لاش ہابیل کو کیا کرون وضع تدفین سے
واقف نہ تھا ناچار اپنے کندھون پر لیے پھرتا رہا بعضون کے نزدیک چالیس دن گھوما
اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک ایک برس کہ اس عرصہ مین نہایت پریشان
تنگ دل ہوا اور رونا دن پندرون سے شروع کیا تب خداوند تعالیٰ نے ایک کوا بھیجا اُسنے
اپنی چونچ سے زمین کریدی اور ایک کوا مردہ اُسمین چھپا دیا تب قابیل نے لاش ہابیل
یہی معاملہ کیا اور سبب یہ ہوا کہ اس سے پیشتر کوئی انسان مرا نہ تھا اور کوئی نہ جانتا تھا کہ
بدن مردے کا کیا کرنا چاہیے قابیل نے خیال کیا کہ اگر بدن ہابیل کا پڑا رہیگا تو مجکو لوگ
گرفتار کرینگے ناچار پوشیدہ رکھنے پھرتا جب کوے نے یہ حال کیا تو اُسنے ایک بھائی کی
خیرخواہی دوسرے بھائی کے حق مین دیکھی اور پشیمان ہو کے کہنے لگا کہ افسوس مجھسے
یہ بھی نہو سکا کہ ہوتا برابر اس کوے کے پھر چھپاؤن عیب اپنے برادر کا اور یہ احوال
اللہ صاحب نے سورہ مائدہ مین مفصل نازل فرمایا اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کو ارشاد ہوا کہ یہ قصہ اہل کتاب کو سناؤ کہ تم حسد نہ کرو کیونکہ حاسد مردود ہوتا ہے
دیکھو ہابیل کمال نیاز سے اچھی سی بکری قربانی کو لایا اور غیب سے آتش بے دود نے
آکر کھایا اور قابیل ایک دستہ گندم ناقص رکھ گیا آگ نے قبول نہ کیا تب حسد مین گرفتار
ہوا کہ اپنے بھائی کو مار ڈالا اگرچہ ہابیل کو قابیل کے مارنے مین رخصت تھی مگر ہابیل نے
بطمع درجۂ شہادت مارنے سے انکار کیا کہ مین نہ مارونگا اور یہ بھی خیال کرلو کہ ہابیل جو پیغمبر کے
حکم پر تھا اُسکی نیاز قبول بارگاہ الٰہی ہوئی اور قابیل کہ نافرمانبردار تھا اُسکی قسم بانی
کسی نے نہ پوچھی اور ایسی بلا مین پڑ گیا کہ جب جہان مین خون ہوتا ہے اُسپر بھی ایک
وبال چڑھتا ہے کیونکہ رسم قتل ناحق کی قابیل نے اس جہان مین جاری کی ہے اور اول
بڑا گناہ روے زمین مین یہی ہوا ہے کہ وہ اسی حدیث شریف مین آیا ہے کہ من سن سنۃ سیئۃ
کان لہ کفل منہا یعنی جو کوئی طریق بد خلاف شرع ایجاد کرے اور اُسپر کوئی عمل کرے تو عامل
وموجد دونون شریک شمار کیے جاتے ہین اور توریت مین بھی فرمایا ہے کہ ایک کو مارا جیسے

سب کو مارا یعنی ایک کے کرنے سے اور دلیر ہوتے ہین تو سب کے گناہ مین وہ اول بھی شریک ہی اور جیسا ایک کو جلایا سب کو جلایا یعنی ظالم کے ہاتھ سے بچا دیا کما قال اللہ فی سورۃ المائدۃ من اجل ذلک کتبنا علی بنی اسرائیل انہ من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ومن احیاہا فکانما احیا الناس جمیعا تفاسیر معتبرہ مین وارد ہی کہ جب قابیل ہابیل کو زمین مین دفن کر کے چلا تو حکم ہوا کہ ای زمین اسکو پکڑ سو زمین نے پکڑا اور تا زانو اسکو نگلا اُسوقت قابیل نے کہا یا الٰہی شیطان مردود نے بڑی نافرمانی کی اور آدم میرے باپ نے درخت ممنوع عنہ کا پھل خلاف حکم کے کھایا وہ دونون اس بلا مین نہین پڑے میرا ایسا قصور کیا ہی ارشاد ہوا کہ شیطان لعین نے کوئی خون ناحق نہین کیا اور آدم تیرے باپ نے صلۂ رحم کو قطع نہین کیا تھا جو انکو یہ سزا دیجاتی اور تجھسے دونون گناہ صادر ہوے ہین اسواسطے تو ایسی سزا کا مستحق ہی پھر حکم ہوا ای زمین اسکو پکڑ یہ ملعون جانے نپائے تب زمین نے تا سینہ خوب دبا لیا تو قابیل نے کہا یا الٰہی بحرمت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جنکا نام مبارک تیرے نام پاک کے ساتھ لکھا ہوا ساق عرش پر مین نے دیکھا تھا رحم فرما حکم ہوا کہ ای زمین اب اسے چھوڑ دے کہ زمین نے باہر نکال دیا اور ایک روایت ہی کہ حکم الٰہی صادر ہوا قصاص کا تو قابیل اقلیما کو لیکر جانب یمن بھاگا اور اُسکی اولاد کثرت سے ہوئی اور آخرکار اپنے پسر صلبی مسمی [illegible] کے ہاتھ سے مارا گیا اور نصف عذاب دوزخ بروایت صحیحہ قابیل پر ہوگا اور بعض کہتے ہین کہ ہر روز زندہ کیا جاتا ہی اور مارا جاتا ہی تفسیر زاہدی مین ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام کو اس حال سے معرفت حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اسطرح اطلاع ہوئی کہ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام بنابر ادائے مناسک حج بیت اللہ تشریف لیگئے تو اُسوقت قابیل باوصف تلاش نہ ملا اور راہ مین عجیب انقلاب وتغیر پایا گیا کہ بعض درخت ثمردار پرثمر نہ تھے اور بعضون مین تھے مگر نہایت کم اور اشجار خاردار راہ مین نہایت کثرت سے موجود تھے حالانکہ پیشتر انکا وجود نہ تھا اور وحوش وطیور جو کہ انسان سے الفت وموانست کرتے تھے وہ آدمیون کو دیکھکر بھاگتے تھے پھر ایک آندھی ایسی آئی کہ عالم تاریک نظر آنے لگا اور قلوب بنی آدم مین ہول وخوف ایسا طاری ہوا کہ ہر شخص متحیر وحیران ہوا اور حضرت آدم علیہ السلام بھی گھبرائے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھنے لگے کہ ای امین خدا یہ تغیر وانقلاب جو نظر آتا ہی اول کبھی نہ تھا

ف ذکر اطلاع پانی آدم

اِسکا سبب جو تم جانتے ہو بیان فرماؤ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ سب تغیر و انقلاب شومی معصیت قابیل پسر نالائق و نافرمانبردار تمھارے سے ہوئی ہی کہ اُسنے ناحق ہابیل اپنے بھائی کو مار ڈالا یہ حال سُنکر حضرت آدم علیہ السلام کو ایسا غم و الم دامنگیر ہوا کہ پانسو برس تک نہین ہنسے اور ایک روایت ہی کہ دو برس تک قبر ہابیل پر قیام پذیر رہے اور ایک مرثیہ بھی نظم فرمایا گویا مضمون یہ تھا سے آہ حزنے کاندرین لوح دو رنگ ❊ حرف ثابت شد بسان نقشِ سنگ ❊ از ہمان غم ہر غمِ عالم بود ❊ آدم غمہا غم آدم بود ❊ بالجملہ حضرت آدم و حوا کو شدت غم و رنج کی اُسوقت تک رہی جب تک حضرت شیث علیہ السلام پیدا ہوئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اللہ صاحب کی طرف سے پیغام دیا کہ یہ نعم البدل تمکو عنایت ہوا ہی اب غم و الم دل سے دور کرو اُسوقت حضرت آدم و حوا کو فی الجملہ تسکین ہوئی روایت ہی کہ جب ایام موت قابیل کے قریب پہونچے تو شیطان لعین نے بصورت انسان آکر کہا کہ ہابیل آتش پرست تھا اِسی سبب سے اُسکی قربانی آتش نے لے لی جو تم بھی آگ کو سجدہ کرو تو سب دیو و پری تمھارے مسخر ہون اور مثل آدم تمھاری قدر ہو اور آگ تمھاری معین و مددگار رہے چنانچہ قابیل آتش پرست ہوا اور اُسی وضع پر مرا اور اولاد اُسکی یمن مین رہی اور شیوہ آتش پرستی بوضع پدر جاری رکھا اور مانند حیوانات لایعقل مان بہن اور بہو بیٹی سے وطی کرتے رہے یہان تک کہ حضرت ادریس نے انپر جہاد کیا فائدہ معلوم ہوتا ہی کہ مادہ خلقت قابیل اُس لقمہ سے ہوا تھا جسکو حضرت آدم و حوا نے بہشت مین کھایا تھا اور اِس وجہ سے ایسی نافرمانیان اُس سے صادر ہوئین کہ آتش پرست ہو گیا اور وہی اثر اُسکی اولاد مین ظاہر ہوا اور ہرچند حضرت آدم علیہ السلام نے بحکم الٰہی دعوت فرمائی اور معجزے دکھلائے کسی نے نہ مانا فائدہ شریعت حضرت آدم علیہ السلام مین پچاس وقت کی نماز اور روزے ایام بیض فرض تھے و غسل جنابت لازم تھا اور خون و خوک و مردار و شراب ممنوع تھے اور حضرت آدم علیہ السلام جملہ احکام اپنی شریعت کے اولاد پر جاری فرماتے تھے اور جب وفات کے دن قریب پہونچے تو اپنی اولاد کو جمع کر کے احکام شریعت کی وصیت فرمائی اور اطاعت شیطان سے نہی کی اور حضرت شیث علیہ السلام کو امیر و وصی گردانا اور ارشاد کیا کہ دنیا مین آرام سے نرہنا اور عورت کے کہنے پر عمل نکرنا اور ہر ایک کام کا انجام سوچ لینا اور جس کام مین تردد واقع ہو اُسمین تامل کر کے چھوڑ دینا اور جو کوئی کام

پیش آوے اُسمین اپنے دوستون سے مشورہ کرنا اور نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
باحسن وجوہ حفاظت کرنا فائدہ قصہ حضرت آدم علیہ السلام مین بنی آدم کو عبرت وپند ہی
کہ ایک زلت حضرت آدم علیہ السلام کو اسطرح ماخوذ کیا کہ بہشت سے نکالا جو لوگ اولاد آدم
علیہ السلام سے گناہون مین گرفتار رہتے ہین اُنکا حال دیکھا چاہیے کیا ہوگا پس بنی آدم کو
لازم ہی کہ صغیرہ وکبیرہ گناہون سے حتی المقدور اجتناب کرین اور اپنے باپ کا حال یادکر
نصیحت پکڑین فائدہ قصہ حضرت آدم علیہ السّلام مین جو سورۂ بقر مین مذکور ہوا ہی ارشاد
فرماتے ہین اہبطوا بصیغۂ جمع حالانکہ اطلاق جمع کا تین سے کم پر نہین ہوتا اور اس مقام مین
سواے حضرت آدم وحوا کے اور کوئی قابل اخراج از بہشت نہ تھا تو ایسے مقام پر اہبطا
چاہیے تھا دوسرے جب ایک مرتبہ اہبطوا فرما چکے پھر قلنا اہبطوا منہا جمیعا کا کیا فائدہ ہی
حل اس اشکال کا یہ ہی کہ صیغۂ جمع کا اطلاق اس سبب سے ہی کہ تمام نوع بنی آدم کی مراد ہی
اور منظور سارے نوع کا اخراج تھا لہذا صیغۂ جمع لائے یا اس سبب سے کہ مار وطاؤس
وابلیس لعین بھی اس خطاب مین شریک ہین اور جو مکرر اہبطوا ارشاد ہوا ہی اُسکا فائدہ یہ ہی
کہ اول حکم تھا اخراج کا جنت سے اور دوسرا حکم ہی استقرار کا زمین پر اور بھی اس بات پر
اشارہ ہی کہ رجوع بہشت کی امید فی الفور نرکھو یعنے اسکا خیال نکرو کہ قبولیت توبہ سے
فوراً بہشت مین جاکے وہان کی نعمتون سے متمتع ہونگے بلکہ زمین پر وقت موعود تک
رہنا پڑیگا فائدہ میر سید علی ہمدانی کتاب ذخیرۃ الملوک کے پانچوین باب مین لکھتے ہین
اولاد حضرت آدم
کہ ایام حیات حضرت آدم علیہ السلام مین چالیس ہزار اولاد پیدا ہوئی اور یہ حضرت
اپنی اولاد کو فرمان حق پہونچاتے رہے اور ضبط قانون ودستور انکی معاش کا علی التسویہ
یعنی برابر انہین اوقات بسر کرتے تھے اور کھانا پیٹ بھر نہ کھاتے تھے اور سیا ہوا کپڑا
نہ پہنتے تھے اور ہنستے نہ تھے اور بات بلاضرورت نکرتے تھے اور غایت ضعف وبڑھاپے
اُنکے پہلو کی ہڈیان سیڑھی کی طرح ہوگئی تھین اکثر اوقات کہ مراقبے مین بیٹھتے
تو مرد وعورت انکی اولاد مین سے آتے اور اُنکی پسلیون پر سے کاندھون پر چڑھکر سر پر
بیٹھتے تھے اور دوسری طرف سے اُتر آتے تھے اور حضرت آدم اپنا سر نہ ہلاتے تھے اور
بعضے انکو جب ملامت کرتے تو حضرت کہتے تھے کہ جو کچھ مین نے دیکھا ہی تم نے نہین دیکھا
اور جو کچھ رنج مین نے اُٹھائے ہین تم نے نہین اُٹھائے دیکھو مجکو ایک حرکت کے واسطے

نعیم جنان سے از روے عتاب عالم پریشان مین ڈال دیا سو مین خوف کرتا ہون کہ مبادا دوسری حرکت مجھ سے ہووے تو اسفل السافلین مین قید ہو جاؤن فائدہ کتب معتبرہ مین لکھا ہی کہ جسوقت حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت شیث کو وصی فرمایا تو ایک صندوق نکالا اور اُسکا قفل کھولا اور اُسمین سے ایک صحیفہ نکال کر دکھلایا اُسمین صفات و علامات و معجزات پیغمبرون کے لکھے ہوے تھے اور اُنکی زبانون و بلاؤن و عطاؤن کا بیان تھا سو سب بیان فرمائے یعنے اول اپنا ذکر کیا پھر حضرت شیث کا یہان تک کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ختم کیا بعد اُسکے صفات حضرت ابوبکر صدیق کے پھر حضرت عمر فاروق کے پھر حضرت عثمان ذی النورین کے پھر حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہم کے ذکر کیے پھر حضرت حسنین علیہما السلام کی صفات بیان فرمائے بعد ازان اُس صحیفے کو لپیٹا اور اُسی صندوق مین رکھا کہا ای جان پدر قمیص خلافت کو تقوی اور پرہیزگاری سے زینت دینا اور میری شریعت پر عمل کرنا پھر ایک انگوٹھی عنایت فرمائی اور ابن عساکر و خطیب رضی اللہ عنہ حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام نے آخر عمر مین سکوت و قلت کلام اختیار فرمایا اس عرصہ مین اولاد اُنکی قریب چالیس ہزار کے تھی وہ سب جمع ہو کر آئے اور کہا ای پدر مہربان کیا وجہ ہی جو تم ہم سے نہین بولتے اگر ہم لوگون سے کچھ قصور یا گناہ ہوا ہی تو آگاہ کیجیے کہ توبہ و استغفار کرین فرمایا ای جان پدر سنو اللہ تعالی نے شامت گناہ سے مجکو جنت فردوس سے خارج فرماکر زمین پر ڈالا کہ تمام عمر میری حزن و اندوہ و تب و تاب مین گذری اور اِس اندیشہ و فکر مین رہا کہ ایسا حیلہ کہان سے پیدا کرون جس سے پھر بہشت مین پہونچون سو اُس وقت وحی ہوئی کہ قلت کلام اختیار کرتا میری ہمسائگی پھر نصیب ہو اسلیے مین نے سکوت اختیار کیا ہی اور ابن صلاح نے اپنی کتاب امالی مین محمد ابن المنذر سے نقل کیا ہی کہ حضرت ابو البشر علیہ السلام نے جناب حق مین عرض کیا کہ الٰہی مین درخواست کرتا ہون کہ انفاس باقیہ میری زندگی کے حمد و تسبیح مین گذرین مگر ای خدا تو نے مجھے زراعت و حرفت مین ایسا مشغول و مشعوف فرمایا ہی کہ مجھسے کچھ بھی نہین ہو سکتا سو مجکو ایسی چیز تعلیم فرما جو کہ تحمید و تسبیح تمام خلائق کا جامع ہو خالق عالم نے وحی بھیجی کہ صبح و شام تین مرتبے پڑھا کر الحمد للہ رب العالمین حمدًا یوافی نعمه و یکافی مزیده کرمه اور ابن سعد

ذکر وفات آدم

اور حاکم وغیرہ اہل حدیث رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہین کہ جب ایام وفات حضرت ابوالبشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے قریب ہوے تو انکو خواہش میوہ ہاے جنت کی پیدا ہوئی چونکہ خود بسبب ضعف و نحافت و سقوط قوت کے حرکت سے معذور تھے بیٹون سے ارشاد کیا کہ تم میرے واسطے بہشت کا میوہ اللہ سے طلب کرو اور اُس ایام مین طلب حاجت، واستجابت دعوت کا یہ دستور تھا کہ زمین کعبہ مکرمہ پر جاکر دعا کرتے تھے حاجت روا ہوتی تھی سو ابناے آدم علیہ السلام بحکم پدر ذی الاکرام دعا کرنے کو جانب کعبہ روانہ ہوے چند گام چلے تھے کہ حضرت جبرئیل امین مع دیگر فرشتگان ملاقی ہوے اور مقصود حرکت سے استفسار کرنے لگے انھون نے ماجراے فرمایش آدم علیہ السلام ظاہر کیا فرشتون نے کہا کہ تم سب لوٹ چلو ہم فرمایش تمھارے باپ کی لائے ہین سو وہ لوگ ہمراہ فرشتون کے واپس آئے اور حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوے اُسوقت حضرت ام البشر گھر مین بیٹھی تھین انکو ملائکہ موت کے دیکھنے سے خوف دامنگیر ہوا کہ دم بدم حضرت آدم کے پاس آنے جانے لگین آخرکار حضرت آدم علیہ السلام نے زجر و توبیخ سے فرمایا دور ہو میرے پاس سے کہ جو کچھ مجھپر گذرا ہے صرف تیرے سبب سے ہے اب تو ہا مین میرے اور خدا کے رسولون کے حائل نہو الغرض فرشتون نے قبض روح شریف آدم علیہ السلام کی میوہ جنت کی خوشبو سے فرمائی اور بولے کہ ای بنی آدم دیکھ رکھو اور یاد کرلو کہ اسوقت جو معاملہ کہ ہم تمھارے باپ کے ساتھ کرین اُسی طرح تم اپنے موتے سے کرنا بعد ازان حضرت جبرئیل نے ایک خوشبو مرکب بہچار کچھ اور ایک کفنی بہشتی اور چند برگ کنار جنتی نکالے اور غسل دیا پھر کفن پہنایا اور حنوط[1] ملا اور نعش اُٹھا کر کعبہ مین لے گئے اور نماز پڑھکر مسجد حنیف کے متصل دفن کیا و بروایتے کوہ بوقبیس[2] مین جسکو غار الکنز بولتے ہین دفن کیا تا زمانہ طوفان قبر اسی جگہ تھی وقت طوفان نوح علیہ السلام نے جسد مبارک کو ایک تابوت مین رکھکر کشتی پر رکھ لیا تھا جب طوفان ہوگیا بوقبیس پر دفن کیا اور ایک روایت ہے کہ بیت المقدس مین یا نجف کوفہ مین دفن کیا اور بعض کے نزدیک سراندیپ مین دفن کیا لیکن یہ روایت ضعیف ہے اور بروایت صحیح وفات حضرت آدم علیہ السلام کی مکہ شریف مین ہوئی اور ابوالشیخ نے خالد بن معدان سے نقل کیا ہے کہ ہبوط آدم ہند مین ہوا اور وفات بھی ہند مین ہوئی مگر بعد وفات دو سو خواہ ڈیڑھ سو مرد اولاد آدم سے جنازہ انکا اُٹھا کر کعبہ شریف کے متصل

تکفین حضرت آدم

نجف: نام شہریست کہ دران مرقد علی مرتضی است ۱۲

[1] حنوط بالفتح اول خوشبوئیست کہ در وقت کفن برای مردہ سازند ۱۲ منتخب

[2] بوقبیس بالضم قاف وفتح با سہ موحدہ نام کوہ قریب مکہ ۱۲ غیاث

لائے ہین وہو الاصح اور یہ بھی نقل کیا ہی کہ وقت وفات آدم چالیس ہزار بنی آدم تھے لیکن
فرزند بیواسطہ اکتالیس ۴۱ نفر تھے اکیس مرد اور بیس عورتین خواہ انیس ۱۹ عورت اور بائیس مرد
اور دارقطنی نے اپنے سُنن مین ابن عباس رض سے روایت کی ہی کہ امام صلوۃ جنازہ حضرت جبرئیل
علیہ السلام تھے اور ایک روایت مین ہی کہ حضرت شیث علیہ السلام امام ہوے اور چار
تکبیرین فرمائین اور قبلہ کی طرف سے لحد مین رکھا اور قبر کو بغلی کھودا تھا بعد ازان ہیچ کو ہان شتر
بنایا اور ابن عباس رض نے ابی ابن کعب سے روایت کی ہی مرفوعا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو بعدد
طاق غسل دیا تھا اور ابن عساکر نے عطا خراسانی سے نقل کیا ہی کہ بعد وفات آدم علیہ السلام
ام البشر نے سات دن غم و ماتم کیا تھا اور صحیح یہ ہی کہ عمر حضرت آدم علیہ السلام کی نوسو ساٹھ ۹۶۰
سال کی ہوئی اور ایک روایت مین ہزار سال لکھا ہی اور تطبیق بین الروایتین یون ہوسکتی ہی
کہ جو لوگ قائل باول ہین وہ قیام عالم دنیا مراد لیتے ہین اور جو ہزار برس کی کہتے ہین
وہ چالیس برس مابین ہبوط و ولادت کے بھی شامل کرتے ہین اور حدیث شریف مین ہی
کہ عمر آدم الف سنۃ قمریۃ روایت ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام گیارہ دن بیمار رہے تھے اور
ایک روایت مین اکیس دن ہین اور آخر مرض مین حضرت شیث کو وصی کیا تھا اور حضرت
حوا کی وفات تین دن بعد وفات آدم علیہ السلام سے ہوئی و بروایتے ایک برس بیوہ
رہین و بروایتے سات برس اور حضرت آدم کے پہلو مین مدفون ہین اور خواجہ عبدالکریم
مؤلف نادر نامہ لکھتے ہین کہ مین نے قبر حضرت حوا کی جدہ مین دیکھی ہی اور دیکھی ہی مقابل قبر
ایک گنبد کوچک واقع ہی اور طول قبر یکصد و نود ۱۹۰ ہفت قدم ہی مولانا رفیع الدین محدث
رسالہ تقویم التواریخ مین لکھتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام تاریخ ہشتم شہر نیسان مطابق
دہم محرم روز جمعہ بہشت سے جزیرہ سراندیپ مین اُترے اور یہی مبداء تاریخ قرار پایا چنانچہ
وفات نوسو تیس ۹۳۰ شمسی مین ہوئی اور تفاوت شمسی و قمری کا تیس برس کا ہوتا ہی تو بحساب
قمری نوسو ساٹھ ۹۶۰ برس دنیا مین رہے اور چالیس برس بہشت مین بسر ہوے پس تمام عمر
ہزار برس کی ہوتی ہی اور از روے تحقیق فقیر کو ثابت ہوا کہ ابتداء سے پیدایش آدم علیہ السلام
اب تک سات ہزار ایک سو اکسٹھ ۷۱۶۱ برس شمسی گذرے ہین نقیتہ الاخبار مین لکھا ہی کہ حضرت
آدم علیہ السلام کے ریش مبارک نہ تھی تا آخر عمر بصورت امرد رہے مگر انکی اولاد مین اول
حضرت شیث علیہ السلام کے ڈاڑھی نکلی ہی اور حضرت ام البشر حوا نہایت مشابہ حضرت

وفات حضرت حوا

ابو البشر آدم علیہ السلام سے تھین لیکن حیرت الفقہ مین لکھا ہی کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے
حوا کو انواع تزئین سے مزین دیکھا تو کہا یا الٰہی مجکو کس زینت سے مزین فرماویگا تو خالق
ذوالجلال والاکرام نے ریش سے زینت بخشی وہذا القول اقرب الی الصواب روایت ہی کہ
دار المقام مین کسی پیغمبر کے ریش نہوگی مگر آدم و نوح و ابراہیم و محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے
اور صحیح یہ ہی کہ حضرت ابو البشر اور ابو الارواح علیہما السلام کے ڈاڑھی ہوگی اور بعض حضرات
ابراہیم علیہ السلام کو بھی شریک اس تفضیل مین کرتے ہین وہب ابن منبہ سے منقول ہی
کہ حضرت حوا کو خالق عالم نے بصورت آدم علیہ السلام پیدا کیا لیکن چند امور مین فرق
رکھا تھا یعنی پوست بدن انکا نازک تھا اور رنگ صاف وشفاف و خوشتر اور آنکھین فیروزگین ف سراپای حضرت حوا
سیاہ تر اور بینی مبارک خرد اور دندان شریف ہیچو گوہر صاف تر اور ہتھیلیان نرم و
نازک تر اور فرق نورانی پر سات سو گیسو مروارید و یواقیت سے گندھے ہوئے تھے جنمین
مشک و عنبر و زعفران کی خوشبو آتی تھی اور جس دم کھل جاتے تھے تمام مکان معطر و معنبر ف دربیان معصومیت فرشتگان از عصیان
ہو جاتا تھا فـائدہ جمہور علماء اسلام اتفاق رکھتے ہین کہ عالم ملکوت نافرمانی وعصیان سے
محفوظ و معصوم ہین چنانکہ آیات قرآنیہ مثلاً لایعصون اللہ ما امرہم ویفعلون ما یؤمرون
نہین حکم کرتے اللہ کی جیا انکو حکم دے اور کرتے ہین جیسا حکم ہو
و بل عباد مکرمون لایسبقونہ بالقول وہم بامرہ یعملون سے واضح ہی مگر یہ قصہ کی وجہ سے
بلکہ بندے ہین جنکو عزت دی اس سے بڑھکر نہین بول سکتے اور وہ اسکے حکم پر کام کرتے ہین
برخلاف اس عقیدے کے صاف وصریح معلوم ہوتا ہی چنانچہ فرقہ حشویہ بہین وجوہ
معصومیت فرشتون سے منکر ہین از انجملہ اول کہنا فرشتون کا اتجعل فیہا من یفسد
فیہا کہ یہ طریق اعتراض ہی اور اعتراض خداوند تعالیٰ پر گناہ ہی دوسرے
فرشتون نے بنی آدم کی غیبت کی ہی کہ ویسفک الدماء اور غیبت گناہ کبیرہ ہی تیسرے
خودستائی کہ نحن نسبح بحمدک کہ یہ حقیقت مین عجب ہی اور عجب امور خسیسہ سے ہی۔
چوتھے حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا ہی انکنتم صادقین اس سے معلوم ہوا کہ فرشتے کاذب تھے
پانچوین الم اقل لکم انی اعلم ما لاتعلمون اس سے واضح ہی کہ فرشتون کو علم الٰہی مین
شبہہ تھا چھٹے لاعلم لنا الا ما علمتنا کہ توبہ اور عذر ہی اور توبہ دلیل ہی صدور گناہ کی
جواب اسکا محققین یون دیتے ہین کہ اتجعل فیہا اعتراض نہین ہی بلکہ بیان اس امر کا ہی
کہ ہمکو وجہ حکمت اس ارادے کی معلوم نہین ہوتی ہی ہماری تشفی کر دی جائے
اور بیان اشکال واسطے طلب جواب کے بے ادبی نہین ہی چنانچہ اکثر تلامذہ

اساتذہ سے یون ہی کیا کرتے ہین خصوص عقلا کا یہ قاعدہ ہی کہ جب کسی کی نسبت حکمت
کاملہ کا اعتقاد رکھتے ہین اور اُس سے کوئی ایسا امر صادر ہو کہ وجہ اسکی ظاہر مین پوشیدہ ہو
تو ازراہ تعجب پوچھتے ہین کہ اسمین کیا سر ہی اور غیبت بنی آدم کے سوال مین واسطے تعرض
محل اشکال سکے ہی نہ بقصد تحقیر اور اہانت اور یہ قسم غیبت کی حلال ہی اور خودستائی فرشتون کی
بقصد عجب نہ تھی بلکہ باین طور تھی کہ ہمکو مراتب علم اور کمال حکمت مین تیری کچھ شبہہ نہین ہی
اسواسطے کہ ہم ہمیشہ تیری تسبیح و تقدیس اور حمد و شکر مین مشغول رہتے ہین بلکہ سوال ہمارا
محض واسطے طلب وجہ حکمت کے ہی تاکہ یہ سر ہمپر منکشف ہو جاے اور فرمانا خدا وتد تعالیٰ کا
انکنتم صادقین دلیل کذب صریح کی نہین ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ تم اپنی تقدیس و تحمید کو کامل
جانتے ہو حالانکہ ایسا نہین ہی اور انی اعلم غیب السموات دلالت وقوع شبہہ پر نہین کرتا ہی
بلکہ یاد دلاتا ہی اُس چیز کا جسکو جانتے تھے اور وقت سوال کے بھول گئے تھے اور عرض کرنا
فرشتون کا سبحانک لا علم لنا کہ اعتذار اور توبہ ہی دلالت نہین کرتا ہی مگر ترک اولی پر اسواسطے
کہ سوال بوجوہ حکمت سے افعال الٰہیہ مین اہل کمال کی شان نہین ہی کذا حققہ مولانا استاذ الاساتذ
بل استاذ الکل حضرت شاہ عبد العزیز الدہلوی فی تفسیر العزیزی فائدہ اِس قصے سے معلوم ہوا ہی
کہ افعال تعظیمی مین جو شان سجدے کو ہی کیسکو نہین ہی اسواسطے کہ ایک سجدے کے ترک سے
ابلیس ملعون ابدی ہو گیا حالانکہ ایک بندے کے واسطے حکم دیا تھا پس جو اپنے واسطے حکم
سجدے کا فرمایا ہی اُسکے ترک مین دیکھا چاہیے کیا ہوتا ہی الا انہ غفور رحیم حدیث شریف مین
آیا ہی کہ دوزخ عرصات قیامت مین بلائی جایگی اُسوقت بنا بر تمیز مسلمان و کافر اور مخلص
و منافق کے حکم سجدے کا فرماینگے مسلمان خالص سجدے کرینگے اور منافق اور کافر جب
سجدے کا ارادہ کرینگے تو پشت اُنکی مثل تختۂ آہن کے سخت ہو جایگی اور خطاب ہوگا وامتازوا
الیوم ایہا المجرمون پس معلوم ہوا کہ یہی سجدہ ہی کہ دوست و دشمن اور مومن و کافر کے امتحان مین
مقرر کیا ہی ابتدا مین بھی اسی سے امتحان کیا اور انتہا مین بھی اِسی سے امتحان کیا جایگا فائدہ
ممتاز ہونا حضرت آدم علیہ السلام کا فرشتون سے محض بسبب تعلیم اور تعریف حقائق اشیا کے
نہین ہی کیونکہ قبل از خلقت آدم بھی فرشتون سے خطاب الٰہی ہوتا تھا کہ فلان چیز کو یہ کرو
اور فلان چیز سے ایسا کرو چنانچہ اِسی قصے مین گذرا ہی کہ پہلے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو
خاک کے لانے کا حکم صادر ہوا پس اگر فرشتون کو علم حقائق اشیا اور اسما نہوتا تو بجا آوری

مسئلہ تعظیمی افعال سجدہ وغیرہ

احکام الٰہی کی کسطرح ہو سکتی تھی بالجملہ حضرت آدم علیہ السلام کو دو وجہ سے امتیاز اور تفوق حاصل تھا ایک یہ کہ قبل آدم علیہ السلام کے فرشتون کو علم سب اسما کا حاصل نہ تھا بلکہ علم انکا انھین حقائق و اسرار مین منحصر تھا جسکی خدمت انسے متعلق تھی نہ اُنکے غیر سے بخلاف ابوالبشر کے کہ انکو بلحاظ عہدۂ خلافت کے تعلیم عام واقع ہوئی تھی تاکہ ہر ایک چیز کی منفعت اور مضرت سے واقف و آگاہ ہو جائین حاکم اور ابن عساکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہین کہ حق تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کو تعلیم اسما کے ضمن مین ہزار حرفتین اور طرح طرح کی تعلیم فرمائین اور ارشاد کیا کہ اپنی ذریت کو کہدو اگر تم دنیا پر صبر نہین کر سکتے تو انھین حرفتون سے اُسکو طلب کرو مگر دنیا کو دین سے نچاہو کیونکہ دین خالص میرے واسطے ہی افسوس ہی اُس شخص پر جو دنیا کو دین سے طلب کرے دوسرے یہ کہ تعلیم عام بھی ابتدا ہی مخصوص حضرت آدم علیہ السلام کو تھی اور بعد اسکے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتون کو ہر چیز کے نام سے خبردار کیا اور فرشتون نے ہر چیز کا نام آدم اور آدمیون سے سنا تو بعضے انمین سے جسطرح حضرت جبرئیل علیہ السلام و دیگر اکابر ملائکہ ہر چیز کے نام سے واقف ہو گئے کیونکہ شرائع سے بالیقین ثابت ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام وغیرہ اکابر ملکوت انبیا علیہم السلام کی خدمت مین آتے تھے اور ہر امر مین بحث و تفتیش کیا کرتے تھے اور اکثر امور مختلفہ کا مذکور آیا کرتا تھا لیکن گفت و شنید مین عاجز نہین ہوتے تھے اور کبھون استفسار نکرتے تھے کہ فلانی چیز کا نام کیا ہی یا یہ لفظ کس معنے مین ہی اور اسکی کیا حقیقت ہی ہان یہ تعلیم عام ابتدا ہی حضرت آدم کو بالخصوص واقع ہوئی تھی تاکہ افزونی انکے علم کی فرشتون پر خصوصاً وہ علم کہ متعلق بسیاست اور خلافت ہی ظاہر ہو و لہذا محض انکی تعلیم پہ اکتفا نہین فرمائی ملائکہ سے بھی پوچھا ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ علم کو مال پر سات وجہ سے فضیلت ہی اول یہ کہ علم پیغمبرون کی میراث ہی اور مال فرعون و ہامان و شداد و نمرود کی دوسرے یہ کہ علم صرف کرنے سے زیادہ ہوتا ہی اور مال کم تیسرے یہ کہ مال کو نگہبان درکار ہی اور علم خود نگہبان ہی چوتھے یہ کہ جب آدمی مرتا ہی تو مال چھوڑ جاتا ہی اور علم قبر مین ہمراہ جاتا ہی پانچوین یہ کہ مال مومن و کافر دونون کو حاصل ہوتا ہی اور علم نافع سوائے ایماندار کے کسی کو حاصل نہین ہوتا چھٹے یہ کہ سب لوگ امور دینیہ مین عالم کے محتاج ہین اور اکثر فرقے آدمیون کے مالدارون کے محتاج نہین

فضیلت علم بر مال

ساتوین

ساتوین یہ کہ قیامت کو علم پل صراط پر گذر جانے کی قوت عطا کریگا اور مال ضعیف کر دیگا۔ مستطرف مین حضرت امیرالمؤمنین علی مرتضیٰ رضہ سے منقول ہی فرمایا علم کو اسی قدر شرف کفایت کرتا ہی کہ اگر جاہل کو عالم کہیے تو وہ خوش ہو جاتا ہی اور جہل کو اتنی مذلت کافی ہی کہ جاہل بھی جہالت سے بیزار ہی اور اگر جاہل کو جاہل کہیے تو خفا ہوتا ہی اور فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے کہا ہی کہ عالم کی مجلس مین حاضر ہونے سے سات بزرگیان حاصل ہوتی ہین بے اسکے کہ عالم سے کوئی مسئلہ پوچھے یا اُس سے فائدہ اُٹھاوے اول یہ کہ متعلمین مین شمار کیا جاتا ہی اور اُنکے ثواب مین شریک ہوتا ہی دوسرے یہ کہ جب تک مجلس عالم مین حاضر رہتا ہی گناہون سے بچ جاتا ہی تیسرے یہ کہ جو کوئی طالب علم کے واسطے گھر سے نکلتا ہی وہ طالب علمون کے ثواب مین داخل ہوتا ہی چوتھے یہ کہ رحمت الٰہی مین جو حلقۂ علمی پر نازل ہوتی ہی شریک ہوتا ہی پانچوین یہ کہ جب تک مذکورات علمیہ سُنتا ہی عبادت مین رہتا ہی چھٹے یہ کہ جب کوئی مسئلہ سنتا ہی اور اُسکے فہم مین نہین آتا تو منکسر اور تنگدل ہوتا ہی پس منکسرۃ القلوب مین شمار کیا جاتا ہی ساتوین عزت علم کی اور ذلت فسق اور جہل کی اُسکے ذہن مین جم جاتی ہی کہ جاہلون اور فاسقون سے متنفر ہو جاتا ہی بعضے حکما کہتے ہین کہ اللہ جل شانہ نے اپنے کلام مین سات چیزین فرمائی ہین کہ باہم برابر نہین بلکہ ایک دوسرے سے بہتر ہی اول ہل یستوی الذین یعلمون والذین لایعلمون دوسرے قل لایستوی الخبیث والطیب تیسرے لایستوی اصحاب النار واصحاب الجنۃ چوتھے مایستوی الاعمیٰ والبصیر یعنی الجاہل والعالم اور بعضے کہتے ہین اعمی عن الہدی والبصیر بالہدیٰ یعنی مومن ومشرک پانچوین ولا الظلمات ولا النور یعنی کفر وایمان چھٹے لا الظل ولا الحرور یعنی الجنۃ والنار ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ حرور ہوا ے گرم جو رات کے وقت چلتی ہی اور سموم دن کو اور بعضے کہتے ہین کہ حرور دن مین چلتی ہی آفتاب کے ساتھ ساتوین وما یستوی الاحیاء والاموات یعنی مومن وکافر اور بعضے کہتے ہین علما وجہال مراد ہین فائدہ اِس سے معلوم ہوا کہ ہر ایک فضیلت راجع ہی طرف فضیلت عالم کے جاہل پر لہذا حدیث شریف مین عالم کی فضیلت عابد پر بعبارات مختلفہ مذکور ہی کما قال صلی اللہ علیہ وسلم وفضل العالم علی العابد لفضلی علی امتی اور آیات قرآنیہ کہ فضیلت علم اور عالمون مین وارد ہین بہت ہین چنانچہ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء یعنے خوف اپنا مخصوص نصیب عالمون کے رکھا ہی

اسیطرح قدر کثیر ہی اگر بیان کرون تو یہ کتاب اُسکی گنجائش نکرے **فائدہ** ایک جماعت مفسرین نے اس قصے سے دلیل پکڑتی ہی کہ حضرت آدمؑ سب فرشتون علوی و سفلی سے افضل تھے کیونکہ فرمانا فرشتون کو سجدے کے واسطے بلا تفضیل حضرت آدم کے خلاف حکمت ہی لیکن یہ استدلال اُسوقت صحیح ہی کہ سجدہ حقیقۃً حضرت آدم کو ہوا اور اگر غرض سجدے سے حضرت آدم کا قبلہ گردانا ہی تو یہ استدلال صحیح نہین ہی کیونکہ قبلہ کو لازم نہین کہ مستقبل سے افضل ہو ورنہ کعبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ہوا جاتا ہی اور یہ بات خلاف ہی اجماع کے **فائدہ** حضرت استاذ الاستاذ فرماتے ہین کہ قبلہ گردانا ایک مخلوق کا واسطے دوسرے مخلوق کی حکمت الٰہیہ مین دو شرط سے مشروط ہی ایک یہ کہ وہ قبلہ ہم جنس مسجود کے نہو بلکہ غیر اُسکے ہو اسلیے کہ ہم جنس کے قبلہ کرنے مین اعتقاد اشتراک و استقلال کا توہم ہوتا ہی جسطرح صلحا کی تصویرون کا سجدہ کہ آدم و جنہ کی جنس سے گذرے ہین اور آدم و جن اس امر مین شریک و ہم جنس ہین بسبب احکام تکلیفیہ کے دوسری شرط یہ ہی کہ قبلہ کرنا بامر الٰہی و باستحسان عقلی ہو کیونکہ وسیلہ تقرب الی اللہ سمجھنا کسی شی کا موقوف ہی شان الٰہی کے ظہور پر اسیطور خاص مین اسوقت مین اور علم تطورات متحددہ اُس قبیل سے نہین ہی کہ عقل بشری از خود دریافت کرسکے پس جس جگہ کہ دونون شرطین متحقق ہون تو اُسکو قبلۂ توجہ گردانا شرع مین جائز ہی بلکہ واجب جسطرح کعبہ معظمہ و صخرۃ اللہ (یعنی بیت المقدس ۱۲) جنہ و انسان کے حق مین اور مثل حضرت آدم ملائکہ کے حق مین اور اس سے لازم نہین آتا کہ قبلہ مستقبل سے افضل ہو اور غیر جنس کے قبلہ کرنے مین یہ نکتہ ہی کہ صورت جنسیہ مین فضیلت تامہ نہین حاصل ہوتی اور بدون افضلیت تام کے یہ بات خلاف حکمت الٰہیہ ہی اور شاید کہ تماثیل جو اشیا ذی روح مین حرام ہی اُسمین یہی نکتہ ہی **فائدہ** حقیقت سجدے کی یہ ہی کہ پیشانی کو زمین پر پہونچا دے اور یہ بات شرع مین کسیکو سواے خدا کے جائز نہین اور ظاہر ہی کہ فرشتون کو سجدے کا حکم ہوا ہی پس وجہ اِسکی کیا ہی جواب اسکا یہ ہی کہ پیشانی کو زمین پر پہونچانا دو طرح سے ہوتا ہی ایک تو بحق عبودیت اور یہ قسم سب دینون مین واسطے غیر خدا کے منع ہی کبھون جائز نہین ہوا کیونکہ یہ امر محرمات عقلیہ مین ہی اور محرمات عقلیہ بہ تبدیل ابدان و ادیان بھی تبدل نہین ہوتے اسلیے کہ یہ قسم تعظیم کی غایت تذلل پر مشعر ہی و غایت تذلل اُسی کو لائق ہی جو نہایت عظمت رکھتا ہو اور نہایت عظمت یہ ہی کہ ذاتی ہو اور عظمت ذاتیہ خاص حضرت حق کو ہی اور کسیکو لائق نہین ہی دوسرا سجدہ بطریق تحیہ ہی جسکو سجدہ تکریم و تحیہ بولتے ہین

جسکو

جسطرح سلام کرنا و سرجھکانا یہ بات البتہ تفرق رسوم و تبدل ازمنہ سے تبدل ہوئی ہی یعنی گاہے جائز و گاہے حرام مثلاً امم سابقہ مین ایسا سجدہ جائز تھا چنانچہ قصۂ یوسف ع مین ہی وخروا لہ سجداً اور ہماری شرع مین یہ قسم بھی حرام ہی پس سجدہ فرشتون کا اسی قسم مین تھا کیونکہ آدم علیہ السلام کو فرشتون پر بسبب تعلیم اسما کے ایک نوع کا تفوق حاصل ہوا تھا اور فرشتون سے قبل پیدایش آدم ایک طرح کی بے ادبی بھی صادر ہوئی تھی سو واسطے مکافات اُس احسان اور کفارہ اس بے ادبی کے ایسی تعظیم و تکریم پر مامور ہوے اور جو بعض نصاریٰ کفار اس سجدے کو بت پرستی کہتے ہین سو انکی حماقت ہی یہ لوگ سجدۂ عبادت و تحیہ مین فرق نہین جانتے بلکہ عبادت و سجدے کو مترادف گمان کرتے ہین حالانکہ عبادت مین معبود کی نسبت یہ تصور ہوتا ہی کہ یہ بڑائی کی بات مین ماسوا سے مستغنی ہی سو اس قسم کی تعظیم کی نیت سے کوئی کام کسی کے لیے کرنا سوا واجب الوجود کے بت پرستی ہی یا اُس غیر خدا کی نسبت اعتقاد ایسا رکھنا کام ناپاک ہی جیسا اہل تثلیث کرتے ہین کہ تین شخص اس مرتبے کے ٹھہراتے ہین اور ہنود دس قرار دیتے ہین اور سجدہ مطلق یعنی سر کو زمین پر رکھدینا بت پرستی نہین ہی ہان اگر اُس قسم کی تعظیم کی نیت سے ہو جو بیان ہوئی تو البتہ بت پرستی ہی اور فرشتون کا سجدہ ایسا تھا جیسا خواب یوسف و تعبیر یعقوب باب ستائیس و چونتیس سفر التکوین توریت مین ہی پوشیدہ نرہے کہ اکثر فوائد اس قصے کے ضمن قصے مین بیان کیے گئے اور جو کسیکو زیادہ دیکھنا منظور ہو تو تفسیر معالم و جواہر و کبیر و بحر مواج و عزیزی ملاحظہ کرے اور ذکر حضرت آدم کا سورۂ بقر و اعراف و طٰہٰ و حجر و صاد مین ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

## تفریح دوم در احوال شیث علیہ السلام

یہ نام سریانی ہی بمعنی ہبۃ اللہ اور بعض کے نزدیک عجمی ہی اور کتب بنی اسرائیل مین بمعنی بدلہ آیا ہی یعنی بدل ہابیل ولادت انکی پانچ برس بعد قتل ہابیل کے واقع ہوئی اور عمر حضرت آدم کی دو سو تیس برس کی تھی ابن قتیبہ نے معارف مین ذکر کیا ہی کہ حضرت شیث اجود و احسن اولاد آدم مین تھے اور حضرت آدم سے اشبہ اور برخلاف اور اولاد کے تنہا پیدا ہوئے تھے روایت ہی کہ جب حمل مین تھے تو بسبب صفائی چہرہ کے حضرت حوا آپ کو دیکھا کرتی تھین اور روانت بھی پیٹ مین جم آئے تھے اور جب پیدا ہوے تو ملائکہ اُٹھا لے گئے اور چالیس روز اپنے پاس رکھکر تمام زبانین سکھلائین کذا فی اخبار الدول اور طبری مین ہی کہ انساب

بنی آدم بعد طوفان انھین پر منتہی ہوتے ہین اور ولی عہد و وصی اپنے باپ کے ہوے ہین اور وقت قرب موت حضرت آدم نے طوفان نوح سے اطلاع بخشی اور ساعات یوم و لیلہ بنا بر عبادت تعلیم کین اور تاکید فرمائی کہ اپنے علم کو اولاد قابیل سے مخفی رکھنا یہ بھی مثل حضرت آدم کے نبی ہوئے اور پچاس صحیفے انپر نازل ہوے اور کلام عبرانی اول انھین نے کیا اور اول داڑھی انھین نے دیکھی اور اول نعلین او قلنسوہ انھین نے پہنا اور اخبار الدول مین ہی کہ اول طین و حجر سے کعبہ انھین نے بنایا و ہذا القول ضعیف اور صحائف نازلہ مین علوم حکمت اور ہندسہ اور حساب اور موسیقی اور ریاضی اور علم الٰہی و صنایع مشتمل تھے ولہذا حکماے یونان انکو ادریا اول کہتے ہین اور بعض تواریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت شیث کی ایک کتاب زبور اول اکیسوین فصل کی تھی اور قبلہ نماز انکا بیت المقدس تھا اور ملک شام یا مصر مسکن لیکن یہ روایت ضعیف ہی کیونکہ بیت المقدس قبلہ انبیاے بنی اسرائیل ہوا ہی نہ اور پیغمبرون کا انھین کے مقالات مین ہی کہ مومن مین سولہ خصلتین چاہئین اول معرفت حق حاصل کرنا دوم حسن و قبح اشیا کا پہچاننا سوم بادشاہ کی اطاعت و فرمان برداری کرنا چہارم مادر و پدر سے نیکی کرنا اور کسیطرح کی تکلیف انکو ندینا کما قال اللہ و بالوالدین احسانا پنجم تمام خلق سے بر سر خیر رہنا چنانچہ ہماری شرع مین ہی و قولوا للناس حسنا ششم محتاجون و مسکینون کی دلجوئی کرنا ہفتم مسافرون کی عزت و خاطر داری کرنا ہشتم خالق کبریا کی عبادت مین کوشش و سعی کرنا نہم اپنے نفس کو شرور و قبائح سے دور رکھنا دہم مصیبتون و فتنون مین صبر کرنا فان الصبر وسیلۃ الظفر یازدہم ہمیشہ سچ بولنا دوازدہم عدل و انصاف سے کام کرنا سیزدہم شکر نعماے الٰہی مین نذر اور قربانی خدا کے واسطے ادا کرنا چہاردہم قناعت کی عادت کرنا پانزدہم علم اور بردباری اختیار کرنا شانزدہم مراسم الٰہی بجالانا اور نخبۃ الاخبار مین ہی کہ از جملہ نصائح حضرت شیث علیہ السلام ایک نصیحت یہ ہی کہ دوست و بیگانہ اس بھائی و قریب سے بہتر ہی جو کہ آرزوے میراث رکھتا ہو اور زین القصص مین لکھا ہی کہ حضرت شیث کو اللہ نے مال بہت دیا تھا کہ اس سے تجارت کرتے تھے اور اکثر مال اپنے اقارب پر بعد اسکے یتیمون و مسکینون مسافرون پر صرف کرتے تھے اور بعض اہل تحقیق نے شرح فصوص الحکم مین لکھا ہی کہ جب حضرت آدم مریض بمرض موت ہوے تو انکو میوہ جنت کی آرزو ہوئی سو حضرت جبرئیل ایک طبق مین میوے جنت کے لائے اور وہ طبق ایک حور کے سر پر تھا حضرت آدم نے میوے کھاکے دعا کی کہ یا الٰہی یہ حور شیث کی نکاح مین دے تو اللہ نے دعا

قبول کی کہ وہ حور اُنکے نکاح مین آئی اور زوج الدرمین ہی کہ نام اُسی حور کا جو حضرت شیث کے
نکاح مین آئی مُوائلہ تھا اور مجلس عقد نکاح مین روح القدس حاضر تھے اور عمر اُنکی نوسو تیرہ برس کی
ہوئی کذا فی اخبار الدول وبقول حضرت مولانا رفیع الدین دہلوی وقت وفات بارہ سو بیالیس ۱۲۴۲
ہبوط آدم ؑ سے گذرے تھے بعضے کہتے ہین کو اپنے والد کی قبر مین مدفون ہین اور بعض کہتے ہین کہ قریہ عین
اعمال بعلبک مین مدفون ہین اور وہان زیارت ہوتی ہی قال صاحب اخبار الدول وقد زرتہ
اور جو بعض لوگ لکھتے ہین کہ قبر شریف شہر اودھ مین ہی قابل وثوق نہین اور جب حضرت
شیث ایکسو پانچ برس کے تھے تب انوش کہ بزبان عربی بمعنی صادق ہی اور اُنکو انس بھی
کہتے ہین پیدا ہوے یہ بھی بعد اپنے باپ کے ولی عہد ہوے انھین نے اول علم کتابت
وعلم حساب وحساب ماہ وسال وطریقے حسن عبادت ووضع فرمان روائی عالم مین جاری کیے
عمر اُنکی بقول یہود ونصاری نوسو پچھتر ۹۷۵ برس کی ہوئی وبقول ابن جوزی نوسو پچاس ۹۵۰ کی
وبقول بیضاوی چھ سو برس کی وبقول صاحب اخبار الدول سات سو برس کی ہوئی اور
اپنے جد کے پاس مدفون ہین قال صاحب اخبار الدول وہو اول من غرس النخلۃ ونطق
بالحکمۃ روایت ہی کہ نوّے برس کی عمر مین روبروے حضرت آدم قینان یا قینین کہ بلسان عرب
بمعنی مستولی وغالب ہی پیدا ہوے اور بڑے صالح وپرہیزگار تھے انھین نے اپنے باپ کی اولاد کو
جمع کیا اور اشرار جن سے یہان تک لڑتے رہے کہ اُنکو دفع کردیا اور آپ بھی بچے اور توابع کو بچایا شہر
سوس وبابل انھین کا آباد کیا ہوا ہی عمر اُنکی سات سو برس کی ہوئی اور ستر برس کے تھے جب
مہلائیل یعنی ممدوح پیدا ہوے نہایت حسین وجمیل وبااخلاق تھے اور بڑے عابد ومتقی تھے انھون نے
وصایاے آدم علیہ السلام بخوبی نافذ کیے اُنکے عہد مین بعض اولاد آدم جبل مقدس پر آئے اور
لہو ولعب مین مشغول ہوے اور بنات قابیل سے صورت ازدواج پیدا کرکے خراب ہوے
انھین کے زمانے مین بنی آدم اطراف عالم مین متفرق ہوے اور ایک نوع کا فساد شروع ہوا
مگر اولاد شیث اکثر صلاح وتقوی سے ممتاز رہی عمر اُنکی نوسو پچاس ۹۵۰ برس کی یا نوسو ساٹھ ۹۶۰ برس کی ہوئی
اور بعد وفات اُنکی ریاست بنی آدم یارد بالیاء التحتیہ بعد الموحدۃ اُنکے بیٹے [illegible] جنکو بعضے برد
بفتح الموحدہ وسکون الراء المہملہ کہتے ہین اور بعضے نارد بالنون لکھتے ہین اور شمس العلوم مین
یاذر بالیاء التحتیہ وفتح الذال وسکون الراء المہملہ لکھا ہی متعلق ہوئی انھین کے عہد مین ود وسواع
یغوث یعوق نسر پانچ شخص صالح متقی مرے اور ایک مردنے اولاد قابیل سے ہم صورت اُنکے

پانچ بت خشب ساج کے اُنکے قرینون سے بنوائے اور بت پرستی شروع ہوئی مگر صحیح یہ ہی کہ یہ پانچون نام حضرت ادریس کے بیٹون کے تھے اور اول یارد نے اولاد قابیل پر جہاد کیا اور اکثرون کو لونڈی اور غلام بنایا اور تالاب اور ندیان اور نالے انکے عہد مین ظاہر ہوے ہین اور اکثر بلاد آباد ہوے اور طریق عمارت اور باغ جاری ہوا منکوحہ انکی برورہ یا اشوب تھین انھین سے حضرت اخنوخ یعنی ادریس پیغمبر پیدا ہوے عمر یارد کی نوسے باسٹھ یا سرسٹھ برس کی ہوئی اور بعد موت اُنکے حضرت ادریس وصی ہوے

## تفریح سوم دراحوال حضرت ادریس علیہ السلام

زبان سریانی مین انکو خنوخ کہتے ہین بفتح خاء معجمہ ونون مضمومہ قبل الواو ثم المعجمہ ہی اور بعض کے نزدیک اول مہلہ ہی اور بعض کے نزدیک اخنوخ بزیادت ہمزہ کذا فی فتح الباری اور بعض کے نزدیک دونون نام عجمی ہین اور بعض کے نزدیک دونون عربی ہین لیکن صاحب قاموس نے لکھا ہی کہ ادریس عجمی ہی اشتقاق اسکا درس سے نہین ہوسکتا اور مدارک ومعالم مین ہی کہ کثرت درس کتب اسلام وصحف آدم علیہ السلام سے ادریس مشہور ہوے تولد انکا دریاے مصر پر ہوا ہی اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ سو برس بعد وفات آدمؑ سے دیار شام مین پیدا ہوے اور بعض کے نزدیک جب ادریس تین سو ساٹھ برس کے ہولیے تب حضرت آدمؑ نے وفات پائی اور اخبار الاول مین ہی کہ تھے حضرت ادریس طویل القامت ضخیم البطن بدن مین بال کم اور سر مین زیادہ اور ایک کان دوسرے سے بڑا تھا اور جسد شریف مین ایک نکتہ سفید غیر برص کے تھا اور آواز باریک تھی اور بعض مورخین نے حلیہ مبارک مین لکھا ہی کہ گندم رنگ کشیدہ قامت کشادہ ابرو نیکو روانبوہ ریش متناسب الاعضا دراز بازو بزرگ استخوان وکم گوشت روشن چشم سیاہ مژہ تھے اور اکثر خاموش رہتے اور کلام بتامل فرماتے اور چلنے مین نظر نیچے رکھتے تھے اور جمہور قائل ہین کہ اول پیغمبر بعد حضرت آدمؑ حضرت ادریس ہوے اور ایکسو پانچ برس نبی رہے اور تیس صحیفے انپر نازل ہوے اور چار مرتبے حضرت جبرئیل انکے پاس آئے کذا فی المختصر فی اخبار البشر وانس الجلیل اول عالم مین انھین نے جہاد سیفی وسنانی جاری کیا اور اولاد قابیل کو مخالفت شریعت آدم وشیث سے منع کیا اور بحکم رب جلیل مقاتلہ کرکے عورتین لڑکے لونڈی غلام بنائے اور ہیگین ہزار آدمی انکا ایمان لائے اور اول قلم سے انھین نے لکھا اور اول کپڑے سیئے ہوے انھین نے پہنے قبل انکے کھال پہنتے تھے اور صنعت حدادی وجولاہگی اور علم نجوم وحساب ومنطق وطبیعی والٰہی واسرار افلاک

وعلوم ریاضیہ وحکمت کے مروج ہوئے اور بعض میزان وکیال کی بھی ابتدا انھین سے بیان کرتے ہین کذا فی المعالم واخبار الدول اور کتب معتبرہ سے معلوم ہوتا ہی کہ اول انھین سنے خدا پرستی کی دعوت فرمائی ونماز وروزے کا حکم پہونچایا اور زکوۃ واعانت ضعفا کا فرمان جاری کیا اور غسل جنابت وحیض کا امر کیا اور گوشت خوک وسگ وخر وسیر وپیاز وباقلا وغیرہ اشیا سے جو مضر دماغ ہین نہی فرمائی اور خود صائم النہار وقائم اللیل تھے اور جو کچھ کتابت وخیاطہ سے حاصل کرتے تھے وہ فقرا ومساکینون کو صدقہ کرتے تھے اور جب کپڑے سیتے تو ہر سوزن پر تسبیح فرماتے

معالم التنزیل مین وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ عبادت حضرت ادریس کی ہر روز آسمان پر وزن ہوتی تھی اور عبادات جمیع اہل ارض سے جو اس زمانے مین تھے برابر پڑتی تھی یہ احوال دیکھکر فرشتون کو تعجب ہوا اور ملک الموت نے مشتاق ملاقات ہوکر جناب الٰہی مین درخواست زیارت گذرانی بعد منظوری درخواست بصورت آدمی تشریف لائے اور حضرت ادریس کی مصاحبت مین رہنے لگے چنانچہ تین دن متواتر وقت افطار صوم حضرت ادریسؑ نے کھانے کو پوچھا انھون نے انکار کی تب حضرت ادریسؑ نے اُن سے پوچھا تم کون ہو بولے مین ملک الموت ہون قابض ارواح تمھارا مشتاق ہوکر بحکم الٰہی آیا ہون حضرت ادریسؑ نے فرمایا کہ مین قبض روح کی کیفیت دیکھا چاہتا ہون چنانچہ حضرت ملک الموت نے بحکم الٰہی قبض روح فرمائی اور پھر بحکم خالق زندہ کیا اور پوچھا اِس حرکت سے کیا فائدہ ہوا حضرت ادریسؑ نے کہا کہ ذائقہ موت سے پیش از موت آگاہ ہوگیا یہی فائدہ ہی پھر کہا اب مین دوزخ کی سیر کیا چاہتا ہون تو حضرت ملک الموت اپنے پرون پر اُٹھاکر قریب دوزخ کے لے گئے اور دروازہ کھلواکر طبقات دوزخ دکھلائے تو حضرت ادریس طبقات دوزخ کے دیکھنے سے بیہوش ہوگئے اور ملک الموت نے گود مین لیکر کہا یہ کیفیت تم نے اپنی درخواست سے حاصل کی ہی مین مجبور ہون جب ہوش آیا تو کہنے لگے اب بہشت کی سیر کیا چاہتا ہون سو ملک الموت نے اپنے پرون پر بٹھلایا اور باغ بہشت مین لے گئے حضرت ادریس باغ بہشت کو خوش فضا دیکھکر کہنے لگے اب مین یہان سے نہ جاؤنگا ملک الموت نے مکرر کہا کہ زیادہ توقف کی اجازت نہین ہی مگر حضرت ادریس نے کسیطرح نہ مانا جب حجت وتکرار فیمابین حد سے گذری تو حضرت حق نے ایک اور فرشتہ بطور حکم بھیجا اُسنے ملک الموت کا دعوی سنکر حضرت ادریس سے جواب لیا آنجناب نے فرمایا کہ خداوند مالک جنت فرماتے ہین کل نفس ذائقۃ الموت یعنی ہر نفس چکھنے والا موت کا ہی اور مین موت کا مزہ

چلکھ چکا ہون اور بھی اللہ نے فرمایا ہی وان منکم الا واردہا یعنی نہین ہی کوئی تم سے مگر گذرنے والا
دوزخ کا سومین دوزخ پر گذر چکا ہون ورا سے اسکے وما ہم منہا بمخارجین اہل جنت کی شان ہی یعنی
نہین ہین وہ لوگ بہشت سے نکلنے والے یعنی جب آدمی بہشت مین گیا تو ہمیشہ رہا کبھی نہ نکلیگا
سومین بہشت مین داخل ہوچکا ہون اب تو واللہ مین بہشت سے نہ نکلونگا جب تک مالک بہشت
مجھے نہ نکالے اُسی وقت آواز آئی کہ اس سے تعرض کرنا نچاہییے باذنی دخل وباذنی یخرج اہل تفسیر
کہتے ہین کہ رفعناہ مکانا علیا کے یہ معنے ہین حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ چار نبی زندہ ہین
ادریسؑ وعیسیٰ آسمان پر وخضر والیاس زمین پر اور کل مرینگے مگر ادریس کہ اُنکو بعد موت
مخلوقات کے ایک نوع کی دہشت لاحق ہوئی سو داخل کیے جاینگے اموات مین حالانکہ زندہ
ہونگے کذا فی مراۃ الزمان واخبار الدول بعض اہل سیر نے لکھا ہی کہ جب خالق لایزال فرمائینگے
لمن الملک الیوم تو حضرت ادریس جواب دینگے للہ الواحد القہار اور معجزہ حضرت ادریس کا یہ تھا کہ
ہوا مین فرشتون کو اُڑتے ہوے آنکھون سے دیکھتے تھے اور جب ابر کو پکارتے تو وہ جواب
دیتا تھا کہ سب لوگ سُنتے تھے اور اکثر اوقات ابر سے باتین کرتے تھے اور عجائب الدنیا مین ہی
کہ ادریس کو مثلث کہا کرتے تھے اسواسطے کہ نبی وملک وحکیم تھے اور کتاب سر الملکوت انکے
پاس تھی یہ کتاب عزرائیل نے حضرت آدمؑ کو دی تھی اور بعد شیثؑ کے سوا ادریس کے
کسی نے نہین کھولی ہمیشہ مختوم رہا کی فائدہ بعض تفسیرون مین ہی کہ رفعت مکان سے
جو کریمہ رفعناہ مکانا علیا مین ہی مراد علو مرتبہ وشان دنیا کی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ یہ عروج
بطور معراج تھا اور بعد ادراک احوال افلاک وخواص اشیا وطبائع کواکب پھر زمین پر تشریف فرما
ہوے اور فتح الباری مین لکھا ہی کہ کعب احبار نے حضرت ابن عباسؓ سے ذکر کیا کہ ادریس کا
دوست ایک فرشتہ تھا اُسنے بدرخواست ادریس چوتھے آسمان پر پہونچایا وہان ملک الموت
ملے اُس سے پوچھا ادریس کی عمر کس قدر باقی ہی ملک الموت نے کہا ان ہذا الشئی عجیب مجکو
حکم اُسکی قبض روح کا ہی مگر جملہ روایات ضعیف ہین رفع ادریس مین کچھ شک نہین اور اُسکے
زندہ ہونے مین ہرگز شبہہ نہین ہی اخبار الدول مین ہی کہ حضرت ادریس اول بنی آدم ہین
جنکو مخالطت ملائکہ وارواح مجردہ ومعراج انسلاخ بشریۃ حاصل ہوئی ہی اور کبھی آسمان چہارم
عبادت خدا کرتے ہین اور کبھی نعماے بہشت سے مشغول رہتے ہین تنبیہ اقوال اُنکے
کلیات نصائح کے ہین از انجملہ فرماتے تھے کہ شریرون سے صحبت نرکھو وبدخواہون سے پرہیز کرو

وحلف دروغ سے بچو راستی پر اعتماد کرو مغروری وخود نمائی سے دور رہو وحتی المقدور لفظ نہین کا
زبان پر نہ لاؤ نعم وبلے اختیار کرو اور جھوٹی قسم نہ لو اور شرع وحکمت کے دوست بنو اور اپنے نفس کو
آداب پسندیدہ سے آراستہ رکھو اور کامون مین جلدی نکرو بالخصوص اشرار کے سزا دینے مین
اور حیا و خدا پرستی وتوبہ اپنا ذخیرہ کرو اور خواہش اپنی نیک کامون مین صرف کرو اور سب
لوگون سے جہان تک ہوسکے باحسان پیش آؤ اور حیات کو تحصیل علم وہنر مین صرف کرو اور وضع
منافقانہ نرکھو جس سے ملوظاہر وباطن سے یکسان ہو اور قول وفعل باہم مطابق رکھو اور اپنے بزرگون کی
مطاوعت اختیار کرو اگر خلاف دین وایمان نہو اور سلطان عصر کے فرمان بردار ومطیع رہو اور دانشمندون سے
مشورہ کیا کرو اور ہزل وظرافت بے محل نہ کیا کرو اور عیب دار کو ملامت نہ کیا کرو اور اسکو ہنسی مین
نہ ڈالو بلکہ اُس سے عبرت حاصل کرو اور خدا سے پناہ مانگو کہ وہ عیب تم مین بھی نہ ہو جاے
کیونکہ بشریت مین تم اور وہ یکسان ہو اور جب کسی شخص کو کسی مرض مین مبتلا دیکھو تو اُسکے
صحت کی دعا کرو اور جب امور دینیہ مین کچھ بحث واقع ہو تو سخت کلامی نکرو اور جب کسی
محفل مین بیٹھو تو خاموش رہو بے ضرورت نہ بولو اور جو کام نیک پیش آئے اُسکو جلد کر ڈالو
کہ شاید زمانہ فرصت نہ دے اور اولاد کو جوانی سے پہلے علم وحکمت کی تعلیم مین مشغول کرو
اور عبادت کا صلہ رضائے الٰہی چاہو یعنے بخوف دوزخ وامید جنت عبادت نکرو اور نماز
ودعا مین بدل حاضر جو کچھ عرض کرنا ہو کرو اور غمزدون کی غمخواری اور مسافرون کی مہمانی
کیا کرو اور مال کو قیدیون کی رہائی اور بیمارون کے مداوی مین اکثر صرف کیا کرو اور بھوکون کو
کھلاؤ اور پیاسون کو پانی دو اور ماتم زدون کی تعزیت کرو اور مصیبت پر ثابت قدم رہو
اور دوست کو اول آزمایش کرو تب اُسپر اطمینان واعتماد کرو اور حالت غضب وغصہ مین
بیہودہ گفتگو نہ کیا کرو از انجملہ حضرت ادریس ؑ نے فرمایا ہی کہ بادشاہ نیک وہ ہی جسکے عہد
سلطنت مین شریرون کو نیکی کی ہدایت کیجاے اور بدتر وہ ہی جسکے عہد مین شر وفساد کا
رواج ہو اور کریم وہ شخص ہی جو کہ حالت تنگدستی مین کرم کرے اور حلیم وہ ہی جو حالت
غضب مین حلم کرے یہان تک کہ دشمن سے بھی انتقام نہ چاہے اور بڑا ماتم زدہ وہ ہی
جسکو حکمت نہ آتی ہو از انجملہ فرماتے ہین کہ جس کسی نے اپنے نفس کو مطیع وفرمان بردار
کرلیا پھر وہ محتاج اَور کسی کی اطاعت کا نہین رہا اور بھی فرمایا کہ جو آدمی ایسی باتین
کرے کہ اُسکے کام کی نہ ہون یعنے نہ اُس سے دنیا کی منفعت نہ دین کی تو اوسنے

کارآمد فی چیز فوت کی آز انجملہ فرماتے ہین کہ بہترین دوست وہ ہی جو دوست کی تقصیرون کو
فراموش کرے اور اُس شخص سے خبردار رہنا چاہیے جو کسی شخص کی تعریف و توصیف خلاف
واقع کرتا ہو کیونکہ وہ آخر کسی وقت ایسی مذمت و بدی کریگا جو اُسمین نہین ہی آز انجملہ
فرماتے ہین کہ بادشاہ کو لائق ہی کہ خلق و رعایا پر ایسے شخص کو حاکم و متولی کرے جو صفت
شفقت رکھتا ہو اور جس مقام مین کہ حاکم عادل و طبیب حاذق و بازار معمور جسمین ہر شے ملے
و آب روان نہ ہو اُسمین سکونت اختیار کرنا نچاہیے اور بھی فرمایا ہی کہ جاہل آدمی کے پاس
مال کا ہونا ایسا ہی جیسا مزبلہ مین سبزہ اور کاذبون کی مصاحبت ایسی ہی جیسے سراب کی حقیقت
روایت ہی کہ حضرت ادریسؑ کے وقت مین آمون نام ایک بادشاہ تھا اُسنے حضرت سے
التماس کیا کہ مجھے کچھ نصیحت فرمایئے حضرت نے فرمایا کہ خالق لایزال کی پرستش کرا در اپنے
نفس کو پاکیزہ رکھ اور بے ایمانون سے جہاد کیا کر اور غیر کے مال کی خواہش دل مین نہ کر
اور خوب یاد رکھ کہ ملک بے رعایا آباد نہین رہتا پس رعیت پر احسان کیا کر اور اُنکے حال سے
غافل نرہا کر ہمیشہ اُنکی خبرگیری کیا کر اور تجھپر واجب و لازم ہی کہ دنیا کے کامون پر آخرت کا
کام مقدم کر اور جب کسی دشمن سے لڑائی پیش آئے تو ہر کام مین تدبیر کو ہاتھ سے ندے
اور لازم ہی کہ حالت لڑائی مین بھاگنے سے احتیاط رکھ کیونکہ فرار مین بھی وہی اندیشہ مرجانے کا ہی
جو لڑنے مین ہی بلکہ نامردی کا عیب اور علاوہ ہی اور یہ بھی ضرور ہی کہ دشمن کی خبر لانے کو
جاسوس مقرر کر مگر اُنکا معتمد ہونا ضرور ہی اور واجب ہی کہ مکر و حیلہ سے اجتناب رکھ کہ نقصان
اُسکا تجھی پر عائد ہوتا ہی اور جب کوئی حکم لکھوا کر جاری کرنا منظور ہو تو اول خوب غور کرے
کہ وہ حکم لائق اجرا ہی یا نہین اگر ہو تو لکھوا کر جاری کرو مگر اُس حکم کو اول سے آخر تک بخوبی
پڑھ لے لکھنے والے پر اعتماد کلی نرکھ کہ اسمین خطا پائیگا اور تجکو چاہیے کہ اہل فلاحت و زراعت
غفلت نکر کیونکہ آبادی زمین کی بے ہوشیاری نہین ہوتی ہی اور اسی کی آبادی سے
لشکر کی کثرت ہوتی ہی اور اسی سے خزانہ جمع ہوتا ہی اور بادشاہی قرار پاتی ہی گویا کہ یہ
نسخہ کیمیا ہی آز انجملہ حضرت فرماتے ہین کہ تمامی حسنات سے تین باتین احسن ہین ایک
راستی بحالت غضب دوسرے بخشش بوقت تنگدستی تیسرے عفو باوصف قدرت انتقام ازین
اقوال حکمت آمیز سے حکماے یونان حضرت ادریس کو اوریاے اول یا ثانی کہتے ہین
اخبار الدول مین ہی کہ اول رسم عمارت و آبادی و قصبات و قریات ہو بامان انھین سنے

جاری فرمائی اور قواعد سیاست مدن انھین نے منضبط فرمائے چنانچہ ہر فرقے نے اپنی زمین میز
قصبے وشہر آباد کیے چنانچہ ایک سو اسی مدینے آباد ہو گئے اور بعض تواریخ مین دیکھا گیا ہی
کہ سو شہر خود حضرت ادریس ع نے آباد فرمائے اُنمین سے چھوٹا شہر مدینۂ زہا تھا کہ ہلاکو خان کے
وقت مین ویران ہوا اور روایت ہی کہ گنبد ہرمان جو اطراف مصر مین مشہور ہین حضرت ادریس کے
بنوائے ہُوئے تھے اور اُنمین یہ کام کیا ہی کہ تمام صنعتون کی تصویرین اور اُنکے آلات کی تصویرین
کھچوائی ہین تاکہ بوقت ذہول و فراموشی اُسمین دیکھ لین اسی کا ذکر کتب تواریخ مین ہی کہ
بنی الہرمان فکان النسر فی السرطان اخبار الدول مین ہی کہ جب حضرت ادریس علیہ السلام
آسمان پر گئے ہین تو عمر اُنکی تین سو بیاسی برس کی تھی اور بعض کے نزدیک تین سو پچاس
برس کی اور باپ حضرت ادریس کے بعد الارتفاع پانسو برس اس عالم مین رہے اور
حضرت مولانا رفیع الدین دہلوی فرماتے ہین کہ جب حضرت ادریس آسمان پر گئے ہین
تو سنہ ایک ہزار چار سو چونسٹھ ہبوطی تھے اور عمر اُنکی چار سو پانچ برس کی تھی اور بعض
کہتے ہین کہ آٹھ سو پینسٹھ برس زمین پر رہے ہین اور بعض کہتے ہین کہ تین سو پینسٹھ برس
زمین پر رہے ہین واللہ اعلم بحقیقۃ الحال تواریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ جب عمر حضرت ادریس
علیہ السلام کی پینسٹھ برس کی ہوئی تو اُنھون نے مساۃ بروخام سے نکاح کیا اُنسے متوشلخ
کہ بلسان عرب بھی منشرح ہی پیدا ہوے اور اُسوقت عمر حضرت ادریس علیہ السلام کی
تین سو برس کی تھی) اور حضرت ادریس علیہ السلام نے بحکم الٰہی قبل از رفع آسمان انکو
اپنا ولی عہد و خلیفہ کر دیا تھا اور اول عالم مین انھین نے گھوڑے پر سواری کی تھی اور
نو سو بیاسی برس اس عالم مین رہے اور ایلول مین وفات پائی روایت ہی کہ جب
متوشلخ ایک سو ستر برس کے ہوے تو اُنھون نے مساۃ عربا سے نکاح کیا کہ اُن سے
لمک جنکو لامک بھی کہتے ہین پیدا ہوے اور اُنکے وقت مین اولاد قابیل کے اشرار و
جبابرہ بکثرت ظاہر ہوے لمک کی عمر آٹھ سو برس کی ہوئی اور جب ایک سو ستاسی
برس کے ہوے تو حضرت نوح علیہ السلام پیدا ہوے ابو المعز بلخی نے اپنی کتاب مین
لکھا ہی کہ ہرامسہ بہت ہین لیکن افضل و اعلم تین شخص ہین اول ہرمس الہرامسہ
حضرت ادریس علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کہ انکو اہل فارس نبیرۂ کیومرث قرار
دیتے ہین دوسرا شخص ہرمس بابلی ہی کہ اُسنے بعد وقوع طوفان حضرت شیخ الانبیاء

نوح علیہ السلام کے شہر بابل کو از سر نو آباد کیا اور جو علوم و فنون کہ مندرس ہو گئے تھے
پھر اُسنے از سر نو جاری کیے اور خود مدینہ کلدا مین مقیم ہوا اِس سبب سے وہ مقام
مدینۂ فلاسفہ کہلایا فیثاغورث اُسی کا شاگرد ہی تیسرا ہرمس مصری کہ فن طبابت
و کیمیا مین بیعدیل تھا حکیم اسقلیوس اُسکا شاگرد تھا فائدہ ہمارے حضرت صلعم کی خبر
حضرت ادریس علیہ السلام نے یون دی ہی کہ خدا آویگا فرشتون کے ساتھ تو سب آدمیون کی
حکومت کرے اور منافقون کو زجر و توبیخ کرے بسبب اعمال نفاق کے اور خطاکارون کو
بسبب اقوال درشت کے انتہی اِس قول کو یہودا حواری نے اپنے مکتوب کے باب
چہاردہم مین اور نصاری اِسکو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت پر دلیل گردانتے ہین
حالانکہ یہ قول کسی طرح اُنپر صادق نہین آتا کیونکہ منصوص اِس قول کا تیغ زن اور قہرمان
اور مُوبخ اور مخوف اور مجاہد چاہیے سو یہ صفات حضرت عیسیٰ علیہ السلام مین بالاتفاق
اصلا نہ تھے اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین جملہ صفات مذکورہ موجود کمال کے
ساتھ تھے اور نبی الملاحم آپ کا نام تھا کما قال انا رسول اللہ بالسیف اور خدا کے
آنے سے خدا کا جلال مراد ہی یعنی شاہ شاہ محذوف ہی اور حذف مضاف عند
وجود القرینہ جمیع السنہ مین شائع اور ذائع ہی اور اگر نصاری اِس قول کو باینہمہ قباحت
حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر حمل کرین تو چاہیے کہ جتنے نبی ابتدا سے آج تک تیغ زن
اور مجاہد گذرے ہین اُنکی خدائی کے قائل ہون حالانکہ اسکے قائل نہین ہین پس
حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر صادق نہین آتا قصۂ ہاروت و ماروت یہ قصہ متعلقات قصہ ہاروت و ماروت
احوال حضرت ادریس علیہ السلام سے ہی کیونکہ یہ واردات انھین کے زمانے مین ہوئی ہی
لہذا اِس مقام پر بیان اسکا ضرور ہوا پوشیدہ نہ رہے کہ ابن جریر و ابن حاتم و حاکم وغیرہ
مفسرین نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ
شیر خدا کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہی کہ جب اعمال بد اولاد آدم علیہ السلام کے
آسمان پر جانے لگے تو ملکوت السموات مین قیل و قال شروع ہوا اور اہانت و تحقیر اُنکی
ہر ایک کے زبان زد ہوئی خصوصاً یون ہوا کہ جب قابیل نے ہابیل کو بلا وجہ قتل کیا
تو معترضان ملکوت جو کہ پیدا ان تصلف مین اتجعل فیہا من یفسد فیہا و یسفک الدما
مار چکے تھے دلیری کر کے بولے کہ یہ قوم ثاکی اپنی بیباکی سے فرمانبرداری مین تقصیر کرتی

اور حکم الٰہی بجا نہ لائیگی بہر دو تقریر و تقدیر جناب مالک الملک خالق کبریا سے ارشاد ہوا کہ ای غرہ شدگان زوایاے عبادت و ای باریافتگان درگاہ جلالت اپنی طہارت اور عصمت پر فریفتہ اور عزت اور کرامت پر شیفتہ نہ ہو اور زبان ملامت گنہگاران بنی آدم پر مت کھولو اور کلمات بد انکی نسبت زبان پر نہ لاؤ نہین جانتے کہ اگر ایک شمہ بھی شہوات نفسانی اور تعلقات جسمانی کا جو کہ بنی آدم مین رکھا گیا ہی اگر تم مین بھی رکھتا تو تم بدتر اُس سے کرتے تب فرشتون نے کہا معاذ اللہ ای رب اعتقاد ہمارا یہ ہی کہ باوجود قواے شہوانیہ او غضبیہ کے بھی خلاف نکرین ارشاد ہوا کہ تم لوگ اپنے گروہ سے ایک کسی کو منتخب کرو تو حقیقت کار دکھلاؤن سو فرشتون نے عزا اور عزایا اور عزائیل کو تجویز کیا اللہ نے قوت شہویہ و غضبیہ انکو عطا کی اور فرمایا تم زمین پر جاکر فرمان روائی کرو مگر شرک اور قتل اور زنا اور شرب خمر سے بچنا اور فیصلہ مقدمات بانصاف کرنا اور جب شام ہو جاے تو اسم اعظم جو تمکو سکھلایا جاتا ہی پڑھکر آسمان پر اپنی جگہ اور مقام پہ حاضر ہونا اور دوسرے دن پھر صبح کو بدستور زمین پر جانا فائدہ اِس مقام پر تحقیق اسم اعظم کی جو اہل تحقیق نے فرمائی ہی لکھنا ضرور ہی پس واضح ہو کہ حضرت نجم الدین کبری فرماتے ہین کہ اسم اعظم لفظ اللہ کی ہی اسلیے کہ مومن کافر مشرک موحد سب کی زبان پر یہ اسم دائر ہی مومنین اور موحدین کہتے ہین کہ امرنا اللہ اور مشرکین کافرین کہتے ہین خلقنا اللہ قال اللہ تعالی لئن سالتہم من خلقہم لیقولن اللہ یعنی اگر تو پوچھے انکو کس نے پیدا کیا تمکو تو کہینگے اللہ نے مومنین کو اعتقاد ہی کہ انبیا علیہم السلام اللہ پاس ہماری شفاعت کرینگے کافرون کو اعتقاد ہی کہ اشقیا اصنام کو اللہ پاس ہم حمایت لائینگے قال اللہ تعالی یقولون ہٰؤلاء شفعاؤنا عند اللہ یعنی کہتے ہین یہ ہمارے سفارشی ہین اللہ پاس بحر العلوم مین ہی کہ ہذا ہو الحق الصریح اسواسطے کہ یہ اسم ذات ہی اور اسماء اسم صفات ہین اور ذات اشرف صفت سے ہی اگر یہ اسم اعظم نہ ہوتا تو اللہ رحیم اپنے حبیب کریم کو اثبات وحدانیت اور نفی الٰہیۃ مین اُسکو تعلیم نہ فرماتا کہ فاعلم انہ لا الہ الا اللہ و قل اللہ فذرہم یعنی تو جان رکھ کہ بندگی کسی کی نہین سوا اللہ کے اور تو کہہ اللہ نے اتاری پھر چھوڑ دے انکو و معہذا ایمان کی صحت مین کیون دخل ہوتا اور جملہ اسماکی طرح یہ اسم غیرون پر کسواسطے بولا نجاتا اور دعا اور ندا مین کسطرح مقدم آتا قال اللہ تعالی قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمن یعنی کہہ اللہ کو پکارو یا رحمن کو

وقال علیہ السلام احب الاسماء الی اللہ عبد اللہ وعبد الرحمن اور حضرت امام زین العابدینؑ فرماتے ہین کہ مین ہر نماز کے بعد دعا مین کہتا تھا کہ الٰہی مجکو اسم اعظم کی تعلیم فرما ناگاہ ایک دن نماز فجر کے بعد آنکھ لگی دیکھتا ہون کہ ایک مرد باعزت و وقار نے مجھسے کہا کہ لے تیری دعا قبول ہوئی اب تو پڑھا کر اللھم انی اسالک باسمک اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ لا الہ الا ہو رب العرش العظیم جناب امام فرماتے ہین کہ قسم بخدا پھر جو دعا مین درخواست کرتا تھا وہ ملتا تھا اور علامۂ قونوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اسماء اللہ کلہا اعظم لیکن اسم اعظم کے وجود مین شک نہین ہان اُسکے تعین مین اختلاف ہی بعضے ہو الحی القیوم کہتے ہین اور کوئی یا بدیع السموات والارض فرماتے ہین اور بعضے یا ذا الجلال والاکرام خواہ یا قریبا غیر بعید یا یا حنان یا منان یا مجیب دعوۃ المضطرین خواہ یا صمد اور بعضے ہو الاول ہو الآخر یا الم یا کہیعص اور بعض بسم اللہ مین مضمر بتلاتے ہین اور اکثر اہل تحقیق کا اتفاق ہی کہ یہی اسم اعظم ہی اور تفاسیر معتبرہ مین یہ بھی مرقوم ہی کہ لفظ رب کا اسم اعظم ہی تفسیر تیسیر مین حضرت خضرؑ سے منقول ہی کہ جس اسم سے اللہ کو سارا جہان پکارے وہی اسم اعظم ہی قرطبی وغیرہ مین ہی کہ الحق بیشتر اسی اسم سے مخلوقات نے خالق کائنات کو پکارا ہی حملۂ عرش نے ندا کی ربنا وسعت کل شی رحمۃ وعلما آدمؑ نے دعا کی ربنا ظلمنا اور نوحؑ نے رب لا تذر علی الارض ابراہیمؑ نے رب اجعل ہذا البلد امنا یوسفؑ نے رب السجن احب الیّ شعیب علیہ السلام نے ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق حضرت صالحؑ نے ربنا ہب لنا من ازواجنا وذریاتنا قرۃ اعین حضرت ایوبؑ نے وایوب اذ نادی ربہ حضرت یونسؑ نے رب انی ظلمت نفسی حضرت سلیمانؑ نے رب اغفرلی وہب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی حضرت زکریاؑ نے رب انی وہن العظم منی حضرت عیسیٰؑ نے ربنا انزل علینا مائدہ ہمارے حضرت شفیع الامۃ محمد مصطفےٰ صلعم نے ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا اور اصحاب کہف نے ربنا آتنا من لدنک رحمۃ فرزندان صالح رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا حواریون نے ربنا امنا بما انزلت مادر مریم نے رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررا آسیہ امراۃ فرعون نے رب ابن لی عندک بیتا فی الجنۃ بلقیس نے رب انی ظلمت نفسی واسلمت اور ہمارے حضرت کے اصحاب باصفا نے ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ اور تابعین نے ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان مومنین نے ربنا اننا سمعنا منادیا ینادی للایمان اہل علم نے ربنا ما خلقت ہذا باطلا اور شیطان نے رب انظرنی الی یوم یبعثون اسی طرح ایماندار اور صلحا حسب حاجات اور مواعید لطف وبرکات کو چاہینگے عرض کرینگے ربنا اتمم لنا نورنا

ربنا آتنا ما وعدتنا اور کفار اور اشقیا جب درکات سے نجات چاہینگے ہاتھ اُٹھا ئینگے دعا کو ربنا اخرجنا منہا ربنا غلبت علینا شقوتنا اس سے معلوم ہوا کہ ہر کسی کی دعا اور ندا اسی اسم کے ساتھ ہی اور معہذا دعا کو بشارت اور قبولیت کے ساتھ بھی اسم مخصوص ہی کما قال اللہ تعالی ادعو ربکم تضرعا وخیفۃ و ربکم ادعونی استجب لکم فاستجاب لھم ربھم **فائدہ** اول ہمنے بیان کیا کہ بالاتفاق اللہ کا لفظ اسم اعظم ہی اور یہان ظاہر ہوا کہ رب کا لفظ اسم اعظم ہی سُو اِن دونون بات مین منافات نہین اسواسطے کہ محققین کے نزدیک اسمار ربانیہ ذات موجودات کی نسبت دو قسم ہین اعیان ثابتہ وحقائق علمیہ کے اعتبار سے اسمار الوہیت کہلاتے ہین جیسے قادر مرید ان مین اصل اسم اللہ ہی اور اکوان خارجیہ وحقائق کونیہ کے امتیاز سے اسمار ربوبیت کہلاتے ہین جیسے رزاق حفیظ ان نامون مین اصل اسم رب ہی پس یہ دونون اسم ان دونون حیثیتون سے اسم اعظم ہین پس جس طرح اسم اللہ اسمائے الوہیت کا مرجع ہی ویسا ہی اسم رب اسمائے ربوبیت کا مرجع ہی اگرچہ اسم اللہ کہ رب الارباب ہی اسکے تحت تربیت مین سائر موجودات واقع ہی لیکن ہر جنس اور ہر نوع اور ہر شخص کے لیے مطلق ربوبیت سے ایک حصہ خاص ہی کہ وہ انکا مربی اور مقوم ہی اسی واسطے قرطبی مین ہی کہ اسم رب مین ایک خصوصیت خاصہ ہین الرب والمربوب مفہوم ہوتی ہی کہ وہ خصوصیت رب کی جانب سے رافت اور رحمت پر شامل ہی علی الاتصال اور مربوب کی جانب سے فقر اور احتیاج کو خوف اور رحال مین تفنا دل ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال القصہ یہ تینون فرشتے مکتب افلاک سے مرکز خاک پر نازل ہوے اور بنی آدم مین مختلط ہوکے دن بھر مسند حکومت پر فصل خصومات کرتے اور شب کو بقوت اسم اعظم آسمان پر اپنے صوامع عبادت مین بسر کرتے یہان تک کہ ایک مہینا اس حال پر گذرا اور عدل اور انصاف انکا شہرۂ آفاق ہوا عزائیل نے اختلاط بنی آدم سے اپنی حقیقت ملکیہ مین فی الجملہ تغیر پایا اور سمجھا کہ نتیجہ اسکا بہتر نہین ہی پس درگاہ الٰہی مین بزاری اور نیاز کہنے لگا ؎ الٰہی ظلم کردم برتن خویش ٭ درین غم خجلتے دارم زحد بیش ٭ رہائی دہ ز زندان غرورم ٭ ببر با عرصۂ دار السرورم ٭ حضرت ربانی نے گریہ اور زاری اُسکا قبول فرمایا اور طبیعت آدمی کی اُس سے زائل کی کہ اپنی جگہہ پر جاکر سجدۂ شکر مین گرا اور چالیس برس سجدے مین پڑا رہا اور عزا اور عزایا بدستور حکومت زمین پر

مشغول رہے یہان تک کہ صیاد قضا نے دام بلا مین مبتلا کیا ؎ اول کہ بسے بال و پر بکشادیم * گفتیم کہ از قید بلا آزادیم * صیاد ازل کرشمۂ کرد بما * مانیز چو دیگران بدام افتادیم * روایت ہی کہ ایک روز اثنا ے استعمال رفع مہمات اور فصل خصومات مین ایک عورت زہرہ نام اور حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہی کہ ملکہ اہل فارس ملقب بہ بیدخت تھی اور بعضے کہتے ہین ستارۂ زہرہ تھا کہ بصورت ایک عورت کے متمثل ہوکے امتحان کے واسطے آیا بالجملہ ایک عورت جمیلہ بحسن تدبیر و لطف تقریر آراستہ اور زیور حسن و جمال سے پیراستہ ہوکے مجلس عام مین آئی اور اپنے شوہر پر دادخواہ ہوئی ؎ ازین عابد فریبی دل ربائی * ازین زاہد کشی شوخی بلائی * نہال نوبر از باغ جوانی * لبے خوشتر ز آب زندگانی * ملاحت راز حسنش رنگ بر روے * حلاوت راز لعلش آب در جوے * معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ اُسکی شیرین بیانی اور حسن کلامی نے دونون فرشتون کو بیتاب کردیا کہ دل ہاتھ سے جاتا رہا ؎ بذلہ گوے وعشوہ ساز و شوخ چشم و غمزہ زن * خوبروے کاینچنین باشد بلاے جان بود ؎ یکے را پاے در گل ماندہ از عشق * دگر را دست بر دل ماندہ از عشق * القصہ دونون نے باتفاق اُسکے مقدمہ کو تاخیر مین ڈالدیا جب مجلس عام خلوت ہوگئی مافی الضمیر اپنا ایک نے دوسرے سے کہا دونون کو معلوم ہوا کہ آتش عشق مین حریق اور دریاے شوق مین غریق ہین ؎ نیست یکساعت دل ما خالی از سوداے عشق * تا چہ آرد بر سر ما عاقبت غوغاے عشق * دوسرے دن وہ حسینہ دلربا پھر آئی کہ دونون نے اُسکو خلوت مین طلب کرکے راز نہفتہ اپنا بمقتضاے ع عاشق روے توایم از تو چہ پنہان داریم * بلا تکلف آشکارا کیا اُسنے بکرشمۂ خوبی وغنج و دلال محبوبی جواب دیا کہ تم مجھسے دین مین مختلف ہو اور باوجود تخالف مذہب یہ معاملہ نہین ہوتا ہی قطع نظر اس سے شوہر میرا نہایت غیور ہی اگر وہ سنیگا کہ مین تمھارے ساتھ نشست و برخاست کرتی ہون تو بیشک مجھکو مار ڈالیگا پس اگر تمکو طواف کعبہ مجاورت میری کا منظور ہی تو میرے بت کو کہ قبلۂ پرستش میرا ہی سجدہ کرو اور جو سرچشمۂ وصال سے سیراب ہوا چاہتے ہو تو میرے خصم کو کہ اُسکے خار آزار سے دل برخون رکھتی ہون قتل کرو فرشتون نے کہا معاذ اللہ عبادت غیر حق گناہ عظیم ہی اور قتل ناحق فعل شنیع ہم سے یہ دونون

امر نہو سکین سگے ناچار وہ معشوقہ دلربا یون طعنہ کر کے چپ ہوئی ؎ گر تھین تھا تصور انجام ٭
کیون محبت عشق کو کیا بدنام ٭ چونکہ اسکے دل مین قلق الفت اور اضطراب محبت غالب ہوگیا تھا
دوسرے دن اسکو پیغام بھیجا ؎ گذشتی بر مزارم شورشے انداختی رفتی ٭ کف خاک مرا
صحراے محشر ساختی رفتی ٭ گرفتی شیشۂ دل را شکستی تاختی رفتی ٭ صدا ہامی شنیدم
جابجا انداختی رفتی ٭ اور کہا ہم ناچار تیرے گھر مین مہمان ہونگے ؎ بنہانہ اش روم واین کنم
بہانہ بحیش ٭ کہ مست بودم وکردم خیال خانہ خویش ٭ اوسنے کہا بہت اچھا بے تکلف تشریف
لائیے مین راضی ہون اور اپنے مکان خلوت کو آراستہ اور خود بنفاست زیور ولباس
سے پیراستہ ہوکر بیٹھی اور حسب عادت دو چار شیشے شراب کے سامنے رکھ کے مستعد
فریب ہوئی جب یہ دونون دل تفتہ از خود رفتہ مکان معشوقہ مین پہونچے تو یہ کہا ؎ میسر کے
شود وصل تو اے آرام جان ما را ٭ کہ از خویشان تراہم ہست واز بیگانگان ما را ٭ اور از بسکہ
آتش شوق سے سوزان اور طپش عشق سے پریشان تھے وقت خلوت غنیمت جانکر
کہنے لگے ؎ بیا اے جان بنشینیم باتو ٭ کہ فردا من کجا باشم کجا تو ٭ ندانم باتو کے گرد ملاقات
زمانے من ترا بینم مرا تو ٭ اسنے کہا کہ مین چار چیز دان مین تمکو اختیار دیتی ہون یا تو میرے بت کو
سجدہ کرو یا میرے شوہر کو قتل کرو یا مجھکو اسم اعظم تعلیم کر دیا ایک قدح شراب نوش فرماؤ
ان دونون نے باہم مشورہ کیا کہ شرک وقتل نفس گناہ شدید ہے اسکو کرنا نچاہیے اور اسم اعظم
سر الہی ہے اسکو بتلانا نچاہیے مگر شراب پینا گناہ سہل ہے لا باس بہ ؎ آن تلخ وشس کہ صوفی
ام الخبائثش خواند ٭ اشہی لنا واحلی من قبلۃ العذارا ٭ اور یہ نہ سمجھے کہ خمر مجمع الفسادات اور
ام الخبائث ہے ؎ کس بہشیاری نگردد بت پرست ٭ پیش بت مصحف بسوزد مرد مست
غرض کہ بزم عیش مین بیٹھ کر جام مے نوش فرمایا اور محتسب عدل کو فراموش کیا اور
حسب حال اونکے زبان حال بنی آدم یون مترنم ہوئی ؎ کل شیخ بن کے مجتہد عصر
سا آیا ٭ دکھلا کے باغ سبز ثواب و عذاب کا ٭ کہنے لگا زراہ تبختر مجھے بطنز ٭ معلوم
ہوگا حشر مین پینا شراب کا ٭ مین نے کہا کہ مین بھی ہون یہ خوب جانتا ٭ پر کیا کرون
کہ ہے ابھی عالم شباب کا ٭ تقصیر ہو معاف تو ایک عرض مین کرون ٭ گر آپ مجھکو کیجے
نہ مورد عتاب کا ٭ تقویٰ ہمارے آگے ہو تب آپکا درست ٭ اور تب یقین ہو آپکے اس
اجتناب کا ٭ مے ہو و کنج باغ ہو ساقی ہو ماہ وشس ٭ اور کوئی وان مخل نہو باعث

حجاب کا * گردن مین ہاتھ ڈال سکے وہ شوخ بیحیا * یہ ریش جسپر جلوہ ہی رنگ خضاب کا
کھینچ اسکو اور منھ سے ملا کر کے اپنا منھ * دی ذائقہ زبان سے دہن کے لعاب کا * سنت
سے یون کہے کہ ہمارا لہو ہے * گر پی نجائے جلد یہ پیالہ شراب کا * اُسوقت مین سلام
کرون قبلہ آپکو * گر آپ خوف کیجیے روز حساب کا * اور امتحان بغیر تو یہ آپکا غلام *
قائل نہین ہی قبلہ کسی شیخ و شاب کا * الحاصل شراب پی کے دونون بیہوش ہوے ع
زیادہ چنان آتشے بر فروخت * کہ می خوارگان را در درخت سوخت * بعد اسکے بت کو
سجدہ کیا اور اوسکے شوہر کو بھی مارا اور اسم اعظم بھی تعلیم کیا ع عشق ازین بسیار کردست و
کند * سبحہ را زنار کردست و کند * بعض روایات مین آیا ہی کہ وہ عورت اسم اعظم کو پڑھ کے
آسمان کو گئی اور حق تعالی نے اوسکی روح کو ستارہ زہرہ کی روح سے متصل کر دیا اور
بصورت زہرہ مسخ ہو گئی اور یہ دونون فرشتے اوسکے ساتھ نجا سکے اور اسم اعظم انکو بھول گیا
جب مستی شراب سے ہوش مین آئے تو ندامت سے افسوس کرنے لگے اور گویا کہنے لگے
ع گئے دونون جہان کے کام سے ہم * نہ ادھر کے ہوے نہ اُدھر کے ہوے * نہ خدا ہی ملا
نہ وصال صنم * نہ ادھر کے ہوے نہ اُدھر کے ہوے * حق سبحانہ تعالی نے اس حال سے ملائکہ
آسمان کو مطلع کیا کہ یہ دونون فرشتے باوجودے کہ میری تجلی سے غائب نہ تھے بلکہ شہود دائم انکو
نصیب تھا محض بغلبہ شہوت اس معصیت مین گرفتار ہوئے بنی آدم کہ میرے حضور
سے غائب ہین اور شہوت انکی طبیعت مین مخمر ہی اگر مصدر معاصی ہو جائین تو کیا عجب ہی
سب ملائکہ متحیر ہوے اور اوسوقت سے واسطے اہل زمین کے استغفار کرتے ہین
چنانچہ حق سبحانہ فرماتے ہین والملائکۃ یسبحون بحمد ربہم ویستغفرون لمن فی الارض آخرکار
ان دونون فرشتون نے اپنا حال متغیر پایا اور زار زار روئے اور حضرت ادریس علیہ السلام
کی خدمت مین آئے اور حال زار اپنا بیان کر کے شفاعت کی درخواست کی حضرت
ادریس علیہ السلام نے وعدہ فرمایا کہ جمعہ آئندہ مین تمھارے واسطے جناب باری مین التماس
کرونگا جب وہ جمعہ گذر گیا تب حضرت ادریس نے کہا کہ اس جمعہ کو دعا تمھارے حق مین
مقبول نہ ہوئی تامل کرو جمعہ آئندہ تک جب جمعہ دوسرا آیا تو حضرت ادریس علیہ السلام نے
فرمایا کہ حق تعالی نے تمکو عذاب دنیا اور آخرت مین اختیار دیا ہی اگر چاہو عذاب دنیا اختیار کرو
اور اگر چاہو عذاب آخرت پر آمادہ رہو دنیا مین کچھ مواخذہ نہوگا تکملۃ القصص مین لکھا ہی کہ

حضرت جبرئیل علیہ السلام بفرمان ربانی انکے پاس آئے اور خبر دی کہ نام تم دونون کا متغیر ہوگیا یعنے عزا کا ہاروت اور عزایا کا ماروت ہوا اور تمکو اختیار ہی محبت اس جہان اور مشقت اوس جہان مین انھون نے باہم مشورت کرکے باین خیال کہ عذاب دنیا فانی ہی اور عذاب عقبیٰ باقی عذاب اس جہان کا اختیار کیا حق تعالی نے فرشتون کو حکم دیا کہ انکو زنجیرہاے آہنین مین کس کے اور بدن کے بال باندھ کے چاہ بابل مین کہ آتش تیز سے شعلہ زن ہی الٹا لٹکا دو اور ایک ایک فرشتہ نوبت بنوبت قیامت تک انکو تازیانہ آتشین سے مارا رہے اور انپر تشنگی باین مرتبہ غالب کی ہی کہ شدت عطش سے زبانین منھ سے باہر پڑی ہین اور طرفہ عذاب یہ ہی کہ بمقدار ایک بالشت کے پانی سرد خوشگوار لبون کے مقابل رکھا ہی اور پینے نہین پاتے ہین والعیاذ باللہ من غضب اللہ **فائدہ** واضح ہو کہ اس قصے کو تفاسیر محدثین اور سنن بیہقی اور مسند امام احمد مین بروایات متعددہ اور طرق مختلفہ کہ بعضے اونکے صحیح ہین اسیطرح بیان کیا ہی لیکن متکلمین مفسرین مثل امام رازی اور قاضی بیضاوی اس قصے کی انکار کرتے ہین اسطرح سے کہ نظم قرآنی مین کوئی بات ایسی کہ شعر اس قصے پر ہو نہین پائی جاتی ہی پس ایسی روایتین کہ مخالف اصول اور قواعد دین کے ہون قابل اعتبار کے نہین کسواسطے کہ اس قصے مین چند باتین اصول عقائد کے خلاف ہین اول یہ کہ فرشتے بالاجماع معصوم ہین گناہ کبیرہ انسے صادر ہونا منافی عصمت کے ہی دوسری یہ کہ اس عورت فاجرہ کو باوجود خباثت کے کسطرح ممکن ہوا کہ بزور اسم اعظم آسمان پر چلی گئی کسواسطے کہ دعوت اسماکے واسطے بہت شرطین ہین عمدہ اون مین تقویٰ اور طہارت بھی ہی تیسری یہ کہ مسخ اور تبدیل صورت گویا عقوبت ہی اور عقوبت تحقیر اور اہانت کا سبب ہی اور ستارہ درخشندہ ہونا دلیل کمال عظمت اور بزرگی پر ہی چوتھی یہ کہ زہرہ ایک ستارہ ہی مشہور کہ قبل از خلقت حضرت آدم مخلوق ہوا تھا اور اس قصے سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ ستارہ بعد از واقعے کے ہوا ہی پانچوین اس قصے مین فرشتون کی زبان سے نقل کیا ہی کہ فرشتون نے جناب الٰہی مین عرض کیا کہ ہم باوجود شہوت اور غضب کے گناہ نکرینگے حالانکہ حق تعالی نے ارشاد فرمایا تھا کہ اگر تم مین بھی شہوت اور غضب ہوتا تو تم بھی معصیت مین مبتلا ہو جاتے پس صریح تکذیب خدا لازم آتی ہی اور یہ فعل شنیع منافی ایمان کے ہی چہ جاے ملکیت پس سبب نازل کرنے ان دونون فرشتون کا یہ تھا کہ علم سحر جو کہ علوم الٰہیہ سے ہی نوع انسان مین باقی رہے اور انبیا علیہم السلام کی یہ شان نہین تھی کہ ایسے علوم سراسر

فائدہ
بیان انکار قصہ ہاروت و ماروت بنسبت امام رازی و بیضاوی

ضرر کو کہ اُس سے تاثیرات مخلوقات کا اعتقاد اور تاثیرات خالق سے غفلت ہو جاے تبلیغ
فرادین جیسے علوم فلسفہ اور طبیعیہ کہ ضرر اونکا نفع سے زیادہ ہی بھی بیان نہین کرتے بلکہ دیدہ و
دانستہ اوس سے سکوت کرتے ہین اسواسطے کہ حقیقت نبوت دعوۃ الخلق الی الحق
ہی اور یہ علوم اس غرض مین مخل ہوتے ہین پس ضرور ہوا کہ دونون فرشتون کو واسطے
تعلیم سحر کے نازل فرمائین اور تعلیم سحر مین کچھ قباحت نہین ہی اسواسطے کہ نہایت کار سحر کفر ہی
اور جو چیز مؤدی بکفر ہو تعلیم اوسکی مضائقہ نہین ہی مثلاً کوئی شخص کہے کہ اگر فلان ستارہ کی کوئی
پرستش کرے تو یہ اثر بخشیگا اور اگر فلان شیطان کی عبادت کرے تو یہ مطلب حاصل ہو جائیگا
اور دوسرا شخص اس کلام کو سنکے یہ کام کرے تو کفر یہ عبادت و اعتقاد ہی نہ کہ بیان کرنا اُسکا
اور سحر کے فائدے بھی بہت ہین جیسے امتیاز کرنا معجزات انبیا اور کرامات اولیا اور سحر
جادوگرون مین اور اسیطرح فرق کرنا طلسمات اور نیرنجات اور شعبدون مین بھی اسی علم سے
حاصل ہوتا ہی بلکہ جو لوگ اس علم سے ناواقف ہین ایسی چیزون مین اصلا فرق نہین کرتے ہین
حتی کہ ساحر اور شعبدہ باز کو مثل انبیا اور اولیا کے جانتے ہین اور بعضے اعمال سحر کے واسطے
ہلاک کرنے دشمن خدا اور الفت مرد و زن کے اور دفع کرنے شر ظالم کے ہین درحقیقت مستحسنات
شرعیہ مین داخل ہین اور یہ بھی ہی کہ جب کوئی شخص قواعد سحر کو جانکے محل ناپسند مین صرف
کرنے سے احتراز کرتا ہی تو مستحق ثواب ہوتا ہی کہ باوجود قدرت گناہ کے گناہ سے باز رہا اور یہ بھی ہی
کہ شہر بابل مین آدمیون کو سحر کا کمال شوق تھا کہ عجیب و غریب چیزین سحر سے استخراج کرتے تھے
اور اسی سبب سے کمال خودبینی اور غرور انکو ایسا ہوا تھا کہ خدا سے غافل ہو گئے تھے اس واسطے حکمت
الٰہیہ مقتضی ہوئی کہ اوسوقت مین دقائق اس علم کے غیب سے بواسطہ ان دونون فرشتون کے
کھولے جائین تاکہ یہ لوگ بھی معلوم کرین کہ علم الٰہی سے کبھی مستغنی ہونا چاہیے چنانچہ آیۃ قرآنیہ
ما انزل علی الملکین دلیل صریح ہی کہ یہ علم جناب الٰہی سے نازل ہوا ہی اور فرشتون کے حال
سے بھی خبر دی ہی وما یعلمان من احد حتی یقولا انما نحن فتنۃ فلا تکفر یعنے وہ دونون فرشتے نہین
سکھلاتے ہین کسی کو یہان تک کہ کہدیتے ہین کہ ہم ہین آزمانے کو پس تو مت کافر ہو اور یہ نصیحت
اور وعظ دلیل ہی کہ یہ دونون فرشتے آپ سے تعلیم سحر نہین کرتے تھے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ منظور
محض تعلیم نہ تھی بلکہ تعلیم اور منع دونون تھے بالجملہ تمام متکلمین اسیطور سے گفتگو کرتے ہین لیکن
اگر تتبع روایات کہ اس باب مین وارد ہین کیا جاے تو ثابت ہوتا ہی کہ اس قصے کی بھی اصل ہی

اسواسطے کہ جو کچھ اس باب مین بطریق موقوف یا مرفوع یا خبر یا اثر کے وارد ہوا ہی قدر مشترک اوسکی متواتر ہی گو خصوصیات واقعہ مین کچھ اختلاف بھی ہوا در انکار قدر متواتر بہتر نہین ہی اور جو کچھ کہ وجوہ مخالفت مین قواعد دینیہ سے متکلمین نے بیان کیا ہی بحسب ظاہر قابل تسلیم ہین لیکن بنظر تعمق اوسمین توجیہ ہوسکتی ہی تاکہ انکار روایات اور تکذیب قصہ حضرت یوسف اور حضرت داؤد علیہما السلام وغیرہ کی لازم نہ آوے مثلاً کہہ سکتے ہین کہ فرشتے گناہ سے اوسیدم تک معصوم ہین کہ اپنی صفت ملکیت پر باقی رہین اور جب شہوت اور غضب اونمین دونون ہوئین تو اوس صفت سے خارج ہوگئے پس مقتضائے ملکیت کہ عصمت اور طہارت تھا منتفی ہوگیا اور ظاہر ہی کہ جب موثر بدلا اثر بھی بدل جائیگا اور وہ عورت اگرچہ فاجرہ تھی لیکن اسم اعظم کا شوق رکھتی تھی الا اوسکے عوض مین فرشتون سے وعدہ نامعقول کیا تھا اس باعث سے اس فعل مین حسن اور قبح مختلط ہوگئے تھے حسن نیت اور باعث وقبح صورت عمل پس صورت مجازات مسخ ہوگئی اور بحسن نیت ستارہ سے متصل ہوگئی اور سر یہ ہی کہ اوس عورت نے اپنے حسن وجمال کو وسیلہ قرب الٰہی گردانا تھا لیکن بیجا اور بے محل پس اوسکو حسن اور جمال دائمی عنایت ہوا کہ روح اوسکی ستارہ زہرہ کی روح سے متصل ہوگی اور صعود ارواح مین کچھ تعجب نہین ہی چنانچہ اچھے نیک مردون کی روح ساتون آسمان سے گذر جاتی ہی اور ہرچند کہ صورت کو کبیہ کو نسبت اور مخلوقات کے شرافت اور بزرگی ہی لیکن بہ نسبت صورت انسانیہ کے مقر ہی پس تعظیم بالنسبہ اور تحقیر بالنسبہ دونون متحقق ہوئین اور فرشتون کے کلام مین تصمیم عزم طاعت اور عدم عصیان کا بیان ہی نہ تکذیب اور تجہیل الٰہی پس معنی کلام کے یہ ہین کہ ہم اپنی طرف سے عزم مصمم رکھتے ہین گو واقع خلاف اوسکے ہو ظاہرا ملائکہ کلام الٰہی سے یہی سمجھے ہونگے کہ شہوت اور غضب جس مخلوق مین ترکیب دیا جاسے مستلزم عصیان ہی اگرچہ بی اختیار ہو لیکن اپنی طرف سے عرض کیا کہ ہمسے باختیار خود معصیت نہوگی پس اس کلام سے تکذیب لازم نہین آتی ہی اور مسخ کر دینا عورت کا بصورت زہرہ جو بیان ہوا ہی معنی اوسکے یہ ہین کہ روح اوسکی زہرہ کی روح سے متصل ہوگئی نہ یہ کہ سابق سے یہ ستارہ ہی نتھا پس خلاف واقع نہین لازم آتا ہی زبیر ابن بکار[۵۱] اور ابن مردویہ[۵۲] اور دیلمی[۵۳] حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہین کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ صورتین مسوخہ کسقدر ہین فرمایا کہ تیرہ[۱۳] ہاتھی ریچھ خوک

بندر مار ماہی سوسمار طوطا بچھو جولانہ کہ دریاؤن مین ہوتا ہی اور عربی مین اوسکو دعیوص کہتے ہین
عنکبوت خرگوش سہیل زہرہ تب مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کسطرح مسخ ہوے فرمایا
کہ فیل مرد سرکش اور دولت مند تھا خوگر بلواطت اور خرس ایک شخص تھا مخنث کہ آپکو مانند
عورتون کے آراستہ کرکے مردون کے پاس جاتا تھا اور خوک ایک جماعت تھی نصاریٰ کی
کہ کفران نعمت نزول مائدہ اون سے صادر ہوا تھا اور بندر یہودی لوگ تھے کہ شنبہ کو شکار مچھلی کا
کرتے تھے اور مار ماہی ایک مرد تھا دیوث کہ اپنی عورت کی دلالگی کرتا تھا اور سوسمار ایک گنوار
تھا بادیہ نشین کہ حاجیون کا اسباب چوری کرلیتا تھا اور طوطا ایک شخص تھا کہ درختون سے
میوہ چراتا تھا اور کژدم ایک مرد تھا سخن چین وزبان دراز کہ کوئی شخص اوسکی زبان سے محفوظ
نہین رہتا تھا اور دعیوص ایک مرد تھا چغل خور کہ درمیان دوستون کے جدائی ڈالتا تھا اور
عنکبوت ایک عورت تھی جسنے اپنے شوہر کو سحر کرکے مار ڈالا تھا اور خرگوش بھی عورت تھی جو حیض
وجنابت سے غسل نہ کرتی تھی اور سہیل چوکیدار تھا مین کہ ہر کسی سے بجبر کچھ لیا کرتا تھا اور زہرہ
دختر بادشاہ تھی کہ اُسنے ہاروت وماروت کو فریفتہ کیا تھا اور نافع المسلمین مین ہی کہ تعداد ممسوخات
مین اختلاف ہی بعضے اونتیس کہتے ہین اور بعضے ستائیس چنانچہ بارہ باستثناء دعیوص لکھے گئے
اور سترہ یہ ہین ایک روباہ کہ مرد چور تھا اور مال واسباب کاروانیون کا غارت کرلیتا تھا دوسرا
سرطان کہ مرد کفن چور تھا جسکو نباش کہتے ہین تیسرا باخہ ایک عورت تھی کہ اپنے داماد سے ہم بستر
رہتی تھی چوتھا زنبور ایک مرد عابد تھا مگر علما کی تحقیر کرتا تھا پانچوان کصح ایک مرد مالدار تھا کہ اپنی لونڈیون
سے دریا مین کھڑے ہوکر جماع کرتا تھا چھٹا زاغ ایک مرد تھا فتنہ انگیز ومتکبر اسی نے طریقہ سوداوا جاری
کیا ہی ساتوان فاختہ ایک مرد تھا کہ قسم کھاکر وفاے عدہ نہ کرتا تھا آٹھوان لقلقہ ایک مرد تھا کہ اپنی لونڈیون سے
زنا کراکر خرچی لیتا تھا نوان کنجشک ایک مرد بصورت صوفی تھا اور رقص وہزل کو مباح کہتا تھا دسوان موش
ایک مرد تھا جسنے مذہب قدریہ ایجاد کیا گیارھوان جغد ایک شخص یہودی تھا جسنے اپنی ہمشیر کو خرچی
بھیجا تھا بارھوان کتا تیرھوان شیر چودھوان باز پندرھوان بط کہ ان چارونکے افعال معلوم نہین ہوتے
سولھوان طاوس سترھوان شپرک ایک مرد آفتاب پرست تھا اور تفسیر عزیزی مین دو حکایتین
عجیب لکھی ہین ایک یہ کہ حاکم وبیہقی نے عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہی کہ ایک عورت دومۃ الجندل
کی حضرت صلعم کو تلاش کرتی آئی اور یہ کہتی تھی کہ مجھے کچھ پوچھنا تھا افسوس آنجناب رحلت فرماگئے
جب میرے پاس آئی تو مین نے پوچھا تیری کیا حاجت ہی اوسنے کہا میرا خاوند بدمزاج تھا

اس سبب سے مین رنج مین رہتی تھی اسی عرصہ مین ایک ضعیفہ میرے پاس آئی اوس سے
مین نے خاوند کی شکایت کی اوسنے کہا اگر میرا کہنا کرے تو خاوند مطیع ہو جاوے مین نے کہا ضرور
کرونگی سو وہ چار چھ گھڑی رات باقی رہے دو کتے لائی کالے ایک پر آپ چڑھی دوسرے پر
مجھے چڑھایا اور ایک لمحہ مین زمین بابل مین پہونچی وہان دو شخص اولٹے لٹکے نظر پڑے انھون نے
مجھسے پوچھا تو کیون آئی ہی مین نے اوس ضعیفہ کے سکھلانے سے کہا مین سحر سیکھون گی
وہ بولے سحر حرام ہی اوسکے سیکھنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہی تو یہان سے چلی جا مین نے کہا بے
سیکھے ہوئے نہ جاؤنگی الغرض وہ دونون منع کرتے تھے اور مین مصر تھی آخرکار مجھسے کہا کہ
اس تنور مین پیشاب کر سو مین تنور پر گئی مگر خوف سے پلٹ آئی اور مین نے کہدیا کہ پیشاب کر آئی
بولے تو نے کچھ دیکھا مین نے کہا کچھ نہین انھون نے کہا تو جھوٹی ہی ابھی تیرے حق مین بہتر ہی
کہ یہان سے چلی جا مین نے قبول نہ کیا پھر کہا پیشاب تنور مین کر پھر مین تنور پر گئی اور خوف سے
واپس آئی اسیطرح تین بار وقوع مین آیا چوتھی مرتبہ مین نے دلکو مضبوط کر کے تنور مین پیشاب
کیا تو اوسیوقت ایک سوار زرہ پوش مسلح اوس تنور سے نکلا اور جانب فلک چلا گیا یہانتک کہ
میری آنکھون سے غائب ہو گیا تب مین اون دونون کے پاس گئی اور تمام واردات بیان کی
وہ کہنے لگے درست ہی یہ سوار زرہ پوش تیرا ایمان تھا کہ تجھسے جدا ہو کے چلا گیا اب تو [illegible]
سحر مین کامل ہو گئی سو مین سخت سراسیمہ ہوئی اور اوس ضعیفہ سے کہا کہ تو مجھکو سحر سکھلانے کو لائی تھی
وہ تو کچھ نہوا میرا ایمان مفت گیا اوسنے کہا کہ یہان کا طریق تعلیم یہی ہی اب تو ساحرہ ہو گئی جو کچھ زبان
سے کہے گی وہی ہو گا مین نے کہا کیونکر یقین ہو اوسنے کہا ایک دانہ گندم لیکر زمین پر ڈال اور کہہ
کہ نکل آ سو مین نے دانہ گندم لیکر زمین پر ڈالا اور کہا نکل آ بمجرد کہنے کے وہ دانہ درخت ہو گیا الغرض
میرے کہنے سے وہی دانہ درخت بھی ہوا اور خوشہ لایا اور پختہ ہو کر طیار ہو گئی کہ روٹی پکی پکائی موجود
ہو گئی جب کہ یہ کیفیت مین نے دیکھی تو مجھکو اپنے ایمان کا نہایت افسوس ہوا مین قسم کھاتی ہون
خدا کی اے امام المومنین کہ مین نے آج تک ہرگز ہرگز کسیکے حق مین بدی نہین کی ہی اور نہ میرے
دل مین کسیکے ساتھ بدی کا ارادہ ہی اور مین حضرت صلعم کے اوصاف حمیدہ سنکر یہان حاضر ہوئی
کہ اون سے میرا ایمان پھر آنے کی دریافت کرونگی وہ نہ ملے اسکی نہایت حسرت ہی امام المومنین
نے فرمایا کہ حضرت کے اصحاب موجود ہین اون سے پوچھ وہ سب یارون کے پاس گئی کسی نے
کچھ نہ فرمایا مگر عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تیرے ماں باپ دونون زندہ

ہون خواہ ایک ہوا اونکی خدمت کر کہ ایمان پھر آوے دوسری حکایت یہ ہی کہ ابن منذر نے اوزاعی سے روایت کی اور وہ ہارون بن رباب سے روایت کرتا ہی کہ ایک روز مین عبد الملک بن مروان کی ملاقات کو گیا دیکھتا ہون کہ ایک شخص تعظیم و تکریم تکیہ لگائے مجلس مین بیٹھا ہی حاضرین مجلس سے پوچھا یہ کون ہی لوگون نے کہا کہ یہ شخص ہاروت ماروت کو دیکھ آیا ہی اس باعث سے اسکی تعظیم ہوتی ہی سو مین نے اوسکو سلام کیا اور قصہ پوچھا اوسنے رو کر کہا کہ میرا معاملہ یہ ہی کہ مین نوجوان تھا میرا باپ مجھکو لڑکا چھوڑ کر مرگیا تھا اور مال و اسباب میری مان کے قبضۂ اختیار مین جو کچھ چاہتا تھا مین صرف کرتا تھا جب ایک مدت گذری اور مجھکو شعور ہوا تو میرے دل مین گذرا کہ اپنی مان سے کثرت مال کی علت دریافت کرون مین نے باصرار پوچھا اوسنے کہا اسکا حال مت پوچھ عیش و عشرت سے بسر کر مال بہت ہی کئی پشتون کو کافی ہوگا مین نے نہایت الحاح وزاری کی آخر مجبور ہو کر وہ مجھکو گھر کے اندر لیگئی اور تمام مال و اسباب دکھلایا تو فی الحقیقت ایک بڑا خزانہ تھا اب مجھکو زیادہ تر شوق ہوا کہ اسقدر مال کسطرح جمع ہوا ناچار اوسنے کہا کہ تیرا باپ ساحر تھا اوسنے یہ سب مال سحر سے جمع کیا ہی مین نے کہا کہ باوصف تندرستی باپ کے مال پر تکیہ کرنا پست ہمتی ہی مین بھی سحر سیکھون گا اور مال جمع کرون گا سو مین نے اپنی مان سے پوچھا کہ ایسا بھی کوئی آدمی ہی جو میرے باپ کے اسرار سے واقف ہوا اور وہ سحر جانتا ہوا اوسنے کہا ایک شخص فلان شہر مین ہی چنانچہ تہیۂ سفر کیا اور اوسکے پاس گیا اور مؤدب سلام کر کے بیٹھا اوسنے نہین پہچانا اور میرا حال پوچھا مین نے التماس کیا کہ فلان شخص کا بیٹا ہون تو اوسنے گلے لگایا اور مرحبا مرحبا کہا اور مزاج پرسی کی بعد ازان مطلب کا مستفسر ہوا اور کہا کہ تیرا باپ اتنا مال چھوڑ گیا ہی کہ تیری کئی پشتون کو کافی ہوگا مین نے کہا کہ مجھکو مال کی احتیاج نہین ہی مین تو سحر سیکھا چاہتا ہون اوسنے کہا کہ اسکا خیال نہ کر کہ اسمین ہرگز فائدہ نہین ہی مین نے نہایت اصرار کیا اور بہت خوشامد کی تب اوسنے ایک دن مقرر کیا کہ اوسدن حاضر ہوا اور ایفاے وعدہ کا مستدعی اوسنے کہا کہ مین تجھے ایک مقام پر لیچلون گا وہان خدا کا نام نہ لینا چنانچہ اپنے ہمراہ ایک نقب مین جو نیچے زمین کے تھی لیگیا خیال کرتا ہون تو تین سو کئی زینے اوترنا پڑے اور آفتاب کی روشنی مطلق نہ تھی جب یہ مرحلہ طی ہوا تو دیکھتا ہون کہ ہاروت ماروت لوہے کی زنجیرون مین جکڑے ہوے ہوا مین لٹکے ہین آنکھین بڑی بڑی اور پیر بھی نہایت بڑے کہ مجھکو نہایت خوف ہوا تو مین نے کہا لا الہ الا اللہ یہ کلمہ سنتے ہی اسپنے پرون کو جنبش دینے اور چلانے لگے بعد اوسکے خاموش ہوے امتحاناً مین نے پھر کہا لا الہ الا اللہ تو انھون نے پھر اپنے پر

پھٹ پڑنا کر نل کی اب مین خاموش ہو کر کھڑا ہوا وہ دونون مجھے دیکھکر کہنے لگے کہ تو آدمی ہی مین نے کہا آدمی ہون بیان کرو کہ لاالہ الا اللہ کے سننے سے تم کیون پریشان ہوے کہنے لگے کہ جسدن سے ہم اس بلا مین پڑے اور اپنے مقام اصلی سے جدا ہوے ہین یہ کلمہ کسی کی زبان سے نہین سُنا آج تیری زبان سے سُنا تو ہمکو مقام اصلی اپنا یاد آیا کہ ہم بے اختیار ہو گئے اب ہم پوچھتے ہین کہ تو کس امت مین ہی مین نے کہا امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہون کہنے لگے کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر ہوے مین نے کہا پیغمبر آخر الزمان ہوے اور وفات بھی پائی بعد اونکے چار خلیفہ ہوے وہ بھی رحلت کر گئے تب کہنے لگے کہ اُمت محمدیہ تابع ایک شخص کے ہی یا گروہ گروہ علاحدہ ہین مین نے کہا کہ تابع ایک شخص کے ہین جسکو بادشاہ کہتے ہین یہ سنکر ناخوش ہوے پھر کہا باہم اتفاق ہی یا نفاق مین نے کہا ظاہر مین اتفاق باطن مین نفاق اس کلام سے خوش ہوے پھر پوچھا کہ عمارت بحیرہ طبریہ تک پہونچی ہی یا نہین مین نے کہا نہین اسپر سخت ملول ہوے اور خاموش ہو رہے مین نے کہا کہ اول کلام سے ناخوش اور دوسرے سے خوش اور تیسرے سے ملول کیون ہوے کہا جب تک امت موصوفہ تابع ایک بادشاہ کی ہی قیامت دور ہی اور جو ظاہری اتفاق اور باطنی نفاق ہی قیامت نزدیک ہی اور نہ پہونچنا عمارات کا بحیرہ طبریہ تک موجب بُعد قیامت ہی اور ہم قرب قیامت سے خوش ہوتے ہین کیونکہ میعاد قید کی منقضی قیامت پر ہی تب مین نے کہا کہ مجھے کچھ نصیحت کرو کہا سو یا مت کر اگر ممکن ہو کیونکہ کام مشکل درپیش ہی پھر مین وہان سے بھاگا اور سحر نہین سیکھا حضرت استاذ الاستاذ تفسیر عزیزی مین فرماتے ہین کہ متکلمین ایسے قصون کے بھی منکر ہین اور کہتے ہین کہ دونون فرشتے عذاب شدید مین مبتلا ہین باوجود اسکے انکو فرصت تعلیم سحر کی اور اختلاط وارتباط بنی آدم سے کہ سلسلہ تعلیم وتعلم کیواسطے پر ضرور ہی ممکن نہین جواب یہ ہی کہ اگر حوصلہ انسانی پر قیاس کیا جاے تو البتہ مستبعد ہی مگر گفتگو فرشتون مین ہی کہ اونکے حوصلے کی فراخی ظاہر ہی اور جائز ہی کہ باوجود گرفتاری عذاب کے قوت فکریہ اور نطقیہ برقرار رہے چنانچہ بارہا تجربہ ہوا ہی کہ اصحاب ملکہ باوصف گرفتاری اوجاع مولمہ وامراض شدیدہ کے تعلیم کر سکتے ہین اور اوس علم کا مالہ وما علیہ طالب علم پر القا کرنا نہایت آسان ہوتا ہی اور ادنی التفات مین وہ کام کرتے ہین کہ اور لوگون کے تعمق نظر سے بھی سرانجام نہین ہوتا پس ان دونون فرشتون کو القاے علم سحر مین اسی قسم کا ملکہ ہوگا خصوصاً جب تسلیم کیا جاے کہ نزول انکا واسطے تعلیم سحر کے ہوا ہی تو جانب غیب سے بھی مدد کا پہونچنا ممکن ہی اور عدم اختلاط آدمیون کا قابل

جواب اعتراض متکلمین

تسلیم ہی لیکن جائز ہی کہ شیاطین وجنات افادے واستفادے مین واسطہ ہوتے ہون چنانچہ قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ہر سال ایک شخص شیطانون سے ہاروت ماروت کے پاس جاکر سحر سیکھ آتا ہی اور آدمیون مین پھیلاتا ہی اور زمان سابق مین آدمی بھی اونسے ملتے تھے اور علم سحر سیکھ کر لکھتے تھے چنانچہ حکماے بابل نے زمانہ نمرود مین کئی طلسم ایسے بناے تھے کہ وہ کسیکی سمجھ مین نہین آتے تھے ایک طلسم یہ تھا کہ شہر کے باہر ایک حوض کے کنارے سنگ مرمر خواہ تانبے کی ایک بط بناکر کھڑی کردی تھی اوسکا یہ حال تھا کہ جب شہر مین کوئی جاسوس خواہ چور یا اور کوئی مخالف جانے لگتا تو وہ ایسی غل مچاتی کہ تمام شہر والون کو یہ معلوم ہوجاتا کہ آج شہر مین کوئی نیا آدمی آیا ہی آخر گرفتار ہوجاتا دوسرا طلسم ایک ڈھول بنایا تھا کہ جسکی کوئی چیز چوری جاتی تو وہ اپنے اون آدمیون کو جن پر چوری کا گمان ہوتا تھا اوس ڈھول کے پاس لاکر کھڑا کردیتا تھا اور کہتا کہ اسپر ہاتھ مار وجب چور کا ہاتھ لگتا تو پتہ ونام صاف معلوم ہوجاتا اور جو وہ چور نہ ہوتا تو کچھ بھی آواز نہ نکلتی اور تفسیر بحر مواج مین ہی اور تفسیر عزیزی مین لکھا ہی کہ ایک طبل ایسا بنایا تھا کہ جب کسیکی کوئی چیز چوری جاتی تو اوس طبل کو بجاتے اوس سے یہ آواز نکلتی کہ فلان کی چیز فلان کے پاس ہی مثلاً زید کا دوشالہ بکر کے پاس ہی تیسرا ایک عجیب وغریب آینہ بنایا تھا کہ جب کسی کا کوئی عزیز یا دوست سفر کو جاتا اور مدت تک اوس مسافر کا حال دریافت نہوتا اوسکے دیکھنے سے مسافر کی کیفیت بخوبی معلوم ہوتی تھی اور طریق اوسکے دیکھنے کا یہ تھا کہ سال بھر مین ایکدن مقرر کیا تھا کہ اوس یوم معہودہ پر جو کوئی اوس آینہ کو بغرض دریافت حال دیکھتا تھا تمام حال مسافر کا کھل جاتا تھا چوتھا ایک حوض نمرود مردود کے جشن کے واسطے بنایا تھا کہ سال مین ایکبار تمام اعیان واشراف جمع ہوتے اور مشروب ومطعوم کے قسم سے جو کچھ لاتے تھے اوس حوض مین ڈال دیتے تھے اور خود عیش وطرب مین مشغول ہوتے جب فراغت کرکے گھر چلتے تو حوض کے ساقی بطور تبرک اوسکی روٹی یا شربت یا شرینی نکال کردیتے تھے مثلاً جب آدمیون نے دودھ شربت شہد بتاسے شکر وغیرہ ڈالا اور جب وہ خوب مخلوط ہوگیا جب پیالے مین نکالا دیکھا تو جسنے شہد ڈالا تھا اوسکے پاس شہد آیا اور جسنے شربت ڈالا تھا اوسکو شربت ملا وعلی ہذا القیاس پانچوان طلسم ایک تالاب بنایا تھا کہ اوس مین مقدمات دیوانی فوجداری کا فیصلہ ہوتا تھا مثلاً دو شخص باہم تنازعہ کرتے اور حق باطل سے کسیطرح جدا نہو سکتا تو اوس تالاب مین وہ دونو گھستے جو حق پر ہوتا اوسکی ناف تک پانی پہونچتا اور جو باطل پر ہوتا ڈوب جاتا مگر یہ کہ حق کو قبول کرے اور باطل سے

طلسمات حکماے بابل

بابل

بازآوے تو محفوظ رہے کذا فی العزیزی چھٹوان طلسم ایک چشمہ کے گرداگرد اون شہرون کے نقشے بنائے تھے جو نمرود کے زیر حکم تھے اوسمین عجب بات تھی کہ جب حاکم کسی شہر کا نافرمانی کرتا تو نمرود اوس نقشہ شہر پر نہر کو جاری کر دیتا تھا کہ وہ شہر اوسی سال مین غرق ہو جاتا تھا ساتوان طلسم نمرود کی بارگاہ مین ایک درخت عجیب بویا تھا کہ جتنے آدمی چارون طرف سے آوین اون سب کو اوسکا سایہ پہونچ جاے اگر لاکھ آدمی ہون توبھی اوس ایکدرخت کا سایہ کافی ہو اور جب لاکھ سے ایک آدمی زیادہ ہو جاے تو سایہ بالکل نرہے گا آٹھوان طلسم یہ تھا کہ شہر کے باہر ایک ایسی شکل پتھر کی بنائی تھی کہ وہ درندون گزندون کو شہر کے اندر نہین آنے دیتی تھی یہ طلسم تواریخ سے بحرامواج اور تفسیر عزیزی مین نقل کیے ہین اور حضرت استاذ الاستاذ قدس سرہ تفسیر عزیزی مین ارقام فرماتے ہین کہ نمرود بھی ایسے امور مین کمال توغل رکھتا تھا اور اسی وجہسے عبدیت سے انکار کرتا تھا اور یہ قسم سحر کی مشکل ترین اقسام سحر مین ہو اور جو کوئی اس قسم کے سحر پر قدرت رکھتا ہو وہ جو چاہے کرے مثلاً معالجہ امراض کا جسمین اطبا عاجز ہون کر سکتا ہو اس سبب سے کہ وہ شخص باستعانت روحانیات تدبیر کرتا ہو نہ باستعانت جسمیات اور کنہ اس صنعت کی یہ ہی کہ ہر جسم کو فلک سے عناصر تک ایک روح ہوتی ہو کہ مدبر اوسکی ہو اور تاثیرات اجسام جملہ بطفیل ارواح ہین اور جب ارواح تمام عالم کی مسخر ہوگئین تو گویا یہ شخص مالک جہان ہوگیا پس بے ممارست جنگ و قتال قہر دشمنون کا اوس سے ممکن ہی چنانچہ ارسطو نے نقل کیا ہو کہ حکیم برہاطوس اور بیداغوس سے شہر بابل مین منازعت ہوئی بیداغوس نے کہا کہ تو مجھسے طاقت مقابلہ نہین رکھتا ہی کیونکہ مریخ و زحل میرے مقابلے سے عاجز ہین برہاطوس نے یہ بات سنی اور مریخ محرف بنایا اور مریخ کی اعانت روحی سے بیداغوس کو جلا دیا کہ بے جنگ و قتال شر دفع ہوا اس قسم کی حکایات مورخین نے اکثر اسی تواریخ مین بیان کی ہین چنانچہ بعض طلسم و شعبدے جو کاتب الحروف کی نظر سے گزرے ہین اور عجیب غریب ہین لکھتا ہون کہ شہر مداین کے ضلع مین ایک پہاڑ کی چوٹی پر نوشیروان عادل کا مزار بنا ہوا ہو وہان حکیمون نے بادشاہ کے حکم سے کئی طلسم بنائے ہین پہلا طلسم ہو کہ اوس مدفن کے گرد چار مسلح سوار ننگی تلوارین لیے کھڑے ہین جب کوئی آدمی اونکے سامنے آتا ہو وہ چارون سوار حملہ کرتے ہین اگر ہٹ گیا تو بچ گیا ورنہ قتل کر ڈالتے ہین دوسرا یہ ہو کہ اوس گور کے تہ خانے پر چار تلوارین برہنہ آویزان ہین اونکو شب و روز گردش مانند چاک کوزہ گران رہتی ہو اور اس زور سے پھرتی ہین کہ اگر کوئی شخص اونکے نزدیک

آجائے تو گردن اوسکی کٹ جاسے اس باعث سے وہان کوئی جا نہین سکتا ہی مگر کتب تواریخ
سے واضح ہی کہ مامون رشید نے ایک مجاور کے ذریعہ سے جسکو دفعیہ طلسم مذکور کا یاد تھا اور اوسکے
بزرگون سے یہ علم چلا آتا تھا اوس دخمہ کی سیر کی ہی اور اوس تہ خانے مین مجاور کے ساتھ گیا تو
اوسنے دیکھا کہ نوشیروان ایک تخت زرین مرصع پر زندون کی طرح بیٹھا ہی اور تمام اعضا صحیح و سالم
ہین حکیمون نے شاید اوسپر روغن ملے ہون گے صرف لباس جابجا بوسیدہ ہوکر پارہ پارہ ہوگیا تھا
مامون رشید نے ایک پوشاک جدید عمدہ معطر اپنے ہاتھ سے پہنائی کہ ناگاہ نوشیروان کے زانو کے تلے
ایک لوح طلائی نظر آئی اوسکو دیکھا اور پڑھا تو اوسمین لکھا تھا کہ خلفائے عباسیہ مین سے ایک حاکم
میری زیارت کو آویگا اور میری پوشاک بدلواکر معطر کریگا مجھے یہ افسوس ہی کہ اوسوقت میری جان قالب مین
نہوگی جو مین اوسکی دعوت و ضیافت حسب دلخواہ کرون مگر خیر اب بھی مین نے اس تہ خانے کے
بائین پہلو پر کئی خزانے اوسکے واسطے امانۃً رکھوا سے ہین وہ ان خزانون کو لیکر اپنے تصرف مین
لاوے اور مجکو معذور رکھے کہ مین زندون مین نہین ہون جو مہمان نوازی کی شرط بجا لاؤن مامون رشید
اس لوح کو پڑھکر سخت متعجب ہوا اور جب اون مقامون کو کھودا تو سب کچھ نکلا اور بہت نقد و جنس
ہاتھ لگا کہ بنی عباس مین اوسیوقت سے دولت بڑھی اور تو زک جہانگیری مین کئی تماشے جہانگیر بادشاہ
نے اپنے دیکھے ہوئے ایسے لکھے ہین کہ عقل اوسمین حیران ہی وہ بھی ایک قسم کا سحر ہی
از انجملہ ایک تماشا یہ تھا کہ بازیگرون نے دس قسم کے تخم بوئے اور کچھ اسم پڑھتے ہوئے اونکے
گرد گھومے اوسکی تاثیر سے درخت اوگے اور طرفۃ العین مین دس گز کے قریب بڑھ گئے اور دفعۃً
پھول لگے پھر پھول جھڑے سیب کے پھل لگے اور آبنہ کے درخت مین کیریان آئین اور بڑے بڑے
آم ہوئے اسیطرح سب قسم کے پھل ہوئے بادشاہ نے بھی کھائے اور امیرون نے چکھے تو
نہایت خوش مزہ و خوش رنگ تھے پھر دفعۃً اونپر خزان آئی اور وہ درخت زمین مین غائب ہوگئے
از انجملہ ایک تماشا یہ لکھا ہی کہ بازیگرون نے ایک بڑی دیگ مین آدھا پانی بھرا اور بیس من چاول
ڈالے کہ وہ پکنے لگے حالانکہ اوسکے نیچے آگ کا نشان نہ تھا اور لکڑیان جلتی تھین تھوڑی دیر بعد
سو برتنون مین کھانا خوشبودار نکالا اور اوسی دیگ سے ایک ایک کباب بھی نکال کر رکھدیا تھا جسنے
کھایا تمام عمر اوسکا مزہ نہین بھولا اور ایک تماشا یہ کیا کہ ایک فوارہ نکالکر رکھا اور بازیگر اوسکے گرد گھوما
دفعۃً اوسمین سے پانی دس گز تقریباً بلند ہوا اور رنگ برنگ پانی برسنے لگا اور زمین تر نہوئی پھر اوسکو
اوٹھاکر دوسری مرتبہ رکھا تو انار آتش بازی کے چھوٹنے لگے از انجملہ ایک تماشا کیا کہ گلستان کتاب

منگائی اور اوسکو جزودان مین رکھدیا پھر نکالا تو دیوان حافظ تھا اور پھر جو اسیطرح کیا تو دیوان اہلی شیرازی تھا غرض جتنی بار اوسکو گردان کر نکالا نئی کتاب تھی اس قسم کے تماشے کچھ مشکل نہین ہین اور طلسمات عجائب مین نہین ہین جس کسیکو علم سیمیا حاصل ہو وہ کرسکتا ہی اور علم سیمیا عبارت اوس علم سے ہی کہ روح کو اپنے بدن سے دوسرے کے بدن مین اوس علم کے زور سے ڈال دیتے ہین اور جس شکل کی چاہین صورت بنا کر دکھلاوین اور موہوم چیزون کے دکھلانے پر بھی قادر ہوتے ہین حکماے اشراق نے اس علم کو ایجاد کیا تھا اور ایسے قاعدے نکالے تھے کہ سیکڑون کوس پر سبق پڑھاتے تھے اور طرفۃ العین مین لاکھون کوس چلے جاتے تھے یہ علم تصفیہ دل اور تزکیہ باطن سے حاصل ہوتا ہی مگر یہ تماشے وشعبدے اون طلسمون کے مقابل مین واہیات ہین اور یہ قسم سحر کی شرک اور کفر ہی اسواسطے کہ اس سحر مین اول شرط یہ ہی کہ ارواح کو قلوب پر مطلع جانے اور ہرگز اونکے عجز اور جہل کا اعتقاد نرکھے والا وہ ارواح اجابت نکرینگی اور مطلب کو نہ پہونچاینگی چنانچہ کیفیت دعوت روحانیات مین ابتدا بدعوت قمر کرتے ہین اور اوسکے وسیلہ سے دعوت عطارد و علیٰ ہذا القیاس اور دعوت قمر مین یہ الفاظ ہین یَا اَیُّہَا الْمَلِکُ الْکَرِیْمُ السَّیِّدُ الرَّحِیْمُ مُرْسِلُ الرَّحْمَۃِ وَمُنْزِلُ النِّعْمَۃِ اور دعوت عطارد مین یہ مقرر ہی کُلُّ مَا حَصَلَ لِیْ مِنَ الْخَیْرِ فَھُوَ مِنْکَ وَکُلُّ مَا یَنْدَفِعُ مِنَ الشَّرِّ عَنِّیْ فَھُوَ مِنْکَ اور ظاہر ہی کہ یہ اعتقاد اور یہ قول منافی اسلام اور توحید کے ہی

**فائدہ** اب بیان ضرور ہی اس امر کا کہ حقیقت سحر کی کیا ہی اور اوسکی قسمین کتنی ہین اور کون قسم موجب کفر ہی اور کون موجب فسق اور کون مباح اگرچہ تفصیل اس بحث کی نہایت طویل ہی لیکن مجملاً بطور خلاصہ استاذنا مولانا بل استاذ الکل مولوی عبد العزیز محدث دہلوی کی تفسیر سے اور بھی تفسیر کبیر سے نقل کیا جاتا ہی کہ حقیقت سحر کی لغت مین یہ ہی کہ سحر عبارت ہی اوس چیز سے جسمین دقت ہو اور سبب اوسکا پوشیدہ ہو اور تفسیر انوار مین تعریف سحر کی یہ ہی کہ آدمی افعال عجیبہ خلاف عادت پر بزاولۂ اسباب پوشیدہ قادر ہو جاے اور اس امر مین دعا اور اسمار الٰہیہ سے توسل نہ چاہے اور نسبت افعال کی قدرت الٰہیہ سے نکرے خلاصہ یہ کہ آدمی اوسکے اظہار اور انجام مین مستقل نہین ہی بلکہ اوسکی تحصیل مین تقرب شیاطین کا محتاج ہی لہذا یہ کام اوسی شخص سے بخوبی سرانجام ہوتا ہی جو کہ شرارت اور خبث نفس مین شیاطین سے مناسبت رکھتا ہو کیونکہ تعاون مین تناسب شرط ہی اور چونکہ اسباب

کیفیت حقیقت سحر

پوشیدہ عالم مین بہت ہین سحر بھی کئی قسم ہوا اور ضبط اقسام اسطرح ہوتا ہی کہ بسبب خفی یا بتاثیر روحانیات ہی یا بتاثیر جسمانیات اور روحانیات یا روحانیات کلیہ مطلقہ ہین مثل روحانیات کواکب اور افلاک اور عناصر یا روحانیات جزئیہ خاصہ ہین جسطرح روحانیات امراض اور جنات اور شیاطین اور نفوس مفارقہ بنی آدم کہ اوسکو بعد از تسخیر لغت ہندی مین بیر بکسر البا الموحدہ وسکون الیا التحتانیہ کہتے ہین اور جسمانیات یا بسبب ترکیب اور اجتماع کیفیت کے تاثیر عجیب دکھلاتے ہین یا بقتضائے صور نوعیہ بنے توسط کیفیات جسطرح مقناطیس لوہے کو جذب کرتا ہی پس طریقہ تحصیل مناسبت کا روحانیات سے یہ ہی کہ اونکے نام شرایط کے ساتھ پڑھے یا اونکی تصویرین بناکے رکھے اور جو عمل اوسکے مرغوب اور مناسب ہی کرے یا کوئی کلام ایسا کہ اوسکی مفردات سے بلا ملاحظہ ترکیب اوس روح کی بزرگی نکلتی ہو یا کسی کام کی تعریف پائی جاتی ہو جو اوس سے صادر ہوا اور زبان خواص اور عوام اوسکی مدح مین جاری ہوئی تھی اور معتزلہ کہتے ہین کہ سحر نام ہی شعبدہ اور تخیلات کا اور فی نفس الامر کچھ اسکی حقیقت نہین ہی بلکہ نمود بی بود ہی اگر ایسا ہو تو معجزہ سے مشتبہ ہو جاے اور انکی دلیل سحرہ فرعون کا قصہ ہی کہ عصا اور رسی اونکی نظرون مین چلتی تھی اور ہمارے نزدیک اسکی اصل اور حقیقت ہی ظہور آثار ہمارا ور وہ آثار آفریدہ الٰہی ہین کہ عقب افعال سحرہ ظاہر ہوتے ہین اور بنقل صحیح تاثر آنحضرت کا لبید ابن عصم کی بیٹی کے سحر سے ظاہر ہی اور معوذتین کا نازل ہونا اوسکے دفیعہ کو موید اسکا ہی پس اقسام سحر کے با ین شقوق بہت ہوتے ہین لیکن جو کہ جاری اور رائج ہین آٹھ قسم ہین ایک قسم سحر کلدانیین اور سحر بابلی ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اسکے باطل کرنیکو مبعوث ہوے تھے اور یہ قسم عمدہ اقسام سحر مین ہی اور اصل اسکی ماخوذ ہاروت اور ماروت سے ہی کہ اہل بابل نے اونسے سیکھ کر جاری کیا تھا اور انہین کی تعلیم سے طریقہ تسخیر و استعانت روحانیات کلیہ و جزئیہ و علویہ و سفلیہ و فلکیہ و عنصریہ و بسیطہ و مرکبہ دریافت ہوا تھی کہ روحانیات امراض و مذاہب بھی مسخر کرتے تھے اور اونسے اتصال پیدا کرکے اعمال عجیبہ حادث کرتے تھے لیکن یونانیین نے صرف طریق تسخیر روحانیات علویہ پر اکتفا کی اور یہ سمجھے کہ جب روحانیات علویہ مسخر ہوئی تو روحانیات سفلیہ کی تسخیر کی کچھ حاجت نہین کسواسطے کہ روحانیات سفلیہ کو سواے قبول کے اور کوئی منصب نہین ہی اور فاعلیت تاثیر مخصوص بعلویات ہی اور قدماء اہل ہند سب روحانیات کی تسخیر کرتے تھے اور ہر ایک سے اوسکا کام لیتے تھے و للناس فیما یعشقون مذاہب پس سحر بابلی آج ہندیون مین موجود ہی اور یونانیون نے بعضون پر اکتفا کی ہی اور یہ سحر کفر ہی دوسرے

قسم سحر تسخیر جن اور شیاطین کی خاصتہ ہی اور یہ سہل الحصول وکثیر الرواج ہی پس اس تسخیر مین کبرا۔ جن سے التجا اور تضرع اور زاری کرنا ضرور ہوتا ہی جسطرح بھوانی اور ہنومان وغیر ذالک کہ انکی التجا کروانا اور نذور اور قربان گذراننا اور عطریات مناسبہ مواضع حضور مین رکھنا واجب ہوتا ہی اور یہ طریق بھی کفر صریح ہی تیسری قسم ہیر پیدا کرنا ہی اس طریق مین پہلے یہ ہوتا ہی کہ جو کوئی انسان قوی القلب اور جثہ مرا ہوا وسکو تلاش کرتے ہین بعد اوسکے اوسکی روح کو بعض الفاظ مقررہ سے کہ ان سے تعظیم اور تکریم بھوانی اور ہنومان وغیرہ کی نکلتی ہو پڑھکر اپنی طرف متوجہ کرتے ہین کہ وہ نفس قوت الفاظ سے اور نذر اور بہ یہ گذراننے سے غلام ہو جاتا ہی پس جس کام پر متعین کر دیتے ہین اوسکو سرانجام دیتا ہی پس یہ عمل بھی یا مستلزم کفر ہی یا قریب بسرحد کفر اور اغلب اس قسم کی ارواح کہ امور شہوانیہ اور غضبیہ کی اعانت سے متوجہ ہو جاتی ہین نہین ہوتین مگر از جنس خبائث مثل ہنود یا فساق پس مخالطت خبائث بھی اسی قسم مین لازم آتی ہی چوتھی قسم افسا دتخیل ہی کہ بعض آدمی ارواح خبیثات کو واسطہ کرکے کسی شخص کے خیال مین تصرف کرتے ہین کہ اوسکو وہ چیز نظر آتی ہی جو خارج مین موجود نہین ہی یا کچھ ایسی صورتین خیال مین دیکھتا ہی کہ اوس سے خوف کھاتا رہتا ہی یا حرکات غیر واقعہ کو واقع سمجھتا ہی اس قسم کو خیال بندی اور نظر بندی کہتے ہین اسکی بنا غلط ابصار پر ہی جسطرح قطرہ نازلہ کا خط دیکھنا اور نقطہ مشتعلہ جوالہ کو دائرہ تصور کرنا اور سحرہ فرعون اسیطرح کا سحر کرتے تھے پس یہ قسم سحر کی اگر معجزہ انبیا یا کرامات اولیا کے مقابلے مین واقع ہو تو حرام اور کبیرہ ہی اور اسیطرح اگر اس خیال بندی سے کسیکو دغا دیکر مال و اسباب اوسکا خیانت کرلین تو بھی کبیرہ ہی لیکن یہ قسم سحر کی کفر نہین ہی اگر التجا ارواح خبیثات سے بتعظیم مفرط نہو ورنہ الکفر ہی پانچوین قسم سحر اصحاب اوہام ہی کہ سابق ہنود مین بہت رواج تھا اب اسکا نام و نشان بھی نہین ہی اسکو تعلیق الوہم بھی کہتے ہین اور اسکا طریق یہ تھا کہ صورت واقعہ مطلوبہ کو مصور کرکے پیش نظر رکھتے اور وہم کو اوسکی تحصیل پر متعلق کرتے تھے اور اس تعلیق مین تقلیل غذا اور گوشہ نشینی اختیار کرتے تھے کہ مطلوب حاصل ہو جاتا تھا اور حکم اسکا یہ ہی کہ اگر امر مباح اس سے مقصود ہی مثلاً جدا کرنا دو حرام کار دونکا یا اہلاک ظالم اور کافر کا تو مباح ہی اور اگر غرض ممنوع مقصود ہی جیسے جدائی ڈال دینا جورو اور خصم مین یا اہلاک کسی بے گناہ کا تو حرام ہو بالجملہ آلات کا حکم رکھتا ہی اور فی نفسہ قبیح نہین ہی چھٹوین قسم وہ سحر ہی کہ خواص اشیا سے افعال عجیبہ صادر کرتے ہین اور وہ خواص ہر ایک کو معلوم نہین ہوتے جسطرح بعضے شخص انگلیون سے

اگ جلاتے ہین کہ تھوڑا سا نورہ کابلی سرکہ مین ترکرکے اور قدرسے کف دریا اوسمین ملاکے انگلیون پر
مل دیتے ہین اور لب سے ترکردیتے ہین اور چراغ سے روشن کرتے ہین انگلی نہین جلتی ہی اور
اسیطرح بہت صورتین ہین کہ رسالہ سحر العیون اسکا جامع ہی جسکو شوق ہوا وسمین دیکھے اور اسی
قسم سے نیرنجات اور سموم قاتلہ بھی ہین ساتوین قسم سحر حیل ہی کہ استعانت الآت عجیبۃ الصنعۃ سے
امور غریبہ حادث کرتے ہین جیسے گھڑی اور دوربین اور آلہ ہوا اور آلہ آگ کہ نصاراے فرنگ نے ایجاد
کیا ہی یہ از قسم طلسم ہی کہ اسکا حدوث ترکیب الات پر یا نسب ہندسیہ یا ضرورت خلا پر یا پانی یا ہوا پر
ہوتا ہی چنانچہ زجالوس حکیم نے ایک ہیکل اورشلیم مین اتحاد رہبتون کے واسطے بنائی تھی آٹھوین
قسم سحر شعبدہ بازی اور دست چالاکی ہی اور سبب خفی اسمین حرکات خفیہ اور جلدی ہی جسطرح
بھانمتی کیا کرتے ہین یہ تینون قسمین سحر کی نہ حرام ہین نہ کفر لیکن اگر اس سے غرض فاسد ارادہ کرین
تو البتہ حرمت پیدا ہوجاتی ہی اور مکر اور فریب بھی اسی قسم مین ہی کہ وجوہ خفیہ سے دوستون
مین دشمنی پڑجاتی ہی واللہ اعلم بالصواب خلاصہ اس تقریر کا یہ ہی کہ اگر سحر مین کوئی بات یا کوئی
کام ایسا کہ موجب کفر ہی شل اسکے کہ نام بتون کا اور ارواح خبیثہ کا اوس تعظیم سے لیا جاے کہ
مقتضاے شان رب العزت کے ہوتا ہی جسطرح اثبات عموم علم و قدرت و غیب دانی و مشکل کشائی
یا ذبح بغیر اللہ یا سجدہ بغیر اللہ عمل مین آئے تو بیشک وہ سحر کفر ہی اور کرنیوالا اوسکا مرتد یا کوئی شخص
ایسا سحر اپنے مطلب کیواسطے دیدہ و دانستہ کسی اور سے کرائے تو کرنیوالا اور کرانے والا دونون
مرتد ہین اور احکام ارتداد کے اوس پر جاری پس اگر مرد ہی تو اوسکو تین روز مہلت دینا چاہیے
تاکہ توبہ کرے بعد اوسکے اگر توبہ نکرے تو قتل کیا جاے اور مقابر مسلمین سے علاحدہ دفن کیا جاے
اور آئین مسلمانون پر اوسکو تجہیز اور تکفین نکرین اور فاتحہ اور درود اور صدقات اوسکے واسطے نچاہیے
اور اگر عورت ہی تو نزدیک شافعی رحمۃ اللہ کے اوسکو بھی بعد مہلت سہ روزہ کے قتل کرنا لازم ہی اور نزدیک
امام صاحب کے دائم الحبس کرنا چاہیے تاکہ توبہ نصوح کرے اور اگر سحر مین ایسا قول اور فعل کہ موجب
کفر ہی نہو لیکن فاعل اوسکا دعوی کرتا ہی کہ مین اپنے سحر سے کار خدائی کرسکتا ہون مثلاً آدمی کو جانور
بنا سکتا ہون یا پتھر کو لکڑی کرسکتا ہون یا لکڑی کو پتھر بنا سکتا ہون یا پیغمبرون کے کام جیسے ہوا مین
اوڑنا قطع مسافت ایک مہینے کی ایک لحظہ مین کرنا کرسکتا ہون وہ بھی کافر ہی لیکن نہ نفس سحر
بلکہ اس دعوی سے اور اگر وہ شخص کہتا ہی کہ اس اعمال کی خاصیت ہی کہ اوسکی باعث سے قتل
نفس یا بیمار کرنا صحیح کا یا مریض کا صحیح کرنا یا ڈرانا یا فساد تخیل ہوجاتا ہی اور مین کرسکتا ہون تو یہ

ف بیان احکام

سحر کفر اور فسق ہی اور فاعل اوسکا مزور اور فاسق ہی اور جو کوئی شخص سحر سے قطاع الطریقی یا خناقی کرتا ہو تو اوسکو بھی قتل کرنا چاہیے اسواسطے کہ وہ شخص مفسد فی الارض ہی اور اس بات مین درمیان ساحر اور ساحرہ کے کچھ فرق نہین ہی اسیطرح امام فخر الدین زاہدی وغیرہ علماء حنفیہ نے تنقیح کی ہی اور ایک روایت حضرت امام اعظم سے اسطرح آئی ہی کہ جب کسی شخص کو معلوم کرین کہ سحر کرتا ہی اور اقرار یا بینہ سے بخوبی ثابت ہو جاے تو اوسکو بھی قتل کرنا لازم ہی اور طلب توبہ اوسے ضرور نہین اور اگر کہے کہ مین سحر سے توبہ کرتا ہون تو اوسکا قول قبول نہ کیا جاے لیکن اگر یون کہے کہ پہلے سحر کرتا تھا اب مدت سے چھوڑ دیا ہی اس مقام مین ایک شبہہ ہی کہ افعال خارقہ عادت کہ محض بقدرت قادر مطلق صادر ہوتے ہین اکثر اولیا سے بھی ظہور پکڑتے ہین جسطرح تبدیل صورت واحیاء موتی وقطع مسافت طویلہ وغیرہ امور کہ شبیہ معجزات سے ہین اور کتب تصوف اور سیر اولیا مین مذکور ہین پس ہر گاہ کہ نسبت فعل الٰہی بطرف غیر کے ہی تو یہ بھی کفر ہو سکتا ہی پھر کیونکر ساحر کے حق مین حکم کفر کا کرتے ہین حالانکہ حال دعوتیون اور بعضی خوانون کا بھی ایسا ہی ہی بلکہ اونکو ساحرون سے مشابہت کاملہ ہی حل اس شبہہ کا یہ ہی کہ افعال خارقہ عادت خواہ شبیہ معجزات ہون یا اور سب مقدور قدرت الٰہی کے ہین اور بایجاد وارادہ الٰہی صادر ہوتے ہین تو اس صورت مین درحقیقت افعال اولیا اور ساحرین مین کچھ فرق نہین ہی لیکن اہل دعوت نسبت اوس فعل کی غیر حق سے نہین کرتے بلکہ قدرت الٰہی یا خواص اسماء الٰہی سے کہ اوسمین کچھ شرک لازم نہین آتا ہی اور ساحر اونھین افعال کو نسبت بغیر خدا یعنے ارواح خبیثہ اور اسماے اصنام سے کرتے ہین کہ موجب شرک ہی و لہذا یہ لوگ اون افعال کو اپنے قابو مین جانتے ہین اور اوسپر نذر و حلوان وغیرہ لیتے ہین مثلاً افعال عادیہ الٰہیہ کو جسطرح لڑکا دینا و رزق دینا و بیمار کا اچھا کرنا مشرک لوگ ارواح خبیثہ سے نسبت کرتے ہین و موحد اسماے الٰہیہ کی تاثیر سے یا خواص کسی مخلوق الٰہی سے یا دعاے صالحین سے پس مشرک کافر ہین و موحد اپنی توحید پر واللہ اعلم بحقیقۃ الحال کذا قال استاذ الاستاذ فی تفسیر العزیزی

## تفریح چہارم دراحوال حضرت نوح علیہ السلام

لقب حضرت نوح علیہ السلام کا شیخ الانبیاء و نجی اللہ ہی باپ اونکے لمک بفتح لام و سکون میم اور مان انکی سمحا بنت انوش یہ انوش سواے اونکے ہین جو اجداد حضرت نوح مین تھے اور

بعض روایات مین مادر نوح فینوس بنت کامل ابن محرائیل ابن کیان ابن اخنوخ تھین اور عطا مفسر نے لکھا ہی کہ تمامی آبا و اجداد حضرت نوح کے آدم علیہ السلام تک مومن و موحد تھے اور ان بھی مومنہ تھین اور بعض کے نزدیک اصلی نام نوح کا یشکر تھا و بقولی عبد الغفار و بقولی ساکن و بقولی سکن و بقولی ساکت اور بسبب کثرت گریہ و نوحہ کے نوح نام ہوگیا اور سبب نوحہ وزاری مین مورخین نے لکھا ہی کہ اسی قوم کے حال بد پر رویا کرتے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ ایکدن حضرت نوح راہ چلے جاتے تھے ایک کتا ملا اوسکو آنجناب نے کہا ای ناپاک دور ہو اوسنے کہا اگر تمکو قدرت ہو تو اس سے بہتر پیدا کرو خواہ حضرت نوح پر اوسیوقت وحی نازل ہوئی کہ خالق کو برا کہتا ہی یا مخلوق کو یہ سنکر حضرت نوح سجدہ مین گرے اور رونے لگے اور بعضے کہتے ہین کہ سبب نوحہ یہ تھا کہ جب حضرت نوح نے کنعان کے واسطے نجات مانگی تو ارشاد ہوا کنعان تیرا بیٹا نہین ہی یہ تو عمل ناقص ہی اس خطا پر آپ کو نوحہ ہوا کاتب اوراق کہتا ہی کہ یہ سب وجوہ اوسوقت قابل لحاظ ہین جب لفظ نوح کو عربی قرار دین اور جو عجمی مقرر کرین تو ان اسباب کو ہرگز مناسبت نہین ہوتی اور حضرت نوح علیہ السلام کو آدم ثانی بھی بولتے ہین کیونکہ انساب بنی آدم انھین پر منتہی ہوتے ہین اور دعوت حق مین بھی سب کے پیشوا و امام ہین کیونکہ قبل حضرت نوح کے بنی آدم حضرت آدم سے اونکے وقت تک کہ آٹھ واسطے ہوتے ہین محتاج دعوت نہین ہوے تھے اور شرک و کفر مین کماینبغی گرفتار نہ تھے بلکہ ترتیب و تعلیم حضرت آدم و شیث و ادریس پیغمبرون کی نسبت آدمیون کے ایسی تھی جسطرح ترتیب آبا اولاد کو اور تعلیم بزرگ خرد کو اور کوئی مقابل اور طرف اصلانہ تھا اس زمانے مین اولاد قابیل آتش پرست اور بت پرست ہوکر مقابل ہوئی اور رفع ادریس سے اوسوقت تک کوئی پیغمبر نہ آیا تھا سو اللہ نے یہ رسول اولوالعزم بھیجا کہ اوسکی معرفت پیغام اپنے بندونکو پہونچاوے اور برخلاف معتقدات تکلیف دے ولہذا تمام اہل ارض پر مبعوث فرمایا حدیث شفاعت مین ہی کہ نوح اول رسول بعثہ اللہ یہ حضرت اول نبی مین جنھون نے آدمیون کو شرک سے ڈرایا اور اول رسول ہین کہ اونکی دعا سے امت پر عذاب نازل ہوا اور اول اولوالعزم ہین کہ اونکی شریعت نے شریعت آدم علیہ السلام کو منسوخ کیا اور حالت رسالت مین معجزات حضرت نوح ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ میرے منھ سے آگ نکلی اور تمام خلق جلگئی اور منجملہ معجزات باہرہ کے ایک ۱ یہ معجزہ تھا کہ ہزار برس دنیا مین رہے اور کوئی بال سفید نہوا نہ کوئی دانت گرا نہ کسی قوت مین نقصان معجزہ ۲ آیا دوسرا ۲ یہ کہ ایک مرتبہ قوم نے کہا ہم چاہتے ہین کہ پہاڑ فارس کا اوٹھکر عرفات مین آوے

انجناب نے دعا کی کہ پہاڑ مذکور عرفات مین چلا آیا تیسرا یہ کہ جب کشتی سے اوترے تو کچھ بھی کھانا نہ تھا آنجناب نے ریگ اوٹھا کر قوم کو دی لوگون نے منہ مین ڈالی تو شربت شہد ہو گئی چوتھا ایک درخت اوسیوقت جما یا اور دفعۃً اوسنے میوہ دیا عرائس ثعلبی مین لکھا ہی کہ زمانہ نوح علیہ السلام مین بنی آدم دو گروہ تھے ایک کوہ نشین کہ بنی شیث تھے دوسرا بادیہ نشین کہ بنی قابیل تھے سو بنی شیث کے مرد نہایت خوش رو ہوتے تھے اور عورتین بصورت اور بنی قابیل کی عورتین پر یزاد اور مرد بدصورت ایک روز ابلیس مردود بصورت بشر ایک شخص بنی قابیل کے پاس آیا اور خدمتگاری مین نوکر ہوا بعد چندے اوسنے ایک مزمار بنایا اور علی العموم بجانے لگا کہ اوس قوم کے لوگ جمع ہوکر سننے لگے اور ابلیس کے معتقد ہو گئے ابلیس نے ایک دن سال مین بطور عید معین کیا کہ اوس قوم مین اوسدن بہت لوگ عورت و مرد جمع ہوئے اتفاقاً ایک مرتبہ اوس مجلس عام مین ایک مرد بنی شیث کا بھی آیا اور عورتین اوس قوم کی نظر پڑین تو والہ و شیدا ہو گیا جب اپنی قوم مین آیا تو اوسنے سب ماجرا وہان کا بیان کیا کہ اوس شوق مین اکثر لوگ بنی شیث کے جمع ہوکر آئے اور عورتین خوش منظر پری پیکر دیکھکر فسق و فجور مین مبتلا ہوئے تب اللہ جل شانہ نے حضرت نوح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا اور اہل تحقیق نے لکھا ہی کہ جب بت پرستی قوم مین علانیہ ہونے لگی تب حضرت نوح علیہ السلام پیغمبر ہوے اور سبب بت پرستی کا یہ ہوا کہ پانچ حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹے اولیا تھے اور بعض کے نزدیک پانچ شاگرد رشید تھے اور ایسے عابد و متقی کہ ہر ایک نے واسطے عبادت کے ایک مسجد جداگانہ تعمیر کی تھی کہ اوسمین شب و روز عبادت مین مشغول رہتے اور قوم کے لوگونکو بھی عبادت و طاعت پر دعوت فرماتے چنانکہ اکثر لوگ عبادت مین شریک ہوتے اور ان اولیاؤن کی برکت سے عبادات مین کمال لذت اوٹھاتے یہ معاملہ ایک مدت دراز تک جاری رہا یہانتک کہ اون اولیاؤن نے وفات پائی اس واردات سے آدمیون کو نہایت حسرت نے پکڑا اور بڑا افسوس ہوا کہ جب مجالس و محافل مین بیٹھتے تو ذکر کرتے کہ ہم لوگونکو اب عبادت و طاعت مین ویسا لطف نہین ہوتا جیسا اولیاؤن کے حضور مین تھا ابلیس ملعون کہ تاک مین لگا ہوا تھا فرصت کا وقت غنیمت جان کر بشکل بزرگی عمامہ بسر عصا در دست ایک مرتبہ مجلس مین آیا اور تاسف کر کے کہنے لگا کہ تم لوگ کیون فکر مین پڑے ہو لذت عبادت کی تدبیر مین بتلائے دیتا ہون تم ایککام کرو کہ ان بزرگون کی تصویرین پتھر یا آہن

یا زر و نقرہ سے بناؤ اور لباس تصویرون مین پہنا کر حجرات مسجد مین مقابل اپنے منھ کے قائم کرو اور
اونکو اپنے حال پر حاضر و ناظر سمجھو اور خیال کرو کہ اولیا کی شان مین ہی ان اولیاء اللہ لا یموتون
پھر وہی لذت جو اونکی زندگی و حضور مین حاصل ہوتی تھی ملے گی چنانکہ اہل محفل نے اس تدبیر
کو پسند کیا اور تصویرین اون بزرگون کی بنائین اور باہم یہ قرارداد اتفاقی ہوا کہ بعد ادائے نماز
جو شخص مسجد سے نکلے وہ دست بوسی اور قدمبوسی ان تصویرون کی کرکے جایا کرے تاکہ
حاضری اوسکی اون بزرگون کے نزدیک ثابت ہو تاکہ وہ خداوند کبریا کے حضور مین گواہی
دین الغرض یہ وضع بخوبی جاری ہوئی آخر کار یہ نوبت پہونچی کہ عبادات اور اذکار کا ذکر برطرف
دست بوسی اور قدمبوسی کرکے مسجد سے نکلنے لگے یہان تک کہ بعد چندے بجاے قدمبوسی
سجدے و خاک بوسی نے رواج پکڑا یہ احوال دیکھکر حضرت نوح علیہ السلام کے باپ آدمیونکو
سرزنش کرنے لگے مگر اونکا کہنا کون مانتا ہی لہذا حضرت مالک الملک نے نوح علیہ السلام کو
برسالت و دعوت مبعوث فرمایا کہ حضرت نوح نوسو پچاس برس برابر آدمیون کو دعوت حق فرماتے
رہے کما قال اللہ تعالی ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ فلبث فیہم الف سنۃ الا خمسین عاما اور بعضے
کہتے ہین کہ سبب بت پرستی کا یہ ہوا کہ ایک شخص حضرت ادریس کا بڑا دوست تھا جب ادریس
آسمان پر گئے تو یہ شخص مضطرب ہوا اوسحال مین ابلیس نے غمخواری کرکے کہا کہ اگر تو درخواست
کرے تو تجھکو صورت ادریس کی لادون اوس فراق رسیدہ نے قبول کیا ابلیس نے ایک
پتھر کی صورت بناکے حوالے کی اور بعد مرنے اسکے اور لوگونکو اغوا کرنے لگا کہ یہ صورت
خداے زمین کی ہی اسی پر عامہ خلق بت پرست ہوگئی اور طبقات قریش مین لکھا ہی کہ جب
قابیل بخوف حضرت آدم جنگل مین بھاگا تو سجدہ تحیہ حضرت آدم سے محروم ہوا تب ابلیس نے
صورت آدم بناکے دی کہ قابیل اسکو سجدہ کرنے لگا جب وہ مرا تو اوسکی اولاد اپنے باپ کی
وضع پر بت پرست ہوتی اور وہی رسم ہندوستان مین فی الحال جاری ہی **فائدہ** واضح ہو (فائدہ احوال بتان)
کہ اس قوم نے پانچ بت قوی الجثہ بتصاویر مختلفہ پتھرون سے تراشے تھے اور اونکے نام حضرت
ادریس کے بیٹون کے نام پر رکھدیے تھے اول وَدّ کہ مظہر محبت ذاتیہ خدا کا ہی اور یہی محبت
مبدء ظہور عالم کا سو اس مظہر کو بصورت مرد بنایا تھا اس لیے کہ اصل مبدء ظہور عالم انسانی کا
محبت مرد وسیلہ بسوے زن ہی اور ہنود کی زبان مین اسکو بشن کہتے ہین دوم سواع کہ مظہر ثبات
واستقرار و بقاء الٰہی ہی اور سبب بقاء عالم یہی ہی کہ عرف شرع مین اسکو قیومیت اور زبان

اہانده مین برہما کہتے ہین قوم نوح نے اس مظہر کو بصورت عورت بنایا تھا اسواسطے کہ کتخدائی اور خانہ داری اور بقا و ثبات خاندان عورت کی تدبیر سے ہوتا ہی اور لغت عرب مین مادہ سوع واسطے سکون و استقرار کے ہی اور معنی سواع برپا دارندہ جہان سوئم یغوث کہ مظہر دادرسی اور مشکل کشائی خداوند کبریا ہی اسکو قوم نوح نے بصورت اسپ بنایا تھا کہ دوڑنے اور جلد پہونچنے مین سب سے گھوڑا زیادہ ہوتا ہی اور اس صفت کو عرف شرع مین غیاث المستغیثین و مجیب دعوات المضطرین سے تعبیر کرتے ہین اور اہانده اس مظہر کو اندر کہتے ہین چہارم یعوق کہ مظہر منع و حمایت و دفع بلا ہی اس صفت کو شرع مین کاشف الضر و دافع البلا اور بزبان ہنود شیو بولتے ہین اسکو قوم نوح نے بصورت شیر بنایا تھا کہ مقاومت مین مناسب تر تھا پنجم نسر کہ مظہر قوت الٰہی ہی اور لغت مین بمعنی کرگس چونکہ یہ جانور پرندون مین زبردست و سریع الطیران تھا اس مناسبت سے قوم نوح نے بصورت کرگس بنایا اور اہل شرع اسکو لطیفہ غیبیہ الٰہیہ کہتے ہین اور ہنود ہنومان ہرچند کہ یہ پانچون نام حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹون کے تھے اور پانچون مرد تھے مگر بسبب طول زمان اور غلبہ وہم کے عابدون نے انکی صفات عالیہ کی ایک ایک صورت ذہن مین قرار دے لی اور اوسکے مطابق اجسام مختلفہ بنائے تھے اور قوت وہمیہ تو اس جنس کے عجائب بہت پیدا کرتی ہی چنانکہ بعضے جہال اسلام شبیہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی بصورت شیر اور شبیہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی بصورت باز سفید بناتے ہین کذا حققہ مولانا استاذ الاستاذ فی العزیزی حضرت اوستاذ الاستاذ فرماتے ہین کہ اس مقام مین دو مقدمون کا جاننا بہت ضرور ہی تاکہ معنی اکثر آیات قرآنیہ کے جو بہ نسبت قوم نوح اور دعاے بد آنجناب کے وارد ہین منکشف ہو جائین مقدمہ اول یہ ہی کہ جب حضرت حق اپنے بندگان خاص سے کسی بندے کو بنابر دعوت خلق الی الحق مبعوث فرماے تو اسکو لازم ہی کہ اول عقائد اور اعمال اور اخلاق اور حالات قلبیہ اوس قوم کے دیکھے اور اصل مرض دریافت کرکے جملہ اوامر و نواہی پر فکر ازالہ اوس مرض کی مقدم رکھے پھر مقتضاے طبائع و حوائج و سوانح وقتیہ پر نظر ڈالے کہ یہ لوگ کس چیز سے خوف کرتے ہین اور کس چیز کی طمع رکھتے ہین جس چیز سے بالطبع یا بحسب حاجات وقتیہ ڈرتے ہون اوسمین ڈراوے اور جسمین خواہش کرتے ہون اوسمین تطمیع کرے یعنے جسطرح قوت عقلیہ اور ملکات نفسانیہ کی اصلاح منظور ہی اوسیطرح قوت وہمیہ کی بھی اصلاح بامید و بیم مد نظر رکھے کیونکہ عقل ملک روح انسانی کا وزیر ہی اور وہم حاکم اور صاحب الامر مختار مملکت کہ

جب یہ دونون مطیع ہوے تو جملہ ارکان و اتباع و حشم و خدم اس سلطنت کے خود بخود مسخر ہو جائینگے اور یہ حالت ہو جائیگی کہ ع ازدوست یک اشارت وازما بسر و ویدن ۔ لیکن یہ دونون امر بطریق قاصد و ہرکارہ سرسری نہ پہونچاوے کہ ؎ وادیم ترا ز گنج مقصود نشان ۔ مختار توئی خواہ رسی یا نرسی ۔ بلکہ پدر مشفق اور طبیب ناصح کی طرح صعوبت امراض سے دلتنگ نہو اور تدبیرات گوناگون کرے یعنے جیسی استعداد ہو اسیطرح دعوت شروع کرے اور ایک نوع دعوت سے دوسری پر انتقال کر جاے اور جب کہ بطلان استعداد بخوبی منقح ہو جاے اور عضو متعفن کا حکم پیدا کرے تو اوسکے ازالہ کی فکر کرے تا کہ اور اعضا کو فاسد نہ کر دے سو اگر مامور بجہاد و قتال ہی تو لشکر و اسباب جنگ مہیا کرے اور اگر مامور بجہاد و قتال نہین ہی تو دعاے بد سے اونکو دفع کرے کہ شر اونکا اور افراد مین سرایت نہ کرے **مقدمہ ثانیہ** یہ ہی کہ قوم نوح کو اصل مرض یہ تھا کہ لوگ اوسکے طلب قرب حق اور استعانت حاجات مین مظاہر کاملہ اولیا سے گرفتار تھے اور مراتب تنزیہ بالکل اذہان سے محو تھے اور رفتہ رفتہ ارواح اولیا بھی بسبب کثرت حب دنیا اور قصور ادراک مرتبہ روحیہ نظر سے غائب ہو گئین تھین در ارواح شیطانیہ خبیثہ نے بجاے اونکے قائم ہو کے اپنی جانب کھینچ لیا تھا کہ فریقتہ تھے یہانتک کہ نام اولیا تھا اور حقیقت مین شیطان اور بھی خاصہ جبلت بشریہ کا ہی کہ جب تسفل اختیار کرتی ہی اور ترقی اوج معرفت سے قاصر ہوتی ہی تو پست ترین مراتب مین ٹھہرتی ہی اور ظاہر ہی کہ اگر نظر انکی عبادت اور تقرب مین اصل مراتب ارواح اولیا سے متوجہ ہوتی تو اون ارواح سے بھی ہدایت ہوتی اور جستہ جستہ وہ ارواح مناجات اور معاملات مین توجہ الی اللہ پر دلالت فرماتی اور شرک صریح سے باز رکھتی اور قوت وہمیہ انکی ایسی خراب تھی کہ طول عمر اور کثرت مال و بنون اور تکثیر عمارات اور باغات کو بیشتر دوست رکھتے تھے سو حضرت نوح علیہ السلام نے برعایت ان دونون مقدمون کے دعوت فرمائی اور انواع تخویف اور تطمیع فرماتے رہے کہ قریب ہزار برس کے اسی مین منقضی ہو گئے اور اس عرصہ دراز مین کئی قرن گذرے اور حالات متفاوتہ ظاہر ہوے اور استعدادین مختلف ہو گئین تسپر بھی کچھ اثر نہوا اور کسینے نہ مانا بلکہ یہی کہتے انؤمن لک واتبعک الارذلون یعنے کیا ہم تجھکو مانین اور تیرے ساتھ ہو رہے ہین کمینے کمینے سے محنتی لوگ مراد ہین کیونکہ ہر پیغمبر کے ساتھ پہلے غریب ہوے ہین غرض یہ سنکر حضرت نوح نے فرمایا کہ مجھکو انکا صدق قبول ہی اونکے کام سے کیا غرض کہ اونکا پیشہ کیا ہی اونکا پوچھنا میرے پروردگار کا کام ہی اور مین نہین دور کرنیوالا مسلمانون کو تب بولے لئن لم تنتہ یا نوح

لتکونن من المرجومین یعنے اگر تو نہ چھوڑیگا اے نوح تو سنگسار ہوگا تب حضرت نوح علیہ السلام کو
یاس کلی اونکی اصلاح سے ہوئی ناچار ہلاک عالم کی دعا کی کما قال رب ان قومی کذبون فافتح بینی
وبینہم فتحا ونجنی ومن معی من المومنین اے رب میرے قوم نے مجھکو جھوٹلایا سو فیصلہ کو میرے
اونکے بیچ کسی طرح کا فیصلہ اور بچا لے مجھکو اور جو میرے ساتھ ہین ایمان والے حق تعالی نے
اجابت فرمائی اب جاننا چاہیے کہ حضرت نوح قبل نزول آب عذاب یون وعظ ونصائح فرماتے تھے
کہ اے قوم مقتضاے قومیت یہ ہی کہ جس چیز سے مین ڈرتا ہون تم بھی ڈرو اور میری نصیحت قبول
کرو کہ مین سچا ہون اور صادق تمکو ڈراتا ہون کہ اگر حجاب معبودان باطلہ مین رہو گے تو عذاب
سخت تم پر نازل ہوگا مناسب ہی کہ آپکو اس حجاب سے نکال کے عبادت خدا اختیار کرو کہ یہی
عبادت ازالہ مرض کی دوا ہی لیکن پرہیز مخالف سے شرط ہی اور اگر تمکو طریق عبادت اور تقوی
معلوم کرنا عقل سے ممکن نہو تو مجھ سے سنو کہ دونون کے حاصل کرنیکا یہ طریق سہل ہی کہ میری اطاعت
کرو اور جو احکام الہی بتلاؤن قبول کرو تا عبادت مین خطا واقع نہو اور جب یہ قبول کروگے تو آثار
مجوبیۃ سابقہ تم سے کم ہو جاینگے اور جو گناہ کہ ترک عبادت وتقوی ومخالفہ احکام الہی مین تم سے صادر
ہوے ہین غفور رحیم بخشیگا لیکن وہ گناہ کہ بعد از اسلام تمسے صادر ہونگے یا وہ گناہ کہ حقوق خلق
سے متعلق ہین گو قبل اسلام ہون یا بعد اسلام بخشے نہ جاینگے الا مواخذہ عصیان مین فی وقت معلوم تک
تاخیر ہوگی مگر باین ہمہ تخویف وانذار کسینے نہ مانا کہ اسی شامت سے چالیس برس تک پانی کا برسنا
بند ہوگیا اور زراعت وباغات واموال ومویشی تلف ہوگئے اور عورتین عقیمہ ہوگئین اور حیض
اونکا بالکل منقطع ہوگیا اور مردون کی منی قابل تولید نہین رہی اور چشمے ونہرین خشک ہوگئین مگر
ایسے کافر سخت دل تھے کہ جو شخص اونمین سے قریب موت کے پہونچتا تو حالت نزع مین اپنے
بیٹون اور قریبون کو وصیت کرجاتا کہ خبردار اس پیر مجنون کے قول پر فریفتہ نہو جیو اور طریق اسلاف
ہاتھ سے نہ دیجیو کیونکہ کئی قرن گذر گئے ہین کہ یہ ہمکو ڈراتا اور وعدہ نزول عذاب کرتا ہی پر کبھو وعدہ
پورا نہوا اور پتھرون سے مارنا اور چھوٹے چھوٹے لوگون کو مسخرا پن سے پیچھے حضرت نوح کے دوڑانا
دستورات سے تھا خصوص وعظ کے وقت ایسا مارتے تھے کہ خون نکل آتا تھا اور بیہوش ہو جاتے تھے
اور کبھو پتھرون مین دب جاتے تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام آکر نکالتے تھے پر حضرت نوح
یہی دعا کرتے تھے کہ الہی میری قوم مجھے نبی نہین جانتی ہی اور اپنے زعم مین یہ بے ادبی تیرے
پیغمبر کی نہین کرتے ہین بلکہ جاہل واحمق ہین غرض بعد طی کرنے مراتب دعوت کے حضرت نوح

مایوس ہو کر کہنے لگے کہ ای پروردگار مین نے امتثال امر مین حتی المقدور قصور نہین کیا کیونکہ مین نے بولایا قوم کو بطریق سرگوشی وخفیہ راتون کو اگرچہ وقت اندزنہ تھا مگر اس لیے کہ غیر کے روبرو نصیحت نہون اور دن کو بھی دعوت کرتا رہا کہ اوسمین بھی خلوت ہو جاتی ہی کما قال رب انی دعوت قومی لیلا ونہارا فلم یزدہم دعائے الا فرارا یعنے ای رب مین بلاتا رہا اپنی قوم کو رات ودن پھر میرے بلانے سے اور زیادہ بھاگتے رہے حالانکہ مین اپنے نفع کے واسطے نہین بلاتا تھا نہ میری ریاست اونپر قائم ہو یا اُن سے کچھ مزدوری کی خواہش ہو بلکہ خاص انھین کے نفع کے واسطے کہ تو انکے گناہ گذشتہ بخش دے کہ اس سبب سے مورد عنایت ورحمت ہو جائین اور آثار قہر وجلال سے خلاصی پا دین مگر یہ لوگ نفرت سے انگلیان کانون مین دے لیتے ہین اور اپنے منھ کو کپڑے سے لپیٹتے ہین تاکہ آواز دعوت کان مین نہ پہونچے اور میری صورت نہ دیکھ پڑے اور میری بات دلمین نہ لگ جاے اور اگر باوجود اسکے بھی گناہون سے باز رہتے تو بھی فی الجملہ تیرے غضب سے بچتے لیکن یہ تو گناہون مین اور بھی زیادتی کرتے ہین اور میری اطاعت مین تکبر چنانچہ سورۂ نوح مین حکایت فرماتے ہین وانی کلما دعوتہم لتغفر لہم جعلوا اصابعہم فی اذانہم واستغشوا ثیابہم واصروا واستکبروا استکبارا یعنے اور مین نے دعوت کیا انکو تاکہ تو معاف کرے انکو ڈالنے لگے اپنی انگلیان کانون مین اور کپڑے اوڑھنے لگے اور ضد کی اور غرور کیا بڑا اور اوسپر طرفہ یہ ہی کہ اپنے دلون مین یہ جانتے ہین کہ مین اپنی اطاعت اون سے چاہتا ہون اور یہ سمجھتے ہین کہ یہ باتین جو ہمسے سرگوشی سے خفیہ کہتا ہی سو محض ہماری فریفتگی کے لیے کرتا ہی اور اگر اسکا کلام پوچ ہمینی نہین ہی تو مجمع عام اور مجلس انام مین کیون نہین کہتا ہی کہ ہم اور ونکی اعانت سے جواب دہ ہون سو جب مین نے اُنکے دنع قراسے دریافت کیا کہ خفیہ گوئی اور سرگوشی مین اُنکو بدگمانی ہوتی ہی تب مین نے برملا ہر مجلس مین دعوت شروع کی اور اسطرح الزام دینے لگا کہ عبادت غیر خدا حجاب دنیا اور آخرت کا سبب ہی اور عبادت خدا موجب حصول ثواب ہی چنانچہ فرمایا ثم انی دعوتہم جہارا یعنے پھر مین نے بلایا انکو بآواز بلند تو اسپر یہ گمان کیا کہ یہ شخص پہلے تو ہمسے پوشیدہ کہتا تھا جب ہمنے نمانا تب از روے انتقام مجلسون مین خفیف کرنے لگا اور ہماری تفضیح پر مستعد ہوا ہی پھر ناچار ہو کے مین نے تیسرا طریق اختیار کیا جو کہ مابین اعلان اور اسرار کے ہی تاکہ دونون گمان انکے مضمحل اور منکسر ہو جائین چنانچہ فرمایا ثم انی اعلنت لہم واسررت لہم اسرارا یعنے پھر مین نے انکو کھول کر کہا

اور چپ کر کہا چپکے سے پھر مین نے دیکھا کہ تینون طریق دعوت مفید نہوئے تب مین نے
یہ تجویز کیا کہ چالیس برس سے اینر بسبب پانی نہ برسنے کے عذاب ہی کہ کھیتیان اور درخت
اور مویشی وغیرہ سب ضایع ہو گئے ہین اور شامت اعمال سے انکی نسل بھی منقطع ہی اب
شاید منافع دنیا کی طمع مین راہ خدا اختیار کرین تب ایک تقریر اور ہی انکی دعوت مین مین نے
شروع کی اسطرح سے کہ اگر عبادت اور تقوی باشرایط ضروریہ ادا کر نہین سکتے ہو تو خدا سے
اپنے گناہون کی آمرزش چاہو اسواسطے کہ پروردگار آمرزگار ہی اگر سب گناہ نہ معاف کریگا تو بھی
اسقدر وبال گناہونکا کم کردیگا کہ دنیا کی بلاؤن سے نجات ملیگی یعنے پانی برسا دیگا اور مال
اور اولاد مین امداد کریگا اور باغات اور زراعت کو سرسبز کردیگا اور تالابون اور نہرون کو
جو خشک پڑی ہین پر آب فرمادیگا چنانچہ فرمایا سورہ نوح مین فقلت استغفروا ربکم انہ کان
غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا ویمددکم باموال وبنین ویجعل لکم جنات ویجعل لکم انہارا یعنے
پس مین نے کہا کہ گناہ بخشواؤ اپنے رب سے بیشک وہ ہی بخشنے والا چھوڑ دے آسمان کی
تیر دھارین اور بڑھتی دے تمکو مال اور بیٹون سے اور دیوے تمکو باغ اور ظاہر کرے تمہارے
واسطے نہرین سو اسکو بھی اُنھون نے نمانا اور نافرمانی مین سرگرم ہین اب مجھکو انسے امید نہین رہی
اسواسطے کہ اگر باوجود گناہ کے بھی مخالفت کے تابع نہوتے تو احتمال تھا کہ رو باصلاح لائینگے اور
رفتہ رفتہ اطاعت کرینگے لیکن یہ تو میرے مخالفون کی طرف مائل رہتے ہین اور حب مال اور
تکثیر اولاد مین ایسے مشغول ہین کہ رب الارباب کے ذکر سے اور سامان آخرت کے فکر سے
بالکل غافل ہو گئے ہین اور عمر عزیز اپنی اسی شغل خسیس اور دنی مین برباد کرتے ہین اور بھی کئی
وجہ سے میرے مخالف ہین اول اتباع اہل امارت و دول اور ارتباط ارباب کثرت اولاد و
اہل کہ یہ بات میری وضع کے نہایت مخالف ہی دوسرے کثرت مال اور اولاد کو علت وجوب
اتباع جاننا گویا انکار اتباع ہی اسواسطے کہ مین اس سے پرہیز رکھتا ہون بلکہ سب پیغمبر کثرت
مال اور اولاد سے مجتنب ہین تیسرے اصحاب کثیر الاموال وغیرہ سے اول لوگون کو اپنا
متبوع گردانتے ہین کہ وہ بعوض مال واولاد کے آخرت کو برباد کرتے ہین کاش ایسے
لوگون کی اطاعت کرتے جو کثرت مال سے آخرت کماتے ہین تو بھی مضائقہ نہ تھا بلکہ انھین
مالدارون کا کہا مانا جنکو اموال واولاد سے خسارا بڑھا اگرچہ ابتدا اسکی راہ حق سے دور رکھتی ہی
لیکن جب مال جمع کرکے اور اولاد کی پرورش کرکے اونکو وسیلہ ثواب آخرت گردانتے تو بھی

تقریر حضرت نوح علیہ السلام

راہ حق سے قریب ہو جاتے تاکہ انتہا بہتر ہوتی گو ابتدا بد تھی وانما العبرۃ بالخواتیم سو بھی انسے
نہوا وراسے اسکے ایک بڑا ہی مکر کرتے ہین کہ بمقابلہ دعوت حق کہتے ہین کہ ہم تو خدا کی عبادت
مین ثابت قدم ہین اور تم سے زیادہ مصروف ہین کیونکہ ہم مظاہر کاملہ حق کی عبادت کرتے ہین
اور تم مرتبہ تنزیہیہ کی عبادت کرایا چاہتے ہو حالانکہ وہ مرتبہ تمھارے بیان سے موہوم معلوم
ہوتا ہی تو یہ سخن تمھارا درحقیقت دال ہی منع عبادت پر اور طرفہ تر یہ ہی کہ اسی مکر کو مجلسون مین
سفلون کے روبرو بیان کرتے ہین اور اپنے تابعین سے سمجھاتے ہین کہ اگر تمکو عبادت خدا کی
منظور ہی تو مظاہر الٰہیہ کی عبادت نچھوڑو ورنہ ترک عبادت حق لازم ہو جائیگا بالخصوص وَدّ و سواع
ولیغوث ویعوق ونسر کو اصلا نچھوڑیو کہ تجلی الٰہی ان پانچون پر بطریق اصالت ہوئی ہی کما قال اللہ
فی سورۃ نوح ومکروا مکرا کبارا وقالوا لا تذرن آلھتکم ولا تذرن ودا ولا سواعا ولا یغوث ویعوق
ونسرا یعنے داؤ کیا ہی بڑا کہ سب کو سمجھا دیا اسکی بات نہ مانو اور بولے نہ چھوڑیو اپنے ٹھاکرون کو
اور نچھوڑیو وَدّ کو دنہ سواع کو ونہ یغوث ونہ یعوق ونسر کو پوشیدہ نرہے کہ منکران دین تین قسم کا
مکر کرتے ہین ایک یہ کہ نفس رسالت واستحقاق نبوت مین شبہات لگاتے ہین جسطرح کفار مکہ
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کرتے رہے مگر یہ مکر سہل ہی کہ تدارک اسکا معجزات باہرہ سے
ہو سکتا ہی دوسرا یہ کہ ربوبیت خدا کی انکار کرتے ہین اور رسول کے ارسال مین شبہات رکیکہ
واہیہ پیش کرتے ہین اور اپنے نفس کو مستقل ومستغنی عن الرب جانتے ہین یا وجوب اطاعت
احکام خدا ورسول اپنے ذمہ سے ساقط سمجھتے ہین جسطرح فرعون ملعون ومارب العالمین و
انا ربکم الاعلی وما علمت لکم من الہ غیری از روے تکبر کہا کرتا تھا سو یہ مکر پہلے مکر سے بھی اسہل ہی
کیونکہ دلائل الوہیت ظاہرتر ہین رسالت سے تیسرا یہ کہ ربوبیت خدا ورسالت رسول کو تسلیم
کرکے کہتے ہین کہ علم پیغمبرون کا بنا بر تفہیم عوام وتخویف اراذل واجلاف کے ہی واقفین حقایق
اشیا کو احتیاج ایسے مقدمات خطابیہ کی نہین ہی کیونکہ درجہ ان علوم کا علوم تذکیریہ
سے بالاتر ہی بلکہ معرفت حقیقت ربوبیت ورسالت جیسی ہمکو ہی رسولون کو نہین ہی اسواسطے کہ نظر
رسولون کی سطحی وسرسری ہی اور حکیمون کی نگاہ تعمق وامعانی ہی سو یہ قسم مکر کی اشد ہی ملاج اسکا
دشوار چنانکہ اکثر فلسفی مذہب ویونانی مشرب اسی مکر وکفر مین گرفتار ہین اور اللہ صاحب نے
سورۂ مومن مین انھین کا ذکر کیا ہی فلما جاءتھم رسلھم بالبینات فرحوا بما عندھم من العلم وحاق
بھم ما کانوا بہ یستھزؤن یعنے جب آئے اونکے پاس پیغمبر اونکے کھلے معجزات لیکر خوش ہوئے

اوسپر جو اونکے پاس تھی دانش سے اور اُلٹ پڑی اونپر جس چیز پر ٹھٹھا کرتے تھے پس قوم نوح علیہ السلام اسی مکر مین مبتلا تھی لہذا ارشاد ہوا ومکروا مکرا کبارا **فائدہ** اس مقام سے معلوم ہوا کہ پانی کا نہ برسنا و مال و اولاد و کھیتی و باغات کا ضایع ہونا کبھو شومی عصیان سے بھی ہوتا ہی اور استغفار اوسکے دفع کی علاج ہی لہذا ہمارے دین مین صلوۃ الاستسقا مقرر ہوئی اور اسمین استغفار کا حکم ہوا شعبی سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ عہد خلافت عمر فاروق مین قحط پڑا تو حضرت امیر المومنین عمر خطاب نے اصحاب رسول اللہ صلعم کو ہمراہ لیکر نماز استسقا پڑھی اور منبر پر کھڑے ہوکر سواے استغفار اور کچھ بھی نہین پڑھا جب فراغت ہوکر گھر آئے تو لوگون نے پوچھا یا امیر آپ نے پانی برسنے کیواسطے دعا نہ کی فرمایا کہ مین نے پانی کی درخواست استغفار سے کی ہی اور کریمہ استغفروا ربکم تا آخر پڑھی راوی کہتا ہی کہ پانی بہت برسا اور قحط دفع ہوا اور امام حسن بصری سے روایت ہی کہ ایک شخص نے آپ سے قحط کی شکایت کی دوسرے نے فقر و افلاس کا گلہ کیا تیسرے نے لاولد ہونیکا شکوہ کیا چوتھے نے نقصان زراعت و باغات کا ذکر کیا حضرت حسن بصری نے فرمایا استغفروا ربکم حاضرین نے پوچھا کہ یا حضرت حاجات ان لوگون کے مختلف ہین اور آنجناب نے صرف استغفار کا امر فرمایا فرمایا مین نے اپنی طرف سے تجویز نہین کیا خود اللہ صاحب نے ان آفتون کی علاج استغفار فرمائی ہی اور کریمہ استغفروا ربکم پڑھنے لگے اسی آیت سے حضرت امام اعظم نے استدلال کی ہی کہ حقیقت استسقا دعا و استغفار ہی اور نماز و خطبہ وغیرہ ضرور نہین ہی اگر ہو تو بہتر ہی ورنہ اصل مقصود دعا سے استغفار ہی بالجملہ حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان قوم سے مایوس ہوکر اللہ صاحب سے پوچھا کہ اس قوم سے کوئی ایمان بھی لاویگا یا نہین ارشاد ہوا سورۂ ہود مین لن یومن من قومک الا من قد آمن فلا تبتئس بما کانوا یفعلون یعنے ہرگز ایمان نہ لاویگی تیری قوم مگر وہ جو ایمان لاچکا ہی سو تو غمگین نہو ان کے کامون پر جمہور اہل تفسیر فرماتے ہین کہ اس مدت دراز مین ہمگین اسّی آدمی ایمان لائے تھے القصہ جب ایماے حق سے دریافت ہوا کہ ایمان قوم مقدر نہین ہی تب حضرت نوح نے کہا رب انی مغلوب فانتصر یعنے ای پروردگار مین ناچار ہون اب تو ہی مدد کر ارشاد ہوا سورۂ ہود مین واصنع الفلک باعیننا و وحینا ولا تخاطبنی فی الذین ظلموا انہم مغرقون یعنے بنا تو کشتی ہمارے سامنے و ہمارے حکم سے اور نہ بول مجھسے ظالمون کے لیے یہ البتہ غرق ہونگے بعد اس وحی کے حضرت جبرئیل ساج یا زیتون کی شاخ لائے اور حضرت نوح کو دی اونھون جمایا کہ چالیس برس مین درخت

ف بددعاء حضرت نوح علیہ السلام بعد دریافت [illegible] ایمان قوم مقدر

کامل طیار ہوا اور مدارک مین ہی کہ دو برس مین کشتی بنائی گئی اور اس عرصے مین حضرت نوح نے دعوت سے ہاتھ اٹھایا اور قوم نے تکلیف دینی موقوف کردی جب درخت کاٹا گیا اور لکڑی خشک ہوکے قابل بنانے کشتی کے ہوئی حضرت جبرئیل نے ایک نقشہ بنا دیا اوسکے موافق حضرت نوح نے بنانا شروع کیا پھر وحی ہوئی کہ کشتی جلد طیار کر تب دو کاریگر بڑھی مزدوری پر مدد کو لیے اور سام و حام و یافث کو بھی شریک کام رکھا اس حالت مین اشراف قوم دیکھکر مسخراپن سے کہتے کہ یہ مرد دیوانہ ہی اول پیغمبر بنا تھا اب بڑھی ہوا ہی چنانچہ سورہ ہود مین فرماتے ہین

ویصنع الفلک وکلما مر علیہ ملا من قومہ سخروا منہ قال ان تسخروا منا فانا نسخر منکم کما تسخرون یعنے وہ تو کشتی بناتا ہی اور جب گذرتے اوسپر سردار قوم کے ہنسی کرتے اس سے کہا اوسنے اگر تم ہنستے ہو ہم سے تو ہم ہنستے ہین تم سے جیسے تم ہنستے ہو حاصل یہ کہ وہ ہنستے تھے اسپر کہ زمین خشک پر پانی کا بچاو کرتا ہی اور حضرت ہنستے تھے اسپر کہ موت سر پر کھڑی ہی اور یہ بیوقوف ہنستے ہین اخبار الدول مین ہی کہ طول کشتی کا چھ سو گز اور عرض تین سو بیس گز تھا اور بعضے کہتے ہین کہ طول تین سو گز کا اور عرض پچاس گز اور بلندی تیس گز کی تھی یہ قول تراجم تورات سے ماخوذ ہی اسقدر فرق ہی کہ ترجمون مین گز کی جگہ ہاتھ ہی اور بعضے کہتے ہین کہ طول ایکہزار دو سو گز کا و عرض چھ سو گز کا یا تین سو گز کا تھا یہ قول ماخوذ ہی اوس روایت سے جسکو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کعب ابن حام سے دریافت کیا ہی اور اونکو اندہ عا کرکے پوچھا ہی تب اوسنے بیان کیا اور تفسیر مدارک و معالم مین ہی کہ وہ کشتی ساج کی لکڑی کی تھی اور طول تین سو گز کا یا ایک ہزار دو سو گز کا اور عرض پچاس گز کا یا چھ سو گز کا اور بلندی تیس گز کی تھی اور یہی روایت ہی کہ اسی گز کا طول پچاس گز کا عرض تیس گز کا ارتفاع مگر معارج النبوۃ مین ہی کہ صحیح و مختار یہ ہی کہ طول چھ سو ساٹھ گز کا اور عرض تین سو ساٹھ گز کا تھا اور جسطرح طول و عرض مین اختلاف ہی اسیطرح طبقات مین بھی اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ تین طبقے تھے اول انسانونکا معہ زاد و ما یحتاج مدارک مین ہی کہ جسد آدم علیہ السلام بھی اسی طبقہ مین رکھا تھا مابین رجال و نسا تا کہ ایک ہو جاے دوسرا وحوش و طیور کا تیسرا چارپایون و درندون کا اور بعضے کہتے ہین طبقہ اوسلے پرندون کا واوسط آدمیونکا واسفل دواب و وحوش کا اور بعضے کہتے ہین سات طبقے تھے اول آدمیون کا دوسرا تابوت آدم کا تیسرا طیور کا چوتھا درندون کا پانچوان چارپایون کا چھٹوان دواب کا ساتوان دانہ و کاہ و غلہ وغیرہ کا روایت ہی کہ کشتی کا سر مثل سر مرغ

وسینہ ہچو سینہ بط ودم مانند دم کبوترا اور بعض مفسرین کے نزدیک صورت کشتی ہچو مرغ وسر مانند سر طاؤس وسینہ مثل سینہ کبوتر ودم مثل دم خروس الغرض اسطرح کی کشتی تیار ہوئی تھی کہ صدمۂ آب سے کچھ نہو اور آب آسمانی کے بچاؤ کے لیے ایک سرپوش لکڑی کا رکھا تھا اور رفع ظلمت کے واسطے روزن کہ اوس سے روشنی تھی یا حضرت حق نے دو موتی بجاے آفتاب ومہتاب بھیجے تھے کہ اونسے شب وروز مین تمیز ہوتی تھی یہ روایت ابن عباس کی ہی محققین کہتے ہین کہ اونھین سے اوقات عبادت پہچانے جاتے تھے اول حضرت نوح نے مواقیت صلوۃ کا تعین کیا ہی اور لیل ونہار کی چوبیس ساعتین مقرر فرمائی ہین آور اخبار الدول مین حضرت ابن عباس سے روایت لکھی ہی کہ خداوند تعالی نے ایک چشمہ رال کا جس جگہ کشتی بنتی تھی جاری فرمایا کہ اوسنے جوش مارا اور تختہاے زیرین کو مطلا کر دیا بالجملہ اونیسوین ۱۹ ماہ آذار روز جمعہ کشتی تیار ہو گئی تو حضرت نوح نے علامت نزول عذاب دریافت کئے ارشاد ہوا کہ جب جوش مارے تنور تب معلوم کر کہ ہمارا حکم آیا اوسوقت کشتی مین ڈال لے ہر جنس کا جوڑا اور اپنے گھر کے لوگ مگر جسکے حق مین آگے حکم ہو چکا ہی اور نہ کہ مجھسے ان ظالمون کے واسطے کہ اونکو ڈوبنا ہی چنانچہ فرماتے ہین فاذا جاء امرنا وفار التنور فاسلک فیہا من کل زوجین اثنین واہلک الا من سبق علیہ القول منہم ولا تخاطبنی فی الذین ظلموا انہم مغرقون جمہور مفسرین قایل ہین کہ تنور نان پز مراد ہی جو مسجد کوفی مین تھا آور بعضے کہتے ہین موضع عین الوردہ متعلقات شام مین تھا جو بعلبک سے متصل واقع ہی اور ابن عباس کے نزدیک ہند مین تھا آور بعضے کہتے ہین کہ فار التنور سے مراد یہ ہی کہ پانی زمین سے جوش مارے گا اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث فرماتے ہین کہ تنور سے مراد تنور غضب الہی ہی اور بعضے کہتے ہین تنور لوہے کا تھا اور بعضے کہتے ہین پتھر کا تھا کذا فی اخبار الدول اور من سبق علیہ القول سے کنعان و ان اوسکی والدہ مراد ہین القصہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے اہل وعیال سام وحام ویافث اور انکی بیبیان اور لونڈی غلام اور اسی آدمی کہ ایمان دار تھے لیکر منتظر آمد طوفان بیٹھے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر جنس کا جوڑا پکڑ لائے اور حضرت نوح نے بموجب وحی ایک سال کا کھانا پانی بھی جمع کر رکھا یہانتک کہ اہلاک قوم کا حکم پہنچا اور بیبے حضرت نوح کے کشتی بنانے والون کے واسطے کہ سب ستره آدمی تھے تنور مین روٹی پکانے لگے دفعۃً اسغل تنور سے پانی نے جوش مارا کہ اُسنے دوڑ کر اپنے باپ سے اطلاع کی اوسیوقت حضرت نوح مع توابع کشتی مین جا بیٹھے اور حضرت جبرئیل نے ہر جنس کا جوڑا داخل سفینہ فرمایا اور اللہ جل شانہ نے چند فرشتے واسطے حفاظت کشتی کے موکل فرمائے

اور آسمان نے بلا ابر پانی کی دھارین چھوڑنی شروع کین اور زمین نے اپنے چشمے جاری کردیے کہ
جو کچھ زمین پر تھا نیست و نابود ہو گیا کذا فی اخبار الدول اور اللہ صاحب سورۂ ہود مین فرماتے ہین ترجمہ
یہ ہی کہ وہ کشتی بہتی ہی لہرون مین جیسے پہاڑ کسواسطے کہ کھولدیے تھے اللہ نے دہانے آسمان کے پانی
کی اریل سے اور بہا دیے زمین سے چشمے پھر مل گیا پانی ایک کام پر جو ٹھہر رہا تھا اس حال مین حضرت
نوح نے اپنے بیٹے کنعان کو کہ ایک کنارے پر تھا پکارا کہ اس کشتی مین چڑھ آ کافرون کے ساتھ نہو
اُسنے کہا مین کسی پہاڑ سے لگ رہونگا جو مجھکو بچا لیگا حضرت نوح نے کہا آج کے دن کوئی
قہر الٰہی سے نہین بچا سکتا مگر جس پر وہ رحم کرے اس رد و بدل مین ایک موج آئی اُسنے کنعان کو
کھینچ لیا تب حضرت نوح نے کہا ای پروردگار یہ میرا بیٹا ہی میرے گھر والون مین ہی اور تیرا وعدہ سچا ہوتا ہی
ارشاد ہوا کہ وہ نہین ہی تیرے گھر والون مین اسکے کام ناشایستہ ہین فلا تسئلن ما لیس لک بہ علم انی
اعظک ان تکون من الجاہلین یعنے مت پوچھ مجھسے جو تجھکو نہین معلوم ہی نصیحت کرتا ہون تجھکو تاکہ تو
احتراز کرے جاہل ہونے سے حضرت نوح نے التماس کیا کہ مین پناہ مانگتا ہون اس سے کہ پوچھون
تجھسے جو معلوم نہو مجھکو **فائدہ** اگرچہ آدمی پوچھتا ہی وہی بات جو معلوم نہو لیکن مرضی معلوم ہونا چاہیے
اور یہ کام جاہلون کا ہی کہ مرضی بے مرضی وقت بیوقت پوچھ بیٹھتے ہین ولہذا حضرت نوح نے پناہ مانگی
مگر یہ نہ کہا کہ ایسا نہ کرونگا کیونکہ اسمین دعوی نکلتا تھا اور بندے کا مقدور کیا ہی جو اسطرح کہیگا
اس سے پناہ مانگی کہ مجھسے پھر نہو مدارک مین ہی کہ کنعان پسر صلبی حضرت نوح کا بقول جمہور تھا اور بقول
غیر مشہور سماۃ والعہ کا بیٹا تھا یہ قول مطابق ترجمۂ توریت ہی اسلیے اوسمین لکھا ہی کہ یہ شخص پسر نوح نہ تھا
یعنے ربیب تھا تفسیر حسینی مین ہی کہ حضرت نوح علیہ السلام کوفے سے یا ہند سے یا ایک باغ سے یا
ایک گانون سے جو کہ جزیرے مین واقع ہی کشتی پر سوار ہوے اور مدارک مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ بیٹھنے والے کشتی کے آٹھ نفر تھے حضرت نوح و زوجہ مومنہ انکی و حام سام و یافث
اور تینون کی بیبیان روایت ہی کہ زوجہ مومنہ حضرت نوح کی سماۃ عمدہ مادر سام تھین اور مدارک مین ہی
کہ بعض کے نزدیک پانچ مرد اور پانچ عورتین اور بعضے کہتے ہین کہ دس مرد تھے چار نفر مذکور اور چھ اور
دس انکی عورتین کہ سب بیس ہوتے ہین اور بعضے اکثر بیان کرتے ہین شتر مرد و عورت اور اولاد
نوح سام و حام و یافث اور عورتین انکی اور صحیح اسّی نفر ہین سواے اہل و عیال کے حضرت ابن عباس
سے روایت ہی کہ چالیس روز پانی آسمان سے برسا و چالیس روز زمین سے نکلا اور بعد چھ مہینے کے
پہاڑونکے سر کھلے اور پانی اسقدر بلند تھا کہ پہاڑ والے درخت بھی ڈوب گئے تھے اور پرندون کو بھی نجات نتھی

بعض روایات مین ہی کہ چالیس گز پانی پہاڑون سے بلند تھا اخبار الدول مین ہی کہ دسوین رجب سے طوفان شروع ہوا اور دسوین محرم کو رفع ہوا اور کشتی پانی مین ایکسو پچاس دن رہی اور آب طوفان گرم تھا جب وہ پانی رال کو جو زیر کشتی لگی ہوئی تھی پہونچا تو رال پگھلنے لگی حضرت نوح متردد ہوے جناب الٰہی سے دو اسم اپنے تبلائے کہ حضرت نے اُس سے دعا مانگی کہ رال کا پگھلنا بند ہوا اور جسقدر پگھلی تھی منجمد ہوگئی وہ اسم اہیا اشراہیا ہی بعد اُسکے یہی اسم وقت القار نار حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تعلیم کیے یہ دونون اسم اعظم توریت مین ہین اور بعض اہل تحقیق نے لکھا ہی کہ اول کشتی پر دانہ چننے بندہاے کشتی چڑھائے گئے اور آخر کو حمار یعنے گدھا کیونکہ ابلیس گدھے کی دم پکڑے تھا ہر چند حضرت نوح نے کھینچا نہ آیا تب فرمایا چڑھ آ اگرچہ تیرے ساتھ شیطان بھی ہو سو وہ بھی گدھے کے ساتھ کشتی مین آیا حضرت نے پوچھا تو کسطرح آیا اُسنے کہا آپ ہی نے بلایا ہی فرمایا لعنت ہی تجھپر کہ تو نے اس قوم کو ہلاکت مین ڈالا ابلیس نے کہا یہ آپ کے فرمانے کی بات نہین ہی حضرت نے کہا اگر اب بھی توبہ کر تو خدا رحم کرے اُسنے کہا اگر توبہ قبول ہو تو کرون سو حضرت نوح نے دعا کی ارشاد ہوا کہ مرقد آدم کو سجدہ کرے یہ بات سنکر ابلیس نے انکار کیا بعضے روایت کرتے ہین کہ عوج ابن عوق بھی حضرت نوح کے پاس آیا تھا کہ مجھکو بھی کشتی مین چڑھا لیجیے حضرت نوح نے دفع کیا تفسیر زاہدی مین لکھا ہی کہ بعض کے نزدیک نام اسکا عج تھا اور بعضے عاج ابن عوج اور بحر امواج مین ہی کہ نام اوسکی مان کا عوق تھا یا عناق معالم التنزیل مین درازی اسکے قد کی تین ہزار تین سو پونے چراسی گز کی لکھی ہی اور زاہدی و عرائس مین تیس ہزار تین سو پونے چراسی گز ہی اور صحیح یہ ہی کہ بڑا طویل القامۃ تھا اور حضرت ابن عباس سے ایک روایت ہی کہ پانی طوفان کا بلند پہاڑون سے بلند تھا لیکن عوج کی زانون تک تھا اور بعضے قائل ہین کہ تمام روے زمین مین عوج باقی رہا تھا تاکہ مردم آیندہ کو خبر کرے اور بعضے کہتے ہین کہ اسنے کشتی کیواسطے لکڑی لانے مین اعانت کی تھی اس سبب سے نہین ڈوبا روایت ہی کہ یہ شخص نواسہ آدم تھا اوسکی مان سے اول فعل زنا کا عالم مین صادر ہوا تھا کہ اوسکی شامت سے اسکو سانپ و بھیڑیے و کرگس نے مارکر کھایا القصہ جب غضب الٰہی بصورت آب جوش مین آیا اور حضرت نوح کشتی مین سوار ہوے اور سرداران کفار ڈوبنے لگے تو بعضے مکار مکانات بلند و پہاڑون کی اور بعض شیشے کے محلون مین جنکو باصغاے خبر طوفان تعمیر کرائے تھے جا بیٹھے اور حضرت نوح نے یہ حال دیکھکر خوف کیا کہ مبادا کوئی کافر بچ رہے لہذا دعا کی رب لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا یعنے نہ چھوڑ زمین پر منکرون کا ایک گھر بسنے والا یعنے عموما کوئی کافر بسنے والا زمین کا

ف اسم اعظم در توریت اہیا اشراہیا

ف ذکر عوج ابن عوق

باقی نرہے خواہ میرے ملک مین ہو یا غیر مین خواہ اصحاب مکر وتلبیس سے ہو یا تابع و مقلد خواہ میری قوم واصل سے ہو یا اجنبی وغیر قوم اور اس مقولے مین کیا ہی معقول تعلیل فرمائی کہ انک ان تذرہم یضلوا عبادک ولا یلدوا الا فاجرا کفارا یعنے اگر تو چھوڑ دیگا اونکو بہکا وینگے تیرے بندون کو اور نہ جنینگے مگر بد کار نا شکر **فائدہ** لفظ دیارا اسواسطے فرمایا کہ ابلیس وذریت اوسکی خارج رہے کیونکہ سکونت انکی زمین پر نہین ہی بلکہ سطح زمین پر اکثر وربھی نہین کرتے ہوا مین رہتے ہین اور بقاے ابلیس تا قیامت حضرت کو معلوم تھی تو اگر ہر کافر کی ہلاکی روے زمین سے چاہتے تو تقدیر مبرم کے خلاف تھا اور حضرات انبیا تقدیر کے خلاف دعا نہین کرتے اور جو تعلیل اپنی دعا کی حضرت نوح نے فرمائی سو اسواسطے کہ بعض اوقات مین کافرون کے باقی رہنے مین کچھ حکمت ہوتی ہی گو بالفعل گمراہی مین مبتلا ہون جسطرح حضرت صلعم کے عہد کرامت مہد مین اکثر لوگ شدید الکفر تھے آخر ش ایمان لاے اور جہادات کفار مین معین ومددگار رہے یا گاہ گاہ ایسا بھی ہوتا ہی کہ کافرون سے امید اولاد نیک بخت کی ہوتی ہی سو یہ فائدہ حضرت نوح کے نزدیک بالکل منتفی ہو گیا تھا لہذا فرمایا کہ انک ان تذرہم یضلوا عبادک الخ کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی **فائدہ** اس تعذیب مین حضرت میکائیل بھی مع توابع شریک تھے یعنے بحکم الٰہی انھون نے کائنات جو کو واسطے استحالے آب کے اور روح ارض کو واسطے تفجر عیون کے اور حیوانات بریہ ووحشیہ وسباع وحشرات کو بنا بر حمل کشتی اور آب وہوا کی روح کو فعلا وانفعالا مسخر کیا تھا حضرت استاذ الاستاذ فرماتے ہین کہ تغریق آب پر اس معرکے مین اکتفا نہین فرمائی بلکہ عقوبت برزخیہ بھی مدنظر ہوئی چنانچہ سورۂ نوح مین ارشاد ہوتا ہی فادخلوا نارا فلم تجدوا لہم من دون اللہ انصارا یعنے پھر پہنچائے گئے آگ مین پھر نہ پایا اپنے واسطے اللہ کے سواے کوئی مددگار خلاصہ یہ کہ بعد غرق بلا فاصلہ آگ مین چلے گئے نہ کہ آتش دوزخ مین جو دور ہی چنانچہ ضحاک سے روایت ہی کہ قوم نوح کے لوگ ایک طرف سے غرق ہوتے تھے دوسری طرف سے جلاے جاتے تھے **فائدہ** یہ آیۃ عذاب القبر پر دلیل صریح وکافی ہی اور یہ بھی مستنبط ہوتا ہی کہ گنہگار کسیطرح سے مرے خواہ دریا مین ڈوبے یا آگ مین جلے یا درندہ پھاڑے عذاب قبر مین گرفتار ہوتا ہی جسطرح مقبور کیونکہ معذب روح ہی نہ بدن تاکہ بقا اسکی شرط تعذیب ہو پوشیدہ نرہے کہ مین ثوران غضب الٰہی مین حضرت نوح نے اس خوف سے کہ یہ مواخذہ عامہ نمونہ قیامت ہی ایسا نہو کہ ترک اولیٰ پر جو مجھسے ہو جاتا ہی اور معاصی فرعیہ پر جو کہ مومنون سے

دلیل عذاب قبر

بچے

واقع ہوتے ہین مواخذہ ہو یہ دعا فرمائی کہ رب اغفرلی ولوالدی ولمن دخل بیتی مومنا وللمومنین و المومنات ولاتزد الظالمین الا تبارا یعنے اے رب معاف کر مجھکو اور میرے مان باپ کو اور جو آدمی داخل ہو میرے گھر مین ایماندار ہو سب ایمان والے مردون و عورتون کو اور گنہگارون پر رکھ بربادہونا اس آیہ مین گھر سے مراد کشتی ہی اور ایمان کی قید اسلیے لگائی کہ ابلیس خارج ہو جاسے کیونکے وہ استحقاق مغفرت نہین رکھتا اور ایمان دارون کی مغفرت اسواسطے چاہی کہ مبادا کسی گنہگار کے شامت گناہ سے کشتی ڈوب جاسے اور بیگناہ مارے پڑین اسواسطے کہ عقوبات عامہ دنیویہ مین امتیاز و تفرقہ نہین ہوتا چنانچہ عذاب قوم مین اطفال و مجانین بھی ہلاک ہو جاتے ہین بلکہ لایعقل کو بھی تکلیف پہونچتی ہی اس دعا مین مسلمانون کو بڑی بشارت ہی قیامت تک اسواسطے کہ حضرت نوح کی دعا اہلاک کفار مین بالیقین قبول ہوئی تو دعاے مغفرت مومنین و مومنات بھی بے شک مقرون اجابت ہوئی ہوگی روایت صحیح ہی کہ سفینہ نوح سات روز حرم شریف کے گرد طواف کرتا رہا مگر زمین حرم مین نہین گیا اور بعضے کہتے ہین کہ اللہ جل شانہ نے بیت اللہ پر ایک پہاڑ کا سرپوش کردیا تھا کہ آب عذاب سے محفوظ رہے اور بعضے کہتے ہین کہ بیت المعمور کو آسمان پر اٹھوالیا تھا و ہوالاصح روایت ہی کہ جب کشتی جانب شام چلی تو پہاڑون نے اپنے سر اونچے کیے مگر وہ بحکم خدا جودی پہاڑ پر ٹھہری اور ارشاد ہوا یا ارض ابلعی ماءک ویا سماء اقلعی وغیض الماء وقضی الامر واستوت علی الجودی وقیل بعدا للقوم الظالمین یعنے اے زمین نگل جا اپنا پانی وای آسمان تھم جا اور سکھا دیا پانی اور ہو چکا کام اور کشتی ٹھہری جودی پہاڑ پر اور حکم ہوا دور ہون قوم بے انصاف تراجم توریت مین جو بالفعل نصاری کفار کے پاس ہین لکھا ہی کہ سال طوفان کے دوسرے مہینے دسوین کو نوح کشتی پر سوار ہوے اور سترھوین کو طوفان شروع ہوا اور ایکسو پچاس دن کے بعد پانی کم ہونے لگا اور سترھوین روز ماہ ہفتم کے کشتی پہاڑ پر ٹھہری اور دسوین مہینے کے پہلے دن چوٹیان پہاڑون کی دکھلائی دین اور چالیس دن کے بعد حضرت نوح نے کھڑکی کشتی کی کھولی تو پانی زمین پر موجود تھا پھر چودھوین دن حال دریافت کیا الغرض دوسرے سال کے اول مہینے کی پہلی تاریخ کشتی کی چھت اوٹھوائی تو زمین سوکھی نظر پڑی اور دوسرے مہینے کی ستائیسوین کو خدا کے حکم سے مع ہمراہیون کے کشتی سے اترے بالجملہ طوفان کی تمام مدت تین سو پینسٹھ ۳۶۵ دن کی ہوئی اور صحیح یہ ہی کہ مدت طوفان چھ ۶ مہینے کی ہوئی اور دو ہزار دو سو بیالیس برس ہبوط آدم علیہ السلام سے گذرے تھے اور دسوین یا گیارھوین رجب سے دسوین محرم تک طوفان رہا الغرض بعد ٹھہر جانے کشتی اور خشک ہونے پانی کے ارشاد ہوا یا نوح اہبط بسلام منا وبرکات

علیک وعلی امم ممن معک وامم سنمتعهم ثم یمسهم منا عذاب الیم یعنے اے نوح اُتر سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتون کے ساتھ تجھپر اور کتنے فرقون پر تیرے ہمراہیون مین اور کتنے فرقون کو فائدہ دینگے پھر پہونچے گی ہماری طرف سے اونکو دکھ کی مار اس مقام مین حقتعالی نے تسلی فرمائی کہ پھر تمام نوع انسان پر ہلاک نہ آوے گا قیامت سے پہلے مگر بعض فرقے ہلاک ہونگے **فائدہ** ارباب تواریخ سواے اس طوفان کے دو طوفان اور بھی لکھتے ہین ایک طوفان قبل پیدایش حضرت آدم کا دوسرا طوفان عہد موسیٰ علیہ السلام کا لیکن اول طوفان اور طوفان زمانہ حضرت نوح علیہ السلام عالمگیر تھا اور طوفان زمانہ موسوی خاص اہل مصر کے واسطے تھا اور جو بعضے کہتے ہین کہ کئی ہزار برس کے گذرے جسطرح گنبد اہرامان اور بعض بت خانہاے ہنود باقی تھے سو یہ بات دلیل نفی طوفان کی نہین ہوسکتی کیونکہ جائز ہو کہ امکنہ مذکورہ بسبب استحکام ومضبوطی بنا کے آب طوفان سے منہدم نہوے ہون اور دعاے حضرت نوح مین مکانون کی خرابی بھی مندرج نہ تھی صحیح بخاری مین قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ کشتی نوح اوائل اسلام تک باقی تھی اور اہل زمان نے اوسکو دیکھا تھا معالم التنزیل مین ہو کہ وقت طوفان قوم نوح مین کوئی لڑکا نہ تھا بلکہ سب لوگ جوان یا بوڑھے تھے القصہ حضرت نوح علیہ السلام کشتی سے اُترے اور حکم ہوا کہ ایک شہر آباد کرو چنانچہ اوسی جزیرے مین جہان پہاڑ پر کشتی ٹھہری تھی ایک قصبہ آباد کیا اور سوق ثمانین اُسکو نام زد کیا اسواسطے کہ اسی نفر کشتی مین تھے بعد چند روز کے سب لوگ مرگئے حضرت نوح علیہ السلام اور اونکے بیٹے سام وحام ویافث اور انکی بیبیان کہ اونھین سے آبادی تمام دنیا کی ہوئی کما قال اللہ تعالی وجعلنا ذریتہ ہم الباقین احوال اونکا آگے بیان کیا جائیگا ولادت باسعادت حضرت نوح علیہ السلام کی بعد گذرنے ایک سو چھبیس برس وفات آدم علیہ السلام سے ہوئی اور ایکہزار چھ سو بیالیس سنہ ہبوطی تھے اور جب پچاس برس کی ہوے تو نبی ہوے اور نو سو پچاس برس دعوت قوم فرمائی کما قال اللہ تعالی فلبث فیہم الف سنة الا خمسین عاما اور چھ سو برس کے تھے جب کشتی پر سوار ہوے اور اخبار الدول مین توریت سے نقل کیا ہو کہ تین سو پچاس برس بعد طوفان زندہ رہے لیکن صحیح یہ ہو کہ قبل بعثت وبعد طوفان کا حال تحقیق نہین معلوم ہوتا ہو معالم مین حضرت ابن عباس سے منقول ہو کہ چالیس برس کی عمر مین مبعوث ہوے اور نو سو پچاس برس دعوت فرمائی وبعد طوفان ساٹھ برس تک زندہ رہے وبقول مقاتل دو سو پچاس برس کے تھے تب مبعوث ہوے اور نو سو پچاس برس دعوت فرمائی کل عمر ایک ہزار چارسو تیس برس کی

ہوئی و بقول وہب ایکہزار چار سو برس ۱۴۰۰ عمر ہوئی اور عین المعانی مین ہی کہ تین سو برس ۳۰۰ کی عمر مین
مبعوث ہوے اور نو سو پچاس برس دعوت فرمائی اور تین سو پچاس برس بعد طوفان اس عالم
مین رہے اور معارج النبوۃ مین ہی کہ ایکسو پچاس برس کی عمر مین مبعوث ہوے اور نو سو پچاس برس
تبلیغ رسالت فرمائی اور طوفان کے بعد تین سو برس زندہ رہے اور کل عمر ایک ہزار چار سو برس
ہوئی اور ایک ہزار پانسو برس بھی روایت مین آئے ہین واللہ اعلم بحقیقۃ الحال مگر صحیح تر از روے
تحقیق یہ ہی کہ ولادت حضرت نوح کی سنہ ایک ہزار چھ سو بیالیس ہبوطی مین ہوئی اور واقعہ
طوفان سنہ دو ہزار دو سو بیالیس مین ہوا اور وفات سنہ دو ہزار پانسو بانوے ہبوطی مین ہوا تو
اس حساب سے عمر حضرت نوح نو سو پچاس برس کی معلوم ہوتی ہی کذا قال مولانا رفیع الدین الدہلوی
روایت ہی کہ جب وفات حضرت نوح قریب آ پہونچی تو حضرت جبرئیل یا عزرائیل علیہما السلام نے
پوچھا یا اطول الانبیاء عمراً تمنے دنیا کو کسطرح دیکھا فرمایا جسطرح دو دروازے کا گھر کہ ایک سے
در آیا دوسرے سے نکل گیا روایت ہی کہ آخر عمر مین حضرت نوح نے سام اپنے بیٹے کو وصی
و ولیعہد قرار دیا اور فرمایا کہ تجکو دو باتین کرنا واجب ہین اور دو ترک کرنا لازم اول لا الہ الا اللہ
وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر کو اپنا ورد کر کہ انکی شان عظیم ہی اگر آسمان و
زمین سے یہ کلمات وزن کیے جائین تو زیادہ نکلین دوسرے سبحان اللہ بحمدہ ہمیشہ پڑھا کر کہ یہ
کلمے کل مخلوق کے واسطے وظیفہ ہین پڑھنے والا اسکا محتاج نہین ہوتا اور جو دو باتین واجب الترک
ہین وہ شرک و کبر ہین کہ انسے ہمیشہ دور رہنا فرض ہی اور بعد ان وصیتون کے حضرت نوح نے
وفات پائی اور فرشتون نے غسل دے کر نماز پڑھی مقام قبر مین اختلاف ہی بعض مسجد الکوفہ
مین اور بعضے جبل الاحمر مین اور بعضے مدینہ کرک مین زیر جبل لبنان بیان کرتے ہین وہو الاصح
صاحب اخبار الدول لکھتے ہین کہ مدینہ کرک مین مزار شریف واقع ہی کہ اسکی زیارت ہوتی ہی **فائدہ**
ابن عساکر اپنی تاریخ مین لکھتے ہین کہ وہ پانچون بت جنکو قوم نوح نے مظاہر حق ٹھہرایا تھا حالت
طوفان مین مٹی کے نیچے دب گئے تھے سو ابلیس مردود نے کہ اونسے پوشیدہ کیے تھے عرب کے
لوگون کو نکالکر سپرد کیے اونھون نے اپنے معبود قرار دیے چنانچہ وَدّ کو بنی قضاعہ نے
دومۃ الجندل مین قایم کیا اور اوسکی پرستش مین مصروف ہوے پھر بنو قضاعہ سے بنو کلب
کو پہونچا کہ زمانہ حضرت صلعم مین اونھین کے پاس تھا اور یغوث کو بنی طے نے اپنے ملک مین
خدا بنا کر رکھا پھر اوسے بنو مراد عاریۃً لیگئے اور اوسکی عبادت کرتے رہے یہانتک کہ بنو حاجہ

نے اون سے زبردستی لینا چاہا سو بنو مراد اوسے لیکر بنو جرت کے ملک مین چلے گئے اور یعوق کو بنو کہلان
نے لیا پھر اونسے بتوارث قبیلہ ہمدان مین آیا اور نسر کو بنو خثعم نے لیا کہ ابتداے اسلام مین وہ
قوم ناپاک اسیکی عبادت مین مصروف تھی اور سواع کو اولاد بنی الکلاع حمیری نے لیا کہ اونسے
تمام گروہ حمیر کو پہونچا مگر سواے ان بتون کے عرب مین ایکسو ساٹھ ۱۶۰ بت اور بھی تھے جسطرح
لات بنی ثقیف مین اور عزی بنو سلیم و بنو غطفان مین اور بنو نضیر و بنو سعد و بنو بکر مین منات اور
آساف و نائلہ و ہبل مکے مین کہ اہل مکہ نے آساف کو مقابل حجر اسود کو وصفا پر رکھا تھا اور نائلہ کو
مقابل رکن یمانی اور ہبل کو اندرون بیت اللہ مگر یہ بت سب بتون سے قد و قامت مین بڑا تھا
اور آٹھ گز کا لنبا تھا اور قریش وقت لڑائی کے اسی کا ورد رکھتے تھے چنانچہ ابو سفیان نے کفر کی
حالت مین جب غزوہ احد سے پھرا ہی تو اسی ہبل اپنے ٹھاکر کی مدح کیا کرتا تھا اور قدما او رمدینہ
مین اہل تحقیق فرماتے ہین کہ یہ پانچون بت جو قوم نوح مین تھے ہر شخص کے پاس موجود
ہین اور ہر آدمی اوسکی عبادت و پرستش مین مبتلا ہی الا ان حفظہ اللہ باحسانہ اسلیے کہ بدن ہر شخص کا
ود ہی جو کہ روح کا محبوب ہی اوسکی الفت مین جملہ احباب واصحاب بے حقیقت محض ہین دائما
اسکی پرورش و پرداخت و تزئین و تسمین و خوراک و پوشاک و ریاضت و صلاح و دلک و حمام و سیر
و تماشہ مین بالحاظ خویش و بیگانہ مصروف رہتا ہی اور سواع ہر آدمی کا نفس ہی کہ قیام جان و تن
اوسکی سبب سے جانتا ہی لہذا ہمیشہ مشتاق لذات و احتراز مضرات مین ساعی رہتا ہی اور عبادت
خدا و اطاعت انبیاء علیہم السلام مین قاصر اور یغوث ہر آدمی کے مان باپ اور بیٹا بیٹی اور بھائی
بہن ہین کہ فریادرسی و اعانت و امداد کا اونسے متوقع ہو کے ایسی کوشش و سعی اونکی رضاجوئی و استرضا
مین کرتا ہی کہ فرمودہ قادر مطلق و نبی برحق سے آنکھین چرا جاتا ہی اور یعوق ہر شخص کا مال ہی کہ اداے
زکوٰۃ و صدقات و اعانت ذوی الحقوق و عبادت معبود و صلاح و تقویٰ سے منع کرتا ہی اور یہ شخص
دفع بلیات و آفات کی اوس سے توقع و امید رکھتا ہی اور نسر ہر ایک آدمی کا شیطان ہی کہ حرص و طمع
و غصہ و غضب کے وقت دفعۃً کردہ ناکردہ برابر کر دیتا ہی اور وساوس فاسدہ و اعتقادات باطلہ
ایسے سکھاتا ہی کہ ایمان ہی جاتا رہتا ہی جب یہ معلوم ہو گیا تو اب خوب آگاہ رہنا چاہیے کہ جب تک
انسان ان پانچون بتون سے خلاصی حاصل نہ کرے گا دعاے مغفرت حضرت نوح علیہ السلام
مین داخل نہوگا اور سواے اسکے ایک نکتہ اور بھی جاننا ضرور ہی کہ حضرت نوح علیہ السلام نے
جناب باری مین التماس کیا ہی کہ میری قوم کے کافر پیدا نہ کرین گے مگر بدکار و ناشکرگذار حالانکہ

کیا ذرون سے اکثر لوگ نیکبخت وسعادت مند پیدا ہوئے ہین جسطرح حضرت ابراہیم علیہ السلام آزر
بت تراش سے پہر ظاہر مین یہ قول مخالف واقع ہی اس شبہہ کے جواب مین اہل تفسیر کو اختلاف ہی
علماے ظاہر کہتے ہین کہ حضرت نوح کو اپنی قوم کا حال وحی سے معلوم ہوگیا تھا سو یہ حکم علی العموم
نہ تھا بلکہ خاص اوسی قوم سے تھا اور بعضے قائل ہین کہ قبل آمد طوفان وحی ہوئی تھی کہ تیری قوم
سے کوئی ایمان نہ لاوے گا سواے اونکے جو ایمان لائے ہین اس کلام سے حضرت نوح نے
استنباط کیا کہ اب میری قوم سے سواے کافر کے اور کوئی پیدا نہو گا کیونکہ اولاد قوم بھی داخل
قوم ہی لہذا حضرت نوح نے اس شرط و جزا کو جناب الٰہی مین التماس کیا اور حضرات صوفیہ فرماتے
ہین کہ اس دعا مین حضرت نوح پر بسبب تنگ دلی و استیلاے غضب خدا کے غلبہ حال طاری
ہوا کہ حضرت نے بحال ظاہر یون حکم کیا اس دلیل سے کہ جو نطفہ کہ نفوس خبیثہ مظلمہ سے ظاہر
ہوگا او پیدا اوس نفس تاریک کے ترتیب پاویگا البتہ مستعد قبول نفس خبیثہ کا ہوگا جسطرح
مولود کا بدن کہ صفت مین والد کے بدن سے موافق ہوتا ہی استرشد کہ نوع کمال مین شیخ کے
مطابق ہوتا ہی ولہذا بولتے ہین کہ الولادۃ الروحانیۃ مثل الولادۃ الجسمانیۃ پس یہ مقولہ حضرت نوح کا
منجملہ زلات غلبہ حال سے تھا کہ اور انبیاؤن سے بھی ہوا ہی جسطرح قتل قبطی حضرت موسی علیہ السلام
سے زلت عمل تھی لاجرم اس عرض کے مقابلے مین کنعان کے کفر سے مطلع فرمایا جسطرح حضرت
داؤد علیہ السلام کو بمقدمہ زلت او بیا دو شخصون کو شکل یک گردان کر حضرت داؤد علیہ السلام
کے پاس بھیجا اور متنبہ فرمایا **فائدہ** زلت انبیا اونکے معنی یہ ہین کہ فعل مباح کا ارادہ کیا اوسمین فعل
حرام صادر ہوگیا مگر اوس فعل پر استقرار نہین ہوا اور نہ قصد فعل حرام کا تھا مگر صادر ہوگیا جیسا
قتل قبطی موسی علیہ السلام سے اور تحقیق اس مقام کی یہ ہی کہ حال غالب والدین کے باطن کا بلا شبہہ
نفس اولاد مین سرایت کرتا ہی لیکن غیر غالب پس لازم نہین کہ وہ بھی اولاد مین سرایت کرے
اسیواسطے کہتے ہین کہ الولد سر لابیہ یعنے اولاد حالت پوشیدہ ہی باطن پدر کی اور جب یہ فرق ظاہر
ہوا تو پوشیدہ نرہے کہ بعض اوقات کافر حسب استعداد فطری و جبلی اصل مین پاک ہوتا ہی مگر ظاہر
مین اوسپر عادات قوم و اوضاع و اطوار آبا و اجداد غالب ہوگئے کہ اونکے دین سے متدین ہوگیا
الا باطن اوسکا آفت سے سالم ہی تو اس سے اولاد با ایمان اوس حالت نورانیہ مین پیدا ہوتی ہی
جسطرح حضرت ابراہیم آزر سے اور حضرت علی مرتضی ابو طالب سے اور حضرت عمر خطاب
سے سو حضرت نوح علیہ السلام کہ ہزار برس دعوت قوم کرتے رہے وہ بلاشک اپنی قوم کی

ف معنی زلت انبیا

ف تحقیق مقام

کیفیت ظاہری و استعداد باطنی سے بخوبی واقف ہو رہے تھے اور بالیقین جان چکے تھے کہ اب استعداد فطری سالم نہین ہی بلکہ حالات ظلمانیہ مستولی ہوگئے ہین اور انکا اصرار کفر پر تقلیدی اور باعتقاد آبائی نہین ہی اسلیے ارشاد کیا انک ان تذرہم الی آخرہ اور یہ التماس مقبول بلا تامل و تکلف و بلا عتاب ہوگیا اور تولد کنعان کا حضرت نوح علیہ السلام سے منافی اس تعلیل کے نہین ہی کہ اسکو کوئی متقشف تنبیہ و عتاب پر حمل کرے اسلیے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے حصر تولید فاجر کفار مین علت وجوب اہلاک گردانی تھی نہ اصل تولید کا فرد فاجر کیونکہ نیکبختون سے بدبخت بھی پیدا ہوتے ہین اور سعادت مند بھی پس خیریت بعض اولاد کی شرارت بعض اولاد سے معارض ہوکر علت افنا نہین ہوتی ہی اور کچھ بعید نہین ہی کہ وقت تولد کنعان ہئیتہ ظلمانیہ بعض زلات و ترک اولی کی قائم ہوگئی ہو کہ اوسکو کنعان نے اوٹھالیا اور بھی تعجب نہین ہی کہ اوسکی ماں مسماۃ واعلہ کہ منافقہ تھی فساد استعداد کا سبب پڑگئی ہو اس سے لازم نہین آتا کہ فساد استعداد کو حضرت نوح علیہ السلام سے نسبت کرین بالجملہ عدم تولید غیر کا فرد فاجر مین اور تولید کا فرد فاجر مین بڑا فرق ہی اثبات ایک کا دوسرے کو نفی نہین کرتا تاکہ تنبیہ و عتاب صورت پکڑے اور ایک شبہہ اور بھی ہی کہ حضرت نوح علیہ السلام پیغمبر اولوالعزم تھے گمراہی کی دعا اپنی قوم کیواسطے کسطرح فرماتے حالانکہ انبیا کا کام ہدایت کی دعا کرنیکا ہی نہ ضلالت و گمراہی کی بطرح حضرت ابراہیم و حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی اللہم اہد قومی جواب اس شبہہ کا یہ ہی کہ یہ دعا اوس وقت حضرت نوح علیہ السلام نے مانگی جب قوم کے ایمان سے مایوس ہوگئے اور توقع ہدایت بالکل قطع ہوگئی کما حاء فی القرآن لن یومن لک الا من قد آمن لہذا حضرت نوح نے چاہا کہ قوم سے انتقام لین تب دعا زیادتی گمراہی کی فرمائی تاکہ عذاب بھی سخت نازل ہوا اور بخوبی ذلیل و رسوا ہون اور جان لین کہ پیغمبر کا دل کڑھایا اوسیکا ثمرہ پایا چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی جب فرعون و فرعونیون کے ایمان سے مایوس ہوئے تو اسی قسم کی دعا مانگی کہ آخر سورہ یونس مین اللہ صاحب زبان کلیم اللہ سے حکایت فرماتے ہین وقال موسیٰ ربنا انک آتیت فرعون وملاہ زینۃ واموالا فی الحیوۃ الدنیا ربنا لیضلوا عن سبیلک ربنا اطمس علی اموالہم واشدد علی قلوبہم فلا یومنوا حتی یروا العذاب الالیم یعنے اور کہا موسیٰ نے ای رب ہمارے تونے دی ہی فرعون کو اور اوسکے سرداروں کو رونق و مال دنیا کی زندگی مین ای رب اسواسطے کہ بہکادین تیری راہ سے ای رب مٹادے اونکے مال و سخت کرا اونکے دل کہ نہ ایمان لاوین جب تک دیکھین عذاب سخت اس مقام سے

فائدہ بیان شبہہ دیگر

فائدہ جواب شبہہ

معلوم ہوا

معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کو اسپنے لوگون سے بھی سچے ایمان کی امید نہ تھی
مگر جب کچھ آفت پڑتی تو جھوٹی زبان سے کہتے کہ اب ہم مانین سگے اسمین عذاب تھم جاتا اور
کام فیصل نہوتا تھا اسواسطے دعا فرمائی کہ یہ لوگ جھوٹا ایمان نلاوین بلکہ قلوب انکے سخت رہین
تاکہ عذاب پڑ چکے اور کام فیصل ہوجاے **فائدہ** حضرت نوح علیہ السلام کو ہمارے حضرت سید المرسلین
صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی وجہ سے مناسبت ہی کہ اور پیغمبرون کو نہین ہی اول یہ کہ قوم نوح کا
عذاب موعود وقت انذار و تخویف سے بہت بعید واقع ہوا کہ ہزار برس کا فاصلہ پڑا اسیطرح
عذاب موعود کافران امتہ مرحومہ کا بھی بہت بعید ہی کہ قیامت کو ہوگا جو کچھ کہ ہو بخلاف اور پیغمبرون کے
کہ اونکی قوم کو دنیا ہی مین بفاصلہ قریب ہلاک فرمایا ہی چنانچہ فرعون چالیس برس بعد غرق ہوا
اسیطرح اور کافر جیسے نمرود و شداد و قوم صالح و قوم عاد کہ عذاب دنیا مین بفاصلہ قریب مبتلا
ہوسے ہین اور یہ امت مرحومہ عذاب دنیا سے محفوظ ہی بلکہ تعذیب کفار و فساق و منافقین و
کاذبین قیامت پر رکھا گیا ہی اور دنیا مین قتل و گرفتاری سے بعض وقت عبرت و تنبیہ کیجاتی ہی
دوسرے یہ ہی کہ مدت دعوت حضرت نوح علیہ السلام اور ہماری حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
برابر ہی فرق اتنا ہی کہ حضرت نوح علیہ السلام بذات خاص اوس مدت تک زندہ رہے اور دعوت
فرمایا کیے اور ہمارے حضرت نے اپنے نائب چھوڑے اور خود عالم قدس کو تشریف لیگئے کہ
اُنھون نے ہزار برس یہ دعوت قائم رکھی اور بعد گذرنے ہزار برس کے ادیان باطلہ مثل نانکی
و نمودی وغیرہ پیدا ہوے کہ اُنھون نے اپنی طرف بلانا شروع کیا اوسوقت سے توحید دعوت
برہم ہوگیا مگر عہد کرامت مہد حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ مین تفرد اسکا بتجدید قائم ہوگا اور
از سر نو دوسری بار منکرون پر الزام حجت کیا جاے گا تاکہ مستحق عذاب و نکال ہون تیسری یہ کہ
بعثت حضرت نوح علیہ السلام کی تمام عالم پر عام تھی اور ہمارے حضرت خاتم النبیین صلی اللہ
علیہ وسلم کی بھی عام ہی فرق اتنا ہی کہ بعثت حضرت نوح کی اہل عصر پر تھی نہ جمیع افراد نوع انسان
پر کہ بعد اوسکے موجود ہوے اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل عصر و آئندہ پر تاقیام
قیامت عام ہی حدیث شریف مین ہی بعثت علی الناس عامۃ وکل نبی بعث الی قومہ خاصۃ پس
حضرت نوح علیہ السلام کی قوم تمام موجودین تھی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جملہ موجودین
اور جو پیدا ہوتے جائین تا انقراض عالم اور سریہ ہی کہ حضرت نوح کے وقت مین جمیع اہل الارض
شرک مین گرفتار تھے اور اسیطرح حضرت کے وقت بعثت مین اور کبھی وہ عذاب جو دعا کے

ف مناسبت نوح با پیغمبر آخر زمان

حضرت نوح پر موعود تھا جملہ اہل زمین کو عام تھا اگر اونکو سب لوگون پر مبعوث کرتے اور انتہی عمر
عطا نہ فرماتے تو ہلاک عام بگناہ خاص لازم آتا اور یہ بات قاعدہ عدل وحکمت کے خلاف تھی
وہ عذاب کہ اسوقت کے کافرونکے واسطے موعود ہی بھی عام ہی یعنے تخریب عالم اگر بعثت آنجناب
کی عام نہوتی تو بھی وہی قباحت لازم آتی چوتھی بعثت حضرت نوح علیہ السلام متصل قیامت وسطیٰ
کے ہوئی اور بعثت ہمارے پیغمبر خدا کی متصل قیامت کبریٰ سے ہوئی برخلاف اور پیغمبرون کے
پانچوین بعد طوفان حضرت نوح علیہ السلام کے وسیلہ تقرب الی اللہ بجز ذات بابرکات آنجناب
اور کوئی نہ تھا اور عبادت ومعرفت حق مین سواے انکی امت کے اور اتباع امت کے دوسرا
نظر نہ آتا تھا تو ایک تفرد عجیب اس کارخانہ مین انکو نصیب ہوا سو ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کو ابتداے بعثت سے یہ مرتبہ حاصل ہوا کیونکہ جملہ ادیان منسوخہ لائق تقرب نرہے اور جملہ عبادات
ومعارف اونکے باطل وبے اثر ہوگئے اور بعد نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام بقرب قیامت پھر یہی
تقرب حقیقۃً وحکماً ذات پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین جلوہ گر ہوگا اور کوئی دین سواے دین
اسلام کے عالم مین نرہیگا اور توجہ الی اللہ اسی شان مین منحصر ہوجائیگا کذا منقولہ شیخنا استاذنا
مولانا عبد العزیز المحدث الدہلوی فی تفسیرہ العزیزی **فائدہ** اللہ جل شانہ نے اس حالت مین کشتی بنانیکا حکم
صادر فرمایا اوسمین طرح طرح کے منافع خلق کے واسطے رکھے ہین کما قال فی سورۃ الحاقہ
لنجعلها لكم تذكرة وتعيها اذن واعية یعنے تاکہ رکھین اسکو تمھاری یادگاری کو اور سنے اوسکو کان
سننے والا یعنے کان اسکو سنکر یاد رکھین کہ جب خوف غرق دلون پر طاری ہو اور قطع کرنا سطح آب
کا بنا بر روانگی ایک شہر سے دوسرے شہر کو یا ایک ملک سے دوسرے ملک کو یا ایک کنارے سے
دوسرے کنارہ کو یا پیمایش بحری کو منظور نظر ہو تو اس قسم کا خانہ روان اجسام نباتیہ خشبیہ سے
طیار کرلو اور بلا تامل وبے تکلف بآرام تمام کھاتے پیتے سوتے جاگتے ہنستے بولتے چلے جاؤ اور
عقل سے دریافت کرو کہ باوصف شدت آب طوفان جو کہ مادہ عذاب تھا اللہ تعالی نے کسطرح
اس کشتی کی ذریعہ سے ہمکو بچایا اور باوجود شرکت عذاب کے ہمکو عذاب سے محفوظ رکھا اسیطرح
لازم ہی کہ بنا بر نجات از ثقل طبعی گناہان کہ مانند بحر زخار تند امواج تیرہ وتہ دار قعر ہاویہ دوزخ مین غرق
کنندہ ہین توسل اون لوگون سے حاصل کرنا چاہیے کہ ظرف الطف سے ہون جسطرح کشتی کی لکڑی
ہوا سے لطیف کا ظرف ہوگئی تھی سو اس امتہ مرحومہ کے لیے وہ ظرف لطیف اہل بیت ہین کہ
... ان محبت ومتابعت موجب محبت حضرت صلعم ہو جاتی ہی اور ثقل طبعی گناہون کے دفعیہ مین

تریاق کا حکم رکھتی ہے مور بیچارہ ہوس کرد کہ در کعبہ رسد بدست و پای کبوتر زد ناگاہ رسید ؛ لہذا حدیث شریف مین وارد ہوا ہے کہ مثل میرے اہلبیت کی تم مین مثل کشتی حضرت نوح کے ہے جو کہ اوس کشتی مین سوار ہوا وسنے نجات پائی اور جو کہ باہر رہا غرق ہوا اور وجہ تخصیص حضرات اہلبیت کی یہ ہے کہ حضرت نوح کی کشتی کمال علمی کی صورت تھی اور حضرات اہل بیت کو بھی حقتعالی نے کمال علمی خاتم المرسلین کا نمونہ بنایا تھا کہ اسکو طریقت کہتے ہین کیونکہ کمال علمی حضرت کا کسی شخص کو حاصل نہین ہو سکتا جب تک کہ وہ شخص قوائے روحیہ آنجناب سے مناسبت نرکھتا ہو جسطرح عصمت و حفظ و تقوت و سماحت اور یہ مناسبت بدون ولادت و علاقہ اصلی و فرعی کے غیر ممکن ہے سواس کمال کو تمامہ اسیطرف سے جاری فرمایا اور امامت کے معنی یہ ہین کہ جسکا وصی ایک نے دوسرے کو کیا اور یہی ہوسرا سکا کہ یہ بزرگ مرجع سلاسل اولیا ہوے ہین اور جو شخص کہ ارادہ وصول الی اللہ کرتا ہے چارنا چار اوسکا استفاضہ ان بزرگون پر منتہی ہوتا ہے اور اس کشتی مین سوار ہوتا ہے بخلاف کمال علمی آنجناب کے کہ وہ بیشتر صحابہ مین جلوہ پذیر رہا ہے اسلیے کہ انطباع اس کمال کا استاد وصحبت تلمیذ واستاد پر موقوف ہے اور حل مشکلات واستخراج مجہولات مین اوسکی ضرورت ہے لہذا ارشاد ہے کہ اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم اور جو کہ قطع دریائے حقیقت بدون بازوے علمی وعملی ممکن نہین ہے تو مرد مسلمان کو دونون سے تمسک واجب ہے جسطرح قطع سفر دریا بدون سواری کشتی کے اور بلا رعایت حال نجوم کی محال ہے ورنہ سمت توجہ غیر سمت توجہ سے متمیز نہوگی اور جو حضرت صلعم نے بعد نزول کریمہ وتعیہا اذن واعیہ جناب امیر سے فرمایا کہ مین نے اللہ سے سوال کیا ہے کہ کردے ایسے کان تیرے اے علی سو وجہ تخصیص کی یہ ہے کہ اہلبیت نبوت کا کشتی ہونا بدون جناب امیر کے متصور نہ تھا اسلیے کہ اوس وقت مین اہلبیت رسول مقبول کہ قابل امامت اس طریق کے تھے صغیر السن تھے اور اونکی تربیت وتعلیم دوسرے پر محول فرمانا شان آنحضرت صلعم کے خلاف تھا لاجرم قواعد نجات کے حضرت امیر کو تعلیم فرماکر امام اوسکا قرار دیا اور اپنے کمال علمی کو اونکی صورت مین متصور کرنا ضرور ہوا کہ آنجناب بحکم ابوت اوس کمال کو اپنے صاحبزادون کو پہونچاوین گے تاکہ یہ سلسلہ تاقیام قیامت اونکے توسط سے جاری رہے اسواسطے حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو بخطاب یعسوب المسلمین مخاطب فرمایا معہذا جناب امیر صغرسن سے حضرت کی خدمت مین رہے اور علاقہ دامادی بھی رکھتے تھے اور جملہ امور مین رفیق تھے اس سبب سے حکم فرزندی بھی آنپر صادق آتا تھا اور اونکو بسبب قرابت قریبہ کے مناسبت

کلیہ تامہ قواے روحانیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل تھی پس جناب امیر گویا ظل اور صورت کمال علمی آنحضرت تھے کہ عبارت ولایت و طریقت سے ہی اور یہ استعداد انکی روز بروز دعاے آنحضرت سے دوچند ہوتی رہی اور غایۃ مرتبہ کمال کو پہونچی کہ آثار اوسکے جملہ سلاسل کے اولیاؤن مین ظاہرا اور باطنا ہویدا اور پیدا ہین حاجت بیان نہین ہذا ماحققہ مولانا استاذنا فی تفسیرہ العزیزی **فائدہ** مخفی نرہے کہ مناسبت حضرت نوح علیہ السلام کی ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درباب رسالت عامہ من وجہ ہی ورنہ رسالت ہمارے رسول رب العالمین کی تمام ذرات عالم کو شامل ہی جسطرح ربوبیت رب اور بعثت ہمارے حضرت کی سواے افراد انسانیہ کے جنات اور ملائکہ اور حیوانات اور نباتات و جمادات پر بھی ہی کما قال اللہ تعالی وما ارسلناک الا کافۃ للناس وتبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا یعنے بڑی برکت ہی اوسکی جسنے اوتارا فیصلہ اپنے بندے پر تاکہ رہے جہان والون کو ڈر پس علماء امت متفق ہین کہ مراد بندہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور جن عالمین مین داخل ہین اور بقول سبکی رحمۃ اللہ علیہ ملائکہ بھی عالمین مین معدودہ ہین وہو الاصح عند المحققین مگر رسالت آنحضرت ملائکہ پر بجمیع احکام شرعیہ نہین ہی بلکہ بمجرد توحید و اقرار نبوت اور بعضے عبادات کہ اللہ تعالی نے فرشتون سے مخصوص فرمائے ہین اور بیہقی اور حلیمی نے عدم رسالت آنحضرت فرشتون پر بیان کی ہی اور فخر الدین رازی اور برہان نسفی و علامہ جلال الدین محلی نے اجماع نقل کی ہی سو بعضے اعیان علما مثل علامہ کمال الدین ابن ابی شریف وغیرہ اس نقل پر راضی نہین ہین بلکہ فرماتے ہین کہ رازی اور نسفی اس نقل اجماع مین منفرد ہین اور کسینے نقل نہین کی اور مدار نقل اجماع کا کلام حفاظ امت پر ہی مثل ابن المنذر و عبد البر اور مواہب لدنیہ مین ہی کہ لائق اس مقام پر توقف ہی کیونکہ دلیل قطعی کہ مستلزم یقین ہو موجود نہین ہی اور شیخ عبد الحق دہلوی تکمیل الایمان مین فرماتے ہین کہ اہل تحقیق کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمامی اجزاء عالم و جمیع اقسام موجودات پر ہی و الاسلام احجار و سجدہ اشجار و شہادت حیوانات رسالت آنحضرت پر چہ معنی دارد مگر جن و انس کو مرید و مختار پیدا کیا ہی انسے کفر و عصیان صادر ہوتا ہی اور ان سے بجز ایمان و طاعت کچھ سرزد نہین ہوتا جسطرح ملائکہ سے اور نص قرآنی کریمہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اسپر مشعر ہی کیونکہ یا ادرنون عالمین مین اپنی حقیقت پر ہین جیسے کہ رب العالمین مین اور اسیطرح ابن حجر مکی نے درمنضود مین شیخ الاسلام مازری سے نقل کیا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ مراد ناس سے کریمہ وما ارسلناک الا کافۃ للناس مین جن و انس ہین بنظر اشتقاق ناس نواس بمعنی حرکت سے اور بعضے

منقول

مخصوص بانس سکتے ہین بلحاظ اشتقاق انسان انس ضد وحشت سے وہو الاصح مگر اس سے
تخصیص عالمین کی بنی ادم پر لازم نہین آتی ہو کذا فی المواہب اور تکمیل الایمان ہین حضرت شیخ
عبد الحق محدث دہلوی فرماتے ہین کہ آنحضرت مبعوث بکافہ جن وانس ہین و انذار رسول الثقلین
کہلاتے ہین اور انا جن کا حضور آنحضرت مین اور ایمان لانا اور قرآن سننا در اپنی قوم کو خبر پہونچانا
اور دعوت کرنا منصوص قرآن ہو اور اکثر علما عموم بعثت بجانب جن وانس مخصوص آنحضرت
بیان کرتے ہین اور شیخ جلال الدین سیوطی کہتے ہین اسمین شک نہین کہ جن زمرۂ مکلفین مین ہین
اور تکلیف نہین ہوتی جب تک کسی پیغمبر سے نہ سنے یا کسی صادق سے جسنے کسی پیغمبر سے روایت
کی ہو سماعت نکرے اور یہ بات متفق علیہ ہو کہ جنس جن سے کوئی پیغمبر مبعوث نہین ہوا اور قرآن مجید
مین جن سے منقول ہو کہ انا سمعنا کتابا انزل من بعد موسیٰ مصدقا لما بین یدیہ یہدی الی الحق والی
صراط مستقیم اور ظاہر اس آیت سے یہ ہو کہ جن شریعت موسیٰ کا ایمان رکھتے تھے اور یہتدی بہدی
موسیٰ تھے پس خصوصیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہوئی کہ اور انبیاؤن کی دعوت بالمشافہہ
نہین تھی بلکہ بسماع کتاب اللہ کہ اوسکو سنکر عمل کرتے تھے اور آنحضرت سے بالمشافہہ پوچھتے تھے
اور ایمان لاتے تھے قال السیوطی وہذا ما ذہب الیہ الضحاک وہو الظاہر اور جو ضحاک اور اونکے
توابع کہتے ہین کہ رسل جن موافق کریمہ یا معشر الجن والانس الم یاتکم رسل منکم قوم جنات سے معلوم
ہوتے ہین سو ظاہر آیہ سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہو لیکن قائلین اس قول کے اس امر کے قایل نہین
کہ یہ امر مستمر رہا ہو بلکہ یہ اختلاف ملل سابقہ مین تھا اور اس ملت مین ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم تو جنات اور غیر جنات پر بھی مبعوث ہوے ہین اور ضحاک نے یہ سخن کہ رسل جن اونھین سے
ہوے ہین مطلق نہین کہا ہو بلکہ مقید کہا ہو کذا فی المواہب تتمہ بعض اہل تاریخ سام و حام و یافث کو
پیغمبرون مین شمار کرتے ہین لہذا احوال مختصر ان حضرات کا بھی لکھنا مناسب معلوم ہوا اب پوشیدہ
نرہے کہ روضۃ الصفا وغیرہ تواریخ مین لکھا ہو کہ جب کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری اور ایک نوع کا اطمینان
حاصل ہوا تو حضرت نوح علیہ السلام نے ربع مسکون اپنے بیٹون پر تقسیم فرمایا یعنے حضرت سام کو
عراق و فارس و خراسان و شام عنایت کیا اور دیار مغرب و زنگبار و حبش و ہندوستان حام کو اور
چین و ماچین و ترکستان یافث کو چنانچہ مدارک مین ہو کہ عرب و روم و فارس اور مخلوقات وسط
معمورۂ عالم سام کی اولاد ہین اور اہل ہند و زنگ و حبش حام کی اور ترک و یاجوج و ماجوج یافث
کی بالجملہ حضرت نوح علیہ السلام نے حضرت سام کو بنظر فراست و دیانت و صلاح و تقوی اپنا

ولیعہد خلافت قرار دیا اور اسرار نبوت انکو تفویض فرمائے اور اپنی اولاد کو تاکید کردی کہ انکے تابع رہو
یہ حضرت پانسو برس تک بعد طوفان زندہ رہے اور وقت وفات حضرت نوح علیہ السلام چارسو
اڑتالیس برس کے تھے اکثر انبیا و اولیا و حکما و سلاطین انھین کی نسل مین ہین اللہ جل شانہ نے انکو
نو بیٹے عطا کئے ارفخشد ابو الانبیا کیومرث ابو السلاطین اشود یفن یورشح لاد علم یا عیلام ارم بور چنانچہ
اکثر خوزستان عیلام کی اولاد مین اور اکثر اہل شام و دیار بکر و عراق اشود کی ا ور شہر مداین در حبہ
و نینوی اشود کے آباد کیے ہین اور اہل ارمن نسل ارم مین ہین عاد و ثمود و جرہم و عملیق اونھین مین
ہین چنانچہ عاد یمن مین رہا اور ثمود ما بین شام و حجاز اور بعض اولاد جرہم بھی حجاز مین رہے و قحطان
ابن عاد و یعرب ابن قحطان انھین کی نسل مین ہین یعرب نے اول عربی زبان بولی ہے وارض یمن مین رہا
ملوک یمن کا باپ ہے اس کے عہد مین زبانین متفرق ہوئین کہ اولاد سام مین انیس زبانین ہوئین و
اولاد حام مین سترہ اولاد یافث مین چھتیس عمر سام کی چھ سو برس کی ہوئی و وفات بروز جمعہ ہوئی کذا
فی اخبار الدول اور حام ابن نوح ساحل بحر محیط پر جانب جنوب مقیم ہوئے رنگ انکا سیاہ تھا انکے
بھی نو بیٹے ہوئے ہند سند زنج نوبہ کنعان کرش قبط بربر حبش اور اولاد انکی سودان مغرب و بلاد حبش
و زنگبار و ہندوستان مین منتشر ہوئی اور سترہ اٹھارہ قسم کے لغت مین کلام کرتے تھے یعنے
ہر فرقہ ایک لغت بولتا تھا جسکو دوسرا نہ سمجھتا اسی سبب سے پریشان ہوئے اور ہر گروہ نے
ایک شہر آباد کیا چنانچہ مشہور ہے کہ جانب جنوب خط استوا کے چودہ درجون تک عمارات واقع ہین
وہان بعض اولاد مقیم ہین اخبار الدول مین ہے کہ پہلے رنگ حام کا گورا تھا بسبب دعاے حضرت
نوح سیاہ ہو گیا اور موافق باپ کے اولاد بھی سیاہ رنگ ہوئی اور حضرت نوح نے یہ بھی دعا کی تھی
کہ حام کی اولاد لونڈی و غلام اولاد سام و یافث کے ہون چنانچہ ویسا ہی ہوا عمر حام کی پانسو چھتیس
برس کی ہوئی اور یافث ابن نوح جانب شمال و مشرق رخصت ہوئے اور حضرت نوح نے ایک
اسم اعظم بتعلیم حضرت جبرئیل ایک پتھر پر نقش کر کے عنایت کیا جسکو حجر المطر کہتے ہین اونکے گیارہ
بیٹے ہوئے ترک خزر صقلاب کماری چین منشج خلج روس سدسان عربان رخ اور وفات یافث
بمرگ مفاجات دریا مین ڈوب کر ہوئی اور ترک ولیعہد ہوا اور بمقام اسلوک مین مقیم ہوا یہ آدمی بیحد
اہل دانش مین تھا اول اسنے گھاس پھوس کے مکان بنائے پھر خیمہ و خرگاہ ایجاد کیے اسی کا
بیٹا تودک ہے اسکے وقت مین نمک ظاہر ہوا اتراک اصلی اسکی اولاد ہین اور خزر نے جانب شمال
کنارہ دریا پر ایک شہر آباد کیا اور اسکی اولاد مین رسم روباہ گیری جاری ہوتی اونھون نے

لومڑی کی کھال کا اپنا لباس بنایا بعد چندے ایک بیٹا اوسکا مرا اور طریق تدفین سے واقف نہ تھا چندے متحیر رہا آخر یہ خیال مین آیا کہ ہمارا باپ دریا مین ڈوب کر مرا ہی اور آگ پانی کے مخالف ہی مناسب ہی کہ ہم اپنے مردے کو آگ مین جلاوین چنانچہ خزر نے بمشورۂ بعض اہل شور سے گاتے بجاتے اوس مردے کو لیگئے اور جلا دیا کہ یہ رسم ابتک اون شہرون مین جاری ہی اور ظہور غسل اسی کے عہد مین ہوا ہی اور صقلاب بسبب کثرت عیال کے دیار روس مین گیا اور اوسنے تھوڑی زمین (یعنی سہد ۱۲) اپنے بھائی سے چاہی اسنے انکار کیا تب کماری وخزر کے پاس آیا اونھون نے بھی جواب صاف دیا ناچار ہوکر تینون بھائیون سے لڑا اور بھاگا اور اقلیم سابع کے دَرّے زمین کے نیچے مکان بنا کے مقیم ہوا اور کماری مرد عیاش و شکار دوست تھا سو حدود بلغار مین اقامت پذیر ہوا بلغار و برطام دو بیٹے اُسکے ہوے سمور و سنجاب و قاقم کے لباس انھون نے نکالے اور چین مرد عاقل تھا صورت گری و نقاشی و جامۂ ابریشمی اوسی نے ایجاد کیے اور چین کا بیٹا ماچین ہوا اوسنے باجازت پدر ماچین آباد کیا جسطرح یافث نے بنام پسر چین آباد کیا تھا نافہ مشک ماچین نے نکالا ہی باقی اولاد کا حال مفصل کسی کتاب مین نظر نہین آیا لیکن اسقدر ظاہر ہوتا ہی کہ بسبب اختلاف السنہ متفرق ہوگئے اور اطراف عالم مین آباد ہوے اور بعضے جنگلون مین جار ہے اور یہ بھی تتبع کتب سے واضح ہوتا ہی کہ نسبت جمیع اتراک و مغول و تاتار و قبچاق یافث ابن نوح علیہ السلام پر منتہی ہوتی ہی **فائدہ** ظہور شراب قرار واقعی حضرت نوح علیہ السلام کے عہد مین ہوگیا تھا مگر شہرت اسکی یافث کے عہد مین ہوئی اور نکاح بھائی بہن کا حضرت نوح کے عہد مین حرام ہوگیا تھا ذکر انکا سورۂ اعراف و ہود و یونس و قمر و عنکبوت و شعرا و نوح مین ہی **فائدہ** مؤلف مرآۃ المخلوقات نے لکھا ہی کہ اولاد قابیل ہندوستان مین بادشاہ ہوے تھے انھون نے جنات سے طریق مناکحت جاری کیا تھا کہ اولاد مرکب نے کتب جنات پڑھے اور متشرع بشریعت جنہ ہوگئے آخر کار اپنا نسب مہادیو دبرہما سے ملانے لگے فقیر مؤلف اس کتاب کے نزدیک یہ سخن اسکا مطابق تواریخ معلوم ہوتا ہی کیونکہ تواریخ مین ہی کہ جب حضرت نوح نے ربع مسکون اپنے بیٹون مین تقسیم کیا تو حام کو دیار مغرب جانب جنوب حصہ سام کا مشرق سے تا نہایت مغرب عنایت کیا زنج و حبش و ہند و سند بھی نام اونکی اولاد و احفاد کے ہین ازانجملہ ہند کہ پسر کلان تھا مع اپنے بھائی سند کے ایک مقام پر گیا اور ایک شہر آباد کیا اور سند کے دو بیٹے بروایت بعضے ہوئے نام انکے ملتان و ٹھٹھہ ہین اور ہند کے چار بیٹے ہوے ازانجملہ ایک پورب بھی ہی اوسکے بیالیس بیٹے ہوے سو اوسنے ممالک ہند آباد کیے اور کشن نامی ایک شخص کو

ف از مرآۃ المخلوقات واضح کہ اولاد قابیل پادشاہ و جنیہ شدہ اند ۱۲

اپنے بھائیون سے بادشاہ کیا یہ شخص جسیم طویل القامت تھا اوسنے اودہ آباد کیا مگر یہ کرشن کنہیا نہین ہی جسکی پرستش ہنود کرتے ہین جب کشن مرا تو مہاراج اوسکا بیٹا بادشاہ ہوا اس عرصہ مین بادشاہ فارس ضحاک ماران تھا پھر بعد سات سو برس کے ہنود نامی چچا مہاراج نے خروج کیا مہاراج نے ضحاک سے مدد چاہی ضحاک نے گرشسب بن نریمان کو جو اجداد رستم مین تھا معین کیا کہ اوسنے ہنود کو مارا اور براہ سراندیب پھر گیا اور جب مہاراج مرا تو کیشوراج راجہ ہوا اوسنے سنگلدیپ کو ضبط کیا آخرکار دکھن کے راجاؤن نے غلبہ کیا تب کیشوراج نے منوچہر سلطان فارس نبیرہ ایرج ابن افریدون سے مدد چاہی اوسنے سام نریمان کو بھیجا تو کیشوراج نے غلبہ پایا اسوقت دیار پنجاب سام نریمان کو انعام مین ملا بعد ازان فروزرائے ابن کیشوراج راجہ بھی افراسیاب والی توران کا مطیع ہوا اوسنے دیار پنجاب سام نریمان کے نائب سے بجبر لے لیا اسوقت سام نریمان مرگیا تھا بعد ازان رستم ابن زال پوتا سام نریمان کا عہد کیقباد مین آیا اوسنے فروزرائے کو قتل کیا او سورج رائے فرمان روائے سند کو کہ اولاد سند ابن حام سے تھا اوسکے قائم مقام کیا اسی عرصہ مین ایک ساحر نے آپ کو بلفظ برہمن مشہور کیا تو سورج رائے مع توابع اپنے اسکا تابع ہوا تب شریعت جنات کہ طوفان نوح مین معدوم ہوگئی تھی پھر رواج پذیر ہوئی و سلسلہ انساب اہل سند و ہند و اکثر احفاد حام و یافث رام و لچھمن و مہادیو و برہما وغیرہ سے شامل ہوا یہ لوگ اقوام جنہ و شیاطین سے زمانے ست جگ و ترینا و دواپر و کل جگ مین گذرے تھے اور اوسی برہمن نے بعد تنسیخ و ترمیم کتب مندرسہ جنات سورج رائے وغیرہ کو تعلیم کیے اور یہ قرار دیا کہ یہی مذہب و دین تمہارے اسلاف کا ہی کہ اتک اوسی کے خرابی ڈالی ہوئی ہنود مین موجود ہی

## تفریح پنجم در احوال حضرت ہود علیہ السلام

اہل سیر کے نزدیک نام ہود علیہ السلام کا عابر تھا حضرت سام ابن نوح کے پر پوتے تھے باین ترتیب کہ عابر ابن شالخ ابن ارفخشد ابن سام اور شالخ بمعنی رسول ہی بقول وکیل و ارفخشد بمعنی چراغ روشن اور عابر اسم عربی ہی اور ہود عبرانی لقب حضرت ہود کا نبی اللہ اور نام اونکی عورت کا میشا صدیا تھا اور درج الدرر مین ہود ابن ارفخشد لکھا ہی اور مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات مین یون تصحیح کی ہی کہ ہود ابن عبد اللہ ابن رباح ابن جاو ر ابن عاد ابن عوص ابن ارم ابن سام مگر اس ترتیب مین قبیلۂ عاد مین داخل ہوتے ہین حالانکہ تحقیق اہل تاریخ کی یہ ہی کہ بنی اعمام

عاد سے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ ہود کے باپ کا نام عابر تھا چنانچہ حسان ابن ثابت فرماتے ہین
ابونا نبی اللہ ہود ابن عابر الغرض حضرت ہود علیہ السلام گندم رنگ کثیر الشعر حسن الوجہ اشبہ آدم
علیہ السلام سے تھے اور شریف القوم وسخی و عابد و رحیم تھے پیشہ اونکا تجارت تھا سو اونکو اللہ
صاحب نے قبیلہ عاد اولی پر برسالت و شریعت نوح مبعوث فرمایا اور اس قوم مین تیرہ گروہ تھے
اور بادشاہ انکا عاد تھا مہتاب پرست ایکہزار دو سوس کی اوسکی عمر ہوئی اور نسب اس عاد کا اسطرح
پر تحقیق ہوا ہی کہ عاد ابن عوص ابن ارم ابن سام پوشیدہ نرہے کہ عاد کے دو فرقے دنیا مین ظاہر
ہوے ایک عاد اولی جسکو عاد قدیم و عاد ارم بولتے ہین مساکن انکے عدن کے متصل واقع ہین
دوسرا عاد دوم کہ زمین احقاف ؎ مین جو حضر موت سے قریب ہی رہتے تھے اور یہ لوگ اور شخص کی
اولاد مین کہ اوسکا نام بھی عاد ہی مگر یہ بھی عاد اولی تھا اور اخبار الدول مین ہی کہ قوم عاد ارض یمن
مین درمیان عمان و حضرموت و احقاف مقیم تھے اور عاد اولی کا ذکر کلام الٰہی مین دو جگہ واقع ہی
ایک سورۂ نجم مین کہ واہلک عادن الاولی دوسرے سورۂ والفجر مین کہ الم تر کیف فعل ربک بعاد ارم ذات العماد
اور عاد دوم کا ذکر کئی مقام پر ہی جسطرح سورۂ احقاف و ہود و شعرا و اعراف و مومن مین اس قوم پر بھی
حضرت ہود علیہ السلام بھیجے گئے ہین القصہ قوم حضرت ہود کے آدمی بڑے طویل القامت و زور آور تھے
حتی کہ طویل اونکا سات سو گز کا اور کوتاہ تر ساٹھ گز کا اور بعض روایات مین بلند بالا اکیس بیس گز کا
و متوسط سو گز کا و کوتاہ اسی گز کا ہوتا تھا اور اخبار الدول مین ہی کہ ابن عباس فرماتے ہین کہ اس قوم
کے آدمی اسی گز کے ہوتے تھے اور کلبی کے نزدیک اطول چار سو گز کا و قصیر ساٹھ گز کا اور سر
اونکا ہیجو قبہ عظیم و اموال اونکے اونٹ مگر اس زمانے کے اونٹ سے نہایت بزرگ تھے اونپر
سواری کرتے تھے اور گوشت بھی اونکا کھاتے تھے چنانچہ ایک آدمی ایک اونٹ صبح کو کھاتا اور ایک
شام کو اور کثرت اس قوم کی بدینمرتبہ ہوئی تھی کہ تمام عالم مین اونکی برابر کسی کا گروہ نہ تھا اور بسبب
تن آوری و قوت کے پہاڑون کو کاٹ کاٹ کر قلعے و حویلیان اور باغ و باغچے ایسے تعمیر کر لیے تھے
کہ تمام عالم مین کسینے نہ بنائے تھے اور سات سو برس سے اس قوم مین حضرت عزرائیل علیہ السلام نے
بحکم الٰہی اپنا قدم نہین پھیرا تھا اور صنعت بت پرستی مین بڑے شاطر و پوچ بات مین خوب ماہر کسی بت
کو ساقیہ کہتے کہ وہ پانی برساتا ہی اور کسیکو حافظہ بولتے کہ وہ سفر مین محافظ رہتا ہی اور کسیکو رازقہ اور
کسیکو سالمہ بولتے تھے سو حضرت ہود علیہ السلام نے اونکو دعوت بحق فرمائی کہ یا قوم اعبدوا اللہ
مالکم من الٰہ غیرہ ان انتم الا مفترون یعنے اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی تمہارا حاکم نہین سواے

اوسکے تم سب جھوٹ کہتے ہو حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ اس قوم مین مینار و نخے بنانے کا
بڑا چرچا تھا اور جانتے تھے کہ ہم پر موت نہ آویگی بلکہ اسی خیال سے نہایت مستحکم قلعے وحویلیان ومنارے
بنا لیے تھے اور اول منارون پر بیٹھکر راہ چلتون سے مسخراپن کرتے تھے اور کبوتر اوڑاتے تھے
اوسپر حضرت ہود فرماتے کیا بناتے ہو ہر ٹیلے پر ایک نشان کھیلنے کا اور کیا کاریگریان کیا کرتے ہو
کیا تم ہمیشہ جیتے رہوگے یہ سنکر کہتے کہ ہمکو نصیحت کرنا و نکرنا برابر ہی یہ تو طریق اگلے لوگون کا چلا آیا ہی
اور جو تو آفت آسمانی سے تخویف کرتا ہی سو ہم پر آفت ہرگز نہ آویگی یہ جواب عوام لوگون کا ہی اور سردار
و رئیس قوم یہ جواب دیتے تھے کہ تمہارے پاس کیا ایسی سند ہی جس سے ہمکو پرستش بتون سے
روکتے ہو ہم اپنے ٹھاکرون کو ہرگز نہ چھوڑینگے ہماری دانست مین تجھکو عقل نہین ہی بلکہ تو اپنے
دعوی مین جھوٹا ہی تب حضرت ہود نے فرمایا ای قوم مین بیوقوف نہین ہون جہان کے مالک نے
مجھے تمہاری طرف بھیجا ہی تاکہ اوسکے پیغام تمکو پہونچاؤن اور مین تمہارا خیرخواہ ہون اور اسکا تعجب نکرو
کہ تمہارے درمیان نبی اللہ نے ایک شخص بھیجا کہ تمکو بدکامون سے باز رکھے یاد کرو کہ بعد قوم نوح کے
تمکو اسنے سردار بنایا اور تن آور اور پہلوان کیا سو اللہ کا احسان یاد کرو شاید تمہارا بھلا ہو مگر وہ لوگ
ایسے کافر تھے کہ ایسی باتین کب خیال مین لاتے تھے بلکہ کہتے تو کیا اسواسطے خدا کی طرف سے
آیا ہی کہ ہم تیرے اللہ کی بندگی کرین اور انکی بندگی چھوڑین جنکو ہمارے باپ دادے پوجتے رہے
تو لے آوہ آفت جسکا وعدہ کرتا ہی اسوقت حضرت ہود نے فرمایا کہ اب تم پر غضب الٰہی ثابت
ہوگیا کیون لڑتے ہو چند نامون پر کہ تمنے اور تمہارے باپ دادون نے مقرر کیے ہین اور کوئی
دلیل اللہ کی طرف سے انکی صحت پر نہین رکھتے ہو بلکہ محض بے اصل ہین سو اب راہ دیکھو
مین بھی تمہارے ساتھ راہ دیکھتا ہون یعنے اگر حق ظاہر ہوا اور تم اسی مجادلے مین ثابت قدم رہے
تو دیکھو لوگے جو کچھ آفت آویگی اور مین گواہ کرتا ہون اللہ کو اور تم بھی گواہ رہو کہ مین سخت بیزار ہون
اونسے جنکو تم خدا کا شریک کرتے ہو اور اب تم مل کر مجھسے بدی کر لو جو کچھ کرنا ہو کہ مین نے اپنے
اللہ پر بھروسا کیا ہی تم کچھ بھی نہ کر سکوگے اور مجھکو جو کچھ کہنا تھا کہہ چکا بعد ازان حضرت ہود نے ہاتھ
اوٹھاکر دعا فرمائی کہ یا رب العالمین اس قوم ناپاک کو ہلاک کر وحی ہوئی کہ ای ہود تو اپنے ساتھ ایمان
وادون کو لیکر اس قوم سے نکل جا کہ مین انپر عذاب بھیجتا ہون چنانچہ بحکم الٰہی حضرت ہود علیہ السلام
مع مومنین کہ سب ستره آدمی تھے ایک پہاڑ پر جا بیٹھے اور علی روس الاشہاد ارشاد کیا کہ خبردار رہو
عذاب الٰہی بصورت ہوا نازل ہوگا اہل تحقیق فرماتے ہین کہ فرقہ عاد درحقیقت کشتی باز و پہلوان

تھا سوا ہی زعم باطل مین خم ٹھونک کے تکذیب و انکار مین روبرو ہوجاتا تھا اور کہتا تھا من اشد منا قوۃ یعنے ہم سے کون قوت مین زیادہ ہی جس سے ہمکو ڈراتے ہین بالجملہ مالک الملک نے انزال عذاب موعود سے پیشتر اس قوم پر قحط سہ سالہ مسلط فرمایا اور پانی کا برسانا بند کردیا اس آفت مین بھی رحم کرکے حضرت ہود نے فرمایا یاقوم استغفروا ربکم ثم توبوا الیہ یرسل السماء علیکم مدرارا ویزدکم قوۃ الی قوتکم ولاتتولوا مجرمین یعنے ای قوم گناہ بخشواؤ اپنے رب سے پھر رجوع لاؤ اوسکی طرف چھوڑ دے تم پر آسمان کی دھارین اور زیادہ دے تم کو زور پر زور اور نہ پھرے جاؤ گنہگار ہوکر مگر تاہم اوس قوم ناپاک نے کہنا اپنے پیغمبر کا نہ مانا اور اوس عہد مین یہ دستور تھا کہ جب کسیطرح کی آفت یا بلا نازل ہوتی تو اوسکی دفع کیواسطے اوس موقع پر جہان اب کعبہ معظمہ واقع ہی جاتے تھے اور وہان ایک ٹیلہ برنگ سرخ نمودار تھا کہ جملہ مسلمان وکافر وہان جاکر اپنی اپنی حاجتین مانگتے تھے سو قوم ہود نے مضطرب و مضطر ہوکر قیل ابن عوہ یا ابن عنز و مرثد ابن سعد و لقمان ابن عاد و ایتیم ابن ہزال و رحالہ ابن الجیبری کو جو خالو معاویہ ابن بکر کا تھا معہ اور ستر آدمیون کے اُس مقام کو روانہ کیا تاکہ یہ لوگ وہان حاضر ہوکر دعا کرین تو پانی برسے اور قحط دفع ہو لیکن بسبب نخوت وغرور کے اپنے پیغمبر کی التجا نہ کی کہ اسی جگہ مقصود سے حاصل ہوجاتا اور اس سفر کی حاجت نہ پڑتی چنانچہ لقمان و مرثد دونون مسلمان مع دیگر کافران اونٹ و بکریان قربانی کیواسطے لیکر موقع مقصود مین پہونچے اُس زمانے مین وہ مقام تحت حکومت عمالقہ تھا اور معاویہ ابن بکر جسکی مان مسماۃ کلہدرہ قبیلہ عاد سے تھی وہان کا عامل تھا سو یہ سب لوگ اول اُسکے پاس حاضر ہوے اور تمام سرگذشت اپنی کہنے لگے کہ مرثد مومن نے برملا کہا کہ تم لوگون کو اس مقام کی دعا سے کچھ فائدہ نہوگا اسواسطے کہ تم لوگ اپنے پیغمبر سے پھرے ہوے ہو اگر اب بھی اوسکی اطاعت قبول کرو اور گناہون گذشتہ پر ندامت اختیار کرو تو اِس بلا سے نجات حاصل ہو دعا کی حاجت نہ پڑے بلکہ پیغمبر کی دعا کافی ہوجائے اور مؤید اس تقریر کے بعض عمالقہ نے بھی کہا کہ تم لوگون کے بیان سے صاف مترشح ہوتا ہی کہ یہ قحط جو ہی اُس قسم کا نہین ہی جو دعاے استسقا سے دفع ہو بلکہ یہ قہر خدا ہی اسمین دعا کام نہ آوے گی تب کہا اگر ہم بلا حصول مراد واپس جائینگے تو قوم مین سبکی ہوگی اسلیے جسطرح ہوسکے کام کو سرانجام کرکے پھرنا چاہیے اور لقمان و مرثد دونون ایمان دارون کو الگ کیا اور قیل کو ہمراہ لیکر اُس ٹیلے پر گئے اور مرثد ابن سعد سے طریق دعا مانگنے کا پوچھا تھا اوسنے بتلایا تھا کہ تم لوگ ننگے سر برہنہ پا مانند حاجیان کوہ صفا پر جو کعبہ شریف کے محاذی واقع ہی حاضر ہو اور

مقابل کعبہ شریف کے کھڑے ہو کر یون دعا کرو کہ یا الٰہی اگر ہود اپنے دعوی رسالت مین سچا ہی
تو ہم کو ابر باران عنایت فرما کہ ہم تیرے گھر مین اسلیے آئے ہین معالم التنزیل اور بحر مواج مین ہی کہ
لقمان نے درازی عمر کی دعا کی اوسکو سات کرگسون کے برابر عمر عطا ہوئی اور ہر کرگس اسّی برس
کا ہوتا ہی یعنے پانسو ساٹھ برس کی عمر ہوئی اور مرثد نے یہ دعا مانگی کہ الٰہی مجھکو بھوک کی تاب نہین ہی
سو دنیا مین مجھے ناز و نعمت مین رکھنا اوسکو آواز آئی کہ ایسا ہی کرون گا اور کافرون نے جو دعا
موافق تعلیم مرثد کے مسجد مین مانگی تو اونکو تین ٹکڑے بڑے بڑے ابر کے ملے ایک سفید دوسرا سیاہ تیسرا
سرخ اور منادی غیب نے آواز دی کہ انمین سے جسے چاہو قبول کرو تب سب نے مشورہ
کیا تو یہ قرار پایا کہ ابر سیاہ مین پانی خوب ہوتا ہی اوسیکو لینا مناسب ہی سو اوسیکو قبول کیا اور بہت
خوش خوش ہوے ہوے نعلین بجاتے کودتے پھاندتے روانہ ہوے اپنی ولایت کو چلے ابر بھی
ساتھ ہوا جب یہ قیل وغیرہ ملک عاد کی حد قریب ہی پہونچے تو چند لوگ پیش پیش مثل مقدمۃ الجیش
قوم کے لوگون کو خوش خبری دینے تشریف لیگئے بڑے دھوم دھام سے پکارے کہ بدلی برسانے
لاتے ہین سو تمہین اور نالے اور حوض اور گڑہے صاف کر رکھو اور پہاوڑے کدالین وغیرہ آلات قلبہ رانی
اور سامان اور اسباب تخم ریزی باہر نکال رکھو کہ یہ ابر موافق مراد کے پانی برساویگا اور سب کے
دلون کو سیراب کریگا جب یہ خبر قوم مین مشہور ہوئی تو ہر ایک شخص گلی کوچے مین خوش اور خرم پھرنے لگا
کوئی کہتا ہمارے رسولون کی دعا قبول ہوئی کوئی کہتا تھا یارو دست ابر چشمک زن ز طرف کوہسار آن
می رسد ہو ساقیا سامان ساغر کن کہ باران می رسد ۔ کوئی لن ترانیان کرکے کہتا تھا کہ واللہ کیا ہی
گھٹا امنڈی ہوئی چلی آتی ہی خوب برسے گی ہود پیغمبر جھوٹا تھا جو کہتا تھا کہ بلا آویگی اور بعضے یہی کلمہ
حضرت ہود علیہ السلام کے روبرو جاکر کہتے تھے سو حضرت ہود فرماتے تھے مین سچا ہون دیکھیو
یہی بلا موعود ہی اب بھی کچھ نہین گیا ہی ہنوز کہنا مانو لیکن کون سنتا ہی یہان تک کہ وہ ابر آپہونچا کما قال اللہ

فلما راوہ عارضا مستقبل اودیتہم قالوا ہذا عارض ممطرنا بل ہو ما استعجلتم بہ ریح فیہا عذاب الیم تدمر
کل شئ بامر ربہا یعنے پھر جب دیکھا اوسکو ابر سامنے آیا اونکے نالون کے بولے یہ ابر ہی ہمپر برسے گا
کوئی نہین یہ وہ ہی جسکی تم جلدی کرتے تھے ہوا ہی جسمین عذاب سخت ہی اکھاڑ مارے گی اپنے رب
کے حکم سے تب کافرون نے کہا اے ہود بھلا بتلا تو ابر مین کیا بلا آویگی فرمایا ایسی ہوا چلیگی جس سے
تمہارے مکانات اور تم برباد ہو جاوگے وہ قہقہہ مار کے بولے تو ہمارے زور سے واقف ہی
اور ہوا کی تندی سے ڈراتا ہی اسی رد و بدل مین تھے کہ ابر سیاہ اندرون شہر داخل ہوا اور باد عقیم کو

جسکا معدن طبقۂ چہارم زمین کا ہی ارشاد ہوا کہ اس قوم ناپاک بے باک پر چل ٹوکلوان نے رد کا
اس خیال سے کہ شاید بیگناہ بھی پس نہ جائین مگر وہ قبضہ اختیار سے نکلی وہ لوگ گھبرائے اور سنگین
مکانون مین گھسے اور جانور اپنے لوہے کی زنجیرون سے جکڑے اور عیال اطفال ستونون مین باندھے
اور لانگین باندھ خم ٹھونک کشتی کے لیے مستعد ہوے اور بعض نے اپنی عورتونکو بوجھل سے آہنی
مین ٹبلا اونٹون پر چڑھا دیا مگر ہوا نے وہ داؤ پیچ کی ایک لنگیان اڑی ماریان مارین کہ مکان تو
زمین سے اکھڑ گئے اور ہودج اور اونٹیان ٹڈی کی طرح اوڑ گئے اور کشتی بازتو ہاتھ ملاتے ہی زمین
سے آشنا ہو گئے کہ چت گرے اور جو لوگ تہ خانون مین تھے اونکو نکال کر ہوا نے زمین پر مارا سردار
قوم ایک گڈھے مین معہ بعض قوم کے پوشیدہ تھا چار دن تک بچا رہا پانچوین دن حضرت ہود نے
اوسکو دعوت کی اوسنے نہ مانی چھٹے دن اوسی ہوا نے ایک دوسرے سے سر ٹکرا دیا کہ مر گئے رئیس قوم
باقی رہا ساتوین دن پھر حضرت ہود نے دعوت فرمائی اوسنے قبول نہ کی اوسی جگہ ہوا نے دے ٹپکا
کہ خاک مین مل گیا اور حضرت ہود علیہ السلام مومنون کو ہمراہ لیکر کسی پہاڑ خواہ جزیرے مین جا بیٹھے
اور خط محیط کھینچ لیا تھا کہ ہوائے عذاب اندرون خط سرد و خوشگوار تھی اور بیرون خط آتش پر شرار
اور یہ سب احوال قوم کا حضرت ہود علیہ السلام اپنی آنکھون سے دیکھتے تھے سبحان اللہ حکیم علی الاطلاق
کی تدبیر کوئی خالی حکمت سے نہین ہوتی دیکھو کیسے پہلوانون کے مقابلے مین ہوا جو ظاہر مین نہایت
ضعیف نظر آتی ہی قائم فرمائی کہ اوسنے ایک جھونکے مین سب کو برباد کر دیا کما قال فاہلکوا بریح صرصر
عاتیہ یعنے کھپائی گئی ٹھنڈی سناٹے کی ہوا سے ہاتھون سے نکلی جاتی حدیث شریف مین آیا ہی کہ مالک
حقیقی نے جہان مین ہوا کو نہین بھیجا مگر باندازہ اور کسی قطرۂ آب کو آسمان سے نازل نہین فرمایا الا بمقدار
مگر بروز طوفان نوح و عذاب قوم ہود کہ طوفان مین آب باران قبضہ اختیار موکلین سے نکل گیا تھا
اور عذاب قوم عاد مین ہوا ید قدرت محافظین سے باہر جاتی رہی تھی اور یہ بھی صاف و روشن ہی کہ
یہ شدت و زیادتی ہوا کی آثار اتصالات فلکیہ سے نہ تھی ورالا قوم عاد پر خصوصیتہ نر کھتی بلکہ حضرت ہود
علیہ السلام کے تابعین کو بھی پہونچتی سو ایسا نہین ہوا تو معلوم ہوا کہ منتقم کبریا نے اسپنے غضب و
قہر سے انہین پر مسلط فرمائی تھی اور یہ تسلط ایک ساعت یا دو ساعت کا نہ تھا بلکہ از بست دوم
شوال روز چہار شنبہ تا بست نہم یوم چار شنبہ تا غروب آفتاب رہا یعنے سات رات آٹھ دن کما
قال فی الحاقۃ وسخرہا علیہم سبع لیال وثمانیۃ ایام حسوما فتری القوم فیہا صرعی کانہم اعجاز نخل خاویۃ
فہل تری لہم من باقیۃ یعنے معین کیے اونپر سات رات آٹھ دن نہایت نحس پس تو دیکھے لوگ

اونمین بچہ پڑ گئے جیسے وہ دھنڈ مین کھجور کی کھوکھری پھر تو دیکھتا ہی کوئی اونکا بچ رہا اور معالم التنزیل مین ہی
کہ ہوا مردون کو قبور سے نکال نکال باہر پھینکتی تھی اور سبب تعین ایام کا یہ ہوا کہ قوم عاد مقام لاف مین
کہتی تھی کہ یہ قحط جو ہم پر مسلط ہوا ہی کیا اوسکی حقیقت ہی ہم کو ایسی طاقت اور قوت ہی کہ اگر سات برس
اسیطرح کا قحط پڑے تو اوسکو بھی ہم کاٹ دین اسی وجہ سے مقابلے مین ہر سال کے ایک ایک دن
مقرر کیا اور ایکدن بڑھایا اسلیئے کہ ایک دوسرے کا احوال دیکھے اور عذاب الحسرت مین مبتلا ہوا ور
ہر ایک اپنی اور اپنے ہم چشم کی بیطاقتی دیکھکر واویلا کرے چنانچہ ابن جریج وغیرہ مفسرین راوی ہین
کہ باوجود ایسی آفت پی ہم کے چارشنبہ کے آخر وقت تک سب معذبین زندہ رہتے تھے بعد ازان ہوانے
قالبون کو اُٹھا دریاے شور مین ڈال دیا اہل عرب انھین ایام کو عجوز بولتے ہین اور برد العجوز ضرب المثل ہی
اور اسما انکے عرب مین یہ مقرر ہین اول صن دوسرا صنبر بکسر تین وسکون الباء مع تشدید النون وفتح النون
افصح تیسرا وبر بفتح الواو وسکون الباء چوتھا آمر بالمد وکسر المیم وسکون المہملہ پانچوان موتمر بضم وفتح التاء
علی اسم الفاعل من الافتعال چھٹوان مطفی الجمر ساتوان مکفی الظعن مع الظاء المعجمۃ اور بعضے پانچ کہتے ہین
صن صنبر وبر معلل مطفی الجمر اور برد العجوز کی اضافت مین عوام کہتے ہین کہ ایک ضعیفہ قوم عاد کی
تہ خانے مین چھپ رہی تھی آٹھوین دن اوسکو بھی ہوا نے نکالکر ہلاک کیا لیکن صحیح یہ ہی کہ عجوز غلط العام
اصل مین عجز تھا کہ یہ مقام جانورون مین متصل دم کے ہوتا ہی اور یہ ایام اخیر زمستان مین ہوتے ہین
بکمال برودت اخبار الدول مین ہی کہ اول تصفیق یعنے تالی بجانا عالم مین اسطرح جاری ہوا کہ اس عذاب
مین جسدم ابر آیا تو اول ایک عورت مسماۃ ہہد نے آگ کی چنگاریان ابر مین دیکھین سو اوسنے بنا بر اظہار
مصیبت تالیان بجائین اور شور کیا اور نالے اور بکا سے پکار پکار قوم سے کہا کہ اے اولاد عاد یہ عذاب
ہی جسکا وعدہ ہود پیغمبر نے فرمایا تھا مین نے ابر مین خوب دیکھا ہی سو تم لوگ ایمان لاؤ اور اپنے پیغمبر سے
رجوع کرو نہین تو کوئی بھی محفوظ نرہے گا لیکن اوسکی بات کسینے نہ مانی سب نے جانا دیوانی ہی آخر سب
مارے گئے **فائدہ** اس عذاب مین اکثر فرشتے مثل حضرت میکائیل علیہ السلام وتوابع اونکے شریک تھے
وروح کلی عنصر ہوا کی تسخیر عمل مین آئی تھی صحیحین مین حضرت عائشہ سے روایت ہی کہ مین نے
حضرت کو کبھی اسطرح ہنستے نہین دیکھا کہ حضرت کا خوب مُنھ کھل جاوے مگر مسکراتے تھے اور جب
آندھی اور بدلی آتی تو گھبراتے اور دعاے خیر کرتے خوف سے کبھی اوٹھتے کبھی بیٹھتے یہی حالت
حضرت کی رہتی جب تک پانی نہ برستا تو مین نے اسکا سبب پوچھا حضرت نے فرمایا ای عائشہ کون چیز
نڈر کرتی ہی شاید اس آندھی اور بدلی مین عذاب الٰہی ہو مقرر ایک قوم یعنے عاد پر عذاب ہو چکا ہی آندھی سے

ف تحقیق برد العجوز

ف اجرای تصفیق

اور البتہ قوم نے عذاب الہی دیکھا تھا سو کہا تھا کہ یہ بدلی ہماری پانی برسانے والی ہو یہ حضرت نے اوسوقت فرمایا جب حضرت عائشہ نے کہا تھا یا رسول اللہ مین دیکھتی ہون لوگون کو جب بدلی دیکھتے ہین خوش ہوتے ہین اس امید سے کہ اسمین مینھ ہوگا اور مین آپ کو جو دیکھتی ہون تو مضطرب پاتی ہون پیچ ہو کہ نزدیک نزامیش ابو حیرانی اخبار الدول مین ہو کہ بعد ہلاکی قوم کے حضرت ہود علیہ السلام مکے مین تشریف لائے اور بعد چند روز کے وفات پائی عمر ایک سو پچاس برس کی ہوئی قبر شریف مکے مین ہو اور معالم مین ہو کہ قبر مبارک مابین رکن و مقام و زمزم واقع ہو اوسی مقام مین سونبی اور بھی مدفون ہین و بروایت وہب ابن منبہ قبر جناب مابین صفا و مروہ کے ہو اور روضۃ الصفا مین ہو کہ قبر شریف مابین دار الندوہ و باب بنی سہم کے واقع ہو و بقول حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ حضرموت مین ہو و بقولے جامع دمشق مین کہ بیت المقدس سے دس منزل ہو مگر صحیح روایت یہ ہو کہ مزار مبارک حضرموت مین ایک غار کے سامنے واقع ہو وہان تابوت شریف ایک تخت پر رکھا ہو اور لوح طلائی پر اسقدر عبارت کندہ ہو

---

بسم اللہ العلی الاعلی انا ہود النبی رسول رب الارض والسماء الی الملا من عاد فدعوتہم الی الایمان و خلع الاصنام والاوثان فعصونی فاہلکہم الریح العقیم فاصبحوا کالرمیم یعنے بنام خداے بزرگ شروع کرتا ہون کہ مین پیغمبر ہون ہود بھیجا ہوا پروردگار زمین و آسمان کا ایک جماعہ بنی عاد پر سو مین نے انکو دعوت کی ایمان و ترک بت پرستی پر اونھون نے نافرمانی کی تب ہلاک کیا اونکو ہواے عقیم نے پس ہوگئے جسطرح ہڈی پرانی **فائدہ** حکایت شداد و شدید دونو بادشاہون کی بھی متعلقات اس قصے سے تھی اسلیے اس جگہ بیان اوسکا مناسب ہوا پس پوشیدہ نرہے کہ شداد و شدید بروایت اکثر اہل تاریخ اولاد عاد سے تھے کہ اکثر ربع مسکون اونکے قبضہ اختیار مین تھا اور صحیح یہ ہو کہ دونون بادشاہ تھے اور مشرق سے مغرب تک اونکی حیطہ اقتدار مین تھا اور اونکے پاس لشکر و خزانہ بے انتہا تھا علی الخصوص شداد کو بعد فوت شدید ایسی قدرت حاصل ہوئی کہ چار سو سلطان صاحب فرمان اوسکے مطیع و فرمان بردار تھے بلکہ سلاطین روے زمین سے کسیکو اوسکے مقابلے کی تاب و طاقت نہ تھی اسی سبب سے اوسنے دعوی خدائی کیا عالمون اور واعظون اور دانشمندون نے بہت نصیحت فرمائی مگر اوسنے خیال نہ کیا بلکہ یہ جواب دیا کہ اس سے زیادہ کون جاہ اور حشمت مجکو ملیگی جسکے واسطے مین خدا کی عبادت کرون میرے بھائی نے وہ نعمت چھوڑی ہو کہ اللہ کی عبادت مین بھی حاصل نہوتی ہر چند واعظون نے کہا کہ یہ دولت دنیا کی فانی ہو جو تجھکو حاصل ہو اگر اللہ کی عبادت کر تو نعمت جاودانی حاصل ہو شداد نے کہا وہ کون نعمت ہو واعظون نے کہا بہشت کہ پیغمبرون نے

اوسکے اوصاف بیان سکیے ہین شداد نے پوچھا اوسکا وصف بیان کرو واعظون نے اوصاف بہشت
اوسکے تفصیل فرمائے شداد نے کہا کہ اس بہشت کی مجکو حاجت نہین ہی کیونکہ مین بھی اوسکے
مثل بنا سکتا ہون چنانچہ اوسنے بہشت بنائی اور اخبار الدول مین ہی کہ شداد برادر عاد تھا جب وہ مرا
تو ملک و دولت نے اوسکی طرف انتقال کیا اور سات سو برس اوسکی بادشاہت رہی اور حضرت
ہود علیہ السلام اوسی پر برسالت و دعوت مبعوث ہوے اور اوسنے دعوت قبول نہ کی اور بعض
مفسرین لکھتے ہین کہ شدید قوم عاد مین ایک بادشاہ تھا مین اوسنے ایک بت شیشے کا بنایا تھا
اوسکی پرستش کرتا تھا تین سو برس کامل اسی بلا مین مبتلا رہا جب وہ مرا تو شداد بادشاہ ہوا اور اوسنے
بھی اوس بت کی پرستش اختیار کی اور دونون نے حضرت ہود علیہ السلام کی دعوت قبول نہ کی
اور غلبہ اونکا بعد ہلاکت قوم عاد ثانی کے واقع ہوا اور ہلاکت اوسکی اور اوسکے لشکر کی آواز سخت سے
تین سو برس بعد ہلاکت قوم عاد کی ہوئی ہی اور صحیح یہ ہی کہ غلبہ شداد بعد حضرت ہود علیہ السلام کے
ہوا اوس عرصے مین کوئی پیغمبر نہ تھا اور بعضے جو حضرت داود علیہ السلام کے عہد مین بیان کرتے ہین
وہ غلط ہی القصہ شداد نے بہشت کی تعمیر شروع کی اول ایک سو آدمی معتمد علیہ معین کرکے اطراف
عالم مین بھیجے اور اونکو تاکید کردی کہ ہزار ہزار مزدور ہر ایک ہمراہ اپنے ساتھ لیجاے اور معدن طلا
و نقرے سے چاندی اور سونا لیکر اینٹین گنگا جمنی بناکر بھیجین چنانچہ وہ لوگ اس کام مین بدل مصروف ہوے
اور بجا آوری حکم مین سرگرم جب سامان عمارت مہیا ہوگیا تو شداد نے کوہ عدن کے متصل ایک مکان
مربع یعنے چوکھونٹا دس کوس کا لنبا اور دس کوس کا چوڑا بنانا شروع کیا کہ اول بنا اوس مکان کی عمیق کھود کر
سنگ سلیمانی سے بھروادی اور گنگا جمنی اینٹون سے چار دیواری مقدار پانسو گز اوسوقت کے تعمیر
کرائی کہ آفتاب کی روشنی مین آنکھ نہ ٹھہرتی تھی اور اوسمین ہزار محل اور ہر محل مین ہزار ستون مرصع
بزمرد و یواقیت اور اون محلون مین دریچے موزون رکھے اور دریچے اوسکے باروش خوش اسلوب
اور چمن مرغوب ایک خانہ باغ ترتیب دیا اور وسط شہر مین ایک نہر اسطرح جاری کی کہ پانی اوسکا
ہر ایک محل مین بے تکلف پہونچتا تھا اور اسے اسکے چند نہرین اور بھی جاری کرائین کسیمین آب شیرین
و زیت و قند کسیمین شراب ارغوانی کسیمین دودھ کسیمین شہد بھروادیا اور اون نہرون کے سامنے
سنگریزے یاقوتی و زرجاجی چھڑکائے اور اونکے کنارون پر انواع اقسام کے درخت لگائے کہ تنے
اوسکے طلائی اور ٹہنیان زمردی اور پھول اور پھل یاقوتی اور جانور خوبصورت خوش الحان طرح طرح
کے جواہرات کے بنواکے درختون پر بٹھلائے اور در و دیوار جمیع مکانات کو مشک و زعفران و عنبر

وگلاب سے کہگل کرائی اور گرد شہر کے ہزار منارے طلائی قائم کرائے اور اون پر چوکیدار معین کیے
کہ نوبت بنوبت اوس شہر کی پاسبانی مین معروف رہین اور دروازے شہر پر چار میدان ترتیب دیے
اور سایہ کیواسطے درخت میوہ دار لگائے اور لاکھ لاکھ کرسیان طلائی اور نقرئی اون میدانون مین بچھوا دین
الحملہ جب اسطرح کا شہر بارہ برس مین مرتب و آراستہ ہوگیا تو بحکم شداد تمام شہر مین فرش حریری و زربفتی بچھایا گیا اور
دوکانون مین زرتاری پردے لٹکائے گئے اور ظروف طلائی ونقرئی وزمردی ہر ایک مکان مین
بقدر ضرورت از قسم پیالی و پیالیان و آبخورے و تھیلیان بہ ترتیب موزون چن دیے گئے اور لڑکیان
خوبصورت اور لڑکے امرد خوبرو جو اطراف عالم سے جمع ہوئے تھے بجائے حور و قصور و غلمان محل بطع
وہان چھوڑے گئے اور ہر ایک صنعت و حرفہ و پیشے کے لوگ دوکانون مین بٹھلائے گئے اور مطابخ
شہر مین طرح طرح کے کہانے اور قسم قسم کے حلوے طیار و مہیا ہوئے اس سے یہ مطلب تھا کہ
تمام اہل شہر کو بطریق نوش سرکار شاہی سے طعام عنایت کیا جائے تفسیر عزیزی مین ہی کہ اسطرحکا
شہر بارہ برس مین تعمیر ہوکر آراستہ ہوا تو شداد باتجمل تمام مع امرا و وزراے عظام تخت بادشاہی پر نہایت
بتحبر و تکبر بین اوسکے دیکھنے کو روانہ ہوا اور راستے مین واعظون سے بطریق چہل و تمسخر کہتا گیا کہ تم
ایسے ہی بہشت کی تعریف و توصیف کرکے مجھکو تکلیف دیتے تھے کہ مین باین قدرت و ثروت سر تکبر
اپنا غیر کے آگے خم کرون اور ذلیل ہون اب تم چلو اور میری قدرت کا تماشا دیکھو اور میری استغنا
و بے نیازی کا بامعان نظر ملاحظہ کرو کہ جس مکان کے واسطے تمنے مجھے نصیحت کی تھی اوس سے بہتر
مین نے مکان بنایا الغرض یہ مردود چلتے چلتے متصل شہر ارم کے پہونچا تو وہان کے لوگون نے باہر
نکل کر استقبال کیا اور زر و سیم اور جواہرات نثار کیے اور تحائف وہان کے بطور نذر گذرانے بادشاہ کو
اور بھی کبر و نخوت نے گھیرا اور اپنے خدا ہونے پر یقین کامل ہوا آخر کار اوس شہر کے دروازے پر
آیا اور چاہتا تھا کہ اندرون شہر داخل ہون ایک قدم بیرون دروازہ تھا دوسرا اندرون دفعۃً آواز تند
جانب آسمان سے ہوئی کہ تمام باشندے اوس شہر کے مرگئے اور بادشاہ اوسی جگہ دروازے پر
گرکر فی النار والسقر ہوا اور عذاب حسرت دیدار دل مین لیگیا واعظون نے شکر الٰہی ادا کیا اس مقام
مین حضرت مولانا مقتدانا استاذ الاستاد مولوی عبد العزیز قدس سرہ العزیز تفسیر عزیزی مین لکھتے ہین
کہ بعض کتابون مین دیکھا گیا ہی کہ ملک الموت علیہ السلام سے حضرت جناب کبریا نے پوچھا کہ تمکو قبض
روح کسی مخلوق مین کبھی رقت نے بھی پکڑا ہی یا نہین عزرائیل علیہ السلام نے التماس کیا کہ یا الٰہی
کبھو نہین مگر دو شخصون کے قبض روح مین مجکو رقت آئی ہی اگر تیرا حکم نہوتا تو ہرگز مین قبض روح

فائدہ در بیان رحم حضرت عزرائیل

نگر یا ارشاد ہوا کہ وہ دو نوزاد کون تھے اوسنے عرض کیا کہ ایک تو لڑکا نو تولد تھا جو ہمراہ اپنی مان کے
تختۂ کشتی پر دریاے شور مین رہ گیا تھا اور مجھکو حکم ہوا کہ اسکی ماکی روح قبض کر اوسوقت مجھکو
اوس بیچارے طفل نوزاد پر رونا آیا کہ یہ شخص تنہا بی یار و مددگار رہا جاتا ہی پرورش اسکی کون کریگا
دوسرا ایک بادشاہ قوم عاد کا تھا کہ اوسنے نہایت آرزو سے ایک شہر بنایا اور وہ شہر اس شان کا تھا
کہ تمام عالم مین اوسکا نظیر و عدیل نہین ہی سو جب اوسکو دیکھنے گیا اور دروازے شہر پر پہونچا اور
ایک قدم اوسنے دروازے مین رکھا تھا کہ مجھے قبض روح کا حکم صادر ہوا اسوقت بھی مجھکو اوسکی
حسرت دیدار پر خیال آیا اور نہایت رقت پیدا ہوئی کہ اوسنے کس محنت و جانفشانی سے ایک مدت
درازمین ایسا شہر تعمیر کرایا اور تو نے دیکھنے کی فرصت نہ بخشی حضور خداوندی سے ارشاد ہوا کہ یہ بادشاہ
وہی لڑکا تھا جسکو مین نے بیواسطے مادر و پدر کے پرورش کیا اور ایسی قوت و ثروت عطا فرمائی کہ بادشاہ
با اقتدار ہوا مگر اوسنے میرا حکم نہ مانا تب اپنے جزاے اعمال کو پہونچا روایت ہی کہ وہ تختہ جسپر طفل نوزاد
رہ گیا تھا حرکت ہواسے کنارے دریا کے پہونچا اوس کنارے چند گازر اپنے کام مین مصروف تھے
وہ یہ معاملہ دیکھکر یعنے طفل نو تولد و والدہ مردہ معاینہ کرکے دریا مین گھسے اور تختہ کشتی باہر نکالا عورت کو
تجہیز تکفین کرکے دفن کر دیا لڑکا چودھری کے نذر کیا اوسنے خوبصورت و باجمال سمجھکر نہایت خوشی سے
پرورش کیا اور اپنا متبنیٰ بنایا جب وہ سات برس کا ہوا تو آثار بزرگی و فطانت اوسکے بشرے سے
نمودار ہوے جو کوئی دیکھتا مانند تصویر حیران ہو جاتا ایک دن کھیلتا کودتا بیرون دیہہ اور ہم عمرون کے
ہمراہ چلا گیا دفعۃً غل ہوا کہ سواری سلطان وقت کی آتی ہی اور لشکر کی بہیر و بنگاہ نظر آئی اور کچھ سوار بھی
دیکھ پڑے جملہ اطفال بخوف و خطر اپنے اپنے گھرون کو بھاگے یہ لڑکا اپنی جرأت و بہادری سے ایک جانب
کو کنارے لگ رہا کہ سواری بادشاہ کی آگئی یہ تماشائی رہا اور ہر ایک سوار و پیادے کو دیکھا کیا یہانتک کہ
تمام لشکر کے لوگ نکل گئے سب کے پیچھے پیادے بادشاہی کہ بھولے بسرے اسباب و آدمی کی نگہبانی کو
معین تھے نکلے ایک سپاہی نے ایک کاغذ پیچیدہ سر راہ افتادہ پایا اوسنے کھولا تو سرمہ نظر آیا اپنے
ساتھیون سے کہنے لگا کہ اس کاغذ مین سرمہ ہی اور مجھکو ضعف بصارت مدت سے لاحق ہی اگر کہو تو لگالون
شاید نفع بخشے وہ بولے کہ پڑی چیز کا اعتبار کیا آنکھ کا مقدمہ بہت نازک ہی ایسی ویسی چیز کا لگانا نہین چاہیے
الا بعد امتحان سو اول کسی اور کے لگاؤ اگر اوسکو ضرر نہ کرے تب مضائقہ نہین تم بھی لگا لینا اوسنے
آگے پیچھے غور کیا تو سواے اس طفل فطین کے کوئی شخص نظر نہ پڑا سو اوسیکو بلاکر کہا تیری آنکھ مین
سرمہ لگا دین اوسنے کہا اچھا کچھ مضائقہ نہین آنکھون کی زیبایش ہو جاے گی اوسنے خود کا غذ پیچیدہ

بیان حقیقت شداد

ہاتھ مین لیکر انگشت شہادت سے سرمہ آنکھ مین کھینچا بمجرد استعمال خزانہ معمورہ زمین بالکل ظاہر
ہوگیا جسطرح تہ آب سے کوئی شی دیکھ پڑے اور نکل پڑے اوس طفل ہوشیار نے ازراہ عیاری
اور فطانت اور زیرکی شور کیا کہ ای ظالمو تمنے میری آنکھ پھوڑی مین بادشاہ کی حضور مین فریاد
کو جاتا ہون تمکو سزا دلواونگا سپاہیون نے دیکھا کہ یہ بات بہت بے موقع ہوئی وہ اوسیدم
بھاگے اوسنے وہ کاغذ اپنے قبضہ اختیار مین کیا اور اپنے گھر آیا چودھری سے کہنے لگا کہ یہ معاملہ
پیش آیا ہی وہ خوش ہوا اور بیل و خر و اسپ و شتر اپنے سب ذبح کیے اور مزدور معتمد علیہ جوکہ
سالہاے دراز سے رفیق و غمگسار تھے ہمراہ لیے اور کہا یہ سب تیرے مطیع و فرمان بردار ہین
انکو لیجا جہان کہین خزانہ نظر آوے کھود لا اوسنے ہر روز یہ شیوہ کیا کہ وقت شب باہر جاتا اور روپیہ اشرفی
گدھون بیلون پر بھر لاتا حتی کہ اموال کثیرہ و بیشمار جمع ہوا اور اہل مدینہ کا چھوٹا بڑا تابعدار ہوا اول اوسی
گانون کے زمین دار کو قتل کیا اور خود زمیندار بن بیٹھا جب یہ خبر حکام شاہی کو ہوئی وہ سب درپے
انتقام ہوے اوس چھوکرے نے بھی سپاہی نوکر رکھے اور جمعیت کثیر مقابلے پر مستعد ہوا جب نوبت
قتل اور قتال آئی تو حکام شاہی مغلوب ہوگئے اور اوسنے فتح پائی یہانتک کہ بادشاہ نے سفر آخرت
کیا تب اوسنے خروج کیا اور سلطان ہوگیا پھر تو بغلبہ و قہر ربع مسکون کا مالک ہوا اور جمیع سلاطین
روے زمین اوسکے زیر نگین ہوے اور دعوی انا اللہ لا الہ الا انا کرنے لگا اوسی نے بہشت بنائی اور
دیکھنے نپایا حسرت و افسوس دل مین لیگیا جیسا کیا تھا ویسا پایا معاینہ کتب تواریخ سے واضح ہوتا ہی
کہ بعد مرنے بادشاہ اور ہلاک لشکر و سپاہ وہ مکان جسکو ارم بولتے ہین نظرون سے غائب ہوگیا کہ نشان
اوسکا باقی نہین رہا مگر بعض کتب مین لکھا ہی کہ حوالی شہر عدن تابش و درخشندگی کچھ کچھ نظر پڑتی ہی
اوسیکو لوگ کہتے ہین کہ یہ چمک دمک اوسی مکان کی ہی اور عبد اللہ بن قلابہ بکسر القاف و فتح الباء
الموحدہ مع الباء المدورہ کہ اصحاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین تھے ایکدن اوسطرف وارد ہوے
تو اونٹ اونکا بھاگ گیا وہ تلاش مین دوڑے صحراے عدن مین سرگردان تھے یہانتک کہ پھرتے پھرتے
قریب اوس مکان کے پہونچے جسکو شداد نے بنایا تھا سو بمجرد دیکھنے دیوار و در مکلل بیواقیت و جواہر
بیہوش و از خود فراموش ہوگئے اور دل مین اندیشہ کیا کہ اس شہر کی صورت بعینہا صورت بہشت
ہی کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وعدہ فرمایا ہی شاید عالم خواب مین مجھکو وہ مکان دکھلایا ہی
جب دروازے شہر پر پہونچے اور اندر مکان کے داخل ہوے تو دیکھا کہ جملہ مکانات اور اشجار اوس شہر کے
مانند بہشت موعود کے ہین بولے ہذہ الجنۃ التی وعد بہا المتقون لیکن کوئی شخص اوس شہر مین نظر نہ آیا

تب کچھ جواہر جو کہ صحن مکانات مین مفروش تھے اپنی چادر مین اوٹھا لیے اور تنہائی کے سبب باہر شہر کے آئے اور دمشق کی طرف روانہ ہوے تو شہر کے لوگون نے جواہرات دیکھکر یہ معلوم کیا کہ عبداللہ نے کہین خزانہ پایا ہی تب عبداللہ سے پوچھنے لگے اوسنے کہا مین اسکو بہشت شداد سے لایا ہون پھر قصہ اوسکا عوام مین مشہور ہوا رفتہ رفتہ یہ خبر معاویہ بن ابی سفیان کو کہ اوس عرصے مین حاکم شام تھے پہونچی معاویہ نے عبداللہ کو طلب کرکے پوچھا کہ تو نے یہ شہر خواب مین دیکھا ہی یا بیداری مین عبداللہ نے کہا کہ مین نے بیداری مین دیکھا ہی اور علامات اوس شہر کے میرے ذہن مین بخوبی موجود ہین کہ وہ عدن سے اوس طرف اسقدر فاصلہ پر ہی اور دوسری طرف فلان درخت ہی اور طرف ثالث مین فلان چاہ اور یہ جواہرات کہ مین اوٹھا لایا ہون میرے پاس موجود ہین معاویہ نہایت متعجب ہوے اور جملہ کیفیت وہانکے مکانات کی پوچھی اور اپنی مجلس مین بٹھلاکر کعب احبار اور دیگر علماء عالی مقدار کو کہ اوس زمانے مین موجود تھے طلب کرکے کہا کہ دنیا مین ایسا بھی کوئی شہر ہی جسکی بنا سونے چاندی سے ہو اور اشجار اوسکے مکلل بجواہر اور صحنون مین جواہرات چھٹکے ہوے ہون علما نے عرض کیا کہ لاریب ایک شہر عالم مین اسطرح کا شداد نے بنوایا تھا جسکا ذکر قرآن شریف مین موجود ہی کہ ارم ذات العماد التی لم یخلق مثلہا فی البلاد اور اب یہ شہر نظرون سے غائب ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہی کہ ایک مرد میری امت سے اوس شہر مین اونٹ اپنا تلاش کرتا ہوا جائیگا اور عجائبات اوس شہر کے مشاہدہ کریگا اور وہ شخص سرخ رنگ کوتاہ قد سبز چشم ہوگا اور اوسکے چہرہ پر خال اور گردن پر ایک علامت اور بھی ہوگی پس معاویہ نے عبداللہ ابن قلابہ کو پھر دیکھا تو علامات سے مطابق پایا اور کہا واللہ وہ مرد سرخ رنگ یہی ہی بالجملہ اوصاف اوس شہر مین زیادہ اس سے بیان کرنا فضول ہی کہ خود حضرت رب العزت جل شانہ وعم نوالہ بھی اوس شہر کے اوصاف مین اور اسکے بانی کے حق مین ارشاد کرتے ہین الم تر کیف فعل ربک بعاد ارم ذات العماد التی لم یخلق مثلہا فی البلاد یعنے نہ دیکھا کیا کیا تیرے رب نے عاد سے وہ جو ارم تھی بڑے ستونون والی جو بنی نہین ویسی سارے شہرون مین یعنے کسطرح ہلاک کیا اونکو حالانکہ فرقہ عاد بڑے زور آور اور طویل العمر تھے کہ بعضے مفسرین شداد کو نوسو برس کا بیان کرتے ہین اور تین سو برس مین یہ شہر اوسنے تعمیر کیا تھا معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ ارم مین اختلاف ہی سعید ابن مسیب فرماتے ہین ارم ذات العماد دمشق ہی اور عکرمہ بھی اسیکے قائل ہین اور قرطبی کے نزدیک اسکندریہ مراد ہی اور مجاہد فرماتے ہین امتہ قدیمہ مراد ہی اور قتادہ ومقاتل کے نزدیک ارم ذات العماد ایک قبیلہ ہی عاد کا اونمین بادشاہ تھا اور عاد اوس قبیلے کے باپ کا نام تھا کہ ارم بن عاد بن شیم بن سام بن نوح اور محمد بن اسحاق فرماتے ہین کہ ارم جد ہی عاد کا یعنے عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح اور کلبی فرماتے ہین کہ ارم عاد اور ثمود کا جد ہی اور بعضے کہتے ہین

ذات العماد بسبب طول قامت کے کہلاتے تھے حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ طول اونکا
مثل عماد تھا اور مقاتل سے روایت ہی کہ قصیر اونکا بارہ گز کا ہوتا تھا اور لم یخلق مثلہا فی البلاد سے
یہ مراد ہی کہ مثل اس قبیلہ کے طول قامت اور زور آوری مین پیدا نہین ہوا اور بعض محققین نے لکھا ہی کہ
ذات العماد لقب اس وجہ سے ہوا کہ شداد بن عاد نے ایک شہر بلند ستونونکا ایسا بنایا تھا کہ دنیا مین بے مانند تھا
اوسکے دیکھنے کو گیا تھا ایک رات و دن کا فاصلہ باقی تھا و بر واپتے دروازے پر پہونچا تھا اور قدم راست دروازے
مین بخوشی و خرمی رکھا تھا کہ خالق عالم نے صیحہ نازل کیا کہ سلطان با فوج و حشم ہلاک ہوا و ہذا اصح واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

## تفریح ششم در احوال حضرت صالح علیہ السلام

اہل تحقیق لکھتے ہین کہ نسب حضرت صالح کا پانچوین پشت مین حضرت نوح سے ملتا ہی یعنے صالح ابن عُبَید بن عابر بن ارم بن سام
بن نوح علیہ السلام اور بعض مفسرین کے نزدیک اصح یہ ہی کہ صالح ابن عبید بن اصف ابن ماسخ بن حاذق ابن ثمود بن عابر
ابن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام اور اس ترتیب مین آٹھ واسطے ہوتے ہین اور حضرت صالح قبیلۂ ثمود مین معدود
ہوتے جاتے ہین اخبار الدول مین ہی کہ مابین ثمود و صالح علیہ السلام کے سو برس کا فاصلہ واقع ہوا تھا اور بعض روایات
مین ارفخشد بن سام بھی داخل نسب ہین بالجملہ قبیلۂ ثمود بعد ہلاک ہونے قوم عاد کے عرب مین منتشر ہوا
اور ثمود نام ایک چاہ کا ہی جو کہ زمین حجر مین واقع ہی یہ قبیلہ اُسیکے نام سے مشہور ہوا ہی اور مسکن اونکا مابین
شام و حجاز کے واقع تھا اور وہ دو شہر تھے ایک حجر کہ اتصال اوسکا سرحد شام سے تھا مگر حجاز سے دوری
طول نجومی اوسکا ستر درجہ تیس دقیقہ تھا اب ویران افتادہ ہی دوسرا وادی القریٰ کہ سرحد حجاز سے ملصق ہی
طول و عرض اُسکا شہر مکہ سے دو چند ہی اور طول اوسکا بہتّر درجہ کا ہی اور مابین ان دونون شہرون کے
ساٹھ سو دیہات و قصبات تھے اور سب پر اس قوم کا قبضہ تھا سو عمائد قوم نے بڑے بڑے
قلعے ہر ایک قصبے مین کمال استحکام سے بنوائے تھے اور دریا کے نہونے سے کنوئین کھود کر پانی
نکالتے اور زراعت کرتے تھے اور چونکہ زمین سخت تھی اس سبب سے بدشواری کنوئین کھودے جاتے تھے
کہ اکثر مال اخراج عیون و احیاض و تعمیر مکانات اور اجرت سنگ تراشون مین صرف ہوتا تھا کیونکہ وہ لوگ
تعمیر مکانات مین ایسے مشغوف تھے کہ دور دور شہرون سے معمارون و مہندسون کو طلب کر کے
عمارات منقش و مثبت بکمال لطافت و نفاست بنواتے تھے انھین کے شان مین وارد ہوا ہی
وثمود الذین جابوا الصخر بالواد یعنے کیا معاملہ کیا ثمود سے جنھون نے تراشے پتھر وادی مین
یعنے پہاڑ کرید کر گھر بناتے تھے آخر کار اسی شوق مین مورتین ترشوانے لگے اور پوجنے
لگے اور خدا سے غافل ہوئے اور مراتب تنزیہ یک قلم قلوب سے محو ہو گئے تب اللہ تعالیٰ

نے حضرت صالح کو نبی کیا اور تاریخ مرآۃ الزمان مین ہی کہ قوم ثمود بقایائے قوم عاد سے تھی
جسیم و قوی الجثہ اونکے پاس ایک بت آہنی تھا اوسمین ہر سال ایک شیطان گھس کر بولتا تھا اور
باپ حضرت صالح کے منع کرتے تھے اور یہ چاہتے تھے کہ اسکو کسیطرح توڑ دون ایک روز
اوس بت کے پیٹ سے آواز نکلی کہ اسکو مار ڈالو کہ میرا دشمن ہی چنانچہ چند کافرون نے اونکو قتل کیا
اور ایک گڑھے مین ڈلوا دیا اندنون حضرت صالح پیٹ مین تھے جب پیدا ہوے اور بروایت ابن عباس
چالیس برس کو پہونچے تو اللہ نے اونکو نبی کیا اور اخبار الدول مین لکھا ہی کہ قوم ثمود کے گھرون کا
نشان پہاڑ پر موجود ہی مگر وہ گھر ہمارے گھرون کے برابر معلوم ہوتے ہین اس سے معلوم ہوتا ہی
کہ قد و قامت اونکے مطابق ہمارے قد و قامت کے تھے نہ موافق عادیون کے مگر مخالفت حکم
خدا مین عادیون کے مانند تھے اور بت پرستی مین کامل تر سو انکی ہدایت کے واسطے حضرت صالح
ابن عبید کہ نہایت حسین و جمیل و صالح و متقی تھے مبعوث ہوے اور ارشاد الٰہی ہوا کہ اس
قوم کو عبادت اصنام سے منع کرو اور میری عبادت کراؤ اور سمجھا دو کہ یہ سب نعمتین
خدا ہی نے عنایت کی ہین اوسکا شکر کرو اور سرکشی و غرور سے باز آؤ نہین تو بلا سخت مین
مبتلا ہو جاؤ گے چنانکہ حضرت صالح نے دعوت قوم شروع فرمائی کہ یا قوم اعبدوا اللہ مالکم
من الٰہ غیرہ ہو انشاکم من الارض واستعمرکم فیہا فاستغفروہ ثم توبوا الیہ ان ربی قریب مجیب
یعنے ای قوم میری بندگی کرو اللہ کی کوئی حاکم نہین تمہارا اوسکے سوا اوسنے بنایا تمکو زمین
سے اور بسایا تمکو زمین مین سو بخشواؤ گناہ اوس سے اور اسکی طرف رجوع کرو کہ میرا پروردگار
نزدیک ہی قبول کرنیوالا جب یہ گفتگو حضرت صالح نے فرمائی تو کہنے لگے ای صالح
تجھسے ہمکو امید تھی اس سے پہلی کما جاء فی سورۃ ہود قالوا یا صالح قد کنت فینا
مرجوا قبل ہذا یعنے ہم تو یہ سمجھے تھے کہ تو ہونہار ہی اپنے آبا و اجداد کا نام روشن
کریگا سو تو برعکس اونکے ہم کو منع کرتا ہی اوس فعل سے جسکو بزرگ ہمارے
کرتے تھے کما قال اللہ تعالےٰ اتنہانا ان نعبد ما یعبد آباؤنا وانا لفی شک مما تدعونا
الیہ مریب یعنے تو منع کرتا ہی ہمکو اون کی پرستش سے جنکو ہمارے باپ دادے
پوجتے تھے اور اسی سبب سے ہمکو شبہ ہی اسمین جس طرف تو بلاتا ہی حضرت
صالح نے فرمایا کہ مجھ پر اللہ کی عنایت و مہربانی ہی سو مین اوسکی ہیکلی نہین کرسکتا
اور تم ڈرو اوس سے کہ مین تمہارے پاس واسطے [illegible] لایا ہون اور میرا کہنا

نے

مانو مین کچھ مزدوری تم سے نہین چاہتا ہون میری اجرت اللہ پر ہی اور یہ باغ و چشمے
و درخت اور کھیتیان اور عمارات سب فانی ہونے والی چیزین ہین ان پر دل لگانا
عبث ہی تب کہنے لگے کہ تجھ پر کسینے جادو کیا ہی تو بھی ایک آدمی ہی جیسے ہم
اور اگر سچا پیغمبر ہی تو کچھ نشانی دکھلا حضرت صالح نے فرمایا کہ مین نشانی
دکھلاتا ہون اگر اوسپر بھی ایمان نہ لاؤگے تو عذاب مین پڑوگے تب بولے کہ
مضائقہ نہین ایک دن سال مین عید کا اس قوم مین مقرر ہوا اور اس روز
ہم لوگ باہر شہر کے جاتے ہین اور اپنے ٹھاکرون کو زر و زیور و لباس سے
آراستہ کیے رکھتے ہین اور تمام سال کی حاجتین ایک مرتبہ مانگ لیتے ہین تم بھی ہمارے
ساتھ چلو اور اپنے خدا سے حاجت اپنی مانگو اوس وقت دیکھین گے کہ تمکو کیا ملتا ہی
پھر ہم نشانی طلب کرین گے بارے وہ روز آیا اور شہر کے لوگ بیرون شہر چلے
حضرت صالح بھی اونکے ساتھ ہوے اور جو لوگ ایماندار تھے وہ بھی حضرت صالح کے
ہمراہ گئے یہانتک کہ عیدگاہ مین جلوہ فرما ہوے دیکھا کہ اصنام قوم بڑے تکلف سے تختون پر
رکھے ہین اونکے روبرو شہر کے لوگ دست بستہ حاضر ہوے اور اپنی حاجت مانگنے لگے
تب حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ تم لوگ سوزی و نالہ و زاری کر چکے اور کچھ
حاصل نہوا اب جو کچھ کہو مین اپنے خدا سے طلب کرون اور تمکو تماشا دکھلاؤن جندع ابن عمرو
کہ سردار قوم تھا اپنے لوگون سے بولا کہ اس قسم کی چیز طلب کرنا واجب ہی جسکا وجود محال
ہو اور یہ شخص اوسکے اتیان مین عاجز رہے اور ہمارے ٹھاکرون کی آبرو و عزت
پہنچے والا بڑی خفت و سبکی ہوگی سب نے ملکر کہا تو ہی ہم مین مرد پختہ کار ہوشیار ہی کوئی
چیز محال تجویز کرکے بیان کر جندع نے غور و تامل سے کہا کہ اس پشتہ پہاڑ سے جسکو ہماری
اصطلاح مین کاثبہ کہتے ہین اور عیدگاہ کے برابر ہی حضرت صالح ایک ناقہ نکالین جسکی پیشانی
سیاہ اور تمام بدن سفید ہو اور بڑے بڑے بال رکھتی ہو اور حمل دہ ماہہ سے حاملہ ہو اور اس پشتہ
کے برابر نظر پڑے اور بعد خروج فی الفور اپنے قد کے برابر بچہ جنے حضرت صالح علیہ السلام نے سنکر
فرمایا کہ اگر تمہاری فرمایش کے مطابق مادہ شتر نکالون تو ایمان لاؤگے اور میری فرمان برداری
کروگے سب لوگون نے کہا کہ اگر یہ امر واقع ہوجاے تو ہم بیشک ایمان لاوین گے پھر اس بات کا
عہد و پیمان موکد و قول قرار مضبوط ہوگیا اور حضرت صالح اپنے ہمراہیون کو ساتھ لیکر متصل پشتہ

پہاڑ کے تشریف لیگئے اور دو رکعت نماز ادا کر کے دعا فرمائی مومنون نے پس پشت سے آمین
کہا اوسوقت اکثر عمائد قوم ثمود مع فوج وحشم تماشائی ہوے کہ دفعۃً قدرت حق نے یہ تماشا دکھلایا کہ
پشتہ پہاڑ سے آواز دردزہ شروع ہوئی اور وہ پھٹ گیا اور ناقۃ اللہ فرمایشی کہ چار ہزار برس سے بڑا ایک
معجزہ رسول خدا پیدا ہورہی تھی نکلی اور فی الفور اوسی جنگل مین چرنے چگنے لگی پھر ایک ساعت
کے بعد اوسکو درد زہ ہوا اور بچہ پیدا ہوا کہ قد وقامت وصورت وجاہت مین برابر نظر آتا تھا
اور بعد ایک ہی ساعت کے چشمہ آب ومرغزار بھی ظاہر ہوا کہ دونون اوسمین چرنے لگے **فائدہ**
اس معجزہ کی تخصیص اس قوم کے ساتھ اسلیے فرمائی گئی کہ انکو سنگ تراشی ومصوری مین دخل کامل
تھا گویا اس اعجاز مین یہ اشارہ ہی کہ تم لوگ پتھر سے عجیب وغریب تصویرین تراشتے ہو لیکن جان
نہین ڈال سکتے اور ہم پتھر سے ایک جانور جاندار ایسا نکال سکتے ہین کہ تم حیران ہو اور یہ اشارہ
ہی کہ حق تعالی شانہ کی ہدایت پتھر کے قلوب بھی نرم کر سکتی ہی اور اونمین اوصاف روح پیدا
پیدا کر سکتی ہی اور وہ کام لے سکتی ہی جو روح سے علاقہ رکھتے ہین بالجملہ اس معجزے کا
بڑا شور پڑا اور قوم ثمود نے جانا کہ صالح علیہ السلام کے خدا کو بڑی قدرت ہی اب اوسپر ایمان
لانا لازم ہی چنانچہ جندع ابن عمر مع چھ ہزار نفر تابعین کے مشرف بالایمان ہوا اور استغفار
تقصیرات کرنے لگا لیکن اور عمائد شامت نفس وشیطان مین گرفتار ہو کر اپنے تابعین سے
کہنے لگے کہ یہ سحر کامل ہی ہرگز فریفتہ ہونا اور اپنا مذہب وملت چھوڑنا یہی وقت امتحان
ہی سو باوصف قولقرار کے جمیع اشقیا رئیسون کے اغوا سے پھر گئے اور صالح علیہ السلام کو جادوگر
ٹھہرانے لگے تب حضرت صالح نے کہا کہ تمنے خلاف عہد وپیمان کے عمل کیا ہی مضائقہ نہین مگر
یہ کہے رکھتا ہون کہ یہ دونون جانور تمہارے امن وامان کے باعث ہین جب تک
تم مین موجود رہین گے خیر ہی اور جب تکلیف دہی سے چلے جائین گے عذاب آئے گا
تمہارے حق مین بہتر ہی کہ ان دونون کو نہایت خاطرداری سے رکھو اور کسیطرح کا رنج
انکو نہ پہونچاؤ وما علینا الا البلاغ چونکہ اونٹنی از بس قوی ہیکل وبزرگ جثہ تھی اس سبب
سے کل جانور اہلی ووحشی اسکو دیکھکر بھاگتے تھے نہ چارہ کھا سکتے تھے نہ پانی پی سکتے
تھے کیونکہ اونٹنی کھلی ہوئی بچہ سمیت پھرا کرتی تھی جس چشمہ یا تالاب پر پانی پینے کو
جاتی سب جانور الگ ہو جاتے اور وہ سب پانی پیجاتی اور جس جنگل مین چرنے کو متوجہ ہوتی
تمام جانور بھاگتے اور وہ سب گھاس پھوس چرلیتی اور جب شام کو شہر مین آتی تو شہر کے لوگ اپنے اپنے بامن

فائدہ تخصیص معجزہ بقوم صالح

دو دو سو سے بھر لیتے ابو موسی اشعری فرماتے ہین کہ مین شہر حجر مین گیا تو مین نے دیکھا کہ اکثر اونٹ اُس جگہ ناقہ کی زیارت
کرتے ہین مصنف نے وہ مقام اپنے ہاتھ سے ناپا ساٹھ گز ہوا اور بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ طول و عرض اسکا سو سو گز کا تھا
اور ایسی بڑی تھی کہ ایک جانب سے دوسرے جانب تک ایک مہینے مین گذر ہوتا تھا فائدہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اس قسم کا معجزہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ ایک مرتبہ آنجناب نے دعا فرمائی تو کوہان شہر سے ایک درخت خرما کا نکلا اور فورًا
پھل لایا حاضرین مجلس نے اسکے پھل کھائے جس شخص کا ایمان علم الٰہی مین مقرر تھا اسکو وہ خرمے شیرین حلوا
ہوئے اور جسکی قسمت مین کفر تھا اسکے منہ مین تلخ ہو گئے القصہ ناقہ صالح مع اپنے بچے کے جب ایک مدت
دراز تک قوم ثمود مین رہی تو اونکے مویشیون کو بچارہ پانی کی تکلیف ہونے لگی اور ارباب مویشی عاجز ہو کر حضرت صالح سے
نالشی ہوئے اور بعض اہل تحقیق نے لکھا ہے کہ اس قوم مین سات کوے تھے اونکے پانی پینے کا کنوان ایک ہی تھا

سوا کہ ایک روز اونٹنی نے تمام پانی کنوین کا پی لیا تب اہل قوم فریادی ہوئے تو حضرت صالح نے فرمایا ہذہ ناقۃ لہا شرب
ولکم شرب یوم معلوم یعنی یہ اونٹنی ہے اسکو پانی پینے کی ایکبارگی اور تمکو باری ایکدن کی مقرر آخر یہ بات قرار پائی کہ
ایک روز ناقہ پانی پیا کرے اور ایک روز قوم کے مویشی جایا کرین اور ایکدن یہ چارے کو جایا کرے دوسرے دن اونکے
مویشی جایا کرین مگر یہ شرط ٹھہری کہ اسکو کوئی شخص بُری طرح نہ چھیڑے کما قال اللہ تعالیٰ لاتمسوہا
بسوء فیاخذکم عذاب یوم عظیم یعنی نہ چھیڑیو تم اسکو بُری طرح کہ پکڑے تمکو آفت بڑے دن کی چنانچہ ایک مدت تک
یہ تقسیم جاری رہی اور بعض کہتے ہین جب سو برس گذرے تو وہ لوگ جنکو مویشی کا شوق تھا اور زیادہ انکی پرورش
مین ذوق رکھتے تھے اس تقسیم سے ناراض ہوئے اور یہ چاہنے لگے کہ اس ناقے کو کسی حیلہ
فریب سے نکالین تاکہ ہمارے مویشی بفراغ خاطر رہین مگر نقض عہد و تخالف قول و قرار سے کنارہ کرتے تھے
اس عرصہ مین ایک نوجوان بانکا شوریدہ پشت کج اندیش شوخ زبان مادر آزار یعنی قدار ابن سالف نام
ظاہر ہوا اور اسکو ایک عورت مسماۃ عنیزہ سے کہ حسن و جمال ظاہری اور غنج و دلال و محبگی و فاحشگی مین ضرب المثل
اور ظرافت طبع و نزاکت وضع مین عدیم البدل تھی تعشق پیدا ہوا کہ یہ مردود مع مصدع ابن دہر برادر
عمزاد یا ہمشیرہ زادے اپنے کے اُسکے گھر جایا کرتا تھا اور سات نفر اور بھی منع اُسکے ہمراہ جاتے تھے
اور شراب پیکر حظوظ نفسانیہ مین مشغول رہتے تھے یعنی قدار ابن سالف اُس قحبہ سے ملتفت
رہتا تھا اور ساتھی اُسکے لونڈیون سے اور ایک روایت ہے کہ وہ عورتین اس قسم کی تھین ایک عنیزہ دوسری
صدوقہ کہ مصدع ابن دہر کی آشنا تھی اور یہ دونون صاحبہ مویشی تھین الغرض ایک روز عنیزہ نے قدار ابن سالف
نے کہا کہ مجھسے نکاح کر لے کہ بلاخوف و خطر بسر کرین اُسنے کہا کہ ایک فرمایش میری بجا لا تو مین
نکاح کرون یعنی اُس اونٹنی کو جس سے قوم کے لوگون کو تکلیف ہے اور مویشی بھی رنج پاتے ہین

ف

ف

ف احوال قتل ناقہ

[illegible] چنانچہ [illegible] گیا اندرین اس قوم کے سرانجام پر مستعد ہو گیا اور مصدع ابن دہر بھی
[illegible] تب قدار ابن سالف کوچہ ناقہ میں جس طرف سے وہ اونٹنی آتی جاتی تھی اس راستہ
کے کنارے [illegible] چھپ کے بیٹھ گیا اور مصدع ابن دہر بھی اسی کوچہ میں چھپا کہ وہ پوشیدہ
[illegible] اور اس کوچہ تنگ میں داخل ہوئی تو اول مصدع ابن دہر نے
ایک تیر [illegible] ساتھیوں نے [illegible] لیکن مگر اونٹنی باوصف مجروح ہونے کی
[illegible] آخر کار قدار مردود نے پیچھے سے آکر کونچوں میں تلوار ماری کہ وہ
زمین پر گر پڑی [illegible] ٹکڑے کر ڈالا اور اہل شہر نے راضی ہو کر گوشت اسکا باہم
تقسیم کر لیا [illegible] اونٹنی کا بچہ تھا اس نے یہ حال دیکھا اور بھاگ کر پشتہ پہاڑ کی پناہ میں
جا بیٹھا [illegible] حضرت صالح علیہ السلام [illegible] انھوں نے نہایت افسوس کیا اور باہر مکان کے تشریف
لائے اور [illegible] تم لوگوں نے بہت برا کیا اب عذاب آئیگا لیکن تدبیر بچاؤ کی
اب [illegible] بمنت وزاری بچہ ناقہ کو شہر میں لاؤ کہ شاید اسکے
سبب سے [illegible] مردوں نے اسکا خیال نہ کیا اس سبب سے کوئی ایک بھی شہر کا
آدمی [illegible] اہل ایمان آنجناب کے ہمراہ گئے جب پشتہ پہاڑ سے مقابل ہوئے تو بچہ
[illegible] تین مرتبہ چلایا اسی وقت پہاڑ کا پشتہ پھٹا اسمیں جا بیٹھا
[illegible] حضرت صالح علیہ السلام [illegible] اسلئے اور اہل شہر سے فرمایا کہ تین آوازیں بچہ ناقہ نے کی ہیں
انکی تعبیر [illegible] تین دن کی مہلت ہے عذاب سے پھر عذاب شروع ہوگا کما قال اللہ تعالیٰ
تمتعوا فی دارکم ثلاثۃ ایام ذلک وعد غیر مکذوب یعنی رہو اپنے گھروں میں تین دن یہ وعدہ سخت ہے بلکہ
[illegible] عقر ناقہ [illegible] سہ شنبہ آخر وقت واقع ہوا اور روز [illegible] علی الصباح ہر ایک
کافر کا چہرہ زرد تھا [illegible] حضرت صالح علیہ السلام نے کہا ہر کہ پہلے دن منہ زرد ہوگا دوسرے دن
سرخ تیسرے دن سیاہ [illegible] معلوم ہوتا ہے یہ امر واقع ہونے والا ہے مگر قوت غضبیہ نے قوت عقلیہ کو
معزول کر دیا کہ قدار ابن سالف اور آٹھ نفر یعنی دعمی رعیم ہرمی ہریم داب صواب رباب مصدع
باہم متفق ہوئے کہ قبل آنے روز سوم کے حضرت صالح علیہ السلام کو قتل کرنا لازم ہے چنانچہ رات کے
وقت وہ سب ملکر حضرت صالح کے مارنے کو چلے اسوقت آنجناب اپنی مسجد میں تشریف رکھتے تھے
وہاں ایک درخت تھا اس نے کہا کہ اے صالح قدار ابن سالف مع آٹھ نفر مفسدین تمہارے قتل کو آتا ہے خبردار ہو
اور اپنے گھر جاؤ اور دروازہ بند کر کے مستور ہو یہ خبر سنکر حضرت صالح [illegible] گھر میں آئے اور دروازہ

بند کر کے مشورت بعد اُسکے قدار وغیرہ مسجد میں آئے تو حضرت صالح نہ ملے تب گھر پر آئے اور جا با دروازہ بند پایا
اُسی وقت نو شخصوں نے بحکم خدا اُن کافرون کو اپنے پرون سے مارا کہ سب کے سب اندھے ہو گئے اور حیران و
پریشان گرتے پڑتے بے تحاشا بھاگے کہ اس حال میں کسی کا سر دیوار میں لگ کر پھٹ گیا اور کوئی چاہ میں
گر کر مر گیا دوسرے دن جمعہ کو جب اہل شہر خواب غفلت سے چونکے تو چہرے اُنکے سُرخ تھے اور قدار ابن سالف
وغیرہ نو شخصوں کا نشان نہ تھا سو اُنکے ورثہ تلاش کو نکلے یہانتک کہ حضرت صالح کے گھر پر آئے اور سب کو
سر شکستہ لت خوردہ مُردہ پایا کہ یہ حال عام قوم سے بیان کیا وہ لوگ مع جمیع اہل شہر ملکر حضرت صالح
کے گھر پر چڑھ آئے اور کہنے لگے کہ اونٹنی کے بدلے تمنے ہمارے نو آدمی رات کے وقت مار ڈالے اسمین ابھی
تمکو اور تمہارے گھر والون کو مار ڈالینگے حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ میں کسی کے گھر نہیں گیا اور
نہ میں نے کسی کو دیکھا اور نہ کسی پر ہاتھ چلایا غالب یہ ہے کہ یہ چند مفسد وقت شب میرے گھر پر چڑھ آئے تھے
اور ارادہ بد رکھتے تھے حافظ عالم نے میری حفاظت کے واسطے غیب سے انکو سزا دی شہر اللہ کی طرف سے
انکو پہونچا اور جو کچھ دیکھتے ہو وہ سب اس روز بدل دینے تھے کہ تُم قوم جندع ابن عمرو کہ جو اپنے توابع
ایمان لایا تھا وہ حضرت صالح علیہ السلام کی مدد کو آیا اور سنتے ہیں کہ سب ہوا آخر کار صالح اس بات پر ٹھہری
کہ حضرت صالح اس شہر سے نکل جاوین اُنجناب نے یہ بات منظور کی اور مع جندع ابن عمرو وغیرہ
توابع و لواحق کہ ازروئے شمار چار ہزار نفر تھے اُس شہر سے نکل گئے اور اہل قوم خواب غفلت میں [illegible]
سوئے صبح کو تینوں روز موعود پنجشنبہ نمودار ہوا اور سب لوگون کے منہ سیاہ ہو گئے تب تو تشویش میں پڑے
اور قلعے و حویلیاں مضبوط سنگین خالی کرائیں اور یہ مشورہ کیا کہ اگر عذاب خدا آسمان سے آوے جسطرح
پانی برستا یا اولے پڑیں خواہ زمین سے آوے جیسے زلزلہ آوے یا زمین اُلٹے دونوں حال میں اُنمیں
مکانوں میں گھسینگے کہ انہیں زلزلہ اثر کریگا نہ پانی و ژالہ الحاصل شنبہ کا دن گذرا اور جو رات آئی وہ بھی
کٹ گئی صبح کو یکشنبہ کے دن حضرت جبرئیل علیہ السلام نے مابین ارض و سما بصورت ہولناک تشریف
لا کر ایک آواز مہیب و تند اسطرح کی فرمائی کہ بڑے بڑے پہاڑ ہلنے لگے اور ہوا سے تیز تند چلنے لگی
اور تمام اہل شہر انھیں مکانون میں گھسے اور حضرت جبرئیل نے دوسری بار آواز فرمائی کہ ہر ایک کافر کا
زانو پر جھکا اور سب کے سینے پھٹ گئے یہانتک کہ اُس فرقہ ملعونہ کا کوئی شخص باقی نہ رہا کما قال اللہ تعالیٰ

واما ثمود فاہلکوا بالطاغیہ فھل تری لھم من باقیہ یعنی قوم ثمود کھپائے گئے چنچال سے پھر تو دیکھتا ہے
کوئی بچ رہا حکمت اس آواز میں یہ ہوئی کہ یہ لوگ انکار و تکذیب پیغمبر حق میں سنگ و دیوانہ کا حکم
رکھتے تھے کہ ناقہ خدا کو مار کر حضرت صالح کی قتل پر مستعد ہوئے اور گوشت اسکا گتون کی طرح

کاٹ کاٹ کر کھا گئے اور ہڈیاں اسکی توڑ ڈالیں اور اسکے نا ہونے پر ہرگز بہ قوت نہ کی اور اسکے بچہ کو ایسا ڈرایا
کہ وہ بھاگ کر شکستہ پہاڑ سے چھپا اور تین آوازیں کر کر غائب ہو گیا سو حکمت الٰہی نے یہ تقاضا کیا کہ ان کتون کو
اسطرح کی آواز سے عذاب کرنا چاہیے جو انکے مناسب حال پڑے لہذا حضرت جبرئیل کو حکم دیا کہ مابین آسمان و
زمین کھڑے ہو کر آواز کریں کہ اسی آواز سے ہلاک ہوں اگرچہ آواز تند و تیز جسطرح شیر کا ڈکارنا اور رعد کا گرجنا
اور بڑی بڑی توپون کا چھوٹنا موجب ستر خار منافصل و اعصاب ہوتی ہے اور عمارات و اشجار اور محل و حجرات کو
گرا دیتی ہے اور بعض اوقات آدمی کو ہلاک بھی کر دیتی ہے لیکن ایسی آواز جس سنتے کانون کے پردے پھٹ جاوین
اور ہر ایک شخص کی روح بدن سے مفارقت کر جاوے اور گھر سے گھر تہ خانون مین گھس جاوے سوا اسکے
آواز غضب حق کے اور کوئی آواز نہیں حضرت استاد الاستاذ قدس سرہ العزیز اپنی تفسیر مین فرماتے ہین
کہ یہ حادثہ ناقہ تھا نہ ابتلا و الاجابت دافع ہوتا اور کفر و بیان مین تمیز ہوتی دونون پر وبال کر اور متصل عذاب
برزخ سے ہوتا اور برزخ کا ہے کہ اس فرقہ کے ایک کو زمین نہیں پہنچی اور جو مومن تھے صاف نجات رہے
اور حادثہ ناقہ اسی کا نام ہے کہ جو کوئی باطل سے بچاؤ کر سکے کہ ہرگز اس باقی مدرسے نہ اثر ہو حقیقت یہ ہے کہ جب
شہوت و غضب غالب ہوتے ہین تو حکم شرع و عقل دونون خیال سے نکل جاتے ہین چنانچہ اس قصہ سے ظاہر ہے
کہ خدا ان ساعت کو اس شہوت و غضب نے بہ تقاضا تقاضا سے عقل و شرع ناقہ اللہ کے ذبح کرنے پر بس
بے صبر ہو کر مجبوری سے کہہ دیا حالانکہ زبان صالح سے خدا کے حکم کو بخوبی دریافت کر چکے تھے یعنی حضرت
نے کئی بار کہہ دیا تھا کہ یہ ناقہ خدا ہی ہے اسکو جہان چاہے چرے اور جس تالاب مین چاہے پانی پیوے اسکے
تعرض نہ کرو اور عقل کی بات یہ ہے کہ ناقہ زور آور ہے اور عقل نہیں جانتے ہین کہ جانور زور آور قوی الجثہ کو
جاری پانی سے روکنا بہتر نہیں اور یہ تو خدا کا جانور ہے اس سے کون زیادہ قوی ہوگا پھر اسکو رنج دینا برخلاف عقل کے ہے
اور اس بات مین مغلوب الشہوت ہونا نہایت رسوا ہے اور طرفہ تر یہ کہ یہ بھی تو اقرار ہو گیا ہے کہ ایک دن
تمھارے جانور پانی پئین اور ایک دن یہ ناقہ نقض عہد کرتے ہو کہ یہ بات تمامی ملل و شرائع مین حرام
ممنوع ہے لیکن باوصف اس فہمایش کے ان نابکارون نے کچھ بھی نہ خیال کیا اور ناقہ اللہ کو ذبح کر ڈالا

چنانچہ ارشاد ہوا اذ انبعث اشقٰها فقال لهم رسول الله ناقة الله وسقيٰها فكذبوه فعقروها فدمدم عليهم ربهم بذنبهم فسوّٰها
ولا يخاف عقبٰها یعنی جب اٹھا بدتر فرقہ ثمود کا پھر کہا انکو اللہ کے رسول نے خبردار ہو اللہ کی اونٹنی ہے
اور اسکے پینے کی باری ہے پھر انھون نے اسکو جھٹلایا اور کاٹ ڈالا پھر الٹ مارا اوپر انکے انکے رب نے
انکے گناہ سے پھر برابر کر دیا اور وہ نہیں ڈرتا کہ پیچھا کرینگے خلاصہ یہ کہ جیسا انھون نے اونٹنی کو الٹ
مارا تھا اسی طرح اللہ نے انکو الٹ مارا اسواسطے کہ اللہ نے قوت شہویہ و غضبیہ اسواسطے دی تھی

کہ انکو عقل و شرع کے تابع کرین سو ان لوگون نے برعکس کیا یعنی شرع کو تابع عقل اور عقل کو
تابع شہوت و غضب گویا حکمت و ترتیب کو باطل کر کر اُسکی ضد کیا جسطرح کوئی شخص اپنے غلام کو ڈنڈ
دے کہ ہمارے دشمن کو مارے وہ اُسی کے بیٹون کو مارے۔ اِس جگہ اگر کوئی شبہہ کرے کہ یہ حرکت قدار
ابن سالف اور اُسکے یارون نے کی تھی تمام فرقۂ ثمود کیون برباد کیا گیا تو رفع اِسکا یون ہوتا ہی کہ
اِس حرکت مین تمام قوم کی صلاح تھی اور سب راضی ستھے چنانچہ اللہ صاحب فرماتے ہین فنادوا
صاحبہم فتعاطی فعقر یعنی پھر پکارے اپنے رفیق کو پھر ہاتھ چلایا اور کاٹا اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ سب
لوگون نے بعد عقر ناقہ گوشت باہم تقسیم کر لیا حدیث شریف مین وارد ہی کہ جب کوئی گناہ زمین پر عیاں
ہوتا ہی تو جو کوئی شخص اُس جا پاس مین حاضر ہی اور دل بیزار و کارہ ہی وہ شخص ایسا ہی جیسے وہ دور رہا
اور جو شخص اُس مجلس مین نہین ہی اور دل راضی ہی وہ شخص ایسا ہی جیسے اُس گناہ مین شریک ہی
فائدہ اللہ جل شانہ نے اِس کہانی مین نام حضرت صالح کا نہین لیا اِسلیے کہ معلوم ہی کہ یہ فرمانا حضرت
صالح کا خدا ہی کا فرمانا تھا اور تخویف اور تنذیر انکی خدا ہی کی تخویف اور تحذیر تھی کیونکہ رسول حکم
مرسل مین ہوتا ہی اور زبان اُسکی مین زبان بھیجنے والے کی ہی القصہ بعد اِس واقعہ کے حضرت صالح نے
مومنون سے فرمایا کہ یہ شہر غضب الٰہی کے نازل ہونے کی جگہ ہی یہان رہنا مناسب نہین اب اِسکو چھوڑ دو
اور مکہ معظمہ مین جا کر رہو چنانچہ سب لوگ حضرت صالح کے ساتھ وہین گئے اللّٰہم ارزقنا اتباع
نبینا محمد صلعم حدیث شریف مین ہی کہ حضرت صلعم سفر تبوک مین شہر حجر پر گذرے تو یارون سے
فرمایا کہ اِس شہر مین نہ جاؤ اور یہان کا پانی نہ پیو اور اِس گروہ معذب پر مگر گذرو مگر روتے وڈرتے
ہوے کیونکہ ارواح اشقیا پر اِس شہر مین عذاب ہوتا ہی اور جس جگہ تعذیب و قہر الٰہی ظاہر ہو اُس
مقام سے دور رہنا بہتر ہی اور یہ بھی حدیث شریف مین وارد ہی کہ فرقۂ ثمود کے کافرون سے کوئی شخص
باقی نہ رہا تھا مگر ایک شخص ابو رغال کہ وہ کسی تقریب سے حرم شریف مین گیا تھا سو وہ بھی جب تک
حرم مین رہا عذاب سے بچا جب کہ حرم سے طائف کو چلا راہ مین وہی عذاب پہونچا جو فرقۂ ثمود پر
پہونچا تھا کہ ہلاک ہو گیا چنانچہ حضرت صلعم جب مہم طائف مین جرانہ پر پہونچے تو وہان ابو رغال کی
قبر تھی اور اُسکا ہر شخص پتھرون سے مارتا تھا یہ احوال دیکھ کر حضرت رحمۃ للعالمین سید المرسلین
خاتم النبیین صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنے یارون سے ارشاد فرمایا کہ جانتے ہو کہ یہ قبر کس
آدمی کی ہی اصحابؓ نے التماس کیا یا رسول اللہ ہم نہین جانتے فرمایا کہ یہ قبر ابو رغال پیر قبیلۂ ثقیف
کی ہی اور میرے صدق کلام پر دلیل یہ ہی کہ اِس مقبور کے پاس ایک چھڑی سونے کی تھی سو وہ بھی

قبر مین موجود ہی یاران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبر اُسکی کھودی اور چھری نکالی اور بدستور بند کردی روایت ہی کہ آواز ناقہ اُس کوہستان مین نہایت زور و شور سے آتی ہی اور جب قافلہ حجاج وہان سے گذرتا ہی تو اہل قافلہ نوبتین و بندوقین سر کرتے ہین اور بعضے نقارے بجاتے ہین اور شور و غوغا مچاتے ہین وہان کے لوگ کہتے ہین کہ اگر ایسا نہ کرین تو قافلے کے اونٹ آواز ناقہ صالح علیہ السلام سے ہلاک ہو جاوین کذا ذکرہ خواجہ عبدالکریم فی نادرنامہ راست و دروغ بر گردن راوی صاحب مواہب علیہ نے تفسیر سورۂ صاد مین لکھا ہی کہ تکذیب حضرت صالح علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُنکی قوم نے دعوت ثانیہ مین کی تھی اسلیے کہ اول مرتبہ جب حضرت صالح علیہ السلام نے دعوت فرمائی تو سب لوگ ایمان لائے تھے اور جب اُنکی وفات ہوئی تو سب مرتد ہو گئے حق سبحانہ تعالے نے پھر حضرت صالح علیہ السلام کو زندہ کیا اور اُسی قوم کا پیغمبر قرار دیا مگر کسی نے نہ پہچانا اور تکذیب کر کے معجزے طلب کرنے لگے کہ اخراج ناقۃ اللہ ایک معجزۂ عظیم الشان ظاہر ہوا آخر بعض لوگ اُس قوم کے ایمان لائے اور اکثر قوم نے تکذیب کیا اور بسبب پے کرنے ناقہ کے ہلاک ہوئے بالجملہ بعد اس واقعہ کے حضرت صالح علیہ السلام چار ہزار آدمی مسلمان اپنے ہمراہ لیکر ممالک یمن مین تشریف فرما ہوئے اور بعض منازل یمن مین وفات پائی اُس مقام کا نام حضرموت ہوا اور بعض روایات مین ہی کہ جانب شام تشریف لیگئے اور شہرستان عوج مین اقامت فرمائی جب آنجناب کی وفات ہوئی تو مسجد جامع مین دفن کیے گئے و بروایت بعضے حرم شریف مین جلوہ فرما ہوئے وہاہین صفا و مروہ خواہ حجر مین دفن ہوئے عمر حضرت صالح علیہ السلام کی حسب روایت کعب احبار دو سو اٹھارہ برس کی ہوئی اور بروایت صحیح دو سو اسی برس کی معلوم ہوتی ہی اور بعضے اہل سیر دو سو چھیاسی برس کی لکھتے ہین اور بعضے عمر دو سو ... برس کی قرار دیتے ہین اور اخبار الدول مین ہی کہ ہنگام بیس برس حضرت صالح علیہ السلام اپنی قوم مین رہتے ہین اور بروز یکشنبہ قوم سے نکلکر جانب رملہ کہ متعلقات فلسطین سے ہی تشریف لیگئے اور وہین وفات پائی حدیث شریف مین وارد ہی کہ بروز قیامت حضرت صالح پیغمبر ناقہ پر سوار اُٹھائے جاوینگے

**فائدہ** مسند امام احمد وغیرہ مین وارد ہی کہ حضرت رسول الثقلین خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی مرتضی اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ سے کہ تمکو معلوم ہی بدبخت ترین امت پیشین کا اور زشت ترین اس امت کا کون ہی عرض کیا کہ اللہ و رسولہ اعلم فرمایا کہ بدبخت تر اگلی امتون کا مرد سرخ رنگ قدار ابن سالف تھا جسنے ناقۃ اللہ کو پے کیا یعنی اُسکی کونچ کاٹی اور اس امت مین وہ شخص ہوگا جو کہ تیرے محاسن کو خون آلودہ کریگا

آواز ناقہ صالح اب تک آتی ہے

سو بروایات صحیحہ ثابت ہو کہ ابن ملجم خارجی نے جناب ولایت مآب کو شہید کیا ہو حال مفصل اس مقام کا
جناب امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے حال مین لکھا جائیگا معالم التنزیل مین لکھا ہو کہ جب
حضرت صالح علیہ السلام کی وفات ہوئی تو مومنون نے علابر ابن سویدا کو وبرواسطے جلیس ابن جلاس کو
امیر کیا اور سنحاریب ابن سوادہ کو وزیر قرار دیا اور سب نے ملکر ایک محل کنوئین پر بنایا اور اسی مقام پر
مقیم ہوئے تو اولاد کی کثرت ہوئی مگر جو پیدا ہوا بدکار و ناشکر گذار و بت پرست نابکار ہوا اور
افعال بد مثل مساحقۂ زنان و اتیان بہائم و لواطت و زنا ان لوگون نے اختیار کیے تب اللہ
جل شانہ نے حنظلہ ابن صفوان حمال قوم کو پیغمبر کیا کہ انھون نے دعوت شروع فرمائی اُس قوم
ناپاک نے حضرت حنظلہ کو بازار مین قتل کیا اِس جرم مین خداوند منتقم نے تمام قوم کو ہلاک فرمایا
اور چاہ کو معطل و خراب کر دیا اِسی قوم کا خطاب اصحاب الرس ہو اور وہب ابن منبہ کے نزدیک
اصحاب الرس قوم شعیب علیہ السلام کا خطاب ہو اور مقاتل و سدی کے نزدیک اصحاب الرس وہ
ہین جنھون نے حبیب نجار کو قتل کیا ہو اُسکا ذکر سورۂ یونس مین ہو اور صحیح یہ ہو کہ بقیۂ قوم ثمود
و قوم صالح علیہ السلام سے تھے کذا فی المعالم اور بعض اہل تفسیر نے لکھا ہو کہ قوم رس حضرت
حنظلہ علیہ السلام کی زندگی مین ہلاک ہوئی ہو یعنی اُنکی دعا سے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
کوشک اُنکا جسمین وہ رہتے تھے اُلٹ دیا ہو کہ سب آدمی اُس صدمے سے نیست و نابود ہوگئے
مگر کتب معتمدہ و تفاسیر سے صاف واضح ہو کہ بعد وفات حضرت حنظلہ کے اُنکی قوم پر عذاب نازل
ہوا ہو اور اُسی کا اشارہ کلام الٰہی مین ہو فکاین من قریۃ اہلکنا ہا وہی خاویۃ علی عروشہا وبیر
معطلۃ و قصر مشید یعنی کئی بستیان ہمنے ہلاک کی ہین اور وہ گنہگار تھے سو وہ ڈھے پڑے ہین
اپنی چھتون پر اور کئی کنوئین نکمے پڑے ہین اور کئی محل گچ گیری کے خراب ہین ذکر حضرت
صالح کا سورۂ ہود و شعرا و نمل و اعراف و قمر مین ہو

## تفریح ہفتم دراحوال حضرت ابراہیم علیہ السلام

ابراہیم بمعنی اب راحم ہو یعنی پدر مہربان ہول یہ نام اُنکا ہوا ہو کذا فی نزہۃ النواظر اہل سیر کو عدد و اشخاص
مین جو مابین حضرت ابراہیم و نوح علیہما السلام کے واقع ہین اتفاق ہو لیکن کیفیت نطق و ضبط
اسما مین اختلاف ہو کذا فی القول البدیع للسخاوی بعضے کہتے ہین ابراہیم ابن آزر ابن ناحور
ابن شاروخ ابن راغو ابن فالخ ابن عیبر یا عابر ابن سام ہین اور بعضے شاروخ ابن عابر
ابن شالخ ابن ارفخشد ابن سام کہتے ہین اور بعضے ابراہیم ابن تارح ملقب بہ آزر کہتے ہین

اور بعضے بالعکس اور امام رازی اور ایک جماعۂ سلف کا یہ قول ہے کہ آزر عم ابراہیم تھا نہ پدر کیونکہ پدر ابراہیم علیہ السلام
مومن موحد تھا تارخ نام کذا ذکرہ السیوطی فی المقاصد السہیہ کاتب الحروف کہتا ہے کہ نص صریح واذ قال
ابراہیم لابیہ آزر اتتخذ اصناما الہۃ دال اس بات پر ہے کہ آزر پدر ابراہیم تھا مگر یہ کہا جاسے کہ چچا کا باپ کہنا
متعارف ہے جسطرح خالہ بمنزلہ مادر ہے اور نام ابراہیم کی مان کا متعالی یا او فی بنت نمر تھا اور تولد حضرت کوثی
متعلقات بابل مین یا شہر سوس متعلقات اہواز مین عہد نمرود مین ہوا سجاوندی نے نمرود بضم نون لکھا ہے
اور حرف اخیر بالاتفاق دال مہملہ ہے کذا فی حاشیۃ عصام علی البیضاوی تیسیر مین ہے کہ نمرود ابن کنعان ابن
سنحاریب ابن نمرود ابن کوش ابن سام ہے مجاہد کے نزدیک یہ شخص تمام روے زمین کا بادشاہ تھا اور یہی
قول ابن اسحاق کا ہے یہ مردود دعوی الوہیت کرتا تھا اور لوگون کو اپنی عبادت مین بلاتا تھا اور بعض کے
نزدیک خدا کا انکار نہ تھا صرف دعوی جباری بطریق حلول باری کرتا تھا جسطرح نصاری حضرت عیسی کے
حق مین اعتقاد رکھتے ہین اور بعض کے نزدیک شمس و قمر و کواکب کی پرستش کرتا تھا اور اپنی رعایا کو اپنی
عبادت پر دعوت کرتا تھا مگر امام جعفر سجاوندی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تحقیق ہے کہ نمرود وہ شخص ہے جسنے دعوی خدائی
بے پردہ کیا اور باطل شعار اور بابل مین قلعہ بنایا اور خالق کبریا سے لڑنے کو آمادہ ہوا آسمان پر جانے کا قصد کیا
کاہنون اور نجومیون کا اسکے عہد مین بڑا اعتبار تھا آخر کند وزخ ہوا معالم مین ہے کہ نمرود پسر کنعان سلطان
جہان تھا شہر بابل تخت کا مکان تھا ایک مرتبہ شب کو سویا خواب دیکھا کہ ایک ستارہ افق مغرب مین طالع ہوا
اسکی روشنی نے ماہ و خور کو تاریک کیا جب بیدار ہوا تو کاہنون نجومیون نے تاویل مین کہا کہ ایک انسان
بجہت بنیان خلوتگاہ عدم سے میدان وجود مین آئیگا کہ قاطع بنیان سلطان و شاہ ہوگا اور اسی کے ہاتھ سے
تمام لشکر و سپاہ تباہ اور بعض کے نزدیک بالا استفسار شاہ نجومیون نے سردربار علی رؤس الاشہاد التماس کیا
کہ اس سال مین ایک مولود سعد اسعد جو تیری مملکت مین موجود ہوا چاہتا ہے کہ جس سے دین و آئین حال پر از تغیر
و زوال نظر آتا ہے و بموجب اسکے اہل تنجیم نے شاید یہ حال صحائف انبیاے سابقین و پیغمبران پیشین مین دیکھا تھا
اسی کو ظاہر کیا الغرض نمرود نے نجومیون سے کہا کہ وہ مولود موعود صلب پدر سے رحم مادر مین آگیا یا نہین
وہ بولے ہنوز مولود مقصود مہر اسعد کرم و جود مستقر صلب سے مستودع رحم مین نہین آیا اور ابتک علم پر نور ساحت
ظہور مین قائم نہین کیا ہے تب نمرود نے مطمئن ہو کر منادی کرائی کہ اب کوئی مرد گرد عورت کے نہ جاسکے
اور کوئی عورت قریب مرد سے نہ بیٹھے اور دس دس نفر ایک ایک مرد و عورت پر معین کیے کہ خبرداری مین
مصروف رہین اب کارخانۂ الہی دیکھنا چاہیے کہ آزر پدر ابراہیم علیہ السلام کہ مقربان بارگاہ سلطانی و معتمدان
خاص مدگار ظل سبحانی سے تھا ایک رات مین مسماۃ متعالی بنت نمر اپنی اہلیہ سے ہمبستر ہوا مگو کلانتشاہی سے

کوئی بھی خبر نہوا وہ حامل و بارور ہوئی اور امیدوار صحبت اختر فلک سعدی کہ اکابر علما تفسیر یہ تن ہیں ہوئی مختصر یہ کہ بعد تاویل تعبیر رویا سے صادق نمرود مردود اپنا لشکر بہ ہیئت بیکار بیرون شہر ساتھ ہوا اور یہ ندا ہوئی کہ جملہ رجال باہر شہر کے رہیں اور طائفہ نسا اندرون اور یہ تاکید ہوئی کہ زنہار کسی کی عورت مرد سے نملے اور کوئی لشکر سے نملے مگر اس تعبیر میں تحریر کاتب تقدیر سے غافل تھا اور باوصف دانائی قضائے ازلی سے محض غافل رہا ایک مدت اسی حماقت میں گذرانی کہ وہ ساعت مسعود ظہور مولود کی آئی اور بمقتضائے اذا اراد اللہ شیئاً ہیأ لہ اسبابہ دفعۃً نمرود کو ایک کار ضروری ایسا بمقصد لابدی شہر میں پیش آیا کہ بھیجنا کسی عاقل و ہوشیار کا اندرون شہر واجب لازم ہوا آزر پدر ابراہیم خواص بادشاہی تو ضبط امور کر رہی تھا طلب ہوا اور اس سے فہمایش کی گئی کہ ہم تجھکو بلحاظ اعتماد شہر کو بھیجتے ہیں اور قسم دلاتے ہیں خبردار اپنی عورت کے پاس نجانا اور جو وہ نظر پڑ جاوے تو اس سے علیحدہ و یکتا رہنا چنانچہ آزر بعد قول و اقرار حاکم سرا ہو کر شہر کو گیا اور کار بادشاہی بامن و جہ سرانجام کرکے پھر استقلال میں آیا کہ بہت دن مہاجرت میں گذرے گھروالی کو دیکھ لینا ضرور ہی یہ سمجھا کہ اس میں کچھ قصور ہی آخر کار گھر گیا عورت مقابل ہوئی اور طبیعت بہ مباشرت مائل کا ہے سبب سے تفضل معاشرت بلایا اور موکل شہوت نے محبوبہ کو بستر آرام پر کھینچکر لٹا ڈالا کہ نور ابراہیم پیشانی آزر سے جنین مادر میں آگیا حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ دوسرے دن نجومیوں نے نمرود مردود سے کہا کہ آج وہ مولود صلب پدر سے بطن مادر میں جلوہ فرما ہوا اور علم ظہور کتمان عدم سے عالم وجود میں قائم ہو گیا نمرود نے کہا ہر عورت پر ایک موکل رہے کہ پیدا ہوتے قتل کرے اور ابراہیم کی والدہ پر آثار حمل نمودار نہوسے موکل اپنا سا منھ لیکے پھر آئے یہانتک کہ آثار وضع حمل ظاہر ہوئے والدۂ حضرت نے یہ سوچا کہ اگر یہان بیٹا جنونگی تو مقتول ہوگا آخر ایک گڑھے میں باہر وضع حمل فرمایا اور ایک پارچے میں پیچیدہ کر غار میں رکھدیا اور منھ اسکا پتھروں سے بند کیا پھر گھر آئیں اور شوہر سے وقت استفسار فرمایا کہ بیٹا جنی تھی دفن کر آئی یا کہا مردہ پیدا ہوا تھا سو میں نے چھپا دیا آزر کو بھی اطمینان واقعی ہو گیا اور بعضی روایت میں ہی کہ جب عورت نے یہ حال بیان کیا تو آزر نے کہا خاموشی بہتر ہے نہیں تو غضب سلطانی میں گرفتار ہو گی آخر وہ دم بخود و خاموش ہو رہی لیکن جبکہ آزر کسی کام کو گھر سے باہر جاتا تو وہ بسبب شفقت کے ابراہیم کی خبرگیری کو جاتی اور دودھ پلایا کرتی اور جب کبھو کسی وجہ سے دیر ہوتی تو دیکھتی کہ آنجناب اپنا انگوٹھا چوستے ہیں اور اس سے دودھ نکلتا ہی الغرض اسی طور سے بروایت بعض مفسرین نو مہینے تک حضرت ابراہیم غار میں رہے اور تفسیر میں ہی کہ ایکدن ہر ہفتہ میں جایا کرتی تھی چنانچہ ایک دن دیکھتی ہی کہ ایک انگلی سے پانی اور دوسری سے دودھ تیسری سے شہد چوتھی سے شراب پانچویں سے روغن نکلتا ہی

تو سخت تحیر ہوئی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ آنجناب ایک دن مین ہفتہ کے برابر بڑھتے
اور ہفتہ مین مہینے کے برابر اور مواہب لدنیہ مین ہو کہ حضرت ابراہیم کی بالیدگی خالق کبریا نے اسطرح
رکھی تھی کہ ایک دن مین ایک ماہ کے اور ایک ماہ مین ایک برس کے نظر آتے چنانکہ پندرہ مہینے مین
پندرہ برس کے معلوم ہونے لگے اور گاہ بگاہ غار سے باہر نکلنے لگے اقامت آنجناب درمیان غار بعض
روایات مین تیرہ برس اور بعض مین سات برس اور بعض مین تیرہ برس اور بعض مین سترہ برس ہین القصہ
جب ہوشیار ہوے تو انکی والدہ نے آزر سے کہا کہ لڑکا جو پیدا ہوا تھا وہ زندہ ہو اور نہایت خوبصورت و
فطین لائق زیارت ہو تم بھی اسکو دیکھو چنانچہ آزر بھی حاضر ہو کر زیارت سے مشرف ہوا اور بولا کہ اسکو گھر
لیچلو تاکہ مین نمرود کے پاس لیجاؤن اور حضرت ابراہیم نے بھی اپنی والدہ سے فرمایا کہ اب مجھکو غار سے
باہر نکال چہ اسنے رات کے وقت غار سے نکالا اہل تحقیق کے نزدیک قبل غروب آفتاب باہر نکالا تو
آنجناب نے آسمان و زمین و جبال و اشجار دیکھے اور اپنے دل مین سوچے کہ بیشک انکا بھی کوئی
خالق ہوگا تو اپنے ماں سے پوچھا کہ میری پرورش کس نے کی ہو وہ بولی کہ میری پرورش تیرے پدر نے کی ہو اسنے کہا کہ
اسکو دیکھ کر والدہ سے کہا یہ کیا ہو اسنے ہر ایک کے نام بتلائے حضرت نے فرمایا انکا پیدا کرنے والا
بھی ہو اسنے کہا کوئی خالق بالا خالق نہین ہو فرمایا ہمارا خالق کون ہو بولی مین فرمایا تیرا رب کون ہو
کہنے لگی آزر کہا آزر کا پروردگار کون ہو بولی نمرود پوچھا نمرود کو کسنے پیدا کیا تب وہ ناراض ہوئی
اور بعض روایت مین ہو کہ اسنے کہا نمرود کا پروردگار ستارے ہین اور جب آنجناب نے کواکب کا
خالق پوچھا تو اسنے سکوت کیا اور صحیح یہ ہو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ سب تقریر غار کے اندر
فرمائی تھی اور اسوقت سات برس کے تھے تب انکی والدہ نے ایک طمانچہ مارا اور کہا ایسی باتین کیا کر
اور اس بحث کو اسنے اپنے شوہر سے اعادہ کیا تو وہ بھی آیا حضرت ابراہیم نے بجنسہ وہی تقریر
آزر سے تفصیل فرمائی کہ وہ ناراض ہو کر چلا آیا اور بروایت صحیحہ تین برس کے تھے و بروایتے سات
برس کے جب شہر مین جلوہ فرما ہوے اسی دن رات کے وقت ستارۂ زہرہ یا مشتری افق مغرب سے
طالع ہوا تو ستارہ پرست سجدے مین گرے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس حرکت کو ملاحظہ فرما کے
کہا بطور استفہام یا اس قوم کے زعم باطل پر کہ یہ ہو پروردگار میرا پھر جب وہ غائب ہو گیا تب
ارشاد کیا کہ مجھے خوش نہین لگتے چھپ جانے والے اور جب رات بڑھی تو چودھوین رات کا
چاند نمودار ہو کے چمکا اور مہتاب پرست سجدے مین گرے تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
فرمایا کہ یہ ہو میرا پروردگار جب وہ خط نصف النہار سے دوسری طرف کو گذر گیا تو فرمایا

کہ اگر ہدایت نہ کرے مجھکو میرا رب تو البتہ رہون بہکنے والون مین پھر جب صبح ہوئی اور آفتاب افق مشرق سے جھلکا اور آفتاب پرست سجدے مین چلے تو فرمایا یہ ہے پروردگار میرا کہ بہت بڑا ہے جب وہ بھی غائب ہوا تو فرمایا کہ اے قوم مین بیزار ہون اُس سے جسکو تم شریک کرتے ہو مین نے اپنا مُنہ کیا اُسی کی طرف جسنے آسمان اور زمین بنائے ہین اور غالب ہین میلان کرنے والا ہون سب دینون سے سواے دین توحید کے اور مین نہین ہون شریک کرنے والا چنانچہ سورۂ انعام مین ارشاد ہوا فلما جن علیہ اللیل راے کوکبا قال ہذا ربی فلما افل قال لا احب الآفلین فلما راے القمر بازغا قال ہذا ربی فلما افل قال لئن لم یہدنی ربی لاکونن من القوم الضالین فلما راے الشمس بازغۃ قال ہذا ربی ہذا اکبر فلما افلت قال یاقوم انی بری مما تشرکون انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین چونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام لڑکے تھے قوم کو دیکھا کہ خالق آسمان اور زمین کا اللہ کو کہتے ہین اور اپنی حاجت و مراد کے واسطے کوئی ستارہ پرست اور کوئی ماہتاب پرست اور کوئی آفتاب پرست ہو گیا ہے تب چاہا کہ مین بھی اپنا رب ٹھہراؤن پھر کوئی ستارہ ٹھہرایا جب وہ غائب ہوا تو جانا کہ ایک حال پر نہین ہے کوئی اور ہی اسپر حاکم ہے اگر آپ مستقل ہوتا تو اعلیٰ مرتبے سے ادنیٰ مرتبے پر نہ آتا پھر چاند اور سورج مین بھی یہی عیب پایا سبکو چھوڑکر اُسی ایک کو پکڑا جسکو سب مانتے ہین کہ سب سے بڑا ہے غرض کہ اسمین عقل سلیم چاہیے کہ جب ایک کو مانا اُس سے کون کام نہین ہو سکتا ہے کہ دوسرا در کار ہو **تنبیہ** مفسرین کو ہذا ربی کے معنی مین اختلاف ہے بعضے ظاہر پر حمل کرتے ہین اور کہتے ہین کہ حضرت ابراہیم اول حال مین طالب توحید تھے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے اُنکو توفیق دی اور اوائل مین ایسا کلام ضرر نہین کرتا ہے بالخصوص مقام استدلال مین اور بعضے کہتے ہین کہ یہ قول قابل اعتبار نہین ہے اسواسطے کہ جو شخص پیغمبری پر بھیجا جاتا ہے وہ معصوم اور مطہر اور عارف بخدا ہوتا ہے اور خداوند تعالیٰ اُسکا نگہبان رہتا ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے کہ ولقد آتینا ابراہیم رشدہ من قبل وکنا بہ عالمین پس انہین مقدمات سے نص قرآنی مین کئی وجہ سے تاویل کرتے ہین ایک یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی قوم سے وہم باطل کو بتدریج دور کرتے تھے کہ سراسر تمہاری خطا ہے جو تم تعظیم اور تکریم کواکب مین مصروف ہو اسواسطے کہ جو قابل تغیر ہے لیاقت معبودیت نہین رکھتا

دوسرے یہ کہ قول حضرت ابراہیم علیہ السلام کا از قبیل استفہام انکاری سمجھنا چاہیے پس
اس صورت مین آیت قرآنیہ مین حرف استفہام محذوف ہو یعنی اہذا ربی یعنی نہین ہو
یہ پروردگار میرا اور یہ طریقہ توبیخ اور انکار قوم مین ابلغ ہو اس سے کہ فرماتے لیس ہذا ربی
تیسرے یہ قول حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بطریق احتجاج واقع ہوا ہو یعنی یہ پروردگار
میرا ہو تمھارے زعم مین اور جب غائب اور غروب ہو گیا تو فرمایا کہ اگر یہ معبود ہوتا تو غائب
نہو جاتا چوتھے یہ کہ آیۂ کریمہ مین ایک فعل محذوف ہو یعنی یقولون ہذا ربی اور محمد ابن علی حکیم
ترمذی کہتے ہین کہ یہ قول حضرت ابراہیم علیہ السلام کا دل اور روح سے نہ تھا بلکہ اپنے
نفس سے تھا اسواسطے کہ روح اور دل کو دلیل ہدایتی اور فطری دونون حاصل ہین
اور نفس کو صرف دلیل فطری ہو پس نفس نے روح اور دل سے مخاصمہ کیا یعنی جب ستارہ
وغیرہ دیکھے تو نفس نے دل اور روح سے کہا کہ ہذا ربی روح اور دل نے کہا کہ اس طرف
مشغول مت ہو بلکہ مشغول ہو اپنے پروردگار سے جو کہ ہمیشہ اور ایک ہی حسطرح کہ ہم
مشغول ہین اور بعض روایات سے واضح ہو کہ مشاہدہ ستارون کا غار مین واقع ہوا تھا
اور گفتگو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ماں باپ سے بھی غار مین ہوئی تھی واقعہ مذکور
سابقاً تفسیر مین لکھا ہو کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام شہر مین تشریف لائے
تو باپ وہان آپ کے نمرود کے پاس لیگئے یہ نمرود نہایت کریہ منظر اور بدصورت
تھا حضرت ابراہیم نے اسکو تخت پر بیٹھے ہوئے دیکھا اور غلام و کنیز پری پیکر
وماہ منظر گرد تخت کے دست بستہ ملاحظہ کیے باپ سے کہا یہ کون لوگ ہین جو
گرد تخت کھڑے ہین اور یہ کون ہو جو تخت پر ہو اُسنے کہا تخت پر خدا ہو اور گرد تخت
اُسکی مخلوق ہو حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ خدا نے مخلوق اپنی آپ سے بہتر پیدا کیے
چاہیے تھا کہ خود اُنسے بہتر ہوتا کہتے ہین کہ آزر پتھرون سے بُت تراشتا تھا اور حضرت کو
دیتا کہ بازار سے بیچ لاؤ سو آپ بُتون کی گردن مین رسی باندھ کے گھسیٹتے بازار مین
لیجاتے اور پکارتے کہ کوئی لیتا ہو اُس چیز کو کہ جسمین نہ کچھ نفع ہو نہ ضرر اس آواز سے
کوئی بھی نہ لیتا بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اکثر بقصد استہزا سے قوم یون کہا کرتے
کہ بُتون کو کنارے دریا کے لیجاتے اور پانی مین غوطہ دے کے کہتے کہ پانی پیو ایکدن
آپ کے باپ کو یہ خبر پہونچی تو نہایت غصہ ہوا اور منع کر دیا تب حضرت نے فرمایا

کہ سورۂ انعام میں ارشاد ہوا اذ قال ابراہیم لابیہ آزر أتتخذ اصناما آلہۃ انی اراک وقومک فی ضلال مبین
یعنی جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے تو پکڑتا ہے مورتوں کو خدا میں دیکھتا ہوں تجھکو اور
تیری قوم کو صریح گمراہی ظاہر میں اور فرمایا کہ اے باپ میرے کیوں پوجتا ہے اسکو جو نہ سنے نہ دیکھے
اور نہ کام آئے تیرے کچھ کما قال یا ابت لم تعبد ما لا یسمع ولا یبصر ولا یغنی عنک شیئا اور کہا کہ اے
باپ آتا ہے مجھکو علم کہ تجھکو نہیں آتا ہے سو میری راہ چل کہ بتلاؤں تجھکو راہ سیدھی کما قال
یا ابت انی قد جاءنی من العلم ما لم یاتک فاتبعنی اہدک صراطا سویا اور اے باپ میرے مت
عبادت کر شیطان کی کہ شیطان خدا کا نافرمان ہے کما قال ان الشیطان کان للرحمن عصیا
اے باپ میرے ڈرتا ہوں ایسی بات سے کہ کہیں آلگے تجھکو ایک آفت رحمان سے پھر تو
ہو جاوے شیطان کا ساتھی کما قال یا ابت انی اخاف ان یمسک عذاب من الرحمن فتکون
للشیطان ولیا یعنی شاید وبال کفر سے آفت آوے اور تو شیطان سے مدد مانگنے لگے اور
بتوں سے اعانت چاہے تو خراب و ذلیل ہو جائیگا جب اسطرح سے نصائح حضرت
ابراہیم نے کئے تو آزر نے ناراض ہو کے کہا اراغب انت عن آلہتی یا ابراہیم لئن لم تنتہ
لارجمنک واہجرنی ملیا یعنی تو پھرا ہوا ہے میرے ٹھاکروں سے اے ابراہیم اگر تو نہ چھوڑیگا
تو تجھکو پتھروں سے مارونگا اور مجھسے دور جا ایک مدت تک یہ سنکر فرمایا سلام علیک
ساستغفر لک ربی انہ کان بی حفیا یعنی تیری سلامتی رہنے میں بخشواؤنگا گناہ تیرے اپنے
رب سے کہ بیشک وہ ہے مجھپر مہربان مفسرین کہتے ہیں کہ یہ سلام ہے رخصت کا
اس آیت سے مفہوم ہوا کہ اگر دین کی بات میں ماں باپ ناخوش ہوں اور گھر سے
نکالنے لگیں اور بیٹا کوئی بات میٹھی کہکے نکلے تو وہ بیٹا عاق نہیں ہے اور حضرت نے
گناہ بخشوانے کو کہا تھا لیکن جب اللہ کی مرضی نہ دیکھی موقوف کیا اور اخبار میں مذکور ہے
کہ جب حضرت ابراہیم ہجرت کرکے چلنے لگے تو آزر نے کہا رنجیدہ نہو خدا تمہارا ہدایت کرتا ہے
تمکو تنہا نہ رکھیگا تب حضرت نے امیدوار ایمان ہو کے فرمایا ساستغفر لک ربی قطع نظر
اس سے استغفار کفار کے واسطے استدعا توفیق ایمان ہے اللہ سے کہ سبب حضرت پڑا ہے
صحیح بخاری میں ہے کہ جب حضرت ابراہیم قیامت میں آزر کو عذاب میں گرفتار دیکھینگے
تو کہینگے کیوں میں نے نہ کہا تھا بت پرستی نہ کر میرا کہنا مان تو نے نہ مانا آزر کہیگا جو ہوا
سو ہوا اب میں تمہارا کہنا مانونگا تب حضرت ابراہیم جناب الٰہی میں عرض کرینگے کہ اے میرے

رب تو نے مجھسے وعدہ کیا ہی کہ مین تجھکو قیامت مین فضیحت نہ کرونگا اور اس سے زیادہ کون رسوائی ہی
کہ میرے باپ کا یہ حال ہی کہ عذاب مین گرفتار ہی اللہ صاحب فرماوینگے ای ابراہیم مین بہشت کو
کافرون پر حرام کر چکا ہون یعنی یہ ممکن نہین کہ یہ دوزخ سے نکلے اور بہشت مین جاسکے پھر حضرت
ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوگا کہ اپنے پاؤن کے تلے دیکھو تو دیکھینگے کہ آزر خاک آلودہ جانور ہو گیا پھر
فرشتے گھسیٹ کر دوزخ مین ڈالینگے یعنی تبدیل صورت سے عاردور ہو گی کہ کوئی نہ پہچان سکیگا
اس سے معلوم ہوا کہ بغیر ایمان ناتا رشتہ کام نہ آئیگا سبحان اللہ جسکا ابراہیم سا بیٹا ہو وہ دوزخ
مین رہے تفسیر بحر البحور مین لکھا ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بابل سے کوہستان فارس مین آکر
سات برس رہے کہ اس عرصہ درمین آزر باپ ابراہیم علیہ السلام کا مر گیا اور تنخواہون کی اور علکی
اور تمام اہتمام انکا اسکے چچا سے متعلق ہوا پھر بابل مین تشریف لائے اور وہی مذمت اونکو بہش
تبون کی شروع کی اور مجادلہ و مقابلہ قوم سے جاری فرمایا اور در پی اس بات کے ہوے کہ
قوم کو دعوت ایمان فرماوین تب سب نے جمع ہو کر کہا تو کسکو پوجتا ہی فرمایا پروردگار عالم کو قوم نے
کہا نمرود کو پروردگار کہتے ہو یا کسی اور کو ارشاد کیا مین اپنے خدا کو کہتا ہون جسنے نمرود و جمیع
عالم کو پیدا کیا پھر حضرت نے قوم کے لوگون سے فرمایا ماہذہ التماثیل التی انتم لہا عاکفون یعنے
یہ کیا شکلین ہین جسکے تم مجاور بنے ہو معالم مین ہی کہ وہ بت تہ وہ جو مورتین تھین بعض سونے و چاندی کی اور
بعض لوہے و رانگے کی بعض لکڑی و پتھر کی لگر ایک بت طلائی مرصع بجواہر جسکی دونون آنکھون مین
یاقوت جڑے تھے سب مین بڑا تھا اور تفسیر تیسیر مین ہی کہ نوے بت تھے اور ایک بہت بڑا تھا
جسکی آنکھون مین دو موتی جڑے تھے اور تبیان مین ہی کہ درندے و طیور و دواب و آدمیون کی
تصویرین تھین اور بعض کے نزدیک ستارون کی پھر تقدیر کا فرون نے جواب دیا کہ ہمنے اپنے
باپ دادون کو اسی طرح دیکھا ہی اور ہم مقلد ہین فرمایا تم اور تمہارے باپ دادے صریح غلطی مین
رہے ہین قالوا اجئتنا بالحق ام انت من اللاعبین یعنی کافرون نے کہا کہ تو سچی بات لایا ہی
یا بازی کرنے والا ہی کہ بسبیل مزاح و ہنسا یہ بات کرتا ہی تب حضرت ابراہیم نے فرمایا مین ٹھٹھا نہین کرتا
گواہی دیتا ہون کہ پروردگار تمہارا وہ ہی جسنے آسمان و زمین اور ان تصویرون کو پیدا کیا ہی قسم ہی
اللہ کی علاج قرار واقعی کرونگا تمہارے بتون کی جب تم پیٹھ پھیر کر جاؤ گے کما قال اللہ تعالے
فی سورۃ الانبیاء بل ربکم رب السموات والارض الذی فطرہن وانا علی ذلکم من الشاہدین وتاللہ
لاکیدن اصنامکم بعدان تولوا مدبرین علامہ بغوی سدی مفسر سے روایت کرتے ہین کہ سال میں

بتون

ایکدن عید کا قوم نمرود مین مقرر تھا کہ اُسدن سب لوگ شہر تمام جمع ہوکر باہر جاتے تھے اور تمام دن سیر و تماشے مین رہتے بعد ازان بتخانے مین آتے بتون کو زیور و لباس سے آراستہ کر سجدے کرتے تھے اور پرشاد لیکر گھر آتے تھے سو وہ دن آیا تو ابراہیم کا چچا بولا کہ اگر تم ہمارے ہمراہ عید گاہ کو چلو تو ہمارے دین کی خوبی معلوم ہو کہ حضرت تھوڑی دور چلے چلکر رک رہے فرمایا کہ میرے پیر دُکھتے ہین مین تو آہستہ آہستہ چلونگا تم لوگ چلو جب اکثر لوگ نکل گئے اور بعضے ضعیف باقی رہے تو حضرت نے چپکے فرمایا تاللہ لاکیدن اصنامکم ایک کمبخت نے سن لیا جب سب شہری چلے گئے تو حضرت نے تبر ہاتھ مین لیا اور بتخانے مین تشریف فرما ہوے دیکھا کہ ایک بُت بڑا بڑی تعظیم سے تخت پر بیٹھا ہے اور گرد اُسکے چھوٹے چھوٹے بُت کھڑے ہین روبرو کھانا رکھا ہے نہ کوئی کھاتا ہے نہ پیتا صرف اسواسطے تھا کہ عیدگاہ سے پھر کر تبرک و پرشاد لینگے حضرت نے بطریق استہزا فرمایا کیون نہین کھاتے یہ کھانا کوئی نہ بولا فرمایا کیون نہین بولتے پھر بھی کوئی نہ بولا تب تو حضرت ابراہیم نے سب بتون کو ٹکڑے ٹکڑے کیا بڑی مورت کو باقی رکھا تبر اُسی کی گردن مین لٹکایا یا اُسکے ہاتھ مین باندھ دیا اور خود بدولت بتکدے سے باہر تشریف لائے کما قال اللہ تعالےٰ فجعلہم جذاذا الا کبیرا لہم لعلہم الیہ یرجعون یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اُنکو مگر ایک بڑا اُنکا تاکہ اُسکی طرف شاید پھرین اور بعضے محدث و مفسرین لکھتے ہین کہ جب قوم نے حضرت ابراہیم سے کہا تم عیدگاہ کو ہمارے ساتھ چلو تو حضرت نے ستارون کو دیکھ کر فرمایا مین بیمار ہون تمھارے ساتھ نہین چل سکتا ہون کما قال فنظر نظرۃ فی النجوم فقال انی سقیم یعنی پس نگاہ کی ایکبار تارون مین پھر کہا مین بیمار ہون مراد نظر سے دیکھنا مقامات و اتصالات کواکب کا ہے خواہ دیکھنا علم نجوم یا کتاب نجوم کا ہے کہ یہ بات واسطے توہم کفار کے ممنوع نہین ہے اور مراد بیماری سے یہ کہ وہ لوگ معلوم کرین کہ ابراہیم نجوم سے استدلال مرض پر کرتے ہین تاکہ اُنکے ہمراہ نہ جائین کیونکہ اغلب مرض انہین طاعون تھا اور اِس سے یہ لوگ نہایت ڈرتے تھے یا یہ مراد تھی کہ مین تمھاری ضلالت و گمراہی سے سقیم ہون اِس صورت مین صاف ہو گیا کہ حضرت ابراہیم نے عذر کیا جب دوسرے دن قوم کے لوگ عیدگاہ کو چلے تب فرمایا لاکیدن اصنامکم اہل تفسیر کو ضمیر الیہ مین اختلاف ہے بعض کہتے ہین کہ حضرت ابراہیم کی طرف پھرتی ہے یعنی بڑے بُت کو چھوڑ دیا تاکہ قوم کے لوگ حضرت کی جانب رجوع کرین اور بعض کے نزدیک بڑے بُت کی طرف پھرتی ہے یعنی اس سے استفسار کرین کہ شکنندۂ بتان کون ہے جب جواب نہ پاوینگے فضیحت ہونگے اور بعض کے نزدیک اللہ کی طرف پھرتی ہے یعنی بت پرستی ترک کرین اور جانب خدا رجوع لاوین اور سمجھین کہ بُت اپنے ضرر کو بھی دفع نہین کرسکتے الحاصل جبکہ قوم کے لوگ عیدگاہ سے پھرے اور بتکدے مین آئے تو بتون کو خراب و برباد دیکھا

تو کہا من فعل ہذا بآلہتنا انہ لمن الظالمین یعنی یہ کام کسنے کیا ہمارے خداؤن سے وہ کوئی بے انصاف ہو
اور کچھ لوگ بولے ظن غالب یہ ہو کہ ابراہیم نے کیا ہو کیونکہ ہمیشہ طعن کیا کرتا تھا اور کوئی بولا ہمنے ایک جوان کو کہتے
سنا تھا یعنی تاللہ لاکیدن اصنامکم وہ ابراہیم تھا سب اس واردات کا چرچا ہوا تو نمرود مردود کو بھی اطلاع
ہوئی تو غصے ہوا اسکے ندیمون نے کہا کہ ابراہیم کو سب کے روبرو لاؤ کہ سب اسپر گواہی دین اور ہین مزا دین
چنانچہ حضرت ابراہیم گرفتار ہو گئے اور نمرود نے پوچھا ءانت فعلت ہذا بآلہتنا یا ابراہیم یعنی تو نے کیا ہو یہ کام
ہمارے معبودون سے ای ابراہیم فرمایا بل فعلہ کبیرہم ہذا فسئلوہم ان کانوا ینطقون یعنی اس بڑے بت نے
کیا ہوگا پوچھ لو ان بتون سے اگر وہ بولتے ہین یعنی مین نے تو نہین کیا بلکہ اُسنے کیا ہو جو کہ تمہارے زعم مین بڑا ہی
اور انہین سے استفسار کرو اگر بولتے ہین کیونکہ قوت ناطقہ شہر ذاتی عقل کی اگر بولین تو دریافت کہ لوگ اسنے
توڑا ہی اور جو نہ بولین تو معلوم ہو کہ مین نے توڑا ہی محققین کہتے ہین کہ یہ قول حضرت ابراہیم سے بر سبیل استہزا
واقع ہوا ہی نہ بطریق جد فرجعوا الی انفسہم فقالوا انکم انتم الظالمون ثم نکسوا علی رؤسہم لقد علمت ما ہؤلاء ینطقون
یعنی سوچے کفار اپنے جی مین اور بولے آپسمین کہ تم ہی بے انصاف ہو جو ایسے کو پوجتے ہو کہ نہ سنے نہ بولے
نہ دیکھے پھر اوندہے ہو رہے مر اسکہ تو جانتا ہی جیسا یہ بولتے ہین یعنی بولے کہا کہ پتھر پوجنے سے کیا فائدہ پھر
شرمندہ ہو کر کہنے لگے کہ تو جانتا ہی یہ نہین بولتے پھر کس طرح کہتا ہی کہ انسے پوچھ جب کافر قائل ہو گئے
اور دلیل حضرت کی تمام ہوئی تو فرمایا اتعبدون من دون اللہ ما لا ینفعکم شیئا ولا یضرکم اف لکم ولما تعبدون
من دون اللہ افلا تعقلون یعنی پھر تم پوجتے ہو اللہ سے ورے ایسے کو کہ تمہارا نہ کچھ بھلا کرے
نہ برا بیزار ہون مین تم سے اور جنکو تم پوجتے ہو سواے خدا کے کیا تمکو عقل نہین ہو تب کفار بہت جلے
اور بولے اسکو جلا دو اور اپنے ٹھاکرون کی مدد کرو بعض کے نزدیک یہ کلمہ نمرود نے کہا تھا اور ابن عمر
روایت ہو کہ قائل اس قول کا ہیون تھا کہ اُسی وقت زمین پھٹی اور وہ سیدھا نار جہنم مین داخل ہوا آخر کار
نمرود نے آنجناب کو قید کیا پھر ایکدن مجلس عام مین بلا کر پوچھا کہ تو ہمارے ٹھاکرون کو بد جانتا ہی ہوا انکو توڑ ڈالا
بیان کر تیرا دعوی کیا ہی اور پروردگار تیرا کون ہی حضرت نے فرمایا میرا خدا ایسا ہی کہ عنان اماتت و احیا اپنے
قبضہ اختیار مین رکھتا ہی اور زمام اعزاز و اذلال اپنے زیر اقتدار مین ؎ ہرچہ آن کردنی تواند بود
ز نیستش آرد از عدم بوجود + کما قال اللہ قال ابراہیم ربی الذی یحیی ویمیت اسکے جواب مین نمرود بولا
انا احیی وامیت یعنی مین بھی مارتا جلاتا ہون چنانچہ ایک دائم الحبس قیدی کو چھوڑ دیا اور کہا مین نے
مردے کو زندہ کیا اور دوسرے قیدی بیگناہ کو قتل کروایا اور کہا زندے کو مردہ کیا شاید اس بیوقوف کا
اعتقاد یہ تھا کہ احیا نام عفو کا ہی اور اماتت قتل کا حالانکہ اماتت و احیا سے کچھ مناسبت نہین یا شاید

ایسا نہو کہ جو حاضرین مجلس ہیں تلبیس ملبیسی کرتا تھا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہ مقام موعظت و نصیحت میں
تھے نہ محل مجادلہ و نصیحت میں مطلقاً شرائط جدال کی رعایت نہ کی اور اصلاً تعرض نہ اسکے مغالطہ
باطلہ کے اعتراض سے اعراض فرما کر ایسی حجت بر روے کار لائے کہ سوائے خدا کے کوئی جواب دہ نہو سکے
کما قال اللہ تعالیٰ قال ابراہیم ان اللہ یاتی بالشمس من المشرق فأت بہا من المغرب یعنی کہا ابراہیم نے بیشک
اللہ تعالیٰ لاتا ہے آفتاب کو ہر روز جانب طلوع سے سو تو لا اوسکو محل غروب سے ✱ ز شرق آرد و بغرب
راند کوکب ✱ تو با شرق آرش کن ز مغرب ✱ فبہت الذی کفر سو مبہوت ہو گیا جو منکر تھا یعنی نمرود
اور حجت اسکی منقطع ہوئی اور یہ انقطاع بسبب معجزہ پیغمبر تھا اسلیے کہ اگر نمرود کہتا کہ میں آفتاب کو مشرق سے
جانب مغرب لاتا ہوں تو قوم پر پوشیدہ رہتا اور جو بالفرض نمرود کہتا کہ اپنے خدا سے درخواست کر کہ مغرب سے
نکالے تو قبل قیام قیامت واقع ہو جاتا اور خلیل اللہ علیہ السلام کا دعوی باطل ہوتا جیسا کہ روایت ہے کہ
حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا تھا کہ تم حاضر رہو کہ اگر نمرود ابراہیم سے کہے کہ تو آفتاب کو مغرب سے
نکال تو آفتاب پھیر کر مغرب سے نکال دینا ✱ معجزہ آنکہ تدارکش ز دست ✱ ز ہیچ دانا حلش نگردد بست
اہل تحقیق کہتے ہیں کہ عدول حضرت خلیل کا ایک دلیل سے دوسری دلیل کی طرف عاجز ہونے سے نہیں ہے بلکہ سبب
حضرت نے دیکھا کہ نمرود خواص کے نزدیک ملزم ہوا مگر عوام اسکے فعل کو اماتت و احیا سمجھتے ہیں لہذا
دلیل بین پر انتقال کیا تاکہ الزام زیادہ ہو اور عوام کے روبرو بھی رسوا ہو و موجز ابو الفتوح سے تفسیر
جواہر میں منقول ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے دیکھا کہ ایک قیدی کو رہائی دیکر بولا یہ احیا ہے اب میرے کو
مار کر کہیگا یہ اماتت ہے سو قبل قتل ہونے بیگناہ کے از روے شفقت دوسری دلیل پیش کی اور بعض
مستقیم نہیں ہے کہ حضرت نے جانا یہ سخن مناسب فہم نمرود نہیں ہے تب بمقتضاے کلموا الناس علی قدر عقولہم
یوں ارشاد کیا کیونکہ اکثر قوم کے لوگ نجومی تھے اور حرکت خاصہ کواکب سیارہ مغرب جانب مشرق
معلوم تھی اور حرکت شرقیہ مرئی محسوس سو آنجناب انھیں کے علم سے حجت لائے اور کہا کہ رب
ہمارا آفتاب کو برخلاف اسکی سیر کے حرکت دیتا ہے کہ وہ دشوار ہے بھلا تو موافق اسکی سیر کے کہ غرب سے
جانب شرق ہے حرکت دے کہ حرکت قسریہ سے آسان ہے یا یہ کہ اہل مجلس تعظیم شمس کرتے تھے سو فرمایا
کہ جو تمھارا معبود ہے وہ میرے رب کا منقاد ہے اور اگر کوئی خیال کرے تو حضرت ابراہیم نے کیا خوب قیاس
استثنائی معقولی بنا کر پیش کیا تھا کہ نمرود ساکت ہو گیا یعنی معبود حق کو قدرت جمیع ممکنات پر لازم ہے
اور وہ لازم تجھمیں منتفی ہے پھر تو معبود نہیں ہے اور قیاس استثنائی منطق میں وہ ہوتا ہے کہ نقیض
تالی کی مستثنیٰ ہو پس نقیض مقدم کی نتیجہ واقع ہو اور حضرت نے تو اسطرح شروع میں اپنے

نفس کو بھی معقول کیا تھا فلما افل قال لا احب الآفلین یعنی افول اللہ کے ساتھ جمع نہین ہوتا حالانکہ
مجتمع ہوا ہی قمر کے ساتھ پس نہین ہی الہہ و مرجع اسکا ثابت کرنا عناد کا ہی دو چیزون مین یعنی الوہیت و افول
اور امام رازی فرماتے ہین کہ یہ کلام تتمہ دلیل اول ہی کیونکہ آنجناب نے باحیا و اماتہ حجت پکڑی تو نمرود کہ
تو اعد فلاسفہ سے واقف تھا کہنے لگا اگر ادعاے اماتہ و احیا بلا واسطہ ہی تو میرے خیال مین نہین آتا اور
اگر بواسطہ حرکات افلاک و نظرات کواکب ہی تو نظیر اسکا یا قریب اسکے امکان بشری سے خارج نہین ہی
اسکے جواب مین حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ حرکات کواکب و افلاک ہمارے خدا کے اختیار و تقدیر سے ہی پس یا
بشر کو اسکے تغیر کی قدرت نہین ہی دیکھ آفتاب مشرق سے مغرب کو اسکے حکم سے جاتا ہی بھلا تو خلاف
اسکی حرکت دے سو نمرود حیران ہوا اور ایک روایت ہی کہ ان دنون شدت قحط تھا و نمرود نے غلات
بطریق احتکار بھرا تھا جب کوئی غلہ لینے جاتا اس سے اکیو خدا کہلاکر سجدہ کراتا تب غلہ دیتا قضاے کار
حضرت ابراہیم کو بھی ضرورت ہوئی آپ بھی آئے نمرود نے کہا مین کون ہون فرمایا تو ایک خدا کا بندہ ہی
کہنے لگا کہ مجھے سجدہ کرو تو غلہ ملے فرمایا مین سواے اپنے خدا کے کسی کو سجدہ نہین کرتا اسنے کہا تیرا خدا
کون ہی کہا ربی الذی یحیی و یمیت اور تفسیر کبیر مین ہی کہ جب حضرت نے احیاے نمرود تسلیم نہ کیا تو نمرود نے
کہا کہ تو اپنے خدا سے درخواست کر کہ وہ مردہ زندہ کرے اور اس بات پر نہایت مصر ہوا اور کہا اگر ایسا نہ کریگا
تو قتل ہوگا آنجناب نے ناگزیر دعا مانگی رب ارنی کیف تحیی الموتی یعنی اے پروردگار مجھے دکھلا اپنی قدرت
کا بات سے کیسے زندہ کرتا ہی مردہ کو ارشاد ہوا اولم تومن یعنی کیا تو یقین نہین لایا اور مقابل منکر کے
بول اٹھا کہ ربی الذی یحیی حضرت نے عرض کیا بلی ولکن لیطمئن قلبی یعنی یقین کیون نہین لیکن
یہ تمنا دل کے اطمینان کے واسطے ہی یعنی مین قدرت کاملہ احیاسے قائل گرویدہ ہون اور مجھے کچھ بھی شک
نہین لیکن بنا بر ... دل مین الیقین چاہتا ہون اصل یہ ہی کہ یہ علم میرا استدلالی ہی اب درخواست
ضروری کی یہ کہتا ہون اور صاحب تائیس کہتے ہین کہ سماعت موقوف خبر پر ہی و الخبر یحتمل الصدق و الکذب
اور باصرہ جس چیز کو دیکھتا ہی باطل نہین ہوتا سہ کرد مردے از سخندانے سوال * حق و باطل چیست
اے نیکو خصال * گوش را بگرفت و گفت این باطل ست * چشم حق ست و یقینش حاصل ست * چہ دگن
گرگوش در شہیت بود * انچہ باطل بودہ است آن حق شود * گوش دلال ست و چشم اہل وصال * چشم
صاحب حال و گوش از اہل قال * ہر جوالی کان زگوش آید بدل * چشم گفت از من شنو آنرا بہل *
سو حضرت ابراہیم نے چاہا کہ جو کچھ کان سے سنا ہی آنکھ سے بھی دیکھون اہل عرفان کہتے ہین کہ یہ سوال
محض واسطے خاتمہ تھا نہ بنا بر رفع شک جسطرح رویت الٰہی و نعماے بہشت کی یقین کامل ہی مگر

آرزو سے دیدار مین یقین مین بڑھتا جاتا ہی تفسیر بصائر مین ہی کہ رتبہ ایمان اور ہی اور درجہ ایقان اور شہود
حضرت کو احیاء موتی کا ایمان کامل تھا اسلیے مستدعی ہوئی کہ یہ ایمان زیور ایقان سے آراستہ ہو جاے اور
موعود حق آنجناب مین ایقان تھا کہ ولیکون من الموقنین اور محمد اسحاق کا یہ قول ہی کہ جب نمرود سے
مناظرہ ہوا تو آپ سے دعوی یعنی احیاء و اماتہ کیا اور دکھلایا تو جھوٹا اسے مجلس نے قبول کیا حضرت نے
اللہ سے درخواست کی کہ مجھکو کیفیت احیا دکھلا تاکہ جھوٹا و جھلا کہ نزدیک نمرود مین گرویدہ ہوے ہین عیان ہم
کرین کہ احیا و اماتہ نمرود کی باطل ہی اس صورت مین اطمینان قلب قوم مقصود تھی یعنی لیطمئن عامہ
قومی اور تفسیر تبیان مین ہی کہ جب نمرود نے مارنا جلانا دکھلایا تو حضرت ابراہیم نے کہا یہ احیا نہین
لانہ اعادۃ الروح فی الجسد وہو فعل الخالق تب نمرود بولا تو نے دیکھا ہی یا دکھلا سکتا ہی حضرت نے
جواب نہ دیا اور دوسری دلیل پر انتقال فرمایا بعد اسکے اللہ سے درخواست کی کہ مردے کو زندہ کر
تاکہ وقت مناظرہ اپنے مشاہدے سے خبر دون اور تفسیر کبیر مین ہی کہ جسطرح پیغمبر کی امت محتاج
معجزہ ہوتی ہی اسی طرح پیغمبر بھی وقت نزول ملک الوحی مشتاق معجزہ ہوتا ہی تاکہ اطمینان ہو جاے
کہ یہ فرشتہ ہی نہ دیو سو تعجب نہین کہ حضرت ابراہیم نے وقت نزول فرشتے کے اسی معجزے کی طلب
کی ہو اور معالم مین ہی کہ جب خداوند تعالے نے ابراہیم کو اپنا خلیل بنانا چاہا تو آوازہ خلت زمین و
آسمان مین بھیجا کہ حضرت عزرائیل نے منادی سنکر التماس کیا کہ یہ بشارت حضرت ابراہیم صلعم کے
پاس مین لیجاؤنگا چنانچہ حضرت عزرائیل وہ تحفۂ خلیل پر تشریف لاے اسوقت آنجناب قفل
بند کر کے کہین باہر تشریف لیگئے تھے تھوڑی دیر بعد گھر آئے تو دیکھا کہ ایک شخص اجنبی گھر کے
اندر بیٹھا ہی مقتضاے غیرت انکو غصہ آیا چاہا کہ اسے گرفتار فرما کر سزا دین حضرت عزرائیل
علیہ السلام نے دست بستہ عرض کیا کہ اے خلیل ایذا نہ دو مین فرشتۂ رب جلیل ہون موافق حکم کے
اسکے خلیل کے گھر مین آیا ہون اگر مجھے اذن الہی نہوتا تو ایسی گستاخی نہ کرتا آنجناب نے کہا
تمھارا نام کیا ہی اور تم کس قسم کے فرشتے ہو کہا مین عزرائیل ہون تمکو بشارت خلت لایا ہون
کہ رب العالمین نے بسبب خاص نیت آپ کے خلعت خلت پہنایا اور کوس عنایت بجایا
و ترانۂ واتخذ اللہ ابراہیم خلیلا گوش ساکنین ارض و سما مین پہونچایا ہی حضرت ابراہیم
علیہ السلام یہ مژدہ سنکر مراسم حمد و ثنا بجا لاے پھر پوچھا کہ اس بشارت کی دلیل کیا ہی حضرت
عزرائیل علیہ السلام نے کہا کہ میرے دعوی پر گواہ یہ ہی کہ تم مستجاب الدعوات ہوے تمھاری
دعا سے خدا مردے کو زندہ کریگا تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نہایت شوق سے دعا مانگی

رب ارنی کیف تحیی الموتی اور بعضے عقلا کہتے ہین کہ قوت وہمیہ اشیاے غیر محسوسہ کے ادراک مین
مقصر ہی مگر قوت عقلیہ البتہ اشیاے غیر محسوسہ کو سمجھ سکتی ہی اور اس سبب سے جب عقل و وہم مین
تخالف واقع ہوتا ہی تو طبع انسانی مشوش و متردد ہو جاتی ہی اور دل مضطرب و مضطر اسلیے حضرت
ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام نے خداوند عالم سے یہ سوال فرمایا تاکہ قوت حساسہ اس احیا کی
مشاہدے سے مشوشات طبع کو دفع کرے اور دل ساکن و مطمئن ہو جاے پس حقیقت نفس احیا مین
مطمئن القلب تھے لیکن کیفیت مین تامل تھا کسواسطے کہ صورت احیا مختلف ہوتی ہی پس اس
احیا کے سوال سے گویا کیفیت احیا مراد ہی یعنی حضرت نے چاہا کہ جسطرح نفس احیا سے مطمئن القلب
ہون اسکی کیفیت سے بھی مطمئن ہو جاون اور اسی واسطے ارنی احیاء الموتی نہین فرمایا بلکہ
کیف تحیی الموتی کہا اور اسی قول کے قریب قریب فتوحات مین حضرت شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ
فرماتے ہین کہ طریق احیا مختلف ہی جسطرح وجود خلق اسواسطے کہ بعضے مخلوقات کلمہ کن سے
موجود ہوئی ہین اور بعضون کو ایک ہاتھ سے اور بعضون کو یدین سے اور بعضون کو ابتداءً اور
بعضون کو بسبب اور مخلوقات کے پیدا کر دیا ہی جب اسطرح سے حضرت ابراہیم نے دیکھا تو جانا
کہ احیا خلق بعد از موت قسم وار مختلف ہی اور یہ بھی مختلف ہوگی پس درخواست کی کہ کون قسم کی ہی
حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ سبب اس سوال کا یہ تھا کہ ایک روز حضرت
ابراہیم علیہ السلام بحیرۂ طبریہ سے عبور فرماتے تھے ایک مردار کنارے دریا کے پڑا ہوا دیکھا کہ وقت
مد دریا کے مچھلیان نہنگ سوس وغیرہ جانور دریائی اپنا رزق اس سے لیتے ہین اور وقت جزر
دریا کے مچھلی و نہنگ چلے جاتے ہین حیوانات جنگلی اسپر متوجہ ہوتے ہین اور کھاتے ہین بعد اسکے
مرغ ہوا شکاری غیر شکاری اپنا حصہ لیتے ہین حضرت ابراہیم علیہ السلام نے وہان ٹھہر کر
کمال تعجب سے دیکھا اور اپنے دل مین تصور کیا کہ مجھکو یقین ہی کہ خداوند کبریا قادر ہی کہ اس
مردے کو زندہ کرے کیونکہ قدرت بیزوال اور قوت بیکمال اس پروردگار کی شائبۂ نقصان
اور زوال سے پاک ہی ؎ چو قدرتش علم کن فکان برافرازد ✤ ز نیستی بہ سرے ہستی کشد
جہانے را ✤ لیکن یہ مردہ کہ اسکے اجزا متفرق دریائی جانورون اور صحرائی درندون اور
ہوائی مرغون کے جزو بدن ہوگئے ہین کسطرح زندہ ہوگا لہذا سوال کیا کہ رب ارنی
کیف تحیی الموتی اور ایک جماعت مفسرین اسطرف گئی ہی کہ ایک روز ابلیس پر تلبیس
کنارے کسی دریا کے گذرا وہان ایک قبر دیکھی کہ مردہ اسکا باہر پڑا اور مرغ ہوا جانور

دریا میں انات صحرا اس سے اپنا حصہ لیتے جاتے ہیں ایکساعت کامل وہان توقف کرکے خوب دیکھا
اور دیکھکر کہا یہ خوب حیلہ مجھکو ہاتھ لگا اب میں سب تتفاوت اور کوتہ نظرون کو دام فریب میں
پھنسا ونگا کہ قیامت کو خالق ذوالجلال اپنے اجزاے متفرقہ کو اطراف عالم سے کسطرح جمع
کریگا اور ایسے اعضاے پراگندہ کو حواصل طیور اور اجواف سباع سے کیونکر یکجا کریگا اسوقت
حکم الٰہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہونچا کہ فلان دریا کے کنارے جلد جا کہ میرے دشمن نے
مکر اور فریب کا جال پھیلا رکھا ہے چاہتا ہے کہ میرے بندون کو بہکاوے پس حضرت خلیل علیہ السلام
بحکم رب جلیل دریا پر تشریف لائے ابلیس علیہ اللعنۃ کو متحیر کھڑا ہوا دیکھا حضرت نے
ارشاد کیا کہ ای ملعون کیا تامل کرتا ہے اور کون نقشہ تو کا اپنی لوح فکر پر کھینچتا ہے ابلیس نے
جواب دیا کہ اس مردے کی کیفیت سے متحیر ہون کون معمار اس خانہ خراب کو بنا سکتا ہے اور
کون مہندس اس نقشے کو از سر نو کھینچ سکتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ ای مردود یہ
کیا محل تحیر ہے وہی معمار قدیر جو اسکو کتمان عدم سے صحراے وجود مین لایا تھا قادر ہے کہ دوسری
مرتبہ زاویۂ تفرقہ سے ساحت جمعیت مین پہونچا دے ؎ کوزہ گر گر کوزۂ را بشکند ٭
چون بخواہد باز قائم میکند ٭ آنکہ داند کوزہ کردن از نخست ٭ چہ عجب گر سازد اشکستہ درست ٭
پس ابراہیم علیہ السلام نے زبان سوال کھولی کہ الٰہی دکھلا مجھکو کسطرح مردے کو زندہ
کرتا ہے تاکہ یہ طاغی ملزم ہو اور دل میرا اسکے الزام سے اطمینان پکڑے اور اہل تصوف
فرماتے ہین کہ مراد موتی سے وہ قلوب ہیں کہ انوار مکاشفات سے محجوب ہون اور احیا
عبارت ہے تجلی انوار الوہیتہ سے اور زمانۂ حضرت ابراہیم مین آدمی اس نعمت سے بے بہرہ تھے
اسواسطے حضرت نے فرمایا کہ رب ارنی الخ یعنی قلوب کا زندہ ہونا مجھکو دکھلا تاکہ دل
میرا اس تجلی کے حاصل ہونے سے آرام پائے اور معلوم ہو جائے کہ یہ لوگ بعد سے قرب مین
پہونچے اور بعضے کہتے ہین کہ جب اللہ جل شانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ذبح
اسمعیل علیہ السلام کا حکم دیا اور حضرت نے بامتثال حکم ربانی مقدمات ذبح پر اقدام فرمایا
تب آپ نے دعا مانگی کہ الٰہی تو نے حکم دیا کہ زندہ کو بیجان کر مین نے اسپر اقدام کیا
اب مین درخواست رکھتا ہون کہ مردے کو زندہ کر تاکہ مین دیکھون اور ایک وجہ اور
بھی ہے کہ تمام خلق پر بروز قیامت حقیقت حشر اور نشر بخوبی روشن ہو جائیگی الا
حضرت نے چاہا کہ آج دنیا مین مجھکو احیاء موتی دکھلا دیجئے کہ مجھکو اطمینان حاصل ہو رہے

اور قبل از قیام قیامت اِس اختصاص سے مخصوص ہو جاؤن اور یہ بھی وجہ ہی کہ اغلب آیات
حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عقلی تھے اور سا انبیا کو آیات حسّی بھی ہوتی ہین جیسے ید بیضا اور
عصا وغیرہ پس حضرت ابراہیم علیہ السلام نے درخواست کی کہ مین جامع آیات حسّی اور
عقلی ہو جاؤن لہذا درخواست کی کہ رب ارنی کیف تحی الموتی اور امام جمال الدین سباحی
اپنے عشرات مین امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہین کہ خداوند تعالے نے
حضرت ابراہیم علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ تیری اولاد مین ایک پیغمبر ذی شان آخر الزمان
پیدا ہوگا اور نام اُسکا محمد ہی اُسکی برکت سے میری خلت کی تاثیرات سب ظاہر ہونگی
حضرت خلیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ یا الٰہی وہ شخص کس زمان اور وقت مین ظاہر ہوگا
اور علامت ایجاد اِس خلت کی بعد نشان وقوع اِس دولت کا کیا ہی حکم ہوا کہ جب تیری
دعا سے مُردے کو زندہ کرون تب جان لے کہ مین نے تجھکو خلیل اپنا کیا چونکہ مدت انتظار
دراز ہوئی بزبان نیاز دعا مانگی کہ رب ارنی کیف تحی الموتی اور فصول مین حضرت حسن
بصری رحمۃ اللہ علیہ و برکاتہ سے نقل کی ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی صحف مین
ملاحظہ فرمایا تھا کہ مرغان ہوا ہوا سے بہشت مین طیران کرینگے اور اہل بہشت باشارہ
و بحکم طیر مما یشتہون اُس سے گوشت لیکر تناول کرینگے اور پھر دوسری مرتبہ وہ ہڈیان مجتمع
لباس بحکم مین ملتبس ہو کے بال و پر دم بھر مے ملکر بدستور فضائے بہشت مین پرواز کرینگی
اِسواسطے حضرت ابراہیم نے درخواست کی کہ اِس عالم مین بھی اُسکو ملاحظہ کرون پس
عرض کیا رب ارنی کیف تحی الموتی اور بعضون نے لکھا ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
اپنی صحف مین دیکھا تھا کہ حق سبحانہ تعالے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے مُردے کو
زندہ کریگا اِسواسطے آپ نے بھی دعا مانگی کہ یا اللہ مُردے کو زندہ کر تا دل میرا مطمئن ہو جاکے
اور مرتبہ میرا کمتر مرتبہ لڑکے سے جو عیسیٰ ہوگا نہو اور اہل تحقیق بعد اعتقاد وقوع اِس قصہ کے
ظاہر مین باطن آیۃ مین خوض کرکے فرماتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام مثل عاشق
بیتاب کے عشق الٰہی سے بے آرام تھے اور غایت جلال اور دلال معشوقی سے اُنکو طاقت
رویت جمال الٰہی نہ تھی اِسواسطے نعرہ ارنی انظر الیک دہان عالی سے نکالا ؎ برقع
فروگذاشتہ بگذر کہ دیدہ را ✤ با نور آفتاب جمال تو تاب نیست ✤ مثلاً کسی کا محبوب کاتب ہو
اور عاشق چاہے کہ اُسکو دیکھے اور کہے کہ ارنی کیف تکتب پس اِس مقام مین غرض رویت

کاتب کی ہی نہ مشاہدہ کتابت اور خیال عاشق کا یہ ہو کہ شاید محبوب دلنواز برقع ناز اُٹھا کر
فرما وے کہ انظر کیف اکتب یہان بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو احیاء موتی گویا بہانہ
شہود محبوب تھا اور چونکہ طلب لقار مزاو راشارے سے واقع ہوئی تھی جواب بھی پوشیدہ
ملا کہ اولم تومن اور ارباب وجدان فرماتے ہین کہ باعث سوال کا صرف استماع اِس
کلام کا تھا اِسواسطے کہ معائنہ دوست مین عاشقون کو ایک ذوق ہوتا ہی اور جسکو حاصل
نہین ہوتا وہ اصلا نہین جانتا ہی سلمی کہتے ہین کہ جب خطاب باعتاب اولم تومن
حضرت خلیل علیہ السلام کو پہونچا آپ نے جواب دیا کہ بلےٰ ایمان رکھتا ہون لیکن مشتاق
جمال تھا باوجود یقین کامل کے مین نے آپ کو لباس اہل گمان مین پوشیدہ کیا تھا
تاکہ یہ جواب سنون اور دل میرا آرام پائے مصرعہ عه ویبقی الود ما بقی العتاب*
بالجملہ جب حضرت ابراہیم نے عرض کیا کہ مین اِسکا ایمان لایا ہون کہ تو مُردون کو زندہ
کرنے والا ہی اور تیری قدرت کا مانا گرویدہ ہون لیکن یہ سوال اِسواسطے مین نے کیا ہی کہ
مجھکو اطمینان ہو جائے اور میرا قلب آرام پائے یعنی عین الیقین حاصل ہو تو ارشاد ہوا
فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن الیک ثم اجعل علی کل جبل منہن جزءا ثم ادعہن یاتینک سعیا
یعنی پس پکڑ تو چار جانور اُڑنے والے پھر اُنکو ہلا اپنے ساتھ پھر ڈال ہر ایک پہاڑ پر
اُنکا ایک ایک ٹکڑا پھر اُنکو پکار کہ آوین تیرے پاس دوڑتے چنانچہ حضرت ابراہیم نے
چار جانور لیے مور کوا کبوتر مرغ اُنکو اپنے ساتھ ہلایا کہ پہچان رہے پھر ذبح کیا اور
ایک پہاڑ پر چارون کے سر رکھے دوسرے پر اُنکے پر تیسرے پر دھڑ چوتھے پر پیر کاٹکر
اور بابین جبال کھڑے ہو کر ایک کو پکارا اُسکا سر اُٹھکر ہوا مین کھڑا ہوا پھر دھڑ
چلا پھر پر لگے پھر پاؤن کہ وہ دوڑتا چلا آیا اِسی طرح چارون آ گئے اور بعضی روایت مین
بجاے کوے کے کرگس ہی اور بجاے کبوتر کے بط اور عطا مفسر کہتے ہین کہ بط سبز
تھی اور کوا سیاہ کبوتر سرخ خروس سفید اور بعضے محققین مفسرین یون روایت
کرتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جانورون کو ذبح فرمایا اور سر اُنکے
ہاتھ مین لیے اور تمام اجزا کو خوب کوٹکر ملا دیا پھر اُسکے چار حصے کیے ہر ایک حصے کو
ایک ایک پہاڑ پر رکھدیا اور آواز دی کہ اے مرغ آؤ اپنے سرون کی طرف پس حکم
خدا سے چارون جانور اپنے سرون کی طرف اجزا سے متفرقہ سے ملکر دوڑے

له یعنی دیکھکر مرے لکھتا ہون ۱۲

عله یعنی باقی رہتی ہی محبت جبتک باقی رہے عتاب ۱۲

اول حکمت وڑنے مین یہ تھی کہ کسی طرح کا شبہ باقی نرہے اسواسطے کہ توہم اس امر کا ہوتا تھا کہ شاید اور ہی جانور ہون یا شاید خیال کیا جاوے کہ بازون اُنکے درست نہین ہوسے ہین دوسرے یہ کہ جانورکے دوڑنے مین جو حال معلوم ہوتا ہے وہ اڑنے مین نہین دریافت ہوتا ہے تفسیر انوار مین لکھا ہے کہ جو شخص کہ اپنے نفس کو حیات ابدی سے زندہ کرنا چاہے بہتر ہے کہ قوائے صفات بدنیہ کو تیغ ریاضت سے بسمل کرے اور ایسا کوٹے کہ تندی انکی جاتی رہے اور رفرفا نہ داری پر قرار واقعی مستعد رہین پھر انکو عقل اور شرع کی طرف بلاوے تاکہ بطریق متابعت اور مطاوعت جاری کرین اہل معانی علیہم الرحمۃ فرماتے ہین کہ چار جانورکے ذبح کرنے مین یہ اشارہ ہے کہ کبوتر پیوستہ آدمیون سے انسیت رکھتا ہے اسکے رشتۂ الفت کو توڑے اور خروس ہمیشہ مائل بشہوت رہتا ہے اسکو ذبح کرے کہ بند شہوت سے نکلے اور کوا منبع حرص اور طمع ہے اسکو قتل کرے کہ صفت حرص اور طمع دور ہوجاوے اور طاؤس مجمع زینت ہے اسکا سر کاٹے تاکہ آرائش دنیا سے آنکھین اسکی بند ہوجاوین تب حقیقت معنی پر پہونچے حضرت بہاء الدین نقشبند علیہ الرحمۃ فرماتے ہین کہ آرائش ظاہر ویرانی باطن کا سبب کامل ہے اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص تیغ مجاہدہ سے ان چارون جنتون کو ذبح کرڈالے حیات ابدی اور زندگانی سرمدی اسکو حاصل ہو اور حکیم سنائی فرماتے ہین ؎ چار مرغ ست چار طبع بدن * چار را بہر دین بزن گردن * پس بایبان عشق و عقل و دلیل * زندہ کن ہر چہار را چو خلیل * یعنی آگ نمونہ ہے قہر کا اور شہوت شرہ ہے ہوا کا اور حرص خاصہ ہے پانی کا اور تیرگی و تیرہ ہے خاک کا پس ان چارون ارکان کا تیغ ریاضت سے ذبح کرنا لازم ہے اور تخصیص پرندون کی وجہ یہ ہے کہ نوع مرغ الطف حیوانات میں ہے اور حیات الطف اشیا ہے اور سائل لطیف نے خداوند لطیف سے مشاہدہ الطف اشیا کا سوال کیا لطف عمیم نے اقتضا کی کہ یہ صورت الطف حیوانات پر ظاہر کیجاوے تاکہ وجہ مناسبت بھی بخوبی پیدا ہو تفسیر کبیر مین لکھا ہے اگر کوئی شبہ کرے کہ ایک حیوان کے زندہ کرنے سے بھی مطلب حاصل تھا چار کی کیا ضرورت تھی تو جواب یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے موافق عبودیت کے درخواست کی خداوند کبریا نے بقدر ربوبیت دکھلایا مصرع
تو لائق خود خوردہی من در خور خود بخشم * اور تفسیر جواہر مین لکھا ہے کہ شاید یہ وجہ ہے کہ

سوال حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طالب حیات سے تھا اور حیوان کے ارکان چار ہین آگ پانی خاک ہوا اور ہر ایک حیوان کے بدن مین چار سلطین ہین خون بلغم سودا صفرا اور اعضاے رئیسہ بھی چار ہین دل دماغ کبد انثیان اور ہر حیوان مین چار قوت طبعیہ ہین غاذیہ نامیہ مولدہ مصورہ اور چار قوتین انکی خادم ہین جاذبہ ماسکہ ہاضمہ دافعہ اور یہ چار محتاج ہین چار کیفیت کی حرارت یبوست رطوبت برودت پس مدار ہر کام کا حیوانات مین مختص ہے چار سے لہذا ایراد اس عدد کا مناسب ہوا اسواسطے کہ یہ وقت وقت اظہار آثار حیات کا تھا اور ارباب تذکیر یہ وجہ بیان کرتے ہین کہ اے ابراہیم طاؤس کو پکڑ اور زیب اور زینت حضرت آدم علیہ السلام جو بہشت مین تھی یاد کر اور کوے کو گرفتار کر اور رغبت اور حرص حضرت آدم کی اکل شجرہ مین مشاہدہ کر اور کبوتر کو دیکھ اور الفت اور وابستگی حضرت آدم کے ریاض فردوس سے پہچان اور خروس کو لے اور شہوت وصال آدم علیہ السلام کو جو حضرت حوا سے ہوئی تھی دل مین خیال کر اور جسوقت انکو ذبح کر تو ہو بہو آدم علیہ السلام مین بخوبی فکر کر کہ بوستان بہشت سے کسطرح زندان دنیا مین گرفتار ہوے اور زینت رضوان کو محنت اس کلبۂ احزان سے بدل ڈالا اور سرانجام رغبت اکل مین زحمت جوع حاصل کی اور بجاے نور الفت کے ظلمت وحشت ملی اور نسبت وصلت مہاجرت اور فرقت سے بدل ہوئی اور جب مین انکو زندہ کرون تو اس نکتۂ دلپذیر کو لوح ضمیر پر تصویر کر کہ حضرت آدم علیہ السلام کو مین نے بعد غربت اور وحشت کے زیور توبہ سے مثل عروس آراستہ کیا اور لباس قربت اور وصلت بھی اس جسم نزار پر پہنایا اور فائدہ اس فکر کا یہ ہے کہ جب حال آدم علیہ السلام کا معلوم ہو گیا تو پھر تجھپر پوشیدہ نرہیگا کہ احوال آدمیون کا بھی منقلب اور متفاوت ہوتا ہے نہ عشرت اور مسرت کو دوام ہے اور نہ محنت اور نکبت کو مقام مصرعہ بہ ہرچہ زند آدم ہرچہ آید بگذرد + پس شکر کر اور محنت اور شدت مین صبر اختیار کر بیت اے کہ می نالی ز محنت راہ خرسندی طلب + کین ہمہ اندوہ وغم در نیم ساعت بگذرد + وے کہ می نالی بدولت بیش ازین شادی مکن + چشم تا برہم زنی اقبال و دولت بگذرد + امام عبدالوہاب فصول مین بیان کرتے ہین کہ چارون طیور مین ایک ایک صفت بہتر تھی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تابرا کتساب اذن صفات کے بھی اشارہ ہوا ہے یعنی اے خلیل

طاؤس مین حُسن خُلق ہی تو بھی حُسن خُلق اختیار کر[۱] اور خروس بیدار سحر خیز ہی تو بھی رات کو
وظیفہ ذکر اور مناجات کر[۲] اور بط صفت طہارت سے موصوف ہی تو بھی ظاہر اور باطن اپنا
پاکیزہ رکھ[۳] اور غراب عزلت گزین اور گوشہ نشین ہی تو بھی اپنے دل کو اندیشۂ اغیار سے
دور رکھ ع مناسب نیست یکجا جمع کردن * ہواے یار با سودائے اغیار * تفسیر کنز العلوم
مین لکھا ہی کہ حکمت اِس حکم مین یہ ہی کہ طاؤس حُسن اور جمال مین سب مرغون سے مقدم ہی
اور انسان جمال اور نکوئی مین سب حیوانات سے افضل ہی کہ لقد خلقنا الانسان فی احسن
تقویم سو طاؤس مشابہ ہی آدمی سے اور خروس مُشابہ ہی فرشتے سے یعنی جسطرح فرشتہ
تمامی اوقات موجودات سے ذکر خدا مین بیشتر رہتا ہی خروس بھی تمامی انواع طیور سے
طریقۂ ذکر مین اکثر ہی اور بط کو جنات سے مناسبت ہی اسواسطے کہ جن کبھی ظاہر ہوتا ہی
اور کبھی مخفی اسی طرح بط بھی اوپر آتی ہی کبھی نیچے اور زاغ کو سیاہی رنگ اور
طول عمر اور قباحت فعل کے سبب دیو سے مُشابہت ہی سو حکمت باری بزبان اشارت
ارشاد فرماتی ہی کہ اے خلیل وقت ذبح اِن جانورون کے فنا سے انسان اور ملک اور
جن اور شیاطین سے خبردار ہو اور جب یہ چارون میری قدرت سے زندہ ہون قرآن
چارون کے زندہ ہونے سے مطلع ہو کہ مین اول اور آخر کا مختار ہون **فائدہ**
آیۂ قرآنیہ مین واقع ہی کہ ہر پہاڑ پر ایک جز رکھدے یہ امر بظاہر محال معلوم ہوتا ہی اسواسطے
مفسرین نے کہتے ہین کہ اِس جگہ ایراد عام اور ارادہ خاص ہی جسطرح اوتیت من کل شیٔ
مین واقع ہی یعنی جس پہاڑ پر رکھنا ممکن ہو اور تیرے نزدیک ہو اُسپر رکھدے
وجہ تخصیص پہاڑون کی بظاہر یہ معلوم ہوتی ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قدرت
حق کا اظہار اپنی اُمت پر چاہا تھا اور پہاڑ تمام اجزاے زمین سے اظہر ہین اور
ایک وجہ اور بھی خیال مین آتی ہی کہ اکثر انبیا اور اولو العزم کو پہاڑون پر خلعت فیض
عنایت ہوا ہی جسطرح حضرت آدم علیہ السلام کو ثمر توبہ شجر عرفات سے ملا اور سفینہ
یا سکینہ حضرت نوح علیہ السلام کا قرارگاہ کوہ جودی مقرر ہوا اور عہدۂ تکلیم موسے
کلیم اللہ کا کما قال اللہ وکلم اللہ موسٰے تکلیما طور سینا سے عنایت ہوا اور زمزمۂ نغمات
داودی کوہ یوذ سے بلند ہوا اور نور شریعت حضرت عیسیٰ روح اللہ اوج ساعیر سے
چمکا اور آفتاب عنایت ابدی اور کوکب فضل ایزدی ازلی حضرت احمدی صلے اللہ

علیہ وسلم کو وہ سرا سے طالع ہوا بلکہ خود حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تیر اجابت دعوت واذن
فی الناس بالحج کوہ ابوقبیس سے نشانہ پر لگا اور فدا سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام بہاڑ مناکہ
تسمیہ اسی سے مشہور ہے اور رسول پاک کے وقت کہ خواہ کسی پر کی ہیں عنایت ہوئی تھیں اظہار معجزہ کہ احیا اور روح حج
اجزا کا جسمی حکم پہاڑوں پر پہونچا کہ حضرت نے اجزائے متفرقہ کو پہاڑوں پر رکھکر گویا ارشاد
کیا ہے بیاید امر کہ رفتار ان کہ مفتاح نجات آمد ٭ حجاب مرگ تا سو رفت و ہنگام حیات
آمد ٭ چنانچہ بمقارنت اس آواز کے اجزائے متفرقہ باہم ملکر اپنے سروں سے ملحق ہوئے
کمالیہ القصص میں لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کوّے کا سر طاؤس کو دکھلایا اُسنے
رنجیدگی سے منہ کو پھیر لیا اور قبول نہ کیا تب حضرت نے اُسی کا سر اُسکو عنایت کیا اسی طرح
جانا طیور اپنے اپنے سروں سے ملکر اُڑنے لگے ہے مرغان آشیانۂ قدسی بصد نیاز ٭ ہر دائم
بگرد کوسے تو پرواز می کنند ٭ تفسیر طبری میں لکھا ہے کہ یہ قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی
آخر عمر میں واقع ہوا ہے کہ اسکے بعد ایک برس دنیا میں رہے ہیں اور شفا میں ہے کہ اُس
وقت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام پچانوے ۹۵ برس کے تھے اور سو برس کی عمر میں حضرت
اسحٰق علیہ السلام پیدا ہوئے تھے اور ابو مسلم اصفہانی کہتے ہیں کہ یہ قصۂ احیا تمثیل ہے نہ یہ کہ
ذبح و احیا خارج میں واقع ہوا ہو یعنی جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حی قیوم سے
طلب احیا کی تو حق سبحانہ تعالےٰ نے ایک مثال دکھلائی کہ اُس سے کیفیت احیا سے
واقف ہوں وہ یہ ہے کہ چار مرغ پکڑ اور انکو مطیع کر کہ جب بلاوے حاضر ہوں اور صرہن
بمعنی اَملہن کے آیا ہے اور عصفور و صفو ارده گنجشک ہے جو کہ بلانے والے کو قبول کرے
پس معنی کریمہ یہ ہوئے کہ چڑیوں کو سکھلا اسطرح کہ جب بلاوے حاضر ہوں تو گویا ایک
مثال محسوس ابراہیم کو دکھلائی کہ ارواح جسد میں بر سبیل سہولت پھر آتے ہیں جسطرح
بے مبالغہ مرغ آموختہ چلے آتے ہیں اسطرح طیور ارواح کہ دست آموز قدرت ہیں بلانے
کے وقت بلا تمرد و تردد جانب قفص تن متوجہ ہوتے ہیں ہے مرغ دست آموز را چندانکہ کس
دور افگند ٭ با نشاط بال آید باز چون گوید بیا ٭ مفاتیح الغیب میں تصریح سے لکھا ہے کہ یہ
کلام ابو مسلم کا درحقیقت انکار اجماع ہے کیونکہ جمیع ارباب تفسیر وقوع ذبح وغیرہ پر متفق ہیں
سوا اسکے دلیل اُسکی ناقص ہے اول اس وجہ سے کہ سکھانا مرغوں کا ہر شخص کو ممکن و
آسان ہے ابراہیم کی کیا تخصیص ہے دوسرے یہ کہ حضرت ابراہیم نے مشاہدۂ کیفیت احیا کی

نسخہ بیانی غلطی ۱۲

درخواست کی ہو اور ظاہر آیت سے اجابت دعا واضح ہو اور اس قول سے اجابت دعا کا تحقق
نہین ہوتا غیر سے یہ ہو کہ آیۂ مضمون جزء اُس سے ثابت ہوتا ہو کہ بطور تجزی ہوئے اور تجزیہ بعد قطع
و نماط کے ہو سکتا ہو اگرچہ احتمال ہو سکتا ہو کہ واحد اربع سے ارادہ کیا جاے لیکن مثل جزو ابنیہ
اظہر ہو مخفی نرہے کہ اس قصہ کے وقوع مین کسی طرح کا تردد نہین ہو کاتب اوراق نے موافق
تحقیق امام رازی و سیاق و سباق آیات ربانی کے اس مقام پر لکھا القصہ جب احراق حضرت
ابراہیم علیہ السلام موافق کہنے ایک مرد جنگلی فارسی مسمی ہیرن کے قرار پایا تو حظیرہ کی تجویز ہوئی
قالوا ابنوا له بنیانا فالقوه فی الجحیم یعنی بناؤ اُسکے لیے ایک عمارت پھر ڈالو اُسکو بڑی آگ مین چنانچہ
نمرود نے حظیرہ چہار طرفہ کے سامنے بنوایا بلندی اُسکی ساٹھ گز کی بعضے کہتے ہین کہ وہ مکان قصبہ
کوثی مین تھا اور بعضے بابل عرفی کے متصل کہتے ہین اور سب رعایا کو حکم ہوا کہ لکڑیان اُسمین جمع
کرین چنانچہ مردم شہر و دیہات و گنج و قصبات لکڑیان جمع کرنے لگے اور یہ شوق دامنگیر ہوا کہ
سبب کوئی کافر بیمار ہو جاتا تھا تو یہ کہتا تھا کہ اگر صحت پاؤن تو لکڑیان لاؤن بلکہ ایک مردار عورت
سوت اپنا بیچتی اور پوچھ لکڑیون کے مول لیکر آگ مین ڈالتی تھی یہ بھی حطب جہنم زن ابولہب کے
حکم تھی اور جو شخص قریب بمرگ ہوتا تھا اپنی اولاد سے وصیت کرجاتا تھا کہ تم بھی لکڑیان
لاکے ہمارے اور اپنی طرف سے ڈالیو معالم التنزیل مین ہو کہ ابن اسحق فرماتے ہین کہ ایک مہینے
کامل اس حظیرہ مین لکڑیان جمع کی گئین جب حد معینہ پر پہونچی تو آگ دی اور سات دن تک
اس آگ کے مشتعل کرنے مین مصروف رہے سیکڑون گپتیان گھی کی ڈھلکائی گئین پھر تو ایسی
بلند ہوئی کہ اگر پرندہ اُسپر ہو کر نکلتا تو جلجاتا تھا اب سب لوگ حیران ہوے کہ ایسی آگ مین
حضرت ابراہیم کو کسطرح ڈالین متصل اُسکے جانا محال تھا اور طاقت بشری سے خارج اس
حیص بیص مین ابلیس علیہ اللعن آیا اور اُسنے منجنیق بنانا تعلیم کیا کہ فوراً بنایا گیا خواجہ عبدالکریم
مؤلف نادرنامہ نے لکھا ہو کہ پائین کوہ مکان آتش تھا اور بالاے کوہ منجنیق قائم کیا تھا
کہ علامت اُسکی اب تک موجود ہو بعد اُسکے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سب پوشاک سواے
پاےجامے کے اتاری اول حضرت ابراہیم راہ خدا مین برہنہ کیے گئے ہین اخبار الدول مین ہو
کہ ایک سفیہ احمق نے پاےجامہ اتارنا چاہا دونون ہاتھ اُسکے شل ہو گئے بعد ازان طوق و
زنجیر سے آراستہ کرکے منجنیق مین بٹھلایا ہنوز آگ مین نہ پھینکا تھا کہ ارض و سماوات و
ملائک و حیوانات و اشجار و جمادات و ہر گل و نباتات یعنی جملہ مخلوقات سواے انسان و جنات کے

سب نے پکارا کہ اے پروردگار جہان و جہانیان اپنے جانی دوست کو کسلیے جلانے دیتا ہے حالانکہ کوئی شخص
زمین پر ایسا نہیں ہے جو تیری عبادت کرے اگر ارشاد ہو تو ہم اسکی مدد کریں ارشاد ہوا کہ ابراہیم میرے
میرا دوست ہے اور فی الحقیقت اُسکے سوا کوئی خلیل میرا نہیں ہے اور میں اُسکا معبود ہوں اور میرے
سوا کوئی معبود اُسکا نہیں ہے لیکن تم سب اُسکے روبرو حاضر ہو جس کسی سے مدد چاہے وہ بلا تامل
مدد کرے ہماری درگاہ سے اجازت عام ہے اور اگر کسی سے اعانت نہ چاہے تو میں اُسکا معین و
ناصر و ولی و مددگار ہوں چنانچہ ملک السحاب نے حاضر ہوکر التماس کیا کہ اگر ارشاد ہو تو ایک قطعہ
(یعنی فرشتہ جو موکل ابر ہے ۱۲)
ابر سے اس آگ کو پانی کردوں فرمایا لا حاجۃ لی الیک پھر موکل ہوا آیا اُسنے عرض کیا کہ اگر
مجھے حکم ہو تو میں اس آگ کو ہوا کردوں کہ تمام آگ روے زمین پر بکھر جاے حضرت ابراہیم نے
فرمایا لا حاجۃ لی الیک حسبی اللہ ونعم الوکیل اسی طرح ہر قسم کے فرشتے آئے مگر حضرت خلیل نے ایک ہی
جواب سبکو سُنایا کہ لا حاجۃ لی الیک اُبی بن کعب سے روایت ہے کہ جب کفار آگ میں ڈالنے پر مستعد ہوے
تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا لا الہ الا انت سبحانک لک الحمد ولک الملک لا شریک لک
پھر منجنیق اُٹھایا اور آنجناب کو آگ میں ڈالا اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے استقبال
کرکے کہا ہل لک حاجۃ قال ابراہیم اما الیک فلا یعنی بندہ ہر حال میں محتاج ہے لیکن تجھسے کہ
تو بھی بندہ خدا ہے کچھ حاجت نہیں ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اپنے خدا سے سوال کرو فرمایا
علمہ بحالی یکفی من سوالی یعنی حاجت سوال نہیں ہے اُسکو میرا حال خوب معلوم ہے امر اوبا المنصور
صانع کہتے ہیں کہ جسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا ہے کہ تمکو کچھ حاجت ہے تو آنجناب نے
ارشاد کیا کہ میں نے اپنے نفس کو اللہ کے ہاتھ بیچا تھا مگر منتظر تسلیم تھا اب کہ وقت اُسکا آیا تو
اب حاجت نہیں ہے مگر یہی کہ جو میں نے بیچا ہے اُسی مشتری کو تسلیم کروں اور ایک روایت ہے کہ جب
حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ خدا سے اپنی حاجت مانگو تب فرمایا اگر دوست دوست کا
جلنا چاہے تو پھر جینا درست نہیں ہے کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہر ایک مخلوق آگ کو
بجھاتی تھی مگر وزغ بفتحتین وآخرہ الغین المعجمۃ فی الفارسی آفتاب پرست وفی الہندی گرگٹ
کہ وہ ناپاک بمقتضاے طبیعت بد آگ کو اپنے منہ سے پھونکتا تھا اور تیز کرتا تھا **فائدہ** معالم التنزیل
میں علامۃ الوقت محدث الزمان محی السنۃ بغوی نے باسناد صحیحہ سعید ابن مسیب سے روایت کی ہے
کہ حضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امر کیا ہے بقتل وزغ اور اُسکے سبب میں فرمایا ہے
کہ یہ آتش نمرود کو دم سے پھونکتا تھا بالجملہ جب توکل حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حد سے متجاوز ہوا

تو حضرت حق جل جلالہ نے آگ سے فرمایا یا نار کونی بردًا و سلامًا علی ابراہیم یعنی اے آگ تو ہو جا ٹھنڈی اور سلامتی ابراہیم پر یعنی جسطرح ابراہیم اپنی طبیعت سے نکلا ہے تو بھی اپنی طبیعت سے نکل کر سرد ہو جا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر ارشاد نہوتا سلامًا تو مر جاتے حضرت ابراہیم علیہ السلام برودت سے اور تمام دنیا میں آگ کا نام و نشان باقی نہ رہتا اور نفع اُس سے بالکل منتفی ہو جاتا اور اگر نفرماتے علی ابراہیم تو سارے عالم کی آگ ٹھنڈی رہتی بازہمہ سات دن تک آتش دنیا میں مطلقًا حرارت محسوس نہیں ہوئی اور کعب احبار سے نبارالدول میں نقل کی ہے کہ جسوقت یہ حکم صادر ہوا ہے تمام عالم کی آگ بجھ گئی معالم التنزیل میں ہے کہ جسوقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کافروں نے آگ میں پھینکا تو فرشتوں نے دونوں بازو تھام کر نہایت نرمی و آہستگی سے بٹھلا دیا اور اسی وقت روبرو سے حضرت ابراہیم ایک چشمہ آب شیریں و شفاف جاری ہو گیا اور گلاب و نرگس سنبل خوش پھول اُٹھے گویا ایک گلشن عجیب و بوستان غریب ظاہر ہوا اور خواجہ عبدالکریم مؤلف نادرنامہ لکھتا ہے کہ اب تک وہ چشمہ جاری ہے اور اُس پر ایک مسجد وسیع واقع ہے اور وہ چشمہ وسط مسجد میں ہے اور خارج المسجد ایک حوض کہ ہر طرف نہایت مستحکم بنا ہوا ہے کہ آب چشمہ اُسمیں جمع ہوتا ہے اور کعب احبار سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سات رات و سات دن اُس آگ میں جلوہ فرما رہے تھے اور سوا سے طوق و زنجیر کوئی چیز آنجناب کی نہیں جلی اور ابن یسار سے معالم میں نقل کی ہے کہ خدا نے ہمزاد فرشتے کو بصورت حضرت ظاہر کر دیا کہ وہ حالت تنہائی میں انیس تھا بعد اسکے حضرت جبرئیل ایک قمیص حریری بہشت سے لائے اور جسم شریف میں پہنایا اور ایک تخت جنت کا بچھا کر بٹھلایا اور باتیں کرنے لگے پھر کہا اے ابراہیم اللہ صاحب سچ فرماتے تھے کہ میرے دوست کو آگ ضرر نہیں کرتی اُس عرصہ میں شاید ایک ہفتہ بعد نمرود نے وزیروں سے کہا خوب دیکھو ابراہیم جلا یا نہیں وزیروں نے کہا یہ آگ ایسی ہے کہ اگر پہاڑ بھی اُسمیں ڈالا جاتا تو خاک ہو جاتا ابراہیم تو انسان تھا وہ بولا میں نے خواب دیکھا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام صحیح و تندرست برآمد ہوا آخرکار خود نمرود مردود مع بعض خواص ایک بلند مکان پر چڑھا تو دیکھتا ہے کہ حضرت ابراہیم خوش و خرم بیٹھے ہوئے باتیں کرتے ہیں اور آگ علیحدہ شعلہ زن ہے اُسنے پکار کر کہا اے ابراہیم تیرا خدا بڑا ہے کہ تجھمیں اور آگ میں حائل ہو گیا اے ابراہیم تو باہر آسکتا ہے فرمایا ہاں اگر اللہ چاہے پھر آنجناب بیرون آتش تشریف لائے اُسنے پوچھا وہ دوسرا آدمی کون باتیں کر رہا تھا فرمایا یہ ساتھ کا فرشتہ ہے نمرود نے کہا میں تیرے خدا کی

کچھ نذر کرونگا چنانچہ چالیس ہزار گائین قربانی کین حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ یہ نذر قبول نہین ہوگی
جبتک تو ایمان نہ لاویگا نمرود نے کہا مین ملک وسپاہ چھوڑ نہین سکتا بعض قصص مین ہو کہ نمرود کا
میلان جانب ایمان ہوا تھا کہ ہامان بےسامان بول اٹھا ای نمرود ابراہیم آتش پرست ہو اور
آگ فرشتہ ہو سو اُسنے بسبب محبت کے ضرر نکیا اُسی وقت ایک چنگاری آگ سے نکلی اور ہامان پر
گری کہ وہ جلکر خاک ہوگیا مگر فساد ڈال گیا کہ اُسکے کہنے سے نمرود ایمان سے باز رہا اور بعضے
بیوقوف آتش پرست ہوگئے اور بعض روایات مین وارد ہو کہ مسماۃ رعفہ بنت نمرود بھی اُس مکان
رفیع پر اپنے باپ کے ساتھ گئی تھی اُسنے جب حضرت ابراہیم کا یہ حال دیکھا تو نمرود سے کہنے لگی
کہ اب کیون ایمان نہین لاتا اُسنے جھڑک دیا وہ حضرت کے پاس حاضر ہو کر ایمان لائی پھر
وہان سے نمرود کے پاس آئی اور اُسکو دعوت ایمان کرنے لگی تب نمرود نے اُسکے قتل کا حکم دیا
اُسی وقت ہوا نے اُسکو کوہ قاف مین پھینک دیا کہ اُسی دم سے نماز مین مشغول ہو اور تا نفخ صور
قائم رہیگی اور بعضے کہتے ہین کہ مسماۃ رعفہ حضرت ابراہیم کے ساتھ رہی اور حضرت ابراہیم نے
اپنے بیٹے مدین سے اُسکا عقد فرمایا کہ اُسسے بیس مرد بیٹے پیدا ہوے کذا فی البحر الذخار واخبار الدول
مین کہتا ہون کہ یہ روایت ضعیف ہو الغرض نمرود نے بعد ادائے نذر وقربانی حضرت ابراہیم
علیہ السلام کو رہا کیا عمر شریف سولہ برس کی تھی منہال ابن عمر سے روایت ہو کہ حضرت ابراہیم
جب آگ سے نکلے تو فرماتے تھے کہ اندنون نعمت جیسی آلہی ایسی حاصل ہوئی اگر ہمیشہ ہوتی تو
بہت خوش ہوتا اور فرمایا کرتے تھے کہ پھر وہ لطف کبھی حاصل نہوا کذا فی اخبار الدول اور
معالم التنزیل مین ہو کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نجات پائی تو کئی شخص ایمان لائے
اول حضرت لوط اور بعضون کے نزدیک اول حضرت سارہ ایمان لائین اور وقت لانے
ایمان کے کہا کہ ای ابراہیم مین ایمان لائی اُس خدا کا جسنے آگ کو سرد کردیا ابن اسحق کے نزدیک
حضرت لوط بھتیجے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تھے اور اُنکے باپ کا نام ہاران تھا اور
ہاران بیٹا تھا تارخ کا اور ایک بھائی حضرت ابراہیم کا ناخور بھی تھا اور اخبار الدول سے
واضح ہو کہ حضرت لوط علیہ السلام بھائی چچیرے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تھے اور
بعض مفسرین نے اسی کو صحیح لکھا ہو اور اسی طرح اہل سیر کو بیچ سارہ مین بھی اختلاف ہو
بعضے قائل ہین کہ حضرت ابراہیم کی بھتیجی تھین اور شریعت ابراہیم علیہ السلام مین نکاح
جائز تھا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت سارہ ہاران اکبر کی بیٹی تھین اور ہاران مذکور حضرت

ابراہیم کا چچا تھا اور ہاران دوسرا بھائی حضرت کا تھا کذا فی المعالم و اخبار الدول اور بعضے
کہتے ہین کہ بادشاہ حران کی بیٹی تھین اور نکاح بعد ہجرت ہوا ہے اور صورت اسکی یون ظاہر
ہوئی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب جانب شام ہجرت فرما ہوئے تو شہر حران مین پہونچے
دیکھا کہ اکثر لوگ آراستہ بلباس دروازہ سلطانی پر جاتے ہین آنحضرت نے پوچھا تم لوگ
کہان جاتے ہو اُنھون نے کہا بادشاہ کی بیٹی نہایت حسینہ ہے ایک مدت سے شہر کے
اطراف و جوانب سے پیغام نکاح بھیجتے ہین وہ قبول نہین کرتی اور یہی فرماتی ہے کہ جسکو
پسند کرونگی اُسی سے عقد کرونگی ہم لوگ بھی ایک ہفتہ سے دروازہ سلطانی پر جاتے ہین
کہ شاید کسی کو پسند کرے اور روز بروز تماشا جھروکے پر آتی ہے اور دیکھ کر پھر جاتی ہے
اب تک کسی کو پسند نہین کیا حضرت ابراہیم نے فرمایا ہم بھی تمھارے ساتھ چلتے ہین چنانچہ
آنجناب بھی اُسکے ساتھ گئے اور سب سے الگ کھڑے ہوئے وہ شہزادی
نقاب ڈالے ترنج زرین ہاتھ مین لیے ہوئے جھروکے مین سے ایک ایک شخص پر نظر
ڈالتی حضرت ابراہیم تک آئی تو اُنکی پیشانی مین نور حضرت صلعم نظر آیا بزبان حال بولی
شعر روے خوبان را بحسن خود تماشا کردہ ۔ عالمے در جستجوے خویش شیدا کردہ ◆
اور بے اختیار ترنج زرین حضرت ابراہیم پر ڈالکر دوڑی نوکر و ملازمان سلطانی نے
حضرت ابراہیم کو قلعہ مین پہونچایا بادشاہ نے بھی اُس نور کو دیکھا اور کہا اے سارہ تو نے بہتر
شوہر تجویز کیا ہے اگرچہ غریب ہے لیکن روے زمین کے سلاطین سے افضل ہے بعد ازان
ہوا جب روز ملاے شہر عقد کر دیا کذا فی قصص الانبیا لیکن اہل تحقیق نے علامہ بغوی کے
قول کو ترجیح دی ہے اور جسطرح اسمین ایک نوع کا اختلاف ہے اسی طرح وقت مناکحت
مین بھی اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ جسدن حضرت سارہ ایمان لائین اُسی دن نکاح مین
آئین اور بعضے کہتے ہین کہ بعد ہجرت نکاح کیا ہے اور یہ قول ازروے احادیث صحیحہ
اعتماد کے قابل ہے اور قصہ یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے آتش نمرود سے نجات پائی
تو اب نمرودیون نے چاہا کہ حضرت کو اور طرح سے تکلیف دین کہ اس حال پر حضرت
لوط علیہ السلام مطلع ہوئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تنہا کیا نا دیدہ حضرت نے
مع حضرت لوط کے ہجرت فرمائی اور شہر حران کی طرف تشریف لیگئے اور ہاران اکبر
اپنے چچا کے گھر اقامت فرمائی اُسنے اپنی بیٹی سارہ کو اُنسے عقد کر دیا اور استمالت

تھا سب دوستی و خاطرداری میں سرگرم ہوا اور غرض اسکی یہ تھی کہ شاید طمع زن و فرزند اور جمع
مال و متاع سے اپنا عقیدہ اللہ کی وحدت سے اٹھا دیں اور بتوں کی پرستش پر آمادہ ہوں مگر یہ
تدبیر کارگر نہوئی بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو روز بروز آپکے یقین
میں ترقی ہوتی رہی اور ہر دم ہر لحظہ پیدا ہونے بت پرستوں کے اظہار کو عیب گنتے اور توحید
وایمان کی خوبیاں بیان فرماتے اور بے تکلف کافروں کو آنکی حقارت اور باطل پر [illegible]
تب باران مضطرب ہوکر غصہ میں آیا اور حضرت پر [illegible] دل شکستہ ہو کر کہنے لگا کہ تم فرزندان
میرے مکان سے نکل جاؤ اور سب مال و اسباب لیلیا اور [illegible] حضرت [illegible]
چھین لیا اور گھر سے نکال دیا آخرناب حضرت سارہ کو ساتھ لیکے چلے [illegible] حضرت سارہ
رضی اللہ عنہا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں [illegible] اور [illegible]
خلاف حکم نہ کرونگی بشرطیکہ تم بھی میرے [illegible] میں رہوگے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
قبول کیا اور حران سے روانہ ہوئے اسوقت سوائے حضرت لوط علیہ السلام کے اور کوئی ہمراہ
نہ تھا الغرض اول مصر میں آئے اس عرصہ میں یہاں ایک سلطان فرعون وحش جابر [illegible]
فرمانروا تھا اور اسکی عادت یوں جاری تھی کہ جو عورت حسینہ باجمال مع شوہر اسکے شہر میں
وارد ہوتی اسکو بجبر و قہر چھین لیتا تھا اور اسکے شوہر کو قتل کرتا تھا اور اگر بھائی عورت کا
یا کوئی اور وارث اسکے ساتھ ہوتا تو صرف عورت کو لے لیتا اور وارث کو جانے دیتا یہ خبر
حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کان میں پہونچی تو سخت پریشان خاطر ہوئے اور سبب
پریشانی یہ تھا کہ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا اسوقت میں ایسی خوبصورت تھیں کہ عالم میں
انکا نظیر نہ تھا چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے حسن سے
نصف حضرت یوسف کو ملا اور حصہ ششم اسکا حضرت سارہ کو اور باقی سب آدمیوں کو
اور ایک روایت میں نصف تمام آدمیوں کو اور ثلث حضرت یوسف علیہ السلام اور
سدس حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو ملا اسی خیال سے حضرت نے حضرت سارہ سے کہا
کہ جب تمکو بادشاہ بجبر طلب کرے اور مجھکو پوچھے تو کہنا میرا بھائی ہے اور از روے
دین کی بیشک بھائی ہون اور خاطر جمع رکھنا اللہ تعالے ہر طرح سے محفوظ رکھیگا
الغرض خبر تشریف آوری حضرت سارہ بہ حسن اور جمال لوگون نے بادشاہ کو پہونچائی
اسنے فوراً سپاہی بھیجے کہ حضرت سارہ کو لیگئے اور حضرت ابراہیم سے پوچھا تم کون ہو

آپ نے فرمایا کہ مین دینی بھائی ہون انکو چھوڑ دیا بادشاہ نے دیکھا اور فریفتہ ہوا اور قصد
بے ادبی کیا حضرت سارہ نے کہا مجھکو مہلت اسقدر ملے کہ مین غبار راہ دفع کرون اور
رسوم عبادت بجا لاؤن پھر تجھکو اختیار ہی اُسنے اپنے روبرو طاس اور آفتابہ طلب کیا
حضرت سارہ نے وضو فرمایا اور مشغول بہ نماز نیاز ہوئین پھر دعا مین مصروف ہوئین جب
دعا کی مدت دراز ہوئی تو بادشاہ نے مکان کو خالی کر دیا اور بہ ارادہ فاسد اپنا ہاتھ دراز
کرنا چاہا کہ دونون ہاتھ اُسکے شل ہو گئے اور غش کھا کر گرا حضرت سارہ نے اس
خوف سے کہ یہان کے لوگ مجھے تہمت قتل کی لگا کر مار ڈالینگے خدا سے دعا کی کہ بادشاہ کو
صحت ہوئی مگر اس ظالم نے تین مرتبہ ارادہ کیا اور ہر بار مبتلا سے بلا ہوا آخر توبہ
کر کے حضرت سارہ کی کرامات دیکھ کر معتقد ہوا یہ سب حالات اللہ جل شانہ نے حضرت
ابراہیم علیہ السلام کو آئینہ وار دکھلائے کہ آنجناب کو اطمینان ہوا پھر بادشاہ نے
حضرت ابراہیم اور حضرت سارہ کو با عزت رخصت کیا اور وقت رخصت اپنی بیٹی مسماۃ
ہاجرہ کو پیش کیا اور عرض کیا کہ اسکو اپنی خادمہ بنائیے اور حضرت ابراہیم سے کہا کہ
یہ لونڈی آپکی خدمت مین رہے تو بہتر ہی اس سے کہ اور کہین ملکہ ہو حضرت سارہ
و حضرت ابراہیم نے قبول کیا اس بادشاہ کا نام رقیون تھا اور یہی شخص اول
ملقب بہ فرعون ہوا ہے حکیم دانشمند رہنے والا بابل کا تھا بسبب افلاس کے بابل سے
مصر چلا آیا اور ارکین سلطنت مین منسلک ہوا بعد چندے بادشاہ مصر ہو گیا اسی کے
عہد سلطنت مین حضرت ابراہیم اور حضرت سارہ مصر مین آئے ہین اور اسی نے بسبب
شہرۂ حسن و جمال سارہ کو گرفتار کرایا تھا اسکی ایک بیٹی مسماۃ ہاجر جسکا ترجمہ عربی مین
ہاجرہ ہے جو بادشاہ نے بسبب ظہور کرامات اور خوارق عادات کے جو بوجہ حضرت سارہ ظاہر ہوئے
اپنی بیٹی کو وقت رخصت حضرت سارہ اور ابراہیم کے روبرو لا کر بانکسار تمام عرض کیا
کہ آپ اسکو لونڈی سمجھکر خدمت مین رکھین اور خادمہ بناوین جیسا سفر النساء تاریخ معتبر
یہودیون مین موجود ہی اور ربی سلومہ اسحاق نے باب سولہ پیدائش ورس اول مین
لکھا ہی کہ ہاجرہ فرعون کی بیٹی تھی جب اُسنے اُن کرامات کو دیکھا جو بوجہ سارہ ظاہر ہوئین
تو اُسنے ہاجرہ کو پیش کر کے کہا کہ یہ خدمت مین رہے حضرت ابراہیم اور سارہ نے قبول کیا
اور رخصت ہوئے کتاب اسماء الرجال مین نام والدہ حضرت اسمعیل علیہ السلام آجر

ہاجرہ

پر وزن فاعل لکھا ہے مگر ایک روایت میں ہاجرہ بھی ہے بالجملہ اللہ جل شانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا سے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو دست تطاول بادشاہ مصر سے محفوظ رکھا اور ایسا معتقد کر دیا کہ اُسنے اپنی بیٹی ہاجرہ کو بنابر خدمت وقت رخصت تفویض کیا پھر حضرت ابراہیم مع سارہ و ہاجرہ ولوط روانہ ہوئے اور زمین فلسطین میں کہ وسط شام میں ہے اقامت اختیار کی اُس عرصہ میں وہاں ابی مالخ بادشاہ تھا سو مقدم شریف سے وہاں کے آدمی بہت خوش ہوئے اور اُنکے قیام کو غنیمت سمجھے اور بہت زمین معاف کر دی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس سے نہایت وسعت حاصل ہوئی کہ آپ نے اکثر غلام خرید کیے اور بہت کاشتکار آباد فرمائے اور مویشی وغیرہ بکثرت جمع کیے بلکہ ایک لنگرخانہ برسم ضیافت جاری فرمایا کہ کوئی مہمان وہاں سے پھر نہ جاتا اور اولاد حضرت سام ابن نوح علیہ السلام کی جو اُس نواح میں رہتی تھی تشریف آوری حضرت سے نہایت مسرور ہوئی سب نے اپنے اپنے گانون آباد کیے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اُنکو شریعت تعلیم فرمانے لگے بعد اُسکے حکم ہوا کہ پھر بابل میں جا اور نمرود اور لشکر نمرود کو دعوت باسلام کر چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پھر بابل میں تشریف لائے اور نمرود سے ملاقات کی پہلے کلام یہی فرمایا کہ اے نمرود کہہ اللہ ایک ہے اور ابراہیم رسول ہے نمرود نے کہا مجھکو تمھارے خدا کی حاجت نہیں بلکہ میں یہ ارادہ رکھتا ہون کہ تیرے خدا سے ملک آسمان بھی لے لون حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ آسمان پر کسطرح جا سکیگا اس مردود نے کہا کہ میں اسکی تدبیر کرتا ہون معالم التنزیل میں حضرت امیر مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نمرود نے اپنے ندیمون سے کہا کہ میں چاہتا ہون کہ آسمان پر جاؤن اور ابراہیم کے خدا کو دیکھون تب اشراف قوم نے کہا کہ آسمان بہت دور ہے اور وہان کا جانا سخت مشکل ہے نمرود نے کچھ بھی نہ سُنا اور حکم دیا کہ ایک کوشک کہ بلندی اُسکی پانچہزار گز کی اور عرض دو فرسنگ کا ہو تعمیر کیا جائے چنانچہ اسی طرح کا کوشک تین برس میں تعمیر ہوا اور نمرود واسطے مقابلے کے اُسپر چڑھا وہان سے جو آسمان کو دیکھا تو ویسے ہی معلوم ہوا جیسا زمین سے نظر آتا تھا ناچار اُترا دوسرے دن ایسی ایک ہوا آئی کہ وہ مکان بیخ اور بن سے گر گیا امام ثعلبی نے نقل کیا ہے کہ ہوا نے سر اُس مکان کا اُٹھا کے دریا میں ڈال دیا اور بنا اُسکی زمین پر گرا دی کہ ایک آواز مہیب ہوئی اور زبان آدمیون کی متبدل ہو گئی اور یہی وجہ ہے کہ شہر کوفہ کا نام بابل ہو گیا ہے محمد ابن جریر طبری شافعی نے بیان کیا ہے کہ زبان سب لوگون کی زمانہ نمرود میں سریانی تھی

جب سے کہ شامت گناہ کی تب سے زبانون مین اختلاف پڑ گیا اور ہر قوم کی زبان علیحدہ ہو گئی کہ کوئی
شخص ایک دوسرے کی زبان نہ سمجھتا تھا جب ایسا اتفاق ہوا تو نمرود مردود علیہ اللعنۃ غصہ ہوا
اور کہا کہ اب تو ضرور آسمان پر جا کے حضرت ابراہیم کے خدا سے لڑونگا لہذا چار کرگس پرورش
کیے اور انکو خوب موٹا کیا بعد اسکے ایک صندوق چار گوشے کا بنوایا اور اسمین دو دروازہ
اوپر رکھے اور ایک دروازہ نیچے اور چار نیزہ بڑے بڑے اسطرح اسمین باندھے کہ جب چاہین
اوپر کو کھینچ لیوین اور جب چاہین نیچے کو نیچے ازان کرگسون کو چند روز بھوکا رکھا چارون
گوشون مین باندھ دیا اور نیزون مین ایک ایک جانور مردہ لٹکایا اور ایک شخص کو اور اپنے
ساتھ لیکے اسمین بیٹھا یا کرگسون نے گوشت کی طمع سے اوپر کا ارادہ کیا تو صندوق کو لیکے
اڑ چلے ایک رات دن کے بعد نمرود نے اوپر کا دروازہ کھولکر دیکھا تو آسمان اسی طرح
جیسا تھا نظر پڑا تب اپنے رفیق سے بولا کہ نیچے کا دروازہ کھولکر تو دیکھ اسنے دیکھا کہا کہ سوائے
پانی کے کچھ بھی نظر نہین آتا بعد ایک شبانہ روز کے پھر اوپر کا دروازہ کھولا تو بھی آسمان کا
وہی حال تھا اور نیچے کا دروازہ کھولکے اسکے رفیق نے عرض کیا کہ بالکل دھوان نظر پڑتا ہی
اب نمرود مردود کو نہایت خوف ہوا نا چار نیزون کو نیچا کیا کہ کرگس بطمع گوشت اسی طرف
متوجہ ہوسے اور زمین پر آتار لائے کہ انکے پرون کی آواز ایسی ہوئی جسطرح کوئی پہاڑ گرا
پھر نمرود نے کہا کہ اے ابراہیم مین اپنا لشکر جمع کرتا ہون تو بھی اپنے خدا سے اسکا لشکر
جمع کروا کے لڑے حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ تو اپنا لشکر جمع کر لے میرے خدا کا لشکر
تیار ہی نمرود نے مشرق اور مغرب اور روم اور ترکستان اور ہندوستان اور حبش وغیرہ
لشکر جمع کیا لشکر تین ہزار فرسنگ مین پڑا اور سات برس تک وہان جمع رہا ایک روز حضرت
ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ اے نمرود تو مالک الملک اور خالق ارض و
سما سے شرم نہین کرتا ہی تجھکو لازم ہی کہ ایمان اسکا لا تا کہ جسطرح تجھکو اللہ تعالے نے
دنیا مین مرتبہ دیا ہی عقبی مین بھی عنایت کرے نمرود نے کہا کہ مجھکو تمھارے پروردگار سے
کچھ حاجت نہین ہی تب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی کہ اے خداوند اس مردود طاغی
نے جھگڑا کیا ہی اسکو ہلاک کر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر پیغام دیا کہ خداوند کریم
نے آپکی دعا قبول فرمائی قریب تر اس باغی پر عذاب آتا ہی خاطر جمع رکھیے چنانچہ بعد چند
فرشتہ موکل ہوا کو حکم پہونچا کہ پہاڑون کے سوراخ کھول دے فرشتے نے عرض کیا کہ

اے نمرود اونہ اگر سب سوراخ کھول دونگا تو پشّے اُسکے تمام دنیا مین بھی نہ سما سکینگے تب ارشاد ہوا
کہ ہر ایک سوار کے حساب سے ایک ایک پشہ چھوڑ دے کہ اُسنے ویسا ہی کیا تو پشّے ابر کے مانند
ہوا مین اُڑتے ہوے چلے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دیکھا تو نمرود سے فرمایا کہ اے
نمرود اب خدا کا لشکر آ پہونچا نمرود نے دیکھا کہ ایک ابر سیاہ ہوا مین چلا آتا ہے لشکر کو حکم
دیا کہ اپنے علم کھڑے کرو اور نقارہ بجاؤ کہ یہ پشّے بھاگ جائین پشّون نے ایک آواز کی
کہ آدمی اور اسپ تمام حائل پشّون کا نشانہ ہو گیا اور ہر سوار کے سر پر ایک ایک پشہ آ بیٹھا کہ
سارے بدن مین گھستا ہوا چلا گیا جو کچھ گوشت اور پوست اور رگ اور ہڈی اور خون بدن مین
پایا سب کا سب کھا لیا کہ لشکریون مین ایک شخص بھی باقی نہ رہا الا گھوڑے اور سلاح
اور آدمیون مین نمرود مع اپنے عیال کے اسوقت تک بچ رہا جب اسکا بھی وقت آیا
تو ایک پشہ لنگڑا کانا تو معاً بدل نذر در حضور خداوندی سے مستدعی ہوا کہ یا الٰہی اس
ملعون کی ہلاکت میرے ہاتھ سے ہو کہ یہ کافر اپنی قوم مین سردار ہے اور مین اپنی قوم کا
سردار ہون اجازت ہوئی اور نمرود اس معرکے سے نہایت متحیر تھا اور سبب حیرت
یہ تھا کہ ایسے جانور خرد اور ضعیف اسطرح کے لشکر قوی اور بزرگ کو مار گئے اور میرا
کسی ایک پر دسترس نہوا اس خیال مین سراسیمہ اور پریشان گھر مین آیا اور اپنے
گھر والون سے حال بیان کیا اسی خیال پر ملال مین تھا کہ وہ پشہ لنگڑا ابھی آ پہونچا
نمرود نے اپنی جورو سے کہا کہ دیکھو اسی طرح کے جانور تھے کہ جنسے میرا لشکر ہلاک ہوا ایسا
چاہا کہ اُس پشّے کو گرفتار کرے جونہین ہاتھ بڑھایا وہ پشہ نمرود کی ناک مین گھس گیا اور
تجویف دماغ مین پہونچکر مغز سر کھانے لگا کہ چالیس دن تک آہستہ آہستہ کھاتا رہا
اس سبب سے ایسی تکلیف اسکو ہوتی تھی کہ اپنے سر کو لُہار کے گھن سے پٹواتا تھا
تب فی الجملہ قرار پاتا تھا ورنہ بے آرام رہتا تھا اب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا
کہ اس حالت مین نمرود کو دعوت اسلام کر چنانچہ حضرت تشریف لائے اور نمرود سے کہا
کہ کہہ لا الٰہ الا اللہ ابراہیم رسول اللہ نمرود نے کہا کون گواہی دیتا ہے کہ اللہ تیرا حق ہے
اور تو رسول برحق ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ اے ملعون جو کچھ تیرے
گھر مین ہے سب گواہی دینگے کہ خدا ایک ہے اور مین رسول اسکا ہون چنانچہ سب اشیا
از قسم رخت و شجر سوائے آدمیون کے بول اٹھین کہ ان اللہ ہو الحق امین نمرود نے کہا

کہ سب کو جلا دیا اور دو ستون کو بیخ سے گرا دو پھر بولا کہ ای ابراہیم اب کون گواہی دیتا ہی
حضرت نے فرمایا کہ اسپہ دیوار اور ستون تیرے گھر کے گواہی دینگے چنانچہ دیوارون اور
ستونون سے آواز آئی کہ ان اللّٰہ ہو الحق المبین نمرود نے سنکے کہا کہ انکو بھی گرا دو
پھر کہا اب کون گواہی دیتا ہی حضرت نے ارشاد کیا کہ تیرے بدن کے کپڑے گواہی دینگے
چنانچہ کپڑون سے آواز آئی کہ ان اللّٰہ ہو الحق المبین نمرود نے اپنے کپڑے بھی اتار کے
جلوا دیئے پھر کہا کہ اب کون گواہی دیتا ہی اسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف
لائے اور فرمانے لگے کہ ای ابراہیم خلیل اللّٰہ سب کافر موت کے وقت کہ زمانہ یاس
ہوتا ہی ایمان لاتے ہین اگرچہ مقبول نہین ہوتا لیکن یہ مردود بڑا کافر سخت دل ہی اور
قیامت مین اس سے بھی زیادہ ہوگا **فائدہ** حدیث شریف مین آیا ہی کہ جب عبداللّٰہ
ابن مسعود رضی اللّٰہ عنہما نے ابوجہل ملعون کا سر کاٹا تب اُس مردود نے کہا کہ ای عبداللّٰہ
مین محمد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کو دشمن رکھتا تھا اب اور بھی دشمن رکھونگا خداوند
تعالیٰ جب قیامت کو مُردون کو قبر سے اُٹھاویگا اور حضرت بلال رضی اللّٰہ عنہ اذان
کہینگے تب اشہد ان محمدًا رسول اللّٰہ پر نمرود کہیگا کہ ابراہیم رسول خدا نہ تھے اور
ابوجہل ملعون کہیگا کہ محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم رسول خدا کے نہین ہین الحاصل پھر حضرت
جبرئیل نے فرمایا کہ ای ابراہیم اس مردود کے چند نفس اور باقی ہین چنانچہ بعد ایک لحظہ کے
نمرود مخلدًا فی النار ہوگیا پس حشم اور خدم نمرود کے جو باقی ماندہ تھے سب نے حاضر
ہوکے عرض کیا کہ ای ابراہیم علیہ السلام اب تو ہمارا بادشاہ ہی اور یہ مال و ملک تیرا ہی
اور ہم تیرے ہی فرمانبردار ہین حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھکو ملک سے
کچھ کام نہین ملک اللّٰہ کا ہی اور ہم سب اُسکے بندے و تابعدار ہین اور بھی فرمایا
کہ عجم جگہ ہی بادشاہون کی اور شام محل ہی انبیا کا اب مین شام مین جاتا ہون چنانچہ
ارشاد ہوا وارادوا بہ کیدًا فجعلناہم الاخسرین ونجیناہ ولوطًا الی الارض التی بارکنا
فیہا للعالمین یعنی چاہنے لگے کافر لوگ فریب کرنا پس اُنھین کو ہمنے ڈال دیا
نقصان مین اور خلاصی دی ہمنے اُسکو اور لوط کو اُس زمین کی طرف جسمین برکت
رکھی ہمنے جہان کے واسطے یعنی زمین شام جسمین آسودگی بہت خوب ہی معالم التنزیل مین
ارادوا بہ کیدًا کی تفسیر مین لکھا ہی قیل معناہ ان اللّٰہ تعالیٰ ارسل علی قوم نمرود البعوض

فاکلت لحومہم وشربت دماءہم وبقیت واحدۃ فی دماغہ فاہلکتہ یعنی اللہ نے بھیجی نمرود پر پشے پس کھا لیا پشوں نے گوشت نمرودیوں کا اور پی لیا خون انکا اور رہ گیا ایک پشہ نمرود کے دماغ مین پس ہلاک کر ڈالا اسکو اور بھی معالم مین لکھا ہے کہ اللہ جل شانہ نے شام کو برکت دی ہے بسبب فراخی وکثرت اشجار واثمار وانہار کے اور اسی سے اکثر انبیا مبعوث ہوئے ہین ابی ابن کعب کہتے ہین کہ اللہ تعالے نے نام اسکا مبارک اسواسطے رکھا ہے کہ کل پانی شیرین صخرہ سے جسکو بیت المقدس کہتے ہین جاری ہوا ہے بالجملہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام ارض عراق سے بہجرت لیگئے یہانتک کہ فلسطین کی زمین پر جا پہنچے جہان حضرت سارہ کو چھوڑ گئے تھے اور حضرت لوط علیہ السلام مو تفکات مین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بفاصلہ ایک رات و دن کے یا قریب تر اسے تھا ٹھہرے اللہ جل شانہ نے پانچ شہرون کا نبی کیا اور روایت صحیح یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت لوط علیہ السلام کو واسطے ہدایت اور دعوت اسلام کے سدوم اور عاموراا اور دادوما اور صراعیم اور صعرا کی طرف کہ وہان کے لوگ سخت بدکار اور بدفعل عادی بلواطت تھے روانہ کیا اللہ صاحب نے انکو بھی نبوت عطا کی اور وقت ہجرت کے عمر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی معالم التنزیل سے پچھتر برس کی معلوم ہوتی ہے چنانچہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام فلسطین مین پہونچے تو وہین اقامت اختیار کی اور ابی مالخ بادشاہ اور باشندے وہان کے حضرت سے بکمال رعایت پیش آنے لگے کہ حضرت کو بہت وسعت وفراغت حاصل ہوئی جب اس اقامت پر دس برس گذرے تب ایک دن حضرت سارہ کو اشتیاق اولاد ہوا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہنے لگین کہ مین عقیمہ ہون مجھسے اب بسبب کبرسن کے امید اولاد نہین تم حضرت ہاجر رضی اللہ عنہا کو اپنے تصرف مین لاؤ کہ شاید اسی سے کوئی لڑکا پیدا ہو کہ میرا غم غلط ہو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہارے مزاج مین غیرت ورشک غالب ہے اگر اس خادمہ سے کوئی لڑکا پیدا ہوگا تو تمکو گران گذریگا اور تم اسپر ناحق ظلم کروگی حضرت سارہ نے باشتیاق اولاد اپنے مدعا پر کمال اصرار کیا کہ ناچار حضرت ابراہیم نے تصرف اپنا جاری فرمایا اور بعد چندے اسنے حضرت اسمعیل علیہ السلام پیدا ہوئے اسوقت مین عمر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی چھیاسی برس کی حسب روایت صاحب اخبار الدول معلوم ہوتی ہے الغرض حضرت اسمعیل حضرت سارہ کی گود مین پلنے لگے حضرت ہاجر رضی اللہ عنہا صرف دودھ پلاتی تھین

اور کچھ کام انسے نہ کہتین اور حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی بخوف حضرت سارہ بیگانہ وار رہتے
ایک روز حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ایک مکان خالی مین
حضرت ہاجرہ کی گود مین دیکھا تو بمقتضائے بشریت شفقت پدری نے جوش مارا کہ حضرت ابراہیم
علیہ السلام نے اپنی گود مین لیکر کئی بوسے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لبون پر دیے
قضا کار حضرت سارہ اس پیار پر مطلع ہوگئین اور رشک نے انکے قلب پر غلبہ کیا
تو فرمانے لگین کہ اسی وقت دونون مان بیٹیون کو میرے گھر سے نکال دو اور ایسے
جنگل مین چھوڑ آؤ کہ جہان نہ پانی ملے نہ گھانس حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہر چند سمجھایا
کہ اللہ جل شانہ تمکو بھی بیٹا عنایت کریگا کہ اکثر انبیا علیہم السلام اُسکے صلب سے ہونگے
لیکن کچھ نہ سمجھین پیچ ہوکر تریاہٹ سے ضد انیاوہ مین رکھے آخر کار حضرت ابراہیم
علیہ السلام جناب الٰہی مین ملتجی ہوئے اُس درگاہ لاابالی سے بوسیلہ جبرئیل حکم ہوا کہ
جسطرح سارہ کہتی ہین ویسا کرو ارباب سیر اور تواریخ بیان کرتے ہین کہ جب حضرت ابراہیم
علیہ السلام کے حضرت ہاجرہ سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہوئے تو نور محمد صلی اللہ
علیہ وسلم پیشانی مین حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے چمکتا تھا اس باعث سے حضرت سارہ کو
رشک ہوا کہ ہرگز دیکھ نہ سکین اور یہ بات محض اسی طمع سے ہوئی کہ اگر میرے لڑکا ہوتا تو
حامل اس نور کا ہوتا بلکہ یہ مرتبہ رشک کا پہونچا کہ اسی حالت مین قسم کھا گئین کہ ہاجرہ کے
اعضا سے تین عضو کاٹ ڈالونگی چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس بات مین کمال
شفاعت کی کہ اگر تمکو یہ منظور ہو تو ہاجرہ کے دونون کانون مین ایک ایک سوراخ کرو اور محل
مخصوص سے کچھ گوشت کاٹ ڈالو کہ قسم تمھاری ادا ہو جاے حضرت سارہ نے قبول کیا اور
اسی طرح عمل مین لائین اسوقت سے کان چھیدنا اور عورتون کا ختنہ کرنا سنت ہوا
لیکن اس جور و جفا کا ذکر محققین مفسرین نے نہین کیا ہو تا کہ محل اعتراض ہو اور اہل سیر
اور تواریخ کا قول سند نہین ہوسکتا فائدہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد مین کان
چھیدنا سنت تھا اور ہمارے حضرت صلعم کے زمانے مین بھی کانون مین زیور پہنتے تھے
کیونکہ حدیث شریف مین ہو کہ ایک مرتبہ بروز عید عورتین بھی تھین تو حضرت نے صدقے کے
واسطے فرمایا تو عورتین اپنے کانون سے زیور اُتارنے لگین اور کتب فقہ مین ہو کہ عورتون کے
کان چھیدوانے مین کچھ مضائقہ نہین چنانچہ درمختار مین ہو لا باس بثقب اذن البنت والطفل

استحساناً وفی دمحادیۃ لاباس بثقب اذن الطفل من البنات لانہم کانوا یفعلون ذلک فی زمن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من غیر انکار۔ وفی نصاب الاحتساب لاباس بثقب اذن الطفل من النساء وفیہ ایضاً
علی ان ثقب اذن الطفل من الذکور مکروہ فیحتسب علی من فعلہ لیکن ناک چھیدنا جو ہندوستان میں
جاری ہے اسکی اصل شرع میں پائی نہیں جاتی یہ وضع خاص ہندوستان کی ہے بالجملہ حضرت سارہ کو
روز بروز رشک زیادہ ہوا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم الٰہی ہو چکا تھا کہ اسمعیل اور ہاجرہ کے
حق میں جو کچھ سارہ کہیں اسپر عمل کرو ناچار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دونوں کو ایک
اونٹ پر سوار کیا اور لے چلے اور بعد طے منازل و مراحل ایک میدان میں کہ بالفعل کعبہ مبارک اسی
مقام پر واقع ہے پہونچے اور بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ براق پر سوار کرا کے بہت جلد وادی مکہ میں
نزول فرمایا تب وحی ہوئی کہ انکو اسی جگہ چھوڑ جاؤ چنانچہ آنجناب نے ایک درخت کے تلے کہ قریب
چشمۂ زمزم اور طرف اعلی مسجد کے واقع ہے دونوں کو چھوڑا اور وہ مکان اس عرصے میں ایسا تھا
کہ متنفس کسی قسم کا وہاں سکونت پذیر نہ تھا اور نہ پانی تھا کھانے کی چیز کا تو کیا ذکر ہے اور عمر
حضرت اسمعیل دو برس یا تین برس کی تھی مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام چند کاک نان اور ایک مشک
پانی اور ایک تھیلی خرموں کی حضرت ہاجرہ کے پاس رکھکر چلے اور فرمایا کہ اس مولود کو دودھ پلاؤ
اور اسی مقام میں رہو حضرت ہاجرہ نے پیچھے دوڑکر پوچھا کہ یہاں مجھے کسپر چھوڑتے ہو نہ یہاں
پانی ہے نہ گھاس نہ کوئی مددگار نہ کوئی درخت سایہ دار لیکن حضرت ابراہیم منھ پھیرے ہوئے
جاتے تھے اور انکی گفتگو پر اصلا ملتفت نہ تھے تب ہاجرہ نے کہا کہ یہ کام تم بحکم خدا کرتے ہو یا اپنے
حکم سے ارشاد کیا بحکم خدا حضرت ہاجرہ نے کہا اب کچھ پروا نہیں اللہ میرا حافظ ہے وہ ہرگز مجھے ضائع
نہ کریگا ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ اپنا دل دخیال کرکے بخاطر جمع اپنے مولود مسعود کے پاس
آئیں اور دودھ پلانے میں مصروف ہوئیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام ثنیۃ پہاڑ سے گذرے
اور خوب انکو یقین ہوا کہ اب حضرت ہاجرہ کی نظر سے غائب ہوں وہ اصلا نہ دیکھتی ہونگی لہذا
جانب کعبہ متوجہ ہوے اور دونوں ہاتھ اٹھائے اور دعائیں کیں ازانجملہ ربنا انی اسکنت
من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم یعنی اے پروردگار میرے میں نے بسائی ہے ایک
اولاد اپنی میدان میں جہاں کھیتی نہیں ہے نزدیک تیرے بڑے گھر کے دوسری یہ ربنا لیقیموا الصلوٰۃ
فاجعل افئدۃ من الناس تہوی الیہم یعنی اے رب ہمارے تا قائم رکھیں نماز پس کر دے بعضے
لوگوں کے دل رغبت کرنے والے انکی طرف تیسری یہ وارزقہم من الثمرات لعلہم یشکرون یعنی

روزی دے انکو میوون سے شاید یہ شکر کرین اہل تحقیق اس جگہ فرماتے ہین کہ اگر من تبعیضیہ تہ یہ
افئدۃ من الناس مین نہوتا تو جمیع مردم فارس و روم و ہند و ترک و یہود و نصاری حرم شریف
از دحام کرتے کہ اور کسی کو جگہ بیٹھنے کی نہ ملتی پھر بکمال تضرع و زاری التماس حق مین کیا

ربنا انک تعلم ما نخفی وما نعلن وما یخفی علی اللہ من شیء فی الارض ولا فی السماء یعنی اے پروردگار
ہمارے تو جانتا ہے جو ہم چھپاوین اور کھولین اور پوشیدہ نہین تجھپر کچھ زمین و آسمان مین
الغرض حضرت ابراہیم علیہ السلام یہ دعائین مانگ کر روانہ ہوے اور حضرت ہاجر کا حال یہ ہوا کہ
جبتک پانی کھانا رہا کھاتی پیتی دودھ پلاتی رہین اور ہر وقت شدت عطش اسمعیل کو پانی بھی پلایا تین
بعد چند سے کھانا پانی چکگیا اور تشنگی کا غلبہ ہوا ایسا کہ حضرت اسمعیل مثل بسمل تڑپنے لگے اور ہاجر
سخت سراسیمہ و پریشان ہوئین نہ کوئی معین و مددگار جس سے پانی کا نشان دریافت کرین نہ
کہین آبادی و اشجار کہ وہان جا کر مقام کرین آخرکار کوہ صفا پر کہ نزدیک واقع تھا تشریف
لیگئین اس خیال سے کہ شاید کوئی نظر آجاے جس سے پانی کا نشان پوچھون یا پانی مانگون یا
کوئی جانور دیکھ پڑے کہ اس سے پانی کا نشان ملے مگر اسی قدر پہاڑ پر چڑھتین کہ حضرت اسمعیل
علیہ السلام نظر سے غائب نہوتے لیکن ہر چند داہنے بائین دیکھا کوئی بھی نظر نہ پڑا تب مایوس
ہو کے اس پہاڑ سے نیچے اترین اور جانب مروہ متوجہ ہوئین تو بیچ میدان کی فضا مین یہ خطرہ دل مین
آگیا کہ ایسا دم اپنے صاحبزادے سے غائب ہون مبادا کوئی درندہ وقت فرصت پاکر اٹھا لیجاے
تو کہین کی نہ رہے اسی خطرے سے بیچ نشیب میدان مین جسکو بطن وادی بولتے ہین دوڑین اور دامن
سمیٹ کر ایسی سعی و کوشش کی کہ جلد تر زمین ہموار پر آگئین کہ اس جگہ سے حضرت اسمعیل نظر
آنے لگے جب متصل مروہ پہنچین تو بھی اسی قدر جانب بالا گئین کہ مقام اسمعیل نظر آتا تھا اور
راستا چپا خوب نگاہ ڈالی اور کچھ نظر نہ آیا پھر جانب صفا متوجہ ہوئین اسی طرح سات مرتبہ سعی
بین الصفا والمروہ بھی [illegible] ہین لائین اسلیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایام حج مین یہ سعی بین الصفا
والمروہ مقرر فرمائی تاکہ لوگون کو حالت بیکسی و بیچارگی و بیتابی و عاجزی حضرت ہاجر و فریاد رسی
حضرت حق تعالی یاد آوے اور بصورت بیچارہ و بیکس حضور خداوندی مین عرض کرین تاکہ مورد
رحمت الہی ہون حضرت استاذ الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ صفا و مروہ کا شعائر اللہ
ہونا حضرت اسمعیل کی والدہ کی برکت سے ہوا کہ مسبب الاسباب کی مشیت خاصۃً انکے حق مین
انھین دو پہاڑون کے درمیان ظاہر ہوئی اور آسنے انکی مشکل کو حل کیا بعد اسکے شعائر اللہ

وجہ سعی
بین الصفا
والمروہ ۱۲۵

ہوتا انکا بمنزلہ حج بغیر زادتی کے ہوگیا اس سے مین کہتا ہون کہ اس مقام سے ظاہر ہوا کہ انبیا اور
اولیا کے تبرکات و آثارون کی تعظیم و تکریم کرنا اور دین و دنیا کی حاجتون مین انسے توسل کرنا
شعار دین ہی اور جو منکر ہی وہ خراب ہی الحاصل جب مرتبہ سابعہ مین حضرت ہاجر مروہ پہاڑ پر پہونچین
تو ایک آواز کان مین آئی کہ خود انھون نے کہا صہ یعنی اندیشہ نہ کر آواز کی طرف کان لگا
اچھی طرح سن تب ساکت ہوئین تو آواز کان مین آئی کہنے لگین اے منادی کنندہ کاش میری
حاجت روائی ہوسکے تو کر اور نہایت جلد دوڑین اور حضرت اسمعیل علیہ السلام کے پاس تشریف
لائین دیکھا کہ ایک فرشتہ زمزم کے مقام پر اپنا پنجہ یا پاشنہ مارتا ہی اور پانی دودھ سے زیادہ
صاف اور شہد سے زیادہ شیرین جاری ہی حضرت ہاجر نے چاہا کہ پانی جاری کو ایک حوض مین جمع کرین
اسلیے مٹی جمع کی اور مینڈ باندھی کہ صورت حوض ہوگئی یہ حرکت اسواسطے کی تھی کہ پانی جاتا رہیگا
اور ہم پیاسے رہ جاوینگے حضرت صلعم بعد اتمام اس حکایت کے فرماتے ہین کہ اللہ تعالے بخشے
والدۂ اسمعیل کو اگر عجلت نہ کرتین اور اس پانی کو مخلی بالطبع چھوڑ دیتین تو چشمہ جاری ہوجاتا
زمزم اور ایک روایت ہی کہ ہر مرتبہ اس سعی بین الصفا والمروہ مین حضرت ہاجر اپنے صاحبزادے
اسمعیل علیہ السلام کے پاس ہو جاتی تھین مرتبہ سابعہ مین جب تشریف لائین تو حضرت اسمعیل
علیہ السلام کی حالت متغیر قریب بہلاکت دیکھی بڑی پریشان اور مضطر ہوکے مروہ پہاڑ پر
تشریف لائین تو ایک آواز کان مین سن پڑی وہ آواز تھی حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کی
کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کے پاس موضع زمزم پر کھڑے تھے انھون نے والدۂ اسمعیل کو
آواز دی تھی کہ تو کون ہی وہ بولین مین ام ولد ابراہیم علیہ السلام ہون جبرئیل علیہ السلام نے
کہا انسنے تجھے کسطرح یہان تنہا بے یار و مددگار کس پر چھوڑا ہی فرمایا اللہ حفیظ علیم قدیر جبرئیل
نے فرمایا وہو حسبک ونعم الوکیل پھر کیون پریشان و سرگردان ہی بعد اسکے اپنا پاشنہ زمین
پر مارا کہ ایک چشمہ رحمت بانعمت آثار ظاہر ہوا اسوقت حضرت ہاجر اپنے صاحبزادے کے
پاس تشریف لائین اخبار الدول مین ہی کہ حالت سعی مین والدۂ اسمعیل کی زبان پر یہ دعا
جاری تھی اللھم انا ودیعتک وودیعۃ نبیک وخلیلک عندک فلا تفجع ودیعتک یا من ھو ودیع
لا یضیع ودیعتہ یا ارحم الراحمین الغرض وہ پانی جاری ہوا اور فرشتے نے انکی تسلی اور
تسکین کردی کہ ہرگز ہرگز خوف نہ کرو حافظ حقیقی تمکو کبھی ضائع نہ کریگا اسلیے کہ یہ مکان
اسی حافظ کا گھر ہی اور یہ لڑکا تمھارا جوانی کے وقت اپنے باپ کے ساتھ شریک ہوکر

اسکی تعمیر کریگا اور دستور مالک اس مکان کا یہ ہے کہ یہان کے باشندون کو کبھی ضائع نہین کرتا اب یہان ٹھہرو اطمینان سے بسر کرو پانی پیو اور صاحبزادے کو پرورش کرو اور کارخانے خدائی کے دیکھو اور کم ہونے پانی کا ہرگز خوف نہ کرو کیونکہ یہ چشمہ وہ ہے جس سے خالق لایزال اپنے مہمانون کو سیراب کریگا حضرت ہاجر نے کہا بیشک اللہ بخیر اور خانہ کعبہ اُندنون مانند ایک ٹیلے کے تھا الغرض پانچ دن والدۂ اسمعیل اُس وادی مین تنہا رہین بعد ازان اتفاقیہ

ایک قافلہ قوم جرہم مین سے آوارہ ہو براہ گدا کو اعلا سے مکہ ہے آیا اور ثنیۂ سفلی مین فروکش ہوا تو انکو کبوتر وغیرہ طیور کعبۂ پُرنور پر اکثر بازیان کھیلتے اُڑتے نظر آئے قافلے والے سخت متحیر ہوسے اس وجہ سے کہ جانور وہان ہوتے ہین جہان آبادی ہو خصوص جس مقام مین پانی بھی ہو اور ہم لوگ اکثر سفر کرتے رہے ہین اور اس طرف بیشتر وارد ہوسے ہین کبھی ایسا نہین دیکھا اور نہ کسی سے کبھی سُنا یہ معاملہ کیا ہے اور اسمین نکتہ کیا لاجرم خبر لانا ضروری ہے چنانکہ ایک شخص بنابر تفحص و تجسس حال بھیجا اُسنے پلٹ کر ظاہر کیا کہ وہان عجیب ماجرا ہے کہ چشمۂ آب زور شور سے جاری ہے اور اللہ نے ایک عورت مع فرزند وہان اُتاری ہے سو وہ قافلہ اور ہمراہی اُنکے سردار بہ نیت اقامت اور سکونت اول حضرت ہاجر کے پاس آئے اور اجازت سکونت چاہی جناب موصوفہ راضی ہوئین اور معیت آدمیون کی غنیمت سمجھین مگر شرط کر لی کہ پانی مین شریک نہ کرونگی اُن لوگون نے قبول کیا اور ٹھہر گئے پھر اپنے اہل و عیال طلب کیے اور اخبار الدول مین ہے کہ پانچ دن کے بعد دو غلام عمالقہ کے اونٹ تلاش کرتے ہوسے بو قبیس پہاڑ پر گئے بعض نے پانی کی سفیدی دیکھی اور اپنے سردارون کو جو عرفات مین فروکش تھے خبر کی چند سردار وہان آئے اور ہاجر و اسمعیل کو دیکھکر متحیر ہوسے بعد ازان باجازت حضرت ہاجر مع اہل و عیال مقیم ہوسے اس عرصہ مین ایک دن

حضرت ابراہیم کو آرزو ہوئی کہ اسمعیل کو دیکھین حضرت سارہ سے اذن طلب کیا وہ بولین اس شرط سے اجازت ہے کہ شتر سواری سے نہ اُترنا چنانچہ آنجناب سوار ہوکر وہین تشریف لائے جہان چھوڑ گئے تھے تو مکان کو آباد پایا ہاجر نے دور ہی سے پہچانا اور مکان پر لائین اور اسمعیل سے کہا یہ تمہارے والد بزرگوار ہین اسمعیل مسرور ہوسے پھر ہاجر نے التماس کیا کہ اُترو تو سر و ریش دھو ڈالون فرمایا مین نے سارہ سے شرط کی ہے کہ اونٹ سے نہ اُترونگا ناچار ایک پتھر لائین اور پاے مُبارک حضرت کا اُس پر رکھ کر دھویا

بیان آمد قافلہ جرہم

آمد حضرت ابراہیم نزد اسمعیل علیہ السلام

اور آدھا سر دھویا اسی طرح دوسری طرف مسح کیا چنانچہ دونون قدم شریف تپھر مین درآئے کہ اب مصلی سب سلمانون کا ہی اور وتخذوا من مقام ابراہیم مصلی اسی کا اشارہ ہی بعد اوان رخصت ہوے اور معالم مین محمد ابن اسحق سے نقل ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام شام سے براق پر تشریف لاتے مکے مین لاتے دن بھر قیام فرماتے رات کو پھر جاتے حتی کہ حضرت اسمعیل اس لائق ہوے کہ اپنے باپ کے ہمراہ جا سکین چنانچہ اللہ صاحب نے فرمایا فلما بلغ معہ السعی یعنی جب ابراہیم کے ساتھ چلنے کے لائق ہوے بعض کے نزدیک تیرہ برس کے اور بعض کے نزدیک سات برس کے ہوے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آٹھوین ماہ ذیحجہ کو خواب دیکھا کہ ایک شخص کہتا ہی اللہ صاحب حکم دیتے ہین کہ اپنے بیٹے کو ذبح کرو صبح کو اُٹھے شام تک متفکر رہے کہ یہ خطرہ شیطان ہی یا حکم حضرت رحمان اُسی دن سے ترویہ نام ہوا پھر نوین تاریخ خواب دیکھا تب جانا کہ فی الحقیقہ حکم خدا کی طرف سے ہی اسی مقام سے عرفہ نام ہوا مقاتل روایت کرتے ہین کہ دسوین ذیحجہ پھر وہی خواب نظر آیا تب حضرت سارہ سے اجازت حاصل کرنے گئے ہین تشریف فرما ہوے اور حضرت ہاجرہ سے فرمایا کہ اسمعیل کو نہلا کر کنگھی کرو اور آنکھون مین سرمہ کھینچکر میرے ساتھ کرو چنانچہ حضرت ہاجرہ نے نہلا دھلا کپڑے پہنا سرمہ لگا ساتھ کر دیا کہ آنجناب علیہ السلام حضرت اسمعیل کو لیکر منا کی طرف چلے اور سدی سے روایت ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا مانگی تھی کہ رب ہب لی من الصالحین انکو بشارت ہوئی تو حضرت نے خوش ہوکے نذر کی کہ اگر لڑکا ہوگا تو مین ذبح کرونگا بہ نیت تقرب جب پیدا ہوے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور باپ کے ساتھ چلنے کے قابل ہوے تب ارشاد ہوا کہ نذر ادا کیجیو حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل سے فرمایا کہ ایک چھری اور رسی لیکے میرے ساتھ چلو کہ مین نذر کی چاہتا ہون اللہ سے چنانچہ حضرت اسمعیل علیہ السلام باپ کے ساتھ گئے جب پہونچے بیچ مین پہاڑ کے تو عرض کیا کہ کہان ہی قربان کا مقام حضرت نے فرمایا کہ یا بنی انی اری فی المنام انی اذبحک یعنی اے بیٹے میرے دکھلایا گیا ہون مین خواب مین کہ تجھکو ذبح کرون حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو قربانی کا حکم ہوا تو حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل سے کہا کہ چھری اور رسی لیلو اور میرے ساتھ شبیر پہاڑ تک آؤ کہ تمھارے گھر کے واسطے لکڑیان لائین

من

قصہ ذبح اسمعیل علیہ السلام

حضرت اسمٰعیل موافق حکم کے چلے اِس اثنا مین ابلیس نے یہ تجویز کیا کہ اگر ایسے وقت مین
آلِ ابراہیم کو نہ بہکاؤنگا تو پھر کبھون میرا دسترس انپر نہوگا سو پہلے حضرت ہاجرہ کے پاس آیا
اور کہا کچھ جانتی ہو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اسمٰعیل کو لیکر کہان گئے ہین فرمایا کہ دونون
لکڑیان لینے گئے ہین کہنے لگا واللہ اسکو ذبح کرینگے فرمایا کہ وہ تو اسمٰعیل کے باپ ہین
ایسی بات خلاف عطوفت کبھی نہ کرینگے کہنے لگا یہ تو درست ہے لیکن انکو یہ زعم ہے کہ اللہ نے
مجھکو ایسا حکم دیا ہے فرمایا کہ اگر حکم الٰہی ہے تو پھر اُسکا بجا لانا ضرور ہے تب وہان سے بھاگا
اور حضرت اسمٰعیل کے پاس آیا اور بولا کہ اے لڑکے تو جانتا ہے کہ تجھکو تیرا باپ کہان
لیے جاتا ہے فرمایا کہ اس شعبہ پہاڑ مین اپنے کام کو لیے جاتا ہے کہنے لگا کہ واللہ اس خیال مین
نہ پڑ تجھکو ذبح کرینگے فرمایا کسواسطے کہنے لگا کہ اُنکے زعم مین یون ہے کہ مجھکو اللہ نے
حکم دیا ہے فرمایا کہ اگر خدا کا حکم ہے تو بجا لانا اُسکا واجب ہے اور مین راضی ہون تب پھر
مردود بھاگا اور حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آیا اور عرض کیا
کہ یا شیخ آپ کہان تشریف لیے جاتے ہین حضرت نے فرمایا اس شعبہ پہاڑ مین اپنے کام کو
جاتا ہون پھر بولا کہ مین دیکھتا ہون شاید تمھارے پاس شیطان آیا تھا کہ بہکا گیا ہے
کہ تم اپنے لڑکے کو ذبح کرو اس تقریر سے حضرت ابراہیم نے پہچان لیا کہ یہ خود ابلیس ہے
تب فرمایا دور ہو میرے پاس سے اے دشمن خدا واللہ مین تو بجا لاؤنگا حکم اپنے خدا کا
ابو الطفیل ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب تشریف لیچلے
تو آگے سے ابلیس آیا حضرت نے ہانکا بعد اُسکے جمرۃ العقبہ پر پھر آیا تب سات کنکریان
ماریں پھر جمرۂ وسطیٰ مین آیا پھر ماریں پھر جمرۂ کبریٰ مین آیا تو پھر ماریں یہانتک
وہ دور ہوگیا چنانچہ اب بھی حاجیون کا یہ دستور ہے غرض کہ دونون پیغمبر علیہما السلام
شعبہ پہاڑ مین پہونچے وہان حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے کہا یا ابت افعل ما تؤمر
ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین یعنی اے باپ میرے کر ڈال جو حکم دیا گیا ہے تجھکو
تو مجھکو پاویگا اگر اللہ نے چاہا صبر کرنے والا حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ حضرت
ابراہیم علیہ السلام نے اسمٰعیل کو زمین پر پچھاڑا پیشانی کے بل کہ منھ انکا سامنے
نظر نہ آوے کہ شاید محبت جوش کرے بعد اُسکے ذبح کا ارادہ کیا اُس وقت
حضرت اسمٰعیل نے فرمایا کہ اے باپ میرے ہاتھ اور پاؤن باندھ دیجیے تاکہ اضطراب

نہ کردن اور اپنے کپڑے کو بچائیے تاکہ خون کا داغ اضطراب سے ان نہ لگ جائے کہ میں اپنا
بے ردلی سے گنہگار اور بدنام ہو جاؤں سے اگر خونم بریزی غم ندارم زان ہمی ترسم
کہ ناگہ دامن پاکت شود از خونم آلودہ ۔ اور یہ بھی خیال ہے کہ اگر میری ماں داغ خون کا
دیکھیگی تو بہت غمگین ہوگی اور اپنی چھری کو خوب تیز کر لیجیے اور جلدی اور کمال
چستی سے چلائیے کہ مجھکو جان دینا آسان ہو جائے اور جب گھر کو تشریف لیجائیے تو
میری والدہ کو سلام کہیے گا اور اگر اس وقت مناسب ہو تو مجھ میرا کپڑا انکی آنکھ
عنایت کیجیے گا کہ شاید اسی سے تسلی اور تسکین پاوے اور پیشانی میری خاک پر
رکھیے تاکہ آپکی نظر شفقت مجھ پر نہ پڑے کہ مبادا امر الٰہی میں تقصیر واقع ہو جائے سو
حضرت ابراہیم نے اسی طرح جیسا حضرت اسمعیل نے بتلایا تھا کیا اور اس حالت میں
دونوں پر عجب حالت تھی کہ قلم کو ہرگز طاقت تحریر نہیں بلکہ اللہ صاحب نے بھی
مفصل نہیں فرمایا کہ اس وقت کیا معاملہ گذرا القصہ حضرت ابراہیم نے چھری
تیز کر کے گردن مبارک اسمعیل پر چلائی تو چھری نہ چلی تین مرتبہ یا دو مرتبہ پتھر پر
تیز کر کے بھی گلے پر چلائی مگر ایک رگ انکی نہ کٹی سدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ اللہ صاحب نے ایک ٹکڑا مس کا حضرت اسمعیل کی حلق پر رکھدیا تھا کہ چھری اسپر
نہیں چلتی تھی اور بعضے روایت کرتے ہیں کہ گردن کٹ کے پھر درست ہو جاتی تھی
اس حالت میں حضرت اسمعیل نے عرض کیا کہ مجھکو چیت لٹا دیجیے کہ آپکی نظر شفقت
جب میرے منہ پر پڑیگی تو رونا آویگا اور میں چھری کو دیکھ کر خوف سے رو دونگا یہ رونا
حکم الٰہی میں اور تم میں حائل ہو جائیگا او ارحم الراحمین مجھپر اور تم پر رحم فرمائیگا
حضرت ابراہیم نے اسی طرح کیا تب بھی چھری نہ چلی الا حکم آیا کہ [illegible]
ای ابراہیم تو نے سچا کر دکھایا خواب کو ونادیناہ ان یا ابراہیم قد صدقت الرویا
انا کذلک نجزی المحسنین یعنی پکارا ہمنے کہ ای ابراہیم تو نے سچ کر دکھایا خواب اور
البتہ ہم اسی طرح بدلا دیتے ہیں احسان کرنے والوں کو اگر کوئی اس آیۃ میں
شبہہ کرے کہ خواب میں حضرت نے ذبح کرنا دیکھا تھا اور ذبح نہیں کیا پھر
کس طرح یہ قول درست ہے بعضوں نے جواب دیا ہے کہ مطلب خدا کا امتحان تھا
کہ حتی الامکان دونوں سے قصور نہیں ہوا اور مارنا اور خون کا بہا دینا حضرت

ابراہیم علیہ السلام کے اختیار مین نہ تھا علاوہ اسکے حضرت نے ذبح کرنا خواب مین دیکھا تھا
در حقیقت ذبح نہین دیکھا تھا سو بیداری مین وہی کیا جو خواب مین دیکھا تھا پس یہ قول صادق ہی
بالجملہ جب خالق کبریا نے دونون پیغمبرون کو اپنی راہ مین عاشق صادق پایا اور ہر طرح سے
فرمانبردار دیکھا تو ایک دنبہ بہشتی کہ چالیس برس تک مرغزار بہشت مین چرا تھا حضرت
جبرئیل علیہ السلام کے ہاتھ سے بھیجا اور فرمایا کہ یہ دنبہ فدا ہی اسمعیل کا اسکو ذبح کرو
پھر حضرت جبرئیل نے فرمایا کہ اللہ اکبر اللہ اکبر اور دنبہ نے بھی تکبیر کہی بعد ازان
حضرت ابراہیم نے کہا لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اور حضرت اسمعیل نے کہا اللہ اکبر و للہ الحمد
روایت صحیح یہ ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام جب فدا حضرت اسمعیل علیہ السلام آسمان سے
لاتے تھے تو باین خوف کہ مبادا حضرت ابراہیم علیہ السلام ذبح مین تعجیل کرین پکار
پکار کر فرماتے تھے اللہ اکبر اللہ اکبر تا کہ حضرت ابراہیم آگاہ ہو جائین حضرت ابن عباس
فرماتے ہین کہ یہ دنبہ وہ تھا کہ جسکو ہابیل ابن آدم علیہ السلام نے قربانی کیا تھا
وفدیناہ بذبح عظیم یعنی بدلا دیا ہمنے ایک جانور ذبح کو بڑا اسی پر اشارہ ہی اور اکثر
محدثین فرماتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام آنکھون مین پٹی باندھے چھری
زور سے چلاتے تھے مگر اللہ کے حکم سے چھری نہ چلتی تھی جب حضرت نے پٹی کھولی
تو دنبہ کو ذبح کیا ہوا پایا اور حضرت اسمعیل کو محفوظ تب شکر کیا اخبار الدول مین
مراۃ الزمان سے نقل کی ہی کہ جب ہاجرہ نے ذبح اسمعیل کا حال سنا تو پتہ انکا
پھٹ گیا اور تیسرے دن مرگئین موضع حجر مین مدفون ہین عمر انکی نوے برس کی
ہوئی اور صحیح یہ ہی کہ حضرت اسماعیل بیس برس کے ہو گئے تب ہاجرہ نے وفات
پائی **فائدہ** اختلاف ہی کہ ذبیح اللہ حضرت اسحق علیہ السلام ہین یا حضرت
اسمعیل علیہ السلام بعضے صحابہ مثل حضرت عمر اور علی مرتضی و ابن مسعود و ابن عباس
رضی اللہ عنہم اور تابعین و اتباع تابعین سے مثل کعب احبار و سعید ابن جبیر
و قتادہ و مسروق و عکرمہ و عطا و مقاتل و زہری و سدی رضی اللہ عنہم کہتے ہین
کہ حضرت اسحق کو شام سے حضرت ابراہیم منا مین لائے اور دنبہ کو ذبح کر کے
ایک ساعت مین چلے گئے اور عبد اللہ ابن عمر و سعید ابن مسیب و شعبی و حسن
بصری و مجاہد و ربیع ابن انس و محمد ابن کعب قرظی و کلبی و عطا ابن ابی رباح و

یوسف ابن مالک فرماتے ہین کہ ذبیح اسمعیل علیہ السلام ہین اور دلیل جماعۂ اولی کی یہ ہے
کہ خداوند عالم اس قصہ مین فرماتے ہین فبشرناہ بغلام حلیم فلما بلغ معہ السعی قال یا
بنی الآیہ یعنی پھر خوشخبری دی ہمنے اسکو ایک لڑکے کی جو ہوگا تحمل والا پھر جب پہونچا
اسکے ساتھ دوڑنے کو تو کہا ای بیٹے میرے مین نے خواب دیکھا ہے کہ تجھکو ذبح کرتا ہون
اس سے ظاہر ہے کہ مبشر و ذبیح واحد ہے اور قرآن مجید مین جہان کہین ذکر بشارت ہے
تبصریح یا باشارہ وہان بشارت اسحق ہے چنانکہ سورۂ ہود مین فبشرناہا باسحق یعنی ہمنے
بشارت دی سارہ کو اسحق کی اور دلیل جماعۂ ثانیہ کی اول یہ ہے کہ سورۂ والصافات مین
بعد قصۂ ذبح کے ذکر بشارت اسحق کا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مذبوح کوئی اور ہی ہے
دوسرے اسواسطے کہ سورۂ ہود مین ہے فبشرناہا باسحق ومن وراء اسحق یعقوب یعنی پھر ہمنے خوشخبری
دی اسکو اسحاق کی اور بعد اسحق یعقوب کی پس جسطرح بشارت حضرت اسحق کی ہے
اسی طرح بشارت حضرت یعقوب کی بھی ہے اور خبر ہے نبی ہونے کی پھر کیونکر اسحاق
علیہ السلام کے ذبح کا حکم ہوتا جب کہ وعدہ یعقوب علیہ السلام کے ظہور کا ہو چکا تھا
علاوہ برین اگر ذبح ہونے کی خبر حضرت اسمعیل علیہ السلام کی نہوتی جیسا یہود و
نصاری کہتے ہین تو حضرت ابراہیم علیہ السلام بیشک پوچھتے کہ یا الٰہی تو نے مجھکو
اسحق و یعقوب کی خوشخبری ایک ساتھ دی ہے سو اسحق تو پیدا ہوا اگر یعقوب نہین ہوا
پھر اسحق کسطرح ذبح ہو جب تک یعقوب نہووے دوسری صنابحی کہتے ہین کہ ہم معاویہ
ابن ابی سفیان کے پاس دمشق مین بیٹھے تھے کہ ایک شخص نے پوچھا ذبیح کون تھا
اسحق یا اسمعیل معاویہ نے کہا کہ مین ایک روز حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے
حضور مین حاضر تھا کہ ایک شخص نے حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے خطاب کرکے کہا
یا ابن الذبیحین حضرت مسکرائے کسی نے پوچھا یا حضرت وہ ذبیح کون تھے فرمایا
میرے باپ عبد اللہ اور دادا میرے اسمعیل و لہذا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
فرمایا کرتے تھے انا ابن الذبیحین اور قرطبی کہتے ہین کہ عمر ابن عبد العزیز نے ایک
عالم یہودی سے کہ اسلام لایا تھا پوچھا کون بیٹا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذبح
ہوا تھا اسنے کہا کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام تیسری یہ کہ شاخین دُنبے کی کعبے شریف
مین بنی اسمعیل کے پاس عہد عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ تک آویزان تھین

یہانتک کہ حجاج ثقفی ظالم نے جب کعبہ جلایا تو وہ جل گئین چنانچہ شعبی رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین کہ مین نے وہ دونون شاخین کعبے شریف مین آویزان اپنی آنکھون سے
دیکھی تھین اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ واللہ باللہ مین نے دونون
شاخین کبش کی مع سر اول اسلام مین آویزان کعبے مین دیکھی تھین یہانتک کہ حجاج نے
جلایا اور اصمعی کہتا ہو کہ مین نے ابوعمرو ابن العلا سے پوچھا کہ ذبیح اسمعیل علیہ السلام
تھے یا اسحق علیہ السلام اُسنے کہا اے اصمع تیری عقل و دانش کہان گئی ہو اسحق
ابن ابراہیم علیہما السلام کعبے مین کب تھے وہان نہ تھے مگر اسمعیل کہ انھین نے
کعبہ اپنے باپ کے ساتھ بنایا تھا اور مکے مین رہتے تھے اور جلال الدین سیوطی
فرماتے ہین کہ حضرت اسحق کو ذبیح کہنا تحریفات اہل کتاب سے ہو کذا قال الشیخ فی
شرح للمشکوٰۃ اگر کوئی شبہہ کرے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام مکے مین اسوقت تک
تشریف نہین لائے جبتک حضرت اسمعیل علیہ السلام جوان وخانہ دار نہین ہوے
پھر کسطرح ذبح کیا تو جواب یہ ہو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہر مہینے مین ایک مرتبہ
براق پر سوار ہوکر صبح کے وقت آتے تھے و اسمعیل و ہاجرہ کو دیکھکر چلے جاتے تھے
اور قیلولہ شام مین کرتے تھے سو یہ قصہ بعض زیارات مین واقع ہوا ہو کذا فی اخبار الدول
نقلاً عن نزہۃ النواظر اور بھی اخبار الدول مین ہو کہ اس مقدمے مین توقف
واجب ہو اسواسطے کہ دلائل جانبین متعارض ہین اور ترجیح اس امر کی کہ ذبیح
حضرت اسحق تھے بس متعذر ہو اور حضرت مولانا عبد العلی لکھنوی شرح مثنوی کے دفتر
سوم مین باتباع قول شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رح فرماتے ہین کہ حق یہ ہو کہ اسحق
مذبوح تھے اور دلائل اس قول کے اکثر بیان کیے ہین جو چاہے شرح مذکور ملاحظہ
کرے اور کاتب اوراق کے نزدیک اگر دونون پیغمبرون کو ذبیح کہین تو کچھ قباحت
نہین ہو کیونکہ بعض روایات مین وارد ہو کہ ذبح اسحق علیہ السلام بیت ایلیا تھا
اور ذبح اسمعیل منی فلا محذور فیہ در مختار مین ہو کہ اگر کوئی شخص نذر کرے کہ
مسئلہ
مین اپنے بیٹے کو ذبح کرونگا تو اسپر ایک بکری ذبح کرنا لازم ہو بدلیل اس
قصہ کے اور لغو کہا ہو اسکو امام ابو یوسف و شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ نے کیونکہ
وہ نذر لغو ہو جیسا ساتھ ذبح اپنے نفس یا غلام کے اور واجب ہو امام محمد کے

نزدیک بکا ہی اور اگر کوئی شخص نذر کرے کہ مین اپنے باپ یا دادا یا ماں کو ذبح کرونگا تو یہ بھی
مفو ہی اجماعاً اسمین کسی طرح کا اختلاف نہین ہی **فائدہ** معالم التنزیل مین علامہ بغوی نے
لکھا ہی کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کے وجہ تسمیہ کی یہ ہوئی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
خداوند تعالے سے درخواست کی کہ یا الٰہی مجھکو اولاد دے اور دعا اس طرح مانگی کہ اسمع
یا ایل یعنی قبول کر اے خدا سو جب حضرت اسمعیل علیہ السلام پیدا ہوے تو انکا نام یہی رکھا
اور عبرانی مین شمعیل ہی القصہ ابراہیم بعد واقعہ ذبح شام مین جا وارد ہوے اور
مہمانداری مین مصروف ہوے عادت حضرت کی یہ تھی کہ مہمان کی حد سے زیادہ خاطر
کرتے کہ اسکا ذکر انکی صفات مین آگے آتا ہی غرض کہ اس اثنا مین ایک دن حضرت
خلیل علیہ السلام اپنے مکان پر بیٹھے تھے کہ آٹھ یا گیارہ یا بارہ اور بروایت تین
شخص بصورت جوانان سادہ رو مہمانون کی طرح آئے اور سلام علیک کر کے
بیٹھ گئے حضرت ابراہیم جواب سلام دے کے جلدی سے گھر مین گئے اور ایک بچھڑا
تلا ہوا انکے واسطے لے آئے اور سامنے رکھ دیا چنانچہ سورہ ہود مین ارشاد ہوا و

لقد جاءت رسلنا ابراہیم بالبشری قالوا سلاما قال سلام فما لبث ان جاء بعجل حنیذ
یعنی آئے ہمارے بھیجے ابراہیم کو بشارت لیکے بولے سلام وہ بولا سلام ہی پس جلد ہی
لا یا ایک بچھڑا تلا ہوا بعضے مفسرین نے اس آیت کی تفسیر مین لکھا ہی کہ حضرت اسحق
کے پیدا ہونے کی بشارت لائے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ قوم لوط کے ہلاک کی
خوشخبری لائے تھے اور حقائق سلمی مین لکھا ہی کہ دوام خلت اور محبت کی بشارت
لائے تھے اور کشف الاسرار مین بھی اسکے قریب لکھا ہی اور بعضے کہتے ہین
کہ مژدہ ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ تھا اور بعضے محققین فرماتے ہین
کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تو واسطے ہلاک قوم لوط کے تشریف لائے تھے اور
میکائیل علیہ السلام واسطے محافظت حضرت لوط اور انکی اولاد کے آئے تھے اور
حضرت اسرافیل علیہ السلام حضرت اسحاق کے تولد کی خوشخبری لائے تھے اور یہی
قول اصح الاقوال مین ہی غرض کہ حضرت ابراہیم نے انکو نہ پہچانا اور کھانا حسب عادت
آگے رکھا کسی نے نہ کھایا تب حضرت خلیل علیہ السلام نے جانا کہ شاید انکو [illegible]
اور اپنے دل مین ڈرے اسوجہ سے کہ اس زمانہ مین یہ دستور تھا کہ جو کوئی شخص آکے

گھر جاتا تو اُسکے گھر کھانا کھاتا تھا جب ان لوگون نے نہ کھایا اور ہاتھ بھی نہ ڈالا تو حضرت
نے جانا کہ شاید یہ لوگ دشمن ہین یا چور ہین مبادا مجھکو کچھ ضرر پہونچاوین اسپر ڈرے کہ ارشاد
ہوا فلما راٰی ایدیہم لاتصل الیہ نکرہم واوجس منہم خیفۃ یعنی جب دیکھا اُنکے ہاتھ نہین آتے
کھانے پر اُوپری سمجھا اور دل مین اُنسے ڈرا جب فرشتون نے دریافت کیا کہ حضرت
ابراہیم ڈر گئے ہین تو بولے لاتخف انا ارسلنا الیٰ قوم لوط یعنی مت ڈر ہم بھیجے آئے ہین
قوم لوط پر اور اُسوقت حضرت سارہ رضی اللہ عنہا بھی آڑ مین کھڑی ہوئی باتین
سُن رہی تھین اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تو بنظر مہمانداری
مہمانون کی خدمت مین حاضر تھے اور حضرت سارہ دروازے پر کھڑی تھین تب
حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ تم بیٹھ جاؤ کھڑی نہ رہو حضرت سارہ نے عرض کیا کہ تم
کھڑے ہو مہمانون کے واسطے اور مین کھڑی ہون پروردگار مہمانون کے واسطے
اور مہمان آپکو دیکھتے ہین اور مہمانون کا خدا مجھکو دیکھتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ
مہمانون کے پاس کھڑی تھین اور بسبب پیری اور بُڈھاپے کے کسی سے پردہ
نہ کرتی تھین اور یہی روایت صحیح ہے اسواسطے کہ سورۂ ذاریات مین واقع ہے فاقبلت
امراتہ فی صرۃ یعنی پھر سامنے سے آئی اُسکی عورت بولتی بالجملہ فرشتون کی باتین
سُنکر ہنسین اور سبب ہنسنے کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
ڈرنے پر انکو ہنسی آئی یا کہ فرشتون کو بصورت آدمیون کے دیکھکر متعجب ہوئین
اور ہنس پڑین یا قوم لوط کی ہلاک سے خوش ہوئین کہ وہ لوگ اہل فساد تھے
یا غفلت قوم لوط پر تعجب کرکے ہنسین ہر تقدیر جب حضرت سارہ رضی اللہ عنہا ہنسنے لگین
تو فرشتون نے حضرت اسحاق کے تولد کی خوشخبری کہی چنانچہ ارشاد ہوا سورۂ ہود مین
وامراتہ قائمۃ فضحکت فبشرناہا باسحٰق ومن وراء اسحٰق یعقوب یعنی اُسکی عورت
کھڑی تھی تب وہ ہنس پڑی پھر ہمنے خوشخبری دی اُسکو اسحٰق کی اور بعد
اسحاق کے یعقوب کی تخصیص بشارت کی حضرت سارہ کو یہ معلوم ہوتی ہے کہ لڑکے
ہونے سے عورت زیادہ خوش ہوتی ہے بخلاف مرد کے اور بعضے کہتے ہین کہ
حضرت ہاجرہ سے حضرت اسمعیل علیہ السلام ہوچکے تھے صرف حضرت سارہ سے
اولاد نہ تھی لہذا انکی تخصیص ہوئی اور باتفاق مفسرین حضرت سارہ کی عمر ننانوے ٩٩

یا اٹھانوے ۹۸ برس کی تھی اور حضرت ابراہیم کی ایک سو بیس ۱۲۰ یا ایک سو بارہ ۱۱۲ برس کی
تھی سو اس باعث سے عادتاً نہ از روے انکار حضرت سارہ نے کہا کہ اے خرابی مین کیا
جنونگی حالانکہ مین بڑھیا ہون اور یہ خاوند میرا بوڑھا ہے یہ تو عجب ایک چیز ہے قالت
یٰویلتیٰ ءَالد و انا عجوز و ہذا بعلی شیخا ان ہذا لشیء عجیب اور سورۂ ذاریات مین واقع ہے
فصکت وجہہا وقالت عجوز عقیم یعنی پیٹ لیا اپنا ماتھا اور کہا کہ مین بڑھیا بانجھ بھی
جنتی ہو نقل ہے کہ جب حضرت سارہ متعجب ہوئین تو حضرت جبرئیل نے فرمایا کہ اپنے
گھر کی چھت تو دیکھو تو دیکھتی ہین کہ خرما کی لکڑیان سبز اور میوہ دار ہو گئی ہین
تب فرشتون نے کہا کیا تعجب کرتی ہو اللہ کے حکم سے قالوا اتعجبین من امر اللہ
یہ بات کہکر وہ فرشتے قوم لوط پر چلے گئے اُسوقت مین حضرت اسمعیل علیہ السلام کی عمر
چودہ ۱۴ برس کی ہوئی اور قوم جرہم مین ایک سردار نے بکمال آرزو اپنی لڑکی کا
حضرت سے عقد کر دیا اور زبان عربی سیکھ کر نہایت تیز فہم اور فصیح ہوئے اور
حضرت ہاجرہ نے وفات پائی اور حضرت سارہ سے حضرت اسحاق پیدا ہوئے کہ حضرت
سارہ اُنکی پرورش مین مصروف ہوئین اور فی الجملہ رشک اُنکے دل سے کم ہوا
ابن قتیبہ اپنی معارف مین بیان کرتے ہین کہ جب حضرت اسحق علیہ السلام پیدا ہوئے
تو کنعانیون کو بڑا تعجب ہوا کیونکہ حضرت ابراہیم کی زیادتی عمر سے اولاد کی یقین
نہ تھی اور حضرت اسحاق حضرت ابراہیم سے کمال مشابہ تھے بایہ جب جوان ہوئے
تو دونون مین کچھ فرق نہین معلوم ہوتا تھا اسواسطے خداوند کبریا نے حضرت
ابراہیم کے محاسن شریف کو سفید کیا تاکہ باپ بیٹے مین فرق ہو جاوے غرض کہ
بعد پیدا ہونے حضرت اسحاق کے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ سے
اجازت چاہی کہ اگر کہو تو اسماعیل کو دیکھ آؤن حضرت سارہ نے خوشی سے
اجازت دی الا بدین شرط کہ گھوڑے سے نہ اُتریو اور شب باش نہو جیو اور
توقف بھی زیادہ نہ کریو چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بہمین شرط روانہ ہوئے
جب مقام معہود پر پہونچے تو دریافت ہوا کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام جوان ہو کے
خانہ دار ہوے ہین اور حضرت ہاجرہ نے وفات پائی ہے اور اسوقت حضرت اسمعیل
علیہ السلام شکار کو گئے تھے اور معیشت انکی یہی تھی کہ تیر و کمان سے شکار کرتے

اور آب زمزم سے پکا کر کھاتے تھے اور رزق بہیال نے اسی پر قناعت عطا کی تھی جب حضرت ابراہیم نے انکو نپایا تو انکی بی بی سماۃ عمارہ بنت سعد جرہمیہ کو دروازے پر بلا کے پوچھا کہ تمھارا شوہر کہاں گیا ہی اور کب آویگا اُسنے کہا کہ جنگل کو تلاش معیشت گئے ہیں شام تک آئینگے حضرت ابراہیم نے کیفیت معاش سے استفسار کیا اُسنے کہا بہت خراب ہی اور نہایت تنگی اور شقت سے ایام گذرتے ہیں اسی طرح بہت شکایت کی کہ حضرت کو برا لگا اور اندیشہ کیا کہ اگر شام تک ٹھہرتا ہون تو خلاف وعدہ ہوتا ہی اور مقصود صرف احوال پرسی تھا سو معلوم ہوگیا لہذا باگ پھیر کر چلے اور فرمایا کہ جب تمھارا شوہر آئے تو میری طرف سے سلام کہنا اور یہ بھی کہدینا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ یا مہرول کو بدل ڈالو کہ تمھارے لائق نہیں ہی اور روانہ ہوئے اِستنے مین حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تشریف لائے تو دیکھتے ہین کہ دروازہ پر انوار نبوت چمک رہے ہین اپنی بی بی سے پوچھا کوئی شخص یہان آیا تھا اُسنے عرض کیا کہ ایک بوڑھا سوار اس شکل اور شمائل کا یہان آیا اور دروازے پر کھڑے ہوکے تمھارا حال پوچھتا تھا تب حضرت اسمٰعیل نے دریافت کیا کہ حضرت ابراہیم تھے اور اس بی بی نے سارا حال بیان کیا اور یہ بھی کہا کہ مین نے اپنی تنگی معاش کی شکایت کی تھی حضرت اسمٰعیل نے فرمایا کہ پھر اس بزرگ نے کیا کہا اُسنے کہا کہ یہ بات کہ گئے ہین کہ جب تیرا شوہر آئے تو میری طرف سے سلام کہنا اور پیغام دینا کہ چوکھٹ یا مہرول اپنے دروازے کا بدل ڈالو یہ سنکر حضرت اسمٰعیل نے فرمایا کہ وہ بزرگ میرے باپ تھے اور تیرے نکال دینے کا حکم دے گئے ہین سو مین نے تجھکو طلاق دی تو اپنے ماں باپ کے گھر جا مجھسے کچھ سروکار نہین اور اُسی وقت رخصت کر دیا بعد اسکے دوسرے شخص نے قبیلہ جرہم سے اپنی لڑکی دی دُرج الدرر مین ہی کہ حرث نامے سردار جرہم نے بیٹی دی اور اخبار اول مین ہی کہ مضاض ابن عمر رئیس نے مسماۃ رعلہ سے نکاح کیا اور صحیح نامہ انکا ہالہ تھا کہ وہ کدخدائی کرنے لگی بعد مدت دراز کے حضرت ابراہیم نے پھر سارہ سے اجازت مانگی اور کہا پہلے جو مین گیا تھا تو اسمٰعیل سے ملاقات نہین ہوئی اب پھر میرا جی دیکھنے کو ہوتا ہی اگر کہو تو دیکھ آؤن حضرت سارہ نے بشرائط سابقہ اذن دیا چنانچہ حضرت ابراہیم تشریف لے گئے پھر بھی ملاقات نہوئی اور دروازے پر بی بی کو بلا کے حال پوچھا اُسنے عرض کیا

کہ آپ اُتر لیے اور تشریف رکھیے تو مین آپکا سر دہو ڈالون حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ مجھکو اجازت
اُترنے کی نہین ہی ناگزیر اُسنے ایک پتھر لاکے رکاب کے نیچے رکھا اور آپ پیر رکھ کے سر مبارک
خوب مل کے دھویا اور کنگھی کی اس حالت مین آپ احوال پوچھا کرتے تھے اور وہ شکرگذاری
اپنی وضع اور اخلاق کی کرتی تھی یہانتک کہ کیفیت معاش پر نوبت آئی تو اسنے بہت شکر کیا
اور کہا الحمد للہ بکمال مسرت گذرتی ہی تب حضرت نے دعاے خیر فرمائی اور کہا حق تعالے اُسکو
گوشت اور پانی مین برکت دیگا حدیث شریف مین وارد ہو کہ خاصیت اس دعا کی یہ ہی کہ جو کوئی
شخص مکہ معظمہ مین گوشت اور پانی پر اکتفا کرتا ہو اُسکو غلہ وغیرہ کی حاجت اصلا نہین ہوتی
اور طاقت اُسکی بدستور برقرار رہتی ہی بعد اُسکے حضرت ابراہیم علیہ السلام رات کے رہتے ہی
خوب کر کے رخصت ہوے اور واپس ہوتے فرماگئے کہ جب اسمعیل آوین تو میرا سلام کہدینا اور پیغام
دینا کہ یہ معمول دروازے کا بہت خوب ہی اسکو غنیمت جانکر رکھیو جب حضرت اسمعیل علیہ السلام
حسب دستور تشریف لاے پھر وہی خوشبو محسوس ہوئی تو اپنی بی بی سے پوچھا کہ آج کوئی یہان
آیا تھا بولین کہ ایک بزرگ تشریف لاے تھے اور اُنکی صورت ایسی تھی سو مین نے بہت خاطر کی
اور اُنکا سر دہویا لیکن وہ بزرگ گھوڑے سے نہین اُترے اور میرے واسطے دعا کر گئے تب
حضرت نے پوچھا اور کیا فرمایا بولین کہ تمکو سلام کہکے یہ فرماگئے ہین کہ یہ معمول دروازے کا
بہت خوب ہی اسکو غنیمت جانکے اچھی طرح سے رکھو حضرت نے فرمایا کہ وہ بزرگ میرے
باپ تھے تیرے حق مین سفارش کر گئے ہین اور معمول دروازے کا تو ہی چاہیے کہ مین تجھکو
حسن سلوک سے رکھون جب اس معاملہ پر ایک مدت گذری پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
حضرت سارہ سے فرمایا کہ مین دو مرتبہ گیا اور اسمعیل سے ملاقات نہوئی اگر اب اجازت ہو تو جاکے اُنکو
دیکھ آؤن اور چند روز اُسکے پاس رہون کہ میرے دل کی تسلی ہو حضرت سارہ نے اجازت دی
کہ حضرت ابراہیم تشریف لاے اور اُسی مکان پر پہونچے جہان اسمعیل رہتے تھے دیکھتے ہین
کہ حضرت اسمعیل ایک درخت کے نیچے زمزم کے قریب بیٹھے اپنے تیرون کو درست کر رہے ہین
بمجرد دیکھنے کے حضرت اسمعیل نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہچانا اور بے اختیار
اُٹھ کھڑے ہوے اور معانقہ کرکے جو کچھ سعادتمند بیٹے کو باپ سے چاہیے سو بجا لاے
اور دونون بلکہ ایسا روے کہ اُنکی آواز سے پرندے بھی رونے لگے بعد اسکے حضرت
ابراہیم نے فرمایا کہ مجھکو خالق لایزال نے اس جگہ عبادتخانہ بنانے کا حکم فرمایا ہی

اور یہ کام میں اپنے ہاتھ سے کرونگا اگر تم بھی ستعین ہو تو بہتر ہے کہ یہ بھی گویا میرا ہی امر ہے حضرت
اسمعیل نے کہا کہاں بنانا چاہئے کا فرمایا کہ اس تودے پر جہاں بیت المعمور تھا حضرت اسمعیل نے
کہا کہ تمہارا فرمانا اور خدا کا حکم میرے سر اور آنکھوں پر ہے میں بیشک اعانت کرونگا چنانچہ
غرہ ذی قعدہ کو بنا کعبہ شروع کی اور پچیسویں کو تمام کی اور بناتے اس طرح سے تھے کہ حضرت
اسمعیل پتھر لاتے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام بناتے اور اس وقت عمر حضرت اسمعیل
علیہ السلام کی تیس برس کی تھی اور حضرت ابراہیم کی ایک سو تیس کی تھی حاکم نے
بطریق صحیح اور بیہقی نے دلائل میں حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت
کی ہے کہ جب حضرت ابراہیم کو کعبہ بنانے کا حکم ہوا تو نہایت متردد تھے کہ کسطرح بناوین بادا
کچھ کمی و زیادتی ہو جائے تب حق تعالے نے سکینہ کو بصورت ہوا بھیجا کہ اسکے
دونوں طرف سر تھا سو وہ ہوا مانند بدلی کے خانہ کعبہ پر سایہ افگن ہوئی اور ٹھہر گئی اور
حضرت کو حکم پہنچا کہ اس سایہ کے موافق زمین کو معین کرکے کعبہ بناؤ اور وہ بنا بقول
شمار [illegible] کے طول میں تیس گز اور عرض میں بیس گز اور ارتفاع نو گز کی تھی
اور تفسیر مدارک میں لکھا ہے کہ وہ ہوا آندھی کے جانے کی طرح اس مکان کے گرد تھی اور
ایک سرخ نے آسمان سے آواز دی کہ میرے برابر گھر بنائیے اور مشہور تو یہ ہے کہ ایک ٹکڑا
ابر کا بقدر اس مکان کے ہوا میں کھڑا ہوا اور اس سے آواز نکلی کہ میرے برابر کعبہ بناؤ
اور یہی روایت کلبی سے معالم التنزیل میں لکھی ہے اور ابو الشیخ نے تاریخ ازرقی اور
کتاب العظمۃ میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام
بہشت سے زمین پر گرے تو جناب الٰہی میں گزارش کی کہ میں اب تسبیح اور تہلیل فرشتوں کی
نہیں سنتا ہوں تب حکم ہوا کہ ایک گھر جہاں تجھکو نشان دیا جاتا ہے بناؤ اور گرد اسکے طواف
کیا کر اور اسی کی طرف نماز پڑھا کر اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ تم وہ جگہ بتلا دو
چنانچہ یہ حال مفصل قصہ حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام میں بیان ہوگیا ہے حقیقت یہ ہے
کہ یہ خانہ طوفان نوح علیہ السلام تک بیت المعمور تھا طوفان میں آسمان ہفتم پر اٹھا لیا گیا
اور اب مقابل کعبہ کے رکھا ہے اور فرشتے اسکے طواف میں مشغول ہیں کہ حدیث معراج سے
معلوم ہوتا ہے چنانچہ بعد اٹھ جانے کے یہ مکان ایک ٹیلہ مانند سرخ رنگ ممتاز تھا تمام
زمین سے رہگیا تھا اور کچھ مکان اسپر باقی نہ تھا اہل آفاق اسی مکان پر آتے تھے اور دعا ۲۰

کرتے تھے یہانتک کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اُسی مکان کی تعمیر کا حکم ہوا اور اُنکے ساتھ سکینہ
بصورت ابر آیا اُس سے حد کعبہ مقرر ہوئی اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اُسی کے مطابق
ایک خط کھینچ دیا کہ اُس خط سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے زمین کھودنا شروع کی یہانتک
کہ بناء آدم علیہ السلام ظاہر ہوئی اور دونون صاحبون نے بنانا شروع کیا اور خالق لایزال نے
سات فرشتے بھی انکی مدد کو بھیجے سو پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تمام بنیادون کو کھود
حرا کے پتھرون سے اُٹھایا اور فرشتون نے کوہ سینا اور زیتا اور جودی اور لبنان پہاڑون سے
پتھر لاکے حضرت اسمعیل کے ہاتھ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہونچاتے کہ حضرت اُنسے
دیوارون پر چڑھاتے ابوتا قطان فرماتے ہین کہ اُسوقت حضرت ابراہیم زبان سریانی
بولتے تھے اور حضرت اسمعیل بزبان عربی اور باہم سمجھ لیتے تھے چنانچہ حضرت ابراہیم
فرماتے تھے ہب لی کیپا یعنی پتھر دے اور اسمعیل کہتے تھے خذ الحجر اور بعضے کہتے ہین
کہ پانچ پہاڑون سے پتھر آتے تھے طور سینا و زیتا و لبنان و نور و جودی مگر صحیح یہ ہے کہ حضرت
اسمعیل گارا بناکے بوقبیس و حرا و لبنان سے پتھر لالاکے دیتے تھے یہانتک کہ دیوارین
قد آدم سے بلند ہوگئین تب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بلند چیز کی حاجت ہوئی کہ اُسپر چڑھ کے
بناوین سو حضرت اسمعیل علیہ السلام جانب جبل بوقبیس چلے راستے مین حضرت جبرئیل نے کہا کہ
زمین بڑے بڑے دو پتھر اُنکو بتلاتا ہون اور یہ وہ پتھر ہین جنکو حضرت آدم بہشت سے لائے تھے
اور وقت طوفان حضرت نوح نے اس پہاڑ مین رکھدیے تھے اُنکو لیجائیے ایک ابراہیم کے
کھڑے ہونے کو دیجیے اور دوسرا اپنی طرف دروازے کے لگا دیجیے کہ جو کوئی اس گھر مین آئے
اول اُسکو بوسہ دے چنانچہ حضرت اسمعیل نے دونون پتھر لیے اور ساتھ حضرت جبرئیل علیہ السلام
آپکے ساتھ چلے آئے اور حضرت ابراہیم کو دوسرے پتھر کے جمانے کی تدبیر بتا گئے کہ حضرت
ابراہیم نے اُسی طرح رکھا وہی پتھر حجر اسود مشہور ہے اور اب تک اُسی جگہ ہے اور ایک پتھر پر
چڑھ کر بنانے لگے وہ پتھر ایسا نرم ہو گیا کہ حضرت کے پیرون کی انگلیون کے نشان بنگئے اور
یہ کرامت ہوئی کہ تا اتمام تعمیر کعبہ دوسرے پتھر کی حاجت نہوئی وہی پتھر مختار رہا اور
حجر اسود کی روشنی ایسی پھیلی کہ چارون طرفین کعبہ کی روشن ہوگئین بلکہ اُسی روشنی سے
حد حرم معین ہوئی اور بعد تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حد حرم کا ایک نشان کر دیا ہے
عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

کہ رکن و مقام دونون بہشت کے مقام ہین نور انکا جاتا رہا ہو اور اگر نہ جاتا تو مشرق سے
مغرب تک روشن ہوجاتا اور بھی حدیث صحیح مین وارد ہو کہ حجر اسود بہشت سے نازل ہوا ہی
اور سپید نہایت سفید و نورانی تھا گنہگارون کے ہاتھون سے سیاہ ہو گیا ہی رواہ احمد
والترمذی **فائدہ** اس حدیث مین ایمان کا امتحان مراد ہی اگر کامل الایمان ہی بے تردد
و بلا تامل قبول کرتا ہی اور ضعیف الایمان تردد کرتا ہی اور کافر انکار کرتا ہی حضرت شیخ
عبد الحق محدث دہلوی فرماتے ہین کہ اس حدیث مین کوئی بات ایسی نہین ہی جو مخالف
دلیل قاطع کے ہو اور ظاہر حدیث مین تاویل کرنا پڑے اور یہ قول اہل ضلالت کا ہی کہ بہشت
اور جو کچھ اسمین ہی جواہرات وغیرہ سے مخالف ہین اُن چیزون کے جو اس عالم فانی مین
مخلوق ہوئی ہین یعنی جو بہشت کی چیزین ہین اُنکو زوال و فنا نہین ہی اور حجر اسود کو خود
انہین قرامطہ و ملاحدہ کے ہاتھ سے پہونچین کہ ٹوٹ گیا اور ہنوز اثر اسکا باقی ہی جواب
اسکا یہ ہی کہ حجر اسود جب آنے اس عالم کے اپنی حالت سے متغیر و متبدل ہوگیا ہی جس طرح
حضرت آدم علیہ السلام پر بعد آنے بہشت سے گرسنگی و تشنگی وغیرہ امور منافی
دار الجنان کے ظاہر ہوئے ہین اسی طرح حجر اسود مین ظاہر ہوئے پس اعتراض نادرست ہی
اور بعضے کہتے ہین کہ بہشتی ہونا حجر اسود کا یہ ہی کہ اسمین برکت و شرافت ہمکو یا بہشت سے
آیا ہی اور سفید ہو جانا اور سیاہ ہو جانا آدمیون کے گناہون سے گویا عبرت کے واسطے ہی
کہ گناہون کا اثر پتھر مین پہونچتا ہی پھر کیا ہے قلب انسان اور یہ سب تردد و تامل تاریکی
باطن سے ہی راست یہ ہی کہ کہا ہی تو یہ ہی کہ ایمان ظاہر حدیث پر لاوے اور حقیقت حال کو
علم الٰہی پر چھوڑے اور کہے کہ ان اللہ علیٰ کل شیٔ قدیر تکملۃ القصص مین حضرت امام جعفر
صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جب اللہ جل شانہ نے ذریات آدم سے عہد لیا
تو ایک نہر شہد سے زیادہ شیرین اور مسکہ سے زیادہ نرم جاری فرمائی اور قلم کو ارشاد کیا
کہ لکھ سو قلم نے اُسی روشنائی سے اقرار ذریت آدم علیہ السلام کا لکھ لیا اور رب الارباب
نے اس نوشتے کو حجر اسود مین رکھا اس عالم مین بھیجا تو گویا بوسہ دینا آدمیون کا
اس پتھر کو نشان قرار کا اقرار یہ ہی اور حجۃ الہند مین لکھا ہی کہ رب العزت نے
اس اقرار نامہ کو ایک فرشتے کے منہ مین رکھا اور فرمایا اے حجر شو وہ فرشتہ پتھر
ہوگیا اور وہ بہشت مین تھا اب رکن یمانی مین رکھا گیا قیامت کو پھر فرشتہ کر دینگے

اور عہدنامے کو نکالکر دکھلادینگے پھر جو کوئی اپنے عہد پر قائم ہوگا اُسے بہشت ملیگی اور جو برخلاف ہوگا اُسکو دوزخ ملیگی اور یہ جو مشہور ہی کہ حجر اسود مین کچھ سفیدی باقی ہی جب وہ بھی جاتی رہیگی تب قیامت قائم ہوگی خواہ نزدیک ہوگی سو حضرت شیخ المحدثین محقق دہلوی شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین کہ فقیر اس بات مین متحیر تھا یہانتک کہ مین نے تاریخ مکہ مین دیکھا کہ ابن جبیر فرماتے ہین کہ مین نے حجر اسود مین کئے نقطے سفید چھوٹے چھوٹے دیکھے تھے اور ابن جبیر نے سنہ پانسو ناسی مین وفات پائی اور فقیہ سلیمان عسقلانی نے اپنی مناسک مین بیان کیا ہی کہ مین نے حجر اسود مین تین جگہ سفیدی دیکھی بعد اُسکے دیکھا تو ہر وقت کم ہوتی جاتی تھی اور یہ معاملہ سنہ ہفتصد و ہشت مین تھا

**فائدہ** واضح ہو کہ جب حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام نے کعبہ شریف بنایا ہی تو ارتفاع اُسکا نو گز کا تھا اور در حجر اسود سے رکن یمانی تک تینتیس گز کا اور رکن شامی سے رکن غربی تک بائیس گز کا اور رکن غربی سے رکن یمانی تک اکتیس گز کا اور رکن یمانی سے حجر اسود تک بیس گز تھا اس سے معلوم ہوا کہ شکل کعبہ اُسوقت مین مستطیل تھی کہ طول عرض سے زیادہ اور طول شرقی اور غربی مین بھی تفاوت الا غیر محسوس اور دروازہ کعبے کا زمین سے ملا ہوا بے کیواڑون کے تھا تبع حمیری نے دروازے مین کیواڑ اور قفل اور زنجیر ین لگائین اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے وانہی طرف ایک حفرہ بطور خزانہ کھودا تھا تا کہ از قسم نذر و راہ ہدایہ جو کچھ آوے اُسمین رکھا جائے پس معلوم ہوا کہ یہ چار دیواری اور سقف حضرت ابراہیم سے نے بنائی ہی اور حضرت آدم علیہ السلام کے وقت مین سوائے بنیاد کے اور کچھ نہ تھا بلکہ اُس بنیاد پر ایک خیمہ یاقوت مجوف کا جسکو بیت المعمور کہتے ہین رکھا تھا اور یہ مکان قبل حضرت آدم علیہ السلام کے بلکہ قبل خلقت زمین اور ما فیہا مقام عظیم تھا چنانچہ فاکہی اول تاریخ مکہ مین مع اسناد بیان کرتا ہی کہ حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے تھے کہ خالق ذوالجلال نے چالیس برس پیش از خلقت آسمان اور زمین کعبہ شریف کو پیدا کیا تھا اور تھا کعبہ بطور کف کے پانی پر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ دو ہزار برس پیشتر خلقت زمین سے کعبہ پیدا ہوا ہی تب کسی نے کہا کسطرح کعبہ قبل زمین کے پیدا ہوا

حالانکہ وہ خود زمین ہی ہے ابو ہریرہ سے فرمایا کہ مانند برف اور ہوا کے ٹھہرا ہوا تھا سو جب اللہ تعالیٰ نے خلقت زمین کا ارادہ کیا تو بچھایا اُسکو کعبے کے تلے سے اور کعبہ کو رکھا وسط میں پس یہ بات نہایت غلط مشہور ہے کہ اصل کعبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے ہے اور یہ جو اہل تاریخ لکھتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کے لڑکوں نے بھی مٹی اور پتھر سے کعبہ بنایا تھا سو قابل اعتماد نہیں ہے اسواسطے کہ منتہا ہے سند انکی وہب ابن منبہ تک ہے اور یہ شخص اکثر روایات اسرائیلیوں سے نقل کرتا ہے پس تحقیق یہی ہے کہ قبل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کسی شخص نے اس گھر کو نہیں بنایا اور کلام الٰہی اور احادیث نبوی بھی اسی پر مشعر ہیں لہذا شیخ عماد الدین ابن کثیر اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ لم یرد عن معصوم ان البیت کان مبنیا قبل الخلیل [illegible] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے البتہ عمالقہ اور جرہم نے بنایا اور بعد اسکے قصی [illegible] نے بنایا اور چھت کو [illegible] کی لکڑیوں سے پاٹا [illegible] بعد اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت میں [illegible] سبب قریش بنا رہے تھے تو حجر اسود کے رکھنے میں [illegible] فرقہ چاہتا تھا کہ ہم اپنے ہاتھ سے رکھیں [illegible] اول جو شخص بنی ہاشم سے دروازہ بنی شیبہ سے یہاں آئے [illegible] تسلیم کیا [illegible] اسکے ارشاد کے مطابق بجا لاویں [illegible] دروازہ بنی شیبہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف [illegible] کو حکم بنایا آپ نے ارشاد فرمایا کہ ایک چادر بچھاؤ [illegible] غرض کہ سب اسکو بجا لائے اور حضرت نے [illegible] فرمایا کہ ہر فرقے کا ایک ایک سردار اس چادر کے گوشے [illegible] انہوں نے اٹھائی جب چادر محاذی موضع حجر اسود کے [illegible] وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو [illegible] سے وصل فرما دیا اس وقت میں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر پینتیس برس کی تھی اور سبب اس بنا کا یہ واقع ہوا تھا کہ ایک عورت ہمیشہ کعبہ شریف کی پوشش کو خوشبودار چیزوں سے

دھوان دیا کرتی تھی ایک روز آگ جو اٹھی تو لکڑیان چھت کی جل گئین اور قبل اسکے سیل آب بھی آیا تھا کہ اُسکے صدمے سے دیوارین گر گئی تھین تب اکثر سرداران قریش نے مصلحت کی کہ اسکو بنانا چاہیے چنانچہ ولید ابن مغیرہ کو میر عمارت قرار دیا اور یہ بھی قول و قرار ہو گیا کہ سوا مال حلال کے اور کچھ اسمین صرف ہونے نہ پاوے غرض کہ سر نو سے پھر بنایا گیا اور کئی طرح کی تغیر اس بنا مین واقع ہوئی اول یہ کہ کعبے کے عرض سے کئی گز زمین حطیم مین داخل کر دی گئی دوسرے یہ کہ دروازے کو زمین سے بہت بلند کر دیا تیسرے یہ کہ اندر کعبے کے دو صفین ستونون کی قائم کین کہ ہر صف مین تین تین ستون بنائے تھے چوتھے یہ کہ بلندی کعبے کی باہر سے اٹھارہ گز بڑھا دی پانچوین یہ کہ کعبے کے اندر رکن شامی کے متصل ایک زینہ بنایا ہے کہ اسی سے سقف کعبہ پہ جاتے ہین حیرۃ الفقہ کی شرح مین لکھا ہے کہ مقدار طول و عرض کعبہ معظمہ کا نوبت قریش مین یہ تھا یعنی طول ستائیس گز اور عرض اٹھارہ گز کا اور آج اسی اندازہ پر ہے کہ طول دیوار شرقی و غربی کا باہر سے چھبیس گز اور دیوار شمالی کا بائیس گز اور دیوار جنوبی کا اکیس گز و چار انگل اور درمیان رکن یمانی اور شامی کا انیس گز ایک بالشت اور درمیان ان دونون کا عرض چودہ گز دس انگل اور رکن حجر اسود سے تا رکن عراقی اٹھارہ گز اور ایک دروازہ ہے اُسکا طول پانچ درعہ اور عرض چار درعہ اور بلندی خانہ شریف کی سواستائیس گز اور اندر اسکے تین ستون ہین دو صنوبر کی لکڑی کے اور درمیان کا ستون ساج کا اور چھت اُسکی اٹھارہ کڑیون ساج سے پٹی تھی صحیح بخاری وغیرہ کتب حدیث مین روایت ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے متصل کعبے کے بیٹھ کر فرمایا کہ دیکھو تمھاری قوم نے جب کعبے کو بنایا تو قواعد ابراہیمی مین اختصار کر دیا ہے حضرت عائشہ نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ آپ اسکو تمام کیون نہین فرماتے فرمایا کہ تمھاری قوم نو مسلم ہے اگر مین اسکو گرا کر پھر بناؤن تو قریش بدگمانی اور طعن کرینگے کہ رسم اپنی حالت سے نہین اور داخل کر دی ہے اگر یہ خوف نہ ہوتا تو مین بناتا اور اسکے دروازے کو زمین سے ملا دیتا اور دو دروازے کر دیتا ایک دروازہ جانب شرقی اور ایک دروازہ جانب غربی لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مین نوبت اسکی نہ پہونچی مگر اسی حدیث کے مطابق عبداللہ ابن زبیر نے پھر بنایا اور بنا

ابراہیمی قائم کی اور بدعات جاہلیت سب مٹا دین اور حطیم کو خانۂ کعبہ مین داخل کیا اور دو دروازہ
کر دیا اور طول وہ ستائیس (۲۷) گز کا کر دیا اور بناے گلاب کے ورس کہ خوشبودار چیز ہی کام مین
لایا اور عبیر اور باہر مشک اور عنبر سے لگائی اور دیباج کی پوشش پہنائی اور ستائیسوین
تاریخ رجب ۶۴ سنہ ہجری مین یہ بنا تمام ہوئی بعد اسکے حجاج نے اپنے وقت مین عبدالملک
ابن مروان کے اشارے سے جانب شامی کو گرا کے بنیاد قریش پھر قائم کی اور زمین کعبہ
پتھرون سے بھر دی اور دروازۂ شرقی کو بلند کیا اور دروازہ غربی کو بند کیا اور کچھ نہین
زیادہ کیا یہ بنا سنہ چوہتر (۷۴) ہجری مین مرتب ہوئی اُس وقت سے تا وقت سلطان مراد ابن
احمد خان تجدید نہین ہوئی مگر ملوک اور سلاطین نے کچھ ترمیم اور اصلاح بناے حجاج
کی تھی سلطان مراد نے پھر بنایا اور سواے حجر اسود کے باقی سب گرا دیا اور یہ عمارت
سنہ ایکہزار چالیس (۱۰۴۰) مین واقع ہوئی اور اب تک وہی عمارت باقی ہے لیکن یہ عمارت حجاج
کے طریق پر ہے کہ حطیم باہر ہے اور یکدرہ ہے **فائدہ** حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے
رسالۂ فضائل مکہ مین ارشاد فرمایا ہے کہ کعبۂ معظمہ زمانۂ سابق مین ہر طرف سے بے دیوار تھا
اور گرد حرم کے گھر تھے کہ وہ مانند دیوارون کے محیط تھے اور گھرون مین راہین تھین
کہ انھین راہون سے حرم مین آتے تھے سو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت مین
وہ سب گھر خرید کرکے کھدوا ڈالے اور اسکی کچھ زمین حرم مین داخل فرما کے حرم شریف کو
فراخ کیا پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوے تو حضرت نے اٹھائیسوین (۲۸) برس
ہجرت سے جسقدر اور گھر باقی تھے اُنکو بھی خرید کرکے حرم مین اُسکی زمین کو داخل کیا
کہ نہایت کشادہ ہو گیا پھر سنہ چھیاسٹھ (۶۶) ہجری مین عبداللہ ابن زبیر نے بہت گھر
ارزان قیمت اور گران قیمت کہ بعضے سات ہزار دینار کو ملے خرید کرکے اُنکی
زمین مسجد حرام مین داخل کی بعد اسکے عبدالملک ابن مروان نے مسجد الحرام کو
بہت خوبصورتی سے تعمیر کیا لیکن اُسنے کچھ زیادہ نہین کیا صرف دیوارون کو بلند
کر دیا اور سقف خانہ کو ساج کی لکڑی سے پٹوا دیا اور خندقین اسمین لگائین اسکے بعد
ولید ابن عبدالملک نے کچھ زیادہ کیا اور بعضے ستون سنگ رخام سے بنوا دیے پھر
منصور ابن جعفر نے کچھ کچھ زیادہ کیا پھر دو مرتبہ مہدی ابن منصور نے کچھ زیادہ کر کے
حرم کو تعمیر کیا اول سنہ ایک سو ساٹھ (۱۶۰) ہجری مین دوسرے سنہ ایک سو سڑسٹھ (۱۶۷) مین

اور سنہ ایک سو انہتر ۱۶۹ مین اُسنے وفات پائی اُسکی عمارت آج تک قائم ہی کذا ذکرہ الفاسی فی مناسکہ اور بحر العمیق مین لکہا ہی کہ زیادت مہدی مشہور بباب الندوہ ہی اور طول دروازہ کعبہ کا چھ گز اور ثلث اور نصف سدس گز کا ہی اور عرض چار گز کا اور یہ دروازہ دیوار شرقی مین ہی اور تختہ ساج کی لکڑی کے اور تختہ نقرہ کے اُسکے اوپر ہے اور تختین نقرئی اُسپر چڑہی ہین کہ اُس سے کمال مضبوطی ہی اور آستانۂ کعبہ کی بلندی زمین سے ساڑھے چار درعہ اور ناودان کعبہ کا جسکو میزاب الرحمۃ کہتے ہین درمیان رکن عراقی اور شامی کے واقع ہی اور حجرہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کا اُسی کے نیچے ہی اور حجر اسود کی بلندی زمین سے دو گز اور نصف و سدس گز سے چیزے زیادہ اور عرض اُس مقدار کا جو اُس سے ظاہر ہی ایک وجب چار انگل ہی **فائدہ** حافظ الحجاز تقی الدین فاسی تاریخ مکہ مین لکھتے ہین کہ دس بار کعبہ بنا ہی اول بناے ملائکہ دوسرے بناے آدم تیسرے بناے بنی آدم چوتھے بناے ابراہیم پانچوین بناے عمالقہ چھٹوین بناے جرہم ساتوین بناے قصی آٹھوین بناے قریش نوین بناے عبد اللہ زبیر دسوین بناے حجاج قتادہ سے روایت ہی کہ قبل از اسلام عادت یہ تھی کہ مقام ابراہیم علیہ السلام سے کوئی ہاتھ نہین لگاتا تھا اس وقت مین یہ بات رائج ہی اور جو لوگ قبل از عہد اسلام مقام کو دیکھ چکے تھے وہ نقل کرتے ہین کہ دونون پاؤن کی انگلیون کے نشان اُسمین موجود تھے اب ہاتھون کے لگانے سے وہ نشان بخوبی ظاہر نہین ہین اور ابن ابی شیبہ نے عبد اللہ ابن زبیر سے نقل کیا ہی کہ جب عبد اللہ ابن زبیر نے لوگون کو دیکھا کہ مقام ابراہیم کو ہاتھ سے چھوتے ہین منع کیا اور کہا کہ تمکو اللہ تعالے نے یہان نماز پڑھنے کو فرمایا ہی نہ مسح کرنے کو اور بیہقی نے اپنے سنن مین روایت کی ہی کہ یہ پتھر جو مقام ہی زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زمانہ حضرت صدیق اکبر تک کعبہ سے متصل تھا حضرت عمرؓ کے وقت مین بسبب سیل ام نہشل کے بہکر اپنی جگہ سے جب ہٹ گیا تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود تشریف لائے اور اُسکو اُٹھا کر جہان تھا پھر رکھا اور گرد اُسکے اور پتھر رکھوائے تاکہ جنبش نہ کرے چنانچہ اب تک اُسی جگہ پر ہی

**فائدہ** واضح ہو کہ حضرت استاذ الاستاذ محدث دہلوی اپنی تفسیر مین فرماتے ہین کہ خانہ کعبہ کے چار کنج ہین دو یمانی ایک مین حجر اسود ہی اور وہ جانب شرقی مین واقع ہی

دوسرا ملقب بکنج یمانی جو کہ جانب غرب واقع ہی اور دو کنج کو رکن شامی کہتے ہین ایک جانب
شرق ملقب برکن عراقی دوسرا جانب غرب معروف برکن غربی بسبب قریشیون نے دونون
رکن شامی کو تو اسی ابراہیمی سے جدا کر دیا ہی اور کچھ زمین کعبے کی بھی چھوڑ کے داخل حجر
کر دی ہی اور دروازہ جو کہ حجر اسود کے کنج سے تا رکن عراقی تھی بھی کم کر ڈالی ہی اور حضرت
ابراہیم کی بنیاد سے بھی کچھ کوتاہ کر دیا کہ مثل چبوترہ دکان کے زمین سے بلند رہ گیا ہی اور
اسی کو شادروان کعبہ کہتے ہین بعد اسکے عبد اللہ ابن زبیر نے اپنی ولایت مین حسب
موافق حدیث کے بنایا لیکن حجاج نے بعد اسکے بصورت جاہلیت کر دیا لہذا ہارون رشید نے
اپنی سلطنت مین حضرت امام مالک سے پوچھا کہ اگر ارشاد ہو تو مین پھر موافق بنا کے
عبد اللہ ابن الزبیر کے کعبہ بناؤن حضرت امام مالک نے فرمایا کہ اگرچہ یہ حدیث صحیح ہی اور
عمل مطابق اسکے بہتر اتباع ہی الا مصلحت نہین ہی کہ بار بار کعبہ کو گرا کے تغییر اور
تبدیل کیجاے اسواسطے کہ کعبہ بازیچہ سلاطین ہو جائیگا اور ہر ایک بادشاہ اپنے
وقت مین ایسا ہی کیا کریگا پھر رسم اسکی جاتی نہ رہیگی اور یہ مفسدہ عظیم ہوگا اور جس جگہ مصلحت
مفسدہ پیدا کرے تو رعایت دفع مفسدہ کی مقدم رکھنا اور مصلحت سے دست بردار
ہونا چاہیے **فائدہ** جو بعض جگہ کلام الٰہی مین نسبت اس گھر کی اللہ کی طرف واقع ہی
جسطرح طہرا بیتی اسکے معنی کیا ہین اگر نسبت خالقیت ہی تو سب مکانون سے یہ اضافت
ہو سکتی ہی اور اگر نسبت سکونت اور بود و باش کا خیال ہی تو ذات پاک الٰہی اس سے
پاک ہی اور اگر اس لحاظ سے ہی کہ اس مکان مین عبادت کرتے ہین اور شان معبودیت
اس مکان مین ظاہر ہوتی ہی تو خانہ کعبہ اور معابد کفار مثل ہردوار وغیرہ برابر
ہوے جاتے ہین اسواسطے کہ سب جگہ شان معبودیت ظاہر ہی اور ہر جگہ طالب حق
اپنے شوق کو لباس صورت مین ظاہر کرتا ہی جواب یہ ہی کہ سبب اختصاص کا یہ ہی کہ
اللہ کے حکم سے عبادت اور شوق طلب کے واسطے یہ مکان بنایا گیا ہی اور کسی طرح کا
علاقہ مخلوقات سے نہین رکھتا اور معابد کفار بحکم خدا نہین اور علاقہ مخلوقات سے
بے علاقہ نہین بلکہ جابجا معابد رام اور کرشن وغیرہ سے نسبت رکھتے ہین اور تحقیق
اسکی یہ ہی کہ قبلہ بنانے کے واسطے دو چیزین لازم ہین اول یہ کہ بحکم خدا سے ہو
اسواسطے کہ نسبت ظہور الٰہی ہر جگہ برابر ہی لیکن یہ ظہور عام عقلاً بالاجماع توجہ عبادت کا

صحیح نہین ہوتا پس ظہور خاص ضرور ہوا اور ہمراہ اس ظہور کا عقول بشر سے خارج ہی بدون
اطلاع شریعت کے سمجھا نہین جاتا پس نص شارع بھی ضرور ہوئی دوسرے یہ کہ مکان کو
کسی طرح کا علاقہ مخلوق سے نہ ہو والا توجہ کے وقت شایبہ شرک شامل ہو جائیگا اور
توجہ صرف باقی نہ رہیگا ولہذا قبور انبیا اور اولیا اور درختون اور آگ اور پانی اور ستارون کا
قبلہ کرنا ممنوع ہی اور عابد کفار ان دو صفتون سے عاری ہین مثلاً ہردوار اسی سبب سے
واجب التعظیم ہی کہ کشن اسی راہ سے اوپر گیا ہی اور اجودھیا اس سبب سے کہ
رام چندر وہان رہتا تھا اور سیتا کی وہان رسوئین تھی علی ہذا القیاس اور عابد
کہ ایک ایک مخلوق سے نسبت رکھتے ہین آرے یہ فرقہ کہ غلو فی مذہب ہی رام چندر
وغیرہ کو مظہر ذات پاک جانتا ہی اور انکے منسوبات کو عین منسوبات حق سمجھتا ہی لیکن چونکہ
حلول باری محض باطل ہی تو یہ خیال از قبیل بناء فاسد علی الفاسد ہی اور اگر بالفرض
معابد کفار کو اصل مین ہم شعایر الٰہیہ سمجھین اور کہین کہ مخلوقات سے نسبت کرنا
اس فرقے کی تحریفات سے ہی اور ابتدا مین سواے ذات پاک کے کسی طرف نسبت
نہ تھی اور کوئی نص بھی شرایع سے پیدا ہو جاسے تو بھی خانہ کعبہ مین اور ان مکانات
مین بڑا فرق ظاہر ہی اسواسطے کہ تعبد انکا منسوخ ہو گیا اور حکم منسوخ کی متابعت
کرنا خدا کی مخالفت ہی کسواسطے کہ مدار قبلہ کرنے کا موقوف ہی قبول عبادت پر اور
قبول عبادت منحصر ہی اس مکان مین جسکا نام رکھا گیا ہی پھر اسکے غیر مین عبادت کرنا
گویا کہ اپنی سعی کو باطل کرنا ہی بلا تشبیہ ایسا ہی کہ جیسے بادشاہ ایک مکان کو اپنی مملکت
سے دار الخلافہ قرار دیکر رعایا سے حکم دے کہ اپنی حاجتین اس مکان سے رفع کرو
اور نذور اور ہدایا اور مالگذاری وغیرہ اس مکان مین پہونچاؤ اور بعد چندے
دوسرے مکان کو دار الخلافہ قرار دے اور اسی طرح کا حکم ناطق صادر کرے تو
پہلے مکان کو وہ بزرگی نہین رہتی ہی جو پہلے تھی جسطرح اکبرآباد اور دہلی بلکہ اگر کوئی
شخص پہلے مکان مین نذور اور ہدایا پہونچاوے تو قبول نہین ہوتی اور وہ شخص قابل
تنبیہ ہوتا ہی اور اگر کوئی شخص قاصدین معابد کفار سے تفتیش کرے کہ تم کہان کسواسطے
جاتے ہو تو بخوبی کھل جاتا ہی کہ یہ لوگ اس مکان کے جانے سے تقرب کسی مخلوق کا
روحانی ہو یا جسمانی منظور رکھتے ہین اور توجہ ذات پاک سے بالکل غافل ہوتے ہین

پس سواے بیت المقدس اور خانہ کعبہ کے کوئی مکان پایا نہین جاتا کہ محض واسطے توجہ
الٰہی کے ہوا سے مابہ کفار قبور اولیا اور صلحا وغیرہ ست البتہ فی الجملہ مشابہت رکھتے ہین
بصخرہ اور کعبہ سے وا سطہ احادیث شریف مین قبور انبیا کے سجدہ کرنے سے منع ہوا ہی
اور مدعا یہ ہی کہ اس عمل مین اکثر جاہلون کو وہ اعتقاد ہو جاتا ہی جو مشرکون کو اپنے بتون
سے ہوتا ہی اور توجہ صرف الی اللہ نہین رہتا ہی اور اگر کوئی بت پرست کہے کہ ہم خدا
جانکر پرستش نہین کرتے ہین بلکہ مخلوق سمجھکر پرستش کرتے ہین جسطرح بعضے اہل اسلام
اہل قبور سے مدد اور اعانت چاہتے ہین اسی طرح ہم بھی صورت کنہیا اور کالکا سے
اعانت اور شفاعت کی درخواست کرتے ہین اور اگر وہ اللہ سے مانگ دیتے ہین
تو یہ بھی اللہ سے دلا دیتے ہین جواب اول یہ ہی کہ بت پرست مدد بھی چاہتے ہین اور
پرستش بھی کرتے ہین پرستش یہ ہی کہ اسکو سجدہ کرے یا طواف کرے یا نام اسکا
بطریق تقرب ورد کرے یا ذبح جانور اسکے نام سے کرے یا آپکو بندہ فلانی کہے اور جو
شخص مسلمان ہوکے ایسی حرکت کرتا ہی لاریب دائرہ اسلام سے خارج ہی دوسرے
یہ کہ مدد چاہنا دو طرح کی ہوتی ہی ایک تو مدد چاہنا مخلوق کا مخلوق سے جسطرح فقیر
اور نوکر بادشاہ اور امیر سے مہمات مین مدد چاہتے ہین اور عوام الناس اولیا سے
کہتے ہین کہ ہماری مطلب برآری کے واسطے خداوند کبریا مین عرض کرو پس یہ قسم مدد
شرع مین زندہ اور مردہ سے درست ہی دوسرے یہ کہ بالاستقلال کسی مخلوق سے
کوئی مخلوق وہ چیز جو مخصوص جناب الٰہی سے ہی جیسے لڑکا دینا یا پانی برسانا عمر کا بڑھانا
امراض کا دفع کرنا مانگے اور کچھ اسمین دعا کا ذکر نہ کرے تو یہ قسم حرام مطلق بلکہ کفر ہی
مردہ سے ہو یا زندہ سے اور بت پرست اسی قسم کی مدد اپنے معبودان باطل سے چاہتے ہین
اور اسکو درست جانتے ہین بلکہ بت پرست تو شفاعت کے معنی بھی نہین جانتے ہین
اسواسطے کہ شفاعت بمعنی سفارش ہی اور یہ لوگ وقت درخواست کے ہرگز نہین کہتے ہین
کہ ہمارے مطلب کو پروردگار عالم سے عرض کرو بلکہ انھین بتون سے درخواست کرتے ہین
قطع نظر اسکے صورت کنہیا اور بھوانی کو اہل قبور سے مناسبت دینا خطا در خطا ہی اسواسطے
کہ ارواح کا تعلق اپنے ابدان سے جو قبر مین مدفون ہین لاریب ہوتا ہی بسبب اسکے
کہ مدتہاے دراز اسمین رہی ہین اور بقاے ارواح بعد فناے ابدان کے اتفاقی ہی

تمام اہل ملل اور نحل اسپر اتفاق رکھتے ہیں اور بت پرست جو غیر معبودان باطل کی تعظیم کرتے ہیں بلکہ انہیں چیزوں سے مورتیں تراشتے ہیں اور درخت اور پتھر یا قبر کو سجدہ کرتے ہیں اپنے بزرگوں کے سے مراد رکھتے ہیں کہ ان قبروں کو کچھ تعلق انکی ارواح سے متعلق ہو یا وہ ان مقامات کے ساتھ منسوب ہوں پس اس قدر اصول اتفاقی کو گویا ثابت ہوا اسواسطے کہ سلف اور علما کا دعویٰ معلوم ہوا اور مقتضا اور تجویز الٰہی کا مفہوم اور مدعا بقدر تسلیم و تعمیل ارواح نفیسہ ہیں کہ ہمیشہ انکی طرف سے تعلق تام مستعد ہیں انکو ارواح طیبہ سے کیا مناسبت ہو سکتی ہے جو نسبت کہ ذات عالم پاک +

**تنبیہ** تخصیص حکمت اس مکان کی بناے کعبہ کے واسطے کیونکر معین ہوئی اور اگر تخصیص نہ ہوتی اور حکمت نہ ہوگی اسواسطے کہ حکیم علی الاطلاق کسی امر کی تخصیص بلا حکمت متعین فرماتا نہیں وہ حکمت کیا ہے جواب حکمت اس تخصیص کی معلوم ہوتا ہے کہ اصل آدمی کی خاک سے ہے اور اصل کرۂ خاک کی اسی جگہ سے ہے جہاں کعبہ ہے پس اصل آدمی کی اسی نقطہ سے راجع ہوئی تو چاہیے کہ جب آدمی اپنے جسم کو مشغول بعبادت کرے تو اپنی اصل تراب سے رجوع لاوے یہی جیسا اصل قربت کہ ہر جگہ میسر ہو سجدہ کرتا ہے اصل تعب سے وقت عبادت کے متوجہ ہوا اور اپنی اصلی زیارت حق کرے تاکہ توجہ الی اللہ اور اشتیاق الی لقاء اللہ جلد حاصل ہو اور یہ ہے کہ آدمی وقت عبادت کے فرشتوں کا خلیفہ ہے جیسا کہ وقت غضب اور شہوت کے درندوں کا اور وقت شہوت کے بہائم کا اور وقت تکبر اور مکر کے شیاطین کا اور جیسا کہ ملائکہ کا بیت المعمور ہے اور کعبہ بیت المعمور کے مقابل واقع ہوا ہے پس اس مکان عظیم الشان میں ربوبیت الٰہی حضرت اسماعیل علیہ السلام جو کہ اکبر اولاد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اور مبدا وجود خاتم المرسلین کے تھے عجب رنگ سے ظاہر ہوئی ہے پس اولاد حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اور انکے توابع کو چاہیے کہ اس مکان کو واسطے توجہ ذات پاک کے اختیار کریں اور حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل علیہما السلام کو شکر اس نعمت کا مقتضی ہوا ہے کہ اس مکان پر ایک مکان معین کریں تاکہ جب وہاں مشغول ہوں تو ربوبیت الٰہی بوجہ عیان ملحوظ نظر ہو جاوے اسواسطے کہ دیکھنا مکان کا تذکیر وقائع گذشتہ میں دخل عظیم رکھتا ہے پس یہ تین باتیں کہ اسقدر ہیں واسطے تخصیص بنا کے اس مکان کے وجوہ حکمت سے ہیں ہر شخص کو معلوم ہیں لیکن مبدا اسکا کہ یہ مکان معبد

خلائق اور قبلۂ عبادت اور مرجع عاشقان صادق اور مطاف محبان واثق ہوا پس عمدہ وجوہ تخصیص اس مکان کی ظہور تجلی الٰہی ہی کہ یہ سب تفہیمات اور محبت اُسی تجلی پر واقع ہوتی ہین اور اِسی تجلی کا انبیا ء سابقین کے کلام مین اشارہ ہی کہ اسکو کتب بنی اسرائیل مین ذکر کرتے ہین جسطرح سے کہ پاک ہی وہ صاحب کہ اسنے تجلی فرمائی کوہ طور پر اور روشن ہوا نور اُسکا ساعیر سے کہ پہاڑ ہی بیت المقدس کا اور شیبۂ (روشن) ہو ا کوہستان فاران سے اور فاران نام ہی کعبہ معظمہ کا اور اسی تجلی کی یہ خاصیت ہی کہ جو کوئی زاہدین سے زکی ہو یا پلید جب اُس بیت مکرم پر نظر ڈالتا ہی عجب عظمت اور وقار مقرون بجلال پاتا ہی اور سمجھ جاتا ہی کہ یہان ایسی شان عظیم ہی کہ دوسری جگہ نہین اور یہی جذب اور انجذاب قلوب خاصہ اس تجلی کا ہی ازرقی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہی کہ جب کسی اُمت پر اُمم پیشین سے کچھ عذاب نازل ہوتا تھا تو اسی گھر سے رجوع لاتے تھے اور اسی جگہ مشغول عبادت ہوتے تھے اور مجاہد سے روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام واسطے حج کے اونٹ پر سوار تشریف لائے تو رحا سے احرام باندھا اور ایک کمل سے لانگ باندھی اور دوسری کملی کو چادر کیے کے طواف کیا اور صفا اور مروہ کے درمیان مین لبیک کہتے ہوے دوڑے کہ ناگاہ ایک آواز کان تک پہنچی کہ لبیک عبدی انا معک حضرت موسیٰ علیہ السلام بے اختیار زمین پر گر پڑے اور سجدے مین جا پڑے غرض آثار عجائبات اور واقعات اِس بیت شریف کے شمار سے باہر ہین اور سب یہان بیان کرنا ضرور ہی حضرت ابن عباس اور مجاہد وغیرہ مفسرین کہتے ہین کہ اللہ جل شانہ نے ہر شخص کے دل مین اِسکی زیارت کا شوق ایسا ڈالا ہی کہ اُسکے دیکھنے سے دل سیر نہین ہوتا اور جو کوئی وہان جاتا ہی پھر اُسکا دوبارہ جانے کو جی چاہتا ہی چنانچہ تجربے سے معلوم ہوا ہی کہ جو شخص ایک مرتبہ حج کو گیا اور پھر آیا تو بہت المہرشتاق رہا اگرچہ راہ مین قسم قسم کے شدائد اور مصائب راہ بھی اٹھانے ہوں مین تعظیم اور تکریم اِس گھر کی گویا اضطراری ہی کہ دل سے جوش مارتی ہی بلکہ یہ تعظیم جبلی ہی کہ حیثیت نفع اور ضرر پر موقوف نہین اور یہی سبب ہی کہ حیوانات بھی اِس گھر کی تعظیم کرتے ہین ازرقی نے بروایت طلق ابن حبیب بیان کیا ہی کہ مین عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سایۂ کعبہ مین بیٹھا تھا یہانتک کہ آفتاب بلند ہوا اور دھوپ آگئی سایہ جاتا رہا کہ اہل مجلس اٹھ چلے یکایک ایک جھنک دروازۂ مسجد الحرام سے

ظاہر ہوئی تو مین نے دیکھا کہ ایک سانپ آتا ہی پھر سب لوگون نے اُسکو دیکھنا شروع کیا وہ
سانپ سیدھا خانہ کعبہ مین آیا اور سات مرتبہ اُسنے طواف کیا بعد اُسکے مقام ابراہیم
علیہ السلام کے پیچھے اُسنے دو رکعتین نماز کی ادا کین عبد اللہ ابن عمر وغیرہ کبرائے مجالس نے
اُس سانپ کے پاس جا کے کہا کہ ای عزیز تیرا طواف اب ہو چکا یہان شہر کے لوگ تجھسے
ناواقف ہین شاید تجھکو ضرر پہونچاوین اور غلام اور خدمتگار بھی یہان بہت ہین بہتر ہی کہ
آپ کو اُنسے پوشیدہ رکھو ورنہ ایذا دینگے پھر اِس کلام کے وہ سانپ اپنا سر زمین دبا کے
آسمان کو اُڑا اور نظر سے غائب ہو گیا اور شیخ ابو الولید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ
ستائیسٹ ذیقعدہ سنہ دوسو چھبیس ۲۲۶ ہجری مین ایک دریائی مرغ مین نے دیکھا کہ وقت طلوع
آفتاب کے بیت اللہ مین آیا اُس وقت بہت لوگ طواف کر رہے تھے جب یہ مرغ دریائی
مقابل رکن حجر کے پہونچا تو ایک شخص خراسانی کے کندھے پر بیٹھا اور وہ پھرنے لگا
بعضے لوگ تو یہ ماجرا دیکھکر متحیر تھے اور بعضے روتے تھے اور بعضے اُسکو اُڑاتے تھے مگر
وہ نہ اُڑا یہانتک کہ طواف ہو گیا تب اُڑ گیا اور ابو الطفیل نے نقل کیا ہی کہ ایک نوجوان
ذی طوی کا رہنے والا سانپ کی صورت بنکر ہمیشہ طواف کرتا اور مقام ابراہیم پر نماز
پڑھتا مان اُسکی جنیہ تھی وہ اکثر اوقات شفقت سے منع کرتی اور کہتی کہ ایسا نہو تجھکو
آدمی مار ڈالین لیکن وہ باز نہ آتا تھا آخر کار جماعۃ ابو سہم نے اُسکو مار ڈالا بعد اُسکے ایک
غبار عظیم اُٹھا اور جماعۃ قاتلہ ساری مر گئی اور تواریخ مکہ مین ایک حکایت اونٹ کی مشہور ہی
خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ سنہ آٹھ سو پندرہ ۸۱۵ ہجری جمادی الثانی کے مہینے مین ایک اونٹ فاروقی
اپنے مالک سے کعبہ کی طرف بھاگا اور مسجد الحرام مین سات مرتبہ طواف کرکے حجر اسود کو
چوما بعد اُسکے مقام حنفیہ پر ٹھہرا اور میزاب الرحمۃ پر کھڑا ہو کے رونے لگا پھر زمین پر
گر کے مر گیا آدمیون نے اُسکو صفا اور مروہ کے درمیان مین دفن کر دیا **فائدہ** جذب اور
میلان قلوب کی چار وجہین ظاہر مین معلوم ہوتی ہین ایک یہ کہ اخذ میثاق بطن نعمان نیز
ہوا ہی کہ موضع عرفات سے ہی اسی جگہ ذریات آدم علیہ السلام کو ظاہر فرما کے خطاب
الست بربکم سے مخاطب فرمایا ہی اور ذریات آدم نے اقرار کیا ہی کہ وہ اقرار صحیفۂ
حکمت پر لکھا گیا اور حجر اسود مین امانت ہوا پس گویا وطن اول آدمیون کا وہی ہی
اور کشش طبع جانب وطن اگرچہ اُسکو نہ پہچانتا ہو جبلی ہی و من الایمان حب الوطن

اور بعد و مکہ کہ مشیئۃ بہت مطابق ہین عدد وطن کے طیس مکہ در حقیقت وطن ہی دوسری یہ کہ حضرت
ابراہیم علیہ السلام نے دعا مانگی تھی کہ یا اللہ تو سب خلائق کو اہل اس مکان اور اس مکان سے
منجذب کر دے کما قال فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم تیسری یہ کہ احجار بیت المقدس
مقناطیس ارواح ہین کہ جذبہ شوق سے ارواح کو اپنی طرف کھینچتے ہین اور جملہ اجسام
تابع ارواح ہین چوتھی اخبار صحیحہ سے واضح ہی کہ شب نیمہ شعبان اس گھر پر نظر عنایت
حق ہوتی ہی اور قلوب مومنین بھی منظور نظر الٰہی ہین پس بسبب جنسیت کے یہ میلان
حاصل ہوتا ہی اور ایک سبب حج کا اور بھی ہی کہ کئی جگہ کعبہ مین دعا قبول ہوتی ہی
اہل تحقیق نے لکھے اور اسکے اطراف مین دعا کی مقبولیت کے مقام بہت لکھے ہین اول
جب کعبہ پر نظر پڑے دوسرا حجرا سود کے پاس خصوصاً دوپہر کے وقت تیسرا اسطوانہ بین
باب کے سامنے چوتھا ملتزم کے قریب خصوصاً آدھی رات کو پانچوان حطیم مین چھٹا میزاب
رحمت کے نیچے خصوصاً صبح کے وقت ساتوان رکن یمانی کے پاس خاصۃً صبح کو
آٹھوان مابین رکن یمانی اور باب مسدود کے کہ پشت کی جانب خانہ کعبہ کے سامنے
اس دروازے کے تھا اس مقام کو مستجاب کہتے ہین نوان درمیان رکن یمانی اور
حجرا سود کے دسوان مقام ابراہیم کے پاس خصوصاً صبح کو گیارھوان زمزم پر خصوصاً غروب کے
وقت بارھوان خانہ کعبہ کے اندر چارون کونے میں اور ستونون کے درمیان خصوصاً
زوال کے وقت تیرھوان وچودھوان صفا مروہ پر خصوصاً بعد عصر کے پندرھوان بین المیلین
سولھوان وسترھوان عرفات پر دو مقام ہین ایک بیری کے درخت کے نیچے زوال کے
وقت مگر اب درخت کا نشان باقی نہین ہی دوسرا جبل رحمت کے بائین طرف سورج
ڈوبتے اٹھارھوان مشعر الحرام قبل طلوع انیسوان وبیسوان منی مین دو جگہ مسجد خیف
کے پاس اور وہان کنکریان مارتے ہین خصوصاً چودھوین تاریخ آدھی رات کو یہ مقامات
مشہورہ ہین سوا انکے اور بھی لوگون نے بیان کیے ہین اور بہتر دعا یہ ہی کہ
اللھم ادخلنی الجنۃ بغیر حساب اور امام صاحب کے نزدیک مستجاب الدعوات ہونے کی
دعا مانگے اور صفا پتھر بہت صاف اور سفید کو کہتے ہین اور مروہ سنگ سیاہ زود شکن کو
بولتے ہین اخبار مین وارد ہی کہ جب حضرت آدم علیہ السلام اور حوا وہان پہونچے تو
حضرت آدم علیہ السلام نے کوہ صفا پر اقامت فرمائی پس بسبب نزول صفا کے

مقامات مستجاب

صفا

صفا ہوا اور حضرت حوا نے مروہ پر سکونت کی سو بسبب سکون مرأة کے مروہ ہوا ابن عباس سے
روایت ہے کہ صفا پر ایک بت تھا مسمی بہ اساف بصورت مرد اور مروہ پر ایک بت تھا نائلہ
بصورت عورت دراز بالا اور خوبصورت اہل کتاب کہتے ہین کہ ان دونون نے خانہ کعبہ مین
زنا کی تھی کہ حضرت محول الاحوال نے انکو پتھر کر دیا مین اس زمانے کے لوگون نے
عبرت کے واسطے ایک کو کوہ صفا پر رکھا اور دوسرے کو مروہ پر جب ایک مدت اسپر
گذری تو مردم جہلا اور سفہا اساف اور نائلہ کو خدا اعتقاد کرکے پوجنے لگے اور زمان
جاہلیت مین اہل عرب انکا طواف کرنے لگے اور رسم حج مین انکی تعظیم اور اہل مدینہ
قبل از اسلام جو وہان جاتے تو پہلے منات کی زیارت کرتے اور رسم جاہلیت یہ ہوگئی تھی
کہ جو کوئی منات کی زیارت کرتا صفا او مروہ کا طواف اسکو حلال نہ ہوتا جب دولت
اسلام کی نوبت آئی تو مسلمانون کو اس سبب سے صفا اور مروہ کے طواف مین عار دامنگیر
ہوا کہ اجتناب رکھتے تھے لہذا آیت نازل ہوئی ان الصفا والمروة من شعائر اللہ اور
بعضے کہتے ہین کہ سبب کراہت اہل اسلام کا یہ تھا کہ راتون کو دیو اور شیاطین مابین صفا
اور مروہ جمع ہوکے مزامیر بجاتے گاتے اور لوگون کو فریب دیتے کہ اس سے اکثر لوگ
گمراہ ہوگئے اور اساف اور نائلہ کی پرستش و عبادت کی خواہش کرنے لگے اور ازرقی نے
حویطب ابن عبد العزی سے روایت کی ہے کہ مین ایک روز ایام جاہلیت مین کعبے کے
سایہ مین بیٹھا تھا یکایک ایک عورت آئی اور پردہ کعبہ کو پکڑ کر فریاد کرنے لگی کہ یا الٰہی
مین اپنے شوہر کے ہاتھون سے تنگ ہون کہ مجھے بے سبب مارا کرتا ہے بمجرد اس دعا کے
ہاتھ اسکے شوہر کے شل ہوگئے چنانچہ مین نے اسکو اسلام مین شل دیکھا تھا جب
اسی نے اپنی تاریخ مین بسند صحیح بیان کیا ہے کہ ایک عورت حقیقہ نے ایام جاہلیت مین
ایک لڑکا اپنے اقارب سے لیکر پرورش کیا اور آپ اکثر اوقات اسکو تنہا چھوڑ کر کسب
معاش کے لیے جاتی ایک روز اس لڑکے نے تنہائی کی شکایت کی تب اسنے کہا اے
لڑکے اگر کوئی ظالم تجھپر بحالت تنہائی کچھ ظلم کرے تو بیت اللہ خانہ خدا مین جاکہ فریاد
کرنا کہ مالک خانہ تیری فریاد کو پہونچیگا اتفاقیہ ایک ظالم نے ایک دن اسکو تنہا پاکر پکڑ لیا
اور لے بھاگا اور ایک مدت تک اپنے پاس رکھا ایک مرتبہ تقریباً کعبہ شریف مین آیا تو
وہ لڑکا بھی اسکے ساتھ تھا چنانچہ اسنے جونہین کعبہ کو دیکھا تو آدمیون سے پوچھا کہ

یہ کیا مکان ہے جسنے کہا خانہ خدا ہے اُسنے اپنی ماں کی بات یاد کرکے کعبے کے طرف ارادہ کیا اور دوڑ کر پہونچ گیا اور پردے کو مضبوط پکڑ کے کھڑا ہو رہا اور وہ غاصب بھی اُسکے پیچھے دوڑتا ہوا اُسی کے ساتھ کعبے میں پہونچا اور چاہا کہ سیدھا ہاتھ بڑھا کے پکڑے ون ہاتھ شل ہوگیا پھر بایان ہاتھ بڑھایا وہ بھی شل ہوگیا جب اُسنے یہ معاملہ دیکھا تو سرداران قریش سے اپنا حال کہا اور یہ بھی کہا کہ مین اس لڑکے سے دست بردار ہوں جہاں چاہے چلا جاوے مگر میرے ہاتھ درست ہو جائین سو تم اُسکے علاج جو کچھ جانتے ہو بتلاو اکابر قریش نے کہا کہ دونون ہاتھوں سے ایک ایک اونٹ قربانی کر چنانچہ اُسنے قربانی کی اُسکے ہاتھ اچھے ہوے اور ازرقی نے عبد المطلب ابن ربیعہ ابن حارث سے روایت کی ہے کہ ایک شخص بنی کنانہ کا اپنے چچا زاد بھائی پر ظلم کیا کرتا تھا اور یہ بیچارہ ہر چند خدا سے پناہ مانگتا مگر یہ ظالم اپنے ظلم سے باز نہ آتا تھا مظلوم نے خانہ کعبہ سے پناہ پکڑی اور دعا کی کہ یا الہی فلان شخص مجھپر ظلم کرتا ہے سو تو اُسکو ایسے درد مین مبتلا کر کہ لا دوا ہو اور یہ دعا کرکے اپنے گھر چلا آیا تو اس ظالم کا پیٹ پھول گیا ہر چند علاج کیا کچھ مفید نہ پڑا آخر کو پیٹ پھٹ گیا عبد المطلب کہتا ہے کہ مین نے یہ قصہ حضرت ابن عباس سے نقل کیا حضرت ابن عباس نے کہا کہ مین نے بھی ایک شخص کو دیکھا تھا کہ خانہ کعبہ مین کھڑا ہوا اپنے ظالم پر بد دعا کر رہا تھا کہ یا الہی وہ اندھا ہو جاوے فی الفور اندھا ہو گیا چنانچہ لوگ اُسکا ہاتھ پکڑ کر لیے جاتے تھے اسی طرح کے کرشمہ اور عجائبات اس مکان کے بہت ہین اور ہمیشہ ظاہر ہوتے رہتے ہین اور اسی سبب سے ہمیشہ یہ مکان محفوظ اور مصئون رہا ہے اسواسطے کہ کوئی آدمی بخوف عقوبت عاجلہ ساکنان تک سے تعرض نہین کرتا اور سب لوگ بیتک حرمت اس مکان سے پرہیز رکھتے ہین اور اصلا اس مکان مین باہم مناقشہ نہین کرتے

**تنبیہ** واضح ہو کہ کعبہ کو کئی وجہ سے بیت المقدس وغیرہ معابد اور مساجد پر تفضیل ہے اول یہ کہ سب سے پہلے یہی گھر واسطے عبادت کے بنایا گیا چنانچہ ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ سے واضح ہے یعنی اول گھر کہ بنایا گیا ہے واسطے آدمیون کے تاکہ اُسکی زیارت کرین اور اپنا معبد کرین وہ گھر ہے کہ مکہ مین واقع ہے اور یہ بھی ظاہر ہو چکا ہے کہ آدم سے بھی پہلے تھا دوسرے یہ کہ یہودی بیت المقدس کو حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام سے نسبت دیتے ہین اور یہ گھر بنایا ہوا حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کا ہے

اور درجہ حضرت خلیل کا کثرت مناقب اور رفعت مراتب مین حضرت سلیمان اور داود علیہما السلام سے
ارفع ہے لیس بنا انکی بھی افضل ہے تیسرے ایسا مبارک مقام ہے کہ کبھی عاکفین اور عاکفون اور زائرین
اور ناظرین سے خالی نہین رہتا تفسیر کبیر مین لکھا ہے کہ زمین کرہ کی شکل ہے پس جو وقت اوس
زمین پر فرض کرین ایک قوم کی صبح ہو گی اور ایک قوم کی ظہر اور ایک کی عصر اور ایک کی مغرب
اور ایک کی عشا پس کعبہ کسی وقت توجہ نمازیون سے خالی نہین رہتا ہے وابستگی تمام دارم
با تو ٭ یادم نہ علی الدوام دارم با تو ٭ چوتھے اس گھر مین ایسی نشانیان روشن ہین کہ ہرگز اور
کہین نہین ہین سو بعض انمین سے وہ ہین کہ خاص کعبہ سے علاقہ رکھتی ہین اور بعض وہ ہین کہ
برکت کعبہ سے حرم مین ظاہر ہین پس قسم پہلی دو قسم ہے ایک تو وہ کہ خواص اور عوام پر ظاہر دوسری
وہ کہ ارباب ورع علما اور اصحاب کشف اور الہام پر ظاہر ہے سو قسم اول کی چند باتین بیان
کرتا ہون اول یہ کہ شکار اور درخت اس مکان کا نہین کاٹتے اور شکار یہان کا نہین پکڑتے اور
حرمت اس گھر کی یہان مرتبہ ہے کہ ہرگز پانی کا سیل حل سے حرم مین نہین آتا تاکہ خاک حرم
اسمین نہ ملے چنانچہ حضرت ابن عباس اور امام شافعی کے نزدیک خاک اور سنگ حرم شریف
حل مین لیجانا مکروہ ہے دوسری یہ کہ پرندہ کسی قسم کا اسپر نہین بیٹھتا مگر شاذ اور نادر روایت
صحیح ہے کہ جب کوئی طائر بیمار ہوتا ہے تو بالہام الہی اس گھر سے نیاہ پکڑتا ہے اور اوس وقت اوسے
دور ہوتا ہے اور چنگا ہو جاتا ہے تیسری یہ کہ جب اوڑنے والے جانور صفین باندھ کے کہ پرواز کرتے ہوئے
آتے ہین تو مقابلہ بیت الحرام کی صف سے نکل کے داہنے بائین ہو جاتے ہین چنانچہ یہ بات
بارہا تجربہ ہوئی ہے چوتھی یہ کہ جب کسی جبار گردن کش اور متکبر بیباک نے اس مکان کا قصد کیا تو
صدمہ صولت جباری اور سطوت ہیبت قہاری حضرت باری نے گردن تجبر اور تکبر اسکی توڑ دی
چنانچہ قصہ ابرہہ کا اسپر دلیل ہے کجروے کو رخ متاب از شہ ما در بساط ٭ مات یابد چون پیادہ
خویش را در پاے پیل ٭ پانچوین یہ کہ جو سخت اور سنگین دل خیرہ چشم تیرہ روزگار اسکی زیارت
سے مشرف ہو البتہ دل اسکا نرم ہو گیا اور دیدہ دل سے اشکبار ہوا بلکہ ایک جماعت نے
قساوت قلبیہ سے انکار بھی کی تھی اور بعد مشاہدہ کے مقر ہوئی اور خاصہ یہ ہے کہ جو شخص وہان
گیا یا تو ہنسا یا رویا چھٹوین یہ کہ ہرگز کسی وقت خالی نہین رہتا بلکہ سلف کے لوگون نے
مدتہا اسکا انتظار کیا تاکہ خلوت مین اپنا راز دل عرض کرین لیکن خالی نہ پایا اگر آدمی نہ ملا تو
سانپ ہی ملا کہ طواف مین مشغول تھا ساتوین یہ کہ خاک کعبہ رشک آب حیات ہے اور ابتدا اسکے

امراض کی دوا آٹھوین جانور تیز چنگال جانور ضعیف حال سے بلا تکلف ملتے ہین کہ باز اور تیتر ایک
آشیانہ مین بسر کرتے ہین اور ہرن اور گرگ ایک چشمے سے پانی پیتے ہین ~~~ در ملک تو باز
اگر بہ بیار شود بہ از بیم تو از روے تیہو نکند ٭ نوین جو کوئی جانور شکاری حل مین کسی شکار پر
ارادہ کرے اور وہ صید حرم مین بھاگ آوے تو شکاری پلٹ جاتا ہی تفسیر مدارک مین لکھا ہی
کہ ایک آیات بینات سے یہ ہی کہ جانور زمین حرم سے پناہ پکڑتے ہین اور اگر کوئی اونسے تعرض
کرتا ہی تو حرم مین آکے استغاثہ کرتے ہین اور اپنی داد کو پہونچ جاتے ہین دسوین آب زمزم
سے استشفا امراض احادیث صحیحہ مین وارد ہی اور گرسنہ سیر ہوتا ہی اور تشنہ سیراب وہاب
ابن منبہ کہتا ہی کہ کتب سابقہ مین آب زمزم کی بہت تعریف لکھی ہی طعام طعیم و شفا سقیم
مصرعہ ہر چشمۂ حیات روان آب زمزم ست ٭ اور ایک عجیب تر بات یہ ہی کہ چاہ زمزم
شب برات کو ایسا جوش مارتا ہی کہ لب تک پانی آجاتا ہی کہ سب لوگ اسکو جانتے ہین
فائدہ زمزم ایک کنوان ہی کہ بفاصلہ ۳۸ ذراع کعبے سے واقع ہی عرض منہ اسکا
چار در چار ہی اور عمق ننانوے گز کا وجہ تسمیہ کی یہ ہی کہ پانی اسمین بہت ہی بقال ماء زمزم ای
کثیر اور بعضے کہتے ہین کہ مشتق ہی زمزمہ سے یعنی الغمز بالعقب فی الارض اور یہ کنوان
ایک گنبد مین ہی جسکو سقایۃ الحاج بولتے ہین اور اسکے عقب مین ایک گنبد ہی جسکو
قبۃ الفراشین کہتے ہین اور مؤذن اسی پر کھڑا ہوکے اذان کہتا ہی رسالہ فضائل مکہ مین
لکھا ہی کہ یہ گنبد جسکو سقایۃ الحاج کہتے ہین ابتدا حضرت عباس نے بنایا تاکہ حاجی لوگ
وہان کھڑے ہوکے آب زمزم پئین اور میزاب الرحمۃ کے نیچے سفید اور سیاہ اور سرخ و
سبز و زرد رخام پتھرون سے فرش ہو گیا گیارھوین ہر سال لاکھون آدمی منتشر سنگریزے
ایک موضع پر ڈالتے ہین اور وہ موضع سیل آب اور سبب ریاح بھی نہین ہی مگر دو چار
برس اسقدر نہین ملتے تفسیر کبیر مین لکھا ہی کہ جسکا حج مقبول ہوا جمرات اسکے اٹھائے
اٹھائے جاتے ہین بارھوین یہ ہی کہ رکن یمانی پر دو فرشتے معین ہین کہ حاجیون کی
دعا کے امین ہین اور اسمین ایک دروازہ ہی دروازے بہشتی سے چنانچہ ابن عمر اور
حسن بصری سے منقول ہی اور حجر اسود کو روز قیامت دو آنکھین اور زبان عنایت
ہونگی تاکہ صدق مومنین پر گواہی دے تیرھوین یہ ہی کہ مقام ملتزم ہی کہ میان در اور حجر کا
نام ہی جو کوئی دعا کرے مقبول ہی اور اس اجابت دعا کے عجائبات مین منجملہ اسکے یہ ہی

تحقیق زمزم ۱۲

کہ عبد اللہ ابن زبیر نے حکومت حجاز اور مصعب ابن زبیر نے تولیت عراق اور عبد الملک نے
بادشاہی شام اور عروہ نے تقوی اور جنت آسمان کی دعا مانگی سو قبول ہوئی چودھوین تحت المیزاب
محل اجابت دعا ہے چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انھون نے اپنے
اصحاب سے فرمایا کہ مین وزن بہشت یہ لفظ اٹھایا رون نے جب حس کیا تو معلوم ہوا کہ
تحت المیزاب ایستادہ تھے اور عبد اللہ ابن عباس اور عطا ابن ابی رباح سے بھی اسی
طرح کی حکایات منقول ہین پندرھوین مابین رکن اور مقام کے تا حجر اور زمزم ننانوے
پیغمبر مدفون ہین بروایت ابن حمزہ اور بعضے تین سو بھی بیان کرتے ہین اور حضرت
اسمعیل علیہ السلام بھی مابین میزاب اور باب غربی کے مدفون ہین سولھوین ہر روز
بہشت کی خوشبو مکے مین نازل ہوتی ہے جسکا مشام زکام غش اور غل سے پاک ہے
اسکو استشمام نصیب ہے ❁ ز نسیم زلف او عالم معطر شد ولے ❁ آشنا باید کہ بوئے
آشنائی بشنود ❁ سترھوین ایک نماز اس گھر مین ہزار نماز کے برابر ہے اور حضرت جابر
رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ایک نماز اسمین لاکھ نماز کے برابر ہے مین کہتا ہون کہ
صرف نماز کا فائدہ نہین بلکہ طاعت اور نماز ہر ایک عبادت ایک ہزار کے ہے اسکو جو کہ
مکے مین ہو اور حسن بصری سے روایت ہے کہ ایک روزہ وہان رکھنا برابر لاکھ
روزون کے ہے اور ایک درہم [illegible] کے ہے اور [illegible] نے
ابن عباس سے نقل کی ہے کہ ہر ایک نیکی وہان کی لاکھ نیکی کے برابر ہے اور حدیث مین
آیا ہے کہ حج مبرور کے واسطے نہین ہے مگر بہشت اٹھارھوین قبلہ ہے تمام عالم کا
نور اور جو عالم شطرہ انیسوین یہ کہ ستر ہزار فرشتے کعبے کو اپنے بازوؤن سے صاف
کرتے ہین اور طائفین اور عاکفین کے لیے استغفار مین مشغول رہتے ہین بیسوین
حق تعالے ہر روز اس گھر پر ایک سو بیس نظر رحمت کی کرتا ہے ساٹھ واسطے طائفین کے
اور چالیس واسطے مصلین کے اور بیس واسطے ناظرین کے اور حدیث مین آیا ہے کہ
النظر الی الکعبہ عبادۃ اکیسوین ابن مردویہ اور اصبہانی اور دیلمی جابر ابن عبد اللہ
رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے
کہ قیامت کے دن کعبے کو دولھن بنا کے فرشتے میدان مین لاوینگے اثناے راہ مین
میری قبر پر گذریگا اور کہیگا السلام علیک یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مین جواب دونگا

وعلیک السلام یا بیت اللہ میری اُمت نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا اور تو کیا سلوک
کریگا وہ جواب دیگا کہ یا رسول اللہ تیری اُمت سے جسنے میری زیارت کی ہو مین اُسکا
شفیع ہون اُسکی وارث سے آپ خاطر جمع رکھیے اور جو یہان نہ پہونچ سکا اُسکے واسطے
آپ شفیع کافی ہین بالجملہ شہرت فضائل اور بنا اس گھر کے قوت عاقلہ اگر لاکھ
برس تک بیان کیجے تو تمام نہین ہوسکتی اور طوطی ناطقت اگر کروڑ برس تک
نغمہ سرائی کیجے تو عشر عشیر نہین کہسکتی **فائدہ** اہل عرفان اتیان اول بیت وضع
للناس الذی ببکۃ مبارکا کا یون تاویل کرتے ہین کہ پہلا گھر جو مکہ صدر انسانی مین واسطے
منظوریت کے موضوع ہوا خانہ دل ہے اور جیسا کعبہ معظمہ قبلہ عالمیان ہے اسی طرح
دل مبارک محل ایمان ہے خانہ گل زیارتگاہ ہے آدمیون کا اور خانہ دل منظور نظر ہے
رب عالمیون کا بیت ظاہر واسطہ ہدایت انام کا اور بیت باطن رابطہ ہے معرفت
ملک علام کا مطابقت تفسیر مین لکھا ہے کہ اپنے دل کو اُس گھر سے جسکو ظاہر مین
بنایا ہے متعلق مت کر بلکہ اُس سے متعلق کر جو اول اور آخر دونون ہے اسواسطے کہ
وہ بیت خانہ جو شرح واضع ہوا اور الٰہی حق حسب واقع سے ہے اول تو وراست اول
حیرالنی تو انبیا سے مرسل * اور یہ ارشاد ہوا ہے فیہ آیات بینات مقام ابراہیم اُس سے
یہ مراد ہے کہ خانہ دل مین دلائل واضح ہین کہ عقلا اُسکو وحدانیت حق پر دلیل
گردانتے ہین وفی انفسکم افلا تبصرون اور اُنھین آیات سے ایک مقام ابراہیم ہے
پس حکیم علی ترمذی فرماتے ہین کہ مقام ابراہیم یہی تھا کہ نفس اور فرزند
اور مال اپنا راہ رضا سے خدا کی اجلال مین بذل کیا پس جو شخص کہ نظر اُس موضع پہ
ڈالے اور مایہ بذل سے آراستہ نہو اُسکا سفر اور سعی سب باطل ہے اور حضرت شبلی
علیہ الرحمۃ فرماتے ہین کہ مقام ابراہیم خلت ہے اور جو کہ مقام خلت مین پہونچا سب
سے امین ہوا اور بندہ اصحاب فقیر حضرت شاہ میر محمد قلندر قدس سرہ فرماتے تھے کہ مقام ابراہیم
علیہ السلام کا تسلیم ہے ومن دخلہ کان آمنا سو جو شخص قدم اپنا حرم تسلیم مین رکھے
وہ زمام اختیار قبضہ اقتدار پروردگار مین دے وہ غنغہ ہوا جس شیطانی اور
وسوسہ علائق نفسانی سے امین رہیگا * یک قدم از خودی خویش برون نہ ناصر
زانکہ یک قدم اندر حرم دوست روی * خلاصہ یہ ہے کہ جب کسی شخص نے بصفت ادب

قدم اپنا مقام نیاز اور خدمت مین رکھا آفات صوری اور معنوی سے محفوظ ہوا اور حقیقت یہ ہو
کہ جب سالک نے قدم صدق دار محنت مین قائم کیا تو ضرر التفات کو نین سے اور تعلق
منزلین سے امین ہوا انتہی قولہ الشیخ اور کشف المحجوب مین لکھا ہو کہ حرم کو اسواسطے حرم
کہتے ہین کہ اسمین مقام ابراہیم اور محل امن ہو اور ابراہیم کے قدم مقام ہین ایک تن دوسرا
دل پس جو شخص متعلق تن کا کرے افعال حج ادا کرے اور جو کوئی عزم دل کا کرے
مالوفات اور لذات اور راحات سے اعراض کرے اور اغیار کو اپنے دل مین جگہ
نہ دے پس مقام خلت بہ تحقیق پہونچ گیا اور اس مقام کا داخل ہونا موجب امن ہو فائدہ
جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم کعبہ بنانے کا ہوا تو پہلے آپ نے یہ دعا کی رب
رب اجعل ہذا بلدا آمنا یعنی اے خداوند پروردگار میرے بنا دے تو اس صحرا سے
لق و دق کو کہ اسمین سواے میرے خانہ دار ون کے اور کوئی نہین رہتا ہو ایک شہر
آبادان تاکہ فائدہ اسکے بنانے کا حاصل ہو اسواسطے کہ اگر اسکے قریب کوئی شہر آبادان
نہ ہوگا تو عبادت اسکا کون کریگا اور اعتکاف کون بیٹھیگا اور نماز کون پڑھیگا لیکن
باامن ہو اسواسطے کہ ورود آفات سے شہر ویران ہوجاتا ہو قطع نظر اسکے قافلے
حاجیون کے جو دور دراز سے آئینگے پہونچ نہ سکینگے اور بھی یہ صحرا نہ قابل زراعت ہو
اور نہ قابل گیاہ کہ اسمین مویشی اور آدمی بسر کرسکین اسواسطے اس مکان مین امن
ہوا فرمانے کہ تاجر لوگ ہر طرف سے غلہ وغیرہ اجناس یہان لاوین اور فروخت کرین
تاکہ یہان کے رہنے والون پر روزی فراخ ہو اور جو آدمی اس جگہ واسطے تحصیل ثواب
دینی اور فوائد دنیوی کے آوین خوف سے امین رہین ورنہ اجتماع واختلاط ممکن نہوگا
اسواسطے کہ صورت خوف مین انسان بھاگتا ہو اور دفع ضرر کو جلب منفعت پر مقدم
جانتا ہو اگر کوئی کہے کہ امن تو ہر مقام مین واجب ہو وجہ تخصیص اس مکان کی کیا ہو تو
جواب یہ ہو کہ ہر چند امن ہر جگہ تمام روے زمین مین شرعاً واجب ہو اور تعرض بلا سبب
جانی ہو یا مالی جائز نہین لیکن اس مکان کو خصوصیت ہو کہ دوسرے مقام کو یہ خصوصیت
نہین ہو کیونکہ یہ قلعہ خاص بادشاہی ہو اور ظاہر ہو کہ قلعہ سلطانی کو بہ نسبت اور
ممالک کے تخصیص ہوتی ہو لہذا شکار کرنا وہان حرام ہو اور نزدیک امام اعظم
رحمۃ اللہ علیہ کے اگر مرتکب کسی حد کا یا قاتل نفس کا حرم مین داخل ہو تو تعرض کرنا

جائز نہین ہے بلکہ اُسکو تنگ کرنا چاہیے کہ یہان سے نکلجاوے بعد اُسکے اُسپر حدِ شرع
جاری کیجاوے اور دوسری دعا یہ کی وارزق اہلہ من الثمرات یعنی روزی دے اس شہر کے
باشندون کو طرح طرح کے میوون سے تاکہ اشتیاق سے اور شہرون مین نہ جائین
پس مجیب الدعوات نے اول دعا اس طرح قبول فرمائی کہ ہرگز کسی ظالم غرض آیندہ کا
اس مکان جلیل الشان مین دسترس نہوا اور اگر کسی نے قصد کیا تو فی الفور ہلاک
ہوا چنانچہ قصہ اصحاب فیل اور حکایت حضرت معون صاحب یزید پلید اسپر دو گواہ ہیں
اور جو کوئی بافہم یہ کہے کہ حجاج ثقفی شہرۂ آفاق بہ ظلم وستم کسطرح وہان غالب آیا
جب کہ وہ سنہ ہفتاد و سہ ہجری مین متصل مکان کعبہ ہوا اور عبد اللہ ابن زبیر کو قتل کیا
تو جواب یہ ہے کہ غرض حجاج ظالم کی تخریب کعبہ یا ایذا دہی اہل مکہ ہرگز نہ تھی وہ ابتدا اس
شہر کے لوگون سے مزاحم ومتعرض نہین ہوا اور جو جور وستم اس مردود ظالم سے
وقوع ہوے اور عمارت کعبے کی اس صدمے سے شکست وریخت ہو گئی اُسنے پھر
بکمال زیب وزینت اصلاح دیدی پس معلوم ہوا کہ غرض اُسکی صرف قتل عبد اللہ
ابن زبیر سے تھی اور دعا دوسری اس طریق سے قبول ہوئی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام
نے شہر طائف کو زمین فلسطین اور شام سے اپنے پرون پر اُٹھا کے لائے اور
سات مرتبہ گرد کعبہ طواف کرا کے تین منزل پر بالاے جبل رکھدیا کہ اب تک موجود ہے
اور اللہ جل شانہ نے محض عنایت وکرم سے اسکی آب وہوا ایسی تھی قائم رکھی
اس غرض سے کہ ایام تابستان مین گرمی کی شدت مکے مین ہوتی ہے اور حاجیون کو
تکلیف ہوتی ہے سو بعد فراغت طائف مین آوین چنانچہ جب حجاج بیت اللہ و
مناسک وفرائض حج سے فراغت پاکر طائف مین آتے ہین اور وہان ہواے
سرد وخوش پاتے ہین اور میوہ طائفی اور انار وغیرہ میوۂ سرد سیر کھاتے ہین تمام
حرارت رفع ہو جاتی ہے اور دوسری طرح اور بھی یہ دعا قبول ہوئی کہ مصر وہندوسندھ
وفارس وبصرہ کے رہنے والون کے دل ایسے اس طرف مائل ہوے کہ انواع غلات
اور فواکہ کے جہاز بھر کر وہان لاتے ہین اور یہی سبب ہے کہ اس شہر مین ہمیشہ
ہر ایک مقام کے تحائف وفواکہ دستیاب ہوتے ہین **فائدہ** سبحان اللہ
بحمدہ خدا کی درگاہ عجب لاابالی ہے کہ سب پیغمبر اولوالعزم ہر دم اپنے قول وفعل مین

کا سنتے لرزتے سہتے تھے کہ دیکھیں ہمارا قول و فعل قبول ہوتا ہی یا نہیں چنانکہ حضرت ابراہیم
و اسمٰعیل علیہما السلام وقت تعمیر عمارت کعبہ یون دعا فرماتے تھے ربنا تقبل منا انک
انت السمیع العلیم یعنی ای پروردگار ہمارے اپنے فضل و کرم سے ہماری اس محنت و
خدمت کو قبول کر کہ تو سننے والا ہی دانا ہی دیکھنا چاہیے کہ اس مقام مین کیا ہی تواضع
اور فروتنی ہی کیونکہ لفظ تقبل دلالت تکلف قبول پر کرتی ہی اور تکلف قبول اسی جگہ
ہوتا ہی جہان وہ شئے قابل قبول نہو اور قابل قبول مین اقبل بولتے ہین چنانچہ ہمارے
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی وقت افطار صوم فرماتے تھے اللھم لک صمنا و علی
رزقک افطرنا فتقبل منا انک انت السمیع العلیم رواہ الدارقطنی عن ابن عباس رضی اللہ
عنہ یہ بھی وہی ہضم نفس ہی جو حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کی دعا مین تھا
اور سوا اس دعا کے یہ بھی فرمایا ربنا واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک
یعنی ای پروردگار ہمارے کر دے تو ہمکو منقاد و فرمانبردار اپنے احکام کا اور ہماری
اولاد سے ایک امت حکم بردار اپنی اصل حقیقت یہ ہی کہ دونون پیغمبرون کو از روے
فراست صادقہ نبوت یہ معلوم ہوا کہ ہرگاہ خداوند کبریا نے ہمکو بنا سے کعبے کا حکم دیا ہی
تو البتہ اس تقرب سے کوئی اور رنگ عالم مین ظہور پکڑیگا اور عبادت کی اور ہی وضع
کرشمہ بصورت پرستی اور عشق مجازی ہو قرار پائیگی اور اسی وسیلے سے آدمی
ہر رنگ مالکیت نعمت مشاہدہ پائینگے اور اسرار اس حکمت کے بادی النظر مین بخلاف
عقل جلوہ گر ہونگے تو ایسا نہو کہ ناواقفیت اسرار اور بے اطلاعی احوال سے ہیچ
صورت پرستان احکام الٰہی مین مجھسے یا میری اولاد سے کسی طرح کا تہاون
یا تغافل واقع ہو لہذا حکم بردار ہونا اپنا اور اولاد کا مانگا تا کہ جس رنگ مین اور جس
وضع مین وہ احکام نازل ہون بلا طلب اسرار قبول کر لین اور مقصود حج بیت سے
صرف بندگی مالک بیت کی ہو نہ عبادت و بندگی اس گھر کی اور اداے مناسک مین
رنگینیٔ بیشتر آبرو ریزی اور اختیار وضع مستانہ و مجذوبانہ پر ہین اور ظاہر او قار کے
منافی ہین کسی طرح کی مخالفت واقع نہو بلکہ اطاعت احکام ان عبادات کا
جو اس گھر سے متعلق تھی بدون معرفت احکام ممکن نہین تھی لہذا دعا سے اولی مین
شامل کر کے یہ دعا فرمائی و ارنا مناسکنا و تب علینا انک انت التواب الرحیم

یعنی دکھلا دے ہمکو اور ہماری اولاد کو دستور حج کرنے کے اور معاف کر ہمکو کہ تو ہی ہی
معاف کرنے والا مہربان یعنی دستورات و حکمتین عبادت کی جو متعلق اس گھر کے ہون
اور زمانہ عبادت اور کیفیت اسرار جو اسمین پوشیدہ ہین دکھلا تاکہ ابیان بصری یہ سب
چیزین منکشف ہو جائین کہ ہم اسکے مطابق عمل کرین اور اپنی اولاد کو بتلا دین
**فائدہ** یہ کلام حضرت ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام کا ربنا واجعلنا مسلمین محل
خدشہ ہی کیونکہ مسلمان ہونا ان صاحبون کا بالیقین ثابت ہی پس تحصیل حاصل کی لازم
آتی ہی اور تحصیل حاصل سے بیفائدہ محض ہی اور رفع اس خدشے کا ہمارے استاذ الاستاذ
تفسیر عزیزی مین اسطرح فرماتے ہین کہ اس کلام سے ثبات و استقرار اسلام پر
مقصود تھا نہ حصول اسکا اور اکثر یون واقع ہی کہ دوام اور ہمیشگی ایک شی کی بلفظ
اسی شی کے طلب کرتے ہین لیکن یہ توجیہ اس حال مین درست ہی جب مراد اسلام سے
دین مسلمانی اور اعتقاد ہو اور اگر انقیاد تام مراد ہو تو طلب اسکی ہر شخص کو مفید ہی
نبی ہو یا غیر نبی کیونکہ تکلیفات الہیہ کا انحصار نہین ہی اور جب تکلیفات منحصر نہوے
تو انجام انکا بدون عنایت الٰہی ممکن نہین ہی بخلاف اعتقاد دینی کے کہ یہ ایک امر
منضبط ہی اور توفیق ایک بارہ اسمین کافی اور وافی ہی پس اس مقام مین انقیاد
مراد ہو نہ دین اسلام و اعتقاد **فائدہ** حضرات انبیا علیہم السلام گناہ سے
معصوم ہین پھر ان حضرات نے کسطرح فرمایا تب علینا انک انت التواب الرحیم
کیونکہ جب عصمت ہی تو گناہ نہین ہوگا اور جب گناہ نہوا توبہ کی ضرورت نہین
اور حل اس شبہ کا یون ہوتا ہی کہ بمقتضاے حسنات الابرار سیّئات المقربین اکثر امور
ایسے ہین کہ حق انبیا مین حکم گناہ رکھتے ہین اور حقیقۃً گناہ نہین ہین اور یہ مقتضا
علو منصب کا ہی لہذا حدیث مین آیا ہی یا ایہا الناس توبوا الی اللہ فانی اتوب
الی اللہ فی الیوم مائۃ مرۃ اور بعض اہل تفسیر کہتے ہین کہ مقصود اس کلام سے
تعلیم امت کی تھی کیونکہ ضمیر متکلم مع الغیر دعا مین واقع ہی یعنی تب علینا گو آپ
گناہ سے معصوم تھے جسطرح اسلام اولاد اپنے ساتھ ملایا تھا اور جب اکثر لوگ
مرتکب ایک فعل قبیح کے ہون جمعاً توبہ ہو ان تو استدعا سے توبہ واسطے
ان کے تابع ہو [illegible] حضرت امیر المؤمنین علی مرتضی اور حضرت ابن عباس

رضی اللہ عنہما سے تفسیر ابن جریر مین روایت ہو کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دعا مانگی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا کہ ابراہیم علی نبینا علیہ السلام کو حج تعلیم کر دیا چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حج کرایا اور احرام سے حلق سر تک جتنے واجبات و سنن و آداب وغیرہ تھے سب سکھلائے بلکہ ادا کرائے یعنی اول احرام باندھا پھر طواف قدوم کیا پھر صفا اور مروہ کے درمیان دوڑے اور آٹھوین ذی الحجہ کو منا مین قیام کیا پھر عرفات مین کھڑے ہو کر لبیک لبیک کہا اور نوین تاریخ مزدلفہ مین تشریف لائے اور شب باش ہوئے پھر دسوین تاریخ صبح کو وقوف کیا اور منا کو پھر سے اور وہان ذبح و نحر کیا اور سر منڈوائے اور احرام سے نکلے اور کپڑے بدل کر طواف الزیارت کو تشریف لیگئے اس کے بعد منا مین آئے جمرۂ عقبہ جو منا کی حد پر واقع ہو وہان ابلیس ملا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بموجب اشارہ جبرئیل علیہ السلام سات کنکریان ماریں کہ وہ مردود بھاگا پھر دوسرے تیسرے دن بھی ابلیس ملا تو اسی طرح سات سات کنکریان ماریں اور حضرت اسمعیل علیہ السلام بھی ہمراہ حج مین شریک تھے اس قصے کو بیہقی نے شعب الایمان مین لکھا ہو اور سعید ابن منصور نے مجاہد سے نقل کیا ہو کہ دونون پیغمبران علیہما السلام نے پیادہ پا حج ادا کیا تھا بالجملہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام حج سے فارغ ہوئے تو حکم حق ہوا کہ آدمیون کو حج کے واسطے ندا کر التماس کیا کہ یا الٰہی میری آواز سب لوگون کو کہان سے پہونچیگی ارشاد ہوا کہ تو آواز کر اور پہونچا دینا ہمارا کام ہو تب حضرت ابراہیم علیہ السلام اس سنگ پر جس پر چڑھکر کعبہ بناتے تھے کھڑے ہوے اور وہ پتھر اتنا بلند ہوا کہ ابو قبیس پہاڑ سے بلند ہو گیا اور بقولی پہاڑ ہی پر چڑھکر دونون انگلیان کانون مین ڈالین اور جانب راست و چپ تین تین بار باآواز بلند پکارے کہ اے آدم کی اولاد خدا نے زمین پر اپنا گھر بنایا ہو اور تمکو حج کا حکم دیتا ہو پیادہ آؤ یا سوار اللہ نے یہ آواز تمام بنی آدم کے بلکہ تمام عالم کے کان مین ڈالی حتیٰ کہ جو صلب پدر اور رحم مادر مین تھا اُسنے بھی سنی پھر کسی نے ایک بار لبیک کہا اور کسی نے دو بار اور بعض نے اجابت نہ کی پس جسنے اجابت نہ کی اُسکو حج نصیب نہوا اور جسنے ایک مرتبہ لبیک کہا اُسکو ایک حج نصیب ہوا اور جسنے دو مرتبہ کہا اُسکو دو مرتبہ و علیٰ ہذا القیاس

اور اسی ندا سے عام کا حکم سورۂ انبیا مین یون ارشاد ہوا ہو واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا و علیٰ کل ضامر یاتین من کل فج عمیق یعنی پکار دے لوگون مین حج کے واسطے

کہ آوین تیری طرف پیرون چلتے اور سوار ہو کر دُبلے دُبلے اونٹون پر چلے آتے راہون دور سے
ابن ابی حاتم نے تفسیر مین اور ازرقی نے تاریخ مین لکھا ہو کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ
مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہین کہ اول اہل یمن نے لبیک کہا ہو اور [illegible]
سبب ہو کہ اہل یمن حج بہت کرتے ہین اور مراد اس سے اہل قبا ہین اور حسن نے ز
کیا ہو کہ مامور اس تاذین کے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین چنانچہ حجۃ الوداع مین فرما
ایہا الناس قد فرض علیکم الحج فحجوا روایت ہو کہ جب دونون پیغمبر عظیم القدر حج سے فا
ہوے تو خیال کیا کہ مناسک حج احرام سے تا حلق بہت ہین جسکی ادا مین ایک مدت
دراز گذرتی ہو اغلب ہو کہ تقصیر و سہو بھی واقع ہوا اسلیے یون دعا فرمائی ہو وتب علینا
انک انت التواب الرحیم کما ذکرنا سابقا غرض اس استدعا سے یہ تھی کہ اگر مناسک
حج مین مجھسے یا میری اولاد سے کچھ تقصیر پڑجاے تو اسکے کفارہ سے بھی آگاہ کر
تاکہ تدارک مافات کرون مثلاً حالت احرام مین کوئی سیاہ کپڑا پہنے یا ناخن ترشواے
یا خوشبو لگاے یا سر کے بال کٹواے یا شکار کرے تو کیا کرنا چاہیے جس سے تدارک
مافات ہو جاے چنانچہ اسی دعا کے اثر سے کفارہ جنایات کا طریق مسلمانون مین
شروع ہوا کہ قصہ مین مذکور ہو **فائدہ** اس مقام مین مجملاً کفارہ جنایات بیان کفارہ جنایات حج
لکھا جاتا ہو اگر احرام والا کسی عضو مین خوشبو لگاوے خواہ سر مین مہندی کا خضاب
کرے یا تیل لگاوے یا سیاہ کپڑا پہنے یا دن بھر سر سے اوڑھے یا چوتھائی سر یا ایک
بغل یا ناف کے نیچے کے بال مونڈے یا ناخن کاٹے دونون ہاتھ یا دونون پیر کے
یا ایک ہاتھ ایک پیر کے مجلس واحد مین خواہ طواف القدوم یا طواف الصدر ناپاکی مین
اور کرے یا امام سے پیشتر عرفات سے چلا آوے یا طواف الزیارۃ سے تین شوط خواہ
کم ترک کرے یا منا اور حرم کے سواے کہین اور حلق کراے یا عورت کو بشہوت
چھووے یا بوسہ دے یا حلق و طواف الزیارۃ کو قربانی کے دنون سے تاخیر کرے یا یہی
عبادت مین تقدیم و تاخیر روا رکھے جسطرح کنکریان مارنے سے پیشتر حلق راس
کراے تو اسپر ایک بکری یا گاے ذبح کرنا واجب ہو اور جو ایک عضو سے کم مین
خوشبو لگاے یا سر کو ڈھانکے یا سیاہ کپڑا ایک روز سے کم پہنے یا چوتھائی سر سے
کم منڈاوے یا پانچ انگلیون سے کم کے ناخن ترشواے یا کسی اور محرم یا حلال کا [illegible]

سر مونڈے یا طواف القدوم بے وضو کرے یا طواف الصدر مین تین شوط کرے یا تینون مقامون سے کسی مقام کی کنکریان مارنا ترک کرے تو نصف صاع گندم کہ دار الخلافہ لکھنؤ کے وزن سے ڈیڑھ سیر آدھی چھٹانک تخمیناً ہوتے ہین صدقہ دے اور اگر بیماری کے باعث سے یا کسی اور عذر سے خوشبودار چیز کا استعمال کرے یا تمام سر کو حلق کرے تو بکری یا گائے ذبح کرے یا تین صاع گیہون چھ فقیرون کو صدقہ دے خواہ تین دن روزہ رکھے اور اگر قبل وقوف عرفات کے جماع کرے تو حج باطل ہوا اور اسکو لازم ہی کہ ذبح کرے اور دوسرے سال قضا کرے اور جو احرام والا شکار کرے خواہ کسی اور کو شکار بتلاوے قصداً یا سہواً تو اسپر جزا ہی خواہ صید درندہ ہو یا اور اور اسکا بدلا یہ ہی کہ جو کچھ دو شخص عادل ساکنین شہر سے قیمت اسکی ٹھہراوین اس قیمت کا جانور مول لیکر مکے مین ذبح کرے خواہ گیہون صدقہ کرے ہر مسکین کو نصف صاع اور اگر شکار کو مجروح کرے یا اسکے بال نوچ ڈالے یا اسکا عضو کاٹے تو بقدر نقصان کفارہ دے اور اگر جانور کے پر اکھاڑے یا اسکے پیر کاٹے تو اسکی قیمت دے اور اگر انڈا توڑے تو اسکی قیمت دے اور اگر اس سے بچہ نکلے مردہ تو زندہ بچے کی قیمت ادا کرے اور جو حرم شریف کی گھاس کاٹے یا خودرو درخت کاٹے جو کسی شخص کی ملک نہین ہی تو اسکی قیمت دے اور اگر خشک درخت ہو تو کچھ مضائقہ نہین اور وہان کی گھاس کو نہ کاٹے نہ چراوے مگر اذخر کو کاٹنا درست ہی اور اگر جون مارے یا کپڑا جون کی تکلیف سے دھوپ مین ڈالے کہ جون مرجاوے یا ٹڈی کو مارے تو کسی قدر صدقہ دے جتنا اسکا جی چاہے اور جو کوا یا چیل اور بچھو اور سانپ اور چوہا اور باؤلا کتا مارے تو مضائقہ نہین اور مچھر اور پسو اور چچڑی اور کچھوا اور درندے جانور کو جو حملہ کرے مارنا اسکا درست ہی اور محرم کو ذبح کرنا گائے بکری اونٹ یا مرغی کا بط کا درست ہی اور اگر غیر محرم نے شکار کیا ہو بلا اشارہ اسکے تو محرم کو گوشت اسکا کھانا درست اگر احرام باندھ کر بیماری کے سبب یا دشمن کے خوف سے حج نہ کر سکے تو اپنی طرف سے کسی اور کے ہاتھ قربانی مکے مین روانہ کرے اور ذبح کا دن مقرر کر دے اگر صرف حج کی نیت کی ہو تو ایک قربانی اور جو قران کی نیت کی ہو تو دو قربانی پھر جسدن قربانی ذبح ہو اُسی دن اپنا احرام اُتارے اور اگر قربانی نہ بھیجے

اور گھر پلٹ آوے اور احرام باندھے رہ سکے تو بھی درست ہے پھر دوسرے برس قضا
کرے اور اگر قربانی روانہ کرنے کے بعد صحت پاوے یا خوف دور ہو جائے تو حج
کرنے کو روانہ ہو **فائدہ** اگرچہ فرائض و واجبات حج کے کتب فقہ و حدیث مین

ف بیان فرائض و واجبات حج

بتفصیل تمام کتاب الحج مین مذکور ہین لیکن بمقتضاے ضرورت بقدر ضرورت کسیقدر
بالاجمال بیان کرنا ضرور ہے سب فرائض حج تین ہین احرام[1] اور وقوف[2] عرفہ اگرچہ ایک
ساعت ہو اور طواف[3] الزیارۃ ان مین سے اگر ایک بھی ترک ہوگا حج ادا نہو گا اور
واجبات مین اختلاف ہے بعضے چھبیس[1] کہتے ہین اور بعضے اٹھارہ[18] وقوف[1] مزدلفہ
سعی[2] بین الصفا والمروہ رمی[3] جمار طواف[4] الصدر یعنی طواف رخصت مسافر کو کرنا
سر منڈانا[5] یا کترونا میقات سے احرام[6] باندھنا عرفات[7] مین غروب تک
ٹھہرنا[8] طواف حجر اسود سے شروع کرنا طواف[9] داہنے طرف سے کرنا طواف[10]
پیادہ کرنا اگر عذر نہو دوڑ[11] مین پیادہ ہونا اگر عذر نہو ایک[12] بار ہی ذبح کرنا قران
اور تمتع کرنے والے کو ستر[13] عورت کرنا طواف مین دوڑ[14] صفا و مروہ کی صفا سے
شروع کرنا سات[15] مرتبہ طواف کرکے دو رکعت نماز پڑھنا[16] کنکریان مارنا ترتیب[17]
ذبح مین کرنا یعنی قربانی کے دن اول کنکریان مارے پھر ذبح کرے پھر سر
منڈائے اور عورت صرف بال کتراوے طواف[18] الزیارۃ صرف قربانی کے
دنوں مین کرنا اور بیت اللہ کا طواف مع حطیم کے کرنا اور قاعدہ معرفت واجب کا یہ ہے

ف ارکان و سنن حج

کہ جسکے ترک کرنے سے ذبح کرنا لازم آوے وہ واجب ہے اور سوا فرض و واجب کے
اور جو کچھ کام ہین سنت ہونگے یا مستحب جسطرح خرچ[1] مین کشایش کرنا اور با طہارت[2]
رہنا اور گالی[3] و غیبت سے باز رہنا اور والدین[4] و داین و ضامن سے اجازت سفر کی لینا
اور مسجد[5] مین دو رکعت نماز پڑھکر دوستون سے رخصت ہونا اور انسے قصور معاف
کرانا اور اپنے حق مین استدعا کرنا اور بروز[6] پنجشنبہ سفر کرنا اور چلتے وقت کچھ خیرات

ف بیان اشہر حرام

کرنا پوشیدہ نرہے کہ ایام حج کے شوال و ذیقعدہ و عشرہ ذیحجہ ہین ان دنوں سے

ف عمرہ

پیشتر احرام باندھنا مکروہ ہے اور یہ بھی واضح ہو کہ عمرہ کرنا سنت موکدہ ہے اور تعریف
عمرہ یہ ہے کہ احرام سے طواف اور سعی بین الصفا والمروہ ادا کرے اور عمرہ تمام سال

ف موقوفات احرام

درست ہے مگر عرفہ سے تیرھوین[13] ذیحجہ تک مکروہ تحریمی ہے اور موقوف احرام کی پانچ ہین یعنی

وہ مکان جہاں سے کہ مسافر مکہ کو بدون احرام جانا درست نہیں سو مدینہ والوں کا
میقات ذوالحلیفہ ہے اور عراق والوں کا ذات عرق اور شام والوں کا جحفہ اور نجد والوں کا
قرن اور یمن والوں کا یلملم اور ہند والوں کا بھی پس ان مکانوں سے تاخیر احرام حرام ہے
لیکن تقدیم درست ہے اور مکہ والے احرام حرم سے کریں اور احرام عمرہ تنعیم سے اور طریق
احرام یہ ہے کہ وضو کرے اور جو غسل کرے تو مستحب ہے اور سر کا منڈانا اور مونچھ کترانا
اور ناخن کٹوانا اور بال لینا بھی ادب ہے اور اگر سر پر بال ہوں تو کنگھی کرے پھر تہمد
جدید باندھے اور چادر اوڑھے اور اگر تہمد و چادر پرانی ہو تو دھو ڈالے پھر بدن میں
خوشبو لگاوے اگر میسر ہو اور دو رکعت نماز پڑھے پھر صرف حج کا ارادہ کرنے والا
یوں کہے اللہم انی ارید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی اور اس طرح لبیک کہے لبیک اللہم
لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک
اس لبیک سے کوئی لفظ کم کرنا روا نہیں مگر زیادہ مضائقہ نہیں جب یہ کہا تو محرم
ہوا اب بچنا چاہئے جماع سے اور عورتوں کے روبرو جماع کی بات چیت سے اور
گناہ سے اور رفیقوں اور دوستوں سے جھگڑے نہیں اور شکار خشکی میں نہ کرے نہ اشارہ
کرے نہ بتاوے کہ صیاد پھر اور خوشبو نہ لگاوے اور ناخن نہ کاٹے اور سر و منہ نہ چھپاوے
اور موئے ریش و سر خطمی سے نہ دھووے اور موئے بدن نہ کترے نہ اکھاڑے
نہ کترواوے نہ منڈوائے اور کرتہ پائجامہ قبا پگڑی موزے اور رنگین خوشبودار کپڑے
نہ پہنے لیکن حمام کرنا اور سایہ عماری و خانہ میں ہونا درست ہے اور ہمیانی دوخت
کمر سے باندھنا جائز ہے اسی طرح ہتھیار باندھنا انگشتری پہننا فصد لینا مرہم پٹی کرنا
سرمہ بلا خوشبو لگانا اور سر و بدن کھجلانا کہ بال نہ ٹوٹے نہ جوں جھڑے درست ہے
اور محرم کو لازم ہے کہ دائما لبیک کہا کرے جب نماز پڑھے اور بلندی پر چڑھے
اور پستی میں آوے اور سوار پیادہ سے ملے اور جب صبح ہو اور جب مکہ میں داخل ہو
تو دن کو باب السلام سے لبیک کہتا ہوا نہایت عاجزی سے مسجد حرام میں جاوے
اور سنت ہے کہ غسل کرے اور جب بیت اللہ پر نظر پڑے تین بار اللہ اکبر کہے
اور کلمۂ توحید پڑھے پھر سیدھا حجر کی طرف جاوے اور اللہ اکبر کہے اور کلمہ پڑھے
اور نماز کی طرح رفع یدین کرے یعنی دونوں ہاتھ بلند کرے اور حجر اسود کو کف دست سے

ملے یا چومے بشرطیکہ کسی کو تکلیف نہو ورنہ کسی چیز سے اُسکو چھوے اور اُسکو بوسہ دے
اور اگر کثرت ہجوم سے یہ بھی میسر نہو تو صرف حجر اسود کے روبرو ہوکر اللہ اکبر کہے اور کلمہ
پڑھے اور حمد الٰہی کرے اور درود پڑھے پھر طواف القدوم شروع کرے کہ مسافر کو
سُنت ہے اِس طرح کہ حجر اسود سے اپنی داہنی طرف کو جدھر بیت اللہ کا دروازہ ہے
طواف شروع کرے اِس طور سے کہ چادر کو بغل راست کے نیچے سے نکال کر بائین
مونڈھے پر ڈالے اور بیت اللہ کا طواف مع حطیم کے کرے سات بار اور اول تین
طوافون مین اکڑ کے دوڑے اور دونون مونڈھے ہلاوے جسطرح غازی صف جنگ مین
چلتے ہین اور جب طواف کرتا حجر اسود پاس آوے تو اُسکو ہاتھ لگاوے یا چومے
اور طواف ختم کرے اور رکن یمانی کا چھونا طواف مین مستحب ہے پھر دوگانہ طواف مقام
ابراہیم کے پاس ادا کرے یا کہین اور حرم مین کہ یہ نماز واجب ہے نزدیک ہمارے امام کے
اور شافعی کے دو قول ہین ایک سُنت دوسرا فرض لیکن پڑھنا اِس دوگانہ کا اِسطرح
پر کہ پتھر امام ہو اور نمازی مقتدی بالاجماع مستحب ہے تاکید مقتدی المقدور اسکو ہاتھ سے
دے اور اگر اثر دحام مانع ہو تو اور جگہ مسجد الحرام مین پڑھے **فائدہ**
حضرت استاذ الاستاذ محدث دہلوی تفسیر عزیزی مین فرماتے ہین کہ بعد طواف
خانۂ کعبہ دو رکعت تحیۃ الطواف عقب سنگ پڑھنا مقرر ہے تاکہ امامت حضرت ابراہیم
علیہ السلام تا قیام قیامت جاری رہے اور بھی اُسی پتھر پر چڑھکر حضرت ابراہیم
علیہ السلام نے اذان حج دی تھی پس بعد رحلت اُنکے اُس پتھر کے پاس حاضر ہونا
اور عبادت کرنا گویا حضرت ابراہیم کے پاس حاضر ہونا ہے اور اُنکے آگے عبادت
بجا لانا ہے مین کہتا ہون کہ اِس کلام سے وہابیہ فرقے پر رد صریح ہوتی ہے کما لا یخفی
علی المتدبر اور سنن ابن ماجہ و دیگر کتب حدیث مین حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ جب ٹھہرے رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم مقام ابراہیم کے پاس
بروز فتح مکہ تو حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے التماس کیا یا رسول اللہ یہ مقام
ابراہیم ہے اِسکی شان مین اللہ صاحب نے فرمایا ہے واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی
فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے نعم اور صحیح مسلم مین ہے کہ حضرت خاتم المرسلین
محبوب رب العالمین گرد کعبے کے تین بار گھومے اور چار بار چلے جب طواف سے

فارغ ہوے تو مقام ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر ٹھہرے اور دو رکعت نماز
اُسی مقام مین ادا فرمائین اور پڑھا واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی اور تمامی کتب صحاح
مین وارد و موجود ہو کہ آیۃ کریمہ واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی بموافق راے حضرت
امیر المومنین عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے نازل ہوئی القصہ حاجی کو چاہیئے کہ اِس
نماز کے بعد حجر اسود کو چومے اور مسجد سے باہر نکلے اور صفا پر چڑھے اور بیت اللہ کے
سامنے ہو کر اللہ اکبر اور کلمہ کہے اور درود پڑھے اور جو دل چاہے سو دعا کرے
اور رفع الیدین کرے پھر مروہ کو چلے راہ مین دو سبز میناروں کے درمیان مین
دوڑے جب مروہ پر چڑھے تو جو صفا پر کہ چکا سو وہان بھی کرے اِسی طرح سات بار
کرے صفا سے شروع کرے مروہ پر ختم کرے اور مستحب ہو کہ اِسکے بعد مسجد الحرام مین
جا کر دو رکعت نماز پڑھے پھر مکے مین جا کر رہے احرام باندھے اور نفل طواف کیا کرے
جتنا اُسکا جی چاہے مسافر کے حق مین نفل نماز سے نفل طواف بیت اللہ کا افضل ہی
اور جو تفصیل زیادہ مطلوب ہو کتب فقہ مین دیکھ لے اور مولوی محمد اسحاق محدث
دہلوی کا رسالہ ملاحظہ کرے **تنبیہ** صحیح بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت ہو کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک درمیان کے
گناہون کو مٹاتا ہی اور مقبول حج کا تو سواے بہشت کے کوئی بدلہ نہین اور
صحیح مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
جو کوئی بیت اللہ مین آیا اِس طرح کہ نہ اُسنے عورت سے صحبت کی اور نہ گناہ کیا
تو ایسا بے گناہ ہو جاتا ہی جیسے کہ اُسکو مان نے جنا اور بھی صحیح مسلم مین عمرو ابن
عاص سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ اسلام اگلے گناہون کو ڈھاتا ہی
اور ہجرت اگلے گناہون کو ڈھاتی ہی اور حج اگلے گناہون کو ڈھاتا ہی اور حج
فرض ہی جو اُسکو نہ مانے کافر ہی مگر حج اُس مسلمان عاقل بالغ پر فرض ہی جو آزاد
اور تندرست اور مقدور والا ہو یعنی آتے جاتے اہل وعیال کے خرچ سے
سواے اُسکے پاس خرچ اور سواری میسر ہو اور راہ مین امن ہو اور عورت پر
اُس وقت فرض ہی کہ اُسکے ساتھ خاوند یا محرم ابدی ہو اور تمام عمر مین
ایکبار در صورت مقدور فوراً فرض ہی اور اگر باوصف اِسکے سُستی کرے تو

سخت گناہگار ہو تنبیہ کعبے کا اشارہ کتب انبیاء سابقین مین بہت کثرت سے باوصف
تحریف اتبک موجود ہو اپنی دانست مین اُن سب اشارات کا بیان کرنا تطویل لاطائل ہی
لہذا دو اشارے اسمین سے ضروری البیان بیان ہوتے تا کہ مشتے از انبارے و نمونہ از خروارے
باشد اول یہ کہ حضرت اشعیا علیہ السلام کے دوسرے صحیفے مین لکھا ہی کہ (آخری دنون مین
ایسا ہوگا کہ خداوند کے گھر کا پہاڑ پہاڑون کی چوٹیون پر بنایا جایگا اور ساری قومین اسکی
طرف روانہ ہونگی اور کہینگی آؤ ہم خدا کے پہاڑ پر چڑھین اور اُسکے گھر مین جاوین وہ
ہمکو اپنی راہین بتاویگا ہم اُنپر چلینگے کیونکہ شریعت صیہون سے اور خدا کی بات
اورشلیم سے نکلیگی اور وہ اُمتون کے درمیان عدالت کریگا اور بہت لوگون کو ڈانٹیگا
انتہی بعبارتہ) ور تصحیح ہو کہ روانہ ہونے والی قوم حاجی لوگ ہین اور خدا کا پہاڑ عرفات ہی
اور اُسکا گھر کعبہ ہی جو پہاڑون سے گھرا ہوا ہی اور صیہون بیت المقدس کی پہاڑی کو
کہتے ہین اور اورشلیم بیت المقدس کا نام ہی سو فرمایا کہ وہان سے عیسوی شریعت موقوف
ہوگی دوسرا یہ کہ حضرت اشعیا کے ساٹھوین صحیفے مین موجود ہی کہ (اٹھ اور روشن ہو
کہ تیری روشنی آئی اور خدا کے جلال نے تجھپر طلوع کیا بعد ازان کہ جہان مین تاریکی
زمین پر چھا جائیگی خدا تجھپر طالع ہوگا اور اُسکا جلال جلوہ کریگا عوام اور بادشاہ تیری
روشنی مین چلینگے سب کے سب جمع ہوکر دور دور سے تیرے طواف کو آوینگے اونٹون
کی قطارین اور مدیانی اور ایفائی سانڈنیان تیرے گرد بے شمار ہونگی قیدار کی ساری
گلے اور نباوت کے سارے مینڈھے تیری خدمت کرینگے اور مین اپنی شوکت کے گھر کو
ستودگی بخشونگا جزیرے اور ترسیس کے جہاز ابتدا مین میری راہ تکینگے کہ تیرے
بیٹون کو سونے روپے سمیت دور سے خدا کے نام کے لیے لاوین کیونکہ اُسنے
تجھے ستودہ کیا اجنبیون کے بیٹے تیری دیوارین اُٹھاوینگے اور اُنکے بادشاہ
تیری خدمتگذاری کرینگے کیونکہ مین نے تجھے قہر سے مارا تھا پھر آخر رحم کیا سو
تیرے دروازے نت کھلے رہینگے تا کہ لوگ عوامون کی فوجون کو تیرے پاس لاکر
حاضر کرین جو گروہ اور مملکت تیری خدمتگذاری نہ کریگی برباد ہوگی لبنان کا جلال
تیرے پاس آویگا اور صنوبر اور شمشاد او تقبس اکٹھے ہو کے تیرے پاس آوینگے
تا مین اپنی گذرگاہ کو آراستہ اور جلیل کرون سب تیری حقارت کرنے والے تیرے

سامنے آپ کو جمع کرینگے اور خدا کا شہر اور اسرائیل کی قدوس کا صیہون تیرا نام رکھینگے
اسلئے بسبب اسکے کہ تو متروک اور مبغوض رہی ہو تجھے شرافت دائمی دونگا اور بہت دورا
بستیون کا سرور بناؤنگا آگے کو کبھی تیری سرزمین مین ستم کی صدا نہ سنی جائیگی اور
تیری سرحدون مین خرابی اور بربادی نہ ہوگی تو اپنی دیوارون کا نام نجات اور دروازون
کا نام ستودگی رکھیگی تیرے تمام لوگ صدیق ہونگے اور ابد تک زمین کے وارث ہونگے
میری لگائی ہوئی ٹہنی اور میرے ہاتہ کا کام تا کہ مین ستودہ ہوون ایک چھوٹی سے
ایک ہزار ہونگی ایک حقیر سے ایک قوی گروہ ہونگے مین خدا اسکے زمانے مین یہ
جلد کرونگا انتہی) واضح ہو کہ یہ خطاب مکے کی طرف اور دلیل روشن ملاحظہ کرنے
کیجئے کہ [illegible] کا آنا موقوف ہوگیا تب خداوند کبریا نے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو پیدا کرکے اپنے نور سے مکے کو درخشان کیا وہی نور عوام اور خواص کا
رہنما ہوا کہ مکہ شہر جابجا بن گیا چارون طرف سے خلق سمٹکر اسمین آئی اور آنحضرت پر
ایمان لائی اب دور دور ملکون سے ہر قسم کے آدمی ہر سال حج کے واسطے آتے ہین
یہ رتبہ اور شان مکہ کو کب حاصل تھا اور مدیان ابراہیم علیہ السلام کی بیٹے کا نام تھا جو قطورا
سے پیدا ہوا تھا اور ایفا مدیان کا بیٹا تھا اور نبایوت حضرت اسمعیل علیہ السلام
پہلے بیٹے کا نام تھا اور قیدار دوسرے کا اور یہ سب کتاب پیدایش کی پچیسوین
باب پیدایش مین توریت کے مذکور ہی سو ان دونون کے سارے گلے اور بھیڑ
مکے مین آکر جمع ہوے اور اسکے خادم اور مجاور بنے اور ستودہ کرنے سے یہ ارادہ
کہ لوگ تیرے اسواسطے انتظار کرینگے کہ خدا نے تجھے محمد کیا ہی یعنی ایک مرد ستودہ
اور محمد تجھمین پیدا ہوگا اس سبب سے تو بھی ستودہ ہوگا گویا تیرا نام بھی ہر
ملک محمد ہی جسطرح شہر مداین مداین کے آباد کرنے سے مداین کہلایا اور غالب
کہ خطاب آنحضرت صلعم کی طرف ہو کیونکہ بستی کے پکارنے سے بستی کے لوگ مراد
ہوتے ہین چنانچہ اسی صحیفے مین جابجا ہی کہ اے اورشلیم نافرمان نہو اے صیہون تو
ایسا کر وغیر ذلک اور مکے کے سب مکانون سے افضل وہ ہی جنکے باعث مکے نے
شہرت اور بزرگی اور ہدایت پائی سو وہ شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین یعنی اے مکہ
لوگ اس سبب سے تیرے انتظار کرینگے کہ خدا نے تجھے ستودہ اور محمد کیا ہی یہانتک

کو خلق اور خالق سب تجھے محمد محمود کہکر پکارتی ہی اور اجنبی سے مراد بنی اسمٰعیل ہین اسواسطے
کہ حضرت اشعیا علیہ السلام کے وقت مین متروک اور بیگانہ تھے یا بنی اسرائیل ہین اسواسطے
کہ مکہ قدیم سے اسمٰعیلیون کا مسکن تھا پس اسمٰعیلی آشنا ہوے اور اسرائیلی اجنبی اور
پہاڑ جو اسکو گھیرے ہین وہ ہین ایک بوقبیس اور دوسرا قعیقعان اور قہر سے مارنے کے
یہ معنی ہین کہ اگلے زمانے مین بعد حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کے
تو متروک رہا اور تجھمین بتین رکھی رہین تجھپر نبوت کا آفتاب نہ چمکا خدا کی توجہ اورشلیم کی
طرف رہی لیکن آخر خدا نے تجھپر مہر کی اور اورشلیم سے تجھے افضل بنایا اور ہمیشہ
تیرے دروازے کھلے رہتے ہین کہ کرورون عورت اور مرد شب و روز تیرا طواف
کرتے ہین اور لبنان ایک پہاڑ ہی شام مین اور شام کو اللہ نے متبرک کیا ہی کیونکہ
اسرائیلی پیغمبرون کا مسکن رہا ہی سو اشعیا پیغمبر بتاتے ہین کہ اے مکہ جو عظمت اور
بزرگی لبنان کو حاصل تھی تجھکو ملیگی یعنی نبوت شام سے اٹھکر تجھمین آویگی اور قول
اسکا اسرائیل کے تقدس کا صیہون یعنی خدا کا پہاڑ مراد جبل عرفات ہی یعنی اورشلیم مین
تو صیہون مقرر رہی لیکن اے مکہ تیرا پہاڑ خدا کا صیہون ہوا اور اسرائیل کا لفظ عظمت ظاہر
کرنے کو ہی یعنی وہ خدا جسکی اسرائیل نے تقدیس کی ہی سو وہ جب تجھے نوازیگا تو بھی
اسکی تقدیس کریگا اور یہ جو فرمایا کہ تو مبغوض اور متروک رہے سو یہ اسپر دال ہی
کہ خطاب مکے کی طرف ہی کیونکہ اورشلیم مبغوض نہ تھے اور نہ رہے تھے خصوص حضرت
اشعیا علیہ السلام کے وقت مین کہ نہایت محبوب تھے اور کعبے کے ایک دروازے کا
نام باب السلام ہی اور اونٹون کی افراط کے مین اسقدر ہی کہ اور ملکون مین نہین عرب کے
لوگ انھین کا گوشت کھاتے ہین اور انھین کا دودھ پیتے ہین اور انھین کے
بالون سے قبائین اور نمدے اور قالین وغیرہ بناتے ہین اور انھین پر سوار
ہوتے ہین اور بوجھ بھی لادتے ہین اسی سبب سے اصحاب تجربہ کہتے ہین کہ عرب کا
کام سب اونٹ سے ہی اور ہند کا بیل سے اور ایران کا خچر سے اور یہ جو کہا عوام کی
فوجون کو لاوینگے یعنی غازی لوگ عوام کی فوجون کو تیغ کے زور سے مسلمان کرکے
تیرے پاس بھیجتے ہین اور عالم و واعظ خلق کو سمجھا سمجھا کر حج کے واسطے تیری طرف
روانہ کرتے ہین اور عشق اور محبت عاشقون کو اور حوائج اور مطالب حاجیون کو

خواہی نخواہی تیری طرف گھسیٹ لاتے ہین جو کہ وہ تیری خدمت سے منھ موڑتے ہین برباد ہوتے ہین چنانچہ ابرہہ یمن کے حاکم نے چاہا کہ اپنے ہاتھیون سے ڈھادے سو حق تعالےٰ نے چھوٹے چھوٹے پرندون سے اُسے ہلاک کر دیا اور صنوبر اور شمشاد سے یہ مراد ہے کہ مکے مین درخت اور سبزہ کثرت سے ہوگا سو فی الواقع قسم قسم کے نباتات اُسمین ہین وہان کے درخت و سبزہ کوئی کاٹتا اُکھاڑتا نہین اور درختون کی پتی بھی کوئی توڑتا نہین مگر اذخر و سناکو بضرورت دوا اور شاید کہ صنوبر اور شمشاد سے قسم قسم کے آدمی مراد ہون اور اس قول کے الفاظ صریح دلالت کرتے ہین حاجت بیان نہین

**فائدہ**

تشویق المحبین مین لکھا ہے کہ مکے کے چودہ نام ہین اُنمین سے کلام الٰہی مین موجود اول مکہ قال اللہ تعالےٰ ببطن مکۃ اور وجہ تسمیہ کی یہ ہے کہ مکہ لغت مین بمعنی زائل کرنا اور پستان سے دودھ پینا اور کم ہونا پانی کا ہے پس گویا کہ برکت اس شہر کی زائل کر دیتی ہے حاجیون کے گناہون کو اور خلق کو اطراف عالم سے اپنی طرف جذب کرتی ہے اور کھینچتی ہے جسطرح لڑکا دودھ کو پستان مادر سے کھینچتا ہے یا زمین نے تمام پانی اُسکا اپنی طرف کھینچ لیا ہے اسواسطے کہ وسط زمین مین واقع ہے اور چشمے اُسکے نیچے سے جاری ہوتے ہین اور قلت پانی کا یہی سبب ہے دوسرا بکہ قال اللہ تعالےٰ للذی ببکۃ اور بکہ لغت مین توڑنے والے کے معنی مین آیا ہے پس یہ شہر بھی سرکشون کی گردن توڑ ڈالتا ہے مشہور ہے کہ مکہ اور بکہ دونون لفظ واحد ہین اور قلب با و میم بسبب قرب مخرج کلمات عرب مین شائع و مطرد ہے جسطرح لازم اور لازب اور راتم وراتب اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ فج سے حجر تک مکہ ہے اور بیت اللہ سے بطحا تک بکہ پس اس قول سے بکہ تمام حرم شریف ٹھہرتا ہے اور مکہ یہی شہر ہے اور بعضے کہتے ہین کہ بکہ بالبا زمین خانہ اور حوالی مسجد الحرام کا نام ہے ماسوی اسکے سب مکہ ہے بالمیم اور امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مکہ بالمیم اُسی موضع کا نام ہے جس موضع مین کعبہ واقع ہے اور ایک روایت ہے کہ جب قریش نے کعبہ بنایا تو ایک سنگ رخام بنا ہوا نکلا اُسپر لکھا تھا مکہ بکہ بحرمت بار موعدہ تیسرا بلد کما قال اللہ تعالےٰ لا اقسم بہذا البلد چوتھا بلد امین یعنی شہر امان دہندہ یا امان یافتہ کما قال اللہ وہذا البلد الامین شعرا سے علماء نے شہر مکہ مراد ہے اسواسطے کہ ہر ایک شہر مین سپاہی اور تاجر اور غنی اور فقیر اور عورت اور مرد

اور بادشاہ اور حاکم اور املاک متبرکہ اور مشاہد شہدا اور قبور انبیا اور اولیا اور مساجد اور معابد
اور اقسام نباتات اور حیوانات ہوتے ہین لیکن کسی شہر مین خانہ خدا اور بیت حضرت کبریا
کہ مہبط تجلی دائمی اور کعبہ عبادت خلائق ہو نہین ہے مگر اس شہر مین کہ اس سبب سے
اس شہر کو جامعیت اتم میسر ہوا اور باوجود خاتم الانبیا و المرسلین کا مقام بعثت ہے
اور اسرار محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کا جامع ہے کہ انوار نبوت و ولایت اسمین
ساطع و لامع ہین اور یہ نبوت و ولایت جامع ترین نبوات اور ولایات ہین اور شہر مکہ
شہر مستطیل ہے کہ طول اسکا عرض سے زاید ہے اور مثل قلعہ پہاڑون سے محیط ہے اور باوصف
اسکے تین طرف دیوار شہر پناہ کی بھی ہے چنانکہ دیوار شرقی کو دیوار باب المعلات
بولتے ہین اور دیوار مغربی کو جو کسی قدر بجانب شمال مقابل مدینہ با سکینہ واقع ہے
سور باب الشبیکہ کہتے ہین اور دیوار جانب یمن کو سور باب الیمن اور یہ دیوارین سید حسین
ابن حلان شریف مکہ کے حکم سے سنہ ہشت صد و شانزدہ ہجری مین تعمیر ہوئی ہین اور
طول و عرض شہر کا یون ہے کہ باب المعلات سے سور باب یمن تک چار ہزار چار سو بہتر
ذرعہ ہے اور باب الشبیکہ تک بھی اسی قدر با زیادت دو صد و ہشت ذرعہ اور دو پہاڑ اسکو
گھیرے ہین بو قبیس اور قعیقعان بضم قاف اول و ثانی و فتح عین مہملہ اولے و ثانیہ
ان دونون کو اخشبین بفتح ہمزہ و شین و سکون خا منقوطہ بولتے ہین اخشب شرقی
بو قبیس و اخشب غربی قعیقعان اور یہ شہر داخل ولایت حجاز ہے جو ما بین شام و عراق و مصر
و یمن کے واقع ہے اور حجاز کے کتنے شہر ہین ازانجملہ ایک مکہ دوسرا مدینہ ہے اور عمل
مکے کا بعض جانب سے دس کوس تک ہے چنانچہ سرحد مکی عسفان واقع ہے اور بعض
طرف سے کم اور اسکے گرد حد حرم ہے مخفی نرہے کہ حد حرم کتب مشہورہ فقہ مین مندرج
نہین ہے الا حموی کتب فقہ مین ہے کہ حرم مکے کے گرد کو بولتے ہین جانب مشرق چھ
میل اور جانب مغرب چوبیس میل اور بعض کے نزدیک تین میل و ہو الاصح اور جانب
شمال اٹھارہ میل اور جانب جنوب چوبیس میل اور حضرت استاذ الاستاذ نے
تفسیر عزیزی مین لکھا ہے کہ دور حرم کا کوسون کے حساب سے سینتیس کوس لکھا ہے
اور بحساب ذرعہ یون ہے کہ باب بنی شیبہ سے دو منارون تک جو کہ جانب عرفات
حد حرم پر قائم ہین اسی و ہفت ہزار و دو صد و دہ ذرعہ اور باب معلات سے تنعیم پنچ ہزار

وبست وپنج دریعہ اور جانب تنعیم سے کہ حد جانب مدینہ ہی دوازدہ ہزار و چار صد وبست دریعہ
اور جانب یمن دیوار باب الامین سے بست و دو ہزار ہشت صد ہفتاد و شش دریعہ ہوا انتہا
**فائدہ** جسطرح حرم مکہ ہو اسی طرح حرم مدینہ ہو اور حرمین کی حرمت مساوی ہو میر سید
شریف نے شرح مشکوۃ مین تورپشتی سے نقل کی ہو کہ حرم مدینہ سے حرم تعظیمی مراد ہو
نہ حرم احکامی فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ مدینہ حرام ہو عیر سے ثور تک اور یہ دونون مدینہ کے
دو طرف مین پہاڑ ہین پانچوان قریۂ آمنہ کہ اپنے بیچ کے رہنے والون کو لوٹ مار سے
امان مین رکھتا ہو چھٹوان قریۂ مطمئنہ کہ باشندے اس شہر کے انتقال اور ارتحال سے
مطمئن رہتے ہین اور یہ دونون نام اس آیت مین ہین ضرب اللہ مثلاً قریۃ کانت
آمنۃ مطمئنۃ ساتوان ام القری ولتنذر ام القری ومن حولہا آٹھوان بلدہ حرام
رب ہذہ البلدۃ التی حرمہا نوان صلاح مثل قطام کہ معدول ہو صالحہ سے یعنی
بقعۂ شائستہ دسوان باسہ یہ نام اسواسطے ہوا ہو کہ جو کوئی وہان بے ادبی کرتا ہو
ہلاک ہوجاتا ہو گیارھوان حاطمہ یعنی توڑنے والا گردن جباران اور ہلاکت افگنندۂ
ستمگاران بارھوان کوثا لیکن بعضے کہتے ہین کوثا نام ہو کوفے کا تیرھوان کوسا
یہ نام تفسیر کبیر مین لکھا ہو اور اغلب کہ یہ لغت غیر عربیہ ہو معنی اسکے معلوم نہین
چودھوان ام الرحیم معالم التنزیل مین لکھا ہو کہ ام رحم اسواسطے کہلاتا ہو کہ اسمین
رحمت نازل ہوتی ہو طائفین اور عاکفین پر کہ جو کوئی محتاج فقیر مع تحفۂ افلاس
روے نیاز اس آستانہ پہ لایا خازن خزائن لطف وعنایت نے اسقدر
نقد وجنس اپنی رحمت سے عنایت کیا کہ دامن امید مین گنجایش نہ رہی کون مفلس
بے سروپا اس درگاہ مین آیا کہ نقد مراد اسکے دامن افلاس مین نہ رکھا گیا اور کس
حاجتمند بیکس نے عجز اور نیاز اس عتبہ عالیہ پر گھسا کہ در مقاصد اسکے منھ پر
مکشوف نہ ہوا ع کدام بندہ برین آستان نہاد سرے * کہ لطف خواجہ
نہ بروے او گشاد درے * **تنبیہ** اہل عرفان فرماتے ہین کہ حضرت خلیل نے
ظاہر مین کعبہ بنایا اور حضرت رب جلیل نے باطن مین کعبہ خلیل احجار سے ہو
اور کعبہ جلیل اسرار سے وہ کعبہ مشابہ ناس ہو اور یہ کعبہ محل استیناس ہو وہ کعبہ
قبلۂ مومنان ہو اور یہ نشانۂ نظر رحمان وہ طوافگاہ خلائق ہو اور یہ مطاف الطاف خالق

وہ مقصود خلق ہی یہ منظور حق وہ قبلہ مکاشفہ ہی یہ محجلہ مشاہدہ وہ بیت الحرام ہی
یہ بیت الکرام وہ کعبہ فتنۂ اشرار سے مامون ہی اور یہ اندیشۂ اغیار سے مصئون وہ
بنایا گیا ہی وادی غیر ذی زرع مین یہ گلستان و بوستان شرع مین اُس کعبے
کے ایک طرف دریاے زخار ہی یہان ہر طرف ہزار دریاے اسرار وہان میقات ہی
یہان تصفیۂ اوقات وہان احرام ہی یہان فیض الہام وہان تجرید از لباس ہی
یہان تفرید از ملاحظۂ اجناس وہان مسجد حرام ہی یہان مشہد کرام وہان کوہ
عرفات ہی یہان نجات و کرامات وہان مروہ اور صفا ہی یہان مروت و وفا وہان
قدم خلیل ہی یہان کرم جلیل وہان سقایۂ حاج ہی یہان ہدایۂ حجاج وہان چشمۂ
زمزم ہی یہان الطاف و مادم وہان حطیم ہی یہان رحمت رحیم وہان میزاب ہی
یہان قرب احباب وہان حج مبرور ہی یہان سعی مشکور وہان عاکف اور طایف
یہان معارف و لطایف وہان رکوع و سجود ہی یہان شہود وحدت وجود وہان رکن
یمانی ہی یہان گنج معانی وہان حجر اسود ہی یہان سر سوداے سرمد وہان اعلام
مناسک ہی یہان اعلام ملائک وہان نعرۂ لبیک ہی یہان ولولۂ سلام علیک
وہان استلام حجر ہی یہان احترام نظر وہان کوہ منا ہی یہان نفی من و ما وہان مزدلفہ ہی
یہان معرفہ وہان مسجد خیف ہی یہان نیاز ضعیف وہان افاضت ہی یہان
ریاضت وہان قربانی ہی یہان قرب ربانی وہان حلق ہی یہان ترک خلق وہان
تقصیر در موے یہان تقصیر نکردن یکسر موے وہان طواف وداع ہی یہان ذوق
سماع ؎ کعبہ ہر چند سے کہ خانۂ بر اوست * این دل من نیز خانۂ سر اوست *
پس طائفان قبلۂ عشق کو نوید مسرت ہی کہ محراب دل انکا قبلۂ اصل جمال ہی
اور مقصد عاودان انکا دونون جہان مین حرم وصال ؎ عرفات عشق
یاران ہر کوے یار باشند * بطواف کعبہ زین در نہ روم کہ عار باشد * چو سرے
بر آستانش بہ سر صفا نہادی * بصفا و مروہ ای دل دگرت چہ کار باشد * یہ جو
لکھا گیا کلام راست و درست ہی مگر عارفین کاملین اور عاشقین صادقین کا ہی کہ ظاہر
حال انکا پیرایۂ شرع سے آراستہ ہی اور باطن زیور طریقت سے پیراستہ **فائدہ**
سورۂ بقر مین اللہ صاحب نے فرمایا ہی واذ ابتلی ابراہیم ربہ بکلمات یعنی

یاد کرو اُس وقت کو جب بطریق آزمایش فرمایا ابراہیم کو اُسکے پروردگار نے ساتھ
چند سخن کہ اُسکی بجا آوری سے فرشتگان علوی اور سفلی پر کھلجاوے کہ یہ شخص
لائق اِس مرتبے کے تھا جو اللہ نے عنایت کیا سو وہ کلمات چند حضرت ابراہیم
علیہ السلام کی کئی باتون سے متعلق تھے اوّل قوت علمیہ اور سمجھ حضرت
ابراہیم سے کہ اُنکو اُسی کے سبب سے مناظرہ بت پرستان پر مامور کیا اور
آنجناب نے اُسکو باحسن وجوہ سرانجام کیا کہ اوّل آفتاب اور ماہتاب اور
کواکب کو بحکم حدوث اور تغیر لیاقت معبودیت سے گرادیا دوسرے بتون کو
تبر تیز سے توڑ ڈالا اور اُنکی عاجزی بمقابلہ قوت انسانیہ باوجود اسکے کہ
انسان اضعف المخلوقات تھا ظاہر فرمائی تیسرے واسطے الزام آتش پرستان کے
آگ مین گرے اور اثر نار قوت الٰہیہ سے باطل فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے اُسکے
اثر طبعی کو تبدیل کردیا اور اِسی ترتیب معقول سے روحانیات علویہ اور سفلیہ کو
لیاقت معبودیت سے گرایا کہ زبان مبارک پر گذرا انی وجہت وجہی للذی فطر السموات
والارض حنیفا وما انا من المشرکین پھر واسطے امتحان صدق اِس دعوی کے
اللہ جل شانہ نے اور کئی باتون مین مبتلا کیا اوّل تبری از قوم بلکہ تبری عن
کل ما سوی اللہ کما قال انی بری مما تشرکون وانی براء مما تعبدون اور یہ
کیفیت آخر کار منجر بعداوت ہوگئی کہ ارشاد کیا فانہم عدو لی الا رب العالمین
دوسری رفع وسائط اور وسائل سے حتی کہ حالت شدت غم مین کہ القار
نار تھا حضرت جبرئیل علیہ السلام سے کہا اما الیک فلا حاجۃ لی تیسری التسلیم
لامر اللہ والرضا باللہ سے حالانکہ اسمین جان و مال کا نقصان بھی ہوا کہ ہجرت
وطن اور ذبح ولد اور ضیافت مہمانون اور ایثار فقیرون مین ظاہر ہوا اور
یہ ظاہر ہے کہ انسان کے نزدیک چار چیزین عزیز ترین اشیا ہین جان اور مال
اور فرزند اور وطن کہ مجمع اقارب وعشائر ہوتا ہے اور اُنکے محافظے مین کیسی کیسی
بیقراریان انسان سے ظاہر ہوتی ہین سو حضرت ابراہیم نے اِن چارون کو رضائے
الٰہی مین نثار کیا کہ صدق محبت اور کمال خلت اِسی سے ثابت ہوئی حضرت
ابن عباس نے تفسیر کلمات مین انھین چار چیزون کو بیان کیا ہے اور جو کچھ معاملہ

حضرت ابراہیم نے والدہ حضرت اسمٰعیل اور خود اسمٰعیل علیہ السلام سے بحکم خدا کیا اگر تامل کیا جاوے تو مقدور بشریت سے خارج ہے باجملہ ایسی تکلیفات سے جو دقت حال قوت عاقلہ تھا کہ مجملاً جواب خطاب اسلم مین بکلمہ اسلمت لرب العالمین التماس کیا تھا بعد ازان حد شریعت کو بھی وا غدار محبت و عشق فرمایا جسطرح ختنہ کرنا موے لب و دہار لینا ناخن کٹوانا وغیر ذلک بیشتر بعض عبادات و اذکار و اخلاق کے التزام پر تاکید فرمائی اور وہ تیس۳۰ خصلتین ہین جنکو سہام الاسلام کہتے ہین منجملہ اُسکے دس سورہ برات مین مذکور ہین توبہ عبادت حمد سیاحت رکوع سجود امر معروف نہی منکر حفظ حدود خدا ایمان اور دس سورہ احزاب مین اسلام ایمان قنوت صدق صبر خشوع صدقہ روزہ اور زنا لواطہ سحاق نظر اجنبی سے بچنا اور ذکر الٰہی قلباً و لساناً دوام کرنا اور دس سورہ مومنون مین ہین ایمان تصدیق روز جزا خوف از عذاب خدا دوام نماز کرنا اور خشوع فی الصلوٰۃ اور محافظۃ آداب سنن مین اور لغو و غیبت و ہزل و لعب سے احتراز کرنا اور ادا ے زکوٰۃ خوشی سے کرنا اور حفظ شرمگاہ غیر منکوحہ اور غیر مملوکہ سے رکھنا اور امانت کے ادا مین وفا کرنا اور قیام شہادت یعنی جس بات کو جانتا ہو وقت شہادت ظاہر کر دینا اگرچہ بعض خصائل زمین کے متداخل ہین لیکن محتمل ہے کہ بہ تقیید و تخصیص و انضمام مقارنات حکم مباینت پیدا کرین اور ہر مقام مین جدا شمار کیے جائین پھر ارشاد الٰہی ہوا کہ ہر سال ایک مرتبہ والہ و شیدا ہو کر دیوانہ وار عاشق کے دار بنا پر طواف خانہ محبوب کروگا کے برہنہ سر عریان تن پاے برہنہ ژولیدہ مو پریشان حال گرد آلود شام سے حجاز مین جاؤ اور گاہے پہاڑ اور کبھی زمین پر کھڑے ہو کر خانہ محبوب کی طرف دیکھو اور گاہے اپنے دشمن کو تصور کر کے لعنت کی کنکریان اُسپر مارو اور اپنی جان کے عوض مین قربانی کرو اور اُسی گھر کا جو کہ آشیانہ تجلی ربانی ہے طواف کرو تاکہ معنی عشق و محبت جو باطن مین ہین ظاہر مین جلوہ ظہور پکڑین اور خاص و عام مین مشہور ہو جاوے اور ہر شخص عشق سے آگاہ ہو جاوے اور اس اثنا مین لبیک لبیک کہکر نعرہ زنی کرو اور آتش محبت قلبیہ کو روشن کرو پھر اسی کیفیت کی نمود کے واسطے مناسک حج معین فرماے اور ان سب امور کو حضرت

ابراہیم علیہ السلام نے بخوبی ادا کیا کہ اسمین اصلا تغافل و تہاون و افراط و تفریط واقع نہوا کما قال اللہ فی
سورۃ النجم و ابراہیم الذی وفی یعنی اور ابراہیم جسنے پورا اتارا اللہ کا حق **فائدہ** بروایت صحیح ثابت ہی
کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسّی برس کی عمر مین اپنا ختنہ کیا ہی چنانچہ ابو الشیخ نے کتاب العقیقہ مین
لکھا ہی کہ جب حکم ختنہ صادر ہوا تو عمر ابراہیم کی اسّی برس کی تھی سو حضرت نے نہایت جلدی سے چھری سے
ختنہ کر ڈالا اور درد کی شدت ہوئی تو آنجناب نے دعا کی وحی ہوئی کہ تو نے جلدی کی کہ اپنے نفس کو
معرض ہلاک مین ڈال دیا انتظار کرنا لازم تھا تاکہ طریق ختنہ و آلہ قطع سے نشان دیا جاتا عرض کیا اے رب
مین نے توقف کرنا برا جانا آوری حکم مین تاخیر سمجھا **فائدہ** پوشیدہ نرہے کہ ختن بفتح خا و نقطہ دار و
سکون تا ختنا و ختنہ کرنا اور جو خا و تا کے زبر سے ہو تو داماد و خسر وغیرہ رشتہ دار جانب زوجہ
اور ختان بکسر خا مرد اور عورت کی پیشاب کی جگہ کا نام ہی کذا فی القاموس اور صحیح بخاری و مسلم مین
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے اختتن ابراہیم النبی علیہ السلام بالقدوم یعنی
ختنہ کیا ابراہیم پیغمبر نے قدوم مین کہ نام ایک مکان کا متعلقات شام سے ہی اور بعض اہل تحقیق لکھتے ہین کہ اس
وقت مین عمر شریف ایک سو بیس سال کی تھی مگر صحیحین مین بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ عمر ختنہ یعنی اسّی
برس کی معلوم ہوتی ہی و بروایت صحیح اور بیہقی نے نقل کی ہی کہ حضرت ابراہیم نے ختنہ اسمعیل علیہ السلام کا
تیرھوین برس فرمایا اور اسحاق علیہ السلام کا ساتوین دن اور حضرت خاتم المرسلین صلعم نے حضرات
حسنین علی جدہ و علیہما السلام کا ساتوین روز فرمایا اور بھی بیہقی نے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت
صلعم نے کہ جو کوئی اسلام لاوے لازم ہی کہ ختنہ کرے الغرض اول رسم ختنہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
جاری کی ہی اور قبل ابراہیم علیہ السلام انبیا علیہم السلام مختون پیدا ہوتے تھے حقیقت یہ ہی کہ
اللہ نے انکے بدن کو داغ محبت والا کیا تھا جسطرح معشوق کے واسطے عشاق داغ و گل
کھاتے ہین تاکہ دعوی عشق کا ثبوت کافی ہو جائے اور عمدہ ترین داغون مین ختنہ ہی کہ محل شہوت
رزیلہ بہیمیہ ہی گویا یادگار کردانا ہی تاکہ اس عضو داغی کو مصرف نامشروع مین صرف نکرین لہذا توریت
مین ہی ترجمہ فارسیہ سفر ۱۷ خدا ابراہیم را فرمود کہ تو عہد مرا نگہدار و اولاد تو بعد وفات تو ہر یک در عصر خود
رعایت باید عہد مین کہ میان من و تو و نسل تو بعد از تو مرعی باید داشت اینست کہ ہر ذکرے کہ از شما مختون
شود و گوشت قلفہ خود مختون سازد کہ این علامت عہد میان من و شما باشد از شما ہر کہ عمرش ہشت روز
باشد مختون شود ہر ذکرے در طبقات شما خانہ زادہ و زر خریدہ از ہمہ بیگانگان کہ از نسل تو نباشند خانہ زاد تو
و زر خرید تو لازم ست کہ مختون شود و عہد من در جسم شما عہد ابدی خواہد ماند و نا مختون کہ گوشت قلفہ ش

مختون نشدہ وان نفس از قبیلۂ خود منقطع گردد کہ عہد مرا فسخ نمودہ است انتہی اس کلام سے ظاہر ہوا کہ جو کوئی ختنہ
نکرے ملت ابراہیمی سے خارج ہی اور گویا اسنے نقض عہد کیا ولہذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی مختون تھے
پس نصاریٰ کہ ختنہ نہین کرتے ملت ابراہیمی و عیسوی سے لاریب خارج ہین واضح ہو کہ ہمارے دین مین
بھی ختنہ سنت ہی امام اعظم اور مالک و احمد اور اکثر علما اور بعض شافعی مذہب اسی کے قائل ہین اور یہ ختنہ
منجملۂ شعائر اسلام ہی جسطرح جمعہ و جماعات یہانتک کہ اگر کسی شہر کے لوگ اسکے ترک پر اتفاق کرین تو امام
حاکم کو محاربہ لازم ہی فی فتاوی قاضی خان اذا اجتمع اہل مصر علی ترک الختان قاتلہم الامام کما یقاتلہم علی
ترک سائر السنن وفی خزانۃ الفتاوی ختان الرجال سنۃ واختلفوا فی ختان المرأۃ قال فی ادب القاضی
مکروہ وقال بعض انہ سنۃ کذا فی شرح شرعۃ الاسلام و اکثر شافعیہ وجوب ختان کے قائل ہین اسی طرح
بعض مالکیہ بھی اور وقت ختان مین اختلاف ہی امام صاحب و صاحبین سے مروی ہی لا علم لی بذلک یعنی
وقت ختان کا علم مجکو نہین ہوا اور کوئی دلیل شرعی اسپر قائم ہی اور شمس الائمہ سے روایت ہی کہ جب لڑکا
متحمل ہو اور طاقت ختنہ قابل ہو وہ وقت ہی تا ہنگام بلوغ فی فتاوی قاضی خان و ابو حنیفۃ رح
لم یقدر وقت الختان قال شمس الائمۃ الحلوانی وقت الختان حین یحتمل الصبی ذلک اسلئے ان بلغ اور
بعضے کہتے ہین کہ ساتوین دن ولادت سے ختنہ کرنا چاہیے اور بعضے بعد سات برس کے اور بعض نو برس کے
بعد فی فتاوی قاضی خان و ینبغی ان یختتن الصبی اذا بلغ لتسع سنین فان ختنوہ وہو اصغر من ذلک فحسن
ان کان فوق ذلک قلیلا قالوا لا باس بہ اور بعضے بعد دس برس کے بارہ برس تک تجویز کرتے ہین
اور مختار بعض شافعیہ کا یہ ہی کہ قبل بلوغ ختنہ کرنا لازم ہی فی مجمع البرکات والصحیح ما قالہ ابو حنیفۃ
انہ لا توقیت و یکن ینظر الی حال الصبی اور اگر مسلمان بالغ ہو اور غیر مختون تو وہ اپنے ہاتھ سے ختنہ
کرے اگر ممکن ہو و الا نہ کرے یا عورت ختانہ سے نکاح کرے یا لونڈی اس صفت کی خرید کرکے ختنہ
کرالے فتاوی عالمگیری مین اسی طرح ہی اور یہ ظاہر ہی کہ ختنہ حنفیہ کے نزدیک سنت ہی اور ستر عورت
فرض لہذا فقہاے حنفیہ مسلم بالغ کو ختنہ کرانے سے مانع ہین والتفصیل فی کتب الفقہ مواہب لدنیہ مین ہی
کہ امام فخر الدین رازی نے مشروعیت ختان کی حکمت مین ایک نکتہ لکھا ہی کہ جبتک ختنہ نہین
ہوتا اور سر ذکر کھال ہی مین پوشیدہ رہتا ہی آلۂ مجامعت نرم رہتا ہی اور صحبت کے وقت اذیت زیادہ
ملتی ہی اور جب وہ چمڑا کٹ جاتا ہی اور سر ذکر ظاہر ہو گیا تو اسمین کچھ کہ خشکی آجاتی ہی تب وہ لذت
کم ہو جاتی ہی حاصل یہ کہ جو عضو پوشیدہ رہتا ہی اسمین حس لمس زیادہ ہوتا ہی بہ نسبت کھلے عضو کے
چنانچہ زبان اور لبون سے یہ تجربہ ظاہر ہی اور شریعت کے حکمون مین توسط ہی نہ افراط و تفریط

ف ختنہ سنت ہی

رہی واسطے نہ ایسا چھوڑتے ہین کہ نہایت زیادہ ہو اور نہ ایسا کہ بالکل نہو بلکہ ختنہ کر ڈالتے ہین تاکہ اعتدال ہاتھ سے نہ جائے اور سوا سے اس نوع محبت کے اور بھی انواع حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا ہے جسطرح لبون کے بال لینا اور موے زیر ناف دفع کرنا و ناخن درست و پاکیزہ کرنا و بغل کے بال دور کرنا اور بول و براز کے مقام کو بوقت استنجا دہونا اور مضمضہ اور استنشاق وضو مین کرنا اور نماز و ذکر کے وقت مسواک کرنا اور بالون کو شانہ سے فرق کرنا یعنی مانگ نکالنا اُسکو جسکے سر پر بال ہون اور خوشبو کا استعمال کرنا اور جامہ و بدن کا پاک رکھنا اور ہر جمعہ کو بند گاہون کا دھونا اور تفسیر احمدی مین ہے کہ کلمات مبتلیہ دس تھے پانچ سر مین یعنی بال منڈانا یا کترانا اور مونچھ کترانا اور منھ مین پانی ڈالنا اور ناک مین اور مسواک کرنا اور پانچ تمام جسم مین بغل کے بال اُکھاڑنا ناخن کٹانا ناف کے نیچے کے بال مونڈنا پانی سے استنجا کرنا ختنہ کرنا پس یہ دس باتین حضرت ابراہیم علیہ السلام پر فرض تہین اور ہمارے دین مین سنت یعنی سر کے بال منڈانا یا کترانا علی السویہ سنت ہے اور عورت کو نہین جائز مگر حج مین کترانا درست ہے اور مونچھ کترانا اوپر کی ہونٹھ کے مقابلہ سے سنت ہے اور اسکے چھوڑنے مین عذاب اور منھ مین پانی ڈالنا اور ناک مین اور مسواک کرنا ہر وضو مین زن و مرد کو سنت ہے اور بغل کے بال اکھیڑنا اور موے زیر ناف مونڈنا سنت ہے اور جانبین درن بعد مکروہ اور ناخن کٹانا ہر جمعہ یا ہفتہ مین بلا تعیین یوم مستحب ہے اور پانی سے استنجا کرنا اُسوقت سنت ہے کہ نجاست مخرج سے درم کے برابر سے زیادہ نہو ورالا واجب ہے بخاری اور مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آدمی کی پیدائشی چیزین پانچ ہین اور دوسری حدیث مین ہے کہ دس ہین اور مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ ہر ایک آدمی جسمین آدمیت ہے وہ ان دس چیزون کو جو اوپر بیان ہوئین پسند کرتا ہے گویا کہ یہ پیدائشی اور خلقی بات ہے اسمین تعلیم کی حاجت نہین کیونکہ اور اگر ان باتون مین پاکی و نظافت اور ستھرائی ہے مثلاً موے زیر ناف کے مونڈنے سے میل نہین جمتا اور جو کچھ ہوتا ہے وہ دور ہو جاتا ہے اور شہوت کی قوت زیادہ ہوتی ہے اور مونچھون کے کترانے سے اول مجوس اور ہنود کی مناسبت دور ہوتی ہے دوسرے اکل و شرب مین تکلیف نہین رہتی اور ناخن کٹانے مین میل و نجاست نہین ہوتا ہے دوسرے دیکھنے والون کو کراہت نہین آتی علی ہذا القیاس جملہ امور مین فوائد ہین کہ عاقلین ہوشیار اہل تجربہ پر پوشیدہ نہین ہے **فائدہ** بعض امور ایسے ہین کہ اول ظہور انکا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوا چنانچہ بالون کا سفید ہونا قبل حضرت کے نہ تھا اور جب حضرت کے بال سفید ہوے تو حضرت نے تعجب کر کے حضرت حق سے عرض کی کہ یہ کیا بات ہے ارشاد ہوا کہ یہ وقار ہے فرمایا رب زدنی وقارا اور ابن قتیبہ نے معارف مین لکھا ہے کہ جب حضرت اسحق پیدا ہوے تو کنعانیون کو بلحاظ شیخوخیت زن و مرد کے شبہ پڑا اللہ نے حضرت اسحق کو حضرت ابراہیم

مشابہ کر دیا کہ یہ بھی ایک وجہ رفع شک کی ہو سکتی ہو مگر جب حضرت اسحق کی ڈاڑھی نکلی تو ہرگز باپ بیٹے مین فرق نہ تھا اسلیے حضرت ابراہیم کے بال سفید کر دیے تاکہ فرق ہو جاوے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اسی طرح مانگ نکالنا اور مونچھ کترانا اور ناخن کٹانا اور بغل کے بال دفع کرنا اور موے زہار دور کرنا اوّل حضرت ابراہیم نے جاری کیا اور پاےجامہ اوّل آنجناب نے پہنا قبل حضرت کے لانگ باندھتے تھے عرائیس مین ہو کہ ایجاد سراویل یون ہوا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو وحی ہوئی کہ ای ابراہیم تو افضل اہل ارض ہو تجھکو چاہیے کہ جب سجدہ مین جاے تو عورت تیری زمین کو نظر نہ آوے اُسی وقت آنجناب نے سراویل ایجاد کیا اور اول خضاب وسمہ وحنا حضرت ابراہیم نے فرمایا ہو اور اوّل خطبہ منبر پر جیسا کہ حضرت ابراہیم نے پڑھا طبرانی روایت کرتے ہین کہ حضرت صلعم فرماتے تھے کہ اگر مین بھی منبر بناؤن تو مضائقہ نہین ہو کیونکہ حضرت ابراہیم نے منبر بنایا تھا اور ابن عساکر نے روایت کی ہو کہ اول جہاد بالسیف حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ہو جب کہ حضرت لوط کو رومیون سے چھینا ہو اور اوّل حضرت ابراہیم نے فی اور غنیمت تقسیم فرمائی ہو غنیمت و فی مین فرق ہو جو مال لڑائی سے ہاتھ آوے وہ غنیمت ہو اور جو بلا لڑائی ملے وہ فی ہو اور فی بیت المال مین جمع ہوتا ہو اور وقت ضرورت مسلمانون کے خرچ کیا جاتا ہو چنانچہ حکم اسکا سورۂ حشر مین بتصریح موجود ہو اور اول ہجرت حضرت ابراہیم نے فرمائی ہو اور اول طریقہ ضیافت مہمانی حضرت ابراہیم نے جاری کیا چنانچہ بیہقی نے شعب الایمان مین لکھا ہو کہ مہمانداری کی کثرت سے حضرت ابراہیم ابو الضیفان کہلاتے تھے اور وضع یہ رکھی تھی کہ مکان کے چار دروازے رکھے تھے کہ جہان سے چاہے مہمان داخل خانہ ہو اور خود حضرت ابراہیم علیہ السلام طعام چاشت کے وقت ایک دو میل تک مہمان کو ڈھونڈتے تھے اور جبتک مہمان نہ ملتا تھا کھانا نہ کھاتے تھے چنانچہ اللہ صاحب نے اپنے کلام معجز نظام مین کئی جگہ آنجناب کے مہمانون کا ذکر فرمایا ہو اور مسند امام احمد رحمۃ اللہ علیہ مین وارد ہو کہ ایک روز حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت حق مین التماس کیا کہ یا الٰہی زمین پر کوئی عبادت کرنے والا تیرا مجھے نظر آتا جو میرے ساتھ شریک عبادت ہو خداوند عالم نے ہزار فرشتے ملکوت اعلیٰ کے بھیجے کہ وہ تین دن برابر شریک عبادت رہے اور حضرت ابراہیم انکی امامت کیا کیے اور عادت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ تھی کہ ضعیفون اور مسکینون کو بکمال بشاشت و مسرت کھانا کھلاتے تھے اور کسی وقت مہمانداری مین پہلو تہی نہ کرتے اور کثرت مہمانون سے بہت خوش ہوتے تھے ایک مرتبہ بسبب کثرت اخراجات کے محتاج ہو گئے اور غلہ کچھ باقی نہ رہا تو ایک دوست مصری کے پاس غلامون کو بھیجا اور اونٹ بار برداری کے واسطے ساتھ کر دیے اور فرمایا کہ اُس آشنا سے کہدینا کہ سب ہمارے پاس غلہ

ف جوہر الفتاوی مین ذکر ہے کہ ناخن کترنا جمعہ کو سنت ہے

ہوگا تمہارا قرض ادا کر دینگے چنانچہ غلاموں نے جا کر یہی کہا اُس آشنا نے کہا میرے گھر غلہ نہیں ہی ناچار
غلام اونٹوں کو خالی لیکر پھرے جب حوالی کنعان مین آ گئے تو غلاموں کو شرم آئی کہ اونٹ خالی
کس طرح لیجائین بڑے شرم کی بات ہی ہمارے آقا کو خفت ہوگی پس واسطے اونٹوں کے شلیطے
ریگ بیابان سے بھر لیے ایک غلام انمین کا پیش پیش آیا تھا اُسنے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے
تمام تصور بیان کر دیا تھا اور حضرت کو ملال ہوا تھا اس سبب سے گھر مین جا کر تھوڑے تھے اس
حالت مین اونٹوں کو لیکر اور غلام ہو پہنچے کنیزون نے شلیطے کھولے اور غلہ نکالا اور میسکر روٹیان
پکائین جب حضرت ابراہیم کے روبرو لگئین تو آنجناب نے فرمایا یہ کہان سے ہی لونڈیون نے کہا خلیل
مصری سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا بلکہ خلیل سماوی سے ہی اور ابن سعد نے روایت کی ہی کہ
حضرت ابراہیم علیہ السلام کو وسعت مال بقدر بہت حاصل تھی اول ثرید حضرت ابراہیم نے بنایا ہی اور
تسمیہ آل آنجناب ہی نے مہمانون کو کھلائی ہی اور کتب معتبرہ سے معلوم ہوتا ہی کہ اول طریق معانقہ آنجناب
نے جاری فرمایا ہی چنانچہ خطیب نے اپنی تاریخ مین حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نقل کی ہی کہ ایک مرتبہ
در باب معانقہ اصحاب رضی اللہ عنہ نے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ معانقہ درست ہی
انبیائے پیشین مین بھی تھا اور خلوص محبت و الفت کی نشانی ہی اور اول معانقہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
کیا ہی اور قصہ اس معانقے کا تفاسیر معتبرہ مین یون لکھا ہی کہ ایک دن حضرت ابراہیم علیہ السلام
بیت المقدس کے قبرستان مین تلاش چراگاہ سیر کرتے تھے کہ ایک آواز حزین و رقیق کان مین
آئی دریافت ہوا کہ ذاکر الٰہی او صفات تقدیس و تنزیہ الٰہی بیان کرتا ہی اس آواز کے سُننے سے اپنا
مطلب چھوڑ کر اسی طرف متوجہ ہوئے تو دیکھا ایک دراز قامت آدمی کثیر الشعر کھڑا ہی اور توحید الٰہی
مین مصروف حضرت نے اس سے جا کر فرمایا اے شیخ تیرا خدا کون ہی جسکو یاد کرتا ہی اُسنے کہا میرا
خدا آسمان پر ہی فرمایا زمین مین بھی وہی خدا ہی یا کوئی اور اُسنے کہا وہی ایک ہی دوسرے کو گنجائش
نہین ہی فرمایا تیرا قبلہ کون ہی اُسنے کہا کعبہ فرمایا تو کہان سے کھاتا پیتا ہی اُسنے کہا کہ سب جنگل مین
دانے پکجاتے ہین تو آخر موسم گرما مین اپنے مکان سے نکلتا ہون اور کسی قدر حبوب لیکر
جمع کر رکھتا ہون کہ زمستان مین کام آتے ہین اور اسی سے ایام بسر ہوتے ہین فرمایا
تیرے عیال و اطفال بھی ہین کہ تیری خدمت کرین کہا مین تنہا ہون نہ آل نہ اولاد ایک غار
مین اس پہاڑ کے رہتا ہون فرمایا ہم تیرے مکان پر چلینگے اور سمت قبلہ دیکھینگے اُسنے کہا میرے
مکان کو جاتے ایک نہر عمیق ملتی ہی کہ اُس سے کوئی آدمی وہان نہین جا سکتا مگر مین بطریق

خرق عادت چلا جاتا ہون کہ صرف کف پا میرا بھیگتا ہو فرمایا پس شاید اللہ تعالے نے میرے واسطے بھی پانی کم کر دیا
الغرض آنجناب اُس بزرگ کے ساتھ تشریف لیگئے اور ندی سے بلا تامل دونون پار ہوئے مگر اُس بزرگ کو
حضرت ابراہیم کے پار اُترنے سے سخت تعجب ہوا اور جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نار کے اندر گئے
تو سمت قبلہ موافق مراد دیکھ کر خوش ہوئے پھر حضرت نے پوچھا سب دنون سے کون دن بہت
سخت ہو اُسنے کہا وہ دن جسمین رب الارباب کرسی حساب پر بیٹھیگا اور میزان عدل رو برو
رکھی ہوگی اور دوزخ تیسنہ کیجاویگی اور غیب و ملکوت خوف سطوت قہاری سے گریہ کنان
منھ کے بل گر پڑینگے تب حضرت ابراہیم نے فرمایا اے نیکبخت میرے اور اپنے واسطے دعا
کرتا کہ حق تعالے اُس دن کے ہول سے اطمینان نصیب کرے اُسنے کہا میری دعا مین کچھ اثر
نہین ہو فرمایا کیونکر جانا کہا تین برس سے ہر وقت ایک دعا مانگتا ہون لیکن اتبک قبول
نہین ہوئی فرمایا کس بات کی استدعا ہو کہا ایک روز اِس جنگل مین کھڑا تھا کہ ایک نوجوان
پریشان مو پراگندہ رو مویشی لیکر آیا مین نے پوچھا تو کہان سے آتا ہو اور مویشی کسکے ہین اُسنے کہا
ایک دوست الٰہی کے ہین جسکا نام ابراہیم ہو سو مین اُسی دن سے ملاقات جناب کی دعا مانگتا ہون
اتبک قبول نہین ہوئی فرمایا تیری دعا تو قبول ہوئی آؤ معانقہ کرین سو اُسنے معانقہ
کیا ہمارے حضرت صلعم فرماتے ہین کہ اُسی دن سے معانقہ جاری ہوگیا پیشتر اُس سے
اسکا رواج نہ تھا باقی حال معانقہ ذکر حضرت یوسف علیہ السلام مین لکھا جائیگا **فائدہ**
بخاری اور مسلم مین ہو کہ بروز حشر تمام خلق عریان تن سر برہنہ اور برہنہ پا اُٹھائی جائیگی
تو حضرت ابراہیم علیہ السلام لباس پوشیدہ اُٹھینگے کاتب الحروف کے نزدیک سبب اسکا
یہ ہو کہ اوّل حضرت ابراہیم علیہ السلام راہ حق مین برہنہ کیے گئے تھے جب آگ مین ڈالے گئے
اور دوسرے وقت ختنہ بھی ایک نوع کی عریانی ہوئی تھی سو اِس فضیلت سے اُنکی
افضلیت خاتم المرسلین پر لازم نہین آتی کیونکہ بروز حشر آنحضرت کو انواع فضائل خاص
سے سربلند کرینگے کہ اُسمین کسی نبی کو شرکت نہوگی بلکہ مصنف ابن ابی شیبہ مین ہو کہ بعد
ابراہیم علیہ السلام کے بلافصل جناب خاتم المرسلین جامہ مخطط پہنکر اُٹھینگے اسی طرح فضائل
حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بہت ہین چنانچہ صحاح مین وارد ہو کہ ایک شخص نے حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا یا خیر البریۃ فرمایا لائق اِس خطاب کے حضرت ابراہیم ہین
اور مصنف ابن ابی شیبہ مین بطریق صحیح روایت ہو کہ ایک مرتبہ قحط پڑا اور حضرت

ابراہیم علیہ السلام غلے کے واسطے دوسری جگہ گئے مگر غلہ نہ ملا ناچار مایوس ہوکر پتھر سے اور ریگ سرخ ایک میدان کی خرجیون مین بھروائی اور شہر مین تشریف لائے لوگون سے پوچھا کیا غلہ لائے غلامون نے کہا گندم سرخ جب گھر مین داخل ہوئے تو خرجیون مین سرخ گیہون نکلا خلاصہ یہ کہ اللہ نے نہ چاہا کہ ابراہیم کے غلامون کا قول بھی جھوٹھ ہو اور خاصیت عجیب اللہ نے اُسمین پیدا کردی کہ جو کوئی دانہ اُسکا بویا جاتا تو درخت مین از سرتاپا گیہون دکھائی دیتا تھا اور ابونعیم نے حلیۃ الاولیا مین اور امام احمد نے کتاب الزہد مین لکھا ہی کہ ایک مرتبہ کافرون نے دو شیر بھوکے حضرت پر چھوڑ دیے انھون نے آنجناب کو دیکھ کر سجدہ کیا اور قدم مبارک چاٹے اور بخاری و مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ابراہیم پیغمبر نے کبھی ایسی بات نہین کہی جو حقیقت مین سچی ہو اور ظاہر مین جھوٹھی سواے تین باتون کے دو خدا کے مقدمے مین تیسری اپنی بی بی کے باب مین اول یہ کہ مین بیمار ہون یہ سخن عید کے دن فرمایا تھا جب کافرون نے اپنے ہمراہ لیجانا چاہا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ستارون کو دیکھ کر فرمایا مین بیمار ہون یعنی موافق تمھارے عقائد کے گردش آسمانی مقتضی ہی کہ مین بیمار ہونگا اور دوسری بات بلکہ انکے بڑے نے توڑا یہ اُس وقت کہی جب بتون کو تبر سے توڑا اور تبر کو بڑے بت پر رکھدیا جب کافرون نے پوچھا کسنے ہمارے بتون کو توڑا فرمایا اِس بڑے بت نے توڑا اسلیے کہ اُسکی تعظیم وہ لوگ بہت کرتے تھے گویا وہ بت سبب شکستگی واقع ہوا اور تیسری بات اُسوقت فرمائی جب بادشاہ نے حضرت سارہ کو بلایا اور یہ جانے لگین تو حضرت نے فرمایا اگر بادشاہ تجھے پوچھے تو کہیو کہ یہ میرا بھائی ہی یعنی دینی بھائی یہ تینون باتین حقیقۃً سچی تھین اور ظاہر آ دروغ **فائدہ** پوشیدہ نہ رہے کہ جسطرح خاتمیۃ خواص حضرت خاتم النبیین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم ہوتی ہی اسی طرح امامت اور پیشوائی مطلقہ خواص حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہی و لہذا جس جگہ کسی وقت بعد حضرت ابراہیم کے حق نے ظہور پکڑا اور پیغمبر مرسل آیا اور کتاب نازل ہوئی وہ سب باتباع ابراہیم علیہ السلام ہوا بلکہ تمامی یہود و نصاری و صابئین تعظیم و اتباع اور اقتدا حضرت خلیل اللہ ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام مین کوشش کرتے ہین اور افعال اور اقوال حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بوجہ کلی قانون شرع اور سلطہ تدین جانتے ہین اگرچہ جزئیات متغیرہ اسکے حکم مین بظاہر حسب مصالح وقتیہ

معجزہ

ف

ف

کچھہ مخالفت کرتے ہین لیکن وہ بھی قانون کلی مین داخل اور حکم موافقت مین معدود ہی جیسے علماے یونان قاطبۃً طب مین بوعلی سینا کو امام جانتے ہین اور قواعد کلیہ اُس سے اخذ کرتے ہین اور اگر مخالفت بھی کرتے ہین تو بھی قواعد مقررہ کے موافق کرتے ہین علیٰ ہذا القیاس حنفی المذہب امام اعظم کو اپنا امام جانتے ہین اور اگر کسی وقت قول صاحبین پر فتوی دیتے ہین تو اُسکو بھی قانون حنفی سے خارج نہین جانتے بلکہ قواعد عامۂ حضرت امام ہین مثل قول بالاستحسان یا اعتبار عموم بلوی مین درج کرتے ہین پس اس تقریر سے فرق ملت ابراہیم علیہ السلام اور دین مصطفوی صلعم مین پیدا ہوا کہ ملت ابراہیمی ہر حال مین بوجہ کلی واجب الاتباع ہی اور دین مصطفوی بعد از نسخ یہودیۃ ونصرانیۃ بروجہ خبر بھی لازم القبول ہی اور یہ اشکال کہ اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام حق عامۂ ناس مین واجب الاتباع ہون تو عموم دعوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین اور حضرت ابراہیم علیہ السلام مین فرق نہین رہتا اور بھی یہودیۃ اور نصرانیۃ اپنے وقت مین حق تھی حالانکہ اکثر امور مین مخالفت ملت ابراہیمیہ اُسمین ظاہر تھی پس اگر امامت مطلقہ حضرت ابراہیمی مراد تھی تو یہ مخالفت کسطرح ظاہر ہوئی اسی تقریر بالا سے بالکل زائل ہو گیا ہی اور اس امامت اور پیشوائی مطلقہ پر کلام الٰہی بھی بنص قطعی ناطق ہی کہ انی جاعلک للناس اماما یعنی مین کرنے والا ہون تجھکو سب آدمیون کا امام کہ بعد تیرے آوین کہ ہر چیز مین تیری اقتدا اور متابعت کرین گویا کہ تیری اتباع اور اقتدا دلیل اُنکی حقانیت کی ہوگی اور مخالفت تیری علامت بطلان

ف — در بیان آنکہ ملت ابراہیم در اصول و فروع عین ملت مصطفوی است

**تنبیہ** اس قصے مین چند باتین ضروری البیان ہین کہ اُسکو گذارش کرتا ہون اول یہ کہ ملت ابراہیم علیہ السلام اصول اور فروع مین ملت پیغمبر آخر الزمان ہی یا کہ صرف اصول مین جیسے توحید و نبوت و معاد و غسل جنابۃ و ختنہ و اصول مکارم اخلاق و صبر و رضا بقضا و تسلیم لامر اللہ وغیرہ ہین اگر شق اول اختیار کیجیے تو لازم آتا ہی کہ پیغمبر آخر الزمان صاحب شریعت جدیدہ نہون بلکہ مثل انبیاے بنی اسرائیل کے جو محض مروج دین موسوی علیہ السلام کے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی مروج دین ابراہیمی ہون اور یہ امر صریح البطلان ہی اور اگر شق ثانی اختیار کرین تو اتباع ملت ابراہیمی جسکا جابجا کلام الٰہی مین حکم ہی کیا معنی ہوسکتے اصول سے کہ یہودیۃ و نصرانیۃ اور اسلام آپس مین متفق الاصول ہین بدلیل شرع کم

شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحا والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ یعنی راہ ڈالدی دین مین وہی جو کہ دیا تھا نوح کو اور جو حکم بھیجا ہمنے تیری طرف اور وہ جو کہ دیا ہمنے ابراہیم کو و موسیٰ کو و عیسیٰ کو یہ کہ قائم رکھو دین اور پھوٹ نہ ڈالو اسمین بلکہ جمیع شرائع وملل کے اصول باہم متفق ہین اور یہ بھی اس واسطے صورت مین لازم آتا ہی کہ پیغمبر و یہ امت بھی فروع مین ملت ابراہیمی سے منحرف ہی اور اعتراف کسی ملت کے اصول کا موجب اعتراف تمام اُس ملت کا نہین ہوتا ورالا یہود و نصاریٰ بھی تابع ملت ابراہیمی کے ہون اِس شبہہ کے جواب مین محققین نے دو مسلک اختیار کیے ہین اکثر کہتے ہین کہ اتفاق اِن دونون ملتون کا فقط اصول مین ہی لیکن اصول جسطرح عقائد کو کہتے ہین اِسی طرح قواعد کلیہ شریعت کو جس سے مسائل جزئیہ مستخرج ہون بھی بولتے ہین پس اصول ملت ابراہیمی باین معنی بعینہا شریعۂ مصطفویہ مین محفوظ ہین کہ اصلا تفاوت نہین اور جو کچھ فروع مستخرجہ مین بسبب اختلاف زمان کے کسیقدر تفاوت واقع ہو گیا ہو تو کچھ مضائقہ نہین مثلاً سہولت اور سلوک راہ معتدل تہذیب نفس مین بے افراط و تفریط اور رعایت مصالح نظام معاش اور رسوم منزلی و مدنی وغیرہ مین اور احتراز ابطال کسی قوت کا قواے طبعیہ سے اور خرق کسی عادت کا عادات مستمرۂ بنی نوع سے کہ ہر ایک حکم کے ساتھ ہمارے دین مین مرعی ہین اور معنی اتباع ملت کے یہی ہین نہ یہ کہ فروع جزئیہ بھی بعینہا باقی رکھین بلکہ عند التحقیق ملت نام انھین قواعد کلیہ کا ہی نہ کہ فروع جزئیہ کا ولہذا ہم کہتے ہین کہ ملت ہماری ملت ابراہیم ہی اور یہ نہین کہتے ہین کہ دین اور آئین ہمارا بملاحظۂ فروع دین اور آئین ابراہیم کا ہی اسواسطے کہ فروع اُس دین کے تمام کمال محفوظ نہین ہین اور مثال عام فہم اِس اتباع کی یہ ہی کہ دونون شاگرد حضرت امام اعظم کے بلاشک روش اجتہاد و استنباط مین اپنے امام کے تابع ہین اور استخراج مسائل مین قواعد امام کی رعایت کرتے ہین ولہذا انکا اجتہاد حضرت امام شافعی کے اجتہاد سے ممتاز ہی لہذا امام شافعی کو کوئی تابع ابوحنیفہ کا نہین کہتا ہی باین ہمہ امام ابویوسف اور محمد فروع مستخرجہ مین اپنے استاد کی مخالفت کرتے ہین اِسی طرح شارع شریعت مصطفویہ نے وقت انفاذ اِس شریعت کے قانون

ابراہیمی کے رعایت کی ہو گو بعض فروع مستخرجہ اسوقت کے مخالف فروع مستخرجہ اُسوقت
کے واقع ہوے ہون و لہذا سورۂ آل عمران مین وارد ہی ان اولی الناس بابراہیم
للذین اتبعوہ وہذا النبی والذین آمنوا یعنی لوگون مین زیادہ مناسبت ابراہیم سے اُنکو
تھی جو ساتھ اُسکے تھے اور اس نبی اور ایمان والون کو حاصل اس جواب کا یہ ہی کہ ملت
اور شریعت مین فرق ہی پس یہ ملت تو ملت ابراہیم ہی اور شریعت شریعت محمدیہ ہی اور
ہم مامور شریعت محمدیہ ہین اور یہود اور نصارٰی کو بحسب استعداد اُنکے اور شرایع
عنایت ہوے ہین کہ ملت ابراہیمی کی روش پر ہی مگر قواعد اس ملت کے اول شریعتون
مین بسبب قصور استعداد کے بخوبی مرعی نہ تھے گو اصول عقائد موافق ہون پس
توافق جمیع ملل اور ادیان کا اصول عقائد مین ایسا ہی جیسے ائمہ اربعہ کا تمسک کتاب
اور سنت اور اجماع اور قیاس سے اور توافق اس شریعت کا ملت ابراہیمی سے
ساتھ اس طریق پر ہی جسطرح توافق صاحبین کا قواعد استنباط امام سے ہی مثل الزیادۃ
علی الکتاب نسخ فلا تثبت الا بالخبر المشہور و مثل اعتبار عموم بلوی و استحسان وغیرہ
جب فرق ملت اور شریعت مین ظاہر ہو گیا اور معنی اتباع کے کھل گئے تو اب اختلاف
شریعت کو انحراف نہ کہنا چاہیے انحراف یہ ہی کہ اصول اور قواعد مین فرق اور تجاوز ہو
سو یہان نہین ہی اور بعض محققین کہتے ہین کہ شریعت خاتم المرسلین بعینہ شریعت
ابراہیمی ہی اور شریعت اور ملت مین کچھ فرق نہین بلکہ اصول اور فروع اس
شریعت کے موافق اصول اور فروع شریعت ابراہیمی کے ہین بلا تفاوت بایں معنی
کہ سب احکام اُسکے اس شریعت مین محفوظ ہین گو بہت باتین اسمین زیادہ ہوئی ہون
سو وہ بھی مخالف احکام اس ملت کے نہین ہین بلکہ شرح اور بسط اور تتمیم اور تکمیل
انھین احکام کی ہو یعنی ملت ابراہیمی متن ہی اور شریعت مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ و
سلم شرح اور نہین معنی شارح کو ماتن کے تابع کہتے ہین مثلاً صاحب مشکوٰۃ کو
صاحب مصابیح کا تابع جانتے ہین مگر تفصیل اُن احکام کی سواے اس شریعت کے
ہمکو اور کسی طرح سے معلوم نہین ہوئی اور اس شریعت مین وہ احکام اور حکمون کے
ساتھ ملے ہوے نازل ہوے اسی سبب سے تمیز دشوار ہو گئی البتہ کتاب و سنت سے
متیقن و ثابت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریعت ابراہیمی لاے ہین کما

قال اللہ تعالےٰ ملۃ ابیکم ابراہیم ہو سماکم المسلمین یعنی دین تمھارے باپ ابراہیم کا ہی اُسی نے
نام رکھا تمھارا مسلمان و ثم اوحینا الیک ان اتبع ملۃ ابراہیم حنیفاً یعنی پھر ہمنے وحی کی تیری طرف
کہ تابع ہو دین ابراہیم کے جو ایک طرف کا تھا اور حدیث شریف مین ہی اتیتکم بالحنیفیۃ السمحۃ
البیضاء یعنی مین لایا ہون تمھارے لیے راہ ایک طرف کی صاف روشن اور نیز احادیث سے
ثابت ہی کہ [1]جہاد کفار و [2]کسر اصنام و [3]ختنہ و [4]عقیقہ و [5]آداب ضیافت و [6]لبس ثیاب و [7]اتخاذ زینت
وقت عبادت و [8]رفع یدین نماز مین و [9]تکبیر پر پابندی و پستی مین و [10]نماز چاشت چار گانی
و [11]تحریم اشہر حرم و [12]حرمت محرمات و [13]ایجاب شہود و مہر نکاح مین و [14]رکوع قبل سجود
و [15]وجوب زکوٰۃ و [16]ستر عورت و [17]حرمت زنا و لواطۃ و سحاق وغیرہ گناہ کبیرہ و [18]نماز جانب کعبہ
و [19]مناسک حج تمام و [20]خصال فطرت سمجھنا و [21]آداب قربانی و ہدی و [22]احکام نجوم کا معتقد
نہونا و [23]ساعت نیک و بد نہ پوچھنا و [24]سعد و نحس ساعتون کا تفحص کرنا و [25]ایام و شہور و تواریخ
کے درپے نہونا و [26]شگون بد نہ لینا و [27]کاہن و جادوگر کا اعتقاد نہ لانا و [28]جنات و شیاطین کی
نذر نہ ماننا و [29]ذبح برائے غیر خدا تقرباً نہ کرنا و [30]رزق و شفا سے امراض و موت و حیات و تولد
اولاد مین سوائے خدا کے دوسرے کو سبب نہ جاننا و [31]وقت مصیبت صبر کرنا اور [32]موت اقارب
و احباب مین جزع اور فزع نہ کرنا اور [33]اپنی جان کو راہ حق مین نثار کرنا [34]اور باپ کو بیٹے
کے گناہ مین اور بالعکس گرفتار نہ کرنا اور [35]جامہ و بدن و خانہ و مسکن کو پاکیزہ و معطر رکھنا
اور [36]لہو و لعب سے احتراز رکھنا اور [37]تصویر بنانے و [38]پاس رکھنے سے مجتنب رہنا اور [39]ترک
نکاح نہ کرنا اور [40]لذائذ اطعمہ و نفائس البسہ سے پرہیز نہ کرنا اور [41]عزلت اور گوشہ نشینی مفرط
سے دور رہنا اور جو کوئی یہ بات اختیار کرے اُسکو معتبر نہ جاننا اور [42]ریاضت مفرطہ کو جس سے
حق دار کا حق تلف ہوتا ہو بہتر نہ جاننا [43]اور کسب معاش کرنا اور [44]سوال بلا ضرورت سے
احتراز کرنا اور امثال ان امور کے سب ملت ابراہیمی کے احکام ہین کہ اس شریعت مین
بعینہا باقی ہین بلکہ یہ سب احکام اصول اس شریعت کے ہین اور انہین سے صدہا
فروع نکلتے ہین کہ اس سے کل شریعت کا احاطہ ہو جاتا ہی اتنی بات ہی کہ احکام ابراہیمی
بسبب اسکے کہ نشان انکے مٹ گئے اور کتابون مین مدون نہین ہوے اور جاہلون
کے ہاتھ پڑے اور اکثر اس سے حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کے عہد مین منسوخ
ہوے اور ایک مدت دراز ایسی گذری کہ کلیتہً عالم سے مخفی ہو گئے اس درجہ کہ بدون

وحی کے اطلاع کسی بشر کو ممکن نہ تھی خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھین احکام کو
بواسطۂ وحی ارشاد کیا اور جس مقام سے حضرت ابراہیم پر نازل ہوئی اُسی جگہ سے حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی آئی اِس سبب سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صاحب شریعت
جدیدہ ہوے اِسلیے کہ جدید ہونے شریعت مین یہ ضرور نہین ہو کہ احکام اُس شریعت کے
کبھی کسی وقت ظاہر نہ ہوے ہون بلکہ احکام شریعت مندرسہ کا عالم غیب سے ازسرِنو
ملنا تجدید شریعت مین کافی ہو اور اِسی سبب سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناسخ
اور ادیان کے ہوے کہ ناسخات اُس شریعت منسوخہ کو پھر اُسی شریعت منسوخہ سے
بنسخ فرمایا لیکن کتاب کے جدید ہونے مین یہ بھی ضرور ہو کہ قبل اِسکے وہ کتاب کسی
نبی پر نازل نہ ہوئی ہو ولہذا حضرت عُزیز علیہ السلام کو صاحب کتاب جدید نہ کہنا چاہیے
یا یہ کہ توریت اِنپر نازل ہوئی نہ سمجھنا چاہیے اور اِس فرق کو خوب سمجھا یقین رکھنا چاہیے
کہ اکثر احادیث اور آیات صراحۃً دلالت کرتی ہین اتحاد شریعتین پر اور انبیاے
بنی اسرائیل کہ شریعت موسویہ کے مُروّج تھے انھون نے اُس شریعت کو ازروے
کتب اور محفوظات بشریہ کے معلوم کیا تھا نہ ازراہ وحی پس یہ بھی صاحب شریعت
جدیدہ نہین ہین اور علاوہ اِس وجہ کے ایک وجہ اور بھی ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کے صاحب شریعت جدیدہ ہونے کی ہو وہ یہ ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے احکام ملت ابراہیمی پر قدر کثیر زیادہ کیا ہو مثل تحدیدات صلوٰۃ اور صوم اور
زکوٰۃ اور مسائل جہاد اور نصب قضات اور محتسب اور تقسیم لوٹ اور غنیمت کہ عبارت
خلافت کبریٰ سے ہو اِسی طرح اور مسائل اعیاد و جمعہ اور جماعات کے اور مسائل
فرائض اور ترکات کے عبادات مین کہ حضرت نے بڑھائے ہین اور معاملات مین بھی
تعمق نظر سے آداب قضا اور طریق فیصل خصومات بہ کمال شرح و بسط بیان فرمائے ہین
اِس سبب سے بھی صاحب شریعت جدیدہ ہوے اور ظاہر ہو کہ انبیاے بنی اسرائیل پر
سِواے احکام توریت کے کوئی حکم تازہ نازل نہین ہوا پس فرق میان خاتم المرسلین
اور انبیاے بنی اسرائیل کے بہ کمال انجلا واضح ہو گیا بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم اِسی شریعت کے لانے مین مثل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھے کہ حضرت
موسیٰ بھی فی الجملہ قواعد ابراہیمی کو منظور رکھتے تھے اور اُن قواعد پر تفریع کرتے تھے

پس آج کے روز شریعت مستقلہ دو شریعتین ہین موسوی اور مصطفوی لیکن شریعت موسوی
مین جمیع قواعد ملت ابراہیم کی رعایت نہین ہی اور شریعت مصطفویہ مستوفی جمیع احکام ملت
ابراہیمی کی ہی بلکہ اوس سے زیادہ کیونکہ تکمیل اور تتمیم شریعت ابراہیمی کی کردی ہی اور شریعت
عیسوی وہی شریعت موسوی ہی لیکن فی الجملہ تخفیف اور آسانی اور رفع قیود پس
حقیقت مین گویا شریعت عیسوی ارہاص نزول شریعت مصطفوی ہی اور ابتدا سے یا
رجوع شریعت ابراہیمی ہی مین وجہ چنانکہ ارہاصات اور تمہیدات کی شان ہی کہ قبل از
مطلب کچھ نشان مطلب سے دیتے ہین اور ایک راہ اوسی طرف کھول دیتے ہین یہی ہی
مذاق اہل تحقیق کا اس مبحث مین کہ ہمارے استاذ الاستاذ مولانا عبد العزیز دہلوی نے

ف بیان مراد ملت ابراہیمی نزد بعض مفسرین

لکھا ہی اور بعضے مفسرین کہتے ہین کہ مراد ملت ابراہیمی کی اتباع سے جو کلام الٰہی مین
جا بجا واقع ہی یہ ہی کہ اعتقاد کو اوس ملت کے عقائد سے مطابق کرے پس اسواسطے
کہ عقائد اوس ملت کے جمیع طوائف کے عقائد سے ممتاز ہین جسطرح معبود واحد ہی
اور کواکب اور عناصر وغیرہ کا قبلہ کرنا نہین جائز ہی اور کسی صورت کو وقت عبادت
کے تصور کرنا نہین درست ہی وغیرہ امور کلیہ جیسے سجدہ اور ذبح لغیر اللہ حرام ہی
اور اصول ملت ابراہیمی یہ بھی ہی کہ حق تعالے آخر زمانہ مین ایک رسول بھیجیگا کہ دین اوسکا
واجب القبول ہوگا پس اعتقاد نبوت اوسکا اور اتباع دین اوس نبی کا بھی منجملہ
اصول ملت ابراہیمی کے ہی جیسے اعتقاد نزول عیسیٰ اور خروج مہدی کا شریعت
مصطفویہ مین واجبات سے ہی اور منجملہ اصول عقائد کے ہی و لہذا کتب عقائد مین
اون دونون امر کو بدلائل اور براہین ثابت کرتے ہین اور مؤید اسکا ہی جو کہ تفاسیر
معتبرہ مین آیتہ ومن یرغب عن ملۃ ابراہیم الا من سفہ نفسہ کی شان نزول مین
لکھا ہی یعنی اور کون پسند نہ رکھے دین ابراہیم کا مگر جو موقوف ہوا ہی جی سے وہ یہ ہی
کہ عبد اللہ ابن سلام نے سلمہ اور مہاجر اپنے بھائی کے لڑکون سے کہا کہ تم جانتے ہو
کہ اللہ صاحب نے ابراہیم علیہ السلام سے کہا ہی کہ مین پیدا کرنے والا ہون اولاد
اسمعیل سے ایک نبی مسمّٰی باسم احمد پس جو کہ ایمان اوسکا لاویگا ہدایت پاویگا اور
جو نہ لاویگا وہ ملعون ہوگا چنانچہ سلمہ اوسی وقت ایمان لایا اور مہاجر نے انکار کی
کہ اوسی کے حق مین یہ آیتہ نازل ہوئی لیکن اس تقریر مین ایک خدشہ ہی کہ نبوت

انبیا کا اعتقاد جمیع شرائع اور ادیان مین قاطبۃً اصول عقائد سے ہو اور جسطرح متاخرین پر ایمان بہ نبوت انبیاے سابقین فرض ہو اسی طرح متقدمین پر ایمان بہ نبوت انبیاے لاحقین واجب ہو جس مقام مین تفصیلی چاہیے وہان تفصیلی اور جس جگہ اجمالی درکار ہو وہان اجمالی پس یہ معنی کچھ خاص ملت ابراہیمی سے نہین ہو سب پیغمبرون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر دی ہو اور اپنی امت کو آنکی نصرت اور اعانت پر تاکید کرتے اور عہد اور پیمان لیتے رہے ہین سو اس اعتبار سے نبوت خاتم المرسلین کا اعتقاد جمیع ملل اور ادیان کے اصول مین داخل ہو کچھ مخصوص ملت ابراہیمی سے نہین ہو جواب اس خدشے کا یون ہوسکتا ہو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رسول آخرالزمان کے بعثت کی درخواست کی تھی اور نزول کتاب بھی چاہا تھا اور امت کی بھی استدعا کی تھی تو حقیقت مین ایک نوع کمال کا اس ملت مین باقی تھا اور یہ درخواست صلب ملت ابراہیمی مین داخل تھی اسواسطے مخصوص اصول ملت ابراہیم سے ہوا پس رسول آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گویا خلیفہ منصوص حضرت ابراہیم کے ہوے اور امامت حضرت ابراہیمؑ کی رسالت آنحضرتؐ سے تمام ہوئی اور احکام اس دین کے گویا احکام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہین بخلاف اور انبیا کے کہ اس بات کے طالب نہین ہوے ہین اور حضرت ابراہیم علیہ السلام تو اس کمال ہر عہد سے اپنی امت کو ہمیشہ بشارتین دیتے تھے اور نصرت اور اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تاکیدین فرماتے تھے اس جگہ سے فرق بین نکل آیا لیکن باین ہمہ آیات قرآنیہ کے الفاظ سے جیسے ثم اوحینا الیک ان اتبع ملۃ ابراہیم اور الفاظ احادیث سے جسطرح اتیتکم بالحنفیۃ السمحۃ البیضاء کچھ فرق اس تقریر سے جو بعضے مفسرین کرتے ہین باقی رہتا ہو اسواسطے کہ صرف اپنے عقاید کو کسی ملت کے عقائد سے موافق کرنا اتباع ملت مین داخل نہین ہو بالفرض اگر معنی یہی ہین تو پیغمبر آخرالزمان علیہ السلام کو اس اتباع کا حکم کرنا خالی از تکلف نہین اسواسطے کہ اس اتباع کے جمیع انبیاے بنی اسرائیل مامور تھے خصوصیت آنحضرت کی کچھ نہین ہو پس رفع اسکا یون ہوتا ہو کہ ہر ایک شریعت تین چیز پر مشتمل ہو اول اصول عقائد جسطرح توحید و نبوت و معاد اور یہ باتین تمامی ملل اور ادیان مین جو حق ہین

مشترک ہین اور جملہ انبیا اور رسل اسپر متفق ہین اسواسطے کہ یہ باتین اختلاف
اعصار اور ازمان سے مختلف نہین ہوتین اور اِسی سبب سے ہر ایک ملت متاخرہ کو
ملت متقدمہ کے تابع کہہ سکتے ہین کچھ خصوصیت ایک نبی اور ایک امت کی نہین ہے
دوسرے یہی قواعد کلیہ شریعت کہ مسائل فرعیہ اور احکام جزئیہ اُس سے نکلتے ہین
اور ہر حکم مین رعایت اُن کلیات کی ملحوظ رہتی ہے اور درحقیقت ملت انھین قواعد
کلیہ کا نام ہے پس اتباع اس امت اور اِس نبی کا ملت ابراہیمی سے اِسی معنی
خاص سے ہے کہ یہ بات اور نبی اور امت مین بہ نسبت ملت ابراہیمی کے ہرگز نہین
پائی جاتی ہے تیسری جمیع اوضاع معتبرہ شرع کلیات اور جزئیات اور قواعد
اور فروع سے پس باین معنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صاحب شریعت
جدیدہ ہین اور انبیاے بنی اسرائیل ہمین معنی تابع شریعت موسویہ ہین ہذا ما حققہ
المحدث الدہلوی فی تفسیرہ العزیزی **فائدہ** اکثر کلام الٰہی مین جہان اتباع
ملت ابراہیمی کا ذکر ہے وہان ارشاد ہوا ہے وما کان من المشرکین حالانکہ احتمال
شرک کا حضرت ابراہیم علیہ السلام مین کسی کو مخطور نہ تھا پس غرض اس کلام سے
یہود اور نصاری وغیرہ جاہلان قریش پر طعن ہے کہ تم اپنے تئین تابع حضرت
ابراہیم کا کہتے ہو اور شرک ظاہر تمسے صادر ہوتا ہے مثلاً یہود تشبیہ کے قائل
تھے اور حضرت عزیر علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے تھے اور نصاری تثلیث کے
قائل تھے اور حضرت مسیح علیہ السلام کو ابن اللہ بولتے تھے اور مکے کے جاہل
صریح بت پرستی مین مشغول تھے گویا فرماتے ہین کہ تم اتباع ابراہیم علیہ السلام
سے نہایت دور ہوا سواسطے کہ اول سخن اور اصل کلام ابراہیم علیہ السلام سے
کہ توحید محض اور اسلام خالص ہے منکر ہوے جاتے ہو پھر اور احکام اور عقائد
واخلاق کو کیا پوچھنا ہے **فائدہ** سورۂ بقر مین اول سے آخر تک
بنی اسرائیل سے خطاب ہوتا جاتا ہے یعنی اول مین ارشاد ہوا ہے یا بنی اسرائیل
اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی فضلتکم علے العالمین یعنی اے بنی اسرائیل
یاد کرو احسان میرا جو مین نے تمسے کیا اور وہ جو مین نے تمکو بڑا کیا جہان کے
لوگون سے اور آخر مین ہے ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت یعنی کیا تم

حاضر تھے جسوقت پہونچی یعقوب کو موت اور درمیان خطاب کے قصہ امامت حضرت
ابراہیم اور بناے کعبے کا ذکر ہو حالانکہ یہ خطاب قریش سے چاہیے تھا جو کعبے کے
مجاور اور حضرت اسمعیل کی اولاد تھے اسواسطے کہ جو نعمتین کہ متعلق بناے کعبہ
اور تفضیل حضرت اسمعیل علیہ السلام سے ہین انھین کے حق مین وقعت رکھتی ہین
نہ بنی اسرائیل کے حق مین پس سبب اسکا یہ ہو کہ اس قصے کے بیان سے مقصود
تعداد نعمتون کا بیان نہین ہو جیسا قصص سابقہ مین ہو بلکہ اثبات نبوت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور وجوب اتباع دین محمدی کا بنی اسرائیل پر مطمح نظر ہو
کیونکہ بنی اسرائیل اولاد حضرت اسمعیل سے نہ تھے الّا ولدیت ابراہیم علیہ السلام
اپنا فخر جانتے تھے اور معتقد تھے کہ بناے کعبہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل
علیہما السلام کے ہاتھون سے ہوئی ہو اور اس وقت مین ان دونون پیغمبرون نے
اپنی اولاد کے لیے دعائین بھی کی ہین اور وہ دعائین ہمارے رسول باجابت بھی ہوئین
سو اس قصے کے ذکر مین چار غرضین عمدہ منظور ہین کہ وہ چارون بنی اسرائیل
سے تعلق رکھتی ہین اول یہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حق تعالے نے اول
تکلیفات شاقہ سے آزمایش فرمائی جب اسکے عہدے سے بوجہ احسن نکلے تو انکو منصب
اقتدا اور امامت عنایت کیا پس معلوم ہوا کہ حصول مناصب دینیہ اور معارف یقینیہ
اسپر موقوف ہو کہ تمرد اور عناد کو یکسر موقوف کرے اور جو احکام الٰہیہ کسی پیغمبر کے
ذریعہ سے آوین اُنکا مطیع اور منقاد بنے اگرچہ نخوت اور کبر سے نفس پر شاق ہو
دوسری یہ کہ جب حضرت ابراہیم نے منصب امامت طلب کیا تو حکم ہوا کہ ظالمون کو
تمہاری اولاد سے یہ منصب نہ پہونچیگا کما قال ولا ینال عہدی الظالمین پس جو
شخص کہ طالب منصب امامت یا اور کسی عہدے کا عہدہاے دینیہ سے مثل
ولایت اور ارشاد اور افتا اور احتساب وغیرہ کا ہو تو اسکو مجادلہ اور مکابرہ
اور تعصب اور سخن پروری اور کج بحثی سے الگ رہنا ضرور ہو تیسری یہ کہ اگر
قبلہ کو بیت المقدس سے پھیر کے کعبے کے طرف ہم قرار دین تو ہرگز تمکو جائز
نہین ہو کہ تم زبان طعن کھولو اور اس پیغمبر آخر الزمان کی نبوت مین شبہات
واہیہ کرو کسواسطے کہ کعبہ بھی قدیم سے محل تعظیم ہو اور حضرت ابراہیم علیہ السلام

اور حضرت اسمعیل علیہ السلام کے عبادت کی جگہ ہے اور اسی مسجد شریف مین مقام ابراہیم ہے
کہ وہ تمام باتون کا مخزن ہے چوتھی یہ کہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل علیہما السلام نے
کعبہ بناتے وقت تمہاری دانست کے موافق یہ بھی دعائین کی ہین کہ میری اولاد مین
ایک امت منقاد حکم الٰہی پیدا ہو اور اسمین پیغمبر ہو صاحب کتاب مسلم دونون
اور مشرف طرف یقینی اور یہ دعائین ایسے وقت کی یقینی معترون باجابت ہوئی ہین
پس تمہارے زعم پر بھی وجود امت اور پیغمبر بنی اسمعیل مین ضروری ہوا سو اگر
تم اس پیغمبر اور اس امت سے انکار کرتے ہو تو اعتقاد عظمت ابراہیم علیہ السلام
اور انکی دعا کی مقبولیت سے دست بردار ہو اور اسکا حال گذشتہ ہوین باب پیدایش
توریت مین موجود ہے کہ قریب تر مین بھی بیان کرونگا ابھی تو نص قرآنیہ سے پیغمبر
آخر الزمان کی نبوت اور انکی امت کا ثبوت درپیش ہے واضح ہو کہ حضرت ابراہیم
علیہ السلام نے یون دعا فرمائی ربنا واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ
لک وابعث فیہم رسولا منہم یتلوا علیہم آیاتک ویعلمہم الکتاب والحکمۃ ویزکیہم انک
انت العزیز الحکیم یعنی اے رب اور کر ہمکو حکم بردار اپنا اور ہماری اولاد
مین سے ایک امت فرمانبردار اپنی اور اٹھا اُنمین ایک رسول اُنھین مین کا
جو پڑھے انپر آیتین اور سکھادے انکو کتاب اور پکی باتین اور انکو سنوارے
تو ہی ہے اصل زبردست حکمت والا اور اس دعامین دستورات حج کی بھی درخواست
کی ہے پس بعض مفسرین کہتے ہین کہ امت مسلمہ کا مصداق حضرت ابراہیم علیہ السلام
کے بیٹے اسمعیل علیہ السلام کی نسل اور اولاد ہے کہ مدت تک توحید اور اسلام پر
قائم رہی اور بعضے کہتے ہین کہ ہر وقت مین ایسے مومن گذرے ہین جسطرح زید
ابن عمرو ابن نفیل اور عبد المطلب جد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لیکن یہ
قول ضعیف ہے صحیح یہ ہے کہ مصداق اس امت مسلمہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و
سلم کے اصحاب اور اولاد اصحاب ہین کہ اہل قریش وغیرہ سے تھے اسواسطے
کہ وابعث فیہم رسولا حضرت اسمعیل علیہ السلام کے بیٹون اور اولاد پر سب پر
صادق نہین اور اسیطرح زید ابن عمرو ابن نفیل اور قس ابن ساعدہ
وغیرہ پر بھی درست نہین ہوتا بلکہ الفاظ کلام الٰہی سے صاف واضح ہے کہ وہ

رسول انپر کتاب منزل پڑھیگا اور تعلیم کتاب و حکمت فرمائیگا اور باطن کو غفلات و حجاب سے پاک کریگا سو یہ اوصاف سوائے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کے اور کسی اولاد مین حضرت اسمعیل علیہ السلام کے متحقق نہین ہوئے ولہذا آخر سورۂ حج مین اصحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہوتا ہو کہ ملۃ ابیکم ابراہیم ہو سماکم المسلمین من قبل یعنی دین تمھارے باپ ابراہیم کا اُسنے نام رکھا تمھارا مسلمان اور حکم ہر دار پہلے سے خلاصہ یہ کہ کتب سابقہ مین بھی انکا نام یہی ہو پس یہ دعا ان دونون پیغمبر جلیل الشان کی نص قطعی صریح ہی اس بات پر کہ پیغمبر آخر الزمان علیہ الصلاۃ والسلام ابن عبداللہ مبعوث ہی اور امت اُسکی امت مسلمہ ہو پوشیدہ نرہے کہ اس نص صریح سے الزام یہود اور نصاریٰ کا جو منکر نبوت آنحضرت مین بخوبی ہوسکتا ہو اور محققین کے نزدیک تنصیص بالصفات قوی تر تنصیص بالاسما اور القاب سے ہو اور سے اسقدر البتہ شرط ہو کہ کلی فرد واحد مین منحصر رہو تاکہ احتمال شرکت جاتا رہے ولہذا اس جگہ اہل تحقیق یہ بھی فرماتے ہین کہ خلافت خلفائے اربعہ کی ایسی ہی نصوص سے منصوص ہو جسطرح آیت استخلاف سورۂ نور مین اور آیت محمد رسول اللہ والذین معہ آخر سورۂ فتح مین کذا قال استاذ الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی **فائدہ** حضرت ابراہیم و حضرت اسمعیل علیہما السلام نے بعثت رسول کی اس امت مین اپنی اولاد سے کیون درخواست کی اگر اور ہی قوم سے رسول ہوتا تو کیا قباحت لازم آتی تھی اور رسول کا ہونا اس امت مین کیا ضرور تھا کیا انکا طریقہ بعد انکے کافی نہ تھا پس توضیح اور تحقیق اس مسلک کی یہ ہو کہ دونون صاحبون نے اس امت کا قائم رہنا باوجود اختلاف عقول و تفاوت ازمنہ ایک وتیرہ پر بدون کسی جامع کامل کے خلاف قیاس و عادت سمجھا لہذا درخواست کی اور اُسکے ساتھ ہی مانگا کہ وہ پیغمبر بھی میری اولاد سے ہو تاکہ وہ پیغمبر اور اُسکی امت مسلمہ دونون میری ذریت مین معدود ہوون اور مجھکو شرافت عظیمہ و خلافت فخیمہ حاصل ہو کسواسطے کہ اگر امت میری اولاد سے ہوئی اور محتاج ایسے پیغمبر کی ہوئی جو میری اولاد سے نہین ہو تو مجھکو

کیا شرافت باقی رہیگی اور یہ بھی فائدہ ہو کہ اگر وہ رسول اُسی امت سے ہوگا تو اہل امت اُسکے مولد و منشا و نسب و حسب و اخلاق و اوضاع و صدق و دیانت و عہد و امانت سے بخوبی واقف ہونگے اور اُسکی متابعت مین سرگرم اور مستعد رہینگے بلکہ کسی طرح سے اُسکی مطاوعت اور فرمانبرداری مین ننگ و عار نہ کرینگے کیونکہ ریاست اپنے قوم و قبیلے والے کی ایسی شاق نہین ہوتی ہے جیسے سردار اجنبی اور غیر قوم کی و نیز بحکم قرابت اُسکی رعایت و اعانت اور نصرت مین سعی و کوشش قرار واقعی کرینگے اور اجراے احکام شریعت مین تہ دل سے جہد بلیغ بجا لاوینگے اور اُس نبی کی شفقت و عنایت اُمت پر بوجہ کامل ہوگی کہ تعلیم و تفہیم مین مبالغہ کریگا کیونکہ محبت اقارب و عشائر بہ نسبت اجانب کے بہتر ہوتی ہے اور شفقت و حرص بحکم جبلت بشریہ اپنی قوم و قبیلہ پر بہ نسبت اغیار کے اکثر ہوتی ہے لہذا حدیث شریف مین وارد ہے کہ اول من اشفع لہ من امتی اہل بیتی ثم بنو ہاشم ثم الاقرب فالاقرب من قریش یعنی پہلے مین شفاعت اپنے اہل بیت کی اور بعد اُون کی کرونگا پھر بنو ہاشم کی پھر قریب تر کی قرابت قریش سے اور حضرت امیر المومنین امام الاورعین جامع آیات قرآن حضرت امیر المومنین عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے تھے کہ اگر اللہ جل شانہ کلید بہشت میرے ہاتھ مین دے تو کسی شخص کو بنی امیہ سے بہشت سے خارج نہ رکھون اور شک نہین ہے کہ اس قسم کا رسول کہ مجموع اولاد ان دونون پیغمبرون سے مبعوث ہوا ہو سواے ذات پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نہین ہے کیونکہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کی اولاد مین اس زمانے تک کوئی رسول نہین ہوا اور اگر کوئی زید ابن عمر ابن نفیل اور قس ابن ساعدہ کے حق مین احتمال نبوت رکھتا ہے تو احتمال رسالت نہین رکھتا اور اگر کوئی بالفرض رسول بھی کہے تو اُمت انکی امت مسلمہ نہ تھی اور بالفرض امت مسلمہ بھی ہوتی تو یہ اوصاف اُنمین خود متحقق نہ تھے کہ یتلوا علیہم آیاتک ویعلمہم الکتاب والحکمۃ کیونکہ پڑھنا کتاب کا بے نزول کتاب کے ہو نہین سکتا پس چاہیے کہ کتاب بھی نازل

ہوئی ہو تاکہ اُسکے معانی تعلیم کرے اور اسرار اُسکے جو ہر ایک حکم مین پوشیدہ ہین
کھولے کہ علم ظاہر و علم باطن کے جامع ہون اور امر نبوت کہ ولایت ہو ہمیشہ اس
امت مین باقی رہے تاکہ بقدر امکان فیض نبوت سے بے بہرہ نرہین ؎
چون کہ گل رفت و گلستان شد خراب ✿ بوے گل را از کہ جوئیم از گلاب ✿ گویا حضرت
ابراہیم اور حضرت اسمعیل علیہما السلام نے بنور نبوت جان لیا تھا کہ یہ پیغمبر خاتم الانبیا
والمرسلین ہوگا بالجملہ اس مقام سے ثبوت نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم بنص صریح ان دونون پیغمبرون کی اور بھی مقبول ہونا حضرت کی
امت کا مثل آفتاب روشن ہوا اور یہ بھی ثابت ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم حامل سر ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام ہین اور اس جگہ سے لازم آیا کہ
ملت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عین ملت ابراہیم علیہ السلام ہو اور
جو اکثر احکام اُس دین کے مانند مناسک حج و قربانی کہ یہودیون کے
حق مین بسبب قصور استعداد و بے نصیبی اسرار باطنیہ سے اور عدم معرفت
محبت اور رضا کے منسوخ ہوگئے تھے وہ سب وقت ظہور اہل کمال و صاحب
ذوق و حال کے پھر قائم ہوے اور ملت ابراہیمی نے از سر نو بلا تغیر ظہور پکڑا
تو اب انحراف ملت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درحقیقت انحراف
ملت ابراہیمی سے ہے ہو کما قال ومن یرغب عن ملۃ ابراہیم الا من سفہ
نفسہ ولقد اصطفیناہ فی الدنیا وانہ فی الآخرۃ لمن الصالحین یعنی کون ہے
کہ پسند نرکھے دین ابراہیم کا مگر جو بے وقوف ہو اپنے جی سے اور ہمنے
اُسکو خاص کیا دنیا مین اور وہ آخرت مین نیک ہے اس سے ظاہر ہوا کہ
ملت ابراہیم اُس قبیل سے نہین ہے کہ اس سے کوئی شخص عدول کرے اور
اگر یہود اور نصاریٰ کہین کہ فی الحقیقۃ ملت ابراہیم علیہ السلام اکمل ملل ہے
لیکن انھین کے واسطے جو اوج کمال پر پہونچے تھے اور مقام خلت سے
مشرف ہوے تھے یا اور انبیاے عالیقدر کے واسطے جو انکی اولاد مین تھے
ہم لوگ عوام اُسکی متابعت نہین کرسکتے کیونکہ وہ کمال عوام کے دائرہ
استعداد سے خارج ہے مثلاً عوام امت کو جائز نہین ہے کہ ایک وقت مین

ف رد قولہم یہود و نصاریٰ

چار سے زیادہ عورتوں کے ساتھ نکاح کریں پس اسکا جواب یہ ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جسطرح خود بنفس نفیس اس ملت کے احکام پر عمل کرتے تھے اپنے توابع اور اولاد کو بھی اُنپر تکلیف دیتے تھے چنانچہ خود توریت مین جسکا ترجمہ فارسی اور ہندی اب نصاری کے ہاتھ مین موجود ہی اسکی کتاب پیدایش مین ملاحظہ کرلے کہ بہت باتین نکل آوینگی پس اس سے واضح ہوا کہ وہ ملت مخصوصات ابراہیم سے نہین بلکہ وصی بہا ابراہیم بنیہ ویعقوب یعنی وصیت فرما گئے ہین اس دین کی ابراہیم اپنے بیٹون کو کہ سب آٹھ تھے اور سب مین بڑے حضرت اسمعیل علیہ السلام حضرت ہاجرہ سے تھے اور دوسرے حضرت اسحاق سارہ سے کہ بالاتفاق دونون پیغمبر تھے اور یہ امر بھی خاص بیٹون سے نہ تھا بلکہ حضرت یعقوب علیہ السلام سے بھی تھا جو بیٹے حضرت اسحاق کے اور نواسے حضرت لوط علیہ السلام کے تھے اخبار مین وارد ہی کہ حضرت ابراہیم واسمعیل و سارہ بعد از فراغ عمارت وادائے مراسم طواف وزیارت باتفاق آستانہ حرم مین دعا کرتے تھے یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام واسطے امت محمدیہ کے دعا فرماتے تھے کہ یارب جو کوئی پیروان امت حبیب تیرے سے اس گھر کا طواف کرے آتش دوزخ سے محفوظ رہے خطاب ہوا کہ مین نے قبول کی اور حضرت اسمعیل نے بھی ہاتھ اُٹھا کے امت مذکورہ مرحومہ کے واسطے دعائے بہشت فرمائی کہ یہ بھی دعا قبول ہوئی اور حضرت سارہ نے اس امت کی عورتون کے واسطے دعا کی وہ بھی مقبول ہوئی چونکہ حضرت ابراہیم اور اسمعیل علیہما السلام نے اسطرح سے کیا اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور اُنکی امت کو حق تعالے نے ارشاد کیا کہ تم بھی بعوض اسکے ابراہیم اور آل ابراہیم کو درود وتحیات مین شامل کرو چنانچہ پڑھتے ہین کہ اللھم صل علے محمد وعلی ال محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی ال ابراہیم **تنبیہ** حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل علیہما السلام نے اپنی دعا مین بعض ذریت کے اسلام کی درخواست کی ہی کہ واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا سے واضح ہی حالانکہ دعا مین عموم چاہیے چنانچہ بعض احادیث مین واقع ہی کہ ایک اعرابی یون دعا کرتا تھا کہ اللھم ارحمنی ومحمدا ولا ترحم معنا احداً یعنی اے اللہ مجھپر اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مہربانی کر اور ہمارے ساتھ کسی کو نہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سُنکر منع کیا اور فرمایا کہ دعا مین وسعت چاہیے پس سبب اسکا یہ ہوا کہ ایک مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دعاے امامت مین معلوم ہو چکا تھا کہ میری ذریت مین بعضے ظالم وفاسق ہونگے اور اسی طرح دعاے رزق مین

سن چکے تھے کہ بعضے کافر ہونگے سو اُنکے عندیہ میں بالیقین ثابت ہو گیا تھا کہ ارادۂ الٰہی بعض اولاد کے کافر ہونے سے متعلق ہو چکا ہے اور دعا کرنے والے کو چاہیئے کہ خلاف ارادۂ الٰہی کے دعا نہ کرے لہٰذا من ہبیض سے دعا میں تخصیص فرمائی یہاں ایک خدشہ اور ہے کہ جب دعاے امامت اولاد کے حق میں مقبول ہو چکی تھی دعاے اسلام کی کیا حاجت تھی کیونکہ مرتبۂ امامت درجۂ اسلام سے بالاتر ہے اور امامت موقوف ہے اسلام پر جب امامت حاصل ہوئی تو اسلام بے شبہہ و شک ہوگا دفع اس خدشے کا یوں ہوتا ہے کہ مقصود حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ تھا کہ ایک جماعت کثیرہ جسکو امت کہکے بولتے ہیں وہ ایک مدت مدید تک مسلمانی پر قائم رہے اور مقبولیت دعاے امامت اگر دلالت کرتی ہے تو اسیقدر پر کہ بعض اولاد حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام اگرچہ ایک شخص ہو یا کہ دو شخص ہوں منصب امامت حاصل کریں گو کہ تابعین انکے قوم اجنبی ہوویں پس دعاے امامت کافی نہ تھی اسواسطے اسلام کی بھی دعا فرمائی یہ سب تحقیقات اول سے آخر تک اکثر ہمارے مولانا استاذ الاستاذی کی ہے جو تفسیر عزیزی میں فرمائی ہے **فائدہ** جو بعضے نصاریٰ گفتار کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر کسی نبی نے نہیں دی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خبر آدم کے وقت سے ہے سو یہ قول محض غلط ہے کیونکہ اثبات نبوت کے واسطے خبر دینا اگلے پیغمبر کا ضرور نہیں ورنہ معجزہ بے فائدہ ہوتا ہے قطع نظر اس بات سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک سیکڑوں پیغمبر ہوئے جیسے داؤد اور اشعیا و حزقیال و دانیال و صموئیل و ارمیا وغیرہم علیہم السلام حالانکہ توریت میں کسی ایک کا بھی ذکر نہیں اور اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بھی نام تصریح کہیں پایا نہیں جاتا بلکہ اسی باعث سے یہود مانتے نہیں ہوتے تو اس سے دریافت ہوتا ہے کہ پچھلے پیغمبر کی خبر اگلے پیغمبر کی کتاب میں ہونا ضرور نہیں ورنہ لازم ہے کہ سب نبی نہ ہوں بلکہ جائز ہے کہ ہو اور جائز ہے کہ نہو لہٰذا بعضوں کی ہے اور بعضے کی نہیں ہے چنانچہ حضرت انبیا کی صراحۃً اور حضرت عیسیٰ کی ضمناً و کنایۃً ہے لیکن آنحضرت کی خبر تو اگلی کتابوں میں دونوں طرح سے بھی تحریف کرنے والوں نے نکال ڈالی باوجود اسکے صدہا اشارات اور بشارات موجود ہیں بلکہ بعضے صحیفے تو ایسے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر سے بھرے ہوئے ہیں کہ اگر انہیں سے کچھ بھی نکال لینگے تو تمام صحیفہ سٹ جائیگا چنانچہ

ف ثبوت نبوت آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم از کتب انبیاء [illegible]

کتاب استثنا و توریت کے اٹھارھوین باب مین ہے کہ بنی اسرائیل کے واسطے اُنکے بھائیون سے تیرے
مانند ایک نبی قائم کرونگا اور اپنا کلام اُسکے مُنھ مین ڈالونگا اور جو کچھ مین اُس سے فرماؤنگا وہ اُنسے
کہیگا اور جو کوئی اُس نبی کا حکم نہ سُنیگا تو قوم سے کاٹ ڈالا جائیگا اور مین اُس سے انتقام
لونگا اور یہ خبر اعمال الحواریین کے تیسرے باب مین بھی ہے سو اس سے ظاہر ہوا کہ بنی اسرائیل کے
بھائیون سے یعنی بنی اسمعیل سے نبی ہوگا اور وہ بطور اجماع مرکب سواے حضرتؐ کے کوئی
نہین ہوا کیونکہ ہمارے حضرت صلعم حضرت موسی علیہ السلام کے مانند آدمی تھے اور انھین کے
مانند ناسخ تھے اور دونون کی شرع جبر و انتقام مین موافق ہے بلکہ اتنی وجہون سے ہمارے حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو حضرت موسی سے مماثلت ہے ۱- صاحب والدین ہونا ۲- صاحب زن و
فرزند ہونا ۳- صاحب سیاسات مدنیہ ہونا ۴- صاحب جہاد ہونا ۵ عبادت کے وقت وضو کا حکم
دینا ۶- جنابت و حیض و نفاس سے غسل کا واجب کرنا ۷- زناکارون کی سزا تجویز کرنا ۸ بدن و
کپڑے کو بول و براز سے پاک کرنے کا حکم دینا ۹ جس جانور پر نام خدا کا نہ لیا ہو وقت ذبح کے اُسکے
کھانے سے منع کرنا ۱۰- عبادات و ریاضات بدنیہ کا مقرر کرنا ۱۱ فیصل خصومات کے لیے قاضی مقرر
کرنا ۱۲- مہمات مین مشورہ کرنا ۱۳- سود کھانے سے منع کرنا ۱۴- حادثات کے معبود قرار دینے پر
معجزات دکھلانے والے کو کاذب جاننا ۱۵- دشمن کے ہاتھ سے اکیلے مخفی نہونا بلکہ اپنے
ہارون کو بھی بچانا ۱۶- خدا کی عبادتگاہ مقرر کرنا ۱۷ بیماری سے مرنا ۱۸- دارالعمل سے وفات پاکر
پھر نہ آنا ۱۹- آدمیون کی نجات کے واسطے ملعون نہ ہونا اور نہ تین دن دوزخ مین رہنا
۲۰- اپنی امت مین عبد اللہ و رسول اللہ کہلانا نہ اللہ و ابن اللہ اسیواسطے ہمارے حضرت کی شان
مین ہے انا ارسلنا الیکم رسولا شاہدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا یہ لفظ کما کا ایسا ہے جیسا لفظ
مثلک نسخہ قدیمہ توریت ترجمہ سنہ ۱۶۷۱ کے درس ۱۸ اٹھارہ مین ہے سوف اقیم لہم نبیا مثلک من بین اخوتہم
واجعل کلامی فی فیہ الخ یہ کلام قال اللہ مین داخل ہے بضمن قال موسی یہودی کہتے ہین کہ جتنے
انبیا بنی اسرائیل بعد موسی ہوے انہین سے کوئی مصداق اس خبر کا نہین ہے اسلیے کہ مثل موسی
کوئی نہین ہوے اور موسی سب سے افضل تھے اور بنی اسرائیل کے بھائیون سے بنی اسمعیل مراد
ہو سکتے ہین یا بنی عیص کیونکہ دو چار جگہ توریت مین جہان ابراہیم سے خطاب بنی اسمعیل کے حق مین
ہوا ہے مثلاً وہ اپنے بھائیون کے سامنے بود و باش کریگا بحضرۃ جمیع اخوتہ یسکن یا اقام بحضرۃ جمیع
اخوتہ بالاتفاق بنی عیص و بنی اسمعیل مراد ہین اور بنظر دعاے حضرت اسحاق علیہ السلام کہ

انہون نے آخر وقت اپنے دونون بیٹون عیص اور اسرائیل کے حق مین فرمائی اور از روے تواریخ
سوسائیون اور عیسائیون اور اہل اسلام کے ثابت ہے کہ بنی عیص خالص ہین کوئی صاحب نبوت
نہین ہوا رہگئے بنی اسمعیل انہین بطور اجماع مرکب سواے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
مصداق اس قول کا کوئی نہین ہوتا اور اگر خود بنی اسرائیل کے بھائیون سے بنی اسرائیل
مراد ہون تو حضرت عیسیٰ کی تخصیص کیا ہے حضرت موسیٰ کے بعد بہت بنی انہین گذرے ہین اور
یہ ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل کے بھائیون سے بنی اسرائیل مراد ہونا محض لغو ہے قطع نظر ان سب
باتون سے اگر حضرت عیسیٰ مراد ہون تو بڑی قباحت لازم آتی ہے اسلیے کہ حضرت موسیٰ فرماتے ہین
کہ میرے مانند پیغمبر ہوگا اور حضرت عیسیٰ نصاریٰ کے نزدیک پیغمبر نہ تھے بلکہ ابن اللہ تھے اور
موسیٰ کے مانند نہ تھے بلکہ خداوند موسیٰ تھے اور اس تجویز مین بنی اللہ ہوتے جاتے ہین
اور یہ بھی ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام احکام جدید تو آپ کے تھے نہ احکام اُنکے جبری
وانتقامی نہ تھے اور اگر ایسا ہو تو جو نصرانی یہودی ہو جائے اُسپر قتل واجب ہو اور
جو زنا کرے اُسپر رجم لازم ہو اسواسطے کہ حق تعالے فرماتے ہین کہ جو اس
بنی کا حکم نہ مانے گا کاٹ ڈالا جائیگا حالانکہ حضرت عیسیٰ نے یہودی بننے سے
اور زنا کرنے سے منع کیا ہے لیکن نصرانی یہودی بھی ہو جاتے ہین اور زنا بھی
کرتے ہین نہ حد اُنپر ہوتی ہے نہ واجب ہوتی ہے بخلاف محمدی دین کے کہ یہ سب
امور جاری تھے اور صحیفہ حضرت اشعیا کے تیرھوین باب مین ہے کہ اہل بابل سن
مین نے اپنے بہادرون کو جو میری خداوندی سے سرور ہین بلایا ہے پہاڑون
مین ایک قوم کی آواز ہے جیسے ایک بڑے لشکر کا شور یہ اُنکی امتون کے ڈنکے کی
آواز ہے وہ ملک دور سے آتے ہین یعنی خدا آتا ہے اور اسکے قہر کے ہتھیار تو ساری
زمین کو ہلاک کرے اب تم واویلا کرو کہ خدا کا دن نزدیک ہے وہ قادر کی طرف سے
وبا کے مانند آویگا سو سارے ہاتھ اُسکے نیچے ہو جاوینگے اور ہر ایک آدمی کا دل گداز
ہو جائیگا اور اُنکے چہرے شعلے کے مانند ہونگے ظالمون کا غرور ڈھاؤنگا
اور ہر ایک مرد کو جو کھرے سونے سے گران بہا کرونگا بابل جو مملکتون کی حشمت ہے
سدوم اور عمورا کے مانند ہو جاویگی جنکو خدا نے اُلٹ مارا
وہ ہمیشت در ہمیشت ویران رہیگی وہان عرب کے لوگ اپنا خیمہ استادہ نہ کرینگے

اسکا وقت نزدیک پہونچا ہی اور زبور داؤد علیہ السلام کے باب یکصد و سی و ہفتم[۱۳۷] مین ہی کہ ای بابل
مبارک بندہ وہ ہی جو تیرے سلوک کا جو تو نے ہمسے کیا ہی انتقام لے او تیرے لڑکون کو پکڑ پکڑ کر
پٹکے اور صحیفہ اشعیا علیہ السلام کے باب اکیسوین[۲۱] مین ہی کہ خواب مین دو سوار نظر آئے ایک
گدھے پر دوسرا اونٹ پر سو ایک اُنمین سے کہتا ہی بابل گر گیا گر گیا اور اُسکے تمام بت توڑے گئے
نبوت ہی اودم اور ساعیر مین نبوت ہی عرب اور بنی قیدار مین اور صحیفہ ارمیا علیہ السلام کے باب
ستائیس[۲۷] مین ہی کہ مین نے سب زمین بخت نصر بادشاہ بابل کو دی سو وہ اور اُسکا بیٹا اور اُسکی
بیٹی کا بیٹا گروہون کو اپنا مطیع بنا دینگے اُسوقت تک کہ اس زمین کا عقاب آوے اور گروہ بیشمار
اور ملوک بسیار اس عقاب کے مطیع ہون اور اُسی صحیفہ مین ہی کہ صف باندھو بابل پر ای کماندارو
اور تیر اندازی کرو اُسپر لڑائی کی اور ٹوٹنے کی بڑی آواز ہی کلدانیون کی زمین پر خدا کلدانیہ اور
بابل پر تلوار رکھیگا اور بابل تا ابدآباد نہوگا امت عظیم آخر زمین سے آویگی اُنکے پاس کمانین اور
چھریان ہونگی اور وہ رحم نکرینگے دریا کا سا شور ہوگا وہ فرس کی سواری مین فراست کاملہ رکھینگے اور
مشاہدات کے باب ہجدہم مین یوحنا حواری فرماتے ہین کہ مین نے ایک ملک دیکھا کہ آسمان سے
اُترا اُسکے ساتھ سلطان عظیم ہی سو زمین اُسکے چہرے کے نور سے چمک اُٹھی اور اُسنے للکار کر کہا
کہ مین نے بابل کو جو بڑا شہر تھا ڈھا دیا اسواسطے کہ وہ بہت ہی خراب ہوگیا تھا سو اب کبھی اسمین چراغ
نہ جلیگا اور سطیح کاہن نے نوشیروان عادل کو خبر دی کہ جب ظاہر ہو تلاوت اور پیغمبر بنایا جاوے
لاٹھی والا اور جاری ہو جبل سماوہ کی اور سوکھ جاوے تالاب ساوہ اور بجھ جاوے آتشکدہ فارس
نرہے بابل فارسیون کا مقام اور سطیح کا خوابگاہ انتہی اب دعاقل کو اخبار مسطورہ مین اندک تامل
درکار ہی دیکھو حضرت داؤد علیہ السلام نے بابل کے ٹوٹنے کی خبر دی ہی سو وہ حضرت شعیا کے عہد تک نہ ٹوٹا
یہ فرمایا کہ قریب ٹوٹیگا سو حضرت ارمیا علیہ السلام کے عہد تک ٹوٹا بلکہ انھین کے عہد مین بواقیم بادشاہ
بنی اسرائیل کو شاہ بابل پکڑ لیگیا تب حضرت ارمیا نے پکارا کہ ای بابل کے توڑنے والو آؤ تا کہ لوگ
جانین کہ انبیا علیہ السلام کی خبر جھوٹھی نہین ہوتی وہ ضرور ٹوٹیگا لیکن حضرت عیسی علیہ السلام کا وقت بھی
گذرا اور نبوت اسرائیلی کا انقطاع بھی ہوگیا لیکن بابل نہ ٹوٹا لہذا لوگون کو شبہہ پڑا تب حضرت عیسی
علیہ السلام نے یوحنا سے خواب مین فرمایا کہ انبیا کا قول جھوٹھ نہوگا ضرور وہ دن آنیوالا ہی اور جب
یوحنا کے قول پر بھی قریب چھ سو برس کے گذرے تو سطیح کاہن نے نوشیروان کو جو فارس اور بابل کا
بادشاہ تھا خبر دی کہ اب بابل کے ٹوٹنے کی نشانیان ظاہر ہوتی ہین کیونکہ آتشکدہ فارس بجھ گیا اور

سماوہ ندی جو سوکھی پڑی تھی جاری ہوئی اور تالاب ساوہ سوکھ گیا اور پیغمبر صاحب عصا اور تلاوت پیدا ہوا
سو وہ مبعوث ہوگا اور تمام فارس میں اُسکا عمل ہوگا اور بابل ٹوٹ جائیگا اور جو بارہ شخص تیری اولاد سے
ابھی اور سلطنت کرینگے سو چھپتر یا ستر برس کے عرصے میں اُنکی بھی سلطنت ہوگئی اور ہمارے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی رحلت فرمانی سے چھٹے برس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بابل و سیوس و ساباط و بیت المقدس
فتح کیا چنانچہ تواریخ الفیہ وغیرہ میں مسطور ہے سو خدا کے بہادر ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنکے
تابعداروں کا خطاب اسد اللہ اور سیف اللہ ہے اور لشکر ظفر پیکر خدا کے وہ ہیں پہاڑوں سے انھیں کے
جہاد کا ڈنکا بلند ہوا اور مسافت بعیدہ سے وہ ہی تشریف لائے کیونکہ حجاز اور بیت المقدس وغیرہ سے
ہزاروں کوس کا فاصلہ ہے اور اجنبی بھی تھے کہ بنی اسرائیل میں نہ تھے سب کا ہاتھ اُس سے نیچے ہوئے
وہ سب پر غالب آیا ہر ایک آدمی کا دل ذوق و شوق یا ہیبت و رعب سے گداز ہوا ظالموں کا غرور
ڈھایا گیا وہ بنی زرمغربی سے زیادہ عزیز ہوا اور بابل کے بُت اُسکے تابعداروں نے چور چور کیے اور عرب نے
اُسمیں سکونت اختیار نہ کی کہ اب تک ویران ہے شتر سوار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور خر سوار حضرت عیسی
علیہ السلام عرب دینی قیدار میں آنجناب نبی ہوئے اور ادوم و ساعیر میں حضرت عیسی وہ عقاب جسنے
زمین بابل کی چھینی اور اکثر سلاطین کو ہیچ بنایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں سوا آنجناب کے کسی اور پر
یہ لفظ صادق نہیں آتا اور کماندار تیر انداز محمد ہی ہیں جیسا کتاب پیدائش توریت میں ہے کہ اسمعیل
تیر انداز تھا اور گھوڑے عرب کے مشہور ہیں اور ہمارے حضرت گھوڑے کو دوست رکھتے تھے اور عصا
رکھنا اسی امت میں مستحب ہے اور کہانت آنجناب ہی کے عہد میں موقوف ہوئی پس ثابت ہوا کہ اول جسنے
بابل کو ویران کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اس ویرانی کے بعد پھر آباد نہوا اب تمام تعریفیں جو بابل
کے توڑنے والے کی شان میں تھیں حضرت پر صادق ہوئیں اور تعریف جہاد کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ
کی بھی نکلی اور انجیل یوحنا کے باب چہاردہم و پانزدہم و شانزدہم میں خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صاف
صاف ہے خلاصہ اُن سب خبروں کا یہ ہے کہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں میرا جانا سود مند ہے اور فارقلیط کو
بھیجتا ہوں وہ آکر جہان کو تنبیہ کریگا اور بزوری سے عدالت کے الزام دیگا اور تمھیں آیندہ کی خبریں
بتلاویگا اور میری ستائش کریگا اور میری خبروں سے یاد دیگا اور اُسکی مجھ میں کچھ نہیں اور اپنی طرف سے
کچھ نہ کہیگا اور وہ وکیل شافع ہے اور وہ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہیگا اس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے انتہی ملخصاً
پس خارج میں بعد حضرت عیسی علیہ السلام کے کوئی شخص آدمیوں سے اس قسم کا ظاہر نہیں ہوا جو کہ خلق کو
راہ نیک کھلاوے اور حضرت عیسی علیہ السلام کی فرمائی ہوئی باتیں یاد دلائے اور نبوت اُسپر ختم ہو جاوے

کہ اس سبب سے دین اُسکا ابد تک رہیگا اور وہ آیندہ کی خبرین کہے اور حضرت عیسیٰ کی تعریف کرے اور اُنکو پیغمبر برحق بتادے اور اُنکے دشمنون کو الزام و سزا دے اور جہان کو زجر و توبیخ کرے اور عدالت جاری کرے مگر ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم آپس معلوم ہوا کہ روح قدس اور روح صدق اور فارقلیط موعود آنجناب ہین نہ کوئی اور شخص فہنی کہ باپ بیٹے سے نکلا کیونکہ اُسنے جہان کو توبیخ نہین کی اور سرکشون کے جہاد پر مستعد نہوا اور عدالت کا کارخانہ جاری نہین کیا اور کسیکو سزا نہین دی اور جہان کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ایمان نہ لانے پر الزام نہ دیا حالانکہ آنجناب فرما گئے تھے کہ وہ جہان کو الزام دیگا اور عدالت کریگا اور سرداری اس جہان کی بھی اُسپر صادق نہین آئی کیونکہ خدا دونون جہان کا سردار ہوتا ہی علاوہ بران باپ بیٹا روح قدس تینون متحد ہین اور درجہ اور جلال ہین برابر و یکسان حالانکہ اس مقام پر بیٹے نے اتحاد سے قطعاً انکار فرمائی کہ اُسکی کوئی چیز مجھ مین نہین نہ ذاتی نہ صفاتی اس مقام پر اسیقدر بیان اس قول کا کافی ہی اگر تفصیل کسیکو درکار ہو تو صولۃ الضیغم اور استفسار ملاحظہ کرے اور اگر کوئی شخص کہے کہ عبارت انجیل مقدس مین نام کی تبدیل ہی کیونکہ اسم مبارک حضرت صلے اللہ علیہ وسلم محمد تھا نہ فارقلیط تو کہا جائیگا کہ اگر ایسی تصریح مطلوب ہی تو خبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بھی اگلی کتابون مین نہین پائی جاتی اور نام آنحضرت بتصریح کسی کتاب مین پایا نہین جاتا بلکہ اگلی کتابون مین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام عموائیل تھا یعنے خدا ہمارے ساتھ سو جسطرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام مین تبدیل ہی اسی طرح حضرت محمد مصطفےٰ خاتم الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم کے نام مین تبدیل ہو **فائدہ** بعضے علما رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہین کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تین صفتون کے جامع تھے اول عرفان کما در ولئن لم یہدنی ربی لاکونن من القوم الظالمین یعنے اگر نہ راہ بتلاتا مجھکو میرا رب تو مین ہوجاتا قوم گنہگار سے حاصل یہ کہ ایسی نعمت غیر مترقبہ محض فضل ایزدی و عنایت سرمدی سے حاصل ہوئی تھی نہ اپنی سعی سے دوسری خوف عاقبت کہ اثناء تقابل مین قوم سے فرمایا ولا اخاف ما تشرکون بہ الا ان یشاء ربی شیئاً یعنی مین ڈرتا نہین اُنسے جنکو تم شریک ٹھہراتے ہو اُسکا مگر یہ ہی کہ میرا رب کچھ چاہے اہل تاویل کے نزدیک مراد یہ تھی کہ الا ان یشاء نزع المعرفۃ من قلبی تو شیار رہے کہ اگرچہ حضرت ابراہیم مامون العاقبۃ تھے لیکن خوف خدا ایسا غالب تھا کہ یون فرمایا کیونکہ جو شخص اللہ کو زیادہ پہچانتا ہی وہ ڈرتا بھی بہت ہی تیسری دعا مین کوشش چنانچہ رب ہب لی حکماً والحقنی بالصالحین یعنے اے رب دے مجکو حکم اور ملا نیکون مین ولا تخزنی یوم یبعثون واجعل لی لسان صدق فی الآخرین واجعلنی من ورثۃ جنۃ النعیم یعنی رسوا نکر مجھکو جس دن لوگ جی کر اٹھین اور رکھ میرا بول سچا پچھلون مین اور کر مجکو وارثون مین نعمت کے باغ کا اس سے یہ مراد کہ

کہ آخر زمانے مین میری اولاد سے نبی و امت ہنو اخبار الدول مین ہے کہ بعد وفات حضرت سارہ کے ابراہیم نے
قنطورا کنعانیہ سے نکاح کیا اُس سے سات لڑکے ہوئے اور کل اولاد حضرت کی تیرہ نفر تھی اور ابن سعد نے
کلبی سے روایت کی ہے کہ اسمعیل کو مکے مین رکھا و اسحاق کو کنعان مین و مدین کو مدین مین کہ حضرت شعیب انہین کی
اولاد مین و کدان وغیرہ کو بلاد شام مین متفرق کیا لیکن آخر کار اولاد نقبان مکے مین آئی اور جب حضرت ابراہیم
نے اپنی اولاد کے قیام مین یہ طریقہ جاری فرمایا تو بعض نے التماس کیا کہ آپنے اسمعیل کو مجاور خانہ خدا فرمایا اور اسحاق کو
اپنے ساتھ رکھا اور ہمکو غربت مین ڈالتے ہو اسکی علت و لم کیا ہے فرمایا کہ حکم الٰہی اسی طرح ہے مین مجبور ہون مگر ایک
ایک اسم سب اولاد کو بتلائے کہ وہ لوگ ایام قحط مین اور مقابلے عدو مین پڑھتے تھے کہ پانی برستا تھا اور دشمن پر غالب
آتے تھے اہل تفسیر لکھتے ہین کہ حضرت ابراہیم پر دس صحیفے مشتمل بر مواعظ و امثال نازل ہوئے تھے از انجملہ مواعظ چند
باتین لکھی جاتی ہین اول دانشمند کو چاہیے کہ زبان کو کلام غیر ضروری سے بند رکھے دوسرے تلاش معاش و فکر معاد کرے
تیسرے گناہون سے بچا رہے چوتھے جب کسی منصب عالی پر ہو امور عدل و انصاف اُس سے متعلق ہون تو
رعایت اس بات کی ضرور کرے کہ کوئی کلمہ زبان سے نامناسب و خلاف رضاء خدا نہ نکلے پانچوین جاننا چاہیے
کہ رزق مقسوم ہے حریص محروم و بخیل مذموم و رازق حی و قیوم و دنیا و ما فیہا معدوم چھٹے فقیر و مسکین و غریب کو بزرگ
جانے ساتوین جو کوئی آپ سے قطع کرے اُس سے ملجائے اے بنی آدم جو کوئی ظلم کرے اُسپر رحم کر اور جو گناہ کرے
بخش دو اور جیسا کہ تم گناہ کرو اُس سے عفو چاہو آٹھوین عاقل کو جب تک عقل رہے تو اُسکی چند ساعتین ضروری درکار ہین
ایک بنا بر مناجات خدا کہ اُسمین طاعت حق بجا لاوے دوسرے بنا بر نفس کہ اُسمین اپنی صنعت مین تفکر کرے تیسرے
ساعت مین اپنے نفس سے مواخذہ کرے چوتھے ساعت مین حاجت نفس بجا لاوے مگر وہ حاجت خلاف حکم خدا و رسول نہو
اور معجزات حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بہت تھے از انجملہ ایک یہ تھا کہ جسم شریف سے مشک و عنبر کی بو آتی تھی حتیٰ کہ جس
گھر مین تشریف لیجاتے وہ خوشبودار ہمیشہ کے واسطے ہو جاتا تھا اور مجوسی لوگ اُس گھر کو اپنا معبد قرار دیکر اُسمین
آگ جلاتے تھے از انجملہ آواز دور کی بخوبی سنتے تھے چنانچہ روایت ہے کہ حضرت اسمعیل نے مکے مین شکایت کھانے کی فرمائی
اور شام مین حضرت ابراہیم نے آواز سُنی اور دعا فرمائی کہ اللہ نے وسعت رزق عطا کی از انجملہ جسوقت حضرت ابراہیم
کسی طرف کو تنہا تشریف لیجاتے تو درندے جانور جس طرح شیر و ببر ساتھ جاتے تھے کذا فی اخبار الدول عمر حضرت ابراہیم
علیہ السلام کی ایکسو پچھتر برس کی بقول اہل کتاب معلوم ہوتی ہے اور عند التحقیق بھی ایسا ہی واضح ہوتا ہے کیونکہ تولد حضرت
ابراہیم کا تین ہزار تین سو تیئیس ۳۳۲۳ ہبوطی مین ہوا اور وقت القا نار پینتالیس ۴۵ برس کی تھی اور وقت وفات تین ہزار
چار سو اٹھانوے ۳۴۹۸ ہبوط آدم علیہ السلام سے گذرے تھے پس بلا کم و کاست ایکسو پچھتر کی عمر ہوتی ہے کما حققہ الامام الہمام
الدہلوی رحمۃ اللہ علیہ فی بعض تقریراتہ مگر بعض کہتے ہین کہ وقت تولد تین ہزار تین سو اڑسٹھ ۳۳۶۸ ہبوطی تھے مگر تاریخ قدس سے

بزعم

واضح ہو کہ وقت القاء نار حضرت ابراہیم چھبیس برس کے تھے تو اس صورت میں وقت تولد تین ہزار تین سو انتالیس ہبوطی ہوتے ہیں اور اسی سن میں ہجرت جانب فلسطین فرمائی ہو اور تقویم التواریخ سے معلوم ہوتا ہو کہ وقت تولد تین ہزار تین سو ترانوے تھے اور آفریدون بادشاہ بھی اُسی وقت میں تھا تو اس صورت میں عمر حضرت ابراہیم کی وقت ہجرت ستر برس کی ٹھہرتی ہو اور کعب احبار کے نزدیک دو سو برس کی عمر ہوئی اور قدس خلیل میں آپکا مزار ہو اور صاحب اخبار الدول نے بھی اسکے موافق لکھا ہو مگر قبر شریف مزرعہ حبیرون میں قرار دی ہو اور اسی جگہ حضرت سارہ بھی مدفون ہیں اور خیر العزام میں ہو کہ حضرت ابراہیم نے وفات نہیں پائی جب تک کہ حضرت اسحاق ارض شام میں اور اسمعیل قوم جرہم میں اور یعقوب کنعان میں اور لوط سدوم میں نبی نہیں ہو گئے اور جامع اعظم میں ہو کہ چند روز حضرت ابراہیم بیمار رہے اور نویں محرم بروز پنجشنبہ وفات پائی مگر یہ روایت روایات صحیحہ کے خلاف ہو کیونکہ بروایت صحیحہ ثابت ہو کہ حضرت ابراہیم و حضرت داؤد و حضرت سلیمان نے وفات بمرگ مفاجات پائی ہو اور اکثر صلحا کی موت بھی اسی طرح ہوئی ہو اگر کوئی ناواقف علم حدیث سے کہے کہ حدیث شریف میں وارد ہو کہ موت الفجاءۃ اخذۃ الاسف یعنی موت ناگہانی پکڑنا غضب کا ہو یعنی آثار غضب الٰہی سے ہو تو جواب یہ ہو کہ بدکاروں کے واسطے غضب و آفت ہو اور نیکوکاروں کے واسطے رحمت کما قال رسول اللہ صلعم موت الفجاءۃ راحۃ المؤمن واخذۃ اسف للفاجر ...ین کیونکہ محل حدیث اول کے گنہگار ہیں اور حدیث ثانی کے نیکوکار اور صحیح یہ ہو کہ قبر شریف خلیل الرحمان میں جوار اراضی مقدسہ سے متعلق ہو واقع ہو اور عمر حضرت سارہ کی ایک سو ستائیس برس کی معلوم ہوتی ہو اور ذکر حضرت ابراہیم کا سورۂ انعام و بقر و مریم و برات و حجر و صافات و شعرا و نجم و ابراہیم و ممتحنہ میں ہو

## تفریح ہشتم دراحوال حضرت لوط علیہ السلام

نام انکا لوط اسواسطے ہوا کہ انکو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف نہایت میلان تھا قال الثعلبی انما سمی لوطا لانہ لاط قلبہ الی ابراہیم وکان ابراہیم یحبہ حبا شدیدا ایک مرتبہ اہل ردم نے حضرت لوط کو قید کر لیا تھا کہ حضرت ابراہیم نے جہاد کر کے چھوڑایا یہ حضرت چچا زاد بھائی حضرت ابراہیم کے تھے اور بعضے کہتے ہیں کہ بھتیجے تھے اللہ جل شانہ نے انکو پانچ شہروں کا نبی کیا سدوم عمورہ صبوائیم دوما زغر اور پانچواں شہر الواح اردن میں کہ متعلقات بلاد شام یا کرمان سے ہو واقع ہیں اور ان شہروں میں لاکھ لاکھ مرد شمشیر زن رہتے تھے اور عمدہ گناہ اُنکے یہ تھے بت پرستی لواطت قزاقی مساحقہ اور اُنپر حرکات و بدعات اسطرح کے جاری تھے کہ جسکی انتہا نہیں مثلاً کبوتر بازی کرنا سیٹی بجانا زلف بلنا بٹیر لڑانا پتھروں سے لڑنا گولی کھیلنا شراب پینا مزامیر بجانا مہمان کو گھر میں جگہ نہ دینا مسافر کو غلہ نہ دینا مزاح میں فحش بکنا راہ چلتوں سے مسخراپن کرنا لوگوں کے روبرو برہنہ ہو جانا مسی لگانا مہندی سے ہاتھ پیر

شرح کرنا و نحو ذلک اور بعضون نے گوز کرنا بھی داخل کیا ہی اور تمام قبائح اٹھارہ لکھے ہین از انجملہ داڑھی منڈوانا بھی ہی
بالجملہ ان کیفیات کو دیکھ کر حضرت لوط نے بہت سمجھایا کہ اس طرح کی بیحیائی کے کام تم سے پہلے عالم مین کسی نے نہین کیے
تم کیا مردون پر دوڑتے ہو اور مسافرون کی راہ مارتے ہو اور مجالس مین بد کام کرتے ہو مگر کسی نے نہ سنا بلکہ اوذر
نا کردنی بھی کرنے لگے اور یہ کہتے کہ اگر تو سچا ہی تو ہم پر آفت لے آو مگر حضرت لوط نے بمقتضاے شفقت دوبارہ سمجھایا
اور عذاب خدا سے ڈرایا چونکہ وہ لوگ بڑے شریر بد ذات تھے یہی کہتے تھے کہ ہم پر بلا لاو ناگزیر حضرت لوط نے بعجز
و انکسار درگاہ حضرت تعالی مین عرض کی کہ ای رب مجکو اور میرے اہل کو اس قوم سے اور انکے اعمال سے نجات دے اور
میری مدد کر یہ قوم بلا مانگتی ہی چنانچہ بقول مقاتل رضی اللہ عنہ بارہ فرشتے بصورت امرد کہ انہین حضرت جبرئیل بھی تھے
ارسال فرمائے اول وہ فرشتے حضرت ابراہیم کے پاس آئے اور اسحاق علیہ السلام کے تولد کی بشارت دی اور
ارشاد کیا کہ ہم موتفکات پر حکم عذاب لیے جاتے ہین چونکہ حضرت لوط کو حضرت ابراہیم نے موتفکات مین بھیجا تھا
اس سبب سے انھون نے زبان سفارش کھولی ارشاد ہوا یا ابراہیم اعرض عن ہذا انہ قد جاء امر ربک و انہم اتیہم
عذاب غیر مردود یعنی ای ابراہیم اس خیال کو چھوڑ کیونکہ آچکا حکم تیرے رب کا اور انپر آتا ہی عذاب جو پھیرا نہ جاے
اہل تفسیر نے لکھا ہی کہ جب فرشتون نے عذاب کا نام لیا تو حضرت ابراہیم نے کہا کہ تم اس موضع کو ہلاک کرنے
آئے ہو جسمین تین سو آدمی مسلمان ہون فرشتے بولے ہرگز نہین فرمایا اگر نوے ہون فرشتون نے کہا تو بھی نہین
اسی طرح دس دس کم کرکے کہتے گئے یہان تک کہ حضرت ابراہیم نے فرمایا اگر ایک شخص بھی ایماندار ہو تو بھی عذاب نکروگے
فرشتے بولے نہین تب آنجناب نے کہا کہ لوط اور اسکی بیٹیان وہان موجود ہین اور وہ مومن ہین پھر کس طرح عذاب
کروگے فرشتون نے کہا انا ارسلنا الی قوم مجرمین الا آل لوط انا لمنجوہم اجمعین الا امرأتہ قدرنا انہا لمن الغابرین
یعنے ہم بھیجے آئے ہین ایک قوم گنہگار پر مگر لوط کے گھر والے ہم انکو بچا لینگے سب کو مگر ایک انکی عورت ہمنے ٹھہرا لیا وہ ہی
رہ جانے والون مین اس مجادلے کا ذکر سورۂ ہود مین ہی کہ فلما ذہب عن ابراہیم الروع و جاءتہ البشری یجادلنا فی
قوم لوط ان ابراہیم لحلیم اواہ منیب یعنی جب گیا ابراہیم سے خوف اور آئی اسکو خوشخبری جھگڑنے لگا ہمسے قوم لوط
کے حق مین بیشک ابراہیم تحمل والا نرم دل رجوع کرنے والا سبب خوف کا یہ تھا کہ فرشتے حکم عذاب لیے ہوے تھے کہ اسکا
اثر باطن حضرت ابراہیم پر پڑا اور سبب مجادلہ یہ ہوا کہ آنجناب بڑے رحیم و رقیق القلب تھے اس گفتگو سے چاہتے تھے
کہ عذاب مین کسی طرح توقف ہو جاے اور قوم لوط توبہ و ندامت سے پیش آوے **فائدہ** اسامی موضع مین اختلاف ہی
اخبار الدول مین ہی سدوم عامورا ادوما ضبعہ ضنیوہ اور بعضے کہتے ہین لعب صفدہ عمرہ دوما سدوم اور بعضے
کہتے ہین سدوم عمورا اردما صفر و اصوایم اخبار الدول مین ہی کہ ان شہرون کو موتفکات اسواسطے کہتے ہین کہ حضرت
جبرئیل نے اٹھا کر انکو پلٹ دیا ہی فلذلک سمیت الموتفکات ای المنقلبات القصہ بعد مجادلہ حضرت ابراہیم سے فرشتے

فرشتون سے کہا کہ ہم بھی تمھارے ساتھ چلینگے فرشتون نے کہا تمکو طاقت مشاہدہ عذاب کی نہین ہو مگر حضرت ابراہیم وہٹ پر سوار ہوکر تشریف لیچلے آدہ کوس پر فرشتون نے عرض کی کہ بس اب آگے جانے کا کام نہین ہی لہذا حضرت ابراہیم علیہ السلام اونٹ سے اُتر پڑے اور عبادت خدا مین مشغول ہوے مگر روایت صحیح یہ ہی کہ فرشتون نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو رخصت کیا اور خود جانب موتفکات چلے گئے جب سدوم مین پہونچے تو حضرت لوط علیہ السلام سے کہ اُسوقت کار زراعت کر رہے تھے ملاقات ہوئی اور بعض روایات مین ہی کہ حضرت لوط کھیت پر گئے تھے اور فرشتے گھر پر آئے اُسوقت ملاقات ہوئی بیٹیان اُنکی موجود تھین اُنھون نے مسافر جانکر خاطر داری سے ٹھہرایا اور کہا ہمارا باپ آتا ہوگا تم لوگ ٹھہرو بعد ساعتے حضرت لوط علیہ السلام گھر مین تشریف لائے فرشتون نے سلام علیک کیا حضرت لوط نے جواب سلام ادا کرکے فرمایا کہ میری قوم سخت ناپاک بیباک بدفعل شریر ہی تم خوبصورت لوگ کہان آئے آج کا دن مجھپر سخت ہوا کما قال اللہ فی سورۃ ہود ولما جاءت رسلنا لوطا سیئ بہم وضاق بہم ذرعا وقال ہذا یوم عصیب یعنی آئے ہمارے بھیجے لوط کے پاس ناخوش ہوا اُنکے آنے سے اور رک رہا جی مین اور بولا آج دن بڑا سخت ہی پوشیدہ نرہے کہ یہ سخت کراہت مہانداری سے نتھی بلکہ اس سبب سے تھی کہ فرشتے بصورت امرد خوبصورت تشریف لائے تھے اور اُنکو عادت اپنے قوم کی معلوم تھی اُسپر خوف ہوا کہ ایسا فتنہ برپا ہوگا کہ اُنکے واسطے لڑنا پڑیگا بعضے کہتے ہین کہ اُسی دن جب حضرت لوط نے کہا تم لوگ ناآشنا محض ہو کیونکر یہان آئے تو فرشتون نے کہا ہم فرشتے ہین اس قوم پر عذاب لائے ہین ناآشنا نہین ہین تب آنجناب کو فی الجملہ تسکین ہوئی اور اصح یہ ہی کہ فرشتون نے آپکو اُسوقت ظاہر کیا ہی جب قوم نے گھر گھیرا ہی اہل تحقیق لکھتے ہین کہ حق سبحانہ تعالی نے فرشتون سے کہدیا تھا کہ جب تک لوط علیہ السلام چار مرتبہ اپنی قوم کی شکایت نہ کرلے تب تک عذاب نہ کیجیو سو اُسکا معاملہ یون واقع ہوا کہ جسوقت کھیت پر فرشتون سے ملاقات ہوئی تو حضرت لوط نے کہا تم لوگ شاید اس قوم کی حرکات سے واقف نتھے کہ بے تکلف باینہمہ شکل وشمائل داخل شہر ہوے فرشتون نے پوچھا یہان کے لوگون کی کیسی وضع ہی حضرت لوط نے نہایت شرم سے فرمایا یہان کے لوگ تمام عالم کے لوگون سے بد وضع ہین اُسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت میکائیل علیہ السلام سے اشارہ کیا کہ ایک شہادت ہوگئی اور جب فرشتون کے ساتھ کھیت سے چلے اور شہر کے دروازے پر پہونچے تو وہی بات پھر فرمائی اور جب شہر مین داخل ہوے تب بھی وہی فرمایا اور جب اپنے گھر مین آئے تو بھی وہی شکایت زبانی فرشتون نے چار دن شہادتین سُن لین اور خاموش ہو رہے روایت ہی کہ حضرت لوط کی بی بی جو اُسی قوم کی تھی شہر کے لوگون کو اطلاع کردی اور بروایتے خبر آمد مہمانون کی مشہور ہوگئی داخل ہوتے مین آتے ہوے بازاریون نے دیکھلیا بہر تقدیر شہر کے باشندون نے دولتخانہ لوط علیہ السلام

گھیرا کما قال اللہ تعالےٰ فی سورۃ ہود وجاءہ قومہ یہرعون الیہ ومن قبل کانوا یعملون السیئات یعنے آئی قوم حضرت لوط کی جمع ہوکر اُسکے دروازے پر دوڑتی بے اختیار اور آگے سے کرتی تھی بدکام جب یورش ہوا تو حضرت لوط کیواڑے بھیر کر اندر ڈیوڑھی سے بولے یا قوم ہؤلاء بناتی ہن اطہر لکم فاتقوا اللہ ولا تخزون فی ضیفی الیس منکم رجل رشید یعنے ای قوم یہ میری بیٹیان حاضر ہین یہ پاک ہین تمکو اُنسے سو ڈرو اللہ سے اور نہ رسوا کرو مجکو میرے مہمانون مین کیا تم مین ایک مرد بھی نہین ہی نیک راہ اہل تفسیر لکھتے ہین کہ اُسوقت مین نکاح مومنہ کا کافر سے درست تھا جس طرح ابتدا مین ہمارے دین مین جائز تھا چنانچہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹیون کو عتبہ بن ابی لہب اور ابی العاص سے تزویج فرمایا تھا اور یہ دونون کافر تھے یا یہ کلام بشرط ایمان تھا اور بعضے کہتے ہین کہ بیٹیون سے مراد اُنکی زوجات ہین اور نبی من حیث الرتبہ امت کا باپ ہوتا ہی سو فرمایا کہ اپنی عورتون سے صحبت کرو کہ وہ تمپر حلال اور پاک ہین **فائدہ** تفسیر نظم الجواہر کے باب مبہمات مین لکھا ہی کہ نام حضرت لوط کی بیٹیون کا ریثا و عذنا تھا اور نزدیک بعضون کے رثیہ و عزورا **فائدہ** اس آیہ سے شیعہ وطی فی الدبر کا جواز نکالتے ہین چنانکہ تفسیر توضیح المجید مین لکھا ہی کہ ایک شخص نے امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا دبر زوجہ سے فرمایا کہ حلال کیا ہے اس وطی کو ایک آیہ نے قرآن سے کہ وہ قول لوط علیہ السلام کا ہے ہؤلاء بناتی ہن اطہر لکم اسلیے کہ لوط جانتے تھے کہ وہ خواہش زن نہین رکھتے تھے باوجود اسکے ترغیب کرنا قوم اپنے کو ساتھ نکاح بنات کے دال ہی کہ وطی دبر زن حلال ہی انتہی اور تہذیب اور استبصار مین بھی حلت اس فعل بد کی مسطور ہی اور تذکرہ مین اس فعل کے جواز پر امامیہ کا اجماع نقل کیا ہی اور مجمع البیان مین ہی کہ ان النساء وان کن حرثا فقد ابیح لنا ظیہن بلا خلاف فی غیر موضع الحرث کالوطے فیما دون الفرج وما اشبہہ یعنے عورات اگرچہ حرث ہین پر غیر موضع یعنے دبر وغیرہ مین اُنکے ساتھ مباشرت درست ہی اور شیعہ اخباریہ کہتے ہین کہ جو وطی دبر کا منکر ہی مدبر ہی اور سنی نژاد یا امام کذاب کی اولاد اور علم الہدی سے تا سی اور ابو جعفر طوسی وغیرہما اس فعل بد کی اباحت پر چار طرح پر استدلال مزعوم وارد کرتے ہین ایک یہ کہ حق تعالے نے عورتون کو حرث فرمایا ہی کہ نساءکم حرث لکم یعنے عورتین تمہاری کھیتی ہین تمہارے واسطے پس حرث تمام ذات ٹھہری نہ مقام مخصوص پھر جب اسکے بعد فاتوا حرثکم انی شئتم یعنے پس آؤ اپنی کھیتیون مین جس مکان مین چاہو ارشاد ہوا تو تعمیم دونون مقام کی نکلی یعنے قُبل اور دبر دوسرے یہ کہ انی مکان کے واسطے آتا ہی جیسے انی لک ہذا پس انی شئتم کے معنے

ف بیان حرمت وطی فی الدبر و جواب استدلال شیعہ

این شئتم ٹھہرے اور یہ ثبت تعدد اور تخییر مکان ہی پوشیدہ نرہے کہ یہ دونون استدلال لغو ہے
و باہین اس وجہ سے کہ انی مشترک ہی این اور متی اور کیف کے معنون مین کہ اول کو انی مکانی
اور ثانی کو زمانی اور ثالث کو جہتی بولتے ہین سوانی مکانی کی وضع اگرچہ معنی مکان مین طلب ہی
اور تعدد اور تخییر مکان کو مستلزم لیکن ظہور اس معنی کا مکان دبر مین غیر مسلم ہی اسلیئے
کہ جائز ہی کہ مکان سے دبر مراد نہو بلکہ بالاخانہ یا تہ خانہ یا صحن سرا مراد ہو نہ یہ کہ ہر عضو عورت
مین دخول کرد خواہ دبر ہو خواہ گوش خواہ بینی پس جب یہ معنے نسبت اس احتمال کے باطل ہوئے
تو باقی رہے دو معنی اخیر اور یہ عین مذہب اہل سنت ہی اور تفاسیر فریقین سے اسکی تائید
ہوتی ہی یعنے انی زمانی کی تصریح فریقین کی تفسیرون مین موجود ہی فی الجلالین انی کیف شئتم
من قیام وقعود واضطجاع وادبار وفی المفاتیح الجابین انی شئتم معناہ متی شئتم من لیل ونہار
وفی الصافی عن الصادق انی شئتم معناہ متی شئتم فی الفرج وفی روایۃ اخرے ای ساعۃ شئتم
کہین یہ معنی مختار نہین فی الکبیر فاما الاوقات فلا مدخل لہا فی ہذا الباب لان انی لاتکون بمعنی
متی وانما تکون بمعنی کیف پس جمہور محققین شیعہ اور سنی کے نزدیک انی بمعنی کیف ہی نہ بمعنی
این فی منہج الصادقین انی شئتم ہرگونہ کہ خواہید خواہ ردی زنان بجانب شما باشد یا پشت یا غیر آن
از ہیأت جماع اور توضیح المجید مین ہی انی شئتم جس طرح چاہو مقاربت کرو خواہ از طرف رو و خواہ از
طرف پشت یا غیر اسکے اشکال مجامعت سے اور مراد حرث سے بالاتفاق موضع حرث ہی فی الجلالین
نساءکم حرث لکم ای محل زرعکم للولد فاتوا حرثکم ای محلہ وہو القبل وفی المدارک نساءکم حرث لکم ای مواضع
حرث لکم وفی الصافی نساءکم حرث لکم مواضع حرث لکم وفی المنہج نساءکم حرث لکم زنان شما موضع کشت شما اند
کہ آن جائے پیدا شدن ولد ست اس تقدیر پر مراد حرث سے تشابہ ٹھہرا پس بعض حضرات شیعہ
جوانی کے بھروسے وطی فی الدبر تجویز کرتے ہین وہ حرث کو بھولے ہین اسواسطے کہ دبر موضع
فرث ہی نہ موضع حرث کیونکہ فرث زمین اوسر کو کہتے ہین جسمین تخم اُگنے کی امید نہین ہوتی
اور کھیتی موضع حرث ہی مین ہوتی ہی نہ فرث مین تیسرے یہ کہ آیۃ الا علی ازواجہم او ماملکت ایمانہم
اسپر دلالت کرتا ہی کہ وطی قبل مین ہو یا دبر مین تا آنکہ اگر لواطۃ غلام کی حرمت پر اجماع منعقد نہوتا
وہ بھی اس کریمہ سے جائز ٹھہرتا اسکا جواب یہ ہی کہ ہم تسلیم کرتے ہین کہ یہ آیۃ عام ہی لیکن
دلائل اہل سنت خاص ہین والخاص مقدم علے العام پھر خاص ہی پر عمل چاہیے کہ بحیابہ و نیز عیاری ہی
نہ عام پر کہ ہمہ تن تیرہ و تار ہی چوتھے یہ کہ بین الفریقین یہ مسئلہ متفق علیہ ہی کہ اگر کسی نے بہ نیت طلاق

اپنی زوجہ کو کہا کہ تیری دبر مجھپر حرام ہی طلاق پڑجائیگی اس سے معلوم ہوا کہ وطی فی الدبر جائز ہی
جواب یہ ہی کہ لفظ مذکور اسواسطے طلاق سے کنایہ ہوا کہ وہ مقام ملامست اور مضاجعت ہی کیونکہ
جب مرد عورت کے ساتھ خفت وخیز کریگا البتہ مس فیما بینہما متصور ہوگا تو یہ اس قسم سے ٹھہرا کہ
اگر کسی نے اپنی عورت سے کہا کہ تیرا ہاتھ مجھپر طلاق ہی یا تیرا ہاتھ مجھپر حرام ہی اور طلاق کی نیت کی
تو طلاق پڑجائیگی الغرض یہ مسئلہ یعنے لواطہ عورت سے اہل التشیع مین مختلف فیہ ہی اور اہل سنت مین
بالاتفاق حرام ہی اب دلائل حرمت لواطہ مردسے ہو خواہ عورت سے ہو از جانب اہل سنت
کان لگاکر سننا لازم ہی اول آیہ کریمہ سورۂ اعراف ولوطًا اذ قال لقومہ اتاتون الفاحشۃ ما سبقکم بہا
من احد من العالمین انکم لتاتون الرجال شہوۃ من دون النساء بل انتم قوم مسرفون یعنی اور لوط کو
بھیجا جب کہا اُسنے اپنی قوم کو کیا کرتے ہو بیحیائی تمسے پہلے نہین کی یہ کسی نے جہان مین تم تو
دوڑتے ہو مردون پر شہوت کے مارے عورتین چھوڑکر بلکہ تم لوگ حد پر نہین رہتے اور اسی
مضمون کو سورۂ نمل اور عنکبوت مین بھی ارشاد فرمایا پس ازروے ضوابط اصول فقہ اس سے
حرمت لواطہ بخوبی ثابت ہوئی اسطرح سے کہ جو شرائع سابقہ کے امر و نہی اللہ صاحب اور اُسکے
رسول نے بلا انکار بیان فرماے ہون وہ ہمپر لازم ہین اور اللہ صاحب نے مکرر اسکو قرآن مین
فرما دیا ہی تو ہمپر اُسکی اتباع لازم ہوئی اور ہدایہ مین ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اقتلوا الفاعل والمفعول یہ وفی روایۃ فارجموا الاعلی والاسفل یعنے فاعل اور مفعول دونون
مقتول ہون اور ایک روایت مین دونون سنگسار کیے جائین اور فتاوے حمادیہ مین ہی
کہ اغلام زنا نہین ہی اور تعزیر مین اختلاف ہی حضرت صدیق اکبر سے منقول ہی کہ دونون کو
آگ مین جلادین اور حضرت علی مرتضےٰ سے روایت ہی کہ دونون کو تازیانہ مارین یا سنگسار
کرین اور حضرت عباس سے منقول ہی کہ بلند مکان سے نیچے ڈال دین اور رجم کرین اور
حضرت زبیر سے روایت ہی کہ سند اس مین دونون کو قید کرین کہ شدت بدبو سے ہلاک ہون
اور بعض کے نزدیک دونون پر دیوار ڈھادین اور بھی تفسیر احمدی مین ہی کہ ہمارے نزدیک
دونون پر حد نہین ہی لیکن تعزیر یہ فقتیل بالاحراق وقیل بالاغراق وقیل بالالقاء من الاعلی
واتباع الاحجار من فوقہ وہکذا اختلفت الصحابۃ فیہ اور صاحبین اور شافعی رحمۃ اللہ علیہما
فرماتے ہین کہ لواطہ مین حد زنا لازم ہی لانہا مثلہ فی الحرمۃ والشہوۃ وسفح الماء انتہی یہ لواطہ کبری
ہی اور لواطہ صغرےٰ کہ عبارت ہی دخول دبر زن سے یہ بھی اہل سنت کے نزدیک بالاتفاق

از روے آیات و احادیث و آثار صحابہ و تابعین اخبار و فقہا و محدثین کبار حرام ہی اور بخوبی
حرمت اسکی علی سبیل الاشتہار ہی فرمایا اللہ صاحب نے سورۂ بقر مین نساؤکم
حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم وقدموا لانفسکم واتقوا اللہ واعلموا انکم ملاقوہ وبشر المومنین
یعنے تمھاری عورتین کھیتی ہین تمھاری جیسے کھیت مین تخم ڈالنے سے غلہ پیدا ہوتا ہی
فرج مین نطفہ ڈالنے سے لڑکا پیدا ہوتا ہی سو آؤ اپنی کھیتی یعنے فرج مین جس طرح پر چاہو کھڑے خواہ بیٹھے
خواہ لیٹے خواہ سو کی جانب سے خواہ پشت کی طرف سے اور آگے کی تدبیر کرو یعنے اس آنے مین نیت چاہیے
اولاد کی اور ڈرتے رہو اللہ سے اسکے امر و نہی مین اور جان رکھو کہ تمکو اس سے ملنا ہی جزا سے
اعمال اور سزاے افعال کے واسطے اور خوشخبری سنا ایمان والون کو جنت کی
اس آیۃ سے صاف نکلتا ہی کہ وطی فی الدبر کی اصلا اجازت نہین اور اس آیت سے
پہلے یہ ارشاد ہی ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطہرین یعنے اللہ دوست رکھتا ہی توبہ والون
اور طہارت والون کو اور ظاہر ہی کہ طہارت اجتناب مستقذر کا نام ہی خواہ وہ ناپاکی حدث ہو
یا جنب یا جماع حائض یا وطی فی الدبر پس اتیان فی الدبر کی حرمت اس آیۃ سے اشارۃً نکلی
اور جو کوئی فاضل دین دار کریمۂ نساؤکم الخ مین غور کرے تو سیاق سے اسکی حرمت اتیان
فی الدبر نکلتا ہی کیونکہ انی شئتم کے بعد قدموا لانفسکم ارشاد ہی یعنے جب تمکو اتیان موضع
حرث کی اجازت ملی تو اب موضع حرث مین آؤ اور منافع راجعہ الی الدین جیسے فرج کے
حفظ اور تحصین کا قصد کرو اور ولد صالح چاہو کہ تمھارے لیے دعا اور استغفار کیا کرے کیونکہ
امور مباحہ نیت صحیحہ کے سبب عبادت مین شمار ہوتے مین اور یہ ظاہر ہی کہ حصول اولاد
سواے موضع حرث کے موضع فرث مین ممکن نہین اور جو کوئی کہے کہ وطی مطلقا
مستقذر ہی خواہ ادبار رجال مین ہو خواہ ادبار یا اقبال نسا مین اسی باعث سے واطی اور
موطوءہ پر غسل واجب ہی پھر ادبار کی تخصیص کیا ہی تو ہم کہتے ہین کہ یہ سخن قابل تسلیم ہی
لیکن وطی فی القبل بضرورت ابقاے نسل مباح ہوئی بشرط نکاح اور عدم حرمت اور
براءت اور طہارت از حیض وغیرہ اور دبر مرد یا زن مین یہ ضرورت نہین ہی اس سبب سے
استقذار کی علت سے حرمت اصلیہ باقی رہی اور یہ بھی ظاہر ہی کہ ہرگاہ ادبار رجال کی حرمت
بنصوص قطعیہ اور باجماع سنی اور شیعہ معلوم ہی اور قوم لوط کا اہلاک اسی باعث سے
متیقن ہو تو اسی قیاس پر ادبار نسا کی حرمت متصور ہی اور اہلاک فاعلین کا بنصوص

احادیث مسلم اسیواسطے اتیان النساء فاتوہن من حیث امرکم اللہ کے ساتھ تقیید پایا کہ باتفاق مفسرین محققین اس حیث مکانیہ سے فرج زن مراد ہی نہ شرح قاذورات کا معدن عقبہ بن عامر نے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا اُسپر لعنت ہی جو عورتون کی مقعد مین جماع کرتا ہی اور ابن عباس کہتے ہین کہ حضرت صلعم نے فرمایا اللہ بنظر رحمت اُسکو نہین دیکھتا جو مرد یا عورت کی دبر مین جماع کرتا ہی اور ابوہریرہ روایت کرتے ہین کہ فرمایا حضرت صلعم نے جسنے مرد یا عورت کی دبر مین جماع کیا بے شک کافر ہوا یعنے حلال جانکر اور کسی نے طاؤس سے ادبار کا مسئلہ پوچھا فرمایا کفر ہی قوم لوط کی ابتدا یہی تھی کہ عورتون کی دبر مین جماع کرتے تھے رفتہ رفتہ مرد مرد سے مبتلا ہوسے اور تفسیر درمنثور مین شان نزول اس آیہ کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یون مروی ہی کہ انصار کا معمول تھا کہ جماع کروٹ سے کرتے تھے اور قریش چت لٹا کر ناگاہ کسی قریشی نے ایک انصاریہ سے نکاح کیا چاہا کہ اپنی عادت کے موافق پیش آئے انصاریہ نے کہا یون نہین ہمارے طور پر پیش آ یہ قصہ حضرت صلعم پاس پہونچا نساءکم الخ نازل ہوا کہ تمھاری عورتین کھیتی ہین جس طرح چاہو کھڑے خواہ بیٹھے خواہ چت بشرطیکہ سوراخ ایک ہو اور ابن عباس فرماتے ہین کہ کچھ لوگ بنی حمیر کے حضرت کے حضور مین حاضر ہوے بہت باتین پوچھین ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ مین عورتون کو دوست رکھتا ہون اور اوندھا کر کے صحبت کرتا ہون آپ کیا فرماتے ہین تب سورۂ بقر مین اُسکا جواب نازل ہوا اور اُس شخص کے حق مین یہ آیۃ نازل ہوئی پھر حضرت نے بتایا کہ اپنی عورت سے تجکو صحبت چت اور پٹ درست ہی بشرطیکہ فرج ہی مین ہو اور بھی حضرت جابر سے روایت ہی کہ اُنھون نے کہا کہ یہود کہا کرتے تھے کہ جسنے مباشرت کی فرج مین پیچھے سے اور عورت کو حمل ہا تو لڑکا احول پیدا ہوگا اسکے رد مین یہ آیہ نازل ہوئی اور تفسیر صافی مین امام رضا علیہ السلام سے بھی مروی ہی اسی طرح سے یہود کہا کرتے کہ اگر مرد عورت کی پشت کی جانب سے وطی کریگا لڑکا احول پیدا ہوگا اسپر اللہ نے برخلاف قول یہود آیت نازل فرمائی کہ تمھاری عورتین کھیتی ہین آؤ اس کھیتی مین جیسے چاہو پشت کی جانب سے یا رو کی جانب سے اور نہین ارادہ کیا اللہ نے دخول فی الدبر کا یہ ترجمہ بلفظہ عبارت صافی کا ہی من شاء فلیطالعہ اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند مین ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا سے اخراج کیا کہ اُنکی خدمت مین ایک عورت عرض کرنے لگی کہ میرا شوہر مجھسے اوندھے اور چت جماع کرتا ہی مجکو

ناگوار ہوتا ہی یہ خبر حضرت صلعم کو ہوئی فرمایا کیا مضائقہ اگر مقام واحد ہی یعنی سوراخ ایک ہی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ام مین خزیمہ بن ثابت سے طور پر اخراج کیا ہی کہ ایک سائل نے حضرت صلعم سے مسئلہ اتیان النساء فی ادبارہن کا پوچھا فرمایا حلال ہی یا فرمایا لا باس جب وہ یہ سنکر چلا آپ نے بلایا اور فرمایا کہ کیونکر کہا تو نے آیا اتیان جانب دبر سے قبل مین تو ٹھیک ہی اور دبر سے دبر مین تو نہین اللہ شرم نہین کرتا بیان حق سے خبردار جماع دبر عورتون مین نہ کرنا اور امام احمد نے طلق بن یزید سے اخراج کیا کہ حضرت نے فرمایا اللہ شرم نہین کرتا بیان حق سے جماع نہ کرو عورتون کے پیچھے مین اور تمامی فقہا اور محدثین اہل سنت متفق ہین کہ اتیان جانب دبر سے دبر مین حرام ہی امام نووی نے شرح مسلم مین لکھا ہی کہ وطی فی الدبر حلال نہین کسی حال مین نہ انسان کے ساتھ نہ حیوان کے اور مسوی شرح موطا مین لکھا ہو کہ وطی فی الدبر حرام ہی جو کوئی نادانستہ مبتلا ہو گا اسکو باز رکھین گے نہ مانیگا تو تعزیر دینگے اور ہدایہ مین ہی کہ جو کوئی عورت کے موضع مکروہ مین یعنے دبر مین وطی کرے یا قوم لوط کا عمل کیا امام ابو حنیفہ کے نزدیک اسپر حد نہین تعزیر ہو گا اور صاحبین کے نزدیک مانند زنا کی طرح حد ماراجائیگا جامع صغیر مین ہی کہ اسکو یہان تک قید رکھینگے کہ توبہ کرے اور جو بعضون نے وسوسہ کا کھا کے جواز اس فعل مذموم کی نسبت حضرت امام مالک رح کی طرف کی ہی وہ سہو یا غلطی ہی اور حقیقت اسکی یہ ہی کہ مالک نامے احد الرواۃ شیعہ گذرا ہی کہ حلت متعہ اور اباحت دخول فی الدبر کا قائل تھا وہ باعث اتہام کا امام موصوف پر ہوا حالانکہ امام صاحب ان دونون کے فاعلون پر حد تجویز فرماتے ہین اور یہ تو قوم روافض مین دستور ہی کہ آپ کو کسی ایک مذہب مین مذاہب اربعہ سے متصف کر کے لوگون کو مغالطہ مین ڈالتے ہین کشف الغمہ فی احوال الائمہ مین موجود ہی کہ شیخ ابو عبد اللہ گنجا تبقیہ و تزویر آپ کو شافعی المذہب ٹھہرا کے اہل سنت کو فریب مین لاتا تھا اور کتب اسماء الرجال ناطق ہین کہ اجلح نامی شیعی نے تمام عمر بتقیہ اور تزویر اہل سنت بسر کی تا آنکہ معتمد علیہ ہوا کمبختی کا مارا جب آخر عمر مین کچھ حدیثین اپنے مذہب باطل کے موافق روایات کرنے لگا مین ذلک ما رواہ عن بریدۃ مرفوعا ان علیا ولیکم تب سے کھل گیا کہ رافضی ہی اور جنھون نے امام مالک کی نسبت وطی فی الدبر کا جواز ٹھہرایا وہ حوالہ دیتے ہین کہ امام موصوف نے اپنی کتاب السیر مین لکھا ہی

حالانکہ کتاب السیر کتاب مجہول ہے کہ اُسپر اعتماد نہین ہوسکتا بلکہ قرطبی نے تصریح کی ہے کہ مالک بری ہے اس سے کہ اُسکی کتاب کتاب السیر ہو اور بعض مالکیہ نے فرمایا کہ ناقل اباحت وطی فی الدبر کا امام مالک سے کاذب اور دروغ باز افترا پرداز ہے بالجملہ یہ فعل اہل سنت کے نزدیک قطعاً حرام ہے اور مذہب شیعہ مین حلال ہے جو کوئی اہل سنت سے حلت کو نقل کرے منقول عنہ حقیقت مین سُنی نہین چھپا ہوا شیعہ ہے اور قیاس مشہور حرمت وطی ادبار نساء پر یہ ہے کہ حق تعالے نے کریمہ یسئلونک عن المحیض قل ہو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض مین نجاست حیض کے سبب وطی قُبل حرام کی ہے پھر نجاست براز کے باعث سے وطی فی الدبر کیون حرام نہوگی کہ ہر وقت یہ ناپاکی امعاے متصلہ بالدبر مین موجود ہے بخلاف قُبل کہ جز ایام حیض کبھی ناپاک اور گندہ نہین ہوتی اسی واسطے تا بقاے این مدت مباشرت حرام ہے نہ بعد انقضا اور گروہ جو بعض معتادین فعل مذموم اس قیاس پر شبہہ کرتے ہین کہ اگر یہی نجاست براز حرمت وطی فی الدبر کا سبب ہے تو چاہیے کہ نجاست بول بھی حرمت وطی فی القبل کا موجب ہو کیونکہ بول و براز من حیث النجاستہ اخوان ہین پھر جس طرح دبر نجاست براز سے کبھی خالی نہین ہے ایسا ہی قبل نجاست بول سے عاری نہین رفع اس شبہہ کا یہ ہے کہ علم تشریح مین مشرح ہے کہ عورت کی فرج مین تین تجویف ہین اعلے اوسط اسفل اعلے مثانے سے متصل ہے بدستور ناودان بول اسی تجویف سے جاری ہوتا ہے اور اوسط والی تنگ ہے کہ اُس سے ریح نکلتی ہے اور اسفل والی فراخ تر ہے رحم سے ملی ہوئی ہنگام جماع ذکر اسی تجویف مین داخل ہوتا ہے اور خون حیض اور جنین اسی تجویف سے خارج ہوتا ہے پس فرج مین یہ تجویف کبھی گندہ اور ناپاک نہین ہوتی الا ایام حیض مین اور اُن ایام مین جماع حرام ہے بخلاف دبر کے کہ ایک ہی راہ ہے اور متصل امعا سے کہ معدن براز اور جاے نجاسات غلیظہ ہے اور یہ فعل اطبا کے نزدیک بھی مضر ہے چنانچہ شیخ بوعلی نے قانون مین لکھا ہے کہ امردون سے مبتلا ہونا جمہور کے نزدیک قبیح اور شریعت مین حرام اور اس فعل مین ایک جہت سے ضرر زیادہ ہے اور ایک جہت سے کم پس اس سبب سے کہ طبیعت حرکت کثیر کی محتاج ہوتی ہے تا خروج منی متصور ہو تو اس صورت مین ضرر بیشتر ہے اور اس وجہ سے کہ منی مین وفور کثیر نہین ہوتا جیسے

وطی ادبار نساء مین تو اس ہنگام مین ضرر کمتر ہی اور عمدہ ضرر اتیان النساء فی ادبارہن کا
یہ ہی جو کتاب موجز اور سدیدی وغیرہ مین لکھا ہی کہ دخول فی الدبر والی کے
گھر مین اگر بیٹا پیدا ہو بیشک علت ابنہ مین گرفتار ہوگا اسواسطے کہ زن معتادہ
جب اس فعل سے لذت بردار ہوگی تو اسکی تاثیر لڑکے مین سرایت کریگی اس سبب سے
کہ بنا بر مذہب اطبا ہر عضو ماباپ سے جو منی منفصل ہوتی ہی اُس سے ہر عضو مولود
مخلوق ہوتا ہی اور تبصرہ طبیہ مین ثابت ہی کہ مفعولہ فی الدبر جب حاملہ ہو اگر بیٹا جنے
اُسکو علت اُبنہ ہوگی لاعلاج لہ اسی واسطے اللہ صاحب نے اپنے حبیب کریم کی امت پر
اس فعل رذیل کو پسند نفرمایا اور بسبب انھین قباحتون کے شارع نے فاعل پر تعزیر کا
حکم دیا الحاصل اس تحقیق اور تدقیق سے بخوبی واضح اور لائح ہوا کہ حرمت دخول
فی ادبار النساء جمیع ائمہ اربعہ اور جمہور اہل سنت کے نزدیک یقینی ہی جیسا کہ قسطلانی مین
ہی ومذہب احمد والشافعی ومالک وابی حنیفہ وصاحبیہ والجمہور التحریم لورود النہی عن فعلہ
وتعاطیہ یعنے چارون امام اور صاحبین سے امام ابو یوسف ربانی وامام محمد ابن الحسن الشیبانی
اور جمہور اہل سنت اس فعل کو حرام بتاتے ہین اسواسطے کہ اسکے فعل اور تعاطی مین
نہی وارد ہی بلکہ بشہادت استبصار خلاصہ تہذیب اور ارشاد وغیرہ کتب شیعہ سے بابلغ
وجوہ وضوح واضح ہوا کہ قائل اور فاعل اس فعل کے رفضہ فسقہ اور انکے ائمہ مفترضہ عنہم
ہین اور جو بعض ناواقف روافض مناظرہ امام شافعی اور محمد ابن حسن سے اباحت
فعل نزدیک امام شافعی کے تفسیر درمنثور سے بیان کرتے ہین وہ ابن ادریس شیعی کا مناظر
محمد ابن حسن سے ہی اور محمد بن حسن خود ایک شخص شیعہ گذرا ہی اور اسی طرح ایک ابی حنیفہ
نامے ہوا ہی چنانچہ لسان المیزان مین ہی کہ ابو حنیفہ نادسیہ کی کنیت ہی اور ایک شخص ابو حنیفہ
ہم عقیدہ زرارہ گذرا ہی کہ جسکا حال کشی مین بروایت ابو بصیر یون مروی ہی کہ قال قلت
لابی عبد اللہ الذین آمنوا ولم یلبسوا ایمانہم بظلم قال اعاذنا اللہ وایاک یا ابا بصیر من ذلک
الظلم ذلک ما ذہب الیہ زرارہ واصحابہ وابو حنیفہ واصحابہ یعنے ابو بصیر کہتا ہی مین نے
اس آیت کو ابو عبد اللہ امام صادق کے حضور مین پڑھا فرمایا اے ابو بصیر حق تعالے
مجکو اور تجکو پناہ دے اس ظلم سے یہ ظلم زرارہ اور ابو حنیفہ اور ان دونون کے
توابع کا مذہب ہی شامی شرح کافی مین ہی کہ مراد اس ابو حنیفہ سے ابو حنیفہ بصری ہی

منجملہ قوم بنی عامر فتنہ کو خوب جانتا تھا اور اجتہاد کرتا تھا تا آنکہ ایک دن ہارون رشید کی مجلس مین حاضر ہوا اور دعوے کیا کہ امام صادق اور آپ کے اصحاب رافضی ہین جھوٹھا پڑا خلیفہ کے حکم سے اپنے اتباع کے ساتھ ارا گیا پا بجملہ اہل سنت کی کتابون مین جہان ابو حنیفہ کی کسی نے برائی لکھی ہو یا جسنے انکو مرجیہ بتایا مراد اُس سے یہی ابو حنیفہ نادسیہ یا ابو حنیفہ بصری ہی نہ امام ابو حنیفہ کوفی علیہ الرحمہ اور جو حضرت سیدنا غوث الثقلین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابو حنیفہ کو خارجی جہنمی مرجی بتلایا ہو وہ اسی ابو حنیفہ کو بتلایا ہی مگر کسی رافضی نے غنیۃ الطالبین مین بعد لفظ اصحاب ابی حنیفہ کے نعمان ابن ثابت کا لفظ زیادہ کر دیا حالانکہ نسخ صحیحہ مین یہ زیادتی نہین ہی فافہم ولا تکن من الغافلین القصہ قوم کے لوگون نے کہا اے لوط تو یہان سے دور ہو تو ہمارے پاس اوقات بسری کو آیا تھا اب حکومت کرتا ہی اور تو خوب جانتا ہی کہ ہمکو تیری بیٹیون کی خواہش نہین ہمارا مطلب تجھے خوب معلوم ہی فرمایا لو ان لی بکم قوۃ او آوی الی رکن شدید یعنے کاش مجکو تمہارا سامنا کرنے کی قوت ہوتی یا جا بیٹھتا کسی محکم آسرے مین خلاصہ یہ کہ مجھے ذاتی زور ہوتا تو مین تمکو دفع کرتا یا عشیرا ور قبیلہ رکھتا ہوتا کہ انکی اعانت سے منع کرتا فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم اللہ اخی لوطاً یاوی الی رکن شدید یعنے اللہ رحم کرے بھائی لوط پہ کہ اُسنے پناہ پکڑی خدا سے کہ خدا اسنے مدد فرمائی اور حکم دیا فرشتون کو اعانت کا تب فرشتون نے کہا دروازہ کھولدو اور ظالمون کو آنے دو حضرت لوط نے دروازہ کھولا کہ سب بیباک گھس پڑے اور چاہا کہ مہمانون پر ہاتھ ڈالین حضرت جبرئیل نے ایک پر مارا کہ سب اندھے ہو گئے اسی کا اشارہ سورہ قمر مین ہی ولقد راودوہ عن ضیفہ فطمسنا اعینہم فذوقوا عذابی ونذر یعنے اُس سے لینے لگے اُسکے مہمانون کو پھر ہمنے مٹا دین انکی آنکھین اب چکھو میرا عذاب اور ڈرانا اکثر اہل تفسیر کے نزدیک آنکھ ناک منھ سب برابر کر دیا اور ضحاک کی صرف آنکھین مٹا دین کہ مہمان نظر نہ آئے سب واپس ہوے جب قوم کے لوگ خائب اور خاسر گئے تو فرشتون نے کہا کہ ہم پروردگار کے بھیجے آئے ہین ہمپر کسی کا دسترس نہوگا اپنے گھر والون کو لیکر کچھ رات رہے نکل جاؤ اور منھ موڑ کر نہ دیکھے کوئی تم مین سے مگر تمھاری عورت کہ اسپر پڑتا ہی جو انپر پڑیگا جیسا سورہ ہود مین مذکور ہی مطلب یہ ہی

کہ اپنی بیٹیان اور گھر کا اسباب لیکے جس مقام کا حکم ہے مصر یا شام یا زغرات کو چل دو مگر عورت کو ساتھ نہ لو اور سب کو آگے دھر لو اور آپ پیچھے رہو تا کہ یہ لوگ چلنے مین جلدی کرین مگر سمجھا دو کہ پیچھے پھر کر نہ دیکھین تا کہ ہول عذاب سے بچے رہین چنانچہ حضرت لوط علیہ السلام کچھ رات باقی رہے سے نکلے چودہ آدمی ہمراہ اور گھر کا اسباب تھا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی ساتھ تھے انسے مضطربانہ پوچھا عذاب کب آویگا کہا صبح کو فرمایا صبح تو دور ہے حضرت جبرئیل نے کہا صبح نزدیک ہے کچھ دور نہین کما قال اللہ تعالے ان موعدہم الصبح الیس الصبح بقریب یعنے وعدہ عذاب انکا صبح ہے کیا نہین صبح نزدیک الغرض حضرت لوط علیہ السلام مع ہمراہیان آفتاب نکلتے زغر مین جا پہنچے اور حضرت جبرئیل کو ارشاد ہوا کہ ان چارون شہرون کو الٹ دو کہ حضرت جبرئیل نے مطابق فرمان الہی عمل کیا چنانچہ سورہ ہود مین فرماتے ہین فلما جاء امرنا جعلنا عالیہا سافلہا و امطرنا علیہا حجارۃ من سجیل منضود مسومۃ عند ربک یعنی جب پہونچا حکم ہمارا کر ڈالی ہمنے وہ بستی اوپر نیچے اور برسائین پتھریان کنکر کی تہ بتہ صاف بنائین تیرے رب کے پاس کی حدیث شریف مین وارد ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا کہ اپنی قوت و امانت کا حال ہمارے سامنے بیان کرو حضرت جبرئیل نے کہا کہ قوت میری یہ ہے کہ حق تعالے نے مجکو واسطے تخریب مجرمین قوم لوط کے کہ چار شہرون مین رہتی تھی اور ایک شہر سدوم آنمین ایسا تھا کہ وہان باستثناے اطفال و نسا چار لاکھ آدمی سلح پوش تھے بھیجا سو مین نے ان شہرون کو ساتوین زمین کی تہ سے ایک پر کے اوپر اٹھا کر اتنا آسمان کے نزدیک لیگیا کہ آسمان کے رہنے والے ان شہرون کے مرغون و کتون کی آواز سنتے تھے پھر مین نے ان شہرون کو اسی غار مین اوندھا ڈال دیا اور مجکو کچھ تکلیف و بوجھ معلوم نہوا تفسیر زاد المسیر مین ہے کہ پتھریان مہر کی ہوئین برنگ مختلف تھین بعض سفید انپر نقطے سیاہ اور بعض سیاہ انپر نقطے سفید اور ہر ایک پر مجرم کا نام لکھا تھا تفسیر زاہدی مین ہے کہ بڑا پتھر خم کے برابر اور چھوٹا گھڑے یا آبخورے کے مقدار تھا پوشیدہ نرہے کہ یہی حادثہ حاقہ ہے کہ ایماندار بچ گئے اور کافر مارے گئے مگر حضرت لوط کی بی بی مسماۃ والہہ یا ہالکہ بھی نہ بچی کیونکہ یہ عورت ظاہر مین موافق اور باطن مین مخالف تھی لیکن خدا تعالے بلا تقصیر ظاہر عذاب نہین فرماتے ایک حکم ایسا بھیجا کہ اس سے نہ ہو سکا اس گناہ مین ماخوذ کیا یعنے یہ حکم ہوا تھا کہ کوئی منہ پھیر کر نہ دیکھے

سو عورت حضرت لوط نے منہ پھیر کے پوچھا قوم کا کیا حال ہی اُسیوقت ایک پتھر اُسپر گرا کہ داخل نار ہوئی اور بھی تفسیر زاہدی مین ہی کہ نمک کا ستون ہوگئی ہی کذا فی تراجم التورات الغرض یہ حادثہ اسطرح کا محیط تھا کہ اُس قوم ناپاک کا آدمی جہان کہین تھا وہین اسی غذاب مین مبتلا ہوا چنانچہ ایک شخص حرم شریف مین کسی کام کو گیا تھا سنا کہ عذاب چالیس دن تک ہوا ہین ٹھہرا رہا جب وہ حرم سے نکلا اُسی سنگ عذاب نے سر توڑا اہل تفسیر نے لکھا ہی کہ بروز حشر اس قوم کی آواز آویگی اور اہل حشر استفسار کرینگے کہ یہ کیسی آواز ہی ارشاد ہوگا کہ شہرستان لوط کے ساکنین کی آواز ہی دوزخ مین چلاتے ہین بعد اُسکے اُسیوقت قوم لوط کو طلب کرینگے اور اُلٹا کر کے جہنم مین پھینکینگے روایت ہی کہ جس جگہ یہ عذاب نازل ہوا ہی وہان اب سمندر ہی اور پانی وہان کا ایسا شور ہی کہ مچھلی جاتے ہوے مرجاتی ہی اسی وجہ سے اُسکو سمندر مردہ بولتے ہین اور اطراف کی زمین سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اس جگہ عذاب نازل ہوا تھا اگر کوئی ناواقف شبہہ کرے کہ جب شہرستان لوط اُلٹ گیا تو سب قوم کے لوگ ہلاک ہوکر زمین مین دب گئے اور بالبصر و نظر خلائق سے غائب ہوے پھر پتھریان برسانے سے کیا فائدہ ہوا کیونکہ وہ پتھریان تودہ خاک پر پڑتی ہونگی تو جواب اسکا یہ ہی کہ ان پتھریون مین بسبب حدت مادے کے گوگرد کی خاصیت پیدا ہوئی تھی اور حرکت ہابطہ کی قوت سے طبقہ بالاے زمین کو پھاڑ کے کافرون کے بدن مین داخل ہوتی تھین اور جلاتی تھین ہرچند کہ حالت تقلیب مین احتمال یہ نہین ہی کہ ارواح نے فی الفور مفارقت کی ہو لیکن تعلق روح کا بدن سے بعد مفارقت رہتا ہی وہی موجب عذاب برزخ ہی ولہذا حدیث شریف مین وارد ہی کہ مردے کی ہڈی توڑنا یا حرکت سخت دینا نہ چاہیے پس پلٹ دینا شہرستان لوط کا عذاب دنیوی تھا اور جلانا پتھریون سے عذاب برزخی اور یہ بھی احتمال ہی کہ حالت تقلیب مین پتھریان برسائی ہون یعنے قبل پہونچنے تہ زمین کے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال القصہ بعد اس واقعے کے حضرت لوط علیہ السلام شہر زغر سے نکلکر مع اپنی لڑکیون کے حضرت خلیل اللہ کے پاس تشریف لائے اور سات برس تک زندہ رہے مورخین لکھتے ہین کہ دہم ربیع الاول بروز چہارشنبہ انتقال جنت فرمایا مدت دعوت ۳۶ چھتیس برس تھی شریعت انکی عین شریعت ابراہیم علیہ السلام کی تھی مزار شریف قریب مزار حضرت ابراہیم کے واقع ہی اور اخبار الدول مین ہی کہ قریہ کفر مین جو ایک فرسخ مسجد خلیل سے واقع ہی مدفون ہین اور مغارہ غربیہ مین ہی کہ مسجد عتیق کے نیچے ستاٹھ نبی مدفون ہین انمین بیس مرسل ہین بعض مورخین نے عمر حضرت لوط کی پچاس برس کی

لکھی ہی مگر یہ سخن خلاف قیاس ہی کیونکہ وفات حضرت لوط بعد وفات حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہوئی ہی
**فائدہ پانزدہم** سفر التکوین توریت مین لکھا ہی کہ جب لوط شہر زغر مین رہتے ہوئے ڈرسے تو اپنی بیٹیون کو لیکر غار مین چھپے وہان بڑی بیٹی نے چھوٹی بیٹی سے کہا کہ باپ ہمارا بوڑھا ہوگیا ہی اور زمین پر کوئی مرد ایسا نہین ہے جو ہمارے پاس آوے صلاح یہ ہی کہ اپنے باپ سے نسل لین تب حضرت کو شراب پلائی اور حالت نشے مین اول بڑی بیٹی ہم بستر ہوئی پیچھے چھوٹی اور دونون حاملہ ہوئین اور حضرت نے نہ جانا انتہی اسی طرح ترجمہ مذکور مین ہی کہ اول سے جو بیٹا ہوا اسکا نام مواب رکھا اور دوسری سے جو پیدا ہوا اسکا بن عمی پوشیدہ نرہے کہ پیغمبر جلیل الشان پر ایسی تہمت کرنا قانون عقل سے بعید ہی اور بڑی قباحت یہ ہی کہ راعوت موابیہ جدات حضرت عیسیٰ سے ہی کیونکہ آنجناب اولاد داؤد مین اور راعوث مادر عابد یعنی پدر دادا کہ ہی معجزات حضرت لوط علیہ السلام کئی تھے ازانجملہ ایک مرتبہ قوم نے پانی مانگا تو حضرت لوط نے دعا کی کہ بلا ابر پانی برسنے لگا بعضے اسلام لائے اور بعضے منکر ہوئے ازانجملہ ایک مرتبہ ایک کافر کا بیٹا غائب ہوگیا اسنے کہا کہ آپ بتلا دین میرا بیٹا کہان ہی حضرت لوط نے دعا کی اللہ نے قبول کی کہ حضرت نے اس کافر کے بیٹے کو دکھلا دیا حالانکہ مابین پدر و پسر سو فرسخ کا فاصلہ تھا ازانجملہ سنگ سخت آپ کے ہاتھ سے موم ہو جاتا تھا چنانچہ جب کبھی آنجناب پتھر پر سر رکھکر سوتے تو نشان سر مبارک پتھر مین ہو جاتا تھا پوشیدہ نرہے کہ اس طرح کے کرامات بلکہ اس سے اعلیٰ اولیاء امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے صادر ہوئے ہین

## تفریح نہم دراحوال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

نام مبارک حضرت کا عجمی ہی اور دو طرح سے تکلم مین آتا ہی اسمٰعیل و اسمٰعین معنی اسکے عربی مین مطیع اللہ ولقب شریف بقول اعراق الثری آور وجہ تسمیہ معالم التنزیل مین یون لکھی ہی کہ حضرت ابراہیم نے اولاد کی دعا مانگی اور کہا اسمع یا ایل یعنے قبول کر اے خدا جب اسمٰعیل پیدا ہوئے تو حضرت ابراہیم نے نام اسمٰعیل رکھا اور عبرانی مین اسکو یشمعیل کہتے ہین ولادت باسعادت انکی حدود شام مین ہاجرہ قبطیہ سے ہوئی اور صغر سن مین مبتلائے بلائے ہجرت و رنج ہوئے انھین نے اولاً بزبان عرب کلام فرمایا اور انھین نے اپنے باپ کے ساتھ کعبہ تعمیر کیا اللہ جل شانہ نے انکو اہل یمن و حضرموت پر بعد حضرت ابراہیم اور صحیح یہ کہ روبروے حضرت ابراہیم کے نبی کیا اور اپنے کلام مین انکی شان مین وارد کیا واذکر فی الکتاب اسمٰعیل انہ کان صادق الوعد وکان رسولا نبیا مجاہد سے روایت ہی کہ حضرت اسمٰعیل جب کبھی وعدہ فرماتے تھے تو وفا کرتے تھے اور کلبی سے روایت ہی کہ ایکبار ایک شخص سے

وعدہ کیا کہ جب تک تو نہ آویگا مین اسی جگہ حاضر رہونگا سو وہ سال بھر نہ آیا مگر حضرت اُسی مقام پر کھڑے رہے اور برگہاسے درخت کھایا کیے اور عادت حضرت کی یہ تھی کہ ہمیشہ قوم کو اداے نماز وایتاے زکوۃ کی تاکید فرماتے تھے کیونکہ نماز عبادات بدنیہ مین اشرف العبادات ہی اور عبادات مالیہ مین زکوۃ کما قال تعالی وکان یامر اہلہ بالصلوۃ والزکوۃ وکان عند ربہ مرضیا حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ حنیفیت آنجناب پر فرض تھی جس طرح ہم لوگون پر ہی اور شریعت انکی مین شریعت حضرت ابراہیم کی تھی اور از جملہ معجزات ایک معجزہ یہ ہی کہ اہل بادیہ نے کہا کہ خشک پستان سے دودھ نکالو سو حضرت نے بچہ ناقہ سے کہ لائق دودھ دینے کے نہ تھا دودھ نکالا آز انجملہ اہل بادیہ نے کہا کہ درخت شوکت مین اگر پھل لگین تو ہم ایمان لاوین حضرت نے دعا کی کہ درخت مذکور مین پھل لگے مدت دعوت پچاس برس تھی اور عمر یک صد وسی وہفت سالہ مرقد شریف مین المیزاب والحجر واقع ہی اخبار الدول مین ہی کہ جب ابن زبیر نے بناے کعبہ کھودی تو ایک تابوت سبز سنگ مرمر کا نکلا ابن زبیر نے اُسکا حال علماے عہد سے پوچھا اُنھون نے کہا یہ قبر ہاجرہ و اسمعیل کی ہی بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ حضرت نے قوم جرہم مین دو مرتبہ نکاح کیا پہلی بی بی کو باہماے والد بزرگوار مطلقہ فرمایا اُنسے کوئی اولاد نہین ہوئی مگر مسماۃ زعلہ بنت مضاض زوجہ ثانیہ سے بارہ یا گیارہ بیٹے پیدا ہوے اگرچہ تمام اولاد قوم مین سردار تھی لیکن قیدر و ثابت بڑے نامور تھے چنانچہ ہمارے حضرت صلعم بنی قیدر مین ہین فی برج الدر مین ہی کہ نور محمدی حضرت اسمعیل سے قیدر مین آیا اور اُنسے عہدنامہ حفاظت لکھوایا گیا اور اُسکو حضرت اسمعیل نے تابوت سکینہ مین رکھکر قیدر کے سپرد کیا پھر حضرت اسمعیل نے وفات پائی اور قیدر نے قوم جرہم مین اوقات بسری اختیار فرمائی اور صفت شجاعت وفن تیراندازی وچابک سواری مین مشہور ہوے بعد چندے یہ خیال دامن گیر ہوا کہ حسب نسب کا کمال اولاد اسحق علیہ السلام مین منحصر ہی اسلیے اُس قوم کی عورتون سے کم نکاح کیے مگر اُس نور سراسر سرور نے انتقال نکیا آخر کار یہ خواب دیکھا کہ یہ نور مجازی عربیات مین جاری ہوگا تو ناحق تقدیر کے خلاف تدبیرین کرتا ہی تب مسماۃ غاضرہ عربیہ سے نکاح کیا کہ وہ نور اُس سے منتقل ہوا بعد ازان قیدر نے چاہا کہ تابوت سکینہ کھولون غیب سے آواز آئی کہ تمکو اجازت نہین ہی یہ امانت کنعان مین جاکر یعقوب ابن اسحق کے سپرد کرو چنانچہ قیدر نے تابوت سکینہ اپنی پشت پر لادا اور پیادہ پا جانب کنعان متوجہ ہوے متصل شہر مذکور کے تابوت سے ایک آواز نکلی کہ حضرت یعقوب اُس آواز کو سنکر مع اپنے بیٹون کے بنا استقبال روانہ ہوے اور قیدر سے ملاقی ہوکر تابوت سکینہ لیا اور فرمایا کہ آج رات کو مسماۃ غاضرہ سے

ایک بیٹا پیدا ہوا ہے اور آفتاب نبوت محمدی برج حمل سے طالع ہوا جب کہ قیذر گھر آئے تو دیکھا کہ فی الحقیقت حمل نامے بیٹا انکے گھر مین پیدا ہوا ہے اور نور محمدی اسکی پیشانی مین چمکتا ہے پھر جب حمل جوان ہوا تو قیذر اسکو جبل ثوقبیس پر لیگئے اور بطریق وصیت نہ بطرز کتابت ایک اقرار لیکر وفات پائی اسی مقام مین مدفون ہین پھر وہ نور مطہر حمل سے نبت مین و نبت سے ہمیسع مین و ہمیسع سے اُود مین اُس سے اُدد مین اُس سے عدنان مین آیا و ہذا ہوا تصحیح المعتمد علیہ اور جو محمد ابن اسحاق مطلبی سے فی سیرۃ النبی مین لکھا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نابت ابن اسمعیل کی نسل مین ہین اور صاحب بہجۃ المحافل نے بھی اسی کو تصحیح کیا ہے سو اکثر محققین کا اس روایت پر اعتماد نہین ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

## تفریح دہم دراحوال حضرت اسحق علیہ السلام

نام بھی عجمی ہے گو عربی سے بھی اتفاق ہوا اور زبان عبری مین اسحق بمعنی ضحاک آیا ہے انکو اللہ نے نہایت حسین پیدا کیا تھا حضرت اسمعیل سے چودہ یا بائیس برس چھوٹے تھے اللہ تعالی نے انکو بھی روبروے حضرت ابراہیم عہد نبوت عنایت فرمایا چنانچہ ارشاد ہوتا ہے و وہبنا لہ اسحق و یعقوب و کلا جعلنا نبیا یعنے بخشا ہمنے ابراہیم کو اسحق و یعقوب اور دونون کو نبی کیا روایت ہے کہ جب عمر حضرت اسحق کی چالیس کو پہونچی تو حضرت لوط کی بیٹی سے نکاح کیا اور صحیح یہ ہے کہ رفقا بنت تنویل سے عقد ہوا اور ساٹھ برس کی عمر مین اولاد کے واسطے دعا مانگی خداوند تعالی نے انکی بی بی کو دو بیٹون سے ایک یعقوب علیہ السلام دوسرے عیصو بزیادت واو حاملہ فرمایا جب مدت وضع حمل پہونچا تو یعقوب نے چاہا کہ مین پہلے نکلون عیصو نے کہا اگر تو پہلے نکلیگا تو مین پیٹ مین والدہ کو مار ڈالونگا سو حضرت یعقوب نے بلحاظ بزرگی والدہ کے توقف فرمایا تب عیصو اول ظاہر ہوے ولہذا نام انکا عیصو ہوا لانہ عصی الامۃ یہ نام قاموس مین بزیادت واو ہے اور شمس العلوم مین بدون واو جائز لکھا ہے اور یعقوب عقب عیصو پیدا ہوے اسلیے یہ نام ہوا حالانکہ یعقوب پیٹ مین عیصو سے بڑے تھے اور حضرت یعقوب حالت طفولیت مین موصوف برحمت و لینت تھے ایام شباب مین صاحب مواشی و زراعت ہوے اور عیصو طفولیت سے موصوف بغلظت و سختی تھے عنفوان شباب مین صاحب صید و شکار ہوے اور مسماۃ رفقا کو یعقوب سے بنظر سعادتمندی محبت زیادہ تھی اور عیصو پر صرف شفقت اور چند سے حضرت اسحق لبصیر ہوگئے تب یعقوب کے واسطے نبوت و ریاست کی دعا کی اور عیصو کے واسطے ملک و سلطنت کی اور کثرت نسل و بقاے ذریت کی مجیب الدعوات نے قبول فرمائی یعنے یعقوب کی اولاد مین نبوت آئی اور عیصو کی اولاد مین سلطنت چنانچہ عیصو تمام روم کے باپ کہلاتے ہین بنی الاصفر انھین کی اولاد ہین اور جو بادشاہ ہوا وہ بنی الاصفر کی اولاد مین ہوا اور یعقوب کی اولاد سے تمام انبیا ہوے مگر نوح و ہود و صالح و لوط و ایوب و شعیب و ابراہیم و اسمعیل و

محمد مصطفےٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام عمر حضرت اسحق کی ایک سو اسی برس کی ہوئی اور وفات اُسوقت ہوئی ہے
جب کہ حضرت یوسف وزیر مصر ہو لیے اور اپنے باپ کے پاس مدفون ہین کذا فی اخبار الدول معجزہ
مشہور انکا یہ ہے کہ ایک کافر چند کھالین مختلف جانورون کی لایا اور بولا کہ اسمین جان ڈالو تو مین ایمان
لاؤن حضرت اسحق نے جناب الٰہی مین دعا کی فی الفور اُن کھالون مین جان پڑ گئی یعنی جس جانور کی
کھال تھی وہی جانور زندہ ہو گیا اخبار الدول مین ہے کہ حضرت اسحق علیہ السلام کو بھی ذبیح کہتے ہین اور
ذبح انکا بیت ایلیا تھا فائدہ قصص الانبیاء مشہور مین لکھا ہے کہ آخر عمر مین حضرت اسحق نے عیصو سے
کہا کہ بوقت خاص میرے واسطے کباب لاؤ تو مین نبوت کی دعا تیرے لیے کرون یہ خبر والدۂ یعقوب و
عیصو کو پہونچی اور وہ یعقوب کو زیادہ پیار کرتی تھین سو اُنھون نے یعقوب کو عیصو کا لباس پہنایا اور
فہمائش کی کہ آواز اپنی مانند آواز عیصو کے بدل کر اسحق کے پاس حاضر ہو اور درخواست کرنا کہ میرے واسطے
دعا کیجیے چنانچہ حضرت یعقوب نے اُسی طرح کیا اور حضرت اسحق نے دعاے نبوت فرمائی تھوڑی دیر بعد
عیصو کباب لیکر آئے اور دعا کی درخواست کرنے لگے حضرت اسحق نے فرمایا کہ مین ایکبار تیرے واسطے
دعا کر چکا ہون عیصو نے کہا مجکو خبر بھی نہین ہے تب حضرت اسحق نے تفتیش فرمائی کہ وہ دعا کون لیگیا معلوم ہوا
کہ یعقوب اول آئے و برکت دعا لیگئے لاچار عیصو کے واسطے یہ دعا فرمائی کہ بادشاہت تیری نسل مین رہے
انتہی مین کہتا ہون کہ یہ جعلسازی نصاریٰ کی ہے کہ ایسی تہمت کرتے ہین اور صاحب قصص الانبیاء نے بلا لحاظ
صحت روایت باب بست و ہفتم سفر التکوین توریت سے نقل کی ہے حاطب اللیل اسی کو کہتے ہین و نیز قصص الانبیاء مین ہے
کہ بعد وفات ابراہیم علیہ السلام کے حضرت اسمعیل نے اپنے چھوٹے بھائی اسحق سے کہا کہ باپ کے ترکہ سے کوئی
چیز مجھے بھی ملے حضرت اسحق نے کہا تم لونڈی کی اولاد ہو تمکو میراث پدر نہ ملیگی اس بات سے اسمعیل علیہ السلام کو
رنج ہوا دفعۃً حضرت جبرئیل نے اسحق سے کہا یہ کلام بس نازیبا تھا تمکو نہین معلوم ہے کہ سید ولد آدم محمد مصطفےٰ
صلعم اُسکی نسل مین ہوگا اور آخر زمانے مین تمام جن و انس کا رسول اب اس گفتگو کی سزا مین اللہ صاحب نے
حکم دیا ہے کہ تمھاری اولاد کو اولاد اسمعیل اپنا مملوک بناوین اور تیری امت مین قوم یہود پیدا ہون کہ پیغمبرون کو ناحق قتل
کرین اور یہ بھی فرمایا کہ اس سخن کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یوسف ابن یعقوب تمھارا پوتا غلام بنایا جائیگا اور بکے گا اس
پیغام کے سننے سے حضرت اسحق بہت روئے کہ آنکھین جاتی رہین اور دو برس حضرت جبرئیل تشریف نہین لائے
اس عرصہ مین حضرت اسحق نے توبہ و ندامت مین ایام بسر کیے بعد اُسکے اللہ صاحب نے توبہ اُنکی قبول فرمائی اور
حضرت جبرئیل نے پیغام دیا کہ توبہ قبول ہوئی اور تمھاری اولاد مین ایک پیغمبر اولوالعزم پیدا ہوگا جو کہ بلا واسطے
کسی فرشتے کے اللہ صاحب سے کلام کریگا اس پیغام سے اسحق علیہ السلام کو تسکین ہوئی واللہ اعلم

## تفریح یازدہم دراحوال یعقوب علیہ السلام

انکو اسرائیل بھی کہتے ہین یعنی عبد اللہ کیونکہ اسرا از روے لغت بمعنی بندہ ہی اور ایل بمعنی اللہ مگر حسب روایت ابن حمید اصل نام یعقوب ہی اور اسرائیل لقب وجہ تسمیہ یعقوب کی ذکر حضرت اسحق مین مندرج کی گئی ہی اور وجہ تسمیہ اسرائیل کی بعض کتب مین یون لکھی ہی کہ جب یعقوب جوان ہوے تو ایک روز انکے باپ نے خلوت خانے کا دربان مقرر کیا اور فرمایا کہ اس جگہ کوئی نامحرم نہ آوے اسی دن ایک فرشتہ بصورت انسان آیا اور زیارت حضرت اسحق کا مستدعی ہوا حضرت یعقوب نے منع کیا اسنے بزور جانا چاہا آخرکار حضرت یعقوب سے کشتی ہونے لگی مگر فرشتہ مغلوب ہو گیا دفعتہ حضرت اسحق خلوت خانے سے باہر نکلے اور اس معاملے کو دیکھکر متحیر ہوے اور فرشتے کو پہچانکر معذرت پیش آئے تب اسنے کہا کہ ہماری طرف سے اسکا نام اسرائیل رکھو کیونکہ اسرا ہماری زبان مین مقبول کو کہتے ہین اور ایل بمعنی خدا ہی سو یہ لڑکا آپکا مقبول خدا ہی کہ لحاظ دیاس کسی کا تمھارے حکم کے سامنے نہین کرتا اسی وقت سے نام یعقوب کا اسرائیل ہوا مین کہتا ہون کہ اس روایت کی کچھ اصل نہین ہی غالبا کتب محرفہ بنی اسرائیل سے ماخوذ ہی کیونکہ ترجمہ توریت مین ہی کہ ایک شخص یعقوب سے رات بھر کشتی لڑتا رہا جب وہ یعقوب کو مغلوب نہ کرسکا تو چپکے سے یعقوب کی ران کے پاس لگ یکبارگی ٹانگ کی نس چڑھا دی اسکے بعد یعقوب نے اس سے برکت مانگی اسنے برکت دی اور کہا آج سے تیرا نام اسرائیل ہوگا اور یعقوب نے اس مقام کا نام فنائل رکھا کہ مین نے خدا کو روبرو دیکھا اور میری جان بچ گئی اور برخلاف اسکے کتاب پیدایش کے پینتیسوین باب مین ہی کہ خدا یعقوب کو پھر دکھائی پڑا اور اسکا نام اسرائیل رکھا اسپر طرہ یہ ہی کہ پادری فنڈر مفتاح الاسرار مین لکھتا ہی کہ کشتی کرنے والا عیسی مسیح تھا بالجملہ اس روایت کی حقیقت اسی قدر ہی جو مین نے بیان کر دی اور صحیح وجہ تسمیہ کی یہ ہی کہ جب حضرت یعقوب بخوف عیصو اپنے مامون کے پاس جانے لگے تو رات کو چلتے دن کو مقام کرتے تھے اس سبب سے اسرائیل نام ہوگیا چنانچہ عرائس مین لکھا ہی کہ جبرئیل علیہ السلام حضرت اسحق علیہ السلام کے پاس تشریف لائے اور کہا اللہ نے تمھارا صبر دیکھا اور بعوض نور بصر دعا تمھاری اعز اولاد کے حق مین قبول کریگا جو چاہو استدعا کرو چنانچہ حضرت اسحق نے دعاے نبوت عیصو کے حق مین کرنا چاہی مگر بمقتضاے تقدیر نام حضرت یعقوب کا زبان مبارک سے نکلا کہ وہ نبی ہوے اس بات سے عیصو کو یعقوب سے کدورت و رنجش پیدا ہوئی کہ انکی والدہ کو جان کا خوف لاحق ہوا تب انھون نے کہا کہ تم میرے بھائی کے پاس فلسطین مین چلے جاؤ ناچار یعقوب علیہ السلام نے ہجرت فرمائی وبخوف برادر رات کو چلتے دن مین کسی جگہ قیام کرتے اسی سبب سے نام انکا اسرائیل ہوگیا الغرض سفر فلسطین مین ایک رات سرہانے اپنے پتھر رکھ کر سو رہے تو خواب دیکھا کہ ایک زینہ میرے سرہانے سے دروازے آسمان تک لگا ہی اور اسپر فرشتے آتے جاتے ہین اور

اُسی وقت کو بندہ سے نے کہا انا اللہ لا الہ الا انا الہک واله آبائک وقد اورثتک ہذا الارض المقدسۃ
ولذریتک من بعدک وبارکت فیک وفیہم وجعلت فیکم الکتاب والحکم والنبوۃ القصہ حضرت
یعقوب علیہ السلام لابان اپنے ماموں بن بتوئیل کے پاس فلسطین مین پہونچے اُسکی دو بیٹیان
تھین ایک لایا خواہ لیّا یا ولیا دوسری راحیل سو اُسنے دونون بیٹیون کو یعقوب کے نکاح مین دیا
کیونکہ اُسوقت تک جمع بین الاختین درست تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد مین منع ہوا اور تفسیر
سراج المنیر مین لکھا ہو کہ بھائی یوسف علیہ السلام کے گیارہ تھے یہوذا اور روبیل و شمعون ولاوی و
زبلون بقول لقانی بزاے معجمہ و بائے موحدہ و یسخر یہ چھ مسماۃ لیا دختر لیان سے کہ ماموں حضرت
یعقوب کا تھا پیدا ہوے اور دان ونفتالی بنون مفتوحہ وفاء ساکنہ و مثناۃ فوقیہ ولام بعد ازان
یاد و جاد و آشر چار نفر دو لونڈیون سے بعد اُسکے لیا نے وفات پائی تو راحیل اُسکی بہن سے نکاح ہوا
اُنسے حضرت یوسف و بنیامین ہوے اخبار الدول مین ہو کہ لیا و راحیل کے پاس ایک ایک
لونڈی تھی وہ بھی دونون حقیقی بہنین تھین چنانچہ دونون کو دونون بیبیون نے ہبہ کیا کہ حضرت
یعقوب نے اُنپر بھی اپنا تصرف جاری فرمایا کہ اُنسے چھ بیٹے ہوے یا خرو دنیول و دان و نفتال
و کال و اشار اور بعض مورخین نے لکھا ہو کہ اول حضرت یعقوب کا نکاح لیا سے ہوا جب وہ مری
تو لابان نے دوسری بیٹی مسماۃ یلیا سے نکاح کردیا اُس سے پانچ بیٹے پیدا ہوے وان ونفتال
یا لغال یا یعشالن و جاد و یاکا و اور آشیر و یشجر کہ سافا و یشجور و نساجر و نساجار بھی انکو بولتے ہین جب
وہ بھی مرین تو زلفا سے نکاح کیا کہ اُس سے زبالون یا روبون یہ رو دینا خواہ دینۃ دختر متولد ہوئی
جب وہ مرین تب راحیل سے نکاح ہوا کہ اُن سے ملک شام مین یوسف علیہ السلام و کنعان مین بنیامین
پیدا ہوے اور وضع حمل کے بعد راحیل نے وفات پائی لیکن اصح یہ ہو کہ لیا و راحیل سے ایک وقت مین
نکاح ہوا چنانچہ مذکور ہوا اُسیکا اشارہ قرآن مجید مین ہو لا تجمعوا بین الاختین الا ما قد سلف اور
زلفا و بلہا خواہ بلقا لونڈیان تھین جیسا کہ کتب بنی اسرائیل مین ہو بالجملہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے
بارہ بیٹے ہوے انھین کو اسباط بولتے ہین اور سبط کا نام عرب مین وہ درخت ہو جسکی شاخین بہت ہون
سو حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارھون بیٹون کی اولاد کثرت سے ہوئی ہو روایت ہو کہ جب عمر حضرت
یعقوب علیہ السلام کی چالیس برس کو پہونچی تو وحی ہوئی کہ تم کنعان کے نبی ہوے آپ یہان سے
جاکر دعوت حق کرو اور شریعت ابراہیمی پر وہان کے لوگون کو بلاؤ چنانچہ حضرت یعقوب نے اپنے
ماموں لابان سے بیان کیا اُسنے نقد و جنس دے کر با اہل و عیال رخصت کیا متصل کنعان کے

عیصو برادر یعقوب بنا بر استقبال آئے اور بغل گیر ہوئے حضرت یعقوب نے بنظر رفع شر دسوان حصہ
مویشی کا انکو دیا وہ جانب روم چلے گئے اخبار الدول مین ہی کہ سدی فرماتے ہین جب یعقوب علیہ السلام نے
پانسو پچاس راس عیصو کو دیے تو وحی آئی ای یعقوب تو نے ناحق اپنا مال ضائع کیا اور مجھپر توکل
نکیا اسکی سزا یہ ہی کہ اسیقدر آدمی تیری اولاد کی اولاد عیصو کے مملوک ہونگے سو جب سلطان روم نے
بیت المقدس پر غلبہ پایا تو ظہور اس وحی کا ہوا اور بعض اہل سیر نے اس مقام پر لکھا ہی کہ خبر
تشریف آوری حضرت یعقوب علیہ السلام جب عیصو کو معلوم ہوئی تو اول جوش و خروش مین آکر مقابلہ
کرنے کو مستعد ہوئے مگر بفہمائش عقلا آخر بحسن سلوک پیش آئے اور ملاقات کرکے ملتمس ہوئے کہ تمکو
اللہ تعالی نے از روے نبوت بزرگی عطا کی ہی سو تم میرے حق مین اور اولاد کے حق مین دعا کرو چنانچہ
حضرت یعقوب علیہ السلام نے دعا فرمائی اور عیصو روم کو روانہ ہوئے روایت ہی کہ عیصو نے حضرت
اسمعیل علیہ السلام کی بیٹی سے نکاح کیا اُس سے پانچ بیٹے پیدا ہوئے از انجملہ ایک روم نام تھا کہ
اُسکی نسل سے سب رومی ہین اور تمام سلاطین روم اُسی کی نسل مین ہوئے ہین عمر عیصو کی ایکسو
چتالیس برس کی ہوئی جسدن حضرت یعقوب علیہ السلام نے سفر آخرت فرمایا اُسی دن عیصو نے
بھی وفات پائی اور اپنے والدین کے متصل مقام حران مین مدفون ہوئے بعض کہتے ہین کہ حضرت
ایوب پیغمبر عیصو کی اولاد مین ہین و ہو الصحیح اور بعض کہتے ہین کہ عوص بن ناخور کی اولاد مین
لیکن بنی اسرائیل سے خارج ہین اور بعض کہتے ہین کہ حضرت لوط کے نواسے تھے اور تحقیق اسکی
حضرت ایوب کے حال مین لکھی جائیگی القصہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کنعان مین دعوت ایمان شروع فرمائی اول
معجزہ ظاہر ہوا کہ شہر کنعان بین الجبلین واقع تھا رہنے والے وہان کے تنگی جگہ کے شاکی تھے سو بدرخواست قوم
اُنکی جنبش کے واسطے دعا فرمائی و بایما خداوند حقیقی دونون ہاتھون سے اشارہ کیا کہ دونون پہاڑ ہٹ گئے اور مقام وسیع ہو گیا
دوسرا معجزہ یہ ہوا کہ یہودا نے قوم عمالقہ سے مقابلہ کیا اور حالت مقابلے مین برچھا ٹوٹ گیا یہودا نے حضرت یعقوب کو آواز دی
کہ انجناب نے ستر فرسنخ سے آواز سنی اور برچھا دوسرا پھینک دیا کذا فی اخبار الدول تیسرا معجزہ یہ ہوا کہ اس
وقت مین سلجم ابن دار الکنعان مین بادشاہ تھا وہ مع لشکر اپنے حضرت یعقوب کے پاس آکر بیٹھا اور
مستفسر ہوا کہ آپ کس طرح بلا اجازت یہان مقیم ہوئے حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ مین
یعقوب نبی اللہ پوتا ابراہیم خلیل اللہ کا ہون اور بحکم خدا یہان آیا ہون تاکہ تجھے اور تیری قوم کو
دعوت ایمان فرماؤن اگر تو قبول کرتا ہی تو تیرے حق مین بہتر ہی ورنہ تجھپر جہاد کرونگا اُسنے
غیظ مین آکر کہا تمھارے ساتھ لشکر کہان ہی جو مجھسے لڑوگے تب حضرت یعقوب علیہ السلام نے

شمعون کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ انشاء اللہ مین اس بادشاہ پر باعانت خدا و ملائکہ و اولاد جہاد کرونگا اُسوقت بادشاہ اپنے قلعہ مین جا بیٹھا اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے دعوت ایمان فرمائی اُسنے قبول نکیا ناچار اولاد کو جہاد کرنے کا حکم صادر فرمایا چنانچہ شمعون بن یعقوب تن تنہا اُس قلعہ کے دروازے پر جا بیٹھے اور یون دعا فرمائی اللھم افتح بیننا ہذا وانت خیر الفاتحین بسم اللہ الہ ابراہیم و اسحق و یعقوب اور ایک پیر دا ہنا اپنا دروازے قلعہ مین مارا کہ تمام قلعہ مین زلزلہ پڑگیا اور دیوارین اُسکی گرگئین کہ اکثر لوگ دبکر مرگئے اور حضرت یعقوب علیہ السلام داخل قلعہ ہوے اور بادشاہ منہزم ہوا اور تمام لشکر غائب ہوگیا ہمراہیان یعقوب علیہ السلام نے مال و متاع خوب لوٹا عمر حضرت یعقوب علیہ السلام کی ایکسو سنتالیس یا ایکسو سینتالیس برس کی ہوئی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس مدفون ہین اور باقی احوال انکا حضرت یوسف علیہ السلام کے حال مین لکھا جائیگا

## تفریح دوازدہم در احوال حضرت یوسف علیہ السلام

یوسف بعض کے نزدیک عبرانی ہے لہذا ممنوع الصرف ہوا الخ و عن سبب آخر سوے التعریف و بفتح السین و مکسور بھی پڑھا گیا کذا فی توضیح التنزیل الا باسف الشقوقی در بعض کے نزدیک عربی خود سے یا سف سے کما فی قولہ تعالی فلما اسفونا انتقمنا یعنے جب غصہ دلایا ہمکو انہونے اور اکثر اسکے کہ یوسف مشتق اسف سے ہی و ہو فی اللغۃ بمعنی الحزن والاسیف بمعنی العبد والد ہ کہ دونون معنی یوسف علیہ السلام مین جمع ہوگئے تھے کذا قال الترمذی فی تفسیرہ و ہکذا فی معالم التنزیل اور عین المعانی مین ہی کہ قصہ یوسف علیہ السلام اس سبب احسن القصص ہی کہ صاحب قصہ احسن تھا اور بحر الحقائق مین ہی کہ اس وجہ سے احسن ہی کہ احوال انسان سے اشبہ ہی یعنے یوسف دل یعقوب روح و اخوان نفس و اخوان قوی و جوارح اور اللہ صاحب فرماتے ہین ولقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم اور علامہ ترمذی فرماتے ہین کہ وجہ احسن ہونے کی یہ ہی کہ اور پیغمبرون کے قصے قرآن شریف مین متفرق ارشاد ہوے ہین اور انکا قصہ ایک ہی سورہ مین ہی چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ بائیس سورتون مین ہی اور نوح علیہ السلام کا چھبیس سورتون مین اور ابراہیم علیہ السلام کا اٹھارہ مین اور لوط کا نو مین اور موسی علیہ السلام کا انتیس مین اور شعیب علیہ السلام کا تین سورتون مین اور عزیز علیہ السلام کا دو مین اور سلیمان علیہ السلام کا چار مین اور داؤد علیہ السلام کا پانچ مین اور زکریا علیہ السلام کا تین مین اور عیسی علیہ السلام کا نو مین اور بعض کہتے ہین کہ خداوند تعالی نے حضرت یوسف علیہ السلام کو یکتا اسے زمانہ فرمایا تھا تین امر مین اول حسن صورت کہ نو حصے حسن کے یوسف کو عنایت کیے اور ایک حصہ اور آدمیون کو اور مخزن اسرار مین ہی کہ اللہ نے حسن کے

ہزار حصے فرمائے ایک حصہ تمام عالم کو دیا اور باقی حضرت یوسف کو اور اخبار الدول مین ہر کہ
تھے یوسف علیہ السلام سفید رنگ حسن الوجہ اور بال اُنکے گھونگھر والے اور آنکھین سیاہ
نہ بہت بڑی نہ چھوٹی تھین اور مابین دونون آنکھون کے ایک خال سفید گویا ماہ شب چہاردہم اور
بینی بلند اور رخسارے پر گوشت اور رخسارہ راست پر ایک خال سیاہ اور دندان مبارک
روشن و تابان جب ہنستے تو نور کی چمک ایسی روشنی ہوجاتی اور وقت تکلم ثنایا سے ایک نور
دکھلائی دیتا اور شکم مبارک باریک اور ناف چھوٹی اور ساعدین و ساقین و بازو پر گوشت اور
نزاکت کا یہ مرتبہ کہ جب فواکہ و بقول تناول فرماتے تو سبزی اُسکی حلق و سینے مین نظر آتی اور روشنی
چہرہ مبارک کی ایسی کہ جب کسی کوچے مین گذرتے تو در و دیوار مین عکس روشنی کا نمودار ہوتا
کما یری الشمس و الماء علی الجدران قال عکرمۃ کان یوسف علی سائر الناس فی الفضل کفضل القمر
لیلۃ البدر علی سائر النجوم و روی عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رایت
لیلۃ اسری بی فی السما یوسف کالقمر لیلۃ البدر و قال اسحق ابن قسر دہ کان یوسف اذا سار
فی ازقۃ مصر یتلالا نور وجہہ علی الجدران کذا فی المعالم اور نظم الجواہر مین ہر کہ یہ قصہ مشتمل حاسد
و محسود و مالک و مملوک و عاشق و معشوق پر ہر اس سبب سے احسن القصص ہر اور معالم مین ہر
کہ اسمین احکام و نکات و فوائد مفید دین و دنیا کے مثلاً سیر ملوک و ممالیک و علما و مکر نسا و صبر
بر ایذاے اعدا وغیرہ لہذا احسن ہر ابن عطا فرماتے ہین کہ نہین سنتا قصہ یوسف کو محزون
مگر یہ کہ دفع ہوجاتا ہر اُسکا غم اور تفسیر سراج المنیر مین حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی
کہ حضرت صلعم حضرت یوسف کی شان مین فرماتے ہین الکریم ابن الکریم ابن الکریم یوسف بن یعقوب
بن اسحق بن ابراہیم اور انیس العاشقین مین ایک روایت غریب ابن عباس سے لکھی ہر کہ
ایک گنوار نے حضرت صلعم سے پوچھا کہ یوسف حسین تھے یا آدم فرمایا یوسف مین آدم کا
نشان تھا کیونکہ آدم کو اللہ نے دو نعمتین دی تھین حسن و انگشتری کہ برکت حسن سے دونون کے
مخدوم و ہیبت خاتم سے فرشتون کے مسجود ہوے جب ذریت صادر ہوئی تو نور عرش پر گیا
اور خاتم شاخ طوبے پر جب اُنکی ذریت ہوئی تو نور حسن یوسف کو ملا و خاتم سلیمان کو اور یہ بھی
ارشاد کیا کہ یوسف متوسط القامت تھے اور بال اُنکے بہت سیاہ کہ شب تار کو اُس سے نسبت
نہین اور چہرہ ایسا نورانی و روشن کہ آفتاب و روز کو کچھ مناسبت نہین اور آنکھین ایسی پیاری
گویا دو چشمہ بہشت جاری اور ایک رخسار پر خال گویا اختر بے زوال اگر صورت اُنکی بھوکھا دیکھتا

سیر ہوجاتا اور جو بیگانہ دیکھتا تو یگانہ ہوجاتا حالانکہ اللہ تعالے نے یوسفؑ کو بھی خاک ہی سے بنایا تھا اعرابی اللہ کیا اچھا خالق ہی کہ آب وخاک سے ایسا جلوہ دکھاتا ہی اعرابی نے کہا یا رسول اللہ یہ کس طرح ہوا تب حضرت صلعم نے عبد اللہ ابن عمر سے جو کہ نہایت خوش آواز تھے فرمایا تو پڑہ ولقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین الی قولہ تعالے فتبارک اللہ احسن الخالقین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب یہ آیت تمام ہوئی تو اعرابی اسلام لایا اور آسمان کی طرف دیکھتا اور ہنستا اور ایسا متحیر تھا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی اس حالت سے تعجب ہوا تب حضرت جبرئیل نے عرض کیا یا رسول اللہ ابتک یہ اعرابی آپ کی بساط پر تھا اور اب بساط الٰہی پر ہی سو اس حال مین اعرابی نے جان بحق تسلیم کی اور حضرت صلے اللہ نے اسکا سر اپنی گود مین رکھ لیا حضرت جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ یوسف کا دیکھنا ہیبت الٰہی کا نمونہ ہی روایت ہی کہ ایکدن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سورہ یوسف پڑھتے تھے جب آیت نحن نقص علیک احسن القصص پر پہونچے تو ایک صحابی نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ خداوند کبریا نے اور کسی قصے کو احسن نہین کیا اسمین کیا حکمت ہی جو اسکو احسن فرمایا فرمایا کہ متکلم فصیح اور صاحب قصہ حسین ہی تب اور اصحاب بولے کہ اور پیغمبر کیا حسین نتھے فرمایا کہ حسین کیون نتھے لیکن مانند یوسف کیونکہ حضرت یوسف نمونہ بہشت تھے کہ انکو اللہ نے واسطے دکھلانے اپنی خلق کے دنیا مین بھیجا تھا تاکہ اُنکے دیکھنے سے تمام خلق جانے کہ بہشت مین مسلمانون کی ایسی ہی صورتین ہونگی تب صحابہ نے کہا کہ یا رسول اللہ حضرت یوسف نے ایسا کیا کام کیا جو ایسی صورت عنایت ہوئی فرمایا کہ یہ حسن تقسیم ازلی مین بلا سبب عنایت ہوا تھا فقط یہ خبر مدینہ منورہ مین فاش ہوئی اور عورتون مین اسکا چرچا ہوا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اسکی غیرت دامنگیر ہوئی جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم دولتخانہ مین جلوہ فرما ہوے تو حضرت عائشہ صدیقہ کو متغیر پاکے سبب پوچھا صدیقہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین نے یہ بات سنی ہی حضرت نے فرمایا کہ تو غمگین نہو مین یوسف سے احسن ہون کیونکہ یوسف کا حسن چہرے مین تھا کہ فتنہ ہوا اور موجب رنج وکلفت اور میرا حسن خوش خوئی اور خلق سے ہی کہ خلق اللہ کو بہت راحت ومسرت ہی چنانکہ میری شان مین ہی کہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور میری صفت ہی انک لعلے خلق عظیم یہی گفتگو ہورہی تھی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکے کہا یا رسول رب العالمین یہی مباحثہ اسوقت آپ کے نور اور یوسف مین آسمان پر درپیش تھا آخر کار حسن صورت ظاہری یوسف کیواسطے اور شجاعت وسخاوت وتقویت وہمت وحمیت وسیادت وشفاعت ودعوت واجابت وقناعت

و امانت و سکینت و خلت و محبت و شریعت و خلافت و صبر و شکر و خلق و تادیب و تکبیر و تہلیل و تسبیح و تحمید و سیف و جہاد و آیات مفصلات و کمالات منزلات و ازواج طاہرات و معراج و مقام محمود و حوض مورود و محبوبیت مطلقہ و اصطفاء مطلق و رویت الٰہی و قرب اتم و علم وسیع و عرفان اتم و قضا و فتویٰ و اجتہاد و احتساب و قرارت آپ کو عنایت ہوئی جب حضرت عائشہ صدیقہ نے یہ سنا تو انکی تسلی ہوئی مگر معراج کی حدیث مین کہ بخاری و مسلم نے روایت کی ہے صاف وارد ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ مین نے یوسف کو تیسرے آسمان پر دیکھا اور انکو حسن کا ایک حصہ ملا تھا پھر یوسف نے مجکو مرحبا کہا اور دعا خیر فرمائی اور براء ابن عازب سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ مین نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو شب ماہ مین ازار و ردا سرخ پہنے ہوے دیکھا سو مین ایک نظر حضرت کے چہرے مبارک پر کرتا تھا اور ایک چاند پر پس بخدا چمک حضرت کے چہرے کی روشنی چاند پر غالب تھی اور شیخ ابن حجر شرح شمائل ترمذی مین لکھتے ہین کہ جو محاسن ظاہرہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مین مجتمع ہوے تھے کبھو کسی انسان مین جمع نہین ہوے کیونکہ محاسن ظاہرہ محاسن باطنہ اور اخلاق کریمہ پر دلالت کرتے ہین اور کوئی شخص حضرت سے کاملتر نہین ع کہ معنی بود صورت خوب را ۞ اور علامہ قرطبی کہ اکابر محدثین مین ہین بعض علما سے نقل فرماتے ہین کہ تمام حسن حضرت کا اصحاب پر ظاہر نہین ہوا کیونکہ وہ لوگ طاقت دیدار کی نہ رکھتے تھے جس طرح خورشید کو قریب سے نہین دیکھ سکتے اور جو دیکھتا ہے تو آنکھین جھپک جاتی ہین اور دیکھ نہین سکتا اسی طرح حسن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کوئی بار نزدیک سے مشاہدہ نہ کرسکتا تھا ؎ این حسن چہ حسن ست نہ حد بشر ست این ۞ از جنس بشر نیست صفاے دگر ست این ۞ ای صبح سعادت ز جبین تو ہویدا ۞ این حسن چہ حسن ست تقدس و تعالیٰ ۞ اور ربیعہ بنت معوذ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ اگر دیکھتی مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تو دیکھتی آفتاب کو طلوع کرنے والا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقابل آفتاب کے کھڑے ہوتے تو نور آفتاب مغلوب و مضمحل ہوجاتا تھا اور حضرت عائشہ صدیقہ ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ زنان مصر نے یوسف علیہ السلام کے دیکھنے سے اپنے ہاتھ چھوری سے کاٹ ڈالے اگر حسن و جمال میرے محبوب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مشاہدہ کرتین تو اپنے دلون کو کاٹ ڈالتین اور یہ بھی پوشیدہ نہ رہے کہ اگرچہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ نصف حسن یوسف کو ملا ہے ولیکن حسن و جمال و ملاحت حضرت

حسن وجمال یوسف اور جمیع انبیا علیہم السلام سے زیادہ ہے ؎ حیران شدہ در حسن تو صد یوسف مصری ٭ تشنہ شدہ ز لعل لب تو چشمۂ حیوان ٭ اور یہ تو پر ظاہر ہے کہ حسن و جمال جمیع انبیا شکوہ جمال حضرت سے مقتبس ہے پس حضرت گویا آفتاب ہین اور جمیع انبیا گویا ستارے اور جو ابو ہریرہ سے حدیث معراج مین روایت ہے کہ حضرت فرماتے ہین مین نے دیکھا یوسف کو کہ فضیلت دیے گئے ہین آدمیون پر از روے حسن کے مانند لیلۃ القمر کے قسطلانی فرماتے ہین کہ مراد آدمیون سے غیر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہین کیونکہ انس رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ فرمایا حضرت نے کوئی نبی مبعوث نہین ہوا مگر خوبصورت اور خوش آواز و نبیکم احسن وجہا و احسن صوتا اور جو مسلم کی روایت مین ہے کہ ناگاہ یوسف نظر آئے اور انکو دیا تھا پارہ حسن سے سو مراد اسی پارہ حسن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور شیخ ابوالحسن اشعری فرماتے ہین کہ بہتر نعماء بہشت رویت الٰہی ہے بعد اسکے رویت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ؎ بے جمالت حشمت فردوس ہمچون دوزخ ست ٭ با جمالت آتش دوزخ ز جنت خوشتر ست دوسرے نسب کہ سواے حضرت یوسف علیہ السلام کے کسی پیغمبر کی تین پشتین برابر نبی نہین ہوئین لہذا حضرت یوسف اسی خط پر لکھتے تھے من یوسف صدیق اللہ ابن یعقوب اسرائیل اللہ ابن اسحاق نبی اللہ ابن ابراہیم خلیل اللہ تیسرے محنت و مشقت و مصیبت کہ اور پیغمبرون کو فقر مین ہوئین اور حضرت یوسف کو عین بادشاہت مین تھی حضرت یوسف نے چالیس برس تک مصر مین ظاہر نہین فرمایا کہ مین یعقوب پیغمبر کا بیٹا ہون اور شب و روز روتے رہے فائدہ مخفی نرہے کہ اس قصہ کا سبب نزول کلام اللہ مین یہ ہوا کہ نضر ابن حارث قریشی کافر عدو رسول بڑا مالدار تھا اسنے عجمیون کے قصے اور حکایتین خرید کرکے عربی مین ترجمہ کیے اور مکہ معظمہ مین قصہ گوئی کرنے لگا اور قریش جمع ہو کے سننے لگے تب اس مردود نے یہ اختیار کیا کہ بعد قصہ گوئی قریش سے پوچھتا کہ مین اچھے قصے کہتا ہون یا محمد صلے اللہ علیہ وسلم اسکے جواب مین وہ جاہل بیدینیک کہتے کہ تو اچھے قصہ گوئی کرتا ہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کچھ بھی نہین کہتے ہین سو اول اس کافر مردود کے حق مین بقول بعض مفسرین سورۂ لقمان مین یہ ارشاد ہوا کہ ومن الناس من یشتری لھو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ بغیر علم ویتخذھا ھزوا اولئک لھم عذاب مھین یعنے اور ایک لوگ ہین کہ خریدار ہین کھیل کی باتون کے تاکہ گمراہ کرین اللہ کی راہ سے بن سمجھے اور ٹھہراوین اسکو ہنسی جو ہین انکو ذلت کی مار ہے اور جب کہ مقولہ مکر اس کافر کا مشہور ہوا تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جناب الٰہی مین گلہ کیا ارشاد ہوا کہ نحن نقص علیک احسن القصص یہ ارشاد الٰہی جواب ہے اس کافر کے کلام کا کہ انا احسن حدیثا ام محمد اور بعض

مفسرین نے لکھا ہی کہ قریش نے یہود سے مشورہ کیا کہ ایسی کوئی بات تجویز کرکے نکالو تو آزمایش کے طور پر محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھین جسکا جواب نہ آوے یہود نے کہا محمد سے جاکے دریافت کرو کہ ابراہیم پیغمبر علیہ السلام کا وطن تو شام مین تھا پھر انکی اولاد بنی اسرائیل مصر مین کس طرح آئی جو موسی پیغمبر فرعون سے جھگڑے تب یہ سورۃ حضرت پر نازل ہوئی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت یعقوب اور یوسف علیہما السلام کا قصہ صحیح و درست راست بے کم و کاست بیان کیا اور بعض کہتے ہین کہ یہ قصہ اسلیے نازل ہوا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو آگاہ کردین کہ اگر تمھاری قوم حسد کرے اور برا کہے تو کچھ خیال نکرو اسلیے کہ یوسف کے بھائیون نے یوسف پر ایسا حسد کیا کہ کنوئین مین ڈال دیا اور حضرت خداوند جل شانہ نے حضرت یوسف کو بادشاہی اور نبوت عطا فرمائی اور بعضون نے کہا ہی کہ یہودیون نے کہا کہ ہمنے یوسف علیہ السلام کا قصہ توریت مین پڑھا ہی اگر محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم بھی بیان کرین تو ایمان لاوین حضرت نے فرمایا کہ کلام الٰہی اللہ تعالے اسی رات کو حضرت جبرئیل نے سارا قصہ یوسف کا حضرت کو سنایا تو آپ نے صبح کو یہود کے سامنے بیان کیا اور بعضے کہتے ہین کہ پوچھنے والے اس قصے کے گنہگار تائب لوگ تھے کہ انھون نے حضرت سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ہمارے گناہون گذشتہ پر کیا نوبت ہماری ہوگی ہم سخت متردد و حیران ہین اور توبہ کر چکے ہین اسپر قصہ یوسف علیہ السلام نازل ہوا اور وحی ہوئی کہ اس قصے کو تم انھین پر پڑھو اور سمجھا دو کہ دیکھو حضرت یوسف نے اپنے بھائیون کے واسطے بعد توبہ و ندامت کے آمرزش چاہی کہ قبول ہوئی اسی طرح اللہ تعالی تمکو بھی توبہ و ندامت سے بخشیگا مین کہتا ہون کہ یوسف اور انکے بھائیون کے قصے مین نشانیان ہین پوچھنے والون کو کما قال اللہ تعالی

لقد کان فی یوسف واخوتہ آیات للسائلین مثلاً اگر کوئی بلا کشیدہ فراق رسیدہ بھی اس قصے کو پڑھے تو اسکو بڑی تسکین ہوگی اور جو کوئی قیدی اپنے حال پر نظر کرکے اسکو دیکھے تو اسکو تشفی ہوگی اور جو کوئی محتاج بے مایہ اسپر لحاظ کرے تو اسکو بھی جاے اطمینان ہی اور جو کوئی حاسدون کے ہاتھ سے تنگ ہو اسکو بھی رنج کرنا نچاہیے کہ بھائیون نے حسد کیا ہی اور قریش کو یہ نشان ملا کہ انھون نے بھائی کا حسد کیا اور اطاعت قبول نہ کی اسی کی طرف محتاج ہوے اور جو ہمین وطن سے نکالا وہین عروج ہوا کہ اکثر قریش کی جان گئی اور یہود بھی حسد ہی سے خراب و برباد ہوے اور آجتک ذلیل و خوار ہین **فائدہ** چونکہ اکثر امور حضرت یوسف علیہ السلام کے ابتدا سے انتہا تک خواب مین ہوے ہین اسلیے حقیقت خواب کی بیان کرنا واجب ہوا مخفی نرہے کہ اللہ جل شانہ نے جوہر نفس کو

بیان حقیقت خواب

یہ رتبہ عطا کیا ہی کہ لوح محفوظ دیکھ سکتا ہی اور آسمان پر جا سکتا ہی مگر بسبب موانع و عوائق بیداری مین مجبور ہی اور اس ادراک سے قاصر ہی اور جب خواب مین یہ موانع کہ منجملہ اُنکے اعلے تدبیر بدن ہی زائل ہوے تو نفس کو قوت اُس ادراک کی بہم پہونچی پھر جب نفس کسی حال پر مطلع ہوا اگر صورت اُسکی بعینہ خیال مین قائم ہی تو حاجت تعبیر نہین اور تاویل کی ضرورت نہین اور اگر آثار اُس ادراک کے خیال مین نازل ہو گئے تو تعبیر و تاویل سے چارہ نہین پھر اس صورت مین بھی اگر آثار ادراک روحانی کے منتظم ہین تو معبر کو انتقال تخیلات حقائق رسانی سے حاصل ہوتا ہی اور جو اضطراب و اختلاط نے دخل کیا ہی تو انتقال مشکل سے ہاتھ آتا ہی اور اسی کا نام اضغاث احلام ہی اور سبب اختلاط کا یہ ہوتا ہی کہ فساد قوی بدنیہ سے قوت متخیلہ مین پریشانی پڑ جاتی ہی کذا قال مولانا نظام الدین نیشاپوری فی تفسیرہ اور حضرات صوفیہ علیہم الرحمۃ فرماتے ہین کہ مابین عالم اجسام و ارواح کے ایک برزخ ہی کہ اُسمین ہر ایک چیز کی صورت شبیہ با جسام من حیث المقداریۃ اور شبیہ بارواح من حیث النورانیۃ موجود ہین اُسی کو عالم مثال و خیال منفصل و ارض حقیقت بولتے ہین اور حکماء اشراق اقلیم ثامن و مثل معلقہ اور مولانا سعد الدین شرح مقاصد مین تھوڑے فرقین سے نقل فرماتے ہین کہ ہر موجود کی ایک مثال ہی قائم بذات خود اور معلق لا فی المادۃ والمحل کہ اُسکو حس باعانت مظہر مشاہدہ کرتی ہی مانند آئینہ و خیال اور یہ عالم وسیع و لا انتہا ہی امر فعل و انفعال مین اس عالم کے مانند ہی مگر عجائب و غرائب سے پر ہی ذوجابقا و جابلصا اُسکے دو شہر ہین کہ ایک ایک مین ہزار ہزار دروازے ہین اور جو کچھ کہ خواب مین یا بیداری مین بحالت لحوق مرض و غلبۂ خوف خیال مین آتا ہی اور خارج مین موجود نہین ہی اسی عالم سے ہوتا ہی علے ہذا القیاس متعدد مکانون مین جانا اور مسافت دور و دراز کا طی کرنا اسی عالم سے ہی اور حسین میبذی فواتح مین فرماتے ہین کہ مثال مقید کہ خیال ہی نمونہ مثال مطلق ہی جس طرح ذرہ و آفتاب و جدول و دریا پس ہرگاہ کہ سالک اپنے سلوک مین مثال مطلق مین پہونچے تو جو کچھ مشاہدہ کرے حق و صواب ہی کیونکہ یہ عالم مطابق حق ہی اور جو امر خیال مین آتا ہی کبھی صواب ہوتا ہی کبھی خطا اور اسباب صوابدید کے یہ ہین اول توجہ تام بخدا و عالم ارواح دوم راستی و طہارت و اعراض اغراض دنیوی اور علائق بدنیہ سے سوم اعتدال مزاج و قیام بطاعات و عبادات و دوام وضو اور یہ تینون شرائط کاملین مین پائی جاتی ہین لہذا یہ طائفہ بیداری مین بھی عالم مثال کو دیکھتا ہی اور کبھی عوام کو یہ بھی ہوتا ہی کہ جو کچھ پیشتر از خواب دیکھتے ہین مثال اُسکے خواب مین نظر آتی ہی اور انکار امر رویا تعنت و مکابرہ ہی اور اس سے انکار آیات و احادیث لازم آتا ہی صحیح بخاری مین انس ابن مالک سے روایت ہی کہ خواب آدمی نیک کا ایک جزو ہی چھیالیس اجزاء نبوت سے اور حضرت عائشہ رضی اللہ

عنہا سے صحیح بخاری مین مروی ہی کہ اول آثار وحی مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم رویا صالحہ دیکھتے تھے
حدیث صحیح مین وارد ہی کہ رویاء صالحہ خدا کی طرف سے ہی سو جو کوئی تم مین سے اچھی خواب دیکھے اُسکو
کسی سے نہ کہے اور جب بُرے خواب دیکھے تو تھک تھکا وے بائین طرف اور کہے اعوذ باللہ من الشیطان
الرجیم من شر ما رایت اُور یہ بھی حدیث مین وارد ہی کہ خواب نہ بیان کرے مگر اپنے دوست سے
یا عاقل سے بیان کرے پوشیدہ نرہے کہ ارباب رویا کے کئی گروہ ہین اول انبیا علیہم السلام اُنکے
خواب بہت راست ہوتے ہین اور بعض مین حاجت تعبیر پڑجاتی ہی دوم صلحا کہ اکثر رویا اُنکے بھی سچے
ہوتے ہین اور کبھی غلط بھی ہوجاتے ہین سوم مستور الحال کہ صدق وکذب اُنکے خوابون مین برابر
ہوتا ہی چوتھے فساق کہ صدق اُنکے خوابون مین کم ہوتا ہی پانچوین کفار کہ صدق اُنکے خواب مین نادر ہی
صحیح مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہی کہ خواب اُس آدمی کا سچ ہوتا ہی جو سچا ہو اور ابوسعید خدری سے مروی ہی
کہ خواب صبح سچا ہوتا ہی اور امام جعفر صادق سے مروی ہی کہ جلد تر رویا تعبیر مین خواب قیلولہ ہین اور محمد
ابن سیرین کہتے ہین کہ خواب روز مانند شب ہی اور عورت مثل مرد ہی القصہ حضرت یوسف نے پہلا خواب
دیکھا کہ مجکو لوگ گھسیٹتے ہین اور پانی مجھسے لیکے مشک مین بھرتے ہین اور مین کہتا ہون کہ واسفاہ
اور زمین مجکو اپنی طرف کھینچتی اور جگہ دیتی ہی جب بیدار ہوے تو یہی خواب حضرت یعقوب سے
بیان کیا کہ اُنکو سُنکر رنج ہوا پھر ایک روز اپنی بہن کے ساتھ کھیلتے کھیلتے سوگئے تو خواب
دیکھا کہ بھائیون کے ساتھ جنگل مین گیا وہان جاکے سب نے لکڑیون کے گٹھے باندھے
سو اورون کے ستارے سیاہ ہین اور میرا روشن اس عرصہ مین ایک شخص آیا اُسنے
مجھے سلام علیک کیا اور بولا ای یوسف مین اسلیے آیا ہون کہ لکڑیون کے بوجھ وزن
کرون اور دیکھون کہ کون اسمین سے وزن مین زیادہ ہی سو میرا بوجھ ایک پلے
مین رکھا اور ایک بھائی کا دوسرے مین میرے بھائی کا بوجھ زیادہ ہوا اور میرا
کم پھر اُسنے اور بوجھ بھی وزن کیے بعد اسکے جاگے تو یہ بھی خواب حضرت یعقوب
علیہ السلام سے بیان کیا اُنکو اس خواب کے سُننے سے بھی رنج ہوا پھر دوسرے
برس ایک روز حضرت یوسف علیہ السلام آرام مین تھے اور حضرت یعقوب علیہ السلام
بھی مع اپنے اور لڑکون کے اُنکے پاس بیٹھے تھے کہ یکایک حضرت یوسف ع
چونک پڑے کہتے ہوے کہ میری لکڑی سیدھی لکڑی حضرت یعقوب نے فرمایا
کیا ہی حضرت یوسف ع نے عرض کیا کہ ایک آدمی سفید گھوڑے پر سوار آیا اور اُسنے

مجھسے کہا اپنی چھڑی مجکو دے سو مین نے حوالہ کی اُسنے لکڑی کو زمین میں گاڑ دیا اور سب
بھائیون نے بھی اپنی اپنی لکڑیان اُسی طرح گاڑین میری لکڑی بڑھی کہ آسمان تک پہونچ گئی
اور نہایت سرسبز ہوئی اور ایسی پھیلی کہ ایک شاخ اُسکی مغرب کو اور دوسری مشرق کو
گئی اور جڑ اُسکی چارون طرف پھیل گئی تب مین نے اُس سوار سے پوچھا کہ یہ کیا ہی
اُسنے جواب دیا کہ یہ طرفین شہرون کی ہین جسکا تو بادشاہ ہوگا اور تیرا ملک وہان تک
پہونچیگا اور سب رہنے والے وہان کے تیرے غلام ہونگے بعد اُسکے اُس لکڑی مین
پھل لگے کہ سب آدمی اُسسے توڑ کے کھانے لگے اور جو لکڑیان میرے بھائیون نے
بوئی تھین جیسی تھین ویسی ہی رہین نہ بڑھین نہ گھٹین سو مین اِس سبب سے لکڑی لکڑی
کرکے پکارا حضرت یعقوب نے اِس خواب سے دریافت کیا کہ انکو مرتبہ عظیم ہوگا
اور دل مین بہت ہی خوش ہوئے لیکن اَور بھائی سنکر حسد مین گرفتار ہوئے
آور [illegible] ہلاکت پڑے یہان تک کہ ایک مرتبہ بعضے کہتے ہین دن تھا اور بعضے
کہتے ہین روز پنجشنبہ شب لیلۃ القدر تھی کہ حضرت یوسف علیہ السلام بارہ برس کی
عمر مین بروایت ابن عباسؓ اور موافق تحقیق مؤلف اخبار الدول سات برس کی عمر
مین حسب معمول کنار پدر مین آرام کرتے تھے یکایک پریشان ہوکر چونک پڑے حضرت
یعقوب نے پوچھا کیا ہی بولے کہ مین نے معاملہ عجیب دیکھا کہ مین ایک پہاڑ پر
کھڑا ہون اور میرے گرد نہرین جاری اور باغ لگا ہی اتنے مین آسمان سے
گیارہ ستارے اور آفتاب و ماہتاب نے اُترکے میرا سجدہ کیا یہ سُنکر حضرت
یعقوب نے دریافت کیا کہ اسکو بہت بڑا مرتبہ نصیب ہوگا اور گیارہ ستارے اسکے
بھائی ہین اور آفتاب باپ اور ماہتاب اسکی خالہ ہی سو یہ سب اسکو سجدہ کرینگے لیکن
حضرت یعقوب کو سخت تشویش ہوئی اِس سبب سے اگر یہ واقعہ اسکے بھائیون پر
ظاہر ہوگا تو دشمن جانی ہو جائینگے لہذا از روے شفقت فرمایا کہ لاتقصص رویاک
علے اخوتک فیکیدوا لک کیدا ان الشیطان للانسان عدو مبین یعنے مت بیان کر
خواب اپنا اپنے بھائیون سے کہ وہ بناوینگے کچھ فریب اسواسطے کہ شیطان انسان کا
صریح دشمن ہی یعنے یہ مردود حسد ڈالنے پر مستعد رہتا ہی اور اسکے ساتھ ہی فرمایا
وکذلک یجتبیک ربک ویعلمک من تاویل الاحادیث ویتم نعمتہ علیک وعلی آل یعقوب

کما اتمہا علی ابویک من قبل ابراہیم و اسحاق ان ربک علیم حکیم یعنے اسی طرح نوازیگا تجکو تیرا رب اور سکھاویگا تجکو خوابون کی تعبیر اور پورا کریگا اپنا انعام تجپر اور یعقوب کے گھر پر جیسا پورا کیا ہی ابراہیم اور اسحاق پر ہر آئینہ تیرا رب ہی خبردار حکمت والا فائدہ نوازش اللہ کی حضرت یعقوب نے سجدہ سے جانی اور تعبیر خوابون کی رسائی ذہن سے کیونکہ چھوٹی عمر مین ایسا خواب موزون دیکھا اور بسبب ہضم نفس کے اپنا نام نہین لیا صرف ابراہیم اسحاق کا نام لیا اور مراد اتمام نعمت سے ابراہیم پر خلت ہی و بقولے نجات آتش نمرود سے اور اسحاق پر نجات ذبح سے و بقولے ظہور یعقوب و اسباط صاب اسحاق علیہ السلام سے کذا فی المعالم حضرت امام غزالی اپنی تفسیر مین فرماتے ہین کہ حضرت یوسف نے یہ خواب دن کو دیکھا تھا اور اسوقت کیفیت یہ تھی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف کا سر اپنے زانو پر رکھے تھے اور چہرہ مبارک پر نظر کرکے فکر کرتے تھے کہ یہ چہرہ اچھا ہی یا آفتاب اور ماہتاب کہ دفعتہ حضرت یوسف علیہ السلام بیدار ہوے اور عرض کیا کہ میری صورت سے آفتاب و ماہتاب کو کیا نسبت ہی مین نے تو انکو اپنا سجدہ کرتے ہوے آج دیکھا ہی اور جو بعض عوام کہتے ہین کہ دن کا خواب صحیح نہین ہوتا محض غلط ہی حضرت امام فخر الاسلام فرماتے ہین کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا انی رایت احد عشر کوکبا والشمس والقمر رایتہم لی ساجدین تو حضرت یعقوب علیہ السلام بہت روئے حضرت یوسف نے کہا یہ بات خوشی کی ہی نہ رنج و ملال کی حضرت یعقوب نے فرمایا کہ جسنے ایسا کلمہ کہا وہ محنت و مشقت مین پڑا ہے سو وہ راحت کس کام کی جسکے بعد غم ہو اصحاب اشارات فرماتے ہین کہ جسنے انا اور لی اور عندی اور نحن کہا دام محنت و مشقت مین پھنسا دیکھو ملائکہ نے نحن نسبح کہا بلا مین پڑے ابلیس نے انا خیر منہ کہا ملعون ابدی ہوا قارون نے عندی خزائن اللہ کہا سارا خزانہ جاتا رہا فقیر ہوگیا فرعون نے لی کہا غرق کیا گیا تنبیہ اس آیت سے واضح ہوا کہ صاحب اسرار کو اغیار سے اپنا سر کہنا درست نہین کیونکہ حضرت یعقوب نے بھائیون تک بھی پوشیدگی کا امر فرمایا یہ جائے اجنبی فائدہ سعید ابن منصور و ابی یعلے و بیہقی جابر ابن عبد اللہ سے روایت کرتے ہین کہ ایک

ع
نقل از انتخاب تفریح ملاحظہ
حضرت یوسف علیہ السلام
...

یہودی نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ جو گیارہ ستارے یوسف نے
دیکھے اُنکا نام کیا ہی حضرت نے سکوت کیا دفعتہً حضرت جبرئیل نے تعلیم کی فرمایا
جربان طارق ذیال قابس مصبح فروح ذوالکتفین فرغ نیلق وثاب عمودان
کذا فی نظم الجواہر و ثواقب التنزیل اور اسی روایت مین ہی کہ آفتاب ماہتاب آسمان سے
نازل ہوئے اور سجدہ کیا یہودی نے کہا کہ یہی نام اُنکے ہین اور مسلمان ہوا **تنبیہ**
حضرت یوسف نے اپنے بھائیون کو کوکب سے نسبت دی نجم سے نسبت
نہ دی اسکا سبب یہ تھا کہ نجم اُس ستارہ کو کہتے ہین جسکو طلوع اور ہبوط ہو
اور کوکب بالعکس ہی سو حضرت یوسف کے بھائیون نے گو کہ جور و ظلم حد سے
زیادہ کیا لیکن علاقہ برادری سے باہر نہین ہوئے بلکہ حضرت یوسف نے
خود فرمایا کہ جور و ستم سے نسبت برادری منقطع نہین ہوتی **تنبیہ** عبد اللہ
ابن عباس فرماتے ہین کہ دو چیزین عجیب خالق لایزال نے پیدا کی ہین ایک
دانائی دوسرے خوبروئی اول فرشتون کو دی اور حضرت آدم کو مسجود اُنکا بنایا
اور دوسری ستارون کو عنایت کی اور حضرت یوسف کو اُنکا کعبہ گردانا القصہ
جب یوسف نے خواب کہا اور یعقوب نے تعبیر کہی تو حضرت یوسف کی خالہ یعنے
والدۂ شمعون نے چھپکر تعبیر و خواب دونون سُنے جب رات کو صاحبزادے
حضرت یعقوب کے گھر آئے تو شمعون کی مان نے یہ احوال کہا اور طعنہ دیا
یا اپنے لڑکون کی عورتون سے تذکرہ کیا اُنھون نے اپنے شوہرون سے بیان کیا
اور حسد کر بولین کہ مشقت و محنت ساری تمھارے واسطے ہی اور راحت و
نعمت یوسف کے واسطے اُسی وقت سے بھائیون کو حسد پیدا ہوا کہ درپی اہلاک
ہوئے اور پہلے اِس تدبیر مین پڑے کہ یوسف علیہ السلام سے خواب کا
حال پوچھین چنانچہ ایک دن اپنے ساتھ سیر کو لیچلے راہ مین کہا کہ ہم تجکو
سب سے زیادہ پیار کرتے ہین اور باپ بھی تجکو بہت چاہتا ہی سچ بتلاؤ تو نے
کیا خواب دیکھا اب حضرت یوسف گھبرائے کہ اگر کہتا ہون تو باپ کے
خلاف ہوتا ہی اور جو نہین کہتا ہون تو جھوٹھا ہوتا ہون اور جھوٹھ میری
شان صدیقیت سے بعید ہی جب حضرت یوسف نے زیادہ تامل کیا تو

بھائیون نے کہا ای یوسف بحق آبا و کرام ابراہیم و اسحق و یعقوب علیہم السلام اپنے خواب سے ہمکو مطلع کرنا چار جو کچھ دیکھا تھا بیان کیا تب تو بھائیون کو حسد نے ایسا کر دیا کہ دشمن جانی ہو گئے اور بیخواب و بیقرار رہنے لگے اور اس فکر و تردد مین پڑے کہ کسی طرح یوسف کو یعقوب سے جدا کرین یہ تو معاملہ واقع ہو چکا تھا کہ بعد ایک سال کے پھر حضرت یوسف نے یہ خواب دیکھا کہ میری انگلیون سے آب زلال ٹپکتا ہی بعد اُسکے وہی پانی ہوا ہو کر بھائیون کے سر پر برسنے لگا یہ بھی خواب حضرت یعقوب نے سُنا اور دریافت فرمایا کہ نشان قحط کا ہی کہ اُس حالت مین حضرت یوسف دریائے پنج شاخۂ دست احسان سے بھائیون کو سیراب کرینگے مگر تاویل اِس خواب کی موقوف رکھی اور حضرت یوسف سے فرمایا کہ اِسکو بھائیون سے نہ بیان کریو مگر بھائیون کو خبر ہو گئی کہ در پی ہلاکت و غربت ہو گئے اور حسد نے یہ زور پکڑا کہ کوئی بات اپنی دانست مین اُٹھا نہین رکھی **فائدہ** یہ صفت حسد کی ایسی ہی کہ اِسکی مذمت اور قباحت مین آیات اور احادیث کثرت سے وارد ہوئی ہین چنانچہ سورۂ بقر مین ہی ودّ کثیر مین اہل الکتاب لو یردونکم من بعد ایمانکم کفارا حسدا من عند انفسکم من بعد ما تبین لہم الحق یعنی دل چاہتا ہی بہت کتاب والون کا کہ تمکو کسی طرح پھیر کر بعد ایمان کے کافر کر دین بسبب حسد کے اپنی اندر سے بعد اسکے کہ کھل چکا اُنپر حق اور حدیث صحیح ہی الحسد یاکل الحسنات کما تاکل النار الحطب یعنی حسد نیکیون کو کھا لیتا ہی جس طرح آگ لکڑی کو کھا لیتی ہی اور یہ بھی حدیث مین آیا ہی کہ بنی آدم خدا کی نعمتون کے دشمن ہین جب حضرت نے یہ فرمایا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کون ایسا شقی ہوگا جو نعمت خدا کا دشمن ہوگا فرمایا کہ وہ لوگ جو حاسد ہین اور نعمت اور فضل ایزدی کو مکروہ جانتے ہین اور اشد قبح اس خصلت ذمیمہ کا یہ ہی کہ علما اور صلحا مین زیادہ ہی اس باعث سے کہ یہ لوگ بہ نسبت جہلا کے قدر نعمت خوب جانتے ہین پس ہر گاہ اپنے نفس مین وہ نعمت نہین پاتے تو دوسرے کو دیکھ کر متاذی ہوتے ہین اور حسد کرتے ہین لہذا اہل تجربہ فرماتے ہین کہ چھ فرقے بے حساب دوزخی ہونگے اُمرا ظلم سے اور عرب تعصب اور حمیت سے

دہقانون کبر و نخوت سے تاجر لوگ خیانت سے صحرائی اور پہاڑی جہالت سے اور علما
حسد سے اور غرض اس گوینده کی یہ ہی کہ یہ خصلتین ان فرقون مین مطرد اور
کثیر الوجود ہین کوئی شخص انمین سے کم خالی ہی الا ماشاء اللہ لیس حساب اور پیمین
احوال کی حاجت نہین اور یہی حدیث مین وارد ہی کہ الحاسد مشرک ولہ وزر المشرکین
لانہ جحد عطاء مولاہ یعنے حاسد مشرک ہی اور اسکیو اسطے مشرکون کا ثمرہ ہی کیونکہ
اُسنے انکار کیا بخشش خدا کو اور بھی حدیث مین وارد ہی کہ حاسد عیش کرتا ہی غمگین
اور مرتا ہی غمگین اسی طرح حدیث مین وارد ہی کہ حاسدون کو بوسے جنت نصیب نہوگی
اور قیامت کو بخشے نجائینگے اور ہمیشہ خلق کے نزدیک محتاج اور اللہ کے نزدیک
حقیر ہین اور بعض کتب بنی اسرائیل مین لکھا ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے
اپنے معراج روحانی مین سایۂ عرش کے نیچے ایک شخص کو دیکھا کہ تجلی ربانی سے
نہایت قریب ہی تو جناب الٰہی مین عرض کیا کہ یا الٰہی یہ کون شخص ہی اور کس عمل سے
اس مرتبہ کو پہونچا ہی ارشاد ہوا کہ نام اسکا تجکو نہ بتلایا جائیگا لیکن تین چیزین
اسکے اعمال سے مقبول درگاہ ہوئی ہین کہ اسی سے یہ مرتبہ پہونچا ہی اول یہ کہ کسی
نعمت پر کسی سے حسد نہین کرتا تھا دوسری یہ کہ اپنے ماں باپ کی اطاعت کرتا تھا
تیسری یہ کہ چغل خوری اور سخن چینی سے مجتنب تھا اور عبد اللہ ابن عون کہتے ہین
کہ ایک روز مین فضیل ابن مہلب کی مجلس مین گیا اور یہ فضیل اُس عرصہ مین
واسطے کا صوبہ دار تھا سو اُسنے بطور نصیحت کہا کہ خبردار تکبر نکرنا کہ اول
گناہ عالم مین یہی ہی اور ابلیس اسی سبب سے ملعون ابدی ہوا ہی ابیٰ واستکبر
وکان من الکافرین اسی طرح حرص اور طمع سے پرہیز رکھنا کہ اسی نے حضرت
آدم کو بہشت سے نکال کر محنت سرا سے دنیا مین ڈالا ہی اور حسد سے بہت دور
رہنا کہ اسی ذمیمہ نے ہابیل ابن آدم کو قابیل کے ہاتھ سے مروا ڈالا ہی
عبد اللہ ابن عمر فرماتے ہین کہ حسد کسی پر بیجا ہے کیونکہ اگر وہ محسود بہشتی ہی
تو مال اور منال اور جاہ اور جلال اور اولاد اور احفاد مقابلہ اس نعمت کے
محض بے حقیقت ہین جب بہشت ہی عنایت ہوئی تو یہ بھی مرحمت ہوا اُس پر
حسد کیا ہی اور جو وہ شخص دوزخی ہی تو بھی حسد کرنا فضول ہی کیونکہ مآل ان نعمتون کا

دوزخ ہی اہل علم فرماتے ہین کہ حسد کے چار مرتبہ ہین اول یہ کہ زوال نعمت کسی سے چاہے گو وہ نعمت اسکو حاصل ہنو پس یہ مرتبہ اعلیٰ ہی کہ مسلمان صالح کے حق مین ایسا حسد گناہ کبیرہ ہی اور کافر کے حق مین مباح دوسرا یہ کہ انتقال اس نعمت کا اپنی طرف چاہے مثلاً کسی کا باغ مجھے ملجاے یا کسی کی عورت خوبصورت مجکو ملجاے یا کسی کی ریاست مجھے حاصل ہو تو اسمین حصول نعمت مقصود بالذات ہی اور زوال اسکا دوسرے سے مقصود بالتبع پس یہ قسم بھی مسلمان کے حق مین حرام ہی تیسرا زوال نعمت تو نہین چاہتا الا جب اس نعمت کی تحصیل سے عاجز ہی تو آرزو کرتا ہی کہ یہ نعمت دوسرے کے پاس بھی نہ رہے پس یہ بھی ممنوع ہی چوتھا یہ کہ حصول اس نعمت کا اپنے واسطے چاہے لیکن زوال اسکا غیر سے خیال مین بھی نہین اسکو غبطہ کہتے ہین سو یہ مرتبہ اگر امور دینیہ مین ہو جیسے ایمان اور نماز اور زکوٰۃ اور انفاق فی سبیل اللہ اور تعلیم اور تعلم اور ارشاد اور ولایت تو محمود ہی بلکہ بعض اوقات واجب بھی ہوجاتا ہی وفی ذلک فلیتنافس المتنافسون یعنے اسپر چاہین رغبت کرین رغبت کرنے والے اور صحیحین مین وارد ہی کہ لاحسد الا فی اثنتین رجل آتاہ اللہ مالاً فانفقہ فی سبیل اللہ ورجل آتاہ اللہ علماً فہو یعمل ویعلم الناس یعنے دو شخصون مین حسد نہین ہی ایک وہ آدمی جسکو اللہ نے مال دیا اور اسنے خدا کی راہ مین صرف کیا اور ایک وہ آدمی جسکو اللہ نے علم دیا اور اسنے اسپر عمل کیا اور لوگون کو سکھلایا اور اسی طرح عبداللہ ابن مسعود سے مشکوٰۃ مین روایت ہی کہ لاحسد الا فی الاثنتین رجل آتاہ اللہ مالاً فسلطہ علی ہلکتہ فی الحق ورجل آتاہ اللہ الحکمۃ فہو یقضی بہا ویعلمہا یعنے نہین حسد ہی مگر دو کے حق مین یعنے اگر ہوتا حسد بہتر تو دو آدمیون مین ہوتا ایک وہ شخص جسکو اللہ نے مال دیا اور مسلط کیا اسکو اسکے صرف پر کہ اطاعت الٰہی اور فرمودۂ خدا مین خرچ کرے اور نامرضیات مین صرف کرنے سے محترز رہے اور ایک وہ جسکو اللہ نے حکمت اور علم دین اور شریعت دیا پس اسنے عمل کیا ہی درمیان آدمیون کے اور سکھلایا ہی اور اکثر روایات مین الا فی اثنتین بتاء تانیث بھی وارد ہی یعنے حسد نہین ہی مگر دو خصلتون مین ایک مال دوسرا علم اور یہ حدیث باب العلم مشکوٰۃ مین موجود ہی متفق علیہ اور عند التفتیش اسباب حسد کے سات معلوم ہوتے ہین اول عداوت اور بغض کیونکہ آدمی مجبول ہی اس امر پر کہ جب اسکو کسی کی طرف سے ایذا پہونچتی ہی تو بالطبع اسکو دل مین دشمن رکھتا ہی اور دمبدم چاہتا ہی کہ اس سے کسی طرح انتقام کرے پس جب قدرت نہین پاتا تو یہ چاہتا ہی کہ گردش زمانہ

اُس سے انتقام لے اور اُسکا جان اور مال تلف ہوجاے چنانچہ اللہ صاحب حاسدان
کنذائی کی شان مین فرماتے ہین ان تمسسکم حسنۃ تسوءہم وان تصبکم سیئۃ یفرحوا بہا یعنے اگر
پہونچے تو لوگون کو بھلائی کہین یہ اللہ کی طرف سے اور اگر پہونچے تجھکو کچھ برائی تو اُس سے
بہت خوش ہون اور بھی حسد باعث تنازع اور سبب تقاتل پڑجاتا ہی دوسرا تکبر اور
تعزز کہ اپنے ہم چشم کو منصب اعلے اور مرتبۂ اقصے پر دیکھ نہین سکتا اور یہ خواہش رکھتا ہی
کہ یہ مرتبہ اور یہ منصب اُس سے کسی طرح زائل ہوجائے تاکہ مین اور وہ برابر ہوجاؤن اور
اسی حسد سے کافر کہتے تھے لولا نزل ہذا القرآن علی رجل من القریتین عظیم یعنی کیون
نہ اُترا یہ قرآن کسی بڑے مرد پر ان دو بستیون کے یعنے مکے اور طائف کے سردارون پر
تیسرا یہ کہ یہ شخص دائما اپنے ہمچشمون سے خدمت لیتا رہا ہو اور یہ استخدام اور استتباع
بدون زوال نعمت کے اَوْرون سے صورت پذیر نہین ہی پس ناگزیر زوال نعمت چاہتا ہی
جس طرح کافر لوگ مسلمانون سے کہتے تھے کہ اہولاء من اللہ علیہم من بیننا آیا یہ وہ ہین
کہ احسان کیا اللہ نے اُنپر ہم مین سے چوتھا تعجب اس بات کا کہ یہ شخص لائق اُس
نعمت کے نہ تھا اور اسکو مل گئی سو یہ تعجب باعث ہوتا ہی کہ اگر یہ نعمت اس سے زائل
ہوجائے تو تعجب رفع ہووے جس طرح سے کافر پیغمبرون کے حق مین کہتے ہین
او عجبتم ان جاءکم ذکر من ربکم علی رجل منکم لینذرکم کیا تمکو تعجب ہوا کہ آئی تمکو نصیحت تمہارے
رب کی ایک مرد کے ہاتھ تمہارے بیچ مین سے کہ تمکو ڈراوے پانچوان بعض مقاصد کے
فوت ہوجانے کے خوف سے کوئی شخص آرزو کرتا ہی کہ یہ نعمت اُس سے زائل ہوجائے
جس طرح ایک صناع کو دوسرے سے یا ایک شوہر کی عورتون کو آپسمین ہوتا ہی یا ایک
مسجد کے واعظون کو یا ایک شہر کے طبیبون کو باہم ہوا کرتا ہی چھٹوان حب ریاست
متقاضی ہوتا ہی کہ اَوْر کی ریاست نرہے کیونکہ بے نظیر اور متفرد ہونا کمال مین ہر آدمی کی
خواہش جبلی ہی گو کہ یہ بات اصلا حاصل نہین ہوتی بلکہ تفرد بکمالات خاصہ ذات کبریا ہی
جل شانہ ساتوان خساست نفس اور بخل بیجد کہ فیضان الٰہی اور نعماے باری مشاہدہ
کرکے بالطبع ملول ہوتا ہی اور مصیبت اور بدحالی ملاحظہ کرکے خوشدل اور مسرور ہوتا
حسد بدترین انواع مین ہی والعیاذ باللہ من الکل اور جب یہ چند چیزین اسباب سے مجتمع
ہوئین تو حسد کو ترقی ہوئی جس طرح یہود مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور اتباع آنحضرت کی

نسبت کئی سبب ان اسباب سے جمع ہوئے تھے کہ اسی جہت سے انکا حسد جوہر نفس مین راسخ ہوگیا تھا اور بعض انہین سے حضرت یوسف کے بھائیون مین مجتمع تھے کہ باعث عداوت واقع ہوے اور یہ حسد مرض عالمگیر ہی کم کوئی آدمی اس سے خالی ہی بلکہ حدیث شریف مین وارد ہی وما منا احد الا ویحسد یعنے نہین ہی ہم مین سے کوئی شخص مگر حسد کرتا ہی اور علاج اس مرض روحانی کے دو نسخے ہین ایک علم دوسرا عمل لیکن علم دو قسم ہی ایک اجمالی دوسرا تفصیلی اجمالی یہ ہی کہ ہر ایک چیز قضا اور قدر پر چھوڑے اور اس عقیدہ کو بخوبی مستحضر رکھے کہ ماشاء اللہ کان ومالم یشا لم یکن اور یہ سمجھ لے کہ مکروہ جاننا کسی کا اور خواہش کسی کی دفع تقدیر مین کارگر نہین ہوتی اور تفصیلی یہ ہی کہ حسد کو ایمان کی آنکھ کا خاشاک جانے کیونکہ حسد موجب کراہت حکم الٰہی اور نارضامندی تقسیم باری کا ہی اور اپنے برادران نوعی کی بدخواہی اسکا لازمہ ہی اور عذاب دائمی اور رنج مستمر اور وسواس خاطر اور تکدر حواس اسکا خاصہ ہی سوا اسکے کہ محسود کو کسی طرح کا ضرر دنیا یا دین کا پہونچتا ہو اسواسطے کہ دنیا مین سبب حسد کے نعمت نہین زائل ہوتی اور دین مین تو کسی طرح کا نقصان ہی نہین آتا بلکہ اجر عظیم ہوتا ہی اور محسود مظلوم شمار کیا جاتا ہی اور حاسد ظالم اور حدیث مین آیا ہی کہ ظالم کی حیات پر مظلوم کو قدرت تصرف آخرت مین دینگے اور حکما واسطے تفہیم ضرر حاسد کے ایک مثال بیان کرتے ہین حقیقت مین یہ بات انکی درست ہی وہ یہ ہی کہ حاسد مثل اوس کے ہی کہ دشمن پر پتھر پھینکے اور وہ پتھر دشمن کے نہ لگے بلکہ پھر کے اسکی ایک آنکھ پھوڑ دے تسپر بھی یہ سفیہ پھر پتھر مارے کہ دوسری آنکھ بھی پھوٹ جائے علیٰ ہذا القیاس یہ احمق مارتا جاوے اور دشمن محفوظ رہے اسی مارنے والے کو ضرر پہونچے اور تماشائی اسکی حرکات پوچ دیکھکر ہنستے رہین پس یہ سب وبال حسد کا تو دنیا مین ہی اور عذاب آخرت اس سے بھی اشد ہی لیکن عمل پس طریق اسکا یہ ہی کہ محسود کی نسبت ایسے فعل کرے کہ جو مقتضاے حسد کے مخالف ہون مثلاً اگر حسد بدگوئی کا باعث ہو تو مقام بدگوئی مین مدح شروع کرے اور اگر باعث تکبر ہو اس مقام مین تواضع اختیار کرے اور فروتنی سے پیش آوے یہانتک کہ محسود رفتہ رفتہ محبوب ہوجاوے اور از خود حسد زائل ہو کیونکہ محبت مادہ حسد کی قاطع ہی اور اس مقام پر ایک بات اور جاننا چاہیے وہ یہ ہی کہ حاسد کے دل کو ایک نفرت محسود سے ہوتی ہی اور یہ نفرت وہ چیز ہی کہ مقدور بشری سے خارج ہی پس اس نفرت پر عقاب اور عذاب بھی نہین ہوتا لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا یعنے اللہ تکلیف نہین دیتا ہی کسی شخص کو مگر

جو اُسکی گنجائش ہی اور تکلیف شرع اِس نفرت سے متوجہ نہین بلکہ حاسد مکلف ہی اِسپر کہ
اِس نفرت کو مکروہ سمجھے اور در پے ازالہ ہو اور اُسکے ارتکاب سے بتکلف باز رہے تا بتدریج
یہ تکلف طبعی ہوجا سے تین برادران یوسف کو دوسری قسم کا حسد تھا یعنے انتقال محبت
حضرت یعقوب علیہ السلام کی اپنی طرف چاہتے تھے کہ اُسکا ثمرہ دنیا مین یہ ہوا کہ حضرت
یوسف علیہ السلام کے محتاج ہوسے اور انھین کی شفاعت سے آخرت کے عذاب سے
محفوظ رہے اور تائب ہوسے **فائدہ** اِس قصہ مین اہل خرد کو عبرت آتی ہی کہ حضرت
یوسف علیہ السلام با وصف اُس محبت کے جو حضرت یعقوب کو اُنکے ساتھ تھی تھوڑے
خلاف مین چالیس برس تک خدمت پدری سے دور پڑ گئے اور خلاف اسقدر ہوا تھا
کہ خواب بھائیون سے کہدیا پس معلوم ہوا کہ جس کام کو باپ منع کرے اُسکے خلاف مین
ایسی بلا آتی ہی اور جس بات کو اللہ اور رسول منع فرما دے اُسکے کرنے مین اُنسے دور
پڑجاتا ہی **فائدہ** کیا وجہ تھی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کو
بہ نسبت اور لڑکون کے زیادہ چاہتے تھے بعضے کہتے ہین کہ وقت موت کی راحیل نے
وصیت کی تھی کہ یوسف کو بہت پیار سے رکھیو ایسا نہو کہ اُسکے بھائی تکلیف دین اور
حال اُنکی مرگ کا یہ ہوا کہ بنیامین پیدا ہوسے اور درد نہ گیا تب وفات پائی اور
وجہ تسمیہ بنیامین کی یہی ہی کیونکہ یامین سریانی مین دردزہ کو کہتے ہین اور بعضے
کہتے ہین کہ یوسف علیہ السلام چھوٹے تھے اور دستور ہی کہ چھوٹے لڑکے کو آدمی
دوست رکھتا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی خوابون سے حضرت
یعقوب علیہ السلام نے عظمت شان اُنکی بخوبی دریافت کی تھی اِس باعث سے دوست
رکھتے تھے اور بعض اہل تحقیق کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نہایت حسین تھے
اور طبع انسانی مقتضی ہی اِس امر کی کہ رویت حسین سے خوش ہو کیونکہ حسن صورت
نشان ہی عنایت احسن الخالقین کا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی حسین کو
دیکھتے خوش ہوتے تھے اور حدیث مین وارد ہی النظر الی حسان الوجوہ عبادۃ اور کتاب
ادراق کے نزدیک محبت کے واسطے کچھ سبب درکار نہین نہ حسن صورت کو اُسمین دخل ہی
نہ وصیت کو اثر اور نہ صغر سنی پر کچھ نظر بلکہ یہ سب مؤید محبت الٰہیہ ہین اور بعضے کہتے ہین
کہ ایک دن حضرت یعقوب علیہ السلام مراقبہ مین بیٹھے ہوسے اِس انتظار مین تھے

کہ دیکھوں آفتاب جمال محبوب حقیقی کس روزنہ سے تابان ہوتا ہی اور کوکب وصال مطلوب اصلی کس مطلع سے طلوع کرتا ہی ناگاہ حسن جمال حقیقی آئینہ کمال یوسفی سے طالع ہوا کہ حضرت یعقوب شیفتہ و فریفتہ ہو گئے و ہذا اقرب الے الصواب ایکدن حضرت شیخ سری سقطی قدس سرہ کو یہ خدشہ دل مین پیدا ہوا کہ درجہ انبیا کا اولیا سے مقدم ہی اور جملہ اولیاء اللہ اس بات پر متفق ہین کہ جسکو عشق خدا ہوتا ہی اُسکے دل مین غیر کی گنجایش نہین ہوتی پھر باوصف اس مرتبہ نبوت اور قرب منزلت کے حضرت یعقوب کس طرح فریفتہ حسن یوسف ہوے کہ اُسکا شور پڑ گیا حضرت سری سقطی فرماتے ہین کہ اسی تردد مین سو گیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام خواب مین نظر آئے مین نے اُنسے یہ اشکال اپنا نقل کیا حضرت یعقوب نے فرمایا کہ ای سری یہ ایک سر ہی اسکو کسی سے بیان نہ کر اور زبان ملامت بند کر اور دل کی آنکھ کھول کر مشاہدہ کر تو معلوم ہو کہ اس مقام مین گنجایش ملامت نہین ہی مین نے آنکھ کھولی تو جمال یوسفی مجھپر منکشوف ہوا قسم ہی عزت اور جلال خداوندی کی جو اُس ایک نظر مین حقائق غیبیہ مجھپر منکشوف ہوے اصلا خلوات متعاقبہ اور طی مقامات متعالیہ سے حاصل نہوے اور غایت بیخودی سے مین نے نعرہ مارا اور بیہوش ہو گیا اور سیزدہ شبانہ روز بیخبر رہا بعد اُسکے ہوش مین آیا تو ایک آواز آتی تھی کہ یہ سزا ہی اُسکی جو عاشقان درگاہ کو ملامت کرے پس اس بیان سے ظاہر ہوا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام آثار تجلیات ربانی لوح پیشانی یوسف علیہ السلام مین مشاہدہ کرتے تھے گویا معانی پوشیدہ فتبارک اللہ احسن الخالقین جبین نور آگین یوسف علیہ السلام مین مشروح تھے اور ابواب مغلقہ خلق اللہ آدم علی صورتہ جمال حضرت یوسف مین مفتوح تھے ؎ بشگفت بوستان رازش + گلہاے حقیقت از مجازش + چشمہ ز شگاف سنگ جوشید + دریا شد و سنگ را بپوشید + عاشق کہ ز مہر دوست کاہد + مہ گو بیدو روے دوست خواہد + فائدہ حکما اور عقلا ماہیت عشق اور محبت مین متزلزل ہین فلاطون کہتا ہی کہ عشق ایک مرض ہی شبیہ بمالیخولیا کہ لوندا ور بیکار کو بسبب کثرت اخلاط اور اختلاط امارد و نساکے عارض ہو جاتا ہی اور جالینوس لکھتا ہی کہ عشق ماخوذ ہی عشقہ سے اور عشقہ ایک گھاس ہوتی ہی کہ جب درخت سے لپٹ جاتی ہی تو وہ درخت خشک ہو جاتا ہی سو یہ مرض وسواسی ہی کہ جسم مریض کو لاغر کر دیتا ہی اور

ارسطاطالیس بھی اسی کے قریب قریب بیان کرتا ہی لیکن اتنا زیادہ کہتا ہی کہ عشق عبارت ہی استغراق سے خیال حسن و شمائل مین اور یہی سبب ہی کہ عاشق ادراک عیوب معشوق سے اندھا ہوجاتا ہی اور فرزانگان اہل وجد اور دیوانگان وادی تجلی فرماتے ہین کہ عشق ایک کیفیت ہی وجدانی جس طرح درد کہ بجز اہل درد دوسرا نہین جانتا یا ایک حالت ہی نفسانی جس طرح غم اور سرور کہ دوسرا شخص اسکے ادراک سے قاصر ہی اور جو کچھ بیان مین آجاتا ہی وہ احکام اور عوارض عشق ہین نہ ماہیت و حقیقت ؎ عشق را ہرگز ندانند ہیچکس + عشق را ہم عاشقان دانند و بس + اور عشق دو قسم ہی ایک حیوانی کہ اسکو جسمانی بھی کہتے ہین منشا اسکا افراط شہوت جماعیہ اور غلبۂ اخلاط بدن ہی اور یہ قسم از قسم رزائل ہی دوسرے نفسانی کہ اسکو روحانی بھی کہتے ہین منشاء اسکا تناسب روحانیات اور شرافت نفسانیات ہی سو یہ قسم از قسم فضائل ہی ملا جلال دوانی فرماتے ہین کہ طبائع لطیفہ کو شمائل جمیلہ سے بحکم الجنس یمیل الی الجنس ایک طرح کا میلان ہوتا ہی پھر جسقدر اعتدال مزاج الطف اور اشرف ہی میلان خاطر بھی زیادہ ہی سو حضرت یعقوب علیہ السلام کو حضرت یوسف سے اسی طرح کی محبت تھی اور حضرت امام غزالی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ عشق بہیمی اور نفسانی مین تفرقہ بہت مشکل ہی تھوڑی بات مین دونون ایک ہوجاتے ہین لیکن اہل تحقیق کہتے ہین کہ عشق نفسانی مین حرکات اور کلمات پر زیادہ تر میلان ہوتا ہی اور اعضا پر بہت کم کیونکہ نفس کا میلان جانب روحانیات جسمانیات سے بہت ہی دوسرے یہ کہ عشق حیوانی کو ثبات اور قرار نہین بخلاف عشق نفسانی کہ یہ غائلہ زوال سے مصئون اور محفوظ ہی ؎ عشقے کہ نہ عشق جاودانی ست + بازیچۂ شہوت جوانی ست + عشق آن باشد کہ کم نگردد + تا باشد ازان قدم نگردد + تنبیہ حضرت یوسف کے بھائیون نے کسی طرح سے جانا تھا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام انکو بہت پیار کرتے ہین ایک تو حضرت اسحاق علیہ السلام کے کمربند سے اور حال اسکا بروایت صحیحہ یہ ہی کہ حضرت اسحاق علیہ السلام کا ایک پٹکہ حضرت یعقوب کی بہن کو جو ایک برس انسے بڑی تھین میراث مین پہونچا تھا اور اُس کمربند کی بڑی تعظیم تھی اسلیے حضرت یعقوب کی بہن اسکو نہایت عزیز رکھتین بلکہ اس سبب سے کنعانی انکی بھی توقیر اور تعظیم کیا کرتے اور جب کوئی بیمار ہوتا اُسی پٹکے کے چھوتے اچھا ہوجاتا جب راحیل نے وفات پائی تو حضرت یعقوب کی بہن نے کہا کہ اس لڑکے کو مین پرورش کرونگی

حضرت یعقوب نے کہا کہ مجکو اسکی جدائی مین آرام کہان تب یہ قرار پایا کہ دن کو پھوپھی کے پاس رات کو حضرت یعقوب کے پاس رہتے غرض کہ یوسف کو اپنے گھر لے گئین اور پرورش کرنے لگین جب حضرت یوسف علیہ السلام فی الجملہ ہوشیار ہوے تو حضرت یعقوب نے مانگا انکو مفارقت یوسف ناگوار تھی انھون نے یہ حیلہ کیا کہ رخصت کے وقت وہی پٹکہ انکی کمر سے باندھ دیا اور کپڑون سے چھپا کے دن مین رخصت کر دیا اور اُس دین مین یہ حکم تھا کہ چور سال بھر مالک مال کے پاس بطور سزا رہے غرض حضرت یوسف اپنے باپ کے گھر آئے آپکی پھوپھی بھی پیچھے سے گھبرائی ہوئین تشریف لائین اور کہنے لگین کہ اسحاق کا کمربند نہین ملتا ہے آخر تلاش کرتے کرتے یوسف کی کمر مین نکلا اب حضرت یعقوب نے مجبور ہو کے سال بھر کے واسطے پھر یوسف کو اُنکے سپرد کیا کہ رات دن انھین کے پاس رہنے لگے اور حضرت یعقوب ہر روزہ دیکھ آیا کرتے جب انکا انتقال ہوا تو حضرت یوسف باپ کے پاس آئے اور وہ پٹکہ حضرت یعقوب کو ملا انھون نے عید کے دن حضرت یوسف کی کمر سے باندھا دوسرے عصا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اُسکا حال یہ ہوا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیون کے ہاتھ مین چھڑیان دیکھین تو کہنے لگے اے باپ مجکو بھی ایک عصا عنایت ہو چنانچہ وہ عصا عنایت کیا جسکو حضرت جبرئیل علیہ السلام بہشت سے لائے تھے اور حضرت ابراہیم نے حضرت اسحاق کو بعد ازان حضرت یعقوب کو میراث مین پہونچا تھا تیسرے پیراہن ابراہیم علیہ السلام سے اُسکا یہ حال ہوا کہ سب لڑکون نے عید مین کپڑے پہنے حضرت یوسف علیہ السلام نے حضرت یعقوب سے عرض کیا کہ مجکو بھی کپڑے پنہائیے آپ نے وہ کرتا بہشتی پہنایا یہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے وقت القاء نار حضرت ابراہیم کو پنہایا تھا اور حضرت ابراہیم نے اسمعیل علیہ السلام کے گلے مین ذبح کے وقت ڈالا تھا جب کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے پیراہن خلیل آوردہ جبرئیل منسوبہ رب جلیل پہنا اور کمربند اسحاق بنظر استحقاق کمر سے باندھا اور عصاے ابراہیم علیہ سلام اللہ الکریم بدست مبارک مین لیا ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ عجب زیب و زینت ہوگئی اور بھائیون نے جانا کہ یوسف کو ہمارے باپ بہت پیار کرتے ہین اسی طرح اور بھی علامات و اسباب محبت روز بروز ظاہر ہوتے جاتے تھے یہان تک کہ خواب یوسف اور تعبیر پدر سے کمال قوت ہوئی تو اب حسد نے اوڑایا فکر مین پڑے کہ کسی طرح یوسف کو باپ سے علیحدہ کرین ابلیس مردود ایک بوڑھے آدمی کی صورت بنکر آیا اور بولا کہ اے فرزندان یعقوب

یوسف تمکو اپنا غلام بناویگا یہ بولے ای شیخ پھر ہم کیا کرین اُسنے کہا اقتلوا یوسف اواطرحوہ ارضا یخل لکم وجہ ابیکم وتکونوا من بعدہ قوما صالحین یعنے مار ڈالو یوسف کو یا پھینک دو کسی ملک مین کہ اکیلا رہے تب تمپر توجہ ہو تمہارے باپ کی اور ہو رہو اسکے پیچھے نیک لوگ غرض یہ کر توبہ کرکے اچھے ہوجائیو بعضے کہتے ہین کہ کہنے والا اس قول کا شمعون تھا اور بقولے دان اور بقولے روبیل وہو الصحیح یعنے قایل یہ تھا اور سب بھائی راضی تھے لہذا سب بھائی آمر بالقتل ہوے خدا نے صیغہ جمع فرمایا الغرض یہ کلام سنکر بقول صاحب معالم یہودا نے کہ سب مین فطین اور صاحب الراے اور قوی تر تھا اور حضرت یوسف سے محبت رکھتا تھا کہا لاتقتلوا یوسف والقوہ فی غیابت الجب یلتقطہ بعض السیارۃ ان کنتم فاعلین یعنے مت مارو یوسف کو اور پھینک دو گمنام کنوئین مین کہ اُٹھا لیجاے اُسکو کوئی مسافر اگر تم کرنے والے ہو وبقول قتادہ قایل اس قول کا روبیل تھا کیونکہ وہ خالہ زاد بھائی بھی تھا اور عمر مین سب سے بڑا اور عقلمند تھا لیکن صحیح یہ ہے کہ یہودا نے منع کیا اور کہا کہ قتل گناہ عظیم ہے ڈال دو اسکو کنوئین مین کذا فی المعالم اور غیابت لغت مین اُس چیز کو کہتے ہین جو نظر سے پوشیدہ کرے اور مراد غیابت جب سے قعر چاہ ہے کہ جو چیز اسمین گرے نظر سے پوشیدہ ہوجاے اور فایدہ غیابت کا یہ ہے کہ اگر القوہ فی الجب فرماتے تو احتمال ہوسکتا تھا کہ ایسے موضع مین مواضع چاہ سے ڈالین جسمین نظر سے غائب نہو اور جب غیابت الجب فرمایا تو اس قید سے معلوم ہوا کہ قعر چاہ تاریک مین ڈالین کہ نظر بھی نہ آوے اور لام الجب کا واسطے عہد کے ہے یعنے وہ چاہ معین جو انکو معلوم تھا اہل عرفان فرماتے ہین کہ یہ مثال ہے گنہگار کی بروز قیامت کہ حق سبحانہ تعالے فرماوینگے کہ ای مالک خازن دوزخ یہ بندہ میرا گناہ کے سبب سے مستوجب عذاب ہوگیا ہے سو اسکو داغ بیزاری اور مفارقت پروردگاری سے عقوبت نکر چاہ دوزخ مین ڈال دے کہ کاروان انبیا و اولیا اور علما و شہدا اُس چاہ پر ہوکر گذرین اور شفاعت کرکے نکالین کہ مین گناہ بخشون اور نجات دون عبد اللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ جب یوسف کے بھائیون نے اپنے ذہن مین ٹھہرالیا کہ ہمارے باپ یوسف کو بہت چاہتے ہین تب یہ قصد کیا کہ یوسف کو باپ سے مانگین اور جنگل مین لیجاکے کسی کنوئین مین ڈالدین چنانچہ ایک روز رات کو جنگل سے پھر کر آئے اور حضرت یعقوب علیہ السلام سے کہنے لگے کہ یوسف کو کیا لڑکیون کی طرح گھر مین بٹھلائے رکھتے ہو ہمارے ساتھ جنگل مین بھیجا کرو کہ باہر نکلنے کی عادت ہو روایت ہے کہ ہفتہ مین ایک روز حضرت یعقوب علیہ السلام خلوت مین رہتے تھے اور اُس حالت مین کوئی شخص اُنکے پاس نہین جاتا تھا

مگر یوسف علیہ السلام اُس روز یہ سب لڑکے جنگل سے آکے سب بے محابا باعین خلوت مین چلے گئے تب حضرت یعقوب نے پوچھا آج کیا ہی بولے کہ ہمارے دل مین یہ آتا ہی کہ آپ یوسف کو بھی ہمارے ساتھ جنگل مین بھیجا کریئے کیونکہ یہ لڑکا ہی اور لڑکون کا جی کھیل کود سے زیادہ خوش رہتا ہی اور آپ کسواسطے نہین جانے دیتے ہین ہم تو اُسے تمھارے برابر پیار کرتے ہین اور جو یہ خیال ہو کہ جا بیجا ہو جائیگا تو ہم اُسکے نگہبان رہینگے اور نصیحت کرتے رہینگے بڑے شرم کی بات ہی کہ اکثر لوگ کہا کرتے ہین کہ یعقوب نے یوسف اور بنیامین کو لڑکیون کی طرح گھر مین بٹھلا رکھا ہی باہر نہین نکلنے دیتے ہین مگر اِس تقریر دلفریب سے بھی حضرت یعقوب نے نہ مانا کہ شرمندہ ہوے بعد اُسکے پھر ایک دن جنگل مین بیٹھے ہوے حضرت یوسف کے مار ڈالنے کی فکر کر رہے تھے اور تدبیر سوچتے تھے کہ اُسوقت مردود ابلیس آدمی کی صورت پر پھر ظاہر ہوا اور بولا کہ ای فرزندان یعقوب تم کیون تفکر مین ہو اپنا حال تو کہو اُنھون نے بیان کیا تب اُس ملعون نے کہا کہ جلدی مت کرو ایام بہار جب شروع ہون اور جنگل سبزہ و ریاحین سے شاداب ہو اور آدمیون کی طبع سیر پر مائل ہو تب یوسف کے باب مین اپنے باپ سے کہو تو البتہ مطلب حاصل ہو سکتا ہی اور نہین تو نہین غرض اُس صلاح کو پسند کر کے ایام بہار تک توقف کیا جب وہ دن آئے تو ایک روز آپسمین مشورت کر کے رات کو حضرت یعقوب کے پاس حاضر ہوے اور کہنے لگے کہ اب فصل بہاری ہی اور سبزہ و ریاحین جا بجا جنگل مین اُگے ہین اگر یوسف کو ہمارے ساتھ جانے دیجیے تو یہ بھی وہان خوشی مین کھیلے کودے حضرت یعقوب نے فرمایا کہ مین یوسف کی جدائی مین صبر نہین کر سکتا ناگزیر پھر آئے اور مجبور ہو کے حضرت یوسف علیہ السلام کو گانٹھا کہ

مصرع
گل دو سہ روز ست غنیمت دارید ❊ کہ دگر نوبت تاراج خزان خواہد بود ❊

یہ تو لڑکے ناواقف تھے دم مین دم بازون کے آگئے اور کھیل کی طرف نہایت مائل ہوے اور بولے کہ کل ہم بھی تمھارے ساتھ چلینگے بھائیون نے کہا باپ سے اجازت لے لو کیونکہ ہمارا کہنا نہ مانینگے بلکہ منع کرینگے الغرض یہان تک آمادہ کیا کہ حضرت یوسف اجازت مانگنے حضرت یعقوب کے پاس گئے اور عرض کیا

مصرع
زین تنگنائے خلوتم خاطر بصحرا می کشد ❊ کز بوستان باد سحر خوش میدہد پیغام را ❊

اور بکمال اصرار اجازت چاہی حضرت یعقوب علیہ السلام سخت متحیر ہوے کہ اگر اجازت دیتا ہون تو میرا مطلب فوت ہوتا ہی اور نہین تو محبوب کی دل شکنی ہوتی ہی اسی خیال ہی مین تھے کہ لڑکون نے موقع پا کے عرض کیا کہ ای باپ ہمارے کیا ہی کہ تم اعتبار

نہین کرتا ہمارا یوسف پر ہم تو اسکے خیرخواہ ہین ارسلہ معنا غداً یرتع ویلعب وانا لہ لحافظون یعنے بہیج دے اسکو ہمارے ساتھ کل کہ میوے کہاوے اور کہیلے اور ہم اسکے نگہبان رہینگے رتع بمعنی فراخی در صحرا اور بولا جاتا ہے رتع فلان فی مالہ جب صرف کرے اسکو اپنی شہوات مین بطریق تنعم وتنشط ولعب اس کلام مین کئی خطائین ہوئین اول تو امر کرنا باپ کو ایسی بات کا جسمین انکو رنج ہو دوسرے لفظ معنا کہ دلیل نخوت ہے تیسری یلعب کہ پیغمبر زادون سے بعید ہے چوتھی لفظ انا کہ جبارون کا کلام ہے پانچوین حافظون حالانکہ حافظ سب کا خدا ہے چھٹوین فرد اپر اعتماد کرنا ساتوین آخر کلام مین انشاء اللہ نہ کہنا ولا تقولن لشیٔ انی فاعل ذالک غدا الا ان یشاء اللہ اور سب خطائین حضرت یعقوب کو معلوم ہوگئی تھین لیکن الطاف پدری سے پوشیدہ رکھکر فرمایا کہ انی لیحزننی ان تذہبوا بہ یعنے مجکو غم پڑتا ہے اس سے کہ لیجاؤ اسکو کیونکہ اول تو مفارقت یوسف مجپر شاق ہے کہ مین ہرگز صبر نہین کرسکتا دوسرے اخاف ان یاکلہ الذئب وانتم عنہ غافلون یعنے ڈرتا ہون کہ کہا جاوے اسکو بھیڑیا اور تم اس سے بیخبر رہو اسواسطے کہ اس زمین مین بھیڑیے بہت ہوتے ہین مباد اکوئی بھیڑیا اسکا ارادہ کرے اور تم تماشا دیکھتے رہو یا اسکی محافظت مین اہتمام نہ کرسکو ٭ ازان ترسم کہ در غفلت نشینید ٭ ز غفلت صورت حالش نہ بینید ٭ درین دیرینہ دشت محنت انگیز ٭ کہن گرگے برو دندان کند تیز ٭ یہ تو حضرت یعقوب کو بہانہ کرنا تھا اسی وقت سے انکے دل مین کھٹکا ہوگیا بعضے اہل تحقیق کہتے ہین کہ اللہ نے حضرت یعقوب کو مطلع کردیا تھا کہ یوسف محفوظ رہیگا مگر بہانہ کردیا تاکہ یہ لوگ اصرار کرین اور یہ بہانہ زیادہ تر موجب حرص واقع ہوا کہ الانسان حریص علی ما منع غرض اس کلام کے جواب مین لڑکون نے کہا لئن اکلہ الذئب ونحن عصبۃ انا اذا لخاسرون یعنے اگر کہا گیا اسکو بھیڑیا اور ہم یہ جماعت ہین قوی تر تو ہم نے سب کچھ گنوایا یعنی غنیمت آیا خلاصہ یہ کہ اگر ایسا ہو تو ہم گنہگار ہین جب حضرت یعقوب نے بیٹون کا مبالغہ دیکھا اور حضرت یوسف کا دل سیر اور تماشے سے مائل پایا تب اپنے صدمہ دلی کو گوارا کرکے راضی بقضا ہوے اور یوسف علیہ السلام کو اپنے ہاتھون سے نہلایا اور بالون مین کنگھی کرکے کپڑے پہنائے یعنے ایک جامہ صوف سفید کا جسم مبارک پر پہنایا اور عمامہ وپٹکا حضرت اسحاق سر وکمر سے باندہا اور چادر حضرت شعیب کی کندھون پر ڈالی اور نعلین حضرت آدم صفی اللہ کی پاے مبارک مین پہنائین اور ایک عصا جو حضرت جبرئیل خاص حضرت آدم کے واسطے لائے تھے ہاتھ مین دیا اور حضرت ابراہیم

علیہ السلام کے پیراہن لطیف بہشتی کو تعویذ کر کے بازوے لطیف پر باندھا اور فرمایا کہ ای یوسف
میرے باپ نے ایک دن مجھسے کہا تھا کہ تیرے ایک لڑکا بصورت آدم اور حکمت خلیل اور بکا نوح
پیدا ہوگا اور اسکو اسمعیل کی سی غربت نصیب ہوگی اور تجکو اسکی مفارقت میں بڑا رنج ہوگا لہذا
یہ تعویذ باندھے دیتا ہون کہ شاید مدت تک تجکو نہ دیکھون ای یوسف کسی حال مین خدا کو نہ بھولنا
اور کسی بلا مین سواے اسکے کسی سے پناہ نہ مانگنا اور ہمیشہ یہ پڑھنا حسبی اللہ ونعم الوکیل ساتھ
حضرت ابراہیم پڑھا کرتے تھے اور بذات خود شجرۃ الوداع تک کہ دروازہ کنعان پر تھا تشریف لے گئے
اور حضرت یوسف علیہ السلام کو گود مین لیکر بہت روئے اور رخصت فرمایا ؎ روز وداع گریہ نہ در خورد
دیدہ بود ٭ طوفان اشک تا بگریبان رسیدہ بود ٭ حضرت یوسف علیہ السلام بھی باپ کو روتے
دیکھ کر روئے اور عرض کیا کہ سبب اس رونے کا کیا ہے فرمایا کہ ای یوسف تیرے جانے سے مین
بہت غمگین و حزین ہون معلوم نہین کہ انجام اسکا کیا ہے بار بار تاکید کیے دیتا ہون کہ مجکو نہ بھولنا
کیونکہ مین تجکو نہ بھولونگا لا تنسانی فانی لا انساک ؎ فراموشی نہ شرط دوستان ست ٭ اور مین نے
ہنسنا حرام کیا ہے جبتک تجکو نہ دیکھون تو کبھی نہ ہنسنا اور لڑکون سے کہا جسقدر تم کرو گے قول
و فعل مین یوسف پر رحم کرینگے اور کسی طرح کی خشونت و درشتی نکرینگے اور جب کھانا پانی مانگے تو
اسکو دیجیو اور میرا حق جو تمپر ہے اسکے ساتھ اسکا لحاظ رکھیو اور اسکے رنج و راحت کو میرا ہی رنج و راحت
سمجھیو اسواسطے کہ یوسف میری راحت کا سبب ہے چنانچہ سب لڑکون نے تہ دل سے عرض کیا جو
آپ فرماتے ہین اسمین سر مو فرق نہ پڑیگا اور ایک ظرف مین زاد راہ بھر کر لاوی کے سپرد کیا اور
ایک مطہرہ مین پانی بھر کر شمعون کو دیا کہ یہ کھانا اور پانی یوسف کے واسطے ہے اور یہوذا سے کہا
کہ یوسف کو تیرے سپرد کرتا ہون اسکی محافظت مین بہت کوشش کرنا اور یہ ملاقات ہوئی دو گھڑی
چالیس قدم اور بھی چلے تاکہ محبت قلبی سے یہ لوگ آگاہ ہو جاوین الغرض روبیل نے حضرت یوسف کو
اپنے دوش پر اٹھا لیا اور کہا آپ خاطر جمع رکھیے ہم اپنی جان سے زیادہ اسکو عزیز رکھینگے جب
لیچلے تو حضرت یعقوب علیہ السلام اسی طرف دیکھتے رہے آثار مین وارد ہے کہ حضرت احدیت جل جلالہ نے
اسی وقت وحی بھیجی کہ ای یعقوب تو نے جانا کہ تجھ مین و یوسف مین مفارقت پڑ گئی یعقوب نے
عرض کیا کہ خداوندا مین نے نہین جانا ارشاد ہوا کہ تو بھیڑیے سے ڈرا اور مجھسے نہ ڈرا اور بھائیون کی
غفلت پر نظر ڈالی اور مجکو بھول گیا اور میرے سواے غیر کو محافظ سمجھا اور علامہ ترمذی نے اپنی
تصنیفات مین لکھا ہے کہ جس دن حضرت یوسف علیہ السلام نے حضرت یعقوب سے اجازت مانگی

تو حضرت یعقوب نے کمر باندھی اور عمامہ سجا اور عصا ہاتھ مین لیا اور یوسف علیہ السلام کا ہاتھ
پکڑ کے شجرۃ الوداع تک جہان سے مسافرون کو رخصت کرتے تھے تشریف لائے اور اندسے
توقف فرما کے حضرت یوسف کو گود مین لیا اور روئیل سے متوجہ ہو کے سفارش فرمائی کہ مین یوسف کو
تیرے سپرد کرتا ہون اسکو اچھی طرح رکھنا پیادہ پا نہ لیجانا نہین تو اسکے پیرون مین حرارت زمین سے
آبلے پڑ جائینگے اور آفتاب مین نہ جھلانا کہ رنگ بدن بدل جائیگا اور غصے سے نہ پکارنا کہ یہ لڑکا ہر
تھوڑی سی بات مین دل شکستہ و پراگندہ ہو گا سب لڑکون نے کہا اگر آپ باپ ہین تو ہم سب اسکے بھائی ہین
حضرت نے بارہ [12] تیرہ [13] برس آرام سے رکھا کیا ہم ایک دن بھی نہ رکھ سکینگے اور حضرت یوسف سے
فرمایا کہ ای جان پدر مجکو طاقت نہین ہی ورنہ مین تیرے ساتھ چلتا اب تو میری وصیت سن لے
اول یہ کہ اللہ کو کسی وقت اور کسی حال مین نہ بھولنا اور جو کچھ بلا آوے تو سوا اللہ کے کسی کے
دامن سے دست امید نہ لگانا اور التجا نہ کرنا دوسری یہ کہ پدر فراق رسیدہ کو فراموش نہ کرنا کہ
وہ بھی تجکو کسی وقت نہ بھولیگا بعد اسکے بہت روئے اور رخصت فرمایا اور بیہوش ہو گئے
نوادر القصص مین لکھا ہی کہ فرزندان یعقوب تھوڑی دور چلکر پلٹ آئے جب حضرت یعقوب کو ہوش آیا
تو دیکھا کہ یوسف علیہ السلام کھڑے ہوئے روتے ہین آہ سرد دل پر درد سے بھر کر بولے ہذا الحم
الفراق اور روے مبارک حضرت یوسف کا کندھے پر رکھ کر اتنا روئے کہ پیراہن مبارک از
آستین تا دامن تر ہو گیا بعد اسکے راضی بقضاے الٰہی ہو کر بھائیون کے ساتھ روانہ فرمایا اور
سر راہ تاکتے رہے یہانتک کہ یوسف علیہ السلام نظر سے غائب ہوئے تو روئیل نے اپنے
کندھے سے اتارا اور کہا اب اپنے پیرون چل ہم کہان تک ناز برداری کرین ناچار حضرت یوسف
علیہ السلام اپنے پیرون چلے تو یہ لوگ آگے بڑھ گئے حضرت یوسف نے آواز دی کہ تھوڑا ٹھہر جاؤ
کہ مین بھی تمھارے ساتھ ہو لون بولے ہم تو نہین ٹھہرتے پھر تھوڑا چلے جب بہت تھکے اور
پیرون مین آبلے پڑنے لگے فرمایا کہ براے خدا ذرا ٹھہرو اب مجھسے چلا نہین جاتا میرے پیرون مین
آبلے پڑ گئے ہین اسپر بھی کسی نے جواب نہ دیا اتنے مین ہواے گرم چلنے لگی اور حضرت یوسف
پیاسے ہوئے پھر پکارا کہ مین پیاسا ہون مجھے تھوڑا پانی عنایت کرو تسپر بھی کوئی نہ بولا آخر
تھک کر بیٹھ گئے اور رونے لگے تو انمین سے ایک شخص نے پلٹ کر ایک طمانچہ مارا اور کہا کب تک
تیری ناز برداری کرتے رہینگے تب حضرت یوسف نے فرمایا کہ ای بھائیو مین نے کیا قصور کیا ہی
جو تم مجھپر ظلم کرتے ہو بولے کہ تو اپنا قصور نہین جانتا ہی پھر حضرت یوسف علیہ السلام شمعون سے

پاس دوڑ کے آئے اور فرمایا کہ ای بھائی میں پیاس سے مرتا ہون شمعون نے پانی ندیا بلکہ وہ گھڑا
جسکو حضرت یعقوب علیہ السلام نے پانی و دودھ سے بھر دیا تھا زمین پر ڈال دیا اور کہا دور ہو
تو اپنے خواب والے ستارون سے پانی مانگ اور ابھی تو پیاس سے روتا ہی تھوڑی دیر میں بہت ہی
روئیگا کیونکہ ہم تیرے قتل کی فکر میں ہین اس کلام سے حضرت یوسف کی بھوک پیاس جاتی رہی
اور دعا مانگی کہ یا عالم الغیب والشہادۃ و یا غیاث المستغیثین اغثنی بعد اسکے فرمانے لگے کہ
ای روئیل تو میرا قریب و بزرگ ہی میری خردی اور پیر کنعان کی ضعیفی پر رحم کر اور مجکو پانی عنایت کر
روئیل نے بھی ایک طمانچہ مارا اور کچھ رحم نکیا پھر حضرت یوسف نے یہودا سے متوجہ ہو کے کہا کہ ای
یہودا تو عالم ہی اور بعد وفات پیر کنعان کے تو ہی جانشین ہی تو میری حفاظت مین سعی فرما اور
میری ضعیفی و پیر کنعان کی محبت کا خیال کر ۔ باری کنید کز دراو درگذشته ایم ۔ رحمی کنید
کز غم او زار مانده ایم ۔ تب یہودا کو رحم آیا کہ اسنے اپنے دامن حمایت مین چھپایا اور کہا
ای جان برادر جب تک میری جان باقی ہی تجکو مارنے نہ دونگا اس حالت مین حضرت یوسف نے
فرمایا کہ مین جانتا تھا کہ اہل بلا و محنت سے ہون اور میرے خاندان پر ہمیشہ غم رہا ہی مگر یہ
سمجھتا تھا کہ بیگانون سے رنج پہونچیگا بھائیون سے یہ گمان نہ تھا ۔ من از بیگانگان ہرگز
نہ نالم ۔ کہ بامن ہرچہ کرد آن آشنا کرد ۔ اور بھائی کہتے تھے کہ اب آفتاب و ماہتاب کہان گئے
اور گیارہ ستارے کس طرف ہین کہ تیری دستگیری نہین کرتے اور حضرت یوسف سنتے تھے
اور صبر کرتے تھے آخر کار یہودا کی حمایت دیکھ کر بولے کہ جو تیری صلاح ہو سو اسکے ساتھ
کرین یہودا نے کہا مصلحت یہ ہی کہ یوسف کو باپ کی خدمت مین جس طرح سے لائے ہو
پہونچاؤ اور مین ضامن ہوتا ہون کہ جو کچھ بدی تمنے اسکے ساتھ کی ہی ہرگز باپ سے نہ کہیگا
تب بولے تو اس سے چاہتا ہی کہ اس بات سے میری سرخروئی باپ کے سامنے ہو
تیرا کہنا ہم نہین مانتے تو چپکا رہ نہین تو ہم تجھے بھی مار ڈالینگے اور تو جانتا ہی کہ ہمکو یہ وقت
بہت مشکل سے ہاتھ لگا ہی اگر اب بھی ہم یوسف کے ساتھ کچھ ظلم نہ کرینگے تو کب کرینگے
ناگزیر یہودا ساکت ہوا لیکن یہ کہا کہ مارنا یوسف کا میری دانست مین کسی طرح بہتر نہین
اگر یونہین منظور ہی تو کنوئین مین ڈالدو کہ اسمین آخر مر جائیگا اسواسطے کہ بیگناہ کا
مارنا خصوص اپنے بھائی کا بڑا گناہ ہی اسپر کہنے لگے مضائقہ نہین پر تو اسکے پاس سے
الگ ہو جا یہودا نے کہا جب تک تم مجھسے عہد وثیق نکرلوگے ہرگز نہ ہٹونگا ناچار بنے

قسم کھائی کہ ہم جان سے نہ مارینگے تب یہودا نے اُٹھنے کا ارادہ کیا حضرت یوسف نے کہا کہ
تجکو بھی انھون نے باتون مین لگا لیا یہودا نے کہا مین مجبور ہون یہ لوگ میرے مارنے پر
مستعد ہوتے ہین اور اگر کنوئین مین ڈالینگے تو کیا عجب ہی کہ حافظ حقیقی تجکو سب بلاؤن سے
محفوظ رکھے اور شاید کوئی مسافر لیجاوے تب حضرت یوسف علیہ السلام رونے لگے ابن عباسؓ
فرماتے ہین کہ پہلے شمعون نے چھوری مارنے کو نکالی تو یوسف علیہ السلام روبیل کے دامن مین
جاکر چھپے روبیل نے اپنے پاس سے الگ کیا اور مارا اسی طرح سب بھائیون نے ظلم کیا تب
یوسف علیہ السلام ہنسے یہودا نے کہا یہ وقت ہنسنے کا نہین ہی فرمایا کہ اسوقت میرے
اور اللہ کے بیچ مین ایک سر ہی یہودا نے پوچھا کیا سر ہی ارشاد کیا کہ مین اپنے دل مین
کہتا تھا کہ میرے بھائی پہلوان و زور آور ہین کسی دشمن کو مجھپر دست رس نہوگا سو اللہ نے
مجکو ادب دیا اور تمکو مجھپر مسلط فرمایا یہ بات سُنکر یہودا کو بہت رحم آیا اور اُسنے اپنے
دامن مین چھپا لیا اور کہا تو خوف نکر تب اَور بھائی کہنے لگے کہ ای یہودا شاید تو اپنے
عہد سے پھر گیا ہی یہودا نے کہا جس عہد مین خدا کی رضامندی نہو وہ عہد قابل شکست ہی
اگر تم ارادہ قتل رکھتے ہو تو پہلے مجکو قتل کرو پھر یہ قرار پایا کہ کنوئین مین ڈالو غرض کہ شمعون نے
حضرت یوسف کا ہاتھ پکڑکے کھینچا اور کنارے کنوئین کے جو اُون مین تھا لیگئے اس حالت مین
حضرت یوسف فرماتے تھے اگر مجکو میرا باپ نہ دیکھیگا مرجائیگا سو اگر تمکو مجھپر رحم نہین آتا ہی
تو اس ضعیف بیچارے پر رحم کرو لیکن کسی نے التفات بھی نکیا اور کوئین مین لٹکایا تو کرتے کا
دامن ایک پتھر سے اولجھ گیا تب کرتا اُتار لیا اور ہاتھ پیر باندھے حضرت یوسف نے کہا کہ ای
بھائیو یہ کرتا مجکو عنایت کرو شاید اگر زندہ رہونگا تو اسی پر نماز پڑھونگا ورنہ میرا یہی کفن ہوگا
اور تم جانتے ہو کہ غریب کو امیر لوگ کپڑا دیتے ہین اور مین غریب ہون اور اچھے لوگ مُردے کو
کفن دیتے ہین اور مین مرنے والا ہون تب بولے کہ اپنے خواب والے ستارون سے کہہ کہ
پیراہن جنت سے لاکر پہنائین اور آفتاب ماہتاب سے کہہ کہ تاج جنت سے لاکر سر پر رکھین
اس حالت مین حضرت یوسف فرماتے تھے ؎ کجائی ای پدر آخر کجائی * ز حال من چنین
غافل چرائی * غرض کہ بھائیون نے ایک رسی کمر سے باندھی اور کنوئین مین ڈالا یا بعضون ڈول مین
رکھکر لٹکایا جب آدھی دور ڈول پہونچا تو چھوڑ دیا اس ارادہ سے کہ ہلاک ہو جب کنوئین مین پہونچے
تو حکم الہی ہوا کہ ای جبرئیل اس لڑکے کو آرام سے سنگ سفید پر بٹھا دے اور بعضے کہتے ہین

کہ وہ تخت جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آتش نمرودی مین بہشت سے لایا گیا تھا وہی تخت حضرت جبرئیل نے لاکر بچھایا اور اسی پر حضرت یوسف جلوہ فرما ہوئے اور پیراہن خلیل علیہ السلام جو بازو پر بطور تعویذ بندھا ہوا تھا کھول کر پہنایا اور موذیون سے پکار کر کہا کہ خبردار پیغمبر معصوم یہان مہمان ہوا ہے کوئی گزند نہ پہونچائیو بعد اُسکے رخصت ہوئے بعضے کہتے ہین کہ یہ کنوان سام ابن نوح نے کھدوایا تھا اور راہ سے کنارے واقع تھا اور اُسکا نام جب الاحزان تھا یا جب الاخیار اور بعضے کہتے ہین شداد ابن عاد نے کھدوایا تھا اور جنگل اردن مین جانب غربی دریاچہ طبریہ مابین مدین و مصر کنارہ راہ کے بفاصلہ تین فرسخ مقام یعقوب علیہ السلام سے واقع تھا اور بعضے کہتے ہین چراگاہ مین دو فرسخ پر مقام یعقوب سے تھا اور بعضے کہتے ہین قرا اولے مین بارہ فرسخ پر کنعان سے واقع تھا وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ یہ کنوان چار سو گز کا گہرا تھا اور بعضے ستر گز کا کہتے ہین اور کعب احبار سے روایت ہی کہ سات سو گز گہرا تھا اور ایک نیزے کے برابر اسمین پانی تھا اور نیچے سے فراخ اور اوپر سے تنگ اور بروایت جمہور ستر گز کا گہرا تھا اور بسبب تنگی منہ کے جو کوئی اُسمین گرتا تھا نکل نہ سکتا تھا القصہ حضرت یوسف علیہ السلام کنوئین مین تنہا رہے اور یہ دعا ورد زبان تھی یا صریخ المستصرخین یا غیاث المستغیثین یا مفرج کرب المکروبین قد تری مکانی وتعرف حالی ولا یخفی علیک شیٔ من امری کذا فی انیس العاشقین اور اخبار الدول مین ثعلبی سے روایت ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ دعا تلقین فرمائی ہی اللہم یا مونس کل غریب ویا صاحب کل وحید ویا ملجا کل خائف ویا کاشف کل کربۃ ویا عالم کل نجوی ویا منتہی کل شکوی ویا حاضر کل ملاء یا حی یا قیوم اسالک ان تقذف رجاءک فی قلبی حتی لا یکون لی ہم ولا شغل غیرک وان تجعل لی من امری فرجا ومخرجا انک علی کل شئی قدیر و ہذا ہو الصحیح لمناسبۃ المقام بالجملہ بھائیون نے بعد اس حرکت شنیعہ کے گھر جانیکا ارادہ کیا تب یہودا نے کنوئین کے پاس سب سے پوشیدہ جا کے آواز دی کہ ای یوسف زندہ ہی یا مردہ حضرت یوسف نے فرمایا کہ تو کون ہی اُسنے اپنا نام تبلایا حضرت نے ارشاد کیا کہ تو بھائیون سے نہین ڈرتا اور میرا حال پوچھتا ہی مین حال اپنا کیا کہون جو آدمی مان باپ سے علیحدہ گرسنہ تشنہ تن برہنہ ہوتا ہی وہ نہ زندون مین معدود ہی نہ مردون مین خصوص وہ کہ جسپر بھائیون نے ظلم کیا ہو یہودا بہت رویا اور کہنے لگا کہ ای یوسف جو کچھ بھائیون نے تیرے ساتھ کیا اُس سے مین تو سخت رنجیدہ ہون اور شرمندگی سے اُسکا عذر نہین کرسکتا حضرت یوسف نے فرمایا تقدیر یونہین تھی تمہارا قصور نہین ہی پھر ارشاد کیا کہ اب کون وقت ہی یہودا نے کہا اب بکریان گھر کو لیے جاتے ہین فرمایا

کہ کئی وصیتین میری یاد رکھ ایک یہ کہ ہمیشہ غریب وبیکس ویتیم بے مادر وپدر پر رحم کیا کرنا اور میرا حال یاد کرکے اُنسے عنایت وکرم سے پیش آنا دوسری یہ کہ میرے بھائی بنیامین اور دنیا بہن سے بھائیون کی بدمعاملگی کا حال نہ کہنا کہ شاید یہ خبر اُنکے واسطے سے میرے باپ کو پہونچے تو وہ بھائیون کے حق مین دعاے بد فرماوینگے اور مین امیدوار ہون کہ اس بلا سے نجات پاؤن اور بھائیون کے گناہ بخشون اسپر یہودا اور بھی رویا کہ اُسکی آواز اور بھائیون نے بھی سنی اور کنوئین پر آئے اور مستعد ہوگئے کہ حضرت یوسف کو پتھرون سے مار ڈالین یہودا نے کہا اگر یہ حرکت کروگے تو مین سب حال باپ سے کہونگا ناچار ہوکے ایک پتھر بڑا کنوئین کے منھ پر رکھدیا اور یہودا کو اپنے ساتھ لیگئے حضرت یوسف علیہ السلام اور بھی روئے کہ اُنکی آواز سے فرشتون پر ایک حالت مصیبت پیدا ہوئی تو درگاہ لاابالی مین ملتمس ہوے کہ یا الٰہی آواز چھوٹے لڑکے کی ہے اور اس سے پیغمبری کی بو آتی ہے ارشاد ہوا کہ یوسف ابن یعقوب اسرائیل کی آواز ہے کہ بھائیون نے اُسے کنوئین مین ڈالا ہے فرشتون نے عرض کیا کہ یا رحیم اب تو اُسپر رحم فرما اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ یوسف کے لیے بہشت سے کھانا لیجاؤ اور اُسی کے پاس رہو سو حضرت جبرئیل علیہ السلام کئی قسم کا کھانا بہشت سے لائے اور نہایت پاسداری سے کھلایا اور بشارت دی لتنبئنہم بامرہم ہذا وہم لا یشعرون یعنے تو جتا دیگا اُنکو اُنکا یہ کام اور وہ نہ جانینگے تنبیہ اللہ جل شانہ نے صرف اسی قدر فرمایا کہ فلما ذہبوا بہ واجمعوا ان یجعلوہ فی غیابت الجب یعنے پھر جب لیکر چلے اُسکو اور متفق ہوے کہ ڈالین اُسکو گمنام کنوئین مین اور باقی حال بیان نہین کیا کیونکہ اور حال لائق بیان نہ تھا الغرض شمعون وغیرہ نے کنوئین سے پلٹکر ایک بکری ذبح کی اور اُسکے خون سے پیراہن یوسف علیہ السلام کا آلودہ کیا اور رات کے وقت روتے ہوے حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس آئے

کما قال اللہ سبحانہ تعالیٰ وجاءوا اباہم عشاء یبکون قالوا یا ابانا انا ذہبنا نستبق وترکنا یوسف عند متاعنا

فاکلہ الذئب وما انت بمؤمن لنا ولو کنا صادقین وجاءوا علی قمیصہ بدم کذب قال بل سولت لکم انفسکم امرا فصبر جمیل واللہ المستعان علی ما تصفون یعنے آئے اپنے باپ کے پاس روتے ہوے رات ہوا اور کہا اے باپ ہم سب جنگل مین دوڑنے لگے کہ دیکھین آگے کون نکلتا ہے یا تیر بھی چلاتے تھے کہ دیکھین کسکا تیر آگے جاتا ہے اور یوسف کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تھے سو اُسکو کھا گیا بھیڑیا اور تو نہ کریگا ہمکو یقین ہوگا کہ ہم سچے ہون اور لاکے اُسکے کرتے پر لہو لگا جھوٹھ بولا کوئی نہین

بلکہ بنادی ہی تمھارے جیون نے ایک بات اب ہم بڑی ہائت آفرے اور راستہ ہی سے. مدد ناگتا لینا اس بات پر جو بناتے ہو روایت ہی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام لڑکون کا شور وغل سنکر نکل آئے اور پوچھا کیا ہوا تمھاری بکریون مین جو چلاتے ہو بولے کچھ نہین فرمایا کیا آفت ناگہانی ٹوٹ پڑی اور میرا یوسف کہان ہی چونکہ وقت رات کا تھا اور صورت اندھیرے مین نظر نہ آتی تھی عذر آسان وروغ مین جرأت ہوئی اور بیان کر گئے جو کچھ فریب بنا لائے تھے علما کو استباق مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین مراد تیر چلانا ہی بطور امتحان کہ تیر کسکا آگے جاتا ہی اور بعض کے نزدیک مراد گھوڑا دوڑانا ہی کہ دیکھین آگے کسکا گھوڑا جاتا ہی مگر مقاتل رضی اللہ کے نزدیک اس جگہ مراد اپنا دوڑنا ہی اور استباق کا اطلاق اپنے دوڑنے پر حقیقت ہی اور گھوڑے دوڑانے اور تیر چلانے پر مجازاً اگر کہا جائے کہ دوڑنا جوانون کو زیبا نہین ایسی حرکات لڑکون سے البتہ صادر ہوتی ہین پھر مقام عذر مین فرزندان حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ کلام کس طرح کیا تو جواب یہ ہی کہ یہ لوگ بکریان چرایا کرتے تھے اسواسطے دوڑنے کی عادت کرتے تھے کہ مبادا بھیڑیا بکری کو لیجاوے تو اسکو دوڑکر چھین لین اسی سبب سے حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس کلام مین اعتراض نہین کیا کیونکہ ان لوگون کو ایسے امور کی ضرورت داعی تھی اور جو کوئی یہ شبہہ کرے کہ فرزندان حضرت یعقوب علیہ السلام نے کس طرح کہا کہ تم سچا نہ جانوگے سچے ہو تو رفع اسکا یون ہوسکتا ہی کہ معنی اُنکے قول کے یہ ہین کہ تم سچا نہ جانوگے ہمکو اسواسطے کہ ہمارے صدق پر کوئی دلیل نہین ہی اگرچہ ہم اللہ کے نزدیک سچے ہون اور جھوٹ تو صریح کھلا ہوا تھا کہ کرتہ خون سے تر کیا مگر کسی جگہ سے چاک نہین کیا اسی باعث سے حضرت یعقوب علیہ السلام نے انکا جھوٹھ دریافت کر لیا کیونکہ دلیل ظاہر یہ تھی کہ اگر بھیڑیا حضرت یوسف کو کھاتا تو کرتہ کیونکر مسلم چھوڑ جاتا اور بعض کہتے ہین کہ پیراہن رات کے وقت نہین دکھلایا بلکہ صبح کو پیش کیا اور حال یہ ہوا کہ جسوقت بیٹون نے خبر موحش کا ذکر کیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام بیہوش ہوگئے اور تمام رات اسی حالت مین رہے اور فرزندان یعقوب علیہ السلام بھی رات بھر روتے رہے کہ ہمنے ناحق باپ کو ستایا اور زندہ درگور کر دیا الغرض جب رات کٹ گئی تو صبح کو حضرت یعقوب علیہ السلام نے لڑکون سے پوچھا کہ مین کسواسطے بدحال و مدہوش ہون بولے آنجناب استغراق مین ہین اور مقر عزت و منزل کرامت مین جلوہ فرما ہین فرمایا یوسف کہان ہی بولے یوسف غائب ہی کہا پھر حاضر کیون ہی جو یوسف نہین ہی اسوقت روبیل نے بتفصیل تمام حال بیان کیا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام بیتاب ہوگئے اور برادران یوسف نے پیراہن خون آلودہ گذرانا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اُسسے

بیان معنی استباق

سونگھا اور کہا کہ یہ خون ہرگز یوسف کا نہین ہی سچ بتلاؤ تمنے کیا معاملہ اُسکے ساتھ کیا تو بولے اُسکو بھیڑیے نے کھایا ہی ہم جھوٹھ نہین کہتے فرمایا کیا بھیڑیا تمسے بھی زیادہ مہربان تھا کہ یوسف کو کھا گیا اور پیراہن کو مسلم چھوڑ گیا یہ کلام تمھارا بالکل جھوٹھ اور سراسر خلاف عقل ہی میرا گمان تمھارے ساتھ ایسا نہ تھا جو تمنے کیا اُسی وقت حضرت جبرئیل نے جناب الٰہی مین التماس کیا کہ مین حقیقت حال یعقوب سے کہدون ارشاد ہوا کہ ابھی اسکا وقت نہین آیا ہی **فائدہ**

کلام پیغمبر کا کبھی جھوٹھ نہین ہوتا دیکھو حضرت یعقوب کی زبان سے نکلا تھا انی لیحزننی ان تذہبوا اللہ تعالی نے ایسا رنج دیا کہ روتے روتے اندھے ہو گئے اور بھی اکلہ الذئب فرمایا تھا سو بھی متہم کیا گیا اور گرفتار آیا اس بیان سے فائدہ یہ ہوا کہ آدمی کو بدبات زبان سے نکالنا نہ چاہیے کہ بیشتر بلا زبان سے ہوتی ہی ایسے مقام پر خدا سے ڈرنا چاہیے سو بمقتضاے بشریت بھیڑیے سے ڈرے درحقیقت یہ بلا تنبیہ ہوئی تاکہ پھر سواے خدا کے کسی سے نہ ڈرین

**فائدہ** حضرت یعقوب کے بیٹون کی ہمیشہ یہ عادت تھی کہ قبل غروب آفتاب کے جنگل سے چلے آتے تھے اس واردات کے بعد خلاف عادت رات کو آئے اُسکا فائدہ یہ تھا کہ اگر دن کو آتے تو عذر کرنے مین حیا دامنگیر ہوتی اور رات کو اعتذار مین دلیری ہوتی ہی اسی واسطے کہتے ہین کہ جب کسی سے حاجت ہو دن کو طلب کرے کہ جب دونون کی آنکھین مقابل ہونگی تو مسئول عنہ کو شرم آئیگی یا سائل خود ترک سوال کریگا یا مسئول عنہ اُسکی حاجت روا کردیگا اور جب اعتذار کسی امر کا منظور ہو تو رات کو عذر کرے کہ بے تکلف جملہ مراتب عذر خواہی کے بجا لا سکتا ہی ولہذا حضرت کے بیٹے رات کو آئے اور روتے ہوے آئے کہ ارشاد ہوتا ہی

وجاءو اباہم عشاء یبکون یعنے اپنے باپ کے پاس رات کو روتے ہوے آئے اور یہ رونا دلیل ہوگیا دروغ اور کذب پر اور صاف نفاق اس سے کھل گیا بزرگون نے فرمایا ہی کہ رونا لوگون کا بتخصیص جب متہم بکذب ہون نشان خیر نہین ہی حضرت مجاہد شعبی سے نقل فرماتے ہین کہ ایک عورت قاضی کے پاس روتی ہوئی آئی قاضی نے کہا یوسف کے بھائیون کا رونا نہین سنا حال آنکہ بھائی پر ظلم کر چکے تھے اور کنوئین مین ڈال آئے تھے اور روتے ہوے عذر کرتے تھے اُسی سے کذب اُنکا ظاہر ہوگیا اور بعض کہتے ہین رونا انکا حقیقت تھا نہ مجاز کئی طرح سے اول ضعیفی اور پیری حضرت یعقوب علیہ السلام کی دیکھی اور اندوہ و حزن اُنکا درجہ اعلے مین مشاہدہ کیا اس سے روئے دوسرے بیگناہی یوسف کی یاد کرکے روئے

تیسرے اپنے فعل پر پشیمان ہوے اور صلاح کی رنجانتے تھے اسی سبب سے مغموم ومحزون روتے تھے ارباب اشارات کو اس آیت مین انواع لطائف مین اور چار کلمے سے چار فائدے انکو ہاتھ آئے ہین اول اللہ نے فرمایا جاؤک یعنے از خود آ کے بلاکر کوئی نہین لایا اور جو گنہگار آپ سے آوے اسکو امید مغفرت ہی اور جو پکڑ کر آوے اسکو بیم عقوبت ہی مثلاً اگر گنہگار وقت فراغت وعافیت کے توبہ کرے تو گویا خود آیا اور جب بلا دیکھ کر توبہ کی تو گویا گرفتار ہوکر آیا اول مین امید عفو ومغفرت ہے دوسرے مین بیم عذاب وعقوبت مثلاً بندہ ایام حیات وصحت مین اپنے مالک کی طرف متوجہ ہوا گویا خود آیا اور جب موکل ملک الموت اسکے سرہانے آگیا اور اب متوجہ حق ہوا تو یہی حکم ہوتا ہی آلآن وقد عصیت من قبل نقل ہی کہ ایک شخص زمانہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ مین بڑا گنہگار تھا سو وہ بیمار شدید ہوا تو اسنے دعا مانگی کہ یا الٰہی مجھکو صحت عطا کر تو مین فسق اور فجور چھوڑ دون شافی مطلق نے شفا عنایت فرمائی پھر اسنے توبہ توڑی پھر سخت بیمار پڑا پھر اسنے وہی لجاجت ظاہری کرکے باقرار توبہ شفا چاہی صحت ہوئی اسنے پھر اپنا فعل بد نہ چھوڑا تیسری بار بیمار پڑا تب اسکے بھائی نے حضرت حسن بصری سے عرض کیا کہ میرے بھائی نے کئی مرتبہ مقدمات توبہ ظاہر کرکے شفا پائی اب ایسا بیمار ہی کہ امید زیست نہین اگر آپ اسکے پاس تشریف لیچلین تو شاید آپ کی برکت سے توبہ کرے حضرت حسن بصری نے قبول فرمایا اور تشریف لیگئے جب وہان پہونچے تو اسکی مان نے استقبال کرکے عرض کیا کہ آپ اس فاسق کے پاس کہان تشریف لائے یہ تو بڑا ناپاک ہی امام نے فرمایا اے ضعیفہ رحمت خدائی بیشمار ہی اسکی درگاہ سے ناامید نہو آخر اس بیمار کے سرہانے گئے تو اسنے آنکھ کھولکر دیکھا اور حسرت سے رونے لگا امام نے فرمایا توبہ کا دروازہ بند نہین ہی تو اب بھی توبہ کر جوان نے کہا کہ مین درگاہ خدا سے بے اعتماد ہون بارہا مین نے توبہ کی اور پھر ٹوٹ گئی اب مین توبہ نہین کرسکتا ہون مگر یہ کہ آپ تنہا [illegible] دو رکعت نماز ادا فرمائی اور متوجہ بحق ہوے ہاتف غیب نے آواز دی کہ مین نے اس جوان کو بارہا جانچا اور بیوفا محض پایا اسی وقت امام اسکے پاس سے چلے آئے اور بیچارہ کمال حسرت سے اپنی مان کی طرف متوجہ ہوکے بولا اے مان اگرچہ ظاہر میرا معصیت سے آلودہ ہی لیکن باطن خبث شرک اور لوث کفر سے بیزار ہی اور اپنے ایمان مین کامل ہون سو مین یہ وصیت کرتا ہون کہ تو میرے واسطے بخشش کی دعا کرے جب مرون سو بعد وفات اسکی مان نے وصیت اسکی جاری کی دفعۃً آواز آئی کہ اگرچہ بیٹا تیرا سخت بدکار تھا مگر مین نے تیرے واسطے

بخش دیا اور تذکرۃ الاصفیا میں اصمعی سے منقول ہی کہ وہ کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ رات کو گورستان میں جاتا تھا ایک جنازہ دیکھا کہ تین مرد ایک عورت ضعیفہ کندھوں پر رکھے ہوئے لیے جاتے ہیں میں بھی چند قدم ساتھ چلا حاملین جنازہ نے کہا حسبۃً للہ اس جنازے پر نماز پڑھ دے میں نے نماز ادا کی اور دفن کیا اُس ضعیفہ نے ہاتھ جوڑکر کہا تم یہاں سے جاؤ میں توقف کرونگی سو میں ایک قبہ کی آڑ میں لگ رہا اور دیکھا کہ وہ ضعیفہ بر سر گور گریان ہوئی اور مناجات کہنے لگی کہ یا الٰہی یہ لڑکا میرا گنہگار تھا لیکن تیرے کرم کا امیدوار تھا تو اسکو بخشدے بعد اُسکے عین گریہ میں تبسم ہوئی اور چل کھڑی ہوئی میں اُسکے پیچھے چلا اور مستفسر ہوا کہ حقیقت حال سے مجھے مطلع کر اُسنے کہا کہ ای امام المسلمین یہ میرا بیٹا بڑا گنہگار تھا جب بیمار ہوا تو اُسنے کہا ای مادر مہربان کئی وصیتیں ہیں اسکو بجا لا ایک تو آلات فسق و فجور لاکر میرے روبرو توڑ ڈال دوسرے جب مرون تو میرا سر اُٹھا کر مُنہ کے بل خاک پر ڈال کر روئے گرد آلود حضرت حق میں حاضر ہوں تیسرے میرے مُنہ پر طمانچے مارنا اور کہنا کہ جزا ایسے گنہگار کی یہ ہی ہی چوتھے اندھیری رات میں میرا جنازہ گور پر لیجانا کہ کوئی شخص نہ دیکھے اور میرے گناہ پر گواہی نہ دیوے پانچوین جنازہ میرا تو لیجانا کہ شاید اس سبب سے بخشا جاؤں چھٹوین جب تک تجکو معلوم نہو کہ اللہ تعالےٰ نے میرے ساتھ کیا معاملہ کیا میری قبر سے جنبش نکرنا جب کہ وصیتیں کر چکا تو اُسنے وفات پائی میں نے حسب وصیت اُسکے اسبابِ آثم اُسکے مُنہ پر رکھے آواز غیب سے آئی ارفعی قدمک عن وجہ المیمون یعنے اپنے قدم میرے دوست کے مُنہ پر سے اُٹھا اُسکے سبب اُسکو دفن کرچکی تو میں نے خدا سے بخشش چاہی آواز سُنی کہ قعر لحد سے کہتا ہی کہ یا اماہ فقد سمع اللہ تعالیٰ علےٰ الامر و غفر لی یہ بھی ایک صورت از خود آنے کی نکلتی ہی اور یہی سبب ہوا کہ حضرت یعقوب نے اپنے بیٹوں سے درگذر کیا اور اللہ نے بھی اُنکو بعد توبہ بخشا دوسرا ابہام اس سے یہ اشارہ نکلا کہ ہر چند حضرت یعقوب کے بیٹوں نے قصور کیا لیکن نسبت فرزندی کی قائم تھی وہ اُنکے باپ تھے یہ اُنکے بیٹے اسی طرح بندہ گنہگار کا حال ہی کہ ہر چند گناہ و جور کرے لیکن بندہ ہی اور خداوند کریم اُسکا خدا ہی نسبت خدائی اور بندگی کی منقطع نہیں ہوتی ہی نقل ہی کہ ایک شخص عجمی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں بندہ عاجز جاہل محض ہوں ایک کلمہ ایسا تعلیم فرمائیے کہ سب دعاؤں سے مجکو مستغنی کردے حضرت نے فرمایا ہمیشہ کہا کر اللھم انت ربی و انا عبدک سو عجمی شب و روز برعکس کہا کرتا کہ اللھم انت عبدی و انا ربک اور جب یہ کلمہ زبان پر لاتا تو ایک ولولہ ملکوت میں پڑ جاتا اور فرشتے بخوف سطوت جباری لرزان ہوتے تھے ایک دن حضرت جبرئیل نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ یہ عجمی اُس کلمہ کو اس طرح کہتا ہی کہ اہل شرع اگر سُنے تو اُسکی تکفیر کرے

حضرت نے عجمی کو طلب کر کے استفسار کیا اسنے کہا کہ یا رسول اللہ جو کلمہ آپ نے فرمایا ہی اُس سے مین بہت خوش رہتا ہون اور ہمیشہ یون پڑھا کرتا ہون کہ اللہم انت عبدی وانا ربک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو نے بڑی غلطی کی مین نے یون تبلایا تھا کہ اللہم انت ربی وانا عبدک وہ بیچارہ رونے لگا اور بولا کہ یا رسول اللہ نادانستہ اتنی مدت تک کلمہ کفر کہتا رہا ہون اب اُسکا علاج کیا ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تامل فرمایا حضرت جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ صاحب فرماتے ہین کہ بندون سے غلطی ہوجاتی ہی مگر خدا پر غلطی جایز نہین ہی مین تو مالک و خداوند ہون گو مجکو کوئی نہ کہے اور مجکو دل پر نظر ہی نہ ظاہر پر اگر ظاہر مین سہو و خطا بندے سے ہوجائے اور دل اسکا حقیقت پر مستقیم ہو تو مین اُس خطا کو صواب سے بدل دیتا ہون نیسرا کلمہ عشاء آیا ہی اُسمین یہ اشارہ ہی کہ فرزند ناسعادتمند برخلاف فرمان پدر تمام دن لہو و لعب مین مشغول رہتا ہی اور اوامر و نواہی والد پر التفات نہین کرتا اور جب آفتاب غروب ہوا اور تاریکی شب ظاہر ہوئی تو لعب و بازی سے ملول ہوکر اپنے باپ کے گھر آتا ہی اور باپ ہرچند کہ اُسکی نافرمانی سے ناراض ہی مگر گھر کا دروازہ مسدود نہین کرتا اور شفقت اور احسان سے ہاتھ نہین اُٹھاتا یہی حال ہی عاصیان تباہ روزگار اور گنہگاران زیانکار کا کہ تمام عمر اپنے عصیان و نسیان و مخالفت فرمان الٰہی مین گذرانتے ہین اور جب آفتاب حیات مغرب ممات مین آتا ہی اور عالم تن و جہان بدن ظلمت فوت مین گرفتار ہوجاتا ہی تب اپنے گناہون سے شرمندہ ہوکر درگاہ کریم کارساز مین حاضر ہوتے ہین اور عرض کرتے ہین کہ خداوندا ہم گنہگار شرمسار تیری درگاہ مین آئے ہین تیرے دروازے کے سوا سے کوئی مقام نہین کہان جائین اور فرشتے کہتے ہین کہ یہ گنہگار نافرمان بردار کس منہ اور کس وسیلہ سے یہان آئے ہین مگر خداوند سبحانہ ارشاد فرماتے ہین کہ تم اس مقام مین دخل نکرو یہ بھی میرے بندے ہین اور مین اُنکا خدا ہون اگر یہ میری درگاہ مین نہ آوین تو کہان جائین اور چونکہ شرمندہ آئے ہین اسواسطے ابواب سعادت مقبول اُنپر کھولتا ہون ورد عنایت پھیرتا ہون کہ نا امید نہون اسی طرح حضرت یعقوب کے بیٹے شرمندہ ہوکر اُنکے پاس گئے اور حضرت یعقوب نے اپنی فرزندی سے نہین نکالا چوتھا کلمہ بکون ہی اُسمین یہ اشارہ ہی کہ رونا اگرچہ مشتمل بدروغ ہو پر خالی از فائدہ نہین اسلئے یہ ہی کہ آشنا اور بیگانہ اُسپر رحم کرتا ہی نقل ہی کہ حضرت یحییٰ ابن زکریا علیہما السلام نے ابلیس علیہ اللعنتہ کو روتے ہوے دیکھا آپ کو رحم آیا پوچھا ای بیگانہ کیون روتا ہی اسنے کہا کئی ہزار مرتبہ مین نے حضرت خالق ذوالجلال کے دروازے پر جاکر چاہا کہ دروازہ کھلے اور مجکو اجازت داخل ہونے کی ملے کچھ جواب نہ ملا آخر یہی آواز آئی کہ اس بارگاہ مین بار نہین ہی اس باعث سے روتا ہون حضرت یحییٰ کو بہت بُرا لگا تو مناجات مین مشغول ہوے کہ یا الٰہی یہ بیگانہ بہ نالہ وزاری روتا ہی اگر اُسکی توبہ قبول ہو تو بہتر ہی ارشاد ہوا کہ ای یحییٰ ابلیس جھوٹا ہی اگر تجکو

امتحان منظور ہو تو اُس سے حکم کر کہ قبر آدم علیہ السلام کو سجدہ کرے سو حضرت یحییٰ علیہ السلام نے ابلیس سے فرمایا اُسنے کہا کہ جب آدم زندہ تھا تب تو مین نے سجدہ نکیا اب کہ مردہ ہوا کیونکر اُسکو سجدہ کرون اُسوقت ارشاد الٰہی ہوا کہ اب تو نے جانا کہ ابلیس کا رونا سراسر کذب تھا حضرت امام غزالی اپنی تفسیر مین اور علامہ قشیری احسن القصص مین ارشاد فرماتے ہین کہ یہ کنوان شداد ابن عاد کا کھودا ہوا تھا اور ایک ہزار دو سو برس گذرے تھے اور اُسی زمانہ مین ایک شخص عالم یہود نام خواہ ہود مومن حضرت ہود پیغمبر علیہ السلام سے تھا اُسنے صحیفہ حضرت شیث علیہ السلام مین حسن یوسف علیہ السلام کی ماہیت اور اس قصہ کی حقیقت پڑھی تھی دعا مانگی کہ یا الٰہی میری عمر ایک ہزار دو سو برس کی ہو چکی ہے مگر مین چاہتا ہون کہ اُسوقت تک زندہ رہون کہ جمال باکمال حضرت یوسف علیہ السلام سے مشرف ہون ہاتف نے آواز دی کہ چاہ شداد مین اقامت کر چنانچہ وہ عالم اُس چاہ مین تہ دل سے مشغول عبادت ہوا اور قوت لایموت کے لیے ایک انار باغستان غیب سے نازل ہوتا تھا اُسی پر اکتفا کرتا تھا اور ایک قندیل نورانی روشن ہو جاتی تھی اُسی کی روشنی مین شب فرماتا تھا الغرض بارہ سو برس اُسنے مقدم یوسف علیہ السلام کے انتظار کی اب کہ زمانہ جلوہ فروزی یوسف ہونچا آنجناب نے اُس کنوئین کو اپنے نور سے روشن فرمایا تو اُس عالم نے قدمبوس ہو کر التماس کیا کہ یا نبی اللہ مین صرف آپ ہی کی زیارت کو اب تک زندہ رہا ہون حضرت نے اپنے بھائیون کی شکایت نفرمائی میرے واسطے آپکو اللہ نے یہان بھیجا ہے اور اخوان محض وسیلہ ہین استودعک اللہ یعنے سپرد خدا کرتا ہون تمکو بعد اُسکے ودیعت حیات سپرد مالک فرمائی اور بعضے کہتے ہین کہ وجہ یہ ہوئی کہ حضرت یوسف علیہ السلام ایک روز آئینہ دیکھتے تھے اور اپنے حسن پر متعجب تھے اور خیال فرماتے تھے اگر مین کسی کا غلام ہوتا چاہون تو کوئی شخص میری قیمت نہ دیسکے اِسلیے اللہ تعالےٰ نے چاہ مین ڈلوایا اور کھوٹے داموں بکوایا فرمایا حضرت صلعم نے من تواضع للہ رفعہ اللہ ومن تکبر وضعہ اللہ فان اللہ مارضی من یوسف فی تلک الخطرۃ والکلمۃ واذلہ بالقعر البئیر یعنے جسنے فروتنی اختیار کی بلند کیا اُسکو اللہ نے اور جسنے کبر و تیرہ کیا گرا دیا اسکو کیونکہ اللہ نہ راضی ہوا یوسف کے اس خطرے و بات سے اور ادب دیا چاہ کے گڈھے مین اور بعض کہتے ہین کہ ارادہ الٰہی ہوا کہ یوسف اندھیرے کنوئین سے واقف ہون تاکہ جب بادشاہ ہون تو قیدیون کی تکلیف سے آگاہ ہون اور بلاوجہ موجہ قید نکرین اور اخبار الدول مین ہے کہ سبب اشتیاق و بیع یوسف یہ ہوا کہ ایک بار حضرت ابراہیم مصر سے نکلے

تو اکثر زاہد و عابد بطریق تواضع چار فرسخ پیادہ پا آئے مگر حضرت نے اُسکا عوض نہ کیا تب وحی ہوئی کہ میرے بندہ خاص تیرے ساتھ آئے اور تو متوجہ نہوا سو تیری اولاد سے ایک غلام بناؤنگا اُسی کا ظہور یوسف علیہ السلام پر ہوا انتہی مین کہتا ہون کہ سیاق اس روایت کا دلیل ضعف پر ہے روایت ہے کہ جس دن حضرت یوسف بھائیون کے ہمراہ تشریف لیگئے تھے مسماۃ دینا یوسف کی بہن نے خواب دیکھا کہ یوسف بھیڑیون مین ہے کہ وہ نوچتے ہین سو بیدار ہوئی اور حضرت یعقوب کے پاس آئی اور کہا یوسف کہان ہین فرمایا کہ یوسف اپنے بھائیون کے ساتھ گیا ہے اُسنے کہا تمنے اُنکو اکیلا چھوڑا اچھا کیا آخر حضرت یوسف کے پیچھے دوڑی تھوڑی دور پر سب بھائی ملے سو یوسف کو لپٹ گئی اور کہا مین تمکو ہرگز جانے نہ دونگی مگر بھائیون نے حضرت یوسف کو چھین لیا اور بھاگے اسکا زور نہ چلا ناچار روتی ہوئی آئی اور اپنے باپ سے چمٹ گئی حضرت یعقوب نے فرمایا کیون روتی ہے کہا کہ اس وقت یہ نہین روتی ہون بلکہ اوسی وقت کا خیال کرکے روتی ہون کہ تم بھی میرے ساتھ بہت مدت تک روتے رہوگے **تنبیہ** عبد اللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ اُس زمانے مین کوئی شخص واقف نہ تھا کہ بھیڑیا بھی آدمی کو کھاتا ہے جب حضرت یعقوب نے بیٹون سے فرمایا کہ شاید تم غافل رہو اور یوسف کو بھیڑیا کھا جائے تب اُنھون نے پوچھا کہ آپ کیا فرماتے ہین بھیڑیا بھی آدمی کو کھاتا ہے حضرت یعقوب نے فرمایا کئی دن ہوئے مین نے یہ خواب دیکھا کہ مین ایک پہاڑ پر ہون اور یوسف جنگل مین سو اُسکو دس بھیڑیے گھیرے ہو مارنے کا ارادہ کرتے ہین مین نے چاہا کہ پہاڑ سے اُترکر یوسف کو بچاؤن مگر راہ نہ ملی دفعۃً زمین پھٹ گئی اور یوسف اُسمین جاتا رہا سو مین گھبرا کے جاگ پڑا تو دیکھتا ہون کہ یوسف میری بغل مین سوتا ہے مین نے کہا الحمد للہ عبد اللہ ابن عباس اس خواب کی تعبیر فرماتے ہین کہ پہاڑ حضرت یعقوب کا حال تھا اور دس بھیڑیے حضرت یوسف کے دس بھائی تھے اور زمین کا پھٹنا کنوئین کا اشارہ تھا اور یوسف کا اُسمین جانا اشارہ تھا کنوئین مین ڈالنے سے یہ تعبیر سُنکر بعضون نے عبد اللہ ابن عباس سے کہا کیا حضرت یعقوب علیہ السلام تعبیر خواب نجانتے تھے فرمایا اذا جاء القضاء عمی البصر **تنبیہ** بعضی روایات مین ہے کہ اول حضرت یوسف کو سب بھائی پیار کرتے تھے خواب دیکھنے سے دشمن جانی ہوگئے جس طرح فرعون حضرت موسیٰ کو دوست رکھتا تھا جب معجزہ ظاہر ہوا دشمن ہوگیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اہل مکہ دوست رکھتے تھے جب آفتاب نبوت چمکا تو ایمان دارون کے چہرے روشن ہوگئے

اور کافرون کے قلوب سیاہ پس دشمن ہوے کہ حضرت کو ہجرت ہی کرنا پڑی اور حضرت آدم
علیہ السلام کو شیطان بھی دوست رکھتا تھا جب سجدے کا حکم ہوا یہ مردود بھی دشمن ہو گیا
القصہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کرتا دوبا ہوا جھوٹھے خون کا لے لیا اور بہت روئے بعد اُسکے
ہنسنے لگے لڑکون نے کہا کہ اُنکا ضحک ایک ہی سبب سے آن واحد مین مجنون کا فعل ہی فرمایا ہنستا
اسپر ہون کہ یہ کرتا سچا ہی اور روتا ہون اسپر کہ یہ خون جھوٹھا ہی اگر بھیڑیا کھاتا تو کرتا کیون
چھوڑ جاتا تب بولے کہ ہم بھیڑیا پکڑ لا دین آپ دریافت کرلین کہ اُسنے کھایا یا نہین کھایا فرمایا
لے آؤ چونکہ بیٹے حضرت یعقوب کے عقلاً جانتے تھے کہ بھیڑیا حیوان ناطق نہین ہی سو جنگل سے
ایک بھیڑیا پکڑ لائے یا کہ پہلے سے باندھ آئے تھے اُسکو لے آئے الغرض جب بھیڑیا آیا تو حضرت
یعقوب نے پوچھا کہ تو نے کیون میرے لڑکے کو کھایا اور مجھ ضعیف پر رحم نہ کیا جلدی اسکا
جواب دے نہین تو بلا مین پڑیگا اُسنے دست بستہ بزبان فصیح عرض کیا کہ السلام علیک
یا نبی اللہ مین تو آپ کے خوف سے کبھون بکریون کے پاس بھی نہین پھٹکتا چہ جاے یوسف
علیہ السلام وہ آپکا جگر گوشہ اور خود نبی ہی اور ہمپر پیغمبرون کا گوشت حرام ہی اور ہمارے
جنس مین کوئی پیغمبرون کو تکلیف نہین دیتا یا نبی اللہ قسم ہی اپنے رب کی مین اس گناہ سے
بری ہون اب اللہ مجھ مین اور تمہاری اولاد مین حکم ہی کہ انھون نے ناحق مجکو تہمت لگائی ہی
حالانکہ صحف ابراہیم مین پڑھ چکے ہین کہ ان البھتان لذنب عظیم اس کلام سے حضرت یعقوب
علیہ السلام متحیر ہوے اور انکے بیٹے نادم اور مضطر بعد اسکے پوچھا کہ یوسف زندہ ہی یا مردہ بھیڑیے
عرض کیا کہ یہ بات آپ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے پوچھیے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام کچھ نہین کہتے
کہا پھر مین کس طرح عرض کرون تب حضرت یعقوب نے فرمایا کہ تو انکے ہاتھ کس طرح لگا اُسنے کہا
یا نبی اللہ مین مسافر غریب الوطن ہون مصر سے اپنے بھائی رضاعی کو تلاش کرتا دیار شام مین آیا
یہان معلوم ہوا کہ وہ آیا تھا سو گرفتار ہو گیا یا نبی اللہ ستترہ دن ہوے کہ فاقے سے ہون اور تمہارا
حال سنکر چاہتا تھا کہ تعزیت کے واسطے حاضر ہون سو ان ظالمون نے پکڑ لیا اس کلام سے
حضرت یعقوب علیہ السلام بہت روئے اور بھیڑیے نے متوجہ ہو کر اولاد یعقوب سے کہا تم کیا
کہ تمنے مجھے آنکھون سے دیکھا تھا جب مین نے یوسف کو کھایا ہی اولاد یعقوب نے دیکھا کہ
اگر روئیت کا حال کہتے ہین تو فضیحت و رسوا ہوتے ہین لہذا کہنے لگے کہ ہمنے اپنی آنکھون سے
نہین دیکھا مگر جس جنگل مین بھیڑیے نے یوسف کو کھایا تھا وہان تو سیر کرتا تھا ہمارا گمان ہوا

کہ تو نے کھا لیا ہے حضرت یعقوب نے لڑکون سے مخاطب ہوکے فرمایا دیکھو بھیڑیا اپنے
بھائی رضاعی کی تلاش مین مصر سے کنعان مین آیا اور تم حقیقی بھائی کو ضائع کر آئے ہو تب بولے
کہ ہم دس آدمی کہتے ہین کہ بھیڑیا کھا گیا پر آپ نہین مانتے اور بھیڑیا کے کلام کو تسلیم کرتے ہو
ناچار حضرت یعقوب علیہ السلام چپکے ہو رہے مگر فرمایا کہ اس بھیڑیے کو چھوڑ دو اور یوسف کو تلاش
کر لاؤ تو مین تمسے خوش ہون اور بعضے روایت کرتے ہین کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام نے
حضرت یوسف کا حال بھیڑیے سے پوچھا تو بھیڑیے نے کہا کہ مین واقف ہون لیکن غمازی سے
مجکو عار آتی ہے والغماض بغوض عند اللہ وعند الناس فلیس للغماز من الرحمۃ نصیب مگر آپ میرے
بھائی کے ملنے کے واسطے دعا کیجیے اور مین آپ کے بیٹے کے ملنے کی دعا کرون چنانچہ دونون نے
دعا کی اور بھیڑیا رخصت ہوکر چلا گیا صاحب تکملہ نے لکھا ہے کہ وہ بھیڑیا ایک بلند مکان پر گیا
اور جا کر اسنے اور بھیڑیون کو آواز دی کہ جلد حاضر ہوکر حضرت یعقوب سے عذر خواہی کرو اگر تمنے
یوسف کو کھایا ہو چنانچہ تمام بھیڑیے اُس جنگل کے حضرت یعقوب کی حضور مین آئے اور قدمون پر
گرے اور بزبان حال بولے کہ حاشا للہ یا نبی اللہ ہمنے ہرگز آپ کے فرزند نور العین کو تکلیف
نہین دی ہے اور کوئی بے ادبی ہمسے نہین ہوئی حضرت یعقوب نے عذر انکا قبول کیا اور رخصت
فرمایا حدیث شریف مین ہے کہ بدتر آدمیون کا غماز اور نمام ہے اور شفاعت میرے غماز کے حق مین
حرام اور ولید بن مغیرہ کی شان مین قرآن مین کریمہ سورہ نون شاہد ہے ہماز مشاء بنمیم مناع للخیر
معتد اثیم یعنے طعنے دینا چغلی لیتے پھرتا اچھے کام سے روکتا حد سے بڑھتا گنہگار **فائدہ** تین پیغمبر دانے
تین آدمیون کی امانت رکھی رنج و غم اُٹھایا اور تین شخصون نے اپنی امانت اللہ جل ذکرہ کو سونپی
آرام و راحت پائی ایک حضرت یعقوب علیہ السلام ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو اُنکے بھائیون کے
سپرد کیا ایسا رنج پایا کہ روتے روتے اندھے ہوگئے دوسرے حضرت موسی کلیم اللہ ہین کہ اپنی
قوم کو طور پر جاتے وقت اپنے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کو سونپا اور اُنکو خلیفہ فرمایا
ساری قوم نے گوسالہ پرستی اختیار کی حضرت موسی کو اس حال سے نہایت رنج ہوا اور بھائی
ہارون پر سخت غصہ آیا کہ اسمین توریت کا نقصان ہوا تیسرے حضرت سلیمان علیہ السلام ہین
کہ بنا بر رفع حاجت ضروری جانب بیت الخلا چلے انگشتری اپنی بلحاظ ادب بر داشتہ اپنی بی بی
خواہ لونڈی کو سپرد کر گئے ایک جن فریب سے بصورت حضرت آیا اور انگشتری لیگیا اور تخت سلطنت پر
فرمانروا ہوا اور حضرت سلیمان چالیس روز تک پریشان و سرگردان رہے اور بکمال رنج و غم یہ دن

بسر کیے اور خیال کرنا لازم ہی کہ انھین حضرت یعقوب نے بنیامین برادر یوسف کو فاللہ خیر حافظا وہو ارحم الراحمین پڑھ کے بھائیون کے ساتھ کیا کیسی خوشی اٹھائی کہ بنیامین حفظ الٰہی مین رہے اور حضرت یوسف سے ملے اور حضرت یعقوب انکے باعث سے کلبۂ احزان سے بکمال شادان وفرحان باہل وعیال عزت وجلال مصر مین جلوہ فرما ہوے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدۂ ماجدہ نے حضرت موسیٰ کو صندوق مین بند کرکے دریا مین چھوڑا اور خدا کے سپرد کیا حافظ کریم نے دست دشمن مین پہونچا کے کس خوبی سے پرورش کرایا اور مان کی آنکھین ٹھنڈی کین اور انھین سے دودھ پلوایا اور پھر حضرت موسیٰ کو نبوت عطا کی اور ہمارے حضرت خاتم النبیین سید المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت مرحومہ کو خدا کے سپرد کیا ہی کہ اللہ خلیفتی من بعدی سو حضرت کو بروز قیامت عہدہ شفاعت اور مقام محمود عنایت ہوگا کہ تمام امت آپ کی بحکم ولسوف یعطیک ربک فترضی داخل بہشت ہوگی اور حضرت کے دل کو نہایت مسرت ہوگی اس مقام مین نظر کرکے ہمارا کو چاہیے کہ ہمیشہ اپنا جان و مال و اہل وعیال بلکہ دین و ایمان و افعال و اعمال سب خدا ہی کو تفویض کرتا رہے تا کہ ... اشباہ النظائر مین لکھا ہی کہ منجملہ حیوانات غیر ناطق دس حیوانات داخل جنت ہونگے اونٹنی حضرت سید الانبیا کا ناقہ حضرت صالح کا بچھڑا حضرت ابراہیم کا دنبہ حضرت اسمعیل کا بقرہ حضرت موسیٰ کا مچھلی حضرت یونس کی گدھا حضرت عزیر کا نملہ حضرت سلیمان کا ہدہد بلقیس کا کتا اصحاب کہف کا یہ قول ہے مقاتل کا اور بعضون نے بھیڑیا حضرت یعقوب کا بھی داخل کیا ہی اور داؤدی نے حافظ جلال الدین سیوطی نے دلدل اور براق حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی ذکر کیا ہی اور مشکوۃ الانوار مین کہ شرح شرعۃ الاسلام کی لکھا ہی کہ یہ سب بصورت کبش متبدل ہوکے داخل بہشت ہونگے انتہی اور بعضون نے فیل اصحاب الفیل کو بھی شامل کیا ہی فائدہ جس طرح پیراہن یوسف علیہ السلام سے انکے بھائیون کو شرمندگی حاصل ہوئی ایسی ہی چار پیراہن اور بھی ہین ایک پیراہن آدم و حوا کہ جب بصد ذلت اتارے گئے تو دونون نادم ہوے دوسرا پیراہن یوسف کہ زلیخا کو شرمندگی کا باعث ہوا کہ ان کان قمیصہ قد من دبر فکذبت وہو من الصادقین اسی کا اشارہ ہی ؎ شرم سے سر گریبان ہی زلیخا اب تک ٭ شاہد عصمت یوسف وہین دامن ہی ٭ تیسرا پیراہن حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کہ منکر لوگ کہا کرتے تھے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مبروص ہین جب پیراہن شریف ہوا سے اوڑا تو شرمندہ ہوگئے چوتھا قمیص مبارک ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ ابی ابن سلول منافق لعنۃ اللہ علیہ نے

وقت نزع بطور آزمائش حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے قمیص شریف اس حیلہ سے مانگا کہ مین اپنا
کفن بناؤنگا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسی وقت اُتارنے کا ارادہ کیا اور کئی مرتبہ تکمہ کھولا مگر
پھر بند ہوگیا اور حاضرین پر ظاہر ہوا کہ یہ شخص منافق ہے اور پیراہن رسول خدا کے لائق نہین ہے
لطیفہ قیامت کے دن شیطان رجیم گدایان امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ ہر ایک یوسف
وقت ہوگا کہیگا کہ انکو گرگ معاصی اور ضلالت نے ہلاک کردیا ہے اور پیراہن توحید انکا خون عصیان سے
آلودہ ہے اُسوقت حضرت عزت سے خطاب ہوگا کہ ای ملعون اگرچہ پیراہن توحید انکا خون عصیان سے
آلودہ ہے مگر توحید باقی ہے تو آلودگی گناہ دیکھتا ہے اور رحمت میری توحید پر ناظر ہے یعقوب نے
پیراہن یوسف درست دیکھکر کہا لا تَیْاَسُوْا مِن رَّوحِ اللہِ اور میری رحمت نے پیراہن توحید درست
دیکھا اور فرمایا لا تقنطوا من رحمۃ اللہ اور حضرت یعقوب نے اولًا پیراہن دیکھکر فریاد کی یا اسفا اور
درست دیکھا تو کہا یا بنی اذہبوا فتحسسوا من یوسف اسی طرح جب بندہ نے اپنے نفس کو آلودہ
ضلالت و معاصی دیکھکر فریاد کی کہ یا حسرتا علی ما فرطت فی جنب اللہ پھر جب توحید و معرفت سے
ملا ہوا دیکھا تو امیدوار ہوکر بولا یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ القصہ جب
حضرت یعقوب علیہ السلام پر بیٹون کا جھوٹ ظاہر ہوگیا اور بھیڑیے نے شرمندہ کیا تو حضرت
یعقوب نے فرمایا کہ جو کچھ تم بیان کرتے ہو بالکل جھوٹ ہے کسی موذی نے اُسکو نہین کھایا بلکہ
تمہارے دلون نے یہ بات بنائی ہے جو تمنے ایسے امر قبیح پر قدم رکھا اور مجھکو ناحق رنج دیا پھر
کمر باندھی اور کنعان کے جنگل مین سر کھولے ہوئے لکڑی ہاتھ مین لیے تشریف لیگئے اور پکارتے تھے
کہ ای محبوب میرے یوسف تجھکو کس کنوئین مین ڈالا ہے اور کس دریا مین پھینکا اور کس تلوار سے مارا
اور کہان دفن کیا کسی نے جواب نہ دیا تب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا کہ مقدسان ملا اعلے
آپ کے رونے سے بے آرام ہین اور روتے ہین سو اللہ صاحب فرماتے ہین کہ میرے معصومون کو
کسواسطے رولاتا ہے حضرت یعقوب نے کہا پھر کیا کرون حضرت جبرئیل نے کہا کہ صبر اختیار کرو
سو حضرت یعقوب نے کہا فصبر جمیل یعنی وہ صبر جسمین جزع اور فزع نہین کیونکہ صبر با جزع ثواب کو کھو دیتا ہے پھر جنگل
سے چلے آئے اور خاموش ہوکے بیٹھ رہے جیسے مریض دوائی تلخ پیکے بیٹھ رہتا ہے اس عرصے مین ایکدن اپنے زانو پر سر
رکھے ہوے سو گئے حضرت جبرئیل کو ارشاد ہوا کہ ای جبرئیل یعقوب نے وہ صبر اختیار کیا ہے جسمین فزع نہین ہے مگر یہ عہد اسکا درست
رہیگا تو محبت مین فرق آجائیگا اسواسطے اس دعوے کو باطل کرنا چاہیے سو جبرئیل علیہ السلام بنکر پڑے ہین کہ تصور حضرت یوسف
علیہ السلام خواب مین تشریف لائے اور حضرت یعقوب کے پاس ہوکر نکل گئے تو حضرت یعقوب علیہ السلام روتے ہوے سب جگہ پھر

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکے کہا کہ ای یعقوب اللہ صاحب فرماتے ہین کہ تمنے تو جزع فزع
انکار کی تھی حضرت یعقوب علیہ السلام نے متنبہ ہوکے اپنے لبون کو مٹی سے بند کیا اور کہا یا رب
توبہ کرتا ہون ارشاد ہوا کہ تجکو جزع معاف ہی لیکن مجھی سے نالہ وزاری کر حدیث شریف مین آیا ہی
کان یعقوب یبکی ویبکی یبکائہ حیطان بیتہ یعنے تھے یعقوب روتے اور روتین اُنکے رونے سے
گھر کی دیوارین عبداللہ ابن عباس سے روایت ہی کہ حضرت یعقوب نے شہر کے باہر ایک گھر
علیحدہ سب سے بنایا تھا تاکہ آواز نالہ وزاری کوئی غیر نہ سُنے جب کہ رات ہوجاتی تو اُس گھر مین
آتے اور دروازہ بند کرکے یوسف کو یاد کرتے اور تڑپتے اور یون پکارتے کہ ای یوسف مین نہین
جانتا تو کہان ہی کس کنوئین مین تجکو ڈالا اور کس دریا مین ڈبایا اور کس جنگل مین چھوڑ دیا اور
کس زمین مین دفن کیا اور کیا تیری حالت ہی اس حالت مین صبح ہوجاتی تو آسمان کی طرف
دیکھ کر فرماتے کہ یا الٰہی میرا بڑھاپا و ضعیفی و حسرت ہر شخص دیکھ کر رحم کرتا ہی فارحمنی یا ارحم
الراحمین اور حال اس رونے کی تاثیر کا یہ تھا کہ جب آواز آپ کی جنگل مین پہونچتی تو ہرن اور
جنگلی جانور بیت الحزن کے گرد آکے جمع ہوتے اور حضرت کے ساتھ روتے اور رونے کا یہ مرتبہ
پہونچا کہ آنکھین جاتی رہین کہ وابیضت عیناہ من الحزن اسی کا اشارہ ہی یعنے سفید ہوگئین
آنکھین اُنکی غم سے **فائدہ** حضرت یعقوب علیہ السلام نے بل سولت لکم انفسکم فرمایا یعنے اسناد
اس حرکت شنیعہ کا اپنے بیٹون کی نفس سے کیا نہ کہ دل سے سبب اُسکا یہ ہی کہ آدمی کے پاس
دو چیزین ہین ایک نفس دوسری روح روح عالم پاک سے ہی اور نفس عالم خاک سے روح نیکی پر دلالت
کرتی ہی اور نفس معصیت پر پیرایہ نفس غرور ہی اور سرمایہ روح تجارت لن تبور یعنے کبھون ہلاک نہو
نفس متاع پر عیب ہی اور روح کلبرگ گلستان عالم غیب ہے نفس پیرایۂ خیالات ست * روح
سرمایۂ سعادات ست * نفس پابستۂ ہوا و ہوس * روح شایستۂ کمالات ست * سو ہرگاہ کہ
نفس بالذات شریر تھا اسواسطے گناہ کو اُسکی طرف نسبت فرمایا اور اپنے درد کو صبر جمیل سے ملایا
یعنے اگر تمنے کید کا اندیشہ کیا ہی تو مین نے پیشۂ صبر اختیار کیا اسلیے کہ بدون اور شریرون کو بدی ہی
حرج نصیب ہی اور صابرون کو صبر مین فرج عنقریب واضح ہو کہ اہل تحقیق کو صبر جمیل مین کئی قول ہین
حدیث شریف مین وارد ہی کہ صبر جمیل وہ ہی جسمین شکایت خدا خلق سے نہو اور اگر کچھ شکایت
دل مین رہتا ہو تو حق تعالیٰ سے کرے جس طرح حضرت یعقوب نے فرمایا انما اشکو بثی وحزنی
الی اللہ اور حکیم علی ترمذی فرماتے ہین کہ صبر جمیل وہ ہی کہ صابر زمام اختیار اپنے قبضۂ اقتدار مین رکھ کر

رکھے اور مقام رضا و تسلیم مین قائم رہے اور بلا و عطا مین یکسان بسر کرے اور شیخ یحیی معاذ رازی فرماتے ہین کہ صابر بلاے آسمانی مین خندان و شادان رہے خلاصۃ الحقائق مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ صاحب فرماتے ہین کہ جو بندہ میرا مصیبت کی حالت مین صبر جمیل اختیار کرے تو شرط کرم یہ ہی کہ بروز قیامت بحساب داخل بہشت کرونگا اور امام قشیری فرماتے ہین کہ صبر جمیل یہ ہی کہ صاحب مصیبت اپنے غیر سے پہچانا نجائے الغرض حدیث رسول اللہ اور کلام اولیاء اللہ سے یہ منکشف ہوا کہ صبر دو قسم ہی ایک جمیل دوسرا غیر جمیل سو صبر جمیل یہ ہی کہ وقت نزول بلا کے صابر بھیجنے والے بلا کو پہچانے جب بعلم یقین معلوم ہو جائے کہ یہ بلا جانب حق سے آئی ہی تو سمجھے کہ حق تعالے مالک الملک ہی اپنی ملکیت مین جو تصرف کرے درست ہی جاے چون و چرا نہین ہی دوسرے وہ حکیم ہی کوئی کام بے حکمت نہین کرتا ہی تیسرے علیم ہی بے علم و دانش کچھ نہین کرتا چوتھے مشفق و رحیم ہی اگر بندے کی خیر اُس بلا مین نہوتی تو بلا کو مقدر نکرتا جب کہ یہ باتین مبتلاے بلا پر منکشف ہوئین تو نور مرسل بلا مین مستغرق ہو جائیگا اور کبھون شکایت نہ کریگا ؎ بہر بلا کہ توخواہی بیازماے مرا * کہ در مشاہدۂ تو بلا نمی بینم * زمن بہر چہ کنے یار راضیم بجفا * کہ ہر چہ از تو رسد جز عطا نمی بینم * اور جو صبر کہ ورا اسکے ہی وہ صبر غیر جمیل ہی اور فرق ان دونون صبرون کا اس مثال مین ظاہر ہوتا ہی مثلاً ایک شخص اللہ کو بسبب نعمتون کے جو اسکو عطا فرمائی ہین دوست رکھتا ہی جب بلا نازل ہوئی وہ دوستی زائل ہوگئی اور ایک شخص خدا کو محض از براے خدا دوست رکھتا ہی جب بلا آئی تو محبت و دوستی اُسکی زیادہ ہوئی اور یہ ترانہ اُسکی زبان پر جاری ہوا ؎ مانمی جوئیم نعمت ما بلا خواہیم و بس * بلکہ ما دائم رضائے دوست را خواہیم و بس * از رضائے دوست ما اگر بلا خواہد رسید * ما ہمیشہ خویشتن را مبتلا خواہیم و بس * خلق از حق نعمت فضل و عطا جویند و ما * از خدا صبر جمیل اندر بلا خواہیم و بس * ہر کسے از تو بقدر خود مرادے خواستند * ما مراد خویشتن از تو ترا خواہیم و بس * اور حدیث شریف مین وارد ہی کہ صبر تین قسم ہی صبر بر مصیبت و صبر بر طاعت و صبر از معصیت جو کوئی بلا شکایت و جزع مصیبت پر صبر کرے اُسکو تین سو درجے ہین اور جو طاعت پر صبر کرے اسکو المضاعف اور جو معصیت سے صبر کرے اُسکو نو سو درجے اہل تحقیق فرماتے ہین کہ جو کوئی شخص جرعۂ صبر خوشی سے نوش کرے اگر زندہ رہے حمید ہی اور جو مر جاے شہید اور عرفا علیہم الرحمۃ فرماتے ہین کہ صبر دو قسم ہی صبر عابدین اور صبر عاشقین اول یہ ہی کہ مقام صبر مین مضبوط و محفوظ رہے اور دوسرا یہ ہی کہ مرفوض رہے یعنی کمال صبر عاشقون کا بے صبری مین ہی جس طرح مراد انکی

نامرادی مین ہو اسی سبب سے حضرت یعقوب صبح کو وعدہ صبر فرماکر فرماتے تھے فصبر جمیل اور رات کو
بے صبری سے فرماتے تھے یا اسفیٰ علے یوسف شیخ یکٹے معاذ فرماتے ہین صبر المحبین اشد
من صبر الزاہدین اسلیے کہ زاہد شتہیات نفس پر صبر کرتا ہو اور محب فراق محبوب پر اور یہ بہت سخت ہو
اسلیے کہ عاشق کو سالہا سال گذر جاتے ہین کہ نہ نفس کا خیال آتا ہو اور نہ خواہش نفس کا کیونکہ عاشق
کسی وقت محبوب سے غافل نہین ہو نفس کسکا اور ہواے نفس کہان پھر جو چیز سالہا سال یاد
نہ آوے اُسپر ثبات اور صبر آسان ہو یا اُسپر جو ایک لحظہ اور ایک ساعت دل سے نہ بھولے
**فائدہ** اس جگہ صبر کا بیان ضرور ہوا واضح ہو کہ عالمون کے نزدیک صبر کی حقیقت ثبات ہو اور
ہندی سہار جسکو یہ حال پیدا ہو اُسکو شہوت اور غضب کا غلبہ نہوگا اسی واسطے یہ صفت نوع
انسانی کے واسطے خاص ہوئی ملائکہ اور جانورون مین منصور نہین کیونکہ ملائکہ عقل محض ہین اُنمین شہوت
نہین اور جانور شہوت محض ہین اُنمین عقل نہین ہو چند نوع انسانی ابتدا مین بمنزلہ جانور ہو کہ
خورونوش کے سوا اور کچھ خواہش نہین رکھتا اور ایک مدت کے بعد بازی اور جماع کا شوق پیدا کرتا ہو
مگر عقل بھی اُسکے ساتھ ہوتی ہو کہ وہ اُسکو لذائذ دنیوی سے روکتی ہو اور نعماے اخروی کی طرف
متوجہ کرتی ہو اور داعیہ شہوت سے معارضہ بپیش آتی ہو اگر عقل غالب آئی اور انسان قابو مین رہا
اسی کا نام صبر ہو اگر شہوت غالب آئی اور انسان بے قابو ہوگیا اسی کا نام جزع ہو کہ صبر کا ضد ہو
اور یہ صبر دو قسم ہو جسمانی نفسانی پس جسمانی یا فعلی ہو جس طرح اعمال شاقہ کرنا یا انفعالی جیسے آلام پر
ثابت رہنا اور نفسانی وہ ہو کہ نفس کو طبع کی خواہشون سے روکے پس یہ رکاوٹ اگر شہوت بطن
اور فرج سے ہو تو عفت ہو اور اگر لایعنی طلب سے ہو تو زہد ہو اور اگر فرار اور تنزل سے لڑائی مین
ہوئی تو شجاعت ہو اور اگر عفت وغصے کی حالت مین ضرب اور شتم سے ہوئی تو حلم ہو اور اگر حالت
اضطرار مین اظہار اسرار سے ہوئی تو کتمان نفس ہو اور اگر غنا کی حالت مین تکبر اور تعلی یا انتظام
اور بندوبست مہمات کی حالت مین اضطراب اور تحیر سے ہوئی تو وسعت حوصلہ ہو اور اس صبر کے
فضائل کلام الٰہی مین اکثر مذکور ہین اور احادیث صحیحہ مین بہت مسطور کتب تفاسیر و احادیث مین
ملاحظہ کرنا چاہیے اور فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ الصبر نصف الایمان حضرت استاذ الاستاد
تفسیر عزیزی مین لکھتے ہین کہ یہ اسواسطے کہ ایمان تمام نہین ہوتا جب تک کہ افعال ناشایستہ کو نہ چھوڑے
اور اعمال شایستہ سے دل نہ چھوڑے اور ان دونون امرون پر مداومت صبر بغیر ممکن نہین سو اس
حساب سے صبر تمام ایمان ہوا لہذا حضرت علی مرتضےٰ نے فرمایا الصبر ہو الایمان کالہ لیکن مع دونون

کبھی رغبت جسمانی اور شہوت نفسانی کے موافق ہوتے ہین اور کبھی نہین پس وہ صبر ہی یہ صبر نہین اسی وقت پر نظر فرما کے شارع نے صبر کو نصف الایمان فرمایا اور پوشیدہ نرہے کہ حقیقت صبر یہ نہین کہ امر مکروہ کبھی روبرو نہ آسکے یا پیش آتے تو اُسکو مکروہ نہ جانے بلکہ اُسکی حقیقت یہ ہی کہ باوجود کراہت طبعی و منافیات عقلی اور شرعی سے آپکو روکے ہرگز جزع و فزع کا اظہار نکرے اور اگر بے اختیار آنسو بہا خواہ رنگ چہرے کا متغیر ہوا تو یہ صبر کے منافی نہین حدیث شریف مین آیا ہی کہ جب ابراہیم فرزند رسول کریم فوت ہوسے چشم شریف اشک ریزی پر آئی اور حزن واندوہ کی کیفیت باین عبارت زبان پر جاری ہوئی کہ واللہ انا بفراقک یا ابراہیم لمحزونون یعنے قسم خدا کی مین تیری جدائی سے ای ابراہیم اندوہناک ہون جتنے کہ لوگون نے عرض کیا کہا ہی یہ غم یارسول اللہ ارشاد ہوا کہ اسقدر ملال اور اشک ریزی مقتضیات رحمۃ الٰہی سے ہی کہ علاقہ ابوت اور بنوت مین ظہور پذیر ہی اور بیشک اللہ رحم کرتا ہی اپنے اُن بندون پر جو رحم کرتے ہین لوگون پر اور فرمایا کہ آنکھ روتی ہی اور دل غم مین ہی باوجود اسکے مین وہی کہتا ہون جس سے اللہ میرا راضی اور خوش ہی لایکلف اللہ نفسا الا وسعہا مگر میری زبان قید مین ہی کہ نامرضی کا حرف اُس سے صادر نہین ہوتا غرض خلق محمود کا نام صبر ہی حدیث مین ہی کہ جو مسلمان مصیبت مین انا للہ وانا الیہ راجعون زبان پر لائے بہتر چیز بدلے مین پائے ام المومنین ام سلمہ فرماتی ہین کہ جب ابوسلمہ میرے شوہر نے وفات پائی مجھے یہ حدیث یاد آئی مین نے بار بار استرجاع کی اُسکے بدلے حضرت کے نکاح مین آئی شعب الایمان مین ابن جبیر سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ کلمہ اگلے پیغمبرون کو بھی نہین ملا جو ملا ہے اُنکی امت کے اسی واسطے حضرت یعقوب نے شدت حزن مین یا اسفیٰ علیٰ یوسف کہا اور انا للہ نہین فرمایا سعید بن مسیب اور حسن بصری کا معمول تھا کہ جب جماعت کی نماز نہ ملتی تو باواز بلند استرجاع فرماتے یہان تک کہ لوگ تعزیت کو دوڑتے معدن الجواہر مین ہی کہ استرجاع کے فضائل کا یہ سبب ہی کہ انا للہ مین عبودیت کا اقرار ہی اور انا الیہ راجعون مین قیامت وبعث کا اعتراف ہی کہ جو ہم خدا کے ہین تو بے شبہہ ہماری بازگشت خدا ہی کی جانب ہی پس اس کلمے کو ہر مصیبت بلکہ ہر معصیت خصوصاً موت کی خبر پر کہ وہ اعظم المصائب ہی کہنا اور مکرر پڑھنا مغفرت اور رحمت کا موجب ہی قال اللہ تعالیٰ اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ واولئک ہم المہتدون یعنے ایسے لوگ اُنھین پر شاباشین ہین اپنے رب کے ورمہربانی اور وہی ہین راہ پر اور حدیث مین ہی کہ استرجاع کے ساتھ انا الی ربنا منقلبون بھی کہے تا اورون کی موت سے اپنی موت یاد آئے نقل ہی کہ یوسف سے یہودا کو ایک نوع کی محبت تھی سو یہودا گاہ گاہ تفقد احوال کیا کرتا تھا اور اُس ایام مین کہ

حضرت یوسف کنوئین مین تھے ہر روز بر سر چاہ جاتا اور استفسار احوال کرتا حضرت یوسف بھی اپنا حال فرما دیتے اور باپ کا مزاج پوچھ لیتے ایک مرتبہ یہودا نے اپنے بھائیون سے کہا کہ ای بھائیو احوال و اطوار یوسف سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اُسکا خواب درست و راست ہوگا وہ بولے اسپر کیا دلیل ہی یہودا نے کہا کہ وہ کنوان جسمین حضرت یوسف ہین سخت تاریک تھا اب نورانی ہوگیا ہی اور جب مین بر سر چاہ جاتا ہون تو ایک اور شخص کی آواز سُنتا ہون کہ یوسف سے باتین کرتا ہی مگر مین اُس شخص کو نہین دیکھتا اب مصلحت یہ ہی کہ یوسف کو کنوئین سے نکال کے باپکے پاس پہونچاؤ اور عہد و پیمان مضبوط لیلو کہ احوال گذشتہ باپ سے نہ کہے اس کلام سے بھائیون کے دل مین رحم آیا تو اس ارادے سے چلے کہ یوسف کو کنوین سے نکالین اور باپ کے درد دل کی دوا کرین اثناء راہ مین ابلیس علیہ اللعنۃ ملا اُسنے کہا کہ ای اولاد یعقوب کہان جاتے ہو انھون نے احوال بیان کیا کہنے لگا کہ تم سخت بے عقل ہو یعنے پہلے تمنے باپ سے کہا کہ یوسف کو بھیڑیے نے کھالیا کہ اس بات سے ہر کہ و مہ واقف ہوگیا اور سب لوگون نے رنج و غم اُٹھایا اب اگر اُسکو زندہ باپ کے پاس لیجاؤگے تو کیا عذر کروگے سوا بدنامی کے اور کچھ فائدہ نہوگا اور تمھارے باپ کو تمپر اعتبار نرہیگا بلکہ عداوت پیدا ہوگی اب مناسب وقت یہ ہی کہ جو کچھ ہوا سو ہوا دم نمارو اور گھر کو پلٹ جاؤ سو وہ لوگ ابلیس کی نصیحت سے فسخ عزیمت کرکے لوٹ آئے اب اللہ نے چاہا کہ بے وضع منت ان لوگون کے یوسف علیہ السلام کو اس بلاے ناگہانی سے نجات بخشے ہی عجب اتفاق ہوا کہ ایک قافلہ سوداگرون کا بعد تین یا چار یا سات دن کے مدین سے مصر کو جاتا تھا اور اُس قافلے مین تین سو گیارہ یا تین سو تیرہ آدمی تھے اور رئیس اُنکا مالک ابن زعر خزائی تھا اُسی میدان مین وارد ہوا اور یہ مالک حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پوتون مین تھا چنانچہ اپنے خطون پر لکھتا تھا ابو دلامہ مالک ابن زعر ابن نوابن عنقان ابن مدین ابن ابراہیم اور اکثر تفاسیر مین لکھا ہی کہ یہ شخص مصری تھا اُسنے لڑکپن مین ایک خواب دیکھا کہ مین کنعان مین گیا ہون یکایک آفتاب میری آستین مین چلا گیا مین نے اُسکو نکال کر موتی نثار کیے اور چُن چُن کر صندوق مین رکھ لیے جب بیدار ہوا تو ایک معبر کے پاس گیا اور اپنا خواب بیان کیا اُسنے کہا کہ ای مالک تجکو ایک غلام کہ حقیقۃً غلام نہین زمین کنعان مین ہاتھ لگیگا اُسکی برکت سے تجھے ثروت و غنا حاصل ہوگی اور قیامت تک تیری اولاد مین رہیگی اور اُس عالم مین آتش دوزخ سے نجات ملیگی اور تیرا نام قیامت تک قائم رہیگا جب یہ تعبیر سُنی تو مالک نے تہیۂ اسباب سفر کرکے براہ دمشق جانب

شام چلا اور کنعان مین پہونچا تو کبھی زمین پر نگاہ کرتا اور کبھی آسمان کی طرف دیکھتا اسی تحیر مین تھا
کہ غیب سے ایک آواز آئی کہ افسوس تجھ مین اور اُسمین جسکا تو متلاشی ہی پچاس برس کا فصل ہی
ناگزیر پھر آیا لیکن ہر سال دو مرتبہ بر سبیل تجارت جایا کرتا یہان تک کہ پچاس برس گذر گئے تو ایک
دن مالک نے اپنے غلام سے کہ جسکا نام بشری تھا کہا کہ اگر مجھے ایسا غلام جسکو معبّر نے بتلایا ہی
ملجائے تو مین تجھکو آزاد کرون اور آدھا مال اپنا تجھے دے ڈالون اور اپنی بیٹی سے تیرا نکاح کر دون
چنانچہ جب یوسف کا واقعہ واقع ہوا مالک مذکور دمشق مین پہونچا تھا پھر وہان سے چلکے تیسرے
دن کنعان مین آیا اور پانی کی طمع سے اُسی کنوئین کے قریب جسمین حضرت یوسف علیہ السلام
جلوہ فرما تھے فروکش ہوا اور معالم التنزیل مین ہی کہ ایک قافلہ مسافرون کا مدین سے مصر کو جاتا تھا
اُسنے راہ گم کی اور متصل اُس جنگل کے جس جگہ کنوان واقع تھا نازل ہوا اور پانی اُس چاہ کا
اول شور تھا جب حضرت یوسف اُسمین جلوہ فرما ہوے تو شیرین ہو گیا بالجملہ اُس مقام پر آنکر
مالک نے پانی مانگا اور ایک روایت ہی کہ چارپایون نے بوے خوش یوسف پاکر وہان سے جنبش نہ کی
ناچار قافلہ وہین اترا صبح کے وقت مالک دیکھتا ہی کہ پرندے جانور حاجیون کی طرح کنوئین کا
طواف کر رہے ہین اُسوقت مالک نے بشری اور بشیر دونون غلامون کو واسطے پانی کے
کنوئین پر بھیجا بشیر نے ڈول کنوئین مین ڈالا حضرت یوسف نے جانا کہ میرے بھائی مجھکو نکالتے ہین
اتنے مین حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا اے یوسف علیہ السلام اُٹھو فرمایا کسواسطے
حضرت جبرئیل نے کہا کہ تمکو وہ دن یاد ہی جب تمنے کہا تھا کہ اگر مین کسیکا غلام ہونا چاہون تو
میری قیمت کوئی نہ دے سکے فرمایا یاد ہی مین ایک دن آئینہ دیکھتا تھا اور یہی خیال کر رہا تھا
حضرت جبرئیل نے کہا آج وہی دن ہی اپنی قیمت دیکھو غرض بشیر نے ڈول کنوئین مین ڈالکر
جھانکا اور پکار اُٹھا یا بشرا ہذا غلام یعنے جسکو پچاس برس سے ڈھونڈھتے تھے وہ یہ ہی اور
بعضے کہتے ہین کہ مالک نے دو غلام جو پانی کے واسطے بھیجے تھے اُنمین ایک بشری تھا دوسرا
حامد تھا جب یہ دونون پہونچے تو اُسوقت حضرت یوسف علیہ السلام سجدے مین پڑے ہوے
کہ رہے تھے یا غیاث المستغیثین اغثنی تب حضرت جبرئیل نے کہا کہ اے یوسف اب غم و رنج گیا اور
وقت فرح اور سرور آیا ؎ دل قوی رکھ نہ جی کو کاہش دے + جل کوئی دم مین دادخواہش لے +
اس ڈول مین بیٹھ لیجیے آپ ہی کے واسطے اللہ صاحب نے اس قافلے کو یہان بھیجا ہی سو یوسف
علیہ السلام ڈول مین بیٹھے پنہارے نے انکا حسن دیکھا تو بہت خوشی سے پکار اُٹھا یا بشری

ہیا غلام اور قافلے والون سے چھپا ڈالا چنانچہ ارشاد ہوتا ہی وجاءت سیارة فارسلوا واردھم
فادلی دلوہ قال یا بشری ہذا غلام واسروہ بضاعة واللہ علیم بما یعملون یعنے آیا ایک قافلہ پھر
بھیجا اپنا پنہارا اسنے لٹکایا اپنا ڈول بولا کیا خوشی کی بات ہی یہ ہی ایک لڑکا اور چھپا لیا اسکو
پونجی سمجھکر اور اللہ خوب جانتا ہی جو کچھ وہ کرتے ہین اسی آیت سے معلوم ہوتا ہی کہ اس قافلے مین
سے دو ہی لوگ سمجھے کہ ایک کنوئین پر پانی کی ضرورت سے گئے تھے بلکہ خادم کو بھیجا اور یہ جو ارشاد ہوا کہ واللہ علیم
بما یعملون شاید اشارہ اس طرف ہی کہ پھر وہ اسی مقام پر قصہ کو بدلتے ہین چنانچہ تذہیب مین
اور ہی طرح سے بنایا ہی تاکہ ہمارے باپ دادون پر عیب کا حرف نہ آوے اور اللہ اسکو خوب
جانتا ہی یا اشارہ ہی اسپر کہ حضرت یوسف کے بھائیون نے اپنی دانست مین مار ہی ڈالا تھا
مگر اللہ صاحب نے بچا لیا اور بادشاہت مصر کی عطا فرمائی اور حضرت یعقوب کو خوش کیا اور
بھائیون کو حضرت یوسف کا محتاج بنایا اور تابعدار کردیا اس آیت مین اللہ نے لفظ غلام فرمائی
تاکہ بندہ ہونا حضرت یوسف کا پوشیدہ رہے کیونکہ اہل عرب لڑکون کو غلام بولتے ہین جس طرح
فبشرناہ بغلام حلیم اور اسروہ بضاعة سے یہ فائدہ نکلا کہ اچھی چیز کا چھپانا بہتر ہی تاکہ لوگ حسد
نکرین فائدہ انسان کو جنین بولتے ہین جب تک مان کے پیٹ مین رہے اور جب بطن مادر سے
جدا ہو تو صبی کہلایا مرد ہو خواہ عورت اور اس دن سے نو برس تک غلام کہلاویگا پھر چونتیس برس تک جوان
پھر اکاون تک کہل بعد اسکے شیخ تا آخر عمر کذا فی اللغة اور شرع مین از وقت تولد تا بلوغ یعنی پندرہ برس تک غلام
بعد ازان شاب و فتی تیس برس تک بعد ازان کہل پچاس برس تک پھر شیخ بولا جاویگا کذا فی الاشباہ والحموی
روایت ہی سدی رحمة اللہ علیہ سے کہ بشری نام تھا ایک شخص کا اسکو پنہارے نے آواز دی کہ یا بشری
ہذا غلام سو اس آواز سے اسکے یار حاضر ہوئے اور بولے کہ اس غلام کو مصر مین بیچینگے اور بڑا نفع اٹھاوینگے
لہذا اسکو پونجی کی طرح پوشیدہ رکھا اور ایک روایت ہی کہ وارد نے اور اسکے یارون نے تصور کیا
کہ اگر اہل قافلہ یہ بات معلوم کرینگے کہ وارد نے ایک لڑکا پایا ہی اور اسکے نفع مین اپنے یارون کو
شریک کیا ہی تو وہ بھی بیشک طمع کرینگے اسلیے پوشیدہ کرنا چاہیے اور جو کوئی پوچھے تو اس سے
کہدین کہ اہل شام نے ہمکو بطور امانت دیا ہی تاکہ مصر سے بیچ لاوین اور صحیح یہ ہی
کہ بشیر نے دوڑ کر مالک سے کہا کہ یہ وہ دولت ہی جسکی پچاس برس سے تلاش تھی اب ہاتھ
لگی ہی مالک نے کہا اسکو پوشیدہ کرنا چاہیے چنانچہ چھپا کر قافلے مین لائے اہل قافلہ
مطلع ہو کر مالک کے پاس دوڑے گئے تو حضرت یوسف نظر آئے پوچھا کہ یہ لڑکا کہان سے

ہاتھ لگا مالک نے کہا کہ ایک دوست نے بیچنے کو دیا ہی بولے یہ تو غلام نہین معلوم
ہوتا ہی بلکہ طور وطریق وصورت ووجاہت اسکی شہزادون کی سی ہی شاید کہین سے
چورا لائے ہو اور بہانہ کرتے اس رد وبدل مین نوبت مخاصمت پہونچی اور شور وغوغا
ہوا اس عرصہ مین یہودا کہ برادر مہربان یوسف تھا حسب معمول بر سر چاہ آیا معلوم
مین ہی کہ یہودا کھانا لیکر آیا اور ہر چند یوسف کو پکارتا رہا جواب نہ پایا سوچا کہ
انتقال جنت فرما گئے سو رونے لگا اور ادھر اودھر دیکھتا تھا دفعتہ ایک انبوہ آدمیون کا
دیکھ پڑا وہان گیا تو دیکھا کہ یوسف علیہ السلام پر ایک انبوہ ہجوم ہی فی الفور وہان سے
لوٹا اور اپنے بھائیون سے احوال کہا اُنہون نے اس خیال سے کہ حضرت یوسف اپنا
احوال قافلے والون سے کہدینگے اور رفتہ رفتہ یہ خبر ہمارے والد کو پہونچیگی افتان
وخیزان بر سر چاہ پہونچے اور حضرت کو نہ پایا قافلے کے لوگون پر دعوی کیا اور
عبد اللہ ابن عباس سے روایت ہی کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئین سے
نکالا تو اُنکے بھائیون نے اس طرح خبر پائی کہ آفتاب تیرہ وتاریک تھا اور معاملہ یہ تھا
کہ اللہ جل شانہ نے حضرت یوسف کو ایسا نور عنایت کیا تھا کہ جب آفتاب سے
مقابل ہوتے تو نور آفتاب مضمحل ہوجاتا اور اب کنوئین کے رہنے سے اور بھی معاملہ
محبوبی پیش آئے تو نور نے دونی جھلک پیدا کی کہ اُسکے مقابلے مین آفتاب سیاہ
نظر آتا تھا بھائیون نے جانا کہ یوسف علیہ السلام کنوئین سے نکلے ہین آخر کار
روئیل نے پہاڑ پر چڑھ کر دیکھا تو یوسف علیہ السلام اس قافلے مین نظر آئے
اُسنے آواز دی کہ ای بھائیو دوڑو یوسف کنوئین سے نکلا ہی سب بھائیون نے
دوڑ کر قافلے کو گھیر لیا اور کہنے لگے کہ ہمارا ایک غلام بھاگ گیا ہی اور ہمکو خبر
ملی ہی کہ اس کنوئین مین کود اتھا تمنے نکالا ہی سو ہمارے حوالے کرو نہین تو ایسی
آواز کرینگے کہ تمہارے دل پھٹ جائینگے ناچار اہل قافلہ نے حضرت یوسف کو
ظاہر کیا بعضون نے کہا کہ انسے چھینکر مار ڈالین یہودا نے کہا تمکو وہ عہد وپیمان
یاد ہوگا جو تمنے مجھسے کیا تھا بولے تو ہی بتلا کیا کرین یہودا نے کہا بعد ثبوت
دعوے اسے بیچ ڈالو کہ اس ولایت سے جاتا رہے یہی صلاح پسند آئی تو اول
قافلے والون سے پوچھا کہ تمنے اسکو کہان پایا یہ شخص تو ہمارا غلام ہی اسکو ہم

کئی دن سے تلاش کرتے تھے ایک نے حال گذشتہ بیان کیا اور حضرت یوسف سے پوچھا کہ تم کیا فرماتے ہو یہ لوگ کیا دعوے کرتے ہین فرمایا کہ یہ لوگ اپنے دعوی مین سچے ہین روایت ہی جو کہ حضرت یوسف نے چاہا کہ حال کہین لیکن بھائیون نے زبان عبری مین کہا کہ اگر ہمارے خلاف کہیگا تو ہم انسے لیکر مارہی ڈالینگے کیونکہ ہم باپ سے کہ چکے ہین کہ یوسف کو بھیڑیا کھا گیا اس خوف سے حضرت یوسف نے فرمایا کہ فی الحقیقت مین بندہ ہون اور یہ لوگ میرے اہل ہین تب مالک نے کہا کہ اسکی صورت سے شہزادگی پائی جاتی ہی اور تم لوگ غلام کہتے ہو یہ بات تو غلط معلوم ہوتی ہی گو کہ تمھارے خوف سے یہ لڑکا تمھارے موافق کہتا ہو کہنے لگے کہ ہمارے باپ کی ایک خوبصورت لونڈی تھی اُسی کا جنا ہی مگر فرزندون کی طرح پرورش پاتا رہا اس عرصے مین ایک بڑا قصور کرکے بھاگ آیا تھا تب مالک نے کہا اگر تمھارا غلام ہی تو لیجاؤ تب بولے کہ ہم اسکو اب نرکھینگے کیونکہ قابل اعتماد نہین رہا اگر تم مول لے لو تو ہم بیچتے ہین مالک نے کہا کس قیمت کو بیچوگے کہا ہزار درہم کو اُسنے کہا کہ ہم نہین لیتے پھر کہا پانسو درہم دو کہتے کہ سو درہم پر آئے مالک نے کہا اتنا روپیہ میرے پاس نہین ہی اور جو روپیہ مین لایا تھا سب خرچ ہوگیا ہمگی بیس درہم کھوٹے باقی ہین اگر اسقدر منظور ہون تو مین لیتا ہون جب دیکھا کہ مالک بے پروائی کرتا ہی کہنے لگے اگرچہ اسکی قیمت زیادہ ہی لیکن اسکے عیب سے ہم اسی قدر پر راضی ہین مگر تین شرطین کرتے ہین ایک یہ کہ یہ غلام معیوب بعیب سرقہ ہی اگر چوری کریگا تو ہم واپس نہ لیوینگے دوسرے بھاگ جایا کرتا ہی اسکے پیرون مین زنجیر رکھیو تیسرے کمل کی پوشاک پہنائیو اور نان جوین بقدر قوت کھانے کو دیجیو اور بھی کہے دیتے ہین کہ جھوٹے خواب بہت دیکھا کرتا ہی اسپر اعتماد نکرنا اور کلام بھی انکے حضرت یوسف سنتے اور روتے اور زبان عبری مین فرماتے کہ خدا سے ڈرو مجھ بیگناہ کو نہ بیچو اور بیڑی اور زنجیر کی وصیت نکرو اہی دن قیامت کے دن کیا جواب دوگے بولے کہ سکوت کر اور جو ہم کہتے ہین اسپر راضی رہ بعد اُسکے مالک نے کہا کہ ایک بیعنامہ لکھدو چنانچہ سمعون یا روبیل نے دوات قلم لیکے اِس مضمون سے بیعنامہ لکھا کہ بنام خدا سے

بیعنامہ

ابراہیم علیہ السلام یہ غلام مول لیا مالک ابن زعر خزاعی نے اولاد یعقوب سے نام اسکا یوسف ہی اور شرط یہ ہی کہ چوری اور گریز پائی اور بد خدمتی کے عیبون سے اسکو واپس نکرین اور دوسری شرط یہ کہ اسکو سواے نان جوین کچھ اور کھانیکو نہ دین اور سواے کملی اور ٹاٹ کے لباس نہ عطا کرین اور اپنے احاطے سے نکلنے نہ دین فقط بعد ازان بعینا مہ مالک کو دیا اور قیمت لیکر گھر کو روانہ ہوے

کما قال اللہ وشروہ بثمن بخس دراہم معدودۃ وکانوا فیہ من الزاہدین یعنے بیچ آئے بھائی اسکو ناقص مول پر گنتی کی گئی پاولیان اور ہو رہے تھے اس سے بیزار

**فائدہ** چونکہ لفظ بیع دلیل تملیک تھی اور حضرت یوسف آزاد تھے بیع آزاد جائز نہین لہذا اللہ صاحب نے لفظ شروہ ارشاد کیا تاکہ سامعین آگاہ ہون کہ یہ بیع حقیقۃ بیع نہین ہی اور یہ بھی مفہوم ہوتا ہی کہ اللہ نے یہ کلمہ تشکایۃ فرمایا ہی اور اگرچہ اہل قافلے دوسری بار مصر مین بیچا ہی مگر اسکی تصریح کلام اللہ مین نہین ہی مگر اشارۃً ہی لیکن بقیمت ارزان اسی جگہ بیچا ہی اور علما کو اختلاف ہی کہ شرا سے مراد مول لینا ہی یا بیچنا بعضے کہتے ہین مول لینا مراد نہین ہی بلکہ بیچنا مقصود ہی اور شرا بمعنی بیع شائع ہی اور اس تقدیر پر معنی شروہ بثمن بخس الخ کے یہ ہوے کہ بیچ آئے یوسف کو سب بھائی ناقص مول کو کئی دام کھوٹے لیکر اور وہ تھے اس سے ناخوش اور بعضے کہتے ہین کہ شرا بمعنی خریدن ہی یعنے مول لیا سوداگرون نے بھائیون سے یوسف کو دم دیکر اور تھے اس سے بیزار اس خیال سے کہ بھگوڑا غلام ہی اور یہ بھی اختلاف ہی کہ بیچنے والے کون تھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک بھائی تھے اور بعض علما کے نزدیک وہ تھے جنھون نے چاہ کنعان سے نکالا تھا پس معنی آیۃ کے یہ ہوے کہ بیچا قافلے والون نے عزیز مصر کے ہاتھ وہ اس سے بیزار اسلیے کہ یوسف لقیط تھے قافلے والے خوف کھاتے تھے کہ چھن جائینگے اس قول سے معلوم ہوتا ہی کہ یہان بیع ثانی کا ذکر ہی اور یہ قول ضعیف ہی اور ثمن بخس مین کئی قول ہین ضحاک اور مقاتل اور سدی کہتے ہین کہ بمعنی حرام ہی اسلیے کہ ثمن آزاد حرام متفق علیہ ہی اور شعبی اور عکرمہ کہتے ہین کہ مراد ثمن قلیل ہین اور ابن عباس اور ابن مسعود فرماتے ہین کہ مراد ثمن بخس سے ثمن زیوف ہین یعنے کھوٹے اور ناقص کذا فی المعالم اور حقیقت یہ ہی کہ بخس مصدر بمعنی مفعول ہی یعنے ثمن مبخوس اور اصل معنی بخس کے ناقص الحق

تحقیق لفظ معدودہ

اور لفظ معدودہ سے معلوم ہوتا ہو کہ چالیس سے کم تھے کیونکہ اُس وقت مین دستور یہ تھا کہ چالیس درم سے جب کم ہوتے تھے تو اُنکو شمار کرتے تھے اور جب چالیس یا زائد ہوتے تھے تو وزن کرتے تھے اب اختلاف ہو کہ دراہم کتنے تھے ابن عباس اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ بیس درم تھے اور بعضے کہتے ہین بائیس درم تھے اور بعض کے نزدیک اٹھائیس اور بعض کے نزدیک اٹھارہ اور بعض کے نزدیک سترہ اور عکرمہ ابن ابی جہل کے نزدیک چالیس درم تھے مگر صحیح قول حضرت ابن عباس وغیرہ صحابیون کا ہے کیونکہ دس بھائیون نے یہ حرکت ناجائز کی تھی اور دو دو درم کا حصہ تجویز کر لیا تھا چنانچہ از روے روایات صحیحہ ثابت ہو کہ قیمت یوسف علیہ السلام کی لیکر دو دو درم باہم تقسیم کیے صرف یہودا نے اپنا حصہ نہ لیا اور کہا واللہ ہم اپنے بھائی کا ثمن نہ لینگے کہ وہ بھی اور بھائیون نے رسدی لیلیے **فائدہ** اس مقام سے علمانے دلیل پکڑی ہو کہ بیع آزاد کی قطعاً باطل ہو کسی طرح جائز نہین اور جو بعض فتاوے مین بلا تامل لکھا ہو کہ اگر مسلمان آزاد حالت مخمصہ اور قحط مین اپنی اولاد کو بیچے تو غلام و کنیز شرعاً ہوجاتے ہین سو اس قول پر فتوے نہین ہو اور نہ معمول بہ ہو اسلیے کہ دین محمدی علی صاحبہ الصلوۃ والسلام مین ہرگز آزاد کو مال اعتبار نہین کیا ہو ورایسے کتب متون بالکل اسکے خلاف ہین اور جب متون خلاف ہون تو قول فتاوے پایۂ اعتبار سے ساقط ہو کذا حققہ استاذ مولانا عبد العزیز المحدث الدہلوی قدس سرہ اور تفسیر احمدی مین ہو کہ مولانا نظام الدین نے کہا ہو کہ بیع آزاد کی کسی حال مین درست نہین ہو اور جو مخمصہ مین بیع حر کی جائز کہی ہو جملہ مخترعات مین اس سے بیزار ہین **فائدہ** واضح ہو کہ اللہ صاحب نے تین شخصون کو ایسا نور حسن عنایت کیا کہ اُسکے مقابلے مین نور آفتاب مضمحل و مغلوب ہوگیا ایک حضرت یوسف صدیق علیہ السلام کو کہ جب تین دن چاہ مین رہ کر نکلے تو ایسا نور چمکا کہ آفتاب اُسکے مقابلے مین لرزتا کانپتا تھا دوسرا انور جبین و رخسار حضرت سارہ زوجہ حضرت ابراہیم کہ انکو حضرت ابراہیم نے کئی دن صندوق مین بند کیا تھا جب نکالا تو یہی حال تھا اور سبب یہ ہوا کہ جب ابراہیم نے ہجرت فرمائی اور چلے تو ایک شہر مین یعنے مصر آئے وہان کا بادشاہ شاہد ہاروت نام بڑا ظالم نابکار تھا اور حضرت سارہ نہایت خوبصورت تھین سو اس خوف سے کہ وہ ظالم

بیع آزاد ناجائز ہے

بیان نور حسن

گرفتار نہ کرے حضرت ابراہیم نے سارہ کو تین شبانہ روز یا زیادہ اس سے صندوق میں رکھا تھا
تیسرا نور پیشانی حضرت کلیم اللہ علیہ السلام کا کہ جب سے کلیم اللہ ہوئے ایسا نور آگیا کہ نور آفتاب
مغلوب ہو جاتا تھا لہذا نقاب چہرۂ مبارک پر ڈالے رہتے تھے چنانچہ صفورا آپ کی بی بی نے
ایک مرتبہ کمال مبالغہ نقاب اٹھوایا جب اس نور پر نظر پڑی تو اندھی ہو گئیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام
کی دعا سے اچھی ہوئیں اسی طرح سات مرتبہ اتفاق ہوا میں کہتا ہوں کہ حسن حضرت خاتم النبیین
افضل الاولین والآخرین کا اول قصہ میں مجملاً بیان ہو گیا ہے اور آخر کتاب میں مفصل لکھا جائیگا مگر
اس جگہ تیمناً و تبرکاً واسطے تزئین اس مقام کے گزارش کرتا ہوں کہ اگر حضرت موسیٰ کا نور پیشانی
میں تھا تو حضرت خاتم النبیین کے دل میں ایسا نور تھا کہ عرش مجید پر غالب آیا اور نور آفتاب ایک
بار ہی جملہ سات سو فرد نور عرش کے کہ شب معراج میں اس نور نے ایسی بلندی اور روشنی مقام
قاب قوسین اور ادنیٰ میں پائی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نور میں آپ مستغرق ہو گئے اور
ہمیشہ تا دم زیست اسی نور میں آپ محو رہے اور اسی سبب سے کسی طرف التفات نہ تھا سر اپنا
جھکائے رہتے تھے ایک دن حضرت صدیق اکبر کے دل میں گذرا کہ سبب کیا ہے جو حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم ہماری طرف التفات نہیں فرماتے اور آنکھ سے نہیں دیکھتے حضرت نے اس خطرہ سے پر
مشرف ہو کر فرمایا یا ابا بکر لو کنت متخذا خلیلا لاتخذتک خلیلا ولکن شغلنی الجبار عن الاعیان ابوبکر نے
عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے نہیں فرمایا تھا کہ تو بمنزلہ سمع و بصر میرے کے ہو فرمایا درست ہے لیکن یہ حدیث
قبل از وصول بقاب قوسین تھی اب سمع و بصر میرا اور ہی ہے فاذا احببتہ کنت لہ سمعا و بصرا و لسانا و یدا بی
یسمع و بی یبصر و بی ینطق و بی یبطش ابوبکر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ نے کس نور میں عرش
مجید دیکھا فرمایا غلب نوری نورہ **فائدہ** اسی مقام میں ایک مثال روز قیامت کی خیال
میں آتی ہے کہ بروز قیامت جب بندۂ مومن کو چاہ لحد سے نکال کر میدان قیامت میں لاوینگے اور
بہشت کو یوسف وار معرض بیع میں عرض کرینگے تو مفلس لوگ عذر کرینگے کہ ہمارے کیسۂ اعمال میں
کوئی نقد و جنس باقی نہیں ہے جو ثمن جنت ہو سکے پھر دل لگانا جنت کی خریداری پر بے فائدہ ہے اسی وقت
خطاب حضرت کریم جل جلالہ و عم نوالہ یوں ہوگا کہ اے شرمساران حضرت الوہیت و گنہگاران
درگاہ عزت اپنے کیسۂ اعمال میں دیکھو اگر کچھ نقد شکستگی اور نیاز سے نکلے یا کوئی شعلہ
سوزش سینہ بے کینہ سے ہاتھ لگے یا کوئی قطرہ اشک ندامت دیدۂ فراق رسیدہ کا تلاش
سے نکل آوے تو اسکو پیش کرو کہ ثمن بہشت کے واسطے کافی ہے اور مجکو منظور ہے نقل ہے کہ

جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیۃ شروہ بثمن بخس پڑھتے تو فرماتے کہ سبحان اللہ ذوالنون نے
پیغمبر خدا کو کیسا ارزان بیچا ہے بعض تفسیرون مین لکھا ہے کہ ایک مرتبہ بروز عید حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم عیدگاہ سے تشریف لاتے تھے کئی لڑکون نے آکر دامن پکڑا اور کہا یا رسول اللہ جوز
کھیلنے کو عنایت کیجیے حضرت نے فرمایا کہ جوز میرے پاس نہین ہین میرے ساتھ چلے آؤ شاید
گھر مین ہون لڑکون نے کہا یا رسول اللہ اسی وقت دیجیے ہمارا وقت کھیل کا گذرا جاتا ہے حضرت نے
فرمایا مین مجبور ہون مجھے بیچ ڈالو اور جوز خرید لو اسپر بھی لڑکے دامن پکڑے رہے اور یہی کہتے کہ ہمکو
اسی جگہ جوز پیدا کر دیجیے اس حالت مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت نے لڑکون کا
حال بیان کیا اور خود حضرت عمر نے اپنی آنکھون سے دیکھا معلوم کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقام
انبساط مین ہین اسواسطے لڑکون سے پوچھنے لگے کہ رسول خدا کو بعوض کتنے جوزون کے بیچتے ہو
بولے جتنے مل جائین حضرت عمر نے کہا کہ بیس جوز میرے پاس ہین سو مجھسے جوز لو اور حضرت کا دامن
چھوڑ دو لڑکون نے بیس جوز لیے اور دامن حضرت کا چھوڑ دیا حضرت عمر نے کہا کیا نادان لڑکے تھے کہ
رسول خدا کو بیس جوز کے بدلے بیچ ڈالا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم کیا اور فرمایا کہ یوسف کے
بھائیون نے بیس درم کھوٹے لیکر یوسف کو بیچ ڈالا اگر لڑکون نے کہ نابالغ ہین بیس جوز پر مجھے بیچا تو
عجب نہین ہے حقیقت یہ ہے کہ اگر برادران یوسف حقیقت یوسف سے آگاہ ہوتے تو اٹھارہ ہزار
عالم کے بدلے بھی نہ بیچتے اسی طرح اگر بندہ عاصی قدر خداوندی جانتا تو ایک قدم مخالفت مین الٰہی
نہ رکھتا اور دنیا و آخرت کو بمقابل رضا مین بے حقیقت سمجھتا حضرت شبلی قدس سرہ فرماتے ہین کہ
مین حضرت سید الطائفہ جنید بغدادی کے حضور مین حاضر تھا ایک ضعیفہ اپنے شوہر کو لیے ہوے
آئی اور کہا میرا خاوند اور نکاح کیا چاہتا ہے اور مین بہت مدت سے اسکے عقد مین ہون شیخ
نے فرمایا کہ مردون کو چار عورتین درست ہین تو ایک ہی عورت مین مخاصمت کرتی ہے اوس
عورت نے عرض کیا کہ اے شیخ اگر غیر کے سامنے منھ کھولنا درست ہوتا تو مین نقاب
اوٹھا کر اپنا چہرہ دکھلاتی تب تم میرے حسن و جمال کا تماشا دیکھتے اور انصاف فرماتے کہ ایسی معشوق
اور حسینہ عورت پر دوسری عورت لانا مرد کو جائز نہین ہے شیخ نے نعرہ مارا اور بیہوش ہوگئے حضرت
شبلی فرماتے ہین کہ بعد ہوش کے مین نے سبب بیہوشی سے استفسار کیا فرمایا کہ اے شبلی یہ کلام
اسکا اللہ پر جا لگا کہ اللہ صاحب فرماتے ہین کہ اے بندہ اگر میرا دیکھنا دنیا مین جائز ہوتا تو مین
نقاب حجاب اوٹھا دیتا کہ مجھکو دیکھکر تم دوسری طرف التفات نہ کرتے ؎ چیست آن شہریار در پردہ

شہر پر شور و یار در پردہ + ہمہ گلہا از و شگفتہ بناز + رخ او غنچہ وار در پردہ + از پس پردہ جملہ حیران اند
ہیچ نیست بار در پردہ + از برون کر ہزار بینی نیست + خبر یکی زان ہزار در پردہ + ہم تو ئی پردہ
بصیرت تو + خویشتن را مدار در پردہ + پردہ خویش را بسوز و ببین + دوست را آشکار در پردہ +

حقائق سلمی مین حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہی کہ حضرت فرماتے تھے کچھ تعجب نہین جو برادران یوسف نے یوسف کو ارزان بیچ ڈالا دیکھو انسان تمامی حظوظ آخرت کو ایک کوڑی برابر حظ دنیوی سے بیچا کرتا ہی اور اس معاملے کی شامت سے دولت رضاے مالک مطلق اور سعادت لقائے حضرت حق سے محروم رہتا ہی اور ابن عطا سے روایت ہی کہ فرماتے تھے کہ بھائی یوسف کے حقیقۃً دشمن یوسف تھے کہ انکو بیس درم کو بیچا اور بندہ مومن اپنے نفس کو دوست رکھتا ہی اور ایک مرتبہ عوض بہشت کے اللہ کے ہاتھ بیچ چکا ہی کہ ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ اور پھر ہوا و شہوت کے ہاتھ کہ دشمن تو وہی ہین اقل قلیل پر بیچتا ہی اور خسران و نکال آخرت سے نہین ڈرتا القصہ یوسف کے بھائیون نے دراہم معدودہ لیے اور دستاویز بیع مالک کو دی اور کہا کہ اسکو محافظت سے لیجائیو نہین تو بھاگ جائیگا چنانچہ مالک نے ایک زنجیر لوہے کی بھاری بھائیون کے روبرو حضرت یوسف کے پیرون مین ڈالی اور ایک غلام حبشی بدخلق تقلوس نامی کے سپرد کیا اور قافلہ روانہ ہوا تو حضرت یوسف نے شور کیا کہ انکی آواز مالک کے کان مین پہونچی اُسنے کہا میری سواری کے وقت کون روتا ہی کسی نے کہا وہی عبری غلام روتا ہی اُسنے حضرت یوسف کو اپنے روبرو بلوایا جب حضرت تشریف لائے تو اُسنے پوچھا آپ کیون روتے ہین کیا حاجت ہی فرمایا کہ تھوڑی مہلت ملے تو مین اپنے بیچنے والون سے مل آؤن کہ شاید پھر انکو نہ دیکھون مالک نے کہا مین نے تمسا غلام باوفا اور ان سا ظالم بیچیا نہ سنا ہی نہ دیکھا حضرت یوسف نے فرمایا کہ ہر شخص اپنے لائق کام کرتا ہی غرض مالک نے اجازت دی کہ حضرت یوسف علیہ السلام تقلوس حبشی کے ساتھ رات کے وقت بہزار دشواری زنجیر کشان و گریہ کنان اُس مقام پر جہان بھائیون نے بیچا تھا پہونچے اُسوقت یہودا پہرے پر تھا اور لوگ سوتے تھے یہودا نے زنجیر کی آواز سُنکے پوچھا کہ کون آتا ہی یہ کسکے پاؤن کی آواز ہی + ہر صداے پاین جسکے سو طرح کا ناز ہی + حضرت نے فرمایا کہ یوسف آتا ہی یہودا دوڑ کر لپٹ گیا اور بہت رویا اور عرض کیا کہ اے بھائی دیکھین قیامت مین ہمارا کیا حال ہو افسوس کہ میرا کوئی شریک نہین اور تن تنہا اُنسے عہدہ برا نہین ہو سکتا پھر اور بھائیون کو آواز دی کہ بیدار ہو یوسف علیہ السلام تمسے رخصت ہونے کو تشریف لائے ہین بعضے شرم سے نہ اُٹھے

بیٹے اٹھ بیٹھے مگر حضرت یوسف نے ایک ایک کو گلے لگا کے فرمایا کہ تمکو اللہ سلامت رکھے گو تمنے مجھے سپرد اغیار کر دیا اور اللہ تمکو حفاظت مین رکھے اگرچہ تمنے مجھے ضائع کیا اور اللہ تمپر رحم کرے ہرچند کہ تمنے مجھپر رحم نہین کیا اور اللہ تمھاری مدد کرے گو کہ تمنے میری مدد نہین کی بھائیون نے شرمندہ ہو کے کہا اگر ہمکو باپ کا خوف نہوتا اور اپنے سخن کی حیا نہوتی تو ہم بیشک تجھے پھیر لیتے بعد اسکے حضرت یوسف علیہ السلام رخصت ہوے اور قافلہ مین تشریف لائے تو قافلہ چلا اثنائے راہ مین مقبرہ اسحاق علیہ السلام کا پڑا اسمین انکی مان کی قبر تھی سو حضرت یوسف اونٹ سے کود پڑے اور قبر راحیل سے لپٹ کے روئے اور تمام سرگذشت اپنی بیان کی تو ایک آواز حزین قبر سے حضرت یوسف علیہ السلام کے کان مین آئی کہ ای قرۃ العین تیری حالت دیکھکر سخت بیتاب ہون فاصبر وما صبرک الا باللہ غرض اس مقام مین توقف زیادہ ہوا اور حبشی نکیل اونٹ کی پکڑے ہوے آگے بڑھگیا تھوڑی دور پر اُسنے منھ پھیر کر دیکھا تو حضرت یوسف اونٹ پر نظر نہ آئے اُسنے جلدی سے دوڑ کے قافلے مین خبر کی کہ غلام بھاگ گیا یہ کہکر تلاش کے واسطے لوٹا دیکھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام ایک قبر سے لپٹے ہوے روتے ہین حبشی نے غصہ ہو کے ایک طمانچہ مارا اور کہا کہ تیرے بیچنے والے سچے تھے تو بیشک بھگوڑا ہے اور گھسیٹ کر اپنی سواری کے پاس لایا حضرت یوسف بیہوش ہوگئے جب ہوش آیا تو فرمایا کہ یا رب مین گنہگار ذلیل و خوار تیرے در پہ آیا ہون میرا قصور معاف کر اور جو میری عرض نہین سنی جاتی تو ابراہیم و اسحاق و یعقوب علیہ السلام نبی معصوم تھے انھین کے واسطے مجھپر رحم کر اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ یوسف کا حال دریافت کر حضرت جبرئیل نے آکے پوچھا فرمایا کہ مین طاقت کلام نہین رکھتا جبرئیل نے کہا اگر حکم ہو تو زمین کو زیر و زبر کر ڈالون انکو منع کیا اور کہا ان ربی لرحیم مگر اسقدر چاہتا ہون کہ ایسا کوئی معاملہ واقع ہو جس سے اہل قافلہ کو عبرت پیدا ہو اور خدا کے غضب سے ڈرنے لگین تب حضرت جبرئیل نے اپنا ایک پر زمین پر مارا کہ ایک آندھی چلی یا بدلی ایسی آئی کہ اندھیرا ہوگیا اور زمین تھرتھرانے لگی اور سارے اونٹ قافلے کے بھاگ چلے اور ایسی شور و شر ہوئی کہ فرشتون نے جناب الٰہی مین عرض کیا کہ یا الٰہی تو نے کیسے کیسے تازیانہ اس لڑکے کو مارے اور کس کس طرح سے اسکو ذلیل کروایا لیکن کبھی کچھ بھی نہوا اب ایک ہی طمانچے مین جہان کو ویران کیے دیتا ہے ارشاد ہوا کہ اگر مین مارون تو مارون لیکن اورون کا مارنا مجھے خوش نہین آتا دیکھو تمام حال آدم اور بنی آدم کا لوح محفوظ مین لکھا تھا کہ ظاہر ہوا اور ہوتا جاتا ہے لیکن فرشتون کا

أتجعل فيها من يفسد فيها کہنا خوش نہ آیا تب مالک نے تین مرتبہ پکار کر کہا کہ اگر کسی نے قافلے مین کچھ گناہ کیا ہو تو قبل ہلاکت کے توبہ کرے حبشی نے کہا مین نے اس غلام عبری کی خدمت مین گستاخی کی تھی اور ایک طمانچہ مارا تھا کہ ہاتھ میرا خشک ہو گیا ہی اور اُس حالت مین یہ غلام چپکے چپکے کچھ کہہ رہا تھا کہ اُسی وجہ سے یہ آفت برپا ہی تب مالک خود حضرت یوسف کے پاس آیا اور دست بستہ ملتمس ہوا کہ مجھکو یہ یقین ہی کہ تو اللہ کے نزدیک بزرگ ہی سو یہ دعا کر کہ یہ آفت جاتی رہے حضرت یوسف علیہ السلام نے تبسم کر کے دعا کی کہ بلا دفع ہو گئی اور اُس غلام کا ہاتھ بھی اچھا ہو گیا مالک نے اُسی وقت بند اور زنجیر دور کر ڈالی اور پوشاک نفیس پہنا کے ایک معقول گھوڑے پر سوار کر لیا اور ہمراہ قافلہ بنا کر لے چلا روایت ہی کہ جس وقت حبشی کو زنجیر پکڑائی ہی تو آہستہ مالک سے کہا تھا کہ ای مالک تو تمام اسی غلام کے واسطے پچاس مرتبہ آیا اور بڑی تکلیفین اٹھائین مجھکو نہایت تعجب ہی کہ اپنے نفس پر اسطرح کی بیمروتی کرتا ہی اور مین تو اس غلام کو نہایت ضعیف اور نازک پاتا ہون طاقت اپنے بوجھ کی نہین رکھتا مالک نے کہا یہ سب درست ہی اور مصر نے خواب کی تعبیر بھی اُسکے موافق بیان کی تھی الا فرق اتنا ہی کہ مین نے اسکو بیس درم کو مول لیا ہی اسپر یوسف ہنستے اور دل مین کہتے کہ افسوس اب تک میرا احوال پوشیدہ ہی حقیقت یہ ہی کہ سوائے حضرت یعقوب علیہ السلام اور زلیخا کے کسی نے حضرت کو نہین دیکھا سو حضرت یعقوب کی آنکھین جاتی رہین اور زلیخا کا جو کچھ حال ہوا ہی سو آگے اسی قصے مین معلوم ہوگا اور مالک ابن زعر اگر حضرت کو صورت اصلیہ پر دیکھتا کبھی مول لینے پر مستعد ہوتا اور جو مول بھی لیتا تو پھر کبھی جدا نکرتا اسی طرح حضرت کے بھائیون نے نہین دیکھا ورنہ حضرت یعقوب سے زیادہ پیار کرتے کیونکہ ہمیشہ وہ لوگ کہا کرتے تھے کہ ہمارے باپ کو کیا ہوا ہی جو یوسف کو اتنا چاہتے ہین ہم لوگ تو اُس سے خوبصورت ہین سبحان اللہ کیا ہی پردہ اللہ نے ڈالا تھا اور مالک کی عقل پر کیا ہی حجاب ہو گیا تھا کہ بیعنامہ کی شرطون پر قائم ہوا حالانکہ بیعنامہ مشروط قابل اعتبار نہین اور جو شرطین بیع مین ہوتی ہین سب فاسد ٹھہرتی ہین مگر تقدیر مین حضرت یوسف کے ریاضت لکھی تھی کسی بات کا خیال نہ رہا اور عادت الٰہی بھی یون ہی جاری ہی کہ جسکو بزرگی و عظمت شان عنایت کرنا چاہتے ہین اکثر ریاضت ہی مین مبتلا کرتے ہین اور منظور نظر یون تھا کہ انکو تمام مصر کا بادشاہ کرین اور مصریون کو لونڈی و غلام بناوین اسواسطے پہلے سے درد غلامی مین مبتلا کیا کہ اسکو یاد کر کے اپنے غلامون سے بحسن خلق پیش آوین القصہ حضرت یوسف علیہ السلام قافلے کے ساتھ مدینہ نیسان مین پہونچے وہان کے لوگ انکو دیکھتے ہی عاشق ہو گئے اور انکی صورت کی

ہوئی تین بنالے پوچھنے لگے وہان سے چلکر مدینہ ماباس مین پہونچے تو وہان کے لوگ بت پرست
تھے وہ سب بتون کو توڑ کے ایمان لائے سبحان اللہ کیا شان کبریائی ہے طاق ابرو اُس بت
شکن ادا کی دیکھکر کتنے کافر ہوگئے کتنے مسلمان ہوگئے + اور تفسیر سجستانی مین لکھا ہے کہ جب حضرت
یوسف علیہ السلام شہر قدس کے قریب پہونچے تو امیر قدس نے خواب دیکھا کہ ایک شخص کہ رہا ہے
کہ ایک نیک آدمی تیرے ملک مین آتا ہے چاہیے کہ اسکا استقبال کر اور اپنے مکان پر لاؤ اور اُسکے
حکم پر چل امیر قدس جاگا اور استقبال کے واسطے شہر سے نکلا اور طعام ضیافت کے واسطے حکم دیا
جب قافلہ شام مین پہونچا تو اہل قافلہ سے پوچھا کہ تمھارا امیر و سردار کون ہے بولے مالک ابن زعر
اسکو نہایت تعجب ہوا کہ مالک ابن زعر وہ تین مرتبہ ہر سال اس طرف سے آتا جاتا ہے کبھی مجکو اسکے
استقبال کا حکم نہین ہوا ہنوز امیر کا کلام تمام نہوا تھا کہ ایک سوار دو سو فرشتون سے حضرت یوسف
کی محافظت کو آسمان سے اُترا اُسنے امیر کو حضرت یوسف کا نشان دیا وہ دوڑ کے پابوس ہوا اور
عرض کیا تم کون ہو فرمایا مین وہ ہون جسکے استقبال کو تو آیا ہے اُسنے متحیر ہو کے کہا کہ آپ کو کسنے خبر دی
فرمایا کہ جسنے تجکو استقبال کا حکم دیا امیر نے عرض کیا کہ مجکو کیا حکم ہے فرمایا کہ بت پرستی چھوڑ دے امیر نے
کہا بدین شرط قبول کرتا ہون کہ آپ اول میرے بت سے ملاقات کیجیے اگر وہ سجدہ کر کے کہے کہ یہ شخص
صادق ہے تو جیسا آپ فرماتے ہین مین بجا لاؤن فرمایا ربی یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید غرض کہ امیر قدس
حضرت سے باتین کرتا قافلے کے ساتھ شہر مین داخل ہوا ایک مقام پر حضرت یوسف علیہ السلام نے
تھوڑا توقف فرمایا تب امیر قدس نے حضرت کے پیچھے ایک لشکر عظیم دیکھا کہنے لگا کہ اس لشکر کے واسطے
میرا امکان کافی نہین اور نہ اتنا کھانا ہے جو انکو کھلاؤن حضرت یوسف نے فرمایا انکو اکل و شرب کی
احتیاج نہین یہ اللہ کا لشکر ہے پھر امیر قدس اپنے بت کو اٹھا لایا اُسنے فوراً سجدہ کیا اور زمین پر گر کے
چور چور ہو گیا تب امیر قدس ایمان لایا اور اپنے مکان پر لے گیا اور طعام ضیافت حضرت کے روبرو
لا کر چن دیا اور خاص حضرت کے واسطے ایک پیالہ شیر برنج کا رکھا حضرت یوسف نے اُسمین سے
اول ایک لقمہ اُس شخص کو دیا جو حضرت کے پہلو مین بیٹھا تھا بعد اُسکے خود حضرت نے تمام محفل کو اُسی
ایک پیالہ سے کھلایا مگر پیالہ جسطرح بھرا تھا ویسا ہی رہا امیر قدس متحیر ہوا اور اہل قافلہ سے متوجہ
ہو کر پوچھا کہ یہ شخص تمھارا امیر ہے بولے کہ یہ تو ہمارا غلام ہے امیر نے کہا سردار کون ہے کہنے لگے کہ مالک
امیر نے کہا جب تمھارے غلام کا یہ معجزہ ہے تو سردار کا معجزہ اس سے زیادہ ہوگا تب سب گھبرائے
اور امیر نے کہا العبد خیر من السید بعد اُسکے امیر قدس کا یہ ارادہ ہوا کہ ان لوگون سے حضرت یوسف کو

یعنی لعین مالک ابن زعر اس ارادہ سے مطلع ہوکر جانب عسقلان بھاگا اور امیر قدس بارہ ہزار سوار لیکر پیچھے پڑا یہان تک کہ قافلہ تھوڑی دور رہ گیا دفعتہً حضرت یوسف کی نظر سوارون پر پڑی سب کے سب بیقرار ہوکے اپنی سواری سے گر پڑے اور تین شبانہ روز غش مین پڑے رہے یہان تک کہ مالک مدینہ عرلیس مین پہونچ گیا اور وہان سے مصر کی طرف کوچ کیا القصہ مالک بعد قطع منازل حوالی مصر مین دریائے نیل پر پہونچا اور حضرت یوسف علیہ السلام سے عرض کیا کہ یہ شہر مصر ہے آپ غسل کیجیے اور اپنا سر و بدن خوب دھو ڈالیے اور پوشاک سفر کی اُتار دیجیے چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام نے غسل کیا اور مالک ابن زعر نے ایک تاج طلائی مرصع سر مبارک پر رکھا اور منطقہ نقرئی کمر سے باندھا اور زردوزی کی قبا جسم مبارک مین پہنائی اور گلوبند طلائی مرصع بجواہر گلے مین ڈالا اور کنعانی اونٹ پر محبوب پیر کنعان کو سوار کراکے لے چلا تو حسن خداداد دیکھکر عالم ملکوت مین ندائے ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ بلند ہوئی اور دروازے مصر پر منادی غیب نے پکارا کہ اے ساکنان مصر تمھارے شہر مین ایک جوان صدیق آتا ہے اُسکی ملازمت تمھاری سعادت ہے اور موجب مرتبت مصر کے لوگ سُنتے ہی دوڑ پڑے کہ دیکھین وہ جوان کہان ہے اور مالک حضرت یوسف علیہ السلام کو لیکر اپنے دولتخانے مین پہونچا شہر کے لوگ تمام شہر مین تلاش کرتے رہے دوسری مرتبہ پھر آواز آئی کہ اُس جوان کو مالک ابن زعر خزاعی کے گھر مین تلاش کرو صبح کو تمام اہل مصر خانہ مالک کا طواف کرنے لگے اور اُسکے دروازے پر مجاذیب کی طرح شور مچایا کہ مالک نے چھت پر چڑھکر پوچھا کیا شور ہے اور کون لوگ ہو اور کیا درخواست رکھتے ہو بولے تیرے گھر مین محبوب صدیق ہے اُسکی زیارت کرینگے مالک متحیر ہوا کہ یہ عجب بات ہے کیا دیکھینگے اور کس بات کے مشتاق ہین کیونکہ یہ شخص بھی ایک آدمی ہے جیسے اور آدمی اُسی وقت فرشتے مصاحب حضرت یوسف نے بصورت آدمی ہوکر فرمایا کہ اے مالک اُنسے کہدے کہ اگر ایک ایک دینار مُنھ دکھلائی لاؤ تو دکھاؤن مالک نے یہی درخواست کی سب لوگ راضی ہوگئے اور دروازہ کھلواکے گھر مین داخل ہوے کہ چھ لاکھ دینار مالک کو مُنھ دکھلائی مین اُسی دم ملے اور مصریون کا یہ حال ہوا کہ مشاہدۂ جمال یوسفی سے مجنون ہوگئے اور جب باہر نکلنے لگے تو گھر کا دروازہ بھول گئے تب مالک نے اپنے غلامون سے ہاتھ پکڑواکے ایک ایک کو باہر نکلا جب باہر آئے تو ایک دوسرے کو نہ پہچانتے تھے اور اپنے گھر کی راہین بھولے ہوے تھے اور سوائے تذکرۂ حضرت یوسف علیہ السلام دوسرے کلام سے زبانین اُنکی ناآشنا ہوگئی تھین بلکہ زبان حال ہر ایک شخص کی یون مترنم تھی

جان بیتاب اسیر خم گیسوی تو شد + دل شہادت طلب از خنجر ابروی تو شد + چشم آئینہ دگر جلوہ گہ روے تو شد + باز حیران زحمت نرگس جادوی تو شد + برخت ماہ فلک در چہ حساب ست بلی + روی خورشید قیامت خجل از روی تو شد + فارغ از در وسر سجدۂ محراب شدم + صندل روی جبین خاک سر کوی تو شد

دوسرے دن مالک نے حضرت یوسف کو ایک بلند مکان پر بٹھلایا اور منادی کروائی کہ جسکو آج دیکھنا ہو دو دینار دیکر دیکھے اُس دن بارہ لاکھ دینار مُنھ دکھلائی مین آئے کعب احبار سے روایت ہے کہ دوسرے یا تیسرے دن جب اہل مصر جمع ہوکے آئے تو مالک اپنے گھر کے صحن مین تخت پر تاج طلائی سر پر رکھے ہوے تنہا بیٹھا تھا اور ایک چھڑی ہاتھ مین تھی تب ہر ایک نے سلام علیک کی مالک نے جواب دیکر تحائف شام ہر ایک کو دیے اور کھانا اچھا کھلایا شراب بہتر پلائی بعد اسکے کہا کچھ تمکو حاجت ہے قوم نے کہا حاجت یہی ہے کہ اُسی محبوب کو دکھاؤ اور جو بیچنا منظور ہو تو ہم زیادہ سے زیادہ قیمت دینے کو تیار ہین مالک نے کہا آج کوئی سبیل اُسکے دیکھنے کی نہین ہے پر بیچنا البتہ منظور ہے اگر اللہ چاہے تو روز جمعہ ماہ آیندہ کو اُس زمین پر جہان غلام بکتے ہین اس لڑکے کو بھی لاؤنگا اگر اپنے پڑتے لیجیو چنانچہ قوم نے وعدہ مضبوط لیا اور رخصت ہوے اور مالک نے اُس مقام مین جہان غلام بیچے جاتے تھے ایک قبہ بنوایا اور اُسمین صندل کی کرسی مرصع بجواہر بچھائی جب یوم موعود آیا تو علی الصباح بتاریخ دہم محرم حضرت یوسف علیہ السلام کو انواع زیور و لباس سے آراستہ کرکے بٹھلایا اور منادی نے ندا کی کہ جسکو خریدنا ہو حاضر ہو سو اکثر اہل مصر عورت و مرد چھوٹے اور بڑے عابد و زاہد عالم و حکیم اپنی اپنی پونجیان لیکر حاضر ہوے اور اُس عرصہ مین بادشاہ مصر ابن ولید عملیق تھا مگر اُسنے تھوڑے دنون سے امور سلطنت قطفیر یا اطفیر ابن روحیب مصری کو جسکو عزیز بھی بولتے ہین سپرد کردیے تھے سو عزیز بھی با تزک و احتشام بنا بر مشاہدۂ جمال یوسفی حاضر ہوا جب اُس میدان مین کثرت آدمیون کی ہوئی تو مرد ایک طرف کھڑے ہوے اور عورتین دوسری طرف اور حال یہ تھا کہ بعضے صرف نظارے کو آئے تھے اور بعضے خریدنے کو جب صفین عاشقون کی آراستہ ہوئین سبنے صلاح کرکے ایک ایلچی مالک ابن زعر کے پاس بھیجا کہ اب اُس محبوب کو جلد لاؤ کہ زیادہ اس سے تاب نہین ؎ عیدست و موسم گل و یاران در انتظار + ساقی بروے یار بہ بین ماہ و می بیار + باو بگو کہ اے بت نامہربان بپرس + مارا کہ عاشقان تو مردند ز انتظار + دل دادہ ایم و مہر ترا از جان خریدہ ایم + بر ما جفا و درد فراقت روا مدار + تو نازنین حسنی و خلقے نیازمند + چشمی نیاز جانب اہل نیاز دار + از روزگار ہجر تو روزم سیاہ شد + بر روز من ببین کہ چہا کرد روزگار + جب ایلچی پہونچا تو مالک

نے حضرت یوسف علیہ السلام کی پیشانی مبارک پر بوسہ دیکر عرض کیا کہ ای محبوب ؎ آج تو گھر
سے نکل اپنے خدا کے واسطے + یک جہان ہی منتظر تیرے لقا کے واسطے + تب حضرت یوسف
علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے کچھ بھی عذر نہین جہان تیرا دل چاہے لے چل ؎ رشتۂ در گردنم
فگندہ دوست + میبرد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست + مالک نے عرض کیا کہ آپ کچھ رنج نہ کیجیے آپ کو
مرتبۂ عظیم حاصل ہوئے والا ہی بعد اُسکے نقاب چہرہ مبارک پر ڈالکر گھر سے باہر لایا اور ایک گھوڑے
مشکمین پر سوار کرایا تو اُسوقت مالک ابن زعر کے ساتھ دس ہزار آدمی سردار مصر تھے سب
لوگون نے رکاب تھامی ؎ عرشیان چرخ پہ حیرت سے یہ کہتے تھے بہم + جس گھڑی گھوڑے پہ
آبیٹھے ہین یوسف بن شمعن + دامن ابر سے یہ روے قمر نکلا ہی + یا ہوئی طور پہ ہی شمع تجلی روشن +
الغرض حضرت یوسف سوار ہو کے مقام معہود کی طرف تشریف لے چلے راستے مین آسمان کی
طرف دیکھکر متبسم ہوے اور کہا کہ اللہ اور رسول اُسکا سچا ہی ہمراہیون نے عرض کیا کہ آپ کے
پاس خدا کا رسول آیا تھا فرمایا کہ جب مین کنوئین مین تھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر
اللہ کا سلام کہا اور فرمایا کہ صبر کر ایک دن مصر کا مالک ہوگا اور عزیز مصر اور بادشاہ مصر تیری خدمت
کی سینگے اور اکثر سردار مصر رکاب پکڑکے دوڑینگے سو مین اُسکا اثر پاتا ہون سب کو تعجب ہوا مالک
نے کہا یہ شخص بڑا صادق ہی الغرض سواری حضرت کی متصل قبہ بیع کے پہونچی تو مالک نے آواز
دی کہ ای عاشقان مصر محبوب و مطلوب تمہارا رونق افروز محفل ہوتا ہی اُسکا سراپا سنو ؎
نسرین بدنے سمن عذارے + در گلشن دلبری بہارے + ہر جا کہ بجلوہ قامت افراخت + قامت
علم قیامت افراخت + رخسارہ چمن کمر رگ گل + آشفتہ زلف زلف سنبل + غارتگر ہوشمندان
نرگس مست + مژگان سیہ پیالہ در دست + انداز نگہ بلاے دوران + ابروی خمیدہ آفت جان
آن خال سیاہ عنبر آلود + در دیدۂ حسن مردمک بود + بر ماہ رخش نظارہ افتاد + از چشم جہان
ستارہ افتاد + اُس آواز سے طالبان مصر نے آنکھین کھولین تو تابش نور یوسفی سے آنکھین
جھپک گئین اور سب بیہوش ہوگئے ؎ ہوش جا تا رہا نگاہ کے ساتھ + صبر رخصت ہوا اک آہ
کے ساتھ + جب حضرت علیہ السلام قبہ بیع پر پہونچے اور گھوڑے سے اُترکے کرسی پر جلوہ فرما ہوے
تو اہل مصر نے گھیر لیا تب منادی نے آواز دی کون مول لیتا ہی اس غلام کو اور کسکو قدرت ہی مول لینے کی
سب لوگ شرما گئے روایت ہی کہ جس وقت منادی نے ندا کی تو عاشقون نے ایسا ہجوم کیا کہ پچیس ہزار
عورت و مرد از دحام سے مر گئے اور پانچ ہزار حاملہ عورت نے اسقاط کیا اور تین سو ساٹھ باکرہ کی چھاتی پھٹ گئی

سر اسکا یہ تھا کہ اُسوقت اللہ جلشانہ نے صورت احدیہ حضرت یوسف کی دکھلائی تھی بعد اسکے منادی نے پھر ندا کی کون مول لیتا ہے غلام فصیح بلیغ صبیح کو حضرت یوسف نے فرمایا کہ یون پکار کون لیتا ہے غلام غریب مسکین حزین کو تب پکارنے والے نے جواب دیا کہ میری یہ طاقت نہین کہ اسطرح پکارون غرضکہ مصریون نے خریداری مین کوشش کی اور حضرت یوسف نہایت غمگین تھے اس حال مین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا کہ حضرت رب العالمین فرماتے ہین کہ اے یوسف تو غم نہ کر تجکو اس شہر سے باہر نہ نکالونگا جب تک تمام اہل شہر کو تیرا غلام نہ بناؤنگا حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ اہل مصر اُسوقت تین فرقے ہوگئے تھے مستانہ بیہوش مجنون کشف الاسرار مین لکھا ہے کہ اس حال مین ملک ریان بادشاہ مصر بھی حاضر تھا اُسنے صورت یوسف علیہ السلام کو دیکھکر کہا کہ یہ لڑکا ہرگز کسی کا غلام نہین ہے مین تو اسکی صورت مین آثار امارت پاتا ہون اسکا خریدنا بہتر نہین ہے اور مین اسکی قیمت نہین دے سکتا ہون یہ کہکر مع حشم و خدم پلٹ آیا تب اور لوگون نے مول لینے کا ارادہ کیا ایک سوداگر نے دو ہزار دینار قیمت کیے اور دوسرے نے بیس ہزار قیمت کی اسی طرح قیمت بڑھ چلی کہ لاکھ دینار پر نوبت پہونچی اور اُسوقت زلیخا کہ باجازت عزیز حاضر تھی بسبب ادب کے دم نہ مارتی تھی یہانتک کہ عزیز نے زلیخا سے کہا کہ میرے کوئی لڑکا نہین ہے اگر مصلحت ہو تو اس غلام کو خرید کرون زلیخا نے کہا بہت مناسب میرے پاس بھی نقد و جنس بہت ہے اگر تو اعانت کرے تو مین بھی قدم اس امر عظیم پر رکھون اس گفتگو مین تھی کہ بازغہ بنت طالون عمالقیہ ابن مسعود ابن ریاد ابن عاد اکبر بانی ارم کہ اہالیان مصر مین بڑی مالدار اور قوم کی شہزادی تھی ایک ہزار موتی دو دو مثقال کے اور ہزار یاقوت پانچ پانچ مثقال کے اور ایک طبق مین فیروزے وغیرہ جواہرات اور ایک ہزار خچر سونے و چاندی کے بھرے ہوئے لیکر آئی جب حضرت یوسف پر نگاہ پڑی تو زبان بلبل حال یون نغمہ زن ہوئی ؏ ای بوی خلعت بلای جانہا + روی تو بہار گلستانہا + سودای تو وشت کرد آباد + ویران فگند خانمانہا + پھر اُسنے عرض کیا کہ ای لڑکے تو کون ہے اور تجکو کسنے پیدا کیا ہے اور زبان حال سے گویا ہوئی ؏

توئی کہ نعل سمندت سر فلک را تاج + بکحل خاک رہت دیدہ ملک محتاج + رخ تو کعبہ و زمزم چہ زنخدانت + قد تو طوبی و زلف تو لیلۃ المعراج + توئی بکشور دل بادشاہ لشکر غم + روا مدار کہ ملک دلم کند تاراج + تراست صورت و معنی کہ صورت و معنی + بمعنی آمدہ از صورتت در استخراج + گزیدہ در یتیمی ز بحر عیب الغیب + کہ از تو حجہ توحید میشود معراج + دو چشم مست تو آشوب جملہ ترکستان + بچین زلف تو ماچین و ہندو

واد خراج + بیاض روی تو روشن تر آمد از رخ روز + سواد زلف تو تاریکتر ز ظلمت داج + ای محبوب مجکو
انہی حقیقت اصلیہ سے آگاہ کر تو مین ایمان لاؤن اور یہ سب مال و اسباب تیرے مول لینے کو
لائی ہون مگر قیمت تیری تمام دنیا و مافیہا سے زیادہ ہی حضرت نے فرمایا کہ مین بھی ایک بندہ ہون
بندگان خدا سے جسنے مجھے پیدا کیا اُسی نے خاک سے مجھے بنایا ہی تب شہزادی نے کہا آمنت باللہ الذی خلق ورزق
پھر جو کہ مال و اسباب لائی تھی سب صدقہ کیا اور رخصت ہو کے چلی اور گویا کہ یہ دل سے کہتی تھی ؎
صد رہ بصد کرشمہ ز من بردہ بار دل + بخشید فیض عشق بہ بیدل ہزار دل + بر روی آتشین تو ہر گہ فتد نگاہ
بیرون جہد ز سینہ برنگ شرار دل + جانم فدای شعلہ عذاران کہ میکند + پروانہ دل ز الفت دل بیقرار دل
ہر چند پا ز بزم تو بیرون کشیدہ ام + بر جای خود گذاشتہ ام یادگار دل + ہر جا کہ ہست خاک رہ جلوہ گاہ تست
بیچارہ دل ستم زدہ دل خاکسار دل + اور ایک گھر بحر قلزم مین بنا کے بیٹھ رہی اور مشغول بعبادت
خدا ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ بازغہ نے مالک سے کہا کہ یہ سب مال یوسف کے مول لینے کو لائی
ہون سوا اپنے خزینہ مین رکھ اور یوسف کو میرے تفویض کر مالک نے چاہا کہ دیوے زلیخا نے ایک
دلال بھیجکر پیغام دیا کہ جسقدر نقد و جنس بازغہ دیتی ہی مین بھی دینے کو تیار ہون اور تیس دانہ مروارید
اور ہموزن یوسف علیہ السلام مشک و کافور و عنبر اور ہزار جامہ دیبای مصری اور زیادہ کرتی ہون
یوسف کو میرے سپرد کر مالک نے قبول کیا بازغہ نے کہا مین سو رطل سونا اسپر زیادہ کرتی ہون اس
رد و بدل مین زلیخا کے ملازمون نے یوسف علیہ السلام کو تخت سے اُٹھا لیا اور زلیخا کے گھر پہونچایا
اور بازغہ حسرت و اندوہ مین مجنون ہو کر مر گئی مگر صحیح یہ ہی کہ بازغہ بنت طالون کے بعد زلیخا نے عزیز
سے اجازت چاہی کہ مین بھی یوسف کے دیکھنے کو جاؤن عزیز نے بخوشی اجازت دی چنانچہ زلیخا بھی
اپنے مکان سے سوار ہو کے محل بیع مین پہونچی جب حضرت یوسف پر نگاہ پڑی تو بیتاب ہو گئی اور
زبان حال یون گویا ہوئی ؎ فروغ این رخ تابان بخواب میدیدم + بشب بر آمدن آفتاب میدیدم +
خیال زلف سیاہت مگر بخاطر بود + کہ داغ سینہ پر از مشکناب میدیدم + سحر بیاد رخت بسکہ گریہ میکردم +
بجای اشک بدامن گلاب میدیدم + اور زبان شوق نے یہ کہا ؎ تا پردہ ز رخسارہ چو ماہ تو برافتاد +
از پردہ لبی راز نہانی بدر افتاد + بود آتش رخسار تو چون میوہ توحید + از بہر کلیم آتش اذان بر شجر افتاد +
بالالہ صبا شرح گل روی تو میکرد + دل سوختہ را آتش جان در جگر افتاد + اور زبان وصل یون مترنم ہوئی
؎ للہ الحمد کہ این ماہ لقا باز آمد + بخت برگشتہ ما باز بما باز آمد + باز تا سایہ ازان بال ہمایون افگند +
بر سر وقت من امروز ہما باز آمد + بر وای ہجر ز چشم کہ وصال آمد باز + بگذر ای درد ز جانم کہ دوا باز آمد +

لب شیرین تو ام تلخی ہجران بربود + دل سنگین تو بر مہر و وفا باز آمد + تیرہ بود آئینہ دیدہ ما + آخر از عکس جمالت بصفا باز آمد + حضرت عبد اللہ ابن عباس اور وہب ابن منبہ سے منقول ہے کہ زلیخا کی بیتابی کا سبب یہ تھا کہ زلیخا طیموس بادشاہ کی بیٹی تھی اور حسن و جمال مین نظیر اپنا نرکھتی تھی سو اُسکو سات برس کی عمر مین ایک واقعہ عجیب پیش آیا کہ ایک دن بستر عیش پر آرام کرتی تھی خواب مین دیکھا کہ ایک جوان حور وش سیمین عذار چون آب زندگانی لطیف رفتار میرے پاس کھڑا ہے جب خواب سے بیدار اور اُس مستی سے ہشیار ہوئی تو محض دیوانی تھی کہ اپنے کپڑے پھاڑتی اور لوگون سے مثل پری بھاگتی مگر اس کیفیت کے اخفا مین کمال کوشش کرتی اور اکثر خاموش اور از خود فراموش رہتی جب رنگ رو زرد پڑ گیا اور روز بروز بدن پر ضعف و نحافت نظر آنے لگا تو لونڈیان اور دائیان درپے تحقیقات ہوئین کوئی چشم زخم بتلاتی اور کوئی سحر قرار دیتی اور کوئی نسبت بجنون کرتی مگر جو اہل دل تھے وہ عشق اور محبت قرار دیتے تھے آخر ایک دن زلیخا کی دایہ نے ایک گوشہ مین لیجا کر حال پوچھا زلیخا نے خواب اپنا بیان کیا اُسنے کہا کہ وہ جوان جو تو نے خواب مین دیکھا ہے شیطان تھا اور دلبستگی شیطان پر کمال نادانی ہے شیطان کا یہی کام ہے کہ کبھون بصورت خوش نظر آتا ہے اور کبھون بصورت زشت زلیخا نے کہا کہ ابلیس کو ایسی صورت بننے کی ہرگز طاقت نہین دایہ نے کہا بہرحال اس خیال سے دل کو خالی کرنا چاہیے زلیخا نے کہا ع این کار دل است کار من نیست ۔ دل در کف اختیار من نیست + دایہ نے جانا کہ اس درد کی دوا بجز وصل محبوب نہین اور اس زخم کا مرہم سوائے لب معشوق نہین ناچار ہو کر طیموس سے بیان کیا اُسنے اطبا اور منجمین و معبّرین محققین کو طلب کیا طبیبون نے نبض و قارورہ دیکھکر کہا کہ کسی طرح کا مرض اسکو نہین منجمون نے کہا کہ اس لڑکی نے عزیز مصر کو خواب مین دیکھا ہے اُسپر عاشق ہے بادشاہ نے کہا کہ اس سخن کو پوشیدہ رکھنا چاہیے اور چندے امتحان کرنا لازم ہے روایت ہے کہ ایک برس اسی کیفیت مین گذرا دوسرے برس پھر وہی صورت خواب مین نظر آئی تو اُسنے نزدیک جا کر قسم دی اور کہا کہ مجکو اپنے حال سے خبر دے اور حسب و نسب اپنا بتلا اُس صورت نے زلیخا سے کہا کہ مین انسان ہون اور تیرے واسطے ہون اور تو میرے واسطے ہے پس تو نہ اختیار کرنا کوئی شوہر سوائے میرے جب بیدار ہوئی تو اور بھی بیتاب ہوئی اور صبح تک بیقرار رہی آخر طیموس نے پوچھا کہ اے سکینہ کیا حال ہے زلیخا نے کہا مین نے شب گذشتہ مین پھر وہی جمال باکمال دیکھا اور جو مجھے پوچھنا تھا مین نے استفسار کر لیا طیموس نے کہا کہ اُسنے اپنا مقام بھی بتلایا کہا نہین جب بادشاہ نے زیادہ آشفتہ حال دیکھا تو مقید محبس فرمایا تیسرے برس حالت قید مین وہی خواب دیکھا اور عرض کیا کہ اے محبوب مجھے اپنا مقام ارشاد کر فرمایا کہ مصرع عزیز مصرم و مصرم مقام است ۔ جب بیدار ہوئی تو اپنے

باپ سے کہنے لگی کہ اب مجھے قید سے نجات دے کہ مین مصر مین جاکر اپنا مطلوب حاصل کرون
کیونکہ آج مین نے محبوب کا مکان پوچھ لیا ہو وہ عزیز مصر ہی روایت ہو کہ مصر اُس مقام سے چھ
مہینے کی راہ پر تھا سو طیموس نے زلیخا کو مضطر دیکھکر باضطرار تمام عزیز مصر کو خط لکھا کہ میری
ایک لڑکی ہو بصفات کمال آراستہ اور زیور حسن جمال سے پیراستہ اکثر ملوک و سلاطین اسکی رغبت کرتے ہین
پر مین بگوشۂ دل تجسے بیاہا چاہتا ہون عزیز نے اپنا فخر سمجھا اور ہدایا و تحف ملازمت شریف بادشاہ مین حاضر
ہوا کہ بادشاہ نے زلیخا سے نکاح کر دیا اور ہزار لونڈی اور ہزار غلام اور ہزار خچر اور ہزار اونٹ زیورات سے
آراستہ اور چالیس اونٹ دیبا و حریر کے اور نقد و جنس موافق رسم بادشاہان عنایت کرکے زلیخا کو رخصت کیا
اور بعضے کہتے ہین کہ عزیز مصر بادشاہ کے پاس نہین گیا صرف جوابنامہ بادشاہ لکھ بھیجا تب بادشاہ نے بنظر اضطرار
زلیخا کو دلہن بناکر روانۂ مصر فرمایا جب زلیخا قریب مصر کے پہونچی تو عزیز مصر با تزک و احتشام استقبال کو آیا اور بکمال
اعزاز و تکریم محل شاہی مین لایا زلیخا اپنے دل مین خوش تھی کہ اب محبوب سے ملونگی اور اپنے معشوق کے دیدار سے مسرور ہونگی جب شام
ہوئی تو عزیز مصر نے خیمۂ عروسی مین قدم رکھا اُس خیمہ مین زلیخا اور ایک دایہ اُسکی تھی زلیخا نے دایہ سے
کہا ؎ دل تمنائے وصل او دارد + چہ بلا مشکل آرزو دارد + اب جلدی عزیز کو لاؤ کہ زیادہ اس سے
تاب نہین رکھتی ہون ؎ علاجی کن کہ یک دیدار بینم + کزین پس صبر را دشوار بینم + تب دایہ نے
خیمہ کو پھاڑ دیا زلیخا نے عزیز کو دیکھا اور نہایت غمدیدہ ہوئی ؎ برخاک نشست دست پیچان +
باحسرت و داغ و درد حرمان + طاقت ز بدن کنارہ میکرد + جان سوی اجل اشارہ میکرد + اور
بولی کہ ای دایہ یہ شخص وہ نہین ہو جسکو مین نے خواب مین دیکھا تھا ؎ سخون غلطید از حسرت نگاہ
واپسین من + بستم شد انتظار مرگ بر جان حزین من + زخاک گلشنم خبر نخل حسرت برنمی خیزد + عجب
خاصیتے دارد ہوای سرزمین من + بعد اسکے نقاب اپنے چہرہ پر ڈالا اور دایہ سے کہنے لگی کہ یہ کون
شخص نامحرم میرے پاس آتا ہو اُسنے کہا کہ تیرا شوہر ہو سنتے ہی زلیخا بیہوش ہو گئی جب صبح کو فی الجملہ
افاقہ ہوا تو ایک آہ سرد دل پر درد سے کھینچکر دل ہی دل مین کہنے لگی ؎ نہ آنست این کہ من
در خواب دیدم + بجست و جویش این محنت کشیدم + نہ آنست این کہ عقل و ہوش من برد + عنان
دل بہ بیہوشیم بسپرد + نہ آنست این کہ گفت از خویش رازم + ز بیہوشی بہوش آورد بازم + دریغا
بخت سستم سختی آورد + طلوع اخترم بدبختی آورد + اور دایہ نے غمدیدہ اور رنجیدہ دیکھکر پوچھا
خیر تو ہو اب کس بات کا رنج ہو زلیخا نے کہا ؎ گواہ درد نہان نالۂ حزین من ست + دلیل سوز
درون آہ آتشین من است + اُسی وقت ہاتف سے آواز دی کہ ای زلیخا اصبری لان الصبر وسیلۃ

؎ یوسف گم گشتہ باز آید بکنعان غم مخور + کلبۂ احزان شود روزے گلستان غم مخور + پای در میدان عشق ار می نہی مردانہ نہ + از بلاہای سر مترس وز آفت جان غم مخور + گرچہ جانسوز است درد ہجر جانان صبر کن + کز وصال او رسی روزے بدرمان غم مخور + چون ترا با وصل جانان اتصال سرمدیست + گر بصورت غائب ست از دیدہ جانان غم مخور + آخر زلیخا رونے لگی پھر غیب سے آواز آئی کہ ای غم دیدہ فراق رسیدہ اپنا عشق کسی پر ظاہر نہ کر اور جس عزیز سے تجھے نفرت ہے آخر کار یہی وسیلۂ اتصال محبوب ہو جائیگا اُس وقت سے زلیخا نے سکوت اختیار کیا لیکن صبح کو خیال وصل میں یون کہا کرتی ؎ ای صبا نکہت از خاک رہ یار بیار + ببر اندوہ ز دل مژدۂ دلدار بیار + نکتۂ روح فزا از لب دلدار بگو + نامۂ خوش خبر از عالم اسرار بیار + اور تصور صورت کر کے کہتی تھی ؎ چشمت ز نگہ در رگ جان نیشتر انداخت + مژگان تو پیکان بلا بر جگر انداخت + عمریست کہ آوارگی قافلہ عشق + مارا ز دیارے بدیار دگر انداخت + حسن است کہ در دست تو شمشیر ستم داد + عشق ست کہ کار من تو بیداد گر انداخت + گیسوی سیاہت ز جگر دود بر آورد + رخسارہ فروزان تو در جان شرر انداخت + در عشق بر اوجی کہ دلم بال کشا شد + جبریل ز کوتاہی پرواز پر انداخت + اور رات کو بستر غم پر بیتاب ہو کر سیاہ زدہ کھینچتی اور عاشقانہ اس مضمون کو پکارا کرتی ؎ زین بیش فغانم سر و برگ اثری داشت + آن سنگدل از درد محبت خبرے داشت + خنجر نگہے کھلے عربدہ جو سے + زین بیش ہا سینہ نگاران نظرے داشت + اور اکثر تنہائی کی حالت میں دل سے کہتی کہ افسوس اب میرا خواب میں دیکھنا بھی جاتا رہا اور میری ساری مشقت رائگان ہوئی اور عزیز کو محبت و شوق کی دم بدم شدت تھی اور زلیخا کو روز بروز نفرت مگر اس بات کو کسی نے نہیں جانا جب کبھوں عزیز کو میل مباشرت ہوتا تو پہلو میں ایک جانب پڑ رہتا اور معانقہ اور تقبیل پر اکتفا کرتا اور بعضے کہتے ہین کہ ایک جسم پا ہین زلیخا اور عزیز کے ہو جاتا تھا کہ زلیخا صحبت عزیز سے محفوظ رہتی تھی اور صحیح یہ ہے کہ عزیز عنین تھا القصہ زلیخا نے ایک مدت دراز اس غم و اندوہ میں بسر کی جب خدا نے یہ دن دکھلایا کہ حضرت یوسف بازار عاشقون میں بوسیلہ مالک ابن زعر بکنے کو آئے اور مصر کے امیر و سردار بہر و اسطے تماشہ کے عاشقانہ خریداری کو حاضر ہوئے تو عزیز مصر نے زلیخا کو بھی اجازت دی کہ تو بھی غلام عبری کے دیکھنے کو حاضر ہو اب تک اسکو خبر نہ تھی کہ وہ غلام کون ہے جب بازار عاشقون میں پہونچی تو حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھکر ٹھٹکی ہوئی اور خود ہی ٹک گئی اور بعضے کہتے ہین کہ زلیخا محل تباعت میں نہیں گئی ایک جھروکے سے حسن یوسف علیہ السلام کو دیکھکر بیہوش ہو گئی اور اپنی دائی سے

بولی کہ یہ وہی شخص ہے جسکو مین نے خواب مین کئی مرتبہ دیکھا تھا اور ایک خادمہ سے کہا کہ تو یوسف کے پاس جاکر میری طرف سے کہدے کہ سوائے میرے کسی کو اختیار نہ کرنا اور مین سارا خزانہ اپنا تجھپہ صدقے کرونگی اور مین نے تجکو خواب مین اپنا دل دیا ہے اور بہت مدت دراز سے بلائے محنت مین گرفتار ہون ع آچنان کشتم فغان حسرت + آتش افتد بجان حسرت + اور یہ بھی کہدینا ع زغم سرخ دل من شراب ناب خجل + بو ز سینہ بریان من کباب خجل + قمر بدور جبین تو شرمسار نشست + ز ریش روی تو برخاست آفتاب خجل + ز فرط کاہش غم ناتوان تر از بیرم + شدم بعہد شباب از رخ شباب خجل + اور یہ کہدینا ع حدیث درد ہجران ماجرای داغ دل بشنو + ز فریاد حزین من ز آہ آتشین من + میرس از ماجرای خون فشانیہای مژگانم + ببین ای شوخ گل رنگین کہ دارد آستین من + ازین وحشت فغان آہستہ بردارم درین گلشن + کہ شاید سنگدل صیاد باشد در کمین من + بالجملہ خواص نے حاضر ہوکے زلیخا کا پیغام عرض کیا حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ مین نے بھی اسکو خواب مین دیکھا ہے سو تو میری طرف سے جواب دے کہ مین تیرے واسطے ہون اور تو میرے واسطے ہے لیکن وصال محبوب بے رنج و تعب میسر نہین ہوتا چندے اور صبر کر **فائدہ** حقیقت یہ ہے کہ محبت و محنت لازم و ملزوم ہین ایک شخص نے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ اسکا کیا سبب ہے کہ جو شخص دعوی محبت الہی کرتا ہے اسکو تازیانہ بلا سے ادب دیتے ہین اور پے در پے محنت و درد مین مبتلا کرتے ہین فرمایا کہ اسواسطے بلا مین ڈالتے ہین تا کہ ہر گدا و سفلہ دعوی محبت نہ کرے ع ہزار تیغ بلا برکشیدہ غیرت عشق + کہ مدعی نتواند بلاف برخیزد + مخنثان نتوانند لاف مردی زد + نفیر جنگ چو در مصاف برخیزد القصہ منادی نے پھر ندا کی کہ کون لیتا ہے اس غلام کو جسمین دس صفتین ہین ملاحت[۱] صباحت[۲] فصاحت[۳] شجاعت[۴] مروت[۵] قوت[۶] انابت[۷] صیانت[۸] امانت[۹] فتوت[۱۰] اور کہا چاہتا تھا کہ اور بھی نبوت لیکن رب الکلام نے زبان تکلم بند کر دی تا کہ اور کوئی واقف نہو زلیخا نے پھر ایک آدمی عزیز مصر کے پاس جو محل بیع و شرا مین حاضر تھا بھیجا کہ اس عزیز کو ضرور لینا گو تمام مال صرف ہو جاے جب کہ خریدارون نے زلیخا کی رغبت یوسف علیہ السلام کی خریداری مین کامل پائی تو قیمت کے بڑھانے سے بند ہو گئے تب عزیز نے مالک سے کہا کس قیمت کو بیچیگا مالک نے کہا ہموزن اسکے سونا اور چاندی اور جواہر دیجیے تو مین بیچون وہ راضی ہوا آخر ایک کفہ میزان مین زر و سیم اور جواہر رکھے اور دوسرے میزان مین حضرت یوسف کو بٹھلایا ہر چند کہ نقد و جنس زیادہ تھا مگر بمقابلہ یوسف علیہ السلام ذلیل و بمقدار نکلا اسلیے کہ یوسف علیہ السلام مہبط وحی الہی تھے نقد و جنس دنیاے ناپاک کی کب انکے برابر ہو سکتی تھی غرض

خازن عزیز نے عرض کیا کہ اے عزیز اب کچھ نقد و جواہر خزینہ مین باقی نہین رہا عزیز نہایت متردد ہوا حضرت یوسف علیہ السلام نے خازن کو طلب کرکے دوات و قلم مانگا اور لا الہ الا اللہ ابراہیم خلیل اللہ و اسحاق ذبیح اللہ و یعقوب اسرائیل اللہ لکھ دیا اور فرمایا کہ یہ کاغذ پلہ ترازو پر رکھ دے سو اسنے بالائے نقد و جواہر اس کاغذ کو رکھ دیا اسکی برکت سے کفہ نقد و جنس غالب آیا عزیز بہت خوش ہوا اور یوسف علیہ السلام عزیز کے ہاتھ آئے نظیر اس قصہ کی یہ ہے کہ جس دن آوازہ انا عرضنا الامانۃ علی السموات والارض کہ عبارت عشق و محبت سے ہے معتکفان ملاء و ملکوت کی سماعت مین پہونچا تو لاکھون فرشتے مقرب افتان و خیزان دوڑے اور چاہنے لگے کہ یہ امانت ہمکو ملے مگر نظر عنایت الٰہی جل شانہ متوجہ خاک دردناک تھی اس سبب سے وہ امانت حضرت آدم علیہ السلام کو سپرد ہوئی

**شعر** کانی کہ مرا یار سوی خویش کشید + دست در گردن من کرد و مرا پیش کشید + باوجود ہمہ شاہان کہ گدایان وبیند + رقم عشق بنام من درویش کشید + ہمہ کس طالب یارند ولیکن چہ توان + کہ دلش جانب این خستہ دلان پیش کشید +

**فائدہ** حضرت یوسف علیہ السلام بسبب نور نبوت کے خزائن عزیز پر غالب آئے اسی طرح عرصات قیامت مین جب میزان عدل کھڑی ہوگی تو کلمہ توحید کہ مہبط نور وحدانیت ہے پلہ گناہون پر غالب پڑیگا

**فائدہ** عرصات قیامت مین جب نامہ اعمال گنہگارون کے ایک پلہ مین رکھینگے تو معاصی طاعات پر غلبہ کرینگے اور گنہگار سر خجالت جھکا کے مترصد عذاب و نکال ہونگے اسوقت خطاب حضرت رب الارباب فرشتون سے ہوگا کہ اے مقربان بارگاہ میرے بندون کی امانت زیر عرش رکھی ہے اسے لے آؤ چنانچہ پارہ کاغذ مثبتہ کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ حضور مین لاوینگے اور اسکو پلہ طاعات پر رکھینگے کہ پلہ معاصی پر غالب ہوجائیگا القصہ عزیز نے حضرت یوسف علیہ السلام کو بعوض نقد و جواہر خرید کیا اور اپنے دولتخانے کو لے چلا اور قبل اس معاملہ سے حضرت نے مالک سے وعدہ فرمایا تھا کہ مین ایک دن تجھسے اپنا حال کہونگا سو مالک نے دست بستہ عرض کیا کہ ایفاے وعدہ فرمائیے حضرت یوسف نے فرمایا بشرطیکہ یہ سر کسی پر منکشف نہو مالک نے قبول کیا حضرت نے فرمایا کہ مین یوسف ابن یعقوب اسرائیل اللہ ابن اسحاق ذبیح اللہ ابن ابراہیم خلیل اللہ ہون یہ کلام سنکے مالک مضطرب ہوا اور بولا کہ اے یوسف جس دن آپ قعر چاہ سے نکلے تھے اس دن آپ نے کسواسطے مجکو مطلع نہ فرمایا کہ مین اس حرکت سے باز رہتا یوسف نے فرمایا کہ بخوف برادران اسوقت یہی مصلحت تھی کہ اس حال کو پنہان رکھون مالک نے کہا کہ تو بیٹا اس بزرگ کا ہے جو کنعان مین مجھے نظر آیا تھا اور زار زار روتا تھا اور مناجات کرتا تھا کہ یا الٰہی میرے جگر گوشہ کو میرے پاس پہونچا حضرت یوسف یہ کلام سنکے بیتاب

اور بے طاقت ہوگئے اور فرمایا کہ مین اُسی بزرگ کا بیٹا ہون تب مالک قدمون پر گرکر معذرت
پیش آیا حضرت نے فرمایا کہ رضا بقضا محاسن ابرار سے ہے اور فرمایا کہ قبالہ بیع کا جو میرے بھائیون
نے لکھدیا ہے عنایت کر کہ وقت حاجت حجت ہوگا اور بھائیون کو موجب خجالت مالک نے فی الفور
قبالہ بیع واپس کیا اور ملتمس ہوا کہ ای حضرت میرے کوئی بیٹا نہین ہے آپ میرے واسطے دعا فرمائیے
چنانچہ حضرت یوسف نے دعا کی کہ اُسکے چوبیس بیٹے بارہ بطن سے پیدا ہوے پھر عرض کیا کہ بیچنے
والے آپ کے کنعان مین کون تھے فرمایا کہ میرے بھائی تھے مالک نے عرض کیا کہ کیا سبب ہوا تھا
ارشاد کیا یہ مت پوچھ مین اسکا سر بیان نکرونگا عبد اللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ جس دن حضرت
یوسف علیہ السلام معرض بیع مین تشریف لائے ہین اُس دن آفتاب پردۂ سحاب مین مخفی تھا اور
حکمت یہ تھی کہ اگر اُس دن جرم آفتاب روشن ہوتا تو انوار جمال یوسفی مین منعکس ہوجاتا اور شبہہ پڑتا
کہ یہ نور شمس ہے یا نور یوسفی جب آفتاب پوشیدہ تھا تو نور حقیقی نظر آیا کہ آئینہ جمال یوسفی سے چمک رہا
تھا دوسرے کوئی عورت و مرد اُس دن بیمار نہ تھا تا کہ سب محل بیع مین حاضر ہون تیسرے کوئی
شخص اہل مصر سے کہین گیا نہ تھا بلکہ سب چھوٹے بڑے مصر مین موجود تھے چوتھے کوئی لڑکا خوبصورت
ایسا نہ تھا محاسن اور کلبی سے روایت ہے کہ مالک نے حضرت یوسف علیہ السلام کو عزیز کے ہاتھ اُسی
قیمت کو بیچا جس قیمت کو خرید کیا تھا یہ روایت ضعیف ہے اسواسطے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین کہ جب عزیز مصر نے یوسف علیہ السلام کو مول لیا اور سب خزانہ اپنا مالک کو اُنکے عوض مین
دے دیا تو لشکر کے لوگون نے عرض کیا کہ ملک بے سپاہ نہین رہتا اور سپاہ بے مال نہین رہتی
اگر آپ کے خزانہ مین کچھ مال باقی نہین ہے تو سپاہ نرہیگی اس بات سے عزیز مصر کو بڑی فکر ہوئی تب اپنے
خزانچی کو بلا کے کہا دیکھ تو کچھ مال خزانے مین باقی ہے اُسنے دروازہ خزانہ کا کھولا اور دیکھا کہ جسقدر مال
تھا موجود پایا پس خزانچی نے سخت متعجب ہو کر عرض کیا کہ مال تو کچھ بھی خرچ نہین ہوا عزیز نے کہا کہ کیا
سبب ہے خازن نے کہا مین نہین جانتا اگر یوسف سے پوچھو تو شاید بتلا دے اسواسطے کہ وہ بیشک
جانتا ہوگا عزیز نے کہا تو نے کسطرح جانا خزانچی نے کہا کہ یہ شخص دعوی کرتا ہے کہ میرا اللہ جو چاہتا ہے سو
کرتا ہے اور جس کسی کو چاہتا ہے اپنے علم سے آگاہی دیتا ہے اور یہ بھی کہا کہ جب عزیز نے اس عزیز کو خرید
کیا تھا اُسوقت مین بھی پہلو مین بیٹھا تھا سو مین نے دیکھا کہ ایک سفید جانور آسمان سے اُترا اور
اُسنے حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا ای یوسف تو اپنا حال دیکھ پہلے تجکو تیرے بھائیون نے نہایت
کم قیمت کو مالک کے ہاتھ بیچا اور مالک کے ہاتھ سے اب اللہ نے سارے خزانہ مصر کے عوض بکوایا یہ بات

سنکے عزیز بہت متعجب ہوا تب اُسنے حضرت یوسف علیہ السلام کو بُلا کے پوچھا حضرت نے فرمایا کہ اللہ نے
صرف میری بزرگی کے واسطے تیرے مال کو پھیر دیا اور اسمین ستر یہ ہی کہ اگر کبھون مجھسے تیرے فرمان مین
کچھ تقصیر ہوجاوے تو مین توبیخ اور سرزنش سے معاتب نہون اور تو اپنے دل مین خیال کرلے کہ مجپر تیرا
کچھ احسان نہین ہی بلکہ اللہ نے تجپر یہ احسان کیا کہ تیرا مال بھی تجھے پھیر دیا اور مین بھی تیرے ہاتھ آیا جب
عزیز نے یہ کلام سنا تو جانا کہ یہ سب برکت یوسف علیہ السلام سے ہی پھر تو عزیز نے بڑی قدر و منزلت سے
حضرت یوسف کو لیا اور اپنے گھر مین لیجاکے زلیخا سے کہا کہ اسکو بہت اچھی طرح سے رکھنا چنانچہ ارشاد
ہوتا ہی وقال الذی اشتراہ من مصر لامرأتہ اکرمی مثواہ عسی ان ینفعنا او نتخذہ ولدا یعنی کہا جس شخص نے
خرید کیا اُسکو مصر سے اپنی عورت سے آبرو سے رکھ اسکو شاید ہمارے کام آوے یا ہم کرلین اسکو بیٹا
اس آیہ مین اللہ جلشانہ نے زلیخا کا نام تصریح نہ لیا اسواسطے کہ عورت کے نام سے مردون کو عار آتی ہی بلکہ
خداوند تعالی نے سواے مریم کے کسی عورت کا نام اپنے کلام مین نہین لیا ہی اور مریم کا نام اس وجہ سے
تصریح فرمایا اُس وقت کے کفار جو حضرت مریم کو اللہ کی جورو کہتے تھے اور حضرت عیسی علیہ السلام کو بیٹا
نعوذ باللہ من ہذا الاعتقاد وہم باطل مین نہ پڑین اور یہ خطرات شیطانیہ اُنکے ذہن سے رفع ہوجاوین کیونکہ
اگر مریم جفت خدا ہوتین تو اُنکا نام اپنے کلام مین نہ لیتا **فائدہ** اس آیہ مین اللہ جلشانہ نے خریدار کا
ذکر کیا اور فروشندہ کا ذکر نہ کیا اسواسطے کہ بندہ فروختن عیب ہی اور خریدن ہنر جو کہ عیب بیع سے موصوف
تھا وہ شرف ذکر سے محروم رہا اور جو کہ بصفت شرا موصوف تھا وہ دولت ذکر سے سعادت اندوز ہوا
اور مصداق اسکا یہ ہی کہ اللہ جلشانہ نے اپنے معاملہ مین ذکر مول لینے نفوس مومنون کا فرمایا ہی اور بیچنے کا
ذکر نہین کیا کہ ان اللہ اشتری من المومنین انفسہم واموالہم بان لہم الجنۃ اسواسطے کہ مول لینے مین
مواصلت ہی اور بیچنے مین مفارقت خریدن نشان محبت ہی اور فروختن دلیل کراہت **فائدہ**
جسطرح عزیز مصر نے کہا عسی ان ینفعنا اسیطرح آسیہ امرأۃ فرعون نے فرعون سے کہا لا تقتلوہ عسی
ان ینفعنا یعنی اسکو نہ مارو شاید ہمارے کام آوے اور حضرت یعقوب نے فرمایا عسی اللہ ان یاتینی بہم
جمیعا یعنی شاید اللہ لے آوے میرے پاس سب کو اور اللہ جلشانہ نے ارشاد کیا ہی عسی اللہ ان یرحمکم شاید
اللہ رحم کرے تمپر پس ان تینون بندگان خدا کا کہنا کہ از روے شک تھا یقین کو پہونچا اور ثمرہ اسکا
ظاہر ہوا یعنی عزیز نے حضرت یوسف علیہ السلام سے اپنی امانت مین ایسی صیانت پائی کہ آدمی سے
نہایت مشکل ہی اور آسیہ نے حضرت موسی کی برکت سے معرفت خدا پائی اور حضرت یعقوب علیہ السلام کو
سب لڑکے ملے کہ حضرت نے غم سے نجات پائی پس خداوند جہان کا فرمانا کہ واجب قطعی ہی کسطرح

راست نہ ہوگا **تنبیہ** تین شخصون کو حضرت یوسف علیہ السلام کی خواہش ہوئی تینون اپنے مطلب کو پہونچے عزیز نے شان و جلال کی خواہش کی اُسکو دونون ملے مالک نے مال کی طمع کی اتنے مال کا مالک ہوا کہ جسکی دھوم مچی زلیخا نے صرف وصال یوسف کی خواہش کی اُسکو وصال جمال جلال مال سب ملا کہ بوڑھی تھی جوان ہوگئی کافر تھی مسلمان ہوئی اور بڑی فضیلت یہ ہو کہ پیغمبر کی بی بی ہوئی اسی طرح جو کوئی شخص دنیا کی طمع رکھتا ہو اُسکو دنیا ملتی ہو مگر آخرت سے دور پڑتا ہو اور جو کوئی عقبی کی خواہش کرتا ہو صرف عقبیٰ ملتی ہو اور دنیا کی طمع جاتی رہتی ہو اور جو شخص وصال الٰہی کی طمع رکھتا ہو اُسکو اللہ ملتا ہو اور دنیا و عقبیٰ دونون ہاتھ باندھے کھڑے رہتے ہین کچھ حاجت طلب نہین ہوتی ہو **لطیفہ** ایک دن سلطان سعید ہارون رشید نے اپنی مالیک کو جمع کیا اور نقد و جنس اُنکے روبرو رکھکر فرمایا کہ جس کسی کو جو چیز لینا ہو اپنا ہاتھ اُسپر رکھے اور اپنی سمجھے ہر ایک نے اپنی خواہش کے موافق ہاتھ رکھا اور لیا ایک لونڈی نے اپنا ہاتھ ہارون پر رکھدیا اور ہارون نے کہا یہ کیا بات ہو اُسنے التماس کیا کہ مین تمھارے سوا کسی چیز کی خواہش نہین رکھتی ہارون رشید نے کہا اگرچہ تیرا ہون اور میرا تمام مال تیرا ہو اور مین نے تجھکو آزاد کیا اسی طرح سے بندہ جب سوائے وصول الی اللہ اور کسی چیز کی خواہش نہ کرے دنیا و آخرت سے اُسکو آزادی ہو اور تمام عالم اور اُسکی نعمتین اُسکی ہین بلکہ اور کسی چیز کی پروا نہین رہتی **فائدہ** اگر کوئی سوال کرے کہ اکرمی مثواہ کسواسطے کہا صرف اکرمیہ واسطے اکرام نفس یوسف کے کافی تھا تو جواب یہ ہو کہ تعین ایسے الفاظ کی دلیل تعظیم و اجلال کی ہو جسطرح صاحب مجلس پر سلام کے وقت کہنا چاہیے سلام علی المجلس العالی آب جاننا چاہیے کہ عزیز نے اکرمی مثواہ کئی سبب سے کہا ہو ایک یہ کہ عزیز نے تفرس کیا کہ زلیخا یوسف کو چاہتی ہو اسلیے کہا اکرمی مثواہ دوسرا یہ کہ عزیز نے جس مرتبہ شرافت و عزت و علم و دانش مین حضرت یوسف کو پایا اُس مرتبہ پر تمام مملکت مصر مین کسی کو نہین دیکھا سو عزیز نے جانا کہ یہ غلام عزیز ہو اور اسکی خدمت نکریگا مگر عزیز اور زلیخا کو نہایت عزیز رکھتا تھا لہذا عزیز نے کہا اکرمی مثواہ تیسرا بعض روایت مین ہو کہ عزیز نے خواب مین دیکھا تھا کہ ایک شخص کہتا ہو کہ زلیخا یوسف کی ہو اور یوسف زلیخا کا ہو سو تو ان دونون مین جدائی تجویز نہ کر لہذا کہا اکرمی مثواہ چوتھا زلیخا لاولد تھی گویا اُسکے جی لگانے کو کہا اکرمی مثواہ پانچوان عزیز نے معلوم کیا کہ اللہ کے نزدیک انکی قدر و منزلت بہت ہو اگر مین انکے اکرام مین کوشش کرونگا تو اللہ مجکو بھی بزرگ کریگا اسواسطے کہ اللہ کریم ہو لہذا کہا اکرمی مثواہ چھٹا یہ کہ عزیز مصر نے انکی ہوشیاری و لیاقت و فطانت ملاحظہ کرکے فراست سے دریافت کیا کہ یوسف

میرے قائم مقام ہوگا اسلیے کہا اکرمی مثواہ ساتوان یہ کہ مالک نے عزیز سے کہہ دیا تھا کہ یہ لڑکا بڑا
عالی خاندان ہی اسکی تعظیم و توقیر مین کوشش کرنا اسلیے عزیز نے کہا اکرمی مثواہ آٹھوان یہ کہ یوسف
علیہ السلام مین تین صفتین ظاہر تھین صباحت و غربت و عبودیت اور دستور ہی کہ لطیف و پاکیزہ لوگ
حسینون کو عزیز رکھتے ہین اور رحیم لوگ غریبون کا اکرام کرتے ہین اور کریم اپنے غلامون کو اچھی طرح
رکھتے ہین اور عزیز بھی بصفت لطف و رحمت کرم متصف تھا سو اُسنے یوسف کو ان صفات سے
موصوف پایا لہذا باعزاز و اکرام موصوف کیا اور اپنی عورت سے بولا اکرمی مثواہ ارباب اشارات
فرماتے ہین کہ بندۂ مومن بھی انھین صفات سے جو حضرت یوسف علیہ السلام مین تھین موصوف ہی
اول صورت خوش کہ صورکم فاحسن صورکم سے ظاہر ہی دوسرے غربت چنانچہ کن فی الدنیا کانک غریب
سے پیدا ہی تیسرے عبودیت کہ قل یاعبادی سے مترشح ہی اور خالق ذوالجلال لطیف ہی کہ اللہ لطیف بعبادہ
اور بمقتضاے کان بکم رحیما رحیم ہی اور بمنطوق یاایہا الذین آمنوا ماغرک بربک الکریم کریم ہی پس جب
عزیز کہ متصف باین صفات تھا اور اُسنے یوسف علیہ السلام کو موصوف بصفت حسن صورت و غربت
و عبودیت پاکر اکرمی مثواہ کہا اگر حضرت جلال احدیت سبحانہ و تعالی کہ لطیف و رحیم و کریم حقیقی ہی اپنے
بندے کو بمقتضاے ولقد کرمنا بنی آدم بزرگ کرکے ذلت رقیت شیطان سے خلاصی بخشے اور
خلعت حریت ان عبادی لیس لک علیہم سلطان سے ممتاز کرے تو کچھ عجب نہین ہی تنبیہ کعب احبار
سے روایت ہی کہ جب عزیز نے حضرت یوسف علیہ السلام کو زلیخا کے سپرد کیا تو زلیخا نے اول اجلہ و وضیع
و شریف و فقیر و امیر کی دعوت کی اور سب کو خلعت فاخرہ پہنائے بعد اسکے حضرت یوسف کے واسطے
طرح طرح کے کپڑے رنگین و سادے تین سو ساٹھ جوڑے بنوائے کہ ہر روز نیا جوڑا پہناتی اور اپنے
دل کو جمال مبارک سے خوش کرتی اور سواے تذکرہ یوسف دوسرے کا تذکرہ کبھون زبان پر نہ لاتی
چنانچہ ایک روز حضرت کا ہاتھ پکڑے ہوے بیت الصنم مین گئی اور اپنے بت کو سجدہ کرکے کہنے لگی کہ
مین نے تیری عبادت سے ایسا مونس پایا ہی اور یہ بت سونے کا تھا اور لوہے کی شلاخون سے ملوا
ہین جڑا تھا اس کلام کے سنتے ہوے حرکت مین آیا اور زمین پر گرکے مثل بسمل تڑپا اور ٹکڑے ٹکڑے
ہوگیا زلیخا نے کہا کہ اے یوسف یہ کیا ہوا فرمایا کہ تیرے سجدہ کرنے سے میرے رب نے اسکو نظر سے
گرادیا زلیخا نے کہا تیرا رب کون ہی فرمایا رب ابراہیم و اسحاق و یعقوب علیہم السلام کہ جسنے تجکو اور مجکو
پیدا کیا زلیخا نے کہا کسطرح تمھارے رب نے میرا سجدہ دیکھ لیا وہ تو نظر نہین آتا فرمایا کہ میرا رب
ایسا ہی کہ اُس سے کوئی چیز پوشیدہ نہین رہتی سب کو دیکھتا ہی اور اُسکو کوئی نہین دیکھتا کما قال

خلق السموات والارض بالحق وصورکم فاحسن صورکم والیه المصیر یعلم ما فی السموات والارض ویعلم ما تسرون وما تعلنون واللہ علیم بذات الصدور یعنی اُسنے بنائے آسمان وزمین تدبیر سے اور صورت کھینچی تمھاری پھر اچھی بنائی تمھاری صورت اور اُسی کی طرف پھر جانا ہی جانتا ہی جو کچھ ہی آسمانون مین اور زمین مین اور جانتا ہی جو کچھ چھپاتے ہو اور جو کھولتے ہو اور اللہ کو معلوم ہی دلون کی بات تب زلیخا نے کہا کہ مین تیرے خدا کو دوست رکھتی ہون لیکن کیا کرون اگر میرا اللہ نہوتا تو مین اُسی کی عبادت کرتی مگر عبادت دو معبودون کی بد ہی اس سبب سے مجبور ہون حضرت یوسف تبسم کرکے تبخانہ سے نکل آئے زلیخا نے حضرت کا دامن پکڑا کہ اپنے اللہ سے اس بت کو درست کرا دو نہین تو لونڈیان بادشاہ سے کہدینگی کہ یوسف کے اللہ نے اسکو توڑا ہی پھر بادشاہ ناراض ہوگا ناچار حضرت یوسف نے دعا کی کہ وہ بت جیسا تھا ویسا ہی ہوگیا زلیخا نے کہا اے یوسف بت بھی تجکو پیار کرتا ہی اور اب مین نے جانا کہ آسمان کا خدا بھی تجکو چاہتا ہی بعد اسکے حضرت یوسف کو اپنے گھر مین لائی اور کپڑے سفید ہزار مثقال کے پہنائے اور ایک عمامہ جڑا ہوا موتیون کا سر پر باندھا تو حضرت یوسف نے فرمایا کہ یہ پوشاک مجھ غلام کو نہین زیبا ہی زلیخا نے کہا تو سردار ہی اور عزیز غلام اور تو نہین جانتا ہی کہ عزیز نے کہدیا ہی اکرمی مثواہ سو مین نے تجکو اپنے دل مین رکھ لیا ہی **فائدہ** اہل تحقیق فرماتے ہین کہ جب عزیز نے زلیخا سے کہا اکرمی مثواہ پھر اُسنے کوئی مکان قابل یوسف نہ پایا مگر اپنا دل پھر اُسی مین رکھنے لگی کہ سوائے یوسف کے اور کسی کی جگہ نہ ہی سبحان اللہ کیا شان محبوبی ہی کہ بیگانون نے قعر چاہ مین ڈالا اور بیگانون نے چاہ سے دل مین رکھا بھائیون نے کھوٹے داموں بیدلی سے بیچ ڈالا زلیخا نے مالک سے نقد دل دیکر مول لیا مصرع نگر یکس بقدر ہمت اوست + الغرض حضرت یوسف کا قدم اللہ نے اسطرح ملک مصر مین جمایا اور اُنکے سبب سے تمام بنی اسرائیل کو بسایا کما قال وکذلک مکنا لیوسف فی الارض ولنعلمه من تاویل الاحادیث واللہ غالب علی امره ولکن اکثر الناس لا یعلمون یعنی اسطرح جگہ دی ہمنے یوسف کو اُس ملک مین اور اسواسطے کہ اُسکو سکھا دین علم تاویل احادیث کا اور اللہ غالب ہی اپنی مراد پر لیکن اکثر آدمی نہین جانتے ہین یعنی یہ بھی منظور تھا کہ سردارون کی صحبت پا کے رمز اور اشارہ سمجھنے کا سلیقہ پکڑین اور علم خدائی پورا پاوین اور بھائیون نے چاہا تھا کہ اسکو گرا دین لیکن اللہ نے چڑھا دیا **تنبیہ** لفظ مکنا مین کئی قول ہین بعضے نبوت مراد لیتے ہین اور بعضے علم بعضے ملک اور بعضے مالکیت اہل مصر و بعضے مالکیت ارض مصر یعنی جیسا ہمنے خلاص کیا یوسف کو قتل سے اور نکالا ہمنے چاہ سے اسی طرح

ہمنے جگہ دی ارض مصر مین اور متولی خزاین مصر فرمایا کذا فی العالم اور سعید ابن جبیر تاویل احادیث سے
تاویل کتب آور اسیطے تاویل رویا آور وسیاطی لغات خلق کہ اُس عرصہ مین نو۹۰ سو لغت مین آدمی کلام
کرتے تھے سمجھتے ہین اور بعضے ظاہر و باطن واشارات وعبارات مراد لیتے ہین اور بعضے محققین کہتے
ہین کہ صحف ابرہیم علیہ السلام وغیرہ کتب آسمانی اور کلمات ارباب حکمت مراد ہین اور یہ جو فرمایا
اللہ کی مراد غالب ہو سو یہ ظاہر ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے ہمیشگی قیام کی بہشت مین چاہی تو دی
ابلیس نے افسر سیداہل تقوی چاہی امام کفرہ ہوا قابیل نے چاہا کہ مین عزیز تر اولاد آدم ہون شریر تر
ہوا قوم نوح نے چاہا کہ حضرت نوح علیہ السلام ذلیل ہون اللہ نے عزیز کیا حضرت نوح نے چاہا کہ کنعان
اعز اولاد ہو اللہ نے سام کو عزیز کیا ابرہیم علیہ السلام نے چاہا کہ آزر ایمان لاوے اللہ نے قبول
نہ کیا حضرت موسی نے دیدار الٰہی چاہا لن ترانی ارشاد ہوا فرعون نے چاہا کہ حضرت موسی ظاہر نہون
بلکہ اسی خیال سے ہین لاکہ مولود قتل کرائے اور اللہ نے برعکس اسکے چاہا یعنی موسی کو اسی کے گھر مین
پرورش کرایا پھر انھین کے ہاتھ سے فرعون و فرعونیون کو ہلاک کیا حضرت داود نے چاہا کہ مشا
وزر نداکبر بادشاہ ورسول ہو اللہ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو کہ خورد تر تھے بادشاہ و نبی کیا ابوجہل نے
چاہا کہ ولید ابن مغیرہ نبی ہو اللہ تعالی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی کیا اسی طرح حضرت رسالت پناہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ ابوطالب خلعت ایمان سے آراستہ اور نعمت عرفان سے پیراستہ ہون
چونکہ ارادہ الٰہی کے موافق نتھا و بان حب الایمان انک لاتہدی من احببت پہونچا حضرت یوسف کے بھائیون
نے چاہا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کنوئین مین پڑے رہین اللہ نے عزیز کیا حضرت یعقوب علیہ السلام نے
چاہا کہ یوسف اپنا خواب بھائیون سے نہ کہین اللہ نے کہلا دیا حضرت یعقوب نے چاہا کہ یوسف سے
اُنکے بھائی محبت رکھین اللہ نے عداوت ڈالی بھائیون نے چاہا کہ یوسف کو قتل کرین اللہ نے بچا لیا
اور یہ بھی چاہا کہ یعقوب کو محبت یوسف کی نرہے اللہ تعالی نے روز بروز محبت بڑھائی پھر بھائیون نے
یوسف علیہ السلام کو بیچا تاکہ ہمیشہ بندہ اور مملوک رہین اللہ تعالی نے مالک و حاکم بنایا زلیخا نے چاہا کہ یوسف
سے گناہ صادر ہو اللہ تعالی نے طہر پاک رکھا اور بھی زلیخا نے چاہا کہ عزیز مصر کے روبرو خیانت یوسف کی ثابت ہو
اللہ نے اُس تہمت سے پاک کیا حضرت یوسف نے چاہا کہ محبس سے جلد تر خلاصی پاؤن اور اسی واسطے
ساقی سے التجا لائے کہ اذکرنی عند ربک اللہ تعالی نے جس وقت چاہا اُسی وقت زندان سے نکالا کوئی
تدبیر کارگر نہوئی بلکہ اس سفارش و خواہش پر ایام قید زیادہ کر دیے اور بھی دیکھنا چاہیے کہ یوسف
علیہ السلام کے بھائیون نے چاہا کہ یوسف نظر یعقوب سے غائب ہون تو ہم منظور نظر رہین اللہ تعالی نے

چاہا کہ یہ لوگ نظر پدر سے محروم رہین چنانکہ یعقوب علیہ السلام کے آنکھین سے لین کرشاید کبھون منظور نظر ہوتے سو یہی موقوف ہوگیا حقیقت یہ ہو کہ خواست خواست خداست وحکم حکم وی کسی را باخواست او کاری نہ یفعل اللہ ما یشاء ویحکم ما یرید حاصل کو چاہیے کہ ارادہ حق مین اپنے ارادے کو فنا کر دے اور مقام رضا بالقضا مین مقامات اختیار کرے تاکہ اپنی مراد کو پہونچے عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام مصر مین بیچے گئے تو اسوقت عمر انکی سترہ برس کی تھی جب ایک برس اور گذرا اللہ جلشانہ نے علم وحکمت عطا فرمایا کما قال فلما بلغ اشدہ آتیناہ حکما وعلما یعنی جب پہونچا قوت کو دیا ہمنے حکم اور علم کلبی اور مقاتل روایت کرتے ہین کہ اشد سے اٹھارہ برس سے تیس تک مراد ہین اور بعضے پندرہ سے تیس برس تک کو کہتے ہین اور بعضے بیس سے بائیس تک بھی روایت کرتے ہین اور مجاہد تینتیس برس کہتے ہین اور سدی تیس کو غرضکہ چالیس کے اندر کو اشد کہتے ہین اور صحیح یہ ہو کہ مراد اشد سے حکم وعقل ہو اور بعضے اہل حقیقت فرماتے ہین کہ علم سے اپنی شناخت مراد ہو کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ بعضے کہتے ہین کہ مراد حکم سے اس جگہ حکمت علمیہ ہو اور مراد علم سے حکمت نظریہ اور تقدیم حکمت علمیہ کا سبب یہ ہو کہ علما اول حکمت علمیہ سے واصل ہوتے ہین بعد اسکے ترقی کرکے حکمت نظریہ سے فایض ہوتے ہین مگر اصحاب افکار عقلیہ اول حکمت نظریہ چنگل مارتے ہین پھر حکمت علمیہ پر ترقی کرتے ہین اور چونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کا طریقہ ابتدا ریاضت ومجاہدہ تھا اسواسطے تقدیم علم کی فرمائی اور بعضے کہتے ہین مراد حکم سے نبوت ہو اور علم سے علم دین اور اس تقدیر پر مرتبہ حکم زیادہ ہو علم سے اور بعضے کہتے ہین کہ مراد حکم سے فرمان روائی برخلق ہو اور علم سے تاویل احادیث بالجملہ جب علم وحکمت عطا ہوے اور جوان نظر آنے لگے تو زلیخا نے عزیز سے پوچھا کہ یہ غلام پری ہو یا آدمی عزیز نے کہا کہ آدمی ہو زلیخا نے کہا کہ میرے نزدیک پری زادہ ہو شاید تاجرون نے اسکو پکڑ لیا ہو عزیز نے قسم کھا کے کہا کہ یوسف آدمی ہو تب زلیخا نے کہا کہ اگر آدمی ہو تو اب وہ جوان ہوا مین اسکے روبرو نہین آسکتی لیکن اگر مجکو ہبہ کرو تو مین اپنا لڑکا بناؤن اور اپنے پاس رکھون عزیز نے ہبہ کیا چنانچہ زلیخا نے حضرت کو لیا اور بدستور اپنے پاس رکھا اور ہر روز محبت والفت کی باتین کرنا شروع کین اگرچہ حضرت یوسف علیہ السلام کو بھی زلیخا سے محبت تھی مگر بعوض شفقت وعطا اور زلیخا کو شہوت دہوا اسی سبب سے زلیخا کی باتون پر حضرت یوسف متوجہ نہوتے بلکہ جب زلیخا بطریق انبساط پوشاک ولباس سے آراستہ ہوکر خوش قدمی اور خوش رفتاری اپنی دکھلاتی تو حضرت یوسف ادب سے سر جھکا لیتے اور حرمت عزیز نگاہ رکھتے اور زلیخا نے یہ دستور کیا تھا کہ ہر روز صحف ابراہیم علیہ السلام حضرت یوسف سے سنا کرتی اور اپنے عشق ومحبت کو پوشیدہ رکھتی اور تسلی دل کی صرف دیکھنے اور کلام کرنے سے

سر لیتی یہان تک کہ عشق نے غلبہ کیا اور مرتبہ صبر و شکیبائی کا حد سے گذر گیا کہ اب سوائے یوسف علیہ السلام کے کسی چیز سے میلان خاطر نرہا اور کھانا پینا بھی چھوٹ گیا اور عجب حالت ہو گئی کہ ہر شی کا نام یوسف رکھتی اور جب فصد لیتی تو خون سے یوسف یوسف کی آواز آتی اور کواکب آسمان مین یوسف کا نام لکھا ہوا نظر آتا و لنعم ما قیل ؎ محبت شراب است و پیمانہ دل + محبت چراغ است و پروانہ دل + محبت ز پہلو کشد آہ سرد + محبت کند رنگ رخسارہ زرد + محبت چمن داغ حسرت گل است + جنون گلشن آرا فغان بلبل است + محبت جگر سوز اہل وفاست + محبت ہمانا کہ برق بلاست + محبت کند روز عاشق سیاہ + برین ماجرا شام ہجران گواہ + محبت بدا ما وطن کردہ است + لباس بدن را کفن کردہ است + محبت دل آہنین آب کرد + رگ سنگ را موج سیماب کرد + ز راہ جگر کار خنجر گرفت + رگ خواب را زیر نشتر گرفت + محبت کند سینہ را داغ داغ + بگور غریبان فروزد چراغ + صاحب انیس العاشقین حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل فرماتے ہین کہ سات برس تک زلیخا اسی حال مین مبتلا رہی اور ہر چند اپنے حال کو چھپاتی تھی مگر رنگ رو نے ظاہر کر دیا ؎ می توان عشق نہان کرد ز مردم لیکن + زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج + آخر زلیخا کی دایہ نے پوچھا کہ اے سیدہ تیرا کیا حال ہے جو تو روز بروز زرد ہوتی جاتی و ہر لحظہ و ہر ساعت ضعف و نحافت بدن پر نظر آتا ہے اگر کچھ درد نہین ہے تو آہ سرد کیون بھرا کرتی ہے اور اگر ہجر تیرا فراق نہین ہے تو یہ غم و اندوہ کسواسطے ہے زلیخا نے کہا اے مادر میرے درد کا علاج کل پر اور اب وہ درد پوشیدہ نہین رکھا جاتا ؎ راز نہفتم بسی صبر ندارم کنون + سینہ برآورد آہ دیدہ فرو ریخت خون + اے مشفقہ اس غلام عبرانی کو جس وقت دیکھتی ہون بیتاب ہو جاتی ہون اور غایت حسرت سے درد دل اپنا نہین کہہ سکتی ہون ؎ ہمچنیدا ہم کہ درد دل بگویم + چو او پیش نظر آید زبان کو + اور کہا اے مادر مہربان تو نے آج میرا حال دریافت کیا حالانکہ مین سات برس سے اس غلام کے عشق مین گرفتار ہون ؎ از داغ این جوان دل دیوانہ سوختم + ما خود باین چراغ پری خانہ سوختم + دایہ میپرس شرح گداز دل حزین + پیش از ظہور جلوہ جانانہ سوختم + اور اب تو یہ نوبت پہونچی ہے کہ اصلا اس درد کو نہین چھپا سکتی اور چارہ کار جز مرگ نہین دیکھتی ؎ مرا زندان غم و زنو جوانی پیر میسازد + ز رگہای بدن ہر عضو من زنجیر میسازد + لیکن کیا کرون خوف رسوائی سے چپکی ہون ؎ بستم برنگ غنچہ دہانی کہ داشتم + خوابانده ام بسرمہ زبانیکہ داشتم + الا اس مدت مین آج تجربہ حال ظاہر ہوا ہے مگر کہے دیتی ہون کہ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا اسلیے کہ ابھی تک خوف عزیز مصر بھی دامنگیر ہے ؎ آہستہ میخروشم و میترسم کہ باغبان + بر دارد آشیان من از شاخسار گل + دایہ بولی کہ یہ عجب بات ہے کہ محبوب خادم و ملازم ہو اور محب مہجور و رنجور رہے زلیخا بولی کہ شاید تو نے چاشنی درد کی

ہوتی

نہین چکھی اور ملامت عشق نہین اُٹھائی ہے عذاب قرب عذاب بعد سے زیادہ ہے اور اگرچہ میرا محبوب
مجھے نزدیک ہے پر میرے حال پر التفات نہین کرتا اور جب مین کچھ مطلب کی بات کہنا چاہتی ہون تو صورت ہی
دیکھکر زبان بند ہوجاتی ہے ؎ شائستہ ہے سخن نفس ناتوان کجاست + گیرم کہ وا کنم سر حرف زبان کجاست
تب دایہ نے کہا اگرچہ کچھ کلام نہین کرسکتی تو آپ کو زیور ولباس سے آراستہ کرکے دکھلاؤ شاید کہ جوشش
جوانی سے متوجہ ہو زلیخا نے کہا مین تو اسطرح بھی کرچکی ہون لیکن اُسنے توجہ بھی نہ کی اور جو کچھ مین نے
کہا تو جواب نہ دیا شاید ؎ پری پیکر من زبانی ندارد + میانی کہ دارد نشانی ندارد + ای مشفقہ ؎
طریق نالہ دل ناتوان نمیداند + لب خموش ادای زبان نمیداند + فتادہ کار من خستہ جان بسنگ دلے +
کہ سیل آب ز اشک روان نمیداند + اب کسی طرح تو میرا حال یوسف سے کہ شاید تیرے کہنے کا اثر ہوجائے
سو دایہ نے جاکے حضرت یوسف سے زلیخا کا حال بیان کیا حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ ای دایہ فریب
نہ کر مین اُسکا غلام ظاہر ہون اور اُسکے احسانون کا ممنون اور شاکر قطع نظر اس سے عزیز مصر نے مجھکو
اپنا لڑکا بنا کے اپنے ناموس کا امانت دار کیا ہے مجھسے ایسی حرکت کبھو نہ ہوگی ناچار دایہ نے زلیخا کو
جواب صاف دیا زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو بُلا کے بہت معذرت کی حضرت نے فرمایا ای
زلیخا مین سوا بندگی کے اور کچھ کام نہین جانتا سو جو کام بندون کے لائق ہو وہی فرمایا کیجیے اور جو کام
مجھسے نہین ہوسکتا اس سے شرمندہ کرنا کیا ضرور ہے بلکہ اولی یہ ہے کہ مجکو ایسے کام مین لگا دیجیے کہ اسمین اپنی
عمر بسر کرون کیونکہ میرا رہنا تیرے پاس موجب فتنہ ہے زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو بہت سمجھایا اور
راضی کیا پھر ایک دن بصلاح دایہ حضرت کو باغ مین بھیجا اور خوبصورت لونڈیان زیور ولباس سے
آراستہ کرکے پیچھے سے روانہ کین اور کہدیا کہ جب یوسف علیہ السلام باغ مین پہونچکر گل ولالہ سے طبیعت
اپنی خوش کرین اور کسی لونڈی پر توجہ فرماوین تو اصلا انکار نکیجیو ؎ ولی ہرکہ گردد بہرہ بردار + مرا
باید کند اول خبردار + جب رات ہوئی تو لونڈیون نے حضرت یوسف کو گھیر لیا اور انواع غنج ودلال سے
پیش آئین مگر حضرت یوسف علیہ السلام متوجہ بھی نہ ہوے بلکہ صبح تک وعظ ونصائح مین مشغول رہے
صبح کو زلیخا باغ مین پہونچی تو دیکھتی ہے کہ حضرت یوسف صحف ابراہیم کا وعظ فرماتے ہین اور لونڈیان توحید
مین مشغول ہین تب زلیخا نے کہا ای یوسف آج تو نور تیرا اور بھی زیادہ ہے مگر حضرت یوسف علیہ السلام
اس کلام سے کچھ خوش نہوے بلکہ زیادہ تر رنجیدہ اور نہایت پژمردہ ہوے اور زلیخا از بس شرمندہ
روایت ہے کہ اس وقت زلیخا کو بخوبی تحقق ہوگیا کہ میرا مکر اسپر نہ چلیگا تب دایہ کو علیحدہ بلا کر کہا اب کیا تدبیر
کرون یہ تو بڑی پرانی ہوشیار تھی اسنے کہا کہ مین ایک تدبیر بہت آسان بتلاتی ہون مگر مال ودولت بہت

سو خرچ ہو گا زلیخا نے کہا خزانہ کی کنجی تیرے پاس ہے جسقدر منظور ہو صرف کر مین حساب نہ پوچھونگی تب
وہ خزانہ خرچ ہوا یا نہیں مگر روایت صحیح یہ ہے کہ زلیخا نے خیال کیا کہ عزیز نے مجھے یوسف کے حق مین کہا
تو ... تو بہتر ہے کہ ایک مکان ایسا تعمیر کراؤن کہ چشم فلک نے نہ دیکھا ہو سو اول اپنی مان مسماۃ
نغز لفیہ کو ... خط لکھا کہ مین چاہتی ہون کہ اپنے بت کے واسطے ایک بتخانہ نفیس تعمیر کراؤن تو بھی
خرچ کی مدد کر اور ... اور کاریگرون اور حکیمون کو میرے پاس بھیجدے چنانچہ غنظر لفیہ ملکہ مین نے
نقد و جواہر مع استادون اور معمارون کے بھیجا سو زلیخا نے عزیز سے اجازت لی اور حکیمون اور
مہندسون سے کہا کہ مین اسطرح کا گھر بنوایا چاہتی ہون کہ یوسف علیہ السلام اُس گھر مین کسی طرف
سوا میری طرف دیکھتا رہے ایک حکیم نے کہا ایسا گھر شیشے کا ہو سکتا ہے چنانچہ وہ گھر مربع اس طور کا
بنایا گیا کہ ایک طرف کی دیوار شیشے کی اور دوسری طرف زمرد کی اور تیسری طرف فیروزے کی اور
چوتھی طرف عقیق کی اور فیروزہ اور عقیق کی دیوار کو قسم قسم کے جواہرات سے مرصع کروایا اور چار
ستون اُسمین چاندی کے کھڑے کروائے اُسپر دو دو تصویرین ایک پیل کی تصویر نقرئی دوسری
گھوڑے کی تصویر طلائی اور مکان کے اندر چڑیون کی تصویرین طلائی اور نقرئی رکھین اور زمین پر
سونے اور چاندی کے درخت لگائے اور چھت عقیق کی بنوائی اور اُسمین سات دروازے رکھے صندل
اور دانت کے ہر دروازے پر ایک تصویر طاؤسی جسکا سر زمرد کا اور تمام جسم سونے کا اور پانون چاندی کے
اور منقار عقیق کی اور دم فیروزے کی تھی اور جوف خالی رکھکر مشک سے بھرا جسکی بو سے مکان معطر ہو گیا
اور یہ بھی روایت ہے کہ تمام گھر مین اپنی اور یوسف کی تصویرین رکھوائین کہین تو دست بدست اور کہین
دست در بغل اور کہین دونون لپٹے ہوئے اور اُس مکان کے اندر ایک گھر بالکل شیشے کا طیار کروایا
اُسمین ایک تخت زرین مرصع بچھایا اُسپر سونے کی طبق مشک سے بھر کے رکھوا دیے اور دیوارون کو مشک
و گلاب سے تر کر دیا اور ایک پردہ بھی ڈال دیا اور زلیخا دلھن کی طرح بن ٹھن کے اُس تخت پر جا بیٹھی
اور دایہ کو بھیجا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو اس وقت بلا لاؤ وہ فی الفور گئی تو دیکھتی ہے کہ حضرت
یوسف وضو کرکے زمین پر خط کھینچے ہوئے بیچ مین بیٹھے ہین اُسنے پوچھا کیا شغل ہو رہا ہے حضرت نے کہا کہ والدین
کی قبرون کی زیارت کرتا ہون بولی کیا زیارت قبور اسی طرح کرتے ہین فرمایا کہ غریبون اور مسکینون کا یہی
طریق ہے تب دایہ نے کہا آپ کی سیدہ بلاتی ہے حضرت یوسف وہان سے چلے ظہر کا وقت تھا کہ حضرت
یوسف علیہ السلام اُس گھر کے دروازے پر پہونچے تو اور ہی مکان نظر آیا پہلا مکان ہی نہ تھا
تب تو انکے دل مین کھٹکا ہوا کہ شاید آج زلیخا نے اور ہی ارادے سے بلوایا ہے غرضکہ ایک پیڑ ڈیوڑھی کے

بنا

اندر رااور دوسرا باہر رکھکر تو چھپا مجھسے کیا حکم ہوتا ہی زلیخا نے ہاتھ بڑھا کے حضرت کو اپنی طرف کھینچ لیا اور کہا کے وفای وعدۂ وصل تو در گمان دارم + ز در در آ کہ گمان غلط یقین گردد + حضرت نے زلیخا کو آراستہ و پیراستہ دیکھکر فرمایا یا الٰہی لا ینجی منہا الا المعصوم فاعصمنی بعصمتک یا ارحم الراحمین اور اُسوقت لونڈیون نے سب دروازے بند کردیے تو حضرت یوسف نے کہا یا الٰہی تو مجکو اپنی پناہ مین لے زلیخا تخت سے اُتر پڑی اور حضرت یوسف کا ہاتھ پکڑکے کہنے لگی کہ اے یوسف مین تجکو بہت پیار کرتی ہون اور تیری محبت مین بیطاقت و بے قرار ہون مین نے تیرے واسطے یہ آرایش کی ہی تب حضرت یوسف نے سر جھکا لیا تو وہی صورت نظر پڑی پھر داہنی طرف دیکھا تو بھی وہی صورت نظر آئی فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ یہ بات سُنکر زلیخا نے باتون مین لگایا اور کہا اے یوسف یہ گھر مخلی بالطبع ہی تو ایک نظر میری طرف ڈالے در چمن پردۂ رخسار عرقناک انداز + آبروی گل شبنم زدہ بر خاک انداز + حرف شیرین زلبت گر نتوانی گفتن + سخن تلخ بگو زہر بہ تریاک انداز + اے ہمی قامت رعنا ز مزارم بگذر + سایہ سرو خرامان بسر خاک انداز + شہسوارانہ بنفگن دو سہ تیری بر دل + کز دل صید مرا کار بفتراک انداز + حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ اے زلیخا میرے باپ نے بھی مجکو دوست کیا تھا اُنکی محبت نے مجھے قعر چاہ مین ڈلوایا اور غربت مین گرفتار کرایا دیکھا چاہیے تیری دوستی مین کیا عذاب ہوتا ہی اور جیسا تو نے میرے واسطے گھر بنایا ہی اُس سے بہتر اللہ نے بہشت مین تیار کیا ہی گر دہ گھر نصیب ہون اب نہ ہوگا زلیخا نے کہا اے یوسف تو میری محبت سے آگاہ ہی پر عجب ہی کہ میرے حال پر ملتفت نہین ہوتا ہے گل مراد نچیدم ازین چمن گاہی + بحسرت عجبی رفتم از جہان افسوس + بسینہ یکدو نفس گرم خون نشد پیکان + کنارہ کرد خدنگ تو از نشان افسوس + حضرت یوسف نے کہا کہ اے زلیخا میرے والد بزرگوار نے مجھے وصیت فرمائی تھی کہ کسی حال مین اللہ کو فراموش نکرنا اور حق اپنے ولینعمت کا نگاہ رکھنا زلیخا نے کہا اے یوسف ایک مرتبہ آنکھین کھولکر میری طرف دیکھ کہ مین تیرے واسطے آراستہ ہوئی ہون فرمایا کہ عزیز مصر مجھسے سزاوار تر ہی مین اُسکے ساتھ بدی نکرونگا کیونکہ اُسنے میرے ساتھ احسان کیا ہی زلیخا نے کہا کہ اگر تو میرا کہنا نہین مانتا تو مجکو قتل کرڈال کہ اس بلا سے نجات پاؤن کے مگذار تا بخاک برم آرزوی قتل + بگذار برگلوی من جان نثار تیغ + پھر زبان حال سے بولی کہ اے یوسف کیسی بہتر خوشبو تیرے بدن مین آتی ہی اور کیا ہی اچھے لب و دندان ہین کے شکستی از لب نازک بہای لعل نگین را + ز رشک گوہر دندان گسستی عقد پروین را + شرر در خرمن دل ریختی از چہرۂ تابان + ز رشک تن بہ پیراہن شکستی خار نسرین را + خط ہند و نژاد از قبلۂ رویت بردن آمد + میان کعبہ اسلام دیدم رہزن دین را +

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ ای زلیخا ان سب چیزون کو فنا ہی پھر اسکی تعریف کیا ہی پھر کہنے لگی
کہ ای یوسف ترے آنکھین ہین تیری نرگسکہ پر نور + حسیا جہان ہین چشم بد دور + حضرت یوسف نے
کہا کہ ان آنکھون سے مشاہدہ حق کی امید ہی اور اس سے سوال ہوگا قبر مین پھر کہا کیا اچھی تیری صورت ہی
فرمایا اسکو خاک کھالیگی پھر کہا کیا اچھے تیرے بال ہین فرمایا یہ وہ چیز ہی کہ اول بدن سے جھڑ جائیگی پھر
بولی کہ ای یوسف مین تجھسے قربت چاہتی ہون اور تو مجھسے دور ہوتا جاتا ہی فرمایا کہ اس دوری مین نزدیکی
خدا دیکھتا ہون زلیخا نے کہا کہ یہ فرش حریر اور بستر دیبا تیرے واسطے مین نے بنایا ہی اور اس گھر کو
بیگانون سے خالی کیا ہی تا کہ آرزو سے دل نکالون فرمایا جو کوئی دنیا کی آرزو نکالتا ہی نعمت آخرت سے
بے نصیب رہتا ہی پھر کہنے لگی کہ ای یوسف جس دن سے مین نے تجکو دیکھا ہی اسی دن سے شیفتہ و
فریفتہ ہون اور شب و روز بیقرار رہتی ہون آج تو ایک ساعت اپنا ہاتھ میرے سینہ بے کینہ پر رکھدے
کہ تسکین ہوجاے فرمایا کہ جو ہاتھ نامحرم پر پہونچتا ہی وہ قابل سوختن ہی اور مجکو اسکا تحمل نہین ہی کہ اپنا ہاتھ
آتش دوزخ مین جلاؤن پھر بولی کہ ای یوسف مین نے تجکو مول لیا تھا اور اب اپنا شوہر بناتی ہون فرمایا
کہ زراعت کرنا زمین غیر مین ناجائز ہی تب کہنے لگی کہ ای یوسف تو کسواسطے مجھسے نفرت کرتا ہی فرمایا کہ
مین اپنے خدا سے ڈرتا ہون اور اُسی کی رضا چاہتا ہون ای زلیخا تو مجپر ستم نہ کر اور عرصات قیامت کے
واسطے کہ اولین و آخرین موجود ہونگے طوق شرمندگی میرے گلے مین نہ ڈال زلیخا نے کہا ای یوسف اگر تو
خدا سے ڈرتا ہی تو مین اپنا مال تیرے خدا پر نثار کرتی ہون کہ وہ تجسے راضی رہیگا فرمایا کہ میرا خدا رشوت
نہین لیتا زلیخا نے کہا مین نے سُنا ہی کہ اللہ تھوڑی چیز لیتا ہی اور بہت دیتا ہی فرمایا درست ہی لیکن
نیک لوگون کی لیتا ہی پھر بولی اگر تو کہے تو مین ایمان لاؤن اور اپنا دین بھی تبدیل کر ڈالون حضرت نے
فرمایا کہ ایسا ایمان مقبول نہین اب زلیخا نے جانا کہ حضرت یوسف علیہ السلام میرے راز سے آگاہ ہوگئے
اور رد و بدل مین مطلب فوت ہوتا ہی اسواسطے ایک پردہ ڈال دیا اور دروازے بند کرادیے تو شیطان
نے بڑی خوشی سے اپنے لشکر کو پکارا لشکریون نے حاضر ہوکے سبب وجد پوچھا ابلیس نے کہا سبب
ابتہاج یہ ہی کہ مین نے ایک پیغمبر زادے کو ایک کافرہ کے ساتھ اکیلے گھر مین بٹھلایا ہی اب میری مراد حاصل
ہوگی لشکریون نے کہا شاید مراد حاصل نہو شیطان نے کہا کیونکر حاصل نہو گی اگر جوانی درکار ہی تو دونون
مین ہی اور جو خوبصورتی مطلوب ہی تو دونون حسین ہین اور اگر تنہائی چاہیے تو سواے میرے کوئی غیر وہان
نہین ہی اور جو محبت کی حاجت ہی تو مین وسوسے کو حاضر ہی رہتا ہون اور یہی میری معاش ہی پھر حصول
مقصد مین کیا تردد باقی ہی روایت ہی کہ جب ابلیس نے ترتیب مقدمات سے دل اپنا خوش کیا تو حضرت

جبرئیل علیہ السلام نے آ کے فرمایا کہ بھلا یہ تو سب درست ہے لیکن عصمت خداوندی اور محافظت سرمدی
یوسف کے شریک حال ہے اور اُسنے فرمایا ہے ولنصرف عنه السوء والفحشاء اور اسی اثنا مین حضرت یوسف
نے آرزو ے زلیخا سے انکار فرما کر کہا معاذ اللہ انہ ربی احسن مثوای تب تو اس مردود کا مُنھ ٹوٹا اور بھاگا
اور لشکریوں سے بولا کہ اب بھاگو یہان کا معاملہ بے ڈول ہے فائدہ نقل ہے کہ جب حضرت موسے
علیہ السلام مع قوم بنی اسرائیل کنارے رود نیل کے پہونچے تو ابلیس نے بہت خوشی کی اُسکے توابع نے
سبب مسرت استفسار کیا بولا کہ اگر دریا سے مہیب درکار ہے تو آگے ہے اور جو دشمن پیچھے چاہیے تو فرعون
مع لشکر آتا ہے اور قوم موسیٰ ضعیف و ناتوان ہین پھر ہلاکت قوم اور موسیٰ مین کیا تردد ہے اُسی وقت
حضرت جبرئیل نے ابلیس سے کہا اے ملعون یہ تو سب پیش نظر ہے مگر محافظت الٰہی اور قدرت خداوندی
نے اس مہلکہ سے نجات بخشی ہے وہی موسیٰ نے عصا مارا دریا خشک ہو گیا اور حضرت موسیٰ بے تکلف مع
لشکر چلے گئے اور فرعون مع اپنی قوم کے غرق ہو گیا اسی طرح جب بندۂ مسلمان کی عمر آخر کو پہونچتی ہے
ابلیس خوشی کرتا ہے تو اُسکو نداکرتے ہین کہ سبب خوشی کیا ہے وہ کہتا ہے کہ اگر بندۂ عاصی چاہیے تو موجود ہے
اور اگر تقصیر عبادات و طاعات کی درکار ہے تو ظاہر ہے اب یہ بندہ کافر مریگا یہی سبب خوشی کا ہے پس فرمان
حق آتا ہے کہ اے ملعون یہ تو سب بجا و درست ہے ولیکن اگر رحمت درکار ہے تو مجھ مین ہے اور جو بندہ نوازی کی
حاجت ہے سو بھی ہے اور اگر کارسازی چاہیے تو بھی ہے اور اُسی وقت عزرائیل علیہ السلام کو حکم ہوتا ہے کہ اس
بندہ کی باایمان جان قبض کر تاکہ ابلیس شرمندہ ہو جاسے بالجملہ زلیخا نے کہا اے یوسف تو میرا غلام ہو کے
حکم نہین مانتا اور مین تیرے سبب سے بیمار رہتی ہون اگر تیرا یہی حال ہے تو مین سزا دونگی فرمایا حسبی اللہ و
نعم الوکیل اے زلیخا تو نے رقبہ میرا مول لیا ہے مگر خدا کی بندگی سے نہین نکال سکتی ہے بولی اے یوسف مین تجھسے
بہت امید رکھتی تھی کہ تجھسے میری آنکھین روشن ہونگی سو تو سبب محنت و اندوہ ہو گیا پھر بولی سچ بتلا کس
وجہ سے میری طرف توجہ نہین کرتا آیا مکان و فرش مکلف نہین یا کہ تو غنی ہے یا مین خوبصورت نہین
یا میرا حق تجھپر نہین فرمایا کہ مین اپنے خدا سے ڈرتا ہون اور عزیز کی ہتک عزت نہین چاہتا کیونکہ عزیز نے
مجکو خرید کیا اور بیٹے کی طرح سے پرورش فرمایا اور کوئی امر تکریم و تعظیم کا اُٹھا نہین رکھا سو مین اُسکے بدلے مین
ایسی بے عزتی کا روادار ہون یہ بات کبھون میرے لائق نہین بولی کہ اگر عزیز کا خوف ہو تو مین آج ہی اُسکو
زہر دیتی ہون فرمایا کہ اگر میرے واسطے عزیز کو مار یگی تو مین قیامت کو اسکا جواب کیا دونگا اب زلیخا نے
جانا کہ یوسف علیہ السلام کسی طرح نہین مانتے اور میرے مطلب پر نہین آتے تب بارادۂ فاسد پکڑنے کا
ارادہ کیا سو حضرت یوسف علیہ السلام بھاگے اپنے دو ڑ کر دامن مبارک پیچھے سے پکڑا کہ دامن پھٹ گیا تب

بولی سے دامن مکش ز خاک مزارم کہ دست من + در آرزوی گوشۂ دامان بلند شد + چنانچہ ارشاد
ہوتا ہے وراودتہ التی ہو فی بیتہا عن نفسہ وغلقت الابواب وقالت ہیت لک قال معاذ اللہ انہ ربی
احسن مثوای انہ لا یفلح الظالمون ۝ لقد ہمت بہ وہم بہا لولا ان رای برہان ربہ کذلک لنصرف عنہ السوء والفحشاء
انہ من عبادنا المخلصین ۝ واستبقا الباب وقدت قمیصہ من دبر والفیا سیدہا لدا الباب قالت ما جزاء من اراد
باہلک سوءا الا ان یسجن او عذاب الیم یعنی پھسلایا اسکو عورت نے جسکے گھر مین تھا اپنا جی تھامنے سے اور دروازے بند کر دیے
اور بولی شتابی کر کہا خدا کی پناہ وہ عزیز مالک ہے میرا اچھی طرح رکھتا ہے مجکو البتہ بھلا نہین پاتے لوگ
بے انصاف اور ہر امینہ قصد کیا اسکا عورت نے اور قصد کیا یوسف نے عورت کا اگر نہوتا یہ کہ دیکھے یوسف اپنے
قدرت اپنے رب کی تو ہو جاتا جو کچھ ہونا تھا اسواسطے کہ ہٹا دین ہمنے اُس سے برائی اور بیحیائی ہے
وہ ہے ہمارے چنے بندون مین اور دونون دوڑے دروازے کو اور عورت نے چیر ڈالا اسکا کرتہ
پیچھے سے اور دونون ملگئے عورت کے خاوند سے دروازے پاس آ بولی اور کچھ سزا نہین ایسے شخص کی
جو چاہے برائی تیرے گھر مین مگر یہی کہ قید رہے یا دکھ کی مار تنبیہ سو اس جگہ معنی مقدمات زنا ہے یا
نظر شہوت و مساس و تقبیل وغیرہ اور فحشا کنایت زنا سے ہے اور بعضے کہتے ہین کہ سوء سے مراد خیانت
سید و مولی ہے اور فحشا سے ارتکاب فاحشہ اور ارباب اشارات فرماتے ہین کہ سوء کنایت ہے خواطر ردیہ سے
یعنی اندیشہ ہاے ناپسندیدہ سے جو دل مین گذرین اور فحشا عبارت ہے افعال نامرضیہ سے جو ارکان سے
ظاہر ہوین سو اللہ تعالی نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ہر طرح سے محفوظ رکھا اور اُسی کی شان مین ارشاد
فرمایا کہ انہ من عبادنا المخلصین اور علامت بندہ مخلص کی چار ہین اول یہ کہ خلق سے علیحدہ رہے یعنی
اگر تمام خلق اسکی مدح اور ثنا کرے تو شاد نہو اور جو تمام خلق اسکو بد کہے ملول نہو اور جو تمام عالم کمر عبودیت
اسکے واسطے باندھے تو مغرور نہو دوسری یہ کہ دنیا سے بے پروا ہو یعنی اگر تمام نعمتین دنیا کی اسکو دین
تو سمجھے کہ سب مردار ہین اور اگر تمام محنت و رنج دنیا کے اسپر پڑین تو جانے کہ سب گذر جاوینگے غرض محبت
دنیا کی بالکل دل سے دور کرے کیونکہ دنیا مکار ناپایدار ہے تیسری یہ کہ اپنے نفس کو بالکل خیال مین نہ لاوے
یعنی ہمیشہ راضی بقضا رہے اور جفا و عطا مین مساوی رکھے اور وفا اختیار کرے اور خدا کے سپرد کرے
اور صفائی باطن سے بسر کرے چوتھی یہ کہ سواے ذکر حق اور وصل محبوب مطلق کسی چیز سے آرام نہ پکڑے
یعنی ہمیشہ بادشاہ جو کہ چاہیے اُسی سے چاہے غیر کو درمیان سے اُٹھا دے اور دل کو صیقل کر کے
صاف کر رکھے اور جب کوئی بلا آوے تو برضا و تسلیم قبول کرے تنبیہ حضرت یوسف علیہ السلام اسلیے
بھاگے کہ زنا بدترین گناہوں سے ہے حدیث صحیح مین آیا ہے کہ اعظم الکبائر تین ہین شرک عقوق والدین

زنا پڑوسی کی جورو سے اور بھی زنا مین دس آفتین کھلی ہین اول نقصان دین دوسرے نقصان عقل تیسرے نقصان عمر چوتھے نقصان علم پانچوین نقصان ورع چھٹوین غضب الٰہی ساتوین زوال نور بشرہ آٹھوین غلبۂ نسیان نوین عداوت اور بغض صالحین سے دسوین رد عبادت اور دعوت اور بغض الٰہی اور اسکی پیشانی پر لکھا جاتا ہو ہذا عبد بعید من اللہ و بعید من الناس و بعید من الجنۃ اور بھی حدیث مین وارد ہو کہ زانی دنیا سے نہین جاتا جب تک فقر اور فاقہ مین مبتلا نہولے **فائدہ** کریمہ راودتہ التی ہو فی بیتہا سے دریافت ہوتا ہو کہ ابتدا کرنے والی امر زنا مین اکثر عورت ہوتی ہو ولہذا سورۂ نور مین بتقدیم زانیہ ارشاد کرتے ہین کہ الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ اور ظاہر ہو کہ جب تک عورت اپنی محاسن نہ کھولیگی نظر کسی مرد کی نہ پڑیگی اور جب نظر نہ پڑیگی تو دلمین میلان نہ ہوگا اور جب دل کو میلان نہوا گناہ بھی صادر نہوگا اور حکمت سو تازیانہ کی تجویز مین یہ ہو کہ ہر سال کی چار فصول ہوتی ہین اور بارہ مہینے اور ہر ماہ کے تیس دن اور تیس راتین اور ہر شبانروز کی چوبیس ساعتین ہین کہ ان سب کے جمع کرنے سے سو ہوتے ہین یعنی جو کوئی شخص ایک ساعت بھی اس فعل حرام سے مشغول ہوا تو اُسنے گویا تمام سال گناہ کیا لہذا سو تازیانے اُسکو مارنا چاہیے تاکہ مجموع فصول و شہور و ایام و ساعات اسکی پاک ہوجاوین **فائدہ** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ دروازے بند کرنے سے مراد یہ ہو کہ زلیخا نے اپنے نفس پر سب دروازے الفت یوسف سے بند کر دیے کلبی سے روایت ہو کہ دروازے گھر کے بند کیے اور روایت ہو کہ سات دروازے تھے جب حضرت یوسف ایک دروازے سے گذرتے تھے زلیخا اُسکو بند کرا دیتی تھی اور حضرت یوسف ہر دروازے پر ازار بند مین گرہ دیتے تھے اور حسن بصری سے روایت ہو کہ ابواب مع وذم شدت محبت یوسف سے اپنے نفس پر بند کر دیے ارباب اشارات فرماتے ہین کہ زلیخا نے ساتون دروازے بند کر دیے تاکہ یوسف علیہ السلام کے ساتھ خلوت مین بیٹھے مثال اسکی یہ ہو کہ آدمی مین ہفت اندام قائم مقام ہفت خانہ زلیخا ہین اور اُسپر سات دروازے ہین آنکھین طریق آمد و شد بینائی و گوش دروازہ آمد و رفت شنوائی اور زبان محل گویائی اور حلق مورد قواے غذائی اور ہاتھ آلہ گیرائی اور پانون مرکب مشی و روائی اور فرج موضع شہوت قوائی جب تک آدمی یہ ساتون دروازے بند نہین کرتا خلوت الٰہی میسر نہین ہوتی ہو زلیخا نے ساتون دروازے مکان کے بند کرائے تاکہ خلوت صحیحہ حاصل ہو **نکتہ** جب حضرت یوسف نے کہا معاذ اللہ انہ ربی احسن مثوای اللہ تعالیٰ نے بلاے زنا سے محفوظ رکھا یہ معاملہ دلیل ہو اسپر کہ جب بندہ کسی بلا مین پڑے چاہیے کہ درگاہ حق سے پناہ مانگے تو حق تعالیٰ اُسے بلا سے نجات دیتا ہو تعالیٰ

معتبرہ مین ہو کہ ایہا المحمد من کید الشیطان علیک بالاستعاذہ بالرحمن اسواسطے کہ جنے تعوذ کی عادت کی دونون جہان کی سعادت لی دیکھو اس استعاذے کی بدولت انبیا علیہم السلام بہرہ اندوز ہوے اور اولیاے کرام بہرور حضرت نوح نبی اللہ نے کہا اعوذ بک ان اسئلک ما لیس لی بہ علم برکت کی دولت سے مخاطب ہوے کہ یا نوح اہبط بسلام منا و برکات حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے کہا اعوذ بالذی خلقنی فہدانی من شر من عصاہ خلت کے خلعت سے سرفراز کیے گئے کہ واتخذ اللہ ابراہیم خلیلا حضرت یوسف صدیق اللہ نے کہا معاذ اللہ انہ ربی احسن مثوای عصمت کی کرامت سے مکرم ہوے کہ کذلک لنصرف عنہ السوء والفحشاء حضرت موسی کلیم اللہ نے کہا انی عذت بربی وربکم ان ترجمون مکالمت کی عزت سے معزز ہوے کہ وکلم اللہ موسی تکلیما حنہ عمران کی بی بی نے کہا انی اعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم قبولیت کی نعمت سے مشتہر ہوئی فتقبلہا ربہا بقبول حسن مریم بنت عمران نے انی اعوذ بالرحمن منک ان کنت تقیا تہمت کی منقصت سے بشہادت عیسوی پاک ہوئین انی عبد اللہ اتانی الکتاب وجعلنی نبیا اور ہمارے حضرت شافع یوم الآخرہ صلعم نے کہا اعوذ بک رب ان یحضرون حق تعالی نے اپنے فضل و کرم سے دو نعمتین عطا فرمائین دنیا مین محبت قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی اور عقبی مین شفاعت کہ عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا آگر خاکیان امت محمدیہ کو جو کہ پانچون وقت کی نمازون مین اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہا کرتے ہین خلعت رضا رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ اور عمامہ لقا وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربہا ناظرہ عنایت ہو تو عجب نہین فائدہ کریمہ ولقد ہمت بہ وہم بہا مین کئی طرح کی توجیہین ہین اسمٰعیل و مجاہد و مقاتل وقیس ابن مرہ و سعید ابن جبیر و عکرمہ ابن ابی جہل و عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہم کہتے ہین کہ زلیخا نے زنا کا ارادہ کیا تھا اور حضرت یوسف علیہ السلام نے ازار بند کھولنے کا اور مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے کھولا ازار کو اور نیت باندھا کپڑے کو تا کہ حرکت زلیخا سے محفوظ رہین یہ قول اکثر متقدمین کا ہے اور ضحاک سے روایت ہو کہ شیطان حضرت یوسف و زلیخا کے درمیان مین آگیا اسنے ایک ہاتھ گردن یوسف مین ڈالا اور دوسرا گردن زلیخا مین اور دونون کو ملا دیا اور قاسم ابن سلام کہتے ہین کہ اس قول کی تمام قوم نے انکار کی ہو اور نقل اہل صحاح سے صحیح نہین ہو اور حسن بصری رح فرماتے ہین کہ زلیخا کا عزم تھا اور حضرت یوسف کا حدیث نفس اور فضیل ابن ربیع کے نزدیک کلام خدا مین تقدیم و تاخیر ہو اور تقدیر یون ہو ولقد ہمت بہ لولا ان یوسف رای برہان ربہ لہم بہا العیاذ یعنی زلیخا نے زنا کا قصد کیا اگر یوسف ع کو قدرت اپنے پروردگار کی نظر نہ آتی اور وہ انکو نگاہ مین نہ رکھتا تو یہ بھی قصد کرتے ساتھ زلیخا کے اور بعضے کہتے ہین کہ قصد حضرت یوسف ع کا

نکاح تھا اور زلیخا کا سفاح اور بعضے کہتے ہین کہ زلیخا کا ارادہ یہ ہوا کہ یوسف علیہ السلام ٹھہرین اور حضرت یوسف علیہ السلام کا یہ ارادہ ہوا کہ بھاگین آور بعضے کہتے ہین کہ قصد حضرت یوسف علیہ السلام کا از روے طبع بشری ہوا تھا لیکن عقل نبوت نے روک دیا اور بعضے اہل تحقیق کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا کو خواب مین منکوحہ پایا تھا اور زلیخا نے خواب مین یوسف کو اپنا شوہر سمجھا تھا سو اس حال مین حضرت یوسف علیہ السلام کو بھی خیال آیا کہ یہ عورت تو میری زوجہ ہے گویا حقیقتہ قصد گناہ نہ تھا اور صحیح یہ ہے کہ ہم اس آرزو کا نام ہے جو کہ دل مین پیدا ہو اور یہ بمقتضاے بشریت آدمی کے اختیار سے خارج ہے لہذا اسمین مواخذہ بھی نہین ہے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا پس اس وجہ سے ہم زلیخا تھا نہ قصد یوسف مگر زلت زلیخا اس سبب سے ہوئی کہ اس خطرے پر عازم ہوئی اور عزم از جملہ مکتسبات ہے لہذا ماخوذ ہوئی پس معلوم ہوا کہ ہم دو قسم ہے ایک ہم ثابت و قائم کہ ساتھ اسکے عزم و عقد و رضا لگے ہوتے ہین اور اسپر بلا شک مواخذہ ہوتا ہے دوسرا ہم عارض کہ وہ صرف خطرہ و حدیث نفس ہے بلا عزم و اختیار مثل ہم یوسف علیہ السلام اور اسپر کچھ مواخذہ نہین ہوتا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ فرمایا اللہ نے جب بندہ عمل خیر کا عزم کرتا ہے تو مین ایک نیکی اسکی لکھتا ہون جب تک اسنے عمل نہین کیا اور جب اسنے وہ عمل کر لیا تو دس نیکیان لکھتا ہون اور جب بندہ میرا بدی کا قصد کرتا ہے تو مین بخشتا ہون اسکو جب تک عمل نہ کرے اسپر اور جب وہ کر بیٹھتا ہے اس عمل بد کو تو مثل اسکے لکھدیتا ہون کذا فی المعالم آور عبد اللہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ مین نے حضرت سفیان ثوری سے سوال کیا کہ آیا قصد دل پہ بھی مواخذہ ہوتا ہے یا نہین فرمایا کہ اگر اس ارادہ کے ساتھ عزم بھی ہو تو مواخذہ ہوتا ہے اس مقام پر سے معلوم ہوا کہ ہم زلیخا مع العزم والجزم تھا اور ہم یوسف علیہ السلام بلا عزم جسطرح کوئی بھوکا کھانا دیکھے اور بمقتضاے طبع بشری لینے کا ارادہ کرے آور بعضے کہتے ہین کہ تصور گناہ گناہ نہین ہے اور اگر ہے اور ہو تو اصلی گناہ کرنے سے کمتر ہے سو اگر گناہ سے اللہ نے پیغمبرون کو محفوظ رکھا ہے قطع نظر کرکے اس سے اللہ نے فرمایا ہے کہ اگر یہ نہوتا کہ یوسف دلیل اپنے خدا کی دیکھتے لیکن جب دیکھی دلیل تو قصد نہ کیا نہ یہ بات کہ اگر نہ دیکھتے برہان خدا تو ضرور ہے کہ قصد کرتے آور محققین نے طہارت ذیل یوسف پر لوث گناہ سے دلائل تو یہ قائم کی ہین آول یہ کہ زنا اعظم الکبائر ہے اسناد اسکا ہرگز پیغمبر کی طرف جائز نہین بالخصوص جب خود حضرت حق فرماتے ہین ولنصرف عنہ السوء والفحشاء دوسرے یہ کہ اگر یوسف علیہ السلام کا دامن خطرہ گناہ سے ملوث ہوتا تو ذکر انکا کلام باری مین بطریق عتاب آتا نہ بطریق الطاف کیونکہ مناسب قاعدہ حکمت کے نہین ہے کہ کوئی شخص اقدام

بمعصیت کرے اور پھر اُسکو بمدت عظیمہ سے یاد فرماوین کہ انہ من عبادنا المخلصین تیسرے یہ کہ جب کبھون کسی پیغمبر سے کوئی فعل خلاف وضع پیغمبری یا زلت یعنی لغزش قدم واقع ہوا ہی تو وہ پیغمبر ایک مدت دراز تک نادم وپشیمان رہے ہین اور ہمیشہ توبہ کرتے رہے ہین اور اس معاملہ مین کوئی بات اس قسم کی قرآن مین مذکور نہین ہی اسی جگہ سے معلوم ہوتا ہی کہ ذات والاصفات حضرت یوسف صدیق نسبت ضلال واغواء شیطان سے پاک ومحفوظ رہی ہی اب جاننا چاہیے کہ وہ برہان کیا تھی جو حضرت یوسف علیہ السلام نے دیکھی قتادہ اور اکثر اہل تفسیر کہتے ہین کہ ایک فرجہ سقف بیت مین پیدا ہوا اُس سے صورت پر نور یعقوب علیہ السلام کی مکشوف ہوئی اُسنے کہا اگر ایسا کام کریگا تو رتبہ نبوت سے گرجائیگا اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ یعقوب علیہ السلام کی صورت حاضر ہوئی اور انگلی دانت کے نیچے دابے ہوے باواز بلند فرماتے تھے اے قرۃ العین تیرا نام دفتر انبیا مین مندرج ہی ایسی زلت اختیار نہ کرنا والا ندامت ہوگی تب حضرت یوسف نے بند ازار خوب مضبوط کیا سعید ابن جبیر ومجاہد اسی طرف گئے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ ایک طائر نے یہ کلام حضرت یوسف کے کان مین آہستہ سے کہا اور بعضے کہتے ہین کہ حالت خلوت مین یوسف علیہ السلام کی نظر ایک پردے پر پڑگئی تو حضرت نے زلیخا سے پوچھا کہ یہ پردہ کیسا ہی اُسنے کہا اسمین میرا معبود ہی سو مین نے پردہ ڈال دیا ہی تاکہ وہ اس حرکت کو نہ دیکھے حضرت یوسف نے فرمایا کہ اے زلیخا تو اپنے بت سے کہ لا یعلم ولا یعقل محض ہی اسقدر شرماتی ہی اور مین اپنے خدا سے کہ ظاہر وباطن کا دانا ہی کیونکر نہ شرماؤن حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اسی بات کے قائل ہین اور بعضے اہل حقیقت فرماتے ہین کہ اُس وقت ایک آواز آئی کہ اے یوسف تیرا نام انبیا مین لکھا ہی اور تو کار سفہا کرتا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ ایک ہاتھ دیوار سے نکلا اُسمین لکھا تھا لا تقربوا الزنا انہ کان فاحشۃ اور بعضے کہتے ہین کہ مکان کی چھت مین ایک فرجہ ہوگیا اُسمین ایک صورت نہایت حسین نظر آئی اُسنے کہا اے رسول عصمت تو معصوم ہی ایسا نہ کرنا جس سے تیری عصمت مین فتور پڑجائے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے زمین پر لکھا ہوا دیکھا کہ ومن یعمل سوءا یجز بہ اور بعضے کہتے ہین کہ اللہ صاحب نے ایک فرشتہ بھیجا کہ اُسنے اپنا بازو پشت یوسف پر ملا کہ تمام شہوت جاتی رہی اور بعضے اہل تفسیر سعید ابن جبیر سے روایت کرتے ہین کہ حضرت یعقوب نے آکر دونون ہاتھ اپنے سینۂ یوسف پر رکھدیے کہ شہوت انگلیون سے نکل گئی اور یہی سبب ہوا کہ حضرت یوسف کے دو بیٹے ہوے اور اور بھائیون کے بارہ بارہ ہوئے اور بعضے کہتے ہین کہ زلیخا و یوسف مین ایک پردہ ہوگیا تھا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام

ف بیان برہان حضرت یوسف علیہ السلام

ایک جاریہ جواری جنت سے دیکھی کہ اسکے حسن سے متحیر ہوئے اور پوچھنے لگے کہ کس شخص کا ہے تب
اُسنے کہا جو شخص زنا نکرے اس قول کو حضرت ولایت مآب امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی
طرف نسبت کرتے ہین اور مجاہد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت
یوسف نے جب اپنا ازار بند کھولا اور بیٹھے زیر زلیخا کے تو ایک ہاتھ دونون پر ظاہر ہوا اسمین لکھا تھا
ان علیکم لحافظین کراما کاتبین یعلمون ما تفعلون اسپر دونون کھڑے ہو گئے جب وہ رعب جاتا رہا تو
پھر دونون بیٹھے پھر وہی ہاتھ نکلا اور اسمین لکھا تھا ولا تقربوا الزنا انہ کان فاحشۃ وساء سبیلا تب
حضرت یوسف بھاگنے والے ہوئے اور زلیخا کھڑی ہو گئی جب پھر رعب جاتا رہا تو دونون بیٹھے
پھر تیسری بار ہاتھ نکلا اسمین لکھا تھا واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ تب دونون اٹھ کھڑے ہوئے
اور جب دونون چوتھی بار بیٹھے اسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا کہ خبر گیری کر میرے بندہ
کی قبل اسکے کہ خطا مین پڑے حضرت جبرئیل دانتون سے انگلیان چباتے ہوئے تشریف لائے اور بولے یا یوسف
تعمل عمل السفہاء وانت مکتوب عند اللہ من الانبیاء روایت ہے کہ حضرت جبرئیل نے اپنا بازو مارا کہ شہوت
انگلیون کی راہ نکل گئی کذا فی المعالم لیکن یہ روایت ضعیف ہے اور کاتب الحروف کے نزدیک کچھ بھی
ان روایتون کی ضرورت نہین ہے اگر برہان سے جو کلام الٰہی مین واقع ہے برہان عصمت مراد لین تو کیا مضائقہ
ہے یعنی وہ برہان عصمت تھی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے خود معلوم کر لی کیونکہ عصمت انبیاء علیہم السلام
تعلق نہ انکو مشاہدہ امور محسوسہ کی ضرورت نہین جیسا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہین البرہان النبوۃ
التی اودعہا اللہ صدرہ والحالۃ بینہ وبین ما یسخط اللہ عز وجل کذا فی المعالم اور اہل تحقیق فرماتے ہین کہ
عین تردد و تشتت خاطر مین اللہ جل شانہ نے حجاب بطون جمال ظہور سے اٹھا دی کہ نظر یوسف مشاہدہ
انوار الٰہی سے مشغول ہوئی اور تحقیق اس مقام کی یہ ہے کہ اس بات مین کسی کو خلاف نہین کہ دامن یوسف
لوث گناہ اور فاحشہ سے پاک تھا اگر اختلاف واقع ہے تو وقوع ہم مین ہے بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ ہم بالفاحشہ
اور اتیان بعض مقدمات واقع ہوا اسپر صاحب کشاف نے نہایت تشنیع فرمائی ہے اور بعض مفسرین نے
تنزہ حضرت یوسف ہم سے بھی لکھا ہے وہو الصحیح حضرت امام رازی تفسیر کبیر مین فرماتے ہین کہ اس واقعہ سے
جنکو تعلق ہے وہ یہ ہین یوسف علیہ السلام اور عورت عزیز اور عزیز اور عورات شہر اور شہود اور خداوند عالم
جل ذکرہ اور ابلیس لعین اور ہر ایک نے پاکی جناب یوسف صدیق علیہ السلام گناہ سے ظاہر کی ہے پھر اسمین
توقف کی ہرگز جگہ نہین ہے دیکھو حضرت یوسف علیہ السلام فرماتے ہین رب السجن احب الی مما تدعوننی الیہ
اور عورت کہتی ہے لقد راودتہ عن نفسہ فاستعصم وقالت الآن حصحص الحق اور شوہر نے کہا انہ من کیدکن

ان کیدکن عظیم اور عورتیں شہر کی کہتی ہیں امرأة العزیز تراود فتٰها عن نفسه قد شغفها حبا انا لنراها فی
ضلال مبین اور حاش للہ ما علمنا علیه من سوء اور بیان شہود وشہد شاہد من اہلہا ان کان قمیصه قد
من قبل فصدقت وهو من الکاذبین وان کان قمیصه قد من دبر فکذبت وهو من الصادقین اور
اللہ صاحب فرماتے ہیں کذلک لنصرف عنه السوء والفحشاء انه من عبادنا المخلصین اور اقرار ابلیس
علیہ اللعن کا اس کلام حق پر کہ فبعزتک لاغوینهم اجمعین الا عبادک منهم المخلصین یعنی ابلیس نے اقرار
کیا کہ میں بندگان مخلصین کو اغوا نکرونگا اور اللہ تعالی نے حضرت یوسف کو بندہ مخلص فرمایا
اب خیال کرنا لازم ہے کہ وہ لوگ جاہل جو نسبت شر کی حضرت یوسف سے کرتے ہیں اگر توابع دین الہی
ہیں تو لازم تھا کہ طہارت یوسف صدیق پہ شہادت حق تعالی کی قبول کریں اور اگر توابع ابلیس سے
ہیں تو اقرار ابلیس طہارت یوسف علیہ السلام پہ منظور کریں انتہی کلامہ الصحیح فائدہ مخفی نہ رہے کہ زلیخا نے اپنی
نسبت اہل عزیز اسلیے کہا تا کہ وہ اس معاملے میں رعایت کرے اور اپنی فضیحت گوارا کرے چنانچہ اسنے
بے انصافی کی اور حضرت یوسف کو قید کیا اس سے ظاہر ہوا کہ ابتک زلیخا کو محبت کامل نتھی ورنہ اپنا عیب
معیوب پہ ڈالتی جیسا اسوقت کہا انا راودته عن نفسه والآن حصحص الحق عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ
فرماتے ہیں کہ دو پیغمبر خوف سے بھاگے ہیں ایک جانب در دوسرے جانب شجر حضرت یوسف علیہ السلام
زلیخا سے جانب در بھاگے زلیخا نے دوڑ کر دامن چاک کیا حضرت یوسف علیہ السلام نے جناب حق میں
التماس کیا کہ اگر دامن چاک نہوتا اگرچہ تہمت تھا ارشاد ہوا کہ اے یوسف تو جانتا تھا کہ میں ہر حال میں
حافظ اور نگہبان ہوں تو پھر کیوں بھاگا اب تیرے سبب دونگا اور دامن کو گواہ کرونگا اہل تذکیر کہتے ہیں
کہ جب دامن یوسف چاک ہو گیا تو کمال غم ہوا ندا آواز آئی کہ اے یوسف ہر شخص کے دو پیراہن
ہوتے ہیں ایک ظاہری دوسرا باطنی اگر پیراہن ظاہر چاک ہوا تو غم نہ کر پیراہن باطنی کہ عبارت صلاح
و تقوی سے ہے درست ہے اور اہل تحقیق کہتے ہیں کہ یوسف علیہ السلام کے دو پیراہن تھے ایک وہ
کہ یعقوب علیہ السلام نے پہنایا تھا اور دوسرا پیراہن عصمت کہ اللہ تعالی نے پہنایا تھا زلیخا نے
دونوں پر ہاتھ ڈالا تھا سو پیراہن ظاہر پہ پہنچا اور باطن تک نہ پہنچا اسی طرح مومن کے دو پیراہن ہیں ایک
پیراہن ظاہر کہ عبارت طاعت سے ہے دوسرا پیراہن باطن کہ عبارت توحید سے ہے شیطان دونوں کا
قصد کرتا ہے لیکن اسکا ہاتھ ظاہر پر پہنچتا ہے اور باطن پر نہیں پہونچتا دوسرے حضرت زکریا کہ ظالموں
کے خوف سے جانب شجر بھاگے کہ درخت ارہ سے چیر گیا جب ارہ سر مبارک پر پہونچا تو حضرت
زکریا علیہ السلام نے شور کیا ارشاد ہوا کیوں شور کرتا ہے عرض کی کہ بسبب تکلیف درد کے نالہ وزاری

کرتا ہون فرمایا اے زکریا تو خوب جانتا تھا کہ مین ہر حال مین حافظ اور مددگار ہون پھر تو کیونکر درخت
کی طرف بھاگا اسی سبب سے تجکو ادب دیتا ہون خبردار اگر پھر تو نے شور کیا تو نام تیرا دیوان نبیا
سے نکال ڈالونگا الغرض جب عنایت وحفاظت حافظ مطلق قرین حال یوسف علیہ السلام ہوئی
اور آنجناب بمکر زلیخا سے خائف و ترسان ہو کر بمعجزہ خاص سے بقصد فرار نکلے اور زلیخا یہ جانتی تھی
کہ دروازے سب مسدود و مقفل ہین کہان جا سکتے ہین اسی نظر سے چپکے چپکے پکڑنے کو چلی وہان
حضرت جبرئیل علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کے آگے جاتے تھے سو حضرت یوسف جس
دروازے پر پہنچے اسکو حضرت جبرئیل نے کھول دیا یہان تک کہ ساتوین دروازے پر آ گئے
اب زلیخا نے خیال کیا کہ یوسف علیہ السلام تو ہاتھ سے نکلے جاتے ہین اور یہ تمام محنت و مشقت میری
رائگان ہوتی ہے اسی خیال مین دروازہ ہفتم کھلا اور حضرت یوسف چلے زلیخا نے دوڑ کر دامن مبارک
پیچھے سے پکڑا اور اپنی طرف کھینچا تو دامن چاک ہو گیا اور حضرت چوکھٹ سے باہر ہوئے زلیخا بھی
پیچھے لگی ہوئی اسی وقت قطفیر عزیز مصر آ گیا اور معالم مین ہے کہ عزیز مع ابن عم زلیخا دروازے پر بیٹھا تھا
بہر تقدیر عزیز نے دونون کو مضطرب و پریشان دیکھا جانا کہ کچھ فساد واقع ہوا ہنوز عزیز نے کلام نہ کیا تھا کہ زلیخا
نے پیشدستی سے دلیرانہ کہا اے عزیز مین سوتی تھی یوسف چور کی طرح میرے پاس آیا اور چاہتا تھا کہ تیری امانت
مین خیانت کی راہ سے دست درازی کرے سو مین چونک پڑی وہ بھاگا مین اسکے پیچھے دوڑی تو اسکا
دامن میرے ہاتھ پڑ گیا عزیز نے کہا اس دعوی کا کوئی گواہ ہے بولی گواہ نہین ہے لیکن مین اپنے دعوے مین
صادق ہون بعد اسکے عزیز نے حضرت یوسف سے کہا مین نے تیرے ساتھ کیسے کیسے احسان کیے اور تو نے
ان احسانات کے بدلے میرے گھر مین ایسا ارادہ کیا اب تیری سزا یہ ہے کہ قید ہو اسوقت آنجناب نے فرمایا کہ
ہی راودتنی عن نفسی یعنی زلیخا نے خواہش کی مجھسے کہ بدکاری کرون اس سے ناگزیر مین بھاگا عزیز نے
پوچھا کوئی گواہ ہے فرمایا ایک لڑکا رشتہ دار زلیخا کا گھر مین تھا اسکا اظہار لیا جاے معالم التنزیل مین ہے کہ
حضرت یوسف علیہ السلام کو عیب زلیخا کا کھولنا ہرگز منظور نہ تھا لیکن جب زلیخا نے کہا جو کوئی تیرے
گھر مین بدی کا ارادہ کرے وہ قید ہو یا کوڑے مارا جاے تب مجبور ہو کر آنجناب نے فرمایا کہ اسنے
مجھسے فعل زنا چاہا تھا کہ مین انکار کر کے بھاگا اور شاہد مین اختلاف ہے حسن و قتادہ و مجاہد کہتے ہین کہ ایک
مرد حکیم تھا مگر صحیح یہ ہے کہ ایک طفل شیرخوار تھا بعضے کہتے ہین کہ اسکی دایہ کا بیٹا تھا چالیس روز یا تین
مہینے کا اور ابن عباس اور سدی کہتے ہین کہ زلیخا کے چچا کا بیٹا تھا زلیخا کہ اسکو متبنی کیا تھا اور بعضے
کہتے ہین ماموں یا خالہ کا بیٹا تھا اور بعضے کہتے ہین کہ جب شور ہوا تو عزیز مصر کی بہن اپنا لڑکا چار یا

سات مہینے کا گود میں لیے ہوے دروازے پر آتی تھی مگر صحیح یہ ہے کہ وہ لڑکا رشتہ دار زلیخا کا تھا
کما قال اللہ وشہد شاہد من اہلہا کیونکہ ایسی قرابت کی گواہی واسطے صفائی مدعا علیہ کے زیادہ تر
مفید ہوتی ہے اور بڑی حجت ہو جاتی ہے واسطے صفائی کے لہذا لفظ اہلہا کا کلام باری میں واقع ہوا
[illegible] اور بعضے کہتے ہیں کہ ایک لڑکا کسی شخص کا سات دن کا گہوارے میں تھا یہ قول
[illegible] ابن جبیر [illegible] روایت عوفی کی ابن عباس سے ہے و ضعیف ہے بالجملہ اسنے
[illegible] ان کان قمیصہ قد من قبل فصدقت وہو من الکاذبین وان کان قمیصہ
قد من [illegible] اگر کرتا آگے سے پھٹا ہو تو عورت سچی ہے اور یوسف
[illegible] اس سے معلوم ہو جائیگا کہ زلیخا یوسف کو منع کرتی تھی اور اگر پیچھے سے پھٹا ہو اسکا پیچھے
[illegible] تو عورت جھوٹی ہے اور یوسف سچا ہے یعنی اس سے معلوم ہو جائیگا کہ یوسف بھاگتا تھا زلیخا نے
[illegible] ہو گیا چنانچہ عزیز نے دیکھا کرتا پھٹا ہوا پیچھے سے تو کہا لاریب یہ ایک
[illegible] عورتوں کا البتہ تمہارا فریب بڑا ہے کما قال اللہ فلما رآی قمیصہ قد من دبر قال انہ من کیدکن
ان کیدکن عظیم تفسیر کشاف میں ہے کہ عزیز مرد حلیم تھا سوائے بصفت حلم زلیخا کو سزا نہ دی اور بعضے
کہتے ہیں [illegible] اخبار الدول میں ہے کہ اثیر الدین ابن حیان اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ زمین اقالیم
[illegible] بے غیرت کو ہے بعض روایات میں ہے کہ عزیز نے حضرت یوسف سے کہا لڑکا شیرخوار گویا ہوا
[illegible] اللہ تعالی [illegible] سو عزیز نے اس لڑکے سے کہا کہ تو اس مقدمہ میں کیا جانتا ہے لڑکے نے
[illegible] مجھے زیبا نہیں ہے مگر زلیخا یوسف میں حکم ہوتا ہون
[illegible] بیان فرمایا فائدہ اکثر محققین فرماتے ہیں کہ عورتوں کے مکر سے زیادہ
[illegible] شیطان کے مکر سے کم کیونکہ اللہ صاحب شیطان کے حق میں فرماتے ہیں ان
کید الشیطان کان ضعیفا اور عورتوں کے باب میں ارشاد ہوتا ہے ان کیدکن عظیم واضح ہو کہ اللہ
جل شانہ نے بارہ چیزوں کو عظیم فرمایا ہے اول اپنی ذات پاک کو ہو العلی العظیم دوسرے عرش کو وہو رب
العرش العظیم تیسرے خلق حضرت پیغمبر سلام کو انک لعلی خلق عظیم چوتھے ذبح اسمعیل علیہ السلام کو وفدیناہ
بذبح عظیم پانچویں روز قیامت کو انہم مبعوثون لیوم عظیم چھٹویں زلزلہ قیامت کو ان زلزلۃ الساعۃ
شیء عظیم ساتویں نجات [illegible] مومن نار جہنم سے اور وصول دار نعیم کو ذلک ہو الفوز العظیم آٹھویں شرک کو
ان الشرک لظلم عظیم نویں بہتان [illegible] سبحانک ہذا بہتان عظیم دسویں سحر ساحران فرعون کو وجاؤا بسحر عظیم
گیارہویں عرش بلقیس کو ولہا عرش عظیم بارھویں مکر عورتوں کو ان کیدکن عظیم اور ان سب چیزونکی

وجہ نسبت اپنے مقام پر ہین مگر وجہ عظمت مکر عورتون کی یہ ہی کہ عورتین دام ہین شیطان کا کہ النساء
حبائل الشیطان اور عقول انکی ناقص ہین کما جاء ہن ناقصات العقل والدین باوجود اسکے مرد عاقل
انکے دام فریب مین گرفتار ہوجاتا ہی اور یہ جو اللہ نے فرمایا ہی ان کید الشیطان کان ضعیفا اسکی وجہ یہ ہی کہ
عورتون کا بلا کید وخدع شیطان نہین ہوتا بلکہ شرکت شیطان کی ضرور ہوتی ہی اور کید شیطان کا شاید
بے مکر عورتون کے بھی ہوتا ہی پس کید عورتون کا بسبب شرکت شیطان کے عظیم ہوگیا۔ دوسرے اسکے
کید شیطان سے بذکر حضرت رحمان نجات ملتی ہی اور مکر عورتون سے کسی طرح بچاؤ نہین ہوتا اور یہ تو
ہی ظاہر ہی کہ شیطان دشمن ظاہری اور عورت [illegible] دشمن ہی لہذا مرد عاقل وہ ہی کہ کسی حال
مین انپر اعتماد نہ کرے اور انکے دام فریب مین گرفتار نہو کیونکہ انبیا اور اولیا اور علما اور عقلا ہمیشہ
انکی نکوہش بیان کرتے آئے ہین القصہ جب زلیخا کا فریب عزیز مصر پر کھل گیا تو اسنے کہا یوسف
اعرض عن ہذا یعنی یہ قصہ میرے سامنے مت کہہ کہ میری ہتک عزت ہوتی ہی اور زلیخا سے کہا واستغفری
لذنبک انک کنت من الخاطئین یعنی تو بخشوا اپنا گناہ یقین ہی کہ تو ہی گنہگار ہی اور بعضے کہتے ہین کہ یہان تلک
اس لڑکے کا کلام ہی اور مراد اسکی بخشوانے گناہ سے یہ ہی کہ اپنے شوہر کی خوشامد کر تا تجھے عقاب
نہ کرے کیونکہ تونے خیانت کی اپنے شوہر کی اور ایسے جوان کو تونے اپنے نفس کے واسطے پھسلایا
تو خطاوار ہی اور تفسیر زاہدی مین ہی کہ عزیز نے زلیخا سے کہا کہ تو یوسف سے معذرت کر کہ یہ غریب ہی
اور تونے اسکو آزردہ کیا اور آزردگی غریب کی بہتر نہین تفسیر تیسیر مین لکھا ہی کہ اگرچہ زلیخا مشرکہ تھی مگر
خالقیت حق کا اقرار رکھتی تھی اور پرستش اصنام بنا بر تقرب حق کرتی تھی اور انکے دین مین رسم استغفار
جاری تھی اس سبب سے نسبت استغفار جانب زلیخا درست ہی القصہ اس معاملہ کا چرچا عورتون مین ہوا
کہ زلیخا حضرت یوسف کو پیار کرتی ہی اور اصل یہ ہی کہ اہل مصر مین یہ قصہ مشہور ہوگیا یہان تک کہ عورتین اپنے
گھرون مین بیٹھکر چرچا کرتین کہ زلیخا اپنی مراد غلام سے حاصل کیا چاہتی تھی غلام نے انکار کیا چنانچہ
ایک دن بارہ عورتین اکابر مملکت سے یا چودہ یا چھ یا چار اور بعضے محققین نے پانچ بیان کی ہین
ایک خزانچی کی یا داروغہ دواب کی عورت دوسری ساقی کی تیسری نان پز کی چوتھی حاجب کی پانچوین
داروغہ مجلس کی اور مقاتل کے نزدیک یہ پانچون عورتین اشراف مصر کی تھین اور عین الشمس پر
کہ ایک جگہ ہی مصر مین آپسمین بیٹھی ہوئی ادہر ادھر کی باتین کرتی تھین اسی مذاکرہ مین حضرت یوسف
کا بھی ذکر آیا ایک نے کہا کہ یوسف علیہ السلام کی کیا ہی پیاری صورت ہی دوسری نے کہا کیا خوب
بدن ہی تیسری نے کہا کیا اچھی باتین ہین چوتھی بولی کیا خوب وقار ہی پانچوین نے کہا نسب بھی بہت

افضل ہی یعنی حضرت یعقوب علیہ السلام کا بیٹا ہی اور بالفعل تمام عالم مین حضرت یعقوب علیہ السلام ایسا
سا پارسا نہین ہی بعد اسکے کہنے لگین کہ اور ایک عجیب بات سنو کہ زلیخا اپنے شوہر کو چھوڑ کر اسکی
فریفتہ ہی چنانچہ ارشاد ہوا وقال نسوۃ فی المدینۃ امرءۃ العزیز تراود فتٰھا عن نفسہ قد شغفھا حبا انا
لنرٰھا فی ضلال مبین یعنی کہنے لگین کئی عورتین اُس شہر مین عزیز کی عورت خواہش کرتی ہی اپنے
غلام سے اُسکا جی تھامنے سے تحقیق فریفتہ ہو گئی اُسکی محبت مین ہم تو دیکھتے ہین کہ وہ بھٹکی ہی
صریح یعنی غلام اس قابل کیا ہوگا جس سے ایسا ارادہ کرتی ہی اور حقیقۃً اس گفتگو سے مقصود یہ تھا
کہ شاید ایسی باتون سے دیدار یوسف ہمارے بھی نصیب ہو کیونکہ جب یہ معاملہ پیش آیا اور گواہی
شیر خوارہ پاکدامنی یوسف صدیق ظاہر ہوئی تو زلیخا نے حضرت یوسف صدیق سے بہت معذرت
کی اور شکایت سے پیش آئی اور حضرت یوسف کو اغیار سے پوشیدہ رکھنا شروع کیا عورتین مصر کی
مشتاق جمال ہو کر از روے حسد کلمات ملامت آمیز کہنے لگین کہ زلیخا بڑی بیحیا ہی جو غلام سے اپنی مراد
چاہتی ہی اُس پر طرفہ تر یہ ہی کہ غلام اُس سے نفرت کر کے دمسازی اور ہمرازی سے انکار کرتا ہی کہ اگر زلیخا
اپنی صورت دکھلاتی ہی تو وہ آنکھین بند کر لیتا ہی اور جو زلیخا اشتیاق سے روتی ہی تو وہ ہنستا ہی بیشک
زلیخا کا حسن وجمال اُسکے ناپسند ہی اگرچہ یہ باتین عورتون نے پوشیدہ کی تھین الا زلیخا کو خبر پہونچی
تو اسکو بہت ہی رنج ہوا اور اپنے جی مین کہنے لگی کہ اگر سکوت کرتی ہون تو یہ سب خیرہ ہوئی جاتی
ہین اور جو کسی اور طرح سے پیش آتی ہون تو غالبًا انکار کرینگی اور جو کچھ سیاست کرتی ہون تو بڑی رسوائی
ہی اب مناسب یہ ہی کہ ایسا حیلہ کرون جس سے انکے دل پس جائین اور زبان بند ہو جاے اور
ہاتھ کٹ جائین اور اپنی گفتگو سے شرمندگی حاصل کرین لہذا زلیخا نے ایک جشن آراستہ کیا اور
ضیافت کی منادی کرائی اور مخدرات اکابر اور اعیان مملکت کو بتخصیص اُن عورتون کو جو زیادہ تر
بر سر ملامت تھین بُلوایا اور کہلا بھیجا کہ مین اسواسطے بُلواتی ہون کہ یوسف علیہ السلام کو دکھلاؤن
اور تم جانو کہ مین تم سے کسی بات مین دریغ نہین کرتی غرضکہ حسب بیان ملا حسین واعظ کاشفی جب سب
عورتین موافق طلب کے حاضر ہوئین تب زلیخا نے اُن عورتون کو جو طعنہ دیتی تھین سب کے بیچ
مین بٹھلایا اور تکیے لگا دیے اور ایک ایک چھُری اور ایک ایک ترنج یا انار یا گوشت بھُنا ہوا اُنکے
سامنے رکھدیا چنانچہ ارشاد ہوا فلما سمعت بمکرھن ارسلت الیھن واعتدت لھن متکاءً واٰتت
کل واحدۃ منھن سکینًا یعنی جب سُنا اسنے اُنکا فریب بُلا بھیجا اُنکو اور تیار کی اُنکے واسطے ایک مجلس
اور دی اُنکے ہر ایک کے ہاتھ مین چھُری غرض بعد ترتیب مجلس کے زلیخا نے یوسف علیہ السلام کو

خلوت مین بلاکر عرض کیا کہ آج میرا ایک کہنا مانو مجھکو بھوننا نہا ہرچند کہ امتثال ایسے امر کا موجب ذلت
تھا الا انبظر اسکے کہ اور گناہون سے بچونگا حضرت یوسف نے فرمایا کہ اگر گناہ نہ ہوگا تو فرمان برداری
کرونگا زلیخا نے کہا کہ عورتین مجکو طعنہ دیتی ہین کہ غلام کیا ایسی لیاقت رکھتا ہی جو زلیخا اُسپر فریفتہ
ہوئی ہی سو مین چاہتی ہون کہ تمکو اُنپر ظاہر کرون تاکہ وہ بھی جانین کہ مین مجبور ہون سو میری
درخواست یہ ہی کہ جب مین تمکو طلب کرون تو آفتابہ اور طشت لیکر بلانقاب نکل آؤ حضرت نے قبول
فرمایا تب زلیخا نے پہلے حضرت کو نہلایا اور بال دھوئے اور انکو جواہرات سے گوندھا اور تاج طلائی
مرصع کو سر مبارک سے زینت اور سرفرازی بخشی اور پیراہن زردوزی تن سراسر نور پر پہنایا اور کمر بند
طلائی کمر نازک سے باندھا ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کہکر بولی ؎ پردۂ شرم وگر از رخ گلگون بردار
باز در خرمن جان شعلۂ بے باک انداز + چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام خلوت خانہ سے عورتون کے
روبرو تشریف لائے تو زلیخا نے کہا ؎ آن گل کہ برافروختہ روی چمن انیست + شمعی کہ زد آتش
بنہر انجمن انیست + گیسوی سیہ نافہ کشا چشم بلا خیز + مشک ختن انیست و بہار ختن انیست + اُسوقت
وہ عورتین چھری سے ترنج کاٹ رہی تھین جو نہین آفتاب نور یوسفی سیاے جلالت سے چمکا سب
عورتین بیہوش ہوگئین کہ عقل جاتی رہی اور گویا زبان حال یون مترنم تھی ؎ آتش بدل افتد رخ
تابان اگر انیست + سررشتۂ جان تاب خورد گر کمر انیست + اور اس بیخبری مین سب کے ہاتھ کٹ گئے
ترنج کی مطلق خبر نہ ہی اور اس حال مین حضرت یوسف علیہ السلام فرماتے تھے یہ کیا کرتی ہو اور زلیخا
ہنستی تھی اور ہر ایک عورت کی زبان اس مضمون سے مشغول تھی ؎ تا بر کشید جنبش ابروی یار تیغ
خوردم بروی تیغ من دلفگار تیغ + ہرجا سریت درتہ شمشیر ناز تست + محراب سجدہ گشت درین روزگار
تیغ + پیدا کنم زہر سرِ مو گردنی دگر + ہرجا کہ زیب دست کند این نگار تیغ + اور زلیخا حضرت یوسف سے
مخاطب ہوکے کہتی تھی ؎ شمشیر ناز بر دگران میکشی مکش + آلودہ کن بخون من دلفگار تیغ + جب بعض
عورتون کو فی الجملہ ہوش آیا تو زلیخا نے کہا کیا ہوگیا تھا جو ایک ہی جلوے مین از خود رفتہ ہوگئین وائے
بر حال من کہ مین سات برس سے اس صورت کی عاشق ہون اور اب تک تندرست ہون تب عورتین
شرمندہ ہوکے کہنے لگین کہ یہ تو کوئی فرشتہ ہی یا پری زلیخا نے کہا نہ پری ہی نہ فرشتہ یہ شخص وہی ہی
جسکو مین پھسلایا چاہتی تھی اور یہ محفوظ رہا اور وہی ہی یہ غلام جسپر تم ملامت کرتی تھین چنانچہ ارشاد
ہوا فلما رأینہ اکبرنہ وقطعن ایدیہن وقلن حاش للہ ما ہذا بشرا ان ہذا الا ملک کریم قالت فذلکن الذی
لمتننی فیہ ولقد راودتہ عن نفسہ فاستعصم یعنی پھر جب دیکھا اسکو دہشت مین آگئین اسکی اور کاٹ ڈالے

اپنے ہاتھ اور کہنے لگین حاشا للہ نہین یہ شخص آدمی یہ تو کوئی فرشتہ ہی بزرگ ہوا یہ ہی زلیخا
طعنہ دیا تمنے مجکو اسکے واسطے اور مین نے چاہا اس سے اسکا جی پھر اسنے تھام رکھا تو عورتون نے
کہا ای زلیخا ہمکو بڑی ندامت ہی جو ہمنے تجکو ملامت کی اور ہمنے بڑا گناہ کیا جو تجکو خطا کار سمجھے زلیخا نے
جب عورتون کو اپنا ہمراز اور ہمدم پایا تو اپنا راز دلی انسے بیان کر کے کہا کہ اس معاملے مین تم
سب میری غمخواری کرو اور اس حادثہ مین مددگاری اور مین دیکھتی ہون کہ اب کام لطف اور
نرمی سے نہین نکلتا ہونا چاہ سخت گیری کرونگی چنانچہ اللہ صاحب نے فرمایا ولئن لم یفعل ما آمرہ لیسجنن
ولیکونا من الصاغرین یعنی مقرر اگر نہ کریگا جو مین اسکو کہتی ہون البتہ قید مین پڑیگا اور ہوگا بےعزت
تنبیہ صاحب وسایط جابر انصاری رضی اللہ عنہ سے بسند صحیح نقل کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام ایک روز میرے پاس آئے اور کہا کہ اللہ صاحب سلام
کہتے ہین اور فرماتے ہین کہ ای محبوب الہی یوسف علیہ السلام کا حسن مین نے نور کرسی سے پیدا کیا
اور تمکو نور عرش سے وما خلقت خلقا احسن منک حضرت یوسف علیہ السلام کا جمال تھا وجود مین اور
آنحضرت کا کمال تھا شہود مین جمال یوسف سے ہاتھ کٹے کمال محمدی سے کافرون کی زنار ٹوٹے حضرت
عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ زنان مصر نے ایک جلوہ یوسف مین ہاتھ کاٹ ڈالے اگر
میرے محبوب کو دیکھتین تو دل اپنے کاٹ ڈالتین بالجملہ وہ عورتین دست بریدہ اور گریبان دریدہ
رخصت ہو کر اپنے اپنے گھرون کو گئین وہ عورتین جو کہ چرب زبان اور شیرین بیان تھین زلیخا کے
پاس رہ گئین کہ ہم مصلحت کی تدبیر کرینگے چنانچہ جب حضرت یوسف علیہ السلام وہان سے پھرے تو
عورتین انکے پیچھے لگی ہوئی چلی آئین ایک نے اپنے طور پر حضرت سے زلیخا کے باب مین سفارش کی اور
دوسری نے دھمکایا تو حضرت یوسف نے تنگ ہو کر کہا کہ رب السجن احب الی مما یدعوننی الیہ والا تصرف
عنی کیدھن اصب الیھن واکن من الجاہلین یعنی ای رب مجکو قید پسند ہی اس بات سے جس طرف مجکو
بلاتی ہین اگر تو دفع نہ کرے انکا فریب مجھ سے تو مائل ہو جاؤن انکی طرف اور ہو رہون بے وقوف
حاصل یہ ہی کہ مین سخت عاجز ہون کہ اسی باعث سے قید مجکو پسند ہی تا کہ محفوظ رہون انکی صحبت سے
اور اگر تو مجکو پناہ عصمت مین نہین لیتا تو مین متوجہ ہوتا ہون طرف انکے اور قبول کیے لیتا ہون
انکا کہنا اور نادان ہوا جاتا ہون روایت ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ کلام اسوقت کہا تہا
جسکہ وہ عورتین مجلس مین موجود تھین اور زلیخا بے پروائی یوسف بیان کر رہی تھی اور عورتین آنجناب کو
ملامت کرتی تھین کہ تو کس سبب سے اپنی سیدہ کو راضی نہین کرتا اور آرزوے دل اسکو نکالنے

نہین دیتا اور اس گفتگو کو گاہے بہ لطف ونرمی کہتی تہین اور گاہے بخشونت ودرشتی یعنی اگر اپنی
مالکہ کو راضی کریگا تو معزز وممتاز رہیگا اور قدر ومنزلت تیری زیادہ ہوگی اور جو اسکی موافق مرضی کے
نہ کریگا تو ذلیل وخوار ہوگا اور قید کیا جائیگا اور بعضے کہتے ہین کہ اختیار زندان یوسف علیہ السلام نے
اُسی دم سے اپنے دل مین قائم رکھا تھا جب زلیخا نے یہ کہا تھا کہ اگر میرا کہنا نہ کریگا تو قید کرونگی فعلی
ہذا التقدیر کان الدعاء منہا خاصۃ ولکن اضافۃ الیہن خروجا من التصریح الی التعریض اور بعضے کہتے ہین
کہ سب عورتون نے حسن یوسف علیہ السلام دیکھکر خواہش کی تہی اُس آنجناب نے نسبت سب کی
طرف فرمائی القصہ اللہ جلشانہ نے دعا حضرت یوسف کی قبول فرمائی اور فریب عورتون سے بچایا یعنی
جب عورتون نے زلیخا سے کہا کہ ہمنے ہر طرح سے یوسف کو سمجھایا پر اُسنے کسی طرح قبول نہ کیا اب مصلحت
یہ ہی کہ چند روز اسکو قید کر شاید بباعث محنت سبب تابعداری کا ہوجاوے اور اس نعمت وراحت
کو یاد کرکے اطاعت کر بیٹھے زلیخا نے یہ صلاح پسند کی اور عزیز سے کہا کہ مین اس غلام کے سبب سے
سخت بدنام ہوئی سو تو اسکو قید کر تا کہ لوگون پر اسکا قصور ظاہر ہو اور مین ملامت خلق سے محفوظ
رہون عزیز نے اس باب مین اپنے دوستون سے مشورہ کیا تو سب نے زلیخا کے موافق کہا چنانچہ
ارشاد ہوتا ہی ثم بدا لہم من بعد ما راوا الآیات لیسجننہ حتی حین یعنی پہر یون سوجہا لوگون کو وہ نشانیان
دیکھنے پر کہ قید رکھین اُسکو ایک مدت یعنی جب تک عورتون کا کہنا سننا بند ہوجاوے اور ابن جبیر کے
نزدیک حین سے مراد چہ مہینے ہین اور کلبی کے نزدیک پانچ برس اور عکرمہ کے نزدیک سات برس
کذا فی المعالم روایت ہی کہ عزیز نے اپنے ندیمون سے کہا کہ میرے نزدیک اگرچہ خوب ثابت ہی کہ اس
مقدمے مین زلیخا کا قصور ہی لیکن وہ میری زوجہ ہی لہذا چاہتا ہون کہ گناہ زلیخا یوسف پر ڈالون ایک
شخص نے کہا کہ پہر آپ کی تجویز کیا ہی بولا کہ مین زلیخا کو سزا دیا چاہتا ہون اور کوئی سزا سخت تر حجاب
سے نہین ہی اور حجاب بلا قید نہین ہوسکتا لہذا یوسف کو قید کرونگا اُسوقت کسی شخص نے کہا کہ یہ
بات تو انصاف سے بعید ہی عزیز نے کہا تم جانتے ہو کہ یوسف میرا غلام ہی اور غلام کے معاملے مین
انصاف اور بے انصافی کو کچھ دخل نہین ہی دیکھو خداوند تعالی کا بھی یہی معاملہ ہی کہ اپنے بندون کے
ساتھ جو چاہتا ہی فرماوے یعنی چاہے مطیع کو دوزخ مین ڈالے اور عاصی کو بہشت مین پہونچا دے
کسی کو مقام چون وچرا نہین ہی اور بعضے کہتے ہین کہ عزیز نے کہا کہ یوسف کا دور رہنا زلیخا سے چندے
بہتر ومناسب وقت ہی ورنہ آتش شوق زلیخا پہر بہڑکیگی تو بجہانا اسکا دشوار ہوجائیگا لہذا قید کرنا یوسف
کا مصلحت ہی اور سدی رحمہ فرماتے ہین کہ زلیخا نے عزیز سے کہا کہ اس غلام عبرانی نے مجکو لوگون کے روبرو

اس قول سے کہ ہی راودتنی عن نفسی نہایت رسوا و ذلیل کیا ہے سو تو دو باتین کر یا مجکو اجازت دے کہ مین گھر سے نکلکر لوگون سے عذر کردن اور صفائی حاصل کردن یا کہ تو یوسف کو قید کر کہ لوگون پر اسکا قصور ظاہر ہو جاے کذا فی المعالم اور انیس العاشقین مین یہ روایت لکھی ہے کہ جب زلیخا کا ارادہ ہوا کہ یوسف کو قید کردن تو ملک ریان کے پاس گئی اور بادشاہ نے ایک مکان آہن و مس کا مرصع بجواہر اپنی نشست کا تیار کیا تھا اسکی چار دیواری پر ایسا صیقل کرایا تھا کہ آنے جانے والون کی صورت دکھی پڑتی تھی جب زلیخا اس مکان کے قریب تر ہوئی تو اسکی صورت بھی بادشاہ نے دیکھ لی چوبدارون سے فرمایا کہ عورتون کی سردار آتی ہے استقبال کرکے لاؤ بقول بعضے ملک ریان اور زلیخا سے کسی طرح کی قرابت بھی تھی سو ملازمان شاہی نے باعزاز و تکریم زلیخا کو بادشاہ کے حضور مین پہونچایا بادشاہ نے کمال تعظیم سے ایک کمرہ خاص مین بٹھلایا اور حال پوچھکر سبب پریشانی سے استفسار کیا زلیخا نے عرض کیا کہ شاید موجب سراسیمگی سے آپ کو اطلاع نہین ہے بادشاہ نے کہا مجھے خبر نہین تو بیان کر زلیخا نے کہا اس غلام عبرانی سے مجکو متہم کرتے ہین بادشاہ نے کہا پھر کیا چاہتی ہے زلیخا نے کہا درخواست یہ ہے کہ آپ اپنے حکم سے اسکو قید فرماوین بادشاہ نے قبول کیا پھر بعد تامل زلیخا نے کہا اگر بحکم شاہی یہ غلام محبوس کیا جائیگا تو عوام و خواص یہ کہینگے کہ اگر یہ بات سچ نہ تھی تو بادشاہ نے کیون قید فرمایا بہتر یہ ہے کہ مجھے اجازت ہو جاے کہ مین قید کرون کہ اسمین عوام لوگ جانینگے کہ یہ تہمت محض تھی ورنہ کوئی دوست دوست کو قید نہین کرتا بادشاہ نے فرمایا بہتر اور نصیب تو ہی قید کر دے پس زلیخا اجازت حاصل کرکے مکان پر آئی اور حضرت یوسف علیہ السلام کو طلب کرکے کہا اے یوسف اب بھی کچھ نہین گیا ہے میرا کہنا کر تاکہ قید سے محفوظ رہے فرمایا اس خیال سے درگذر اور اپنا ارادہ دل سے دور کر مین ہرگز خلاف مرضی خدا ان شاء اللہ نہ کرونگا ناچار زلیخا نے بالوق و زنجیر محبس مین بھیجا جس وقت حضرت یوسف اس کیفیت سے شہر مین نکلے تو اہل شہر کو نہایت تاسف ہوا اور زبان مبارک پر جاری تھا حسبی اللہ و نعم الوکیل حضرت جبرئیل نے اسوقت پیغام دیا کہ یہ قید تمھاری ہی درخواست سے ہوئی تمنے کیون قید مانگی کہ رب السجن احب الی الخ اس مقام مین حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ رحم کرے بھائی یوسف پر کہ اسنے خدا سے قید مانگی سلامتی کی دعا کیون نہ کی فائدہ اس مقام سے واضح ہوا کہ آدمی کو دنیا کے رنج و غم سے صبر کرنا لازم ہے گھبرا کر اپنے حق مین بد بات کی درخواست خدا سے نہ کرے کہ وہی ہوگا جو قسمت مین لکھا ہے کشف الاسرار مین ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے قدم مبارک اپنا محبس مین رکھا فرمایا بسم اللہ والحمد للہ علی کل

حال روایت ہے کہ محبس مین ایک درخت خشک مدت دراز سے تھا اُسکے نیچے آپ عبادت کرنے
لگے کہ وہ درخت سرسبز ہوگیا قیدیون نے جانا کہ یہ شخص کامل ہے سب معتقد ہوے اور حضرت کی
تواضع یہ تھی کہ ہر روز صبح کو تمام قیدیون کی خیر و عافیت دریافت کرتے اور جو کوئی بیمار ہوتا
اُسکی عیادت فرماتے اور تندرستون کو نصیحت ایک دن قیدیون نے باصرار تمام آپ کا نسب
دریافت کیا تو آپ نے بیان کیا اُس سے اور بھی گرویدہ ہوے روایت ہے کہ زلیخا نے لوگون کے
روبرو داروغہ سے کہدیا کہ اس غلام کو تکلیف مین رکھنا اور خلوت مین طلب کرکے کہا کہ اسکو تکلیف نہ دینا
اسکی قید صرف تادیباً ہے نہ تعذیباً داروغہ نے آنجناب کو ایک مکان مکلف مین رکھا اور کمال لطف
و عنایت کرنے لگا قیدیون نے اور بھی مددگارون نے داروغہ سے پوچھا کہ قیدی سے ایسی
باتین کرنا خلاف حکم ہے داروغہ نے کہا مین اس قیدی کی پیشانی نورانی سے ایسا معلوم کرتا ہون کہ
اس سے کوئی جرم لائق عقوبت صادر نہین ہوا ہے بلکہ واسطے تہذیب کے یہان آیا ہے اور جب
صرف تہذیب مقصود ہے تو اسکی تعذیب کیا چاہیے اس اثنا مین چوبدار شاہی نے امیر زندان سے
باواز بلند کہا اے مالک محبس بادشاہ کا حکم ہے کہ یوسف کو نہایت تعظیم سے رکھنا اسکو تکلیف نہونے پائے
خبردار خلاف حکم مین سزا ہوگی داروغہ نے سب لوگون سے متوجہ ہوکر کہا کہ اب تم لوگ آگاہ ہوے
یا نہین سب اپنے قصور فہم کے معترف ہوے اسی طرح مومن عاصی کا حال ہے کہ بعد حساب و کتاب
ملائکہ عذاب اُسکو دوزخ مین لیجائینگے اور خازن سے کہینگے کہ اسکو تکلیف مین رکھ مالک اسکی پیشانی پر
نور ایمان دیکھکر تعذیب مین تامل کریگا زبانیہ دوزخ اعتراض کرینگے مالک فرمائیگا مین اس شخص مین
کوئی علامت دوزخیون کی نہین پاتا کیونکر عذاب کرون مین جانتا ہون کہ یہ دوزخ مین بنابر تادیب
آیا ہے نہ برائے تعذیب ایسی حالت مین حکم صادر ہوگا کہ مقصود عتاب ہے نہ عقاب اور مطلوب تہذیب ہے
نہ تعذیب لطیفہ ایک عاشق زار کہتا تھا کہ اگر بروز حشر نار مین بھیجین اور مین ایسا ہی زار ہون جیسا ہون
تو وہ کام کرون کہ بہشتی میرا تماشا دیکھنے آوین یعنی پہاڑ پر چڑھکر پکارونگا یا حنان یا منان اے
اہل جنت جہان تم ہو بالکل ناز و نعمت ہے اور جہان مین ہون بالکل جمال و رحمت ہے یہان آؤ تو نعمت
فراموش کرو ؎ بہشت طلعت آن یار مہوش است مرا + بہشت بے رخ او عین آتش ست مرا +
غرض وصال تو باشد بہر کجا کہ روم + اگرچہ آتش دوزخ بود خوش ست مرا + اور بعضے کہتے ہین کہ یہ قید
اسواسطے ہوئی کہ اُس لغزش قدم سے جو ازار بند کھولنے مین صادر ہوئی تھی پاک ہو جاوین اور حضرت
ابن عباس سے معالم مین نقل کیا ہے کہ تین باتین حضرت یوسف علیہ السلام سے صادر ہوئین اُسپر

تین سزا تین تجویز ہوئی تھی ایک تہمت زلیخا کہ اسکی سزا قید تجویز ہوئی دوسرے درخواست سفارش ساقی سے کہ
اسیر ایام قید زیادہ ہوگئے تیسرے اپنے بھائیون کے حق مین کہلایا انکم لسارقون اور بھائیون نے
وقت پر جواب دیا ان یسرق فقد سرق اخ لہ من قبل القصہ جب آنجناب علیہ السلام بحکم زلیخا محبس مین
بھیجے گئے اور زلیخا سے جدا ہوئے تو زلیخا فراق یوسف سے محزون وغمگین رہتی اور اپنے فعل پر
نادم و شرمگین کہ اکثر شوق لقا مین زار زار روتی اور حسرت و افسوس کے طمانچے اپنے منھ پر
مارا کرتی چنانچہ بروایت ضعیف مشہور ہے کہ جب زلیخا صعوبت فراق سے بیقرار ہوتی اور تواتر زخم ہجران
سے دل افگار تو حضرت یوسف علیہ السلام کو صحن زندان مین نکلوا کر ضربات چوب محبت و اتحاد سے
تکلیف دلواتی اور نالہ و فریاد کی آواز سے دل کو تسکین دیتی تھی اور جب کوئی شخص اس حرکت پر
طعنہ دیتا تو کہتی مجبور و معذور ہون کیونکہ جب دیدار محبوب سے مسرور نہین ہوتی تو صدا سے
نالہ و زاری سے دل بے قرار کو بہلا لیتی ہون اگرچہ یہ روایت ظاہر اضعیف و بے اعتبار ہے مگر
ایک مثال بندہ مومن کے واسطے ہے کہ اسیطرح خالق کبریا جل جلالہ ارواح مومنین کو زندان دنیا مین
رکھکر بمقتضاے سمو ہم وکیونہ اظہار محبت والفت فرماتے ہین اور جب بسبب حجابات آب و خاک
ملاقات صوری و ظاہری نہین ہوتی تو تسلیان قضا و قدر سے فرماتے ہین کہ انکو ہمیشہ خشیات خوف
وجوع اور نقصان نفوس و اموال و اولاد و اثمار سے ادب دو تاکہ بنالہ و زاری میرے حضور مین
حاضر ہون کہ مین انکی نالہ و زاری سے خوش ہوتا ہون کہ انین المذنبین احب الی من تسبیح المقربین
وقال تعالی شانہ ولنبلونکم بشیء من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات یعنی البتہ ہم
آزماوینگے تمکو کچھ ایک ڈر سے اور بھوکھ سے اور نقصان اموال اور جانون اور میوون سے
؎ چون مرغ سحر از غم گلزار بنالد + از غم دل دیوانہ من زار بنالد + آن دوست مگوئید کہ از دوست
برنجید + دان یار مخوانید کہ از یار بنالد + فائدہ آیہ قال رب السجن احب الی سے کئی فائدے
نکلے اول معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ قید بصدق دل چاہی تھی کیونکہ لفظ
قال صریح دلیل صدق ہے اور لفظ زعم دلیل کذب کما جاء فی قولہ تعالی زعم الذین کفروا ان
لن یبعثوا قل بلی وربی لتبعثن یعنی کفار کے قول پر جو کذب تھا زعم ارشاد ہوا اور حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے کلام مین قال کہ سراسر صدق تھا دوسرا معلوم ہوا کہ قید زندان زنا سے بہتر ہے اگر ایسا
نہوتا تو یوسف علیہ السلام اسکو طلب نہ کرتے تیسرا یہ کہ خدا سے ہرگز بلا و محنت کا سوال نکرنا چاہیے
بلکہ دائما عافیت چاہے گو اس بلا کو آنجناب چند روزہ سمجھے تھے مگر اپنی سمجھ کام نہین آتی چوتھا

حضرت یوسف نے بہ نیت خالص رنج اٹھایا اللہ نے ضائع نہین کیا اسی طرح جو کوئی راہ خدا مین رنج اٹھاوے قیامت کے دن راحت پاویگا حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے دو چیزین عجیب اللہ سے مانگین ایک تو ہمین نعمت و دولت مین تمیز چاہی دوسرے حالت سلطنت و بادشاہت مین موت کما قال توفنی مسلما و الحقنی بالصالحین **فائدہ** حضرت یوسف علیہ السلام سے پانچ زلتین صادر ہوئین کہ حقیقۃ ترک احسن و اختیار حسن لازم آیا اور معنی زلت کے یہ ہین کہ فعل مباح کا قصد کیا اسمین فعل ناجایز ہوگیا مگر اس فعل پر بعد صدور و وقوع استقرار نہین ہوا اور نہ قصد فعل حرام کا تھا مگر صادر ہوگیا جسطرح قتل قبطی حضرت موسی علیہ السلام سے پس زلت و لغزش قدم اول یہ ہوئی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا تھا لا تقصص رؤیاک علی اخوتک فیکیدوا لک کیدا اور حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب اپنا بھائیون سے فرما دیا اگرچہ خواب کے نہ بیان کرنے مین مفسدہ شرعی تھا یعنی کذب کا عیب لگاتا تھا اور جس مقام مین مفسدہ شرعی پیدا ہو وہان اتباع والدین ضرور نہین ہے اور حکم بھی یون آیا ہے مگر پیغمبرون کا مرتبہ از بس عالی ہے احکام بھی انکے سخت ہین کما قیل ع نزدیکان را بیش بود حیرانی * اب پوشیدہ نرہے کہ احادیث صحیحہ مین طریقہ احسان والدین کے ساتھ یون آیا ہے کہ تہ دل سے انکو دوست رکھے در رفتار و گفتار و نشست و برخاست مین کوئی دقیقہ دقائق ادب سے فروگذاشت نکرے مثلا رفتار مین آگے انکے نہ چلے اور آگے انکے نہ بیٹھے اور گفتگو مین نام لیکر نہ پکارے اور نہ بلاوے بلکہ الفاظ تعظیمیہ اختیار کرے جسطرح یا سیدی و یا ابی و یا امی اور انکو گالی نہ دے اور نہ برا کہے مراد گالی دینے سے یہ ہے کہ جب کوئی کسی کے والدین کو گالی دیتا ہے تو وہ بھی اسکے والدین کو جو کچھ جی مین آتا ہے کہتا ہے اس صورت مین یہ شخص گویا اپنے ماں باپ کو آپ گالی دے رہا ہے اسی طرح خدمت مین نہایت کوشش کرے جہان تک کہ مقدور ہو اور قول و فعل مین انکی خوشنودی کا قصد رکھے اور اپنے مال و اسباب اور شی نفیس سے جو کہ انکے کام آوے کبھون دریغ نہ کرے اور بعد موت کے وصیت جاری کرنے مین مصروف بدل ہو اور دعاے نیک مین یاد رکھے اور اللہم اغفر لی و لوالدی پڑھا کرے اور ہمیشہ صدقات و خیرات کا ثواب پہونچایا کرے اور ہر جمعہ کو انکی قبر کی زیارت کیا کرے اور سورہ یس پڑھکر ثواب بخشا کرے اور جو لوگ انکے دوست یا قریب ہون انسے محبت و تلطف اختیار کرے اور جو طرح والدین انکے ساتھ سلوک کرتے تھے یہ بھی حتی الوسع و الامکان جاری رکھے کہ اسمین بر والدین تمام ہوتا ہے چنانچہ اللہ صاحب سورہ بنی اسرائیل مین فرماتے مین فلا تقل لہما اف و لا تنہرہما و قل لہما قولا

کرینگے واخفض لہما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمہما کما ربیانی صغیرا یعنی تو نہ کہو اُنکو ہون اور نہ
جھڑک اُنکو اور کہہ اُنکو بات ادب کی اور جھکا لے اُنکے روبرو کندھے عاجزی کر کے پیار سے اور
کہہ اے رب اُنپر رحم کر جیسا کہ پالا اُنھون نے چھوٹا مجکو اور اسی طرح سورہ بقر مین فرماتے ہین
ان لاتعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا یعنی والدین کے ساتھ احسان عظیم بجالانا چاہیے کہ جامع ہے
اور یہ احسان تین طرح کا ہوتا ہی اول ترک ایذا قولاً و فعلاً دوسرے خدمت کرنا مال اور بدن سے
تیسرا اُسوقت حاضر ہونا جسوقت بلاوین قسم اول واجب مطلق ہی واسطے اُسکے ترک مین عقوق شنیع
لازم آتا ہی چنانچہ یوسف علیہ السلام کے اور بھائیون سے صادر ہوا بعد اُسکے توبہ نصیب ہوئی
اور حضرت یعقوب نے بھی معاف فرمایا قسم دوسری مشروط باحتیاج ہی اور موقوف ہی لڑکے کی
قدرت پر پس اگر والدین کو احتیاج نہین یا یہ شخص قدرت نہین رکھتا تو واجب نہین ہی قسم تیسری
بھی مشروط ہی وہ یہ ہی کہ حاضر ہونے مین کوئی مفسدہ شرعی پیدا نہ ہوجاے اگر ایسا گمان ہی تو واجب
نہین لیکن اگر والدین ترک نوافل کا حکم کرین اور کہین کہ میری خدمت مین حاضر رہ تو ترک نوافل
واجب ہی اور اگر فرماوین کہ واجب یا فرض کو ترک کر تو اتباع انکی لازم نہین اور اگر سنت موکدہ کے ترک پر
اصرار کرین تو صحیح یہ ہی کہ ایک دو بار ترک کر کے اطاعت انکی کرے مگر زیادہ اس سے نہین جائز اسیطرح اگر جھوٹھ
بولنے کو یا چوری کرنے کو فرماوین تو بھی اتباع لازم نہین پس حضرت یوسف کا خواب کہدینا بھائیون سے اسی قسم مین تھا
اور بظاہر گو یہ امر خلاف شرع نہو تھا لیکن حسنات الابرار سیأت المقربین بالجملہ حق تعالی نے احسان والدین کو اپنی عبادت
کے بعد فرمایا ہی اور انکے حقوق کو ہمدوش اپنے حق کے گردانا ہی چنانچہ ارشاد ہوا ہی وقضی ربک ان
لاتعبدوا الا ایاہ بالوالدین احسانا یعنی حکم دیا تیرے رب نے کہ نہ پوجو اُسکے سوا اور ماں باپ سے
بھلائی کرو اور یہ بات کئی وجہ سے معلوم ہوتی ہی اول یہ کہ ماں باپ جسطرح سبب پرورش اور
تربیت اپنی اولاد کے ہوتے ہین اسی طرح سبب وجود اولاد بھی ہین اور یہ دونون فیض ایجاد الہی کا
واسطہ پڑے ہین اور سواے ماں باپ کے اور کوئی یہ مرتبہ نہین رکھتا کیونکہ اگر کوئی اور شخص سبب
پرورش اور تربیت واقع ہوتا ہی تو سبب وجود ہرگز نہین ہوتا پس کسی شخص کا انعام بعد از انعام خدا
تعالے انکے سے زیادہ نہین ہی دوسری یہ کہ انعام والدین کا کمال مشابہ ہی انعام الہی سے جسطرح خداوند
عوض نہین چاہتا اسی طرح والدین بھی عوض نہین چاہتے بخلاف انعام اور لوگون کے کہ البتہ
مخلوط بالغرض ہوتا ہی تیسری یہ کہ جسطرح خداوند تعالی اپنے بندے پر انعام مین ملال نہین کرتا
اگرچہ بندہ گنہگار اور نافرمان بردار ہو اسی طرح والدین انعام فرزند مین ملول نہین ہوتے یعنی

شفقت اور خیرخواہی سے باز نہین آتے اگرچہ اولاد ناخلف ہو چوتھی یہ ہے کہ والدین کو کمال مشابہت ہی جناب واحد حقیقی سے کہ جسطرح مرتبہ خدائی مین سوا ذات پاک الٰہی اور کوئی نہین سما سکتا اسی طرح مرتبہ پدری اور مادری مین کوئی اور سوا ایک ایک شخص کے نہین گنجایش رکھتا پانچوین یہ کہ اولاد کے حق مین جو کمال کہ ممکن ہی ماں باپ اسکی آرزو کرتے ہین بلکہ اپنے نفس پر ترقی کی خواہش رکھتے ہین اور کسی اچھی چیز پر حسد نہین کرتے سو یہ خاصیت کسی کو نہین ہی مگر خالق لایزال کو کہ وہ اپنے بندون کے واسطے ہمیشہ کمال کی تعلیم کرتا ہی ولہذا جملہ شرائع و ادیان مین والدین کی تعظیم واجب ہی اور یہ تو ظاہر ہی کہ محبت والدین کی ذاتی ہی کہ حیوانات لاالعقل مین ہوتی ہی جسطرح محبت خدا بندہ کے ساتھ ذاتی ہی و لہذا حق کفار مین بھی بارسال رسل و انزال کتب واضح ہی اور کیسا تر والدین کا عظیم ہی کہ جہان کہین اُنکے ساتھ احسان کا مذکور ہی قید ایمان کی ہرگز نہین ہی تو صاف معلوم ہوتا ہی کہ ہرچند والدین کافر و منافق و فاجر و فاسق بھی ہون تب بھی اُنسے لطف و احسان کرنا چاہیے اور یہی سبب تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آزر کے ارشاد مین تلطف اختیار کیا تھا کہ سورۂ مریم مین مذکور ہی اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حنظلہ بن ابی عمر صحابی کو اجازت نہ دی کہ ابو عامر راہب کو قتل کرین حالانکہ وہ کافر شدید العناد واجب القتل تھا کذا فی العزیزی اور جو حسنات و برکات والدین کی خدمت کرنے مین ہین اُنکے ثمرات دنیا مین بھی اسقدر ہین کہ بیان اُنکا دشوار ہی ازانجملہ دنیا مین ارجمندی حاصل ہوتی ہی اور گناہ کبیرہ خدمت والدین کی برکت سے موقوف ہوتے ہین اور عمر کی درازی ہوتی ہی اور اسی باب مین وارد ہی کہ برکۃ البر یزید فی العمر یعنی برکت نیکوی کی زیادتی کرتی ہی عمر مین اور منقول ہی کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو معراج روحانی حاصل ہوئی تو اُنھون نے دیکھا ایک شخص کو کہ عرش کا ستون پکڑے کھڑا ہی پوچھا تو نے کس عمل سے یہ مقام پایا اُسنے کہا میرا باپ بیمار تھا اور اُسکے جسم مین زخمون کے غار پڑ گئے تھے اور ریم بہتا تھا سو اُسپر مکھیان بیٹھنے لگین اور بدبو آنی شروع ہوئی لہذا مین مکھیان اُڑایا کرتا تھا اور جو ریم زخم مین جم جاتا تھا اُسکے پوچھنے مین میرے باپ کو تکلیف ہوتی تھی سو مین اُسکو زبان سے چاٹ لیتا تھا خدا تعالےٰ نے یہ عمل میرا قبول کیا اور یہ درجہ عطا فرمایا اسی طرح حضرت استاد الاستاذ نے نقل کیا ہی اپنی وعظ کی تفسیر مین جو سوا تفسیر عزیزی کے ہی اور اس مقام پر یہ بھی جاننا چاہیے کہ احسان کرنا اہل قرابت سے تابع احسان والدین کے ہی اسلیے کہ جو قرابت عالم مین ہی یا بواسطہ والدین ہی جیسے برادران و خواہران حقیقی یا بواسطہ ایک ان دونون کے ہی مثل جد پدری و برادران علاتی و اعمام و عمات کہ باپ کے

بیان فضیلت احسان

سبب سے قرابت رکھتے ہین اور مانند بھائی وبہن اخیافی اور جیسا دادی اور اخوال وخالات کہ
والدہ کی سبب سے قرابت وار ہین پس جمیع ذوی القربیٰ قرابت مین والدین کے شریک ہوے
فرق اسی قدر رہا کہ والدین بالاصالۃ سلسلۂ وجود مین قریب ہین اور یہ لوگ بالتبع ولہذا اصل
احسان مین شریک ہین اسی کو شریعت مین صلۂ رحم بولتے ہین اور حدیث شریف مین آیا ہے ان الرحم
شجنۃ من الرحمن یعنی قرابت ایک شعبہ ہے شعبہا ی ظہور اسم رحمن سے گویا رحمت الٰہی اسی پردہ مین
ظہور پکڑتی ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے من وصلک وصلتہ ومن قطعک قطعتہ یعنی جو کہ تیرے ساتھ سلوک
کرے نیک مین بھی اسکے ساتھ سلوک نیک کرتا ہون اور جو بدسلوکی کرے مین بھی بدسلوکی کرتا ہون
فائدہ رحم کے معنی برادر پروری سو فرمایا کہ یہ لفظ رحمن سے نکلا ہے یعنی جو حرف رحم مین ہین وہ رحمان
مین ہین پھر فرمایا جو برادر پروری کریگا اسپر مین کرم کرونگا اور جو برادر پروری نکریگا خدا اسپر کرم
نکریگا ہذا ما رواہ البخاری والمسلم فی الصحیحین عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ اور مصلحت عقلی بھی متقاضی
ہے کہ آدمی اپنے اقارب سے حسن سلوک اختیار کرے کیونکہ انسان کو شادی وغم مین ہمیشہ احتیاج
انکی طرف پڑتی ہے بلکہ بلا اعانت وامداد اکثر امور کا سرانجام نہین ہوسکتا نقل ہے کہ ایک شخص حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آیا اور اپنے والدین کی شکایت کرنے لگا کہ مجپر ظلم کرتے ہین فرمایا انکے
ظلم پر صبر کرنا لازم ہے پھر ایک شخص اور آیا اسنے کہا کہ واسطے گناہ کبیرہ کے کیا عمل کرون فرمایا اپنے
ماں باپ کی خدمت کیا کر اسنے کہا وہ تو مر گئے فرمایا کوئی شخص تیرے والدین کی طرف کا باقی ہے اسنے
کہا خالہ میری زندہ ہے فرمایا اسی کی خدمت کیا کر کہ الخالۃ بمنزلۃ الام یعنی خالہ بجاے ماں کے ہے اب جاننا
چاہیے کہ اہل قرابت دو قسم ہین ایک تو وہ جو قرابت اور محرمیت دونون رکھتے ہین جسطرح چچا ماموں
خالہ پھوپھی واولاد اخ واخوات احسان انکے ساتھ فرض ہے تارک اسکا گنہگار دوسرے وہ جو اہل قرابت
ہین جنکو محرمیت نہین ہے جسطرح بنے اعمام وعمات وبنی اخوال وخالات احسان انسے سنت مؤکدہ ہے لیکن
بخشنے امداد واعانت اور احسان یعنی ترک ایذا سب خلق کی نسبت فرض ہے بلکہ جملہ مسلمانون اور کافرون
سے کما قال تعالیٰ وقولوا للناس حسنا یعنی آدمیون سے نیک بات کہو جسمین دلشکنی نہو اسواسطے کہ
کل آدمیون کی نسبت احسان فعلی محال ہے میسر نہین ہوسکتا کیونکہ احسان فعلی دو ہین بدنی ومالی اگر خدمت
بدنی ہے تو مشروط بقوت وطاقت ہے اور اتنی قوت کہ عامۂ خلق کی خدمت بدن سے کرے آدمی مین
مفقود ہے اور اگر مالی ہے تو موقوف مال پر ہے کہ زائد حاجت سے ہو اور ہر شخص کو اتنا مال کہ عامۂ خلائق
۶۴۰ کو کفایت کرے میسر نہین ہوتا پس ضرور ہے کہ عامۂ خلائق سے احسان قولی پر اکتفا کرے اور اسکے

چند مراتب ہین اول وقت تحیہ سلام علیکم سنون بجا لاوے اور جواب مین رحمۃ اللہ وبرکاتہ زیادہ کہے دوسرا امر معروف اور نہی منکر کرے یعنی برفق و نرمی بدکام سے منع کرے اور نیکی کی راہ بتلاوے نہ براہ مجادلہ بلکہ بطریق سلوک و فہمایش چنانچہ ایک بزرگ سے منقول ہے کہ ایک شخص آداب وضو کی رعایت نہ کرتا تھا جب اُس بزرگ نے دیکھا تو فرمایا اے مرد مین چاہتا ہون کہ وضو کرون تم متوجہ ہو کر ملاحظہ فرماؤ کہ شاید مجھسے کسی ادب مین قصور ہوتا ہو لیکن یہ زجر و نہی بھی خلوت مین اولی ہے نہ جلوت مین تاکہ موجب عار و ننگ نہو تیسرا وقت ملاقات اظہار محبت و دوستی کا کرے اور حال پرسی اور مزاج پرسی مین سرگرم ہو اور شادی و غم مین شرکت بیان کرے لیکن اوسی قدر کہ قرون بصدق ہو بے مبالغہ مفرط چوتھا وقت طلب و تذکیر بہترین اسما و القاب زبان پر لاوے اور جو نام یا لقب موجب کراہت اسکے معلوم ہوتا ہو زبان پر نہ لاوے لیکن یہان بھی رعایت صدق کی ضرور جانے پانچوان جب غائبانہ یاد کرے تو خوبی کے ساتھ یاد کرے اور بھی تعریف کرے اور فضائل راست و درست بیان کرے چھٹا مشورے کے وقت صلاح نیک و مستحسن سے دریغ نہ کرے ساتوان اگر کسی کو دیکھے کہ نادانستہ مضرت و مہلکہ مین پڑتا ہے اور وجہ خلاصی کی اسکو معلوم ہے تو نہایت حسن خلق و رعایت ادب سے تعلیم کرے مثلاً کوئی اندھا چلا جاتا ہو اور اُس راہ مین کنوان یا گڑھا ہے یا کوئی راہ بھولا ہے یا اسباب بھول گیا ہے اور بے خبر ہے یا کسی مال و اسباب خواہ دوا کی تلاش کرتا ہے اور طریق حصول سے آگاہ نہین ہے یا مکان بیع و شرا مین مطلع نہین ہے یا کوئی مسئلہ دینی کا ڈھونڈھتا ہے یا کسی شبہہ مین پڑا ہے اور یہ شخص اُس سے واقفیت رکھتا ہے تو فی الفور بتلاوے ؎ اگر بینم کہ نابینا و چاہ است ٭ اگر خاموش بنشینم گناہ است ٭ اور اکثر اس قسم کے معاملات کا فوران سے بھی موجب اجر و ثواب ہین لہذا قولوا للناس حسنا ارشاد ہوا بلاقید ایمان و اسلام کہ البتہ تحیہ سلام علیکم مخصوص اہل اسلام سے ہے لیکن اسکا لحاظ رکھنا چاہیے کہ معنی حسن کے اس آیہ کریمہ مین یہ نہین ہین کہ مخاطب کے نزدیک حسن ہو اگرچہ بعض مستحسن نہ ہو والا ارتکاب مداہنہ و مخالفت شرع لازم آویگا اسواسطے کہ اکثر مخاطبین اُس چیز کو دوست رکھتے ہین جو موافق خواہش نفس کے ہو گو مخالف شرع اور منافی آئین دینداری ہو بلکہ معنے یہ ہین کہ فی نفسہ اُسکے حق مین نیک ہو اور اسطرح ادا کیا جاوے کہ موجب شکستگی و نخوت مخاطب واقع نہو پس اس آیہ مین مداہنون اور خوشامد گویون کو کوئی سند یا دست آویز نہین ہے کیونکہ انکا کلام ہرچند مخاطبین نافہم کے نزدیک مستحسن معلوم ہوتا ہے لیکن عند اللہ قبیح و شنیع ہے بلکہ فی نفسہ

فرمایا اور اس آیة مین لفظ حسن واقع ہو نہ مستحسن و مرضی تاکہ معنی باطل اس سے مفہوم ہون اور اس
مقام پر ایک مغلطہ عظیم واقع ہوتا ہو کہ اکثر لوگ مدارات و حسن خلق مین اور مداہنت مین فرق نہین
جانتے حالانکہ مدارات و حسن خلق ہر مسلم و کافر سے محمود ہو اور مداہنت و خوشامد معیوب و مردود لیکن
امتیاز مابینہما نہین کرتے مقام حسن خلق مین مداہنت کو استعمال کرتے ہین اور تنقیح فرق کی دونون مین
یہ ہو کہ حسن خلق یہ ہو کہ اپنے نفس کو واجب التعظیم نہ جاننا اور انسانیت کو دور کرنا اور جو کسی نے
اسکی تقصیر کی ہو اُس سے درگذرنا یہ حسن خلق و مدارات ہو کہ عبارت ہو جوانمردی سے اپنے نفس مین
اور مداہنت و خوشامد یہ ہو کہ ایک شخص حرکت مخالف شرع کرتا ہو یا ترک تعظیم دین کرتا ہو اور یہ شخص
اُس سے موافقت کرتا ہو اور ناخوش نہین ہوتا پس مداہنت عبارت مسامحت سے ہو جو امر
دین مین ہو پس حسن خلق و مداہنت مین امتیاز کلی ہو خلاصہ یہ کہ حسن خلق مین تلف کرنا اپنے حق کا
ہوتا ہو واسطے دلداری دوسرے کے اور مداہنت مین تلف حق شرع ہو بنا بر رضامندی
دوسرے کے کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی او غرض کاتب الحروف کی اس تفصیل سے
یہ ہو کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے جمیع احسانات اپنے بھائیون سے کیے مگر بھائیون نے
برخلاف حسن خلق کیا دوسری لغزش جو حضرت یوسف علیہ السلام سے ہوئی وہ یہ ہوئی کہ حضرت
نے تماشا دیکھنے کی خواہش کی گو نابالغ تھے مگر شان نبوت کے خلاف تھا اور یہ اُسوقت درست
ہو جبکہ بقول بعض لڑکپن سے نبی ٹھہرین تیسری زلیخا کا عیب کھولا کہ ان ... 
چوتھی عورتون کو اپنا چہرہ دکھلایا کہ اُنکے ہاتھ کٹے پانچوین قیدی کی درخواست کی عنایت
نہ مانگی القصہ جس روز حضرت یوسف زندان مین جلوہ فرما ہوے اُسی دن دو جوان اور
بھی گئے کہ اُسی کا ذکر قرآن مین ہو ودخل معہ السجن فتیان بعض کے نزدیک یہ دونون غلام
ریان کے تھے اور معالم مین ہو کہ ولید ابن مروان عملیقی بادشاہ مصر کے غلام تھے ایک سرہیلا
خباز دوسرا برہیا ساقی کہ انکو بادشاہ روم یا مین نے دم دی کہ بادشاہ کو زہر دو تو تمکو وزیر
کرینگے اور بعضون کے نزدیک ایک امیر مصر نے ساقی اور طباخ کو فریب دیا کہ اگر تم شراب
یا روٹی مین بادشاہ کو زہر کھلاو تو مین تمکو آدھا خزانہ مصر کا دونگا دونون نے قبول کیا
لیکن صحیح روایت یہ ہو کہ ایک جماعہ اہل مصر نے یہ تدبیر ہلاکت بادشاہ کی نکالی تھی اور دونون
کو زہر دینے پر مستعد کیا بعد ازان ساقی نے انکار کیا اور طباخ نے کہا ہم تو اپنے اقرار سے
نہ پھرینگے سو اُسنے رشوت لی اور کھانے مین زہر ملایا جب بادشاہ کے روبرو کھانا رکھا گیا

ساقی نے کہا اے بادشاہ اس طعام مین زہر ہے اور نان پز نے کہا شراب مین زہر ہے
بادشاہ نے اولاً وہ شراب ساقی کو پلائی اُسنے بلا تامل پی لی اور کچھ ضرر نہوا جب خباز کو
روٹی کھلانی چاہی تو اُسنے انکار کیا تب بادشاہ نے ایک جانور کو وہ کھانا کھلایا کہ وہ جانور
کھاتے ہوئے مر گیا مگر بادشاہ نے دونون کو قید کر دیا اور یہ دونون غلام خوبصورت با ادب
خوش طبع اور باوضع تھے جب کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے انکو محبس مین دیکھا تو خوش ہوئے
اور وہ دونون حضرت کو دیکھکر محظوظ و مسرور ہوئے اور نہایت ادب سے خدمتگزاری مین مصروف
ہوئے **فائدہ** فتی کا اطلاق نزدیک زجاج محقق کے مملوک پر آتا ہے خواہ وہ جوان ہو یا امرد لیکن مین
کہتا ہون اس آیت مین نسبت مصاحبت حضرت یوسف صدیق علیہ السلام کے انکو جوانمرد فرمایا ہے جس طرح
حضرت موسیٰ کی مصاحبت سے یوشع ابن نون علیہ السلام کو یہ لقب دیا کہ اذ قال لفتاہ اس سے معلوم ہوا کہ
مصاحبت مردم صالحین کی موجب کرامت اور بزرگی ہے اور قیدیون کو برا کہنا نہین چاہیے اور زندان
عاصیان کی بزرگی کا مقام ہے کیونکہ عاصی مستوجب عقوبت ہوتا ہے اور جب عقوبت کا یہ مرتبہ ہے تو خیال کرنا
مقید کیا گیا تو زندان محل کرامت ہوا کیونکہ وہان گناہ اترتا ہے القصہ حضرت یوسف علیہ السلام
زندان مین رہنے لگے تمام روز صائم رہتے رات کو قیام پر نماز فرماتے صبح کو نالہ و زاری کیا کرتے کہ
الٰہی میرے باپ یعقوب تیری مفارقت نے مجکو کیسے رنج و الم دیے جسکی انتہا نہین الٰہی بخشنی وارحمنی یا
ارحم الراحمین اور جب ایک مدت گذری تو ایک روز حضرت یعقوب علیہ السلام کی ضعیفی اور ناتوانی اور
اپنی بیکسی و بے سامانی و قید پر نظر فرما کے زار زار روئے دفعۃً حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور
فرمانے لگے السلام علیک یا یوسف آنجناب نے جواب سلام دیکر کہا تم کون ہو تمھاری صورت تو لائق
اس مقام کے نہین ہے کہا مین جبرئیل امین ہون اللہ تعالیٰ نے تمکو بشارت عطاے خلعت نبوت و تاج
رسالت کیلئے تمھارے پاس بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ یوسف سے کہ مین نے تمکو ذبیح الایش سے اعلیٰ منزل مین پہنچا
کر دیا اور مقبول کونین گردانا اور دولت نبوت اور نعمت رسالت سے سرفراز فرماتا ہون کیونکہ تمنے
ہر ایک بلا مین مجھی سے مدد چاہی اور دائما راضی بقضا رہے اور لذات دنیویہ پر شیفتہ اور فریفتہ نہوئے
اور دامن عصمت کو معصیت سے ملوث نہین کیا لہذا تم صابرون اور صدیقون مین محدود ہوئے یہ
احوال سنکر حضرت یوسف نے شکر کیا اور کہا اے اخی جبرئیل میرے باپ کا حال مجھے معلوم ہے کہا وہ سلامت ہین
مگر مبتلاے بلاے فرقت شب و روز رویا کرتے ہین اور موجب اسکا یہ ہے کہ اللہ نے انکا مرتبہ بہشت مین
بڑھانا چاہا ہے اور تم تو جانتے ہو کہ جو خدا کی نزدیکی مین انکو بلا و محنت زیادہ ہے اور اب مین تمکو بشارت

پہونچاتا ہون کہ ایام خلاصی کے قریب آئے ہین اور اسوقت مین تمکو علم تعبیر رؤیا سکھلانے آیا ہون
سو اب دہن مبارک کھولیے تاکہ مین علم حق کا موتی ڈال دون حضرت یوسف نے منہ کھولا حضرت
جبرئیل نے وہ لطیفہ شریفہ کہ بصورت در بیضا تھا ڈالا اسی وقت باطن شریف علوم غیب سے منور ہوگیا
اور علم تعبیر کشوف ہوا کہ بعد اس واقعہ کے جو کوئی شخص اپنا خواب حضرت یوسف سے بیان کرتا
آنجناب تعبیر و تاویل اسکی فی الفور راست و درست بیان کردیتے ولہذا داروغہ محبس کو بہ نسبت
اور قیدیون کے ایک نوع کا اعتقاد پیدا ہوگیا اور محبت کرنے لگا چنانچہ ایک روز بولا کہ مین آپکو
بدل چاہتا ہون حضرت یوسف نے فرمایا کہ خبردار مجھسے محبت نرکھنا بخدا انہین دوست رکھا مجکو کسی نے
مگر اسکی محبت سے مجکو بلا پہونچی یعنی میرے باپ نے مجھسے محبت کی اور اسکا یہ ثمرہ ہوا کہ مین کنوئین
مین ڈالاگیا اور بیچا گیا پھر زلیخا نے مجھے دوست بنایا اسکا یہ پھل ہے جو تو دیکھتا ہے سو اگر تو بھی مجکو پیار کرتا ہے
تو اب دیکھون کیا بلا نازل ہوتی ہے بالجملہ ایک روز دونون غلام آپسمین کہنے لگے کہ یہ شخص خواب
کی تعبیر کہتا ہے اگر ہم بھی کچھ خواب دیکھتے تو تعبیر پوچھتے اور اپنے احوال سے مطلع ہوجاتے عبداللہ
ابن مسعود فرماتے ہین کہ اپنے دل سے دونون نے دو خواب اپنے موافق بنائے اور بطور آزمایش
حضرت یوسف علیہ السلام سے تعبیر پوچھی اور بعضے کہتے ہین کہ حقیقۃً دونون نے خواب دیکھے
تھے اور صحیح یہ ہے کہ ساقی نے خواب دیکھا تھا مگر مطبخی نے بنایا تھا چنانچہ ساقی نے مطبخی سے کہا
کہ مین نے ایک خواب دیکھا ہے مطبخی نے کہا مینے تو دیکھا نہین ہے لیکن خواب بنائے پوچھینگے
پھر دونون حضرت کے پاس آئے ساقی نے اول اپنا خواب کہا کہ مین ایک پیالہ مین خوشے
انگوری نچوڑ کے بادشاہ کو پلاتا ہون دوسرے نے بناکے کہا کہ ایک لوہے کا تنور آگ سے
بھرا ہے مین نے اسمین روٹیان پکائین اور خوان مین رکھکے سر پر لیچلا چڑیان روٹی سے لیکے
کھاتی ہین آپ بتاوے اسکی تعبیر بتائیے چنانچہ ارشاد ہوا قال احدھما انی ارانی اعصر
خمرا وقال الآخر انی ارانی احمل فوق راسی خبزا تاکل الطیر منہ نبئنا بتاویلہ انا نراک
من المحسنین یعنی کہنے لگا ایک انمین سے مین دیکھتا ہون کہ مین نچوڑتا ہون شراب
اور دوسرے نے کہا مین دیکھتا ہون کہ اٹھا رہا ہون اپنے سر پر روٹی کہ جانور کھاتے ہین
اسمین سے بتا ہمکو تعبیر اسکی ہم دیکھتے ہین تجکو نیکی والا یعنی تو مریضون کی عیادت کرتا ہے اور بھوکھون کو
کھانا کھلاتا ہے اور پیاسون کو پانی دیتا ہے اور بیٹھنے والون کو جگہ دیتا ہے اور رات بھر نماز پڑھتا ہے
اور مغموم و غمزدہ کو صبر کرنے کو فرماتا ہے یہ بھی احسان ہے کہ ہمکو ہمارے خواب کی تعبیر بتلا کیونکہ تو

اسکا عالم ہی چونکہ حضرت نے ایک کو بلاحظۂ خواب گرفتار بلا پایا تو بیان تاویل سے اعراض کرکے فرمایا
لا یاتیکما طعام ترزقانہ الا نبأتکما بتاویلہ قبل ان یاتیکما یعنی نہ آنے پاویگا تمکو
کھانا جو ہر روز تمکو ملتا ہی مگر بتا چکونگا تمکو سکی تعبیر اسکے آنے سے پہلے بعضے مفسرین فرماتے ہین
کہ حضرت نے یہ کلام بطور علامت صدق قول کے فرمایا کہ جو کھانا تمکو ہر روز ملتا ہو اسکا رنگ اور
مزہ اور بھیجنے والے کا نام قبل آنے کے بتلاؤن سو جب کھانا آیا حضرت نے بتلایا تب
دونون غلامون نے کہا کہ یہ بات آپ کو کہان سے معلوم ہوئی یہ تو ساحرون اور کاہنون کا
علم ہی فرمایا کہ ذلکما مما علمنی ربی انی ترکت ملۃ قوم لا یومنون باللہ وہم بالآخرۃ ہم
کافرون یعنی یہ علم ہی کہ مجھکو سکھلایا میرے رب نے مین نے چھوڑا دین اس قوم کا کہ
یقین نہین رکھتے اللہ پر اور یوم آخرت سے وہ منکر ہین اور بھی فرمایا کہ ملت کافرون کی ترک
کرکے مین اپنے آبا و اجداد یعنی ابراہیم اور اسحق اور یعقوب کا مطیع ہوا ہون مجکو لایق نہین ہی
کہ مین کسی کو خدا کا شریک گردانون جسطرح بعضے مشرک بتون کو اللہ کا شریک جانتے
ہین یا بعضے آتش پرست آگ کو اور ستارہ پرست کواکب کو اور بعضے نفس و ہوا کو اور یہ
سب فضل خدا ہی ہم پر اور سب لوگون پر کما قال اللہ تعالے واتبعت ملۃ آبائی ابراہیم واسحق
ویعقوب ما کان لنا ان نشرک باللہ من شیئ ذلک من فضل اللہ علینا وعلی الناس پس فضل اللہ کا
یوسف پر یہ ہی کہ انکو نبی و معصوم بنایا اور وحی بھیجی اور تمام آفات سے محفوظ رکھا اور آدمیون پر
یہ ہی کہ انجناب کو رسول بھیجکر راہ دین سیکھین کہ آخرت مین کام آوے اور دنیا مین غضب سے
بچین اور جب حضرت نے اپنی نبوت ظاہر و ہویدا کردی اور اثبات نبوت مبنی بر اثبات
الوہیت ہی لہذا قبل بیان تعبیر فرمایا اور اللہ نے اسکی خبر دی یا صاحبی السجن أأرباب متفرقون
خیر ام اللہ الواحد القہار یعنی اے دونون رفیق بندیخانے کے بھلا کئی معبود جدا جدا بہتر یا اللہ اکیلا زبردست
فائدہ بتون کو متفرقون اسلیے کہا کہ انمین کوئی بت سونے کا تھا اور کوئی لوہے کا اور
کوئی پتھر کا اور کوئی چھوٹا کوئی بڑا اور اسکے مشرکون مین یہ دستور ہی کہ بتون کو بصور گوناگون
مختلف الوضع بناتے ہین کہ انمین تباین کلی پیدا ہوتا ہی لہذا کلمہ متفرقون نہایت چسپان واقع
ہوا ہی بالجملہ جب حضرت یوسف نے اسطرح کلام ہدایت التیام فرمایا تو حسب تحقیق حضرت امام
حجۃ الاسلام غزالی دونون غلام قیدی ایمان لائے اور چودہ سو قیدی اور تائب ہوئے اور
شرک و بت پرستی سے بیزار تب حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تم لوگ جو ایمان

لاتے ہو محبس سے نکلو گے یا اسی مقام مین رہو گے منجملہ اُنکے ایکہزار قیدیون نے کہا ہم چاہتے ہین باہر جانا حضرت نے فرمایا بہتر ہے چلے جاؤ وہ بولے کسطرح جائین پیرون مین بیڑیان ہاتھون مین ہتکڑیان پڑی ہین اور ہم لوگ اسی شہر کے ہین جب یہان سے نکلین گے لوگ ہمکو پہچانین گے فرمایا مین اللہ سے دعا کرتا ہون کہ تمہاری صورت تبدیل کر دیگا اور بیڑیان پیرون کی ازخود گر پڑینگی بولے اچھا حضرت یوسف نے اُسی وقت دعا مانگی اللہ نے اُنکی صورتین تبدّل کر دین اور بیڑیان پیرون سے نکل پڑین کر سب لوگ اپنے اپنے گھر گئے اور اپنا احوال گھر والون سے بیان کیا اور منجملہ اُنکے چارسو نفر کہنے لگے کہ ہم آپ ہی کی خدمت مین رہینگے اسمین ہماری خوشی ہے حضرت نے منظور کیا انتہی لیکن اکثر مفسرین نے اس قصہ کو نقل نہین کیا ہے بلکہ ساقی وخبّاز کے ایمان کا بھی ذکر نہین کیا اور ظاہر اکلام اللہ مین بھی کسیطرح کا ایما و اشارہ پایا نہین جاتا ہے باانیہمہ امام صاحب کا لکھنا ہمارے واسطے سند ہے الغرض بعد اس واقعہ کے حضرت یوسف نے فرمایا اے دونون رفیق

تعبیر خواب

بندی خانے کے ایک جو ہے تم دونون مین سو پلاویگا اپنے خاوند کو شراب اور دوسرا سولی چڑھیگا پھر کھائینگے جانور اُسکے سر سے کما قال اللہ تعالے یا صاحبی السجن اما احدکما فیسقی ربہ خمرا واما الآخر فیصلب فتاکل الطیر من راسہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ تعبیر خواب سنکر دونون غلام رنجیدہ ہوئے اور بولے کہ ہمنے کچھ خواب ندیکھا تھا ہم تو کھیلتے تھے فرمایا فیصل ہوا کام جسکی تم تحقیق چاہتے تھے اور حکم خدا تم پر جاری ہو گیا خواہ تمنے دیکھا ہو یا ندیکھا ہو کما قال اللہ قضی الامر الذی فیہ تستفتیان بعد اسکے حضرت نے فرمایا اُس سے جسکو ان دونون مین نجات پانیوالا سمجھتے تھے کہ میرا ذکر اپنے خاوند سے کر کہ فلان شخص ناحق قید ہے چنانچہ ارشاد ہوا وقال للذی ظن انہ ناج منہما اذکرنی عند ربک الغرض تعبیر خواب سے تیسرے روز مقدمہ روبروے بادشاہ پیش ہوا اور روٹی والے کا قصور ثابت ہوا اور وہ محبس کے قریب سولی دیا گیا اور چڑیان اُسکے سر کا گوشت کھانے لگین اور شراب پلانے والا اپنے کام پر بحال ہوا

بیان فوائد

فائدہ اس آیہ کریمہ سے کئی فائدے اور کئی حکم نکلے اوّل یہ کہ استدعا و حاجت چاہنا مخلوق سے درست معلوم ہوتا ہے اگر ایسا نہوتا تو حضرت یوسف سعی کے واسطے نہ فرماتے اور سبب عتاب یہ ہوا کہ نالایق رذیل سے حاجت چاہی دوسرے تعبیر خواب یقینی نہین ہے مگر پیغمبر کی اٹکل یقینات سے ہے لاریب ہوتی ہے تیسرے شفاعت کی لیاقت معلوم ہوا اُسی کو ہے جو رستہ ہو جو تھا حضرت یوسف نے کافر سے اُمید شفاعت رکھی اگر ہم رسول سے یہ اُمید رکھین تو

کیا عجب ہی پانچوان حضرت یوسف نے باوجود تکلیف کے بادشاہ کو خاوند اپنا نہا اور تعظیم نہ کی پس ہر مسلمان کو چاہیے کہ نالایق کی تعظیم نہ کرے اور مخدوم نہ بناوے حدیث شریف مین وارد ہی من تواضع لغنی لغناہ ذہب من دینہ ثلثاہ چھٹوان یہ انگور خواب مین دیکھنا بہتر ہی ساتوان یہ کہ خواب بناکے کہنا اچھا نہین جب تک دیکھا ہو نہ کہے ورنہ بعد تعبیر شرمندگی کام نہین آتی آٹھوان خواب کا دیکھنا حق ہی انکار اسکی جہل ونادانی ہی نوان بدبات کو صاف صاف کہنا نہ چاہیے جیسا حضرت یوسف علیہ السلام نے روٹی والے سے نہین کہا کہ تو مارا جائیگا معالم التنزیل مین مالک ابن دینار سے روایت ہی کہ جسوقت حضرت یوسف علیہ السلام نے ساقی سے سفارش کرنیکو کہا اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے حضرت نے پہچانا اور کہا یا اخ المرسلین والمنذرین آج کیا ہی جو مین تمکو گنہگارون کے گھر مین دیکھتا ہون حضرت جبرئیل نے کہا یا طاہر ابن الطاہرین یقرء علیک السلام رب العالمین اور فرماتے ہین کہ تو نے حیا نہ کی جسوقت شفیع گردانا ایک آدمی کو قسم ہی اپنی عزت وجلال کی ہرآئینہ رکھونگا تجھکو قید مین کئی برس تب حضرت یوسف نے کہا کہ رب العالمین مجھسے راضی ہی حضرت جبرئیل نے کہا راضی ہی فرمایا کچھ مضائقہ نہین اور کچھ اندیشہ وباک نہین یہ ایام قید بھی گذر جائینگے رضامندی حضرت حق درکار ہی اور کعب اخبار سے روایت ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا اللہ صاحب فرماتے ہین اے یوسف تجھکو کسنے پیدا کیا فرمایا اللہ نے پھر کہا کسنے تجھکو تیرے باپ کا محبوب کردیا کہا اللہ نے پھر کہا کسنے قعر چاہ سے نجات بخشی فرمایا اللہ نے پھر کہا کسنے تعبیر خواب سکھلائی کہا اللہ نے پھر کہا کسنے تجھکو زنا وبدکاری سے بچایا فرمایا اللہ نے پھر کہا کیونکر تمنے اپنے مثل سے یعنی آدمی سے سفارش چاہی کہا یہ تو بیشک قصور ہوا حضرت جبرئیل نے کہا اب تو کئی برس اور قید مین اس قصور کے بدلے بسر کیجیے چونکہ منظور الٰہی یون تہا عجیب اتفاق ہوا کہ ساقی جب قید سے خلاصی پاکر اپنے کام مین مصروف ہوا تو سفارش کرنا بادشاہ سے بھول گیا کما قال فانساہ الشیطان ذکر ربہ فلبث فی السجن بضع سنین پس بھلا دیا اُسکو شیطان نے ذکر کرنا اپنے خاوند سے سو رہے یوسف علیہ السلام قید مین کئی برس محققین کہتے ہین سات برس اور قید مین رہے اور بعضے مفسرین دونون ضمیرین یعنی ضمیر انساہ وربہ راجع یوسف علیہ السلام کی طرف کہتے ہین یعنی اس موقع مین کہ یوسف علیہ السلام نے ساقی سے سفارش چاہی شیطان نے پروردگار کو خاطر یوسف علیہ السلام سے بھلا دیا والآیہ کلام نفر ملتے اور ہرگز مخلوق سے التجا نہ کرتے اگرچہ جائز تھا مگر پیغمبر کی شان سے بعید تھا

ولہذا سات برس قید کے بڑھ گئے اور پانچ برس گذر چکے تھے یہ قول ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے حدیث شریف میں وارد ہے کہ رحم اللہ اخی یوسف لو لم یقل اذکرنی عند ربک لما لبث فی السجن سبعا بعد الخمس معنے بضع مین اختلاف ہے مجاہد رضی اللہ عنہ کے نزدیک بضع ما بین الثلث الی السبع کو بولتے ہین اور قتادہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک ما بین الثلث الی التسع کو کہتے ہین اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک ما دون العشر پر اطلاق کرتے ہین اور اکثر مفسرین کے نزدیک بضع اس مقام مین عبارت سات برس سے ہے اور وہب ابن منبہ کہتے ہین کہ ایوب پیغمبر علیہ السلام سات برس مبتلاے بلا رہے اور یوسف علیہ السلام سات برس قید رہے اور بخت نصر نے بنی اسرائیل کو سات برس قید مین رکھا کذا فی المعالم حضرت امام غزالی تفسیر سورہ یوسف مین تحریر فرماتے ہین کہ جب یوسف کی قید بڑھ گئی تو آنجناب نے یہ دستور مقرر کیا کہ محبس کی کھڑکی مین بیٹھتے اور مسافرون کو اسطرح دیکھا کرتے کہ مسافر لوگ انکو نہ دیکھ پاتے چنانچہ ایک روز دیکھتے ہین کہ ایک قافلہ شام کا آتا ہے اسمین شمردل اعرابی کنعانی اونٹنی پر سوار ہے یہانتک کہ قریب آ پہونچا اور اُس اونٹنی نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھکر پہچانا اور بزبان فصیح کہنے لگی اے یوسف صدیق علیک السلام تیرا باپ یعقوب علیہ السلام تیری آتش شوق مین جلتا ہے اور وفور اشتیاق تھا مین مرا جاتا ہے اور مین تیرے وطن کی اونٹنی ہون حضرت یوسف علیہ السلام کلام حزین دپر درد اسکا سنکر رونے لگے اور شمردل اعرابی کہ اسپر سوار تھا اتر پڑا اور ارادہ کیا کہ اونٹنی کو مارے اُسی وقت دونون پانون اسکے زمین مین دھنس گئے اور تمام بدن مین اسکے لرزہ پڑا اور تحیر ہوا کہ یہ کیا معاملہ عجیب پیش آیا یہ حال دیکھکر حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا اے اعرابی اسکو نہ مار اُسنے اپنی لکڑی پھینک دی تو مین [illegible] متحیر ہوا کہ یہ آواز کہان سے آتی ہے اور اونٹنی کو قریب تر لایا اب حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا اے اعرابی تجھکو قسم خدا کی ہے مجھکو بتلاؤ کہ تو نے کنعان مین وہ درخت دیکھا ہے جسکی بارہ شاخین تھین اسمین سے ایک شاخ جو اچھی تھی کٹ گئی کہ اسپر وہ درخت روتا ہے اس کلام سے اعرابی نے رو کر کہا ہان مینے دیکھا ہے یہ صفت ہے یعقوب ابن اسحاق علیہ السلام کی تب حضرت یوسف نے فرمایا تو کیون آیا ہے بولا تجارت کو آیا ہون فرمایا اسکی بابت کتنا فائدہ ہوگا بولا ہزار دینار کا سو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنا بازوبند یاقوت سرخ کا پھینک دیا اور فرمایا اسکو لے تیس ہزار دینار کا ہے اور اُس درخت کے پاس جاکر میرا پیغام کہہ کہ اسکا اجر اللہ پہ ہے مگر طریق یہ ہے کہ جب کنعان مین پہونچنا تو شام تک توقف کرنا پھر بیت الاحزان مین جانا کہ

اُسی مکان مین وہ درخت ہی سو اُس درخت سے کہنا کہ ایک غلام مسکین غریب مصر مین قید ہی اُسنے
سلام کہا ہی اعرابی نے کہا آپ کا نام کیا ہی فرمایا نام اپنا نہین تبلاؤنگا غرض اعرابی سلام کرکے ناقہ پر
سوار ہوا اور جانب کنعان چلا یہانتک کہ کنعان مین پہونچا جب رات ہوئی تو بیت الاحزان کے دروازہ پر آکے پکارا
کہ اے آل ابراہیم یہ سنکر دنیا یوسف کی بہن دوڑی اور کہا لبیک تعال اعرابی نے کہا حضرت یعقوب علیہ السلام
کہان ہین دنیا نے کہا تم کیا کہو گئے انکا حال یہ ہی کہ رات دن رویا کرتے ہین نہ کسی سے بات کرتے ہین اور نہ کسی کی
سُنتے اعرابی نے کہا کہ مین عزیز مصر کے غلام کا رسول ہون تب دنیا نے حضرت یعقوب کو پکارا حضرت
نماز مین تھے جب سلام دیا تو لڑکی سے پوچھا کیا ہی اُسنے کہا کسی غریب کا رسول تیرے پاس آیا ہی
حضرت اُٹھے اور ضعف سے گر پڑے لڑکی نے ہاتھ پکڑکے دروازہ تک پہونچایا اعرابی نے
سلام علیک کی حضرت نے جواب دیکر فرمایا کہ اے قاصد تجھمین خوشبو آتی ہی اعرابی نے اپنا
حال بیان کیا حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا کہ تو نے اُس بھیجنے والے کا منھ بھی دیکھا تھا
بولا مین نے چہرہ نہین دیکھا پھر حضرت نے فرمایا کہ اُس شخص نے اپنا نام بھی تبلایا تھا اعرابی نے
کہا نام بھی نہین تبلایا فرمایا کہ اب تو اپنی حاجت کہہ اُسنے کہا کہ اُس غلام نے دنیا سے مستغنی کردیا ہی میری
حاجت کچھ نہین تب حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا تجھپر اللہ تعالی سکرات موت آسان کرے القصہ جب سات برس
قید کے جو بطور عتاب بڑھ گئے تھے قریب الانقضا ہوے تو ایک رات مین حضرت یوسف علیہ السلام روتے تھے اور
یہ کلمات زبان پر تھے الٰہی انت الرب وانا العبد وانت الخالق وانا المخلوق وانت العزیز وانا الذلیل
اسالک بحق ابراہیم خلیلک وبحق اسحق ذبیحک وبحق یعقوب اسرائیلک ان تغیثنی وترحمنی یاغیاث
المستغیثین ویا ارحم الراحمین اللہم خلصنی من السجن اور بادشاہ ریان ایک خواب دیکھ رہا تھا اور
عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب سات برسین گذر گئین تو ایک دن صبح کو
حضرت یوسف علیہ السلام حسب معمول نالہ وزاری مین مشغول تھے کہ ایک جوان خوب صورت نے
آکر کہا السلام علیک یا یوسف حضرت نے فرمایا وعلیک السلام تو کسطرح اس مقام مین آیا اُس جوان نے
جواب دیا کہ مین جبرئیل ہون فرمایا کہ منزل خاطئین مین کسطرح آئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ منزل
خاطئین کسطرح ہی جہان تم سا طاہر اور صدیق موجود ہی فرمایا مین کسطرح صدیق ہون جب کہ چورون
اور بدکارون مین بسر کرتا ہون حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ تم اپنے خدا سے سچے اور بلا سے
مصیبون مین صبر کرتے رہے سو خدا تعالے نے تمکو صابرون اور صدیقون اور مطیعون مین شمار کیا ہی
اور مین آپ کو بادشاہت مصر کا مژدہ لایا ہون حضرت یوسف علیہ السلام نے پوچھا کہ اے جبرئیل

میرے باپ بھائیون کی بھی کچھ خبر ہے کیا باپ تمہارے روتے ہین اور بھائی شرمندہ ہوتے ہین
یہ سنکر حضرت یوسف علیہ السلام محظوظ ہوئے پھر حضرت جبرئیل نے فرمایا اے یوسف صدیق اب وقت
آیا کہ حق تعالی تمکو زندان سے نجات بخشے اور تخت سلطنت و فرمانروائی پر بٹھلائے اور جملہ اعزہ وامرا
سلطنت تمہارے منقاد و مطیع ہون اور فقرا اور مساکین تمہارے سبب سے عزیز و مکرم اور سبب
اسکا قریب تر نظر آتا ہے اور بادشاہ ایک خواب دیکھا چاہتا ہے کہ سب لوگ اسکی تعبیر سے عاجز آئینگے
اور تمکو واسطے تعبیر کے باعزاز و اکرام طلب کرینگے اور وہ خواب من اولہ الی آخرہ بیان کردیا اور تعبیر
اور تاویل اسکی بھی کہدی اور روانہ ہوئے بعد کئی دن کے بادشاہ مصر نے خواب دیکھا صبح کو معبرون کو
بلوایا اور اپنا خواب کہا کہ انی اری سبع بقرات سمان یاکلہن سبع عجاف و سبع سنبلات خضر و اخر یابسات
یا ایہا الملاء افتونی فی رویای ان کنتم للرویا تعبرون قالوا اضغاث احلام وما نحن بتاویل الاحلام بعلمین ۝
یعنی مین خواب دیکھتا ہون سات گائین موٹی انکو کھاتی ہین سات دبلی اور سات بالی ہری اور
دوسری سوکھی اے دربار والو تعبیر کہو مجھسے میرے خواب کی اگر ہو تم خواب کی تعبیر کرنے والے
بولے یہ اوڑتے خواب ہین اور ہمکو تعبیر خوابون کی معلوم نہین یعنی ہم سچے خواب کی تعبیر جانتے ہین
اور یہ تو خواب باطل ہے تب بادشاہ کو سخت تحیر ہوا اور بعضے مفسرین نے یون لکھا ہے کہ بادشاہ
خواب کو بھول گیا صبح کے وقت منجمون اور کاہنون کو بلوا کے پوچھا کہ مین نے ایک خواب
دیکھا تھا بھول گیا ہون سو بتلاؤ حاضرین نے کہا غیب کی بات ہم نہین جانتے بادشاہ
نے کہا اگر نہین بتلاتے تو قتل کرونگا سب نے کہا جھوٹھی خواب تھی اور ہم احلام کی تعبیر
نہین جانتے اور جس جگہ بادشاہ یہ گفتگو کرتا تھا اسی مقام پر ساقی حاضر تھا اسنے دیکھا کہ نجومی وغیرہ
تعبیر خواب سے عاجز ہوئے تو اسنے حضرت یوسف کا نشان بتادیا کما قال اللہ تعالے وقال
الذی نجی منہما وادکر بعد امۃ انا انبئکم بتاویلہ فارسلون یعنی اور بولا وہ جو بچا تھا ان دو مین اور
یاد کیا مدت کے بعد مین بتاؤن تمکو اسکی تعبیر سو تم مجھکو بھیجو زندان مین کہ وہان ایک جوان ہے
خوش خو خردمند و دانا عالم ہے اور کئی برس ہوئے کہ بیگناہ زلیخا کے سبب سے قید ہے وہ
جوان خوابون کی تعبیر خوب جانتا ہے سو بادشاہ کا چہرہ متغیر ہوگیا اور کہنے لگا کہ اتنی برسون سے
تونے کیون نہ عرض کیا اور مجھکو تو یاد ہی نہ تھا ساقی نے عرض کیا اے بادشاہ مین بھی
بھول گیا جیسا حضور بھول گئے بادشاہ نے پوچھا تو نے کسطرح جانا کہ وہ شخص تعبیر خوابون کی
خوب جانتا ہے اسنے اپنا اور نانوائی کا قصہ بیان کیا بادشاہ نے فرمایا کہ جلد جا اور اسن

خواب کی تعبیر معلوم کر کے میری خاطر جمع کر ساقی نے کہا کہ مجھکو شرم آتی ہی کہ مین اب کیا اُس جوان سے
کہونگا اور عذر اپنی غفلت کا بیان کرونگا بادشاہ نے کہا تو جا وہ جوان اب تجھکو کچھ بھی نہ کہیگا چنانچہ
ساقی سوار ہو کے اپنا مُنہ آستین سے چھپائے ہوئے کمال شرمندہ مجلس مین آیا ابن عباس کے
نزدیک مجلس خارج مصر واقع تھا حضرت یوسف نے اسکو دیکھکر فرمایا کہ تو آستین مُنہ سے اُٹھالے
تجھکو شیطان نے بھلا دیا تیرا کچھ قصور نہین تب ساقی نے بادشاہ کا خواب بیان کیا اور تعبیر پوچھی
چنانچہ ارشاد ہوا یُوسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیقُ اَفْتِنَا فِی سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ یَاْکُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنْبُلَاتٍ
خُضْرٍ وَاُخَرَ یَابِسَاتٍ لَعَلِّی اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُونَ یعنی جا کر کہا یوسف اے سچے حکم دے ہمکو اس خواب
مین سات گائین موٹی اُنکو کہا دین سات دبلی اور سات بالیان ہری اور دوسری سوکھی کہ مین
لیجاؤن لوگون پاس شاید اُنکو معلوم ہو تیری قدرت یعنی اہل مصر سے تاویل رویا بیان کرون کہ وہ
تمہاری استعداد علمی سے آگاہ ہوجاوین حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِینَ
دَاَبًا فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوهُ فِی سُنْبُلِهِ اِلَّا قَلِیلًا مِمَّا تَاْکُلُونَ ثُمَّ یَاْتِی مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ سَبْعٌ شِدَادٌ یَاْکُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ
اِلَّا قَلِیلًا مِمَّا تُحْصِنُونَ ثُمَّ یَاْتِی مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ عَامٌ فِیهِ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیهِ یَعْصِرُونَ یعنی تم کھیتی کرو گے
سات برس لگ کے سو جو کاٹو اُسکو چھوڑ دو اُسکے بالی مین مگر تھوڑا جو کھانے ہو پھر آوینگے اس پیچھے
سات برس سختی کے کھا جاوین جو رکھا تمنے اُنکے واسطے مگر تھوڑا جو روک رکھو گے پھر آویگا اس
پیچھے ایک برس اُسمین مینھ پاوینگے لوگ اور اُسمین رس نچوڑینگے تفصیل یہ ہے کہ حضرت یوسف
نے فرمایا کہ موٹی گائین اور ہری بالیان سات برس ہین کہ اُسمین زراعت بخوبی ہو اور خلایق
بخوشی بسر کرے اور گائین دبلین اور بالیان سوکھی برس ہین تنگی کے جسمین اسباب معیشت
منعدم ہوجاوے پھر فرمایا کہ زراعت کرو سات برس حسب عادت اور بعد ادائے محصول دانوں کو
بالیون مین چھوڑ دو کہ زمین مین گل نجاوے اِلَّا تھوڑا کھانے کو رکھ لو بس اِلَّا قَلِیلًا مِمَّا تَاْکُلُونَ استعارہ
ہی کم کھانے سے اور مبالغہ ہی ذخیرہ کرنے مین اور یَاْتِی مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ سَبْعٌ شِدَادٌ تاویل بقرات عجاف
اور سنبلات یابسات کی ہی یعنی سات برس سخت باعسرت آوینگے اُسکے بعد سات برس پاکیزگی
وآسایش آوینگے پھر جو غلہ رکھا ہی اُسکو گرانی کے سالون مین کھائین مگر تھوڑا بیج کے واسطے
آٹھوین برس کے رکھین پھر فرمایا کہ بعد اُنکے ایک برس آویگا اُسمین پانی برسے گا اور زراعت
بخوبی ہوگی اور میوے اور انگور بکثرت ہونگے کہ لوگ اُنسے رس نچوڑینگے اسقدر شاید واسطے
ساقی کے فرمایا ہو کہ وہ شراب بناتا تھا اور حضرت ابن عباس فِیهِ یَعْصِرُونَ کی تفسیر مین فرماتے ہین

کہ مویشی آسودہ اور شیردار ہوجائینگے اور آدمی اُنکا دودھ آسایش و فراغت سے دُہکر پئینگے اور ابو عبیدہ فرماتے ہین کہ یعصرون مشتق عصرت سے ہی اور عصرت بمعنی نجات ہی یعنی اس سال مین آدمیون کو تنگی قحط سے نجات ملیگی روایت صحیح ہی کہ بیان سال ہشتم کا بادشاہ کی خواب مین نہ تھا بلکہ یہ امر حضرت یوسف نے از روے وحی الٰہی بیان فرمایا بالجملہ حضرت یوسف نے تعبیر بیان کی تو ساقی نے آکر بادشاہ کے حضور مین مفصل التماس کی بادشاہ مشتاق ہوا قال الملک ائتونی بہ یعنی کہا بادشاہ نے سے آؤ اسکو میرے پاس تا کہ مین اپنے کان سے یہ تعبیر سنون اور جو بعضون نے ذکر کیا ہی کہ بادشاہ خواب کو بھول گیا تھا وہ لوگ کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب بھی بیان کیا اور تعبیر بھی فرمائی جب ساقی نے یہ حال بادشاہ سے بیان کیا تو بادشاہ بہت ہنسا اور بولا گویا اُسنے یہ خواب دیکھا تھا سو جلد لاؤ میرے پاس اُسکو لیکن یہ روایت سیاق آیت کے خلاف ہی کیونکہ کلام مین صراحۃً مذکور ہی کہ ساقی نے خواب بیان کرکے تعبیر پوچھی تنبیہ تین شخصون نے تین چیزین فراموش کین حضرت آدم علیہ السلام نے عہد الٰہی فراموش کیا کہ ولقد عہدنا الی آدم من قبل فنسی اور یوشع ابن نون علیہ السلام نے کہا انی نسیت الحوت ان دونون مین حکمت الٰہی تھی کہ اُسکا ثمرہ ظاہر ہوا ہی اور اپنے مقام پر مذکور ہی مگر ساقی جو سفارش یوسف بھول گیا اسمین حکمت یہ تھی کہ اگر یوسف علیہ السلام ساقی کی سفارش سے خلاصی پاتے تو نالائق کے ممنون ہوتے اور پیغمبر کا دل سعی پر ٹھہر جاتا لہٰذا الملک ریان کو خواب دکھلایا اور حضرت یوسف کو بادشاہ کی معرفت بکمال حشمت اور شان بلوایا اہل معانی فرماتے ہین کہ جسطرح حضرت یوسف علیہ السلام اور ساقی اور نان پز بوضع مختلف زندان شاہی سے نکلے اسی طرح مسلمان زندان دنیا سے نکلتا ہی بس کسی کو لیجاتے ہین بہ زنار اور کسی کو بہ دار القرار اور کسی کو براے دیدار ایک کو حکم ہوتا ہی کہ ہم تجھسے بیزار ہین دوسرے کو ارشاد ہوتا ہی کہ ہم تیرے خریدار ہین تیسرے کو فرماتے ہین کہ دونو جہان کی نعمتین تجھپر نثار ہین سبحان اللہ کیا شان کبریائی ہی القصہ بادشاہ نے ایک اور آدمی یا اُسی ساقی کو حضرت یوسف علیہ السلام کے بلانے کو بھیجا فلما جاءہ الرسول قال ارجع الی ربک فسئلہ ما بال النسوۃ التی قطعن ایدیہن ان ربی بکیدہن علیم یعنی جب پھر پہونچا آدمی بھیجا ہوا بادشاہ کا فرمایا کہ پھر جا اپنے خاوند پاس اور پوچھ اوس سے کیا حقیقت ہی اُن عورتون کی جنھون نے کاٹے ہاتھ اپنے میرا رب تو اُنکا فریب سب جانتا ہی خلاصہ یہ کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے چاہا کہ پہلے میری برات اُس گناہ سے جسکے واسطے قید ہوا ہون ظاہر

ہوجاے تب قید سے نکلون اسواسطے وہ قصہ یاد دلایا کہ زلیخا نے عورتون کے سامنے میری
عفت ظاہر کی تھی اور عورتون نے وقت پر چھپا ڈالا سواب بادشاہ اُنسے بُلواکے پوچھے تو
وہ کھول دینگے اور دریافت ہوجائیگا تقصیروار کون ہی اور مجھکو بادشاہ کی اطاعت مین عذر
نہین ہی لیکن خاطر عزیز کی بھی اولی ہی کہ اُسنے مجھکو خرید کیا اور یہ اُسوقت ممکن ہی جب عزیز
راضی ہو اور رضامندی عزیز کی اُسوقت ہوگی جب میرا حال عورتون سے دریافت کیا جا
اِس مقام پر حضرت یوسف علیہ السلام نے سب عورتون کا فریب بیان کیا اور زلیخا کا ذکر
نہین کیا اسلیے کہ حق پرورش کے خلاف تھا اگر اُسکا نام لیتے تو وہ محجوب اور شرمندہ ہوتی گو
اصلی فریب اس مقدمہ مین زلیخا کا تھا اور یہ سب عورتین اُسکی مددگار تھین مگر معین ومددگار
مثل فاعل ہی ثواب اور عقاب مین چنانچہ بادشاہ نے زلیخا کو اور اُن عورتون کو بلوایا اور
کہا ما خطبکن اذ راودتن یوسف عن نفسہ یعنی کہا بادشاہ نے عورتون کو کیا حقیقت ہی تمھاری
جب بھسلایا یوسف کو اُسکے جی سے اسطرح سے بادشاہ نے اسلیے کہا تا کہ عورتین جانین
کہ بادشاہ کو خبر ہی اور جھوٹھ نہ بولین عورتون نے کہا حاش للہ ما علمنا علیہ من سوء یعنی خدا
کی پناہ ہمکو معلوم نہین اُسپر کچھ بُرائی جب زلیخا نے دیکھا کہ عورتون نے یوسف علیہ السلام کی
برات ظاہر کی تو یہ سمجھی کہ اب گواہی معتبر گذری جھوٹھ بولنے سے کچھ فائدہ نہین قالت
امرأة العزیز الآن حصحص الحق انا راودتہ عن نفسہ وانہ لمن الصادقین یعنی بولی عورت عزیز کی اب
کھل گئی سچی بات مین نے بھسلایا تھا اُسکو اُسکے جی سے اور وہ سچا ہی کہ اُسنے عزیز سے کہا ہی
راودتنی من نفسی اہل معانی فرماتے ہین کہ جب تک محبت زلیخا کی ضعیف تھی ملامت سے
ڈرتی تھی اب قوی ہوئی اندیشہ جاتا رہا ولنعم ما قال الجامی ؎ بندۂ عشق شدی ترک نسب
کن جامی + کہ درین راہ فلان ابن فلان چیزے نیست + بالجملہ ملک ریان پر طہارت یوسف
بگواہی زنان مصر واقرار زلیخا ثابت ہوئی تو بادشاہ نے کہلا بھیجا کہ آپ تشریف لائیے مین انکو
سزا دون حضرت نے جواب دیا کہ یہ سب طومار اسلیے تھا کہ عزیز مصر میری عدم خیانت سے آگاہ
ہوجاے اور یہ کہ اللہ نہین چلاتا فریب دغابازون کا کما قال اللہ ذلک لیعلم انی لم اخنہ بالغیب
وان اللہ لا یہدی کید الخائنین یعنے یہ سب اسواسطے ہی کہ عزیز مصر معلوم کرے کہ مین نے
چھپ کر چوری اُس عزیز کی نہین کی اِس جگہ حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ اس کلام پر
جبرئیل نے ہاتھ پہلوے یوسف پر مارا اور کہا خبردار وہ یاد ہی جو زلیخا سے کیا تھا پھر واسطے

رفع احتمال پندار وغرور کے فرمایا مین پاک نہین کہتا اپنے جی کو جی تو سکھاتا ہی برائی مگر جو رحم کیا میرے
پروردگار نے بیشک میرا رب ہی بخشنے والا مہربان کما قال تعالی وما ابرئ نفسی ان النفس لامارة بالسوء
الا ما رحم ربی ان ربی لغفور رحیم اہل معانی فرماتے ہین کہ حضرت نے جب توفیق حق و عفت مطلق
دیکھی تو کہا لیعلم انی لم اخنه اور جب تقصیر خدمت ملاحظہ فرمائی تو کہا وما ابرئ نفسی یہان بیان عذر
تقصیر ہی اور اول توضیح شکر توفیق فائدہ لفظ امارہ کہ صیغۂ مبالغہ ہے دلالت کرتا ہی کہ نفس
ازروے جبلت جانب شر لیجاتا ہی اور وقت فرصت نامرضیات مین ڈالتا ہی بعض اہل تفسیر
کہتے ہین کہ ہر آدمی کے بدن مین تین نفس ہین ایک مقدس جسکو روح الٰہی بولتے ہین یہ دائماً زیر فرمان
ہی دوسرا منطبعہ کہ تدبیر بدن اور مقتضیات شہوت و غضب مین مصروف رہتا ہی وہ امارہ بھی کہلاتا ہی
ہی تیسرا نفس ناطقہ کہ علم و ادراک حواس سے لیکر روح پر عرض کرتا ہی اُسی کو لوامہ بولتے ہین اور
یہی نفس وقت صدور امر نامشروع امارہ کو ملامت کرتا ہی اور اُسی کو ملہمہ بھی کہتے ہین کہ بوساطت
روح امور حقہ اُسپر الہام ہوتے ہین بعض کہتے ہین کہ یہ نفس صالحین و ابرار کا ہی حضرت ابن عباس
فرماتے ہین کہ جمیع نفوس بروز قیامت لوامہ ہونگے اسلیے کہ جو لوگ نیک تھے وہ اس سبب سے
ملامت کرینگے کہ ہمنے کار نیک زیادہ کیون نہ کیے اور جو بد ہین بدی پر ملامت کرینگے حدیث شریف
مین ہی کہ اہل جنت کو کسی بات کی حسرت نہو گی مگر اس ساعت کی جو بلا یاد حق گذری
دنیا مین اور حسن بصری کہتے ہین کہ نشان مرد ایماندار کا دنیا مین یہ ہی کہ ہمیشہ اپنے نفس کی
ملامت کرتا رہی اور اہل تفسیر کو نفس لوامہ مین اختلاف ہی اہل تحقیق کہتے ہین کہ اگرچہ نفس واحد
ہی مگر اُسکے تین حال ہین یعنے اگر عالم علوی سے متوجہ ہو کے طاعت مین بسر کرتا ہی تو مطمئنہ ہی
اور اگر عالم سفلی سے متوجہ ہو کر شہوات مین مصروف ہی تو امارہ ہی اور جو کسی وقت سفلی مین آتا ہی
اور کسی وقت علوی مین وہ لوامہ ہی بعض کے نزدیک نفس مطمئنہ انبیا اور اولیاء کاملین کا ہی اور
امارہ کافرون اور فاسقون مصر فسق کا اور لوامہ گنہگاران تائب و تقصیر واران نادم کا اور بعض
کے نزدیک یہ نفس متقیون کا ہی کہ نفوس عاصیہ کو دنیا مین ملامت کرتے تھے آخرت مین
بھی ملامت کرینگے اور حق یہ ہی کہ نفس آدمی ازروے جبلت ملامت و ندامت سے موصوف
ہی کیسا ہی ہو کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیر العزیزی لسورۃ القیامۃ اور کشف الاسرار مین ہی
کہ نفس کے پانچ مرتبے ہین امارہ مکارہ سحارہ لوامہ مطمئنہ سو امارہ وہ یہ ہے جسمین صفت حیوانیت
غالب رہے اور تمام عمر خواب و خور مین بسر کرے اور ریاضت و مجاہدہ کے نزدیک نجاوے

ذکر اقسام نفس و مراتب آن

اور اپنے صاحب کو دائما حرص و ہوا مین مشغول رکھنے جانب خیر جانے نہ دے اسی کی مخالفت سے انسان داخل بہشت ہوتا ہی کما قال اللہ تعالی ونہی النفس عن الھوی فان الجنۃ ہی الماوی ابوبکر وراق رحمۃ اللہ فرماتے ہین کہ مخالفت ہوا سے موافقت مولی ہوتی ہی کوئی چیز اللہ تعالی نے دنیا و آخرت مین عزیز تر ہوا سے پیدا نہین فرمائی واہل دین کہتے ہین کہ انسان جب ہوائے نفس سے نکلے تب بالغ ہو وا لا نابالغ ہی جسطرح عرف عام مین اسوقت جوان کہلاتا ہی جب لعب ولہو سے کنارہ کرے ؎ خلق اطفال اند جز مست خدا ٭ نیست بالغ جز رہیدہ از ہوا ٭ اور اپنے مقام مین ثابت ہو کہ جملہ انبیا علیہم السلام اپنی قوم کو اور اولیاء اللہ اپنے مریدون کو اس نفس کے جہاد کا حکم دیا کیے ہین اور مکارہ اگرچہ خراب ہی لیکن قوت وطاقت مین امارہ سے نہایت کم ہوا اسکو سالک راہ حقیقت سے طاقت مقاومت نہین ہی لیکن دائما تاک لگائے رہتا ہی اگر فرصت پاوٴن تو میا انساحب کو ہاتھ لگا دون مثلاً کوئی مرید مجاہدہ مین مشغول ہی اور ہمیشہ ذکر وفکر مین لگا ہی دفعۃً حج یا جہاد پیش آیا اسوقت مین نفس مکارہ جو گھات لگائے بیٹھا تھا روبرو آکر بولا کہ سفر جہاد و حج بمراتب مجاہدہ وریاضت وجمعیت خاطر سے افضل وعالی تر ہے پس اسی کو کرنا واجب ہی اور ذکر وفکر اور ریاضت اور مجاہدہ کو چھوڑنا فرض ولازم ہی اسمین یہ مکر نکالا کہ مرید مبتدی ہی لاوٴ مقام جمعیت سے گراوٴن اور پریشان وسرگردان پراگندہ دل کردون کہ حضور حق سے محروم رہے اس حال مین اگر مرشد غالب ہی تو مرید کو نفس مکارہ سے خلاص کر دیتا ہی نہین تو گر جاتا ہی اسی واسطے بزرگون نے فرمایا ہی کہ مرید جبتک صاحب تمکین نہو نفس مکارہ سے امین نہین ہی اور نفس سحارہ کا یہ دستور ہی کہ اہل حقیقت کے گرد پھرتا رہتا ہی اور ریاضت ومجاہدہ مین دیکھ کر کہتا ہی کہ اوقات عزیز اپنی کیون ضایع کرتے ہو اور بیفائدہ تکلیف اُٹھاتے ہو شریعت کے موافق آرام کرو پس اس حال مین اگر صاحب نفس مرد محقق نہین ہی تو مقام حقیقت سے ظاہر شریعت مین پڑ جاتا ہی اور عزیمت سے رخصت مین آجاتا ہی اور جب رخصت مین آیا تو آرام نفس پائی گئی اور جب آرام نفس پائی گئی تو نفس قوی ہوا اور نفس امارہ کہ دبا ہوا پڑا تھا نکل کھڑا ہوا حضرت ابراہیم خواص فرماتے ہین کہ مین چالیس برس سے منازعت نفس مین تھا کہ وہ روٹی ودہی مانگتا تھا مین نہین دیتا تھا ایک دن مجھکو رحم آیا تو ایک درم وجہ حلال کا لیکر بازار بغداد مین گیا راہ مین ایک مقام ویرانہ پڑا وہان ایک بزرگ ملے کہ ریگ گرم پر پڑے تھے اور شہد کی مکھیان اُنکا گوشت کھا رہی تھین مجھکو بہت رحم آیا تو مین نے کہا کہ یہ مرد مسکین ہی اُسنے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ ای فرزند تو نے کون بات مسکینون کی مجھ مین پائی وہ تاج اسلام سر پر رکھتا ہون نگو ہر معرفت دامن مین

تو البتہ مسکین ہو کہ چالیس برس ہوئے اپنے نفس سے منازعت کرتا ہو اور نفس نہین مانتا آخر تجھکو
رحم آیا کہ اُسکی رفع خواہش مین بغداد چلا ہو ابراہیم فرماتے ہین کہ مین نے اُسی وقت
توبہ کی اور عزم بالجزم اپنا فسخ کرکے لوٹا حقیقت حال یہ ہو کہ نفس سحارہ کبھون گناہ کا حکم نہین کرتا ہی
بلکہ ہمیشہ طاعت وعبادت کی طرف ہدایت کرتا ہو اور جب اُسکی رہنمائی کارگر ہوتی ہو تو اُسے
عبادت وطاعت کو نظر سالک مین بخوبی آراستہ کرکے دکھاتا ہو یہان تک کہ صفت خودپسندی
وتعلی پیدا ہو جاتی ہو کہ عُجب وپندار مین پڑجاتا ہو الغرض جب تک سالک طریقت نفس سحارہ
سے خلاصی نہین پاتا نفس مطمئنہ سے محروم ہو اور جب اُس سے رہا ہوا اور اُسکے مکائد کو خیال مین
نہ لایا اور پورا اسنور گیا اور دل سے رغبت نیکی پر رہی اور بیہودہ وبدکام سے بھاگنے اور ایذا
پانے لگا اُسی جگہ سے نفس مطمئنہ نے ظہور پکڑا اور یہ نفس مطمئنہ انبیا و اولیا کا ہوتا ہو زاہدون
اور عابدون کے پاس بھی نہین آتا القصہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کی برات
بادشاہ وغیرہ پر ظاہر ہوئی تو بادشاہ نے کہا ائتونی بہ استخلصہ لنفسی یعنی لے آؤ اُسکو
میرے پاس مین خاص کر رکھون اُسکو اپنے کام مین اور اپنا مشیر ومؤتمن اور صاحب راز
بناؤن اور تمام امور سلطنت کے اُسکو تفویض کرون چنانچہ ایک شخص مقرب درگاہ شاہی
زندان مین گیا اور اُسنے پیغام سلطان حضرت یوسف علیہ السلام سے عرض کیا کہ پیچھے
سے بادشاہ ریان نے ستر حاجب اور ستر گھوڑے واسطے جلو کے اور اسپ خاصہ
اپنا واسطے سواری کے روانہ کیا اور شہر سے تا در زندان تمام لشکر نے صفین باندھین
اور ملک ریان ایک میدان مین جو بارگاہ شاہی کے سامنے تھا حسب دستور سلاطین
تخت سلطنت پر آکر بیٹھا اور غلام پری پیکر اور خدام لطیف منظر دست بستہ کھڑے ہوئے
غرض استقبال کی یہ دھوم دھام ہوئی اُسطرف حضرت یوسف علیہ السلام نے باطاعت فرمان
ملک بقولہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم آمادہ روانگی ہوئے اور زندانیون کو
رخصت فرمایا اور دعاے خیر اُنکے حق مین کی کہ یا الٰہی نیکون اور نیک مردون کے قلوب
انپر مہربان کر اور ایام محنت کو تاہ فرما اور کسی چیز کو انپر پوشیدہ نہ رکھ اور گناہون سے انکو پاک کر
اور صبر عطا فرما بعد اُسکے زندان سے نکلکر کھڑے ہوئے اور فرمایا ہذا منزل البلوی وجہنم الدنیا
وقبر الاحیاء وبیت الاحزان پھر غسل فرماکر پوشاک بدلی اور اسپ خاصہ پر سوار ہوکر باتجمل
تمام وشوکت معنویہ حضرت ملک علام تشریف لیچلے جب متصل دربار شاہی کے پہونچے

یہ دعا پڑھی اللّٰھم انی اسئلک بخیرک من خیرہ واعوذ بعزتک وقدرتک من شرہ وشر غیرہ اور
جسوقت بادشاہ اور ارکان دولت نے دیکھا کہنے لگے کہ یہ شخص حور ہی یا فرشتہ پھر بادشاہ سے ملاقات
ہوئی حضرت نے عربی مین سلام کیا اُسنے پوچھا کہ یہ کون زبان ہی فرمایا یہ زبان ہمارے چچا اسمعیل علیہ السلام کی ہی
اسکے بعد زبان عبرانی مین دعا فرمائی تو بادشاہ نے پوچھا یہ کون زبان ہی فرمایا یہ زبان ہمارے باپ دادون یعنی یعقوب
و اسحاق و ابراہیم علیہم السلام کی ہی بعد اسکے بادشاہ نے اپنے پہلو مین بٹھلا لیا اور باتین کرنے لگا روایت ہی کہ بادشاہ زبان
بڑا فصیح و بلیغ تھا اور ایسا زبان دان تھا کہ ستر زبانون مین باتین کرتا تھا سو اُسنے حضرت یوسف علیہ السلام سے سب
زبانون مین کلام کیا اور حضرت یوسف نے ہر زبان مین جواب دیا چونکہ بادشاہ کو حضرت یوسف علیہ السلام
کی زباندانی اور لیاقت بہت پسند آئی تو اُسنے کہا انک الیوم لدینا مکین امین یعنے کہا ای یوسف سچ تو نے
آج ہمارے پاس جگہ پائی معتبر ہو کر اور اسی وقت سے بادشاہ نے عزیز کا علاقہ چھڑوا دیا اپنی صحبت
مین رکھا پھر بادشاہ نے اپنا خواب بیان کرنے کا ارادہ کیا حضرت نے فرمایا کہ اگر ارشاد ہو تو مین خواب
بیان کرون اور تعبیر کرون بادشاہ نے کہا اچھا بیان کیجیے سو حضرت نے فرمایا کہ تمنے صبح کو یہ خواب دیکھا
کہ مین رود نیل کے کنارے کھڑا ہون اور سات گائین سفید رنگ موٹی ایسی دودھاری کہ انکی چھاتیون
سے دودھ ٹپکتا ہی کھڑے مین اسی وقت رود نیل خشک ہو گیا اور سات گائین دبلی جنکی اُنکے
بہت بڑے اور ہاتھ کتون کے سے دانت ریچھ کے مانند نکلین اور ان ساتون کو پھاڑ ڈالا اور یہ بھی دیکھا
کہ سات خوشے سبز اور سات خشک ایک ہی درخت سے نکلے دفعۃً ہوا ایسی چلی کہ سوکھے خوشون
نے جنبش کھائی اونسے ایک آگ نکلی اُسنے سبز خوشون کو جلا دیا یہ خواب دیکھ کر آپ کو خوف معلوم ہوا
بادشاہ نے کہا درست ہی لیکن مین یہ پوچھتا ہون کہ تعبیر کسکی ہوگی اگر خواب میرا تمسے کسنے کہدیا حضرت
نے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نے مجھسے خواب تمہارا کہدیا ہی بادشاہ نے کہا کہ جبرئیل علیہ السلام
کون ہین فرمایا اللہ کا فرشتہ ہی بعد اسکے حضرت نے تعبیر خواب زبان مبارک سے ارشاد فرمائی
بادشاہ نے کہا کہ جو حضرت نے بیان فرمایا اسمین فرق نہین ہی پر مین حیرت مین ہون کہ تدبیر اسکی
کیا کرون آپ ہی کوئی تدبیر نکالین فرمایا تدبیر یہ ہی کہ اپنے تحصیلدارون کو حکم دو کہ جملہ اراذل و اشراف
و اوساط سے کھیتی کرادین اور جو کاشتکار ہین انپر تاکید کرین اور سات برس مین جو کچھ غلہ ہوا اسکو
کاٹ کر بالیون مین رہنے دین تاکہ حشرات الارض سے محفوظ رہے اور وقت ضرورت غلہ آدمیون
کی غذا ہو اور بھوسہ مویشیون کی اور اگر اسطرح نہ کیا جائیگا بالکل ملک کی بدانتظامی ہوکے بادشاہ
متامل و متفکر ہوا کہ دیکھیے کسطرح حالت قحط مین بندوبست ہو سکیگا اور مین تفقد احوال فقرا

ومساکین اس حال مین کسطرح کرونگا اور مجکو کیا معلوم ہوگا کہ نصیب کسکا کتنا ہی اور بایحتاج ہو محتاج
کا کسقدر ہی جب حضرت یوسف نے بادشاہ کو پریشان خاطر دیکھا تو واسطے تسلّی دل کے فرمایا
اجعلنی علے خزائن الارض انی حفیظ علیم یعنے مجھکو مقرر کر ملک مصر کے خزانہ پر مین خوب نگہبان ہون
خبردار بعضے کہتے ہین کہ مراد یہ ہی کہ خزاین طعام پر اور ان مواضع پر جہان غلات و غلہ جمع ہون
والی کردے اور میرے سپرد کر کہ مین حفیظ ہون یعنی غیر مستحقون کو نہ دونگا اور مستحقون کو زیادہ قدر حاجت
سے نہ عطا کرونگا کیونکہ مین علیم ہون حاجتمند و مستحق کو خوب پہچانتا ہون اگر کوئی شبہ کرے
کہ طلب امارت بادشاہ کا فرسے شان صدیقیت کے خلاف ہی تو رفع اس شبہہ کا یون ہوسکتا ہی کہ
حضرت یوسف علیہ السلام پیغمبر برحق تھے اور رعایت مصالح امہ بقدر امکان تھی ان پر واجب ہی سو اگر
طلب امارت اس نظر سے فرمائی تو مضائقہ نہیں وراسے اسلئے حضرت یوسف کو از روے وحی
معلوم ہوچکا تھا کہ امر خلافت حضرت ہی کے نصیب ہوگا کیونکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام زندان مین بشارت
دیکئے تھے اور قحط کا حال بھی کہہ گئے تھے اس سبب سے گویا حضرت یوسف نے طلب امر
مشروع فرمایا اسی سے مستحقون کو نفع پہونچا اور عدل و احسان ظاہر ہوا پس مقصود طلب امارت
سے رعونت نفس اور حب ریاست نہ تھا کہ وضع حق کے خلاف پڑے اور شان صدیقیت سے
بعید ہو عبد اللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ دو چیزین ان سے دو سبب سے دنیا کی خواہش کی ہی
اول حضرت یوسف علیہ السلام سے کہ انھون نے یہ جانا کہ بحالت قحط مین مصر کا بادشاہ خلق خدا پر
شفقت قرار واقعی نہ کرسکیگا اور بندوبست نہ ہوسکیگا اسی واسطے سلطنت مصر کی درخواست
کی کہ اللہ نے بادشاہ کے دل مین یہ ڈالا کہ سواے انکے اور کسی سے انتظام اسوقت کا نہوگا
دوسرے حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب خبر پائی کہ فرعون ملک مصر کی بادشاہت پر ایسا مغرور
ہوا کہ دعوی الوہیت کرکے اور انا ربکم الاعلے کہنے لگا تب حضرت سلیمان نے کہا کہ اگر تمام عالم کی
بادشاہت بھی ہوتی تو بھی دعوی خدائی زیب نہین دیتا تھا سو دعا کی رب ہب لی ملکا لا ینبغی
لاحد من بعدی یعنے مجھکو ایسا ملک عنایت کر کہ بعد میرے کسی کو نہ ملے تو مین خلق کو دکھلاؤن کہ سواے
تیرے کوئی سزاوار الوہیت نہین ہی اور جسکو تو نے سارا ملک اپنا دے دیا ہی وہ بھی تیرا بندہ ہی پھر
فرعون کسطرح دعوی باطل کرتا تھا فائدہ اگر کوئی شبہہ کرے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے
اس معاملہ مین انشاء اللہ نکہا یہ بات خلاف شان پیغمبری تھی چاہیے تھا کہ انی حفیظ علیم انشاء اللہ
فرماتے تو رفع اسکا یون ہوتا ہی کہ امام واحدی کہتے ہین کہ اسی سبب سے ایک برس تک حضرت

یوسف علیہ السلام اپنے مطلب کو نہین پہونچے اور امام رازی فرماتے ہین کہ حضرت نے اسلیے
انشاء اللہ نہین کہا کہ اگر یہین انشاء اللہ کہون تو بادشاہ جانیگا کہ اسکو حفظ اس عمل کی طاقت
نہین ہی کہ تعلیق بلفظ انشاء اللہ کرتا ہی لہذا اظاہر مین ترک کیا اور دل مین کہہ لیا تھا اگر کوئی کہے
کہ حضرت نے اپنی تعریف فرمائی حالانکہ ایسا نہ چاہیے تھا تو جواب یہ ہی کہ مدح اپنی اُسوقت مذموم ہی
جب مقصود اُسے تفاخر ہو اور یہان مقصود اطلاع حال تھا نہ تفاخر اخفاف یہین ہی کہ راستگو کو
راستی کی راہ سے اپنی مدح کرنی منع نہین خصوصاً جب کوئی مصلحت داعی ہو اور اس مصلحت کی
مدح حدیث مین بھی وارد ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا انا سید ولد آدم ولافخر کیونکہ مراد اس سے تعلیم
امت اور کیفیت اظہار منزلت ہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ سال بھر حضرت
یوسف بادشاہ کے پاس باعزاز واکرام رہے اور اقامت رسوم بادشاہی اور احیاء مراتب
فرمانروائی مین اعانت شاہ فرمایا کیے جب برس روز گذر گیا تو بادشاہ نے شہر مصر و بارگاہ سلطانی
کو آراستہ کیا اور تخت زرین جسکا طول تیس گز کا تھا مکلل بجواہر حضرت یوسف علیہ السلام کو خلعت
خاص شاہی پہنا کے بٹھلایا اور منادی کرادی کہ یوسف علیہ السلام عزیز مصر ہوئے اُنکی اطاعت کرو
اور عزیز مصر کو معزول سمجھو اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے برعایت حق پرورش
عزیز کی حیات تک اُسکے کام مین دخل نہین کیا بعد وفات اُسکے بندوبست شروع کیا اور ابن اسحق
نے ابن زید سے روایت کی ہی کہ مصر مین خزانہ بہت تھا اُن سب پر حضرت کو اختیار دیا روایت ہی
کہ جب امور سلطنت مصر حضرت کے تفویض ہوئی تو اول آپ نے حکم دیا کہ حوالی مصر و موصل مین
ایک میدان معتدل الہوا جسکی زمین تری و نمناکی سے سلامت ہو تجویز کیا جاے جب وہ میدان قرار دیا گیا
تو ایک عمارت وسیع الفضاء اُسمین بنوائی اور چوبیس ۲۴ ہزار حویلیان قرار دین بعد اُسکے کھیتی کرنے کا
فرمان جملہ اراذل واشراف واوساط کو صادر فرمایا کہ جس جگہہ زمین خالی تھی جوتی گئی اور جس جگہہ
پانی تھا وہان سکے واسطے حضرت نے دعا مانگی وہان پانی برسا اور جہان ندی و کنوین سے تھے
وہان اُنکے پانی سے کام لیا گیا اور تحصیلدار ذی اعتبار اور امناے پختہ کار واسطے جمع کرنے
حبوب و غلات کے معین کیے گئے کہ غلہ کاٹ کر بالیون مین رکھواتے تھین چنانچہ سات برس
برابر یہ حکم جاری رہا اسطرف اللہ صاحب ایما فرماتے ہین وکذلک مکنا لیوسف فی الارض یتبوء
منہا حیث یشاء نصیب برحمتنا من نشاء ولا نضیع اجر المحسنین ولاجر الآخرۃ خیر للذین آمنوا وکانوا
یتقون یعنی یون قدرت دی ہمنے یوسف کو اس زمین مصر مین جا پکڑے اُسمین جہان چاہے

ہم پہونچاتے ہین اپنی مہر جسکو چاہین اور ضائع نہین کرتے نیک بھلائی والون کا اور اجر آخرت کا بہتر ہے
انکو جو یقین لائے اور رہے پرہیزگاری مین یہ جواب ہی کافرون کے سوال کا جو حضرت صلعم سے
کیا تھا کہ بنی اسرائیل مصر مین کیونکر آئے حضرت ابن عباس اور وہب ابن منبہ محسنین سے اس جگہ
صابرین مراد لیتے ہین **فائدہ** اس مقام سے کئی فائدے نکلے اول یہ کہ عالمون کو بادشاہ کے پاس
بنابر نفع خلق اللہ جانا درست ہی و بنا بر غرض آمد و طلب دنیا ناجائز **دوسرا** درویشون کو سلاطین سے
طلب حاجت کرنا درست ہی **تیسرا** مومنون کو کفار سے بضرورت استدعا جائز ہی **چوتھا** کافرون کی
ولایت مین رہنا اسلیے کہ احکام ایمان سے خبردار ہون درست ہی **پانچوان** مومنون کو تعریف کافرون
کی کرنا جائز ہی گو کافر اسکی تعریف کرے چنانکہ ریان نے حضرت یوسف سے کہا الیوم لدینا مکین امین
مگر حضرت نے تعریف نہ کی بلکہ فرمایا انی حفیظ علیم **چھٹا** نصیحت کرنا اولوالامر کو عالمون کے لیے
درست ہی جسطرح حضرت نے فرمایا تجھے ایام قحط مین انصاف نہو سکیگا یہ کام مجھے سپرد کر بادشاہ نے
قبول کیا کہ بندوبست ہوگیا اور ملک اسکا باقی رہا اسی مقام سے کہتے ہین کہ ملک کافر عادل کے پاس
رہتا ہی اور مسلمان ظالم سے جاتا رہتا ہی **ساتوان** اس قسم کی نوکری کافرون کی جائز ہی واضح ہو کہ
نوکری کافرون کی یہودیون یا نصاریٰ کی یا اور کسی قسم کی مباح و مستحب و حرام و گناہ کبیرہ قریب بہ
کفر پس اگر کوئی کافر مسلمان کو بنابر اقامت رسوم صالحہ وسد انجام امور محمودہ مانند دفع رہزنان و
ڈاکوان و دزدان و بنا پل و بنا دہان سرائے و مدارس وغیرہ نوکر رکھے تو بلا شک مسلمان کو
درست ہی بلکہ مستحب اسی طرح اگر مسلمان کو منشی مقرر کرے بشرطیکہ فتویٰ مطابق شرع شریف کے
لکھا دے تو جائز بلکہ مستحب ہی دلیل قصہ دانیال و قصہ یوسف علیہما السلام اور اگر کسی اور کام پر
مقرر کرے کہ اسمین اختلاط و ارتباط لازم آتا ہی اور مشاہدہ رسوم و اوضاع منکرہ کا کرنا پڑتا ہو یا اتفاق
ظلم پر مستحق ہوتی ہو جسطرح منشی گری در خدمتگاری و سپاہی گری یا تعظیم مفرط کفار اور تذلیل اپنی
نشست و برخاست مین ضروری ہوتی ہو تو حرام و گناہ کبیرہ ہی اور اگر بنا بر قتل کسی مسلمان کے
اور بے ہم کرنے ریاست مسلمان کے یا ترویج شعار کفر و استحسان مطاعن دین اسلام کے نوکر رکھے تو یہ
نوکری کبیرہ ہی کذا حققہ استاذ الاستاذ فی بعض تقریراتہ مین کہتا ہون کہ نوکری منصفی و صدر امینی
بھی ناجائز کیونکہ مقدمات مین خلاف شریعت حکم دینا پڑتا ہی اور سود دلانا ضرور ہوتا ہی وذلک
حرام کما قال اللہ تعالیٰ ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الکافرون **فائدہ**
حضرت یوسف نے بارہ برس قید مین صبر کیا بارہ نعمتین پائین **ایک** علم کامل ملا کہ

بیان نوکری کافرون

بیان نعمات یوسف

تاویل رویا پر قادر ہوے دوسرے ملک پر حاکم ہوے کہ عدل و انصاف سے نیکنام ہوے تیسرے پیغمبر ہوے چوتھے تمام خلق کی محبوب تھے پانچوین مفارقت والد کا رنج تھا سو انکو کنعان سے بخیر و خوبی طلب کیا چھٹے زلیخا کے مکر سے محفوظ رہے ساتوین طہارت دیا کی خود اقرار زلیخا سے ثابت ہوئی آٹھوین اللہ نے یہ توفیق عطا فرمائی اور حلم کامل دیا کہ اپنے گنہگارون سے عفو کیا نوین عمر کامل عطا فرمائی کہ اپنی مراد کو پہونچے دسوین اولاد صالح اور نیکبخت عنایت کی تاکہ انقطاع نسل نہو گیارھوین کریم اپنے بیٹے کہ آسکی دھوم مچی بارھوین زلیخا جسکے باعث سے بہت فساد برپا ہوے

فی احوال زلیخا

ذکر نکاح مین آنے زلیخا کا۔ کتب معتبرہ مین ہے کہ جب یوسف علیہ السلام امیر و سردار مصر ہوے اور شام محنت انکی صبح راحت سے مبدل ہوئی تو وہ سب رنج و کلفت و محنت و مشقت جو مدت دراز سے قرین یوسف علیہ السلام تھی زلیخا سے متوجہ ہوئے کہ اسکا شوہر مر گیا اور خود ناتوان و ضعیفہ ہو گئی اور ثروت و غنا محنت و بلا سے بدل ہوئی اور مال اور منال نے صورت انتقال پیدا کی اور عشیرہ قبیلہ جو بین مین تھے دشمنون کے پنجہ ظلم مین در آئے اور بعضے نیست و نابود ہو گئے آرام سے ناکام تنہا بیچارہ دل غمزدہ خلق سے بیگانہ ذلت و خواری سے یگانہ جیسے بلبل پریشان وز گردہ بوستان گم کردہ آشیان مطرودہ یاران گلستان ایک طرف خانہ خراب پڑی رہتی نہ کسی کے پاس جاتی اور نہ کسی کو بلاتی مگر یوسف یوسف پکارتی اور روتی یہان تک کہ اندھی ہو گئی یہی خیال ہر دم اور یہی غم ہمدم کہ ہاے یوسف لیکن با این ہمہ بت پرستی سے تائب نہ تھی اسی حال مین ایک مدت دراز گذری آخر کار گھر کو اپنا باہر دن تھہرست و سرشار ایک مقام مین جا پڑی اور نام اسکا بیت الحزن رکھا اور حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ دستور باندھا کہ آخر ماہ سوار ہو کر پرگنات مصر مین جاتے اور فیصلہ خصومات فرماتے اور جب سواری حضرت کی نکلتی تو زلیخا دھوم دھام سواری کا سنکر بیت الحزن سے نکل عین شارع عام پر بیٹھتی اور شور مچاتی اور یوسف یوسف پکارتی پر نقارہ کے شور مین طوطی کی آواز کون سنتا ہے اور جو کوئی کبھی سن لیتا تو آنجناب کو بسبب رعب کے یا فضول جانکر اطلاع نکرتا اور سواری نکل جاتی زلیخا بحال خود چلایا کرتی ایک مرتبہ نہایت بیتاب ہو کر بزبان حال گویا ہوئی مثنوی اے فتنہ گر جہان کجائی ✤ وی آفت ناگہان کجائی ✤ جان بازی عاشقانہ بنگر ای چشم و چراغ جان کجائی ✤ پہلوے دل فگار بنشین ✤ ای ناوک سنے کمان کجائی ✤ اور بہت غمدیدہ ہو کر اپنے بت سے بولی کہ ای معبود باطل تجھے سے مجھے کچھ فائدہ نہوا بلکہ سراسر نقصان پہونچا کہ شوہر میرا عزیز مصر مر گیا اور میرا زر خرید قائم مقام ہوا اور لشکر غم مجھپر ٹوٹ پڑا جسکو بیار

کرتی ہون وہ بھی ہاتھ نہ آیا نزدیک دور ہوا اور دور نزدیک ہوا مین نے جانا کہ یہ سب آفات تیرے باعث سے نازل ہوئی ہین اب ای نابکار تجھسے بیزار ہون لعنت خدا کی تجھپر ہو اور اُسی وقت چُور چُور کرکے پھینکا اور بولی اب تو یوسف کے خدا کا ایمان لائی ہون وہ میری فریادرسی کریگا اور جانب آسمان ہاتھ اٹھا کر کہنے لگی کہ ای اللہ کریم کارساز اگر گنہگار کو بخشتا ہی تو مین توبہ کرتی ہون مجھپر کرم کر اور جو عذر قبول کرتا ہی تو مین عذر خواہ ہون منظور کر اور اگر غمزدون کو نجات دیتا ہی تو مین زیادہ غمزدہ ہون میرا غم دور کر اور جو چارہ ساز بیچارگان ہی تو مین تمام عالم کے لوگون سے بیچارہ ہون کہ تو خود جانتا ہی کہ مین کس ناز و نعمت مین تھی اور اب کس بلا و مشقت مین ہون مجھسے زیادہ کوئی بیچارہ نہین ہی یا الٰہی تو جانتا ہی کہ یوسف کے ملنے کے واسطے مین نے کیسی کیسی کوشش کی اور مطلب حاصل نہوا اور اب مین اگرچہ بوڑھی ہون مگر عشق و محبت یوسف مین جوان تر ہون یا الٰہی تو مجھ ناتوان دل شکستہ بے حیا عاشق بے ریا پر رحم فرما اور یوسف کو میرے پاس پہونچا کہ پندرہ برس سے مین نے اُسکی صورت نہین دیکھی ہی یا الٰہی اس درخواست مین تو رشک نکرنا کہ اُسکا وصل عین تیرا ہی وصال ہی اور اُسکا نور عین تیرا ہی نور ہی مجیب الدعوات نے صدق اخلاص و نیازمندی زلیخا پر نظر فرما کے دعاے با اخلاص اُسکی قبول فرمائی اور یوسف علیہ السلام کے دل مین ڈالا کہ زلیخا کا حال معلوم نہین ہی کہ کس حال مین ہی کسطرح اُسکا حال دریافت کرنا چاہیے اگر اُسکو معاش کی تنگی لاحق ہو تو تدارک کرنا لازم ہی کیونکہ اُسنے میری بہت خدمت کی تھی تو اُس سے زیادہ کوئی قادر نہین ہی جسدن یہ خیال حضرت یوسف کو آیا اُسدن زلیخا نے یہ کام کیا کہ اپنے بیت الحزن سے نکلکر کملی پورانی اوڑھے لاٹھی پکڑے کمر جھکائے ایک رسّی سے کمر باندھے خراب حال اُس مقام پر کھڑی ہوئی تھی جہان سے سواری حضرت یوسف علیہ السلام کی نکلتی تھی اور دل مین یہ خیال تھا کہ اگر ملاقات حضرت یوسف سے نصیب مین نہین ہی تو اُنکے لشکر کا غبار ہی میرے جسم زار پر پڑیگا وہ بھی ایک صورت تسکین ہی اور گویا کہتی تھی ؎ اگر آن طائر قدسی ز درم باز آید + عمر بگذشتہ بہ پیرانہ سرم باز آید + آنکہ تاج سر من خاک کف پایش بود + از خدا میطلبم تا بہ سرم باز آید + اتفاقاً حضرت یوسف علیہ السلام کی سواری نکلی تو ظاہر مین حضرت یوسف علیہ السلام کو بہانہ سیر و شکار تھا اور دل مین تفقد احوال زلیخا کیونکہ برخلاف عادت جس کوچے سے نکلے تھے درویشون اور دردمندون کا حال پوچھتے تھے حتے کہ نوبت بزلیخا رسید اور زلیخا بزبان حال کہہ رہی تھی ؎ از بسکہ دل ز داغ محبت کباب شد + تا لب ز سینہ سوختہ آمد صداے من + برخاستم ز جنبش پایت ز خواب مرگ + برتربتم خوش آمدہ دلربای من +

[illegible]

اورزبان شوق یون نغمہ زن تھی ؎ برکش زچہرہ پردۂ شرم آفتاب من + رحمی بحال شبنم بادر رکاب من + تاکے تغافلی توکند روز من سیاہ + چشمے فگن بصورت حال خراب من + اور دل حزین سے یہ صدا اوٹھتی تھی ؎ نالۂ حسرت کشم تا چند در کنج قفس + سنگدل صیاد رحمے بر گرفتاری بکن + ناوکے بشکن بہ پہلو در جگر بشکن سنان + اے جوان ترکانہ کارے بر دل افگاری بکن + اور پکارتی تھی کہ یا آلہی یوسف مجھکو نظر نہین آتا مگر اُسکے گھوڑے کا سُم میرے دل پر پڑتا ہی یا آلہی اُسکو جلدی میرے قریب کردے دفعتہ کوئی بولا کہ یوسف سامنے آئے اور بہت متصل ہین تو بزبان حال کہنے لگی ؎ بشہر و بادیہ مارا قرار گاہے نیست + گذشتہ ایم غریبانہ از وطن بے تو + نہ پرتو رخ ماہی نہ شعلۂ شمعی + نشستہ ایم درین تیرہ انجمن بے تو + رسیدۂ زکنارم تو گلعذار مرا + شدہ است موے بدن خار پیرہن بے تو + برنگ خار بپاے نگہ خلد رگ گل + اگر نظارہ کنم جانب چمن بے تو + بجستجوے نشان توگم شدم از خویش + بیا بدین کہ گذشتم ز خویشتن بے تو + بعد اُسکے ارادہ کیا کہ عنان مرکب پکڑلے دورباشون نے روک لیا تو زلیخا نے شور کرکے کہا پاک ہی خدا جسنے برکت طاعت سے غلامونکو عزیز کیا اور بادشاہون کو شامت معصیت سے ذلیل آواز حضرت یوسف کے کان مین پہونچی تو حضرت نے کہا یہ آواز کس عورت ضعیفہ کی ہی خاص برادار نے گزارش کیا کہ زلیخا پکارتی ہی اور ملازمت کی امیدوار ہی حضرت تو اسی کے خیال مین تھے ارشاد کیا کہ زلیخا کو جلد لاؤ اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السّلام نے آکر کہا گھوڑے سے اُترکر زلیخا کا حال پوچھو الغرض حضرت گھوڑے سے اُتر پڑے اور زلیخا حاضر ہوئی تو حضرت نے پوچھا کہ تو کون ہی زلیخا نے کہا ؎ یاد روزے کہ بروے تو نظر مے کردم + شب غم را بوصال تو سحر می کردم + یاد باد آنکہ نہایت نظرے با ما بود + رقم مہر تو بر چہرۂ ما پیدا بود + یاد باد آنکہ چو چشمت بعتابم مے کشت + معجز عیسویت در لب شکرخا بود + یاد باد آنکہ چو یاقوت لبت خندہ زدی + درمیان من و لعل تو حکایتہا بود + یاد باد آنکہ صبوحی زدہ در مجلس انس + جز من و یار نبودیم خدا با ما بود + افسوس صد افسوس اب مین ایسی ہوئی کہ تم مجھکو نہین پہچانتے اے میرے محبوب پیارے یوسف مین زلیخا ہون کہ جان و دل سے تجھپر فدا تھی اور وہ ہون کہ جسکو تیرے عشق نے فضیحت و رسوا کیا اب اس حال کو پہونچی ہون مگر ؎ در دل و دیدہ خیال رخ دلدار ہمان + دل ہمان دیدہ ہمان لذت دیدار ہمان + آستین سرخ شد از گریہ گلگون لیکن + میچکد خون دل از دیدہ کہ خونبار ہمان + داغ سوداے تو دار دل شوریدہ ہنوز + پاے سرگشتہ ہمان دشت ہمان خار ہمان + روایت ہی کہ حضرت یوسف نے زلیخا کو کمال حسن و جمال و شوکت و رعنائی مین دیکھا تھا اب پریشان بدحال دیکھا تو آب دیدہ ہوکر متاسف ہوئے اور حیرت

مین ہوے کہ یہی زلیخا ہی جو میری عاشق زار تھی سبحانک لاعلم لنا الا ما علمتنا یا رب تعز من تشاء و تذل من تشاء پھر پوچھا کہ اے زلیخا تیری آنکھین کہان گئین زلیخا نے کہا کہ آپکے فراق مین روتے روتے جاتی رہین اور ناز و انداز محبوبانہ سب تمہاری محبت مین صدقے کیا اور مال و دولت میرا سب تمہارے عشق مین فدا ہوا اب محبت کے سوا اور کچھ میرے پاس نہین ہی اور بزبان حال گویا ہوئی ؎ ہرچند پیر و خستہ دل و ناتوان شدم * ہر گہ خیال روے تو کردم جوان شدم * شکر خدا کہ ہرچہ طلب کردم از خدا بر منتہاے مطلب خود کامران شدم * غرضکہ گفت و شنید دوستانہ اور قیل و قال محبانہ کی تطویل ہوئی فوج کی لوگ سخت متحیر ہوے کہ یہ عورت ضعیفہ مفلسہ کون ہی جو عزیز مصر سے ایسے کلام گستاخانہ کرتی ہی اور عزیز اُسے بحسن خلق اور لطف مقال جواب دیتا ہی اس خطرے پر حضرت یوسف علیہ السلام نے مشرف ہوکر فرمایا کہ اے ناواقفین اسرار تم بھلا اس مقام مین معذور رکھو اور اس واقعہ کو عجیب نسمجھو یہ ضعیفہ مفلسہ میری عاشق ہی اور اسنے یہ کیفیت میرے عشق مین بہم پہونچائی ہی ؎ دردوا خستہ دردمندان دانی نے خوش نشان و خیرہ حیران دانند * اسرار قلندری چہ دانند زاہد * ستری است درین شیوہ کہ رندان دانند * جب یہ کلام لشکر کے لوگون نے سُنا تب خیال نام سے متحیر ہوئے بعد اُسکے حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا سے فرمایا کہ اے زلیخا تیرا مطلب کیا ہی زلیخا نے کہا میری یہ آرزو ہی کہ آنکھون مین روشنی ہوجاتی تو جمال مبارک پیش از موت دیکھ لیتی حضرت یوسف علیہ السلام نے دعا کی اللہ نے اُسوقت زلیخا کو بینائی عطا کی تو زلیخا نے دیکھکر کہا الحمد للہ علیٰ ذالک ایک دن وہ تھا کہ مین نے تجھکو بندہ دیکھا تھا آج پادشاہ مصر دیکھتی ہون شکر ہی اُسکو جسنے محبوب میرے کو بادشاہ کیا پھر بزبان حال بولی ؎ خزان گذشت و بہاران رسید اے بلبل * نواے تازہ بکش در گلو فغان بشکن * اور بزبان عشق لگی کہنے ؎ عشق تو فسانہ کرد مارا * رسواے زمانہ کرد مارا * در کوے تو دیدم آنچہ دیدم * چیدم ز غمت گلے کہ چیدم * القصہ حضرت یوسف علیہ السلام نے چوبداروں سے ارشاد کیا کہ اِس عورت کو ہمارے مکان پر لیتے آؤ اور خود بدولت و اقبال بجانب محلسرا متوجہ ہوئے پیچھے سے زلیخا بھی پہونچی تو حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا کہ اے زلیخا اب تیری حاجت کیا ہی زلیخا نے [illegible] کے کہا اب کیا کہون وقت گذر گیا اور روتے روتے بیتاب ہوگئی بعض مفسرین کی یہ تحقیق ہی کہ زلیخا نے کہا میری یہ حاجت ہی کہ جوان ہوجاؤن سو حضرت یوسف علیہ السلام نے دعا فرمائی کہ زلیخا اٹھارہ برس کی نظر آنے لگے اور حجۃ الاسلام نے اپنی تفسیر مین لکھا ہی کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا سے کہا تیری حاجت کیا ہی اُسنے کہا مین تمہارے ساتھ نکاح چاہتی ہون

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تو ضعیفہ مفلسہ کافرہ ہی مین تیرے ساتھ کسطرح نکاح کرون اُسی وقت غیب سے آواز آئی کہ اے یوسف ارشاد حق یہ ہی کہ زلیخا اگر بوڑھی ہی جوان ہو جائیگی اور جو محتاج ہی مالدار کرونگا اور جو کافرہ ہی ایمان دونگا اے یوسف تو دوست نہین بناتا اُسکو جو تجھکو بلا واسطہ دوست رکھتی ہی اور تو نہین چاہتا اُسکو جو تجھکو بے سبب چاہتی ہی یہ آواز سُنکر حضرت یوسف علیہ السلام نے سکوت کیا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اپنا ہاتھ زلیخا پر رکھا سب عیب جاتے رہے اور اللہ نے ایسا حسن وجمال دیا کہ حضرت یوسف علیہ السلام بھی عاشق ہو گئے مگر جوان ہو جانے کی روایت صحت کو نہین پہونچتی اور اکثر مفسرین نے لکھا ہی کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے درخواست زلیخا سُنی تو متردد ہوے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا اللہ صاحب فرماتے ہین کہ مین نے زلیخا کی عاجزی و شکستگی سے قصور اُسکا معاف فرمایا اول حیلہ و فریب سے چاہتی تھی کہ تجھکو دام محبت مین پھانسے مین نے محفوظ رکھا اب بیچاری دل شکستہ ہوکر حاضر ہوئی اور ایمان بھی لائی اور بکمال عاجزی سے تجھکو مانگنے لگی تو مین نے اُسکی استدعا منظور فرمائی تو بھی حاجت اُسکی روا کر اور نکاح کرلے چنانچہ حضرت نے بحکم خدا مجلس آراستہ فرمائی اور اکابر واشراف مصر کو جمع کرکے ملک ریان کے روبرو نکاح کیا اُسوقت زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھکر کہا سبحان اللہ مین ہون کہ ایسی مفارقت مین مبتلا تھی اب اسطرح کی مواصلت حاصل ہوئی الحمد للہ نامرادی مین مراد ملی ۔ منم کہ دیدہ بدیدار دوست کردم باز * چہ شکر گویمت اے کارساز بندہ نواز * اور حضرت یوسف علیہ السلام کی نظر مین اُسوقت زلیخا حور جنت نظر آئی اور داعی شہوت نے قواے طبعی پر غلبہ کیا اور کلب میل مباشرت نے قفل مصابرت ہلایا کہ حضرت علیہ السلام بنابر خلوت صحیحہ خلوت خانہ مین تشریف لیگئے اور زلیخا کو طلب فرمایا حجۃ الاسلام نے اس مقام مین لکھا ہی کہ زلیخا بناز و انداز معشوقانہ انکار فرمانے لگین اور ایک علحدہ مکان مین ہو بیٹھین اور دروازہ بند کرلیا حضرت یوسف علیہ السلام نے دروازے پر جاکر طلب کیا زلیخا نے کہا آپ یہان تشریف نہ لاوین اب معاملہ بالعکس ہی کیونکہ مین نے اب اُسکو پایا ہی جو تمسے بہتر ہی حضرت یوسف نے دروازہ توڑ ڈالا اور در آئے زلیخا کو پکڑنے کا ارادہ کیا وہ بھاگی حضرت نے پیچھے سے دامن پکڑ لیا تو دامن پھٹ گیا اُسی وقت ایک فرشتے نے آکر کہا کہ اے یوسف اسکو مخالفت نہ سمجھنا بلکہ محبت ہی مقابلہ محبت کے اور طلب ہی مقابلہ طلب کے اور عشق مقابلہ عشق ہی اور فرار بمقابلہ فرار اور چاک دامن مقابل دامن شکست اور یہ سب اس واسطے ہوا کہ زلیخا کہتے تمسے شرمندگی نرہے اور تم اُسکو حالات ماضیہ پر سرزنش نکرو القصہ بعد اس معاملے کے زلیخا سے نوبت ملاقات پہونچی تو زلیخا باکرہ پائی گئی حضرت یوسف نے پوچھا کہ اے زلیخا اسکا کیا سبب ہی زلیخا نے کہا عزیز مصر میرا شوہر مجھپر دستیاب نہین ہوا اور اُسنے

قدرت مباشرت نہین پائی پھر حضرت نے فرمایا کہ اے زلیخا اسطرح خواہش نفس دنیا بہتر ہے یا جسطور سے تو چاہتی تھی زلیخا نے کہا ان النفس لامارۃ بالسوء اے محبوب مجھکو ملامت نکر انسان تو بلاے نفس مین گرفتار ہے جو کچھ نفس چاہتا ہے کرا لیتا ہے اور اکثر برائی کیطرف لاتا ہے مین کیا کہون اپنے زمانے کی عورتون مین مین صفت عفت وعصمت سے ممتاز تھی اور پاکدامنی میری شہرۂ آفاق تھی جسطرح تم اپنے زمانے کے مردون مین عفیف ومعصوم مشہور ہو اور میرا شوہر عنین محض تھا حضرت یوسف نے فرمایا کہ تو نے صبر کیون نہ کیا انہون زلیخا نے جواب نہ دیا تھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا اللہ صاحب فرماتے ہین کہ زلیخا کو شرمندہ نکر اور اکثر مفسرین نے اس معاملہ انکاری کو بعد زفاف یون بیان فرمایا ہے کہ رات گئے وقت حضرت یوسف اپنے بستر خواب پر بیٹھے ہوئے زلیخا کی انتظار کرتے تھے اور زلیخا عبادت حق مین مشغول تھین حضرت نے ہر چند بلایا نہ آئین ناچار فرمایا کہ اے زلیخا اسوقت مجھے سخت اضطراب ہے جسطرح ہفتم خانہ مین تجھکو تھا زلیخا نے کہا مین عبادت خدا کر رہی ہون جیسی تم اسدن کرتے تھے سو مین تمہارے پاس نہین آسکتی اور اسی وقت چاہا کہ دوسرے مکان مین جا بیٹھون چنانچہ اس مکان سے چلین حضرت یوسف علیہ السلام بھی پیچھے پیچھے تشریف لیچلے جب زلیخا دروازے پر پہونچین قریب تھا کہ باہر نکلین حضرت نے دامن پکڑا تو کشاکشی مین پھٹ گیا زلیخا نے کہا اے یوسف میرا دامن تمہارے دامن سے برابر ہو گیا اب نہ تمسے مجکو شرمندگی وخجالت ہے اور نہ مجھپر آپ کا احسان ومنت روایت ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے زلیخا کو عبادت وطاعت مین حریص دیکھا تو ایک عبادت خانہ بہت تکلف سے تعمیر کرایا اور اسمین دس ستون سونے کے رکھے اور مابین دو ستونون کے قندیلین لٹکائین اور وسط مکان مین ایک تخت زرین بچھوایا اور زلیخا کو ارشاد کیا کہ اس مکان مین قیام کر زلیخا نے مکان دیکھ کر پسند کیا اور رہنے لگین حضرت یوسف نے فرمایا کہ اے زلیخا تو نے اپنی حکومت مین میرے واسطے بیت الکراہۃ بنوایا تھا اور مین نے تیرے واسطے بیت العبادۃ تعمیر کرایا اب تو اس مکان مین عبادت خدا کیا کر چنانچہ زلیخا اسی مکان مین مشغول بعبادت رہا کرتین اور حضرت یوسف علیہ السلام فرصت کے وقت تشریف لاتے اور نعماے الہی کا ذکر کیا کرتے اور طریق عبادت کی تعلیم فرمایا کرتے محققین روایت کرتے ہین کہ زلیخا حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس سینتیس برس کامل رہین اور گیارہ بیٹے پیدا ہوئے اور بعضے دو ہی بیٹے اور ایک بیٹی بیان کرتے ہین افرائیم ومنشا ومساۃ رحمہ وہو الصحیح روایت ہے کہ جب دامن زلیخا حضرت یوسف ع کے پکڑنے سے چاک ہو گیا تو زلیخا نے کہا اے یوسف جسطرح محبت الہی آپ کو بدرجۂ کمال ہے اسی طرح مجکو بھی محبت الہی ہے جب تک مین نے خدا کو نہ پہچانا تھا غیر کو دوست رکھتی تھی اب کہ اپنے معبود ومحبوب

مین نے پہچانا اور پایا اُسکے غیر سے کسطرح توجہ کرون دل تو ایک ہی ہے دل چوبکی بیش نیست دوست یکے بس بود ٭ وان یک بے اشتراک ذات مقدس بود ٭ خلاصۃ الحقائق مین لکھا ہے کہ فیروز دیلمی ایک جوان خوبصورت تھا اُسپر ایک عورت حسینہ مفتون ہوئی فیروز کو غایت پارسائی سے التفات نہ تھا ایک دن اُس عورت نے سبب بے التفاتی پوچھا فیروز نے کہا تو کافرہ ہے اور مین مسلمان اور محبت مین اتحاد مشرب بھی شرط ہے اُسنے کہا پھر کیا کرنا ضرور ہے فیروز نے کہا تو بھی مسلمان ہو عورت بولی کہ فی الحال تجھسے زیادہ کوئی مسلمان ہو تو بیان کر کہ اُسکے ہاتھ پر ایمان لاؤن فیروز نے کہا حضرت امیر المومنین عمر ابن خطاب خلیفۂ رسول اللہ موجود ہین اُنکے پاس حاضر ہو عورت نے کہا اُنسے زیادہ بھی کوئی ہے فیروز بولا کہ اُنسے زیادہ حضرت رسالت پناہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ مرقد مبارک اُنکا مدینۂ منورہ مین ہے چنانچہ وہ عورت قبر مبارک پر آئی اور ایمان لاکے مدینے مین رہنے لگی فیروز نے قاصد بھیجا اور طلب کیا وہ عورت عبادت خدا مین مشغول تھی قاصد سے ملتفت بھی نہوئی اور کہا کہ جب تک مین نے خدا اور رسول کو نہ پہچانا تھا فیروز کو چاہتی تھی اب کہ مین نے حضرت حق اور معبود مطلق اور اُسکے رسول برحق کو پہچانا تو اُسکے عشق نے غیر سے مستغنی کر دیا ہے سو فیروز سے کہدینا کہ آپ خیال محبت اپنے دل سے نکال ڈالیے مجھکو اصلا محبت اُسکی نہین ہے اس مقام پر بعمق نظر ملاحظہ کرنا چاہیے کہ یوسف علیہ السلام ایک بندہ مقبول حضرت حق تھے اور زلیخا دشمن خدا تھی مگر اُسکے دوست کو دوست رکھتی تھی ہرچند کہ یہ دوستی مبنی بر شہوت تھی کہ دوست خدا کو اُس سے بانواع وجوہ آزردگی حاصل ہوئی مگر آخرکار اُس محبت نے یہ ثمرہ عطا کیا کہ دشمنون سے نکالکر دوست بنایا پس اگر مومن موحد کہ درحقیقت حضرت حق سے دوستی رکھتا ہے برکت اس محبت سے دشمنی سے باز رکھا جاے اور وقت مفارقت جان کے قبولیت درگاہ سے مشرف ہو تو عنایت و کرم الٰہی جل جلالہ سے بعید نہین ہے دیکھو زلیخا کافرہ تھی جب اُسکو یوسف علیہ السلام سے کہ دوست مقبول خدا تھے محبت ہوئی تو اُسکی برکت سے چار بزرگیان بہشتیون کی حاصل ہوئین اول فقیر تھی تونگر ہوئی دوسرے بوڑھی تھی بقول بعض جوان ہوئی تیسرے نابینا تھی بینا ہوئی چوتھے فراق مین مبتلا تھی وصال سے فائز ہوئی پھر جو کوئی اللہ کو بے واسطے دوست رکھے اُسکو اُمید رکھنا چاہیے کہ کوئی نعمت و کرامت دنیا اور آخرت مین نہین ہے جو اُسکو نہ ملے القصہ جب سات برس فراخی کے منقضی ہوگئے اور غلہ ہر قسم کا موافق تجویز حضرت یوسف علیہ السلام کے رکھوا لیا گیا تب حضرت نے بادشاہ ریان سے ارشاد کیا کہ آج کی رات سے قحط کا سال شروع ہوگا اور بے صبری اور گرسنگی آدمیون پر غلبہ کریگی

بادشاہ نے کہا فقرا و مساکین کو ہوگی یا تمام خلق کو حضرت نے فرمایا کہ سب سے پہلے تجھکو بھوکھ کی شدت ہوگی یہ سنکر بادشاہ نے داروغہ مطبخ سے ارشاد کیا کہ ہمارے واسطے کھانا ہر قسم کا مہیا و طیار رہے چنانچہ موافق رسم سلاطین طیار کیا گیا اور بادشاہ بانتظار آمد وقت موعود اپنے مقام پر بیٹھا آدھی رات کے گذرتے بادشاہ نے الجوع الجوع پکارنا شروع کیا اور تفسیر تیسیر مین لکھا ہو کہ اسی رات کی صبح کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے محاذی مصر کھڑے ہوکر پکارا یا اہل المصر جوعوا سبع سنین اس آواز کے سنتے ہی عورت و مرد صغیر و کبیر بول اوٹھے الجوع الجوع اور بادشاہ نے ہرچند طعام خاصہ تناول فرمایا پر تسلی نہین ہوئی ناچار حضرت یوسف سے اس مرض کی دوا پوچھی حضرت نے دست شفا اپنا بادشاہ کی پیٹ پر رکھدیا کہ اُسکو تسکین ہوگئی اور حضرت یوسف نے یہ دستور باندھا کہ ہر روز دوپہر کو کھانا خوانون مین لگاکر بادشاہ اور اُسکے ملازمین کو بھجوا دیتے اور خود سیر شکم نکھاتے تاکہ عاجزون اور مسکینون کے حال سے غفلت نہو حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ سات برس کامل ایسا قحط پڑا کہ پانی کا برسنا گھاس کا اگنا ہوا کا موافق چلنا اور حیوانات کا بچے جننا طائرون کا گھونسلا لگانا بند ہوگیا اور فرحت و سرور کا نام دلون سے جاتا رہا اور رحم و عنایت قلوب سے یک قلم اوٹھ گیا ملک شام و مصر مین ایسی تنگی پڑی کہ جس جگہ پانی تھا بالکل خشک ہوگیا اہل مصر سخت متردد و پریشان ہوکے حضرت یوسف علیہ السلام کے حضور مین حاضر ہوئے تو حضرت نے نرخ غلہ کا یون مقرر فرمایا کہ مصر کے مالدارون کو مقدار قوت اور محتاج کو مقدار صاع عنایت فرماتے اور پردیسیون کو ایک اونٹ سے زیادہ نہ دیتے چنانچہ مصریون نے سال اول مین نقدی سے غلہ خریدا اور سال دوم مین زیور سے تیسرے برس لونڈی و غلام سے چوتھے مین دواب و مواشی سے پانچوین مین عروض و عقار سے سال ششم مین اولاد و احفاد سے ساتوین مین اپنے نفوس سے جب تین مہینے اس سال کے گذر گئے تو مصریون نے عرض کی کہ اے عزیز مصر مین مشہور ہو کہ سرکار مین غلہ باقی نہین رہا اور ابتک سال ہفتم مین نو مہینے باقی ہین حضرت نے فرمایا کہ غلہ تو ہو لیکن قیمت چاہیے اُن لوگون نے کہا جب ہم اپنے نفوس کو بیع کر چکے اور تمہارے لونڈی غلام ہوے پھر قیمت غلہ کجا حضرت نے فرمایا کہ انکو سرکار بادشاہی سے کھانا روزمرہ ملا کریگا جب سال ہفتم کے نو مہینے گذر گئے اور تین مہینے باقی رہے تو اب غلہ اتنا نرہا کہ مصریون کو عنایت کیا جاسے حضرت کو سخت رنج ہوا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اے یوسف اللہ صاحب فرماتے ہین کہ آپ تردد نکرین تمہارا دیدار ان لوگون کا قوت ہو چنانچہ شہر بھر مین منادی ہوئی کہ اب شہر کے آدمی حضرت یوسف کو دیکھا کرین اور حضرت یوسف علیہ السلام ہر روز سوار ہوکر نکلنے لگے جس کسی کی نظر چہرہ مبارک پر پڑجاتی اُسکو بھوکھ جاتی رہتی فائدہ

اس معاملہ مین یہ حکمت ہوئی کہ حضرت یوسف کو اہل مصر غلام سمجھکر حقیر جانتے تھے اور جب حضرت علیہ السلام معرض بیع مین جلوہ فرماتے تھے تو ہر شخص اپنے مقدور کے موافق چاہتا تھا کہ مین خرید کرلون سو اللہ جل شانہ نے سب مصریون کو غلام و مملوک کردیا تاکہ کوئی شخص دم نہ مارسکے بالجملہ جب بلائے قحط نواحی مصر و شام مین مستولی ہوئی اور معاش اراذل و اشراف مین خلل پڑا اور خواص و عوام پر خرابی نے غلبہ کیا اور یہہ قصہ حضرت یعقوب علیہ السلام باستماع زبان تطویل الاطائل کو پہونچا اور کنعان کے رہنے والون پر بھی بڑی تنگی و پریشانی ظاہر ہوئی تو اولاد یعقوب علیہ السلام نے خدمت والد بزرگوار مین حاضر ہوکر بیچارگی اطفال اور تنگدستی اہل و عیال ظاہر کی اسوقت حضرت یعقوب علیہ السلام سورت فراق اور شدت اشتیاق یوسف علیہ السلام مین لڑکون سے علیحدہ ہوگئے تھے اور راہ شام پر نواحی کنعان مین ایک گھر مانند گنہگاران تنگ و تاریک بناکے بیت الاحزان نام رکھا تھا اسمین رہتے تھے اور جب اہل شام تحصیل غلہ کے واسطے مصر کو جاتے تو وہان سے لوٹ کر بیت الاحزان کے قریب آتے اور حضرت یعقوب سے ملازمت حاصل کرکے عزیز مصر کی صفات اور عادات بیان کرتے کہ حضرت عزیز مصر کے واسطے دعائے خیر فرمایا کرتے اور کہتے کہ یہ صفات حضرات انبیا اور خصائص و عادات اصفیا عزیز مصر مین کہان سے آئے اور کبھون یہ ظاہر کرتے کہ ای کاش مین عزیز مصر کے پاس جاسکتا تو ضرور جاتا شاید سیر ایوسف مجکو ملجاتا مگر آنکھین نہین ہین کیا کرون اور طاقت نہین ہی کسطرح جنبش کرون انھین دنون مین بیٹون نے تنگی عام اور قلت طعام کی شکایت کرکے عرض کیا کہ یا حضرت ایک مدت مدید گذری ہی کہ آپ نے ہماری طرف گوشہ چشم سے نہین دیکھا ہی اور ہمارا حال زار نہین پوچھا روایت ہی کہ بیس برس یا چالیس برس کے قریب گذرے تھے کہ حضرت نے بیٹون سے کلام نہ کیا تھا اور انکی صحبت سے علیحدہ ہوکر بیت الاحزان مین اقامت فرمائی تھی اور ہرگز بیٹون کی طرف متوجہ نہوئے تھے سو بیٹون نے التماس کیا کہ ہم لوگ بے شبہہ گنہگار اور مستوجب عقوبت پروردگار ہین لیکن ہمارے عیال و اطفال نے کیا گناہ کیا ہی کہ بھوکھ سے مرے جاتے ہین فاقون سے حالت انکی تباہ ہی اس کلام سے حضرت یعقوب کو رحم آیا تب طہارت تازہ کرکے ارشاد کیا کہ مصر مین ایک بندہ خدا مؤید من عند اللہ موصوف بصفات حمیدہ و متخلق باخلاق پسندیدہ ہی وہ لوگون کو غلہ عنایت کرتا ہی سو تم اسکے حضور مین حاضر ہوا اور جو کچھ ہدیہ تمھارے پاس ہو لیجاؤ اور کھانا اسکے عوض درویشون کے واسطے لاؤ بولے ہم لوگ فقیر و محتاج ہین بضاعت ہماری قابل امیرون اور بزرگون کے نہین ہی پھر ہم ایسے عزیز کی خدمت مین کسطرح حاضر ہون فرمایا مین سنتا ہون کہ وہ عزیز کریم ہی اور کریم لوگ اندک پذیر و بسیار بخش ہوتے ہین چنانچہ مشہور ہی کہ الکریم

یقبل الشئ الیسیر ویعطی الکثیر عرض کیا کہ ہر چند وہ عزیز کریم ہی لیکن ہمکو خود شرم آتی ہی کہ متاع حقیر حاکم کبیر کے روبرو کیا لیجائین فرمایا مضائقہ نہین گو متاع وضیع ہی لیکن نسب تمھارا رفیع ہی کہنے لگے کہ اگر با این ہمہ وہ عزیز بضاعت ناقصہ قبول نہ کرے تو کیا کرینگے ارشاد کیا کہ اپنی غربت ومسکنت ظاہر کرنا غرض بیٹون نے باستصواب پدر شریف کمر ہمت سفر مصر پر باندھی اور چند درم سیاہ اور بمقدار پشم وپیوا ونٹون پر لاد کر آمادہ روانگی ہوئے تو حضرت نے فرمایا کہ دس شخص جاؤ گیارہ اونٹ لیجاؤ بنیامین کو میری تسلی کے لیے چھوڑو اور فرمایا کہ جب مصر مین پہونچنا تو اول بادشاہ کو خبر کرانا کہ غریب لوگ کنعان سے آئے ہین اگر اجازت احضار ہو تو حاضر ہونا بلا اذن ہرگز نہ جانا کیونکہ امرا نازک مزاج ہوتے ہین اور جب روبرو پہونچو تو اول ستایش وثنائے بادشاہی باحسن وجہ بیان کرنا اور کلام کرنے مین باادب رہنا کسی کی طرف التفات نکرنا کیونکہ سلاطین کے روبرو دوسری طرف دیکھنا خلاف ادب ہی اور جو حکم بیٹھ جانے کا ہو تو بیٹھ جانا ورنہ باادب کھڑے رہنا اور جب تک اذن کلام کا نہ دے گفتگو نکرنا اور اگر پوچھے تو جواب ضروری باادب دینا فضول گوئی نکرنا اور جو کھانا کھلاوے تو باادب کھانا اور جب حکم رخصت صادر فرمائے تو فوراً رخصت ہونا مگر بادشاہ کیطرف پیٹھ کرکے نہ پھرنا اور جب دربار سلطانی سے باہر آنا تو اس مجلس کی گفتگو کسی دوست سے بھی نکرنا کیونکہ اگر یہ خبر بادشاہ کو پہونچیگی تو نظر سے گر جاؤ گے اور دربار شاہی مین دوسری مرتبہ جانے نپاوگے القصہ فرزندان یعقوب بعد ساعت دعا پدر بزرگوار جانب مصر روانہ ہوئے اور بعد قطع مسافت حوالی مصر مین پہونچے نقل ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے پیشتر سے ایک مکان مضبوط سر راہ مصر پر کہ جانب کنعان واقع ہی تعمیر کرایا تھا اور اسپر چند پاسبان معین فرمائے تھے اسواسطے کہ جو کوئی شخص کنعان کی طرف سے آوے اسکا حال دریافت کرکے لکھین چنانچہ حضرت یوسف کے دسون بھائی اس مکان پر پہونچے اور شب باش ہوئے صبح کو چلنے لگے نگاہبانون نے عرض کیا کہ عزیز مصر کا یہ حکم ہی کہ جب کوئی شخص یہان آکر فروکش ہو تو نام ونسب اسکا دریافت کرکے اطلاع کرو جب بادشاہ اجازت دے تب مصر مین آنے دو والا اندر آنے نہ دو پس کہو سو آپ اپنا نسب وحسب اور ارادہ بیان کیجیے اور فرمائیے آپکے پاس بضاعت کس قسم کی ہی بولے ہم کنعان سے آتے ہین حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہین عزیز مصر کے پاس غلہ لینے آئے ہین اور بضاعت ہماری ناقص ہی سو پاسبانون نے اصل ونسب وبضاعت بقید نام عرضی مین لکھ دیا تو کنعانیون نے پوچھا کہ تمنے بضاعت کا ذکر بھی لکھا اسمین بڑی شرم آتی ہی فائدہ جب بندہ مسلمان قبر مین داخل ہوتا ہی تو منکر ونکیر باہیبت وجلال تشریف لاتے ہین تاکہ اس سے سوال کرین حضرت ارحم الراحمین سے وحی آتی ہی کہ میرے بندے سے

بضاعت

بضاعت اعمال کا سوال نکرو کہ اعمال اُسکے آلودہ و ناقص ہین صرف خدا و رسول اور دین کا سوال کرو
کہ ایمان اُسکا اپنے رب پر درست ہی اور رسول اُسکا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور دین اُسکا دین اسلام ہی
اور جو زیادہ خواہش ہو تو قبلہ بھی دریافت کرلو قبلہ اُسکا کعبہ ہی اور کتاب بھی پوچھ لو کہ قرآن عظیم ہی اسواسطے
کہ مومن گنہگار کا قول کام آتا ہی نہ فعل سو قول اُسکا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہی اور کردار اُسکا معصیت
و گناہ بالجملہ عرضی حاجبون کی حضرت یوسف کے حضور مین پہونچی آپ نے پڑھکر جانا کہ میرے بھائی
آئے ہین اس خیال مین دیر تک متحیر رہے پھر رونے لگے مقربان دربار زیادہ تر تحیر مین پڑے کہ یہ کیا
معاملہ ہی عرضی کے دیکھتے ہوئے عزیز مصر کو رنج ہوا وزیر اعظم نے کہ محرم اسرار تھا عرض کیا کہ اے
عزیز سبب گریہ کیا ہی حضرت نے خلوت مین جاکر کہا کہ یہ لوگ میرے بھائی ہین باپ سے مجھے بہانے
سیر جنگل مین لیگئے اور کنوین مین ڈالا اور جب نکالا گیا تو ایک تاجر کے ہاتھ بیچ ڈالا اور میرے قتل کا
ارادہ رکھتے تھے لیکن اللہ نے مجکو محفوظ رکھا اب انپر قحط کی تکلیف ہی غلے کے واسطے آئے ہین
مین حیرت مین ہون کیا کرون اور انکے حال پریشان پر روتا ہون اور افسوس ہی کہ میرے سبب سے
گنہگار ہوئے وزیر نے کہا اس معاملے مین حاجت تامل نہین ہی ان لوگون نے عمداً آپ پر ظلم کیا ہی
آپ بھی اُنکے مقابلے مین حکم دیجیے کہ انکی گردن ماری جائے فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ یہ سب میرے
بھائی ہین اگرچہ ان لوگون نے مجپر ستم کیے پر اُسکے بدلے بدی کرنا اور ایذا پہونچانا فتوت آدمیت
سے بعید ہی بالخصوص میری شان کے خلاف ہی وزیر بولا کہ اے عزیز پھر تو انکے ساتھ کیا معاملہ کریگا فرمایا
جو کچھ بھائیون کو بھائیون کے ساتھ واجب ہی اور کریمون کو مستحق ہی سے کیونکہ جو کچھ ان صاحبون نے
میرے ساتھ کیا ہی وہ انکی خجالت کے لیے کافی ہی وزیر نے اس مروت و کرم پر آفرین کی اور اپنی گفتگو پر
شرمندہ ہوا بعد اُسکے حضرت یوسف علیہ السلام نے ضیافت کے واسطے حاجب کو تاکید لکھی اور کئی طرح
کے میوے اور قسم قسم کے کھانے بھیجے اور حکم دیا کہ انکو باعزاز و اکرام مصر تک پہونچا دین اور شہر کو
بزور آمد برادران آراستہ کروایا اور فرش پر تکلف بچھوایا اور ایک تخت زرین مرصع بجواہرات
فرش کے بیچ مین رکھوایا اور ایک شامیانہ اسپر کھنچوا دیا اور چند غلام خوبصورت لطیف سیرت سلاح بستہ
نیزہ بازی مین مصروف ہوئے اور اعیان و اکابر مملکت کو طلب کرکے مجلس کو موافق دستور سلاطین
کمال زیب و زینت سے آراستہ فرمایا و خود بدولت و عظمت تخت پر بیٹھے پھر اجازت دی کہ کنعانیون کو
حاضر کرو اسی کا اشارہ ہی و جاء اخوۃ یوسف فدخلوا علیہ فعرفہم وہم لہ منکرون یعنے آئے بھائی یوسف کے
پھر داخل ہوئے اُسکے پاس تو اُسنے پہچانا انکو اور وہ نہین پہچانتے تھے بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف

نے سب بھائیون کو بے تامل پہچان لیا اگرچہ دونون قسمون مین کچھ فرق نہ تھا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
بھیجوا دیا القصہ جب سب بھائی سامنے گئے تو حضرت یوسف نے اپنی زبان مین پوچھا کہ تم اِس شہر مین
کہان آئے بولے ہم اپنے عیال کے واسطے کھانا لینے آئے ہین فرمایا تم لوگ چور ہو یا جاسوس
صاحب جلالین فرماتے ہین کہ حضرت یوسف کے بھائیون نے کہا معاذ اللہ ہم لوگ کنعانی ہین حضرت
یعقوب علیہ السلام کی اولاد چور نہین ہین حضرت نے فرمایا تمھارے باپ کے اور بھی کوئی اولاد ہی
بولے ہم بارہ بھائی تھے ایک بھائی چھوٹا ہمارا کہ محبوب پدر تھا سو جنگل مین ہمارے ساتھ گیا وہین مرگیا
اب اسکا بھائی اعیانی ہی سو اسکو باپ نے اپنی تسلّی خاطر کے لیے رکھ لیا ہی اور اسکا اونٹ ہمارے ساتھ
کر دیا ہی اور بعض مفسّرین لکھتے ہین کہ جب حضرت نے سکونت پوچھی تو کہا ہم اہل شام ہین غلہ لینے تمھارے
شہر مین آئے ہین فرمایا تم چور ہو گویا اشارہ کیا اُس حرکت پر جو اُنسے صادر ہوئی تھی پھر پوچھا تم کتنے
آدمی ہو بولے ہم دس ہین فرمایا تم دس ہزار کے برابر ہو پھر کہا کہ ہم بارہ بھائی تھے ایک آدمی صدیق
کی اولاد مین اُنمین جو چھوٹا تھا اُسکو ہمارے باپ بہت پیار کرتے تھے وہ جنگل مین مرگیا اور ایک بھائی
باپ کے پاس رہگیا ہی حضرت نے فرمایا کہ تم اپنے باپ کو صدیق و سچا کہتے ہو اور پھر بیان کرتے ہو کہ
چھوٹے کو زیادہ پیار کرتے تھے یہ تو شان صدیقون کی نہین ہی کہنے لگے کہ اگر تم بھی اُس چھوٹے بھائی کو
دیکھتے تو پیار کرنے لگتے وہ ایسی لائق تھا کہ جو کوئی دیکھے عاشق ہو جاے اور ہم بھی اسکو بہت پیار کرتے تھے
مگر جب سے اُسنے جھوٹے خواب دیکھنا شروع کیے تب سے ہمکو نفرت ہوگئی فرمایا اُسنے کیا خواب
دیکھا تھا بولے اُسنے یہ دیکھا کہ مین بادشاہ ہون اور میرے سب بھائی اور والدین تابعدار مجھکو سجدہ
کرتے ہین فرمایا کہ وہ بادشاہ ہوا یا نہین کہا شاید بہشت کا بادشاہ ہوا ہو کیونکہ وہ مرگیا اور لڑکے نابالغ
بہشتی ہوتے ہین ظاہر مین تو بادشاہ نہین ہوا اور اُسکو بھیڑیا کھاگیا تھا یہ باتین دریافت کرکے
داروغہ مطبخ سے فرمایا کہ انکو دولت خانے مین اُتارو اور جو کھانا میرے واسطے پکایا جاتا ہی وہی انکے واسطے
تیار ہو اُسنے عرض کیا کہ ای عزیز جو لوگ سونا چاندی جواہر لیکر آئے اُنکو غریب خانے اور مسافرخانے
مین اُترنے کی اجازت ہی اور یہ لوگ محض مفلس بے بضاعت ہین محتاجون کی طرح چند کملیان لیکر آئے ہین
انکو خاص محل مین اُترنے کا حکم ہوتا ہی یہ بات البتّہ عدل سے خلاف ہی فرمایا اے ناواقف اسرار تجھکو
جو حکم ہوتا ہی بجا لا چون وچرا سے کیا کام ہی غرض داروغہ نے اُنکو دولت خانے مین اُتارا پس جب رات
ہوئی تو طعام لطیف خوانون مین لگ کر بکمال تکریم لایا اور حضرت یوسف علیہ السلام ایک طرف کی
دریچی سے لگ بیٹھے اور زبان قبطی مین غلام سے فرماتے کہ اسطرح ہاتھ دُھلوا اور اسطور سے

دستارخوان بچھا جب کنعانیوں نے یہ سامان دیکھا تو سخت متحیر ہوئے اور بسبب حیرت اس حالت مین یہ ہوا کہ اسی وقت غریب خانے مین بھی کھانا کھلایا جاتا تھا سو انھون نے ادھر دیکھا تو فی کس ایک نان موافق تنگی زمانے کے دیجاتی تھی حالانکہ انھین لوگون نے بارہ بارہ سو دینار کا غلہ خرید کیا تھا الغرض آپسمین کہنے لگے کہ بادشاہ نے ہماری بہت عزت فرمائی حالانکہ ہم سخت بے بضاعت تھے شمعون نے کہا کہ شاید ہمارے آبا و اجداد کا حال سنکر یہ توقیر فرمائی ہو روبیل نے کہا شاید ہماری غربت و مسکنت پر نظر کرکے رحم کیا ہو لادی نے کہا شاید ہماری صورتین دیکھکر تعظیم کی ہو اور حضرت یوسف علیہ السلام یہ باتین سنکے روتے تھے جب کھانا کھانے لگے تو حضرت نے افرانیم یا منشا اپنے بیٹے سے فرمایا کہ تو خلعت شاہانہ پہن کر پانی پلانے کو کھڑا ہو اور وہ کٹورا جسمین مین پانی پیتا ہون اسی سے پلا اسنے عرض کیا کہ یہ سب کون لوگ ہین کہا میرے بھائی ہین کنعان سے آئے ہین اسنے التماس کیا کہ انھین صاحبون نے آپ کو بیچا تھا فرمایا ہان انھین کے باعث سے اس مرتبے کو پہونچا ہون مجھکو انکے ساتھ احسان کرنا مناسب ہی غرضکہ وہ لڑکا کٹورا لیکر پانی پلانے لگا اور حضرت یوسف علیہ السلام زبان قبط مین باتین کرنے لگے مگر کنعانیون نے ہرگز نہ پہچانا فائدہ یہ جو ارشاد ہوا فعرفھم وھم لہ منکرون یعنے یوسف نے بھائیون کو پہچانا اور بھائیون نے نہ پہچانا سو عدم شناخت کے سبب مین مفسرین کو اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ اس سبب سے نہین پہچانا کہ یہ لوگ حضرت کو اسیر و غلام جانتے تھے اور حصول اس مرتبہ کا محال سمجھتے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت کو گم شدہ جانکر حیات و ممات سے واقف نہ تھے کیونکہ مصر سے کنعان تک ہمگین آٹھ دن کی مسافت ہی اور ایک مدت مدید گذری اور کچھ خبر نہ ملی تو جانا کہ حضرت یوسف نے انتقال کیا اور بعضے کہتے ہین کہ ان لوگون نے حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف نہین دیکھا بلکہ ادب بادشاہی سے اپنا سر جھکائے تھے اس باعث سے نہ پہچانا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف ترجمان کے ذریعے سے کلام کرتے تھے اور کاتب اوراق کے نزدیک دو وجہین معلوم ہوتی ہین ایک یہ کہ بسبب فاقہ کشی اور شدت بھوک کے بصارت مین ضعف تھا اس سبب سے چہرۂ مبارک نظر نہ آیا جو پہچانتے اور عادت زمانہ جاری ہی کہ بھوک مین کچھ نہین سوجھتا روایت ہی کہ ایک دن حضرت خاتم المرسلین محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وسلم اپنی بیٹی فاطمہ علیہا السلام کے گھر مین تشریف لیگئے تو یہ تعظیم کو نہ اٹھین یہانتک کہ حضرت نے کلام کیا تب آواز سنکر اٹھ کھڑی ہوئین اور شرمندگی سے رونے لگین اور عرض کرنے لگین کہ یا حضرت میرا قصور معاف کیجیے مین نے آپ کو نہین پہچانا تھا فرمایا اے فاطمہ تیری آنکھون مین

کیا ہوا بولین یا حضرت عنایت الٰہی سے کوئی مرض نہین ہی لیکن تین روز سے مجھے فاقہ ہی اور علیؑ مرتضیٰ
کے گھر مین کچھ بضاعت نہ تھی کہ کھانا لاتے سو مین تین دن سے بھوکی ہون آج مین نے اپنا کپڑا دیا ہی
کہ اسے بیچ کر کچھ کھانا لاؤ جب آپ تشریف لائے تو مین نے جانا کہ علی مرتضیٰ آئے پھر عرض کیا کہ یا حضرت
اگر اپنے واسطے وسعت رزق کی دعا نہین فرماتے تو میرے واسطے دعا کیجیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے قمیص مبارک کھولکر دکھلایا تو ایک پتھر بطن شریف پر بندھا تھا حضرت فاطمہؑ نے دیکھکر تاسف کیا
حضرت نے فرمایا مین صبر کرتا ہون تو بھی صبر کر اور بروز قیامت اسی حالت مین شفاعت امت
کرینگے تو عورتون کی شفاعت کرنا مین مردون کی دوسری وجہ یہ ہی کہ حضرت یوسفؑ کے بھائیون نے
بڑا ظلم کیا تھا اور ظاہر ہی کہ ظلم سے آنکھین اندھی ہوجاتی ہین دیکھو گناہ کرنا اور حکم خدا کے خلاف کرنا ظلم ہی سو گنہگارون
کی آنکھون سے ہرگز دنیا مین نہین سوجھتا ہی اور اگر سوجھتا تو عذاب دوزخ وثواب جنت دیکھکر اوس گناہون سے
باز رہتے القصہ حضرت یوسفؑ نے نہایت خاطر داری سے تین دن دعوت کی اور وقت رخصت دس اونٹ غلے سے بھر دیے
اور اسباب بھی اونٹون مین رکھوا دیا کہ بخوبی احسان ہوا و بنیامین کا اونٹ واپس کر دیا اور فرمایا کہ بنیامین کو یہان لاؤ تو اوسکو بھی غلہ دون
کیونکہ مین آدمیون کے حساب سے غلہ دیتا ہون نہ کہ اونٹون کے شمار سے سو وہ لوگ روانہ ہوئے
تھوڑی دور چلکر سوچے کہ اگر بنیامین کا حصہ نہین لیجاتے تو ہمارے والد کو بھی خیال ہوگا کہ انھون نے
طلب مین قصور کیا اسلیے پھر دربار مین آئے اور کہنے لگے کہ اے عزیز مصر ہماری عرض ہی اسکو
سن لیجیے کہ ہم اپنا بھائی علاتی بنیامین نام خدمت والد مین چھوڑ آئے ہین اور اونٹ اسکا مع اسباب
لے آئے ہین اگر سرکار اسکا حصہ بھی عنایت فرماوے اور بضاعت اسکی قبول کرے تو سراسر
عنایت وتفضلات ہی اور عین احسان ای عزیز اگر ہم اس بھائی کا حصہ نہ لیگئے تو ہمارے باپ ناراض
ہوسنگے حضرت یوسف نے فرمایا کہ تمھارے باپ نے کسلیے بنیامین کو تمھارے ساتھ نہین بھیجا بولے
ہمکو بنیامین کا امین نہین جانتے ہین اور ہم پر انکو اعتماد نہین ہی فرمایا کیا سبب ہوا کہ باپ کو اعتماد
جاتا رہا کہنے لگے کہ ہمارے ایک بھائی تھا یوسف نام اسکو ہم جنگل مین لیگئے اور ہم سب لوگ تیر
چلانے لگے وہ کم سن تھا اسواسطے اسکو اسباب پر چھوڑ گئے جب لوٹ کر آئے تو وہ بھائی نہ ملا
نہین معلوم اسکو بھیڑیا کھا گیا یا چور نے لیکر مار ڈالا یا کنوئین مین ڈال دیا ایک کرتہ اسکا ملا سو ہمنے
باپ کو دکھلایا اسدن سے ہمارے والد کو بڑا رنج ہی دن رات رویا کرتا ہی اور ہمارا اعتماد جاتا رہا فرمایا
تم لوگ کسواسطے میرے روبرو کم وبیش کہتے ہو کیونکہ اگر بھیڑیا لیجاتا تو کرتہ کیونکر مسلم رہتا اور اگر چور
لیجاتا تو کرتہ کسلیے چھوڑ جاتا بقول تمھارے بھیڑیا و چور دونون بڑے مہربان تھے بعد اسکے دربار کے

لوگون سے فرمایا کہ تم انکی باتین سنتے ہو سب نے ہاتھ باندھکر التماس کیا کہ یہ بات بالکل جھوٹھ ہے اسی سے ہمنے کہا تھا کہ یہ لوگ چور ہین یا جاسوس انکو سزا دینا بہتر ہے فرمایا کہ اگرچہ چور و جاسوس ہون لیکن مجھے انکے ساتھ لطف و کرم چاہیے اسواسطے کہ میرے مہمان ہین روایت ہے کہ اسباب بنیامین کا رکھ لیا اور فرمایا کہ انکو میرے پاس لے آؤ چنانچہ ارشاد ہوا ولما جہزہم بجہازہم قال ائتونی باخ لکم من ابیکم الا ترون انی اوفی الکیل و انا خیر المنزلین فان لم تاتونی بہ فلا کیل لکم عندی ولا تقربون یعنے جب تیار کر دیا انکو انکا اسباب کہا لے آؤ میرے پاس ایک بھائی جو تمھارا ہے باپ کی طرف سے تم نہین دیکھتے ہو کہ مین پوری دیتا ہون بھرتی اور خوب طرح اتارتا ہون اگر اسکو نہ لائے میرے پاس بھرتی نہین تمکو میرے نزدیک اور میرے پاس نہ آؤ فائدہ اس تاکید کا سبب شاید یہ ہو کہ حضرت یوسف کو اپنے بھائیون کا حسد معلوم تھا اور جو کچھ فساد انکے ساتھ کر چکے تھے یاد تھا سو خیال کیا کہ ایسا نہو کہ بنیامین کو بھی مار ڈالا ہو بالجملہ ان لوگون نے کہا کہ ہم اسکے باپ سے خواہش کرینگے کما قال اللہ تعالے قالوا سنراود عنہ اباہ و انا لفاعلون یعنی ہم بنیامین کو اپنے والد سے مانگین گے اور بخوبی کوشش کرینگے لیکن اختیار ہمارا کامل نہین ہے اگر باپ ہمارے آنے دینگے تو ہم ضرور لا دینگے عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے ایک میعاد آمد و رفت کی مقرر کر دی تھی جب وہ مدت گذر گئی تو ایک قاصد واسطے خبر لینے کو مقرر کرکے روانہ فرمایا وہ آدمی ایک فرسخ کنعان سے جانب مصر گیا تھا کہ صاحبزادے تشریف لاتے ہوئے نظر آئے اسنے پلٹ کر خبر دی حضرت یعقوب باہر نکل آئے اور بیٹون سے ملے انھون نے مصر کا حال کہا کہ آپ کے سبب سے بادشاہ نے ہماری بڑی تعظیم و تکریم فرمائی اور کھانے کو دیا مگر بنیامین کا حصہ نہین دیا اور ہمنے جب اصرار کیا تو فرمایا کہ اپنے بھائی کو میرے پاس لے آؤ تو مین حصہ دون اور جو اسکو نہ لاؤ گے تو مین تمکو بھی غلہ نہ دونگا فارسل معنا اخانا نکتل و انا لہ لحافظون یعنے بھیج ہمارے ساتھ بھائی ہمارا کہ بھرتی لا دین اور ہم اسکے نگہبان ہین قال ہل آمنکم علیہ الا کما امنتکم علی اخیہ من قبل فاللہ خیر حافظا و ہو ارحم الراحمین یعنے حضرت یعقوب نے فرمایا کہ مین اعتبار کرون تمھارا اسپر مگر وہی جیسا اعتبار کیا تھا اسکے بھائی پر پہلے سو اللہ بہتر ہے نگہبان اور وہ ہے سب مہربانون سے مہربان یعنی تم لوگون نے یوسف کے لیجانے مین انا لہ لحافظون کہا تھا اور مجھسے عہد و پیمان کیا تھا اور تمنے کچھ بھی حفاظت نہ کی اور وفاے عہد نہ کیا اب بھی وہی معاملہ کروگے اور جو مین نے تمپر اعتماد کیا سو اس سبب کہ لڑکون پر اعتماد انسان کو ہوتا ہے مگر میری بڑی خطا تھی اب اس زلت سے توبہ ہے تم کیا نگہبانی کروگے مین اپنے اللہ کو نگہبان جانتا ہون کہ وہ بہتر محافظ و بڑا

مہربان ہی بعد اسکے اونٹون کی خرجیان کھولین اور غلہ نکالا اور بضاعت بھی اسمین پائی بولے یا
ابانا ما نبغی ہذہ بضاعتنا ردت الینا ونمیر اہلنا ونحفظ اخانا ونزداد کیل بعیر ذلک کیل یسیر یعنے ای باپ وہی
جو ہم مانگتے ہین یہ پونجی ہماری پھیر دی ہی ہمکو سو پھر جاوین اور غلہ لاوین اپنے گھر کو اور نگہبانی کرین اپنے
بھائی کی اور زیادہ لاوین ایک اونٹ اور جو لائے ہین وہ تھوڑا ہی یعنے حسب دستور مسافرون کے
حضرت یعقوب کے بیٹون نے اول حالات سفر بیان کیے پھر خاطر جمعی سے اسباب کھولا تو قیمت غلہ
کی واپس پائی کمال شاکر و ممنون ہوئے اور کہنے لگے کہ اے باپ ہم سچ کہتے تھے کہ بادشاہ نے
ہمارے ساتھ بڑی مہربانی فرمائی دیکھو اس سے زیادہ لطف کیا ہی کہ غلہ دیا اور قیمت بھی پھیر دی اب تو
ہم ایسے کریم کے حضور مین پھر جائینگے اس مقام سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام بڑے
عادل و حلیم و کریم و رحیم تھے کیونکہ غلہ بھی دیا قیمت بھی دی اور باوصف قدرت کے اپنے مجرمون سے
گرفت و گیر نہ فرمائی اور بضاعت کو پوشیدہ رکھدیا کہ گھر مین جا کر دیکھین پھر آوین اگر اسی وقت دیکھ لیتے
تو ممنون ہو جاتے کرم اسکا نام ہی کہ جو کچھ مفلس یا غریب کو دے اپیر احسان نہ تجھے روایت ہی کہ حضرت
یعقوب نے جب دیکھا کہ قیمت غلہ پھیر دی ہی فرمایا کہ تمھاری بضاعت کی حقیقت نہ تھی اس باعث
سے بادشاہ نے واپس کی یہ تو شرمندگی کی بات ہی کچھ خوشی کا مقام نہین کھوٹے دامون کا
یہی حال ہی اسی طرح حضرت مالک الملک جل جلالہ کا دستور ہی کہ جس کسی سے راضی نہین اسکے
جمیع معاملات قبول نہین فرماتے القصہ بعد چندے صاحبزادون نے مصر کا ارادہ کیا اور بنیامین
کو باپ سے طلب کیا فرمایا لن ارسلہ معکم حتی تؤتون موثقا من اللہ لتاتننی بہ الا ان یحاط بکم فلما اتوہ موثقہم
قال اللہ علے ما نقول وکیل یعنی حضرت یعقوب نے فرمایا کہ بنیامین کو ہرگز نہ بھیجونگا جب تک تم
خدا سے عہد مضبوط نکرلوگے کہ ہم اسکو مع الخیر پہونچا دینگے لیکن اگر تم سب کے سب کہین پھنس جاؤ
تو مجبوری ہی تب سب نے عہد مضبوط کیا فرمایا کہ اللہ کا ذمہ ہی جو باتین کہتے ہین اور ایک نوازشنامہ ردیل
سے لکھوا کر حضرت یوسف کے نام بنیامین کے سپرد کیا مضمون یہ تھا کہ ای بادشاہ تجھکو اللہ سلامت
رکھے تو نے ہمارے بیٹون سے پوچھا کہ یعقوب کی محنت و اندوہ و ضعف و انحنا کا سبب کیا ہی سو حال
یہ ہی کہ اندوہ و ضعف میرا ہول قیامت سے ہی اور جو مین کمر سے جھک گیا ہون سو فراق یوسف سے
کہ وہ میرا محبوب تھا اور محنت کا یہ سبب ہی کہ اس خاندان کو اللہ نے محنت کے واسطے مخصوص فرمایا ہی
دیکھو حضرت ابراہیم میرے جد بزرگوار کو آتش نمرودی مین مبتلا کیا اور میرے باپ اسحاق کو ہمیشہ رنج
و محنت مین رکھا اور عم اکرم اسمعیل کو ذبح کرایا اور مجھکو فراق یوسف مین ڈالا ہی اور مین نے سنا کہ بادشاہ نے

میرے بیٹون پر بہت عنایت وکرم کیا سو خدا سے تعالے جزاے خیر دے اب مین حسب ایما سے سلطان بنیامین کو بھیجتا ہون چاہیے کہ اسکو جلد واپس کر دکہ یہ رانجام سا رہو والسلام اور بعضے کہتے ہین کہ یہ سب کلام بنیامین سے زبانی کہلا بھیجا خط نہین لکہا ہر تقدیر گیارہ بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کے مصر کی طرف چلنے لگے تو حضرت نے فرمایا کہ مصر کے چار دروازے ہین باب الشام باب المغرب باب الیمن باب الروم باب طلیسمون باب مصر سو تم سب ملکر ایک دروازے سے داخل نہونا جدا جدا دروازون سے پیٹھو کما قال یا بنی لاتدخلوا من باب واحد وادخلوا من ابواب متفرقۃ اور سبب اس نصیحت کا یہ ہوا کہ ہر ایک انکا حضرت کا موصوف بصفات تھا یعنے خوبصورت وقوی و پہلوان تھا سو حضرت یعقوب کو خوف ہوا کہ نظر نہ لگ جاے مگر یہ بھی فرمایا کہ وما اغنی من اللہ من شیئ ان الحکم الا للہ علیہ توکلت وعلیہ فلیتوکل المتوکلون یعنے مین نہین بچا سکتا تمکو خدا کی کسی چیز سے حکم کسی کا نہین سواے خدا کے اسی پر مجھکو بھروسا ہی اور اسی پر بھروسا چاہیے بھروسا کرنے والون کو **فائدہ** اس مقام سے دو فائدے عمدہ نکلے اول یہ کہ بندہ گناہ سے کافر نہین ہوتا ورنہ حضرت یعقوب علیہ السلام یا بنی نہ فرماتے دوسرے چشم زخم حق ہی جسطرح ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین السحر حق والعین حق ولو کان شئے سبق القدر سبقتہ العین رواہ مسلم یعنے سحر حق ہی اور نظر کا لگنا ٹھیک ہی اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی تو نظر غالب ہوتی پس جو لوگ کہتے ہین کہ آدمی کا زہر سانپ سے زیادہ ہی سچ ہی کیونکہ سانپ کا زہر دانتون مین ہی جب تک نزدیک آکے نہ کاٹے زہر نہ لگے اور آدمی کا زہر آنکھون مین ہی کہ دور سے لگتا ہی اور یہ اثر غیر کے مخصوص نہین ہی بلکہ کبھون اپنی نظر بھی اپنی لگ جاتی ہی اور یہ اثر خالق لایزال نے سب آدمیون کی نظر مین نہین رکھا ہی بلکہ بعضون مین ہی اور جسطرح نظر آدمی جوان بوڑہے واڑکے پر لگتی ہی اسی طرح جانور اور کھیتی باغ دولت اسباب پر لگ جاتی ہی اور اللہ جل شانہ نے علاج اسکا اپنے رسول مقبول کی زبان سے بیان کرایا ہی تاکہ خلقت کو فائدہ ہو چنانچہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہی کہ اگر کوئی شخص اپنے نفس یا مال پر نظر لگنے کا وہم کرے تو وہ شخص اس آیت کو جو سورہ نون مین ہی پڑھ کر تین بار دم کر دیا کرے وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارہم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ہو الا ذکر للعالمین اور اگر کوئی چیز کسی کو پسند آوے مال ہو یا اولاد یا زوجہ یا مکان یا باغ یا اسکے سواے اور ہی کوئی چیز ہو تو چاہیے اسی وقت کہی ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ اسکے کہنے سے اللہ تعالے نظر کی تاثیر ہونے نہین دیتا اور اگر کوئی جانے کہ میری نظر بہت ہی سخت ہی تو اسکو چاہیے کوئی چیز نہ دیکھا کرے اور اگر نظر پڑ جاے تو کہے اللہم بارک علیہ اس

مسئلہ علم نظر چشم بد

سے کلمے کے کہنے سے نظر اثر نہین کرتی اور صراط مستقیم مین لکھا ہے کہ شیخ ابو القاسم قشیری نے فرمایا ہے کہ
ایک مرتبہ لڑکا میرا بیمار ہوا ایسا کہ قریب المرگ ہو گیا اتفاقاً مین نے حضرت صلعم کو خواب مین دیکھا اور
بیماری کی شکایت کی فرمایا کہ آیات شفا سے غافل ہو رہا ہے سو مین نے وہ چھون آیتین لکھکر پانی مین گھولین
اور وہ پانی بیمار کو پلایا اچھا ہو گیا اس جگہ آدمی کو چاہیے کہ ایمان کی راہ چلے اور اپنی عقل کو دخل نہ دے
کیونکہ عقل اس جگہ عاجز ہے اللہ و رسول کے اسرار کو معلوم نہین کر سکتی اور اگر کوئی فلسفی مشرب کہے
کہ یہ علاج تو عقل مین نہین آتا ہے اسکا جواب یہ ہے کہ تو کیا اور تیری عقل کیا فائدہ اسی کا نام ہے جو عقل مین آوے
دیکھ بعض ادویہ کو حکما بالخاصیت مفید جانتے ہین مثلاً سقمونیا کو مسہل کہتے ہین اور عقل کو مطلق دخل
نہین دیتے اسی طرح اس علاج کو بھی بالخاصیت مفید جاننا چاہیے اور بعض احادیث مین وارد ہے
کہ ایک روز حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لڑکا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر مین دیکھا کہ
وہ زرد ہوتا جاتا ہے فرمایا کہ افسون کرو اسکو جن کی نظر ہے اس سے معلوم ہوا کہ جسطرح آدمی کی نظر لگتی ہے
اسی طرح جن کی نظر لگ جاتی ہے اور یہ جو افسون کا ذکر حدیث مین آیا سو اس سے وہ افسون مراد ہے کہ
جسکے معانی معلوم ہون اگر معنی معلوم نہون تو وہ افسون درست نہین بلکہ اسمین خوف کفر ہے اگر کوئی شبہہ
کرے کہ پہلی مرتبہ بھی بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کے مصر کو ایک ساتھ گئے تھے سو پہلی مرتبہ کسواسطے
نصیحت نہ فرمائی تو جواب یہ ہے کہ اول مرتبہ یہ لوگ مجہول الحال تھے کوئی نجانتا تھا کون ہین اب تو مصر کے
لوگون نے بخوبی پہچان لیا کہ ایک شخص کے بیٹے ہین اس سبب سے نظر کا خوف ہوا چنانچہ تفسیر
قرآن القرآن مین اسی مقام پر لکھا ہے کہ اتا فی الکرۃ الاولے کانوا مجہولین تیسرا فائدہ یہ معلوم ہوا کہ شفقت
و مہر پدری باوصف جور و جفا کے بھی باقی رہتی ہے چنانکہ جفا پر یہ قصہ دلیل ہے اور شفقت پدری نصائح
سے ظاہر ہے جو تھا یہ نصیحت کرنا بزرگون کو واجب ہے ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین الا
ان الدین نصیحۃ پانچوان معلوم ہوتا ہے کہ ڈرتے مین فائدہ ہے اگر ایسا نہوتا تو حضرت یعقوب علیہ السلام صاحب
اپنے صاحبزادون سے نہ فرماتے چھٹوان یہ کہ تاجرون کو شہرون مین پوشیدہ جانا چاہیے اور اپنا کام
بھی خفیہ کرنا چاہیے تاکہ محسود خلائق نہون ولہذا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین استعینوا علے
حوائجکم بالکتمان و استعینوا علی قضاء حوائجکم بالکتمان فان کل ذی نعمۃ محسود القصہ جب فرزندان یعقوب علیہ السلام
کنعان سے بعد قطع مراحل متصل شہر مصر پہنچے تو انکو نصیحت اپنے والد بزرگوار کی یاد آئی اور وہ دو بھائی ایک
ایک دروازے سے باتباع حکم پدر داخل ہوتے صرف بنیامین باب الشام پر تنہا رہ گئے انکا دوسرا
بھائی کہان تھا جسکے ساتھ ہو کر دروازے سے نکلتے سو بیچارے غربت کے مارے سفر کی تکلیف

اُٹھائے بے یار و مددگار متحیر زار زار رونے لگے اور کہنے لگے آہ مین کہان جاؤن کوئی میرا کلام نہین سمجھتا کس سے راہ پوچھون اور زیادہ تشویش کا سبب یہ تھا یعنی اول ملک غیر مین گئی نہین سفر کبھون کیا نہین دوسرے اپنی بے سر و سامانی کا خیال حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی کا ملال دیکھو کیا عنایت الٰہی ہوتی ہے اور کس طرح سے اللہ تعالیٰ اپنی پیغمبر کی بات پوری کرتا ہے کہ بنیامین تو یہان پریشان ہو رہے تھے اور حضرت یوسف علیہ السلام یہ خواب دیکھتے تھے کہ ایک فرشتہ آسمان سے آیا اُسنے کہا کہ غریبون کا لباس سادہ پہن کر نقاب چہرہ پر ڈالکر ناقے پر سوار ہو اور باب الشام پر نہایت جلد جا کہ تیرا بھائی بنیامین وہان تنہا کھڑا ہوا رو رہا ہے فی الفور حضرت یوسف علیہ السلام اسی طرح بھیس بدل کر باب الشام پر پہونچے اور سلام علیک فرما کے زبان عبرانی مین بولے کہان سے آئے اور کہان کا ارادہ ہے بنیامین نے عبرانی مین کہا غلہ لینے آئے ہین کنعان سے اور عرض کیا یہان تو کوئی آدمی ہماری زبان نہین سمجھتا تمکو زبان عبری کہان سے معلوم ہوئی حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم تمھارے شہر مین بہت دن تک رہے ہین وہین یہ زبان سیکھی ہے بعد اُسکے ایک بازوبند یاقوت احمر کا عنایت کیا بنیامین نے لے لیا لیکن یہ نجانا کہ یہ زیور کیا ہے پھر فرمایا کہ تم ہمارے ساتھ آؤ تو ہم تمھارے بھائیون کے اُتارے کا مقام بتلادین چنانچہ اُسی دروازے سے دونون بھائی ناقے پر سوار داخل ہوئے سبحان اللہ العظیم کیا ہے اللہ نے اپنے نبی کے قول کا نباہ کیا ہے کہ حقیقی بھائی کو بھیجکر بنیامین کے ساتھ دروازے سے نکالا غرضکہ حضرت یوسف علیہ السلام باتین کرتے ہوئے بھائیون کے قریب کہ دروازے سلطانی پر سوار کھڑے تھے پہونچے اور بنیامین سے کہا کہ اب تم اپنے بھائیون مین جاؤ کہنے لگے کہ مین تمھارا ساتھ نچھوڑونگا کیونکہ میرا دل تمھاری طرف کھینچتا ہے فرمایا مین غلام ہون بلا حکم اپنے مالک کے تمسے موافقت نہین کر سکتا ناچار بنیامین بھائیون مین تشریف لیگئے لیکن بہت ہی خوش اور محظوظ تب بھائیون نے پوچھا کہ اے بنیامین ہمنے تجھکو کبھون خوش نہین دیکھا آج کیا ہے فرمایا کہ مجھسے ایک ناقہ سوار سے ملاقات ہوئی اُسنے عبرانی مین گفتگو کی اور ایک زیور مجھکو عنایت کیا تب یہودا نے کہا کہ وہ زیور میرے سپرد کر کہ اور کوئی نہ لیوے شمعون نے ہاتھ سے چھین لیا اور اپنے ہاتھ مین پہنا فی الفور غائب ہو گیا اور بنیامین کو پہونچ گیا تب شمعون نے کہا کہ زیور تو جاتا رہا بنیامین نے فرمایا کہ یہ ہے پھر اور کسی نے لیا تب بھی بنیامین کے پاس آگیا اسی طرح ہر ایک شخص نے لیا الا ایک کے پاس بھی نہ ٹھہرا **تنبیہ** ہرگاہ کہ حلیہ یوسف علیہ السلام پر کوئی لڑکا یعقوب علیہ السلام کا قادر نہوا تو شیطان مردود کس طرح سلب ایمان پر قادر ہو سکتا ہے کہ وہ حلیہ رحمان ہے روایت ہے کہ

حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک مکان مربع چالیس گز کا لنبا چوڑا نہایت مکلف بنوایا تھا اور اسمین حضرت یعقوب علیہ السلام اور اپنے بھائیون کی تصویرین مطابق حقیقۃ الحال جو کہ بھائیون نے آنحضرت کے ساتھ کیا تھا کھنچوائی تھین چنانچہ شمعون کی تصویر اسطرح تھی کہ چھری ہاتھ مین حضرت یوسف کا دامن پکڑے ہوا ذبح کرنے کو کھڑے تھے اور تصویر روبیل کی اسطرح تھی کہ حضرت یوسف علیہ السلام گویا اُسکے دامن کو اپنی پناہ جان کر چھپتے ہین اور وہ مارتا ہے اسی طرح سب بھائیون کی تصویرین با حرکات شنیعہ کھنچی ہوئی تھین جب کہ یہ لوگ مصر مین پہونچے تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اُسی مکان مین اتارا روبیل نے جو اُسپر نظر ڈالی تو اپنا سارا حال معائنہ کرکے متحیر ہوا بھائیون نے کہا حیرت کا سبب کیا ہے کہا سارا حال ہمارا موجود ہے غرض سب لوگون نے دیکھا تو سب کے چہرے متغیر ہوئے اورون کا تغیر خوف سے تھا اور بنیامین کا رنج سے اور یہودا کو خوف و رنج دونون ہوا اور یہودا کو بھی خوف تھا الا اسسبب سے کہ اسنے حضرت کو سب سے چھپا کے پانی پلایا تھا اور اُمید عفو رکھتا تھا بعد اسکے حضرت یوسف علیہ السلام نے ارشاد کیا کہ انکے واسطے کھانا لاؤ جب کھانا لایا گیا تو کسی نے ہاتھ نہ ڈالا خادم شاہی نے سبب پوچھا بولے کہ ہم بہت بھوکے تھے لیکن جب سے اس مکان مین آئے ہین نہ بھوک ہے نہ پیاس اور رونے لگے تب حضرت یوسف علیہ السلام نے رحم کرکے فرمایا کہ انکو اُس مکان مین لیجاؤ جہان ہم بیٹھتے ہین اور وہین کھانے کو لاؤ جب اُس مکان مین جا بیٹھے تو حضرت نے عنایات اور کرم کا دروازہ کھول دیا کہ خوشنود و خرم جاتا رہا سب نے کھانا کھایا صرف بنیامین نے نہ کھایا حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ تم کیون نہین کھاتے بولے کہ مین نے اپنے بھائی یوسف کی صورت دیوار پر کھنچی ہوئی اُس مکان مین دیکھی ہے سو یہ امید رکھتا ہون کہ اگر بادشاہ مجھے اذن دے تو ایک ساعت وہین بیٹھون اور جی بھر کے روؤن بادشاہ نے اذن دیا اور اپنے خادم کے ساتھ اُس مکان مین بھیجدیا کہ بنیامین روتے ہوئے پہونچے اور تصویر یوسف کے قریب کھڑے ہو کے بہت روئے کہ بیتاب ہو کے گر پڑے اور حضرت یوسف اُسی خلوت خانے مین داخل ہوئے اور افرائیم کو بلا کے کہا تو جا کے اپنے چچا کے روبرو کھڑا ہو جو کچھ تجھ سے استفسار کرین عبری مین جواب دے اور اگر کہین تو کسکا بیٹا ہے تو کہدینا یوسف کا بیٹا حضرت یعقوب کا پوتا ہون اور جو پوچھین کہ یوسف کہان ہین تو کہنا کہ یوسف وہی ہین جنہنے تمکو اس مکان مین بھیجا ہے ولیکن یہ سر ابھی اُن سے ظاہر کرنا اللہ تعالے نے مجھکو اسی قدر اجازت دی ہے غرضکہ افرائیم بنیامین کے پاس جا کے بیٹھے سو بنیامین کبھون انکی صورت دیکھتے اور کبھون تصویر یوسف اور سخت متعجب تھے کہ اس صورت مین کچھ بھی فرق نہین ہے آخر رہا گیا افرائیم سے کہنے لگے تو نے یہ صورت کہان سے اور کس سے پائی ہے افرائیم نے کہا اسی صورت سے جسکو تم دیکھتے ہو بنیامین نے فرمایا تو

کون شخص ہے افرائیم نے عرض کیا کہ مین یوسف صدیق کا بیٹا ہون بنیامین نے کہا یہان بھی اس نام کا کوئی شخص ہے افرائیم نے کہا یوسف وہ ہین جو ابھی تمھارے پاس بیٹھے باتین کرتے تھے بنیامین بولے کہ میرا بھائی جو غائب ہے اسکا یہی نام تھا افرائیم نے کہا مین اُسی باپ کا بیٹا ہون اور تمھارا بھتیجا ہون تب تو اس بات پر بنیامین خوشی سے اُچھل پڑے اور افرائیم کو اپنی چھاتی سے لگایا اور کہا واشوقاہ یا قرۃ عینی و ثمرۃ فوادی تو سچا ہے تیرے بدن سے میرے بھائی محبوب کی بو آتی ہے اب جلد جا اور اپنے باپ سے کہہ کہ مجھ تشنۂ دیدار کو جلد تر سیراب فرمائین کیونکہ انتظار کی حد گذر گئی اور فرصت غنیمت ہے ع فرصت وقت نگہدار کہ سود سے نکند ٭ نو شدار و کہ پس از مرگ بسہراب دہند ٭ افرائیم نے سارا حال حضرت یوسف علیہ السلام سے عرض کیا حضرت نے فرمایا کہ اُنکو یہان لاؤ اُسی وقت افرائیم بنیامین کو خلوت خانہ مین لائے اور حضرت یوسف علیہ السلام نے بنیامین کو گلے سے لگایا اور بہت روئے اور کہا یا قرۃ عینی یا بنیامین انا اخوک فلا تبتئس بما کانوا یعملون یعنے مین تیرا بھائی ہون سو غمگین نہو اُن کامون سے جو کرتے رہے ہین یہ کلام حضرت یوسف علیہ السلام نے اسواسطے فرمایا کہ اُس بھائی کو آرزو سے بلوایا تھا تو اورون کو حسد پیدا ہوا اس سبب سے راہ مین ہر بات پر جھڑکتے اور طعنہ دیتے تھے اسلیے حضرت نے تسلی کردی اور اسوقت بنیامین پر ایک حالت طاری ہوئی کہ غایت فرح اور شادی سے از خود محو اور مشاہدۂ جمال محبوب مین غائب تھے ع محرم آن لحظہ کہ مشتاق بیارے برسد ٭ آرزومند نگارے بنگارے برسد ٭ قیمت گل نشناسد مگر آن فاختہ ٭ کہ خزان دیدہ بود بس بہارے برسد ٭ عزت وصل نداند مگر آن سوختہ ٭ کہ پس از دوری بسیار بیارے برسد ٭ پھر جب بنیامین کو ہوش آیا تو حضرت یوسف نے باپ کا حال پوچھا بنیامین نے کہا اُنکا حال از بس سقیم ہے اور آنکھین روتے روتے سفید ہوگئی ہین اور اب سواے تمھاری ملاقات کے اور کسی بات کی خواہش نہین ہے پھر بہن کا حال پوچھا بنیامین نے قسمیہ کہا کہ اُسنے بائیس ۲۲ برس تک سواے سیاہ کملی کے اور کوئی کپڑا نہین پہنتا اور اب بھی رویا کرتی ہے اور ہر روز شارع عام پر کھڑی ہو کے مسافرون سے تمھاری خبر پوچھا کرتی ہے یہ حالت سُنکر حضرت یوسف بہت روئے پھر فرمایا کہ اے عزیز از جان تو نے نکاح کیا ہے عرض کیا کہ ہان تین لڑکے بھی ہین فرمایا کیا نام بولے ایک کا نام دم اور دوسرے کا ذیب تیسرے کا یوسف فرمایا کہ ایسے نام کیون رکھے عرض کیا جب دم کو دیکھتا ہون تو جھوٹھا خون جو تمھارے کرتے سے لگا کر باپ کو دکھلایا تھا یاد آتا ہے اور جب ذیب کو دیکھتا ہون تو وہ بھیڑیا جسکو پکڑ لائے تھے یاد آجاتا ہے اور جب یوسف کو دیکھتا ہون تم یاد آتے ہو بعد اس گفتگو کے حضرت نے فرمایا کہ اب تم اپنے بھائیون کے پاس جاؤ تب بنیامین نے

عرض کیا کہ مجھکو آپ کسلیے اپنے پاس سے جدا کرتے ہین مین تو چالیس برس سے روتا ہون فرمایا کہ میرا یہ ارادہ ہی کہ تمکو اپنے پاس رکھون اور اُسکی تدبیر یہ ہی کہ تمپر چوری کا حیلہ لگا دون بنیامین نے کہا بہتر مجھکو کسی طرح عذر نہین ہی افعل ما تشا پھر بنیامین بھائیون کے پاس گئے بھائیون نے انکا چہرہ ابشاش دیکھکر منھہ پہچانا بلکہ اثر نور یوسفی سے آنکھین جھپک گئین اور کہنے لگے کہ تو کون ہی کہا انا اخوکم بنیامین کہنے لگے کسنے متغیر کردیا اے بنیامین تیرا البشرہ فرمایا کہ سواے اللہ کے اور بھی کوئی بدلنے والا ہی آج مین نے اپنے بھائی یوسف کی صورت اس صورتخانہ مین دیکھی تو سب اندوہ وکدورت میرے دل سے جاتی رہی اور بعض محققین مفسرین اس معاملے کو یون بیان کرتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک سوار خبر کے واسطے کنعان کی راہ پر بٹھلا دیا تھا کہ جب اولاد یعقوب علیہ السلام کی آمد معلوم ہو تو مجھکو خبر کردینا چنانچہ یہ لوگ جب مصر کے دروازے پر پہونچے تو خبردار نے حضرت کو خبر کی حضرت نے مکان کو آراستہ کیا اور خود نقاب ڈال کے بیٹھے اور بنیامین وغیرہ عتابہ علیہ پر آئے کسی نے حضرت یوسف کو خبر نہ کی ناچار بنیامین نے دربانون سے کہا کہ اولاد یعقوب کب تک دروازے پر کھڑے رہے دربان نے حاضر ہو کر حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا حضرت نے سب کو طلب کیا جب روبرو آئے تو حضرت یوسف علیہ السلام بہت روئے حاضرین کو گمان ہوا کہ بادشاہ انسے ناراض ہین اور یہ لوگ بھی ڈرے تب حضرت نے بہت عنایت کی اور ترجمان کی معرفت ارشاد کیا کہ تم کنعانی ہو تمہین دعوی کرتے تھے کہ ہمارا باپ پارسا ہی بولے کہ ہم کنعانی ہین اور اس بھائی کو ساتھ لائے ہین تب بنیامین نے ترجمان کو عنایت نامہ حضرت یعقوب علیہ السلام کا دیا اُسنے یوسف کو پہونچایا مہر مبارک صحیفہ عنایت پر دیکھکر بہت روئے اور محلسرا مین اُٹھ گئے اور نوازشنامہ پڑھکر اور بھی روئے اور بیٹون سے فرمایا کہ یہ عنایت نامہ میرے باپ کا ہی اور یہ لوگ تمھارے چچا ہین پھر باہر تشریف لائے اور بنیامین کو دیکھا تو انکے تمام کپڑون پر یوسف یوسف لکھا تھا فرمایا کہ تمنے اپنے کپڑون پر یہ نام کیون لکھا ہی بنیامین نے کہا میرا ایک بھائی تھا یوسف وہ جنگل سے گم ہوگیا سو مین نے اپنی تشفی کے واسطے اُسکا نام لکھ لیا ہی اور سارا قصہ بالاجمال بیان کرگئے حضرت چپکے رہے اور ارشاد کیا کہ چھ خوان کھانے کے لاؤ جب خوان آئے تو فرمایا دو بھائی حقیقی ایک ایک خوان پر بیٹھ کر کھائین پانچ پر دس بھائی بیٹھ کر کھانے لگے بنیامین تنہائی سے رونے لگے بادشاہ نے سبب پوچھا بنیامین نے کہا ای بادشاہ مجھکو اپنا بھائی یاد آتا ہی کہ اگر وہ ہوتا تو مین بھی اُس سے ملکے کھاتا حضرت نے فرمایا کہ اسکا خوان میرے پاس لاؤ اور بنیامین سے فرمایا کہ مین تیرا بھائی ہون تو میرے ساتھ آسکے کھانا کھا چنانچہ نقاب ڈالے ہوئے حضرت نے اپنے ساتھ کھلایا نقل ہی کہ

حضرت یوسف علیہ السلام کے ہاتھ پر ایک تل تھا وہ بنیامین کی نظر پڑ گیا پھر رونے لگے تب بادشاہ نے فرمایا کیون روتے ہو بولے کہ حضور کے ہاتھ پر ایک تل ہے اسی طرح کا تل میرے بھائی کے ہاتھ مین تھا سو اُسکو دیکھکر مجھے رونا آیا اس بات پر حضرت یوسف علیہ السلام بھی بہت روئے اور فرمایا کہ غم مت کر شاید اللہ جل شانہ تیرا بھائی تجھسے ملادے اور کمال تسلی اور دلاسے سے کھانا کھلا کے رخصت فرمایا جب بھائیون کے پاس بنیامین پہونچے تب حضرت نے ترجمان سے فرمایا کہ انسے پوچھ تمہارا بھائی جنگل مین کسطرح ضائع ہوا بنیامین نے کہا میرے بھائی کو یہ دسون بھائی جو حاضر ہین باپ سے مانگ کے سیر کے بہانے جنگل مین لیگئے شام کو کرتہ خون آلودہ باپ کو دکھلایا کہ یوسف کو بھیڑیا کھا گیا وہ کرتہ بھی میرے پاس موجود ہے ترجمان نے کرتہ لیکے حضرت کو دیا حضرت نے خون دیکھکر فرمایا کہ یہ خون آدمی کا نہین بکری کے بچے کا ہے بنیامین نے اسکا کچھ جواب نہ دیا مگر اور لوگون نے کہا کہ چالیس برس اس معاملے کو گذرے ہین خون کا رنگ بدل گیا ہے تب حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ عجیب بھیڑیا تھا کہ آدمی کو کھا گیا اور پیراہن سلم چھوڑ گیا بعد اُسکے فرمایا کہ مین نے سنا ہے تمہارے گروہ مین ایک شخص کی آواز ایسی ہے کہ اُسسے عورتون کے حمل گرجاتے ہین وہ کون ہے یہودا نے کہا مین ہون اور پھر فرمایا کہ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایک شخص ایسا ہے جو شیر کو پھاڑ ڈالتا ہے اور بڑے درخت کو اکھاڑ لیتا ہے وہ کون ہے شمعون نے کہا مین ہون حضرت نے فرمایا کہ تم دونون وہان تھے یا نہین بولے ہم بھی تھے فرمایا کہ بھیڑیے سے حقیقی بھائی نہ چھینا گیا شرمندہ ہوئے اسی طرح دسون بھائی سے سوالات فرمائے کہ سب ندامت سے سر بگریبان ہوکے خوف سے کانپنے لگے بعد اُسکے بنیامین کو پاس بلایا اور سب سے پوشیدہ چھپا کر گلے سے لگا لیا اور نقاب اٹھادی قریب تھا کہ بنیامین خوشی سے نعرہ مارین حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا سکوت کر ابھی تک وقت نہین آیا ہے کہ مین اپنے آپ کو ظاہر کرون بعد اُسکے باپ کا حال پوچھا **فائدہ** جسطرح حضرت یوسف علیہ السلام نے بنیامین کو علحدہ کرکے سارا حال پوچھا اسی طرح خداوند تعالے قیامت کے دن بندہ مومن کو علحدہ کرکے پوچھیگا تاکہ اور کوئی خبر نہ پاوے القصہ حضرت یوسف علیہ السلام نے بھائیون کے اونٹ غلے سے بھردیے اور بنیامین کے اونٹ مین ایک پیمانہ بلوری یا طلائی یا زمردی یا یاقوت احمر کا بادشاہ کی پیاس کا بنا ہوا تھا یا غلے کے تولنے کا تھا رکھوا دیا جب اُن لوگون نے اوّل منزل کی تو سوار کو بھیجا کہ قافلۂ شام کو روکو اور اُنکے اسباب مین پیمانہ تلاش کرو سوارون نے پکڑا چنانچہ ارشاد ہوتا ہے

فلما جهزهم بجهازهم جعل السقاية في رحل اخيه ثم اذن مؤذن ايتها العير انكم لسارقون قالوا واقبلوا عليهم ماذا تفقدون

قالوا نفقد صواع الملك ولمن جاء به حمل بعير وانا به زعيم قالوا تالله لقد علمتم ما جئنا لنفسد في الارض وما كنا

سارقین یعنے پھر جب تیار کر دیا انکو اسباب انکا رکھ دیا پینے کا باسن بوجھ مین اپنے بھائی کے
پھر پکارا پکارنے والا اے قافلہ والو تم مقرر چور ہو کہنے لگے منہ کرکے انکی طرف تم کیا نہین پاتے بولے
ہم نہین پاتے بادشاہ کا پیمانہ اور جو کوئی وہ لاوے اسکو ایک بوجھ اونٹ کا ملے اور مین ہون
اسکا ضامن کہنے لگے قسم اللہ کی تمکو معلوم ہے ہم شرارت کرنے کو نہین آتے ملک مین اور نہ ہم
کبھی چور تھے محققین کہتے ہین کہ یہ سخن منادی نے اپنی طرف سے کہا تھا انکم لسارقون حضرت یوسف
نے اجازت نہین دی تھی اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف نے یہ سخن تعریضاً منادی سے کہلوایا
اور تاویل یہ تھی کہ تم چور ہو کہ یوسف کو باپ سے چورا کر لیگئے اور بیچ ڈالا اور اسمین کچھ بھی جھوٹھ
نہین ہے تفسیر منیر مین لکھا ہے کہ اس مقولہ کا سبب کہ ہم مفسد اور چور نہین ہین یہ ہوا کہ جب یہ لوگ
کنعان سے آئے تھے تو اپنے اونٹون کے منہ باندھ دیے تھے تا کہ کھیت نہ کھائین اور شاخ
درخت نہ توڑین اور وہ اسباب جسکو حضرت یوسف علیہ السلام نے پھیر دیا تھا لیے آئے تھے
اور کہتے تھے شاید یہ اسباب بھولے سے غلے مین رہ گیا ہے سو یہ ہمکو حرام ہے اور یہ لوگ ان سب
باتون سے واقف اور انکی امانت اور تقوی سے خبردار تھے سو ان لوگون کو مطلع کیا کہ ہرگاہ تم لوگ ہمارے
تقوی اور صلاح سے واقف ہو پھر تہمت چوری کی ہمپر کسطرح لگاتے ہو ہم تو مفسد اور چور نہین ہین غرضکہ سوارون نے کہا
ہم تو تمکو چور نہین کہتے ہین مگر تمسے پوچھتے ہین کہ اگر کسی نے پیمانہ چورایا ہو اور کسی کی خورجی سے نکلے فما جزاءہ ان
کنتم کاذبین یعنی کیا سزا ہے اسکی اگر تم جھوٹھے ہو قالوا جزاءہ من وجد فی رحلہ فہو جزاءہ کذلک نجزی الظالمین
یعنی بولے اسکی سزا یہ ہے کہ جسکے بوجھ مین پایا جاوے وہی جاوے اسکے بدلے مین ہم تو یہی سزا دیتے ہین
گنہگارون کو **فائدہ** جسطرح ہمارے دین مین چور کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے اسی طرح حضرت یعقوب علیہ السلام
کے یہان چور سال بھر تک مالک مال کے گھر رہتا تھا اور غلامی کرتا تھا اور بادشاہ مصر کا شاید یہ حکم تھا
کہ چور کو مارین اور دوچند مال مسروقہ کا لیوین یہ آئین بادشاہ تھا سو ان لوگون نے اپنے دین کا حکم
بتلایا تا کہ قتل سے بچ جاوین بارے سوارون نے سب لوگون کو حاضر کیا تو حضرت یوسف علیہ السلام
نے پہلے اور بھائیون کی خرجیان کھلواکے دیکھین کچھ بھی نہ نکلا تب ارشاد کیا کہ انکو جانے دو چنانچہ ارشاد
ہوا فبدء باوعیتہم قبل وعاء اخیہ یعنی پھر شروع کیا یوسف نے انکی خرجیان دیکھنی اپنے بھائی کی خرجی سے
پہلے اسوقت کھولنے والون نے کہا کہ اب اس بیچارہ کی خرجی دیکھنا ضرور نہین ہے کیونکہ یہ مظلوم ہے اسنے
کبھون ایسی دلیری نہین کی ہوگی یہودا وغیرہ بول اٹھے کہ جو ہمارے بوجھ کھولے گئے ہین تو اسکا
بھی کھولا جاوے کیا یہ ہمسے بزرگی مین زیادہ ہے ہرچند ملازمین شاہی نے انکار کیا پر یہودا وغیرہ ۴۰

سنے واسطے رفع تہمت کے نہایت اصرار کیا ناچار بنیامین کا بوجھ بھی کھولا گیا تو پیمانہ انکے غلے مین نکلا کما قال ثم استخرجہا من وعاء اخیہ تب شرمندہ ہوئے مگر بنیامین خوش تھی فقالوا ان یسرق فقد سرق اخ لہ من قبل یعنے کہنے لگے اگر اسنے چورایا ہو تو کچھ تعجب نہین کہ اسکے بھائی نے بھی پہلے چوری کی تھی بعد اسکے سخت شرمندہ اور سرنگون ہوئے بعد ایک لحظے کے بنیامین سے کہنے لگے کہ اے بنیامین تیرا باپ امین روحانیان اور ہمنشین آسمانیان ہے تجھکو شرم نہین آئی کہ تو نے ایسی خیانت رذیلہ سے اپنا دامن عصمت آلودہ اور خاندان رفیع الشان کو بدنام کیا اور بنیامین ہرچند بمبالغہ فرماتے کہ مین اس حال سے واقف نہین ہون مگر وہ لوگ عتاب و خشم سے باز نہ آتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ اگر تو نے نہین چرایا تو کسنے پیمانہ تیری خرجی مین رکھا بنیامین نے کہا شاید اس شخص نے رکھ دیا ہو جسنے اول تمہارے بوجھون مین تمہاری بضاعت پوشیدہ رکھ دی تھی روبیل نے کہا کہ بنیامین سچا ہے معلوم نہین کہ عزیز مصر کو اس پردے مین کیا منظور ہے

**فائدہ** یہ جو حضرت یوسف کے بھائیون نے کہا فقد سرق اخ لہ من قبل سو غالبا دو باتون کا خیال آیا ہوگا نہین تو حضرت یوسف علیہ السلام سے ایسی حرکت کبھون نہوئی تھی جسکا طعنہ دیا ایک یہ کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی نانی کے پاس ایک بت تھا سونے کا اسکو حضرت نے لیکے زمین مین دفن کر دیا یا توڑ ڈالا تا کہ اسکی پرستش سے باز رہے ہذا روی سعید ابن جبیر سو یہ چوری کا ہیکو تھی بلکہ سینہ زوری کہ بڑے گناہ سے نانی کو منع کرتے تھے چوری تو یہ تھی کہ اسکو ٹکڑے کر کے صرف مین لاتے جیسا روبیل وغیرہ نے حضرت یوسفؑ کے ساتھ کیا دوسرے محمد ابن اسحاق سے روایت ہے کہ حضرتؑ کو انکی پھوپھی نے پرورش کیا تھا حضرت یوسفؑ فی الجملہ ہوشیار ہوئے تو حضرت یعقوبؑ نے چاہا کہ اب میرے پاس رہین پھوپھی کو حضرت یوسف سے محبت زیادہ تھی مفارقت انکی گوارا نکر سکین تب حضرت اسحاق کا پٹکہ کمر سے باندھ دیا اور انکے رہنے کے واسطے یہ حیلہ ٹھہرا کے تلاش کرنے لگین اور ڈھونڈھتی ہوئین حضرت یعقوب کے گھر مین چلی آئین وہی حضرت یوسف علیہ السلام اپنے باپ کے پاس پہونچے تھے کہ انکی پھوپھی نے آکے پٹکے کی تلاش شروع کی حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس نکلا سو موافق حکم اس دین کے ایک سال اور پھوپھی کے پاس رہے مین کہتا ہون بھلا اسمین کیا چوری تھی حضرت یوسف علیہ السلام تو اس بات سے واقف بھی نہ تھے پھوپھی نے اپنی خوشی سے آپ باندھ دیا تھا اور مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ ایک فقیر سائل آیا حضرت یوسفؑ نے ایک بیضۂ مرغ اپنے گھر سے لیکر بلا اطلاع یعقوب اسکو دے دیا اور سفیان ابن عیینہ کہتے ہین کہ ایک مرغی حضرت یعقوبؑ کی سائل کو عنایت کر دی تھی کذا فی المعالم حقیقت یہ ہے کہ ان صاحبزادون کی باتین حضرت یوسف کے باب مین اسی طرح کی ہوتی تھین یعنے حسد کے سبب سے جو بات کہتے تھے اسکا سر پانون نہوتا تھا اور حضرت

یوسف کا طرف دیکھو کہ یا وصف ایسی ایسی تہمت اور ظلم کے آہستہ سے فرمانے لگے اپنے جی مین اور آنکو نہ جتایا کہ انتم شر مکاناً واللہ اعلم بما تصفون یعنے تم او سبد تر ہو درجے مین اور اللہ خوب جانتا ہی جو تم باتین بناتے ہو یعنی تمنے باپ سے چرا کے مجھے مارنے کا ارادہ کیا اور کنوئین مین ڈالا اور جب قافلے کے لوگون نے نکالا تو فریب کیا اور جھوٹھا دعوی پیش کر کے لیا اور بیچ ڈالا اور باپ سے وہ فریب کیا جو کسی نے بھی نہ کیا ہوگا مثل مشہور ہی کہ پرائی پھولی کو ہنستے ہین اپنا ٹینٹ نہین نہارتے تنبیہ اس قصے مین کئی فائدے ہین اول یہ کہ حیلہ بگناہ جائز ہی چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام نے بنیامین کے ساتھ کیا اور انکی پھوپھی نے انکے واسطے کیا اور ہمارے دین مین بھی بہت حیلے ہین جسطرح ابطال شفعہ و استبراء و زکوۃ وغیرہ مین قطع نظر اسکے یہبات بھی حضرت یوسف علیہ السلام کو اللہ ہی نے سکھلائی تھی چنانچہ فرماتے ہین کذلک کدنا لیوسف ما کان لیاخذ اخاہ فی دین الملک الا ان یشاء اللہ یعنی یون داؤ بتایا ہمنے یوسف کو ہرگز نہ لے سکتا اپنے بھائی کو اس بادشاہ کے انصاف مین مگر جو چاہے اللہ دوسرا یہ کہ حیلہ کرنا زور اور حکومت سے بہتر ہی کیونکہ حضرت کو قدرت تھی اگر چاہتے تو بنیامین کو بزور لے لیتے مگر بلحاظ بدنامی ایسا نہ کیا کہ اسمین ظلم ظاہر تھا گو واقع مین انکو بنیامین سے زیادہ تر قرابت تھی کہ اورون کو ہرگز نہ تھی تیسرا یہ کہ آدمی کو ملامت خلق سے احتراز کرنا ضرور ہی گو کہ مباح بھی ہو حدیث مین آیا ہی ما رآہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن و ما رآہ المسلمون قبیحاً فھو عند اللہ قبیح چوتھا اخیار کو اشرار کی صحبت سے پرہیز واجب ہی تاکہ تفضیح نہو اتقوا من مواضع التھم دراے اسکے جب بلا آتی ہی تو اچھے برے مین و پاک و ناپاک مین تمیز نہین رہتی اولاد یعقوب کے ہمراہ اور بھی مردم شام تھے مگر انھون نے بھی آواز دی ایتھا العیر انکم لسارقون حالانکہ اورون کو اصلا پیمانے سے واسطہ نہ تھا اگر کوئی کہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو بخوبی معلوم تھا کہ میری مہاجرت سے یعقوب علیہ السلام کو غم و الم از بس ہی با اینہمہ بنیامین کو قید کیا اور اس جہت سے حضرت یعقوب کو رنج دوبالا ہوا اول یہ بات ظاہراً عقوق والدین مین داخل ہی دوسرے قطع صلہ رحم اور قلت عنایت و شفقت بھی اس فعل سے ظاہر ہی پھر کیونکر ایسی بات حضرت یوسف علیہ السلام نے بڑے اہتمام سے فرمائی جواب یہ ہی کہ جو کچھ واقع ہوا سب بامر الٰہی و وحی حضرت باری تھا تاکہ یعقوب کو رنج زیادہ ہو اور اجر و ثواب المضاعف ملے اور درجے آخرت مین بڑھین اور یہ تو ظاہر ہی کہ حضرت یوسف بنیامین کو از روے قواعد و ضوابط معینہ سلطان مصر قید نہین کر سکتے تھے مگر خداوند تعالے نے بھائیون کی زبان سے چور کی سزا وہ بیان کرائی جو کہ موافق مراد و مقصود حضرت یوسف علیہ السلام کے پڑ گئی کہ آنکا مطلب حاصل ہو گیا معالم التنزیل

مین لکھا ہے کہ کید اس مقام پر جزا کید ہے یعنے جیسا بھائیون نے ابتدا کر یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا تھا ہمنے اُنکے ساتھ کیا وقد قال یعقوب فیکیدوا لک کیدا فکانہ ما یوسعت فی امرہم اور کید جانب خلق سے بمعنی حیلہ ہے اور از جانب خدا تدبیر بالحق اور بعض کے نزدیک کدنا بمعنی الہمنا اور بعضے بمعنی دبرنا اور بعضے بمعنی امرنا اور بعضے بمعنی اردنا بیان کرتے ہین الغرض جب روبیل وغیرہ کی زبان سے سزاے چور سنا لے ردس الاشہاد غلام بنانا ثابت ہوا تو بنیامین پکڑے گئے تب اولاد یعقوب نے کہا یا ایہا العزیز ان لہ ابا شیخا کبیرا فخذ احدنا مکانہ انا نراک من المحسنین یعنے اے عزیز اسکا ایک باپ ہے بوڑھا بڑا سو رکھ لے ایک کو ہم مین سے اُسکی جگہ ہم دیکھتے ہین تو ہی احسان والا ہے کیونکہ غلہ تونے ہمکو باقیمت دیا اور ہماری دعوت بخوبی فرمائی خواہ یہ بات کہ اگر تو ایسا کرے تو احسان ہوگا آنجناب نے فرمایا کہ ہم بے انصاف نہین ہین کہ غیر مجرم کو مجرم قرار دیوین یا کہ مجرم کے مقام پر دوسرے کو رکھین اور تفصیل اس مقام کی یہ ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے بنیامین پر تہمت سرقہ لگا کر انکو پاس بلوا لیا تو بھائی انکے نہایت متردد ہوئے اور اس خیال مین پڑے کہ باپ سے وعدہ حتمی از روے قسم کر کے بنیامین کو لائے تھے اب کچھ بات بن نہین آتی چلو پھر عزیز کی خدمت مین حاضر ہون چنانچہ صلاح کر کے پھر آئے اور کہا اے عزیز بنیامین کا باپ نہایت ضعیف البدن کثیر الشان عظیم القدر ہے اللہ کا پیغمبر ہے ہمنے اُس سے عہد کیا ہے کہ بنیامین کو صحیح و سالم تمھاری خدمت مین لائینگے اور خداے تعالے کو اس عہد و پیمان پر کفیل گردانا ہے اگر اسکو ساتھ نہ لیجائینگے تو قطع نظر خیانت و بیعزتی کے باپ کو کیا مُنہ دکھلائینگے اور اللہ کو کیا جواب دینگے سو ہمکو یہ اُمید ہے کہ آپ ہمارے حال پر اختلال پر نظر عنایت مبذول فرماکے بجاے اُسکے جس کسی کو ہم مین سے چاہیے رکھ لیجیے کہ اسمین آپ کی غرض کہ خدمت ہے نکل گئے اور ہم دونون جہان مین سرخرو ہونگے فرمایا مین کسی دوسرے کو خلاف قاعدہ بندگی مین نہین رکھ سکتا مین تو وہ کام کرتا ہون جو پیغمبرون کی شریعت مین درست ہے اور جو بات اُسکے خلاف ہے وہ ظلم ہے اور مین نے تمھارے بھائی کو تمھاری شریعت کے مطابق رکھا ہے اور تمکو مین اصلا آزار اور تکلیف نہین دیتا ہون تم رخصت ہو چین سے اپنے وطن کو جاؤ کیون ناحق بلا مین پڑتے ہو ایک بھائی گیا تو گیا تب تو روبیل کہ سب مین بزرگ تھا غصے ہو کر روبرو آیا اور دستور یہ تھا کہ جب اسکو غصہ آتا تو بال بدن کے کھڑے ہو جاتے تھے اور کپڑون سے باہر نکل آتے تھے پھر اس حالت مین اگر آواز کرتا تو سامعین کے پتے پھٹ جاتے تھے اور غضب کم نہوتا تھا جب تک کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے کوئی شخص ہاتھ اُسکی پشت پر نرکھے سو جب اُسنے غصے مین آکر کہا اے عزیز مین آواز کرتا ہون

سُننے والے مرجاینگے اور حضرت یوسف علیہ السلام اپنے بھائی کی کیفیت سے واقف تھے اسلیے آنجناب نے بمقتضاے الحرب خدعۃ چرب زبانی سے فرمایا کہ روبیل بیٹھ جاوہ بیٹھ گیا جب اتنی فرصت ملی تو حضرت یوسف نے افرائیم کو اشارہ کیا اُسنے آہستگی سے اپنا ہاتھ پشت روبیل پر مل دیا کہ غصہ اُسکا فرو ہوگیا اور حضرت یوسف نے فرمایا مین نے تمہارے بھائی کو تمہارے حکم کے موافق لیا ہی ہرگز واپس نکرونگا جو تمہارا جی چاہے سو کرو روبیل نے ارادہ کیا کہ آواز کرون آواز ہی نہ نکلی سخت متحیر ہوا اور خیال کیا کہ غالبًا کوئی شخص آل یعقوب سے اس مجلس مین ہی اور داہنے بائین اپنے بھائیون کو دیکھا کوئی نظر نہ آیا ناچار باہر آیا اور اپنے بھائیون سے پوچھا تم مین سے کسی نے میری پشت پر ہاتھ رکھا تھا بولے کسی نے نہین رکھا فلما استیئسوا منہ خلصوا نجیا یعنے جب مایوس اور ناامید ہوئے اُس سے اکیلے بیٹھے مصلحت کو بڑے بھائی نے کہا ہم تو اس سرزمین سے نہ جاینگے جب تک ہمارا باپ نہ بلاوے یا اللہ حکم نہ کرے اور بعضے بولے کہ یہ بادشاہ ہی اہل مملکت اسکے اکثر بت پرست ہین اور ارباب شرک کو چندان قوت نہین ہوتی ہی سو ہم اُنسے باعانت حق و امداد غیبی محاربہ کرینگے اور اپنے بھائی کو بغلبہ و استیلا چھین لینگے یہودا نے کہا بادشاہ نے بنیامین کو محبس مین بھیجا ہی اوّل مین دروازہ زندان پر جاتا ہون ہاتھ پکڑکے لیے آتا ہون جو کوئی مقابلہ کریگا قتل کرونگا روبیل نے کہا اگر یہ منظور ہی تو مین بادشاہ اور اُسکے اعوان کو کافی ہون شمعون بولا مین ساری فوج سے مقابلہ کرسکتا ہون یہودا نے کہا مین بازار شہر مین جاتا ہون تم ہتھیار باندھے تیار رہو جسوقت مین نعرہ مارون اور ساکنان مصر بیہوش ہوجائین تم لوگ تلوار پکڑو اور جو کوئی مقابلہ کرے اُسے مار لو چنانچہ یہودا باہر نکلا یہ خبر حضرت یوسف علیہ السلام کو پہونچی آپ نے سب کو طلب کیا اور اُنکی طرف متوجہ ہوکر فرمایا اے اولاد یعقوب تمکو معلوم ہی کہ مین نے تمہارے ساتھ کچھ برائی نہین کی بلکہ جو مراتب احسان اور تفضلات کے تھے سب ادا کیے مگر تمہارے بھائی سے خیانت ظاہر ہوئی اُس سے مجبور ہون تسپر بھی بحکم تمہاری شریعت کے اور تمہارے فتوی دینے سے اُسکو رکھتا ہون اور یہان کے روش کے موافق عمل نہین کرتا و الا مار ڈالتا اب مین نے سنا ہی کہ تم لڑائی کا ارادہ رکھتے ہو اور چاہتے ہو کہ بغلبہ و استیلا اُس بھائی کو لیجاؤ غالبًا تمہارا گمان یہ ہی کہ قوت و قدرت سواے ہمارے کسی کو نہین ہی اور اُسوقت حضرت یوسف علیہ السلام بالاے فرش کھڑے تھے کہ وہ فرش تمام سنگ سخت کا تھا آپ نے از روے

غضب ایک قدم سے ٹھوکر ماری کہ تمام فرش ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور پتھر اُسکے زیر قدم ریزہ ریزہ ہو گئے اور فرمایا اے اولاد یعقوب تم اپنی قوت اور جلاوت پر مغرور ہو رہے ہو اگر تمکو انبیا اور صلحا سے نسبت نہوتی تو ایک آواز میں خاک برابر کر دیتا اور معالم التنزیل میں لکھا ہی کہ اول روبیل غضب میں آیا اور اُسنے ایک آواز تند حضرت یوسف علیہ السلام پر کی تو حضرت یوسف علیہ السلام نے نقاب سمیت تخت شاہی سے اُٹھکر گردن میں ہاتھ ڈال زمین پر ڈال دیا اور فرمایا کہ اے کنعانیون تمکو اپنے زور کا بڑا گھمنڈ ہی اور مین نے ابتک اپنا زور تمکو نہین دکھلایا اور فرمایا کہ میری قوت کے روبرو تمھاری طاقت کی کیا حقیقت ہی جو تم غرور ہو رہے ہو روبیل نے کہا مین پہاڑ کو اُٹھا لیتا ہون اور تین دن تک اپنے ہاتھون پر لیے کھڑا رہتا ہون اور شمعون نے کہا مین ایک وہلے مین شتر شیرون کو پھاڑ ڈالتا ہون اور یہودا نے کہا مین آواز ایسی کرتا ہون کہ پہلی آواز مین حمل گر جاتے ہین دوسری سے آدمی بیہوش ہو جاتے ہین تیسری مین روح بدن سے مفارقت کر جاتی ہی اسی طرح سب نے اپنی اپنی صفات قوت ظاہریہ کے بیان کیے حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ حکایتین ہین تمھاری طاقت میرے زور کے سامنے بے حقیقت ہی اگر مین ایک آواز کرون تم سب غش مین آجاتے ہو بعد اسکے حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک آواز تند انپر فرمائی کہ سب بیہوش ہو کے گر پڑے جب ہوش مین آئے تو رونے لگے حضرت یوسف نے کچھ جواب نہ دیا صرف یہ فرمایا کہ اُنکو باہر لیجاؤ جب باہر آئے تو کہنے لگے اے بھائیو بادشاہ مصر کو یہ شوکت اور جلاوت کہان سے آئی یہ تو مخصوص اولاد یعقوب کو ہی نہین معلوم کیا معاملہ ہی مگر یہ خوب معلوم ہو گیا کہ غلظت اور درشتی سے کام نہ چلیگا اب کنعان کو چلو روبیل یا شمعون یا یہودا نے کہا اے بھائیو دل مین سوچ لو کہ تمھارے باپ نے عہد خدا در باب بنیامین لیا تھا اور جو کچھ قصور یوسف کے حق مین ہوا ہی وہ تو جانتے ہو اور اب بنیامین کو قید مین چھوڑے جاتے ہو مین تو یہان سے نجاؤنگا جب تک میرا باپ طلب نہ کرے یا اجازت دے کہ مصریون سے انتقام لون یا اللہ حکم کرے کہ بزور شمشیر اپنے بھائی کو لون یا قوت دے بالجملہ یہودا مصر مین رہا اور شمعون نے کہا مین بھی نجاؤنگا وہ بھی رہا **تنبیہ** آیۃ یا ایہا العزیز ان لہ ابا شیخا کبیرا مین کئی فائدے ہین اول یہ کہ حاجتمند کو چاہیئے کہ حاجت روا کی تعریف کرے بعد اُسکے اپنی حاجت مانگے دوسرا یہ کہ بوڑھے آدمی کی قدر سب ادیان مین بہ نسبت اورون کے

زیادہ ہی لہذا حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیون نے کلمہ عام شیخاً کبیراً فرمایا کہ مسلمان اور کافر دونون قبول کرتے ہین اگرچہ شان نبوت بالاتر تھی سب شانون سے الّا کافر ہرگز نہین مانتے اور یہ بھی واضح ہوا کہ سلاطین اور امرا کے دربار مین بھی بوڑھون کی منزلت ہی بلکہ جب آدمی بوڑھا ہوتا ہی تو ملائکہ اسکی شکل پہچانتے ہین چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے تھے کہ اذا بلغ الرجل الی ستین عرفہ الملائکۃ یعنے آدمی جب پہونچا ساٹھ کو ملائکہ نے اسکو پہچانا اور ایک بات اور بھی ہی کہ حدیث مین وارد ہوا ہی کہ جو مومن بڑا بوڑھا ہوا حالت اسلام مین تو خدا سے تعالے اسکو صبح اور شام بنظر رحمت دیکھتا ہی اور فرماتا ہی کہ اے میرے بندہ اب تیری عمر بہت ہوئی اور تیرا بدن ضعیف ہوا اور تیرا چمڑا دبلا ہو گیا سو تیرے عذاب سے مجکو شرم آتی ہی پس اب تو بھی مجھسے حیا کرے نہین ہی اب وقت شوروستی قد خمیدہ سے ٹک حیا کر * بتون کا بندہ رہیگا کب تک خدا خدا کر خدا خدا کر اور بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہین کہ بوڑھا آدمی اپنی قوم مین ایسا ہی جیسے نبی اپنی اُمّت مین روایت ہی کہ شب معراج مین ارواح انبیا صلوات اللہ علیہم اجمعین بصورت اجساد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کے سامنے حاضر ہوئین اور سب نے آنحضرت کو گلے سے لگایا الّا ایک پیغمبر تشریف نہ لائے دور سے نظر آتے تھے تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے جبرئیل علیہ السّلام سے پوچھا یہ کون ہین بولے کہ شیخ الانبیاء حضرت نوح علیہ السّلام ہین انھون نے بھی درگاہ الٰہی سے اجازت حضوری چاہی تھی الّا انکو حکم ہوا کہ تم نجاؤ اور آپ کو ارشاد ہی کہ آپ تشریف لیجایئے کیونکہ یہ بوڑھے ہین نہ اس سبب سے کہ آپ سے افضل ہین بخاری اور مسلم مین عبد اللہ ابن عمر سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ مجکو خواب مین معلوم ہوا کہ مین ایک مسواک کرتا ہون پھر دو شخص آئے ایک اُنمین دوسرے سے بڑا ہی سو مین نے وہ مسواک چھوٹے کو دی تو مجھسے کہا گیا کہ بڑے کو دے سو مین نے وہ مسواک بڑے کو دی اس حدیث سے بڑی عمر والے کی تعظیم اور تقدیم ثابت ہوئی جب اسی طرح کی بزرگیان شیخ کے واسطے ثابت تھین تب حضرت یوسف علیہ السّلام کے بھائیون نے عرض کیا یا ایہا العزیز ان لہ ابا شیخاً کبیراً تیسرا یہ ہی کہ اہل حاجت کو شفیع گردانا بزرگ کا ضرور ہی چنانچہ حضرت یوسف علیہ السّلام کے

بھائیون نے اپنے باپ کو شفیع گردانا اور دیکھو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ جس دعامین درود نہین ہے وہ دعا قبول نہین ہوتی عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ تین آدمیون نے بوڑھون کو شفیع گردانا ہی اول حضرت یعقوب علیہ السلام کو اُنکے بیٹون نے شفیع گردانا دوسرے حضرت شعیب علیہ السلام کی لڑکیون نے اپنے باپ کو شفیع گردانا ہی یعنے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کنوئین کے کنارے پہونچے تو حضرت شعیب علیہ السلام کی لڑکیون کو کنوئین پر دیکھکر حیرت مین آ گئے پوچھا تم بکریون کو پانی کیون نہین پلاتی ہو بولین ہم اس انتظار مین ہین کہ مرد لوگ اپنی بکریون کو پانی پلالیوین اگر باقی رہیے تو ہم اپنی بکریون کو پلالینگے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا کیا تمھارے گھر مین کوئی مرد نہین ہی جو تم اس کام پر معیّن ہو بولین وابونا شیخ کبیر یعنے ہمارا باپ ہی بہت بوڑھا اُسکو طاقت اتنی نہین کہ بکریون کو پانی پلائے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پتھر کو کنوئین سے ہٹا کے پانی پلا دیا اور مفصل حال اسکا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصّے مین آئیگا تیسرے حضرت زکریا علیہ السلام نے بوڑھاپے کو شفیع گردانا یعنے جب حضرت زکریا کی عمر سو برس کی ہوئی تو ایک روز حضرت زکریا نے داڑھی مین کنگھی کی کہ سفید بال کنگھی سے لپٹ آئے اسکو دیکھکر روئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پوچھا تم کیون روتے ہو فرمایا الشیب مراحل الموت یعنی بوڑھاپا منزل ہی موت کی حضرت جبرئیل نے کہا پھر اسپر رونا کیا ہی حضرت زکریا علیہ السلام نے فرمایا مین اسپر روتا ہون کہ محراب میرے بعد خالی رہیگا کاش میرے کوئی لڑکا ہوتا تو میرے مقام پر کھڑا ہوتا خالق لایزال کی عبادت مین مشغول ہوتا کہ میرا نام محراب سے نجاتا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا جناب الٰہی مین دعا کرو چنانچہ حضرت زکریا علیہ السلام نے دعا کی کہ رب لاتذرنی فرداً وانت خیر الوارثین دعا قبول ہوئی اور حضرت یحییٰ علیہ السلام پیدا ہوئے القصہ آٹھ آدمی کنعان کو چلے اور یہودا اور شمعون بامید عنایت سلطان مصر مین رہ گئے چلتے وقت ان دونون نے کہدیا ارجعوا الی ابیکم فقولوا یا ابانا ان ابنک سرق وما شہدنا الا بما علمنا وما کنا للغیب حافظین

واسئل القریۃ التی کنا فیہا والعیر التی اقبلنا فیہا وانا لصادقون یعنے باپ کے
پاس جاکے کہو ای باپ میرے بیٹے نے چوری کی اور ہمنے وہی کہا تھا جو ہمکو خبر تھی
یعنے جسکے اسباب مین نکلے اُسکے بدلے مین اُسی کو رکھو لو اور ہمکو غیب کی خبر یاد نہ تھی یعنے
ہمنے اپنی شریعت کے موافق حکم تبلادیا اور یہ معلوم نہ تھا کہ بھائی ہمارا چور ہی اور سوال
کر لیجے بستی والون سے جسمین ہم تھے اور اس قافلے سے جسمین ہم آئے تھے اور بیشک
ہم سچ کہتے ہین چنانچہ یہ باتین سیکھ کر چلے اور بعد قطع منازل حضرت یعقوب علیہ السلام کی
خدمت مین پہونچے حضرت نے سب کو گلے سے لگا لیا جب آٹھ ہی لڑکے ملے تو حضرت نے
پوچھا ای یہودا بنیامین کہان ہی بولے یہودا نہین آیا تب فرمایا ای شمعون یہودا اور
بنیامین کو کیا کر آیا بولے شمعون بھی نہین آیا تب تو حضرت یعقوب علیہ السلام غم سے
بیہوش ہوگئے جب ہوش آیا تو فرمانے لگے اگر تمکو میری شرم نہین تو کیا خدا کی بھی
شرم نہین ہی تمنے تو چلتے وقت مجھسے عہد کیا اور قسم کھائی تھی کہ ہم بنیامین کو پھیر
لائینگے سو تم اُسکو خوب لائے افسوس صد افسوس اگر یہی حال ہی تو کوئی لڑکا نہ بچیگا
جب کہین جاؤگے ایک لڑکا کھو آؤگے تب کہنے لگے کہ آپ پہلے حال تو سن لیجے فرمایا
کہو عرض کیا کہ بنیامین نے بادشاہ کا پیمانہ چرایا سو وہ قصاص کا ارادہ رکھتا تھا ہمنے
اپنے دین کا حکم تبلایا بارے اُسنے قبول کرلیا اور بنیامین کو اُسکی عوض مین رکھ لیا
اور شمعون اور یہودا اُسی کی خبر گیری کو رہ گئے ہین اور ہم آپ کو خبر کرنے آئے ہین اور اگر
ہمارا کہنا آپ کو سچ نہ معلوم ہو تو جو قافلہ ہمارے ساتھ آیا ہی اُس سے پوچھ لو اور
اگر قول پر اُنکے بھی اعتماد نہو تو اُس بستی کے لوگون سے جہان ہم روکے گئے تھے
اور مصر کے لوگون سے جہان اونٹ کھولے گئے تھے دریافت کرلو کہ ہمارا
سچ جھوٹھ کھل جائے اور ہمنے اپنی آنکھون سے دیکھا کہ پیمانہ بنیامین کے
بوجھ سے نکلا تھا لیکن یہ نہین جانتے کہ پیمانہ اُسی نے رکھ لیا تھا یا کسی اور نے
رکھدیا اور ہمکو غیب کی خبر نہ تھی کہ بنیامین چور ہی ورنہ اپنے ساتھ نہ لیجاتے کیونکہ
ہم اسمین سخت ذلیل ہوئے **لطیفہ** جب تک کہ بنیامین مُتَّہم بسرقہ نہوئے تھے
بھائیون نے اپنی طرف نسبت کرکے کہا فارسل معنا اخانا اور جب سرقے کی
تہمت لگی تو نسبت برادری قطع کرکے باپ کے طرف اضافت کی

اور کہا ان ابنک سرق سبحان اللہ وقت طہارت مین برادری کی اور وقت آلودگی مین
بیزاری حضرت اکرم الاکرمین جل جلالہ اپنے بندہ سے خلاف اسکے معاملے فرماتے ہین یعنی ارشاد ہوتا ہی
کہ اگر فرمانبرداری از آن منی واگر بدکاری از آن من ای میرے بندے جس طرح تیرا جی چاہے تو کرتا ہی
مین تجھسے کسی طرح منہ نہین پھیرتا ہون اور تجکو از آن خود جانتا ہون ؎ تو خاصۂ ما باش کہ ما نیز
تراایم ٭ در ہر دو جہان مقصد و مطلوب تراایم ٭ گر یک قدم از کوی طلب سوی من آئی ٭ ما صد قدم
از راہ کرم سوی تو آئیم ٭ دیکھو ایک دن حضرت موسی کلیم اللہ صلوات اللہ علیہ نابر مناجات طور پر جاتے تھے
ہر ایک شریف و عالم اپنا پیغام اللہ کے واسطے کہتے تھے کہ جواب اسکا لائین اور حضرت موسی سنتے جاتے تھے
اس حالت مین ایک جوان مجوسی بھی حاضر تھا کسی شخص نے اس سے کہا کہ تو کچھ اپنا پیغام نہین دیتا اسنے
کہا مین کیا کہدون اگر وہ پروردگار ہی تو مجکو اسکی ربوبیت درکار نہین اور اگر وہ رزاق ہی تو مین رزق
اس سے نہین مانگتا اور جو وہ خداوند ہی تو مجکو اسکی بندگی سے ننگ ہی حضرت موسی کلمات نا ملائم
اسکے سنکر غصہ ہوے اور فرمایا ای نادان یہ کیا فضول گوئی کرتا ہی یہ کہکر مناجات کے واسطے تشریف
لیگئے جب مناجات سے فارغ ہوے تو پیغام مومنون کے حضرت عزت مین پہونچائے اور جواب
ہر ایک کے سنے خیال آیا کہ اس جوان نے پیغام دیا تھا مگر کیا کرون اسکے بیان مین شرم آتی ہی ارشاد ہوا
ای کلیم امانت مین خیانت نہ کر جو کسی نے کہا ہو اسکو بیان کر مین تو پنہان اور آشکار سے آگاہ ہون حضرت
موسی نے مجوسی کا پیغام مفصل کہا ارشاد ہوا کہ ای موسی اس گنہگار سے کہدے کہ ای عاصی اگرچہ تو میری
ربوبیت نہین چاہتا ہی مگر مین تیری عبودیت چاہتا ہون اور اگرچہ تو رزاقی میری نہین پسند کرتا مگر مین
صبح اور شام رزق تجکو پہونچاتا ہون اور اگر تو مجکو نہین چاہتا ہی مین تجکو چاہتا ہون تاکہ تو جانے کہ مین
مین ہی ہون اور تو تو ہی ہی چنانچہ حضرت موسی علیہ السلام کوہ طور سے لوٹے تو وہ مجوسی سر راہ منتظر
بیٹھا تھا کہ حضرت موسی نے جواب حق متضمن عنایت و کرم بیان کیا مجوسی اسی وقت ایمان لایا اور ایک
آہ کھینچ کر جان بحق تسلیم کی حضرت موسی کو سخت تعجب ہوا خطاب ہوا ای موسی تو میری صنعت سے
واقف نہین ہی یہ جوان ایک مدت دراز سے طلب نور حقیقی مین تھا اور ہمیشہ پریشان و سرگردان رہا
اسوقت پردے حجاب کے کھل گئے اور نور جمال اسکو نظر آیا کہ اسنے اپنی جان فدا کردی بالجملہ فرزندان
یعقوب علیہ السلام نے مصر سے آکر سب گفتگو درست و راست حضرت یعقوب سے کی مگر حضرت کے
جی پر وہ باتین نہ بیٹھین فرمایا تمنے وہی بنیامین کے ساتھ کیا ہی جو یوسف کے ساتھ کیا تھا کما قال بل
سولت لکم انفسکم امرا فصبر جمیل عسی اللہ ان یاتینی بہم جمیعا انہ ہو العلیم الحکیم یعنے حضرت یعقوب نے

فرمایا کوئی نہین بنائی ہی تمھارے جی نے ایک بات اب صبر ہی بن آوے امید ہی کہ اللہ لے آوے
میرے پاس اُن سب کو وہی ہی خبردار حکمتون والا فائدہ یہ بات حضرت یعقوب نے فرمائی
پہلی بے اعتباری سے ورنہ اُکی مرتبہ لوگ کاذب نہ تھے لیکن نبی اللہ کا کلام کبھی خلاف نہین ہوتا
یہ بھی بات بیٹون کی بنائی ہوئی تھی اسواسطے کہ حضرت یوسف علیہ السلام ہی بیٹھے تھے اور انھون نے
پیمانہ بنیامین کی بوجھ مین رکھوایا تھا بعضے کہتے ہین کہ جب لڑکون نے کہا بنیامین نے بادشاہ کی
چوری کی حضرت یعقوب نے فرمایا شاید ایسا ہو لیکن یہ کسنے کہا کہ ہمارے دین کا یہ حکم ہی انھون نے
کہا ہمسے بادشاہ نے حکم پوچھا تھا تب ہمنے تبلایا اور اُسکی حکومت مین تو قصاص اجب تھا حضرت یعقوب علیہ السلام نے
فرمایا اگر تم نہ کہتے تو وہ نہ جانتا اور یقیناً چھوڑ دیتا اور ہرگز تمسے بنیامین کو نہ لیتا کیونکہ یہ امر اُسکے ہان
خلاف تھا مگر تمھارے کہنے سے بنیامین کو اُسنے اپنے پاس کولیا بعد اُسکے لڑکون نے پوچھا کیا آثار امید کے
ظاہر ہوے جو آپنے فرمایا عسی اللہ ان یاتینی بہم جمیعاً حضرت نے ارشاد کیا کہ اب مصیبت کی انتہا ہوگئی ہی
اور بعضے کہتے ہین ایک دن حضرت یعقوب علیہ السلام حسب عادت بیت الاحزان مین بیٹھے روتے روتے
سوگئے دیکھتے ہین کہ دو فرشتے سرھانے اُنکے کھڑے ہوے رو رہا ہم کہنے لگے کہ اس مسکین کو اگر
یوسف ملجائے تو یہ رنج دفع ہوجائے دوسرے نے کہا اگر تلاش کرے تو پاوے جب بیدار ہوے
تو گھبرا کے اُٹھ کھڑے ہوے اور ضعف سے گر پڑے کہ چہرۂ مبارک زخمی ہوگیا اور اُس حالت مین حضرت نے
فرمایا ای حبیب میرے یوسف تجکو کہان تلاش کرون اور کس جگہ ڈھونڈھون نہ میری آنکھین ہین کہ
اُنسے تلاش کر لاؤن نہ ایسی قوت ہی کہ سفر کرون اور شہر بشہر تلاش کرتا پھرون ان باتون سے
فرشتون کو بڑا غم ہوا تب حضرت عزرائیل کو ارشاد ہوا کہ تو جاکے یعقوب کی تسلی کردے حضرت عزرائیل
علیہ السلام نے آکے سلام علیک کیا حضرت نے پوچھا تم میری قبض روح کو آئے ہو قبل اسکے کہ اپنی اولاد کو
دیکھون حضرت ملک الموت نے کہا مین صرف آپ کی ملاقات کو آیا ہون تب حضرت یعقوب نے فرمایا مین تجکو
قسم دیتا ہون خالق کی کہ تونے یوسف کی روح ارواح مین قبض کی ہی یا نہین ملک الموت نے کہا
یوسف بادشاہ با حشمت و شوکت ہی حضرت یعقوب نے پوچھا کہان ہی ملک الموت نے کہا مجکو یہ حکم نہین ہی
کہ یوسف کا مقام بتلاؤن مگر تمسے چند روز مین ملاقات ہوگی اس سبب سے حضرت یعقوب علیہ السلام نے
فرمایا کہ عسی اللہ ان یاتینی بہم جمیعاً اخبار الدول مین ہی کہ ملک الموت نے کہا کہ تمھاری موت بلا ملاقات
یوسف مقدر نہین ہی اور جو تمکو منظور ہو تو سبب ابتلا و فراق بیان کرون حضرت یعقوب نے کہا ضرور فرماؤ
سو ملک الموت نے بیان کیا کہ یاد کرو تمنے ایک لونڈی یوسف کے دودھ پلانے کو مول لی تھی اور اُسکا بیٹا

دودھ مین شریک تھا سو تمنے اُس لڑکے کو لونڈی سے الگ کر دیا تاکہ یوسف کا شریک نرہے اُس
سبب سے اللہ نے تمکو فراق یوسف مین مبتلا فرمایا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب
دیکھنے سے جانا تھا کہ یہ امر شدنی ہی اُسی خیال سے فرمایا القصہ بعد اس گفتگو کے حضرت یعقوب علیہ السلام نے
بیٹون کی طرف سے منھ اپنا پھیر لیا اور فرمایا ہاے افسوس یوسف پر کما قال و تولی
عنہم وقال یا اسفیٰ علی یوسف وابیضت عیناہ من الحزن فہو کظیم یعنے اور اُلٹا پھرا اُنکے
پاس سے اور بولا اے افسوس یوسف پر اور سفید ہوگئین آنکھین اُسکی غم سے سو وہ آپ گھونٹ
رہا تھا یعنے غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا مگر اسوقت بے اختیار اتنا نکلا حقیقت یہ ہی کہ ایسا درد
اتنی مدت دبا رکھنا سواے پیغمبر کے کسی کا کام نہین ہی قتادہ کے نزدیک یا اسفیٰ بمعنی یا حزناہ
اور اسف عبارت اشد حزن و اندوہ سے ہی اگر کوئی شبہہ کرے کہ مدت دراز کے بعد تاسف
و اندوہ مفارقت یوسف علیہ السلام پر چہ معنی دارد مناسب تھا کہ بنیامین کے واسطے تاسف
ہوتا تو جواب یہ ہی کہ مصیبت فراق یوسف سب مصیبتون کی اصل تھی اس سبب سے اورون کی
مصیبت کالعدم ہوگئی اصل سے رجوع واقع ہوئی وراے اسکے بنیامین کو یوسف کے سبب سے
دوست رکھتے تھے اور یوسف کو للہ کیونکہ بنیامین کو یوسف سے ایک ارتباط تھا کہ دونون ایک
مان سے تھے اور صورت و سیرت مین بھی مشابہ تھے سو بسبب بنیامین کے خاطر مبارک یعقوب
علیہ السلام مطمئن رہتی تھی اور آتش فراق یوسف فی الجملہ سرد تھی اب کہ بنیامین
بھی درمیان سے اُٹھ گئے آتش فراق مین کمال التہاب پیدا ہوا ناچار درون دل سے
صداے یا اسفیٰ علی یوسف برآمد ہوئی بعضے اہل تفسیر فرماتے ہین کہ بیاض مین اس جگہ
کنایہ ہی کثرت بکا سے اور بعضے کہتے ہین کہ حقیقت مین آنکھین اندھی ہوگئین تھین
چنانکہ قتادہ فرماتے ہین کہ چھ برس کامل دیدۂ مبارک یعقوب علیہ السلام حلیۂ بینائی سے
عاری رہے کہ پیراہن یوسف سے منور ہوے **فائدہ** ارباب محبت فرماتے ہین کہ
سپیدی دیدۂ یعقوب مین یہ حکمت تھی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام محبت یوسف
علیہ السلام کا دعوے فرماتے تھے اور دلیل صدق دعوے محبت پر یہ ہی کہ عاشق
غیر محبوب سے اپنی نظر بند کرے اور حضرت یعقوب نے بعد گم ہونے یوسف کے
فی الجملہ بنیامین کو منظور نظر فرمایا تھا سو غیرت محبت نے دیدۂ یعقوب رویت غیر
محبوب سے بند کر دیا اسلیے کہ وہ آنکھین کہ دیدار محبوب سے محروم ہون نابینا بہتر

آن دیدہ کہ روے تو نہ بیند * وز دیدۂ عقل کور بہتر * اور ارباب اشارات فرماتے ہین
کہ حضرت یوسف کے بھائیون نے چاہا تھا کہ یوسف و یعقوب مین مفارقت ہوجائے
تو یعقوب ہمکو دیکھا کرین حق سبحانہ تعالے نے چشم زائل کردی تاکہ غیر یوسف کو نہ دیکھین
اور دل کو معمور محبت کیا کہ وہان دوسرے کی گنجایش نہین ہی دیکھو شیطان رجیم نے
حضرت آدم علیہ السلام سے مکر کیا کہ وہ بہشت سے نکلے تو مقصود اس مردود کا یہ تھا کہ
جب قرب خداوندی سے دور ہونگے تو آدم و اولاد آدم میری اطاعت کرینگے اسی
خیال مین تھا کہ غیرت الٰہی نے طمانچہ ذلت مارا اور ارشاد کیا کہ اے مردود تیرا یہ مطلب تھا
کہ میرے بندے تیری اطاعت کرین اور تجکو دیکھین اور میرے دیدار سے محروم
رہین قسم اپنے عزت و جلال کی کہ مین اپنے بندون کے دل اپنی محبت و شوق سے
اسقدر بھیرونگا کہ ہردم میرا ہی ذکر کرین اور نظرات رحمت سے پردے حجاب کے بالکل
اٹھاؤنگا کہ میرے سواے کسیکو موجود نہ سمجھین صاحب کشاف نے بیان کیا ہی کہ
ایک دن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ حزن و
اندوہ یعقوب کا کس مرتبے مین تھا بولے کہ برابر ستر ماؤن کے جنکے بیٹے مرگئے ہون
اور اس غم مین انکو سو شہید کا اجر ملا الغرض جب حضرت یعقوب علیہ السلام نے بیٹون سے
منھ پھیر لیا تو کہنے لگے تاللہ تفتؤ تذکر یوسف حتے تکون حرضا او تکون من الھالکین
یعنے قسم اللہ کی تو نہ چھوڑیگا یاد یوسف کی جب تک کہ گل جائے یا ہوجائے مردہ قال انما
اشکو بثی و حزنی الے اللہ و اعلم من اللہ ما لا تعلمون یعنے بولا مین تو کھولتا ہون اپنا
احوال و غم اللہ ہی پاس اور جانتا ہون اللہ کی طرف سے جو تم نہین جانتے یعنے تم کیا
مجکو صبر سکھاتے ہو بے صبر وہ ہی جو شکایت اللہ کی کرے خلق کے روبرو مین تو اسی سے
کہتا ہون جسنے یہ درد دیا ہی اور یہ بھی جانتا ہون کہ مجپر آزمایش ہی دیکھون کس حد پر پہونچکر بس ہو ٥
حاجتے راکہ از تو میجویم * با کسے نہ کہ با تو میگویم * راز گویم بخلق خوار شوم * با تو گویم بزرگوار شوم *
نزدیک مجاہد کے حرض بمعنی ما دون الموت مراد ہی یعنے موت سے قریب اور ابن اسحق کے
نزدیک بمعنی فاسد العقل اور بعض کے نزدیک گل جانا غم سے واصل الحرض الفساد فی الجسم والعقل من الحزن
اوالہم او العشق او دیث اس غم کا نام ہی جسکا پوشیدہ رکھنا طاقت بشری خارج ہو اور آدمی اسکے کہنے سے صبر نکر سکے مرتبہ اسکا
حزن و اندوہ سے زیادہ ہی تفسیر کبیر مین ہی کہ ایک دوست حضرت یعقوب کا آیا اور اسنے پوچھا کہ اے یعقوب تیری آنکھ کس بات سے

ٹوٹ گئی اور آنکھیں کیونکر جاتی رہیں فرمایا کہ آنکھیں یوسف کے غم مین سفید ہوگئیں اور کمر دنیا مین کے
فراق سے خم ہوئی اُسوقت فرمان الٰہی ہوا کہ ای یعقوب تو میری شکایت غیر کے روبرو کرتا ہی قسم ہی
عزت وجلال کی کہ یہ غم واندوہ تجھ سے دفع نکرونگا جب تک مجھسے رجوع نکریگا تب حضرت یعقوب نے
کہا انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ اور ایک گوشے مین مصروف بمناجات ہوے کہ یا الٰہی مجھپر رحم کر
اور یوسف اور دنیا مین کو ملاوے ارشاد ہوا کہ ای یعقوب اگر یوسف دنیا مین مرگئے ہوتے تو مین تیری
بیقراری سے دونون کو زندہ کرکے تیرے پاس لاتا اور ارباب اشارات فرماتے ہین کہ حضرت یعقوب
علیہ السلام ہردم یاد یوسف مین رہتے تھے سو محبوب حقیقی نے عتاب کیا حضرت یعقوب نے عہد کیا
کہ اب یوسف کا نام زبان پر نہ لاؤنگا جب یہ نوبت پہونچی تو دل پر ایک صدمۂ عظیم ہوا ناچار یہ دستور
باندھا کہ بیت الحزن کے دروازے ہو بیٹھتے اور گوش برآواز رہتے کہ کوئی یوسف کا نام لے تو مجھے
تسکین ہو ایک دن حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پیغام الٰہی دیا کہ یہ محل تہمت ہی یہان سے اُٹھ کر
بیت الحزن کے کونے مین جا بیٹھو کیونکہ اگر زبان نام یوسف سے بندھی تو کان بھی سماعت نام سے
روکنا لازم ہی ناچار کونے مین جا بیٹھے ایک روز کسی شخص نے اپنے بیٹے یوسف کو پکارا سو حضرت یعقوب
بے اختیار پکار اُٹھے یا اسفٰی اور قریب تھا کہ یوسف کا نام لین عتاب محبوب حقیقی یاد آیا تو فریاد سینہ سے
نہ نکلنے پائی دل ہی مین رہی اُسی کی حرارت نے دماغ کو اثر کیا آنکھین سفید ہوگئین پھر تو ایک ولولہ شدید
ملکوت اعلیٰ مین پڑ گیا اور مقربین ملائکہ نے جناب احدیت مین گذارش کی کہ ای کریم اس ضعیف محنت کشیدہ سے
کیا منظور ہی ای رحیم جس دن سے تو نے یوسف اُسکے محبوب کو جدا کیا تھا اپنی عمر نالہ وزاری وگریہ وبیقراری مین
کاٹتا تھا اور نام یوسف لیکر پکارتا تھا کہ فی الجملہ تسکین رہتی تھی تو نے وہ بھی بند کیا اب کیونکر شب وروز
گذرانے اس سے تو موت ہی بہتر ہی اُسی وقت جناب احدیت سے ارشاد ہوا کہ ای یعقوب مین نے بحکم
غیرت محبوبیت نالہ وفغان سے منع فرمایا تھا اب بشفاعت دل سوختگان محبت ارشاد کرتا ہون کہ ہردم
نالہ وزاری کیا کر اور اگر تو فریاد وزاری نکریگا تو بعد تیرے کسی عاشق دلخستہ کو رخصت فریاد معاف
نہوگی سو حضرت یعقوب علیہ السلام نالہ وفریاد کرنے لگے اور بولے انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ حقیقت
یہ ہی کہ جب تک حضرت یعقوب علیہ السلام یوسف کے واسطے روتے تھے یوسف بعید ہوتے جاتے تھے
اور جب خدا کے واسطے رونے لگے تو اللہ صاحب یوسف کو یعقوب کی طرف کھینچ لائے چنانکہ حضرت
یعقوب ایک دن سوتے تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بصورت یوسف علیہ السلام آراستہ بحسن وجمال
نظر پڑے تو حضرت یعقوب نے کمال اشتیاق سے دونون ہاتھ گردن خیال یوسف مین ڈال کر آلام فراق

وکلمات اشتیاق بیان فرمانے لگے اُسی وقت غیرت محبوب حقیقی نے ناپسند کرکے بیدار کر دیا کہ حضرت یعقوب کے دل پر صدمۂ عظیم ہوا کیونکہ حالت اوسکے مین کیفیت فراق کی عادت ہوگئی تھی اب صورت وصال ظاہر کرکے پردۂ حجاب ڈالنا موجب آفت ہوگیا اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا کہ یعقوب کو اطلاع کر کہ ای یعقوب جب تک تونے یوسف کو محبوب جانا اگرچہ یوسف زندہ تھا مگر مین نے مردون کے حکم مین رکھا اور اب تو نے یوسف کی طرف سے اُنسیت کم کی اور میری طرف آیا تو مین سماتا ہون کہ اگر یوسف مردہ ہوتا تو بھی زندہ کر دیتا جب ایسا خطاب ہوا تو حضرت یعقوب نے اپنے بیٹون سے متوجہ ہوکر فرمایا کہ یابنی اذہبوا فتحسسوا من یوسف واخیہ ولا تیایسوا من روح اللہ انہ لا ییایس من روح اللہ الا القوم الکافرون یعنے ای بیٹے میرے جاؤ اور تلاش کرو یوسف کی اور اُسکے بھائی کی اور نا امید نہو اللہ کے فضل سے بیشک نا امید نہین اللہ کے فضل سے مگر وہی لوگ جو منکر ہین فائدہ اِس مقام سے کئی فائدے نکلے اول یہ کہ دوستون کی یاد اگرچہ غائب بھی ہون دل سے نہین جاتی اور ذکر اُنکا زبان جاری رہتا ہی من احب شیئا فہو اکثر ذکرہ دوسرا یہ کہ صاحب مصیبت کو گریہ وزاری جائز ہی صبر کے خلاف نہین تیسرے یہ کہ محبت بے بلا کے نہین ہوتی چوتھا یہ کہ خدا سے نالہ وزاری کرنا درست ہی اور یہ جو کہتے ہین کہ صبر کرو مراد یہ ہی کہ جزع وفزع اختیار نکرو فائدہ حضرات صوفیہ فرماتے ہین کہ غم واندوہ حضرت یعقوب کا مفارقت جمال یوسف سے نہ تھا بلکہ اسوقت مین جمال حقیقت سے محجوب تھے اُسپر رونا پیٹنا تھا اسواسطے کہ یوسف مابین جمال حق واسطہ تھے کہ اگر یہ واسطہ نہوتا تو یعقوب کو طاقت مشاہدہ نہوتی دیکھو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ گمان تھا کہ مین اُس نور کی کیفیت کو بلا حجاب دیکھ سکتا ہون عرض کیا کہ ارنی انظر الیک اور حضرت حق کو بعلم قدیم معلوم تھا کہ موسیٰ کو طاقت دیکھنے کی نہین ہی سو ارشاد کیا کہ لن ترانی مگر پہاڑ کو دیکھ کہ اُس پردہ سے دیکھ سکتا ہی اسی طرح حضرت یعقوب کو صورت یوسف پردہ تھی کہ وراسے اُسکے جمال حقیقی نظر آتا تھا بالجملہ حضرت یعقوب کے بیٹون نے بحکم پدر مصر کی طرف ارادہ کیا اور حضرت یعقوب سے پوچھا کہ ہم لوگ مصر کی طرف چلے جاوین یا آپ کوئی خط بھی عزیز مصر کو لکھیےگا اگر ایک خط بھی ہوتا تو بہتر تھا کیونکہ شاید عزیز مصر ہمارا کہنا سچ نہ جانے تب حضرت یعقوب نے فارض بن یہودا سے خط بزبان عبرانی اِس خلاصے سے لکھوایا بسم اللہ یہ خط ہی یعقوب اسرائیل اللہ بن اسحاق ذبیح اللہ ابن ابراہیم خلیل اللہ کی طرف سے عزیز مصر کو وہ معلوم کرے کہ خاندان عالیشان نبوت ودودمان رسالت پر اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ بلائین بھیجی ہین اور انواع عقوبات سے آزمایش فرمائی ہی از انجملہ ہمارے جد ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھ پیر باندھ کر آگ مین ڈالا اُنھون نے صبر کیا

کہ اللہ نے اسی آگ کو گلزار کر دیا اور میرے باپ اسحاق علیہ السلام کو اللہ نے ہاتھ بندھوا کر حلق پر چھری چلوائی اور فدیہ انکا آسمان سے بھیج کر بلاے ذبح سے نجات دی اور مین یعقوب کہ ضعیف و ناتوان ہون وجاہت مین انسے کمتر اور مصیبت و بلا مین انسے بزرگتر سو میرے ایک بیٹا یوسف نام محبوب تر اولاد مین تھا مین اسکو پیار کرتا تھا ایک روز اسکے بھائی علاتی جنگل مین لے گئے شام کے وقت کرتا خون آلودہ لا کے دکھلایا اور کہا کہ اسکو بھیڑیا کھا گیا اسی دن سے آنسو روتا ہون کہ آنکھین جاتی رہین اور سفید ہو گئین اور اسی یوسف کا ایک بھائی حقیقی بنیامین تھا کہ فی الجملہ مجکو اسکے باعث سے تسکین رہتی تھی سو تھوڑے دن ہوئے کہ اسکے بھائی مصر کو لے گئے تھے اب کہتے ہین کہ بنیامین نے بادشاہ کی چوری کی اور گرفتار ہوا یہ بات سنکر فقیر کو رنج ہوا ای عزیز مین تجکو اطلاع کرتا ہون کہ اہل بیت رسالت مین کوئی شخص چور نہین ہوتا سو اسنے کبھون چوری نہ کی ہوگی کسی نے اسپر تہمت کی ہی اور تجھپر یہ سر پوشیدہ نہوگا ای عزیز فرزندون کے فراق سے سینہ چاک ہون اور ہر دم انکی مفارقت سے غمناک تجکو لازم ہی کہ بنیامین کو رہائی دے اور جلد تر میرے پاس روانہ کر تا کہ مین تیرے واسطے دعاے خیر کرون والا بد دعا کرونگا کہ اسکا اثر شامت پشت تک تیری اولاد مین رہیگا اور کسی طرح دفع نہوگا والسلام **فائدہ** اس جگہ سے کئی فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ ہر چیز کے حصول مین سعی و کوشش ضرور ہی جس طرح حضرت یعقوب علیہ السلام نے کوشش فرمائی کہ آخر کار مطلب حاصل ہوا دوسرا یہ کہ ملامت سے محبت زیادہ ہوتی ہی چنانچہ حضرت یعقوب کے بیٹون کی ملامت اور حضرت کی زیادتی محبت ظاہر ہی حاجت بیان نہین تیسرا یہ کہ باوصف مخالفت کے جو بیٹون سے حضرت یعقوب کی نسبت صادر ہوئی حضرت نے انکو اپنی اولاد سے خارج نہ کیا اور فرمایا یا بنی اس سے معلوم ہوا کہ اگر بندہ اپنے خاوند کا قصور کرے تو وہ بھی بمقتضاے رحم و کرم بندگی سے نہ نکالیگا **فائدہ** اگر کوئی شبہہ کرے کہ بنیامین کی تلاش مصر کی طرف البتہ درست تھی مگر حضرت یوسف علیہ السلام کو کس طرح تلاش کروایا بعضے جواب دیتے ہین کہ حضرت یعقوب کو ملک الموت نے مصر کی طرف اشارہ کیا تھا وہی یاد آیا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام اک دن کنعان کی راہ پر کھڑے یہ خیال کرتے تھے کہ اگر کوئی ملے تو حضرت یعقوب کا حال دریافت کرون دفعۃً ایک اعرابی شتر سوار کنعان کی جانب سے آیا اور حضرت سے سلام علیک کی آپ نے جواب دیکر فرمایا کہان جاتا ہی اسنے عرض کیا کہ مصر مین ایک کام کے واسطے آیا ہون بعد انجام اس کام کے لوٹ جاؤنگا حضرت رونے لگے وہ بولا کہ آپ کس لیے روتے ہین جو کچھ ارشاد ہو بجا لاؤن فرمایا کہ اگر حضرت یعقوب سے کنعان مین ملاقات ہو تو کہدینا کہ ایک شخص دروازے مصر پر کھڑا تھا اسنے سلام کہا ہی اور یہ کہدیا ہی کہ تمہاری امانت اللہ نے سلامت

رکھی ہے اعرابی نے کہا کچھ نشانی دیجیے تو حضرت یوسف نے ایک نشان کہ متصل ناف کے واقع تھا اور
حضرت یعقوب علیہ السلام اُسکو بوسہ دیا کرتے تھے پیراہن شریف اپنا اُٹھاکر دکھایا اور فرمایا کہ اگر نشانی
طلب کریں تو یہ مقام دکھلا دینا القصہ وہ سوداگر مصر مین اپنے کام سے فراغت حاصل کرکے کنعان مین
آیا اور بیت الحزن مین چلا گیا اُسوقت رات تھی حضرت یعقوب علیہ السلام رونے مین مصروف تھے
اعرابی نے تسلیم و کورنش عرض کی اور پیغام یوسف مفصل بیان کیا اور وہ نشانی بھی بیان کی اور کہا کہ
شاید آپ کا بیٹا ہو حضرت یعقوب نے پوچھا کہ اُسکی وضع کیا تھی اعرابی نے التماس کیا کہ کلاہ مرصع بجواہر
بر سر و قبائے دیبا در بر و منطقہ زرین در کمر اسپ تازی پر سوار بادشاہون کی طرح راہ کنعان پر کھڑے تھے حضرت یعقوب نے
فرمایا کہ یہ پوشاک پیغمبرون کی نہین ہے بعد اسکے اعرابی نے کہا حضرت میرے اولاد نہین ہے آپ دعا فرماوین حضرت یعقوب
علیہ السلام نے اعرابی کی استدعا سے اُسکی اولاد کے لیے دعا فرمائی کہ اللہ صاحب نے اُسکو چالیس بیٹے عنایت فرمائے
سو یہ معاملہ چھتیس یا سینتیس برس بھولا رہا جب وقت موعود آیا یاد پڑا تو جلدی سے ارشاد کیا یا بنی اذہبوا فتحسسوا
الغرض رویل وغیرہ مع نامہ حضرت یعقوب علیہ السلام جانب مصر چلے اور بعد طی مسافت مجلس عزیز مین حاضر ہوکے عرض کیا ایہا العزیز
مسنا و اہلنا الضر و جئنا ببضاعۃ مزجاۃ فاوف لنا الکیل و تصدق علینا ان اللہ یجزی المتصدقین یعنے اے عزیز پڑی ہے
ہم پر اور ہمارے گھر پر سختی اور لائے ہین ہم پونجی ناقص سو پوری دے ہمکو بھرتی اور خیرات کر ہم پر اور
اللہ بدلا دیتا ہے خیرات کرنے والون کو روایت ہے کہ اس مرتبہ بسبب قحط کے سارا اسباب گھر کا بک گیا تھا
صرف اُون و پنبہ و اسی لائے تھے حضرت یوسف علیہ السلام کو انکے حال پریشان پر رحم آیا اور عنایت نامہ
حضرت والد پڑھ کر اپنے پاس رکھ لیا اور ترجمان کو درمیان سے دور کیا اور تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوکے
کلام کرنے لگے اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ قبل از روانگی اولاد کے حضرت یعقوب علیہ السلام نے نامہ
مبارک اپنا ایک قاصد چالاک کے ہاتھ مصر کو بھیجا کہ اُسنے بوقت مناسب مصر مین جاکر صدیق علیہ السلام کو
دیا حضرت نے پڑھا اور زیر نقاب روتے رہے اور قاصد کو ایک مکان مین باعزاز و اکرام اُتارا اور
خود بدولت خلوت مین جاکر منشی خاص سے جواب لکھوایا بسم اللہ یہ نامہ ہے عزیز مصر کا جانب یعقوب
علیہ السلام حال یہ ہے کہ عنایت نامہ شریف نے شرف صدور پایا معزز و ممتاز کیا اور محنت و اندوہ سے
جو خاندان نبوت و رسالت سے لاحق ہوئے اور رنج و غم سے جو کہ مفارقت لڑکون سے نسبت بذات شریف
پہونچے اطلاع کلی حاصل ہوئی سو التماس یہ ہے کہ چارہ کار ان امور کا صبر ہے آپ صبر فرماوین جس طرح
آپ کے آبا و اجداد نے صبر کیا کہ اُسی سے مطلب حاصل ہوگا جس طور سے اُنکو حاصل ہوا والسلام بعد اسکے
عرضی کو مہر کرکے حوالہ قاصد فرمایا اور اُسکو بتشریفات فاخرہ و انعامات شاہانہ سرفراز کرکے رخصت کیا اُسنے

کنعان مین پہونچکر عریضہ یوسف حضرت یعقوب علیہ السلام کے ہاتھ مین دیا حضرت نے اُسے پڑھوایا اور مضمون کلام مین تامل کرکے صبر و تحمل مین کوشش فرمائی اور بیٹون سے فرمایا کہ جانب مصر جاؤ اور بھائیون کو تلاش کرو **فائدہ** اہل تفسیر کو بضاعۃ مزجاۃ مین کئی قول ہین بعض مزجاۃ بمعنی قلیل بیان کرتے ہین اور بعضے بمعنی کالاسے ردی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ چند درہم کھوٹے تھے کہ اُسکو مہاجنان مصر ناقص جانکر نہ لیتے تھے اور سبب یہ تھا کہ دراہم مصر منقش بصورت یوسف تھے اور دراہم کنعان مین یہ بات نہ تھی اور کلبی و مقاتل کے نزدیک حبۃ الخضراء کہتے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ پشم و روغن لے گئے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ کفش و چرم و پنیر لے گئے تھے اس آیت سے معلوم ہوتا ہی کہ صدقہ اور پیغمبرون کو حلال تھا سوائے ہمارے حضرت صلعم کے سفیان ابن عیینہ سے کسی نے سوال کیا کہ سوائے ہمارے پیغمبر کے اور پیغمبرون پر بھی صدقہ حرام تھا یا نہین سفیان نے کہا کہ تو نے سنا نہین وتصدق علینا ان اللہ یجزی المتصدقین ضحاک کہتے ہین کہ نزدیک اس سبب سے نہین کہا کہ عزیز مصر کو مومن نہین جانتے تھے بالجملہ ہرگاہ کہ برادران یوسف علیہ السلام نے اپنے گھر والون کی تکلیف و فاقہ کشی بیان کی تو حضرت نے فرمایا ہل علمتم ما فعلتم بیوسف واخیہ اذ انتم جاہلون یعنے کچھ خبر رکھتے ہو کیا کیا تمنے یوسف سے اور اُسکے بھائی سے جب تمکو سمجھ نہ تھی یعنے تم جانتے ہو بدی اُس کام کی جو تمنے یوسف اور اُسکے بھائی سے کیا ہی اور توبہ کر چکے ہو یا نہین کیونکہ اُسوقت تک بسبب جوانی کے جاہل ہو رہے تھے اور ہوائے نفس کے مغلوب تھے عقوق پدر و قطع رحم کا خیال نہین آیا اب عمر تمھاری کمال کو پہونچی ہی چونکہ یہ کلام حضرت کا بر سبیل اجمال و نصیحت تھا کہنے لگے کہ ہمنے کچھ برائی اُن دونون سے نہین کی ہی یوسف کو بھیڑیا لیگیا اور بنیامین بعلت دزدی ماخوذ ہی حضرت یوسف نے فرمایا تم لوگ پڑھے بھی ہو بولے ہم سب خواندہ ہین کہا ہمارے پاس ایک کاغذ عبری زبان مین لکھا ہوا ہی اسکا مضمون پڑھکر سناؤ اور بعینہ نکال کر دیا یہودا نے پڑھا اور بھائیون سے کہا کہ یہ وہی بیعنامہ ہی جو ہمنے مالک ابن زعر کو لکھدیا تھا بادشاہ نے کہان پایا پھر حضرت سے مخاطب ہوکر کہنے لگے کہ یہ قبالہ ہی ایک غلام کا جسکو ہمنے بیچا تھا ارشاد کیا کہ اُسکی عبارت نکالکر پڑھو یہودا نے پڑھا حضرت نے سُنکر فرمایا اسی مجلس مین تم کہتے تھے کہ یوسف کو بھیڑیا لیگیا اب اُسکے خلاف بیان کرتے ہو کہنے لگے حقیقت یہ ہی کہ یوسف ہمارا خانہ زاد تھا اور ہمارا باپ اُسکو دوست رکھتا تھا سو ہمنے اُسکو مالک کے ہاتھ بیچا اور باپ کی تسلی کے واسطے کہدیا کہ بھیڑیا لیگیا فرمایا دروغ گو را حافظہ نباشد کیونکہ پہلے میرے سامنے تمنے یوسف کو بھائی تبلایا پھر کہا غلام خانہ زاد تھا اور اول کہا بھیڑیے نے کھایا اب کہتے ہو بیچ ڈالا بیشک تم لوگ مجرم ہو تمکو قتل کرنا چاہیے اور مجکو سارا احوال تمھارا معلوم ہی تمنے اپنے

بھائی کے قتل و اہلاک مین بخوبی کوشش کی تھی اور باپ سے بہت جھوٹھ بولے تھے یہودا نے کہا ای بھائیو ہم کہتے تھے کہ یوسف کے مارنے کا ارادہ نکرو ایک روز انتقام لیا جائیگا اور تمنے نہ مانا اور نہ مجھے تمھارے مارے جانے کا اندیشہ نہین ہی اپنے باپ کا خیال ہی کہ جب وہ ایسی خبر سنینگے تو مر ہی جائینگے اگر بادشاہ کو رحم آیا تو بہتر نہین تو سب قتل ہوے تب سب بھائیون نے دست بستہ عرض کیا کہ ہمارا باپ ایک بیٹے کے گم ہونے سے اتنا رویا ہی کہ اُسکی آنکھین جاتی رہین اگر ہم سب مارے گئے تو زندہ نرہیگا ای بادشاہ تو ہمارے باپ پر رحم کر اور ہمنے تو بڑی خطا کی اور سجدہ مین گر کے رونے لگے حضرت کو رحم آیا کہ آپ بھی رونے لگے اُسی حال مین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اللہ کی طرف سے پیغام دیا کہ اب وقت اظہار ہی ان لوگون پر ظاہر ہو اور عتاب کو متبدل بعنایت کر جو کچھ واقع ہوا سب حکم تقدیر تھا چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام پردے سے نکلے اور نقاب چہرۂ مبارک سے اُٹھایا اِن لوگون نے خوب لحاظ کر کے روے مبارک پر نظر ڈالی تو خال سیاہ کہ رخسارۂ شریف پر میراث حضرت اسحٰق اور حضرت سارہ تھا نظر پڑا اور اسی حالت مین حضرت کو اس معاملہ پر ہنسی آئی کہ دندان مبارک کھل گئے ان لوگون نے پہچانا اور بولے ءانک لانت یوسف قال انا یوسف وہذا اخی قد من اللہ علینا انہ من یتق ویصبر فان اللہ لا یضیع اجر المحسنین یعنی سچ مچ تو ہی یوسف کہا مین ہی یوسف ہون اور یہ میرا بھائی ہی اللہ نے احسان کیا ہمپر البتہ جو کوئی پرہیزگار ہوا اور ثابت رہے تو اللہ نہین ضایع کرتا ہی حق نیکی والون کا حقیقت یہ ہی کہ جسپر تکلیف پڑے اور وہ شرع سے باہر نہو اور صبر کرتا رہے تو بیشک بلا سے زیادہ عطا اُسکو ملتی ہی **فائدہ** قرأت عامہ اس آیت کی بہمزہ استفہام ہی اسی سے معلوم ہوتا ہی کہ باوجود مشاہدہ علامت ہنوز بھائیون کو یوسف مین تردد تھا یہانتک کہ خود حضرت نے بیان کیا کہ انا یوسف تب بھائیون نے کہا تاللہ لقد آثرک اللہ علینا وان کنا لخاطئین یعنے قسم ہی اللہ کی کہ البتہ بزرگی دی تجکو اللہ نے ہم پر اور ہم تھے چوکنے والون مین یعنے تیرا خواب سچ تھا اور ہمارا حسد بر غلط پھر چاہا کہ تخت کے قریب پہونچ کر قدمبوس ہون حضرت یوسف نے خود اُٹھکر معانقہ کیا اور فرمایا لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وہو ارحم الراحمین یعنی کچھ الزام نہین تمپر آج اللہ بخشتے تمکو اور وہ ہی سب مہربانون سے مہربان **فائدہ** اولاد یعقوب علیہ السلام نے ایکی مرتبہ حضرت یوسف علیہ السلام سے آکر کہا کہ ای عزیز ہمارے پاس بضاعت ایسی ناقص ہی کہ کوئی شخص نہ لیویگا لیکن تو قبول کر کیونکہ تو کریم ہی اور بضاعت معیوب کو کریم ہی لیتے ہین اور اُسکی عوض مین شئی کامل دیتے ہین سو تو ہماری بضاعت ناقصہ قبول کر اور طعام کامل لطف فرما حضرت یوسف نے فرمایا کہ یہ عجیب معاملہ ہی کہ متاع ناقص کا بہاے کامل طلب کرتے ہو بولے تو غنی ہی

اور ہم نقیر تو محتشم ہین ہم حقیر سو اغنیا کریم فقرا کو صدقات دیتے ہین اور کریم ابن الکریم بضاعت
معیوب لیکر بہاے پسندیدہ عنایت فرماتے ہین اور یہ زمانہ وہ تھا کہ چار سو درم کو بھی ایک صاع
گندم نہ ملتا تھا اور بڑے بڑے سوداگر جو سونا چاندی لاے تھے بے نیل مرام واپس ہوگئے تھے
اور یہ لوگ اسوقت مین چند درم ناقص کھوٹے کے بدلے دس اونٹ بھر کے گیہون مانگتے تھے
لہذا ہر حال کچھ امید حصول مقصد کی نہ تھی مگر عاجزی و شکستگی انکی کہ اوف لنا الکیل وتصدق علینا
سے ظاہر ہے اللہ جل شانہ نے پسند فرمایا ہے کہ حضرت یوسف کو رحم آیا انھون نے غلہ عنایت کیا اور
بضاعت ناقصہ قبول فرمائی اور اپنے دیدار سے مشرف کیا اسی طرح حضرت حق عوض نفس خسیس و
مال ذلیل کے مومن کو بہشت پر نعمت عطا فرماتے ہین کہ ان اللہ اشتری من المومنین انفسہم
واموالہم بان لہم الجنۃ اور پر ظاہر ہے کہ نفس دشمن اور مال فتنہ ہے درگاہ لاابالی کا یہی معاملہ ہے کہ تحفہ
بانفیس قبول نہین ہوتا اور پاے ملخ مورچہ ضعیف سے لیا جاتا ہے دیکھو ایک بندہ نے تمام روے زمین مین
سجدے کیے اور سات لاکھ برس آسمانون مین ناک رگڑی ایک کلمہ انا خیر منہ بول اٹھا آتش
قہر نے سب عبادت خاک مین ملادی اور ارشاد ہوا کہ مجکو تیرا نماز وطاعت منظور نہین ہے اور عبادت
تیری درکار نہین یہان سے دور ہو اور دیکھو ایک درویش شکستہ دل خستہ خاطر نے دو رکعت
نماز ادا کی خطاب ہوا کہ اے ملائکہ تم گواہ رہو مین اس نماز کے بدلے بہشت پر نعمت اسکو
عطا کرونگا اور یہ اسواسطے ہے کہ لوگ جانین کہ اس درگاہ بے نیاز مین کسی کی عبادت وطاعت کی
احتیاج نہین ہے صرف ایک سجدہ نیاز لاکھ برس کی عبادت سے محبوب تر ہے اور اسی کا اشارہ ہے
انین المذنبین احب الی من تسبیح المقربین اور نظیر اس مقام کی یہ ہے کہ عرصۂ قیامت مین بندے
گنہگار بضاعۃ مزجاۃ کنعان دنیا سے بنابر ثمن بہشت لیجاوینگے اور بہشت کا سوال کرینگے حکم ہوگا
کہ میری درگاہ مین کیا لاے ہو عرض کرینگے کہ نماز باغفلت اور زکوۃ بامنت اور حج باشہرت
اور طاعت باریا پس منادی عرصات ندا کریگا کہ تم جانتے ہو کہ اس طرح کی عبادت سے بہشت نہین
ملتی ہے بڑے بڑے زاہد خرقہ ہاے عبادت پہنے بیٹھے ہین اور انھون نے صرف بطمع بہشت عبادت
کی ہے نہ بموجب فرمان الہی سو انکو حکم ہوا ہے کہ دوزخ مین جاؤ پھر تمکو کیونکر بہشت ملیگی وہ غریب فقیر
کہینگے یا الہی اگرچہ ہماری بضاعت لائق بہشت نہین ہے لیکن بمقتضاے واما السائل فلا تنہر اگر فقیرون
محتاجون کو بھی ایک لقمہ خوان کرم سے عنایت کرے تو بعید نہین اسی وقت ارشاد ہوگا کہ متاع قلیل
وناقص تمھاری منظور ہے بہشت مین داخل ہو سبحان اللہ العظیم برادران یوسف نے تخت یوسف سے

متصل جا کر عرض حال کیا اور اپنی شکستگی ظاہر کی حضرت کو رحم آیا گدایان امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
جب عرش مجید کے پاس کھڑے ہوکر بعجز و انکسار عرض حال کرینگے ارحم الراحمین کب رحم نہ فرمائینگے ذلک

فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم **فائدہ** حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے
بھائیون سے معانقہ کیا یہ سنت ابراہیم علیہ السلام تھی کہ ذکر اسکا مفصلاً احوال حضرت ابراہیم مین
کیا گیا ہے اور ہماری شریعت مین بھی معانقہ مسنون ہے اور احادیث معتبرہ مین سے ثابت ہے ترمذی نے
ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ زید ابن حارثہ مدینہ مین آئے اور حضرت
میرے گھر مین تھے سو زید حضرت کے پاس آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا تو حضرت رسول خدا
چل کھڑے ہوے اسکی طرف برہنہ یعنے بے ردا دراوڑھے اور معانقہ کیا اور بوسہ دیا عائشہ فرماتی ہین
کہ واللہ ما رایتہ عریانا لا قبلہ ولا بعدہ یعنی خدا کی قسم مین نے نہین دیکھا حضرت کو برہنہ ایسے
حال مین کہ کسیکے استقبال کو اسقدر شوق سے تشریف لیچلے ہون نہ قبل اس سے نہ بعد حضرت
شیخ المحدثین محقق دہلوی اشعۃ اللمعات مین فرماتے ہین کہ یہ حدیث جواز معانقہ اور تقبیل پر دلیل ہے
اور مختار و مفتی بہ بھی ہے کہ معانقہ و تقبیل مسافر سے بلا کراہت جائز ہے اور ابو داؤد نے ایوب ابن
بشیر سے روایت کی ہے کہ کہا ابو ذر نے کہ جب مین نے حضرت سے ملاقات کی تو حضرت نے
مصافحہ کیا اور ایک دن آدمی میرے پاس بھیجا مین گھر نہ تھا کہین کو گیا تھا جب مین آیا
تو مجکو خبر ہوئی کہ ایک شخص میرے بلانے کو حضرت کی طرف سے آیا تھا سو مین حاضر ہوا
حالانکہ حضرت بیٹھے تھے تخت پر سو حضرت نے مجھسے معانقہ فرمایا اور تھا یہ معانقہ جید تر اور دونے
معانقہ سے افاضۂ ذوق و راحت مین اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ معانقہ غیر مسافر سے بھی
بنا بر اظہار محبت و عنایت جائز ہے اسی طرح مصافحہ بھی سنت ہے بخاری اور ترمذی اور ابن ماجہ اور
امام احمد نے اپنی تصنیفات مین احادیث مصافحہ باسناد متصلہ بیان کی ہین کما ورد ما من
مسلمین یلتقیان فیتصافحان الا غفر لہما قبل ان یتفرقا رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ عن براء
ابن عازب وکذا تمام تحیاتکم بینکم المصافحۃ رواہ احمد والترمذی عن ابی امامۃ **فائدہ** محققین
متاخرین فرماتے ہین کہ ہرگاہ سنت مصافحہ و معانقہ حالت قدوم سفر اور غیر اسکی مین احادیث سے
ثابت ہوا پھر تعین اسکا بروز عید جیسا کہ بلاد ہند مین رائج ہے کسواسطے جائز نہین ہے بلکہ جائز ہے
اسواسطے کہ جو حکم کہ اصل اسکی شرع شریف مین ثابت ہے تو تعین اسکا ایک وقت خاص مین
بسبب اسکے کہ وہ وقت اوقات ثبوت اس اصل مین مندرج ہے جائز ہوگا اسواسطے کہ جب

بیان سنت معانقہ و مصافحہ

اصل شئی جملہ اوقات مین مشروع ہوئی پس وقت معین بھی ایک فرد اوقات اُس مطلق سے ہوا
واسطے تحقق مطلق کے افراد مین اور ظاہر ہی کہ ہر ایک فرد مطلق سے کہ متحقق ہو باعتبار تعین
وتشخص خارجی کے مانع تحقق اُس مطلق کے نہوگی والا تحقق مطلق فرد مین ممتنع ہوجاوے اور تعین وقت
جو شرعًا ممنوع ہی وہ تعین ہی کہ مانع تعین مطلق کا غیر اُس معین مین ہو کہ شارع سے تعین اُسکی ثابت ہوئی
اور خلاصہ اسکا یہ ہی کہ مشروع دو قسم ہی مقید و مطلق پس مقید مین رعایت قید کہ شارع نے فرمائی ہی
ضرور ہی ہرگز تبدیل اُسکی جائز نہین بخلاف مطلق کہ رعایت اور خصوصیت وقت اُسمین جانب
شارع سے مرعی نہین ہوئی بلکہ ہر فرد اُسکی صلاحیت تحقق مطلق کی رکھتی تھی توضیح یہ ہی کہ مثلًا ایک
حکم احکام شرع سے مطلق اوقات مین مشروع ہو مثلًا ایصال ثواب عبادات مالی و بدنی بنا بر
نفع اموات پس تعین اُسکا بروز سوم اگر بلحاظ اس بات کے ہو کہ میت قرب اوقات موت مین نسبت
ظلمت قبر اور توحش اور سوال ملائکہ زیادہ تر محتاج بوصول ثواب ہی تو شرعًا مشروعیت اعمال خیر کی
مثلًا تلاوت قرآن و ابلاغ صدقات بقید تعین اسوقت کے مضائقہ نہین رکھتا ہی اور اگر بلحاظ اسکے ہو
کہ اس دن معین مین اعمال خیر کا بجالانا روا ہی اور سوا اسکے جائز نہین تو ظاہر ہی کہ یہ نیت باطل ہی
کیونکہ اس صورت مین تشریع شرع جدید کی لازم آتی ہی اور وہ ممنوع ہی قطعًا پس باعتبار اصل مقرر
مذکور ظاہر ہوا کہ معانقہ و مصافحہ بروز عیدین جائز ہی اور مفہوم بدعت سیئہ مین مندرج نہین ہی اور
اس دعوے پر دلیل یہ ہی کہ تذکیر و وعظ بنا بر نفع و ہدایت خلق جمیع اوقات مین مستحب و مؤکد ہی
اور تعین یوم و تاریخ جائز ہی چنانکہ عبد اللہ ابن مسعودؓ نے روز پنجشنبہ کو بنا بر موعظہ مقرر فرمایا تھا
اور امام بخاری نے ایک باب علیحدہ اس مسئلہ مین لکھی ہی کذا حققہ مولانا تراب علی لکھنوی سلمہ اللہ العلی
القصہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے نوازش و کرم سے بھائیون کا دل خوش کر دیا تو اب
علاج دل فگار پدر بزرگوار عاشق زار سے مصروف ہوسے اور اُنکا حال دریافت کرکے فرمانے لگے
اذہبوا بقمیصی ہذا فالقوہ علے وجہ ابی یات بصیرا واتونی باہلکم اجمعین یعنے لیجاؤ یہ کرتہ میرا
پس ڈالو منہ پر میرے باپ کے کہ چلا آوے آنکھون سے دیکھتا اور لے آؤ میرے پاس
گھر اپنا سارا روایت ہی کہ پیراہن شریف اپنا حضرت یوسف علیہ السلام نے لاکر بھائیون کے
روبرو رکھا اور ارشاد کیا کہ جو کوئی چاہے لیجائے یہودا نے کہا مین اوسے ہون اسلیے کہ کرتہ
خون آلودہ بھی مین لیگیا تھا کہ اُس سے والد کو رنج ہوا اب خوشی کا کام میرے ہی ہاتھ سے
ہونا چاہیے حضرت یوسف نے فرمایا تو ہی لیجا جب یہودا پیراہن لیجانے کو مستعد ہوا تو حضرت

یوسف نے ایک اونٹ آراستہ کرکے حضرت یعقوب علیہ السلام کے واسطے اور دو سو اونٹ باخلعتہا
فاخرہ اہلبیت کے لیے عنایت فرمائے اور بھائیون کو ایک ایک گھوڑا مرحمت کیا اور فرمایا کہ جملہ
اہلبیت کو کنعان سے مصر مین لاؤ کہ آسایش سے بسر کرین الغرض یہودا پیراہن مبارک سر پر ایک
باشوکت وشان روانہ ہوا اور مصر سے قدم باہر رکھا تو باد صبا نے بوے پیراہن سے مشام
یعقوب علیہ السلام معطر کر دیا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حالت وجد مین آکر گھر سے باہر
نکل کھڑے ہوے اور چارون طرف سے بوے یوسف سونگھنے لگے حضرت کے پوتون نے
ہاتھ پکڑا کہ اے حضرت اس گھبراہٹ مین آپ کنوئین مین نہ گر پڑین فرمایا تم مجکو چھوڑ دو تو مین
دیکھون کہ یوسف کی بو کس طرف سے آتی ہے کہنے لگے آپ کو کیا ہو گیا ہے حضرت یوسف کا بدن بھی
گل گیا ہوگا بو کہان سے آویگی حضرت یعقوب نے فرمایا ؎ نشان یوسف گم گشتہ میدہد بادم
مگر ز مصر بکنعان بشیری آید ۔ بالجملہ جسقدر یہودا قریب ہوتا جاتا تھا حضرت یعقوب علیہ السلام کو
کیفیت وجد زیادہ ہوتی تھی اور اطفال نا واقف از حقیقت اپنی جہل ونادانی سے اعتراض
کرتے تھے یہانتک کہ یہودا نے حاضر ہو کر پیراہن یوسف یعقوب کے منھ پر ڈال دیا کہ آنکھین
کھل گئین تو حضرت نے فرمایا کہ مین نہ کہتا تھا انی اعلم ما لا تعلمون یہ روایت مین المفسرین مشہور ہے
**فائدہ** واحدی نے تفسیر وسیط مین لکھا ہے کہ جس ہوا نے بوے یوسف یعقوب کو پہونچائی وہ ریح صبا تھی
اور اسی سبب سے شعرا اپنے اشعار مین اکثر ذکر اسکا کرتے ہین کیونکہ یہ ہوا ما بین عاشق ومعشوق
سفیر ہے اور بھی روایت ہے کہ باد صبا پیغمبرون کی ہوا ہے چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین
نصرت بالصبا واہلک عاد بالدبور **فائدہ** بوے پیراہن حضرت یعقوب علیہ السلام نے
سونگھی اور اولاد کو اسکا شمہ نہ پہونچا تو سبب یہ تھا کہ بوے پیراہن بوے بہشت تھی کیونکہ
پیراہن بہشتی تھا اور حضرت یعقوب اولاد سے خوش نہوے تھے بوے بہشت انکو کس طرح
نصیب ہوتی اگر کہا جائے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اسی کوس سے کس طرح جانا کہ
یہ بوے یوسف ہے تو جواب اسکا یہ ہے کہ حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ
پیراہن بہشت تھا رائحہ اسکا ہمراہ باد صبا کر دیا گیا کہ اطراف عالم مین منتشر ہوا جب مشام
یعقوب علیہ السلام مین پہونچا تو حضرت نے پہچانا کہ یہ رائحہ جنت ہے اور یہ رائحہ منحصر اس
پیراہن بہشتی مین ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے حضرت جبرئیل لائے تھے
اور وہ پیراہن نہین ہے مگر یوسف میرے محبوب کے پاس جب یہ بات معلوم ہوئی تو بیتاب ہو کر

بول اُٹھے کہ مین بوے یوسف پاتا ہون اور جو لوگ کہتے ہین کہ یہ پیراہن خاص یوسف کا تھا حضرت ابراہیم والا پیراہن نہ تھا تو اس حال مین اتنی مسافت سے بوے یوسف سونگھنا حضرت یعقوب پیغمبر کا معجزہ تھا **فائدہ** اللہ جل شانہ نے جس طرح مرض بنایا ہے اُسی طرح اُنکی دوا بھی پیدا فرمائی ہے دیکھو آنکھین حضرت یعقوب کی یوسف کے فراق سے جاتی رہی تھین انھین کے بدن کی چیز سے اچھی ہوئین اگر کوئی کہے کہ یہ بات حضرت یوسف نے کہان سے جانی کہ پیراہن سے آنکھین ہو جائینگی جو پیراہن کو بھیجا جواب اسکا یہ ہے کہ حضرت یوسف کو از روے وحی دریافت ہوا تھا کہ تیرے پیراہن سے یعقوب کی آنکھین ہونگی اور صحیح یہ ہے کہ حضرت یوسف کی کرامت تھی اور حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ وغیرہ محققین نے اس مقام کی یون تقریر کی ہے کہ پیراہن یوسف بشیر نام غلام کنعان کو لیگیا تھا اور اُس بشیر کا معاملہ یہ ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے بعد وفات راحیل اپنی بی بی کی ایک لونڈی مع لڑکے کے خرید کی تھی کہ وہ بنیامین کو دودھ پلایا کرتی تھی ایک روز حضرت یعقوب کو خیال آیا کہ اس کنیز کا بیٹا بھی دودھ مین شریک رہتا ہے اس باعث سے بنیامین میرا بیٹا بھوکھا رہ جاتا ہے اسکو لونڈی سے الگ کرنا بہتر ہے سو ایک سوداگر کے ہاتھ چند درہم کو بیچ ڈالا لونڈی مفارقت فرزند مین تڑپنے لگی اور صبح و شام یہ دعا کرتی کہ الٰہی جیسا یعقوب نے میرے جگر گوشہ کو بے وجہ جدا کر دیا ہے ویسا تو اُسکا بیٹا جسکو بہت پیار کرتا ہو الگ کر دے تاکہ وہ بھی جانے کہ درد جدائی ایسا ہوتا ہے حدیث شریف مین وارد ہے کہ دعاے مظلوم جلد تر قبول ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ عورت نہایت ستم رسیدہ تھی کما قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اعوذ باللہ ممن یفرق بین الوالدۃ وولدہا سو مجیب الدعوات نے اُسکے دل مین ڈالا کہ تو صبر کر مین یعقوب سے اسکا بدلا لیتا ہون اور ایسی بلا مین ڈالتا ہون کہ مدت العمر یاد کرے یعنی یوسف کو جو محبوب ترین فرزندان یعقوب سے ہے جدا کرونگا اور وہ نہ ملیگا جب تک تیرا نور العین تجھکو نہ ملے الغرض حضرت یعقوب بھی بلاے فراق مین مبتلا ہوے اور بشیر کو تاجر لیگیا اور اپنے پاس رکھنے لگا جب حضرت یوسف عزیز مصر ہوے تو اُس تاجر نے بشیر کو حضرت کے ہاتھ بیچ ڈالا مگر نہ حضرت کو بشیر کا حال معلوم تھا اور نہ بشیر کو حضرت کا اور چونکہ بشیر آدمی پر لیاقت و فطین تھا حضرت یوسف نے اُسکو عہدہ سفارت پر مقرر فرمایا اور اپنا معتمد خاص قرار دیا بلکہ اکثر اوقات خاص امور مین اُسی کو بھیجتے تھے چنانچہ پیراہن اپنا بھی اُسی کے ہاتھ کنعان کی طرف بھیجا تھا

اور میلان حضرت مولانا محمد شاہ عبد القادر دہلوی قدس سرہ کا بھی اس قول کی طرف معلوم ہوتا ہے اور بعض
کہتے ہین کہ مالک ابن زعر لیگیا تھا بالجملہ بشیر پیراہن یوسف علیہ السلام لیکر جانب کنعان روانہ ہوا
اور باد صبا نے جناب حضرت خداوندی مین التماس کیا کہ اگر مجھے اجازت وارشاد ہو تو مین رائحہ یوسف
علیہ السلام سے دماغ یعقوب علیہ السلام معطر کردن کہ حالت وجد مین فرمانے لگین ع بوئے خوش
یار از در و دیوار بلند ست ✤ حکم ہوا کہ تجکو اذن دیا گیا سو اُسنے ایک دم مین رائحہ حضرت یوسف علیہ السلام سے
مشام مفارقت التیام حضرت یعقوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام معطر کر دیا اسوقت حضرت
غمگین وحزین اپنے فرزندون مین جلوہ فرماتھے دفعۃً وجد مین آگئے اور گویا بزبان حال یون
گویا ہوئے ؎ مژدہ ای دل کہ مسیحا نفسے می آید ✤ کہ ز انفاس خوشش بوے کسے می آید ✤ اور اپنے
پوتون سے مخاطب ہوکر فرمانے لگے کہ ای لوگو اب میرا غم جاتا رہا کہ آثار فرحت وسرور نمودار ہین
بوے یوسف چارون طرف سے آتی ہے اور دماغ میرا کہ اُسکی بو سے آشنا تھا معطر ہوگیا اور
یہ بوے خوش سواے یوسف کے کسیکی نہین مگر تم لوگ مجکو نسبت بجنون کروگے چنانچہ ارشاد
ہوتا ہے ولما فصلت العیر قال ابوہم انی لاجد ریح یوسف لولا ان تفندون قالوا تاللہ انک لفی
ضلالک القدیم[ف] یعنے جب جدا ہوا قافلہ کہا اُنکے باپ نے مین پاتا ہون بوے یوسف اگر نہ کہو کہ
بوڑھا بھٹک گیا بولے قسم اللہ کی تو ہی اپنی اُسی غلطی مین قدیم کی چالیس برس ہوچکے ہین اور
ابتک یوسف کی ملاقات کی امید باقی ہے **فائدہ** اہل حقیقت فرماتے ہین کہ وہ بوے خوش جسنے
دماغ یعقوب علیہ السلام کو معطر کردیا وہ نفحۂ الٰہی تھی کہ تمام عالم کے گرد کئی مرتبہ رات ودن مین پھیلتی ہے
اور مومنون اور موحدون کے دردل پر آتی ہے اگر سینہ صافی اور سر خالی پاتی ہے تو اُسمین نزول
فرماتی ہے ؎ نفحۂ عشق کز ان سوی جہان می آید ✤ بمشام دلم از عالم جان می آید ✤ تازہ شو ای دل
پژمردہ کہ چون آبحیات ✤ بجر جوییست کہ سوے تو روان می آید ✤ خیز ای عقل حس از چار سوی پنج
حواس ✤ کہ نگارین ازان راہ چمان می آید ✤ ہمچو خورشید نما روے کہ جان ذرہ صفت ✤ از زمین
تا بفلک رقص کنان می آید ✤ حیف کاین بے بصران کور دلان بیخبر اند ✤ زانچہ در دیدۂ صاحب نظران
می آید ✤ سبحان اللہ یہ عجب بو تھی کہ دارندہ پیراہن کو مطلق معلوم نہوئی اور یعقوب علیہ السلام نے
اسّی فرسنگ سے سونگھی میرے نزدیک بوے عشق تھی کہ سواے عاشق کے کوئی اُس سے آشنا نہ تھا
اور یہ بو ہر عاشق کو ہر وقت نہین آتی مگر جب عشق مین مضبوط ہوا اور عشق کی بلائین اُٹھائے دیکھو
ابتداے حال مین یوسف چاہ کنعان مین نزدیک تر پڑے رہے یعقوب کو خبر نہوئی آخر الامر

[ف] [illegible]

جب محبت کامل ہوئی تو بوے یوسف اسّی فرسنگ سے آئی اور فرمانے لگے انی لاجد ریح یوسف
اور یہی سبب تھا کہ حضرت یعقوب کی اولاد اور اتباع کو اُس بو کی خبر نہوئی کیونکہ بوے یوسف آتش افروز
عشق و محبت تھی اور دل یعقوب سوختہ اُسی آتش کا تھا سو اُس بو نے اپنے عاشق کو پہچان لیا اور جنکو
عشق سے بہرہ نہ تھا محروم رہے تنبیہ آثار مین وارد ہی کہ جو ہوا صبح کو چلتی ہی وہ ہوا اذکار ذاکرین
اور استغفار مذنبین کو حضور خالق کبریا مین پہونچاتی ہی اُسی کو ریح عشاق بولتے ہین اور ہوا کئی طرح کی ہی
ایک نصیب محبین ہی جسکو ہواے الفت کہتے ہین دوسری نصیب مجاہدین ہی اُسکو ہواے قربت کہتے ہین
تیسری حصہ مطیعین ہی اُسکو ریح توفیق نام رکھتے ہین چوتھی باد انابت ہی کہ تائبین کو اُس سے فائدہ
پہونچتا ہی پانچوین باد ندا ہی کہ ذاکرین کی چاشنی ہی چھٹوین ہواے وصل ہی کہ عارفون کا لباس ہی ساتوین
ریح النعم ہی کہ عالمون کا اُسی پر مدار ہی نکتہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے ریح قمیص نفرمایا ریح یوسف فرمایا
اُسکا سبب یہ ہی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام عاشق تھے اور عشاق کا دستور ہی کہ واسطے کو درمیان سے
اُٹھا دیتے ہین اور سواے اپنے کسیکو دیکھ نہین سکتے سو ریح القمیص کہنے مین یہ قباحت تھی کہ قمیص
واسطہ ہوا جاتا تھا القصہ بشیر مع کرتۂ مبارک کنعان کے قریب پہونچا چونکہ ارادۂ الٰہی یہ تھا کہ وفاے
وعدہ فرما دے اور بشیر کی مان کو اول مسرور کرے سو جب بشیر داخل کنعان ہوا مان اُسکی ایک کنوئین پر
لباس حضرت یعقوب پاک کر رہی تھی بشیر نے قریب جا کر دولت خانہ یعقوب پوچھا اُسنے جواب دیا کہ یعقوب
علیہ السلام سے کیا حاجت ہی وہ کسی سے بات نہین کرتا کسیکی حاجت نہین سنتا دن رات سواے
یوسف کی یاد کے اور کام سے کچھ کام نہین رکھتا بشیر نے کہا ای ضعیفہ قصہ سخن کوتاہ کر مین رسول اُسکے
بیٹے کا ہون مجکو جلد مکان اُسکا تبلا دے کہ مین یوسف کا پیراہن لایا ہون اُس عورت نے یوسف کا نام سنا
تو رونے لگی اور آسمان کی طرف دیکھ کر کہا یا الٰہی تو نے مجھسے وعدہ کیا تھا کہ تیرا بیٹا اول ملیگا سو مین ایفاے
وعدہ کی منتظر رہی اور یوسف کا باپ یعقوب پیراہن یوسف سے مسرور ہوا چاہتا ہی بشیر نے کہا تو کیون
روتی ہی اپنا حال بیان کر اُسنے تمام قصہ اپنا کہا تب بشیر نے کہا کہ تیرے بیٹے کا کیا نام تھا اُسنے کہا کہ
نام تھا بشیر نے دوڑ کر قدمبوسی کی اور کہا ای مان مین تیرا بشیر ہون اور اللہ صاحب کبھی وعدہ خلاف
نہین فرماتے نکتہ ای عزیز اللہ صاحب نے اُس ضعیفہ سے وعدہ فرمایا اور اُسکے خلاف نہین کیا بندہ
مومن سے وعدہ بہشت و رضا و لقا فرمایا ہی کہ وعد اللہ الذین آمنوا و عملوا الصالحات منہم مغفرۃ
و اجرا عظیما پس ہم امید رکھتے ہین کہ انجاز وعدہ فرماوینگے اور مقصود اصلی اور مطلوب دلی کو پہونچا دینگے
غرض وہ عورت شدت مسرت سے بیہوش ہو گئی بشیر نے مان کو اُسی جگہ چھوڑا اور خانہ یعقوب

علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوا اور خدمت آنحضرت مین پہونچا اور تحیت اور سلام ادا کیا اور پیراہن یوسف اُنکے منہ پر ڈال دیا حضرت یعقوب نے اُسکو بوسہ دیا اور آنکھون سے لگایا فی الفور دیکھنے لگے کما قال فلما ان جاء البشیر القاہ علی وجہہ فارتد بصیرا قال الم اقل لکم انی اعلم من اللہ ما لا تعلمون یعنی جب آیا بشیر ڈال دیا وہ کرتہ حضرت یعقوب کے مُنہ پر پس اُٹھا پھر آنکھون سے دیکھا اور فرمایا مین نے نہ کہا تھا تمکو مین جانتا ہون اللہ کی طرف سے جو تم نہین جانتے یعنی حیات یوسف اور یہ کہ اللہ اُسکو ملاویگا بعد اسکے حضرت یعقوب علیہ السلام بروایت بعضے بشیر کے منہ کی طرف دیر تک دیکھتے رہے اور فرمایا تو کون ہی اُسنے کہا مین بشیر ہون غنیا مین کی دائی کا بیٹا جسکو آپ نے بیچ ڈالا تھا فرمایا واحسرتا علی ما فعلت اور بہت روئے اور ارشاد کیا تیری حاجت کیا ہی اُسنے کہا دنیا کی کچھ حاجت نہین ہی فرمایا ہون اللہ علیک سکرات الموت کما ہونت علی الغموم والاحزان تب بشیر نے عریضہ حضرت یوسف علیہ السلام کا گذرانا تو اُسکو آنکھون سے لگا کر فرمایا الحمد للہ علی نظری فی کتابہ اور مضمون اُسکا یہ تھا کہ اے والد میرے مین نے یہ ارادہ کیا تھا کہ خود حاضر ہون لیکن اذن الٰہی یون ہوا کہ آپ ہی مع عیال و اطفال تشریف لاوین اور مین یہ جانتا ہون کہ آپ سوار ہو کے تشریف لاوین تا کہ قبطی لوگ حضرت کو بنظر حقارت نہ دیکھین اور کوئی شخص آپ کے فقر کی گفتگو نکرے والسلام بعد اسکے اسباب کی تفصیل لکھی تھی معالم التنزیل مین ہی کہ بشیر سے حضرت یعقوب نے پوچھا یوسف کا کیا حال ہی اُسنے کہا بادشاہ مصر ہی فرمایا کس دین پر ہی کہا دین اسلام فرمایا اب تمام ہوئی نعمت اُسپر فائدہ روایت صحیح ہی کہ پیراہن بموجب ارشاد الٰہی بھیجا گیا ہی کیونکہ جس دن پیراہن بھیجنے کا ارادہ ہوا ہی اُس دن حضرت یوسف دعا مانگتے تھے کہ یا الٰہی یعقوب کی آنکھین ہو جائین اُسی وقت حضرت جبرئیل نے آکے کہا اپنا پیراہن بھیجو تو آنکھین ہو جائین اور پیراہن کے بھیجنے مین یہ سر تھا کہ عادت الٰہی یون جاری ہی کہ جس راہ سے غم پہونچتا ہی اکثر اُسی راہ سے خوشی دیتا ہی سو یعقوب علیہ السلام کو پیراہن سے غم ہوا تھا کہ جاءو علی قمیصہ بدم کذب سے ظاہر ہی خوشی بھی پیراہن سے پہونچائی کہ اذہبوا بقمیصی ہذا سبحان اللہ عجیب پیراہن بہشتی تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اُسنے آتش سوزان سے نجات بخشی اور حضرت یعقوب کو نار ہجران سے یہی تاثیر پیراہن ایمان و معرفت مین ہی کہ آتش حرقت فانذرتکم نارا تلظی اور آتش فرقت کہ کلا انہم عن ربہم یومئذ لمحجوبون سے نجات بخشتا ہی مسلمان کو چاہیے کہ اس پیراہن کو خوب چستی سے پہنے تا کہ مثل خلیل اللہ آتش دوزخ سے نجات پاوے

اور اسکو سعادت سے آلودہ نکرے کہ یعقوب واز آتش فرقت و ہجران سے خلاصی ملے نکتہ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ القاہ علی وجہہ فارتد بصیرا اور علی عینہ نہ فرمایا حالانکہ مقصود بینائی چشم اور مطلوب نور بصر تھا سر اسکا یہ ہے کہ حضرت یوسف کو چشم پدر سے شکایت تھی کہ بعد یوسف کے اور بھائیون کو انھین سے دیکھا تھا اور منہ سے کچھ شکایت نہ تھی کیونکہ یعقوب نے روے مبارک اپنا دوسرے کے چہرہ پر نہین رکھا اور یہ توظاہر ہے کہ معشوق کو رشک ہوتا ہے لہذا فرمایا القاہ علی وجہہ دیکھو اللہ جل شانہ کہ محبوب حقیقی بے پرواہی فرماتے ہین وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربہا ناظرۃ یعنی کتنے منھ اُس دن تازے ہین اپنے رب کی طرف دیکھتے حالانکہ ناظر چشم ہے نہ وجہ اور آنکھ کا ذکر بھی نہین فرمایا تو گویا فرماتے ہین کہ اے بندۂ مومن تیری آنکھ سے مجکو شکایت ہے کہ تو نے میرے غیر کو دیکھا ہے لیکن منہ سے شکایت نہین کہ اُسنے سواے میرے دوسرے کو سجدہ نہین کیا فائدہ عبد اللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ پانچ چیزین بہشت سے پیغمبرون کے واسطے آئین ایک پہلے عصا کہ حضرت ابو البشر آدم علیہ السلام کے واسطے آیا حال اُسکا یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام دنیا مین آئے تو حشرات الارض اور درندون نے تکلیف دینا شروع کی کہ حضرت آدم نے جناب الٰہی مین نالش کی تب واسطے رفع دشمنون کے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عصا دیا حضرت آدم نے پوچھا کہ یہ سب میرے دشمن کیون ہوے فرمایا تمھاری زلت سے پھر حضرت آدم نے جناب الٰہی مین التماس کیا کہ مین توبہ کر چکا ہون ارشاد ہوا کہ اِس زلت کی بو قیامت تک نجائیگی اور اسی بو سے انکو نفرت ہے پھر وہی عصا دست بدست حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو پہونچا کہ معجزہ ہوا دوسرے پیراہن ابراہیم علیہ السلام کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ہوا مین پہنایا تھا اُسی سے آتش نمرود سرد ہوئی بعد اسکے بطور تعویذ اپنے پاس رکھا جب حضرت اسحاق پیدا ہوے تو انکے گلے مین ڈالا کہ نظر بد نہ لگے اور حضرت اسحاق نے حضرت یعقوب کو دیا اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف کا تعویذ کیا اور حضرت یوسف نے وہی پیراہن اپنے باپ کو بھیجا کہ حضرت یعقوب کی آنکھین ٹھنڈی ہوئین اور نظر آنے لگا تیسری انگشتری حضرت سلیمان علیہ السلام کہ یہ بھی حضرت آدم کے پاس تھی بعد وزلت اُتر گئی تھی جب حضرت سلیمان علیہ السلام پیدا ہوے تو انکو عنایت ہوئی اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے انکو پہنائی چوتھے مائدہ عیسیٰ علیہ السلام کہ ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء پانچوان دنبہ کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کے واسطے بہشت سے آیا

وفدیناہ بذبح عظیم فائدہ اللہ جل شانہ نے سات چیزون کو دنیا مین زندہ کیا تاکہ منکرین بعث کا شبہہ زائل ہوجاے اول چڑیون کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھ سے زندہ فرمایا کہ حال اُسکا حضرت ابراہیم کے حال مین بیان ہوچکا ہی دوسری حضرت یعقوب علیہ السلام کی آنکھین گئی ہوئین پھر آئین کہ اُس سے حضرت یعقوب زندہ ہوگئے تیسری حضرت موسیٰ کی عصا سے عامیل کو زندہ کیا چوتھی سامری کے گوسالہ کو خاک سُم گھوڑے حضرت جبرئیل سے زندہ کیا کہ اُسمین جان پڑگئی ان دونون باتون کا ذکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے احوال مین کہا جائیگا پانچوین مچھلی کو حضرت یوشع کے آب طہارت سے زندہ کیا کہ اُسکا بھی ذکر آگے آویگا چھٹوین حضرت عزیر علیہ السلام کو سو برس کے بعد زندہ کیا ساتوین اصحاب کہف کو بعد تین سو برس کے زندہ فرمایا ان دونون کا مذکور بھی انکے احوال مین کیا جائیگا فائدہ دنیا مین تین چیزین حضرت یوسف علیہ السلام کی سنت ہین اول طعام نمازیشین کہ بادشاہون مین جاری ہی دوسری خلعت دینا تیسری وقت فراغت کے سفر مین اہل خانہ کو طلب کرنا فائدہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہین کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام کو نظر پڑنے لگا تو یوسف علیہ السلام کا خط پڑھا اور لڑکون کی طرف دیکھا سب نے سر جھکا لیے اور عرض کرنے لگے کہ یا ابانا استغفر لنا ذنوبنا انا کنا خاطئین قال سوف استغفر لکم ربی انہ ہو الغفور الرحیم یعنے اے باپ بخشوا ہمارے گناہون کو بیشک ہم تھے چوکنے والے کہا ہو بخشواؤنگا تمکو اپنے رب سے وہی ہی بخشنے والا مہربان تنبیہ اس سے معلوم ہوا کہ شفاعت حق ہی اگر درست نہوتی تو یہ لوگ نہ کہتے یا ابانا استغفر لنا اور حضرت یعقوب علیہ السلام نفرماتے سوف استغفر لکم ربی اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ قیامت کے دن انبیا علیہم السلام اپنی اپنی امت کی اور اُستاد شاگرد کی اور بوڑھا جوان کی اور عالم جاہل کی شفاعت کرینگے فائدہ یہ ظاہر ہی کہ باپ کو بہ نسبت بھائی کے شفقت لڑکون پر زیادہ ہوتی ہی سو یہان عجب حال ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے عفو کیا اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے توقف فرمایا بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو حکم ہوگیا تھا کہ تم عفو کرو سو آپ نے بلا تامل عفو کردیا اور حضرت یعقوب علیہ السلام کو ابتک اجازت نہوئی تھی اور شفاعت بے اجازت ہو نہین سکتی من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام خصم تھے اور حضرت یعقوب علیہ السلام شفیع اور یہ ظاہر ہی کہ شفاعت شفیع کی بلا رضامندی خصم کے فائدہ نہین دیتی اس دلیل سے نکلتا ہی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے شاید حضرت یوسف علیہ السلام کی اجازت پر ملتوی رکھا ہو چنانچہ شعبی رح سے روایت ہی کہ حضرت

یعقوب نے بیٹون سے فرمایا کہ مین یوسف سے دریافت کرون اگر اُسنے عفو کیا ہوگا تو مین بھی خدا سے
دعاے بخشش چاہونگا کذا فی المعالم اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے وقت
خاص پر دعا کو موقوف رکھا تھا جیسے وقت صبح یا یوم جمعہ چنانچہ اکثر مفسرین کا یہ قول ہی کہ حضرت
یعقوب نے تاخیر دعا کی سحر تک فرمائی تھی کہ اسوقت مین بمقتضاے ہل من داع فاستجیب دعا قبول
ہوتی ہی چنانچہ جب وہ وقت آیا تو حضرت یعقوب نے بعد نماز صبح یون دعا فرمائی اللھم اغفرلی جزعی
علی یوسف وقلة صبری عنه واغفر لاولادی ما اتوا علی اخیھم یوسف اُسی وقت وحی ہوئی کہ قد غفرت
لک ولھم اجمعین اور عکرمہ سے روایت ہی کہ تاخیر دعا کی لیلة الجمعہ تک فرمائی تھی اور طاؤس کے نزدیک
شب عاشورا کے منتظر تھے اور تحقیق یہ ہی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام وحی الٰہی کے منتظر تھے جب وحی مین
اجازت ہوئی تب دعا فرمائی اور اپنے نفس کو شریک گردانا کہ اللہ نے آنجناب کی برکت سے بیٹون سے بھی
عفو کیا اور ایک روایت ہی کہ یہودا وغیرہ حضرت یوسف و یعقوب سے عرض کرنے لگے کہ تمنے ہمارے
گناہ عفو کیے لیکن اگر خدا نے نہ بخشا تو اس عفو کا کچھ فائدہ نہوا تب دونون پیغمبر ترحم کرکے رو بقبلہ
کھڑے ہوے اس طرح کہ حضرت یعقوب امام اُنکے پیچھے یوسف اور عقب اُنکے روبیل وغیرہ امام نے مغفرت
مانگی اور مقتدیون نے آمین کہا اس طرح بیس برس دعا کی مگر قبول نہوئی تو سخت بیطاقت ہوے اور قریب
بہلاکت پہونچے حضرت جبریل نے مجیب الدعوات کی طرف سے پیغام دیا کہ دعا تمھاری قبول ہوئی اور بعض
کہتے ہین کہ حضرت یعقوب دیکھتے تھے کہ توبہ لڑکون کی حقیقی ہی یا نہین جب ظاہر ہوا کہ حقیقی ہی تب دعا
مانگی اور آیۂ قرآنیہ سے ظاہر ہی کہ توبہ فرزندان یعقوب کی حقیقی تھی کیونکہ چار طرح سے توبہ حقیقی ہوتی ہی اول یہ
تو گناہ پر بہت نادم و پشیمان ہونا سو یہ بات انا کنا خاطئین سے ظاہر ہی دوسری اپنے گناہ کا اقرار کرنا
سو لفظ ذنوبنا سے پیدا ہی تیسری استغفار وہ بخوبی ہویدا ہی چوتھی شفیع گرداننا سو استغفر لنا سے روشن ہی
القصہ بعد وصول پیراہن حضرت یعقوب علیہ السلام نے قصد سفر مصمم فرمایا اور اسباب مسافرت درست کرکے
مع لیا خالہ یوسف علیہ السلام و دیگر اتباع و اولاد و احفاد کہ مجموع بروایت صحیحہ بہتر و بروایت مسروق
ترانوے ۹۳ آدمی تھے روانہ ہوے جب بعد طی منازل متصل مصر کے پہونچے تو یہودا نے باذن یعقوب
علیہ السلام پیش پیش جاکے حضرت یوسف علیہ السلام کو اطلاع کی کہ پدر بزرگوار عاشق زار تمھارے مع
اتباع و اولاد تشریف لاتے ہین انیس العاشقین مین لکھا ہی کہ یہ خبر سُنکر حضرت یوسف علیہ السلام نے
ملک ریان سے کہا کہ میرے والد ماجد مدظلہ العالی تشریف لاتے ہین اگر اجازت ہو تو مین اُنکے استقبال کو
جاؤن بادشاہ نے اجازت دی اور کہا کہ مین بھی اُنکی پیشوائی کو تمھارے ہمراہ چلونگا اور تمام سپاہ

ومقربان درگاہ وعظماء دربار بادشاہ تمھارے ساتھ جائین معالم التنزیل مین ہی کہ چار ہزار لشکریون سے
حضرت یوسف وملک ریان بنا بر استقبال برآمد ہوے تھے لیکن انیس العاشقین مین ہی کہ باذن باد شاہ
حضرت یوسف علیہ السلام نے حکم دیا کہ تمام فوج مصر کی بنا بر استقبال حضرت یعقوب علیہ السلام
تیار ہوکے چلے چنانچہ سب سوار و پیادے اور امیر و نواب تیار ہوکے مقام معہود پر قائم ہوے اول
تیس ہزار سوار با توزک و احتشام حضرت یعقوب علیہ السلام کے حضور مین باذن حضرت یوسف
علیہ السلام حاضر ہوے اور سب نے سجدۂ تحیۃ و تعظیم ادا کیے حضرت یعقوب نے سمجھا کہ یہ لوگ
بھیجے ہوے یوسف علیہ السلام کے ہین چنانچہ اُنکے ساتھ آگے چلے تو تیس ہزار سوار رومی سے
تسلیمات اور کورنش عرض کی حضرت یعقوب نے پوچھا تم کون ہو عرض کیا کہ ہم ملازمان یوسف ہین
پھر آگے بڑھے تو ایک ہزار سپاہی خاص آراستہ بلباس فاخرہ اُس مقام پر پہونچے جہان سے
چار کوس مصر رہ جاتا ہی اور وہی پہلا دروازہ مصر ہی وہان ایک جماعت شیوخ دست بستہ واسطے
استقبال کے حاضر تھی اُنھون نے عرض کیا کہ ہم شفیع یوسف علیہ السلام ہین کہ ہمکو حضرت یوسف
علیہ السلام نے اسواسطے بھیجا ہی کہ آپ یوسف کے خلاف کو جو ذکر خواب مین ہوگیا تھا معاف
فرماوین ارشاد ہوا کہ معاف ہی جب وہان سے آگے بڑھے تو سواری یوسف علیہ السلام کی
نظر پڑی اسمعیل ترمذی سے منقول ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام صرف تین لاکھ سوار سے
واسطے استقبال کے چلے تھے اور بارہ ہزار حاجب با خیل و حشم آگے آگے جاتا تھا جب حضرت
یعقوب علیہ السلام پہلے حاجب سے ملے تو اپنے لڑکون سے پوچھنے لگے کہ یوسف یہی ہین بیٹون نے
عرض کیا کہ یہ تو ایک نوکر ہی یوسف علیہ السلام کا ابھی یوسف کہان ہین اسی طرح کے گیارہ ہزار حاجب
با توزک و احتشام استقبال کو آئے کہ ہر مرتبہ حضرت یعقوب نے وفور شوق سے اُنکو یوسف جانا
اور غایت اشتیاق سے جناب الٰہی مین ملتمس ہوے کہ یا الٰہی یہ حاجب کہان تک رہینگے میرا
یوسف کہان ہی کہ مین اُسی کے دیکھنے کو آیا ہون مجکو ان حجابون سے دور رکھ اب میرے یوسف کو
دکھلا دے قطعہ آیرم ہلاکم بزندان ہجر + الٰہی فتد برق برجان ہجر + ز درد جدائی فغان می کشم +
تو گوئی ز پہلو سنان می کشم + یہان تک عنایت الٰہی سے حضرت یوسف علیہ السلام کی سواری
نظر پڑی تو حضرت یوسف کے داہنی طرف ملک ریان اور بائین طرف وزرا اور پشت پر امرا اور
چتر شاہانہ سر مبارک پر کھنچا ہوا تھا جب نظر حضرت یعقوب کی چتر پر پڑی تو آپ نے پوچھا یہ کون ہی
جسکے سر پر چتر ہی بولے یہ یوسف تمھارا بیٹا ہی کہ حق تعالے نے اس دولت و مکنت کو پہونچایا ہی ٦

سو تمھارے استقبال کو آیا ہی اُسوقت بارہ ہزار نیزہ بردار حضرت یوسف کے کھے
چنانچہ حضرت یعقوب یہ شوکت دیکھکر خوش ہوے اور فرمایا ع آن گل کہ برافروختہ
روے چمن این ست ✤ شمعے کہ ز دود آتش بہزار انجمن این ست ✤ اور مرکب سے اتر پڑے اور اپنا ہاتھ گردن
یہودا مین ڈالکر تشریف لیچلے جب حضرت یوسف نے دیکھا تو یہودا کو پہچانا پھر حضرت یعقوب کو دیکھا
اور پیادہ پا ہو گئے اور ریان ابن ولید بھی پیادہ ہوا اور یوسف علیہ السلام دوڑکر باپ سے ملے اور
ایک روایت ہی کہ جب دونون پیغمبرون کی نظر ایکدوسرے سے ملی تو دونون سواری سے گر پڑے
اور زمین پر لوٹتے ہوے باہم ہمکنار ہوے اور لشکر کے لوگ دور سے کھڑے ہوے تماشا دیکھتے تھے
اور دروازے آسمان کے کھولے گئے اور شادیانہ جبروتی اور لاہوتی بجنے لگے اور لشکر ملکوت اپنی
صف آراستہ کر کے مبارکباد دینے کو کھڑا ہوا تو حضرت جبرئیل نے آکر کہا ای یعقوب جانب فلک
نگاہ کرو حضرت یعقوب نے آنکھ اُٹھاکر دیکھا تو فرشتے صفین باندھے کھڑے تھے حضرت یعقوب نے
پوچھا کہ ای جبرئیل یہ کیا معاملہ ہو کہ تمھارے رونے سے عرشیون کو سخت ملال ورنج تھا
آج شادی کی خبر پاکر خوش ہوے ہین اور مبارکباد دینے کو آئے ہین اور نظارہ جمال حضرت یوسف
علیہ السلام کے آرزومند تھے سو حُسن وجمال سے حیران اور تم دونون کے ذوق وشوق سے نازان ہین
اور بعض اہل تفسیر روایت کرتے ہین کہ جسوقت دونون پیغمبرون کا مقابلہ ہوا تو حضرت یعقوب
علیہ السلام اپنے مرکب سے اترے سو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام
کہا کہ تمنے کس طرح اپنے باپ کی تعظیم کی اور کس باعث سے تم اول سواری سے نہ اترے حضرت
یوسف علیہ السلام نے کہا کہ ای اخی جبرئیل جسوقت مین نے اپنے پدر بزرگوار کو دیکھا از خود رفتہ
اور بیہوش ہو گیا اس باعث سے تعظیم وتوقیر سے غافل ہو گیا اور معالم التنزیل اور روضۃ الصفا مین
لکھا ہی کہ وقت ملاقات کے حضرت یوسف علیہ السلام نے چاہا کہ تحیۃ وسلام مین سبقت کرون
مگر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بحکم الٰہی منع کر دیا حکمت اس منع کی ظاہر نہین ہی صرف یہ دلیل ہوسکتی ہی
کہ ہرگاہ حضرت یوسف علیہ السلام نے نزول مرکب مین سبقت نہ کی تحیۃ وسلام سے بھی محروم رہے
مگر امام نجم الدین نسفی تفسیر تیسیر مین فرماتے ہین کہ جو کچھ اس باب مین حضرت جبرئیل علیہ السلام سے
نقل کرتے ہین محض بے اصل ہی اور فقیر کاتب کے نزدیک اگر حضرت یعقوب علیہ السلام نے اول سلام کیا
تو کیا مضائقہ اور کون محذور لازم آتا ہی اسلیے کہ سلام کا یہ آداب ہی کہ پہلے بڑا چھوٹے پر سلام کرے
اور حاکم رعیت پر اور سوار پیادے پر اور خواجہ غلام پر اور بی بی لونڈی پر اور اُستاد شاگرد پر اور باپ

بیٹے پر اور ماں بیٹی پر چنانچہ ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج مین بسبب اپنی بزرگی کے
اول فرشتون کو سلام کیا اور فرمایا کہ یہ سلام مین نے خداوند سے سیکھا ہی معراج کی رات اول
سلام حضرت کو رب العزت نے کیا ہی السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کذا فی صلوۃ
المسعودی اور مناقب العلوم مین ہی کہ اونٹ کا سوار گھوڑے کے سوار پر سلام کرے اور وہ گدھے کے
سوار پر اور وہ پیادہ پا پر اور جوتے والا برہنہ پا پر اور قائم قاعد پر بالجملہ حضرت یوسف علیہ السلام
ملازمت حضرت یعقوب علیہ السلام سے مشرف ہوے تو اول حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا
السلام علیک یا مذہب الاحزان اور سفیان ثوری سے روایت ہی کہ دونون معانقہ کرکے روئے
اور بیہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو حضرت یوسف علیہ السلام نے التماس کیا کہ اے پدر مہربان
آپ میری مفارقت مین اتنا روئے کہ آنکھین سفید ہو گئین کیا معلوم نہ تھا کہ قیامت مین
ملاقات ہوگی فرمایا کہ اے نور العین یہ سب مجھے معلوم تھا لیکن مجکو یہ خوف دامنگیر ہوا کہ شاید
تو بیدین ہو جاوے اور اس سبب سے قیامت کے دن ملاقات نہو بعد ازان ملک ریان کی
ملاقات کرائی تو وہ قدمبوس ہوا اور حضرت یوسف کے اوصاف حمیدہ وافعال پسندیدہ بیان
کرتا رہا پھر التماس کیا کہ یہ تمام فوج کے لوگ تمھارے بیٹے کے غلام ہین اسوقت حضرت
یوسف علیہ السلام نے کہا ادخلوا مصر ان شاء اللہ آمنین یعنی داخل ہو مصر مین اگر اللہ نے چاہا
تو خاطر جمع ہی لفظ مصر جب منصرف ہو تو اسکے معنی شہر کے ہوتے ہین کوئی شہر ہو اور اس
مقام مین غیر منصرف ہی بسبب تعریف وتانیث وعجمہ کے اور مراد شہر معین ہی کہ جسکو مصر بن نوح نے
آباد کیا تھا اور حضرت یوسف اسمین عزیز تھے اور یہ جو حضرت یوسف نے فرمایا آمنین اسکا
فائدہ یہ کہ اس شہر مین کوئی شخص بلا وجہ وبلا قحط داخل نہین ہونے پاتا تھا سو فرمایا تمکو بادشاہ سے
امان ہی بالجملہ پھر بٹھلایا والدین کو اپنے پاس اور مصر مین داخل ہوے جب دونون باطمینان بیٹھے
تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اہل مصر کو طلب کرکے پوچھا تم کسکے لونڈی غلام ہو سب نے کہا تمھارے
فرمایا کہ مین تم سب کو شکرانہ نعمت ملازمت والدین آزاد کرتا ہون اگر کوئی اعتراض کرے کہ حضرت
یوسف نے کس طرح کہا داخل ہو مصر مین حالانکہ داخل ہو چکے تھے اور استثنا کا کیا فائدہ ہی جب
دخول حاصل ہو چکا تھا بعض مفسرین جواب مین کہتے کہ حضرت یوسف نے یہ سخن قبل دخول فرمایا تھا
چنانچہ جلالین کی عبارت سے مفہوم ہوتا ہی اور بعض کہتے ہین کہ آیت مین تقدیم وتاخیر ہی اور
استثنا متعلق استغفار سے ہی یعنے استغفر لکم ان شاء اللہ اور بعض کہتے ہین ان شاء اللہ متعلق آمنین سے ہی

اور مراد یہ ہی کہ مصر مین کفار رہتے تھے اور مسلمان لوگ وہان بلا امان داخل نہو سکتے تھے اسواسطے
کہا کہ انشاء اللہ تم امان مین رہوگے کما قال اللہ لتدخلن المسجد الحرام انشاء اللہ آمنین اور بعض کہتے ہین
کہ حرف ان اس مقام مین بمعنی اذ ہی یعنے اذ شاء اللہ کقولہ تعالے وانتم الاعلون ان کنتم مومنین کذا
فی المعالم فائدہ دو پیغمبر نے بکلمہ انشاء اللہ تکلم کیا دو فائدے دیکھے اول حضرت اسمعیل علیہ السلام نے
اپنے باپ سے کہا ستجدنی انشاء اللہ من الصابرین انکو اللہ نے بلائے ذبح سے نجات بخشی
اور فدیہ انکا بہشت سے دنبہ بھیجا دوسرے حضرت یوسف نے ادخلوا مصر انشاء اللہ امنین فرمایا
اُسکی برکت سے حضرت موسیٰ دریائے نیل سے صحیح وسلامت پار اُترے اور کیفیت یون واقع
ہوئی کہ جسوقت حضرت موسیٰ علیہ السلام مع قوم اپنی کے دریا کے کنارے پہونچے دریا نے
شورش کی خطاب ہوا کہ یہ اولاد یوسف ہین انھین کے حق مین یوسف نے کہا ہی ادخلوا مصر
انشاء اللہ آمنین اور برکت اس کلمہ سے کل عقوبات اور آفات سے مامون ومصئون کیے گئے
یعنے دریا خشک ہوگیا اور فرعون مع لشکر پیچھے آتا تھا وہ ڈوب گیا **فائدہ** اسی طرح حشر کے
دن جب حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم مقام محمود مین کھڑے ہونگے تو آواز آویگی
کہ ای واقفان عرصۂ قیامت تم کسکے مملوکات سے ہو وہ بیچارے عرض کرینگے کہ پیغمبر آخر الزمان
کی امت اور اُسی کے لونڈی اور غلام ہین تب جناب کریم سے ارشاد ہوگا کہ مین نے تم سب کو
عذاب سے آزاد کیا بحرمت النبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت عبد اللہ ابن عباس
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے تخت پر اپنے والد بزرگوار کو داہنی
طرف اور مان کو بائین طرف اور بھائیون کو سامنے بٹھلایا اور سب نے سجدہ کیا اسیکا
اشارہ ہی ورفع ابویہ علی العرش وخروا لہ سجدا یعنے اونچا بٹھایا اپنے مان باپ کو اور سب
گرے اُسکے آگے سجدہ مین محققین مفسرین نے لکھا ہی کہ اگرچہ بٹھلانا تخت کا ذکر مین بسبب
اعتبار بحال تعظیم مقدم ہی لیکن درحقیقت سجدہ رفع عرش سے اول ومقدم ہی اور یہی طریق بلاغت ہی
بعضے کہتے ہین کہ مراد مان سے اس جگہ خالہ حضرت یوسف کی ہین جنکا نام لیّا تھا اور بعد
راحیل کے نکاح یعقوب علیہ السلام مین آئی تھین اور عرف عرب مین خالہ کو مان کہتے ہین اور
چچا کو باپ بولتے ہین یہ قول سدی مفسر کا ہی اور اکثر اہل تفسیر اسی کے قائل ہین اور امام حسن بصری سے
منقول ہی کہ اللہ نے راحیل کو قبر سے اٹھایا اور زندہ کیا تب انھون نے سجدہ کیا تاکہ خواب
یوسف پیغمبر کا جھوٹھ نہو اور پھر بدستور اثر حیات اُنسے سلب کرلیا کذا فی الکبیر وکشف الاسرار

اگر کوئی کہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام اولاً باپ یوسف کے تھے دوسرے پیر اور بزرگ تیسرے پیغمبر جلیل الشان کہ افضلیت اُنکی یوسف پر از روے نبوت بھی ثابت ہی پھر کس طرح حضرت یوسف نے ایسے بزرگ جلیل القدر کا سجدہ کرنا جائز رکھا جواب یہ ہی کہ حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ یہ سجدہ اللہ کو تھا شکراً علے وصال یوسف علیہ السلام دوسرا اشکال اور ہی کہ سجدہ سواے خدا کے دوسرے کو درست نہین ہی پھر کس طرح ماں باپ اور بھائیون نے یوسف کو سجدہ کیا بعضے مفسرین کہتے ہین کہ مراد سجدہ سے انحنا ہی کہ بھائیون نے تعظیماً پشت اپنی خم کی جس طرح رسم اعاجم ہی اور پیشانی زمین پر نہین لگائی اور امام حسن بصری فرماتے ہین کہ سب نے سجدہ حقیقی کیا تھا مگر تعظیماً وتشریفاً نہ عبادۃً اسواسطے کہ مخصوص بحضرت حق ہی اور صحیح یہ ہی کہ اُس زمانے مین سجدہ آپس کی تعظیم تھی جیسے فرشتون نے حضرت آدم کو کیا تھا اب اللہ نے وہ رواج موقوف کر دیا اور فرمایا کہ ان المساجد للہ سو اسوقت مین ایسے رواج پر چلنا ویسا ہی جیسے کوئی اپنی حقیقی بہن سے نکاح کرے اور کہے کہ حضرت آدم کے وقت مین ہوا تھا بالجملہ والدین اور بھائیون نے سجدہ سے سر اُٹھایا تو حضرت یوسف نے شرمندہ ہوکر کہا کہ یا ابت ہذا تاویل رویای من قبل قد جعلہا ربی حقاً وقد احسن بی اذ اخرجنی من السجن وجاء بکم من البدو من بعد ان نزغ الشیطان بینی وبین اخوتی ان ربی لطیف لما یشاء انہ ہو العلیم الحکیم یعنے ای باپ یہ بیان ہی میرے اُس پہلے خواب کا اُسکو میرے رب نے سچ کیا اور مجھسے اُسنے خوبی کی جب مجکو نکالا قید سے اور تمکو لے آیا گانوں سے بعد اُسکے کہ جھگڑا اُٹھایا شیطان نے مجھمین اور میرے بھائیون مین میرا رب تدبیر سے کرتا ہی جو چاہے بیشک وہی ہی خبردار حکمتون والا یعنے ای باپ مجکو کیا قدر و منزلت تھی کہ تمسا پیغمبر جلیل القدر باعظمت مجھ فرزند ضعیف کو سجدہ کرے مگر یہ امر تقدیری تھا کہ خواب مین نظر آیا اور خواب انبیا کا جھوٹھ نہین ہوتا ہی جس طرح خواب حضرت ابراہیم کا ذبح اسمعیل مین راست تھا اور تفسیر کبیر مین ہی کہ شاید یہ سجدہ از قبیل تشدیدات ہو گویا حضرت یعقوب کو ارشاد ہوا کہ تمنے اوقات عزیز اپنی اضطراب اور قلق مین بفراق یوسف گذرانی اب مقصد حاصل ہوا تو اب سجدہ کرو کما قال الامام وکان الامر بتلک السجدۃ من تمام التشدید فائدہ عجب کارخانہ الٰہی ہین کہ حضرت یعقوب مع اولاد و احفاد جب داخل مصر ہوے ہین تو بہتر آدمی تھے اور جب حضرت موسیٰ کلیم صلوات اللہ علیہ وسلامہ خوف فرعون سے باجماعۂ بنی اسرائیل

مصر سے نکلے تو سوا بوڑھون اور لڑکون سے چھ لاکھ پانسو آدمی مقاتل تھے اخبار مین وارد ہی
کہ ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ عجائب عالم کے بیان کرو
تو جبرئیل علیہ السلام نے بعد بیان عجائبات یہ بھی فرمایا کہ ہمنے عالم مین دو قافلے اعجوبہ دیکھے ایک
مصر مین آیا دوسرا مصر سے نکلا جو کہ مصر مین آیا وہ تو دن مین آیا اور جو مصر سے نکلا وہ رات کو نکلا
اور قافلہ سالار روز والے قافلے کے حضرت یعقوب تھے اور رات والے کے حضرت موسیٰ علیہ السلام
یعقوب بہتر آدمیون سے آئے تھے اور موسیٰ چھ لاکھ پانسو سے نکلے اور کیا معاملہ عجب ہی کہ جو
دن مین آئے وہ تو قافلہ طلب تھے کہ یوسف کو تلاش کرتے تھے اور جو کہ رات کو گئے کاروان
ہرب تھے کہ فرعون سے بھاگے جاتے تھے **فائدہ** اہل تفسیر کو اختلاف ہی اس امر مین کہ مابین دیدن
خواب تا وقت سجود کسقدر مدت گذری بعضے اسّی برس اور بعضے ستر اور بعضے چالیس بیان کرتے ہین
مگر اتفاق ہی کہ چالیس برس کے بعد خواب یوسف علیہ السلام راست ہوا ہی **فائدہ** حضرت یوسف
علیہ السلام نے اپنے باپ سے تمام احسانات اللہ کے بیان کیے مگر کنوئین کے رہنے اور نکلنے کا
حال اور دیگر تکلیفات کا ذکر زبان پر نہ لائے سو اسکی کئی وجہین ہین اول یہ کہ ذکر چاہ مین
بھائیون کو بڑی شرمندگی ہوتی یا اگر بیان فرماتے تو حضرت یعقوب کو ملال تازہ ہوتا اور
اسکے خود حضرت یوسف پردہ لاتثریب علیکم الیوم قبائح اعمال بھائیون پر ڈال چکے تھے پھر
اُس پردے کو اٹھانا اور اُنکے اعمال کو کھولنا شان نبوت کے خلاف تھا دوسری خلاصی چاہ
مقدمہ بندگی اور عاجزی تھا اور خلاصی زندان بدرقہ سلطنت وحکمرانی سو اظہار اس نعمت کا ظاہر تھا
اسواسطے اسکا بیان کیا اور اُسکو بیان نہ کیا کاتب الحروف کہتا ہی کہ ارباب کرم کا یہی قاعدہ ہی
کہ جب گنہگار کا جرم معاف کرتے ہین تو پھر اُسکو زبان پر نہین لاتے اخبار مین وارد ہی کہ بروز
قیامت اہل بہشت حضرت حق سبحانہ کو سب نامون سے یاد کرینگے مگر غفور و رحیم و تواب و حلیم
نہ کہینگے اسلیے کہ یہ چارون نام گناہ کو یاد دلاتے ہین اگر ان نامون سے یاد کرین تو گناہ یاد آوین
اور بہشت کی نعمتین بے لطف ہوجاوین اور حق تعالیٰ جسکو بخشتے ہین پھر اُسکو شرمندہ نہین
فرماتے اور ایک وجہ اور بھی ہی کہ ابتلاے چاہ بھائیون کے مکر سے ہوا تھا وہ سہل تھا اور سبب
حبس مکافات زلت تھا اور نجات اُس سے نعماے عظیم مین تھی اسواسطے اُسکا ذکر کیا سواے
اسکے زندان مین گنہگارون اور بدکارون سے مصاحبت رہتی تھی اور چاہ مین صحبت ملائکہ تھی
اسلیے چاہ کی نالش نہین کی قطع نظر ان وجوہ سے ایک وجہ بہت خوبصورت ہی کہ چاہ باختیار اسمانی تھا

اور زندان باختیار خود سو اپنے اختیار کی شکایت کی ادب سبب خواہش زندان زبان پر نہ لائے کہ
زلیخا شرمندہ ہوگی روایت ہے حضرت یعقوب علیہ السلام نے زلیخا کا ذکر کیا تو حضرت یوسف علیہ السلام نے
عرض کیا کہ یہ بات بھی آپ ہی کے سبب سے ہوئی فرمایا کس طرح فرمایا کہ عزیز نے مجکو مالک سے خرید کیا
اور اپنا لڑکا بنایا زلیخا نے بھی مجکو لڑکا بنایا اللہ جل شانہ نے نہ چاہا کہ تمہارا بیٹا کسی اور کا کہلاوے
تب اُسکے دل مین محبت ڈالی اور فساد طبیعت عطا کیا کہ اُسمین سب کچھ ہوا بعد اُسکے پوچھا عزیز نے
تمکو کس طرح رکھا تھا فرمایا کہ شہزادون اور بادشاہون کی طرح سے رکھا اور زلیخا کو لونڈیون کی
طرح اسواسطے کہ زلیخا سے میرے حق مین کہدیا تھا اکرمی مثواہ اور امیدوار ہوکے میری نسبت
بولا تھا کہ عسی ان ینفعنا او نتخذہ ولدا تب حضرت یعقوب نے فرمایا کہ عزیز کو تم سے کچھ نفع ہوا بولے
کہ نفع اور ضرر دونون من جانب اللہ ہوتے ہین وہ عزیز مجھسے متوقع منفعت تھا سو توقع منفعت
مضرت ہوگئی مگر یہ نفع البتہ ہوا کہ مین نے اُسکی خیانت نہین کی سو بھی بعنایت الٰہی ہوئی ورنہ
اُس حالت مین میری طاقت کیا تھی اور ضرر جو اُسکو پہونچا وہ ظاہر ہے کہ میرے سبب سے اُسکا
عزل ہوا بالجملہ یعقوب علیہ السلام نے بعد ملاقات حسب دستور محبت وداد سرگذشت فراق
وشکر وشکوہ ایام اشتیاق بیان فرمائے اور ارشاد کیا کہ ای قرۃ العین اس مدت دراز مین تمنے
اپنا حال مجکو کسلیے نہ لکھا حالانکہ منزل ومسکن میرا معلوم تھا تفسیر کبیر مین لکھا ہے کہ حضرت یوسف
علیہ السلام نے حضرت یعقوب کا ہاتھ پکڑا اور جا بجا خزاین اور دفاین ملاحظہ کرائے جب دفترخانے مین
تشریف لیگئے تو حضرت یعقوب نے فرمایا ای نور بصر اسقدر کاغذ کی کثرت تھی اور مین ایسا محزون
اور غمگین رہا تمنے ایک خط بھی نہ لکھا باوصف اسکے کہ مابین میرے اور تمھارے ہمگین مسافت
آٹھ مرحلے کی تھی اور قافلے آتے جاتے رہتے ہونگے پھر کیون نہ لکھا حضرت یوسف علیہ السلام نے
کئی صندوق سربمہر کھول کر دکھائے تو وہ سب عرائض سے پر تھے اور ہر ایک کے عنوان پر لکھا تھا
کہ من یوسف الی یعقوب حضرت یوسف نے عرض کیا کہ ای پدر بزرگوار یہ سب عرائض مین نے
حضور کو لکھے تھے مگر جب ارادہ بھیجنے کا کرتا تھا حضرت جبرئیل علیہ السلام آکر منع کر جاتے تھے اور فرماتے
کہ جلدی نکرو ابتک وقت نہین آیا ہے کہ حضرت یعقوب کا رنج رفع کیا جائے ای پدر اس باعث سے
مجبور ہو جاتا تھا حضرت یعقوب نے فرمایا کہ سبب منع کا معلوم ہے کیا تھا کہا آپکو بہ نسبت میرے
حضرت جبرئیل علیہ السلام سے محبت وموافقت زیادہ ہے آپ ہی استفسار فرمائین چنانچہ حضرت
یعقوب نے ایک دن حضرت جبرئیل سے پوچھا کہ سبب امتناع کا کیا تھا حضرت جبرئیل نے فرمایا

اے یعقوب جب تمنے یوسف کو بھائیون کے سپرد کیا اور کہا کہ اخاف ان یاکلہ الذئب اُسوقت مجکو ارشاد ہوا کہ یعقوب سے کہدے کہ تو بھیڑیے سے ڈرا اور میرے حفظ وحمایت پر نظر نہ کی تب مین نے حکم دیا کہ یوسف اسّی یا چالیس برس تجھ سے جدا رہے اور تو اُسکی جدائی مین روتا رہے روایت ہے کہ ایک دن حضرت یعقوب علیہ السلام عالم استغراق مین تھے جب ہوش مین آئے تو فرمایا کہ اے یوسف مین چاہتا ہون کہ حقیقت حال دریافت کرون کہ ہم دونون مین گنہگار کون ہے یوسف نے کہا عاصی مین ہون کیونکہ مین نے برخلاف حکم آپکے خواب بھائیون سے کہدیا اُسی کی شامت سے یہ بلا پڑی تمکو بھی اسکا اثر پہونچا حضرت یعقوب رونے لگے اور فرمایا کہ اے فرزند مین جانتا ہون کہ گناہ میری طرف سے ہے جو مین بھیڑیے سے ڈرا اور تمھارے بھائیون پر اعتقاد کیا اور تمکو اُنکے سپرد کر دیا سو یہ غم واندوہ اُسی کے سبب سے ہوا ہے اور تمکو بھی اُسکی شامت سے یہ بلا مین پہونچین اُسی وقت حضرت جبرئیل نے فرمایا اے اللہ صاحب فرماتے ہین کہ اے یوسف ویعقوب اب کہ تمنے انصاف کرکے گناہ اپنے ذمہ لیا مین نے دونون کو بری کرکے سب گناہ شیطان پر ڈالا کہ وہ دشمن قدیم تمھارا ہے کما قال من بعد ان نزغ الشیطان بینی وبین اخوتی حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے بعد تفصیل حالات مفارقت کے حضرت یعقوب علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ میرے پاس قلعے مین تشریف رکھیے حضرت یعقوب نے فرمایا کہ اے محبوب تیرے باپ کی یہ شان نہین ہے میرے واسطے ایک مکان مختصر علیحدہ چاہیے کہ اُسمین عبادت کرتا رہون سو حضرت یوسف علیہ السلام نے مکان خلوت کا فرمائشی بنوایا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام اُسمین رہنے لگے تمام دن روزہ رکھتے رات بھر جاگتے پھر سب بھائیون کے واسطے علیحدہ علیحدہ گھر بنوا دیے صرف بنیامین کو اپنے پاس قلعے مین رکھا اور زلیخا رضی اللہ عنہا حضرت یعقوب علیہ السلام سے احکام دین سیکھنے لگین یہانتک کہ افضل اہل مصر ہوئین تکملۃ القصص مین لکھا ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام چالیس برس یا چوبیس برس مصر مین رہے اور ہر ایک بیٹے کے بجز بارہ بیٹے ہوے جماعہ صالح اور متبع ملت ابراہیم علیہ السلام تفسیر مدارک مین ہے کہ حضرت یعقوب مصر مین چوبیس برس رہے بعد اُسکے وفات پائی اور وصیت کر دی کہ مجکو شام مین حضرت اسحق کے پہلو مین دفن کرنا چنانچہ حضرت یوسف خود تشریف لیگئے اور دفن کرکے مصر مین آئے اور تیئیس برس اور زندہ رہے اور افرائیم سے حضرت نون پیدا ہوے اور حضرت نون سے حضرت یوشع ہوے بعد اُنکے فراعنہ مصر پر مسلط ہوے اور جو بعضے کہتے ہین کہ سب بیٹے حضرت یعقوب کے

نبی ہوسے اور حضرت یعقوب نے سب کو فقہ سکھلائی اور علم دین تعلیم کیا یہ امر ظنی ہی صرف حضرت
یوسف علیہ السلام کا نبی ہونا قطعی یقینی ہی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ بعد ایک مدت حضرت
جبرئیل علیہ السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ اب تم اپنے اجداد کی زیارت کو ارض مقدس مین
جاؤ کہ انکی ارواح تمھاری مشتاق ہین سو حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف کو بلوالیا اور
فرمایا کہ اب مجکو یہ آرزو ہی کہ مین اپنے بزرگون کی زیارت کرون یا یہ فرمایا کہ مجھ سے حضرت جبرئیل
علیہ السلام کہہ گئے ہین کہ اب تم بیت المقدس مین جاکر رہو یہان تک کہ موت آئے یہ حال سنکر
حضرت یوسف علیہ السلام بہت روئے اور اسباب سفر مہیا کرنے مین مشغول ہوسے اور حضرت
یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو طلب فرما کے وصیت کی جسکا اشارہ سورۂ بقر مین ہی ام کنتم
شہداء اذ حضر یعقوب الموت اذ قال لبنیہ ما تعبدون من بعدی قالوا نعبد الٰہک و الٰہ آبائک ابراہیم
و اسمعیل و اسحق الٰہا واحدا و نحن لہ مسلمون یعنے کیا تم حاضر تھے جسوقت پہونچی یعقوب کو موت جب کہا
اپنے بیٹون کو تم کیا پوجوگے بعد میرے بولے ہم بندگی کرینگے تیرے رب کی اور تیرے باپ دادون
ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق کے رب کی وہی ہی ایک رب اور ہم اُسی کے حکم پر ہین تفاسیر معتمدہ مین
لکھا ہی کہ یعقوب علیہ السلام نے دیکھا کہ یہان کے لوگ دین مختلف رکھتے ہین یعنے بعضے بت پرست
بعضے ستارہ پرست بعضے آفتاب پرست بعضے آتش پرست ہین سو اس خوف سے کہ شاید میری اولاد
انکی صحبت مین گمراہ ہوجائے وقت وفات کے سب کو جمع کرکے یہ اقرار لیا کہ ملت حنفیہ کا یہی خاصہ ہی
اور اسلام اسی کا نام ہی پس ادعا اس امر کا کہ حضرت یعقوب نے اپنے بیٹون کو یہودیۃ اور نصرانیۃ کی وصیت
فرمائی ہی افتراے محض ہی فائدہ حضرت اسمعیل علیہ السلام حضرت یعقوب کے باپ نہ تھے
انکو کسلیے اپنے بابون مین داخل کیا اور حضرت اسحاق سے مقدم گردانا جواب اول یہ ہی کہ حضرت
اسمعیل علیہ السلام اگرچہ باپ نہ تھے مگر چچا تھے اور چچا کا شمار بابون مین متعارف ہی چنانچہ
خالہ کو بمنزلہ ماں کے بولتے ہین ولہذا حدیث شریف مین وارد ہی کہ الخالۃ بمنزلۃ الام اور یہ بھی
حدیث مین آیا ہی کہ چچا ہمدوش پدر ہی جو سلوک باپ کے ساتھ کرنا چاہیے وہی چچا کے ساتھ چاہیے
باقی رہا یہ کہ دادا کو باپ کہنا حقیقت ہی یا مجاز امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک مجاز ہی کیونکہ انکے
نزدیک بھائی اور بہن حقیقی دادا کے ہوتے ہوسے ورثہ پاتے ہین اور امام مالک اور ابو یوسف اور
امام محمد بھی اسی کے قائل ہین اور قول امیر المومنین علی مرتضےٰ اور عبد اللہ ابن مسعود اور زید ابن
ثابت رضی اللہ عنہم کا انکی دلیل ہی اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حقیقت ہی اسی واسطے

ف بیان وفات یعقوب علیہ السلام

ف نسبت یعقوب بسوی اسمعیل [illegible]

بھائی بہن دادا کے ہوتے ورثہ نہیں پاتے اور دادا سب مال لیتا ہے اور قول حضرت صدیق اکبر اور حضرت عائشہ صدیقہ اور ابن عباس اور حسن بصری اور طاؤس اور عطا رضی اللہ عنہم کا حضرت امام اعظم کے موافق ہے لیکن اس آیت سے حقیقت ہونا لفظ اب کا جد مین ثابت نہین ہوسکتا اسواسطے کہ اطلاق آبا اس جگہ پر بلاشبہہ مجازی ہے کیونکہ حضرت اسمعیل کا بھی ذکر ہے القصہ حضرت یعقوب علیہ السلام بعد از وصیت حضرت یوسف علیہ السلام سے فرمانے لگے کہ تم میرے بعد اپنے بھائیون سے کسی طرح کا کینہ دل مین نرکھیو اور کسی طور سے بدی نہ کیجیو حضرت یوسف علیہ السلام نے عرض کیا کہ معاذ اللہ مین عفو کر کے پھر انکار کرونگا اور بھی وصیت کی کہ ای یوسف جب وعدہ وصل الٰہی قریب تر ہو پہونچے تو اپنی اولاد سے وصیت کر دینا کہ میرے تابوت کو میرے باپ دادون کی قبرون کے پاس پہونچا دین بعد اسکے حضرت یعقوب علیہ السلام رخصت ہوے اور مصر سے چل کر ارض مقدس مین جہان حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر تھی پہونچے تو دیکھتے ہین کہ ایک قبر کھدی ہوئی ہے اور اسمین فرش حریر کا بچھا ہے اور ایک طائفہ ملکوت اسیر منتظر کھڑا ہے سو حضرت یعقوب علیہ السلام نے پوچھا کہ یہ قبر کس شخص کی ہے فرشتون نے کہا جو شخص مشتاق بہشت ہے تب حضرت نے فرمایا کہ مین مشتاق ہون اگر اجازت ہو تو اترون فرشتون نے اجازت دی کہ حضرت یعقوب علے نبینا وعلیہ السلام نے قدم مبارک اس قبر مین رکھا اسی وقت حضرت عزرائیل علیہ السلام نے جام شربت طہور حضرت کو پلایا کہ وہی شربت وصال ہوا پھر فرشتون نے غسل دیا اور نماز پڑھی بعضے کہتے ہین کہ اسی وقت اتفاقاً عیص بھائی حقیقی توام حضرت یعقوب کے بھی بیت المقدس مین آئے اور وفات پائی اور دونون ایک ہی قبر مین مدفون ہوے اور عمر دونون کی ایک سو ستاون یا ایک سو سینتالیس برس کی ہوئی پچاس برس ابلاغ رسالت اور مراسم دعوت مین مشغول رہے تھے کذا فی العرائس اور کعب احبار سے روایت ہے کہ حضرت یعقوب کی دو سو برس کی عمر ہوئی اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت یعقوب نے مصر مین وفات پائی حضرت یوسف علیہ السلام نے تجہیز و تکفین کر کے سال کی لکڑی کے تابوت مین یا صندوق سنگین مین رکھا اور موافق وصیت حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیت المقدس دیہراہ افرائیم روانہ فرمایا کہ افرائیم نے بیت المقدس مین حضرت ابراہیم و اسحاق علیہما السلام کے پاس دفن کیا کذا فی المعالم اور بعضون نے لکھا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام خود بھی تشریف لیگئے اور چالیس دن مقبرہ مین رہے بعد اسکے مصر مین تشریف لائے اور اکثر محققین کہتے ہین

کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام قبور آباء پر پہونچے تو سو گئے دیکھا کہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام
ایک کرسی زمردی پر بیٹھے ہین اور حضرت اسمعیل علیہ السلام داہنے اور حضرت اسحاق علیہ السلام
بائین کھڑے فرماتے ہین کہ ای یعقوب تمہی آنے کے منتظر ہین اسی وقت حضرت یعقوب علیہ السلام خوشی مین
بیدار ہوئے اور اپنی اولاد سے ارشاد کیا کہ تو یہ خبر یوسف علیہ السلام کو کر دے پھر مشغول بذکر الٰہی
مقبرہ مین پھرنے لگے دفعتہ ایک قبر نظر آئی اور ملک الموت علیہ السلام بصورت آدمی تشریف لائے
حضرت یعقوب نے پوچھا تم جانتے ہو یہ قبر کس شخص کی ہے ملک الموت نے کہا یہ قبر اسکی ہے جو عند اللہ
بزرگ ہو [illegible] نے کہا پہچانتے ہین لیکن بیان نہ کرینگے حضرت یعقوب
علیہ السلام نے فرمایا کہ ای اللہ [illegible] سو آواز آئی کہ فعلنا ذلک
یا ابن اسحاق تب کہا [illegible] حضرت یعقوب نے فرمایا تم کون ہو کہ تمہاری
صورت [illegible] ملک الموت ہون فرمایا کہ ملاقات کے لیے آئے ہو یا قبض
روح کو کہا [illegible] قبض روح شروع ہوئی اس حال مین
حضرت یعقوب نے فرمایا [illegible] آسانی سے قبض کرنا اور لا الہ الا اللہ وحدہ
لا شریک لہ [illegible] جبرئیل علیہ السلام نے غسل دیکر کفن پہنایا اور
دفن کیا پھر حضرت جبرئیل نے بحکم خدا حضرت یوسف علیہ السلام سے سلام الٰہی کہا اور یہ خبر بھی
سنائی اور [illegible] فرشتہ [illegible] جب حضرت جبرئیل علیہ السلام خبر کہہ چکے تب ناقہ
پہونچا اور [illegible] بزبان عبری مین سلام علیک یا یوسف کہکر عرض کیا کہ ای یوسف
تمہارے باپ نے سلام کہا [illegible] سے راضی ہے حضرت یوسف علیہ السلام روئے
اور [illegible] حضرت نے غم کیا اور فرشتون نے رسم تعزیت ادا کی اس غم مین
حضرت یوسف نے فرمایا رب قد آتیتنی من الملک وعلمتنی من تاویل الاحادیث فاطر السموات والارض
انت ولیی فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین یعنی ای رب تو نے دی مجکو کچھ حکومت اور
سکھایا مجکو کچھ پھیر باتون کا ای پیدا کرنے والے آسمان اور زمین کے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا مین
اور آخرت مین موت دے مجکو اسلام پر اور ملا مجکو نیک بختون مین یعنی مین نے علم کامل پایا اور دولت بھی
کامل پائی اب مجکو شوق ہوا ہے اپنے باپ دادا کے مراتب کا تفسیر کبیر مین لکھا ہے کہ جب وفات اسرائیل
علیہ السلام پر تیئیس ۲۳ برس گذرے اور نعماے ظاہری اس عالم کے حضرت یوسف علیہ السلام کے
حد مین کمال کو پہونچے تو حضرت یوسف نے بھی حق سبحانہ تعالی سے دین اسلام پر موت چاہی

تاکہ نعمت اُس عالم کی تمام و کمال حاصل ہو اور مؤرخین نے تواریخ میں لکھا ہے کہ جب ریان ابن ابو الولید
کہ بادشاہ مصر تھا بتوفیق الٰہی اور دعوت حضرت یوسف صدیق نبی علیہ السلام با ایمان مرا تو ایک کافر
بنی اعمام بادشاہ سے قابوس ابن مصعب نام تخت سلطنت پر بیٹھا و رسوم فراعنہ و عمالقہ اُسنے
از سر نو جاری کیے یوسف علیہ السلام نے ہر چند ان افعال و اعمال سے نہی فرمائی پر اُسنے حکم
یوسف پر عمل نہ کیا اور نبوت صدیق سے انکار کرنے لگا کہ حضرت یوسف اُسکے ایمان سے مایوس ہوئے
تب اللہ سے موت کی دعا مانگی اور فرمایا رب توفنی مسلما اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ جب حضرت
یعقوب کو دفن کرکے چالیس دن بعد بیت المقدس سے مصر میں آئے تو فرمایا رب توفنی مسلماً
**فائدہ** تفسیر ملک میں اختلاف ہے بعضے بادشاہی و حکم مراد لیتے ہیں اور بعضے حسن و جمال خیال کرتے ہیں اور بعضے
ملک النسب تجویز کرتے ہیں کہ فہو الکریم ابن الکریم ابن الکریم ابن الکریم اور اہل دل ملک قلوب
مراد رکھتے ہیں کیونکہ حضرت یوسف سب دلوں کے محبوب تھے بلکہ حاضرین مجلس صورت دیکھتے
بیتاب ہو جاتے تھے اور غایب خبر حسن و جمال سنکر تڑپتے تھے اور بعض علما کہتے ہیں کہ ملک احترام
مراد ہے کہ ہرگاہ یوسف چاہ میں ڈالے گئے تو حشرات الارض و ہوام نے عزت و حرمت کی
اور کسی طرح کی تکلیف نہیں دی اور بعضے ملک نفس بیان کرتے ہیں کہ زلیخا کے فریب میں نہیں آئے
اور بعصمت الٰہی محفوظ رہے اور بعضے ملک ہمت بتلاتے ہیں کہ زندان عصیان و محنت حبس
شہوت نفس پر قبول کی اور بعضے ملک نبوت لکھتے ہیں کہ اٹھارہ برس کی عمر میں نبی ہوئے اور
بعضے ملک آخرت تجویز کرتے ہیں یعنی دیانت و مروت و انسانیت سے اپنے بھائیوں پر فائق ہوئے
اور بعضے ملک الجود بیان کرتے ہیں کہ اُنکے زمانے میں کوئی شخص اُنسے زیادہ سخی نہ تھا اور بعضے
ملک شفقت کہتے ہیں کہ باوجود ثروت و غنا ایام قحط میں خود بھوکے رہتے تھے تاکہ فقرا و مساکین
کے حال سے غفلت نہو اور بعضے ملک عدل مراد لیتے ہیں کہ سال قحط میں فقیر و امیر اور مقیم و مسافر
اور قریب و بعید اور اجنبی و خویش سب کو برابر جانتے تھے اور امام فخر الدین رازی نور اللہ مرقدہ
فرماتے ہیں کہ مراتب موجودات تین ہیں یا مؤثر محض ہے کہ اصلا متاثر نہیں ہوتا وہ حضرت حق ہے
یا متاثر ہے کہ ہرگز مؤثر نہیں ہوتا وہ عالم اجسام ہے کہ جملہ قابل تشکیل و تصویر ہیں اور صفات مختلفہ
اور اعراض متضادہ سے متصف لیکن کسی وجہ سے کسی چیز میں اثر نہیں کرتے اور ایک قسم اور ہے کہ
من وجہ مؤثر و من وجہ متاثر وہ عالم ارواح ہے کہ خاصیت جواہر ارواح کی یہ ہے کہ جناب الٰہی سے
اثر قبول کرتی ہیں اور نور جلال سے متاثر ہوتی ہیں اور عالم اجسام میں تصرف کرتی ہیں اور اسی تقدیر پر

تعلق روح کا عالم اجسام مین تصرف و تدبیر ہی اور تعلق بعالم آلہیات بعلم معرفت پس یہ جو حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا رب قد آتیتنی من الملک گویا اشارہ تعلق روح بعالم اجسام فرمایا اور یہ جو علمتنی من تاویل الاحادیث کہا گویا کنایہ ہی عالم آلہیات اور تعلق حضرت خالق لایزال سے اور ہرگاہ ان دونون قسم تعلق کو کمال و نقصان و قوت و ضعف و جلا و خفا مین نہایت نہین ہی پس روح کو بقدر استعداد بمقدار متناہی اس افادہ سے کہ عبارت تاثیر و تاثر سے ہی حاصل ہوگا نہ کہ مجموع و لہذا بکلمہ من تبعیضیہ ایراد فرمایا کہ قد آتیتنی من الملک و علمتنی من تاویل الاحادیث اور یہ جو فرمایا انت ولیی فی الدنیا والآخرۃ سو حاصل اسکا یہ ہی کہ تو وہ خدا ہی کہ تو نے اصلاح امور دنیویہ کی بعرفان فرمائی اور انجاح مہمات آخرویہ کی بغفران اور دنیا و عقبے مین تو ہی متولی کافی و بس ہی اور کسی کی حاجت نہین اور حالت حیات و ممات مین جملہ مہمات کے واسطے تیری ولایت کفایت کرتی ہی اور ارباب تحقیق فرماتے ہین کہ ولی وہ ہی کہ اپنے دوستون کو بے علت دوست رکھے اور بعد و زلت اپنی درگاہ سے دور نکرے اور بعضے کہتے ہین کہ ولی وہ شخص ہی کہ نفوس دوستون کو سیاست سے ادب دے اور قلوب عارفون کو بحراست تہذیب عطا کرے اور ولایت حق کی اپنے بندے سے دنیا مین یہ ہی کہ مین اپنی اطاعت پر دلالت فرما دے اور آخرت مین ساتھ رحمت مین رکھے اور دنیا مین مشغول نکرے اور عقبی مین مملکت جنت سے معزول نہ فرما دے اور آخرت مین یہ ہی کہ اپنے نور جمال سے سرفراز فرما دے اور بھی دنیا مین دوستی یہ ہی کہ سالک کو ریاضت و مجاہدے مین مصروف کرے اور دوستی آخرت یہ ہی کہ اپنے عاشق کو پرتو انوار سے سرفراز فرما دے اور ثمرہ دوستی کا یہ ہی کہ بندے کو مسلمان مارے اور قاعدہ دوستی آخرت مین یہ ہی کہ اپنے بندے کو بہشت مین داخل کرے اور دوستون سے ملا دے اور یہ جو حضرت یوسف نے اول ثناے حق حضرت فرمائی اور پھر کہا توفنی مسلما حقیقت اسکی یہ ہی کہ ارباب معرفت جب حضرت حق سے حاجت چاہتے ہین تو اول ثناے الٰہی کرتے ہین پھر اپنی حاجت عرض کرتے ہین سو حضرت یوسف نے اول کہا رب قد آتیتنی من الملک و علمتنی من تاویل الاحادیث فاطر السموات والارض انت ولیی فی الدنیا والآخرۃ پھر عرض کیا کہ توفنی مسلما اور یہ طلب وفات مشعر اس بات پر تھی کہ حضرت یوسف کو اشتیاق اپنے باپ دادون کی ملاقات کا ہوا تھا اور لحوق انسے بلا موت بشرط اسلام ممکن نہ تھا اسواسطے اس طرح استدعا فرمائی اور بعضے کہتے ہین کہ طلب موت نہین فرمائی بلکہ یون کہا تھا کہ اذا توفیتنی فتوفنی مسلما یعنے مقصود یہ تھا کہ جب اجل معہود آوے تو اسلام پر وفات ہو القصہ مفسرین و مورخین لکھتے ہین

کہ جب دعا یوسف صدیق علیہ السلام کی قبول ہوئی اور حضرت کو یقین ہوا کہ وفات قریب تر ہونے والی ہے
تو بھائیون کو بلا کر وصایا فرمائے اور خطبہ وداع پڑھا اور یہودا کو امیر و سردار بنی اسرائیل گردانا
اور بنی اسرائیل کو بانقیاد امر و نہی و اطاعت فرمان یہودا مامور فرمایا جب اولاد یعقوب نے وصیت
قبول کی تو فرمایا کہ جب تک تم لوگ ملت ابراہیم پر مستقیم رہو گے اور متابعت آبا و اجداد دین ثابت
قدمی کرو گے تم مین برکت رہیگی مگر میرے بعد تھوڑے دنون کے گذرنے پر ایک بادشاہ ستمگار
ظالم قہار اسباط عملاق و قبط سے مصر مین ہوگا اور دعوے ربوبیت کریگا اور چارسو برس تک
اسکو حق سبحانہ فرمان روائی مین فرصت دیگا اور تمام بنی اسرائیل کو اپنی عبودیت و بندگی مین
کھینچیگا پھر جب اسکی شوکت نہایت کو پہونچیگی تب اولاد لاوی ابن یعقوب سے ایک پیغمبر دین پرور
موسیٰ نام مبعوث ہو کر اس بادشاہ کو فنا کریگا یہ اشارہ فرعون کی طرف فرمایا اور بعض اہل تحقیق
نے لکھا ہے کہ جب حضرت یوسف نے موت مانگی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا کہ وقت موت
نہین پہونچا ہے کیونکہ جب تک تمسے اور تمھارے لڑکون و پوتون سے چھ سو آدمی پیدا نہو لینگے
وعدہ وصال ایفا نہوگا لہذا انجا طرجمی اہل مصر کو دعوت اسلام شروع کی اور چالیس ہزار آدمی کے
قریب حضرت کی اولاد اور حضرت کے بھائیون کی اولاد مین ہوئے تب مصر سے دس کوس باہر
نکل کر خیمہ ڈالا اور رہنے لگے پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکے کہا کہ اسی جگہ ایک شہر آباد کیجیے
اور اسکا نام مدینۃ الحرمین رکھیے اور اپنی بود و باش یہین پر اختیار کیجیے چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام
نے ایک شہر آباد فرمایا اور اسمین رہنے لگے اس جگہ پانی نہ تھا تب لوگون نے عرض کیا کہ پانی
یہان سے دور ہے کس طرح بسر ہوگی لہذا حضرت یوسف نے دعا کی کہ حضرت جبرئیلؑ نے بحکم خدا
ایک نہر دریاے نیل سے مدینۃ الحرمین مین پہونچائی اور بعض کے نزدیک جب وفات قریب ہوئی
تو حضرت نے افرائیم فرزند اکبر سے وصیت فرمائی کہ تابوت ہمارا رود نیل مین رکھدینا اور ابن عباس سے
روایت ہے کہ فرمایا کہ جب تک غیب سے آواز نہ آئے دفن نکرنا اور وہب ابن منبہ سے روایت ہے
کہ جب وفات ہوئی تو افرائیم نے آواز غیب سے سنی کہ یوسف کو بعد تجہیز و تکفین نہر قیوم پر لیجا چنانچہ
افرائیم نے ویسا ہی کیا جب تابوت نہر پر پہونچا تو پانی اسکا دو حصے ہوگیا اور ایک قبر طیبہ تیار ہوئی
اسمین تابوت مبارک رکھدیا اور پانی بدستور جاری ہوگیا اور اخبار الدول مین ہے کہ جب وفات
یوسف علیہ السلام کی ایکسو دس برس کی عمر مین ہوئی تو اہل مصر نے اختلاف کیا بعض رئیسون نے کہا
ہمارے محلے مین مزار ہو اور بعض نے کہا ہمارے اس سو دیبل مین قریب تھا کہ نوبت قتال پہونچے

آخرکار از روے صلح یہ قرار پایا کہ دریاے نیل مین دفن ہون تاکہ اُس پانی سے تمام اہل مصر کو برکت ملے
چنانچہ ایک تابوت سنگین مرمرین رکھکر وسط نیل مین جانب مدینہ منیف دفن کیا اُس جگہ ایک مسجد بھی ہے
اور ایک روایت ہے کہ قبل وفات حضرت یوسف نے خواب دیکھا کہ ایک قافلہ جنگل مین آیا ہے اُسمین
والدین آنجناب بھی ہین اور میدان مین گشت کر رہے ہین اور پکارتے ہین کہ یوسف جلد آ ہم تجھے
تلاش کرتے ہین اُسی وقت آنجناب چونک پڑے اور دعا کی توفنی مسلما اُسی دم حضرت عزرائیل
تشریف لائے آنجناب نے اُنکو دیکھکر تبسم کیا اور فرمایا عجل عجل فانی مشتاق الی ربی اور بھائیون سے
عذر کیا اور یہودا کو خلیفہ کیا اور فرمایا کہ میرا تابوت یہان نرکھنا شام مین پہونچا دینا اور جب تمکو
یہان سے نکلنا پڑے تابوت کو ساتھ لیجانا پھر زلیخا کو طلب کیا حضرت جبرئیل نے کہا اسوقت معاف
کیجیے ایسا نہو آپ کا دل اُس طرف متوجہ ہوجائے تب پوچھا وہ کہان ہے فرمایا محراب عبادت مین پڑی
روتی ہے اور کہتی ہے الٰہی میری حیات یوسف کی جان سے ملا دے کہ مجکو تاب مفارقت نہین ہے فرمایا
اگر مجھے نہ دیکھیگی تو حسرت مین رہیگی حضرت جبرئیل نے کہا اللہ صاحب اُسکو صبر عطا فرماوینگے بعد
اس گفتگو کے حضرت جبرئیل نے سیب جنت دیا اُسکی خوشبو سے حضرت نے وفات پائی تو بھائیون نے
رونا شروع کیا زلیخا نے سنکر دوڑی لوگون نے کہا صبر کرو یوسف نے وفات پائی زلیخا سنتے ہی بیہوش
ہوگئی کہ تین دن ہوش نہین آیا یہان تک کہ اہل مصر نے رود نیل مین دفن کیا جب ہوش آیا تو فراق شریف
چندے بگریہ وزاری مشغول رہی اور وفات پائی مگر محدثین کے نزدیک زلیخا نے حضرت یوسف کے سامنے
وفات پائی تھی چنانچہ کعب احبار سے روایت ہے کہ بیس روز بعد فوت زلیخا یوسف علیہ السلام نے وفات
پائی اور اُسی وقت سے آنجناب نے تبسم نہین فرمایا اور تفسیر کبیر مین حضرت امام حسن علی آبائہ وعلیہ السلام
سے روایت ہے کہ حضرت صدیق اکبر فرماتے تھے کہ یوسف ہفدہ سالہ تھے جب چاہ مین ڈالے گئے اور
اسّی برس رقیت و حبس و حکومت مین رہے اور بعد ملازمت پدر بزرگوار تیئیس [٢٣] برس اور زندہ رہے
اس حساب سے عمر شریف ایکسو بیس [١٢٠] برس کی ہوئی کذا فی العرائس اور محمد ابن اسحاق کے نزدیک
ایکسو اٹھارہ برس کی عمر ہوئی اور توریت مین ایکسو دس [١١٠] برس کی لکھی ہے کذا فی اخبار الدول اور
بعضے سو [١٠٠] برس اور بعضے ایکسو پندرہ [١١٥] بھی بیان کرتے ہین اور کلبی کے نزدیک ایام فراق بائیس [٢٢] برس تھا
اور عبداللہ ابن عباس ستّرہ برس فرماتے ہین و بقول سدی ابن یحیےٰ ستہتر و بنقل حسن بصری اور ایک
جماعت تابعین اسّی برس مگر سلمان فارسی و اکثر علما فرماتے ہین کہ زمان ہجران و فراق چالیس برس تھا
اسی قول پر اہل تاریخ کو اعتماد ہے و بروایت صحیح ثابت ہے کہ حضرت یوسف نے سات برس کی عمر مین خواب

دیکھا اور سترہ برس کے تھے کہ بلاے چاہ مین مبتلا ہوے اور اسّی برس کی عمر مین وحی ہوئی اس طرح
لتنبئنہم بامرہم ہذا وہم لایشعرون یعنے تو بتادیگا اُنکا یہ کام اور وہ نہ جانینگے معجزات و خوارق آنجناب
اکثر تھے ازانجملہ تعبیر رویا و خواب ہی ازانجملہ جب قابوس ابن مصعب بادشاہ کو و بروایتے کسی اور
سردار کو دعوت ایمان فرمائی تو اُسنے کہا اگر یہ درخت خشک ہر سبز ہو جائے تو ایمان لاؤن حضرت نے
دعا فرمائی کہ وہ درخت سرسبز ہو گیا و بروایتے برگ درخت بھی بزرگ گوناگون ہو گئے ازانجملہ ایک
لڑکا کسی امیر کا اندھا ہو گیا بلکہ صحیح یہ ہی کہ اندھا مادرزاد تھا اُسنے وقت دعوت ایمان کہا اگر یہ بینا
ہو جائے تو ایمان لاؤن حضرت یوسف نے دعا فرمائی وہ بینا ہو گیا او پیشہ حضرت یوسف کا
لڑکپن مین تجارت تھا یعنے اپنا مال امینون کو سپرد کرتے تھے اور نفع مین شریک ہوتے تھے اور جب
وزیر مصر ہوے تو سواے اداے مراسم وزارت کسی اور حرفے مین مشغول نہوتے تھے اہل تاریخ لکھتے ہین
کہ بعد وفات آنجناب مصر مین دین توامین کا فساد برپا ہوا اور سحر و کہانت نے رواج پکڑا اور اسباط
حضرت یعقوب علیہ السلام مین سلاطین مفسدین ظاہر ہوے تب اللہ جل شانہ نے موسی ابن میشا
ابن یوسف کو پیغمبر کیا یہ معاملہ دو سو برس پیشتر از بعثت حضرت موسی ابن عمران واقع ہوا ہی اور اہل
کتاب نے گمان کیا ہی کہ موسی ابن میشا صاحب خضر تھے مگر عامہ علما فرماتے ہین کہ موسی ابن عمران تھے
کذا فی اخبار الدول والعہدۃ علی الراوی پوشیدہ نرہے کہ اکثر اہل تاریخ اولاد حضرت یعقوب کو پیغمبر مرسل
کہتے ہین اور لکھتے ہین کہ اسباط تین سو تیرہ ۳۱۳ تھے کہ اپنے اجداد و اعقاب کو ہدایت کرتے تھے مگر
صحیح یہ ہی کہ سواے حضرت یوسف علیہ السلام کے کوئی پیغمبر نہین ہوا تتبع کتب سے معلوم ہوتا ہی
کہ روبیل ابن یعقوب کی اولاد چار نفر تھے لیکن جب حضرت موسی علیہ السلام نے بیس برس سے اونچے
اور پچاس برس سے نیچے شمار اولی مین شمار کرائے تو اُنکے ذریات چھیالیس ہزار مرد مقاتل برآمد ہوے
اور سردار قوم اہل صوری ابن سدی تھا اور یشجر کی اولاد صلبی بھی اسیقدر تھی لیکن ذریات باسٹھ ہزار
آٹھ سو سپاہی نکلے اور افسر اخی غیر ابن عمی تھا اور زبالون کے تین بیٹے تھے لیکن ذریت ستاون ہزار
ہزار چار سو مرد جرار اور بزرگ و افسر آنی آدی خیلون تھا اور نفتالی کے چار بیٹے تھے الا ذریت
ترپن ہزار چار سو مرد نکلے رئیس انکا خیراع ابن عینان تھا اور آشیر کے بھی چار پسر ہوے مگر ذریت
اکتالیس ہزار پانسو مرد نکلے اور شریف القوم رعابل ابن عجران تھا اور کاذ کے چھ فرزند مگر ذریت
اکتالیس ہزار چھ سو پچاس مرد ہوے رئیس انکا یاصاف ارعوائیل تھا اور شمعون کے چار پسر لیکن
اعقاب اُنسٹھ ہزار تین سو مرد ہوے سردار انکا سلوم ابن صوری تھا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے

دو بیٹے ایک دختر ہوئی مگر ذریت بہتر ہزار پانسو مرد مقاتل نکلے رئیس القوم شلاع ابن عمہود تھا اور کل ابن براصور شریک رئیس تھا اور بنیامین کے تیرہ بیٹے ہوئے اور ذریت پینتیس ہزار چار سو مرد نکلے شریف القوم عمیہور تھا اور یہوداکے پانچ بیٹے ہوئے اور احفاد بہتر ہزار چار سو مرد مقاتل ہوئے حاکم انکا حشون ابن عمیا تھا اور لاوی کے ایک بیٹا ہوا ذریت بائیس ہزار ہوئے سردار قوم الصافان ابن عزنا ئیل تھا اخبار الدول میں ہے کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام مصر میں تشریف لائے تو کل بہتر آدمی تھے لیکن جب حضرت موسی کے ساتھ اولاد انکی مصر سے نکلی تو سوائے لڑکون اور بوڑھون کے چھ لاکھ پانسو چھہتر آدمی تھے اور کل ذریات یعقوب ایک کرور ایک لاکھ تھے سچ ہے کہ یہ کثرت اولاد کی تمام عالم میں کسی کے نہین ہوئی واللہ اعلم بالصواب

## تفریح سیزدہم در احوال حضرت ایوب علیہ السلام

بعض اہل سیر نے حضرت ایوب کو بعد حضرت شعیب اور بعض نے بعد سلیمان کے ذکر کیا ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ بعد حضرت یوسف کے تھے ابو علی طبرسی نے مجمع البیان میں لکھا ہے کہ ایوب ابن موص ابن راخ ابن روم ابن عیص ہیں بروایتے عیصو ابن اسحق علیہ السلام اور والدہ شریفہ انکی دختر حضرت لوط علیہ السلام اور زوجہ مسماۃ رحمہ بنت افرائیم ابن یوسف ہو صحیح اور بعضے کہتے ہین کہ ایوب ابن تاخور ابن موص اور زوجہ مسماۃ ماخیر بنت میشا ابن یوسف علیہ السلام و عند الاکثر ایوب ابن موص ابن عیص اور زوجہ مسماۃ ایا بنت یعقوب عمایہ السلام اور بعض کے نزدیک ایوب ابن موسی ابن رویل ابن یعقوب علیہ السلام وہو غیر صحیح اور اخبار الدول میں ہے کہ انجناب تھے طویل القامۃ عظیم الراس مجعد الشعر حسن العینین قصیر العنق غلیظ الساقین والساعدین مکتوب علی جبینہ الشریف المبتلی الصابر اور زوجہ انجناب مانند اپنے جد امجد کے حسن ظاہری و باطنی سے آراستہ تھین انھین سے حضرت ایوب علیہ السلام کی اولاد ہوئی نہایت صالح و پرہیزگار مستکفا روزگار اللہ جل شانہ نے اہل تبنیہ کا جو کہ متعلقات جولان سے ہے اور حوالی دمشق و جابیہ واقع ہے حاکم کیا اور اکثر زمین زراعت کو بخشی اور غلام و کنیز خدمت کو عنایت کیے بی بی کو مطیع فرمان بردار کیا اور دواب و مواشی سواری و کشتکاری کو مرحمت فرمائے کہ ہر دم و ہر لحظہ شکر و سپاس میں بسر کرتے اور عمارت مین منزل ایوب شہر ثنیہ اراضی شام مابین دمشق و رملہ لکھا ہے وہب ابن منبہ سے معالم مین روایت ہے کہ اللہ نے حضرت ایوب کو بکریان اور گائین اور اونٹ سات سات ہزار عنایت کیے اور ہر ایک جانور پر ایک ایک غلام چرانے کو دیا اور ہر ایک غلام کے عیال اطفال زر و زیور و نقد و جنس بکثرت تھے اور حضرت ایوب کو ایسا اخلاق عطا کیا کہ تنور مہمانی کا ہمیشہ گرم رہتا کہ ہر یتیم و مسکین

خوان نعمت سے نوالۂ فیض حاصل کرتا تھا باینہمہ شب و روز عبادت کیا کرتے اور شکر منعم مین مصروف
رہتے دنیا کا کام کمتر کرتے عقبےٰ کی طرف متوجہ رہتے تین شخص حضرت ایوب کے یارون مین بڑے
بھوڑے تھے الیفن یمنی و بلید و صافر ایک دن ابلیس آسمان پر گیا تو اُسنے فرشتون کو استغفار کرتے ہوئے
حضرت ایوب کے حق مین پایا آتش حسد اُسکی بھڑکی سو اُسنے دعا مانگی کہ یا الٰہی ایوب تیرا بندہ صحت و
عافیت و کثرت اولا کے سبب سے حمد مین مشغول ہی اور وفور اموال و ہجوم دواب و زیادت عبید و اماء سے
شکر مین مشغوف ہی اگر یہ سب نعمتین اُسکے سے چھین لیجائین تو ہرگز شکر و حمد نکرے ارشاد ہوا کہ ایوب میرا
بندۂ مقبول ہی اور عبادت و شکر مین مجبول کسی حال مین ہو یا کسی بلا مین مبتلا کیا جائے محک امتحان مین
کامل العیار نکلے ابلیس نے کہا اگر مین اُسپر مسلط ہون تو امتحان کامل کرون فرمایا مضائقہ نہین مین نے
تجھے اُسکے ظاہر بدن پر مسلط فرمایا سو وہ مردود اُسی وقت زمین پر آیا اور اپنے اعوان و انصار کو
جمع کیا اور پوچھا تمکو کچھ طاقت و قوت ہو تو مین تمکو اموال ایوب پیغمبر پر معین کرون ایک خبیث بولا
کہ اگر مجکو معین کیجیے تو اسباب و دواب جلا دون ابلیس نے کہا اول اونٹ اور اُنکے چرانے والون کو جلا
سو وہ مردود گیا اُسوقت اونٹ حضرت ایوب کی چراگاہ مین تھے جسنے گھاس پر مُنھ ڈالا مر گیا اور
چرانے والے مع عیال و اطفال بھی جل گئے صرف ایک اونٹ بچا اُسپر ابلیس سوار ہوکر حضرت ایوب کے
پاس آیا اور حضرت کا یہ حال تھا کہ تمام دن تین کامون مین مشغول رہتے تھے نماز پڑھنے مین یا صدقہ
دینے مین خواہ محتاج کے کھانے مین سو اُسوقت نماز مین تھے ابلیس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے
اونٹ جلا دیے اور چرواہے مار ڈالے صرف مین باقی رہا ہون حضرت ایوب نے فرمایا الحمد للہ
سے
مین اعطانی و مین نزع منی ابلیس بولا اللہ نے آگ آسمان سے بھیجی تھی کہ اُسنے جلا دیا اس بات
اکثر حضار مجلس متعجب ہوے اور بعضے عبادت پر طعنہ زن ہوے اور بعضے خدا کو اور بعض ایوب کو
بد کہنے لگے اور بعض بولے جسکی عبادت کرتا تھا وہ ناراض ہوگیا ہی حضرت نے فرمایا تم لوگ خوب جانتے ہو
کہ اللہ نے مجھے تنہا پیدا کیا تھا اور تنہا عالم سے اُٹھا دیگا یہان جو کچھ میرے پاس ہی عاریت و امانت ہی
پھر امانت کے دینے مین کیا شکایت ہی بلکہ کمال شکر ہی کہ امانت مین خیانت نہین ہوئی ای شتربان اگر
تجھمین کچھ سعادت ہوتی تو لباس شہادت تو بھی پہنتا مگر افسوس تو بے نصیب ہی اس بات سے ابلیس
نہایت ذلیل ہوکر پھر آیا اور اپنے لشکریون سے کہنے لگا کہ اب کسکو طاقت ہی ایک دیو بولا کہ اگر مین
آواز کرون تو ذی روح کی روح نکل پڑے ابلیس نے کہا حضرت ایوب کی بکریان چرتی ہین اُنپر زور کر
اُسنے بکریون کے گلے مین کھڑے ہوکر ایک آواز کی کہ سب بکریان مر گئین اور چرانیوالے اُنکے

بیجان ہوگئے اور ابلیس حضرت ایوب کے پاس آیا آنجناب نماز مین مشغول تھے اُسنے تقریر پارینہ پیش کی اور جواب پایا جیسا اول پایا تھا بہت شرمندہ ہوا اور نہایت شرمردہ پھر اپنے یارون سے کہنے لگا اب بھی کسیکو زور و طاقت ہی ایک عفریت بولا کہ مجھے یہ طاقت ہی کہ جسکے بدن مین ہوا ہوکر لگ جاؤن وہ جل کر خاک ہو جائے ابلیس نے کہا حضرت ایوب کے کھیت اور مزارعین کو جلا دے تا کہ اُنکا اطمینان قلب باقی نر ہے چنانچہ اُس مردود نے کھیت وغیرہ جلا دیے کہ نہ کھیت کا نشان رہا نہ کھیت والون کا پھر ابلیس ایک نوکر کی صورت بن کر آیا اور حضرت ایوب کو نماز مین مشغول پایا بعد فراغت اسی طرح تاسف کرکے احوال کہا حضرت نے وہی جواب دیا جو کہ اول دیا تھا نہایت شرمندہ ہوا اور اسمان پر گیا کہ ایوب کا مال و اسباب کچھ باقی نہین رہا مگر اولاد سے اُسکو اطمینان حاصل ہی اگر مجکو اولاد پر تسلط تام حاصل ہو تو امتحان کرون کیونکہ یہ مصیبت ایسی ہی کہ انسان اسکو اٹھا نہین سکتا حکم ہوا کہ تو اولاد پر مسلط کیا گیا چنانچہ وہ کم بخت زمین پر آیا اور دیکھا کہ دس نفر اولاد یعنے سات بیٹے و تین بیٹیان بقول وہب ابن منبہ و بقول صحیح تیرہ یعنے سات بیٹے تھے بقول ابن عباس و ابن یسار اور چھ بیٹیان سوائے اُنکے لونڈیان وغیرہ اکثر آدمی ایک حویلی مین اپنے کام مین مصروف تھین اُسنے اُس حویلی کو ہلا دیا اور بیخ و بن سے زمین پر گرا دیا کہ سب لوگ اُسمین دب مرے اُسپر یہ ظلم کیا کہ لڑکون کے پیٹ پتھرون سے پھاڑ ڈالے اور اُنکی ہڈیان توڑ ڈالین مگر ایک بی بی حضرت کی باقی رہین وہ بھی غم والم سے بیجان تھین اور یہ حادثہ واردات سے پریشان بعد ازان ابلیس بصورت ایک مرد معلم حکمت کے آیا اور تمام حال واقعہ کہنے لگا جب لڑکون کے مارے جانے کا حال کہا تو بمقتضاے بشریت آنجناب کو کسیقدر رقت آئی وہ مردود اسقدر بے صبری کو غنیمت سمجھا اور جانب آسمان روانہ ہوا تا کہ فریاد و فزع کی کیفیت حضرت حق مین التماس کرے مگر حضرت نے فی الفور توبہ فرمائی اور فرشتون نے قبل پہونچنے شیطان سے ندامت و توبہ درگاہ لاابالی مین پہونچائی ناگزیر وہ مردود طاغی پشیمان ہوا اور کچھ بھی کہہ نہ سکا عرض کیا کہ یاالٰہی ایوب کا دل ہلاکت مال و اولاد سے بھی نہ ٹوٹا کیونکہ اُسکو تیری عنایت و کرم پر تکیہ ہی اور جانتا ہی کہ پھر مال و اولاد تیری عنایت سے مل سکتا ہی اب یہ درخواست ہی کہ مجکو ایوب کے جسم مبارک پر تسلط حاصل ہو ارشاد ہوا کہ سوائے زبان و دل کے تمام جسم پر تسلط اپنا ظاہر کر سبحان اللہ جسم کو صابرون کے حق مین عبرت گردانا اور زبان و دل کو اپنی یاد و انزال رحمت کو بچایا پھر ابلیس زمین پر آیا اور حضرت کو سجدۂ صلوۃ مین پایا اور بکمال سرعت سے زمین مین در آیا اور نفس سمی اپنا آنجناب کے منخرین مین دم کیا کہ تمام بدن سیاہ ہوگیا و از سر تا قدم چھالے پڑ گئے اور خارش کی شدت سے کھجاتے کھجاتے تمام جسم کی

کھال گر گئی اور تمام بدن مین کیڑے پڑ گئے اور ایسا تعفن غالب ہوا کہ مردم شہر نے شہر سے نکال دیا کوئی دوست آشنا نہ رہا صرف بی بی انکی کہ نعمت مین شریک تھی مصیبت مین بھی حاضر رہی تین بڑے دوست الیفن و بلدد و صافر تھے وہ بھی ملامت کرتے تھے اگرچہ ایمان اپنا تینون نے ضائع نہین کیا لیکن حضرت کو عاصی جان کر توبہ و ندامت کی تعلیم کرتے تھے اور حضرت انکو نصائح فرماتے تھے کہ معالم التنزیل مین مذکور ہین اخبار الدول مین ہے کہ اس حال مین آنحضرت فرماتے تھے اللھم ان کان ہذا رضاک فشددہ وان کان من سخطک فاغفر حضرت حسن بصری سے روایت ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام سات برس سات شہر مزبلہ بنی اسرائیل پر پڑے رہے اور کوئی شخص سوائے مسماۃ رحمہ کے نزدیک نہ آیا وہ غریبہ اس بلا مین بھی اوقات بسر کرتی تھی اور دریوزہ گری سے شب و روز کاٹتی رہی جب حضرت ایوب شکر خدا کرتے تو یہ بھی الحمد للہ علیٰ عطانہ کہتی اور حضرت ایوب اس مصیبت مین بھی کسی دم ذکر حق سے غافل نہ تھے جزع و فزع کا تو ذکر کیا ابلیس یہ حال دیکھ کر مضطرب ہوا اور شور مچایا اسکے یارون نے سبب پوچھا کہا یہ عجب بندہ خدا ہے کہ باوجود اس طرح کی بلاؤن کے صابر و شاکر ہے بلکہ ہر وقت ذاکر ہے سو اب تم میری مدد کرو شاگردون نے کہا وہ مکر و فریب آپ کے کیا ہوئے کہ جس سے بڑے بڑے عقلا ہلاک ہوئے بولا اس شخص کے روبرو کوئی داؤ نہین چلتا اور سچ تو یہ ہے کہ بعض باتین فراموش ہین ایک شاگرد بولا کہ وہ مکر کہان گیا جو حضرت آدم کے خروج کا سبب واقع ہوا تھا ابلیس نے کہا انکی بی بی کی سازش مین کام چلا تھا کہا کہ اب بھی بی بی موجود ہے سو ابلیس خوش ہوا اور اس عفیفہ کی خدمت مین آیا وہ ستم رسیدہ صاحبہ دریوزہ گری کو اٹھی تھی ابلیس نے کہا تمھارا شوہر کہان ہے فرمایا یہ ہے اور کیفیت مرض کی بیان کی وہ کم بخت اس کلام کو حمل بے صبری پر کر کے جزع سمجھا اور وسوسے پر مستعد ہوا اور کہا کہ یہ بیماری رفع نہوگی ہمکو ایوب کی خوبصورتی اور جوانی پر نہایت افسوس ہے اور مال و اسباب کے فنا ہو جانے پر بڑا رنج ہے اس کلام پر وہ بیچاری رونے لگی اب اس کم بخت کو امید پڑی سو فی الفور ایک بچہ گوسفند پکڑ لایا اور کہا اگر ایوب اسکو میرے نام پر ذبح کرے تو صحت پاوے اس بلا کشیدہ نے بامید صحت لے لیا اور حضرت ایوب کے پاس آئی اور کہا اب نوبت بجان ہے اس گوسفند کو ذبح کر تو صحت ہو جائے حضرت نے فرمایا شاید تیرے پاس شیطان آیا تھا دم دے گیا افسوس اتنی مدت بلا پر صبر نہ کر سکی اول بیس برس مال و اولاد کے نہونے پر صبر کرتی رہی قسم خدا کی اے رحمہ اگر صحت ہوئی تو سو تازیانے مارونگا کہ تو نے مجھے ذبح بغیر اللہ کا حکم کیا دور ہو میرے پاس نہ آیا کر اور اب مین تیرے ہاتھ کی چیز نکھاونگا

تاکہ پھر چلی آئین حضرت ایوب تنہا رہے تب سجدہ کرکے دعا کی ربّ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین یعنے اے پروردگار مجھکو لگ گیا ہی ضرر اور تو مہربان ہی ارشاد ہوا کہ دعا قبول ہوئی اپنے پیرون کی ایڑی زمین مین رگڑو حضرت ایوب نے ایک پیر رگڑا تو ایک چشمہ آب جاری ہوا اُسی مین غسل کیا اور چنگے ہوگئے گویا بیمار ہی نتھے بعد ازان چالیس قدم چلے اور دوسرا پیر بحکم الٰہی رگڑا دوسرا چشمہ جاری ہوا اُسکا پانی پیا تمام بیماری پیٹ سے نکل گئی اخبار الدول مین ہی کہ جمعہ کے دن صبح کو اللہ تعالی کی طرف سے جبرئیل علیہ السلام نے پیغام دیا کہ تمکو شفا عطا ہوئی اور مال واسباب جو فنا ہوگیا تھا عنایت ہوا حدیث شریف مین ہی کہ بعد غسل کے دو جامے جنت سے آئے ایک کو ازار دوسرے کو چادر کیا اور پہنکر کھڑے ہوئے تو تمام مال واسباب واولاد دو چند نظر پڑا اور ایک مکان نہایت پر تکلف وآراستہ نشست وبرخاست کو طیار ملا اخبار الدول مین ہی کہ وہ چشمہ اب تک جاری ہی اور مشہور ہی کہ جو بیمار اُسمین غسل کرتا ہی صحت پاتا ہی بالجملہ ان سب خوارق سے مسماۃ رحمہ کو اطلاع نہین ہوئی اب خیال آیا کہ بیماری کی بات لائق اعتماد نہین ہوئی گو ایوب نے مجھے نکال دیا ہی لیکن تنہائی سے خوف ہی کہ درندہ نہ لیگیا ہو خبر لانا ضرور ہی سو مضطربانہ اُس مقام پر آئین تو وہان نہ ایوب نظر آئے نہ مزبلہ ادھر اُدھر تلاش کیا نشان نہ ملا وہان اور ہی کارخانہ تھا ناچار روا دیا او وا مصیبتا سے آشنا ہوئین حضرت ایوب یہ حال دیکھ رہے تھے آخر کار آنجناب نے پوچھا کیا تلاش کرتی ہی اور کیون رو رہی ہی وہ بولین میرا شوہر اس مقام پر بیمار پڑا تھا اُسی کو تلاش کرتی ہون پتہ نہین ہاتھ آتا فرمایا اگر دیکھے تو اُسکو شناخت کرے کہا جو چیز دیکھی ہوئی ہی اُسے آدمی اکثر نہین بھولتا غالب تر یہ ہی کہ پہچان لونگی اگر دیکھونگی فرمایا میری طرف تو دیکھو رحمہ نے دیکھ کر کہا جب شوہر میرا بیمار نہ تھا تو ایسا ہی تھا فرمایا مین ایوب ہون جسکو تو نے ذبح گوسفند کا امر کیا تھا اُسنے شیطان کا کہنا نہ مانا تا آنکہ روایۃ صحیحہ اور بعض روایت کرتے ہین کہ جب تین برس بیماری پر گذرے تو شیطان حضرت ایوب کی زوجہ کے پاس آیا اور کہا مین کون ہون وہ بولین مین واقف نہین ہون کہنے لگا مین خدائے زمین ہون ایوب تیرا شوہر آسمان والے خدا کی عبادت کرتا تھا سو مین ناراض ہوا اسی پر مین نے اس بلا مین مبتلا کیا اگر اب بھی مجھے سجدہ کرے تو صحت پاوے اور جتنا مال واسباب واولاد پاوے اور جو کچھ مال واسباب وغیرہ فنا ہوگیا تھا دکھلایا اُس غمزدہ نے کہا مین ایوب سے کہونگی آخر حضرت ایوب سے یہ حال کہا فرمایا وہ شیطان رجیم تھا قسم خدا کی اگر اچھا ہوگیا تو سو تازیانے تجھے مارونگا پھر اُسی وقت دعا فرمائی یہ روایت ہی ابن منبہ کی اور بعض کہتے ہین کہ ابلیس بصورت حکیم ایک صندوق پر از ادویہ مفردہ ومرکبہ سر پر لے باطلہ

ڈال کر بیٹھا اور ہر مرض کی دوا تقسیم کرنے لگا اور اُسی طرف سے مسماۃ رحمہ زوجہ ایوب علیہ السلام کی آمد و رفت تھی ایک دن وہ بھی اس حکیم کے پاس تشریف لیگئین اور اپنے شوہر کا حال بیان کر کے مستدعی دوا ہوئین ابلیس نے کہا مین تجھے بشد دوا دیتا ہون صرف اسقدر چاہتا ہون کہ جب تیرا شوہر صحت پائے تو اپنی زبان سے کہے کہ فلان حکیم نے شفا بخشی رحمہ زوجہ ایوب نے کہا یہ تو کچھ بات نہین ہی مین یہ بات کہلا دونگی چنانچہ دوا لیکر ایوب علیہ السلام پاس آئین اور کیفیت عرض کی حضرت نے فرمایا وہ شیطان ہی تجکو فریب دیتا ہی تو نے کیون وعدہ کیا اب اگر اچھا ہونگا تو سو کوڑے مارونگا قسم ہی خدا کی **فائدہ** رفع تعارض روایا اس طرح ہوسکتا ہی کہ ابلیس مردود نے سب طرح کے مکر کیے کارگر نہوے **فائدہ** مفسرون کو اختلاف ہی کہ رب انی مسنی الضر کس وقت آنجناب نے فرمایا وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ جب زوجہ مطہرہ آنجناب اپنی زلف بیچ کر روٹی لائین اُسوقت فرمایا ہی اور قصہ یہ ہوا کہ وہ بیکس بیچاری محنت مزدوری سے اور گاہے دریوزہ گری سے اوقات بسر فرماتی تھین جب بلا نے طول کھینچا تو لوگون نے مزدوری دینا اور خیرات کرنا موقوف کر دیا چنانچہ ایک روز کسی نے ایک روٹی بھی خیرات نہ دی تب زلف کاٹ کر سیکو دے آئین اور ایک روٹی لائین حضرت ایوب نے یہ حال دیکھکر فرمایا رب انی مسنی الضر الخ اور بعض کے نزدیک جب کیڑے زخم کے متوجہ جانب قلب ہوسے تو آنجناب کو خوف ہوا کہ اب ذکر و فکر سے محروم ہوجاؤنگا اُسوقت فرمایا رب انی مسنی الضر الخ اور عشرت حمیدی مین لکھا ہی کہ وہ تین شخص جو کہ ایمان لائے تھے حاضر ہوسے اور کہنے لگے کہ اگر ایوب باکمال ہوتا تو اس بلا مین نہ پڑتا اُسوقت حضرت نے فرمایا رب انی مسنی الضر الخ اور حقائق سلمی مین امام جعفر صادق سے روایت ہی کہ چالیس دن وحی کا آنا موقوف ہوگیا تب حضرت نے کہا رب انی مسنی الضر الخ بعضے کہتے ہین مراد مسنی الضر سے شماتۃ اعدا ہی کیونکہ حضرت ایوب سے بعد از صحت لوگون نے پوچھا اس بلا مین کون امر شدید تھا فرمایا شماتۃ اعدا اگر کہا جائے کہ اس آیت سے اور آیت رب انی مسنی الشیطان سے شکایت و جزع ظاہر ہی پھر انا وجدناہ صابرا نعم العبد انہ اواب لیعنے ہمنے پایا اُسکو صابر بہت خوب بندہ وہ ہی رجوع رہنے والا حضرت ایوب کے حق مین کس طرح صادق آتا ہی بعضے جواب دیتے ہین کہ یہ شکایت نہ تھی دعا تھی کہ فاستجبنا لہ سے ظاہر ہی علاوہ بران جزع وہ ہی کہ اللہ کا شکوہ خلق کے سامنے کرے نہ یہ کہ اپنا غم و رنج اللہ پر کھولے حضرت یعقوب نے کہا ہی انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ یعنے مین تو کھولتا ہون اپنا احوال و غم اللہ ہی کے پاس سفیان ابن عیینہ فرماتے ہین جو کوئی شکوہ خلق سے کرے اور قضا سے حق پر راضی ہو وہ بھی اہل جزع سے نہین ہی بحر الحقائق مین ہی کہ بشریت ایوب ضرر سے نالان تھی اور

روح شریف نفحۂ الوہیت بلا و تکلیف مین شاد اور فرحان تھی سو زبان بشری سے مسنی الضر کہا اور لسان روحانی نے
انت ارحم الراحمین اور لطائف قشیریہ مین ہے کہ یہ کلام بر سبیل اعتراض قضا پر نہ تھا بلکہ عجز بصفت بشری تھا کیونکہ
ایکدن حضرت جبرئیل نے پوچھا ای ایوب کیون خاموش ہو فرمایا بحر صبر مین مستغرق ہون حضرت جبرئیل نے
کہا خزانۂ باری مین بلا بہت ہے کہ تمکو طاقت برداشت نہوگی عافیت کی درخواست کرو اسوقت ربانی مسنی الضر
کہا کما قال اللہ تعالی فی سورۃ انبیا وایوب اذ نادی ربہ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین فاستجبنا له
فکشفنا ما بہ من ضر واتیناہ اہلہ ومثلہم معہم رحمۃ من عندنا وذکری للعابدین یعنے اور ایوب نے جسوقت پکارا
اپنے رب کو کہ مجکو بڑی ہے تکلیف اور تو ہے سب رحم والون سے رحم والا پھر ہمنے سن لی پکار اوسکی اوٹھا دی
جو اوسپر تھی تکلیف اور دیے اوسکو اوسکے گھر والے اور اونکے برابر ساتھ اونکے از روے مہربانی اپنے پاس سے
اور نصیحت عبادت کرنے والون کو وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ تین برس آنجناب مبتلاے بلا رہے
اور کعب احبار سے سات برس سات مہینے سات دن اور حضرت انس سے تیرہ برس اور ابن شہاب نے
اٹھارہ برس روایت کیے ہین اور عبد اللہ ابن مسعود و ابن عباس و قتادہ و حسن و اکثر اہل تفسیر موافق
ظاہر آیہ کے فرماتے ہین کہ اولاد پہلی زندہ ہوئی اور برابر اوسکے اور عنایت ہوئی اور بعض کہتے ہین کہ اولاد
مردہ زندہ نہین کی مگر اور اولاد اوسی طرح عنایت فرمائی اور عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اولاد
مردہ آخرت کے واسطے آمادہ رکھی اور دنیا مین اور ملی قول اول صحیح ہے اور ضحاک نے ابن عباس سے
روایت کی ہے کہ زوجۂ ایوب پھر جوان ہوئین اور چھبیس ۲۶ نفر اولاد اونسے ظاہر ہوئی اور اسی طرح کی
تونگری و آسایش دوچند بخشی اور انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ حضرت ایوب کے دو خرمن گاہ
تھے ایک گیہون کا اور ایک جو کا سو اللہ صاحب نے دو ابر باران بھیجے ایک نے خرمن گندم مین سونا بھر دیا
دوسرے نے خرمن جو مین چاندی اور بعضے کہتے ہین کہ اللہ نے ایک فرشتہ بھیجا اوسنے حضرت ایوب سے کہا اللہ نے تمکو
سلام کہا ہے سو تم چلو اپنے خرمن گاہ پر چنانچہ آنجناب اوسکے ہمراہ ہوے اللہ نے سونے کی ٹڈی برسائی کہ تمام
خرمن گاہ بھر گیا تب فرشتہ بولا اسقدر کافی ہے یا نہین حضرت ایوب نے کہا کہ یہ برکت الہی ہے مجکو اس سے سیری
نہین ہوتی اور علامۂ بغوی نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا ایکدن ایوب غسل
کرتے تھے ایک ٹڈی طلائی گری آنجناب نے اوسے پکڑا تو غیب سے آواز آئی ای ایوب مین نے تجھے مستغنی نہین کیا ہے
ایوب نے کہا یارب یہ تو درست ہے مگر تیری برکت سے بے نیازی نہین ہے اور صحیح بخاری مین ابو ہریرہ سے
یون روایت ہے کہ ایوب برہنہ نہاتے تھے اونپر سونے کی ٹڈی کا جھنڈ گر پڑا حضرت لپ بھر بھر اپنے کپڑے مین
رکھنے لگے سو اونسے کہا اونکے رب نے ای ایوب کیا مین نے تجھے مالدار اور اس سونے سے جسکو تو دیکھتا ہے

بے پروا نہین کر دیا یعنے تو محتاج نہین ہی پھر کیون اسکو سمیٹتا ہی ایوب نے کہا کیون نہین تیری عزت کی قسم ہی کہ مجھے مال کی پروا نہین لیکن تیری برکت و عنایت کی چیز سے کسی حال مین بے پروا نہین ہو سکتا کہ اسکو سرور مالک کی مہربانی پر ہی نہ مال پر فائدہ اس حدیث سے نکلا کہ برہنہ غسل کرنا درست ہی اور مالدار کو اگر بے طمع و بے تلاش مال ملے تو اسکو عنایت خدا جان کر لینا توکل کے خلاف نہین ہی بالجملہ جب اللہ نے حضرت ایوب کو صحت بخشی اور مال و اولاد دو چند عنایت فرمائی تو آنجناب نے چاہا کہ اپنی قسم کو سچا کرین اور بی بی کو سو تازیانے مارین چونکہ وہ عفیفہ اس حال اختلال کی رفیق تھی اور جیسی نعمت مین شاکر تھی ویسی نکبت مین صابر رہی اور محض بے تقصیر صرف اضطراب مین ایک سخن کی تقریر کی تھی اللہ نے فرمایا خذ بیدک ضغثا فاضرب بہ ولا تحنث یعنی لے اپنے ہاتھ مین سینکون کا مٹھا پھر اس سے مارلے اور قسم مین جھوٹا نہو علما کو اختلاف ہی کہ یہ حکم خاص حضرت ایوب کو تھا یا عام امام مالک تخصیص کے قائل ہین اور امام اعظم و شافعی فرماتے ہین کہ اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ غلام کو تین لکڑیان مارونگا پھر ایک شاخ سے جسمین تین شاخین ہون مارا اگر ضرب تینون کا محسوس ہے تو قسم سے بری الذمہ ہوجائیگا والا کذا فی لطیف بالجملہ حقائق سلمی مین لکھا ہی کہ حکایت بیماری حضرت ایوب کی تفصیلاً کوئی دلیل صریح کتاب اللہ و حدیث رسول اللہ مین نہین ہی ملکہ یہ سب اخبار یہود ہین کہ کعب احبار و ابن منبہ نے بیان کیے ہین صرف اسقدر ثابت ہی کہ انواع غم مین ایوب مبتلا ہوے اور صابر رہے اور ذکر انکا کلام ربانی مین واسطے تعلیم صبر و شکیبائی و تسلی خاطر آنحضرت آیا ہی بعض کہتے ہین جب حضرت ایوب کو صحت ہوئی تو حکم ہوا کہ اہل روم کو دعوت کر آنجناب وہان تشریف لیگئے جب یوم وفات قریب ہوا تو حومل اپنی ارشد اولاد کو وصی و ولی عہد کیا وہین وفات پائی بعض کہتے ہین مصر مین مدفون ہین اور بعض بیت المقدس مین اور صحیح یہ ہی کہ موضع ابتلا مین مدفون ہین عمر شریف بقولے دو سو تیس ۲۳۰ بقولے دو سو ۲۰۰ بقولے ایکسو چار ۱۰۴ بقولے ترانوے ۹۳ مدت دعوت ستائیس برس اور صحیح ستر برس بعد صحت کے ہین

## تفریح چہاردہم در احوال حضرت شعیب علیہ السلام

ابن جوزی نے شعیب ابن عنقا ابن ثویب ابن مدین لکھا ہی و ابن اسحق نے شعیب ابن میکائیل تحقیق کیا ہی اور تہذیب الاسما مین شعیب ابن میکیل ابن یشجب ابن مدین ابن ابراہیم ہی اور بعضے اولاد صالح علیہ السلام سے کہتے ہین اور صاحب شمس العلوم نے قوم حمیر سے شمار کیا ہی اور والدہ آنجناب مسماۃ میکا دختر لوط تھی تکمیل نبوت ہوئی تھی مین لقب انکا خطیب الانبیا و شیخ الانبیا تھا اور نہایت فصیح اللسان تھے اللہ تعالی نے اہل مدین و اصحاب ایکہ پر نبی کیا اور بعض کے نزدیک تین گروہ پر مبعوث ہوے مدین ایکہ اصحاب رس اور ابن کثیر کے نزدیک مدین و ایکہ واحد ہین اور سدی و عکرمہ کے نزدیک علحدہ بلکہ عکرمہ کہتے ہین کہ اول اللہ نے اہل مدین پر نبی کیا جب اہل مدین عذاب صیحہ سے ہلاک ہوے تب اصحاب ایکہ پر بھیجا کہ وہ عذاب ظلہ سے نابود ہوے اور اصح یہ ہی

کہ اصحاب مدین اور ایکہ دو گروہ تھے اصحاب ایکہ بت پرست تھے اور کیل و وزن مین خیانت کرتے تھے اور درہم
و دنیار مقلوب و مغشوش چلاتے تھے اور اصحاب مدین انکے شریک جرم تھے اور چند گناہ اور زیادہ کرتے تھے از انجملہ
رہزنی کہ شام و مصر کی راہ مین گڈھیان بنائی تھین اُسی مین چھپے رہتے تھے جب کوئی قافلہ آتا اُسے
لوٹ لیتے دوسرے یہ کہ جو کوئی حضرت شعیب کے پاس جاتا اُسکو تخویف کرتے تھے کہ وہ باز رہتا تیسرے غلہ
بطریق احتکار جمع کرتے تھے اور عبداللہ حلبی سے روایت ہے کہ اصحاب ایکہ کے بڑے بڑے چار موضع تھے شعیب
وبدا و عز و وفا اور ہر ایک گانون کے متعلق ایک جنگل تھا کہ اُنمین درخت ثمردار بکثرت تھے اور اس قوم مین
کئی بادشاہ ہوئے ابوجاد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت اور کلمن کی بادشاہت مین حضرت شعیب
مبعوث ہوئے ہین سو حضرت شعیب نے دین ابراہیمی پر دعوت شروع کی کہ ای قوم ناپ و تول پورا کرو انصاف سے
اور نہ گھٹاؤ لوگون کو چیزین اور زمین مین فساد نکرو اور بت پرستی چھوڑو جو کچھ بچ رہے اللہ کا دیا
وہ بہتر ہے تمکو چنانچہ ایک مدت دراز مین ستّرہ سو آدمی ایمان لائے اور باقی جدال و عناد مین سرگرم رہے
اور ایسے خراب ہوئے کہ وقت تخویف و انذار کہتے کہ ای شعیب تو جادو مین بھر گیا ہے کسی نے تجھپر جادو کیا ہے
کیونکہ تو بھی ایک آدمی ہے جیسے ہم اور ہم جانتے ہین تو جھوٹھا ہے اور جو تو سچا ہے تو ہمپر کوئی ٹکڑا آسمان کا ڈالدے
چونکہ حضرت شعیب علیہ السلام کو جہاد کا حکم نہ تھا اس سبب سے خاموش ہو رہتے اور تمام دن دعوت
کرتے رات کو نماز پڑھتے سو کفار کہتے یا شعیب اصلوتک تامرک ان نترک ما یعبد آباؤنا او ان نفعل فی اموالنا
ما نشاء انک لانت الحلیم الرشید یعنی ای شعیب تیری نماز نے تجکو یہ سکھلایا کہ ہم چھوڑ دین جنکو پوجتے رہے
ہمارے باپ دادے یا چھوڑ دین کرنا اپنے مالون مین جو چاہیے تو ہی بڑا باوقار نیک چال والا ہے تو
حضرت شعیب فرماتے کہ مین نہین چاہتا ہون کہ تمسے یہ حرکات چھوڑا کر آپ اختیار کرون بلکہ جس
چیز کو منع کرتا ہون وہ مین پہلے سے چھوڑے ہوئے ہون مین چاہتا ہون تمھارا سنوارنا جہان تک ہو سکے
اور یہ بھی سنائے دیتا ہون کہ میری ضد سے ایسا نہ کیجیو کہ تمپر بھی ویسی آفت آوے جیسے قوم نوح کا طوفان
اور قوم ہود کا صرصر اور قوم صالح کا صیحہ اور قوم لوط کا حال تھوڑے دن ہوئے ظاہر ہو چکا ہے
بہتر ہے کہ اپنے گناہ بخشواؤ اور عبادت کرو اُسکی اور غیر کی پرستش ترک کرو بولے کہ ہم باتین توحید وغیرہ
کی نہین سمجھتے اور تو ہم مین ضعیف نظر آتا ہے کم زور ہے اگر تیرے بھائی بند نہوتے تو ہم تجکو پتھرون سے مار ڈالتے
تب حضرت شعیب نے فرمایا کہ یہ بھائی بندون کا دباؤ تمپر زیادہ ہے اللہ سے اُسکو ڈال رکھا تمنے پیٹھ پیچھے فراموش اور
یاد کرو جب تم تھوڑے تھے اللہ نے تمکو بہت کیا اور آخر کیسا ہوا حال بگاڑنے والون کا اگر تم مین
ایک فرقے نے مانا تھا خدا کا حکم تو تمکو لازم تھا اُنکے شریک ہوتے لیکن تم شریک نہوئے

توصبر کرو جب تک اللہ فیصلہ کرسے تب جو لوگ سرکش بدذات تھے بولے کہ ہم تجکو اور تیرے
ہمراہیون کو اپنے شہر سے نکال دینگے یا ہمارے دین مین پھر آؤگے اور اپنے دوستون کا فرون سے
کہا اگر تم شعیب کی راہ چلے تو بیشک خراب ہوے کیونکہ نفع تمھارا کمی کیال و میزان مین ہی اور
وہ منع کرتا ہی اور ایک جماعت بولی کہ ہمکو قوت و ثروت حاصل ہی پس حق ہمارے ساتھ ہی اگر
مومنون کے ساتھ حق ہوتا تو یہ لوگ تونگر و مالدار ہوتے صاحب کشاف نے لکھا ہی کہ کافرون نے
مومنون کو جمع کرکے کہا تم ہمارے دین مین پھر آؤ حضرت شعیب نے کہا ہم کسطرح پھر آوین کیونکہ ہمکو
اُس دین سے کراہت ہی اور اگر پھرین تو اللہ کا شریک کرین اور اُسکا شریک واقع مین نہین ہی
کیا ہم افترا کرین اللہ پر جھوٹھ کا ہر چند حضرت شعیب کبھون اُنکے دین مین نہ تھے لیکن کافرون نے
بر سبیل تغلیب اسطرح کہا کہ تجکو اور تیرے ہمراہیون کو شہر سے نکال دینگے اور اُس لحاظ سے آنجناب نے
جواب دیا معلوم ہوتا ہی کہ ادعا قوم شعیب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمکو اِس طریقۂ نامرضیہ کا حکم دیا ہی
تب تو اپنے طریق کو ملت سمجھے تھے ولہذا حضرت شعیب نے فرمایا کہ یہ محض افترا ہی اگر مومن لوگ
تمھارے طریق مین پھرین تو وہ بھی مفتری ٹھہرین اور ہمکو اللہ نے اُس سے نجات بخشی ہی مگر یہ کہ
مشیت ازلی اس سے متعلق ہوئی ہو تو مجبوری ہی اور جو تم نکال دینے پر تخویف کرتے ہو سو ہم اصلا
مضطرب نہین ہوتے اللہ پر ہمارا اعتماد ہی اور اپنا سب کام ہمنے اُسی پر چھوڑا ہی بعد از ان حضرت نے
اُنسے منہ پھیرا اور مناجات شروع کی کہ ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین یعنی اے رب
فیصلہ کردے ہمارے اور ہماری قوم کے بیچ انصاف کا اور تو بہتر فیصلہ کرنے والا با لجملہ اول اصحاب ایکہ پر
عذاب نازل ہوا کہ سات شب و روز ایسی شدت گرمی کی ہوئی کہ چشمون اور کنوون کا پانی سوکھ گیا
اور سب لوگ اُس قوم کے سردابون اور تہ خانون مین گھس پڑے جب وہان بھی آرام نہ ملا تو
جانب جنگل روانہ ہوے اور درختون کی جڑون سے چمٹے اور شدت حرارت سے خوب پختہ
ہوے دفعتًہ ایک ابر سیاہ نمودار ہوا اور ہواے سرد چلنے لگی تمام قوم کے لوگ سائبان سمجھکر اُسی
ابر کے نیچے جمع ہوے اور نہایت خوش ہوا سے سرد کھانے لگے آخر کار آگ برسنے لگی اور سب
جلکر خاک ہو گئے اور بعضے کہتے ہین کہ جب حرارت کی شدت ہوئی تو حق تعالیٰ نے ایک پہاڑ سائبان
گردانا اُس سے نہایت سرد پانی خوشگوار ٹپکنے لگا اصحاب ایکہ اُسی کے نیچے جمع ہوے تب وہ پہاڑ
گر پڑا اُسمین سب کے سب دب گئے اسی عذاب کا اشارہ سورۂ شعرا مین ہی قال اللہ تعالیٰ فکذبوا
فاخذہم عذاب یوم الظلۃ انہ کان عذاب یوم عظیم یعنے پھر اُسکو جھٹلایا پھر پکڑا انکو آفت نے سائبان والے

دن کے بے شک وہ تھا عذاب بڑے دن کا کذا فی اخبار الدول نقلا عن ابن عباس رضی اللہ عنہ
یہ عذاب اصحاب ایکہ کی استدعا سے نازل ہوا یعنی اصحاب ایکہ کہا کرتے تھے کہ اے شعیب اگر تو سچا ہی
تو کوئی ٹکڑا آسمان سے طلب کر سو وہی ٹکڑا حضرت شعیب علیہ السلام نے منگایا اور اُنپر ڈالا کہ ہلاک
ہو گئے اور حضرت کا دل ٹھنڈا ہوا بعد ازان اہل مدین پر اسطرح عذاب نازل ہوا کہ حضرت جبرئیل ع
ایک دن تشریف لائے اور حضرت شعیب علیہ السلام سے فرمانے لگے کہ خدا کا یہ حکم ہوا ہی کہ تم
مع اپنے عیال و اطفال و تابعداروں کے شہر سے نکل جاؤ کہ آج شب کو اِس قوم ناپاک پر عذاب
آویگا چنانچہ حضرت شعیب اپنے بیٹون اور مومنون کو لیکر شہر سے نکلے کما قال اللہ تعالی فتولی عنہم و
قال یا قوم لقد ابلغتکم رسالات ربی و نصحت لکم فکیف آسی علی قوم کافرین یعنے پھر اُلٹا پھرا اُن سے
اور بولا ای قوم پہونچا چکا تمکو پیغام اپنے رب کے اور بھلا چاہا تمہارا اب کیا غم کھاؤن کافرون کا اور
صحیح یہ ہی کہ حضرت شعیب علیہ السلام نے بعد ہلاکت قوم کے یہ تقریر فرمائی تھی جس طرح ہمارے
حضرت صلعم نے کفار و مشرکین قریش سے پس از قتل ارشاد کیا تھا اور تسلی دل کے واسطے فرمایا
کیا غم کھاؤن ایسی قوم ناپاک پر پس حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایک ایسی آواز سخت فرمائی کہ
تمام اہل مدین ہلاک ہو گئے چنانچہ سورۂ ہود مین ارشاد ہوا کہ لما جاء امرنا نجینا شعیبا و الذین آمنوا
برحمۃ منا و اخذت الذین ظلموا الصیحۃ فاصبحوا فی دارہم جاثمین یعنی جب پہونچا ہمارا حکم بچا دیا ہم نے
شعیب کو اور جو یقین لائے تھے اُسکے ساتھ اپنی مہر سے اور پکڑا ظالمون کو چنگھاڑ نے پھر صبح کو
رہگئے اپنے گھرون مین اوندھے پڑے اور سورۂ اعراف مین ارشاد ہوا ہی فاخذتہم الرجفۃ فاصبحوا
فی دارہم جاثمین یعنی پھر پکڑا اُنکو زلزلے نے کہ صبح کو رہگئے گھرون مین اوندھے پڑے فائدہ ظاہرا
ایسا معلوم ہوتا ہی کہ دونون آیتون مین عذاب مختلف ہین کیونکہ سورۂ ہود مین صیحہ ارشاد
ہوا ہی اور سورۂ اعراف مین زلزلہ سو محققین فرماتے ہین کہ صیحہ زلزلے کا مقدمہ ہی کیونکہ زلزلہ
بلا صیاح و ریاح نہین ہوسکتا اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
فریاد کی اور شہر مین زلزلہ پڑا کہ تمام شہر کے مکان زلزلے مین آگئے اور کلیجے سب کے پھٹ گئے۔
پوشیدہ نرہے کہ یہ عذاب ویسا ہی جیسا کہ قوم ہود علیہ السلام پر آیا تھا فرق اتنا ہی کہ قوم ہود کا
عذاب نیچے سے تھا اور قوم شعیب کا اوپر سے تفسیر منیر مین لکھا ہی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
فرماتے تھے کہ دو امتین کبھون ایک عذاب سے معذب نہین ہوئین الا قوم ہود اور امت
شعیب علیہ السلام بالجملہ اس قوم کا یہ حال ہوا کہ مقابلے تکفیر و تکذیب پیغمبر کے صیحہ مثل صیحہ

قوم ہود پہونچا اور بمقابل تنزل پیمانہ ومیزان کے کہ وقت پیمایش کیا کرتے تھے زلزلہ ان پر آیا
سبحان اللہ العظیم کیا حکمت بالغہ ہی کہ انضمام ایک نوع کا دوسرے نوع سے موجب زیادتی عذابکا
فرما دیا مخفی نرہے کہ اہل تحقیق کا یہی مسلک تھا جو تفصیلاً بیان کیا گیا (یعنے ملا ہوا) اور بعضے کہتے ہین کہ اول
عذاب اصحاب مدین پر آیا پس ازان اصحاب ایکہ پر اور جو بعض بیان کرتے ہین کہ اصحاب الرس پر
بھی حضرت شعیب مبعوث ہوئے تھے سو کسوت صحت سے عاری ہی بلکہ بعد تتبع کتب سیر وتفاسیر معتبرہ
یہ ثابت ہوتا ہی کہ اِس قوم پر حنظلہ ابن صفوان مبعوث ہوئے تھے اور رس نام کنوئین کا ہی جو
بقیہ آل ثمود کا بنوایا تھا اُسی کو بیر معطلہ کہتے ہین کہ ذکر اُسکا بعد حضرت صالح پیغمبر کے ہو گیا ہی (بیان اختلاف در اصحاب رس)
فائدہ حضرت علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ اصحاب رس ایک قوم تھی جو
صنوبر کی پرستش کرتی تھی سو بددعا کی اُنکے پیغمبر نے کہ وہ خشک ہو گیا تب اُن کافرون نے اپنے
پیغمبر کو قتل کیا اور کنوئین مین ڈالا انپر ابر سیاہ آگیا اور جلا گیا اور وہ پیغمبر اولاد یہودا ابن یعقوب
علیہ السلام تھے اور ابن عباس رض فرماتے ہین کہ اصحاب رس ایک قوم آذربیجان مین تھی اُنکے
ایک کنوان تھا سو اُنھون نے اپنے نبی کو قتل کیا تو وہ کنوان خشک ہو گیا اور درخت کھیت
بھی خشک ہو گئے اور وہ گرسنگی وتشنگی سے مر گئے اور عکرمہ کے نزدیک رس ایک کنوان تھا
ملا ہوا زمین سے اُسمین اپنے نبی کو ڈال دیا اور سعید ابن جبیر نے کہا ہی کہ نبی اِس قوم کے (ذکر عنقا)
حنظلہ ابن صفوان تھے اور اُنکے شہر مین طائر عنقا تھا سو ایک وقت عنقا ایک لڑکے کو اُٹھا لیگیا
اُسکی قوم نے شکایت اپنے پیغمبر سے کی پیغمبر نے بددعا کی کہ عنقا ہلاک ہوا اور نسل اُسکی معدوم
ہو گئی اور قوم نے پیغمبر کو قتل کیا اور معجزات حضرت شعیب کے بہت تھے ازانجملہ ایک یہ کہ (معجزات حضرت شعیب)
ارض مدین ریگستان تھی سو آنجناب کے اشارے سے ریگ دفع ہو گئی ازانجملہ ایک مقام مین
پتھر بہت تھے آپ کی دعا سے سب تانبا ہو گئے ازانجملہ جس پہاڑ پر صعود کا ارادہ فرماتے تھے
وہ ازخود سر جھکاتا تھا مدت دعوت ستاون برس یا اٹھاون اور ملاقات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی (بیان مدت دعوت شعیب)
بعد ہلاکی قوم کے ہوئی ہی بعد اُسکے سات برس چار مہینے اور زندہ رہے ہین اور عمر شریف (اختلاف در عمر شعیب)
دوسو چوبیس برس کی تھی اور صاحب اخبار الدول کے نزدیک ایک سو چالیس کی ہوئی اور
بعض دوسو کہتے ہین اور مزار شریف مابین شام اور طائف یا میان صفا ومروہ واقع ہوا اور صحیح ہی
کہ حرم شریف مین مستجار رکن اور مقام مین مدفون ہین کیونکہ بعد مفارقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے
حضرت شعیب علیہ السلام مکے مین تشریف لائے اور اِسی جگہ وفات پائی کذا فی اخبار الدول

اور بعض کہتے ہین کہ قریہ حطین متعلقات صفد مین آنجناب کی وفات ہوئی اُس موضع نین مزار مبارک واقع ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اور ذکر حضرت شعیبؑ کا اور اُنکی قوم کا سورۂ اعراف اور ہود اور شعرا اور عنکبوت اور صاد مین ہی

## تفریح پانزدہم دراحوال حضرت موسیٰ علیہ السلام

نسب حضرت موسیٰؑ کا چار واسطے مین حضرت یعقوبؑ سے ملتا ہی یعنے موسیٰ ابن عمران ابن لصیر یا یافث ابن لاوی ابن یعقوبؑ اور والدۂ آنجناب کا نام نوخائل اوله النون ثم الواو ثم الخاء المعجمہ وبعضے یوخاند بیاء مثناۃ تحتانیہ قبل الواو وآخرہ الذال المعجمہ بیان کرتے ہین اور تراجم تورات مین کاتب الحروف نے یوخابذ اول یاء تحتیہ بعدازان واو وقبل ذال معجمہ باء موحدہ لیکن ان ترجمون کا اعتبار بہت کم ہی کیونکہ اسی مقام مین ایک ترجمہ دوسرے ترجمہ سے خلاف ہی یعنی نسخہ ۱۸۲۲ء مین لکھا ہی فزوج عمران یوحابذ ابنۃ عمہ اور نسخہ ۱۸۲۵ء و ۱۸۳۱ء مین ہی کہ عمرام نے اپنے باپ کی بہن یوخابد سے نکاح کیا بالجملہ والدۂ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بھی اولاد لاوی ابن یعقوب علیہ السلام سے تھین اور تفسیر معالم التنزیل مین علامہ بغوی نے یوخایذ بیاء مثناۃ تحتیہ بیان کیا ہی اور بعضے یوعایذ بالعین بعد الواو وبنت اشمویل بھی کہتے ہین اور بعضے یحانذ بنت مصہر کہتے ہین الغرض انھین کے بطن سے دو بیٹے مبارک ذیمون ایک حضرت موسیٰ دوسرے حضرت ہارون علیہما السلام پیدا ہوے اور ایک بیٹی بھی کلثم یا مریم ہوئین مشہور نام انکا مریم ہی مگر صحیح کلثم کسواسطے کہ بعض احادیث سے ثابت ہی چنانچہ زبیر ابن بکار نے روایت کی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خدیجۃ الکبریٰ سے فرمایا تو جانتی ہی کہ اللہ نے نکاح کیا میرا تیرے ساتھ بہشت مین اور مریم بنت عمران مادر عیسیٰ اور کلثم خواہر موسیٰ اور آسیہ خاتون فرعون سے خدیجہ نے کہا یہ بات اللہ نے فرمائی ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نعم خدیجہ نے کہا بالرفاہ والبنین کذا فی نظم الجواہر اور بعض روایت مین ہی کہ مبارک باد و لہذا ملا حسین نے اپنی تفسیر مین لکھا ہی کہ صحیح نام خواہر موسیٰ کلثم ہی اور زوج اُنکے کالب ابن یوفنا تھے اور بروایت صحیحہ کلثم حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عمر مین بڑی تھین ولادت باسعادت حضرت موسیٰ وہارون فرعون مصر کے عہد مین ہوئی اور نام اسکا ولید ابن مصعب ابن ریان تھا اور بعضے ولید ابن ریان کہتے ہین اور بعضے کہتے ہیں کہ فرعون ولید ابن ریان کا بھائی چچازاد تھا اور بعضے مصعب ابن ریان کو فرعون موسیٰ کہتے ہین چارسو برس کی عمر اُسکی تھی چہرہ اُسکا چمکتا تھا اسی سبب سے

یہود و نصاریٰ اُسکو قابوس کہتے ہین اور فرعون بادشاہ مصر کا لقب ہی جسطرح قیصر سلطان روم کا اور کسریٰ بادشاہ فارس کا اور خاقان فرمانروائے ترک کا اور تبع بادشاہ یمن کا اور راجہ سلطان ہندوستان کا اور بعضے کہتے ہین کہ فرعون موسیٰ علیہ السلام فرعون یوسف تھا جب حضرت یوسف کی وفات ہوئی تو وہ مرتد ہوگیا اور تا زمان کلیم اللہ علیہ السلام زندہ رہا مگر صحیح یہ ہی کہ حوالی مصر مین دو گروہ تھے ایک گروہ عمالقہ اولاد عملیق ابن لاذ و ابن ارم ابن سام ابن نوح علیہ السلام کہ اس قوم کے لوگ بڑے تن آور و بلند بالا و زور آور و درازی عمر مین مشہور تھے انھین کے سردار کو فرعون بولتے تھے دوسرا گروہ فراعنہ قبط کا تھا کہ یہ بھی منسوب بعمالقہ تھا اول ان سردار الکاسنان بن علوان بن عبید ابن عوج ابن عملیق ہی اسی نے حضرت سارہ کو ابراہیم ع سے چھین لینا چاہا تھا دوسرا سردار فرعون ثانی ریان ابن ولید اولاد عمرو ابن عملیق سے تھا اُسنے حضرت یوسف علیہ السلام کو عزیز مصر کیا اور ایمان بھی لایا تیسرا رئیس قابوس ابن مصعب ابن ریان تھا کہ تا آخر حیات حضرت یوسف علیہ السلام مین تخت سلطنت مصر پہ قائم ہوا اور کافر رہا مگر حضرت یوسف ع کو عہدۂ معینہ پر بحال رکھا یعنے عزیز مصر رکھا بعد وفات اُسکے مسمی ولید نامے بھائی قابوس کا بادشاہ ہوا یہ مردود فرعون عہد موسیٰ علیہ السلام ہی کذا حققہ مولانا ولی اللہ فی تفسرہ نظم الجواہر اور قصص الانبیاء فارسی مین کہ بالفعل مشہور و رائج ہی لکھا ہی کہ فرعون اصل مین بلخی تھا سو بطریق سیاحت جانب مصر چلا موضع بوشحنہ مین ہامان مردود سے ملاقات ہوئی وہ بھی ہمراہ ہو لیا اور رفتہ رفتہ مصر مین داخل ہوے اور فرعون نوکری کی تلاش مین سلطان مصر کی خدمت مین حاضر ہوا اور اپنا افلاس ظاہر کیا اُسنے پوچھا تو کون قسم کی نوکری چاہتا ہی اُسنے کہا مجکو مقبرون کی شحنگی عنایت ہو بادشاہ نے مقرر کیا سو یہ مردود گورستان کے دروازے پہ جا بیٹھا باتفاق قضا و قدر اُس سال شہر مصر مین وبا پڑی فرعون نے ایک درم فی جنازہ مقرر کر دیا اور کہہ دیا جو کوئی ایک درم دیگا اُسکو مُردے کے دفن کی اجازت دونگا ناگزیر بمقتضائے الضرورات تبیح المحذورات مظلومون نے قبول کیا کہ تھوڑے دنون مین مالدار ہوگیا اور وزیرون کو رشوت دیکر تمام شہر کا شحنہ بنا بادشاہ اپنی حماقت سے ترقی فرعون مین مصروف ہوا حتی کہ بعد فوت وزیر اعظم کے فرعون کو وزیر کیا پھر جب بادشاہ فوت ہوا تو فرعون باعانت فوج بادشاہ ہوگیا اور ہامان کو وزیر مقرر کیا اور یہ خیال نامعقول ناحق دل مین آیا کہ پیغمبر زادون کو ذلیل و خوار کرنا ضرور ہی تا کہ انکو دعوے ریاست نہ رہے اور سبب عداوت یہ ہوا کہ بنی اسرائیل حضرت یوسف علیہ السلام کی مختاری مین شام سے

داخل مصر ہوے تھے اور بسبب غلبہ و شوکت حضرت علیہ السلام کے مردم مصر اعزاز و اکرام کرتے تھے
بعد وفات حضرت یوسفؑ کے جب فرعون بادشاہ ہوا تو اُسکو اعزاز بنی اسرائیل کا بہت شاق ہوا
تو اُسنے چاہا کہ بنی اسرائیل کو اہل مصر کی نظرون مین ذلیل کرون تاکہ خیال حضرت یوسفؑ
اُنکو جاتا رہے اور خواہان مداخلت امور سلطنت مین نہ ہون رفتہ رفتہ یہ ظلم کیا کہ بنی اسرائیل کو
گویا چار قرار دیا بعد تسلط کامل اُسکو یہ خبط سمایا کہ اب دعویٰ خدائی کرے ہامان نے کہا کہ یہ دعویٰ
اُسوقت ممکن ہی کہ جب دین ابراہیم علیہ السلام بالکل مٹ جائے اور یہ نہین ہوسکتا جب تک
علماے واعظین وعظ و نصیحت سے ممنوع نہون اور علم دین کو کوئی پڑھنے نہ پاوے چنانچہ
فرعون نے اس تدبیر سے علم دین کا پڑھنا پڑھانا بند کیا اور عالمون کو وعظ و نصائح سے روکا
آخرکار شریعت یوسفی و ابراہیمی یک قلم جاتی رہی پھر بیس برس تک قبطیون سے بت پرستی کرائی
جب اس حرکت پر ایک مدت گذر گئی تب اپنی پرستش پر تکلیف دی اور اپنا سجدہ کرانے لگا کہ
چالیس برس اسپر بھی گذرے اور قوم قبط اس فعل مین کامل ہوے بعد اسکے سرداران بنی اسرائیل کو
طلب کرکے کہا کہ میرا سجدہ کرو اُن سب نے انکار کیا تو اُس مردود نے قتل کرنا شروع کیا کہ اکثر لوگ
شہید ہوے تب ہامان بے سامان نے کہا کہ انکو آج مہلت دیجاوے شاید سمجھکر قبول کرین لہذا
فرعون نے قتل سے ہاتھ اُٹھایا اور یہ حکم دیا کہ زور آور و قوی لوگ پہاڑون سے پتھر لایا کرین
اور پانی بھرین اور بیگار کرین اور کم زور و ضعیف گارہ بناوین اور نجاری و حدادی و خاکروبی
کرین اور جو کوئی معذور ہو وہ ماہ بماہ جزیہ داخل کرے چنانچہ ہر روز ہر شخص مزدوری کرکے وقت
غروب آفتاب تاوان داخل کرتا تھا ورنہ ایک ماہ کامل باطوق و زنجیر قید رہتا تھا اور عورتون کے
یہ دستور کیا کہ سوت کاتین اور پارچہ بافی کرین اور قبطیون کے محلون مین خدمت کو جایا کرین
اور خیاطی بھی کیا کرین کہ ایسے ایسے ظلمون سے بنی اسرائیل عاجز آگئے مگر دین یوسفی و ابراہیمی سے
منھ نہ پھیرا اور فرعون کے دلائل باطلہ کو بوجوہ قویہ باطل کیا کیے بالجملہ جب ظلم فرعون حد سے گذرا
تو لطف خداوندی متوجہ حال مظلومین ہوا اور ارادۂ قدیمہ ازلیہ ایجاد حضرت موسیٰ علیہ السلام سے
متعلق ہوا اور مقدمات ظہور انوار نبوت پیدا ہونے لگے از انجملہ ایک دن فرعون نے خواب
دیکھا کہ ایک آگ بیت المقدس سے آئی اور قلعۂ شاہی پر گری اور اُسی آگ نے حوالی معلوم
تمام مملکت قبط کو جلا دیا مگر بنی اسرائیل بالکل محفوظ رہے بعد اسکے ایک روز دیکھا کہ ایک
اژدہا محلہ بنی اسرائیل سے نکلکر دوڑا کہ مین بالاے تخت سے گر پڑا چنانچہ فرعون نے نجومیون

ومعبرون سے تعبیر پوچھی نجومیون نے کہا کہ ستارون کی گردش سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ
بنہایت جلد اولاد حضرت یعقوبؑ سے ایک لڑکا پیدا ہوگا کہ بادشاہ وغیرہ اُسکے ہاتھ سے
غارت ہونگے اور اِس بات کو تین برس کا عرصہ باقی ہی اور معبرون نے کہا کہ ایک لڑکا
بنی اسرائیل مین پیدا ہوگا کہ جسکے ہاتھ سے سلطنت مصر کی خرابی ہوگی بعد چندے پھر فرعون نے
ایک آواز سنی کہ بنی اسرائیل پر ظلم نہ کر قریب تر ایک لڑکا بنی اسرائیل مین پیدا ہوتا ہی کہ تو
اور تیرے لوگ اُسکے ہاتھ سے ہلاک ہونگے تب فرعون نے کوتوال کی معرفت ہزار آدمی محلۂ
بنی اسرائیل مین مقرر کر دیے اور اُنکے ساتھ ہزار دائیان کین کہ گھرون مین جایا کرین جب کہین
بیٹا پیدا ہو قتل کرین دو برس خواہ پانچ برس یہ ظلم کیا کہ بارہ ہزار لڑکے قتل کیے گئے اور
نوّے ہزار حمل بخوف عزت عورتون نے گروا دیے بیت صد ہزاران طفل سر بریدہ شد ٭
تا کلیم اللہ صاحب دیدہ شد ٭ اِس عرصہ مین بنی اسرائیل پر وبا پڑی کہ اکثر جوان اور بوڑھے
اُس قوم کے مرنے لگے قبطیون کے سردارون نے فرعون سے التماس کیا کہ بنی اسرائیل کے
مردون پر وبا ہی اور جو لڑکا پیدا ہوتا ہی وہ مارا جاتا ہی اگر یہی حال ہی تو نسل بنی اسرائیل
منقطع ہوجائیگی پھر ہمکو خدمتگار و مزدور کہان ملینگے فرعون نے حکم دیا کہ ایک سال قتل ہو اور
دوسرے سال امان ملے سال محفوظ مین حضرت ہارون علیہ السلام پیدا ہوے جب دوسرا
سال قتل کا شروع ہوا نجومیون نے عرض کیا کہ اِس سال مین آج وہ لڑکا پیدا ہوگا جسکو تو نے
خواب مین دیکھا ہی فرعون سخت مضطرب ہوا اور مقابلے مین تقدیر کے یہ تدبیر نکالی کہ آج
کوئی مرد عورت سے نہ ملنے پائے تو بہتر ہی پھر شہر مین منادی ہوئی کہ آج بادشاہ قصور
بنی اسرائیل کے معاف کریگا سب مرد بنی اسرائیل کے شہر سے موضع اسکندریہ مین حاضر ہون
اور اپنی عورتون کو گھرون پر چھوڑین چونکہ بنی اسرائیل ازبس ستم رسیدہ تھے خوشی سے
اسکندریہ مین حاضر ہوے فرعون بھی آسیہ کو لیکر گیا کہ شاید وہ لڑکا میرے گھر مین پیدا ہو جائے
چونکہ لوح تقدیر مین خامۂ ازل نے یہ نعمت غیر مترقبہ عمران کے حق مین لکھی تھی تو یہ اتفاق ہوا
کہ فرعون نے عمران کو اپنے خاص محل کی ڈیوڑھی پر مقرر کیا اور خود سو رہا جب سب آدمی
سو گئے عورتین بنی اسرائیل کی تماشے کو آئین اور گشت کرتی ہوئین فرعون کے خیمے تک
پہونچین حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ماں بھی اُنکے ساتھ تھین وہ عمران کے پاس گئین اُسوقت
حضرت موسیٰ علیہ السلام صلب پدر سے رحم مادر مین تشریف لائے اب نجومیون نے شور کیا

فرعون آواز سنکر باہر نکل آیا پہلے عمران سے سبب پوچھا اُسنے کہا شاید بنی اسرائیل حضور کی
عنایت وخداوندی سے وجد کرتے ہین اگرچہ فی الجملہ مطمئن ہوا پر تمام رات نہین سویا صبح کو
نجومیون نے بیان کیا کہ آج شب کو وہ افسر خجستہ اختر اوج فلک سے نازل ہوا فرعون نے
کوتوال شہر پر تاکید فرمائی کہ جب کوئی بیٹا بنی اسرائیل مین پیدا ہو بلا اطلاع میری قتل کر
کوتوال شہر پھرنے لگا اور جس کسی کے گھر مین احتمال حمل تھا وہان دائیان مقرر کین اور
مان حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اگرچہ حاملہ تھین لیکن آثار حمل پیدا نہ تھے الا فرعون کی دائیان
اُنکی بھی خبرگیری کرتی تھین بلکہ ایک دائی احتیاطاً رات کو پاس رہتی جب نو مہینے گذرے درد زہ
شروع ہوا وہ دائی خبر پاگئی اُسی کے سامنے حضرت موسیٰ پیدا ہوے بمجرد ظہور اُس نور کے وہ دائی
عاشق ہوئی اور کہنے لگی کہ مین اس لڑکے سے نہایت الفت رکھتی ہون میرا ہاتھ اسپر نہین اُٹھ سکتا
لیکن یہ خبر آخر فرعون تک پہونچیگی تو مین ماری جاونگی اب کوئی تدبیر ایسی ہو جسمین یہ لڑکا اور
مین ظلم فرعون سے محفوظ رہون حضرت موسیٰ کی مان نے کہا کہ پڑوس مین ایک شخص نے
آج بکری ذبح کی ہی اُسکا گوشت لا اور ایک ہانڈی مین رکھ جب پیادے فرعون کے آوین
اُنکو وہ ہانڈی دکھلا کر کہدے کہ اس گھر مین لڑکا پیدا ہوا تھا مین نے اُسکو مار اسو جنگل مین پھینکنے
جاتی ہون دائی نے بھی یہ صلاح مناسب وقت جانی جب صبح کو پیادے آئے تو دائی نے وہی
حیلہ پیش کیا پیادون کو دائیون پر اعتماد کلی تھا اس باعث سے بلا تحقیقات کامل پھر کر چلے گئے
صبح کو نجومیون وکاہنون نے فرعون کو خبر دی کہ کل رات مین وہ لڑکا پیدا ہوا ہی اور زبان حال
بنی اسرائیلیان بارباب وچنگ یون نغمہ زن ہی قطعہ مژدہ ای دوستان کہ در عالم + لقد شد
نسیہ بہار ارم + خاطر از بس شگفتگی پر کرد + ساغر گل ز بادہ شبنم + فرعون نے کوتوال کو طلب فرما کے
تاکید بلیغ فرمائی تب کوتوال نے پیادون پر تشدد کیا اور خود تلاش مین مصروف ہوا بعد چندے
پیادون نے کہا کہ ہمنے ایک ایک گھر بنی اسرائیل کا ڈھونڈھا ہی کہین نشان نہین ملا صرف
ایک گھر البتہ دائی کے اعتماد پر چھوڑا ہی اگر ارشاد ہو تو پھر دیکھ آئین کوتوال نے کہا جلدی جاؤ
اور بے تامل گھر مین گھس کر دیکھو اگر کوئی لڑکا چھپا ہوگا ظاہر ہو جائیگا چنانچہ کئی پیادے بلا تامل
عمران کے گھر مین گھسے اُسوقت حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی بہن مسماۃ کلثم یا مریم کی گود مین تھے
انھون نے پیادون کو دیکھکر یہ اندیشہ کیا کہ اگر یہ لڑکا ظاہر ہوا تو سب لوگ مارے گئے اسلیے
حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کپڑے مین لپیٹ کر تنور مین کہ آگ سے دہکتا تھا ڈال دیا اور پیادون نے

گھر عمران کا ڈھونڈھا کہین پتا نہ لگا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ مین کسی طرح کے آثار
لڑکے جننے کے نہ پائے اور تنور مین اس خیال سے نہ دیکھا کہ محل قیام نہین تھا ناچار اپنا سا
منھ لے کے چلے گئے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مان مریم سے پوچھنے لگین کہ لڑکا کیا ہوا اُسنے
عرض کیا کہ مین نے گھبرا کر تنور مین پھینک دیا ہی تنور دیکھا تو آگ سے دہکتا تھا مایوس ہوئین اور
رونے لگین یکایک تنور سے آواز آئی کہ اے ستم رسیدہ غم مت کر کہ حق تعالیٰ نے آتش تنور مجھپر
سرد فرمائی ہو جس طرح میرے جد ابراہیم علیہ السلام پر سرد کر دی تھی اب متحیر ہوئین کہ تنور سے
کس طرح نکالون پھر آواز آئی کہ ہاتھ ڈال کر نکال تب اُسنے نکالا اور ہاتھ کو کسی طرح کا رنج نہ پہونچا
اب عمر حضرت موسیٰ کی چالیس دن کی ہوئی اس عرصے مین کبھون روئے نہین کہ اور کوئی
محلے مین خبر پاتا مگر حضرت موسیٰ کی مان کو یہ تردد ہوا کہ مبادا روئین اور فرعون کے پیادے
کہ در بدر پھرتے ہین خبر پاوین اور ایک لڑکے کے پیچھے سارے گھر کے آدمی مارے جائین تو اچھا
نہین بلکہ یہ بہتر ہی کہ اس لڑکے کو ایک صندوقچے مین رکھکر دریاے نیل مین ڈال دون شاید
جان سے بچ جاے اور ہم بھی فرعون کے ظلم سے بچے رہین چونکہ یہ الہام غیبی تھا گھر والون نے
بھی پسند کیا حضرت کی مان نے سالوم بڑھئی کو سب سے پوشیدہ بلایا اور کہا کہ مجھکو ایک صندوقچہ
اتنا لنبا چوڑا درکار ہی اُسکے تختے ایسے ہون کہ پانی نہ پہونچے اُسنے کہا ایسا صندوقچہ کس لیے مطلوب ہے
موسیٰ کی مان نے جھوٹھ کہنا اپنی شان کے خلاف سمجھا صاف صاف کہدیا نجار نے کہا کہ ہم کسی سے
نہ کہینگے صندوقچہ بنائے لاتے ہین جب گھر پہونچا تو ایک منادی نے پکارا کہ جو کوئی اُس لڑکے کا
پتا لگا دے بادشاہ اُسکو انعام دے سالوم طمع انعام سے کوتوال شہر کے پاس چلا گھر سے
نکلتے ہی اندھا ہوگیا اور پیر اُسکے زمین مین دھس گئے آواز آئی کہ اگر تو نے کبھی یہ حال کہا تو
زمین مین غرق ہو جائیگا تب توبہ کر کے پھرا اور صندوقچہ فرمایشی تیار کیا علامۂ بغوی معالم التنزیل مین
حضرت ابن عباس رضؓ سے روایت کرتے ہین کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مان نے ایک بڑھئی سے
تابوت کی فرمایش کی وہ جلادون کو خبر کرنے چلا جب پہونچا تو زبان اُسکی بند ہوگئی ہاتھ سے
اشارہ کرنے لگا جلادون نے کچھ نہ سمجھا دھکے دلاکے نکال دیا گھر مین آیا پھر بولنے لگا دوسرے
مرتبے پھر گیا کہ اب کے ضرور کہونگا پھر زبان بند ہوگئی تب کوتوال نے بہت مارا اور نکلوا دیا جب
گھر مین گیا پھر بولنے لگا تیسرے مرتبے پھر گیا زبان بند ہوئی اور اندھا ہوگیا اُسوقت سچے
دل سے کہنے لگا اگر میری آنکھین و زبان پھر ہو جائین تو کبھون اِس بات کو ظاہر نکرون اور

ایمان بھی لاؤن اللہ جل ذکرہ نے آنکھین دین اور زبان بھی کھولی اور ایمان دار بنا یا کہ سجدے مین گرا اور مناجات کرتا کہ یارب اُس بندۂ صالح سے ملاقات کرا دے تو مین ایمان لاؤن اور تصدیق کرون بعد اسکے صندوقچہ پانچ بالشت کا بصورت مربع تیار کرکے حضرت موسیٰؑ کی مان کو دیا اور کئی روپیہ اُجرت مین پائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مان ممنون ہوئین تب اُس بڑھئی نے عرض کیا کہ مین جان و دل سے اس لڑکے کا معتقد ہون سو اس کام کی مزدوری نہ لونگا صرف یہ امید رکھتا ہون کہ صاحبزادے کی زیارت کرون چنانچہ حضرت موسیٰ کی مان نے دکھلایا کہ وہ بڑھئی ایمان لایا اور اپنے گھر گیا بعد اسکے حضرت موسیٰ کی مان نے صبح اُسکے دن بھر توقف کیا رات کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نہلا کر کپڑے اچھے پہنائے اور عطر لگایا اور صندوقچے مین رکھا اور روتی ہوئی مریم کے ساتھ رود نیل پر گئین کنارے دریا کے ابلیس لعین اژدہے کی صورت ظاہر ہوا اور کہنے لگا کہ اے عفیفہ اگر تو اس لڑکے کو دریا مین ڈالیگی تو مین ایک لقمہ کرونگا باوصف اسکے کہ حضرت کی مان مضطرب الحال اور غم سے بے عقل تھین مگر معلوم کرگئین کہ اژدہا حیوانات لایعقل سے ہو اول نہین سکتا شاید کہ یہ ابلیس لعین ہو اس سبب سے متوجہ نہ ہوئین اور بلا تامل صندوقچے کو دریائے نیل مین ڈال آئین اور مریم سے بولین کہ اگر میری زندگی چاہتی ہو تو اس صندوقچے کے پیچھے پیچھے جا اور دیکھ کہ یہ صندوقچہ کہان جاتا ہو اگر مقابلہ شہر سے گذر جائے تو اطمینان سے چلی آنا مریم صندوقچے کے ساتھ دریا کے کنارے بیگانہ وار چلی یکایک وہ صندوقچہ وسط دریائے نیل سے نہر عین الشمس مین پہونچا اور باغ عین الشمس مین جلوہ فرما ہوا فرعون اُسوقت مع زن و دختر و دیگر اہل محل سیر باغ مین مشغول تھا کسی شخص نے صندوقچے کو دریا سے لیا اور فرعون کے پاس پہونچایا مریم نے مضطربانہ یہ خبر اپنی مان سے کہی وہ بیتاب ہو قریب تھا کہ رو دین اور بے صبری سے باہر گھر کے نکل بھاگین اُسوقت الہام ہوا کہ اے ضعیفہ غم مت کر اور میری قدرت کا تماشا دیکھ چنانچہ سورۂ قصص مین ارشاد ہوتا ہو

و اوحینا الی امّ موسیٰ ان ارضعیہ فاذا خفت علیہ فالقیہ فی الیم ولا تخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک وجاعلوہ من المرسلین یعنی ہم نے حکم بھیجا موسیٰ کی مان کو کہ اُسکو دودھ پلا پھر جب تجھکو ڈر ہو اسکا تو ڈال دے اُسکو پانی مین اور نہ خطرہ کر نہ غم کھا ہم پھر پہونچا وینگے اُسکو تیری طرف اور کرینگے اُسکو رسولون مین مفسرین فرماتے ہین کہ یہ باتین حضرت موسیٰؑ کی مان کے دل مین پڑین یا خواب دیکھا مگر اس آیت سے واضح ہو کہ ابتداے پیدایش سے جو کچھ حضرت موسیٰؑ کی

ماں نے کیا تھا سب اللہ کے سکھانے سے کیا تھا اپنی عقل کی کیا حقیقت تھی اور مراد یم سے
اس جگہ رود نیل ہی فائدہ اختلاف ہی مدت رضاعت مین بعضے آٹھ مہینے اور بعضے چار اور بعضے
تین مہینے بھی بیان کرتے ہین کہ اس عرصہ تک حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے گھر مین چھپے رہے
نہ روئے نہ حرکت کی اور اپنی ماں کا دودھ پیتے رہے علامہ بغوی حضرت ابن عباس رض سے
اپنی تفسیر مین روایت کرتے ہین کہ ان دنون مین فرعون کی ایک بیٹی تھی دوسرے محل سے
سو اسکو سفید داغ کی بیماری تھی ہرچند دوا ہوئی مگر بیماری نگئی ایک روز حکیمون اور نجومیون کو
جمع کرکے فرعون نے اسکا حال دریافت کیا نجومیون نے کہا فلان روز و ساعت آفتاب کے
نکلتے دریاے نیل مین ایک لڑکا تھوڑی عمر کا ملیگا اسکے منھ کے لعاب سے صحت ہوگی فرعون
بوقت معہود مع آسیہ خاتون کنارۂ نیل پر ایک مکان مین بیٹھا اور اپنی بیٹی مریضہ کو بھی لے گیا
یکایک آفتاب نکلتے دریاے نیل موجین مارتا تابوت بہم لایا کہ وہ تابوت درخت قلعۂ شاہی سے
آلگا فرعون نے خادمون سے کہا کہ اس تابوت کو جلد لاؤ خادمون نے تابوت لیا اور
ارادہ کیا کہ اسکو کھولین نہ کھلا پھر توڑنا چاہا نہ ٹوٹا پھر آگ مین ڈالا نہ جلا تب آسیہ خاتون
کہ دل انکا نور ایمان سے منور اور مشام جان روائح عرفان سے معطر تھا فرمانے لگین کہ قفل کشا
اس راز نہفتہ کی اور مفتاح فتوح اس حقۂ سربستہ کی مین ہون اور بسم اللہ کرکے کھولا تو
ایک لڑکا حسین وجمیل عنایت ازلیہ سے آراستہ اور لباس جاہ وجلال سے پیراستہ
نظر پڑا کہ آسیہ اسکی محبت مین شیدا اور بزبان حال گویا ہوئی مثنوی بحسن وخلق ووفا
کس بیار ما نرسد * ترا درین سخن انکار کار ما نرسد * اگرچہ حسن فروشان بجلوہ آمدہ اند *
کسے بحسن وملاحت بیار ما نرسد * ہزار نقد ببازار کائنات آرند * یکے بسکۂ صاحب عیار ما نرسد
اور اللہ جل شانہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا رزق داہنے ہاتھ کے انگوٹھے مین رکھا تھا
کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اسی سے دودھ پیتے اور سیر ہو جاتے جب کہ تابوت سے باہر نکلے
تو فرعون کی بیٹی نے لعاب دہن لیکر سفید داغون پر ملا اسی وقت برص دفع ہوا بعضے کہتے ہین
کہ وہ لڑکی اندھی بھی ہوگئی تھی مشاہدۂ جمال موسوی سے بینا ہوئی تب اسنے گلے سے
لگایا اور فرعون نے بھی خوش ہوکر پیار کیا مگر ہامان بولا کہ یہ وہی لڑکا ہی جس سے نجومیون نے
تجھے ڈرایا تھا یہ بھی تیرا اقبال ہی کہ از خود آگیا اب اسکو قتل کر اسوقت حضرت آسیہ کہ
بنات انبیا مین تھین اور بعضے کہتے ہین کہ آسیہ بنت مزاحم قبیلۂ لخم سے تھین کہ مین مین

شہور ہی اور بقولے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچا کی بیٹی تھین اور یتیمون اور مسکینون پر رحم کرتی تھین کہنے لگین کہ یہ لڑکا مجکو ایک سال سے زیادہ کا نظر آتا ہی اور تونے اِس سال کے لڑکون کے قتل کا حکم دیا ہی پھر ایسے بیگناہ کا خون ناحق اپنی گردن پر مت لے اور مجکو بخش دے کہ مین اسے بیٹا بناؤن کہ میرے اولاد نہین ہی شاید مجکو اور تجکو نفع کرے کما قال اللہ فی سورۃ القصص فالتقطہ آل فرعون لیکون لہم عدوا وحزنا ان فرعون وہامان وجنودہما کانوا خاطئین وقالت امرأة فرعون قرۃ عین لی ولک لاتقتلوہ عسیٰ ان ینفعنا او نتخذہ ولدا وہم لایشعرون یعنی پھر اُٹھا لیا اُسکو فرعون کے گھر والون نے کہ ہو اُنکا دشمن اور کُڑھانے والا بیشک فرعون اور ہامان اور اُنکے لشکر چوکنے والے تھے اور بولی فرعون کی عورت آنکھون کی ٹھنڈک ہی مجکو اور تجھکو اُسکو نہ مارو شاید ہمارے کام آوے یا ہم کرلین اُسکو بیٹا اور اُنکو خبر نہین کہ بڑا ہو کر کیا کریگا لیکن جانا کہ بنی اسرائیل مین کسی نے خوف سے ڈالا ہی پھر ایک لڑکا نہ مارا تو کیا اور اُسی وقت آسیہ کو ہبہ کیا اور کہا مجکو اسکی حاجت نہین ہی معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس آیت کی تفسیر مین فرماتے ہین کہ اگر فرعون بھی کہتا قرۃ عین لی کما ہو لک لہداہ اللہ کما ہداہا یعنی میری آنکھ کی بھی ٹھنڈک ہی جسطرح تیری آنکھ کی ہی تو فرعون کو بھی اللہ ہدایت کرتا جیسے آسیہ کو کیا اور حضرت ابن عباسؓ بھی فرماتے ہین کہ اگر فرعون دشمن خدا بھی کہتا عسیٰ ان ینفعنا لنفعہ اللہ ولکنہ ابی للشقاء الذی کتبہ اللہ علیہ یعنی شاید مجکو نفع کرے تو نفع دیتا اُسکو اللہ لیکن اُسنے انکار کی شرارت سے جو لکھدی تھی اللہ نے اُسپر بالجملہ فرعون نے کہا کہ آسیہ اس لڑکے کا نام رکھ آسیہ نے فرمایا اِسکو مین نے پانی اور درخت سے پایا ہی اور لغت قبط مین مو پانی کو بولتے ہین اور درخت کو شی کہتے ہین اِسلیے نام اِسکا موشی ہی پس لفظ موسیٰ اصل لغت مین عبرانی ہی جب عربی مین نقل کیا تو شین منقوطہ کو مہملہ سے بدل ڈالا کہ موسیٰ ہوا اور یہی نام قیامت تک بولا جائیگا تنبیہ فرعون اِس سبب سے تابوت نہ کھول سکا کہ اُسمین خدا کا دوست تھا اور فرعون دشمن خدا تھا کسطرح دشمن کو دوست پر دسترس ہوتا اور آسیہ دوست خدا تھی اُسنے اُسکے دوست کا تابوت بلا تامل کھول لیا فائدہ جس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مان حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دریا مین ڈالنے گئی تھین اُسوقت یہ مناجات زبان پر جاری تھی کہ یا الٰہی فرعون کا مارنا امر ظنی تھا اور دریا مین ڈال دینا باین کوشش امر یقینی ہی اسمین کیا حکمت ہی جو مجکو ارشاد ہوا ہی اُسوقت

عالم غیب سے یہ آواز کان مین آئی کہ ای فراق کشیدہ اسمین یہ حکمت ہی کہ اِس لڑکے کو فرعون سے مقابلہ کرنا ہی اِسواسطے مین نے دل مین تیرے ڈالا کہ تو موسیٰ کو دریا مین ڈال اور میری حفاظت وحمایت پر نگاہ کر کہ مین اُسکو کسطرح دریا کی آفتون سے بچاتا ہون اور کہان پہونچاتا ہون اور خیال کر کہ بلا حکم میرے ایک ذرہ جنبش نہین کر سکتا اور اپنے دل مین اطمینان رکھ کہ جب فرعون سے مقابلہ کریگا غالب رہیگا اگر فرعون کا لشکر تابعدار ہی تو مین تیرے لڑکے کا مددگار ہون غرض کہ آسیہ نے اپنا بیٹا بنایا اور دودھ پلانے والی دائیان تلاش ہونے لگین چنانچہ بروایت بعضے مفسرین چارسَو دائیان مصر کی حاضر ہوئین الاحضرت موسیٰ علیہ السلام نے بمقتضاے وحرمنا علیہ المراضع من قبل یعنے روک رکھی تھین ہم نے دائیان پہلے سے کسی کا دودھ نہ پیا یہان تک کہ مریم نے فرعون کے دروازے پر سُنا کہ موسیٰ علیہ السلام نے ایک رات ودن یا تین شبانہ روز یا آٹھ روز سے دودھ نہین پیا ہی اور دیکھا کہ چوبدار فرعونی دائیون کی تلاش مین دوڑتے پھرتے ہین تب اسنے بیگانہ وار کہا ہل ادلکم علیٰ اہل بیت یکفلونہ لکم وہم لہ ناصحون یعنے مین بتادون تمکو ایک گھروالی وہ اُسکو پال دین تمکو اور وہ اُسکی بھلا چاہنے والی ہین معالم التنزیل مین ابن جریج اور سدی سے روایت ہی کہ جب مریم نے یہ کلام کیا تو چوبدارون نے گرفتار کیا اور کہا کہ شاید تو اِس لڑکے سے واقف ہی مریم نے کہا مین نے خیرخواہی کی بات کہی تھی کہ بادشاہ کا تردد رفع ہو اور مین کچھ بات نہین جانتی تفسیر انوار مین ہی کہ یہ شرارت ہامان مردود کی تھی کہ اُسنے مریم سے یہ مناقضہ پیش کیا تب مریم نے کہا کہ مین ایک دائی دودھ پلانے والی کا نشان دیتی ہون کہ آئین پرورش اطفال مین ہوشیار ہی اور آرزو بھی رکھتی ہی کہ اگر کوئی لڑکا چھوٹا ملے تو اُسے دودھ پلاوے کیونکہ اُسکا ایک بیٹا دودھ پیتا مارا گیا ہی اُسوقت کسی کا فر نے کہا اچھا بتلاؤ مریم نے کہا وہ عورت میری مان ہی بولا تیری مان کے کوئی اور بھی بیٹا ہی بولی ہارون ہی تین برس کا اُسنے کہا سچ ہی اُسیکو لاؤ مریم اپنی مان کے پاس بلانے آئین مثل مشہور ہی کہ اندھا کیا چاہے دو آنکھین وہ بلا تامل دوڑین اور فرعون کے محل مین داخل ہوئین اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تو اپنی گود مین لے کے کمال شفقت سے پیار کرنے لگین تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آنکھین کھولین اور ہنسے اور بہت خوش ہوے پھر خوشی سے دودھ پیا بیت بوے خوش تو ہر کہ زباد صبا شنید از یار آشنا نفسِ آشنا شنید ❊ غرض کہ اللہ نے پہونچایا اُسکو اُسکی مان کی طرف کہ ٹھنڈی رہے

اُسکی آنکھ اور غم نہ کھاے اور خیال کرے کہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا حق ہی پر بہت لوگ نہین جانتے
کما قال فی سورۃ القصص فرددناہ الی امہ کی تقر عینہا ولا تحزن ولتعلم ان وعد اللہ حق ولکن
اکثرہم لایعلمون بعد اُسکے فرعون نے پوچھا کہ اے عورت تو کون ہی کہ یہ لڑکا خوشی سے تیرا دودھ
پیتا ہی بولین کہ میرا دودھ میٹھا اور پاک ہی اور مین عورت پاکیزہ ہون کہ جو شیرخوار میرے
پاس آوے بے اختیار میرا دودھ پیوے چنانچہ ایک اشرفی روزینہ مقرر کرکے فرعون نے حکم دیا
کہ یہ عورت ہر روز دودھ پلاوے اور آسیہ نے ایک ہنڈولہ سونے کے تختون کا بنوایا کہ اُسمین
حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف رکھنے لگے اور آپ کی مان ہر روزہ دودھ پلانے لگین دو برس
کامل دودھ پلوایا بعد دو برس کے دودھ چھوڑایا تو آسیہ نے ایک خچر اشرفیون سے اور
کئی اونٹ جواہرات سے بھر کر عنایت کیے اور رخصت فرمایا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
تربیت وتعلیم مین مصروف ہوئین اور جو بعض تفسیرون مین لکھا ہی کہ آسیہ نے روزینہ
مقرر کرکے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اُنکی مان کے گھر بھیجا اور ہفتہ مین ایک مرتبہ طلب کرکے
دیکھ لیتی تھین سو محقق مفسرین اُسکے اس قول کو ضعیف جانتے من حدیث شریف مین وارد ہی مثال غازیان امت و مادر موسیٰ
کہ میری امت کے غازیون کا حال اور موسیٰ کی مان کا احوال ایک طرح کا ہی یعنی جسطرح
حضرت موسیٰ کی مان فرعون سے روزینہ لیکے اپنے صاحبزادے بلند اقبال کو پرورش
کرتی تھین اسی طرح میری امت کے غازی بادشاہون و وزیرون سے ماہانہ و سالانہ لیکر
اسباب جہاد مین صرف کرتے ہین اور نیت خالص واسطے اللہ کے رکھتے ہین اس حدیث مین
اشارہ ہی اصل عظیم کا اصول کلیہ فقہ سے یعنے اجرت عبادت پر لینا اُس صورت مین درست ہی
جب نیت خالص واسطے خدا کے ہو اور ہونا نہونا اجرت کا برابر ہو یعنے عبادت کو ضرور
جانے خواہ ملے یا نہ ملے اور جو عبادت کہ متعلق اجرت سے ہی اگر ملے تو ادا کرے نہین تو چھوڑ دے
وہ مزدوری ہی اُسکا کچھ ثواب نہین بلکہ خوف عقاب ہی کہ دین کے کام کو دنیا کے لیے کیا اور
آخرت کو سستے مول بیچ ڈالا معاذ اللہ من ذلک تنبیہ معلوم ہوا کہ تعلیم قرآن و فقہ پر اجرت تعلیم قرآن و فقہ پر مزدوری نادرست ہی
لینا ممنوع ہی کیونکہ یہ بھی عبادت ہی مگر فرقہ معلم الصبیان کہ واسطے تعلیم لڑکون کے نوکر
ہوتے ہین اس منع مین داخل نہین ہین کیونکہ وہ عوض تعلیم کلام الٰہی کے نہین لیتے بلکہ
اجرۂ محنت ہی کہ صبح سے شام تک اپنے گھر سے جدا اور کسب معاش سے معطل لڑکون کو
گھیرے ہوے بیٹھے رہتے ہین لیکن اگر کوئی شخص محض تعلیم قرآن و حدیث و فقہ پر بے مقرر کرنے

مکان و وقت و زمانے کی مزدوری مانگے وہ گناہگار ہی جسطرح معلم دنیا طلب اور واعظین طمّاع کہ تعلیم احکام شرع و تبلیغ مواعظ پر اجرت لیا کرتے ہین اور توقع منفعت کی جگہ سائل کے حال پر متوجہ ہوتے ہین اور بے توقعی مین بدمزاجی کرتے ہین سو یہ سب لاتشتروا بآیاتی ثمنا قلیلا مین داخل ہین یعنے وہ لوگ آیات الٰہی کے عوض مین قیمت قلیل لیتے ہین اور اُس نعمت کو برباد کردیتے ہین اسی طرح علماے بدقماش کہ واسطے خوشی حکام کے طرح طرح کے حیلے مسائل شرعیہ نکالتے ہین وہ بھی اس وعید مین داخل ہین اور قاضی و مفتی مرتشی اور بادشاہ ظالم و وزیر اور متصدی بے باک انکے شریک ہین اور جو لوگ امامت اور اذان و خطبہ پر مزدوری لیتے ہین سو اسمین اختلاف ہی بعضے منع کرتے ہین کیونکہ یہ بھی عبادات مین ہین اور اجرت سے ثواب عبادت نہین ملتا اور بعضے کہتے ہین کہ یہ مزدوری درست ہی کیونکہ یہ مزدوری عبادت کی نہین ہی بلکہ ادا اُسکا مکان خاص اور زمان خاص مین ہوتا ہی اُسکے عوض یہ مزدوری ہی اور یہ خصوصیت داخل عبادت نہین اور تحقیق اس مسئلہ کی یہ ہی کہ زمانۂ سابق مین امام و خطیب و مؤذن و قاضی و مفتی و محتسب اور تحصیلدار بہ نیت خالص بلا اجرت کام کرتے تھے جب خلفاے راشدین و سلاطین عادلین نے دیکھا کہ یہ لوگ مشغول ایسی عبادات مین رہتے ہین انکی معاش کے لیے مسلمانون کے مال سے کچھ روزینہ بطور مدد معاش مقرر کرنا چاہیے نہ بطریق اجرت سو مدد معاش مقرر ہوئی مگر رفتہ رفتہ یہ صیغہ صیغۂ معاش ہوگیا اور اجورہ کہلانے لگا اس زمانے مین یہ وجوہ معاش مشکوک ہی بلکہ قریب بحرام حتی المقدور احتراز لازم ہی مگر تعویذ و رقیہ بالقرآن مین اجرت لینا احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتا ہی اور محققین نے ایک قاعدہ کلیہ مقرر کردیا ہی اُسمین فائدے ہین وہ یہ کہ عبادت یا فرض عین ہی یا فرض کفایہ یا واجب یا سنت مؤکدہ جسطرح تعلیم قرآن و حدیث و فقہ و نماز و روزہ و تلاوت قرآن و ذکر و تسبیح پس ان چار چیزون پر اجرت لینا منع ہی اور جو چیز کہ عبادت نہین کسی وجہ سے بلکہ مباح محض ہی اُسپر اُجرت لینا درست ہی جیسے رقیہ بالقرآن یا تعویذ لکھنا اور وہ عبادتین کہ بسبب تعین مدت یا تخصیص مکان کے مباح ہوجاتی ہین جسطرح قرآن پڑھانا کسی کے لڑکون کو اُسی کے خاص گھر مین کیونکہ صبح سے شام تک حاضر رہنا اُسمین شرط ہوتا ہی اور یہ خصوصیت ہرگز عبادت نہین اسپر مزدوری بھی منع نہین ہی اور جسطرح عبادات اور طاعات پر اُجرت لینا درست نہین اسیطرح گناہ نہ کرنے پر اجرت لینا درست نہین مثلاً کوئی زناکار کہے کہ جو کوئی ہمکو نوکر رکھ لے تو ہم حرام کاری چھوڑدین اور لحاظ عہدہ اور منصب کا بھی حکم اجرت مین داخل ہی جسطرح اس زمانے کے بعض قاضی و مفتی و صدر اعلیٰ

وصدر امین ومنصف وغیرہ رشوت اور دعوت قبول نہین کرتے یا گانا بجانا نہین سنتے اور امارد ونساء سے پرہیز کرتے ہین کہ اگر کوئی شخص اُنکی محفل مین اِن چیزون کا نام بھی لے تو ناراض ہون اور جب عہدے سے معزول ہوے تو بوجہ احسن تدارک مافات فرماتے ہین کذا قال مولانا استاذ الاستاذ بحر العلوم شاہ عبد العزیز محدث دہلوی فی تفسیرہ العزیزی القصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مان اپنے گھر گئین اور آسیہ رضی اللہ عنہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پرورش کرنے لگین جب حضرت موسیٰ علیہ السلام تین برس کے ہوے تو ایک روز فرعون حضرت کو اپنی گود مین لیکے کھلانے لگا اور کلام لایعنی زبان پر لایا حضرت نے ایک طمانچہ مارا اور داڑھی پکڑکے کھینچی کہ یہ مردود نہایت رنجیدہ ہوکر آسیہ سے کہنے لگا مین نہ کہتا تھا کہ یہی لڑکا میرا دشمن ہی پر تونے مارنے نہ دیا اب بھی اس سے دست بردار ہو آسیہ نے فرمایا تو کس خیال مین ہی لڑکون کی بے تمیزی اِس سے زیادہ ہوتی ہی اُنکی باتون کو عداوت پر حمل کرنا محض بے عقلی ہی فرعون نے کہا اسکو اور لڑکون پر قیاس مت کر کہ مین اِسکے قیافے سے عقل اور تمیز اِسکی جوانون سے زیادہ پاتا ہون اور اِسنے یہ حرکت سنجیدہ وفہمیدہ کی ہی آسیہ نے کہا اِس عمر مین عقل وتمیز کہان ہوتی ہی دیکھ مین امتحان کرتی ہون اور دو طباق ایک سونے کا آگ سے بھرا اور دوسرا چاندی کا موتیون ویاقوت سے پُر اُسی مجلس مین منگوائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگین کہ جو اِن دونون مین تمکو اچھا معلوم ہو اُسے لو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے موتیون کے طباق پر ہاتھ چلایا تو حضرت جبرئیل نے بحکم الٰہی اُنکا ہاتھ طبق آگ مین ڈال دیا اور ایک انگارا لیکر منھ مین رکھدیا کہ زبان مبارک جل گئی اُسی وقت سے لکنت پیدا ہوئی اور ہاتھ سفید ہوگیا تب آسیہ نے فرعون سے کہا کہ تونے اِسکی تمیز ملاحظہ کی فرعون سخت شرمندہ ہوا پھر جب عمر شریف حضرت کی آٹھ برس کی ہوئی تو ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے پاس باادب بیٹھے تھے فرعون نے مرغ باز سے کہا کہ جنگی مرغون کو کھولدے اُسنے کھولا تو پہلے ایک مرغ نکلا اُسنے اپنے بازو جھاڑ کے آواز دی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا سچ ہی فرعون نے پوچھا مرغ نے کیا کہا ارشاد کیا کہ اِسنے کہا پاک ہی وہ خدا جسنے چرواہے کے لڑکے کو اِس مدت دراز تک دولت وحشمت سے سرفراز فرمایا اور طرح طرح کی نعمتون سے ممتاز کیا باوجود اِسکے کہ وہ مقابل ہر نعمت کے ناشکری کرتا ہی فرعون نے کہا ای موسیٰ مرغ کو ایسی باتون سے کیا کام ہی تونے اپنی طرف سے توطیا باندھا ہی حضرت موسیٰ نے اُس مرغ کو بُلایا اور فرمایا

کہ اب تو زبان فصیح مین بیان کر جسکو ہر خاص و عام سمجھے پھر اُسنے بزبان فصیح اُسی بات کو کمال توضیح سے کہا فرعون سخت متحیر ہوا اور بہت ڈرا ہامان مردود اُسوقت حاضر تھا اُسنے التماس کیا کہ یہ مرغ جادو مین آگیا ہو ذبح کیا جاے آخر ذبح ہوا اللہ نے اُسکو زندہ کیا کہ فوراً اُڑگیا اور نظر سے غائب ہوا پھر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نو برس کے ہوے تو فرعون نے اپنے تخت پر مہربانی سے بٹھلایا اور وزرا و امرا تخت کے گرد کھڑے ہوے اور فرعون نے کفر وجہالت کی باتین غرور مین کہنی شروع کین کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غصہ آیا تو تخت مین ایک لات ماری کہ دونون پاے تخت کے ٹوٹ گئے اور تخت اوندھا ہو گیا اور فرعون تخت سے زمین پر گر پڑا کہ ناک ٹوٹ گئی اور خون چلا دربار والے گھبرائے حضرت موسیٰ علیہ السلام وہان سے بھاگے اور محل مین جاکر آسیہ خاتون سے لپٹ گئے اور سارا حال کہدیا پیچھے پیچھے فرعون بھی محل مین داخل ہوا اور دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام آسیہ کے پاس تشریف رکھتے ہین دیکھکر آسیہ پر غصے ہوا کہ تو نے اس لڑکے کو مارنے ندیا اب یہ لڑکا شورہ پشتیان کرتا ہی آسیہ نے کہا تھوڑی عمر کے لڑکے جو کچھ شوخی اپنے مان باپ سے کرین وہ جاے شکایت نہین ہوتی بلکہ دلیل ہی اسپر کہ سن تمیز مین یہ سب شوخی و قوت مان باپ کے دشمن پر کرینگے اور اُمرا اُسکے خوف سے لرزان رہینگے بعد اُسکے کھانا آیا فرعون نے کھانا شروع کیا حضرت موسیٰ بھی کھانے لگے اتفاقاً اُسوقت باورچی نے ایک بکری کا بچہ مسلم تنور مین دم پخت کرکے فرعون کے آگے رکھدیا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا قم باذن اللہ وہ بچہ زندہ ہو کر دوڑنے لگا فرعون نے سخت تعجب کیا حضرت آسیہ نے فرمایا یہ سب باتین تیری بقاے سلطنت مین کام آنے کو ہین اس لڑکے کو بہت غنیمت سمجھ پھر تو فرعون حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ادب کرنے لگا اور بلا تعرض اُنکو چھوڑا یہان تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تیس برس کے ہوے چنانچہ ارشاد ہوتا ہی فلما بلغ اشدہ واستوی آتیناہ حکما وعلما یعنے جب پہونچا اپنے زور پر اور سنبھلا دیا ہم نے اُسکو حکم اور سمجھ کلبی سے روایت ہی کہ اشد اٹھارہ سے تیس برس تک کو بولتے ہین اور مجاہد وغیرہ تینتیس ۳۳ تک کو کہتے ہین اور علامہ بغوی نے بروایت سعید ابن جبیر ابن عباسؓ چالیس برس نقل کیے ہین اور بعضے انتہا جوانی مراد رکھتے ہین بہر تقدیر ہوشیار ہوے تو اللہ نے علم و عقل قبل نبوت کے عطا کیا کہ نماز و عبادت مین مشغول رہتے چنانچہ ایک روز کنارہ رود نیل کے وضو کرکے نماز پڑھنے لگے ایک شخص خواص فرعون سے وہان گذرا اُسنے کہا

کہ یہ عبادت کسکے لیے کرتے ہو حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ اپنے خاوند کے لیے بولا تمکو آقا
و خاوند کی احتیاج نہین تم اپنے باپ فرعون کی عبادت کیا کرو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے
فرمایا کہ تجھپر و فرعون پر لعنت خدا کی ہی اُسنے کہا مین فرعون سے کہونگا حضرت موسیٰ نے فرمایا
کہ اے زمین اسکو پکڑ زمین نے تازانو اُسکو نگل لیا اور نہ چھوڑا ناچار اُسنے قسم کھائی کہ مین
فرعون سے نکہونگا مگر رفتہ رفتہ یہ خبر فرعون کو پہونچی فرعون نے کہا کہ جب موسیٰ نماز پڑھین
تو مجکو خبر کرو چنانچہ ایک خواص فرعون کا منتظر وقت رہا جب حضرت نماز مین مشغول ہوے
تو اُسنے فرعون سے کہا فرعون آیا اور کھڑا رہا یہان تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نماز سے
فارغ ہوے فرعون نے پوچھا کہ اے موسیٰ یہ پرستش کسکے واسطے تھی حضرت نے فرمایا واسطے
اُس آقا کے جو مجکو تربیت کرتا ہی اور کھلاتا پہناتا ہی فرعون نے کہا سچ ہی کہ مین ہی یہ کام کرتا ہون
بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے بوڑھون کو اپنی صحبت مین رکھتے اور اُن سے
اُنسیت اور الفت کرتے یہ امر فرعونیون پر شاق ہوا اس عرصہ مین حضرت نے ایک روز
بنی اسرائیل کے سردارون کو جمع کیا اور پوچھا تم کب سے عذاب فرعون مین گرفتار ہو بولے
کہ مدت دراز سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ ثمرہ گناہون کا ہی تمکو چاہیے کہ تم نذر
کرو کہ اگر حق تعالیٰ یہ عقوبت تم سے دفع کرے تو وہ نذر ادا کرو سب نے کہا کہ ہم روزہ و نماز
و اطعام مساکین بہت کرینگے حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ ایک چیز اپنے ذمے مقرر کرو کہ ان سب
کافی ہی یعنی اپنے پروردگار کی اطاعت کرو اور گناہون سے دور رہو سب نے کہا کہ ہم نے
جان و دل سے قبول کیا پھر حضرت نے فرمایا کہ مین نے سُنا ہی کہ زمانۂ سابق مین ایک پیغمبر
بت پرستون پر خدا نے بھیجا تھا اُن کافرون نے کچھ قدر اُس پیغمبر کی نجانی اور اُسکو آگ مین ڈالا مگر
اُس آگ نے کچھ ضرر نہ کیا اسکا قصہ کیا ہی بولے کہ وہ پیغمبر ہمارے اور تمھارے دادا حضرت
ابراہیم علیہ السلام تھے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا پس تم اپنے دادا کے طریقے پر رہو
اور فرعونیون کی ایذا سے خوف نکرو کہ حق تعالیٰ اُنکا شر تم سے دور کریگا اس عرصے مین ایک دن
راہ مین چلے جاتے تھے ایک پیادہ فرعون کا شاید داروغہ مطبخ تھا پشتارہ لکڑی کا ایک اسرائیلی سے
زبردستی چھینے لیتا تھا اور کہتا تھا کہ اس پشتارے کو فرعون کے مطبخ مین پہونچا وے اسرائیلی
حضرت موسیٰ کو دیکھکر پکارا حضرت نے فرعونی کو منع کیا اُسنے نہ مانا تب ایک گھونسا اُسکی پیشانی
مارا اُسکی موت تھی مرگیا اسرائیلی اپنے گھر چلا گیا یہ خبر فرعون کو پہونچی فرعون نے کہا غلط ہی

موسیٰ کبھی قبطی کو نہ مار یگا چنانچہ ارشاد ہوتا ہی ودخل المدینۃ علی حین غفلۃ من اہلہا فوجد فیہا
رجلین یقتتلان ہذا من شیعتہ وہذا من عدوہ فاستغاثہ الذی ہو من شیعتہ علی الذی من عدوہ
فوکزہ موسیٰ فقضیٰ علیہ قال ہذا من عمل الشیطان انہ عدو مضل مبین قال رب انی ظلمت
نفسی فاغفرلی فغفر لہ انہ ہو الغفور الرحیم یعنی آیا شہر کے اندر جسوقت بیخبر ہوے تھے وہان کے
لوگ پھر پائے اُسمین دو مرد لڑتے ایک اُسکے رفیقون مین اور ایک اُسکے دشمنون مین پھر
فریاد کی اُس پاس اُسنے جو تھا اُسکے رفیقون مین اُسکی جو تھا اُسکے دشمنون مین پھر مکا مارا اُسکو
موسیٰ نے پھر اُسکو تمام کیا بولا یہ ہوا شیطان کے کام سے بیشک وہ دشمن ہی بہکانے والا
صریح بولا ای رب برا کیا اپنی جان کو سو بخش مجکو پھر اُسکو بخش دیا بیشک وہی ہی بخشنے والا
مہربان سدی مفسر فرماتے ہین کہ مدینہ سے مراد شہر نیف ہی ولایت مصر مین اور مقاتل
کہتے ہین کہ ایک گانون ہی دو کوس مصر سے اور بعضے کہتے ہین مدینہ سے عین الشمس مراد ہی اور
تفسیر نقاش مین لکھا ہی کہ اسکندریہ مراد ہی اور بعضے محققین لکھتے ہین کہ انکی مان کا گھر تھا شہر سے
باہر جہان سب بنی اسرائیل رہتے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کبھون وہان جاتے اور
کبھون فرعون کے گھر آتے سو اُس دن اپنی مان کے گھر جاتے تھے راہ مین یہ اتفاق ہوا اور
وقت غفلت سے وقت قیلولہ مراد ہی اور قرطبی کے نزدیک مابین مغرب اور عشا اور بعضے کہتے ہین
کہ سبب مدینہ کے جانے کا یہ ہوا تھا کہ حضرت موسیٰ نے فرعون کو لڑکپن مین مارا تھا اُسنے قتل
کرنے کا حکم دیا تھا حضرت آسیہ نے بچا لیا فرعون نے مدینہ مصر سے نکال دیا جب حضرت
موسیٰ علیہ السلام کو بالکل وہان کے لوگ بھول گئے اور غافل ہوے زندگی اور موت سے
اور حضرت موسیٰ جوان ہوے تب مدینہ مصر مین تشریف لائے یہ قول اصح روایت مین ہی اور
حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ سے معالم التنزیل مین روایت ہی کہ فرعونیون مین وہ دن عید کا
تھا اور سب غافل ہو رہے تھے اور سدی سے روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اہل مصر
فرعون کا بیٹا کہتے تھے اِس سبب سے حضرت موسیٰ اُسی سواری پر سوار ہوتے تھے جسپر
فرعون سوار ہوتا تھا اور لباس و پوشاک بھی ویسی ہی پہنتے تھے جیسی فرعون پہنتا تھا چنانچہ
اُس دن فرعون سوار ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اُسوقت کہین تشریف لے گئے تھے
جب تشریف لائے تو کسی نے کہا فرعون سوار ہو گیا حضرت بھی سوار ہوے اور دوپہر کو
مدینہ نیف مین پہونچے کہ لوگ وہان کے غافل تھے فائدہ جو دو شخص لڑائی کرتے تھے

اُسمین ایک سامری تھا دوست موسیٰؑ کا نام اُسکا ملیخا اور دوسرا نان وائی فلیشون یا فالون
فرعون کا نوکر تھا فائدہ یہ جو حضرت موسیٰ نے کہا کہ ہذا من عمل الشیطان اُسکا سبب یہ ہی
کہ فرعونی ظالم اسرائیلی کو دبے دیتا تھا اور شاید اُس فریادی کی بھی کچھ تقصیر تھی مگر فرعونی کی
اجل آگئی تھی سو اُسکو مار کر پچھتائے کہ بے قصد خون ہوگیا اور فریادی کا قصور حضرت موسیٰ کے
فرمانے سے معلوم ہوتا ہی کہ رب بما انعمت علی فلن اکون ظہیرا للمجرمین یعنی ای رب جیسا تو نے
فضل کیا مجھپر پھر مین کبھون نہ ہونگا مددگار گناہگارون کا یعنی تو نے بخشی میری تقصیر پس مین
قسم کھاتا ہون کہ پھر کسی گنہگار کا مددگار نہ ہونگا اور یہ حرکت بلا قصد صادر ہوئی تھی کیونکہ انبیا
گناہ عمد سے محفوظ ہین اور بخشنا تقصیر کا اُنھون نے جانا الہام سے کیونکہ پیغمبر لوگ نبوت سے
پہلے بیشک ولی ہوتے ہین اور حضرت ابن عباسؓ مجرمین سے کافر مراد لیتے ہین اس سے
دریافت ہوا کہ اسرائیلی جسکی حضرت نے اعانت کی تھی کافر تھا اور قتادہ نے کہا ہی کہ حضرت
موسیٰ نے فرمایا کہ مین ہرگز گناہ پر اعانت نہ کرونگا القصہ جب یہ معاملہ گذرا تو حضرت موسیٰؑ
صبح کو اُسی مقام مین جس جگہ قبطی کو مارا تھا ڈر رہے تھے کہ ورثہ مقتول فرعون کے پاس فریادی
گئے ہین دیکھیے کس پر جرم ثابت ہو اور مجھسے کیا سلوک کرین اتنے مین قبطی فرعون کے پاس
فریادی ہوے کہ بنی اسرائیل نے ہمارا آدمی مار ڈالا ہی فرعون نے کہا قاتل ثابت کرو تو مین
سزا دون بہت لوگ تلاش مین پھرنے لگے کچھ نشان نہ ملا یہان تک کہ موسیٰ علیہ السلام کو
دوسرے دن وہی معاملہ پھر پیش آیا کہ اُسی اسرائیلی پر دوسرا قبطی ظلم کرتا تھا پھر اُسنے
حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھکر شور کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اُسکے پاس تشریف
لے گئے اور ناراض ہوکر فرمانے لگے کہ تو ہر روز ظالمون سے اُلجھتا ہی اور مجھکو بھڑاتا ہی
تیرے سبب سے مین نے کل ایک شخص کو مارا کہ اُسکی ندامت اور شرمندگی مجکو موجود ہی
آج پھر چاہتا ہی کہ ویسی حرکت کرون انک لغوی مبین مقرر تو بے راہ ہی صریح از شفقت
نبوت سے چاہا کہ قبطی کو اسرائیلی سے دفع فرمائین اسرائیلی نے جانا کہ مجکو مارتے ہین اور
حضرت کے غصہ سے واقف تھا و انک لغوی مبین بھی سن چکا تھا سو اُسنے شور کیا کہ ای موسیٰ
آج مجکو مارا چاہتا ہی جسطرح کل ایک شخص قبطی کو مار ڈالا ہی کما قال فی سورۃ القصص فلما
اراد ان یبطش بالذی ہو عدو لہما قال یموسیٰ اتریدان تقتلنی کما قتلت نفسا بالامس ان ترید
الا ان تکون جبارا فی الارض وما ترید ان تکون من المصلحین یعنے پھر جب چاہا کہ ہاتھ ڈالے

اسپر جو دشمن تھا اُن دونون کا کہا فریاد کرنے والے نے ای موسیٰ کیا چاہتا ہی خون کرے میرا جیسے خون کرچکا ہی ایک کا کل تو یہی چاہتا ہی کہ زبردستی کرتا پھرے ملک مین اور نہین چاہتا ہی کہ ہووے ملاپ کرنے والا پس یہ بات اسکی زبان سے مشہور ہوئی اور بازاریون نے فرعون کے پاس گواہی دی کہ قبطی کو موسیٰ نے مارا ہی سو ہمارے حوالے کرو تو ہم قصاص مین مارین فرعون نے قتل کا حکم دیا اور جلاد بتلاش ہے چلے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ جلاد دوسرے دور کی راہ اختیار کی اس عرصے مین حضرت موسیٰ کو یہ خبر پہونچی سو وہ بھاگے اور حضرت شاہ عبدالعزیز استاذ الاستاذ قدس سرہ العزیز فرماتے ہین کہ فرعون کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصاص مین توقف ہوا تھا کہ حضرت کو خبر پہونچی چنانچہ سورۂ قصص مین ارشاد ہوتا ہی وجاء رجل من اقصی المدینۃ یسعیٰ قال یا موسیٰ ان الملأ یاتمرون بک لیقتلوک فاخرج انی لک من الناصحین فخرج منہا خائفا یترقب قال رب نجنی من القوم الظالمین یعنی آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا کہا ای موسیٰ دربار والے مشورہ کرتے ہین تجھپر کہ تجھکو مار ڈالین سو تو نکل جا مین تیرا بھلا چاہنے والا ہون پھر نکلا موسیٰ وہان سے ڈرتا راہ سے دیکھتا بولا ای رب خلاص کر اس قوم بے انصاف سے اکثر اہل تاویل کہتے ہین کہ حزبیل ایک شخص فرعونیون سے پوشیدہ ایمان لایا تھا اُسنے خبر پہونچائی اور بعضے اُسکا نام شمعون کہتے ہین اور بعضے شمعان قصہ اللہ جل شانہ نے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنایا کہ یہ بھی وطن سے نکلین جان کے خوف سے کافر سب اکھٹے ہوے تھے کہ اُنپر مل کر چوٹ کرین اُسی رات حضرتؐ ہمارے نکلے ہجرت کرکے پس ہجرت کرنا سنت ہی انبیا کی حضرت عیسیٰؑ بھی نکلے ہین جان کے خوف سے غرض کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام محض بے سامان اور پریشان پیادہ پا مصر سے جانب شہر مدین کہ آٹھ روز یا دس روز کی راہ تھا تشریف لے چلے راہ مین ایک چرواہا ملا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوشاک شاہانہ اپنی اُسکو عنایت فرمائی اور اُسکا کمل وغیرہ لیکر اوڑھا اور روانہ ہوے راہ بھر دو شیر ساتھ ہوے دن کو راہ بتلاتے رات کو موذیون سے محافظت کرتے معالم مین لکھا ہی کہ بسبب ناواقفیت راہ کے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی تھی کہ عسیٰ ربی ان یہدینی سواء السبیل یعنی امید ہی کہ میرا رب لیجاوے مجکو سیدھی راہ تب ایک فرشتہ نیزہ بردار راہ بتلانے کو حضرت کے ساتھ ہوا اور جب مصر سے نکلے تھے کچھ کھانا پینا ساتھ نہ تھا گھاس اور ساگ کھاتے رہے تو اتنا ضعف ہو گیا کہ سبزی گھاس کی پیٹ مین نظر آتی تھی اور

پیادہ روی سے پیرون مین آبلے پڑ گئے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ یہ اول ابتلا تھی حضرت موسیٰ کو جانب خدا سے القصہ ساتوین دن بقول صحیح مدین کے کوئین پر جو شہر کے کنارے تھا پہونچے تو دیکھتے ہین کہ دو عورتین کھڑی ہین اور مرد لوگ بکریون کو پانی پلاتے ہین کما قال اللہ فی سورۃ القصص وجد علیہ امۃ من الناس یسقون ووجد من دونہم امرأتین تذودان یعنی پائے وہان جمع ہو رہے لوگ پانی پلاتے اور پائین انکے سوا دو عورتین رکی کھڑی یعنے وہ عورتین حیا سے رکی کھڑی تھین اور قوت نہ تھی کہ بھاری ڈول نکالین اسلیے اپنی بکریون کو پانی پینے سے روکتی تھین کہ مرد لوگ پہلے پلالین اور کنوان خالی ہو جاے تو ہم بچا کچھا پلا لینگے یا اسواسطے رکی تھین کہ اورون کی بکریون سے ہماری بکریان مل نجائین یا مردون کو اپنی بکریون کے پاس آنے سے روکتی تھین یا بکریون کو گھیرتی تھین تاکہ بھاگ نجائین بالجملہ جب یہ حال حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا تو بسبب شفقت نبوت کے انکے پاس تشریف لائے اور فرمانے لگے ما خطبکما تمکو کیا کام ہی کہ تم اپنی مویشی کو پانی نہین دیتی ہو اور رو کے کھڑی ہو قالتا لا نسقی حتی یصدر الرعاء یعنی بولین ہم نہین پلاتے پانی جب تک پھیر لیجاوین چرواہے کیونکہ ہم عورت ہین ہمکو طاقت نہین کہ پلائین اور نہ استطاعت ہی کہ مردون سے مزاحم ہون جب مرد لوگ اپنے مویشی پلا کے چلے جائینگے تو ہم بچا ہوا پانی اپنی بکریون کو پلائینگے حضرت موسیٰ نے فرمایا کیا تمھارے گھر مین کوئی مرد نہین بولین ہمارے گھر مین کوئی مرد نہین ہی صرف ایک باپ بوڑھا بڑی عمر کا ہی کہ یہان تک آ نہین سکتا اس سبب سے ہم آتے ہین فائدہ یہ دونون بیٹیان بروایت صحیحہ حضرت شعیب علیہ السلام کی تھین بڑی کا نام صفورا اور چھوٹی کا صفیرا تھا اور معالم التنزیل مین چھوٹی کا نام لیا لکھا ہی اور محمد اسحاق نام چھوٹی کا شرفا لکھتے ہین اور بعضے بڑی کا صفرا اور چھوٹی کا صفیرا بیان کرتے ہین لیکن تحقیق یہ ہی کہ چھوٹی کا نام صفورا تھا کہ اس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نکاح ہوا ہی بالجملہ انکی باتون پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رحم آیا تو ایک کنوان اسکے قریب اور تھا اسکے منھ پر ایک پتھر رکھا تھا کہ چالیس آدمی اسکو اٹھاتے تھے سو اسکو اٹھا کے پانی پلا دیا اور ابن اسحاق کی روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مردون کے پاس تشریف لائے اور کہا کیون انکی بکریون کو پانی نہین پلاتے کہ یہ جلد اپنے گھر جائین اور انکو کنوئین سے ہٹا دیا اور انکی بکریون کو پانی پلایا اور بعضے کہتے ہین کہ ان لوگون نے اور وسے تکلم جواب مین کہا کہ ہم تو نہین پلاتے ہین اگر قوت ہو تمکو تو پلا دو حضرت موسیٰ ع

غصے مین آئے وہ لوگ خوف سے ایک طرف ہو گئے اور دیکھنے لگے کہ کیونکر پانی پاتے ہین حضرت نے وہ ڈول جسکو دس آدمی نکالتے تھے باوصف ضعف اور نقاہت کے کنوئین مین ڈال کر کھینچا اور بکریون کو پانی پلایا ایک ڈول مین ایسی برکت ہوئی کہ سب بکریان سیراب ہو گئین کما قال فی سورۃ القصص فسقیٰ لہما ثم تولیٰ الی الظل فقال رب انی لما انزلت الیّ من خیر فقیر یعنے پھر اُسنے پلا دیے اُنکے جانور پھر ہٹ کر آیا چھانوکی طرف بولا ای رب تو جو اُتارے میری طرف اچھی چیز مین اُسکا محتاج ہون حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ اللہ سے سوال کیا کہ تھوڑا آٹا مجکو ملے تو مین طاقت پاؤن اور سعید ابن جبیر کہتے ہین کہ ٹکڑا خرمے کا مانگا اور حضرت حسن بصری فرماتے ہین کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کبھون دنیا اللہ سے نہین مانگی مگر اُس دن آبدار سکے دونون بیٹیان حضرت شعیب کی مردون سے پہلے گھر پہونچین تو بکریون کے پیٹ بھرے ہوے تھے حضرت شعیب نے پوچھا آج کیا سبب ہی جو تم جلد آگئین ان دونون نے حال بیان کیا تب اشتیاق سے حضرت شعیب نے ایک بیٹی سے فرمایا کہ اُس مرد کو میرے پاس لاؤ حقیقت یہ ہی کہ عورتون نے چاہا کہ سایہ پکڑتا ہی مسافر ہی دور سے آیا تھکا بھوکا ہوکر اپنے باپ سے کہا اُنکو درکار تھا ایک مرد نیک بخت کہ بکریان چرائے اور بیٹی کو بیاہ دین اسواسطے حضرت شعیب نے کہا سے آؤ میرے پاس چنانچہ مسماۃ صفورا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئین کما قال فجاءتہ احدٰہما تمشی علی استحیاء یعنی پھر آئی اُسکے پاس دونون مین سے ایک چلتی شرم سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مُنہ کو چادر سے چھپائے ہوے کمال شرم سے آئی اور بولی ان ابی یدعوک لیجزیک اجر ما سقیت لنا یعنے میرا باپ تجھکو بلاتا ہی کہ بدلے مین دے حق اُسکا کہ تو نے پلا دیے ہمارے جانور معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ جب حضرت موسیٰ نے مزدوری کا نام سنا تو ارادہ کیا کہ نجاؤن لیکن بہت بھوکے تھے ناچار چلے اور تحقیق یہ ہی کہ حضرت شعیب کی زیارت کے مشتاق ہوکر تشریف لے چلے صفورا آگے آگے چلین اور حضرت موسیٰ پیچھے پیچھے اتنے مین ہوا چلی صفورا کے کپڑے اُڑنے لگے حضرت موسیٰ نے مکروہ سمجھکر فرمایا کہ میرے پیچھے پیچھے چل راہ بتلاتی جا تو مین پھر اسی طرح حضرت شعیب علیہ السلام کے گھر مین پہونچے اُسوقت حضرت شعیب کھانا کھانے کے تہیے مین تھے بولے ای جوان بیٹھ جا اور کھانا کھا لے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اعوذ باللہ حضرت شعیب نے کہا اسکا کیا سبب ہی کیا تو بھوکا نہین ہی حضرت موسیٰؑ نے فرمایا بیشک مین بھوکا ہون

لیکن خوف ہی کہ یہ کھانا پانی پلانے کی مزدوری نہو جاوے اور مین اُس گھرانے کا لڑکا ہون
کہ ہرگز آخرت کے کام مین دنیا کی چیز مزدوری نہین لیتے حضرت شعیبؑ نے کہا واللہ یہ مزدوری
نہین ہی یہ تو میری عادت ہی اور میرے باپ دادون کی بھی عادت تھی اور مین خاطرداری
وضیافت وخدمتگذاری مہمان کی عبادت جانتا ہون اور تم میرے مہمان ہو انکار مروت کے
خلاف ہی کیونکہ مہمان بات میزبان کی مان لیتا ہی تب حضرت موسیٰ علیہ السلام بیٹھے اور
دعوت کا کھانا کھانے لگے جب قبطی کے مارنے کا ذکر کیا اور فرعون کا احوال کہا تو حضرت شعیب نے
جانا کہ یہ شخص اہلبیت نبوت مین ہی تو فرمانے لگے لا تخف نجوت من القوم الظالمین یعنی مت ڈر
تو بچ آیا اُس قوم بے انصاف سے فائدہ حضرت شعیب نے یہ اسواسطے کہا کہ فرعون کی
بادشاہت مین مدین داخل نہ تھا پھر صفورا نے حضرت شعیبؑ سے عرض کیا کہ اِس شخص کو
آپ نوکر رکھ لیجیے تو بہت اچھا ہی چنانچہ ارشاد ہوا سورۂ قصص مین قالت احدٰہما یا ابت
استاجرہ اِنّ خیر من استاجرت القوی الامین یعنی بولی ایک اُن دونون مین سے کہ ای باپ
اِسکو نوکر رکھ لے البتہ بہتر نوکر ہی جو تو رکھا چاہیے وہ جو زور آور ہو امانت دار و معالم التنزیل مین
لکھا ہی کہ جب صفورا نے یہ کلام عرض کیا تو حضرت شعیب علیہ السلام نے پوچھا تو نے قوت
و امانت کیسے جانی اُسنے کہا مین نے زور دیکھا بھاری ڈول کھینچنے سے اور پتھر کے
اُٹھا لینے سے اور امانت اسطرح معلوم ہوئی کہ اسنے مجھسے کہا تو پیچھے پیچھے چل تاکہ ہوا سے تیرا
بدن نہ کھلے کہ میری نظر پڑیگی اور بے طمع ہونا آپ پر خود ظاہر ہو گیا تب حضرت شعیبؑ نے
حضرت موسیٰ سے فرمایا کہ مین چاہتا ہون کہ بیاہ دون تجکو ایک بیٹی اپنی اِن دونون مین سے
اِس شرط پر کہ تو میری نوکری کرے آٹھ برس پھر تو اگر پوری کرے دس برس تو تیری طرف سے
تبرع ہی نہ کہ واجب اور مین نہین چاہتا کہ تجھپر تکلیف ڈالون کما قال فی صورۃ القصص۔
انی ارید ان انکحک احدی ابنتی ہاتین علی ان تاجرنی ثمانی حجج فان اتممت عشراً فمن عندک
وما ارید ان اشق علیک عین المعانی مین لکھا ہی کہ اگلی شریعتون مین بیٹیون کا مہر باپ
لیتا تھا مگر ہماری شریعت مین منسوخ ہو گیا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت شعیب کے قول کے
یہ معنے ہین کہ مہر میری لڑکی کا یہ ہی کہ اسکی بکریان آٹھ برس چراوے بالجملہ حضرت موسیٰؑ نے
فرمایا ذلک بینی وبینک ایما الاجلین قضیت فلا عدوان علی واللہ علی مانقول وکیل یعنی یہ
ہو چکا میرے تیرے بیچ جونسی مدت ان دونون مین ادا کر دون سو زیادتی نہو مجھپر

اور اللہ پر بھروسا اِسکا جو ہم کہتے ہین خلاصہ یہ کہ اِن دونون مدت مین جو گذر جاے مین بیباق ہو جاؤن پھر مجھپر زیادتی نہو اور اپنی اہل کو لے لون معالم مین لکھا ہی کہ جب یہ قول و قرار جانبین سے ہوگیا تو حضرت شعیبؑ نے بڑی بیٹی بیاہ دی یہ قول ہی وہب ابن منبہ کا اور بعضے کہتے ہین کہ چھوٹی لڑکی بیاہ دی کہ وہی بُلانے کو گئی تھی اور اُسنے کہا تھا یا ابت استاجرہ یہ روایت ہی ابی ذر کی آنحضرت صلعم سے مرفوعاً اور نام اُس لڑکی کا صفورا تھا الغرض بعد نکاح حضرت شعیب نے اپنی بیٹی سے فرمایا کہ ایک لاٹھی موسیٰ کو لادے کہ بکریان چرادے اور موذیون سے بچادے اُسنے ایک لاٹھی لادی کہ اُس سے بکریان چرانے لگے فائدہ اِس مقام سے شبانی کا مہر ہونا معلوم ہوتا ہی اور جب اللہ نے اِسکا ذکر قرآن مین بلا انکار فرمایا تو لائق ہی کہ ہماری شریعت مین بھی جائز ہو اور علیٰ ہذا القیاس باپ کو مہر لینا اور لفظ مستقبل سے نکاح ہونا اور مہر و منکوحہ کا مجہول ہونا بھی واضح ہوتا ہی لیکن شبانی کا مہر ہونے کے سواے اور باتین ہماری شریعت مین جائز نہین ہین کیونکہ بنص صحیح و آتوا النساء صدقاتہن سے باپ کو مہر لینا درست نہین ہی اور جو لفظ ارید سے کہ بصیغہ مستقبل ہی وعدہ نکاح نکلتا ہی اور احدی ابنتی سے مجہولیۃ زوجہ سو اغلب کہ وقت نکاح تعیین زوجہ و بلفظ ماضی عمل مین آیا ہوگا اور شبانی کا حال یہ ہی کہ حسینی مین لکھا ہی کہ سواے بکریان چرانے کے اور منافع مہر نہین ہوسکتا الا عند الشافعی رح اور صاحب کشاف نے لکھا ہی کہ امام اعظم کے نزدیک کسی روایت مین شبانی مہر نہین ہوسکتی اور یہ تو کتب فقہیہ مین موجود ہی کہ خدمت حُر زوجہ کے واسطے بتعیین زمان و تعلیم قرآن مہر نہین ہوسکتی کیونکہ یہ دونون مال نہین ہین لیکن اگر انکو مہر قرار دین تو نکاح صحیح ہی اور امام اعظم و ابو یوسف کے نزدیک مہر مثل لازم اور امام محمد کے نزدیک قیمت مثل خدمت اور اگر زوج غلام ہی تو خدمت اُسکی قابلیت مہر رکھتی ہی اسلیے کہ عبد حکم مال مین ہی اسیطرح اگر زوج آزاد ہو اور خدمت غیر زوجہ مہر قرار دین تو درست ہی اور جو چرانا بکریون کا مہر ٹھہرا دین تو اسمین دو روایت ہین حنفیہ کہتے ہین کہ قصہ شعیبؑ و موسیٰؑ مین خدمت شعیبؑ چرائی بکریون کی قرار پائی تھی نہ خدمت زوجہ اور نزدیک شافعیہ کے سب صورتون مین خدمت مہر ہوسکتی ہی اور کچھ حُر و عبد کی قید نہین واللہ اعلم اور یہ بھی اِس قصہ سے نکلا کہ نکاح مین ولی معتبر ہی اندھا ہونا نکاح کی ولایت مین کچھ قادح نہین ہی اور آیۃ قرآنیہ سے اُسپر رد بھی ہی۔ جو حیوان کا اجارہ دس برس تک جائز نہین جانتا فائدہ عصاے موسیٰ مین اختلاف ہی علما کے نزدیک اسکو آدم علیہ السلام بہشت سے لائے تھے اور بعد اُنکے حضرت جبرئیلؑ نے لے لیا

اور جب حضرت موسیٰ سے رات کے وقت ملاقات ہوئی تو انکو دیا اور بعضون کے نزدیک
بعد حضرت آدم علیہ السلام کے بطریق توارث پیغمبرون کے پاس رہا حتیٰ کہ شعیب علیہ السلام کو
پہونچا اور معالم التنزیل مین ہی کہ سدی سے روایت ہی کہ ایک فرشتہ عصا کو شعیب کے پاس
امانت رکھ کیا گیا تھا وہی لاٹھی صفورا نے لا دی تھی کہ حضرت شعیب نے کہا یہ ایک کی امانت ہی
اَور لاٹھی لا دے اسکو رکھ آ وہ تین مرتبہ لائین مگر وہی لاٹھی تھی آخرکار حضرت موسیٰ اُسکو لیکر
بکریان چرانے چلے اتنے مین حضرت شعیبؑ کو وحی ہوئی کہ پرائی امانت دوسرے کو حوالے کی
وہ دوڑے واپس کرنے کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے واپسی سے انکار کی دونون مین
نزاع ہونے لگی آخر یہ قرار پایا کہ جو کوئی اول راہ مین ملے وہ فیصلہ کر دے چنانچہ ایک فرشتہ آیا
اُسنے کہا عصا زمین پر رکھو جو کوئی اُٹھا لے وہی مالک ہی سو حضرت موسیٰ نے لاٹھی ڈال دی اول
حضرت شعیب نے اُٹھائی تو اُنسے نہ اُٹھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُٹھا لی یہی فیصلہ
ہوگیا اور ایک روایت ہی کہ حضرت شعیبؑ کے ستر لکڑیان تھین پیغمبرون کی اُنمین ایک عصا
دو شاخہ دس گز کا لمبا تھا جسکو حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے لائے تھے اور حضرت شعیب کو
یہ الہام ہوا تھا کہ یہ عصا اُس پیغمبر کا ہی جو اولاد یعقوب اسرائیل مین ہوگا اور خدا سے تعالیٰ اُسسے
بلا واسطہ ملک کلام کرینگے جب کہ حضرت شعیبؑ نے اپنی بیٹی سے نکاح کیا تو حضرت موسیٰ سے
فرمایا کہ انمین سے ایک عصا بکریان چرانے کو لے لو حضرت موسیٰ علیہ السلام کوٹھری مین گئے
تو بہشت والا عصا بولا کہ مجھے لو اُنھون نے اُسی کو لیا حضرت شعیب نے ہاتھ سے دیکھکر فرمایا کہ
یہ رہنے دو اور لاؤ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سات مرتبہ گئے اور وہی ہاتھ آیا اور ساتوین
مرتبے وہ بولا خذنی فانی لک یعنی لے لے تو مجکو مین تیرے واسطے مخصوص ہون پھر یہ حال
حضرت موسیٰ علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت شعیبؑ سے کہا تو حضرت شعیبؑ نے
جانا کہ یہ پیغمبر وہی ہی جس سے اللہ صاحب بلا واسطہ کلام فرماوینگے تب حضرت موسیٰؑ سے کہا
اِس لکڑی سے غافل نہ رہنا یہ مظہر عجائب و غرائب ہی اور مساۃ صفورا اپنی بیٹی سے فرمایا کہ
تجکو بشارت دیتا ہون کہ تیرا شوہر انبیاء اولوالعزم سے ہوگا اور بہت قریب وقت آتا ہی کہ
خلعت نبوت اُسکو پہنائی جاوے اور شداد ابن اوس سے مرفوعاً روایت ہی کہ حضرت شعیبؑ
اکثر رویا کرتے یہان تک کہ آنکھین جاتی رہین پھر خداوند تعالیٰ نے اپنی عنایت سے بصارت
عطا کی پھر روتے پھر جاتی رہین اِسی طرح تین مرتبے اتفاق ہوا تب جناب باری سے ارشاد ہوا

کہ اے شعیب تو شوق جنت مین روتا ہی یا خوف دوزخ سے عرض کیا کہ یارب مین تیرے شوق ملازمت مین روتا ہون حکم ہوا کہ صبر کر تجکو ملاقات نصیب ہوگی جب تو موسیٰ کلیم کی خدمت کریگا القصہ بعد عنایت کرنے عصا کے حضرت موسیٰ سے وصیت فرمائی کہ مدین کے قریب ایک جنگل ہی وہان ایک اژدہا رہتا ہی اُسکے خوف سے چرانے والے اُس طرف نہین جاتے تم بھی اُسمین نہ جانا ایک روز یہ اتفاق ہوا کہ بکریان اُسی جنگل کو چلین ہرچند موسیٰ نے روکا نہ رکین ناچار پیچھے پیچھے تشریف لے گئے اور عصا زمین پر گاڑ دیا اور اپنی کملی اُسپر لٹکا کے سو رہے بکریان چرنے لگین یکایک وہ اژدہا بکریون کی طرف چلا تو عصا سانپ بن کے اژدہے کو نگل گیا اور اپنی جگہ پر آیا بعضے کہتے ہین کہ اُم المومنین صفورا ایک اونچے مکان سے یہ ماجرا دیکھتی تھین کہ ایسا نہ ہو حضرت موسیٰ اُس جنگل کی طرف تشریف لیجائین جب دیکھا کہ حضرت موسیٰ اُسی طرف تشریف لے گئے اور سو رہے اور اژدہا آتا ہی تو مضطرب ہوئین اور اپنے باپ سے اجازت لے کے مضطربانہ اُسی جنگل کی طرف چلین تو یہ معجزہ عصا کا نظر پڑا یہ ماجرا اپنے باپ سے بیان کیا تب حضرت شعیبؑ کو مرتبہ حضرت موسیٰ کا اور معجزہ عصا کا کہ علم الیقین تھا عین الیقین ہوگیا فائدہ حضرت موسیٰ کا قد شریف دس گز کا تھا اور عصا بھی دس گز کا تھا فائدہ اِس لاٹھی کے نام مین اختلاف ہی مقاتل ابن سلیمان اُسکو کعفہ کہتے ہین اور مقاتل ابن حیان غیاث اور بعضے زاہد بھی کہتے ہین لیکن اکثر علما اسپر متفق ہین کہ نام اُسکا علیقہ تھا اور کلام مجید مین اُسکے چار نام ہین اول عصا چنانچہ القِ عصاک دوسرا حیۃ فاذا ہی حیۃ تیسرا ثعبان فاذا ہی ثعبان مبین چوتھا جان کانہا جان عبداللہ ابن عباس سے منقول ہی کہ اُس لاٹھی مین ستر معجزے تھے دو کلام مجید مین مذکور ہین ایک دریاے نیل کا پھٹ جانا اور دوسرا چشمون کا جاری ہونا پتھر سے اور کاتب اوراق نے اٹھارہ معجزے تفسیرون مین دیکھے ہین ایک یہ کہ اُس عصا مین دو شعبے تھے جب حضرت موسیٰ جنگل مین پہونچتے اور رات ہو جاتی تو اُن دونون سے آفتاب و ماہتاب کی سی روشنی پیدا ہوتی تھی دوسرا یہ کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دودھ و شہد کی خواہش ہوتی تو ایک سے دودھ نکلتا تھا اور دوسرے سے شہد تیسرا جب حضرت موسیٰ کو پیاس لگتی یا بکریان پیاسی ہوتین تو اُسکو کنوین مین چھوڑتے پانی بقدر کفایت آجاتا اگر کنوان گہرا ہوتا تو عصا اُسکے برابر ہو جاتا چوتھا جب حضرت موسیٰ کو بھوک لگتی تو اُسکو زمین پر مارتے موافق کھانے کے زمین سے نکلتا پانچوان جب کسی میوے کی

بیان اختلاف در اسم عصای موسوی

بیان معجزات عصای موسوی

خواہش ہوتی تو زمین مین گاڑ دیتے سبز ہو جاتا اور شاخین نکال لاتا اور پھولتا پھلتا اور جس قسم کا میوہ چاہتے ملجاتا اکثر باد ام ہوتے تھے چھٹا جب مقابلہ کسی دشمن کا ہوتا تو دونون شعبے دو اژدہے ہو جاتے اور دشمن پر دوڑ پڑتے کہ وہ بھاگ جاتا ساتوان جب راہ مین کوئی پہاڑ یا درخت پڑ جاتا جس سے راہ بند ہوتی اور نکلنا دشوار ہوتا تو حضرت موسیٰ اُسی سے ٹال دیتے آٹھوان جب کسی دریا یا نہر پر پہونچتے اور وہان کشتی اُتارے کو نہوتی تو اُسکو مارتے شق ہوکے راہ مین چلے جاتے نوان جب کہین سفر کرتے تو اُسی پر سوار ہوتے اور جلد پہونچ جاتے دسوان جب جنگل مین راہ بھولتے وہی راہ بتلاتا کذا فی اخبار الدول گیارھوان جب کوئی بدبو آجاتی اور حضرت موسیٰ اُس سے متنفر ہوتے تو اُسی کو سونگھتے بوے عطر اُس سے صادر ہوتی بارھوان جس راہ مین کچھ خوف ہوتا اُس راہ چلنے سے منع کرتا تیرھوان جب بکریان بھوکی ہوتین درختون سے پتے جھاڑ لیتا چودھوان جب کوئی موذی حشرات الارض سے ظاہر ہوتا دور کر دیتا پندرھوان جب کبھون حضرت موسیٰ سفر فرماتے تو اسباب ضروری اپنا اُسپر رکھکر کندھون پر رکھ لیتے کچھ بوجھ نہ معلوم ہوتا سولھوان جب سوتے تو بکریون کی حفاظت کرتا جب تک کہ حضرت موسیٰ بیدار ہوتے سترھوان پنجشنبہ کو غائب ہو جاتا اور کعبہ کی زیارت کرتا اور طواف کرکے مدینہ منورہ مین آتا اور جہان اب قبر مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کھڑا ہوکر درود آنحضرت پر پہونچاتا اور اُنکی امت کے واسطے دعا کرتا اٹھارھوان جب فرعون اپنے لوگون مین کچھ باتین کرتا تو حضرت کو آگاہ کر دیتا القصہ حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام بروایت ابن عباس وابی ذر رضی اللہ عنہما دس برس حضرت شعیبؑ کی خدمت مین رہے اور حضرت شعیبؑ نے بعد اتمام مدت صفورا کو تسلیم کیا اور بروایت مجاہد رضی اللہ عنہ اور بھی دس برس اپنی خوشی سے رہے جب سال آخر آیا تو صفورا نے حضرت موسیٰ کے ایما سے کچھ بکریان حضرت شعیبؑ سے مانگین حضرت شعیبؑ نے فرمایا کہ جتنی اس سال مین بکریان بچے جنین وہ تمھارے ہین اور صحیح یہ ہی کہ حضرت شعیبؑ نے ازخود بلا درخواست عوض حسن خدمت کے فرمایا کہ جسقدر بکریان امسال ابلق بچے جنین وہ بچے تمھارے ہین اللہ صاحب نے حضرت موسیٰؑ کو خواب مین دکھلایا کہ اپنے عصا کو اُس ندی کے پانی مین مار جہان بکریان پیتی ہین اور اُس سے پانی پلاؤ تو برکت ہو حضرت موسیٰؑ نے اُسی طرح کیا عنایت الٰہی سے سب بکریان حاملہ ہوگئین اور دو دو بچے ایک نر اور مادہ جنین اور سب ابلق حضرت شعیبؑ لیجانا

کہ یہ اللہ نے حضرت موسیٰ اور اُنکی عورت کو انعام دیا ہی چنانچہ سب بچے حضرت موسیٰ ع کو
عنایت فرمائے تب موسیٰ نے اجازت چاہی کہ اگر ارشاد ہو تو مین اپنے وطن مین جاکے اپنی
والدہ کی زیارت کرون کیونکہ اب مصر کے لوگ قبطی کا معاملہ بھول گئے ہونگے کچھ میری تلاش

روانگی حضرت موسیٰ از مدین جانب مصر

بھی نہ ہوگی حضرت شعیبؑ نے خوشی سے اجازت دی اور بی بی کو ہمراہ اُنکے کیا اور دو غلام بھی
ساتھ کیے تاکہ مصر تک پہونچا کے چلے آوین چنانچہ حضرت موسیٰ نے ایک غلام اونٹ کے
ساتھ جسپر اثاث البیت تھا کر دیا اور دوسرے غلام کو بکریون کے ساتھ کر کے آگے آگے روانہ کیا
اور خود سواری زنانی کے ساتھ ہوکے کنارے کنارے دریا کے تشریف لے چلے اور راہ شام
بالکل چھوڑ دی بایں خیال کہ مبادا ملوک شام کہ فرعون کے تابع ہین کسی طرح کا تعرض اُس خون کے
سبب سے کرین چنانچہ ایک روز راہ بھولے اور پانچوین دن طور پہاڑ کی طرف جا پڑے ہرچند
میدان مین پھرتے رہے راہ نہ ملی شام ہوگئی اور وہ رات محققین کے نزدیک شب جمعہ
اٹھارھوین ذیقعدہ تھی اُسوقت برف پڑتا تھا رات بشدت اندھیری تھی اتفاقاً بکریان ازخود
بھاگین اور متفرق ہوگئین دونون غلام اُنکے یکجا کرنے پر مصروف ہوے صرف حضرت موسیٰ
اپنی بی بی کے پاس ٹھہرے اِس عرصے مین حضرت کے گھر مین حمل تھا اور پورے دن سو
اسوقت مین اُنکی بی بی کو درد زہ شروع ہوا اُنھون نے حضرت موسیٰ سے کہا کہ اگر کہین آگ
ملتی تو روشنی ہوتی اور سردی سے بچتے حضرت نے لوہے کو پتھر سے مارا آگ نہ نکلی اور لکڑی سے
بھی نور طلب کیا ظاہر نہ ہوا پھر غلامون نے اِدھر اُدھر دیکھا تو کہین آبادی کا نشان ہی نہ ملا
تب حضرت موسیٰ علیہ السلام خود اضطراب سے آگ کی تلاش مین تشریف لے چلے تو داہنے
طرف کے پہاڑ پر کچھ روشنی آگ کی دکھلائی دی خوش ہوے اور غلامون سے فرمایا کہ تم یہیں
رہو مین نے آگ کا نشان پایا ہی آگ بھی لاتا ہون اور جو کوئی آگ کے پاس ہوگا اُس سے
راہ بھی پوچھے آتا ہون چنانچہ ارشاد ہوا سورہ طٰہٰ مین واذ رای نارًا فقال لاہلہ امکثوا انی آنست
نارًا لعلی آتیکم منہا بقبس او اجد علی النار ہدی یعنی جب اُسنے دیکھی ایک آگ تو کہا اپنے گھر والونکو
ٹھہرو مین نے دیکھی ہی ایک آگ شاید لے آؤن تم پاس اُسمین سے سُلگا کر یا پاؤن اُس آگ پر
راہ کا پتا یہ فرما کر وہان سے چلے تو وہ مکان بعض روایت مین بارہ کوس کے فاصلہ پر تھا مگر
حضرت موسیٰ بسبب کمال نفسانی کے جلد پہونچے کما قال فلما جاءہا نودی ان بورک من فی النار
ومن حولہا وسبحان اللہ رب العالمین یعنی پھر جب پہونچا اُس پاس آواز ہوئی کہ برکت رکھتا ہی

جو کوئی آگ مین ہی اور جو اُسکے آس پاس ہی اور پاک ہی ذات اللہ کی جو صاحب سارے جہان کا ہی معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ اس آیت کے معنے یہ ہین کہ برکت رکھتا ہی موسیٰ جو طلب آگ مین آیا ہی اور برکت رکھتے ہین ملائکہ جو اُسکے آس پاس ہین اور بعضے نار سے نور مراد لیتے ہین اور ذکر نار صرف اسواسطے ہوا کہ حضرت موسیٰ آگ کی تلاش مین تھے اور اُسکو آگ سمجھے تھے اور من فی النار سے ملائکہ اور بسبب قرب کے حضرت موسیٰ بھی مراد ہین گو آگ مین نہ تھے جسطرح کوئی منزل پر پہونچنے لگتا ہی تب کہتے ہین کہ فلان شخص منزل پر پہونچا اگرچہ نہ پہونچا ہو اور ابن عباسؓ اور سعید ابن جبیر سے روایت ہی کہ بورک فی النار سے قدس فی النار مراد ہی یعنے یہ لوگ ذات پاک الٰہی مراد رکھتے ہین کیونکہ اُسی نے آگ سے حضرت موسیٰ کو پکارا اور اپنا کلام سُنایا جیسا توریت مین ہی کہ اللہ آیا سینا سے اور چمکا ساعیر سے اور بلند ہوا جبل فاران سے پس آنا اللہ کا سینا سے بعثت حضرت موسیٰ مراد ہی اور ساعیر سے بعثت حضرت عیسیٰ اور فاران سے بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور فقیر کے نزدیک اگر اصل آگ بھی مراد رکھتے تو مضائقہ نہین کیونکہ یہ بھی ایک پردہ ہی پردہ ہاے الٰہی سے پھر تاویل کی حاجت نہین اور یہ بھی کہ سکتے ہین کہ قدوس فرشتہ جو کہ تجلیات الٰہیہ پر موکل ہی بصورت نار ظاہر ہوا تھا کیونکہ حاملین عرش چار فرشتے ہین ایک کا نام قیوم ہی اُسکو ہیولیٰ اور صورت ظاہری اور مثالی اور زمان اور مکان اور جہات و حرکات پر موکل بنایا ہی دوسرے کا نام مصور کہ موکل صور نوعیہ پر ہی تیسرے کا عدل کہ انتظام عالم پر موکل ہی چوتھے کا قدوس کہ موکل ہی تجلیات الٰہیہ پر اور علم مظاہر تجلیات اُسکو حاصل ہی اور قائم کرنا شرائع اور عقائد و اعمال کا اُسکے ذمہ ہی اور حفظ مراتب اہل اللہ و تمیز مغلطات حقہ و باطلہ وغیرہ اُسکو مفوض ہی اور تسبیح اُسکی سبحانک حیث کنت حدیث شریف مین وارد ہی اور یہی فرشتہ بصورت تجلی متشبہ ہوتا ہی اور یہی فرشتہ جارحہ لسان انی انا اللہ اور آیت ذات حق واقع ہو جاتا ہی پس یہی فرشتہ تھا کہ بصورت نار ظاہر ہوا اور مصداق بورک فی النار واقع ہوا اور کلمہ انی انا اللہ جناب الٰہی سے کلام بے کیف اس فرشتے کے سینے مین آیا اور آگ سے مسموع ہوا ہو تو عجب نہین واللہ اعلم بالصواب بالجملہ حضرت موسیٰ نے جانا کہ آگ نہین ہی بلکہ ایک اعجوبہ ہی عجائب قدرت الٰہی سے کہ بزنگ آتش ظاہر ہوا ہی کیونکہ اگر آگ ہوتی تو اُسکی کچھ حد ہوتی اسکا تو یہ حال ہی کہ ایک نور عظیم الشان درخت عوسج کو جو کہ مشابہ درخت عناب کے ہوتا ہی اور ملک شام مین بہت پایا جاتا ہی گھیرے ہی اور درخت

بالکل سبز ہی اور روشنی ایسی چمکتی ہی کہ آنکھین جھپکتی ہین اور گرد پیش اُسکے تسبیح ہو رہی ہی
تسپر بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے گھاس پھوس جنگل سے لے کے ایک دستہ باندھا اور
آگ سے جلانے کو چلے وہ انکی طرف دوڑی یہ خوف سے پیچھے ہٹے آگ ٹھہر گئی کئی مرتبہ
اسیطرح اتفاق ہوا پھر حضرت موسیٰ تحیر مین تماشا دیکھنے لگے یکایک ایک نور عظیم الشان آگ سے
اٹھا کہ زمین سے آسمان تک ہو گیا اور تسبیح فرشتون کی بلند ہوئی اور روشنی اُسکی پھیلی کہ
حضرت کی آنکھین جھپکین تب حضرت موسیٰ نے اپنے ہاتھ آنکھون پر رکھ لیے تو آواز آئی کہ یا موسیٰ
انی انا ربک فاخلع نعلیک انک بالواد المقدس طوی یعنی اے موسیٰ مین ہی ہون تیرا رب سو اُتار
اپنی پاپوشین تو ہی پاک میدان طویٰ مین طویٰ جنگل کا نام ہی خلاصہ یہ کہ اے موسیٰ مین تیرا رب ہون
بصورت آگ متجلی ہوا تو اپنی پاپوشین دور کر کہ یہ مکان میری تجلی اور حضور ملائکہ سے کعبے اور
بیت الحرام کا حکم رکھتا ہی اور جائے مطہر و پاک ہی اسمین پاک ہوکے آنا چاہیے فائدہ عبداللہ
بن مسعود سے روایت ہی کہ پاپوشین گدھے کی کھال سے بنی تھین اور اُسکی دباغت نہین ہوئی تھی
اسلیے اُتارنے کا حکم ہوا معالم مین لکھا ہی کہ جب حضرت موسیٰ کو درخت سے آواز آئی کہ یا موسیٰ
تو حضرت موسیٰ نے جواب دیا مگر یہ نہ سمجھے کہ کون پکارتا ہی کہنے لگے اے پکارنے والے تیری آواز سنتا ہون
پر مکان نہین جانتا مجکو نشان دے تو کہان ہی پھر آواز آئی کہ انا فوقک ومعک وامامک واقرب
الیک من نفسک یعنی مین تیرے اوپر ہون اور تیرے ساتھ ہون اور تیرے آگے ہون اور تیرے
قریب زیادہ ہون تیرے جی سے تب معلوم ہوا کہ یہ بات سوائے اللہ کے اور کسی پر تجویز نہین
ہوسکتی کیونکہ یہ آواز ہر طرف سے سنتا ہون اور سب بدن کے اعضا کان ہوگئے ہین سو یہ آواز نہین
مگر خدا کی القصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پاپوشین اُتارین اور کلام شروع ہوا کہ سورۂ طٰہٰ مین
ارشاد ہوتا ہی انا اخترتک فاستمع لما یوحی اننی انا اللہ لا الٰہ الا انا فاعبدنی واقم الصلوٰۃ لذکری
ان الساعۃ آتیۃ اکاد اخفیہا لتجزی کل نفس بما تسعی فلا یصدنک عنہا من لا یؤمن بہا واتبع
ہواہ فتردی یعنی مین نے تجکو پسند کیا سو تو سنتا رہ جو حکم ہو مین ہون مین اللہ ہون کسی کی
بندگی نہین سوائے میرے سو میری بندگی کر اور نماز کھڑی رکھ میری یاد کو قیامت مقرر آتی ہی
مین چھپا رکھتا ہون اُسکو کہ بدلا ملے ہر جی کو جو وہ کماتا ہی سو کہین نہ روک دے تجکو اُس سے
وہ جو نہین یقین رکھتا اُسکا اور پیچھے پڑا ہی اپنی خواہش نفس کے پھر تو پڑا پائے ... اُسکی
دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال ہو کہ آگ لینے کو آوین پیمبری ملجا ئے ... فائدہ حضرت موسیٰ کو دیا

پہلی وحی مین نماز کا حکم ہی اور ہمارے پیغمبر کو بھی پہلے نماز کا حکم ہوا ہی اور دیکھو برے لوگون کی
صحبت سے حضرت موسیٰ کو روکا اور منع فرمایا ہی پھر عوام الناس کی کیا حقیقت ہی اُنکو تو صحبت
زہر قاتل ہی حضرت مجاہد فرماتے ہین کہ اقم الصلوۃ لذکری کے معنی یہ ہین کہ نماز کو برپا کرتا کہ مجکو
یاد کرے اور مقاتل رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب نماز چھوٹ جاوے اور یاد آوے تو اُسکو
پڑھ لے اسیطرح قتادہ رضہ نے حضرت انس رض سے روایت کی ہی کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم من نسی صلوۃ فلیصلیہا اذا ذکرہا لا کفارۃ لہا الا ذلک ثم قال سمعتہ یقول بعد ذلک اقم الصلوۃ
لذکری یعنی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی بھولے کوئی نماز تو پڑھ لیوے جب یاد
پڑجاوے کیونکہ اسکا کفارہ نہین مگر یہی پھر کہا مین نے سُنا آنحضرت کو کہ فرماتے تھے بعد اسکے
اقم الصلوۃ لذکری بالجملہ بعد ارشاد حقائق توحید اور آداب عبادت اور خبر قیامت کے
پرسش حالات پر توجہ ہوا کہ وما تلک بیمینک یا موسیٰ یعنی یہ کیا ہی تیرے داہنے ہاتھ مین ای موسیٰ
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے التماس کیا ہی عصای اتوکؤ علیہا و اہش بہا علی غنمی ولی فیہا
مآرب اخری یعنی میری لاٹھی ہی ٹیکتا ہون اور پتی جھاڑتا ہون اس سے اپنی بکریون پر اور
میرے اسمین کئی کام ہین اس استفسار کا یہ فائدہ ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اسکو معجزہ اپنا
سمجھین اگرچہ لاٹھی ہونا اُسکا جانتے تھے لیکن معجزہ ہونا اُسکا نہ جانتے تھے اور یہ عادت ہی عرب کی
کہ ایک شخص دوسرے شخص سے کہتا ہی کہ تو جانتا ہی یہ کیا چیز ہی حالانکہ مخاطب خوب اُسکو
پہچانتا ہی لیکن متکلم ارادہ کرتا ہی کہ معرفت قلبی اسکی بلجاے اقرار لسانی سے فائدہ حقیقت یہ ہی
کہ حضرت موسیٰ کو اس خطاب سے کمال خوف لاحق ہوا کہ محض بے طاقت ہوے تھے اور
ہوش جاتا رہا تھا اسواسطے منظور ہوا کہ حضرت موسیٰ کو اس حالت سے پھیرین اور ایسا کلام
فرماوین کہ جس کلام سے حضرت موسیٰ کو انسیت پیدا ہو سو یہ ایسا کلام فرمایا کہ حضرت
موسیٰ نے بیخوف جواب دیا فائدہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ عصا داہنے ہاتھ مین رکھنا
سنت ہی غرض کہ بعد اس سوال وجواب کے ارشاد ہوا القہا یا موسیٰ فالقیہا فاذا ہی حیۃ
تسعی یعنی ڈال دے اسکو ای موسیٰ سو ڈال دیا اُسکو کہ دفعۃً وہ سانپ ہوا دوڑتا اس حکم سے
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے گمان کیا کہ لکڑی ناکارہ ہی پھینک دی تو ایک آواز مہیب
ہوئی حضرت موسیٰ نے پیچھے پھر کے دیکھا تو ایک اژدہا نظر آیا کالا زردی مائل چار پاؤن کا
جیسے اونٹ اور نہایت بدصورت آنکھین ایسی چکتین جیسے دو انگارے دیکھکر بہت ڈرے

اور بھاگے لیکن شرمندہ ہوکر تھوڑی دور ٹھہر گئے پھر آواز آئی کہ یا موسیٰ اقبل ولاتخف انک من الآمنین یعنی آگے آ اور نہ ڈر تجھکو خطرہ نہین یعنے جس جگہ تھا وہین کھڑا رہ تب حضرت موسیٰ ڈرتے ہوے پھرے ارشاد ہوا کہ خذہا ولاتخف سنعیدہا سیرتہا الاولی یعنے پکڑ اُسکو اور نہ ڈر ہم پھیر دینگے اُسکو پہلے حال پر تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا ہاتھ کملی سے لپیٹ کر ڈالا حکم ہوا کہ ہاتھ کھول کر ڈال یا اُسوقت کسی فرشتے نے کہا اگر تقدیر مین بلا ہی تو نہین بچ سکتے حضرت نے کہا یہ درست ہی لیکن مین ضعیف الخلقت ہون ناچار ہاتھ کملی سے نکال کر اژدہے کے منھ مین ڈالا تو وہ اُنکی لکڑی تھی اہل عرفان فرماتے ہین کہ حضرت موسیٰ کو خطاب ہوا کہ اے موسیٰ پاپوشین اور لاٹھی کس لیے رکھتے ہو بولے پاپوش اسلیے ہین کہ اگر بچھو آوے تو اُسکو مارون اور جو سانپ آوے تو لکڑی سے مارون خداوند تعالیٰ نے نعلین کو بچھو بنایا اور عصا کو سانپ تاکہ حضرت موسیٰ کو معلوم ہو کہ جو چیز بلا سے بچا سکتی ہی اگر اللہ چاہے تو وہی بلا ہو جاتی ہی پس ضار اور نافع بجز ذات پاک کوئی نہین ہی فائدہ اس قلب ماہیت مین یہ حکمت تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے مقابلے مین لاٹھی سے معجزہ دکھلا دین اور تنہائی مین یہ حکمت تھی کہ مقابلے کے وقت خوف نہ کھاوین اسیطرح ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج مین سارے معاملات دوزخ اور بہشت کے دکھلا دیے کہ قیامت کے دن تمام خلق مع انبیا اور اولیا خوف سے نفسی نفسی کہین اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ دیکھ چکے ہین امتی امتی فرماوین اور شفاعت پر کھڑے ہون تنبیہ اگر کسی کو شبہہ ہو کہ حضرت موسیٰ باوصف اسکے کہ نبی تھے اژدہے سے ڈر گئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ سے مطلق نہ ڈرے تو اُسکا جواب یہ ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام آتش نمرود سے نہ ڈرے اسکا یہ سبب تھا کہ وہ آگ نمرود کی جلائی ہوئی تھی اور انبیا علیہم السلام کافرون کے فعل سے نہین ڈرتے واللہ یعصمک من الناس انکی شان مین ہی اور حضرت موسیٰ اس معاملہ کو مکر الٰہی سمجھے اس سبب سے ڈر گئے اور ظاہر ہی کہ انبیا مکر الٰہی سے بہت ہی خوف کرتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت آدم علیہ السلام کا اخراج بہشت سے سانپ کے سبب سے ہوا تھا اُسی خیال سے حضرت موسیٰ ڈرے کہ ایسا نہو کہ مین اسکے سبب سے درجہ کرامت سے گر جاؤن قطع نظر اسکے اگر ڈر گئے تو کیا عیب ہوا کیا انسان نہ تھے فائدہ ایک مقام پر لاٹھی کے حق مین ارشاد ہوا ہی کانہا جان اور جان کہتے ہین اُس سانپ کو جو چھوٹا ہی اور جلد چلتا ہی اور ایک جگہ ارشاد ہی ثعبان کہ نہایت بڑے سانپ کو بولتے ہین

حکمت در قلب ماہیت عصا

وجہ ترسیدن موسیٰ از اژدہا

اور یہان جو ارشاد ہوا ہی حیۃ سبب اسکا یہ ہی کہ حیۃ شامل ہی چھوٹے بڑے نر مادہ کو اور بعضے کہتے ہین کہ حیۃ بزرگی مین مثل ثعبان تھا اور سرعت مین مثل جان بالجملہ بعد اس معاملے کے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جانا کہ یہ بڑا معجزہ مجکو عنایت ہوا ہی اب کسی اور معجزے کی احتیاج نہین ہی اسپر ارشاد ہوا کہ یہ ایک معجزہ مقابلے دشمن مین کافی نہین ہی اثبات مدعا پر مدعی کو دو دلیلین نہایت ضروری ہین سو ایک دلیل عصا ہی اور دوسری دلیل فی الحال اور لے چنانچہ سورۂ قصص مین ارشاد ہوا واسلک یدک فی جیبک تخرج بیضاء من غیر سوء واضمم الیک جناحک من الرہب فذانک برہانان من ربک الی فرعون وملائہ یعنی داخل کر اپنا ہاتھ اپنے گریبان مین نکل آئے چٹا گورا نہ کچھ برائی سے اور ملا اپنی طرف اپنا بازو ڈر سے یہ دو نشانیان ہین تیرے رب کی طرف سے فرعون اور اسکے سردارون پر فائدہ دو بازون کا ملانا کنایہ ہی جمعیت خاطر سے اور تشویش نکرنے سے جسطرح بازو توڑنا کنایہ ہی تواضع سے اور عطا مفسر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہی کہ دو بازو کے ملانے سے یہ مراد ہی کہ سینہ پر رکھ لے تا کہ خوف جو ظہور خوارق سے لاحق ہی جاتا رہے اور اس قول کی یہ تاثیر ہی کہ کوئی خائف بعد موسیٰ کے ایسا نہین کہ وقت خوف کے ہاتھ اپنا سینے پر رکھ لے اور خوف نجائے اور حضرت مجاہد فرماتے ہین کہ جس کسی پر خوف غالب ہو چاہیے کہ وہ اپنا بازو ملاوے تو فزع جاتا رہے اور بعضے کہتے ہین کہ بازو ملانے سے سکون اور قرار مراد ہی غرض کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا ہاتھ جیب مین ڈالا اور نکالا تو ہاتھ گویا چاند تھا اور ہر انگلی سے ایک نور علیحدہ چمکتا تھا معالم مین حضرت ابن عباس رض سے روایت ہی کہ وہ نور رات کو مثل قمر اور دن کو مانند شمس چمکتا تھا اور معنے سوء کی آیت مین برص کے ہین فائدہ سورۂ طٰہٰ مین ید بیضا کے حق مین ارشاد ہوا ہی آیۃ اخری لنریک من آیاتنا الکبریٰ یعنے ید بیضا ایک نشانی اور ہی کہ دکھاتے جاوین ہم تجکو اپنی نشانیان بڑی اب اختلاف ہی کہ آیت کبریٰ کون تھی ید بیضا یا عصا بعضے کہتے ہین عصا تھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ ید بیضا آیۃ کبریٰ ہی تحقیق یہ ہی کہ دونون معجزے آیت کبریٰ مین داخل ہین بہ نسبت اور معجزات کے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عنایت ہوے تھے سر اسمین یہ ہی کہ انبیا علیہم السلام جب مبعوث ہوتے ہین تو اولا مخالفون اور منکرون کے قلع وقمع پر توجہ فرماتے ہین بعد اسکے ہدایت اور ارشاد پر پس عصا صورت قہر ہی اور ید بیضا نمونہ ہدایت اور یہ بھی ہی کہ عصا مین جنات غیبی بصورت ہولناک ظاہر ہوتی تھی

اور ید بیضا مین نور غیبی بکمال روشنی جلوہ پاتا تھا اور قہر و سیاست متعلق ظاہر نبوت سے ہی
اور نور و تجلی متعلق باطن نبوت سے جسکو ولایت کہتے ہین آور بعضے کہتے ہین کہ ید بیضا
اس سبب سے بڑا ہوا کہ نبوت کمال ولایت تھا و ولایۃ النبی افضل من نبوتہ اسی سبب سے
ساحر لوگ ید بیضا کی نقل نہ کر سکے اور نقل عصا کرتے تھے بالجملہ یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ
دونون نشانیان آیات کبریٰ ہین ہین اور یہ دونون معجزے اثبات دعوے نبوت مین
دو شاہد عادل ہین کیونکہ زندہ ہو جانا بحیات غیبی اُس چیز کا جو قابل حیات نہین لاٹھی مین
ظاہر تھا یہ دلیل صریح ہی کہ مُردون کے دل بلاشبہہ زندہ ہو جائینگے اور نفس خبیث کا تو
پاک ہونا کچھ مشکل ہی نہین ہی اسیطرح نور الٰہی ہاتھ سے چمکنا دلیل صریح تھا کہ اُنکے ہاتھ سے
ارشاد و ہدایت قرار واقعی ہوگا القصہ جب یہ دو نشانیان عنایت ہو چکین تو ارشاد ہوا
اذہب الی فرعون انہ طغیٰ یعنی جا طرف فرعون کے کہ اُسنے سر اُٹھایا ہی اور میری عبادت پر
اُسکو بلا قال رب انی قتلت منہم نفسا فاخاف ان یقتلون یعنی بولا ای رب مین نے خون کیا ہی
اُنمین ایک جی کا سو ڈرتا ہون کہ مجکو مار ڈالینگے یعنے فرعون کا لشکر بہت اور بیشمار مال اور میرے
پاس کچھ بھی نہین یہان تک کہ اہل و عیال اپنے بھی مین نے ایسی جگہ چھوڑے ہین کہ اُنکے
حال سے مجکو خبر نہین اِس لیے خداوند کبریا نے ایک فرشتہ بھیجا اُسنے بکریان تمامی اور ایک
فرشتے نے کیفیت واقعہ حضرت شعیبؑ سے بیان کی حضرت شعیبؑ نے اپنی بیٹی مع حوالی
اور مواشی اپنے پاس بلا لی جب فرعون ہلاک ہو لیا تب حضرت شعیبؑ نے اُنکے عیال
اُنکے پاس بھیجدیے آور قصص مین لکھا ہی کہ جس وقت حضرت موسیٰؑ اپنی بی بی کو دردزہ مین
چھوڑ کے روانہ ہوسے ہین اُسی وقت حق تعالیٰ نے ایک حور بہشتی صفورا کے پاس بھیجی اُسنے
دائی بنکے جنایا غرض کہ اسطرح سے اللہ نے حضرت موسیٰؑ کی تسلی کر دی پھر بسبب تنہائی کے
حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا کہ میری زبان مین لکنت ہی اور میرا بھائی ہارون فصیح ہی وہ میرے
ساتھ ہو چنانچہ سورۂ قصص مین ارشاد ہوا کہ واخی ہارون ہو افصح منی لسانا فارسلہ معی
ردءا یصدقنی انی اخاف ان یکذبون یعنی میرا بھائی ہارون اُسکی زبان چلتی ہی مجھسے زیادہ
سو اُسکو بھیج ساتھ میرے مدد کو کہ مجھکو سچا کرے مین ڈرتا ہون کہ مجکو جھوٹھا کرین ارشاد ہوا
کہ سنشد عضدک باخیک ونجعل لکما سلطانا فلا یصلون الیکما بآیاتنا انتما ومن اتبعکما الغالبون
یعنے ہم زور دینگے تیرے بازو کو تیرے بھائی سے اور دینگے تمکو غلبہ پھر وہ نہ پہونچ سکینگے

[illegible]

تم تک ہماری نشانیون سے تم اور جو تمھارے ساتھ ہی اوپر رہو گے اور یہ ارشاد ہوا کلا فاذہبا بآیاتنا انا معکم مستمعون یعنی کوئی نہین ماریگا تم دونون جاؤ لیکر نشانیان ہماری ہم ساتھ تمھارے سنتے ہین پھر حضرت موسیٰ نے دعا مانگی کہ سورۂ طٰہٰ مین ارشاد ہوا رب اشرح لی صدری ویسّر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقہوا قولی واجعل لی وزیراً من اہلی ہارون اخی اشدد بہ ازری واشرکہ فی امری کی نسبحک کثیراً ونذکرک کثیراً انک کنت بنا بصیراً یعنی ای رب کشادہ کر میرا سینہ کہ کسی کا خوف نہ لگے اور آسان کر میرا کام کہ تبلیغ رسالت قرار واقعی کرون اور کھول میری گرہ زبان سے کہ بوجھین میری بات اور دے مجکو ایک کام بٹانے والا میرے گھر کا ہارون میرا بھائی اُس سے بندھا میری کمر اور شریک کر اُسکو میرے کام کا کہ تیری پاک ذات کا بیان کرین ہم بہت سا اور یاد کرین تجکو بہت سا تو توہی ہمکو خوب دیکھتا فائدہ ایسے بڑے پیغمبرون کو خلق و فوج کی طرف بہت خیال نہین ہوتا ایک پیشکار چاہیے کہ خلق کو سمجھ مین سمجھاوے ہمارے پیغمبر کے آگے ابوبکر صدیقؓ تھے کہ شروع نبوت مین بہت لوگ اِنکے سمجھائے سے ایمان لائے بالجملہ یہ سوال حضرت موسیٰ کا قبول ہوا کہ سورۂ طٰہٰ مین ارشاد ہوا ہی قد اوتیت سؤلک یا موسیٰ یعنے ملا تجکو تیرا سوال ای موسیٰ واصطنعتک لنفسی یعنے بنایا ہم نے تجکو خاص اپنے واسطے پھر دوسرے مرتبے ارشاد ہوا سورۂ طٰہٰ مین اذہب انت واخوک بآیاتی ولا تنیا فی ذکری اذہبا الی فرعون انہ طغیٰ فقولا لہ قولاً لیناً لعلہ یتذکر او یخشیٰ یعنی جا تو اور تیرا بھائی لیکر میری نشانیان اور سستی نہ کرو میری یاد مین جاؤ طرف فرعون کے اُسنے سر اُٹھایا سو کہو اُس سے بات نرم شاید سوچ کرے یا ڈرے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ نشانیون سے مراد نو نشانیان ہین کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عنایت ہوئی تھین عصا ید بیضا طوفان ہفت روزہ ٹڈی چچڑی مینڈک خون مال کا پتھر ہونا یہان تک کہ انڈے چڑیون کے اور کپڑے اور کھانے کی چیز بھی وبا کہ پہلوٹا بیٹا قبطیون کا ایک ہی رات مین مرگیا اور بعضے کچھ اور بھی بیان کرتے ہین لیکن حاصل ہر ایک کا واحد ہی اور بعضے بجاے وبا قحط سہ سالہ لکھتے ہین بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف لے چلے اِس عرصے مین حضرت ہارون علیہ السلام مصر مین تشریف رکھتے تھے اُنکو بھی وحی ہوئی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام آتے ہین تم استقبال کرو اور ملکر دونون جاؤ فرعون پاس اور کہو ہم پیغام لانے والے ہین جہان کے صاحب کا فاتیا فرعون فقولا انا رسول رب العالمین

چنانچہ حضرت ہارون ایک منزل مصر سے استقبال کو حاضر ہوے اور ملاقات ہوئی تو حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ جناب باری سے یون ارشاد ہوا ہی کہ اذہبا الی فرعون انہ طغی یعنی جاؤ طرف فرعون کے اُسنے سر اُٹھایا ہی اور فساد مین اِس حد کو پہونچا ہی کہ دعوی ربوبیت کا کرتا ہی سو اُسکی اصلاح کی تدبیر کرنا لازم ہی اور حکم ہی کہ جب اُسکے پاس جاؤ تو اُس سے قول نرم کہو اور خشونت سے محترز رہو کیونکہ منکرون کے ساتھ اگر غلظت کروگے تو جہل و انکار بڑھجائیگا اور قول حق مین تمرد کرینگے پس چاہیے کہ اُسکو یا بادشاہ یا ابو العباس یا ابو الولید کہکر پکارو یا یون کہو کہ ہل لک الی ان تزکی و اہدیک الی ربک فتخشی یعنے تیرا جی چاہتا ہی کہ تو سنورے اور راہ بتاؤن تجھکو تیرے رب کی طرف پھر تجھکو ڈر ہو یا اسطرح سمجھاؤ کہ میرا پروردگار تجھکو بلاتا ہی تو قبول کر اور دیکھ تجھکو اُسنے چارسو برس کی مہلت دی کہ اِس مدت مین تو نے کیا کیا بے ادبیان کین اور اُسنے اپنی نعمت نہین چھینی بلکہ تجھکو صحت و عافیت مین رکھا اور بعضے کہتے ہین کہ قول نرم یہ تھا کہ حق تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو تعلیم فرمایا کہ ای موسی فرعون سے یون کہتا کہ ای فرعون چارسو برس تیری عمر سے گذر گئے اور اِس عرصے مین تو انا ربکم الاعلی کہتا رہا کہ اور کسی منکر جبار نے ایسا نہین کہا اب تیری عمر سے ہمگین چالیس برس رہے ہین اور تو زندگی کو دوست رکھتا ہی اور مصاحبت عورتون کی تجکو پسند ہی اگر ایک مرتبہ انت ربی الاعلی زبان سے کہدے تو کفر چارسو برس کا جاتا رہے اور سرنو سے تجکو جوان بنا دون کہ پندرہ برس کا ہو جاے اور ہزار برس جیتا رہے اور خزانے زمین کے تجھپر کھولون پھر نعمت دنیا کی نعمت آخرت سے ملا دون یعنی بہشت بھی عطا کرون فائدہ معلوم ہوتا ہی کہ سبب اس ارشاد کا یہ ہوا ہی کہ فرعون کا حق تربیت حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تھا سو اُسکے ساتھ موافق اُس حق کے عنایت اور الطاف سے گفتگو کرنا چاہیے اور بعضے یون بیان کرتے ہین کہ حضرت موسی ع وادی ایمن سے رخصت ہو کے جانب مصر روانہ ہوے جب دریاے نیل پر پہونچے تو حضرت ہارون کو ارشاد ہوا کہ ای ہارون تیرا بھائی خلعت نبوت سے آراستہ اور تاج رسالت سے پیراستہ آتا ہی تو اُسکے استقبال کو جا اور حضرت ہارون علیہ السلام بروایت صحیحہ چار برس حضرت موسیٰ سے بڑے تھے اور اِس عرصے مین باپ اور بہن انکی انتقال کر چکے تھے غرض کہ حضرت ہارون علیہ السلام بحکم خدا وقت شام بتاریخ دہم ذیحجہ فی الفور گھر سے باہر نکلے اور رود نیل پر وقت صبح حضرت موسیٰ سے ملے اور بعد از تحقیق احوال فرمان الٰہی فرعون پر لے چلے اور

بیان حضرت موسیٰ علیہ السلام

معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ جب مصر کی طرف چلے ہین تو اُنکے پاس ایک جبہ پشمین تھا اور
ہاتھ مین عصا اُسی پر اسباب لٹکائے ہوے رات کو اپنے گھر آئے اور ہارون علیہ السلام کو خبر دی
کہ مجکو اللہ نے تمھاری طرف بھیجا ہی کہ ہم تم ملکے فرعون کو دعوت کرین اُسوقت اُنکی مان یہ باتین
سُن کے دوڑین اور کہنے لگین کہ فرعون تمھارے مارنے کی فکر مین ہی اگر تم اُسکے پاس جاؤگے
تو دونون کو مار ڈالیگا حضرت موسیٰ نے نہ مانا اور رات ہی کو فرعون کے دروازے پر تشریف لیگئے
اور روضۃ الاصفیا مین لکھا ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام رات کو چھپے ہوے اپنی مان کے گھر
تشریف لائے تو مان نے نہین پہچانا حضرت موسیٰ نے کہا مین غریب مسافر ہون رات بھر تمھارے
مکان مین رہونگا اُسنے حق مہمانداری بخوبی ادا کیا اور حضرت ہارونؑ کو اُنکے پاس جی لگنے کو
بٹھلا دیا پھر گفتگو مین حضرت ہارونؑ نے پہچانا اور اپنی مان کو مطلع کیا تب اُنکی مان نے گلے سے
لگایا اور خوش ہوئین اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا کی عنایت کا سارا حال بیان کیا پس
بروایت اول اُسی دن بلا تامل تشریف لے گئے اور بروایت ثانیہ رات کو اور بروایت ثالثہ
چوتھے دن صبح کو فرعون کے دروازے پر دونون پیغمبر تشریف لے گئے اور تحقیق صاحب معالم کی
یہ ہی کہ رات ہی کو دروازے فرعون پر تشریف لے گئے اور کواڑون کو دھکا دیا دربانون نے
شور کیا یا اُن لوگون نے پہلے سے انکا حال دریافت کر لیا تھا پوچھنے لگے تم کون ہو حضرت
موسیٰ نے فرمایا انا رسول رب العالمین اُس چوکیدار نے فرعون سے کہا کہ ایک مجنون دروازے
کھڑا ہوا کہتا ہی انا رسول رب العالمین فرعون چپکا ہو رہا جب رات گذر گئی تو صبح کو بلوایا اور
ایک روایت ہی کہ یہ دونون پیغمبر فرعون کے دروازے پر آئے کسی نے سال بھر تک اذن
جانے کا نہ دیا تب ایک دربان نے فرعون سے عرض کیا کہ ایک آدمی دروازے پر ہی اپنے
زعم مین کہتا ہی کہ انا رسول رب العالمین فرعون نے کہا اسکو یہان لاؤ تو ٹھٹھا کرین تب دونون
پیغمبر دربار مین تشریف لائے اور بعضے نقل کرتے ہین کہ فرعون نے اپنے قلعہ مین ستر درجے
رکھے تھے ہر ایک درجے مین ایک جنگل اور ستر ہزار مرد مقاتل ہر صحن مین رہتا تھا اور جس
مکان مین آپ رہتا تھا اُسکے گرد ایک نہر اور بڑا سا جنگل اُسمین صدہا شیر اور چیتے اور اُسکا
ایک دروازہ رکھا تھا کہ اُسین سے دربار کے لوگ آتے جاتے اور جو کوئی بھٹک جاتا تو شیر
اُسکو پھاڑ ڈالتے جب حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام پہلی شہر پناہ پر تشریف لائے
تو دروازہ بند پایا حضرت موسیٰ نے اپنی لاٹھی ماری کواڑ کھل گئے اسی طرح سب دروازے کھلے

جب جنگل مین پہونچے توسب درندے جانور بھاگ نیٹھے آخر خاص محل کے دروازے پر آئے کسی نے مدت تک خبر نہ پہونچائی وہب ابن منبہ کہتے ہین کہ چوتھی تاریخ ذی الحجہ کو دروازے پہ پہونچے اور دسوین تاریخ فرعون کو خبر ہوئی اور محمد ابن اسحاق رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ دو برس تک دروازے پر مقیم رہے اور کسی کی جرأت نہ پڑی کہ فرعون سے انکی خبر کہے آخر کار ایک مسخرہ کہ فرعون کی مجلس مین نوکر تھا آیا اور کہنے لگا تم کس کام کو آئے ہو اور جانتے ہو کہ یہ مکان کس کا ہی حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام نے فرمایا کہ ہم جانتے ہین یہ قلعہ ہی فرعون کا کہ وہ اور اُسکے توابع بلکہ تمام زمین اور آسمان اور جو اُسمین ہی اللہ کے بندے اور مخلوق ہین اور ہم بھیجے ہوے اُسی خداوند عالم کے فرعون کی دعوت کو آئے ہین وہ مسخرہ فرعون کی مجلس مین آیا اور بولا کہ ای بادشاہ آج مین نے ایک امر عجیب دیکھا ہی کہ شیرون کی ہیبت مجھے بھول گئی فرعون نے اُسکی کیفیت پوچھی اُس مسخرے نے کہا دو آدمی دروازے پر ہین اُنکے خوف سے سارے درندے جنگل کے بھاگ گئے ہین شاید ساحر ہین اور جب مین نے اُنسے باتین کین تو ایسی بات بولے کہ مین اُسکا ذکر کرنا بے ادبی سمجھتا ہون فرعون نے کہا بیان کر بولا کہ اُنکو یہ گمان ہی کہ سوائے تیرے اور بھی کوئی خالق ہی اِس بات سے فرعون کو غضب آیا اور کہنے لگا کہ جلد لاؤ اُسوقت مجلس مین ہامان وغیرہ اُمرا حاضر تھے اور بہت خلقت تماشا دیکھنے آئی کہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام باحشمت موہوبہ ملک جبار و آیات معنویۂ خالق قہار تشریف لائے فرعون نے کہا من انتما حضرت موسیٰ نے فرمایا انا رسول رب العالمین ان ارسل معنا بنی اسرائیل یعنے مین پیغام لایا ہون جہان کے صاحب کا یہ پیغام کہ بھیج دے تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو فلسطین مین اور جنکو تونے چارسو برس سے غلام بنا رکھا ہی چھوڑ دے حقیقت یہ ہی کہ بنی اسرائیل کا وطن حضرت ابراہیمؑ کے وقت سے شام تھا حضرت یوسفؑ کے سبب سے مصر مین آرہے تھے اب حق تعالیٰ نے اُنکو ملک شام دینا چاہا تب حضرت موسیٰؑ کو اسطرح سے بھیجا اور سدی سے روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے اور پہلے گفتگو نہایت مہربانی سے فرمائی کہ تو ایمان قبول کر تو جوانی پھر آئے اور تجھسے ملک در مملکت کبھو ن چھینی نجائے الابد از موت اور جب مرے تو بہشت مین داخل کیا جاے فرعون نے یہ کلام سنکر یقین کیا ہامان مردود اُسوقت حاضر نہ تھا جب وہ آیا تو فرعون نے احوال حضرت موسیٰؑ کا بیان کیا اُسنے کہا تجکو کچھ بھی عقل ہی تم خالق سے مخلوق اور رب سے مربوب اور معبود سے

عابد اور مسجود سے ساجد بنا چاہتا ہی تب فرعون نے تامل کر کے حضرت موسیٰ کو دیکھا تو پہچانا اور کہا چنانچہ سورۂ شعرا مین ارشاد ہوا الم نربک فینا ولیدا ولبثت فینا من عمرک سنین وفعلت فعلتک التی فعلت وانت من الکافرین یعنے ہم نے پالا نہین تجکو اپنے گھر مین لڑکا سا اور رہا تو ہمارے پاس اپنی عمر مین سے کئی برس یعنے تیس برس اور کر گیا تو اپنا وہ کام جو کر گیا اور تو ہی ناشکر علامۂ بغوی حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہین من الکافرین سے یہ مراد ہی کہ انت من الجاحدین لنعمتی وحق تربیتی یعنے تو میری نعمت اور تربیت کا منکر ہی کیونکہ فرعون کفر بالربوبیۃ واقف بھی نہ تھا تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا کہ سورۂ شعرا مین ارشاد ہوا کہ فعلتہا اذًا وانا من الضالین ففررت منکم لما خفتکم فوہب لی ربی حکمًا وجعلنی من المرسلین یعنے کیا تو ہی مین نے وہ اور مین تھا چوکنے والا پھر بھاگا مین تم سے جب تمہارا ڈر دیکھا پھر بخشا مجکو میرے رب نے حکم اور ٹھہرایا مجکو پیغام پہونچانے والا وتلک نعمۃ تمنہا علی ان عبدت بنی اسرائیل یعنے یہ نعمت ہی کہ منت رکھتا ہی تو مجھپر کہ بندہ کیا تو نے بنی اسرائیل کو یعنی بندہ کرنا بنی اسرائیل کا نعمت نہ تھا اسی طرح پرورش کرنا میرا کہ اُسکی ضرورت تھی نعمت نہ تھی کہ اُسکا مین ممنون ہون معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ اس آیت کی تاویل مین اختلاف ہی بعضے اقرار پر حمل کرتے ہین یعنے حضرت نے فرمایا کہ اپنا تربیت کرنا اور قتل نکرنا اور غلام نہ بنانا جیسا بنی اسرائیل کے اور لڑکون کو قتل کیا تھا اور غلام بنایا تھا نعمت مین شمار کر کے فرمایا کہ البتہ وہ احسان ہی جو تو مجھپر رکھے کہ غلام کر لیے تو نے بنی اسرائیل اور مجکو غلام بنانے سے چھوڑ دیا اور بعضے کہتے ہین کہ یہ قول حضرت کا انکار ہی اور الف استفہام کا محذوف ہی یعنی اوتلک نعمۃ یعنی یہ نعمت ہی کہ بنی اسرائیل کے ساتھ بدمعاملگی تو نے کی اور اُنکو غلام بنایا اور قتل کیا کہ وہ میری قوم ہی اور اہانت قوم موجب ذلت ہی پس اس سبب سے تیرا سارا احسان جاتا رہا بالجملہ فرعون نے کہا یہ رسالت تم کہان سے لائے ہو حضرت موسیٰ نے فرمایا رب العالمین کے پاس سے فرعون نے کہا وما رب العالمین یعنی رب العالمین کیا چیز ہی قال رب السموات والارض وما بینہما ان کنتم موقنین یعنی کہا موسیٰ نے رب العالمین ہی صاحب آسمان اور زمین کا اور جو اُنکے بیچ مین ہی اگر تم یقین کرو چونکہ اُس مردود نے جنس سے سوال کیا تھا اور اللہ تعالےٰ جنس سے پاک ہی اسلیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے افعال الٰہی کا ذکر کیا جس سے تمام خلق عاجز ہی اب فرعون جواب مین متحیر ہوا اور اپنے امرا سے کہ اُس وقت پانسو آدمی سونے کے

کنگن پہنے ہوے حاضر تھے کہنے لگا الا تستمعون یعنی تم نہین سنتے ہو انکا اعتقاد یہ تھا کہ ہمارا خدا بادشاہ ہی انکو سنایا کہ یہ کیا باتین کرتا ہی تم بھی سنتے ہو مین حقیقت کا سوال کرتا ہون وہ افعال سے جواب دیتا ہی پھر حضرت نے زیادہ توضیح فرمائی کہ ربکم و رب آبائکم الاولین یعنے رب العالمین صاحب تمھارا اور صاحب تمھارے اگلے باپ دادون کا ہی اگرچہ پہلی ارشاد مین واضح ہوگیا تھا کیونکہ آسمان وزمین کے بیچ مین سبھی داخل تھے لیکن یہ اسواسطے فرمایا کہ فرعون اصل مین دہریہ تھا اعتقاد رکھتا تھا کہ آسمان اور زمین خالق کے محتاج نہین بلکہ واجبات سے ہین اور سب افلاک متحرک بالذات ہین اور اِس قول مین اُس توہم کی گنجایش نہین اُسپر فرعون نے اپنی مجلس والون سے کہا ان رسولکم الذی ارسل الیکم لمجنون ہر آئینہ تمھارا پیغام والا جو تمھاری طرف پہونچا ہی باولا ہی کہ ایسے کلام کرتا ہی جو سمجھ مین نہین آتے یعنی موسیٰ کے زعم مین سوائے میرے اور بھی خدا ہی شاید اُن لوگون کا یہ عقیدہ تھا کہ جو ہمارے عقیدے کے خلاف ہو وہ عاقل نہین ہی پھر حضرت موسیٰ نے توضیح فرمائی کہ رب المشرق والمغرب وما بینہما ان کنتم تعقلون یعنی رب مشرق اور مغرب کا ہی اور جو اُنکے بیچ مین ہی اگر تم بوجھ رکھتے ہو یعنے اگر عقل ہی تو سمجھو کہ حقیقت ذات کے سوال کا یہی جواب ہی کہ اُس ذات کے افعال اور صفات بیان کیے جاوین نہ اور کچھ غرض کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک بات کہتے جاتے تھے اللہ کی قدرتین بتانے کو اور فرعون بیچ مین اپنے سردارون کو ابھارتا تھا کہ اُنکو یقین نہ آجاوے آخرکار جب شرمندہ ہوکر جواب مین بند ہوا اور حجت حضرت موسیٰ کی غالب پڑی تو غرور دکھلانے کو کہنے لگا لئن اتخذت الٰہاً غیری لاجعلنک من المسجونین یعنے اگر تونے ٹھہرایا کوئی اور حاکم میرے سوا تو مقرر ڈالونگا تجکو قید مین کلبی سے منقول ہی کہ قید فرعون کی قتل سے زیادہ تھی یعنے آدمی کو گرفتار کرکے ایک مکان اکیلے مین ڈال دیتا تھا کہ وہان نہ کچھ دیکھے نہ سُنے اِس کلام کے جواب مین حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بطریق انصاف فرمایا اولو جئتک بشئ مبین یعنی جو لایا ہون تیرے پاس ایک چیز کھول دینے والی پھر بھی تو قید کریگا یعنے افتفعل ذلک وان آتیتک بحجۃ بینۃ تب فرعون نے کہا فات بہ ان کنت من الصادقین یعنے تو وہ چیز لا اگر تو سچ کہتا ہی تو ہم نہ قید کرینگے فالقیٰ عصاہ فاذا ہی ثعبان مبین یعنے ڈال دی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی تو اُسی وقت وہ ناگ ہوگئی صریح اور ایک میل جانب آسمان بلند ہوا اور آگ اُسکے منہ سے اُڑنے لگی اور دھوان ناک سے نکلنے لگا اور دونون آنکھین مشعل نظر پڑنے لگین اور دانتون سے آواز عجیب

آسنے لگی جسطرف متوجہ ہوا اُسکو خراب وخستہ کیا جسپر پھونک ماری وہ جل گیا
سارے آدمی اُسکے خوف سے تلے اوپر گرنے لگے وہب ابن منبہ سے روایت ہی
کہ پچیس ہزار آدمی اُسدن بیجان ہوا اور بعضی روایت مین چالیس ہزار حطب ختم ہوگئے
پھر قصر فرعون پر متوجہ ہوا تو فرعون تخت سے گر پڑا اور بھاگا اور امان مانگتا ہو حضرت
موسیٰ سے کہنے لگا کہ مین تمہارا تابعدار ہوجاؤنگا اور بنی اسرائیل کو چھوڑ دونگا تم آس
بلا سے مجھے بچاؤ حضرت موسیٰ نے اپنی لاٹھی اُٹھالی تب فرعون نے کہا اور بھی کچھ
حجت ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا ہاتھ جیب مین ڈالکر نکالا تو ایسا روشن اور
نورانی نکلا کہ دیکھنے والون کی آنکھین جھپک گئین اور زمین پر گر پڑے کما قال فی
سورۃ الشعراء ونزع یدہ فاذا ہی بیضاء للناظرین یعنی اندر سے نکالا اپنا ہاتھ تو وہ اسیوقت
چمکتا ہی آنکھون کے سامنے پھر آسنے امان مانگی حضرت نے اپنا ہاتھ بند کرلیا بعد اسکے
قبول ایمان اور تصدیق نبوت اپنی فرعون سے طلب کی آسنے کہا آج تامل کر دمین اس
بات مین مشورہ کر کے کہونگا پھر سب سے علیحدہ عرض کیا کہ ای موسیٰ تونے پچیس ہزار آدمی
مارے کیا اسیواسطے تو مبعوث ہوا ہی اور حالانکہ تو کہتا ہی کہ بھیجنے والا میرا رحیم ہی کیا یہی
مقتضای رحمت ہی جو تیرے ہاتھ سے واقع ہوا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا
کہ درحقیقت تونے مارا ہی کہ تو خود کافر ہوا اور ان لوگون کو تونے کفر اور شرک کی
تکلیف دی اور ان لوگون نے تیرا کہنا مانا پس حقیقت مین سبب ہلاکت تو ہی نہ مین پھر
اور کلمات توحید اور نصیحت بھی خلوت مین ارشاد کیے فرعون نے کہا اگر تیری بات
قبول کرون تو اسکی جزا کیا ہی حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ وحدانیت خدا کا اقرار کر کے
اسکی پرستش کر تو مین دعا کرون کہ اللہ تعالیٰ تجھکو چار چیزین عنایت کرے ایک جوانی
موت تک دوسری بادشاہی دنیا تیسری صحت اور سلامتی چوتھی بہشت ہمیشہ فرعون نے
کہا اسمین تامل درکار ہی تاکہ مین بعضے عاقلون سے دریافت کرلون تب اسکا جواب دون
اسیوقت اسپنے گھر مین آیا اور آسیہ خاتون سے حال کہا آسنے جواب دیا کہ جو شخص عاقل ہو
کبھی اس سخن کے خلاف نہ کہیگا بلا تامل قبول کرے پھر ہامان مردود سے مشورہ کیا اُس
بے سامان نے کہا کہ اتنی مدت مسند الوہیت پر بیٹھے اب خاک عبودیت پر بیٹھا چاہتے ہو
اب تک لوگون نے تمہاری عبادت کی اب تم اور کی عبادت کروگے کیا عقل جاتی رہی ہی

اور جو چار چیزون کا موسی علیہ السلام تمسے وعدہ کرتے ہین سو انمین اول جوانی ہی سو اسکی بقا اسطرح ہو سکتی ہی کہ سر اور داڑھی کے بالون کو خضاب سے سیاہ کرو جوانی بنی رہیگی دوسری بادشاہی وہ فی الحال تمکو حاصل ہی کسیکو طاقت نہین کہ چھین لے اور تیسری صحت ہی سو جب موافق اطبا کے عمل کروگے صحیح رہوگے چوتھی بہشت ہی وہ سوا ان باتون کے میرے خیال مین اور کچھ نہین آتی سو تمھارے قبضہ اختیار مین ہی ان باتون سے فرعون کی توجہ ایمان سے جاتی رہی اور ارکان دولت سے کہنے لگا تمھاری راے کیا ہی

قال الملاء من قوم فرعون ان ہذا الساحر علیم یرید ان یخرجکم من ارضکم فماذا تامرون یعنی بولے سردار قوم فرعون کے یہ بیشک کوئی بڑا جادوگر ہی نکالا چاہتا ہی تمکو تمھارے ملک سے فرعون نے کہا اب کیا مشورہ دیتے ہو بعضون نے کہا اقتلوا ابناء الذین امنوا معہ واستحیوا نساءہم یعنی مارو بیٹے اُنکے جو یقین لائے ہین اسکے ساتھ اور جیتی رکھو اُنکی عورتین معالم التنزیل مین قتادہ سے روایت ہی کہ یہ ظلم قتل کا دوسرا ہی کیونکہ فرعون نے بعد پیدا ہونے حضرت موسے کے قتل لڑکون کا موقوف کردیا تھا جب حضرت موسی مبعوث ہوے تو اسنے پھر قتل شروع کیا پس معنی آیت کے یہ ہین کہ پھر شروع کرو قتل انکا اور عورتون کو چھوڑ دو کہ اپنے مردون کو متابعت موسے سے روکین فائدہ فرعون کی قوم نے یہ تو صلاح دی مگر حضرت موسی کے مارنے کی صلاح نہ دی اسواسطے کہ معجزہ اُنکے پاس بہت بڑا ہی ایسا نہو کہ بدلا لے مگر فرعون نے کہا

ذرونی اقتل موسی ولیدع ربہ انی اخاف ان یبدل دینکم او ان یظہر فی الارض الفساد یعنی مجکو چھوڑو کہ مار ڈالون موسی کو اور پڑا پکارے اپنے رب کو مین ڈرتا ہون کہ بگاڑے تمھاری راہ یا نکالے ملک مین خرابی تب ایک شخص فرعون کے لوگون مین سے جو پوشیدہ ایمان رکھتا تھا بول اُٹھا کہ سورۂ مومن مین ارشاد ہوا اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ وقد جاءکم بالبینات من ربکم وان یک کاذبا فعلیہ کذبہ وان یک صادقا یصبکم بعض الذی یعدکم ان اللہ لا یہدی من ہو مسرف کذاب یعنی کیا مار ڈالتے ہو ایک مرد کو اسپر کہ کہتا ہی میرا رب اللہ ہی اور لایا ہی تمپر کھلی نشانیان تمھارے رب کی جو دلالت کرتی ہین اُسکے صدق پر اور اگر وہ جھوٹھا ہوگا تو اُسپر پڑیگا اسکا جھوٹھ اور تمکو کچھ ضرر نہین اور اگر وہ سچا ہوگا تو تمپر پڑیگا کوئی وعدہ جو دیتا ہی بیشک اللہ

راہ نہیں دیتا اُسکو جو ہو بے لحاظ جھوٹا ابو عبیدہ مفسر فرماتے ہین کہ آیت مین اسجگہ
بعض سے مراد کل ہے یعنی اگر تمنے قتل کیا اور مقتول سچا ہے تو سب عذاب تمپر پڑیگا
جسکا وعدہ کرتا ہے معالم التنزیل مین لکھا ہے کہ اس مومن مین اختلاف ہے مقاتل
اور سدی کہتے ہین کہ بھائی چچیرا فرعون کا تھا جسکی شان مین اللہ نے فرمایا ہے وجاء
رجل من اقصے المدینۃ یسعیٰ اور ابن عباس رضی اللہ اور اکثر علما کہتے ہین کہ خربیل
اسرائیلی تھا اور ابن اسحاق کہتے ہین کہ اسکا نام جبرل تھا اور بعض کے نزدیک خربیل تھا اور بعضے
کہتے ہین حبیب نام تھا فائدہ اسیطرح ایک معاملہ ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین عرب سے
واقع ہوا عروہ ابن زبیر کہتے ہین کہ مین نے عبداللہ عمرو بن عاص سے کہا کہ مجکو خبر دے
اس شدید حرکت سے جو کی ہے مشرکون نے آنحضرت سے تب کہا عبداللہ نے کہ ایک دن
آنحضرت نمار کعبہ مین نماز پڑھتے تھے عقبہ ابن معیط نے آکر کندھے آنحضرت کے کپڑے
اور چادر گردن مبارک مین ڈالکر زور سے کھینچی کہ حضرت ابوبکر صدیق آگئے اور اُس
کافر کے کندھے پکڑکے علحدہ کردیا اور کہا اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ وقد جاءکم
بالبینات پھر حضرت صدیق کو کافرون نے بہت مارا غرضکہ جب فرعون قتل سے باز رہا
تو ان لوگون نے کہا ارجہ واخاہ وارسل فی المدائن حاشرین یاتوک بکل ساحر علیم
یعنی ڈھیل دے اسکو اور اُسکے بھائی کو اور بھیج دے پرگنون مین نقیبون کو لاوین
تیرے پاس بڑے بڑے جادوگر اور حاذق فن سحر مین تاکہ معارضہ کرین محققین مفسرین بیان
کرتے ہین کہ جسقدر ساحر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت مین تھے اسقدر کبھی نہین
ہوئے یعنی ایک ہزار شہر اور بارہ ہزار قریہ تھا انمین سوا ساحرون کے اور کوئی
نہ تھا انھین کی طرف نقیب چلے کہ جہان کہین ساحر ہوشیار پاوین حاضر لاوین اور ایک
روایت ہے کہ فرعون نے پہلے سے کچھ لڑکے بنی اسرائیل کے جو ذہین اور زکی تھے سحر
سیکھنے کو ایک ساحر کے پاس کسی گانون مین بھیجدیے تھے سو وہ لڑکے سیکھکر تیار ہوے
انکو فرعون نے بلوایا کہ سورہ شعرا مین فرمایا فجمع السحرۃ لمیقات یوم معلوم وقیل للناس
ہل انتم مجتمعون لعلنا نتبع السحرۃ ان کانوا ہم الغالبین یعنی پھر اکٹھے کیے جادوگر وعدے
ایک مقرر دن کے اور کہدیا لوگون کو تم اکٹھے ہوتے ہو شاید ہم راہ پکڑین جادوگرون کی
اگر ہووین وہی غالب فائدہ یوم موعود یوم زینت تھا یا نوچندی سنیچر شروع سال کا

یا فرعون کی سالگرہ کا دن تھا کہ ساحر جمع ہوئے فائدہ ساحرون مین اختلاف ہو نزدیک
مقاتل کے بہتر تھے دو قبطی اور ستر بنی اسرائیل اور دونون قبطی سردار تھے اور کلبی کے
نزدیک ستر تھے لیکن سردار وہی تھے اور سب بنی اسرائیل تھے اور کعب احبار سے
روایت ہو کہ ستر ہزار تھے انمین سے بارہ ہزار کامل تھے انمین سے بہتر کامل تر تھے اور ان بہتر مین
چار رئیس تھے ایک ساطور دوسرا غازور تیسرا حطحط چوتھا مصفی اور بعضے کہتے ہین کہ
سردار انکا ایک شخص نابینا تھا صحیح تر یہ ہو کہ سب ستر تھے اور دو شخص انمین رئیس تھے
شمعون اور صفر یا سعید وہ دونون بھائی تھے جب فرعون کے نقیب انکے پاس
پہونچے تب یہ دونون اپنی مان کے پاس گئے اور بولے ہمکو ہمارے باپ کی قبر پہ لے چلو
وہ لے گئی ان دونون نے پکارا اسنے کہا کیا ہو کہنے لگے کہ فرعون کے پاس دو شخص آئے ہین
نہ ہتیار انکے پاس ہو نہ لشکر صرف ایک کے پاس ایک لاٹھی ہو کہ وہ سانپ ہو جاتی ہو
جو چیز اسکے سامنے پڑتی ہو اسکو نگل لیتا ہو سو فرعون نے داعیہ کیا ہو کہ ہمکو اسکے مقابلے مین
پیش کرے اور بلوایا ہو سو ہمکو تدبیر بتلاؤ کہ ہم مصر مین جا کے کسطرح معارضہ کرین صاحب قبر نے
جواب دیا کہ مصر مین جاؤ جب وہ دونون شخص سو رہین تب اس لکڑی کو اٹھاؤ اگر تمہارے
ہاتھ آجائے تو بیشک تم غالب ہوگے اور جو ناگ ہو جائے تو بیشک معجزہ ہو سحر نہین
پھر کوئی شخص مخلوقات الٰہی سے اسکا مقابل نہین ہو سکتا کس واسطے کہ سحر ساحر کا
خواب مین بے اثر ہو جاتا ہو سو وہ دونون بھائی سب سے چھپے ہوئے مصر مین آئے تو
دیکھا کہ دونون پیغمبر آرام مین ہین اور بچشم ظاہر خواب مین اور لاٹھی رکھی ہو یہ دونون
وقت کو غنیمت سمجھکر لاٹھی کی طرف متوجہ ہوئے اسنے بھی انکا قصد کیا کہ یہ دونون بھاگے
اور پھر نہ آئے بالجملہ پھر دن چڑھے اور ساحر اپنے اپنے مکر لیکر قلعہ فرعون پر جمع ہوئے
اور بہت لوگ تماشائی ہوئے اور فرعون بن ٹھن کے بڑے تزک سے ایک کھڑکی سے
لگ بیٹھا اور کہنے لگا انا ربکم الاعلےٰ یعنی مین بڑا خدا ہون اور جو کوئی اور پروردگار تمہارا ہو
کہ جسنے موسیٰ کو بطور ایلچی بھیجا ہو تو مجھسے مرتبہ اسکا پست تر ہو اگر موسےٰ اپنی رسالت
ثابت کرے تب بھی قابل اتباع نہین اور ربوبیت اسکے رب کی اگر ہو تو عام ہو اور
میری ربوبیت خاص اہل مصر پر ہو اور خاص مقدم ہو عام پر پاسداری اور اہتمام عنایت مین
اور ربوبیت موسیٰ کے خدا کی پوشیدہ ہو اور میری ربوبیت ظاہر ہو قطع نظر ایلچی اسکا

میرے کسی ایلچی کے برابر طمطراق نہین رکھتا نہ اُسکے ہاتھ مین دستانہ ہین نہ کنگن نہ اُسکے ساتھ فوج ہی نہ حشم وخدم اور ایلچی سے بادشاہ کی بادشاہی معلوم ہوتی ہی اگر اُسکا رب بڑا ہوتا تو اُسکا ایلچی بھی بڑا ہوتا چنانچہ سورۂ زخرف مین ارشاد ہی ام انا خیر من ہذا الذی ہو مہین ولا یکاد یبین یعنی بھلا مین ہون بہتر اس شخص سے جسکو عزت نہین اور صاف نہین بول سکتا اور دیکھو میرے سامنے فوج پرا باندھے چلتی ہی اور میرے امیرون کے ہاتھون مین سونے کے کنگن ہین کہ مین نے انعام دیے ہین اور میرے ہاتھون مین جواہرات سے مرصع کنگن ہین اگر موسیٰ ایلچی خدا کا تھا فلولا القی علیہ اسورۃ من ذہب او جاء معہ الملائکۃ مقترنین یعنی پھر کیون نہ آ پڑے اُسپر کنگن سونے کے یا آتے اُسکے سامنے فرشتے پرا باندھکر چنانچہ یہ کلام فرعون کا تماشائی ضعیف الایمان تسلیم کرتے جاتے تھے اور ہنوز حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف نہ لائے تھے اور ساحر اپنی صفین باندھے ستر اونٹون پر اسباب اور لاٹھیان شعبدے اور مکر کی لادے فرعون کے روبرو حاضر تھے کہ دفعتہً حضرت موسیٰ کلیم اللہ مع ہارون وزیر تشریف لائے اور لاٹھی ٹیکے ایک طرف کھڑے ہوئے اور حضرت ہارون علیہ السلام داہنے پر آئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام علم نصرت لیکر آگے ہوئے اور موکلین تمنا اور قدر نشو رضمن لفتح قریب پڑھنے لگے اور ساحرون نے پیش قدمی کرکے فرعون سے کہا ائن لنا لاجرا ان کنا نحن الغالبین بھلا کچھ ہمارا نیگ بھی ہی جو ہو جاوین ہم غالب قال نعم وانکم اذا لمن المقربین بولا البتہ اور تم اُسوقت نزدیک والون مین ہوگے یعنی میرے مصاحب ہوگے اور بے تامل میرے پاس آنے کی اجازت پاؤگے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اول کلمات مواعظ اور نصائح ارشاد فرماکے بولے کہ سورۂ طہٰ مین ارشاد ہوا ویلکم لا تفتروا علی اللہ کذبا فیسحتکم بعذاب وقد خاب من افتری یعنی کم بختی تمھاری جھوٹھ نہ بولو اللہ پر پھر کھو جاوے تمکو کسی آفت سے اور مراد کو نہین پہونچا جسنے جھوٹھ باندھا تب بعضے ساحرون نے کہا یہ کلام ساحرون کا نہین ہی پھر سردار جادوگرون کا کہ شاید نابینا تھا پوچھنے لگا کہ یہ دونون شخص کچھ لشکر اور فوج بھی ساتھ رکھتے ہین جادوگرون نے کہا ایک شخص لاٹھی لیے ہی اور دوسرا خالی ہاتھ نہ کوئی یار ہی نہ مددگار تب اُسنے کہا یہ ہرگز ساحر نہین ہین انکی عزت کرنا چاہیے چنانچہ ساحرون نے باادب عرض کیا یا موسیٰ اما ان تلقی واما ان نکون

نحن الملقین یعنی موسیٰ یا تو ڈالے اپنا عصا پہلے یا ہم ڈالتے ہین اپنی رسیان اور لاٹھیان قال القوا
فلما القوا سحروا اعین الناس واسترہبوہم وجاروا بسحر عظیم یعنی کہا موسیٰ نے ڈالو پھر جب
ڈالا باندھ دین لوگون کی آنکھین اور انکو ڈال دیا اور کر لائے بڑا جادو معالم وغیرہ
تفسیرون مین لکھا ہی کہ جب حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ تم ڈالو تو جادوگر متحیر ہوکے بولے کہ
اے موسیٰ اگر ہم مغلوب ہوجائین تو تیری متابعت کرین اور اگر تو مغلوب ہوجاسے تو
فرعون جو چاہے کرے مگر بعزت فرعون سے ہمکو یہ امید ہی کہ ہم غالب آوینگے یہ کہکر
بڑی بڑی رسیان پارے کی ملی اور لکڑیان بانس کی پارہ کی بھری میدان میلانے مین
کہ وہ سب آفتاب کی گرمی سے جنبش کرنے لگین اور سارا میدان سانپون سے بھر گیا
اور تماشائی بھاگے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ دو میل تک سانپ ہی
نظر آتے تھے قال اللہ تعالے فاذا حبالہم وعصیہم یخیل الیہ من سحرہم انہا تسعی کہ یعنی
تب ہین انکی رسیان اور لاٹھیان اسکے خیال مین آتی ہین جادو سے کہ دوڑتی ہین غرض یہ شعبدہ
دیکھکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی فی الجملہ اندیشہ ہوا فاوجس فی نفسہ خیفۃ یعنی ما نفت
موسیٰ نے اپنے جی مین خوف خواہ طبیعت بشریہ سے ڈرے یا اس سبب سے کہ قوم کے لوگ
شک مین پڑکر متابعت میری نہ کرینگے اسیوقت وحی ہوئی کہ لاتخف انک انت الاعلی یعنی
تو نہ ڈر مقرر تو ہی رہیگا اوپرا اور یہ جادوگر ہین اور جادوگر کبھی اپنے حیلے مین فلاح نہین پاتے
تجھی کو غلبہ ہی پھر ارشاد ہوا کہ ان الق عصاک فاذا ہی تلقف ما یافکون یعنی ڈال اپنا عصا
تب ہی وہ لگا نگلنے سوانگ جو وہ بناتے تھے فالقی موسیٰ عصاہ فاذا ہی تلقف ما یافکون
پس ڈالا موسیٰ نے اپنا عصا اور لگا نگلنے جو سوانگ وہ بناتے تھے فوقع الحق وبطل ما کانوا
یعملون تب داؤ پڑا حق کا اور غلط ہوا جو وہ کرتے تھے یعنی حضرت موسیٰ سچے ہوئے اور
وہ سب جھوٹھے اور آپس مین بولے کہ اگر یہ سحر ہوتا تو ہمپر غالب نہ آتا فغلبوا ہنالک
وانقلبوا صاغرین تب ہاری قوم فرعون کی اسجگہ اور پھر سے ذلیل ہوکر اور وہ اژدہا
رسیون کو نگل کر خلقت پر متوجہ ہوا ساری خلقت بھاگی کہ اس ازدحام مین تین لاکھ آدمی
یا چھ لاکھ طریق عدم پر سیدھے چلے گئے پھر حضرت موسیٰ نے اسکو اٹھا لیا ساحرون نے
بعلم یقین جانا کہ یہ شخص مؤید بتائید آسمانی ہی فالقی السحرۃ ساجدین قالوا آمنا برب العالمین
رب موسیٰ وہارون یعنی پھر ڈالے گئے ساحر سجدے مین بولے ہمنے مانا جہان کے صاحب کو

جو صاحب موسیٰ اور ہارون کا ہو اور ہنوز سجدے سے سر نہ اُٹھایا تھا کہ حق تعالےٰ نے
درجات بہشت اُنکی نظر مین کھول دیے اور مراتب اُنکے دکھلائے اور دوزخ کے حالات
اور فرعونیون کی عقوبتین ظاہر فرمائین جب ساحرون نے سجدے سے سر اُٹھایا اور
وحدانیت خدا اور نبوت موسےٰ اور ہارون کا اقرار کیا اور سرداروں نے برملا پکارا
لا الہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ اور چونکہ اصاغر ہمیشہ تابعدار اکابر کے ہوتے ہین وہ بھی
یہی کلمہ کہنے لگے تب فرعون نے کہا آمنتم بہ قبل ان آذن لکم ان ہذا لمکر مکرتموہ فی المدینۃ
لتخرجوا منہا اہلہا فسوف تعلمون یعنی تمنے مان لیا اُسکو ابھی مین نے حکم نہین دیا تمکو یہ مکر ہی
کہ باندھ لائے ہو شہر مین کہ نکالو میان سے اسکے لوگ سو اب تم جانوگے یعنی تم سب ملکر اس
فریب سے شہر کی ریاست لیا چاہتے ہو سو اسکا نتیجہ پاوٴگے فلاقطعن ایدیکم و ارجلکم من
خلاف ولاصلبنکم فی جذوع النخل یعنی مین کاٹونگا تمھارے ہاتھ اور دوسرے پانون یعنی
داہنے ہاتھ اور بائین پیر ہر ایک کے کاٹونگا پھر سولی چڑھا دونگا تم سب کو خرمون کی
شاخون مین اس بات سے فرعون نے سب کو اپنا دشمن بنایا پس ساحرون نے کہا
تو جو چاہے کرے انا الی ربنا منقلبون وما تنقم منا الا ان آمنا بآیات ربنا لما جاءتنا ربنا
افرغ علینا صبرا وتوفنا مسلمین یعنی ہمکو اپنے رب کے گھر جانا ہو اور تو ہمسے یہی بیر کرتا ہی
کہ مانین ہمنے نشانیان اپنے رب کی جب ہم تک پہونچین اے رب دہانے کھول دے ہمپر
صبر کے اور ہمکو مار مسلمان بالجملہ فرعون نے ان سب کے ہاتھ پیر کٹوا کر سولی چڑھائے
آور بعض مفسرین کہتے ہین کہ جب ہاتھ پیر اُنکے کاٹے اور بڑی بڑی سولیون پر چڑھایا
تو حضرت موسےٰ علیہ السلام دیکھکر روئے حضرت عزت نے منازل قرب اور مقامات انس
انکی نظر مین کھول دیے کہ حضرت کو تسکین ہوئی ۔۔ جادوان کان دست و پا درباختند +
در فضاے قرب موسےٰ تاختند + گر برفت آن دست و پا ہر جاے آن + رست از حق
نالہاے جادوان + تا بدان پرہان بپرواز آمدند + در ہواے عشق شہباز آمدند +
بعد اُسکے حضرت موسیٰ کے قتل کا ارادہ کیا لیکن دسترس نہوا مگر چار مسلمانون کو بعد
اس واقعے کے چہ مینچا کیا اور بنی اسرائیل پر زیادتیان شروع کین اُن چارون مین
اول حزبیل تھا جسکا اشارہ کلام باری مین ہی وقال رجل مومن من آل فرعون یہ
شخص سو برس سے فرعون کا خزانچی تھا اُسکو چہ مینچا کر کے ہلاک کیا اور دوسرا آدمی

جبرئیل کی عورت تھی کہ فرعون کی بیٹی کے مشاطہ تھی اُسکو بھی مع اُسکے لڑکون کے شہید کیا ماجرا اُسکا یہ ہوا کہ وہ عورت ایک دن فرعون کی بیٹی کے سر مین کنگھی کرتی تھی دفعۃً کنگھی ہاتھ سے گر گئی اُسنے بسم اللہ کہکے اُٹھائی فرعون کی بیٹی نے کہا کہ یہ نام تو میرے باپ کا ہی اُسنے کہا یہ نام تیرے اور تیرے باپ کے رب کا ہی اُسنے طمانچہ مارا اور فرعون سے کہدیا اُس مردود نے بلواکر پوچھا کہ یہ کیا کلام تھا اُس مظلومہ نے کہا کلام حق تھا تب فرعون مارنے پر مستعد ہوا اُسنے کہا کیا اندیشہ ہی اگر ہزار جان ہون تو اس کلام کے صدقے کرون مگر اِس بات سے نہ پھرون اور اُسوقت تو مین نے زبان دبا کے کہا تھا اب علانیہ کہتی ہون کہ ربی وربک اللہ تب فرعون نے اُسکو اور اُسکے لڑکون کو قتل کیا کیفیت قتل مین دو روایتین ہین ایک تو یہ کہ اُسکو بھی جو میخا کیا اور دوسری یہ روایت ہی کہ تنور کو آگ سے گرم کرایا اور اُسکو اور اُسکے بیٹون کو بلوایا ہر چند کفر کی دعوت کی اُسنے نہ مانا ایک لڑکے کو تنور مین ڈالا وہ جل گیا پھر دوسرے کو ڈالا وہ بھی جلا جب دودھ پیتے لڑکے کا ارادہ کیا تو محبت سے اُسکا دل جلنے لگا قریب تھا کہ کوئی کلام بے صبری کا زبان سے نکالے کہ وہ لڑکا شیرخوارہ بول اُٹھا کہ ماں صبر کر اور کچھ غم نکر تو سچے دین پر ہی اور دنیا چند روزہ ہی پھر فرعون نے اُسکو اور چھوٹے لڑکے کو ساتھ ہی تنور مین ڈال دیا اور امام ابو مطیع نسفی قصص التنزیل مین بیان کرتے ہین کہ دونون لڑکون نے وقت قتل کے کہا کہ اے ماں زنہار دین حق سے نہ پھرنا کیونکہ عذاب الٰہی اس عذاب سے سخت تر ہی جب شیرخوارہ کی نوبت آئی تو اُس مومنہ نے شفقت سے شور کیا شیرخوارہ نے کہا صبر کر جزع اور فزع نہایت ممنوع ہی اُسوقت اللہ جل شانہ نے پردے اُٹھاکے اُسکے دونون لڑکون کو دکھلایا کہ بہشت مین کھیل رہے ہین تب اُسکو خاطر جمع ہوئی پھر فرعون نے اُس شیرخوارہ کو مع اُسکی ماں کے شہید کیا فائدہ حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ چار لڑکے دودھ پیتے بولے ہین اول شاہد یوسف علیہ السلام اور دوسرے حضرت موسیٰ علیہ السلام کہ تنور مین بولے تھے اور تیسرا یہ لڑکا مشاطہ کا چوتھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہ اپنی ماں کی گود مین بولے ہین اور بعضے روایت کرتے ہین کہ شب معراج مین جب آنحضرت کو خوشبو آئی تو حضرت نے حضرت جبرئیل سے پوچھا کہ یہ کیا بو ہی حضرت جبرئیل نے کہا کہ یہ خوشبو ہی مشاطہ آل فرعون کی اور اُسکے لڑکون کی تیسرا آدمی جسکو فرعون نے جو میخا کیا

چہار طفل شیرخوارہ کلام کردہ اند

حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا بنت مزاحم میں حال انکا یہ ہی کہ یہ جھرو کھے سے بیٹھی ہوئی میں فرعون کا ظلم دیکھتی تھیں اور مرتبہ مشاطہ اور اُسکے لڑکون کا عنایت آلہی سے یہ معائنہ کر رہی تھیں کہ فرشتے انکی ارواح کے استقبال کو آتے جاتے ہین اور اُنکو تصدیق کامل ہوتی جاتی تھی جب کہ فرعون ملعون اس ظلم صریح سے فارغ ہوکے گھر مین آیا تو حضرت آسیہ سے بطریق مفاخرت اُس مشاطہ کا حال کہنے لگا حضرت آسیہ نے فرمایا الویل لک یا فرعون فرعون نے کہا تجکو بھی شاید وہی جنون ہی جو مشاطہ کو ہوا تھا حضرت آسیہ نے کہا مین دیوانی نہیں ہون دین موسیٰ علیہ السلام کی حقیت اور تیری وضع کا بطلان مجھپر بخوبی ثابت ہی سو مین اُسکے خدا کا ایمان لائی ہون تب اُس مردود نے حضرت آسیہ کو چومیخا کیا یعنی دونون ہاتھ اور دونون پانون پر میخین گڑوادین اور دھوپ مین لٹا کر ایک چکی کا پاٹ اُنکے سینے پر رکھا اُسوقت حضرت آسیہ نے مناجات شروع کی رب ابن لی عندک بیتا فی الجنۃ ونجنی من فرعون وعملہ ونجنی من القوم الظالمین یعنی ای رب بنا میرے لیے اپنے پاس ایک گھر بہشت مین اور بچا مجکو فرعون سے اور اُسکے عمل سے اور بچا قوم نا انصاف سے تب حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور اُنکی روح کو بہشت مین لے گئے اور ایک موتی کے گھر مین بٹھلا دیا ملتنے فرعون نے دیکھا کہ حضرت آسیہ نے انتقال فرمایا تو مایوس ہوکر مخذول ہوا جو تھا ایک شخص بڑا بوڑھا وہ بھی بعد ایمان لانے کے مارا گیا ہی قصہ اُسکا محققین یون بیان کرتے ہین کہ ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی ہوئی کہ ایک شخص شہر مین فلان مقام پر رہتا ہی اُسکی دعوت کرو اگر تمسے بدزبانی کرے تو رنجیدہ خاطر نہو اور جو کچھ مال اور دولت مانگے تو وہ خزانہ مخفی جو اُسکے مین دروازے پر گڑا ہی عطا کرو چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اُسکے دروازے پر تشریف لائے دروازہ بند تھا حضرت نے اُس دروازے پر پتھر مارے صاحب خانہ مطلع ہوکے دوڑا اور دروازہ کھولا تو حضرت موسیٰ کو دیکھکر کہنے لگا ای جادوگر تو کسواسطے آیا ہی فرمایا کہ ؎ آمدہ ایم تا بجو دگوش کشان کشا نمت ✤ بیدل و بیخودت کنم در دل خود نشانمت ✤ صید منی شکار من گرچہ زدام جستۂ ✤ ہم سوی دام باز بر ورنہ بری پرانمت ✤ پھر دعوت ایمان شروع کی اُسنے کہا کہ مین دو سو برس سے فرعون پرستی کرتا ہون اب مین تمھارے جادو سے خدا پرستی نہ کرونگا حضرت نے فرمایا کہ اس مدت مین تجکو کیا حاصل ہوا بولا کہ دنیا کا فائدہ بہت ہوا مگر مین پوچھتا ہون کہ تجکو خدا پرستی مین کیا

وفات آسیہ

قصۂ ایک بڈھے کا

کیا ملا فرمایا کہ مین خداپرستی دنیا کے لیے نہین کرتا بلکہ اسواسطے کہ وہ عبادت کا مستحق ہی اُس بوڑھے نے کہا مین تو پرستش صرف دنیا ہی کے واسطے کرتا ہون حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ اگر تو دنیا چاہتا ہی تو پروردگار میرا تجکو ایسا خزانہ عنایت کریگا کہ پھر دنیا کی حاجت نہ رہیگی بولا وہ خزانہ کہان ہی حضرت نے اُسکے دروازے پر نشان دیا اُسنے اپنے بیٹے سے کھدوایا اور خزانہ پایا اُسیوقت ایمان لایا اور خوشی سے تمام بازار مین پکارتا پھرا کہ لا الہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ یہ خبر فرعون کو پہونچی اُسنے گرفتار کرکے قید کیا اور کہا شاید تجکو موسیٰ نے میری راہ سے پھیرا ہی اُسنے کہا بلکہ موسیٰ نے سیدھی راہ دکھلائی ہی فرعون نے کہا توبہ کر ورنہ قتل کرونگا اُسنے کہا مین ہرگز نہ پھرونگا فرعون نے چاہا کہ دیگ مین ڈال کے جلادے حضرت جبرئیل نے اُٹھا کے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس ڈال دیا دوسرے مرتبہ شہر مین پھر پکارنے لگا فرعون نے پھر گرفتار کیا پھر وہی معاملہ ہوا جو پہلے ہوا تھا غرض کہ تین مرتبہ یونہین اتفاق ہوا بعد اُسکے اس ضعیف نے حضرت موسیٰ سے التماس کیا کہ اگر راہ خدا مین نثار ہون تو نہایت بہتر ہی اب بچانا کچھ ضرور نہین غرضکہ چوتھے مرتبہ فرعون نے گرفتار کرکے دیگ مین ڈال دیا کہ وہ بھی شہید ہوا القصہ بعد دیکھنے معجزات کے ایک جماعت کثیر قبطیون کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایمان لائی چنانچہ روایات سے واضح ہی کہ ستر قبیلے قبطیون کے شریعت الٰہیہ سے سعادت اندوز ہوے اور بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت مین رہنے لگے اور فرعون مرد و عورت لڑکون کو مارنے لگا تب بنی اسرائیل مضطرب ہوکے فریادی ہوے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا

استعینوا باللہ واصبروا ان الارض للہ یورثہا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین یعنی مدد مانگو اللہ سے اور ثابت رہو البتہ زمین ہی اللہ کی دیتا ہی جسکو چاہتا ہی اپنے بندون سے اور عاقبت اچھے لوگون کو ہی فائدہ اس کلام مین بنی اسرائیل کو یہ بشارت تھی کہ قبطی ہلاک ہونگے اور یہ دولت اور نعمت تمھارے ہاتھ لگیگی لیکن بنی اسرائیل ہرگز نہ سمجھے پھر شکایت کی کہ یا نبی اللہ ہم آپ کے آنے سے پہلے ظلم فرعون مین مبتلا تھے مگر باپ دادون کے فرمانے سے اپنی خلاصی اور بچاؤ تمھارے تشریف لانے پر جانتے تھے سو بھی زمانہ خدا نے دکھلایا تب بھی ایذارسانی قبطیون کی بدستور رہی بلکہ ہر روز زیادہ ہی اب کیا کرین ہمکو جانے دیجیے تو ہم بھاگ جاوین یا ارشاد ہو تو قبطیون سے لڑین یا اور ہی تدبیر سوچیے کہ ہمکو

خوشی ہو تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ عسیٰ ربکم ان یہلک عدوکم ویستخلفکم فی الارض یعنی نزدیک ہے کہ رب تمہارا کھپاوے تمہارے دشمن کو اور نائب کرے تمکو زمین مین یعنی ارض مصر یا ارض مقدسہ مین تنبیہ یہ کلام اللہ جل شانہ نے نقل فرمایا مسلمانون کے سنانے کو کیونکہ یہ سورۃ مکہ معظمہ مین نازل ہوئی ہے اسوقت مین مسلمان لوگ بھی ایسے ہی مظلوم تھے پس یہ بشارت پہونچی تاکہ مطمئن ہون بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایمان فرعون اور فرعونیون سے مایوس ہوکے بیٹھ رہے اور فرعون کے پاس کا جانا ترک کردیا ہنوز ایک ہفتہ نہ گذرا تھا کہ قوم فرعون پر مقدمات عذاب کا ظہور شروع ہوا اول تین برس کا قحط پڑا تو کہنے لگا کہ یہ سب حضرت موسیٰ اور اُسکی قوم کی شامت سے ہے نہین باتون سے ہمیشہ سحر کرتا ہے لیکن ہم اُسکو ہرگز نہ مانینگے فارسل علیہم الطوفان یعنی ہمنے بھیجا اُنپر طوفان کہ دریاے نیل چڑھ گیا اور اکثر کھیت اور باغ اور گھر قبطیون کے بہ گئے اور بنی اسرائیل کے گھر محفوظ رہے طوفان سے مراد ہے طوفان کرنے والا مکانون کا جسطرح سیل و باران کہ اُنسے مکانات محفوظ کم رہتے ہین اور بعضے کہتے ہین آسمان سے پانی برسا کہ سات ہفتے آسمان نہین کھلا اور مصر مین ایسا پانی بھر گیا کہ قبطیون کو نشست اور برخاست کی ایسی مشکل پڑی کہ کھڑے پھرتے اور لڑکے اُنکے بلندیون پر جا بیٹھے اور جو گھر مین بیٹھا رہا ڈوب گیا اور بنی اسرائیل کے گھرون مین باوصف اسکے کہ سب قبطیون سے ملے ہوے تھے اس پانی سے خبر بھی نہ تھی تب وہ قوم فرعون سے عاجز ہوے جب اُنکی نہ چلی تب موسیٰ علیہ السلام سے عرض کرنے لگے کہ تمام حویلیان مصر کی گری جاتی ہین اور خلقت مری جاتی ہے اپنے خدا سے دعا کر کہ یہ بلا موقوف ہو جاے تو ہم سب ایمان لاوین حضرت موسیٰ نے دعا فرمائی طوفان موقوف ہوا اور زمین شاداب ہوئی کہ ایسی کبھی نہ تھی فرعون نے کہا یہ بلا نہ تھی بلکہ عطا تھی ہم ایمان نہ لاوینگے اور بعضے کہتے ہین کہ وہ طاعون تھا ماجرا اُسکا یہ تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی پہونچی کہ آج کی رات فرعونیون پر بلاے طاعون آویگی یہ خبر حضرت کی زبان سے مشہور ہوئی اور فرعون کو پہونچی اُسنے حکم دیا کہ آج رات مین ایک آدمی قبطیون کا اور ایک آدمی بنی اسرائیل کا ملکے بیٹھے اگر بلا آوے تو دونون پر پڑے مگر ظاہر ہے کہ خلاف تقدیر نہین ہوتا ہر چند فرعون نے یہ تدبیر کی لیکن جب بلا آئی تو اسی ہزار سردار قبطیون کے ہلاک ہوے عوام اور بہائم کا شمار نہین

اور بنی اسرائیل بالکل محفوظ رہے روایت ہی کہ سات روز اسیطرح کا معاملہ رہا اور بعضے ایک سال بیان کرتے ہین اور اصح روایت یہ ہی کہ پہلے تین برس کا قحط ہوا کہ بالکل پانی کا برسنا موقوف ہوگیا پھر طوفان نازل ہوا جسکا اشارہ ہی سورۂ اعراف مین ولقد اخذنا آل فرعون بالسنین اور پہنے لیا فرعون والون کو قحطون مین بااین ہمہ عادات کفر و ضلالت سے نہ پھرے بلکہ قوی ہوتے گئے اور یہ کہتے کہ بعد قحط کے ہمارے کھیت اور باغ پانی کے طوفان سے کیسے سرسبز ہوے ہین یہ بلا نہین ہی بلکہ عطا ہی سو بعد ایک ہفتے کے اللہ جل شانہ نے ٹڈی کو مسلط فرمایا کہ سارے کھیت کھا گئی اور سات روز تک یہ غلبہ رہا کہ غلہ کا نشان اور درختون کے پتے باقی نہ رہے تب سب قبطی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے اور کہنے لگے اگر یہ بلا جاتی رہے تو ہم ایمان لاوین حضرت موسیٰ نے دعا فرمائی ہوا نے ٹڈیون کو دریا مین ڈالا تب کہنے لگے جو کچھ غلہ بچ رہا ہی اُسکو جمع کرکے سال بھر کھاتے ایمان لانا ضرور نہین چنانچہ غلہ باقیماندہ جمع کرکے رکھ لیا اور اطمینان سے بیٹھے تب اللہ تعالے نے چچڑیون کو مسلط فرمایا کہ آدمیون کے بدن اور کپڑون مین جمع ہوگئین اور غلہ رکھا ہوا بھی کھا گئین پھر حضرت کے پاس حاضر ہوے اور ایک مرتبہ قول و قرار مضبوط کرگئے کہ بیشک ایمان لاوینگے پھر دعا سے چچڑیان دفع ہوئین ایک ہفتہ تک مطمئن رہے اور ایمان نہ لائے پھر اللہ نے مینڈک بھیجے کہ ہر چیز مین مینڈک ہوگئے کوئی شخص نہ کھانا کھا سکے نہ پانی پی سکے اور نہ سو سکے نہ چل سکے کیونکہ ساری راہین اور گھر اور کپڑے مینڈکون سے بھرے ہوے تھے جب پریشان ہوے تو پھر فریادی ہوے اور اگلی مرتبہ بھی عہد اُلٹ کیا کہ لاریب ایمان لاوینگے اور بنی اسرائیل کو تمھارے ساتھ رخصت کردینگے پھر حضرت نے دعا فرمائی کہ وہ بلا رفع ہوئی پھر ایک ہفتہ تک مطمئن رہے اور ایمان نہ لائے تب خداوند تعالےٰ نے دریاے نیل کو خون کردیا اور کوئین اور حوض اور نہرین قبطیون کی خون سے بھر گئین مگر بنی اسرائیل محفوظ رہے بلکہ رود نیل سے جو پانی بنی اسرائیل لاتے وہ پانی تھا اور قبطیون کے واسطے وہی پانی خون اس بلا سے فرعون سخت متحیر ہوا اور قبطیون سے بولا کہ اب موسیٰ کے پاس جاؤ اور عرض کرو کہ ساری قوم ہماری پیاس سے مری جاتی ہی دعا کرو کہ خون پانی ہوجاوے تو ہم ایمان لاوین چنانچہ پھر حضرت نے حسب استدعا قبطیون کے دعا فرمائی کہ بلا موقوف ہوئی مگر آن کافرون نے کچھ بھی نہ مانا جیسے تھے ویسے ہی رہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہی فارسلنا

علیہم الطوفان والجراد والقمل والضفادع والدم آیات مفصلات فاستکبروا وکانوا قوما مجرمین یعنی بھیجا اُنپر غرقاب اور ٹڈی اور چچڑی اور مینڈک اور لوہو کی نشانیان جدی جدی پھر تکبر کرتے رہے اور تھے وہ لوگ گنہگار فائدہ یہ سب بلائین فرعونیون پر ایک ایک ہفتے کے فرق سے نازل ہوئین اور طریق یہ تھا کہ اول حضرت موسےٰ فرعون سے کہہ آتے کہ اللہ تمپر بلا بھیجیگا وہی بلا آتی پھر مضطرب ہوتے حضرت موسیٰ کی خوشامد کرتے کہ انکی دعا سے دفع ہو جاتی پھر منکر ہو جاتے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے سورۂ اعراف مین ولما وقع علیہم الرجز قالوا یا موسی ادع لنا ربک بما عہد عندک لئن کشفت عنا الرجز لنؤمنن لک ولنرسلن معک بنی اسرائیل فلما کشفنا عنہم الرجز الی اجل ہم بالغوہ اذا ہم ینکثون یعنی جس بار پڑا انپر عذاب بولے ای موسیٰ پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا سکھا رکھا ہے تجکو اگر تونے اٹھایا ہمسے عذاب تو بیشک تجکو مانینگے اور رخصت کرینگے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو پھر جب ہمنے اٹھا لیا انسے عذاب ایک وعدے تک کہ انکو پہونچنا تھا تب ہی منکر ہو جاتے پھر جب فرعون کا عذاب نزدیک پہونچا اور سچے ایمان کی اس سے اور اسکی قوم سے امید نہ رہی کیونکہ جب آفت پڑتی تو جھوٹھی زبان سے کہتے کہ اب ہم مانینگے اسمین عذاب تھم جاتا کام فیصل نہوتا اسواسطے پہلے حضرت موسیٰ اور ہارون کو سورۂ یونس مین ارشاد ہوا ان تبوآ لقومکما بمصر بیوتا واجعلوا بیوتکم قبلۃ واقیموا الصلوۃ وبشر المومنین یعنی ٹھہراؤ اپنی قوم کے واسطے مصر مین سے گھر اور بناؤ اپنے گھر قبلہ کی طرف اور قائم کرو نماز اور خوشخبری دے ایمان والون کو یعنی اپنی قوم انمین شامل نہ رکھو اپنا محلہ جدا بساؤ کہ آگے اور انپر آفتین پڑتی ہین تمھاری قوم آفت مین شریک نہو پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مناجات کی کہ سورہ یونس مین ارشاد ہے ربنا انک آتیت فرعون وملاہ زینۃ واموالا فی الحیوۃ الدنیا ربنا لیضلوا عن سبیلک ربنا اطمس علی اموالہم واشدد علی قلوبہم فلا یومنوا حتی یروا العذاب الالیم یعنی ای رب ہمارے تونے دی ہے فرعون کو اور اسکے سردارون کو رونق اور مال دنیا کی زندگی مین ای رب اسواسطے کہ بہکاوین تیری راہ سے ای رب مٹا دے انکے مال اور سخت کر انکے دل کہ نہ ایمان لاوین جبتک دیکھین دکھ کی مار یہ اسواسطے مانگا کہ جھوٹھا ایمان نہ لاوین دل انکے سخت رہین تا عذاب پہنچے اور کام فیصل ہو ارشاد ہوا قد اجیبت دعوتکما فاستقیما ولا تتبعان سبیل الذین لا یعلمون یعنی قبول ہو چکی تمھاری دعا سو تم دونون ثابت رہو اور مت چلو راہ انکی جو انجان ہین یعنی

شتابی نکر و حکم کی راہ دیکھو مفسرین فرماتے ہین کہ اطمس علی اموالھم سے مراد ہی کہ اسکے مالون کی صورت
بدل دے اور کثرت مال بروایت ابن عباس رضی اللہ عنہ اس سبب سے ہوئی تھی کہ حد فسطاط
مصر سے تا زمین حبشہ سونے اور چاندی اور زبرجد کی کانین تھین اُن سب پر فرعون کا قبضہ تھا
اس سبب سے اُسکی قوم کو تمول اور تجمل حاصل ہو گیا اور یہی سبب اضلال پڑا سو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
دعا سے جملہ درہم اور دینار پتھر بیکار ہو گئے اور سدی سے روایت ہی کہ سب نقد اور جنس اور
پھل اور درخت پتھر ہو گئے حتیٰ کہ ایک عورت تنور مین روٹی پکا رہی تھی وہ بھی پتھر ہو گئی پھر
قوم فرعون دعا کی ملتجی ہوئی کہ حضرت موسیٰ کی دعا سے بلا جاتی رہی اور مال و جنس حالت اصلی پر
آگیا پھر کہنے لگے کہ ای موسیٰ اگر ہزار در ہزار معجزے تو دکھلائیگا تو بھی ہم تیرا ایمان نہ لاوینگے
اور تجکو نبی اللہ نہ کہینگے ہر چند فرعون ہر مرتبہ عزمیت درست کرتا کہ ایمان لاؤن لیکن ہامان لعین بایں
یہ کلمے پھیر دیتا اتریدان تکون عبدا بعد ان کنت ربا و تکون مملوکا بعد ان کنت مالکا اس عرصہ
مین بعد اس عذاب کے یا قبل اسکے ایک روز فرعون کہنے لگا کہ یا ایہا الملاء ما علمت لکم
من الٰہ غیری فاوقد لی یا ہامان علی الطین فاجعل لی صرحا لعلی اطلع الی الٰہ موسیٰ و انی لاظنہ
من الکاذبین یعنی ای درباروالو مجکو معلوم نہین تمھارا کوئی حاکم میرے سوا سو آگ دے ای ہامان
میرے واسطے گارے کو پھر بنا میرے واسطے ایک محل شاید مین جھانک دیکھون موسیٰ کا رب
اور میری اٹکل مین تو وہ جھوٹھا ہی کشاف اور معالم مین لکھا ہی کہ ہامان نے پچاس ہزار معمار
اُستاد سوا مزدورون اور نجارون اور اینٹ پزون کے دور دور سے طلب کرکے مقرر کیے
اور ایک مکان ایسا بلند اور وسیع طیار ہوا کہ جب آفتاب مشرق سے نکلتا تو سایہ اُس مکان کا
مغرب مین پڑتا اور جب آفتاب پھرتا تو مشرق مین سایہ پڑتا اور وسیع ایسا کہ اگر ایک قصر سے
کوئی شخص دوسرے قصر پر دوڑتا بھی جاتا تو شاید ڈیڑھ برس مین پہونچتا اور فرعون ہزار زینے
پر ہو کے چڑھتا تھا اور بعضے کہتے ہین کہ ایک مکان کئی درجے کا تھا زاد المسیر مین لکھا ہی
کہ جب بنا تمام ہوئی اور فرعون اُسپر چڑھا تو آسمان جیسا دور تھا ویسا ہی نظر آیا شرمندہ ہوا
اور ایک تیر پھینک مارا وہ تیر خون آلودہ پھر آیا فرعون نے کہا مین نے موسیٰ کے خدا کو مار آیا پھر
حضرت جبرئیل نے اُسکو ڈھا دیا کہ تین ٹکڑے ہوا ایک قطعہ لشکر پر گرا دوسرا قطعہ دریا مین گرا
تیسرا مغرب کو گیا اور سب اُستاد و مزدور داخل جہنم ہوے تب بھی فرعون متنبہ نہوا بلکہ
واستکبر ہو و جنودہ فی الارض بغیر الحق و ظنوا انہم الینا لا یرجعون یعنی بڑائی کرنے لگا وہ اور

اُسکا لشکر ملک مین ناحق اور گمان کیا کہ وہ ہماری طرف پھر نہ آوینگے فائدہ فرعون نے یہ سمجھا تھا
کہ حق سبحانہ تعالے جسم ہی اور آسمان اُسکا مکان ہی اور جانا اُس تک ممکن ہی مگر یہ حماقت تھی
ع بالامکان آفرین مکان چہ کند ٭ آسمان گر بآسمان چہ کند ٭ نہ مکان رہ برد بدو نہ زمان ٭
نہ بیان زو خبر دہد نہ عیان فائدہ گارے کو آگ دینے سے یہ مراد ہی کہ پکی اینٹ بنائی جائے
بعضے کہتے ہین کہ پکی اینٹ سب سے پہلے عالم مین فرعون نے بنائی ہی القصہ حضرت موسیٰ
علیہ السلام نے بعد مقابلہ ومخاصمہ و اظہار معجزات قاہرہ کہ چالیس برس تک بعد عہدۂ
نبوت کے مصر مین واقع ہوے فرعون فرعونیون کے ایمان سے بالکل مایوس ہوے تو
جناب الٰہی مین عرض کرنے لگے کہ یا الٰہی ایسی کوئی تدبیر وحیلہ مجھکو ارشاد کر کہ مین بنی اسرائیل کو
قبطیون سے خلاص کرون کہ تجھکو بلاخوف و بے ہراس عبادت کرین تب وحی ہوئی کہ سورۂ
شعرا مین ارشاد ہوا ان اسر بعبادی انکم متبعون یعنی رات کو لے نکل میرے بندون کو البتہ
تمہارے پیچھے لگینگے کعب احبار سے روایت ہی کہ جب سے سحرۂ فرعون ایمان لائے اُس وقت سے
تا خروج موسیٰ علیہ السلام کے مصر سے بیس برس گذرے تھے اور آیات تسعہ اس عرصے مین
ظاہر ہوگئین اور اہل کتاب کے نزدیک یہ آیات بینات گیارہ مہینے مین واقع ہوئین اور اس
عرصہ مین عمر حضرت موسیٰ اسّی برس کی پہونچی تھی اور اہل تاریخ مین مشہور ہی کہ مدت ظہور آیات
تین برس گیارہ مہینے کی تھی مگر اصح یہ ہی کہ چالیس برس حضرت موسیٰ مصر مین رہے اور اسی
عرصے مین یہ سب امور واقع ہوے معالم التنزیل مین ابن جریج سے روایت ہی کہ اللہ تعالےٰ نے
حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی بھیجی کہ چار چار گھر سے آدمی بنی اسرائیل کے ایک ایک گھر مین
داخل ہوون اور بکریون کو ذبح کرکے خون دروازون پہ چھڑکین اور اپنے گھرون کو
چراغ جلتے چھوڑین کہ ملائکہ عذاب آوینگے جس گھر پہ نشان خون کا پاوینگے اُسمین داخل ہوینگے
اور جسپر نہ پاوینگے اُسمین داخل ہوکے خونریزی کرینگے اور یہ بات بھی سمجھا دی کہ سب آدمی
اسباب سفر مہیا کرین اور قبطیون سے زر اور زیور جو کچھ ہو سکے بعاریت لے رکھین دریا کے پار
جانا پڑیگا اور فرعون مع اپنی قوم کے پیچھے لگیگا لیکن تم سب کو نجات ملیگی اور منکر کافر
غرق ہونگے چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے سردارون سے فرمادیا انھون نے
اپنے سارے کنبے کو اطلاع دی وہ سب جمع ہوے یہانتک کہ جو کوئی قبطیون کا نوکر یا کہ
متبنٰے تھا وہ بھی حاضر ہوا اور بموجب وحی چار گھر والے ایک گھر مین جمع ہوے اور نشانیان

خون کی کردین اُسی رات اللہ کے حکم سے وبا پڑی کہ ہر قبطی کا پلوٹھا بیٹا مرگیا وہ لوگ اپنے غم مین پڑے
اور اخبار الدول مین ہی کہ ستر ہزار عورات باکرہ قوم قبط کی ایک رات مین مرگیئین کہ وہ لوگ اُنکے
غم و تجہیز و تکفین مین مصروف ہوے وہو الصحیح بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تاریخ نوین محرم
روز یکشنبہ مصر سے نکلے اور اہل کتاب کہتے ہین کہ شب پنجشنبہ گیارھوین شعبان تھی اور
یہود اُس سال کے پنجشنبے کو عید الفطر کہتے ہین صحیح روایت یہ ہی کہ حضرت موسیٰ نے بموجب
وحی کے سب قوم کو جمع کیا تو فرعون کے لوگون نے یہ خبر اُس ملعون کو پہونچائی اُسنے
متوہم ہو کے اس حرکت سے استفسار کیا بنی اسرائیل کے سردارون نے کہا کل عاشورا یوم تولد
حضرت آدم علیہ السلام ہی ہم سب چاہتے ہین کہ ایک جگہ بیرون شہر جمع ہو کر عبادت کرین
اور اپنی رسوم بجالائین فرعون نے اجازت دی تب عوام نے بتقریب تزئین زیور اور
پوشاک قبطیون سے بطور عاریت لیے اور عید کے بہانے سے اپنے خیمے باہر شہر کے ڈالے
یہان تک کہ آخر شب سب وہان جمع ہوگئے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُسی رات کو وہان سے
کوچ فرمایا جب صبح مین الشمس پر جلوہ فرما ہوے تو لشکر کا شمار کیا چھ لاکھ ستر ہزار بروایت صحیحہ
شمار مین آیا اور بعضے کہتے ہین کہ چھ لاکھ بیس ہزار مرد کامل شمار مین آئے مگر نہین بوڑھے
ستر برس تک اور جوان بست سالہ اور عورات کا شمار نہین ہی بعد ازان مقدمۃ الجیش حضرت
ہارون علیہ السلام ہوے اور میمنہ و میسرہ اسباط یہودا ولاوی کو ملا اور قلب لشکر مین حضرت
یوشع ابن نون علیہ السلام مع اسباط یوسف علیہ السلام و بنیامین ہوے اور سب کے پیچھے
حضرت یونس علیہ السلام خود بذات خاص تشریف لے چلے اثنا راہ ایک جنگل ملا وہان راہ
بھولے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پیران کہن سال سے استفسار کیا اور سبب پوچھا وہ
بولے کہ حضرت یوسف صدیق علیہ السلام نے وفات کے قریب یہ وصیت فرمائی تھی اور اپنی
اولاد اور بھائیون سے عہد و پیمان مضبوط لیا تھا کہ جب تمکو مصر سے نکلنا پڑے تو میرا تابوت
یہان سے ہمراہ لیجانا پھر میرے آبا و اجداد کے قریب رکھدینا سو اب تم لوگ مصر سے جاتے ہو
تابوت ہمراہ نہین اسی سبب سے راہ نہین ملتی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا تابوت مبارک
کہان ہی نشان دو تو اُسے ساتھ لے چلین سب نے کہا ہمکو اسکا علم نہین ہی صرف وصیت
اُنکے بزرگون سے سنی تھی سو یاد رہی تب حضرت نے باواز بلند فرمایا کہ اُسکو قسم ہی خدا کی جسکو
حضرت یوسف کے تابوت کا نشان معلوم ہو میرے پاس آوے اور خبر دے کسی نے اقرار نہ کیا

مگر ایک عورت ضعیفہ مریم نام حاضر ہوئی اُسنے کہا کہ مین تابوت حضرت یوسف علیہ السلام سے آگاہ ہون مگر نہ بیان کرونگی جب کہ مجھکو ملے وہ چیز جسکی مین خواہش کرون حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اندک توقف فرمایا اُسیوقت وحی ہوئی کہ جو کچھ یہ ضعیفہ درخواست کرے قبول کرو تب فرمایا کہ اپنی درخواست ظاہر کر اُسنے کہا دو چیزین چاہتی ہون ایک دنیا کی دوسری آخرت کی فرمایا جلد بیان کر اُسنے کہا دنیا کا یہ مطلب ہے کہ مین پیرانہ سالی سے پیادہ پا چل نہین سکتی سواری عنایت ہو دوسری یہ کہ بہشت مین تمہارے ساتھ تمہارے درجے مین رہون حضرت موسے علیہ السلام نے قبول کیا تب اُسنے التماس کیا کہ تابوت حضرت یوسف پیغمبر علیہ السلام کا دریاے نیل مین فلان مقام پر رکھا ہے چنانچہ بفور دریافت اس حال کے حضرت موسیٰ علیہ السلام خود دریاے نیل پر تشریف لے گئے اور سنگ مرمر کا تابوت نکال لائے اور خود لیکر پیش پیش لشکر کے چلے کہ راہ راست ملگئی بنی اسرائیل بھی افتان وخیزان کنارے دریا کے پیچھے لگے ہوے پہونچے بعضے کہتے ہین اس ضعیفہ نے تین چیزین مانگی تھین ایک سواری دوسری بکجائی تیسری جوانی چنانچہ تینون درخواستین حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قبول فرمائین اور بعضے کہتے ہین کہ بنی اسرائیل نے رات کو تین مرتبہ راہ گم کی تھی اور ہر مرتبہ یہ آواز سنتے تھے کہ مجکو دشمنون مین نہ چھوڑ رو حتیٰ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی آواز سنی اور ندا فرمائی اور بعض کے نزدیک عبور دریا کے وقت یہ معاملہ واقع ہوا ہے مگر روایت اولی صحیح ہے القصہ بنی اسرائیل دریا پر نہ پہونچے تھے کہ بروایت صحیح صبح ہوگئی اور فرعون واقف ہوا تو اُسنے غیظ مین آکر نقیب وچوبدار بھیجکر اطراف مقدس سے سوار طلب کیے اور مستعد ہوا کماقال فارسل فی المدائن حاشرین یعنی بھیجے شہرون مین نقیب اور کہدیا ان ہؤلا لشرذمۃ قلیلون وانہم لنا لغائظون یعنی یہ لوگ جو ہین سو ایک جماعت ہین تھوڑی سی اور وہ مقرر ہمسے جی جلے ہین کیونکہ بھاگ گئے ہین اور زر وزیور قوم کا لے گئے ہین وانا لجمیع حاذرون اور ہم سب سلاح پوشیدہ ہین اور مراسم لڑائی کے جانتے ہین اور اُنکے پاس نہ سلاح ہے نہ لڑائی کا طریقہ جانتے ہین حالانکہ بنی اسرائیل مین بروایتے صرف مرد کاری بیس برس سے ساٹھ برس تک کے چھ لاکھ ستر ہزار آدمی تھے الا فرعون نے بسبب کبر ونخوت کے یہ کلمہ کہا بالجملہ اُسدن لوگونپر آفت تھی اور اپنے لڑکون کے ماتم مین گرفتار تھے اس سبب سے بڑی تاکید سے نکلے اور سورج نکلتے فرعون بھی بڑی فوج وحشم سے سوار ہوا کہ ستر ہزار ابلق گھوڑون کے سوار

مقدمۃ الجیش تھے اور ایک لاکھ تیر انداز اور ایک لاکھ نیزہ باز اور اسیقدر گرز بردار ہمراہ
رکاب تھے کہ اس شوکت سے کنارے دریا کے پہونچا اور بعضے مفسرین نے لکھا ہی کہ چھ لاکھ
نو سو سوار مقدمہ لشکر کیا اور چھ لاکھ میمنہ اور چھ لاکھ میسرہ اور چھ لاکھ ساقہ لشکر گردانا اور
خود مع لشکر بیشمار قلب لشکر مین ہوکر چلا سو یکی لشکر سراپا غرق جوشن + شدہ در موج خون
دریاے آہن + چو چشم دلبران پر کین و خونریز + بقتل خون مردم تیغہا تیز + لیکن یہ مبالغہ ہی
اور صحیح یہ ہی کہ چھ لاکھ ستر ہزار بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کے ہمراہ تھے اور چھ لاکھ قبطی
فرعون کے ہمراہ تھے کما فی المدارک فی تفسیر سورۂ طٰہٰ بالجملہ دسوین محرم کو آفتاب نکلتے لشکر موسیٰ
علیہ السلام کے قریب پہونچا اور گھوڑون کی ٹاپون کی آوازین سنی گئین معلوم ہوا کہ فرعون
لشکر کے پیچھے آتا ہی یکایک مقدمۃ الجیش یعنی ہامان بے سامان پہونچ گیا تب بنی اسرائیل
گھبرائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگے اب وہ وعدہ کہان ہی اگر ابکی بار
فرعون نے پایا تو قتل ہی کریگا اور اب تو دریا کے سبب سے آگے بڑھ نہین سکتے کیونکہ
اتنی کشتیان کہان ہین اور اب تو پھر بھی نہین سکتے کہ فرعون مع لشکر آ پہونچا ہی نہ روے
ماندن نہ راے رفتن انا لمدرکون ہمتو پکڑے گئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کلا ان
معی ربی سیہدین کوئی نہین میرے ساتھ ہی میرا رب مجکو راہ بتاویگا فائدہ اس مقام پر موسیٰ
علیہ السلام نے اپنے کلام مین معیت کو مقدم فرمایا کہ ان معی ربی اور ہمارے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے معیت کو مؤخر فرمایا ہی کہ ان اللہ معنا تا کہ قلوب عارفین پر روشن ہوجاے
کہ کلیم از خود بحق نگریست کہ یہ مقام مرید کا ہی و حبیب علیہ السلام از حق بخود نگریست یہ مقام
مراد کا مرید را ہرچہ گویند آن کند و مراد ہرچہ گوید چنان کنند ع این یکی دا روے او
دررو سے داشت + وان دگر یا روی او خود روی داشت + القصہ بنی اسرائیل سخت
مضطرب ہوے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی کہ الٰہی انکو نجات دے تو یون
وحی پہونچی کہ سورۂ طٰہٰ مین فرماتے ہین فاضرب لہم طریقا فی البحر یبسا لا تخاف درکا
ولا تخشی یعنی پھر ڈالدے انکو راہ سمندر مین سوکھی نہ خطرہ تجکو آ پکڑیگا نہ ڈر خلاصہ یہ کہ
دریا مین راہ نکال اور عصا مار کہ خشک ہوجاے اور اس بات کا خوف نکر کہ فرعون
پیچھے سے آویگا اور نہ ڈر کہ دریا آگے سے غرق کریگا معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ حضرت
موسیٰ علیہ السلام نے ایک مرتبہ عصا مارا اور فرمایا کہ ہٹ جا نہ ہٹا پھر وحی ہوئی یون

الفلق یا ابا خالد باذن اللہ حضرت موسیٰ نے اسکو کہا فانفلق فکان کل فرق کالطود العظیم یعنی پھر پھٹ گیا تو ہوگئی ہر جانب جیسے بڑا پہاڑ یعنی بارہ گلیان ہوگئیں اور بیچ میں پانی کے پہاڑ کھڑے رہ گئے حدیث شریف میں وارد ہے کہ اسدن حق تعالے نے ہوا اور آفتاب کو دریا پر مسلط فرمایا تھا کہ ہوا مانند زلزلہ کے پانی میں در آئی اور اجزاے دریا کو جدا جدا کرکے کھڑا کرگئی اور آفتاب نے زمین کو خشک کردیا تاکہ بنی اسرائیل سہولت سے گذر جاوین جب یہ معاملہ واقع ہوا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے ارشاد کیا کہ چلو بنی اسرائیل ضعف عقیدت سے کہنے لگے دریا پہ اعتماد نہین کہ ہمارے گذرنے تک ایک ہی وضع پر رہے مبادا ہم راہ میں ہون اور دریا پھر جیسا تھا ویسا ہی ہوجاے مگر حضرت یوشع ابن نون نے اپنا گھوڑا ڈالا اسکے پیچھے حضرت ہارون علیہ السلام چلے اور دونون پار ہوگئے بنی اسرائیل بھی انکو دیکھکر دریا میں آئے گروہ گروہ فرقے بارہ راہون سے داخل ہوے اور سب سے پیچھے حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنا گروہ لیے ہوے چلے اثناے راہ میں حضرت کے ساتھیون نے کہا کہ اے موسیٰ ہم نہین جانتے کہ ہمارے بھائیون پر کیا گذرا ہے تو تمہارے سبب سے مطمئن ہین مبادا پانی نے انپر زور کیا ہو تب حضرت موسیٰ نے جناب الٰہی میں عرض کیا کہ یا الٰہی میری مدد کر کہ انکے اخلاق ذمیمہ سے نجات پاؤن تب ہوا کو حکم ہوا اسنے پانی کی دیوارون میں مونکھے مشبک کردیے کہ ہر ایک گروہ دوسرے گروہ کی کیفیت دیکھتا جاتا تھا جب حضرت ہارون اور یوشع ابن نون علیہما السلام اس کنارے پر پہونچے تب ہامان بے سامان اس کنارے پر آیا اور ٹھہر گیا کہ سب فوج آجاے اتنے میں فرعون بھی مع فوج آگیا اسنے یہ حال دیکھا اور فریب کے لشکریون سے کہنے لگا کہ میرا اقبال ہے کہ دریا میری دہشت سے ہٹ گیا تاکہ ان غلامون کو زندہ پکڑون کیونکہ اگر غرق ہوجاتے تو کار مملکت میں فساد واقع ہوتا باینہمہ تزویر اور فریب اسکے دل میں بھی یک گونہ خوف تھا کہ مبادا وقت عبور دریا میں تلاطم پڑے اور غرق کردے تب ہامان نے اشارے سے کہا کہ تم نہ جانتے ہو کہ یہ خارق عادت حضرت موسیٰ کی دعا سے ظاہر ہوا ہے ہرگز دریا میں ارادہ نہ کرو میں کشتیان پہونچاتا ہون آپ سوار ہو کر تشریف لے چلیے اور بنی اسرائیل کو گرفتار کر لیجیے فرعون نے تامل کیا بلکہ ارادہ کیا کہ پلٹ جاوٗن اور اسوقت لشکر فرعون میں کوئی اسپ مادہ تھا بلکہ سب گھوڑے نر تھے دفعۃً حضرت

جبرئیل علیہ السلام عمامہ سیاہ باندھے ایک گھوڑی پر سوار فرعون کے آگے نمود ہوے گھوڑا
فرعون کا مست تھا وہ مادیان کی بو سے بے اختیار ساتھ لگا تب جبرئیل علیہ السلام نے
اپنی گھوڑی دریا مین ڈالدی گھوڑا بھی چلا ہر چند فرعون نے روکا نہ رکا ع توسن خود
تند مساز آنچنان + کش نتوان باز کشیدن عنان + لشکریون نے دیکھا کہ فرعون دریا مین
پہونچ گیا وہ بھی ہر طرف سے ہجوم کر کے داخل ہوے اور حضرت میکائیل علیہ السلام
پیچھے پیچھے ہانکتے آتے تھے کہ بھولا چوکا دریا سے ورے نرہجاے یہان تک کہ سارا لشکر
دریا مین پہونچ گیا اور فرعون مع مقربان لشکر متصل اُس کنارے کے ہوا تب اللہ جل شانہ کا
حکم ہوا کہ اے دریا اب انکی کشتی عمر کی گرداب فنا مین ڈالدے دفعتہً دریا نے تلاطم کیا ع
آب گیا کہ بحر تھا زخار + تند امواج تیرہ و تہ دار + موج کا ہر کنارہ طوفان پہ + مارے
پیچ و تاب حباب عمان پہ ع از عمر روان روان تر آبش + خشک باجل زبان حبابش +
دریا زحباب کاسہ در دست + از بادہ خون رہروان مست + ہر قطرۂ آب آب پیکان +
ہر بند بحر تیغ عریان + فغشیہم من الیم ما غشیہم واضل فرعون قومہ وما ہدی پھر گھیر لیا
انکو پانی نے جیسا گھیر لیا اور بہکایا فرعون نے اپنی قوم کو اور نہ سوجھایا یعنی سب لوگ
ڈوب گئے ع کہتے ہین ڈوبتے اچھلتے ہین + ایسے ڈوبے کہین نکلتے ہین + یعنی ع
ڈوبے کہین تو جان نکلے + غرق دریاے کفر کیا نکلے + اخبار الدول مین ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے اصحاب سے کہ مین تعلیم کرون تمکو وہ کلمات جو حضرت موسیٰ نے وقت عبور دریا
پڑھے تھے بولے بلیٰ یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا اللھم لک الحمد والیک المشتکیٰ وانت المستعان و
بک المستعان وعلیک التکلان ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم فائدہ دریا مین غرق
کرنا فرعون کے تفاخر کے مقابلے مین کمال مناسبت رکھتا ہے کیونکہ یہ مردود حضرت موسیٰ
علیہ السلام سے باربار کہتا تھا کہ مین نے ملک مصر مین نہرین جاری کی ہین اور انکو اپنی عمارات کے
نیچے لگیا ہون پس اس تفاخر کے سبب سے یہ ہوا کہ خداوند تعالے نے فرمایا کہ اس شہر کی نہرون سے
کیا مزہ ہے تو بادشاہ مصر ہے چاہیے کہ دریا کا تماشا دیکھ اور جیسا اُن نہرون کا تماشا دیکھتا تھا
اور زیر عمارات جاری کر کے خوشی کرتا تھا اس بحر وسیع کو تیرے بدن پر جاری کرونگا تا کہ اسباب
لذت ہر طرف سے محیط و شامل ہون بعض محققین وقائع اس قصہ سے ایک یہ بھی واقعہ
لکھتے ہین کہ جب فرعون نے دعوی الوہیت کیا اور متابعین اُسکے ہر شکل مین اُسکو اپنا

مشکل کشا جاننے لگے تو ایک مرتبہ آب نیل کم ہوگیا اور مزارعین کو پانی کی تکلیف ہوئی اور بہت
سو کہنے لگے تب سب قبطی فرعون سے رجوع لائے اُسنے کہا مین تمسے خوش نہین ہون اس
سبب سے یہ آفت تمپر مین نے بھیجی ہی دوسری مرتبہ پھر وہی آفت پڑی تو اہل مصر نے عرض
کیا کہ ہمارے بہایم اور مویشی مرے جاتے ہین یا اسکا علاج فرمائیے ورنہ ہمکو ارشاد ہو کہ ہم
اور ہی خدا ٹھہراوین فرعون نے جانا کہ الحاح خلائق بھی لوازم الوہیت سے ہی مضطربانہ
بولا کہ تم میرے ساتھ شہر سے باہر نکلو تو تمہاری مضرت منفعت ہوجاوے سب اہل مصر ساتھ
ہوئے فرعون نے راہ سے سب لوگون کو پھیر دیا اور خود ایک گوشے مین قریب دریا کے
گھوڑے سے اوترا اور بساط تضرع بچھا کے از روے نیاز زمین پر گرا اور اسطرح عرض کرنے لگا

کہ اللہم انک تعلم انی اعلم انک ربی و آلہی و انک تعلم انی خرجت الیک خروج العبد الذلیل الی
سیدہ و انک تعلم انی اعلم انہ لا یقدر علی اجراء ماء النیل احد غیرک فاجرہ خلاصہ یہ ہی کہ ای معبود
تجکو معلوم ہی کہ مین جانتا ہون تجکو اپنا معبود اور پیدا کرنے والا اور مین ذلیل غلامون کی
طرح تیری جناب مین آیا ہون اور یہ بھی مین جانتا ہون کہ تیرے سوا کوئی آب نیل کو جاری
نہین کر سکتا سو تو جاری کر دے اُسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد ہوا کہ ای جبرئیل
یہ بندہ منافق ہی ظاہر اور باطن اسکا برابر نہین مگر مین چاہتا ہون کہ حاجت اسکی روا کرون
کہ پھر آواز اسکی نہ سنون تب اور ملائکہ نے التماس کیا کہ ای خداوند جل شانک اس بدبخت کی
حاجت کہ ظاہری عاجزی کرتا ہی روا فرماتا ہی ارشاد ہوا کہ ای ملائکہ مین اپنے بندون سے
قرار واقعی واقف ہون یہ شخص چند کام ایسے کرتا ہی جس سے خلق کو آرام ہی سو مین چاہتا ہون
کہ مکافات اسکا دنیا مین عطا کرون اور آخرت سے بے نصیب رکھون ملائکہ نے عرض کیا
کہ وہ کام کون ہین فرمایا کہ اپنے حکم مین ظلم نہین کرتا اور عدل اور راستی سے حکم دیتا ہی اور
سخاوت مین اپنا نظیر نہین رکھتا اور ٹھگی اور ڈکیتی اسکے عہد مین موقوف ہی اور راہ بھی
صاف ہی پھر مجیب الدعوات نے درخواست فرعون قبول کی اور نیل جاری ہوا اور فرعون کو
اختیار دیا گیا کہ جب چاہے جاری کرے اور جب چاہے باز رکھے چنانچہ جسکے کھیتون پر پانی دینے کا
حکم کرتا وہان پانی پہونچتا اور جس کھیت پر منع کرتا وہان مقدور نہ تھا کہ پانی جاسکے اس خارق
عادت سے مصر کے رہنے والے نہایت احسانمند ہوے اور فرعون پلٹ کر مسند سلطنت کو چلا
راہ مین حضرت جبرئیل علیہ السلام بصورت سائل ظاہر ہوے اور عنان مرکب تھام کر کہنے لگے

امی بادشاہ میرا ایک سوال تجسے ہی اُسکا جواب عنایت فرما فرعون بولا اپنا سوال بیان کر
حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا میرا ایک غلام ہی غلامون سے کہ اُسکو مین اور رون سے
عزیز رکھتا ہون بلکہ اکثر غلام میرے اُسکی اطاعت مین ہین کہ جو کچھ اُسکی مرضی ہوتی ہی
آپنسے کرتا ہی اور وہ سب اُسکی اطاعت کرتے ہین اور مین اسقدر اُسپر اعتبار رکھتا ہون
کہ خزائن اموال پر بھی اُسی کو اختیار دیا ہی جسکو چاہے عطا کرے بااین ہمہ عنایت وکرم
اب وہ میرا حکم نہین مانتا بلکہ عبدیت سے منکر ہی اور مجکو اپنا مالک وخاوند نہین جانتا
اُسپر طرہ یہ ہی کہ اور غلامون کو بھی میری خدمت کرنے سے منع کرتا ہی کہ بعض برضا ورغبت
اپنے اُسکا کہنا مانتے ہین اور بعض بجبر وکراہت سوای بادشاہ اُس غلام کی سزا کیا ہی
اور اُسکے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہیے فرعون نے کہا سزا اُس بندۂ نالائق کی یہ ہی کہ
ولی نعمت اُسکو قید کرے اور کما ینبغی سزا دے کہ وہ غلام ہرگز لائق احسان نہین ہی بلکہ
سزا اُسکی میرے نزدیک یہ ہی کہ اُسکو دریا مین غرق کراوے تب سزا موافق اعمال کے ہوگی
حضرت جبرئیل نے فرمایا کہ میرا سوال اور اپنا جواب دستخط اور مہر سے لکھدیجیے فرعون نے
اُسیوقت لکھدیا کہ ماجزاء العبد الذی خالف مولاہ الا ان یغرق فی البحر یعنی سزا اُس غلام کی جو خلاف
اپنے مالک وولی سے ہو یہ ہی کہ دریا مین ڈبویا جاوے پھر حضرت جبرئیل نے اُس نوشتہ کو اپنے پاس
باحتیاط تمام رکھا جسدن فرعون غرق ہونے لگا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے وہ نوشتہ دکھایا
کہ فرعون نادم وپشیمان ہوگے پلٹ چلا تھا مگر بحر فنا نے روک دیا جب ڈوبنے لگا تو کہا یقین جانا
مین نے کوئی معبود نہین مگر جسپر یقین لائے بنی اسرائیل اور مین ہون حکم برداروں مین جیسا سورۂ
یونس مین ارشاد ہوا ہے اذا ادرکہ الغرق قال آمنت بالله الذی آمنت بہ بنو اسرائیل
وانا اول المسلمین اور جب فرعون نے یہ کلمہ کہا تو ارشاد الٰہی ہوا خواہ حضرت جبرئیل نے کہا
الآن وقد عصیت من قبل وکنت من المفسدین یعنی اب یہ کہنے لگا اور بے حکم اور نافرمان بنا
رہا پہلے اور رہا تو فساد کرنے والون مین حاصل یہ کہ تمام عمر مخالف رہا اب عذاب دیکھکر
یقین لایا اسوقت کا ایمان معتبر نہین ہی القصہ جب فرعون مع لشکر اپنے کے ڈوب گیا تب حضرت موسیٰ
علیہ السلام کو اطمینان ہوا اخبار الدول مین لکھا ہی کہ یوم سہ شنبہ ماہ جمادی الاخری یہ معاملہ واقع ہوا مگر صحیح یہ ہی

کہ دسوین محرم کو یہ معرکہ واقع ہوا ہی چنانکہ حدیث صحیح انس ابن مالک سے یون آئی ہی فلق البحر لبنی اسرائیل یوم
عاشورا یعنی پھاڑا گیا دریا بنی اسرائیل کے لیے دسوین محرم کو اور صحیحین مین عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہی

کہ جب حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینۂ منورہ مین تشریف فرما ہوے تو یہودیون کو
ایک دن روزہ رکھتے دیکھا فرمایا آج کیا ہو جو تم لوگ صائم ہو وہ بولے کہ آج یوم عاشورا ہو اسی دن
اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو فرعون کے ہاتھ سے نجات بخشی اور فرعون کو خراب کیا ہو اور
حضرت موسیٰ پیغمبر آج کے دن شکریہ روزہ رکھتے تھے ہم بھی انکی متابعت کرتے ہین تب حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ مین احق باتباع موسیٰ اپنے بھائی کا ہون ان
لوگون سے بعد اسکے روزہ رکھا اور اصحاب کو حکم کیا لیکن آخر عمر مین فرماتے تھے کہ اگر مین سال آیندہ
زندہ رہا تو صوم عاشورا کے ساتھ نوین تاریخ بھی روزہ رکھونگا تاکہ مشابہت یہود مٹ جاے
فائدہ دریاے نیل کو بحر قلزم بھی کہتے ہین اس سبب سے کہ قلزم ایک شہر ہو اسی کے کنارے
یہ دریا واقع اور اسی سے منفصل منتہی ہوا ہو ورنہ بحر نیل ایک نالا بحر محیط کا ہو کہ مابین بلاد حبش
وعرب کے جاری ہوا ہو اسی کو خلیج احمر بھی کہتے ہین جیسے دوسرے نالے کو جو درمیان فارس
وعرب جاری ہو خلیج اخضر بولتے ہین اور طول خلیج احمر کا جنوب سے تا شمال اسکے چار سو ساٹھ
فرسخ ہو اور عرض ابتدا ساٹھ فرسخ و انتہا کم اور فسطاط مصر سے جہان سلطان رہتا ہو دریا تین منزل کا
فاصلہ ہو اور آب نیل جانب غربی و شرقی مصر کے واقع ہو خلیج غربی پہ اکثر بلاد سیاہ و بعض بلاد
حبشہ ہین اور شرقی پر بعضے سواحل عرب از انجملہ قریہ کہ ساحل مدینہ یا یلمنیہ ہو کہ حجاج کے جہاز
اسی سے عبور کرتے ہین اور کنار شرقی پر از جدہ تا عدن سواحل یمنیہ ہو اور وسط مین بعض بلاد بھی
آباد ہین از انجملہ دمیاط کہ مصر کا محبس ہو جیسے قلعہ گوالیار ہند مین اور طول شہر قلزم کہ منتہی دریا کا ہو
چونسٹھ درجے اور عرض انتیس درجے اور بیس دقیقے ہو اور جس مقام مین فرعون غرق ہوا وہان
عرض دریا کا چار فرسخ تھا کہ نیم روز مین قطع مسافت مشکل ہوتی ہو فائدہ بعضے صوفیہ علیہم الرحمہ
آیۃ سورہ یونس سے جو مذکور ہوئی ایمان فرعون کا ثابت کرتے ہین چنانچہ حضرت محی الدین
ابن عربی رح فصوص الحکم مین فرماتے ہین مات فرعون طاہرا و مطہرا اور حضرت شیخ عبدالحق
محدث تکمیل الایمان مین فرماتے ہین کہ ایمان یاس باتفاق علما مقبول نہین ہو پس لازم آیا کہ
باجماع امت ایمان فرعون کا قبول نہو کیونکہ زمانہ ادراک غرق زمانہ یاس ہو اور وقت اضطرار
نہ محل اختیار اسی وجہ سے فرعون زبان شرع مین ہر جگہ مذموم و ضرب المثل ہو اور اکثر آیات
قرآنیہ ظاہرۃ الدلالہ بلکہ صریح فرعون کی تقبیح مین وارد ہین چنانچہ آیہ سورۂ نازعات فاخذہ اللہ
نکال الآخرۃ والاولی یعنی پکڑا اسکو اللہ نے عذاب آخرت و دنیا مین اور کریمہ سورۂ قصص

واستکبر ہو وجنودہ فی الارض بغیر الحق وظنوا انہم الینا لا یرجعون فاخذناہ وجنودہ فنبذناہم

فی الیم فانظر کیف کان عاقبۃ الظالمین وجعلناہم ایمۃ یدعون الی النار ویوم القیامۃ لا ینصرون

واتبعناہم فی ہذہ الدنیا لعنۃ ویوم القیامۃ ہم من المقبوحین یعنی بڑائی کرنے لگا وہ اور اسکا لشکر ملک مین ناحق اور گمان کیا کہ ہماری طرف پھر نہ آوینگے پھر پکڑا ہمنے اسکو اور اسکے لشکر کو پھر پھینک دیا ہمنے انکو پانی مین سو دیکھ آخر کیا ہوا گنہگارون کا اور کیا ہمنے انکو سردار بلاتے دوزخ کی طرف اور بروز قیامت انکو مدد نہوینا اور پیچھے رکھی انکو دنیا مین پھٹکار اور قیامت مین برائی ہی اور حدیث شریف مین ہی کہ جب ابوجہل مرا تو حضرت نے فرمایا مات فرعون ہذہ الامۃ پھر اگر فرعون طاہر ومطہر مرا ہوتا تو ابوجہل سے تشبیہ درست نہوتی کیونکہ ایمان اعمال قبیحہ سابقہ کو زائل کردیتا ہی پس گمان وخیال حالت سابقہ کی تشبیہ کا باطل ہی کیونکہ جو لوگ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین ابتدا مین کافر وعدو اللہ تھے اور پھر ایمان لائے انکی شناعت وقباحت کہین مذکور نہین ہی با این ہمہ فرعون کے کلام مین ہرگز ذکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نہین ہی نہ بتصریح نہ باشارہ بلکہ بنی اسرائیل کا ذکر ہی پس ایمان بالرسول پایا نہین جاتا اور عدم ایمان بالرسول مستلزم عدم ایمان باللہ ہی اور ایمان سحرہ فرعون کا مثل ایمان فرعون نہ سمجھنا چاہیئے کیونکہ سحرہ فرعون نے کہا تھا آمنت برب العالمین رب موسیٰ وہارون معہذا ایمان انکا بخدا ومعجزہ پیغمبر خدا واقع ہوا ہی اور ایمان بمعجزہ رسول عین ایمان بالرسول ہی اس تمام مین حضرت عبدالحق دہلوی تکمیل الایمان مین فرماتے ہین کہ قول شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کا مسائل اعتقادیہ وفقہیہ مین اگر مخالفت اجماع سے رکھتا ہو تو قابل قبول نہین ہی قطع نظر اس سے حضرت شیخ اکبر نے فتوحات مکیہ مین ارشاد کیا ہی کہ دوزخ کے مراتب ہین کہ بعض اشد وسخت ہین بعض سے اور ایک درجہ خاص اہل عناد واستکبار کے واسطے ہی کہ اشد واغلظ انواع کفر مین ہے جیسے فرعون وامثال اسکے پس معلوم ہوا کہ فصوص الحکم مین بیان مجمل آیۃ قرانیہ کا ہی اور فتوحات مین بیان مدت ہی انتہی یہ جو لکھا گیا مسلک جمیع علما ظاہر کا تھا اور بعض حضرات صوفیہ صافیہ قدس سرہم باتباع قول حضرت قدوۃ المحققین محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ ایمان باس مقبول ہی یعنی ایمان قبل حضور موت کے کہ عبارت احتضار سے ہی مقبول ہی اور ایمان فرعون اسی قبیل سے تھا کہ اسنے وقت غرق دیا س از نجات قبل احتضار کیا تھا آمنت اس گمان سے کہ نجات ہلاکت سے حاصل ہوگی جیسے بنی اسرائیل نے نجات پائی اور تحقیق اس مسلک کی حضرت رئیس المتقین

مقبول ہونا ایمان باس کا

وعمدہ المتصوفین بحر العلوم مولانا عبد العلی لکھنوی قدس سرہ نے دفتر ششم مثنوی شریف کی
شرح مین بالتفصیل لکھی ہی اور اقوال مخالفین شیخ اکبر کو رد کیا ہی جسکا دل چاہے ملاحظہ کرے حاصل
تحقیق کا یہ ہی کہ ایمان یأس و ایمان محتضر مقبول ہی اسلیے کہ محتضر وقت احتضار مکلف بایمان ہی
جیسا کہ قبل احتضار تھا اور تکلیف ایمان کی جیسی قبل احتضار تھی ویسی ہی باقی رہی پس
ایمان محتضر اگرچہ بکشف وشہود ہی البتہ اداے فرض ہی اور وہ مقبول ہوگا اور ظاہر ہی
کہ تلقین وقت احتضار باجماع مستحب ہی اگر اسوقت تکلیف بایمان نہ ہوتی تو پھر تلقین کا کیا فائدہ
اور جو شیخ عبد الحق محقق دہلوی نے دعوی عدم قبول ایمان یأس باجماع فرمایا ہی ثبوت اجماع نہایت
مشکل ہی اصل یہ ہی کہ شیخ موصوف نے یأس احتضار اور یاس قبل وصول احتضار مین فرق
نہین کیا ہی اور حکم عدم قبول ایمان فرعون کا صادر کیا حالانکہ ایمان قبل یأس مطلق قبل تحقیق
احتضار مقبول ہی چنانچہ حضرت صلعم نے وقت قرب موت ابو طالب سے فرمایا کہ اے عم تو کہہ
لا الہ الا اللہ کہ اس قول سے اللہ تعالے کے روبرو مین حجت پیش کرون بروز قیامت حالانکہ
وقت یأس تھا اور سکرات موت عارض تھا یہان سے معلوم ہوا کہ ایمان یأس قبل حضور موت
کہ عبارت احتضار سے ہی مقبول ہی اور ایمان فرعون اسی قبیل سے تھا کہ وقت غرق ویاس
از نجات قبل احتضار دل سے ایمان لایا اس گمان سے کہ غرق سے نجات پاؤنگا جس طرح سے
بنی اسرائیل نے نجات پائی تو یہ ایمان مقبول ہوگا اور شیخ اکبر قدس سرہ کا قول فصوص الحکم مین
اسی پر دلالت کرتا ہی واللہ اعلم فائدہ بحر الحقائق مین اس قصہ کو احوال سالک سے تشبیہ دی ہی
اسطرح کہ جب موسی دل اور صفات محمودہ اسکی کہ اسکی قوم تھی متوجہ مقصد اعلیٰ کی طرف ہوے
تو گذر انکا دریاے زخار ناپیدا ر پر ہوا تو فرعون نفس امارہ مع توابع خود کہ اخلاق ذمیمہ دل کے
تھے بنا بر غارت تعاقب کنان دریا پر پہونچے اسی وقت موسی دل نے عصا ر لا الہ الا اللہ
دریا پر مارا سو نفی لا الہ نے دریا کو خشک کر دیا اور الا اللہ نے موسی دل کو اور اسکے اہل کو
اتار دیا تب فرعون نفس اور توابع اسکے آب دریا مین کہ لذات اور شہوات ہین غرق ہوے
اور موسی دل نے باصفات حمیدہ نجات پائی اور منظور نظر کبریائی ہوا ؎ بعصا شگاف دریا
کہ تو موسی زمانی ٭ بدر آن قبا سے مہ را کہ ز نور مصطفائی ٭ القصہ بعد غرق ہونے اہل ضلال کے
بنی اسرائیل فارغ البال کنار دریا پر ٹھہرے اور موسی علیہ السلام سے عرض کرنے لگے کہ
فرعون کیا ہوا فرمایا وہ مرگیا چونکہ بنی اسرائیل فرعون کی درازی عمر سے واقف تھے اور موت اسکی

تطبیق قصہ بحال سالک

محال سمجھتے تھے اس سبب سے بولے کہ فرعون نہین ڈوبا اور نہین مرا زندہ ہوگا اب نکلتا ہی
پھر دیکھیں ہم لوگون سے کس طرح پیش آوے اسی خیال مین تھے کہ دفعۃً لاشہ فرعون بالائے آب
مردہ ظاہر ہوا اور بنی اسرائیل نے اسکو پہچان کر شکر کیا نقل ہو کہ ایک عورت بنی اسرائیل کی
آخر شب دریا سے پانی لینے گئی اور اُسنے باسن پانی کا دریا مین ڈالا سو ریش بے نور
فرعون مردود کی ہاتھ آئی چونکہ وہ جواہر سے مرصع تھی اُسنے بال اکھاڑ کر جواہرات کے لیے
غیب سے آواز آئی خذی اجرک یعنی لے اپنی مزدوری عورت نے جانا کہ مین نے ایک مرتبہ
فرعون کے محل مین مزدوری نہین پائی تھی سو وہی مزدوری ہی الغرض اُسنے یہ حکایت لوگون سے
بیان کی اور جواہر دکھلائے تب سب نے دریافت کیا کہ عاقبت ظلم کی نگونساری ہی اور مآل
مظلوم رستگاری اور بعد اس واقعے کے بدن فرعون کا دریا سے نکالکر اللہ نے ٹیلے پر
ڈالدیا کہ بنی اسرائیل دیکھکر شکر کرین اگرچہ بدن کے بچنے سے کیا فائدہ ہوا جیسا ایمان
بیفائدہ ہوا اور بے وقت لایا ویسا بدن بھی بیفائدہ بچا مگر عبرت کا مطلب نکلا اور اسی کو
سورۂ یونس مین نص صریح فرمایا فالیوم ننجیک ببدنک لتکون لمن خلفک آیۃ یعنی آج بچاوینگے
ہم تجکو تیرے بدن سے تا ہوتو اپنے پچھلون کو نشانی مفسرین لکھتے ہین کہ بعد غرق ہونے فرعون کے
دس روز تک دریا مین بڑا تلاطم رہا اور اس عرصہ مین فرعون اور اسکے توابع سب قعر دریا سے
بالائے آب آئے اور بنی اسرائیل نے بخوبی دیکھا اسی کا اشارہ سورۂ بقر مین ہی واذ فرقنا بکم البحر
واغرقنا آل فرعون وانتم تنظرون یعنی جب ہمنے چیرا تمھارے پیٹھنے کے ساتھ دریا پھر بچا دیا
تمکو اور غرق کیا فرعون کے لوگون کو اور تم دیکھتے رہے بعضے مؤرخین کہتے ہین کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام
قوم کو لیکر جانب کنعان چلے تین منزل آگے بڑھے اور موضع مریرہ مین پہونچے وہان سے
تھوڑی دور عمالقہ کا لشکر یا قبیلہ لخم کا گروہ پڑا تھا اُنکے پاس کئی بت گائے اور
بچھڑے کی صورت پرستش کو تھے سو بنی اسرائیل دیکھکر حضرت موسیٰ سے کہنے لگے چنانچہ
سورۂ اعراف مین ارشاد ہوا یا موسیٰ اجعل لنا الٰہا کما لہم آلہۃ یعنی اے موسیٰ بنا دے ہمکو بھی
ایک بت جیسے انکے بت ہین قال انکم قوم تجہلون ان ہؤلاء متبر ما ہم فیہ وباطل ما کانوا یعملون
یعنی حضرت موسیٰ نے غصہ ہوکر فرمایا کہ تم لوگ جہل کرتے ہو یہ لوگ جو ہین تباہ ہوتا ہے جس
کام مین لگے ہین اور غلط ہی جو کر رہے ہین پھر فرمایا اغیر اللہ ابغیکم الٰہا وہو فضلکم علی العالمین
کیا اللہ کے سوا لا دون تمکو کوئی معبود اور اُسنے تمکو بزرگی دی سب جہان پر یعنی اپنے زمانے والون پر

فائدہ حقیقت یہ کہ جاہل آدمی نرے بے صورت کو عبادت کرکے تسکین نہین پاتا جب تک سامنے ایک صورت نہو اُس قوم کو دیکھا کہ گائے کی صورت پوجتے تھے انکو بھی یہ ہوس آئی آخر سونے کا بچھڑا بنایا اور پوجا اس روایت سے معلوم ہوا کہ بعد غرق ہونے فرعون اور فرعونیون کے پھر بنی اسرائیل مصر مین نہین آئے بلکہ جانب کنعان چلے گئے اور بعضے کہتے ہین کہ بارھوین دن غرق سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت یوشع ابن نون کو مع چوبیس ہزار بنی اسرائیل کے جانب مصر روانہ فرمایا سو حضرت نے جاکر متروکہ قبطیون کا ضبط کیا اور جو چیز قابل انتقال تھی حضرت موسیٰ کے پاس بھیجی اور بعض چیزین بیچ ڈالین اور ایک شخص کو قبطیون سے حاکم گردانا اور خود مع اور بنی اسرائیل کے واپس تشریف لائے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم کو لیکر جانب شام روانہ ہوے اس روایت سے دونون باتین معلوم ہوتی ہین یعنی بعضون کا مصر مین جانا اور اُنکا متروکہ اپنے قبضے مین لانا اور پھر آنا بخوبی واضح ہی اور یہ خبط مورخین مفسرین نے اسواسطے کیا ہی کہ تواریخ اسرائیلیہ سے معلوم ہوتا تھا کہ جب بنی اسرائیل مصر کے ملک سے نکلے تو وہان پھر نہین گئے بلکہ کنعان مین داخل ہوے اور ظاہر آیۃ سورہ شعرا فاخرجناہم من جنات وعیون وکنوز ومقام کریم کذلک واورثناہا بنی اسرائیل سے واضح ہوتا تھا کہ پھر بنی اسرائیل ملک مصر مین گئے اور چشمے اور خزانے اور گھر خاصے اُنکے بنی اسرائیل کے ہاتھ لگے حتے کہ ملا حسین واعظ کاشفی نے اسی شبہے سے اورثناہا بنی اسرائیل کی تفسیر مین لکھا ہی کہ صحیح یہ ہی کہ زمانۂ دولت داؤد وسلیمان علیہم السلام مین بنی اسرائیل کو ملک مصر پر استیلا حاصل ہوا ہی اور اسی خلط بیجا سے نصاریٰ کفار اعتراض کرنے لگے کہ تواریخ سے پھر نہ آنا بنی اسرائیل کا مصر مین معلوم ہوتا ہی اور قرآن شریف سے پھر آنا مصر مین پایا جاتا ہی ہرچند کہ یہ امر متعلق اعتقادیات کے نہین لیکن پھر بھی قول صحیح اس بات مین لکھنا ضرور ہی تاکہ پھر شبہہ وشک کسی کافر بیدین کا کلام اللہ سے نہ لگ سکے واضح ہو کہ بعد غرق ہونے فرعون اور فرعونیون کے حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو لیکر ملک مصر مین داخل ہوے اور خزاین مصر سونے وچاندی کی کانین اور باغات جو کنارے دریاے نیل کے واقع تھے اور مکان اونچے وبلند اور کرسیان سونے کی جسپر فرعون ملعون بیٹھتا تھا اور جمیع اسباب وزیور متروکہ قبطیون کا سواے اُسکے جو عاریت لے گئے تھے اور وراے اُسکے جو دریا پر لوٹ مین ہاتھ لگا تھا سب

یعنی پھر نکالا ہمنے انکو باغون سے اور چشمون اور خزانون سے اور گھر خاصہ سے اور ایسا ہی کیا اور ہاتھ لگا دین یہ چیزین بنی اسرائیل کو ۱۲ منہ

بنی اسرائیل کو ملا اور بخوبی تصرف انکا ملک مصر و اطراف مصر پر جاری ہوا چنانکہ علامہ بغوی
کہ افخام محدثین مین ہین تفسیر معالم التنزیل مین صاف بیان فرماتے ہین کہ بعد ہلاکی
فرعون کے بنی اسرائیل مصر مین آئے اور اُسکے اموال و مساکن پر متصرف ہوے اور
استاذ الاستاذ مولانا حضرت شاہ حافظ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ العزیز اپنی تفسیر مین
بخوبی تصریح فرماتے ہین کہ جب فرعون اور فرعونی ہلاک ہوے اور بنی اسرائیل ملک مصر پر
دستیاب ہوے تو مظنہ اس بات کا پیدا ہوا کہ بنی اسرائیل اس زمین عیش خیز مین رہکر
کار جہاد و قتال اور ریاضات و عبادات سے جی چراوینگے تب حضرت موسیٰ نے حکم
آلہی پہونچایا کہ اللہ صاحب حکم دیتے ہین کہ زمین شام جبارین عمالقہ سے بجہاد و قتال
چھین لو اور وہین توطن اختیار کرو اور مصر کو ترک کرو اور قرآن شریف مین کہین اس
بات کی تصریح نہین ہی کہ بنی اسرائیل پھر ملک مصر مین نہین گئے اور تاریخون کی ہر بات
صحیح و ثابت ہونا ضرور نہین کیونکہ ہرگاہ توریت و انجیل کا بسبب فقدان اسناد و تخلیط
کلام صاحب کتاب وغیرہ صاحب کتاب وغیرہ مراتب ثبوت تحریف کے بمقابلہ قرآن بلکہ
بخاری و مسلم وغیرہ کتب حدیث کے کچھ اعتبار نہین ہی تو اور تاریخون کا کیا اعتبار رہے
بلکہ صاف معلوم ہوتا ہی کہ مورخین نے تواریخ اسرائیلیہ سے لکھا ہی کہ بنی اسرائیل ملک
مصر مین نہین گئے اور بعض مفسرین نے بھی بلا لحاظ اُسی اعتماد پر لکھدیا اور اگر کوئی ملحد
نصرانی یہ کہے کہ ہم اپنے باپ دادون کے حالات سے بہ نسبت اہل اسلام کے زیادہ تر
واقف ہین اور ہمارے مورخ لکھتے ہین کہ بنی اسرائیل پھر ملک مصر مین داخل نہین ہوے
بلکہ کنعان مین رہے اور اُسی کے موافق بعض مورخین اہل اسلام بھی لکھتے ہین پس آیت
قرآنیہ واورثنا ہا بنی اسرائیل تناقض واقع ہی جواب اسکا یہ ہی کہ توریت و انجیل اور تواریخ
اسرائیلیہ بمقابلہ قرآن مجید اسطرح واقع ہین جیسے مہابھارت اور حاتم طائی اور چہار درویش کے
قصے اور جب چھاپہ جدید ہوتا ہی تب دو چار باتین کم و زیادہ ہوتی ہین تو تناقض انکا قابل
لحاظ نہین الا بر تقدیر تسلیم کہا جاتا ہی کہ لفظ بنی اسرائیل کا جو قرآن شریف مین واقع ہی کچھ
ضرور نہین کہ اُس سے وہی طبقہ مراد ہو جو حضرت موسیٰ کے ساتھ قلزم سے پار ہوا تھا بلکہ
جائز ہی کہ اور طبقے والے کہ مطلق بنی اسرائیل ہین وے بھی داخل ہین مراد ہو وین اس
صورت مین تواریخ اسرائیلیہ سے بھی خلاف نہین رہا کیونکہ تمام تواریخ ملک شام و بلاد مصر کے لکھیہ سے

ظاہر ہی کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی سلطنت ملک مصر تک بڑھائی تھی علاوہ برین یہ محاورہ بھی صحیح ہی مثلاً جو کہین کہ شاہنشاہی اور سلطنت کیانیون سے بلکہ مطلق پارسیون سے نکل گئی اور اب فرنگیون کو ملی ہی حالانکہ ہنوز ایران و توران وغیرہ ممالک کسرویہ مین فرنگیونکی حکومت نہین ہی اسیطرح اُس آیت کا مطلب ہوسکتا ہی کہ دنیائی نعمتین فرعونیون سے چھین لی گئین اور بنی اسرائیل کو ملین یعنی کچھ یہ ضرور نہین ہی کہ خاص خاص وہی چیزین دنیا کی جو فرعونیون کے پاس تھین بنی اسرائیل کو ملین اور مطلق نعماے دنیویہ کا ملنا بنی اسرائیل کو بعد غرق فرعون بالاتفاق مسلم الثبوت ہی اور اگر آیت موصوفہ مین بنی اسرائیل کے لفظ سے وہی طبقہ مراد ہو جو حضرت موسیٰ کے ساتھ اترا تھا اور از روے تواریخ بلکہ اصل توریت سے ثابت ہو جاے کہ اُس طبقے والے پھر مصر مین نہین گئے تو بھی آیت مین کچھ شبہہ نہین رہتا ہی کیونکہ کتاب خروج کے باب سوم نسخہ ۱۸۴۵ع مین بنی اسرائیل کے مصر سے نکلنے کی حالات کے بیان مین لکھا ہی کہ ہر ایک عورت اپنے پڑوس سے اور اُس سے جو اُسکے گھر مین رہتے ہین روپے اور سونے کے برتن اور لباس عاریت لیگی اور تم اپنی بیٹون اور بیٹیون کو پہناؤگے اور مصریون کو غارت کروگے اور باب دوازدہم کے ورس ۳۸ مین ہی کہ انھون نے مصریون کو لوٹ لیا اور یہی توریت سے ظاہر ہی کہ بنی اسرائیل کے لشکر مین جب قلزم سے اُترے ہین چھ لاکھ صرف جنگی جوانمرد تھے اور اُتنے ہی اُنکی عورتین تھین اور بوڑھے اور لڑکے اور اَور عورتین انکے علاوہ اور ہر ایک مرد اور عورت نے چاندی سونے کا اسباب ہر ایک مرد اور عورت مصری سے لیا تو لحاظ کیا جائے کہ کرورون روپیہ کی دولت ہوئی اور اسی کو لوٹ لینا بولتے ہین اور اسیکو کنز اور کنوز کہتے ہین کہ بعد غرق ہونے فرعون اور مصریون کے وہ کرورون کی دولت اور گنج بنی اسرائیل کے قبضے مین ہو گئے گو مصر مین نہ بھی گئے ہون القصہ بعد ہلاکی فرعون اور فرعونیون کے حضرت موسیٰ علیہ السلام مع قوم بنی اسرائیل جو اُنکے ساتھ دریاے قلزم سے پار اُتری تھی پھر مصر مین تشریف لائے اور ملک مصر پہ مسلط ہوے تو چند روز کے بعد قبطیون کی صحبت سے بعضے بنی اسرائیل جاہل بت پرستی کے شوق مین پڑے اور کہنے لگے اجعل لنا الٰہا کما لہم آلہة تب حضرت موسیٰ نے انکو سمجھایا جسطرح اوپر بیان ہوا اور عبرت کے لیے پھر دریا کے کنارے تشریف لائے تاکہ ان جاہلون کو سنے حالات یاد آوین جب دس مہینے گذرے تب بنی اسرائیل کے متقی اور پرہیزگار لوگ رونے لگے اور جاہل مردود پشیمان ہوکے

عذر خواہی سے پیش آئے اُسوقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انکا گناہ بخشوایا اور یاد دلایا کہ تمنے نذر کی تھی کہ اگر حق تعالے ہمکو فرعون اور فرعونیون کی قید اور ظلم سے رہائی بخشے تو ہم طاعت اور عبادت حق مین کوشش کرینگے اب وہ نذر ادا کرو اس عرصہ تک بنی اسرائیل شریعت ابراہیمی پر تھے کہنے لگے کہ ہمکو تمھارا قول جان و دل سے قبول ہی لیکن احکام آلٰہی کی ہمکو اطلاع نہین ہی کہ ہم اُسپر قائم ہون ہمارے لیے کوئی کتاب خدا کے پاس سے لاؤ تا کہ موافق اُسکے راہ مستقیم پر چلین حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب آلٰہی مین التماس کیا ارشاد ہوا کہ پہاڑ پر جو کہ تمھاری عطاے رسالت کا مقام ہی حاضر ہو اور تیس دن روزہ رکھکر اعتکاف کرو تب کتاب ملیگی چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم اپنی حضرت ہارون علیہ السلام کے سپرد کی اور فرمایا اپنے بھائی ہارون سے کہ تو میرا خلیفہ رہ میری قوم مین اور سنوار اور نہ چل بگاڑ والون کی راہ کما قال فی سورۃ الاعراف قال موسیٰ لاخیہ ہارون اخلفنی فی قومی واصلح ولا تتبع سبیل المفسدین الغرض حضرت موسیٰ علیہ السلام چلے تو ستر آدمی قوم کے بروایت بعض ساتھ ہوئے جب قریب کوہ طور کے پہونچے تو قوم کو پہاڑ کے نیچے چھوڑا اور خود بذات پاک شوق آلٰہی مین پہاڑ پر چڑھ گئے اور ذیقعدہ کی پہلی تاریخ اعتکاف مین بیٹھے جب اعتکاف کا ایک روز باقی رہا تو بسبب کم خوری اور روزہ داری کے منھ کی بو مین تغیر معلوم ہوا اسلیے مسواک فرمائی اسیوقت جانب غیب سے ارشاد ہوا کہ بو میرے نزدیک مشک سے بہتر تھی اسکو کس لیے زائل کیا کما جاء فی الاثر خلوف فم الصائمین اطیب عند اللہ من ریح المسک والزعفران اب دس روز جرمانہ مین اور روزہ رکھو اور دس رات اعتکاف کرو کہ دسوین ذی الحجہ کو کتاب و خلعت کلیمی عنایت ہوگا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دس رات اور اعتکاف کیا چنانچہ ارشاد ہوا وواعدنا موسیٰ ثلثین لیلۃ واتممنٰہا بعشر فتم میقات ربہ اربعین لیلۃ یعنی وعدہ ٹھہرایا ہمنے موسیٰ سے تیس رات کا اور پورا کیا انکو دس اور سے تب پوری ہوئی مدت رب کی چالیس رات مین بالجملہ دسوین ذی الحجہ کو توریت عنایت ہوئی سات لوحین یا دس یا نو اور زاد المسیر مین لکھا ہی کہ بارہ تھین یہ قول اہل کتاب کے موافق ہی اور طول ہر لوح کا بارہ یا دس گز کا تھا اور وہ لوحین یاقوت احمر کی یا بیری بہشت کی لکڑی کی تھین اصح یہ ہی کہ سبز زمرد کی تھین اور اسمین اچھی باتین جسکے کرنے کا حکم ہی اور بُری باتین جسکے نہ کرنے کا حکم ہی لکھی تھین ینابیع مین لکھا ہی کہ حق سبحانہ تعالے نے بے واسطہ

حضرت موسیٰ سے کلام کیا تھا اور چوبیس ہزار کلمے فرمائے اور ایک روایت مین سات لاکھ
کلمے ہین اصح یہ ہو کہ پورا نوے ہزار کلمے ارشاد کیے اور کشاف مین ہو کہ چالیس روز برابر
مکالمہ رہا مدارک مین ہو کہ توریت ایک شتر بار تھی کسی نے سوا حضرت موسیٰ اور یوشع
اور عزیر اور عیسیٰ علیہ السلام کے تمام نہین پڑھی اور اسمین ہزار سورتین تھین ہر سورت مین
ہزار آیات **فائدہ** سورۂ بقر مین ارشاد ہو کہ واعدنا موسیٰ اربعین لیلۃ اور سورۂ اعراف مین
واعدنا ثلثین لیلۃ تو بظاہر تناقض ہو الا حقیقت مین تناقض نہین کیونکہ سورۂ بقر مین
اجمال تمام مدت خلوت کا مع الاصل والزیادۃ ذکر فرمایا ہو اور سورۂ اعراف مین بنظر تفصیل
اصل وعدہ کہ تیس رات تھی مع جرمانہ کہ مقابلہ مسواک کے ہوا تھا جدا جدا ارشاد ہوا ہو پس
تناقض کچھ نہین کیونکہ اجمال اور تفصیل مین مخالفت نہین ہوتی مثلاً کوئی شخص کسی سے
چالیس درم قرض لے کے کہے کہ مین چالیس درم کا قرضدار ہون تو یہ اجمال صحیح ہو اور اگر
کہے کہ مین نے تیس درم فلانی بابت لی تھین اور دس فلانی بابت یہ تفصیل بھی درست ہو
خصوص کہ فتم میقات ربہ اربعین لیلۃ مذکور ہوا ہو **فائدہ** اربعین یوما اسلیے نہ فرمایا کہ تیس
راتین ذیقعدہ کی تھین اور دس اول ذیحجہ کی اور دسوان روز وقت عنایت کتاب کا تھا
اگر یوما فرماتے تو روز دہم بھی داخل اعتکاف ہوجاتا اور صائم ہونا دہم ذیحجہ کا حرام ہو
اور بعضے کہتے ہین کہ رات وقت خلوت ہو اہل ریاضت رات ہی مین عبادت کرتے ہین
لہذا رات کی تخصیص ہوئی اور یہ بھی ہو کہ شمار شہور عرب مین ... ابتدا اسکی رات سے
ہوتی ہو اور تفسیر جواہر مین لکھا ہو کہ کشف الاسرار مین ہو کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو صوم وصل
ارشاد ہوا تھا کہ رات کو بھی افطار نہو اگر اربعین یوما فرماتے تو روزہ متعارف مفہوم ہوتا اور
بحر الحقائق مین ہو کہ اگر اربعین یوما ہوتا تو حضرت موسیٰ یہ گمان کرتے کہ دن واسطے عبادت کے ہو
رات واسطے آرام کے جب رات ارشاد ہوئی جانا کہ روز و شب حکم عبادت کا ہو اور اہل معرفت
کہتے ہین کہ حضرت موسیٰ سے وعدہ وصل تھا اور میعاد دوستون کی بیشتر رات ہوتی ہو کہ زمان
خلوت عاشقان و وقت صحبت دوستان ہو اور رات روندگان راہ کا پردہ ہو اور روضہ
بیداران سحرگاہ کا **فائدہ** تخصیص چالیس رات کی اسلیے فرمائی کہ اس عدد کو کمال اعتبار ہو
حدیث شریف مین وارد ہو من اخلص للہ اربعین صباحا ظہرت ینابیع الحکمۃ من قلبہ علی لسانہ
وخمرت طینۃ آدم اربعین صباحا اور اسی مدت مین بچہ رحم مادر مین ایک حال سے دوسرے حال تک

نکتہ نغز

وجہ تخصیص اربعین

انتقال کرتا ہی یعنی چالیس روز نطفہ چالیس روز خون بستہ چالیس روز گوشت پارہ تب کہیں روح پھونکی جاتی ہی اس سبب سے حضرات صوفیہ قاطبۃً ایک چلہ خلوت و ریاضت کیواسطے مقرر کرتے ہین اور اس واقعہ کو دلیل گردانتے ہین اور یہ بھی ہی کہ اہل حساب کے نزدیک مراتب اعداد کے چار ہین آحاد عشرات مآت الوف اور عدد کامل کلام الٰہی مین عشرہ ہی کہ تلک عشرۃ کاملۃ اور جب دس کو چار مین ضرب کرین تو چالیس ہوتے ہین فائدہ یہ معراج حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تھی کہ جسمین اسطرح ریاضت ہوئی بعد ازان کلیم اللہ ہوے اور ہمارے حضرت کی معراج بلا تکلیف و ریاضت ہوئی اس سے اور اس سے فرق زمین آسمان کا ہی ایک دن حضرت موسیٰ نے عرض کیا کہ الٰہی تو نے مجکو کلیم کیا اور محمد کو حبیب سوا ان دونون مین کیا فرق ہی خطاب ہوا کہ حبیب وہ ہی جسکی رضا جوئی مین کرون اور کلیم وہ کہ میری رضا جوئی کرے اور کلیم وہ ہی جو مجکو دوست رکھے اور حبیب وہ ہی جسے مین دوست رکھون اور کلیم وہ ہی جو چالیس دن روزہ رکھے اور چالیس رات برابر عبادت کرے پھر طور پہ حاضر ہو کر مجھسے کلام کرے اور حبیب وہ ہی کہ فراغت سے اپنے گھر مین فرش پہ سووے اور مین اسکی طلب مین جبرئیل کو بھیجون کہ طرفۃ العین مین اپنے پاس بلاؤن اور ایسے مراتب عطا کرون کہ ہرگز کسی مخلوق کا ادراک وہان تک نہ پہونچے ؎ سیمرغ فہم ہیچکس از انبیا نرفت ✤ آنجا کہ تو ببال کرامت پریدہ ✤ ہریک بقدر خویش بجائے رسیدہ اند ✤ آنجا کہ جاے نیست تو آنجا رسیدہ ✤ القصہ حضرت موسیٰ کو توقف ہوا بنی اسرائیل پہ ایک حادثہ پیش آیا کہ گوسالہ پرستی کرنے لگے اور صورت اس واقعہ کی یہ ہوئی کہ موسیٰ ابن ظفر ایک شخص قوم بنی اسرائیل سے تھا خواہ قبیلہ سامرہ خواہ کرمان سے صنعت زرگری مین بڑا استاد اور قالب تراشی مین ثانی بہزاد جسدن فرعون غرق ہوا ہی حضرت جبرئیل ایک اسپ مادہ پہ سوار کنار نیل پھرتے تھے اور جس جگہ نقش سم پڑتا تھا وہ زمین سبز ہو جاتی تھی یہ شخص حضرت جبرئیل کو پہچانتا تھا سو اسنے قدرے خاک زیر سم لیکر تبرکاً اپنے پاس رکھی اور یہ خیال مین تھا کہ بنی اسرائیل کو صورت پرستی مرغوب ہی کسی وقت یہ کام آویگی چنانچہ بعد تشریف بری حضرت موسیٰ قوم بنی اسرائیل نے حضرت ہارون سے کہا کہ ہملوگ قبطیون سے زیور عاریت لائے تھے اب کیا کرین حضرت ہارون نے فرمایا کہ اسکو جلا کر خاک مین دفن کرو سب لوگ مستعد ہوے سامری نے کہا اگر زیور مجھے ملے تو مین ایک طلسم عصاے موسیٰ سے اعلےٰ تر بناؤن جس سے تم لوگ موسیٰ کی برابری کرنے لگو

بنی اسرائیل اپنی بلاوت سے دم مین آگئے اور سامری نے ایک گوسالہ سونے کا پورا بنا دیا اور
خاک محفوظہ اُسکے جوف مین محفوظ کی کہ اُسکو حرکت پیدا ہوئی اور بولنے لگا بعضون کے نزدیک
گوشت وپوست بھی پیدا ہوگیا حقیقت یہ ہی کہ سونا تھا کافرون کا اُسمین خاک برکت کی پڑی
تو حق وباطل کے ملنے سے ایک کرشمہ پیدا ہوا اور سامری اور اُسکے توابع بولے کہ موسٰے تلاش
حق مین پھرتا ہی اور وہ یہان موجود ہی شاید وہ بھول گیا ہی کما قال اللہ تعالے ہذا الٰہکم والٰہ
موسیٰ فنسی یعنی یہ صاحب تمھارا ہی اور صاحب ہی موسیٰ کا سو وہ بھول گیا اور دوسری جگہ
تلاش کو گیا ہی بنی اسرائیل ضعیف العقیدہ کہنے لگے سچ تو ہی تیس دن وعدے کے گذر گئے
اور موسٰے نہین پھرے غالبًا خدا نہین ملا اس بات سے آٹھ ہزار خواہ بارہ ہزار بنی اسرائیل
گوسالہ پرست ہوگئے وبحکم مثل مشہور انچہ مردم میکنند بوزنیہ ہم + گرد اُس بچھڑے کے لگ بیٹھے
اور سامری نے ایک خیمہ قائم کیا اور فرش بچھایا اور نوبت بجوائی گانا بجانا شروع ہوا زن ومرد
تماشے کو چلے ابلیس نے عجب زور پکڑا معالم التنزیل مین ہی کہ حضرت جبرئیل کو سامری اس
سبب سے پہچانتا تھا کہ سال قتل مین سامری پیدا ہوا تو اُسکی مان نے خوف سے دریاے
نیل کے کنارے ایک گڑھے مین ڈال دیا تب حضرت جبرئیل علیہ السلام اُسکی پرورش پر
مقرر ہوے کہ ہر روز اُسکے پاس تشریف لاتے وہ دیکھتا تھا القصہ جب یہ خرابی پڑی تو حضرت
ہارون علیہ السلام نے کہا یا قوم انما فتنتم بہ وان ربکم الرحمٰن فاتبعونی واطیعوا امری یعنے
اے قوم اور کچھ نہین تمکو بھکا دیا ہی اسپر اور تمھارا پروردگار رحمان ہی سو میری راہ چلو اور میری
بات مانو کہنے لگے ہم تو رہینگے اسپر لگے بیٹھے جب تک پھر آوے ہمارے پاس موسیٰ یعنی تو ہمین
موسیٰ علیہ السلام بھی اسکو پوجتے ہین کہ نہین کیونکہ سامری نے کہا ہی کہ یہ گوسالہ موسیٰ کا خدا ہی
دیکھین اُسکی بات درست ہی یا نہین اور اس خرابی کی خبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نہ تھی
وہ اپنے کام مین مصروف تھے مگر اللہ صاحب نے خبر دی کما قال فانا قد فتنا قومک من بعدک
واضلھم السامری یعنی ہمنے تو بچلا دیا تیری قوم کو تیرے پیچھے اور بہکایا اُسکو سامری نے یعنی
تیری قوم نے کفران نعمت عجیب غریب اختیار کیا ہی کہ ہرگز کوئی جاہل بھی نہ کریگا کیونکہ جس بات مین
فرعون بلاتا تھا اُس سے ذلیل تر بات سامری کے کہنے سے اختیار کی ہی حالانکہ فرعون ایک بادشاہ
دیجاہ وشوکت تھا اور بظاہر مین مالک نفع وضرر اُسکا سجدہ تعظیمی فی الجملہ معقولیت رکھتا تھا
لیکن یہ گوسالہ لایعقل کہ بلاوت وحمق مین ضرب المثل ہی اور کسی وجہ سے لائق تعظیم نہین اسکو

ایک مرد گر بے اعتبار کے کہنے سے خدا ٹھہرا کر اس سے لگ بیٹھے ہین اور دھوم مچا رہے ہین
شامیانہ تانا ہی نوبت جھڑتی ہی گانا بجانا ہو رہا ہی یہ احوال سنتے ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام
گھبرا گئے اور مضطرب ہوئے اور کوہ طور سے غصہ و غضب مین افسوس کرتے ہاتھ ملتے
پھرے کما قال اللہ تعالےٰ فرجع موسیٰ الی قومہ غضبان اسفا یعنی بعد چالیس دن کے الواح
توریت لیکر پھرے قوم کی طرف غصہ بھرے پچھتاتے فائدہ قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی
کہ جب چالیس کا چلہ کر کے حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم مین آئے تو بسبب بریق و
لمعان کے کسی کو تاب نہ تھی کہ چہرۂ مبارک دیکھتا اور جس کسی نے دیکھ لیا وہ مر گیا لہذا
حضرت نے ایک برقع اپنے چہرۂ نورانی پر ڈالا اور کسیکو صورت اپنی نہ دکھلاتے تھے اور
حدیث شریف مین ہی کہ حضرت موسیٰ دس فرسخ سے رات کے وقت چونٹی کا چلنا زمین پر
دیکھتے تھے اور جب غضب مین بھرتے تھے تو ایک شعلۂ آتش تاج مبارک سے نکلتا تھا ہذا
فی اخبار الدول ولم یوجد فی التفاسیر الغرض حضرت موسیٰ علیہ السلام مع الواح توریت
قوم مین جلوہ فرما ہوئے تو اسوقت قوم کے تین گروہ تھے ایک باغواے سامری گوسالہ پرست
دوسرا حضرت ہارون علیہ السلام کا مطیع و فرمان بردار تیسرا ساکت و متوقف نہ شریک نہ مانع
دفعتہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آواز گانے بجانے کی سنی پوچھا یہ آواز فتنہ کہان سے آئی
معلوم ہوا کہ گوسالہ پرستی ہو رہی ہی تب قوم سے مخاطب ہوئے اور فرمایا سورۂ اعراف مین ہی بئس ما خلفتمونی
من بعدی اعجلتم امر ربکم والقی الالواح یعنی کیا بری جگہ رکھی تمنے میرے بعد کیون جلدی کی
اپنے رب کے حکم سے اور ڈال دین تختیان تفسیر ینابیع مین ہی کہ لوحین توریت کی جلدی سے
زمین پر رکھدین اور جمہور مفسرین کہتے ہین کہ اسطرح رکھین کہ ٹوٹ گئین کہ چھ سبع توریت
آسمان پر اٹھگیا ایک سبع ہدایت و رحمت کا باقی رہا پھر حضرت ہارون علیہ السلام سے
ملاقات ہوئی تو انکا سر پکڑا اور اپنی طرف کھینچا کما قال اللہ تعالےٰ اخذ براس اخیہ یجرہ الیہ
اور فرمایا ما منعک اذ رایتہم ضلوا الا تتبعن افعصیت امری یعنی ای ہارون تجکو کیا اٹکاؤ تھا
جب دیکھا تونے کہ وہ بہٹکے تو میرے پیچھے نہ آیا کیا تونے رد کیا میرا حکم قال لا تاخذ بلحیتی ولا
براسی انی خشیت ان تقول فرقت بین بنی اسرائیل ولم ترقب قولی یعنی کہا ہارون نے اے
میری مان کے جنے نہ پکڑ میری داڑھی نہ سر مین ڈرا کہ تو کہیگا پھوٹ ڈالی تونے بنی اسرائیل مین
اور یاد نہ رکھی میری بات کیونکہ تم چلتے وقت مجھسے کہ گئے تھے کہ سبکو متفق رکھنا پھر اگر مین

انسے لڑتا تو تم ناراض ہوتے اسلیے مین سنے گوسالہ پرستون کا مقابلہ نہ کیا زبانی سمجھاتا رہا اور
جو مین چھیڑتا تو دو فرقے ہو جاتے کہ بعضے قتل کرتے بعضون کو سو مین تمھارے انتظار رہا
اب تم آسے ہو ان لوگون سے دریافت کرو اور یہ تو بظاہر ہی کہ قوم نے مجھے تنہا و بیچارہ
سمجھا اور میرا کہا نہ مانا بلکہ قریب تھا کہ مجھے مار ڈالین چنانچہ سورہ اعراف مین نازل ہوا قال
ابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی فلا تشمت بی الاعداء ولا تجعلنی مع القوم
الظالمین یعنی کہا ہارون نے اے میری مان کے جنے لوگون نے مجھے بودا سمجھا اور نزدیک تھا
کہ مجھے مار ڈالین سو مت ہنسا مجھپر دشمنون کو اور نہ ملا مجکو گنہگار لوگون مین فائدہ
حضرت ہارون اور آنکی اولاد حضرت موسیٰ کی امت مین امام تھے لیکن جب انکے خلیفہ ہوے
تو امت حکم مین نہ رہی خلافت اور کی قسمت مین تھی خلیفہ وہ ہی کہ امت پیغمبر کو دین و دنیا کے
بندوبست مین رکھے جسطرح پیغمبر سنوارا کیا تاکہ نصرت حق انکے ساتھ رہے اور امام وہ کہ پیغمبر کا
یادگار ہو جو خدمت و نیاز پیغمبر سے منظور ہو وہ امت امام کے ساتھ بجا لاوے تاکہ برکت
و قبولیت حاصل ہو توریت مین بھی امام کے شرائط اسی طرح مذکور ہین فائدہ ایک عجیب
بات توریت کے بتیسوین باب کتاب الخروج مین لکھی ہی معاذ اللہ منہا کہ حضرت ہارون نے
بنی اسرائیل کے لیے سونے کا بچھڑا ڈھالکہ معبود قرار دیا اور آپس مین کہا کہ بنی اسرائیل کو بھی
مصر سے نکال لایا ہی اور اسپر نذرین چڑھوائین اور سب لوگون کو برہنہ کروایا کہ انکی
ہنسی ہوئی اس بات کی مہواہ نے موسیٰ کو خبر دی اور ہارون مورد غضب ہوسے نعتی
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم جب رہنمائی کے باب مین بھی عصمت نہ رہی تو پھر شریعت کا
کہان تیا لگتا ہی الغرض حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عذر معقول حضرت ہارون علیہ السلام کا
قبول کیا اور کہا رب اغفرلی ولاخی وادخلنا فی رحمتک وانت ارحم الراحمین یعنی معاف کر مجکو
کہ مین نے بڑے بھائی اپنے سے بے ادبی کی یا مین نے الواح توریت ڈال دین غصہ مین
اور معاف کر میرے بھائی کو اگر آس سے کچھ تقصیر واقع ہوئی ہو اور داخل کر اپنے رحم
و پناہ عصمت مین دنیا و آخرت مین کہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہی فائدہ اگرچہ حضرت
ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ کے برادر اعیانی یعنی لاب و ام تھے لیکن حضرت ہارون نے
واسطے ملائمت و رقت قلب رسول خدا کے ابن ام کہا اسلیے کہ جانب ام مقتضی لطف و مہربانی
و دلسوزی و غمخواری کا ہی اور یہ ظاہر ہی کہ جیسی مان کو اور آسکے علاقہ دارون اور قریبون کو

ف معنی خلیفہ

ف وجہ قول ابن ام

محبت ہوتی ہی اُسکا عشر عشیر جانب پدر مین نہین دیکھا گیا الا ماشاء اللہ جسطرح بعض مقامات مین
واقع ہوا ہی الا ہونا در بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم سے فرمایا کہ اتنی مدت قلیلہ مفارقت
مین تم گھبرا گئے اور بے ایمان ہوگئے اب دل سے چاہا تمنے کہ غضب اللہ کا تمپہ نازل ہو
اسلیے کہ تمنے میرے وعدے کے خلاف کیا بولے ہمنے وعدہ خلافی نہین کی مگر مال وزر
قبطیون کا ہم بعاریت لائے تھے اُس مقدمے مین ہمنے ہارون سے پوچھا اُنھون نے
فرمایا اسے جلا دو یہ تمھارے لینے کے لائق نہین ہو سو ہمنے گڑھا کھود کر آگ مین ڈالا اور
سامری نے بھی جو اُسکے پاس تھا ڈالدیا سو یہ گوسالہ بن گیا تب اُسنے کہا یہ تمھارا اور
موسیٰ کا خدا ہی فرمایا تم نہین دیکھتے کہ یہ گوسالہ کسی بات کا جواب نہین دیتا اور نہ کچھ اختیار
رکھتا ہی نفع وضرر کا پھر تمنے کسطرح اسکو خدا جانا بولے اسکا حال سامری سے پوچھیے تب حضرت
موسیٰ علیہ السلام سامری کے پاس آئے اور فرمایا فما خطبک یا سامری قال بصرت بما لم یبصروا به
فقبضت قبضة من اثر الرسول فنبذتها وكذلك سولت لی نفسی یعنی اب تیری کیا حقیقت ہی
ای سامری بولا مین نے دیکھ لیا جو سب نے نہ دیکھا سو بھری مین نے ایک مٹھی پیر کے نیچے سے
اُس بھیجے ہوئے کے یعنی جبرئیل علیہ السلام کے پھر مین نے وہی ڈال دی اور یہی مصلحت دی
مجکو میرے جی نے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا چل دنیا مین تجکو یہ آفت ہی کہ کہا کر
لا مساس یعنی نہ چھیڑو اور آخرت کا عذاب جو ہوگا سو دیکھیگا اور نگاہ کر اپنے ٹھاکر کو جسپر تو
لگا بیٹھا ہی کہ مین اُسکو جلاتا ہون اور خاک اُسکی دریا مین ڈالے دیتا ہون چنانچہ اللہ صاحب نے
سورۂ طٰہٰ مین فرمایا قال فاذهب فان لك فی الحیوة ان تقول لا مساس وان لك موعدا لن
تخلفه وانظر الی الٰهك الذی ظلت علیه عاكفا لنحرقنه ثم لننسفنه فی الیم نسفا سو یہ اتفاق ہوا کہ
دنیا مین سامری بنی اسرائیل کے لشکر سے باہر الگ سب لوگون سے رہتا اگر وہ کسیسے ملتا یا کوئی
اُس سے ملتا دونون کو تپ چڑھتی اس سبب سے لوگون کو دور دور کرتا معالم التنزیل مین حضرت
ابن عباس سے روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا لا مساس لک ولولدک سو جنگل مین
جانورون کے پاس رہتا آدمیون سے نہ ملتا اور جب کوئی اُسکے قریب جاتا تو کہتا میرے پاس
نہ آؤ اور مجھے نہ چھیڑو بلکہ اب تک قبیلہ سامرہ مین یہ بات موجود ہے کہ جب کسی غیر کا بدن
کسی سے لگ جاتا ہی تو ساری قوم سامرہ کو تپ لاحق ہو جاتی ہے لباب التفسیر مین لکھا ہی کہ
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سامری کے قتل کا ارادہ کیا تھا مگر حکم الٰہی یہ صادر ہوا کہ سامری مین

ایک صفت سخاوت کی ہی جس سے خلق کو نفع ہی لہذا نفع حیات اُس سے دور کرنا نہ چاہیے
ـه ہر نہالے کہ برگ دار دو بر ❊ باد ز آب حیات تازہ و تر ❊ وانچہ بے میوہ باشد و سایہ
بہ کہ گرد د تنور را مایہ ❊ اس باعث سے حضرت موسیٰ علیہ السلام اسکے قتل سے باز رہے
اور یہ فرمایا کہ قوم سے دور ہو یہ جو اللہ صاحب نے فرمایا وان لک موعدا لن تخلفہ اس سے
مراد عذاب آخرت ہی یا دجال کا نکلنا کہ وہ بھی یہودی ہوگا اور سامری کا فساد پورا کریگا
القصہ جب حضرت موسے علیہ السلام کا غضب و غصہ فرو ہوا تو اول الواح توریت اُٹھائین
پھر اُس گوسالے کو ذبح کیا تو اُسمین بسبب گوشت کے خون نکلا پھر اُسے آگ مین جلوایا اور
خاک دریا مین ڈلوائی تو گوسالہ پرست خفیہ دریا پر جاتے اور پانی بطریق تبرک لاکر نوش کرتے
فائدہ اہل تحقیق کے نزدیک ہر قوم کے واسطے ایک گوسالہ ہی کہ اُسکی پرستش مین مشغول
رہتے ہین گو بظاہر مسلمان و دین دار کہلاتے ہین چنانچہ حدیث شریف مین اسطرف اشارہ
آیا ہی کہ بدحال ہی اس شخص کا جو اشرفی روپیہ و شال و دوشالے و جامۂ زیب کا بندہ ہی اگر اُسکو
خدا کی طرف سے یہ سب چیزین عنایت ہوئین تو خوش ہی نہین تو ناخوش اور شاکی ہی یا الٰہی
تو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدق سے مجکو اور سب مسلمانون کو محفوظ رکھ فائدہ
علما کو اختلاف ہی اس بات مین کہ بنی اسرائیل باوجود مشاہدۂ معجزات ظاہرہ اور ملاحظہ
خوارق باہرہ کہ وجود صانع مختار اور صدق نبوت موسیٰ علیہ السلام پر دلیل تھی کسطرح اس
نامعقول صنعت پر فریفتہ ہوگئے اور دام فریب مین پھنسے بعضے کہتے ہین کہ سامری نے
پہلے سے یہ شبہات اُنکے دل مین ڈال رکھے تھے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بامداد
نیرنجات اور طلسمات خوارق عادات پر قدرت حاصل ہوئی ہی پس تم بھی ایک طلسم بناؤ
کہ حضرت موسیٰ کی برابری کرنے لگو اور جمہور علما قائل ہین کہ اکثر بنی اسرائیل حلولی مذہب تھے
یعنی حلول باری بعضے اجسام مین تجویز کیا کرتے تھے سامری نے اس حیلے سے اُنکو فریفتہ کیا
کہ تمھارے پروردگار نے اس گوسالہ مین حلول کیا ہی اور اُسکی آواز اور حرکت کو شاہد دعوی
قرار دینے لگا جسطرح ہنود بے عقل بلید الطبع جہان کہین امر عجیب دیکھتے ہین وہان حلول
خالق کا اعتقاد کرتے ہین اور پرستش اور تعظیم مفرط بجالاتے ہین اکثر آیات اور احادیث
اس قول کے موافق ہین اور قول اول سے منافی بالجملہ یہ امر قبیح اور فعل شنیع بنی اسرائیل کا
اقبح انواع کفر مین ہی مقتضی تھا کہ فی الفور اُنکو نیست و نابود کرین اور فرصت توبہ ندین

اور گنجایش عذر اور معذرت کی نہ رکھین لیکن حق تعالے نے ازروی رافت اور رحمت کہ بالاصالۃ متوجہ حضرت موسیٰ اور ہارون سے تھی اور بالتبع سب بنی اسرائیل سے مواخذہ دنیویہ نفرمایا بلکہ ارشاد ہوا کہ ثم عفونا عنکم من بعد ذالک لعلکم تشکرون یعنی پھر معاف کیا ہمنے تمکو اسپر بھی شاید تم احسان مانو یعنی عذاب دنیا کا فی الحال اسواسطے اُٹھایا گیا ہی کہ شاید زمانہ آیندہ مین تم شکر نعمتون کا کرو اور عبادت مین مشقت گوارا کرو کیونکہ استعداد تمھارے مرتے کی باطل نہین ہوئی ہی امید ہی کہ اچھے لوگ تمسے پیدا ہون اور کار معرفت اور عبادت مین مشغولی اختیار کرین بخلاف آل فرعون کے کہ انکی استعداد بالکل زائل ہوگئی تھی مگر عذاب آخرت سے نہ بچوگے بلا توبہ اس گفتگو سے وہ اعتراض جو لازم آتا ہی کہ پرستش گوسالہ بلاشبہہ کفر ہی بلکہ اقبح انواع کفر مین ہی اور کفر صلاحیت عفو نہین رکھتا اور بلا توبہ مغفور نہین ہوتا دفع ہوگیا کیونکہ مراد عفو سے ترک مواخذہ دنیویہ ہی نہ مواخذہ اخرویہ چنانچہ کفار امت مصطفویہ بھی اس نعمت مین شریک ہین بالجملہ بنی اسرائیل بعد اس حرکت کے پچتائے اور سمجھے کہ ہم بیشک ضلالت مین پڑے تھے اور کہنے لگے لئن لم یرحمنا ربنا ویغفر لنا لنکونن من الخاسرین اگر نہ رحم کرے ہمکو رب ہمارا اور نہ بخشے تو بیشک ہم خراب ہونگے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کمال شفقت اور غمخواری سے کہ آدمی کو نسبت اپنی قوم کے ہوتی ہی اور علاج انکے امراض کا مثل اپنے علاج کے جانتا ہی اور اگر مرض قلبی سے بیخبر ہوتے ہین تو لطف اور عنایت سے خبردار کردیتا ہی فرمایا کہ انکم ظلمتم انفسکم باتخاذکم العجل یعنی تمنے نقصان کیا اپنا یہ بچھڑا بنا لیکر کہ دیدہ و دانستہ اسکو اپنا معبود سمجھے اور حلول باری کے معتقد ہوگئے ہرچند کہ آواز کرنا اُسکا بسبب اُس خاک کے امر عجیب وخارق عادت تھا لیکن جب فعل خارق عادت کسی کے عمل سے صورت پکڑے تو اسکو امر غیبی جاننا خلاف عقل سلیم کے ہی لہذا کھیل تماشے ساحرون اور شعبدہ بازون کے اہل دانش کے نزدیک محض لغو ہوا کرتے ہین اور تم ایسے غافل کہ فرعون اور ہامان کی تعظیم مین وہ دانائی کرتے رہے اور اس جگہ ایسے حیوان بنگئے کہ بچھڑے کو معبود سمجھے پس کوئی علاج تمھارے مرض کی نہین ہی الا یہ کہ فتوبوا الی بارئکم یعنی توبہ کرو تم اپنے پیدا کرنے والے کی طرف کہ وہی تمھارا قالب تراش ہی تا کہ تمکو اُس ظلم سے بری کردے مگر شرط یہ ہی کہ توبہ دل سے ہو نہ زبان سے کیونکہ توبہ

زبانی دکھانے کے لیے ہوتی ہی اور توبہ دلی خدا کے واسطے تب کہنے لگے کہ مجرد عذر سے ہمارا کام
بن جائیگا یا نہین حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ تم مرتد ہوگئے اور حکم مرتد کا قتل ہی فاقتلوا انفسکم
پس مار ڈالو اپنی جان کو کہ اُس گناہ کا بھی کفارہ ہی کیونکہ جو کوئی شخص حق منعم کا نگاہ
نہ رکھے تو منعم کو چاہیئے کہ اُس سے اپنی نعمت پھیرلے جب تمنے نعمت حیات کا حق جو
فیض باری سے تم مین جاری تھا تلف کردیا یعنی عبادت خالق حکیم اور علیم کی ترک
کرکے گوسالہ بلید الطبع کی پرستش مین جا پڑے تو اب حق تعالے تمسے نعمت حیات کی
سلب کرتا ہی اور یہ بات اگرچہ بنظر ظاہر عقل نہایت قبیح اور بد معلوم ہوتی ہی لیکن ذلکم
خیر لکم عند بارئکم یہ بہتر ہی تمکو اپنے خالق کے پاس کیونکہ اسکو دلالت ہی کمال محبت خالق پہ
کہ اُسکی راہ مین اپنی جان دیتے ہو اور یہ معلوم ہوتا ہی کہ تمنے قالب پرستی اور جان آفرینی
اسکی تسلیم کرلی ہی کہ اُسکے حکم سے اسکی امانت پھیرے دیتے ہو اور اس محنت کے سبب سے
عذاب دائمی آخرت سے محفوظ رہوگے اور ضرر دنیا کا ہرچند کہ سخت تر ہو لیکن عذاب
آخرت سے پھر بھی سبکتر ہی بلکہ متناہی کو غیر متناہی سے کچھ مناسبت نہین ہی اور موت
بلا شبہہ آنے والی ہی پس تحمل شدت قتل مین کوئی ضرر نہین الا تقدیم اور تاخیر وہ بھی
وہم اور خیال ہی کیونکہ جسطرح موت مقدر ہی وقت موت بھی مقدر ہی درحقیقت کچھ پس
و پیش نہین پس بنی اسرائیل نے فرمانا حضرت موسیٰ علیہ السلام قبول کیا فائدہ
امت محمدیہ علے صاحبہا الصلوۃ ایسے امور شاقہ سے معاف ہی جسطرح قتل نفس بنابر توبہ
اور قطع اعضا سے خاطیہ اور قطع موضع نجاست اور عدم جواز نماز غیر مسجد مین اور عدم
طہارت بالتیمم اور حرمت اکل بعد نوم اور حرمت جماع لیالی رمضان مین اور منع طیبات
بسبب گناہوں کے اور چوتھائی مال زکوۃ دینا یعنی اگر دو سو کسی کے پاس ہوں تو پچاس
درہم صدقہ کرے اور مال زکوۃ اور غنیمت کو کسی کام مین نہ لانا بلکہ اسکو رکھدیتے تھے کہ
ایک آگ آسمان سے آکے جلا دیتی تھی اور جزا ایک نیکی کی ایک نیکی نہ کہ دس اور جو کوئی رات کو
گناہ کرتا صبح کو اُسکے دروازے پر لکھا ہوا معلوم ہوتا تھا اور پچاس نمازین رات و دن مین
فرض تھین اور عفو قصاص سے حرام تھا اور حائضہ عورت سے ایام حیض مین مخالطت ممنوع تھی
جیسا اب ہنود مین جاری ہی اور چربی اور رگین گوشت کی حرام تھین اور شکار کرنا بروز شنبہ حرام تھا
اور رات کو نماز فرض تھی سو ادا ست نہ تھا وعلے ہذا القیاس اور احکام شدید بھی تھے

کہ وہ سب شدائد اللہ صاحب نے اس امت سے اُٹھا لیے ہین بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے
ارشاد کیا کہ سب گوسالہ پرست اپنے گھرون سے بے سلاح اور بے خود وزرہ باہر نکلین اور
اپنے دونون زانو توڑ کر دروازون پر بیٹھین اور اپنے پیٹ کو زانو سے باندھین اور سر
اپنے زانو پر رکھ لین اور زخم تلوار سر پر لیتے رہین اور زانو بند کو کبھی نہ کھولین اور جنبش
نہ کرین اور ہاتھ پانوٗن سے دفع نہ کرین اور جو شخص کچھ بھی عدول کریگا تو اُسکی توبہ
قبول نہین ہوگی دوسرے دن جب صبح ہوئی تو حضرت ہارون علیہ السلام کو بارہ ہزار
بنی اسرائیل کے ساتھ جو گوسالہ پرست نہ تھے روانہ کیا اور فرمایا کہ تلوارین ننگی ہاتھ مین لیے جاؤ
اور انکا قتل شروع کرو اور خود حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک بلند مکان پر کھڑے ہوکے آواز
دینے لگے کہ اے بنی اسرائیل تمھارے بھائی قتل کرنے کو تلوارین کھینچے ہوے تم پر آتے ہین
فاتقوا اللہ واصبروا حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ تین گروہ بنی اسرائیل مین تھے
دو گروہ کے قتل کرنے کا حکم ہوا تھا کہ باہم کشاکشی کرو جنھون نے گوسالہ پرستی کی تھی انکو ارشاد
تھا کہ مقتول ہو اور جن لوگون نے نہ پرستش کی اور نہ انکار اُنکو ارشاد تھا کہ تم قتل کرو اور
جن لوگون نے انکار کیا تھا اور شریک حضرت ہارون کے ہوکے منع کرتے تھے وہ توبہ مین
شریک نہ تھے اور نہ محتاج بتوبہ تھے روایت ہے کہ جب قاتلون نے دیکھا کہ جنکو ہم قتل کرینگے
اُسمین کوئی بھائی ہے کوئی بھتیجا ہے کوئی بہن کا بیٹا ہے کوئی قرابت دار ہے کوئی دوست ہے متردد
ہوے اور ہاتھ اُنکے شفقت سے قتل پر نہ اُٹھتے تھے اللہ جل شانہ نے ایک دھوان ایسا بھیجا
کہ بالکل اندھیرا ہوگیا اور بے صرفہ مارنے لگے کہ ستر یا اسّی ہزار آدمی صبح سے تیسرے پہر تک
مارا گیا ؎ پدر را پور و پورش را پدر کشت ✤ برادر را برادر بے خطر کشت ✤ تب عورتین اور
بچے بنی اسرائیل کے فریادی ہوکے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے حضرت موسے
علیہ السلام نے سر کھولکر دعا مانگی ارشاد ہوا کہ توبہ مقتولون اور غیر مقتولون کی مقبول ہوئی
یعنی جو شخص مارا گیا اُسکو مرتبہ شہادت ملا اور جو شخص زندہ رہا لوث گناہ سے پاک ہوا
لطائف تفسیریہ مین لکھا ہے کہ یہ توبہ منسوخ نہین ہے مگر اسقدر کہ توبہ بنی اسرائیل کی یہ تھی کہ
سب کے سامنے قتل نفس کرین اور توبہ خواص اس امت مرحومہ کی یہ ہے کہ اپنے نفس کو
پوشیدہ قتل کرین اُنھون نے مشقت قتل یکبارہ اُٹھائی اور نجات پا گئے اس امت کو مخالفت
ہوا مین ہر لحظہ قتل ہے حقائق نجمیہ مین لکھا ہے کہ قتل نفس ظاہر مین مومن و کافر دونون کرسکتے ہین

الا قتل نفس کا باطن ہین بلا توفیق آلہی میسر نہین ہوتا اور نفس کا قتل یہ ہی کہ اُسکی آرزو اور مراد کو قطع کرے کہ مرتبہ ادنے سے اوج معنی کو پہونچے ع نفس خود را کش جہانے زندہ کن + خواجہ را کشتست او را بندہ کن + تو طمع داری کہ او را بے جفا + بستہ داری در وفا یود ر وفا ہر خسے را این تمنا کے رسد + موسیٰ باید کہ اژدر را کشد + بعض مفسرین ظاہر آیت سے یہ نکالتے ہین کہ بنی اسرائیل آپ اپنے نفس کو قتل کرین اور روایات اس قصے کی قاطبتہ مخالف اس ظاہر کے واقع ہین پس حقیقت کلام کی مراد نہین ہی یا محمول ہی اسناد مجازی پر القصہ جب یہ توبہ بنی اسرائیل سے واقع ہوئی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگرچہ گناہ تمہارا سخت تر تھا گناہ آل فرعون سے کیونکہ تمنے بعد ایمان کے یہ کفر اختیار کیا تھا مگر قبول ہوئی تمہاری توبہ انہ ہو التواب الرحیم بر حق وہی ہی معاف کرنے والا فائدہ حدیث شریف مین وارد ہی کہ اگر بندہ صدق دل سے توبہ اور ندامت کسی گناہ سے کرے تو حق تعالے اُسکو قبول فرماتا ہی اور یہ بنی اسرائیل کی ہدایت عمدہ تھی فارق بین الحق والباطل تھد مانکے باوجود ایسی مصیبت کے کمال بشاشت سے قبول کرکے اور معاصرین ہمارے حضرت صلعم کے جو مخاطب اس کلام کے تھے بمجرد زبان بھی توبہ نہین کرتے تھے اور عبادات سہل کو باوصف کثرت فضائل کے ادا نہین کرتے تھے یہ بھی کفران نعمت تھا پوشیدہ نرہے کہ اس آیت مین امت محمدیہ صلعم کو خبردار فرماتے ہین کہ ہرگز توبہ و ندامت سے منھ نہ پھیرو کہ امت موسویہ نے باوجود ایسی مشقت کے منھ نہین موڑا اور تمسے سوائے ندامت کے اور کچھ مطلوب نہین ہی پس منھ کا موڑنا تمسے نہایت بعید ہی فائدہ بعضے فقہا شبہہ کرتے ہین کہ بنی اسرائیل مصر مین قبطیون کے پناہ مین تھے اور مستامن کو مال حربیون کا لینا جائز نہین ہی اور بالفرض اگر بنی اسرائیل نے اس گناہ پر اقدام کیا تھا تو حضرت موسیٰ اور ہارون نے باوصف اطلاع کے کیون منع نہ کیا جواب اس شبہہ کا یہ ہی کہ مستامن ہونا بنی اسرائیل کا شہر مصر مین مسلم نہین ہی بلکہ بنی اسرائیل مصر مین مقید تھے اور قیدیون کو مال حربیون کا لے لینا جس طرح سے ہاتھ لگے یعنی دزدی سے فریب سے خواہ گدائی وغیرہ سے بیشک درست ہی و اگر بالفرض مستامن بھی ہون تو بھی اونکو اُس زر اور زیور کی حاجت تھی اسواسطے بعاریت لے لیا اور وقت فرار اسقدر فرصت نملی کہ واپس کرین اور اگر توقف کرتے تو گرفتار ہوجاتے بالجملہ بنی اسرائیل باوصف معائنہ معجزات باہرہ اور مشاہدۂ آیات قاہرہ اور ملاحظۂ عقوبات

متواترہ اور حصول نعماے غیر مترقبہ ہرگز ادائے شکر پر مستعد نہوے بلکہ اُسی بے ادبی اور سخت روئی مین مبتلا رہے اور سخت تر بے آدبی یہ تھی کہ ہرگز حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہدایت کو کافی نہ سمجھے اور بولے کہ یہ احکام جو تم بیان کرتے ہو اگر ہم اللہ سے بلا واسطہ تمھارے سُنین تو البتہ قبول کرین حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ ہر ایک شخص یہ بات چاہتا ہی یا بعض صالح کہنے لگے کہ اگر ایک جماعت کثیرہ اچھے لوگون کی جنکی خبر حد تواتر کو پہونچے اور عقل کے نزدیک اجتماع انکا دروغ بندی پر محال ہو کلام آلہی بلا واسطہ سن آئے تو البتہ ہم یقین کرین حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اپنی قوم کے اچھے اچھے لوگ اس کام کے لیے چنو انھون نے ستر آدمی کہ صلاح و تقوی مین ممتاز تھے چھانٹ کے تیار کیے اور حضور مین حضرت موسیٰ کے لائے حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ تم سب پہلے غسل کرکے گناہون سے توبہ کرو اور تین دن روزہ رکھو اور تسبیح و تہلیل مین مشغول رہو بعد اُسکے میرے ساتھ چلو موافق ارشاد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اُن لوگون نے عمل کیا اور حضرت موسیٰ کے ساتھ کوہ طور کو روانہ ہوے جب قریب تر پہونچے تو حضرت موسیٰ نے جناب الٰہی مین عرض کیا کہ یا رب العالمین یہ جماعت صالحہ تیری باتون کی مشتاق ہے آلہی بے واسطہ کلام فرما کہ یہ بھی سنین جس وقت کوہ طور پر پہونچے تو نور سفید رقیق غمناک بشکل ابر ظاہر ہوا اور آہستہ آہستہ پھیلا کہ سارا پہاڑ چھپ گیا بنی اسرائیل پہاڑ کے نیچے کھڑے ہوے دیکھتے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اُس دریاے نور مین غرق ہو گئے اور فرمایا کہ ہان کلام الٰہی سنو انھون نے بے شبہہ اور شک اپنے کانون سے کلام الٰہی سنا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے خطاب ہوتا ہی اور امر و نہی کا ارشاد ہو تب حضرت موسیٰ کو پکارنے لگے کہ ای موسیٰ تم مخاطب الٰہی ہو سے ہم محروم ہین دفعتہً ایک برق نوری انکی طرف آیا اور یہ کلام اُس برق سے انکے کان مین پہونچا انی انا اللہ لا الہ الا انا اخرجتکم من ارض مصر فاعبدونی ولا تعبدوا غیری یعنی بیشک ہون مین اللہ کوئی نہین معبود مگر مین مین نے نکالا تمکو زمین مصر سے پس مجکو پوجو اور میرے غیر کو مت پوجو بعد اسکے کلام منقطع ہو گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اُسی ابر مین مستغرق رہے جب وہ ابر کھلا تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نکلے اور فرمانے لگے کہ تمنے کلام الٰہی سن لیا اور اُسکے احکام سمجھ لیے بولے کہ ہم کسطرح جانین کہ یہ کلام الٰہی تھا مبادا کوئی شیطان یا جن اس ابر مین آواز کرتا ہو پس یہ اعتقاد کہ یہ کلام

کلام خدا ہی محض تقلیدی اور تمھارے کہنے سے البتہ ہو سکتا ہی اور حال یہ ہی کہ اگر تمھارے کہنے کا یقین ہوتا تو حاجت نہ تھی کہ یہاں تک آتے اب علاج اسکا یہ ہی کہ ہمکو اللہ کی صورت دکھلاؤ کہ اس صورت سے ہم آواز سنیں اور یقین لائیں کہ یہ آواز خدا ہی کی ہی شیطان اور جن کی نہیں ہی چنانچہ اللہ صاحب حکایت فرماتے ہیں لن نؤمن لک حتی نری اللہ جہرۃ یعنی ہم یقین نکرینگے جب تک نہ دیکھیں اللہ کو سامنے بصورت اور شکل جسطرح سے آواز بلند مکان سے سنتے ہیں یعنی ایسا بھی ہم نہیں چاہتے کہ مانند درویشوں اور عارفوں کے شہود اور مشاہدہ میں دیکھیں کہ اسکو ہم مصنوعات خیالیہ جانتے ہیں اور نہ ایسا جیسا کہ آخرت میں وعدہ رویت ہی کہ بلا کیف دیدار الٰہی میسر ہوگا کیونکہ وہ دیدار بلا کیف ہماری عقول ناقصہ کے نزدیک دیدار نہیں دیدار وہی ہی جو عیانا صورت اور شکل سے محدود الجہات ہو جیسے آواز کان میں آتی ہی انھیں باتوں میں تھے کہ ایک آگ آسمان سے ظاہر ہوئی وہ سب جل گئے فاخذتکم الصاعقۃ وانتم تنظرون یعنی پھر لیا تمکو بجلی نے اور تم دیکھتے تھے بعضے کہتے ہیں کہ ایک آواز ایسی مہیب آئی کہ اسکے ہول سے مر گئے مخفی نرہے کہ اس کہ اس سوء ادبی پر دو وجہ سے غضب الٰہی نازل ہوا ایک تو یہ کہ ان بیوقوفوں نے کمال بے ادبی سے حضرت موسیٰ سے کہا کہ تمھارے کہنے کو اعتبار نہیں کرتے حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پیغمبر مصدق بالمعجزات تھے جیسے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکو نہ ماننا اور انکے قول کا یقین نہ لانا کفر صریح ہی علے الخصوص مقام حضور اور سماع کلام میں دوسری وجہ یہ کہ اللہ کو محدود فی الجہات دیکھنے کی درخواست کی اگر یوں کہتے کہ ہم آرزوے رویت الٰہی رکھتے ہیں ہمکو اپنے دیدار سے مشرف کرے تو محل غضب نتھا کیونکہ رویت الٰہی دنیا میں بھی محال نہیں ہی اور اسکی طلب میں محل غضب اور عتاب بھی نہیں بلکہ اسکا جواب یہی تھا کہ تم قابل اس نعمت کے نہیں ہو آخرت میں جب پاک صاف ہو جاؤگے مجکو دیکھوگے کیونکہ رویت اخروی عوام مومنوں کو ہی اور رویت دنیوی خواص کو جسطرح جناب پیغمبر آخر الزمان علیہ الف الف صلوات اور الف الف سلام کو ہوئی لیکن ان لوگوں نے صورت اور شکل دیکھنے کی درخواست کی پس ایسے غضب میں پڑے کہ صاعقہ نے پھونک دیا وہ آگ تھی آسمانی کہ ابر میں ہوتی ہی از روے غضب انپر آ پڑی اور مسامات سے سارے بدن میں پھیل گئی اس سبب سے کمال مناسبت صاعقہ سے

پیدا ہوئی اور بعضے مفسرین صاعقہ کو مصدر صعق کہتے ہین کہ معنی بیہوشی اور غشی ہی لیکن
روایات صحیحہ سے ثابت ہوا ہی کہ برق جہندہ اونپر گری کہ بے حس وحرکت ہوگئے پس
اگر صاعقہ سے بیہوشی اور غشی مراد ہو تو بھی یہ اثر اُسی برق کا ہی کہ اسکو صاعقہ آسمانی سے
مشابہت تامہ ہی بلکہ صاعقہ آسمانی سے قوی تر اور سخت تر کیونکہ صاعقہ متعارفہ ایک ذی روح
اسقدر جماعت کثیر کو نہین مارتا غالباً دو شخص یا تین شخص کو قتل کرتا ہی اور اس سے بھاگنا
اور سایہ اور مکانات مضبوط مین ممکن ہی اور اس صاعقے سے کہ آسکی حرکت اختیاری تھی
فرار ممکن نہوا بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب دیکھا کہ اُنپر بجلی گری اور کانپ کر مر گئے
تو ڈرے کہ بنی اسرائیل مجکو متہم کرینگے تب عرض کیا کہ اگر یہی منظور تھا تو پہلے میرے
نکلنے سے قوم سے انکو ہلاک کرتا جب عبادت گوسالہ کی تھی اور مجکو وقت قتل اُس قبطی کے مارتا
اور اب جو عبادت گوسالہ پر یا طلب رویت پر قتل فرماتا ہی تو یہ تیری آزمائش ہی یعنی پہلے
انکو اپنا کلام سنایا کہ یہ متمنی ملاقات ہوے اور رویت کی خواہش کرنے لگے اسی کا اشارہ ہی
فلما اخذتھم الصاعقۃ قال رب لو شئت اہلکتہم من قبل وایای اتہلکنا بما فعل السفہاء منا
ان ہی الا فتنتک تضل من تشاء وتہدی من تشاء انت ولینا فاغفرلنا وارحمنا وانت خیر الغافرین
یعنی جب پکڑا اونکو لرزے نے کہا اے رب اگر تو چاہتا پہلے ہی ہلاک کرتا انکو اور مجکو کیا
تو ہلاک کریگا ایک کام پر جو کیا ہمارے احمقون نے یہ سب تیرا آزمانا ہی بچلادے جسین
جسکو چاہے تو ہی ہی ہمارا تھامنے والا سو بخش تو ہمکو اور مہر کر ہمپر اور تو سب سے بہتر
بخشنے والا ہی چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپکو شامل کرکے دعا مانگی تھی اس سبب سے
اللہ جلشانہ نے بخشا اور مردون کو زندہ کیا ثم بعثناکم من بعد موتکم لعلکم تشکرون یعنی پھر
اٹھا کھڑا کیا ہمنے تمکو مر گئے پر شاید احسان مانو یعنی بعد از موت حقیقی کہ جبل غشی اور
سکتے سے نہ تھی تمکو زندہ کیا بعضے کہتے ہین کہ یہ معاملہ قبل گوسالہ پرستی کے واقع ہوا ہی
بدلیل آیت کہ سورۂ نساء مین واقع ہی یسئلک اہل الکتاب ان تنزل علیہم
کتابا من السماء فقد سالوا موسیٰ اکبر من ذلک فقالوا ارنا اللہ جہرۃ فاخذتہم الصاعقۃ
بظلمہم ثم اتخذوا العجل من بعد ما جاءتہم البینات یعنی تجھسے مانگتے ہین کتاب والے کہ اُنپر اتار لائے
کتاب آسمان سے سو مانگ چکے ہین موسیٰ سے اس سے بڑی چیز بولے ہمکو دکھادے اللہ
سامنے پھر انکو پکڑا بجلی نے اُنکے گناہ پر پھر بنالیا بچھڑا نشانیان بھیجنے پر مگر اکثر مفسر

اہل تحقیق کہتے ہین کہ قصہ بعد گوسالہ پرستی کے واقع ہوا تھا بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اسی جماعت کو واسطے عذر خواہی کے کوہ طور پر لے گئے تھے اور انھون نے عذر بدتر از گناہ کیا اور سیاق قصہ کا سورۂ بقر اور سورۂ اعراف وغیرہ سورتون مین کہ ترتیب ذکر قصص مین غالباً ترتیب وقوع زمانی بھی ملحوظ ہوتی ہے اسپر دلیل ہے اور سورۂ نسار مین کلمہ ثم کہ موضوع واسطے ترتیب زمانی کے ہے اوس سے صرف ترتیب بیان اور ترقی ادنے سے طرف اعلےٰ کے مقصود ہے اور اکثر اشعار عربیہ مین فصحا اسطرح کہا کرتے ہین اور کلام اللہ مین بھی بہت واقع ہے الغصہ بعد زندہ ہونے اون ستر آدمی سردار قوم کے حضرت موسیٰ نے دعا مانگی کہ واکتب لنا

فی ہذہ الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ انا ہدنا الیک قال عذابی اصیب بہ من اشاء ورحمتی وسعت کل شیٔ فساکتبہا للذین یتقون ویؤتون الزکوۃ والذین ہم بآیاتنا یؤمنون یعنی لکھدے ہمارے واسطے اس دنیا مین نیکی اور آخرت مین ہم رجوع ہوے تیری طرف فرمایا میرا عذاب جسپر ڈالتا ہون جسپر چاہون اور میری مہر شامل ہے ہر چیز کو سو وہ لکھ دونگا انکو جو ڈر رکھتے ہین اور دیتے ہین زکوۃ اور جو ہماری آیتین یقین کرتے ہین تنبیہ حضرت موسیٰ نے اپنی امت کے حق مین دنیا اور آخرت کی نیکی مانگی شاید مراد یہ تھی کہ سب امتون سے مقدم رہین دنیا اور آخرت مین اُسپر ارشاد ہوا کہ میرا عذاب اور رحمت کسی فرقے پر مخصوص نہین عذاب تو اُسی پر ہے جسکو اللہ چاہے اور رحمت سبکو شامل ہے لیکن وہ رحمت خاص لکھی ہے اُنکے نصیب مین جو اللہ کی ساری باتین یقین کرینگے یعنی آخری امت کہ سب کتابون پر ایمان لاوینگی تو حضرت موسیٰ کی امت مین سے جو کوئی آخری کتاب پر یقین لائے وہ پہونچے اس نعمت کو اور حضرت موسیٰ کی دعا انکو لگے فائدہ آیۂ کریمہ فاخذتکم الصاعقۃ الخ منکرین رویت دنیا اور آخرت کی دلیل ہے کہ اگر رویت الٰہی ممکن ہوتی تو سوال اسکا موجب ایسے غضب کا نہوتا جواب اسکا یہ ہے کہ مجرد سوال رویت محل غضب نہین ہے بلکہ کلمہ لن نومن لک کہ صریح کفر ہے اور کلمہ نری اللہ جہرۃ کہ سخت بے ادبی ہے غضب کا سبب ہے اسپر دلیل یہ ہے کہ جب دوسری مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سوال رویت کیا ہے تو سمجھا سکے کہ بنیہ انسانی طاقت رویت نہین رکھتی اور کچھ ارشاد نہین ہوا اُسکا قصہ یہ ہے کہ بعد چند روز کے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر تشریف لائے اور بدستور کھانا پینا بالکل ترک فرما کے چلے مین بیٹھے پہلے اللہ جل شانہ نے سب پردے حجاب کے اٹھا دیے اور اپنے کلیم سے کلام فرماتے رہے

سوال رویت بار دوم

صرف ایک پردہ حجاب کا باقی رکھا اب انکے دل مین یہ خطرہ آیا کہ حضرت باری سے بانواع اعطاف
سرفراز ہون نعمت رویت باقی رہی جاتی ہی لہذا عزم بالجزم کرکے باطہارت کاملہ ملتمس ہوے
رب ارنی انظر الیک ای رب تو مجکو دکھا مین تجکو دیکھون ؎ من فراموش کنم ہر چہ بود الا تو
عشقبازی نہ کنم در دو جہان جز با تو + گر دلیل من بیچارہ تو باشی سہل ست + ہر مسافت کہ بود
از من بیدل با تو + ساقی از بادۂ دیدار چنان ساز مرا + کہ زمستی نشناسم کہ منم این یا تو
کعب احبار فرماتے ہین کہ مین نے کتب منزلہ مین یون ملاحظہ کیا ہی کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام
کوہ طور پر تشریف لے گئے اور چالیس روز تک ریاضت اور مجاہدہ مین رہے اور آئینہ ضمیر
مجلا اور صاف ہوا اور نوبت مکالمہ پہونچی تو حضرت حق تعالے نے جبرئیل علیہ السلام کو
با مقربین ملائکہ بھیجا کہ وحشیون کو پہاڑ سے دور کرو کوئی باقی نہ رہے اس دن حضرت موسیٰ
علیہ السلام عمامۂ سیاہ برسر اور جامہ پشمینہ در بر اور عصا در دست بصورت غریب کھڑے تھے
فرشتے آئے اور پہاڑ کو محیط ہوگئے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام چھپ گئے تب حضرت جبرئیل
علیہ السلام نے کہا کہ اے موسیٰ چادر سیاہ اوڑھو اور تمام بدن سوائے آنکھون کے چھپا لو
حکمت اسمین یہ تھی کہ اگر جبین مبارک کھلی رہتی تو نور کلام کی چمک سے جل جاتی حضرت موسیٰ
علیہ السلام نے چادر سیاہ اوڑھی اور مقام انتظار مین کھڑے ہوے یکایک آثار سلطانی
ظاہر ہونے لگے اور نوبت کلام پہونچی اولین خطاب یہ تھا کہ انی انا اللہ لا الٰہ الا انا فاعبدنی
حضرت موسیٰ نے عرض کیا انت اللہ لا الٰہ الا انت اعبدک انت الٰہی و الٰہ آبائی بعد اسکے
اور بھی کلام ہوے تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا رب ارنی انظر الیک یعنی مجکو
اپنی رویت سے متمکن کر تا بدیدۂ سر تیری طرف دیکھون بیت ترا میخواہم ای دلبر کہ بینم +
توئی مقصود من در ہر کہ بینم + ارشاد ہوا لن ترانی یعنی نہ دیکھ سکیگا مجکو دنیا مین کیونکہ حکم
ارنی یون واقع ہی کہ جو بشر مجکو دنیا مین دیکھے مرجاے پس بنیۂ انسانی کو طاقت رویت
نہین ہی مدارک التنزیل مین لکھا ہی کہ عین فانی سے مجکو نہ دیکھ سکیگا الا بدیدۂ باقی وہ بہشت مین
ہوگا فائدہ طلب رویت دلیل جواز رویت ہی کیونکہ اگر رویت محال ہوتی تو حضرت موسیٰ
علیہ السلام سوال اسکا پیش نکرتے کیونکہ طلب اس چیز کا جو کہ محال بالذات ہو انبیا سے جائز نہین ہی صاحب
کشف الاسرار نے لکھا ہی کہ مقام حضرت موسیٰ علیہ السلام اسوقت جب خطاب لن ترانی سنا ہی عالی تر تھا اسوقت سے
کہ ارشاد ہوا ہی ارنی کیونکہ لن ترانی مین عین مراد حق مین تھی اور ارنی کے وقت اپنی مراد مین قائم تھے اور مراد

حق مین ہونا کامل ترہو اپنی مراد سے بیت لن ترانی میرسد از طور موسی را جواب + ہر چہ آن از
دوست آید سر بنہ گردن متاب + اگرچہ زخم لن ترانی جانب محبوب حقیقی سے پہونچا الا ساتھ ہی
اُسکے مرہم راحت ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانہ فسوف ترانی لگا ہوا عنایت ہوا یعنی پس
دیکھتا رہ پہاڑ کی طرف جو وہ ٹھہرا اپنی جگہ تو آکے دیکھیگا مجکو کیونکہ یہ پہاڑ ولایت مدین مین
سب مین بڑا ہی اور قوت تحمل اُسکی تمسے زیادہ ہی اگر وقت تجلی یہ پہاڑ قرار پکڑے اور ثابت
رہے تو بھی دیکھ سکیگا اور اگر پہاڑ کو قوت دیدار نہ ہو پھر تو بھی اس آرزو سے ہاتھ اُٹھا لے
وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ جب حضرت موسی علیہ السلام نے رویت کی درخواست کی
تو پہلے ایک ابر مع رعد اور برق ظاہر ہوا کہ سارا پہاڑ چھپ گیا اور حضرت موسے علیہ السلام
ذکر تسبیح مین مشغول ہوے پھر ارشاد ہوا کہ ای ملائکہ بیٹا عمران کا دیدار مانگتا ہی ملائکہ
بحکم الٰہی بصورت مہیب ظاہر ہوے حضرت موسی علیہ السلام کو اور بھی خوف ہوا مگر حضرت
جبرئیل علیہ السلام داہنے ہاتھ پر کھڑے ہوے اطمینان کرتے جاتے تھے غرضکہ فرشتے
ساتون آسمان کے مختلف صورتون مین ظاہر ہوے کوئی شیر کی صورت کوئی بصورت گاؤ
کہ حضرت موسی نے کبھی نہ دیکھے تھے اور کوئی ایسے کہ ہاتھون مین ایک ستون لیے اور
سبوح قدوس رب العزة ابدا لایموت پڑھتے ہوے اور کسی کے منہ سے آگ کے شعلے
نکلتے ہوے تب حضرت موسی علیہ السلام نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے کہا کہ مین
اپنے سوال سے سخت پشیمان ہون ارشاد ہوا کہ ای موسی بلحاظ ضعف بشریت کے مین نے
تجکو فرمایا کہ لن ترانی لیکن اگر دیکھا چاہتا ہی تو دیکھ پہاڑ کی طرف کما قال انظر الی الجبل جب ذکر
پہاڑ کا آیا تو سب پہاڑون نے اپنا اپنا سر اُٹھایا کہ شاید ہم اس دولت سے سعادت اندوز
ہون سب کے پیچھے طور پہاڑ نے کمال فروتنی اور عاجزی سے عرض کیا کہ مین کہان اس
لائق ہون کہ اسکی تمنا کرون حق تعالے نے اُسکو یہ نعمت عطا کی اور دولت تجلی سے
سرفراز فرمایا کہ اپنا نور یا عرش کا نور بمقدار سرہ سوزن اُسپر ڈالا عین المعانی مین سہیل
ساعدی سے منقول ہی کہ خداوند کبریا نے ستر ہزار پردے سے ایک ذرہ نور کا ظاہر
فرمایا تھا کہ اُسوقت سارے دیوانے عالم کے ہوش مین آگئے اور جو بیمار تھے اچھے
ہوگئے اور عرصۂ زمین سرسبز اور شاداب ہوگیا اور کھاری پانی میٹھا ہوگیا اور سارے
بت روے زمین کے زمین پر گر پڑے اور آتش مجوس بالکل ٹھنڈی ہوگئی اور وہ پہاڑ

ریزہ ریزہ ہوگیا اور حضرت موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے کہ پنجشنبہ کی شام سے جمعہ کی شام تک یعنی ایک رات دن بیہوش رہے اسی کا اشارہ ہی سورۂ اعراف مین فلما تجلی ربہ للجبل جعلہ دکا وخر موسیٰ صعقا پھر جب نمود ہوا رب اسکا پہاڑ کی طرف کیا اسکو ڈھاکر برابر اور گر پڑا موسیٰ بیہوش تنبیہ حقیقت یہ ہی کہ حضرت موسیٰ کو حق تعالےٰ نے بزرگی دی کہ فرشتے بغیر خود کلام کیا تب انکو شوق ہوا کہ دیدار بھی دیکھون اُسکی برداشت نہوئی اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالےٰ کو دیکھنا ہو سکتا ہی کیونکہ نمود ہوا تھا پہاڑ کی طرف لیکن دنیا کے وجود کو برداشت نہوئی پہاڑ ٹوٹ گیا اور حضرت موسیٰ بیہوش گر پڑے تو آخرت کے وجود کو برداشت ہوگی وہان دیکھنا تحقیق ہی کہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج مین بچشم سر دیکھا ہی القصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہوش مین آئے اور اس سوال سے کہ خلاف تنزیہ تھا نادم ہو کے معذرت کرنے لگے سبحانک تبت الیک وانا اول المومنین یعنی تیری ذات پاک ہی مین نے توبہ کی تیرے پاس اور مین سب سے پہلے یقین لایا یعنی مین تجھکو پاک جانتا ہون اُس چیز سے جسکے تو لائق نہین ہی منجملہ اُسکے تیری رویت ہی سبحان اللہ یہ عجب سر ہی کہ جبل باوصف قوت اور عظمت متحمل دیدار نہو سکا اور قلب انسان باین ضعف ناتوانی بحکم ولکن ینظر الی قلوبکم برداشت نظر حق کی طاقت رکھتا ہی اسمین یہ نکتہ ہی کہ تجلی حق پہاڑ پر بنظر ہیبت تھی اور دل پر بنظر رحمت ہی اُسنے چور کیا اور اِسنے معمور ہ دل بذیرفت انچہ گردون برنتافت ۔ دل برانست انچہ عرش اندر نیافت ۔ جاننا چاہیے کہ چار چیزون نے تواضع اختیار کی انکو چار نعمتین ملین اول اوقت خطاب انی جاعل فی الارض خلیفہ عناصر اربعہ نے جانا کہ ہم مین سے خلیفہ پیدا ہوگا تو آب و ہوا و آتش نے سر بلند کیے اور خاک نے بیچارگی اختیار کی اور کہا ع من کیستم کہ دعوی سودا اے او کنم ۔ اسکی عاجزی پسند آئی وہی اصل خلیفہ اللہ قرار پائی ثانیاً جب کشتی نوح علیہ السلام کو حکم استقرار ہوا جملہ پہاڑون نے گردنین بلند کین جودی پہاڑ نے فروتنی اور شکستگی سے کہا مین کب اس لائق ہون جو سر بلند کرون اُسکی عاجزی قبول ہوئی اور کشتی اُسی پر ٹھہری کما قال فاستوت علی الجودی ثالثاً جب خطاب الٰہی موسیٰ علیہ السلام سے ہوا لن ترانی ولکن انظر الی الجبل سب پہاڑون نے سر بلند کیے طور پہاڑ نے کہا مین کہان اس لائق ہون کہ ایسے شرف سے مشرف ہون اُسی پر تجلی ہوئی رابعاً خطاب مستطاب ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین گوش سامعین مین پہونچا تو مطیعون اور زاہدون اور عابدون اور متقیون نے سر اُٹھائے کہ شبت لا یزال اور جنت پر کمال ہمکو ملیگی اور ہماری شان مین ہی اُعدت للمتقین اور عاصیون اور گنہگارون اور مسرفون اور

بے نمازیوں نے اپنے منہ چھپائے اور شرمندہ ہوئے کہ بھلا ہم کس منھ سے رحمت کے امیدوار ہوں اور دعا مانگنے لگے کہ اے کریم و رحیم تصدق اپنے حبیب کے ہمکو بھی خوان نعمت سے بے نصیب نہ کر

پس خطاب ہوا قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ؎ خزینہ ہاست مرا پُر ز نقد علم و ادب * کجاست آہ سحرگاہ و نالۂ دل شب * مباش تشنہ تو اندر بوادی عصیان * کہ بحر رحمت ما موج میزند برلب * نظر برحمت ماکن غرور فریب عمل * چو شد پدید سبب معطل ست سبب * اور امام زاہدی نے اپنی تفسیر مین لکھا ہے کہ بعضے جاہل کہتے ہین کہ دیدار خدا کا دنیا مین نہین ہوتا آخرت مین البتہ جائز ہے اور بہشت مین واجب ہے یہ سراسر خطا ہے اور محض بیجا صفت خدائے تعالے کی قابل تحویل نہین ہے جو بات صفات الٰہی مین ناجائز ہے وہ کبھی جائز نہین ہوتی اور جو جائز ہے وہ ناجائز نہین ہوتی اور اگر صفات الٰہی مین تغیر ممکن ہو تو حدوث لازم آوے اور خدائے تعالے حدوث سے منزہ ہے مگر دنیا مین دیدار کا وعدہ نہین کیا اور عادت اپنی اسپر جاری نہین فرمائی اور جو یہان بھی چاہے اور جلوہ اپنا نصیب کرے تو کچھ مشکل نہین اور بہشت مین وعدہ ہے لیکن واجب نہین اور جو کوئی کہے کہ اگر دیدار خدا کا دنیا مین جائز ہے پھر موسی کو کیون نہوا حالانکہ حضرت موسی علیہ السلام نے بہت اصرار کیا تھا یہی خطاب آیا کہ لن ترانی تو جواب یہ ہے کہ بہت چیزین جائز ہین لیکن ارادہ الٰہی جس چیز کے ظہور پر نہین ہوتا وہ واقع نہین ہوتی حضرت موسی نے رویت چاہی حکم ہوا کہ رویت جائز ہے ولن ترانی مگر تجکو دیکھنا نصیب نہوگا اسمین نفی وقوع کی ہے نہ نفی جواز کی اور جو شخص کہتے ہین کہ حرف لن واسطے نفی دائمی کے ہے یہ غلط ہے دیکھو خدائے تعالے نے خبر دی ہے کہ موت کی خواہش کافر لوگ نہ کرینگے کما قال تعالی ولن یتمنوہ ابدا اور پھر ارشاد ہوتا ہے کافر اپنے مرنے کی آرزو رکھتے ہین کما قال ونادوا یا مالک لیقض علینا ربک قال انکم ماکثون یعنی پکارا کافرون نے اے خداوند بھیج ہمکو موت حکم ہوا کہ ابھی تمہارے مرنے مین تاخیر ہے پس معلوم ہوا کہ کلمہ لن موقوف اور مقترن ہے ساعت اور وقت پر یعنی اے موسی تو اسوقت ہرگز دیکھ نہ سکیگا اسمین یہ اشارہ ہے کہ دیدار میرا مقرر ہے واسطے محمد کے دنیا مین اور اسیکے واسطے مین نے خاص کر رکھا ہے اور سوائے اسکے دوسرے کو مجال دیدار نہین ہے تب معلوم ہوا کہ سوائے اس وقت کے جسمین موسی نے خواہش دیدار فرمائی تھی اور وقت مین دیدار کا ہونا ممکن ہوا جسطرح مریم کے حال مین ارشاد ہوا انی نذرت للرحمن صوما فلن اکلم الیوم انسیا یعنی مین نے نذر کیا واسطے خدا کے روزہ سو نہ بولونگی آج کسی آدمی سے پس معلوم ہوا کہ کلمہ لن واسطے نفی ابدی کے نہین ہے اور باقی تحقیق اس مقام کی حصہ معراج خاتم النبیین مین لکھی جائیگی

روایت ہی کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے توبہ کی تو واسطے تسلی دل کے ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ مین نے
تجکو اپنی رویت سے منع کیا سو محض بنظر تیری صلاح اور بقاء ذات کے تھا تو غمگین نہو انی اصطفیتک

علی الناس برسالاتی وبکلامی فخذ ما اتیتک وکن من الشاکرین یعنی مین نے تجکو امتیاز دیا لوگون سے اپنے پیغام
بھیجنے کا اور اپنے کلام سنانے کا سو لے جو مین نے تجکو دیا اور شاکر رہ مراد یہ ہی کہ مین نے تجکو ممتاز کیا
بنی اسرائیل مین خواہ سب انھون سے جو تیرے زمانہ مین ہین القصہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بعد
اس واقعہ کے اپنی قوم مین تشریف فرما ہوئے اور سب لوگون کو جمع فرماکر ارشاد کیا کہ احکام توریت کے
قبول کرو اور اسکے موافق عمل کرو تب وہ متمردانہ بولے کہ احکام توریت کے سخت اور دشوار ہین اور
یہ ہم خوب جانتے ہین کہ یہ کلام الٰہی ہی لیکن اوامر ونواہی اسکے ہم نہین مانتے حضرت موسیٰ نے
فرمایا کہ تمنے بہت الحاح اور زاری سے کہا تھا کہ ہمارے پاس کوئی شریعت اور دین نہین ہی کہ
کتاب آوے اور اس کتاب مین تواعد شریعت اور آئین طاعت اور عبادت مفصل مذکور ہون ہم
بجالاوین سو مین کتاب بھی لایا اور اللہ کا کلام بھی تمکو سنا لایا تاکہ تمکو یقین ہو وے کہ یہ کتاب اللہ ہی تو
پھر بھی تم اسکے احکام نہین مانتے یہ تمھارے حق مین بہتر نہین اب تمسے بزبردستی احکام توریت
قبول کرائے جاوینگے اتنے مین حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ایک پہاڑ فلسطین سے جسکو
طورسینا کہتے ہین اور تفسیر قرطبی مین ہی کہ یہ پہاڑ منسوب تھا طور ابن اسمعیل سے اور ابن ابی حاتم
اور ابن مردویہ ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ طور عبارت ہی اس پہاڑ سے جسمین سبزہ ودرخت
بکثرت ہون لیکن اسجگہ مراد وہی پہاڑ ہی جسپر اللہ نے حضرت موسیٰ کو توریت عنایت کی تھی اسکو
اپنے پرون پر اٹھاکے سارے لشکر پر کھڑا کر دیا اسوقت لشکر بنی اسرائیل کا ایک فرسنگ طول اور ایک
فرسنگ عرض مین تھا اور پہاڑ بھی اسیقدر تھا اور سامنے بنی اسرائیل کے ایک آگ نہایت شعلہ زن
روشن ہوئی اور پیچھے دریاے شور بکمال طغیانی جاری ہو گیا اور حکم ہوا کہ اگر شریعت محمدیت
قبول کرو تو بہتر ورنہ یہ پہاڑ تمپر گرایا جاتا ہی اور اگر آگے کو بھاگوگے تو آتش غضب مین جلاؤنگا
اور پیچھے چلوگے تو سفینۂ حیات کو اس دریاے خونخوار مین ڈوباؤنگا جب بنی اسرائیل نے یہ معاملہ
دیکھا تو نہایت دہشت سے سجدے مین گرے اور ایک طرف سے منہ کی پیشانی سجدے مین اور
دوسری جانب سے آنکھ جانب کوہ تھی کہ مبادا پہاڑ گر نہ پڑے چنانچہ بنی اسرائیل مین طریق سجدے کا
اسیطرح اب بھی جاری اور رایج ہی یعنی نصف منہ سے سجدہ کرتے ہین اسلیے کہ وہ حالت اضطراب
یاد رہے بالجملہ بنی اسرائیل نے احکام توریت ظاہر مین قبول کیے اور کہتے تھے اگرچہ خوف ہمکو سوتا

تو ہم احکام توریت بھلا نہ مانتے اسیکا اشارہ ہی سورہ بقر مین ورفعنا فوقکم الطور خذوا ما آتیناکم بقوۃ یعنی اونچا کیا تمپر پہاڑ پکڑو جو ہمنے تمکو دیا زور سے مراد یہ ہی کہ جو کچھ تکلیفات شاقہ ہمنے توریت مین ارشاد کی ہین اسکو کمال کوشش اور سعی سے حاصل کرو جسطرح کسب دنیا مین انتہاے مرتبہ پر کوشش کرتے تھے اور اسکی شدائد کے تحمل مین کیا کیا مشقتین اور تکلیفین اٹھائے تھے کہ بنظر عقل سلیم یہ شدائد ان شدائد سے مرغوب تر ہین اور ان باتون کو ہردم یاد رکھیو کیونکہ متابعت پیغمبر آخر الزمان کی بھی اسمین داخل ہی پس اگر یاد رکھوگے تو مخالفت احکام الٰہی کی جو کسی پیغمبر کی زبان سے سنوگے یا کسی زمانہ مین آوینگے نکروگے **فائدہ** اس جگہ ایک اشکال ہی قوی کہ بناے تکلیفات الٰہیہ کی بندون کے اختیار پر رکھی ہین اور اکراہ اور اجبار قبول تکلیفات مین مناقض غرض تکلیف کے ہی کیونکہ منظور تکلیف سے معاملہ امتحانی ہی کہ ملاحظہ کیا جاے کون شخص رضا و رغبت سے عمل کرتا ہی اور کون شخص اپنے اختیار سے راہ عصیان اور نافرمانی اختیار کرتا ہی تاکہ مطابق اسکے جزا دیجاے اور درصورت اضطرار اور اکراہ طوع و رغبت مطلقا مسلوب ہی اور مطیع عاصی سے متمیز نہین ہوتا کسواسطے کہ انسان بخوف جان خاصکر بحالت وقت خوف جان اور ہلاک خاندان کے ہر ایک چیز طوعا اور کرہا قبول کرلیتا ہی اور اسیکا اشارہ ہی لا اکراہ فی الدین اور یہ ظاہر ہی کہ رفع طور باین وضع موجب کمال اضطرار ہی اور قبول کرانا احکام توریت کا اس وضع سے کس فائدے کے واسطے تھا کیونکہ درحقیقت یہ قبول نہین ہی رفع اس اشکال کا یون ہوسکتا ہی کہ بنی اسرائیل نے قبل از واقعہ بطوع اور رغبت اپنی بارہا حضرت موسے علیہ السلام سے درخواست کی تھی کہ ایک کتاب متضمن احکام ہمارے واسطے لاؤ تو موافق اسکے ہم عمل کرین اور اس بات پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عہود و مواثیق محکم لیے تھے اور جب کتاب نازل ہوئی اور اسکے احکام انپر کھولے گئے تو انکار کرنے لگے اور منھ پھیر لیا پس درحقیقت بنی اسرائیل نے نقض عہد کیا اور قول سابق کی مخالفت کی پس اللہ تعالے نے رفع طور سے انکو اس نقض سے باز رکھا اور بدعہدی پر تخویف فرمائی پس اکراہ نہین ہوئی بلکہ تخویف ایک فعل پر افعال شنیعہ سے واقع ہوئی ہی جسطرح اقامت حدود تعذیر مسلمان کے حق مین ہوتی ہی کہ اصلا باب اکراہ سے نہین ہی تاکہ صحت تکلیف مین خلل پڑے مثلا کوئی شخص کسی سے عہد کرے کہ جو کچھ اس شادی مین یا اس عمارت مین صرف پڑیگا سب میرے ذمہ ہی اور جب فرد جمع خرچ کی ملاحظہ کرے تو پھر جاے اور کہے کہ اسقدر مین اپنے ذمہ نہین لیتا تو یہ بات صریح نقض عہد اور بدمعاملگی ہی پس اس شخص کو ایسی بدمعاملگی پر تخویف اور تحذیر سے عہد اول پر لانا اور اقرار سابق پر مواخذہ کرنا چاہیے اور بعضے مفسرین اسکے جواب مین کہتے مین کہ غیر ذمی و معاہد کو

اکراہ واجبار ایمان و اسلام پر جائز ہی اور قتال وجدال وغارت وغیرہ جو بادشاہان اسلام سے اہل حرب کے ساتھ واقع ہوتا ہی سب ازباب اکراہ ہی پس آیۂ لا اکراہ فی الدین آیت قتال سے منسوخ ہوا اور اکراہ ذمیون و معاہدون کا جو حرام ہی سو وہ اس سبب سے ہی کہ نقض عہد لازم آتا ہی اور نقض عہد فی نفسہ حرام ہی علاوہ اسکے لا اکراہ فی الدین مین نفی اکراہ جانب عباد سے مذکور ہی کیونکہ یہ نفی بمعنی نہی ہی بلکہ مو احداً فی الدین اور رفع طور فعل خدا ہی مخالف اس نفی کے نہیں ہو سکتا القصہ بنی اسرائیل احکام توریت پر عمل کرنے لگے مگر پوشیدہ بعض بعض احکام مین اعتراضات کیا کرتے خصوص حشر و نشر و بعث بعد الموت مین نہایت متامل تھے کہ اس عرصہ مین ایک شخص عامیل ابن شراحیل بنی اسرائیل مین بہت بوڑھا بڑا مالدار تھا اور جورو اسکی جوان خوبصورت وضع دار تھی اسکے وارث تھے دو شخص ایک بھتیجا دوسرا بھائی چچازاد یہ دونون اسکے مرنے کے منتظر رہا کرتے مگر اسکو موت نے ایسا چھوڑا کہ اسطرف کا آنا جانا موقوف کر دیا تھا آخر کار ورثہ اسکے تنگدل ہوکر دعوت کے بہانے عامیل کو جنگل مین لے گئے اور قتل کرکے لاش اسکی رات کو اٹھا کر دوسرے محلے مین ڈال آئے صبح کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس اہل محلہ نالشی اور بدعوی خون دیت کے مستدعی ہوئے بعضے کہتے ہین کہ دو گانون کے بیچ مین وہ لاش ڈالی ایک کا نام اور دوسرے کا راعت تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے گانون خواہ محلے کے لوگون کو طلب فرما کر استفسار کیا سبنے انکار کیا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اجرائے دیت و قسامت اور لینے قسم مین کہ طریق انکا بعینہ ہماری شریعت کا طریق تھا تامل فرما کر جناب الٰہی مین مستدعی ہوئے کہ یا الٰہی حقیقت حال کیا ہی یا ان لوگون نے موافق ارشاد حضرت کے دیت دیدی اور التماس کیا کہ دیت تو ہم دے چکے ہین لیکن ہم یہ درخواست کرتے ہین کہ ہمکو قاتل کا حال معلوم ہو جاوے سو آپ اللہ صاحب سے درخواست فرمائین بہر تقدیر جناب الٰہی سے وحی ہوئی کہ مضمون اسکا حضرت نے روسای بنی اسرائیل سے فرمایا کہ ان اللہ یامرکم ان تذبحوا بقرۃ یعنی اللہ فرماتا ہی تمکو کہ ذبح کرو ایک گاے اور ایک ٹکڑا اسکے گوشت کا مقتول پر مارو کہ وہ زندہ ہو اور اپنے قاتل کا نشان بتلادے یہ طریقہ اسواسطے اختیار فرمایا کہ اگر از راہ وحی نام قاتل کا معین کرکے خبر دیتے تو بنی اسرائیل حضرت موسیٰ پر تہمت کرتے اور کفر صریح مین پڑ جاتے کہ پھر انکو چشم نمائی کرنا پڑتی با اینہمہ بنی اسرائیل بے ادبانہ بول اٹھے کہ اتتخذنا ہزوا یعنی کیا تو ہمکو بکتا ہی ٹھٹھے مین یعنی ہم تو اس مقتول کا قاتل پوچھتے ہین اور تم کہتے ہو کہ ایک گاے ذبح کرو سوا اسکے دیگر جواب دیگر بھلا ایک جانور کے بیجان کرنے سے قاتل دوسرے بیجان کا کسطرح معلوم ہوگا تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا اعوذ باللہ ان اکون من الجاہلین یعنی پناہ اللہ کی اس سے کہ مین ہون نادانون مین یعنی جواب کو مطابق سوال

نہ بیان کرون یا وقت مرافعہ اور محاکمہ وغیرہ کے استہزا کرون کیونکہ انبیا سے خوش طبعی واسطے اظہار انبساط اور تفریح خاطر کے واقع ہوتی ہے نہ کہ تبلیغ احکام اور قطع خصومات مین اور جاہل آدمی البتہ موقع بے موقع ٹھٹھا کرتے ہین الغرض بنی اسرائیل نے نہ جانا کہ ذبح بقرہ مین کوئی خاصیت ہوگی کہ اُس سے مردہ زندہ ہو جاوے اور ہر ایک گاے کو یہ خاصیت نہین ہے اسواسطے تحقیق اُسکے اوصاف کی ضرور ہی حدیث شریف مین وارد ہے کہ اگر بنی اسرائیل اس معرکہ مین بے تامل کسی قسم کی گاے ذبح کرتے تو کافی تھا لیکن ان لوگون نے اپنے ذمہ سخت گیری اختیار کی اللہ نے بھی سخت گیری اختیار فرمائی اور در حقیقت منظور الٰہی یہ تھا کہ مالک گاے کو نفع عظیم پہونچے لہذا بنی اسرائیل کے دلون مین ڈالا کہ انھون نے کہا ادع لنا ربک یبین لنا ما ہی یعنی پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ بیان کر دے ہمکو وہ کیسی ہے کسواسطے کہ حقیقت متعارفہ اس گاے کی یہ خاصیت نہین رکھتی ہے اور نہ بیل کا اور نہ گاو کوہی پس ضرور ہے کہ وہ گاے کسی اور قسم کی ہوگی جس مین ایسی خاصیت ہے گو نام مین شریک ہون جیسے کنار دشتی اور بستانی کہ آثار اور خواص مین جدا ہین گو نام مین شریک ہین لہذا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب الٰہی مین انکشاف حال کی درخواست کی اور اُسکا نشان پوچھکر فرمایا کہ انہ یقول انہا بقرۃ لا فارض ولا بکر عوان بین ذلک فافعلوا ما تؤمرون یعنی اللہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گاے ہے نہ بوڑھی نہ بن بیائی میانہ ہے انکے بیچ اب کرو جو تمکو حکم ہے یعنی وہ گاے جسکا ذبح ارادۂ الٰہی مین ٹھرا ہے کسی اور قسم کی گاے نہین ہے جو تمھارے خیال مین جم گئی ہو مگر باعتبار سن و سال کے ایک صورت کمال البتہ اسمین متحقق ہے کہ پیری اور نوجوانی کے وسط مین واقع ہے نہ ایسی بوڑھی ہے کہ ضعف سے تحمل مشقت نہ کر سکے نہ ایسی کم سال ہے کہ شوخی کرتی ہو مگر بنی اسرائیل مطمئن نہ ہوے پھر تفتیش مین پڑے اور کہنے لگے کہ جانور کا کمال جیسا سن و سال مین ہوتا ہے ویسا ہی رنگ مین پس ادع لنا ربک یبین لنا ما لونہا پکار اپنے رب کو ہمارے واسطے کہ بیان کر دے کیسا ہے رنگ اوسکا تاکہ ہم جانین کہ رنگ و صورت مین بھی اُسکا کمال ہے تاکہ سبب خاصیت مین تامل نہ رہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا انہ یقول انہا بقرۃ صفراء فاقع لونہا تسر الناظرین یعنی اللہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گاے ہے زرد ڈہڈہا رنگ اُسکا خوش آتی ہے دیکھنے والون کو مگر بنی اسرائیل باوجود دریافت کر لینے رنگ کے سوال سے باز نہ آئے پھر بولے کہ ہر چند کمال اُس گاے کا باعتبار سن و سال و باعتبار رنگ و جمال کے ہمنے معلوم کیا لیکن یہ کمال شریک ہے ایک فرد کو ترجیح نہین ہو سکتی کہ اُسکے سبب سے یہ خاصیۃ عجیبہ ہمارے ذہن مین آئے اور کہنے لگے ادع لنا ربک یبین لنا ما ہی ان البقر تشابہ علینا وانا ان شاء اللہ لمہتدون یعنی پکار

ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ بیان کر دے ہمکو کہ کس قسم مین ہی گاؤن شبہ پڑا ہی ہمکو اور ہم انشاء اللہ تعالیٰ
جاہا تو راہ پا لینگے یعنی حقیقت شخصیہ اُس گاے کی کیا ہی کہ اورون سے اس خاصیت مین مرجح ہی
کیونکہ گائین باہم مشابہ ہین حسن اور جمال مین پس بنظر ظاہر کوئی وجہ پائی نہین جاتی جس سے وہ
مخصوص باین خاصیت ہو اور اگر مرجح معلوم ہووے اور ہمارے ذہن نشین ہوجاے تو اگر اللہ
چاہے اُسپر مطلع ہون کہ مبدء اور منشاء اس خاصۂ عجیبہ کا اُسمین یہ ہی پھر ہم تمھارا حکم بجالاوین
قال انہ یقول انہا بقرۃ لا ذلول تثیر الارض ولا تسقی الحرث مسلمۃ لا شیۃ فیہا یعنی کہا وہ فرماتا ہی
وہ ایک گاے محنت والی زمین کی نہین کہ جوتتی ہو زمین کو یا پانی دیتی ہو کھیت کو بدن سے پوری ہی داغ
کچھ نہین اُسمین یعنی وہ مرجح کہ تمھارے ذہن نشین ہوجائے اور موجب ایجاد اس خاصیت عجیب کا ہو
دو ہین ایک یہ کہ اُسنے ذلت بارکشی اور قلبہ رانی اور آب کشی وغیرہ کی نہین اٹھائی بلکہ اپنی عزت پر ہی
دوسرے آدمیون کا ہاتھ اُسپر نہین پہونچا ہی کہ اُسکو داغا ہو یا چھیدا ہو یا کوئی تصرف اُس مین
جاری کیا ہو جیسا جانورون کے ساتھ کیا کرتے ہین کہ اُس سے نوعے تغیر رنگ مین پیدا ہوجاتا ہی
تب کہنے لگے الآن جئت بالحق یعنی اب لایا تو ٹھیک بات یعنی فی الحقیقۃ سبب ایجاد اس صفت
نادرہ کا یہی ہی اور اب تردد ہمارا جاتا رہا کیونکہ فیضان حیات کا عالم غیب سے تمامی حیوانات اور
انسان مین اولا روح حیوانی پر ہوتا ہی اور اُس روح کے واسطے سے تمام اجزاے بدن کو پہونچتا ہی
اور حیوانات دو قسم ہین وحشی اور اہلی حیات وحشیون کی متعدی نہین بلکہ لازم ذات ہی
اُنسے اثر حیات کا انسان مین بسبب مخالفت کے نہین پہونچ سکتا مگر جانور اہلی کی حیات کا
فیض انسان مین پہونچتا ہی اور جانور اہلی سے ایک گاے سامری کی تھی کہ بلا توسط اسباب ظاہر
از قسم نطفہ اور تربیت رحم کے حیات غیبیہ قبول کر گئی تھی پس زندہ کرنا مردے کا بتوسط حیات
فائضہ جسد بقری موافق حکمت الٰہی کے ہی اور حقیقت مین اور گائین کہ استعمال آدمیون کی
ہوجاتی ہین صرافت حیات غیبیہ پر نہین رہتین اور اُنکی روح حیوانی اس قوت پر نہین رہتی
اور یہ بھی ہی کہ ایسی گاے زرد رنگ صاف بے داغ اچھوتی گوسالۂ سامری سے کمال مشابہت
رکھتی ہی پس ہمارے ذہن مین اب آگیا کہ اُس مین یہ خاصیت ہوگی جیسا گوسالۂ سامری کہ وہ
ہمارے سامنے بولتا تھا فائدہ اس تقریر لا یعنی مین بنی اسرائیل کو اپنے اجداد سے نہایت دوری
اور مخالفت ہی باین ہمہ اُسپر فخر کرتے ہین کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے
خواب مین ارشاد کیا کہ اپنے بیٹے کو ذبح کر وہ حضرت بے تامل مستعد ہوگئے اور صاحبزادے بھی

بلا توقف حاضر ہوے یہ عذر نہ کیا کہ مدار خواب کا خیال پر ہی اور ان لوگون نے ایک گاے کے ذبح کرنے مین اسقدر توقف اور تردد کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تنگ آ گئے اسی جگہ سے اُنکی اطاعت وفرمان برداری بخوبی واضح ہوتی ہی سوانکے مقتضاے حال ہی کہ بیت آن ناکسان کہ فخر با جداد میکنند + چون سگ باستخوان دل خود شاد میکنند + اہل علم اختلاف کرتے ہین کہ اس کلام سے بنی اسرائیل کافر ہوے یا نہین بعضون کے نزدیک کافر ہو گئے اسلیے کہ انکا کلام دو حال سے خالی نہین یا خالق لایزال کو قادر نہین جانتے اور متردد تھے کہ احیار موتےٰ کر سکتا ہی یا نہین یا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کاذب اور خائن سمجھتے تھے یہ دونون باتین کفر صریح ہین مگر محققین کے نزدیک اصح یہ ہی کہ ان دونون امر سے کوئی امر باعث اس کلام کا نہین ٹہرا تھا بلکہ محض از راہ تعجب تھا کہ ہرگز جواب کو اپنے سوال سے مطابق نہ سمجھتے تھے لہذا بطریق شبہہ یہ کہہ اُٹھے کہ تم ہمسے تمسخر اور مطایبہ کرتے ہو اور جانہ ہی کہ انبیا پر مطایبہ تجویز کر لیا ہو اگرچہ مرتبہ انبیا کا عالی تر تھا لیکن ہنوز انکو علو منصب کی خبر نہوئی ہوگی فائدہ ہر ایک رنگ زرد خالص کو تفریح خاطر اور دفع غموم مین خاصیت ہی چنانچہ طبرانی اور خطیب اور دیلمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ جو شخص زرد پاپوش پہنتا رہے اُسکو ہمیشہ خوشی رہتی ہی جب تک کہ اسکے پیر مین ہی اور تفسیرون مین حضرت امیر المومنین علی مرتضےٰ سے روایت ہی کہ فرماتے تھے من لبس نعلا صفرا قل ہمہ یعنی جو شخص پہنے پاپوش زرد رنگ کم ہوجاے اُسکا غم اور بعض روایات سے یون واضح ہوتا ہی کہ جو شخص سات جفت پاپوش پے درپے پہنے تو اُسکا غم واندوہ جاتا رہے بالجملہ الوان خمسہ یعنی سرخی زردی سیاہی سفیدی سبزی خواص مختلفہ رکھتے ہین کہ اہل تجربہ اور قیاس نے اُسکو ثابت کیا ہی چنانچہ عرب مین مشہور ہی کہ الحمرۃ اجمل والصفرۃ اشکل والخضرۃ انبل والسوداء اہول والبیاض افضل یعنی سرخی مین جمال ہوتا ہی زردی نظر مین خوش آتی ہی سبزی بزرگی ووقار کا سبب ہی سیاہی ہولناک ہی سفیدی فضیلت وخوبی رکھتی ہی یہ فائدہ تھا تسر الناظرین کا کہ حق تعالیٰ نے اس جگہ فرمایا فائدہ حدیث شریف مین وارد ہی کہ اگر بنی اسرائیل انا ان شاء اللہ لمہتدون نہ کہتے تو اصلا اُس گاے کو نہ پاتے اور تشفی خاطر انکی ہوتی اسی کلمہ کی برکت سے حیرت اور تردد سے خلاص ہوے ہین اس جگہ سے معلوم ہوا کہ استعانت اس کلمہ کی ہر عمل نیک مین مبارک اور میمون ہی اور کسطرح نہ ہو یہ کلمہ فی نفسہ کلمہ استعانت ہی کیونکہ تفویض ہر امور کی مشیت

خدا پر اور اقرار ہی اسکی قدرت اور نفاذ ارادے کا فائدہ اب واضح ہو کہ وہ بقرہ نر تھا یا مادہ
اگر نر تھا تو لابکر اُسکے حق مین درست نہین ہوتا کیونکہ بہر نر گاو لابکر یعنی نازائیدہ ہی اور جملہ ضمائر
کہ اول سے آخر تک تانیث کے ہین بھی نر گاو ہونے سے منع کرتے ہین اور اگر بقرہ مادہ گاو تھا
تو ضمائر سب درست اور لابکر بھی صادق آتا ہو لاتثیر الارض ولاتسقی الحرث اسکا شخص نہین ہو سکتا
کیونکہ بحسب عادت گاے قلبہ رانی اور آب کشی نہین کرتی گو امکان عقلی ہو پس ظن غالب
یہ ہی کہ وہ بقرہ بیل تھا اور تانیث ضمائر بلحاظ لفظ بقرہ کے واقع ہی کہ وہ از روے تانیث لفظی
مونث ہی جسطرح تمرہ اور حمامہ اور عصفورہ اور عرب کا قاعدہ ہی کہ جب مذکر کو بلفظ مونث تعبیر
کرتے ہین تو ضمائر کو مونث لاتے ہین اور لفظ لابکر بھی جب مونث کے واسطے لاتے ہین تو اس سے
وہ حیوان مراد ہوتا ہی جو مادہ پر جست نہ کیا ہو یہ تحقیق ہمارے اساتذہ کرام کی ہی اور بعض مفسرین نے
لکھا ہی کہ مادہ گاو تھا بدلیل تانیث ضمائر و وصف بکارت اور باعتبار اختلاف ازمنہ و بلدان کے
یہ بھی ہو سکتا ہی کہ مادہ گاو کو قلبہ رانی اور آب کشی وغیرہ مین رکھتے ہونگے بہر و تقدیر جب
بنی اسرائیل کو بقدر فہم اور استعداد اطلاع وجوہ حکمت الٰہی پر حاصل ہوئی تو ایسی گاے کی
تلاش مین پھرنے لگے اتفاقاً کوئی گاے سواے ایک گاے کے موصوف باین صفات اُس نواح مین
نہ تھی سو اُسکا قصہ یہ ہی کہ بنی اسرائیل مین ایک شخص تھا از بس صالحیت اور تقوی مین ممتاز
اُسکے ایک لڑکا تھا صغیر سن اور یہ شخص متاع دنیا سے بجز ایک گوسالے کے اور کچھ نہ رکھتا تھا جب
قریب بمرگ پہونچا تو اُس گوسلے کو جنگل مین لے گیا اور کہا یا الٰہی ابیات ریختہ دندان امیدم
زکام + آمدہ ایام شبابم بشام + روح مرا موسم رحلت شدہ + دست اجل نوبت رفتن زدہ +
اور یا رب تو میرے حال سے مجھسے زیادہ تر آگاہ ہی اور طفل صغیر پر مجھسے زیادہ مہربان میراث میری
یہی ایک بچہ گاو ہی اُسکو مین تیرے سپرد کرتا ہون کہ جب میرا لڑکا جوان ہو تو یہ امانت میری اُسکو
عنایت کر پس بنام خداے ابراہیم اور اسمعیل اور اسحاق اور یعقوب جنگل مین چھوڑ آیا کہ وہ بچھڑا
جنگل مین چرتا اور پرورش پاتا رہا اور عنایت الٰہی سے کوئی درندہ اُسپر دسترس نہ پاتا تھا
اور جب کبھی جنگل سے باہر نکلتا اور کوئی آدمی پکڑنے کا قصد کرتا بھاگ جاتا کسی کے ہاتھ نہ آتا
یہان تک کہ وہ لڑکا جوان اور بمقتضاے مصرعہ میراث پدر خواہی علم پدر آموز + بڑا صالح
اور متقی ہوا اوسنے پرہیزگاری اُسکی یہ تھی کہ رات کے تین حصے کرتا ایک حصہ والدہ کی خدمت مین
مصروف رہتا اور ایک حصے مین سوتا اور ایک حصے مین نماز پڑھتا جب صبح ہوتی تو رسی اور تبر لیکر

جنگل مین جاتا اور لکڑیان لاکر دو چار گھڑی دن رہے بازار مین بیچتا اور قیمت اسکی تین حصے کرتا ایک حصہ صدقہ کر دیتا اور ایک حصہ اپنی مان کی نذر کرتا اور ایک حصہ اپنے صرف مین لاتا بہت مدت اسی وضع پر گذری اس عرصہ مین ایک روز اس جوان نے منادی بنی اسرائیل کی آواز سنی کہ ایسی صفت کی گاے اگر کسی کے گھر ہو تو ہم اُسکے خریدار ہین اور جو قیمت وہ مانگے ہم ابھی دینے کو تیار اُس جوان نے اپنی مان سے تذکرہ کیا اُسنے کہا کہ تیرے باپ نے ایک بچھڑا گاے کا فلان جنگل مین اللہ کے پاس تیرے واسطے امانت رکھا ہی اب وہ بچھڑا جوان ہوا ہوگا اسمین یہ سب اوصاف جمع ہین تو اُسکو جنگل سے لا اگر بک جائیگا تو بیچ ڈالنا ورنہ اپنے کام باربرداری مین رکھنا اُسنے کہا کہ پہچان اُسکی کیا ہی مبادا مین اُس جنگل مین جاؤن کسی اور ہی شخص کی گاے پکڑ لاؤن تو حرام مین گرفتار ہون اُسکی مان نے کہا کہ رنگ اُس گاے کا زرد نہایت صاف ہی کہ جو کوئی اُسکو دور سے دیکھتا ہی یہ معلوم ہوتا ہی کہ گویا آفتاب چمک رہا ہی اور مین اُسکو گوسالہ زرین اسی سبب سے کہا کرتی تھی اُس جوان نے کہا ہنوز بالیقین مین نے اُسکو نہین پہچانا مبادا اور کسی شخص کی گاے اس صفت کی وہان چرتی ہو اور مین پکڑ لاؤن تو خراب ہون تب اُسکی مان نے فرمایا کہ اور پہچان اُسکی یہ ہی کہ آدمی کو دیکھتے بھاگتی ہی اور کوئی اُسکو گرفتار نہین کرسکتا سو تو باواز بلند یہ کہکر پکارنا کہ ای مذہبہ مین تجکو ڈھونڈھتا ہون بنام خداے ابراہیم اور اسمعیل اور اسحاق اور یعقوب چنانچہ یہ نشان اپنے دل مین محفوظ کرکے جنگل کو چلا دیکھتا ہی کہ ایک گاے اُسی صفت کی جنگل مین چرتی ہی اُسنے پکارا تو وہ دوڑ آئی اسکی مان نے وصیت کی تھی کہ اسکی گردن پکڑکے لے آنا سوار نہ ہونا برکت جاتی رہیگی وہ موافق ارشاد مان کے گردن پکڑکے لے چلا تفسیر عزیزی اور معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ وہ گاے قدرت آلہی سے گویا ہوئی کہ ای جوان نیک بخت یہان سے تیرا گھر ایک دن کی راہ ہی مجپر سوار ہولے کہ باسانی پہونچ جاے اُسنے کہا میری مان کی اجازت نہین ہی گاے نے کہا آفرین شاباش مین نے امتحان کیا تھا اور جو تو مجپر سوار ہوتا تو مین تجکو گرا کے بھاگتی پھر کبھی ہاتھ نہ آتی اور میری فرمان برداری کا سبب یہی ہی کہ تو اپنی مان سے احسان کرتا ہی اور اُسکے فرمان سے باہر نہین ہوتا کشف البیان مین لکھا ہی کہ اُسوقت ابلیس لعین بصورت شبان یا مسافر کے آیا اور چلا کہ ای جوان صالح اُس طرف پہاڑ کے میری گائین چرتی ہین اور مین رفع حاجت کو اس پہاڑ مین آیا تھا سو میرے پیٹ مین درد ہی کہ چل نہین سکتا اگر تو ارشاد کرے تو مین اس گاے پر سوار ہوکے اپنے

گلے مین پہونچ جاؤن اور دوگا مین جوان اور بہتر اجرت مین عنایت کرون اور سہین گائے کا نقصان نہین بلکہ مالک
گائے کو منع ہی اُسنے کہا میری مان نے سوار ہونے کو منع کیا ہے مین کسطرح کرایہ کرون ابلیس نے کہا تیری مان بے عقل ہی
اور عورتین ناقصۃ العقل ہوتی ہین تجکو اپنی عقل پر عمل کرنا چاہیے تاکہ ایسا نفع کامل تم سے نجائے اور مین تیری
خیرخواہی کرتا ہون آئندہ تو مختار ہی اُسنے کہا مین ہرگز اپنی مان کے خلاف نہ کرونگا لیکن شیطان
دم دہاگا دیتے ہوے پیچھے لگا تب اس جوان نے باواز بلند پکارا کہ ای خداے ابراہیم
اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب مجکو اس رفیق بد سے خلاصی دے ابلیس نے یہ آواز سنی تو
بصورت ایک جانور کے نکر جلدی سے اوڑ گیا پس گائے نے کہا کہ یہ ابلیس تھا کہ خداے ابراہیم کے
نام سے بھاگا اگر تو اُسکے قریب مین آجاتا تو مجھ مین برکت نرہتی اور مین تیرے کام نہ آتی
بالجملہ وہ جوان شام کو اپنے گھر پہونچا اور سب احوال و خوارق عادات اپنی مان سے بیان کیے
اُسکی مان نے کہا کہ یہ گائے اس لائق نہین ہی کہ اسکو بارکشی مین ذلیل کرون لیکن اسکی تعظیم
اور تکریم بھی ہمسے ممکن نہین ہی بہتر ہی کہ اسکو بیچ ڈال اور اسوقت اس شہر مین نرخ اسکا
تین دینار کا سنا جاتا ہی لیکن اگر کوئی اس قیمت کو خرید کرنے لگے تو میری بلا اجازت نہ بیچنا
چنانچہ وہ جوان گائے کو لیکر نخاس مین آیا خداے تعالے نے پہلے ایک فرشتہ بھیجا اُسنے کہا
کہ یہ گائے کس قیمت کو بیچتا ہی جوان نے کہا تین دینار کو بشرطیکہ میری مان منظور کرے
فرشتے نے کہا یہ شرط نہ کر اور چھ دینار مجھسے لے جوان نے کہا کہ اب بھی وہی شرط ہی فرشتے نے
کہا بارہ دینار لے لیکن بلا شرط اُسنے کہا کہ اگر برابر اس گائے کے سونا دے تو بھی بلا رضامندی
اپنی مان کے نہ بیچونگا تو ناحق درد سر کرتا ہی تب فرشتے نے کہا مین آدمی نہین ہون فرشتہ
ہون تیرے امتحان کو آیا تھا کہ دیکھون تو کسطرح اپنی مان کی اطاعت کرتا ہی اب تو اس گائے کو
اپنے گھر لیجا اور بازار مین کسی کو نہ دکھلا بنی اسرائیل کو ایک واقعہ درپیش ہی اور حضرت موسیٰ
بن عمران نے انکو فرمایا ہی کہ اس قسم کی گائے ذبح کرو سو بنی اسرائیل اُسکی تلاش مین ہین
اور سوا اس گائے کے اور کوئی گائے باین صفات موصوف نہین ہی اگر بنی اسرائیل تجسے لیا چاہین تو ہرگز اسکو نہ بیچنا
جب تک کہ اس گائے کی کھال سونے سے نہ بھر دین کہ وہ مال تیری عمر کو کفایت کریگا وہ جوان یہان سے پلٹ آیا
اور یہ حال جو گذرا تھا اپنی مان سے بیان کیا اب رفتہ رفتہ خبر اس گائے کی بنی اسرائیل مین شائع ہوئی کہ بنی اسرائیل
اسکے دروازے پر جمع ہوے اور قیمت گائے کی ٹھہرانے لگے مگر وہ جوان اور اسکی مان راضی نہوئی یہانتک کہ یہ
قرار پایا کہ بعد ذبح کے اسکی کھال کو سونے سے بھر دینگے جب یہ ٹھہری تو حضرت موسیٰ کے ضامنی

گائے بھی اور بنی اسرائیل نے مول لی فذبحوہا وما کادوا یفعلون پھر اُسکو ذبح کیا اور لگتے نہ تھے کہ
ذبح کرینگے اسواسطے کہ سوال پر سوال استکشاف خصوصیات مین کرتے رہتے بعضون کے نزدیک
چالیس برس گذر گئے تھے اور گرانی قیمت کا بھی خیال دامنگیر تھا اور تلاش فروشندہ بھی مشکل
جانتے تھے اور یہ بھی خوف کرتے تھے کہ شاید مقتول زندہ ہو کسی کا نام بنی اسرائیل سے لے تو
کمال فضیحتی اور رسوائی ہو مگر خداوند حقیقی نے چاہا جاچکا تھا یہ کام کرایا فائدہ بعضے کہتے ہین کہ
ذبح بقرہ مین یہ نکتہ تھا کہ گوسالہ پرستی سے محبت اُسکی بنی اسرائیل کے دل مین تمکن اور قائم تھی
پس جلال کبریائی نے اُنکو دکھلایا کہ سوداے پرستش اس قسم کے حیوان کی اپنے دل سے دور کرو کہ یہ
قابل ذبح مین فائدہ اگر بنی اسرائیل کہین کہ ہمارے اسلاف وحی آلہی پر معترض نہین ہوسکتے تھے
بلکہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے تعین قاتل مین ذبح بقرہ کا حکم صادر فرمایا اور سوال و جواب مین
کچھ مناسبت ظاہر نہ تھی تو ازراہ تعجب اسقدر توقف واقع ہوا اگر پہلے سے تعین قاتل فرما دیتے
تو ہرگز ہمارے اسلاف اتنا توقف نکرتے اور اعتراض سے پیش نہ آتے جواب اُسکا یہ ہی کہ یہ سب
غلط ہی اسواسطے اسلاف اُنکے ابتداے قصہ سے وحی آلہی کا اقرار نہ رکھتے تھے اور بعید جانتے تھے
کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غیب کی بات پر اطلاع جانب خدا سے ہوگی و الا ایک دوسرے پر تہمت
خون کی نہ لگاتا اور قاتل آپ ہی اقرار قتل کرلیتا تو گویا اس قتل مین سب شریک رہتے کیونکہ یہی کہتے تھے
فلانے نے مارا مین نے نہین مارا اور وہ کہتا تھا اسی نے مارا ہی مین نے نہین مارا حالانکہ قاتل نہین
موجود تھا پس یہ دلیل قوی ہی کہ اُنکو وحی کا یقین حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نہ تھا اور یہ نتیک
جانتے تھے کہ حضرت موسیٰ قاتل سے مطلع ہونگے سو اللہ نے حال قاتل اور ضعف یقین اور
نفاق اسلاف کا بخوبی کھول دیا مگر موسیٰ علیہ السلام کو اس سے علمی پر رکھا اور اُنکی زبان سے
قاتل کا نام ظاہر نہ کرایا کہ مبادا تکذیب کرین اور قاتل جھوٹھی قسم کھا جائے اور ثبوت مقدمہ مین اشکال واقع ہو
القصہ جب گائے ذبح کرچکے فقلنا اضربوہ ببعضھا پھر کہنے کہا مارو اس مردہ کو اس گائے کا ایک ٹکڑا تاکہ زندہ
ہوجاے اور اپنے قاتل سے خبر دے اور قصاص طلب کرے سو بنی اسرائیل نے اُس گائے کا کوئی عضو عامیل مقتول کو
مارا کہ وہ زندہ ہوا کہ حلق کی رگون سے فوارہ خون کا جاری تھا پھر اپنے قاتل کا ہاتھ پکڑکے تبلادیا کہ اس شخص نے مجکو مارا تھا کہ میرے
مال کا وارث ہو تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قاتل سے اقرار لیا اور بعد از اقرار حد قصاص
جاری فرمائی اور عامیل زمین پر گرکے مرگیا اُسی وقت سے حکم شریعت یہ آیا کہ قاتل میراث مقتول سے
محروم رہے گو علاقہ پدری اور پسری اور برادری وغیرہ بھی رکھتا ہو کما قال رسول صلی اللہ علیہ

بیان نکتہ

وسلم ما ورث قاتل بعد صاحب البقرۃ تنبیہ یہ سب کلام متکلم حقیقی نے واسطے تسلیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فرمایا کہ یہودی بنی اسرائیل اگر تکذیب رسالت اس زمانہ مین کرین تو کچھ محل اندیشہ نہین انکے اسلاف نے حضرت موسیٰ کو سخرہ بنایا تھا کہ انواع تہمت سے پیش آئے تھے اور طرح طرح کی تقریرین نفاق آمیز کرتے رہتے تھے لیکن مین نے آخر کو انکے اصرار سے انکو پشیمان کیا اور ظاہرا عادت مستمرہ الٰہی یون جاری ہی کہ جب کوئی بندہ بندگان آلٰہی سے کسی چیز پر مداومت کرتا ہی خواہ وہ چیز نیک ہو یا بد البتہ اسکو حق تعالیٰ ظاہر کردیتا ہی کبھی پوشیدہ نہین رکھتا بخلاف اسکے کہ ایک دوبار تقصیر واقع ہوا ور اُسپر شرمندہ ہوکر چھپاوے تو البتہ حق سبحانہ تعالیٰ بھی اُسکو چھپا دیتا ہی پردہ دری نہین کرتا مستدرک حاکم مین بہ سند صحیح حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ اگر کوئی آدمی کچھ کام کرے ایسی جگہ کہ وہان نہ دروازہ ہی نہ موکھہ تو بھی کام اُسکا آدمیون پر ظاہر ہو جاتا ہی کسیطرح ہو اور ابو الشیخ بہ سند ضعیف حضرت انس ابن مالک سے روایت کرتے ہین کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے یارون سے استفسار فرمایا کہ مومن کون ہی بولے خدا اور رسول خدا زیادہ جانتا ہی ارشاد کیا کہ مومن وہ ہی کہ اللہ تعالےٰ اسکو جہان سے نہین لیجاتا جب تک اسکے کان اسکی ثنا او صفت سے کہ محبوب اسکی ہی بھرنہ لے اور اگر کوئی بندہ بندگان خدا سے عمل تقویٰ بجالاتا ہی اُس گھر مین جو ستر گھرون کے بیچ مین ہوا اور ہر ایک گھر پر ایک دروازہ لوہے کا ہو البتہ چادر رحمت آسکو پہناتا ہی کہ انکے رہنے والے اُس عمل کا مذکور کرنے لگتے ہین اور زیادہ اس عمل سے بھی بیان کرتے ہین صحابہ نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ ترویج اور اظہار تو مکافات تقویٰ ہوئی لیکن زیادتی کی کیا وجہ ہی فرمایا کہ مرد متقی کی یہ نیت ہوتی ہی کہ اگر استطاعت ہو تو جسقدر عمل کرتا ہون اسپر بھی زیادہ کرون یعنی یہ بیان زیادتی کا مکافات اُس نیت کا ہی پھر آنحضرت نے فرمایا کہ فاجر کون ہی ملتمس ہوے کہ اللہ و رسولہ اعلم ارشاد ہوا کہ فاجر وہی ہی جو قبل از موت اپنی بدگوئی اپنے کانون سنے اگر کوئی شخص ایک گھر مین جو بیچ مین ستر گھرون کے ہی اور اُسمین دروازے لوہے کے لگے ہین کار بد کرے تو چادر عمل بد آسکو پہنائی جاتی ہی کہ جو جو شخص دیکھتا ہی عمل بد کا ذکر کرتا ہی اور اُس سے زیادہ بیان کرتا ہی صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ زیادتی کا سبب کیا ہی ارشاد ہوا کہ فاجر مستعد ہی کہ اگر فرصت پاؤن تو عمل بد مین زیادتی کرون اُسیکا یہ ثمرہ ہی فائدہ بعضے کہتے ہین کہ گائے کی زبان جو عامیل پر ماری تھی کہ وہ زندہ ہوا کیونکہ زندہ کرنے سے منظور گفتگو تھی سو یہ زبان سے مناسب ہی اور بعضے کہتے ہین وہ ہڈی جسکو عجب الذنب کہتے ہین یعنی جانور کی دُم اُسپر چھٹی ہی ماری تھی کیونکہ حدیث شریف مین وارد ہوا ہی کہ تا یوم حشر سب اجزا حیوان کے فنا ہو جاوینگے

۱۰
بیان انکشاف سر
بیان کہ وجہ چیست
بقرہ را بنامیل از
زندہ شدہ

مگر یہ ہڈی اور اسی ہڈی سے ترکیب خلقت معادیہ شروع ہوگی اور بعضے کہتے ہین ران رست ماری تھی
کیونکہ بیشتر حرکت اسی جانب سے شروع ہوتی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ گوشت بین الکتفین مارا تھا کیونکہ
بیشتر مسکن روح حیوانی یہی ہی اور اصح یہ ہی کہ وہ بعض معین نہ تھا بلکہ نبی اسرائیل کو اختیار دیا گیا تھا
جس سے مارتے مردہ زندہ ہوجاتا پس معلوم ہوتا ہی کہ بعد از ذبح کسی نے زبان ماری کسی نے ران کسی نے
کچھ گوشت مارا ہوگا نقل کرنے والون نے جملہ نقل کردیا اور یہ گمان کیا کہ یہ سب بحکم خدا تھا اگر کہا جائے
کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے کیون نہ مارا تو جواب یہ ہی کہ اگر حضرت موسیٰ اپنے ہاتھ سے
مارتے تو نبی اسرائیل اپنی شرارت و خبث باطنی سے کہتے کہ سحر کیا ہی اور اگر کوئی اعتراض کرے کہ صرف دفع دخل
ایک مقتول کے کہنے سے حضرت موسےٰ علیہ السلام نے قاتل کو کسطرح مروا ڈالا ایک شخص کی گواہی مقامات
حدود و قصاص مین معتبر نہ تھی اور اقرار قاتل اخبار مین وارد نہین ہی کہ اسپر خیال کیا جائے تو جواب یہ ہی
کہ اکثر فقہا کہتے ہین کہ جب مقتول بعد موت زندہ ہوا اور احوال برزخ و نمونہ عذاب اخروی دیکھ آیا تو دفع اعتراض
قول اسکا بجائے دو شاہد عادل کے ہی بلکہ بالاتر اور جب تک زندہ تھا اور حالات برزخیہ سے اطلاع
نہ رکھتا تھا تب تک اسکے کلام مین صدق و کذب کی گنجائش تھی لہذا اسکا قول تعین قاتل مین
لائق اعتبار نہ تھا اب لائق اعتبار سمجھنا چاہیے لیکن از روے قواعد کلامیہ اس جواب مین
خدشہ ہی کیونکہ اہل کلام بحث معجزات مین تقریر و تحریر فرماتے ہین کہ اگر پیغمبر کی دعا سے کوئی مردہ خدشہ
زندہ ہوا اور صدق یا کذب نبوت پر گواہی دے تو معتبر نہین ہی بلکہ معجزہ اس پیغمبر کا صرف احیائے
میت ہی مگر اسکی گواہی کو صدق و کذب مین دخل نہین ہی اسلیے کہ جب مردہ زندہ ہوا تو عقل و شعور
و خیال و وہم جو کہ محل خطا ہین جمع ہوگئے اور حکم اسکا مثل اور افراد انسانی کے ہوگیا شہادت اسکی
کام نہین آتی اور جو کوئی جانور یا پتھر یا شجر دعاے نبی سے کلام کرے اور گواہی دے تو البتہ معتبر ہی
کیونکہ نطق جمادات اور حیوانات وہم و خیال سے مبرا ہی بلکہ نطق غیبی ہی احتمال صدق و کذب کی
اسمین گنجایش نہین الغرض مطابق اس قاعدے کے مردے کا کہنا محتمل صدق و کذب ہوا اور تعین
قاتل مین نامعتبر ٹھہرا جب تک کہ اقرار قاتل مع پایا جاے پس جواب صحیح یہ ہی کہ جب حق تعالےٰ نے نبی اسرائیل کو ذبح بقر کا حکم دیا
اور فرمایا کہ بعض اعضا کے مارنے سے مردہ زندہ ہوجائیگا اور حال قاتل سے خبر دیگا تو درحقیقت صدق شہادت اسکا
جناب آلہی سے بالخصوص ثابت ہوا ہی لہذا اسکے قول پر قصاص درست ہوگا حاجت اقرار نہین اور اس مردے کو اور
مردون پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہی کیونکہ یہ مردہ اس امر مین بالخصوص مخصوص بالصدق ہی و لو التزاما سو بھی اس
صورت مین کہ اقرار قاتل اس معجزے کے دیکھنے سے متحقق نہ ہوا ہو اور ظن غالب یہ ہی کہ قاتل نے بھی اقرار یا سکوت

قائم مقام اقرار کے کما تھا مگر روایات مین ذکر اقرار ساقط ہوگیا ہی کذا حققہ استاذ الاستاذ فی تفسیر العزیزی فائدہ اِس
قصہ مین کئی فائدے کار آمدنی نکلے ایک یہ کہ جب مارنا اعضاے ایک مردے کا موجب حصول حیات دوسرے مردے کا
ہوا تو بالیقین معلوم ہوا کہ مؤثر ایجاد عالم مین ذات مسبب ہی نہ سبب ہی دوسرا یہ کہ جو کوئی فیض الٰہی اپنی ذات پر
یا اپنے خاندان پر نازل کرانا چاہے تو اُسکو تقدیم ذبح للہ وغیرہ خیرات و مبرات بجالانا لازم کہ اسکی برکت سے مطلب
حاصل ہوتا ہے تیسرا یہ کہ سختگیری اپنی جانب سے موجب سختگیری جانب حق سے ہوجاتا ہی اور جلدی کرنا احکام الٰہیہ مین
موجب سہولیت و آسانی ہوتا ہی چوتھا یہ کہ لاوارثون و یتیمون کو اللہ کریم و رحیم نے مورد رحمت رکھا ہی خلائق کو بھی
اسکا لحاظ چاہیے کہ اُنسے بظاہر و باطن رعایت و مروت و اعانت و شفقت رکھین اور حفظ جان و مال مین کوشش و سعی کرین
پانچوان یہ کہ جو کوئی اپنے عیال و اطفال کو سپرد بخدا کرتا ہی تو خدا اُسکو ضائع نہین کرتا اور نفع بالائے نفع بخشتا ہی چھٹوان
بر والدین و خدمت اُنکی موجب نزول رحمت الٰہی ہی ساتوان جس مال سے تقرب الٰہی منظور ہو لازم ہی کہ وہ شی جامع المحاسن ہو
جیسا یہ بقرہ تھا لہذا قربانی مین شرط یہ ہی کہ لولی لنگڑی لاغر عیبی نہو آٹھوان یہ کہ بنی اسرائیل کو عبرت و تنبیہ ہوا اس بات پر کہ پرستش
گوسالہ کی وہ سزا تھی کہ ستر ہزار آدمی مارے گئے تب توبہ قبول ہوئی اور یہ گائے جسکو بعوض زر کثیر خرید کیا اور ذبح کیا
اُس سے یہ خارق عادت ظاہر ہوا سو اب معلوم کرو کہ مخالفت حکم خدا مین ہر امر کمبختی تھی اور موافقت مین برکت

## قصۂ حضرت خضر علیہ السلام

تحقیق یہ ہی کہ بعد ہلاکی قوم قبط ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو نصیحت فرمائی اور خطبہ منبع پڑھا سننے والے
سخت متعجب ہوے ازانجملہ ایک شخص نے پوچھا کہ اے موسیٰ تمسے زیادہ بھی کوئی عالم ہی فرمایا مجھے اسکا علم نہین ہی اگرچہ یہ بات تحقیق تھی
پر اللہ کی مرضی یہ تھی کہ یون کہتے اللہ کے بندے مجھسے بہت ہین سب کی خبر اُسکو ہی لہذا وحی ہوئی کہ ایک بندہ ہمارا اُس مقام
جہان دو دریا باہم ملے ہین اُسکو تجھسے علم زیادہ ہی موسیٰ علیہ السلام نے التماس کیا کہ مجکو اُسکی ملاقات میسر ہو حکم ہوا کہ ایک مچھلی تلکر
ساتھ لو جس جگہ پہ مچھلی گم ہوجاے اُسی جگہ وہ بندہ ہی معالم التنزیل مین ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک دن حضرت موسیٰ وعظ کہتے تھے ایک شخص نے پوچھا کون آدمی عالم زیادہ ہی فرمایا مین
اس کہنے پر اللہ صاحب نے عتاب فرمایا اور وحی بھیجی کہ میرا ایک بندہ مجمع البحرین مین ہی اُسکو تمسے علم زیادہ ہی مراد مجمع البحرین سے
قتادہ رض کے نزدیک دریاے فارس و روم ہی اور محمد ابن کعب کے نزدیک طنجہ اور ابی ابن کعب کے نزدیک افریقیہ سو حضرت
موسیٰ نے درخواست کی کہ مین اُس سے ملاقات چاہتا ہون جسطرح ہوسکے ارشاد ہوا کہ ایک مچھلی تلی زنبیل یعنی ٹوکری مین
رکھ لے جہان وہ مچھلی گم ہوجائے ہان وہ بندہ ہی حضرت موسیٰ نے اُسیطرح کیا اور یوشع ابن نون اپنے خادم خاص کو
ہمراہ لیکر چلے یہان تک کہ رات کے وقت متصل ایک پتھر کے پہونچے کہ وہ پتھر مجمع البحرین سے ملا ہوا تھا اور اُس جگہ
چشمہ حیات تھا اسکی تاثیر کہ جب آب اسکا یا پانی کسی چیز مردہ پر پہونچتا زندہ ہوجاتی اُسی پتھر پر سر رکھکر دونون صاحب سو رہے

وبروایتے حضرت موسیٰ نے آرام کی اور حضرت یوشع وضو کرنے لگے کوئی قطرہ پانی کا مچھلی پر گرا وہ زندہ ہوئی اور زنبیل مین پھڑکی اور دریا مین نکل پڑی اور فوراً غوطہ مارگئی سرنگ بنا کر اور جہان سے مچھلی گئی تھی خدا نے پانی کا بہاؤ بند کر کر پانی مین ایک طاق سا کھلا رکھدیا انکو سخت تعجب ہوا ارادہ کیا کہ موسیٰ علیہ السلام جاگین تو حال کہون جب وہ جاگے تو دونون آگے چل کھڑے ہوئے مچھلی کا حال کہنا بھول گئے شب و روز چلتے رہے جب دوسرا دن ہوا تو حضرت موسیٰ نے اپنے خادم حضرت یوشع سے فرمایا آتنا غدانا لقد لقینا من سفرنا ہذا نصبا یعنی لا ہمارے پاس ہمارا کھانا البتہ ہمنے پائی اپنے اس سفر مین تکلیف اس جگہہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ حضرت موسیٰ پہلے تھکے نہ تھے جب مطلب چھوٹ رہا اُس چلنے سے تھکے بالجملہ حضرت یوشع نے کہا ارایت اذ اوینا الی الصخرۃ فانی نسیت الحوت وما انسانیہ الا الشیطان ان اذکرہ واتخذ سبیلہ فی البحر عجبا قال ذلک ما کنا نبغ فارتدا علی آثارہما قصصا یعنی وہ دیکھا تونے جب ہمنے جگہہ پکڑی اُس پتھر پاس سو مین بھول گیا مچھلی اور یہ مجھکو بھلایا شیطان نے کہ اسکا حال تمسے کہون اور وہ مچھلی عجب طرح سے چلی گئی اسطرف جاتی تھی راہ کھلتی جاتی تھی اور زمین خشک کہا وہی جگہہ ہے جسکو ہم ڈھونڈھتے تھے وہین سے اُلٹے پھرے اپنے پیر پہچانتے اس جگہہ حضرت صلی اللہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مچھلی کو تو راہ ہوئی اور موسیٰ وانکے خادم کو تعجب فائدہ اخبار الدول مین ابو حامد اندلسی سے روایت ہے کہ مین نے مجمع البحرین کے نزدیک ایک مچھلی دیکھی کہ اسکا طول ایک ذراع اور عرض ایک بالشت اور ایک آنکھ اور نصف سر تھا معلوم ہوتا تھا کہ نصف کھائی گئی اور نصف باقی رہی اکثر لوگ اس سے برکت لیتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ مچھلی اس مچھلی کی نسل سے ہے جسے حضرت موسیٰ ویوشع نے نصف کھایا تھا اور باقی نصف آب وضو سے زندہ ہوئی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال القصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مع یوشع ابن نون اُس پتھر پاس جو کنار دریا تھا پہونچے تو دیکھا بالکل راہ خشک پڑی ہے اُسی نشان پر آگے بڑھے تو دیکھا کہ ایک مرد کپڑے سے سر لپیٹے ہوئے وہ خضر تھے حضرت موسیٰ نے سلام کیا حضرت خضر نے جواب دیا کہا تیرے ملک مین سلام کہان یعنی اس ملک مین سلام کی رسم نہین تونے کیونکر سلام کیا موسیٰ نے کہا مین موسیٰ ہون خضر نے کہا موسیٰ نبی اسرائیل کہا ہان کہا تم کہان آئے کہا تمہارے پاس آیا ہون چاہتا ہون کہ تمہارے ساتھ رہون اور اچھی راہ سیکھون حضرت خضر نے کہا تمکو بنا بر علم وہدایت نبی اسرائیل توریت کافی ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ کا حکم ہے حضرت خضر نے کہا انک لن تستطیع معی صبرا یعنی تو میرے ساتھ ٹھہر نہ سکیگا اسواسطے کہا کہ مجھسے امور خلاف عادت اور ظاہر شریعت صادر ہونگے اور پیغمبرون کی یہ شان ہے کہ امور منکرہ پر صبر نہین فرما سکتے یعنی تم پیغمبر صاحب شرع وکتاب ہو اور کسی سے کسطرح تعلیم لوگے کیونکہ رسول چاہیے کہ مرسل الیہم سے اعلم ہو اصول وفروع دین مین اور جو علم کہ اس قبیل سے نہو اسکا علم ضرور نہین بلکہ منافی نبوت ہے پھر مین تمکو کیا سکھلاؤنگا تمہارا حکم ظاہر شریعت پر ہے شاید مجھسے کوئی بات ایسی صادر ہو کہ تمہارے خلاف پڑے اور ظاہر مین سراسر ناشایستہ ومنکر ہو اور تم اسکی حکمت سے آگاہ نہو تو خواہ مخواہ مجھسے معارضہ کروگے کیونکہ پیغمبرون کا یہی

کام ہی اور اصل بات یہ ہی کہ اللہ کا ایک علم مجکو ہی تمکو نہین اور ایک علم تمکو ہی مجکو نہین پھر تم کیونکر صبر کروگے
اُس بات کو دیکھکر جو تمھارے قابو مین نہین اُسکی سمجھ یعنی میرا علم لدنی ہی کہ بلا کسب حاصل ہوا ہی اور تمھارا علم
کسبی ہی پھر حقائق و دقائق علمیہ مین تمکو اعتراض ہوگا اور صبر کرسکوگے بسبب بے علمی کے اسی قیل و قال مین
ایک چڑیا نظر آئی کہ دریا مین پانی پیتی تھی حضرت خضر نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ دیکھو تمام علوم
خلائق اللہ کے علم مین سے اسقدر ہی جتنا دریا مین سے چڑیا کے منھہ مین تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا
ستجدنی ان شاء اللہ صابراً ولا اعصی لک امرا یعنی تو پاویگا اگر اللہ نے چاہا مجکو ٹھہرنے والا اور نہ ٹالونگا تیرا
کوئی حکم قال فان اتبعتنی فلا تسئلنی عن شیء حتی احدث لک منہ ذکرا یعنی کہا خضر نے اگر میرے ساتھ رہتا ہی تو
مت پوچھنا مجھے کوئی خبر جب تک مین شروع نہ کرون تیرے آگے اسکا ذکر حضرت موسیٰ نے قبول کیا پھر دونون چلے
اور حضرت یوشع بھی پیرو ہوے یہان تک کہ ایک کشتی پاس دریا کے کنارے آئے اور کشتی والون سے کہا ہمکو چڑھا لو
اول اہل کشتی نے انکار کیا پھر حضرت خضر کو پہچان کر تواضع و فروتنی پیش آئے اور بلا اجرت کشتی پر بٹھلا لیا اور
کشتی چلی جب قریب کنارے کے ہوے تو حضرت خضر نے بسولی سے ایک تختہ کشتی کا نکال ڈالا گو اس حرکت سے کوئی
ڈوبا نہین بلکہ کشتی مین پانی بھی نہین آیا شاید حضرت موسیٰ نے دات کپڑے کی لگا دی تھی یا حضرت خضر نے پیالہ
شیشے کا اُس جگہہ رکھدیا مگر حضرت موسے نے دیکھا کہ یہ نقصان خلاف احسان واقع ہوا تو فرمایا اخرقتہا لتغرق اہلہا
لقد جئت شیئا امرا یعنی تو نے اسکو پھاڑ ڈالا کہ ڈبا دے اسکے لوگون کو تو نے کی ایک چیز انوکھی حضرت خضر نے کہا
الم اقل انک لن تستطیع معی صبرا یعنی مین نے نہ کہا تھا کہ تو میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیگا حضرت موسیٰ نے فرمایا مین بھول گیا
اسپر گرفت نہ کیجیے بعد ازان کشتی سے اُترے اور دریا کے کنارے پیادہ پا چلے راہ مین ایک گانو کے باہر چند لڑکے کھیلتے تھے انمین
ایک لڑکا بہت خوبصورت تھا اُسے حضرت خضر نے مار ڈالا کما قال اللہ تعالیٰ فانطلقا حتی اذا لقیا غلاما فقتلہ یعنی پھر چلے دونو
یہان تک کہ ملے ایک لڑکے سے اُسکو مار ڈالا حضرت موسیٰ نے کہا اقتلت نفسا زکیۃ بغیر نفس لقد جئت شیئا نکرا یعنی تو نے
مار ڈالی ایک جان ستھری بن بدلے کسی جان کے تو نے کی ایک چیز نامعقول کیونکہ یہ لڑکا بیگناہ تھا اور کشتی مین تو خوف
ہلاک تھا یہان تم نے مار ہی ڈالا حضرت خضر نے کہا الم اقل لک انک لن تستطیع معی صبرا اور یہ بھی کہا کہ تم نے دو مرتبہ خلاف عہد کیا
حضرت موسیٰ نے کہا اگر اب پوچھون تو مجکو اپنے ساتھ نہ رکھنا اس مقام پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ دوسرا
سوال اول سے کڑا ہی فائدہ طفل مقتول کے نام مین اختلاف ہی معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ شعیب جبائی کے نزدیک نام اسکا
جلسور اور بقول ضحاک جیسور و بقول اشمعون اور بعضے جیسور کہتے ہین اور بعضے جیسون کہتے ہین یعنی بجاے حا حطی ثم نا
تحتانیہ و سین مہملہ را مہملہ کہتے ہین و بعضے بجیم و با موحدہ اور بعضے بجاے موحدہ نون کہتے ہین اور بعضے حرف دوم
سین اور بعضے نون اور بعضے حرف آخر کو نون پڑھتے ہین اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ طفل مقتول نابالغ محض تھا اور لفظ

زکیتہ سے مراد نابالغ ہی اور حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ طفل مقتول نوجوان تھا اور کلبی سے روایت ہی کہ مسافرون کی
راہ مارتا تھا اور ضحاک رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ یہ لڑکا بڑا مفسد تھا کہ والدین کو اُس سے نہایت ایذا تھی
اور ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ لڑکا جسکو حضرت خضر
علیہ السلام نے مار ڈالا کافر پیدا ہوا تھا اگر جوان ہوتا تو اپنے ماں باپ کو گمراہ و کافر کرتا بالجملہ صحیح از روی روایت
و درایت یہ ہی کہ وہ لڑکا نابالغ تھا کیونکہ خداوند تعالی نے لفظ غلاماً فرمایا ہی اور حدیث شریف سے بھی عدم بلوغ اسکا
صریح واضح ہی اب درباب نام والدین بھی اختلاف پایا جاتا ہی بعضے نام باپ میلاس بیان کرتے ہین اور بعضے کابر
اور نام ماں کا بعضے شاہویہ لکھتے ہین اور بعضے رحمی اور اسمین بھی اختلاف ہی کہ حضرت خضر نے اُسکو کس طرح
قتل کیا بعضے کہتے ہین ایک دیوار کے نیچے بلاکر لیگئے اور لٹاکر چھری سے ذبح کیا یہ قول سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ کا ہی
اور بعضے کہتے ہین اُسکا گلا گھونٹ دیا اور بعضے کہتے ہین سر اُسکا دیوار سے ٹکرا دیا اور بعضے کہتے ہین پتھرون سے توڑ دیا
کہ وہ مرگیا یہ قول ابن منبہ کا ہی در تفصیل نے المعالم الغرض بعد اس حال کے حضرت موسی و خضر آگے تشریف لے چلے تو
وقت شام ایک موضع مین پہونچے وہان کے لوگون کی یہ عادت تھی کہ سر شام دروازے گھر بن کے بند کر لیتے اگر کوئی کتنا ہی
پکارتا نہ کھولتے اور شام ہی کو حضرت موسی و خضر وہان جلوہ فرما ہوے اور چاہا کہ موضع مین داخل ہون کسی نے دروازہ
نہ کھولا تب دونون حضرات نے کہا ہم لوگ مسافر ہین اور بھوکے اگر دروازہ نہین کھولتے اور یہ عادت مشہورہ نہین چھوڑتے
تو کھانا ہمارے واسطے بھیجدو اُن لوگون نے قطعاً انکار کیا یہان تک کہ تمام موضع کے آس پاس پھرے کسی نے ضیافت کی
ناچار تمام رات تشنہ و گرسنہ گانون کے باہر پڑے رہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک وہ قریہ انطاکیہ تھا اور
ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے قول مین ایلہ قریات روم سے وہو ابعد الارض من السما اور بعض کہتے ہین موضع باجروان تھا
متعلقات ارمنیہ سے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک قریہ تھا قریات اندلس سے بالجملہ وہان کے لوگ
بڑے خسیس و بخیل تھے اور مسافر نوازی اور غربا پروری سے محض ناآشنا معالم التنزیل مین حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی
کہ بدترین قریہ وہ ہی جسکے رہنے والے مہمان کی خاطر داری نہ کرین اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ
اول دونون پیغمبرون نے مردون سے کھانا طلب کیا جب مردون نے نہ دیا تب آپنے لعنت کرکے عورتون سے طلب کیا
ازانجملہ ایک عورت بربریہ نے کچھ کھانا کھلایا تب آگے کو چلے وقت صبح کا تھا کہ ایک دیوار اُس قریہ مین نظر پڑی
نہایت کج قریب الانہدام حضرت خضر علیہ السلام نے اُسکو مرمت فرماکے سیدھا کیا کما قال اللہ تعالی فانطلقا حتی
اذا اتیا اہل قریۃ استطعما اہلہا فابوا ان یضیفوہما فوجدا فیہا جدارا یرید ان ینقض فاقامہ یعنی پھر دونون چلے یہان
کہ پہونچے ایک گانون کے لوگون تک اور کھانا چاہا وہان کے لوگون سے وہ منکر ہوے کہ انکو مہمان
رکھین پھر پائی اُسمین ایک دیوار گرا چاہتی اُسکو سیدھا کیا حضرت سید المرسلین صلی اللہ وسلم فرماتے تھے کہ

وہ دیوار حضرت علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے سیدھی کردی اور سعید ابن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا
کہ حضرت خضر نے ہاتھ لگایا وہ دیوار سیدھی ہوگئی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہی کہ حضرت خضر علیہ السلام نے دیوار اول گرادی پھر سیدھی بنادی الغرض یہ حال
دیکھکر حضرت موسے علیہ السلام نے فرمایا لو شئت لاتخذت علیہ اجرا یعنے اگر تو چاہتا لیتا اسپر
مزدوری یعنے اس قریہ کے لوگون نے مسافرون کا حق نہ سمجھا اور خاطر داری نکی اور مہمانی و نیبا
سے پیش نہ آئے پھر انکی دیوار مفت بنائی کیا ضرور تھی اکثر مرتبہ حضرت موسے علیہ السلام نے
سمجھلیا کہ انکا علم میرے ڈھب کا نہیں ہی سو جان بوجھ کر رخصت ہونے کو پوچھا حدیث شریف مین
آیا ہی کہ اول عہد شکنی جو حضرت موسے سے واقع ہوئی بھول و فراموشی تھی دوسری مرتبہ کی بطور
شرط تیسری مرتبہ عمدًا یعنے پہلے شفقت نبوت سے سہو و بھول واقع ہوئی دوسری مرتبہ اقرار
کرنے کو پوچھا تھا تیسری مرتبہ جدا ہونے کو چاہا اور درخواست فراق فرمائی کیونکہ حضرت
موسی کا علم وہ تھا جسمین پیروی کرنا خلق خدا کو سراسر منفعت تھا اور حضرت خضر علیہ السلام کا
وہ علم تھا کہ دوسرے کو پیروی اسکی بن نہ آوے القصہ حضرت موسی علیہ السلام سے بسبب شفقت
نبوت تین مرتبہ خلاف عہد وپیمان واقع ہوا تو ناچار حضرت خضر علیہ السلام نے کہا ہذا فراق بینی
وبینک یعنے اب جدائی ہی میرے اور تیرے بیچ سانبئک بتاویل ما لم تستطع علیہ صبرا یعنے
بتاتا ہون اب تمکو بھید ان باتون کا جسپر تم ٹھہر نہ سکے اور بعض کہتے ہین کہ حضرت موسے
علیہ السلام نے خضر علیہ السلام کا دامن پکڑا کہ اسرار ان باتون کا جو تمنے میرے ساتھ کی ہین
بیان کرو اسپر حضرت خضر نے بیان فرمایا حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین
کہ ہمارے جی نے چاہا کہ اگر موسی علیہ السلام صبر کرتے اور ہر بات کی وجہ نہ پوچھتے تو بہت قصہ
انکا ہمکو معلوم ہوتا اور خدا کے کامون کی حکمتین اکثر لوگون کو دریافت ہوتین اور اخبار الدول
مین ہی کہ وقت رخصت موسی علیہ السلام کے خضر علیہ السلام نے کہا کہ ای موسی اگر تم صبر فرماتے
تو ہزارون ہزار عجائبات سے کہ ان معاملات سے اعجب العجائب ہین اطلاع پاتے موسی حضرت
موسیٰ نے افسوس کرکے روئے اور انکی جدائی سے سخت ملول ہوئے الغرض حضرت خضر نے
فرمایا اما السفینۃ فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبہا وکان وراءہم ملک
یاخذ کل سفینۃ غصبا یعنے کشتی سو تھی کئی محتاجون کی محنت کرتے تھے دریا مین سو مینے
چاہا کہ اسمین نقصان ڈالون اور انکی پرے تھا ایک بادشاہ لے لیتا ہر کشتی چھین کر جو بے عیب

ہوتی تھی یعنے مین نے اسلیے توڑ ڈالا کہ وہ ظالم کہین چھین نہ لے اور یہ غریب مسکین محروم رہ جائین اور تکلیف اُٹھائین بعض کہتے ہین کہ وہ بادشاہ آگے تھا اور بعضے قائل ہین کہ وہ بادشاہ پیچھے تھا قول اول مطابق ارشاد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ہے کیونکہ قرأت ابن عباس مین

وکان امامہم ملک یاخذ کل سفینۃ غصباً واقع ہے اور اُنکے نزدیک نام اُس بادشاہ کا جلید ابن کرکر تھا اور محمد ابن اسحاق کے نزدیک متولہ ابن جلندازوی ہے اور شعیب ابن جبائی کے نزدیک ہُدد ابن بدد اول بہاے ہوز و دالین مہملتین وثانی بباے موحدہ و دالین کذافی القاموس اور شعیب کے نزدیک مالک کشتی کے دس بھائی تھے پانچ لنجے اور پانچ ملاحی کرتے تھے پھر حضرت خضر نے کہا

واما الغلام فکان ابواہ مومنین فخشینا ان یرہقہما طغیاناً وکفراً فاردنا ان یبدلہما ربہما خیرا منہ زکوۃ واقرب رحماً یعنے وہ جو لڑکا تھا سو اُسکے والدین ایمان دار تھے ہم ڈرے کہ اُنکو عاجز کرے زبردستی اور کفر کر کے پھر ہمنے چاہا کہ بدلا دے اُنکو اُنکا رب اس سے بہتر ستھرائی مین اور لگاؤ رکھتا محبت مین یعنے اگر وہ جوان ہوتا تو بدراہ و موذی ہوتا ماں باپ اُسکے ساتھ خراب ہوتے اور وہ اپنے دین مین ملاتا یا وہ دونوں شفقت سے اُسکے کفر پر راضی ہوجاتے لہذا ہمنے بحکم خدا مار ڈالا چنانچہ روایت ہے کہ اُسکے عوض اللہ نے ایک بیٹی بخشی مسماۃ حیہ وہ ایک نبی کے نکاح مین آئی کہ اُس سے ایک نبی پیدا ہوا نام نبی کا علی الاختلاف اشمویل یا شمعون تھا و بروایت جعفر ابن محمد اُسکے بطن سے ستر نبی پیدا ہوے اور ابن جریج کی روایت ہے کہ مقتول کی عوض اللہ نے پھر بیٹا مسلمان عنایت کیا والاول ہو الصحیح بعد ازان حضرت خضر نے دیوار کا حال فرمایا کہ اللہ صاحب سورہ کہف مین حکایت فرماتے ہین واما الجدار فکان لغلامین یتیمین فی المدینۃ وکان تحتہ کنز لہما

وکان ابوہما صالحاً فاراد ربک ان یبلغا اشدہما ویستخرجا کنزہما رحمۃ من ربک وما فعلتہ عن امری یعنے وہ جو دیوار تھی سو دو یتیموں کی تھی رہتے اُس شہر مین اور اُسکے نیچے مال گڑا تھا اور اُنکا باپ تھا نیک سو چاہا تیرے رب نے کہ وہ پہونچین اپنے زور کو یعنے اٹھارہ برس کو اور نکالین اپنا مال گڑا اور یہ بات از روے مہر تیرے رب کی ہوئی اور مین نے نہین کیا اپنی طرف سے ولہذا مزدوری نہین لی معالم مین ہے کہ دونوں لڑکوں کا اصرم و اصریم نام تھا اور باپ کا کاشح یہ شخص متقی و پرہیزگار تھا حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ اُسیکی پرہیزگاری سے یہ حفاظت ہوئی اور نظم الجواہر مین ہے کہ کاشح ذات کا جولاہہ تھا اور بعض کے نزدیک کاشح پدران دونوں غلاموں کا نہ تھا بلکہ ان دونوں تک سات پشت کا فصل تھا محمد ابن اسکندر فرماتے ہین کہ صلاح و تقوی کا اثر

۴۲

سات پشت تک رہتا ہی اور یہ تو ظاہر اور تجربہ اسپر شاہد ہی کہ مرد صالح و متقی کی برکات سے اہل محلہ بلاؤن سے محفوظ رہتے ہین **فائدہ** اختلاف ہی کہ اُس دیوار کے نیچے کیا چیز تھی سعید ابن جبیر فرماتے ہین کتب علمیہ تھین اور حضرت ابن عباس کے نزدیک لوح طلائی تھی ایک طرف اُسکے لکھا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم عجبا لمن ایقن بالموت کیف یفرح عجبًا لمن ایقن بالقدر کیف یحزن عجبًا لمن ایقن بالرزق کیف یتعب عجبا لمن ایقن بالحساب کیف یغفل عجبًا لمن ایقن بزوال الدنیا وتقلیبھا باہلھا کیف یطمئن الیہا اور دوسری جانب لکھا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ انا اللہ لا الٰہ الا انا واحدی لاشریک لی خلقت الجن والانس فطوبےٰ لمن خلقتہ للخیر واجریتہ علی یدیہ والویل لمن خلقتہ للشر واجریتہ علے یدیہ یہ قول ہی اکثر اہل تفسیر کا اور نزدیک عکرمہ کے مال و خزانہ گاڑا تھا اور یہی روایت ہی ابی درداء صحابی کی اور ترمذی کی روایت مین بھی عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اسی طرح آیا ہی وھو الصحیح لان سیاق الآیۃ یدل علی ذلک اور اِس صورت مین اگر اُس خزانہ مین لوح بھی ہو تو عجب نہین **فائدہ** اِس قصہ مین کئی فائدے عمدہ ہین اوّل یہ کہ علم کے واسطے سفر کرنا مستحب ہی دوسرے طلب علم مین صبر کرنا مصائب و مکروہات پر لازم ہی بدون اسکے علم نہین آتا جلد بازی سے محروم رہتا ہی تیسرا یہ کہ عالم کو گھمنڈ کرنا نہ چاہیے گو کتنا ہی بڑا عالم ہو کیونکہ جہان مین ایک سے ایک زیادہ موجود ہی چوتھا یہ کہ اُستاد کو چاہیے کہ تین خطائین شاگرد کی معاف کرے بعد اسکے اختیار رکھتا ہی چاہے اسکو ساتھ رکھے اور چاہے جدا کرے پانچوان یقین کرے کہ خدا کا کوئی فعل خالی حکمت سے نہین ہوتا گو اُسکی حکمت ہماری سمجھ مین نہ آوے جس طرح کشتی کا توڑنا اور غلام کا مارنا اور گرتی دیوار کا بنا دینا سراسر حکمت تھا پس مسلمان کو لازم ہی کہ خدا کے کام مین راضی رہے خواہ اُسکے مرضی کے موافق ہو خواہ مخالف ہو اسواسطے کہ فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ **فائدہ** قسطلانی شرح صحیح بخاری مین فرماتے ہین کہ خضر بفتح خا و کسر ضاد ہی و بکسر خا و سکون ضاد بھی ہی اور اسم مبارک انکا بلیا ابن ملکان ابن قالع ابن عامر ابن سالخ ابن ارفخشد ابن سام ابن نوح ہی اور نظم الجواہر مین ہی کہ نام خضر بلیا ہی موحدہ مفتوحہ و سکون لام و یاء تحتیہ ہی اور بعض کے نزدیک الیسع اور بعضے الیاس اور بعض عامر اور بعض خضرون و بعض ارمیا کہتے ہین اور کنیت ابو العباس اور لقب خضر ہی اور جو بیان کرتے ہین کہ اولاد فارس سے تھے یا حضرت الیاس کے بھتیجے تھے یا بنی اسرائیل مین سے تھے جس طرح اخبار الدول مین بروایت ابن اسحاق بعد ارفخشد کے ابن افرائیم لکھا ہی یا کسی بادشاہ کے بیٹے تھے یا اسکندر کے خالہ زاد بھائی تھے جیسا مسعودی نے اخبار الزمان مین لکھا ہی وہ سب ضعیف ہی قابل اعتبار نہین لیکن جو بعض اہل حدیث نے حضرت آدم علیہ السلام کے

ف از صلاح و تقوی تا ہفت پشت نفع می رسد

ف در آیات قصہ

ف تحقیق لفظ خضر

بیتون مین بیان کیا ہی اسکا عجب نہین آور وجہ ملقب بخضر ہونے کے محققین نے یون بیان فرمائی ہی
کہ آنجناب جس جگہ جلوس فرماتے تھے وہان سبزہ اُگتا تھا چنانچہ حضرت مجاہد سے روایت ہی کہ
حضرت خضر جہان نماز مین مشغول ہوتے تو جاے سجدہ او راطراف حصیر مین سبزہ جم جاتا تھا اور
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انما سمی خضر الانہ
جلس علی فروۃ بیضاء فاذا ہی تحتہ تحتہ خضراء یعنے خضر بیٹھے پتھر سفید پر اور اُسی وقت اُسکے نیچے سبزہ
اُگا اور زمانہ حضرت خضر بروایت بعض بعد حضرت صالح پیش از ابراہیم تھا اور بعض بعد حضرت
ابراہیم علیہ السلام بیان کرتے ہین الغرض تعین زمان مین اختلاف ہی بیضاوی مین ہی کہ افریدون کے
وقت مین تھے اور ذوالقرنین اکبر کے ساتھ سیر ربع مسکون مین موجود تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام
کے عہد تک ظاہر رہے معالم التنزیل مین ہی کہ جب ذوالقرنین بطلب آبحیات روانہ ہوا تو خضر
علیہ السلام آگے تھے کہ اُنکو وہ چشمہ ملا اُنھون نے اُس سے پانی پیا اور غسل فرما کر دوگانہ شکر ادا کیا
اور درازی عمر پائی اور ذوالقرنین محروم واپس آیا کاتب الحروف کے نزدیک یہ قول ضعیف ہی اگر
ہمراہی سکندر اکبر یا سکندر رومی پر مامور ہوے ہون تو عجب نہین ہی لیکن آبحیات سے درازی
عمر کا پانا معتمد نہین ہی کیونکہ حضرت ادریس اور حضرت عیسےٰ والیاس علیہم السلام کہان آبحیات
تلاش کرنے گئے تھے زندگی اس گروہ بزرگ کی مشاہدہ حضرت حق ہی کہ تجلی دائمی اسم یا حی سے
زندہ جاوید رہتے ہین اور ملاحظہ کتب صحیحہ حضرات صوفیہ صافیہ علیہم الرحمۃ والرضوان سے عیان ہی
کہ حضرت خضر علیہ السلام قبل نزول وحی و بعد نبوت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مصاحبت مین
رہا کرتے تھے اور بیمار بھی ہوتے ہین اور معالجہ اپنا کرتے ہین چنانچہ ایک تبہ مدینہ منورہ مین شہہ والون نے
آپسمین فساد کیا خضر بھی اُنمین تھے ایک پتھر اُنکے سر مین بھی لگا تین مہینے تک اُسکی تکلیف
رہی تھی اور قبل بعثت آنحضرت صلعم پانسو برس کے بعد دندان مبارک اُنکے از سر نو نکلتے تھے اور
بعد بعثت ایکسو بیس برس کے بعد نکلنے لگے تھے اور آنجناب نیک خلق و جوانمرد و شفق تمام خلائق کے
ہین اور جود و عطا مین بے نظیر ایثار آپ کی عادت ہی علم کیمیا سے بخوبی آگاہ اور خود قرض لیتے دیتے ہین
اور بازار مین دلالی بھی کرتے ہین اور اجرت پر کام کرتے ہین شیخ علاء الدولہ سمنانی عروہ مین لکھتے ہین
کہ دس اصحاب حضرت خضر کے ساتھ رہتے ہین اور اکثر مصاحب ابدال و قطب کے رہتے ہین صحیح یہ ہی
کہ حضرت خضر علیہ السلام نبی معمر و محجوب قیامت تک ہین بعد رفع قرآن شریف وفات پاوینگے اور بعض
کہتے ہین کہ حضرت خضر علیہ السلام جانب بنی کنانہ روبا مین برسالت و پیغمبری مبعوث ہوے تھے اور بعض

حضرت خضر کو ولی کہتے ہین اور بعض فرشتہ اور بعض انکو رجال اللہ امت محمدیہ مین شمار کرتے ہین
حافظ ابن حجر و سخاوی و قسطلانی و جمہور علما و حضرات صوفیہ صافیہ بالاتفاق قائل ہین کہ حضرت
خضر علیہ السلام ابتک بقید حیات ہین اور یہ امر مثل آفتاب روشن ہی مگر اکثر محدثین مثل بخاری و ابن
مبارک و ابن جوزی حیات خضر علیہ السلام کے انکار کرتے ہین اور دلیل انکی ایک حدیث ہی جسکو حضرت
صلعم نے قریب رحلت فرمایا کہ ہر ایک جاندار جو روے زمین پر ہی بعد سو برس کے زندہ نرہیگا لیکن اس
حدیث مین اہل تحقیق فرماتے ہین کہ اسوقت حضرت خضر علیہ السلام دریا مین فرض کیے گئے تھے
نہ زمین پر اور ارشاد جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم مردم روے زمین کے واسطے تھا
نہ اوروں کے واسطے اور تفسیر معالم التنزیل مین کریمہ وما جعلنا لبشر من قبلک الخلد دلیل نفی حیات
حضرت خضر علیہ السلام کی لکھی ہی لیکن اس آیہ مین احتمال تاویل ظاہر تر ہی کیونکہ لفظ بشر واسطے
ان لوگون کے بولی جاتی ہی جو کہ نظر آتے ہین بالاتصال اور ہر ایک سے ملاقات کرتے ہین اور ہر ایک
انسے ملاقات کرتا ہی اور سکونت و خانہ داری زمین پر کرتے ہین اور حضرت خضر علیہ السلام کے
احوال ان سب امور کے خلاف ہین قطع نظر اس سے ملاقات حضرت خضر علیہ السلام کے اولیاون سے
مرتبہ شہرت کو پہونچی ہی بلکہ بحد تواتر اور قصص و حکایات اس ملاقات کے حیطہ شمار سے افزون ہی چنانچہ
حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی اور حضرت نظام الدین زری زربخش بداونی کے پاس تشریف لانا
وعلی ہذا اکثر سالکین طریقت و واقفین حقیقت سے ملاقات کرنا اور اعمال خیر کا ترغیب دینا اور وصول
الی اللہ کے حصول پر تحریض کرنا نہایت مشہور ہی اور کتب حضرات صوفیہ صافیہ علیہم الرحمۃ مین لکھا ہی اور شیخ
علاء الدولہ سمنانی کہ قدوۂ ارباب کشف و کمال ہین فرماتے ہین کہ جو شخص وجود حضرت خضر علیہ السلام کا
انکار کرتا ہی وہ جاہل ہی چنانچہ فصل الخطاب مین لکھا ہی اور جو محقق فیروز آبادی سفر السعادت مین فرماتے ہین
کہ در باب عمر خضر و الیاس حدیثے صحیح ثابت نشدہ سو شاید اس محقق کے طریق پر ثابت نہوئی ہوگی ورنہ محقق جزری
حصن حصین مین مستدرک حاکم سے روایت لائے ہین کہ جب حضرت رسول ثقلین محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم
نے رحلت فرمائی تو ایک مرد جسیم صبیح الوجہ سفید ریش تمام اصحاب مین آیا اور رویا پھر تعزیت کرکے چلا گیا بعد ازان
حضرت امیر المومنین ابو بکر صدیق ابن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ اور ولایت مآب حضرت علی مرتضے ابن ابی طالب
کرم اللہ وجہہ و رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ یہ مرد سفید ریش جسیم و صبیح حضرت خضر تھے علیہ السلام اسی طرح سیوطی
رحمہ اللہ علیہ نے جمع الجوامع مین ملاقات حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے حضرت خضر علیہ السلام سے
مفصل بیان کی ہی اور تنزیہ الشریعہ مین بھی چند احادیث ملاقات حضرت خضر علیہ السلام کی حضرت

امیر المومنین علی مرتضے کرم اللہ وجہہ وغیرہ اصحاب سے نقل کی ہین کہ بسبب کثرت طرق مرتبہ صحت کو پہونچتی ہین اور ملاقات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حضرت خضر علیہ السلام سے قطعی یقینی ہی اور ارشاد حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ لو کان الخضر حیا لزارنی یعنی اگر خضر زندہ ہوتا تو میری زیارت کرتا اول رفع اس حدیث کا بطریق معمول اہل حدیث حضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک ثابت نہین ہوتا بلکہ یہ قول اُسی کا معلوم ہوتا ہی جو منکر حیات خضر علیہ السلام کا ہی دوسرے اگر رفع اسکا چنانکہ باید ثابت بھی ہوجاوے تو محتمل ہی کہ یہ سخن قبل از ملاقات خضر کے ہوگا کیونکہ اکثر احادیث حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہین کہ بعض مشائخ اہل حدیث نے انکو سنا ہی اور اپنی کتابون مین لکھا ہی کہ تتبع و تصفح کتب حدیث سے واضح ہوتا ہی اور شیخ احمد ابن ابی بکر ابن محمد محدث نے مع سند اپنی انھین حدیثون کو ایک کتاب مین جمع فرمایا ہی جسکو ضرورت ہو اُسکو ملاحظہ کرے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

**قصہ ہلاک قارون** تفاسیر مین لکھا ہی کہ حضرت موسی کلیم اللہ مع حضرت یوشع ابن نون علیہما السلام حضرت خضر علیہ السلام سے اسرار علمی سُنکر رخصت ہوے اور مصر مین تشریف لائے وبعد چندے قارون ابن یصہر منافق کی ہدایت پر مصروف ہوے معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ قارون حضرت موسی علیہ السلام کا چچا زاد بھائی تھا یعنی قارون ابن یصہر ابن قاہث ابن لاوی ابن یعقوب علیہ السلام اور موسی ابن عمران ابن قاہث ابن لاوی ابن یعقوب علیہ السلام بروایت ابن اسحق مطلبی یہ قارون عمران پدر موسے علیہ السلام کا بھائی تھا اور عمران و یصہر دونون یصہر کے بیٹے تھے مگر بنی اسرائیل نہ تھے اور بعض کہتے ہین کہ حضرت موسے علیہ السلام کا بھانجا تھا یعنے مسماۃ کلثم کا بیٹا تھا لیکن صحیح یہ ہی کہ قارون حضرت موسے علیہ السلام کا بھائی چچیرا تھا اور بسبب حسن صورت اور نورانیت کے اسکو منور مشہور کرتے تھے بجز حضرت موسے وہارون علیہما السلام کے یہ مرد توریت خوب پڑھتا تھا جب تک فقیر و محتاج و بے مایہ و ذلیل ہا تب تک متواضع اور متخلق باخلاق حمیدہ رہا اور جب مالدار ہوا تو بگڑ گیا یہان تک کہ اسنے کپڑے اپنے اورون سے ایک ایک بالشت بڑھا دیے تھے تذئیل یہ بات دلالت نخوت و کبر پر کرتی ہی حدیث شریف مین وارد ہی ولا ینظر اللہ یوم القیامۃ الی من جر ثوبہ خیلاء یعنے نہ دیکھیگا اللہ قیامت کو اسکی طرف جو شخص دراز کرے اپنا کپڑا ایسا تنگ کہ گھسٹتا چلے یعنے بنظر رحمت وعنایت نہ دیکھیگا یہ حدیث بخاری ومسلم نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے

حال قارون

بخاری

روایت کی ہی جاننا چاہیئے کہ لفظ ثوب عام ہی خواہ تہبند ہو یا جامہ یا کُرتہ یا انگرکھا یا قبا یا غل
یہ سب منع میں داخل ہیں اسی طرح حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی ما اسفل من الکعبین من الازار
فی النار رواہ البخاری عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ یعنے جو چیز نیچی ہو ٹخنے سے از قسم ازار کے
وہ آگ میں ہی مراد یہ ہی کہ ٹخنے سے نیچے جتنے ٹکڑے قدم پر ازار لٹکتی ہی وہ آگ میں ہی یعنی دوزخ میں
ڈالا جاویگا اور بعضوں نے کہا ہی یہ فعل مذموم ہی اور افعال اہل دوزخ سے ہی اور ذکر درازی کا
اکثر حق ازار میں آیا ہی اور وعید شدید اسمیں وارد ہوئی ہی حتے کہ ایک شخص نیچے پائینچے والا
نماز پڑھتا تھا اُسکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اعادہ وضو کا حکم دیا اور ایک روایت میں
آیا ہی کہ شعبان کی شب پانزدہم میں سب بخشے جاتے ہیں مگر نافرمان بردار والدین و دائم الخمر
و نیچے پائینچے والا اور سنت ازار کی نصف پنڈلی تک ہی اور رخصت ٹخنوں کے اوپر تک ہی
اور حکم دامن قبا و پیراہن کا بھی یہی ہی اور سنت آستینوں میں بند دست تک ہی اور
اسبال عمامہ کی نصف پشت تک رخصت ہی اور زیادہ بدعت اور یہ فراخی و درازی کہ بعضے
شہروں عرب میں متعارف ہوئی ہی خلاف سنت ہی اور جو درازی بطریق تکبر ہی وہ حرام ہی
اور جو کہ بطریق عرف و عادت شائع ہو وہ مکروہ ہی مگر عورتوں کے واسطے ایک بالشت یا
دو بالشت کی زیادتی مستحب ہی بقصد ستر پس قارون کی زیادتی بطریق تکبر تھی نہ کسی اور
سبب سے کیونکہ وہ مردود بسبب کثرت مال کے کسیکو موجود نہ جانتا تھا اور کثرت مال
اس مرتبہ کو پہونچی تھی کہ اُسکے خزانہ کی کنجیاں پندرہ آدمی یا چالیس یا ستر لیکر چلتے تھے
چنانچہ ارشاد ہوتا ہی و اٰتیناہ من الکنوز ما ان مفاتحہ لتنوء بالعصبۃ اولی القوۃ یعنے دیے تھے
ہمنے اُسکو خزانے اتنے کہ اُسکی کنجیوں سے تھکے کئی مرد زور آور عصبہ مجاہد کے نزدیک دس سے
پندرہ تک اور نزدیک ضحاک کے تین سے دس تک اور قتادہ کے نزدیک دس سے چالیس تک
تک کہ بولتے ہیں وہو الاصح الغرض قارون نخوت و کبر میں بسر کرتا تھا اور کارخانہ قضا و قدر سے
غافل تھا ایک دن مومنوں نے براہ نصیحت اُس سے کہا لا تفرح ان اللہ لا یحب الفرحین
و ابتغ فی ما اٰتاک اللہ الدار الاٰخرۃ ولا تنس نصیبک من الدنیا و احسن کما احسن اللہ الیک ولا تبغ
الفساد فی الارض ان اللہ لا یحب المفسدین یعنے مت اُترا کہ اللہ کو نہیں بھاتے اترانے والے
اور ڈھونڈ اُس سے جو اللہ نے دیا ہی پچھلا گھر اور نہ بھول اپنا حصہ دنیا سے اور نیکی کر جیسے اللہ نے
نیکی کی تجھ سے اور نہ ڈال خرابی ملک میں اللہ کو بھاتے نہیں خرابی ڈالنے والے حاصل یہ کہ

موسیٰ سے ضد نکر اور اپنے حصہ کے موافق لے اور خدا کی راہ مین صرف کر اور اللہ کا شکر کر صحت و فراغت پر
اُنکے جواب مین بولا کما قال اللہ انما اوتیتہ علیٰ علم عندی یعنے یہ تو مجکو ملا ہی ایک ہنر سے جو میرے پاس ہی
کچھ خدا نے نہین دیا ہی جو مین شکر کرون اور راہ خدا مین صرف کرون اور حقدارون کا حق دون
مفسرین نے اختلاف کیا ہی کہ اس جگہ کون علم مراد ہی بعضے کہتے ہین کہ قارون نے کہا کہ مین سب سے
زیادہ توریت کو جانتا ہون اس باعث سے اللہ نے مجکو تیرا از روے مال فضیلت دی ہی اور بعضے
کہتے ہین کہ مجکو کئی قسم کے کسب آتے ہین اُس سے یہ مال حاصل ہوا ہی اور بعض کہتے ہین کہ حضرت
یوسف علیہ السلام کے خزانون سے واقف ہوگیا تھا سو اُنکو اُٹھا لایا تھا اور سعید ابن مسیب
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ اللہ جل شانہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو علم کیمیا بتلایا تھا سو حضرت
نے ایک تہائی یوشع ابن نون کو سکھلایا اور ایک تہائی کالب ابن یوفنا کو اور ایک تہائی قارون کو
مگر قارون نے فریب سے حضرت یوشع اور یوفنا کا بھی علم سیکھ لیا اور مالدار ہوگیا اور جو لوگ
کہتے ہین کہ قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا بیٹا تھا وہ کہتے ہین کہ حضرت نے اپنی بہن کو
یہ علم سکھایا تھا وہی قارون نے اپنی مان سے سیکھ لیا بالجملہ اسی عرصہ مین شنبہ کے دن قارون نے
سُرخ کپڑے پہنے اور سفید اونٹ پر سوار ہوا اور ساتھ اُسکے نوے ہزار سوار گھوڑون کے سب اُسکے غلام
پہنے ہوے ساتھ ہوے اور تین سو یا ہزار عورت خوبصورت سُرخ کپڑے سفید موزے پہنے
انواع زیورات سے آراستہ سفید اونٹون پر سوار ہمراہ رکاب سیر کنان قوم بنی اسرائیل کی طرف آیا
تو اُنمین جو لوگ طالب دنیا تھے حب دنیا مین لوٹ اُٹھے کہ سورہ قصص مین ارشاد ہوا قال الذین
یریدون الحیوۃ الدنیا یالیت لنا مثل ما اوتی قارون انہ لذو حظ عظیم وقال الذین اوتوا العلم
ویلکم ثواب اللہ خیر لمن آمن وعمل صالحا ولا یلقٰہا الا الصابرون یعنے کہنے لگے جو طالب تھے
دنیا کی زندگی کے اے کاش کسی طرح ہمکو ملے جیسا کچھ ملا ہی قارون کو بیشک اُسکی بڑی قسمت ہی
اور بولے جنکو ملی تھی بوجھ آئی خرابی تمھاری اللہ کا دیا ثواب بہتر ہی اُنکو جو یقین لائے اور کیا
اچھا کام اور یہ بات اُنھین کے دل مین پڑتی ہی جو سُننے والے ہین حقیقت مین دنیا سے آخرت کو
بہتر وہی جانتے ہین جنسے محنت سہی جاتی ہی اور بے خبر لوگ حرص کے مارے دنیا کی آرزو پر
گرتے ہین اور نادان آدمی دنیا دار کی آسودگی کو جانتا ہی کہ اسکی بڑی قسمت ہی مگر اُسکے مکر کو
اور آخر کی ذلت کو اور ہزار جگہ کی خوشامد کو نہین دیکھتا اور یہ نہین دیکھتا کہ دنیا مین آرام ہی
تو دس بیس برس اور مرنے کے بعد کاٹتے ہین ہزارون برس القصہ قارون عیش و عشرت مین

بسر کرتا اور حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام سے دل مین بغض اور حسد رکھتا اول طغیان اور عصیان قارون سے یہ ہوا کہ جب اللہ جل شانہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ارشاد کیا تو اپنی قوم کو کہو کہ چادرون مین چارو طرف آسمانی رنگ کے دو ڈورے لگا دین تاکہ انکو دیکھکر آسمان کو دیکھین اور معلوم کرین کہ مین نے توریت اسی سے نازل فرمائی ہی تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ یا الٰہی ساری چادر رنگ لینے کا اگر حکم ہو تو بہتر ہی اسلیے کہ بنی اسرائیل سبز ڈورون مین اپنی حقارت سمجھینگے اور یہ حکم بھی چھوٹا ہی ارشاد ہوا کہ میرا حکم چھوٹا نہین ہی دیکھ چھوٹے حکم کی اگر تقدیم کرین تو بڑے حکم مین بھی پہلوتہی نکرینگے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے حکم دیا کہ اپنی چادرون مین سبز ڈورے باندھو کہ جب اسکو دیکھو تو اپنے رب کو یاد کرو بنی اسرائیل نے فرمانبرداری کی اور قارون نے انکار کرکے اپنا منھ پھیر لیا اور کہا کہ یہ نشانیان غلامون کی ہین مین تو نکرونگا دوسرے یہ کہ جب فرعون غرق ہوا اور بنی اسرائیل نے نجات پائی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ریاست مذبح کی حضرت ہارون کے سپرد فرمائی کہ بنی اسرائیل اپنی قربانی حضرت ہارون کے پاس لیجاتے اور حضرت ہارون اسکو ذبح کرکے رکھدیتے آسمان سے ایک آگ آتی اسکو کھا جاتی یہ ریاست قارون کو سخت ناگوار ہوئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگا کہ تم پیغمبر ہوے اور ہارون کو ریاست مذبح ملی مین کسی مین نرہا حالانکہ توریت کو مین خوب پڑھتا ہون اب مین صبر نہین کرسکتا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ مین نے یہ ریاست ہارون کو نہین دی اللہ کی طرف سے انکو عنایت ہوئی ہی بولا کہ مین نہین مانتا تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کے رئیسون کو جمع کرکے فرمایا کہ اپنی اپنی لاٹھیان لاؤ اور انکو اپنے قبہ عبادت مین بطریق کھیتی کے جماؤ جسکی لکڑی اگے اسکا مرتبہ خدا کے نزدیک زیادہ سمجھو سب لوگ اپنی اپنی لکڑیان لاکے بونے لگے حضرت ہارون نے بھی اپنی لکڑی گاڑی صبح کو حضرت ہارون کی لکڑی مین پتے نکلے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے قارون مرتبہ ہارون کا دیکھ قارون نے کہا واللہ یہ سحر ہی اور اپنے تابعین کے ساتھ قوم سے نکل گیا اور حضرت موسیٰ سے بگڑ بیٹھا مگر حضرت موسیٰ باوصف ایسی شرارت کے بلحاظ قرابت ہر ایک امر مین رعایت کرتے پھر اس مردود نے گھر بنایا اسکا دروازہ سونے کا لگایا اور دیوارین اسکی مطلا اور مذہب بنائین ہر روز بنی اسرائیل وہان جایا کرتے اور دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے اور قارون انکو کھانا کھلاتا اور بنی اسرائیل کہ رکابی مذہب تھے شکایتین حضرت موسیٰ کی کیا کرتے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ اس عرصہ مین حکم زکوٰۃ

نازل ہوا قارون نے عذر کیا حضرت موسی علیہ السلام نے قارون سے یون مصالحہ کیا کہ ہزار درہم پر ایک درہم اور ہزار بکری پر ایک بکری دیا کرا سنے شمار کیا تو زر خطیر ہوا تب بخل نے زکوۃ سے باز رکھا پھر بنی اسرائیل کو جمع کر کے کہنے لگا کہ تمنے موسیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری ہر ایک حکم مین کی ہو اب وہ چاہتا ہو کہ تمھارا مال تمسے لے لیوے تو بولے تو ہمارا سردار ہو جو تو فرما سو ہم کرین کہنے لگا کہ مین موسی کو رسوا کیا چاہتا ہون تاکہ پھر کوئی اُسکی بات نہ سُنے مسماۃ منیرہ قحبہ کو میرے پاس تک لاؤ تو مین تدبیر کرون بنی اسرائیل تلاش کر کے حاضر لائے قارون نے اُس سے کہا کہ مین تجکو ایکہزار درہم یا ہزار دینار یا طاس سونے کا عطا کرونگا یا اپنے محل مین داخل کرونگا تو کلھ کے دن جس وقت بنی اسرائیل جمع ہون حضرت موسی کو اپنے ساتھ زنا کی تہمت کر اور دو ہیانی اشرفی کی اُسی وقت دے دین اُسنے اقرار کیا دوسری صبح کو قارون نے بنی اسرائیل کو جمع کیا حضرت موسیٰ بھی تشریف لائے قارون نے کہا بنی اسرائیل چاہتے ہین کہ آپ وعظ فرمائین حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہو کے فرمانے لگے کہ جو کوئی شخص چوری کریگا اُسکا ہاتھ کاٹونگا اور جو کوئی زنا کریگا پس اگر وہ شخص جورو والا نہین ہو تو سو تازیانے مارونگا اور جو کتخدا ہو اُسکو سنگسار کرونگا یہان تک کہ مرجائے اور جو کسیکو تہمت لگاویگا اُسکو اسی کوڑے مارونگا قارون بے ادب نے کہا کہ اگر یہ سب گناہ تمسے ہوے ہون تو کیا کرو حضرت نے فرمایا اگر مجھسے ہوے ہون تو بھی یہی حکم ہو قارون نے کہا بنی اسرائیل کو یہ گمان ہو کہ تو نے فلانی عورت سے زنا کی ہو حضرت موسی نے فرمایا معاذ اللہ تو اُسکو طلب کر کہان ہو حاضر ہو کر بیان کرے چنانچہ مسماۃ منیرہ اُسی محفل مین حاضر آئی حضرت نے فرمایا کہ ای منیرہ تجکو قسم ہو اُس خدا کی جسنے دریا کو پھاڑا اور توریت کو نازل کیا سچ بیان کر کہ مین نے تیرے ساتھ وہ کام کیا ہو جو یہ لوگ کہتے ہین بولی ہرگز نہین سب افترا اور جھوٹھ ہو اور یہ سب لوگ جھوٹھے ہین اس قارون نے مجکو سکھلایا ہو اور رشوت دی ہو کہ تو حضرت موسی کو اپنے ساتھ زنا کی تہمت کر سو مین باوجود اسکے کہ گنہگار بدکار ہون لیکن ہرگز پسند نہین کرتی کہ آپ پہ تہمت کرون اور یہ دونون تھیلیان اشرفی کی قارون کی دی ہوئی مُہری اُسکی میرے پاس موجود ہین بنی اسرائیل نے جب مُہر قارون کی دیکھی تو اُسکے مکر سے مطلع ہوے پھر حضرت موسی علیہ السلام سجدے مین گئے اور قارون کے شاکی ہو کر عرض کرنے لگے کہ یا الٰہی اگر مین تیرا رسول ہون تو غضب نازل کر ارشاد ہوا کہ مین نے زمین کو تیرے اختیار مین کر دیا ہو جو مرکوز خاطر ہو اُس سے ارشاد کر حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے فرمایا کہ اللہ نے مجکو قارون پر

اُسی طرح بھیجا ہی جس طرح فرعون پر بھیجا تھا اب جو شخص اُسکے ساتھ رہا چاہے رہ جائے اور
جو علیحدہ ہوا چاہتا ہو نکل آوے یہ بات سُنکر سب بنی اسرائیل نکل آئے مگر دو شخص باقی رہے تب
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے زمین کو ارشاد کیا کہ یا ارض خذیہم ای زمین پکڑ انکو اسوقت قارون
ایک تخت پر فرش مخملی بچھائے ہوے بیٹھا تھا زمین نے اُس تخت کو نگلا وہ تو غائب ہوگیا پھر
قارون کو پانوں کی طرف سے نگل چلی اس مردود نے شور مچایا اور امان مانگنے لگا پھر موسیٰ علیہ السلام
فرمایا کہ یا ارض خذیہم یہان تک کہ زانو سے سر تک زمین مین غائب ہوگیا اس درمیان مین ستر
مرتبہ قارون نے اور اُسکے یارون نے استغاثہ کیا لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام ملتفت نہوے اور
مطلق غصہ حضرت کا فرو نہوا اور یہی فرماتے گئے کہ یا ارض خذیہم یہان تک کہ داخل جہنم ہوا اُسوقت
وحی آئی کہ ای موسیٰ قارون اور اُسکے یارون نے ستر بار استغاثہ کیا اور تو نے نہ سُنا قسم ہی اپنے
عزت اور جلال کی کہ اگر مجھسے ایک مرتبہ استغاثہ کرتا تو مین اُسکا استغاثہ سن لیتا اور بعض آثار مین
وارد ہی کہ یہ بھی ارشاد ہوا کہ اب کسی کے حکم مین زمین کو نکرونگا القصہ بعد اس واقعہ کے سفہاے بنی اسرائیل
آپسمین کہنے لگے کہ موسیٰ نے اسلیے دعا مانگی کہ قارون ہلاک ہو تو ہم اُسکا مال اور اسباب تصرف
کرین یہ کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سُنا تب واسطے رفع تہمت کے پھر دعا مانگی کہ یا الٰہی یہ مال
اور اسباب بھی زمین مین دھس جائے چنانچہ گھر اور مال ظاہر اور پوشیدہ سب زمین مین جاتا رہا
معالم التنزیل مین قتادہ سے روایت ہی کہ قارون ہر روز بقدر اپنے جسم کے مع مال اور خانہ زمین
مین دھستا ہی قیامت تک یونہین رہیگا جب نفخ صور کا وقت آویگا تب قعر زمین مین پہونچیگا

**فرد** گنج قارون کہ فرو میرود از قہر ہنوز ✽ خواندہ باشی کہ ہم از غیرت درویشان ست ✽

چنانچہ سورۂ قصص مین ارشاد ہوتا ہی فخسفنا بہ وبدارہ الارض فما کان لہ من فئۃ ینصرونہ من دون اللہ
وما کان من المنتصرین واصبح الذین تمنوا مکانہ بالامس یقولون ویکان اللہ یبسط الرزق لمن یشاء
من عبادہ ویقدر لولا ان من اللہ علینا لخسف بنا ویکانہ لایفلح الکافرون یعنے پھر دھسا دیا ہمنے
اُسکو اور اُسکے گھر کو زمین مین پھر نہوئی اُسکی جماعت جو مدد کرتی اُسکی اللہ کے سواے اور نہ وہ مدد
لا سکا اور فجر کو لگے کہنے جو مناتے تھے اُسکا درجہ ارے خرابی یہ تو اللہ کھولتا ہی روزی جسکو چاہے
اپنے بندون مین اور روکتا ہی اگر نہ احسان کرتا ہمپر اللہ تو ہمکو دھنسا دیتا ارے خرابی یہ تو بھلا
نہین پاتے منکر بالجملہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اکثر امور سے فارغ ہوے تو حکم پہونچا کہ بنی اسرائیل کو
ملک شام مین لے جاؤ اور بیت المقدس کو عمالقہ سے جہاد کرکے چھین لو اور اُسی جگہ کو وطن اختیار کرو

اب مصر مین رہنا مناسب نہین حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ یا قوم ادخلوا الارض
المقدسۃ التی کتب اللہ لکم ولا ترتدوا علے ادبارکم فتنقلبوا خاسرین یعنے اے قوم داخل ہو زمین پاک
مین جو لکھ دی ہے اللہ نے تمکو اور اُلٹے نہ جاؤ اپنے پیٹھ پر پھر جا پڑوگے نقصان مین فائدہ حکم
سورہ مائدہ مین ہے اسمین یہ حکمت تھی کہ اب بنے اسرائیل کا مصر پر قبضہ ہوگیا اور عیش وطرب کے
طریقے انکو بخوبی معلوم ہوے کیونکہ فرعون اور فرعونیون کا تنعم اور تعیش دیکھا کیے ہین ایسا نہو
کہین یہ بھی اُس سرزمین مین عیاشی کرنے لگین اور کار جہاد اور قتال سے منھ پھیرین اور ریاضت
اور مجاہدے مین غفلت اور تساہل اختیار کرین اسلیئے نکل جانا انکا یہان سے بہتر ہے یا یہ
حکمت تھی کہ ہر خاص و عام پر ظاہر ہو جائے کہ حضرت موسیٰ و ہارون کو یہ منظور نتھا کہ فرعون کو
مارکر اُسکا ملک اور مال خود لین اور دنیا کی عزت حاصل کرین جیسا فرعون کو خیال تھا کہ بار بار کہتا تھا
ان ہذان لساحران یریدان ان یخرجاکم من ارضکم بسحرہما یعنی یہ دونون ساحر ہین چاہتے ہین کہ نکال دین
تمکو تمہاری زمین سے بزور اپنے سحر کے اور کبھون یون کہتا تھا ان ہذا لساحر علیم یرید ان یخرجکم
من ارضکم بسحرہ یعنے یہ ساحر پڑھا ہوا ہے چاہتا ہے کہ تمکو نکالے تمھاری زمین مین سے اپنے
جادو سے پس مرضی الٰہی یون ہوئی کہ اہلاک فرعون سے کسی طرح کا تمتع حاصل نکرین اور دنیا
اور متاع دنیا سے انکی بے رغبتی ظاہر ہو مگر عامہ بنی اسرائیل پر کہ حب دنیا مین سخت مشغوف
تھے اور زمین مصر کو لقمہ بے دود سمجھتے تھے مصر سے نکلنا بہت دشوار ہوا اور تعمیل حکم مین
ایستادگی کرنے لگے مگر چار و ناچار ہمراہ رکاب ہوے جب چلے تو وحی ہوئی کہ بارہ سبط ہے
بارہ سردار مقرر کرو تاکہ یہ لوگ اُسکے حکم مین رہین چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارہ
سردار مقرر کیے اُسی کا اشارہ ہوا ہے وبعثنا منہم اثنے عشر نقیبا یعنے اُٹھائے ہمنے اُنمین سے
تقرر بارہ سردار
بارہ سردار غرض کہ چلتے چلتے کنعان مین پہونچے تب حضرت موسی علیہ السلام نے نقیبون کو
اطراف شام مین روانہ کیا تاکہ خبر لائین چنانچہ نقیب روانہ ہوے باہر شہر کے عوج ابن
عوق لکڑیان چنتا تھا اُسنے سب کو لکڑیون کے گٹھے مین رکھ لیا اور اپنی جورو کے پاس لاکر
کہنے لگا کہ یہ لوگ ہماری لڑائی کو آئے ہین پھر عوج نے چاہا کہ اُنکو پیرون سے پیس ڈالے اسلے
عوج بن عوق
سو عورت نے منع کیا اور کہا کہ انکو رہا کر کہ اپنے لشکر مین تیری خبر کرین چنانچہ عوج نے اُنکو
چھوڑ دیا تو وہ لوگ شہر اریحا مین سیر کرتے رہے اور جبارین عمالقہ کو دیکھتے رہے اور
بعد چندے وہ لوگ پھر آئے تو بڑے بڑے انگور اور انار لائے اور شام کی خوبیان بہت بیان کین

اور زور آوری عمالقہ کی بھی کہی حضرت موسےٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اس قوم سے خوبی ملک کی بیان کرو اور دشمن کا حال مت کہو اُنمین سے دو شخص اس حکم پر رہے یعنے یوشع ابن نون اور کالوب ابن یوفنا اور اور لوگون نے زور آوری و قد آوری عمالقہ بھی بیان کردی تب تو بنی اسرائیل نامردی سے کہنے لگے یا موسیٰ ان فیہا قوما جبارین وانا لن ندخلہا حتے یخرجوا منہا فان یخرجوا منہا فانا داخلون یعنے اے موسیٰ وہان ایک قوم ہین زبردست اور ہم ہرگز وہان نجائینگے جب تک نکل جاوین وہان سے پھر اگر وہ نکلین وہان سے تو ہم داخل ہون قال رجلان من الذین یخافون انعم اللہ علیہما ادخلوا علیہم الباب فاذا دخلتموہ فانکم غالبون وعلی اللہ فتوکلوا ان کنتم مومنین یعنے کہا دو مرد نے ڈر والون مین سے خدا کی نوازش تھی اُن دو پر پیٹھ جاوٗ اُنپر حملہ کرکے دروازے سے پھر جب تم اُسمین پیٹھو تو تم غالب ہو اور اللہ پر بھروسا کرو اگر یقین رکھتے ہو یہ دو شخص حضرت یوشع اور کالوب تھے اللہ نے اُنپر نوازش یہ کی تہی کہ انکے واسطے نبوت بعد حضرت موسیٰ کے ٹھہرائی تھی اور وہ دونون حضرت موسیٰ کے فرمانے پر قائم رہے تھے اُنھین دونون نے اس طرح سمجھایا کہ تم لوگ بہت ہو اور عمالقہ تھوڑے جب تم ارادہ کروگے اور دروازے اُنکی آمد و رفت کے بند کردوگے تو وہ پریشان ہوکے نکل بھاگینگے بانیہمہ بنی اسرائیل سخت نامردی سے کہنے لگے یا موسےٰ انا لن ندخلہا ابدا ما داموا فیہا اے موسیٰ ہم ہرگز نجائینگے ساری عمر جب تک وہ رہینگے اُسمین یعنے تمہارا عجب احوال ہے کہ دو آدمیون کی بات پر خیال کرتے ہو اور دس کا کہنا نہین مانتے ہم تو نجائینگے تو جا یعنے فاذہب انت وربک فقاتلا انا ہہنا قاعدون یعنے تو جا اور تیرا رب اور لڑو دونون ہم اس جگہ بیٹھے ہین اس مقام مین بعضے کہتے ہین کہ رب سے مراد ہارون علیہ السلام ہین کیونکہ معنی سید بھی آیا ہے اور ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بڑے تھے اور کلمہ فقاتلا موید اس قول کا ہے اور بعضی کہتے ہین کہ رب معنی خدا ہے اس صورت مین یہ بدزبانی نسبت خدا اور رسول کے موجب کفر ہے اور اگر فرض کرین کہ رب سے مراد ہارون ہین تو بھی کمال بے ادبی ہے کہ پیغمبر کی رفاقت سے منہ موڑتے ہین بالجملہ اس بے ادبی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام ناراض ہوے اور فرمانے لگے رب انی لا املک الا نفسی واخی فافرق بیننا وبین القوم الفاسقین یعنے اے رب میرے اختیار مین نہین مگر میری جان اور میرا بھائی سو فرق کر تو ہم مین اور بیحکم قوم مین بعد اُسکے خود بنفس نفیس مع حضرت ہارون علیہ السلام کے جانب شام روانہ ہوے اور یوشع ابن نون کو خلیفہ کر گئے اور قوم بنی اسرائیل رات بھر جنگل مین جو مابین فلسطین وایلہ کے واقع ہے پھرتے رہے اور راہ کا نشان نہین ملا جب اسی طرح کئی دن

اتفاق پڑا تب حضرت یوشع علیہ السلام سے کہنے لگے کہ شاید حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بددعا کی جو راہ نہین ملتی حضرت یوشع نے کہا اب اسی جگہ صبر کرو اور توبہ و استغفار کرکے پاک ہو اور دعا مانگو کہ اللہ تعالے موسیٰ و ہارون کو تمھارے پاس پھر لائے اُن لوگون نے دعا شروع کی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام عوج ابن عوق کے شہر مین پہونچے وہان کے لوگ بڑے قدآور مہیب صورت نظر پڑے پہلے حضرت موسیٰ کو خوف معلوم ہوا مگر نبوت کے زور سے آگے بڑھے تو عوج ابن عوق سے ملاقات ہوئی یہ شخص بروایت صحیحہ بڑا قدآور قوی ہیکل شاید کہ حضرت آدم علیہ السلام کا نواسا تھا مسماۃ صفورا کا بیٹا عمر اسکی تین ہزار چھ سو یا پانسو برس کی تھی اُسنے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر حملہ کرکے کہا تو بنی اسرائیل کا سردار ہے قبطیون کو تونے دریا مین غرق کیا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک عصا مارا کہ وہ کافر داخل نار ہوا اخبار الدول مین عبد اللہ ابن عمر سے روایت لکھی ہے کہ طول قامت عوج بن عوق تین ہزار تین سو تیس گز کا تھا اور اسی کتاب مین لکھا ہے کہ مچھلی پکڑ کر آفتاب سے بھونتا تھا اور جب کبھی کسی اہل شہر سے ناراض ہوتا تو اُس شہر کو پیشاب سے بہا دیتا تھا اور کشتی نوح علیہ السلام کے ساتھ پھرتا تھا کاتب اوراق کے نزدیک یہ سب روایات مبالغہ پر دال ہین لائق اعتماد نہین صحیح اسی قدر ہے کہ عوج بن عوق مرد طویل القامت قوی ہیکل تھا اور یہ بھی اسی کتاب مین لکھا ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اراضی کنعان مین مع لشکر نازل ہوے تو باق ابن صافون سلطان عمالقہ اور جبابرہ نے دیکھا اور مقدار لشکر عرضاً وطولاً ایک فرسخ تخمینا تجویز کرکے ایک پتھر اتنا ہی لمبا چوڑا ایک پہاڑ سے لایا اور چاہتا تھا کہ اس سے تمام اہل لشکر کو ہلاک کرون حضرت منتقم جبار نے ہدہد کو بھیجا اُسنے ایک پتھر کہ اُسکی منقار مین تھا مارا کہ وہ پتھر ٹوٹ کر مثل طوق بادشاہ کا گلوگیر ہو گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی لاٹھی لیکر سامنے آئے اور عصا حضرت کا دس گز کا تھا اور قد شریف بھی دس گز کا اور دس گز اُچھلنے کی طاقت رکھتے تھے سو آنجناب نے دس گز اچھل کر ایک عصا مارا کہ اُسکے ٹخنے پر ضرب لگی اور وہ مردود مر کر زمین پر گرا کاتب اوراق لکھتا ہے کہ اس روایت کو اکثر اہل تاریخ بمقابلہ عوج ابن عوق لکھتے ہین اور صحیح یہی قول اکثر معلوم ہوتا ہے جس طرح قصہ بلعم باعور بعضون نے اسی لشکر کے مقابلہ مین بیان کیا ہے حالانکہ اہل تحقیق نے اُسکو لشکر یوشع علیہ السلام کے مقابلے مین لکھا ہے اگر کہا جائے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بلا دعوت کس طرح عوج کو مارا تو جواب یہ ہے کہ عوج حضرت نوح علیہ السلام کے عہد سے کافر تھا اور اپنے زور و طاقت پر سخت مغرور و متکبر تھا اسی سبب سے اُسنے کسی نبی کو نہین مانا اور حضرت موسیٰ کے

ذکر جسامت عوج بن عنق و پیدایش

عہد مین

عہد بن حب بارہ نقیب خبر لینے کو گئے تو اُسنے اُنکو گرفتار کیا اور گھر لیجا کر زمین پر گرایا اور چاہا کہ اُنکو پیس ڈالون اُسکی عورت سنے منع کیا اور کہا انکو رہا کر تا کہ تیرا حال موسیٰ سے کہین کہ اُسنے چھوڑ دیا اُن نقیبون نے سارا حال بیان کیا لہذا حضرت سنے اُسکو مارا اور بعض کہتے ہین کہ بعد عوج ایمان کے قتل کیا ورا سے اسکے وہ بارادہ قتل حضرت موسیٰ علیہ السلام پر آیا تھا اگر مسلمان بھی تھا تو کافر ہوگیا اور قتل اُسکا لازم ہوا فائدہ ترجمہ توریت سے بھی قد آوری عمالقہ معلوم ہوتی ہے چنانچہ کتاب استثنا کے باب اول مین موجود ہے کہ ہم کہان چڑھین ہمارے بھائیون نے یون کہکر ہمین بیدل کردیا ہے کہ وے لوگ ہمسے بڑے اور لمبے ہین اور شہر اُنکے بڑے ہین جنکی دیوارین آسمان تک ہین اور ہمنے بنی عناق کو وہان دیکھا ہے انتہی یہ مقولہ بنی اسرائیل کا حضرت موسیٰ سے بلاشبہہ ہے کہ ہماری تواریخ سے بھی اسکی تصدیق ہوتی ہے اگر باینہمہ نصاریٰ اپنی حماقت سے اعتراض کرین کہ اہل اسلام کی کتابون مین عوج ابن عوق کا قد نہایت طویل لکھا ہے سو غلط ہے اتنا بڑا قد نہ تھا یہ اعتراض اُنپر پلٹ پڑتا ہے کیونکہ دیوارون کا آسمان تک ہونا کب صحیح ہے کیونکہ جب قد لمبا ہوگا تب دیوارین بلند ہونگی اگر کہین کہ یہ مبالغہ ہے تو ہم بھی کہتے ہین کہ مورخین اہل اسلام نے بھی مبالغہ کیا ہے اور توریت والی دیوارون سے یہ خرابی واقع ہوئی ہے الحاصل موسےٰ علیہ السلام عوج کو مار کر قوم مین تشریف لاسکے اور فرمایا کہ مین عوج کو مار آیا اب تم باطمینان تمام میرے ساتھ چلو اور عمالقہ پر جہاد کرکے ارض مقدس لے لو کہ حکم خدا یہی طور سے ہے بولے ای موسیٰ ہم تو اس جنگل سے نکل نہین سکتے ہرچند ہمنے چاہا کہ آپ کے پیچھے چلین لیکن راہ نہ ملی حضرت موسیٰ سنے فرمایا کہ اب سامان سفر درست کرکے میرے ہمراہ چلو سو بنی اسرائیل جمع ہوکر چلے مگر ایک شب و روز پھرتے رہے راہ نہ ملی لہذا حضرت موسیٰ نے جناب الٰہی مین دعا مانگی کہ یا الٰہی تو جانتا ہے کہ قوم چلنے پر مستعد ہے مگر راہ نہین ملتی ارشاد ہوا فانہا محرمۃ علیہم اربعین سنۃ یتیہون فی الارض فلا تاس علے القوم الفاسقین یعنے اب تو وہ اُنسے بند ہوا ہے چالیس برس سرمارتے پھرینگے ملک مین سو تو افسوس نہ کر بحکم لوگون پر یعنے اب چالیس برس تک خراب رہینگے اسی جگہ اسلیے کہ یہ لوگ نہایت بے ادب ہین کہ انھون نے کہا اذہب انت وربک فقاتلا انا ہہنا قاعدون یہ سنکر حضرت موسےٰ علیہ السلام کو نہایت رنج ہوا مگر تب آواز آئی لاتاس علے القوم الفاسقین کیونکہ اُنکی یہی سزا ہے پھر اُسی جنگل مین کہ مابین ایلہ و اردن و فلسطین واقع ہے بے آب و دانہ دھوپ مین رہنے لگے یہ جنگل بارہ فرسنگ لمبا اور چھ فرسنگ چوڑا تھا اور گرد

قد آوری عمالقہ از توریت

اُسکے شہر آباد تھے لیکن یہ لوگ مقید تھے ہرگز نکل نہ سکتے تھے آخر کار خیمہ اور شامیانہ بوسیدہ ہوکر پھٹ گگئے تو زبان درازیون سے پیش آئے اور حضرت موسیٰ سے شکایت کرنے لگے انجناب نے دعا مانگی اللہ تعالے نے ایک قطعہ ابر کا سفید وبار دلبطور سائبان قائم کر دیا کہ دھوپ سے بچاؤ ہوا اور رات کے وقت ایک نور تابان ظاہر ہوتا کہ تمام اہل لشکر اُسی کی روشنی مین اپنا کام کرتے بعد اسکے اور نعمتین دعاے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے نصیب ہوئین کہ جو کپڑا بدن پر ہوتا وہ میلا نہوتا اور جو لڑکا پیدا ہوتا وہ ملبوس بلباس ہوتا اور جتنا بڑھتا وہ لباس بھی بڑھ جاتا اور بال و ناخن ذرا بھی نہ بڑھتے بعد اُسکے کھانا خرچ ہوگیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے من و سلوے نازل ہونے لگا کہ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک من برستا کہ ہر واحد چار چار سیر اپنی چادر پر لے لیتا اور تمام روز مثل شکر کھایا کرتا اور تھوڑا دن باقی رہے باد جنوب سلوی جانور کو سواحل دریاے شور سے اوڑا لاتی اور لشکر بنی اسرائیل مین ڈال دیتی کہ وہ لوگ اُنکو پکڑ کر ذبح کرتے اور کباب بنا کر کھاتے اور بعض اہل تفسیر کہتے ہین کہ وقت شب من آسمان سے برستا اور گرد لشکر کے جمع ہو رہتا صبح کو ہر واحد اپنی خوراک کے موافق چن لیتا اسی طرح چند روز گذرے تو بنی اسرائیل کہ ازبس شوخ زبان اور کلہ دراز تھے کہنے لگے واللہ قد قتلنا حلاوتہ یعنے قسم خدا کی اسکی شیرینی نے ہمکو مار رکھا ہی یعنے کوئی چیز سلونی نمکین ملے تو مزہ زبان کا بدلے روز میٹھا کھاتے کھاتے جی گھبرا گیا ہی تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی کہ سلوی جانور نازل ہونے لگے مگر صبح ہی کہ صبح کو من اور شام کو سلوے اُترتا تھا اور یہ بات چھ روز علی التواتر تھی صرف شنبہ کے دن نہین لیکن بروز جمعہ شنبہ کا حق بھی نازل ہوتا تھا کہ دو دن تک کام آوے اور حضرت نے فرما دیا تھا کہ جمعہ کو زیادہ برسے گا اُسکو شنبہ کے واسطے رکھ چھوڑیو مگر جو ہر روز برستا ہی اُسکو باسی نہ رکھیو الا حریصون نے سواے شنبہ کے اور دنون مین بھی گوشت رکھ چھوڑا آخر گوشت اُنکا اوبسا اور بوے بد شروع ہوئی کہ لشکریون کا دماغ پریشان ہوا بخاری اور مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر نہوتی حوا تو کوئی عورت اپنے خاوند کی خیانت نہ کرتی اور جو نہوتے بنی اسرائیل تو گوشت نہ اُبستا معلوم ہوا کہ اول باسی رکھنے کی رسم نہ تھی بنی اسرائیل سے یہ رسم نکلی اگر وہ یہ رسم نہ نکالتے تو کوئی باسی نہ رکھتا پھر کیونکر گوشت سڑتا اور حضرت حوا نے آدم علیہ السلام سے یہ خیانت کی کہ حوا حضرت آدم کو دل سے چاہتی تھین اور ظاہر مین کہتی تھین مین انکو نہین چاہتی خواہ یون خیانت کی کہ حضرت آدم

بیان نعمہائے الٰہی

علیہ السلام

ف بیان من وغیرہ

علیہ السلام کو شیطان کے ورغلانے سے انھین نے گیہون کھلایا بالجملہ خیانت کی صفت عورتون مین اول حضرت حوا سے شروع ہوئی فائدہ مَن ایک چیز شیرین دانہ دار مثل شبنم ہی اور حقیقت اُسکی حکما کے نزدیک یہ ہی کہ مرکب ناقص کی تین قسمین ہین بخار یعنے آب و ہوا غبار یعنے خاک و ہوا دخان یعنے نار و ہوا سو غبار محض سے ہوا مین رنگ برنگ کی پیدا ہوتی ہین اور بخار سے پانی برستا ہی اور جب بخار زیادہ بلند ہو کر طبقۂ زمہریر مین پہونچا اور منجمد ہوا تو ژالہ و برف ظاہر ہوتا ہی اور دخان سے برق و صاعقہ و شہاب ثاقب اور کواکب دُم دار اور صورتین نیزہ دار اور جب بخار دخان نیچے اُترا اور زمین مین بند ہوا تو زلزلہ پیدا ہوا اور اگر وہ بخار محتبس بقوت ہوا باہر آیا تو چشمے اور عیون جاری ہوے اور اگر بخار لطیف مابین آسمان اور زمین کے ٹھہر گیا اور برودت شب سے منجمد ہو کر سطح زمین پر گرا تو اُسی کو شبنم بولتے ہین اور اصل شبنم یہی ہی اور اگر وہ بخار بصفت منجمد بین الارض والسما پراگندہ اور پریشان رہا اُسی کا نام کُہل ہی اور جب بخار اور دخان مرکب ہو کر ارض سے سما کو گئے تو اگر ان دونون سے دخان ایک جزو لطیف ہی اور رطوبت غالب ہوئی اور حرارت معتدلہ نے اُسمین عمل کیا ہی تو اُسمین شیرینی پیدا ہو جاتی ہی اور برف کی طرح زمین پر گرتا ہی اُسکو ترنجبین نام رکھتے ہین اور اگر یبوست غالب ہوئی اور حرارت معتدلہ نے عمل کیا تو اُسکو خشک انگبین بولتے ہین اور اگر یبوست اور رطوبت دونون معتدل ہوئین اور حرارت کا عمل بھی اعتدال پر ہی تو اُسکو شیرخشت کہتے ہین اور اگر بخار اور دخان دونون لطیف الجوہر ہین اور حرارت معتدلہ نے بھی تاثیر کی ہی تو اُسی کو مَن بولتے ہین اور جو حرارت اُسمین مغلوب یا معدوم ہی تو اُسی کا نام شبنم ہی بالکل بے مزہ اور بالفعل اصطلاح اطبا مین لفظ مَن عام ہی یعنے ترنجبین اور شیرخشت اور بید انگبین وغیرہ کو بھی شامل ہی اور یہ مَن درجہ اول مین گرم اور رطوبت اور یبوست مین معتدل اور اہل وسواس اور مالیخولیا اور اصحاب اوہام کو نہایت مفید ہی سوا اُسکے اور امراض کو بھی نافع ہی چونکہ بنی اسرائیل کے دماغ مین نہایت حرارت ہو رہی تھی سو تجویز ہوئی کہ مَن استعمال کرین تاکہ شبہات واہیہ وہمیہ جو اُنکے دلون مین بھرے ہوے ہین دفع ہو جائین گویا انزال مَن مین یہ حکمت تھی اور عرب مین استعمال مَن کا ہر ایک چیز پر جو بلا مشقت اور تعب میسر آوے کہا کرتے ہین لانہ ہو مما من اللہ بہ علی عبادہ اور حدیث صحیحین مین بھی اشارہ ہی کہ کھنبی از قسم مَن ہی اور پانی اُسکا شفا ہی آنکھ کے لیے یعنے کھنبی بھی بے کاشت اور پرورش پیدا ہوتی ہی اور اسی طرح سے جنگلی پیڑ اور غلہ خودرو جیسے شامخ اور

کو درم وغیرہ لیکن مراد حدیث کی یہ نہین ہے کہ کنبھی وغیرہ جنس من بنی اسرائیل سے ہے اسواسطے
کہ بروایات صحیحہ ثابت ہے کہ من بنی اسرائیل وہی من حقیقی تھا چنانچہ تراجم تورات وغیرہ مین
شکل اور چہرہ اسکا بتشریح مذکور ہے اور تفسیر جواہر مین لکھا ہے کہ ترنجبین سفیدی مین مانند برف
اور شیرینی مین شبیہ قند کے تھی تا وقت طلوع آفتاب آسمان سے برستی تھی اور بعضے کہتے ہین
کہ کسی درخت کا پھل تھا گوند کی صورت نہایت شیرین اور صافی اور پاکیزہ اور بعضے کہتے ہین
نبجیل اور نان تنک تھی والصحیح ان المن ما من اللہ بہ علی عبادہ اور حقیقت سلوی کی یہ ہے کہ سلوے
ایک جانور ہے دریائی کہ اسکو قتیل الرعد بولتے ہین بہ نسبت کنجشک سے بڑا تیہو سے چھوٹا کشف الاسرار
مین لکھا ہے کہ رنگ اسکا سرخ اور گوشت اسکا مثل گوشت کبک کے ہوتا ہے اور آواز رعد سی بسبب
ضعف قلبی کے مرجاتا ہے اور اطبا نے اسکا فائدہ سواسے اور فوائد کے یہ بھی لکھا ہے کہ دل
سخت کو نرم کر دیتا ہے پس اس جانور کے بھیجنے مین یہ حکمت ہے کہ اسکے کھانے سے دل مین
نرمی آوے تا کہ اخلاق درست ہون اور بنی اسرائیل بد اعتقاد اور سخت دل تھے اسلیے حکمت
الٰہی متقاضی ہوئی کہ استعمال من سے اعتقاد پاک ہو اور گوشت سلوی سے دل نرم ہو بعد اسکے
اسی سفر مین پانی نملا اور بنی اسرائیل پیاسے ہوئے اور اس قوم مین بارہ گروہ تھے کسی مین لوگ
زیادہ کسی مین کم سو حضرت موسی کی دعا سے ایک پتھر سے بارہ چشمہ نکلے ہر قوم کے موافق
ایک چشمہ جاری ہوا چنانچہ سورہ بقر مین ارشاد ہوا واذ استسقی موسی لقومہ فقلنا اضرب بعصاک
الحجر فانفجرت منہ اثنتا عشرۃ عینا قد علم کل اناس مشربہم کلوا واشربوا من رزق اللہ ولا تعثوا
فی الارض مفسدین یعنے جب پانی مانگا موسی نے اپنی قوم کے واسطے تو کہا ہمنے مار اپنے
عصا سے پتھر کو پھر بہ نکلے اس سے بارہ چشمے پہچان لیا ہر قوم نے اپنا گھاٹ کھاؤ اور
پیو روزی اللہ کی اور نہ پھرو ملک مین فساد مچاتے اس آیت سے معلوم ہوا کہ استسقا یعنی
استغفار اور توبہ اور اظہار عجز وقت طلب پانی کے پیغمبرون کی سنت موکدہ ہے اور جو اس
طریق خاص سے پانی عنایت ہوا تو سبب اسکا یہ تھا کہ حضرت موسی نے خاص اپنی ہی
امت کے واسطے پانی مانگا تھا اور ہمارے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام عالم کے واسطے
درخواست کی تھی کہ آب باران آسمان سے عنایت ہوا کہ عام ہوتا ہے اسی طرح اور پیغمبرون نے آب عام
مانگا ہے عام ملا ہے حضرت موسی نے خاص مانگا خاص ملا فائدہ بعضے کہتے ہین کہ الف اور
لام حجر پر جنس کا ہے کوئی پتھر معین نہ تھا جس پتھر پر عصا مارتے پانی نکلتا تھا چنانچہ

حسن بصری اور وہب ابن منبہ اسی بات کے قائل ہین اور اس صورت مین یہ معجزہ معجزہ عصا ہی
اور بعضے کہتے ہین کہ پتھر معین تھا جسکو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پاس رکھ لیا تھا اور
وقت احتیاج یہ کام اسی سے لیتے تھے یہی قول صحیح ہے پر بعضے کہتے ہین کہ یہ پتھر حضرت موسیٰ
علیہ السلام کوہ طور سے اٹھا لائے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ یہ پتھر اصل مین بہشتی تھا اور
حضرت آدم کے ساتھ دنیا مین آیا اور بطریق توارث حضرت شعیب علیہ السلام کو پہونچا انھون نے
جب عصا عنایت کیا وہ پتھر بھی دے دیا اور بعضے کہتے ہین کہ یہ وہ پتھر ہے جو حضرت موسے
علیہ السلام کے کپڑے لے بھاگا تھا قصہ اسکا سورۂ احزاب مین بطریق اشارہ مذکور ہے علامہ بغوی نے
تفسیر معالم التنزیل مین اس طرح تفصیل فرمائی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہین
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حضرت موسے علیہ السلام کریم باحیا تھے اپنے
بدن کو ایسا چھپاتے کہ ہرگز بدن انکا دکھلائی نہ دیتا تھا ایک دن کسی منکر نے کہا کہ حضرت
موسے جو چھپ کر نہاتے ہین انکے بدن مین عیب ہے یا تو بدن سفید ہے یا خصیہ پھولا ہے یا کچھ
اور آفت ہے اسواسطے اللہ صاحب نے چاہا کہ حضرت موسیٰ کو عیب سے دور رکھین اور گمان
فاسد مفسدون کا دفع کرین چنانچہ اس عرصہ مین ایک دن حضرت موسے تنہائی مین نہانے لگے
اور اپنے کپڑے ایک پتھر پر رکھے جب نہا چکے اور کپڑے پہننے کو ہوسے تو وہ پتھر
کپڑے لیکے بھاگا کہ حضرت موسیٰ لاٹھی لیکے اسکے پیچھے پڑے اور یہ کہتے جاتے تو بی یا حجر
تو بی یا حجر سو وہ پتھر جماعت بنی اسرائیل پر گذرا تب سبھون نے حضرت موسیٰ کو برہنہ
دیکھا اور بے عیب پایا سخت شرمندہ ہوسے پھر وہ پتھر ٹھہر گیا کہ حضرت موسے نے کپڑے
پہنے اور لاٹھی سے اسے مارا تین یا چار یا پانچ نشان اس پتھر مین ہو گئے اور اسی وقت
حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ اس پتھر کو رکھو وقت پر کام آویگا سو اسی پتھر سے یہ کام
نکلا چنانچہ سورۂ احزاب مین ہے یا ایہا الذین آمنوا لاتکونوا کالذین آذوا موسیٰ فبرأہ اللہ مما قالوا
وکان عند اللہ وجیہا یعنے ای ایمان والو تم مت ہو ویسے جنھون نے ستایا موسیٰ کو پھر بے عیب
دکھایا اسکو اللہ نے انکے کہنے سے اور تھا اللہ کی ہان آبرو رکھتا صورت اس پتھر کی مکعب
یعنے مربع تھی نیچے اوپر چھ سطحین اور چار سطحین اور بھی تھین انھین سے تین تین چشمے جاری ہوتے تھے
کہ سب بارہ ہوے بعضے کہتے ہین حضرت موسیٰ کی دعا سے وہ پتھر پانی زمین سے لیکے ٹپکاتا تھا
اور معالم التنزیل مین لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بارہ مرتبہ بارہ جگہ اپنی لاٹھی مارتے تھے

کہ ہر مقام میں ایک نشان ایسا پڑتا تھا جس طرح چھاتیوں کی بھٹنیاں اور پہلے عرق لاتا پھر پانی ٹپکتا بعد اُسکے پانی بہتا اور بنی اسرائیل بارہ گڈھے کھود کے پانی سے لیتے اور علیحدہ علیحدہ پیا کرتے اور ہر ایک گروہ کا ایک چشمہ معین ہوگیا تھا کہ وہ گروہ اُس چشمہ کے سوا دوسرے سے نہ لیتا جب لشکر کا کوچ ہوتا پتھر کو اُٹھا لیتے بالکل خشک ہوجاتا گو لاٹھی کی ضرب سے اُس پتھر میں ایک قوت پیدا ہوتی تھی کہ اُس سے دو باتیں عجیب ظاہر ہوتی تھیں ایک تو قریب کی ہوا بہم کھنچتی تھی دوسرے وہ ہوا فرط تبرید سے پانی ہوجاتی تھی چنانچہ بیچ میں ہر کہ ہر ایک درخت زمین سے پانی لیکر اپنی شاخوں کو پہونچاتا ہے اگر واسطے معجزے موسیٰ کے پتھر نے پانی لیکر ٹپکایا تو کیا عجب ہوا عجب تر یہ ہے جو صحیح بخاری میں انس ابن مالک وغیرہ اصحاب سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت صلعم مقام زوراء میں جلوہ فرما تھے اور وہاں پانی نہ تھا ایک چھوٹے باسن میں پانی وضو کو آیا اور حضرت صلعم نے اپنی انگلیاں پانی میں ڈالیں تو فوارہ وار پانی انگلیوں سے جاری ہوا کہ تین ہزار آدمیوں نے وضو کیا اور تبرکاً اُسکو پیا **فائدہ** اللہ تعالیٰ نے ہمارے حضرت صلعم کو احوال بنی اسرائیل کا سُنایا کہ ان بیوقوفوں کی استعداد فاسد ہوگئی ہے ہرگز شریعت واحدہ پر مجتمع نہونگے کیونکہ باوصف موجود ہونے حضرت موسیٰ کے یہ لوگ ایک مشرب پر جمع نہوسے اور علیحدہ علیحدہ پانی پیا کیے اب کہ وہ صورت ظاہری بہم نہیں کب مجتمع ہوسکتے ہیں **فائدہ** سوا اُن معجزات کے جو اوپر لکھے گئے دو معجزے اور بھی کتب تواریخ میں پائے جاتے ہیں ایک مدبہتہ الحکم حقیقت اُسکی یہ تھی کہ ایک وشاح جسکو عربی میں حمائل اور ہندی میں بدھی بولتے ہیں زر و صوف و کتان و ریشم بافندہ سے بناکر جواہر نفیسہ اسمیں آویزاں کیے تھے اور اُنمیں تین سطریں برنگ مختلف لکھی تھیں کہ اُنکے دیکھنے سے تمام حروف تہجی پیدا ہوتے تھے اور درحقیقت نام تھے حضرت ابراہیم و اسحاق و اسباط کے اور خاصیت اُسمیں یہ ہوگئی تھی کہ جب کوئی مہم بنی اسرائیل کو پیش آنے والی ہوتی تو امام اعظم ہارونی کے پاس آتے اُسوقت امام پوشاک تفسیر بدل کر اُس بدھی کو گلے میں ڈالتا اور حادثہ کی شرح کردیتا مدبہتہ الحکم سے جواب مُن لیتا اور جو کلام ہوتا تو اُسکی کیفیت حروف مفردہ سے پیدا ہوتی اور ترکیب حروف سے سب حال معلوم ہوجاتا جس طرح علم جفر سے دریافت ہوتا ہے دوسرا ایک حوض پانی سے بھرا تھا اور اُسکے گرد ایک احاطہ تھا جسمیں دروازہ لگا ہوا اور اُسمیں قفل پڑا ہوا تھا اور کنجی اُسکی حضرت ہارون کے سپرد تھی اُسمیں خاصیت تھی کہ جب کسی شخص کو اپنی عورت پر کچھ شبہہ ہوتا تو وہ ایک مٹی کے باسن میں اُسکا پانی لیتا اور ایک انگلی سے خاک لگا کر جھاڑ دیتا اور کچھ پڑھ کر دم کر دیتا صورت حال کھل جاتی بعد اُسکے وہی پانی اپنی عورت کو پلاتا اگر زانیہ و بدکار ہوتی

بیان معجزات دیگر از حضرت موسیٰ

تو برنگ سیاہ ہوکر مرجاتی تھی اور جو بیقصور ہوتی تو اسی سال مین اپنے شوہر سے ایک لڑکا نیکبخت جنتی تھی
تواریخ مین ہے کہ یہ دونون معجزے ہزار برس تک بعد حضرت موسیٰ کے باقی رہے تھے والعلم عنداللہ القصہ
بنی اسرائیل جنگل مین ایسی ایسی نعمتون سے منتفع رہے جسکا حد وپایان نہین تو شکرگزاری اسکی یہ تھی
کہ اپنے پیغمبر کی متابعت کرتے اور شیوہ فرمان برداری اختیار کرکے بے تکلف عمر عزیز کو بسر کرتے اور
کھانا پانی جو غیب سے بلا تکلیف ومحنت ملتا تھا پیتے کھاتے اور باطمینان تمام عبادت حق واحد مطلق مین
مشغول رہتے وہ تو نہوا بلکہ بسبب قصور استعداد وکم ہمتی ومیلان سفلی کے وہ نعمتین انکے حق مین موجب
کفر وتفرقہ واہمہ ہوگئین اور بے ادبی سے کہنے لگے یا موسیٰ لن نصبر علی طعام واحد یعنے ای موسیٰ ہم نہ ٹھہرینگے
ایک کھانے پر اس جگہ طعام واحد سے وحدت تکراری مراد ہے نہ وحدت فردی وجنسی اور عرف مین
رواج ہے کہ طعام مکرر کو گو جنس مختلف سے ہو بلا تبدیل وتغییر ہو طعام واحد بولتے ہین اور وحدت اعتباری کو
بجاے وحدت حقیقی استعمال کرتے ہین **فائدہ** اس کلام مین بنی اسرائیل سے دو بے ادبی صریح
ظاہر ہوئین ایک یہ کہ ایسے پیغمبر اولوالعزم جلیل الشان کو نام لیکر پکارا اور یا رسول اللہ یا نبی اللہ نکہا
دوسری معلوم ہوتا ہے کہ صبر کر سکتے تھے لیکن باختیار خود نہین کرتے تھے کیونکہ لن نصبر بنی اسرائیل کے
کلام مین واقع ہے اور اگر ایسا نہوتا تو بولتے لن نستطیع الصبر یا لا نمکن من الصبر حقیقت یہ ہے کہ بنی اسرائیل
کہنے لگے کہ ہم کئی وجہ سے ایک طرح کے کھانے پر صبر نہین کرینگے ایک وجہ یہ ہے کہ من اصل مین شبنم ہے
جو ہوا سے پیدا ہوتی ہے اور سلوے ظاہر ہے کہ ہوا اسکو ہمارے سامنے لاکر ڈال دیتی ہے اور ہم مخلوق
ارضی ہین ہماری غذا ایسی ہو جسمین حکم زمین غالب ہو اور یہ کھانا آسمانی ہے دوسری یہ کہ ایک طرح کے
کھانے سے بھونک نہین رہتی اور قوت ہاضمہ ضعیف ہو جاتی ہے تیسری یہ کہ یہ کھانا خلاف عادت ہے
اور طعام غیر معتاد اگرچہ نفیس ولطیف بھی ہو چنداں مرغوب طبع نہین ہوتا بخلاف طعام حسب عادت کے
گو کہ کثیف وخسیس ہو اسی جگہ سے اہل فلاحت کو اہل شہر کا کھانا مرغوب نہین ہوتا بلکہ سیر نہین ہوتے
فادع لنا ربک یخرج لنا مما تنبت الارض من بقلہا وقثائہا وفومہا وعدسہا وبصلہا سو پکار ہمارے
واسطے اپنے رب کو کہ نکال دے ہمکو جو اگتا ہے زمین سے زمین کا ساگ اور ککڑی اور گیہون اور مسور اور
اور پیاز یعنے اپنے اللہ سے دعا کرو کہ بے اسباب ظاہری بطریق خرق عادت من اور سلوے کی طرح
ہر منزل مین وہ چیزین مہیا کرے جو زمین سے نکلتی ہین اول وہ چیزین جو بلا انتظار دانہ اور غلہ و
بے جوش وبے نمک مستعمل ہین جس طرح خرفہ پالک پودینہ کشنیز ترہ تیزک گندنا وغیرہ اشیا کہ وقت
نہ ملنے کھانے کی سریع النفع اور سوداالقدین دوسری وہ چیزین جو قائم مقام غذا ہین اور انتفاع

فائدہ
بے ادبی
بنی اسرائیل

اُنکے ظاہر سے متعلق ہی جیسے ککڑی کھیرا خربزہ وغیرہ تیسری وہ چیزین جنکے باطن سے انتفاع ہی نہ ظاہر سے جس طرح گیہون کہ اسمین احتیاج پیسنے پکانے کی پڑتی ہی چوتھی وہ چیزین کہ اسمین تقشیر کی حاجت نہین بلکہ لذت غیر مقشر قوی تر ہی مقشر سے چنانچہ مسور بخلاف ماش وغیرہ کے پانچوین پیاز کہ اسکی بو سے نان خورش کی اصلاح ہوجاتی ہی اور خود بھی بعض اوقات بجاے نان خورش ہی فائدہ بعضے مفسرین صحابہ فوم کو واسطے مناسبت بصل کے معنی ثوم یعنے لہسن کے تجویز کرتے ہین اور کہتے ہین کہ فوم اصل مین ثوم تھا الا لغت اصل مین فوم بمعنی گندم آیا ہی اور عرب وقت طلب نان گندم کے بولتے ہین فوموا لنا ای اخبزوا لنا خبز الحنطة اور بھی انفصال ثوم کا بصل سے اور اتصال اسکا عدس سے دلالت کرتا ہی کہ کلمہ فا اسمین [illegible] ہی اور فوم بمعنی گندم ہی آرے قرأت عبداللہ بن مسعود مین بجاے فومہا ثومہا واقع ہی اور اس قرأت مین معنی سیر کے متعین ہین ابو بکر بن ابی الدنیا ابن عباس سے روایت کرتے ہین کہ فرماتے تھے قرأت مختار میری قرأت زید بن ثابت کی ہی مگر سولہ حرف مین قرأت ابن مسعود کی مین اختیار کرتا ہون ازانجملہ مین بقلها وقثائها وفومها ہی اور ظاہر ہی کہ اختیار اس حرف کا قرأت ابن مسعود مین بسبب [illegible] شبہہ اکثر متاخرین کو بھی واقع ہوا ہی وہ یہ ہی کہ آخر آیت مین اطعمہ [illegible] فرماتے ہین اور ساگ ککڑی پیاز عدس البتہ اطعمہ ردیہ مین ہین لیکن گیہون حبوب اعلے سے ہی اسکو اطعمہ ردیہ مین کس طرح داخل کرین لہذا یہ تجویز ہوئی کہ فا بدل ہی ثا سے اور اصل کلمہ ثوم ہی بمعنی سیر کہ رداوت اور گندگی اسکی پوشیدہ نہین ہی اور حل شبہہ کا یہ ہی کہ جوہر گیہون کا فی نفسہ بلاشبہہ حبوب اعلے مین ہی لیکن جب ساگ اور پیاز اور عدس اور ککڑی کے ساتھ کھایا جاتا ہی تو ادنی ہوجاتا ہی کسواسطے کہ روٹی جودت رداوت نفاست خساست مین تابع نانخورش کے ہی جس طرح کی ہو لہذا حضرت موسی علیہ السلام نے کہا اور اللہ تعالی نے اسی کلام کو اپنے کلام مین نقل کیا اتستبدلون الذی ہو ادنی بالذی ہو خیر کیا تم لیا چاہتے ہو ایک چیز جو ادنی ہی بدلے ایک چیز کے جو بہتر ہی یعنے تم بدلا چاہتے ہو اس چیز سے کہ از روے قیمت اور قدر اور منفعت اور لذت ادنی ہی بعوض اسکے جو ہر وجہ سے بہتر ہی اور ہر چند کہ یہ استبدال فی نفسہ گناہ شرعی نہین ہی کیونکہ تقویت حظ نفسانی کی ہی الا میل بسفل اور دنو ہمت تمھارا آخر کو ایسا کر دیگا کہ تم دنیا کو آخرت سے بدل ڈالوگے اور ہر موقع و محل مین تسفل و تنزل کے خوگر ہوجاؤگے اور کوئی کام عالی ہمتون کا تمسے نہو سکیگا اسلیے مین تمھارا مطلب جناب الہی [illegible] نہین کر سکتا اور جو تم باوصف تنبیہ کے اصرار کرتے ہو تو علاج اسکا یہ ہی کہ اترو کسی شہر مین

تو ملے جو کچھ مانگتے ہو ساگ و پیاز و عدس وغیرہ ملا استدعا کما قال اللہ اہبطوا مصرًا فان لکم ما سالتم اس مقام مین مصر سے مصر فرعون مراد نہین ہی بلکہ ایک شہر شام کا ہی بعض کہتے ہین ایلیا اور بعض کہتے ہین اریحا چنانچہ بنی اسرائیل بطمع غلات شہر اریحا کی طرف چلے جب قریب تر پہونچے تو عمالقہ اُس شہر کو خالی کر گئے اور غلات و فواکہ بہت چھوڑ گئے اور ارشاد الٰہی ہوا ادخلوا ہذہ القریۃ فکلوا منہا حیث شئتم رغدًا و ادخلوا الباب سجدًا و قولوا حطۃ نغفر لکم خطایاکم و سنزید المحسنین یعنی داخل ہو اس شہر مین اور کھاتے پھرو اسمین جہان چاہو خوش ہو کر اور داخل ہو دروازے مین سجدہ کر کے اور کہو گناہ اُترے تو بخشین ہم تقصیرین تمہاری اور زیادہ بھی دینگے نیکی والون کو فبدل الذین ظلموا قولًا غیر الذی قیل لہم فانزلنا علی الذین ظلموا رجزًا من السماء بما کانوا یفسقون یعنی پھر بدل لی بے انصافون نے بات سوا اُسکے جو کہہ دی تھی پھر اُتارا ہمنے بے انصافون پر عذاب آسمان سے اُنکی بے حکمی پر صحاح ستہ مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب بنی اسرائیل کو ادخلوا الباب سجدًا ارشاد ہوا تو داخل ہوے سرینون پر پھسلتے اور کہتے تھے گیہون جو ملے گیہون جو ملے یعنے مسخرا پن سے حطۃ کے مقام پر حنطۃ کہنے لگے اور سجدہ کی جگہہ سرینون پر پھسلنے لگے آخر جب شہر مین داخل ہوے تو پھوڑے کی وبا پڑی ستر ہزار بنی اسرائیل مر گئے ایک ساعت یا ایک دن مین اور نزول وبا اس طرح ہوا کہ ہوا سے سمی آسمان سے آئی اور مسام مین ہو کے بدن مین گھسی کہ مزاج روح کا فاسد ہو گیا اور خون مین سمیت پیدا ہو گئی پھوڑے نکلے اور اُسکے اثر سے دل متاثر ہو امر گئے اور بعض کہتے ہین کہ ایک آگ آسمان سے آئی اُسنے سب کو جلا دیا **فائدہ** اہل عرفان فرماتے ہین کہ قریہ بزبان اشارت مامن شریعت ہی کہ جو شخص اُسمین داخل ہوا امین ہوا یا مراد خانہ دل ہی کہ بیت اللہ ہی اور جو شخص در ارادت سے بخضوع و ضراعت اسمین در آوے اپنی مرادین پاوے مگر جو کوئی کسی حکم کو احکام شرع سے قولًا یا فعلًا بدلے یا کسی صفت کو صفات دل سے متغیر کرے مرتبہ وصال سے دور رہیگا اور مستحق عذاب ہوگا **فائدہ** تحقیق یہ ہی کہ بنی اسرائیل قریۂ اریحا مین حضرت موسیٰ علیہ السلام کے روبرو داخل ہوے ہین اور یہ دخول بنا بر توبہ و استغفار تھا اور سبب یہ ہوا کہ جب بنی اسرائیل بعد ہلاکت فرعون جانب شام چلے تو راہ مین قوم عمالقہ پڑی تھی اُنکے ہمراہ بت تھے بصورت گوسالہ انھون نے کہا ای موسیٰ ہمکو بھی چند بت بنا دیجیے حضرت موسیٰ کو نہایت رنج ہوا صلحاء بنی اسرائیل رونے لگے اور جہلاء اُنکے نادم ہوے تب حضرت موسیٰ نے اُنکے واسطے مغفرت چاہی تو بنی اسرائیل نے کہا اب کوئی حکم جدید کی طرف کا ہو تو بجا لاوین فرمایا حکم الٰہی ہی کہ ملک شام جاکر مقیم کرو اور راہ مین قریۂ اریحا ملیگا وہان بخشوع تمام سجدہ کرو اور حطۃ ذنوب کی دعا کرو حکمت یہ تھی کہ اُس شہر کے

دخول اریحا

لوگ بت پرست تھے شاید انکا استغفار دیکھہ کر بت پرستی چھوڑ دین چنانچہ بنی اسرائیل چلے اور دروازے اریحا پر پہونچے صلحا ر سوا فق حکم بجا لائے جہلا نے مسخراپن کیا اُنپر وبا پڑی تب حضرت نے دعا فرمائی کہ وبا دفع ہوئی اور جو بعض تواریخ مین یہ واقعہ بعد فتح اریحا کے لکھا ہی سو قول ضعیف ہی اسواسطے کہ فتح اسکی حضرت یوشع کے وقت مین ہوئی ہی حضرت استاذ الاستاد تفسیر عزیزی مین فرماتے ہین کہ یہ جو بعضے کہتے ہین کہ وہ موضع بیت المقدس تھا غلط ہی کیونکہ بنی اسرائیل بعد وفات موسیٰ کے وہان گئے ہین اور منشا اس شبہہ کا یہ ہی کہ باب حطہ بیت المقدس کا ایک دروازہ ہی اور داخل ہونا اُسکا موجب کفارہ گناہان ہی حالانکہ یہ دروازہ بعد تعمیر بیت المقدس کے بنایا گیا ہی اور بیت المقدس حضرت سلیمان کے وقت مین بنا ہی حضرت موسیٰ کے عہد مین نہ بیت المقدس تھا نہ دروازہ مگر عجب نہین ہی کہ حضرت سلیمان یا کسی اور پیغمبر نے اریحا کے دروازے سے بالہام یا وحی مشابہت دیکر بلقب باب حطہ کر دیا ہو انتہیٰ اس جگہ سے بھی دخول قریہ اریحا حضرت موسیٰ کے عہد مین معلوم ہوتا ہی **فائدہ** صحیح مسلم مین ہی کہ فرمایا حضرت نے طاعون زجری یعنے عذاب کہ بنی اسرائیل پر اور اُنپر جو تمسے پہلے تھے نازل ہوا سو جب تم اسکو کسی زمین مین نہ داخل ہو اُسمین اور جو واقع ہو اُسمین جہان تم ہو تو نکل نہ جاؤ خلاصہ یہ کہ قصداً ہلاکت مین نہ پڑو اور غضب الٰہی کا سامنا نہ کرو اور جو واقع ہوجائے تو بھاگو بھی نہین کیونکہ تسلیم و رضا و توکل کے خلاف پڑتا ہی اور حدیث مین وارد ہی کہ جب وبا کسی جگہ پڑے اور وہان کے رہنے والے نہ بھاگین اور صبر کرین تو اُنکو اجر ملتا ہی اور شہیدون کا مرتبہ عنایت ہوتا ہی گو زندہ بھی رہین اس جگہ بعضے ظاہر بین شبہہ کرتے ہین کہ بھاگنا قحط وغیرہ بلاؤن سے شرعاً جائز ہی چنانچہ الفرار مما لا یطاق من سنن المرسلین مشہور ہی اور طاعون اور وبا بڑی بلائین ہین انسے بھاگنا کسلیے منع فرمایا جواب اول یہ ہی کہ اس بلا مین اکثر لوگ گرفتار ہوتے ہین بالخصوص اقارب عشایر احباب معارف اگر اورون کو حکم فرار دیا جاتا تو بیمار اُنکے پیچھے تباہ ہوجاتے اور بے اجل مرجاتے پس ایسے وقت مین بیمارون کی خدمت اور دلجوئی کرنا حکم جہاد مین ہی اور ایسے موقع پر صبر کرنا ایسا ہی جیسے صف جہاد مین بخلاف اور بلاؤن کے یہ مانع اس جگہ نہین ہی دوسرا یہ کہ توکل اور صبر کرنے والے کو عادت ہو جائے کہ جب بلا آجاوے تو اُسپر صبر کیا کرے تیسرا یہ کہ اگر آدمی وبا سے بھاگ کر دوسرے شہر مین جا رہتا اور اتفاقاً وہان بچ جاتا تو اُسکو بھی یقین ہوتا کہ اگر مین وہان سے نکل نہ آتا تو اُنکے ساتھ مین بھی وبا مین آجاتا اس عقیدہ سے وہ شرک خفی مین گرفتار ہوتا اور اللہ صاحب نے فرمایا ہی کہ جہان کہین ہوگی موت تمکو آگھیریگی پس معلوم ہوا کہ وبا سے بھاگنے مین کچھہ فائدہ نہین چوتھا یہ کہ وبا مین حرکت کرنا بھی بہتر نہین ہی کسواسطے کہ اطبا نے لکھا ہی کہ جسکو وبا سے

پرہیز کرنا منظور ہو تو چاہیے کہ اُن دنون مین غذا کم کھائے اور رطوبت زائدہ کو کسی طرح کسی تدبیر سے دفع کرے اور ریاضت اور حمام سے پرہیز کیا کرے کیونکہ فضلات ردیہ اس سے جوش کرتے ہین اور لازم ہی کہ ان دنون مین آرام اور سکون اور آسایش اختیار کرے تاکہ اخلاط جوش مین نہ آوین پانچوان یہ کہ طاعون اور وبا ارواح خبیثہ کے آثار مین ہین چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ فانہا وخز اعدائکم من الجن یعنی وبا کونچا ہی تمھارے دشمنون کا جن سے پس معلوم ہوا کہ یہ بھی جہاد ہی کفار جنون سے لہذا درجہ شہادت ملتا ہی اور جنون مین جو مسلمان ہین وہ ہمکو تکلیف نہین دیتے مگر جو کافر ہین وہ تکلیف دیتے ہین پس بھاگنا اُنکے مقابلے سے موجب ذلت اور انکسار ہی اور ظاہر ہی کہ وبا گناہون کے سبب سے پڑتی ہی اور گناہ آدمیون سے شیاطین کرواتے ہین سو وبا ڈالنے پر بھی شیاطین کو مقرر کیا تاکہ معلوم ہو کہ جنکے کہنے سے گناہ کرتے ہین اُنھین کو مارنے پر مقرر کیا اور یہ بھی معلوم ہو کہ جو شخص کسی کے کہنے سے گناہ کرے اور اُسکو اپنا دوست جان کر اُسکا کہنا مانے حق تعالے اُسی کو اُسپر مسلط کرتا ہی یہان تک کہ اُسکو اُسکے ہاتھون سے ہلاک کرواتا ہی اگر کوئی شخص کہے کہ وبا لانے کو جنات کیون مقرر ہوے اور کوئی دوسری چیز مقرر ہوتی تو جواب اسکا یہ ہی کہ وبا اکثر گناہون سے آتی ہی خصوصاً حرام کاری اور زنا سے اور آدمی کا معمول ہی کہ حرام پوشیدہ کرتا ہی سو حکمت الٰہی متقاضی ہوئی کہ اُسپر دشمن بھی چھپے مسلط کرین تاکہ پوشیدہ گناہون کی سزا بھی پوشیدہ رہے اگر کوئی کہے کہ حرام تھوڑے سے آدمی کرتے ہین سارے شہر پر وبا کیون آتی ہی تو اُسکا جواب یہ ہی کہ کشتی کو ایک ہی آدمی ڈوباتا ہی مگر اُسکے ساتھ سب کی سب کشتی ڈوب جاتی ہی اور چونکہ یہ بیماری بسبب گناہون کی ہوتی ہی اسواسطے اس بیماری مین توبہ و استغفار کرنا خیرات صدقات براہ خدا دینا سبحان اللہ پڑھنا درود کا ورد رکھنا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اکثر زبان پہ لانا نماز و تقوے اختیار کرنا بہتر ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ وبا جنون کا کونچا ہی یہ بات عقل سے باہر ہی لیکن حبیب مخبر صادق و حکیم حاذق نے اُسکی خبر دی تو اُسکو عقل سے ماننا کچھ ضرور نہین اور حکیمون کا قول ہی کہ ہوا فاسد ہو جاتی ہی اُسکے باعث سے آدمی کے جسم مین زہر پھیل جاتا ہی کبھی پھوڑے نکلتے ہین اور کبھی ورم ہوتا ہی یہ بات بھی ہوسکتی ہی کہ وبا کبھون اس طرح سے آتی ہو اور کبھون جنون کے کونچے سے مگر حضرت صلعم نے جو سبب عقل مین سمانہ سکتا تھا اُسکو بیان فرمایا کیونکہ ہر حکیم بیان کرسکتا ہی کہ یہ فساد ہوا کا ہی لیکن یہ بھی خیال مین آتا ہی کہ اگر وبا فساد ہوا سے ہوتی تو کوئی چرند و پرند و آدمی ہرگز زندہ نہ رہتا کیونکہ ہوا ایسی چیز نہین کہ ایک کو لگے دوسرے کو نہ لگے قطع نظر وبا و طاعون کبھون اُن شہرون میں ہوتا ہی جسکی ہوا صاف و بے کدورت ہی اور گاہی صحیح المزاج و قوی الجثہ کو لاحق ہوتی ہی پس اگر فساد ہوا ہوتی تو لازم

کہ کبھوں زمین سے منقطع نہو کیونکہ کسی زمانے مین بعض بلاد فساد ہوا سے خالی نہین ہی اور اگر فساد امزجہ و ضعف طبائع پر موقوف ہی تو چاہیے کہ صحیح و قوی لوگ محفوظ رہین حالانکہ یہ امر عام ہوتا ہی بالجملہ کوئی ضابطہ عقلیہ اس معاملے مین پایا نہین جاتا صرف مخبر صادق علیہ الصلوۃ والسلام کی خبر صادق ہی اور عقل بھی قبول کرتی ہی فائدہ حضرت استاذ الاستاذ محدث دہلوی تفسیر عزیزی مین فرماتے ہین کہ آیہ ادخلوا الباب سجدا و قولوا حطۃ نغفر لکم سے کئی فائدے نکلے اول یہ کہ توبہ مین زبان سے استغفار و بدن سے سجدہ و صلوۃ بجالانا متمم توبہ ہی گو حقیقت توبہ یہ ہی کہ تائب اپنے گناہون گذشتہ پر ندامت و گناہ آئندہ کے ترک پر عزیمت پیدا کرے اور یہ بات علاقہ دل سے رکھتی ہی مگر ہرگاہ کہ صفت قلبیہ قوت پکڑتی ہی تو بلا ظہور ظاہر مین نہین رہتی و لہذا احادیث شریف مین صلوۃ التوبہ و صیغہ استغفار وقت توبہ مذکور ہوا ہی دوسرا یہ کہ جب کوئی شخص کسی گناہ مین مشہور ہو تو اسکو لازم ہی کہ توبہ بھی اعلان سے کرے اور لوگون کو مطلع کرے اور استغفار زبانی بجالاوے اور پاکیزہ متقی لوگون کو گواہ کرے اور صدقات و خیرات و صلوۃ ادا کرے یہ اس سبب سے کہ بدون ان چیزون کے توبہ تمام نہین ہوتی بلکہ واسطے زوال تہمت کے اطلاع دینا لوگون کو اپنی توبہ سے ضرور ہی تاکہ لوگ غیبت و سوء ظن سے باز رہین کیونکہ توبہ گونگے و جاماندہ کی بھی مقبول ہی حالانکہ حرکت زبان پر و چلنے پھرنے پر قدرت نہین رکھتا اسی طرح جو شخص کسی مذہب باطل سے متہم ہو پھر اسکو حق ظاہر ہو تو لازم ہی کہ جو لوگ اس حال سے واقف ہین انکو اپنی ندامت و توبہ سے مطلع کرے تیسرا یہ کہ بعض مواضع متبرکہ مورد رحمت حق ہین و بعض خاندان قدیم اہل صلاح و تقوے ایسے ہین کہ انمین توبہ کرتے ہی توبہ جلد مقبول ہوتی ہی ابن مردویہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ ابو سعید ایک روز حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کسی سفر مین یا لڑائی مین رات کے وقت جاتے تھے جب رات آخر ہوئی تو ایک پشتہ پہاڑ ملا کہ اسکو ابو سعید ار الحنظل کہتے تھے اس مقام پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ما مثل ہذہ الثنیۃ الا کمثل الباب الذی قال اللہ لبنی اسرائیل ادخلوا الباب سجدا الی آخر الآیۃ یعنے نہین ہی مثال اس پہاڑ کے مگر ایسی جیسے وہ دروازہ جسکے حق مین اللہ نے بنی اسرائیل سے فرمایا ہی داخل ہو دروازے مین سجدہ کرکے اور کہو گناہ اترے اور جناب امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین انما مثلنا فی ہذہ الامۃ کسفینۃ نوح و کباب حطۃ بنی اسرائیل یعنی ہماری مثال کہ ہم اہل بیت رسالت و حامل اسرار ولایت ہین ایسی ہی جس طرح کشتی نوح و دروازہ حطہ کہ نجات اس امت کی طوفان نفس شیطان سے و تصحیح توبہ عصیان سے بسبب قول

سلاسل اولیاء اللہ مین وابستہ اسی خاندان عالیشان کے ہین چنانچہ فی زمانہ یہ امر ظاہر ہی جو تھا یہ کہ اس آیہ سے شافعیہ نکالتے ہین کہ تحریمہ نماز بغیر لفظ اللہ اکبر درست نہین یعنی سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اعظم واللہ اعز سے جائز نہین ہی اور بعض اہل ظواہر کہتے ہین کہ تبدیل لفظی سے نماز فاسد ہوتی ہی اور مجوزین تبدیل پر طعن کرتے ہین لیکن مدار مغائرت بین الکلامین کا عرف ہین مغائرت مضمون پر ہی نہ مغائرت لفظیہ پر فقط پس اگر صرف تبدیل لفظی واقع ہو جاوے باوجودیکہ معنی مین اتحاد یا تقارب معنی ظاہر ہو تو محل طعن نہین اور اس آیہ سے تو صاف صاف نکلتا ہی کہ بنی اسرائیل نے صیغہ استغفار کو تمسخر سے بدل دیا اُس کلام سے جو مغائر تھا کلام ارشادی سے کیونکہ کلام ارشادی مین طلب مغفرت ہی اور بنی اسرائیل نے دنیا طلب کی اور غلات و فواکہ کی رغبت ظاہر کی یا محض ٹھٹھا کیا اور جو تبدیل لفظی کرنے اور حطہ کے مقام پر تب علینا خواہ اغفر لنا کہتے تو بھی مضائقہ نہ تھا اُنھون نے وہ کلام اختیار کیا جو معنی مین مضاد اور مفہوم مین مغائر تھا اگر کوئی کہے کہ بنی اسرائیل نے تبدیل ذائقے کے لیے دوسری قسم کا کھانا چاہا تھا کچھ یہ مطلب نہ تھا کہ من و سلوی موقوف ہو اس صورت مین کلام انکا استدلال پر کس طرح حمل کیا گیا تو جواب یہ ہی کہ بنی اسرائیل ملال خاطر اپنا طعام آسمانی سے بیان کرکے کہتے ہین فادع لنا ربک یخرج لنا الخ اس سے ظاہر ہی کہ بعد اسکے طعام آسمانی نہ کھائینگے بلکہ طعام زمین سے سیر ہونگے اور ظاہر ہی کہ آدمی مقدار معین سے زیادہ نہین کھا سکتا ہی بلکہ جسقدر اور قسم کا کھانا کھالیتا ہی اُسی قدر دوسرا کم کھاتا ہی پس کھانے مین تبدیل ادنی با علے لازم آئی گو بتصریح لفظ تبدیل کو نہین ہی

**فائدہ** بنی اسرائیل کو ہمیشہ میلان بہ تسفل و دنو ہمت و رذالت لازم رہا تاوقتیکہ حضرت موسی و ہارون و یوشع ابن نون علیہم السلام وغیرہم پیغمبران عالی شان موجود رہے انکے حکمون کا غلبہ رہا اور اثر صفات رذیلہ کا پیدا نہوا جب وجود عالی ہمتون کا اُنمین سے جاتا رہا تو اُسی اثر نے ظہور پکڑا کہ لباس جہاد و قتال سے متنفر اور میلان زراعت و فلاحت پیدا ہوا اور بجود ہاقین سے ایک ذلیل ہو گئے اور یہ واقعہ بعد تسلط جالوت و حادثہ بخت نصر کمال راسخ ہو گیا چنانچہ ضربت علیہم الذلۃ والمسکنۃ اسیر دلیل ہی ذلت تو یہی کہ ہمیشہ مسلمانون اور نصرانیون کے زیر دست رہے تاب حکومت کسی جگہ نہین رکھتے اور مسکنت و فقر کا یہ سبب ہی کہ بسبب ادائے جزیہ و عشور وغیرہ مواخذات کے خرچ دخل سے زیادہ رہتا ہی اور اگر احیانا کوئی شخص مالدار بھی ہو جاتا ہی تو مصادرات کے خوف سے آپ کو مفلس ظاہر کرتا ہی اور یہ سب خرابیاں اس وجہ سے لاحق ہوئین کہ اس قوم ناپاک نے پیغمبرون کو ناحق قتل کیا اور آیات خدا کو اُنکے مقام سے نکال ڈالا اور بدل ڈالا اور احکام پیغمبرون کی اطاعت نہ کی بلکہ اکثر آیات و احکام جو قباحت معاصی پر دلالت واضحہ رکھتے تھے

اُنکو تاویلات باطلہ سے بگاڑنے لگے القصّہ جب بنی اسرائیل کو بیٖس۲۰ برس جنگل مین گذرے تو حضرت
ہارون نے وفات پائی اور جب تیتیس۳۳ برس گذرے تو حضرت موسیٰ نے رحلت فرمائی اور حال
وفات حضرت ہارون کا یہ ہوا کہ سال چہلم غرۂ شہر ابان ماہ پنجم از ابتلاے بلیہ تیہ یا
تیسرے برس ابتلا سے اور صحیح یہ ہے کہ بیٖس۲۰ برس بعد حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو وحی
ہوئی کہ وفات ہارون قریب ہے فلان مقام پر یہ واقعہ ہوگا چنانچہ ایک دن
حضرت موسیٰ و ہارون کوہ شوبک کی طرف تشریف لیچلے تو راستے مین ایک مکان پرتکلف و معطر
نظر پڑا اسمین ایک درخت عظیم تھا اُسکے سایہ مین ایک تخت بچھا تھا سو دونون پیغمبر اِس درخت پر جا کے لیٹے
اور حضرت ہارون نے وفات پائی حضرت موسیٰ مطلع ہو کر بقصد تجہیز و تکفین اُٹھے تو وہ تخت غائب ہو گیا
ناچار حضرت موسیٰ علیہ السّلام اپنے قوم مین آئے قوم کے لوگون نے یہ تہمت لگائی کہ تم ہارون کو
مار آئے سو حضرت موسیٰ نے بنا بر رفع تہمت دعا مانگی اللہ صاحب نے اُس تخت کو مع ہارون علیہ السلام
ظاہر کیا تب حضرت ہارون نے حضرت موسیٰ کی صفائی پر گواہی دی اور بنی اسرائیل نے
العازار پسر ہارون کو خلیفہ کیا بعد اسکے تخت غائب ہو گیا اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے
روایت ہے کہ دونون پیغمبر پہاڑ پر گئے وہان حضرت ہارون نے وفات پائی بنی اسرائیل نے
حضرت موسیٰ پر تہمت قتل لگائی فرشتون نے ہارون کو روبرو کیا اُنھون نے خود کہا کہ مین مر گیا تھا
مرا ہون پھر فرشتون نے اُنکو دفن کیا کوئی شخص اُنکی قبر سے آگاہ نہین ہوا مگر ایک شخص گونگا بہرا
اور بعضے روایت کرتے ہین کہ دونون پیغمبر غار ہارون کی طرف گئے حضرت ہارون نے وفات پائی
حضرت موسیٰ نے اُنکو دفن کیا قوم نے سُنکر تہمت لگائی خدا نے حضرت موسیٰ سے فرمایا کہ بنی اسرائیل
کو ہارون کی قبر پر لیجاؤ جب قبر پر گئے تو اللہ نے ہارون کو زندہ کیا تب بنی اسرائیل نے حال موت
دریافت کیا روایت ہے کہ حضرت ہارون تین یا چار برس حضرت موسیٰ سے بڑے تھے اور وقت
موت ایک سو تیئیس۱۲۳ یا چوبیس برس کے تھے اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ قبر حضرت ہارون علیہ السلام کی
جبل اُحد پر واقع ہے چنانچہ ابن ابی شیبہ نے جابر بن عبد اللہ سے روایت کی ہے کہ حضرت موسے
اور ہارون علیہما السّلام بقصد حج یا عمرہ مکے مین تشریف لائے جب معاودت فرمائی تو مدینہ طیبہ
مین نازل ہوئے وہین حضرت ہارون علیہ السّلام نے وفات پائی مزار شریف اُنکا جبل اُحد پر ہے
کذا فی جذب القلوب اور مسعودی نے لکھا ہے کہ قبر شریف جبل حران پر واقع ہے متصل کوہ طور روایت ہے
کہ حضرت ہارون کے جنازے کے ساتھ چالیس ہزار بنی اسرائیل سِلے ہارون سواے اور لوگون کے تھے

اخبار الدول میں ہے کہ حضرت ... روایت ہے اُسی جنگل میں زیارت پاتی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال
اور جسطرح حضرت ... وفات ... نقل ... ہے اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
بھی کیفیت وفات میں اقوال مختلف واقع ہوئی ارباب ... بیان کرتے ہین کہ جب وفات آنجناب
قریب ہوئی تو جنگل ... بنی اسرائیل ... باقی ... حضرت یوشع اور کالوب اور اونکی
اولاد و احفاد کے سوا ... نے سب کو جمع کر کے احکام توریت سنائے اور ایک کتاب توریت اپنے
دست مبارک سے لکھ کر حضرت جبرئیل سے مقابلہ کر کے ... ہارونی کو صندوق الشہادہ مین رکھ کر عنایت

وفات حضرت موسیٰ علیہ السلام

فرمائی اور قوم کو تاکید فرمائی کہ تم بھی نقلین توریت کی کر لو چنانچہ اور لوگون نے کئی نسخے لکھے حضرت نے
انکو اصل نسخے سے مقابلہ کر کے اسباط مین تقسیم فرمائی کہ ہر سبط کو ایک ایک کتاب ملی بعد ازان ساتوین
تاریخ ماہ آزار کو بہمہ قوم بنی اسرائیل کو جمع کیا اور تسلیم تجدید فرمایا اور حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کو اپنا
وصی و ولیعہد قرار دیکر فرمایا ... آج کے دن میری عمر ایک سو بیس برس کی ہوئی اب غالب ہے کہ
مین اس جہان فانی سے عالم باقی کو چلا جاؤن ... چند روز ... ملے بعد اسکے حضرت یوشع بن نون علیہ السلام
کو ہمراہ لیکر خیمون سے باہر تشریف لیجے جب ایک مسافت کثیرہ طے کی اور قوم سے غیبت کلیہ ہوگئی تو
ہوائے نرم و خوش جسکو باد نسیم بولتے ہین جانب مغرب سے چلنی شروع ہوئی اور حضرت یوشع علیہ السلام
نے جانا کہ اب وفات حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وقت بہت قریب آیا اُسی وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام
نے حضرت یوشع کو گلے سے لگایا اور کلمہ وداع زبان مبارک پر لائے اور دفعتًہ اپنے پیراہن سے
غائب ہوگئے اور پیراہن نبوت حضرت یوشع علیہ السلام کے ہاتھ مین رہ گیا گویا یہ اشارہ ہوا کہ مین نے
تمکو خلیفہ جانشین صاحب خرقہ اپنا کیا بالجملہ حضرت یوشع علیہ السلام بالباس رسالت قوم مین
جلوہ فرما ہوئے بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ کو پوچھا حضرت یوشع علیہ السلام نے کیفیت نفس الامری
بیان فرمائی اُن لوگون نے انکو بھی قتل کی تہمت لگائی اور اسی وہم و خیال مین سوئے تو خواص قوم
نے خواب دیکھا کہ یوشع اس تہمت سے پاک ہے تم لوگ تقصیر اپنی معاف کراؤ آخرش صبح کے وقت
جمایہ ضمیع شریف حاضر ہوکے عذر کرنے لگے اور متابعت و مطاوعت حضرت یوشع مین مستعد
ہوئے اور بعضے صورت وفات یون بیان کرتے ہین کہ جب تینتیس برس جنگل مین گذرے تو حضرت
موسیٰ نے حضرت یوشع اپنے بھانجے کو اپنا وصی فرمایا اور قوم سے کہدیا کہ اب میری عمر تھوڑی رہی ہے
دوسرے دن حضرت عزرائیل علیہ السلام تشریف لائے بعد سلام علیک حضرت موسیٰ نے فرمایا
جئت زایرًا ام قابضًا حضرت عزرائیل نے کہا قبض روح کو آیا ہون فرمایا کسطرح قبض روح کروگے

بولے منھ سے فرمایا مین نے اس منہ سے بیواسطے اللہ سے باتین کی ہین کہا کانون سے کیا لوگا فرمایا
کہ مین نے کانون سے کلام الٰہی بیواسطہ سنا ہی کہا آنکھون سے فرمایا کہ آنکھون سے مین نے نور الٰہی دیکھا ہی پھر کہا ہاتھون سے
فرمایا کہ مین نے ہاتھون سے توریت اٹھائی ہی کہا پانٔون سے فرمایا کہ پانٔون سے طور پر گیا ہون تب حضرت عزرائیل لاجواب ہو کر
پھر گئے اور جناب الٰہی مین حضرت موسیٰ کی گفتگو کی کیفیت بیان کی ارشاد ہوا کہ ای موسیٰ تو میرے
پاس کا آنا نہین چاہتا حضرت موسیٰ نے عرض کیا یا الٰہی مین دل سے یہ چاہتا ہون پر یہ آرزو ہی کہ ایک دم
اور مقام قدس مین حاضر ہو کر مناجات کرون اور کلام شیرین تیرا سن لون اور یارب مین اپنی لڑکیان تیرے
سپرد کرتا ہون انکو بد کامون سے محفوظ رکھنا اور حلال روزی انکو عطا کرنا ارشاد ہوا کہ آگے چل چنانچہ
حضرت موسیٰ علیہ السلام آگے چلے تو ایک قبر نظر پڑی اوسپر چند آدمی نظر پڑے حضرت موسیٰ نے
پوچھا یہ قبر کسکی ہی ان لوگون نے کہا ایک خاص بندہ خدا کی ہی کہ وہ شخص تمھاری مثل ہی پھر کسی نے
کہا کہ اس قبر مین در آؤ تو ہم دیکھین تمھارے قد کے مطابق ہی یا نہین حضرت موسیٰ قبر مین اترے
اور سو گئے تب حضرت عزرائیل نے سیب جنت سونگھایا کہ انتقال ہوا اور فرشتون نے قبر کو بند کر دیا
مگر صحیح تر یہ ہی کہ قبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیت المقدس مین سرخ ٹیلے پر واقع ہی بخاری اور
مسلم مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ملک الموت موسیٰ کے پاس آیا اور
کہا کہ اپنے رب کا حکم مان یعنے موت قبول کر موسیٰ نے ایک طمانچہ مارا آنکھ پر کہ آنکھ پھوٹ گئی تب
ملک الموت پھر گیا اور عرض کرنے لگا یا الٰہی تو نے ایسے بندے کے پاس بھیجا کہ وہ موت نہین چاہتا
اور اسنے میری آنکھ پھوڑ ڈالی سو خدا نے اسکی آنکھ بنا دی اور فرمایا کہ پلٹ جا میرے بندے پاس
اور کہہ تو زندگی چاہتا ہی تو اپنا ہاتھ بیل کی پیٹھ پر رکھ سو جسقدر تیرا ہاتھ بالون کو ڈھانک لیگا جتنے
بال ہونگے اتنے برس تو زندہ رہیگا موسیٰ نے کہا پھر کیا ہوگا فرشتے نے کہا موت موسیٰ نے کہا
اگر یہی حال ہی تو ابھی سہی ای میرے رب مجھکو قریب کر دے پاک زمین سے یعنی بیت المقدس سے
پتھر پھینک مارنے کی مسافت کی برابر پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی قسم اگر مین اس
مکان پاس ہوتا تو تمکو موسیٰ کی قبر دکھلا دیتا جو راہ سے کنارے پر سرخ ٹیلے کے پاس واقع ہی
**فائدہ** اس حدیث سے دو باتین شبہے کی نکلین ایک یہ کہ فرشتے کی آنکھ پھوڑنا آدمی سے
ممکن نہین دوسرے یہ کہ ملک الموت اللہ کے حکم سے آئے تھے حضرت موسیٰ نے کیون مارا اس سے
معلوم ہوتا ہی کہ موسیٰ علیہ السلام کو دنیائی زندگی پیاری تھی رفع ان دونون شبہون کا اسطرح ہو سکتا ہی کہ جب
فرشتہ بصورت آدمی آیا تو سب صفات انسانیہ اسمین پائے گئے پھر آنکھ پھوٹنا کیا عجب ہوا

اور حضرت موسیٰ نے ملک الموت نہ جانا تھا بلکہ آدمی سمجھے تھے کہ جھوٹھا دعویٰ روح نکالنے کا کرتا ہے کیونکہ روح نکالنا فرشتے کا کام ہے کسی اور سے نہیں ہو سکتا اسلیے اُسکو اپنے پاس سے ٹالا کہ ہاتھ آنکھ مین لگا پھوٹ گئی اور یہ تو ظاہر ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو زندگی پیاری نہ تھی ورنہ دوسری مرتبہ عمر دراز قبول کرتے اور اخبار الدول مین حافظ ضیاء الدین مقدسی سے منقول ہے کہ وہ قبر جسکو موسیٰ کی مشہور کرتے ہین شرقی بیت المقدس متصل اریحا نہ ٹیلے کے پاس واقع ہے اور اُسکی زیارت ہوتی ہے ابتک ایک قبہ اُسپر بنا ہوا ہے اور وہان دو امر عجیب ہین ایک تو اُس مزار پر کچھ لوگ از قسم شیوخ برنگ مختلف نظر آتے ہین بعضے بصورت سوار اور بعضے پیادے اور بعضے نیزے کندھون پر رکھے ہوئے اور جو دریافت حقیقت اُنکی کی گئی تو لوگون نے مختلف باتین بیان کین بعضے کہتے ہین ملائکہ ہین اور بعضے کہتے ہین صالحین ہین لیکن اُنکو خواص اور عوام سب دیکھتے ہین دوسری بات یہ ہے کہ جب کوئی عورت حائضہ مسجد مین داخل ہوتی ہے یا کوئی احاطے مسجد مین کچھ گناہ کرتا ہے تو ایک ہوا جنگل مین چلنے لگتی ہے کہ ایسی خوارق عادات سے استدلال کیا جاتا ہے کہ یہ قبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہے حضرت مولانا رفیع الدین محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ ولادت باسعادت حضرت موسیٰ ع شہر مصر مین ہوئی اور تین ہزار سات سو اڑتالیس (۳۷۴۸) ہبوط آدم علیہ السلام سے گذرے تھے اور وفات کے وقت تین ہزار آٹھ سو اڑسٹھ (۳۸۶۸) منقضی ہوئے تھے کہ اسی حساب سے کل عمر آنجناب ایک سو بیس (۱۲۰) برس کی ہوتی ہے اور ذکر جناب کلیم اللہ علیہ السلام کا سورۂ بقرہ و اعراف و آل عمران و نساء و طہ و قصص و مریم و نمل و انبیاء و مومنون و زخرف و دخان و ابراہیم و ہود و شعراء و بنی اسرائیل و یونس و مائدہ و نازعات مین ہے۔

## تفریح شانزدہم دراحوال حضرت یوشع علیہ السلام

اکثر اہل تفسیر کہتے ہین کہ یوشع ابن نون بن افرائیم بن یوسف علیہ السلام ہین اور والدہ اُنکی مریم یا کلثم ہمشیرہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہین اُنکو اللہ صاحب نے بعد حضرت موسیٰ کے سات برس خلیفہ رکھا پھر نبی فرمایا کہ ستائیس برس نبی رہے احوال اُنکا یون ہوا کہ جب چالیس برس پریشانی اور سرگشتگی کے جو اللہ نے بنی اسرائیل کے لیے مقرر کیے تھے گذر گئے اور حضرت موسیٰ اور ہارون نے وفات پائی تو سال اول وفات کے چھ مہینے یا دس مہینے کے گذرنے پر شہر نیسان مین ارشاد الٰہی بطریق الہام حضرت یوشع سے ہوا کہ بنی اسرائیل کو اس جنگل سے نکالو اور جبارین عمالقہ سے شام کا ملک لیلو اور جہاد کرو اور بعد حصول تسلط معاودت مصر کرو سو حضرت یوشع بن نون علیہ السلام

جانب عمالقہ تشریف لیچلے اور نہر اردن پر پہونچے وہان کشتیان بنا بر عبور نہ ملین حضرت یوشع نے حاملین
صندوق یعنی تابوت سکینہ کو ارشاد کیا کہ تم لوگ صندوق کو نہر کے کنارے رکھو سو حاملین صندوق نے صندوق رکھا فی الفور
آب اردن خشک ہوگیا اور بنی اسرائیل پار ہوئے اور حضرت یوشع نے ایک مینار بطور علامت
اس خارق عادت کے اس مقام پر تعمیر کرایا اور جب قریب قریہ اریحا کے جلوہ فرما ہوئے تو دو آدمی
بطور جاسوس روانہ کیے اُن دونون نے وہان کا حال مفصل آکر بیان کیا فی الفور حضرت یوشع سوار ہوئے
اور معاینہ قلعہ پہونچ کر تین شہرون کو گھیر لیا روایت ہے کہ اریحا بڑا شہر بارونق تھا وہان کے قلعے کمال
مستحکم اور برج نہایت بہت محکم تھے بعض نامرد حالت اضطراب مین کہنے لگے کہ ہم کس بلا مین پھنسے
خدا نجات دے اس کیفیت سے خداوند جل شانہٗ نے حضرت یوشع علیہ السلام کو مطلع فرمایا آنجناب نے
ساتوین دن محاصرہ سے سرداران بنی اسرائیل اور اولاد ہارونی کو ساتھ اپنے لیا اور شہر کا طواف
سات بار کرکے دعا پڑھی اور جب تمام شہر کا دور فرما چکے دفعۃً بحکم خدا تعالے ایک جانب سے دیوار شہر پناہ
کی ٹوٹی بلکہ فصیل اور دیوارین زمین مین دھنس گئین یہ حال دیکھ کر لشکر بنی اسرائیل نے یورش کیا
اور شہر کے اندر داخل ہوئے اور سارے شہر کو قتل کرکے مال و اسباب انکا خوب لوٹا کذا نقلہ صاحب
اخبار الدول مین لکھا ہے روایت ہے کہ جتنے بنی اسرائیل کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ مصر
سے نکلے تھے وہ سب چالیس برس تیہ مین مر گئے ایک شخص بھی انمین کا جنگل مین نہ رہا تھا صرف
یوشع بن نون اور کالوب بن یوفنا دو شخص بچ رہے تھے لیکن قدرت الٰہی سے یہ معاملہ ہوا کہ جتنے مر گئے تھے
اُتنی انکی نسل پیدا ہوئی کہ جس قدر اور جس تعداد سے مصر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ برآمد ہوئے تھے
اُسی شمار سے حضرت یوشع بن نون بعد موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ جنگل سے بلا زیادت و نقصان جانب
شام نکلے تھے بعد اسکے دار السلطنت کا محاصرہ کیا وہان بادشاہ عمالقہ رہتا تھا وہ مقابل ہوا اور
اُسنے صف جنگ بیشمار رعایا و سپاہ آراستہ کی اور اسطرف حضرت یوشع نے اپنی فوج کی
صف باندھی اور لڑائی شروع ہوئی ہر چند فوج سلطان نے داد مردانگی میدان کارزار مین از حد
دی لیکن لشکر بنی اسرائیل کہ بہت کثرت سے تھا غالب آیا اور لشکر بادشاہ بھاگ کر ایک قلعے مین چھپا
یوشع علیہ السلام نے قلعے کا محاصرہ کرلیا تب بادشاہ بلعم بن باعورا کے پاس کہ مرد عابد خدا آگاہ
مقبول بارگاہ بنی اسرائیل مین سے خود کنعانیون مین سے رہنے والا جبارون خواہ شہر بلقا کا تھا اسم اعظم
جانتا تھا حاضر ہوا اور ملتمس ہوا کہ جو آپ دعا کرین تو یہ لشکر میرے ملک کو باطل سے منع ہو تب اُسنے کہا یہ لشکر جانب خدا سے آیا ہے
مین ہرگز دعا نکرونگا تم سب مین سے ہو قبول کرو بادشاہ نے کہا مین تو ہرگز قبول نکرونگا اگر تو دعا نہین کرتا تو

مین قتل کرونگا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہین کہ بلعم باعور نے خدا کے خوف سے بادشاہ کا کہنا نہ مانا تب بادشاہ نے اُسکی جورو کو کہ نہایت حسینہ تھی اور بلعم اُسپر فریفتہ تھا مال کی طمع دیکر رہزن ایمان گردانا اُسنے بلعم باعور سے باصرار کہا بلعم راضی ہوگیا الا پھر بھی خوف خدا کرکے پہلے اُسنے بادشاہ کو ایک حیلہ سکھلایا کہ بادشاہ لشکر مین فاحشہ عورتین خوبصورت بھیجے کہ لوگ بدکاری کرین اور مرتکب زنا ہوئین تو اُنپر ذلت پڑے اور شامت اعمال سے ہزیمت اٹھاوین بادشاہ نے چودہ چودہ برس کی عورتین لشکر مین بھیجین مگر برکت پیغمبر سے یہ حیلہ نہ چلا اور حافظ حقیقی نے سب کو محفوظ رکھا پھر اُس قحبہ نے کہا کہ اگر دعا نہین کرتا تو مجھکو طلاق دے ناچار بلعم اپنے حجرہ مین دعا کرنے گیا اُس جگہ دو شیر بیٹھے تھے دوڑ پڑے بلعم بھاگا اور اپنی عورت کے پاس آکر کہنے لگا کہ پیغمبروںکا آنا اچھا ہی مجھسے دعا نہین ہو سکتی بلکہ مجھکو شرم آتی ہی اُسنے کہا مین ایسی بات نہین سنتی ناچار پھر اپنی عبادت گاہ کو چلا جونہین قدم اندر رکھا دو سانپ دوڑے بلعم بھاگا اور پھر جورو سے بولا کہ خدا سے ڈر پیغمبرون کے حق مین بد دعا کرنا بد ہی اُسنے کہا ایسی مکر اور فریب مجھکو پسند نہین آتے پھر باہر نکلا اور ایک گدہے پر سوار ہوکر پہاڑ والے عبادت خانہ مین چلا تو گدہا رک رہا ہرچند بلعم نے ہانکا نہ چلا اور بولا کہ اے بلعم یہان سے پھر چل دوزخ مین نہ پڑ اس کلام سے بلعم پھر چلا راہ مین شیطان نے کہا کیون پھرے جاتے ہو بلعم نے کہا کہ میرے گدہے نے منع کیا ہی اور مین بھی جانتا ہون کہ یہ کام بد ہی ابلیس نے کہا کہ یہ سب وسوسے شیطانی ہین گدہا کہین باتین بھی کرتا ہی تم بیشک دعا کرو کہ لشکر یہان سے پھر جاے اور تم قوم کو ہدایت کرو اور اپنے واسطے دعا مانگو کہ تمکو خدا پیغمبر کرے اور تمھاری جورو تمھارے پاس رہے ایسی جورو پھر نہ ملیگی پھر بلعم باعور آگے نہ بڑھا لیکن گدہا آگے نہ گیا تب بلعم نے پیادہ پا جاکر پہاڑ پر دعا مانگی اُسی دن بنی اسرائیل کو ہزیمت واقع ہوئی اور حضرت یوشع علیہ السلام متحیر ہوکے سجدے مین گرے اور عرض کرنے لگے کہ یا الٰہی بنی اسرائیل چھ مہینے تک یہان صبر کرتے رہے تاکہ یہ ملک عمالقہ سے لیکر تیرا حکم بجا لاوین اور مال و متاع انکا جو ہاتھ لگے جلا دین سو یہ معاملہ درپیش آیا کہ ہمارے لشکر کو ہزیمت ہوئی اور وہ بھی تیرے حکم سے تھا اور یہ بھی تیرے حکم سے ہی اُسوقت وحی ہوئی کہ اے یوشع اِس قوم مین ایک شخص عابد ہی کہ اُسکو اسم اعظم آتا ہی سو اُسکی برکت سے یہ اتفاق پڑا ہی حضرت یوشع علیہ السلام پھر سجدے مین گر کے دعا کرنے لگے اللہ تعالیٰ نے اسم اعظم اُسکے دل سے بھلایا اور لباس تقوے اُسکے بدن سے اُتار لیا تب حضرت یوشع علیہ السلام نے سجدے سے سر اُٹھایا اور بنی اسرائیل سے قصہ بیان کیا بعد اُسکے اُسی لشکر نے پنجشنبہ کے دن حملہ کر کے سارا قلعہ گھیر لیا بلعم نے ہرچند

دعا مانگی قبول نہوئی دوسرے دن جمعہ کو ہنگامۂ قتال شروع ہوا کہ زمین ہلی اور حصار قلعہ کا گر پڑا اور فوج
داخل قلعہ ہونے لگی اس عرصہ مین شام ہوگئی حضرت یوشع نے بخیال اسکے کہ کل شنبہ ہے اور شنبے
کی تعظیم سے لڑائی منع ہے اگر آج فتح نہوا تو کل عمالقہ حملہ کرینگے اسلیے دعا مانگی اللہ جل شانہ نے آفتاب کو
حرکت سے روک دیا کہ پانچ گھڑی دن بڑھ گیا اور عمالقہ نے شکست کھائی اور سردار لشکر مارا گیا اور
بلعم باعور کا ایمان گیا اور زبان کتے کی طرح نکل پڑی اسی کا اشارہ ہے سورۂ اعراف مین واتل
علیہم نبأ الذی آتیناہ آیاتنا فانسلخ منہا فاتبعہ الشیطان فکان من الغاوین ولو شئنا لرفعناہ ولکنہ اخلد
الی الارض واتبع ہواہ فمثلہ کمثل الکلب ان تحمل علیہ یلہث او تترکہ یلہث یعنی سنا انکو احوال اس
شخص کا کہ ہمنے اسکو دی ہین آیتین پھر انکو چھوڑ نکلا پھر پیچھے لگا اسکو شیطان تو وہ ہوا گمراہون سے
اور ہم چاہتے تو اسکو اٹھا لیتے ان آیتون سے لیکن وہ گر پڑی زمین پر اور چلا اپنی خواہش پر تو ہوا
اسکا حال جیسے کتا اسپر تو لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے **فائدہ** حق تعالی نے یہ قصہ یہود کو
سنایا کہ اگرچہ علم کامل اپنے پاس ہو کام تب آوے کہ آپ اسکے تابع ہو اور اگر آپ تابع حرص کا
بنے اور چاہے کہ علم میرے کام آوے تو کچھ نہین ہوتا اور شاید ہانپنے کتے کی مثل اسمین ہو
کہ جب تک وہ حرص سے خالی تھا اسکو باطن سے معلوم ہوا جب دل مین حرص آئی تو باطن سے
معلوم نہوا یا اگر مجمل معلوم ہوا تو اسکو اپنی طبع کے موافق سمجھ لیا نقل ہے کہ جب بلعم باعور دعا کرنے کو
چلنے لگا تو چاہا کہ پھر غیب سے کچھ معلوم ہو تو معلوم ہوا کہ جا جب راہ مین پہنچا تو ایک فرشتہ
ننگی شمشیر ہاتھ مین بلعم نے التجا کی کہ اگر حکم ہو تو مین نہ جاؤن کہا جا لیکن کچھ بد دعا نکرنا پھر بادشاہ
کے پاس پہنچ کر لگا بد دعا کرنے منھ سے خود بخود دعاے نیک نکلنے لگی تب بہ چار وہ حیلہ سکھایا
کہ عورتین خوبصورت لشکر مین جائین مگر بنی اسرائیل برکت رسول سے محفوظ رہے تب جورو کے
کہنے سے شاید دعاے بد کی ہے کہ دین اور دنیا کی خرابی ہوئی بالجملہ بعد اس جنگ کے
بلعم باعور حضرت یوشع پاس آیا حضرت یوشع نے تعظیم سے بٹھلا لیا بلعم نے کہا مین نے تیرے
حق مین دعا کی کہ ہزیمت ہوئی حضرت یوشع نے فرمایا کہ مین تیرے حق مین دعا کی کہ تیرا ایمان
جاتا رہا لیکن تجھکو یہ بشارت ہے کہ تین حاجتین تیری بر آئینگی بلعم ناخوش ہوکر اپنی جورو کے پاس
آیا اور کہنے لگا کہ مین تجھسے کہتا تھا کہ پیغمبر کے حق مین دعاے بد نچاہیے اور تو نے نمانا اب میرا
ایمان بھی جاتا رہا جورو نے کہا تین سو برس تو نے خدا کی عبادت کی کیا کچھ بھی اسکے بدلے
نہ ملیگا بلعم نے کہا تین حاجتین روا ہونگی اسنے کہا ایک دعا میرے واسطے کر اور دو اپنے لیے

رکھو بلعم نے کہا مین تینون ساعتین قیامت کے دن چاہونگا کہ آتش دوزخ سے نجات ملے اسنے کہا ایک دعا تو عورت واسطے کر اسمیکو حسن اور جمال بے نہایت ہو اگرچہ بلعم نے کہا تو بہت حسین ہے لیکن اُس مردار نے نمانا چار بلعم نے دعا کی ایسی خوبصورت ہوئی کہ تمام گھر اسکے حسن کی چمک سے روشن ہوگیا ع آتش بدل افتد چو تابان اگر این ست ❊ سررشتہ جان تاب خود گر این ست ❊ تب عورت بلعم کی صورت سے متنفر ہوگئے ایک جوان خوشرو پر فریفتہ ہوگئی ایک روز بلعم نے دیکھ لیا کہ دونون ہم بستر ہین اسی وقت دعا مانگی خدا نے بصورت عورت کی بصورت کلب سیاہ تبدیل کر دی جب یہ حال ہوا اولاد اسکی پریشان اور مفارقت مادر مین حیران ہوئی اس خبر کو سنکر بعضے بنی اسرائیل بلعم پاس جا کہنے لگے کہ عورت کے نہونے سے گھر ویران و اولاد سرگردان ہے خدا سے تعالیٰ سے دعا کر کہ بصورت اصلی عورت کی ہو دے چنانچہ اسنے باصرار ان لوگون کے دعا کی اسی وقت عورت اپنی صورت پر ظاہر ہوئی خلاصہ تقریر یہ کہ تینون ساعتین بلعم کی دنیا مین روا ہوئین آخرت سے بے بہرہ رہا حدیث شریف مین وارد ہے کہ اصحاب کہف کا کتا بصورت بلعم داخل بہشت ہوگا اور بلعم بصورت کلب دوزخ مین جائیگا القصہ بعد اس واقعے کے حضرت یوشع علیہ السلام کو معلوم ہوا کہ اراضی مقدسہ مین ایک شہر عالی نام کہ رہنے والے اس شہر کے بت پرست و مشرک ہین چنانچہ حضرت یوشع مع لشکر بنی اسرائیل اس شہر مین تشریف لیگئے اور بارہ ہزار بت پرستون کو مع سلطان تہ تیغ فرمایا اسی شہر کی پشت پر دو پہاڑ واقع تھے عماد و حیعوان نام کہ مابین ان دونون کے ایک خلق کثیر سکونت پذیر تھی انکو دعوت ایمان فرمائی انھون نے دعوت قبول کی اس جگہ ایک پہاڑ سلم واقع تھا وہان خلق کثیر بستی تھی انکو بھی دعوت ایمان فرمائی کہ بطوع و رغبت ایمان لائے جب آیات فتوح بعنایت الٰہی ظاہر ہوئے تب حضرت یوشع نے جانب اقصائے مغرب قصد کیا اور بالا و ا نیالن مین داخل ہوئے وہان پانچ شہر تھے ہر شہر مین ایک سلطان فرمانروا تھا ان سب نے جمع ہو کر مقابلہ کیا مگر سب کے سب اثناء جدال مین بھاگ کھڑے ہوئے اور ایک مغارہ کوہ مین پوشیدہ ہوئے تب حضرت یوشع نے درہ کوہ پر چند آدمی معین فرمائے اور خود مع لشکر جرار منہزمین کا تعاقب کیا کہ اکثر لوگ قتل ہوئے اور بقیۃ السیف پر اولے آسمان سے برسے اور اسی حالت مین پانچون بادشاہون کو حضرت یوشع نے قتل کیا پھر بنا بر فتح بقیہ دیار شام متوجہ ہوئے اور اکیس بادشاہون کو گرفتار فرما کر قتل کروایا اور ملک شام قبضہ مین بنی اسرائیل کے در آیا اور عمال بنی اسرائیل قوم شام مین قائم ہوئے تب حضرت یوشع جانب بالمس اس مکان پر تشریف لیگئے جہان تابوت حضرت سعید

بیان فتوحات یوشع علیہ السلام

حضرت موسی نے رکھ دیا تھا اُس تابوت کو لیکر حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے پاس دفن کیا کذا فی اخبار الدول
روایت ہی کہ جملہ واقعات سات برس کے عرصہ مین واقع ہوئے پھر بتیس[۳۲] یا اٹھائیس[۲۸] برس تدبیر و
تہذیب قوم بنی اسرائیل مین مصروف رہے یہان تک کہ مرض موت مین مبتلا ہوئے حالت بیماری
مین خبر پہونچی کہ مارق بادشاہ کوہ سلم مع اپنے توابع کے مرتد ہوگیا اُسی وقت کالب ابن یوقنا کو وصی
و ولیعہد قرار دیا اور خود عالم بقا کو مالک عالم کے پاس تشریف لیگئے عمر شریف ایک سو اٹھائیس[۱۲۸]
یا ایک سو بتیس[۱۳۲] کی ہوئی لیکن تتبع کتب سیر و تفاسیر سے واضح ہی کہ مدت دعوت و حیات مین اختلاف ہی
اہل کتاب کے نزدیک مدت دعوت اکیس برس اور عمر ایک سو دس برس کی ہی اور عرائس مین
زمان دعوت ستائیس[۲۷] برس اور عمر ایک سو چھبیس[۱۲۶] برس کی لکھی ہی اور منتظم مین ہی کہ حضرت یوشع بیالیس
برس کے تھے جب موسی کی خدمت مین آئے اور سو برس کے تھے جب موسی نے وفات پائی
بعد ازان ستائیس[۲۷] برس خلافت مین گذرانے اسطرح عمر شریف ایکسو ستائیس[۱۲۷] برس کی ہوتی ہی
اور اخبار الدول مین دو سو برس[۲۰۰] کی لکھی ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال مدفن شریف قریب
مقبرۂ افرائیم ابن یوسف علیہ السّلام بیل افرائیم پر واقع ہی اور بعض کے نزدیک موضع قدس
متعلقات صفد مین ہی اور بعض کے نزدیک مقبرۂ النعمان مین کذا فی اخبار الدول بالجملہ بعد وفات
حضرت یوشع علیہ السّلام کے کالب ابن یوقنا یا یلوقنا ابن نارض ابن یہودا نے کہ سبط یہودا خلیفہ
حضرت موسی علیہ السّلام تھے شہر مارق کو بحکم الٰہی فتح کیا اور سترہ برس کے بعد بنی اسرائیل کو لیکر
مصر مین آئے اکثر علما انکو پیغمبر مرسل کہتے ہین اور توریت مین بھی انکی نبوت پر نص صریح ہی مگر صحیح یہ ہی
کہ حضرت موسی علیہ السّلام کے خلیفون مین تھے اور بعد حضرت یوشع مہمات بنی اسرائیل انھین سے
متعلق ہوئے کہ بعد اطمینان کامل ایک لشکر عظیم ترتیب دیکر متوجہ ملک مارق ہوئے اور کوہ سلم
و نواحی کا محاصرہ کیا اور جسنے مقابلہ کیا تہ تیغ ہوا حتی کہ دس[۱۰] ہزار آدمی بت پرست مارے گئے اور
مارق مع جماعہ خاصہ مقید ہوا و بقیۃ السیف پہاڑون مین بھاگے وہین سے مع قوم بنی اسرائیل
جانب مصر تشریف لیگئے و ولایات شام بلا جدال و قتال ہاتھ آئے بعد ازان حضرت کالب نے
وفات پائی اور حالت مرض مین یوشافوس اپنے بیٹے کو خلیفہ کیا یہ شخص حسن و جمال مین شبیہ حضرت یوسف
سے تھا تو بخوف فتنہ اسنے تغیر صورت کی دعا مانگی اللہ تعالے نے مبتلاے بلاے جدری فرمایا اور
صورت متغیر ہوگئی یہ خلیفہ ہزار برس بنی اسرائیل مین رہا کذا فی اخبار الدول بعد ازان خلعت نبوت
اللہ صاحب نے حضرت حزقیل علیہ السلام کو عنایت فرمایا +

وفات حضرت یوشع علیہ السلام

بیان حضرت یوقنا کالب

بیان خلافت

و جمع حضرت حزقیل علیہ السلام

## تفریح ہفتدہم دراحوال حضرت حزقیل علیہ السلام

حزقیل علیہ السلام ابن لوذی سبط یہودا مین تھے مالک عالم نے انکو بنی اسرائیل مین بعد نوشا قوم کے نبی فرمایا اور بنابر تبلیغ رسالت جانب ایلیا خواہ داوردان کے بھیجے گئے چنانچہ حضرت حزقیل نے جاتے ہوئے حکم جہاد پہونچایا کہ تمام قوم بنی اسرائیل میدان داوردان مین کہ حوالی واسط واقع ہی جس سے پہلی اور حضرت حزقیل بنابر دعاے نصرت مشتاق ہوئے اُن کم بختون نے موت جہادی کو مارده سمجھ کر میدان جہاد سے مُنہ موڑا اور بولے کہ اِس میدان کی ہوا متعفن ہی کہ اکثر لوگ بلاے وبا مین گرفتار ہین جب ہوا میدان کی صاف ہوجائیگی اُسوقت ہم جہاد کرینگے ابھی تو ہم جہاد نہین کرتے ابھی تردد و پس و پیش مین اللہ جلّ شانہ نے بلاے طاعون مسلط فرمائی کہ اکثر لوگ مر گئے اور بعض بھاگے اور بعد رفع بلا پھر آئے دوسرے برس پھر وبا آئی حسب روایت ابن ابی رباح ستر ہزار آدمی و بروایت ابن منبہ اسّی ہزار و بروایت ابن عباس چار ہزار و بروایت حسن آٹھ ہزار و بروایت ابن ملیک تیس ہزار آدمی بھاگے اور ایک جنگل مین جو مابین دو پہاڑون کے واقع تھا ٹھہرے مالک عالم نے دو فرشتے بھیجے ایک نے طرف اعلیٰ سے دوسرے نے جانب اسفل سے ایک ایک آواز دی کہ سب ایکبارہ مر گئے اور جانور بھی اپنی اپنی جگہ پر بیجان ہوکر رہ گئے اطراف وجوانب کے لوگ دفن کرنے کو آئے مگر مردون کی کثرت سے دفن نکر سکے ناچار ایک دیوار واسطے حفاظت کے گرد اُن لاشون کے کھینچ دی تاکہ لاشین درندون سے محفوظ رہین بعد ہفتہ خواہ بعد ایک مدّت دراز کے حضرت حزقیل علیہ السلام کا اُسی طرف گذر ہوا تو صرف ایک انبار ہڈیون کا دکھلائی دیا اور باطلاع حق یہ معلوم ہوا کہ یہ ہڈیان بنی اسرائیل کی ہین تب دعا فرمانے لگے کہ یا الٰہی جسطرح تو نے ایک مرتبہ زہر ممات چکھایا اسی طرح اب شربت حیات پلا خالق حقیقی نے سب لوگون کو ایک مرتبہ زندہ کیا کہ سبحانک اللّٰہم وبحمدک لا الٰہ الا انت کہتے ہوئے اُٹھے اور شہر مین گئے اور جب تک اللہ نے چاہا زندہ رہے اور اُنکے اولاد بھی ہوئی چنانچہ نشان اُنکی اولاد کا یہ ہی کہ اُنکے بدن سے مُردے کی بو آتی ہی اسی قصہ کا سورۂ بقر مین اشارہ ہی الم تر الی الذین خرجوا من دیارہم وہم الوف حذر الموت فقال لہم اللہ موتوا ثم احیاہم یعنے تو نے دیکھے وہ لوگ جو نکل آئے گھرون سے اور وہ ہزارون تھے موت کے خوف سے پھر کہا انکو اللہ نے مر جاؤ پیچھے انکو جلا دیا **فائدہ** یہ موت موت عقوبت تھی یا موت تنبیہ نہ موت انقضاء اجل ورنہ خلاف آیۃ لا یذوقون فیہا الموت الا الموتۃ الاولیٰ واقع ہوتا ہی کیونکہ اگر استیفاء اجل کر چکتے تو پھر دنیا مین زندہ نہوتے لیکن تفسیر زاد المسیر مین لکھا ہی کہ یہ معجزہ تھا پیغمبر کا اور آیات انبیا علیہم السلام موتۃ اولیٰ سے مستثنیٰ ہین **تنبیہ** یہ قصہ اس جگہ اسواسطے فرمایا کہ مسلمان لوگ

جہاد سے منہ نہ موڑین کہ یہ عیب کی بات ہی اور ظاہر ہی کہ موت کبھون نہ چھوڑیگی آدمی کی عقل ناقص اسطرف لاتی ہی کہ مرگ سے احتراز کر کہ حذر اُس سے ممکن ہی اگرچہ عقل کامل انکار کر کے کہتی ہی کہ اگر مرضی رب موت پر آٹھہری ہی تو حذر اُس سے غیر ممکن اور جو قضا نہین ہی تو خوف مرگ بیفائدہ ہے ع از مرگ حذر کردن دو روز روا نیست * روزے کہ قضا باشد و روزے کہ قضا نیست * روزے کہ قضا باشد کوشش نکند سود * روزے کہ قضا نیست در و مرگ روا نیست * اور بعض محققین صوفیہ معنی اس آیت کے بزبان اشارت یون فرماتے ہین کہ آیۃ الذین خرجوا من دیارہم الخ سے وہ لوگ مراد ہین جو عادات اور رسوم کے گھرون سے مالوفات نفس اور طبیعت کو دریاے ریاضت کے پانی سے دھوکر باہر نکلے اور قدم ہمت سے منزل حیات حقیقی اور خانۂ بقاے ابدی مین در آئے ہین اور سیر سلوک کی تمنا مین موت جبلی سے حذر کرکے بھاگے ہین اور ظاہر ہی کہ زندگی دل کی بلا موت نفس اَمارہ کے حاصل نہین ہوتی جب یہ مردود مرا تو ہادی ہدایت اور داعی ارشاد نے صداے موتوا کان مین پہونچائی یعنے اوصاف بشریہ فانی ہوئے اور اخلاق ذمیمہ محو ہو گئے کہ یہ دونون قرب مقام سے دور رکھتے تھے اور جب حسب ارادہ مرے تو دوسری بار بحیات قابضہ بوجود دائم زندہ ہوئے اور ارشاد ہوا ثم احیاہم ہے ع بے حجابت ماند اسرار لباب * مرگ بگزین و برواز آن حجاب * نے چنان مرگے کہ در گورے روی * مرگ تبدیلی کہ در نورے روی * اور ہرگاہ کہ یہ مرتبہ بلا قہر نفس اور ہوا و شیطان کہ اعداء حق ہین ممکن الحصول نہین اسواسطے جملہ سالکان سبیل حق کو مقاتلہ کا حکم دیتے ہین اور اوسپر ترغیب اور تحریض فرماتے ہین کہ قاتلوا فی سبیل اللہ یعنے لڑو نفس و شیطان سے راہ خدا مین واعلموا ان اللہ سمیع علیم اور جانو کہ خدا سنتا ہی و جانتا ہی اسرار دلون کے یا سنتا ہی دردمندون کی نالی و زاری کہ شوق الہی مین کرتے ہین امام قشیری فرماتے ہین کہ سمیع علیم بلاکشان محبت کا تسلی نامہ ہی القصہ حضرت حزقیل علیہ السلام نے ایک مدت در از اُن لوگون مین بسر فرمائی اور حال قوم کا یہ رہا کہ گاہے موافق و گاہے مخالف ناچار ہجرت فرماکے بابل مین تشریف لائے چندروز کے بعد وفات پائی مدفن شریف درمیان حلہ و کوفہ واقع ہی تعداد عمر کسی کتاب مین نظر نہین آئی **فائدہ** بعض اہل تفسیر لکھتے ہین کہ حضرت حزقیل خلیفہ ثالث حضرت موسیٰ کے تھے انھین کا نام ذوالکفل تھا اور ابن العجوز بھی اور وجہ تسمیہ یہ لکھی ہی کہ حزقیل علیہ السلام کے باپ کے دو عورتین تھین ایک سے دس بیٹے تھے اور دوسری عقیمہ و ضعیفہ تھین سو ایک روز اُسنے جسکی اولاد تھی کہا کہ مجھکو تجھپر تفضل ہی اسپر اُس ضعیفہ کو غم ہوا اُس غم مین رات کے وقت نماز نیاز مین کھڑی ہوئی اور صبح تک استدعاے اولاد مین بالتضرع و انکسار مشغول رہی آخر دعاے بیچارہ مقبول ہوئی اور وقت طلوع آفتاب آثار حیض ظاہر ہوتے اور کیفیت

جوانی کی اسکے بشرے سے پیدا ہوئی کہ اُسکے شوہر کو میلان مباشرت ہوا چنانچہ بعد طہارت اُسنے مقاربت کی
کہ حاملہ ہوئی کہ حضرت خرقیل پیدا ہوئے اس سبب سے لوگون نے آنجناب کو ابن العجوز کہنا شروع کیا اور
بعضے کہتے ہین کہ یہ حضرت وحضرت الیسع بعد حضرت الیاس کے نبی ہوئے ہین اور حضرت ذوالکفل کے بعد
غلبہ عمالقہ ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ الیسع نبی انکا نام تھا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے
بیٹے تھے نام انکا بشر ابن ایوب اور لقب ذوالکفل اور بعد ایوب کے روم مین نبی ہوئے چنانچہ اخبار الدول
مین بھی ذکر انکا بعد حضرت ایوب کے اسطرح لکھا ہی کہ جب حضرت ذوالکفل یعنے بشر ابن ایوب رسول روم
ہوئے تو قوم کے لوگ اول ایمان لائے اللہ تعالی نے انکو حکم دیا کہ جہاد کرو قوم نے انکار کیا اور کہنے لگے

ف بیان اختلاف در نسب و زمان

کہ ای بشر ہم لوگ حیات کو دوست رکھتے ہین اور ممات کو مکروہ جانتے ہین با این ہمہ مخالفت خدا و رسول بھی
ہمارے نزدیک مکروہ ہی پس اگر تم اللہ سے یہ درخواست کرو کہ ہم لوگ نہ مرین جب تک موت نہ مانگین تو ہم
اللہ کی عبادت کرین اور اُسکے دشمنون سے جہاد حضرت نے فرمایا کہ تمنے بہت سخت سوال کیا ہی مگر نماز پر
کھڑے ہوئے اور دعا مانگی اللہ نے قبول فرمائی اور ارشاد کیا کہ تو قوم کا کفیل ہوجا چنانچہ حضرت بشر ابن
ایوب نے قوم سے مقبولیت سوال کا حال بیان کیا اور کفیل امر مذکور ہوئے اسی واسطے ذوالکفل نام ہوا اور
قوم کے لوگون مین کثرت اولاد و احفاد اس حد کو پہونچی کہ بلاد روم مین گنجایش نہ رہی تب قوم نے موت مانگی

ف وجہ تسمیہ ذوالکفل

اور اپنی اپنی اجل مین مرنے لگی یہی وجہ ہی کثرت روم کی اور حضرت بشر ابن ایوب نے شام مین وفات
پائی عمر انکی پچھتر برس کی ہوئی مزار شریف قریہ کفل متعلقات نابلس مین واقع ہی مگر صحیح عند المحققین یہ ہی کہ
ذوالکفل علیہ السلام وصی الیسع ابن اخطوب کے تھے اور خرقیل و بشر ابن ایوب بھی ملقب بذی الکفل
تھے اور اُنسے پیشتر گذرے ہین معالم التنزیل مین حضرت ابوموسی اشعری سے روایت ہی کہ لم یکن ذوالکفل
نبیا ولکن کان عبداً صالحاً اور بعضے کہتے ہین کہ ذوالکفل سے جو سورۂ انبیا مین مذکور ہین کہ واسمعیل وادریس
وذوالکفل کل من الصابرین مراد الیاس ہین واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اور بعضون نے وجہ تسمیہ ذوالکفل کی یہ
لکھی ہی کہ ذوالکفل کے زمانے مین کنعان نام ایک بادشاہ بت پرست تھا اُسنے وقت دعوت ایمان
کہا کہ اگر مجھکو بہشت ملے تو مین ایمان لاؤن حضرت ذوالکفل علیہ السلام نے اُسکا سوال جناب باری
مین التماس کیا ارشاد ہوا کہ تو بہشت کا وعدہ کر اور ضامن و کفیل ہوجا بلکہ وثیقہ اپنے دستخط سے لکھ دے
چنانچہ آنجناب نے وثیقہ لکھ دیا کہ اُس وثیقے کو بادشاہ نے اپنے پاس رکھا اور ایمان لایا اور بادشاہت
سے دست بردار قوم سے بیزار ہوکر ایک جزیرہ مین جا بیٹھا بعد مدت دراز کے قوم کے لوگون نے
تلاش کرکے ملاقات حاصل کی اور بادشاہ نے سب کو دعوت ایمان فرمائی کہ اکثر ایمان لائے اور

جب بادشاہ کی موت قریب آگئی تو اُسنے وہ وثیقہ اپنی قبر مین رکھوا لیا جب وفات پائی تو تین دن کے بعد قوم کے لوگون نے حضرت ذوالکفل علیہ السلام سے کہا کہ ہمکو نشان دوکہان بہشت ہمارے بادشاہ کو ملی اور سند اُسکی ہمکو دکھلاؤ ہر چند حضرت نے دلائل و براہین وصول بہشت کے بیان فرمائے لیکن جاہل لوگون کے خیال مین کب آتے ہین ناچار جناب الٰہی مین ملتمس ہوئے کہ یا الٰہی اس مقدمے مین میری مدد کر دو یا تین دن کے بعد ایک فرشتے نے رسید بہشت قبر مین بدستخط و مہر بادشاہ حضرت ذوالکفل کو پہونچائی کہ آنجناب نے اپنی قوم کو دکھلادی تب وہ لوگ گرویدہ ہوئے اور یقین لائے اس سبب سے ذوالکفل لقب ہوا اور صحیح یہ ہے کہ حضرت ذوالکفل نبی تھے کیونکہ اللہ صاحب نے بزمرۂ انبیا ذکر کیا ہے چنانچہ سورہ صاد مین ارشاد ہوتا ہے واذکر اسمٰعیل والیسع وذا الکفل کل من الاخیار یعنی یاد کر اسمٰعیل کو والیسع کو و ذوالکفل کو اور ہر ایک تھا خوبی والا اس مقام سے یہ بھی ثابت ہوا کہ مابین الیسع و ذی الکفل کے مغائرت تامہ ہے الیسع اور ہین اور ذوالکفل اور معالم التنزیل مین عطا سے روایت ہے کہ ذوالکفل ایک رسول نبی اسرائیل مین ہوئے ہین جب آنکی وفات قریب تر پہونچی تو وحی ہوئی کہ اے ذوالکفل تیری وفات کے دن پاس آگئے ہین سو تو ملک مفوضہ اپنا قوم نبی اسرائیل پر عرض کر اور دیکھ کون شخص اس قوم مین پرہیزگار ہے جو شخص قائم اللیل و صائم النہار اور حلیم الطبع اور متین الوضع ہو اُسکو سپرد کر کہ وہ انکا کفیل رہے حضرت ذوالکفل علیہ السلام نے ایسا ہی کیا کہ تلاش و تجسس مین تھے چنانچہ ایک جوان بصفات مذکورہ موصوف اور بشرافت نسب وحسب معروف حاضر ہوا حضرت ذوالکفل علیہ السلام نے اُسکو کفیل بنی اسرائیل قرار دیا اور وفات فرمائی اس سبب سے ذوالکفل لقب ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ ذوالکفل نے ستر پیغمبرون کو قتل سے بچایا تھا اور اُنکے کفیل ہوگئے تھے اس سبب سے ذوالکفل مشہور ہوئے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ذکر انکا سورۂ انبیا و صاد مین موجود ہے

## تفریح سیزدہم در احوال حضرت الیاس علےٰ نبینا و علیہ السلام

معالم التنزیل مین ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک الیاس علیہ السلام برادر عم زاد حضرت الیسع علیہ السلام کے ہین اور عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک الیاس نام ادریس علیہ السلام کا ہے اور یہ روایت ابن ابی حاتم کی ہے اور بقول دیگر محققین الیاس علیہ السلام ایک رسول تھے بنی اسرائیل مین اور بقول ابن عساکر سبط یوشع ابن نون سے تھے اور بعضے اولاد ہارون علیہ السلام سے کہتے ہین اور محمد ابن اسحق مطلبی نے لکھا ہے کہ الیاس ابن یاسین وبقولی ابن نشیر ابن فنحاص بن عیزار بن ہارون بن عمران اور کہتے ہین کہ الیاس کو یاسین بھی کہتے ہین جسطرح طور سینین و طور سینا بالجملہ یہ نبی ہین بالاتفاق کما قال اللہ تعالےٰ

وان الیاس لمن المرسلین اور بعثت اُنکی اہالی بعلبک پر ہوئی تھی اور بعل نام تھا بت کا اور بک بانی شہر کا اور حال یون ہوا کہ اس شہر مین اجب نام ایک بادشاہ بت پرست سخت مشرک اور خراب تھا اسنے بیس گز کا لمبا چوکھا بت بنوایا اور اُسکا نام بعل رکھا اور چار سو آدمی اُسکے مترجم کلام گویا سکر تر قرار دیے اور انکو نبی ٹھہرایا کہ وہ سب اُسکے گرد جمع رہتے ابلیس ملعون نے دیکھا کہ یہ تو نقشہ خوب جما اب اُسکے پیٹ مین گھس کر یا تین کرنے بہتر ہو سو وہ اُس بت کے اندر جا بیٹھا اور وقت سوال جواب دینے لگا اور مصاحبین سنا نکار نے لگے کہ خدا نے یہ کہا اور تابعین بادشاہ اُسی کے موافق عمل کرنے لگے بنی اسرائیل کہ حضرت یوشع ابن نون کے زمانہ سے اس شہر مین قیام پذیر تھے اور بعد حضرت خرقیل علیہ السلام کے بت پرست ہو گئے تھے وہ بھی مطیع بادشاہ ہوئے اور نصائح واعظین اور عالمین سے انگلیان کانون مین دینے لگے تب اللہ جل شانہ نے حضرت الیاس علیہ السلام کو مبعوث فرمایا کہ وہ دعوت حق مین مصروف ہوئے کہ سورۂ صافات مین ارشاد ہوتا ہے وان الیاس لمن المرسلین اذ قال لقومہ الا تتقون اتدعون بعلا وتذرون احسن الخالقین اللہ ربکم ورب آبائکم الاولین فکذبوہ فانہم لمحضرون الا عباد اللہ المخلصین یعنے تحقیق الیاس ہے رسولون مین جب کہا اپنی قوم سے کیا تمکو ڈر نہین کیا تم پکارتے ہو بعل کو اور چھوڑتے ہو بہتر بنانیوالے کو جو اللہ ہے رب تمہارا اور رب تمہارے باپ دادون کا پھر اُسکو جھٹلایا سو وہ پکڑے آتے ہین مگر جو بندے ہین اللہ کے چنے ہوئے اور بعضے کہتے ہین کہ بعثت حضرت الیاس علیہ السلام اسطرح ہوئے کہ اُس اجب بادشاہ کی ایک عورت مسماۃ ازبیل بنت ملک صیدا بڑی قتالہ کافرہ تھی جسنے سات بادشاہون بنی اسرائیل سے آشنائی کر کے نکاح کیا اور فریب سے اُنکو مار ڈالا اور ایسی قحبہ کہنہ سال تھی کہ ستر مرتبہ جنی تھی اور اُسپر یہ طرہ تھا کہ انبیا اور رسولون کے قتل کرنے پر زیادہ تر حرص رکھتی تھی چنانچہ بعض کہتے ہین کہ اسی نے حضرت یحیی پیغمبر کو قتل کرایا ہے مگر ایک حکیم ایمان دار اُسکے پاس رہتا تھا اُسنے البتہ رسولون کو اُسکے پنجہ ظلم سے چھڑایا تھا بالجملہ وہ مردار بادشاہ کے مزاج مین نہایت دخل رکھتی تھی حتی کہ جب بادشاہ کسی طرف سفر کرتا تو اسی کو خلیفہ کر جاتا کہ یہ ظالمہ قضایا مین حکم دیتی اور اُسکے جوار مین ایک مرد صالح متقی مزدکی نام قلعہ کے متصل رہتا تھا اُسکا ایک باغ تھا کہ اُسمین وہ اور اُسکی عورت اپنی بسر اوقات کرتی تھی اور بسبب جوار کے بادشاہ کو اُس بیچارہ سے ایک نوع کی رعایت ملحوظ رہتی تھی اور اسوجہ سے مسماۃ ازبیل کو نہایت حسد تھا اور ہمیشہ یہ خیال دل مین رہتا تھا کہ اگر میرا دست رس ہو تو اسکا باغ لے لون اور اسکو قتل کر دون اتفاقاً بادشاہ کسی طرف گیا اور ازبیل کو خلیفہ کر گیا اُسنے یہ وقت غنیمت جان کے ایک دن چند آدمیون کو بلا کر گواہ بنایا کہ مزدکی بادشاہ کو گالیان دیتا ہے

اور دستور اُس جگہ کا یہ تھا کہ جو شخص بادشاہ کو بد کہے وہ قتل ہو سو اُسنے مزدکی کو اپنے حضور مین طلب کر کے
جواب لیا مزدکی نے انکار کی اِسنے گواہون سے جھوٹھی گواہی لیکے مروا ڈالا اور باغیچہ لے لیا جب بادشاہ آیا
تو اُسنے یہ احوال سُنکے اپنی جورو سے شکوہ کیا کہ تجھکو مناسب تھا کہ میری غیبت مین مزدکی سے احسان کرتی
نہ کہ ایسا ظلم کیا ازبیل نے کہا کہ مزدکی نے تجھکو گالی دی تھی سو مین نے موافق تیرے حکم کے قتل کیا ہی بادشاہ
نے کہا میرا انتظار ضرور تھا ازبیل نے کہا اب جو ہوا سو ہوا آیندہ اسی طرح کرونگی تب خالق جبّار نے
حضرت الیاس علیہ السّلام کو مبعوث فرمایا کہ حضرت الیاس نے بُت پرستی سے منع کر کے ارشاد کیا کہ باغیچہ
مزدکی کے ورثہ کو واپس کر دو ورنہ تو مع جورو اپنی کے کمال ذلّت سے اسی باغیچہ مین ہلاک ہو جائیگا
بادشاہ ناراض ہو کر کہنے لگا کہ ای الیاس تو ہمکو وہ راہ چلاتا ہی جسکو اور بادشاہون نے ترک کیا ہی یعنے
جسطرح اگلے بادشاہ بُت پرست تھے اُسی طرح مین بھی ہون مجھے کیا بزرگی ہی کہ مین اُنسے خلاف ہون
اب مین تجھکو قتل کرونگا تب حضرت الیاس اُس شہر سے ہجرت کر کے ایک پہاڑ مین چھپ رہے سات برس
تک تنہائی مین پریشان اور صولت بادشاہی سے ہراسان رہے اور سوائے گھاس اور ساگ وغیرہ
اشیاے جنگلی کے کچھ کھانا نصیب نہین ہوا اور بادشاہ نے ہر چند تلاش کروایا کہین نشان نہ ملا سات برس
کے بعد وحی ہوئی کہ اب ظاہر ہونا چاہیے سو اوسکی صورت ظاہر مین یہ نمود ہوئی کہ بادشاہ کا بیٹا سخت
بیمار ہوا طبیبون نے جواب دیا اور اُس بُت نے باوجود مِنّت اور سماجت کے کچھ جواب نہ دیا اور نہ کچھ تدبیر
بتلائی اور ابلیس پیٹ ہی مین چھپکا ہو رہا اور مترجمون کی بات کسی نے نہ سُنی تب یہ قرار پایا کہ نواحی شام
مین ایک دوسرا خدا ہی اُسکو بلاؤ کہ اِس خدا سے سفارش کرے شاید بعل تمسے ناراض ہی بادشاہ نے
کہا میرا کچھ قصور نہین ہی کیونکہ مین نے اطاعت اور فرمانبرداری مین کسی طرح کی تقصیر نہین کی ہی مترجمون
نے کہا کہ تو نے الیاس کو قتل نہین کیا یہی قصور ہی کیونکہ الیاس تیرے خدا کا کافر تھا بادشاہ نے
جواب دیا کہ الیاس کا پتہ اور نشان کہین ملتا نہین ہر چند تلاش ہوئی پر ہاتھ نہ لگا اور مین ایسا پریشان خاطر
ہون کہ اب اُسکی تلاش نہین کر سکتا اگر یہ لڑکا اچھا ہو جاے تو مین خود ہی تلاش کرون اور جسطرح ملسکے
گرفتار کر کے قتل کرون تا کہ میرا خدا راضی ہو غرضکہ اُنھون نے چار سو مصاحبون کو جانب شام بھیجا جب
یہ لوگ اُس پہاڑ سے جسپر حضرت الیاس تھے قریب ہوئے تو حضرت کو ارشاد الٰہی یون ہوا کہ بلا خوف
و خطر نیچے پہاڑ کے اوترا اور ان کافرون سے معارضہ کرا اور دعوت ایمان پہونچا حضرت الیاس نے
مقابل ہو کر اول کافرون سے ارشاد فرمایا کہ مجھکو اللہ نے تمہارے اور تمہارے معتقدون کے
پاس بھیجا ہی سو تم سُنو حکم اپنے رب کا اور اپنے بادشاہ کو پہونچاؤ اور پھر جاؤ اُسکے پاس اور کہو

میری طرف سے کہ اللہ صاحب فرماتے ہین انی انا اللہ لا الہ الا انا الہ بنی اسرائیل یعنی مین ہی ہون اللہ کوئی نہین اللہ مگر مین جو معبود ہون بنی اسرائیل کا اور مارنے والا اور جلانے والا اور رزق دینے والا اور پیدا کرنے والا مین ہون تو اپنی نادانی سے دوسرے کو میرا شریک گردانتا ہی کوئی شخص جہان مین اپنے نفس کا مالک نہین ہی اور کسی کو طاقت نہین کہ ایک ذرہ کو حرکت دیسکے جسکو مین چاہتا ہون جنبش دیتا ہون جب حضرت الیاس نے اُنسے یہ کلام کہا تو وہ لوگ رُعب مین آ گئے اور بادشاہ سے آکر بولے کہ الیاس ہمکو ملا تھا بال اُسکے سفید ہین اور بہت ضعیف ہو گیا ہی کمل کا قمیص پہنے ہمارے پاس آیا تھا اُسنے ایسا کلام فرمایا کہ ہم رعب مین آکر جواب دہ نہو سکے باوصف اسکے کہ ہم چار سو آدمی تھے اور وہ تنہا تھا بادشاہ نے کہا زندگی کا لطف نہین جب تک الیاس زندہ ہی کسی طرح الیاس کو گرفتار کرو چنانچہ پچاس آدمی زور آور ہوشیار اِسی طرح سے سمجھا کر روانہ کیے کہ تم کسی حیلے اور تدبیر سے یون طمع دیکر لاؤ کہ تمام شہر کے لوگ تیرا ایمان لاوینگے غرضکہ وہ پہاڑ کے قریب گئے اور پکارنے لگے کہ یا نبی اللہ ابرز لنا واحسن علینا یعنے اے نبی اللہ کے ظاہر ہو اور احسان کر ہمپر کہ ہم ایمان لائے اور ہمارا بادشاہ بھی ایمان لائیگا اور سب قوم بنی اسرائیل نے تمکو سلام کہا ہی اور قوم بادشاہ بھی تمھاری گرویدہ ہی اور کہتے ہین کہ تمھاری نبوت مین ہمکو کچھ شبہ نہین تشریف لاؤ اور امر معروف اور نہی عن المنکر جاری فرماؤ اور اب مناسب نہین ہی کہ ہم ایمان لاوین اور تم ہمسے جدا رہو حضرت الیاس علیہ السلام نے یہ کلام سُنکر ارادہ کیا کہ ظاہر ہون وحی ہوئی کہ اے الیاس توقف کر انکا ظاہر و باطن موافق نہین یہ لوگ منافقانہ کلام کرتے ہین تو میرے جناب مین دعا کر تب حضرت الیاس نے یون دعا مانگی کہ یا الٰہی اگر یہ لوگ سچے ہین تو مجھکو اجازت ہو کہ مین ظاہر ہو جاؤن اور جو یہ لوگ کاذب اور منافق ہین تو انپر آگ آسمانی گرے کہ جل جائین ہنوز یہ مقولہ تمام نہوا تھا کہ آگ آسمان سے برسنے لگی اور سب جل گئے بادشاہ کو خبر ہوئی بادشاہ نے پچاس آدمی اور سخت مکار دغاباز پہاڑ کی طرف بھیجے وہ بھی گئے اور کہنے لگے یا نبی اللہ نعوذ باللہ و بک من غضب اللہ ہم صدق دل سے ایمان لائے ہین اور اول جو لوگ حاضر ہوئے تھے سب منافق تھے اگر انکا نفاق ہمکو معلوم ہوتا تو ہم انکو اصلا اسطرف متوجہ نہونے دیتے مگر وہ لوگ جزاے اعمال کو پہونچے اور تیرے خدا نے بخوبی انتقام لیا اب جاے اندیشہ نہین ہی ہم لوگ قوت ایمانیہ سے بشوق خدمت حاضر ہوئے ہین بلا تامل آپ تشریف لائین حضرت الیاس علیہ السلام نے کلام منافقانہ انکا سُنا تو پہلے ہی دعا مانگی پھر آگ برسی جسطرح اول برسی تھی یہ بھی خبر بادشاہ کو پہونچی اب بادشاہ نہایت غمگین اور خشمگین ہو کر مستعد ہوا کہ بذات خود حضرت الیاس علیہ السلام پر خروج کرے الا بیماری بیٹے سے متوقف اور

معذور رہا اور فوج کے سپاہی بھی اُس طرف جانے سے انکار کرنے لگے تب بادشاہ نے یہ مشورہ کیا کہ اُس حکیم مومن کو جو مسماۃ اربیل کا منشی ہی بھیجنا چاہیے اغلب کہ الیاس علیہ السلام اُسکی ایمانداری سے متوجہ ہو کر پہاڑ سے اُتر پڑینگے غرضکہ اُس منشی کو طلب کیا اور کہا کہ مین حضرت الیاس کے ساتھ بدی نکرونگا بلکہ منظور یہ ہی کہ الیاس ہماری ایمانداری سے مطلع ہو جائین تو اُنکے پاس حاضر ہوا اور میری طرف سے معذرت کر اور میرے ایمان کی خبر دے وہ منشی مستعد ہوا بادشاہ نے ایک لشکر جرار اُسکے ساتھ کیا اور لشکریون سے سمجھا دیا کہ جسطرح ہو سکے الیاس کو پہاڑ سے نیچے اتار دو اور یہان لاؤ اور منشی سے یون کہا کہ میرا بیٹا سخت مبتلاے بلا ہی اور سپاہی میرے بلاے سخت مین گرفتار ہو چکے ہین اب مین پرستش بت کی ترک کرتا ہون آپ تشریف لائین بالجملہ وہ منشی مع لشکر جانب جبل روانہ ہوا اور قریب پہونچ کر پکارنے لگا کہ اے الیاس مین حاضر ہوا ہون حضرت الیاس آواز مسلمان کی سنتے ہی مشتاق ملاقات ہوئے اُسی وقت وحی ہوئی کہ اے الیاس اب ظاہر ہو اور سلام علیک کر چنانچہ حضرت الیاس سامنے کھڑے ہو کے پوچھنے لگے کہ اے مومن خیر ہی تو کہان آیا اُسنے کہا خیر ہی مجھکو اُس منکر جبار نے تمھارے پاس بھیجا ہی کہ مین تمکو شہر مین لیجاؤن حضرت الیاس نے فرمایا کہ مین اُس کافر کے پاس نہین جا سکتا پھر وحی ہوئی کہ اگر تو نہ جائیگا تو بادشاہ اُس مسلمان کو تہمت کریگا اب بادشاہ کے پاس جا اور مین محافظ ہون کہ اُس بادشاہ کو اُسکے بیٹے کے غم مین ایسا مبتلا کرونگا کہ ہرگز تمسے متوجہ نہو سکیگا اور ایسی طرح ست مارونگا کہ عبرت ہو جاے جب وہ مر جاے تب چلے آنا غرضکہ حضرت الیاس اُسی لشکر کے ساتھ شہر مین تشریف لائے اور بادشاہ کے پاس پہونچے اُسوقت بادشاہ کا بیٹا زیادتی درد سے بیتاب ہو کر مر گیا کہ بادشاہ حضرت الیاس سے مل نسکا اور حضرت الیاس صحیح سالم پھر پہاڑ پر تشریف لائے جب بادشاہ کو غم سے فرصت ملی تو اُسنے منشی سے حال پوچھا منشی نے عرض کیا کہ مین بھی آپ کا شریک غم رہا مجھکو نہین معلوم کہ الیاس کہان گئے ناچار چپکا ہو رہا پھر بعد مدت دراز کے حضرت الیاس تنہائی سے گھبرائے اور پہاڑ سے نیچے اُترے اور یونس ذی النون کی مان کے گھر مین چھ مہینے تک چھپے رہے اُس عرصے مین حضرت یونس علیہ السلام دودھ پیتے تھے چھ مہینے تک انکی مان بہت خوشی سے خدمت کرتی رہین بعد اُسکے پھر حضرت الیاس پہاڑ پر گئے اور یونس کی مان انکی مفارقت سے بہت ملول ہوئین اس عرصے مین یونس علیہ السلام نے اتفاقیہ انتقال کیا تو اُنکی مان حضرت الیاس کی تلاش مین نکلی اور پہاڑون پر ڈھونڈھتی پھری آخرکار حضرت الیاس سے ملاقات ہوئی اُسنے عرض کیا کہ اے الیاس مجھکو تیری مفارقت سے بڑا رنج ہوا تھا اُسپر اور غضب یہ ہوا کہ میرا بیٹا یونس بھی مر گیا اب مصیبت نے غلبہ کیا اور بلا نے ہجوم کیا اے ادرم جانتے ہو کہ اُسکے سوا میرے کوئی لڑکا نہین تھا اب یہ درخواست ہی کہ تم دعا کرو کہ میرا لڑکا زندہ ہو جاے اور اسی اُمید سے

مین مے ابتک دفن نہین کیا ہی حضرت الیاس نے کہا کہ اس بات مین مجھکو حکم نہین ہی اور مین تابعدار ہون جیسا حکم ہوتا ہی ویسا کرتا ہون تب یونس کی مان رونے لگین اور تضرع وزاری سے پیش آئین کہ حضرت الیاس نے اُسکو تسلی دی اور نہایت مہربانی سے پوچھا کہ تیرا بیٹا یونس کے دن سے مرگیا ہی کہا سات دن ہوئے تب حضرت الیاس بحکم الٰہی ساتھ چلے اور ساتوین دن یونس کے گھر مین پہونچے دیکھا کہ یونس چودہ دن سے مردہ ہین حضرت الیاس نے وضو کرکے نماز پڑھی اور دعا مانگی اللہ نے یونس کو زندہ کیا پھر حضرت الیاس اپنے مکان پر تشریف لائے اسی عرصہ مین قوم الیاس نے گناہون کی شدت سے کمال روسیاہی حاصل کی اسپر حضرت الیاس کو نہایت غم ہوا سات برس کے بعد وحی ہوئی کہ اے الیاس غم کسواسطے کرتا ہی جو تو مجھسے طلب کرے عطا کرون حضرت الیاس نے عرض کیا کہ یا الٰہی میری تمنا یہ ہی کہ تو مجھکو اس عالم سے اُٹھا لے اور میرے باپ دادون سے ملادے کیونکہ بنی اسرائیل سے مجھکو رنج پہونچا اور انکو مجھسے تکلیف پہونچی ہی حکم ہوا کہ اے الیاس یہ وقت ایسا نہین ہی کہ مین زمین کو تجھسے خالی کرون لیکن تو اور درخواست کر تو مین قبول کرون حضرت الیاس نے عرض کیا کہ اگر مجھکو اس عالم سے اٹھانا منظور نہین تو سات برس تک پانی کا برسانا اور نہ برسانا میرے اختیار مین ہو جاے ارشاد ہوا کہ اے الیاس مین رحیم ہون اگرچہ بندے ظالم ہون پھر عرض کیا کہ چھ برس تک اختیار ملے ارشاد ہوا کہ مین رحیم ہون عرض کیا کہ پانچ ہی برس تک اختیار ملے ارشاد ہوا کہ مین ارحم الراحمین ہون اور یہ بات رحمت کے خلاف ہی لیکن واسطے عبرت کے تین برس تک خزانہ پانی کا تیرے ہاتھ مین کیے دیتا ہون کہ بلا حکم تیرے پانی نہ برسیگا حضرت الیاس نے کہا مین پھر کسطرح زندہ رہونگا ارشاد ہوا کہ بعض طیور تیرے واسطے قوت لایموت پہونچائینگے حضرت الیاس نے عرض کیا کہ اب مین راضی ہوا بعد ازان پانی کا برسنا موقوف ہوا گائے بکری بیل خچر وغیرہ وحوش طیور مرنے لگے درخت سوکھ گئے آدمیون کو سخت مشکل پڑی مگر حضرت الیاس خوش تھے اور قوم کے لوگ تباہ اور بدحال ہوا کہ اب قوم کے لوگ حضرت الیاس کی تلاش مین پھرتے بلکہ جس گھر مین روٹی کی بو پاتے تو یہی کہتے کہ الیاس اس گھر مین آئے ہین اور تلاش کرتے ہوئے غیر کے گھر مین چلے جاتے گھر والے ناراض ہوتے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب تین برس قحط پڑا تو ایک دن حضرت الیاس ایک عورت ضعیفہ کے پاس تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ تیرے پاس کچھ کھانا ہی اُسنے کہا تھوڑا آٹا اور تیل ہی حضرت الیاس نے دعا فرمائی کہ یا الٰہی اسمین برکت دے اللہ تعالیٰ نے انکی دعا سے دونون چیزین بڑھا دین کہ اُسکا گھر بھر گیا تب قوم نے اُس بڑھیا سے پوچھا کہ یہ برکت کہان سے آئی اُسنے کہا کہ ایک شخص اس صورت کا میرے گھر آیا تھا اُسنے دعا کی ہی ان لوگون نے کہا کہ وہ شخص الیاس تھا سو ڈھونڈھتے ہوئے دوڑے کہ حضرت الیاس سے ملاقات ہو حضرت الیاس بھاگے اور ایک عورت کے گھر مین داخل ہوئے اُسکا بیٹا نوجوان سخت بیمار تھا اُسکے واسطے دعا کی وہ اچھا ہوگیا اور ایمان لاکے ساتھ ہوا کہ جس جگہ حضرت الیاس جاتے

وہ بھی ساتھ جاتا محققین مفسرین لکھتے ہین کہ وہ نوجوان حضرت الیسع ابن اخطوب تھے جب اسپر چند روز
گذر گئے تب وحی ہوئی کہ الیاس تو نے بہت بیگناہون کو ہلاک کیا ہے یعنے بہائم طیور ہوام وغیرہ بھی تیری
بددعا سے ہلاک ہوئے حضرت الیاس نے عرض کیا کہ یارب اب مین دعا کرون تو نجات ملے ارشاد ہوا کہ
دعا کر سو حضرت الیاس اپنی قوم مین تشریف لائے فرمانے لگے کہ تمنے رنج بیشک اٹھایا اور ہلاک ہوئے
بلکہ تمھاری خطاؤن سے بہائم وغیرہ بیگناہون پر بھی آفت پڑی اور ابھی تک تم انھین خیالات باطلہ
مین پڑے ہو اگر تمکو سمجھ ہو تو اپنے بتون کو باہر نکالو اور انسے پانی کی درخواست کرو اگر ملے تو فہو المراد ورنہ
انکو دور کر کے اپنے اللہ سے پانی مانگو کہ اللہ تعالے پانی برساتے بولے یہ ایک بات تو نے انصاف کی کہی پھر
بعد اسکے اپنے بتون کو باہر نکال لائے اور ہاتھ جوڑ کر دعا کرنے لگے کسی نے نہ سنا تب کہنے لگے کہ اے
الیاس ہم لوگ باطل پر ہین اور اپنے خداؤن سے ہلاکت مین پڑے ہین اب تو ہمارے واسطے اللہ سے
دعا کر حضرت الیاس نے حضرت الیسع کو ساتھ لیکر دعا فرمائی ایک ٹکڑا ابر کا سپر کے برابر دریا پر نظر پڑا
اسنے ایسا پانی برسایا کہ بالکل بستی سیراب ہو گئی اور بنی اسرائیل خوش ہوئے مگر اپنے قول و قرار پر
قائم نہ رہے بلکہ اور بھی بگڑے تب حضرت الیاس نے دعا مانگی کہ یا الٰہی بنی اسرائیل کے قلوب قبول
ہدایت کے لائق نہین ہین اور اب مجکو ایمان کامل کی انسے امید نہین ہے اسلیے تو مجکو علیحدہ کر ارشاد ہوا
کہ فلان روز فلان مقام پر حاضر ہو وہان جو کچھ سواری تجھکو ملے اسپر سوار ہو جب وہ دن آیا تو حضرت الیاس
علیہ السلام مقام معہود پر مع حضرت الیسع کے تشریف لیگئے دفعۃً ایک گھوڑا یا اونٹ آگ کا ظاہر ہوا یا
رنگ اسکا مانند آتش تھا علے التقدیرین حضرت الیاس علیہ السلام اسپر سوار ہوئے حضرت الیسع نے
آواز دی کہ مجھکو کیا ارشاد ہے الیاس نے اپنے کپڑے اتار کر پھینکے گویا اشارہ کیا کہ مین نے تمکو خلیفہ کیا الغرض
اللہ تعالی نے حسب استدعاے الیاس علیہ السلام اسطرح بنی اسرائیل سے انکو جدا کر دیا اور شہوت
طعام و شراب انسے سلب کر لی کہ فرشتون کے ساتھ اڑنے لگے معالم التنزیل مین ہے کہ حضرت الیاس
وخضر علیہما السلام ہر سال بیت المقدس مین آ کے روزے رکھتے ہین اور الیاس موکل ہین جنگلون پر
اور خضر دریاؤن پر اور عرفات مین دونون ملتے ہین اور رمضان شریف کے روزے باہم افطار کرتے ہین
اور صلحاے امت مصطفویہ سے ملاقات کرتے ہین جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے کہ غزوہ تبوک مین واثلہ
ابن اسقع رض حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے وہ فرماتے ہین کہ تھوڑی رات گذرے لشکر کے
ساتھ چلے جاتے تھے کہ دفعۃً ایک آواز حزین آئی کہ اللہم اجعلنی من امۃ محمد ن المرحومۃ المغفورۃ المستجابۃ
لہا المبارکۃ سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حذیفہ و انس رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ اس درہ کو ہ مین جاؤ

اور دیکھو کون آواز دیتا ہی حذیفہ و انس رضی اللہ عنہما کہتے ہین کہ ہمنے جا کر دیکھا تو ایک شخص نورانی سفید ریش لباس سفید برف سے زیادہ پہنے ہوئے بیٹھا ہی اور قد شریف اُسکا ہمسے دو تین ذراع بلند ہی ہمنے اُنکو سلام کیا اُنھون نے جواب سلام دیکر فرمایا تم بھیجے ہوئے رسول اللہ کے ہو ہمنے کہا ہان تم کون ہو رحمۃ اللہ علیک وہ بولے مین الیاس پیغمبر ہون بعزم مکہ جاتا تھا کہ ایک لشکر فرشتون کا کہ جسمین مقدمۃ الجیش جبرئیل علیہ السلام ہین اور ساقہ میکائیل ہمراہ تمہارے نظر پڑا اُن دونون سردارون نے کہا کہ تمہارا بھائی محمد رسول اللہ صلعم جاتا ہی اُسکو دیکھو اور سلام کرو سو تم لوٹ جاؤ اور میرا سلام پہونچاؤ اور کہو کہ مین تمہاری خدمت مین اسلیے حاضر نہین ہو سکتا کہ مجھکو دیکھکر تمہارے لشکر کے اونٹ بھاگین گے اور آدمی ڈرینگے اگر آپ خود تشریف لائین تو نہایت بہتر ہی حذیفہ و انس رضی اللہ عنہما فرماتے ہین کہ ہمنے اُنسے مصافحہ کیا اُنھون نے انس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ یہ حذیفہ ابن الیمان صاحب سر رسول آخر الزمان ہی اور یہ شخص آسمان مین زمین سے زیادہ مشہور ہی اہل السموات اُسکو صاحب سر رسول اللہ کہتے ہین بعد اسکے دونون صحابی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آئے اور پیغام الیاس علیہ السلام کا پہونچایا حضرت صلعم اُس درہ کوہ مین تشریف لیگئے اور بعد مصافحہ و معانقہ بیٹھے اور کلام کرتے رہے اِس قصے کو حاکم نے مستدرک مین بھی بیان کیا ہی کہ اسناد اِس حدیث کے ضعیف ہین اور ذہبی نے حاکم پر طعن کی ہی اور فرمایا ہی کہ اس قصے کی صحت مین کچھ کلام نہین ہی اور بیہقی نے دلائل النبوۃ مین مفصل بیان کیا ہی القصہ بعد تشریف لیجانے حضرت الیاس علیہ السلام کے اللہ تعالے نے اجب بادشاہ پر ایک دشمن قوی مسلط فرمایا کہ اُسنے گلستان مزدکی مین بادشاہ کو مع سماۃ ازبیل اُسکی عورت کے نہایت ذلت و خواری سے قتل کیا اور لاش کو اسی جگہ چھوڑا کہ ہڈیان اُنکی اُسی باغ مین گل گئین ذکر حضرت الیاس علیہ السلام کا سورہ والصافات مین ہی واللہ اعلم

## تفریح نوزدہم در احوال حضرت الیسع ابن حطوب علیہ السلام

نسب شریف اُنکا افرائیم ابن یوسف علیہ السلام سے ملتا ہی اُنکو اللہ نے بنی اسرائیل کا پیغمبر کیا کہ سب ایمان لائے اور احکام توریت بجالانے لگے اور حضرت الیسع معجزات و خوارق عادات دکھلانے لگے چنانچہ ایک مرتبہ اہل اریحا نے شکایت کی کہ ہمارے ہیسان کا پانی کھاری ہی آپ دعا فرمائین کہ شیرین ہو جاوے آنجناب نے قدرے نمک لیکر دریا مین ڈالا شیرین ہو گیا ایک مرتبہ ایک بیوہ عورت نے قلت مال و فاقہ کشی کی شکایت پیش کی اور کہا کہ میرا خاوند نہایت مقروض ہی آنجناب نے پوچھا تیرے گھر مین کچھ ہی اُسنے کہا تھوڑا گھی ہی حضرت نے طلب کر کے ایک ظرف سے دوسرے ظرف مین کیا

معجزات حضرت الیسع

اُس عورت نے اپنا گھی اُٹھا لیا اور اسی طرح کرنے لگے تو گھی بڑھنے لگا اور محلے کے لوگ خرید کرنے لگے اس عورت کو فراغت حاصل ہوئی کہ اُسکے شوہر کا قرض بھی ادا ہو گیا ازانجملہ ایک عورت کے گھر گئے تو اُسکے اولاد نہ تھی اُسکے واسطے دعا فرمائی کہ اُسکے لڑکا پیدا ہوا اور بعد چندروز کے مر گیا تب آنجناب نے اُسکو زندہ کیا ازانجملہ ایک دن شاگردون نے کھانا پکایا اور بھولے سے تھوڑا عرق اندراین کا ڈال دیا جب حضرت الیسع کھانے لگے تو اُس سے آواز آئی کہ مجھمین زہر ملا ہی آپ نے تھوڑا آٹا ڈال دیا اثر زہر جاتا رہا ازانجملہ ایک بادشاہ نے حضرت کو قید کیا اللہ نے محافظین کو اندھا کر دیا کہ حضرت الیسع محبس سے نکل آئے ازانجملہ بادشاہ دمشق کو برص لاحق ہوا اُسنے حاکمانِ بنی اسرائیل سے ایک طبیب طلب کیا اُنھون نے حضرت الیسع کو بھیجا حضرت نے فرمایا کہ اس ندی مین غسل کرے اچھا ہو جاوے ویسا ہی ہوا بادشاہ نے زر کثیر نذر کے طور پر بھیجا آنجناب نے واپس کیا مگر خادم نے ازروے طمع کچھ لیلیا حضرت کو اطلاع ہوئی بد دعا فرمائی وہ کمبخت برص مین مبتلا ہو گیا اسی طرح اکثر خوارق عادات کتب تواریخ مین لکھے ہین القصہ بنی اسرائیل سرگرم عبادت حضرت الیسع کی حیات تک رہے جب آنجناب نے وفات پائی تو سب بے دین ہو گئے عمر حضرت الیسع چارسو دو[۴۰۲] برس کی ہوئی اور قریہ تستر مین مدفون ہین اور بعضے کہتے ہین کہ جب حضرت الیسع مخالفت بنی اسرائیل سے تنگ ہوئے تو ذوالکفل کو اپنا وصی فرما کے وفات فرمائی اور بعض کے نزدیک بعد حضرت الیسع سات سو برس تک کوئی پیغمبر بنی اسرائیل مین نہین ہوا علماء توریت البتہ تھے وہ ہر چند وعظ و نصیحت کیا کیے مگر کسی نے اُنکا کہنا نہ مانا آخرکار منتقم حقیقی نے ایک قوم بلتانا کو کہ ازروے تواریخ عمالقہ و جبابرہ مشہور ہین مسلط کیا سردار اُنکا جالوت تھا اور بعضے کہتے ہین کہ یہ جالوت وہ ہی جو سپہ سالار شداد بن عاد کا تھا اور اسمین شک نہین کہ وہ لوگ بڑے زور آور قوی ہیکل بلند بالا تندخو سخت رو بقایاے عادیون سے تھے اُنھون نے اکثر قوم بنی اسرائیل کو قتل کیا اور بعضون کو دیار و مسکن سے نکال دیا اور بعضون کو قید کیا اور تابوت سکینہ چھین کر بابل مین لیگئے تب عقلاء بنی اسرائیل مضطرب ہوئے نہ کوئی پیغمبر تھا جس سے حال کہین اور نہ کوئی بادشاہ کہ اُسکے زور سے مقابلہ کرین اور اس عرصے مین ایک عورت حاملہ کے سواے سبط نبوت مین کوئی شخص باقی نہ تھا سو اُسکو بھی قید کر رکھا تھا اس خیال سے کہ شاید اسکے بیٹی ہوا ور بدلکر اُسکو بیٹا کرے کہ وہ دعوی نبوت کرنے لگے کہ اُسکے باعث سے امر معروف و نہی منکر مین گرفتار ہو جاوین مگر منظور الٰہی یون تھا کہ پھر اس قوم کے واسطے نبی مبعوث کیا جاوے سو اُس عورت کے دل مین خداوند تعالی نے ڈالا کہ تو فرزند صالح و صاحب تقوی کی دعا کر تو مین قبول کرون اُس عورت نے حالت قید مین دعا مانگی کہ یا الٰہی مجکو فرزند صالح عنایت کر تاکہ گمان فاسد

اسکا جاتا رہے چنانچہ دعا اُسکی مقرون باجابت ہوئی اور فرزند نامی اور پسر گرامی پیدا ہوا سے گوہرے رخشندہ از برج نبوت رخ نمود ✦ اخترے تابندہ بر اوج رسالت زد علم ✦ اُس عفیفہ نے اُسکا نام اشموئیل رکھا کہ بزبان عربی اُسکو اسمعیل کہتے ہین باپ اُنکے قبل تولد وفات پا چکے تھے اب اُنکو اللہ نے نبی کیا واللہ اعلم بالصواب

## تفریح بستم در احوال حضرت شموئیل علیہ السلام

بعضے کہتے ہین کہ شموئیل بالشین المعجمۃ ابن ریان ابن علقمہ خواد ابن فاہث ابن لاوی ابن یعقوب علیہ السلام ہین مگر صحیح یہ ہی کہ انکے باپ کا نام لبقانا اور اولاد یوسف علیہ السلام سے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ نام انکا شموائیل تھا کہ بزبان عربی اسماعیل ہوتا ہی اور بعضے صموئیل بصاد مہملہ لکھتے ہین چنانچہ کتب بنی اسرائیل مین اسی طرح ہی بالجملہ پیش از تولد صموئیل اُنکے پدر بزرگوار نے وفات پائی تھی اس سبب سے ایک رئیس قوم نے لیکر پرورش کیا یا انکی مان نے مثل پدر تربیت و تعلیم فرمایا جب بیس برس کے ہوکر بالغ ہوئے اور صحیح یہ ہی کہ چالیس برس کے ہوئے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا کہ اے شموئیل اللہ نے بنی اسرائیل کا پیغمبر کیا ہی تم اس قوم کو دعوت الی الحق فرماؤ اور حکم جہاد پہونچاؤ اور عبادت اصنام سے منع کرو چنانچہ حضرت شموئیل پیغام الٰہی سنکر قوم مین تشریف لائے اور صورت نبوت کہ پردہ عدم مین چار سو برس سے مستور تھے نظر پڑی تو ایک جماعت نے از روے حسد و عناد کہا استعجلت بالنبوۃ یعنی تو نے نبوت کی جلدی کی کہ ہنوز وقت اسکا نہ تھا اگر تو سچا ہی تو ہمارے واسطے ایک بادشاہ معین کر کہ بامداد و اعانت اُسکے دشمنان دین کو دفع کرین اور یہی بات تیرے نبوت پر دلیل اور رسالت کا معجزہ ہوگی یہ درخواست بنی اسرائیل نے اس سبب سے کی تھی کہ حضرت اشموئیل علیہ السلام مامور بقتال نہ تھے چنانچہ اللہ صاحب درخواست بنی اسرائیل کی حکایت سورہ بقر مین فرماتے ہین اذ قالوا لنبی لہم ابعث لنا ملکا نقاتل فی سبیل اللہ یعنے جب کہا بنی اسرائیل نے اپنے نبی کو کھڑا کر دے ہمکو ایک بادشاہ کہ ہم لڑین اللہ کی راہ مین یہ معاملہ بیت المقدس مین ہوا اہل تحقیق کہتے ہین کہ بسبب واقع ملک و دین باہدیگر متعلق ہین کیونکہ اگر امر نبوت بلا شوکت بادشاہی متمشی ہوتا تو کبراے بنی اسرائیل باوجود اشموئیل علیہ السلام کے استدعاء بادشاہ نہ کرتے اس جگہ سے معلوم ہوا کہ قصر دین کا استحکام اساس ملک سے مضبوط ہی اور خزانہ ملک کی حراست و حفاظت احکام دین سے مربوط سے نہ بے تخت شاہی بود دین را پاے ✦ نہ بے دین بود بادشاہے بجاے ✦ ولہذا عقلا کہتے ہین کہ الملک والدین توامان سے نزد خرد شاہے و پیغمبرے ✦ چون دو نگین اند و یک انگشتری ✦ گفتہ آنہا ست

کہ آزادہ اند * کین وزیک اصل ونسب زادہ اند * بالجملہ حضرت اشموئیل نے فرمایا ہل عسیتم ان کتب
علیکم القتال الا تقاتلوا قالوا ومالنا الا نقاتل فی سبیل اللہ وقد اخرجنا من دیارنا وابنائنا یعنے یہ بھی
توقع ہی تمسے کہ اگر حکم ہو تمکو لڑائی کا تب نہ لڑو بولے ہمکو کیا ہوا کہ ہم نہ لڑین اللہ کی راہ مین اور ہمکو نکال دیا گیا
ہمارے گھرون سے اور بیٹون سے مگر با وصف اسکے جب حکم ہوا جہاد کا تو پھر گئے مگر تھوڑے
انمین اور اللہ کو معلوم ہین گنہگار اخبار مین آیا ہی کہ جالوت ابن علیق رئیس عمالقہ نے کہ بحر روم کے کنارے
مابین فلسطین ومصر کے رہتا تھا اور اولاد سلاطین سے تھا سو اسنے چالیس آدمی گرفتار کر لیے تھے
اور اطراف کے شہر بھی چھین لیے تھے کہ وہان کے باشندے بھاگ کر بیت المقدس مین جمع ہوئے
تھے اُسی بات کو نبی اسرائیل تعلیل قتال مین بیان کرنے لگے چونکہ سخن انکا حظ نفسانی سے علاقہ
رکھتا تھا سعادت شہادت سے محروم رہے اگر یون کہتے کہ ہم کیون نہ جہاد کرینگے حالانکہ وہ کافر مفسد
ہین کہ ملک خدا مین انکے ہاتھ سے خرابی ہی اور بندگان حق ناحق قتل ہوئے ہین تو بیشک دولت
جہاد سے محروم نہ رہتے **فائدہ** اس آیت سے معلوم ہوا کہ ترک جہاد ظلم ہی بالجملہ جب حضرت
اشموئیل علیہ السلام نے یہ کلام سنا تو جناب باری مین بمناجات وزاری مستدعی ہوئے کہ یا الٰہی
کوئی بادشاہ اس قوم پہ مقرر فرما حق سبحانہ تعالیٰ نے ایک عصا اور ایک پیالہ روغن قدس کا بھیجا اور حکم دیا
کہ جو شخص تیرے گھر مین آئے اور روغن قدس نمایان کرے اور یہ عصا اُسکے قد سے برابر ہو تو اس
روغن سے سر اور منہ اُسکا چرب کر اور علم اور سلطنت اُسکا قوم مین قائم کر کہ بادشاہی اِس قوم کی اُسی کو
زیبا ہی تب حضرت اشموئیل علیہ السلام بحکم رب جلیل مطمئن ہو کر بیٹھے اکابر واشراف قوم اُسکے
گھر مین آمد وشد کرنے لگے لیکن یہ روغن جوشش زن نہ ہوا اور نہ عصا کسی قد سے برابر پڑا آخر کار ایک روز
ایک مرد سقہ یا دباغ کہ اُسکا ساول نام تھا اور طول قامت سے اُسکو طالوت کہتے تھے اُنکے گھر
مین آیا بعض تفسیرون مین نسب نامہ طالوت کا یون لکھا ہی کہ ساول ابن قبیس ابن ضرار ابن انس
ابن عرف بن بنیامین بن یعقوب علیہ السلام اور سبب آنے کا یہ ہوا کہ اُسکے باپ کا گدھا جاتا رہا سو ایک
غلام کے ساتھ اُسکے باپ نے تلاش کرنے کو بھیجا تھا اثنائے راہ مین حضرت اشموئیل کا دولت خانہ
نظر آیا اور اطراف بارگاہ نبوت پر اشراف و اکابر بنی اسرائیل کا ہجوم دیکھا اُسنے غلام سے پوچھا کہ یہ کون مکان ہی غلام نے
عرض کیا کہ یہ ڈیوڑھی ہی حضرت اشموئیل ع کی طالوت نے کہا کہ چلو ہم بھی ملازمت حاصل کرین شاید کہ ہمارا گم شدہ اُنکے
دعا سے ملجاوے چنانچہ طالوت نے قدم اپنا دروازہ کے اندر رکھا فوراً روغن قدس جوشش زن ہوا حضرت اشموئیل
اُٹھ کھڑے ہوئے اور وہ عصا لیکر اُسکے قد سے ناپا تو عصا اُسکے قد سے برابر نکلا ہ چون

قد ترا قیاس کردم + با سرو سہی برابر افتاد + حضرت اشموئیل علیہ السلام نے متبسم ہوکر ارشاد کیا کہ بادشاہی قوم بنی اسرائیل کی تجھکو مبارک ہوے مژدہ کہ آیام بکام تو شد + خطبۂ اقبال بنام تو شد + بعد اُسکے طالوت کے سر اور منہ مین تیل لگایا طالوت نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ تجھکو معلوم ہی کہ میرے گھرانے مین کوئی بادشاہ نہین ہوا ہی اور میرا گروہ کمتر اسباط بنی اسرائیل مین ہی مین کسطرح انکا بادشاہ ہو سکتا ہون حضرت اشموئیل نے فرمایا کہ ای طالوت نعمت مملکت مالک ملک و ملکوت کی ہی جسکو چاہے اُسے عنایت کرے اور جس سے چاہے چھین لے ملک دہ و ملک ستان اوست بس + راہ حکمش نبرد ہیچکس + طالوت نے عرض کیا کہ مجھکو کچھ نشان چاہیئے کہ جس سے میرا دل تسکی پائے حضرت اشموئیل نے فرمایا کہ ای طالوت تو اپنے گھر پہونچے تو دیکھ تیرے باپ نے اپنا گمشدہ پایا یا نہین اگر مل گیا ہی تو یہی نشان سلطنت ہی طالوت جب گھر مین آیا تو کلام حضرت کا مطابق واقع پایا اور تہ دل سے سلطنت پر مستعد ہوا حضرت اشموئیل نے اشراف بنی اسرائیل کو بادشاہی طالوت سے خبردار فرمایا کہ ان اللہ قد بعث لکم طالوت ملکا یعنی اللہ نے کھڑا کر دیا تمکو طالوت بادشاہ قالوا انی یکون لہ الملک علینا ونحن احق بالملک منہ ولم یوت سعۃ من المال یعنی بولے کہان ہو گی اُسکو سلطنت ہماری اوپر اور ہمارا حق زیادہ ہی سلطنت مین اُس سے اور اُسکو ملی نہین کشائیش مال کی یعنے طالوت سبط مملکت مین نہین ہی باین دلیل کہ حضرت یعقوب نے یون دعا فرمائی تھی کہ نبوت نسل لادی مین اور سلطنت نسل یہودا مین ہو اور سبط طالوت فروترین اسباط مین ہی کیونکہ طالوت اولاد بنیا مین ہی کیونکہ سلطنت اُسکے گھرانے مین نہین ہوئی وہ تو کھیت کیا کرتا ہی اور قوم مین حقیر ہی قطع نظر اس سے عادت ہی کہ بادشاہ یا نسیب ہوتا ہی یا بخزانہ سو طالوت بنسبت نسب سے عاری ہی کہ سبط سلطنت مین نہین بارے صاحب مال بھی ہوتا کہ تجہیز لشکر اور تہیۂ اسباب جنگ کر سکتا سو بھی نہین پھر کسطرح ہمپر بادشاہ ہوگا تب شموئیل علیہ السلام نے فرمایا ان اللہ اصطفاہ علیکم وزادہ بسطۃ فی العلم والجسم واللہ یوتی ملکہ من یشاء واللہ واسع علیم یعنے اللہ نے اُسکو پسند کیا تمسے اور زیادہ کشائش دی عقل مین اور بدن مین اور اللہ دیتا ہی اپنی سلطنت جسکو چاہے اور اللہ کشائش والا ہی سب جانتا ہی یعنے حضرت اشموئیل علیہ السلام نے جواب مین ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہ نے دو وصف اسمین ایسے رکھے ہین کہ فی الحال دوسرے مین پائے نہین جاتے اور وہ دونون صفتین بادشاہت کے واسطے پر ضرور ہین اول صفت روحانی یعنی دانش کہ مراسم سیاست سب اُسکے جاری نہین ہو سکتے لولا السیاسۃ لبطلت الریاسۃ اور اس زمانہ مین طالوت علم حرب اور تجہیز جیوش اور کار سپاہی گری اور ترتیب معاملات مین اپنا نظیر نرکھتا تھا

دوسرے جسامت بدن کہ اسکے سبب سے دلون پر عظمت اُسکی غالب ہوتی ہے اور دشمن پر رعب اُسکا
بوجہ کمال ہوتا ہے اور اُسوقت طالوت قوم بنی اسرائیل مین بڑا پہلوان زور آور بلند بالا تھا اور اسمین کچھ شبہ
نہین کہ مرد جاہل و بد دل کی کچھ وقعت و مقدار نہین ہوتی قطع نظر ان سب کے اللہ جل شانہ نے اُسکو
بالتخصیص پسند کیا ہے اور عمدہ بات بادشاہی مین اصطفاے الٰہی ہے کہ وہ مالک الملک علے الاطلاق ہے
جسکو چاہے اپنا ملک دیدے کسی کو چون اور چرا نہین ہے ؎ کسی زچون و چرا دم کجا تواند زد + کہ
نقشبندی قدرت وراے چون و چراست + لیکن باینہمہ بنی اسرائیل اپنی داب تقریر کے موافق
کہنے لگے کہ اصطفاء طالوت پر کوئی حجت اور علامت ہمکو دکھلاؤ تاکہ ہمارا دل آرام پکڑے اور ہم بطوع
و رغبت اُسکا حکم قبول کرین حق سبحانہ تعالی نے اشموئیل علیہ السلام کو ارشاد کیا کہ اگر تابوت سکینہ
جو کہ عمالقہ چھین لیگئے تھے بنی اسرائیل مین پھر آوے تو یہی حجت اور علامت ہے **فائدہ** حقیقت تابوت سکینہ
جواہر التفسیر مین یہ لکھی ہے کہ تابوت ایک صندوق چوب شمشاد یا صندل کا تین گز کا طویل اور دو گز کا عریض تھا
اُسکو اللہ جل شانہ نے حضرت آدم علیہ السلام پر بھیجا تھا اُسمین تصویرین اُن پیغمبرون کی تھین جو کہ
اولاد آدم سے پیدا ہونے والے تھے اور ہر پیغمبر کے واسطے اُسمین ایک گھر تھا اور سب کے پیچھے
دولت خانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یاقوت سرخ کا اُسمین تصویر آنحضرت کی تھی کہ دیکھنے والے حیران
تھے ع صورتت مے بینیم و حیران معنی میشوم ؎ تھے بھرے اُسمین کمالات کے اوصاف سبھی + ایسی
تصویر کسی نے کبھون دیکھی نسنی + کشف الاسرار مین لکھا ہے کہ صورت سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم
کی اسطرح بنائی تھی گویا نماز مین کھڑے ہین اور ایک شخص زیبا مو خوش رو باعزت و مہابت جانب دست راست
اُسکی پیشانی پر لکھا ہوا کہ ہذا اول من تبعہ من امتہ یہ صورت تھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اور جانب
دست چپ ایک مرد باقوت و مہابت و صولت و شوکت ایستادہ اُسکی لوح جبین پر لکھا ہوا
لا یاخذہ اللہ فی لومۃ لائم یعنے نہین پکڑیگا اللہ ساتھ کسی برائی کے یہ صورت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
کی تھی اور پس پشت ایک مرد باحیا و وقار بکمال عزت و افتخار شرم سے سر جھکائے قائم اور ناصیہ مبارک پر
کندہ بارسن البررۃ یہ تصویر حضرت ذی النورین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی تھی اور پیش رو ایک جوان
باشوکت و شجاعت شمشیر حمائل کردہ و کمر خدمت بربستہ مستعد کھڑا ہوا اُسکی جبین نور آگین پر مسطور ہذا
اخوہ و ابن عمہ المؤید بنصر اللہ عز وجل یہ نمود علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی تھی اور گرداگرد امام و خلفاء نقبا
اور لشکر عظیم الشان من المہاجرین والانصار رضوان اللہ علیہم اجمعین احاطہ کیے ہوئے جسطرح کواکب گرداگرد
ماہ یا انجم دربار حوالی بادشاہ ؎ شہسوار حسن بین سرخوش بمیدان آمدہ + صد سیاہ از دلبران ہمراہ

تماشا صعت زدہ ہو بالجملہ اسطرح ہر ایک پیغمبر کی صورت باخواص و خلفا اُس تابوت مین تھے اور
یہ تابوت حضرت آدم علیہ السلام پر اُس وقت نازل ہوا تھا جب حضرت شیث علیہ السلام سے
محافظت نور احمدی صلے اللہ علیہ وسلم کا عہد و میثاق لیا گیا اور وہ عہد نامہ بحضور روح القدس و جماعہ
ملائکہ قلم یاقوت و مداد نور سے حریر بہشت کی وصلی پر لکھا گیا اور اُسپر فرشتون کی گواہیان ہوئین اور
تابوت سکینہ مین رکھکر حضرت شیث علیہ السلام کو سپرد ہوا اور یہ دستور باندھا گیا کہ جو کوئی شخص اولاد
سے مظہر نور کا ہو وہی شخص بطناً بعد بطن حامل اس عہد کا رہے اور ہر قرن مین اپنے وارثون کو
باخذ عہد و پیمان سپرد کیا کرے چنانچہ حضرت شیث علیہ السلام کے عہد سے تا زمان حضرت اسمعیل بن
ابراہیم علیہما السلام اسی طریق پر رہا کہ جو شخص مظہر نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہوا تابوت سکینہ اُسی کے
پاس رہا جب قیذار ابن اسمعیل جوان ہوئے تو حضرت اسمعیل علیہ السلام نے عہد نامہ معمولی لکھوا کر
اُس تابوت مین رکھا اور قیذار کو سپرد کیا بعد وفات حضرت اسمعیلؑ مابین اولاد حضرت اسحاق علیہ السلام
و اولاد حضرت اسمعیل علیہ السلام خصومت و نزاع پیدا ہوئی اولاد اسحقؑ کا یہ دعوی تھا کہ نور محمد پیغمبر
آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم تمھارے گھر مین ہے اور ہم لوگ اُس سے محروم ہین اب تابوت سکینہ ہمکو
حوالہ کرو مگر قیذار نے نہ دیا وہ خاموش ہو رہے بعد چند روز کے قیذار نے خواب دیکھا کہ ایک شخص
کہتا ہے تابوت سکینہ کنعان مین لیجا اور حضرت یعقوب علیہ السلام ابن اسحق علیہ السلام کے سپرد کر
تب قیذار نے تابوت سکینہ کنعان مین پہونچایا کہ اولاد یعقوب علیہ السلام مین رہا چنانکہ حضرت موسی
کلیم اللہ علیہ السلام نے حضرت یوشع علیہ السلام کے سپرد کیا اُنسے دست بدست حضرت الیسعؑ کو
پہونچا جب عمالقہ غالب ہوئے تابوت بھی چھین لیگئے کہ اُسپر بنی اسرائیل اکثر رویا کرتے تھے یہ روایت
صحیح ہے حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ سکینہ مثل گربہ تھا اور مجاہد کے نزدیک چہرہ اُسکا مانند چہرہ
گربہ تھا اور آنکھین مثل مشعل روشن و تابان تھین کہ اُنکے دیکھنے سے خوف آتا تھا اور حضرت علی کرم اللہ
وجہہ سے روایت ہے کہ سکینہ ایک ہوا تھی اُسمین دو سر تھے اور چہرہ انسان کا تھا اور ایک روایت
ابن عباس سے ہے کہ سکینہ روح تھی من جانب اللہ کہ وقت اختلاف حکم کرتی تھی اور وقت قتال
جب اُسکو سامنے کرلیتے فتحیاب ہوتے اور سدی سے روایت ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام نے
ایک تابوت سونے کا وزنی چھ لاکھ سات سو مثقال کا بنوایا تھا اور اوسمین وہ طشت جسمین پیغمبران
کے قلب دہوئے گئے تھے اور تختین اور الواح توریت کے ٹکڑے اور عصا موسی اور پاپوشین انکی
اور عمامہ ہارون علیہ السلام رکھے تھے اسی کا اشارہ ہے وبقیۃ مما ترک آل موسی و آل ہارون الخ

سو اسکو بنی اسرائیل لڑائی کے وقت سردار فوج کے آگے رکھکر دشمنون پر حملہ کرتے تھے تب اللہ فتح دیتا تھا
جب بنی اسرائیل کی نیت مین فساد آیا تو وہ تابوت عمالقہ چھین لے گئے اور اپنے بت خانہ مین لاڈالا تمام
بت اُسکے گر پڑے صرف ایک بت سونے کا جو مرصع بجواہر تھا باقی رہا صبح کے وقت اُس قوم کے سردار
جب بوجہ پاٹ کو بتخانے مین داخل ہوئے تو یہ حال نظر پڑا اس سے عمالقہ متحیر ہوئے اور تابوت سکینہ
اُس بت کو اٹھا کر چلے گئے جب پھر صبح کو بتخانے مین گئے تو بت نیچے تھا اور تابوت اوپر اور بھی متعجب
ہوئے تب لوہے کی میخون سے اُس بت کو تابوت پر جڑ گئے جب دوسرے دن دروازہ بیت الصنم کا
کھولا تو ہاتھ پیر اُس بت کے کٹے ہوئے پائے اور تابوت کو اس بت پر رکھا ہوا دیکھا کمال مضطرب و
متحیر ہوکر ایک اسیر بنی اسرائیل سے پوچھا اُسنے جواب مین کہا کہ یہ تابوت بنی اسرائیل کے خدا نے بھیجا ہے
تبکدہ اُسکی جگہ نہین اگر چند روز بتخانے مین رہا تو نام و نشان اُسکا گیا تب عمالقہ نے اُس تابوت کو لیکر
ایک گانون کی حد مین دفن کیا اُس گانون کے لوگ سب مر گئے پھر وہان سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھا وہانکے
لوگون پر بھی بلا پڑی غرضکہ اسی طرح سے پانچ شہر ویران ہوئے پھر ایک مزبلہ کے پاس دفن کر دیا تو جو شخص
وہان رفع حاجت کو گیا وہ بواسیر مین مبتلا ہوا اُسمین بھی بہت خلقت مری تب ناچار ہوئے اور بیلون پر
لادکر ہانک دیا اللہ جل شانہ نے فرشتے بھیجے کہ وہ بیلون کو حضرت اشموئیل کے پاس ہانک لائے یا کہ جب طالوت
بادشاہ ہوا تو فرشتون کو حکم ہوا کہ تابوت کو حضرت اشموئیل کے گھر پر پہونچا دو یا طالوت کے کوٹھے پر رکھ دو
یہ روایت ضعیف ہے لائق وثوق نہین و برتقدیر تسلیم اگر الٰہی تابوت مین جو حضرت آدم علیہ السلام پر نازل
ہوا تھا سب اشیا بترتیب و آداب رکھے گئے ہون تو کچھ مقام تردد نہین ہے فائدہ بعضون کے
نزدیک تابوت کو سکینہ اس سبب سے کہتے ہین کہ سکون دل بنی اسرائیل کا اُس تابوت پر تھا اور
فتح و ظفر و غلبہ و نصرت انکی اُسی کے سبب سے تھی اسی واسطے لڑائی کے وقت اُس تابوت کو
آگے رکھتے تھے اور جب تک تابوت جاتا انکا اُسکے پیچھے جاتا جب محل فتح پر پہونچتے تو وہان تابوت
کھڑا ہو جاتا اور سکینہ تابوت کے اندر سے آواز کرتا یا ایک سر تابوت سے باہر نکل کر ہاتھون کو حرکت
دیتا کہ دشمن اُسکو دیکھکر بھاگ جاتا اور حضرت مرتضیٰ علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ سکینہ کا چہرہ مثل
چہرۂ آدمی کے تھا اور اُسکے دو بازو تھے لڑائی کے وقت اُسمین ہوا ایسی نکلتی کہ سب دشمن بھاگ جاتے
اور بعضے کہتے ہین کہ سکینہ ایک طشت تھا کہ انبیا علیہ السلام کے دل اُسمین دھوئے گئے تھے اور
زاد المسیر مین لکھا ہے کہ سکینہ ایک روح ناطقہ تھی جانب خدا سے جب بنی اسرائیل کسی بات مین خلاف
کرتے تو اس تابوت کے پاس آکر بیان کرتے کہ وہ روح ناطقہ اُسمین سے جواب دیتے کہ انکا شبہ

رفع ہوجاتا تفاسیر معتبرہ مین لکھا ہے کہ اب وہ تابوت مع عصائے موسیٰ علیہ السلام بحیرہ طبریہ مین ہے اور قبل از قیام قیامت ظاہر ہوگا اور اسی تابوت کا اشارہ آیہ قرآنیہ مین ہے کہ قال لہم نبیہم ان آیۃ ملکہ ان یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم وبقیۃ مما ترک آل موسیٰ وآل ہارون تحملہ الملائکۃ یعنے کہا اُنکو اُنکے نبی نے نشان اُسکی سلطنت کا یہ ہے کہ آوے تمکو صندوق جسمین تسلی ہے تمھارے رب کی طرف سے اور کچھ بچی چیزین ہین جو چھوڑ گئی موسیٰ اور ہارون کی اولاد اٹھا لاوین اُسکو فرشتے **فائدہ** اِس جگہ سے واضح ہوا کہ انبیا و اولیا علیہم السلام کے تبرکات و آثار و نشانون کے تعظیم و تکریم و دین و دنیا کی حاجتون مین اُنسے توسل کرنا اور ادب و تعظیم سے اپنے پاس رکھنا واسطے حصول مرادات و دفع بلیات کے تاثیر عظیم رکھتا ہے اور انکار اسکا سفسطہ ہے یہ امر کتاب و سنت سے بخوبی ثابت ہے چنانچہ حضرت استاذ الاستاذ مولانا حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ایک سائل کے جواب مین ارقام فرماتے ہین کہ تبرک بآثار صالحین شعار دین است قدیما و حدیثا و از کتاب و سنت ثابت انکار آن و کلام دران غیر از الحاد و زندقہ چہ توان گفت در قرآن مجید وارد ست یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ الخ **فائدہ** اہل تحقیق فرماتے ہین کہ تابوت سے مراد دل ہے اور سکینہ سے مراد صفات پسندیدہ اسکے پس تابوت دل جب لشکر جالوت نفس امارہ اور لذات خسیسہ کے ہاتھ لگا تو اولاد یعقوب علیہ السلام کہ روح ہے یعنی ذلیل اور مغلوب ہو گئی پھر جب تابوت دل اپنے مقر پر آوے تو علامت سلطنت طالوت کہ عالم باطن مین نفس مطمئنہ ہے قائم ہو ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین کاتب اوراق کہتا ہے کہ یہ مثل بہت درست ہے کیونکہ اُس امت کا سکینہ تابوت مین تھا اور اِس امت کا دل مین ہو الذی انزل السکینۃ فی قلوب المومنین اسی اُمت کی شان ہے مگر یہ تابوت اُس تابوت سے افضل ہے بدین سبب کہ وہ آیت ظاہر تھی اور یہ آیت باطن اُسکے حامل ملائکہ ہوتے کہ تحملہ الملائکۃ اسکا حامل لطف حق ہوا کہ وحملناہم فی البر والبحر اُس تابوت کو دشمن دین چھین لیگئے اور اس تابوت پر دشمن حق کا دست رس نہین ان عبادی لیس لک علیہم سلطان بلکہ سوائے حق کے دوسرے کی گنجائش نہین وہ تو ایک خلوتخانہ حق ہے اور کسیکی گنجائش نہین رکھتا لا یسعنی فیہ ملک مقرب **القصہ** جب تابوت بنی اسرائیل مین پھر آیا تو حضرت شموئیل علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا کہ اب طالوت تمھارا بادشاہ ہے سب نے کہا کہ ہم طالوت کی بادشاہت سے راضی ہین پس طالوت اسباب جہاد مہیا کر کے مستعد ہوا اور سب لوگ ساتھ کو اپنی خواہش و ہوس سے طیار ہوتے اُسنے تقید کیا کہ مین نہین چاہتا کہ وہ لوگ میرے ساتھ چلین جنہون نے کوئی گھر بنانا شروع کیا ہے اور دل اُنکا اُسکے اتمام پر متعلق ہے یا تھوڑے دنون سے اُسنے بیاہ کیا ہے اور ہنوز اپنی عورت سے کچھ فائدہ نہین اُٹھایا یا وہ سوداگر ہے کہ متاع تجارت اُسکے ساتھ ہے اور دل اُسکا خرید اور فروخت سے مائل ہے یا وہ قرضدار ہے کہ اسکو ادائے قرض کا دغدغہ ہو رہا ہے

بلکہ جوانان با نشاط فارغ دل کہ رشتہ تعلق انکا سب طرف سے ٹوٹا ہوا اور خیال اہل و یگانہ و اندیشۂ خویش و بیگانہ دامن ہمت مین نہ لگا ہو صرف مقابلہ دشمن کے ہوس رکھتے ہوں وہ میرے ساتھ چلین چنانچہ اسطرح کے آدمی ستر یا اسی ہزار مرد جرار آراستہ و پیراستہ ہو کے چون آتش حملہ گذارے درست و تنومند و زور آزمائے ٭ دلیر و عدو بند و کشور کشائے ٭ بہ تندی چو آشفتہ پیلان مست ٭ ہمہ نیزہ و گرز و خنجر بدست ٭ در دولت طالوت پر حاضر ہوئے اس عرصہ مین گرمی کی ایسی شدت تھی کہ آہن تاب آفتاب سے مانند موم نرم و سیم دل معدن مین تاثیر شعاع سے مانند سیماب تفتہ اور گرم تھا ٭ فلک را شمع کافوری فروزان ٭ زبانش خلق چون پروانہ سوزان ٭ شد و خون از حرارت در بدن خشک ٭ چو در ناف غزالان ختن مشک ٭ اور طالوت مع لشکر بفرمان حضرت شموئیل پیغمبر باہر نکلا تو غلبہ تشنگی سے فوج کے لوگ سخت سراسیمہ اور پریشان ہوئے اور بولے کہ ای طالوت ہوا بہت گرم ہے اور ہمارے ساتھ پانی اتنا نہین ہے کہ ہمکو کفایت کرے خدا سے درخواست کر کہ ایک بدلی پانی کی راہ سے ظاہر ہو کہ اسکے سبب سے قطع مسافت ہو سکے ورنہ سخت مشکل ہے ہرگز راہ نہ کٹے گی طالوت نے بطریق الہام یا باعلام حضرت شموئیل یا از روے وحی بقول بعضے علماے کرام کہ اسکی نبوت کے قائل ہین جواب دیا کہ اِنَّ اللّٰہَ مُبْتَلِیْکُمْ بِنَھَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْہُ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَمَنْ لَّمْ یَطْعَمْہُ فَاِنَّہٗ مِنِّیْۤ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَۃًۢ بِیَدِہٖ یعنی اللہ تمکو آزماتا ہے ایک نہر سے پھر جسنے پانی پیا اسکا وہ میرا نہین اور جسنے اسکو نہ چکھا وہ ہے میرا مگر جو کوئی بھر لے ایک چلو اپنے ہاتھ سے چنانچہ ایک منزل تو پانی نہ ملا پھر اردن اور فلسطین کے بیچ مین نہر ملی اور اللہ تعالی کو آزمایش منظور ہوئی کہ فرمانبردار کون ہے اور مخالف کون طالوت نے تاکید کر دی کہ ایک چلو سے زیادہ جو کوئی پیے میرے ساتھ نہ آوے اور سعادت جہاد سے محروم رہے مگر مردم لشکر ندی پر جسوقت پہونچے شدت عطش سے منہ کے بل جیسے پانی پر گرے فَشَرِبُوْا مِنْہُ اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْھُمْ یعنے پھر پی گئے اسکا پانی مگر تھوڑے لوگ انمین سے کہ تین سو تیرہ آدمی تھے باقی رہے اور اللہ نے انکو قوت دل و آرام جان ایسی عنایت فرمائی کہ ایک چلو مین سیراب ہو گئے اور ظروف انکے بھی بھر ہوئے اور جن لوگون نے حرص سے زیادہ پیا انکے مونھ فوراً سیاہ ہو گئے اور پیاس کی شدت ہوئی کہ اس دریا کے کنارے رہے میدان جہاد مین نہ گئے وہ وہان بے اکثر دفعتہ مر گئے فائدہ یہ جو خداے تعالی نے یطعمہ منہ ارشاد نہ کیا سو اسواسطے کہ اسمین توہم اس بات کا ہوتا تھا کہ اگر پانی کٹورے یا آبخورے وغیرہ مین لیکر نوش کرے تو منع نہین ہے چنانچہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ پانی ندی سے نہ پیونگا اور اسکو کوزے مین لیکر پی جاے تو وہ شخص حانث نہین ہے پس معنی آیت کے یہ ہین کہ اس پانی کو ایک غرفہ سے زیادہ نہ لے وہ مجھسے ہے

براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جنگ بدر مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم آج کے روز شمار مین مطابق اصحاب طالوت ہو کہ نہر سے گذرے تھے اور اخبار مین وارد ہے کہ انبیا و مرسل بھی اسی شمار پر ہوئے ہین تفسیر تیسیر مین لکھا ہے کہ ہرگاہ آب حلال و پاک مین بموجب خلاف ایک جماعت کثیرہ مردود و مطرود ہوگئی پھر حال و کیفیت ان کم بختون کی جو شب و روز حرام محض کھاتے پیتے ہین کیا ہوتا ہے فائدہ اہل عرفان اس مقام مین اہل دنیا و دنیا کی ایک مثل بیان فرماتے ہین کہ قوم طالوت سالک لوگ ہین اور لشکر جالوت نفس و ہوا اور نہر آب روان مال و متاع دنیا ہے سو جو کوئی شخص اپنے دل کو متاع دنیا سے زیادہ قدر ضرورت سے لگاتا ہے علت استقا حرص مین گرفتار ہوتا ہے کہ ہرچند و چند سے چند ملے رغبت و خواہش بیش از بیش ہو اور ہرگز تسلی و اطمینان نہین حاصل ہوتی شب و روز اسی فکر مین والہ و حیران رہتا ہے ع کاسۂ چشم حریصان پر نشد ✤ تا صدف قانع نشد پر در نشد ✤ اور ایسا آدمی تاب نہ دیکھ سکنا پیر توڑ کر بیٹھ جاتا ہے اور نفس و ہوا سے مقابلہ نہین کر سکتا لیکن جو کوئی دنیا سے اعراض و احتراز کرتا ہے و بقدر خواہش دا و شمش کہ اس سے ناچاری ہے برداشت کرلیتا ہے حق سبحانہ تعالے اسکو اپنے قرب و نزدیکی سے محروم نہین کرتا اور غیر سے مستغنی و بے نیاز کر دیتا ہے ع قناعت توانگر کند مرد را ✤ خبر کن حریص جہان گرد را ✤ پس میدان مجاہدہ مین ایسا مرد چاہیے کہ اس دل کو گرد تعلقات فضول سے جھاڑے اور نہال موعظت لانہ نظم انحیوۃ الدنیا حدیقہ احوال و اقوال مین بٹھا دے اور دنیا کو فانی سمجھے اور خود اسمین بطور مسافر بود و باش اختیار کرے اور بخوبی آگاہ رہے کہ اسنے کسی سے وفا نہین کی بیوفائی اسکا شیوہ ہے اور فنا اسکا طریقہ معالم التنزیل مین ہے کہ لشکر طالوت مین ستر ہزار آدمی تھے اسمین چار ہزار پار ہوئے اور چھیاسٹھ ہزار کنارے ندی کے رہ گئے جو کہ پار اتر آئے تھے انمین بھی تین ہزار چھ سو ستاسی آدمی نفاق اختیار کرکے بولے کہ لا طاقۃ لنا الیوم بجالوت اور تین سو تیرہ آدمی بالاتفاق بولے کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ واللہ مع الصابرین یعنی بہت جگہ جماعت تھوڑی غالب ہوئی ہے جماعت بہت پر اللہ کے حکم سے اور اللہ ساتھ ہے ٹھہرنے والون کے چنانچہ طالوت نے انھین تین سو (۳۱۲) آدمی کو لیکر مقابلہ جالوت مین صف باندھی اور لشکر جالوت مین اسوقت بقول صاحب تیسیر آٹھ لاکھ سوار تھا جملہ شمشیر زن و نیزہ گذار ع خونخوارہ لشکرے عدد چون ستارگان ✤ صفہا کشیدہ بر صفت راہ کہکشان ✤ بگذاشتہ حیا و کم انگاشتہ حیات ✤ برداشتہ حسام و برافراشتہ سنان ✤ وہ بھی مقابل ہوا اور جالوت بھی آیا تو حال اسکا یہ تھا کہ تین سو رطل کا خود سر پر رکھے ہوئے اور اسی کے موافق جوشن اور زرہ

دعمود وغیرہ پہنے ہوئے نیزہ در دست وشمشیر در کمر بندوبست لشکر مین مشغول تھا کتب تواریخ مین قد آوری
اور قوت اُسکی مبالغہ کے ساتھ لکھی ہی اما اصح روایت یہ ہی کہ آدمی قد آور اور عظیم الجثہ اور شدید الشوکہ تھا
اور مورخین نے جو لکھا ہی کہ ہزار آدمی سے تنہا مقابلہ کر سکتا تھا اور بعضے لاکھ آدمی سے بیان کرتے ہین
سو یہ مبالغہ ہی مگر شجاعت وقوت وپہلوانی مین اُسکے کچھ شک نہین ہی بالجملہ جب لشکر طالوت جالوت کے
مقابل ہوا اور التقاء صفین کی نوبت پہونچی تو مسلمان لوگ وقت اجابت دعا سمجھکر کہنے لگے ربنا افرغ
علینا صبراً وثبت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکافرین ای رب ہمارے ڈال دے ہم مین جتنی مضبوطی ہی
اور ٹھہرا ہمارے پانؤن اور مدد کر ہماری کافر قوم پر فہزموہم باذن اللہ پھر شکست دی اُنکو اللہ کے حکم
سے امام قشیری رح فرماتے ہین کہ اول حق تعالیٰ سے حق طلب کیا کہ صبر تھا بعد اُسکے حظ نفس کہ ظفر تھا اور
یہ کلام از روے انتقام نہ تھا بلکہ باین لحاظ کہ لشکر جالوت اور جالوت دشمن خدا تھے پس یہ دعا للہ وباللہ
تھی دشمن پر فتحیاب ہوے محققین مفسرین بیان فرماتے ہین کہ جسوقت حضرت شمویل علیہ السلام
طالوت کو بمقابلہ جالوت روانہ کرنے لگے تو یہ مناجات فرماتے تھے کہ الٰہی مآل کار جالوت کیا ہوگا
اور سرانجام ہمارے لشکر کا اس مہم عظیم مین کیونکر ہی اس اثنا مین وحی آئی کہ جالوت ایشا کے ایک
صاحبزادے کے ہاتھ سے مارا جائیگا اور ایشا ایک بزرگ تھے سبط یہودا مین اُنکے سات بیٹے یا تیرہ[۱۳]
تھے اور سب مین چھوٹے حضرت داؤد علیہ السلام تھے سو حضرت شمویل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ایشا
کے لڑکون کو ملاحظہ کرو اور پیالی دہن القدس کی ہر ایک کے سر پر رکھو جسکے سر پر وہ پیالی تیل سے
بھر جاوے اُسکے حق مین دعا کرو کہ قاتل جالوت وہ شخص ہی اور خلعت نبوت بعد تیرے اُسی کو عنایت
ہوگا چنانچہ حضرت شمویل علیہ السلام ایشا کے گھر تشریف لائے تو ایشا نہایت خوش ہوا اس بخیال
کہ چنین مہمان فرود آید ﴿ ہماے سدرہ دران آشیان فرود آید ﴾ غرضکہ تین روز حضرت کو اپنے
گھر رکھ کے لوازم ضیافت ومہمانداری مین سرگرم رہا بعد تین دن کے حضرت شمویل نے چلنے کا
ارادہ کیا تو فرمانے لگے کہ ای ایشا مین بعوض اس تواضع ومدارات کے چاہتا ہون کہ تیری اولاد کے
حق مین دعاے خیر کرون تو اپنی اولاد کو حاضر کر ایشا نے اپنے لڑکون کو طلب کیا اور حضرت شمویل نے
ہر ایک کے واسطے دعا فرمائی اور آزمایش کی الا دست طلب دامن مقصود مین نہ لگا سب کے
پیچھے ایک جوان با قوت اور شوکت در غایت اعتدال اور زیبا رو ودلفریب در نہایت حسن وجمال
نظر آیا حضرت شمویل نے جانا کہ شخص مطلوب یہی ہی الا بعد از دعاے برکت آزمایش مین درست
نہ نکلا حضرت شمویل بہت ملول خاطر ہوے لیکن پھر وحی ہوئی کہ ای شمویل وہ شخص ابھی حاضر نہین آیا ہی

تب حضرت شموئیل نے ایشا سے فرمایا کہ اور بھی کوئی تیرے بیٹا ہے اُسنے کہا ایک اور لڑکا سب سے چھوٹا ہے مگر اُسکی
صورت اچھی نہین ہے یعنے کوتاہ قد زرد رنگ آنکھین کنجی نحیف البدن اُمٹھے ہوئے بال طویل اللحیۃ بلکہ تمام سر کے
بال جاتے رہے ہین اس سبب سے اُسکو قابلیت صحبت اکابر ولیاقت حاضری محاضر کی نہین ہے سو وہ بکریان چراتا ہے حضرت
شموئیل نے فرمایا کہ اُسکو طلب کر چنانچہ حضرت داؤد تشریف لائے اور ایک روایت ہے کہ خود حضرت شموئیل
چراگاہ مین گئے اور حضرت داود سے ملاقات کرکے آزمایش کی تو حضرت داود علیہ السلام آزمایش مین
درست نکلے تب حضرت شموئیل علیہ السلام نے دست مبارک اُنکے سر پر رکھا فی الحال جو کچھ نقصان
تھا جاتا رہا اور صورت بہت خوب ہوگئی پھر حضرت شموئیل علیہ السلام نے نبوت کا مژدہ دیا اور جو باتین
از قسم اسرار تھین وہ سب بھی کہدین اور اپنے گھر تشریف لائے اور طالوت بادشاہ کو ایک زرہ
عنایت فرماکے ارشاد کر دیا کہ یہ زرہ جسکے بدن پر پورا آوے اسی کے ہاتھ سے جالوت مارا جائیگا اور
جہاد پر روانہ فرمایا جب طالوت روانہ ہوا تو ایشا نے اپنے سب بیٹے بھی ساتھ کر دیے صرف حضرت
داؤد کو نہین بھیجا بعد چندے حضرت داؤد کو بیٹون کی خبر لینے کو لشکر طالوت مین بھیجا اور بعضے
کہتے ہین کہ انھین تین سو تیرہ ۳۱۳ آدمیون مین حضرت داؤد علیہ السلام اور اُنکے باپ اور بھائی بھی
تھے الآروایت اولے قریب بصحت ہے بالجملہ حضرت داؤد اپنے باپ سے رخصت ہوکر چلے تو
ایک پتھر راہ مین ملا اُسنے عرض کیا کہ مجھکو اُٹھا لیجیے کہ مین وہ پتھر ہون کہ مجھسے حضرت ہارون نے
ایک دشمن مارا تھا اور اب مین جالوت کو مارونگا حضرت داؤد نے اٹھا لیا پھر دوسرے پتھر نے
آواز دی کہ مجھکو بھی اُٹھا لیجیے کہ مین وہ ہون جس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فلان شخص پر فتح پائی
تھی اُسکو بھی حضرت داؤد نے لیا پھر تیسرے پتھر نے آواز دی کہ مین حضرت اسحاق ابن ابراہیم
علیہما السلام کا پتھر ہون کہ اُنھون نے مجھسے ایک دشمن مارا تھا اُسکو بھی حضرت داؤد نے اُٹھا لیا اور
تینون کو اپنے توبرہ مین رکھکر لشکر طالوت کے ساتھ مقابلہ جالوت مین پہونچے اور ایک مقام پر
دونون لشکر صف آرا ہوئے ؎ دو لشکر و بہم بگر ستادہ * صلائے مرگ در عالم فتادہ *
مگر لشکر طالوت مقابلہ لشکر جالوت مین کہ آٹھ لاکھ سوار بروایت صحیحہ تھا ایسا معلوم ہوتا تھا جسطرح
قطرہ مقابل بحر قلزم اور جالوت نابکار سامان حرب پر بیٹھے ہوئے بمقابلہ طالوت سپہ سالار میدان
کارزار مین اسطرح جیسے فیل مست مقابل شیر خونخوار اس عرصہ مین دفعۃً طالوت نے آواز دی کہ
جو شخص جالوت کا سر لاوے نصف بادشاہت اُسکو ہے اور مین اپنی بیٹی اُسکے ساتھ بیاہ دونگا یہ
آواز سنکر حضرت داؤد نے اپنے بھائیون سے کہا اگر تمکو خواہش سلطنت ہو تو تم ارادہ کرو وہ کہنے لگے

کر تو نا سمجھ ہی جالوت کا مقابلہ سخت دشوار ہی کیونکہ وہ میدان جنگ مین ہزار رطل آہن کا سامان پہنے ہوے
بادل کی طرح گرجتا ہی سے سرے پزرکبر و دلے پزرکین * حسام آبدار و سنان آتشین * جو برجوشد از
خشم چون تند میغ * در آب آتش انداز و از برق تیغ * سوا ای بھائی زہرہ مردان جگردار دہشت اس
ناپاک بیباک سے آب ہی اور تن شجاعان باشوکت و دلیران پر صولت اس فیل تن مرد افگن سے
ناتوان اور بیتاب کہ اگر حملہ کرے تو سارا لشکر ہمارا اُسکے ایک گرز کی ہوا سے ہوا ہو جاوے اور جو
داخل فوج ہو جاوے تو یہ سب سپاہی مور و ملخ زیر خاک مین ملجاوین سے چو در دست او
نیزہ گردان شود * بلرزند دلیران و گردان شود * چو شمشیر ہندی برآرد بدست * بہیبت ہژبران
در آرد شکست * الا وعدہ نصرت او فتح سے کہ حضرت شموئیل پیغمبر نے فرمایا ہی البتہ امید فتح ہی ورنہ جہ جاے
مقابلہ سے گر لطف حق دستگیری کند * وگرنہ کسے کے دلیری کند * تفسیر حقانی مین لکھا ہی کہ حضرت
داؤد نے اپنے بھائیون سے فرمایا کہ اگر صلاح وقت ہو تو مین جاؤن اور اس سے مقابلہ کرکے تہ تیغ
کرون انھون نے یہ کلام دیوانون کا سمجھکر منہ پھیر لیا اور کہنے لگے کہ اے داؤد تیرا دماغ حرارت آفتاب
سے خشک ہو گیا ہی اور گوسفند چرانی اور صحرانوردی نے تیرے مزاج کو حد اعتدال سے پھیرا ہی تو
جانتا ہی کہ کنجشک ضعیف بال کو طاقت مقابلہ عقاب تیز چنگال سے کہان اور کبک پر شکستہ کو قوت مقاو
باز بلند پرواز سے کب ہی سے گوزنے کہ در شہر شیران شود * بمرگ خودش خانہ ویران شود * حضرت
داؤد علیہ السلام نے دیکھا کہ بھائی ہمارے ہماری بات نہین مانتے ناچار طالوت کے پاس تشریف لائے
اور فرمانے لگے کہ اگر مجھکو اجازت ہو تو مین میدان کارزار مین بمقابلہ جالوت نابکار جاؤن اور
شر اُسکا مومنون سے دفع کرون طالوت نے جواب دینے کا ارادہ کیا تھا کہ انکے بھائی بھی پیچھے لگے
پہونچے اور کہنے لگے کہ اے بادشاہ یہ بھائی ہمارا دیوانہ ہو گیا ہی اسکے کلام قابل اعتبار نہین ہین طالوت
نے کہا کہ تم تامل کرو تو مین داؤد سے کچھ باتین کرلون پھر طالوت نے حضرت داؤد سے عرض کیا کہ مقابلہ جالوت
کا بظاہر نہایت مشکل ہی اور بڑے خطرے کی جگہ ہی تمکو ایسے آدمی سے کبھون اتفاق مقابلے کا پڑا ہی حضرت
داؤد نے فرمایا کہ ایک مرتبہ مجھکو بھیڑیے سے اتفاق مقابلہ ہوا ہی اور وہ بھیڑیا ایسا تھا کہ حمال فلک کا دل
اُسکے حملہ سے خون ہوتا تھا اور شیر ببر اُسکی آواز سے سرنگون سے چو بنمودی بوقت خشم دندان *
شدی از زخم تابش آب سندان * سو آنے ایک بکری میری پکڑی اور مین اُسکے پیچھے دوڑ کر بزور
چھین لایا اور دونون کلّے اُسکے پکڑ کر مین نے چیر ڈالے طالوت نے سنکر کہا کہ یہ کام کچھ مشکل نہین ہی
کیونکہ بھیڑیا مثل سگ ہی اگر اور کوئی معاملہ پڑا ہو تو بیان کرو حضرت داؤد نے فرمایا کہ ایک مرتبہ

شیر قوی ہیکل عظیم الجثہ کہ درندے جنگل کے بخیال صولت اُسکے پاے اندیشہ بیشہ مین نہ رکھتے تھے
اور ثور آسمان اور گاؤ زمین اُسکے چنگل کے خوف سے فوق الثریا و تحت الثرے دم
نہ مار سکتے تھے میری بکریون مین آیا سو مین نے اُس سے لپٹ کر گردن توڑ ڈالی حالانکہ اُسکا
حال یہ تھا کہ ن سرِ شیان بچنگ از تن بکندی * بزور پنجہ کوہ از پا فگندی * چو بر خارا
زدے از خشم دنبال * فگندی شیر چرخ از سہم چنگال * یہ بات سُنکر طالوت نے کہا کہ البتہ
مردانگی ہی تب حضرت داؤد کے بھائیون نے کہا کہ اِسی جگہ سے اِس شخص کی دیوانگی ظاہر
ہوتی ہی کیونکہ ایک بکری کے واسطے شیر سے اُلجھ پڑا حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ
بکریان میرے باپ کی امانت تھین سو مین نے اُسکی محافظت کی اور باپ کا حق نگاہ رکھا اِسی طرح
جہاد کُفار مین حق پروردگار کا لحاظ کرونگا اور مین یہ خواہش رکھتا ہون کہ مضرت دشمنون کی اپنے
دوستون سے دفع کرون اور توقع اپنے خدا سے یہ رکھتا ہون کہ جسطرح اُس خداوند جہان
نے حق گزاری والد بزرگوار مین میری اعانت و مدد فرمائی اِسی طرح اپنی حق گزاری و فرمانبرداری
مین حمایت و طرفداری کریگا تب طالوت نے حضرت داؤد علیہ السلام کے بھائیون سے
متوجہ ہو کر کہا کہ یہ کلام اعجاز نظام ایسے نہین ہین کہ محمول جنون و مالیخولیا پر کیے جائین بھائیون کو
جواب نہ آیا ناچار ساکت ہوئے اور طالوت نے زرہ عنایتی حضرت شمویل علیہ السلام تمامی اہل فوج کو
پہنائی کسی کے قد پر راست نہ آئی حضرت داؤد علیہ السلام نے پہنی تو قامت با استقامت آنجناب
پر برابر بے کم و کاست اُتری ؎ ای لباس دلبری بر قد زیباے تو راست * چون تو سروے
از گلستان لطافت بر نخاست * بعد ازان طالوت نے اسپ و سلاح طلب کر کے حضرت
داؤد کو دیے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اوّل ہتھیار باندھ کر گھوڑے پر سوار ہوئے پھر اُتر پڑے
اور فرمانے لگے کہ مجھکو عادت ہتھیار باندھنے کی نہین ہی اور سواری اسپ خالی از کبر
نہین مین اِسی لباس سے مقابلہ جالوت کرونگا اِلّا شرط ہی کہ بعد قتل جالوت بیٹی اپنی
بلا توقف نکاح کر دینا اور شریک سلطنت فرمانا طالوت نے شرط قبول کی اور قسم کھائی
تب داؤد علیہ السلام میدان مین تشریف لائے جالوت نے دیکھا کہ ایک مرد کمل پوش
مہوش توبڑہ گلے مین ڈالے فلاخن ہاتھ مین لیے چلا آتا ہی اُسنے پوچھا اے صاحبزادے
کہان سے آتے ہو کسطرف جاتے ہو کس کام کو آئے ہو حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا
کہ طالوت بادشاہ ہی بنی اسرائیل کا اُسکی فوج سے آتا ہون تجھسے لڑونگا جالوت نے قہقہہ

مارا اور کہنے لگا پھر جا تجھکو تاب میرے ایک ڈپٹ کی بھی نہوگی ؎ تنے را کہ توانائی از بازے
برد * بمیدان اوپے نباید فشرد * گوزنے کہ با شیر بازی کند * بخونریز خود ترک تازی کند
حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ محل مقاتلہ و مجادلہ ہی نہ مقام مناظرہ و مکالمہ اگر تجھے قوت
اپنے جسد پر ہی تو مجھکو امیدواری اعانت صمد پر جالوت نے کہا درگذر پلٹ جا مجھے تیرے
لڑکپن پر رحم آتا ہی اور مین جانتا ہون کہ تو جلد میرے ہاتھ سے مارا جائیگا حضرت نے فرمایا
میرے خدا نے تیرے قتل ہونے کا وعدہ فرمایا ہی کہ پتھر سے تجھے مین مارونگا اور ظاہر ہی کہ
ع کلوخ انداز را پاداش سنگ ست ** اور کتا جب نہین مانتا تو اسکو پتھر ہی سے مارتے ہین
جالوت نے نہایت خشم سے کہا جو کچھ تیرے پاس کرامات ہو پیش کر حضرت داؤد نے وہ
تینون پتھر فلاخن مین رکھکر مارے ایک جالوت کے خود پر پڑا سر کا بھیجا کھاتا ہوا قلب لشکر درہم برہم کیا دوسرا جانب
میمنہ گرا سوارون کی صفین الٹ پلٹ گئین تیسرا جانب میسرہ پہونچا پیادے تمام زیر و زبر ہوگئے اور بعضے
کہتے ہین کہ تینون پتھر باہم پیوستہ ہوگئے اور جالوت کے سر پر پڑے اور بعضے کہتے ہین وہ پتھر ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے کہ
ایک ایک کنکڑی سے ایک ایک سوار مارا گیا جیسا ابرہہ سلطان یمن کا حال ہوا اور صحیح یہ ہی
کہ حضرت داؤد نے تینون پتھر فلاخن مین رکھکر مارے اور جالوت کی پیشانی کھلی تھی اور تمام
بدن آہن مین غرق تھا سو پیشانی مین لگے اور پیچھے نکل گئے کہ وہ مردود گھوڑے سے جدا ہوا
اور دو پتھر نکل کر میمنہ اور میسرہ جا پڑے کہ مخالفین دین بھاگے اور بنی اسرائیل
نے لشکر اعدا کو تہ تیغ کیا اور اسی حال مین ایک ہوائے تند چلنے لگی کہ تمام فوج اشقیا
پریشان و برباد ہوگئی یہ واقعہ موضع نیسان متعلقات ارض فورین واقع ہوا الغرض رایت
شوکت کفار تندی ہوائے نکبت سے نگونسار اور علم نصرت اہل اسلام میدان جہاد
مین نمودار ہوا اور نسیم عنایت گلستان لقد جاءکم الفتح اور ہوائے رحمت بوستان
واللہ یؤید بنصرہ من یشاء بڑے زور شور سے چلنے لگی اور قفل ابواب کامیابی
بنی اسرائیل کلید انا فتحنا لک فتحا مبینا سے کھولے گئے اور نقیب لشکر ظفر پیکر ندائے
ینصرک اللہ نصرا عزیزا با آواز خوش نغمۂ دلکش کہونے لگے تب قوم مبہوت جالوت نے
چشم اہل خیرہ اور رخسار امید تیرہ پایا اور عزیمت ہزیمت غنیمت جان کر بلا تأمل بھاگے اور صحرائے
متنا ملیس مین تیر کر گرفتار ہوئے اور تیغ سیاست بنی اسرائیل سے اپنے کردار کو
پہونچے اور حضرت داؤد علیہ السلام نے سر تکبر جالوت کاٹا اور انگشتری اسکی اتار لی اور

ناپاک اُسکا بیرون سے ٹکراتے ہوئے طالوت کے پاس پہونچا دیا اور بنی اسرائیل سالماً غانماً اپنے گھر آئے
اسی کا اشارہ سورۂ بقر مین ہوتا ہی وقتل داؤد جالوت وآتاہ اللہ الملک والحکمۃ وعلمہ مما یشاء یعنے مارا داؤد
نے جالوت کو اور دی اُسکو اللہ تعالی نے سلطنت اور تدبیر اور سکھایا اُسکو جو چاہا یعنی وہ علم دیا کہ جو
پیغمبرون کے واسطے لائق ہی خواہ علم سیاست سکھلایا کیونکہ حضرت داؤد نے ملک از روے جرأت
نہین پایا تھا بلکہ شبانی سے سلطنت کو پہونچے تھے اور اس علم کے محتاج تھے یا علم دین عطا کیا یا الحان
طیبہ مرحمت کیا کہ جب زبور پڑھتے تو مرغ و ماہی سُننے کو آتے تھے اور پہاڑ موافقت کرتے تھے یا صنعت
زرہ گری سکھلائی کہ فولاد ہاتھ مین نرم ہوجاتا تھا یا باتین مرغ اور مورچہ سمجھنے لگے و بقول ابن عباس ایک
سلسلہ عنایت کیا تھا کہ ذکر اسکا قصۂ داؤد مین مفصل کیا جا بگا القصہ داؤد علیہ السلام نے طالوت سے
کہا کہ وعدہ جو تونے کیا ہی وفا کر اُسنے پشیمانی سے اوّل انکار کیا مگر حسب ملامت و نصیحت علما بنی اسرائیل
کہ بمواجہہ حضرت شموئیل علیہ السلام واقع ہوئی بیٹی کا نکاح داؤد کے ساتھ کردیا اور نصف ملک دیا لیکن بعد چندروز کے
پھر نادم و پشیمان ہو کر قتل داؤد پر مستعد ہو گیا حافظ حقیقی نے حضرت داؤد کو محفوظ رکھا اور طالوت مقتول ہوا اور
تمام ملک اُسکا داؤد کو ملا کذا فی جواہر التفسیر اور حاشیۂ کشاف سے پیدا ہی کہ جو عورت نکاح داؤد علیہ السلام
مین آئی جالوت کی بیٹی تھی اور بعضے کہتے ہین کہ طالوت نے فی الفور وفاے وعدہ فرمایا اور داؤد
علیہ السلام کو اپنا خلیفہ کیا اور حضرت شموئیل علیہ السلام نبی رہے یہان تک کہ یہ وضع تئیس یا چالیس
برس قائم رہی جب حضرت شموئیل نے نوّے برس کی عمر مین رحلت فرمائی اور قریب بیت المقدس مدفون
ہوئے تو سب لوگ حضرت داؤد علیہ السلام سے گرویدہ ہوئے طالوت کو یہ بات ناگوار ہوئی اُسنے
آنجناب کے قتل کا قصد کیا کہ حضرت داؤد با یارے زوجہ خود بحکم الفرار مما لا یطاق من سنن المرسلین بھاگ کر
ایک پہاڑ پر چلے گئے اور وہان ایک عبادت خانہ بنا کر مشغول بعبادت ہوئے اور ستر آدمی اور ایماندار
آپ کے پاس رہنے لگے بعد چندے کچھ لوگون نے طالوت سے کہا کہ داؤد ستر عابدون کو لیے ہوئے
پہاڑ پر بیٹھے ہین اور تیرے حق مین بددعا کرتے ہین اب تو ہلاک ہوگا اور سلطنت برباد یہ سُنکر طالوت
اپنا لشکر لیکر پہاڑ پر گیا اور چاہا کہ حضرت داؤد کو مع توابع قتل کرون اور شمشیر برہنہ ہاتھ مین جانب حضرت داؤد
بلا تامل روانہ ہوا حافظ حقیقی نے خواب کو اُسپر اور اُسکی فوج پر مسلط فرمایا کہ تمام لشکر کے لوگ مع طالوت
وہین زمین پر گرے اور سو گئے حضرت داؤد علیہ السلام تشریف لائے اور اُسکی تلوار سے ایک پتھر کو دو
ٹکڑے فرمایا اور سینہ پر کینہ طالوت پر رکھی اور چراغ کو گل کیا اور ایک پرچہ قرطاس پر یہ عبارت لکھی
کہ جسطرح اس پتھر کو تلوار سے دو ٹکڑے کردیا ہی اگر تیرے پیٹ پر مارتا تو دو ہی ٹکڑے ہوجاتا اُسوقت

کون تیری فریاد کو پہونچتا اب بہتر تیرے حق مین یہ ہی کہ فی الفور یہان سے چلا جا نہین تو خراب ہوگا بعد اس واقعہ کے اپنے عبادت خانہ مین اکثر مشغول بحق ہوئے اور طالوت خواب غفلت سے بیدار ہوا اور رہا گا بعد چندے پھر شیطان نے ورغلایا تو اسنے لشکر اپنا بھیجا اور خود نہ گیا سو لشکریون نے رات کے وقت سوتے مین عابدون کو شہید کیا مگر حضرت داؤد علیہ السلام محفوظ رہے جب یہ خبر طالوت نے سنی تو بہت پشیمان ہوا اور نہایت ترسناک اور مخوف ناچار اسنے اپنے ایلچی حضرت داؤد کے حضور مین روانہ کیے کہ آپ میرے پاس تشریف لاوین کہ مین اس گناہ کا عذر کرون حضرت داؤد نے جواب دیا کہ جب تک طالوت کافرون سے جہاد کرکے ستر کافر قتل نہ کریگا تب تک مین یہان سے جنبش نہ کرونگا اور تیرے حق مین یہ گناہ بہتر نہین ہی سو طالوت بنا بر جہاد بمقابلہ کفار گیا اور صف جنگ مین کھڑا ہوا تھا کہ ایک تیر اسکے سینہ پر لگا مر گیا حضرت داؤد خبر پاکر تشریف لائے اور تخت سلطنت پر بیٹھے ؛؛

## تفریح بست و یکم در احوال حضرت داؤد پیغمبر علیہ السلام

اہل تحقیق کے نزدیک حضرت داؤد علیہ السلام کے باپ ایشا بکسر ہمزہ و سکون تحتانیہ و فتح شین معجمہ ابن عویل اولاد یہودا ابن یعقوب علیہ السلام سے تھے بعد حضرت شموئیل علیہ السلام کے اللہ نے داؤد کو پیغمبر اپنا قرار دیا اور بزور سلطنت قوت حرب عنایت فرمائی کہ جہان کے بادشاہ انسے مقابلہ نہ کرسکتے اور کثرت مردم فوج اتنی تھی کہ صرف چھتیس ۳۶ ہزار سپاہی دروازہ شاہی پر چوکی پہرہ دیتے تھے جواہر التفسیر مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہی کہ اللہ جل شانہ نے حضرت داؤد کے واسطے ایک سلسلہ یعنی زنجیر عالم غیب سے بھیجی تھی کہ ایک طرف اسکی حجرہ مین اور دوسری طرف صومعہ عبادت مین آویزان تھی جب کوئی حادثہ پیدا ہونے کو ہوتا تو اسمین حرکت ظاہر ہوتی اور حضرت داؤد علیہ السلام اسکی کیفیت واقعہ سے متنبہ ہو جاتے اور اسکا علم معلوم کرلیتے اور جو کوئی بیمار اسمین ہاتھ لگاتا شفا پاتا اور جو کوئی محنت زدہ دل شکستہ اسکو پکڑ لیتا اسکو جامہ خانہ غیب سے کسوت دولت پہنایا جاتا اور جب دو خصم اسکے قریب جاتے تو حق و باطل جدا ہو جاتے یعنے جو کہ حق پر ہوتا اسکا ہاتھ زنجیر تک پہونچ جاتا اور جو باطل پر ہوتا وہ باوصف سعی اور کوشش اسکو مس نہ کرسکتا اور یہ سلسلہ عالم مین بعد وفات داؤد علیہ السلام بھی رہا تھا کہ انس سے حق کو باطل سے جدا کرتے تھے حتیٰ کہ ظالم اور اہل بطلان تک آئے اور طرح طرح کے مکر اور حیلہ نکالنے لگے آخر کار انکی شامت اور نکبت سے وہ سلسلہ گم ہوگیا از انجملہ ایک حیلہ یہ کیا تھا کہ ایک شخص نے کچھ جواہر بیش قیمت دوسرے کے پاس بطور امانت رکھے بعد

چندے مالک مال نے امانت دار سے طلب کیے اُسنے انکار کی اور ابدر دؔ و کذب یار لڑنے جھگڑنے اُس سلسلۂ غیبی تک دونون آئے امین نے یہ فریب کیا کہ ایک لاٹھی مجوف مین جواہر رکھے اور وہ لاٹھی مالک کے ہاتھ مین دی پھر سلسلے کے پاس جا کر کہنے لگا یا الٰہی اگر مین نے جواہر مالک کو حوالہ کیے ہون تو سلسلہ مجھسے نزدیک ہوجاسے اور اگر نہ دیے ہون تو دور ہو جاے چونکہ یہ مکار غدا ظاہر مین راست گفتار تھا سلسلہ قریب ہوگیا اور مالک کا ہاتھ بدشواری بھی سلسلہ تک پہونچا وہ بیچارہ سخت نادم اور پشیمان ہوا اور حاضرین معاملہ نے اُسکو ملامت کی اسی طرح اور کئی حکایتین تواریخ مین مذکور ہین اور بعضے کہتے ہین کہ شور و شر و سلطنت داؤدی اسی سلسلہ کے باعث سے تھا اور مراد شددنا ملکہ سے جو قرآن مین وارد ہے یہی سلسلہ ہے اور معالم التنزیل مین حضرت ابن عباس سے اسی آیت کی تفسیر مین منقول ہے کہ ایک اسرائیلی نے محکمۂ داؤدی مین استغاثہ پیش کیا کہ فلان مرد نے میری گاے غصبًا لے لی ہے آپ اسکا فیصلہ کردین حضرت داؤد علیہ السلام نے مدعا علیہ کو طلب کیا اُسنے دعویٰ مدعی سے انکار کیا آپ نے مدعی سے بیّنہ طلب فرمایا وہ کوئی گواہ نہ دلیگا حضرت نے فرمایا اب تھوڑا تامل کرو مین حاکم مطلق سے رجوع لاتا ہون جو وہان سے حکم ہوگا ویسا فیصلہ کرونگا چنانچہ اُسی دن خواب دیکھا کہ ای داؤد مدعی کو قتل کر حضرت داؤد جاگے تو دل مین سوچے کہ یہ خواب بے اصل اُڑتی ہوئی ہے اسپر عمل کرنا جائز ہے دوسری مرتبہ متوجہ ہوئے تو پھر اسیطرح حکم ہوا تیسری بار پھر رجوع لائے تب بھی وہی ارشاد ہوا ناچار حضرت داؤد نے مدعی سے فرمایا کہ تیرے قتل کرنے کا حکم ہوتا ہے اُسنے التماس کیا کہ صرف آپ کا خواب میرے قتل کے واسطے دلیل نہین ہوسکتا کوئی اور ثبوت قوی تلاش کیجیے فرمایا واللہ حکم الٰہی جاری کرونگا تو قبول کر جب مدعی نے دیکھا کہ اب کسی طرح بچاؤ نہین ہے تو اُسنے کہا واللہ مین اپنے دعوے مین جو فی الحال وارہے کاذب نہین ہون اور یہ فیصلہ اِس مقدمہ کا نہین ہے بلکہ مین نے پیشتر پدر مدعا علیہ کو فریبًا مار ڈالا تھا اُسکا یہ فیصلہ ہے چنانچہ حضرت داؤد نے مدعی کو قتل کرایا کہ اِس واقعہ سے بنی اسرائیل نہایت ڈرے اسی کا اشارہ ہے وشددنا ملکہ واتیناہ الحکمۃ وفصل الخطاب یعنے زور دیا ہمنے اُسکو سلطنت کا اور دی اُسکو تدبیر اور فیصلہ بات کا عبداللہ ابن مسعود اور کلبی اور مقاتل کے نزدیک حکمت سے مراد نبوّت اور عقل کامل اور بصارت کاملہ ہے خواہ علم حکمت ہے اور فصل الخطاب سے حضرت امیر المومنین علی ابن طالب کے نزدیک البینۃ للمدعی والیمین علی من انکر مراد ہے کہ قضیہ اہل خصومت اسپر منقطع ہوجاتا ہے اور مجاہد اور عطا ابن ابی رباح اور اُبی ابن کعب بھی شہود اور ایمان مراد رکھتے ہین اور نزدیک شعبی کے مراد فصل الخطاب سے حمد خدا ہے کیونکہ حضرت داؤد علیہ السلام

بعد تمامی کلام اول کے جب کلام دوم شروع کرتے تھے بعد حمد وثنا کہتے تھے آلغرض قوت اور شوکت
حضرت داؤد قرآن شریف سے ثابت ہی کما قال تعالی واذکر عبدنا داود ذی الاید یعنے یاد کر ہمارے بندہ
داؤد کو ہاتھ کے بل والے مراد اس سے قوت سلطنت ہی یا لوہے کا نرم ہونا یا کسب کرنا یا قوت دینی
کہ نصف شب عبادت کرتے تھے حدیث شریف مین ہی کہ بہتر روزہ صوم داؤدی اور بہتر صلوۃ صلوۃ
داؤدی کہ ایک روز روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے اور نصف شب عبادت فرماتے
اور نصف باقی مین استراحت **فائدہ** یہ قصہ اللہ جل شانہ نے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
یاد دلایا اسلیے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے طالوت کی حکومت مین صبر کیا آخر حکومت انھین کو ملی سو یہی
حال تمھارا بھی ہوگا چنانچہ ہمارے حضرت صلعم اور آنکے اصحاب کا اسی طرح کا حال ہوا بالجملہ حضرت داؤد
علیہ السلام امر خلافت پر قائم ہوئے اور کتاب زبور متضمن پچاس صحیفے بزبان عبرانی جسمین سواے
نصائح و مواعظ کوئی حکم نہین ہی بلا واسطہ جبرئیل و میکائیل علیہما السلام کے عنایت ہوئے کہ اسکو حضرت
داؤد بہتر آوازون مین پڑھتے تھے اور شریعت مندرجہ توریت پر بلا تغییر و تبدیل قائم تھے اور جملہ اسباط
بنی اسرائیل انکے مطیع ہوئے اور پیشتر اِنسے کسی بادشاہ کے فرمانبردار نہ تھے بلکہ ہر ایک سبط نے
ایک ایک حاکم اپنا جدا کر لیا تھا اور یہ نبوت و سلطنت سواے حضرت داؤد و سلیمان و محمد مصطفے علیہم الصلوۃ
والسلام کے اور کسی کو نہین ملی مگر ہمارے حضرت مین نبوت و رسالت و فقر و مملکت سب جمع تھے کیونکہ حضرت پر
اتمام نعمت منظور تھا اور معجزہ حضرت داؤد علیہ السلام کا یہ تھا کہ جبال وطیور انکی اطاعت کرتے تھے کہ
جہان کہین جاتے وہ ہمراہ ہوتے اور جب تسبیح کہتے تو شریک ہوتے کما قال اللہ انا سخرنا الجبال معہ
یسبحن بالعشی والاشراق والطیر محشورۃ کل لہ اواب یعنی تابع کیے اسکے ساتھ پہاڑ پاکی بولتے صبح و شام کو
اور جانور اڑتے جمع ہوکر سب اسکے آگے رجوع رہتے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اشراق سے
صلوۃ الضحے مراد لیتے ہین اور فرماتے ہین کہ ہمنے صلوۃ الضحے اس آیت سے معلوم کی کذا فی المدارک تفسیر
کشف الاسرار مین ہی کہ تسبیح پہاڑون کی اگرچہ عقل پر پوشیدہ ہی لیکن قدرت الہی سے بعید نہین کہ اپنے
کسی بندہ خاص کو اس سے خبردار کردے چنانچہ تسبیح سنگریزون کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
دست مبارک مین ایک شاہد عادل ہی **فائدہ** ایک بزرگ نے دیکھا کہ ایک پتھر سے پانی ٹپکتا ہی تو
حیرت مین کھڑے ہوگئے اُسنے کہا اے ولی اللہ رحمۃ اللہ علیک مجھکو خالق کبریا نے مدت دراز سے
پیدا کیا ہے سو مین بخوف سطوت خداوندی رونے مین مشغول رہتا ہون اُس بزرگ نے دعا فرمائی
کہ الٰہی رحیم یا کریم اسکو تسلی بخش کہ رونے سے باز رہے ارحم الراحمین نے دعاے خالص اُنکی

پتھر کے حق مین قبول فرمائی کہ رونا اُسکا موقوف ہو گیا اور وہ بزرگ اپنے مقام مین تشریف لائے
ایک مدت کے بعد پھر اُسی جگہ گذر ہوا تو وہ پتھر اُسی طرح روتا تھا بلکہ اول مرتبہ سے زیادہ گریہ کر رہا تھا
تب پوچھا کہ اب کسواسطے روتا ہے اُسنے کہا ای شفیق کریم اول بخوف سیاست و عقوبت گریہ وزاری
کرتا تھا اور اب شادی امن و سلامت سے روتا ہون ای عاشق خدا مجھکو اس درگاہ لاابالی مین بجز گریہ وزاری
اور کوئی کام نہین ہے ؎ از سنگ گریہ بین و مگو کان ترشح است ٭ وز کوہ نالہ بین و مپندار کان صداست
دوسرا معجزہ یہ عنایت ہوا تھا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کا الحان حزین تھا کہ جب زبور پڑھتے تو دریا کا
پانی ٹھہر جاتا اور وحوش و طیور جمع ہو کر گھیر لیتے تھے اور درختون سے پتّے زرد ہو جاتے اور آدمی بیہوش ہو کر
گر پڑتے تھے بلکہ مشہور ہے کہ بعضے مر ہی جاتے تھے اور جنگل کے جانور اور شیر و گرگ آپ کے پاس
جمع ہو جاتے تھے اور ہوا کا چلنا بند ہو جاتا تھا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت
داؤد علیہ السلام ستر طرح سے زبور پڑھتے تھے کبھو ان اسطرح کہ رنجیدہ و غمگین خوش ہو جاتا اور
جب غمگین آواز سے پڑھتے تو خشکی و تری کا کوئی جانور ہوش مین نہ رہتا ہمارے حضرت کے اصحاب
مین ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نہایت خوش آواز تھے کہ حضرت صلعم نے ایک سفر مین رات کے
وقت اُنکو قرآن شریف پڑھتے سنا دوسرے دن فرمایا ای ابوموسیٰ البتہ تجکو بانسری دی گئی ہے داؤد
کی بانسریون سے یعنے تیری آواز ایسی دلکش ہے گویا تیرا گلا بانسری ہے اور تیری آواز مین لحن داؤدی کا
اثر ہے کذا فی ترجمہ المشارق اس حدیث سے بڑی تعریف خوش آوازی کی نکلی حقیقت یہ ہے کہ یہ نعمت
خداداد ہے جسکو اللہ دے وہ اسکو واہیات مین صرف نہ کرے بلکہ خدا کا کلام اُس سے پڑھے
اور پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریفین الحان سے کیا کرے اور حکما کہتے ہین کہ تمام مزامیر و اوتار
و نغمات الحان داؤد علیہ السلام سے بنائے گئے ہین بعض اہل تحقیق فرماتے ہین کہ یہ اثر آواز
داؤد علیہ السلام مین بعد قبول توبہ پیدا ہوا ہے اور قبل اس سے نہ تھا بعد قبول ہونے توبہ کے
یہ دستور باندھا تھا کہ چوتھے دن ہمیشہ جنگل مین تشریف لیجاتے اور اپنا گناہ یاد کر کے زبور
بالحان خوش پڑھتے اور زار زار روتے تو جبال و طیور بھی آپکے ساتھ پڑھتے اور روتے اور جو کسی آدمی کے
کان مین آواز پڑ جاتی تو بیہوش ہو جاتا اور کبھو جان دے ڈالتا تھا ؎ چو گردد مطرب من نغمہ پرداز
زشوقش مرغ روح آید بپرواز ٭ اسی کا اشارہ سورہ سبا مین فرمایا ہے ولقد آتینا داؤد منا فضلا
یاجبال اوبی معہ والطیر یعنے ہمنے دے دی داؤد کو اپنی طرف سے فضیلت ای پہاڑو رجوع سے
پڑھو اُسکے ساتھ اور جانور اُڑنے والے اس جگہ فضل سے مراد حسن صوت ہے کذا فی عین المعانی

اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ حضرت داؤد علیہ السلام از روے نبوت و سلطنت و حسن صوت و حلاوت
مناجات و حسن خلق و توفیق عدل سے اپنے زمانے کے لوگون پر فضیلت رکھتے تھے یا رجوع رہنا جبال
وطیور کا موجب فضل تھا تیسرا معجزہ یہ تھا کہ ہر قسم کا لوہا دست مبارک مین مثل موم نرم ہوجاتا تھا کہ اسی سے
زرہین بناتے تھے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے والنا لہ الحدید ان اعمل سابغات و قدر فی السرد یعنی نرم کردیا
ہمنے اُسکے لیے لوہا کہ بنا کشادہ زرہین اور اندازہ سے جوڑ کڑیان اور سبب اس معاملہ کا بعض مفسرین
نے یہ بیان کیا ہے کہ ایک روز کوئی فرشتہ زیارت کو آیا اُسنے کہا اے داؤد تو پیغمبر و خلیفہ خدا ہے تمکو واجب ہے
کہ اپنا قوت ہر روزہ اور بھی اپنے عیال و اطفال کا کسی کسب سے پیدا کیا کرو بیت المال سے لینا
تمھارے حق مین بہتر نہین ہے اُسی دم آنجناب نے دعا مانگی ارشاد ہوا کہ زرہ بنایا کرو انھون نے
عرض کیا کہ اس کسب کے واسطے لوہارون کے ہتھیارون کی حاجت پڑیگی تب حکم ہوا کہ اوپر
بیان کیا گیا اور بعضے کہتے ہین کہ سبب اس کسب کا یہ واقع ہوا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کا یہ
دستور تھا کہ رات کے وقت بستی مین گشت کیا کرتے تھے اور لوگون سے اپنا حال پوچھا کرتے تھے
اگر کسی شخص سے کسی طرح کی بات خلاف سُنتے تو اسکو بدل دیتے ایک مرتبہ حالت گشت مین
ایک بوڑھی عورت سے پوچھا کہ داؤد پیغمبر کیسا ہے اُسنے کہا کہ آدمی خوب ہے مگر ملک کے محصول سے
لیکر اپنا اور اپنے عیال کا قوت ہر روزہ کیا کرتا ہے اگر اپنے ہاتھ کے کسب سے کھایا کرتا تو بہتر تھا
اُسی وقت سے حضرت داؤد نے یہ کسب اختیار کیا تب خداوند تعالی نے اُنکے واسطے
لوہے کو نرم کردیا کہ زرہین بنایا کرتے تھے بخاری مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان داؤد کان لا یاکل الا من عمل یدہ اور معالم التنزیل مین ہے
کہ زرہ عالم مین اول حضرت داؤد علیہ السلام نے بنائی ہے تفسیر تیسیر مین ہے کہ ہر روز ایک زرہ
بناکے چھ یا چار ہزار درم کو بیچتے تھے ازانجملہ چار ہزار درم صدقہ کرتے تھے اور دو ہزار اپنے
عیال و اطفال وغیرہ کے صرف مین لاتے تھے اور تفسیر لباب مین ہے کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام
کی وفات ہوئی تو ایک ہزار زرہ خزانہ مین طیار و موجود تھی القصہ جب حضرت داود علیہ السلام کو
نبوت و خلافت باشوکت و قوت عنایت ہوئی تو ایک دن باطمینان بیٹھے ہوئے انبیاء سابقین کے
صحیفے ملاحظہ کر رہے تھے اُسمین فضائل و مناقب حضرت ابراہیم و اسحاق و یعقوب علیہم السلام
کے نظر پڑے تو انکو اُن مراتب کی تمنا ہوئی اور غور مین جاتے رہے دفعۃً ایک آواز آئی کہ اے داؤد
علیہ السلام ابراہیم و اسحاق و یعقوب نے بڑی بڑی بلاؤن مین صبر کیا ہے تب انکو یہ مراتب

حاصل ہوئے ہین حضرت داؤد علیہ السلام نے کہا یا الٰہی میرا بھی امتحان کیا جاے معالم التنزیل مین سدی
و کلبی و مقاتل رضی اللہ عنہم سے نقل کیا ہی کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی عمر کے ایام تین بانون
مین تقسیم کیے تھے ایک دن عبادت کا اور ایک روز فیصل خصومات کا اور ایک دن عیال و اطفال مین
بسر کرنے کا اور اسی دن مین وقت فرصت کتب سابقین ملاحظہ کرتے تھے اور تفسیر احمدی مین ہی کہ چار ایام
مین تقسیم فرماتے تھے ایک دن بنا بر عبادت اور ایک دن براے رفع خصومت اور ایک روز خاص امور
مین مشغول ہوتے اور ایک وعظ و تذکیر مین بسر کرتے تھے چنانچہ ایک روز حضرت داؤد علیہ السلام
کے دل مین گذرا کہ میرے باپ دادے بہت اچھے تھے وہ مراتب خدا مجھکو بھی دینا وحی ہوئی کہ
اے داؤد انھون نے بلاؤن مین صبر کیا تھا عرض کیا کہ اگر بلا ہوگی تو مین بھی صبر کرونگا ارشاد ہوا کہ
فلان روز فلان ماہ مین بلا آویگی انتظار کرو بعضے کہتے ہین یوم موعود دوشنبہ سترہوین رجب تھا کہ
اُس دن حضرت داؤد نماز یا زبور عبادت خانہ کا دروازہ بند کیے پڑہتے تھے دفعۃً ابلیس مردود بصورت
کبوتر نہایت خوبصورت کہ تمام جسم سونے کا اور بازو موتی و زبرجد کے اور منقار یاقوت احمر کی اور آنکھین
زمرد اخضر کے اور دونوں پاؤن فیروزے کے بنا کر حضرت داؤد علیہ السلام کے متصل آیا کہ آنجناب اُسکی
صورت دیکھ کر متعجب ہوئے اور دل مین سوچے کہ اسکو کسی طرح پکڑنا چاہیے سو اپنا ہاتھ دراز کیا وہ
علحدہ ہو بیٹھا آخر کار عبادت چھوڑ کر اُسکی طرف متوجہ ہوئے مگر کبوتر جس روزن سے آیا تھا اسی مین ہو کر
اُڑ گیا تو حضرت داؤد بالاخانہ پر چڑھ کر دیکھنے لگے اُسوقت ایک عورت نہایت حسینہ و جمیلہ کہ اپنے
باغ کے اندر یا گھر کی چھت پر غسل کر رہی تھی نظر پڑی تو یہ فریفتہ ہوئے اور اُسنے انکو دیکھ کر اپنے
بال کھول دیے کہ تمام جسم اُسکا پوشیدہ ہوگیا تب خواصون سے ارشاد کیا دریافت کرو یہ کون
عورت ہی ایک نے کہا اوریا ابن حنایا کی منکوحہ ہی نام اسکا میشلیع ہی اور اُسکی مان کا نام شائع ہی
فرمایا اوریا کہان ہی کسی نے کہا کہ ایوب یا ثواب ابن صوریا آپ کے بھانجے کے ہمراہ مقام بلقا مین
متعینات ہی بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے دل مین یہ آیا کہ اوریا کو قتل کرین اور اُسکی
عورت کو اپنے نکاح مین لا دین اور بعضے کہتے ہین کہ اپنی ہمشیرہ زادے کو لکھا کہ اوریا جو تمھارے ہمراہ
لشکر مین ہی اُسکو جہاد کے واسطے فلان مقام پر روانہ کرو اور تاکید کرو کہ تابوت سکینہ کے آگے رہے
تاکہ فتح نصیب ہو یا شہید ہو جاے اور معمول یہ تھا کہ جو کوئی تابوت کے آگے ہوتا وہ اکثر مارا جاتا
چنانچہ ثواب ابن صوریا نے اوریا کو مطابق حکم داؤد روانہ کیا گیا اوریا نے جہاد مین فتح پائی پھر
دوسرے حکم کے موافق دوسرے شہر پر بھیجا وہان بھی فتح نصیب ہوئی جب تیسری جگہ

بھیجا گیا تو اوریا شہید ہوا پس بعد انقضاء عدت حضرت داؤد علیہ السلام نے مسماۃ میشایع سے
نکاح کیا کہ اُنسے حضرت سلیمان پیدا ہوئے وہذا القول مردود عند الکل قال علی رضی اللہ من حدثکم بحدیث
داؤد علیہ السلام علی ما یرد بہ القصاص جلدتہ مائتہ وستین جلدۃ وہو حد الفریتہ علی الانبیاء علیہم السلام
اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے لوگون سے پوچھا کہ یہ کبوتر کسکا تھا اُنھون نے
کہا مسماۃ میشایع کا ہی فرمایا وہ عورت شوہر دار ہی کسی نے کہا اوریا کے نکاح مین ہی لیکن ابتک اوریانے اُس سے
جماع نہین کی ہی سو حضرت نے اوریا کو طلب کیا اور کہا تو جہاد کو جا اُسنے قبول کیا اور جانب روم
روانہ ہوا اور وہ طرف ایسی تھی کہ جو شخص اُدھر جاتا تھا مارا جاتا تھا مگر اوریا فتحیاب ہوا اور موضع ناطقہ
مین ایک شخص کے ہاتھ سے مارا گیا اور بعد ایک برس کے حضرت داؤد نے اُسکی عورت سے نکاح کیا
اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد فتنۂ عورتون کی حکایات بنی اسرائیل کے سامنے بیان کر رہے تھے
اور دل مین یہ خیال تھا کہ اگر مین ایسی بلا مین پڑون تو محفوظ رہون اُسپر اللہ نے کبوتر بھیجا اُسکے
ذریعہ سے فتنۂ عورت مین مبتلا ہو گئے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد نے اوریا سے یا کسی اور شخص
سے فرمایا کہ تو اپنی عورت کو چھوڑ دے تو مین اپنے پاس رکھون اور اُس زمانہ مین یہ
دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی کی عورت کو پسند کرتا تو اُسکے شوہر سے درخواست
کرتا تھا کہ تو اسکو چھوڑ دے مین نکاح کرون سو اسی طرح حضرت داؤد نے اوریا سے کہا
کہ اُسنے بعادت مواساۃ طلاق دی ظاہرا یہ بات مباح تھی مگر مرضی حق کے خلاف پڑی
اِس سبب سے کہ رغبت دنیا تھی اور حضرت داؤد کو اللہ نے عورتون سے مستغنی بھی
کر دیا تھا کذا فی المدارک یہ روایت ابن مسعود رضی اللہ کی ہی تفسیر احمدی مین ہی کہ امام زاہد
نے اِس روایت کی انکار کی ہی اور اِس قول پر طعن فرمائی ہی بعد اُسکے لکھتے ہین کہ بعض کے
نزدیک زلّت یہ تھی کہ حضرت داؤد کے پاس دو خصم آئے اُنھون نے اپنا مقدمہ
بیان کیا اُس مقدمہ مین قول واحد پر حکم دیا اور دوسرے سے استفسار نہین کیا کما
قال لقد ظلمک الخ لیکن یہ قول ضعیف ہی اسلیئے کہ وہ دونون خصم صرف امتحاناً آئے تھے
بنا بر اِس زلّت کے جو حضرت داؤد سے صادر ہوئی تھی قبل اُسکے نہ کہ بعد اُسکے اور تقریر
فریق ثانی کی مقدر ہی بر سبیل ایجاز بالجملہ اِس معاملے مین روایتین مختلف پائی جاتی ہین اور
بعد تتبع اسقدر صحیح معلوم ہوتا ہی کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اوریا کی عورت کی آرزو کی کہ اگر یہ
مجھپر حلال ہو جاے تو بہتر ہی اتفاقاً اوریا مارا گیا اور اُسکے ساتھ اور لوگ بھی قتل ہوئے سو حضرت نے

اور لشکریون کا غم کیا اور یا کے مرنے کا رنج نہین کیا بعد ازان اُسکی عورت کو نکاح مین لائے
اور جو بعضے کہتے ہین کہ اوریا حضرت داؤد کا متبنی تھا اور نکاح منکوحہ متبنی سے زلّت ہی یہ قول مردود ہی
اور یہ بات ہرگز زلّت نہین ہوسکتی کیونکہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نکاح خود جناب حق نے
حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے بعد طلاق دینے زید کے فرمایا ہی اور زاد المسیر و تفسیر احمدی مین ہی
کہ جمہور اسپر ہین کہ اِس عورت سے اوّل اوریا نے نکاح کرنا چاہا تھا کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے
اپنے نکاح کا پیغام دیا عورت کے اولیا راضی ہوئے کہ حضرت نے نکاح کیا اسمین زلّت ولغزش قدم
یہ ہوئی کہ حضرت نے باوصف کثرت عورتون کے ایک بھائی مومن کے خطبہ پر خطبہ کیا چنانکہ یہ بات
کلام اللہ سے مفہوم ہوتی ہی کیونکہ اللہ صاحب مقدسہ امتحان مین فرماتے ہین بسؤال نعجتک الے
نعاجہ نہ کہ باخذ نعجتک معالم التنزیل مین ہی کہ نکاح سے تھوڑے دنون بعد صورت عتاب نمودار ہوئی اور
دو فرشتے تشریف لائے اور تفسیر تبیان مین ہی کہ حضرت جبرئیل و میکائیل علیہما السلام تھے اور اُنکے
ساتھ اور فرشتے بھی تھے اور جب یہ دونون فرشتے عبادت خانہ مین جانے لگے تو پاسبانون نے
منع کیا مگر وہ دونون چلے گئے یا دیوار پھٹ گئی اور دونون بصورت مدعی و مدعا علیہ حضرت
داؤد علیہ السلام کے پاس آگئے چنانچہ سورۂ صاد مین فرماتے ہین وہل اتٰک نبؤا الخصم اذ
تسوروا المحراب اذ دخلوا علی داؤد ففزع منہم یعنے پہونچی ہی تجھکو خبر دعوی والون کی جب کود کر دیوار کو آئے عبادتخانہ
مین جب گھس آئے داؤد پاس تو اُنسے گھبرایا شاید سبب گھبرانے کا یہ ہوا کہ بے اجازت باوصف
روکنے دربانون کے چلے آئے تھے یا دیوار کے شگافتہ ہونے سے ڈر گئے پھر دو تقدیر اُنسے
پوچھا تمکو کسنے میرے پاس آنے دیا بولے لا تخف خصمان بغی بعضنا علی بعض فاحکم بیننا بالحق ولا تشطط
واہدنا الی سواء الصراط یعنی وہ بولے مت گھبراہم دونون جھگڑتے ہین زیادتی کی ہی ایک نے دوسرے
سو فیصلہ کر دے ہم مین انصاف کا اور دور نہ ڈال بات کو اور بتا دے ہمکو سیدھی راہ فائدہ اِس آیت
مین حقیقت بغاوت مقصود نہین ہی کہ فرشتون مین نہین ہوسکتی بلکہ مراد یہ ہی کہ تمنے دیکھا دو شخصون کو
کہ ایک نے دوسرے سے بغاوت کی گویا قضیہ سے مطلع کرکے حکم چاہتے ہین الغرض جب حضرت
داؤد نے فرمایا بیان کرو تب ایک نے کہا ان ہذا اخی لہ تسع وتسعون نعجۃ ولی نعجۃ واحدۃ فقال
اکفلنیہا وعزنی فی الخطاب یعنے میرا بھائی ہی اسکے پاس ننانوے دنبیان ہین اور میرے ایک دنبی ہی
سو کہتا ہی وہ میرے حوالہ کر اور زبردستی کرتا ہی مجھسے بات مین فائدہ اخی سے مراد ہی کہ ہمارے طریق
و دین پر ہی اور نعجہ کنایہ ہی عورت سے اہل عرب اِسی طرح بولتے ہین اور بعضے کہتے ہین یہ تعریض ہی

بنا بر تنبیہ حضرت داؤد کے ورنہ اس جگہ نہ نعجہ ہے نہ بغی ہے یہ بات ایسی ہے جسطرح مارا زید نے عمرو کو او
بکر نے گھر کو اور نہ ضرب ہے نہ شرا کذا فی المعالم اور حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ کے نزدیک اکفل
سے یہ مراد ہے کہ مجھے دے ڈال اور مجاہد کے نزدیک چھوڑ دے تا کہ مین اُسکی کفالت کرون اور ا
عورتون مین ملاؤن اور اُسکے نان ونفقہ کی فکر کرون یعنی اُسے طلاق دے کہ مین نکاح مین لا
لفظ یعنی سے بھی اُنکے نزدیک مراد یہی ہے اور اصل حقیقت اس معاملے کی یہ ہے کہ جھگڑا نے وا
فرشتے تھے پردے مین انکو سناتے تھے کہ انکے گھر مین ننانوے عورتین تھین ایک ہمسایہ کی ع
نظر پڑی تو چاہا کہ اسکو بھی گھر مین رکھین اُسکا خاوند موجود تھا انکے لشکر مین اُسکو معین کیا تابوت
سے آگے جہان بڑے مردانہ لوگ لڑائی مین بڑھتے تھے وہ شہید ہوا پیچھے اُس عورت کو نکاح کر
کسی کا خون نہین کیا بے ناموسی نہین کی مگر کسی کی چیز لے لی تدبیر سے پیغمبرون کے شہرائی کو ا
داغ بہت تھا اسپر جانچ ہوئی پس یہ سب تمثیل ہے واسطے داؤد علیہ السلام کے کہ قوت ملک اور زو
لسانیہ سے اوریا پر غالب آئے اور اُسکی عورت سے نکاح کیا اور حق اوریا کا تلف کیا اور و
ضعیف تھا اُسکے ایک ہی جورو تھی اور حضرت داؤد کے ننانوے ۹۹ بیبیان تھین بالجملہ جب یہ سوال
تو حضرت داؤد نے کہا لقد ظلمک بسؤال نعجتک الی نعاجہ وان کثیرا من الخلطاء لیبغی بعضہم
بعض الا الذین آمنوا وعملوا الصالحات وقلیل ما ہم یعنے بے انصافی کرتا ہے تجھپر کہ مانگتا ہے تیرے
ملانے کو اپنے دُنبیون مین اور اکثر شریک زیادتی کرتے ہین ایک دوسرے پر مگر جو یقین لائے ہ
کام کیے اچھے اور تھوڑے لوگ ہین ویسے یعنی حضرت داؤد نے کہا کہ اگر ایسی بات ہے جیسا تم کہت
تو اُسنے ظلم کیا تب مدعی جانب مدعا علیہ دیکھ کر ہنسا اور کہا قضی الرجل علے نفسہ یعنی حکم کیا اِس مرد
اپنے نفس پر پھر دونون رخصت ہوئے حضرت داؤد نے جانا کہ یہ ابتلا ہے کما قال اللہ تعالے وظن د
انما فتناہ یعنے خیال مین آیا داؤد کے کہ ہمنے اُسکو جانچا سدّی سے روایت ہے کہ جب مدعی نے
کہ ہذا اخی الخ تو حضرت داؤد نے دوسرے سے پوچھا کہ تمکو کیا جواب ہے اُسنے کہا کہ فی الحقیقۃ ا
ننانوے ۹۹ دُنبیان ہین اور اُسکے ایک دُنبی ہے سو مین چاہتا ہون کہ اُسکو لیکر پوری سو کردون ا
میرا بھائی نہین مانتا ہے حضرت داؤد نے فرمایا کہ یہ ظلم ہے مین اُسکو سزا دونگا سائل نے
کہا ای داؤد تو نے کسطرح ایسا کیا حالانکہ تیرے ننانوے بی بی تھین اور اوریا کے ایک سو تو
کس کس طرح سے اُسکے ساتھ پیش آکر اُسکی جورو لے لی یہ بات کہکر غائب ہوگئے حضرت دا
جانا کہ یہ امتحان ہے جانب خدا سے پھر گناہ بخشوانے لگے اپنے رب سے علامہ بغوی معالم التنزیل

مین انس ابن مالک سے باسناد صحیحہ روایت کرتے ہین کہ انس ابن مالک فرماتے ہین کہ مین نے
سنا ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ داؤد نبی نے جب دیکھا عورت کو تو اسکو نبی اسرائیل
بہیجا لڑائی پر اور وصیت کی سردار لشکر کو کہ جب عدو کے مقابلہ پر پہونچو تو فلان شخص کو آگے تابوت کے
کر دینا اور تابوت سے اُس زمانے مین فتح ہوتی تھی اور جو شخص تابوت سے آگے ہوتا تھا وہ نہین پہرتا تھا
یہان تک کہ مارا جاے یا لشکر بہاگ جاے پس اُس عورت کا شوہر مارا گیا اور دو فرشتے آئے انھون نے
قصہ اُسکا بیان کیا داؤد نے دریافت کیا کہ یہ عتاب ہی چالیس رات دن سجدے مین پڑے رہے کہ اُنکے
اشکون سے گہاس جم گئی اور پیشانی زمین سے گہس گئی یہ کہتے تھے کہ ای رب داؤد نے بڑی ذلت اٹھائی اگر تو رحم نکرے
تو ضعیف ہو جاوے داؤد اور اگر نہ بخشے تو اُسکا گناہ یادگار رہیگا پیچہے آنے والون کو اور زبان زد خلائق رہیگا بعد چالیس
رات کے حضرت جبرئیل تشریف لائے اور کہا کہ ای داؤد اللہ نے تجھکو بخشا وہ قصد جو تونے کیا تھا داؤد
نے کہا اللہ قادر ہی کہ بخش دے اور تمکو معلوم ہی کہ اللہ عادل ہی کسی طرف میلان نہین کرتا پس اُس
شخص کو کیا حکم ہوگا جب قیامت مین آویگا اور مجھپر دعوی کریگا حضرت جبرئیل نے جناب الٰہی مین عرض کرکے
جواب دیا کہ اللہ تعالے قیامت کے دن تمکو تمھارے مدعی سے ملا دیگا اور تمکو بخشا دیگا اور مدعی کو عوض
اُسکا جنت مین دیگا اور کعب احبار اور وہب ابن منبہ اور حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ جب
فرشتون نے اگر قصہ بیان کیا تو حضرت داؤد اپنا احوال سمجھے اور چالیس دن سجدہ مین پڑے رہے کہ سر
نہین اُٹھایا مگر نماز مکتوبہ اور حاجت ضروریہ کے واسطے البتہ جب ہو جاتے تھے اور کہانا پینا بالکل ترک
ہو گیا تھا اور سر کے گرد گہاس اوگی تھی اور حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ چالیس دن سجدے
مین رہے تب ارشاد ہوا ؎ الہام شدش کہ چیست حالت ✤ باعث چہ بود برین ملامت ✤ گر گرسنہ ئی ہم
غذایت ✤ ور تشنہ شراب جان فزایت ✤ گر خستہ دلی دوا فرستم ✤ ور برہنہ تن قبا فرستم ✤ الا حضرت داؤد نے
کچھ جواب نہ دیا بلکہ زیادہ شرمندہ ہوئے کہ سات دن اور بہی گریہ اور زاری سے بیخود رہے بعد اسکے خداوند کریم
نے توبہ اور مغفرت نازل فرمائی حضرت داؤد نے سجدۂ شکرانہ ادا کیا اور عرض کیا رب العزت جب عرصہ
قیامت مین مدعی میرا دامن پکڑیگا تب کیا ہوگا ؎ گفتا کہ با قصور بخشد ✤ چندانکہ ز تو قصور بخشد ✤
وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ جب حضرت داؤد علیہ السلام کو آواز آئی کہ میرا قصور بخشا گیا حضرت
داؤد نے عرض کیا کہ یا الٰہی تو کسی پر ظلم نہین کرتا اور میرا مدعی راضی نہین ہی پھر میرا قصور کسطرح معاف ہوا
ارشاد ہوا اوریا کی قبر پر جا کے معذرت کر مین تیری آواز سناؤنگا حضرت داؤد علیہ السلام قبر پر گئے اور
کمال عجز اور انکسار سے اوریا کی قبر پر بیٹھے اور پکارا اوریا نے کہا کون ہی جسنے جگا دیا حضرت داؤد نے کہا

مین ہون داؤد اُسنے کہا یا نبی اللہ آپ کیون تشریف لائے ہین حضرت داؤد نے کہا کہ عفو قصور چاہتا ہون اوریا نے کہا کہ آپ سے کچھ قصور نہین ہوا حضرت داؤد نے کہا مین نے تجھکو جہاد مین بھیجا کر تو مارا گیا اُسنے کہا آپ نے مجھے جنت کے واسطے بھیجا تھا کہ مین شہید ہو کر داخل جنت ہوا سو یا نبی اللہ مین نے معاف کیا حضرت داؤد خوش ہوئے اُسوقت وحی ہوئی کہ ای داؤد مین حاکم عادل ہون تو صاف صاف اوریا سے کہہ دے پھر حضرت داؤد قبر پر تشریف لیگئے اور پکارا تو اُسنے کہا یا نبی اللہ آپ کیون تشریف لائے حضرت داؤد نے مفصل حال اپنا اور اُسکی عورت کا بیان کیا اوریا نے کچھ جواب نہ دیا بلکہ تین مرتبہ حضرت داؤد نے پکارا الا جواب نہ ملا تو بہت روئے اور بعضے کہتے ہین کہ تیسری مرتبہ اوریا نے جواب دیا کہ مین ہرگز معاف نکرونگا اسپر حضرت داؤد بہت روئے کہ بیتاب ہوگئے آواز آئی کہ ای داؤد تو نوحہ اور زاری مت کر یعنے بخشا تیرا گناہ اور رحم کیا مین تیرے رونے پر اور قبول کی مین نے تیری دعا حضرت داؤد نے کہا یارب مدعی میرا راضی نہین ہے ارشاد ہوا کہ مین قیامت کے دن ایسا ثواب عنایت کرونگا کہ اُسنے کانون سے سنا نہو نہ آنکھون سے دیکھا ہو اور مین اُس سے کہونگا کہ تو داؤد سے راضی ہو وہ کہیگا میرے پاس کچھ عمل داؤد کا نہین پہونچا ہے مین کسطرح داؤد سے راضی ہون تب مین ارشاد فرماؤنگا کہ یہ عوض میرے بندے داؤد کا ہے پس مین بخشاؤنگا تجھکو اور وہ بخشیگا حضرت داؤد نے عرض کیا کہ اب مین نے جانا کہ تو نے مجھکو بخشا اور اسی کا اشارہ ہے سورہ صاد مین فغفرنا لہ ذلک وان لہ عندنا لزلفی وحسن مآب یعنے پھر ہمنے معاف کر دیا اُسکو وہ کام اور اُسکو ہمارے پاس مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانا وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ بعد توبہ اور مغفرت حضرت داؤد علیہ السلام تیس برس تک اور بھی اپنی تقصیر پر روتے رہے روایت ہے کہ جب یہ خطیئہ صادر ہوا ہے تب عمر حضرت داؤد کی ستر برس کی تھی اور بعد اس خطا کے اپنی عمر کے دن چار قسم پر تقسیم فرماتے تھے ایک دن فیصلہ قضایا کرتے اور ایک دن صحبت عورتون سے رکھتے اور ایک دن تسبیح جنگل اور پہاڑون اور دریاؤن پر کرتے اور ایک دن گھر مین تنہا رہتے اور اس گھر مین چار ہزار محراب تھی اُنمین رونے والے جمع ہوتے کہ اُنکے ساتھ نوحہ فرماتے اور اپنے حال پر روتے یعنی جب سیاحت کا دن ہوتا تو جنگل مین نکل جاتے اور مزامیر کے ساتھ گاتے اور روتے اُنکے ساتھ درخت اور وحوش و طیور بھی روتے اور اُنکی آنکھون سے آنسو مثل نہر جاری ہونے بعد اُسکے پہاڑون کی طرف تشریف لیجاتے کہ پہاڑ اور پتھر اُنکے ساتھ روتے پھر کنارے دریا کے تشریف لاتے تو جانور بحری مگر وغیرہ روتے جب شام ہو جاتی چلے آتے اور جب خاص اپنے نوحہ کا دن آتا تو منادی آواز دیتا کہ آج دن ہے نوحہ داؤد کا جسکو شرکت منظور ہو آوے اور عابد لوگ محراب والے مکان مین داخل ہوتے اور فرش

جنائی کا بچھتا اُسپر چار ہزار عابد بیٹھتے اور حضرت داود رونا شروع کرتے اور عابد لوگ بھی رونے کہ ہمیشہ فرش آنسوؤن سے تر ہو جاتا اور حضرت داود چڑیا کے بچہ کی طرح اُسمین تڑپتے تب حضرت سلیمان آگے اُٹھاتے اور مُنہ حضرت داود کا دھوتے اور کہتے یا الٰہی بخش دے وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ حضرت داود نے اپنی زندگی بھر پانی نہین پیا مگر اُسکو آنسوؤن سے ملاتے تھے اور کھانا نہ کھاتے تھے مگر آنسوؤن سے ملا کر اور حضرت حسن بصری سے روایت ہی کہ حضرت داود بعد از گناہ سوکھی روٹی پر نمک چھڑکتے اور آنسوؤن سے تر کر کے کھاتے اور کہتے کہ خوراک صاحب گناہ کی یہی ہی ستّرہ برس اسی طرح گذرے وہب ابن منبہ کہتے ہین کہ جب حضرت داود کا گناہ عفو ہوا تو حضرت داود نے عرض کیا کہ یا رب العالمین تو نے گناہ میرا بخشا اب ایسی سبیل کر کہ قیامت کو گناہ یاد رکھون تب اللہ جل شانہ نے اُنکے ہاتھ مین وہ گناہ لکھ دیا جب کھانا پانی ہاتھ سے کھاتے پیتے تو دیکھ کر روتے تھے اور جب منبر پر کھڑے ہوتے اور خطبہ کرتے تو لوگون سے متوجہ ہو کر وہ ہاتھ دکھلاتے تو خلق اللہ اُسکو دیکھتی اور روتی اور قتادہ رضی اللہ عنہ حسن سے روایت کرتے ہین کہ حضرت داود بعد عفو خطا کے گنہگارون کے پاس بیٹھتے اور کہتے کہ آؤ داود گنہگار کے پاس اور قبل خطا کے آدھی رات تک قیام کرتی ہی اور چھ مہینے روزہ رکھتے تھے جب خطا صادر ہوئی تو سال بھر روزہ رکھتے تھے اور تمام رات عبادت کرتے تھے اور قصص مین وارد ہی کہ وحوش اور طیور حضرت داود کا پڑھنا سُنا کرتے تھے جب قصور صادر ہوا تو اُنھون نے سُننا موقوف کر دیا اور یہ کہتے تھے کہ اے داود حلاوت صورت سے تیری خطا معاف ہوئی ہی اور حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب حضرت داود اپنا گناہ یاد کرتے تھے تو اُنکے اعضا جدا ہو جاتے تھے اور جب عفو گناہ یاد کرتے تو بحالت اصلی آ جاتے تھے القصہ جب توبہ حضرت داود کی قبول ہوئی تو پھر تخت سلطنت پر بیٹھے اور حکم رانی کرنے لگے اور ارشاد ہوا کہ انا جعلناک خلیفۃً فی الارض فاحکم بین الناس بالحق ولا تتبع الھوی فیضلک عن سبیل اللہ ان الذین یضلون عن سبیل اللہ لھم عذاب شدید بما نسوا یوم الحساب یعنے اے داود ہمنے کیا تجھکو نائب مملکت مین سو تو حکومت کر لوگون مین انصاف سے اور نہ چل پوشیدہ ہوس پر پھر تجکو بچلا دے اللہ کی راہ سے مقرر جو لوگ نچلتے ہین اللہ کی راہ سے اُنکو سخت مار ہے اسپر کہ بھلا دیا دن حساب کا بعض اہل سیر نے لکھا ہی کہ جن دنون حضرت داود علیہ السلام مبتلاے بلاے زلّت ہوئے ہین اوّل روزون مین سفہاء بنی اسرائیل نے شلوم ابن داود کو جو طالوت کا نواسا تھا بجاے حضرت داود بادشاہ کرنا چاہا وہ بھی مستعد ہوا تھا پھر حضرت کو پہونچی تو آپ مع اپنے بھانجے تواب کے بنی اسرائیل کے لشکر سے نکل گئے شلوم سے [illegible] حضرت داود

وزیر اعظم کو واسطے نصیحت کے بھیجا کہ شلوم بھاگا حضرت داؤد نے تواب کو روانہ کیا کہ تو جاکر شلوم کو بہ تدبیر صائب پھیر لا مگر قتل نہ کرنا تواب نے شلوم کا تعاقب کیا اور اسکو گھیر کر بفراموشی نصیحت حضرت داؤد قتل کرکے لوٹ آیا حضرت داؤد نے فرمایا کہ اب مین تجھکو قصاص مین مارونگا الا بمصلحت وقت و انتظام سلطنت اجراے قصاص مین توقف کیا اور مرض موت مین حضرت سلیمان کو وصیت فرمائی کہ بعد میرے اسکے قصاص مین تعلل نکرنا روایت ہی کہ حضرت داؤد کے زمانے مین بنی اسرائیل کی ایسی کثرت ہوئی کہ آپ کو تعجب ہوا وحی الٰہی ہوئی کہ اے داؤد جب ابراہیم نے اسمعیل کے ذبح کا قصد کیا تھا اسوقت مین نے وعدہ فرمایا کہ مین اولاد ابراہیم زیادہ کرونگا سو مین نے ایفاے وعدہ فرمایا مگر ان لوگون نے میری رضا کے خلاف کیا اب میرا ارادہ یہ ہی کہ انکو بلا مین ڈالون سو تو تین بلاؤن مین ایک بلا قبول کر اول قحط دوسرے استیلاے عدو تیسرے طاعون حضرت داؤد نے باستصواب قوم طاعون قبول کیا چنانچہ ایک لاکھ ستر ہزار بنی اسرائیل اس بلا سے مر گئے اور حضرت داؤد مع علما و احبار بنی اسرائیل صخرہ بیت المقدس مین جلوہ فرما ہوئے اور ارشاد کیا کہ اے بنی اسرائیل تمھاری اکثر قوم نے غضب الٰہی سے نجات پائی ہر اسپر شکر کرو اور ایک مسجد یہان بناؤ بنی اسرائیل نے قبول کیا اور تعمیر مسجد اقصیٰ شروع ہوئی جب کہ چار دیواری بمقدار قامت انسان بلند ہوگئی تو وحی ہوئی کہ تعمیر اسکی موقوف رکھنا چاہیے کہ تکمیل اسکی تیری اولاد کے ہاتھ سے مقدر ہی لہٰذا حضرت داؤد دست کش ہوئے اور حضرت سلیمان نے اپنے عہد نبوت مین اسکو تمام کیا روایت ہی کہ بعد قبول توبہ حضرت سلیمان انھین بی بی سے پیدا ہوئے اور ایام لڑکپن سے نشانیان اقبال کی ناصیہ شریف سے چمکنے لگین اور نہایت خوبصورت نظر آنے لگی و فراست و دانائی اس مرتبہ کو پہنچی کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے امور سلطنت مین مشورہ لینے لگے چنانچہ ایک روز دو دہقانی محکمۂ داؤدی مین حاضر ہوئے ایک ایلیا صاحب کشت یا باغ دوسرا یوحنا مالک غنم سو ایلیا نے کہا اے خلیفہ یوحنا میرا پڑوسی رات کے وقت بکریان چراتا تھا وہ بکریان میری کھیت مین پڑگئین اور کھیت کھا گئین حضرت داؤد نے یوحنا سے جواب پوچھا اسنے کہا درست ہی حضرت داؤد نے ارشاد کیا کہ غلے و بکریون کی قیمت مشخص کرو چنانچہ وقت تشخیص بقدر قیمت بکریون کے نقصان قرار پایا اسپر حضرت نے حکم دیا کہ یوحنا بکریان ایلیا کو سپرد کرے یوحنا نے محکمے سے نکل کر یہ ماجرا بیان کیا حضرت سلیمان نے فرمایا کہ اگر حکم دینا میرے اختیار مین ہوتا تو مین ایسا حکم دیتا جو دونون کے حق مین بہتر ہوتا خواجہ یہ فرمایا کہ حکم ایسے مقدمے مین خلاف اس تجویز کے مناسب تھا حضرت داؤد نے یہ بات سنکر

ط۱۰

حضرت سلیمان کو طلب کرکے ارشاد کیا کہ جو کچھ حکم فریقین کے حق مین بہتر ہو بیان کر حضرت سلیمان نے
کہا کہ بکریان ایلیا صاحب کشت کو دیجاوین کہ اولاد والبان واصواف سے بہرہ مند ہووے
اور کھیت یوحنا کے سپرد کیا جاے کہ وہ خدمت کرکے حالت اصلیہ پر کر دیوے تب ایلیا اپنا کھیت
یوحنا سے لیوے اور یوحنا اپنی بکریان لیوے چنانچہ یہ حکم سنکر حضرت داؤد علیہ السلام خوش ہوئے
اور فریقین راضی ہوئے اور حضرت داؤد نے اسی طرح سے حکم صادر فرمایا اس عرصے مین عمر حضرت
سلیمان کی بروایۃ صحیحہ گیارہ برس کی تھی اور بعض تیرہ کی بیان کرتے ہین چنانچہ سورۂ اقترب للناس
مین اللہ صاحب اس قضیہ کا اشارہ فرماتے ہین وداؤد وسلیمان اذ یحکمان فی الحرث اذ نفشت
فیہ غنم القوم وکنا لحکمھم شاہدین ففھمناھا سلیمان وکلا آتینا حکما وعلما یعنے داؤد وسلیمان کو جب فیصل کرنے لگے
جھگڑا کھیت کا جب رَوندگیئن ہین اسکو رات مین بکریان ایک لوگون کی وروبرو تھا ہمارے
انکا فیصلہ پھر سمجھادیا ہمنے سلیمان کو وہ فیصلہ اور دونون کو دیا تھا ہمنے حکم وسمجھ یعنے ہمنے تعلیم کی
حکومت سلیمان کو اور سکھلایا ہمنے اسکو حکم تاکہ حکم کرے کہ بکریان مالک کھیت کو دیجائین اور کھیت
مالک بکریون کو کہ اسکو بصورت اولے کردے اور بکریون والا غافل نرہے بلکہ نگہبانی کرے
حقیقت یہ ہو کہ اُس زمانے مین یہی حکم تھا کہ چور غلام بنایا جاے اُسی کے موافق حضرت داؤد نے
حکم دیا تھا کہ بکریان کھیت والون کو عوض نقصان دلوائین اور حضرت سلیمان کو یہ وحی ہوئی کہ ایسا
حکم دیا جس سے دونون کا نقصان نہو پس حضرت داؤد نے بعد اطلاع منسوخیت حکم سابق بنص
ناسخ حکم صادر فرمایا اور اس معاملے مین شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام مین نزدیک
شافعی کے یہ حکم ہو کہ اگر جانور چھوٹا ہوا دن مین کسی کا مال تلف کرے تو مالک جانور پر ضمان نہین ہی اور
جو رات مین خراب کرے تو ضمان لازم ہی کیونکہ دن مین کھیت والے حفاظت کرتے ہین اور مویشی
دن مین چھوٹتے ہین رات کو بندھے رہتے ہین معالم التنزیل مین ہو کہ براء ابن عازب کے اُونٹنی نے
ایک دیوار گرادی سو یہ قضیہ حضرت صلعم کے حضور مین آیا حضرت نے فرمایا کہ اہل حوائط پر روز
مین حفاظت کرنا واجب ہی اور جو مویشی رات مین فساد کرین تو مالک پر ضمان ہی اور حنفیہ کے
نزدیک یہ حکم ہو کہ اگر مالک مویشی کا ساتھ ہو تو البتہ اُسپر ڈانڈ دینا لازم آتا ہی اور جو ساتھ نہو
تو رات کو فساد کرے یا دن مین کچھ بھی ضمان مالک پر نہین اور خصاف حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین
کہ حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام کے نزدیک ثابت ہوگیا تھا کہ صاحب غنم نے عمداً
وقصداً اپنی بکریان چھوڑ دی تھین کہ مالک کھیت کا نقصان ہو اولہٰذا حکم ضمان صادر فرمایا

اگر اس امت مرحومہ مین بھی ایسا معاملہ پیش آوے تو ایسا ہی حکم ہوگا اور صاحب کشاف نے لکھا ہو کہ حکم داؤد علیہ السلام کا معاملہ جنایت غلام کا نظیر ہی یعنے اگر غلام جنایت کرے تو مالک غلام کو جائز ہو کہ بعوض جنایت غلام کو سپرد مدعی کرے اور حکم حضرت سلیمان کا صورت عبد مغصوب کا نظیر ہی یعنی اگر عبد مغصوب غاصب کے پاس سے بھاگ جاوے اور مالک عبد غاصب سے عوض غلام لیکر متمتع ہو پھر جب غلام ملجاوے تو غاصب غلام کو تفویض بمالک کرے اور مالک غلام ضمان لیا ہوا غاصب کو واپس کردے فائدہ اس آیۃ مین اللہ جل شانہ نے حضرت سلیمان کی اصابت رائے پر تعریف فرمائی ہو اور حضرت داؤد علیہ السلام کے اجتہاد پر توصیف کی ہو مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ حکم حضرت داؤد علیہ السلام بطور فیصلہ تھا اور حکم حضرت سلیمان علیہ السلام بطور صلح والصلح خیر اس مقام مین علما کو اختلاف ہو کہ حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام کے حکم بالاجتہاد تھے یا بالنص بعضے اہل تحقیق فرماتے ہین کہ دونون کا حکم از روے اجتہاد تھا اور یہ بات حضرات انبیا علیہم السلام کو درست ہو تاکہ ثواب مجتہدین بھی حاصل ہو مگر حضرت داؤد علیہ السلام کو اپنے اجتہاد مین خطا واقع ہوئی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے صواب کیا اور خطا انبیا علیہ السلام سے جائز ہو مگر فرق اسقدر ہو کہ پیغمبر لوگ خطا پر قرار نہین پکڑتے اور علما کو بھی درصورت نہونے نص کتاب وسنت واجماع کے اجتہاد جائز ہی اور خطا انکی عفو ہی عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مین نے حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے اذا حکم الحاکم فاجتہد فاصاب فلہ اجران واذا حکم واخطاء فلہ اجر واحد یعنے جب حکم کرے حاکم پس کوشش کرے اور صواب کرے تو اسکو دو اجر ہین اور جب حکم دے اور خطا کرے تو اسکو ایک اجر ہی اور بعض علما فرماتے ہین کہ دونون صاحبون نے موافق وحی کے حکم دیا تھا مگر حکم سلیمان ناسخ تھا پس انکے نزدیک انبیا علیہم السلام کو اجتہاد جائز نہین ہی کیونکہ انبیا علیہم السلام بسبب وحی کے اجتہاد سے مستغنی ہین ولہذا یہ لوگ قائل ہین کہ انبیا سے خطا نہین ہوتی واللہ اعلم بالصواب دوسرا واقعہ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اصابت رائے پر دلیل ہی وہ یہ ہی کہ بخاری و مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی وہ کہتے ہین مین نے سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ دو عورتین تھین انکے ساتھ انکے دو بیٹے تھے بھیڑیا آیا ایک عورت کے بیٹے کو اٹھا لیگیا تو وہ عورت اپنی ساتھی عورت سے کہنے لگی کہ تیرے بیٹے کو بھیڑیا لیگیا دوسری نے کہا تیرا بیٹا لیگیا دونون حضرت داؤد کے پاس فیصلے کو آئین حضرت داؤد نے بڑی عورت کو وہ لڑکا دلوایا وہ دونون حضرت سلیمان ابن داؤد کے پاس آئین اور انسے یہ حال کہا

حضرت سلیمان نے کہا ایک چھری لاؤ تو مین لڑکے کو آدھا آدھا کر دون تب چھوٹی عورت نے کہا ایسا
مت کر رحم کرے تجھپر اللہ یہ بیٹا بڑی عورت کا ہی یعنی اب مین دعویدار نہین ہون اسکو دیجیے یہی پرورش
کریگی اور بڑی عورت چھری سے کاٹنے پر راضی تھی حضرت سلیمان نے اُس چھوٹی عورت کی شفقت سے
دریافت کیا کہ یہ لڑکا اِسی کا ہی سو اُسی کو دلوایا اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب گواہ نہون تو حاکم کو
لازم ہی کہ قراین وقیاس پر عمل کرے بعد ان واقعات کے حضرت داؤد علیہ السلام بلامشورہ حضرت سلیمان
کوئی حکم نہ دیتے تھے اور یہ دستور ٹھہرا تھا کہ حضرت سلیمان محکمے کے دروازے پہ بیٹھتے تھے اور حضرت
داؤد محکمے مین ایک روز حضرت سلیمان کی غیبت مین ایک عورت ضعیفہ حضرت داؤد علیہ السلام
کے پاس ہوا پر دادخواہ آئی اُسنے کہا کہ اے خلیفہ مین عیال دار ہون تھوڑا آٹا جو کاسر پر لیے جاتی تھی
ہوا نے برباد کر دیا میری اولاد فاقے سے رہی جاتی ہی میرے حق مین فیصلہ حق کیجیے حضرت داؤد
نے کہا میرا حکم ہوا پر جاری نہین ہی مگر آٹا میرے گھر سے لیجا سو اُس ضعیفہ نے آٹا لیا اور دعا کرکے
اپنے گھر چلی راہ مین حضرت سلیمان ملے اُنھون نے پوچھا تو کہان آئی تھی یعنے نالشی یا محتاج اُسنے
کہا دادخواہ ہون اور اپنی نالش بیان کر دی حضرت سلیمان نے فرمایا تو خلیفہ خدا کے پاس پھر جا اور ہو
دادخواہ ہوا اور کہہ مین محتاج نہین ہون انصاف چاہتی ہون چنانچہ وہ ضعیفہ پھر محکمے مین آئی اور حضرت
داؤد سے کہنے لگی کہ عطاے تو بلقاے تو مین انصاف چاہتی ہون حضرت داؤد نے کہا مین ہوا پہ
حاکم نہین ہون اور دس گونہ آٹا عنایت کیا بوڑھیا نہایت خوش ہو کر چلی جب حضرت سلیمان سے
مُلاقی ہوئی تو اُنھون نے پھر واپس کیا تب تو حضرت داؤد نے کہا تجھکو کون شخص بار بار پھیرتا ہی
اُسنے کہا سلیمان اُسی وقت حضرت داؤد نے حضرت سلیمان کو طلب کرکے پوچھا کہ مجھکو ہوا پر کیا
دست رس جو اسکے حق مین حکم دون حضرت سلیمان نے کہا یہ درست ہی لیکن آپ کی دعا کو اثر ہی
سو آپ دعا کیجیے کیونکہ مین نہین چاہتا کہ یہ عورت تمھارے عدل کی شکایت کرے آخرکار حضرت
داؤد نے دعا فرمائی اور حضرت سلیمان نے آمین کہا دفعۃً خداے تعالیٰ نے ہوا کو بصورت انسان بھیجا
تب اُس عورت نے اپنا دعویٰ پیش کیا ہوا نے کہا یا رسول اللہ مین نے بحکم خدا اِسکا آٹا لیا ہی حضرت
داؤد نے اُسکی کیفیت پوچھی ہوا نے کہا کہ ایک کشتی دریا مین جاتی تھی اُسمین سوراخ ہو گیا اور مالک
کشتی نے دعا مانگی کہ یا الٰہی اگر اِس بلا سے نجات پاؤن تو مین کل مال اپنا فقیرون کو دے ڈالون
لہذا ارشاد ہوا تو مین نے اِس بوڑھیا کا آٹا لیکر سوراخ کشتی مین بھر دیا تب وہ کشتی غرق سے محفوظ رہی
اُسی وقت حضرت داؤد نے مالک کشتی کو طلب کرکے نصف مال فقیرون کو دلوایا اور نصف باقی

بوڑھیا کو پھر اُس ضعیفہ سے استفسار کیا کہ تو نے ایسا کون کام کیا ہی جس سے خدا تعالی نے تجھکو اسقدر
عوض دنیا مین دیا اُسنے کہا مجھکو معلوم نہین ہی مگر یاد آتا ہی کہ ایک روز کوئی فقیر میرے دروازے پر آیا اُسنے
کہا کہ مین دور سے آتا ہون اور بہت بھوکھا ہون میرے پاس ایک روٹی تھی مین نے اُسکو کھلائی
مگر اُسنے کہا مین سیر نہین ہوا تب مین نے کہا ای فقیر تو ٹھہر جا تو مین تیرے واسطے آٹا پیس کر روٹی
پکاؤن سو وہی آٹا لیے آتی تھی ہوا نے برباد کر دیا ناچار مین نے تمسے شکایت کی اُسوقت جبرئیل
علیہ السلام نے کہا کہ یہ مال اُسی کا عوض ملا ہی اور بروز قیامت دس حصے اور ملیگا واقعہ چوتھا یہ کہ
حضرت داؤد نے ایک شخص کو قاضی مقرر کیا ایک دن عورت حسینہ بدعوی مال نقد کسی پر دعویدار
ہوئی قاضی اُس عورت پر عاشق ہو گیا اور پیغام نکاح پیش کیا اُسنے انکار کی تب قاضی نے حرام کرنا چاہا
اُسنے کہا مین حرام کار نہین ہون ناچار انصاف قاضی سے نا اُمید ہو کر صاحب شرط کے
پاس نالشی ہوئی وہ بھی مفتون ہوا وہان سے دل شکستہ ہو کر صاحب شوق کے دربار مین ملتجی ہوئی
وہ بھی فریفتہ ہو گیا ناچار خلیفہ وقت کے حاجب سے رجوع لائی اُسنے بلا تامل پیغام زنا بھیجا تب وہ
عفیفہ خاموش ہو کر دعوی سے دست کش ہوئی جب ان حاکمون نے دیکھا کہ ایسی پری شیشہ مین کر
ہاتھ سے نکلی جاتی ہی اور شیشۂ دل چور چور ہی اُسکو کسی طور سے پھانسنا واجب ہی تب بزور گواہان
لباسی حضرت داؤد کے حضور مین بیان کیا کہ یہ عورت ایک کتے کے پاس رہتی ہی حضرت داؤد نے
مطابق توریت رجم کا فرمان جاری کیا یہ خبر حضرت سلیمان کو پہونچی آنجناب نے باہر نکل کر اجراے
حکم کو منع کیا اور کئی لڑکے ہم عمر بلائے انمین سے ایک کو عورت قرار دیکر چار کو گواہ کیا اُن چار نے
گواہی دی کہ یہ عورت ایک کتے کے پاس رہتی ہی پھر اُن چارون کو الگ الگ بٹھلایا اسطرح کہ ایک
دوسرے کی آواز نہ سُنے اور ایک سے پوچھا کتے کا رنگ کیسا تھا اُسنے کہا سیاہ دوسرے سے
دریافت کیا وہ بولا سرخ اسی طرح تیسرے نے کہا زرد چوتھے نے کہا ابلق تب کہا کہ تم بڑے جھوٹھے
ہو تمھاری گواہی پر ایک عفیفہ صالحہ کو حد نہ مارونگا بعد ازان اور لڑکون سے کہا کہ ان گواہون کو
قتل کرو یہ خبر تماما حضرت داؤد علیہ السلام کو پہونچی تب حضرت داؤد نے اُس مقدمے کے
گواہون کو طلب کیا اور ہر ایک کو علیحدہ بٹھلا کر سوال کیا اُن سب نے کتے کا رنگ مختلف بیان
کیا لہذا گواہون نے سزا پائی اور عورت نے خلاصی کتب تواریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ معاملہ
حضرت سلیمان کی نہایت کم سنی مین پیش ہوا تھا القصہ اسی طرح اکثر مقدمات مین تجویز اخیر حضرت
سلیمان علیہ السلام کی راے پر منحصر تھی تفاسیر معتمدہ مین لکھا ہی کہ جب عمر حضرت داؤد علیہ السلام کی

قریب الاختتام پہونچی تو حضرت جبرئیل امین علیہ السلام حضرت رب العزت کی طرف سے ایک صندوق حضرت داؤد کے پاس لائے اور کہنے لگے کہ اپنے سب صاحبزادون کو طلب کرکے استفسار کرو کہ اس صندوق مین کیا ہے جو کوئی انمین سے جواب راست و درست دیوے خلافت و سلطنت خدا کی طرف سے اسی کو عنایت ہوگی اُس وقت حضرت داؤد علی نبینا و علیہ السلام کے بارہ یا انیس صاحبزادے تھے اور ہر ایک دعویدار ریاست و خلافت چنانچہ حضرت داؤد نے لڑکون کو جمع کرکے دریافت کیا کسی نے کچھ بھی جواب نہ دیا مگر حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اس صندوق مین ایک انگشتری اور ایک تازیانہ اور ایک خط مہری ہے اسی دم حضرت داؤد نے صندوق کھولا تو وہی نکلا حضرت جبرئیل نے فرمایا اے داؤد یہ انگشتری جنت کی ہے اسکی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اسمین دیکھے تو اسکو شرق سے غرب تک نظر آوے اور جو کچھ چاہے حاصل ہو اور تازیانہ دوزخ کا ہے خاصیت اسکی یہ ہے کہ جو کوئی حد تازیانے کا مطیع نہو وہ سزا پاوے بلکہ یہی تازیانہ سزا کو پہونچاوے گویا یہ تازیانہ دورباش ہے اور اس خط مین پانچ سوال ہین اُنکا جواب اپنے بیٹون سے پوچھو جو کوئی جواب تحقیقی بیان کرے وہ شخص مالک و وارث قرار پاوے چنانچہ اسی وقت حضرت داؤد نے سب بیٹون کو بلایا اور علماے قوم کو بھی طلب کیا اور سوال کیا کہ ایمان و محبت و عقل و شرم و قوت بدن مین کس جگہ ہے کسی شخص نے جواب نہ دیا مگر حضرت سلیمان نے فرمایا ایمان و محبت دل مین ہے اور مقام عقل سر اور جاے شرم آنکھین اور موقع قوت استخوان اسی وقت حضرت داؤد نے تازیانہ و خاتم حضرت سلیمان کو عنایت فرما کے تخت سلطنت پر بٹھلایا دوسرے دن وفات پائی اور بعضے کہتے ہین کہ سواے سوالات خمسہ کے بارہ سوال اور بھی تھے کہ انکو بھی حضرت داؤد نے پوچھا ہے اور حضرت سلیمان نے جواب شافی دیا وہ باتین یہ ہین تلخ تر و شیرین تر و بدتر عالم مین کون چیز ہے اور فراخ تر آسمان و زمین سے کیا ہے اور غنی دنیا مین کون ہے اور سنگ سے سخت تر و آتش سے گرم تر کون ہے اور دنیا مین آبادی زیادہ ہے یا ویرانی اور موت سے ہول تر کیا ہے اور بنی آدم پر غالب کون ہے اور جہان مین عورتین زیادہ ہین یا مرد حضرت سلیمان نے کہا تلخ تر درویشی و شیرین تر تونگری و بدتر مردم آزاری و فراخ تر از آسمان و زمین سخن حق و وصف عدل و غنی تر مرد قانع و سخت تر دل کافر و گرم تر زیادہ ناامیدی اور دنیا مین ویرانی زیادہ آبادی سے ہے کیونکہ آخر آبادی ویرانی ہوگی اور موت سے ہول تر دوزخ اور غالب تر بنی آدم پر اُسکا پیٹ ہے اور جہان مین عورتین مردون سے زیادہ ہین اور کتاب تاج السلاطین مین صاحب اخبار الدول سے نقل کیا ہے کہ یہ خاتم حضرت آدم علیہ السلام کی تھی جب آپسے زلت صادر ہوئی تو وہ خاتم عرش پر پہونچی

بنابر تنبیہ حضرت داؤد کے ورنہ اس جگہ نہ بغیہ ہے نہ بغی ہے یہ بات ایسی ہے جسطرح مارا زید نے عمرو کو اور سوال لیا بکر نے گھر کو اور نہ ضرب ہے نہ شے الکذا فی المعالم اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک اکفلنیہا سے یہ مراد ہے کہ مجھے دے ڈال اور مجاہد کے نزدیک چھوڑ دے تاکہ مین اُسکی کفالت کرون اور اپنی عورتون مین ملاؤن اور اُسکے نان ونفقہ کی فکر کرون یعنی اُسے طلاق دے کہ مین نکاح مین لاؤن اور لفظ بغی سے بھی اُنکے نزدیک مراد یہی ہے اور اصل حقیقت اس معاملے کی یہ ہے کہ جھگڑانے والے فرشتے تھے پردے مین انکو سناتے تھے کہ اُنکے گھر مین ننانوے عورتین تھین ایک ہمسایہ کی عورت نظر پڑی تو چاہا کہ اسکو بھی گھر مین رکھین اُسکا خاوند موجود تھا انکے لشکر مین اُسکو معین کیا تابوت سکینہ سے آگے جہان بڑے مردانہ لوگ لڑائی مین بڑھتے تھے وہ شہید ہوا پیچھے اُس عورت کو نکاح کیا آئین کسی کا خون نہین کیا بے ناموسی نہین کی مگر کسی کی چیز لے لی تدبیر سے پیغمبرون کے شہرائی کو اتنا بھی داغ بہت تھا اسپر جانچ ہوئی پس یہ سب تمثیل ہے واسطے داؤد علیہ السلام کے قوت ملک اور فصاحت لسانیہ سے اوریا پر غالب ہوئے اور اُسکی عورت سے نکاح کیا اور حق اوریا کا تلف کیا اور وہ بیچارہ ضعیف تھا اُسکے ایک ہی جورو تھی اور حضرت داؤد کے ننانوے ۹۹ بیبیان تھین بالجملہ جب یہ سوال پیش ہوا تو حضرت داؤد نے کہا لقد ظلمک بسؤال نعجتک الی نعاجہ وان کثیرا من الخلطاء لیبغی بعضہم علے بعض الا الذین آمنوا وعملوا الصالحات وقلیل ما ہم یعنے بے انصافی کرتا ہے تجھپر کہ مانگتا ہے تیرے دُنبی ملانے کو اپنے دنبیون مین اور اکثر شریک زیادتی کرتے ہین ایک دوسرے پر مگر جو یقین لائے ہین اور کام کیے اچھے اور تھوڑے لوگ ہین ویسے یعنی حضرت داؤد نے کہا کہ اگر ایسی بات ہے جیسا تم کہتے ہو تو اُسنے ظلم کیا تب مدعی جانب مدعا علیہ دیکھکر ہنسا اور کہا قضی الرجل علے نفسہ یعنی حکم کیا اِس مرد نے اپنے نفس پھر دونون رخصت ہوئے حضرت داؤد نے جانا کہ یہ ابتلا ہے کما قال اللہ تعالے وظن داؤد انما فتناہ یعنے خیال مین آیا داؤد کے کہ ہمنے اُسکو جانچا سدی سے روایت ہے کہ جب مدعی نے کہا کہ ہذا اخی الخ تو حضرت داؤد نے دوسرے سے پوچھا کہ تمکو کیا جواب ہے اُسنے کہا کہ فی الحقیقۃ میرے ننانوے ۹۹ دُنبیان ہین اور اُسکے ایک دُنبی ہے سو مین چاہتا ہون کہ اُسکو لیکر پوری سو کرون اور میرا بھائی نہین مانتا ہے حضرت داؤد نے فرمایا کہ یہ ظلم ہے مین اُسکو سزا دونگا سائل نے عرض کیا کہ اے داؤد تو نے کسطرح ایسا کیا حالانکہ تیرے ننانوے بی بی تھین اور اوریا کے ایک سو تو نے کس کس طرح سے اُسکے ساتھ پیش آکر اُسکی جورو لے لی یہ بات کہکر غائب ہو گئے حضرت داؤد نے جانا کہ یہ استحان ہے جانب خدا سے پھر گناہ بخشوانے لگے اپنے رب سے علامہ بغوی معالم التنزیل

حضرت داؤد کی سنہ چار ہزار چار سو تینتیس ہبوطی مین ہوئی ذکر حضرت داؤد کا سورۂ انبیا و نحل و سبا و صاد مین ہی **فائدہ** تفسیر عزیزی وغیرہ تفسیرون مین لکھا ہی کہ ایک گروہ قوم بنی اسرائیل کا شہر ایلہ مین کہ مابین مدین و طور بحیرہ طبریہ کے کنارے واقع ہی رہتا تھا اور توریت کی متابعت کرتا تھا مگر ایک حکم کے نہ ماننے سے مسخ ہوگیا اور وقوع اس عذاب دنیوی کا یون ہوا کہ حضرت داؤد کے زمانے مین یہودیون کی عبادت کا روز یوم جمعہ تھا انھون نے ہفتہ اختیار کیا و لہذا اس روز کی تعظیم انپر واجب ہوئی حتیٰ کہ شکار مچھلی کا نکرتے تھے بلکہ کسی کار دنیوی مین مصروف نہوتے تھے جب کم بختی دامنگیر ہوئی تو اُس حکم کے خلاف کرنے لگے اور امتحان مین پکڑے گئے کذا فی التفسیر النیشاپوری والمدارک والکبیر اور تفسیر عزیزی مین ہی کہ توریت مین حکم تھا کہ سنیچر کے روز تمام عمر مخلصاً عبادت کیا کرو اور کسی کام مین مشغول نہو سو اللہ نے اسطرح امتحان لیا کہ ہفتے کے دن مچھلیان پانی مین ظاہر ہوکر غائب ہوجاتین اور اس سبب سے کہ اُس دن مچھلی کا شکار حرام تھا بنی اسرائیل کو گوشت مچھلی کی حسرت رہتی اور چونکہ اہل سواحل کو گوشت ماہی سے رغبت زیادہ بہ نسبت شہریون کے ہوتی ہی صبر نکرسکے لہذا اس خیال مین پڑے کہ اگر کوئی حیلہ شرعی ہاتھ لگے تو مچھلی کا گوشت کھائین آخر کار عقلاء بنی اسرائیل نے یہ حیلہ نکالا کہ بروز جمعہ وقت شام کنارے دریا کے چھوٹے چھوٹے گڈھے کھودتے اور صبح کو یعنی ہفتہ کے دن دریا سے راستہ پانی کے آنے کا کردیتے کہ مچھلیان اسی راہ سے پانی کے ساتھ گڈھون مین جمع ہوجاتین جب مچھلیان گڈھے مین بخوبی بھر جاتین تو راہ آمد آب بند کردیتے تاکہ مچھلیان دریا مین نہ جائین اور رات بھر اسی طرح چھوڑ دیتے اتوار کے دن جال ڈال کر شکار کرتے خواہ ہاتھ سے پکڑ لیتے اور گھرون مین لاکر کھاتے و بیچتے اور کہتے کہ ہم ہفتے کے روز شکار نہین کرتے ہین بلکہ مچھلیون کو حوضون مین رکھتے ہین اور اتوار کو کہ اُس دن شکار بحکم الٰہی حلال ہی شکار کرتے ہین اسمین کچھ خلاف شرع نہین ہی الغرض اسی طرح مدت مدید گذری اور کسی نے نہ پوچھا یعنے نہ تو خداوند تعالیٰ کی طرف سے گرفت ہوئی اور نہ کسی نے پیغمبر وقت کو خبر پہونچائی روایت ہی کہ چالیس برس یا ستر برس تک یہ عمل رواج پذیر رہا اور بنی اسرائیل نے معلوم کیا کہ یہ عمل حلال ہی یہان تک کہ نقارہ نبوت داؤدی اس قوم مین بجا اور یہ احوال آنپر کھلا کہ حضرت داؤد نے اول نصائح فرمائی تب اُس گروہ بے شکوہ نے حیلہ شرعیہ اپنا تجویز کیا ہوا پیش کیا حضرت نے فرمایا کہ بند کرنا راہ کا اور جمع کرنا مچھلیون کا گڈھون مین بروز شنبہ تمہارے بیان سے واضح ہی پھر تم کہتے ہو کہ ہم بروز شنبہ شکار نہین کرتے خدا سے ڈرو اور اس عمل شنیع سے باز رہو ورنہ عقوبت شدیدہ مین گرفتار ہوگے

اور یہ حیلہ تمکو خراب کریگا اور یہ نہ خیال کرو کہ اتنی مدت تک اللہ نے نہ پکڑا عادت الٰہی یون ہی جاری ہے کہ
عقوبت گنہگار مین جلدی نہین کرتے مگر اس وعظ و نصیحت کو بنی اسرائیل نے نہ سنا اور ایسی حرکت سے
باز نہ آئے بلکہ کہنے لگے کہ ہمکو اسی حیلے سے ثروت و مکنت حاصل ہوئی ہے اور سالہا سال مدت دراز سے کرتے
چلے آتے ہین اب تو چھوڑنا اسکا دشوار ہے اور اگر ہم اسکو چھوڑین تو وجہ معیشت ہماری باقی نہ رہے اخبار
مین وارد ہے کہ اہل شہر اسوقت مین تین گروہ تھے ایک گروہ بارہ ہزار کا امر معروف و نہی منکر پر مصروف
تھا یہان تک کہ شکاریون سے ملنا ترک کر دیا تھا اور اگرچہ ہم خانہ تھے تو بیچ مین دیوارین اٹھا لی تھین
نہ تو آپ کسی کے پاس جاتے تھے نہ کسی کو آنے دیتے تھے دوسرا گروہ ستر ہزار کا اس فعل شنیع مین مبتلا
تھا تیسرا گروہ وہ تھا جنہنے تنگ ہو کر منع کرنا چھوڑ دیا تھا محض ساکت تھے نہ تو اس فعل شنیع مین مصروف
تھے اور نہ منکر بلکہ واعظین و ناصحین کو منع کرتے تھے کہ تم لوگ عبث انکو منع کرتے ہو یہ لوگ اصلا
نہ مانینگے القصہ ان کمبختون نے نہ واعظین کا کہنا مانا اور نہ حضرت داود علیہ السلام کے ارشاد پر
عمل کیا تب جناب حضرت حق سے ارشاد ہوا کونوا قردۃ خاسئین یعنے ہو جاؤ بندر پھٹکارے یعنے
بدصورت و نامعقول و مردود تاکہ لوگ تمسے نفرت کرین یہ اسواسطے فرمایا کہ اگر بندر خوبصورت ہوتے
تو بنظر مرغوبیت حرکات و سکنات مردم شہر انکو پرورش کرتے اور طعام لذیذ کھلاتے اور زنجیرین طلائی
گلون مین ڈال کر نچاتے اور مصاحبت مین رکھتے بلکہ اطفال خوش حرکات کی طرح محبوب و مرغوب
رکھتے اور اس صورت مین تعذیب قرار واقعی نہوتی و لہذا بصورت بنائے کہ مردم شہر متنفر ہوتے
اور عجب معاملہ واقع ہوا کہ ایک روز مانعین اور واعظین نے شکاریون کی آواز نہ سنی تو حیرت
مین پڑے اور اپنے گھر کی دیوارون پر چڑھے کہ دیکھین کیا معاملہ واقع ہوا سو دیکھتے ہین کہ تمام گھرون
مین بندر پھرتے ہین اور اپنے آشناؤن و قریبون کے پیرون پر سر رگڑتے ہین اور زار زار
روتے و شور مچاتے ہین اور تعفن اخلاط سے ایسی بدبو آتی تھی کہ دیکھنے والے بھاگتے دخوف کھاتے
تھے اور جو کوئی شخص بنظر عبرت دیکھنے کو آتا تو وہ طعنے دیتا اور بندر سنکر اپنے سر ہلاتے پوشیدہ نرہے
کہ یہ ارشاد در حقیقت تکوین و ایجاد تھا نہ ارشاد تکلیف و امتحان اور وہ اسطرح واقع ہو گیا کہ گوشت
مچھلیون کا انکے پیٹ مین فاسد ہو کر مادہ جذام ہوا اور جانب جلد سے مندفع ہوا کہ پوست جسم
مانند پوست بندر ہو گئے اور چہرے متغیر ہو گئے جسطرح غلبہ جذام مین ہوتا ہے اور قوت نطق بالکلیہ
زائل ہو گئی مگر فہم و شعور انسانی باقی رہا یہ احوال ان لوگون کا ہوا جو شکار کرتے تھے اور اسی حال
مین تین روز تک مبتلا رہ کر مر گئے اور واعظین اور ناصحین محفوظ رہے مگر ساکتین مین اختلاف ہے

اسی قصے کا بیان سورہ اعراف میں ہے واسئلهم عن القرية التي كانت حاضرة البحر اذ يعدون في السبت اذ تأتيهم
حيتانهم يوم سبتهم شرعا ويوم لا يسبتون لا تأتيهم كذلك نبلوهم بما كانوا يفسقون واذ قالت امة منهم لم تعظون قوما الله مهلكهم
او معذبهم عذابا شديدا قالوا معذرة الى ربكم ولعلهم يتقون فلما نسوا ما ذكروا به انجينا الذين ينهون عن السوء واخذنا
الذين ظلموا بعذاب بئيس بما كانوا يفسقون فلما عتوا عما نهوا عنه قلنا لهم كونوا قردة خاسئين یعنے پوچھ انسے
احوال اس بستی کا کہ تھی دریا کے کنارے جب حد سے بڑھنے لگے ہفتے کے حکم میں جب آنے لگیں ان
پاس مچھلیاں ہفتے کے دن پانی کے اوپر اور جس دن ہفتہ نہ ہوتا آتی نہیں یون ہم آزمانے لگے انکو اس واسطے
کہ بے حکم تھے اور جب بولا ایک فرقہ ان میں کیوں نصیحت کرتے ہو ایک لوگوں کو کہ اللہ چاہتا ہے انکو ہلاک
کرے یا انکو عذاب کرے سخت بولے الزام اتارنے کو تمہارے رب کے آگے اور شاید وہ ڈرین پھر جب
بھول گئے جو انکو سمجھایا تھا ہمنے بچا لیا انکو جو منع کرتے تھے برے کام سے اور پکڑا گنہگاروں کو برے
عذاب میں بدلا انکی بیحکمی کا پھر جب بڑھنے لگے جس کام سے منع ہوا تھا ہمنے حکم کیا کہ ہو جاؤ بندر پھٹکارے

**فائدہ** ایک دن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اس آیت کو پڑھتے تھے اور زار زار روتے تھے
اہل مجلس حیران و متعجب بیٹھے ہوئے سنتے تھے وقت عکرمہ چیلا خاص ابن عباس آئے اور پوچھنے لگے
کہ یا حضرت سبب رونے کا ارشاد کیجیے ابن عباس نے کہا کہ میں اس قصے میں تامل کرکے دیکھتا تھا
سو میرے خیال میں گذرا کہ شکار کرنے والے بندر ہو گئے منع کرنے والے چھوٹ گئے پر سکوت کرنیوالوں کا
کیا حال ہوگا پھر یہ خیال ہوا کہ شاید شکاریوں کے شریک ہوئے ہوں کیونکہ ترک امر معروف و نہی
منکر کرتے تھے اے عکرمہ میں اس بات پر روتا ہوں کہ اکثر لوگ سکوت و مداہنت میں گرفتار ہیں عکرمہ نے
التماس کیا کہ یا حضرت ساکتین حکم واعظین میں ہیں بیشبہ بلاشبہ ناجی ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ
عنہ نے پوچھا کہ اس دعوی پر دلیل کیا ہے بیان کرتا کہ میرے دل کو تسلی ہو عکرمہ نے کہا میں نے کئی بار
آپ کی زبان سے سنا ہے اور تقریرات شرعیہ سے بھی ہے کہ امر بالمعروف و نہی منکر فرض کفایہ ہے اور فرض
کفایہ میں بعضے کا بجالانا حکم کل میں ہے اگر ایک جماعت نے امر المعروف فرمایا تو سب کے ذمے سے ساقط
ہوگیا اور سکوت کرنے والوں سے مواخذہ نہ رہا اگر سب کے سب خاموش رہتے تو البتہ شریک
گنہگاروں کے ہو جاتے اور جو وہ لوگ واعظوں کو منع کرتے تھے اسکا یہ سبب تھا کہ وہ لوگ قبول
امر و نہی سے مایوس ہو گئے تھے نہ از راہ مداہنت و رضا بگناہ پس حضرت ابن عباس یہ کلام سنکر خوش
ہو گئے اور اٹھکر پیشانی عکرمہ پر بوسہ دیا اور گلے سے لگایا اور اپنے پاس بٹھلالیا سبحان اللہ بمجرد
عنایت و فضل الٰہی سے اکثر غلام و کم اصل صحبت علما و صلحا سے ریاست دین و دنیا کی حاصل

کرتے ہین سے داغ غلامیت کردیا یہ خسرو باند * میر ولایت شود بندہ کہ سلطان خرید * اصح بحسب روایت و درایت یہ ہی کہ فرقہ ممسوخہ تین دن مین مرگیا اور نسل باقی نہین رہی کما روی ابن ابی حاتم وابن جریر عن ابن عباس لم یعش مسخ قط فوق ثلث ایام ولم یاکل ولم یشرب ولم ینسل معلوم ہوتا ہی کہ اولاً حضرت خاتم النبیین کو بقاء نسل بعض مسوخات مین تامل و تردد تھا چنانچہ موش کے حق مین آیا ہی کہ دودھ اونٹنی کا نہین پیتے شاید فرقہ بنی اسرائیل سے ہون اس صورت مین مسخ ہوئے ہون آخرکار ملعونیۃ اس فرقے کی دونون جہان مین متحقق و ثابت ہوئی اور عدم بقاے نسل بخوبی واضح ہوا کذا افاد استاذ الاستاذ فی العزیزیۃ فائدہ مسخ ہونا فرقۂ یہود کا مشہور ہی قابل انکار نہین آنحضرت کے زمانے مین یہود کو خطاب کرتے تھے یا اخوان القردۃ والخنازیر اور تبدیل ہیئت خالق حقیقی پر دشوار نہین جو کوئی یہ ایمان رکھتا ہی کہ خالق لایزال ابداع جواہر اور اختراع عناصر کی قدرت رکھتا ہی وہ جانتا ہی کہ انقلاب صورت اور تبدیل اعراض بھی کرسکتا ہی پس حقیقت انسانیہ بھی ہیکل مخصوص ہی اور عوارض و صفات اُسکے مخصوص نہین ہین والا لازم آوے کہ جب انسان بوڑھا ہوجاے یا جوان یا قوی تو حقیقت اُسکی متبدل ہوجاے حالانکہ ایسا نہین ہی پھر جب کہ اس ہیکل کو باطل کرکے اُسکی جگہ ترکیب قردی ظاہر فرمائی تو حقیقت انسانیہ متبدل نہ ہوئی بلکہ وہ عوارض و صفات کہ ہیکل انسانی کا اسیر مدار تھا معدوم ہوئے اور بجاے اُنکے اور عوارض و صفات کہ مخصوص بصورت بندر تھے ایجاد فرمائے پس مسخ صورت متحقق ہوگیا اور روح انسانی متبدل نہوئی اور عقل و فہم قائم رہی تا کہ تغیر خلقت و کراہت صورت وغیرہ خواص انسانیہ سے بھی سالم ہووین اور معنی عقوبت و مجازات ثابت ہوجاے اور یہ ظاہر ہی کہ مسخ معنوی مین تبدل بعض صفات نفسانیہ کا ضرور ہوگا مثلاً تغیر ذکا ببلادت و تبدیل قناعت بحرص و تحکف طہارت بنجاست وغیر ذلک اور عقل سلیم کے نزدیک تغیر صفات نفسانیہ کا ہیچ تغیر صفات محسوسہ کہ اصلاً فرق نہین معلوم ہوتا پھر مسخ معنوی کو تسلیم کرنا اور مسخ صوری کا انکار کرنا یا تیر اب مسخ معنوی سے ہی سفلے معتزلہ اسی حماقت مین گرفتار ہین اور آیت قرآنیہ مین تاویل دوراز کار کرتے ہین کہ کونوا قردۃ سے مسخ معنوی مراد ہی یعنی تبدیل قلوب و عقول جیسا اور کافرون کے حق مین ہی ختم اللہ علی قلوبہم وطبع فی قلوبہم وکمثل الحمار یحمل اسفارا ومثلہ کمثل الکلب اور ایسی واردات کو یون تجویز کرتے ہین کہ جسطرح استاد شاگردکو دن سے کہے خر باش یا سگ باش یا خنزیر شو اور دلیل اسپر لاتے ہین کہ مسخ حقیقی انسانیت سے خارج کردیتا ہی پھر لائق سزا و جزا کو انسانیت شرط ہی جسطرح تکلیف کیواسطے انسانیت ضرور ہی کیونکہ جزا و سزا تکلیف پر متفرع ہی اور اُسی کا ثمرہ ہی اور جو چیز شرط

اصل کے ہو وہی شرط فرع کی ہی جواب یہ ہی کہ یہ دلیل لبطلان مسخ حقیقی کی ہی اُسکے بطلان سے مسخ معنوی
لازم نہین آتا کیونکہ اس مقام مین تین خبرین متغائر ہین مسخ حقیقی مسخ صوری مسخ معنوی اور ہم مسخ صوری
کی اثبات پر دلائل قائم کرتے ہین پوشیدہ نہ رہے کہ تبدیل سیرت اس اُمت مین ہو سکتا ہی اور
مسخ صوری مخصوص امم سابقہ سے ہی اس اُمت مین نہوگا اس قصہ سے معلوم ہوا کہ حیلہ اللہ صاحب
کے حضور مین کام نہین آتا کیونکہ وہ دل کا حال دیکھتا ہی اور یہ بھی مستنبط ہوا کہ جس کسی کو روزی حلال
نہ ملے اور حرام جانے تو ملے یہ بھی آزمایش ہی آخر وہ روزی وبال ہو جاتی ہی دیکھو مرتشی در بواخوار کیسے
نظرون مین ذلیل و خوار ہوتے ہین تذئیل واضح ہو کہ جب تین برس نبوت حضرت داؤد پر گذرے تو لقمان کو
اللہ نے حکمت عطا کی کما اشار الیہ ولقد آتینا لقمان الحکمۃ معالم مین نسب انکا اسطرح ہی کہ لقمان ابن باعور
ابن ناخور ابن تارخ یعنے آذر اور بعضے لقمان ابن عنقا کہتے ہین اور وہب ابن منبہ بھانجے ایوب پیغمبر
کے تبلاتے ہین اور مقاتل برادر خالاتی اور واقدی کے نزدیک بنی اسرائیل کے قاضی تھے و بالاجماع
حکیم و ولی تھے نہ پیغمبر و نبی اور قوم کے حبشی تھے عمر دراز تھے بعض کہتے ہین ہزار پیغمبرون کی خدمت
مین رہے ہین اخبار الدول مین ہی کہ ہزار پیغمبرون سے علم سیکھا ہی اور ہزار کو پڑھایا ہی اور غلام معتق
قین ابن حسن کے تھے اور ابن عباس کے نزدیک مرد سیاح تھے اور عکرمہ قائل نبوت ہین اور بعض کے
نزدیک اللہ نے حکمت و نبوت مین مختار کیا تھا لقمان نے حکمت قبول کی اور صورت یہ ہوئی کہ لقمان
قیلولہ کرتے تھے آواز آئی ای لقمان خلیفہ ارض ہونا چاہتا ہی لقمان نے کہا اگر یہ آواز بطور تخییر ہی تو مین
عاقبت چاہتا ہون جو عزم الٰہی یون ہی ہی تو مطیع ہون کیونکہ اس صورت مین اعانت قرار واقعی ہوگی
فرشتون نے ہاتفانہ آواز دی کہ اسمین کیا لم ہی لقمان نے کہا کہ حاکم ہر دم و لحظہ بلا مین رہتا ہی اور ہر طرف
سے اسکو ظلم گھیرتا ہی اگر اسنے عدل کیا تو نجات پائی اور جو خطا کی تو خرابی مین پڑا اور اگر اسنے دنیا آخرت پر
قبول کر لی تو دونون برباد ہوئین سو ذلت دنیا شرافت دنیا سے بہتر ہی اگر آخرت بہتر ملے فرشتون نے
تعجب کیا اور لقمان پھر سو رہے تب اللہ نے انکو حکمت دی اور خلافت حضرت داؤد علیہ السلام کو
ملی یعنے انکو بھی آواز آئی تھی اُنھون نے بلا تامل قبول کیا اور لغزش قدم انکی معاف ہوئی بعضے
کہتے ہین کہ لقمان حضرت داؤد کی وزارت کیا کرتے تھے ابو اللیث سمرقندی کے نزدیک کنیت لقمان
ابو الانعم تھی اور عین المعانی مین ہی کہ دس برس حضرت داؤد سے چھوٹے تھے اور یونس کی نبوت تک
زندہ رہے اور خالد ربعی سے روایت ہی کہ پیشہ انکا نجاری تھا اور سعید ابن مسیب کے نزدیک خیاطی
اور صحیح یہ ہی کہ اکثر بکریان چراتے تھے اور گاہے نجاری و خیاطی بھی کرتے تھے روایت ہی کہ ایک دن

ذکر لقمان پیغمبر

کہتے وعظ و نصیحت فرما رہے تھے ایک عالم بنی اسرائیل سے کہا تو وہی لقمان ہے جو بکریان چراتا تھا کہا بیشک
کہا یہ مرتبہ کسطرح پایا فرمایا تین باتون سے صدق کلام ادائے امانت ترک لایعنی اور امام مجاہد نے
لکھا ہے کہ لقمان غلام حبشی غلیظ الشفتین اسود اللون اللہ نے حکمت عطا کی کہ عقل کی قوت سے ایسی
باتین نکالتے تھے جو احکام انبیا سے مطابق ہوتی تھین تفسیر ثعلبی مین لکھا ہے کہ ایک روز حضرت
لقمان کو انکے مولی نے اور غلامون کے ساتھ باغ مین بھیجا میوہ لانے کو غلامون نے راہ مین کھا لیا
اور لقمان کو تہمت لگائی مالک ناراض ہوا لقمان نے کہا تہمت کرتے ہین مالک نے کہا کسطرح
معلوم ہو حضرت لقمان بولے کہ آب گرم پلا کر دوڑاؤ یہانتک کہ قے ہو جسکے پیٹ سے میوہ نکلے وہی
چور ہے سو مالک نے اسی طرح کیا تب چور معلوم ہو گیا اور لقمان تہمت سے پاک ہوئے تب اسی دم مالک
نے انکو آزاد کر دیا مولانا روم اس مقام مین فرماتے ہین ؎ گشت ساقی خواجہ از آب حمیم ٭ مر غلامان
را خوردند آن زبیم ٭ بعد از آن میزدشان در دشتہا ٭ میدویدند آن نفرحت و عنا ٭ در قے افتاد
ایشان از عنا ٭ آب مے آورد زایشان میوہ ہا ٭ چونکہ لقمان را در آمد قے ز ناف ٭ مے برآمد از درونش
آب صاف ٭ حکمت لقمان چو این داند بود ٭ تا چہ باشد حکمت رب الوجود ٭ تواریخ معتبرہ سے
پایا جاتا ہے کہ مالک نے حضرت لقمان کو آزاد کیا اور مال اسقدر دیا کہ حضرت لقمان اس سے تجارت
کرنے لگے اور بلا کفالت و تحریر دستاویز لوگون کو قرض دیا کرتے اور بعضے اہل تحقیق وجہ آزادگی لقمان
مین لکھتے ہین کہ انکے مولی نے کہا میرے واسطے ایک بکری ذبح کر اور جو دو چیزین بہتر ہون سو لا انھون نے
ایک بکری ذبح کی اور دل و زبان نکال کر لائے بعد چندے پھر ایک بکری کے ذبح کا حکم دیا اور کہا کہ اسکے
گوشت سے جو دو چیزین بدتر ہون لا حضرت لقمان بکری ذبح کرکے پھر دل و زبان نکال کر لیگئے تو خواجہ نے
اسکی کیفیت سے سوال کیا لقمان نے فرمایا اے خواجہ ہرگاہ کہ دل و زبان پاک ہے اور زبان و دل شائستہ رہے پاک
ہون تو انسے خوشتر کوئی شے جسم مین نہین ہے و الا ان دونون سے بدتر کوئی چیز نہین اسی وقت مالک
نے انکو آزاد کیا اسی طرح وجوہ آزادگی اور بھی تواریخ مین مذکور ہین واللہ اعلم بالصواب بالجملہ متکلم
قدرت نے حضرت لقمان کو نعمت طلاقت لسانی اور دولت خوش بیانی ایسی عطا فرمائی کہ اسکے ادائے
شکر مین سب لوگون کو سراً و علانیۃً نصائح فرمایا کرتے چنانچہ بعض نصائح انکے جو کہ انھون نے اپنے
بیٹے کو فرمائے تھے اللہ تعالی نے پسند کرکے کلام معجز نظام مین ذکر کیے ہین اول یا بنی لا تشرک
باللہ ان الشرک لظلم عظیم یعنے اے بیٹے شریک نہ ٹھہرا تو اللہ کا بیشک شریک بنانا بڑی بے انصافی ہے
دوسرے یا بنی اقم الصلوۃ وامر بالمعروف وانہ عن المنکر واصبر علی ما اصابک ان ذلک من عزم الامور

یعنے ای بیٹے قائم رکھ نماز اور سکھلا بہتر بات اور منع کر برائی سے اور سنبھال جو تجھہ پڑے بیشک یہ ہین ہمت
کے کام حاصل یہ کہ نماز کو قائم رکھ تا کہ نفس کمال پکڑے اور اچھی باتون کا حکم کر اور بری باتون سے باز رکھ
تاکہ اور لوگ کامل ہون اور اس بات مین جو کچھ شدائد پہونچین انپر صبر کر کیونکہ یہ بڑی ہمت کا کام ہی امر
بالمعروف وہ ہی کہ موافق شریعت اور سنت کے ہو اور منکر وہ کہ مخالف عقل ونقل کے ہو اور جو نماز کے
ساتھ زکوۃ کو نہین کہا سو اسلیے کہ ایسے لوگون کے پاس مال کہان ہوتا ہی تیسرے ولا تصعر خدک للناس
یعنے اپنے گال نہ پھولا لوگون کی طرف یعنے غرور وتکبر نہ کر بلکہ متواضع ومتخلق ہو اور عاجزی وفروتنی اختیار کر
چوتھے ولا تمش فی الارض مرحا ان اللہ لا یحب کل مختال فخور یعنے مت چل زمین پر اتراتا بیشک اللہ کو
نہین بھاتا کوئی اتراتا بڑائیان کرتا جیسا نمرود وشداد وفرعون کا حال ظاہر ہوا ربیع وقتادہ کہتے ہین کہ
مراد اس سے یہ ہی کہ فقیرون کو حقیر نہ جان بلکہ غنی وفقیر کو یکسان تصور کر پانچوین واقصد فی مشیک واغضض
من صوتک ان انکر الاصوات لصوت الحمیر یعنے چل بیچ کی چال اور نیچی کر اپنی آواز بیشک بری سی
بری آواز گدھون کی ہی کہ اول زفیر وآخر شہیق ہی اور یہ دونون آوازین اہل نار کی ہین اور باوجود بلندی
اور رفعت کے مکروہ طباع وموجب وحشت سماع ہی عین المعانی مین ہی کہ مشرکین عرب بلند آوازی پر
فخر کیا کرتے تھے اللہ تعالی نے اس آیت سے رد کیا اور حضرت صلعم آواز نرم کو دوست رکھتے تھے
اور سخت ودرشت سے کراہت اور انجیل مین ہی کہ ای عیسی میرے بندون سے کہدے کہ مناجات
مین آوازین نرم کرین کہ مین سنتا ہون اور دل کی بات جانتا ہون اور وجہ تخصیص بد آوازی حمار کی
یہ ہی کہ آواز اسکی عرب مین ضرب المثل ہی کراہت مین سفیان ثوری فرماتے ہین کہ فریاد ہر حیوان
کی تسبیح ہی مگر فریاد خر کہ وہ شیطان مردود کو دیکھکر بولتا ہی حدیث شریف مین وارد ہی اذا سمعتم نہیق الحمار
فتعوذوا باللہ من الشیطان الرجیم فانہ رای شیطانا یعنی جب سنو تم آواز گدھے کی تو پناہ پکڑو اللہ کی
شیطان رانده ہوئے سے اسواسطے کہ اسنے دیکھا ہی شیطان کو اور اہل حقیقت فرماتے ہین کہ
آواز گدھے کی اس سبب سے بد ہی کہ گدھا تین طرح پر آواز کرتا ہی یا گھاس ودانہ کھانے کو مانگتا ہی
یا اجرای شہوت چاہتا ہی یا کسی دوسرے گدھے سے لڑا چاہتا ہی اور جو آواز کہ غلبہ صفات رذیلہ
بہیمیہ سے ہوتی ہی وہ بہر نوع بدترین آوازون مین ہی اور جو صدا صاحب اخلاق روحانی و
ملکی سے کان مین آوے وہ خوشترین صداؤن مین ہی ؎ نغمہائے عاشقان بس دلکش
است ٭ استماع نغمہ ایشان خوش ست ٭ پوشیدہ نرہے کہ سوائے اس بیٹے کی اور کوئی اولاد
حضرت لقمان کے نتھی اور نام اسکا بروایت بعضے بلعم وبروایت بعضے مسکم وبقول بعضے

ماثان بالمیم وبفوقیے باران بالباء الموحدہ وبفوقیے دران بالدال المہملہ وبفوقیے اثلم وبفوقیے نشاور تھا سو اُسنے سفر کا ارادہ کیا اور باپ سے اذن چاہا اُنھون نے اجازت دیکر فرمایا کہ جب سامان سفر مہیا ہوجاے تو میرے پاس آنا کہ مین کئی باتین ضروری تجھسے کہونگا سو وہ بعد درستی اسباب سفر حاضر ہوا اوّل حضرت لقمان نے نصیحتین فرمائین جو اللہ نے بیان کین اور سورۂ لقمان مین ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو سنائین بعد اُسکے حسب روایت بعضے مؤرخین حضرت لقمان نے کہا اے بیٹے اس شہر سے نکل کر ایک جنگل ملیگا اُسمین ایک چشمۂ آب جاری ہے اُسکے کنارے ایک درخت ہے سو تو اُس چشمے کا پانی نہ پینا اور درخت کے سایہ مین نہ ٹھہرنا اُس سے آگے چل کر ایک قریہ ملیگا اُسمین میرے دوست رہتے ہین وہ تیرے پاس آوینگے اور نہایت تعظیم و توقیر سے اپنے گھر لیجاوینگے اور ایک عورت حسینہ جمیلہ سے تیرا نکاح کرنا چاہینگے تو ہرگز قبول نہ کرنا اور مین اپنے خدا سے امید رکھتا ہون کہ تو اُسکے شر سے محفوظ رہیگا وہان سے آگے بڑھکر ایک شخص ملیگا کہ اُسپر بہت روپیہ قرض آتا ہے اُس سے روپیہ کا سوال نہ کرنا مگر رات کو اُسکے پاس نہ رہنا اور ایک بات میری خیال مین رکھنا کہ اسی اثنا مین ایک مرد بزرگ تجھے تیرے ساتھ ہونگے وہ جو کچھ کہین اُسپر عمل کرنا کہ میرے نصائح کے خلاف نہ ہوگا بالجملہ بیٹا حضرت لقمان کا رخصت ہوا اور اُسی جنگل مین پہونچا تو ایک چشمہ پر آب نہایت شیرین و صاف نظر آیا اور اُسکے کنارے ایک درخت سایہ دار لگا ہوا تھا اُسکے نیچے ایک مرد بزرگ مشائخ صورت بیٹھے ہوئے دیکھے تیرے اسکو غلبہ تشنگی اس مرتبہ ہوا کہ بیتاب ہوا اور چاہا کہ تھوڑا توقف کرکے پانی اس چشمے سے پیون اور سایہ درخت مین ٹھہرون مگر وصیت اپنے پدر مہربان کی یاد تھی تو اُسی کیفیت مین آگے بڑھا اُس بزرگ نے پکار کر کہا کہان جاتا ہے گرمی بہت ہے اس درخت کے سایہ مین ٹھہر جا اُسنے کہا میرے باپ نے منع کیا ہے اُسنے کہا تجھکو قسم ہے توقف کر اُسکو یاد آیا کہ میرے باپ نے کہا تھا کہ ایک بزرگ ملینگے اُنکے ارشاد کو قبول کرنا شاید کہ یہ بزرگ وہی ہین فوراً پلٹا اور باادب و تعظیم سلام کرکے بیٹھ گیا اور وہین کھانے کو کھایا اور اُسی چشمے کا پانی پی کر سایہ درخت مین لیٹ کر سویا حالت خواب مین ایک سانپ درخت سے اترا اُسنے چاہا کہ اسے کاٹے اُس بزرگ نے مارکر پوشیدہ کردیا پھر بیٹا حضرت لقمان کا جاگا اور آگے کو چلا وہ بزرگ ہمراہ ہوئے یہان تک کہ اُس قریہ مین جسکا نشان لقمان نے دیا تھا پہونچا وہان کے لوگ جمع ہوکر حاضر ہوئے اور پوچھنے لگے کہان سے آئے کہان جاؤگے اپنا نام اور اپنے باپ کا نام بیان کرو اُسنے بیان کیا کہ مین حضرت لقمان کا بیٹا ہون واسطے تجارت کے نکلا ہون اُن لوگون نے کمال تعظیم سے اپنے گھر مین اتارا

جب سب لوگ کھانا کھانے لگے ایک شخص نے پسر لقمان سے کہا یہان ایک عورت عقلمند خوبصورت نہایت وضعدار بڑی مالدار حسب نسب مین سب قوم کی سردار ہو اگر تو نکاح کرے تو ہمارا کمال افتخار ہو اور ہمکو خوشتر از ہمہ اقسام تجارت ہوگا یہ اُسنے کہا مین نکاح نکرونگا میرے والد بزرگوار نے منع کیا ہو اُس بزرگ نے کہا ای بیٹے یہ لوگ منت و سماجت کرتے ہین قبول کرلے تب اُسنے نکاح کیا پھر اُس قوم کا ایک شخص آیا اُسنے کہا تو نے بہت بُرا کیا یہ عورت سو خاوندون کو خلوت اولی مین مار چکی ہو اُس سے اُسکو نہایت ملال ہوا بزرگ نے کہا اندیشہ مت کر جو مین کہون اُسکے موافق کرنا کچھ نقصان نہوگا وہ عمل یہ ہو کہ جب عورت تیرے پاس آوے تو اُس سے کلام نکرنا بالا حتی الوسع میرے پاس آجانا کہ مین تدبیر صائب کرونگا چنانچہ رات ہوئی اور عورت آئی اُسنے بعد توقف کہا باہر کچھ کام ہو آتا ہون سو بزرگ پاس حاضر ہوا بزرگ نے فرمایا ایک پیالے مین آگ لا وہ آگ لایا اُسنے سانپ کو آگ پر رکھ دیا اور فرمایا اسے لیجا عورت سے کہا کہ برہنہ ہوکر اس مجمر پر بیٹھے اور دھوان لے پھر ایک ساعت بعد میرے پاس لے آ اُس بیچارے نے ویسا ہی کیا جب دھوان رحم عورت مین پہونچا تو دو سانپ فرج کی راہ سے گرے اور آگ مین جل گئے چنانچہ یہ سب حال بزرگ پر ظاہر کیا تب بزرگ نے اجازت دی کہ اب بیتکلف اُس سے صحبت کر چنانچہ ولد لقمان تمام رات اپنی زوجہ کے پاس باعیش و نشاط رہا صبح کو خوش و خرم صحیح و تندرست اُٹھا سسرال کے لوگ نہایت خوش ہوے شادیانے بجے خیرات ہوئی مبارکباد ہوئی بعد چندے اُس صاحبزادے بااقبال نے ارادہ کیا کہ اپنے باپ کا قرض بھی وصول کرون دریافت ہوا کہ وہ لوگ جو روپیہ چاہتے ہین دریا پر ہین اُسنے بزرگ سے پوچھا فرمایا تو آگے آگے چل مین بھی پیچھے پیچھے آتا ہون لوگون نے کہا کہان جاتے ہو بولا اپنا روپیہ لینے جاتا ہون اُن لوگون نے کہا جسکے پاس آپ تشریف لیے جاتے ہین وہ بڑا جوہری اُس سے خبردار رہی دشوار ہی مگر وہ لڑکا روانہ ہوا وہ بزرگ بھی ہمراہ گئے یہانتک کہ دریا پر پہونچے ملاقات بھی مقصود الیہ سے ہوئی اُسنے پوچھا کہان سے آئے کون ہو بولا حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ کا بیٹا ہون میرا حق ادا جب تجھ پر ہی اُسنے ادا کر بولا درست ہو آپکا حق ادا ہی ہر رات کو آرام فرمایئے علی الصباح روپیہ اپنا لیکر روانہ ہو جیئے ولد لقمان نے کہا قیام شب سے میرے باپ نے منع کیا ہی اُس بزرگ نے کہا کچھ مضائقہ نہین شب باش ہو دیکھو تقدیر الٰہی کیا ہو اور کسکی قسمت مین کیا لکھا ہو ناچار اُسنے شب باشی کا اقرار کیا اُس کمبخت نے کنارے دریا کے ایک مکان ایسا تعمیر کرایا تھا کہ وقت مد یعنے دریا کے بڑھنے پر وہان کے ساکنین دریا مین ہوتے تھے سو وہ مکان اُس حقدار کے لیے تجویز کیا کہ یہ بیچارہ اُس جگہ سو یا صرف وہ بزرگ بیدار رہے جب رات گذری تو پانی بڑھنے لگا بزرگ نے اُسے بیدار کیا اور دو لڑکے اُس ناعاقبت اندیش کے

بالاے خانہ تھے انکو مع تخت نیچے لایا اور وہان ٹھلایا جس جگہ والد لقمان سویا تھا اور انکے مقام پر خود
مع پسر لقمان آرام فرمائی جب صبح ہوئی تو مالک مکان نے انکو سلامت بکرامت پایا اور اپنے
صاحبزادون کو غرق دریا سے نکبت و ضلالت تب کہنے لگا جو تدبیر مین نے تمہارے لیے کی تھی وہ مجھی
پر پڑی سچ ہے من حفر بئرا لاخیہ وقع فیہ چاہ کند را چاہ در پیش ناچار اسنے روپیہ قرضے کا ادا کیا وہ بزرگ
مع فرزند ارجمند لقمان اس بد عروس کے پاس آئے اور اسکو مع مال و متاع لیکر گھر چلے جب متصل
گھر کے آئے بزرگ نے فرمایا تو نے تیری مصاحبت و ہمرہی کیسی کی اسنے کہا کہ یہ سب بلائین تمہاری
مصاحبت سے دفع ہوئین اور یہ مال ملا اس سے بہتر نصرت و یاری و مصاحبت کیا ہوگی بزرگ نے
کہا تجھے کیا فائدہ ہوا اسنے کہا کہ نصف مال آپ لیجیے الغرض آدھا مال بکمال آدھے سے کم آپ لیا
اور باقی ان بزرگ کو دیکر روانہ ہوا اگر وہ بزرگ پھر بھی ساتھ چلے اور کہنے لگے کہ ای لڑکے تو نے یہ مال
مجھکو خوف سے دیا ہے یا بلا خوف بولا مین نے خوشی سے دیا ہے بزرگ نے فرمایا تجھکو یہ مال مبارک رہے
مجھکو مطلق خواہش دنیا کی نہین ہے مین تمہارے باپ کی عنایت امانت ہون کہ مجھکو تیرے ساتھ کیا ہے
چنانچہ حضرت لقمان کے بیٹے نے کل مال دیا اور اپنے باپ کی خدمت مین حاضر ہوا اور سب حال
گذشتہ التماس کیا حضرت لقمان شکر حق بجالائے **فائدہ** روایت ہے کہ حضرت لقمان نے اخیر عمر بن
خلق سے کنارہ کرکے مابین رملہ و بیت المقدس مقام فرمایا اور بطور وصیت اپنے بیٹے کو نصائح فرمائے
اور ارشاد کیا اگر جو کوئی شخص ان نصیحتون کو اپنا شعار کرے دنیا و آخرت مین نفع اٹھاوے وہ نصیحتین یہ ہین ۱ خدا کو پہچان
کہ دان وحکیم ہے ۲ نصیحت کنندہ کو واجب ہے کہ آپ اس نصیحت پر عمل کرے بعد اسکے دوسرے کو فرماوے اسواسطے
کہ جبتک آپ اسپر عمل نکریگا اسکے فرمانے مین اثر نہوگا اور نصیحت سننے والے بھی کہینگے خود فضیحت دیگران نصیحت
۳ سخن باندازہ قدر خود کہنا چاہیے فضول گوئی محض فضول ہے اسواسطے کہ جو کلام ایسا ہے وہ بے اعتبار ہے
۴ لوگون کی قدر پہچان کہ موجب تالیف قلوب ہر خاص و عام ہے ۵ ہر کسی کا حق پہچان کہ سبب خوشنودی
خلق و خالق ہے ۶ اپنے راز کو پوشیدہ رکھ کہ یہ طریق انبیا علیہم السلام ہے چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام
نے حضرت یوسف علیہ السلام سے فرمایا لا تقصص رؤیاک علی اخوتک ۷ دوست کو سختی کے وقت
آزمایش کر کیونکہ دولت و ثروت مین ہر کوئی دوست بنتا ہے اور یہ دوستی لائق اعتبار نہین کہ راحت
مین دوست بنے اور سختی مین خبر نہو ؎ دوست آن باشد کہ گیرد دست دوست ✤ در پریشان حالی
و درماندگی ✤ ۸ یار کو فائدہ و نقصان مین امتحان کر اور دیکھ نفع و نقصان مین مراعات محبت اسکو
ملحوظ ہے یا نہین ۹ احمق و نادان کی صحبت سے پرہیز کر کیونکہ انکی مصاحبت سے قطع نظر خفت و رسوائی

بجز ضرر و نقصان فائدہ متصور نہین ۱۰ دوستی نیک و دانا کی اختیار کر کہ اسکے فوائد ظاہر ہین ۱۱ کار خیر مین
سعی و کوشش کر ۱۲ عورتون پر اعتماد نہ کر کیونکہ یہ فرقہ ناقص العقل والدین ہی ۱۳ تدبیر امور مصالح خیر و دانشمند
سے پوچھ کیونکہ اہل دانش صلاح نیک پائیگا ۱۴ جو سخن زبان پر لاؤ چاہیے کہ مدلل ہو کیونکہ کلام بے دلیل
پایۂ ثبوت نہین رکھتا ۱۵ جوانی کو غنیمت سمجھکر جو کچھ ہو سکے امور خیر سے کر لے پھر افسوس رہجائیگا ۱۶ جوانی مین
دونون جہان کا کام درست کر کیونکہ زمانہ طفولیت بے تمیزی مین جاتا ہی اور زمان شیخوخیت ضعف و
نقاہت کہ اسمین نہ کار دنیا ہو سکتا ہی نہ دین کا ۱۷ اپنے دوستون کو عزیز رکھ کہ یہ بات ہر امر مین موجب
اعتقاد ہی اور مخالف سبب ہراس ۱۸ دوست و دشمن سے کشادہ پیشانی رہنا لازم ہی کہ اس لطف
مدارا کا فائدہ ظاہر ہی ۱۹ مادر و پدر کو غنیمت جان اور انکی اطاعت مین کوشش کر ۲۰ استاد کو بہتر مین
پدر جان کہ اسکے سبب سے شناخت خدا و رسول حاصل ہوتی ہی ۲۱ خرچ باندازہ آمد کرنا چاہیے کیونکہ
خرچ آمد سے زیادہ موجب خواری ہی اور انجام اسکا رسوائی ۲۲ جملہ امور مین طریق توسط اختیار کر کہ خیر الامور
اوسطہا لیکن توسط موافق مراتب اشخاص کے ہی ۲۳ سخاوت و جوانمردی اختیار کر ۲۴ خدمت مہمان کی
بخوبی ادا کر یعنی اسکے مراتب کے لائق بجالا ۲۵ جب خانہ غیر مین جا تو زبان و چشم کو نگاہ رکھ یعنی
ہر طرف نگاہ نہ کر اور ایسی بات نہ کہہ کہ ناگوار خاطر صاحب خانہ ہووے ۲۶ جسم و پارچہ پاکیزہ رکھ کیونکہ
طہارت ظاہری سبب طہارت باطنی کا ہی ۲۷ جماعت سے موافق رہ کیونکہ اسکے خلاف مین مورد
طعن ہوگا ۲۸ اولاد کو علم و ادب سکھلا ۲۹ کفش و موزہ کے پہننے مین ابتدا داہنے سے کر اور اوتار
بائین سے یعنی یہ کلیہ اپنے خیال مین رکھ کہ شروع کرنا فعل نیک کا داہنے سے افضل ہی اور ترک فعل بائین
سے ۳۰ ہر شخص سے معاملہ اسکے اندازے کے موافق کر ۳۱ رات کو جو کچھ بات کہنا ہو آہستہ سے کہا کر
یعنی سخن راز آہستہ کہنا چاہیے کہ شاید کوئی سنتا ہو ۳۲ دن کو جو بات کہنا ہو ہر طرف نگاہ کر کے کہہ تاکہ دوست
یا دشمن نہ سنے ۳۳ کم کھانے اور کم سونے اور کم بکنے کی عادت ڈال کیونکہ تکثیر طعام موجب کاہلی کا ہی اور
زیادتی خواب سبب نحوست اور کثرت کلام علت پریشانی دماغ و خفت عقل ہی ۳۴ آنچہ بر خود نہ پسندی
بر دیگران مپسند اسلیے کہ ناپسند کرنا کسی چیز کا بسبب عیب و نقصان کے ہوتا ہی تو دوسرے کے واسطے وہ
چیز عیب دار تجویز کرنا موجب ناخوشی و عداوت ہی ۳۵ جملہ کام بہ تدبیر و دانائی کرنا چاہیے ۳۶ بغیر سیکھے ہوئے
کسی کام کے دعوی استادی نازیبا ہی ۳۷ عورت و لڑکے سے راز کی بات کہنا نہ چاہیے کیونکہ یہ دونون بسبب
نقصان عقل کے پوشیدہ نرکھ سکینگے ۳۸ بد اصلون اور کمینون سے وفا کی امید نرکھ چنانچہ مشہور ہی کہ ع اصل بد
از خطا خطا نکند ۳۹ کسی کام مین بغیر اندیشہ نہ پڑ یعنی بلا غور و فکر آغاز و انجام نیک و بد کے کوئی کام شروع

کرنا سچا ہے کہ یہ دلیل نادانی ہی ۴۰ جو کام نہین کیا ہی اسکو کیا ہوا نہ سمجھ بیٹھے بدون کیے ہوئے کسی کام کے
معلوم نہین ہوتا کہ ہو سکے گا یا نہین پھر اسکو بیان کرین کرونگا کمال بے دانشی ہی اور انجام کو ابتدائی امر ہونا
آج کرنا ہے اسکو کل پر نہ چھوڑ کیونکہ ناگہ بہت سے ایسے امور پیش آجاتے ہین کہ وہ کام نہین ہوتا اور حسرت رہجاتی ہی
۴۲ جو آپ سے بزرگ ہو اس سے خوش طبعی و ظرافت نہ کر یہ امر خلاف ادب ہی ۴۳ مرد عالی رتبہ سے کلام
طویل نہ کر کیونکہ ترک ادب ہی ۴۴ عوام الناس کو گستاخ نہ کر یعنی ادنی لوگون سے وہ معاملہ نہ کر کہ گستاخ ہو کر
حد ادب سے گذر جاوین ۴۵ حاجتمند کو نا امید نہ کر ۴۶ نزاع گذشتہ کو یاد نہ کر ۴۷ اورون کی خیرات و مبرات کو
اپنی حسنات مین نہ ملا یعنی اگر تو ارادہ خیر رکھتا ہی تو اورون کو شامل نہ کر یہ اپنی درخواست سے انکی استدعا سے
مثلاً تجھکو مسجد یا خانقاہ یا مہمانسرا سے بنانا منظور ہی تو بنوا دے اور اورون سے اعانت طلب نہ کر اسواسطے کہ تجھکو
کچھ فائدہ نہین بلکہ مظنہ خیانت ہی ۴۸ اپنا مال دوست و دشمن کو نہ دکھا کہ مال کو ہر شخص دوست رکھتا ہی اور
ہر شخص اسکا دشمن بھی ہی اور یہ ظاہر ہی کہ طمع دوست کو دشمن بنا دیتی ہی ۴۹ برادری ترک نہ کر یعنی یگانون کا حق
خیال مین رکھ اور صلہ رحم بہونچایا کر کیونکہ قطع رحم موجب ناخوشی حق و بدنامی در خلق ہی ۵۰ نیک لوگون کو غیبت
سے یاد نہ کر ان الغیبۃ اشد من الزنا کیونکہ زنا کرنے والا جب توبہ کرے تو اسکا گناہ بخشا جاتا ہی اور یہ گناہ باوصف
توبہ بخشا نہین جاتا تاوقتیکہ وہ نہ بخشے جسکی غیبت کی ہی اور یہ ظاہر ہی کہ جب عوام کی غیبت کا یہ حال ہی تو خواص
کی غیبت اس سے بدتر ہی ۵۱ آپ کو مست دیکھ یعنے بنظر عجب و پندار ۵۲ جماعت جب کھڑی ہو تو اسکی
موافقت کر یعنی نمازیون کی جماعت مین شریک ہوا کر ۵۳ انگلیان اپنی مت چٹکا کہ یہ حرکت لغو ہی اور
ارباب تہذیب اسکو معیوب جانتے ہین اور موافق قواعد طبیہ کے اس حرکت سے انفصال مفصل ہو جاتا ہی
اور اسمین ریاح بھر جاتی ہین اور کہ یہ بات انجام کو سبب وجع واقع ہوتا ہی ۵۴ لوگون کے روبرو دانتونمین
خلال نہ کر کہ موجب کراہت ہی ۵۵ آب دہن و بینی باواز بلند نہ ڈالا کر کہ یہ آواز مجلس کے خلاف ہی ۵۶ وقت
جماہی کے ہاتھ منھ پر رکھ لے اور بقدر امکان آواز نہ نکال ۵۷ لوگون کے روبرو انگڑائی نہ لیا کر ۵۸ انگلی
ناک مین نہ ڈال خلاصہ یہ کہ عاقل کو آداب مجلس کے ضرور ہی بتخصیص مجلس عام مین بہت لحاظ کرنا چاہیے
اسواسطے کہ خواص لوگ تو حرکت لغو دیکھ کر صرف بے شعور خیال کرینگے اور زبان پر نہ لاوینگے مگر عوام بدنام
کرینگے ۵۹ کلام ہزل و بیہودہ ملا کر گفتگو نہ کیا کر اسواسطے کہ ہازل بے وقار ہو جاتا ہی ۶۰ لوگون کے سامنے
کسی کو شرمندہ نہ کر یعنی کسی کے عیوب فاش نہ کر کہ موجب شرمندگی ہی ۶۱ چشم و ابرو سے غمازی نہ کر کیونکہ یہ بھی
غیبت مین داخل ہی ۶۲ کہی ہوئی بات دوبارہ مت کہ گو کہ اچھی بات ہو کیونکہ جب دوبارہ کہی گئی تو لطف
اسکا جاتا رہا ۶۳ اس کلام سے کہ سامع کو ہنسی آوے اجتناب کر کیونکہ یہ بات مسخراپن مین داخل ہی

۶۴ - اپنی تعریف اور اپنی اہل کی تعریف نہ کر اسلیے کہ معیوب ہی مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید ۶۵ عورتون
کی طرح آرایش نہ کر ۶۶ اپنی اولاد کی مراد پر کام نہ کر کیونکہ یہ انکی ابتری کا سبب ہی ۶۷ بات کرنے مین ہاتھ نہ ہلا کیونکہ
بات زبان سے ہی نہ ہاتھ سے اور یہ ظاہر ہی کہ گفتگو مین جنبش دینا ہاتھ و سر و آنکھ کا خلاف سنجیدگی و متانت
کے ہی ۶۸ ہر ایک کا لحاظ و پاس رکھ ۶۹ جو بات لوگون کو بد معلوم ہو نہ کر ۷۰ مردے کو بدی سے یاد نہ کر
کہ محض بیفائدہ ہی ۷۱ حتی المقدور کسی سے دشمنی نہ کرے ۷۲ زور آزمائی نہ کر ۷۳ کسی کی خوشامد
نہ کر ۷۴ آزمودہ کار کو صالح گمان کر ۷۵ اپنا طعام دوسرے کے دستارخوان پر نہ کھایا کر
۷۶ کامون مین جلدی نہ کر ۷۷ دنیا کے لیئے آپ کو رنج مین نہ ڈال اسواسطے کہ دنیا بے حقیقت ہی
اسکے واسطے زیادہ اندیشے سے رنج و تعب مین پڑنا خلاف عقل ہی اور باوجود احتمال رنج و تعب بھی حصول اسکا
یقینی نہین ہی تقدیر سے زیادہ نہوگی اور بالفرض اگر دنیا باین کد و کاوش حاصل ہوئی تو زندگی چند روزہ ہی
پھر کیا فائدہ ۷۸ جو آپ کو پہچانے اسکو تو بھی پہچان یعنی جو اپنی قدر کرے اسکی قدر کر ۷۹ حالت غصہ و غضب
مین کلام فہمیدہ کر کیونکہ پیچھے سے ندامت ہوتی ہی اور بدلا اس کلام کا نہین ہوسکتا ۸۰ آستین سے
آپ بینی پاک نہ کر کہ یہ بھی ایک نشان بے تمیزی ہی ۸۱ وقت طلوع آفتاب خواب نہ کر اسلیے کہ
یہ وقت عبادت کا ہی اسوقت کا سونا بدبختی ہی ۸۲ لوگون کے سامنے کھانا کھایا نہ کر کہ اسمین نظر بد کا
احتمال ہی ۸۳ راہ مین بزرگون سے آگے نچل کہ سوء ادب ہی ۸۴ درمیان کلام لوگون کے دخل نہ کر کہ یہ ایک
دلیل سفاہت ہی ۸۵ سر بزانو نہ بیٹھا کر کہ یہ صورت افسردگی ہی اور آداب مجلس کے خلاف ۸۶ چپ و راست
نہ دیکھتا چل بلکہ نظر کو نیچے رکھا کر کہ یہ صفت حیا کی ہی ۸۷ اگر ہوسکے چارپایہ برہنہ پر سوار نہو کیونکہ اندیشہ
گرنے کا ہی ۸۸ مہمان کے روبرو کسی پر غصہ نہ ہو کہ اسکو ملال ہوگا ۸۹ مہمان سے کچھ کام نہ لے کہ مدارات
کے خلاف ہی ۹۰ دیوانہ و مست سے باتین نہ کیا کر ۹۱ ساتھ اوباشون کے بر سر محلہ نہ بیٹھ ۹۲ ہر سود و
زیان مین آبروریزی نہ کر ۹۳ فضول و متکبر نہو ۹۴ خصومت لوگون کی اپنے اوپر مت لے یعنی وہ امر
کہ باعث دشمنی لوگون کا ہو نہ کر ۹۵ فتنہ و لڑائی سے علیحدہ رہ ۹۶ چھری انگشتری روپیہ پاس رکھا کر
کہ وقت ضرورت بکار آمد ہی ۹۷ آپ کو ذلت مین نہ ڈال ۹۸ مراعات و احسان اسی قدر کر کہ تو خوار نہو
یعنے سلوک کرنا ہر طرح سے بہتر ہی لیکن نہ اسقدر کہ خود محتاج ہوجاے ۹۹ متواضع و فروتن رہا کر اسلیے
کہ یہ صفت موجب عزت ہی ؎ تواضع شوی پیش مردم عزیز ✤ کہ مر خویشتن را نگیری بچیز ✤ بزرگی کہ خود را
بخوردی شمرد ✤ بدنیا و عقبی بزرگی ببرد ✤ یہ بھی نصیحتون مین فرمایا ہی کہ زندگانی کر خدا کے ساتھ بصدق ۱۰۰
و بانفس بقہر ۱۰۱ و با خلق بانصاف ۱۰۲ و با بزرگان بخدمت ۱۰۳ و بخردان بشفقت ۱۰۴ و بدرویشان بسخاوت ۱۰۵ و بدوستان ۱۰۶

و یاران بنصیحت و بدشمنان بحلم و بجاہلان بخاموشی و بعالمان بتواضع اور یہ بھی فرمایا کہ کسی کے مال مین طمع نہ کر
اور جو پیش آوے منع نہ کر روایت ہی کہ کسی شخص سے حضرت لقمان نے فرمایا کہ داناتر وہ شخص ہی جو اپنے علم کو
اور ون کے علم پر بڑھاوے اور یہ بھی فرمایا کہ صبر دو قسم کا ہی ایک صبر اس چیز پر جسکو مکروہ جانتا ہی جسطرح نقصان
مال و اولاد دوسرا صبر اُسپر جسکو دوست رکھتا ہی اور اُسکی تحصیل مین مضطرب رہتا ہی اور یہ بھی ارشاد
کیا ہی کہ تین شخصون کو تین وقتون مین پہچاننا چاہیئے حلیم کو غضب مین شجاع کو خوف کے وقت بھائی کو
وقت حاجت اور یہ بھی فرمایا کہ نیکی کر کے فراموش کرنا اور بدی کرنے والے کو بھول جانا بہت اچھی بات ہی
روایت ہی کہ حضرت لقمان فرماتے تھے کہ تین ہزار کلمے مین نے نصیحت کے لکھے انمین سے تین باتین مجھکو
بہت پسند آئین دو کو یاد رکھنا لازم اور ایک کو بھول جانا خدا اور موت کو یاد رکھے اور نیکی کر کے فراموش
کرے حضرت لقمان فرماتے ہین کہ خاموشی مین سات خاصیتین ہین زینت بے پیرایہ ہیبت بے سلطنت
عبادت بے محنت حصار بے دیوار بے نیازی بے عذر فراغت از کرام کاتبین پوشیدن عیوب ہے
الطبع ہیچ مضمون بزلب بستن نمی آید ؛ خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید ؛ نقل ہی کہ حضرت لقمان علیہ الرحمۃ
کسی نے پوچھا لوع کے معنی کیا ہین فرمایا ایک یہ کہ سر دستے بنی نکلے دوسرا یہ کہ مردنی سے نکلے یعنے کبر
و غرور چھوڑ دے اسی طرح نصائح حضرت لقمان کی کتب تواریخ مین بکثرت مذکور ہین فائدہ چند نصائح اور بھی
اس مقام پر بیان کردینا لابدی ہی اگرچہ وہ نصائح بطور کلیہ نصائح حضرت لقمان مین مندرج ہین لیکن تفصیل
و توضیح انکی نہین کی گئی ہی اور جب تک نصائح ضروریہ کی توضیح نہ کیجاوے تب تک فہم عوام مین گنجایش انکی
دشوار ہی پس واضح ہو کہ اول ضروریات لبشریہ اور امور ضروریہ مین میانہ روی و توسط اختیار کرے کہ خیر الامور
اوسطہا لیکن میانگی میانہ روی ہر چیز کی موافق مراتب اشخاص کے ہی بہت ایسی چیزین ہین کہ ایک کے
حق مین افراط و دوسرے کے حق مین اعتدال بلکہ تفریط ہی پس احوال و اطوار ہم جنس و ہم قوم و ہم پیشہ و
ہم حرفہ بقیاس مقدار توسط شمار کرنا چاہیے اور کسب زوائد کی طلب مین مشقت و رنج نچاہیے اور جو عمل و حرفہ کی
تحصیل منظور ہو اول اُسکی ضروریات سے واقف ہونا پر ضرور ہی اگر بعد تحصیل ضروریات کے وقت فرصت دے
تو زوائد بھی کسب کرے ورنہ طلب الکل فوت الکل ہو جائیگا مثلاً علوم مکتسبہ مین اول فقہ و حدیث و تفسیر
و عقائد طلب پڑھے بعد ازان بحسب استعداد و وسعت وقت حکمت و منطق مضائقہ نہین دوسرے
جب کوئی مہم پیش آوے تو اُس فن کے دانشمندون سے بشرطیکہ خیرخواہ ہون بمقتضائے وشاورہم
فی الامر صلاح لے اور مشورت کرے و مشیر کو چاہیے کہ بلا تملق جو کچھ خیر و شر و نفع و ضرر اسمین ہو کھول کر
بمقتضائے المستشار موتمن کہ دے اور صلاح گیرندہ کو اختیار ہی کہ اگر اپنی بہتری دیکھے لے ورنہ ترک فرماوے

اور اس باب مین صلوۃ الاستخارہ کہ حدیث صحیح سے ثابت ہے نہایت بہتر ہے تیسرے
تدبیر و استقلال ترک نہ کرے چوتھے دنیا گذشتنی و گذاشتنی ہے پھر چند روز کے واسطے کسی سے
دنیا کے امر مین عداوت اور دشمنی نہ لے اور کسی کا عیب نہ کرے اور نہ دیکھے خصوص
عیب ایک شخص خاص یا فرقہ خاص کا علانیہ ذکر نہ کرے کہ بہت بد بات ہے اور کسی سے
حسد نہ کرے اور باتین جھوٹ بیفائدہ زبان پر نہ لاوے اور بُری بات کسی کی کسی سے نہ
کہے بخل و نامردی سے پاک رہے اگر ہو سکے ضعفاے حق پر راضی رہے اور آپ کو بزرگ کلان نہ سمجھے
کو فخر و نخوت نہ اختیار کرے اور کسی کے بیچ مین فساد نہ ڈالے اور اکل حلال و صدق مقال و استقامت
احوال مین سعی کامل کرے کہ عمدہ تر مین جمیع طاعات و عبادات یہی ہے اور کلمۃ الخیر سے کسی کے حق مین
خویش ہو یا بیگانہ باز رہے اور امر معروف و نہی منکر مین کوشش کرے اگر ممانعت نہو سکے تو دل سے
ناخوش رہے اور خود مرتکب نہو اور چاہیے کہ عقل و کیاست و فہم و فراست کثرت تجربہ و صحبت عقلا اور
کسب علوم عقلیہ و استماع قصص و نصائح سے زیادہ کرے گو کہ یہ صفات خلقی و جبلی ہین پر زیادتی و کمی
بھی انمین ہے تو اُسکی کوشش کرنا چاہیے کہ ہر روز قواے عقلیہ قوی ہوتی جاویں تا کہ زمرہ عقلا مین معدود ہو
اور سفہا سے نکلکر عقلا مین داخل ہو اور یہ بھی لازم ہے کہ خود معطل و بیکار نہو جاوے دین کا کام کرے اگر نہو سکے
تو دنیا ہی کا کام کرے یعنی ہنر پیشہ جس سے دنیا حاصل ہوتی ہے سیکھے اور جب صبح کو سو کر اُٹھے تو نماز پڑھے
اور طلوع آفتاب تک جا نماز پر بیٹھا رہے اور تسبیح و تہلیل مین مشغول رہے اور شام کے وقت لڑکون کو گھر مین
داخل کرے اور صحن مین نکلنے نہ دے اور جب رات ہو جاوے تو دروازہ گھر کا قفل یا مسلسل کرا دے
اور آیات و ادعیہ حفظ کے پڑھے اور چراغ گل کرا دے اور آگ ٹھنڈی کر دے اور باسن ڈھانپ دے
اور ہتھیار اپنے پاس رکھ لے اور موضع خوف مین اگر ممکن ہو تو نگہبان متعین کرے اور خود جاگے
محفوظ مین رہے اور ہوشیار سووے اور سب کامون مین بسم اللہ الرحمن الرحیم کہا کرے اور
جب دو قسم کے بلا و محنت پیش آوین تو بہتر یہ ہے کہ حیلہ و تدبیر سے کنارہ کرے اگر نہو سکے تو آسان ترین
اختیار کرے کہ من ابتلی ببلیتین فلیختر اہونہما حدیث مین وارد ہے اور ایام حیات و صحت کو غنیمت جانے
بغیر ضرورت تمام ہلاکت مین نہ پڑے اگر مریض ہو تو طبیب حاذق کے پاس جاوے اور اُسکو مختار کر دے
اور اُسکی تدبیر و دوا مین مخالفت نہ کرے اور بلا ظہور خطاے فاحش دوسرے طبیب سے رجوع نہ لاوے
اور کبھون دعاے ہلاکت اپنی اور اپنے عیال کے لیے نہ کرے اور بے ضرورت کلی سفر نہ کرے اور
جو مسافرت اختیار کرے تو شنبہ یا پنجشنبہ کو علی الصباح یا بعد نماز جمعہ سفر کرے کہ یہ روز و ساعت نیک

ہین اور راہ محفوظ اختیار کرے اور اپنے رفیقون وخدمتگارون ورہبرون کو ساتھ رکھے اور ہتھیار لڑائی کے پاس رکھے اور امن راہ پر اعتماد نہ کرے اور اسباب ضروری مثل چھری ومقراض وبیل وکلند وتیر وسوزن ورشتہ وموتراش وآئینہ وشانہ وعصا وشمشیر ومسواک وسرمہ دان وشیشہ وغیرہ ہمراہ رکھے اور جب قافلہ چلے تو خود بیچ مین رہے اور جب منزل مین اترے تو اُنکے ساتھ ہو جدا نرہے اور وقت شب عصر سے زیادہ سفر مین احتیاط کرے اور جو ممکن ہو تو بعض ادویہ ضروریہ ہمراہ رکھے اور چارپایہ پر بوجھ بہت نہ لادے کہ اسکو تکلیف ہو اور توشے کی محافظت کرے اور جو قدرت ہو تو ایام سفر سے زیادہ ساتھ لیجاے اور جو امر پیش آوے اُسکا مآل کار سوچ لیوے اور پیشہ وقناعت وکسب وحرفہ جو کہ بہتر ہو اختیار کرے اور کسب نیک کے سیکھنے مین عار وننگ کرنا نہایت نادانی اور بیعقلی ہے اور چاہیئے کہ فنون ضروریہ اور علوم لابدیہ کی تحصیل مین کوشش بلیغ کرے اور جس امر کا وقوع بیشتر ہے اسمین تجربہ حاصل کرے اور علوم مجلس کو بھی حاصل کرنا ضروریات مین شمار کرے مثلاً خط وانشا وشعر وقصص ولطائف غریبہ وصناعات عجیبہ صفائی تقریر وقدرت تحریر وعلم حساب وفن معما سیکھے اور لعن وفحش کی عادت نکرے اور غم وشادی اور غصہ وغضب مین ایسی بات نہ کرے کہ بعد اُسکے ندامت وپشیمانی ہو اور عیادت بیماران اور تعزیت مصیبت رسیدگان کو خصال حمیدہ اور محاسن پسندیدہ مین جانکر اختیار کرے اور محبت علما وصلحا وصحبت فضلا واتقیا کو اکسیر اعظم تصوّر کرے اور موجب اجر وثواب جانے اور دولتمندی اور ارجمندی اور فقر وبیکسی مین اخلاق قدیمہ کا ترک کرنا رذالت وسفلگی وکم ظرفی سمجھے کیونکہ دولت پر ناز کرنا کہ صبح آئی شام کو گئی صریح حماقت وبیوقوفی ہے اور فقر وغربت مین رنج وملال کرنا باوجود اینکہ اللہ صاحب فرماتے ہین فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا از بس بیخبری اور جہالت ہے اور لازم ہے کہ ایام حیات اور صحت وتندرستی کو غنیمت جانکر دنیا کو مزرعۂ آخرت جانے اور عمل خیر سے باز نرہے ؎ نیست دنیا جای راحت از غمش ای دل برآ + رخت ازین دار محن برکش ازین منزل برآ + مزرعہ عقبی است دنیا نہ مقر وعیشگاہ + تخم نیکی کشتہ زینجا بار مستعجل برآ + اور جب بوڑھا ہو اور قریب مرگ پہونچے تو استغفار وتہلیل وتسبیح مین سرگرم رہے اور اہل وعیال کو استقامت احوال وصبر وقناعت کی وصیت کرے اور جو اللہ عنایت وکرم کرے تو کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پر جان کو سپرد جان آفرین کرے ؎ این نصیحت ہای نیک از خود فضیحت عیب نیست برنگو اے مستمع ازطعن بیجا صل برآ + معالم التنزیل مین لکھا ہے کہ ایک دن حضرت لقمان کے بیٹے نے التماس کیا کہ اے پدر بزرگوار اگر کوئی کام برا اخفا کرے جسکو کوئی نہ دیکھے تو اللہ کسطرح جانے فرمایا اے پسر اگر ہو کوئی چیز دانہ رائی کے برابر اور رہتی ہو کسی پتھر مین یا آسمان وزمین مین لا حاضر کرے اسکو

اللہ بیشک اللہ پوشیدہ چیز جانتا ہی خبردار ہی چنانچہ اسی قول کو اللہ صاحب کلام اللہ مین نقل فرماتے ہین یابنی ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بہا اللہ ان اللہ لطیف خبیر اس کلام کے سنتے ہوئے پتہ اسکا پھٹ گیا اور تھا یہ کلام آخری حضرت لقمان کا عمر حضرت لقمان کی ہزار برس کی کتب سیر مین لکھی ہی اور فلسطین مین مابین مسجد رملہ وسوق مدفون ہین روایت ہی کہ جسدن حضرت لقمان نے وفات پائی اسی دن ستر پیغمبرون نے رحلت اس عالم سے فرمائی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ذکر انکا سورۂ لقمان مین ہی اور کہین نہین اور سواے انکے ایک لقمان ابن عاد لقیہ عاد اولے سے تھا یہ وہ ہی کہ جسکو بادشاہ نے مع چند ندیمون کے حرم شریف مین بنا بر استسقاء روانہ کیا تھا سو اُسنے درازی عمر کی دعا مانگی کہ وہ تین ہزار پانسو برس زندہ رہا اخبار الدول مین ہی کہ دنیا مین دو آدمی بہت دنون زندہ رہے ہین ایک عوج ابن عوق اور دوسرا لقمان ابن عاد واللہ اعلم بالصواب

## تفریح بست دوم دراحوال حضرت سلیمان علیہ السلام

یہ حضرت بعد اپنے باپ داؤد علیہ السلام کے بادشاہ اور نبی ہوئے کما قال اللہ تعالے وورث سلیمان داؤد یعنی انیس بیٹون سے حضرت سلیمان علیہ السلام ملک ونبوت کے وارث ہوئے اصل یہ ہی کہ حضرت داؤد کی طرح نبی ہوئے نہ یہ کہ وارث نبوت ہوئے اسلیے کہ نبوت مین وراثت نہین ہوتی کذا فی المدارک برہان قاطع مین ہی کہ نام سلیمان کا جم بفتح اول وسکون میم بمعنی بادشاہ بزرگ بھی ہی اور جمشیدون مین بھی انکو کہتے ہین اور جمشید کو بھی جم کہتے ہین مگر جس مقام مین دیو اور پری اور وحش وطیور و نگین انگشتری آوے وہان مراد حضرت ہین اور جہان کہین یا جام و پیالہ مذکور ہوا وہان جمشید اور جس جگہ یا آئینہ اور سد ہو وہان سکندر مراد ہی انتہی اور شریعت حضرت سلیمان کی عین شریعت موسی علیہ السلام تھی اور علم قضا و کیمیا و منطق الطیر والدواب و تسبیح جبال و ملک و اقبال مثل داؤد کے بلا مگر تسخیر ہوا و جنات زیادہ ہوئی اور مقاتل کے نزدیک ملک انکا ہی زیادہ تھا اور انکی راے فیصل خصومات مین صائب تھی اور شاکر زیادہ تھے اور معالم مین محمد ابن کعب قرظی سے روایت ہی کہ لشکر سلیمان سو فرسخ مین پڑتا تھا پچیس مین انسان اور پچیس مین حیوان دواب اور پچیس مین جنات اور پچیس وحش وطیور اور تین سو منکوحہ اور سات سو کنیز آنجناب کے تصرف مین تھین اور سب کے لیے محل جدا جدا تھے اور سب محل شیشے کے بنے تھے

اور سب محل ایک تخت پر تھے اوس تخت کو ہوا لیے پھرتی تھی او تفسیر کشاف مین لکھا ہی کہ لشکر حضرت سلیمان
علیہ السلام دس ہزار فرسخ مین نزول فرماتا تھا اور دو فرسخ مین ابریشم کا فرش بچھایا جاتا تھا اسکے بیچ مین
تخت رکھا جاتا تھا اور جملہ اکابر و اشراف گرید ون پر بیٹھتے تھے اور ہوا او سی بساط کو لیے اڑتی تھی اور
معالم التنزیل مین مقاتل ابن حبان سے روایت ہی کہ شیاطین نے حضرت سلیمان کے واسطے ایک
فرش کارچوبی ریشم کا بنایا تھا و فرسخ کا اوسکے درمیان منبر سونے کا رکھا جاتا تھا اوسپر حضرت سلیمان بیٹھے
تھے اور تین ہزار کرسیان طلائی و نقرئی بچھائی جاتی تھین طلائی پر اولاد پیغمبران علما و فضلاے دوران
اونکے گرد جن و شیاطین و عامہ انسان اور طائفۂ طیور اپنے پرون سے اوس مجلس پر سایہ کرتے تھے تاکہ حرارت
آفتاب نہ پہونچے اور ہوا اوس بساط فرش کو اوٹھاتی صبح سے تا شام ایکماہ راہ اور شام سے تا صبح
اسیقدر طی کرتی تھی سعید ابن جبیر سے روایت ہی کہ چھ سو کرسیان بچھائی جاتی تھین اوسپر انسان و جنات
بیٹھتے تھے اور طیور پرون سے سایہ ڈالتے تھے تب ہوا اوٹھاتی تھی اور حسن سے روایت ہی کہ یہ معجزہ تسخیر
ہوا کا بعد ذکر نے گھوڑون کے ملا تھا اور یہ سب باتین ابتداے معاملے کے ظاہر ہوئی ہین امام رازی
اپنی تفسیر مین تصریح کرتے ہین کہ لشکر حضرت سلیمان کا با وصف کثرت منتشر و پریشان نہوتا کمال انضباط
و ربط سے چلتا تھا ہر گروہ پر ایک نقیب معین تھا کہ وہ حد سے تجاوز نکرنے دیتا تھا اور اس باعث سے
کوئی شخص اپنے مقام سے پیش و پس نہوتا تھا اور تفسیر زاہدی مین ہو کہ داہنی طرف تخت کے دو لاکھ
کرسیان اکابر انس اور بائین جانب دو لاکھ کرسیان اشراف جن کی بچھائی جاتی تھین اور بین یمین و یسار
پینتیس پینتیس منبر رکھے جاتے تھے انپر علما و فضلا و اتقیا و صلحاے انس و جن بیٹھکر وعظ کرتے تھے
اور طیور اپنے پرون سے سایہ کرتے تھے اس تخت کو ہوا لیکر چلتی تھی اور ابن زید سے معالم التنزیل
مین روایت ہو کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس ایک مرکب چوبی تھا اسمین ہزار رکن ہر رکن
مین ہزار خانے اسپر جنات و حضرت انسان سوار ہوتے تھے اور ہر درجے پر ایک ہزار دیو معین تھے
وہ تخت کو اوٹھاتے تھے پھر اسکو ہوا لیکر چلتی تھی اور سواری کا یہ انتظام ہوتا تھا کہ با وصف شدت ہوا
کسی کھیت کے درخت کو حرکت نہوتی تھی اور گرد و غبار کا نشان نہوتا اور کسی بیچارہ ضعیف جانور کو
بھی نقصان نہ پہونچتا تھا اس شوکت و حشمت کا اشارہ سورۂ نمل مین ہو و قال ایہا الناس علمنا
منطق الطیر و اوتینا من کل شیٔ ان ہذا لہو الفضل المبین یعنے حضرت سلیمان نے کہا اے لوگو ہمکو
سکھائی ہر بولی اوڑتے جانورون کی او عطا کیا ہمکو ہر چیز مین بے شک و شبہ یہی ہی بڑائی
صریح یعنے جو چیزین دنیا مین درکار ہین اور اسکی انسان کو ضرورت ہو سب عنایت فرمائین مثلاً

ملک و مال و زن و فرزند و حسن و جمال و علم و عقل وغیرہ سب اللہ نے دیا ہی
یا یہ مراد ہی کہ جو کچھ پیغمبرون اور بادشاہون کو ضرور ہی وہ سب اللہ نے اپنے فضل و کرم سے
عنایت کیا ہی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس آیت سے امور دنیا و آخرت
مراد ہین اور مقاتل ابن حبان کے نزدیک نبوت و ملک و تسخیر جن و شیاطین مراد ہی فائدہ
طیر کو اسلیے منطق کہا کہ جسطرح کلام حضرت انسان سمجھ مین آتا ہی اسی طرح آواز طیور سے بھی
ادراک و فہم حاصل ہوتا ہی اسلیے ہر ایک مرغ کی ایک آواز علیحدہ ہی اکثر بنی آدم اس سے
کچھ کچھ معانی و مطالب نکالتے ہین الا حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالی نے مکالمۂ طیور
کا علم کامل و فہم صحیح عطا فرماتا تھا چنانچہ معالم التنزیل مین ہی کہ ایک دن کبوتر بولا حضرت
سلیمان نے فرمایا کچھ جانتے ہو یہ کیا کہتا ہی سب نے کہا اللہ و رسولہ اعلم فرمایا لدوا للموت
وابنوا للخراب یعنے اے لوگو پیدا ہو مرنے کو بناؤ بگڑنے کو اور فاختہ کہتی ہی لیت ذا الخلق لم یخلقوا
کاش مخلوق مخلوق نہوتی اور طاؤس بولتا ہی کما تدین تدان یعنے جو تو کریگا جزا پاویگا اور ہدہد کہتا ہی
من لا یرحم لا یرحم یعنے جو رحم نکریگا رحم نہ کیا جاویگا اور لٹورہ کہتا ہی استغفروا اللہ ایہا المذنبون
بخشش مانگو اللہ سے اے گنہگارو اور طوطی بولتا ہی کل حی میت و کل جدید فان یعنی ہر زندہ
مرنے والا ہی اور ہر نیا پرانا ہونے والا ہی اور بعض تفاسیر مین ہی کہ کبوتر سبحان ربی الاعلی ملاء
سمائہ وارضہ پاک ہی میرا رب اسنے بھر دیے زمین و آسمان اور یہ بولتا ہی لٹورہ کی بولی یہ سب
مدارک التنزیل مین ہی اور بعض کے نزدیک طوطی ویل لمن الدنیا ہمہ بولتا ہی یعنے خرابی ہی اسکی
جسکا مطلب سراسر دنیا ہی اور ابابیل بولتا ہی قدموا خیرا تجدوہ آگے بھیجو گے نیکی پاؤگے اور قمری کہتی
سبحان ربی الاعلی ہی اور بعض تفاسیر مین کل شئی ہالک الا وجہہ ہر چیز نابود ہوگی مگر ذات خدا لیکن ترجمہ
صحیح یہ صدا چیل کی ہی کذا فی المدارک اور ہزار داستان بولتا ہی سبحان اللہ الخالق والدائم پاک ہی
اللہ جو پیدا کنندہ اور ہمیشہ رہنے والا ہی اور لوا کہتا ہی من سکت سلم یعنے جسنے خاموشی کی وہ سلامت
رہا یہ سب بولیان جو لکھی گئین حضرت سلیمان نے جانورون کے بولنے پر انسان و جنات سے بیان
فرمائی ہین کاتب نے بنظر تطویل حکایت کو ترک کیا ہی اور حضرت سلیمان علیہ السلام فرماتے تھے کو عشار
پر جو مسافرون سے کچھ بلا وجہ لیتا ہی خواہ دہیک لینے والا ہو لعن کرتا ہی اور باز کہتا ہی سبحان ربی العظیم و
بحمدہ پاک ہی رب میرا بزرگ و محمود اور غوک بولتا ہی سبحان ربی القدوس پاک ہی پروردگار قدوس اور
مادہ کہتی ہی سبحان المذکور بکل لسان پاک ہی جسکا ذکر ہر زبان مین ہی اور تیتر کہتا ہی الرحمن علی العرش استوی

معالم التنزیل مین ہو کہ ایک دن بلبل اپنی دُم و سر ہلا ہلا کر بولتا تھا حضرت سلیمان نے فرمایا یہ کہتا ہو مین نے آج آدھا
خرما کھایا ہو اندیشہ باز پرس قیامت سے ہلاک ہون خاک برسر دنیا محققین کہتے ہین کہ یہ قول اُسکا ازروے
خوشحالی و فارغ بالی تھا القصہ یہ معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا مشہور ہو اور کلام الٰہی مین مذکور اللہ تعالیٰ نے
اپنے حبیب کی اُمت مین ایسی ایسی کرامات کی بہت دھوم دھام فرمائی ہو چنانچہ ایکدن یہودیون نے
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اگر تم سات باتون کا جواب دو تو ہم ایمان تمہارے پیغمبر کا
لائین فرمایا بیان کرو لیکن ازروے تفقہ نہ ازراہ تعنت یہودیون نے کہا چکاوک و مُرغ خانگی و غوک آبی
و حمار اہلی و اسپ و تیتر و زرزور کی بولی کیا ہو فرمایا چکاوک کہتا ہو اللھم العن من عصی محمداً و آل محمدٍ
اے خدا اپنی رحمت سے دور رکھ جو دشمن محمد و اولاد محمد کا ہو اور مرغ کہتا ہو اذکروا اللہ یا غافلین اللہ کو
یاد کرو چوکنے والو اور مینڈک بولتا ہو سبحان المعبود فی لجج البحار اور حمار اہلی کہتا ہو اللھم العن العشار اور
گھوڑا وقت حرب کہتا ہو سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح اور تیتر کہتا ہو الرحمن علی العرش استوی اور
زرزور بولتا ہو اللھم انی اسالک قوت یوم بیوم یا رزاق پس یہودی ایمان لائے اور حضرت صادق اپنے
باپ سے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ کرگس آواز کرتا ہو یا ابن آدم عش ماشئت آخرک الموت بیٹے
اے بیٹے آدم کے عیش کرلے جتنی چاہتا ہو آخر کار تجھکو موت ہو اور عقاب کہتا ہو فی البعد من الناس انس اور
چکاوک بولتا ہو اللھم العن مبغضی آل محمد اور ابابیل کہتا ہو الحمد للہ رب العالمین اور الضالین کو ایسا مد سے
پڑھتا ہو جسطرح اچھے قاری پڑھتے ہین القصہ یہ ادراک حضرت سلیمان علیہ السلام کا منجملہ معجزات تھا اور اولیا
اُمت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی کرامت سے متقدمین اولیاؤن مین اکثر ایسے ہوئے کہ حیوانات
غیر ناطق کی بولیان بخوبی سمجھتے تھے اور متاخرین مین بھی بہت گذرے اور اب بھی موجود ہین چنانچہ ابھی
تھوڑے دن ہوے کہ فقیر کے جد امجد مرشد برحق حضرت شاہ میر محمد علوی قلندر قدس سرہ تھے کہ ۱۲۷۲ھ
تک اس عالم مین موجود تھے بے تکلف بعض طیور کے کلام سمجھتے تھے ذٰلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء تولد حضرت
مرشد کا تاریخ پانچوین رجب ۱۱۹۲ ہجری مطابق جیٹھ سنہ ۱۱۸۵ مین ہوا اور تاریخ وفات صوری و معنوی دوشنبہ
دہم جمادی الاولی ۱۲۷۲ ہجری اور اس حساب سے عمر آپ کی اتنی برس کی ہوئی دوسرا معجزہ حضرت سلیمان
کو اللہ نے یہ عطا کیا تھا کہ ہوا کو مسخر کر دیا تھا اسکے زور سے جہان کہین جاتے مع لشکر چلے جاتے معالم التنزیل
مین لکھا ہو کہ حضرت سلیمان دمشق سے سوار ہوتے اور اصطخر مین کہ ایک مہینے کی مسافت شام سے واقع ہو قیلولہ
کرتے پھر بابل مین تشریف لیجاتے وہ بھی ایک مہینے کی راہ پر ہو اگر سوار جلد چلنے والا جاے اور کبھون رے سے
سوار ہوتے سمرقند مین بیتوتت کرتے ایک بار صبح کو ارض عراق سے سوار ہوے اور شہر مرو مین دوپہر کو پہونچے

له دمیمون سے دوری مین نوفی دو

اور عصر کی نماز بلخ مین پڑھکے چین مین تشریف لائے اور رات بھر رہے پھر صبح کو ساحل بحر پر روانہ ہوکے زمین
قندھار مین وارد ہوے پھر وہان سے کرمان مین تشریف لے گئے بعد اسکے ارض فارس مین جا گئے اور چندے
مقیم ہوئے پھر ایک روز صبح کو سوار ہوا اور ملک کاشغر مین قیلولہ کرکے شام کے وقت ارض شام مین تشریف
لائے اور بود و باش اکثر حضرت سلیمان کی مدینہ تدمر مین تھی اور مواہب علیہ مین بھی کہ شہر تدمر شام مین ایک
شہر ہے جسکو دیوون نے حضرت سلیمان کے لیے بنایا تھا صبح کو وہان سے باہر آتے اور پھر بوقت مغرب
اُسی جگہ ہوا پہونچا دیتی اور مدارک مین لکھا ہے کہ صبح کو تدمر سے باہر آتے اور اصطخر فارس مین قیلولہ کرتے اور
شام کو کابل مین جاتے اور دوسرے دن کابل سے بابل مین اور پھر دن چڑھے اصطخر مین ہوتے اور شام کو پھر تدمر
مین آتے تھے روایت ہے کہ طعام چاشت شہر رے مین کھاتے اور طعام شام سمرقند مین اسی معجزے کا اشارہ
کلام باری مین ہے فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ یعنی پھر ہمنے تابع کی اُسکی ہوا چلتی اُسکے
حکم سے نرم نرم جہان پہونچا چاہتا اور دوسری جگہ ارشاد ہے وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ یعنے
سلیمان کے تابع کی ہوا صبح کی منزل اُسکی مہینے کی راہ اور شام کی منزل ایک مہینا کہ شام سے یمن اور
یمن سے شام آدھے دن مین جاتے اور تیسری جگہ یعنی سورۂ انبیا مین ارشاد ہے وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِي بِأَمْرِهِ
إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا یعنے سلیمان کے تابع کی ہوا جھپکے کی چلتی اُسکے حکم سے زمین کی طرف جہان برکت
دی ہمنے مراد اس زمین سے زمین شام ہے **فائدہ** آیات کریمہ سے واضح ہوا کہ ہوا حضرت سلیمان علیہ السلام کے
اختیار مین کردی گئی تھی کہ جب چاہتے نرم چلتی اور جب چاہتے سخت چلتی اور اگر کوئی نافہم تعارض کا خیال
کرے تو کچھ تعارض نہین ہے **فائدہ** یہ معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا افضل و اعلی معجزات مین ہے اور
اُسکے مقابلے مین اللہ جل شانہ نے اولیاء اُمت مصطفویہ پر یہ عنایت فرمائی ہے کہ زمین اُنکی تسخیر مین ہے کہ
جب کبھون ہزار منزل کا بھی قصد کرتے ہین یا برس دو برس کی راہ جانے کا ارادہ فرماتے ہین ایک پلک
مارنے مین پہونچتے ہین اور زمین لپٹتی ہوئی چلی آتی ہے بلکہ اکثر اولیاء اللہ ہمیشہ نماز کعبے مین پڑھتے ہین
کہ اکثر عالمون اور صادقون سے مکہ معظمہ مین بحالت طواف ملاقات ہوئی اور اُنھون نے تاریخ حفظ
کر رکھی اور اس ولی اللہ سے حال پوچھا ہے قصص صحیحہ اُنکے کتب سیر مین موجود کتاب سیر العارفین و
تذکرۃ الاولیا و نفحات و اخبار الاخیار و تاریخ یافعی وغیرہ دیکھنے سے اُسکی کیفیت معلوم ہوتی ہے
مگر اولیاء امت محمدیہ طی ارض کی کچھ حقیقت نہین جانتے بلکہ اس قسم کے امور کو مانع وصول حق
سمجھتے ہین چنانچہ ایک مرتبہ ایک مرید حضرت غوث الاعظم سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا بیت المقدس
سے ایک کام مین آیا حضرت نے اسکو سرزنش فرمائی ناگزیر اسنے توبہ کی اور کہا کہ پھر ہوا مین نہ اڑونگا

تیسرا معجزہ یہ تھا کہ جن و شیاطین حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابعدار تھے اور ایک فرشتہ تازیانہ آتشین لیے ہوئے انپر تعینات رہتا تھا تاکہ حکم مین سرتابی نہ کرین اور اسی کے ضمیمہ مین ایک چشمہ پگھلے تانبے کا بلدۂ صنعا کے متصل پانی کی طرح جاری کیا کہ ہر مہینے مین تین رات دن بہتا تھا اور جناب اُس سے تانبا لیکر باسن بناتے تھے کما قال اللہ فی سورۂ سبا و اسلنا لہ عین القطر و من الجن من یعمل بین یدیہ باذن ربہ و من یزغ منہم عن امرنا نذقہ من عذاب السعیر یعملون لہ مایشاء من محاریب و تماثیل و جفان کالجواب و قدور راسیات یعنے بہادیا ہمنے اُسکے واسطے چشمہ پگھلے تانبے کا اور جنون مین سے کئی لوگ جو محنت کرتے اُسکے سامنے اللہ کے حکم سے اور جو کوئی پھرے انمین ہمارے حکم سے چکھادین ہم اُسکو آگ کی مار اور بناتے تھے اُسکے واسطے جو چاہتا قلعے و تصویرین و لگن جسطرح تالاب اور دیگین چولھون پر جمین بعض اہل تفسیر کہتے ہین کہ یہ چشمہ ہمیشہ جاری رہتا تھا اور ابتک جاری ہے اور خلق اُس سے نفع اُٹھاتی ہے اور تواریخ مین ہے کہ اسی تانبے سے جنون نے بڑے بڑے برتن بنائے تھے چنانچہ ایک ایک پیالہ ایسا تھا کہ جسمین ہزار آدمی کھا دین اور دیگین تین تین پائے کی ایسی بلند تھین جسطرح پہاڑ کہ اپنی جگہ سے جنبش نہین کرسکتی اور بارہ ہزار باورچی ایک ایک پر کھانا پکاتے تھے اور سوا اسکے پتھر و لکڑی کے باسن بھی بناتے تھے چنانچہ ابتک اس قسم کے باسن یمن مین موجود ہین اور مکانات سنگین بھی اُنکے بنائے ہوئے یمن مین ہین چنانچہ قلعۂ مرواح و ہزارہ و بہند و غدان وغیرہ مشہور ہین واللہ اعلم بحقیقۃ الحال در ذخیرۃ الملوک مین لکھا ہے کہ حدیث شریف مین وارد ہے کہ دیوون نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے واسطے پتھر کی دیگین اتنی تھین کہ ہر ایک مین دس اونٹ اُتر جاتے تھے اور ہر روز ہزار دیگین پکتی تھین اور لشکر کے لوگ کھاتے تھے اور قصص مین لکھا ہے کہ اتنی خروار نمک کے ہر روز باورچیخانہ حضرت سلیمان مین صرف ہوتے تھے لیکن حضرت سلیمان اسمین سے ایک لقمہ نہ کھاتے تھے بلکہ تمام روز روزہ رکھتے اور زنبیل بنتے اور شام کے وقت اُسکو بیچتے اور دو روٹیان جو کی لیکر گورستان مین کہل او ہکر جاتے اور روزہ افطار فرماتے اس حال مین جو کوئی مسکین ملجاتا تو اسکو بھی شریک کرلیتے تھے روایت ہے کہ ہر روز لاکھ مرغ ذبح ہوتے تھے آنکھے پرون سے تعلیم جبرئیل علیہ السلام زنبیل بناتے تھے تفسیرون مین لکھا ہے کہ حضرت سلیمان کے عہد مین جنات تانبے و پتھرون وغیرہ کی تصویرین بناتے تھے اور بعض کتابون مین ہے کہ پیغمبرون و فرشتون کی تصویرین مسجدون مین بناتے تھے اسطرح کہ عبادت کرتے ہین تاکہ عوام اُنکو دیکھکر عبادت کرین اور بعض کہتے ہین کہ سباع و طیور کی تصویرین بناتے تھے چنانکہ منقول ہے کہ تخت سلیمان مین دو تصویرین کرگس کی

اور دو شیرون کی بنائی تھین کہ جب حضرت سلیمان تخت پر جانے کا ارادہ کرتے تو دونون شیر اپنے بازو پھیلاتے
کہ اُنپر ہوکر حضرت سلیمان چڑھجاتے اور جب تخت پر بیٹھتے تو دونون کرگس پہ دونسے سایہ کرتے تھے اور بعض
تفسیرون مین ہو کہ آدمی کی صورتین بناتے تھے اور خالق لایزال کے حکم سے لڑائی کے وقت اُنمین روح
پڑجاتی تھی کہ وہ لوگ لڑائی مین پیش پیش ہوتے تھے اس مقام سے معلوم ہوتا ہو کہ حضرت سلیمان کے
عہد مین بنانا تصویر کا جائز تھا جسطرح حضرت عیسی کے عہد مین کہ صورت خفاش خود بناکے اُڑاتے تھے
اور ہماری شریعت مین تصویر کا بنانا منع ہوا ہو چنانکہ بیضاوی مین ہو حرمۃ التصاویر شرع مجدد صحیحین مین
وارد ہو کہ ابوطلحہ نے کہا فرمایا حضرت صلعم نے نہین داخل ہوتے فرشتے اُس گھر مین کہ ہو اُسمین کتا اور اُس گھر مین
کہ ہو اُسمین تصویرین اور بیچ صحیحین مین حضرت عائشہ سے روایت ہو کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ بہت سخت
لوگون مین ازروے عذاب بروز قیامت وہ لوگ ہونگے کہ مناسبت کرتے ہین ساتھ خلق اللہ کے یعنی شابہہ
کرتے ہین اپنے فعل کو فعل خدا سے صورت بنانے مین یا بناتے ہین وہ چیز کہ مشابہ ہوتی ہو مخلوق
الٰہی کے یعنی تصویر بخاری مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہو کہ مین نے ایک چادر مول لی جسمین تصویرین
تھین اُسکو بطور پردہ دروازے پر لٹکایا تھا حضرت نے جو اُسکو دیکھا تو باہر کھڑے رہے گھر مین نہ آئے تو مجھکو معلوم
ہوا کہ حضرت کو کوئی چیز بری معلوم ہوئی ہو تب مین نے کہا کہ یا رسول اللہ مین توبہ کرتی ہون جس چیز سے کہ
آپ کو ملال ہو تب حضرت نے فرمایا کہ یہ چادر کیسی ہو مین نے کہا کہ مول لی ہو آپ کے بیٹھنے کے واسطے
تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی کہ ان اصحاب ہذہ الصور یعذبون یوم القیامۃ ویقال لہم احیوا ما خلقتم یعنی
مقرران تصویرون کے بنانے والون پر عذاب ہوگا قیامت کے دن اور انکو حکم ہوگا
کہ جلاؤ جنکو تمنے بنایا اس حدیث سے نکلا کہ جس مکان مین تصویرین ہون اُسمین جانا مکروہ ہو مسلمانون کو
واجب ہو کہ اپنے مکانون مین تصویر رنگین اور نفیس مباح چیزین کیا کم ہین جو تصویرون سے مکان کو
بتخانہ بنائے اور اوپر خدا کی لعنت برسائے ابن مالک کہتے ہین کہ اگر اعتقاد کرے اسکا تو کافر ہو اور
بسبب قبح کفر کے اُسپر عذاب زیادہ ہوتا ہو اور صحیحین مین عبداللہ ابن مسعود سے روایت ہو کہ وہ فرماتے
ہین مین نے سنا حضرت صلعم سے کہ فرماتے تھے سخت تر لوگون کے ازروے عذاب مصور لوگ ہین یعنی
جن لوگون پر سخت عذاب ہوگا منجملہ انکے یہ بھی ہین بعض علما نے لکھا ہو کہ یہ وعید انکی حق مین ہو کہ بتون کی
صورتین بنا بر عبادت بناوین اور بعضون نے کہا کہ جو بقصد مشابہت خدا صورت بناوے وہ بھی کافر ہو اور
جو کوئی بغیر اس قصد کے بناوے وہ فاسق ہو نہ کافر اور اتفاق ہو اسپر کہ مراد تصویر حیوانات کی ہی کہ یہ حرام
مطلق اور اشد کبیرہ ہو نہ صورت غیر جاندار اور درخت وغیرہ کی اور عرف مین اطلاق مصور کا اوسپر ہو

اور ثانی کو نقاش بولتے ہیں اور مجاہد نے تصویر درخت باردار کو بھی مکروہ جانا ہو اور محققین کے نزدیک مطلق یہ فعل خالی کراہت سے نہیں ہو اور داخل لہو ولعب مالایعنی ہو کذا فی مظاہر الحق فائدہ ہمارے حضرت صلعم کی حضور میں جنات بشوق ایمان عاشقانہ حاضر ہوتے تھے نہ کوئی فرشتہ تعینات تھا اور کوئی کوڑا لیے کھڑا تھا اور آنجناب کی برکت سے جنات ویسے ہی خواص امت کی خدمت مین حاضر رہتے ہین اور اخص الخواص کی کفش برداری کرتے ہین چنانچہ حکایات ملا محمد غوث گوالری مشہور ہین اور ہمارے پیر و مرشد حضرت شاہ صفت اللہ قدس سرہ کہ بارہ سو چودہ ہجری تک موجود تھے انکی خدمت مین اکثر جنات نے فیض معنوی پایا ہو اور انکی خانقاہ مین اب تک حضرت شاہ کرامت علی مدظلہم العالی کے پاس حاضر رہتے ہین وہب بن منبہ کہتے ہین کہ ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالی سے درخواست کی کہ یا الٰہی مین چاہتا ہون کہ تمام مخلوقات کی دعوت کرون حکم ہوا کہ رازق اپنے بندون کا مین ہون تو انکی ضیافت نہین کرسکتا التماس کیا کہ الٰہی تو نے مجھکو ہر طرح کی نعمت دی ہو یہ امر بھی ممکن ہو وحی ہوئی کہ اچھا اگر تیری یہ آرزو ہو تو کر چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک میدان آٹھ مہینے کی راہ کا دریا کے قریب صاف کرایا اور فرش بچھوایا اور جنات نے ہر طرح کی کھانے کی سات لاکھ دیگین کہ سترستر گز کی طویل وعریض تھین مہیا کین اور بڑی بڑی لگنین لاکر اس میدان مین رکھدین تب جن وانس و وحوش و طیور کو اذن ہوا کہ اس میدان مین حاضر ہون اور ہوا کو حکم ہوا کہ تخت اٹھا کر دریا پر کھڑا کرے کہ اپنے روبرو سب کو کھلاؤن الغرض تخت سلیمان دریا پہ آیا اور حیوانات جمع ہونے لگے دفعۃً ایک مچھلی نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین بھوکی ہون فرمایا سب مخلوق الٰہی جمع ہوتی ہو جب سب جمع ہو جائینگے تب کھانے کو ملیگا تھوڑا توقف کر اسنے کہا یا رسول اللہ مجھے طاقت انتظار نہین اگر مین صبر کرسکتی تو آپ کی حضور مین گستاخانہ عرض نہ کرتی حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا اگر تجھے طاقت صبر نہین ہو تو بقدر حاجت کھالے اسنے تمام کھانا کھالیا پھر فریاد کرنے لگی یا رسول اللہ ابھی تک میرا پیٹ نہین بھرا ہو مجھکو اور کھانا منگوا دیجیے حضرت سلیمان علیہ السلام کو سخت حیرت ہوئی اور فرمانے لگے کہ مین نے تمام خلائق کے واسطے یہ کھانا بہم پہونچایا تھا تو نے ایک ہی لقمہ مین صاف کردیا اب اور کھانا کہانسے لاؤن اسپر التماس کیا یا رسول اللہ مین تو اپنے گھر مین ہر روز تین لقمے کھاتی ہون آج تمہارے یہان آئی تو بھوکی رہی حضرت نے فرمایا کہ اب کھانا نہین ہو صبر کر مچھلی بولی کہ اگر کھانا تمہارے گھر مین نہین ہو تو مخلوق الٰہی کو کسواسطے بلاتے ہو اسوقت حضرت سلیمان بیہوش ہو گئے بعد اسکے سجدے مین گر کے رونے لگے کہ یا رب تو بیشک رزاق مطلق ہو

میری کیا طاقت جو تیرے مخلوق کی دعوت کر سکون تو ہی ایسا رازق علیم ہی کہ ہر روز صبح و شام سب کو
کھلاتا ہی آخرکار تمام خلق خدا اسدن بھوکی رہی اور حضرت سلیمان نادم ہوئے روایت ہی کہ یہ مچھلی زمین مالی تھی
کہ اللہ نے امتحانا بھیجا تھا اور زمین کو ہوا پر رکھا اور مچھلی کو اجازت دی کہ حضرت سلیمان کی
دعوت مین حاضر ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ ایک مچھلی تھی دریا کی اسطرح کی مچھلیان اللہ تعالی نے
بہت پیدا فرمائی ہین بیشتر علما کہتے ہین کہ حق تعالی نے سارا کھانا دعوت کا ایک لقمہ کیا مچھلی
کا تاکہ قدرت و طاقت حضرت رحمان اور عاجزی و ضعیفی حضرت سلیمان کی کھلجاسے پھر ایکدن
حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر سوار ہوئے اور ہزار وزیر کہ سردار انکے آصف ابن برخیا تھے
خدمتگذاری مین کرسیون پر بیٹھے اور جنات اور شیاطین گرداگرد کھڑے ہوئے اور طیور ہوا مین
صف باندھے ہوئے حاضر ہوئے اور حسب عادت ہوا نے تخت اٹھایا کما قال فی سورۃ النمل
وحشر لسلیمان جنوده من الجن والانس والطیر فهم یوزعون یعنی جمع کیے سلیمان کے پاس اسکے لشکر
جن و انسان اور اڑتے جانور پھر انکی مثلین بنین ہر ایک مثل پر ایک ایک نقیب و سردار کہ انکو
آگے پیچھے نہ بڑھنے دے اور لشکر پریشان نہ ہونے پاوے اور روانہ ہوئے حتی اذا اتوا علی
وادالنمل قالت نملة یا ایها النمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان وجنوده وهم لا یشعرون یعنی
یہانتک کہ جب پہونچے چیونٹیون کے میدان مین کہا ایک چیونٹی نے ای چیونٹیون گھس جاؤ اپنے
گھرون مین نہ پیس ڈالے تمکو سلیمان اور اسکا لشکر اور انکو خبر نہو بعضے کہتے ہین کہ ان دنون
مین ہوا حضرت سلیمان کی مسخر نہ تھی اس سبب سے لشکر زمین پر جاتا تھا سو چیونٹیون کے
بادشاہ نے اپنی قوم سے اطلاع کر دی اور صحیح یہ ہی کہ خاص لشکر ہوا پر تھا اور انکی سواریان
زمین پہ جاتی تھین اور خدمتگار اور سائیس بھی زمین پر تھے انکی کثرت دیکھکر ملکہ نمل نے کہا تھا
معالم التنزیل مین کعب احبار سے روایت ہی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے
اہل و عیال خدم و حشم لیکر سوار ہوے اور ہوا تخت شاہی اٹھا کے اصطخر سے یمن کی طرف
لے چلی تو پہلے حضرت سلیمان مدینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین پہونچے وہان
فرمانے لگے کہ یہ مدینہ دار ہجرت نبی آخر الزمان کا ہی خوش ہی وہ شخص جو اسکا ایمان
لاوے اور متابعت کرے پھر کعبہ مین آئے تو گرد کعبہ کے دیکھا کہ بتین رکھی ہین اور
عبادت انکی ہو رہی ہی حضرت سلیمان آگے چلے کعبہ رویا اللہ جلشانہ نے وحی بھیجی کہ تو
کیون روتا ہی اسنے عرض کیا کہ یارب سبب رونے کا یہ ہی کہ سلیمان نبی تیرا اور اسکی قوم میری طرف

قصہ لشکر سلیمان علیہ السلام

[illegible]

دیکھا ہوا چلا گیا اور نماز نہ پڑھی اور بتین میرے گرد بچتی ہین ارشاد ہوا مت رو مین تجھکو
ساجدین سے جلد بھر دونگا اور تجھمین قرآن جدید اُتارونگا اور نبی آخر الزمان پیدا کرونگا کہ وہ
جملہ انبیا سے افضل و واجب ہو اور فرض کرونگا اپنے بندون پر کہ تیری طرف ایسے
شوق سے دوڑینگے جسطرح بیل اپنے گھر کو دوڑتا ہو اور فاختہ اپنے بچے کی طرف جاتی ہو
اور کبوتر اپنے بیضہ سے متوجہ ہوتا ہو اور ہرگز بتون کا نام اور نشان تجھمین نرہیگا اور بت پرست
نظر نہ آوینگے اور دن رات عبادت خدا ہوا کریگی پھر حضرت سلیمان علیہ السلام وہان سے
وادی نمل مین کہ جانب جنوبی طایف مین واقع ہی پہونچے اور نزدیک قتادہ کے وادی
نمل زمین شام مین ہو اور بعضون کے نزدیک اُسمین جنات رہتے ہین اور چیٹیان
اُنکی سواری ہین مگر تحقیق یہ ہو کہ وہ میدان طایف سے دکھن کی طرف واقع ہو بالجملہ
جب حضرت سلیمان مع لشکر اُس میدان مین پہونچے تو ایک چیٹی لنگڑی دو بازو کی
شاید سردار تھی چیٹیون کی شفقت سے پکارنے لگی کہ اے چیٹیو اپنے گھرون مین
گھس جاؤ نہین تو لشکریون کے پیرون سے پس جاؤگی اگرچہ حضرت سلیمان نبی ہین
اور اُنکی حکومت مین جبر او ظلم نہین ہو مگر احتمال ہو کہ اگر تم گھرون مین داخل نہوگی تو
نادانستگی مین پامال ہو جاؤگی ہرچند کہ چیٹیون کی آواز کوئی نہین سنتا حضرت سلیمان
علیہ السلام کو معلوم ہو گئی تو حضرت سلیمان نے لشکر کو روک دیا کہ چیٹیان اپنے
گھرون مین داخل ہو ئین فتبسم ضاحکا من قولہا وقال رب اوزعنی ان اشکر
نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضاہ وادخلنی برحمتک
فی عبادک الصالحین یعنے مسکراکر ہنس پڑا سلیمان اُسکی بات سے اور بولا
اے رب میری قسمت مین دے کہ شکر کرون تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھپر اور
میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کرون کام نیک جو تو پسند کرے اور ملالے مجھکو اپنی
مہر سے اپنے نیک بندون مین فائدہ والد کے احسانات تو معلوم ہین پر والدہ
پر احسان یہ تھا کہ حضرت داؤد کی بی بی بھی بڑی پارسا و متخلق باخلاق حمیدہ تھین
انھین پر حضرت داؤد مفتون ہوئے تھے اور انھین کا ذکر سورہ صاد مین ہو معالم التنزیل
مین لکھا ہو کہ اول تبسم تھا آخر ضحک حضرت عایشہ صدیقہ سے روایت ہو کہ فرمایا صدیقہ نے
کہ مین نے نہین دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہنسے ہوئے کہ آپ کے دانت

کھلجا وین جب ہنستے تو مسکراتے تھے اور عبداللہ ابن مغیرہ سے روایت ہی کہ ما رأیت احدا اکثر تبسما من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فائدہ ہنسنا حضرت سلیمان کا ازروے تعجب تھا کسواسطے کہ انسان جب عجب چیز دیکھتا ہی تو تعجب کرکے ہنستا ہو اور بعضے کہتے ہین کہ ہنسنا حضرت سلیمان کا خوشی سے تھا کہ کلام چیونٹی کا سمجھ لیا بالجملہ حضرت سلیمان نے اس چیونٹی کو بلا کر اپنے دست مبارک مین لیا اور کہا کہ اے چیونٹی تو جانتی ہی کہ میرا لشکر کسی پر ظلم نہین کرتا اُسنے کہا مین جانتی ہون آپ نبی ہین ظالم اور جبر آپ کی حکومت مین نہین ہی الا مین اپنی قوم کی سردار ہون چاردناچار نصیحت کرنا مجھکو ضرور تھا حضرت سلیمان نے فرمایا کہ میرا لشکر ہوا پر جاتا تھا تیری قوم کو کسطرح گزند پہونچتا اُسنے جواب دیا کہ میری غرض یہ نہ تھی کہ زمین پر پس جائینگی مراد میری یہ تھی کہ مبادا انکی نظر تمھارے لشکر پر پڑے اور توزک اور احتشام دیکھکر تماشہ دیکھنے مین مشغول ہو جائین تو ذکر خدا سے غافل رہینگی اور میدان غفلت مین پامال ہو جائینگی یا تمھاری بادشاہت کا کارخانہ دیکھکر آرزوے دنیا کرنے لگین اور دنیا مبغوضہ حق ہی حضرت سلیمان نے پوچھا کہ لشکر تیرا کسقدر ہی اُسنے عرض کیا کہ میرے یہان چالیس ہزار سرہنگ ہین اور اُنکے چار ہزار نقیب اور ہر نقیب یا سرہنگ کے تحت حکومت چالیس ہزار چیونٹی ہین حضرت سلیمان نے فرمایا کہ تو اپنا لشکر کیون نہین باہر نکالتی اُسنے عرض کیا کہ یا نبی اللہ مجھکو تمام روے زمین عنایت ہوتی تھی مین نے قبول نکی اور زمین کے نیچے مین نے جگہ پکڑی تاکہ سواے خدا کے کوئی شخص میرا حال نجانے پھر اُسنے پوچھا کہ اے پیغمبر خدا جو نعمتین کہ اللہ تعالی نے تمکو عطا کی ہین اُنمین سے ایک مجھسے بیان کرو حضرت سلیمان نے کہا کہ ہوا میری تابعدار ہی کہ غدوہا شہر ورواحہا شہر اُسنے کہا یہہ معنی ہین کہ مملکت دنیا کی ہوا کا حکم رکھتی ہی کبھی آئی اور کبھی نہ آئی ؎

نہ بر باد رفتی سحرگاہ و شام ✦ سریر سلیمان علیہ السلام ✦ باخر ندیدے کہ برباد رفت
خنک آنکہ با دانش وداد رفت ✦ پھر حضرت سلیمان نے کہا تیری بادشاہت بہتر ہی یا میری

اُسنے کہا میری اسلیے کہ تمھاری حضور مین ہوا حامل بساط ہی اور بساط حامل تخت اور تخت پر آپ تشریف رکھتے ہین اور ہوا اسلیے پھرتی ہی پس یا رسول اللہ سلطنت آپ کی برباد ہی یہ سنکر حضرت سلیمان علیہ السلام ہنس پڑے اور فرمایا اسطرح کی دانش تجھکو

کہان سے حاصل ہوئی اُسنے کہا یا رسول اللہ خدا کا علم صرف آپ ہی کو نہین ملا ہی بلکہ اللہ نے مجھکو بھی کچھ عنایت کیا ہی اور مین بھی اُسکا ایک ناکارہ بندہ ہون مگر تم مقبول بندہ ہو زبردست اور مین ضعیف بیچارہ ہون اگر اجازت ہو تو کئی باتین حضور سے پوچھون ارشاد ہوا بیان کر اُسنے کہا یا رسول خدا آپ نے خدا سے ایسا ملک چاہا کہ اور کسی کے پاس نہو اُسس درخواست مین حسد کی بو آتی ہی اور پیغمبرون کو اس سے بچنا لازم ہی کیا ہوتا اگر خدا تعالی بعد تمھارے اور کو بھی ایسی بادشاہی عطا کرتا اس کلام سے حضرت سلیمان کو رنج ہوا اُسس مور بیچارہ نے کہا سخن راست تلخ ہوتا ہی پھر اُسنے کہا یہ انگوٹھی جو آپ کو خدا نے دی ہی اسمین نکتہ یہ ہی کہ یہ ساری مملکت نگین کی قیمت ہی اور نگین ریزۂ سنگ ہی اور ریزہ حقیقت مین ہیچ ہی پس جانو کہ دُنیا ہیچ ہی اور معنی آپ کے اسم مُبارک کے یہ ہین کہ دُنیا پر دل نہ لگاؤ کہ موت درپیش ہی حضرت سلیمان نے فرمایا ایسی باتون سے معلوم ہوتا ہی کہ تو حکیم ہی لہذا مین چاہتا ہون کہ مجھے نصیحت کر اُسنے التماس کیا کہ آپ بادشاہ ہین رعیت کی خبرگیری اور حال پرسی از روے شفقت اور عنایت کیا کیجیے اور مظلون کی دادرسی فرمائیے کہ مین باوصف اس ضعف و ناتوانی کے ہر روز اپنی رعایا کے حال سے مطلع ہوتا ہون اُسوقت حضرت سلیمان نے زبان مُناجات کھولی کہ رب اوزعنی ان اشکر الخ اور وہان سے رُخصت ہو کر ارادہ روانگی کیا تو مور بیچارہ نے التماس کیا یا نبی اللہ آج میرے گھر آپ کی ضیافت ہی توقف فرمائیے ارشاد کیا کہ لشکر میرا بہت ہی اُسکی دعوت تجھسے نہو سکے گی اُسنے نہایت اصرار کیا ناچار حضرت کو قبول کرنا پڑا ٹھہر گئے تو اُسنے ایک پیرندی کا بھیجدیا حضرت کو ہنسی آئی التماس کیا کہ اسکو تھوڑا نہ سمجھیے قصص مین وارد ہی کہ حضرت سلیمان نے اُسکو پکوایا اور تمام لشکر نے کھایا اُسوقت حضرت سلیمان سجدہ مین گرے سُبحان اللہ بحمدہ پاے ملخ مین کیسی برکت اللہ نے عطا فرمائی کہ لشکر سلیمان کو کفایت کر گیا مفسرین کو اُس مور کے نام مین اختلاف ہی ضحاک کے نزدیک نام اُسکا طاحنہ تھا اور مقاتل کے نزدیک خدمی اور بعض کے نزدیک منذر اور بعض کے نزدیک ملاحیہ اور بعض کے نزدیک جرمیا اسی طرح اختلاف ہی جسم مین تفسیر جواہر مین لکھا ہی کہ جسم سلطان مور کا برابر

خروس کے تھا اور بعض کہتے ہین سب چیونٹیان اُس وادی کی بھیڑ کے برابر تھین اور
زاد المسیر مین ہی کہ مینڈھے کے برابر تھین اور صحیح یہ ہی کہ اسی طرح کی چیونٹیان تھین کہ
جیسے اس زمانہ مین ہوتی ہین اور بادشاہ بھی مانند اُنکے تھا فائدہ سہیلی لکھتا ہی
کہ نام مور کسطرح دریافت ہوا کیونکہ نام حیوانات کے باہم مقرر و معہود نہین ہین اور
نملہ زیر حکم نبی آدم تھا کہ اُسکا نام رکھا گیا پس جواب اس اشکال کا یہ ہی کہ شاید
اللہ نے اس نملہ کا نام رکھا ہو او بعض پیغمبرون کی زبان سے لوگون نے سُنا ہو
جسطرح بو قبیس اور ثور اور حرا پہاڑون کے نام دریافت ہوئے اگر کوئی سے کہے کہ
حضرت سلیمان علیہ السلام نے تین میل سے آواز چیونٹی کی کسطرح سُنی تو جواب یہ ہی
کہ ہوا نے اسکی آواز حضرت سلیمان کو پہونچائی چنانچہ معالم التنزیل مین ہی کہ جو
کوئی اسی جگہ باتین کرتا تھا تو اسکو ہوا پہونچاتی تھی اور بحر الحقائق مین لکھا ہی کہ وادی
نمل ہوائے نفس حریص دُنیا ہی اور نملہ منذرہ نفس لوامہ اور حضرت سلیمان قلب
اور مساکن نمل حواس خمسہ ہین اگر عاشق سخن شناس اس نکتہ مین تامل کرے
تو کل قصہ کا مطلب واضح ہو جائے تفسیر کبیر مین امام رازی نے ایک لطیفہ لکھا ہی کہ
آفرین مورچہ کی فہمید پر کہ سمجھا ہرچند فرقہ سپاہ ظلم اور تعدی مین مصروف اور
متعدی ہوتا ہی پر حضرت سلیمان کی صحبت سے سپاہی مین اسقدر مہذب ہوا کہ
دیدہ و دانستہ مور کا تو ان پر بھی زور اور پامالی روا نہین رکھتا ہی خلاف روافض کہ ہرگز
نہ سمجھے کہ صحابی رسول مختار کہ مصاحب اور ملازم اور یار غار اور رفیق غمگسار رہے تھے
اُنہین افضل الانبیا کی صحبت نے ذرہ اثر نہ کیا کہ آپ کے بیٹی داماد نواسون پر
معاذ اللہ ظلم کرتے رہے تو روافض بارشاد عقل اور اعتقاد مین مورچہ سلیمان سے
کمتر اور بدتر ٹھہرے مدارک التنزیل مین ہی کہ اسی سفر مین حضرت سلیمان علیہ السلام ایک
وادی مین نزدیک کوہ صفا کے جلوہ فرما ہوئے وہان پانی نہ تھا اور وقت نماز کا نزدیک
آگیا حضرت سلیمان علیہ السلام نے ارادہ وضو کرنے کا کیا مگر پانی نہ ملا اور نشانہی پانی کی
ہُدہُد سے متعلق تھی سو ہُدہُد کو طلب فرمایا تا کہ پانی کا نشان دے وہ نہ ملا اُسوقت غائب
تھا خواہ یون واقع ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر جلوہ فرما تھے اور جملہ طیور
سایہ کیے ہوئے تھے یکایک دھوپ سر مبارک پر پڑی حضرت نے سر مبارک اُٹھا کر

ملاحظہ کیا تو تمام ہدہد حاضر پایا تب ارشاد کیا کہ ہدہد کہان ہو اور کیون نظر نہین آتا کما قال اللہ
فی سورۃ النمل وتفقد الطیر فقال مالی لا اری الہدہد ام کان من الغائبین یعنی خبر
لی اوڑتے جانورون کی تو کہا کیا ہو جو مین نہین دیکھتا ہدہد کو یا ہو رہا وہ غائب عبداللہ
ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ ہدہد کو جگہ پانی کی نظر آتی تھی حتی کہ زمین کے
تلے پانی بھی دیکھ لیتا تھا جسطرح آدمی شیشہ مین دیکھے اور فوراً حضرت سلیمان
کو بتلا دیتا تھا اور یہ بھی کہدیتا تھا کہ دور ہو یا نزدیک اور کبھی اپنی منقار سے کھود کر
نشان کر دیتا تھا اور شیاطین اُسی نشان سے نکال لیتے تھے سو اس سفر مین
وقت تلاش پانی نہ ملا اور منتخب حیوۃ الحیوان مین ہو کہ ہدہد کے تابع بارہ ہزار راہ تبلانیوالے
اور انکے لاکھ تابعدار پانی کے نشان دہ تھے اور قصہ غیبت ہدہد کا معالم التنزیل
مین یون لکھا ہو کہ حضرت سلیمان نے بعد تعمیر بیت المقدس ارض حرم کا ارادہ
کیا او رمع لشکر وہان پہونچے اور چندے مقیم ہوئے او رجتنے دن رہے ہر روز پانچ ہزار
گائے اور بیس ہزار دنبہ قربانی کیا کیے اور حاضرین دربار سے فرمایا کیے کہ آگاہ ہو
یہان نبی عربی جامع فضائل ظاہر ہوگا اور سب جگہ اسکا ڈنکہ بجے گا اور دین ابراہیم
کا مکمل ہوگا اور دین حنفیہ کا مروج سو جو کوئی اُس سے ملیگا اور ایمان لاویگا وہ اپنے
حق مین بہتر کریگا سامعین بولے کہ اسوقت سے کتنا عرصہ ہو فرمایا ہزار برس اور وہ سید الانبیا
و خاتم المرسلین ہوگا پس مناسک حج بیت اللہ شریف ادا کرکے جانب یمن سوار ہوئے چنانکہ
مکہ معظمہ سے ایک مہینے کی راہ پر ایک وادی مین تشریف فرما ہوئے وہ وقت زوال آفتاب
کا تھا ہدہد نے دیکھا کہ حضرت سلیمان لشکر کے اتارنے مین مصروف ہین مجھکو کون
پوچھے گا چلکر سیر کرون وہ اڑا تو اسکو جانب بائین چپ ایک باغ نظر پڑا چونکہ اُس
باغ مین گل و ریحان کا شور تھا اور سبزہ ہر طرف چمن چمن اُگا تھا یہ اُتر پڑا وہان ایک
ہدہد یمن کا خوشی مین نغمہ سرا تھا کہتے ہین کہ نام ہدہد یمن کا عنفیر تھا اور ہدہد سلیمان
کا نام یعفور سو بمقتضائے الجنس یمیل الی الجنس ہدہد یمن نے ہدہد سلیمان علیہ السلام سے
پوچھا بھائی تم کہان سے آئے کہان جاؤگے ہدہد سلیمان نے کہا مین اپنے بادشاہ
سلیمان کے ساتھ ملک شام سے آیا ہون ہدہد یمن نے کہا سلیمان کون ہین اور کیا
عمدہ رکھتے ہین اُسنے کہا حضرت سلیمان بادشاہ جنات اور انسان اور وحوش و طیور

اور رہا یہ کہ مین عجب ہی کہ تو نہین جانتا ہی اب بیان کر کہ تو کون ہی اور کدھر سے آیا ہی اور
کہان جائیگا ہدہد یمن بولا کہ مین یمن کے رہنے والا ہون اور مسماۃ بلقیس میری مالکہ ہی گو تمہارے
بادشاہ کا ملک اور لشکر تمہارے بیان سے زیادہ معلوم ہوتا ہی لیکن بلقیس کی شان و شوکت
کچھ کم نہین ہی کیونکہ جمیع ممالک یمن اُسکے اختیار مین ہین اسوقت بارہ ہزار سردار اُسکے
تحت حکومت مین اور ہر ایک سردار کے تابع ایک ایک لاکھ شمشیر زن اور مقاتل ہین
اگر دیکھنا منظور خاطر ہو تو مین دکھلاؤن ہدہد سلیمان بولا دل تو ضرور دیکھنے کو چاہتا ہی لیکن
یہ خوف ہی کہ اگر توقف واقع ہوا اور نماز کے وقت پانی کے لیے میری تلاش بادشاہ نے
فرمائی تو مین نکال دیا جاؤنگا اور سزا پاؤنگا ہدہد یمن نے کہا جب ملکہ یمن کی خبر لیجائیگا تو بادشاہ
خوش ہوگا آخرکار ہدہد سلیمان ہدہد یمن کے ساتھ مُلک بلقیس مین گیا اور تماشے مین
مصروف ہوا یہانتک کہ عصر کا وقت آگیا اور ظہر کا وقت جاتا رہا اور یہان حضرت سلیمان
علیہ السلام نے بعد زوال آفتاب پانی وضو کے واسطے مانگا جن اور انسان نے کہا یہان
پانی نہین ہی فرمایا ہدہد کو لاؤ سو ہدہد نہ ملا پھر کرگس سے پوچھا اُسنے کہا مین نہین جانتا کیا ہوا
مگر مین نے کہین نہین بھیجا ہی حضرت سلیمان ناخوش ہوکر فرمانے لگے کہ اُسکو مار دونگا اور کی
یا ذبح کر ڈالونگا یا لاوے میرے پاس کوئی سند صریح کما قال اللہ فی سورۃ النمل لاعذبنہ
عذابا شدیدا اولاذبحنہ او لیاتینی بسلطان مبین بعد اسکے حضرت سلیمان علیہ السلام نے
عقاب سید الطیور کو طلب کیا اور فرمایا ہدہد کو جلد لاؤ عقاب فی الفور یمین و شمال دیکھتا ہوا
اُڑا یہ جانور ایسا سریع الطیران ہی کہ اگر صبح کو عراق مین ہوتا ہی تو شام کو یمن مین اور
یمن اور عراق سے بڑا فصل ہی دفعۃً اسکو نظر آیا ہدہد کہ یمن کی طرف سے نہایت جلد آتا تھا
عقاب غضبناک اُسی طرف پھر پڑا ہدہد نے دیکھا کہ یہ سردار میری تلاش مین آتا ہی اور غصہ
مین بھرا ہی مجھے ہلاک کریگا اُسنے کہا بحق اللہ الذی قواک واقدرک علی ارحمنی ولم تتعرض
لی بسوء یعنی بحق اُس خدا کے جسنے تجھے قوی کیا اور قدرت دی تجھکو مجھپر رحم کر اور نہ تعرض کر
مجھسے باز آ عقاب نے اپنا منہ پھیر کر کہا ثکلتک امک یعنی رو دے تیری ماں تجھکو تو کہان گیا تھا
سلیمان علیہ السلام نے قسم کھائی ہی تیرے مارنے کی یا ذبح کرنے کی پھر دونون وہانسے
لشکر کو روانہ ہوئے اور باستقبال تمام پہونچے کرگس وغیرہ جانور ہدہد سے ملے اور بولے اری
ہدہد تو کہان گیا تھا حضرت سلیمان نہایت ناراض ہین ہدہد نے کہا حالت غضب مین کوئی

بات ایسی فرمائی تھی جس سے امید تھی تو تقصیر کی تلافی ہو گئی عکرمہ نے کہا اتنا کہا تھا کہ ہدہد
کو سخت مارونگا یا ذبح کرونگا مگر یہ کہ اپنی غیبت پر کوئی دلیل قوی اور سند صریح لاوے ہدہد نے
کہا اب مین بچ گیا میرے پاس سند صریح موجود ہے پھر وہان سے عقاب ہدہد کو لیکر حضور حضرت سلیمان
مین حاضر ہوا اور ملتمس ہوا کہ یا رسول اللہ ہدہد حاضر ہے ارشاد ہوا کہ میرے سامنے لاؤ چنانچہ
ہدہد دونون ہاتھ باندھے سر اٹھائے دم دبائے بازو جھکائے نہایت عاجزی اور فروماندگی سے
قدم مبارک پر جا گرا حضرت سلیمان نے گردن پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور فرمایا تو کہان چلا گیا تھا
اب تجھکو سخت سزا دونگا ہدہد نے عرض کیا کہ مین لے آیا ہون خبر ایک چیز کی کہ تمکو اسکی خبر نہین
اور آیا ہون تیرے پاس سبا سے ایک خبر لیکر تحقیق کما قال اللہ تعالی فی سورۃ النمل احطت
بما لم تحط بہ وجئتک من سبا بنبا یقین سبا ایک قوم کا نام ہے جنکا وطن عرب مین جانب
یمن تھا اور وہان کا احوال مفصل حضرت سلیمان کو معلوم نہ تھا اسلیے پوچھا بیان کر کیا
خبر ہے ہدہد نے کہا ای سلیمان مین نے ایک عورت بادشاہ نہایت حسینہ اور جمیلہ با حشمت
وشوکت یمن مین دیکھی کہ وہ مالک وہان کے لوگون کی ہے اور سب کچھ اسکو اللہ نے دیا ہے
مال کی خواہش ہے حسن وجمال کی اور ایک تخت بڑا اسکا عجیب وغریب جواہرات
جڑا ہے کہ اس عظمت وشوکت کا تخت کہین نہ ہوگا مگر وہ اور اسکی قوم سب آفتاب پرست
ہین شیطان نے انکو خراب کر رکھا ہے کہ راہ راست پر آنے نہین دیتا روکے ہوئے ہے کما قال اللہ
تعالی فی سورۃ النمل انی وجدت امرأۃ تملکہم واوتیت من کل شیء ولہا عرش عظیم وجدتہا
وقومہا یسجدون للشمس من دون اللہ وزین لہم الشیطان اعمالہم فصدہم عن السبیل فہم لا یہتدون
یعنی پائی مین نے ایک عورت انکے راج پر اور اسکو سب چیز ملی ہے اور اسکا ایک تخت ہے
بڑا مین نے دیکھا اور پایا کہ وہ اور اسکی قوم سجدہ کرتی ہین سورج کو اللہ کے سوائے اور
بھلے دکھلائے ہین انکو شیطان نے انکے کام پھر روکا ہے انکو راہ سے سو وہ راہ نہین پاتے

**فائدہ** یہ عورت بلقیس بنت ساحیل نسل یعرب ابن قحطان سے تھی اور بعض کے
نزدیک نسل شرحیل ابن مالک سے بہر تقدیر باپ اسکا بادشاہ عظیم القدر تھا اور ارض
یمن اسکے قبضہ مین تھی اور اسکا یہ مقولہ تھا کہ ملوک اطراف میرے کفو نہین ہین کہ مین
انکے گھر اپنا بیاہ کرون لہذا ریحانہ بنت السکن جنیہ سے نکاح کیا اسی سے بلقیس پیدا ہوئی
چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہے ان احد ابوی بلقیس کان جنیا پھر جب بادشاہ مرگیا

تو بلقیس وارث ہوئی اور تخت سلطنت پر بیٹھنے کا داعیہ کیا بعض امراء عظام نے اطاعت اختیار کی اور بعض نے خلاف پر کمر باندھی اور مخالفین دو گروہ ہوئے اور اپنی اپنی وضع پر متفرق ہوئے پھر ہر ایک فرقہ نے ایک ایک طرف ملک یمن کی اپنے قبضۂ اختیار اور حیطۂ اقتدار مین کرلی اور ان دونون فرقون کا ایک سردار رہا کہ سب لوگ اُسکے مطیع اور فرمانبردار ہوئے جس راہ وہ چلاتا اُسی راہ چلتے بعد چندے رئیس مذکور نے فسق اور فجور شدید اختیار کیا حتی کہ عورتین اور بیٹیان رعایا کی اُسکے دست فجور سے نہ بچتی تھین اس سبب سے اُن لوگون نے ارادہ کیا کہ اس ظالم بیباک سے ملک نکال لین اور اپنی عزت بچا دین یہہ بات بلقیس کو بھی معلوم ہوئی اسکو غیرت آئی سو اُسنے اپنا ایلچی خاص رئیس کے پاس بھیجکر پیغام نکاح کیا اُسنے درخواست بلقیس کی منظور کی لوگون کو نہایت تعجب ہوا یہانتک کہ بعض بلقیس سے پوچھنے لگے بلقیس نے کہا درست ہو مجھکو فی الحال آرزوے اولاد دامنگیر ہی بالجملہ نکاح ہوا اور بلقیس اُس رئیس کے گھر گئی اُسی رات کو بلقیس نے رئیس کو شراب ناب پلائی اور سر پُر غرور اُسکا کاٹ کر دروازے پر لٹکا دیا اور آپ بخیریت تمام شہر مین داخل ہوئی صبح کو سب لوگون نے یہ حال دیکھا اور بلقیس کی تدبیر سے واقف ہوئے ناچار تمام لشکر کے لوگ جانب بلقیس رجوع ہوئے اور بلقیس اُس ملک کی بھی مالک ہوئی اُسی عرصہ مین جنات نے بسبب قرابت مادری ایک تخت سونے چاندی کا مرصع تیار کردیا وہ تخت ایکسو بیس گز و بروایتے چھ سو چالیس گز مربع تھا اور اخبار الدول مین ہی کہ وہ تخت عجیب تھا کہ مقدم اُسکا طلائی احمر منقش بیاقوت احمر و زبرجد اخضر اور مؤخر نقرئی مکلل بانواع جواہر اور اُسمین چار پائے یاقوت احمر کے لگائے تھے عرض و طول اسّی گز کا تھا مگر علامہ بغوی نے لکھا ہی کہ تمام تخت سونے کا تھا اور موتی و یواقیت و زبرجد اُسمین جڑے تھے اور پائے اُسکے یاقوت و زمرد کے تھے اور اُسمین سات خانے بنائے تھے ہر ایک کا درجہ اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ بلندی اُس تخت کی تیس گز کی تھی اور چار طرف اسیقدر اور مقاتل سے روایت ہی کہ اسّی گز کا مربع تھا اور طول مین بھی اسیقدر تھا اور بعض کے نزدیک طول اسّی گز کا اور عرض چالیس گز کا وارتفاع تیس گز کا تھا القصہ ہدہد نے جب یہ حال عرض کیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا سننظر اصدقت ام کنت من الکاذبین یعنی ہم دیکھینگے تو نے سچ کہا یا تو جھوٹھا ہی پھر ہدہد نے پانی کا نشان تلایا اور جنات نے پانی نکالا کہ لوگون نے پیا

اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے وضو کیا اور نماز ادا فرمائی بعد اُسکے ایک کاغذ طلائی پہ یہ خط لکھا من عبد اللہ سلیمان ابن داؤد الی بلقیس ملکہ سبا بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علی من اتبع الہدی اما بعد فلا تعلوا علیّ واتونی مسلمین اور اس خط کو مشک اذفر سے بند فرمایا اور مہر کر کے ہدہد سے ارشاد فرمایا اذہب بکتابی ہذا فالقہ الیہم ثم تول عنہم فانظر ماذا یرجعون یعنے لیجا یہ میرا خط اور ڈال دے اُنکی طرف پھر ہٹ آ اُنسے دیکھ وہ کیا جواب دیتے ہین یعنے تو خود ظاہر نہو کہ وہ مطلع ہون مگر وہان کا ماجرا دیکھ آ اور مفصل التماس کر مدارک التنزیل مین لکھا ہی کہ بلقیس مقید تھی اور بسبب کسی مصلحت کے باوصف قلت مسافت اللہ جل شانہ نے اُسکو حضرت سلیمان علیہ السلام سے مخفی رکھا تھا اور معالم التنزیل مین ہی کہ موافق روایت قتادہ رضی اللہ عنہ ہدہد نے نامہ مبارک لیا اور شہر مارب مین کہ صفا سے تین دن کی راہ ہی اور اُسی مقام مین بلقیس کا تخت تھا پہونچا اُسوقت بلقیس دروازے قلعے کے بند کیے سوتی تھی اور دستور اُسنے باندھا تھا کہ جب آرام کرتی تو سب دروازے مقفل کر کے کنجیان اپنے سرہانے رکھ لیتی تھی سو ہدہد نے وہین جا کر خط حضرت سلیمان علیہ السلام کا اُسکے سینہ پر رکھدیا اور مقاتل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہی کہ ہدہد خط لیکر شہر مارب مین آیا اُسوقت بلقیس اپنے تخت پر جلوہ فرما تھی اور اراکین دولت حاضر تھے ہدہد اُسی کے سر پر پہونچا اور ایک ساعت اُڑتا رہا کہ حاضرین مجلس اُسکی طرف دیکھتے رہے جب بلقیس نے سر اُٹھایا تو ہدہد نے نامہ ڈالدیا اور ابن منبہ کہتے ہین کہ بلقیس نے روزن مقابل آفتاب کے رکھا تھا کہ جب آفتاب نکلتا تو بلقیس اُسکو دیکھکر سجدہ کرتی سو ہدہد خط لیکر اُسی روزن مین بیٹھا تو آفتاب بلند ہو گیا بلقیس نے نہ جانا جب کچھ روشنی آفتاب کی پڑی تو اُٹھی اور دیکھنے لگی ہدہد نے وہ نامہ اُسکی طرف پھینک دیا اُسنے اُٹھایا بعد اُسکے مہر دیکھی اور ڈری کیونکہ ملک سلیمان خاتم مین تھا اُسنے جانا کہ جسنے یہ خط بھیجا ہی عظیم الشان بادشاہ ہی پھر خط پڑھا اور ہدہد اُڑ گیا اور روایت مشہورہ یہ ہی کہ بلقیس اُسوقت خلوت مین تکیہ لگائے ہوئے بیٹھی تھی اور دروازے بند تھے ہدہد نے دروازے کے چھید سے داخل ہو کر نامہ اُسکے سینہ پر رکھدیا بلقیس اُچھل پڑی اور خط دیکھا اُسیوقت اشراف قوم کو طلب کیا اور خط لیے ہوئے باہر آئی اُس عرصہ مین ایک لاکھ بادشاہ اُسکے تحت حکومت تھا

اور ہر بادشاہ کے ساتھ ایک لاکھ مقاتل انمین تین سو تیرہ آدمی اہل شوری اور ہر ایک کے
دس ہزار آدمی محکوم تھے وہ سب حاضر ہوئے اور اپنے اپنے مقام پر بیٹھے تب بلقیس نے
کہا یا ایہا الملا انی القی الی کتاب کریم اے درباروالو میرے پاس ڈال دیا ہے ایک
خط عزت کا درباروالون نے کہا کسکا خط ہے بلقیس نے کہا انہ من سلیمان وہ خط ہے سلیمان
کی طرف سے وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور وہ ہے شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان
رحم والا ہے اور اسمین لکھا ہے الا تعلوا علی واتونی مسلمین یعنے زور نکرو میرے مقابل
اور چلے آؤ حکم بردار ہوکر ابن جریج فرماتے ہین جسقدر خداوند تعالے نے کلام اللہ
مین فرمایا ہے اس سے زیادہ عبارت نہ تھی اور جملہ انبیا اسی طرح مجمل لکھتے رہے ہین
عطا اور ضحاک فرماتے ہین کہ بلقیس نے اس خط کو کریم اس سبب سے کہا کہ مختوم تھا اور
حدیث مین آیا ہے کرامۃ الکتاب ختمہ اور قتادہ اور مقاتل کہتے ہین کتاب کریم اے حسن
او حسن مافیہ اور ابن عباس فرماتے ہین کریم اے شریف کشرف صاحبہ اور بعضے
کہتے ہین کریم اسواسطے کہا کہ اسکی ابتدا بسم اللہ الرحمن الرحیم سے تھی اور بعضے کہتے ہین
باعتبار مرسل کے کریم کہا ہے کیونکہ بھیجنے والا اسکا نبی تھا اس سبب سے کہ
ہدہد لایا تھا اور یہ امر غریب ہے اور امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ وہ خط بزرگ
اس سبب سے تھا کہ اسمین ملک کی طمع نہ تھی بلکہ دعوت بمالک الملک تھی بالجملہ یہ خط
پڑھکر درباروالون کو سنایا اور سراسیمہ ہوکر بولی یا ایہا الملا افتونی فی امری ما کنت
قاطعۃ امرا حتی تشہدون یعنے اے درباروالو مشورہ دو مجھکو میرے کام مین مقرر نہین کرتی
کوئی کام جبتک تم حاضر نہو یعنے جو اس باب مین صلاح اور مشورہ مناسب ہو سو بیان کرو
کیونکہ مین بلا صلاح اور مشورت تمہارے کوئی کام نہین کرتی اور یہ خط باوجود اختصار
الفاظ کے ایسے معنی رکھتا ہے کہ میرا دل کانپ رہا ہے قالوا نحن اولوا قوۃ واولوا باس
شدید والامر الیک فانظری ماذا تامرین یعنے بولے ہم لوگ زور آور ہین اور سخت لڑائی والے
اور کام تیرے اختیار مین ہے سو تو دیکھ لے جو حکم کرے یعنے ہم لوگ زور آور ہین لشکر
بھی رکھتے ہین اور شجاعت بھی ہماری معلوم ہے اگر تیرا حکم مقابلہ ہو تو حاضر اور جو رائے
مصالحہ ہے تو فرمانبردار ہے ۵ اگر جنگ خواہی نبرد آوریم ✦ دل دشمنان را بدرد آوریم ✦
دگر صلح جوئی ترا بندہ ایم ✦ بتسلیم حکمت سر افگندہ ایم ✦ باین ہمہ سب پر تیری رائے

مقدم ہی بلقیس نے دیکھا کہ ان لوگون کے دل جدال و قتال پر مستعد ہین چاہتے ہین کہ اپنی شجاعت
اور مردانگی دکھلاوین اور بلقیس کو صلح منظور تھی اسلیے انکی صلاح ناپسند کرکے کہنے لگی
کہ لڑائی کی صلاح بہتر نہین کیونکہ جنگ دو سر دار دا اگر غلبہ مجھکو ہوا تو ملک و مال سب بچا اور جو
مغلوب ہوئی تو سب برباد ہوا کما قال اللہ تعالے حکایۃ عن قولہا فی سورۃ النمل قالت ان
الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوہا وجعلوا اعزۃ اہلہا اذلۃ وکذلک یفعلون یعنی بلقیس کہنے لگی
بادشاہ جب داخل ہون کسی بستی مین خراب کرین اسکو اور کر ڈالین وہان کے سردارون کو
بعزت اور یہ بادشاہ بھی ایسا ہی کچھ کرینگے وانی مرسلۃ الیہم بہدیۃ فناظرۃ بم یرجع المرسلون
یعنے مین بھیجتی ہون انکی طرف کچھ تحفہ پھر دیکھتی ہون کیا جواب لیکر پھرتے ہین رسول پھرے
اصل یہ ہے کہ بلقیس عورت عاقلہ تھی اسنے اپنی قوم سے کہا کہ اس ملک کے تحائف پہلے
بھیجون کہ مقدمات صلح مین ہے اور دیکھون کہ اس بادشاہ کا شوق کس چیز پر ہے آیا مال پر یا
خوبصورت آدمی پر یا نادر اسباب پر اگر اسنے میرا ہدیہ قبول کر لیا تو بیشک بادشاہ ہے اور
جو قبول نہ کیا تو بے شبہ پیغمبر ہے وہ ہرگز راضی نہوگا جبتک اسکے دین مین نہ آوینگی تفسیر
کشاف مین ہے پانسو غلام اور اسیقدر لونڈیان ایک ہی لباس مین اور ہزار اینٹین سونے کی
اور ایک تاج زنانہ کلل بیاقوت اور مشک و عنبر اور ایک گوہر ناسفتہ اور دوسرا مہرہ
کج سفتہ جسمین تاگا پرونا مشکل ہو ہمراہ منذر ابن عمرو وغیرہ اشراف کے بھیجا اور مدارک التنزیل
مین ہے کہ لونڈیون کو لباس غلامون کا پہنایا تھا یعنے قبائین پہنائین اور پگڑیان اور پٹکے
بندھوائے اور غلامون کو لباس لونڈیون کا یعنی زیور اور ہاتھون مین چوڑیان گلے
مین ہنسلیان و طوق اور کانون مین گوشوارے مرصع بجواہر پہنائے اور حضرت ابن عباس
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ عورت و مرد کا ایک ہی لباس تھا اور سو غلام اور سو ہی لونڈیان
تھین اور مجاہد کے نزدیک لباس مختلف تھا اور دو سو لونڈیان اور دو سو غلام تھے اور قتادہ
و سعید ابن جبیر کے نزدیک ایک اینٹ تھی سونے کی حریر مین لپٹی ہوئی اور بعضون کے
نزدیک چار اینٹین تھین اور مقاتل کے نزدیک دو اینٹین تھین ایک سیم کی اور ایک
زر کی اور ضحاک کے نزدیک ہزار لونڈیان آراستہ بزیورات اور ہزار گائین جنکی شاخین
سونے سے منڈھی تھین اور ہزار غلام آراستہ بلباس فاخرہ خچرون پر سوار اور
وہب ابن منبہ وغیرہ بیان کرتے ہین کہ غلامون کو لونڈیون کی پوشاک پہنائی اور

کانون مین گوشوارے مرصع بجواہرات ڈلے اور بازو پر جوشن طلائی اور گردن مین طوق
پہنا کر پانسو بیلون پر سوار کرایا اور لونڈیون کو غلامون کا لباس پہنایا یعنے قبائین پہنا کر اور
ہتھیار بندھا کر پانسو گھوڑون پر سوار کرایا اور پانسو اینٹین طلائی اور پانسو نقرئی اور ایک تاج
مرصع بجواہر اور تھوڑا مشک وعنبر وعود اور ایک ڈبی اسمین ایک مروارید ناسفتہ اور دوسرا
مہرۂ کج سفتہ رکھکر منذر ابن عمرو کے ساتھ روانہ کیے اور چند آدمی اور اصحاب الراے اسکے
ساتھ کر دیے اور ایک خط لکھا اس مضمون کا کہ اگر تم پیغمبر ہو تو عبید واماء مین تمیز کرو اور
بلا معائنہ بیان کرو کہ ڈبی مین کیا چیز ہے اور مروارید ناسفتہ مین سوراخ برابر کرو اور مہرۂ
کج سفتہ مین رشتہ ڈالو لیکن بلا اعانت انسان و جنات کے اور منذر ابن عمرو سے کہا کہ جب
مجلس سلیمان مین پہونچنا تو بنظر تدقیق دیکھنا کہ وہ تیری طرف کسطرح دیکھتے ہین اگر بچشم غضب
دیکھین تو خوف دل مین نہ لانا کیونکہ مین اُنسے مرتبہ مین زیادہ ہون اور اگر بنظر تلطف و مہربانی
دیکھین تو وہ نبی ہین اُنکی باتون کو خیال کرکے جواب دینا بالجملہ منذر یمن سے روانہ
ہوا اور ہدہد نے فوراً یہ سب معاملہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے عرض کیا حضرت نے
جنات سے فرمایا کہ سونے چاندی کی اینٹین بناؤ اور ایک میدان مین اسی کا فرش
کرو اور حیوانات بری وبحری عجیب وغریب یمین وشمال میدان کے کھڑے کرو
سو جنات نے نو کوس تک فرش کیا اور احاطۂ میدان سونے چاندی کا تیار کیا
اور چارون کونون پر طلائی ونقرئی کنگرے بنائے اور حیوانات بری وبحری موافق حکم
مختلف الالوان باندھ دیے اور اسی جگہہ حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر بیٹھے اور
چار ہزار کرسیان بچھائی گئین اُنپر جنات وانسان بیٹھے اور شیاطین وحیوانات
از قسم وحوش وطیور اپنی اپنی صفین باندھکر کھڑے ہوئے سہ بایں ہمہ ہزار دیدہ فلک
در ہزار قرن چنین مجلس بدین تکلف وخوبی ندیدہ بود جب اسطرح سے سامان ہوچکا تو منذر
اُس میدان مین پہونچا اور آرایش مجلس سے حیرت زدہ ہوکر اپنے تحائف سے جو
لایا تھا سخت نادم وپشیمان ہوا اور بعض روایات مین ہے کہ موافق حکم حضرت سلیمان
علیہ السلام کے جنات نے پانسو اینٹون کی جگہہ خالی رکھی تھی سو جب منذر ابن عمرو
وکیل بلقیس فرش سلیمانی پر آیا تو اُسنے جاے خالی پاکر خیال کیا کہ تمام فرش اینٹون سے
بھرا ہے صرف پانسو اینٹون کی جگہہ خالی ہے ایسا نہو کہ مجھکو چوری کی علت مین متہم کرین

لہذا اُسنے اپنے ساتھ والی اینٹین ڈال دین اور آگے کو چلا تو صفوف ناس و جنات و شیاطین و
وحوش و طیور نظر پڑین اور بھی متحیر ہوا اور بحالت تحیر مین خدمت جناب سلیمان علیہ السلام مین حاضر ہوا
تو حضرت سنے نہایت خوشی سے پوچھا تمھارے پیچھے کیا چیز ہی منذر نے کہا ہدایا و تحف
بلقیس ہی اور اُسیوقت عریضۂ بلقیس بھی گذرانا حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملاحظہ فرما کر
ارشاد کیا کہ وہ ڈبی کہان ہی منذر نے اُس ڈبی کو پیش کیا حضرت نے فرمایا اس ڈبی مین
ایک مہرۂ کج سوراخ کیا ہوا اور دوسرا گوہر ناسفتہ رکھا ہی منذر ابن عمرو نے کہا سچ ہی مگر
آپ سے یہ درخواست ہی کہ مہرۂ کج مین تاگا پرو دیجیے اور دُر ناسفتہ مین سوراخ کر دیجیے
اور اس کام مین جنات و انسان سے مدد نہ لیجیے حضرت سلیمان علیہ السلام نے دیمک سے
ارشاد کیا اُسنے ایک بال سے سوراخ کیا اور کرم سفید سے حکم دیا کہ تو مہرۂ کج مین رشتہ
ڈال دے اُسنے ایک تاگا اپنے مُنھ مین لیا اور اُس مُہرہ کج سے گذر گیا تب حضرت سلیمان نے
دونون سے پوچھا تمھاری کیا حاجت ہی دیمک نے کہا کہ میری روزی درختون سے ملا کرے
فرمایا تو اُس سے اپنا رزق بقدر قوت بحکم خدا لیا کر اور کرم سفید نے کہا کہ میری غذا فواکہ و میوہ
مین مقرر کیجیے فرمایا تو بحکم خدا اُنمین سے کھایا کر جب ایک امر سے فراغت ہوئی تو طاس
و پانی طلب کر کے عبید و اماء سے فرمایا کہ اپنے ہاتھ مُنھ دھو ڈالو اور گرد و غبار سفر کا دفع کرو
لونڈیان شرم سے بے تکلف ہاتھ مُنھ دھونے لگین اور غلامون نے بلا تامل پانی لیا اور ہاتھ
مُنھ دھونے لگے یہہ حال دیکھکر حضرت سلیمان نے فرمایا کہ ای منذر جو لوگ شرم سے دھوتے ہین
وہ لونڈیان ہین اور جو بلا شرم دھوتے ہین وہ مرد ہین بعد اُسکے آنجناب نے تحائف
بلقیس واپس فرمائے اور فرمایا کہ اللہ جلشانہ سورۂ نمل مین اُسکی حکایت کرتے ہین فلما جاء
سلیمان قال اتمدونن بمال فما آتانی اللہ خیر مما آتاکم بل انتم بہدیتکم تفرحون یعنے جب پہونچا
سلیمان علیہ السلام پاس منذر ابن عمرو رسول بلقیس بولا کیا تم میری رفاقت کرتے ہو مال سے
جو اللہ نے مجھکو دیا ہی بہتر ہی اُس سے جو تمکو دیا ہی تم اپنے تحفہ سے خوش رہو یعنے جب
وکلاے بلقیس ملکہ یمن سکے مع تحائف مجلس حضرت سلیمان علیہ السلام مین حاضر ہوئے تو
حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ تم مجھکو مال و متاع سے دم دیتے ہو حالانکہ میرے
پاس مال سب سے زیادہ ہی کہ اللہ نے مجھکو دین و ملک دیا اور نبوت و حکمت عطا فرمائی ہی
کہ ان صفات کو تم بھی افضل و اکمل جانتے ہو اُن امور سے جو تمھارے پاس ہین اور تم

اہل مفاخرت ہو کہ آپسمین تحفہ وتحائف بھیجنے مین خوش ہوتے ہو کیونکہ تمھاری نظر دنی دنیا
فانی پر ہی اور میری نظر عالی عالم باقی پر پس مین ہدایا وتحف سے خوش نہین ہوتا اور
منذر ابن عمرو سے فرمایا ارجع الیھم فلناتینھم بجنود لاقبل لھم بھا ولنخرجنھم منھا اذلۃ
وھم صاغرون یعنے پھر جا انکے پاس اب ہم بھیجتے ہین انپر ساتھ لشکرون کے جنکا
سامنا نہ ہوسکے انسے اور نکال دینگے انکو وہان سے بے عزت کرکے اور وہ خوار
ہون یعنے اے منذر تو پھر جا مع تحائف کے بلقیس اور اسکی قوم کے پاس اور
کہدے کہ مسلمان ہوکر آوین اور اگر نہ آوینگی تو مین لاتا ہون لشکر ایسا کہ اُسکی
ہیبت سے طاقت مقاومت نرہیگی اور وہ لوگ شہر سبا سے نکال دینگے اور
بے حرمت وبے عزت کر ڈالینگے اور ذلیل کرینگے اور قید کرلینگے **فائدہ** کے
پیغمبر نے اسطرح سے نہین فرمایا مگر حضرت سلیمان نے کہ انکو حق تعالی نے سلطنت
کا زور دیا تھا چو ہہ فرمایا بالجملہ منذر ابن عمرو پھر گیا اور تمام احوال بیان کا
بلقیس سے کہکر بولا واللہ سلیمان بادشاہ نہین ہی اور تمکو طاقت مقابلہ اُس سے
حاصل نہین اُسیوقت بلقیس نے ایک ایلچی بھیجا کہ مین حاضر ہوتی ہون اور اپنی
قوم بھی ساتھ لاتی ہون معالم ومدارک مین لکھا ہی کہ بلقیس نے اپنا تخت سات
کوٹھریون کے اندر حفاظت سے رکھوایا اور دروازے بند کرکے چوکیدار رکھدیے
اور ایک شخص اپنا خلیفہ کرکے اوسی حفاظت ملک وتخت کا عہد وپیمان لیا خصوص
تخت کے واسطے کہدیا کہ ہرگز کوئی شخص دیکھنے نہ پاوے جبتک مین نہ آون اور
منادی نے ندا کی کہ بلقیس حضرت سلیمان کے پاس جا لی ہی سب لوگ تیار
ہون چنانچہ بارہ ہزار ملوک مین مع اپنی حشم وخدم حاضر ہوے کہ بلقیس انکو لیکر
حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف روانہ ہولی جب قریب پہونچی تو حضرت سلیمان نے
ایک شور سنا پوچھا کیا شور ہی لوگون نے کہا بلقیس آتی ہی حضرت ابن عباس
فرماتے ہین کہ مقدار ایک فرسنگ کے فاصلہ تھا جب حضرت سلیمان نے شور سنا ہی
معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ اسوقت حضرت سلیمان نے اپنے لشکر سے متوجہ ہوکر
فرمایا یا ایھا الملاؤ ایکم یاتینی بعرشھا قبل ان یاتونی مسلمین یعنے اے دربار والو تم مین
کوئی ہی کہ لے آوے میرے پاس اُسکا تخت پہلے اس سے کہ وہ آوین میرے پاس

[illegible]

حکم بردار ہو کر کیونکہ جب مسلمان ہو جائیگی تو پھر اُسکا مال لینا درست نہوگا اور اتبک کہ ایماندار نہین ہے اُسکا مال حلال ہے فائدہ اس حکم کے سبب مین مفسرین کو اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ ہدہد نے تعریف اُسکے تخت کی بہت بیان کی تھی حضرت سلیمان نے چاہا کہ اُسکو دیکھیے اسواسطے حکم دیا اور بعضے کہتے ہین کہ جب بلقیس نے ارادہ کیا اور تخت کو ایک گھر مین بند کرکے قفل دیا اور خود روانہ ہوئی جنات اور شیاطین نے تجویز کیا کہ جب بلقیس حضرت سلیمان کے پاس آویگی تو حضرت سلیمان علیہ السلام اُسکا حسن وجمال وعقل دنطافت دیکھکر خواہش نکاح کرینگے اور وہ ہمارے احوال سے بسبب قرابت کے واقف ہے ضرور ہمارے احوال ہمارا بیان کریگی صلاح یہہ ہے کہ اُسپر عیب لگاوین تاکہ حضرت سلیمان کا دل اُسکی طرف سے پھرا رہے سو اشراف جنات کہنے لگے کہ بلقیس بہت بے عقل ہے اور اُسکے پیرون مین اُنگلیان نہین ہین گدہے کے سے سم ہین اور پنڈلیان بالون سے بھری ہین یہ سنکر حضرت کو خلجان اُسکے امتحان کا ہوا اور چاہا کہ اول اُسکے عقل کا امتحان فرماوین لہذا حضرت سلیمان نے اُسکا تخت طلب کیا کہ اُسکا روپ بدلکر رکھین جب بلقیس آوے تو اُس سے پوچھین کہ تیرا تخت اسیطرح کا ہے یا اور طرح کا اس سے احوال عقل کا کھلجاویگا لہذا ایک مکان بھی تیار کرایا کہ اُسکی زمین بالکل شیشہ کی بنائی اور نیچے اُسکے پانی بھروا دیا اور مچھلیان اور مینڈک وغیرہ جانور دریائی اُسمین ڈلوا دیے کہ جو شخص وہان آتا یہی جانتا کہ دریا بھرا ہے اور اُسمین اپنا تخت بچھوایا کہ اُس سے حال بلقیس کی اُنگلیون اور پنڈلیون کا کھل جائیگا بہر تقدیر جب حضرت سلیمان نے یون ارشاد کیا قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ یعنے بولا ایک سرکش جنون مین سے لا دیتا ہون وہ تجھکو پہلے اس سے کہ تو اُٹھے اپنی جگہہ سے اور مین اُسکے زور رکھتا ہون معتبر یعنے ایک جن نے کہا کہ مین زورآور ہون اُس تخت کو اُٹھائے لاتا ہون جبتک آپ دربار سے اُٹھین اور حضرت سلیمان کا دستور تھا کہ دوپہر تک دربار کرتے تھے اور نام اس عفریت کا حسب تحقیق وہب ابن منبہ کوذن تھا اور بعضے ذکوان بھی کہتے ہین الاصحیح یہہ ہے کہ صخر نام تھا اور اُسنے امانت اسواسطے ظاہر کردی کہ اُس تخت مین جواہرات لگے تھے یعنے اُسمین کسیطرح کی خیانت نہوگی

غرضکہ حضرت سلیمان نے فرمایا کہ اس سے بھی کوئی جلد لادے قَالَ الَّذِی عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِنَ الْکِتَابِ اَنَا آتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ یعنے بولا وہ شخص جسکے پاس تھا ایک علم کتاب کا مین لا دیتا ہون تجھکو وہ پہلے اس سے کہ پھر آوے تیری طرف تیری آنکہ **فائدہ** مفسرین کو اختلاف ہے کہ وہ عالم کتاب کون شخص تھا اور اسکا کیا نام تھا بعضے کہتے ہین کہ جبرئیل علیہ السلام تھے اور بعضے کہتے ہین کہ ایک اور ہی فرشتہ تھا مؤید حضرت سلیمان کا اور بعضے کہتے ہین وہ فرشتہ تھا جسکے دفتر مقادیر سپرد ہے اور اس تقدیر پر کتاب سے مراد لوح محفوظ ہے اور بعضے کہتے ہین حضرت خضر تھے اور تفسیر منیر مین لکھا ہے کہ ضبہ کا ادعا ہے کہ ہمارا باپ تھا اور بعضے کہتے ہین علیخایا ذوالنون تھا مگر مشہور تر مفسرین مین یہہ ہے کہ آصف ابن برخیا وزیر تھا کہ اسکو اسم اعظم معلوم تھا کہ وہ جب دعا کرتا دعا اسکی قبول ہوتی تھی اسنے کہا کہ آپ نماز پڑھین اور جانب یمن متوجہ ہون مین دعا کرتا ہون آپ کی نظر نہ پھریگی تخت بلقیس ملجائیگا سو آصف نے دعا کی اللہ جلشانہ نے فرشتون سے تخت بلقیس اٹھوا کر سامنے حضرت سلیمان کے رکھدیا یہ روایت ہے ابن عباس کی اور کلبی روایت کرتے ہین کہ آصف ابن برخیا سجدہ مین گرے اور اسم اعظم پڑھکے دعا مانگنے لگے عرش بلقیس زمین کے نیچے نیچے دو مہینے کی راہ سے تخت سلیمان کے پاس آگیا مجاہد اور مقاتل فرماتے ہین کہ اسم یا ذوالجلال والاکرام تھا جو آصف نے پڑھا تھا اور کلبی کے نزدیک یا حی یا قیوم کہ زبان عربی مین اہیا اشراہیا ہے اور حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے کہ یہہ دعا پڑھی تھی یا الٰہنا والٰہ کل شی الٰہا واحدا لا الٰہ الا انت آئتنی بعرشہا اور معالم التنزیل مین محمد ابن المنکدر سے روایت ہے کہ حضرت سلیمان نے خود دعا مانگی تھی یعنے جب حضرت سلیمان نے عرش لانے کو فرمایا تب ایک عالم بنی اسرائیل نے کہ اسکو علم کتاب قرار واقعی حاصل تھا بولا کہ مین بہت جلد لے آتا ہون حضرت سلیمان نے فرمایا کہ لاؤ اسنے کہا کہ آپ نبی ابن النبی ہین آپ سے زیادہ کوئی نہین ہے اگر آپ دعا کیجیے تو اللہ تعالی اسیوقت تخت بلقیس پہونچا دے حضرت سلیمان نے کہا سچ کہا تو نے اور دعا مانگی عین دعا مین تخت بلقیس آپہونچا

اور یہ روایت بعضون کے نزدیک صحیح ہی کیونکہ جب تخت آیا تو حضرت سلیمان نے فرمایا ہٰذا
ہٰذا من فضل ربی کما قال اللہ تعالیٰ فی سورۃ النمل فلما راٰہ مستقرا عندہ قال ہٰذا من فضل ربی لیبلونی
أأشکر ام اکفر ومن شکر فانما یشکر لنفسہ ومن کفر فان ربی غنی کریم یعنے پھر جب دیکھا
وہ دھرا اپنے پاس کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہی جانچتے کو ہی کہ مین شکر کرتا
ہون یا ناشکری اور جو کوئی شکر کرے تو شکر کرے اپنے واسطے اور جو ناشکری کرے
سو میرا رب بے پرواہ ہی نیک ذات مگر کاتب الحروف کے نزدیک صحیح یہ ہی
کہ آصف ابن برخیا کی کرامت تھی انکو اللہ کے اسما کا علم تھا انھون نے اُس اسم کی
تاثیر سے تخت منگوا دیا تو حضرت سلیمان نے فرمایا کہ ظاہر کے اسباب سے تخت نہین
آیا اللہ کا فضل ہی کہ میرے رفیق اس درجہ کو پہونچے کہ اُنسے کرامات صادر ہونے لگین
بالجملہ جب تخت آگیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا نکروا لہا عرشہا ننظر اتہتدی
ام تکون من الذین لا یہتدون یعنے روپ بدل دکھاؤ اس عورت کے آگے اُسکے تخت
کا ہم دیکھین سوجھ پاتی ہی یا ان لوگون مین ہی جنکو سوجھ نہین فائدہ روپ بدلنے سے
یہ مراد ہی کہ ہیئت وصورت اُس تخت کی تبدیل کرو چنانچہ جنات نے اعلیٰ کو اسفل اور
مقدم کو موخر کر دیا اور جو اہرات جو انمین جڑے تھے انکو اکھاڑ کر اور قرینے سے جڑے
یعنے سرخ کی جگہ سبز اور سبز کی جگہ سرخ اور اس تخت کو حضرت سلیمان کے تخت کے
پاس رکھا جب پہونچی تو کہا کیا ایسا ہی ہی تیرا تخت بولی گویا وہی ہی کما قال اللہ تعالیٰ
فلما جاءت قیل اہٰکذا عرشک قالت کانہ ہو یہ کمال عقل ہی کہ ہو بہو نہین کہا کہ شاید
اور تخت بھی ویسا ہو مقاتل سے روایت ہی کہ اُسنے بغور دیکھنے کے پہچان لیا تھا
لیکن دھوکا دیا جیسا اُسکے ساتھ اُنھون نے دھوکا کیا تھا اور عکرمہ سے روایت ہی
کہ یہ عورت حکیمہ تھی کہ نہ اقرار کیا نہ انکار اس سے حضرت سلیمان علیہ السلام نے
کمال عقل کا دریافت کر لیا پھر بلقیس نے عرض کیا کہ مین نے ہدایا واپس کرنے سے
تمہارا نبی ہونا جان لیا تھا اور تمہاری مطیع و منقاد ہو چکی تھی اور عبادت شمس بھی
ترک کر چکی تھی اب اس معجزے کی کہ میرے تخت کو آپ نے طلب کر لیا ضرورت نہ تھی
بعد اُسکے کسی نے کہا بلقیس سے ادخلی الصرح فلما راتہ حسبتہ لجۃ وکشفت عن ساقیہا
یعنے اندر چل محل مین پھر جب دیکھا اسکو خیال کیا کہ وہ پانی ہی گہرا اور کھولین اپنی پنڈلیان

یعنے جب حال عقل کا دریافت ہو گیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو منظور رہوا کہ حال
پیرون کا بھی دریافت فرماوین تب اپنے دیوانخانہ مین تشریف لے گئے اور بلقیس کو
طلب فرمایا اُس مکان مین پتھرون کی جگہ شیشے کا فرش تھا دور سے گویا پانی نظر آیا تب
اُسنے پانی مین جانے کو پنڈلیان کھولین حضرت سلیمان نے دیکھا تو کچھ عیب نہ تھا
صرف ساقین مین بال تھے اور اپنی آنکھین بند کرلین اور فرمایا انہ صرح ممرد من قواریر
یعنے یہ تو ایک محل ہی جڑے ہوئے ہین اسمین شیشے اسمین پانی کہان ہی جو تو دامن
اُٹھاتی ہی پنڈلیان کھولتی ہی جب بلقیس حضرت سلیمان کے پاس پہونچی تو حضرت نے
دعوت اسلام فرمائی بلقیس نے قبول کیا اور کہا رب انی ظلمت نفسی واسلمت
مع سلیمان للہ رب العالمین بولی اے رب مین نے بُرا کیا اپنی جان کا اور حکم بردار
ہوئی سلیمان کی اللہ کے آگے جو رب ہی سارے جہان کا اسوقت بلقیس کو اپنی
عقل کا قصور اور حضرت سلیمان کی دانش کا کمال دریافت ہوا تو اُسنے سمجھا کہ دین کے
مقدمہ مین جو یہ سمجھتے ہین صحیح ہی اُسیدم اسلام لائی اور حضرت سلیمان نے اُسکو
اپنے محل مین داخل فرماکر زوجات مین نکاح شامل کیا اور تین سو زوجات اور
سات سو حرم پر سردار بنایا بعد اُسکے چند روز بعد حضرت سلیمان کو کثرت بالون سے
ایک نوع کی کراہت ہوئی اُسکے دفع کرنے کی تدبیرین سوچنے لگے اول بنی آدم کے
عاقلون سے دریافت کیا وہ بولے یہ بال بلا حلق کے دفع نہونگے آنجناب نے
بلقیس سے کہا کہ ان بالون کو مونڈ ڈال اُسنے کہا کہ میرے اُسترہ نہین لگا ہی اگر مین
اُسترہ لگاؤنگی تو بال سخت نکلینگے پھر مجبور رہوئے آخر کار جنات کے عالمون سے
تدبیر پوچھی وہ کہنے لگے کہ اُسکے رفع کرنے کی تدبیر سہل ہی ہم نورہ بناتے ہین اُسکو
بالون پر لگائیے اور فوراً حمام کرا دیجیے چنانچہ ایسا ہی کیا تو وہ بال دفع ہوئے اور
اُسیدن سے نورہ اور حمام دنیا مین جاری ہوا جبکہ پنڈلیون کے بال بالکل دفع ہو گئے
تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو بلقیس سے نہایت محبت ہوئی اور جنات نے بحکم
سلیمان چند قلعہ رفیع الشان و مستحکم بنیان مانند سلیحین و بلیون وغمدون ملک یمن مین
تعمیر کیے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہر مہینے مین شام سے سوار ہو کر ایک مرتبہ
یمن کو تشریف لیجاتے تھے اور بعد قیام سہ روزہ تشریف لاتے تھے آخر کار بلقیس سے

اولاد ہوئی کذا فی العالم اور وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ بعضون نے زعم کیا ہی کہ جب
بلقیس ایمان لائی تو حضرت سلیمان نے فرمایا کہ اب تو کسی سے نکاح کر لے اُسنے کہا کہ
میرے ملک مین کوئی آدمی میرے لائق نہین ہی جس سے مین نکاح کرون فرمایا اسلام
مین اِس بات کا لحاظ نہین چاہیے اور تجھکو لازم نہین کہ تو اُس چیز کو حرام کرے جسکو اللہ نے
حلال کیا ہی ناگزیر اُسنے ذاتبع بادشاہ ہمدان سے نکاح کیا اور حضرت سلیمان نے اُسکو
جانب ملک یمن روانہ فرمایا مگر یہ گمان غلط ہی بلقیس اپنے ملک کو نہین گئی بلکہ سات
برس نو مہینے حضرت سلیمان کے پاس رہی اور مدینہ تدمر یمن میں اُسکی وفات ہوئی اور
اُسکے دفن ہونے پر کوئی آدمی مطلع نہین ہوا اور شمس العلوم کے مؤلف نے
لکھا ہی کہ بلقیس بنت ہدہاد ملوک حمیر سے تھی اور نوے برس اُسنے بادشاہت کی
اور تزوج سلیمان مین اختلاف ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال تنبیہ ایک عیسائی ملحد نے
ہمارے سید المرسلین صلعم پر یہ اعتراض کیا ہی کہ آنجناب کو اللہ تعالی نے چار
بیبیون سے زیادہ نکاح مین لانے کی اجازت دی چنانکہ سورۂ احزاب مین ہی
یا ایہا النبی انا احللنا لک ازواجک اللاتی آتیت اجورہن وما ملکت یمینک فیما افاء اللہ
علیک یعنے ای نبی ہمنے حلال رکھین تجھکو تیری عورتین جنکو مہر دے چکا اور جو ہون مال
تیرے ہاتھ کا اُس سے کہ لوٹ مین دے تجھکو اللہ یہ بات قدوسیت کے خلاف ہی
جواب اس بے انصافی کا یہ ہی کہ کتاب استثنا کے باب اکیس نسخہ ۱۸۲۵ء کے
درس گیارہ مین صاف لکھا ہی کہ اُن اسیرون مین جو تو خوبصورت عورت دیکھے
اور تیرا جی اُسپر چلے کہ تو اُسے اپنی جورو کرے تو تو اُسے اپنے گھر مین لا اُسکا سر منڈوا
اور ناخن کٹوا تو وہ اسیری لباس اُتارے اور تیرے گھر مین رہے اور ایک ماہ
کامل اپنے باپ اور مان کے سوگ مین بیٹھے بعد اُسکے تو اُسکے ساتھ خلوت کر اور اُسکا
خصم بن وہ تیری جورو ہی اور کتاب السلاطین کے گیارہوین باب کے تیسرے درس
مین لکھا ہی کہ سلیمان کی سات سو آزاد جوروان تھین اور تین سو لونڈیان اور کتاب
اول اخبار الایام کے باب بائیس مین حضرت داؤد علیہ السلام کی نسبت خطاب
خدا کے یون بیان کیا ہی ایک پسر برائے تو بوجود خواہد آمد کہ او صاحب راحت
خواہد بود و من او را از تمامی دشمنان راحت خواہم بخشید چہ نام وی سلیمان خواہد بود

من در ایام وی سلامت و آرام بہ بنی اسرائیل خواہم بخشید او خانہ بنام من بنا خواہد کرد او پسر
من و من پدر وی خواہم بود و تخت سلطنتش را بر بنی اسرائیل تا ابد الآباد پایدار خواہم کرد
پس اس جگہ عاقل کو بغور و تامل دیکھنا چاہیے کہ حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام
بلا تعداد عورتوں کے رکھنے کی اجازت دیتے ہیں کہ جس کافر کی بیٹی کوئی پکڑ پاوے تو
اسکو بے تکلف اور بے تامل جورو بنا وے اور اپنے گھر میں داخل کرے گو ہزار ہوں
اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی جوروان اور لونڈیاں جس قدر تصرف میں تھیں وہ کتاب
السلاطین سے ظاہر ہو گئیں تو اب انصاف کی آنکھ کھول کر دیکھو کہاں نو بیبیاں اور کہاں ہزار
اور لا انتہا اور طرفہ تر یہ ہے کہ اللہ نے حضرت سلیمان کو اپنا بیٹا کہا ہے اور بنی اسرائیل کا
بادشاہ کہ اس باب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی اُنکے شریک نہیں تھے کیونکہ اُنکو اللہ نے
اپنا بیٹا نہیں کہا ہے بلکہ اس مقولہ میں خود حضرت عیسیٰ کو متہم کرتے ہیں پھر میں کہتا ہوں
کہ اگر خدا کے فرزند سعادتمند نے ہزار عورتیں رکھیں تو اگر اُسکے پیغمبر نے نو عورتیں
رکھیں تو کون قباحت لازم آئی اور یہ تو کہیں نہیں لکھا ہے کہ ازواج کی کثرت سے حضرت
سلیمان کا رتبہ کم ہو گیا مگر اُسی کتاب اخبار الایام میں معاذ اللہ انحطاط رتبہ کا سبب
البتہ لکھا ہے کہ بت پرست عورت سے حضرت سلیمان نے نکاح کیا اور خود بت پرستی
کی با اینہمہ سب عیسائیوں کے نزدیک مسلم الثبوت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
تین بیبیاں تھیں اور حضرت یعقوب علیہ السلام کے گھر میں چار لونڈیاں اور دو بیبیاں
اور جملہ بنی اسرائیل انہیں کی اولاد ہیں نہ کہ صرف ان دو منکوحہ کی اور حضرت موسیٰ
علیہ السلام کے پاس ایک منکوحہ تھی اور ایک حبشیہ ظاہر رہی اور حضرت داؤد علیہ السلام کے
تا نوے بیبیاں تھیں اُسپر ایک اور اوریاہ کی عورت گھر میں ڈال لی تھی کہ پوری سو ہو گئیں
بس ایسی باتوں سے اللہ کی قدوسیت نہ گئی اور بیاہ کی میں کچھ نقصان نہ آیا اور ہمارے
خاتم النبیین کے واسطے اجازت دینے میں قدوسیت جاتی رہی اور جب خدا سے یکتا
لاشریک لہ مطابق اُصول عیسائیوں کے ایک عورت کی پیٹ میں نطفہ اور علقہ اور مضغہ
اور جنین بنکر رہا اور مخرج ناپاک سے نکلا اور جوان ہو کر مقتول ہوا اور تین دن دوزخ میں مقیم
رہا تب قدوسیت کہاں گئی تھی جو حضرت خاتم النبیین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
کو عورتوں کی اجازت دیتے وقت پھر آئی اور ایک بات اور بھی بڑے لطف کی رہی کہ انجیل

سوم کے باب ہشتم درس دوم اور سوم سے ظاہر ہی کہ بہتیری رنڈیان اپنے مال سے حضرت
عیسیٰ کی خدمت کرتی تھین اور ساتھ ساتھ پھرا کرتی تھین اور انجیل اول کے باب یازدہم درس
نوزدہم مین حضرت عیسیٰ مسیح نے مخالفون کا خیال اپنے حق مین قبول فرماکر کہا ہی کہ مین تو بڑا
کھاؤ اور شرابی ہون پس مین کہتا ہون کہ ان دونون قولون کے ملانے سے اور شراب کی بدمستیون کے
لحاظ سے جو کوئی یہودی از راہ خباثت اور بد باطنی معاذ اللہ منہا کہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
جوان خوش وضع تھے رنڈیان اُنکو پیار کرتی تھین اور حرام کاری کے واسطے ساتھ ساتھ
پھرتی تھین اور اسی باعث سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بیاہ نہین کیا تو کیا جواب ہی الغرض
ظاہر ہو گیا کہ ہرگز کوئی دلیل عقلی یا نقلی توریت اور انجیل سے اس بات پر قائم نہین ہی کہ خدا تعالیٰ نے
کسی نبی کو کثرت ازدواج کی اجازت نہین دی اور نہ دیسکتا ہی اور نہ کوئی دلیل اسپر قائم ہی کہ جو
بہت عورتین نکاح مین لاوے وہ نبی نہین ہی کذا فی الاستفسار القصہ جب بلقیس نے حضرت
سلیمان علیہ السلام کی خدمت مین رہنا شروع کیا تو ایک دن اُسنے التماس کیا کہ یا رسول اللہ
جب آپ سوار ہون اور سیر مملکت کو جاوین تو مجکو بھی ہمراہ رکاب لیجیے کہ ایک جزیرہ مین
عجائبات سُنے گئے ہین میرا جی چاہتا ہی کہ مین بھی اُنکو دیکھون حضرت سلیمان علیہ السلام نے
ہوا کو ارشاد فرمایا کہ تخت لاؤ وہ تخت لائی کہ آنجناب بلقیس کو لیکر سوار ہوئے اور ہوا نے تخت کو
اُڑایا اور اُس جزیرہ مین لیگئی جو سات دریاؤن کے بیچ مین واقع ہی اُسوقت بلقیس نہایت محظوظ
وخوش ہوئی اُسی جگہ کئی اسپ پردار دیکھ پڑے مگر زور شور لشکر سے اُڑکر دریا مین گر گئے حضرت
سلیمان علیہ السلام نے دیوون سے فرمایا انکو پکڑ لاؤ دیو اپنی معذوری بیان کر کے بولے کہ سمدون
جن مفرور دریا مین ہی وہ پکڑ لاویگا فرمایا اُسے حاضر کرو تب دیوون نے ندا کردی کہ حضرت سلیمان نے
وفات پائی یہ خبر سمدون کے کان مین گذری وہ نہایت مسرور دوڑا دیوون اُسکو فریب دیکر تخت سلیمان
پاس لائے حضرت نے قید کرنا چاہا اُسنے امان مانگی فرمایا اچھا گھوڑے دریائی پکڑ لاؤ سو وہ چالیس
گھوڑے لایا ظہر کا وقت تھا آنجناب اُنکی خوبی وخوبصورتی مین مصروف ہوے وقت صلوٰۃ فوت ہو گیا کما قال اللہ
فی سورۃ صاد اذ عرض علیہ بالعشی الصافنات الجیاد یعنی جب کھانے کو اُسکے سامنے شام کو گھوڑے
خاصے اس مقام مین بعض مفسرین نے لکھا ہی کہ آنجناب نے کفار دمشق ونصیبین پر جہاد کیا اُسمین ہزار گھوڑے
لوٹ مین آئے کما رواہ الکلبی اور مقاتل فرماتے ہین کہ حضرت داؤد نے جہاد عمالقہ مین ہزار گھوڑے پائے تھے
وہ میراث مین ملے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت سلیمان نے سُنا کہ سمندر کے کنارے گھوڑے دریائی

نکلتے ہین ایسا بے خاصی گھوڑیان وہان بندھوا ئین کہ اُنسے نیچے ہوے اُنکا قدم جسطرح پھیرنا جب وہ سب گھوڑے
ملاحظہ کو تیار ہوکر آئے تو آنجناب بیخبر ہوگئے وظیفے کا وقت جاتا رہا عصر کا سورج اوٹ مین گیا غصہ سے
اُن گھوڑون کو ذبح کر دیا یہ اللہ کی محبت کا جوش تھا سو اُنکی اللہ نے تعریف فرمائی بعضے کہتے ہین بیس ہزار گھوڑے تھے
چنانچہ معالم مین ابراہیم تیمی کی روایت لکھی ہے اور عکرمہ کے نزدیک بیس ہزار تھے اور بھی معالم التنزیل مین ہے کہ
یہ گھوڑے پردار تھے وہو الصحیح اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت سلیمان وظیفہ پڑھکر کرسی پر جلوہ فرما ہوے اور گھوڑے
ملاحظہ کو آنے لگے تو سو گھوڑے آئے اُسکے تماشے مین وقت عصر جاتا رہا آفتاب غروب ہوگیا یا کوئی وظیفہ اُنکے
دل مین پڑھتے تھے وہ قضا ہوگیا اُسپر آنجناب کو ملال ہوا کہ اللہ جلشانہٗ اسکی حکایت فرمائی سورۂ صاد مین
فقال انی احببت حب الخیر عن ذکر ربی حتی توارت بالحجاب ردوہا علی فطفق مسحا بالسوق والاعناق یعنی پس بولا
مین نے چاہی محبت مال کی اپنے رب کی یاد سے یہان تک کہ چھپ گیا اوٹ مین پھیر دو اُنکو میرے پاس
پھر لگا جھاڑنے پنڈلیان اور گردنین صافنات سے مراد یہ اذ عرض علیہ بالعشی الصافنات الجیاد
وہ گھوڑے ہین کہ تین پیرون سے کھڑے ہون اور چوتھے پیر کا کنارہ زمین پر لگا رہے یہ قسم گھوڑے کی نہایت
پسندیدہ ہے اور جیاد سے مراد تیز رو چالاک ہے اور نبیؐ کہ خیر اسے فرمایا کہ گھوڑون کی پیشانی سے خیر
بندھی ہی یعنی اہل جنت اور مقاتل کے نزدیک حب الخیر سے مراد مال ہے اور ذکر رب سے مراد
نماز عصر ہے اور توارت بالحجاب سے مراد یہ ہے کہ نیچے آفتاب چھپ جاتا ہے اور وہ پہاڑ سبز رنگ کوہ
زمین کو محیط ہے غرض حضرت سلیمان نے پھر گھوڑے طلب فرمائے اور اُنکی تلوار سے گردنین مارین
اور پی کیا عوض مین بہ محبت او جس کسی نے یہ زعم کیا ہے کہ گھوڑون کو قربان کیا یا گردنین صرف داغ دین
یا شفقت و مہربانی سے اُنکا غبار جھاڑا ذبح نہین کیا یہ سب غلط ہے چنانچہ معالم التنزیل مین ہے کہ جب
حضرت سلیمان نے گھوڑون کو ذبح کیا تو اللہ تعالے نے عوض مین ہوا کی سواری عنایت کی یعنی ہوا اُنکو
مسخر کیا اور بعضے کہتے ہین ان گھوڑون سے بچے اُنھین کی نسل عالم مین باقی ہے حضرت ابن عباس و حسن و قتادہ
و مقاتل و دیگر اہل تفسیر کہتے ہین کہ پی کرنا ذبح کرنا و گردن مارنا گھوڑون کا حضرت سلیمان کی شرع مین
حلال تھا ہماری شریعت مین حرام ہے بعضے کہتے ہین گوشت اُنکا تقسیم کر دیا بعض اہل تفسیر حضرت امیر کبیر
علی مرتضے کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہین کہ آنجناب فرماتے تھے کہ معنی قول خدا ردوہا علی کے یہ ہین کہ
حضرت سلیمان علیہ السلام نے بحکم خدا ملائکہ موکلین سے ارشاد کیا کہ آفتاب کو پھیر لاؤ کہ مین نماز
ادا کرون وہ آفتاب کو پھیر لائے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے نماز عصر کی پڑھ لی وقت پر اور گھوڑے پیش
آئے تھے واسطے جہاد کے اُسکے ملاحظہ مین آفتاب غروب ہوگیا تھا لیکن صحت اس روایت کی بخوبی نہین معلوم

**فائدہ** خیبر مین دعا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آفتاب بعد غروب واسطے نماز امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے البتہ پھیر آگیا تھا اسمین شک نہین امام طحاوی شرح آثار مین لکھتے ہین کہ اس حدیث کے راوی سب ثقہ ہین اور احمد صالح سے منقول ہی کہ صاحب علم کو لائق نہین کہ اس حدیث کو بھول جائے کیونکہ یہ حدیث معجزات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین ہی القصہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بعد اس معاملے کے سنا کہ ایک جزیرہ جزائر بحر مین ہی اسمین ایک پادشاہ ہی صیدون بت پرست اُسکا ملک بہت ہی کوئی وہان تک جا نہین سکتا مگر البتہ ہوا کہ وہ آپ کے مطیع ہی چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام باعانت ہوا مع لشکر جن وانس اُس جزیرہ مین پہونچے اور پادشاہ کو دعوت ایمان فرمائی اُسنے قبول نہ کیا لہذا قتل کیا گیا اور مال وملک غنیمت ہوا از انجملہ دختر پادشاہ کہ مسماۃ جرادہ حسن وجمال مین بے نظیر عصر تھی ہاتھ آئی اُسکو حضرت سلیمان علیہ السلام بعد نکاح اپنے تصرف مین لائے وہ ایمان لائی اور حضرت سلیمان اُسکو اور زوجات سے زیادہ دوست رکھتے تھے چونکہ اُسکو اپنے باپ کے مارے جانے کا غم بشدت تھا اکثر مغموم ومہموم رہا کرتی اور بیشتر مشغول گریہ وزاری رہتی اس عرصہ مین ایک ابلیس لعین ایک دایہ کی صورت بن کر آیا اور زوال دولت ومملکت صیدون پر نہایت متاسف ہوا اور کہنے لگا تو کیونکر سلیمان سے راضی ہی حالانکہ اُسنے تیرے باپ کو قتل کیا اور تجھے قید کیا تو مفارقت پدر مین کیونکر بسر کرتی ہی اُسنے کہا مجبور ہون کیا کرون شیطان نے تصویر صیدون دیوون سے کھنچوا کر دکھلائی اور کہا یہ صورت تسلی وتسکین کی ہی چونکہ عورت فی ذاتہ بے وقوف ہوتی ہی اُسکے ذہن نا قص مین یہ صورت خوبی کے ساتھ جم گئی شیطان کو تو یہی فکر تھی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو فتنہ مین ڈالون وہ بت پرستی کے قواعد وضوابط سے آگاہ کر کے رخصت ہوا اور تصویر صیدون اپنے ہاتھ مین لے گیا اب عورت اُس تصویر کے تصور مین حیران وپریشان رہتی ایکدن غمگین وحزین بیٹھی تھی حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا تو کیون غمدیدہ ہی اور کسلیے اکثر رویا کرتی ہی اُسنے کہا مین اپنے باپ کے فراق مین اور مملکت ومال کے خیال مین رویا کرتی ہون اور کوئی سبب نہین حضرت نے فرمایا تجھے اللہ نے اُس سے زیادہ ملک ومال دیا ہی اور نعمت ایمان وہ عطا کی ہی کہ سب دنیا ومافیہا سے افضل واعلے ہی بولی یہ سب درست ہی مگر بہ درد انسانی وبیاد شفقت ومحبت پدری مجبور ہون اگر آپ شیاطین سے ارشاد کرین تو وہ میرے باپ کی صورت بنا دین اور یہان رکھدین تاکہ مین صبح وشام دیکھا کرون شاید کچھ غم غلط ہوتا رہے چنانچہ بایما ے حضرت سلیمان علیہ السلام کہ اُسوقت مین تصویر سازی منع نہ تھی شیاطین نے صورت صیدون ہو بہو بنائی اُس عورت نے پوشاک مطبوع صیدون تیار کرائی اور اُس صورت مین پہنائی اور ایک مکان مین قائم کی جب حضرت سلیمان علیہ السلام باہر تشریف لاتے تو وہ کمبخت اُس تصویر سراپا تزویر کو سجدہ کیا کرتی جسطرح اُسکی زندگی مین ہوتا تھا یا جسطرح ابلیس استاد نے

تبلایا ہوگا مگر حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس حرکت کی خبر چالیس دن تک نہین ہوئی آصف ابن برخیا وزیر اعظم عالم اسم اعظم کہ بڑے مومن صدیق ولی کامل تھے مطلع ہوئے اور حضرت سلیمان سے تنہائی مین عرض کیا کہ یا نبی اللہ میری عمر زیادہ ہوئی دربار کی آمد و رفت سے کمال تکلیف پاتا ہون چاہتا ہون کہ ایک گوشہ پکڑ کر خلوت گزین ہون اور قبل آمد موت یہ چاہتا ہون کہ آپ کے حضور مین کسی قدر پیغمبرون کے حالات بطور واعظ التماس کرون جو مجھے معلوم ہین اور عوام و خواص کو وہ باتین تعلیم کرون جو انکو غیر محفوظ ہین حضرت سلیمان علیہ السلام نے موافق التماس آصف ابن برخیا جن و انس کو جمع کیا اور مجالس وعظ منعقد فرمائی کہ آصف نے اول حمد الٰہی کا خطبہ پڑھا بعد اُسکے انبیائے پیشین کا بالاجمال ذکر کرکے حضرت سلیمان علیہ السلام کا تذکرہ چھیڑا اور کہنے لگا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام پیغمبر اولوالعزم ہین اپنی طفولیت مین بڑے حلیم بردبار و متقی پرہیزگار و فضل پروردگار و خائف از آمرزگار تھے بعد اُسکے سکوت کرکے اور تذکرہ کرنے لگے حضرت سلیمان علیہ السلام پر غضب مجلس سے اُٹھکر دولتخانہ مین داخل ہو اور آصف کو بُلا کر پوچھا کہ تونے سب پیغمبرون ذکر کیا اور اُنکے اوصاف حمیدہ بیان کیے آخر عمر تک اور میری تعریف ایام لڑکپن کی کرکے ساکت ہوگیا اسکا کیا سبب تھا آصف نے التماس کیا کہ آپ کی غفلت و تساہل سے چالیس دن ہوے گھر مین خاص بُت پرستی ہو رہی ہے یہ بات شان نبوت کے خلاف تھی پھر مین آپ کی خوبیان اسوقت کی

اسطرح بیان کرسکتا تھا وعظ مین جھوٹ بولنا جائز نہین حضرت سلیمان نے فرمایا انا للہ و انا الیہ راجعون اُسی وقت گھر مین داخل ہوے اور صورت صیدون خاک مین ملائی اور عورت سے ناراض ہوکر تعزیر فرمائی اور لباس پاکیزہ و صاف جسمین جوان عورت کا ہاتھ نہ لگا تھا پہنا اور جانب دشت و بادیہ نکل گئے اور خاک سوختہ پر بیٹھ کر توبہ و استغفار مین مشغول ہوے اور از بس تضرع و زاری گریہ و زاری مین مشغول ہوے تمام دن اس کیفیت سے کاٹا شام کو گھر مین آئے یہان ایک عورت مسماۃ امینہ و بقولی جرادہ ام ولد آنجناب تھی کہ جس دم آنجناب استنجے کو جاتے یا ازواجات سے قربت فرماتے تو اپنی انگشتری اسی کو سونپتے تھے اسوقت بھی رفع حاجت کو تشریف لے چلے انگوٹھی حسب دستور اُسی کو سپرد فرمائی اور خود تشریف لیگئے صخر جن بقولی اصطخری صاحب البحر بصورت حضرت سلیمان آیا اور بولا میری انگشتری لا امینہ نے حوالے کی اُسنے انگوٹھی پہن تخت سلیمان پر ہو بیٹھا وحوش و طیور جن و انسان سب حسب دستور حاضر ہوے جب حضرت سلیمان جائے ضرور سے آئے تو امینہ سے انگوٹھی طلب کی وہ بولی تو کون ہے فرمایا مین سلیمان ہون ابن داؤد علیہ السلام امینہ نے کہا تو کاذب ہے سلیمان تو انگشتری لیگیا اور اپنے تخت پر بیٹھا ہوا حکمرانی کر رہا ہے تب حضرت سلیمان نے جانا کہ اُسی خطا پر میری آزمایش ہوئی ناگزیر خوفناک باہر بھاگے اور دربدر پھرنے لگے کہ جس دروازے پر جاتے اور کہتے انا سلیمان ابن داؤد صاحب خانہ گالیان دیتا اور کبھی مارتا اور اکثر لوگ مجنون جانتے تھے آخر کار بھوک کے پیاسے بے طاقت ہوکر بیٹھ رہے کسی نے کھانا نہ دیا تب سوچے اور دریا پر گئے وہان کچھ لوگ مچھلیون کا شکار کر رہے تھے حضرت سلیمان

علیہ السلام نے کہا ہمکو مزدوری پر رکھ لو اُن لوگون نے رکھ لیا اور دو مچھلی مزد قرار دی یعنی دن بھر خدمت کرتے شام کو
دو مچھلی پاتین ایک بیچ کر نان جوین لیتے دوسری بھون کر روٹی کا سالن فرماتے پھر تمام رات نماز پڑھتے صبح تک
استغفار و توبہ مین مشغول ہتے چالیس دن اسی کیفیت مین گذر گئے و شیطان بجائے حضرت سلیمان حاکم رہا اور جمیع توابع
سلطنت مطیع و منقاد رہے لیکن ابن برخیا وزیر اعظم و دیگر علماے بنی اسرائیل کو اول روز سے تردد تھا اور جانتے تھے
کہ یہ شخص سلیمان نہین ہی اور جنات نے بھی یہ حال دریافت کر لیا تھا مگر ساکت ہین تھے جب مدت معینہ امتحان ربانی
گذر گئی تو وہ دیو دریا کے کنارے شراب کی مستی مین گیا وہ انگوٹھی گر پڑی اسکو مچھلی نے لیا اُسدن وہ شکار مین ملی اور
حضرت سلیمان کو مزدوری مین ہاتھ آئی جب اُسکا پیٹ چاک کیا تو انگوٹھی نکلی حضرت نے پہنی اور سجدے مین
گرے ہنوز سر مبارک سجدے سے نہ اٹھایا تھا کہ جنات و انسان و طیور وغیرہ خدمت مین حاضر ہوے حضرت
اپنے تخت پر تشریف لائے اور توبہ و ندامت اپنی علی رؤس الاشہاد ظاہر فرمائی اور حکم دیا کہ صخر یا اصطخر جن کو حاضر کرو
کہ وہ گرفتار ہو کر آیا آنجناب نے اُسے قید کر کے دریا مین پھنکوا دیا احمد ابن اسحق نے ابن منبہ سے اسی طرح روایت کی ہی
اور کہتے ہین کہ قرآن مجید مین ولقد فتنا سلیمان اسی طرف اشارہ ہی لیکن یہ روایت منجملہ مفتریات واکاذیب
یہودیان ہی اور ابن منبہ اکثر کتب بنی اسرائیل سے حکایتین بے سروپا بیان کرتا ہی اور بعضے اہل تاریخ لکھتے ہین کہ
بعد اس واقعے کے حضرت سلیمان نے اُس عورت کو قتل کیا اور اسکی لونڈیان باندیان کہ چار ہزار ہونگی سب جلوا دین
اور کتابین سحر کی جو صطرخی جن صیدون کی سلطنت سے لایا تھا آگ مین قلم چاک کروایا معالم التنزیل مین ہی
کہ ہرگز اللہ صاحب نے شیطان رجیم کو عورات حضرت سلیمان علیہ السلام پر تسلط نہین دیا بلکہ سبب فتنہ یہ واقع ہوا
کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی تین سو بیبیان تھین ازانجملہ ایک بی بی پر اعتماد بہت تھا کہ جب کبھی استنجے کو جاتے
تو انگوٹھی اُسی کے سپرد کر جاتے ایک دن اُس عورت نے کہا کہ یا رسول اللہ ایک شخص میرے بھائی سے خصومت رکھتا ہی
مین چاہتی ہون کہ آپ فیصلہ کر دین حضرت سلیمان کے منہ سے نکلا اسکو سزا ہوگی اسی پر اللہ نے جانچا کہ انگشتری
دھوکھے مین صخر جنی لے گیا اور آواز سلیمان علیہ السلام کی بنا کر تخت نشین ہوا اور سب لوگ مطیع و فرمان بردار ہوے
صرف اکبر علما نے انکار کی اور جمع ہو کر زوجات سلیمان علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا کہ ہمنے اس شخص کو قبول نہین کیا
اور اصلا سلیمان نہین جانا کیونکہ یہ شخص سلیمان نہین اور اگر ہی تو اسکی عقل خبط ہو گئی ہی اور آصف ابن برخیا نے
عورتون سے پوچھا اس عرصہ مین حضرت سلیمان علیہ السلام تشریف لائے تھے یا نہین وہ بولین ہان ایک عورت نے
کہا مگر اندنون سلیمان کی عقل جاتی رہی ہی کہ اُسنے استنجے کے وقت انگشتری مجھے نہین دی اور چالیس دن گذر چکے
ہین پھر سب عورتین رونے لگین آصف ابن برخیا نے کہا صبر کرو مین تدبیر کرتا ہون چنانچہ چند کس توریت خوان
خوش آواز اپنے ساتھ لیکر تخت سلیمان کے پاس گئے اور ارشاد کیا کہ توریت کا کوئی سفر آواز سے پڑھو کہ آمین ہمکو

نفع ہی سو اُن لوگون نے توریت کا پڑھنا شروع کیا چونکہ توریت کلام الٰہی تھا وہ خبیث ناپاک اُسکی تاب نہ لاسکا بھاگا اور ایک برج کے کنگرے پر جا بیٹھا وہان سے دریا پر گیا انگوٹھی گر گئی مچھلی نے پائی اُسی دن حضرت سلیمان علیہ السلام بھوکے پیاسے دریا پر آئے وہان صیاد جال سے مچھلیان پکڑتے تھے آنجناب نے کھانا مانگا ایک نے مارا دوسرے نے ظالم کو ملامت کی اور دو مچھلیان دین حضرت سلیمان انکے پیٹ پھاڑ کر دھونے لگے ایک ماہی کے پیٹ سے انگوٹھی نکلی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے پہنی فی الفور جنات و انس و وحوش و طیور بدستور حاضر ہوے اور سب قوم کے لوگون نے پہچانا اور معذرت کرنے لگے حضرت سلیمان نے فرمایا نہ تمھارے عذر کی شکایت ہی اور نہ عذر ندامت کی تعریف یہ امر جو واقع ہوا ضروری لکھا ہوا تھا پھر ملک مین تشریف لائے اُس دیو خبیث کو پکڑ کر ایک صندوق آہنی مین مقفل کر کے مُہر فرمائی اور دریا مین پھنکوا دیا اب بھی وہ شیطان بند ہی قیامت تک شاید اسی طرح رہیگا یہ روایت قید کی صحیح ہی اسی کا اشارہ قرآن شریف مین ہی آخرین مقرنین فی الاصفاد یعنی اور اور طرح کے جکڑے ہین زنجیرون مین اور حدیث شریف ہی کہ آخری زمانے مین وہ شیاطین جنکو حضرت سلیمان نے قید کر دریا مین ڈالا ہی نکلینگے تمھارے پاس اور سکھا دینگے تمھارے دین کی سو قبول نکرو اُنسے کچھ اور بعض روایات مین ہی کہ جب آزمایش حضرت سلیمان منظور الٰہی ہوئی تو انگشتری از خود گری دو مرتبہ آصف آیا اُسنے کہا ایکی آزمایش ہوا اس ذلت پر جو صادر ہوئی ہی اب انگوٹھی چالیس دن تمھارے ہاتھ مین نہ رہیگی لہذا حضرت سلیمان توبہ و ندامت مین مشغول ہوے اور آصف نے کام مملکت انجام دیا بعد انقضاے ایام امتحان انگشتری پہنی ملک بدستور ملا اور سعید ابن مسیب رح سے روایت ہی کہ حضرت سلیمان تین دن خلق سے پوشیدہ ہوے تھے وحی ہوئی کہ میرے بندون سے چھپا ہی تو انکے کام مین دخل کر کے آزمایش تھی اسی مین انگشتری بھی جاتی رہی اور تفسیر مدارک و زاہدی مین لکھا ہی کہ جو روایات گم گشتگی خاتم و وقوع عبادت صنم و تصرف دیو بجائے حضرت سلیمان شہرت پذیر ہین جملہ اکاذیب مفتریات جہود و بہتان طوفان بندی یہود بے بہبود کی ہی بعضے کہتے ہین ایک دن حضرت سلیمان امراسے ناراض ہوے اسپر کہ جہاد کفار مین کمی کرتے تھے سوچا کہ ایک شب مین اپنی ستر زوجات سے ہم بستر ہون کہ ہر ایک بیٹا جنے وہ جہاد مین کوشش کرین فرشتے نے دل مین ڈالا انشاء اللہ وہ بھول گئے کہ ستر عورت مین ایک ہی کے حمل ہوا وہ وقت پر آدھا آدمی جنی قابلہ نے اُسکو لاکر تخت پر رکھدیا حضرت سلیمان پشیمان ہوے انشاء اللہ نہ کہنے پر اسیکا اشارہ ہی ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیہ جسدا ثم اناب یعنی ہمنے جانچا سلیمان کو اور ڈال دیا تخت پر ایک دھڑ پھر وہ رجوع ہوا کذا اردی ابوہریرۃ عن النبی صلعم مگر اتنا زیادہ ہی کہ قسم ہی اللہ کی اگر کہتا سلیمان انشاء اللہ تو پیدا ہوتے سب عورتون سے بیٹے اور جہاد فی سبیل اللہ کرتے رواہ البخاری و مسلم اس حدیث سے جانا گیا کہ جب کسی کام کا ارادہ کرے تو انشاء اللہ ضرور کہے کیونکہ بدون مدد الٰہی آدمی سے کوئی کام نہین ہوسکتا پیغمبر ہو یا ولی حکیم ہو یا بادشاہ اور قول اشہر یہ ہی کہ جسد سے مراد صخر جنی ہی کہ اُسکو تخت پر ڈال دیا تفسیر جواہر مین لکھا ہی کہ حضرت سلیمان کے ایک بیٹا تھا جنات چاہتے تھے کہ اُسے مار ڈالین کیونکہ یہ بھی بوراثت پدر شاید ہمکو مسخر کرے حضرت سلیمان نے مطلع ہو کر بدلی کو سپرد کیا

قضاءً وہ مرگیا ابر نے اسکو تخت پر ڈال دیا اُسپر حضرت سلیمان پشیمان ہوے اور توبہ کی کہ غیر خدا پر توکل نہ چاہیے اُسیکا اشارہ ہے و القینا علی کرسیہ جسدا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت سلیمان بشدت بیمار ہوے سو اُنکو تخت پر بٹھلایا تاکہ مہمات عالم مین خلل نہ پڑے پھر اچھے ہوگئے اُسیکا اشارہ ہے و القینا علی کرسیہ جسدا یہ دونون روایت ضعیف ہین القصہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کا امتحان ہوگیا اور توبہ و ندامت منظور ہوئی تو حضرت سلیمان نے بہ عاجزی و انکسار کہا رب اغفر لی و ہب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی انک انت الوہاب یعنی ای رب میرے معاف کر مجکو اور بخش مجکو وہ پادشاہی کہ نہ چاہیے کسی کو میرے پیچھے تو بے شک ہے بخشنے والا یعنی کسیکی حوصلہ نہو کہ وہ لے سکے مقاتل و ابن کیسان کہتے ہین کہ نہو کسی کو میرے بعد اور عطا ابن رباح کہتے ہین کہ ایسا ملک عنایت ہو کہ پھر مجھسے نہ لیا جائے امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ حضرت سلیمان علیہ السلام بتعلیم الٰہی جانتے تھے کہ خاتم الانبیا و سرور الاصفیا محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم ملک دنیا پر التفات نہ فرماوینگے تب یہ دعا مانگی اور صاحب فتوحات فرماتے ہین کہ مراد حضرت سلیمان علیہ السلام کی یہ تھی کہ مجکو ملک عنایت کر کہ ظہور اُسکا بالفعل کسی کو نہو کیونکہ بالقوہ حضرت رسالت پناہ صلعم کو وہ ملک حاصل تھا چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صحیحین مین روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک دن عفریت آیا اُسنے چاہا کہ نماز میری توڑ ڈالے اللہ نے مجکو قوت دی کہ مین نے اُسکو گرفتار کیا اور چاہا کہ ستون مسجد مین باندھون تاکہ تم لوگ دیکھو پس یاد آئی مجکو دعا اپنے بھائی سلیمان کی رب ہب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی یعنی ای میرے رب دے مجکو ایسی پادشاہی کہ میرے بعد پھر کسی کو ویسی نہ ملے ہو اسطے مین نے اُسکو دُتکار کے ڈھکیل دیا مراد ملک سے اس جگہ تسخیر جن و شیاطین ہے چونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے یون دعا فرمائی اور اس ملک کو خاص اپنے واسطے مانگا اسلیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چاہا کہ مین تصرف اپنا اس ملک مین ظاہر کرکے اپنے بھائی کے کارخانہ مین فتور و شکستگی ڈالون ورنہ بالقوہ تصرف و قدرت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ تھا بلکہ تمام ملک و ملکوت و جن و انس اور تمام عالم بہ تقدیر و تعریف الٰہی حیطۂ قدرت و تصرف حضرت صلعم مین تھا بالجملہ اللہ جل شانہ نے دعا حضرت سلیمان علیہ السلام اسطرح قبول کی اور ارشاد کیا فسخرنا لہ الریح تجری بامرہ رخاء حیث اصاب و الشیاطین کل بناء و غواص و آخرین مقرنین فی الاصفاد ہذا عطاؤنا فامنن او امسک بغیر حساب و ان لہ عندنا لزلفی و حسن ماٰب یعنی پھر ہمنے تابع کی اُسکی ہوا چلتی اُسکے حکم سے نرم نرم جہان بھیجا چاہتا اور تابع کیے شیطان سب عمارت بنانے والے اور غوطے لگانے والے اور کتنے بندھے ہوے بیڑیون مین یہ ہے بخشش ہماری اب تو احسان کر یا رکھ چھوڑ کچھ نہین حساب اور اُسکو ہمارے پاس مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانا یہ اللہ کی مہربانی تھی کہ اسقدر تو دنیا عنایت کی اور مختار کردیا حساب معاف کرکے باین ہمہ حضرت سلیمان علیہ السلام ٹوکری بنا کے کھاتے تھے اور کچھ بھی ملک سے لیکر اپنے خرچ مین نہ لاتے تھے مقاتل رضی اللہ عنہ کریمہ فامنن او امسک بغیر حساب سے یہ مراد لیتے ہین کہ جس کسی کو قید کرنا ہو قید کر اور جسکو چھوڑنا ہو چھوڑ دے چنانچہ حضرت سلیمان نے یہ دستور کیا کہ دنیا مین جہان کہین

معلوم کرتے کہ جن کسی کو ستاتا ہی تو اُسکو قید کرکے دریا مین ڈبوا دیتے تھے کہ بعض جنات ابتک قید ہین تاریخ ابوالفدا مین ہی
کہ سال چہارم جلوس ناہ آیار سنہ پانسو انتالیس مین حضرت سلیمان علیہ السلام نے تعمیر بیت المقدس شروع فرمائی
اور آخر سنہ پانسو چھیالیس مین فراغت حاصل کی ارتفاع اُسکا تیس گز اور طول ساٹھ گز کا اور عرض بیس گز کا تھا
اور فصیل بیرونی اُسکی نو گز کی مربع تھی بعد اُسکے سال چوبیس جلوس مین دار السلطنت بیت المقدس مین بنوایا یہ بنا
تیرہ برس مین طیار ہوئی اور معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ حضرت داود علیہ السلام نے مسجد بیت المقدس کی چار دیواری
برابر قد آدم بنوائی تھی اس عرصہ مین وحی ہوئی کہ تمھارے ہاتھ سے یہ تعمیر ختم نہو گی بلکہ اتمام اسکا سلیمان کے ہاتھ سے
مقدر ہی ناچار حضرت داود علیہ السلام اس سے دست بردار ہوے چنانچہ اپنے عہد مین حضرت سلیمان نے چاہا کہ اس بنا کو
تمام کرین تو اول ایک شہر کی بنا ڈالی اور نام اُسکا بیت المقدس رکھا جب وہ شہر طیار ہوگیا تو مسجد شریف کی طرف متوجہ ہوے
اور جنات کو جمع کرکے مختلف کامون پر تعین کیا کہ ایک گروہ سونا چاندی یاقوت فیروزہ زبرجد لایا اور ایک فرقہ
مروارید واحجار لایا اور ایک جماعت مشک وعنبر وغیرہ اشیا خوشبودار لایا جب یہ سامان طیار ہوا تو اول حضرت
سلیمان علیہ السلام نے مسجد کی زمین کو سبز وسفید وزرد پتھرون سے بھروایا اور بڑے بڑے پتھرون سے دیوارین
بنوائین اور اُنکو جواہر سے جڑوایا اور ستون چالیس گز کے لمبے سنگ مرمر کے قائم کرائے اور چھت جواہر کے تختون
سے پٹوائی اور آبنوس کی چار دیواری لگوائی ایک کا نام باب داود علیہ السلام رکھا اور دوسرے کا باب طوبی اور تیسرے کا
باب الجنۃ اور چوتھے کا باب النبی العربی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اندرون مسجد قنادیل طلائی ونقرئی آویزان کرائین اور
ہر ایک قندیل مین ایک ایک گوہر شب افروز رکھوا دیا کہ اُس سے تمام مسجد مین روشنی ہوتی تھی بعد اُسکے ایک قبہ مثمن
کہ اُسکا نام قبۃ الصخرہ رکھا تعمیر کرایا اور اُسپر ایک گنبد نہایت بلند بنوا کر بیت المقدس سے اندر وہ کرایا کہ بارہ کوس تک
اُسکی روشنی مین سب آدمی سیر کرتے تھے جب اسطرح کی عمارت طیار ہوئی اور کسی قدر کام اُسمین باقی رہ گیا تو حضرت
سلیمان علیہ السلام نے علما واحباب بنی اسرائیل کو جمع فرماکے جشن عظیم کیا اور سب لوگون سے متوجہ ہو کر ارشاد کیا
کہ مین نے یہ گھر خالصا لعبد بنوایا ہی آگاہ ہو کہ جو کچھ اس گھر مین ہی صرف واسطے خدا کے ہی مناسب ہی کہ علماے ربانی سے
کسی وقت خالی نرہے اور حدیقۃ الاقالیم مین ہی کہ یہ مسجد جانب شرقی بیت المقدس مین واقع ہی طول اُسکا
سات سو چوراسی گز کا ہی اور عرض چار سو پچپن گز کا اور چھ سو چوراسی ستون اُسمین قائم کیے گئے تھے اور چار سو
منبر تھے اور ہمیشہ رات کے وقت چار ہزار قندیلین روشن کی جاتی تھین اور سات سو فراش اُس مسجد کی خدمت مین رہتے تھے اور پچاس خم زیت بی سے
بھرے ہوے تھے اور صحن مسجد مین ایک مصطبہ پانچ گز کا مرتفع اور اُسمین ایک قبہ عظیم مسمے بہ قبہ صخرہ بنوایا تھا اُسی مین قدم مبارک خاتم الانبیا
صلی اللہ علیہ وسلم کا نشان ہی اور یہی پتھر دس گز کا ایک جانب سے بلند ہوا تھا کہ حضرت صلعم نے فرمایا قف سو وہ اسی طرح معلق رہ گیا اور
اسی جگہ محراب مریم وزکریا وکرسی حضرت سلیمان علیہ السلام واقع ہی انتہے قولہ اور عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے روایت ہی

کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ بعد تعمیر حضرت سلیمان نے تین دعائین مانگین ایک حکم مطابق حکم الٰہی ہو سو عنایت ہوا دوسرا ملک کہ وہ بھی ملا تیسرا جو شخص اس مسجد مین دو رکعت پڑھے اسکے گناہ عفو ہو جاوین یہ دعا قبول نہوئی اور مین امید رکھتا ہون کہ اللہ تعالے نے مجھے تینون باتین عنایت کی ہے القصہ حضرت سلیمان بیت المقدس مین رہنے لگے کبھون ایک برس گاہے دو برس اور کبھون ایک مہینے یا دو مہینے اور اس سے کم و زیادہ بھی قیام فرماتے تھے اور مسجد مین عبادت کرتے تھے اس مقام مین جہان حضرت عبادت کرتے تھے صبح کے وقت ہر روز بطور خرق عادت ایک درخت ظاہر ہوتا تھا حضرت سلیمان اسکا نام اور وجہ ظہور اُس سے دریافت کر لیتے تھے ایک دن اُسنے کہا میرا نام خرنوب ہے فرمایا تو کسواسطے ہے اُسنے کہا واسطے خرابی شہر بیت المقدس اور مسجد کے ہون کہا میری زندگی مین ایسا نہوگا اور اسکو اکھیڑ ڈالا اور حافظ کر کے [illegible] جما دیا اور دعا مانگی کہ یا الٰہی موت میری جنات پر ظاہر نہو تاکہ انسان جانین کہ اُنکو علم غیب نہین [illegible] خراب عبادت مین داخل ہوے اور اپنی لاٹھی کے ٹیک لگا کر نماز پڑھنے لگے اُسی وقت حضرت ملک الموت علیہ السلام نے قبض روح فرمایا مگر انجناب اسی طرح کھڑے رہے اور جنات [illegible] مین مصروف رہے یہان تک کہ ایک برس گذرا اور انکو خبر وفات کی نہوئی تب گھن [illegible] گرا یا اور حضرت سلیمان زمین پر گرے حضرت عباس فرماتے ہین کہ دیمک کا احسان [illegible] موت سلیمان سے مطلع ہوے اور جنات اسکے عوض کھانا اسکا مٹی و پانی [illegible] قصہ کا اشارہ سورہ سبا مین ہے

فلما قضینا علیہ الموت ما دلہم علی موتہ الا دابۃ الارض تاکل منسأتہ فلما خر تبینت الجن ان لو کانوا یعلمون الغیب ما لبثوا فی العذاب المہین یعنی پھر جب تقدیر کی ہمنے [illegible] انکو اسکا مرنا مگر کیڑا گھن کا کھاتا رہا عصا پھر جب وہ گر پڑا معلوم کیا جنون نے اگر خبر غیب کی رکھتے ہوتے تو نہ رہتے ذلت کی تکلیف مین یعنی باوصف علم غیب کسواسطے ذلت بارکشی و معماری و نجاری وغیرہ تکلیف روزمرہ تمام برس کی اُٹھائی اُسی دم اپنے اپنے گھر نہ چلے جاتے کیونکہ حضرت سلیمان کی وفات ہو چکی تھی مگر انکو اصلا خبر نہین ہوئی اُسوقت تک کہ بقیہ کار عمارت اختتام ہوا اور کسی طرح کا کام اتمام کو نہ رہا اور بعضے مفسرین لکھتے ہین کہ مسجد اقصیٰ بہ تمامہا تیار نہوئی تھی ایک برس کا کام باقی تھا متقاضی اجل نے دامن سلیمان پکڑا اور ودیعت حیات طلب کی تب حضرت سلیمان علیہ السلام نے وصیت فرمائی کہ میری وفات کی اطلاع جنات وغیرہ کو نہونے پاوے یہان تک کہ مسجد بنجائے سو جب وفات ہوئی تو بعد غسل و صلوٰۃ کے لاٹھی کی ٹیک دیکے جسم اطہر کو کھڑا کیا کہ جنات حضرت کو حی و قائم سمجھ کر کام مین مصروف رہے ایک برس بعد گھن کے کیڑے نے اُس لاٹھی کو نیچے سے کھالیا وہ لکڑی گری اور جسم لطیف بھی گرا سب لوگون کو وفات کی اطلاع ہوئی جنات اُسی وقت پہاڑون

اور جنگلون مین پوشیدہ ہوے اور ایک روایت یہ ہی کہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کو اپنی موت کا علم آیا تو نقشہ عمارت مسجد اقصیٰ کھینچ کر شیشے کے مکان مین جو کہ آپ کے لیے جنات نے بنایا تھا جلوہ فرما ہوے اور دروازہ کو بند فرما کے مشغول عبادت خالق کبریا ہوے کہ بعد وفات بھی ایک برس تک جنات مسجد کو بنایا کیے جب کام اسکا ختم ہوگیا تب خبر ہوئی اور جنات اپنی بے علمی وجہل کے قائل ہوے مگر اُسی وقت پہاڑون پر چل دیے حضرت سلیمان کے عہد مین جن وانسان باہم مخالطت و مناسبت و نشست و برخاست رکھتے تھے اور شیاطین الجن آدمیون کے روبرو اعمال عجیبہ وافعال غریبہ ظاہر کرتے اور افسون متضمن شرک وکفر پڑھا کرتے جسطرح اسماے بتان وشیاطین کہ کفر وضلالت مین معتقد اگر ہے ہین اور انکے عجائبات کا ظہور دو سبب سے ہوتا تھا ایک یہ کہ خلقت آدمی سے خلقت جنات کی متفاوت ہی اور افعال واطوار جنات اوضاع وحرکات انسان مختلف ہین مونا پر مگر ابھی آدمیون کے ہزار ہزار کوس کی خبرین لاتے اور بیان کرتے کبھی کسی کو مار ڈالتے کسیکا بیمار کر دیتے کسی کے پیٹ مین گھستے وہ درد سے چلاتا کسی پر ایسا اثر ڈالتے کہ وہ بے تاب ہو جاتا پھر آپ ہی اُسکا علاج بھی بتلاتے تب وہ کیفیت جاتی رہتی یہان تک کہ انسان منترون کے معتقد ہوے اور تعظیم مفرط بھوتون اور شیطانون کی کرنے لگے اور ظاہر ہی کہ کام جنات وشیاطین کے بہ نسبت کام آدمیون کے خوارق عادات کا حکم رکھتے ہین اسی باعث سے سفہا وحمقا انکے معتقد ہوجاتے ہین دوسرے یہ کہ ارواح بعضے امراض شرارت و خباثت مین حکم جنات وشیاطین کا رکھتے ہین کہ بالطبع مائلہ پرستش اپنی مرکوز ہوتی ہی اور یہ خواہش رکھتے ہین کہ آدمی ہماری طرف فروتنی وعاجزی پلے سرے کی اختیار کرکے رجوع لاوین اور شیاطین الجن انکو پہچانتے ہین انھون نے بعض افسون کو جسسے التجا اُن ارواح کی طرف نکلے آدمیون کو تعلیم کیے اور سجدہ کرنا قربان گذرانا وغیرہ افعال تعظیمیہ بجا لانا شرائط مین رکھا کہ انسان بیچارہ شرک وضلالت مین پڑے اور اُس عمل سے آثار عجیبہ مترتب ہونے لگے کہ رفتہ رفتہ یہ عمل شنیع رائج ومشہور ہوا حتے کہ یہ خبر حضرت سلیمان کو ہوئی آپ نے آصف ابن برخیا کو ارشاد کیا کہ شیاطین کو جمع کرو اور اس قسم کے جو کچھ چیزین انکے پاس ہون لیکر میری کرسی کے نیچے دفن کرو اور انسان جنات وشیاطین سے ملاقات نہ کرے اور نہ ایک دوسرے سے کچھ سیکھے آصف نے موافق حکم کے عمل کیا اور جب تک حضرت سلیمان زندہ رہے اسی طرح رہا بعد وفات انکے اور آصف کے شیاطین نے ظاہر کیا کہ سلیمان ساحر تھے بزور سحر پادشاہت کرتے تھے اور ہوا وانسان وجنات وطیور انکے مسخر رہتے تھے اور سحر کی کتابین زیر کرسی مدفون ہین اسکو نکالو اور مطابق اسکے عمل کرو تو مثل سلیمان تمسے بھی عجائبات ظاہر ہون آدمیون نے باغواے شیاطین وہ کتابین نکالین اور افسون خوانی شروع کی کہ عجائب خواص انسے ظاہر ہونے لگے اور توریت خوانی اور علم دین موقوف ہوگیا اور تمامی ہمت تحصیل علم سحر پر مصروف ہوئی تا وقتیکہ شیاطین کو اغوا منظور تھا

اطاعت افسونون کی بخوبی کرتے رہے اور آثار اسکے ظاہر ہوتے رہے جب اُنھون نے دیکھا کہ یہ لوگ ضلالت مین پڑگئے اور کتب الٰہیہ سے قرار واقعی پھرگئے تو اطاعت افسونون سے دست کش ہوے اور وہ آثار بھی کم ہونے لگے اور اس حادثہ عظیمہ سے کئی طرح کی مضرت یہودیون کے دین مین پہونچی اول اعراض کتب الٰہیہ سے دوسرے اعتقاد تاثیر اسماء بتان و اسلاف شیاطین سے اور بجالانا نذور و قربان کا کہ صریح کفر و شرک ہی تیسرے اسوء ظن حضرت سلیمان علیہ السلام کے حق مین یہان تک کہ اُنکی نبوت سے بھی انکار کرنے لگے اور کہتے کہ سلیمان ساحر تھے چنانچہ یہودی کہتے تھے کہ محمد صلعم باطل کو حق سے ملاتے ہین جو سلیمان کو پیغمبرون مین ذکر کرتے ہین حالانکہ سلیمان ساحر تھے کہ بزور سحر ہوا پر چلتے تھے اور اسی ظن بد کو اللہ صاحب نے رد کیا ہی کہ وما کفر سلیمان ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر یعنی کفر نہین کیا سلیمان نے لیکن شیطانون نے کفر کیا کہ لوگون کو سکھاتے سحر یعنی سلیمان ہرگز کافر نہین تھا اور معتقد تاثیر اسماء اصنام و شیاطین تھا اور نذور و قربان جو کہ موقوف علیہ سحر کے تھے کبھون بجا نہ لاتا تھا کیونکہ وہ باقرار ایک جماعت کثیرہ یہود کے پیغمبر تھا اور عصمت پیغمبر کی ضرت قطعی ہی بلکہ بدیہی کیونکہ منصب نبوت کے ساتھ کفر کو منافات صریح ہی اور بعثت انبیاء علیہم السلام واسطے دفع کفر کے ہی پس اگر خود کفر کرنے لگے تو نقص غرض بعثت لازم آتی ہی مگر شیاطین الجن اور انس کہ حضرت سلیمان کے معجزات دیکھنے سے ایمان لائے تھے اور طائفہ اہل ایمان مین داخل ہوے تھے اور جواہر نفوس اُنکی شرارت سے بھرے تھے وہ بمقتضاے خباثت اصلیہ کے کافر ہوگئے اور تہمت دروغ حضرت سلیمان پر کرنے لگے کہ وہ بھی اعمال سحر کرتے تھے اور انھین اعمال سے جن و انس و وحوش و طیور وغیرہ منقاد تھے اُنکے مسخر و منقاد تھے اور اسقدر پر قناعت نہین کی بلکہ اعمال سحر لوگون کو تعلیم کرنے لگے تاکہ مانند اپنے کافر و ساحر بناوین اور آدمی اُنکے افترا اور دروغ سے فریب مین آکر گمان کرنے لگے کہ عمل سحر بد نہین ہی ورنہ اس طرح کا پیغمبر عالی قدر کسطرح مشغول ہوتا وہی بات یہود نے پکڑی کہ اپنے دین و کتاب کو چھوڑکر اعمال سحر کی تلاش مین پڑے

فائدہ ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر حضرت سلیمان نے اسطرح دی ہی اور اب تک نسخہ التسابیح مین موجود ہی کہ چاہیے میرے بھائی کا بیٹا اپنے باغ مین نزول فرماوے اور اُسکی میوہ کھاوے اے اورشلیم کی لڑکیون مین تمھین قسم دیکر کہتا ہون کہ جب میرے بھائی کے بیٹے کو پاؤ تو خبر دینا کہ مین اُسکو بہت دوست رکھتا تھا میرے بھائی کا بیٹا سرخ و سفید ہی اُسکے دونون ہاتھون مین ترسیس کا سونا بھرا ہوا ہی انتہی اس خبر کو کسی نصرانی نے حضرت عیسیٰ کی خبر نہین بتلائی کیونکہ اگر عیسیٰ مراد ہوتے تو حضرت سلیمان بہن کا بیٹا کہتے کیونکہ اُنکے باپ نہ تھا پس یہ خبر نہین ہی مگر ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ترسیس کے سونے سے یہ مراد ہی کہ فارس کا ملک و مال اُنکے ہاتھ آویگا اور لڑکیون سے مراد باشندگان اورشلیم ہین اور رنگ ہمارے حضرت کا سرخ و سفید تھا اور اسرائیلیون کے بھائی سماعیلی ہین جو ہمارے پیغمبر کے باپ دادے تھے

فائدہ تفسیر معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ حضرت سلیمان کو تیرہ برس کی عمر مین بادشاہت ملی اور ترپن برس کی عمر مین انتقال جنت فرمایا اور بعضے چھتر بیان کرتے ہین اور بستان فقیہ ابو اللیث مین کعب احبار سے انسی برس نقل کی ہی اور اخبار الدول مین باون برس کی عمر و بروایتی اکیسو ابس برس کی عمر لکھی ہی اسی طرح اور بھی بیان کرتے ہین اور تحقیق یہ ہی کہ ولادت باسعادت حضرت سلیمان علیہ السلام کی سن چار ہزار تین سو اکانوے ہبوطی مین ہوئی ہی اور خلافت سن چار ہزار چار سو تینتیس مین اور وفات چار ہزار چار سو تہتر مین اس حساب سے عمر آپکی بیاسی برس کی ہوتی ہی اور از روے روایت صحیحہ کے ثابت ہی کہ بعد حضرت داؤد علیہ السلام چالیس سال حضرت سلیمان نے خلافت فرمائی فائدہ کتب سیرت سے واضح ہی کہ بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کے رجعیم ابن سلیمان بادشاہ ہوے اور بعضے کہتے ہین کہ نبی بھی ہوے وہذا القول ضعیف جدا بالجملہ چھہ برس کے بعد سیشاق فرعون مصر نے لشکر کشی کی اور اکثر عمارات کو اُسکے تباہ کر دیا مگر رجعیم اپنی سلطنت پر رہے اور ایلہ کہ چار فرسنگ مصر سے واقع ہی آباد کیا اور اٹھائیس بیٹے سوا سے بیٹیون کے پیدا ہوے اور سب سترہ برس بادشاہت کی اکتالیس برس کی عمر ہوئی وبقولے سن پانسو بانوے موسوی مین وفات پائی تو آسا ابن رجعیم بادشاہ ہوا اسی طرح مرۃ بعد اخری انھین نسل سے بادشاہ ہواکیے یہانتک کہ سلطنت صدقیا یا صدیقہ یا حزقیا کو جسکے پیر مین نقصان تھا پہونچی تو بادشاہان اطراف نے بنظر ضعف سلطنت طمع مملکت دل مین جمائی اول ایک جزیرہ کے بادشاہ نے جسکا نام لیکین تھا اور ستارہ زہرہ کی پرستش کرتا تھا ارادہ کیا اور نذر مانی کہ اگر بیت المقدس کو فتح کرون تو اپنے بیٹے کو قربانی کرونگا پھر بر بیت المقدس مع لشکر پہونچا خداوند کبریا نے ہوا سے اسکے لشکر کو برباد کر دیا صرف بادشاہ محفوظ رہا اس اثنا مین اسکے بیٹے نے یہ سنا کہ میرے باپ نے اسطرح کی نذر کی ہی سو اسنے اپنے باپ کو قتل کیا پھر بادشاہ موصل اور حاکم آذربیجان نے ارادہ کیا اور جانب بیت المقدس روانہ ہوے اثناے راہ مین دونون مین لڑائی ہوئی کہ دونون مارے گئے اور لشکر کے لوگ بھاگے بنی اسرائیل جملہ مال پر متصرف ہوے بعد ازان یہود نے انبیاء علیہ السلام کے قتل پر اقدام کیا تب سنحاریب بادشاہ بابل نے بیت المقدس کو قہراً وغلبۃً لے لیا اور خوب لوٹا اور جب وہ بھی اپنی سلطنت کو گیا تو بنی اسرائیل نے فسق وفجور شروع کیا خداوند عالم نے حضرت ارمیا علیہ السلام کو نبی کیا تب متمردین یہود نے آنجناب کو بھی قید کیا جناب منتقم حقیقی نے بخت نصر کو جو سپہ سالار گنجسرو تھا غالب کیا اسنے بیت المقدس کو جلا دیا اور اولاد یہود کو قید کر بابل مین لیگیا اور صحیح یہ ہی کہ غلبۂ سنحاریب شعیا علیہ السلام کے عہد مین ہوا اور بخت نصر عہد حضرت ارمیا مین غالب ہوا ہی۔

## تفریح بست و سوم در احوال حضرت شعیا و ارمیا علیہما السلام

حضرت شعیا آبن آصف اشرف احفاد حضرت سلیمان علیہ السلام مین مغازی محمد اسحق مطلبی مین ہی کہ بعد وفات حضرت سلیمان علیہ السلام کے عادت الٰہی یون جاری ہوئی کہ ہر ایک بادشاہ بنی اسرائیل کے عہد مین ایک رسول بھی مبعوث ہونے لگا کہ بادشاہ تعلیم و تربیت کرتا اور مصالح و مفاسد ملک کی خبر دیتا تھا چنانچہ جب بادشاہت بنی اسرائیل صدیقہ کو پہونچی تو حضرت شعیا نبی ہوے اور انھون نے حضرت عیسیٰ و محمد مصطفےٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام کے ظہور کی خبر دی اسی زمانے مین بنی اسرائیل نے نافرمانی شروع کی اور فہمایش بادشاہ و نبی پر خیال نہ کیا تو سنحاریب بادشاہ بابل چھ لاکھ سپاہی سے جانب بیت المقدس چلا اور یلغار بیت المقدس کے گرد پہونچ گیا یہ خبر بادشاہ بنی اسرائیل کو ہوئی وہ بیمار تھا اور حضرت شعیا علیہ السلام کو وحی ہوئی کہ صدیقہ کو کہو اپنے اہل بیت سے جسکو چاہے خلیفہ کرے اُسکی موت قریب ہی سو حضرت شعیا نے صدیقہ سے وحی کے موافق ارشاد فرمایا وہ رویا اور جناب حق مین بتضرع و زاری نجات بنی اسرائیل چاہنے لگا اور ایک شخص کو اپنا خلیفہ کر دیا اللہ تعالےٰ نے اُسکی دعا قبول فرمائی اور حضرت شعیا کو مطلع کیا کہ صدیقہ کی دعا قبول ہوئی اور اُسکی عمر پندرہ برس زیادہ کی گئی اور دشمن سے نجات بخشی گئی چنانچہ یہ حال بھی حضرت شعیا نے صدیقہ سے کہدیا اُسنے سجدۂ شکر ادا کیا اور اُسی وقت درد و غم اُسکا جاتا رہا جب صبح کو سو اُٹھا تو ایک منادی نے آواز دی کہ ای بادشاہ تیرے دشمن دفع ہوے تب بادشاہ باہر نکلا معلوم ہوا کہ تمام لشکر بلا جدال و قتال فانی ہوا صرف سنحاریب مع پانچ آدمیون کے جسمین ایک بخت نصر اُسکا نواسہ تھا باقی رہا اُنکو بھی صدیقہ نے بذریعہ اپنے مصاحب کے گرفتار کر کے قید کیا اور خود طلوع آفتاب سے تا غروب آفتاب سجدہ شکریہ مین پڑا رہا بعد ازان سنحاریب سے پوچھا کہ تو نے ہمارے خدا کی قدرت کا تماشا دیکھا اُسنے کہا جب مین نے خروج کیا تھا اُسی وقت مجھکو تیرے فتح و نصرت کی خبر ہو گئی تھی لیکن مجھپر اور میرے لشکریون پر شقاوت غالب تھی کہ اُسکا ظاہر ہوا پھر بادشاہ نے اُن لوگون کی گردن مین زنجیر ڈلوائی اور ستر روز برابر بیت المقدس کے گرد طواف کرایا اور ہر شخص کے واسطے دو روٹیان جو کی مقرر فرمائین جب سنحاریب وغیرہ پر معیشت تنگ ہوئی تو موت مانگنے لگے تب خداوند تعالیٰ نے بادشاہ کے دل مین ڈالا کہ سنحاریب کو مع توابع اُسکے بابل کو روانہ کر تاکہ اورون کو ڈر آوے سو بادشاہ نے سنحاریب وغیرہ کو چھوڑ دیا چنانچہ سنحاریب بابل مین جا کر سات برس زندہ رہا اور وقت وفات اُسنے بخت نصر اپنے نواسے کو خلیفہ کیا بعد اُسکے صدیقہ نے وفات پائی اخبار الدول مین ہی کہ صدیقہ آخر ملوک آل داؤد سے تھا اسی شخص پر انتہاے سلطنت بنی داؤد ہوئی ہی اور سلطنت بنی داؤد چار سو پچاس برس قوم بنی اسرائیل مین رہی بعد اُسکے بنی اسرائیل باہم لڑ مرے اور مفسدۂ عظیم برپا ہوا حضرت شعیا نے بہت سمجھایا کسی نے نہ سُنا آخر کار حضرت شعیا کو وحی ہوئی کہ ایک مرتبہ قوم مین کھڑے ہو کر انذار و تخویف

قرار واقعی کرا اور قوم سے نکل جا سو حضرت شعیا نے بموجب وحی عمل فرمایا بنی اسرائیل قتل کرنے پر مستعد ہوے ناچار حضرت نے ہجرت فرمائی اور حکومت بنی اسرائیل ناشیہ ابن اموص سے متعلق ہوئی اور حضرت ارمیا ابن حلیقا علیہ السلام پیغمبر ہوے صاحب عرائس کے نزدیک حضرت ارمیا بعد حضرت شعیا کے نبی ہوے اور ابن اسحق نے زعم کیا ہی کہ ارمیا علیہ السلام خضر ہین مگر یہ قول خالی از ضعف نہیں اور بعضے کہتے کہ حضرت شعیا علیہ السلام کے عہد نبوت مین اور پانچ نبی بھی تھے مگر حضرت شعیا صاحب الامر تھے ازانجملہ حضرت دانیال و ارمیا خواہ یرمیا اور یونس ذی النون ہین بالجملہ بنی اسرائیل نے فسق و فجور اختیار کیا اور حضرت ارمیا کی فہمایش کو کان لم یکن سمجھے اور ہرگز اطاعت مین نہ جھکے تب خداوند عالم نے وحی فرمائی کہ مین بنی اسرائیل کو ہلاک و برباد کرونگا اس بات سے حضرت ارمیا علیہ السلام بہت روئے اور قوم سے فرمانے لگے کہ اے قوم گناہ سے باز رہو ورنہ ایک فوج آتش پرستون کی تم پر مسلط ہوگی اس قوم کے لوگون نے صلاح کرکے آنجناب کو قید کیا اور اخبار الدول مین ہی کہ تین برس کامل قوم بنی اسرائیل نافرمانی و عصیان مین سرگرم رہی تب اللہ جل شانہ نے بخت نصر بابلی کو مسلط فرمایا کہ وہ چھ لاکھ فوج سے بنا بر تخریب بیت المقدس روانہ ہوا اور اسی عرصہ مین اللہ جلشانہ نے بیت المقدس پر بجلی گرائی کہ درویشون و عابدون کے مکانات جل گئے اور سات دروازے بیت المقدس کے گر گئے جب حضرت ارمیا نے یہ احوال دیکھا تو وہان سے جنگل کی طرف بھاگ گئے اور بخت نصر بیت المقدس مین داخل ہوا اور بنی اسرائیل کو قتل کرنے لگا چنانچہ چالیس ہزار قراء توریت اس معرکے مین قتل ہوے اور نسخ توریت جلا دیے گئے اور سونا و چاندی جو بیت المقدس مین تھا لیا اور جواہرات جو حضرت سلیمان نے بیت المقدس کی عمارت مین بیشمار لگائے تھے لوٹ لیے اور مکان کو منہدم کرایا اور ساٹھ یا ستر ہزار اولاد صبیان بنی اسرائیل کے گرفتار کرلیے اور ملوک ناصرین اپنے اوپر تقسیم کی تو ہر ایک کو چار چار لڑکے پہونچے اور جسوقت قیدیان بنی اسرائیل کا شمار کیا تو سات ہزار اہلبیت داؤد علیہ السلام سے اور گیارہ ہزار سبط یوسف و بنیامین سے اور آٹھ ہزار احفاد شمعون اور چار ہزار اولاد یہودا سے نکلے اور انکے تین فرقے کیے ثلث جانب شام روانہ کیے اور دو ثلث قتل کرائے اور دو ثلث مقید رکھے بعد ازان مع مال و دولت و آرایش بیت المقدس با اسیران اولاد یعقوب علیہ السلام روانہ بابل ہوا اور حضرت ارمیا علیہ السلام کو چھوڑ گیا اور دانیال ابن خرقیل کو مع اہلبیت دانیال کے اپنے ہمراہ لیگیا روایت ہی کہ ہنوز بخت نصر ولایت شام مین تھا کہ بقیۃ السیف قوم بنی اسرائیل مع حضرت ارمیا جانب مصر بھاگ گئے کہ یہ خبر بخت نصر کو پہونچی اسنے فرعون مصر کو نامہ لکھا کہ میرے قیدی تمھاری بادشاہت مین بھاگ گئے ہین انکو روانہ کرو ورنہ مصر کا وہی حال ہوگا جو بیت المقدس کا ہوا بادشاہ مصر نے تقاعد کیا

اور حضرت ارمیا نے قوم کو سمجھایا کہ اب بھی توبہ کرو نہین تو بخت نصر کے عذاب مین گرفتار ہوسگے وہ
خیال مین نہ لاسئے آخر کار بخت نصر جانب مصر بافواج قاہرہ روانہ ہوا قریب مصر بادشاہ مصر سے محاربہ عظیم
واقع ہوا اور بخت نصر غالب آیا اور جو لوگ قوم بنی اسرائیل کے تھے سب گرفتار ہوے اُنمین حضرت ارمیا
علیہ السلام بھی تھے سو بخت نصر سنے آنجناب کو دیکھ کر کہا کہ مین نے آپ کو چھوڑ دیا تھا آپ پھر اس قوم نا پاک مین
شریک ہوسے حضرت ارمیا نے فرمایا کہ مین سنے اس قوم کو تیری سطوت سے ڈرایا تھا لیکن انھون سنے
خیال نہ کیا مین مجبور رہون تب بخت نصر سنے حضرت ارمیا کو چھوڑ دیا اور خود جانب بابل روانہ ہوا اور حضرت
ارمیا علیہ السلام مصر مین رہے آخبار الدول مین ہی کہ حضرت ارمیا علیہ السلام مصر مین تھے کہ اللہ نے وحی بھیجی
کہ مین بیت المقدس کو پھر آباد کیا چاہتا ہون سو حضرت ارمیا علیہ السلام ایک گدھے پر سوار ہوکر جانب
بیت المقدس روانہ ہوسے الغرض صاحب اخبار الدول سنے تمام واقعہ موت و حیات حمار وغیرہ کا جو بروایت صحیح
حضرت عزیر علیہ السلام کی حکایت مین مذکور ہی بیان کیا ہی کہ فقیر مؤلف اُسکو بعینہ احوال حضرت عزیر مین
گزارش کریگا اور اخبار الدول مین ہی کہ عمر حضرت ارمیا تین سو برس کی ہوئی **فائدہ** اہل سیر کو
بخت نصر کے حال مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ یمکین بادشاہ کا جسکا ذکر ہوگیا ہی کاتب و منشی تھا
اور محمد ابن جریر طبری کے نزدیک اولاد گودرز و سپہ سالار کیخسرو تھا اور بعضے کہتے ہین کہ لہراسپ فارسی
قائم مقام کیخسرو کا وزیر تھا اور آخبار الدول مین ہی کہ ابن البنت سنحاریب تھا اور روضۃ الصفا مین ہی
کہ بخت نصر ایک شخص یتیم تھا اور حال اُسکا یون ہوا کہ دانیال اکبر نے توریت مین دیکھا تھا کہ قریب تر
ایک شخص بیت المقدس کو خراب کریگا سو اُنھون سنے اللہ تعالی سے دعا مانگی کہ مجکو اُسکے نام سے
اطلاع حاصل ہوجاسئے سو اللہ نے نام اُسکا خواب مین بخت نصر بتلایا کہ اُسکی تلاش مین دانیال اکبر
جانب بابل تشریف لیگئے اور مال اپنا محتاجون و یتیمون کو دینے لگے یہان تک کہ ایک روز انکا غلام
کسی کام کو جاتا تھا دفعۃً راہ مین ایک لڑکا بیمار نظر پڑا اور اپنا نام اُسنے بخت نصر بتلایا غلام سنے
یہ احوال دانیال سے کہا وہ بخت نصر کو اپنے مکان پر لاسئے اور معالجہ کرنے لگے جب صحت ہوئی تو
دانیال سنے کہا کہ تو آخر کار بادشاہ ہوگا اور بیت المقدس کو بہ قہر و غلبہ اپنے قبضے مین لاویگا سو تو اس
خدمت کے عوض مین ایک خط امان کا میرے اہل و عیال کے واسطے لکھدے بخت نصر نے کہا کہ
آپ خوش طبعی فرماتے ہین دانیال سنے کہا لا واللہ مین سچا ہون تو ہزار درم مجھسے لے اور نامہ لکھدے
مگر بخت نصر اس کلام کو ہزل سمجھا اور اس توڑے کا ذکر اپنی ماں سے کیا اُسنے کہا شاید دانیال سچا ہو تو نامۂ امان
لکھدے اور ہزار درم اپنے تصرف مین لا چنانچہ بخت نصر نے نامۂ امان لکھدیا اسی سبب سے جب اُسکو

بیت المقدس پر غالب ہوا تو اُسنے دانیال اکبر کو طلب کیا وہ رحلت فرما چکے مگر دانیال ابن حزقیل مع اہل بیت دانیال اکبر با نامۂ امان تشریف لائے اور سطوت پادشاہی سے محفوظ رہے لیکن اخبار الدول مین ہی کہ دانیال اکبر کا زمانہ مابین زمانۂ ہود وصالح علیہما السلام کے تھا انکو بنی اسرائیل مین شمار کرنا غلط ہی **فائدہ** حضرت شعیا وارمیا علیہما السلام نے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خبرین اپنے صحیفون مین بخوبی کہین ہین کہ ابتک باوصف تحریفات یہودیون اور نصرانیون کے بھی باقی ہین چنانکہ کچھ خبرین ہین سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حال مین بیان کی ہین اور کچھ اس جگہ بھی بیان کرتا ہون سو خوشخبری اول سنو کہ حضرت اشعیا علیہ السلام فرماتے ہین اور اُنکے صحیفہ مین کہ ابتک عیسائیون کے پاس موجود اور اسوقت میرے ملاحظہ مین ہی باب پانچوان درس چھبیس سے تا درس اونتیس دیکھا جائے خدا قومون کے لیے دور سے ایک جھنڈا کھڑا کرتا ہی اور اُنھین زمین کی انتہا سے سیٹی بجا کر بلاتا ہی اور دیکھ وے دوڑ کر جلد آتے ہین کوئی اُنمین نہ تھک جاتا اور نہ پھسل پڑتا ہی کوئی نہ اُونگھتا نہ سوتا اور نہ کسی کا کمر بند کھلتا ہی نہ کسی کی جوتی کا تسمہ ٹوٹتا ہی تیر تیز ہین اور اُنکی ساری کمانین کشیدہ ہین اُنکے گھوڑون کے سم چقماق کے پتھر کے مانند ہین اور اُنکے چکر گردباد کے مانند وے شیر کے مانند گرجتے ہین ہان وے جوان شیرون کے مانند گرجتے آتے ہین وے غرّاتے شکار پکڑتے ہین اور اُسے الگ لیجاتے ہین اور کوئی بچانے والا نہین یہ تعریف ہی محمدی جہادیون کے جنکی شان مین ارشاد ہی والعادیات ضبحا فالموریات قدحا فالمغیرات صبحا فاثرن بہ نقعا فوسطن بہ جمعا یعنی قسم ہی دوڑتے گھوڑون کی ہانپتے پھر آگ سلگاتی جھاڑ کر پھر دھاوا دیتے صبح کو پھر اُٹھاتے اُسمین گرد پھر بیٹھ جاتے اُسوقت فوج مین اور شیر کے مانند گرجنے والے محمد ہین کہ اولاد اسمٰعیل سے اور دور دراز سے آئے اور تیر اندازی سے اسمٰعیل کی عرب مین مشہور ہی چنانکہ حدیث مین ارشاد ہوا ہی ارموا بنی اسماعیل فان اباکم اسماعیل کان رامیا اور فرمایا من علم الرمی ثم ترکہ فلیس منا اور کتاب پیدایش توریت مین ہی کہ اسماعیل تیرانداز تھا اور یہ خبر حضرت عیسیٰ پر کسی طرح صادق نہین آتی دوسری خوشخبری جو حضرت اشعیا نے ہمارے پیغمبر خدا کی شان مین فرمائی ہی باب بیالیس نسخہ ۱۸۲۵ صحیفۂ اشعیا مین کہ اسوقت پیش نظر ہی موجود ہی دیکھو میرا بندہ جس سے مین نے بر پا کیا میرا برگزیدہ جس سے میرا جی راضی ہی مین نے اپنی روح اُسپر رکھی وہ قومون پر عدالت کریگا وہ نہ چلائیگا اور اپنی صدا بلند نہ کریگا اور اپنی آواز کان اورون مین نہ سُناویگا جب تک زمین پر

عدالت نہ کرلے نہ گھٹیگا اور جزیرے اُسکی شریعت کے راہ تکینگے مین نے جو یہواہ ہون تجکو راست بازی سے بلایا ہی تیرا ہاتھ پکڑونگا اور تیری حفاظت کرونگا اور لوگون کے عہد اور قومون کی روشنی کے لیے تجھے دونگا تو اندھون کی آنکھین کھولیگا اور بندھوون کو قید سے اور اُنکو جو اندھیرے مین ہین وہان سے نکالیگا یہواہ مین ہون یہ میرا نام ہی اپنی شوکت دوسرے کو نہ دونگا اور وہ ستایش جو میرے لیے ہوتی ہی سو بتون کے لیے نہونے دونگا یہواہ کے لیے نیا گیت گاؤ اور اے تم جو دریا مین گذرتے ہو اور اُسمین پھرتے ہو اور اے جزائر اور وہان کے بسنے والو تم زمین پر سرتا سر اُسکی ستایش کرو صحرا و دشت اور صحرائی او دشتی گانون اور یہ جو قیدار مین ہین آوازین بلند کرین پہاڑیان گیت گاوین پہاڑون کی چوٹیون پر للکارین وہ یہواہ کا جلال ظاہر کرین اور جزیرون مین اُسکی ثناخوانی کرین یہواہ ایک بہادر کی طرح نکل کھڑا ہوگا وہ جنگی مرد کے مانند اپنی غیرت کو اوکسایگا وہ اپنے دشمنون پر بہادری کریگا اور اندھون کو اُس راہ سے جسے وہ نہین جانتے تھے لیجاؤنگا مین اُنھین اُس راستے لیجاؤنگا جس سے وہ آگاہ نہین ہین تاریکی کو اُنکے آگے روشنی کر دونگا اور بہتیری چیزون کو سیدھا بنا دونگا مین اُنسے یہ یہ سلوک کرونگا اور اُنھین ترک نہ کرونگا وے پھر آئے جائینگے وے نہیت پشیمان ہونگے جو کھدی ہوئی مورتون پر بھروسا کرتے ہین اور ڈھالے ہوے بتون کو کہتے ہین کہ تم ہمارے خدا ہو انتہے یہ کلام معجز نظام اول سے آخر تک پکارتا ہی کہ اُس شخص موعود کو جو کہ خدا کا بندہ ہوگا عموم خلق کی پیشوائی اور سارے جہان کے لوگون کی رہنمائی کا منصب عنایت ہوگا پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد نہین ہوسکتے کیونکہ وہ شخص موعود بندہ ہی نہ کہ خود بیٹا سو اس خبر کا صدق اُسی پر ہی جس سے فرمایا قل یا ایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا اور اس خبر مین بنی قیدار کی قوم کو خاص نوید ہی تا کہ بنی اسرائیل والا پیغمبر نکل جائے اور بنی اسمٰعیل والا پیغمبر ثابت ہوجائے اور توریت سے بخوبی ثابت ہی کہ قیدار حضرت اسمٰعیل کے بیٹے کا نام ہی اور ظاہر ہی کہ انھون نے عربستان مین بود و باش اختیار کی اور سارا عرب بنی اسمٰعیل مین داخل ہی خصوصاً قریشی قطعاً ویقیناً بنی اسمٰعیل مین اسی واسطے ۱۸۳۱ء کے نسخہ صحیفۂ اشعیا مین اُسکے مؤلف نے بنی قیدار کے لفظ کو نکال ڈالا ہی اور شروع خبر مین تغیر وتبدیل کی ہی اور ظاہر ہی کہ اسی پیغمبر کی شریعت مین شعائر ضروریہ سے یہ بات ہی کہ پانچون وقت منارون پر اللہ اکبر کہا جاتا ہی اور ایام حج مین ہر ٹیلے اور اونچے پر کوسون تلک پکارتے ہین اللہم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک اور اسی پیغمبر ذی شان نے فرمایا ہی کہ جب نیچے سے اونچے پر چڑھو تو اللہ اکبر اللہ اکبر کہا کرو اور جب بلندی سے نیچے اُترو تب سبحان اللہ سبحان اللہ کہو اور جب آبادی مین داخل ہو یا جب منزل پر اُترو

جب کوچ کرو تب خدا کو اسطرح سے یاد کرو پس مین کہتا ہون کہ یہ خبر ہمارے پیغمبر پر صادق آتی ہی
یا اُس پر جسنے ایسا کچھ نہ کیا ہو اور جسکی شریعت مین گھنٹہ و ناقوس بجا کر نماز پڑھتے ہون اور دروازے
بند کرکے خدا کا ذکر چپکے چپکے کرتے ہون اسی سبب سے کعب احبار نے کہ اورشلیم مین یہودیانی مذہب کے بڑے
عالم تھے اور صرف اپنی طیب خاطر سے اسلام لائے تھے گواہی دی کہ توریت مین محمد رسول اللہ کی صفت
یون لکھی ہی امتہ الحمادون یحمدون اللہ فی کل منزل ویکبرونہ علی کل شرف الی آخر قال ینادی منادیہم
فی جو السماء یعنی وہ ایسا شخص ہوگا کہ اُسکے لوگ خدا کی بڑی حمد کرنے والے ہین کہ ہر منزل مین سفر کے
خدا کی تعریف کرینگے اور ہر بلندی پر خدا کی یاد اور اُنکا پکارنے والا جو ہوا مین کھڑا ہو کر پکاریگا کہ
آؤ خیر ونجات کی طرف اور یہ گواہی ایسی اسناد متصلہ سے ثابت ہی کہ مثل اُسکے کوئی واقعہ انجیل کا
ثابت نہین اور یہ جو اشعیا نے فرمایا کہ درماندہ نہوگا یہان تک کہ اپنی حکومت وعدالت زمین کو سونپے
بھی صریح مراد صلعم ہین جنکی شان مین واللہ یعصمک من الناس نازل ہی نہ کہ حضرت عیسیٰ کہ اُنکے یہان
حکومت کا نام نہ تھا اور کس لطافت سے جہاد کی تعریف ہی کہ خدا دشمنون سے لڑیگا نہ یہ کہ جیسا اگلے
پیغمبرون کے دشمنون سے کہ مضطر کرکے مار ڈالا حقیقت مین یہ بھی رحمۃ للعالمین کی شان ہی کہ خدا کے
دشمنون سے جو لڑے تھے تو اسطرح لڑے کہ اُنکی بھی دل کی ہوس نکلتی رہے نہ یہ کہ بے بس وبیکس ہوکر
نہین مارے پڑے کہ بستیان اُلٹ گئین ہون اور پانی مین غرق ہون یا ہوا سے اُکھاڑ دیا ہو یا بستیان
و باسی اُجڑ گئے ہون بلکہ مقابل ہوکر لڑے اور مارے گئے اور ناواقف کاری اور بت پرستی جیسی
عرب مین تھی ویسی کہین نہ تھی کیونکہ عرب کے لوگ خدا کی صفتون سے بالکل واقف نہ تھے اور معاد کو
تو جانتے ہی نہ تھے کیا چیز ہی اور پتھر اور درخت کو اسطرح خدا جانتے تھے کہ جسطرح اب فرنگستان مین
حضرت عیسیٰ اور صلیب کی تصویر کو جانتے ہین اور وقت عبادت آگے رکھتے ہین سو وہ لوگ
ایسے راہ یاب ہوے کہ اُنکی ہدایت کا جلوہ جہان مین ابتک پھیلا ہی اور اسی جلوے کی تمنا
حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام جی ہی جی مین لیگئے مگر حضرت عیسیٰ کی تمنا بر آنے والی ہی
اسیکا حضرت اشعیا علیہ السلام ذکر کرتے ہین کہ خدا کی شریعت سے ناواقف کارون کے لیے
اُس بندے کو ظاہر کرونگا کہ اُسوقت سے بت پرستی کی موقوفی پھیلیگی اور بت پرست لوگ ہزیمتین
اُٹھاوینگے اور یہ خبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ہرگز صادق نہین آتی ہی کیونکہ حضرت اشعیا
پُکار پکار فرماتے ہین کہ وہ شخص موعود خدا کا بندہ ہوگا نہ خود خداوند تعالے سواے اسکے
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت صرف بنی اسرائیل کے لیے تھی پہلی انجیل کے پندرھوین باب

نسخہ ۱۸۱۱ مین حضرت عیسیٰ کا قول نقل کیا ہی کہ لم ارسل الا الی غنم بیت اسرائیل الضالۃ یعنی مین سوا اسرائیل کے گھرانے کے گمراہ بھیڑون کے اور کسی کے لیے بھیجا نہین گیا اور اسی انجیل کے دسوین باب مین ہی کہ حضرت عیسیٰ نے اپنے شاگردون کو صرف نبوت اسرائیلیہ پر بھیجا ہی اور انیسوین باب مین فرماتے ہین کہ تم بنی اسرائیل کے بارہ فرقون پر حکومت کروگے اور پولوس کے خط موسومہ عبرانیون سے واضح ہی کہ عہد جدید صرف خاندان اسرائیل کے لیے ہی اور یہ دعوی کہ حضرت عیسیٰ سارے جہان کے لیے آئے تھے محض غلط ہی غایت الامر یہ البتہ بوجھا جاتا ہی بعض اقوال حضرت عیسیٰ سے کہ اگر غیر بنی اسرائیل بھی مہتدی بشریعت عیسویہ ہو تو ہوسکتا ہی مگر بعثت انکی صرف بنی اسرائیل کے لیے ہوئی ہی علاوہ اس سے تخصیص بنی قیدار کی کیسی پکارتی ہی کہ حضرت عیسیٰ مراد نہین ہوسکتے ہین قطع نظر اس سے حضرت عیسیٰ درماندہ ہوکر دنیا سے گئے اور اللہ نے کچھ حفاظت نہ کی اور دشمنون سے محفوظ نہ رکھ سکا حالانکہ حضرت اشعیا کے قول مین یہ وعدہ تھا اور جن لوگون پر حضرت عیسیٰ آئے تھے وہ لوگ ناواقف نہ تھے بلکہ بڑے بڑے عالم تھے کہ حضرت عیسیٰ نے خود انکو فرمایا ہی کہ تم لوگ علم کی کنجی ہو اور بائبل کے رسالون سے معلوم ہوتا ہی کہ بنی اسرائیل چار سو کئی برس پیشتر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بت پرستی چھوڑ چکے تھے اور پھر کبھی بت پرستی مین نہ پڑے پس حضرت عیسیٰ کے ہاتھ سے کون سی بت پرستی موقوف ہوئی اور کن بت پرستون نے ہزیمتین اٹھائین اور با وصف اسکے مقولہ حضرت اشعیا مین عیسائیون نے تحریف بھی کی لیکن تاہم صادق نہ آیا اور تحریف یہ ہی کہ اول جملہ کے مقام پر نسخہ عبریہ ۱۸۲۱ مین یون بنایا یعقوب فتائی اعتضدہ و اسرائیل مختاری قبلتہ نفسی اعطی روحی علیہ لیخرج الحکم للامم اور نسخہ ۱۸۳۱ مطابق ۱۸۴۴ کے ہی اس نسخہ ۱۸۱۱ مین بندے کا لفظ نکالا گیا تحریف اسی کا نام ہی اور اسی قول مین کہ جب تک زمین پر عدالت نہ کرے نہ گھٹیگا اور جزیرے اسکی شریعت کی راہ تکینگے موجود ہی اور ۱۸۳۱ مین عاجز اور دل شکستہ نخواہد شد تا وقتیکہ عدل را بر زمین قائم نہ نماید و جزائر منتظر شریعت او خواہند گردید اور ۱۸۱۱ مین لا یسرق ولا یکسر الی ان یضع الحکم علی الارض وعلی اسمہ تتکل الامم پس ملاحظہ کرنا چاہیے کہ کہان گھٹیگا اور کہان عاجز و دل شکستہ نخواہد شد اور کہان لا یسرق اور کہان عدل کرنا کہ یہ ہر نبی کی شان ہی اور کہان حکومت کہ ہر نبی شان نہین بلکہ صرف بعضون کے واسطے ہوا جسطرح ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت موسیٰ اور داود علیہما السلام اور دیکھا چاہیے کہ کہان جزایر اور کہان امم جو اس قول مین ہی صحرا و دشت اور صحرائی اور دشتی گانون اور

اور یہ جو قیدار مین ہین آواز بلند کرین پہاڑیان گیت گاوین پہاڑون کی چوٹیون پر للکارین یہ ترجمہ
نسخہ فارسیہ مطابق ہی اور عربی والے نے کیا خوب مختصر کرکے لکھا ہی اور قیدار کا لفظ اپنے
مطلب کے لیے کیسا نکال ڈالا ہی افرحی ایتہا البریۃ وقرایا یعطون للہ مجدا یعنی خوش ہو اے جنگل
اور اسکے دیہات کہ وہی خدا کی بڑائی کرتے ہین پس باوصف ان تحریفات کے بھی حضرت
اشعیا علیہ السلام کا قول حضرت عیسیٰ پر کسی طرح صادق نہین آتا مگر یہ سارا مقولہ انکی کتاب سے
نکالا جائے خوشخبری سوم حضرت اشعیا علیہ السلام فرماتے ہین آٹھوین باب نسخہ سنہ ۱۸۳۱
اس امت کی سے باتین نہ کرو اور جس سے یہ ڈرتے ہین نہ ڈرو صرف لشکرون کے خداوند سے
ڈرو کیونکہ وہی مقدس ہی اور وہی پہاڑی ٹھینگ مولا پتھر ہی دو اسرائیلیون کے لیے بستی ہی
اور یروشلیم کے لیے مہاجال اور فریب ہی کہ لوگ ٹھوکر کھاوینگے اور گرینگے اور ٹوٹینگے اور قید
کیے جاوینگے پس لپیٹ رکھو دستاویزین اور مہر کرکے رکھ چھوڑو صحیفے جو میرے شاگردون کے
پاس ہین اور مین اب انتظار کرونگا اس مالک کا جو منہ چھپاویگا اسرائیلیون سے اور اسی
پر تاک لگائے رہونگا انتہی یعنی یہود کی سی باتین نہ کرو اور انکی طرح فلسطینیون اور روم اور یونان
وغیرہ کے بادشاہون سے نہ ڈرو اور انکو مقدس نہ سمجھو بلکہ چاہیے کہ تمہارا اشمار اور
اعتماد لشکرون کے خداوند پر ہو جو بادشاہ عادل اور مقدس ہی وہ قیمتی پتھر ہی جو معمارون نے
متروک کیا تھا لیکن حق تعالے نے اسے کونے کے سرے پر رکھا اور خاتم الانبیا بنایا وہ اسرائیلیون کے
لیے پھنسی ہی کہ انپر مسلط ہوگا اور پھنسی کی طرح ایک ایک کرکے سب کو شکار کریگا اور یروشلیم
اور شام کے لیے مہاجال ہی کہ اکبارگی اسمین عمل کریگا اور لوگ اس پتھر سے ٹھوکر کھاوینگے
کہ اسکی نبوت مین شک کرینگے اور گرینگے اور جب گرینگے چور چور ہو جاوینگے اور پھندے مین
قید کیے جاوینگے کیونکہ بھاگنے کی طاقت نہ رکھینگے پس رفتہ رفتہ تمام خلق اور لشکر کا مالک
اور مخدوم ہو جاویگا اور سب اسکے دین مین آجاوینگے سو یہ بات امام مہدی رضی اللہ عنہ کے
وقت مین ہوگی پس ای پیغمبرو اپنی دستاویزین لپیٹ رکھو اور صحیفے انبیا کے سمیٹ رکھو
کیونکہ جب وہ لشکرون کا مالک ظاہر ہوگا یہ سب منسوخ ہو جاوینگی اور انکی کچھ احتیاج نہ رہیگی
اور اب مین اسی مالک کی جو بنی اسرائیل سے روپوش ہی اور انکو بنی اسرائیل حقیر
جانتے ہین انتظار کرونگا کہ وہ اسرائیلی نہوگا بلکہ اسرائیلون کے گھر آنے سے نبوت چھین لیگا
اور انکا غرور ڈھاویگا پس یہ خبر ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہی اور حضرت

حضرت عیسیٰ کی نہین ہوسکتی کیونکہ حضرت عیسیٰ ملک اور لشکر اور تیغ اور سلطنت کچھہ نہ رکھتے تھے عیسیٰ کی صفت ایسی نہ تھی کہ جسمین لوگ ٹھوکر کھاوین اور گرین کیونکہ انکی شرع مین قتل اور حبس کا حکم نہ تھا اور نہ اسمین کوئی ٹھوکر کھاکر گرا اور نہ ٹوٹا اور نہ قید ہوا اور حضرت عیسیٰ تو خاص اسرائیلی تھے اور بنی اسرائیل کی خاص ہدایت کو مبعوث ہوے تھے منھہ چھپانا اسرائیلیون سے کیا معنی اور کسی شریعت کے بقول نصاریٰ حضرت عیسیٰ ناسخ بھی نہ تھے پھر دستاویز دن کے لینے کی کیا حاجت تھی اور کونے کے سرے کا پتھر ہونا ایسا ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ثابت ہی جسطرح حضرت عیسیٰ کی نبوت کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مثلی ومثل الانبیاء کمثل قصر احسن بنیانہ ترک منہ موضع لبنة فطاف بہ النظار یتعجبون من حسن بنیانہ الا موضع اللبنة ختم بی البنیان وختم بی الرسل یعنی میری کہاوت اور پیغمبرون کی کہاوت ایک کی سی ہی کہ خوب اچھی عمارت بنائی گئی مگر ایک اینٹ کی جگہ رہنے دی پھر گھومے اسکے گرد دیکھنے والے کہ تعجب کرتے تھے اسکی خوبی عمارت سے مگر ایک اینٹ کی جگہ خالی تھی سو مین نے بند کیا اس اینٹ کی جگہ کو جو رہ گئی تھی اور تمام ہوئی مجھسے عمارت تمام ہوئی مجھسے نبوت یہ حدیث صحیح بخاری اور مسلم مین ہی اور مشکوٰة مین فضائل سید المرسلین مین مذکور ہی اسی طرح بہت خوش خبریان حضرت شعیا نبی نے دی ہین جسکا جی چاہے ابتک انکے صحیفے مین موجود ہین دیکھے آیندہ اگر عیسائی نکال ڈالین تو عجب نہین ہی کیونکہ جب چھاپا جدید ان کتابون کا ہوتا ہی تب کچھہ کچھہ نکال ڈالتے ہین اور حضرت ارمیا علیہ السلام کے صحیفے کے بارھوین باب مین ہی کہ خدا کی تلوار اسطرف سے اسطرف تک کھالیگی اور کسی انسان کو سلامتی نہوگی جس زمین کا مین نے قوم اسرائیل کا وارث کیا مین انھین انکی زمین سے اکھاڑ ڈالونگا اور یہودا کے گھرانے کو انمین سے اکھاڑونگا اور ایسا ہوگا کہ انکے اکھاڑنے کے پیچھے مین پھرونگا اور انپر رحم کرونگا اور ہر ایک کو اپنی اپنی میراث پر اور ہر ایک کو اپنی اپنی زمین مین پھر لاؤنگا اور ایسا ہوگا کہ اگر وے میرے لوگون کی راہین سیکھینگے کہ میرے نام سے خداوند حی کی قسم کھاوین جیسا انھون نے میرے لوگون کو بعل کی قسم کھانا سکھایا تو وے میرے لوگون کے درمیان آباد ہونگے انتہی ملخصًا یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور اسکے اتباع جہاد کرتے رہینگے یہانتک کہ مہدی رضی اللہ عنہ ظاہر ہوکر سب گمراہون کو صاف کر ڈالیگا اور اسوقت سبکے سب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ایمان لاوینگے اور آرام سے رہینگے اور شرع محمدی کے موافق قسم کھاوینگے

اور ظاہر ہے کہ حضرت ارمیا کے بعد کسی وقت مین ایسا نہین ہوا کہ تمام زمین مین ایک دین
ہو جاوے مگر امام مہدی کے وقت مین اسلامیون کے قول پر ایسا ہوگا جب عیسیٰ علیہ السلام بھی
دوسرا ظہور پکڑینگے اور عیسائی بھی ایسا کہتے ہین کہ ایک دن ایسا ہوگا پس بالاتفاق ثابت ہے
کہ ایک دن تمام جہان مین ایک دین جاری ہوگا اور کافر مخالف نہ رہیگا مگر حضرت ارمیا کے
کلام سے نکلتا ہے کہ وہ دین محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ہوگا کیونکہ حضرت عیسیٰ کے دین مین خدا کی
قسم کھانا نہین درست اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین مین درست ہے سو اُسوقت اگر حضرت عیسیٰ کا
دین ہوتا تو قسم خدا کی نہ کھاتے اور حضرت ارمیا کہتے ہین کہ خدا کی قسم کھائینگے پس معلوم ہوا کہ
محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے دین مین ہوگا اور تلوار کا کھالنا اور زمین موروثی کا چھین لینا اور
یہود کے گھرانے کو آگ لگانا یہ سب دلائل قویہ ہین کہ یہان سے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
مراد ہین اور اگر کوئی کہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے بزور شمشیر مذہب اسلام جاری کیا اور
یہ خدا کی خوبی کے خلاف ہے کہ لاکھون آدمیون کو بے جان کرکے اپنا دین حق جاری کرے اور
اللہ نے کسی نبی یا بادشاہ کو کیون نہین فرمایا کہ دنیا مین زور اور ظلم سے میرا دین جاری کرو
تو ہم کہتے ہین کہ حضرت نوح کے وقت مین کیا ہوا تھا جو آدمیون کو چرندون پرندون
درندون سمیت غرق آب کیا دنیا میں کئی شخص معدود رہ گئے کہ پیدایش کی کتاب مین صاف
موجود ہے اور حضرت ابراہیم نے لدلاعومر بادشاہ وغیرہ کو کسطرح قتل اور غارت کیا تھا
اور حضرت لوط کی اُمت پر کسطرح آگ اور گندھک برسی تھی اور فراعنہ حضرت موسیٰ کے
ہاتھ سے کیسے ہلاک ہوئے تھے اور حضرت موسیٰ کے حکم سے حضرت یوشع نے کسطرح عمالقہ کو
تلوار سے شکست دی ہے اور بارہ سو سردار نے بارہ ہزار اسرائیلون کو ساتھ لیکر حضرت موسیٰ کے
حکم سے مدیانیون کو کسطرح قتل کیا تھا اور انکا مال و اسباب و دواب و مواشی کیسے سب
لوٹ لیے تھے اور اُنکی ساری بستیان اور گھر کیسے پھونک دیے تھے اور حضرت داؤد نے کسطرح
چار سو اسی کوس مصر تک سیر کرکے اُس زمین کے لوگون کو قتل کیا تھا اور جلیاب فلسطینی کو
کسطرح اپنے ہاتھون سے مارا ہے اور سمسون نے ایک گدھے کی ہڈی سے ہزار آدمی کسطرح
مار ڈالے تھے اور ابن الملاک یعنی دجال کو عیسیٰ علیہ السلام اپنے دم سے کسطرح فنا کر دینگے
اسی طرح ہمارے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی تلوار کے زور سے دین حق جاری کیا تھا
جسکا ذکر اشعیا اور ارمیا علیہما السلام اور سارے پیغمبر کرتے آئے اور یہ تو اللہ کی مصلحتین

عجیب ہین جسکا اشارہ حضرت اشعیا اپنے صحیفے کے آٹھوین باب مین فرماتے ہین یعنی آخر زمانے مین یہی اُسکی حکمت نے تقاضا کیا کہ خلق بزور راہ راست پر لائی جاوے اُسکو تہذیب عام و تکمیل تام منظور تھی اسواسطے نبوت اور سلطنت کو ایک کر کے حکم دیا کہ سبکو سیدھا کر دیجہانے ہون یا کہ مار دہاڑ سے اور یہ قہر بھی صرف تہذیب کے واسطے منظور ہی اور آخر مین ایسا ہی ہوتا ہی کہ جب لوگ کسی طرح نصیحت نہین سُنتے اور پند کرنا حد سے گذر جاتا ہی اُسوقت حکم ہوتا ہی کہ تمامین کو مار و سو حق تعالے نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بلکہ زیادہ بھیجے اور اُنھون نے خلق کو بخوبی نصیحت کی بلکہ بعضون نے مار دھاڑ بھی جاری کی اور بعضون نے بد دعا سے خلق کو تباہ کیا لیکن وہ ہرگز سیدھے نہوے مگر تھوڑے سے ہر زمانے مین حتی کہ ہند اور فارس وغیرہ مین اُنکا دین نہ پہونچا تب حق تعالے نے یہی تجویز کیا کہ اب حکم تیغ کا علی العموم دنیا خوب ہی اور سواسے اسکے اور بھی خبرین حضرت ارمیا علیہ السلام کے صحیفہ مین موجود ہین اُن سب کا لکھنا تطویل لاطائل ہی فائدہ چونکہ ذکر دانیال اکبر و اصغر کا اس مقام پر ضرور رہا اسلیے پوشیدہ نہ رہے کہ دانیال دو شخص ہین ایک دانیال اکبر جو بقول صاحب اخبار الدول مابین ہود و صالح علیہما السلام کے تھے ابن جوزی نے صفوۃ الصفوۃ مین لکھا ہی کہ دانیال اکبر کو وحی ہوئی کہ دو نہرین عظیم یعنی دجلہ و فرات کھود دانیال نے التماس کیا کہ مین کسطرح کھودون ارشاد ہوا کہ ایک سیخ لوہے کی لیکر لکڑی مین گاڑ اور اپنی پشت پر پھینک دے کہ مین اسلیے تیری اعانت کے فرشتے بھیجونگا چنانچہ دانیال اکبر نے ایسا ہی کیا تب یہ دونون نہرین کھودی گئین یہ حضرت بقایاے قوم عاد سے تھے انھین کی قبر شہر عراق مین ابو موسیٰ اشعری کی حکومت مین دستیاب ہوئی تھی اور زمانہ خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تھا سو اُس قبر کو مسلمانون نے اُٹھایا اور لاش مبارک کو بعد تجہیز و تکفین نماز پڑھ کر دفن کیا چنانچہ زمانہ کسریٰ مین جب قحط برپا تھا یا پانی کی ضرورت ہوئی تھی تو اُسی قبر سے استسقا کرتے تھے کذا فی اخبار الدول اور بعض کتب مغازی مین لکھا ہی کہ دانیال اصغر کی قبر خلافت حضرت عمر مین ملی ہی اور صورت اُسکی یون ظاہر ہوئی کہ جب ابو موسیٰ اشعری مدینہ سوس پر غالب آئے تو وہان ایک مکان مقفل دیکھ پڑا کہ اُسکو ابو موسیٰ نے کھلوایا اُسمین ایک سنگ کلان بصورت حوض رکھا تھا اور اُسمین ایک شخص طویل و عریض چوکھٹ پر مردہ پڑا تھا ابو موسیٰ نے اہل سوس سے پوچھا یہ لاش کس شخص کی ہی اُنھون نے کہا دانیال حکیم کی ابو موسیٰ نے کہا وہ یہان کسطرح آئے وہ بولے

کہ ہمارے شہر مین ایک مرتبہ قحط عظیم پڑا تھا ہمارے پادشاہ نے شاہ بابل سے استدعا کی کہ دانیال حکیم کو یہان بھیجدو کہ اُنکی برکت سے قحط دفع ہو سو پادشاہ بابل نے اُنکو یہان بھیجدیا کہ اُنکی دعا سے بارش ہوئی اور قحط دفع ہوا لہذا ہمارے پادشاہ نے اُنکو اپنے ملک مین رکھا اور جب اُنھون نے وفات پائی تو اُنکی لاش باحتیاط رکھ چھوڑی اب بھی جب کسی طرح کی بلا نازل ہوتی ہی تو ہم لوگ اس مکان مین آکر بدعا و زاری عرض کرتے ہین کہ اسکی برکت سے بلا دفع ہوتی ہی ابو موسیٰ نے یہ کیفیت حضرت فاروق اعظم سے عرض کی اُنھون نے ارشاد کیا کہ نعش مبارک کو نکال کر اور نیا کفن پہنا کر بطریق سنت اسلام دفن کردو لہذا ابو موسیٰ اشعری نے مطابق ایماے فاروق اعظم اُس لاش کو دفن کیا اور بطریق جمع مابین الروایتین یہ ہوسکتا ہی کہ دونون کی لاش ملی ہو دانیال اکبر کی عراق مین اور دانیال اصغر کی سوس مین دوسرے دانیال اصغر اُنکو ابن حزقیل کہتے ہین یہ حضرت زمانہ بخت نصر مین تھے اور علم نجوم و رمل مین منفرد اور علوم حکمت و معرفت مین بے نظیر تھے اُنکو بھی بخت نصر اولاد رسل مین گرفتار کر لیگیا تھا مگر بابل مین پہونچکر اُنسے باحسان و امتنان پیش آیا اور بعد چندے بخت نصر نے چند جوان خوبصورت صاحب حکمت و فتوت اولاد بنی اسرائیل سے اپنی خاص خدمت مین رکھے اُنمین حضرت دانیال بھی تھے بلکہ اُنکو سب مین سے مستثنیٰ و مقبول کر لیا تھا اور اللہ نے اُنکو نبوت بھی عطا فرمائی ایک دن مجوسیون نے عرض کی کہ تو ایسے شخص سے ملتفت ہی جو تجھسے دین مین ناموافق اور تیرا کھانا بھی نہین کھاتا بخت نصر نے امتحان کیا تو قول مجوس صحیح نکلا تب اُسنے حضرت دانیال کو قید کیا بعد چندے بخت نصر نے ایک خواب عجیب دیکھا اور ڈرا مگر صبح تک بالکل بھول گیا لیکن پھر بھی نجومیون اور کاہنون سے پوچھا وہ بولے اگر خواب سنتے تو تعبیر بتلاتے بخت نصر نے کہا کہ اگر خواب اور اُسکی تعبیر نہین بتلاتے تو مین سب کو قتل کرونگا یہ خبر حضرت دانیال کو بھی پہونچی اُنھون نے داروغہ محبس سے کہا کہ مین خواب و تعبیر دونون بیان کر سکتا ہون داروغہ نے پادشاہ سے کہا اُسنے طلب کیا اور دستور دربار کا یہ تھا کہ جو کوئی جاتا وہ اول پادشاہ کو سجدہ کرتا تھا سو حضرت دانیال نے سجدہ نہ کیا وجہ پوچھی حضرت نے فرمایا کہ میرے خدا نے سواے اپنے دوسرے کے واسطے سجدے کا حکم نہین دیا ہی اگر مین اُسکے غیر کو سجدہ کرون تو علم و حکمت میرا جاتا رہے اور ہلاک ہوجاؤن پادشاہ نے اس کلام کو بعد تعجب پسند کیا پھر حضرت دانیال نے فرمایا کہ تونے ایک بت عظیم الجثہ جسکا سر سونے کا گردن چاندی کی کمر تانبے کی پنڈلیان لوہے کی اور ناہے کے نیچے ٹھیکریان ہین دیکھا پھر دفعۃً ایک پتھر آسمان سے گرا

کہ وہ چکنا چور ہو گیا اُسوقت تجکو خیال ہوا کہ تمام جن و انسان اِس بت کے اجزا کو جمع نہ کر سکینگے دفعۃً ایک ہوا چلی کہ اُسنے اجزاے منتشر و اُسکے جمع کیے اور وہ پتھر ایسا بڑھا کہ تمام زمین اُس سے بھر گئی بخت نصر نے سنکر کہا خواب یہی تھا اب اسکی تعبیر فرماوین دانیال نے کہا کہ بت نمونہ زمان دولت تیرا اور سر زرین ملک آرمیدہ تیرا ہی اور کمر اوروں کی مملکت سے کنایہ اور حدید مثال سلطنت فارس کی ہی کہ آدھ حال مین زیادہ استحکام پاویگی اور ٹھیکریان اشارہ ہی کہ حکومت فارسیان آخر کو ضعیف ہوگی اور جسنے آسمان سے اُترکر اُس بت کو توڑا وہ ایک پیغمبر ہی کہ آخر زمانے مین ظاہر ہوگا کہ تمام ادیان کو منسوخ فرماویگا اور شریعت اُسکی قیامت تک رہیگی بادشاہ نے کہا کہ تمھارا احسان ہوا اب تم میرے پاس رہا کرو فی الحقیقت تمھارا خدا راز پنہان سے آگاہ ہی اور سب معبودوں کا خدا ہی اور اُسی دن سے جمیع حکماے بابل کا سردار بنایا اور صوبہ داری بابل اُنکے واسطے تجویز کی حضرت دانیال نے قبول نفرمائی مگر اُسکے دربار مین تشریف رکھا کرتے تھے بعد ازان بخت نصر نے بصلاح مجوس ایک بت طلا تیار کرایا اور دانیال پیغمبر کو اُسکے سجدے کی تکلیف دینے لگا بلکہ سدرک و منک وعبد نجو نقاسے دانیال علیہ السلام کو بسبب انکار کے آگ مین ڈلوایا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت دانیال کو بھی آگ مین ڈالا تھا مگر سب لوگ محفوظ رہے تب بخت نصر نے کہا کہ خداے دانیال بڑا کامل ہی بعد چندے بادشاہ نے ایک خواب دیکھا اور حضرت دانیال علیہ السلام سے اسکی تعبیر پوچھی آنجناب نے فرمایا کہ اب بادشاہت تجھسے چھین جاویگی اور تجکو انسانون سے نکال دینگے اور بیل کی طرح گھاس کھاوینگے اور بڑی گردش زمانہ تجھپر ہوگی تاکہ تجھے معلوم ہو کہ اللہ قادر ہی جسکو چاہتا ہی اپنے ملک پر قدرت بخشتا ہی بعد اِس تھوڑے کے ویسا ہوا کہ بخت نصر آدمیون سے علیحدہ بھاگا اور مثل بہائم کے چرنے لگا اور جب بدن اُسکا شبنم سے تر ہوا تو بال نکلے اور صورت اُسکی بصورت حمار معلوم ہونے لگی اخبار الدول کی بارہ برس تک اسکی یہی کیفیت رہی مگر عقل و فراست اُسکی قائم رہی اور تا سات برس انسان رہا اِس سبب سے ملک اُسکا قائم رہا بعد اُسکے اللہ نے پھر آدمی بنایا تو وہ ایمان لایا اور اللہ کا شکر کرنے لگا لیکن مین کہتا ہون کہ اسکے ایمان مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ چونکہ اُسنے پیغمبرون کو قتل کیا اور بیت المقدس کو خراب کیا اور توریت کو جلایا اس سبب سے اللہ نے توبہ اُسکی قبول نہین کی اور ایک مچھر اُسکی ناک سے دماغ مین گیا اور بھیجا دماغ کا کھا گیا اور بعضے کہتے ہین ایمان اُسکا قبول ہوا اور بعد حصول نعمت ایمان دو برس کے بعد مر گیا اور بعضے کہتے ہین بت پرست مرا تھا بتقدیر بخت نصر اُسکا بیٹا بادشاہ ہوا اور اُسنے از روے کبر و نخوت ظروف بیت المقدس مین شراب پینی شروع کی اور حضرت دانیال نے ہرچند منع کیا لیکن اُسنے نہ مانا آخرکار اُسنے حضرت کو نکال دیا یہ حوال عورت بخت نصر نے سنا ۱۱

اُسنے اپنے بیٹے سے کہا کہ تیرا باپ بلا اصلاح ومشورہ دانیال کوئی کام نہ کرتا تھا تو نے نہایت بیجا کیا جو دانیال کو
اپنی مجلس سے دور کیا اُسنے کہا دانیال میرا دشمن تھا اسواسطے مین نے دور کیا انھین دنون مین ایک روز اسنے
مصاحبون مین بیٹھا ہوا باتین کرتا تھا کہ ایک پنجہ ظاہر ہوا اُسمین تین کلمے لکھے تھے مگر کسی نے نہ جانا وہ
کیا تھا اور فی الفور غائب ہوگیا اس واقعہ سے بادشاہ کو اندیشہ ہوا اُسنے اپنی ماں سے کہا وہ بولی کہ حقیقت
اس معاملے کی دانیال جانتا ہے سو اُسنے حضرت دانیال کو بلا کر پوچھا حضرت نے فرمایا وہ پنجہ غیبی تھا اسمین
لکھا تھا وزن فخف ووعد فانجز وجمع ففرق یعنی اللہ نے اعمال تمھارے تولے تو وہ سبک نکلے اور وعدہ
ملک کیا سو وفا کیا اور یکجا کیا اب متفرق کریگا بادشاہ نے کہا تفریق کب ظاہر ہوگی فرمایا کہ تین دن کے بعد
تو اپنے خواصون کے ہاتھ سے مارا جائیگا اور ملک ودولت دوسرے شخص کو ملیگا چنانچہ ویسا ہی ہوا اور دوسرا
شخص بادشاہ ہوا بعضے کہتے ہین کہ نام اُسکا دارا تھا اُسنے بنی اسرائیل کو مع حضرت دانیال واسباب آرایش
بیت المقدس جانب بیت المقدس روانہ کردیا اور بعض اہل سیر فرماتے ہین کہ بابل مین ہے اور موضع سوس مین کہ
متعلق ارض مغرب سے ہے وفات پائی اور اکثر قائل ہین کہ وفات بیت المقدس مین ہوئی وہین مدفون ہین
اخبار الدول مین ابی زیاد سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتا ہے کہ مین نے ایک انگشتری ابی بردہ ابن ابی موسیٰ اشعری کے
ہاتھ مین دیکھی کہ اُسکے نگین پر تصویر دو شیرون کی تھی اور مابین اُنکے ایک تصویر آدمی کی گویا دو شیر اُس آدمی کو
چاٹتے ہین اور ابوبردہ نے کہا کہ یہ خاتم دانیال علیہ السلام کی ہے بوقت دفن کرنے کے میرے ہاتھ لگی کہتے ہین
کہ سبب اس نقش کا یہ تھا کہ جب بخت نصر نے بنی اسرائیل کے لڑکون کو قتل کرنا شروع کیا تو دانیال اسی عرصہ مین
پیدا ہوے انکی ماں نے بخوف قتل ایک گڈھے مین ڈال دیا اس امید سے کہ اللہ اسکو محفوظ رکھیگا سو حافظ حقیقی نے
ایک شیر کو واسطے حفاظت کے اور ایک مادہ شیر کو واسطے دودھ پلانے کے معین فرمایا کہ وہ دونون انکو چاٹتے اور کھلاتے تھے
جب دانیال جوان ہوے تو اُنکی ماں نے واسطے تذکیر نعماے الٰہی کے وہی صورت فص خاتم مین کندہ کرائی تھی
**فائدہ** حضرت دانیال نے بھی ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری پر بشارتین اپنی اُمت کو دی ہین کہ
ابتک صحیفہ دانیال مین جو عیسائیون کے پاس موجود ہے لکھی ہوئی ہین اور اُنسے معلوم ہوتا ہے کہ تمام کاروبار اُنکا خواب پر تھا
جسطرح حضرت یوسف علیہ السلام کا اول خوشخبری جو حضرت دانیال نے دی یہ ہے کہ مین نے چار جانور دیکھے ایسے
اور ایسے اور چوتھا بہت ہی عظیم وقوی تھا اُسکے دانت لوہے کے تھے کھا جاتا تھا اور پیس ڈالتا تھا جو کچھ اُسکے
مُنہ مین پڑتا تھا اور وہ سب جانورون سے ممتاز ومخالف تھا اور اُس جانور کے دس سینگ تھے پس دیر نہ گذری تھی
کہ اُن سینگون مین سے چھوٹی چھوٹی شاخین جمین اور اُسمین آنکھین بن گئین پھر ایک چھوٹا سینگ ایسا بڑھا کہ سب سے
بڑا ہوگیا اور اُس سے مین نے عجیب کلام سُنا سو یہ چوتھی مملکت ہے کہ سب کے آخر ہوگی اور سب سے افضل واکمل

انتہی قولہ ملخصاً پس مین کہتا ہون کہ یہ سلطنت عظیمہ ہمارے حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور لوہے کے دانت جہاد دیون کے ہتیار ہین اور شرع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سبکی مخالف یعنی ناسخ ہے اور دس سینگ صحابہ عشرہ مبشرہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ہین اور سنگوٹیان خلفاے عباسیہ وغیرہم اور چہوٹا سینگ حضرت امام موعود مہدی آخرالزمان ہین اور کلام عجیب قرآن شریف یا اسرار معرفت اگرچہ اس خبر مین عیسائیون نے تحریف کی ہے لیکن ہمارے مطلب کی بات ابتک موجود ہے اگر کسی کو منظور ہو تو ساتوان باب صحیفہ دانیال کا ملاحظہ کرے دوسری خوشخبری جو دسوین و بارھوین باب کے ملانے سے صاف نکلتی ہے کہ حضرت دانیال فرماتے ہین مین دیکھتا ہون کہ دجلے کے کنارے کھڑا ہون اور ایک شخص کتانی پیراہن پہنے ہوے خالص سونے کا پٹکا باندھے کھڑا ہے اسکا بدن برجد کا منہ بجلی کا آنکھین مانند مشعل بازو و پیر اسکے چمکتی تھین باتون مین ایک آواز ہنگامے کی پہر مین نے دیکھا کہ دو اور کھڑے ہین ایک نہر کے کنارے اسطرف دوسرا اسطرف سو ایک نے اُس مرد کتان پوش سے پوچھا کہ ان عجائبات کا آخر کب تک ہے اُسنے دونون ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرکے حی القیوم کی قسم کھائی اور کہا ایک وقت اور دو وقت اور آدھے وقت تک ہے پر مین نہ سمجھا پہر مین نے پوچھا اُسنے کہا اے دانیال تو رحلت کر یہ باتین آخر کے وقت تک بند و مختوم رہینگی اور بہت لوگ طاہر و پاک و خالص بنینگے کمین شریر شرارت کرتے رہینگے اور سب شریر نہ سمجھینگے پر دانا سمجھینگے اور اُسوقت دائمی قربانی اٹھائی جائیگی اور تو رحلت کر رحمت پاویگا اور دنون کے آخر مین اپنی میراث مین اٹھ کھڑا ہوگا انتہی ملخصاً پس واضح ہو کہ مرد کتان پوش جو کنارے پر کھڑے تھے حضرت میکائیل حامل لوح تھے اور وہ دو شخص جنہون نے پوچھا حضرت جبرئیل و اسرافیل تھے سو حضرت میکائیل نے ساڑھے تین وقتون کی تصریح فرمائی اور انکو خاص کہا اگرچہ وقت بہت تھے سو جسکو ایک وقت کہا وہ حضرت عیسیٰ کا وقت ہے جسمین رحمت حق بخوبی ظاہر ہوئی اور جسکو دو وقت کہا وہ ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا وقت ہے جسمین رحمت حق و جلال و جمال و علم ظاہر و معرفت باطن نے بخوبی کمال پکڑا اور آدھا وقت حضرت امام مہدی کا ہے کہ اسمین محمدی شرع کامل ہوگی اور اسرار ولایت ظاہر ہونگے اور اس عرصہ درازمین جو مابین حضرت صلعم و امام مہدی کے گذریگا بہتیرے شریر نبی بنینگے اور بہتیرے آپ کو امام مہدی بتلاوینگے لیکن انکی شرارت کچھ کام نہ آویگی اور شریر نافہم یہود و نصارے ہین اور صاحب فہم اہل اسلام ہین اور دائمی قربانی اٹھ جانے سے یہ مراد ہے کہ یہ طریق قربانی جو بالفعل جاری ہے موقوف ہوجائیگا در شریعت اسلامیہ مین منسوخ ہوگا اور حضرت میکائیل حامل لوح جو اس صورت مین حضرت دانیال پر

ظاہر ہوے اسکا سبب یہ تھا کہ یہ کیفیت جلال و جمال پر دلالت کرتی تھی اور شریعت ہمارے حضرت کی بین الجلال و الجمال ہی لہذا اس صورت مین تشریف لائے کیونکہ اُسکی خبر کو آئے تھے **فائدہ** اللہ عالم الغیب و الخفیات نے توریت مین لکھدیا تھا کہ دو مرتبہ بنی اسرائیل شرارت کرینگے اُسکی سزا مین دشمنون کا غلبہ اُنکے ملک مین ہوگا چنانچہ اسی طرح ہوا کہ ایک مرتبہ جالوت غالب ہوا اور تابوت سکینہ وغیرہ چھین لیگیا پھر حق تعالے نے اُسکو حضرت داود کے ہاتھ سے ہلاک کیا اور بنی اسرائیل کو قوت و شوکت زیادہ بخشی جب کہ حضرت سلیمان پادشاہ نبی ہوے بعد اُسکے پھر اُن لوگون نے شرارت کی تب بخت نصر فارسی غالب ہوا کہ اُسوقت سے پھر سلطنت بنی اسرائیل نے زور نہ پکڑا اسی کا اشارہ سورہ بنی اسرائیل مین ہوتا ہی وقضینا الی بنی اسرائیل فی الکتاب لتفسدن فی الارض مرتین ولتعلن علوا کبیرا فاذا جاء وعد اولٰہما بعثنا علیکم عبادا لنا اولی باس شدید فجاسوا خلال الدیار وکان وعدا مفعولا ثم رددنا لکم الکرۃ علیہم الی آخر الآیۃ للکافرین حصیرا یعنی اور صاف کہ سُنایا ہمنے بنی اسرائیل کو کتاب مین کہ تم خرابی کروگے ملک مین دو بار اور چڑھ جاؤگے بڑی طرح کا چڑھنا پھر جب آیا وعدہ پہلا اُٹھائے ہمنے تمپر ایک بندے سخت لڑائی والے پھر پھیل پڑے شہرون کے بیچ اور وہ وعدہ ہونا ہی تھا پھر ہمنے پھیری تمہاری باری اُنپر اور زور دیا تمکو مال سے اور بیٹون سے اور اُس سے زیادہ کردی تمہاری بھیڑ اگر بھلائی کی تمنے تو بھلا کیا اپنا اور جو بُرائی کی تو آپ کو پھر جب پہونچا وعدہ پچھلی بار کا کہ وہ لوگ اُداس کرین منہہ اور پیٹھین مسجد مین جیسے پیٹھے پہلی بار اور خراب کرین جس جگہ غالب ہون پوری خرابی آیا ہی رب تمہارا اسپر کہ تمپر رحم کرے اگر پھر وہی کروگے تو ہم پھر وہی کرینگے اور کیا ہی ہمنے دوزخ منکرون کا بندی خانہ **فائدہ** سیاق آیہ سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اول خرابی بخت نصر نے کی اور دوسرے طیطوس رومی نے جو بعد شہادت حضرت یحیی علیہ السلام کے آیا کہ بعد اسکے پھر بنی اسرائیل کو قوت نہوئی جس جگہہ رہے خراب و پریشان رہے اب حضرت صلعم کے وقت مین ارشاد ہوا کہ اللہ مہربانی پر آیا ہی اگر اس نبی کے تابع ہو تو پھر سلطنت ملے مگر اُنھون نے شرارت کی سو مسلمانون کو غالب کیا اور آخرت مین دوزخ اُنکا گھر بنایا

## تفریح بست و چہارم در احوال حضرت عزیر علیہ السلام

تفسیر مدارک مین ہی کہ یہ نام عجمی ہی بقول محب طبری عربی عزیر و ارمیا عبری اور یہ دونون ایک ہین مگر صحیح یہ ہی کہ عزیر اور ہین اور ارمیا اور کیونکہ عزیر کے باپ کا نام شرحیا تھا اور ارمیا کے خلفیا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت عزیر اولاد دانیال اکبر سے ہین لیکن صحیح یہ ہی کہ اولاد یعقوب علیہ السلام ہین نسب انکا خود وہ دا سکے

حضرت ہارون علیہ السلام تک پہونچتا ہی اور سامرۃ الاخبار مین شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہی کہ عزیر نبی نہ تھے بلکہ ایک عالم علماے بنی اسرائیل سے تھے اور ابو الفتوح نصیر ابن ابی الفرج جنلی سے منقول ہی کہ عزیر نے بیت المقدس مین مناجات کی سو انکا نام پیغمبرون مین لیا گیا کذا فی اخبار الدول احوال حضرت عزیر علیہ السلام کا یہ ہی کہ جب بخت نصر نے بیت المقدس کو خراب کیا اور اولاد بنی اسرائیل کو گرفتار کرکے بابل کو لیگیا تو اُسمین حضرت عزیر علیہ السلام مع اپنے ایک بیٹے کے بھی قید تھے جب اللہ جل شانہ نے آپ کو قید سے نجات بخشی تو آنجناب چالیس برس کے تھے سو ایک حمار پر سوار ہوکر تن تنہا جانب بیت المقدس تشریف لیچلے یہان تک کہ دیر ہازار یا دہر ہرقل واقع کنار دجلہ میان واسط و مدائن یا شاہر آباد یا قریہ فیبت مین کہ ایک فرسخ بیت المقدس سے اسطرف واقع ہی پہونچے اور وہان کے درخت میوہ دار پائے اور شہر بالکل ویران پھر تھوڑے انجیر و انگور لیکر کھائے اور کسی قدر اپنی تھیلی مین رکھے اور گدھا سواری کا باندہ دیا اور ایک دیوار سے تکیہ دے کے بنظر عبرت اُس شہر کو دیکھنے لگے اور تعجب سے دل مین کہتے تھے کہ یہ شہر کسطرح آباد ہوگا اور باشندے یہان کے جو بالکل استخوان بوسیدہ ہوگئے ہین کیونکر زندہ ہونگے چنانکہ اللہ صاحب نے سورۂ بقر مین فرمایا او کالذی مر علی قریۃ وہی خاویۃ علی عروشہا قال انی یحیی ہذہ اللہ بعد موتہا یعنی یا جیسے وہ شخص کہ گذرا ایک شہر پر اور وہ گر پڑا تھا اپنی چھتون پر بولا کیونکر جلاویگا اللہ بعد مرنے کے فاماتہ اللہ مائۃ عام ثم بعثہ یعنی پھر مارا اُسکو اللہ نے سو برس پھر اُٹھایا اسی شکل و صورت و عقل و فراست پر اور طعام و شراب و حمار اُسکا اس مدت تک پردۂ حمایت مین رکھا تفسیر جواہر مین لکھا ہی کہ جب عزیر کی موت سے ستر برس گذرے تو بخت نصر بابلی مرگیا تب اللہ نے ایک بادشاہ فارسی بھیجا اُسنے بیت المقدس کو آباد کیا نام اُسکا نوشک تھا اور بعضون کے نزدیک کورس ہمدانی نے آباد کیا اور اُسنے بنی اسرائیل مین شادی کی اگرچہ کئی طرح کی روایتین اہل تاریخ نے لکھی ہین مگر یہ دو روایتین لائق وثوق ہین مولانا رفیع الدین نے محدث نے لکھا ہی کہ ابتدا سے بخت نصر سنہ چار ہزار آٹھ سو اکتالیس ہبوطی حواو چار ہزار آٹھ سو ستائیس مین ہی اور تخریب بیت المقدس چار ہزار آٹھ سو ستاٹھ یا اٹھسٹھ ہین اور گشتاسپ ابن لہراسپ جسکو یہودی کورس کہتے ہین سنہ چار ہزار نو سو سات مین بادشاہ ہوا سو اسنے بیت المقدس کو چار ہزار نو سو سینتیس مین آباد کیا اور یہ کورس بہمن اسفندیار تھا اور زردشت اسی سنہ مین ہوا اور گشتاسپ نے اُسکی متابعت کی پس اس حساب سے بعد تخریب ستر برس کے گذرنے پر بیت المقدس آباد ہوا ہی اور روایات سے ثابت ہی کہ بیس برس مین اسکی آبادی از سر نو کی گئی وہذا القول اقرب

بخت نصر بضم با و حا و سکون خا معجمہ بعدہ فوقانی و فتح نون و صاد مہملہ مشدد مفتوح و بعدہ را مہملہ نام بادشاہ کا فر ... کہ بخت نصر سے کہ در اصل بخت بمعنی پسر تھا اور نصر نام بت کا جب حالت طفلی مین اسکو بت کے روبرو پایا اور نام اسکے باپ کا معلوم نہ تھا اس سبب بت کی طرف منسوب ہوا اور شہر بخت منسوب اسی بادشاہ سے ہے ۱۲ قاموس

الی الصواب واللہ اعلم بحقیقۃ الحال القصہ جب بیت المقدس آباد ہوا تو اللہ نے حضرت عزیر علیہ السلام کو زندہ کیا اور اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے وبروایتے کسی اور فرشتہ نے پوچھا وبروایتے جانب فلک سے آواز ہوئی کہ ای عزیر تو یہان کتنی مدت رہا حضرت عزیر نے دیکھا کہ آفتاب غروب نہین ہوا آہر اور مین یہان پہردن چڑھے آیا تھا تو جواب دیا کہ ایک روز ٹھہرا ہوں یا اُس سے کچھ کم اُسنے کہا نہین بلکہ سو برس یہان رہا ہی کما قال اللہ تعالے فی سورۃ البقر قال کم لبثت قال لبثت یوما او بعض یوم قال بل لبثت مائۃ عام یعنی کہا تو کتنی دیر رہا بولا مین رہا ایک روز یا روز سے کچھ کم کہا نہین تو رہا سو برس سا تب تو حضرت عزیر علیہ السلام کمال تعجب مین پڑ گئے اور آنکھ اُٹھا کے شہر کو دیکھا تو مثل روضۂ رضوان و ہمچو گلستان پایا

درختش ز طوبی دلاویز تر ✿ گیاہش سوسن زبان تیز تر ✿ روندہ در و آبہا جو بجو ✿ وزندہ درو بادہا سو بسو ✿ بہر گوشۂ دلکشا منزلے ✿ بہر جانب از مردمان محفلے ✿

اس معاملہ سے اور بھی حیران ہوے پھر ارشاد ہوا کہ فانظر الی طعامک وشرابک لم یتسنہ یعنی اب دیکھ اپنا کھانا اور پینا کہ سڑ نہین گیا چنانچہ حضرت عزیر نے دیکھا تو سب کھانا پینا بدستور موجود پاس رکھا تھا اور انجیر و انگور اسی طرح تازہ و تر بلا تغیر و تبدیل پائے گئے اب اور بھی متحیر ہوے پھر ارشاد ہوا وانظر الی حمارک ولنجعلک آیۃ للناس وانظر الی العظام کیف ننشزہا ثم نکسوہا لحما یعنی دیکھ اپنے گدھے کو اور تجکو ہم نمونہ کیا چاہتے ہین لوگون کے واسطے اور دیکھ ہڈیان کسطرح اُنکو اُبھارتی ہین پھر اُنپر پہناتے ہین گوشت چنانچہ عزیر نے دیکھا تو گدھے کی ہڈیان سفید سفید رکھی تھین اور گوشت پوست سارا گل کر ٹپک ٹپک مل گیا تھا

شہ بند قالبش مجموع از ہم ریختہ ✿ استخوانہا ماندہ وآن ہم بخاک آمیختہ

حضرت عزیر تامل مین تھے کہ دفعۃً آواز ہوئی کہ ای استخوان پوسیدہ و فرسودہ جمع ہو جاؤ اور ای گوشت پوست و اجزاء متفرقہ باہم ملجاؤ چنانچہ بحکم خدا وہ گدھا حضرت عزیر علیہ السلام کے روبرو زندہ ہوا اُسوقت حضرت عزیر نے کہا اعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر یعنی مین جانتا ہون کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی اس مقام سے مذہب طبیعیون کا باطل ہوتا ہی کیونکہ اگر یہ امر مفوض بطبیعت تھا تو ضرور تھا کہ انگور و انجیر بسبب امتداد مدت دراز کے متعفن ہو جاتے اور حیوان برقرار رہتا اور جب حیوان باوصف کثافت کے متغیر ہو گیا اور انگور و انجیر باوجود لطافت کے تبدل و تغیر سے محفوظ رہے تو معلوم ہوا کہ تغیر اجسام و تبدیل اجرام کو کوئی اور ہی طبیعت کو مطلق دخل نہین ہی بعضے کہتے ہین کہ یہ واقعہ حضرت ارمیا علیہ السلام کا ہی اور حضرت خضر علیہ السلام بھی وہی ہین مگر یہ قول ضعیف ہی حضرت ارمیا اور ہین اور حضرت خضر اور اسی طرح یہ واقعہ بروایت صحیحہ حضرت عزیر علیہ السلام کا ہی اور تواریخ مین لکھا ہی کہ حضرت

امام موسی کاظم رضی اللہ عنہ جب دشمنون سے پوشیدہ ہوے تو ادھر اُدھر پھرنے لگے
چنانچہ ایک قریہ مین قریات شام سے پہونچے وہان ایک پہاڑ نہایت بلند و رفیع نظر پڑا اور ایک
جماعت نصرانیون کی اُسی طرف جاتی تھی آنجناب نے پوچھا کہ یہ کون مقام ہو اور تم کہان کو جاتے ہو
وہ بولے اس پہاڑ پر ایک دیر ہو اُسمین درویش رہتا ہو وہ حل مشکل ہماری کرتا ہو اُسکے پاس
جاتے ہین سو حضرت امام موسی کاظم بھی اُنکے ہمراہ چلے گئے جبکہ دروازہ دیر پہونچے تو ایک پیر کہن سال
نکل آیا اور حضرت امام کو منور بنور حضرت حق دیکھ کر کہنے لگا کہ تم شاید امت مرحومہ سے ہو
مین تمسے چند سوال کرتا ہون ایک سوال اُنمین عسیر الجواب ہو اگر اُس سوال کا جواب دوگے
تو علم و فضل تمھارا قابل اعتماد ہو چنانچہ اُسنے چند سوالات کیے آنجناب نے جواب دیے
اُسنے کہا یہ تو سہل تھے اب سوال سخت کرتا ہون فرمایا اگر جواب صحیح و درست بیان کرون تو ایمان لاوٴگا
درویش اہل کتاب نے کہا البتہ ایمان لاوٴنگا اور اس بات پر قول قرار مضبوط ہوگیا فرمایا بیان کر اُسنے کہا
مجھکو خبر دو اُن دو بھائیون سے جو کہ ایک شب مین پیدا ہوے اور ایک روز فوت ہوے اور عجب تر یہ ہو
کہ عمر ایک کی دوسو برس کی ہوئی اور دوسرے کی سو برس کی حضرت امام نے فرمایا وہ دونون بھائی
عزیز و عزیر پسران شرحیا تھے کہ دونون توام پیدا ہوے اور پچاس برس تک دونون ایک مقام مین
بسر کرتے رہے پھر عزیر گدھے پر سوار ہوکر کسی کام کو گئے اُنکو اللہ نے مار ڈالا اور سو برس کے بعد
زندہ کیا اور اُسی گدھے پر سوار ہوکر اپنے گھر آئے اور اپنے بھائی عزیز کے ساتھ پچاس برس اور
زندگی بسر کی بعد ازان دونون نے ایک روز وفات پائی اسطرح دوسو برس کے عزیز موئی اور سو برس کے
عزیر اُسی دم وہ راہب مع حاضرین مجلس ایمان لایا فائدہ روایت ہو کہ اول مسئلہ قضا و قدر مین
حضرت عزیر علیہ السلام کو خطرہ آیا تھا سو جناب باری عز اسمہ مین بہ مناجات ملتمس ہوے یا رب
خلقت خلقا فتضل من تشاء و تہدی من تشاء یعنی ای پروردگار تو نے پیدا کیا خلق کو پھر گمراہ کرتا ہو
جسکو چاہتا ہو اور راہ راست دکھلاتا ہو جسکو چاہتا ہو اور اُسی پر عذاب و ثواب متفرع کرتا ہو ارشاد ہوا
یا عزیر اعرض عن ہذا بعد ازان پھر اُنکے دل مین خلجان پیدا ہوا پھر مناجات فرمائی حکم ہوا یا عزیر
اعرض عن ہذا والا لامحون اسمک من النبوۃ یعنی ای عزیر باز رہ اس سوال سے اور اگر نہین تو
نام تیرا نکال ڈالونگا نبوت سے حضرت عزیر نے التماس کیا کہ الٰہی مین سخت ملول خاطر ہون
اور اسکی حکمت دریافت کیا چاہتا ہون ارشاد ہوا یا عزیر ذلک سری ولا دخل لک
فی اسرار الربوبیۃ مگر یہ دغدغہ اُنکے دل سے دفع نہوا لہذا حق تعالے نے سو برس تک

اُنکو مار ڈالا اور پھر زندہ کرکے پوچھا کم لبثت کہا لبثت یوما او بعض یوم ارشاد ہوا کہ اے عزیر جو شخص سو برس کو ایک دن جانتا ہو وہ اسرار ربوبیۃ کو کیا جانیگا کذا فی مناقب الاصفیا القصہ حضرت عزیر علیہ السلام گدھے پر سوار ہوکر اپنے محلے کی طرف چلے نہ کسی نے اُنکو پہچانا اور نہ اُنھون نے کسی کو پہچانا مسافرانہ اس مقام مین گئے جس جگہ کا خیال تھا کہ یہ ہمارا گھر ہی وہان ایک عورت نابینا اور اپاہج گنجی ملی وہ عزیر کی لونڈی تھی اُسکی عمر ایک سو بیس برس کی تھی حضرت عزیر نے اُس سے پوچھا کہ یہ گھر عزیر کا ہی اُسنے کہا ہان اور سخت روئی حضرت عزیر علیہ السلام نے پوچھا کیون روتی ہی اسنے کہا تونے اُس شخص کا نام لیا ہی جو سو برس سے غائب ہی کہ اس مدت مین کسی نے اُسکا نشان نہین تبلایا اور اب تو اُسکا نام بھی کوئی نہین لیتا ہی اور کسی کو اُسکی یاد نہین ہی صرف مین لونڈی اُسکی یاد مین رویا کرتی ہون حضرت عزیر نے کہا خوش ہو مین عزیر ہون حق تعالی نے مجکو سو برس کے بعد اپنے فضل سے زندہ فرمایا ہی لونڈی نے کہا سبحان اللہ یہ بات کوئی مانیگا کہ تم سو برس کے بعد زندہ ہوے ہو اگر تم سچے عزیر ہو تو تم دعا کرو کہ میری آنکھین ہوجائین کیونکہ عزیر مستجاب الدعوات تھے اُنکی دعا سے بیمار اچھے ہوتے تھے حضرت عزیر نے دعا مانگی اُسکی آنکھین ہوگئین دیکھنے لگی اور اُسنے عزیر کو پہچانا پھر حضرت عزیر نے اُسکا ہاتھ پکڑا وہ چل کھڑی ہوئی اور پانون اُسکے اچھے ہوگئے پھر وہ لونڈی محلات بنی اسرائیل مین پکارنے لگی کہ اے بنی اسرائیل عزیر با خلعت نبوت و منصب خلافت پہونچا ہی ؎ خورشید وصال از اُفق ہجر بر آمد ٭ تاریکی شب رفت و چراغ سحر آمد ٭ لوگون نے کہا اے عورت تجکو سودا ہی سو برس ہوے عزیر کو غائب ہوے اب اُسکا نام زندون مین کون لیتا ہی پھر اُنکا بیٹا ایک سو دس برس یا اٹھارہ برس کا اور پوتے پروتے بوڑھے بوڑھے یہ خبر سُنکر دوڑے اور اس عورت سے پوچھنے لگے تو کون ہی اور کیا کہتی ہی اُسنے کہا مین تمھاری لونڈی ہون عزیر کی دعا سے اچھی ہوئی اور یہ کہتی ہون کہ سو برس کے بعد عزیر زندہ ہوکر آئے ہین چنانچہ حضرت عزیر کے بیٹے و پوتے و دیگر روسا اسرائیل حضرت عزیر کے پاس آئے بیٹے نے اپنے باپ کو نہ پہچانا کیونکہ حضرت عزیر جوان تھے اور بیٹے اُنکے سفید مو ضعیف مگر یہ کہا کہ ہمارے باپ کے دونون شانون کے بیچ مین ایک نشان سیاہ تھا بہ شکل ہلال سو ہم دیکھین تو پہچانین حضرت عزیر نے اپنے کپڑے اُتارے تو وہ علامت نظر آئی تب خوشی سے رونے اور بہ لسان حال یون کہنے لگے ؎ مژدہ باد اے بخت کہ مقصود ز در باز آمد ٭ مردم چشم جہانے ز سفر باز آمد ٭ للہ الحمد کہ از وصل مسیحا نفسے ٭ بہ تن خستہ دلان جان دگر باز آمد ٭ بعد ازان حضرت عزیر نے پوچھا توریت کیا ہوئی بولے بخت نصر نے جلا دی سو برس سے ہم بے کتاب ہین

حضرت عزیر بہت روئے اور کمال افسوس کیا اللہ جلشانہ نے ایک فرشتہ بھیجا اُسنے ایک ظرف پانی کا دیا کہ عزیر نے اُس سے پیا تمام توریت اُنکے لوح سینہ پر نقش ہوگئی کہ حضرت عزیر نے اول سے آخر تک توریت لکھوا دی الا مُسننے والون کو تردد تھا کہ یہ توریت ہی یا نہین اتنے مین ایک شخص نے کہا کہ ہمنے اپنے باپ سے سُنا ہی کہ ہمارے دادا کہتے تھے جس دن بخت نصر نے بیت المقدس لوٹا اور توریت پڑہنے والون کو مارا اور توریت جلادی ہمنے ایک جلد توریت فلان پہاڑ مین دفن کردی ہی چنانچہ سب لوگ جمع ہوکر اُس جگہ گئے اور توریت کو لائے اور حضرت عزیر کی لکھوائی ہوئی توریت سے مقابلہ کیا ایک حرف کا تفاوت نہ نکلا اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت عزیر نے فرمایا کہ اگر تمکو توریت مین کچھ شبہہ ہو تو سابق اس سے حضرت اشعیا نے اپنے خط سے لکھکر فلان مقام پر دفن کی ہی اُسے لاکر مقابلہ کرو چنانچہ مقابلہ مین کچھ بھی فرق نہ نکلا حدیث مین وارد ہی کہ توریت وقت نزول سے کسی کو یاد نہین ہوئی سوائے عزیر علیہ السلام کے اور بعض روایت مین ہی کہ حضرت ہارون کو بھی یاد تھی بعد اس واقعہ کے ایک گروہ بنی اسرائیل کا کہنے لگا کہ توریت گم ہوکر ہاتھ آئی تو عزیر بلاشبہہ خدا کے بیٹے ہین چنانکہ سورۂ توبہ مین ارشاد ہوا وقالت الیھود عزیر ابن اللہ حبیدہ ابن عمیر کہتے ہین کہ قائل اس قول باطل کا فنحاص ابن عازورہ یہودی تھا اُسی نے کہا تھا ان اللہ فقیر ونحن اغنیاء

فائدہ کتب خواص مین ہی کہ آیۂ کریمہ اوکالذی مر علی قریۃ تا علی کل شیٔ قدیر کا یہ خاصہ ہی کہ جو کوئی بروز یکشنبہ ساعت پنجم مین ورق آہو پر لکھے اور پارچۂ پاک مین لپیٹ کر آستانۂ مکان ویران کے نیچے گاڑے تھوڑے دنون مین وہ مکان آباد ہوجائے اور جو آب باران رحمت سے دھوکر درختون مین ڈالے تو خوب پھلین اور قرأت اس آیت کی بنا بر قوت حافظہ و رفع قساوت و سختی قلب کے حکم اکسیر رکھتی ہی فائدہ تواریخ مین مذکور ہی کہ اواخر ایام عزیر علیہ السلام مین سلطنت فارس شام سے منتقل ہوکر یونانیون اور رومیون کو ملی اور عمر شریف دوسو برس کی ہوئی جانب شرقی جبل طور کے مزار شریف واقع ہی دیگر ونکا سورۂ لبقر برات مین ہی اخبار الدول مین کہ بعد وفات عزیر علیہ السلام کے متولی ریاست قدس شمعون ایک شخص اولاد ہارون سے ہوے تھے واللہ اعلم

## تفریح بست وپنجم در احوال حضرت یونس علیہ السلام

نام اُنکے باپ کا متی بفتح میم وتشدید مثناۃ فوقانیہ ہی کذا صحح ابن حجر اور عبد الرزاق نے کہا ہی کہ متی نام والدہ کا تھا اور قرطبی نے اپنی تفسیر مین کہا ہی کہ یونس ابن العجوز ہین جو کہ چودہ دن مردہ رہے اور حضرت الیاس کی

دعا سے پھر زندہ ہوئے اور بعضے مؤرخین نے لکھا ہی کہ انکے نسب پر کسی کو
اطلاع نہین اور مطالع المسرات مین ہی کہ اولاد انبیا مین سے تھے اور بعد حضرت
سلیمان کے نبی ہوئے اور اخبار الدول مین بعد الیسع کے لکھا ہی اور بعضے بعد شعیب کے
کہتے ہین مگر نزدیک اہل تحقیق کے صاحب الامر حضرت شعیا تھے اور بادشاہ حذقیا اور
بنی اسرائیل فلسطین وارون مین تھے اتفاقاً موصل و نینوی کے لوگ کہ مابین شام و عراق ہین
باعانت بادشاہ بنی اسرائیل پر چڑھ آئے اور اسباب لوٹ لے گئے اور ساڑھے نو سبط قید ہوگئے
حذقیا نے یہ ماجرا حضرت شعیا سے کہا اور عرض کیا کہ جب تک قیدی رہا نہین ہوتے تدارک انکا
نہین کرسکتا ہون اسواسطے کہ جب اسطرف سے فوج جائیگی تو وہ قیدیون کو مار ڈالینگے حضرت
شعیا نے فرمایا کہ تیری مملکت مین پانچ پیغمبر ہین ایک پیغمبر کو بنابر ہدایت وافہام کے روانہ کر
کہ انکو سمجھاوین اور قیدیون کو چھڑا لاوین حذقیا نے کہا آپ ہی کسی کو تجویز فرماوین فرمایا
کہ یونس بڑے محنتی وامین ہین اور اللہ کے نزدیک عزیز اور کثرت عبادت مین سب پیغمبرون سے
ممتاز ہین انکو روانہ کر اگر وہ لوگ نہ مانینگے تو یونس معجزات وخوارق سے راہ پر لاویگا
اسی وقت حذقیا نے یونس علیہ السلام کو طلب کیا اور حال کہا یونس نے فرمایا کہ اگر حضرت
شعیا بحکم الٰہی تجویز کرتے ہین تو مضائقہ نہین جاتا ہون ورنہ میری اوقات مین خلل
واقع ہوگا حذقیا نے کہا آپکا تعین بحکم خدا نہین ہی مگر حضرت شعیا علیہ السلام نے فرمایا
اور وہ صاحب الامر ہین انکی اطاعت کرنا واجب ہی ناچار جانا مناسب ہی حضرت یونس
گرانی خاطر سے روانہ ہوئے اور اہل بیت اپنے بھی ہمراہ لیے کما قال اللہ فی سورۃ الانبیاء
وذوالنون اذ ذہب مغاضبا الغرض نینوی مین کہ مقابل موصل کے واقع اور درمیان مین
دجلہ ہی جلوہ فرما ہوئے اور ملعب ابن الارشا بادشاہ سے ملاقات کرکے ارشاد کیا
کہ اللہ نے مجھے تیرے پاس بھیجا ہی کہ بنی اسرائیل کو قید سے رہا کر اور بدخواہی انکی نہ کر
اسنے کہا اگر سچے ہوتے تو اللہ تعالے ہمکو تمھارے ملک پر مسلط نہ کرتا کہ ہم تمھارے
عیال واطفال گرفتار کر لاتے کیا اسوقت اللہ کو حمایت کی قدرت نہ تھی جواب خدا نے
تمکو بھیجا ہی بالجملہ تین روز تک حضرت یونس علیہ السلام نے اسکو فہمایش کی مگر اسنے انکا کہنا نہ مانا
اور بعضے کہتے ہین کہ وہ لوگ مشرک بت پرست تھے سو حضرت یونس نے بت پرستی کو منع کیا کسی نے نہ مانا بقول بعضے
نوبرس تک سمجھایا وبقولے تینتیس برس مگر کوئی شخص سوائے دو آدمیون کے ایمان نہ لایا آخرکار حضرت یونس غصہ ہوکر جناب الٰہی مین

مستغیث ہوے کہ بارخدایا یہ لوگ میرا کہنا نہین مانتے اور بندیون کو رہائی نہین دیتے یا بت پرستی
نہین چھوڑتے ارشاد ہوا کہ انکو میرے عذاب سے ڈراؤ اگر تجھکو نمانینگے تو انپر عذاب بھیجونگا چنانچہ یہ
بات بھی حضرت یونس کوچہ و بازار مین کہتے پھرے کہ خبر شرط ہے اپنے بادشاہ سے کہدو کہ اگر میرا
کہنا نہین مانتا تو عذاب الٰہی آویگا ان لوگون نے کہا عذاب کی میعاد مقرر کرو حضرت یونس نے
فرمایا کہ چالیس دنکا میرے تمہارے اقرار ہے اگر اس عرصہ مین تمنے مان لیا تو فبہا والا ہلاک ہوگے
رفتہ رفتہ یہ خبر بادشاہ کو پہونچی بادشاہ اور ارکان دولت مسخراپن کرنے لگے اور کہتے کہ یہ فقیر
مجنون ہے قوت خیالیہ اسکی خراب ہوگئی ہے حضرت یونس نے جناب الٰہی مین التماس کیا کہ الٰہی
مین نے ان لوگون سے چالیس دنکا وعدہ کیا ہے اس وعدے کو سچا کر دکھلا نہین تو مین خفیف
ہونگا اور مارا جاؤنگا کیونکہ ان لوگون کی عادت یہ ہے کہ جو شخص ایسا جھوٹا وعدہ کرے اسکو قتل
کرتے ہین حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تونے چالیس دنکا وعدہ کسواسطے کیا صبر کرنا چاہیے تھا
کہ آخر انکا ایمان مقدر کیا گیا تھا یہ لوگ دین کی راہ اختیار کرینگے حضرت یونس علیہ السلام اس
جواب سے سخت تنگدل ہوے اور وعدے سے ایک مہینا گذر گیا تب مع قبائل دس بارہ کوس
پر اس قوم سے علیحدہ ہو کر ٹھہرے کہ دیکھین کیا ہوتا ہے اور ہمیشہ اسی دعا مین مشغول کہ یا اللہ وعدہ
میرا سچا کر ورنہ خفیف ہونگا جب پینتیسوان دن ہوا تو صبح کیوقت آثار عذاب نمود ہوے یعنے
باد سموم بصورت ابر سیاہ یا دود غلیظ و شرارہ آتش ظاہر ہوے اور اثر اسکا انکے بالاخانون کی
متصل پہونچا تب بادشاہ مع اراکین دولت مضطرب ہو کر نکلے اور کہتے تھے کہ وہ فقیر گدڑی پوش
کہان ہے اسکو تلاش کرو اور جلد لاؤ کہ ہم اسکے ہاتھ پر توبہ کرین اور بندیون کو اسکے سپرد کردین چنانچہ
دروازہ شہر کا بند کروا دیا اور ہر ایک جگہ تلاش کیا کہین سراغ نہ چلا ناچار سب لوگ عورت اور مرد مع
بادشاہ کہ لاکھ آدمی ہونگے برہنہ سر اور برہنہ پا گریبان چاک جنگل مین نکلے اور بہ نیت خالص سجدہ
مین گر کے فریاد و فغان کرنے لگے اور کہتے کہ آمنا بما جاء بہ یونس یعنے ہمنے کفر سے توبہ کی اور تیرے
پیغمبر یونس کے قول پر ایمان لائے اور سارے بت ہمنے توڑ ڈالے اور عزم مصمم کرتے ہین کہ
بنی اسرائیل کے لوگ جو قید ہین انکو سپرد کرینگے ؎ چارۂ ما ساز کہ بے یاوریم ✦ گر تو برانی بکہ رو آوریم ✦
پیش تو گر بی سر و پا آمدیم ✦ ہم بامید تو خدا آمدیم یارب ہم تیرے بندے ہین تو ہمکو آزاد کر یا الٰہی ہم بیچارہ درماندہ
ہین اپنے فضل و کرم سے ہماری دستگیری کر اور یونس فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ درماندون کی دستگیری کرتا ہے
اور سائلون کو رد نہین کرتا ہے اور ہم لوگ سائل ہین غرضکہ چالیسوین دن وقت عصر دسوین محرم

روز پنجشنبہ حق تعالی نے اپنی عنایت اور کرم سے وہ عذاب اُنسے دفع کر دیا اور ہوا صاف ہوگئی سب لوگ مع بادشاہ داخل شہر ہوے اور جاسوس ہرکارے اطراف وجوانب مین دوڑائے کہ حضرت یونس کو تلاش کرکے لاوین بلکہ بادشاہ نے کہا کہ اگر کوئی شخص حضرت یونس کی خبر لاوے تو مین اُسکو ایک روز تخت سلطنت پر بٹھلاؤن کہ اُسمین جو کچھ دولت ومال اُسکو درکار ہو لے چنانچہ اس طمع سے اکثر لوگ دوڑے اور حضرت یونس علیہ السلام بعد چالیسوین دن کے جانب نینوا متوجہ ہوے تو گانون کے لوگون سے سنا کہ عذاب موقوف ہوگیا اور وہ لوگ تمھاری تلاش مین ہین انھون نے جانا کہ مین قوم کے نزدیک جھوٹا ہوا اگر اب اُنکے پاس جاتا ہون تو ذلیل کرینگے اور اگر حضرت شعیا کے پاس جاتا ہون تو بنی اسرائیل مین بڑی شرمندگی ہوگی اس خیالات سے رنجیدہ خاطر ہوکر دونون طرفین چھوڑین اور جانب روم متوجہ ہوے چونکہ اس دعا مین حضرت یونس نے بہت جلدی فرمائی تھی اس لیے عتاب شروع ہوا اور حضرت یونس یہ سمجھکر قوم سے نکلے تھے کہ بیرون قوم کچھ عذاب ورنج نہین ہوگا کہ جانب حق سے اُنکے ساتھ وہی معاملہ شروع ہوا کہ اول سب رفیق ونوکر چلے گئے سواے ایک عورت اور دو لڑکون کے کوئی ساتھی نرہا تب ایک بیٹے کو اپنے کندھے پر دھرا اور دوسرے کو عورت نے کندھے پر لیا اور منزل بمنزل طے کرتے ہوے روانہ ہوے اثناے راہ مین ایک درخت کے نیچے سایہ کے واسطے ٹھہر گئے اور واسطے قضاے حاجت بشری کے جنگل مین گئے اُسوقت بادشاہزادے کی سواری برسم شکار اس درخت کے متصل پہونچی اُسنے دیکھا کہ ایک عورت خوب صورت جوان کمال حسن وجمال سے آراستہ دو لڑکے لیے ہوے بیٹھی ہے سو اُسنے اپنے نوکرون کو حکم دیا کہ اس عورت کو لاؤ ہرچند عورت نے داد بیداد کیا کہ مین ایک مرد صالح کی منکوحہ ہون اور وہ شخص پیغمبر ہین لیکن مستی شراب اور جوش جوانی مین اُسنے نمانا زبردستی اپنے ہمراہ لیگیا اب حضرت یونس علیہ السلام بعد قضاے حاجت تشریف لائے تو عورت نہ ملی لڑکون سے مستفسر ہوے اُنھون نے حال گذشتہ عرض کیا حضرت یونس نے جانا کہ معاملہ عتاب شروع ہوا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ عورت اور لڑکون کو لیکر چلے تو ایک ندی ملی تب حضرت یونس نے ایک لڑکا کنارے پر چھوڑا اور ایک کندھے پر لیکر عورت کا ہاتھ پکڑا ندی مین چلے پانی نے زور کیا عورت کا ہاتھ چھوٹ گیا اور عورت کے تھامنے مین لڑکا کندھے سے پھسل پڑا گھبراہٹ مین دونون کی کنارے پر آئے دوسرے لڑکے پاس اُسکو بھیڑیا لیگیا جسوقت بھیڑیا کنارے سے آیا اور اُسنے لڑکے کو پکڑا تو

تو حضرت یونس اُسکے چھوڑانے کو گھبراہٹ مین چلے تو لڑکا کندھے والا پھسل پڑا ہرچند تگ و دو فرماتے رہے کوئی ہاتھ نہ لگا مایوس ہوکر تن تنہا دریاے روم کے کنارے پہونچے اُسمین ایک جہاز چلنے والا تھا تاجرون نے اپنا مال اسباب لادا اور آمادہ روانگی ہوے حضرت یونس نے کہا کہ مین درویش ہون اگر بے کرایہ مجھکو بٹھلا لو تو مین بھی جہاز مین چلون ناخدا اور تاجرون نے کہا کہ ہمارے سر اور آنکھون پر آپ بیٹھین آپ کی برکت سے ہمارا بیڑا پار ہوگا الغرض سوار ہوے اور جہاز چلا جب دریا کے بیچ مین پہونچے یکایک ہواے تند چلنے لگی دریا موج زن ہوا جہاز چلنے سے تھم رہا ہرچند کہ بادبان وغیرہ لگائے پر کوئی تدبیر کارگر نہوئی تب سب لوگ مشورہ کرنے لگے کہ اسکا سبب نہین کھلتا اور یہ معاملہ ہمنے تمام عمر نہین دیکھا سوداگرون نے تجویز کرکے کہا کہ ایک تو میرا تجربہ ہی کہ جب کوئی غلام اپنے خاوند کے بے حکم بھاگ کر کشتی مین بیٹھتا ہی تب اسطرح کا معاملہ ہوتا ہی سو تم کشتی مین پکارو کہ جو کوئی شخص اپنے خاوند سے بھاگا ہو صاف بیان کردے کیونکہ ہلاکی تمام اہل جہاز کی اُسکی ہلاکی سے سخت تر ہی جب منادی نے پکارا تو حضرت یونس علیہ السلام بولے کہ وہ غلام گریختہ مین ہون کہ بے حکم الٰہی جاتا ہون اور کشتی کے لوگون سے کہتے تھے کہ مین ایک شخص کا غلام ہون سو بحکم اُسکے بھاگا جاتا ہون اب میرے ہاتھ پیر باندھکر دریا مین ڈالو کہ تمام مردم کشتی نجات پائین ناخدا وغیرہ نے عرض کیا سبحان اللہ ہمکو ہرگز آپ سے ایسا گمان فاسد نہین ہی آپ اپنی بزرگی سے یہ کلام فرماتے ہین تاکہ ہماری عوض مین آپ ہلاک ہون ہم تو ہرگز روادار اس حرکت کے نہون گے حضرت یونس نے پھر وہی کلام کیا تو لوگون نے کہا صبر کرو ہم ایک تدبیر کرتے ہین یعنے قرعہ ڈالتے ہین جسکے نام نکلے وہ شخص دریا مین ڈالا جاے چنانچہ قرعہ ڈالا تو حضرت یونس کے نام نکلا سبنے کہا خطا ہوئی یہ مرد بزرگ لائق اسکے نہین کہ ایسا گمان فاسد اسکی نسبت کیا جاے دوسری مرتبہ پھر قرعہ ڈالا پھر بھی حضرت یونس ہی کا نام نکلا ناچار راضی بقضاے الٰہی ہوکر حضرت یونس علیہ السلام کو دریا مین ڈالا کشتی روانہ ہوئی اتفاقا دریا مین ایک مچھلی منتظر لقمہ بیٹھی تھی بمجرد گرنے حضرت یونس کے اُس مچھلی نے نگل لیا حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہی کہ مچھلی کو وحی ہوئی کہ اسکو لے اور اسکا گوشت نہ کھا اور اسکی ہڈی مت توڑ یعنے اُسی وقت حکم الٰہی پہونچا کہ خبردار یہ تیری غذا نہین ہی بلکہ تیرے پیٹ مین اسکو قید کرتا ہون سو اسکو آسیب نہ پہونچے بالجملہ مچھلی حضرت یونس کو لیکر دریاے روم سے بطائح مین پہونچی پھر دجلہ مین گری جب کہ اس معاملہ مین چالیس دن گذر گئے صاحب معالم التنزیل

تفسیر سورۂ انبیا مین فرماتے ہین کہ وہ مچھلی چھ ہزار برس کی راہ پھری اور بعض کہتے ہین ساتوین زمین تک پھری ایک دن حضرت یونس نے ایک آواز سنی اپنے دل مین کہنے لگے کہ یہ آواز کسکی ہی وحی ہوئی کہ دواب بحر کی تسبیح ہی پس حضرت یونس نے کہا لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ملائکہ نے حضرت حق مین عرض کیا کہ یہ بندہ صالح ہی اور اسکے اعمال صالح ہر روز یہان پہونچتے تھے یا رب اسکو نجات ملے تب خداوند تعالی نے اونکی شفاعت منظور فرمائی اور نجات بخشی اور صحیح یہ ہی کہ جب حضرت یونس مچھلی کے پیٹ مین قید ہوے تو دم انکا بند ہونے لگا آنجناب نے جانا کہ دم واپسین ہی اسوقت یا خدا چاہی تب کہا کوئی حاکم نہین سوائے تیرے تو بے عیب ہی مین تھا گنہگارون مین اوس قید سے نجات ہوئی چنانچہ سورۂ انبیا مین فرماتے ہین فاستجبنا له ونجیناه من الغم وکذلک ننجی المومنین یعنے پھر سن لی ہمنے اُسکی پکار اور بچا دیا اُسکو رنج سے اور یون ہی بچا دیتے ہین ایمان والون کو بالجملہ مچھلی کو حکم ہوا کہ اس زندانی کو کنارہ شامی پر ڈال دے اُسنے فی الفور اُگل دیا تو بدن انکا گرمی سے نرم تھا جیسے لڑکا مان کے پیٹ سے پیدا ہو یہانتک کہ مکھی اور پشے کے بیٹھنے سے تکلیف ہوتی تھی اور طاقت نہ تھی کہ ہاتھ سے اوڑا دین اللہ جلشانہ نے اوس وقت درخت کدو پیدا کیا اُسنے اپنی بیل سے اونپر سایہ کیا کہ مکھیون وغیرہ سے محفوظ ہوے چنانچہ سورۂ صافات مین ارشاد ہوا وان یونس لمن المرسلین اذ ابق الی الفلک المشحون فساہم فکان من المدحضین فالتقمه الحوت وہو ملیم فلولا انه کان من المسبحین للبث فی بطنه الی یوم یبعثون فنبذناه بالعراء وہو سقیم وانبتنا علیه شجرة من یقطین یعنے تحقیق یونس ہی رسولون مین جب بھاگکر پہونچا اُس بھری کشتی پر پھر قرعہ ڈلوایا تو ہو گیا الزام کھایا پھر لقمہ کیا اُسکو مچھلی نے اور وہ اولاہنا کھایا تھا پھر اگر نہوتا کہ وہ یاد کرتا پاک ذات کو تو رہتا اُسکے پیٹ مین جسدن تک مردے زندہ ہون پھر ڈال دیا ہمنے اُسکو چٹیپر میدان مین اور وہ بیمار تھا اور اُگایا ہمنے اوسپر ایک درخت بیل کا مدت لبث مین اختلاف ہی مقاتل کے نزدیک تین دن عطا کے نزدیک سات دن ضحاک کے نزدیک بیس دن سدی وکلبی ومقاتل ابن سلیمان کے نزدیک چالیس دن وہو الصحیح اور بعض کے نزدیک پہر دن چڑھے سے شام تک کذا فی المعالم تفسیر زاد المسیر مین لکھا ہی کہ خاصیت ورق یقطین کی یہ ہی کہ مکھی گرد اُسکے نہین آتی اکثر مفسرین قائل ہین کہ یقطین سے مراد درخت کدو ہی اور بعضے درخت کیلا بتلاتے ہین اور بعضے انجیر کہتے ہین اور حسن اور مقاتل فرماتے ہین کل نبت یمتد وینبسط علی وجه الارض لیس له ساق ولا یبقی علی الشتاء فہو یقطین نحو القرع والقثاء والبطیخ اور جو لوگ کہتے ہین کہ مراد یقطین سے درخت کدو ہی انکی

کدو ۱۲ ککڑی ۱۲ خربوزہ ۱۲

یہ دلیل ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کسینے پوچھا کہ آپ کدو کو دوست رکھتے ہین فرمایا اجل ہی شجرۃ اخی یونس کذا فی البیضاوی اور معالم التنزیل مین ہی کہ جب حضرت یونس مچھلی کے پیٹ سے نکلے تو ہرنی یا بز کوہی کو ارشاد ہوا کہ انکو دودہ پلایا کرے تاکہ طاقت آوے جب گوشت و پوست انکا درست ہوگیا اور قوت آگئی اور آرام پائی تو ایک دن سو گئے جب چونکے تو وہ درخت جسکے سایہ مین تھے خشک ہوگیا تھا وقوع اس حال سے حضرت یونس بہت رنجیدہ ہوکے رونے لگے اسی حال مین حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اللہ صاحب کی طرف سے پیغام کہا کہ ای یونس تو درخت کے واسطے ایسا غم کرنے لگا اور مین ایک لاکھ بندون پر کہ آخر میرا ایمان لاے اور توبہ کی غم نہ کرتا اور بعض محققین مفسرین نے لکھا ہی کہ چالیس دن کے بعد ہرنی کا آنا بھی موقوف ہوگیا جب وقت معمول دودہ پینے کا آیا اور ہرنی نہ آئی تو حضرت یونس نے عرض کیا یا الٰہی آج کے دن مین بھوکھا رہا ارشاد ہوا کہ تو اسقدر تغییر عادت پسند نہین کرتا اور مجھسے درخواست کرتا تھا کہ مین اپنی عادت عمدہ ترک کر کے ایک لاکھ اپنے بندے مار ڈالون یہ سنکر حضرت یونس نے پھر توبہ کی اور التماس کیا کہ ای خالق کریم مین گنہگار وشرمندہ ہون اب جو کچھ تیرا حکم ہو بجا لاؤن حکم ہوا کہ اپنی قوم مین جا کے اقامت کر جب قوم کی طرف تشریف لیچلے راہ مین ایک شہر پڑا اُسمین ایک کمہار باسن اپنے آوے سے نکالتا تھا وحی ہوئی کہ اس کمہار کے پاس جا کے درخواست کر کہ ایک لاٹھی سے اپنے باسن توڑ ڈال حضرت یونس نے یونہین کہا کمہار نہایت ناراض ہوا اور کہنے لگا کہ ای مسافر تو بڑا دیوانہ ہی بھلا دیکھ تو مین نے کس محنت ومشقت سے استنے برتن بنائے ہین اور تو بے تامل کہتا ہے کہ انکو توڑ ڈال سبحان اللہ کیا خوب درخواست ہی ایسی بات پھر کسی سے نہ کہنا حضرت یونس نے جناب الٰہی مین یہ حال عرض کیا حضرت حق سے ارشاد ہوا کہ اب خیال کر کے دیکھ کہ خاک اور پانی اور کلال کا ہاتھ سب چیزون کا مین مالک ہون صرف اُسنے تصویر بنانے مین ہاتھ سے کوشش کی ہی اور اُس سے نفع کی اُمید رکھتا ہی سو اُسکو اُس تصویر کا بگاڑنا کیسا برا لگا اور کتنا اُسکا جی کڑھا کہ اُسنے تجھکو صاف جواب دیا اور تو مجھسے درخواست کرتا تھا کہ ایک لاکھ مخلوق ہلاک کر ڈال حضرت یونس نے توبہ کی اور شرمندہ ہوے پھر آگے چلے تو ایک باغ بہشت بڑا آباد وسرسبز دیکھ پڑا وحی ہوئی کہ مالک باغ سے استدعا کر کہ اس باغ کے درخت کاٹ ڈالے پھر جو کچھ مالک اُسکا جواب دے مجھسے گذارش کر سو حضرت یونس علیہ السلام نے مالک باغ سے جا کر درخواست کی اُسنے کہا کہ تجھکو عقل بھی ہی اپنے ہوش کی دوا کر مین نے کس محنت سے یہ درخت پیدا کیے ہین اور کتنی مدت مین اس لائق ہوے ہین کہ اُنسے منتفع ہون

اور تو کہتا ہی کہ اُنکو ایک مرتبہ کاٹ ڈال پھر کبھو ایسی بات کسی سے نہ کہنا یہ جواب بھی حضرت یونس نے جناب باری مین عرض کیا الغرض اسیطرح کئی معاملے راہ مین گذرے اور ہر جگہ حضرت یونس کو تنبہ وآگاہی اپنی خطا پر ہوتی گئی جب بہت شرمندہ ہوے تو اللہ تعالی نے بالکل قصور معاف فرمایا اور عہدۂ نبوت عنایت کیا اور علاقہ رسالت جو اُنکو حضرت شعیا علیہ السلام کی طرف سے تھا اُٹھالیا اور رسول مستقل کر دیا اور ہر طرف سے دروازے لطف ورحمت کے کھولدیے جب اُس ندی کے کنارے پہونچے جہان دونون لڑکے ہاتھ سے گئے تھے تو دیکھتے ہین کہ گانون کے آدمی دو لڑکے لیے ہوے کھڑے ہین حضرت یونس نے پوچھا کہ یہ دونون لڑکے کسکے ہین اُنھون نے کہا ایک مرد بزرگ کے بیٹے ہین کہ ایک کو ہمنے بھیڑیے سے چھین لیا تھا اور دوسرا ندی مین بہگیا تھا دھوبیون نے ہمکو دیا ہی سو ہم اُنکی پرورش کرتے ہین اور انتظار مین ہین کہ وہ مرد بزرگ ملین تو اُنکے سپرد کرین اتنے مین اُن لڑکون نے حضرت یونس کو پہچان کر کہا کہ یہی شخص ہمارا باپ ہے اُن لوگون نے دونون صاحبزادے سپرد کر دیے اور دریا سے پار اُتار دیا جب حضرت یونس لڑکون کو لیکر آگے بڑھے تو اُس درخت کے متصل جہان سے اُنکی بی بی کو شہزادہ لیگیا تھا کچھ لوگ انتظار مین تھے حضرت یونس علیہ السلام نے پوچھا کیون بیٹھے ہو بولے ہمارا شہزادہ ایکدن شکار کو یہان آیا تھا اور کسی درویش کی عورت زبردستی لیگیا تھا اُسدن سے پیٹ کے درد مین مبتلا ہی لہذا ہمارے بادشاہ نے ہمکو مقرر کیا ہی کہ دیکھو جب وہ بزرگ آوین تو اُنکو یہان لاؤ کہ مین تقصیر معاف کراؤن اور عورت کو سپرد کرون اور اُس عورت کے ابتک کسی نے ہاتھ نہین لگایا ہی یہ حال سنکر حضرت یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ فقیر غریب مین ہون تب بادشاہ کے سپاہیون نے حضرت یونس کو بکمال عزت بادشاہ کے پاس پہونچایا آنجناب کے پہونچتے ہی صحت ہوگئی اور بادشاہ نے عورت حوالے کی اور نقد وجنس بہت کچھ نذر کیا کذا فی النوریہ اور اخبار الدول مین ہی کہ جب یونس علیہ السلام جانب نینوی تشریف لیچلے تو ایک قریہ مین دیکھتے ہین کہ ایک شخص سو مثقال طلا لیے ہوے مع ایک عورت کے بیٹھا ہی سو حضرت نے اُس عورت کو پہچانا اور قصہ اس عورت کا پوچھا اُسنے کہا کہ ایک بادشاہ کنارہ دریا سے اس عورت کو لیگیا تھا جب اُسنے ارادہ فاسد کیا تو اُسکے دونون ہاتھ اور دونون پاؤن خشک ہوگئے لہذا بادشاہ نے یہ سونا دے کر جانب نینوی روانہ کیا ہی حضرت نے کہا کہ اس عورت کو میرے سپرد کر کہ مین بھاؤن اُسنے مع طلا عورت کو تفویض کر دیا جب وہان سے دو فرسخ چلے تو ایک گانون اور ملا وہان

ایک سوار ایک لڑکا لیے ہوے بیٹھا تھا حضرت نے پہچانا سوار نے پوچھا تم کون ہو بولے یونس ابن متیٰ ہون اور یہ میرا بیٹا ہی مین پوچھتا ہون یہ تمکو کہان ملا اُسنے کہا مین مچھوا ہون سو مین نے دجلہ مین جال مچھلی کیواسطے ڈالا اُسمین یہ لڑکا پھنس آیا اوسیوقت میرے کان مین آواز آئی کہ اسے بحفاظت تمام رکھ یہانتک کہ یونس آوے اب جناب تشریف لائے اسکو لیجیے حضرت یونس نے لڑکا لیا اور روانہ ہوے تو متصل شہر نینوی کے ایک لڑکا بکریان چراتا تھا اور یہ دعا کر رہا تھا کہ الٰہی میرے باپ کو ملا دے یہ بڑا بیٹا تھا یونس اُسکو پہچان کر لپٹ گئے اور دونون خوب روئے اُس لڑکے نے کہا کہ یہ بکریان ایک آدمی کی ہین اول اُسکو سپرد کر آؤن تب آپ کے ہمراہ ہون چنانچہ دونون ایک گانون مین گئے تو ایک پیرمرد دروازے پر تشریف رکھتے تھے اُنسے اوس لڑکے نے کہا کہ یہ شخص یعنے یونس میرا باپ آگیا ہی اب جاتا ہون اُس پیرمرد نے دست مبارک یونس علیہ السلام کو بوسہ دے کر کہا کہ یہ لڑکا ایک بھیڑیا اپنی پیٹھ پر لادے ہوے میرے پاس لایا اور بولا کہ اسکو حفاظت سے رکھ یہانتک کہ یونس آوین سو آپ تشریف لائے اپنی امانت لیجیے پھر وہان سے آگے بڑھے اور سرحد موصل اور نینوی پر پہنچ کر ایک آدمی بنا بر اخبار قوم روانہ فرمایا اُسنے شہر کے لوگون کو خبردار کیا کہ یونس علیہ السلام با عہدۂ رسالت جلوہ فرما ہوتے ہین اور ایک روایت ہی کہ قریب شہر نینوی کے ایک شخص بکریان چراتا تھا حضرت یونس نے اُس سے دودھ مانگا وہ بولا جب سے یونس یہان سے چلے گئے ہین سب بکریون کا دودھ خشک ہو گیا ہی تب حضرت نے ایک بچہ کی چھاتیون پر ہاتھ لگایا تو دودھ بہنے لگا اُسکو نہایت تعجب ہوا اور کہنے لگا کہ اگر یونس زندہ ہی تو بلاشبہ تو ہی ہی فرمایا مین یونس ہون قوم کو خبر کر اُسنے کہا وہ کب مانینگے فرمایا بکریان لیتا جا یہ گواہی دینگی سو وہ گیا اور خبر آمد یونس علیہ السلام کہنے لگا قوم کے لوگون نے اُسکا کہنا نہ مانا اُسنے قسم کھائی کہ مین سچا ہون اور یہ بکریان میرے صدق قول کی گواہ ہین اوسیدم بکریون نے گواہی دی لوگون کو تحیر ہوا رفتہ رفتہ یہ خبر بادشاہ کو ہوئی وہ مع ارکان دولت حاضر ہوا اور بکمال تکریم و تعظیم شہر مین لیگیا اور مدت دراز تک سرگرم متابعت رہا جب بادشاہ مرگیا تو حضرت نے اُسی چرواہے کو خلیفہ کیا اور خود مع ستر آدمیون کے جو نہایت عابد تھے جبل صیہون پر تشریف لائے اور عبادت مین مصروف ہوے یہانتک کہ وفات پائی اسی جگہ مدفون ہین اور بقول بعضے زمین موصل مین دفن ہوے ہین اور امام ابوالفتح کے نزدیک قریہ حلحون مین مدفون ہین اور بعضے کوفے مین لکھتے ہین عمر حضرت یونس کی ساٹھ برس کی ہوئی کذا فی اخبار الدول

**فائدہ** مولانا عبدالقادر محدث موضح القرآن کے فائدے مین لکھتے ہین کہ حضرت یونس علیہ السلام

حزقیل علیہ السلام کے یارون مین تھے اُنکے حکم سے جانب نینوی تشریف لیگئے تھے اور حضرت استاذ الاستاذ قدس سرہ
تفسیر عزیزی مین فرماتے ہین کہ حضرت یونس علیہ السلام کو حضرت شعیا علیہ السلام نے بھیجا تھا رفع تعارض یون ہوسکتا ہے
کہ اسوقت تک حضرت شعیا علیہ السلام زندہ ہونگے **فائدہ** سورہ نون والقلم مین ارشاد ہوتا ہے فاصبر لحکم ربک ولا تکن
کصاحب الحوت اذ نادی وہو مکظوم لولا ان تدارکہ نعمۃ من ربہ لنبذ بالعراء وہو مذموم یعنے اب تو ٹھہر راہ دیکھ اپنے رب کے
حکم کی اور مت ہو جیسے مچھلی والا جب پکارا اور وہ غصہ مین بھرا تھا اگر نہ سنبھالتا اُسکو احسان تیرے
رب کا تو پھینکا گیا ہی تھا چٹیل میدان مین الزام کھا کر پس ظاہر آیۃ سے پایا جاتا ہے کہ انکو میدان مین
نہین پھینکا اور آیۃ سورہ والصافات سے جو اوپر گذری کہ فنبذناہ بالعراء وہو سقیم صاف واضح ہے
کہ میدان مین پھینک دیا اسواسطے رفع تعارض مین اہل تفسیر فرماتے ہین کہ مراد شرط و جزا سے آیۃ
اولی مین یہ ہے کہ یونس پھینکے گئے میدان مین ولیکن اگر رحمت ازلی الٓہی شامل حال اوسوقت نہوتی
تو جسطرح ضعیف و زار بے گوشت و پوست شکم ماہی سے نکلے تھے ویسے ہی پڑے رہتے اور روئیدگی
درخت کدو و پیدایش مادہ اتہو کہ ظاہرا سبب حیات ہوئی ظہور مین نہ آتی اور معالم التنزیل مین ہے لولا ان
تدارکہ نعمۃ من ربہ لنبذ بالعراء وہو مذموم لکنہ تدارکتہ النعمۃ فنبذ وہو غیر مذموم **فائدہ** اگر کوئی شبہ کرے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لا ینبغی لاحد ان یقول انا خیر من یونس بن متی یعنے نہین
زیب ہے کسیکو کہ یہ کہے مین بہتر ہون یونس بن متی سے اس سے فضیلت حضرت یونس کی نکلتی ہے تو
رفع اس غائلہ کا یہ ہے کہ اگر مراد آنحضرت ضمیر متکلم سے نفس شریف اپنا ہے تو یہ کلام بطریق تواضع و فروتنی ہے
کہ عادت شریف تھی اور اگر نفس گوینده سخن مراد ہے تو لا حاجۃ الی التاویل امام شہاب الدین تورپشتی
فرماتے ہین عقائد مین کہ نفس پیغمبر مراد نہین ہے بلکہ نفس گوینده یعنے جائز نہین ہے کہ کوئی شخص اپنے
خیال مین یہ بات لاوے کہ مین بہتر ہون یونس سے اور یونس کا ذکر اس حدیث مین اسلیے فرمایا کہ
خداوند کبریا نے اپنے کلام مین ارشاد کیا ہے فاصبر لحکم ربک الخ کہ اسمین گنجایش ہے کہ شیطان کسی کے
دل مین یہ بات ڈالے کہ مین یونس سے بہتر ہون کہ مال و جان کو راہ خدا مین بذل کرتا ہون اور مصیبت
پر صبر کرتا ہون اور یہ گمراہی صریح ہے کیونکہ ممکن نہین ہے کہ احد من الناس کسی خصلت مین نبی سے کامل
ہو لہذا حضرت نے تعلیم کیا اپنی امت کو تاکہ تعظیم انبیا مین کوشش کرین اور کید شیطان سے محفوظ رہین
اسیطرح لا تفضلونی علی موسی واسطے تعلیم امت کے ارشاد کیا ہے اور یہ موقوف ہے ایک قصہ پر کہ واقع
ہوا اہل اسلام اور یہودی مین یعنے یہودی نے کہا کہ موسی تمام خلق اللہ سے افضل ہین مسلمان نے
ایک طمانچہ مارا یہ خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی فرمایا لا تفضلونی یعنے ایسا کلام دلیل تعصب ہے

اور اسمین تحقیر پیغمبر لازم آتی ہی اور اسیطرح فرمایا لاتخایروا بین الانبیاء اور معنی مخایرہ یہ ہین کہ ایک کہے فلان پیغمبر بہتر ہی فلان پیغمبر سے اور دوسرا خلاف اسکے کہے **فائدہ** رسالہ معراج لطیف المعانی مین حضرت غوث الاعظم عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ جب مچھلی کے پیٹ مین حضرت یونس علیہ السلام تھے آسکے نر نے صحبت چاہی تو اوسنے کہا کہ مین حاملہ دولیعت ہون ہرگز شہوت و خیانت سے مشغول نہونگی اور یہ بھی فرماتے ہین کہ دو پیغمبرونکو خلوت حاصل ہوئی یونس علیہ السلام کو بطن حوت مین اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بساط نور پر ملکوت مین اور سبب دونون معراجون کا یہ ہوا کہ بعض کفار کہتے تھے کہ آسمان اللہ کا ہی اور زمین و دریا غیر اللہ کی سو اللہ نے معراج یونس علیہ السلام وسط دریا مین فرمائی اور معراج محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوق السموات **فائدہ** ایسا معلوم ہوتا ہی کہ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین اسم اعظم ہی اور حدیث شریف مین وارد ہی کہ کوئی درماندہ و عاجز و مبتلا بلا اس تسبیح کو نہین پڑہتا مگر اللہ تعالی اس غم سے نجات دیتے ہین اور مشائخ طریقت لکھتے ہین کہ یہ آیت جملہ غم واندوہ کے واسطے تریاق مجرب ہی الغرض کوئی عمل مجرب سریع الاثر جسکا ثبوت قرآن و حدیث و اقوال مشائخ سے پایا جاے سواے اسکے معلوم نہین ہوتا اگر کوئی شخص اسکے تاثیرات مین شبہہ کرے تو زندیق و ملحد ٹھہرے اور طریق اسکے عمل کا کئی طریق سے ہی اول ایک لاکھ پچیس ہزار بار چند آدمی بہیئت اجتماعیہ بیٹھکر مجلس واحد مین بخشوع و خضوع پڑہین خواہ تین مجلس مین دوسرا طریق یہ ہی کہ ایک آدمی تنہا اپنے مراد کیواسطے تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑہے کہ چالیس روز مین سوا لاکھ بار ہو جاتا ہی تیسرا طریق یہ ہی کہ ایک آدمی بعد نماز عشا کے تین سو مرتبہ اسطرح پڑہے کہ اول طہارت کاملہ کرے اور مکان کو اندھیرا کر دے اور ایک پیالی مین پانی بھر کر اپنے پاس رکھے اور جانب کعبہ شریف متوجہ ہوکر پڑھنا شروع کرے اور لمحہ لمحہ اوس پانیکو اپنے ہاتھ سے بدن پر ملتا رہے اسیطرح تین روز یا سات روز یا چالیس روز پڑہے مطلب حاصل ہوتا ہی کما قال مولانا استاذ الاستاذ فی تفسیر العزیزی چوتھا طریق یہ ہی کہ بارہ دن بارہ ہزار بار پڑہے تنہا یا چند آدمی مل کر پانچوان طریق یہ ہی کہ بارہ دن تک بارہ سو مرتبہ ایک شخص باطہارت و خشوع و خضوع پڑہے ان شاء اللہ مطلب و مراد حاصل ہو اور سوائے طریق مذکورہ کے اور طریق بھی کتب مشائخ مین لکھے ہین اس مقام پر بالاستیعاب بیان طریق کا بیفائدہ معلوم ہوتا ہی اسیقدر اس مقام کے لیے کافی و وافی ہی **فائدہ** بعضے کہتے ہین کہ حضرت یونس علیہ السلام جب غصہ ہوکر قوم سے چلے گئے تھے پیغمبر تھے اور بعضے کہتے ہین کہ

بعد عتاب وخطاب کے حضرت یونس علیہ السلام کو اللہ نے نبی کیا اور اول مرتبہ جانب حضرت
شعیا علیہ السلام سے خواہ حضرت حزقیل علیہ السلام کی طرف سے بھیجے گئے تھے اور اس قصہ
سے ظاہر ہوتا ہی کہ بعد عتاب وخطاب کے حضرت یونس کو اللہ جل شانہ نے مانند حضرت شعیا کے
نبی کیا اور قبل اسکے شایستگی اس منصب کی نہ تھی بلکہ نبی متعبد تھے کذا روی سعید ابن جبیر عن
ابن عباس رضی اللہ عنہما اور دلیل کر یمہ سورۂ صافات ہی فنبذناہ بالعراء وہو سقیم وانبتنا علیہ شجرۃ
من یقطین وارسلناہ الی مائۃ الف او یزیدون فآمنوا فمتعناہم الی حین یعنے پس ڈال دیا ہمنے اُسکو
پٹپر میدان مین اور وہ بیمار تھا اور اوگایا ہمنے اُس پر ایکدرخت بیل کا اور بھیجا اوسکو لاکھ آدمیون پر
یا زیادہ پھر وہ یقین لائے پھر ہمنے اُنکو برتنے دیا ایک وقت تک اور بعضے کہتے ہین کہ قبل اس عتاب
وخطاب کے بھی رسول تھے کما قال اللہ وان یونس لمن المرسلین اذ ابق الی الفلک المشحون **فائدہ** لاکھ یا
زیادہ سے مراد یہ ہی کہ اگر عاقل بالغ گنے جاوین تو لاکھ آدمی تھے اور جو سب کو شامل گنین تو زیادہ
تھے یہ اللہ کو شک نہین ہی جو کوئی ملحد خیال کرے کذا حققہ مولانا عبدالقادر فی ترجمہ اور معالم التنزیل
مین حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ آیہ مین او بمعنی الواو ہی یعنے ویزیدون اور مقاتل وکلبی کے
نزدیک معنی او یزیدون کی بل یزیدون ہین یعنے بھیجا اوسکو لاکھ آدمیون پر بلکہ زیادہ پر اور زجاج کی
یہ تاویل ہی کہ او یزیدون علی ظنکم وتقدیرکم یعنے یہ شک دیکھنے والون کی نگاہ پر محمول ہی کہ قوم کو دیکھکر
کہین لاکھ ہین یا زیادہ اس مقام سے معلوم ہوا کہ اول رسالت حضرت یونس کی لاکھ آدمیون پر
تھی اور بعد عتاب وخطاب کے اُس لاکھ آدمیون سے اور زیادہ کیے گئے مگر مقدار زیادت مین
اختلاف ہی اُبی ابن کعب اور حضرت ابن عباس ومقاتل رضی اللہ عنہم بیس ہزار فرماتے ہین اور سعید
ابن جبیر ستر ہزار کذا فی المعالم والبیضاوی **فائدہ** حضرت یونس علیہ السلام انبیاے اولوالعزم من سےدو
نہین ہی کیونکہ ہمارے حضرت کو سورہ احقاف مین ارشاد کرتے ہین فاصبر کما صبر اولوالعزم من الرسل
اور سورۂ قلم مین کہتے ہین فاصبر لحکم ربک ولاتکن کصاحب الحوت اور صاحب حوت حضرت یونس
علیہ السلام ہین اب جاننا چاہیے کہ انبیاے اولوالعزم مین اختلاف ہی ابن زید سے منقول ہی کہ جملہ
انبیا اولوالعزم ہین اور حرف من بنابر تجنیس ہی نہ براے تبعیض اور بعضے کہتے ہین کہ سب انبیا
اولوالعزم ہین مگر یونس علیہ السلام کہ اونسے جلدی واقع ہوئی واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
ارشاد ہوا ولاتکن کصاحب الحوت اور بعضے کہتے ہین کہ اولوالعزم سے اٹھارہ پیغمبر مراد ہین جنکا ذکر
سورۂ انعام مین کرکے ارشاد فرماتے ہین اولئک الذین ہدی اللہ فبہدٰہم اقتدہ اور وہ پیغمبر یہ ہین ابراہیم

و اسحٰق و یعقوب و نوح و داؤد و سلیمان و ایوب و یوسف و موسیٰ و ہارون و زکریا و یحییٰ و عیسیٰ
و الیاس و اسمٰعیل و الیسع و یونس و لوط علیہم السلام اور کلبی کے نزدیک اولو العزم وہ ہین جنکو جہاد
کا حکم ہوا ہی اور بعضے کہتے ہین اولو العزم چھ پیغمبر ہین نوح اور ہود اور لوط اور صالح اور شعیب اور موسیٰ
جنکا ذکر سورۂ اعراف مین بترتیب واقع ہی اور سورۂ شعرا مین بھی ہی اور مقاتل ابن حبان فرماتے ہین
کہ اولو العزم پیغمبرون مین حضرت نوح اور ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب اور یوسف اور ایوب ہین اور
حضرت ابن عباس و قتادہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہی کہ اولو العزم حضرت نوح و ابراہیم و موسیٰ
و عیسیٰ و محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہم اجمعین ہین کہ یہ پانچون پیغمبر اصحاب شریعت ہین اور امام محی السنہ فرماتے ہین
کہ میرے نزدیک اولو العزم وہ پیغمبر ہین جنکا ذکر اللہ جل شانہ نے آیۂ میثاق مین فرمایا ہی بتخصیص
کہ واذ اخذنا من النبیین میثاقہم ومنک ومن نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ ابن مریم اور یہی آیہ شرع
لکم من الدین ما وصیٰ بہ نوحا والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ ان اقیموا الدین
ولا تتفرقوا فیہ مین بالتخصیص ذکر فرمایا ہی وہذا القول اقرب الی الصواب کذا فی المعالم **فائدہ** دنیا مین
عذاب دیکھکر یقین لانا کسیکو کام نہین آیا مگر قوم یونس علیہ السلام کو اور سبب یہ ہوا کہ ابتک عذاب
کا حکم پہونچا نہ تھا صرف حضرت یونس کی جلدی سے صورت عذاب لطور تخویف و تحذیر نمود ہوئی تھی
سو وہ لوگ ایمان لائے بچ گئے جسطرح اہل مکہ فتح مکہ مین بچ گئے یعنے ابتک انپر بھی بنا بر قتل و غارت
فوج اسلام پہونچ گئی تھی ایمان لانے سے بچ گئے کما قال اللہ تعالیٰ فی سورۃ یونس فلولا کانت
قریۃ آمنت فنفعہا ایمانہا الا قوم یونس لما آمنوا کشفنا عنہم عذاب الخزی فی الحیوۃ الدنیا ومتعناہم
الیٰ حین یعنے کبھو نہ ہوئی کوئی بستی کہ یقین لائے پھر کام آتا اونکو ایمان لانا مگر یونس کی قوم جب یقین
لائی کھولدیا ہمنے اونپر سے ذلت کا عذاب دنیا کی جینے اور کام چلایا اونکا ایک وقت تک **فائدہ**
بعضے مؤرخ اہل اسلام احوال حضرت یونس علیہ السلام کا بعد حضرت یوشع علیہ السلام کے لکھتے ہین
اور بعد یونس کے احوال الیاس کا لیکن اہل تحقیق نے ذکر یونس بعد عزیر کے کیا ہی اور یہ طریق
اقرب بصواب ہی کیونکہ معالم التنزیل مین ہی کہ حضرت یونس حالت طفلی مین چند روز مردہ رہے تھے
اور حضرت الیاس نے اونکی والدہ کی منت سے بحکم خالق ذو الجلال زندہ کیا پس وجود الیاس
بعد یونس قرین قیاس نہین ہی اس سبب سے کہ عمر یونس کی ساٹھ برس کی ہوئی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال
**فائدہ** ذکر حضرت یونس کا سورۂ یونس و والصافات و انبیا مین ہی

## احوال ذو القرنین

حبیب السیر مین ہی کہ مشہور بین الجمہور نام اُنکا سکندر ہی اور یہ بقول اکثر اہل تفسیر و سیر غیر اسکندر رومی
کے ہی اور ایک گروہ قائل ہی کہ سوائے اسکندر رومی کے کوئی سکندر نہین ہوا اور روضۃ الصفا مین ہی
کہ بعد حضرت ہود و صالح علیہما السلام کے تا زمانہ حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کوئی
نبی نہین ہوا لیکن اہل تاریخ کہتے ہین کہ ذو القرنین بعد حضرت صالح کے نبی ہوے و ہذا القول ضعیف جدًّا
اور حدیقۃ الاقالیم مین ہی کہ ذو القرنین حضرت ابراہیم کے عہد مین تھا اور بعض کہتے ہین حضرت موسیٰ کے
بعد تھا اور بعضے کہتے ہین بعد حضرت عیسیٰ کے تھا اور نسب اسکندر کا یافث ابن نوح سے ملتا ہی
اور سکندر رومی کا عیص ابن اسحاق سے اور بعض مصنفین قصص الانبیا نے ذکر اسکا قبل عیسیٰ
علیہ السلام کے لکھا ہی بالجملہ کوئی بات صحیح لائق اعتماد پیدا نہین ہوتی اسقدر تحقیق ہوتا ہی کہ وجود اسکا
بعد حضرت موسیٰ کے تھا مگر اسمین بھی گفتگو ہی کہ یہ سکندر کون ہی یونانی یا رومی بعضے کہتے ہین یونانی ہی
اسیکا مصاحب ارسطو حکیم تھا اسی جہت سے ابن عبد الحق کہتے ہین کہ زمانہ اسکا بعد حضرت عیسیٰ کے
تھا اور اہل حدیث فرماتے ہین کہ اس یونانی کا ذکر کلام ربانی مین نہین ہی اور بعضے کہتے ہین کہ یہ سکندر
فیلقوس رومی ہی کہ اسیکے مصاحب خضر علیہ السلام تھے اور اسی نے چشمۂ آب حیات تلاش کیا نہ پایا اور
حضرت خضر نے پایا اور اسیکا ذکر سورۂ کہف مین ہی اور یہی شخص شرق و غرب کا بادشاہ ہوا ہی اور یہ
شخص اولاد عیص ابن اسحاق سے ہی اور یونانی مسمیٰ بہ مرزبان ابن مرزبہ اولاد یونان ابن یافث سے ہی
اور جس طرح یہ اختلاف ہی اسیطرح بعضے کہتے ہین کہ ذو القرنین نبی تھا چنانکہ متون الاخبار مین لکھا ہی
کہ حضرت ولایت مآب کرم اللہ وجہہ فرماتے تھے کہ ذو القرنین نبی تھا مگر ابو الطفیل نے آنجناب
سے نقل کیا ہی کہ ایک شخص نے ذو القرنین کی حقیقت آپ سے پوچھی کہ یہ شخص نبی تھا یا فرشتہ فرمایا نہ
نبی تھا نہ فرشتہ ایک مرد صالح تھا کہ اوسنے اللہ کو دوست بنایا اور اللہ نے اُسکو دوست بنایا اور معالم التنزیل
مین ہی کہ اسکندر ذو القرنین بادشاہ تھا عادل و صالح و متقی موصوف بصفات حمیدہ مگر مدارک مین ہی
کہ اگر ذو القرنین نبی تھا تو اللہ نے اوسکی طرف وحی بھیجی کما قال وقلنا یا ذا القرنین اور جو نبی نہ تھا تو اللہ
نے اُسوقت کے نبی کو وحی فرمائی اور اُوسنے ذو القرنین کو حکم دیا کاتب الحروف کے نزدیک یہ
اسواسطے لکھا ہی کہ ایسا خطاب سوائے ذوات و الصفات حضرات انبیا علیہم السلام کے اور کسی سے
نہین واقع ہوا لیکن صاحب مدارک کو قصۂ والدۂ موسیٰ علیہ السلام سے غفلت واقع ہوئی ورنہ
ایسا گمان نہوتا لیکن نسبت غفلت جانب صاحب مدارک خلاف ادب ہی غالبًا یہ اشارہ ہی جانب
اختلاف کے اور جیسا یہ اختلاف ہی اسیطرح وجہ تسمیہ ذو القرنین [illegible]

بیان کرتے ہین اور بعضے کچھ چنانکہ وہب ابن منبہ وجہ تسمیہ ذوالقرنین ہین بیان کرتے ہین کہ دونون قرن زمین یعنے شرق و غرب کا بادشاہ ہوا تھا اسیوجہ سے نام ذوالقرنین ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ نور و ظلمت مین پہونچا اس سبب سے یہ لقب ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ اُسکے دو سینگ تھے مثل شاخ گاو کہ عمامہ کے نیچے چھپے رہتے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ سکندر نے خواب دیکھا کہ مین آفتاب کے پاس پہونچا ہون اور دونون طرفین آفتاب کی پکڑے ہون دربار والون سے خواب کہا اونھون نے ذوالقرنین لقب دیا اور بعضے کہتے ہین کہ اوسکے دو چوٹیان تھین اور ابو الطفیل نے حضرت امیر المومنین علیؑ مرتضی سے روایت کی ہے کہ وجہ تسمیہ ذوالقرنین کی یہ ہے کہ اسنے اپنے قوم کو امر معروف و نہی منکر کیا قوم نے داہنے قرن پر مارا وہ مرگیا پھر اللہ نے زندہ کیا پھر اوسنے قوم کو سمجھایا پھر قوم نے بائین قرن پر مارا مرگیا اور زندہ ہوا اس باعث سے لقب اُسکا ذوالقرنین پڑگیا اور بعضے کہتے ہین کہ ہاتھ پیر سے حرب کرتا تھا اس سبب سے ذوالقرنین کہلایا یا کریم الطرفین تھا یا ظاہر و باطن کا علم رکھتا تھا اور وجہ تسمیہ سکندر کی یہ تھی کہ شہر اسکندریہ مین پیدا ہوا تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب اہل مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور مین شرمندہ ہوے اور جواب دہ نہو سکے تو ابو جہل لعین نے کئی آدمی یہودیون کے پاس مدینے شریف مین بھیجے اور کہلا بھیجا کہ تم لوگ توریت و انجیل سے واقف ہو کچھ سوال لکھو تو ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھین اُن کافرون نے چند سوال لکھکر بھیجے اول یہ کہ روح کیا چیز ہے دوسرا اصحاب الکہف کا احوال کسطرح سے ہے تیسرا ذوالقرنین کا معاملہ کیا ہے پس کافرون نے وہ تینون سوال حضور حضرت مین پیش کیئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے جواب دیے کہ ذوالقرنین کا احوال سورہ کہف مین ارشاد ہوا ہے ویسئلونک عن ذی القرنین قل ساتلوا علیکم منہ ذکرا یعنے تجھسے پوچھتے ہین ذوالقرنین کو کہہ اب پڑھتا ہون تمھارے آگے اوسکا کچھ مذکور اسطرح انا مکنا لہ فی الارض وآتیناہ من کل شیء سببا فاتبع سببا حتی اذا بلغ مغرب الشمس وجدہا تغرب فی عین حمئۃ و وجد عندہا قوما قلنا یا ذا القرنین اما ان تعذب واما ان تتخذ فیہم حسنا یعنے ہمنے اوسکو جمایا تھا ملک مین اور دیا تھا ہر چیز کا اسباب پھر پیچھے پڑا ایک کے یہانتک کہ پہونچا جب سورج ڈوبنے کی جگہ پایا کہ وہ ڈوبتا ہے ایک دلدل کی ندی مین اور پائے اوسکے پاس ایک لوگ ہمنے کہا اے ذوالقرنین یا تو لوگون کو تکلیف دے اور یا رکھ اونمین احسان **فائدہ** دلدل کی ندی مین ڈوبنے سے یہ مراد ہے کہ ذوالقرنین کو ایسا معلوم ہوا کہ آفتاب چشمے مین ڈوبتا ہے جسطرح کوئی شخص کنارے دریا کے

یا بیچ دریا مین کھڑا ہو کر دیکھیے تو معلوم ہوتا ہی کہ آفتاب دریا مین ڈوبتا ہی اکثر ذی علم ریاضی والون سے جنھون نے جہاز کا سفر کیا ہی یہ بولتے سنا ہی کہ سمندر مین ایک عجب عالم آب ہوتا ہی کہ آفتاب پانی ہی مین ڈوبتا ہی پس ذوالقرنین ساحل محیط پر گیا تھا اور سواے پانی کے اور کچھ مطمح نظر نہ تھا سوا اوسکو آفتاب اسیطرح نظر آیا نہ یہ کہ جرم آفتاب پر پہونچا اور آفتاب چشمہ مین ڈوبتا تھا اور اسی سبب سے وجدہا تغرب واقع ہی نہ کانت تغرب اور یہ تو محاورہ تمام انبیا و حکما و خواص و عوام و توریت و انجیل کا واقع ہی کہ آفتاب غروب ہوا اور آفتاب طلوع ہوا سو کیا آفتاب کسی چیز مین گھس جاتا ہی اور اوسی سے پھر نکلتا ہی وہ تو ہمیشہ نکلا ہی رہتا ہی کسی چیز مین کبھی نہین ڈوبتا یہ اللہ ہی کو معلوم ہی کہ آفتاب کہان ڈوبتا ہی مگر معالم التنزیل اور بیضاوی مین صاف موجود ہی کہ معاویہ نے کعب احبار سے پوچھا کہ تو نے آفتاب کے ڈوبنے کا احوال کچھ توریت مین دیکھا ہی کعب نے کہا مین نے توریت مین دیکھا ہی انہا تغرب فی ماءٍ وطین یعنے آفتاب چشمہ گل و لا مین ڈوبتا ہی اب یہ عبارت توریت مین باقی نہین رہی حکماے نصاریٰ اور یہود نے اس خیال سے نکال ڈالا ہوگا کہ اونکے نزدیک سورج چار سو چھہتر لاکھ کوس زمین سے دور ہی اور دس مرتبے زمین سے بڑا ہی پس کسطرح چشمۂ گل و لا مین ڈوبے گا حالانکہ یہ اونکی حماقت ہی کیونکہ بہت باتین توریت اور انجیل و زبور مین ایسی واقع ہین جو بظاہر خلاف حکمت طبیعی اور ریاضی کے ہین اور بعضی ایسی کہ فی الواقع فنون حکمت کے خلاف ہین چنانچہ کتاب خروج کے تیسرے باب کے درس ہشتم نسخہ سنہ ۱۸۲۵ مین ہی کہ انھین مصریون کے ہاتھ سے نجات بخشون اور اوس زمین سے نکال کے اچھی بڑی زمین مین جہان دودھ اور شہد موج مارتا ہی کنعانیون وغیرہ کی جگہ مین لاؤن دیکھو زمین کنعان مین کسی جگہ اور کہین دودھ اور شہد کا حوض بھی نہ تھا چہ جا کہ ندی ہو کہ موج مارے اور زبور بستم مین حضرت داؤد کہتے ہین مرا از گور خیزانیدہ حالانکہ بیبل سے ظاہر ہی کہ حضرت داؤد ہرگز پھر نہین زندہ ہوے اور پہلی انجیل کے بارھوین باب درس ۴۲ مین ہی کہ دکھن کی رانی اقصاے زمین سے سلیمان کی حکمت سننے آئی حالانکہ جغرافیہ کی رو سے ثابت ہی کہ زمین کروی الشکل ہی اور شکل کروی کا کوئی کنارہ نہین ہوتا بلکہ ہر جگہ اوسکا کنارہ ہی معلوم ہوا کہ دوسرا خدا عیسیٰ زمین کی شکل سے آگاہ نہ تھا ورنہ اقصاے زمین کا لفظ نہ بولتا اسیطرح اوسی انجیل کے باب ۲۴ کے درس ۱۶ نسخہ سنہ ۱۸۱۶ مین واقع ہی کہ از اطراف اربعہ از اقصاے فلک یا بطرف دیگر جمع خواہند نمود حالانکہ آسمان کا کوئی کنارہ نہین پس یہ بھی غلط کہا اور پہلی انجیل کے دوسرے باب کے آغاز مین ہی کہ

حضرت عیسی کے پیدا ہونے کے وقت پورب سے اُسکا تارا دکھلائی دیا اور وہ تارا دیکھنے والون کی روش پر چلا آیا یہان تک کہ اُس مکان کے مقابلہ مین جہان عیسی پیدا ہوے تھے ٹھہر گیا دیکھو تارے کا آدمی کی روش پر چلنا خلاف علم طبیعی اور ہیئت کے ہی اور اس سے علم نجوم کی حقیقت ثابت ہوتی ہی حالانکہ توریت اوسکو باطل کرتی ہی اور یوحنا اپنے مشاہدات مین لکھتا ہی کہ علامت عظیم از آسمان سرزد کہ زنے پوشیدہ بود خورشید را و ماہ در زیر پا ہاے او بود و برسرش تاجی بود از دوازدہ ستارہ یہ قول تو بالکل علوم عقلیہ کے خلاف ہی علی ہذا القیاس حضرت یوشع کے معجزے مین توقف شمس کا معجزہ لکھا ہی وہان یہ بھی ہی کہ آفتاب کے ساتھ چاند کو بھی کہا تھا کہ تو بھی ٹھہر رہ حالانکہ جسوقت آفتاب وسط سما مین ہوگا چاند وہان کہان ہو سکتا ہی بلکہ ایسے وقت مین جرم قمر معلوم نہین ہوتا یہ بالکل خلاف علم ہیئت کے ہی اور زبور ایکسو چار نسخہ سنہ ۱۸۳۱ کے درس ۳ مین ہی اُسنے یعنے خدا نے اپنے بالا خانہ کی کڑیون کو پانیون پر قائم کیا ہی اور بدلیون کو اپنا مرکب بنایا ہی اور ہوا کے تارون پر سیر کرتا پھرتا ہی یہ قول تو بالکل خلاف الٰہیات اور طبیعیات اور ریاضیات کے ہی اور یہی زبور ۱۹ درس ۴ و ۵ و ۶ مین ہی کہ درانہا یعنے درافلاک براے آفتاب خیمہ برقرار دادہ کہ مانند داماد از حجلہ بیرون مے آید و چون پہلوانان در دویدن خوشنود است برآمدن آن از اقصاے آسمان است و بازگشتن باقصاے ہمان اسطرح کی بہت باتین اُسنے نکلینگی کہ اس سے صاف معلوم ہو جائیگا کہ توریت اور انجیل و زبور کی بہت باتین حکمت کے خلاف اور بطلیموس حکیم کے قول سے مخالف ہین پس اون جاہلون نے ان سب کو نہ نکالا ایک ذری سی بات کہ اوسمین ہیچ نہ تھا قرآن پر اعتراض کر نیکو نکال ڈالا ہی **فائدہ** آخر آیت سے بعضے دلیل کرتے ہین کہ ذوالقرنین نبی تھا مگر یہ قول ضعیف ہی کیونکہ یہ کلام بطور الہام تھا نہ بطور خطاب و نہ بواسطہ جبرئیل علیہ السلام بلکہ ایسا ہی جسطرح حضرت موسی کی مان سے ارشاد ہوا ہی کہ واوحینا الی ام موسی ان ارضعیہ الخ حال مفصل یہ ہی کہ اللہ جل شانہ نے اس بادشاہ کو جسکا لقب ذوالقرنین تھا سکندر ہو یا کوئی اور اُسکو پہلے زمین کا مالک کیا اور بخوبی دسترس عطا فرمایا اور پھر ہر ایک چیز سے اُسکو مستغنی کیا اور علم سیاست مدن ایسا دیا کہ دوسرے کو اوسکے وقت مین ہرگز نہ تھا اور نور وظلمت مین چلنا اور پھرنا اوسکو برابر تھا بدلی اوسکی مسخر تھی کہ جس جگہ چاہتا جلد جاتا ایکدن روم سے سوار ہو کر مصر مین گیا اور مصر کو فتح کرتا زنگیون کو ہزیمت دیتا مغرب گیا اس قصد پر کہ دیکھیے دنیا کی بستی کہان تک بستی ہی چلتے چلتے ایسی جگہ پہونچا جہان نہ گذر آدمی کا نہ کشتی کا اس سبب سے حد دنیا کی نہ پا سکا اور وہان سیتے اوس چشمے کے پاس

ایک شہر نظر آیا جسکے بارہ ہزار دروازے تے، اور رہنے والے اُس شہر کے سب کافر پوشاک اُنکی
کھال اور کھانا اُنکا دریائی جانور مرا ہوا سو اللہ نے اُسکو اُنپر دونون بات کی قدرت فرمائی یعنے چاہے
تکلیف دے اور چاہے تعلیم شرایع و احکام کرے اسطرح ہر ایک بادشاہ کو قدرت ملتی ہی چاہے
خلق کو ستاوے چاہے اپنی خوبی کا ذکر جاری کرے پس ذو القرنین نے کہ حاکم عادل تھا راہ وسط
اختیار کی یعنے جسنے نافرمانی کی اُسکو سزا دی اور جو ایمان لایا اُس پر احسان کیا اور ایک سال کامل
مع اپنے لشکر کے اُس طرف رہا اُس مدت مین صرف ایک شخص ایمان نہ لایا اُسکو قتل کروایا اور
سال بھر وہان کے شہرون مین پھرا اس عرصے مین ایک شہر نظر آیا کہ دیوارین اُسکی روئین کی اور ہزار
دروازے حوالی شہر مین فرو کش ہوا اور اُسمین جانیکا طریق یہ نکالا کہ رسیان اور کمندین ڈلوائین اول
ایک شخص کو بھیجا کہ وہان کا حال دیکھ آوے وہ گیا سو ہنس کر دیوار کے اُدھر گر پڑا ہر چند لوگ منتظر رہے
وہ نہ پھرا پھر دوسرا گیا وہ بھی نہ آیا کہتے ہین کہ وہ شہرستان سبا تھا کہ اُس مین آب روان اور انواع
تنعمات تھے آب و ہوا نہایت لطیف نہ سردی نہ گرمی سو وہان کے رہنے والے ناشکری کرنے
لگے اللہ نے اُنکو ہلاک کیا بالجملہ سکندر ناچار وہان سے پورب طرف چلا اور سفر کا سرانجام کیا راہ مین
ایک جزیرہ ملا وہان حکیم لوگ رہتے تھے اور دریا اُنکو محیط تھا سوائے کشتی کے کسیطرح جانا اُنپر ہوسکتا
تھا اہل شہر نے بادشاہ کو دیکھا تو اپنی کشتیان جزیرے سے اُٹھا لیگئے مگر بادشاہ کسی حیلہ سے وہان
پہونچا تو دیکھا کہ اُس شہر کے لوگ نہایت خشک اور لاغر ہین اُسکے سبب پوچھا اُنھون نے جواب دیا
کہ ہماری غذا کی یہی خاصیت ہی بعد اُسکے حکیم آئے اور حکمت کے کلام کہنے لگے اور خوان کھانیکے
آراستہ کرکے کمال تکلف سے بطور ضیافت گذرانے اور رخصت ہوکر چلے گئے ذو القرنین نے
اُنکو طلب کرکے پوچھا کہ تم کس لیے کھانا نہین کھاتے اُنھون نے سرپوش خوانون سے اُٹھایا
تو مٹی کے طاش جواہرات سے بھرے تھے ذو القرنین نے کہا یہ قابل کھانے کے نہین ہی حکیمون
نے عرض کیا تمہارا مقصد اس گرد آوری سے یہی ہی سو موجود ہی اور خوراک ہماری تمہارے لائق
نہین ہی ذو القرنین نے اُنکو بلا تعرض چھوڑ دیا پھر وہان سے جانب ہندوستان روانہ ہوا اور ایک
ایلچی اپنا پیش بادشاہ ہند کے روانہ فرمایا اور اُس سے کہدیا کہ بادشاہ ہند سے زبانی کہنا کہ میری
اطاعت قبول کرے اور اپنا ایلچی میرے حضور مین روانہ کرے ایلچی ذو القرنین کا ہند مین پہونچا
تو بادشاہ ہند نے تحائف اور ہدایا کمال تعظیم اور تکریم سے ایلچی کے ساتھ بھیجے کہ ذو القرنین نے
اُنکو قبول کیا اور دریافت کر لیا کہ بادشاہ ہند نے اطاعت قبول فرمائی پھر وہان سے روانہ

ہوا تو سورج نکلنے کی جگہ پہونچا کما قال اللہ فی سورۃ الکہف حتیٰ اذا بلغ مطلع الشمس وجدہا تطلع علی قوم لم نجعل لہم من دونہا ستراً یعنے یہان تک جب پہونچا سورج نکلنے کی جگہ پایا کہ وہ نکلتا ہی ایک لوگون پر کہ نہین بنا دی ہمنے اُنکو اس سے ورے کچھ اوٹ شاید وہ لوگ جنگلی تھے کہ کپڑا بنا اور چھت ڈالنا اُنہین دستور نہ تھا اسی سبب سے اُنکے یہان نہ گھر تھا نہ سایہ نہ دیوار نہ جامہ بیابان ریگستان مین رہتے تھے اور کھانا اپنا شہرون سے لاکر کھاتے تھے اور کپڑا نہین پہنتے تھے سب کے سب ننگے تھے اور مطلق حیا اور شرم اُنکو نہ تھی بلکہ عورت اور مرد بے تکلف ایک دوسرے کے روبرو جماع کرتے تھے اور اُس مقام کا حال یہ تھا کہ صبح سے دوپہر تک گرمی کی شدت ہوتی اور دوپہر کے بعد سردی غلبہ کرتی ذوالقرنین نے اُنسے کچھ تعرض نہ فرمایا اور مغرب وشمال کے کونے کو چلا تو دو پہاڑون کے بیچ مین پہونچا اُسمین زہاد عباد حکما رہتے تھے اور وہ دواڑ دو پہاڑ نہایت بلند تھے یاجوج ماجوج کے ملک مین وہی اٹکاؤ تھا اُنپر چڑھائی نہ تھی مگر بیچ مین ایک گھاٹہ کھلا تھا کچھ لوگ آگے اُن پہاڑون کے بیٹھے تھے سو بروایت ابن عباس وہ لوگ کسیکی بات نہ سمجھتے اور نہ کوئی اُنکی بات سمجھتا ذوالقرنین نے اُنپر دعوت حق فرماکے وعدہ وعید سے ترہیب ترغیب کی کما قال اللہ فی سورۃ الکہف حتیٰ اذا بلغ بین السدین وجد من دونہما قوما لایکادون یفقہون قولا یعنے یہانتک کہ جب پہونچا دواڑ کی بیچ پائے اُنسے ورے ایک لوگ لگتے نہین کہ سمجہین ایک بات بالجملہ ذوالقرنین نے اُن لوگون سے جو آگے پہاڑون کے بیٹھے تھے عنایت کرکے احوال پرسی شروع کی اُن لوگون نے یاجوج ماجوج کا ظلم اور فساد ظاہر کیا کما قال قالوا یا ذالقرنین ان یاجوج وماجوج مفسدون فی الارض فہل نجعل لک خرجا علی ان تجعل بیننا وبینہم سدا یعنے کہنے لگے اے ذوالقرنین یہ یاجوج اور ماجوج دھوم اُٹھاتے ہین ملک مین سو کہے تو ہم ٹھہراوین تجھکو کچھ محصول اسپر کہ بنا دیوے ہم مین اُنمین ایک اڑ یعنے ہم آپسمین باچھ ڈالکر کچھ مال جمع کردینگے اور تم بادشاہ صاحب حکم ہو تم سے یہ کام سرانجام ہوسکتا ہی اگر عنایت فرماؤ تو ہمارا بچاؤ ہی حدیقۃ الاقالیم مین لکھا ہی کہ جن لوگون کو یاجوج ماجوج نے پریشان کر رکھا تھا وہ لوگ اولاد سقلاب سے تھے اور دارالسلطنۃ سقلابیون مین رہتی تھی وہان کا بادشاہ حاضر ہوکر ایمان لایا اور اُسنے سب حال کہا **فائدہ** معلوم ہوتا ہی کہ یہ لوگ سوائے اُنکے تھے جو آگے پہاڑون کے بیٹھے تھے کیونکہ وہ لوگ کسیکی بات نہ سمجھتے تھے اور نہ کوئی اُنکی بات سمجھتا تھا اسلیے کچھ لوگ اُنکے پاس ترجم تھے اُنھون نے یہ حال عرض کیا تب ذوالقرنین نے کہا میرے پاس مال بہت ہی مجھکو کچھ حاجت مال نہین تم بفائدہ

سے

مال کی طمع مجھے دیتے ہو تمکو اسقدر کافی ہی کہ میرے ساتھ محنت کرنے مین شریک ہو تا کہ مین مابین تمھارے
اور اُنکے سد بنا دون کما جار فی سورة الکهف قال ما مکنّی فیه ربّی خیر فاعینونی بقوة اجعل بینکم وبینهم ردما
یعنے ذوالقرنین نے کہا مقدور دیا مجھکو میرے پروردگار نے وہ بہتر ہی سو مدد کرو میری محنت مین
بنا دون تمھارے اُنکے بیچ ایک ڈھایا یعنے اللہ نے مجھکو شرق سے غرب تک کا ملک عنایت کیا ہی
سو مین محصول کی احتیاج نہین رکھتا تم میری مدد ہاتھ پیر سے کرو وہ بولے ہم کسطرح مدد کرین ذوالقرنین
نے کہا لوہے کے تختے مجھے دو تو مین برابر برابر رکھون پھر ذوالقرنین نے زر کثیر عنایت کیا
اور ان لوگون نے مابین دونون پہاڑون کے ایک بنیاد عمیق کھودی کہ پانی نکل آیا پھر اُسمین
بڑے بڑے پتھر جمائے کہ وہ بنیاد زمین کے برابر ہو گئی پھر لوہے کی اینٹین نیچے اوپر رکھین کہ
دیوار ہو گئی اور بلندی پہاڑون کی چوٹی تک پہونچی اور حسب ایماے ذوالقرنین آگ لگائی اور دھونکنیون
سے پھونکا وہ اینٹین سرخ رنگ ہو گئین پھر اوپر سیسہ اور رانگ پگھلا کر ڈالا کہ سوراخ بند ہو گئے کما
جار فی سورة الکهف اٰتونی زبر الحدید حتیٰ اذا ساوی بین الصدفین قال انفخوا حتیٰ اذا جعله نارا قال
اٰتونی افرغ علیه قطرا یعنے پکڑاؤ مجھکو تختے لوہے کے تا کہ مین برابر رکھون یہانتک کہ جب ابر
کر دیا دو پھانکون تک پہاڑ کے کہا دھونکو یہانتک کہ جب کر دیا اُسکو آگ کہا لاؤ میرے پاس کہ
ڈالون اُسپر پگھلا تانبا ایک شخص نے حضرت صلعم سے التماس کیا کہ مین سد ذوالقرنین تک
گیا ہون اور اُسکو دیکھ آیا ہون حضرت صلعم نے فرمایا کہ اُسکی طرح بیان کر اُسنے کہا یا رسول اللہ
سد ذوالقرنین ایسی ہی جیسے چارخانہ کی لنگی فرمایا سچ ہی وہ لوہے تختے سیاہ دیکھ پڑتے ہین اور
درزون مین تانبے کی لکیر سرخ نظر آتی ہی روایت ہی کہ مابین دونون پہاڑون کے چار ہزار
قدم کا فاصلہ تھا اور بلندی دیوار کی چھ سو ارش اور عرض پینسٹھ گز وبقولے پانچ کوس کا اور
طول ایک سو پچاس فرسخ ہی وبقولے عرض پچاس گز کا اور طول بارہ فرسخ کا ہی اور مؤلف
ہفت اقلیم نے لکھا ہی کہ اُس دیوار مین کواڑ لگے ہین ہر کواڑ ساٹھ گز کا عریض اور ستر گز کا طویل
اور پانچ گز کا ضخیم اور دروازے مین قفل سات گز کا لنبا لگا ہی اور سات ہی گز کی کنجی اُسمین
آویزان ہی اور اُسمین چوتیس دندانہ مثل دستہ ہاون نظر آتے ہین روایت ہی کہ وہان کے
بادشاہ نے یہ دستور رکھا ہی کہ ہر ہفتہ مین بروز جمعہ مع ایک جماعت سپاہیان جاتا ہی در دروازے
کو بڑے بڑے گرزون سے ٹھکواتا ہی تا کہ یاجوج وماجوج کو معلوم ہو کہ اس دروازے پر
نگہبان ہین الغرض جب یہ دیوار بنگئی تو ذوالقرنین نے سجدۂ شکر ادا کیا اور کہا یہ دیوار میرے پروردگار

کی مہربانی اور رحمت ہی ورنہ مین کب اس لائق تھا کہ میری بنائی ہوئی دیوار سدراہ یاجوج ہوتی لیکن
جب میرے پروردگار کا وعدہ پہونچے گا تو یہ دیوار گرجائیگی اور وعدہ اُسکا سچا ہی اُسمین سر مو
تفاوت نہین ہی کما جاء فی سورۃ الکہف ہذا رحمۃ من ربی فاذا جاء وعد ربی جعلہ دکاء وکان
وعد ربی حقا اور بخوبی ثابت ہی کہ یاجوج وماجوج حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عہد آخر زمانہ مین
نکلینگے اسمین ہرگز شک اور شبہ نہین اور تمام عالم کو عاجز کرینگے پھر حضرت عیسیٰ کی دعا سے
مرینگے صحیحین مین حضرت زینب بنت جحش سے روایت ہی کہ حضرت سوتے سے جاگے چہرہ مبارک
خوف سے سرخ تھا فرتے تھے لاالہ الا اللہ پھر فرمایا خرابی ہی عرب کو اُس بلا سے جو نزدیک ہو چلی یاجوج
ماجوج کی دیوار سے آج کھل گیا اسکے برابر اور حضرت نے اپنی انگوٹھی اور کلمے کی اونگلی کا حلقہ
بنایا یعنے اس حلقہ کے برابر اُس دیوار مین سوراخ ہوگیا حضرت زینب نے کہا کہ یا حضرت کیا ہم
مٹ جاوینگے حالانکہ ہم مین نیک لوگ ہین فرمایا ہان جب کہ بدکاری غالب ہو جائیگی یعنے جب
گناہ عالم مین کثرت سے ہونگے تو نیک لوگ کم ہونگے پھر نیک و بد سب ہلاک ہونگے اور یہ جو عرب
کی تخصیص فرمائی سو اسلیے کہ یاجوج ماجوج کو حضرت کے سبب سے زیادہ تر عداوت عرب سے
ہوگی نہین تو یہ بلا عالمگیر ہوگی اس حدیث سے ثابت ہی کہ ہمارے حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ
وسلم کے زمانہ مین ایک سوراخ برابر روپیہ کے سد مین ہوگیا تھا جسکی اطلاع حضرت نے فرمائی
اب روز بروز ترقی ہی قیامت کے قریب راہ ہو جائگی یاجوج ماجوج نکلینگے اور تمام عالم کو تباہ کرینگے
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ یاجوج ماجوج دیوار کو ہر روزہ کھودتے ہین جب
آفتاب کی روشنی کم رہجاتی ہی تب کہتے ہین اب کل کھودینگے اور چلے جاتے ہین مگر یہ قدرت الٰہی ہی
کہ دیوار بدستور برابر ہو جاتی ہی اسیطرح مدت معینہ تک کرتے رہینگے جب وقت معہود آویگا تو
ایک روز قبل غروب آفتاب کہینگے اب چلو کل انشاء اللہ کھودینگے دوسرے دن دیوار کھودی
ہوئی اپنی دیکھینگے جسطرح کھودکر چھوڑ گئے تھے پھر باقی ماندہ کھودکر نکلینگے اور خلق خدا پر
جور و ستم پیش آینگے اور نہایت تکلیف دینگے پھر آسمان کا قصد کرینگے اور تیر چلاوینگے
کہ وہ تیر خون سے بھرا گرا اور اللہ کے حکم سے انپر پیاس کا غلبہ ہوگا سو زمین کے وہب ابن
منبہ سے روایت ہی کہ بحیرہ طبریہ کا پانی سب پی لینگے اور جانور اُسکے کھا لینگے صرف حرمین شریفین
زادہما اللہ شرفا اور بیت المقدس مین نہ جا سکینگے اور ایک روایت ہی کہ جب ظلم اور ستم حد سے
گذر جائگا تو اُنکے مُنھ مین پھوڑا نکلیگا اُس سے ہلاک ہونگے اور اُنکا گوشت۔ دواب ارض

کو دکو دکھائینگے اور ایک حدیث مین وارد ہی کہ یاجوج وماجوج صبح سے تا غروب آفتاب دیوار کو زبان سے چاٹتے ہین پھر چلے جاتے ہین اور کہہ جاتے ہین کہ اب کل توڑینگے لیکن لفظ انشاءاللہ نہین کہتے جب وقت معہود آویگا تو ایک شخص اونمین مسلمان ہوگا اور وہ بھی دیوار کو چاٹیگا اور وقت معاودت کہے گا انشاءاللہ کل چاٹینگے تب ہی دیوار ٹوٹے گی اس جگہ سے معلوم ہوتا ہی کہ دیوار کو کبھی چاٹتے ہین اور کبھی کھودتے ہین خواہ بعضے کھودتے ہین اور بعضے چاٹتے ہین روایت ہی کہ اول ظہور یاجوج وماجوج شام مین ہوگا اور آخر الخ مین احوال یاجوج ماجوج حضرت مولانا رفیع الدین دہلوی نے حشر نامہ مین بتفصیل لکھا ہی اور کتب احادیث مین ذکر اونکا مفصل ہی چنانچہ مشکوۃ المصابیح مین باب علامات قیامت اور ذکر دجال مین ایک بڑی حدیث حذیفہ ابن الیمان رضی اللہ عنہ سے موجود ہی جو چاہے اسمین دیکھے اور آخر کتاب مین حال قیامت لکھا جائیگا انشاءاللہ **فائدہ** معالم التنزیل مین ہی کہ حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹے تھے سام وحام ویافث سام ابو العرب والعجم والروم اور حام ابو الحبشہ والزنج والنوبہ اور یافث ابو الترک والخزر والصقالبہ ویاجوج وماجوج اور یہ دونون نام عجمی ہین جس طرح ہاروت وماروت مشتق اجیج النار سے اور ضحاک کے نزدیک یاجوج وماجوج ایک گروہ ترک سے ہین اور سدی کے نزدیک ترک لشکر یاجوج وماجوج ہی اور جمیع ترکستان کے لوگ اونہین کی اولاد ہین مگر یہ لوگ دیوار ذوالقرنین کے باہر رہ گئے ہین اور قتادہ سے روایت ہی کہ یاجوج وماجوج کے بائیس گروہ تھے اکیس کیواسطے ذوالقرنین نے سد بنائی ایک گروہ اونکا دیوار سے خارج رہا سو ترک کی قوم ہی اور وجہ تسمیہ ترک کی بھی یہی ہی لانہم ترکوا خارجین اور حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ یاجوج وماجوج دو امت ہین اور ہر ایک امت مین چار ہزار امت ہی اور اللہ نے یہ دستور باندھا کہ جب تک ایک ایک متنفس سے ہزار ہزار مرد پیدا ہوکر جوان نہین ہولیتا تب تک کوئی شخص اونکا نہین مرتا اور یہ سب بنی آدم ہین اور انکی تین قسمین ہین ایک وہ کہ طول قامت اونکا ایک سو بیس گز ہی اور دوسری قسم وہ کہ جسکا عرض اور طول برابر یعنی ایکسو بیس گز کا طول اور اسیقدر عرض اور یہ قسم اسطرح کی قوی اور زور آور ہی کہ پہاڑ اور درخت اور آہن وغیرہ اشیاء سخت اونکے سامنے کچھ چیز نہین ہین اور قسم سوم اور بھی عجیب وغریب ہی کہ بلندی قامت کے سوا اونکے کان ایسے بڑے ہین کہ ایک کو بچھاتے ہین اور دوسرے کو اوڑھتے ہین اور خوک اور ہاتھی اور شیر اور چیتے وغیرہ حیوانات جو اونکے روبرو آجاتے ہین بلا توقف کھا لیتے ہین اور جو کوئی انکے جنس مین مرجاتا ہی اوسکو بھی اپنا لقمہ بے دود سمجھکر کھایا کرتے ہین اور حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی

ذکر یاجوج وماجوج

کہ وہ فرماتے تھے کہ بعضے اوس قوم مین بالشتیے ہین اور بعضے بہت طویل القامت اور کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اولاد آدم علیہ السلام مین یہ قوم عجایب المخلوقات ہی اور خلقت اسکی یون ہوئی کہ حضرت ابوالبشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایکدن احتلام ہوا اور منی مٹی سے مل گئی اوسی سے یاجوج وماجوج پیدا ہوے لیکن یہ روایت کعب احبار سے ضعیف ہی اور کوئی سند متصل اسکی پائی نہین جاتی اور صحیح روایت اہل تحقیق کے نزدیک یہ ہی کہ یاجوج وماجوج برادران حقیقی واعیانی اولاد جوبر بن یافث بن نوح علیہ السلام سے ہین بعد وقوع طوفان یہ دونون بھائی دو پہاڑون مین سکونت پذیر ہوے اور اونکی اولاد بہت ہوئی اور بصورت انسان ہین چنانکہ عبداللہ بن عمر فرماتے ہین کہ تمامی بنی آدم دس جزو ہین ازانجملہ نو جزو یاجوج ماجوج اور ایک جزو تمام عالم اونکے قامت ایک بالشت سے چالیس گز تک اونمین چار بادشاہ ہین ڈلان انجح طاردن طاقہ بلاد شمال کے کنارے ہفت اقلیم سے باہر انکا ملک ہی مگر کان اونکے بہت بڑے ہین ایسے کہ ایک کو بچھاتے ہین اور ایک کو اوڑھتے ہین اور زراعت کرتے ہین لیکن سواے گیہون کے اور کوئی غلہ نہین بوتے دین وشریعت اونمین کچھ نہین ہی اور موت نہایت کم ہوتی ہی اسی باعث سے بہت بڑھ گئے ہین کہ اونکا شمار اللہ ہی کو معلوم ہی اور وہ دونون پہاڑ شمال کی طرف واقع ہین اور اوسی مقام مین ارض ترک کی انقطاع ہوئی ہی اور قاضی بیضاوی کے نزدیک جبل ارمنیہ اور آذربیجان اون پہاڑون کا نام ہی اونہین کی شکایت مسلمانون نے ذوالقرنین سے پیش کی کہ وہ گھاٹی پہاڑ سے آکر مال واسباب ومویشی لوٹ لیجاتے ہین اور جو کوئی ہم سے مقابل ہوتا ہی بلا تامل اوسکو مارتے ہین اور ایام ربیع مین کھیت کھا جاتے ہین اور جو غلہ پاتے ہین اوٹھا لیجاتے ہین اور آدمی اگر مل جاتا ہی تو اوسکو بھی مار کر کھا لیتے ہین تب ذوالقرنین نے دیوار بنائی بالجملہ ذوالقرنین سد سے فارغ ہوکر جانب شرق آیا اور چند عالمون کو طلب کرکے مستفسر ہوا کہ تمنے کسی کتاب مین درازی عمر کی بھی دوا دیکھی ہی اونمین سے ایک حکیم نے التماس کیا کہ مین نے وصیت نامہ حضرت آدم علیہ السلام مین پڑھا ہی کہ اللہ تعالی نے ایک چشمہ کوہ قاف کے نیچے پیدا کیا ہی اور اوس مقام مین نہایت اندھیرا ہی اور پانی اوس کا سفید ہی دودھ سے اور زیادہ سرد ہی برف سے اور زیادہ تر میٹھا ہی شہد سے اور نرم ہی مسکہ سے اور مشک سے زیادہ اوسمین خوشبو ہی جو کوئی اوسکا پانی نوش کرے حیات ابدی سے سرفراز ہو اور موت اوسکو نہ آوے جب تک وہ خود موت کی خواہش نہ کرے ذوالقرنین نے کہا تم لوگ میرے ہمراہ چلو بولے ہم زمین کے قطب ہین اگر یہان سے حرکت کرینگے

تو آفت برپا ہوگی ذوالقرنین نے کہا تب بھی کچھ لوگ میرے ہمراہ چلیں چنانچہ چند عالم و حکیم ساتھ ہوے
اور خضر علیہ السلام کہ پیغمبر تھے مقدمۂ لشکر قرار دیے گئے اور جواہر شب افروز جنکی باعث سے اندھیرے
مین راہ ملے حضرت خضر علیہ السلام کے تفویض کیے گئے اور ذوالقرنین نے تاج و تخت ایک مرد صاحب
صلاح و تقویٰ کے سپرد کیا اور وصایا فرماے اور بارہ برس کی میعاد واسطے آمد و رفت کے مقرر کی
اور روانہ ہوا جب جبل قاف سے گذرا تو راہ بھول گیا اور ایک برس تک پھرتا رہا اور مقدمۂ لشکر کہ خضر
علیہ السلام تھے ظلمات مین جا پڑے چونکہ جواہر مضیہ اُنکے ہاتھ مین تھے سو اُنھون نے اوسکی
روشنی مین اوس راہ کو طی کیا اور چشمۂ حیات پایا اوسمین نہائے اور پانی پی کر شکر کیا اور آگے کو بڑھے
تو لشکر ذوالقرنین پریشان و سرگردان نظر آیا بعض لوگون نے حضرت خضر کو پہچانا اور حال اپنا بیان کیا
آنجناب نے بھی جو کچھ گذرا تھا کہدیا پھر ذوالقرنین سے ملاقات ہوئی اوسکو سمجھایا کہ تیری قسمت مین
آب حیات نہین ہے ناحق تو سرگردان ہے و لنعم ما قیل ؎ تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل ✤
کہ خضر از آب حیوان تشنہ می آرد سکندر را ✤ پھر سکندر نے صبر کر کے لشکریون سے فرمایا کہ تم لوگ اسی
جگہ رہو مین عجائبات اس طرف کے دیکھون چنانچہ اکثر عجائبات وہان کے مشاہدہ کیے کہ قصص و
حکایات اونکے مشہور ہین کذا فی قصص الانبیا منقول ہے کہ سکندر ذوالقرنین پانچسو برس اطراف عالم
مین پھرا جب کوہ بابل مین پہونچا درۂ غار سے صدا آئی ایہا الملک اس غار مین داخل ہو ذوالقرنین اوسمین
آیا وہان ایک تختی پر لکھا پایا ایہا الملوک انظروا واعتبروا انا الذی عشت الف عام واسرت الف ملک
وبنیت الف مدینۃ وتزوجت الف بکر وضعت الف کنز ثم بعد ذالک کلہ غرلق وفی التراب دفنت
یعنی ای بادشاہو دیکھو اور عبرت پکڑو کہ مین وہ شخص تھا کہ ہزار برس دنیا مین جیا اور ہزار بادشاہونکو
قید کیا اور ہزار شہر بنائے اور ہزار عورت باکرہ سے نکاح کیا اور ہزار خزانے جمع کیے پھر باوجود ان
باتون کے مین آگ پھینکا گیا اور مٹی مین دفن کیا گیا پھر سکندر نے دیکھا کہ ایک شخص سونیکے تخت پر
چادر اوڑھے پڑا ہے اُسکے دونون مٹھیون مین زر سرخ بھرا ہے ایک کھلی ہے اوسمین لکھا ہے اخذنا فامسکنا
گرفتیم و داشتیم دوسری بند ہے اوسپر مرقوم ہے ذہبنا وترکنا رفتیم و گذاشتیم ذوالقرنین روتا ہوا غار سے باہر آیا
بردے آزاد کیے خزانے لٹا دیے دنیا سے جی ہٹا عقبیٰ کا خیال آیا لوگون نے پوچھا مالک الزمان
ایہا السلطان یعنی کیا ہے یہ سب بے نصیبی اور جدائی ای بادشاہ فرمایا کہ بوے معزولی میرے دماغ مین
پہونچی سچ ہے کہ مخلوقات کا آخر عزل موت ہے ؎ برین صحیفۂ مینا ز خامۂ خورشید ✤ نگاشتہ سخنے خوش
بآب زر دیدم ✤ ایا بدولت دہ روزہ گشتہ مستظہر ✤ مباش غرہ کہ از تو بزرگتر دیدم ✤ کسی کہ تاج زر بود

بہ سر شد الصباح ٭ نماز شام ٭ در اخشت زہر سر دیدم ٭ بالجملہ بعد ان سب معاملات سے کے ذوالقرنین بعبادت حق مشغول ہوا یہانتک کہ وفات پائی مدت سلطنت ذوالقرنین ایک قول مین چالیس برس اور ایک قول مین چھ سو برس ہی و بقول سے مدفن اوسکا جبال تہامہ ہی و بقول سے شہر زور مین اور عمر کا حال تحقیق معلوم نہین ہوتا اور جو لوگ کہتے ہین کہ سد سکندری بنائی ہوی سکندر اصغر کی ہی اور خضر علیہ السلام اوسکے وزیر و داماد تھے اور یہی شخص چشمہ حیات کی تلاش مین گیا تھا محض غلط ہی فائدہ بعض مؤرخین نے ذکر ذوالقرنین کا قبل احوال حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لکھا ہی اور بعضون نے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بیان کیا ہی اور بعضون نے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام لکھا ہی مگر صحیح یہ ہی کہ ذوالقرنین اکبر بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھا اور اصغر بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مگر تعین وقت کہ وجود سکندر اکبر کس پیغمبر کے وقت مین تھا معلوم نہین ہوتا اس سبب سے فقیر مؤلف نے بلا لحاظ وقت و زمانہ بدین سبب کہ ذکر اسکا قرآن مجید مین سورہ کہف مین آیا ہی کر دیا ہی اگر کسی عالم مؤرخ کو کتب معتبرہ سے تحقیق وقت و زمانہ کی معلوم ہو تو وہ اس جگہ سے اس حال کو دوسری جگہ لکھین اور زمانہ سکندر یونانی کا البتہ بتحقیق معلوم ہوا ہی چنانکہ حضرت مولانا رفیع الدین دہلوی فرماتے ہین کہ ولادت اوسکی ۵۲۶۱ھ پانچہزار دوسو اکسٹھ ہبوطی مین ہوئی اور اسی سال مین افلاطون الٰہی فوت ہوا ہی اور غلبہ اسکندر مذکورہ فارس پر ۵۲۸۰ھ پانچہزار دوسو اسی مین ہوا ہی اور وفات ۵۵۸۹ھ پانچہزار پانسو نواسی ہبوطی مین ہوئی اور رفع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۵۶۱۶ھ پانچہزار چھسو سترہ مین آسمان پر ہوا ہی اس حساب سے عمر سکندر کی تین سو اونتیس برس کی ہوتی ہی اور بعد اوسکے اٹھائیس برس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اوٹھائے گئے پس اگر یہی شخص سکندر رومی ہی تو ذکر اسکا قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام مناسب واقع ہوا ہی واللہ اعلم

## تفریح بست وششم در احوال حضرت زکریا و یحییٰ و عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام

مدارک التنزیل مین ہی کہ زکریا زبان عبری مین بمعنی دایم الذکر و دائم التسبیح ہی اخبار الدول مین ہی کہ زکریا ابن برخیا اولاد یہود آپ ہی تھے اور اہل تحقیق کے نزدیک زکریا ابن آذان ابن مسلم اولاد رجوبم ابن سلیمان علیہ السلام سے ہین نسب انکا چودہ واسطے مین حضرت داؤد علیہ السلام سے ملتا ہی اور حضرت داؤد اولاد یہودا سے بلاشبہہ ہین پیشہ انکا نجاری تھا اور بقول سے کاسہ گری کرتے تھے محمد ابن اسحٰق کہتے ہین کہ جب بنی اسرائیل

بخت نصر کے پنجۂ ظلم سے رہا ہو کر بابل سے بیت المقدس مین آئے تو گرفتار معاصی ہوے اور کوئی
منع کرنیوالا نہ تھا تب اللہ تعالی نے حضرت زکریا علیہ السلام کو مبعوث کیا کہ اونھون نے گناہون سے
منع کیا اور عذاب الٰہی سے ڈرایا اور سرداری ذبح و قربان کی بھی انہین سے متعلق کی کہ بلا اذن انکے
کوئی عالم یا درویش قربان گاہ مین نہ جاتا تھا اسیطرح باب مسجد بلا کھولے اونکے نہ کھلتا تھا اور اس عرصہ
مین امام و خطیب عمران ابن ماتان یا ماثان تھا یہ عمران سواے والد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہے
ان دونون کے عہد مین فاصلہ ایک ہزار آٹھ سو برس کا ہے کما فی اخبار الدول روایت ہے کہ چار ہزار
مرد اس عرصہ مین خادم مسجد تھے اُن سب سے عمران کثرت طاعت و عبادت مین ممتاز اور
شرافت نسب و علو حسب مین سرفراز تھے اور زوجہ عمران مسماۃ حنہ بنت فاقود تھی یہ بھی اپنے زمانے
کی عورتون مین بصفت عفت و عصمت مشہور تھی اونکی بہن مسماۃ ایشاع سے حضرت زکریا علیہ السلام
نے عقد کیا اور امام رازی نے تفسیر کبیر مین لکھا ہے کہ حضرت زکریا کی عورت حضرت مریم کی بہن تھی بعین
اور معالم التنزیل اور مدارک اور بیضاوی شریف مین ہے کہ زکریا و عمران ہمدامن تھے یعنے زوجہ زکریا مسماۃ ایشاع
بنت فاقود والدہ یحییٰ ابن زکریا علیہما السلام و حنہ بنت فاقود والدہ مریم زوجہ عمران ابن ماثان اس
صورت مین ایشاع مریم کی خالہ ٹھہرتی ہین مگر صحیح قول امام رازی رحمہ اللہ کا معلوم ہوتا ہے کیونکہ
حدیث معراج سے پیدا ہے کہ عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام خالاتی بھائی تھے بالجملہ ایک مدت دراز تک حضرت
زکریا علیہ السلام کے کوئی اولاد نہوئی اور مسماۃ حنہ بھی مدت سے کوئی لڑکا لڑکی نہ جنی تھی سو وہ ایک
دن مسجد مین گئی دیکھتی ہے کہ اکابر و علماے بنی اسرائیل خدمت مسجد مین مصروف ہین ع بیاد حق
از خلق بگریختہ ✽ چنان مست ساقی کہ می ریختہ ✽ گروہے عملدار عزلت نشین ✽ قدمہای خاکی دم
آتشین ✽ بذکر حبیب آنچنان مشتغل ✽ بسودای جانان زجان مشتغل ✽ سو مسماۃ حنہ کو یہ آرزو ہوئی
کہ اگر مین بھی خادم ہوتی تو کیا خوب بات تھی مگر بمتابعت عمران سے یہ دولت اوسکو حاصل نہوئی تو
کہنے لگی اگر خالق عالم مجکو ایک بیٹا عنایت کرے تو اوسکو لباس آزادگی پہنا کر خدمت مسجد مین چھوڑون
اسی خیال مین ایک شب و روز رہی روایت ہے کہ دوسرے روز ایکدرخت کے سایہ مین سونے
لگی وہان ایک جانور از قسم طیور اپنے بچون کو کھلاتا تھا یا یہ دیکھا کہ ایک چڑیا نے بیضہ منقار سے توڑا
تو بچہ نکل آیا اوسنے یہ بات دیکھکر آرزو کی کہ اگر میرے بھی کوئی لڑکا چھوٹا ہوتا تو مین بھی اپنا دل بہلاتی
بعد اوسکے یہ دعا بالحاح مانگی کہ یا الٰہی اب مین بوڑھی ہوئی اور میرا خاوند بھی ضعیف و بوڑھا ہے ظاہرا
امید اولاد ہرگز نہین ہے لیکن تیری قدرت کاملہ سے دور نہین ہے کہ مجھ بوڑھیا کو اس حال مین ایک

بیٹا عنایت فرماوے ؎ از آستان لطف تو جویم مراد خویش ❊ کان کعبۂ ارادت و حاجت روائے ماست ❊ چونکہ دعا سے حنہ باخلاص تھی سلسلہ قدرت حرکت مین آیا اور اثر حیض ظاہر ہوا اور بعد فراغت کے عمران نے صحبت کی تو حمل رہ گیا جب آثار حمل ظاہر ہوے سماۃ حنہ نے کہا رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررًا فتقبل منی انک انت السمیع العلیم یعنے ای رب مین نے نذر کیا تیرے جو کچھ میرے پیٹ مین ہی آزاد سو تو مجھسے قبول کر تو ہی اصل سنتا جانتا **فائدہ** اوس امت مین یہ دستور تھا کہ بعضے لڑکون کو ماں باپ اپنے حق سے آزاد کر کے اللہ کے نذر کرتے تھے پھر تمام عمر دنیا کے کام مین نہ لگاتے بلکہ روز و شب مسجد مین رہنے دیتے اور اولاد کو امتثال ایسی نذور مین فرمانبرداری والدین کی فرض عین تھی لیکن بعد بلوغ مختار ہو جاتے تھے حقایق صادقیہ مین ہی کہ محرر بندہ خالص کو بولتے تھے کہ اوسکو کوئی شخص بندہ نہ بنا سکے اور سلمیؒ کے نزدیک محرر وہ ہی کہ اتباع شہوات سے آزاد ہو اور حقایق القرآن مین ہی کہ آزادی اعلی ترین مقامات اولیا مین ہی بشرطیکہ محبت و خلوص کے ساتھ ہو زیرا کہ اینجا آزادان بندگی و بندگان آزادی دارند ع بندہ خویشتنم خوان کہ بشاہی برسم الغرض جب سماۃ حنہ زوجہ عمران ابن ماثان نے یہ نذر مانی تو اوسنے بطریق نصیحت نہ براہ فضیحت فرمایا کہ ای حنہ تو نے یہ کیا کہا اگر بیٹی ہوئی تو اوسکو صلاحیت سکونت و خدمت مسجد کی نہوگی وہ بیچاری سنکے سخت غمگین ہوئی لیکن اس سبب سے کہ حنہ کی زبان سے وقت نذر کرنے کے یون نکلا تھا کہ فتقبل منی انک انت السمیع العلیم خداوند کبریا نے اوسکی نذر قبول فرمائی اس عرصہ مین عمران نے وفات پائی اور بعد چندے ایام وضع حمل قریب پہونچے اور بیٹی پیدا ہوئی تو حنہ کہنے لگی رب انی وضعتہا انثی یعنے ای رب مین نے لڑکی جنی گو کہ حنہ جانتی تھی کہ خالق عالم اس حال سے عالم ہی الا حسب عادت زمانہ امر عجیب دیکھ کر یون کہنے لگی یا بطریق اعتذار عرض کرنے لگی کہ میرے گمان مین تھا کہ بیٹا ہوگا اور اوسکو لیاقت خدمت مسجد کی ہوگی اور اب مین لڑکی جنی ولیس الذکر کالانثی وانی سمیتہا مریم وانی اعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم یعنے بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی اور مین نے اسکا نام رکھا مریم اور مین تیری پناہ مین دیتی ہون اوسکو اور اوسکی اولاد کو شیطان مردود سے یعنے مین نے لڑکا واسطے کنیسہ کے مانگا تھا وہ مثل عورت کے نہین ہی جو تو نے عنایت فرمائی یہ کبھی شایستگی تحریر کی بسبب لزوم حجاب و احتیاج حفظ و حراست کے نہین رکھتی اور مین نے اسکا نام مریم یعنے عابدہ رکھا ہی تا کہ فعل اسکا مطابق اسم کے ہو **فائدہ** برکت اس دعا کی یہ ہوئی کہ اللہ تعالی نے مریم اور عیسی علیہما السلام کو مس شیطان سے محفوظ رکھا حدیث شریف مین وارد ہوا ہی

کہ شیطان ہر مولود کو وقت ولادت مس کرتا ہی کہ وہ مولود رو اوٹھتا ہی مگر مریم و عیسیٰ محفوظ رہے ہین اور تفسیر ثعلبی مین لکھا ہی کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو ابلیس اپنے اعوان اور انصار لیکر آیا تھا مگر فرشتے اوسوقت کھڑے تھے اوس مردود کو فرصت نہ ملی جو مس کرتا بالجملہ مسماۃ حنہ نا امید ہوئی کہ میری نذر پوری نہ پڑی اور اسی حیرت و افسوس مین سوگئی تو دیکھتی ہی کہ کوئی کہتا ہی اے حنہ اگرچہ تو نے بیٹی جنی ہی اور بنظر حفظ کے لائق مسجد نہین ہی لیکن اللہ نے اس بیٹی کو نیاز مین قبول فرمایا تو اسکو مسجد مین لیجا کما اشار فی سورۃ آل عمران فتقبلہا ربہا بقبول حسن و انبتہا نباتا حسنا یعنی پھر قبول کیا اوسکو اوسکے رب نے اچھی طرحکا قبول اور بڑہایا اوسکو اچھی طرح کا بڑھانا **فائدہ** اچھی طرح کی قبول سے یہ مراد ہی کہ اللہ جل شانہ نے وساوس شیطانی اور ہواجس نفسانی سے محفوظ رکھا اور اخلاق ربانی سے متخلق کیا اور علامت قبول کی یہ ہوئی کہ اونکو مسجد بیت المقدس مین رکھکر پرورش کیا اور حضرت زکریا علیہ السلام پیغمبر وقت اور سردار قوم کو بظاہر کفیل گردانا اور انبار خانہ غیب و فی السماء رزقکم سے کھانا کھلایا تاکہ دنیا کے لوگ معلوم کرین کہ اللہ تعالیٰ اپنے دوستون کو آپ پالتا ہی اور اپنی حفاظت مین رکھتا ہی اور اونکا کام دوسرے پر حقیقۃ نہین چھوڑتا اور بظاہر فی الجملہ علاقہ لگا دیتا ہی تاکہ عالم اسباب کا بطلان لازم نہ آوے اور اچھی طرح کے بڑھانے سے یہ مراد ہی کہ روح اللہ اونکے بطن سے پیدا ہوے اور شیطان نے کچھ دخل نہ پایا یا ایسا بڑھا تاکہ ایک دن مین اتنا بڑھتین کہ دوسرا آدمی سال مین بڑھتا القصہ مسماۃ حنہ حضرت مریم کو ایک کپڑے مین لپیٹ کر مسجد بیت المقدس مین لیگئی اور وہان کے مجاورون سے کہنے لگی کہ یہ بیٹی نذر اللہ ہی اسکو لیکر پرورش کرو ان لوگون نے کہا کہ عورت مسجد مین نہین رہتی اور ہم اسکو یہان نہین رکھ سکتے تب حنہ نے اپنا خواب بیان کیا تو سب لوگ بامید حصول ثواب یا بلحاظ حقوق عمران سکے چاہنے کہ ہم پالین اول سب سے حضرت زکریا علیہ السلام فرمانے لگے کہ از راہ قرابت مین اسکی پرورش کا استحقاق رکھتا ہون اون لوگون نے کہا کہ اگر تربیت اسکی قریبون پر موقوف ہوتی تو اسکی مان اورون سے زیادہ تر مستحق تھی مگر ہم قرعہ ڈالتے ہین جسکے نام نکلے وہ پالے پس ستائیس یا اونتیس عالمون نے اپنے قلم لوہے کے پانی سے کے جس سے توریت لکھتے تھے نہر اردن کے پانی بہتے مین ڈالے اور یون قرار پایا کہ جسکا قلم اوپر آئے یا یون ٹھہرا کہ ڈوب جاوے پرورش مریم کی وہی کرے سب قلم بہاؤ پر بہے یا پانی مین ڈوب گئے اور حضرت زکریا کا قلم اولٹا اوپر کو بہا یا ڈوب گیا تب مریم کی پرورش انھین کو پہونچی ؎ کشادم فال وحال عشق ورزیدن حوالت شد ٭ خوشم کین قرعۂ دولت بنام من برون آمد ٭ بالجملہ حضرت زکریا کے سپرد ہوین اور اونکی بی بی کہ انکی بہن یا خالہ تھین وہی رکھنے لگین

اور مسجد مین ایک حجرہ الگ سب سے حضرت زکریا نے بنوا دیا کہ دن بھر وہان عبادت کرتین رات کو حضرت زکریا اپنے ساتھ گھر لیجاتے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت مریم کو گھر لے گئے اور دائی دودھ پلانیوالی مقرر فرمائی جب حد طفولیت سے گذرین تب مسجد مین آئین اور ایک علیحدہ حجرے مین رہنے لگین جب حضرت زکریا کہین جاتے تو اُس حجرے کو مقفل کر جاتے جب نو برس کی ہوئین تو رات بھر عبادت حق مین مشغول رہتین اور تمام دن روزہ رکھتین اور توریت پڑھا کرتین چند روز مین توریت بالکل پڑھ گئین اور انہین دنون سے ظہور کرامات شروع ہوا کہ حضرت زکریا علیہ السلام جب قفل دروازے کا کھولکر آتے تو حضرت مریم کے پاس کھانا پاتے حالانکہ ابتدا سے یہ دستور تھا کہ سوائے حضرت زکریا علیہ السلام کے کوئی شخص اونکے پاس نہ جاتا تھا کہ احتمال ہو سکے کسی اور شخص کے دینے کا کما قال فی سورۃ آل عمران کلما دخل علیہا زکریا المحراب وجد عندہا رزقا یعنے جب حضرت زکریا آتے حجرے مین تو پاتے اوسکے پاس کھانا اور انہین یہ عجب بات تھی جاڑون کا پھل گرمیون مین اور گرمیونکا جاڑون مین کئی مرتبہ اسیطرح اتفاق پڑا حضرت زکریا علیہ السلام کو کمال تعجب آیا کہ مین تو قفل بند کر کے باہر جاتا ہون اور میرے سوائے کوئی شخص کفیل انکے امور کا نہین ہی پھر یہ کھانا کہان سے آتا ہی آخر حضرت زکریا نے فرمایا یا مریم انی لک ہذا قالت ہو من عند اللہ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب یعنے ای مریم کہان سے آیا تجھکو یہ کہنے لگی یہ اللہ کے پاس سے ہی اللہ رزق دیتا ہی جسکو چاہے بی قیاس **فائدہ** یہ بہشت کا میوہ حضرت جبرئیل علیہ السلام دے جاتے تھے اور غیر فصل کا میوہ اس لیے لاتے تھے کہ حضرت زکریا وغیرہ کے دل مین یہ شبہ نہ پڑے کہ اور کوئی دے جاتا ہی کیونکہ انجیر تازہ زمستان مین یا خرمائے تر تابستان مین موجود کر دینا مقدور بشر نہین ہی یہ حضرت مریم کی کرامات تھی نہ کہ حضرت زکریا علیہ السلام کا معجزہ کیونکہ اگر اونکا معجزہ ہوتا تو حضرت مریم علیہا السلام سے یون نہ پوچھتے اور بالفرض والتقدیر اگر بطور امتحان دریافت بھی فرماتے تو حضرت مریم علیہا السلام اس طور سے جواب دیتین کہ ہو من معجزتک اور یہ نہ فرماتین ہو من عند اللہ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب **فائدہ** یہ آیت بھی واسطے اثبات کرامات اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم کے ایک دلیل قطعی ہو سکتی ہی **فائدہ** حضرت جابر انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے تین دن سے کچھ تناول نفرمایا تھا اور الم گرسنگی کی غایت اور مشقت جوع کی نہایت ہو گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج طاہرات کے حجرون مین تشریف فرما ہو کر کچھ کھانا طلب فرمایا کسی گھر مین اثر کھانے کا نہ پایا گیا تب حضرت سیدہ بتول فاطمہ زہرا علیہا السلام کے گھر مین تشریف فرما ہوے اور پوچھا

هل عندک شی یعنے تیرے پاس کچھ کھانا ہی حضرت فاطمہ نے عرض کیا لا واللہ یا رسول اللہ یعنے نہین کچھ قسم اللہ کی یا رسول اللہ وہان سے باہر تشریف لے چلے اوسیوقت ایک ہمسایہ نے دو گردہ نان اور کچھ گوشت برسم ہدیہ حضرت فاطمہ کو بھیجا حضرت فاطمہ نے خوان مین رکھکر سرپوش ڈالا اور حضرت حسن علیہ السلام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا اور وہ ماحضر سامنے لائین حضرت نے سرپوش اوٹھایا تو سارا خوان بھرا تھا حضرت نے پوچھا یا فاطمہ انی لک ہذا حضرت فاطمہ نے عرض کیا ہذا من عند اللہ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب آنحضرت نہایت خوش ہوکے فرمانے لگے ای فاطمہ تیرا حال اور مرتبہ مثل مریم بنت عمران کے ہی کہ ہرگاہ اوسکو کھانا آتا اور زکریا اون سے استفسار کرتے تو وہ جواب دیتی تھین ہو من عند اللہ سو آنحضرت نے حضرت علی اور حسن اور حسین علیہم السلام کو ساتھ اپنے کھلایا اور ازواج مطہرات کو بھی بھیجا مگر ہنوز وہ خوان بھرا تھا تب حضرت فاطمہ علیہا السلام نے پروسیون مین تقسیم کیا القصہ حضرت زکریا علیہ السلام نے جب یہ کرامت دیکھی کہ بےموسم میوہ خدا کے یہان سے آیا اور یہ ساری عمر اولاد کی تمنا کررہے تھے اب امیدوار ہوے کہ شاید میوہ بیموسم مجھکو بھی ملے اوسی جگہ اولاد کی دعا کی رب ہب لی من لدنک ذریۃ طیبۃ انک سمیع الدعاء یعنے ای رب میرے مجھکو عطا کر اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ بےشک تو سننے والا ہی دعا کا اگرچہ حضرت زکریا جانتے تھے کہ مشکلات قدرت الہی مین آسان ہین مگر ظہور امر جدید اور خرق عادت سے امیدواری زیادہ ہوتی ہی اس سبب سے اوسی جگہ یعنے محراب مریم مین جہان بیٹھے تھے پوشیدہ دعا مانگنے لگے کہ سورۂ مریم مین ارشاد ہوتا ہی رب انی وہن العظم منی واشتعل الرأس شیبا ولم اکن بدعائک رب شقیا وانی خفت الموالی من ورائی وکانت امرأتی عاقرا فہب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب واجعلہ رب رضیا یعنے ای رب میرے بوڑھی ہوگئین ہڈیان اور ڈہک نکلی سر سے بوڑھاپے کی یعنے بال سفید ہوے اور تجھسے مانگ کر ای رب مین محروم نہین رہا اور مین ڈرتا ہون بھائی بندون سے اپنے پیچھے اور عورت میری بانجھ ہی سو بخش مجھکو اپنے پاس سے ایک کام اوٹھانے والا جو میری جگہ بیٹھے اور یعقوب کی اولاد کے اور کر اسکو ای رب من مانتا **فائدہ** حضرت زکریا کو بنی عم کا ڈر تھا کہ میرے پیچھے اللہ کا دین بگاڑینگے اور توریت کے سب احکام تبدیل کر دینگے اسواسطے دعا مانگی کہ اگر میرا قائم مقام پیدا ہو تو میری جگہ محراب مین بیٹھے اور دین اللہ کا قائم رکھے اور توریت کے احکام جاری کرے اور یہ تو دیکھتے جاتے تھے کہ بنی اسرائیل انبیا کو قتل کرتے ہین اور دین کے احکام بدلتے ہین سو اللہ نے قایم مقام اونکا اور اگلے پیغمبرونکا دیا **فائدہ** یعقوب سے اس جگہ حضرت اسرائیل ابن اسحاق

مراد ہین اور جو لوگ یعقوب ابن ماثان برادر عمران مراد رکھتے ہین قول اونکا ضعیف قابل اعتبار نہین ہی **فائدہ** آیۂ قرآنیہ سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت زکریا علیہ السلام نے یہ دعا پوشیدہ اپنے دل مین مانگی یا اکیلے مکان مین اس لیے کہ بوڑھی عمر مین بیٹا مانگتے تھے اگر نہ ملے تو لوگ ہنسینگے اور شاید ضعف سے آواز نہ نکلتی تھی کیونکہ اس عرصہ مین عمر انکی ننانوے برس کی تھی اور انکی عورت کی اٹھانوے برس کی چنانچہ مدارک التنزیل مین اسیطرح لکھا ہی اور معالم و بحر المواج و جلالین مین ایکسو بیس برس کی عمر حضرت زکریا کی لکھی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ عمر حضرت کی بانوے برس کی اور بی بی کی اسی برس کی تھی اور صحیح یہ ہی کہ دعاے خفی مقبول بارگاہ الٰہی ہی اس لیے خفیہ دعا کی کہ مجیب الدعوات نے قبول فرماکے بواسطہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ارشاد کیا یا زکریا انا نبشرک بغلام اسمہ یحییٰ لم نجعل لہ من قبل سمیا یعنے ای زکریا ہم تجھکو خوشی سناوین ایک لڑکے کی جسکا نام یحییٰ ہی نہین کیا ہمنے پہلے اوس نام کا کوئی تفسیر زاد المسیر مین لکھا ہی کہ وجہ فضیلت یہ نہین ہی کہ قبل تولد اونکے کسیکا یہ نام نہین ہوا کیونکہ بہت نام ایسے ہین کہ مبیشتر اوس سے کسیکا نام نہین تھا بلکہ فضیلت یہ ہی کہ خالق کریم نے خود اپنی عنایت سے اونکا نام رکھدیا اور والدین کو نام رکھنے کا ولی نہین بنایا اور سعید ابن جبیر فرماتے ہین کہ سمیا بمعنی شبیہا و مثلا ہی کما قال اللہ تعالیٰ وہل تعلم لہ سمیا ای مثلا اور معنی یہ ہین کہ نام اوسکے مثل نہین ہی کیونکہ اونسے گناہ نہین کیا اور نہ قصد گناہ کیا اور علی ابن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ مراد اس آیت سے یہ ہی کہ عورت بانجھ کے کبھو ایسا لڑکا نہین ہوا بعضے محققین کہتے ہین کہ اس مذکور سے اجتماع فضائل مراد نہین ہی بلکہ بعض فضائل مراد ہین اسواسطے کہ حضرت ابراہیم و حضرت موسیٰ علیہما السلام حضرت یحییٰ سے اول و افضل تھے اور وجہ تسمیہ حضرت یحییٰ کی محققین نے یہ بیان یہ فرمائی ہی کہ یحییٰ مشتق حیوۃ سے ہی اور حیات حقیقی حیات دل ہی اور حیات دل نبوت اور ایمان سے ہوتی ہی سو حضرت یحییٰ کو دونون عنایت فرمائی تھین اسواسطے یحییٰ نام رکھا یا اس سبب سے کہ رحم عاقر اونسے زندہ ہوا یا اخلاق فاضلہ اور افعال مرضیہ اونسے زندہ ہوئے یا اس وجہ سے کہ علم الٰہی مین یون تھا کہ یحییٰ اس عالم نا پائدار سے شہید اٹھینگے اور شہید کا شمار زندون مین ہوا ہی کہ بل احیاء عند ربہم اور وجہ اول بہت درست ہی القصہ جب حضرت زکریا علیہ السلام کو بشارت ہوئی تب تعجب آیا حالانکہ انکو چیز مانگنے مین تعجب نہ آیا جب سنا کہ لڑکا ہوگا تو کہنے لگے رب انی یکون لی غلام وکانت امرأتی عاقرا وقد بلغت من الکبر عتیا یعنے ای رب کہان سے ہوگا مجھکو لڑکا اور میری عورت بانجھ ہی اور مین بوڑھا ہوگیا یہان تک کہ

الڑ گیا **فائدہ** یہ کلام حضرت زکریا علیہ السلام کا تعجب کے طور پر نہ تھا بلکہ دریافت کرتے ہین کہ الٰہی
ہڈیان پسلیان تو سوکھ گئی ہین اور قوی میرے ضعیف ہو گئے ہین اور عورت میری بوڑھی اور بانجھ ہی
لڑکا جنتی نہین پھر کیا مجھکو جوان فرماویگا یا اسی حالت بڑھاپے مین یہ قدرت دکھائی جائیگی ہذا
ما قال بعض المفسرین اور فقیر مؤلف کے نزدیک یہ کلام حضرت زکریا علیہ السلام کا ازروی استعظام
عنایت حق کے تھا جسطرح عرب بولتے ہین کہ من کجا و این مرتبہ کجا سو حضرت زکریا نے عرض
کیا کہ ای رب مجھ بوڑھے آدمی اور بانجھ عورت کو کیا رتبہ اور استحقاق ہی جو تو نے یہ دعا قبول فرمائی
کہ ایسا لڑکا شایستہ عنایت کریگا مگر تیرا فضل اور تیرا کرم میری کوشش اور سعی کا کچھ دخل نہین بالجملہ جب
حضرت زکریا نے یون عرض کیا قال کذلک قال ربک ہو علی ہین و قد خلقتک من قبل ولم تک
شیا یعنے کہا فرشتے حق نے یون ہی فرمایا تیرے رب نے وہ مجھپر آسان ہی اور تجھکو بنایا مین نے
پہلے سے اور تو نہ تھا کچھ خلاصہ یہ کہ جو تم کہتے ہو وہ درست ہی لیکن اللہ نے فرمایا کہ یہ کام مجھپر آسان
اور ازبس سہل ہی کیونکہ مین نے تجھکو معدوم سے موجود کیا اور ایک قطرہ سے آدمی بنایا اور قطرے کو
پیدا کر کے علقہ کیا پھر خلقت یحییٰ کی اس عمر مین کیا مشکل ہی کہ واسطہ ظاہری موجود ہی پس حضرت
زکریا علیہ السلام اس بشارت سے بہت خوش ہوے اور ازروے شوق کہنے لگے رب اجعل
لی آیۃ یعنے ای رب ٹھہرادے مجھکو کچھ نشانی کہ اپنی عورت کے حمل سے آگاہ ہو جاؤن اور شکر گذاری
اس نعمت غیر مترقبہ مین مشغول ہون قال آیتک الا تکلم الناس ثلث لیال سویا یعنے فرمایا تیری نشانی
یہ ہی کہ بات نکرے تو لوگون سے تین رات تک برابر بھلا چنگا مگر آنکھ سے یا اشارے سے یا ہاتھ سے
یا زمین پر لکھنے سے کما قال فی سورۃ آل عمران آیتک ان لا تکلم الناس ثلثۃ ایام الا رمزا یعنے فرمایا
تیری نشانی یہ ہی کہ نہ بات کرے تو لوگون سے مگر اشارہ کر کے **فائدہ** یہ جو سورۂ مریم مین ثلث
لیال اور آل عمران مین ثلثۃ ایام وارد ہوا مراد اس سے عدم تکلم بطریق استمرار ہی یعنے رات و دن
بات نہ کر سکے اور یہ کیفیت مستمر رہے اور جو بعضے جہلا نے برخلاف رتبہ انبیا کے یہ کلام عقوبت
سوال انی یکون لی غلام کی تجویز کی ہی محض لغو ہی کیونکہ یہ عدم تکلم بسبب کسی مرض کے نہین تھا
بلکہ یہ فائدہ حکمت تھا کہ زبان و دل برابر مشغول بذکر الٰہی رہین اور سواے ذکر حق اور اداے شکر
اور کسی سخن سے مشغول نہو تا کہ ان تین دن و رات مین جملہ راز و نیاز خدا ہی سے ہون اور دلیل
قاطع اس سخن پر یہ ہی کہ باتفاق علماے محققین حضرت زکریا علیہ السلام ان ایام مین دنیا کا کلام
نہین کر سکتے تھے اور تسبیح اور تہلیل بی تکلف فرماتے تھے القصہ حضرت زکریا علیہ السلام

رات کے وقت اپنی عورت سے ہم بستر ہوے اور حضرت یحیٰی علیہ السلام بحکم خدا رحم مادر مین جلوہ فرما ہوے جب صبحکو محراب سے یا حجرہ گھر سے باہر نکلے تو رنگ چہرہ مبارک متغیر تھا اوسوقت قوم کے لوگ منتظر تھے کہ حضرت زکریا علیہ السلام تشریف لاوین تو ہم نماز پڑھین اونھون نے ہرگز نہ پہچانا اور کہنے لگے ای زکریا تجھکو کیا ہوا ہی جو ہم نہین پہچانتے فاوحی الیہم ان سبحوا بکرۃ وعشیا یعنے کہا انکو کہ یاد کرو صبح وشام یا نماز پڑھو صبح وشام یا تنزیہہ خالق کرتے رہو صبح وشام **فائدہ** لفظ اوحی دلیل ہی اسپر کہ اشارے سے کہا یا زمین پر لکھدیا ورنہ لفظ قال فرماتے بالجملہ یہی حالت سکوت کی تین رات دن رہی بعد اوسکے بدستور باتین کرنے لگے پھر چھ مہینے کے بعد یحیٰی علیہ السلام پیدا ہوے جب چھ مہینے کے ہوے تو حضرت مریم کو تیرھوان برس و برواتیے پندرھوان برس لگا اور آثار حیض ظاہر ہوے تفسیر بیضاوی انوار التنزیل اور بحر مواج مین ہی کہ حق تعالی نے مریم کو نجاست حیض ونفاس سے پاک رکھا تھا اور تفسیر مواہب علیہ مین لکھا ہی کہ حالت عذر مین مریم اپنی بہن کے گھر جاتین اور بعد پاک ہو جانے کے پھر مسجد مین تشریف لاتی تھین اور معالم التنزیل مین ہی کہ تیرہ یا بیس برس کی عمر مین غسل کی محتاج ہوئین تھین اور اخبار الدول مین ہی کہ دس برس کی تھین اور دو حیض ہو چکے تھے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اصح یہ ہی کہ جب حیض کے ایام گذرے اور طہر کے دن آئے تو شرم سے پورب طرف والے مکان مین غسل کرنیکو علیحدہ ہوین اور غسل کرکے مستور بلباس ہو چکین تھین کہ ایک جوان نہایت حسین وجمیل لباس عفت وعصمت سے آراستہ وپیراستہ ظاہر ہوا تو یہ مضطرب الحال ہوکر خدا سے پناہ مانگنے لگین چنانکہ سورہ مریم مین ارشاد ہوا اذا انتبذت من اہلہا مکانا شرقیا فاتخذت من دونہم حجابا فارسلنا الیہا روحنا فتمثل لہا بشرا سویا قالت انی اعوذ بالرحمن منک ان کنت تقیا یعنے جب کنارے ہوئی لوگون سے ایک شرقی مکان مین پھر پکڑ لیا اونسے درے ایک پردہ پھر بھیجا ہمنے اوسکے پاس اپنا فرشتہ پھر بن آیا اوسکے آگے آدمی پورا بولی مجھکو رحمان کی پناہ تجھسے اگر تو ڈر رکھتا ہی معالم التنزیل مین ہی کہ مکان شرقی سے جانب شرقی مراد ہی اسی مکان کو نصاری قبلہ گردانتے ہین حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اسی سبب سے نصاری نے مشرق کو قبلہ مقرر کیا ہی اور مراد فرشتے سے باتفاق اہل اسلام حضرت جبرئیل علیہ السلام ہین اونکو مریم نے مرد بیگانہ جانکر فرمایا کہ اگر تو متقی بھی تو ہی تو بھی مین پناہ مانگتی ہون اللہ سے تاکہ محفوظ رہون چہ جاکہ تو پرہیزگار نہو کاتب اوراق کے نزدیک یہ قول ایسا ہی جسطرح ان کنت مومنا فلا تظلمنی یعنے ایمان کا خاصہ یہ ہی کہ ظلم کرنے نہین دیتا اسیطرح تقوی کا خواص ہی کہ فسق سے باز رکھتا ہی خواہ یہ کلام جانب مریم سے من قبیل

توریہ تھا یعنے تقی نام تھا ایک شخص کا جو کہ بڑا زانی و بدکار تھا اور مریم نے قصد اسکا کر کے بطریق ایہام اوسکو تقی کہا اور تقی معنی پرہیزگار ہی اور توریہ اصطلاح علما مین عبارت ہی اس سے کہ ایک لفظ کے دو معنی قریب و بعید ہون یا حقیقت مجاز ہون اور بعید کو مراد رکھین کقولہ تعالی الرحمن علی العرش استوی پس استوی بمعنے برابر ہونے اور مستوی ہونے کے آتا ہی اول قریب و ثانی بعید ہی مگر مرا بعید ہی کذا فی نظم الجواہر الحاصل جبرئیل علیہ السلام نے مریم کو مضطر پاکر فرمایا انما انا رسول ربک لاہب لک غلاما زکیا یعنے مین بھیجا ہوا ہون تیرے رب کا کہ دے جاؤن تجھکو ایک لڑکا ستھرا پاک کتا ہون سے مریم نے کہا میرے لڑکا کہان سے ہوگا اور مجھکو آدمی نے چھوا نہین اور مین کا ہے بدکار نہ تھی یعنے دو طرح سے لڑکا ہوتا ہی یا زنا سے اور یہ دونون امر مجھ مین نہین ہین پھر کس طرح لڑکا ہوگا جبرئیل نے کہا یون ہی فرمایا تیرے رب نے وہ مجھ پر آسان ہی اور اوسکو ہم کیا چاہین لوگون کو نشانی اور مہر اپنی طرف سے اور یہ کام ٹھہر چکا کما قال اللہ تعالی فی سورہ کہیعص قالت انی یکون لی غلام ولم یمسسنی بشر ولم اک بغیا قال کذلک قال ربک ہو علی ہین ولنجعلہ آیۃ للناس و رحمۃ منا وکان امرا مقضیا حاصل یہ کہ ای مریم جیسا تو کہتی ہی درست ہی لیکن خلقت بشر بلی واسطہ پدر اللہ پر آسان ہی اور اوسکی یہ قدرت نشانی ہوگی اور اب تو یہ بات لوح محفوظ مین لکھ گئی بعد اسکے حضرت جبرئیل نے آستین یا گریبان یا منہ مین دم پھونکا اسیوقت مریم حاملہ ہوگئین اور صحیح یہ ہی کہ دور سے دم پھونکا کہ اوس ہوا سے حاملہ ہوگئین کما قال فحملتہ فانتبذت بہ مکانا قصیا یعنے پھر پیٹ مین لیا اوسکو پھر کنارے ہوئی اوسے لیکر ایک پرے مکان مین وضع حمل کے وقت روضۃ الصفا مین ہی کہ اول حمل مریم سے یوسف نجار برادر خالائی اونکا مطلع ہوا کہ وہ بھی مسجد مین عبادت کیا کرتا تھا اور بحر مواج مین ہی کہ اول حضرت زکریا مطلع ہوے اور اپنے گھر مین کہا وہ بولی یہ وہ مریم ہی جس سے عیسی پیدا ہوگا اور اخبار الدول مین ہی کہ یوسف نے جب اطلاع پائی تو مریم سے کہا کہ بلا تخم بھی درخت ہوتا ہی فرمایا نہین کہا لڑکا بے باپ ہوتا ہی کہا ہان آدم بلا پدر و مادر ہوے کتھے بولا تو سچی ہی مگر یہ لڑکا کسکا کہلاوے گا فرمایا یہ لڑکا دیا ہوا اللہ کا ہی مثال اسکی آدم علیہ السلام کی ہی اور اوسیوقت حضرت عیسی نے جواب دیا کہ اشلہٗ مریم درست و بجا ہین نماز مین مشغول ہوا اور استغفار کر یہ سنکر یوسف نجار سخت تعجب مین آو تھا روایت ہی کہ حضرت مریم فرمایا کرتی تھین کہ جب عیسی علیہ السلام پیٹ مین تھے تب بھی مجھسے باتین کیا کرتے تھے اور جب کوئی غیر آتا تھا خاموش ہو جاتے تھے صرف آواز تسبیح آیا کرتی تھی معالم مین ابن عباس سے روایت ہی کہ جب وضع حمل کا وقت قریب پہونچا تو حضرت مریم بپاس ناموس وادی بیت اللحم مین کہ چھ میل شہر ایلیا سے واقع ہی تشریف لیگئین تا کہ عیب

لگانے سے محفوظ رہین آور بعضے کہتے ہین کہ حضرت مریم کو آوازائی کہ یہان سے نکل جا نہین تو قوم کے لوگ تیرے مولود کو قتل کرین گے سو وہ بقصد ہجرت برآمد ہوئین اور حضرت جبرئیل علیہ السلام راہ بتانے کو ساتھ ہوے اور یوسف نجار بھی ہمراہ گیا یہانتک کہ بیت اللحم مین جلوہ فرما ہوئین اور بعض کے نزدیک ایک پہاڑ مین جو پورب طرف بیت المقدس کے واقع ہی گیئن اور درد زہ کی شدت سے درخت خرما کے نیچے کہ اوسی پہاڑ مین واقع تھا بیٹھ گیئن کما قال اللہ تعالی فاجاءها المخاض الی جذع النخلة قالت یالیتنی مت قبل ہذا وکنت نسیا منسیا یعنے لے آیا اوسکو درد زہ ایک کھجور کی جڑ مین بولی کسیطرح مین مر چکتی اس سے پہلے اور ہو جاتی بھولی بسری یعنے ایک درخت کھجور کا سوکھا کھڑا تھا اوسکی آڑ مین تکیہ دیکر بیٹھین اور یہ بھی کہتین کہ کاش مین مر گئی ہوتی یا مین ایسی ہوتی کہ مجھکو کوئی جانتا نہوتا تو بہتر تھا اب تو بیت المقدس کے مجاور سب مجھے جانتے پہچانتے ہین کہ مین ایک سردار اور امام کی بیٹی ہون اور حضرت زکریا علیہ السلام میرے متکفل پرورش ہین اور ہنوز بکارت میری زائل نہین ہوئی اور کسی مرد کے پاس نہین گئی تو غضب کی بات ہی کہ ایسی حالت مین لڑکا جنتی ہون ای میرے پروردگار اس ندامت اور شرمندگی کا کیا علاج ہی اسی حالت اضطراب مین آواز دی کسی فرشتے مقرب نے یا خود حضرت مسیح علیہ السلام نے کہ غم نہ کھا اور آرزوے موت نہ کر خدا نے تیرے نیچے چشمہ جاری کیا ہی اوس سے پانی لے اور سوکھے درخت مین کھجورین لگی ہین اوسکو ہلا اور کھا اور آنکھ ٹھنڈی رکھ اور جو کوئی آدمی کچھ پوچھے تو کہنا کہ مین نے روزہ نہ بولنے کا رکھا ہی مین کسی سے بات نہ کرون گی چنانچہ سورۂ مریم مین ارشاد ہوا فناداها من تحتها الا تحزنی قد جعل ربک تحتک سریا وہزی الیک بجذع النخلة تساقط علیک رطبا جنیا فکلی واشربی وقری عینا فاما ترین من البشر احدا فقولی انی نذرت للرحمن صوما فلن اکلم الیوم انسیا یعنے آواز دی اوسکو اوسکے نیچے سے کہ غم نہ کھا کر دیا تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ اور ہلا اپنی طرف سے کھجور کی جڑ اوس سے گرین گے تجھ پر پکی کھجورین اب کھا او پی اور آنکھ ٹھنڈی رکھ سو کبھی تو دیکھے کوئی آدمی تو کہیو مین نے مانا ہی رحمن کا روزہ سو بات نہ کرون گی آج کسی آدمی سے جب حضرت مریم نے یہ سنا تو انکو ایک نوع کی تسکین ہوئی اوسیوقت حضرت عیسی علیہ السلام پیدا ہوے اور سوکھی ندی جاری ہوگئی اور بعضے کہتے کہ حضرت عیسے علیہ السلام نے اپنا پاے مبارک زمین پر مارا کہ چشمۂ آب نکل آیا اور درخت کھجور کا سوکھا ہوا سرسبز ہوگیا اور اوسمین کھجورین لگین اور فرشتون نے غسل دیکر حریر بہشتی کے کپڑے مین لپیٹا اور حضرت مریم کی گود مین دیا کہ اونکی آنکھین ٹھنڈی ہوئین اور پانی چشمہ کا پینے لگین اور کھجورین کھانے لگین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک مدت حمل اور ولادت مین ایک ساعت تھی

اور بعض کے نزدیک نو مہینے پورے حمل رہا تھا اور بعض کے نزدیک آٹھ مہینے اور بعض کے نزدیک چھ مہینے اور مقاتل ابن سلیمان کہتے ہین کہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا پہر دن چڑھے حاملہ ہوئین اور جب آفتاب خط نصف النہار سے گذرنے لگا تب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوے اوسوقت عمر مریم کی دس برس کی تھی اور دو حیض ہو چکے تھے اور اخبار الدول مین ہی کہ نو ساعتین وقت حمل سے تا وقت ولادت گذرین تھین واللہ اعلم بالصواب اور ربیع ابن ہشیم کہتے ہین کہ جس عورت کے لڑکا پیدا ہوا ور وہ تر و تازہ کھجورین کھایا کرے تو نہایت فائدہ اوٹھا وے کوئی شی مفید تر خرماے رطب سے زچہ کیواسطے نہین ہی جسطرح مریض کے واسطے شہد مین فوائد ہین اسیطرح ایسی عورت کو خرماے رطب مین مدارک التنزیل مین ہی کہ اوسیوقت سے خرماے رطب کا کھانا جنی عورت کو سنت ہوا ہی بعض تفاسیر مین لکھا ہی کہ جب مریم رضی اللہ عنہا مسجد بیت المقدس سے بیت اللحم مین بلحاظ شرم چلی گئین تو مجاور وہان کے اونکی تلاش مین مصروف ہوے مگر کسی جگہ نپایا آخر ایک شخص نے جانب بیت اللحم اشارہ کیا تو مجاور لوگ اوسی مقام مین گئے اور اوسوقت مین جناب روح اللہ علیہ السلام پیدا ہو چکے سو مریم اونکو گود مین لیکر مجاورون کے روبرو تشریف لائین اور معالم التنزیل مین ہی کہ حضرت مریم عیسیٰ مسیح کو گود مین لیکر اپنی قوم مین آئین اور کلبی سے روایت ہی کہ یوسف نجار نے جو کہ برادر خالہ زاد یا عمزاد حضرت مریم کا تھا بعد ولادت کے ایک غار مین لیگیا اور چالیس دن نہایت حفاظت سے رکھا جب مدت نفاس گذر گئی تو انکو لیکر جانب قوم چلا اثناء راہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی والدہ سے فرمایا کہ بشارت ہو تجھکو کہ مین مسیح اللہ ہون یہانتک کہ گھر مین داخل ہوئین اور گھر والے گریہ و زاری کر کے طعنہ دینے لگے **فائدہ** بعضے حضرت مریم کی نبوت کے قائل ہین اور کہتے ہین کہ اللہ نے ذکر انکا عداد انبیا مین کیا ہی کما قال اللہ واذکر فی الکتاب مریم اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا اونکے پاس آنا وارسلنا روحنا سے واضح ہوتا ہی اور جبرئیل پیغمبرون کو دکھلائی دیتے ہین نہ اور کسی کو مین کہتا ہون یہ قول مخالف نص صریح کے ہی کیونکہ اللہ صاحب فرماتے ہین وما ارسلنا من قبلک الا رجالا نوحی الیہم اور آیہ سورہ انبیا سے کسیطرح نبوت نہین نکلتی اور رویت جبرئیل علیہ السلام مخصوص بانبیا نہین ہی بلکہ اکثر اصحاب رسول اللہ نے اور اولیا سے امت مرحومہ نے دیکھا ہی اور تائید اس قول کی جو فقیر کاتب الحروف نے بیان کیا یہ ہی کہ حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ اگر خلافت کی صلاحیت عورت کو ہوتی تو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مستحق خلافت تھین علاوہ بران نبوت و رسالت مین دعوت و اظہار معجزات لازم ہی اور یہ

متقضی اشتہار اور اقتدار ہی اور انوثیت موجب استتار پس ان دونون مین تناقض اور منافات ظاہر ہی اور پر ظاہر ہی کہ عورت ناقصۃ العقل والدین ہوتی ہی اور نبی کو چاہیے کہ اعقل وافہم اہل زمانہ ہو تاکہ امر دین مین کسیطرح کا فتور نہ پڑے القصہ بروایۃ صحیحہ حضرت مریم عیسی علیہ السلام کو گود مین لیکر اپنے لوگون مین آئین تو لوگون نے زبان لعن وطعن کھولی کما جاء فی سورۃ مریم فاتت بہ قومہا تحملہ قالوا یا مریم لقد جئت شیأ فریا یا اخت ہارون ما کان ابوک امرء سوء وما کانت امک بغیا یعنے پھر لائی اوسکو اپنے لوگون پاس گود مین بولی ای مریم تو نے کی یہ چیز طوفان ای بہن ہارون کی نہ تھا تیرا باپ برا آدمی اور نہ تھی تیری مان بدکار بعضے کہتے ہین کہ مریم کا ایک بھائی ہارون تھا اور بعض کے نزدیک ایک مرد فاسق ضرب المثل تھا اور معالم مین قتادہ سے نقل کی ہی کہ ہارون ایک مرد متقی تھا اوسی سے بنی اسرائیل متقی لوگون کو مشابہت دیا کرتے تھے وہ مراد ہی نہ اخوت فی النسب کما قال اللہ تعالے کانوا اخوان الشیاطین ای اشباہہم اور معلوم ہوتا ہی کہ اس نام کے آدمی بنی اسرائیل مین کثرت تھے چنانچہ روایت ہی کہ بروز وفات ہارون متقی چالیس ہزار مرد مسمی بہ ہارون سوا اور لوگون کے صلوۃ جنازہ مین شریک تھے اور بعضے کہتے ہین اخت ہارون سے مشابہت ہارون مراد ہی اور اصح یہ ہی کہ اخت ہارون سے نبی ہارون مراد ہی کیونکہ دادا کا نام قوم پر اکثر بولا جاتا ہی جسطرح عاد وثمود اور مریم حضرت ہارون کی اولاد مین لاریب تھین سو انکی نسبت اخت ہارون کہنا درست ہی جسطرح تمیمی کو یا اخا تمیم بولتے ہین الغرض جب اسیطرح قوم نے طعنہ دیا تو مریم نے کہا مین نے روزہ کی نذر مانی ہی ہرگز بات نہین کر سکتی کیونکہ مین اپنے پروردگار کی مناجات مین مشغول ہون اور یہ روزہ نہ بولنے کا شاید اوس دین مین درست تھا ہمارے دین مین جائز نہین ہی پھر حضرت مریم نے عیسی علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا کما قال اللہ فاشارت الیہ قالوا کیف نکلم من کان فی المہد صبیا یعنے پھر ہاتھ سے بتایا اوس مولود کو وہ بولے ہم کیونکر بات کرین اس شخص سے کہ وہ گود مین ہی لڑکا بعد اوسکے ایک نے پوچھا ای لڑکے تیرا باپ کون ہی اور تو کون ہی فرمایا مین اللہ کا بندہ ہون مجھکو اوسنے کتاب دی ہی اور نبی کیا اور برکت والا بنایا ہی جس جگہ مین ہون اور تاکید کی مجھکو نماز کی اور زکوۃ کی جب تک مین رہون زندہ اور سلوک کرنے والا اپنی والدہ سے اور نہین بنایا مجھکو زبردست بدبخت اور سلام ہی مجھپر جسدن مین پیدا ہوا اور جسدن مرون اور جسدن کھڑا ہون زندہ ہوکر کما قال اللہ تعالے قال انی عبد اللہ آتانی الکتاب وجعلنی نبیا وجعلنی مبارکا این ما کنت واوصانی بالصلوۃ والزکوۃ ما دمت حیا وبرا بوالدتی ولم یجعلنی جبارا شقیا والسلام علی یوم ولدت ویوم اموت ویوم ابعث حیا سدی سے روایت ہی کہ جب عیسی نے قوم کا کلام سنا تو دودھ چھوڑکر یہ کلام کیا وہو الصحیح اور بعضے کہتے ہین

کہ جب حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے اشارہ فرمایا تو فی الفور حضرت عیسیٰ نے دودہ پینا چھوڑ دیا اور پہلوے چپ سے تکیہ کرکے متوجہ قوم سے ہوے اور جانب راست اشارے سے فرمایا انی عبد اللہ الی آخر الآیۃ اور وہب سے روایت ہی کہ جسوقت یہود مریم کے پاس آئے ہین تو اوسوقت حضرت زکریا مع حضرت یحییٰ کے موجود تھے آنھون نے حضرت عیسیٰ سے کہا کہ اپنی دلیل بیان کہہ اگر حکم الٰہی ملا ہو سو حضرت عیسیٰ نے کہا انی عبد اللہ الخ اور حضرت یحییٰ نے باوجود صغارت ثمین فرمایا اشہد ان عیسیٰ روح اللہ وکلمتہ اور حضرت زکریا نے حضرت عیسیٰ کو گود مین لیلیا پھر اوسوقت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مدت معینہ تکلم تک نہین بولے اور روایت ہی کہ اسوقت مین عمر حضرت عیسیٰ کی چالیس دن کی اور حضرت یحییٰ کی چھ مہینے یا دو برس یا تین برس کی تھی اور مقاتل سے روایت ہی کہ جسدن حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوے اوسیدن فرمانے لگے انی عبد اللہ الخ تاکہ قوم کے لوگ شرک مین گرفتار نہون اور بعض اہل تفسیر فرماتے ہین کہ آتانی الکتاب سے یہ مراد ہی کہ قریب ترا اللہ مجھے کتاب عنایت کرے گا اور جعلنی نبیا سے یہ کہ نبی کرے گا نہ یہ کہ فی الحال کتاب دی ہی اور نبی کیا ہی بلکہ یہ اخبار ہی لوح محفوظ سے اور بعضے کہتے ہین کہ انجیل حالت طفلی مین عنایت ہوئی تھی اور اللہ نے حضرت عیسیٰ کو جوانون کی عقل عطا فرمائی تھی اور حسن سے روایت ہی کہ اللہ تعالیٰ نے حالت حمل مین توریت یاد کرائی تھی اور اخبار الدول مین ہی کہ جب حضرت عیسیٰ آٹھ دن کے ہوے تو انکا ختنہ ہوا اور نام یسوع رکھا گیا اور جب عیسیٰ تیس برس کے ہوے ہین تب وحی آئی اور انجیل نازل ہوئی **فائدہ** اگر کہا جاے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس مال کہان تھا جو زکوۃ کا حکم ہوا تو جواب یہ ہی کہ آیۃ سے یہ مراد ہی کہ اگر مال ہو تو زکوۃ کی بھی وصیت ہی اور فقیر مؤلف کے نزدیک زکوۃ سے استکثار بالخیر مراد ہی اور تفسیر جواہر مین لکھا ہی کہ جن دنون ایشاع حاملہ ہوئین اوسی عرصہ مین مریم حاملہ تھین مگر ایک دوسرے کے حال سے بیخبر ایک روز مریم ایشاع کے گھر آئین تو ایشاع نے کہا اے مریم تجھکو خبر ہی کہ مین حاملہ ہون مریم نے ایک آہ سرد سے کہا ع مرا غمے ست کہ پیدا نمیتوانم کرد ✤ ایشاع نے کہا اپنا حال تو بیان کر کہ اوسکی اصلاح کرون وہ بولین کہ میرے بھی حمل ہی لیکن تیرے حمل کا سبب ہی میرے حمل کا سبب نہین گو حکم ربانی ہی لیکن ہر شخص اس بات کو نہ مانے گا اور انجام کار خجالت و پشیمانی ہی ع مردن اولی نہ کہ با این سرشاری زیستن ایشاع نے کہا ✤ جانان غمے مباش کہ جانان رسیدنی است ✤ در کام تشنہ چشمہ حیوان رسیدنی است ✤ تجکو بشارت ہی کہ تیرا بیٹا وہ رسول ہی جس کا حال توریت مین لکھا ہی کہ بے پدر پیدا ہو گا اور مردے زندہ کرے گا تب مریم کو تسلی

ہوئی اور دل مین کہنے لگین سے عیسیٰ بظہور آمد من مردہ چرا باشم + ایام بہار آمد پژمردہ چرا باشم
بعد اسکے ایک روز پھر ایشاع و مریم سے ملاقات ہوئی تو ایشاع نے کہا ای مریم تیرا حمل میرے
حمل سے افضل ہی مریم نے پوچھا تو نے کیونکر جانا ایشاع نے کہا جسوقت میرے تیرے ملاقات
ہوتی ہی تو میرا حمل تیرے حمل کو سجدہ کرتا ہی کذا فی اخبار الدول اور اس مقام مین حضرت مولانا رومی
فرماتے ہین سے مادر یحییٰ کہ حامل بد بدو + بود با مریم نشستہ دو بدو + گفت ای مریم درون تو شہیست
کز اولوالعزم اور رسول آگہیست + چون برابر او فتادم با تومن + کردہ سجدہ حمل من ای ذوالفطن +
این جنین مرآن جنین را سجدہ کرد + کز سجودش در تنم افتاد درد **فائدہ** یہ سجدہ سجدہ تحیہ تھا کہ اوس اُمت
مین جائز تھا اور اس روایت سے واضح ہوتا ہی کہ حضرت یحییٰ حضرت عیسیٰ سے عمر مین بزرگ نہ تھے
**فائدہ** حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین لڑکون کے
سوائے کوئی لڑکا گود مین نہین بولا ایک عیسیٰ ابن مریم اور دو لڑکے اور صحیح بخاری و مسلم مین ہی
کہ جریج ایک مرد عابد بنی اسرائیل مین تھا اوسنے ایک عبادت خانہ بنایا تھا کہ اوسمین رہتا تھا اور
بنی اسرائیل اوسکا ذکر کیا کرتے ایکدن ایک عورت خوبصورت نے کہا کہ اگر تم چاہو تو مین جریج کو
بلا مین ڈالون پھر وہ عورت جریج کے پاس آئی اُسنے التفات نہ کیا اور اوس عبادت خانے
کے پاس چرواہے ٹھہرتے تھے سو وہ عورت ایک چرواہے کے پاس گئی کہ اوس سے حاملہ
ہوئی جب لڑکا جنی تو اوسنے جریج کا نام لیا بنی اسرائیل جریج کو مارنے لگے جریج نے سبب پوچھا
اونھون نے کہا کہ تو نے بدکار عورت سے زنا کیا ہی کہ وہ لڑکا جنی جریج نے کہا لڑکا کہان ہی بنی اسرائیل
اوسکو لائے جریج نے نماز پڑھکر اوس لڑکے کے پیٹ مین ٹھوکا دیا اور کہا تیرا باپ کون ہی اوسنے
کہا فلان چرواہا اس مقام پر حضرت صلعم فرماتے ہین کہ پھر تو لوگ جریج کو چومنے چاٹنے لگے اور بولے
کہ سونے کا عبادتخانہ بنا دین گے جریج نے قبول نہ کیا ایک لڑکا یہ ہوا دوسرا کسی زمانے مین ایک
لڑکا اپنی مان کا دودھ پیتا تھا کہ ایک مرد عمدہ سواری پر سوار ہوکر اوسیطرف نکلا اوسکی مان نے کہا
الٰہی میرے بیٹے کو اس شخص کے برابر کرنا سو لڑکے نے چھاتی چھوڑکر اوس مرد کو دیکھا اور کہا الٰہی
مجھکو ایسا نکرنا پھر دودھ پینے لگا بعد اوسکے چہ آدمی ایک لونڈی کو مارتے تھے اور کہتے تھے کہ تو نے
زنا کیا ہی اور چوری کی ہی اور وہ کہتی تھی کہ مجھکو اللہ کفالت کرتا ہی اور اچھا وکیل ہی سو اوس لڑکے
کی مان نے کہا کہ الٰہی میرے لڑکے کو ایسا نکرنا جیسی یہ لونڈی ہی پھر اوس لڑکے نے دودھ چھوڑ دیا
اور اوس لونڈی کو دیکھکر بولا کہ الٰہی مجھکو ایسا ہی کرنا پھر اوسی جگہ مان بیٹے مین گفتگو شروع ہوئی

لڑکے نے کہا کہ مقرر وہ مرد ظالم تھا سو مین نے کہا الٰہی مجھکو ویسا نکیجیو اور اوس لونڈی نے حرام نہ کیا تھا اور نہ چوری کی تھی سو مین نے کہا الٰہی مجھکو ایسا ہی کر دیجیو اس مقام سے واضح ہوا کہ حضرت یحییٰ کا گود مین بولنا اور حضرت موسیٰ کا تنور مین بولنا اور شاہد یوسف کا گواہی دینا حالت رضاعت مین جسکو بعض اہل تفسیر و اہل سیر لکھتے ہین یہ قول ضعیف ہی غالبا وہب ابن منبہ نے کتب بنی اسرائیل سے اسکو نقل کیا ہی القصہ یہودیون نے کلام حضرت عیسیٰ سنکر کہا کہ یہ لڑکا ساحر ہی اور یوسف نجار سے پیدا ہوا ہی آخرش جب تحقیقات ہوئی تو یوسف پاکدامن نکلا مگر پھر بھی کہنے لگے کہ یہ حرکت حضرت زکریا علیہ السلام نے کی ہی لہذا اونکے اور عیسیٰ اور مریم کے قتل پر مستعد ہوے ناچار حضرت زکریا نے یہ تجویز فرمائی کہ عیسیٰ و مریم جانب مصر ہجرت کرین سو یوسف نجار دونون کو لیکر مصر کو چلا گیا اور یہودی سرگرم تلاش ہوے اور حضرت زکریا سے کہنے لگے کہ اگر تیری خطا نہ تھی تو کیونکر تو نے عیسیٰ و مریم کو بھگا دیا اب ہم تجھکو قتل کرینگے لہذا حضرت زکریا چھپ رہے اور تیس برس نہ ملے جسدن حضرت عیسیٰ مسیح پھر بیت المقدس مین تشریف لاے اوسیدن شہید ہوے اور صورت واقعہ یون واقع ہوئی کہ حضرت زکریا علیہ السلام وقت شام نماز پڑھکر مسجد سے نکلے یہودیون نے دیکھا پیچھے دوڑے ایک درخت سامنے تھا اوسنے کہا یا نبی اللہ میرے بیچ مین آپ تشریف لا وین چنانچہ حضرت اوسکی طرف گئے وہ پھٹ گیا آنجناب اوسمین پوشیدہ ہوے اور کافرون نے نہ جانا مگر ابلیس نے نشان بتلایا اور بعضے کہتے ہین کہ ابلیس نے ایک کونا چادر کا پکڑ رکھا تھا سو کافرون کو دکھلایا تب کافرون نے کہا کہ ای مرد اب ہم اسکو کسطرح پاوین تب اوسنے آرہ بنانا سکھلایا کہ اون لوگون نے آرہ بنا کر درخت کو سیدھا چیرنا شروع کیا جب کہ آرہ سر پر پہونچا حضرت زکریا نے شور کیا کہ اونکے نالے سے ملکوت اعلیٰ مین ایک زلزلہ پڑا اوسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے یا آواز غیب سے آئی کہ اگر پھر آواز آئی تو نام تیرا پیغمبرون و صابرون سے نکال ڈالا جائیگا تو نہین جانتا تھا کہ پناہ تمام عالم کی مین ہون پھر درخت کیطرف کسطرح بھاگا بعد اوسکے حضرت زکریا نے دم نہین مارا اور شکر خدا کرتے رہے یہانتک کہ یہودیون نے چیر کر آدھا آدھا کر دیا ۵ در بلا لذتیست پایندہ ای پوشیدہ کسی کجا داند ✤ وانکہ اولذت بلا دریافت ✤ در درا بہتر از دوا داند ✤ عمر حضرت زکریا کی بروایتے ایک سو تیس برس کی و بروایتے سو برس کی تھی مزار شریف مغارۃ الارواح تحت قبۃ الخضرا بیت المقدس مین واقع ہی فائدہ اختلاف ہی کہ حضرت یحییٰ کی شہادت حضرت زکریا کے بعد ہوئی یا روبرو بعضے اہل سیر لکھتے ہین کہ جب خبر شہادت یحییٰ علیہ السلام کی حضرت زکریا کو پہونچی تو آنجناب بھاگے کہ بادشاہ

نے سپاہی اپنے اونکے پیچھے دوڑائے کہ وقعہ شجرہ واقع ہوا چنانچہ اخبار الدول مین اسیطرح لکھا ہی
اور اکثر محققین نے شہادت حضرت یحییٰ علیہ السلام کی بعد رفع و صعود عیسیٰ علیہ السلام کے بیان
کی ہی چنانچہ حضرت مولانا ولی اللہ فرخ آبادی نے تفسیر نظم الجواہر مین اور مولوی احسان اللہ ممتاز
نامی نے اپنی مثنوی مین اسیطرح بیان کیا ہی وہذا اقرب الی الصواب والوفق بالکتاب کیونکہ دعا
حضرت زکریا مین واقع ہی فہب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب اور دعا حضرت کی مقبول
ہوئی تو لابد بمقتضاے وراثت یہ ہی کہ بعد حضرت زکریا حضرت یحییٰ اونکے قائم مقام رہین اور آنکی
جگہ محراب عبادت مین متمکن ولا یلزم الخلف فی وعد اللہ **فائدہ** اختلاف ہی کہ حضرت زکریا علیہ السلام
بھی شہید ہوے یا کسی مرض سے وفات پائی اکثر محققین قائل شہادت ہین اور بعضے کہتے ہین کہ
آنجناب کی وفات مرض سے ہوئی چنانچہ وہب ابن منبہ سے منقول ہی کہ یہ واقعہ آرہ کا حضرت شعیا علیہ السلام
واقع ہوا ہی والاول ہو الصحیح **تنبیہ** در بعض حالات حضرت یحییٰ علیہ السلام واضح ہو کہ آنجناب حسین
وجمیل وخوش ادا قصیر الاصابع طویل الانف پیوستہ ابرو رقیق الصوت وقوی تر عبادت خدا مین
تھے اللہ تعالیٰ نے انکو طفولیت مین نبوت عطا فرمائی اور جب پیدا ہوے تو فرشتون نے آسمان پر
لیجا کر انہار بہشت مین غسل دیا اور اثمار جنت کھلاے بعد اوسکے بحکم آلہی گھر مین لاے تو اونکی نور
پیشانی سے تمام گھر روشن ہوگیا اور چار برس کی عمر سے گریہ وزاری مین مشغول ہوے جب کبھو والدہ
اونکی کھیلنے کو فرماتین تو جواب دیتے کہ اللہ نے مجھکو لہو ولعب کے واسطے پیدا نہین کیا ایک روز
حضرت زکریا نے کہا تو کیون رویا کرتا ہی مین نے تجھکو خدا سے اسلیئے مانگا تھا کہ میری آنکھین ٹھنڈی
ہون حضرت یحییٰ نے کہا کہ تمہارے حکم کے موافق رویا کرتا ہون حضرت زکریا نے کہا مین نے کب
ایسا حکم دیا ہی حضرت یحییٰ بولے کہ تم نہین فرماتے تھے کہ مابین بہشت و دوزخ کے ایک عقبہ ہی کہ
قطع نہین کر سکتے اوسکو مگر جو لوگ خدا کے خوف سے گریہ وزاری کرتے ہین تب حضرت زکریا نے
کہا درست ہی بعد اوسکے ایک روز حضرت زکریا نے جناب باری مین عرض کیا کہ یا رب العالمین
مین نے اولاد کی خواہش واسطے خوشی ومسرت کے تیری درگاہ مین کی تھی سو تو ایسی اولاد مجھکو عنایت
فرمائی کہ شب و روز اوسکے رونے سے مجھے غم والم ہی ارشاد ہوا کہ اے زکریا تو نے فرزند شائستہ
و فرمان بردار میرا چاہا تھا سو مین نے عنایت کیا یعنے مین یہ چاہتا ہون کہ میرے شوق مین رویا کرے
اور میرے عذاب سے ڈرتا رہے تب حضرت زکریا نے سکوت کیا اور یہ وضع اختیار کی کہ بر وقت
موعظت انکو اپنے ہمراہ نہ رکھتے تھے ایکدن یہ اتفاق ہوا کہ حضرت زکریا علیہ السلام احوال دوزخ کا

بیان فرماتے تھے اور اونکو معلوم تھا کہ حضرت یحییٰ یہان حاضر نہین ہین حالانکہ آنجناب گوشۂ مسجد مین
بیٹھے ہوے سنتے تھے جب حضرت زکریا نے فرمایا ان جہنم لموعدہم اجمعین یعنے کفار کے واسطے دوزخ
کا وعدہ ہی اس کلمے کے سنتے ہی حضرت یحییٰ علیہ السلام مسجد سے بھاگ گئے اور ایک پہاڑ پر سات شبانہ روز
روتے رہے کہ ایک چرواہے نے اونکی مان کو خبر کردی وہ بیچاری تلاش کرتی ہوئی گئین اور بہت مشکل
سے گھر لائین اسوقت مین عمر حضرت کی سات برس کی تھی اسی عرصہ مین ایک روز بیت المقدس مین
مشغول بعبادت تھے کہ چند عابد و درویش قوم بنی اسرائیل کے بالون سے تاج اور جبے صوف کے
پہنے عبادت مین مصروف نظر آئے تو حضرت نے اپنی والدہ سے التماس کیا کہ مجکو بھی اسیطرح کی
پوشاک بنا دو تو ہم بھی ان لوگون کے ساتھ عبادت کیا کرین چنانچہ اونکی والدہ نے اوسیطرح کا
لباس پہنایا کہ اوسی لباس مین مشغول بعبادت ہوے اور تقلیل غذا و شراب مین کوشش فرمانے لگے
یہانتک کہ شدت عطش مین اپنے پیر پانی مین رکھدیتے تھے اور ہرگز سرد پانی نہ پیتے تھے اور
فرماتے تھے کہ قسم ہی عزت و جلال خدا کی کہ نہ پیونگا ٹھنڈا پانی جب تک بازگشت اپنا جنت یا نار کی
طرف نہ دیکھ لونگا سو یہ حال دیکھکر حضرت زکریا بہت روے اور ایک قرص شعیر کھلایا اور پانی پلایا
اور قسم کا کفارہ دلوایا اور ران دونون مین بسبب اسکے کہ بدن شریف نہایت لطیف و نرم تھا تو کثرت
ریاضت و سختی جبہ صوف سے گوشت گل گیا تھا ایک روز آنجناب نے اپنا بدن دیکھا اور رونے لگے
اوسیوقت ارشاد الٰہی ہوا کہ اے یحییٰ تو اپنے بدن کے گوشت پر روتا ہی قسم ہی اپنے عزت کی اگر تو
مطلع ہو دوزخ کے حال پر تو مدرعہ حدید پہنے اسپر حضرت یحییٰ اسقدر روے کہ آنسوون سے گوشت
رخسارون کا گل گیا کہ اونکی والدہ نے دو ٹکڑے نمدے کے گالون پر رکھے کہ اوس سے زخم بند
ہوگئے اس کثرت سے حضرت یحییٰ پھر روئے کہ دونون ٹکڑے تر ہوکے بہ نکلے تب آنکو نچوڑا او
آنسو اونکی مان کے ہاتھون پر جاری تھے کذا فی اخبار الدول اور کتاب کشف الاسرار مین ہی کہ
سوال کیے گئے حضرت یحییٰ اس بات سے کہ تم کسواسطے گھر نہین بناتے اور کیون سواری نہین رکھتے
اور کسلیے نکاح نہین کرتے فرمایا کہ مین نہین چاہتا ہون کہ سید الدار و سید الحمار و سید الفلانیۃ کہلاؤن
اور ہرگز میری خواہش نہین ہی کہ اسم سیادت مجھپر بولا جاے کاتب الحروف کہتا ہی لما ترک السیادۃ
وتواضع سماہ اللہ سیدا و حصورا کما قال اللہ تعالیٰ ان اللہ یبشرک بیحییٰ مصدقا بکلمۃ و سیدا و حصورا
ونبیا من الصالحین یعنے اللہ تجکو خوش خبری دیتا ہی یحییٰ کی جو گواہی دیگا اللہ کے ایک حکم کی اور
سردار ہوگا اور عورت کے پاس نہ جاے گا اور نبی ہوگا نیکون مین اس جگہ گواہی سے تصدیق

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی مراد ہی کیونکہ حضرت عیسیٰ کا خطاب ہی کلمہ اور حضرت یحییٰ علیہ السّلام
باوصف اسکے کہ خود نبی تھے لیکن بعد بعثت حضرت عیسیٰ کے لوگون کو اونکی اطاعت کی ترغیب
دیتے تھے اور سید سے مراد شریف و نیکو پسندیدہ خلق ہی کہ غضب و غصہ اوسپر مستولی نہو بلکہ وقت
غضب تواضع وحلم اختیار کرے اور علم و تقوی مین تمام قوم سے فائق تر ہو سو حلم علم تقوی
عصمت حضرت یحییٰ علیہ السلام مین بوجہ کمال تھی چنانچہ لم تعمل معصیۃ ولم یہم بہا اونکی شان مین
ہی وحنانا من لدنا وزکوۃ وکان تقیا اور سیر برہان اور بعضے کہتے ہین کہ سید وہ ہی جو راضی بقضا ہوکر
وقت حکم اسکو تسلیم کرے چنانچہ یہ بھی وقت شہادت کے ظاہر ہوگیا اور بعضے کہتے ہین کہ سیادت
تتمہ بلند ہمتی ہی سو بلند ہمتی کا یہ حال تھا کہ مدت العمر حضرت یحییٰ کو دینار متاع دنیا کا خطرہ بھی دل مین
نہین آیا اور حصور سے یہ مراد ہی کہ اپنے دل کو لہو و بازی سے اور نفس کو شہوت و لذت سے باز رکھے
سو بھی ظاہر ہوا کہ حضرت یحییٰ کو سوائے گریہ وزاری کے لہو و بازی کی فرصت نہ تھی اور باوصف
شباب وحصول قوت عورت کے پاس نہین گئے ہرچند کہ اونکی لڑکے ایسے تھے نہین ہوتے
لیکن اللہ تعالیٰ نے انکو سعادت منزلی پیدا کیا تھا الغرض بعد رفع عیسیٰ علیہ السلام کے احب
نامے بادشاہ بنی اسرائیل کا حضرت یحییٰ کو نہایت عزت اور نہایت اکرام مین رکھتا تھا کہ بے حکم انکے
کوئی کام نکرتا تھا آخر کار اوس بادشاہ کو اپنی جورو کی لڑکی سے عشق پیدا ہوا اوسنے حضرت یحییٰ
علیہ السّلام سے استفتا کیا حضرت نے منع کیا اور بعضے کہتے ہین کہ بڑھیا جورو نے بادشاہ سے باشارہ
ملکہ عرض کیا کہ ملکہ بوڑھی ہوئی ہو آپ اوسکی بیٹی سے کہ دوسرے شوہر سے ہی توجہ فرمائیے
بادشاہ نے حضرت یحییٰ علیہ السّلام سے مشورہ کیا آنحضرت نے فرمایا کہ یہ لڑکی تجھپر حرام ہی بادشاہ
نے سکوت کیا مگر ملکہ کا فرہ قتالۃ الانبیا کو حضرت یحییٰ سے عداوت پیدا ہوئی اوسنے یہ کام کیا کہ
جسوقت بادشاہ شراب پینے کو بیٹھا اور نشے مین مست ہوا تو اوسنے اپنی بیٹی کو بلباس فاخرہ آراستہ
کرکے بھیجا اور کہدیا کہ تو حاضر ہوکے شراب پلا اور جسوقت بادشاہ تیرے ساتھ صحبت کا قصد کرے
تو انکار کرکے کہنا کہ مین تیرے پاس نرہونگی جب تک یحییٰ علیہ السلام کا سر مبارک کٹا ہوا طشت
مین نہ آویگا چنانچہ وہ شراب پلانے کو حاضر ہوئی اور بادشاہ نے صحبت کا قصد کیا اوسنے
حضرت یحییٰ کا سر مانگا بادشاہ نے کہا کہ اور کچھ طلب کر یہ مجھسے نہوگا اوسنے کہا مین اور کچھ نہین چاہتی
ناچار بادشاہ نے غلبہ سکر و شہوت مین حکم دیا کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کا سر لایا جائے یہ خبر مشہور
ہوئی علما و احبار بنی اسرائیل نے حاضر ہوکر دست بستہ التماس کیا کہ اگر خون حضرت یحییٰ علیہ السلام کا

شہادت یحییٰ علیہ السلام

بہ؟

زمین پر گرے گا تو گھاس روے زمین پر نہ جمے گی بادشاہ نے کہا کہ سر مبارک طاس میں رکھکر گاڑا جاے اور خون کوئین میں ڈال دیا جاے عالمون نے کہا کہ خون ناحق یحییٰ علیہ السلام کا تیرے حق مین اچھا نہین ہی مگر بادشاہ نے غلبہ شہوت خسیسہ مین خیال نہ کیا اور جلادون کو مسجد مین بھیجا اوسوقت حضرت یحییٰ علیہ السلام محراب داؤد علیہ السلام مین نماز پڑھتے تھے کہ جلادون نے آکر سر مبارک تن سراسر نور سے جدا کیا اور طشت مین رکھکر بادشاہ کے روبرو لاے تو سر سے آواز آتی تھی کہ ای ملک یہ عورت تجھپر حرام ہی ہرگز حلال نہ ہوگی لیکن غلبہ شہوت مین ایسی باتون کا کون خیال کرتا ہی بادشاہ صحبت بد مین مصروف ہوا اور ایک گڑھا عمیق کھدوا کر سر کو اپنے گھر مین دفن کرایا تو خون نے جوش مارا کہ تمام گھر بھر گیا اوسیوقت بادشاہ گھر سے باہر بھاگا دوسرے دن جسکو بادشاہ نے اوس خون پر مٹی ڈلوائی مگر غلیان دم موقوف نہوا یہانتک کہ بہتے ہوے شہرپناہ کو پہونچا اور بادشاہ مع عورت وبیٹی و توابع اونکے زمین مین دھس گئے اخبار مین وارد ہی کہ چالیس دن آفتاب حضرت یحییٰ علیہ السلام پر رویا کیا یعنے بطلوع حمرار و بغیب حمرار روایت ہی کہ جب حضرت یحییٰ مقتول ہوے تو ملائکہ نے جناب الٰہی مین عرض کیا الٰہی کس گناہ سے یحییٰ مارا گیا حالانکہ اوسنے کبھو قصد گناہ بھی نہین کیا تھا ارشاد ہوا کہ یحییٰ نے نہ کوئی گناہ کیا اور نہ عزم گناہ کیا لیکن مجھسے محبت رکھتا تھا اور محب کو قتل لازم ہی کذا فی اخبار الدول اسفار معتبرہ مین ہی کہ بعد قتل یحییٰ علیہ السلام و ہلاکت سلطان مع توابع کے حق تعالیٰ نے ایک بادشاہ ملوک بابل سے جسکو خردوس کہتے ہین واسطے انتقام اس جریمہ کے بھیجا کہ وہ بیت المقدس مین آیا اہل شہر نے کواڑ بند کر لیے اور قلعون مین دب رہے کہ بادشاہ مقام کرنے سے تنگ ہونے لگا آخرکار ایک بوڑھیا قوم بنی اسرائیل کی بادشاہ کے پاس آئی اور اوسنے کہا اگر تجھکو دخول اس شہر مین منظور ہی تو شہرپناہ کے چارون طرف لشکر کی شلین بانٹ دے اور وہ لوگ بآواز بلند ندا کرین کہ اللہم انا نستفتحک ہذہ المدینۃ سو بادشاہ نے صبح کے وقت ایسا کیا جیسا بوڑھیا نے بتلایا تھا اوسیوقت شہرپناہ کی دیوارین گر پڑین اور لشکر کے لوگ شہر مین گھس پڑے اور وہ بوڑھیا ساتھ ہوئی اور اوس مقام پر لیگئی جس جگہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کا خون پڑا تھا چنانچہ بادشاہ نے دیکھا تو خون بدستور جوش و غلیان مین تھا اوسنے کہا مین نے قسم کھائی ہی کہ جب بیت المقدس کو فتح کرونگا تو قتل عام کا حکم دونگا کہ خون وہان کے لوگون کا شہر سے بہکر فرودگاہ لشکر تک آوے سو اوسنے جلادون کو حکم دیا کہ ذبح کرو یہانتک کہ خون وسط لشکر مین جاری ہو جاے اور خود پلٹ کر لشکر مین آیا اور سے زور آوران رئیس لشکر کو اس کام پر معین فرمایا چنانچہ اوسنے دروازے شہر کے بند کراکے ستر ہزار

اسی ہزار آدمی ذبح کرائے بعد ازان سر مبارک حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قریب جا کر کہا کہ ای یحییٰ میرا تمہارا پروردگار جانتا ہی جس قدر آدمی مین نے تمہارے خون کے بدلے ذبح کیے ہین ہدایت کرو مجھکو بحکم خدا ورنہ کسیکو تمہاری قوم سے باقی نچھوڑونگا خون سے ہدایت ہوئی کہ اب قتل موقوف کرا وسنے قتل کرنا موقوف کیا اور بقیۃ السیف بنی اسرائیل کو جمع کر کے کہا کہ بادشاہ نے مجھے حکم دیا ہی کہ تم لوگون کو ذبح کیا یہانتک کہ خون وسط لشکر مین پہونچے اور مین استطاعت نہین رکھتا کہ اوسکے حکم کے خلاف کرون وہ بولے جیسا حکم ہی بجا لاؤ مگر خون یحییٰ علیہ السلام نے منع کر دیا تھا اسلیے رئیس لشکر نے ایک حیلہ تجویز کر کے حکم دیا کہ ایک خندق کھودی جاسے اور سوا اسی قوم بنی اسرائیل کے ذبح کر کے اوس خندق مین ڈالین جائین اور اوسپر اجسام موجہ بنی اسرائیل جو شہر مین جمع ہین رکھے جائین چنانچہ قوم بنی اسرائیل نے اپنے ہاتھون سے یہ کام کیا کہ خون نے سیلان کیا اور وسط لشکر مین پہونچا بادشاہ نے دیکھکر حکم دیا کہ قتل موقوف ہو بعد اسکے خردوش جانب بابل روانہ ہوا اوسیوقت سے بنی اسرائیل پر احتقار و ذلت نے غلبہ کیا کہ اتنک کسی جگہ انکو حکومت و دولت حاصل نہین ہی اور بیت المقدس ایسا ویران ہو گیا کہ بعض لوگ رومی اوسمین رہنے لگے حتیٰ کہ زمانۂ حضرت امیر المومنین عمر ابن خطاب مین ابو عبیدہ ابن الجراح کے ہاتھو پر فتح ہوا اور مسلمانون نے بحکم امیر المومنین پھر اوسکو تعمیر کیا زید ابن واقد سے اتحاف الاخفا مین روایت ہی کہ ولید ابن عبد الملک بن مروان نے مجھکو واسطے تعمیر جامع دمشق کے وکیل مقرر کیا اوسمین مین نے ایک مغارہ پایا کہ مین نے ولید کو اطلاع کی وہ دونون ہاتھون مین شمع لیکر آیا اور اسکے اندر اترا وہان ایک کیسہ تین گز کا مربع نظر آیا اوسمین ایک صندوق ملا اوسکو کھولا تو اوسمین ایک جامہ دان تھا اوسکے اندر سر مبارک حضرت یحییٰ علیہ السلام کا تھا اور جامہ دان پر لکھا تھا کہ ہذا راس یحییٰ بن زکریا سو اوسکو پھر اوسی مقام پر رکھدیا اور وہان قبہ بنوا دیا کہ زیارت ہوتی ہی اور لوگ وہان سے برکت حاصل کرتے ہین کذا فی اخبار الدول اور جسد شریف بیت المقدس مین مدفون ہی اور بعضون کے نزدیک فلسطین مین ہی اور عمر شریف چالیس برس سے کچھ زیادہ ہوئی ہی کذا فی نظم الجواہر فائدہ اب احوال حضرت عیسیٰ مسیح کا سننا چاہیے سو اول بیان چند امور کا ضرور ہی اول یہ کہ کلام الٰہی مین کئی جگہ اونکو خدا کا کلمہ کہا ہی سو یہ ایسا ہی جسطرح اور جگہہ روح انسانی کو قل الروح من امر ربی فرمایا ہی کیونکہ جب کوئی چیز بلا سابقہ اسباب ظاہر ہوتی ہی یا اوسکے آثار اشیاء محسوسہ روزمرہ سے جدا ہوتے ہین تو بولتے ہین کہ یہ صرف حکم خدا ہی اور ہر عقل مند جانتا ہی کہ

اسکے معنی یہ نہین ہین کہ وہ خبر صفت قدیمہ حق ہی سو جب مشرکین عرب اور یہودیون نے دیکھا کہ
مسلمان لوگ حضرت عیسیٰ کے بن باپ ہونیکے قائل ہین تو اعتراض بیجا کرنے لگے اونکے جواب مین
ارشاد ہوا انما المسیح عیسی ابن مریم رسول اللہ وکلمتہ القاہا الی مریم وروح منہ یعنے نہین ہی عیسی المسیح مگر مریم کا
بیٹا بھیجا ہوا اللہ کا اور اوسکا کلام جو ڈال دیا مریم کی طرف اور روح ہی اوسکے یہان کی خلاصہ یہ کہ خدا کا حکم
مریم پر ڈالا گیا و بنا بر تکون جنین حکم خدا بلفظ کن پہونچا سو جنین بن گیا پس یہ دلیل اونکے خدا ہونیکی نہین ہی
کیونکہ جمیع مخلوق کلمۃ اللہ ہین پس اگر حضرت عیسیٰ خدا ٹھہرین تو غیر متناہی خدا ہوتے ہین اور اطلاق
روح ایسا ہی جیسا حضرت آدم کی نسبت ہی فنفخت فیہ من روحی سو جسطرح روحی مین روح کی نسبت
خدا نے اپنی طرف فرمائی اوسیطرح روح منہ مین اور تکون جنین کو ہر محاورے مین بولتے ہین کہ ایک
جان پیٹ مین خدا کی طرف سے آئی ہی اور یہ محاورہ اس بنا پر ہی کہ جب تک جنین ماں کے پیٹ مین ہی
تو اوسکا جز ہی سو جان پڑنے کی نسبت اوسکی پیٹ کیطرف کیجاتی ہی نہ جنین کے بدن کی طرف اور حضرت
آدم کا بدن جو تھا سو زمین سے اوپر تھا کالجز نہ تھا لہذا اوس جگہ روح کے ڈالنے کی نسبت اونکے
بدن کی طرف کی گئی بخلاف حضرت مریم کے کہ یہان وہ جنین جب تک اوسے جدا نہین ہوا اوسکا جز تھا لہذا
اوس روح کے ڈالنے کی نسبت مریم کی طرف ہوئی اور پیکر عیسوی کے طرف نہ کی گئی اسلیے کہ وہ مستقل
بالذات نہ تھی اور اگر کوئی شبہہ کرے کہ حضرت عیسیٰ عین روح تھے تو اوسکی نفی تیسری انجیل کے چوبیسوین
باب نسخہ ۱۸۳۱ درس انتالیس مین ہی کہ میرے ہاتھون اور پانؤن کو دیکھو کہ مین اب ہی ہون مجھے ٹٹولو
اور دریافت کرو کہ روح مین گوشت اور ہڈی نہین ہوتی جیسا تم مجھمین دیکھتے ہو دوسرا یہ کہ جنس بشر
ہونے کے لیے والدین کا ہونا ضرور نہین ہی ورنہ حضرت آدم آدم نہون اسلیے کہ اونکے ماں باپ نہ تھے
بلکہ خدا نے اونکو مٹی سے بنایا تھا اور اگر یہ امر واجب ہو تو چاہیے کہ حضرت عیسیٰ مین آدمیون کے خواص
نہون حالانکہ بالاتفاق ثابت ہی کہ اونمین اس سبب سے کہ مریم سے پیدا ہوے ہمہ جہت خواص آدمی
کے تھے اور صدہا مرتبہ آپکو ابن آدم فرماتے رہے اور تیسری انجیل مین صاف صاف لکھا ہی کہ بعد دفن
صلیب جب حواریون پر ظاہر ہوے اور حواریون نے جانا کہ ہمکو روح نظر آتی ہی تب حضرت عیسیٰ نے
اس شبہہ کو رفع کرکر اپنے ہاتھ پانون دکھلاے اور کھانا مانگا حواریون نے تھوڑی بھونی ہوئی مچھلی اور شہد دیا
کہ حضرت عیسیٰ نے اونکے سامنے کھایا گویا کہ اشارہ فرمایا کہ مین بدن عنصری سے موجود ہون اور عالم
ناسوتی کے احکام مجھمین باقی ہین تیسرا یہ کہ مسیح حضرت عیسیٰ کا لقب ہی اور زبان عبری مین مشیحا
کہتے ہین یعنے مبارک کو اور لغت سریانی مین ایشوع یعنے کارجبت اور مسیح [illegible] کے یہ ہین کہ جسکے

ہاتھ سے بیمار اچھے ہون یا جسکا کہین وطن نہو ہمیشہ سیاحی مین رہے ہذا ما نقلت من الاستفسار
اب واضح ہو کہ بعد تیس برس کے حضرت عیسیٰ مصر سے بیت المقدس مین پھر تشریف لائے اور
بنی اسرائیل کے نبی ہوے اور کریم کارساز نے کئی معجزے عنایت فرمائے اول یہ کہ توریت
بلکہ ہر ایک کتاب آسمانی بغیر پڑھے انکو یاد تھی اور انجیل ایک کتاب جدید بھی عنایت ہوئی اور کئی
مشکل حکم توریت کے موقوف ہوے پس حضرت عیسیٰ نے دعوت حق شروع کی اور احکام توریت
جاری کرنے لگے سب سے پہلے حضرت یحییٰ علیہ السلام نے انکی تصدیق فرمائی مگر اور کسی نے نہ مانا
بلکہ کہنے لگے کہ ہم اسکی بات نہ مانین گے اور جو کوئی معجزہ اپنی رسالت پر رکھتا ہو بیان کرے یہ سنکر
حضرت عیسیٰ نے فرمایا انی قد جئتکم بآیۃ من ربکم یعنے مین لایا ہون نشانی تمہارے پروردگار کی طرف سے
وہ بولے کہ کیا نشانی ہی دکھاؤ حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ انی اخلق لکم من الطین کہیئۃ الطیر فانفخ
فیہ فتکون طیرا باذن اللہ یعنے مین آیا ہون تم پاس نشان لیکر وہ یہ کہ بنا دیتا ہون تمکو مٹی سے
صورت جانور کی پھر اوسمین پھونک مارتا ہون تو وہ ہو جاوے اُڑتا جانور اللہ کے حکم سے یہ فرماکر
حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مٹی سے ایک جانور بصورت خفاش بنایا اور اپنا دم اوسمین دم
کیا فی الحال بقدرت حق اوڑنے لگا اور بعضے کہتے ہین کہ یہ معجزہ موافق یہودیون کی فرمایش کے
ظاہر فرمایا تھا یعنے یہودیون نے کہا کہ اگر ہمارے لیے ایک خفاش مٹی سے بناکر زندہ کرو تو ہم
مانین وہی حضرت عیسیٰ نے بنایا اوڑایا وہب ابن منبہ بیان کرتے ہین کہ وہ جانور جب تک آدمیون
کو نظر آتا اوڑتا رہتا اور جب نظر سے غائب ہوتا فی الفور گر پڑتا اور مشہور ہی کہ مٹی سے صورت خفاش
کی بنائی تھی اور بعضے کہتے ہین کہ سب قسم کے جانور بنائے تھے اور تخصیص خفاش کی اسلیے ہی کہ
خفاش پرندون مین اعجوبہ ہی کہ بے پر و بال اوڑتا ہی اور بچہ بھی جنتا ہی اور دانتون سے کھاتا ہی
اور ہوا مین بلند نہین ہوتا اور ہنستا اور روتا اور حیض و بول کرتا ہی اور روشنی آفتاب نہین دیکھتا اور
دو ساعت سے زیادہ یعنے بعد غروب آفتاب اور ازالہ شفق مغربی و بعد از طلوع فجر و قبل از اسفار
شکار نہین کرتا اور نر و مادہ کے پستان ہوتے ہین اور اپنا دودہ آپ بھی پیتے ہین اور اپنا بچہ لیے جاتے ہین
جہان کہین جاتے ہین **فائدہ** بعضے کہتے ہین کہ اسم اعظم کے زور سے حضرت عیسیٰ یہ کام
کرتے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ یہ تخلیق اور تکوین پیدا کرتے تھے اور صحیح یہ ہی کہ صرف تصویر
بناتے تھے اور افاضہ حیات جانب تکون حقیقی سے تھا کہ نفس عیسیٰ علیہ السلام سے ظاہر
ہوتا تھا کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دم جبرئیل سے پیدا ہوے اور جبرئیل روح محض تھے

سوم عیسیٰ سبب حیات پر دلیل قطع ہوا بلکہ اللہ جل شانہ نے خاصیت نفس عیسوی مین رکھی تھی کہ جس
چیز مین پھونکتے زندہ ہو جاتی اور یہ خرق عادت بلاشک معجزہ تھا مگر یہ معجزہ معجزات حضرت موسیٰ اور
صالح سے زیادہ نہین اور دوسری تیسری چوتھی نشانی یہ ہی کہ ابرئ الاکمہ والابرص واحی الموتیٰ
باذن اللہ یعنے چنگا کرتا ہون جو اندھا پیدا ہوا اور کوڑھی اور جلاتا ہون مردے اللہ کے حکم سے
بعضے کہتے ہین کہ اکمہ شب کور کو کہتے ہین مگر صحیح یہ ہی کہ نابینا مادر زاد مراد ہی جو شگاف بصر رکھتا ہی
کیونکہ شب کوری اور بیاض وسبل وغیرہ امراض کا زائل ہو جانا مشکل نہین ہی بخلاف جبلی اور خلقی
کہ اوسکے ازالہ مین اعجاز درکار ہی اور برص دو طرح کا ہوتا ہی ایک وہ کہ علت بخوبی مستحکم نہین ہوئی
یعنے اس موضع پر بال سیاہ جمتے ہون اور سوزن کے لگانے سے خون نکلے اسکا علاج اطبا کیا
کرتے ہین اور زائل بھی ہو جاتا ہی دوسرے وہ کہ بالکل علاج پذیر نہین یعنے بال سیاہ نہ جمین اور
خون نہ نکلے پس آیت قرآنیہ مین بھی برص مراد ہی اور تخصیص ان دونون علتون کی اس سبب
سے ہوئی کہ علاج انکا دشوار ہی اور زمانۂ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مین حکیم بہت تھے تو ایسا معجزہ
عنایت ہوا تاکہ حکما عاجز آکے دعوت ایمان قبول کرین اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ معمول
تھا کہ جب بیمار آتے تو بشرط قبول ایمان دعا کرتے وہ اچھے ہو جاتے کشف الاسرار مین لکھا ہی
کہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ تھی اللھم انت آلہ من فی السماء وآلہ من فی الارض لا آلہ
فیھا غیرک الٰہی انت جبار من فی السماء وجبار من فی الارض لاجبار فیھا غیرک وانت حکم فی السماء
وحکم فی الارض لاحکم فیھا غیرک قدرتک فی الارض کقدرتک فی السماء وسلطانک فی الارض کسلطانک
فی السماء اسئلک باسمک الکبیر ووجھک المنیر وملکک القدیم انک علی کل شئ قدیر اور تفسیر کبیر مین
شعبی سے منقول ہی کہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی احیاء موتی مین یہ تھی یاحی یا قیوم اور تفسیر
تیسیر مین لکھا ہی کہ یاحی یا قیوم یا دائم یا فرد یا وتر یا احد یا صمد اکثر مفسرین کو اتفاق ہی کہ حضرت عیسیٰ
علیہ السلام نے چار مردے زندہ کئے ہین تین متفق علیہ اور ایک مختلف فیہ ایک عازر کہ حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کا دوست تھا اوسکا گھر حضرت عیسیٰ کے گھر سے تین منزل تھا سو وہ بیمار ہوا
اوسنے اپنی بہن حضرت عیسیٰ کے پاس بھیجی اور کہلا بھیجا کہ ع ما قوت رفتار نداریم اگر یار بنزدیک
تر آئی قدمے دور نباشد ۔ اوسی دن عازر مرگیا اوسکے قریبون نے ایک دن انتظار کرکے دفن
کردیا بعد ازان حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے یارونکو لیکر تشریف فرما ہوے بہن عازر کی ساتھ
تھی رونے لگی حضرت عیسیٰ کو رحم آیا تو عازر کی قبر پر تشریف لیگئے اور دو رکعتین نماز باخلاص تمام

ادا کر کے یہ دعا فرمانے لگے اللھم رب السموات السبع والارضین السبع انک ارسلنی الی بنی اسرائیل
ادعوہم الی دینک واخبرہم انی احیی الموتی باذنک فاحی العازر حضرت حق تعالے دعا قبول فرمائی
اور عازر کو زندہ کر دیا عازر نے قبر سے نکلکر سلام علیک کیا پھر مدت مدید جیتا رہا کہ اوسکے اولاد ہوئی
دوسرا ابو العجوز ایک بوڑھیا کا لڑکا وہ مرگیا سو اوسکو کفنا ے گورستان کو لیے جاتے تھے دفعۃً
حضرت عیسیٰ علیہ السلام جلوہ فرما ہوے تو اسکی ماں پیچھے روتی ہوئی جاتی تھی اور کہتی تھی ؎
رفتی و درد و داغ تو ام یادگار ماند ✤ صد حسرت از تو در دل امیدوار ماند ✤ حضرت عیسیٰ کو شفقت
دامنگیر ہوئی فرمایا کہ ای عجوزہ غم مت کر کہ مین خدا سے دعا کرتا ہون وہ اس مردے کو زندہ کر دیگا
سو حضرت نے دعا فرمائی وہ زندہ ہوگیا تیسری سام بن نوح علیہ السلام اور سب اوسکے اچھا
کا یہ واقع ہوا کہ منکرین کہنے لگے حضرت عیسیٰ تھوڑے دنون کا مردہ زندہ کرتے ہین اسمین یہی
احتمال ہے کہ وہ مردہ سکتے مین گرفتار ہوگیا ہوا ور بعد ایک دو دن کے ہوش مین آگیا اگر مردہ کئی
سال کا زندہ کرین تو البتہ ہمکو یقین ہو تب سب لوگ جمع ہوکر ہمراہ حضرت عیسیٰ ہو حضرت سام
بن نوح علیہ السلام کی قبر پر گئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یا سام قم باذن اللہ قبر
سام پھٹ گئی اور حضرت سام زندہ ہوکر نکلے اور بعضے مفسرین بیان کرتے ہین کہ سام بن نوح
بادشاہ نصیبین کے روبرو زندہ ہوے ہین قصہ اوسکا بھی مفصل بیان کرونگا اور چوتھا مردہ
عائش تھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مرید اور معتقد اور مشہور یہ ہے کہ ایک شخص مسمی عاشر کہ
لوگون سے خراج لیتا تھا اوسکی بیٹی مرگئی اور حضرت عیسیٰ کی دعا سے بعد ایک دن کے زندہ
ہوئی اور چندے اس عالم مین رہی اور بعضے کہتے ہین کہ چوتھا مردہ ایک بادشاہ کا بیٹا تھا کہ اوسکے
باپ نے کمال منت اور سماجت سے زندہ کرایا اوسکا قصہ قریب تر بیان کیا جائیگا **فائدہ**
تفسیر مضائر مین ایک قصہ عجب اس معجزہ کا لکھا ہے مضمون اوسکا بالاختصار یہ ہے کہ ایک دن
حضرت روح اللہ نے ایک جوان خوبصورت گورستان مین روتے ہوئے پایا حضرت کو اوسکی
حالت پر رحم آیا ارشاد کیا کہ ای جوان تو کیون اتنا بیقرار ہے اوسنے عرض کیا یا حضرت میری
عورت نہایت خوبصورت تھی اور مین اوسپر عاشق تھا عین جوانی مین مرگئی ہے تنہائی کی وحشت
اور بیکسی کی مشقت مجھسے سہی نہین جاتی ؎ سخت دشوار است تنہا ماندن از دلدار خود ✤ با کہ
گویم حال تنہا ماندن دشوار خود ✤ سو آپ طبیب دردمندان اور حبیب مستمندان ہین سوائے
آپ کے اپنا درد کس سے کہون اور دوا اسکی کس سے مانگون **مصرعہ** رحمے کن ای رحیم

بجائے ترحم ہست * حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اوسکی قبر کہان ہی مجھکو بتلا اوسنے نہایت انبساط اور غایت نشاط سے دوسرے کی قبر بتلائی حضرت عیسیٰ نے دعا کی قبر پھٹی ایک شخص سیاہ رو تباہ حال نکلا حضرت عیسیٰ نے پوچھا تو کون ہی اوسنے اپنا کچھ احوال عرض کیا وہ تھا کافر کہ تمام عمر بت پرست رہا تھا اور وقت مرگ سے اسوقت تک عذاب مین گرفتار تھا حضرت عیسیٰ نے اسکا حال دریافت کرکے دعوت ایمان فرمائی کہ وہ کافر شورستان غوایت سے سرچشمۂ ہدایت مین پہونچا اور کلمۂ شہادت زبان سے کہکر توحید اور ایمان پر پھر مرگیا تب اوس جوان فراق رسیدہ نے التماس کیا کہ یا حضرت مجھسے غلطی واقع ہوئی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تبسم ہوئے اور اوسکی عورت کی قبر پر تشریف لیگئے اللہ تعالیٰ نے اونکی دعا سے اوس عورت کو زندہ کیا کہ وہ جوان اپنی عورت لیکر جانب شہر روانہ ہوا راہ مین ایک شہزادے نے اوس عورت کو دیکھا عاشق ہوکر مدعی ہوا کہ یہ عورت ہماری لونڈی ہی اسکو تو کہان لیے جاتا ہی اوسنے کہا میری عورت ہی اوس عورت نے انکار کیا اور کہا کہ مین شہزادے کی لونڈی ہون اور شہزادے کے ساتھ گئی وہ جوان روتا ہوا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت مین کہ آنجناب اوسوقت تک قبرستان مین تھے حاضر ہوا اور اپنا ماجرا کہنے لگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی جوان کے ساتھ شہزادے پاس تشریف لائے اور اوس شہزادے کو نصیحت فرمائی اوسنے نہ مانی تب عورت کی طرف متوجہ ہوے اوسنے صورت موت اور حیات سے انکار کیا اور بے ایمان ہوگئی حالانکہ زندگی مین حضرت عیسیٰ کا ایمان رکھتی تھی آخرکار حضرت عیسیٰ کی دعا سے ہلاک ہوئی حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ یہ معاملہ حق ہی کہ ایک شخص کافر مرا تھا زندہ ہوکر اسلام لایا اور باایمان اس جہان سے اوٹھا اور یہ عورت ایمان دار تھی مرتد ہوکر مری یہ نکتہ سر قضا و قدر سے ہی وہم اور خیال اس واقعہ سے عاجز اور عقل اہل کمال اس قصہ سے بیخبر ہی ع آنرا ز بتکدہ بدر کعبہ رہ نمود * وین را ز صومعہ سوے دیر مغان کشید * اعجوبہای حکم قضا و قدر بسے است * آنجا بپاے وہم خرد کی توان رسید **فائدہ** حکما کہتے ہین کہ عورتون کے عہد پر مطمئن ہونا بیخردون کا کام ہی انکے عہد کو وفا اور انکی وفا کو بقا نہین بلکہ حسن عہد انسے طلب کرنا ایسا ہی جیسے سہیل کو ثریا سے جمع کرنا اور انسے امید رکھنا ایسا ہی جیسے نہال گل آتش گلخن مین بونا وفاداری کمال عقل سے متعلق ہی ناقصة العقول سے ممکن نہین ع رسم وفا چشم مدار از زنان * نیست مروت صفت رہزنان * ہرکہ ازین قوم وفا چشم داشت * فائدہ کم دید ز تخمے کہ کاشت * درع ذکرہن فمالہن وفا مصرعہ از زن

طلب وفا خیالے است محال ❖ القصہ جب یہ معجزات حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دکھلاے
تو منکرین بولے کہ صورت مرغ کی مٹی سے بنا کر اوڑانا شعبدہ ہی اور اندھا اور کوڑھی اچھا کرنا
طبیبونکا کام ہی اور حکمت عملی سے تعلق ہی اور مردہ کا زندہ کرنا جادو ہی سو یہ باتین ہمارے خیال
مین نہین جمتین اگر عیسیٰ مسیحا ہی تو ہمکو اطلاع کرے کہ ہمنے شام کو کیا کھایا ہی اور صبح کیواسطے کیا
رکھا ہی تب حضرت عیسیٰ نے پانچوین نشانی کا اظہار شروع کیا کہ وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی
بیوتکم یعنے بتا دیتا ہون تمکو جو کھا کر آؤ اور جو رکھ آؤ اپنے گھرون مین فائدہ یہودیون کی یہ حماقت
تھی کہ ایسا معجزہ ایسے نبی اولوالعزم سے طلب کرتے تھے حالانکہ مشہور تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
مکتب کے لڑکون سے کہدیتے کہ آج تمھارے مان باپ نے یہ کھایا ہی اور تمھارے لیے یہ رکھا یا
سو وہ لڑکے اپنے گھر آکر احوال کہتے اور کبھو جو وہ کھانا نہ ملتا تو روتے اور کہتے کہ تمنے فلانی چیز
آج کھائی ہمارا حصہ نہین رکھا اسپر اونکے مان باپ سخت حیران ہوتے کہ انکو کہان سے خبر ہوتی ہی
آخر کار دریافت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام انسے کہدیتے ہین تب وہ لوگ اپنے لڑکے مکتب سے
اوٹھا لائے اور کہنے لگے کہ ایسے جادوگر کے پاس نشست و برخاست اچھی نہین بعد اس واقعہ کے
ایک دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام مکتب مین تشریف لائے تو کوئی لڑکا ہم سن انکا نظر نہ آیا تلاش
مین اونکے گھر گئے اور اونکے مان باپ سے اپنے دوستون کا حال پوچھا کہا معلوم نہین کہان گئے ہین
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ صاحب کی طرف سے معلوم ہوا کہ فلا نے مکان مین کھیلتے
ہین پھر اوس مکان کے دروازے پر تشریف لائے اور کہنے لگے اس مکان مین کون ہی دربان
نے کہا اسمین خوکین بھری ہین حضرت عیسیٰ نے فرمایا خوکین ہونگی اور خود پھر کر چلے آئے جب
دربان نے مکان کا پھاٹک کھولا تو بالکل خوکین بھری تھین یہ خبر بنی اسرائیل مین مشہور ہوئی اور اکثر
لوگ عیسیٰ کے قتل پر مستعد ہوے کہ حضرت مریم انکو لیکر جانب مصر بھاگین اور تفسیر کبیر مین امام رازی
نے لکھا ہی کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوے تو یہود نے جانا کہ اسی شخص کی خبر توریت مین ہی
اور یہی شخص ناسخ ہمارے دین کا ہی اس سبب سے حضرت مریم کو حرام کار ٹھہرایا اور حضرت عیسیٰ کو
ولد الزنا و ساحر عیاذا باللہ عما یقول الظالمون پھر جب عیسیٰ نے معجزات دکھلائے اور آپ کو پیغمبر
کہنے لگے تب قتل کرنے پر مستعد ہوے ناچار حضرت عیسیٰ و مریم کو ہجرت کرنا پڑی واللہ اعلم اخبار الدول
مین ہی کہ اس عرصہ مین بیت المقدس تحت حکومت سلطان قسطنطنین میں ہیرودوش ہو گیا تھا وہ بھی یہود
کا معین و مددگار رہا کہ حضرت عیسیٰ و مریم جانب مصر بھاگے بعضون کے نزدیک یوسف نجار ایک ۲

گدہے پر سوار کراکے لیگیا اور بارہ برس مصر مین رہے اور بعضون کے نزدیک فرشتون نے
اپنے پرون پر اوٹھاکر مدینہ دمشق مین ڈال دیا بہر دو تقدیر جواہر التفسیر مین ہی کہ اول ایک شہر یا قریہ
پر اوہان کے زمیندار نے بوفور اخلاق اپنے گھر اوتارا اور نہایت عاجزی و انکسار سے پیش آیا کہ جب
اونکے حضور مین آتا تو نہایت ادب سے بیٹھتا اور خندان لب و تازہ رو باتین کیا کرتا ایک دن خلاف
عادت سخت مغموم آیا حضرت مریم نے اوسکی عورت سے سبب پوچھا اوسنے اپنے خاوند سے استفسار
کیا کہ تو آج کس سبب سے پریشان ہی اوسنے کہا کہ بادشاہ رعایا سے ضیافت کا خواستگار ہی چنانچہ
اکثر مالدارون نے ادا کی ہی اب میرے باری ہی اور مجکو ظاہرا استطاعت نہین ہی اور جو بھاگ جاؤن
تو خفت ہوگی اور جو انکار کرون تو بخل کی ذلت ہی ع ز روے سفر کردن و ز روے اقامت ہاسو
مین اسی وجہ سے آج غمگین و افسردہ ہون اوس عورت نے حضرت مریم سے یہ ماجرا کہا انکو رحم
آیا تو اپنے صاحبزادہ سے کہنے لگین کہ تم دعا کرو تاکہ مہم میزبان سرانجام پکڑے فرمایا مجکو آپ کے ارشاد
مین عذر نہین ہی لیکن بعد اس واقعہ کے فتنہ برپا ہوگا حضرت مریم نے فرمایا مہمان کو رعایت میزبان
واجب ہی اور اللہ جو کچھ چاہتا ہی کرتا ہی ناگزیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے زمیندار سے فرمایا کہ بروز
ضیافت دیگین وغیرہ ظروف آب پاک سے بھر دینا اور مجکو خبر کرنا کہ مین اپنے اللہ سے دعا کرونگا وہ
اونین ہر قسم کا کھانا بھیجدیگا آخر کار بتاریخ معینہ زمیندار نے ویسا ہی کیا اور حضرت عیسیٰ نے
اپنا دم پھونکا اور دعا کی کہ تمام ظروف پر آب طرح طرح کے طعام و شراب سے پر ہوے اور بادشاہ
نے مع لشکر کھانا کھایا اور شراب نوش فرمائی پھر بادشاہ نے پوچھا یہ شراب تونے کہان پائی اوس
غریب نے ایک قریہ کا نام بتایا بادشاہ نے کہا غلط ہی اوسنے اور نام لیا تب بادشاہ اختلاف بیان
سے ناراض ہوا کہ اب تو واجب القتل ہی کیونکہ خلاف گوئی مین آدمی قتل کیا جاتا ہی راست راست
بیان کرنا چار اوسنے اصل حال ظاہر کیا اندنون بادشاہ کا بیٹا مر گیا تھا اوسنے خیال کیا جو شخص
ایسا ہی کہ اوسکے دم کی تاثیر سے آب خالص طعام ہوجاتا ہی وہ مردہ بھی زندہ کرتا ہوگا سو بادشاہ نے
بکمال تعظیم دست بستہ حضرت مسیح علیہ السلام سے التماس کیا کہ میرے بیٹے کو زندہ کیجیے حضرت علیہ السلام
نے فرمایا اس معجزہ سے فساد و فتنہ برپا ہوگا صبر کر اوسنے نہایت اصرار کیا تب حضرت نے فرمایا کہ اگر
تیرا بیٹا زندہ ہوجاے تو مجکو مع والدہ کے رہائی دینا کہ جہان چاہون چلا جاؤن کوئی تعرض نکرے
اوسنے قبول کیا تب حضرت عیسیٰ مسیح نے دعا کی کہ وہ مردہ زندہ ہوا اوسیوقت اراکین سلطنت نے
یہ خیال کیا کہ یہ بادشاہ ظالم ہی اور ہم لوگ اسکے دست تعدی سے بیزار ہین مگر اسکے مرنے کے بعد

امید نجات رکھتے تھے اب کہ اسکا بیٹا زندہ ہوا تو بعد موت پدر اریکہ آرای سلطنت ہوگا وبمقتضاے الولد سر لابیہ وہی ظلم جاری کرے گا جسطرح سے ان دونون کو قتل کرنا واجب ہی چنانچہ فوج کے لوگون نے بادشاہ کو مع ولیعہد قتل کیا اور مال واسباب لوٹ لیا اور یہ خبر مشہور ہوئی قوم یہود بھی مطلع ہوے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تلاش مین نکلے سو آنحضرت مع اپنی مان کے جنگل کی طرف بھاگے فائدہ احیاے میت کا معجزہ انجیلون کی تفصیلی روایات سے دو مرتبہ ثابت ہوتا ہی ایک کوئی لڑکی تھی جو اوسوقت شاید مری تھی اوسکو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ مری نہین ہی سوتی ہی دوسرے تیسرے دن عازر کو زندہ کیا تھا اور اسمین نہایت تضرع وزاری کی نوبت پہونچی تب اللہ نے اوسکو قبر سے اوٹھایا جسطرح سلاطین کی اول کتاب کے پہلے باب مین الیا کا معجزہ احیاء میت کا دعاے مالک سے لکھا ہی اور ہمارے حضرت صلعم سے یہ معجزہ کئی مرتبہ ظاہر ہوا ہی ازانجملہ ایک مرتبہ بکری ذبح ہوئی اوسکا گوشت پکایا گیا اور کھالیا گیا مگر ہڈیان یکجا تھین حضرت صلعم نے اون ہڈیون کو جمع کرکے زندہ کیا اور ایک دفعہ ایک شخص کی لڑکی مرگئی اوسنے حضرت صلعم سے درخواست کی آنحضرت اوسکے جنازہ پر تشریف لیگئے اور پکارکر فرمایا تجھے اوس عالم مین رہنا خوش آتا ہی یا اس عالم مین آنا اوسنے کفن سے منھ کھولکر کہا مجھے دنیا مین آنا قبول نہین ہی کذا فی المواہب اللدنیہ اور ایک مرتبہ خیبر مین بزغالہ مسموم نے زندہ ہوکر کہا لاتاکل منی فانی مسموم اور حدیث شریف سے ثابت ہی کہ آنجناب نے اپنے والدین کو زندہ کیا کہ وہ ایمان لائے اسیطرح اور بھی کئی معجزے ہوے ہین کہ معجزات مین مذکور ہونگے کاتب الحروف کے نزدیک یہ معجزہ کچھ بڑے معجزات مین معدود نہین ہی یہ تو امت مرحومہ کے اولیاؤن کی کرامات مین داخل ہی اور اسکو صرف ہمت کا ایک شمہ جانتے ہین چنانچہ عبداللہ یافعی نے خلاصۃ المفاخر اور تاریخ یافعی مین لکھا ہی کہ ایک عورت اپنا بیٹا حضرت سلطان الاولیا سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو سپرد کرگئی کہ حضرت نے اوسکو ریاضت ومجاہدہ مین ڈالا بعد چندے وہ عورت اپنے بیٹے کو دیکھنے آئی تو وہ ایک ٹکڑا جو کی روٹی کا لیے ہوے دروازے پر بیٹھا تھا اور نہایت نحیف وضعیف ہوگیا تھا پھر وہ عورت خانقاہ مین حاضر ہوئی تو حضرت غوث الاعظم کھانا کھاتے تھے اور استخوان مرغ علحدہ رکھتے جاتے تھے اوس عورت نے یہ حال دیکھکر التماس کیا کہ اے شیخ آپ مرغ کھاتے ہین اور میرے فرزند کو جو کی روٹی عنایت ہوتی ہی تب حضرت نے ہڈیون کیطرف متوجہ ہوکر فرمایا قم باذن اللہ وہ ہڈیان مرغ ہوگئین اسیطرح ایک مرتبہ حضرت غوث الاعظم کسیطرف تشریف لیے جاتے تھے اثناے راہ ایک نصرانی اور مسلمان سے گفتگو ہوتی تھی نصرانی کہتا تھا کہ عیسیٰ افضل ہین اور مسلمان کہتا تھا کہ

ف معجزہ احیاء میت دو مرتبہ ہوا

ف معجزہ آنحضرت صلعم

ف کرامات اولیاء اللہ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم افضل ہین جب دونون نے آنجناب کو دیکھا تو کہنے لگے کہ آپ اس مقدمہ
مین حکم ہون آنحضرت نے مسلمان سے کہا تو اپنی دلیل بیان کر اوسنے کہا کہ ہمارے پیغمبر خدا خاتم الانبیا
ہین یہی فضیلت کافی ہی نصرانی بولا ہمارے عیسیٰ مردہ زندہ کرتے تھے حضرت غوث پاک نے فرمایا کہ
یہ وجہ فضیلت کی نہین ہوسکتی یہ بات ادنیٰ لوگ امت محمدیہ کے کرسکتے ہین نصرانی نے کہا اگر یہ ثابت ہو
تو ایمان لاؤن آنحضرت اوسکو لیکر قبرستان مین گئے اور ایک قبر کہنہ پر کھڑے ہوکر فرمایا قم اوسیوقت
قبر شق ہوئی اور ایک شخص نکلا اوسیوقت وہ نصرانی مسلمان ہوا علی ہذا القیاس اکثر اولیا امت محمدیہ
سے اسطرح کی کرامات ظاہر ہوئی ہین چنانچہ امام قشیری لکھتے ہین کہ ابراہیم ابن شیبان فرماتے تھے
کہ ایک جوان راسخ العقیدت میرے دوستون مین تھا وہ مرگیا مجھکو سخت رنج ہوا جب اوسکو غسل دینے لگا
تو میرے دل مین آیا کہ اسکو زندہ کرون سو مین نے دونون ہاتھ اوسکے پکڑ کے کھڑا کر دیا وہ زندہ ہوگیا
اسیطرح ایک دن سہل بن عبداللہ تستری ذکر حق مین مشغول تھے ایک شخص آیا اوسنے کہا اگر ذکر حق
تمہارا سچ ہی تو میرا مردہ زندہ کرو وہ کھڑے ہوگئے اور اوسکے سوتے کے پاس گئے اور اپنا ہاتھ اوسپر رکھدیا
وہ زندہ ہوگیا اور بھی یہ حضرت ایک دن کسیطرف جاتے تھے اور ایک گھوڑے پر سوار تھے سو وہ گھوڑا
مرگیا یہ متحیر ہوئے اور حضرت حق مین مستدعی کہ الٰہی یہی گھوڑا بصرہ تک عاریت سے وہان پہنچکر واپس
کرونگا خدا نے اوسی گھوڑے کو پھر زندہ کیا کہ ابن عبداللہ اوسی پر سوار ہوکر داخل بصرہ ہوئے اور
اپنے بیٹے سے فرمایا زین کھول رکھو وہ بولا عرق موجود ہی فی الحال خشک ہوجائے تو زین کھولونگا
فرمایا یہ گھوڑا عاریت لے آیا ہون صرف زین میرا ہی چنانچہ زین کھولتے وہ گھوڑا مرگیا بالجملہ اس قسم
کی کرامات حد حصر سے خارج اولیا امت محمدیہ سے صادر ہوئی ہین اور معجزہ ابرا اکمہ و ابرص جو حضرت
عیسیٰ علیہ السلام سے چار یا پانچ مرتبہ صادر ہوا ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے اکثر
ظاہر ہوا چنانچہ باسناد صحیح ثابت ہی کہ معاذ ابن عفرا نے ایک عورت سے نکاح کیا لوگون نے عورت سے
کہا معاذ کو بیماری برص کی ہی اوس عورت کو ایک نوع کی کراہت پیدا ہوئی تو اوسنے زفاف سے
انکار کیا معاذ رضی اللہ عنہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حال عرض کیا حضرت صلعم نے ایک
لکڑی موضع برص پر لگا دی فی الفور برص زائل ہوگیا اسیطرح روایت ہی کہ ایک عورت اپنے بیٹے
نابینا مادرزاد کو لائی اور عرض کرنے لگی کہ یا حضرت دعا کیجیے کہ اسکی بینائی ہوجائے آنحضرت نے
دست شفا اپنا اوسکی آنکھون پر رکھدیا فی الفور دیکھنے لگا اور باقی حال اس قسم کے معجزات کا بیان معجزات
مین لکھا جائیگا کاتب الحروف کے نزدیک یہ دونون معجزے کچھ بڑے معجزات مین نہین ہین یہ تو اولیا امت

امت محمدیہ اب بھی از جملہ کرامات صادر کر سکتے ہین چنانچہ بتواتر ثابت ہی کہ حضرت شیخ عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ سے اکثر مبروص و مفلوج و جاما نزہ و اعمی سے نے بقدرت آلہی شفا پائی ہی اور حضرت نظام الدین اولیا بداونی نے اس قسم کے صدہا مریض اچھے کیے ہین اور بعض متاخرین اولیا نے صرف لعاب دہن اپنا برص پر لگا دیا ہی کہ فوراً داغ جاتا رہا ہی اور کاتب الحروف نے اس کرامت کو اپنی آنکھون سے دیکھا ہی اور معجزہ افزونی طعام و شراب کا اکثر مرتبہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بر سبیل تواتر صادر ہوا ہی چنانچہ بخاری و مسلم و نسائی و دارمی و بیہقی و احمد و ابو نعیم و طبرانی حضرت علی مرتضی و عمر ابن خطاب و انس ابن مالک و جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہین کہ حضرت صلعم نے وقت ضرورت و بمقتضاے شان حاجت روائی نہایت قلیل کھانے کی چیز کو کبھو سیکڑون اور کبھو ہزارون اور بعضے دفعہ بیشمار آدمیون کو کھانیکو دی ہی اور کبھو اپنے ساتھ کھلایا ہی اور سب نے سیر ہو کر کھایا ہی اور وہ چیز جتنی تھی اُتنی رہی ہی اور اسیطرح اکثر بمقتضاے شان دستگیری تھوڑے پانی سے یعنے گاہے ایک ڈولچی پانی اور گاہے ایک مشکیزہ پانی اور کبھو ایک آبخورے پانی سے سیکڑون آدمی و جانور پلاے اور گاہے کئی ہزار اور کبھی بیشمار لوگون کو سیراب فرمایا اور وہ برتن ویسا ہی پُر رہا اور کبھو اندھے کنوین خواہ رستی چشمے سے سیکڑون آدمی و جانورون کو پانی دیا اور بعد اوسکے وہ کنوین اور چشمے جاری رہے اور کبھو چھوٹے برتن مین دست پاک رکھدیا تو فوارہ وار پانی انگلیون سے جاری ہوا اور سیکڑون نے پیا و غسل کیا اور ان قصون کو صحابیون نے اپنے سامنے کا ماجرا بیان کیا ہی اسطرح کہ ہمنے دیکھا اور کھایا اور پیا کاتب الحروف کہتا ہی کہ برکت حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قسم کی کرامتین آپ کی امت سے اکثر صادر ہوئین ہین اور ہوتی جاتی ہین جس کسیکو دیکھنا منظور ہو کتب صوفیہ صافیہ ملاحظہ کرے اس قسم کے بعض کرامات جو فقیر کو یاد ہین لکھتا ہون

کرامت حضرت ابراہیم ادہم

از انجملہ ایک مرتبہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ کو دریا سے پار جانا منظور ہوا ملاحون نے کہا ایک دینار مزدوری چاہیے حضرت اوسوقت خالی ہاتھ تھے سو دو رکعت نماز با نیاز ادا کر کے کہنے لگے اللہم قد سالوا مالیس عندی اللہ تعالی شانہ نے سنگریزے دینار کر دیے کہ ملاحون کو عنایت کر کے بلا اعانت اونکے پار اُتر گئے ملاح متعجب ہوے

کرامت حضرت حبیب عجمی

از انجملہ ایک مرتبہ حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ ہمراہ مسکینون کے جانب شہر بصرہ جاتے تھے اور زاد راہ کچھ پاس نہ تھا ناچار حضرت نے کھانا قرض لیا اور مسکینونکو کھلایا اور ایک تھیلی خالی زیر بالین رکھکر سو رہے صبحکو وہ تھیلی دراہم سے بھری ملی اوسیوقت قرضدارون کو سب مرحمت کیے

کرامت ابو العباس شرفی و ابو تراب

از انجملہ ابو العباس شرفی ہمراہ ابو تراب نخشبی جانب مکہ مبارک جاتے تھے اثناء راہ

یارون نے پیاس کی شکایت کی اور اُس میدان مین نہ کوئی دریا ملا نہ چاہ ناچار حضرت ابوتراب نے
اپنا ہاتھ زمین پر مارا کہ ایک چشمہ شیرین جاری ہوا تب ایک یار نے کہا کہ ہمارے پاس نہ کوزہ ہی نہ لوٹا
پانی تو ملا کسطرح پیین ابوتراب نے پھر اپنا ہاتھ مارا کہ ایک کوزہ شیشے کا پیدا ہوا کہ سب لوگون نے
اوسی سے پانی پیا اور اوس کوزہ کو مکہ مین لائے ازانجملہ ایک روز چند درویش قریشی حضرت عبدالواحد
ابن زید کے پاس بیٹھے تھے دفعۃً کہنے لگے کہ تنگی معیشت کا خوف دائما لاحق رہتا ہی اگر غیب سے
خرچ کی مدد ہوا کرے تو عبادت مین خوب دل لگے اوسیوقت حضرت عبدالواحد نے خدا سے
دعا مانگی تو ایک آواز آئی اور مکان کی چھت پھٹ گئی درہم و دینار گر پڑے عبدالواحد نے فرمایا استغنوا
باللہ عزوجل من غیرہ پھر اون صاحبون نے درہم و دینار اوٹھاے مگر حضرت عبدالواحد نے اپنا ہاتھ
بھی نہ لگایا کذا ذکر مولانا ابوالقاسم القشیری فی کتابہ۔ القصہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع اپنی والدہ کے
راہ راست ترک کر کے براہ دشت بھاگے جواہر التفسیر مین ہی کہ اس راہ مین ایک دریا ملا وہان کچھ
لوگ مچھلیان جال مین پھانس رہے تھے حضرت عیسیٰ نے فرمایا تم لوگ ہمارے ساتھ چلو تو ہم بہتر شکار
کرین وہ بولے وہ کون شکار ہی فرمایا چلو نفس کو دام عبادت مین پھانسین اور قبل اسکے کہ ابلیس ملعون
دام شہوت مین گرفتار کرے ہم تم رشتہ حبل المتین سے شکار کرلین چنانچہ وہ لوگ ساتھ ہوے اور
معالم مین ہی کہ جب حضرت عیسیٰ نے فرمایا ہمارے ساتھ چلو تو وہ بولے تم کون ہو تو کہا انا عیسی ابن
مریم عبداللہ و رسولہ پھر وہ سب ہمراہ ہوے تواریخ سے معلوم ہوتا ہی کہ سب بارہ شخص تھے ازانجملہ یوحنا
و شمعون سردار تھے سو شمعون نے معجزہ طلب کیا کہ ہمنے رات سے جال ڈالا ہی مگر کوئی مچھلی ہاتھ نہین
لگی اگر تمھاری برکت سے مچھلیان جال مین پھنسین تو ہم ایمان لاوین تب حضرت عیسیٰ نے بسم اللہ
کہکر جال ڈالا مچھلیان جال مین در آئین اور شمعون مع اپنے یارون کے ایمان لائے مگر یہ روایت
صحیح نہین ہی کیونکہ حضرت کے معجزہ سے کوئی بھی ایمان نہین لایا ہی بلکہ جو کوئی ایمان لایا ہی صرف خوشامد سے
لایا ہی بالجملہ اس مقام سے واضح ہی کہ حضرت عیسیٰ کے حواری مچھوے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ حواری شہزادے
تھے اور ایمان اسطرح لائے کہ حضرت کسی موضع مین وارد ہوے وہان کے لوگ ضیافت کھانے جاتے تھے
لوگون نے انکو غریب مسافر جان کر ساتھ لیا اور اپنے ساتھ کھانے پر بٹھلایا حضرت نے اپنے
کاسۂ طعام سے تمام مجلس کو سیر کر دیا تب اہل مجلس متحیر ہوے اور یہ خبر سردار موضع کو پہونچی اوسنے
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اپنے گھر بلوایا اور کلام ہدایت التیام سنکر مع بعض اقارب اپنے کے
ہمراہ رکاب ہوا مگر یہ روایت بھی ضعیف ہی اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت عیسیٰ کے یار رنگریز تھے اور

اونکے ایمان لانے کی یہ صورت ہوئی کہ حضرت عیسیٰ اوس موضع سے بھاگ کر ایک شہر مین یا کہ مصر مین آئے حضرت مریم نے کہا کوئی پیشہ کرنا چاہیے سو حضرت مریم نے سوت کاتنا شروع کیا اور یوسف نے لکڑی بیچنی اور کاٹنے کا پیشہ جاری کیا اور حضرت عیسیٰ کو معلم کے پاس پڑھنے کو بھیجا تفسیر زاہدی مین ہی کہ حضرت عیسیٰ جس معلم کے پاس جاتے وہ اپنے علم کو انکے علم سے کم پاتا اور پڑھا نہ سکتا ناچار ایک رنگرز کے سپرد کیا تفسیر جواہر مین ہی کہ جس رنگرز کے پاس حضرت عیسیٰ علیہ السلام تفویض ہوے وہ سردار تھا سوا اوسکی دوکان پر کام کرنے لگے ایک دن عجب اتفاق ہوا کہ مالک دوکان کو سفر کرنا پڑا اوسنے حضرت سے کہا مین دس روز کے واسطے ایک شہر کو جاتا ہون اور چند تھان انکو سپرد کیے اور کہا کہ انکو برنگ مختلف طیار کر رکھنا اور ہر ایک کپڑے پر ایک ایک تاگا رنگ مطلوب کا باندھا اور خود روانہ ہوا حضرت عیسیٰ نے وہ سب تھان ایک ہی خم مین ڈال دیے اتفاقًا مالک دوکان اوسیدن کسیوجہ سے پلٹ آیا اوسنے وہ تھان نہ دیکھے پوچھا وہ تھان کیا ہوے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا اس خم مین ڈالے ہین وہ نہایت ناخوش ہوا اور کہنے لگا تمنے مزدوری میری ضایع کی اور تھان خراب کیے مین اونکے مالکون کو کیا جواب دونگا حضرت عیسیٰ نے فورًا سب تھان نکالے تو سب کا رنگ مختلف موافق خواہش مالکون کے تھا اوسیوقت وہ سردار رنگریزان کا ایمان لایا ؎ رنگہا ہمہ یکرنگ اگر شوی چو مسیح ✤ ہزار رنگ برآری ازان خم یکرنگ **فائدہ** حضرت مریم کا پیشہ دوری سے مقصد یہ تھا کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام کسی پیشہ مین مشہور نہونگے تو قوم انکو کوئی پیغمبر و رسول نجانے گا اور یہود کے ضرر و ایذا سے محفوظ رہین گے اور صحیح یہ ہی کہ حضرت عیسیٰ کے یار دھوبی تھے اور اسطرح ایمان لائے کہ جب آنجناب اونکے پاس پہونچے تو وہ کپڑے دھورہے تھے حضرت نے فرمایا کہ میرے پاس اس سے زیادہ سودمند بات تمکو بتلاؤن وہ بولے وہ بات کیا ہی فرمایا اپنے قلوب دھویا کرو وہ ایمان لائے بعض مفسرین نے لکھا ہی کہ اسیکا اشارہ قرآن مین سورۂ آل عمران مین ہی فلما احس عیسیٰ منہم الکفر قال من انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ آمنا باللہ واشہد بانا مسلمون یعنے پھر جب معلوم کیا عیسیٰ نے بنی اسرائیل کا کفر بولا کون ہی کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ مین کہا حواریون نے ہم ہین مدد کرنے والے اللہ کے ہم یقین لائے اللہ پر اور تو گواہ رہ کہ ہمنے حکم مانا **فائدہ** تفاسیر معتبرہ سے پیدا ہی کہ یار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ تھے اور پیشہ گازری کا اختیار بایماے آنجناب کیا ہی صورت اسکی یہ واقع ہوئی کہ یہ لوگ قبائل و عشائر اپنے چھوڑ کر حضرت عیسیٰ کے ہمراہ ہوے جب بھوکے ہوتے تو کہتے یا روح اللہ ہم بھوکے ہین آنجناب کی دعا سے طعام پاکیزہ و لطیف انکو ملتا اور جب پیاسے ہوتے تو عطشنا یا روح اللہ کہتے حضرت کی دعا سے آب شیرین

ظاہر ہوتا ایک روز کہنے لگے کہ فی الحال عالم مین ہم ستے کوئی افضل ہی فرمایا تم سے وہ لوگ بزرگ ہین جو بزور بازو کھاتے اور کھلاتے ہین اونکو غیرت آئی تب یہ پیشہ اختیار کیا انھین کو حواری بولتے ہین اور حواری لغت مین بمعنی گازر و سپید پوست آیا ہی شاید وجہ تسمیہ یہ ہو کہ حور بفتحتین اصل لغت مین شدت بیاض کا نام ہی و لہذا ازرہ سفید کو حواری کہتے ہین اور یہ لوگ سفید کپڑے پہنتے تھے اور کپڑونکو دھوکر سفید بھی کرتے تھے مگر اہل تحقیق کہتے ہین کہ اثر عبادت و مجاہدہ سے اونکے چہرون پر نور کی چمک تھی لہذا حواری کہلائے اور بعضے کہتے ہین کہ حواری بفتح و تشدید یا بمعنی وزیر و شائستہ خلافت و یاری دہندہ آیا ہی اور ظاہر ہی کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ کے وزیر تھے اور حقیقت یہ ہی کہ حواری ایک لفظ ہی بنائی گئی اوسکے لیے جو خاصہ و برگزیدہ ہو اور نسبت اُسکی لفظی ہی جسطرح کرسی کما یقال خاصۃ الرجل حواریہ کذا فی الجواہر ساتھ عالم مین قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی بارہ حواری تھے ایک ابو بکر صدیق عمر ابن خطاب عثمان ابن عفان علی ابن ابیطالب حمزہ ابن عبدالمطلب جعفر ذی الجناحین ابن ابیطالب ابو عبیدہ ابن الجراح عثمان ابن مظعون طلحہ ابن عبداللہ زبیر ابن العوام سعد ابن ابی وقاص عبدالرحمن ابن عوف رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ **فائدہ** مراد نصرت سے جو آیہ کریمہ آل عمران مین ہی نصرت بحجت ہی نہ بشمشیر کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مامور بجہاد و قتال نہ تھے بلکہ احکام انجیل ملاطفات سے بھرے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ یہ استنصار بنابر حمایت تھا خواہ بنابر امتیاز مخالف و موافق اس مقام سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ کلام شاید حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اوسوقت فرمایا ہی کہ جب یہود گرفتار کرکے داعیہ صلیب رکھتے تھے اور حضرت نے مژدہ سفر آسمانی جانب حق سے سُن لیا تھا تب فرمایا کون ہی میرا مددگار کہ ظاہر کرنے والا دعوت کا اور قوت دینے والا شریعت میری کا بعد میرے ہو حواریون نے کہا نحن انصار اللہ اگر کوئی کہے کہ جواب مطابق سوال یون ہونا تھا کہ نحن انصارک تو جواب یہ ہی کہ نظر حواریون کی حق پر تھی اور متابعت عیسیٰ خدا کے لیے کرتے تھے اسلیے انصار اللہ بولے اور شاید اسی سبب سے امت حضرت عیسیٰ کی نصاری کہلاتی ہی بالجملہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اوس مقام سے مع اپنے یارون کے روانہ ہوے اور اندلس مین پہونچے وہان قحط پڑا حواریون نے کہا ای عیسیٰ مریم کے بیٹے تیرا خدا کرسکتا ہی کہ ہم پر خوان بھرا ہوا اوتارے آسمان سے کما قال اللہ یا عیسی ابن مریم ہل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ من السماء تب حضرت عیسیٰ نے فرمایا ڈرو اللہ سے اگر تمکو یقین ہی یعنے بندے کو چاہیے اللہ کو نہ آزمائے کہ میرا کہا مانتا ہی یا نہین گو خاوند کتنی ہی مہربانی کرے کما قال اللہ قال اتقوا اللہ ان کنتم مومنین یہ سنکر کہنے لگے ہم چاہتے ہین کہ اوسمین سے کھائین اور آرام پکڑین ہمارے دل اور ہم جانین کہ تو نے

ہمکو سچ بتلایا اور ہم رہین اوسپر گواہ کما قال اللہ تعالی قالوا نرید ان ناکل منہا وتطمئن قلوبنا ونعلم ان قد صدقتنا ونکون علیہا من الشاہدین یہ قول حواریون کا بطور معذرت ہی کہ ہم کو قدرت کاملہ حق تعالی مین کسیطرح شک وشبہ نہین معاذ اللہ کہ اوسکی قدرت مین ہم شک کرین بلکہ برکت کی امید پر مانگتے ہین تاکہ ہم اوس سے متمتع ہون اور قلوب ہمارے مطمئن ہون اور تمہارا یہ معجزہ عالم مین مشہور ہو جاے اور تمہاری شریعت قوت پکڑے اور ہم اوسکی گواہی دین نعوذ باللہ منہا ہم کچہ بطور آزمایش وامتحان یہ سوال نہین کرتے الغرض حضرت عیسی علیہ السلام نے حواریون سے فرمایا تیس دن روزہ رہو اور اللہ سے خوان مانگو چنانچہ تیس دن صائم رہے بعد اوسکے کہنے لگے ای عیسی ہم جس کسیکی خدمت کرین گے وہ کہانیکو دیگا ہماری درخواست یہ ہی کہ تم ہمارے واسطے اللہ سے مانگ دو حضرت سلمان فارسی سے روایت ہی کہ حضرت عیسی جنگل مین گئے اور کملی اوڑہکر سر برہنہ نہایت عاجزی سے ہاتہ اوٹہاکر یون دعا کی ای اللہ رب ہمارے اوتار ہم پر خوان بہرا آسمان سے کہ وہ دن عید رہے ہمارے پہلون اور پچھلون کو اور نشانی تیری طرف سے اور روزی دے ہمکو اور توہی بہتر روزی دینے والا کما قال اللہ تعالی فی سورۃ المائدۃ اللہم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لاولنا وآخرنا وآیۃ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین تب جناب حق سے ارشاد ہوا انی منزلہا علیکم فمن یکفر بعد منکم فانی اعذبہ عذابا لا اعذبہ احدا من العالمین یعنے اللہ نے فرمایا مین اوتارونگا وہ خوان تم پر پہر جو کوئی تم مین ناشکری کرے اسکے بعد تو مین اوسکو عذاب کرونگا جو نہ کرونگا کسیکو جہان مین چنانچہ بروایت اکثر مفسرین اللہ صاحب نے ایک سفرہ سرخ مابین دو ٹکڑون ابر کے بروز یکشنبہ نازل فرمایا یہ دیکہکر حضرت عیسی علیہ السلام روئے اور کہنے لگے اللہم اجعلنی من الشاکرین پہر فرمایا یا اللہ تو اس خوان کو رحمت گردان کہین عقوبت نہو جاے اور وضو فرماکر نماز پڑہی پہر بسم اللہ خیر الرازقین کہکر سرپوش اوتارا تو ایک مچھلی بلا پوست وخار تلی ہوئی نکلی کہ ایک طرف اوسکے نمک تہا اور دوسری طرف سرکہ اور گہی اوسمین سے ٹپکتا تہا اور بارہ گردے نان کے اور پانچ انار اور چند خرمے تہے اور بعض کے نزدیک پانچ روٹیان تہین ایک پر روغن زیتون دوسری پر شہد تیسری پر گہی چوتہی پر پنیر پانچوین پر خشک گوشت اور چند قسم کے بقولات بہی تہے **فائدہ** مائدہ مین اختلاف ہی کہ نازل ہوا یا نہین مجاہد وحسن بصری کہتے ہین نازل نہین ہوا اور اکثر صحابہ قائل ہین کہ نازل ہوا اور جیسا نزول مین اختلاف ہی ویسا ہی اوسکی صفت مین بہی اختلاف ہی سعید ابن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ سواے غمر وگوشت ہر ایک شی ماکول خوان مین تہی اور نزدیک قتادہ کے میوہ بہشت تہا اور کلبی کے نزدیک نان ونقل اور وہب ابن منبہ کے

اختلاف در نزول مائدہ

نزدیک قرص نان و ماہی بالجملہ شمعون حواری نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا یہ کھانا بہشت کا ہی
یا دنیا کا فرمایا دونون سے خارج ہی یعنے قدرت کاملہ حق ہی نہ دنیا کا ہی نہ آخرت کا پس شکر کرو اور کھاؤ حواری
بولے یا روح اللہ اور کوئی معجزہ دکھلاؤ تاکہ زیادہ یقین ہو حضرت نے خوان والی مچھلی کو کہا قم باذن اللہ وہ
جنبش کرنے لگی اور پھر بحالت اصلی ہوگئی مگر حواریون نے اوس مائدہ سے کچھ نہ کھایا کیونکہ تہدید الٰہی
سن چکے تھے ناچار حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فقیرون بیمارونکو کھلایا اور فرمایا تمھارے واسطے یہ عطا ہی
اور وہیون کے لیے بلا مواہب علیہ مین ہی کہ ایک ہزار تین سو آدمیون نے کھایا اور خوان اوسیطرح
بھرا رہا اور محتاج تونگر ہوے اور بیمارون نے شفا پائی بعد اوسکے وہ خوان آسمان پر اوٹھایا گیا دوسرے
دن چاشت کے وقت پھر نازل ہوا مگر زاہدی و مدارک و انوار التنزیل مین ہی کہ صرف ایکدن نازل ہوا تھا
پھر نہین اترا اور بعض کہتے ہین کہ سات دن آیا اور بعضے کہتے ہین تین دن آیا اور بعضے کہتے ہین چالیس
دن آیا کیا مگر ایک روز کا وقفہ ہوتا تھا اور محتاج و تونگر سب کو ملتا تھا آخر حکم الٰہی ہوا کہ یہ حق محتاجون کا ہی
تونگرون مالدارون کو نہ دینا چاہیے یہ بات مالدارون کو خوش نہ آئی اونھون نے خوان مین شبہہ کیا اور کہنے لگے
کہ یہ سحر ہی اس قصور مین تیرہ سو آدمی بقول صاحب بیضاوی و بقول علامہ بغوی تین سو تیتیس و
بقول صاحب تفسیر زاہدی پانچہزار خوک و بندر ہوگئے بالجملہ جب لوگون نے یہ احوال دیکھا تو عذاب الٰہی مسخ بنی اسرائیل
سے ڈرے اور حضرت روح اللہ سے رجوع لائے کہ حضرت بہت روئے اور جماعہ ممسوخہ بھی روتی
اور از روے اشارہ اقرار گناہ کرتے تھے اور کوچہ و برزن مین نجاست کھاتے پھرتے تھے اور بعد
تین روز کے مرگئے یہ عذاب اول ہیود مین حضرت داؤد کے عہد مین ہوا تھا پیچھے کسیکو نہین ہوا نعوذ
باللہ منہ اللہم احفظنا من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا اس قصہ مین مسلمان کو عبرت ہی کہ اپنا مدعا
بخرق عادت نہ چاہیے پھر اوسکی شکر گذاری بہت مشکل ہی بلکہ اسباب ظاہری پر قناعت کرے
تو بہتر ہی **فائدہ** اس قصہ سے ثابت ہوا کہ حق تعالی کے آگے حمایت پیش نہین جاتی ہی مگر جسکو
حمایت کا اذن ہو چنانچہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کے دن حکم ہوگا تفسیر جواہر مین
مختار القصص سے نقل کیا ہی کہ اطراف نصیبین مین ایک بادشاہ تھا توانا اور فرمان روا حضرت عیسیٰ
و مریم کا دشمن اور بغض و کینہ مین مصروف ہمہ تن بایں مرتبہ کہ اگر اوسکی رعایا مین کوئی شخص نام عیسیٰ
علیہ السلام کا زبان پر لاتا تو اوسکی زبان کاٹ ڈالتا اور جو شخص اونکی مذمت کرتا اوسکو انواع خلعت
و انعام سے سرفراز فرماتا اللہ جل شانہ نے چاہا کہ وہ بادشاہ حضرت عیسیٰ کا مطیع اور فرمان بردار ہو
لہذا ارشاد ہوا کہ ای ابن مریم فلان بادشاہ کو دعوت ایمان فرما اور ابواب ہدایت و دلالت کلید

تبلیغ رسالت سے اوسکی رعایا پر کھول حضرت عیسیٰ نے حواریون کو ساتھ لیا اور نزدیک شہر کے پہونچکر ارشاد کیا کون شخص ہی جو اس شہر مین آواز کرے کہ عیسیٰ بندہ اور فرستادۂ خدا تمھارے شہر مین آیا ہی ؎ مژدہ کز گردون مہ خورشید سیما میرسد ٭ زندہ شو ای مردہ دل کاینک مسیحا میرسد ٭ یعقوب حواری نے عرض کیا کہ مین تمھارے تشریف لانے کی خبر شہر مین پہونچاؤنگا حضرت عیسیٰ نے کہا تو جا لیکن تو اول وہ شخص ہی کہ بے ایمان ہو جائیگا تب تومان نے کہا مجھکو اجازت ہو تو مین ہمراہ یعقوب کے جاؤن حضرت عیسیٰ نے فرمایا جا تو بھی بلا مین پڑیگا پھر شمعون نے التماس کیا کہ یا روح اللہ اگر ارشاد ہو تو مین ثالث انکا ہون حضرت عیسیٰ نے فرمایا مضائقہ نہین پھر شمعون نے دست بستہ گذارش کی کہ مجھکو یہ اجازت ہو کہ بمقتضاے وقت کلام کرون حضرت عیسیٰ نے اجازت دی بالجملہ تینون حواری رخصت ہوکر چلے اور شمعون نے یعقوب و تومان کو پیش پیش بھیجا اور کہدیا کہ تم اپنا کام کرو اور مین تفحص احوال رہونگا کہ اگر تمھپر بلا آوے تو اوسکی دفع کی تدبیر کرون چنانچہ یعقوب و تومان شہر مین داخل ہوے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری سے شہر والون کو خبر دی شہر کے لوگون کو اول سے انکی خبر معلوم ہو چکی تھی سو وہ لوگ گالیان دے رہے تھے جب ان دونون نے شور کیا کہ ای قوم سرگشتہ عیسیٰ تشریف لائے ہین تم لوگ جلد استقبال کرکے لاؤ اور اوسکا دین قبول کرو سب لوگون نے یکبارہ ہجوم کرکے کہا اس کلام کا کہنے والا کون ہی یعقوب غوغاے عام سے پریشان ہوا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دین سے پھر گیا مگر تومان کو غیرت دین لاحق ہوئی اوسنے وہی کلام مکرر کیا ہرچند اکثر لوگون نے منع کیا اوسنے نمانا اور بعضون نے مارا اوسنے اپنے قول سے منھ نہ موڑا ؎ آنجا کہ منتہاے کمال ارادت است ٭ ہرچند جور بیش محبت زیادت ست ٭ آخر تومان کو بادشاہ کے پاس لے گئے اوسنے ہاتھ پیر کاٹ کر گھورے پر ڈالدیا یہ خبر شمعون کو پہونچی وہ بادشاہ کے پاس حاضر ہوے اور پوچھنے لگے کہ اس بیچارے نے کیا قصور کیا ہی جو ایسے عذاب مین گرفتار ہی اہل شہر نے مرد غریب جان کر جھڑک دیا اور کہا مصرعہ ترا بااین فضولیہا چہ کار است ٭ تب شمعون نے خواص بادشاہی سے ملاقات کرکے کہا کہ مین مسافر بیکس ہون اس شخص کا حال دیکھکر چلا آیا تاکہ مین بھی اسکے جرم سے مطلع ہو جاؤن کہ اگر مجھسے کوئی شخص اور شہر مین اسکی حقیقت دریافت کرے تو مین مفصل بیان کرون بااینہمہ کسینے اوسکا جواب نہ دیا شمعون نے کہا ؎ نسبت بغریبان ہمہ جا شرط کرم ہست ٭ چون ست کہ این قاعدہ در شہر شما نیست ٭ یہ کلام بادشاہ نے سنا تو اسکو رحم آیا اوسنے اپنے قریب بلاکر فرمایا کہ تو کیا کہتا ہی مین تیرے کلام کا جواب دیتا ہون شمعون نے کہا کہ یہ غریب بیکس کس لیے گرفتار ہی اوسنے کہا یہ شخص عیسیٰ کی تعریف کرتا تھا اور مین عیسیٰ سے عداوت رکھتا ہون سو جو کوئی

دشمن کی تعریف کرے اوسکی سزا یہی ہی کیونکہ دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہی شمعون نے کہا عیسیٰ کون شخص ہی
اور تمسے اوسسے عداوت کا سبب کیا ہی بادشاہ نے جواب دیا کہ مین نے سنا ہی کہ عیسیٰ دعوی کرتا ہی کہ مین بے باپ
کے پیدا ہوا ہون اور یہ بات نہایت خلاف عقل ہی اور مجھکو معلوم ہوتا ہی کہ اوسکی مان جھوٹی ہی اور طرفہ تر یہ ہی کہ اس
حالت پر دین قدیم کو باطل کرتا ہی اور جدید دین جاری کیا چاہتا ہی شمعون نے کہا کہ یہ تو گمان فاسد ہی کیونکہ
تمنے عیسیٰ کو اپنی آنکھون سے نہین دیکھا اور اوسکا دعویٰ اپنے کانون سے نہین سنا اور یہ بھی معلوم نہین ہی
کہ یہ غریب گرفتار اپنے دعوی پر کچھ دلیل بھی رکھتا ہی یا بلا دلیل حضرت عیسیٰ کی تعریف کرتا ہی اگر اجازت ملے
تو مین اس بیچارہ سے کچھ پوچھون بادشاہ نے تومان کو بلایا شمعون نے بآواز بلند اوس سے کہا کہ تو کیا کہتا ہی
اوسنے کہا مین کہتا ہون عیسیٰ عبد اللہ و روح اللہ و کلمۃ اللہ شمعون نے کہا اگر اس دعویٰ پر کوئی دلیل ہو تو پیش
کر اوسنے کہا عیسیٰ بیمارون کو اچھا کرتا ہی اپنے دم سے اور اندھے اور کوڑھی کو چنگا کرتا ہی شمعون نے کہا اطبا ءِ حاذق
بھی ایسا کام کر سکتے ہین سواے اسکے اور بھی کوئی دلیل عقلی ہی تومان نے کہا عیسیٰ علیہ السلام بتا دیتے ہین جو کچھ
چیز لوگون نے کھائی اور اپنے گھر رکھی ہو شمعون نے کہا کاہن اور رمال بھی ایسا کر سکتے ہین اور کوئی بھی دلیل ہی
تومان نے کہا عیسیٰ علیہ السلام مٹی سے مرغ بنا کر اپنا دم پھونکتے ہین وہ اوڑنے لگتا ہی شمعون نے کہا یہ تو ساحر
اور شعبدے باز بھی کر سکتے ہین اگر کوئی اور برہان عقلی رکھتا ہو پیش کر تومان نے کہا عیسیٰ علیہ السلام مردے کو
زندہ کرتے ہین شمعون نے کہا کہ یہ دلیل البتہ بہت مضبوط اور قوی ہی کیونکہ سواے خالق لایزال کے کوئی شخص
زندہ نہین کر سکتا مگر وہ کہ جسکو اللہ نے حکم دیا ہو ؎ ساحری دیگر و افعال خدائی دگر ست ✦ ساحری با ید بیضا
چہ تواند کردن ✦ پھر شمعون نے بطور تاکید اور تحقیق تومان سے کہا کہ اگر عیسیٰ اس امر سے عاجز ہوا تو
بادشاہ کو اختیار ہی جو کچھ تیرے اور تیرے صاحب کے ساتھ چاہے کرے تومان نے کہا مضائقہ نہین اگر عیسیٰ سے
یہ معجزات ظاہر ہو سکین تو بادشاہ کو میرے قتل کرنیکا اختیار ہی مصرعہ گر این سخن خلاف شود خون من بریز ✦
اب شمعون نے کہا کہ بادشاہ عیسیٰ کو طلب کر کے جو کچھ اس مجرم نے بیان کیا ہی پوچھیے اگر عیسیٰ انکار کرے تو یہ
گرفتار واجب القتل ہی اور اگر اقرار کرے تو دو حال سے خالی نہین یا مردہ زندہ کریگا یا نہ کر سکیگا اگر زندہ کر دے تو
اوسکا ایمان لانا واجب ہی اور اگر نہ کر سکے تو جو کچھ ظلم اور جور اوسپر اور اوسکے توابع پر مقتضاے وقت ہو کرنا چاہیے
شمعون کا کلام بادشاہ نے پسند فرما کر حضرت عیسیٰ کو بلوایا وہ تشریف لائے تو بادشاہ مشاہدہ ہیبت اور جلال سے
سخت متعجب ہوا ؎ رخ نمودی و زعبرت دلم از دست برفت ✦ کیست کان روے نکو بیند و حیران نشود ✦ اور شمعون
سے کہنے لگا کہ تو عیسیٰ سے گفتگو کر شمعون نے کہا کہ ای عیسیٰ تومان کہ مبتلاے بلا ہی دعویٰ کرتا ہی کہ تو خدا کا رسول ہی فرمایا
وہ سچا ہی بیشک مین بندہ اور رسول خدا ہون شمعون نے کہا پھر یہ بھی اوسنے بیان کیا ہی کہ جس بیمار پر تیرا ہاتھ لگے وہ چنگا

ہوجاے فرمایا درست ہی اور جو یقین نہو تجربہ کرلو شمعون نے کہا بادشاہ شرط کرتا ہی کہ
اگر یہ بات نہو سکیگی تو قتل کرونگا فرمایا مضائقہ نہین حاضرین محفل نے کہا اول اپنے
بیمار یعنی تو اامان مبتلا کو اچھا کیجیے حضرت عیسی علیہ السلام نے بسم اللہ کہکر ہاتھ پیر
تو اامان کے اُسکے بدن سے ملاکر دعا کی فی الحال اُسکے اعضا بریدہ باہم ملگئے اور تو امان
چنگا ہوکر اُٹھا دیکھنے والے سخت متحیر ہوے اور اطراف و جوانب شہر مین آمد عیسی علیہ السلام کا
شور پڑا سلمان فارسی سے منقول ہی کہ اُس شہر کا جو بیمار حاضر ہوا اُسنے صحت پائی پھر شمعون نے
کہا مجکو بتلا سئیے کہ مین نے رات کو کیا کھایا ہی اور صبح کے واسطے کیا رکھا ہی حضرت
عیسی نے جملہ حاضرین کا حال بیان کردیا بعد اُسکے شمعون نے مٹی سے مرغ بنوایا کہ
حضرت عیسی نے اُسمین دم پھونکا وہ اڑگیا پھر شمعون نے کہا اور ایک امر عظیم درپیش ہی
یعنی احیاء موتے فرمایا کہ اللہ قادر ہی کہ میری دعا سے مردہ زندہ کرے بادشاہ نے
صلاح کرکے یہ قرار دیا کہ سام ابن نوح علیہ السلام کو زندہ کرانا چاہیے چنانکہ حضرت عیسی
علیہ السلام مع بادشاہ اور اعیان مملکت سام ابن نوح علیہ السلام کی قبر پر تشریف لائے
اور دو رکعت نماز ادا کرکے حضرت باری سے ملتجی ہوے کہ ای خالق لایزال سام کو زندہ کردے
قبر سام پھٹ گئی اور سام ابن نوح با محاسن سفید نکل کھڑے ہوے ع بوی محبوب کہ بر خاک
احبا گذرد ✤ نہ عجب باشد اگر زندہ شود عظم رمیم ✤ اور بادشاہ سے مخاطب ہوکر فرمانے لگے
کہ ای بادشاہ یہ عیسیٰ روح اللہ مریم صدیقہ کا بیٹا ہی اسکی متابعت کر بادشاہ مع اپنی
قوم کے ایمان لایا اور سات ہزار آدمی اور غیر قوم کا تابعدار ہوا روایت صحیح یہ ہی کہ حضرت
عیسی نے سام ابن نوح علیہ السلام سے پوچھا کہ تمھارے زمانہ مین بال سفید نہوتے تھے
آپ کے بال کسطرح سفید ہوے حضرت سام نے جواب دیا کہ مین نے تمھاری آواز سے جانا کہ قیامت
قائم ہوئی ہی اس خوف سے میرے بال سفید ہوگئے کہ آیۃ یوم یجعل الولدان شیبا اسیر لیل ہی پھر حضرت
عیسی نے پوچھا کہ تمکو اس عالم سے انتقال کیے کتنے روز ہوے بولے چار ہزار برس فرمایا کہ اگر اب تمھارا
ارادہ اس عالم کے قیام کا ہو تو مین دعا کرون تب سام ابن نوح علیہ السلام نے کہا کہ مجھکو
اب تک تلخی مرگ بھولی نہین ہی اور آخر کار موت ہی الغرض حضرت سام قبر مین در آئے تب بھی وہ لوگ
ایمان نہ لائے مگر حواریون کو چھوڑ دیا حضرت عیسی علیہ السلام مع اپنی مان کے بیت المقدس مین
تشریف لائے تو یہودیون کے جاسوسون نے یسوع سردار کو خبر پہنچائی وہ تلاش مین چلا حضرت عیسی

اپنے یارون کو لیکر ایک گھر مین چھپ رہے یا کسی غار مین دب رہے اور اپنے یارون سے صلاح
اور تقویٰ کی وصیت فرمائی اور سفر آسمانی سے اطلاع بخشی تو اُنکے سب یار رونے لگے اسپر حضرت
عیسیٰ اُنے تبسم فرماکر ارشاد کیا کہ آج رات کو تم لوگون سے ایک شخص مجکو تھوڑے دامون پر بیچ ڈالیگا
اور صبح ہونے پاویگی کہ وہ شخص مارا جائیگا چنانچہ یہودا منافق نے تیس درم کے بدلے گھر سے
یا غار سے نکلکر یہودیون کو بتلایا کہ حضرت عیسیٰ اُس جگہہ ہین تب لیسوع سردار یہود نے اس مقام کے
گرد چوکیدار مقرر کر دیئے تاکہ عیسیٰ علیہ السلام نکلنے نپاوین اُسی رات مین حضرت جبرئیل علیہ السلام
تشریف لائے اور پیغام آلہی یون پہونچایا کہ سورۂ آل عمران مین ارشاد ہوا یا عیسیٰ انی متوفیک
ورافعک الی ومطہرک من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ یعنی اے عیسیٰ
مین تجکو پھیر لونگا اور اُٹھا لونگا اپنی طرف اور پاک کرونگا کافرون سے اور رکھونگا تیرے توابع کو
منکرون پر غالب قیامت تک فائدہ اول تابع حضرت عیسیٰ کے نصاریٰ تھے بعد اسکے مسلمان ہین
سو دونون کا غلبہ ظاہر ہے یہود کی حکومت کسی جگہہ عالم مین پائی نہین جاتی جس جگہہ ہین ذلیل و خوار ہین
القصہ یہودیون نے قریب طلوع صبح یہودا حواری کو پہنچنے آگے مقدمۃ الجیش کیا اور بقصد قتل
پیغمبر و اصحاب پیغمبر روانہ ہوے جب یہودا داخل خانہ یا غار ہوا اصحاب عیسیٰ علیہ السلام سرک گئے
خداوند تعالے نے حضرت عیسیٰ کو اُٹھا لیا اور یہودا کو بصورت عیسیٰ کر دیا یہودیون نے اوسکو سولی دی
ولنعم ما قیل ؎ ہر کہ راہی خرد برد و رراہ + چون ببینی خود افتند اندر چاہ + ومن حفر بیرًا لاخیہ وقع فیہ
اور بعضے ثقات بیان کرتے ہین کہ زمان بعثت حضرت عیسیٰ علیہ السلام مین ایک فرعون وش نے
بنی اسرائیل پر غلبہ پایا حضرت عیسیٰ کو حکم ہوا کہ اُسکی دعوت کرو آنجناب نے اسکو سمجھایا اُسنے قبول کیا
بلکہ قتل پر مستعد ہو گیا اسی عرصہ مین حضرت نے ایک روز مسجد بیت المقدس مین منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا
کہ سنیچر کا دن یہود کے واسطے بنا بر عبادت توریت مین مقرر تھا اب وہ حکم منسوخ ہوا میری کتاب انجیل
سو مین حکم دیتا ہون کہ یکشنبہ کو عبادت کیا کرو اور شنبہ کو دنیا کے کام مین مصروف رہو یہود کو یہ کلام
نہایت سخت معلوم ہوا بولے کہ جتنے پیغمبر بنی اسرائیل مین ہوے کسی نے شریعت موسویہ پر ہاتھ
نہین ڈالا یہ طفل بے پدر کتاب موسیٰ کو منسوخ کرتا ہے اب ہم اسکو مارینگے ہرچند اس حرکت سے
اُسوقت کے ایمان دارون نے روکا مگر یہودیون نے نہ مانا ناگزیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پوشیدہ
ہو رہے اور وحی آئی یا عیسیٰ انی متوفیک الخ مدارک مین معنی متوفیک کئی طرح سے بیان کیے ہین
ایک بمعنی متوفی توفیہ یعنی کامل کرنے والا ہون مدت عمر کو اور نگاہ رکھنے والا ہون قتل کافرون سے اور

مارنے والا ہون موت سے دوسرے اُٹھانے والا ہون تجکو اپنی طرف زمین سے تیسرے مارنے والا ہون تجکو تیرے وقت مین بعد نازل ہونیکے آسمان سے اور فی الحال اُٹھانے والا ہون کیونکہ حرف واو بنا بر جمع آیا ہی واسطے ترتیب لیس بلازم ہی جو تجھے وفات دینے والا تیرے نفس کا ہون سوتے مین اور اٹھانے والا ہون تجکو جب سوتا ہوتا کہ تجھے خوف نہو اور بیدار ہو اس حال مین کہ آسمان پر ہو مقرب اور تفسیر جلالین مین ہی متوفیک بمعنی قابضک یعنی لینے والا ہون تجکو اپنی طرف ورافعک الی من الدنیا من غیر موت یعنی اُٹھانے والا ہون اپنی طرف دنیا سے بلا موت پس اس صورت مین یہ جملہ رافعک عطف تفسیری ہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہو کہ جب آیتہ کریمہ انی متوفیک ورافعک نازل ہوئی تو حضرت عیسی علیہ السلام نے اپنے یارون کو خبر دی اور چند وصیتیں فرمائین تب اُنھون نے پوچھا یا نبی اللہ زمان آیندہ مین کوئی پیغمبر افضل تجسے ظاہر ہوگا فرمایا ہان نبی عربی اُمی پوچھا کہان ہوگا فرمایا ارض تہامہ مین پھر سوال کیا کہ کس قبیلہ مین ہوگا کہا قریش مین بعد اسکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات وخصوصیات کا ذکر کیا اور کہا کہ انکی امت کے علما برابر انبیا اس زمانہ کے ہونگے تم لوگ اپنی اولاد کو وصیت کرتے رہنا کہ میرا سلام انکو پہونچا دین یہ کلام فرما کر شمعون کو خلیفہ کیا فائدہ ملاحظہ اناجیل ہندی وفارسی وعربی سے معلوم ہوتا ہی کہ منجملہ بارہ یارون کے ایک یہودا بھی تھا کہ اسی نے حضرت عیسی کو نشان دیا اور مرتد ہوکر مرا یہ طرفہ ماجرا ہی کہ سب اصحاب حضرت عیسی کے روح القدس سے بقول عیسائیان مستفیض تھے باوجود اس قسم کی حرکت اُنسے کسطرح صادر ہوئی چنانچہ انجیل اول مین کہ اٹھارہ سو چودہ مین ترجمہ ہوئی موجود ہی اور جسوقت یہ کہہ رہا تھا وہین یہودا جو اُن بارہ مین سے ایک تھا لوگون کو لیے ہوئے تلوارین اور سونٹے لیکر آیا اور اسے دستگیر کیا اور پکڑ لیا سب شاگرد اُسے چھوڑ کر بھاگے مین کہتا ہون کہ یہ نصاری کی تہمت ہی جسطرح شمعون بطرس کی نسبت انجیل مین تہمت لکھدی ہی کہ جھوٹھ بولے اور نامردی کی اور عیسی نے انکو شیطان کہا اور اُسنے اُنکے قول کو رد کیا چنانچہ سولھوین باب انجیل مین جو ۱۸۱۶ مین ترجمہ ہوئی لکھا ہی او التفات نمودہ بطرس را گفت کہ ای شیطان از عقب من دور شو کہ موجب صدمہ منستی اور نسخہ ۱۸۴۱ مین ہی اُسنے متوجہ ہوکر بطرس کو کہا ای شیطان میرے سامنے سے دور ہو تو میرے لیے ٹھوکر کھلانے والا پتھر ہی اور اُسوقت عیسی نے انھین کہا تم سب میری بابت آجکی رات ٹھوکر کھاوگے بطرس نے جواب دیا کہ تیری بابت ٹھوکر کھائینگے مین کبھی ٹھوکر نہ کھاونگا عیسی نے اُس سے کہا تو آج کی رات مرغ کے بانگ دینے سے پہلے تین بار میرا انکار کریگا بطرس نے کہا اگر میرا مرنا تیرے ساتھ ضرور ہو تو بھی تیرا انکار نہ کرون اور سب شاگردون نے یہی کہا اور جب یہودا نے گرفتار کرایا تو بطرس مع اوروں کے دیوانخانہ تک ساتھ چلا گیا ایک چیلی بطرس کے پاس آئی اور بولی کہ عیسی کے ساتھ تو بھی تھا اُسنے سبکے آگے انکار کیا

اور جب وہ دہلیز سے باہر آیا ایک دوسرے نے اسکو دیکھکر کہا کہ یہ شخص بھی عیسائی ناصری کے ساتھ تھا اُسنے پھر قسم کھا کے انکار کیا کہ مین اُس شخص کو نہین جانتا اور تھوڑی دیر پیچھے دے جو وہان کھڑے تھے پطرس پاس آئے اور بولے کہ بیشک تو بھی اُنھین مین سے ہے اُسوقت اُسنے لعنت کرکے اور قسمین کھا کر کہا کہ مین اُسے نہین جانتا اور مرغ نے وہین بانگ دی اور پطرس کو عیسیٰ کی بات یاد آئی تب وہ باہر جا کر زار زار رویا انتہیٰ القصہ جب یہود نا بہبود یہودا کو سولی دے چکے تو پکارنے لگے کہ ہمنے عیسیٰ کو مارا جب اندھیرا گیا اور صبح ہوگئی تو یہودا پہچانا گیا اور اُسی وقت یہودیون مین مفسدۂ عظیم برپا ہوا کہ ستر ہزار آدمی اس فساد مین ناحق مارے گئے اُسی کا اشارہ ہے ومکروا ومکر اللہ واللہ خیر الماکرین یعنی فریب کیا اُن کافرون نے اور فریب کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ بہتر ہے سب سے پوشیدہ نرہے کہ بعض کے نزدیک مکر یہود یہ تھا کہ ابطال شریعت عیسویہ مین سعی و کوشش کرتے تھے اور دل سے چاہتے تھے کہ دین عیسوی ظاہر نہو خداوند تعالےٰ نے اسکی سزا مین یہود کو ذلیل و خوار کیا کہ ہمیشہ مقہور اور بے اعتبار رہتے ہین اور بعض کے نزدیک مکر یہ تھا کہ ایذا دہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور اتباع آنجناب مین سرگرم رہتے تھے اللہ نے بادشاہ فارس کو غلبہ دیا کہ اکثر یہود کو قتل کیا اور اکثر کو گرفتار کرکے مملوک بنایا اور محمد اسحاق سے مفاتیح الغیب مین روایت ہے کہ مکر یہود یہ تھا کہ بعد رفع عیسیٰ علیہ السلام اُنکے یارون کو گرفتار کرکے ننگا کیا اور آفتاب مین بٹھلایا اسکی سزا مین شاہ روم نے غلبہ پایا اور دین عیسوی قبول کرکے قتل یہود پر مستعد ہوا کہ اُسنے جس جگہ پایا ذلیل کرواکے قتل کیا فائدہ یہود کو اب تک یقین نہین ہے کہ ہمنے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا چنانچہ اللہ صاحب فرماتے ہین وما لھم بہ من علم الا اتباع الظن وما قتلوہ یقینا یعنی کچھ نہین اُنکو اُسکی خبر مگر اٹکل پر چلنا اور اُسکو مارا نہین بیشک اور نصاریٰ بھی پہلے سے کہتے تھے کہ نہین مارا وہ زندہ ہین لیکن تحقیق نہین سمجھتے کتنی باتین کہتے ہین یعنی بعضے کہتے ہین کہ بدن کو مارا روح اللہ تعالےٰ کے پاس چڑھگئی اور بعضے کہتے ہین مارا تھا مگر تین دن کے بعد زندہ ہوکر جسم سے چڑھگئے ہر طرح وہ بات نہین ہوتی کہ عیسیٰ کو نہین مارا سو یہ خبر اللہ ہی کو ہے اُسنے فرمایا کہ اُنکی صورت کو مارا کما قال ولکن شبہ لھم اور نصاریٰ وقت گرفتاری کے علیحدہ ہوگئے تھے اور یہود بھی اسوقت تک نہ پہنچے تھے الغرض اُسوقت کی خبر نہ اُنکو نہ اُنکو کذا فی موضح القرآن بالجملہ صرف اللہ کے ارشاد سے ہمکو یقین کامل ہے کہ حضرت عیسیٰ کو

نہین بارادہ آسمان چہارم پر زندہ ہین قیامت تک رہینگے اور اسی طہارت و پاکی مین ہین جس طرح اٹھائے گئے تھے اور وہی پوشاک پہنے ہین جو اس عالم سے پہن کر گئے تھے اور غذا انکی ذکر الٰہی ہے اور جب تک اس عالم مین تشریف لاوین اسی کیفیت سے رہینگے معارف حصنی مین لکھا ہے کہ تین ساعت دن باقی تھا جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام مرفوع ہوے اور بعد چند روز کے پھر نازل ہوے اور حواریون کو ہدایت کر کے چلے گئے اور حضرت حق نے انسے سلب حیات کر کے پھر زندہ کیا اور صورت کو بصورت فرشتہ کر دیا اور اکثر ثقات سے روایت ہے کہ بیت المعمور مین مقیم ہین اور طبع بشری انسے زائل کر لیگئی ہے حضرت بصری رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تیرہ [۱۳] برس کی عمر مین مبعوث بہ نبوت ہوے اور تنتیس [۳۳] برس کی عمر مین مرفوع اور بعضے بعثت انکی سترہ [۱۷] برس کی عمر مین لکھتے ہین اور ستائیسوین [۲۷] برس مین آسمان کا جانا بیان کرتے ہین اور معارف مین ہے کہ جب اللہ تعالے نے حضرت عیسیٰ کو اٹھایا تو بیالیس برس کے تھے اور بارہ [۱۲] برس کے تھے اسوقت انجیل عنایت ہوئی اور اس عرصہ مین اقامت آنجناب شہر ناصرہ مین تھی اسی سبب سے امت انکی نصاری کہلاتی ہے مگر معالم مین لکھا ہے کہ مریم جب حاملہ ہوئین تو تیرہ [۱۳] برس کی تھین اور آٹھ مہینے کے بعد عیسیٰ پیدا ہوے اور شروع ثلثین مین نبی ہوے اور ماہ رمضان شب قدر مین بعمر تنتیس [۳۳] برس کے مرفوع ہوے اور مکان رفع کا بیت المقدس تھا واللہ اعلم بحقیقۃ الحال فائدہ بعض اہل تاریخ نے کتب اسرائیلیہ سے اکثر روایات اپنی کتابون مین اس مقام پر درج کی ہین چونکہ فقیر مؤلف اس اس کتاب کو انپر اعتماد نہین ہوا نقل کرنا انکا فضول سمجھا جس کسیکو ملاحظہ انکا منظور ہوا ان کتابون کو دیکھے ورنہ مجموعہ توریت و انجیل کہ عربی و فارسی و ہندی فی الحال ہر جگہ دستیاب ہوتی ہین دیکھ لیوے لیکن ہرگز ہرگز ان اخبار پر اعتماد کرنا مسلمانون کو جائز نہین کیونکہ کوئی روایت ان کتابون کی بسند متصل ثابت نہین ہوتی چنانکہ استفسار مین مولوی آل حسن صاحب مولانی لکھتے ہین اور یہ تو خود عیسائیون کی تحریر سے واضح ہے کہ موسیٰ کی کتاب کے جملے بعضے ایسے ہین کہ دلالت انکی اس بات پر ہے کہ موسیٰ کا یہ کلام نہین عزیر نے ملائے ہین یہ کلام انکا غلط محض ہے عزیر پہ تہمت کرتے ہین اور صموئیل کی کتاب پہلے کی الواب ۴ و ۵ و ۶ و ۷ سے ظاہر ہے کہ جس صندوق کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سونے چڑھا کر بڑے اہتمام سے حسب تصریحات توریت بنایا تھا اور اسکی مجاورت کے احکام بیان کیے تھے اب اسکا نشان بھی

نہین ملتا اس سے معلوم ہوا کہ اسکی نقلین منتشر نہین ہوئین اور سواے اشارات کے کسی کو اسکا حال بھی معلوم نہین ہوا پھر مجموعہ توریت کب قابل اعتبار ہوسکتا ہی اور انجیلون کی تالیف کی تاریخون مین ایسا اختلاف فاحش ہی کہ اس سے کوئی سند متصل ہاتھ نہین لگتی اور جو اختلافات اور تحریفین وفسادات کتب عہد عتیق وعہد جدید مین واقع ہوے ہین اگر کوئی شخص انکو نکال کر لکھے تو ایک کتاب علیحدہ ضخیم تالیف کرنا پڑیگی مگر مسلمان کو تو تضییع اوقات ہی اور کچھ فائدہ نہین بلکہ اسکو اسیقدر کافی ہی کہ خود حمایت کرنے والے توریت وانجیل کے قابل تفاوت ونقصان ہین چنانچہ مولوی سید آل حسن موہانی نے استفسار مین اس امر کو بقدر ضروری باحسن وجہ بیان کیا ہی از انجملہ لکھا ہی کہ اربانوس ہشتم صاحب کلیساے روم قدیم نے جسنے بیبل کو سال یکہزار وششصد وبست وپنج مسیحی مین عربی ولاطینی زبان مین اکثر علماے مسیحی کی اعانت سے لکھوایا ہی ایک مقدمہ بیبل کی صفت مین لکھا ہی اس سے واضح ہی کہ بیبل کی اصل کتابون مین عبرانی ہون یا یونانی کچھ نقصان وفساد وخرابیان واقع ہوئی ہین اور عربی ترجمہ جو قدیم سے چلا آتا ہی اسمین بہت غلطیان ہین اسلیے پوپ سرکس ہارونی باستجازت بڑے پوپ اربانوس تامن کے اکثر علماے مسیحی عبرانی ویونانی وعربی اہل لسان کو جمع کرکے اس نسخے کی اصلاح کی ہی اور اختلافات صرف ترجمۂ عربی مین نہین ہین بلکہ عبرانی ویونانی یعنی اصل توریت وانجیل کا بھی یہی حال ہی اور اسکا سبب یہ ہی کہ اگلے پیغمبرون اور پوپون نے عمداً اس سے چشم پوشی کی ہی اسلیے کہ روح القدس نہین چاہتا ہی کہ خدا کا کلام بندون کی مقرر کی ہوے نحوی قاعدون کا مقید ہو یہ خلاصہ ہی اس مقدمے کا اس جگہ سے ظاہر ہوا کہ یہ کتابین قابل اعتبار نہین ہین کیونکہ اس قسم کی کتابین گویا دستاویز ہوتی ہین اور یہ ظاہر ہی کہ جب دستاویز مین اس قسم کا نقصان ہوتا ہی تو وہ ساری دستاویز بے اعتبار ہوجاتی ہی اور اس قسم کی غلطیون اور اختلافون کو سہو کاتب پر محمول کرنا خالی از حماقت نہین ہی بالجملہ فقیر کاتب الحروف نے جو تراجم کتب عہد عتیق یعنی کہنہ دلوانے جو قبل عیسیٰ علیہ السلام سے ہین اور کتب عہد جدید یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل اور انکے بعد کی تصنیفات حوارئین ملاحظہ کیے تو معلوم ہوا کہ ان کتابون مین تحریف لفظی ومعنوی بخوبی ظہور مین آئی ہی اور تحریف عبارت ہی تبدیل سخن سے اگر از روی معنی ہی تو معنوی ہی اور جو از روی لفظ ہی تو لفظی ہی وما بہ النزاع با اہل اسلام وعیسائی لفظی ہی اور لفظی خواہ اس طرح پر ہو کہ ایک لفظ کو دوسرے

لفظ کی جگہ رکھین خواہ کسی لفظ کو اپنی طرف سے کم و زیادہ کرین سو یہ بات خود یہودیون اور عیسائیون کے
بڑے بڑے عالمون کی تحریر سے پائی جاتی ہے خلاصہ یہ کہ عہد عتیق کی کتابون کا حال نہایت خراب ہے
اول تو اہل کتاب کے نزدیک کوئی سند قطعی اس امر کی نہین کہ عہد عتیق کی کتابین جنکی طرف
منسوب ہین انھین کی تصنیف و تالیف ہین بلکہ اکثر کتابون مین بعض فقرے اور عبارتین
دلیل قطعی اس امر کی ہین کہ مصنف اُنکے وہ لوگ نہین اور اُن فقرون اور عبارتون مین
سلفاً و خلفاً جمہور مسیحیون کو کوئی عذر سوا اسکے نہین کہ کسی نے پیچھے سے ملا دیے ہونگے
اور رجماً بالغیب بعض فقرون کو کہتے ہین کہ کسی نبی نے الحاق کر دیے ہونگے حالانکہ اسکی
بھی کوئی سند اب تک انکو نہین ملتی صرف اٹکل سے کہتے ہین اور باین ہمہ پادری لوگ عوام کے
بہکانے کو اپنے رسالون مین لکھتے ہین کہ کتب اسناد مین بادلہ قطعیہ ثابت ہوا ہے سبحان اللہ
اٹکل کو دلیل قطعی اور سند محکم کہنا انھین لوگون کا کام ہے اور عہد عتیق کی اڑتیس ۳۸ کتابین ہین
جنکو مسلمان کے مسیحی درست بتلاتے ہین اور سوا اُنکے جو ہین اُنکی تسلیم و عدم تسلیم مین
بڑا اختلاف ہے لیکن یہ کتابین واجب التسلیم مسیحیون اور یہودیون کی بھی ایسی ہین کہ اُنکے
مصنفین مین بڑا اختلاف ہے کوئی بھی از روے سند ثابت نہین ہوتی و لہذا سامری لوگ سوا
پانچ کتابون موسیٰ علیہ السلام کے اور ایک کتاب یوشع اور کتاب القضاۃ کے کسیکو نہین مانتے
پھر اہل کتاب عہد عتیق کی کتابون سے پانچ کتابین یعنی کتاب پیدائش اور کتاب خروج اور
کتاب احبار اور کتاب شمار اور کتاب استثنا کو بخوبی تسلیم کرتے ہین کہ یہ تصنیف موسیٰ علیہ السلام
کی ہین مگر اُنکے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سب تصنیف حضرت موسیٰ کی نہین ہین کہ اس بات پر
اکثر دس عبارتین دلیل ہین چنانچہ ایک ڈکسندری ۱۸۳۷ع مین امریکا مین چھپی ہے اور ہندوستان
و انگلستان مین بھی ہے مصنف اُسکا لکھتا ہے کہ کتاب موسیٰ کے بعضے جملے موسیٰ کے نہین ہین
اور بعض عبارت موسیٰ کی عبارت سے میل نہین کھاتی اور اُنکو یقیناً ہم نہین کہہ سکتے کسی نے
ملا دیے ہین اور جو بعضے جاہل اس قوم کے کہتے ہین کہ اگرچہ فقرے موسیٰ کی کتاب مین
الحاقی ہین لیکن اُس سے ساری کتاب جھوٹی نہین ہوتی اور اُسکی صداقت مین خلل نہین پڑتا
یہ بات نہایت ضعیف ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ جب کسی وثیقے مین ایک جگہ جعل بنا ثابت ہوتا ہے تو
تو باقی وثیقہ اعتماد کے لائق نہین رہتا دوسرے یہ کہ اصل نسخہ عبری و سامری و یونانی باہم
مختلف اور اسی طرح پر اسکے ترجمے عہد عتیق کی کتابون کے سب مختلف اس مرتبہ پر کہ بعض جگہ

علماے اہل کتاب کو بھی گنجایش تاویل قوی یا ضعیف کی نہین ہو اور ناچار ہو کر سواے تحریف کے اور کچھ نہین کہہ سکتے بلکہ مضطرب اور دست پاچہ ہو کر عیسائی تین تھوک ہو گئے قدیم عیسائیون نے ترجمہ یونانی کو صحیح ٹھہرایا اور وہی عہد حوارئین سے پندرہ سو برس تک سندی رہا اور اسی کا حوالہ دیتے تھے اور اسی سے تمسک کرتے تھے اور اس وقت تک کلیسیہ یونانی اور لاطینی مین واجب التسلیم تھا اور آج تک بھی انکے گرجون مین پڑھا جاتا ہی اور اگستائن جو بہت بڑا عالم محقق اور مفسر عیسائی گذرا ہی قائل ہی کہ یہود نے بلا شبہہ تاریخون وارادات مندرجہ کتب عہد عتیق مین نسخہ عبری کے بیچ مین واسطے دشمنی دین مسیحی اور غیر معتبر کرنے ترجمہ یونانی کے تحریف کی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ یہ تحریف قریب سنہ ۱۳۰ عیسوی کے یہود سے سرزد ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ یہود نے کئی پیشین گوئیان نکال ڈالین اور ہارر صاحب اسی تفسیر کی جلد چہارم کے صفحہ شصت و دو مین لکھتا ہی کہ عزرا نے لوگون سے کہا تھا کہ یہ عید فصیح کا کھانا ہمارے خداوند نجات دہندہ اور پناہ کا کھانا ہی تو سمجھو کہ اگر تم خداوند کو اس نشان سے اچھا سمجھو گے اور اسپر ایمان لاؤ گے تو یہ زمین کبھی ویران نہو گی اور اگر تم اسپر ایمان نہ لاؤ گے اور اسکا وعظ نہ سنو گے تو تم غیر قومون کی ہنسائی کا سبب ہو گے سو اس فقرے کو یہودیون نے نکال ڈالا عبری سے اور بعضے کہتے ہین کہ یہود کے عالمون نے بشارات مسیح کو بہت بری طرح سے بگاڑ ڈالا ہی چنانچہ وارڈ صاحب نے اپنی کتاب اغلاطنامہ کے مقدمہ کے صفحہ ۱۰ دہ نسخہ منطبعہ ۱۸۴۱ء مین لکھا ہی اور بعض عیسائی مثل ڈاکٹر ہیلز وغیرہ کے سامری کو صحیح کہتے ہین اور الزام تحریف یہود کو دیتے ہین پس انکے نزدیک عبری و یونانی جس جگہہ مخالفت قوی رکھتے ہین محرف ہین اور ایک فرقہ عبری کو صحیح کہتا ہی اور بلا تحریف بتلاتا ہی انکو نسخہ یونانی و سامری کو محرف کہنا مواضع مخالفت مین ضرور پڑتا ہی باین ہمہ عبری کے اکثر مواضع مین ناچار ہو کر تحریف کا اقرار کرنا ہی الغرض کوئی عبری کو معتبر کہتا ہی اور یونانی و سامری کو محرف اور کوئی عبری کو محرف بتلاتا ہی یونانی کو قابل اعتبار اور کوئی سامری کو معتبر کہتا ہی اور یونانی کو محرف پس ایسی اصل کتابون اور انکے ترجمون کا کیا اعتبار ہی جسمین سے کوئی مؤرخ اہل اسلام بلا سند اپنی کتاب مین نقل کرے اور واسطے ظہور اختلاف کے ایک بات اس جگہہ لکھے دیتا ہون تاکہ ناظرین مقام تمام مضامین کو ایسا ہی گمان کرین گو بعض مقامات بھی صحیح ہون اور حقیقت مین اسمین کسی پیغمبر کا کلام یا کلام خدا بھی ہو لیکن خالی از اشتباہ نہین دیکھو عبری مین زمانہ ولادت آدم علیہ السلام سے طوفان نوح علیہ السلام تک

ایک ہزار چھ سو چھپن [۱۶۵۶] لکھا ہی اور اکثر یونانی نسخون مین دو ہزار دو سو باسٹھ [۲۲۶۲] اور ایک نسخے مین
دو ہزار دو سو بیالیس [۲۲۴۲] اور سامری مین ایک ہزار تین سو سات [۱۳۰۷] اور دیکھو نسخہ سامری مین عمر نوح علیہ السلام
وقت طوفان چھ سو برس کی اور عمر آدم علیہ السلام نو سو تیس [۹۳۰] کی لکھی ہی تو اس سے واضح ہی کہ
نوح علیہ السلام وقت وفات ابو البشر دو سو تیئیس برس کے تھے حالانکہ عبری و یونانی اسکی تکذیب
کرتے ہین اسلیے کہ موافق عبری کے ایک سو چھبیس [۱۲۶] برس بعد وفات آدم علیہ السلام کے
نوح علیہ السلام پیدا ہوے ہین اور موافق اکثر نسخون یونانی کے سات سو بتیس [۷۳۲] برس بعد
اور یوسیفس یہودی جسکو عیسائی بڑا مورخ قبول کرتے ہین زمانہ کو دو ہزار دو سو چھپن بیان کرتا ہی
اور تینون نسخون کو غیر معتبر کہتا ہی اسی طرح بعد اسکے مقام مین عبری و سامری و یونانی باقرار
مسیحیون کے مختلف و محرف ہین اور ایک طرفہ ماجرا اور ہی کہ بعض روایات توریت ظاہرًا
غلط ہین اور بعضی باہم مختلف ایسے جیسے ہمارے مذہب کی بعض احادیث احاد چنانکہ اسجگہ
ایک روایت بطور نمونہ لکھی جاتی ہی کہ ورس ۴ باب ۴۶ کتاب پیدایش مین وعدہ خدا کا
حضرت یعقوب علیہ السلام سے یون ہی ترجمہ ہندیہ سنہ ۱۸۲۳ء مین تیرے ساتھ مصر کو جاونگا
مین تجھے تو پھر لے آونگا اور یوسف اپنا ہاتھ تیری آنکھون پر رکھیگا اور ہندیہ سنہ ۱۸۴۳ مین
تیرے ساتھ مصر کو جاونگا اور تجھے مقرر پھر لاونگا اور فارسیہ سنہ ۱۸۳۹ مین با تو روانہ مصر
خواہم شد و مین نیز ترا باز خواہم آورد انتہی ترجمہ انگریزی سنہ ۱۸۱۹ و سنہ ۱۸۳۰ و سنہ ۱۸۳۵ و سنہ ۱۸۳۶
جو ہگلی سے چھپے لندن سے نئے کیے ہین سب اسکے مطابق ہین اور ترجمہ سنہ ۱۸۴۸ کا جو رومن کاتلک نے
کیا ہی موافق ہی اور مطابق اسکے یہ وعدہ تھا کہ مین تجھے مقرر واپس لاونگا حالانکہ یہ وعدہ
غلط مین نکلا ہوا اسلیے کہ یعقوب علیہ السلام کو زندہ پھرنا مصر سے نصیب نہوا بلکہ یقینًا مصر ہی
مین مرے اسی طرح اکثر مقام ہین اور با اینہمہ خرابی و اختلاف ایک طرہ اور ہی کہ ظاہر مین عیسائی
توریت کا ادب کرتے ہین مگر حقیقت مین انکے سلف کے اقوال سے معلوم ہوتا ہی کہ انکے نزدیک
نہ توریت قابل ادب ہی اور نہ مصنف توریت چنانچہ پولوس مقدس جو مسیحیون مین حواریون مین
شمار کیے جاتے ہین ورس ۱۸ باب ہفتم مین نامہ عبرانیون مین لکھتے ہین ہندیہ سنہ ۱۸۴۱ بیس
اگلا حکم یعنی توریت اسلیے کہ کمزور اور بیفائدہ تھے بطلان پذیر ہی اور ہندیہ سنہ ۱۸۴۲ بیس اگلا حکم
اسلیے کہ کمزور و بیفائدہ تھا اٹھ گیا اور ورس ۷ باب ہشتم نامہ مذکور مین لکھتے ہین ہندیہ سنہ ۱۸۴۱
اگر وہ پہلا عہد بے عیب ہوتا تو دوسرے کی جگہ تلاش کی نہ ہوتی مگر حواری صاحب نے

اسیقدر کیا ہی کہ توریت عیب دار بھی و کمزور بقیا ماندہ اور صد ہا نبی انھین پانچ حکمون کی پیروی کرنے کو مامور تھے لیکن آنکے پیرو زیادہ اس سے کلمات تعظیم کے بہ نسبت توریت اور صاحب توریت کے فرماتے ہین چنانچہ لوتھر صاحب کہ بڑے عالم و مصلح دین عیسوی ہین اپنی کتابون مین لکھتے ہین کہ ہم نہ سنینگے اور نہ دیکھینگے موسیٰ کو اسلیے کہ وہ صرف یہودیون کے لیے تھا اور اسکو ہمسے کسی چیز مین علاقہ نہین اور دوسری کتاب مین لکھتے ہین کہ ہم قبول کرینگے موسیٰ کو اور نہ اسکی توریت کو اسلیے کہ وہ تو دشمن عیسیٰ کا تھا پھر لکھتے ہین کہ موسیٰ تو جلادون کا استاد ہی پھر لکھتے ہین کہ دس حکمون کو عیسائیون سے کچھ علاقہ نہین انکو خارج کرنا چاہیے کہ تمام بدعت ابھی موقوف ہوجاے کیونکہ یہ احکام چشمے سب بدعتون کے ہین مین کہتا ہون جس صورت ہین کہ سرچشمے بدعتون کے نکالے جائین تو شرک و بت پرستی کرنا اور تعظیم والدین نہ کرنا اور ہمسایہ کو آزار دینا اور خون کرنا اور زنا کرنا اور گواہی کذب دینا ایک رکن اعظم ملت عیسویہ کا قرار پاتا ہی کیونکہ آن سرچشمہ بدعات مین تاکید سے حکم توحید و تعظیم والدین و تعظیم یوم السبت و امتناع بت پرستی و قتل و زنا و چوری و آزار ہمسایہ کا ہی العیاذ باللہ اگر یہی دین عیسوی ہی جیسا ارشاد لوتھر صاحب سے نکلتا ہی تو اس دین کو دور ہی سے سلام ہی اس سے بیدینی افضل ہی اور بیچارے ہنود ہزار درجہ اچھے ہین یہان تک جو لکھا گیا وہ حال عہد عتیق کی کتابون کا تھا اب کتب عہد جدید کا حال بیان کیا جاتا ہی اول یہ کہ موافق مذہب علماے نامدار عیسائیون کے انجیل متی کی عبری مین تھی سو وہ صفحہ عالم سے گم ہوگئی صرف ترجمہ یونانی کہ جسکے مترجم کا بھی نام نہین معلوم موجود ہی اور بعض عیسائی باب اول و دوم اس انجیل کو الحاقی بتلاتے تھے اور بعض نسخون ترجمہ لاطینی نسبت نامہ کو اس انجیل سے علیحدہ کردیا ہی اور انجیل مرقس کی بھی موافق قول چند عالمون مسیحی کے گم ہی صرف ترجمہ یونانی موجود ہی اور بعض متقدمین کو اسکے آخر باب پر شبہہ تھا اور انجیل لوقا کے باب بست ودوم کی بعض بعض جگہ پر علماے متقدمین اور ربانین اولین پر بعض علما شبہہ رکھتے تھے اور لوتھر صاحب کو ان تینون انجیلون پر شبہہ تھا اور ہمانکے نزدیک انجیلون مین صرف یوحنا کی انجیل صحیح تھی اور ایک بڑا عالم عیسائی کہتا ہی کہ یہ انجیل اور نامی یوحنا کی تصنیف نہین ہین بلکہ کسی عیسائی نے دوسری صدی مین اسکے نام سے لکھدی ہین اور بعض عالمون عیسائی کے نزدیک ان انجیلون کا وقت تالیف روایت معتبر سے ثابت نہین ہوتا اور نامہ تیتی اور نامہ فلیمون اور دونون نامہ تمتی کو بعض علماے

مردود شمار کیا ہی اور کوئی سند اسکی نہین کہ نامہ عبرانیون کا پولوس نے لکھا ہی اور نامہ دوم پیترس
اور نامہ دوم اور سوم یوحنا اور نامہ یعقوب اور نامہ یہودا اور بعض فقرات نامہ اول یوحنا اور
مشاہدات یوحنا کا حال ایسا ابتر و خراب ہی کہ قابل کہنے کے نہین اور محض ازروے زبردستی
بلا سند اسکو حواریون کی طرف نسبت کرتے ہین اور بہت علمانے انکا انکار کیا ہی اور کونسل نیس
جو ۳۲۵ء مین جمی تھی جمہور کے نزدیک واجب التسلیم نہ ٹھہرے اور کلیسیاء عرب کے نامہ دوم
پیترس اور دوم و سوم یوحنا اور نامہ یہودا اور مشاہدات کو نہین مانتے تھے اور کلیسیہ سریانی آج تک
نہیں مانتا اور بلکہ مشاہدات کو بعض قدما تصنیف ملحد کی تبلاتے تھے اور جو کونسل ۳۶۴ء مین
جمی تھی یہ کتاب خارج رہی تھی مگر ۳۹۷ء کی کونسل سے عیسائی اسکو مانتے ہین لیکن اس
کونسل والون کی کوئی سند نہین دوسرے یہ کہ اول طبقہ مسیحی مین جعلسازی شروع ہو گئی تھی
کہ یہ بات کلام لوقا اور پولوس سے ثابت ہی اور مفسرین عیسائی بھی اپنی تفسیرون مین
لکھتے ہین تیسرے یہ کہ عیسائیون کے مفسرون اور علما کے اقرار کے موافق اس انجیل مین
بہت جگہ الحاق ہو گیا ہی چوتھے یہ کہ علماے مسیحی خود قائل ہین کہ انجیل نویسون کی تحریر سہو
و غلطی سے خالی نہین ہی پانچوین یہ کہ علماے مسیحی کے نامدار لوگ اقرار کرتے ہین کہ سب
تحریر انبیاے اسرائیلیہ اور حواریون کی الہامی نہین ہوتی اور سب حواریون نے یہان تک کہ
بطرس حواری نے بھی بعد نزول روح القدس کے غلطی کی ہی چھٹوین یہ کہ انبیا اور حواریون سے
گناہ کبیرہ مثل ریا و بت پرستی اور کذب بھی باقرار علماے مسیحی ثابت ہوا ہی اور تبلیغ وحی مین
جھوٹ بولنا اُنسے پایا جاتا ہی ساتوین یہ کہ صدور کرامت و معجزہ دلیل نبوت نہین بلکہ اہل کتاب کے
نزدیک دلیل ایمان کی بھی نہین ہی پس یہان سے ظاہر ہوا کہ اس سارے مجموعہ انجیل کی
نہ کوئی سند ہی اور نہ سب الہامی ہی کیونکہ انجیل متی جہان سے گم ہوئی صرف ترجمہ یونانی رہا اور مرقس
و لوقا نہ حواری ہین اور نہ کلام اُنکے الہامی پس یہ تینون تو یقیناً حواریون کی لکھی نہین ہین پھر
ان تینون کو کلام نبوت کہنا خلاف انصاف ہی بلکہ یہ تینون بمنزلہ اور تاریخ کے ہین باقی رہے
نامہ دوم بطرس اور نامہ دوم و سوم یوحنا و نامہ یعقوب اور نامہ یہودا اور کتاب مشاہدات
سو انکو مسلمان لوگ کبھی کسی طرح الہامی نہین جانتے اور کونسل کا ترجیح کا درباب مشاہدات
ہمارے نزدیک ایسا ہی جیسے اور احکام کونسلی و راے اسکے اس کونسل مین کتاب ذرہ دم اور
دو اور کتابین مقابئین و غیرہ کے حق مین بھی حکم ہوا تھا مگر فرقہ پروٹسٹنٹ کے نزدیک

مسموع نہین ہی ویسا ہی مشاہدات کے باب مین ہمارے نزدیک حکم اُسکا نامعتبر ہی خصوص جب
بلاسند صحیح ہی اور پولوس کو نہ ہم حواری جانتے ہین اور نہ صاحب الہام کیونکہ بعض فرقہ عیسائی
صاف کہتے ہین کہ اُسکا کلام غلطی سے پاک نہین ہی پس سب باتون سے قطع نظر اگر اہل اسلام
کرین تو اس صورت مین صرف انجیل اُسقدر ہی جو اقوال حضرت عیسیٰ کے ہین لیکن وسے بھی جو
بروایت احاد ثابت ہین تو حکم اُنکا ایسا ہوگا جس طرح حدیث احاد کا ہمارے نزدیک پس جبتک
کوئی دلیل نقلی قطعی اور عقلی قطعی مخالف اُن قولون کے نہوگی تب تک مقبول نہین اور بصورت
مخالفت مین جسکی تاویل ہوسکیگی وہ واجب التاویل ہوگا ورنہ وہم راوی یا غلطی راوی پر محمول
ہو کر متروک ہوگا اور صدور غلطی و وہم کا اُنسے کچھ بھی بعید نہین جیسا کہ اس باب مین اقرار علماے
محققین عیسائیون کا ہی اور بھی علماے عیسائی یوحنا وغیرہ کی غلطیان سمجھکے اقوال عیسیٰ علیہ السلام مین
نکالی ہین کہ اُنکا بیان اس جگہ تطویل لاطائل ہی اسیقدر اس جگہ کافی ہی جو بیان اجمالی کیا گیا اور
بخوبی ثابت ہوگیا کہ اب کوئی روایت انجیلون کی الہامی اور واجب الاعتقاد نہین ہوسکتی کیونکہ
خود اقرار علماے معتبرین مسیحی سے ثابت ہوتا ہی کہ سب انجیل نویس حضرت کے قول کو اپنی فہم کے
موافق روایت بامعنی کرتے تھے اور کوئی اُنکے الفاظ کے ساتھ نہین نقل کرتا اور کبھی حواریون کا
غلط سمجھنا اور بعضی غلطیون پر ہمیشہ قائم رہنا پایا جاتا ہی اور اسیطرح اکثر مقام مین بسبب اجمال
قول مسیح کے مطلب کو نہ سمجھنا اور خوف سے اُسکے اصل مطلب کو نہ پوچھنا بھی واضح ہوتا ہی چنانچہ
باب ششم یوحنا مین جو مندرج ہی ۵۱ ورس پنجاہ و یک (یعنی آیہ ۵۱) مین ہون وہ جیتی روٹی جو آسمان سے اتری
اگر کوئی اُس روٹی کو کھائے ابدتک جیتا رہیگا اور روٹی جو مین دونگا میرا گوشت ہی جو مین جہان کی
حیات کے لیے دونگا ورس پنجاہ و دو تب یہودی آپس مین بحث کرنے لگے کہ یہ مرد اپنا گوشت
کیونکر ہمین دے سکتا ہی کہ کھائین ورس پنجاہ و سہ ۵۳ یسوع نے انھین کہا مین تم سے سچ
کہتا ہون اگر تم ابن آدم کا گوشت نہ کھاؤ اور اسکا لہو نہ پیو تم مین حیات نہین ہی ورس شصتم
تب اسکے شاگردون مین سے بہتون نے سنکے کہا کہ یہ سخت مشکل کلام ہی اسے کون سمجھ سکتا ہی انتہی یہان سے
معلوم ہوا کہ یہ کلام کسی یہودی کی سمجھ مین نہ آیا اور بہت مریدان مسیح نے نہ سمجھا اور مشکل بتلایا اور
باب نہم لوقا مین سب حواریون سے خطاب کرکے قول مسیح یون ہی کہ ان باتون کو کانون سے
سن رکھو کہ ابن آدم خلق کے ہاتھ مین گرفتار کروایا جائیگا پر وے اس کلام کو نہ سمجھے اور یہ اُنپر
پوشیدہ رہا تا نہووے کہ وے اُسے دریافت کرین اور اُنھون نے مارے ڈر کے اُس سے

سوال نہ کیا انتہی اس جگہ سے معلوم ہوا کہ یہان سب حواری مطلب کو نہ سمجھے اور خوف سے
سوال بھی نہ کر سکے خلاصہ اس فائدہ کا جو فقیر نے لکھا ہی یہ ہوا کہ اس سب مجموعہ عہد عتیق و جدید کی
جسکو بیبل کہتے ہین نہ کوئی سند متصل ہی اور نہ یہ مجموعہ الحاق و غلطی و تحریف سے خالی ہی تو چاہیے
کہ اب کوئی مؤرخ اُسنے اپنی کتاب مین کوئی بات سواے اسکے کہ بطور دلیل الزامی سمجھکر بیان کرے
نقل نہ کرے ولہذا فقیر نے ان اقوال مختلفہ کو جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع و رجوع مین تھے
ترک کیا اگر کوئی کہے کہ یہ خرابیان کس طرح سے کتب مقدس مین واقع ہوئی مین اور اسباب ان
خرابیون کے کیا ہوئے تو مین کہتا ہون کہ اسباب اسکے بہت ہین ازانجملہ یہ کہ بخت نصر کے
عہد مین بہت بڑی خرابی و تباہی یہود پر پڑی کہ ہیکل ڈھائی گئی اور اکثر یہود مارے پکڑے گئے
اور پُرانے نسخے کتابون عہد عتیق کے جو اسوقت تک باقی تھے برباد ہوئے بعد یکہ جو عزیر علیہ السلام
پیدا ہوئے اور وہ توریت کو پھر نہ لکھتے تو کلام نبوت کسی کے پاس صحیح اسوقت مین بھی نہ ہوتا
ازانجملہ بعد اس واقعہ کے ایک اور آفت یہود پر ایک سو اڑسٹھ برس پیش از ولادت مسیح علیہ السلام
پڑی کہ اسمین سب نسخے جو عزیر علیہ السلام کے تھے اور جو نسخے ہاتھ آئے برباد ہوئے باب اول
کتاب اول مقابیس مین ہی کہ انطیوکس شہنشاہ فرنگستان نے اورشلیم کو فتح کرکے عہد عتیق کی
کتابون کے جتنے نسخے جہان سے آتے ملے پھاڑ کر جلا دیے ازانجملہ قریب ۴۰ برس کے عروج
مسیح علیہ السلام سے حادثہ طیطوس رومی کا ہوا کہ اسمین گیارہ لاکھ یہودی قتل اور نوے ہزار اسیر ہوے
ازانجملہ تیس برس بعد عروج مسیح علیہ السلام کے بسبب عداوت شہنشاہون فرنگستان کے اول طبقے
مسیحیون پر بڑی آفتین پڑین کہ قتل ہوئے اور جلاوطن کیے گئے کہ انمین بطرس حواری مع زوجہ
اور پولوس مقتول ہوئے اور یوحنا جلاوطن کیے گئے اور یہ آفتین تین سو برس تک برابر پڑین
تو ان طبقون مین قلت کتب کی بدرجۂ غایت کیون نہ متصور ہو اور جو کچھ قلت سے کتب معدودہ
پائی جاتی تھین انمین سے اکثر قریب سنہ ۳۰۳ عیسوی کے بحکم شہنشاہ فرنگستان کے جلائی جاتی تھین
کہ یہ بات تواریخ عیسائیون سے بخوبی ثابت ہی چنانچہ لارڈنر ساتوین جلد اپنی تفسیر کے صفحہ ۵۲۳ مین
لکھتا ہی کہ ماہ مارچ سنہ ۱۹ جلوس ڈیوکلیشین مین فرمان جاری ہوا کہ کلیسے گرائے جاوین اور کتب جلائی
جاوین ازانجملہ عہد حوارئین سے پندرہ سو برس تک معابد عیسائیہ مین ترجمہ یونانی مستعمل تھا اور جانب
عبری انکے جمہور سلف متوجہ و ملتفت نہوتے تھے تو نسخہاے عبری بلحاظ حوادث مذکورہ بقلت جسقدر
پائے جاتے تھے غالباً فرقہ یہود کے اور عیسائی گرجون مین شاید تبرکاً و تیمناً کہین کہین ہون اور

یہود تو شرارت مین ضرب المثل ہین اُنکو فرصت تحریف ہاتھ آئی چنانچہ اُنھون نے ایک کونسل جمائی اور
سب نسخے جو اپنے نسخے کے خلاف تھے الزام غلطی و اختلاف کا لگا کر جلا دئے اور اسی سبب سے
مسیحی علما کو جو اٹھارہوین صدی مین بنا بر تصحیح کتب مقدس مستعد ہوے کوئی نسخہ پورا عبری کا
ایسا نہ ملا جو دسوین صدی سے پیشتر کا ہو چنانچہ اکثر مورخ عیسائی اپنی تواریخ مین لکھتے ہین جیسا
بارن صاحب اپنی تفسیر کی جلد دوسری مین لکھتا ہو از انجملہ ۵۳۳ء سے اکثر قرنون پر حکمرانی پوپون کی
شروع ہوئی اور ۸۹۳ء مین تسلط انکا بخوبی ہوگیا اور بددیانتی اُنکے فرقے کی محتاج بیان نہین ہی
چنانچہ لوتھر صاحب لکھتا ہو کہ اگر مین حاکم ہوتا تو خرابی اور دغا بازی پوپ اور اسکے توابع کو سمندر مین
ڈبوا دیتا بالجملہ ایسے ایسے اسباب سے خرابیان واقع ہوئین کہ خود اسکا اقرار عیسائیون کو ہی چنانچہ
ڈاکٹر مل نے جو عہد جدید کے نسخے ملائے تو بیس ہزار جگہ اختلافات عبارت کا نشان دیا اور
ایک عالم عیسائی نے جو تین سو پچپن کا مقابلہ کیا تو ڈیڑھ لاکھ ویسے ہی اختلافات عبارت کے
بتلا دیے پس خیال کرنا چاہیے کہ اگر جہان کے سب نسخے ملائے جاوین تو خدا جانے کتنے اختلافات
نکلینگے کس لیے کہ ابھی تو ہزارون نسخے ایسے موجود ہین کہ انکو کسی نے مقابلہ نہین کیا اور لطف یہ ہی
کہ یہ تین سو پچپن نسخے عہد جدید کے تھے پورے پورے نہ تھے بلکہ کسی مین چند ورس اور کسی مین
چند جزو اور کسی مین ایک انجیل اور کسی مین چار اور کسی مین نامے پولوس کے اور پرانے نسخون مین سے
کوئی بھی پرانا نہ تھا اس تمام مین بطور نمونہ صرف دو اختلافات لکھے جاتے ہین سنا چاہیے ایک کتاب
احبار کے باب یازدہم کے ورس بست ویکم مین اُن اشیا کے بیان مین جو بنی اسرائیل کے لیے پاک و
حلال تعیین عبرانی نسخے کے متن مین یون لکھا ہو پر تم سب رینگنے والے پرندون مین سے جو چار
پاؤن سے چلتے ہین اور انکی پچھلی ٹانگین اگلے پاؤن سے لپٹی ہوئی ہین کہ وہ اُنسے کودکر
زمین پر چلتے ہین تم اُنمین سے کھاؤ اور عبرانی نسخے کے حاشیے پر اور نسخون سے یہ عبارت
لکھی ہو اور انکی پچھلی ٹانگین اگلے پاؤن سے لپٹی ہوئی ہین اور اسی عبارت حاشیہ کو اب عیسائی لوگ
ترجمہ کرتے ہین ۲ کتاب خروج کے باب اکیسوین ورس ہشتم مین حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک عبرانی
کے باب مین جو اپنی بیٹی دوسرے کے ہاتھ بیچتا تھا اس خیال سے کہ وہ اُس سے نکاح کریگا یون
حکم فرماتے ہین اگر وہ آقا اُسکا جو اُسے اپنے نامزد نہین کر کے رکھیگا ناراضی ہو تو اُسکا فدیہ دیگی الخ
اور حاشیے پر عبرانی نسخے کے اور نسخے سے یہ عبارت لکھی ہی اگر وہ آقا اُسکا جو اپنے نامزد کر کے
رکھیگا ناراضی ہو تو اُسکا فدیہ دیگی اور یہی عبارت اب ترجمون مین لکھی جاتی ہو پس خیال کرنے کی

بات ہی کہ جب کتب مقدمہ مین ایسے اختلاف عبارت کے جو آپس مین ایک دوسرے کے متناقض ہین پائے جائین اور انمین سے کسی کو اصل مصنف کی عبارت بالیقین نہ کہہ سکین بلکہ دونون پر احتمال صدق وکذب کا ہو تو بھلا اُس مسئلہ پر کیونکر حکم قطعی ہو سکتا ہی لہذا بہت مسئلون مین شبہہ رہا مثلاً حلت وحرمت کے مسئلہ مین کہ اب نہین معلوم ہو سکتا کہ کون جانور حلال تھے اور کون شخص اُس لونڈی کو آزاد کرے اسی طرح اور مسائل مشتبہ ہین کہ بخوف تطویل نہین لکھے گئے اور ایسے اختلافات کو جو پادری لوگ اپنی دانائی سے سہو کاتب اور کم محنتی کہتے ہین اور یہ بھی کہتے ہین کہ برتقدیر تسلیم اختلاف عبارت سے کسی مسئلہ مین نقصان نہین آتا کیا سخن پوچ وبے معنی ہی اور کیسی بڑی حماقت ونادانی ہی یہ تو اہل فرنگ کی دانشمندی مین داغ لگتا ہی کیونکہ اہل فرنگ باوصف کم فہمی کے قیصر کے وقت سے کہتے ہین بلکہ مدعی ہین کہ سارے جہان کے علوم ہمنے حاصل کیے ہین اور ہر فن کے جزئیات دریافت کیے ہین مگر بیبل کے ترجمے کا سلیقہ کم محنتی سے نہ آیا اور سہو کاتب تو ایسی نہین ہوتی کہ جسکے واسطے ایسا بڑا اہتمام عظیم الشان کرنا پڑے کہ سیکڑون نسخے جمع کیے جائین اور شاید اسی قباحت سے عیسائیون نے یہ تصور روح القدس کا الا کہ پابندی قواعد نحویہ کی اُسکو منظور نہین ہی ولہذا اسکی مرضی سے انبیاے بنی اسرائیل خدا کا کلام غلط ملط ظاہر کرتے رہے اور مجاذیب کی سی بڑ مارتے رہے اور اس تجویز مین اتنا خیال نہین کرتے کہ ایسی کتاب محرف کو معارضہ قرآن شریف پیش کرنا کیسی حماقت ہی اب بعض اختلافات تراجم ملاحظے کے قابل ہین دیکھو کتاب پیدائش کے سوم وپنجم ورس مین حضرت آدم وحوا کی نسبت لکھا ہی نسخہ ... تکونان کالآلہۃ یعنی ہو جاؤگے تم دونون مانند خداؤن کے اور نسخہ ... مین ہی تکونان کالملائکۃ اسی طرح اگر سو جگہ خدا کا لفظ ایسے مقامون مین ہی تو نسخہ دوم مین پچاس ساٹھ جگہ خدا کے بدلے فرشتہ ہی اس مقام سے ظاہر ہوتا ہی کہ جہان کہین عیسیٰ علیہ السلام کے حق مین خدا کا لفظ لکھا گیا ہی وہ بھی قابل اعتبار نہین اور باب نہم ورس سوم ... کتاب پیدائش توریت مین ہی کلما تحرک وہو حی یکون لکم ماکولاً کالبقل الاخضر اور نسخہ ... مین ہی کل دبیب طاہر حی یکون لکم ماکلاً کخضر العشب اب اس خلاف جو بسبب لفظ طاہر کے واقع ہوا حکم بدل گیا اور ورس ۱۲ باب ۱۶ ... مین ہی ہذا یکون انسانا وحشیا یدہ ضد الجمیع وید الجمیع ضدہ اور ... مین یدہ فی الکل وید الکل فیہ خلاصہ یہ کہ اول مین حضرت اسمعیل علیہ السلام کی نسبت مخالفت سب کی ظاہر ہی اور دوسرے مین سب کی موافقت ہی

اختلافات تراجم

اور باب ۶ ورس بستم نسخہ سنہ ۱۸۱۱ء مین ہی فاتخذ عمرام یوخابد عمتہ زوجتہ لہ فولدت لہ ہارون و موسیٰ و نسخہ مطبوعہ سنہ ۱۸۲۵ء عمرام نے اپنے باپ کی بہن یوخابد سے بیاہ کیا اور نسخہ سنہ ۱۸۲۵ء مین ہی فتزوج عمران یوخابد امتہ عمہ یعنی عمران نے چچا کی بیٹی سے بیاہ کیا ہی دیکھو کہان پھوپھی کہان یہ اور باب ہفتم کے ورس اول نسخہ سنہ ۱۸۲۵ء مین ہی حضرت موسیٰ کے حق مین قد جعلتک آلہا لفرعون اور نسخہ سنہ ۱۸۱۲ء مین ہی قد جعلتک استاذا لفرعون اب دیکھو کہان استاذ کہان معبود اسی طرح انجیل والون نے عیسیٰ کو معبود کیا حالانکہ الہٰی تصریح عیسیٰ کے لیے معبودیت کی کسی کتاب مین خدا کے قول سے ثابت نہین نکلتی ہی اسی طرح صدہا مسائل رد بدلے توریت سے بدلے ہوے ہین اگر کوئی مقابلہ کرے تو دیکھے اور اب بھی عیسائیون مین یہ بات جاری ہی کہ جو بات خلاف عقل ظاہر پاتے ہین نکال ڈالتے ہین اور اسی طرح کا حال تمام مجموعہ بیبل کا ہی فائدہ پوشیدہ نہے کہ اونٹ کا گوشت و دودھ اور گائے بکری کے چربے اور بعضے مرغ اور بعضی مچھلیان توریت مین حرام تھین اور تعظیم روز شنبہ واجب تھی سو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے وہ احکام موقوف کیے اسی طرح اور احکام مشکل نکال ڈالے چنانچہ سورہ آل عمران مین اللہ صاحب حضرت عیسیٰ کے حال مین فرماتے ہین ومصدقا لما بین یدی من التوراۃ ولاحل لکم بعض الذی حرم علیکم یعنے مین بھیجا اللہ کا ہون اور سچ بتانے والا توریت کو جو مجھسے پہلے کی ہی اور اس واسطے کہ حلال کردون تمکو بعض چیز جو حرام تھی تمپر اگر کہا جاے کہ تحلیل بعض محرمات مناقض تصدیق ہی تو جواب یہ ہی کہ ایسا نہین ہی بلکہ تصدیق عیسیٰ علیہ السلام کی توریت کو بایں معنی ہی کہ جو کچھ تورات مین مذکور ہی سب درست و راست ہی لیکن اس کتاب مین حکم تائید احکام شرعیہ کا نہین ہی پس تحلیل ما حرم مناقض تصدیق نہین ہی جس طرح نسخ بعض قرآن بعض سے دلیل مناقض نہین ہی پس ہمارے نزدیک بخوبی ثابت ہی کہ بعض احکام توریت کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے منسوخ فرمائے ہین اور توریت سے ظاہر ہوتا ہی کہ بعض احکام انبیاے پیشین کے توریت مین منسوخ ہوے ہین مگر نصاریٰ کہتے ہین کہ توریت کا حکم کبھی منسوخ نہین ہوا اور اس بات پر دلائل عقلیہ بے سرو پا بیان کرتے ہین حالانکہ انکو حقیقت نسخ و تبدیل کی اب تک معلوم نہین ہی اور ہرگز واقفیت نہین رکھتے کہ نسخ جو اصطلاح اسلامیون مین ٹھہرا ہی کیا چیز ہی اور اگر شاید واقف ہوتے تو ایسا نہ کہتے اور جو نسخ کے معنی انکے ذہن مین اسطرح کے ہین جیسے ایک قانون سے دوسرے قانون کی منسوخی یا منسوخی احکام حکام ماتحت عدالت حاکم اپیل سے تو یہ معنی نسخ کے نہین ہین بلکہ حاصل کلام اس باب مین

کا خدا سلام کا یہ ہی کہ نسخ قصص و اخبار مین نہین ہوتا بلکہ صرف اوامر و نواہی مین آیا کرتا ہی کما قال البغوی فی المعالم النسخ انما یعترض علی الاوامر والنواہی دون الاخبار اور اسی طرح امور عقلیہ قطعیہ مین نسخ نہین ہوتا جس طرح یہ کہ خدا موجود ہی اور نہ امور حسیہ مین مثلاً دن کی روشنی اور رات کی تاریکی اور جو اوامر و نواہی مین نسخ کے قائل ہین اسمین بھی تفصیل ہی یعنی امر و نہی کا متعلق ہونا ایسے حکم عملی سے چاہیے جو وجود و عدم کا احتمال رکھتا ہو اور جو واجب یا ممتنع ہی اسمین بھی نسخ نہین ہوسکتا مثلاً خدا پر ایمان لانا اور شرک و کفر کا باطل جاننا اور وہ حکم جو وجود و عدم کا احتمال رکھتا ہو اسکی بھی دو قسم ہین دائمی جس طرح اللہ صاحب نے فرمایا ولا تقبلوا لہم شہادۃ ابدًا دوسری غیر دائمی پس اول مین اہل اسلام قائل نسخ نہین اور غیر دائمی مین تفصیل ہی ایک موقت کما قال اللہ تعالے فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ یعنی درگذر کرو اور خیال مین نہ لاو جبتک بھیجے اپنا حکم اس قسم مین بھی وقت معین سے پہلے فسخ روا نہین جانتے دوسرے غیر موقت یعنی مطلق اس قسم مین البتہ اس طرح قائل نسخ ہین کہ علم خدا مین یہ بات مقرر تھی کہ فلان وقت تک یہ حکم نافذ رہیگا مگر اس حکم مین وقت کا بیان نہوا تھا سو جب وقت آگیا خدا کے دوسرے حکم مین جو بظاہر مخالف حکم اول کے معلوم ہوتا ہی اسکا بیان ہوگیا پس اس دوسرے حکم مین گو بظاہر بسبب قصور استعداد و فہم کے آدمیون کو خلاف معلوم ہوتا ہی اور تبدیل پائی جاتی ہی لیکن حقیقت مین اور خدا کی نسبت حکم اول کی مدت کا بیان ہی نہ تبدیل مثال اسکی بلا تشبیہ یہ ہی کہ ایک شخص کسی معلم کو کہے کہ تو ہمارا لڑکا پڑھایا کر اور ظاہر مین کوئی مدت مقرر نہ کرے مگر اسنے اپنے دل مین ٹھہرالیا ہو کہ چھ مہینے یا سال بھر یا دو برس یہ کام لونگا اور جب وہ گذر جاے معزول کردے پس یہ بات ظاہر مین معلم کی نزدیک تبدیل ہی اور درحقیقت اور اس شخص آقا کی نسبت تبدیل نہین ہی پس اہل اسلام کی اصطلاح مین نسخ سے حکم عملی مطلق کے مدت کی انتہا کا بیان مراد ہی جو وجود و عدم کا احتمال رکھتا ہو اور آدمیون کے وہم مین اسکا دوام سمجھا جاتا ہو اور ظاہر ہی کہ خداوند تعالے فاعل مختار ہی جس طرح اور کارخانون مین تقلیبات کیا کرتا ہی جیسے تندرست کو مریض کرنا اور مریض کو تندرست کرنا اور فقیر کو غنی کرنا اور غنی کو فقیر کرنا اور سرما کو گرمی اور گرمیون کو برسات اسی طرح اپنی عبادت کے اقرار اور شیوہ عبودیت کی ورزش مین جب کسی جس کام کو چاہتا ہی کرنے کو کہتا ہی اور جب موقوف کرنا اس کام کا مقصود ہوتا ہی تو اسکو موقوف کرکے دوسرے کام کے لیے حکم دیتا ہی اور اگلے کامون کی میعاد کو جو علم الٰہی مین قرار پاچکے تھے

ہے

ظاہر کر دیتا ہی اور ہمکو جس طرح بعض امور تکوینیہ کے مصالح و مضار نہین معلوم ہین اسی طرح جملہ
امور شرعیہ کے بعض باتون سے مصالح و مضار دریافت نہین ہوتے اور یہ بات کچھ اس سبب سے
نہین کرتا ہی کہ اسکو اپنے قضاے قدرت مین کچھ عجز ہی یا اسکے علم مین نقصان ہی بلکہ صرف اپنے اختیار
مطلق کے سبب سے ایسا کرتا ہی اور مصلحت ہر بات کی وہی خوب جانتا ہی تمکو اُن مصلحتون پر مطلع ہونا
کچھ ضرور نہین پس معلوم ہوا کہ نسخ عقلاً جائز و غیر ممتنع ہی اور جو کوئی نبی اگلی شریعت کی منسوخی کا
دعویٰ کرے تو یہ اظہار اُسکا قادح نبوت کا نہین ہی اور دلیل اُسکی وہی ہی جو اس نبی کے نبوت کی
دلیل ہی یعنی ظہور معجزات قاہرہ جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے توریت کو بہت ودربست
فرما کر بعض احکام اُسکے منسوخ فرمائے اور یہودی ناراض ہوے چنانچہ حواریون کی تحریر سے
معلوم ہوتا ہی کہ احکام ابدی توریت کے حضرت عیسیٰ نے منسوخ کیے ہین مثلاً یوم السبت کہ جسکی
عزت کا حکم اور اسکے ماننے کی تاکید عہد عتیق کی کتابون مین جابجا لکھی ہی اور بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے
بھی اُسکی عزت پیغمبر کرتے آئے اسی طرح چند اعیاد و قربانیون کی تاکید اور چند جانورون کی حرمت کا
اور ثابت ہوتا ہی کہ پولوس مقدس کے زمانہ تک احکام شریعت موسویہ کے جاری تھے لیکن آخر اُسی وقت سے
منسوخ ہوے چنانچہ پولوس نامہ موسومہ اہل افسس کے دوسرے باب نسخہ عربیہ ١٨١١ کے درس
پانزدہم مین لکھتے ہین ابطل شریعۃ الوصایا بمعتقداتہ یعنی عیسیٰ نے شریعت وصایا یعنی احکام
توریت کو بیکار کر دیا اور نامہ موسومہ قلسون کے باب دوم درس شانزدہم نسخہ فارسی ١٨١٦ مین
لکھا ہی ہیچکس شما را دربارہ خوراکی یا در شامیدنی در خصوص عید یا ہلال یا سبتہا محرم نسازد کہ اینہا
اظلال اشیا آیندہ است کہ حقیقت آنہا مسیح است انتہی اور نامہ عبرانیون کے ورق ۱۳ مین ہی اور
جب اُسنے نیا کہا تو پہلے کو پرانا ٹھہرایا اور وہ جو پرانا اور دنی ہی مٹنے کے نزدیک ہی بائیل صاحب
اس درس کی شرح مین لکھتا ہی صریح ظاہر ہی کہ خدا نے اور بہتر رسالت کے اقرار کرنے سے پرانی
اور زیادہ نقصان والی کو منسوخ کرنے کا ارادہ رکھتا ہی لہذا یہودیون کا رسوماتی مذہب موقوف ہوتا
اور دین عیسوی اسکی جگہ قائم کیا جاتا ہی انتہی اور نامہ موسومہ عبرانیون کے درس ہشتم باب ہشتم
نسخہ اردو ١٨٣٩ مین ہی اگر وہ پہلا عہدنامہ بے عیب ہوتا تو دوسرے کی تلاش نہوتی سو وہ انکا
عیب بتا کر کہتا ہی کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہی دیکھ وے دن آتے ہین کہ بنی اسرائیل کے گھر و یہوداہ کے گھرانے کے لیے ایک نیا عہدنامہ ٹھہراونگا اور یہ اُس عہدنامہ کے مانند نہوگا جسے
مین نے اُنکے باپ دادون کے ساتھ کیا بلکہ یہ وہ عہدنامہ ہی جسے مین بنی اسرائیل گھرانے کو

ان دنون کے بعد رہونگا انتہی خلاصہ یہ کہ اگر شریعت موسویہ پر اعتراض نہ کیا جاتا تو شریعت
عیسویہ کے لیے جگہ کہان سے آتی کما فی النسخۃ العربیۃ سنہ ۱۸۱۶ فلو کان العہد الاول غیر معترض فیہ
لم یوجد للثانی موضع لانہ قد اعترض پس اگر معترض فیہ کے یہ معنی ہین کہ موقوف کی گئی شریعت
موسویہ تو نسخ ہی اور اگر صحت پر اعتراض ہی تو تحریف ہی اور اسی نامہ کے درس ۱۸ باب ہفتم
نسخہ ۱۸۱۶ مین لکھا ہی پس اگلے حکم کمزور اور بیفائدہ ہونے کے سبب سے منسوخ ہین اور
کتاب استثنا تورات سے واضح ہی کہ عورت مطلقہ سے دوسرے کو نکاح کرنا جائز ہی اور حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کا قول انجیل اول مین باب نوزدہم درس نہم مین ہی کہ فرمایا جسنے زن مطلقہ سے نکاح کیا
اسنے زنا کی اور باب ہفتدہم پیدایش کے درس نہم سے چاردہم تک حکم ختنہ کا ہی اور عبارت سے
صاف ختنہ بدیہۃ ظاہر ہی۔ لہذا حضرت عیسیٰ کا بھی ختنہ ہوا تھا چنانچہ انجیل سوم کے باب دوم
درس اکیس سے ظاہر ہی اور پولوس حواری نامہ موسومہ غلاطیہ کے باب پنجم مین لکھتا ہی کہ اگر
شما مختون شدہ اید مسیح دربارہ شما سودمند نخواہد بود اسی جگہ سے عیسائی کہتے ہین کہ ختنہ کا حکم
منسوخ ہو دل کا ختنہ چاہیے حالانکہ یہ حکم ابدی تھا نہ میعادی جیسا کہ تورات مین موجود ہی سنہ ۱۸۱۱
مین خدا ابراہیم سے فرماتا ہی میرا عہد تمہارے جسمون مین عہد ابدی ہوگا الغرض ایسے ایسے شواہد
بہت ہین کہ اب عیسائی بھی قائل ہین کہ تورات کے احکام منسوخ ہوے ہین مگر انجیل کے احکام
منسوخ نہین ہوے اور نہ ہو سکتے ہین کیونکہ لوقا کے اکیسوین باب کے ۳۳ آیت مین مسیح کا
یہ قول لکھا ہی کہ آسمان و زمین ٹل جاوینگے لیکن میری باتین نہ ٹلینگی انتہی مین کہتا ہون کہ یہ
کلام حضرت مسیح علیہ السلام کا اگر باسناد صحیحہ ثابت ہو تو از روے سیاق عبارت عام نہین ہی بلکہ
مخصوص اس پیشین گوئی کی بابت ہی جو جناب مسیح نے اس آیت سے پیشتر اسی باب مین ذکر فرمائی ہی اور
معنی اسکے یہ ہین کہ اگر بالفرض آسمان و زمین ضائع ہو جائین مگر میری باتین اس پیشین گوئی کی بابت
ہرگز زائل نہونگی چنانچہ متی کے ۲۴ باب کے ۳۵ درس کی شرح مین مفسرین عیسائیون نے خود
لکھا ہی اور درس مذکور مطابق درس ۳۳ مذکور الصدر لوقا کے ہی اور خلاصہ اسکا یہ ہی کہ اس قول سے
یہ مراد ہی کہ میری یہ پیشین گوئیان یقیناً پوری ہونگی اور ایک مفسر معتبر عیسائی لکھتا ہی کہ حاصل
کلام عیسیٰ علیہ السلام کا یہ ہی کہ اگرچہ آسمان و زمین اور سب اشیا کی نسبت قابل تبدیل نہین ہین
تو بھی ایسی استوار نہین ہین جیسی میری پیشین گوئیان ان چیزون کی بابت استوار ہین
یہ سب مٹ جائینگی پر میری باتین ان پیشین گوئیون کی بابت ہرگز نہ بدلینگی اور جو بات

اب مین نے بیان کی ہی اسکا ایک شوشہ مطلب سے متجاوز نہوگا انتہی قولہ خلاصہ اس تقریر کا یہ ہوا کہ دلیل عیسائیون کی ناقص و ناتمام ہی اور امکان نسخ خدا کے کلام مین جسکے محال ہونے کا دعوی بعضے پادری ناواقف و بے علم کرتے ہین ثابت ہوتا ہی نسخہ توریت سے اور وقوع بالفعل اُسکا بعض احکام کی منسوخی سے واضح ہی جو حضرت مسیح علیہ السلام کی تشریف آوری سے پیشتر منسوخ ہوے ہین چنانچہ کتاب پیدائش کے پہلے نسخہ ۱۸۲۵ مین حضرت آدم علیہ السلام کی نسبت خطاب الٰہی واسطے اباحت عام کے ہوا ہی اور نوین باب مین حضرت نوح علیہ السلام کی نسبت بھی وہی حکم رہا کہ سب اشیا کھاؤ بعد اُسکے کتنے جانور کہ منجملہ اُنکے خوک بھی ہی حضرت موسی کے عہد مین حرام ہوے اور کتاب پیدائش کے باب ۲۹ ورس ۱۶ مین ۳۰ تک جہان قصہ حضرت یعقوب کا لکھا ہی نکاح بین الاختین جائز معلوم ہوتا ہی پھر توریت مین جمع بین الاختین حرام ہوا اسی طرح اور احکام تبدیل ہوے ہین کہ صاحب استفسار نے انکی تفصیل فرمائی ہی اور بعد تشریف آوری حضرت عیسی علیہ السلام کے تو کل اوامر و نواہی توریت کے پولوس کی تقریر سے منسوخ معلوم ہوتے ہین جیسا اوپر لکھا گیا اور ایک قول اُسکا اعمال الحوارئین کے پندرھوین باب کے چوبیسوین ورس نسخہ ہندیہ ۱۸۳۹ مین یہ ہی کہ جب کہ ہمنے سنا کہ بعضون نے ہم مین سے نکلکے تمھین باتین کہکے گھبرا دیا اور یہ کہکے تمھارے دلون کو بیقرار کر دیا کہ ختنہ کرواؤ اور شریعت پر چلو باوجودیکہ ہمنے انھین یہ حکم نہین دیا تھا الی قولہ ورس ۲۸ کہ روح القدس کو اور ہمکو اچھا لگا کہ سواے چند باتون کے تمپر زیادہ بوجھ نہ ڈالین تم بتون کے لیے ذبح ہوئی چیزون سے اور لہو اور گلا گھونٹے ہوے جانور کے کھانے سے اور زناکاری سے پرہیز کرو والسلام پس ایک طرفہ ماجرا اور ہی کہ توریت کے احکام منسوخ ہونے کے بعد چار چیزین حرام رہین تھین اب سواے زنا کے اور کسی کی حرمت باقی نہین ہی اور کہتے ہین کہ ان چیزون کی حرمت مین بھی علما مین اختلاف تھا اور یہ بات پولوس کے نامہ سے جو رومیون کو لکھا ہی نکالتے ہین یعنی وہ کہتا ہی کہ مجھے خداوند یسوع سے معلوم ہوا اور مین نے یقین جانا کہ کوئی چیز اب ناپاک نہین لیکن جو اسکو ناپاک جانتا اُسکے لیے ناپاک ہی پس انجیل مین بھی نسخ ہوا اور طیطس کے باب اول ورس پانزدہم مین ہی کہ پاک لوگون کے لیے سب کچھ پاک ہی پھر ناپاک اور بے ایمانون کے لیے کچھ پاک نہین الغرض ان سب باتون سے کہ جنکی حرمت باقی رہی تھی وہ بھی حلال ہین ولہذا نصاری کے عالمون نے ان سب کی حلت کا فتوی دیا ہی اور ایک بات اور بھی حاصل ہوتی ہی کہ انجیل مین خود حضرت عیسی نے بعض احکام منسوخ فرمائے ہین چنانچہ جناب

مسیح کا حکم اولاً متی کے دسوین باب کے ۵ و ۶ ورس مین حواریون کے بابت یون ہی کہ ان بارہون کو یسوع نے فرما کر بھیجا کہ غیر قومون کی طرف نجانا اور سامریون کے کسی شہر مین نجانا بلکہ پہلے اسرائیل کے گھر کی کھوئی ہوئی بھیڑون کے پاس جانا اور پھر ان لوگون کے حق مین مرقس کے باب شانزدہم کے ۱۵ ورس مین یہ کلام لکھا ہی کہ تمام دنیا مین جا کر ہر ایک مخلوق کے سامنے انجیل کی منادی کرو دوسرا قول پہلے کا ناسخ ہی اگرچہ خود مسیح نے موقوف کیا لیکن یہ تو ثابت ہوا کہ مسیح کے قول مین نسخ جائز ہی پس اس مقام سے یہ مقصد حاصل ہوا کہ نسخ توریت مین اور انجیل مین بلا شبہہ ہوا ہی مگر اوامر و نواہی مین نہ اخبار و قصص مین وہ بھی موافق قاعدہ مرقومہ صدر کے نہ یہ کہ تمام انجیل و توریت لفظاً منسوخ ہی الا بسبب تحریف بددیانتون کے دونون اعتبار کے لائق نہین ہین القصہ حضرت عیسیٰ مرفوع ہوے اور یہودا سولی دیا گیا تو مریم مع مریم مجدلانی اس جگہ آئین اور روئین تب شاید اللہ نے عیسیٰ کو بھیجا کہ حال مریم کا پوچھو مریم نے دیکھا تو انکے دلکو تسلی ہوئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے مجھے آسمان پر اٹھا لیا ہی اور نہایت بزرگی و عظمت و شان سے رکھا ہی بعد اسکے اللہ نے پھر اٹھا لیا اور دونون عورتین اپنے اپنے گھر آئین جاننا چاہیے کہ مجدلان ایک قریہ سواد انطاکیہ مین ہی اسیکی طرف مریم کی نسبت ہی اور سبب اسکے آنے کا مریم کے ساتھ یہ تھا کہ مریم مجدلانی ایک عورت عفیفہ صالحہ عابدہ تھی اسکو بیماری استحاضہ کی لاحق ہوئی سو وہ حیا و شرم سے اس مرض کو پوشیدہ رکھتی تھی جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیغمبر ہوے اور خبر مشہور ہوئی کہ بیمار لوگ انکے چھو لینے سے شفا پاتے ہین وہ بھی آئی اور پشت سے اسنے اپنا ہاتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر رکھدیا حضرت نے فرمایا جسنے بہ نیت خالص اپنا ہاتھ مجھ پر رکھا ہی اگر بیمار ہی تو ابھی مرض لاحقہ سے نجات پاوے اسیدم سے دم استحاضہ اسکا منقطع ہوگیا اور وہ ایمان بھی لائی اور باطن کی نجاست سے پاک ہوئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے نہایت محبت کرنے لگی یہان تک کہ خبر قتل مشہور ہوئی یہ سنکر بطور تعزیت حضرت مریم کی خدمت مین آئی تھی اور رنج والم مین شریک ہوئی تھی جب حضرت مریم سولی کی طرف چلین تو یہ بھی ہمراہ ہوئی کذا فی الجواہر اور اخبار الدول مین ہی کہ وہب ابن منبہ لکھتے ہین کہ سات دن بعد رفع کے حضرت عیسیٰ پہاڑ پر اوترے نور سے پہاڑ روشن ہوگیا اور اپنے حواریون کو طلب کیا اور ارشاد فرمایا کہ تم خلق خدا کو توحید کی دعوت کرو بعد اسکے اپنی والدہ کے پاس آئے اور انکو

اپنے مکان کی خبر دی اور یحییٰ و شمعون سے فرمایا کہ میری والدہ کی تعظیم و تکریم مین بہت
کوشش کیجیو اور انکا ساتھ نہ چھوڑیو بعد ازان پھر اُٹھائے گئے اور تو جزا بو افتوح مین لکھا ہی
کہ ساتوین دن کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام مریم مجدلانی کے گھر مین تشریف لائے اور حواریون کو
بلوا کر یہ وصیت فرمائی کہ دنیا فانی ہی اور خدا کے پاس تمکو اور مجکو جانا ہی اس عالم مین کسی سے
لڑائی بگاڑ نہ کرنا اور صلاح و تقویٰ مین بسر کرنا اور عورتون کو روزہ رکھنے کی تاکید کرنا اور
پرہیزگاری اختیار کرنے کو سمجھانا اور سب آدمیون سے بحسن خلق پیش آنا یہانتک کہ جو کوئی تمہارے
ساتھ ایک کوس چلے تم دو کوس جانا اور جو کوئی تمپر ظلم کرے اُس سے انتقام کا ارادہ نہ رکھنا پھر شمعون کو
خلیفہ کیا اور پھر آسمان پر اُٹھائے گئے آخر زمانہ مین نزول میمنت فرمائینگے اور دجال ملعون کو
مارینگے واللہ اعلم بالجملہ بعد رفع و عروج عیسیٰ علیہ السلام کے حضرت مریم چھ برس زندہ رہین عمر اُنکی
ترپن برس کی ہوئی کنیسۂ جسمانیہ مین مدفون ہین کذا فی اخبار الدول اور تنبیہ الغافلین مین امام
ابو اللیث سمرقندی نے لکھا ہی کہ قبل رفع عیسیٰ علیہ السلام کے حضرت مریم نے وفات پائی کذا فی
زاد المسیر و ہذا اقرب الی الصواب معالم التنزیل وغیرہ تفاسیر معتبرہ مین لکھا ہی کہ یہود نے حواریون کو
قید کیا یہ خبر شاہ روم نے سنی اُسنے ایک لشکر عظیم الشان بھیجا کہ اکثر یہود مارے گئے اور حواریون نے
رہائی پائی تب شمعون نے یحییٰ و تومان کو جو کہ صادق و صدوق کہلاتے تھے جانب انطاکیہ بنا بر
دعوت خلق الی الحق روانہ کیا متصل اُس شہر کے حبیب نجار سے ملاقات ہوئی اُسنے
سلام علیک کرکے پوچھا تم کون ہو بولے ہم عیسیٰ علیہ السلام کے رسول ہین بنا بر ہدایت اہل انطاکیہ
آئے ہین حبیب نے کہا کوئی دلیل و حجت آپ کے پاس ہی کہنے لگے کہ ہم اندھے اور کوڑھی کو
بحکم خدا اچھا کرتے ہین حبیب نے کہا میرا بیٹا دو برس سے بیمار ہی اور اطبا اسوقت تک اُسکے
علاج مین عاجز آگئے ہین تم اسکی صحت کی دعا کرو چنانچہ دونون نے دعا کی اللہ تعالےٰ نے
شفا بخشی اور یہ خبر شہر انطاکیہ مین مشہور ہوئی اور مریضون نے یورش کیا یہانتک کہ جو حاضر ہوا
اچھا ہو گیا اسی عرصہ مین ایک سلطان جانب قیصر روم سے ابطحس یا طیمست نامی انطاکیہ مین تھا
اُسنے خبر پائی اور طلب کیا اور پوچھنے لگا تم کون ہو اُنھون نے کہا رسول عیسیٰ ہین بولا کیا کہو گے
کہا ہم بت پرستی سے منع کرتے ہین وہ خود بت پرست تھا اُسنے بلا تامل قید کیا معالم التنزیل مین
لکھا ہی کہ بادشاہ نے کہا سوائے بتون کے اور بھی کوئی خدا ہی جسکی عبادت تم کرایا چاہتے ہو
بولے کہ وہ خدا ہی جسنے تمکو اور تمہاری بتون کو بنایا ہو تب بادشاہ نے گرفتار کیا اور جب

ابن منبہ کہتے ہین کہ یہ دونون رسول انطاکیہ مین پہونچے ایک مدت تک کسی نے بادشاہ سے
خبر نہ کی ایک دن بادشاہ باہر شہر کے نکلا تو ان دونون نے ذکر الٰہی شروع کیا بادشاہ نے
غصہ ہوکر سو سو کوڑے مارے یہ خبر شمعون کو پہونچی وہ اُنکی اعانت کو روانہ ہوے اور شہر مین
پہونچے اور سلطان کے امیرون سے ملکر مقربان شاہی مین داخل ہوے یہان تک کہ بادشاہ کے
ساتھ بتخانے مین جاتے اور اپنے خداوند تعالے کو سجدہ کرتے اور ظاہر مین لوگ جانتے کہ
بتون کو سجدہ کرتے ہین اسی قصے کا اشارہ سورہ یسین مین ہی واضرب لہم مثلاً اصحاب القریۃ
اذ جاءہا المرسلون اذ ارسلنا الیہم اثنین فکذبوہما فعززنا بثالث فقالوا انا الیکم مرسلون یعنی
بیان کر اُنکے واسطے ایک کہاوت لوگ اُس گانون کی جب آئے اُسمین بھیجے ہوے جب بھیجے
ہمنے انکی طرف دونون انکو جھٹلایا پھر ہمنے زور دیا تیسرے سے تب کہا ہم تمھاری طرف
آئے ہین بھیجے بالجملہ شمعون کو بادشاہ کے مزاج مین کمال دخل پیدا ہوا کہ بلا مشورہ
انکے کوئی بات نکرتا اس عرصہ مین ایک دن شمعون نے بادشاہ سے کہا کہ یہ دو شخص غریب
جو قید ہین اُنکا قصور کیا ہی بادشاہ نے کہا کہ یہ دونون شخص کہتے ہین کہ سواے بت کے
اور بھی کوئی خدا ہی شمعون نے اُنکو بُلاکر پوچھا تم کسکو مانتے ہو بولے خالق زمین آسمان کو
شمعون نے کہا خالق تمھارا کیا کرتا ہی بولے اندھے کو سوجھ دیتا ہی تب بادشاہ نے ایک
اندھا بلایا وہ اُنکی دعا سے اچھا ہوا تب شمعون نے بادشاہ سے کہا کہ ای بادشاہ تم بھی
اپنی بتون سے کہو کہ اندھے کو اچھا کرین بادشاہ نے چپکے شمعون سے کہا کہ بتین کچھ قدرت
نہین رکھتی ہین پھر شمعون نے اُن دونون سے کہا کہ تمھارا خدا اور بھی کچھ کرسکتا ہی
اُنھون نے کہا مردے زندہ کرتا ہی تب شمعون نے کہا کہ اگر ایسا واقع ہو تو مین ایمان
لاؤن معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ اُس بادشاہ نے کہا اس شہر مین ایک شخص مرگیا ہی
اور سات دن سے دفن نہین ہوا ہی سو تم اسکو زندہ کرو تب دونون شخص اُس مردہ کے
پاس آئے اور پکار پکار دعا کرنے لگے اور شمعون نے پوشیدہ دعا فرمائی اللہ جل شانہ نے
اپنی عنایت سے اُسکو زندہ کیا تب وہ مردہ اُٹھکر بولا کہ مین سات دن سے مرگیا تھا
تمکو نصیحت کرتا ہون کہ شرک و بت پرستی چھوڑ دو اور اللہ کا ایمان لاؤ کیونکہ مین نے
ایک مشرک بت پرست کو برے حال سے دوزخ مین دیکھا ہی تم بھی اس سے توبہ کرو نہین تو
ایسی ہی بلا مین پڑوگے بعد اُسکے کہنے لگا کہ مین نے دروازے آسمان کے کھلے ہوے دیکھے

تو ایک جوان خوبصورت نظر پڑا کہ ان تینون کی شفاعت کر رہا تھا بادشاہ نے پوچھا
وہ تینون شخص کون ہین اُسنے کہا ایک شمعون اور دو شخص یہ دونون قیدی ہین
بادشاہ نے سخت تعجب کیا اب شمعون نے جانا کہ اس شخص کے کلام سنے بادشاہ کے
دل مین اثر کیا تب کہنے لگا کہ ہم تمھارے پاس آئے ہین سو تم ایمان لاؤ کہ بادشاہ ایمان لایا
اور وہ مردہ پھر مرگیا اور ابن اسحاق کعب اخبار سے روایت کرتے ہین کہ بادشاہ ایمان نہین لایا
بلکہ زیادہ تر کافر ہوا اور ان تینون کے قتل پر مستعد ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ کچھ لوگ
ایمان لائے اور کچھ لوگ کفر پر قائم رہے جو لوگ ایمان نہ لائے تھے وہ لوگ قتل پر مستعد ہوئے
یہ خبر حبیب نجار کو کہ شہر کے پرلے سرے پر مقیم تھا پہونچی وہ آیا چنانکہ سورہ
یٰسین مین ارشاد ہوا وجاء من اقصے المدینۃ رجل یسعیٰ قال یا قوم اتبعوا المرسلین
اتبعوا من لایسئلکم اجراً وہم مہتدون یعنی آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا ہوا
بولا ای قوم چلو راہ پر ان بھیجے ہوون کے چلو راہ پر ایسون کی جو تمسے نیگ نہین مانگتے
اور راہ سوجھے ہین تب اُسی قوم ناپاک نے اُسکو شہید کیا کہ وہ داخل بہشت ہوا کما قال اللہ
قیل ادخل الجنۃ قال یا لیت قومی یعلمون بما غفرلی ربی وجعلنی من المکرمین یعنی حکم ہوا
کہ جلد جا بہشت مین بولا کس طرح میری قوم معلوم کرین کہ بخشا مجھکو میرے رب نے
اور کیا مجکو عزت والون مین **فائدہ** قول محمد اسحاق کا درست معلوم ہوتا ہی کیونکہ اللہ صاحب
فرماتے ہین قالوا انا تطیرنا بکم لئن لم تنتھوا لنرجمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم یعنی بولے
ہمنے نامبارک دیکھا تمکو اگر تم نہ چھوڑوگے تو ہم تمکو سنگسار کرینگے اور لگیگی تمکو
ہمارے ہاتھ سے دُکھ کی مار پس اگر وہ لوگ ایمان لاتے تو اسطرح کیون کہتے اس سے ثابت ہوا
کہ ایمان نہین لائے اور نامبارک اس بات پر کہا ہی کہ شامت اعمال سے پانی کا برسنا
اور درختون کا اُگنا اور اولاد کا پیدا ہونا بالکل بند ہو گیا تھا اور قحط کی شدت سے
لوگ مرے جاتے تھے **فائدہ** اگرچہ اُس قوم نے حبیب نجار سے یہ دشمنی کی کہ اُسکو ناحق
قتل کرڈالا مگر اُسکو یہان تک خیرخواہی رہی کہ بعد موت فرمایا اگر میرا حال قوم کے لوگ معلوم کرین
تو شاید ایمان لاوین اور بہشت کی تمنا سے بت پرستی چھوڑ دین **فائدہ** ان حواریون کی
رسالت مین یہ تحقیق ہی کہ یہ تینون شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رسول تھے نہ کہ رسول اللہ
اور جو یہ ارشاد ہوا فعززنا بثالث اُسکا سبب یہ ہی کہ یہ تینون جانب انطاکیہ خدا کے حکم سے

بھیجے گئے تھے اب باقی یہ رہا کہ یہ رسول حضرت عیسیٰ کے سامنے گئے تھے یا بعد رفع و رجع
اُنکے حکم سے شمعون نے بھیجا تھا بعضے کہتے ہین کہ حضرت عیسیٰ نے خود بھیجا تھا مگر صحیح یہ ہی
کہ شمعون کو حضرت عیسیٰ نے اپنا خلیفہ فرمایا تھا اُنھون نے موافق ارشاد اُنکے بھیجا تھا
فائدہ سدی کے نزدیک حبیب نجار کندی گر تھے اور وہب کے نزدیک حریر باف تھے
اُنکو بیماری جذام کی تھی نعوذ باللہ منہ سو حضرت عیسیٰ کی دعا سے اچھے ہوئے اور ایمان لائے
اُسکی برکت سے یہ طریق ہوگیا کہ اپنی مزدوری سے نصف روپیہ خدا کی راہ مین صرف کرتے
اور نصف اپنے اہل و عیال کے صرف مین لاتے اور صلاح و تقویٰ مین ایسے ممتاز تھے کہ مین
اپنا نظیر نہ رکھتے تھے اور قتادہ سے روایت ہی کہ حبیب ایک بڑھئی تھا ہمیشہ عبادت حق
مشغول رہتا جب اُسکو حواریون کی خبر پہونچی تب اُسنے آکر اپنا دین ظاہر کیا اور حواریون سے
کہنے لگا کہ اس بات پر تم کچھ مزدوری چاہتے ہو کہنے لگے کہ ہم کچھ مزدوری نہین چاہتے
تب حبیب نے قوم سے کہا تم لوگ انکی متابعت کرو کہ یہ لوگ کچھ اجرت نہین چاہتے ہین
تب کافرون نے اُسکو گرفتار کر کے بادشاہ پاس پہونچایا اُسنے پوچھا تو انکے تابع ہی حبیب نے
کہا کہ مجکو لائق نہین کہ بندگی نہ کرون اُسکی جسنے مجھے بنایا اور اسکی طرف پھر جاؤگے
بھلا مین پکڑون اُسکے سوا اورون کو پوجنا کہ اگر مجکو چاہے رحمان تکلیف دینا کچھ کام
نہ آوے مجکو اُنکی سفارش اور نہ وہ مجکو چھڑاوین تو مین بھٹکا رہون صریح چنانچہ اللہ صاحب
سورہ یس مین فرماتے ہین ومالی لا اعبد الذی فطرنی والیہ ترجعون ءاتخذ من دونہ آلھۃ
ان یردن الرحمن بضر لا تغن عنی شفاعتھم شیئا ولا ینقذون انی اذا لفی ضلال مبین جب یہ کلام
حبیب نجار نے برملا فرمایا تو اُن لوگون نے مارنے کا قصد کیا تب حبیب نے رسولون سے
خطاب کر کے کہا انی آمنت بربکم فاسمعون یعنی مین ایمان لایا تمہارے رب کا تم سنو اور گواہ ہو
پھر اُن کافرون نے حبیب کو شہید کیا اس حال مین اُسکی زبان پر جاری ہوا اللھم اھد قومی اور
سدی کے نزدیک سنگسار کیا اور حسن سے روایت ہی کہ رسیون سے باندھکر بیرون شہر لٹکایا اور
حسن بصری سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے حبیب کو زندہ آسمان پر اُٹھا لیا اور داخل بہشت فرمایا
اُسی کا اشارہ ہی قیل ادخل الجنۃ مزار مبارک حبیب نجار بازار انطاکیہ مین ہی جب یہ ظلم حبیب نجار پر
ہوا تو اُسکی سزا مین اللہ تعالے نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا اُنھون نے ایک آواز سخت
ایسی کی کہ سب کفار وہان کے مرگئے اور وقت نزع کہتے تھے افسوس ہم ایمان کیون نہ لائے

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ اکاسی برس تک دین عیسوی قائم رہا بعد اسکے پولوس یہودی نے نصاریٰ کو راہ کفر مین ڈال دیا اور طریق راست سے پھیر دیا اور واقعہ یون ہوا کہ پولوس یہودی شدید الکفر جسکو بابا پُردل بھی کہتے ہین بلباس درویشی ایک نصرانی کے گھر مین آکر مقیم ہوا اور ایسا گوشہ نشین بنا کہ مطلق لوگون سے ملاقات ترک کردی آخرکار وہ نصرانی مع توابع و قبائل معتقد ہوا جب اُسنے جانا کہ ایک جماعہ میری معتقد ہو گئی تو ایک روز کہنے لگا کہ عیسیٰ نے مجھے بھیجا ہی تین آدمی صاحب علم و ذہوش میرے پاس آوین تو مین اُنسے پیغام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کہون چنانچہ ایک نسطورا دوسرا مار یعقوب تیسرا ملکا کہ تینون بڑے عالم توریت و انجیل کے تھے حاضر ہوے اُسنے ہر ایک سے علیحدہ ہو کر مختلف پیغام بیان کیے اور خود مردود الآخرۃ اپنے صومعہ مین دروازہ بند کرکے داخل ہوا اور گلا کاٹ کر واصل جہنم ہوا جب صبح ہوئی تو نصاریٰ نے اُن عالمون سے پوچھا کہ پولوس نے تمسے پیغام عیسیٰ جو کچھ بیان کیا ہو ہمسے کہو ہر ایک نے دوسرے کے خلاف بیان کیا نصاریٰ نے کہا ہم ان باتون کو اُسوقت صحیح جانینگے جب بے واسطہ پولوس کی زبان سے سنین اسی واسطے دروازہ صومعہ کھولا اور پولوس کو مردہ پایا اسی جگہ سے نصاریٰ تین فرقے ہو گئے ماریعقوبیہ و ملکانیہ و نسطوریہ اور تفسیر معالم التنزیل مین ہو کہ نصاریٰ کئی فرقے ہو گئے ثلثہ مذکورہ اور چوتھا مرقوشیہ سو ماریعقوبیہ نے کہا عیسیٰ اللہ ہو اور ملکانیہ اُسکے موافق ہوے اور نسطوریہ نے کہا کہ عیسیٰ خدا کا بیٹا ہو اور مرقوشیہ نے کہا عیسیٰ تیسرا ہو تین کا اُسیدم سے دین عیسوی مین اختلاف پڑا چنانچہ رسالہ اعمال کے باب نہم کے سترھوین درس مین اور باب سیزدہم کے نوین درس مین لکھا ہو کہ اس یہودی نے حوارئیون مین داخل ہو کر روح القدس سے مستفیض ہونے کا دعویٰ کیا اور یہی شخص ملت عیسویہ کا مبدء قرار پایا اور اسی نے تثلیث نکالی اور خوک اور گوہ اور پیشاب کو پاک ٹھہرایا فائدہ اس جگہ بنا بر ابطال مسئلہ تثلیث کے کچھ بیان کرنا مناسب ہوا اسواسطے لکھا جاتا ہو کہ تمام عیسائی و یہودی و محمدی اس بات کے قائل ہین کہ خدا و معبود و مبدء کل کائنات وہی ہو جسکا ہونا واجب و ضروری اور سب سے مستغنی و بے نیاز ہی اور جو مبدء کل ہو اُسکی شانین یہ ہین اول وہ ایسی چیز ہو کہ حدود و قیود سے منزہ ہو نہ ایسا کہ جب تک محدود نہو تب تک اُسے نہ کہہ سکے کہ ہی مثلاً انسان کہ جب تک جوہر مقید بجسم اور جسم مقید بحیوان اور حیوان مقید بناطق اور ناطق مقید باوضاع مخصوصہ نہوتے تب تک نہین کہہ سکتے کہ کوئی انسان موجود ہی یا مثلاً جسم کہ جب

پایا جائیگا محدود بحدود و متناہیتہ ہوگا دوسرا دہ ایسا ہو کہ دوسرا اسکے مقابل نہین ہوسکتا تیسرا کوئی موجود اُس سے بے نیاز نہین بلکہ ہر چیز ہر آن مین ہمیشہ اُسکی نیازمند ہو اگر نیازمند نہین ہو اس صورت مین مبدء کل انسان اور جانور اور درخت اور پتھر اور زمین و آسمان اور سمندر اور آفتاب و مہتاب وغیرہ نہین ہوسکتے کیونکہ سب متناہی ہین اور اُسکے نشان ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن چنانچہ حضرت اشعیا کی زبان سے فرماتے ہین کہ مین اول ہون اور مین آخر ہون اور میرے سوا کوئی نہین اور اسی لیے حضرت موسیٰ نے خدا کا حکم کتاب الاستثنا توریت کے پندرہوین ورس سے انیسوین تک فرمایا کہ آپ سے تم خبردار رہو کہ خدا نے آگ مین سے تمھارے ساتھ باتین کی ہین اور تمنے کوئی شکل نہین دیکھی نہو کہ تم خراب ہوجاؤ اور عبادت کے لیے کوئی شکل والی چیز مقرر کرو اور اسی کتاب کے باب سیزدہم مین ہو کہ جو کوئی نبوت کا دعوی کرکے نئی چیز کو معبود کہے اُسے جھوٹھا جانیو بلکہ مار ڈالیو اگرچہ بڑے بڑے معجزات دکھلاوے الغرض حضرت عیسیٰ علیہ السلام جاری اسی تقریر سے اگر درست ہو مبدء کل نہین ہوسکتے اسلیے کہ اپنے مرتبۂ ظہور مین متشخص و محدود ہین اور اگر ایسے نہون تو اُنکے موجود ہونے کی کچھ معنی نہونگے اور اگر یہ دلیل درست نہین تو کس دلیل سے باطل ہوسکتا ہو کہ سبکا خدا واحد نہین ہو علیحدہ ہو بلکہ ہر ولایت کا یا ہر ایک نوع موجودات کا بلکہ ہر ایک شخص کا خدا علیحدہ ہو اور کیا وجہ ہو کہ ہر ایک شے پر احتمال خدا ہونے کا نہو سکے اور کیا سبب ہو کہ مریم کا بیٹا خدا ہو اور کوسلیا کا بیٹا رام چندر اور دیوکی کا بیٹا کنھیا خدا نہو اور کیا وجہ کہ بشن اور مہادیو خدا نہون اور کیا دلیل ہو کہ نفوس کو کبہ اور عقول عشرہ جنکو مجوسی مفوض الاختیار ایجاد و افنا مین جانتے ہین خدا نہو سکین اور بن باپ ہونا اگر موجب الٰہیت ہو تو چاہیے کہ آدم خدا ہون بلکہ اکثر اکابر ہو کہ بہتیرے بن باپ اور بہتیرے بن مان پیدا ہوے ہین خدا ہون اور حضرت عیسیٰ کا بن باپ ہونا تو عقلاً مشتبہ ہو اسلیے کہ حضرت مریم یوسف کے نکاح مین تھین چنانکہ اُس زمانے کے معاصرین یہود جو کچھ کہتے ہین سو عیسائیون پر ظاہر ہو اور مردہ زندہ کرنا حضرت عیسیٰ کا بھی دلیل خدائی نہین ہوسکتا کیونکہ اُسی طرح اُنکے شاگردون نے بھی مردے زندہ کیے ہین اور حضرت الیاس نے مردہ زندہ کیا اور حضرت حزقیل نے ہزارہا مردے زندہ کیے ہین و امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام مین ہزارون ولی اللہ

ایسے گذرے اور موجود ہین جنھون نے مردے زندہ کیے ہین اگر حضرت عیسیٰ اس سبب سے
خدا ہوے تو یہ سب بھی خدا ہو سکتے ہین اور اگر عیسائی لوگ بنظر اور حقیقت کے کہ جان
وتن سے آدھر ہین حضرت عیسیٰ کو خدا جانتے ہین تو اس بات مین بڑا شبہہ پڑتا ہی کیونکہ وہ حقیقت
موہومہ ہر شی کے واسطے کہہ سکتے ہین بلکہ تعیناً ہم کہتے ہین کہ جسم وجان کی بڑی ایک
حقیقت ہی یعنی مابہ الوجود یہ جسکے باعث سے وجود ہر شی کا قائم ہوتا ہی سو یہ حضرت عیسیٰ کی
ذات خاص پہ منحصر نہین ہی ہر چیز کے لیے وہی حضرت حق جل و علی حقیقت واقع ہی اور
مرتبہ وجوب وامکان وقدم وحادث ومجرد وجسمانی ومومن وکافر ونجس وطاہر مین ظاہر ہی
لیکن ہر مظہر کا حکم جدا ہی کما قال قائل ؎ ہر مرتبہ از وجود حکمی دارد + گر فرق مراتب نکنی
زندیقی + اور اسی پر ظاہر شریعت کے احکام جاری ہین اور یہ وجود باوجود ظہور بمظاہر مختلفہ
مرتبہ احدیت صرف مین نقائص سے پاک ہی اور نقصان کثرت اُسپر عائد نہین ہوتا جیسے
شعاع آفتاب باوجودیکہ طہارت ونجاست پر پڑتی ہی خود نجس وطاہر نہین ہوتی اور بعضے عیسائی
متصف بھی اسی کے قائل ہین کہ ساری موجودات خدا کے خیالون کا اظہار اور بیان ہی
جو عالم کی پیدایش مین ظاہر اور مجسم ہوکر مرئی ہوے ہین جیسا ہمارے حضرات صوفیہ
بیان فرماتے ہین قطع نظر اس سے جب اوہی حقیقت کی راہ سے حضرت عیسیٰ خدا ہین
تو اُس مرتبہ مین تعدد تشخص کہان ہی اور جب تعدد تشخص نہوا پھر تثلیث کہان سے آویگی
حالانکہ عیسائی لوگ تثلیث قائم کرکے ہر ثالث کو خدا کہتے ہین چنانچہ اُنکے عقائد مین
موجود ہی کہ باپ غیر مخلوق بیٹا غیر مخلوق روح القدس غیر مخلوق باپ خدا کا بیٹا روح القدس
خدا اور اگر باعتبار تعدد تشخص کے تثلیث نہ ٹھہرے بلکہ تعدد اعتباری تصور کیا جاے
تو حضرت واجب الوجود کی نسبت باعتبار تعدد صفات کے بہت خدا نکلینگے تین پر حصر نہین
قطع نظر اس سے ساری دینی کتابون مین جو عیسائیون کے پاس ہین یہ مضمون موجود ہی
کہ بیٹا باپ سے متولد ہوا اور دونون سے روح القدس ہوا چنانکہ کتاب نماز اور عقائد نامی
کہ سنہ ۱۸۳۰ مین ترجمہ ہوکر چھپی ہی موجود ہی کہ پسر فقط از پدر است و متولد است و روح القدس
از پدر است و از پسر است و منتج است پس ایک سے دوسرے کا نکلنا ثابت ہوا اور تینون کے
مرتبے کی مساوات باطل ٹھہری کیونکہ جو نکلا وہ موخر ہی اور جس سے نکلا وہ مقدم تر ہی رتبۃً
اور ذاتاً پس معلوم ہوا کہ اقانیم ثلثہ مین تعدد ایسا نہین ہی جیسا ذات اور صفات مین ہی

اور جب بیٹے کو صادر اور باپ کو مصدر قرار دیا اور دونون کو مرتبہ مساوی مین جانا تو حقیقت مین اجتماع النقیضین ہی چنانکہ قرآن شریف مین وارد ہی کہ جو تین ٹھہرا کر ہر تیسرے کو خدا کہتے ہین اصل بات کو خاک مین ملاتے ہین قطع نظر ان سب تقریرون سے خود حضرت عیسی کے ارشادات سے جو مؤلفین اناجیل نے نقل کیے ہین صاف ثابت ہوتا ہی کہ وے عبد اللہ اور رسول اللہ تھے نہ کہ اللہ و ابن اللہ ان لفظون سے جسکو عیسائی لوگ کہتے ہین کہ اور کوئی ویسا نہین ہو سکتا چنانکہ چوتھی انجیل کے چودھوین باب کے اٹھائیسوین ورس مین ہی سنہ ۱۸۴۱ء باپ مجھسے بزرگ ہی اور ساری انجیلون مین مکرر حضرت عیسی علیہ السلام کا قول یون منقول ہی کہ میرا باپ آسمان پر ہی اور تمھارا باپ آسمان پر ہی اور سنہ ۱۶۲۵ء کے نسخہ مین ہی الرب الہنا الہ واحد اور سنہ ۱۸۱۱ء والی نے تبدیل کر دیا کہ الرب الملک الہ واحد اور چوتھی انجیل کے بیسوین باب کے ورس سترھوین مین ہی نسخہ سنہ ۱۸۳۹ء اپنے باپ اور تمھارے باپ اور اپنے خدا اور تمھارے خدا کے پاس جاؤنگا اور اسی انجیل کے پانچوین باب کے تیسوین ورس مین ہی نسخہ سنہ ۱۸۴۱ء جو کچھ بات کرتا ہی وہی مین کرتا ہون آپ سے کچھ نہین کر سکتا ہون ان سب قولون سے واضح ہی کہ معجزات میرے افعال نہین ہین بلکہ میری حدود شخصیہ سے باہر ہین جیسا ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی قرآن شریف مین ہمارے حضرت کی شان مین ہی اور یہ بھی نکلا کہ مرتبہ صادر کا مصدر کے مرتبہ سے کم ہی نہ کہ مساوی اور یہ بھی نکلا کہ جو عیسائی لوگ کہتے تھے کہ خدا نے مریم کے پیٹ مین جسم پکڑ کے ظہور کیا باطل محض ہی کیونکہ یہ فرمانا کہ میرا باپ آسمان پر ہی گواہی دیتا ہی اس بات کی کہ مبدء کل کا مرتبہ بلند ہی اور ظہور اور صدور کے مرتبے مین کوئی مبدء کل نہین ہی ازانجملہ دوسری انجیل کے تیرھوین باب کے ورس ۳۲ سنہ ۱۸۴۱ء مین حضرت عیسی علیہ السلام زمانے کے آخر ہونے کے علامات بیان کر کے فرماتے ہین کہ اسدن اور اس گھڑی کی بات سوا باپ کے نہ تو فرشتے جو آسمان پر ہین اور نہ بیٹا کوئی نہین جانتا کہ وقت کب ہی اس سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت عیسی اپنے تعین شخصی کی نظر سے اپنا عجز بیان کرتے ہین اور صفت علم و قدرت تو باطن سے علاقہ رکھتی ہی جسم سے کچھ کام نہین سو یہ بھی نکل آیا کہ قطع نظر جسمیت کے باطن عیسوی کو بھی خدائی کا مرتبہ نہین ہی کیونکہ ہر شخص ناقص ہی گو کہ ایک شخص بہ نسبت دوسرے شخص کے کامل ہوا ور اگر تعین شخصی سے قطع نظر کیا جاسے تو وہان

اثنینیت اور دوئی بھی نہین ہو چہ جاکہ تثلیث اور پہلی انجیل کے تیئیسوین باب کے نوین ورس مین
ہو سنہ ۱۱ زمین مین کسیکو اپنا باپ نہ کہو کہ تمھارا باپ ایک ہی ہو یہان دیکھا جاتا ہو
کہ باپ کے لفظ کے ساتھ فرمایا کہ ایک ہی ہو یعنی حضرت مبدء کل جس مرتبے مین ہو وہان دوئی کی
گنجائش نہین ہو چہ جاکہ تثلیث پس اسیطرح کی باتین انجیلون مین بھری ہوئی ہین اور اگر
کہین اسکے خلاف کوئی بات ایسی نکلی جس سے حضرت عیسی الوہیت یا روح القدس کی الوہیت
نکلتی ہو تو ان منقولون کے خلاف ہو اس صورت مین از روے قواعد عقلیہ کے احد الامرین
چارہ نہین ہو یا موجب اذا تعارضا تساقطا دونون کو ساقط کرکے جدھر عقل رہبری کرے
چلنا چاہیے یا ان مین سے جو عقلاً ضرور ہو اسکو اصل قرار دینا چاہیے اور جو عقلاً ناجائز ہو
اسکی تاویل کرنا لازم ہو اور یہ ظاہر ہو کہ جن منقولون سے عیسائی لوگ حضرت عیسی کا خدا ہونا
نکالتے ہین انسے کبھی خدا ہونا نہین نکلتا ہو مگر بتاویل بعید اور اسی کو اگر ہم تاویل کرین تو صاف
توحید نکلتی ہو چنانچہ انجیل کے آٹھوین باب کے ورس ۵۸ نسخہ سنہ ۱۸۳۹ سے عیسائی نکالتے ہین
کہ عیسی خدا ہو وہ یہ ہو کہ ابراہیم کے ہونے سے مین آگے ہون یہان عیسائی لوگ کہتے ہین
کہ تقدم بالزمان مراد ہو باعتبار باطن حضرت عیسی کے اور تقدم زمانی باعتبار باطن عیسوی کے
نہین ہو سکتا مگر یہ کہ عیسی اللہ ہون اور ہم کہتے ہین کہ حضرت ابراہیم سے تقدم عیسی کا بحسب الوجود
اگر مراد ہو تو صریح غلط اسلیے کہ بنظر ظہور دنیوی کے ابراہیم سے عیسی مؤخر ہین پس ضرور ہوا کہ
بعض وجوہ کا تقدم ہو سو وہ تقدم بالشرف ہو اور تقدم بالشرف سے الوہیت نہین ثابت ہوتی
غایت الامر یہ ثابت ہوا کہ حضرت عیسی نے اپنی تعریف کی اور اسی انجیل کے اسی باب کے
ورس ۲۳ مین ہو اسنے انھین کہا کہ تم نیچے سے ہو مین اوپر سے ہون تم اس دنیا کے ہو
مین اس دنیا کا نہین ہون پس عیسائی یہ تاویل کرتے ہین کہ مین خدا ہون اور تم بندے ہو
تاکہ ایک مرتبے مین نہونا صحیح ہو کیونکہ بنی اسرائیل بھی اسی زمین مین موجود تھے جہان
حضرت عیسی تھے اور ہمارے نزدیک یہ تاویل ہو کہ نیچے اوپر سے بلندی اور پستی مرتبے کی
مراد ہو یعنی مین نبی ہون تم نبی نہین ہو مین دنیادار نہین ہون تم دنیادار ہو اور اگر اسطرح کی
باتین خدا ہونے پر دلالت کرنے لگین تو منصور بھی خدا ہو جاے جو صاف صاف انا الحق
کہتا تھا اور لیس فی جبتی سوی اللہ کا قائل بھی خدا ہو جاے اور ہر ایک موحد صاحب حال
وسکر کہ انکے کلام خلاف عقل مجذوبانہ ہوا کرتے ہین جنسے خدائی نکلتی ہو مثلاً ہم تھے جو صورتہ

موسیٰ کو گرا جاتے تھے علے ہذا القیاس سب کے سب خدا ہون بلکہ حضرت عیسیٰ سے بھی بڑے خدا ہون قطع نظر اس سے یہ استنباط عیسائیون کا مقابلہ نصوص ظاہرہ انجیلیہ اور براہین عقلیہ باہرہ کے کب قابل اعتبار ہو اور یہ جو بعض جگہ انجیلون مین ہو کہ سب چیزین میرے باپ نے میرے حوالے کی ہین اور آسمان اور زمین پر سارا اختیار مجھے دیا گیا ہو اور باپ کسی پر عدالت نہین کرتا بلکہ ساری حکومت بیٹے کو دی سو ان جملون سے حضرت عیسیٰ کی الوہیت نہین نکلتی ہو بلکہ اسکے اثبات مین اجتماع النقیضین کا قائل ہونا پڑتا ہو اور اگر ایسی باتون سے خدائی سمجھی جاے تو خدا ہونا ثابت نہوا بلکہ یہ ثابت ہوا کہ خدا نے انکو خدا بنایا جیسا حضرت عیسیٰ نے حواریون کو خدا بنایا ہو جہان کہین فرماتے ہین کہ وہ بزرگی جو تو نے مجھے دی تھی مین نے انھین دی تاکہ وے جسطرح سے کہ ہم ایک ہین ایک ہون اور مین اُن مین اور تو مجھ مین تاکہ انکا ایک ہونا پورا ہو جاے اب چاہیے کہ حواری لوگ ویسے ہون جیسے حضرت عیسیٰ تھے اور یہ جو پہلی انجیل کے اٹھائیسون باب کے بیسوین ورس مین ہو نسخہ ۱۸۳۹ زمانی کے آخر تک ہمیشہ تمھارے ساتھ ہون یا اُسی انجیل کے اٹھارھوین باب کے بیسوین ورس مین ہو جس جگہ دو یا تین میرے نام پر اکٹھے ہین وہان مین اُنکے بیچ مین ہون یہ دونون باتین تاویل طلب ہین کیونکہ ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ ہونا ابد تک مستلزم ہو کہ دوسری چیز بھی ابدی ہو اور ظاہر ہو کہ حضرت عیسیٰ رحلت کر گئے اور حواری بھی مٹ گئے اسیطرح عیسائی لوگ عبادت کے وقت گرجا گھر مین حضرت عیسیٰ کے نام پہ مجتمع ہوتے ہین اور انمین حضرت عیسیٰ بھی ہوتے ہین پس ضرور ہوا کہ معیت روحانی مراد ہو سو یہ تو ہمارا عقیدہ ہو کہ ارواح سب ابدی ہین اور جس روح کامل کو جس روح کے ساتھ محبت ہو وہ اسکے حال پر متوجہ رہتی ہو اس سے خدائی نہین نکلتی ہو اور جو کچھ عیسائی لوگ انجیلون سے ابن اللہ ہونے کے دلائل نکالتے ہین اور اُنکو مفید الوہیت سمجھتے ہین وہ تو اسطرح کی واہیات ہین جنکا بیان کرنا فضول ہو اور انجیلون اور توریت مین بہتیرے آدمیون کی نسبت ابن اللہ کا لفظ واقع ہو بلکہ متاخرین پادریون نے لکھا ہو کہ ہر نیک آدمی خدا کا بیٹا کہلاتا ہو اور حضرت عیسیٰ تو کہین ابن اللہ لکھتے ہین اور کہین ابن داؤد اور فرزند داؤد فائدہ پولوس حواری جسنے حضرت عیسیٰ کا خدا ہونا عیسائیون کے دل مین ٹھہرایا اور عیسائیون کا اعتقاد کامل اس بات پر قرار پایا تو معاذ اللہ یہ عقیدہ اُن سب کے

جمع کرنے سے پیدا ہوا کہ عیسی خدا ہی اور اپنے بندون کی نجات کے واسطے ملعون ہوکر
تین دن دوزخ مین رہا جیسا عیسائیون کے عقائد کی کتابون سے اور پولوس کے خطوط سے
واضح ہوتا ہی اور یہ عقیدہ عقلاً اور نقلاً کفر ہی کیونکہ جب اُس حقیقت کی راہ سے حضرت عیسی
خدا ٹھہرے تو اس مرتبہ مین تعدد اور تفرقہ عبد و معبود اور رحمت و لعنت اور دوزخ و
بہشت کا کیونکر بیجا یا اور مرتبہ عبادت مین کہ حدوث ذاتی کا مستلزم ہو عدم ذاتی اور ...
کیا معنی اور اس مرتبہ مین نجات والے کا ملعون اور دوزخی ہونا کیسا اور یہ درست ہو تو
نبی اور کافر مین کچھ بھی فرق نہین رہیگا تنبیہ اب بعض بشارتین جو حضرت عیسی علیہ السلام نے
ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی دی ہین انکو بیان کرتا ہون اگرچہ
کچھ بشارتین مجملاً مین نے احوال حضرت ابراہیم و موسی و اشعیا و ارمیا و دانیال و داود
وغیرہم علیہم السلام مین لکھی ہین لیکن اس جگہ واجب ہی کہ کچھ کچھ تفصیلاً بھی بیان کرون
تاکہ ظہور نور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی ایک مقدمہ ہوجاوے اول بشارت
سنا چاہیے کہ پہلی انجیل کے چوتھے باب مین ہی نسخہ ۱۸۵۰ء اُسی وقت سے یسوع نے
وعظ کرنا اور یہ کہنا شروع کیا کہ توبہ کرو آسمان کی بادشاہت نزدیک ہی اور ۱۸۱۶ء مین ہی
من بعد ذالک شرع عیسی یقول توبوا فان ملکوت السموات قد اقترب اور اسی انجیل کے
آٹھوین باب مین ہی مین تمسے کہتا ہون کہ بہتیرے پورب اور پچھم سے آوینگے اور
ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے ساتھ آسمان کی بادشاہت مین بیٹھینگے پر اس
بادشاہت کے لوگ باہر اندھیرے مین ڈالے جاوینگے وہان رونا اور دانت پیسنا
ہوگا اور پہلی انجیل کے تیرھوین باب مین ہی نسخہ ۱۸۵۰ء آسمان کی بادشاہت رائی کے
دانے کے مانند ہی جسے ایک شخص نے لیکے اپنے کھیت مین بویا اور سب بیجون سے چھوٹا ہی
پر جب اُگا ہی سب ترکاریون سے بڑا ہوتا ہی اور ایسا درخت ہوتا ہی کہ ہوا کے پرندے
آکے اُسکی ڈالیون پر بسیرا کرتے ہین اور فرمایا کہ آسمان کی بادشاہت اُس آدمی کے
مانند ہی جسنے اچھے بیجون کو اپنے کھیت مین بویا پر جب لوگ سوئے اُسکا دشمن آیا اور
اُسکے کھیتون مین تلخ دانون کو بوکے چلا گیا اور جب لوگ آئے اور خوشے نکلے تو
تلخ دانے بھی ظاہر ہوے تب اُس گھر والے کے نوکرون نے آکر اُس سے کہا کہ صاحب
تونے تو اپنے کھیت مین اچھے بیج بوئے تھے پھر تلخ دانے کہان سے آگے اُسنے کہا کہ ایک دشمن نے

یہ کام کیا ہی نوکرون نے کہا کہ مرضی ہو تو آنھین اُکھاڑ ڈالین اُسنے کہا نہین یا ایسا نہو
کہ جب تلخ دانون کو اکھیڑو تو اُنکے ساتھ گیہون بھی اکھاڑو فصل تک دونون کو ملے ہوے
بڑھنے دو اور مین فصل کے وقت فصل کاٹنے والون کو کہونگا کہ پہلے تلخ دانون کو
اُکھاڑو اور جلانے کے واسطے گٹھے باندھو پر گیہون میرے کوٹھے مین جمع کرو بعد اسکے
فرمایا جو اچھے بیج بوتا ہی ابن آدم ہی اور کھیت دنیا ہی اور اچھے بیج اُس بادشاہت کے
لڑکے ہین اور تلخ دانے شیطان کے فرزند ہین اور دشمن ابلیس اور دروہ کا وقت
جہان کا انتہا ہی اور فصل کاٹنے والے فرشتے ہین سو اس جہان کی انتہا مین ابن آدم
اپنے فرشتون کو بھیجیگا سو وے برائی کرنے والون کو اکٹھے کرینگے اور جلتے تنور مین
ڈال دینگے تب راستباز آفتاب کے مانند نورانی ہونگے اور اُسی انجیل کے اکیسوین
باب مین ہی ایک صاحب خانہ تھا اُسنے انگور کا باغ لگایا اور اُسکے چارون طرف
گھیرا اور اُسکے بیچ کھود کے کولھو گاڑا اور برج بنایا اور اُسے مالیون کو سونپ کر آپ
سفر کو گیا اور موسم پر اپنے خادم مالیون کے پاس بھیجے تا میوہ بورین مالیون نے
اُن نوکرون کو پکڑ کر مارا اور ایک کو سنگسار کیا اور ایک کو قتل کیا اُسنے پھر اور نوکرون کو
جو اگلون سے زیادہ تھے بھیجا اور اُنھون نے اُنسے وہی سلوک کیا آخر کو اُسنے اپنے بیٹے کو
بھیجا کہ اُس سے دبینگے پر مالیون نے جب بیٹے کو دیکھا تو آپس مین کہا کہ یہی وارث ہی آؤ اُسے
مار ڈالین اور اسکی میراث پر قبضہ کرین اور اُنھون نے اُسے پکڑا اور انگور کے باغ سے
باہر نکال کر مار ڈالا جب انگور کے باغ کا صاحب آوے تو اُن مالیون کو کیا کریگا وے بولے
کہ اُن برون کو بری طرح سے ہلاک کریگا اور باغ اُن باغبانون کو دیگا جو موسم مین اُسے
میوہ پہونچاوین لوگون نے کہا ایسا نہوگا تب یسوع نے انھین کہا کیا تمنے کتابون مین
نہین پڑھا کہ جس پتھر کو راجون نے ناپسند کیا وہی کونے کا سرا ہوا یہ خداوند کا کام ہی اور
ہماری نظرون مین عجب ہی اسلیے مین تمسے کہتا ہون کہ خدا کی بادشاہت تمسے چھنی جائیگی
اور ایک قوم کو جو اسکے میوون کو لاوے دیجائیگی اور جو کوئی اس پتھر پر گریگا
کچل جائیگا اور جسپر وہ گریگا اُسے پیس ڈالیگا انتہی ان قولون مین خوب طرح سے لحاظ
کیا چاہیے کہ کس دھوم دھام سے حضرت عیسی علیہ السلام ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی خبر دیتے ہین اور آسمانی بادشاہت اور ملکوت کو کیسا تمثیلون مین ظاہر فرماتے ہین

کہ اُس سے صاف نکلتا ہی کہ آسمانی بادشاہت سے راہ نجات مراد ہی کہ آخر زمانہ مین ہو گی اور وہ راہ نجات مراد نہین ہی جسکو حضرت عیسیٰ تیار کی کرائی پہلی بار لائے تھے کیونکہ حضرت عیسیٰ پہلی بار جو آئے اور شریعت لائے تو صرف بنی اسرائیل کے لیے لائے اور ملکوت السموات بالاتفاق ساری جہان کے لیے ہی اور رسالۂ اعمال کے پہلے باب سے ظاہر ہی کہ ملکوت السموات اُس زمانے تک بھی نہین آئے تھے جس زمانے تک حواریون مین روح القدس نے بعد واقعہ صلیب کے حلول کیا چنانکہ اُس رسالہ کے پہلے باب مین حضرت عیسیٰ کا ظاہر ہونا اپنے خاص حواریون پر بعد واقعہ صلیب کے لکھکر لکھتا ہی سنہ ۱۸۳۹ ورس ۱۱۶ اُنھون نے اکٹھا ہو کے اُس سے سوال کیا کہ ای خداوند کیا تو اسی وقت بادشاہت بنی اسرائیل پر مقرر کرتا ہی اُسنے اُنھین کہا جن وقتون اور موسمون کو باپ نے اپنے ہی اختیار مین رکھا ہی اُنھین جاننا تمھارا کام نہین لیکن جب روح القدس تمپر آویگا تم قوت پاؤگے اور جسکو اب عیسائی لوگ عیسائیت کہتے ہین وہ راہ ملکوت السموات نہین ہی کیونکہ حضرت عیسیٰ فرما چکے ہین کہ پورب و پچھم کے بہتیرے ابراہیم و اسحاق و یعقوب کے ساتھ آسمان کی بادشاہت مین بیٹھینگے اور اس بادشاہت کے لوگ باہر اندھیرے مین ڈالے جائینگے اور انجیل اول کے ساتوین باب نسخہ ۱۸۳۹ مین ہی نہ ہر ایک کہ مجھے خداوند خداوند کہتا ہی آسمان کی بادشاہت مین داخل ہوگا مگر وہی جو میرے باپ کی مرضی پر جو آسمان پر ہی عمل کرتا ہی یعنی صرف میرا ماننا اور مجھپر ایمان لانا نجات کے لیے کفایت نہین کرتا جو میرے بعد آویگا اُسکا ماننا اور اسپر بھی ایمان لانا شرط ہی اسلیے کہ خدا کی مرضی یہی ہی اور اگر مجھے خداوند جانا اور میری بات نہ مانی تو صرف مجھے خداوند جاننا کام نہین آویگا جب یہ بات قرار پاچکی تو اب ہمارا یہ دعوی ہی کہ اُس ملکوت السموات اور آسمانی بادشاہت سے مراد نہین ہی مگر بادشاہت محمد رسول اللہ والذین معہ کی جنکے حق مین اللہ صاحب فرماتے ہین مثلہم فی التوراۃ ومثلہم فی الانجیل کزرع اخرج شطاہ فآزرہ فاستغلظ فاستوی علی سوقہ یعجب الزراع لیغیظ بہم الکفار یعنی یہ کہاوت ہی اُنکی توریت مین اور کہاوت اُنکی انجیل مین جیسے کھیتی نے نکالا اپنا پٹھا پھر اُسکی کمر مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کھڑا ہوا اپنی نال پر خوش لگتا کھیتی والون کو تا جلاوے اُنسے جی کافرون کا اب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قولون کی شرح مفصل سنا چاہیے کہ یہ جو حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ اپنے فرشتون کو بھیجیگا سو

برائی کرنے والون کو اکٹھا کرینگے اور جلتے تنور مین ڈال دینگے تب سب راستباز آفتاب کے مانند نورانی ہونگے سو فرشتے وہ ہین جنھون نے بدی کے دانے تلخ دانون کو جو کئی ہزار کافر تھے اکٹھا یا کر تیغ و مقید کیا اور جلتے تنور جہنم مین پھینک دیا اور بعد اس مواسلے کے امت رسول عربی کہ بزبان انجیل روح الصدق اور راستباز کہلائی گئی مثل آفتاب روشن ہوئی گویا وہ تلخ دانے آڑ تھے انکے نکلتے ہوئے آفتاب نے جہان کو روشن کیا اور در حقیقت ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی حال ہوا کہ جب مکے کے لوگ مطیع ہوئے تو انکی سعی سے لاکھون پردیسی ایمان لائے اور یہ جو حضرت نے کہا آسمان کی بادشاہت رائی کے دانے سے مشابہ ہے تو مطلب اسکا یہ ہو کہ عرب سب سے حقیر تر تھے کہ لوگ انھین اہل بادیہ اور گنوار اور لونڈی بچے کہتے تھے اور جسمانی لذتون اور ظاہری آرائشون سے انکو بہرہ کم تھا اور علم اور دین مین بھی ہیٹے تھے جیسے رائی کے دانے سو انہین سے جو ایک سرسبز ہوا اور رسالت کے درجے کو پہونچا سب پیغمبرون سے افضل اور اعظم ہوا اور دور کے آدمی اور پہاڑی اور جنگلی رہنے والے اسکے عہد مین درخت شرع کے سایہ مین آئے اور تیسری تمثیل ارشادی حضرت عیسے علیہ السلام کی تو ایسی کھلی ہوئی خبر ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے کہ اس مین حاجت تفصیل ظاہر نہین معلوم ہوتی پر واسطے فہم عوام کے لکھتا ہون کہ مالک باغ انگور کا باری تعالیٰ ہے اور تاکستان دنیا یا صرف خاندان اسرائیل اور احاطہ کرنا حدود شرعی کا مقرر کرنا ہے جیسا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے ہوا اور کولھو اور برج بنانا لذائذ ایمانیہ اور سربلندی دینی اسمین رکھنا مراد ہے اور مالیون سے شریعت کے رکھوالے علما لوگ مراد ہین اور صاحب باغ کا چلا جانا وحی الٰہی کا چھپ جانا مراد ہے اور میوے وقت پر پہونچانا احکام الٰہی کو انکے وقت پر بجا لانا ہے جس طرح ان الصلوٰۃ کانت علی المومنین کتابا موقوتا اور نوکرون سے مراد پیغمبر بنی اسرائیل ہین جو بعد حضرت موسیٰ کے تشریف لائے اور سرکش مالی بنی اسرائیل ہین جنھون نے پیغمبرون کو قتل کیا اور بیٹے سے مراد وہ شخص ہے جو بن باپ صرف کلمۃ اللہ سے پیدا ہوا یعنی عیسیٰ ابن مریم کہ انکو معاذ اللہ حدود شرعیہ سے خارج اور کافر ٹھہرا کر اپنی دانست مین مار ڈالا اور دوسرے مالی جنکو باغ سپرد ہوگا وہ ہمارے حضرت کے تابعین ہین اور پتھر ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ لوگون نے آپکے جد اسمعیل کو اور اسمعیل کی اولاد کو نامقبول جانکر میراث پدری سے بھی محروم کیا تھا سو وہ پتھر کونے کا سرا ہوا یعنی مقصود اعظم اور آخری زمانہ کا پیغمبر ہوا اور جو کونا عمارت کا بلندی کی طرف

خالی ہی اُس سے بھر جائیگا یہ وہی بات ہی جو پیغمبر خدا سے بخاری اور مسلم وغیرہ نے باسناد متعددہ استخراج
کیا ہی کہ آپ نے فرمایا کہ مین عمارت نبوت کا تکملہ ہون اور مین وہ اینٹ ہون جس سے عمارت نبوت کا
خالی کونا بھر گیا سو حضرت عیسےٰ فرماتے ہین کہ تم اس بات کا یقین نہ لاؤگے اور کہوگے یہ کیسی بات
ہوئی کہ خاندان اسرائیلیہ سے سلسلہ نبوت کا منقطع ہوگیا لہذا مین کہتا ہون کہ یہ بات خدا کی
طرف سے اور اسکی تقدیر اور صنعت سے ہی اور یہ وعدہ انکا جد ابراہیم سے کیا تھا کہ اسمٰعیل کو
مین برکت دونگا اور بارور کرونگا اور اسکے لیے امت عظیم بناؤنگا پورا ہوتا ہی اور اگر مجھکو
جھٹلاتے ہو تو کتابون مین دیکھ لو کہ حضرت اشعیا کیونکر صاف صاف فرما چکے ہین کہ جس پتھر کو
معمارون نے نامقبول جانا وہی کونے کا سرا ہوا سو اے بنی اسرائیل تم آپکو بڑی شان والا
سمجھتے تھے اور اسمٰعیلیون کو حقیر و ناچیز جانتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ نبوت ہمارے گھر مین رہیگی
اب خدا کی بادشاہت اور دولت نبوت بنی اسمٰعیل کو ملیگی اور تمسے چھینی جائیگی کیونکہ تمنے
پیغمبرون کو قتل کیا اور جھٹلایا اور بھی انکو خدا کا حکم دیا جائیگا کہ جو کوئی بے تمیز بے ادب اگر کرے
اور لڑائی کا ارادہ کرے اسے کچل دو اور جسکو نافرمان دیکھو اسیر جا کرو اور میس ڈالو کما قال
فاقتلوهم حیث وجدتموهم اور اسی ملک السموات اور بادشاہت آسمانی کے اجرا کی حضرت عیسیٰ کو
تمنا تھی کہ نماز مین دعا کرتے تھے چنانچہ پہلی انجیل کے چھٹے باب مین حضرت عیسےٰ نے اپنے
شاگردون کو نماز تعلیم کی اور فرمایا نسخہ ۹ تا ۱۳ تم اس طرح دعا مانگو اے ہمارے باپ جو آسمان
پر ہی تیرا نام مقدس اور مکرم ہی تیری بادشاہت ہووے اور سب تیری مرضی کے مطابق جیسا آسمان پر
ہوتا ہی زمین پر ہو سو یہ تمنا حضرت عیسےٰ کی خدا نے قبول کی کہ آخر زمانے مین حضرت عیسیٰ کے ہاتھون سے
ملکوت السموات کا رواج تکمیل کو پہونچیگا اور یہ جو عیسائی کہتے ہین کہ وہ پتھر عیسےٰ تھے سو غلط ہی
اول تو یہ تمثیل کسیطرح اُنسے میل نہین کھاتی دوسرے یہ کہ اگر عیسےٰ وہ پتھر ہوئے ہین تو ابن اللہ
اور کوئی ہو پھر جائیگا خدا ہو جاوینگے ایک اللہ ایک عیسیٰ ایک روح القدس ایک یہ ابن اللہ دوسری
بشارت اور خوشخبری جسکا ذکر قرآن شریف مین یون ہی اذ قال عیسی ابن مریم یا بنی اسرائیل انی رسول اللہ
الیکم مصدقا لما بین یدی من التوراۃ ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد یعنی کہا عیسیٰ بیٹے مریم نے
کہ اے بنی اسرائیل مین بے شک خدا کا بھیجا ہوا تمہاری طرف تصدیق کرنے والا ہون اسکو
جو توریت مین ہی اور خوشخبری دینے والا ہون ایک پیغمبر کی جو میرے بعد آویگا اور اسکا نام
احمد ہی اس آیت کا مصداق چوتھی انجیل ۱۶ باب مین اس طرح ہی لکھی اقول لکم انہ خیر لکم ان انطلق

لانی ان لم انطلق لم یاتکم الفارقلیط فان انطلقت ارسلناه الیکم فاذا جاء ذٰلک یوبخ العالم علی خطیته وعلی بر وعلی حکم الخ مگر عیسائیون کے ہاتھ جس طرح انجیل کے اور مقامون مین اور توریت مین بھی خرابیان واقع ہوئی ہین اسی طرح اس جگہ بھی کئی خرابیان پڑی ہین ایک یہ کہ عیسیٰ کا کلام عبری باقی نہ رہا صرف ترجمہ یونانی کہ اصل قرار پایا ہو رہ گیا سو اس جہت سے یہان بھی احمد کا ترجمہ یونانی مین بلفظ فارقلیط کر ڈالا اور نامون کا ترجمہ کر ڈالیا بیبل والون کا دستور ہو مگر معلوم ہوتا ہو کہ بہ نیت فاسد تبدیل نہین کی ہو بلکہ عادتًا اسواسطے کہ یہ لفظ کئی معنون مین مشترک ہو یعنی تسلی دہندہ اور شفاعت کنندہ اور وکالت کرنے والا اور بڑا سراہنے والا اور بڑا سراہا گیا دوسری خرابی یہ کہ جب انجیل کا اور زبان مین ترجمہ کیا تو فارقلیط کو بھی ترجمہ کر ڈالا کہ بعضون مین تسلی دہندہ اور کسی مین شافع اور کہین وکیل اور کہین امیدگاہ عوام اور بعضے نسخون مین رسول مگر سراہنے والا اور سراہا گیا نہین لکھتے ہین کیونکہ یہ ترجمہ اسمًا و رسمًا آنحضرت پر صادق آتا ہو تیسرے یہ کہ فارقلیط کی جگہ بطور تفسیر روح القدس کا لفظ لاحق کر دیتے ہین اور یہ طریقہ الحاق اگرچہ خالی از حسد نہین ہو لیکن ہرگاہ کہ بلا سبب ظاہری بھی یہ لوگ الحاق کرتے آتے ہین کچھ شکایت نہین چنانکہ انجیل چہارم کے باب اول ورس ۱۱ ۱۸ نسخہ ۱۸۱۱ مین ہو قد وجدنا مسیا الذی تاویلہ المسیح و نسخہ ۱۸۱۶ ما مسیح را کہ ترجمہ آن کرسطوس میباشد یافتیم و نسخہ ۱۸۲۹ سنہ مسیح کو جسکا ترجمہ کرسطوس ہو پایا و نسخہ ۱۸۳۹ مین فرشتہ یعنی مسیح کو پایا اور از روے لغت یونانی کے بالاتفاق ثابت ہو کہ کرسطوس معبود حقیقی یعنی اللہ کو کہتے ہین اور مسیح کا ترجمہ کسی زبان مین اللہ نہین ہو اور نہ کرسطوس معنی مسیح ہو پس محض موافق اپنے عقیدے کے یہ ترجمہ بطور تفسیر کے بالکل جھوٹھ پیچھے سے بڑھا دیا ہو اسی طرح حضرت ارمیا کا نام بدل دیا ہو اور یسوع کی تفسیر نجات دینے والی سے کر دی علیٰ ہذا القیاس بہت نام اور بہت لفظین توریت اور انجیل مین تفسیرًا بفائدہ زیادہ کر دی ہین تاکہ حسد چھپا رہے اور عداوت پر پردہ رہے یہان سے صاف ثابت ہوگیا کہ انجیلون مین علاوہ از ترجمہ تفسیرًا بھی لفظین ملاتے رہے ہین اور وہ تفسیر غلط بھی ہوتی رہی ہو اس پر قیاس کرنا چاہیے کہ احمد کا یونانی زبان مین ترجمہ فارقلیط کیا اور پیچھے سے اسکی تفسیر غلط یعنی روح القدس کر کے بڑھا دی حالانکہ جو جو صفتین اور نشان حضرت عیسیٰ علیہ السلام فارقلیط کے دیتے ہین اور انجیلون مین اسوقت تک موجود ہین آیندہ دیکھا چاہیے رہتین یا نہ رہین ہرگز روح القدس پر نہین جمتے کیونکہ

عیسائیون

عیسائیون کے اصول پر روح القدس قدیم اور غیر مخلوق اور غیر محاط القیاس اور تام مطلق ہو اسکے لیے حالت منتظرہ واسطے حصول کمال کے آئندہ مین کیونکر تجویز کیجا سکتی ہو اور اگر کوئی شبہہ کرے کہ حضرت خاتم النبیین تو کافہ عالم کے لیے مبعوث ہوے اور حضرت عیسے کے قول سے جو انجیلون مین بالفعل مذکور ہو کہ وہ فارقلیط میرا منصب پاویگا اس سے بڑا فرق پڑتا ہو کیونکہ حضرت عیسے صرف بنی اسرائیل کے لیے مبعوث ہوے تھے یا کوئی یہ شبہہ کرے کہ حضرت خاتم النبیین سے انجیل کے بعضے ظاہری حکمون کی میعاد تمام ہوگئی یعنی وہ احکام منسوخ ہوگئے ہین اور یہان حضرت عیسے فرماتے ہین کہ جو میرا منصب ہو سو وہ پاویگا تو چاہیے کہ ایک حکم ظاہری بھی شریعت عیسویہ کا منسوخ نہو یا کوئی شبہہ کرے کہ حضرت عیسے بنی اسرائیل مین سے تھے اور بن باپ پیدا ہوے اور حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ایسے تھے سو ان سب شبہون کو حضرت عیسے نے ایک ہی جملے مین رفع کر دیا ہو یعنی فرمایا ہو کہ یہ جو مین نے کہا کہ انچہ از آن من ست خواہد یافت سو اسواسطے کہا کہ انچہ نزد پدر من ست از آن من ست یعنی جو خدا کے پاس ہو سو میرا ہو اس صورت مین فارقلیط کو جو کچھ خدا سے ملیگا سو میرا ہی ہو چنانچہ مشہور ہو من کان للہ کان اللہ لہ یعنی جو اللہ کا ہو رہتا ہو اللہ اسکا ہو جاتا ہو اور باقی احوال اس قول کا احوال حضرت ابراہیم علیہ السلام مین لکھا گیا ہو اور تفصیل اس مقام کی اگر درکار ہو تو صولۃ الضیغم و استفسار بلاحظہ کرنا بہتر ہو الغرض اسی طرح اشارات و بشارات ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بقید نام حضرت موسی و عیسی وغیرہ انبیا علیہم السلام نے کیے اور دیے ہین لیکن یہودیون اور نصرانیون نے نکال ڈالے اور کسی انجیل مین اب کچھ اشارت پاتے ہین اسکو بھی نکالتے رہتے ہین اور جس مقام سے نکالنا دشوار جانتے ہین وہان اس کتاب کو جعلی بتلاتے ہین چنانچہ برنباہ کی انجیل مین اب تک بتصریح نام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت حضرت عیسی کی مرقوم ہو اور اسی سبب سے اسکو جعلی قرار دیتے ہین اور کوئی سند جعلیت اور تعین زمانہ جعل انکے پاس نہین ہو اور فقیر کاتب الحروف نے ایک معتمد انگریزی دان سے سنا ہو کہ حضرت عیسی نے اپنے مصلوب ہونے کی گفتگو مین تقریباً فرمایا ہو کہ اے برنباہ یقین جان کہ اگرچہ کسی طرح کا گناہ چھوٹا ہو مگر خداے تعالے اسکی سزا دیتا ہو میری والدہ اور میرے حواریون نے بغرض دنیا مجھسے محبت کی خدا اس سے ناخوش ہوا اور شیوہ عدالت سے یہ چاہا کہ انکے اس عقیدے کی سزا دنیا مین انکو دے تاکہ عذاب دوزخ سے بچین اور مین گو کہ دنیا مین

بے قصور تھا مگر اسواسطے کہ بعض لوگون نے مجھے خدا و ابن اللہ کہا خدا کو یہ بات خوش نہ آئی اور اسنے یہ چاہا کہ روز حشر شیاطین مجھپر نہ ہنسین اور مضحکہ نہ کرین لہذا اپنی عنایت سے بہتر جانا کہ اس عالم مین یہودا کی موت سے میری تضحیک ہوجاے اور ہر شخص میری نسبت یہ گمان کرے کہ سولی دیا گیا مگر یہ سب تضحیک محمد رسول اللہ کے آنے تک رہیگی جب کہ وہ دنیا مین آویگا تو ہر ایک ایمان دار کو اس غلطی سے آگاہ کریگا اور انکے دلون سے وہم کا اٹھا دیگا انتہیٰ اور اس بات کی تحقیق مین نے مسٹر چارلس نرکس تھامس صاحب جج مین پوری سے کی آسنے انجیل مذکور لیکر کہا درست ہی لیکن یہ انجیل جعلی ہو تب مین نے کہا کہ یہ تو پرانی کتاب ہی ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے بعثت سے سیکڑون برس پیشتر لکھی گئی ہو بھلا اس مین جعل کیونکر ہوا کسنے اگاہ سرور عالم صلعم کی بعثت کے بعد کسی محمدی نے یہ فقرات بڑھا دیے مین نے کہا آپ حاکم عدالت ہین ایسا سخن بلا سند کہنا خلاف دیانت کے خلاف ہی اگر شخص محرف کا نام اور زمانہ تحریف کا بیان کیجیے تو البتہ ہمکو خاموشی ہوسکتی ہی یا کوئی نسخہ حضرت صلعم کے پیشتر کا لکھا ہوا دکھلائیے کہ جسمین یہ فقرہ نہو تو ہم اس صورت مین مانینگے جب کہ پرانا ہونا اسکا باسناد متصل ثابت ہو صرف پرانا ہونا کاغذ کا دلیل نہین ہوسکتا اسکا جواب صاف نہ دیا یہ کہا کیونکر دلیل نہ ہوگا مین نے کہا کہ جب دنیا کے کام مین حکام عدالت پرانی دستاویز کو صرف پرانے کاغذ ہونے سے اور اگلے زمانے کی تاریخ لکھی ہونے سے اس زمانے کی نہین سمجھتے تو دینی نزاع مین کب ایسی دستاویز قابل اعتبار ہو خصوصاً جب کہ وہ زمانہ ایسا تھا کہ اسمین تقدیم اور تاخیر مین خائن و دغا باز تھے کہ یہ امر گواہی حضرت ارمیا و اشعیا و عیسیٰ علیہ السلام سے اور بیان پطرس و پولوس سے ثابت ہی لیکن میرے اس کلام کو شنیدہ ناشنیدہ کرکے مثل سے پیش کرنے کا اشارہ کیا فائدہ از روے تحریر جناب قدوۃ المحدثین و عمدۃ المحققین مولانا و اولانا محمد رفیع الدین دہلوی قدس سرہ العزیز کے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سال پانچہزار چھ سو سترہ ہبوطی مین آسمان پر مرفوع ہوے یعنی ہبوط آدم علیہ السلام سے اسقدر زمانہ گذرا تھا اور ذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سورۂ بقر و سورۂ نسار و مائدہ و مومنون و مریم و ہود مین ہی

## قصۂ اصحاب کہف

روایت صحیح یہ ہی کہ اصحاب کہف چند جوان اشراف روم سے تھے مگر بڑے دیندار و عابد و مرتاض خداشناس کہ ہمیشہ عبادت خدا و طاعت کبریا مین مصروف رہا کرتے تھے اور دین عیسیٰ علیہ السلام کی پیروی کیا کرتے جب ہبوط آدم علیہ السلام سے پانچ ہزار سات سو چھبین برس گذرے اور اہل انجیل

بت پرست و مشرک ہو گئے تو سلاطین مشرکین نے یہ وتیرہ اختیار کیا کہ عوام و خواص کو پکڑ کر بت پرستی کراتے ناچار اہل دین اپنے گھر بار چھوڑ کر بھاگنے لگے اور شہرہا سے آبائی چھوڑ کر اور شہرون کو چلے اسی عرصہ مین ایک بادشاہ ناپاک سفاک ظالم و بیباک دقیانوس نام بت پرستی مین شہرۂ آفاق اور ناخدا ترسی مین طاق ظاہر ہوا اور اُسنے یہ طریقہ جاری کیا کہ سب لوگون کو دعوت شرکت و بت پرستی کرتا چلا اور اسی حرکت کو بر ملا دینداری کہنے لگا یہان تک کہ جو کوئی اسکی بتون کو مانتا اُسے چھوڑ دیتا اور جو نہ مانتا اُسکو تکلیف دیتا خواہ بجبر پرستش کرواتا سو وہ نابکار دیہہ بدیہہ گشت کرتا ہوا اور لوگون سے اپنا عہد و پیمان مضبوط کرتا ہوا شہر افسوس مین جسکو اسلام کے لوگ طرسوس کہتے ہین اور جانب شمال ملک روم واقع ہی پہونچا سو اس شہر مین چند جوان باایمان رہتے تھے وہ خبردار ہوے اور تضرع و زاری جناب باری مین شروع کی اور تسبیح و تہلیل و استغفار و صوم و صلوۃ مین مشغول ہوے کسی بدکیش چغل خور نے مخبری کی بادشاہ نے انکو طلب کیا اور پوچھا کس کی عبادت مین مصروف رہتے ہو وہ غریب بیکس بولے ہم اپنے خدا کی عبادت کرتے ہین اور دین حق عیسوی پر قائم ہین بادشاہ نے کہا بت پرستی اختیار کرو وہ منکر ہوے کما قال اللہ تعالی فی سورۃ الکہف وزدناہم ہدی و ربطنا علی قلوبہم اذ قاموا فقالوا ربنا رب السموات والارض لن ندعوا من دونہ الہا یعنی زیادہ دی ہمنے انکو ہدایت اور گرہ دی اُنکے دلون پر جب کھڑے ہوے بادشاہ کے پاس اور بولے ہمارا رب ہی رب آسمان و زمین کا نہ پکارینگے ہم اسکے سواے کسیکو ٹھاکر تب بادشاہ نے اُنکے لباس و زیورات چھین لیے اور کہا تم خورد سال ہو عقل کامل تمکو نہین ہے تین دن مین سمجھکر جواب دینا اور مین دوسری طرف جاتا ہون وہان سے معاودت اس شہر کی منظور ہے اگر خوشی سے میرا کہنا نہ کروگے تو بجبر و کرہ کرنا پڑیگا لہذا تمکو ارشاد ہوتا ہے کہ اس فرصت کو غنیمت سمجھو اور خوب غور کرو کہ خلاف حکمی مین سراسر نقصان ہے چنانچہ اُن بیچارون نے دفع ہونا اس ناپاک کا غنیمت سمجھا اور اپنے اپنے گھر گئے اور باہم شورے کیا اور بمقتضاے الفرار مما لا یطاق من سنن المرسلین کچھ زاد راہ اپنے اپنے گھرون سے لیا اور پہاڑ کی جانب روانہ ہوے راہ مین ایک چرواہا ملا مرطوس خواہ دینوس نام وہ بھی ایمان لاکر ساتھ ہوا اور اسے آنکے ایک کتا پالو انکا بھی باوصف دفع کرنے کمر کے ہمراہ چلا اور بحکم الٰہی ناطق ہوا کہ مین خدا کے محبون کا محب ہون تم سب پہاڑ مین چلکر آرام کرو مین چوکیداری کرونگا ناچار آگے بڑھے اور غار جبل مین پہونچے چرواہے نے کہا مین نے ایک غار دیکھا ہے وہان چلکر چھپو سو اس جگہ سے حسب ہدایت اُسکی غار مین گئے کتا بھی لگا ہوا ساتھ ہی پہونچا حضرت

ابن عباس فرماتے ہین کہ یہ کتا اس چرواہے کا تھا اور پہاڑ شہر سے قریب تھا نام اسکا بنا جلوس
یا بنجلوس اور نام غار کا حرم تھا الغرض اس حرم محترم مین با عزت مخفی ہوسے اور عبادت کرنے لگے فائدہ
اسماے اصحاب کہف مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین یملیخا مکسلمینا مرطونس تبیونس سا یشوس ذونواس
کشفیطیطوس یہ قول ابن عباس کا ہی اور بعض کے نزدیک یملیخا مکسلمینا مرنوس مربوس شادیوس اسم
مرطوس واسم کلب قطمیر یہ قول حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کا ہی اور بعضے کہتے ہین یملیخا مکسلمینا استطط
کشا فطیونس نریونس یوانس بوس اسم کلب قطمیر اسی طرح بہت اختلاف ہی کہ قاموس مین مذکور ہی
ایک روز سید و عاقب مع چند نصاری اہل نجران حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر تھے
کہ اصحاب کہف کا ذکر چلا سید یعقوبی بولا اصحاب الکہف کانوا ثلثۃ رابعہم کلبہم یعنی اصحاب کہف تین
شخص تھے چوتھا انکا کتا تھا وہذا قول الیہود اور عاقب نسطوری نے کہا کانوا خمسۃ سادسہم کلبہم یعنی
اصحاب کہف پانچ ہین چھٹا انکا کتا ہی وہذا قول النصاری اور اہل اسلام ابقاہم اللہ تعالی الی یوم التناد
وحفظہم اللہ من الشر الفساد بولے کانوا سبعۃ وثامنہم کلبہم یعنی اصحاب کہف سات آدمی ہین اور
آٹھوان شمار مین انکا کتا ہی یہ کہنا اہل اسلام کا باخبار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھا پس اللہ جل
شانہ نے سورۂ کہف مین نصرانیون کا قول اور یہودیون کا رد کیا کما قال سیقولون ثلثۃ رابعہم
کلبہم ویقولون خمسۃ سادسہم کلبہم رجما بالغیب یعنی اب یہ بھی کہینگے وہ تین ہین چوتھا انکا کتا اور یہ بھی
کہینگے وہ پانچ ہین چھٹا انکا کتا بن دیکھے نشانا پتھر چلانا اور قول مسلمانون کا درست فرمایا کہ ویقولون
سبعۃ وثامنہم کلبہم یعنی یہ بھی کہینگے سات ہین اور آٹھوان انکا کتا اور صحت اس قول کی اسطرح نکلی
کہ اول اللہ تعالے نے کافرون کے قول کو بن دیکھا نشانا فرمایا اور اس مقولہ کو اسمین سے علیحدہ کیا
دوسرے ثامنہم پر حرف واو ارشاد کیا واسطے تحقیق حکم کے گویا کہ بیان اختلاف کلام معجز نظام
تمام کیا اور یہ ارشاد فرمایا ویقولون سبعۃ بعد اسکے تحقیق اسکی یون فرمائی وثامنہم کلبہم
وثامن نہین ہوتا ہی مگر بعد سبع کے اور یہ جو ارشاد ہوا قل ربی اعلم بعدتہم ما یعلمہم الا قلیل
یعنی تو کہہ میرا رب بہتر جانتا ہی انکی گنتی انکی خبر نہین کہتے مگر تھوڑے لوگ سو حضرت ابن عباس
فرماتے تھے کہ انا من القلیل کانوا سبعۃ بالجملہ جب اصحاب کہف غار مین پوشیدہ ہوسے تو
کئی دن بعد دقیانوس شہر مین داخل ہوا اور اہل ایمان مین ایک شور پڑا یملیخا کہ ہر روز
بھیس بدلکر شہر سے کھانا لاتے تھے اسدن جب گئے تو خبر آمد آمد اس کافر کی ملی وہ بیچارہ
خوف کے مارے کچھ کھانا لیا کچھ نہ لیا بھاگے اور اپنے یارون سے کہنے لگے کہ دقیانوس آگیا

سب کے سب خوف سے رونے لگے اور اللہ پر توکل کرکے عبادت میں مشغول ہوئے اور دعا مانگی
ربنا آتنا من لدنک رحمۃ وہیئی لنا من امرنا رشدا یعنی اے رب دے ہمکو اپنے پاس سے مہر
اور بنا ہمارے کام کا بناؤ یعنی روزی دے اور دشمنون سے بچا اور ہمارا کام کہ مشتمل بر مخالفت
کفار ہے بخوبی آراستہ کر سے اللہ تعالے نے انکی دعا قبول کی بعد اسکے انکو نیند آئی سو گئے اور
اور بادشاہ نے انکی تلاش شروع کی شہر والون نے کہا وہ تو بھاگ گئے بادشاہ نے اُنکے
ماں باپ کو بلوا کر تنگ کیا اُنھون نے عرض کیا کہ اے بادشاہ وہ لوگ ہمارا مال بھی لیکر اس پہاڑ کی
کھوہ مین پوشیدہ ہو رہے ہین سو بادشاہ خبر پاکر پہاڑ کی طرف گیا اور کھوہ مین جاکر دیکھا تو وہ
سوتے تھے اسنے جانا جاگتے ہین کہنے لگا کہ اس کھوہ کا دروازہ پتھرون سے بند کردو کہ مرجاوین
اور یہی غار انکی قبر ہو جاوے یہ اسواسطے کہا کہ اصحاب کہف میرا کلام سنکر کہنا مانینگے حالانکہ وہ
سب سوتے تھے اور کتا چوکھٹ پر پانون پسارے سوتا تھا اونکو کسیکو خبر بھی نہوئی کہ یہ مردود کیا
کہتا ہے غرض کہ دقیانوس دروازہ بند کرا کر چلا آیا اور بیدروس اور روپاس کہ یہ دونون ایمان دار تھے
اُنھون نے دو تختیان رانگے کی لیکر اصحاب کہف کا سارا حال لکھا اور اُس غار کے دروازے پر
ایک تابوت مین بند کرکے رکھدیا کہ شاید قبل قیام قیامت کوئی قوم ایمان دار ظاہر ہو اور اس
لوح کو پڑھے اور اُنکے احوال سے مطلع ہوکر قوت ایمانیہ حاصل کرے اور جانے کہ ایمان
اسیکا نام ہے فائدہ یہ غار جانب جنوبی پہاڑ مین واقع ہے اور کھلی جگہ ہے تنگ نہین اللہ کی قدرت سے
نہ اُس مکان مین دھوپ آوے نہ مینھ پہونچے نہ برف گرے کما قال فی سورۃ الکہف وتری الشمس
اذا طلعت تزاور عن کہفہم ذات الیمین واذا غربت تقرضہم ذات الشمال وہم فی فجوۃ منہ یعنے تو
دیکھے دھوپ نکلتی ہے بچ جاتی ہے انکی کھوہ سے داہنے کو اور جب ڈوبتی ہے کترا جاتی ہے اُنسے
بائین کو اور وہ میدان مین ہین یعنی وسط غار مین واقع ہین کہ ہوا کی روح وہان پہونچتی ہے اسی
سبب سے تعفن سے محفوظ ہین اور نہ پہونچنا دھوپ کا محض اللہ کی قدرت سے ہے کما قال اللہ
وذلک من آیات اللہ یعنی یہ بات عجائب قدرت ہے اسمین تاویل کی گنجایش نہین اور قول ابن قتیبہ کا
اس طرح ہے کہ یہ غار مستقبل بنات النعش واقع ہے اس باعث سے وہان دھوپ نہین جاتی خالی
از خطا نہین بلکہ صریح انکار قدرت حق ہے بالجملہ اصحاب کہف کا سونا عجیب طریق سے ہے کہ آنکھین
کھلی ہین گویا جاگتے ہین اور چھ برس کے بعد کروٹ لیتے ہین اور بعض کے نزدیک ہر سال بروز
عاشورہ جاگتے ہین اور حضرت ابوہریرہ رضی فرماتے ہین کہ چھ مہینے کے بعد کروٹ لیتے ہین

اور اُس مکان مین اللہ نے دہشت رکھی ہی تاکہ لوگ اُسکو تماشا نہ بناوین کہ سبب تکلیف ہی چنانچہ
ارشاد ہوتا ہی ونقلبہم ذات الیمین وذات الشمال وکلبہم باسط ذراعیہ بالوصید لواطلعت علیہم
لولیت منہم فرارًا ولملئت منہم رعبًا یعنی کروٹ دلاتے ہین ہم اُنکو داہنے اور بائین اور
کتا اُنکا پسار رہا ہی اپنے بازو چوکھٹ پر اگر تو جھانک دیکھے اُنکو تو پیٹھ دیکر بھاگے آنسے
اور بھر جاے تجھمین اُنکی دہشت بعضے کہتے ہین وحشت مکان سے دہشت ہو بعضے کہتے ہین اُنکی
آنکھین اُنکی کھلی ہین اسی سے دہشت ہی اور بعضے کہتے ہین بال وناخن بڑھ گئے ہین
اس باعث سے دہشت ہی اور کاتب الحروف کے نزدیک اللہ نے اُس جگہ اپنی قدرت سے
دہشت رکھی ہی تاکہ اصحاب کہف کو کوئی دیکھ نہ پاوے ورلا وہ مکان تماشا ہوجاتا اور اُن کو
تکلیف ہوتی فائدہ بعضے کہتے ہین کہ نام کتے کا قطمیر ہی وہذا تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہ
وہوالاصح اور بعضے قطمیر اور بعضے تثور اور بعضے ثور اور بعضے صہبا یا قطمو یا حمران یا ریان
بیان کرتے ہین اور بعضے قائل ہین کہ وہ کتا از جنس کلاب ہی اور ابن جریج کے نزدیک
از قسم شیر ہی اور اہل عرب اسد کو کلب سے تعبیر کرتے ہین چنانچہ حضرت صلعم نے عتبہ ابن
ابی لہب کے حق مین فرمایا اللہم سلط علیہ کلبًا من کلابک سو شیر نے عتبہ کو پھاڑ ڈالا محی السنہ
بغوی نے لکھا ہی کہ یہ کتا دروازہ غار پر بازو پھیلاے سوتا ہی جب اصحاب غار کروٹ
لیتے ہین یہ بھی اپنے کان بدلتا ہی اور خالد ابن معدان سے روایت ہی کہ بہشت مین
دابہ نہوگا مگر کتا اصحاب کہف کا اور گدہا بلعم باعور کا اور بعض مفسرین لکھتے ہین کہ
رنگت کتے کی زرد ہی اور بعضے سرخ اور بعضے مٹی کے رنگ بیان کرتے ہین اور تفسیر
زاد المسیر مین ہی کہ سر اسکا سرخ ہی اور پشت سیاہ اور پیٹ سفید دم ابلق فائدہ ہمارے دین مین
کتا رکھنا ممنوع ہی مگر علما ربنا بر شکار اور محافظت زراعت و مویشی دفع اللص لاباس بہ فرماتے ہین
لیکن حدیث صحیحین جو ابو طلحہ سے مروی ہی کہ نہین داخل ہوتے فرشتے اُس گھر مین جہان کتا ہو
عام ہی یعنی کسی قسم کا کتا ہو ہونا اُسکا مانع دخول ملائکہ ہی اور ملائکہ سے مراد غیر کرام کاتبین اور
حافظین ہی کذا فی مظاہر الحق اور صحیح مسلم مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی
کہ ایک روز حضرت صلعم نے صبح فرمائی غمگین اور خاموش اور حضرت میمونہ سے سبب رنجیدگی مین
ارشاد کیا کہ جبرئیل نے مجھسے وعدہ کیا تھا ملاقات کا آج کی رات سو ملاقات نہ کی خبردار ہو قسم خدا کی
نہین خلاف وعدہ کیا جبرئیل نے مجھسے کبھو پھر آیا حضرت کے دل مین کتے کا بچہ کہ تہ اُتھا

نیچے خیمہ حضرت کے یعنی حضرت کے دل مین آیا کہ اس بچے کے سبب سے جبرئیل نہین آئے پس حکم کیا حضرت نے اسکے نکالنے کا سو وہ نکالا گیا پھر لیا حضرت نے اپنے ہاتھ مین پانی اور چھڑکا اسکی نشستگاہ پر جب شام ہوئی تو حضرت جبرئیل آئے حضرت نے فرمایا تمنے وعدہ کیا تھا مجھسے ملنے کا شب گذشتہ مین کہا ہان ہم نہین داخل ہوتے اس گھر مین جہان ہو کتا یا صورت پھر صبح کی حضرت نے اسدن اور حکم دیا کتون کے قتل کا یہان تک کہ حکم کیا کہ چھوٹے باغون کے کتے بھی مارے جاوین کہ اسمین چندان احتیاج محافظت نہین ہوتی اور چھوڑ دیا بڑے باغون کے کتون کو کہ ان مین احتیاج محافظت بہت ہوتی ہو اس حدیث سے علما نے نکالا کہ واسطے محافظت زراعت کے کتا رکھنا جائز ہی گھر مین رکھنا درست نہین ہوا ور مشکوٰۃ المصابیح مین حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے ایک قوم کے گھر انصار سے حالانکہ نزدیک اُنکے گھر اورون کے تھے یعنی وہان نجاتے پس گران معلوم ہوا انکو یہ سو عرض کی اُن لوگون نے کہ یا رسول اللہ آپ تشریف لاتے ہین فلانے گھر مین اور نہین جلوہ فرما ہوتے ہمارے گھر خلاصہ یہ کہ ہماری تقصیر کیا ہی فرمایا پیغمبر خدا نے کہ مین تمہارے گھر اس سبب سے نہین آتا کہ تمہارے گھر مین کتا ہی انھون نے کہا حضرت اُنکے گھر مین بلی ہی یعنی درندہ ہونے مین دونون برابر ہین پھر کیا فرق ہی کتے اور بلی مین تو فرمایا حضرت نے اگرچہ بلی درندہ ہی لیکن نجاست و شیطنت نہین رکھتی کہ مانع آنے فرشتون کی ہو بخلاف کتے کے کہ نجس ہی اور اسمین شیطنت ہی کہ ملکیت کی ضد و خلاف ہی اور اسی طرح انبیا طبیعت فرشتون پر ہین اس جگہ سے معلوم ہوا کہ مسلمانون کو کتا رکھنا نہ چاہیے کس واسطے کہ جب فرشتے گھر مین نہ آئے تو وہ رحمت سے خالی رہا فائدہ تفسیر امام ثعلبی مین ہی کہ جو کوئی آیۃ کلبھم باسط ذراعیہ بالوصید لکھکر اپنے پاس رکھے گزند سگ دیوانہ سے محفوظ رہے اور تفسیر منیر ہی کہ جہان کہین آگ لگے اور اصحاب کہف کے نام لکھکر ڈال دے تو فوراً وہ آگ ٹھنڈی ہوجاے فائدہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ قول جمیل مین فرماتے ہین کہ سنا مین نے حضرت عبدالرحیم اپنے والد سے کہ فرماتے تھے اصحاب کہف کے نام امان ڈوبنے اور جلنے اور غارتگری اور چوری سے ہاین الفاظ الٰہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوطط اذر فطیونس کشافطیونس تبیونس بوانس بوس وکلبھم قطمیر وعلی اللہ قصد السبیل ومنہا جائر تنبیہ بعد تتبع کتب احادیث اور فقہ کے دریافت ہوا کہ مسلمانون کو کتا پالنا اور گھرون مین رکھنا مکروہ ہی اور قیمت اُسکی صرف مین لانا صورت خبث پیدا کرتا ہی مگر واسطے محافظت باغات اور زراعت اور مویشی اور شکار کے بشرطیکہ تعلیم درست پایا ہو مضائقہ نہین

بعض حدیثون سے ظاہر ہی کہ جو شخص کتا پالے سواے کتے مویشی یا شکاری کے تو کم کیا جاتا ہی عمل کا ثواب
اسکا دو قیراط ہر روز اور بعض حدیثون مین ہی کہ جو کوئی پالے کتا سواے کتے مویشی یا شکاری یا کھیتی کے
کم ہوتا ہی ثواب اُسکا ایک قیراط چنانچہ یہ دونون حدیثین صحیحین مین موجود ہین لہذا عالمون نے
کہا کہ نقص عمل بسبب کہ داخل ہونے فرشتون کے ہی گھر مین اور بعضون نے کہا بسبب ایذا رسانی کے ہی
اور بعضون نے کہا کہ جب گھرون مین کتے رہتے ہین تو وقت غفلت باسنون مین منھ ڈالتے ہین اور یہ
نقصان قیراط اور دو قیراط کا جو حدیث مین آیا سو یہ کچھ اختلاف نہین ہی بلکہ جب تک مخالطت کتون سے
کم ہو تو ایک قیراط کم ہوگا اور جب مخالطت اُنسے زیادہ ہو تو بطور زجر و تشدید دو قیراط کا نقصان فرمایا ہوا
بسبب اختلاف انواع کے یہ تفاوت ارشاد ہوا یعنی بعضے کتون سے ایذا کم پہونچتی ہی لوگون کو اُسمین
ایک قیراط کم ہوتا ہی اور بعض مین ایذا زیادہ ہوتی ہی اُسمین دو قیراط کم ہوگا خواہ باعتبار مکانون کے ہو
کہ بعض مقامات مین کتون کے پالنے سے بقدر دو قیراط کمی ثواب کی ہوتی ہی جس طرح حرمین شریفین اور
بعض مین بقدر ایک قیراط جس طرح اور مکانات خواہ دو قیراط شہرون اور قریات مین ہوتا ہی اور جنگلون مین
ایک قیراط اور عالمون نے فرمایا کہ قتل کرنا کتون کا مخصوص مدینہ منورہ سے تھا کہ وہ مہبط ملائکہ تھا
اُسکا پاک کرنا ایسی چیز سے کہ مانع دخول ملائکہ ہو لائق تھا مگر اور مقامون کے کتون کو مارنا سواے کتے
سیاہ خالص دو نقطون والے کے یعنی جسکی آنکھون مین دو نقطے سفید ہوتے ہین اسکو حضرت نے شیطان
فرمایا ہی بسبب خباثت کے اور ایذا رسانی کے اور بسبب اسکے کہ نگہبانی بھی خوب نہین کرتا اور
شکار بھی نہین کرتا بلکہ امام احمد اور اسحاق نے فرمایا کہ بسبب شیطنت کے شکار اسکا حلال نہین اور
امام نووی نے فرمایا کہ سگ عقور یعنی گزندہ کا مار ڈالنا گو سیاہ نہو بالاتفاق جائز ہی اور اختلاف صرف
اُس کتے مین ہی جو ضرر رسان نہو اور امام الحرمین نے کہا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب
کتون کے مارنے کا اول حکم دیا تھا پھر منسوخ فرمایا باستثنا سگ سیاہ رنگ کے بعد ازان شرع مین
منع ہوا مارنا سب کتون کا جو ضرر رسانی نکرتے ہون گو کہ سیاہ رنگ بھی ہون کذا فی مظاہر الحق بخاری اور
مسلم مین عدی بن ابی حاتم سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو اپنے سکھلائے کتے شکاری کو
چھوڑے اور خدا کا نام اُسپر لیوے تو شکار کو کھا عدی بن حاتم نے کہا کہ مین نے کہا اگر کتے شکار کو جان سے
مار ڈالین تو بھی کیا شکار حلال ہی حضرت نے فرمایا اگرچہ بھی ڈالین تو بھی حلال ہی جب تک دوسرا کتا
غیر شکاری اُسکے ساتھ مارنے مین شریک نہوا ہو عدی بن ابی حاتم نے کہا مین نے کہا کہ مین بے پر اور
بے گانسی کے تیر سے شکار کرتا ہون اور شکار کو حاصل کرتا ہون فرمایا کہ جب تو بے پر بے گانسی کے

تیر کو مارے پھر وہ تیر شکار کے جسم مین گھسکر چیر پھاڑ ڈالے تو اُسکو کھا اور اگر تیر شکار کے بینڈا ہو کے لگے
تو اُسکو مت کھا ترجمہ مشارق مین ہی کہ اس حدیث سے بہت مسئلے شکار کے معلوم ہوے ایک یہ کہ
کتّے کا شکار کھیلنا درست ہی دوسرے یہ کہ کتے کو جب آپ شکار پر چھوڑا ہو تو حلال ہی اور اگر کتا
خود بخود چھوٹ گیا اور شکار مار لایا تو حلال نہین ہی تیسرے یہ کہ کتے کی تعلیم شرط ہی اور تعلیم کی یہ علامت ہی
کہ اُسکو تین بار شکار پر چھوڑے اور ہر بار وہ شکار مار لاوے اور خود نہ کھاوے چوتھے یہ کہ کتے کو
چھوڑتے وقت بسم اللہ کہنا شرط ہی اگر قصداً بسم اللہ نہ بولا تو شکار مردار ہوا اور اگر سہواً نہ کہا تو
حلال ہی یہ مذہب ہی امام اعظم کا اور امام شافعی کے نزدیک بسم اللہ زبان سے کہنا واجب نہین خدا کا
نام اگر مسلمان کے دل مین ہی لیکن زبان سے کہنا مستحب ہی پانچوین یہ کہ اگر شکاری کتے سے شکار
مر بھی جاوے تو بھی حلال ہی چھٹے یہ کہ اگر شکاری کتے کے ساتھ دوسرا کتا غیر شکاری شریک ہی تو شکار
مردار ہوا اسلیے کہ جب حرام حلال جمع ہوے تو احتیاطاً حرام غالب ہو جاتا ہی ساتوین یہ کہ بے کانسی کے
تیر کے شکار مین زخم ہونا شرط ہی تا کہ خون ناپاک نکل جاوے اور اگر بلا زخم صدمے سے مر جاوے تو حلال نہین
جیسے غلہ غلیل کا یا اینٹ پتھر جانور کو مار ڈالے تو مردار ہی کہ خون نہ نکلا یعنی شکار حلال تبھی ہی جب زخم
ہوتا ہی جو تیز ہو اور چیر پھاڑ ڈالے جیسے تلوار چھری کانسی دار تیر وغیرہ فائدہ جب کوئی مشکل پیش آوے
تو نیت فاتحہ اصحاب کہف واسطے رفع اُس سخت مشکل کے مجرب ہی اور طریق اُسکا یہ ہی کہ پونے چار سیر
گیہون کا آٹا اور پونے چار سیر گوشت اور آدھا اُسکا پیاز اور اُسیقدر گھی اور دہی لیوے اور بہت
اچھی طرح سے پکواکر آدھ آدھ سیر کے حساب سے تقسیم کرے اور سات مسلمانون کو جو صالحین مین
معدود ہون دیوے پھر اُنکو اختیار ہی جسکو چاہین کھلاوین خواہ آپ کھائین اور ایک روز پیشتر کسی
کتے سے نوید دیوے کہ تمھاری کل دعوت ہی اگر وہ آوے تو بہتر ورنہ جو کتا ملے اُسکو کھلاوے مگر
شرط ہی کہ اور حصون سے پاؤ سیر کم ہو یعنی کتے کو پاؤ سیر کے حساب سے دیا جاویگا اور سات مسلمانون کو
آدھ سیر کے حساب سے اسیطرح کاتب اوراق نے ملفوظات حضرت استاذ الاستاذ مین لکھا پایا ہی اور
تجربہ بھی کیا ہی فائدہ یہ بھی عمل ہی کہ اصحاب کہف کے نام گھر کی دیوارون پر لکھے تو جن دفع ہو جاوے
کذا فی القول الجمیل فائدہ ہمارے حضرت جد امجد قدس سرہ نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ اگر اسمائے
اصحاب کہف چار سکورہ گلی پر کہ آب رسیدہ نہون لکھے اور چارون گوشون کھیت مین دفن کردے
تو موشون کی آفت سے وہ کھیت محفوظ رہے یا ایک پارہ کاغذ پر لکھکر ایک لکڑی مین باندھے
اُسکو کھیت مین کھڑی کرے تو بھی یہی اثر بخشے اور اگر کوئی شخص انھین اسما کو سفال آب نارسیدہ پر

لکھکر کھیتی غلہ مین رکھدے تو غلہ خراب نہو اگرچہ پانی بھی پہونچے فائدہ واسطے رفع دروزہ کے ان اسماکو کاغذ پر لکھے اور دھوکر عورت کو پلاوے یا لکھکر ران چپ مین باندھے واسطے تسہیل ولادت کے کفایت کرتا ہی چنانچہ یہ عمل ہمارا امتحانی ہی اور بارہا تجربے مین آیا ہی فائدہ بعضے کہتے ہین کہ اصحاب کہف اور رقیم ایک ہی ہین اور بعضے کہتے ہین کہ اصحاب رقیم غیر اصحاب کہف ہین اور قصہ انکا کتاب الانبیا مین بخاری نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اسطرح روایت کیا ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے زمانہ پیشین مین تین آدمی کہین جاتے تھے اثنا راہ مین بارش شروع ہوئی تو یہ تینون ایک غار مین گھس پڑے دفعتہ پہاڑ سے ایک پتھر گرا کہ غار کا دروازہ بند ہو گیا اس حالت مین تینون نے کہا کہ اب نجات نہوگی جب تک سچ بات نہ کہوگے سو مناسب ہی کہ ہر شخص اپنا عمل بروجہ صدق بیان کرے ایک نے کہا کہ ای اللہ تو خوب جانتا ہی کہ ایک مزدور میرا تھا اور اسکی مزدوری چند پیمانہ برنج تھی سو وہ مزدور چلا گیا مین نے وہ برنج بوئے اور انکے محاصل سے مین نے بیل خرید کیے پھر وہی مزدور آیا اور اسنے اجرت مجھسے طلب کی مین نے کہا یہ بیل تو لیجا اسنے کہا میرے چند پیمانہ برنج تیرے ذمے ہین مین بیل نہ لونگا مین نے کہا کہ یہ بیل انھین پیمانون کے ہین تب اسنے لیے سو یا الٰہی اگر تو جانتا ہی کہ مین نے یہ کام تیرے خوف سے کیا ہی تو راہ کھول دے پس وہ پتھر تھوڑا سا ہٹا دوسرا بولا ای اللہ تو تو جانتا ہی کہ میرے مان باپ بوڑھے تھے اور مین انکے واسطے بکریون کا دودھ لاتا تھا سو ایک رات توقف ہو گیا اور ایسے وقت لایا کہ دونون سوتے تھے انکا جگانا مکروہ جانا مین نے اور اہل و عیال میرے بھوکھ سے نالان تھے مگر مین نے انکو نہ دیا اور صبح تک لیے ہوے بیٹھا رہا پس اگر تو جانتا ہی کہ مین نے تیرے خوف سے کیا ہی تو اس پتھر کو توڑ دے چنانچہ وہ پتھر اتنا ہٹا کہ آسمان نظر آنے لگا تیسرے نے کہا ای اللہ میرے چچا کی بیٹی بہت حسینہ تھی اور مین اسکی خواہش کرتا تھا اور وہ انکار کرتی تھی اور کہتی تھی کہ سو دینار لاؤ سو مین تلاش کرکے لایا تو وہ راضی ہوئی جب مین اسکے دونون پیرون کے بیچ مین بیٹھا تو اسنے کہا خدا سے ڈر اور مہر عفت میری ناحق نہ توڑ وہین مین اٹھا اور سو دینار بھی چھوڑے پس ای اللہ اگر مین نے تیرے خوف سے یہ کام کیا ہو تو اس پتھر کو توڑ دے چنانچہ وہ پتھر ٹوٹا اور تینون آدمی باہر نکلے القصہ اس غار مین جسمین اصحاب کہف ہین کوئی جا نہین سکتا سعید ابن جبیر فرماتے ہین کہ ایک مرتبہ ابن عباس رض معاویہ ابن ابی سفیان کے ساتھ لڑائی پر جانب روم تشریف لیگئے تو اس غار پر بھی گذر ہوا معاویہ نے کہا اگر یہ غار کھلتا تو دیکھتے ابن عباس نے فرمایا اس سے

منع کیا گیا ہی وہ جو بہتر تھا تجھسے یعنی حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم معاویہ ابن ابی سفیان نے کہا
اگر مین دیکھونگا بھاگونگا پھر اسنے کچھ لوگ روانہ کیے کہ تم دیکھ آؤ جب غار مین پہونچے تو ایک ہوا
ایسی تند آئی کہ سب لوگ نکل بھاگے نوبت دیکھنے کی نہ پہونچی بالجملہ دقیانوس دروازۂ غار بند
کرکے دار السلطنت مین آیا چند روز بعد مر گیا تمام ملک و مال و جاہ و جلال خاک مین مل گیا اور
تین سو برس بعد ایک شخص مومن صالح بناموس خواہ بندروسس نام بادشاہ ہوا اسکے وقت مین
یہ گفتگو پیش ہوئی کہ بروز حشر مردے زندہ کس طرح ہونگے اور کیونکر حشر اجساد و اجسام واقع ہوگا
ہر چند بادشاہ نے قائلین و متکلمین کو فہمائش کی لیکن شبہ و شک جو قائم ہو گیا تھا رفع نہو تب
حضرت محی الاموات جل جلالہ نے اپنی قدرت کاملہ سے چاہا کہ حشر اجساد پر ایک دلیل قاطع ظاہر کرے
کہ وہ مسکت اہل تخاصم ہووے اسلیے اصحاب کہف کو بیدار کیا کما قال وکذلک بعثناہم لیتساءلوا
بینہم قال قائل منہم کم لبثتم قالوا لبثنا یوما او بعض یوم قالوا ربکم اعلم بما لبثتم فابعثوا احدکم بورقکم ہذہ
الی المدینۃ فلینظر ایہا ازکی طعاما فلیاتکم برزق منہ ولیتلطف ولا یشعرن بکم احدا یعنی اسی طرح انکو
جگا دیا ہمنے کہ آپس مین لگے پوچھنے ایک بولا انمین کتنی دیر ٹھہرے تم بولے ہم ٹھہرے ایک دن
یا دن سے کم بولے تمہارا رب بہتر جانے جتنی دیر ٹھہرے رہے ہو اب بھیجو اپنے مین سے
ایک روپیہ لیکر اپنا اس شہر کو پھر دیکھے کون ستھرا کھانا ہی سو لا دے ہمکو اسمین سے کھانا اور نرمی سے
جائے اور خبر نہ کرے تمہارے حال سے کسی کو معالم التنزیل مین ہی کہ کہنے والا اس قول کا یملیخا تھا
کہ وہ سب مین بزرگ و رئیس تھا اور مقصود استفسار سے یہ کہ مدت اقامت و لبث معلوم ہو جاے
تو نمازین قضا کرین چونکہ یہ لوگ غار مین سویرے سو گئے تھے اور تیسرے پہر جاگے اسپر کہا لبثنا یوما جب
کچھ آفتاب کا وجود پایا گیا تو کہا او بعض یوم جب ناخن و بال بڑھے دیکھے جانا شاید کئی دن ہوے
تب کہا ربکم اعلم بما لبثتم خواہ مکسلمینا نے کہا کیون باہم جھگڑتے ہو اللہ جانتا ہی تم کتنا ٹھہرے ہو بعد اس
قیل و قال کے سب نے متفق ہو کر یملیخا کو کہ عاقل و فہمیدہ و خوش گفتار و ہوشیار تھا تجویز کیا کہ بازار سے
جاکر کچھ کھانا لادے چنانچہ ایک روپیہ دیا اور سمجھا دیا کہ بازار مین جاکر کھانا حلال و پاکیزہ لا اور ہمارے
حال سے کسیکو آگاہ نکر و خرید و فروخت مین مہربانی و لطف و تواضع و فروتنی اختیار کرنا اور حال اپنا
کسی سے نہ کہنا نہیں تو اہل شہر خبر پاکر دقیانوس سے کہینگے وہ گرفتار کرکے قتل کریگا سو یملیخا روپیہ لیکر
چرواہے کی پوشاک بدل روانہ ہوا راہ مین ایسی حویلیان و مکانات نظر پڑے جو پیشتر تھے اور نہ کبھی
نہایت مختلف معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہاں جاتا ہی دفعۃً دروازۂ شہر نظر پڑا تو وہاں ایک نشان سبز

نظر آیا اسپر لکھا تھا لا الہ الا اللہ عیسیٰ رسول اللہ یملیخا اُسکو پڑھتا تھا اور کہتا تھا کہ خواب ہی یہ کہ بیداری ہی پھر شہر مین آیا تو وضع وانداز شہریون کے اور ہی اور مکان اور محلے تبدل ہے گھبرایا اپنے گھر کی طرف گیا تو نشان نہ پایا مگر ہر دروازے پہ نشان ایمان نمودار کسی سے نام شہر کا پوچھا اُسنے کہا افسوس پھر ایک روٹی والے کے پاس گیا روٹیان لیکر اُسے روپیہ دیا اور شہر کا نام تو سُن چکا بادشاہ کا نام پوچھا اُسنے کہا عبد الرحمن اور دو شخص وہان دیکھے ایک مسیح کی قسم کہاتا دوسرا اللہ کی یملیخا دل مین خوش ہوا نانبائی نے سکہ دقیانوسی دیکھکر جانا کہ خزانہ گڑا ملا ہی اُسنے اور ون کو دکھلایا وہ بھی متحیر ہوے اور شور سے اور کانا پھوسی کرنے لگے یملیخانے جانا مجھے پہچان گئے وہ روپیہ چھوڑکر چلنے لگا لوگون نے پکڑا اور کہا واللہ تونے خزانہ گڑا پایا ہی کیونکہ یہ سکہ تین سو برس کا ہی اور اُس وقت کے اٹھارہ درم دو ثلث کے برابر ہی تو چھپاتا ہی ہم بادشاہ کے پاس لے چلینگے کہ وہ مار ڈالیگا مگر یہ کہ اُس مال مین ہمکو بھی شریک کر اس بات سے یملیخا بہت ڈرا اور اب بہت لوگ شہر کے مجتمع ہو گئے اور پوچھنے لگے تو کہان کا رہنے والا ہی یملیخانے اپنے باپ دادون کا نام لیا اور کہا مین اسی شہر کا رہنے والا ہون کل یہان سے گیا تھا آج کھانا لینے آیا ہون اُنھون نے کہا غلط ہی تو ہرگز یہان کا باشندہ نہین ہی کیونکہ ہمنے تیرے باپ دادون کا نام بھی نہین سنا اب یملیخا ساکت ہوا اور منتظر تھا کہ شاید میرے باپ بھائی آجائین تو اُنکے ہاتھ سے نجات دلائین مگر کوئی بھی نہ آیا ناچار ہوا اور اُن لوگون کے دل مین گذرا کہ اسکو ارنوس اور اسطنوس کے پاس کہ یہ دونون شخص اِس شہر مین صالح پرہیزگار رہین لے چلین اور اس شخص کے معاملے مین اُنسے صلاح پوچھین چنانچہ یملیخا کو ہاتھ پکڑکے لے چلے یملیخانے جانا کہ مجھکو دقیانوس کے پاس لیے جاتے ہین رونے لگا اور اپنے اللہ سے دعا کرنے لگا یہان تک کہ اُن دونون بزرگون کے پاس پہونچا تو فی الجملہ اسکو تسلی اور تسکین ہوئی کہ یہ شکر ہی دقیانوس کے پاس نہین لاے ہین آخرکار ارنوس اور اسطنوس نے بھی وہ روپیہ دیکھکر تعجب کیا ارنوس نے کہا تونے شاید مال گڑا ہوا پایا ہی اور اسطنوس نے کہا کہ تو کون شخص ہی تب یملیخانے جواب دیا کہ مین اسی شہر کا رہنے والا ہون اور میرے باپ کا یہ نام ہی اور یہ روپیہ اُنھین کا ہی اور نقش اسکا اسی شہر کا ہی لیکن واللہ مین اپنا احوال نہین کہہ سکتا ہون باوصف اسکے کسی شخص نے نہ مانا یہی کہا کہ تو کاذب ہی ناچار یملیخانے اپنا سر جھکا لیا پس بعضے بولے کہ یہ شخص دیوانہ ہی اور بعضے کہنے لگے کہ مجنون بنا ہی دھوکا دیتا ہی تاکہ دیوانہ بنکر چھوٹ جاے پھر ایک شخص نے کہا کہ تین سو برس کا یہ سکہ ہی اور ہمارے پاس ہزارہا روپیہ موجود ہین کہین اس سکہ کا

نشان نہین ہی اور تو کہتا ہی اسی شہر کا یہ سکہ ہی صاف صاف بیان کر تب یملیخا نے کہا کہ مین ایک سوال کرتا ہون مجکو جواب باصواب دو تو مین اپنا احوال تمسے کہون بولے بیان کر یملیخا نے کہا کہ دقیانوس نے تم سب کے ساتھ کیا ماجرا کیا کہنے لگے اب تو کوئی بادشاہ اس نام کا تمام عالم مین نظر نہین آتا ایک عرصہ دراز ہوا کہ ایک شخص بادشاہ اس نام کا تھا روم مین اُسکے بعد صدہا بادشاہ ہوے اُسکی ہڈیان بھی باقی نہونگی یملیخا نے کہا اب مین اپنا حال کہتا ہون اگرچہ کوئی شخص یقین نہ لاویگا وہ یہ ہی کہ ہم نوجوان تھے دقیانوس نے ہمکو بت پرستی کی تکلیف دی سو ہم بھاگے اور سو گئے اب جاگے ہین کھانا لینے آئے ہین اور اسی پہاڑ کی ایک کھوہ مین گئے تھے تم چلو ہم اپنے یارون کو دکھلا دین ارنوس نے سنکر کہا اے لوگو شاید یہ نشانی ہی اللہ کی نشانیون سے میرے ساتھ چلو پس ارنوس اور اسطنوس اہل مدینہ کو ساتھ لیکر اصحاب کہف کی زیارت کو چلے اور پہاڑ کے قریب کھوہ کے پاس پہونچے اصحاب کہف نے یملیخا کو پہچانا اور جو غیر لوگون کو بھی اُسکے ساتھ دیکھا جانا یملیخا دقیانوس کے ہاتھ لگ گیا سو یہ لوگ ہماری گرفتاری کو آتے ہین سو یملیخا روتا ہوا سب سے پہلے غار مین گیا اور اپنا قصہ بیان کیا پھر ارنوس گیا تو ایک تابوت چاندی کا مہر کیا ہوا دروازۂ غار پر دیکھا ایک بزرگ نے اسکو کھولا اسمین دو لوحین نکلین اُنپر بروایت ضعیفہ یہ نام لکھے تھے مکسلمینا و مخشلمینا و یملیخا و مرطونس و کستوطونس و برنوس و دینموس و بطیوس و قالوس مگر بروایت صحیحہ نام سات تھے جو اوپر بیان ہوے مگر یہ بھی لکھا تھا کہ یہ جوان لوگ ہین دقیانوس بادشاہ سے بسبب تکلیف بت پرستی کے بھاگے اور اس غار مین پوشیدہ ہوے جب بادشاہ کو خبر ہوئی تو بادشاہ نے غار کا دروازہ پتھرون سے بند کرا دیا اور ہمنے یہ احوال اسواسطے لکھدیا ہی کہ پس آیندہ لوگ انکے احوال سے مطلع ہون چنانچہ ارنوس اس مضمون کو دیکھکر سجدۂ حق مین گرا اور کہا کہ یہ نشان حشر اجساد کا اللہ نے دکھلایا ہی بعد اُسکے اصحاب کہف پاس حاضر ہوا تو اُنکو بلا تغیر کپڑے سمیت بیٹھا ہوا پایا اور قدمبوس ہوا اور اہل شہر جو ساتھ گئے تھے سجدۂ الٰہی کرنے لگے اب اصحاب کہف نے دقیانوس کا حال دریافت کیا اُن لوگون نے جو کچھ حال گذرا تھا بیان کیا پھر وہان سے پلٹ کر اپنے بادشاہ سے کہ بڑا دیندار صالح تھا احوال کہا اُس عرصے مین شہر کے لوگ دو مذہب پر تھے کچھ تو آخرت مین جینے کے قائل اور دوسرے منکر جھگڑا پڑ رہا تھا یہ بادشاہ منصف تھا چاہتا تھا ایک طرف کی کوئی سند ہاتھ لگے تو دوسرون سمجھاؤن اللہ تعالے نے یہ سند صحیح

بھیجدی کہ بادشاہ نے کمال آرزو سے جاکر غار مین سب کو دیکھا اور ہر ایک سے احوال سن آیا
اور اصحاب کہف بادشاہ کو ایمان دار پاکر خوش ہوے اور بادشاہ اُنکا عاشق ہوکر رویا
جب رخصت ہوا تو اصحاب کہف نے فرمایا استودعک اللہ والسلام علیک ورحمۃ اللہ
حفظک اللہ وحفظ ملکک ونعیذک باللہ من شر الجن والانس اور اُسی وقت سو رہے بادشاہ نے
کپڑا اُڑھایا اور ہر ایک کو ایک تابوت طلائی مین باحتیاط تمام رکھوایا اور سب لوگون کو
نصیحت فرمائی رات کو خواب دیکھا کہ اصحاب کہف فرماتے ہین کہ ہم سونے چاندی سے پیدا
نہین ہوے مٹی سے ہماری پیدائش ہی اور اُسی مین ملنا ہی جسطرح ہم تھے اُسی طرح ہمکو
رہنے دے جب تک اللہ تعالے ہمکو پھر اُٹھاوے چنانچہ بادشاہ پھر گیا اور تابوت سے
نکالکر بحالت اصلیہ چھوڑ آیا اور اللہ نے اُس مکان مین دہشت اور خوف بھر دیا کہ پھر
کوئی شخص وہان جا نہ سکا اور اُسی دن سے اُس شہر مین جو اختلاف حشر اجساد مین واقع تھا
رفع ہوگیا اُسی کا اشارہ سورۂ کہف ہی وکذلک اعثرنا علیہم لیعلموا ان وعد اللہ حق
وان الساعۃ آتیۃ لاریب فیہا اذ یتنازعون بینہم امرہم یعنی اسیطرح خبر کھولدی ہمنے اُنکی تا لوگ جانین
کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی اور وہ گھڑی آتی ہی اُسمین دھوکا نہین جب جھگڑ رہے تھے اپنی
بات پر بعد اُسکے بادشاہ نے ایک مسجد دروازہ غار پر بنوادی کہ ہر سال وہان عید ہوتی ہی
فائدہ محققین فرماتے ہین کہ اصحاب کہف کا دین اور مذہب اللہ کو معلوم ہی کہ فقط توحید پر تھے
اور کسی نبی کی شریعت پکڑنے نہین پائے یا اور طرح سے مگر جو لوگ اُنکی خبر پاکر گئے اور معتقد ہوے
اور مکان زیارت بنایا وہ نصاری تھے تنبیہ معالم التنزیل مین لکھا ہی کہ جب یملیخا بازار مین کھانا
لینے آیا اور لوگون کو شبہ ہوا تو یملیخا کو پکڑکر بادشاہ کے پاس لے گئے بادشاہ نے پوچھا تو کون ہی
اُسنے اپنا حسب نسب بتایا اور مکان اپنا اُسی شہر مین قرار دیا اور کہا کہ کل ہم یہان سے چلے گئے تھے
بادشاہ نے اس شہر کے بوڑھون سے سنا تھا کہ کئی جوان اس شہر کے گم ہوگئے ہین اور
نام اُنکے ایک تختے پر لکھے ہوے بادشاہی خزانے مین رکھے ہین سو بادشاہ نے وہ تختی منگواکر
دیکھی اسمین یملیخا کا نام پایا گیا جب اور نام لیے تو یملیخا نے کہا یہ نام ہمارے یارون کے ہین
اسپر بادشاہ مع اعوان وانصار یملیخا کے ساتھ پہاڑ پر گیا جب دروازہ کھوہ پر پہونچا یملیخا بولا
کہ مین اول اپنے یارون کو خبر دون تب تم آؤ ورنہ خوفناک بھاگو گے بادشاہ نے اجازت دی یملیخا نے
یارون کو خبر دی سب سو گئے اور بادشاہ نہ جا سکا اور بعض کتب مین لکھا ہی کہ ان دونون دو بادشاہ

نے

شہر مین تھے ایک مسلمان دیندار دوسرا نصرانی سو دونون یملیخا کو لیکے گئے جب غار کے قریب پہونچے تو یملیخا نے پیش پیش جا کر اپنے یارون سے کہا کہ بادشاہ آتے ہین انھون نے ہاتھ اُٹھا کے یہ دعا کی کہ یا الٰہی ہم اور کچھ نہین چاہتے مگر یہ کہ ہماری ارواح قبض کر تا کہ اور کوئی مطلع نہو خدائے کریم نے دعا انکی قبول فرمائی کہ دروازہ غار کا بند ہوگیا اور وہ سب مرگئے چونکہ یملیخا کو توقف زیادہ ہوا تو ناچار دونون بادشاہ قریب غار کے آئے اور سات دن تک اُسکے گرد گھرے کہین سوراخ یا دروازہ نظر نآیا انجام کار بادشاہ مسلمان نے کہا کہ ہمارے دین اسلام پر مرے ہین ہم یہان مسجد بناوینگے اور نصرانی نے کہا ہمارے دین پر مرے ہین ہم گرجا گھر بناوینگے اس بات پر لڑائی ہوئی اور بادشاہ مسلمان غالب آیا اُسنے غار کے قریب مسجد بنائی الغرض احوال اصحاب کہف مین روایات مختلف ہین اور مذہب مجمع علیہ یہ ہے کہ اصحاب کہف زندہ ہین حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کے ساتھ اُٹھینگے اور اعانت کرینگے پھر وفات پاوینگے لیکن ادلہ صحیحۃ الماخذ وقویۃ الدلالۃ نظر نہین آتے تفسیر درمنثور مین و نیز دیگر بعض تفاسیر مین کچھ کچھ روایات ضعیفہ نظر آتی ہین اور نظم قرآن سے کچھ نشان نہین پایا جاتا اور یہ جو عوام مین مشہور ہے کہ حضرت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو بنا بر دعوت ہمراہ تین شخصون کے بھیجا تھا سو یہ بات بے اصل و موضوع ہے صاحب تنزیہ الشریعۃ وغیرہ محدثین اس قصے کے وضع پر یقین کامل رکھتے ہین مگر بعض روایات ضعیفہ مین وارد ہے کہ شب معراج مین حضرت صلعم کا گذر اصحاب کہف پر ہوا ہے اور آنجناب نے دعوت فرمائی اور انھون نے قبول کی اور سو رہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال کذا حققہ استاذ الاستاذ فی بعض تقریراتہ فائدہ چونکہ وقت ظہور نور حضرت خاتم النبیین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم قریب پہونچا اسواسطے چند قصص صحیحہ کہ از قسم ارہاصات کتب حدیث و کلام اللہ سے ثابت ہوتے ہین بیان کرنا ضرور ہوا ازانجملہ قصص اصحاب اخدود ہین پس تفاسیر معتبرہ مین چار حکایتین بصحت تمام مذکور ہوئی ہین اول ملک شام مین ایک قصہ واقع ہوا صحیح مسلم وغیرہ کتب حدیث مین حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ملک یمن مین ایک ساحر نہایت کامل و ہوشیار ملازم بادشاہ تھا گویا بناے سلطنت اُسی سے مستحکم و قائم تھی اور حال اُسکا یہ تھا کہ جب کوئی عنوان اُس شہر مین ظاہر ہوتا وہ ساحر اپنے سحر کے زور سے اُسکو ہلاک و نیست و نابود کردیتا اور جب کوئی امیر و شریف حرکات ناشایستہ سلطان سے ناراض ہوتا اُسی کے سحر سے راضی ہوجاتا خلاصہ یہ کہ جمیع امور سلطنت مین اس ساحر کا سحر کارگر تھا جب وہ بوڑھا ہوا اور

قریب بمرگ تو بادشاہ سے کہنے لگا کہ اگر کوئی لڑکا ہوشیار غلامان شاہ سے مجکو ملے تو مین اپنا علم اُسے
سکھلاؤن تاکہ میرے بعد امور سلطنت مین بے انتظامی واقع نہو چنانچہ بادشاہ نے ایک غلام خاص
اُسکو سپرد کیا اور اذن دیا کہ اسکو سحر سکھلاؤ چنانچہ وہ غلام ہر روز اس ساحر کے گھر پر حاضر ہوتا اور
علم سحر سیکھتا اثنا رراہ ایک درویش عیسائی کا مکان تھا سو ایک روز اُس غلام نے دیکھا کہ اُسکے
دروازے پر بھیڑ بھاڑ ہے اور بہت آدمی نکلتے بیٹھتے ہین اُسنے کسی شخص سے پوچھا اس مکان مین
کیا تقریب ہے جو اژدحام ہو رہا ہے وہ بولا یہان ایک عابد خدا پرست رہتا ہے یہ سنکر اُس درویش کی
خدمت مین گیا اور اسکا کلام ہدایت التیام سنکے گرویدہ ہوا پھر اس دن سے یہ دستور کیا کہ جب
ساحر کے پاس جانے لگتا تو اول درویش کے حضور مین حاضر ہو لیتا اس سبب سے ساحر کے پاس
پہونچنے مین توقف ہونے لگا اب ساحر پوچھنے لگا کہ تو کہان رہتا ہے وہ بہانہ کر دیتا آخرکار ساحر
بطور تادیب اُسکو مارنے لگا ایک روز اُسنے یہ احوال درویش سے ظاہر کیا تو درویش نے کہا
تو ساحر سے کہدیا کر کہ میرے گھر والون نے مجھے روکا تھا اور جب اہل خانہ سے خوف دامنگیر ہو
تو کہدیا کر کہ ساحر نے روکا تھا الغرض وہ لڑکا اسی حال مین رہتا یعنی جب کہ جادوگر مارتا تو گھر والون کا
بہانہ کرتا اور گھر والے ساحر کے پوچھنے پر کہتے کہ یہ تو گھر سے بہت سویرے جایا کرتا ہے معلوم نہین کہان
ٹھہرتا ہے رفتہ رفتہ یہ خبر بادشاہ کو ہوئی اور ساحر نے گلہ کیا بادشاہ نے خواصون سے تاکید کی
خواصون نے کہا شاید راہ مین کھیلنے لگتا ہے بادشاہ ناراض ہوا اسی عرصہ مین ایک دن وہ لڑکا
ساحر کے پاس سے رخصت ہوکر چلا تو راہ مین ایک اژدہا پڑا ہوا نظر آیا اور راہ چلنے والے رکے ہوے
دیکھے پڑے اُسنے اپنے دل مین تصور کیا کہ آج امتحان کا وقت ہے دیکھتا ہون کہ عابد افضل ہے یا ساحر
آخرکار اُسنے ایک پتھر لیا اور کہا یا الٰہی اگر دین و مذہب عابد کا سحر و ساحر سے بہتر ہے تو اژدہے کو
دفع کر تاکہ خلق خدا کو راہ ملے پھر وہی پتھر اژدہے پر پھینک مارا اُسیدم وہ اژدہا مر گیا اور جو لوگ
اُس موذی کے باعث سے راہ سے بند تھے راہ چلنے لگے بعد ازان وہ لڑکا اُس درویش عیسائی کے
حضور مین حاضر ہوا اور تمام قصہ اپنا بیان کیا اُس درویش نے کہا اے پسر تیرا مرتبہ بڑا ہے اور تو مجھسے
افضل ہے مقرر تیرا مرتبہ یہان تک پہونچا کہ مجکو نظر پڑا اور قریب ترا ایک وقت آویگا کہ تو آزمایش کیا جاوے
سو مین تجھے کہے دیتا ہون کہ میرا حال اور میرا نشان کسیکو نہ بتلانا چنانچہ اس بات پر قول و قرار
مضبوط و مستحکم ہو گیا اور اب نوبت اُس لڑکے کی یہ پہونچی کہ برکات صحبت عابد خدا شناس سے
اور قرارت انجیل مقدس سے اور اتباع دین و آئین حضرت روح اللہ عیسیٰ علی نبینا علیہ الصلوٰۃ

و السلام ہے کہ اُس زمانہ مین حقیت و برکت اسی دین پر منحصر تھی مرتبہ ولایت و عرفان کو
پہونچ گیا اور کرامات و خوارق عادات اُس سے ظاہر ہونے لگے یعنی مجذوم و مبروص و اعمی
اسکی دعا سے صحت پانے لگے اور اکثر مریض شدید المرض کہ حکما و اطبا اُنکے معالجے سے
عاجز آ گئے اُسی لڑکے کی دعا سے آرام و صحت پانے لگے اسی عرصہ مین ایک معاملہ واقع ہوا
کہ ایک مصاحب بادشاہ مین کا بالکل آنکھون سے معذور ہو گیا اور چلنے پھرنے اور دربار
بادشاہی کے جانے سے مجبور بلکہ خود بادشاہ نے اُسکو اپنی مصاحبت سے خارج کیا تو نہایت
پریشان و تباہ حال ہو گیا اب کوئی درباری و بازاری اُسکی بات نہ پوچھتا تنہا بے یار
و مددگار خراب و خستہ ذلیل و خوار رہا کرتا ایک دن کسی شخص نے اس سے کہا کہ ایک لڑکا
غلامان بادشاہی سے ایسا کامل ولی ہوا ہے کہ اُسکی دعا سے خدا تعالے اندھون کو اچھا
کر دیتا ہے وہ بیچارہ یہ خبر سُنکر فوراً اُس لڑکے کی خدمت مین حاضر ہوا اور سرگذشت اپنی
بیان کر کے مستدعی ہوا کہ مجھے اچھا کر دے اُسنے کہا مین کون ہون جو تجھے صحت بخشون
سب کا شافی مطلق خدا ہے اگر تو بت پرستی چھوڑ کے خدا کا ایمان لا تو مین بلاشبہہ و شک
تیرے واسطے درگاہ الٰہی مین دعا کرون وہ اچھا کرے اُسی وقت وہ ایمان لایا اور لڑکے نے
دعا کی اچھا ہو گیا پھر وہ مصاحب حسب دستور بادشاہ کے دربار مین اپنی جگہ جا کر بیٹھا
بادشاہ نے کہا تو کسطرح اچھا ہوا جملہ طبیب و حکیم تیری آنکھ کے علاج سے دست بردار
ہو چکے تھے مصاحب بولا کہ میرے مالک نے مجھے صحت بخشی بادشاہ نے کہا میرے سوا
کوئی اور بھی مالک تیرا ہے اُسنے کہا تیرا اور میرا مالک خدا ہے سو بادشاہ نے اُسے پکڑا اور ہمیشہ
مارا کرتا تھا یہان تک کہ اُسنے اُس لڑکے کا نام تبلا دیا بادشاہ نے اُس لڑکے کو طلب کر کے کہا
کہ تجھکو میری پرورش اور ساحر کی تعلیم سے یہ مرتبہ حاصل ہوا ہے کہ اندھے اور کوڑھی تیری
دعا سے چنگے ہوتے ہین پھر یہ سخت ناشکری ہے کہ تو نے دوسرا خدا قرار دیا اُسنے کہا شفا
اللہ کی طرف سے ہے نام کو درمیان مین ہون نہ مجکو طاقت ہے اور نہ تجکو قدرت اور نہ جادوگر کو
کسی طرح استطاعت یہ صرف اُس خالق کی قدرت ہے بادشاہ اس کلام سے نہایت ناخوش ہوا
اور کہنے لگا کہ یہ لڑکا ہمیشہ جادوگر سے غائب رہتا تھا شاید اسنے کسی اور جگہ یہ عقیدہ
سیکھا ہے جادوگر بھی دوڑا اور کہنے لگا کہ یہ تو مدت سے میرے نزدیک نہین آتا اور دربار کے
لوگ بولے کہ صبح سے غائب رہتا ہے گھر مین بالکل نہین آتا بادشاہ نے کہا اسکو مار کے پوچھو

کہ اسنے یہ عقیدہ کہان سے سیکھا جب بہت مار پڑی تو ناچار مضطر ہو بولا کہ فلان درویش میرا مرشد ہی
اُسی سے مین نے یہ عقیدہ سیکھا ہی بادشاہ نے اُس درویش کو طلب کیا اور کہا کہ اگر تو اپنے دین سے
نہین پھرتا تو آرہ تیرے سر پر چلاتا ہون درویش نے کہا کہ مین تو اصلا اپنے دین سے نہ پھرونگا
بادشاہ جو کچھ چاہے کرے الغرض بادشاہ تھا ظالم اُسنے آرہ سے چیر ڈالا بعد اسکے اپنے
مصاحب سے متوجہ ہوا اُسنے بھی دین حق سے منہ نہ موڑا وہ بھی چیر اگیا یہان تک کہ دو ٹکڑے
ہوکر گر پڑا پھر وہ لڑکا بلایا گیا اور اس سے کہا گیا کہ تو اپنے دین سے پلٹ جا اور تو نے ان دونون کا
حال دیکھا اگر اپنی زندگی چاہتا ہی تو یہ عقیدہ چھوڑ نہین تو بھی اسی بلا مین مبتلا ہوگا اُسنے کہا
مین اپنا دین کہ اسکی حقیت میری عقل مین بخوبی ثابت ہی کبھی نہ چھوڑونگا تب بادشاہ نے اپنے
مصاحبون کو حکم دیا اور کہا کہ اسکو فلان پہاڑ پر لیجاؤ اور چوٹی پہاڑ پر کھڑا کر دو اور کہو کہ اپنا دین
ترک کرے اگر اقبال کرے تو معاف کر دو اور جو انکار کرے جسطرح اب کرتا ہی تو نیچے پہاڑ کے گرا دو چنانچہ
مصاحب بادشاہ کے اُسکو پہاڑ پر چڑھا لے گئے اُسنے اپنے منعم حقیقی سے التجا کی کہ ای خالق بے غرض
یہ لوگ ناحق میرے درپے ایذا ہین تو انکا شر مجھسے دفع کر جسطرح سے تو چاہے دعا اسکی قبول ہوئی
اور پہاڑ نے انکو خوب ہلایا کہ بادشاہ کے مصاحب پہاڑ سے نیچے گر پڑے اور مر گئے اور وہ لڑکا صحیح
و سالم بادشاہ کے پاس آیا بادشاہ نے تعجب سے پوچھا کہ تو یہان کسطرح آیا اور تیرے ہمراہی کیا ہوئے
اُسنے کہا کہ میرے خدا نے جسکا مین ایمان رکھتا ہون مجھکو بچا لیا اور دشمنون سے نجات بخشی اور انکو
نیست و نابود کر دیا بادشاہ کو غصہ آیا پھر اپنے اور مصاحبون کو بلاکر کہا کہ اب اسکو کشتی مین بٹھلا کر
دریا کے اندر لیجاؤ اگر اپنے دین سے پھر جائے تو خوب ہی اور نہین تو دریا مین ڈال دو سو وہ لوگ
اسکو لے گئے اور کشتی مین لے چلے اُسنے پھر دعا مانگی کہ ای خداوند ان ظالمون کا شر دفع کر اسکی دعا
قبول ہوئی اور کشتی اوندھی ہوگئی مصاحب بادشاہ کے ڈوب گئے پھر وہ لڑکا تندرست حاضر ہوا
اب بادشاہ بہت مضطرب ہوا تب اُس لڑکے نے کہا تو مجکو نہ مار سکیگا یہان تک کہ تو وہ کام کرے
جو مین تجکو بتلاؤن بادشاہ نے کہا وہ کیا کام ہی اُسنے کہا کہ تو سب لوگون کو ایک میدان مین جمع کر
اور ایک کنپٹی پر مجکو سونے دے پھر ایک تیر میرے ترکش سے لے اور تیر کو کمان سے جوڑ اور کہہ
بسم اللہ رب الغلام مارتا ہون اور اُس تیر کو مجھپر مارنا کہ مین شہید ہون چنانکہ بادشاہ نے یہی
حیلہ کیا اور تیر مارا کہ وہ تیر لڑکے کی کنپٹی مین لگا اُسنے اپنا ہاتھ کنپٹی پر تیر کے مقام پر رکھا اور
پکار کر بولا کہ مین نے اپنا مطلب پایا اور بنام خدا شہید ہوا یہ آواز سنتے ہوے شہر کے لوگون نے

شور کیا کہ آمنا برب الغلام آمنا برب الغلام یعنی ہم مالک لڑکے کا ایمان لائے پھر خواصون مین بادشاہ
کس نے کہا کہ تو نے دیکھا جس چیز کا تجکو خوف تھا خدا کی قسم مقرر تجھپر تیرا یہ ضرر اور تیرا ڈر گرپڑا
البتہ لوگ تو ایمان لاچکے اور تیری بے اختیاری اور عاجزی بخوبی سب پہ ظاہر ہوگئی بادشاہ نے
بہت غصہ کیا اور سخت برہم ہوا جب جاگا تو اسی وقت حکم دیا کہ ہر ایک کوچے مین بڑی بڑی
خندقین کھودی جائین اور اُنمین آگ جلائی جاسے پھر قوم کے لوگون کو کہو کہ اس لڑکے کے
دین سے پھرین اگر قبول نہ کرین تو آگ مین ڈال دو سو اُسکے متابعین نے ویسا ہی کیا اور بادشاہ
اپنی قوم کے اشراف اور اکابر لیکر کرسیون پہ بیٹھا اور تماشا دیکھنے لگا اور ایماندار لوگ بشوق
شہادت آگ مین گرنے لگے یہان تک کہ ایک عورت اپنا بچہ شیر خوار گود مین لیے ہوے حاضر ہوئی
کہ اُسکو بھی بادشاہ نے آگ مین ڈالنے کا حکم دیا اُسنے اندک تامل کیا یعنی پیچھے ہٹی تاکہ خندق مین
نگرے بادشاہ نے کہا کہ اس عورت کو فرصت دینا مناسب ہی شاید کہ بعد تامل اپنے دین سے
پھر جاے عورت کی عقل کا ٹھکانا نہین ہی جب بادشاہ نے یہ کلام کیا تو دفعتاً اس عورت کے
بچے نے کہا کہ ای مادر مہربان صبر کر کیونکہ تو دین حق پہ ہی اگر تو آگ مین گرگئی تو آگ تجھپر گلزار
ہو جائیگی سو وہ عورت بلاتوقف مع اپنے بچے کے آگ مین گرپڑی اور آگ نے شعلہ مارا تو چنگاریان
اُسکی اُڑین اور پھیل گئین کہ بادشاہ مع اعیان و ارکان ہو کرسیون پر بیٹھے ہوے تماشائی تھے
جلکر خاک ہوگئے اور سب خندقون سے اشتعال عظیم ظاہر ہوا اور اکثر مردم شہر کہ بادشاہ کی تبعیت سے
مومنون کو ایذا دیتے تھے جل گئے فائدہ اس حدیث مین اہل حق اور باطل اور اہل صبر کی
فضیلت اور ہدایت الٰہی کا بیان ہی اور اسی قصہ کو اللہ صاحب نے سورہ والسماء ذات البروج
مین مجملاً بیان فرمایا ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تفصیل سے فرمادیا ربیع ابن انس فرماتے ہین
کہ جو ایماندار آگ مین جاتا تھا قبل اسکے کہ آگ اُسکے بدن پر پہونچے اللہ صاحب اُسکی روح
بہشت مین داخل کرتے تھے اور عطا مفسر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہی کہ یہ بادشاہ
یوسف ذونواس ابن شرحبیل ابن شراحیل تھا اور یہ شخص ستر برس قبل تولد حضرت سے نجران کا
بادشاہ تھا اور وہ لڑکا عبد اللہ ابن تامر تھا سو اُسکے باپ نے سحر سیکھنے کو ایک جادوگر کے سپرد
کیا تھا اُسنے اول ہی مکروہ سمجھا تھا پر باپ کی اطاعت سے مجبور ہو کر جادوگر کے پاس جاتا تھا
لیکن راستے مین ایک درویش عیسائی مذہب کا مکان تھا اُسکے پاس ہر روز حاضر ہوا کرتا تھا
یہان تک کہ بڑا کامل صاحب خوارق ہوا اور یہ نوبت پہونچی آور کلبی سے روایت ہی کہ عبد اللہ کو

اسی ذونواس بادشاہ نے قتل کیا تھا اور محمد ابن اسحاق عبداللہ ابن ابی بکر سے روایت
کرتے ہین کہ ایک قبر شہر نجران مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت مین کھودی گئی سو اسمین
عبداللہ ابن تامر کی لاش نکلی سر کی چوٹ پر ہاتھ رکھے ہوے پڑی تھی کسی شخص نے ہاتھ کو
جنبش دی خون چلنے لگا پھر ہاتھ رکھ دیا تو بند ہوگیا اور ایک انگشتری آہن کی ہاتھ مین پہنے تھا
اسمین کھدا تھا ربی اللہ پھر یہ خبر حضرت عمر کو پہونچی حضرت نے فرمایا کہ بدستور قبر کو بند کردو
تنبیہ اس احوال مین ایک نکتہ ازبس دقیق اور باریک ہو کہ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے
اور بھی اُنکے تابعین نے بیان کیا ہو وہ یہ ہو کہ یہ قتل غلام کا بادشاہ کے ہاتھ سے مکافات دنیوی
تھا کہ راہب کے قول وقرار پر قائم نہ رہا حالانکہ اُسنے وعدہ مستحکم کیا تھا کہ مین ہرگز تیرا نام لونگا
اور کاش نقض عہد نہ کرتا تو بادشاہ ہرگز دسترس نہ پاتا اور مکافات دنیوی کا کارخانہ جزاے
اخروی سے علیحدہ ہو اسواسطے کہ مکافات دنیوی موجب نارضامندی خدا نہین ہو بلکہ باعث
ترقی اہل کمال ہو بخلاف مجازات اخروی کے اسیطرح معاملہ حضرت سید الشہدا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا
واقع ہوا کہ جناب موصوف نے حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے اونٹون کو مارا
اور جگر نکال کر کباب بنائے اور کھلائے اللہ جل ذکرہ نے بمجازات انکو جنگ احد مین شہید کروایا
اور کافرون نے اُنکا سینہ مبارک چاک کرکے جگر نکالا اور دانتون سے چاب کر ڈال دیا اور تفصیل
اس مقام پر اسرار کی فتوحات مین مذکور ہو جو کوئی چاہے ملاحظہ کرے +

## قصہ دوسرا

شہر نجران مین کہ متعلقات یمن سے ہو واقع ہوا وہ یہ ہو کہ ایک شخص توابع انجیل مین سے
ایک شخص کے گھر نوکر ہوا اور جو کچھ اُسکے گھر کا کام ہوتا بجا لاتا اور فرصت کے وقت انجیل
پڑھا کرتا ایک روز مالک خانہ کی بیٹی دروازے سے لگ کر دیکھنے لگی تو اُسکو نظر آیا کہ وقت
قرارت انجیل مقدس نور عظیم اس شخص کے سینے سے نکلتا ہو اور عالم مین پھیلتا ہو اُسنے
یہ اعجوبہ اپنے باپ سے نقل کیا وہ بھی پوشیدہ آیا اور ایک سوراخ سے دیکھنے لگا جب کلمات
انجیل مقدس سنے تو پوچھنے لگا یہ کیا کلام ہو اس بیچارے نے بنظر شوکت وقوت بادشاہ
اور اُسکے شہر کے رئیسون کے چھپایا اُسنے نہایت اصرار کیا ناچار کہدیا کہ یہ انجیل مقدس ہو
اور مین مومن ہون سو وہ مالک خانہ اور اُسکی بیٹی ایمان لائی اور انجیل سیکھکر اُسکی خدمت مین
رہنے لگی آخرکار یہ خبر شہر مین مشہور ہوئی کہ ستائیس آدمی اور بھی مسلمان ہو ے کہ جب

یوسف ابن ذد نواس حمیری کو کہ سلطان شہر اور بت پرست تھا معلوم ہوا اُسنے اول مسلمانون کو جو کہ ہنگین نوے آدمی تھے بلا کر ایک خندق کھدوائی اور اُسمین آگ بھروائی پھر کہنے لگا کہ اگر دین عیسویہ نہ چھوڑو گے تو آگ مین ڈالونگا اُنمین ایک عورت دودھ پیتا لڑکا گود مین لیے ہوے تھی اُس لڑکے نے کہا کہ بسم اللہ اس آگ مین داخل ہو کہ ثمرہ اسکا بہشت ہی تب سب مسلمان داخل آگ ہوے اور بادشاہ مع اعیان اور اشراف شہر کے کرسیون پر بیٹھے ہوے تماشائی تھے شرارہ آتش سے جل گئے اُسوقت سے نجران کے لوگون نے دین عیسویہ کو حق جانکر قبول کیا چنانچہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد تک اُسی دین پر قائم تھے اور اُنکے سردار سید و عاقب وغیرہ بزیارت آنحضرت مدینۂ منورہ مین حاضر ہوے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے احوال سے بحث و تفتیش کرتے رہے اور آیت مباہلہ اُنکی شان مین نازل ہوئی +

## تیسرا قصہ

زمین فارس مین واقع ہوا ہی حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہی کہ حضرت امیر فرماتے تھے کہ ایک کتاب آسمانی مجوسیون مین تھی اور ایک پیغمبر کے یہ بھی تابع تھے اور شراب اُنکے دین مین اُسقدر کہ بیہوشی نہ لاوے بنظر منفعت بدنیہ حلال تھی ایکدن بادشاہ مجوس نے شراب کے نشے مین اپنی حقیقی بہن سے بدکاری کی جب کہ ہوش آیا تو نہایت شرمندہ ہوا اور اُسی عورت سے اسکی تدبیر پوچھی اُسنے کہا کہ تو میرے حلال ہونے کا دعوی کر اس دلیل سے کہ حضرت آدم علیہ السلام بھائی کا نکاح بہن سے کرتے تھے مین بھی اُسی وضع پر قائم ہون تب بادشاہ نے شہر کے لوگون کو طلب کر کے یہ مسئلہ بیان کیا انھون نے انکار کیا اس عورت نے سزا دلوائی تب بھی کسی نے اقرار نہ کیا یہان تک کہ بعضے قتل بھی ہوے تاہم کسی نے نہ مانا تب اُسنے یہ تجویز کی کہ خندقین کھدوا کر آگ مین ڈلوائے جائین چنانچہ اکثر لوگ آگ مین ڈالے گئے اور بادشاہ حالت تماشے مین جل گیا اُسی وقت سے قوم مجوس مین بہن کو حلال جانتے ہین اور بت پرستی بخوبی شائع ہوئی ہی +

## چوتھا قصہ

تفسیر زاہدی مین لکھا ہی کہ ایک مرتبہ ایک شہر مین قحط پڑا اہل ایمان وہان سے جانب حبش بھاگ گئے وہان کے لوگ کافر تھے سب ملکر بادشاہ سے کہنے لگے کہ مسلمان بھاگ کر

شہر مین آسکے ہین ہمکو نماز کی تکلیف ہوگی اور غلہ کا یہان بھی قحط ہو جائیگا بادشاہ نے ایک خندق کھدوا کر آگ جلوائی اور ایک بت عظیم الجثہ ہاتھی کے برابر وزن کا کھڑا کیا اور حکم دیا کہ جو شخص غریب الوطن اس شہر مین موجود ہو اُسکو لاکر اس بت کا سجدہ کراؤ اگر نہ کرے تو اسی آگ مین ڈالو اسمین ایک عورت غریبہ اپنا بچہ شیرخوارہ گود مین لیے ہوسے آئی بادشاہ کے لوگون نے اُسکو بھی زجر اور توبیخ سے چاہا کہ بت کو سجدہ کرے اُسنے نہ مانا بادشاہ نے کہا کہ اس بچے کو آگ مین ڈالدو آن ظالمون نے آگ مین ڈالا وہ غریبہ مضطرب ہوئی تب لڑکے نے آگ مین سے آواز دی کہ خوف مت کر اور میرے پاس تشریف لا کہ یہ آگ گلزار ہو رہی ہے اُس عورت نے ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگی کہ یا الٰہی تو دیکھتا ہے حاجت بیان نہین ہے اُسی وقت آگ خندق سے چالیس گز بلند ہوئی اور کافرون پر حباب کی طرح محیط ہو گئی کہ سب کافر جل گئے اور وہ محفوظ رہی فائدہ انھین چارو قصون کا اشارہ سورہ بروج مین واسطے تخویف اہل مکہ کے ہوتا ہے کہ قتل اصحاب الاخدود النار ذات الوقود اذ ہم علیہا قعود وہم علی ما یفعلون بالمؤمنین شہود یعنی مارے گئے کھائیان کھودنے والے آگ بھرے ایندھن سے جب وہ اُس پر بیٹھے اور جو کچھ کرتے مسلمانون سے سامنے دیکھتے تنبیہ حدیث شریف مین وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب اس آیت کو پڑھتے تھے تو فرماتے تھے کہ اعوذ باللہ من جہد البلاء فائدہ یہ قتل عام صاحبان خندق کا انتقام عاجل اور سریع تھا کہ شرارۂ آتش سے فی الفور ہلاک ہوسے اور کرسیون سے اُٹھکر گھر تک نہ پہونچ سکے فائدہ وہ خندقین چالیس گز کی لمبی اور بارہ گز کی چوڑی کھودی گئی تھین فائدہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کافرون کو صرف بوجہ ایمان مومنون سے عداوت تھی اور یہ عداوت درحقیقت عداوت ایمان ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے وما نقموا منہم الا ان یؤمنوا باللہ العزیز الحمید الذی لہ ملک السموات والارض یعنی آنسے بدلا نہ لیتے تھے مگر اسی کا کہ یقین لائے اللہ پر جو زبردست ہے خوبیون سراہا جسکا راج ہے آسمانون اور زمین مین بخلاف اور کافرون کے کہ انکو بڑی مہلت رنج اور ایذا سے مومنون مین ملی ہے کسواسطے کہ اُنکی عداوت محض ایمان کے باعث سے نہین تھی بلکہ حب ریاست وجاہ اور دیگر اغراض دنیویہ سے ممزوج تھی اور اصحاب اخدود کو عداوت خالصہ ایمان سے تھی اور اُن مومنون کا ایمان بھی خالص اور صحیح تھا کیونکہ جسکا ایمان رکھتے تھے وہ موصوف بصفات محمودہ ہے اور سب پر غالب ہے اور کسی چیز کی عزت اسکی عزت کو نہین پہونچتی بس ایمان اُنکا بھی موجب عزت

اور افتخار ہی اور جب وہ محمود ہی تو شکر اُسکا دل اور زبان سے واجب ہوا اور اُسکے ایمان کا اظہار لازم پڑا ور جب آسمان وزمین کا مالک ہوا تو اُسکے مخالفون سے خوف کرنا کسی طرح درست نہین اور بالکل ناجائز ہی چنانچہ ان مومنون نے ایسے ہی ظاہر کیا کہ ہرگز خوف نہ کھایا اور جسطرح یہ تینون صفتین موجب اظہار ایمان کی ہین اسیطرح موجب انتقام عاجل بھی واقع ہوتی ہین کیونکہ تقتضاے عزت یہی ہی کہ دشمنون سے انتقام کرے والا ذلت لاحق ہوتی ہی اور محمودیت بھی مقتضی انتقام ہی کیونکہ غیر منتقم کی کوئی شخص مدح نہین کرتا مگر درصورت عفو اور عفو کفر سے جائز نہین ہی اور بادشاہت بھی موجب انتقام ہی والا دشمن دلیر ہوجاتے ہین اور انتظام مملکت مین خلل پڑجاے اور اگر باوجود ان صفات کے کوئی سلطان ترک انتقام اپنا وتیرہ کرے تو رعایا مین اسکا چرچا ہوجاے کہ دوستون کی دوستی اور دشمنون کی دشمنی نہین جانتا یا ایذاے عدو سے کہ اسکے دوستون پر ہی واقف نہین ہوتا ہی اور غافل محض ہی اور اللہ جل شانہ ہر چیز سے دانا اور آگاہ اور واقف ہی پس انتقام مین اس سبب سے تعجیل فرمائی کہ یہ قباحتین لازم نہ آئین واللہ اعلم بالصواب +

## ازانجملہ احوال ہلاکت اصحاب فیل

یہ حکایت بھی ازقبیل ارہاصات ہی اور اسیطرح کے بہت قصے اور نشانیان اور آثار عجیبہ قبل ولادت باسعادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقوع مین آئے ہین اور وہ سب ہمارے آنحضرت کے معجزون مین داخل ہین مگر اُن سب قصون کا بیان کرنا ازبس دشوار ہی صرف اصحاب فیل کا واقعہ گزارش کرتا ہون کیونکہ یہ قصہ نہایت قریب تر ولادت شریف سے واقع ہوا اور تمام عالم مین اسکی شہرت ہوئی ہی سبب اس واقعے کا تفاسیر معتمدہ مین یون مذکور ہی کہ حبش کے بادشاہ نجاشی کی طرف سے ابرہہ نام ایک شخص والی مین مقرر ہوکر آیا اُسنے یمن کے لوگون کو دیکھا کہ موسم حج مین اطراف اور جوانب سے دور دور اور ہرا بالا کر شہر مکہ مین جاتے ہین تو مستفسر ہوا کہ یہ لوگ کدھر جاتے ہین اور کیا انکا ارادہ ہی اکثر کہنے لگے کہ واسطے حج بیت اللہ کے جاتے ہین یہ سنکر براہ شرارت اور حسد حکم دیا کہ اس ملک مین ایک گھر مقابلہ خانہ کعبہ بنایا جائے کارپردازون نے شہر صنعا مین جو ملک یمن کا تخت گاہ تھا ایک کنیسہ رنگین تپھرون کا بڑے تکلف سے بنواکر طیار کردیا اس کافرنے نام اُسکا قلیس رکھا اور درو دیوار اُسکے جواہرات سے مرصع کرکے عطر و گلاب چھڑکا اور

گوشون مین بتین لباسہاے فاخرہ اور جواہرات نفیسہ سے آراستہ کرکے نصب کین اور انگیٹھیان عنبر وعود کی روشن کروائین اور گرد مکان کے چند مکانات پر تکلف بازیب وزینت تعمیر کروائے اور اپنی بادشاہت کے لوگون کو حکم دیا کہ اس گھر کا طواف کرین بعد اسکے نجاشی کو لکھا کہ مینے ایسا مکان بنایا ہے کہ مثل اسکے عالم مین نہین بنایا گیا اور یہ ارادہ رکھتا ہون کہ عرب کے لوگ بیت اسحق کا طواف چھوڑ کر اس گھر کا طواف کرین یہ بات طائفہ قریش اور ساکنان مکہ پہ سخت گران گذری اتفاقاً ایسا ہوا کہ ایک آدمی بنی کنانہ کا یمن مین گیا اور ابرہہ سے ملاقات کرکے جاروب کشی اور فراشی اس مکان ناپاک پر مقرر ہوا جب کہ رفتہ رفتہ اسنے ہر امر مین مداخلت پائی اور اس مکان مین بے تکلف آمدورفت کرنے لگا تو بعد چندے رات کے وقت اس مکان مصفا اور پر تکلف مین قضاے حاجت کرکے بھاگا صبح کو طوافین نے مکان محدث کو حدث آلودہ پایا اور سخت متنفر ہوے اور بھاگے یہ خبر ابرہہ کو پہونچی اسنے بعد تحقیقات یہ کہا کہ مکے کا رہنے والا یہ کام کر گیا اور قسم کھائی کہ مین مکے مین جاکر کعبے کو گراؤنگا اسی اندیشے مین تھا کہ ایک اور گل کھلا یعنی ایک قافلہ حرم شریف کا اس کنیسہ کے متصل فروکش اور شب باش ہوا صبح کے ہوتے کوچ کے وقت قافلے والون نے آگ جلائی باد تند نے وہ آگ اس تبکدے مین ڈال دی کہ سارا لباس وزیور اسکا جلگیا اور بالکل نقش ونگار دھوئین سے سیاہ پڑگئے اور جملہ زیب وزینت اسکی اللہ نے خاک مین ملادی اور قافلے کے لوگ ترسان اور لرزان بھاگے جب یہ خبر ابرہہ کو پہونچی تو پھر یہی متحقق ہوا کہ یہ حرکت بھی مکے والون کی ہے جب تو اسکے تمام بدن مین آگ لگی اور دل سے آتش غضب دونی بھڑکی تب اسنے شاہ حبش کو یہ حال لکھا اور بڑا ہاتھی جسکا نام محمود تھا طلب کیا اسنے بھیجا ہاتھی ایسا زبردست طویل القامت قوی الجثہ تھا کہ عالم مین اپنا مثل نرکھتا پھر ابرہہ نے ایک بڑا لشکر اور گیارہ ہاتھی اور ساتھ لیے اور کعبے شریف کے ڈھانے کو چلا عرب کے لوگون کو خبر ہوئی تو وہ جہاد پر مستعد ہوے پہلے ذونفر ایک بادشاہ سلاطین یمنی سے مقابل ہوا اسنے ہزیمت پائی اور گرفتار ہوا ابرہہ نے بلحاظ منت اور سماجت چھوڑ دیا پھر بلاد خثعم مین پہونچا وہان کے لوگ بھی برسر مقابلہ آئے اور اکثر شہید ہوئے پھر منت اور سماجت کرکے کہنے لگے کہ بیت اللہ سے تعرض مت کر اور جو کچھ ہم سے جبرانہ لینا ہو موجود ہے اسیطرح تو مین عرب کی مزاحم ہوئین پر کسی نے فتح نہ پائی اور ابرہہ پر غضب یلغار متصل حرم شریف وادی محسر تک

بجو مکے سے چھ کوس ہی پہونچا اور غباطہ حمیری کو اہل مکہ کے پاس روانہ کیا تاکہ شریف مکہ سے خبر کرے
کہ ہم واسطے قتال و جدال کے نہین آتے ہین صرف بیت اللہ کے ڈھانیکو آتے ہین غرضکہ
غباطہ حمیری شریف مکہ سے خبر کرکے مکہ معظمہ مین داخل ہوا اور عبد المطلب جد آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہنے لگا کہ سلطان نے مجکو خبر کرنے کے واسطے بھیجا ہی کہ مین قتال کو نہین آیا ہون
مگر یہ کہ تم لڑو تو مجبوری ہی تب عبد المطلب نے فرمایا ہمکو خود جدال کی طاقت نہین ہی اور نہ ہمکو بادشاہ کا
مقابلہ منظور ہی اور نہ ہم کسی بات کو منع کر سکتے ہین مگر یہ یاد رکھو کہ بیت اللہ ہی اور حضرت ابراہیم
خلیل اللہ نے اسکو بنایا ہی اگر مالک خانہ خود منع کرے تو کرے ہمکو طاقت منع حاصل نہین ہی
پھر عبد المطلب سوار ہوکر بادشاہ کے پاس تشریف لے گئے اور ثلث مال اپنا نذر کو لیے گئے
ابرہہ نے قبول نہ کیا عبد المطلب واپس تشریف لائے بعد ازان ابرہہ نے ایک شخص بھیجا وہ
دو سو اونٹ عبد المطلب کے پکڑ لیگیا تب عبد المطلب اونٹون کی تلاش مین گئے ابرہہ نے
کمال تعظیم و تکریم سے بٹھلایا اور پوچھا اب کیا حاجت ہی عبد المطلب نے فرمایا کہ میرے اونٹ
گرفتار آئے ہین سو انکے لینے کو آیا ہون ابرہہ نے کہا کہ ای سردار قریش مین خانۂ خدا کی
خرابی کو آیا ہون تو اسکی شفاعت نہین کرتا اور اپنے اونٹون کی فکر مین پڑا ہی عبد المطلب نے
کہا کہ جو میری چیز ہی اسکو مین چاہتا ہون اور یہ گھر اللہ کا ہی اسکا شفیع وہی ہی مجکو اس سے
کیا کام ابرہہ نے انکے اونٹ پھیر دیے اور عبد المطلب کعبے مین آئے اور حلقۂ در سے
چمٹ کر مناجات کرنے لگے کہ یا الٰہی تو اپنے گھر کی حمایت کر اور جملہ اہل مکہ اس ظالم کے خوف سے
مع مال و ناموس پہاڑون مین پوشیدہ ہو رہے ہین بعد اسکے اپنے گھر آئے اور امیدوار
عنایت الٰہی ہوکر مکے سے باہر نہین گئے صبح کو ابرہہ با جاہ و حشم جانب بیت اللہ متوجہ ہوا
جب قریب تر آیا تو فیلبان نے محمود ہاتھی کو بیت اللہ ڈھانے پر دوڑایا وہ ہاتھی لشکر کا پیشرو
اسی میدان مین بیٹھ گیا ہرگز آگے نہ بڑھ سکا ہرچند کہ فیلبان نے مارا پر وہ نہ چلا اسیطرح بہت ہاتھی
رک رہے اور عجب معاملہ تھا کہ وہی ہاتھی جانب یمن بھاگتے تھے اور کعبے کی طرف نہ جاتے تھے
اور بادشاہ فیلبانون سے خفا ہوتا تھا کہ یہ شرارت تم لوگون کی ہی کہ ہاتھیون کو نہین ہانکتے ہو اور
مجکو اس گھر کی بزرگی کا معتقد بنایا چاہتے ہو مین ایسے باتون کا فریفتہ نہین ہوتا اسی عرصہ بحث
مین تھا کہ یکایک جدہ کی طرف سے سبز رنگ چڑیا برابر جانورون کے غول کے غول لشکر پر ٹوٹے
اور ہر ایک جانور کے پاس تین تین کنکر تھے دو پنجون مین ایک چونچ مین اور وہ کنکر مسور سے بڑا

نخود سے چھوٹا آگ کا جلتا ہوا پتھر لاکھون جانور مارنے لگے جیسے بندوق کی گولی اگر اونٹ کی
پشت پر لگی پیٹ سے نکل آئی اور سارا بدن جل گیا آدمی بیچارے کیا چیز تھے اُنکے تو سر پر پڑی
پار نکل گئی گھوڑے کو ڈھیر کیا غرض تمام فوج مین ایک بھی نہ بچا سب پامال غضب الٰہی ہوگئے
اور مال ومتاع جو کچھ ہمراہ لائے تھے اُسی میدان کا ہوا مکے کے رہنے والے جو پہاڑ مین تھے
لشکر کی تباہی دیکھکر اترے اور مال واسباب لوٹنے لگے ہر ایک شخص مالدار ہوگیا اور دولت قریش
اسی سبب سے زیادہ ہوئی ہی اور بعضے کہتے ہین کہ صرف ابرہہ بھاگا اور نجاشی کے پاس پہونچا
تو بیہوش ہوکر گر پڑا اور ایک مرغ انھین مرغون سے پیچھے لگا ہوا حبش تک پہونچا جب ابرہہ نے
احوال بیان کیا تو نجاشی نے پوچھا کہ وہ چڑیان کیسی تھین کہ لشکر جرار کو ہلاک کر گئین ابرہہ نے
اس جانور کو جو ساتھ گیا تھا دکھلایا کہ اس طرح کے جانور تھے اُسی وقت اُس جانور نے پتھر مارا
کہ ابرہہ ہلاک ہوا نجاشی بہت ڈرا اور بعضے کہتے ہین کہ ابرہہ اُسی میدان مین ہلاک ہوا
اور وزیر اُسکا بھاگا کہ نجاشی کی حضور مین داخل دوزخ ہوا وہو الاصح کما ذکرنا سابقاً اور بعضے
کہتے ہین کہ ہر ایک پتھر پر نام کافرون کا لکھا تھا اور خاصیت اُس پتھر مین یہ رکھی تھی کہ جسوقت
گرتا سارے بدن مین در آتا اور تمام بدن جلا دیتا تھا معالم التنزیل مین واحدی سے روایت ہی
کہ محمود ہاتھی اس بلا سے محفوظ رہا تھا کہ اُسنے جانب کعبہ قصد نہین کیا تھا مگر اور ہاتھی مارے گئے
کیونکہ اُن ہاتھیون نے ارادہ کیا تھا لیکن محمود کو دیکھکر پھر گئے اس سبب سے بلا مین گرفتار ہوے
تفاسیر معتبرہ مین لکھا ہی کہ وہ پتھر جس سے اصحاب فیل تباہ ہوے تا وقت بعثت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے بلکہ بعد اُسکے بھی وہ پتھر گھرون مین واسطے عبرت کے رکھے
ہوے تھے چنانچہ اکثر صحابیون نے دیکھے تھے فائدہ چونکہ اصحاب فیل نے قوی ترین حیوانات کو
کہ فیل تھے واسطے ڈھانے کعبہ شریف کے قرار دیا تھا مالک کعبہ نے اُسکے مقابلے مین
چھوٹے چھوٹے جانور کنکرون کے ہتیار دیکے بھیجے تاکہ جہان کے لوگ بعضے دیکھکر اور بعضے سنکر
عبرت پکڑین اور معلوم کرین کہ تائید الٰہی سے مخلوق ضعیف قوی ترین مخلوق کو زیر وزبر کر ڈالتا ہی
اور جانورون کے جوق جوق آنے مین یہ فائدہ حکمت تھا کہ فرار کی فرصت کفار نابکار کو نہ ملے
اور جب پتھریان پڑینگی تو البتہ متفرق ہونگے مخفی نہ رہے کہ یہ واقعہ چند خوارق پر مشتمل ہی
ایک تو ہاتھیون کا جانب بیت اللہ متوجہ نہونا اس سے نکلا کہ حیوانات لایعقل بھی اللہ کی
تعظیم پر مجبول ہین دوسرے طیور کا جانب دریاے شور سے بے انتہا لاتعد ولاتحصے آنا اور

غائب ہوجانا کہ بعد واقعہ کسی نے نشان نہ پایا حالانکہ بجسب ظاہر جانب دریاے شور اُنکے رہنے کا کوئی مقام نہ تھا تیسرے لانا کنکریون کا جس کا معدن معلوم نہین ہوا چوتھے کنکریون مین ایسی تاثیر قوی رکھی تھی کہ جس کافر کے بدن پر پڑی تمام گوشت و پوست مین در آئی کہ بدن کھایا ہوا بھُس ہوگیا کہ ہیئت و شکل قائم نرہی گویا اونمین ایسی سمیت تھی کہ بفور مس بدن تفرق اتصال پیدا ہوجاتا تھا یہ واقعہ پچپن روز پیشتر ولادت باسعادت حضرت خاتم النبیین سید المرسلین محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم سے واقع ہوا محرم کا مہینا تھا اور عہد نوشیروان عادل اور زمانہ ذوالقرنین رومی سے آٹھ سو بیاسی برس گذرے تھے اور حکمت اظہار اس واقعہ عجیبہ مین یہ تھی کہ مردم وقت آگاہ ہوکر خوب سمجھہ رکھین کہ ہتک حرمت خانہ خدا نے یہ رنگ قہر و جلال کا دکھلایا تو ہتک عزت دین خدا اور رسول خدا کی سخت تر غضب و قہر لا دیگی کہ اُسکا تحمل دشوار ہوجائیگا خبردار خبردار

اللھم اجعل فی قلبی نورا و فی بصری نورا و اجعلنی نورا نورا و الحقنی بالصالحین و احشرنی فی زمرة المحبین یارب العالمین انصر من نصر دین محمد سید الاولین و آلاخرین صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و ازواجہ و اتباعہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

خاتمة الطبع — الحمد للہ کہ اس زمان میمنت اقتران مین کتاب نایاب و بے بہا تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا جلد اول مطبع نامی منشی نول کشور واقع لکھنؤ مین بماہ نومبر ۱۸۸۵ء مطابق ماہ صفر ۱۳۰۳ھ چھپکر تیار ہوگئی — اور چونکہ یہ کتاب مستطاب دو جلدون پر مشتمل ہے پس جلد دوم جو زیر طبع ہے وہ بھی انشاء اللہ تعالی بہت جلد بعد تیاری ہدیہ ناظرین ہوگی بمنہ و کرمہ

تمت